Darkish : (a) کسی قدر تاریک ۔

Darkle : (v) (۱) چھپے ہونا یا چھپ رہنا ؛ اندھیرا ہو جانا ۔ (۲) پراسرار طور پر ظاہر ہونا ۔ (۳) چہرے کا رنگ بدل جانا ۔

Darkling : (adv.) تاریکی میں یا اندھیرے میں ۔

Darkling : (a) (۱) تاریکی میں ہونے والا ۔ (۲) تاریک ؛ کسی قدر تاریک ۔

Darkmans : (n) رات ؛ شب ۔

Darkness : (n) [OE."deorcnes","-nys".] (۱) تاریکی ؛ اندھیرا ؛ دھندلاپن ۔ (۲) جہالت ۔(۳) بے بصیرتی ؛ اندھاپن ؛ نابینائی ۔(٤) موت ۔(٥) ابہام ۔ (٦) پوشیدگی ۔(۷) اندوہ ۔ (۸) بدی ۔ (۹) تاؤسیا تاریکی ؛ جہالت ۔

Prince of darkness : شیطان ؛ ابلیس ۔

Darksome : (a) (۱) (شاعری) کسی قدر تاریک ؛ تیرہ ؛ دھندلا ۔(۲) اداس ؛ غمگین ۔

Darky/Darkey : (n) (۱) (روز مرّہ) حبشی ؛ زندگی ۔ (۲) (عامیانہ) شب ؛ رات ۔(۳) (عامیانہ) چور لالٹین ۔

Darling : (n) [OE."deorling".] عزیز ؛ محبوب ؛ حبیب ؛ دلارا ؛ پیارا ؛ معشوق ۔

Darling : (a) پیارا ؛ عزیز ؛ بہت پیارا ؛ چہیتا ؛ لاڈلا ۔

Darn : (v) [Origin unkn.] رفو کرنا ۔

Darn : (n) رفو ؛ وہ حصہ جس پر رفو کیا گیا ہو ۔

Darn/Darnation : (n) دیکھو Damn

Drnel : (n) [Origin unkn.] ایک ولایتی گھاس جو اناج کے ساتھ اُگ آتی ہے ؛ تلخہ ۔

Red darnel : تلخہ ۔

Darner : (n) رفو گر ؛ رفو کرنے والا ۔

Darning : (n) (۱) رفو ؛ رفوگری ۔ (۲) رفو کی ہوئی چیز ۔

Darning ball /-last : (n) بیضوی چوبی ٹکڑا جس پر رکھ کر کپڑے کو رفو کرتے ہیں ۔

Darning needle : (n) رفو کرنے کی لمبی موٹی سُوئی ۔

Darning stitch : (n) بخیہ رفو گری ۔

Daroga / Darogha : (n) [Urdu] (۱) داروغہ ؛ حاکم ؛ پولیس کا اعلا افسر ۔(۲) (مغلوں کے زمانے میں) حاکم ؛ گورنر ۔

Dart : (n) [OF."dart".] (۱) برچھی ؛ نیزہ ؛ بھالا ؛ تیر۔ (۲) کیڑے وغیرہ کا ڈنک ؛ نیش ؛ سلخہ ۔ (۳) جھپٹ ؛ لپک ؛ تڑپ ۔ (٤) (جمع) بچوں کی تیر اندازی کا کھیل ۔(٥) (لباس سازی)

سیون ؛ درز ۔ (٦) سانپ کی طرح کی ایک چھپکلی جو اپنے شکار پر تیر کی طرح جھپٹتی ہے ۔(٧) تیر اندازی : نیزہ بازی ۔ (٨)(عامیانہ) منصوبہ ۔ (٩)(عامیانہ) مرغوب شے ۔ (١٠) نیزہ نما کونی چیز ۔

Dart : (v) (١) تیر، برچھی وغیرہ پھینکنا ؛ تیر یا ڈھیلا پھینکنا، چلانا، مارنا ۔ (٢) تیزی سے ڈالنا ، پڑنا (شعاع ، نظر وغیرہ) ۔ (٣) جھپٹنا ؛ لپکنا ؛ تیزی سے بڑھنا ۔

Dart sac : (n) بعض حیوانات ناعمہ کی تھیلی جو تولیدی اعضا سے متصل ہوتی ہے جس سے نیش نکلتی ہے ۔

Dart sling : (n) (تاریخ) نیزے کا گوپھن ۔

Dart snake/-serpent : (n) سانپ نما سوسمار ۔

Darter : (n) (١) (تیر وغیرہ) پھینکنے والا ؛ اچانک خارج کرنے والا ؛ جھپٹنے والا ۔ (٢) ٹبکیا ؛ زقہ ؛ ایک قسم کی دریائی چڑیا ۔ (٣) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dartman : (n) نیزہ دار سپاہی ۔

Dartmoth : (n) ایک قسم کا پروانہ جس کے اگلے پر نیزہ نما نشان ہوتا ہے ۔

Dartoid : (a) [Gr."dartos"+-oid.] (تشریح) سلخیہ نما ۔

Dartos : (n) [Gr."dartos".] سلخیہ ۔

Dartos tissue : (n) سلخی بافت ۔

Dartre : (n) [F."dartre".] (طب) نملہ ؛ تبخارہ ؛ ایک جلدی مرض ۔

Dartrous : (a) تبخارہ نما ۔

Darwianism : (n) (١) دیکھو Darwinism ۔ (٢) ڈاروینین محاورہ یا فقرہ ۔

Darwinian : (a&n) [f. proper name Darwin.] ڈارون کا ؛ ڈاروینی ؛ ڈارون کے متعلق ۔ (٢) ڈارون کا پیرو اس کے اصول کا ماننے والا ۔

Darwinian theory : (n) (حیوانیات) نظریہ ڈارون ۔

Darwinism : (n) ڈاروین کا نظریہ (ارتقاء) ۔

Darwinist : (n) دیکھو Darwinian

Darwinize : (v) ڈارون کے اصول پر چلنا ۔

Das : (n) [Du.] سسا ؛ دُبر ۔

Dash : (v) [ME."daschen","dassen".] پاش پاش کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ۔ (٢) ٹکرانا ؛ دھکا دینا؛ چلانا؛ پھینکنا؛ گھسیٹنا ۔ (٣) پٹکنا؛ پھینکنا؛ چھینٹیں ڈالنا ؛ چھینٹیں اڑانا ۔ (٤) رقیق کرنا ؛ تعدیل؛ اعتدال پیدا کرنا ؛ سمونا (پانی کی آمیزش سے) ۔ (٥) (امید) توڑنا ؛ خاک میں ملانا ؛ امیدوں پر پانی پھیرنا ؛ ہمت شکنی کرنا ؛ ہمت توڑنا ؛ افرا تفری ڈال دینا ؛ ابتری پیدا کرنا ۔ (٦) گھسیٹ دینا (تحریر وغیرہ) ۔ (٧) عبارت یا الفاظ کے نیچے خط کھینچنا ۔ (٨) (عامیانہ) لاحول بھیجنا ۔ (٩) ٹکرانا ؛ جا پڑنا ؛ جا گرنا ۔ (١٠) ٹکر کھانا ؛ متصادم ہونا ؛ ٹکرانا ؛ اتراکے چلنا؛ شان سے چلنا؛ شان دکھانا؛ مستعدی دکھانا ۔

Dash : (n) (١) پانی کی یا پانی سے ٹکرانے کی آواز ۔ (٢) رنگ کی جھلک ؛ آمیزش ۔ (٣) ملونی ؛ میل (شراب، نسل وغیرہ) ۔ (٤) قلم کی گھسیٹ ؛ تیزی سے قلم چلانا ۔ (٥) وقفہ یا جملہ معترضہ ظاہر کرنے کا نشان یا چھوٹےہوئے حروف یاالفاظظاہر کرنے کا نشان ۔ (٦) جھپٹ ؛ جھانی ؛ حملہ ؛ اچانک جا پڑنا ؛ دھاوا ۔ (٧) پُرجوش عمل ؛ گرمی یا جوش کا کام ۔ (٨) دکھاوا؛ نمائش؛بناوٹ ۔ (٩)(موسیقی)عمودی نشان (١) ۔ (١٠) مختصر دوز ۔ (١١) کیچ روک ؛ گل گیر ۔ (١٢) زندہ دلی ۔ (١٣) خاص وضع ۔ (١٤) پلاسٹر پر آخری تہ دینے کاآمیزہ ۔ (١٥)جدول کش ۔ (١٦) (لسانیات) ختمہ ۔

Dash : (n) [Corruption of Negro word "dashee".] تحفہ ۔

Dash : (adv.) (١) شان سے ؛ شان دکھاکر ۔ (٢) گھسیٹ کر (لکھنا) ۔

Dash-board : (n) (١) کیچ روک ؛ گل گیر ۔ (٢) (تعمیرات) دیوار کو پانی سے بچانے کے لئے ڈھلوان تختہ ۔

Dash-guard : (n) ٹرام کے پلیٹ فارم کو بچانے والا تختہ ۔

Dash lamp : (n) گل گیر کا لیمپ ۔

Dash-pot : (n) صدمہ گیر ۔

Dash rule : (n) (طباعت) ٹیش چھاپنے کےلئے فلزی ٹکڑا ۔

Dasher : (n) (١) خودنما شخص ۔ (٢) متہانی ۔ (٣) گل گیر ؛ کیچ روک ۔

Dash-wheel : (n) (سفید کاری) کپڑے دھونے کی خانہ دار چرخی ۔

Dashing : (a) (۱) ٹکرانے والا ؛ پاش پاش کرنے والا ۔ (۲) زندہ دل ۔(۳) خود نما ۔

Dashingly : (adv.) خود نمائی سے ؛ زندہ دلی سے ۔

Dashy : (a) خود نما ۔

Dassie : (n) (حیوانیات) چھچھوندر ۔

Dassy : (n) [Du."dasje".] Das دیکھو

Dastard : (a & n) [ME.] ڈرپوک ؛ بزدل ؛ نامرد ؛ بیز ؛ بےحمیت ۔

Dastardize : (v) نامرد بنانا ؛ ڈرانا ؛ بزدل بنانا ۔

Dastardliness : (n) بزدلی ؛ نامردی ؛ بے حمیتی ۔

Dastardly : (adv.) بزدلانا ؛ نامردانہ ۔

Dastardy : (n) بزدلی ؛ نامردی ۔

Dasymeter : (n) [Gr."dasys+metron".] کثافت گیس پیما ۔

Dasyphyllous : (a) [Gr."dasys+phyllon".] (نباتیات) موبرگ ؛ کثیر برگ ۔

Dasypod : (a) [Gr."dasypous".] مُوپا مورخور سے متعلق ۔

Dasypodid : (n) موپا مورخور ۔

Dasypodine : (a) مُوپا مورخور جیسا ۔

Dasyprocta : (n) [Gr."dasyproktos".] کترنے والے جانور کی ایک نوع ۔

Dasyproctid : (a & n) (۱) کترنے والے جانور جیسا ۔ (۲) کترنے والے جانور ۔

Dasyproctine : (a) کترنے والے جانور سا ۔

Dasypygal : (a) [Gr."dasypygos".] بال دار سرین والا ۔

Dasyure : (n) [Gr."dasys+ura".] گوشت خوار کیسہ دار جانوروں کی نوع کا کوئی جانور ۔

Data : (n) Detum کی جمع ۔

Analysis of data : (تجارت) معلومات کا تجزیہ ؛ اعداد و شمار کا تجزیہ ۔

Breadth of data : (سماجیات) وسعت مفروضات ؛ وسعت معلومات ۔

Levels of data : (سماجیات) مفروضات کی سطحیں ۔

Method of data collection : (سماجیات) فراہمی اطلاعات کا طریقہ ۔

Non-orthogonal data : (شماریات) غیر عمودی اعداد و شمار ۔

Numerical data : (طبیعیات) عددی اَنکڑے ۔

Orthogonal data : (شماریات) عمودی اعداد و شماریات ۔

Raw data : (سماجیات) بنیادی مفروضات ؛ ناپختہ اطلاعات ۔

Data anticipation : (n) (تجارت) متوقع اعدادو شمار/ معلومات ۔

Data collection : (n) (سماجیات) فراہمی اطلاعات ؛ (تجارت) اعداد و شمار کی فراہمی ۔

Datary : (n) [mod. L."datarius".] دربار پاپائے روم کا ایک افسر ۔

Datary : (n) [mod. L."dataria".] (۱) پاپائےروم کے دستاویزوں پر تاریخ دینے کا کام ۔(۲) پاپائے روم کے محافظ خانہ کی ایک شاخ ۔

Date : (n) [L. "dactylus".] (۱) خرمہ ؛ چھوہارا ؛ کھجور ؛ رطب ؛ تمر ۔ (۲) کھجور کا درخت ۔

Date : (n) [L. "data".] (۱) تاریخ ؛ زمانہ ؛ وقت ۔(۲) واقعہ کی تاریخ ۔ (۳) عہد قدامت ۔ (٤) عمر ؛ عہد حیات ۔ (٥) حد؛ انتہا ۔(٦) تعین وقت ۔

After date : تاریخ مابعد ۔

Due date : تاریخ وجوب ۔

International date line : (جغرافیہ) بین‌الاقوامی خط تاریخ ۔

Out of date : متروک ؛ غیر معتدل (ہونا) ؛ کہنہ ؛ تقویم پارینہ ۔

Upto date : الی الآن ؛ (مکمل حسابات) تاریخ جاریہ تک ؛ تازہ ترین ضروریات یا علم کےمطابق ۔

Date : (v) (۱) تاریخ ڈالنا ۔ (۲) کسی زمانے کاحوالہ دینا ۔ (۳) گننا ؛ زمانے کا شمار کرنا ؛ مدت معین کرنا ۔ (٤) (کسی کاغذ پر) تاریخ کا موجود ہونا ۔ (٥) ابتداء ہونا ؛ شروع ہونا (کسی زمانے سے) ۔ (٦) زمانے کا تعین ہو سکنا (کسی شے وغیرہ کے متعلق) ۔

Date line : (n) (۱) خط نصف النہار ۱۸۰ ڈگری گرین وچ سے ۔ (۲) خط تاریخ ۔

Date-mark : (n) تاریخ کا نشان ؛ تاریخ کی مہر ۔

Date of acknowledgement : رسید مع تاریخ ۔

Date of drawing : (تاریخ) تاریخ حصول رقم ۔

Date of effect : تاریخ نفاذ ۔

Date of entry : (تاریخ) تاریخ داخلہ ۔

Date of exit : (تاریخ) تاریخ علاحدگی ۔

Date of institution : تاریخ ارجاع ۔

Date of maturity : تاریخ تکمیل ۔

Date of occurence : تاریخ وقوع ۔

Date of service : تاریخ تعمیل ۔

Date-palm : (n) نخیل ؛ خرما کا درخت ؛ کھجور کا درخت ۔

Date plum : (n) خرمالو ؛ خرمالو کا درخت ۔

Date sheet : (n) (تعلیمات) تاریخ نامہ ۔

Date-shell : (n) ایک قسم کا صدف ۔

Date sugar : (n) کھجور کا گڑ ۔

Date-wine : (n) کھجورکی تاڑی ۔

Dat (e)able : (a) تاریخ متعین ہونے کے لائق ۔

Dated : (a) مورخہ ؛ تاریخ ۔

Dateless : (a) (۱) بےتاریخ ؛ جس پر تاریخ نہ پڑی ہو ۔ (۲) بے انتہا ؛ بے حد ؛ بے پایاں ۔

(۳) قدیم ؛ یاد سے پہلے کا ۔ (٤) (تاریخ اور سیاسیات) دوامی ۔

Datelessness : (n) بے تاریخی ؛ بے انتہائی ؛ قدامت ۔

Dater : (n) تاریخ ڈالنےوالا ؛ تاریخ گزار ۔

Dating : (n) (جغرافیہ و ارضیات) مواریخہ ؛ توقیت ؛ تاریخ اندازی ۔ (سیاسیات) تعین تاریخ ۔ (تاریخ) تعین زمانہ ۔

Absolute dating : (تاریخ) تاریخ کا قطعی تعین ۔

Astronomical dating : (تاریخ) فلکیاتی تعین تاریخ ۔

Direct dating : (تاریخ) تاریخ کا راست تعین ۔

Flourine dating : (تاریخ) فلورین کے ذریعہ تعین تاریخ ۔

Guess dating : (تاریخ) تاریخ کا قیاس ۔

Radio carbon dating : (تاریخ) ریڈیو کاربن سے تعین تاریخ ۔

Relative dating : (تاریخ) تاریخ کا اضافی تعین ۔

Sequence dating : تعین تاریخ بر بنائے تسلسل ۔

Dating back of policy : (تجارت) تاریخ نگار پالیسی ۔

Dating machine : (n) (میکانیات) تاریخ نگار مشین ۔

Dating method : (n) طریقہ تعین تاریخ ۔

Dation : (n) [L."dationem".] (۱) عطا ۔ (۲) (قانون) معاوضہ ۔

Datisca : (n) [mod. L.] (نباتیات) شاہ دانہ کی طرح کا ایک پودا ۔

Datiscin : (n) ایک گلوکوسائڈ جو Datisca سے حاصل ہوتا ہے (C_{21} H_{22} O_{12}) ۔

Datisi : (n) قیاس منطقی کو یاد رکھنے کی ایک اصطلاح ۔

Dative : (a)[L.'datives'] (۱)اسم کی حالت مفعولی سےمتعلق ۔ (۲) (قانون) ہدیۃً ؛ تحفتاً ۔ (۳) عارضی (افسر) ۔ (٤) عدالت یا جج کی طرف سے مقرر کیا ہوا ۔

Dative : (n) اسم کی مفعولی حالت ۔

Dative bond : (n) معطی بندش ؛ نیم قطبی بندش ۔

Dative case : (n) (لسانیات) نصیبی حالت ۔

Datively : (adv) (۱) حالت مفعولی میں ۔
(۲) بطور ہدیہ ؛ بطور تحفہ ۔

Datolite : (n) [Gr."datisthai"+-lite.] کیلسیم کا
بورو سلیکیٹ ۔

Dattock : (n) [Native name] (۱) مغربی افریقہ کےایک درخت
کی سخت لکڑی ۔ (۲) مغربی افریقہ کا ایک درخت ۔

Datum : (n) [L.] (۱) معلوم ؛ مفروض ؛ دیا ہوا ؛ مقدمہ ؛
مقدار معلوم ۔ (۲) نقطۂ آغاز ۔ (۳) معطیہ ۔
(٤) (طبیعیات ، حیوانیات اور فلسفہ)
آنکڑے ؛ مواد ۔

Private datum : (فلزیات) انفرادی مفروض ۔

Public datum : (فلزیات) عمودی مفروض ۔

Somatic datum : (فلزیات) جسمانی مفروض ۔

Datum level : (n) مفروض سطح ۔

Datum line : (n) (ریاضیات) بنیادی خط ۔

Datum plane : (n) (تشریح) بنیادی سطح ۔

Datura : (n) [Hindi "dhatura".] دھتورا کی جنس ۔

Datura Astramonium : (n) دھتورا سفید گل ؛ سفید پھول
کا دھتورا ۔

Daturine / Daturia : دیکھو Atropine

Daub : (v) [L."dealbare".] (۱) پلاستر کرنا ؛ استر کاری
کرنا ؛ کہگل کرنا ؛ لیپنا ؛ پوتنا ؛ پھنسنا ۔
(۲) آلودہ کرنا ؛ (روغن یا چکائی) لگانا یا
تھوپنا ۔ (۳) ناپاک کرنا ؛ ملوث کرنا ؛
دھبّا ڈالنا ؛ داغ لگانا ۔ (٤) تصویر
پر رنگ تھوپنا ؛ بد رنگ مصوری کرنا؛
بھدی مصوری کرنا ۔

Daub : (n) لیپ پوت ؛ استرکاری ؛ پلاستر ؛
آلودگی روغن ؛ بھدی تصویر ؛ دھبّا ۔

Dauber : (n) (۱) اناڑی مصور ۔ (۲) لیپنے پوتنے والا ؛
استر کاری کرنے والا ۔ (۳) استر ؛ پلاستر ۔
(٤) ایک قسم کا زنبور ۔

Daubery/Daubry : (n) بھدی تصویر بنانا ؛ بھدی تصویر ۔

Daubing : (n) استر کاری ؛ پلاستر ؛ گارا ۔

Daubreelite : (n) [f. next] کرومیم کا سیاہ سلفائڈ جو
شہاب ثاقب کے لوہے میں پایا جاتا ہے ۔

Daubreite : (n) [f. M. Daubree, a French minerologist.]
بسمتھ کا آکسی کلورائڈ ۔

Daubster : (n) اناڑی مصور ۔

Dauby : (a) (۱) چپکنے والا ؛ چسپناک ۔
(۲) پوتنے والا ۔ (۳) بھدا ۔

Daughter : (n) [OE."dohtor".] (۱) دختر؛ بیٹی؛ لڑکی ؛ بنت ۔
(۲) عورت (کسی خاص نسل یا خاندان کی) ۔
(۳) دخترمعنوی (مذہب وغیرہ) ۔(٤) دختر ،
بیٹی (وہ چیز جو کسی دوسرے سے نکلی یا
پیدا ہوئی ہو جیسےزبان وغیرہ) ۔(٥) بیٹی
(کسی کو پیارسے کہنا) ۔(٦) مجازاً (اول نسل) ۔
(۷) جوہر (جو کسی عنصر کےاجزائےمرکبہ کی
علاحدگی سے پیدا ہو) ۔

Daughter atom : (n) دختر ایٹم ۔

Daughter-cell : (n) ان خلیوں میں سے ایک جو کسی خلیہ
کے انشقاق سے پیدا ہو ؛ دختر خلیہ ۔

Daughter chromosomes : (n) (حیوانیات) دختر لونی اجسام ۔

Daughter colony : (حیوانیات) دختر بستہ اجسام ۔

Daughter hood : (n) بیٹی ہونا ؛ دختریت ؛ دختری ؛
بیٹیاں ۔

Daughter-in-law : (n) بہو ؛ بیٹے کی بیوی ۔

Daughter language : (n) دختری زبان ۔

Daughter neucleus : (کیمیا و طبیعیات) دختر نیوکلس ؛
دختر مرکزۂ لواۃ ۔

Daughterless : (a) بے دختر ۔

Daughterling : (n) چھوٹی بیٹی ۔

Daughterliness : دختریت ۔

Daughterly : (a) دخترانہ ؛ بیٹی کی طرح ۔

Dauk : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) سخت اور ریتلی مٹی کی تہ ۔

Daunt : (v) [L."domitare".] (۱) ہمت شکنی کرنا ؛ ہمت توڑنا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ دہشت دلانا ۔ (۲) (ماہی) ہیرنگ (مچھلیوں) کو دباکر پیپے میں بھرنا یا ٹھونسنا ۔ (۳) خیرہ کرنا ۔

Daunt : (n) رکاوٹ ؛ خصوصاً لکڑی کا قرص جس سے مچھلیوں کو داب کر پیپے میں بھرتے ہیں ۔

Daunter : (n) (۱) ہمت شکن ۔ (۲) ہیرنگ مچھلی کو پیپے میں بھرنا ۔

Dauntless : (a) بہادر ؛ بیباک ؛ نڈر ؛ بے خوف ؛ دلیر ؛ مستقل مزاج ؛ جری ؛ دھن کا پکا ۔

Dauntlessly : (adv.) بے باکی سے ؛ بے خوفی سے ؛ دلیری سے ؛ نڈر پن سے ؛ دلیرانہ ۔

Dauntlessness : (n) بہادری ؛ بے خوفی ؛ بے باکی ؛ نڈرپن ؛ دلیری ۔

Dauphin : (n) [F."dauphin".] شاہ فرانس کا سب سے بڑا بیٹا ۔

Dauphinate : (n) Dauphin کا حلقہ اقدار ۔

Dauphiness : (n) Dauphin کی بیوی ۔

Dauw : (n) [Du., native name.] گورخر کی ایک قسم ۔

Davenport / Davonport : (n) (۱) لکھنے کی چھوٹی خوبصورت میز ۔ (۲) ایک بڑا صوفہ جو سونے کے کام میں بھی آتا ہے ۔

Davidist : (n) [f. the name David+-ist.] ولندیزی ڈیوڈھارج کا قائم کیا ہوا فرقہ ۔

Davit : (n) [f. the name David.] (بحری) لنگر اٹھانے یا کشتی کو معلق رکھنے کی کل ۔

Davy/-Lamp/Davy's lamp: (n) [f.Sir Humphry Davy] کان کنوں کا چراغ حفاظت (جس سے کان کے اندر آگ لگنے کا اندیشہ نہیں ہوتا ہے) ۔

Davy : (n) (عامیانہ) Affidavit کا مخفف ۔

Davy Jones : (n) اوچ سمندر ؛ ملاحوں کا شیطان ۔

Davy Jones'slock / Davy's - : سمندر خصوصاً مدفن بحر ۔

Davyne : (n) [It."davina".] المونیم اور سموڈیم کا سلیکیٹ ۔

Davyum : (n) [f. as prec. +-um.] پلاٹینم کی قسم کی ایک فرضی دھات جو کہا جاتا ہے کہ روس میں پائی جاتی ہے ۔

Daw : (n) [OE."dawe".] (۱) ایک قسم کا بڑا کوا ؛ زاغ ۔ (۲) کاہل ؛ بد سلیقہ ؛ پھوہڑ ۔

Daw : (v) طلوع ہونا ؛ صبح ہونا ۔

Dawdle / Daudle) : (v) [Var. of Daddle.] وقت ضائع کرنا ؛ کاہلی کرنا ؛ بیکار پھرنا ۔

Dawdle : (n) (۱) وقت ضائع کرنے والا ؛ بیکار پھرنے والا ۔ (۲) تضیع اوقات ۔

Dawdler : (n) تضیع اوقات کرنے والا (وقت کھونے والا) ؛ بیکار پھرنے والا ۔

Dawish : (a) بیوقوف ؛ پھوہڑ ؛ بد سلیقہ ۔

Dawk : (n) [Origin unkn.] نشیب ؛ شگاف ۔

Dawk : (v) شگاف ڈالنا ۔

Dawk/Dok : (n) [Hindi 'dak'.] Dak دیکھو

To travel dawk : چوکی سفر کرنا ۔

Dawk-bungalow : (n) ڈاک بنگلہ ۔

Dawn : (n) [Back-formation f. Dawning.] (۱) فجر ؛ طلوع ؛ صبح ؛ بھور ؛ تڑکا ۔ (۲) آغاز ؛ ابتدا ؛ شروع ۔

High dawn : صبح جو ابر کے ٹکڑے کے اوپر نمودار ہو ۔

Low dawn : صبح جو افق پر ظاہر ہوتی ہے ۔

Dawn : (v) پو پھٹنا ؛ تڑکا ہونا ؛ نمودار ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ کھلنا (ذہن پر) ؛ شروع ہونا ؛ روشن ہونا ۔

Dawning : (n) [ME."dawening".] (۱) صبح ؛ تڑکا ۔ (۲) (مجازاً) مشرقی ۔ (۳) ابتدا ؛ شروع ؛ ظہور ۔

Dawsonite : (n) [f. Sir J. W. Dawson of Montreal.] الومینیم اور سوڈیم کا آب دار سفید بلوری کاربونیٹ ۔

Day : (n) [OE."daez".] (۱) دن ؛ روز ؛ یوم ۔(۲) فجر ؛ صبح؛ تڑکا ۔(۳) دن کی روشنی ۔(٤) چوبیس گھنٹے ۔ (٥)رات کے بارہ بجے سے اگلی رات کےبارہ بجےتک ۔ (٦) مخصوص تہوار کا دن یا تاریخ ۔ (۷) مقرر یا موعود تاریخ ۔(۸) فتح ؛ ظفر ؛ کامیابی ؛ جیت ۔(۹) زمانہ؛ عہد؛ وقت ؛ دور ۔ (۱۰)زندگی؛ عمر؛ زمانہء خوش حالی؛ حیات ؛ زمانہء عروج ؛ عہد سرگرمی ۔ (۱۱) کان کی بالائی زمین ۔

Apparent solar day : (نجم) یوم شمسی ظاہری ۔

Artificial day : (نجم) یوم اصطلاحی ۔

Astronomical day : یوم ہیئتی ؛ یوم فلکی ۔

At the present day : آج ۔

At some future day : کبھی ؛ مستقبل میں ۔

Before day : صبح سے پہلے ؛ طلوع صبح سے پہلے ۔

Better days : خوشحالی کا زمانہ ؛ مساعد زمانہ ؛ سازگار زمانہ ۔

Break of day : صبح ؛ طلوع صبح ۔

Civil day : رات کے بارہ بجے سے اگلی رات کے بارہ بجے تک ۔

Columnar day book : یوم قانونی؛ (تجارت) خانہ دار روزنامچہ ۔

Every dog has his day : گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں ۔

Fallen on evil days : مصیبت میں ؛ برے دن ۔

From day to day : لگاتار ؛ مسلسل ؛ روز بروز ۔

Independence day : (تاریخ) یوم آزادی ۔

Keep one's day : پابند وقت ہونا ۔

Lady day : یوم مریم ۔

Longest day : اطول النہار ۔

Lunar day : یوم قمری ؛ چاند دن ؛ قمری دن ۔

Mean day : (جغرافیہ) یوم وسطی ۔

Mean solar day : اوسط یوم شمسی ۔

New year's day : سال نو کا پہلا دن ۔

One day : کسی دن ؛ ایک دن ۔

One of these days : عنقریب کسی دن ۔

Perpetual day : (طبیعیات) دوامی دن ۔

Republic day : یوم جمہوریت ۔

Settling day : یوم تصفیہ ۔

Shortest day : اقصرالنہار ۔

Sidereal day : یوم نجمی ؛ نجمی دن ۔

Solar astronomical day : یوم شمسی ؛ دوپہر سے دو پہر تک ۔

Solar day : (جغرافیہ) یوم شمسی ۔

Some day : کبھی ؛ آئندہ ۔

The day : وقت ؛ حال ۔

The day after : بعد از وقت ۔

The day before : قبل از وقت ۔

The other day : کچھ دن پہلے ۔

These days : آج کل ۔

This day week : آج سے آٹھویں دن یا آٹھ دن پہلے ۔

Tidal day : یوم مدی ۔

To carry the day /-win /-lose- : جیتنا ؛ ہارنا ۔

To and one's days : مرنا ۔

To know the time of day : ہوشیار رہنا ؛ چوکس رہنا ۔

To this day : آج تک ۔

Without day : غیر معین مدت تک یا غیر معین مدت تک کے لئے ۔

Day about : ایک دن چھوڑ کر ؛ ایک دن ناغہ کرکے ۔

Day after day : دن بہ دن ؛ متواتر ؛ غیر معین مدت تک ۔

Day bed : (n) دن کو آرام کرنے کا صوفہ یا کاؤچ ۔

Day boarder : (n) طالب علم جو اقامت خانہ میں کھانا کھانے مگر گھر پر سوئے ۔

Day-book/Daybook : (n) روز نامچہ ؛ بہی ۔

Day boy : (n) غیر مقیم طالب علم ۔

Day break : (n) طلوع صبح ؛ تڑکا ۔

Day by day : دن بہ دن ؛ روزانہ ؛ روز بروز ۔

Day coal/- drift/- hole : (کان کنی) کان میں کام کرنے والوں کے لئے آنے جانے کا رستہ ۔

Day dawn : (n) دیکھو Day break

Day dream : (n) بیداری کا خواب ؛ شیخ چلی کا منصوبہ ؛ خیالی پلاؤ ؛ خواب بیداری ۔

Day dreaming : (n) (نفسیات) دن سپنا ۔

Day eye : (n) دن میں کام کرنے کی جگہ ۔

Day flower : (n) دن کو کھلنے والا پھول ۔

Day fly : (n) ایک کیڑا جو قلیل الحیات ہوتا ہے ؛ یکروزہ مکھی ۔

Day hours : (n) عیسائیوں کی دن کی عبادت ۔

Day house : (n) (علم النجوم) خانہ ستارہ ؛ ستارے کا وہ گھر جس میں وہ دن کو رات سے زیادہ قوی ہوتا ہے ۔

Day-in-court : (تاریخ) عدالتی دن ۔

Day labour /-labour : (n) (۱) یومیہ اجرت پر کام ۔ (۲) روزانہ مزدوری پر کام کرنے والا ؛ روز کا مزدور ۔

Day labourer : (n) یومیہ مزدور ؛ دن کے دن کا مزدور ۔

Day lily : (n) سوسن یک روزہ ۔

Day-mare : (n) بیداری کا ڈراؤناخواب؛ (نفسیات) دن بُھتنا۔

Day of grace : رعائتی دن ؛ مہلت ؛ رعائتی مدت ۔

Day of Judgement : یوم الحساب ؛ یوم آخرت ؛ قیامت ۔

Day of wrath : یوم الحساب ۔

Day-peep : (n) تڑکا ؛ بھور ۔

Day residues : (n) (نفسیات) باقیات النہار ۔

Day-room : (n) (۱) دن کے استعمال کا کمرہ ۔ (۲) مطالعہ اور تفریح کا کمرہ (فوجی بیرکوں وغیرہ میں) ۔

Day-scholar : (n) دیکھو Day-boy

Day shift : (n) (معاشیات) دن بدلی ۔

Day school : (n) (۱) معمولی مدرسہ رات کے مدرسہ اور اتوار کے مدرسے کے مقابلہ میں ۔ (۲) وہ مدرسہ جس میں طلبا کے رہنےکا انتظام نہ ہو ۔

Day-shine : (n) (۱) روز روشن ؛ دن کی روشنی ۔ (۲) شہرت ؛ اعلان ؛ اشاعت ۔ (۳) دیکھو Day-light ۔

Day-sight : (n) (طب) روز نظری ؛ شب کوری ۔

Daysman : (n) (۱) ثالث ۔ (۲) یومیہ مزدور ۔

Day-spring : (n) (شاعری) تڑکا ؛ صبح ۔

Day-star : (n) ستارہ صبح ؛ آفتاب ۔

Day student : (n) طلبا جو کالج میں دن کے وقت پڑھنے کے لئے آتے ہیں لیکن وہاں رہتے نہیں ہیں ۔

Day-tale /Daytal /Datal : (n) یومیہ کا حساب ۔

Day-tale /Daytal /Datal : (a) یومیہ طور پر حساب کیا ہوا ؛ روزانہ حساب کیا ہوا ؛ روزانہ اجرت دی ہوئی ۔

Day-taler/Dataller : (n) یومیہ مزدور ۔

Day-ticket : (n) ایک روزہ ٹکٹ ؛ ٹکٹ جس سے اسی روز واپسی ہو سکے ۔

Day-time : (n) دن کا وقت ۔

Day-wages : (n) یومیہ اجرت ۔

Day-water : (n) سطحی پانی ۔

Day-woman/Dairy-woman : (n) ڈیری فارم کی منتظمہ ۔

Day-work /Daywork : (n) (۱) کار روزانہ ۔ (۲) یومیہ مزدور ۔

Daylong : (adv.) تمام دن ؛ دن بھر ۔

Daylong : (a) تمام دن ؛ دن بھر کا ۔

Dayman : (n) مزدور جس کو ایک دن کے لئے رکھا جائے ۔

Dayblindness : (n) روز کوری ؛ دھنداپن ۔

Dayless : (a) تاریک ۔

Daylight : (n) (۱) دن کی روشنی ؛ روز روشن ۔ (۲) شہرت ؛ اشاعت ؛ اعلان ؛ اشتہار ۔ (۳) تڑکا ؛ صبح ؛ فجر ۔ (٤) فصل دو چیزوں کے درمیان جیسے دوڑ کی کشتیوں میں ؛ شراب کی سطح اور گلاس کے کنارے میں ۔ (٥) (جمع) آنکھیں ۔ (٦) (جمع) (عامیانہ) ہوش ؛ اعضائے رئیسہ ۔

To let daylight into : (عامیانہ) سوراخ کرنا ؛ خنجر بھونک دینا یا گولی سے مار ڈالنا ۔

Daylight saving : (n) گرمی میں گھڑی کو ایک گھنٹہ تیز کر دینا ؛ بچت روز روشنی ۔

Daze : (n) [ON."dasa".] (۱) مخبوط کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ بد حواس کر دینا ؛ گھبرا دینا ۔ (۲) چوندھیانا ؛ خیرہ کرنا ؛ تلملا دینا ۔ (۳) سڑجانا؛ خراب ہو جانا۔ (٤) مخبوط ہونا ۔

Daze : (n) (۱) بدحواسی ؛ گھبراہٹ ؛ حیرانی ۔ (۲) (معدنیات) ابرک ۔

Dazed : (a) (۱) بدحواس ؛ مبہوت ؛ مخبوط الحواس ؛ حیرانی ؛ خیرہ ۔ (۲) بے حس (سردی سے) ۔ (۳) سڑا ہوا ؛ خراب ۔

Dazedly : (adv.) بحالت خیرگی ؛ گھبراہٹ کے ساتھ ؛ حیران ہو کر ۔

Dazedness : (adv.) خیرگی ؛ گھبراہٹ ۔

Dazzle : (v) [ME."dasele".] (۱) چوندھیانا ؛ خیرہ کرنا ؛ (آنکھوں میں) چکا چوندھ ڈالنا ۔ (۲) دماغ کو چکرا دینا؛ پریشان کرنا؛ گھبرا دینا؛ حیران کرنا ؛ حواس باختہ کرنا ؛ مبہوت کرنا ۔

Dazzle : (n) (۱) چمک ؛ دمک ؛ آب ۔ (۲) رنگ بطور استثنا ۔

Dazzlement : (n) خیرگی ؛ چکا چوندھ ؛ بد حواسی ۔

Dazzler : (n) خیرہ کرنے والا ۔

Dazzlingly : (adv.) بطور خیرگی ؛ بہ حد خیرگی ۔

De : (prep.) ایک لاطینی حرف جار بہ معنی "سے" ؛ "متعلق" وغیرہ ۔

De/ D' : (Prep.) فرانسیسی حرف جار بمعنی "کا" ؛ "سے" ۔

De- : (Prefix) سابقہ بمعنی ۔ (۱) "نیچے" ؛ "نیچے سے" ؛ "نیچے تک" ۔ (۲) دور ؛ الگ ۔ (۳) بالکل ؛ کل ۔ (٤) نفی ۔ (٥) بعض اوقات اسم میں De کا سابقہ لگا کر فعل بناتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں نکال دینا ، خارج کر دینا ۔

De-aerate : (v) ہَوا نکالنا ۔

De-aerator : (n) (انجینیئرنگ) ہَوا ربا (آلہ) ۔

De-afforest : (v) جنگل کو معمولی زمین قرار دینا ۔

De-afforestation : (n) آزادنی جنگل ؛ جنگل کا معمولی زمین قرار دیا جانا ۔

De-air : (v) ہَوا نکالنا (گیلی مٹی سے) ۔

De-alcoholisation : (n) (کیمیا) الکحل ربائی؛ الکحل نکال دینا ۔

De-alkalize : (v) القلی کا ازالہ کرنا؛ القلیت ختم کرنا ۔

De-anthropomorphism : (n) (فلسفہ) لاتجسیم ؛ لا تشبیہیت ۔

De-articulated : (a) اترا ہوا (جوڑ) ۔

De-articulation : (n) [med.L."dearticulatio".] (۱) ضلع ؛ مفصل؛ جوڑ کا اترنا ۔ (۲) صاف تلفظ ۔

De-assimilation : (n) غیر تحلیل غذا ؛ غذا کا تحلیل نہ ہونا ۔

De-babelization : (n) زبانی ترسیل کی رکاوٹوں کو دور کرنا ۔

De-die in diem : روز بروز ؛ دن بہ دن ۔

De-emanate : (v) ریڈیائی صدور کی طاقت سے محروم کرنا ۔

De-emphasis : (n) (۱) اہمیت کی کمی ۔ (۲) حد سے زیادہ فراخ اجزا کا مکمل یا جزوی امتناع ۔

De-emphasize : (v) اہمیت کم کرنا ۔

De-energize : (v) برقی رو کو روکنا ۔

De-ethicize : (v) (۱) اخلاقیات سے جدا کرنا ۔ (۲) اخلاقی حیثیت کا ازالہ کرنا ۔

De-facto : (adv.&a) واقعی ؛ بالفعل ؛ فی الحقیقت ۔

De-facto recognition : (n) عملاً تسلیم کرنا ۔

De-facto ruler : (n) حقیقی حکمراں ۔

De-facto subjects : (n) واقعی رعایا ۔

De-fat : (v) روغن دور کرنا ۔

De-fide : (a) [L.] ایمان یا عقیدے سے متعلق ۔

De-gratia : (adv.) (قانون) بطور مہربانی ۔

De-haut en bas : (adv.&a) تحکمانہ ؛ برتری کے انداز میں ۔

De-ice : (v) برف سے محفوظ رکھنا خصوصاً ہوائی جہاز کو ۔

De-insularize : (v) تنگ نظری دور کرنا ۔

De-integrate : (v) سالمیت دور کرنا ۔

De-integro : (adv.) از سرنو ؛ پھر سے ۔

De-ionize : (v) پانی سے نمک یا معدنی عنصر کا ازالہ کرنا۔

De-jure : (adv.&a) حسب ضابطہ ؛ حسب قانون ؛ شرعی ؛

De-jure recognition : (n) (تاریخ) قانوناً تسلیم کرنا ۔

De-lege frenda : (adv.&a) نئے قانون کی بنیاد پر ۔

De-Morgan's law : (n) قانون ڈی مارگن ۔

De-Morgan's theorem : (n) کلیہ ڈی مارگن ۔

De-mortuis nil boum : (لاطینی فقرہ) مردوں کا ذکر سوا بھلائی کے نہ کرنا چاہئے ۔

De-novo : (adv.) [L.] از سرنو ؛ پھر سے ؛ نئے سرے سے ۔

De-pauperize : (v) (۱) وفا داری سے نجات دینا ؛ مفلسی کے پنجے سے چھڑانا ۔ (۲) افلاس کے مسئلے کو حل کرنا ۔

De-plane : (adv.) (قانون) ظاہراً ؛ مسلم طور پر ؛ البتہ ۔

De-profundis : (a&n) غم کی گہرائیوں سےنکلی ہوئی (آواز) ؛ صدائے درد ؛ دکھے ہوئے دل کی فریاد ۔

De-queen : (v) ملکہ مکھی کو چھتے سے الگ کرنا ۔

Deacetylate : (v) اسٹیل کو کسی مرکب سے آب پاشی کے ذریعہ علاحدہ کرنا ۔

Deacidification : (n) (کیمیا) ازلۂ تیزاب ؛ تعدیل تیزاب ۔

Deacidify : (v) تیزابیت دور کرنا ؛ تیزابیت کا ازالہ کرنا ۔

Deacon : (n) [L."diaconus".] (۱) مہتمم صدقات (پادری ، تماس) ۔ (۲) تیسرے درجے کا پادری یعنی بشپ اور کشیش کے بعد ۔ (۳) (پرسبیٹیرین) دینوی معاملات کا منتظم افسر ۔ (٤) عشائے ربانی کی تقریب کا خاص معاون کشیش ۔ (٥) (اسکاٹستانی) اہل حرفت کی انجمنوں کا صدر: (مجازاً) ماہر حرفت ۔ (٦) چھوٹا بچھڑا: بچھیا؛ چھوٹے بچھڑے یا بچھیا کا چمڑا ۔

Deacon : (v) (۱) بھجن یا مناجات کو زور سے سطر وار پڑھنا ۔ (۲) پھلوں کو ٹوکری میں بھرنا اس طرح کہ اچھے پھل اوپر رہیں ؛ بے ایمانی کرنا ۔

To deacon land : شاہراہ کے کچھ حصے پر قبضہ کر لینا ۔

To deacon wine : (عامیانہ) شراب میں آمیزش کرنا ۔

Deaconess : (n) [L."diaconissa".] (۱) وہ عورت یا خاتون جس کو ڈیکن کی خدمات سپرد ہوں ۔ (۲) ڈیکن کی بیوی ۔

Deaconhood : (n) ڈیکن کا عہدہ ؛ ڈیکن کی جماعت ۔

Deaconry : (n) (۱) ڈیکن کی جماعت ۔ (۲) دیکھو Deaconship ۔

Deaconship : (n) ڈیکن کا عہدہ یا مقام ۔

Deactivate : (v) (۱) غیر سرگرم کرنا ؛ غیر سرگرم بنانا ۔
(۲) غیر موثر بنا دینا ؛ غیر مہلک بنا دینا (بم ، بارودی سرنگ وغیرہ کو) ۔

Deactivation : (n) ازالہ عملیت ؛ ازالہ فعالیت ۔

Dead : (a) [OE."dead".] (۱) مردہ ۔(۲) بے جان ؛ بے حس ؛ سُن ۔ (۳) مردہ روح ؛ روحیت سے خالی ؛ بےنور ۔(٤) متروک ؛ منسوخ ؛ غیر نافذ ؛ غیر موثر ؛ گزرا ہوا ؛ قدیم ۔(٥) بے حرکت ؛ ساکت ۔ (٦) بنجر ۔(۷) (آواز) بے گونج ۔(۸) مصنوعی ۔ (۹) ناقابل فروخت ۔ (۱۰) جسے کھیلا نہ جا سکے (بال) ۔ (۱۱) (گولف کی گیند کے متعلق) گچی سے بالکل نزدیک ۔ (۱۲) پورا ؛ تمام ؛ کامل ؛ سراسر ؛ بے لطف ؛ یکساں ؛ ٹھیک ؛ صحیح ؛ مطلق ؛ راست ۔ (۱۳) خفیہ ؛ پوشیدہ ۔ (۱٤) یکایک رک جانے والا / والی ۔

Dead as a door-nial : بالکل مردہ ۔

Dead as a herring : بالکل مردہ ۔

To wait for dead men's shoes : کسی شخص کی جائداد یا عہدے کے لئے اس کی موت کا انتظار کرنا ۔

Dead : (n) (۱) میت ۔(۲) مردہ موسم یا وقت یا حالت ؛ بے سود مند موسم وغیرہ ۔(۳) (جمع) مٹی یا پتھر جس میں خام دھات نہ ہو ۔ (٤) (عامیانہ) نارسیدہ خط ۔

The dead : مردہ ؛ اہل قبور ۔

Dead : (adv.) (۱) پورے طور سے ؛ مطلقاً ؛ کل ؛ کلیتاً ۔
(۲) براہ راست ؛ بالکل ۔

Dead : (n) شمالی انگلستان میںDeath کی متبادل شکل ۔

Dead : (v) (۱) مرنا ۔(۲) (مجازاً) طاقت کھو بیٹھنا ؛ کمزور ہو جانا ۔(۳) مردہ بنانا (مجازاً) ۔ (٤) کمزور کر دینا ۔

Dead account : (n) (معاشیات) ڈوبن کھاتا ۔

Dead against : بالکل آمنے سامنے ؛ سخت مخالف ۔

Dead ahead : (a & adv.) بالکل سیدھے ؛ بالکل سامنے ۔

Dead air : (n) (۱) (کان) ہوا جس میں آکسیجن نہ ہو یا زیادہ کاربن ڈائی آکسائڈ ہو ۔
(۲) ریڈیو یا ٹیلیفون کی نشریات کے دوران یکایک خاموشی ۔

Dead alive /-and-alive : (a) بےلطف ؛ اکتا دینے والا ؛ زندہ بشکل مردہ ۔

Dead angle : (n) (قلعہ بندی) غیر قابل دفاع زاویہ ۔

Dead arch /- window : (n) نقلی محراب ؛ کھڑکی ۔

Dead-arm : (n) انگور کی ایک بیماری ۔

Dead asleep : (a) گہری نیند سویا ہوا ؛ مردے کی طرح سویا ہوا ۔

Dead asset : (n) بے قیمت اثاثہ ۔

Dead axle : (n) ساکن دُھرا ۔

Dead ball : (n) کھیل سے خارج گیند ۔

Dead beat : (n & a) (طبیعیات) چل روک ؛ ساکت پہنچ ۔

Dead beat : (a) تھک کر چور ۔

Dead beat : (n) (۱) (امریکا) طفیلی بن کر رہنے والا شخص ۔(۲) غریب ؛ نادار ؛ قلاش (شخص) ۔

Dead beat galvanometer : غیر متحرک مقناطیسی برق پیما ۔

Dead bird : (n) (۱) ماری ہوئی چڑیا یا دوسرا نشانہ ۔
(۲) یقینی مات ؛ ضرور ۔

Dead-block : (n) ٹکر روک ؛ صدمہ روک ۔

Dead body : (n) لاش ؛ نعش ۔

Dead-born : (a) (۱) بچہ جو مردہ پیدا ہوا ہو ۔(۲) (مجازاً) تحریک وغیرہ جو ابتدا ہی سے نہ چل سکے ۔

Dead-burn : (v) نپٹ جلنا ۔

Dead capital : (n) (معاشیات) بے کار سرمایہ ۔

Dead cart : (n) مردہ ڈھونے والی گاڑی ؛ نعش کش گاڑی ۔

Dead cat : (n) شدید نکتہ چینی ؛ دشنام آمیز تنقید ۔

Dead-centre : (n) (۱) دیکھو Dead Point ۔
(۲) غیر متحرک مرکز ۔

Dead clothes : (n) کفن ۔

Dead-colour : (n) رنگ کی پہلی تہ (تصویروں میں) ۔

Dead colour : (v) رنگ کی پہلی تہ جمانا ۔

Dead colouring : (n) رنگ کی پہلی تہ جمانا ۔

Dead culture : (n) (جراحی) مردہ کشت ۔

Dead dipping : (n) ایک عمل جس سے پیتل کی سطح بے جلا ہو جاتی ہے ۔

Dead dog : (n) بے قیمت چیز ؛ بے قدر شخص ۔

Dead-drunk : (a) (شراب) پی کر دُھت ؛ مدھوش ؛ بد مست ۔

Dead duck : (n) (۱) کم قیمت چیز یا بے قدر شخص ۔ (۲) نیم مردہ ۔

Dead end : (n) (۱) جہاں ریل کی لائن وغیرہ ختم ہو جاتی ہے ۔ (۲) پانی کی نلکی کا بند سرا ۔ (۳) (مجازاً) اندھی گلی ۔

Dead-end : (a) (۱) غیر سود مند ۔ (۲) شریر ۔ (۳) اندھی گلی، نلکی وغیرہ ۔

Dead-end : (v) ختم کرنا یا ہونا ۔

Dead-eye : (n) (۱) (بحری) گول چپٹا لکڑی کا کندہ جس میں سوراخ ہوتے ہیں ۔ (۲) جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا ہے ۔

Dead fall/Dead-fall : (n) (۱) بڑے جانوروں کو پکڑنے یا مارنے کی ایک ترکیب ۔ (۲) گرے ہوئے درختوں کا ڈھیر ۔ (۳) کان کے منہ پر چیزوں کے جمع کرنے کا چبوترہ ۔ (٤) بھٹی یا قمارخانہ ۔

Dead fin : (n) سالمن مچھلی کا دوسرا ہی پر ۔

Dead fire : (n) اگیا بیتال ۔

Dead flat : (n) (بحری) جہاز کی سب سے چوڑی شہتیر یا ڈھانچہ ۔

Dead fold : (n) وہ تہ جو آسانی سے نہیں کھلتی ہے ۔

Dead freight : (n) خالی حصے کا محصول (ایسے حصے کا محصول جس میں سامان نہ ہو) ۔

Dead gold : (n) ماند سونا ۔

Dead ground : (n) (۱) برقی رو اور زمین کے درمیان کم مزاحمت رکھنے والا جوڑ ۔ (۲) دیکھو Dead Space ۔

Dead-hand : (n) (۱) غیر منتزع حق تصرف ۔ (۲) (طب) دست مردہ ۔ (۳) شدید اثر (مردے کا زندے پر یا ماضی کا حال پر) ۔

Dead head/Dead-head /Deadhead : (n) (۱) بغیر ٹکٹ کے ناٹك دیکھنے والا یا سفر کرنے والا ۔ (۲) بندوق کی نال کا (ڈھلائی کے وقت) وہ فاضل حصہ جو سرد ہونے پر کاٹ دیا جاتا ہے ۔ (۳) (میکانیات) خراد کی مشین کا وہ پچھلا حصہ جس میں مردہ مخور ہوتا ہے ۔ (٤) (بحری) لکڑی کا کندہ جو تیراك لنگر کا کام دیتا ہے ۔ (٥) ریلوے کا ملازم جو کسی خاص مقام تك سفرکر رہا ہو ۔ (٦) خالی ڈبہ ۔ (۷) کاروبار یا کسی انجمن کا غیر سرگرم رکن ۔ (۸) ترقی کے لئے ناموزوں شخص ۔ (۹) مکمل طورپر یا جزوی طور سے ڈوبا ہوا کندہ ۔ (۱۰) کھمبا ؛ گودی پر رسیاں لٹکانے کا کھمبا ۔

Dead-heading : (n) (تجارت) متروك عنوان / سرخی ۔

Dead-hearted : (a) بے حس ۔

Dead-heartedness : (n) بے حسی ۔

Dead-heat : (n) دوڑ میں برابری ۔

Dead-heat (v) دوڑ میں برابر آنا ۔

Dead horse : (n) (۱) کام کی پیشگی اجرت ۔ (۲) فرسودہ موضوع یا مسئلہ ۔

Dead hours : (n) سنسان گھڑیاں ؛ سناٹے کی گھڑیاں ۔

Dead house : (n) مردہ خانہ ؛ نعش خانہ ۔

Dead key : (n) ٹائپ رائٹر کی کنجی جس کو دبانے سے پھسلنے والا حصہ متحرك نہ ہو ۔

Dead language : (n) مردہ زبان ۔

Dead-latch : (n) وہ پھرکی داربیلن جو باہر سے کھل نہ سکے ۔

Dead-latitude : (n) قطب نما وغیرہ سے دریافت کیا ہوا عرض البلد ۔

Dead-letter : (n) (۱) لاوارث خط ۔(۲) منسوخ قانون ؛ غیر نافذ قانون ۔(۳) لفظی معنی ۔ (٤) متروک تحریر ۔

Dead-letter office : (n) لاوارث خطوط کا دفتر ۔

Dead level : (n) (تعمیرات) بالکل ہموار ۔

Dead lift : (n) (۱) گھوڑے کا اپنی طاقت سے زیادہ بھاری بوجھ کو کھینچنے کی کوشش کرنا۔(۲) ناممکن کام ؛ انتہائی تدبیر ۔(۳) براہ راست اٹھالینا (بغیر کسی میکانیکی مدد کے)۔

Dead light : (n) (۱) (بحری) جھلملی جو طوفان میں جہازی کمروں کی کھڑکیوں کو محفوظ رکھے ۔ (۲) روشنی کا شعلہ جو کبھی کبھی قبرستان میں نظر آتا ہے اور موت کا شگون سمجھا جاتا ہے ۔(۳) وہ روشندان جو کھلتا نہیں ہے ۔

Dead-line : (n) (۱) غیر متحرک خط ۔(۲) (فوج) فوجی قیدخانے کے گرد وہ خط جس کے باہر جانے سے قیدیوں کو گولی ماردی جاتی ہے ۔ (۳) مقررہ وقتی مہلت ؛ وقت معینہ ؛ تاریخ معینہ ؛ انتہائی حد ۔ (٤) فوجی گاڑیاں جنہیں مرمت کے لئے علاحدہ کر دیا جائے ۔ (٥) حد طباعت کا نشان ۔

Dead line : (v) موٹر وغیرہ کو مرمت کےلئے علاحدہ کرنا ۔

Dead load : (n) (تجارت) قائم وزن ۔

Dead lock /Dead-lock : (n) (۱) رک کے رہ جانا ؛ تعطل ۔(۲) وہ تالا جو صرف کنجی سے بند ہوتا اور کھلتا ہے ۔ (۳) کسی کھیل یا مقابلہ میں برابر نمبر آنا ۔

Dead loss : (n) سراسر نقصان ؛ کاری نقصان ۔

Dead mail : (n) (۱) دیکھو Dead Letter ۔(۲) (عامیانہ) خالی بوتلیں (شراب کی) ۔ (۳) (تاش کے ایک کھیل Whist میں) فرضی کھلاڑی ۔ (٤) بادبان تہ کرنے پر بادبانچے کا سرا جو لٹکا رہتا ہے ۔ (٥) زمین دوز لکڑی کا کندہ جو لنگر کا کام دیتا ہے ۔

Dead man's bell : (n) کف الثعلب ۔

Dead man's finger (s, hand, thumb) : (n) ثعلب کی قسمیں ۔

Dead man's handle : (adv.) روک دستہ (مشین وغیرہ میں) جو چلانے والے ہاتھ کے ہٹتے ہی مشین کو خود بخود روک دیتا ہے ۔

Dead-march : (n) جنازے کے ساتھ کا باجا ۔

Dead nettle : (n) (نباتیات) بے ضرر بچھوا ۔

Dead office : (n) نماز جنازہ ۔

Dead oil : (n) کول تار سے تقطیر شدہ تیل جو پانی سے وزنی ہوتا ہے ۔

Dead on the target : سیدھے نشانے پر ۔

Dead pan : (n) (۱) بے تاثر چہرہ ۔(۲) بے تاثرانہ طریقہ یا طریقہ اظہار ۔

Dead pan : (n) (۱) بظاہر سنجیدہ ۔(۲) بے تاثر ۔ (۳) غیر جانبدار ۔

Dead pan : (adv.) بظاہر سنجیدگی سے ؛ بے تاثرانہ طریقہ پر ۔

Dead pan : (v) بے تاثری سے کام کرنا ؛ غیر جانبدارانہ کام کرنا ۔

Dead parking : (n) گاڑی کو بغیر ڈرائیور یا نوکر کے لگا کر چھوڑ دینا ۔

Dead plate : (n) بھٹی کے منہ کے پاس لوہے کا تختہ جس پر کوئلے کو کوک بناکر آتشدان میں ڈال دیتے ہیں ۔

Dead-point / Deadpoint : (n) وہ نقطہ جہاں فشار ے یا گردانے کا زور سب سے کم پڑتا ہے ۔

Dead pull : (n) دیکھو Dead Lift

Dead reckoning : (n) (بحری) قطب نما وغیرہ سے جہاز کا مقام دریافت کرنا ۔

Dead register : (n) (تجارت) ختم شدہ رجسٹر ۔

Dead rising : (n) جہاز کے فرش یا تہ کے وہ حصے جہاں فرشی شہتیر میان چوب کے پاس ختم ہو جاتی ہے ۔

Dead rope : (n) وہ رسہ جو کسی گھرنی یا کندے سے گزرتا نہ ہو ۔

Dead sea : (n) بحیرہ مردار ؛ مردہ سمندر ۔

Dead sea apple /-fruit : دیکھو Apple of Sonom

Dead sheave : (n) مستول کا عقبی سوراخ جس میں آویزہ لگا ہوتا ہے ۔

Dead-shore : (n) قائم اڑواڑ ۔

Dead shot : جس کا نشانہ کبھی خطا نہ ہو ۔

Dead slow : (adv.) بہت آہستہ ۔

Dead smooth : (a) (۱) نہایت صاف ۔ (۲) عمدہ (ریتی وغیرہ) ۔

Dead soft : (a) بہت نرم (فولاد) ۔

Dead sound : مردہ آواز جس میں گونج نہ ہو ۔

Dead sovereign : (n) (تاریخ) متوفی بادشاہ ۔

Dead space : (n) (۱) وہ جگہ جو زد میں نہ ہو ۔ (۲) بدن میں خلا عمل جراحی کے نتیجے میں ۔ (۳) غیر مستقل جگہ (جہاز ، ٹرک وغیرہ میں) ۔ (٤) فضائے معطل ۔

Dead spit : (a) (روز مرہ) ہُو بہو ۔

Dead spot : (n) (۱) غیر سرگرم علاقہ ۔ (۲) (ریڈیو) تاریک مقام ۔

Dead stick : (n) غیر متحرک داسر (ہَوائی جہاز کا) ۔

Dead stock : (n) (۱) (تجارت) بیکار سرمایہ ؛ ناقابل فروخت مال ؛ جامد ذخیرہ ۔ (۲) کھیتی باڑی کے اوزار ۔

Dead stroke : (a) بے بازگشت ضرب لگانے والا ۔

Dead time : (n) (۱) (سماجیات) ضائع شدہ وقت ؛ (تجارت) بیکار وقفہ (بہ وجہ عدم استعمال مشین) ۔ (۲) غیر محسوس وقت ۔

Dead time of counter : کاؤنٹر کا غیر موثر وقت ۔

Dead tire[1] : (a) بہت تھکا ہوا ۔

Dead to : (a) بے حس ؛ بے ذوق (کسی خاص چیز کی طرف سے) ۔

Dead-to-rights : (a) (۱) ناقابل معافی ؛ ناقابل فرار ؛ ناقابل برایت ۔ (۲) جرم کرتا ہوا ۔

Dead tongue : (n) ایک چھتر دار پودا جس سے زبان مفلوج ہو جاتی ہے ؛ یوروپی شوکران آبی ۔

Dead valley : (n) وادیٔ موت ۔

Dead wagon : (n) دیکھو Dead cart

Dead wall : (n) دیوار جس میں روزن نہ ہو ۔

Dead watch : (n) (۱) مُردہ یا مرنےوالے کےپاس شب بیداری ۔ (۲) مجرم کی سزائے موت کے پہلے اس کے محافظ ۔ (۳) کسی اہم خبر کے منتظر اخباری نمائندوں کی جماعت ۔

Dead water : (n) (۱) ساکن پانی ۔ (۲) چلتے ہوئے جہاز کے پیچھےیا اطراف کا بھنور ۔ (۳) مد پست ؛ مد اصغر ۔

Dead weight : (n) (۱) کل وزن ۔ (۲) جامد قرضہ ۔ (۳) بوجھ ؛ پورے جہاز کا بوجھ ؛ لدے ہوئے جہاز کا وزن ۔ (٤) بوجھ (گناہ وغیرہ کا) ۔

Dead weight debt : قرض بے اثاثہ ۔

Dead weight tonnage /-capacity : گنجائش لدان ۔

Dead well : (n) چہ بچہ ؛ گندے پانی کو جذب کرنے والا کنواں ۔

Dead wind : (n) (۱) سکون ہَوا ۔ (۲) (موسم) مخالف ہَوا ۔

Dead wire : (n) (برقیات) مردہ تار ؛ ٹھنڈا تار ۔

Dead-wood/Deadwood : (n) (۱) درخت کی سوکھی ہوئی شاخ ۔ (۲) (بحری) لکڑی کا مضبوط کندہ جو جہاز کے پیندے کے اوپر مضبوطی کےلئے باندھتے ہیں ۔ (۳) از کار رفتہ شخص یا چیز ۔ (٤) (تاش کے کھیل جن یا رمی میں) بے جوڑ پتے ۔ (٥) (طباعت) پلیٹ میں وہ جگہ جو دوسرے مواد کےلئے چھوڑ دی جائے ۔ (٦) بلا شبہ تقدم ۔

Dead wood fence : (n) گرے ہوئے درختوں ، کندوں یا شاخوں کے انبار کا احاطہ ۔

Dead wool : (n) (۱) گرا ہوا اون ۔ (۲) مردہ بھیڑ کا اون ۔

Dead word : (n) (لسانیات) مُردہ لفظ ۔

Dead-work /Deadwork : (n) (۱) (کان کنی) بےنتیجہ محنت؛ فعل عبث ۔ (۲) کار در دست ۔

Deaden : (v) (۱) مردہ کرنایا ہونا؛ بےطاقت کرنا؛ بے نور کرنا ؛ (جذبہ سرد کرنا) ۔ (۲) بےحس کرنا ؛

(کسی بات کی طرف سے) بے خبر کر دینا ۔
(۳) (درختوں کو) مرجھا دینا ۔ (٤) بے جلا ؛
بےچمک ؛ بےذائقہ وغیرہ بنا نا۔(٥) (آوازکو)
مدھم کرنا ۔(٦) (رفتار کو) دھیما کرنا ۔
(۷) (دیوارکو) آواز روک بنانا ۔

Deadener : (n) (۱) کم کرنے والا ؛ دھیما کرنے والا ؛ کمزور کرنے والا ۔(۲) سلاخ دارلکڑی کا کندہ جو دوسرے کندوں کو بہنے سے روکتا ھے ۔

Deadhead : (a) خالی (ریل گاڑی) ۔

Deadhead : (v) (۱) خالی لوٹنا یا واپس آنا (خصوصاً ٹرک کا) ۔(۲) خالی ٹرک چلانا یا اس میں جانا ۔

Deadline vehicle : (تجارت) متروک گاڑی برائے مرمت ۔

Deadliness : (n) مہلک پن ۔

Deadlock : (v) روک دینا ؛ رک جانا ۔

Deadly : (n) OE."deadlic".] (۱) مردے کی طرح ؛ میت کی طرح ۔(۲) حد سے زیادہ ؛ نہایت ۔

Deadly : (a) (۱) مہلک ؛ قاتل ۔ (۲) زہریلا ؛ سم آلود ۔ (۳) لعنت انگیز ؛ لعنتی ؛ مستوجب عذاب ؛ (گناہ) کبیرہ ۔(٤) بے رحم ؛ سنگدل ؛ تہس نہس کردینے والا ؛ سفاک ۔ (٥) موت کا سا ۔ (٦) سخت ؛ شدید؛ تیز ؛ تند ؛ انتہائی ۔

Deadly nightshade : (n) مہلک عنب الثعلب ۔

Deadly parallel : (n) جزوی مقابلہ یا موازنہ ۔

Deadly sin : (n) گناہ کبیرہ ۔

Deadmelt : (v) (فولاد سازی) کھولاتے رہنا جب تک کہ بُلبلے اٹھنے بند نہ ہو جائیں ۔

Deadness : (n) مردہ ہوا ؛ مردنی ؛ موت ؛ مرگی ۔

Deadness of trade : (تجارت) کساد بازاری ۔

Deady : (n) [Distiller's name.] جن (شراب) ۔

Deaequitate : (adv & a) (قانون) عدل کے اصول کے مطابق ۔

Deaf : (a) [OE."deaf".] (۱) بہرہ ؛ اونچا سننے والا ؛ اصم ؛ کم سننے والا ۔ (۲) موزونیت وغیرہ کی طرف سے بے حس یا غیر متاثر ۔(۳) پنبہ بگوش ؛ بے پروا ؛ توجہ نہ کرنے والا ؛ نہ ماننے والا ؛ ناشنو ۔(٤) خالی ؛ بے حاصل ؛ تہی ؛ بے خبر ۔

Deaf : (v) بہرہ بنانا آواز کو ؛ (بلند آوازسے) دبا دینا ۔

Deaf adder : (n) (۱) کیچوا ؛ دوموئی ؛ کور دودہ ۔
(۲) بے ضرر سانپ ۔(۳) ایک زہریلا سانپ جسے Copperhead کہتے ہیں ۔

Deaf aid : (n) معاون اصم ۔

Deaf and dumb : (a) گونگا بہرہ آدمی ؛ گنگ وکر ۔

Deaf-and-dumb alphabet : (n) بہروں گونگوں کے سمجھنے کے اشارات ۔

Deaf dumbness : (n) گونگاپن جو بہرے پن کا نتیجہ ہو ۔

Deaf ear : (n) (عموماً جمع میں) اناج ، دانے کا سفید کھوکھلا سر ۔

Deaf-mute : (a) گونگا بہرا ؛ صمّ بکمٌ ۔

Deaf-mute : (n) دیکھو Deaf and dumb

Deaf-mutism : (n) بہراپن ؛ گونگا پن ۔

Deaf-nettle : (n) دیکھو Dead nettle

Deaf-nut : (n) (۱) جوز بے مغز ۔(۲) بے قیمت ۔

Deafen : (v) (۱) شورو غوغا سے بہرا کر دینا ؛ کان پھوڑنا ۔(۲) (آواز کو) سننے نہ دینا ۔
(۳) (فرش کو) بے آواز کر دینا یا بنا دینا ۔

Deafening : (n) (۱) فرش ، دیوار وغیرہ کو بےآواز کردینا یا بنا دینا ۔ (۲) فرش وغیرہ کو بےآواز کرنے یا بنانے میں استعمال ہونے والا گارا یا مٹی ۔

Deafeningly : (adv.) شورو غوغا کے ساتھ ۔

Deafish : (a) کسی قدر بہرا ۔

Deafly : (a) (۱) بہرا پن سے ۔(۲) غیر واضح طورپر ۔

Deafness : (n) بہراپن ؛ کم سننا ؛ گراں گوشی ؛ اونچا سننا ۔

Deal : (n) [OE."deal".] کافی مقدار ؛ معقول مقدار ؛ معقول تعداد ؛ بڑی حد تک ؛ حصہ ۔

A deal : کافی مقدار ؛ بڑی حدتك ؛ کافی ؛ بہ کثرت ؛ بہت ۔

A great deal / Good-/ Vast- : کافی مقدار میں ؛ بڑی حد تك ۔

Deal : (n) (۱) معاملہ ؛ کارو بار ؛ بیوپار ۔(۲) (تاش) پتے بانٹنا ۔(۳) (تجارت و سیاسیات) خفیہ معاہدہ ۔

Deal : (n) (۱) چیڑ کا تختہ ۔ (۲) صنوبر یا چیڑ کے تختے کا جز یا ٹکڑا ۔(۳) صنوبر یا چیڑ ؛ صنوبر یا چیڑ کی لکڑی ۔

Red deal : اسکاتستانی صنوبر کا تختہ ؛ کاج کا تختہ یا لکڑی ۔

White deal : ناروے کے صنوبر کا تختہ ۔

Yellow deal : زرد کاج کا تختہ یا لکڑی ۔

Deal : (v) (۱) تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ؛ پتے بانٹنا ؛ (تاش کے پتے) کھیلنے والوں کو دینا ۔ (۲) میل جول رکھنا ۔ (۳) کاروبار کرنا ۔ (٤) مشغول رہنا ؛ بھڑ جانا ؛ بحث کرنا ؛ تدبیر کرنا ۔ (٥) پیش آنا ؛ سلوك کرنا (اچھا یا برا) ۔(٦) استحقاق کے مطابق دینا ؛ حصہ دینا ۔ (۷) عطا کرنا ؛ دینا ۔

To deal in : مشغول ہونا ؛ کام میں لانا ؛ مشغول رہنا ۔

To deal on/-upon : کسی کام میں لگ جانا ۔

To deal with : (۱) ہاتھ لگانا ۔(۲) نبٹانا ۔

Deal board : (n) صنوبر کا تختہ ۔

Deal tree : (n) صنوبر کا درخت ۔

Dealable : (a) قابل معاملہ ۔

Dealbate : (a) [L."dealbatus".] (نباتیات) سفید شدہ ۔

Dealend : (n) چھ فٹ سے کم لمبا صنوبر کا چوبی تختہ ۔

Dealer : (n) (۱) تقسیم کرنے والا ؛ حصہ دینے والا ؛ سلوك کرنے والا ۔(۲) تاش بانٹنے والا ۔(۳) کاروباری ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ؛ فروشندہ ۔ (٤) دلال ۔ (٥) فروش (بحالت ترکیبی) ۔

Corn dealer : غلہ فروش ۔

Horse dealer : اسپ فروش ۔

Money dealer : مہاجن ۔

Dealer-acceptance : (n) مانگ دیکھ کر خریداری (خوردہ فروشوں کی) ۔

Dealer help : (n) اشتہار ۔

Dealership : (n) (۱) بیوپار ۔ (۲) منظورشدہ ایجنسی ۔

Dealfish : (n) گہرے سمندر میں پائی جانے والی لمبی پتلی مچھلیاں ۔

Dealing : (n) برتاؤ ؛ سلوك ؛ کارو بار ؛ تجارت ؛ لین دین ؛ بیوپار ؛ تقسیم ؛ معاملت ؛ داد و ستد ۔

Deambulation : (n) [L."deambulationem".] چلنا ؛ ٹہلنا ۔

Deambulatory : (a) [L."deambulatorius".] متحرك ۔

Deambulatory : (n) ٹہلنے یا ورزش کرنے کی جگہ ؛ گردش گاہ ۔

Deamination / Deaminization : (n) (کیمیا) ازالہ امونیا ۔

Dean : (n) [OF."deien".] (۱) بڑے گرجے کا افسر اعلیٰ ۔ (۲) پادری، جس کو ایك حصے پر اختیارات سماعت حاصل ہو ۔ (۳) کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبا کی نگرانی کی خدمت ہو ؛ نگران طلبا ۔ (٤) صدر شعبہ (یونیورسٹی کے) ؛ ڈین ۔ (٥) (امریکا) رجسٹرار ۔(٦) کسی مجلس کا صدر ۔

Dean / Dene : (n) [Origin unkn.] گھاٹی ؛ وادی ۔

Dean : (n) [Origin unkn.] (کیمیا) بموار سطح کا آخری حصہ ۔

Dean : (v) ڈین (Dean) کا کام کرنا ۔

Dean-nettle : (n) دیکھو Dead nettle

Dean of Faculty : اسکاچستان میں مجلس وکلا کا صدر ۔

Dean of guild : اسکاچستان کے شاہی شہر کی انجمن تجار کا صدر ۔

Dean of peculiars : ایسے کلیسائی حلقے کا منتظم جو کسی اسقف کے ماتحت نہ ہو ۔

Dean of the Arches : (n) کلیسائی عدالت مرافعہ کا غیر پادری جج ۔

Dean of the province of Canterbury : (n) لندن کا اسقف ۔

Dean of the Sacred College : (n) سب سے بوڑھا کارڈینل جو پوپ کی غیر حاضری میں مجلس اساقفہ کی صدارت کرتا ہے ۔

Dean schedule : (n) [After Albert F. Dean, Americn actuary.] آتشزدگی کے اضافی خطرے اور خطرے کےبیمہ کی شرح کا اندازہ لگانے کا ایک طریقہ ۔

Deanery : (n) (۱) ڈین کا مکان ؛ دفتر یا عہدہ ۔ (۲) وہ علاقے جو ڈین کے ماتحت ہوں ۔

Deaness : (n) ڈین کی خدمتگار راہبہ ۔

Deanship : (n) (۱) ڈین کا منصب اور درجہ ۔ (۲) ظرافتاً بطور لقب استعمال ہوتا ہے ۔

Dear : (a) [OE."deore".] (۱) پیارا ؛ عزیز ؛ محبوب ؛ دلارا ۔ (۲) قیمتی ؛ بیش قیمت ؛ بیش بہا ۔ (۳) چہیتا ؛ مرغوب ۔ (٤) گراں ؛ مہنگا ۔

To ride for dear life : سرپٹ گھوڑا دوڑانا ۔

Dear : (n) محبوب ؛ عزیز ۔

Dear : (interj) بطور فجائیہ ؛ تعجب ؛ تردد ؛ افسوس ؛ ہمدردی ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہو تا جیسے Dear, Oh dear dear, Dear me ۔

Dear : (a) [Origin unknown.] سخت ؛ بوجھل ؛ بھاری ؛ سنگین ۔

Dear : (adv.) [OE."diore","deore".] (۱) گراں بہا طورپر ۔ (۲)دیکھو Dearly ۔

Dear : (v) عزیز کہہ کر پکارنا ۔

Dear-bought : (a) گراں خرید ۔

Dear money (tightmoney) : (تجارت) مہنگا زر ؛ کمیاب زر ۔

Dear year : (n) سال گرانی ۔

Dearborn : (n) [f. the inventor's name.] (امریکا) ایک ہلکی چار پہیوں کی گاڑی ۔

Dearly : (adv.) پیار سے ؛ محبت سے ؛ محبوبانہ ؛ مشتاقانہ ۔(۲) شدت سے ؛ تہ دل سے ۔

Dearn(e) : دیکھو Dern

Dearness : (n) (۱) الفت ؛ خلوص ۔(۲) گرانی ؛ مہنگائی ؛ کمیابی ۔

Dearness allowance : (n) (تجارت) مہنگائی بھتہ ؛ (تاریخ) گرانی الاؤنس ۔

Dearth : (n) [ME."derpe".] (۱) گرانی ؛ کال ؛ قحط ؛ خشک سالی ۔(۲) تھوڑا ؛ کمیابی ؛ قلت ؛ کمی ۔

Deary / -rie : (n) [dim.of"dear".] (۱) Dear کی تصغیر ۔ (۲) ننھا ؛ بہت پھوتا ۔

Deas : (n) [ME."deis".] بنچ ؛ ٹیبل ؛ میز ۔

Deash : (v) راکھ صاف کرنا ۔

Deasil / Deiseal : (adv.) [Gael.] داہنی طرف ؛ داہنی جانب ۔

Deasil / Deiseal : (n) دائیں سے بائیں حرکت ۔

Deaspirate : (n) (لسانیات) ابکاریت ۔

Death : (n) (۱) موت ؛ مرگ ؛ اجل ؛ انتقال ؛ وفات؛ رحلت ۔ (۲) زندگی کا خاتمہ ۔(۳) قتل ؛ مارا جانا ؛ خونریزی ۔(٤) عدم ؛ نیستی ؛ مٹنا ؛ مٹا ہوا ۔ (٥) روحانی موت ۔(٦) موت کا سبب ۔(۷) (شعر) مہلک ہتھیار ؛ زہر ۔(۸) بطور ہجائیہ ۔ (۹) دھوکا ؛ فریب ۔(۱۰) وبا ۔(۱۱) شہری مراعات سے محرومی ۔

At death's door : قریب مرگ ؛ لب گور ۔

Black death : وبائے طاعون جو چودھویں صدی میں یورپ میں پھیلی ۔

Civil death : جلا وطن ؛ قانون کی حمایت سے محرومی ۔

Everlasting death : فی النار و السقر ۔

Sudden death : ناگہانی موت ۔

To be (or make it) death : سزائے موت کا معاملہ ہونا یا بنانا ۔

To be death on : (۱) (عامیانہ) مشاق ہونا (شکار مارنے یا کسی کام کے انجام دینے میں) ۔ (۲) مشتاق ہونا ۔ (۳) متنفر ہونا ۔

To be in at the death : (۱) لومڑی کو مارا جاتا دیکھنا ۔ (۲) کسی کام یا منصوبے کا فاتحہ پڑھنا ۔

To be the death of : باعث ہلاکت ہونا ۔

To catch one's death : مہلک مرض میں مبتلا ہونا ۔

To death : انتہا تک ؛ انتہائی طور پر ۔

To do to death : مارنا ۔

To put to death : قتل کرنا ۔

Death-adder : (n) زہریلے سانپوں کی ایک جنس کا نام ۔

Death agony : (n) جاں کنی ؛ نزاع ۔

Death alder : (n) شمشاد افعی ۔

Death angel : (n) ملک الموت ؛ عزرائیل ۔

Death anniversary : (n) برسی ۔

Death bed : (n) بستر مرگ ۔

Death-bed repentence : (n) (۱) وقت نکل جانے پر تائب ہونا ۔ (۲) دم نزع روش کی تبدیلی (جو بعد از وقت ہے) ۔

Death-bell : (n) جرس موت ۔

Death-benefit : (n) مفاد از موت ۔

Death-bill : (n) مُردوں کی فہرست جن کے لئے دعائے مغفرت مانگی جاتی تھی ۔

Death-bird : (n) مُردہ خور پرند ۔

Death-blow : (n) کاری ضرب ۔

Death-board : (n) تختہ جس پر لاش کو رکھ کر سمندر میں ڈال دیتے ہیں ۔

Death cama : (n) ایک زہریلا پودا جو مویشیوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Death-candle : (n) وہ شمع یا روشنی جو کبھی قبرستان میں نظر آتی ہے اور موت کا شگون سمجھی جاتی ہے ۔

Death case : (n) (قانون) مقدمہ سزائے موت ۔

Death cell : (n) موت گھر ۔

Death certificate : (n) صداقت نامہ موت ۔

Death-chamber : (n) سزائے موت کا کمرہ ۔

Death cloth : مُردے کا منہ چھپانے کا کپڑا ۔

Death-come-quickly : (n) ایک لیس دار چھوٹا پودا جس کے ارغوانی پھول ہوتے ہیں ۔

Death cord : (n) پھانسی کا رسّہ ۔

Death cup : (n) ایک زہریلی سانپ کی چھتری ۔

Death customs : (n) (سماجیات) موت کے رواج ۔

Death damp : (n) (طب) سیت ؛ عرق موت ۔

Death dance : (n) رقص موت ۔

Death-day : (n) یوم وفات ؛ روز مرگ ؛ برسی ۔

Death-doing : (a) قاتلانہ ۔

Death duty : (n) (تاریخ) توریثی محصول ؛ محصول توریث ؛ محصول موت ؛ (تجارت) موت ٹیکس جو وارث کو مورث کی موت کے بعد ادا کرنا پڑتا ہے ۔

Death-fend : (n) جان لیوا جھگڑا ۔

Death-fire : (n) (۱) دیکھو Death - candle ۔ (۲) کسی شخص کو جلانے کی آگ ۔

Death-flame : (n) دیکھو Death candle

Death herb : (n) بلا ڈونا ؛ بلادن ۔

Death house : (n) دیکھو Death cell

Death-in : (n) یورپ کا شکران آبی ۔

Death knell : (n) (۱) جرس موت ۔ (۲) موت کی پیش گوئی ۔

Death march : (n) جنگی قیدیوں کی طرح کوچ جس میں مجبور اور ناتواں کو مرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

Death-mask : (n) مُردے کے چہرے کا چربہ (پلاسٹر وغیرہ سے بنا ہوا) ۔

Death moth : (n) دیکھو Death's head moth

Death penalty : (n) سزائے موت ۔

Death penny : (n) (۱) پینی (Penny) جو مردے کے ساتھ بطور کرایہ سفر آخرت رکھ دی جائے ۔ (۲) دیکھو Death weight ۔

Death pile : (n) چتا ۔

Death point : (n) نقطۂ موت ۔

Death rate : (n) شرح اموات ۔

Crude death rate : (تجارت) خام شرح اموات ؛ غیر تصدیق شدہ شرح اموات ۔

High death rate : (تجارت) اونچی شرح اموات ۔

Low death rate : (تجارت) نیچی شرح اموات ۔

Refined death rate : (تجارت) خالص شرح اموات ۔

Death-rattle : (n) خرخرہ موت ۔

Death ray : (n) شعاع موت ۔

Death register : (n) رجسٹر اموات ۔

Death report : (n) روداد موت ۔

Death roll : (n) مقتولین کی فہرست ۔

Death ruckle / ruttle : (n) موت کے وقت گلے سے نکلنے والی خر خر کی آواز ۔

Death rope : (n) دیکھو Death cord

Death row : (n) موت کی کوٹھریوں کی قطار ۔

Death's-head : (n) (۱) کھوپڑی ؛ موت کی یاد دلانے کا نشان ۔ (۲) جنوبی امریکا کا ایک قسم کا بندر ۔

Death's head moth : ایک قسم کا کیڑا جس کی پشت پر کھوپڑی کا نشان بنا ہوتا ہے ۔

Death-sick : (a) قریب مرگ ۔

Death-sign : (n) علامت موت ۔

Death-struck /-stricken : (a) مہلک زخم یا مرض والا ۔

Death tax : (n) موت ٹیکس ۔

Death test : (n) تشخیص موت ۔

Death throe : (n) نزاع ؛ سکرات موت ۔

Death tick : (n) دیکھو Dead watch

Death trance : (n) سکتہ موت ۔

Death trap : (n) مضر یا خطرناک جگہ ۔

Death warrant : (n) (۱) حکم موت ۔ (۲) یاس ؛ کسی امید کا خاتمہ ۔

Death watch /Dead-watch : (n) کیڑوں کی بعض قسمیں جن کی آواز موت کا شگون سمجھی جاتی ہے ۔

Death watch : (n) دیکھو Death tick

Death weed : (n) دیکھو Poverty-weed

Death weight : (n) چھوٹی ہلکی چیز جو مُردے کی آنکھوں پر رکھ دیتے ہیں تا کہ آنکھیں بند رہیں ۔

Death wish : (n) (شعوری یا غیر شعوری) خواہش موت ؛ تمنائے موت ۔

Death-worm : (n) مُردے کا جسم کھانے والا کیڑا ۔

Death wound : (n) مہلک زخم ۔

Deathful : (a) (۱) مہلک ۔ (۲) مثل موت ؛ مُردے کا سا ؛ موت کی طرح ۔

Deathfully : (adv.) مہلک طور پر ؛ موت کی طرح سے ۔

Deathfulness : (n) ہلاکت ۔

Deathless : (a) غیرفانی ؛ لازوال ؛ امر ؛ لا یموت ؛ لاموت ۔

Deathlessly : (adv.) لازوال طور پر ۔

Deathlessness : (n) لازوال ہونا ؛ بے زوالی ؛ ابدیت ۔

Deathlike : (a) مردہ کا سا ؛ موت کا سا ۔

Deathliness : (n) مہلک ہونا ۔

Deathly : (a) مہلک ؛ مردے کا سا ؛ موت سے متعلق ؛ موت کا ۔

Deathly : (adv.) مُردہ وار ۔

Deaths-man : (n) جلاد ۔

Deathward/Deathwards : (adv.) موت کی طرف ۔

Deathy : (a & adv.) دیکھو Deathly

Deauration : (n) [L."deauratus".] مطلاً کرنا ۔

Deave : (v) [OE."deafian".] (۱) شورو غوغا سے بہرہ بنانا ۔ (۲) پریشان کرنا ۔

Deavely : (a) تنہا ۔

Deb /Debby : (n) [Origin.U.S.] دیکھو Debutante

Debacle : (n) [F.] (۱) یخ شکستگی ؛ دریا میں برف کا ٹوٹ جانا ۔ (۲) (طبقات الارض) سیلاب جو سنگریزے یا پتھر بہا لے جائے ۔ (۳) بیٹھ جانا ؛ خاتمہ ؛ زوال ۔ (٤) بھگدڑ ؛ بھاگڑ ۔

Debag : (v) سزا یا مذاق کے طور پر پتلون اتار دینا ۔

Debar : (v) [F."debarrer".] (۱) ممنوع کرنا ؛ خارج کرنا ؛ محروم کرنا ۔ (۲) روکنا ؛ باز رکھنا ۔

To debar the tables : میزوں کو گھیر دینا ۔

Debarbarize : (v) بربریت سے روکنا ؛ مہذب بنانا ۔

Debark : (v) [F."debarquer".] جہاز سے اتارنا یا اترنا ۔

Debark : (v) چھال اتارنا ۔

Debark : (v) کتے کی اوتار صوت کو نکال دینا (تا کہ وہ بھونک نہ سکے) ۔

Debarkation / Debarcation : (n) جہاز سے اتارنا یا اترنا ۔

Debarment : (n) ممانعت ؛ محرومی ؛ اخراج ؛ روک ۔

Debarrass : (v) [F."debarrasser".] پریشانی اور الجھن دور کرنا ؛ چھٹکارا دینا ؛ نجات دینا ۔

Debase : (v) [DE+BASE.] گھٹانا ؛ بےقدر کرنا؛ ذلیل کرنا ؛ حقیر کرنا ؛ پست کرنا ۔ (۲) (سکے میں) آمیزش کرنا ؛ ملونی کرنا ؛ (خراب جز) ملانا ؛ ملاوٹ کرنا ؛ کھوٹا کرنا ۔

Debased : (a) (نقابت) الٹا ۔

Debasement : (n) بے قدری ؛ تذلیل ؛ سبکی ؛ آمیزش ؛ ملاوٹ ؛ تلبیس ؛ کھوٹ ۔ (تجارت) کم معیاری ۔

Debaser : (n) بے قدر کرنے والا ؛ ذلیل کرنے والا ؛ آمیزش کرنے والا ۔

Debasingly : (adv.) از روئے حقارت ؛ از روئے تذلیل ۔

Debat : (n) [OF."debat".] کسی ادبی تمثیل میں دو کرداروں کی لمبی بحث ۔

Debate : (n) [OF."debat".] (۱) حجت ؛ مباحثہ یا بحث ؛ مناظرہ ؛ عام مباحثہ ؛ تکرار ؛ نزاع ۔ (۲) مباحثہ (پارلیامنٹ) ۔

Parliamentary debate : (تاریخ) پارلیمانی بحث ۔

Debate : (v) [OF."debatre".] (۱) لڑنا ؛ نزاع کرنا ۔ (۲) جھگڑا کرنا ؛ حجت کرنا ۔ (۳) مباحثہ کرنا ؛ استدلال کرنا ؛ بحث کرنا ۔ (٤) سوچنا ؛ خیال کرنا؛ غور کرنا ؛ فکر کرنا ۔

Debatable/Debateable : (a) [OF."debat(t)re".] (۱) قابل مباحثہ ؛ محتاج بحث ؛ مباحثہ پذیر ۔ (۲) مشکوک ؛ قابل تشکیک ۔

The Debatable Land : متنازعہ فیہ سرحد (انگلستان اوراسکاتستان کے درمیان) ۔

Debatable question : (n) بحث طلب سوال ؛ بحث طلب مسئلہ ۔

Debater : (n) مباحث ؛ مناظر ۔

Debauch : (v) [F."debaucher".] (۱) خراب کرنا؛ بگاڑنا؛ آوارہ کرنا ۔ (۲) بے اعتدال کرنا؛ بد پرہیز کرنا؛ عیاش بنانا؛ عیاشی پر لگانا ۔ (۳) بہکانا؛

اغوا کرنا ؛ ورغلانا ؛ پھسلانا (کسی عورت کو) ؛ بے حرمت کرنا ۔ (٤) ذوق بگاڑنا ۔ (٥) بے وفائی کرنا ۔

Debauch : (n) شراب خواری ؛ عیاشی ۔

Debauched : (a) عیاش ؛ بہکایا ہوا ؛ ورغلایا ہوا ۔

Debauchedly : (adv.) عیاشی سے ۔

Debauchedness : (n) عیاشی ۔

Debauchee : (n) [F."debauche".] عیاش ؛ فاجر ؛ فاسق ؛ بدکار ۔

Debaucher : (n) بے حرمت کرنے والا ۔

Debauchery : (n) عیاشی ؛ شہوت رانی ۔

Debeneesse : (adv.) مشروط طور پر ۔

Debenture: (n)[L."debentur".] (١) چنگی کی رسید واپسی زر۔ (٢) کسی کمپنی یا کاروبار میں لگائے ہوئے روپئے کی دستاویز ۔ (٣) (تجارت) تمسک ؛ قرض نامہ ؛ سہم ؛ سہم قرض ؛ ادھاری سند ۔

Bearer debenture : دستی تمسک؛ حامل قرض نامہ ؛ حامل ڈیبنچر ۔

Irredeemable debenture : (تجارت) نا قابل ادائی قرض نامہ ؛ نا قابل واپسی تمسک یا دستاویز؛ ناقابل انفکاک تمسک (قرض نامہ) ۔

Mortagage debenture : (تجارت) رہنی دستاویز ؛ رہن قرض نامہ ؛ سند رہن ۔

Naked debenture : سادہ قرض نامہ؛ سادہ ڈیبنچر ۔

Perpetual debenture : (تجارت) دوامی دستاویز ؛ دوامی قرض نامہ ؛ دوامی ڈیبنچر ۔

Prior pien debenture : (تجارت) اولین استحقاق قرض نامہ ۔

Redeemable debenture : (تجارت) قابل واپسی دستاویز ؛ قابل ادائی قرض نامہ ؛ قابل انفکاک دستاویز/قرض نامہ ۔

Registered debenture : (تجارت) رجسٹرڈ قرض نامہ ۔

Re-issue of debenture : مکرّر اجرائے قرض نامہ ۔

Debenture bond : مطالبہ دستاویز ؛ قرض نامہ بانڈ ۔

Debenture call book : تمسک مانگ بہی ؛ قرض نامہ ؛ طلب بہی ؛ سہم قرضہ طلب بہی ۔

Debenture redemption fund : قرض نامہ ادائیگی فنڈ ؛ سہم قرضہ ادائی فنڈ ۔

Debenture transfer register : قرض نامہ تبادلہ رجسٹر ۔ ڈیبنچر منتقلی رجسٹر ۔

Debenture stock : (n) ڈیبنچر اسٹاک ؛ قرض نامہ اسٹاک ؛ سہام قرضہ ؛ ایسے ڈیبنچر جن کے ذریعہ روپئے کا صرف سود ملے اور زر اصل واپس نہ ہو ۔

Debentured : (a) ادھاری سند والا ۔

Debile : (a) [L."debilis".] کمزور ۔

Debilitant : (a) [F."debilitant".] کمزور کرنے والا ۔

Debilitant : (n) غذائے مضعف ۔

Debilitate : (v) [L."debilites".] کمزور کرنا ؛ ناتواں کرنا ؛ ضعیف کرنا ؛ نقیہ کرنا ؛ مضمحل کرنا ۔

Debilitation : (n) ناتوانی ؛ کمزوری ۔

Debilitative : (a) مائل بہ ناتوانی ؛ مائل بہ کمزوری ۔

Debility : (n) [F."debilite"L."debilitas".] ضعف ؛ ناتوانی ؛ سستی ؛ اضمحلال ؛ کمزوری ؛ نقابت ۔

Nervous debility : (طب) ضعف اعصاب ۔

Debit : (n) [L."debitum".] منہائی ؛ دین داری ؛ ڈیبٹ ۔

Debit : (v) منہائی کرنا ؛ بہی کے بائیں جانب اندراج کرنا ۔

Debit and credit : لین دین ؛ جمع و خرچ ۔

Debit balance : (n) بقایا خرچ ۔

Debit note : (n) واپس کئے ہوئے مال اور مرسل کے کھاتے سے منہا کرنے کی یاد داشت ۔

Debita laicorum : (n) غیر پادری کا قرض ۔

Debitable : (a) قابل ادا ؛ قابل منہائی ۔

Debiteuse : (n) [F."debiteuse".] بھٹی میں پگھلے ہوئے شیشے پر تیرتا ہوا مٹی کا مستطیل تودہ ۔

Debitter/Debitterise : (v) تلخی دور کرنا ۔

Debitum fundi : (n) زمین کے استحقاق پر لیا ہوا قرض ۔

Debituminize : (v) قرض کا ازالہ کرنا ۔

Deblai : (n) [F."deblaer".] (قلعہ) گڈھا ۔

Deblock : (v) زری ممانعت کو دور کرنا یا نرم کرنا ۔

Debonair / -bonnaire : (a) [OF."debonaire".] سلیم الطبع ؛ حلیم ؛ شائستہ ؛ برد بار ؛ بے فکر ؛ خوش مزاج ۔

Debonairly : (adv.) شائستگی سے ؛ خوش مزاجی سے ؛ بے فکری سے ۔

Debonairness : (n) شائستگی ؛ برد باری ؛ بے فکری ؛ خوش مزاجی ۔

Debone : (v) گوشت سے ہڈی الگ کرنا ۔

Debonis asportatis : (n) [L.] مداخلت بیجا ؛ برجانہ کی وصولی کے لئے مقدمہ ۔

Debonis non : (a) [L.] کسی مردے کی جائداد سے متعلق جس کی ابھی تک وارثوں میں تقسیم نہیں ہوئی ہو ۔

Debonis propriis : [L.] اپنی جیب سے ۔

Debord : (v) پانی کے کنارے سے اوپر چلا آنا ۔

Deboshed : (a) دیکھو Debauched

Deboss : (v) (سطح سے) دبا ہوا نقش بنانا ۔

Debouch : (v) [F."deboucher".] (فوج) تنگ وادی سے کھلے میدان میں آنا ؛ تنگ جگہ یا کھائی سے نکلنا (فوج یا دریا کا) –

Debouch(e)ment : (n) تنگ جگہ سے پھیل کر نکلنا ؛ اخراج ۔

Debouche : (n) [Fr."deboucher".] کُھلا ہوا میدان جہاں فوج نکل سکے ؛ نکاس ۔

Debouchure : (n) [F.] دہانہ ؛ مخرج (دریا یا گھاٹی) ۔

Debride : (v) ماؤفہ کو نکالنا ۔

Debridement : (n) (جرّاحی) قطع ماؤفہ ۔

Debrief : (v) مفید اطلاعات حاصل کرنے کے لئے پوچھ گچھ کرنا ۔

Debris : (n) [F.] (۱) (ٹوٹ پھوٹ کے بعد) منتشر ٹکڑے ؛ دریا آورد ؛ خردہ ؛ ملبہ ۔ (۲) زائد ؛ بیکار ۔

Debris avalanche : (n) برف شاری ملبے ۔

Debris cone : (n) گلیشیر پر برف کا تودہ جو پتھر کے ٹکڑوں کی وجہ سے پگھلنے سے محفوظ رہے ۔

Debris fall : (n) (جغرافیہ) ملبہ شار ۔

Debris glacier : (n) بڑے اور اونچے گلیشیر کے گرے ہوئے ٹکڑوں سے بنا ہوا گلیشیر ۔

Debris slide : (n) مٹی اور پتھر کے ٹکڑوں کا تودہ جو اونچائی سے گر کر بن گیا ہو ۔

Debruise : (v) [ONF."debruisier".] (نقابت) کسی نشان کو (خصوصاً جانور کے) کسی دوسرے معمولی عام مارکہ سے منقطع کرنا ۔

Debruised : (a) (نقابت) منقطع کیا ہوا (مارکہ) ۔

Debt : (n) [Of."dete","dette".] (۱) قرض ؛ دام ؛ دین ؛ ادھار ۔ (۲) قرض داری ؛ زیر باری ۔ (۳) گناہ ۔

Bad debt : بٹہ (لا وصول قرضے) ؛ بٹے کھاتے ۔

Due debt : واجب قرض ۔

External debt : بیرونی قرض ۔

Fixed debt (Funded debt) : طویل المیعاد قرض ۔

Floating debt : قلیل المیعاد قرض ؛ عارضی قرض ۔

Good debt : کھرا قرض ۔

Inter-governmental debt : بین حکومتی قرض ۔

National debt : قومی قرض ؛ قرض ملی ۔

Parole debt : دست گرداں ۔

Perpetual debt : دائمی قرض ۔

Private debt : نجی قرض ۔

Public debt : سرکاری قرض ۔

Reproductive debt : پیدا آور قرض ۔

Small debt : چھوٹی رقمیں جو کاؤنٹی کورٹ کے ذریعہ وصول کی جا سکیں ۔

Terminable debt : میعادی قرض ۔

Debt bearing no interest : قرض حسنہ ۔

Debt charges : (n) اخراجات قرض ۔

Debt conciliation board : قرض مصالحتی بورڈ ۔

Debt limit : (n) حد قرض ۔

Debt monetization : (n) تبدیلیء قرض بصورت زر ۔

Debt of honour : قرض جو قانوناً قابل وصول نہ ہو (خاص کر وہ رقم جو جوئے میں ہاری جائے) ۔

Debt of nature/Debt to nature : موت ۔

Debt of record : قرض عدالتی فیصلہ کے مطابق لازم ہو ۔

Debt repudiation : (n) تردید قرض ۔

Debt service : (n) بار قرض ۔

Debtes : (n) قرض دیتے والا ؛ دائن ؛ لین دار ۔

Debtless : (a) قرض سے خالی ؛ بے قرض ۔

Debtor : (n) [OF."det(t)or".] (۱) قرض دار ؛ دین دار ؛ مقروض ؛ مدیون ؛ زیر بار ؛ مرھون احساں ۔ (۲) (کارو باری حساب) مد ؛ خرچ کا عنوان ۔

Debtor ledger : (n) (تجارت) نام بہی ۔

Debtor for loan : قرض کا دین دار ۔

Debtor nation : (n) مقروض قوم ۔

Debtor on open account : کھلے کھاتے کا دین دار ۔

Debtorship : (n) مقروض ہونا ۔

Debts : (n) قرضے ؛ قرضہ جات ۔

Book debts : کتابی قرضہ جات ۔

Director's debts : قرضہ جات ڈائرکٹران ۔

Doubtful debts : (n) مشکوک قرضے ۔

Outstanding debts : غیر ادا شدہ قرضے ؛ واجب الادا قرضے ۔

Debug : (v) (۱) کیڑوں کا ازالہ کرنا ۔ (۲) نقائص دور کرنا ۔

Debunk : (v) (۱) بے نقاب کرنا ۔ (۲) کسی کی کمزوریوں یا جھوٹے دعووں کو کھول دینا ؛ کرسی سے ہٹا دینا ۔

Debunker : (n) ناقد ؛ نکتہ چیں ؛ بت شکن ۔

Deburr : (v) کگر یا کھردرا پن دور کرنا ۔

Debus : (v) موٹر سے اترنا یا اتارنا ۔

Debut : (n) [F."debuter".] سوسائٹی سے متعارف ہونا ؛ تماشہ گاہ میں پہلے پہل ایکٹر بن کے آنا ۔

Debut : (v) شروع کرنا ؛ پہلے پہل پیش کرنا ۔

Debutant : (n) [Fr.] تماشہ کرنے والا جو پہلے پہل پبلک کے سامنے آئے ۔

Debutante : (n) وہ لڑکی جس کا تعارف سوسائٹی یا دربار سے پہلے پہل کیا جائے ۔

Debutton : (v) نارنگی کا پھول کٹوری یا ڈنٹھل کا سرا ہٹانا (بیماری روکنے کے لئے) ۔

Dec : Decoctum, Decrescendo, December وغیرہ کا مخفف ۔

Deca- : سابقہ بمعنی " دس " ۔

Deca-carbon : (a) آبدار کاربن کے مرکبات جس میں کاربن کے دس سالمے (C_{10}) ہوتے ہیں ۔

Deca-cera : (n) [Gr."deka keras".] دس بازوؤں والا سر پایہ ۔

Decachord : (a) [Gr."dekachordos".] ده تاره ۔

Decachord : (n) [Gr.] ده تاره آله موسیقی ۔

Decad : (n) [Gr."dekas".] دس ۔

Decadal : (a) (۱) عدد دس سے متعلق ۔
(۲) ده سال سے متعلق ۔

Decadarchy /Deka- : (n) [Gr."deka darchia".] (تاریخ) ده رکنی حکمران مجلس ۔

Decadary : (a) [L."decadem"] عشره سے متعلق ۔

Decade : (n) [L."decas-","decad-".] (۱) دہائی ؛ دس کا مجموعه ؛ ده سال ؛ دس برس ۔ (۲) عشره ۔ (۳) کوئی ادبی تصنیف جس کے دس حصے ہوں ۔ (٤) دس اور ایک نسبت ۔

Decadence : [F."decadence".] زوال ؛ تنزل ؛ انحطاط ؛ خصوصاً ادب اور فن کے انحطاط کا زمانه ۔ (اخلاقیات) اخلاقی پستی ۔

Decadency : (n) حالت زوال ؛ زوال ؛ تنزل ؛ انحطاط ۔

Decadent : (a) زوال پذیر ؛ رو به تنزل ؛ گرتا هوا فن اور ادب کے عہده زوال سے متعلق ؛ مغلق اور بلند پرواز طرز والا (مصنف یا صناع) ۔

Decadi : (n) [Fr.] عشره کا آخری دن ۔

Decadiaome (n) چودرجی سطح جس میں دس مخروطی نقطے هوتے ہیں ۔

Decadic : (a) [Gr."dekadikos".] دس کا ؛ دہائی کا عشری ؛ اعشاریه ۔

Decagon : (n) [Gr."deca+gonia".] معشر ؛ شکل معشر ؛ ده ضلعی شکل ۔

Regular decagon : مساوی ده ضلعی ؛ مساوی شکل معشر ۔

Decagonal : (a) معشر ؛ شکل معشر کا ۔

Decagram / Decagramme : (n) [F."decagramme".] دس گرام ۔

Decagynia : (n) ده بغچنی پودوں کی ایک جنس ۔

Decagynous : (a) [mod.L."decagynus".] ده بغچینی ؛ ده مادینیه ۔

Decahedral : (a) ده سطحی مجسم سے متعلق ۔

Decahedron : (n) [Gr."dekaedron".] ده سطحی مجسم ۔

Decalcification : (n) کیلشیم کا ازاله ؛ کلس ربائی ۔

Decalcified : (a) کلس ربوده ۔

Decalcify : (v) ہڈی وغیره سے چونا خارج کرنا ؛ کلس کا ازاله کرنا ۔

Decalcifying : (a) کلس ربا ۔

Decalcomania : (n) [F."decalcomanie".] باز اشغال چھاپ ۔

Decalescence : (n) ازاله ہریت ؛ ہریت ربائی ۔

Decalitre : (n) دس لیٹر کا پیمانه ۔

Decalobate : (a) ده گوشك والا ۔

Decalogue : (n) [L."decalogus"] احکام عشره ۔

Decameron : (n) [It."Decamerone".] Bocaccio کی تصنیف کا نام جس میں سو قصے ہیں جو دس دنوں میں کہے گئے تھے ۔

Decamerous : (a) ده پاره ۔

Decametre : (n) دس میٹر ۔

Decamp : (v) [L."decampement".] (۱) ڈیرا اٹھانا ؛ پڑاؤ چھوڑنا ؛ کوچ کرنا ۔ (۲) اچانك چلا جانا ؛ یك بیك چل دینا ؛ چمپت هو جانا ؛ رفو چکر هونا ؛ غائب هونا ؛ چھپ جانا ۔

Decampment : (n) [L."decampement".] کوچ ؛ روانگی ؛ رحیل ۔

Decan : (n) [L."decanus".] (علم النجوم) کسی برج کے دس درجوں کا مالك ، حصه یا درجه ۔

Decanal : (a) [L."decanus".] (۱) ڈین یا ڈین کے عہدے یا علاقے یا مکان کے متعلق ۔ (۲) گرجا کے سماع خانے کے جنوب کا ۔

Decandria : [Gr."deka+andr".] ده زری جماعت ؛ ده زر ریشه داران ۔

Decandrous : (a) ده زر ریشی ؛ ده زره ۔

Decane : (n) [Gr."deca"+-ANE.] ایک پیرافین جو کول تار میں پایا جاتا ہے ؛ سیر شدہ آب دار کاربن ۔ ($C_{10} H_{22}$) ۔

Decangular : (a) دہ زاویہ ۔

Decani : (n) [L."decanus".] (۱) ڈین کا ۔ (۲) گرجا کے سماع خانہ کے جنوبی حصہ سے متعلق ۔

Decant : (v) [med.L."decanthare".] (۱) انڈیلنا ؛ نتھارنا ۔ (۲) (شراب کو) بوتل سے صراحی میں انڈیلنا؛ جام میں ڈھالنا ۔ (۳) اتارنا ؛ منتقل کرنا ۔

Decantation : (n) نتھار ؛ انڈیلنا ۔

Decanted : (a) (کیمیا) نتھرا ۔

Decanter : (n) (۱) نتھارنے والا ؛ انڈیلنے والا ۔ (۲) شیشے کی صراحی ؛ مینا ؛ قرابہ ۔

Decap : (v) کارتوس کی ٹوپی نکالنا ۔

Decapetallous : (a) دہ پنکھڑیا ۔

Decaphyllous : (a) دہ برگہ ۔

Decapitate : (v) (۱) گردن مارنا ؛ قتل کرنا ۔ (۲) سر کاٹنا ؛ سرا کاٹ دینا ۔ (۳) ملازمت سے بر طرف کرنا ۔ (٤) غیر موثر بنانا ۔

Decapitation : (n) گردن مارنا ؛ سر بریدگی ؛ قطع الراس ؛ گردن زنی ۔

Decapitator : (n) سر کاٹنے والا ؛ گردن مارنے والا ؛ قاتل ۔

Decapod : (n) [mod.L."decapoda".] دہ پایہ سمندری جانور ۔

Decapod : (a) دہ پا ۔

Decapoda : (n) دہ پایاں ۔

Decapodal : (a) دہ پایاں سے متعلق ۔

Decapodan : (a) دہ پایاں سے متعلق ۔

Decapodan : (n) دہ پایا ۔

Decapodiform : (a) دہ پا شکل ۔

Decapodous : Decapodal دیکھو

Decapper : (n) کارتوس کی ٹوپی نکالنے کا ایک آلہ ۔

Decapsulation : (n) غلاف بری ؛ کیسہ ربائی ۔

Decapsulate : (v) غلاف بری کرنا ؛ کیسہ ربائی کرنا ۔

Decarbonization : ازالہ کاربن ؛ کاربن ربائی ؛ کاربن ہٹانا ۔

Decarbonize : (v) ازالہ کاربن کرنا ؛ کسی چیز کو کاربن یا کاربونک ایسڈ سے خالی کر دینا ۔

Decarbonizer : (n) کاربن ربا ۔

Decarbonizing : (n) کاربن ہٹانا ۔

Decarburization : (n) Decarbonization دیکھو

Decarburize : (v) Decarbonize دیکھو

Decarch /Dek- : (n) [Gr."dekarches".] (تاریخ) دس فرماں رواؤں میں سے ایک ۔

Decarch / Dek- : (a) [Gr."deka"+"arche".] (نباتیات) ابتدائی دس نقطوں سے نکلا ہوا (جڑ کے ابتدائی چوب ریشہ سے متعلق) ۔

Decarchy / Dek- : (n) [Gr."dekarchia".] Decadarchy دیکھو

Decart : (v) گاڑی سے اتارنا ۔

Decasepalous : (a) دہ پتیا ؛ دہ سبلہ ۔

Decastere : (n) [Fr."decasters".] دس مکعب میٹر ۔

Decastich : (n) [Gr."deka+stichos".] دس سطروں کی نظم ۔

Decastyle : (a) [L."decastylus".] (تعمیرات) عمارت جس کے سامنے دس ستون ہوں ۔

Decastyle : (n) دس ستونی برساتی یا غلام گردش ۔

Decasualization : (n) عارضی مزدوری کے قاعدے کو منسوخ کرنا ۔

Decasualize : (v) عارضی مزدوری کے قاعدے کو منسوخ کرنا ۔

Decasyllabic : (a) [Gr."deka"+SYLLABIC.] دہ ہجائی ۔

Decasyllabic : (n) ده ہجائی سطر ۔

Decasyllable : (a) ده ہجائی ۔

Decasyllable : (n) ده ہجائی لفظ یا سطر ۔

Decathlon : (n) [F."decathlon".] دس کھیلوں والا کسرتی مقابلہ ۔

Decatholicize : (v) وسیع مشربی سے محروم کرنا ۔

Decating /Decatizing : (n) [F."decatir".] اونی کپڑوں کو چمک دار بنانے کی ایک ترکیب ۔

Decatyl : (n) دیکھو Decyl

Decaudatation : (n) دم بریدگی ۔

Decaudate : (v) دم بریدہ کرنا ؛ دم کاٹنا ۔

Decauville : (a) [f.Paul Decauville,a French industrialist.] چھوٹی لائن (ریلوے) سے متعلق ۔

Decay : (n) (۱) تنزل ؛ زوال ؛ انحطاط ۔ (۲) بوسیدگی فرسودگی ؛ تباہی ؛ بربادی ۔ (۳) صحت کا زوال ؛ صحت کی خرابی ۔ (٤) اجزا کی پریشانی ؛ اجزائے مرکبہ کی علاحدگی ؛ افتراق ۔ (٥) سڑے ہوئے رگ ریشے ۔ (٦) (جغرافیہ) گلنا ؛ (طبیعیات) تکسر ؛ (طب) تعفن ۔ (۷) جوہری تکسر ۔

Phonetic decay : الفاظ (کے تلفظ) کا گھسنا پسنا ۔

To fall to decay : خراب ہونا ۔

Decay : (v) [OF.decair".] (۱) زائل ہونا ؛ رو بہ تنزل ہونا ؛ ناقص ہونا ؛ پست ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ گھٹنا ۔ (۲) بگڑنا ؛ سڑنا ؛ خراب ہونا ؛ سڑانا ۔ (۳) زوال کا باعث ہونا ؛ گھٹانا ؛ تنزل کرنا ۔

Decay constant : (n) مستقل تکسّر ؛ تنزل مستقلہ ۔

Decay factor : (n) تنزل جزو ۔

Decay modulus : (n) معیار زوال ۔

Decay period : (n) وقت تکسر ۔

Decay product : (n) (طبیعیات) زوال پذیر حاصل ۔

Decayable : (a) زوال پذیر ۔

Decayed : (a) (طب) متعفن ؛ بوسیدہ ۔

Decayedness : (n) زوال پذیری ۔

Decayer : (n) زوال کنندہ ۔

Decease : (n) [OF."deces".] موت ؛ رحلت ؛ وفات ؛ دنیا سے سدھارنا ۔

Decease : (v) (۱) مرنا ؛ وفات پانا ؛ رحلت فرمانا ۔ (۲) (مجازاً) رک جانا ؛ ختم ہو جانا ۔

Deceased : (a) متوفی ؛ مرحوم ؛ مُردہ (شخص) ۔

Decedent : (n) [OF."decedentem".] مرحوم ؛ متوفی ۔

Deceit : (n) [OF."deceite".] (۱) دھوکا ؛ دغا ؛ غلط بیانی ؛ دروغ بافی ۔ (۲) چال ؛ داؤں ؛ مکر ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ گھات ۔ (۳) دھوکے بازی ؛ دغا بازی ؛ مکاری ؛ حیلہ گری ۔ (٤) دھوکا دینے والی شکل ؛ تزویر ؛ بگلا بھگت پن ۔

Deceitful : (a) پُر دغا ؛ مکار ؛ حیلہ گر ؛ دغا باز ۔

Deceitfully : (adv.) مکارانہ ؛ فریبانہ ؛ دغا بازی سے ۔

Deceitfulness : (n) دغا بازی ؛ فریب ؛ مکاری ؛ حیلہ گری ۔

Deceivable : (a)[OF.decevable".] فریب پذیر ؛ وہ جسے دھوکا دیا جا سکے ۔

Deceive : (v) [OF."deceveir".] (۱) جُل دینا ؛ فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ مکر کرنا ؛ دغا دینا ؛ گمراہ کرنا ۔ (۲) بہکانا ؛ مکر سے کام لینا ؛ دغا بازی کرنا ؛ چال چلنا ۔

Deceiver : (n) دھوکا باز ؛ ٹھگ ؛ فریبی ؛ دغا باز ؛ مکار ؛ حیلہ گر ؛ چالیہ ۔

Deceivingly : (adv.) مکارانہ ؛ فریب کے ساتھ ؛ مکاری سے ۔

Deceleration : (n) ابطا ؛ رفتار کم کرنا ۔

Decelerate : (v) رفتار کم کرنا ؛ آہستہ کرنا ۔

Decelerator : (n) رفتار کم کرنے والا آلہ ۔

Decelerometer : (n) ابطا پیما ۔

Decem - : [L."decem".] جزو ترکیبی بمعنی "دس" ۔

December : (n) [L."December".] دسمبر ؛ انگریزی سال کا بارھواں مہینہ ۔

Decemberist : (n) دسمبر ۱۹۲۵ء کی روسی انقلابی سازش کا رکن ۔

Decemcostate : (a) دس پسلیوں والا ۔

Decemdentate : (a) دس دانتوں یا نقطوں والا ۔

Decemfit : (a) دہ شاخہ ؛ دہ شگافہ ۔

Decemfoliate / Decemfoliolate : (a) دہ برگہ ؛ دہ ورقہ ۔

Decemfugate : (a) (نباتیات) دہ جفتہ ۔

Decemlocular : (a) (نباتیات) دہ درجی ۔

Decemnoverian : (n) انیسویں صدی کا آدمی ۔

Decempartite : (a) دہ جزہ ؛ دہ منقسمہ ۔

Decempedal : (a) دہ پایہ ۔

Decemvir : (n) [L."decemvir".] (۱) دس حکام کی جماعت کا رکن ۔ (۲) دس حکام کی جماعت (خصوصاً وہ جماعت جو ۴۵۱ اور ۴۵۰ قبل مسیح میں قوانین مرتب کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی) ۔

Decemviral : (a) دس حکام کی مجلس کا ۔

Decemvirate : (n) (۱) دس حکام کی جماعت کا عہدہ یا حکومت ۔ (۲) دس حکام کی جماعت ۔

Decenary/Decennay : (a)[med.L."decen(n)arius".] وصولی عشر سے متعلق ۔

Decenary : (n) عشری محصول ۔

Decency : (n) [L."decentia".] (۱) سلیقہ ؛ شائستگی ؛ معقولیت ۔ (۲) مذاق سلیم یا ذوق صحیح کا تقاضا ، پاس ، لحاظ ۔ (۳) تہذیب ؛ شرم ؛ حیا؛ لاج ؛ نفاست ۔ (٤) عزت ؛ آبرو ۔ (٥) اصول شائستگی ۔ (٦) ادبی شائستگی ۔

Decene : (n) [Gr."deka"+- ENE.] ایک قسم کا ڈیکا کاربن ($C_{10}N_{20}$) ۔

Decennary : (a) [L."decennis".] دہ سالہ ؛ دس سال ؛ دس سال سے متعلق ۔

Decennary : (n) دس سال ؛ دہ سال ۔

Decenniad : (n) دہ سال ۔

Decennial : (a) [L."decennium".] دہ سالہ ؛ ہر دس سال کے بعد آنے والا ۔

Decennial : (a) دہ سالہ برسی ۔

Decennially : (adv.) دس برس میں ؛ دہ سالہ حساب سے ۔

Decennium : (n) [L."decennis".] دہ سال ؛ دہ سالہ مدت ۔

Decent : (a) [F."decent".] (۱) مناسب ؛ واجب ؛ معقول ؛ مہذب ؛ شائستہ ؛ با حیا ۔ (۲) آبرو دار ۔ (۳) خاصا ؛ معقول ۔

Decently : (adv.) سلیقہ سے ؛ شائستگی ؛ نفاست سے ؛ خاصی طرح ؛ معقول طور پر ۔

Decentralization : (n) لا مرکزیت ؛ مرکزیت کو توڑ دینا ۔

Urban decentralization : (سماجیات) شہری غیر مرکزیت ۔

Decentralization of capital : (تاریخ) سرمایہ کی لا مرکزیت ۔

Decentralization of powers : (تاریخ) اختیارات کی لا مرکزیت ۔

Decentralization scheme : (n) (تاریخ) لا مرکزی منصوبہ ۔

Decentralize : (v) (۱) لا مرکزانا ؛ مرکزیت دور کرنا ۔ (۲) کسی کی مرکزی حیثیت باطل کرنا ؛ لا مرکزی بنانا ۔ (۳) مقامی حکومت بنانا ۔

Decentralized : (a) (سیاسیات) لا مرکزیہ ۔

Decephalization : (n) جانور کے دماغ کے حصوں یا اعضاء کا انحطاط ۔

Decephalize : (v) (جانوروں کے) دماغ کے حصوں یا اعضاء کا انحطاط کرنا یا کمی کرنا ۔

Deception : (n) [L."deceptionem".] (۱) دغا دہی ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ فریب کھا جانا ۔ (۲) چال ؛ داؤں ؛ ڈھکوسلہ ؛ پاکھنڈ ؛ حیلہ ۔

Deceptive : (a) فریبی ؛ مغالطے یا دھوکے میں ڈالنے والا ۔

Deceptive cadence : (n) (موسیقی) غلط یا منقطع شدہ آہنگ ۔

Deceptively : (adv.) مغالطہ کے طور پر ؛ دھوکا یا دغا بازی سے ۔

Deceptiveness : (n) دغا بازی ؛ مغالطہ ؛ فریب ؛ دھوکا ۔

Deceptivity : (n) دیکھو Deceptiveness

Decerebellate : (a) فاقد دمیغ ؛ دمیغ ربوده ۔

Decerebrate : (a) بے دماغ ؛ دماغ ربوده ۔

Decerebrate : (v) بے دماغ بنانا ؛ دماغ ربوده بنانا ؛ دماغی سرگرمی سے محروم کرنا ۔

Decerebrated animal : (n) دماغ ربوده حیوان ۔

Decerebration : (n) دماغ ربائی ؛ دماغ براری ۔

Decern : (v) [F."decerner".] (۱) حکم صادر کرنا ۔ (۲) دیکھو Discern

Decerniture : (n) صدور حکم ؛ اسکاتستان کی عدالت کا فیصلہ ۔

Decertification : (n) سند کی منسوخی ۔

Decertify : (v) سند کو منسوخ کرنا ۔

Dechlorination : (n) ازالۂ کلورین ۔

Dechlorinate : (v) کلورین کا ازالہ کرنا ۔

Dechristianize : (v) عیسویت کا اثر زائل کرنا ؛ غیر عیسائی بنانا ۔

Deci - : جزو ترکیبی بمعنی " دسواں " ؛ " دھم " ۔

Deciare : (n)[F."deciare".] دس مربع میٹر یا ۱۱۰۹۶ مربع گز (رقبہ کا پیمانہ) ۔

Decibel : (n) ڈی سے بل ۔

Decide : (v) [L."decidere".] (۱) طے کرنا ؛ فیصل کرنا ؛ چکانا ۔ (۲) تجویز کرنا ؛ فیصلہ دینا ؛ حکم دینا ۔ (۳) قطعی رائے قائم کرنا ؛ فیصلے پر پہنچنا ؛ حتمی رائے پر پہنچنا ؛ قطعی فیصلے پر پہنچنا؛ فیصل ہونا ۔

Decided : (a) (۱) طے شدہ ؛ فیصل شدہ ؛ متفصل ۔ (۲) قطعی ؛ حتمی ؛ مقرر ؛ معین ؛ محدود ؛ مخصوص ؛ نا قابل اعتراض ؛ غیر مشتبہ ۔ (۳) قطعی ؛ اٹل ؛ مصمم ؛ مستقل مزاج ؛ پس و پیش نہ کرنے والا ۔

Decidedly : (adv.) قطعی طور پر ؛ صریحاً ؛ حتماً ؛ مستقل مزاجی سے ۔

Decidedness : ((n) قطعیت ؛ مستقل مزاجی ۔

Decider : (n) (۱) طے کرنے والا ؛ فیصلہ کرنے والا ۔ (۲) (دوڑ) فیصلہ کن یا آخری دوڑ ۔

Deciding factor : (n) فیصلہ کن عنصر ۔

Decidingly : (adv.) فیصلہ کن طور پر ۔

Decidua compacta : (n) (عضویات و طب) ریزینہ جامد ۔

Decidua serotina : ریزینہ متاخر ۔

Decidua vera : (n) ریزینہ رحمی ؛ ریزینہ صادق ۔

Decidual : (a) ریزینی ؛ عشائے ساکت سے متعلق ۔

Deciduata : (n) [L.] (حیوانیات) ریزینہ دار دودھ پلانے والے جانور ۔

Deciduate : (a) [med.L."deciduatus".] (حیوانیات) ریزینہ دار ۔

Deciducma : (n) (طب) ریزینہ سلعہ ۔

Deciduous : (a) (۱) (نباتیات) برگ ریز ؛ پت جھاڑ ۔ (۲) (جواہرات) پر ریز ؛ پس ریزندہ ۔ (۳) نا پائیدار ؛ عارضی ؛ چند روزہ ؛ بے ثبات ۔

Deciduous forests : (n) برگ ریز جنگلات ۔

Deciduous tooth : (n) دودھ کا دانت ۔

Deciduous tree : (n) پت جھاڑ درخت ۔

Deciduously : (adv.) نا پائیداری سے ؛ عارضی طور پر ۔

Deciduousness : (n) برگ ریزی ؛ پر ریزی ؛ نا پائیداری ؛ بے ثباتی ۔

Decigram /-gramme : (n) گرام کا دسواں حصہ ۔

Decile / Decil : (n) [L."decem".] تعشیر ۔

Decilitre : (n) لیٹر کا دسواں حصہ ۔

Decillion : (n) (ریاضیات) دس سنکھ ۔

Decima : (n) [L."decima pars".] دسواں حصہ ؛ دہ دیك ۔

Decimal : (a) [med.L."decimalis".] عشری ۔

Decimal : (n) اعشاریہ ۔

Pure decimal : اعشاریہ خالص ۔

Recurring decimal : اعشاریہ متوالی ۔

Decimal coinage /Decimal currency : (n) اعشاری سکے ۔

Decimal fraction : (n) کسور اعشاریہ ؛ کسر اعشاریہ ۔

Decimal rotation : (n) اعشاری ترقیم ۔

Decimal numeration : (n) شمار اعشاریہ ۔

Decimal places : (n) نقطہ اعشاریہ کے بعد کے اعداد ۔

Decimal point : (n) نقطہ اعشاریہ ۔

Decimal scale : (n) اعشاریہ پیمانہ ۔

Decimal system : (n) (۱) (ریاضی) اعشاری طریقہ ۔
(۲) (تاریخ) اعشاری نظام ۔

Decimalism : (n) اعشاریہ نظام یا نظریہ ۔

Decimalist : (n) اعشاریہ طریقہ کا حامی ۔

Decimalization : (n) اعشاریہ سازی ؛ تحویل بہ اعشاریہ ۔

Decimalize : (v) اعشاریہ سازی کرنا ۔

Decimally : (adv.) بطور اعشاریہ ۔

Decimate : (v) [L."decimare".] (۱) (فوج) ہر دس میں ایك کو قتل کرنا ۔ (۲) دسویں حصہ کو تباہ کرنا ؛ بڑے حصے کو ہلاك کر دینا (وبا یا بیماری کا) ۔

Decimation : (n) [L."decimationem".] (۱) بطور ٹیکس دسویں حصہ کی وصولی ۔ (۲) (فوج) ہر دس میں ایك کو قتل کرنا ۔ (۳) بڑے حصے کی تباہی ۔

Decimator /-er : (n) تباہ کنندہ ۔

Decime : (n) [L."decima".] ایك فرانسیسی سکہ جو ایك فرینك کے دسویں حصہ کے برابر ہوتا ہے ۔

Decimeter /Decimetre : (n) ایك میٹر کا دسواں حصہ ۔

Decimolar : (a) (کیمیا) عشر سالمئی ۔

Decimole : (n) (موسیقی) دس سروں کا مجموعہ جس میں اسی قدر وقت لگتا ہے جتنا چار یا آٹھ سُروں میں ۔

Decine : رقیق اَبدار کاربن (C_{10} H_8) ۔

Decinormal : (a) (کیمیا) عشر معیاری ؛ عشر طبعی ۔

Decinormal solution : (n) عشر معیاری حل ۔

Decipher : (v)[DE+CIPHER.] (۱) (رموزی عبارت کو)معمولی تحریر میں لکھنا ؛ خط رموزی کو پڑھنا ۔
(۲) حل کرنا ؛ تعبیر کرنا (خط تصویری، بد خط تحریری وغیرہ) ۔

Decipher : (n) حل غوامض ؛ خط سرموزہ ؛ حل ۔

Decipherable : (a) تعبیر پذیر ؛ حل پذیر ۔

Decipherer : (n) حل کرنے والا ؛ کاشف رموز ۔

Decipherment : (n) حل کرنا ؛ تعبیر ؛ ترجمانی ۔

Decipium : (n) [mod.L."decipere".] سپریم گروپ کا فرضی کمیاب فلزی عنصر ۔

Decision : (n) [L."decisionem".] (۱) فیصلہ ؛ انفصال ؛ تجویز ؛ حکم ۔ (۲) عزم ؛ مصمم ارادہ ؛ رائے ؛ قطعی تجویز ۔ (۳) استواری ؛ ثابت قدمی ؛ مستقل مزاجی ۔ (٤) جیت خصوصاً مکہ بازی میں ۔

Decisive : (a) (۱) فیصلہ کن ؛ دو ٹوك ؛ قطعی ؛ آخیر ۔
(۲) دیکھو Decided ۔

Decisively : (adv.) قطعی طور پر ؛ قطعاً ؛ حتماً ؛ فیصلہ کن طریقہ سے ۔

Decisiveness : (n) قطعیت ؛ فیصلہ کن ہونا ۔

Decistere : (v) مکعب میٹر کا دسواں حصہ ۔

Decitizenize : (v) شہریت کا ازالہ کرنا ۔

Decivilize : (v) غیر متمدن بنانا ۔

Deck : (n) [MDu."dec".] (۱) عرشہ (جہاز کی) چھتری ؛ عرشیہ ۔ (۲) گاڑی کی چھت ۔ (۳) ٹرام یا اومنی بس یا گودی وغیرہ کا فرش ۔ (٤) مخصوص تعداد یا مقدار میں کسی چیز کا مجموعہ یا پیکٹ مثلاً سگریٹ کاپیکٹ ، تاش کا پیکٹ ۔ (٥) عرشیہ کے افسروں کےفرائض ۔ (٦) اخبار کی سرخیوں کی افقی تقسیم ۔ (۷) (طباعت) وہ پرزہ جس سےمشین میں کاغذ پہنچتا ہے ۔ (۸) لکڑی کے کندوں کا چبوترہ ؛ (لکڑی چیرنے کی مشین میں) کندوں کا ڈھیر ۔

Below decks : عرشہ کے نیچے ۔

Between decks : عرشوں کے درمیان ۔

On deck : (۱) بالائی عرشہ پر ۔ (۲) مستعد ۔

To clear the decks : (چنگی ، محصول وغیرہ ادا کر کے) مال اتار کر جہاز کو خالی کرنا ۔

To clear the decks for action : جہازوں کو لڑائی کی تیاری کا حکم دینا؛ لڑائی کے لئےتیار ہو جانا ۔

To sweep the decks : عرشوں کا صاف ہو جانا (بمباری یا موجوں سے) ۔

Deck : (v) (۱) (بحری) عرشہ بنانا ۔ (۲) آراستہ کرنا؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ مزین کرنا ۔ (۳) شکست دینا۔ (٤) عرشہ پر لادنا ۔

To deck in / over : (جہاز سازی) عرشہ لگانا ۔

Deck-beam : (n) عرشہ کی شہتیر ۔

Deck boy : (n) عرشہ کو صاف کرنے والا ۔

Deck-bridge : (n) عرشہ کے اوپر کا چبوترہ ۔

Deck cargo : (n) بار عرشہ ۔

Deck chair : (n) عرشہ کی لفافی کرسی ۔

Deck flats : (n) کمرے کا ناتمام فرش ۔

Deck floor : (n) وہ فرش جو چھت کا بھی کام کرتا ہے ۔

Deck-hand : (n) عرشے پر کام کرنے والے ملاح ۔

Deckhead : (n) جہاز کے کمرے کے اوپر کی چھت ۔

Deck house : (n) عرشہ کا کمرہ ۔

Deck-light : (n) عرشہ کا روشن دان ۔

Deck log : (n) جہاز کا روز نامچہ ۔

Deck-man : (n) (۱) (کاغذ سازی) مزدور جو مختلف اجزا کو ملاتا ہے ۔ (۲) کارخانہ آرائشی کا وہ مزدور جو کندوں کو چبوترے سے مشین تک لے جاتا ہے ۔

Deck-passage : (n) عرشہ کا سفر ۔

Deck-passenger : (n) عرشہ کا مسافر ۔

Deck-plate : (n) جہاز کے انجن کی چمنی یا دود کش کے گرد فلزی چادر ۔

Deck roof : (n) چپٹی چھت جس میں منڈیر کی دیوار نہ ہو ۔

Deck-tennis : (n) ایک قسم کا کھیل جو ربر کے چھلے سے کھیلا جاتا ہے ۔

Decke : (۱) پانی جو دریا کے تہ پر گرتا ہے ۔ (۲) (ارضیات) سطح مسطح ۔

Decked : (a) (۱) آراستہ : مزین ۔ (۲) عرشہ دار ۔

Decker : (n) آراستہ کرنے والا ۔

Decker : (n) (deker) (۱) عرشہ دار ۔ (۲) عرشہ پر کام کرنے والا : عرشہ کا مسافر ۔ (۳) کئی سطحوں یا منزلوں والا ۔ (٤) کمرہ ۔ (٥) کاغذ خانے کی ایک مشین ۔ (٦) نیم شفاف حدقہ جس میں ایک یا زیادہ سوراخ ہوتے ہیں خوردبین کے میدان بصر کو محدود کرنے کے لئے ۔

Decker : (v) (کاغذ سازی) ماوا کو کاغذ بنانے کی مشین (Wet machine) میں دینا ۔

Deckie : (n) دیکھو Deckhand

Decking : (n) (۱) آرائش ۔(۲) عرشہ بندی ؛ عرشہ کے لوازمات ۔

Deckle /Deckel : (n) (کاغذ سازی) کاغذ بنانے کی کَل کا وہ پرزہ جس سے کاغذ کی تختی بنائی جاتی ہے ۔

Deckle edge : (n) کاغذ کا نا ہموار کنارہ ۔

Deckle-edged : (a) نا ہموار کنارے والا ۔

Declaim : (v) [L."declamare".] (۱) خطیبانہ تقریر کرنا ؛ تقریر یا خوش خوانی کی مشق کرنا ۔ (۲) جوشیلی تقریر کرنا ؛ ہیجان انگیز تقریر کرنا ؛ جذبیلی تقریر کرنا ۔ (۳) خطیبانہ کلام یا بیان کرنا ۔

Declaimer : (n) خطیب ؛ جوشیلی تقریر کرنے والا ؛ خوش خوان ۔

Declamation : (n) [L."declamationem".] (۱) فن تقریر اور خطابت کی مشق ؛ تیار کی ہوئی تقریر ۔ (۲) جوشیلی تقریر ؛ ہیجان انگیز تقریر ؛ خطابت ۔

Declamatory : (n) [L."declamatorius".] خطیبانہ ؛ جذبات انگیز ؛ جذباتی ؛ ہیجانی ۔

Declarant : (n) [L."declarant".] بیان یا اقرار نامہ داخل کرنے والا ؛ ؛ مقر ؛ اقرار کنندہ ۔

Declaration : (n) (۱) قطعی یا قانونی طریقہ پرعیاں اعلان ۔(۲) مشتہر کرنا ؛ مقاصد ؛ شرائط یا معاہدے وغیرہ کا تحریری اعلان ؛ محضر ۔ (۳) (قانون) اقرار نامہ ؛ عرضی دعوا ۔ (٤) محصولی مال کی تفصیل ۔ (٥) اظہار؛ بیان ۔ (٦) (تاش کے کھیل برج، بیزک وغیرہ میں) پتے دکھا کر اعلان کرنا ۔ (۷) گھوڑے کو دوڑ سے ہٹا لینا ۔

Solemn declaration : اظہار حلفی ۔

Declaration of Independence : امریکا کا اعلان آزادی ؛ امریکا کی آزادی کا اعلان نامہ ۔

Declaration of indulgence : مذہبی آزادی کا شاہی اعلان ۔

Declaration of peace : اعلان امن ؛ اعلان صلح ۔

Declaration of rights : اعلان حقوق ؛ استقرار حقوق ۔

Declaration of the poll : اعلان انتخاب ۔

Declaration of trust /-use : اعلان وقف ؛ اعلان امانت ۔

Declaration of war : اعلان جنگ ۔

Declarative : (a) (سیاسیات) توضیحی ؛ تصریحی ؛ مظہر ۔

Declaratively : (adv.) توضیحاً ؛ تصریحاً ۔

Declarator : (n) قانونی اعلان ۔

Declaratorily : (adv.) مثبت طور پر ۔

Declaratory : (a) مثبت ؛ استقراری ۔

Declaratory act / Declaratory statute : (n) (تاریخ) استقراری قانون ۔

Declaratory suit : (n) (قانون) دعوا استقراریہ ۔

Declare : (v) [L."declarare".] (۱) اظہار کرنا ؛ باضابطہ اور واضح طور پر عام اعلان کرنا ۔ (۲) ظاہر کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ بیان کرنا ؛ حکم لگانا ۔ (۳) اقرار کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ خاموش کرنا ۔ (٤) (محصولی مال کی) تفصیل بتانا ۔ (٥) (کرکٹ) وقت سے پہلے اننگ کو ختم کر دینا ۔ (٦) (بیزک کھیل) پتے دکھا کر اعلان کرنا؛ (برج) رنگ کا اعلان کرنا ۔ (۷) مقابلہ سے ہٹ جانا یا ہٹا لینا ۔

To declare dividend : حصص پر منافع کا اعلان کرنا ۔

To declare for / against : طرفداری یا مخالفت کا اظہار کرنا ۔

To declare off : فسخ ، فسق کر دینا (سودے ، معاملے وغیرہ کا) ۔

To declare oneself : اپنا منشا کھول دینا ؛ اپنی اصل حقیقت کو ظاہر کر دینا ۔

To declare war : اعلان جنگ کرنا ۔

Declaredly : (adv.) توضیحاً ؛ تصریحاً ؛ صریحاً ؛ اعلانیہ ۔

Declaredness : (n) تصریح ؛ اظہار ۔

Declarer : (n) اعلان کرنے والا ؛ اعلان پر دستخط کرنے والا ۔

Declasse : (a) [F.] برادری سے خارج ؛ بگڑا ہوا (شریف یا امیر) ۔

Declension : (n) [L."declinationem".] (۱) انحراف ؛ راستی سے تجاوز ؛ گمراہی ۔ (۲) انحطاط ؛ تنزل ؛ زوال ؛ گھٹتی ۔ (۳) (نحو) تصریف یا گردان ۔ (٤) ڈھال ؛ ڈھلان ۔ (٥) مودبانہ انکار ۔

Mixed declension : (لسانیات) مخلوط گردان ۔

Periphrastic declension : پیچیدہ گردان ۔

Strong declension : با قاعدہ گردان ۔

Weak declension : بے قاعدہ گردان ۔

Declensional : (a) تصریف سے متعلق ؛ تصریفی ۔

Declinable : (a) تصریف پذیر ؛ منصرف ۔

Declinate : (a) [L."declinatus".] زیر خم ۔

Declination : (n) [L."declinationem".] (۱) جھکاؤ ؛ خم (پیچھے کی طرف) ؛ ڈھال ۔ (۲) (خیط) انحراف ؛ ستارے کا میل (خط استوائے سماوی سے) ؛ زاویہ بود ؛ عرض سماوی ۔ (۳) (قطب نما) سوئی کا شمال و جنوب سے انحراف ؛ مقناطیسی عدول ۔ (٤) انحطاط ۔ (٥) با ضابطہ یا رسمی انکار ۔

Greatest declination : (فلکیات) سیل اعظم ؛ میل کلی ۔

Magnetic declination : مقناطیسی عدول /انحراف ۔

Declination angle : (n) (فلکیات) زاویہ بود ۔

Declination circle : (n) دائرہ عدول /انحراف ؛ دائرہ میل ۔

Declination compass : (n) دیکھو Declinometer

Declination of the sun : سورج کا عدول ۔

Declination parallax : (n) اختلاف منظر میل ۔

Declination parallels : مدارات میل ۔

Declinational : (a) جھکاؤ والا ؛ منحرف ۔

Declinator : (n) میل پیما ۔

Declinatory : (a) [L."declinatorius".] انکار کرنے والا ۔

Declinatory : (n) حق استثناء ۔

Declinatory plea : (n) حق استثناء ؛ پادریوں کا وہ حق جس کی رو سے ان پر عدالت میں مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا تھا ۔

Declinature : (n) (۱) حق استثناء کا دعویٰ ۔ (۲) انکار ۔

Decline : (n) [L."declinare".] (۱) تنزل ؛ زوال ؛ گھٹتی ؛ تخفیف ۔ (۲) دق ؛ سل ۔ (۳) بازار مندا ہونا ؛ کساد بازاری ؛ ارزانی ؛ بھاؤ گرنا ۔ (٤) غروب ۔

Decline : (v) (۱) جھکا ہونا ؛ ڈھلوان ہونا ؛ ڈھال ہونا ۔ (۲) جھکانا ؛ جھکنا ؛ خیمدہ ہونا یا کرنا ۔ (۳) ڈھلنا ؛ زوال پر ہونا (دن یا عمرکا) ؛ غروب ہونا ۔ (٤) (اخلاقاً) گر جانا ؛ بگڑ جانا ۔ (٥) گرنا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ گھٹنا ؛ رو بہ انحطاط ہونا ؛ رو بہ تنزل ہونا ۔ (٦) انکار کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ رد کرنا (دعوت وغیرہ کا) ۔ (۷) (نحو) گردان کرنا؛ گرداننا ؛ تصریف کرنا ۔ (۸) حق سماعت سے انکار کرنا ۔

Declined : (a) زوال پذیر ؛ خمیدہ ؛ رد کیا ہوا ۔

Decliner : (n) انکار کرنے والا ۔

Declinograph : (n) (فلکیات) خود کار انحراف نگار ۔

Declinometer : (n) مقناطیسی عدول پیما ۔

Declivat : (a) ڈھلوان ۔

Declivent : (a) دیکھو Declivous

Declivitous : (a) ڈھلوان ۔

Declivity : (n) [L."declivitatem".] ڈھال ؛ اتار ؛ حدور ۔

Declivous : (a) [L."declivus".] ڈھلوان ۔

Declutch : (v) (موٹر کے) گیرندہ کو الگ کرنا ۔

Decoct : (v) [L."decoctus".] جوش دینا ؛ کھولتے ہوئے پانی میں ڈالنا ۔

Decoction : (n) جوشاندہ ؛ ابال ؛ کشید ۔

Decode : (v) خط رمز میں لکھی ہوئی عبارت پڑھنا ۔

Decode : (n) خط رمز میں لکھی ہوئی عبارت کی توضیح ۔

Decoder : (n) خط رمز شناس ۔

Decoding : (n) (لسانیات) خط رمز شناسی ۔

Decohere : (v) (برقیات) اتصال آور کو طبعی حساسیت کی حالت پر لانا ۔

Decoherence /Decohesion : (n) اتصال آور کی طبعی حسیت پر واپسی ۔

Decoherer : (n) اتصال توڑ ۔

Decollate : (v) [L."decokare".] (۱) سر کاٹنا ؛ گردن مارنا ؛ سر قلم کرنا ۔ (۲) (درخت وغیرہ کی) پھنگ یا چوٹی چھانٹنا ۔

Decollated : (a) سر بُریدہ ۔

Decollation : (n) [L."decollationem".] (۱) گردن زدنی ؛ سر بریدگی (خصوصاً جنین کا سر کاٹنا) ۔ (۲) (صدف) پیچدار صدف کی سر بریدہ حالت ۔

Feast of the Decollation of St.John the Baptist : مسیکتہ جان دی بیپٹسٹ کی سر بریدگی کا تیوہار ۔

Decollator : (n) (جنین کا) سر کاٹنے کا آلہ ۔

Decolletage : (n) [Fr.] سر و سینے کو برہنہ رکھنا کھلے گلے کی چولی سے ۔

Decollete : (a) [F."decolleter".] (۱) کھلے گلے کا لباس ۔ (۲) کھلے گلے کا لباس پہنے ۔

Decolorant : (a) [F."decolorant".] بے رنگ کرنے والا ۔

Decolorant : (n) بے رنگ کرنے والا عامل ۔

Decolorate : (a) [L."decoloratus".] رنگ ربودہ ؛ بے رنگ ۔

Decolorate : (v) بے رنگ کرنا ۔

Decoloration : (n) بے رنگ کرنا ؛ بے رنگی ۔

Decolourization : (n) بے رنگ کرنا ۔

Decolour /-or : (v) بے رنگ کرنا ۔

Decolourizing : (n) بے رنگ کرنا ۔

Decolourizer : (n) بے رنگ کرنے والا ۔

Decommission : (v) کام سے ہٹا دینا (جہاز وغیرہ کو) ۔

Decompensate : (v) (قلبی) تلافی کا ختم ہو جانا ۔

Decompensation : (n) (قلبی) تلافی کا ختم ہو جانا ۔

Decopmlex : (a) مرکب در مرکب ؛ پیچ در پیچ ۔

Decomposability : (n) تحلیل پذیری ۔

Decomposable : (a) قابل تجزیہ ؛ تحلیل پذیر ۔

Decompose : (v) [F."decompaser".] (۱) اجزا علاحدہ کرنا یا ہونا؛ تحلیل کرنا یا ہونا ؛ تجزیہ کرنا یا ہونا۔ (۲) تشریح کرنا ؛ تفصیل کرنا ۔ (۳) سڑنا ؛ سڑانا ؛ گلنا ؛ گلانا ؛ متعفن ہونا ۔

Decomposed : (a) (۱) متعفن؛ سڑا ہوا ۔(۲) علاحدہ (خصوصاً پرندوں کی کلغی) ۔ (۳) (کیمیا) تحلیل شدہ ؛ اجزا علاحدہ کیا ہوا ؛ غیر متصل ۔

Decomposed fragment : تحلیل شدہ ٹکڑا ۔

Decomposer : (n) تجزیہ یا تحلیل کرنے والا ۔

Decomposing : (a) سڑنے والا ؛ گلنے والا ؛ سڑا دینے والا ۔

Decomposing bacteria : (n) سڑا دینے والا جرثومہ ۔

Decomposite : (a) [late L."decompositus".] مرکب مضائف ؛ مرکب در مرکب ۔

Decomposite : (n) مرکب مضائف (لفظ وغیرہ) ۔

Decomposition : (n) (۱) تحلیل ؛ تجزیہ ؛ علاحدگی اجزا ؛ انحلال ۔ (۲) سڑنا ؛ گلنا ؛ سڑاند ۔ (۳) (مجازاً) (مخالفت وغیرہ کا) خاتمہ ۔

Double decomposition : تحلیل مضائف ؛ دوہری تحلیل ۔

Decomposition apparatus : (n) (کیمیا) تحلیل کرنے کا آلہ ؛ سامان تحلیل ۔

Decomposition of forces : تحویل قوت ۔

Decompound : (n) مرکب در مرکب شے ، الفاظ وغیرہ ۔

Decompound : (v) تحلیل کرنا ۔

Decompoundable : (a) تحلیل کرنے کے لائق ۔

Decompress : (v) رفع دباؤ کرنا ۔

Decompression : (n) رفع دباؤ ؛ بے ضغطی ۔

Decompression sickness : (n) غوصی تشنج ۔

Decompressive : (a) رفع دباؤ کے لئے ؛ مائل بہ رفع دباؤ ۔

Decompressor : (n) رفع دباؤ کرنے والا ۔

Deconcentrate : (v) ازالہ مرکزیت کرنا ۔

Deconcentration : (n) ازالہ مرکزیت ۔

Decondition : (v) (۱) صحت خراب کر دینا ۔ (۲) تربیت یا عادات کے اثر کو زائل کرنا ۔ (۳) ختم کردینا ۔

Decongest : (v) مزیل امتلا کرنا ۔

Decongestant : (n) مزیل امتلا عامل ۔

Decongestion : (n) ازالہ امتلا ۔

Decongestive : (a) مزیل امتلا ۔

Deconsecrate : (v) ازالہء قدوسیت کرنا؛ تقدس سے محروم کرنا ۔

Deconsecration : (n) ازالہء قدوسیت ؛ تقدس سے محرومی ۔

Decontaminate : (v) رفع لوث کرنا ، خصوصاً عمارت وغیرہ کو خطرناک گیس یا ریڈیائی شعاع سے محفوظ کرنا ۔

Decontamination : (n) رفع لوث ۔

Decontrol : (v) کنٹرول اٹھانا ؛ کنٹرول ختم کرنا ۔

Decontrol : (n) کنٹرول اٹھانا ۔

Decor : (n) [Fr."decor".] (۱) آرائش و زیبائش ؛ حسن ۔ (۲) ساز و سامان کمرے ، اسٹیج یا نمائش کا ۔ (۳) کسی خاص جگہ یا عہد کی فضا یا ماحول ۔

Decorate : (v) [L."decorat-","decorare".] (۱) آراستہ کرنا ؛ زینت دینا ؛ مزین کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ۔ (۲) سجاوٹ کا کام دینا ؛ آرائش بننا ؛ زینت ہونا ؛ زیور ہونا ۔ (۳) تمغے وغیرہ سے مزین کرنا ۔

Decorated : (a) (۱) آراستہ ؛ مزین ؛ تمغے سے مزین ۔ (۲) (تعمیرات) خاص طرز کی عمارت سے متعلق جو انگلستان میں رائج تھا ۔

Decoration : (n) [L."decorationem".] (۱) آرائش ؛ زینت ؛ زیبائش ؛ سجاوٹ ۔ (۲) (جمع) آرائش کا سامان ؛ تزئین ۔ (۳) تمغہ ؛ نشان ؛ اعزازی نشان ۔ (۵) حسی عناصر کی ترتیب (تصویر وغیرہ) ۔

Decoration Day : (n) (امریکا) خانہ جنگی میں مقتول ہونے والے کی قبروں پر پھول چڑھانے کا دن (۳ مئی) ۔

Decorative : (a) آرائشی ؛ زینت بخش ؛ تزئینی ۔

Decoratively : (adv.) آرائشی طور پر ؛ بطور زینت ۔

Decorativeness : (n) آرائش ؛ زینت ؛ آراستگی ۔

Decorator : (n) (۱) آراستہ کرنے والا ؛ آرائش گر ۔ (۲) وہ شخص جس کا پیشہ دیواروں وغیرہ پر کاغذ منڈھ کر یا رنگ آمیزی یا پلاستر کر کے مکان آراستہ کرنا ہو ۔

Decorist : (n) خوش سلیقہ ۔

Decorous : (a) خوش سلیقہ ؛ سُگھڑ ؛ خوش اسلوب ؛ شائستہ ؛ متین ؛ معقول ۔

Decorously : (adv.) خوش اسلوبی سے ؛ شائستگی سے ؛ بطور شائستہ ۔

Decorousness : (n) خوش اسلوبی ؛ شائستگی ۔

Decorticate : (v) (۱) پوست اتارنا ؛ پوست اترنا ۔ (۲) (طب) انقشار ؛ (نباتیات) تقشیر ۔

Decorticate : (a) بے پوست ؛ تقشیر شدہ ۔

Decortication : (n) تقشیر ؛ انقشار ۔

Decorticator : (n) آلۂ تقشیر ۔

Decorticosis : (n) [L."decorticare+osis".] لیموں کے درخت کی چھال کی بیماری ۔

Decorum : (n) [L."decorum".] سلیقہ ؛ خوش اسلوبی ؛ شعور ؛ تمیز ؛ شائستگی ؛ ادب ؛ آداب ؛ تہذیب ؛ آداب مجلس ۔

Decoupage : (n) [F."decoupage".] کاغذ کے تراشوں سے آراستہ کرنا ۔

Decoy : (n) [Du."kooi".] (۱) تالاب جس میں جنگلی بطوں کو دھوکے سے پکڑتے ہیں ۔ (۲) دام ؛ مرغ دام ۔ (۳) دیکھو Decoy duck ۔

Decoy : (v) لگا لانا ؛ پھانسنا ؛ دام میں لانا ؛ فریب سے پکڑنا ۔

Decoy-duck : (n) (۱) بطخ دام ؛ جنگلی بطوں کو پھانس کر لانے والی بط ؛ وہ چڑیا جس کے ذریعہ سے دوسروں کو پھانستے ہیں ؛ لگا لانے والی چڑیا ۔ (۲) چور کا ساتھی ؛ ٹھگ کا شریک ؛ ورغلانے والا ۔ (۳) لالچ ؛ ترغیب ؛ چارہ ؛ پھسلاوا ؛ دام ۔

Decrease : (n) [OF."decreis".] (۱) کمی ؛ تخفیف ؛ گھٹاؤ ؛ تنزل ۔ (۲) (فلکیات) گھٹاؤ ؛ محاق (قمر) ۔

Percentage decrease : فی صد کمی ۔

Decrease : (v) گھٹنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ۔ ۔

Decreasing : (a) کم ہوتا ہوا ؛ گھٹتا ہوا ؛ کم ہو کر ؛ گھٹ کر ۔

Decreasing fertility : (n) (جغرافیہ) زرخیزی میں کمی ۔

Decreasing order : (n) (ریاضی) گھٹتی ترتیب ؛ نزولی ترتیب ۔

Decreasing power : (n) (ریاضی) گھٹتی قوت ؛ نزولی قوت ۔

Decreasing series : (n) (ریاضی) گھٹتا سلسلہ ۔

Decreasingly : (adv.) تخفیفاً ؛ گھٹتے ہوئے ۔

Decree : (n) [OF."decre".] (۱) فرمان ؛ حکم ۔ (۲) فیصلہ ؛ ڈگری ؛ تنسیخ نکاح کا حکم ۔ (۳) فیصلہ تقدیر ؛ فرمان قضا ؛ مشیئت ۔

Divine decree : تقدیر ۔

Royal decree : شاہی فرمان ۔

Decree : (v) (۱) فرمان، حکم جاری کرنا ؛ ڈگری صادر کرنا ؛ فیصلہ سنانا ۔ (۲) مقدر کرنا ۔ (۳) مصمم ارادہ کرنا ۔

Decree arbitral : (n) ثالثی کے لئے پیش کرنا (کسی فیصلہ یا معاملہ کو) ۔

Decree dative : (n) وصی مقرر کرنے کا فیصلہ ۔

Decree holder : (n) ڈگری دار ۔

Decree-law : (n) فرماں روا کا حکم جو قانون ساز مجلس کے وضع کئے ہوئے قانون کے برابر ہو ۔

Decree nisi : (n) طلاق یا تنسیخ نکاح کا حکم جس میں چھ مہینے تک عذر داری ہو سکتی ہے ؛ تنسیخ نکاح کی ابتدائی ڈگری ۔

Decree of nullity : نکاح کے باطل ہونے کا اعلان ؛ بطلان نکاح کا اعلان ۔

Decreer : (n) ڈگری لینے والا ؛ فرمان دینے والا ۔

Decrement : (n) [L."decrementum".] کمی ؛ تخفیف ؛ تقلیل ۔

Logarithmic decrement : تخفیف لوگارتمی ۔

Decrement of life : موت سے آدمیوں کی سالانہ تخفیف ۔

Decremeter : (n) (ریڈیو) تخفیف پیما ۔

Decrepit : (a) [L."decreptus".] (۱) فرسودہ ؛ خستہ حال ۔ (۲) زار و نزار ؛ نحیف ؛ ناتواں ؛ بڈھا پھوس ؛ پیر فرتوت ؛ درماندہ ۔ (۳) (مجازاً) پرانی ؛ دقیانوسی (چیزیں) ۔

Decrepitly : (adv.) ناتوانی سے ؛ خستہ حالی سے ۔

Decrepitate : (v) [L."decrepitare".] (۱) گشتہ بنانا ؛ بھسم کرنا ۔ (۲) چٹخنا ؛ چڑ چڑانا ۔

Decrepitation : (n) تڑ تڑاہٹ ؛ چٹخاؤ ؛ راکھ کرنا ۔

Decrepitude : (n) [F."decrepitude".] فرسودگی ؛ فرتوتی ؛ ضعف ؛ درماندگی ؛ خستہ حالی ؛ پیرانہ سالی ۔

Decrescendo : (n) [It.] (موسیقی) اتار (آواز کا) ۔

Decrescent : (a) [L."decrescentem".] (۱) گھٹنے والا خصوصاً چاند کے لئے آتا ہے ۔ (۲) زوال پذیر ۔

Decrescent : (n) (۱) گھٹتا چاند ۔ (۲) (نقابت) ہلال جس کی دونوں نوکیں بائیں جانب ہوں ۔

Decretal : (a) [med.L."decretales".] ڈگری یا فیصلے سے متعلق ۔

Decretal : (a) (۱) پوپ کا فرمان یا فتوا ۔ (۲) (جمع میں) پوپ کے فرامین یا فتاوے کا مجموعہ (جو قانون کلیسا کا ایک جز بن گیا ہے) ۔ (۳) فیصلہ ؛ فرمان ۔

Decretalist : (n) کلیسائی قانون کا ماہر ۔

Decretally : (adv.) بطور فیصلہ ؛ فیصلے کے رو سے ۔

Decretist : (n) دیکھو Decretalist

Decretive : (a) دیکھو Decretory

Decretorily : (adv.) اثباتاً ؛ فیصلہ کن طور پر ۔

Decretory : (a) (۱) حکمی ۔ (۲) (فلکیات) نازک ؛ (طب) نازک ۔

Decretum : (n) [L.] دیکھو Ordinance اور Decree

Decrestation : (n) (طب) پپڑی اترنا ۔

Decrier : (n) بدنام کرنے والا ؛ مذمت کرنے والا ؛ دیکھو Decry ۔

Decry : (v) [F."decrier".] (۱) بد نام کرنا ؛ مذمت کرنا ؛ برائی کرنا ؛ عیب لگانا ۔ (۲) قیمت کم کرنا (سکوں وغیرہ کی) ۔

Decrypt : (v) رمزی تحریر کو پڑھنا ۔

Decrystallization : (n) بے قلمانا ۔

Decubital : (a) (طب) افتادگی یا استلقاء سے متعلق یا مشابہ ، استلقاء سے پیدا ہونے والا ۔

Decubitus : (n) [L."decumbere".] افتادگی ؛ استلقاء ۔

Deculturate : (v) تہذیب سے محروم کرنا؛ غیر مہذب بنانا۔

Deculturation : (n) دیسی خصوصیات سے محرومی یا محروم کرنا ۔

Decuman : (a) [L.] (۱) بہت بڑی یا بہت زور کی موج ۔ (۲) (قدیم رومہ) دسواں فوجی دستہ ۔

Decumbency /Decumbence : (n) لیٹنے کی حالت ؛ لیٹنا ۔

Decumbent : (a) (نباتیات و حیوانیات) سر خیز ؛ لیٹا ؛ پڑا (پودا ، شاخ ، بال ، کانٹا) ۔

Decuple : (a) [L."decuplus".] دس گنا ؛ دہ چند ۔

Decupla : (n) دس گنا مقدار یا عدد ۔

Decuple : (v) دس سے ضرب دینا ؛ دس گنا کرنا ؛ دس گنا ہونا ۔

Decurion : (n) [L."decurionem".] (۱) (قدیم روما) دس اسپ سوار دستے کا افسر ۔ (۲) دس کا افسر ۔ (۳) (رومی تاریخ) شہر یا نو آبادی کی مجلس کا رکن ۔ (۳) اٹلی کے جدید شہروں کی مجلس اعظم کا رکن ۔

Decurionate /Decurionship : (n) Decurion کا عہدہ ۔

Decurrence /Decurrency : (n) (نباتیات) زیر ورقہ ہونا ۔

Decurrent : (a) [L."decurrentum".] زیر ورقہ ۔

Decurrently : (adv.) زیر روی طور پر ۔

Decursive : (a) [mod.L."decursivus".] زیر رو ؛ سرا زیر ۔

Decursively : (adv.) زیر روئی سے ؛ بطور سرا زیر ۔

Decurved : (a) زیر خم ۔

Decurvation /Decurvature : (n) زیر خمی ؛ خمیدگی ؛ انحنا ۔

Decury : (n) [L."decuria".] (قدیم روما) دس آدمیوں کا دستہ ۔

Decus : (n) [L.] انگلستان کا ایک سکہ جو پچیس پینس کے برابر ہوتا تھا ۔

Decussate : (a) [L."decussate".] (۱) X کی شکل کا ؛ چلیپائی ؛ چلیپا نما ۔ (۲) (نباتیات) متقاطع ؛ متراکب ۔ (۳) (معنی و بیان) عکس ترتیب پر مشتمل (عبارت) ؛ لفظی تقابل پر مشتمل ۔

Decussate : (v) عکس ترتیب یا تقابل کرنا ؛ تقاطع کرنا ؛ چلیپا کی شکل بنانا ۔

Decussated : (a) (۱) متقاطع ؛ چلیپائی ۔ (۲) (بدیہ) (معنی و بیان) عکس ترتیب پر مشتمل (عبارت) ؛ لفظی تقابل پر مشتمل ۔

Decussation : (n) [L."decussationem".] (۱) تقاطع ۔(۲) عکس ترتیب ؛ لفظی تقابل ۔

Optic decussation : تصالب بصری ۔

Decyl : (n) [Gr."deka"+ -YL.] (کیمیا) یك گرفتی آبدار کاربن کا اصلیہ ($C_{10}N_{21}$) ؛ ڈیسل ۔

Decylic : (a) دیسل کا یا اس سے متعلق ۔

Dedal : دیکھو Daedal

Dedalian : (a) دیکھو Daedalion

Dedans : (n) [F."dedans".] (ٹینس) کھلی ہوئی گیلری ۔

Dedendum : (n) [L."dedendus".] گیرہ کے دانت کی جڑ ۔

Dedecorate : (v) شکل بگاڑنا ۔

Dedentition : (n) (عضویات) سقوط دنداں ۔

Dedicant : (n) انتساب کرنے والا ۔

Dedicate : (a) [L."dedicatus".] (اچھے کاموں میں) سرگرم ۔

Dedicate : (v) (۱) نذر کرنا ؛ (مذہبی کاموں کےلئے) وقف کرنا ۔(۲) مخصوص کرنا ؛ وقف کرنا ۔ (۳) معنون کرنا؛ انتساب کرنا؛ تہدیہ کرنا ۔

Dedicated : (a) (اچھے کاموں میں) سرگرم ۔

Dedicatee : (n) جس کو کوئی چیز نذر کی جائے ؛ منسوب الیہ ۔

Dedication : (n) [L."dedicationem".] (۱) نذر ؛ ہدیہ ؛ انتساب ؛ تہدیہ ۔(۲) عبارت تہدیہ ؛ انتسابی کتبہ ۔(۳) وقف ؛ مذہبی کام کے لئے وقف کرنا ۔

Dedicational : (a) انتسابی ۔

Dedication copy : (n) کتاب کا وہ نسخہ جو منسوب الیہ کی نذر کیا جائے ۔

Dedicative : (a) دیکھو Dedicatory

Dedicator : (n) دیکھو Dedicant

Dedicatorial /Dedicatory : (a) متعلق بہ نذر ؛ انتسابی ۔

Dedicatorily : (adv.) بطور انتساب ۔

Dedifferentiate : (v) فقدان امتیاز ہونا ۔

Dedifferentiation : (n) فقدان امتیاز ۔

Dedimus : (n) [L."dedimus potestatem".] (قانون) غیر جج کو جج کے اختیارات دینا ۔

Deditician : (n) [L."dediticius".] مکمل شہری حقوق سے محروم کرنا کسی بدچلنی اور روم کے خلاف جنگ میں حصہ لینے سے ۔

Dedolo : (a) [L.] (قانون) فریب سے متعلق ۔

Deduce : (v) [L."deducere".] (۱) (کسی خاص زمانے سے یا خاص زمانے تك واقعات) قلم بند کرنا ۔ (۲) (نصب کا) سلسلہ ملانا ۔(۳) نتیجہ نکالنا ؛ (نتیجہ) حاصل کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا ۔(٤) لے جانا ۔ (٥) (حقیقت) ثابت کرنا ۔

Deducibility : (n) استنباط کے قابل ہونا ۔

Deducible : (a) قابل استخراج ؛ قابل استنباط ۔

Deducibleness : (n) دیکھو Deducibility

Deduct : (v) [L."deduct".] کھٹانا ؛ کم کرنا ؛ منہا کرنا ؛ مجرا کرنا ؛ وضع کرنا ؛ تفریق کرنا ؛ کاٹنا ۔

Deduction : (n) (۱) منہائی ؛ مجرا ؛ تفریق ؛ وضع ۔ (۲) استخراج ؛ استنباط ؛ قیاس ۔ (۳) منہا شدہ رقم وضعات ۔ (٤) نتیجہ ۔(٥) تخفیف ۔

Deductive : (a) استخراجی ؛ قیاسی یا استنباطی ۔

Deductive logic : (n) استنباطی منطبق ۔

Deductive method : (n) استخراجی طریقہ ۔

Deductive politics : (n) استخراجی سیاست ۔

Deductive reasoning : (n) استخراجی استدلال ۔

Deductive system : (n) استنباطی طریقه نظام ۔

Deductively : (adv.) استخراجی طور پر ۔

Deduplication : (n) [L."deduplication".] (نباتیات) تکثیر ؛ تضاعف ۔

Dedust : (v) خورد بینی ذروں کو ہٹانا ۔

Dee : (n) (۱) حرف 'D' ۔ (۲) D کی شکل کے ساز کا حلقہ ۔ (۲) دمواریہ کے دو کھوکلے نیم دائری فلزی برقیروں میں سے ایک ۔

Dee : (v) Damn کا مخفف ۔

Deed : (=d-d) دیکھو Damned

Deed : (n) [OE."daed","ded".] (۱) کام ؛ کار ؛ فعل ؛ عمل ۔ (۲) مہم ؛ کار نمایاں ۔ (۳) عمل ؛ فعل (قول کے مقابلہ میں) ؛ اصل ؛ اصلیت ؛ واقعہ : حقیقت ۔ (٤) (قانون) دستاویز؛ وثیقہ ؛ سند ۔

In deed : عملاً ۔

Indeed in every deed : واقعتاً ؛ حقیقتاً ۔

Deed : (v) وثیقہ لکھنا ۔

Deed : (adv) دیکھو Indeed

Deed box : (n) دستاویزوں کا بکس ۔

Deed of acceptance : دستاویز قبولیت ۔

Deed of acquitance : براءت نامہ ۔

Deed of agreement : اقرار نامہ ۔

Deed of arrangement : تصفیہ نامہ ۔

Deed of assumption : شریک متولی کا تقرری نامہ ۔

Deed of concession : رعایت نامہ ؛ دستاویز رعایت ۔

Deed of covenant : عہد نامہ ۔

Deed of disinheritance : عاق نامہ ۔

Deed of division : تقسیم نامہ ۔

Deed of divorce : طلاق نامہ ۔

Deed of gift : ہبہ نامہ ۔

Deed of grant : عطا نامہ ۔

Deed of investiture : سند نامہ ؛ سند مسند نشینی ؛ سند تقرر اسقف ۔

Deed of mortgage : رہن نامہ ۔

Deed of partition : تقسیم نامہ ۔

Deed of partnership : شراکت نامہ ۔

Deed of release : رہائی نامہ ۔

Deed of sale : بیع نامہ : قبالہ ۔

Deed of settlement : تملیک نامہ ۔

Deed of transfer : انتقال نامہ ۔

Deed of trust : تولیت نامہ ؛ وقف نامہ ۔

Deed-poll / Deed poll : (n) ایک طرفہ دستاویز ۔

Deed writer : (n) وثیقہ نویس ۔

Deedy : (a) پُر کار ؛ فعّال ۔

Deedful : (a) پُر عمل ؛ فعال ۔

Deedly : (adv.) سرگرمی سے ۔

Deedless : (a) بے عمل ؛ عمل سے خالی ؛ کاہل ؛ بے ہنر ۔

Deem : (v) [OE."doeman","deman".] سمجھنا ؛ باور کرنا ؛ جاننا ؛ خیال کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ گننا ؛ شمار کرنا ؛ محصور کرنا ۔

To deem highly of : بہت اچھی رائے رکھنا ۔

Deem : (n) [ME."dame".] اسکاٹ لینڈ ۔

Deemer : (n) سمجھنے والا ؛ قیاس کرنے والا ؛ باور کرنے والا ۔

Deemster : (n) [ME."demestre".] Isle of Man کے ججوں میں سے ایک ۔

Deep : (a) [OE."diop","deop".] (۱) گہرا ؛ عمیق ؛ زرف ۔ (۲) پکا(جواری ، شرابی) ۔ (۳) نیچا ؛ چوڑا (حاشیہ) ۔ (٤) گہرا ؛ نکتہ رس ؛ گمبھیر (شخص) ؛ سنجیدہ ؛ دقیق ؛ عمیق ؛ غامض ؛ غیر سطحی (خیال) ؛ گہری ، غائر یا دوربیں (نظر) ۔ (٥) دلی ، قلبی (محبت وغیرہ) ؛ انتہائی (شوق ، دلچسپی) ؛ محو ؛ غرق ؛ ڈوبا ہوا ۔ (٦) تیز ، شوخ (رنگ) ؛ سخت (ذلت وغیرہ) ۔ (۷) شدید ؛ سنگین (جرم وغیرہ) ۔ (۸) گہرے سُروں کی بھری (آواز) ؛ گونج دار ۔ (۹) ماہر ۔ (۱۰) (عام) چتر ؛ گھنا ؛ کائیاں ۔ (۱۱) بیش از وقت ۔ (۱۲) (کھیل) مرکز سے دور واقع ۔

A deep one : (عامیانہ) گہرا ؛ کائیاں ؛ گُھنا ۔

In deep mourning : پورے ماتمی لباس میں ۔

In deep water : سخت تکلیف یا رنج میں ۔

To go in (or off) the deepend : آپے سے باہر ہونا ۔

Deep : (n) [OE."deop".] (۱) بحر ؛ سمندر ؛ محیط ۔ (۲) سمندر کا گہرا حصہ ؛ سمندر کی گہرائی ۔ (۳) غار ؛ گڑھا ؛ کھڈ ؛ گپھا ۔ (٤) قلب یا دماغ کی گہرائی؛ فکر ؛ لمحہ (خیال) ۔ (٥) (بحر) عمق پیما شاقول کا درمیانی حصہ ۔ (٦) عدم ۔ (۷) مرکزی حصہ ۔ (۸) آسمان ۔

Ocean deep : عمیق بحری کھائی ۔

The deep : سمندر ؛ بحر ۔

Deep : (adv.) (۱) گہرائی سے ؛ گہرائی میں ۔ (۲) (مجازاً) شدت سے ؛ سرگرمی سے ۔ (۳) دور (وقت کے لحاظ سے) ۔ (٤) دیر تک ۔ (٥) گہری نظر سے؛ غور سے ؛ نیچے تک ؛ دور تک ؛ اندر تک ۔

Still waters run deep : گہرا پانی خموشی سے بہتا ہے؛ جو خاموش ہے وہ گہرے پانی میں ہے ؛ سچا جذبہ یا علم جو نمائشی نہ ہو ۔

Deep depression : (n) (جغرافیہ) گہرا نشیب ۔

Deep digging : (n) (اثریات) گہری کھائی ۔

Deep-dyed : (a) (مجازاً) پکا ۔

Deep-fetched : (a) سینے سے نکلی ہوئی ۔

Deep-focus : (n) عمیق فوکس (زلزلے کا) ۔

Deep-freeze : (n) معرض التوا میں ڈال دینا ۔

Deep-freeze : (v) ٹھنڈا کرنا ۔

Deepfreeze : (n) خنک ساز (تجارتی نام) ۔

Deep-fry : (v) تلنا (زیادہ روغن میں ڈال کر) ۔

Deep going : (a) بنیادی ؛ گہرا ۔

Deep grammar : (n) (لسانیات) تَہ نشین قواعد ۔

Deep-laid : (a) ہوشیاری سے تیار کی ہوئی یا کیا ہوا ۔

Deep-mouthed : (a) گوش خراش ۔

Deep pictures : (n) عمیق تصاویر ۔

Deep psychology : (n) تحلیل نفسی ۔

Deep-read : (a) متبحر ۔

Deep reflex : (n) عمیق انعکاس ۔

Deep-rooted : (a) اندر تک ؛ اندر سے ؛ گہرا ؛ دلی ؛ راسخ ۔

Deep sea /Deep-sea : (n) سمندر کا گہرا حصہ ؛ قعر بحر ۔

Deep-sea : (a) سمندر کی گہرائی سے متعلق ۔

Deep-sea deposit : (n) عمیق بحری ذخیرہ ۔

Deep-sea fauna : (n) عمیق بحری حیوانیہ ۔

Deep-sea plane : (n) عمیق بحری میدان ۔

Deep-seated : (a) (۱) گہرا ۔ (۲) راسخ ۔ (۳) اندرونی ۔

Deep-six : (۱) بحری تدفین ۔ (۲) طاق نسیاں ۔

Deep-six : (v) گمنامی میں ڈالنا ؛ بھلا دینا ۔

Deep space : (n) تصویر میں دور کا تاثر ۔

Deep stratification : (n) (شماریات) عمیق طبقہ بندی ۔

Deep therapy : (n) سخت لا شعاعی علاج ۔

Deep vowel / Back vowel : (لسانیات) پچھلا مصوتہ ۔

Deep water : (a) گہرے پانی کا یا گہرے پانی سے متعلق ۔

Deep water : (n) سخت تکلیف یا رنج ؛ دشواری ؛ پریشانی ۔

Deep water line : (n) (لدے ہوئے جہاز کا) جسم جہاز کا حفاظتی خط ۔

Deep-waterman : (n) سمندری جہاز (دریائی جہاز کے مقابلہ میں) ۔

Deep-water zone : (n) گہرا آبی علاقہ ۔

Deepen : (v) گہرانا ؛ گہرا کرنا ؛ عمیق کرنا یا ہونا ؛ گہرا ہونا ۔

Deepener : (n) گہرا کرنے والا ؛ عمیق کرنے والا ۔

Deepening : (n) طوفان کے مرکزی دباؤ میں کمی ۔

Deepening of capital : تعمیق اصل –

Deeply : (adv.) (۱) گہرائی سے یا گہرائی میں ۔ (۲) (مجازاً) شدت سے ؛ سرگرمی سے ؛ غور و فکر سے ؛ ہوشیاری ؛ سنجیدگی سے ۔ (۳) شوخ رنگی سے؛ گہرے سروں کی آواز میں ۔

Deepness : (n) گہرائی ؛ عمق ۔

Deer : (n) [OE."dior","deor".] (۱) آہو ؛ ہرن ؛ غزال ؛ مرگ ؛ چکارا ۔ (۲) ہرن کی کھال ۔

Small deer : چھوٹے چھوٹے جانور یا شخص ؛ چھوٹی چھوٹی چیزیں ۔

Spotted deer : چیتل ۔

Young deer : ہرنوٹا ؛ غزال ۔

Deer-berry : (n) (۱) گوندنی جیسے پھل جو ہرن کھاتا ہے ۔ (۲) گوندنی جیسے پھل کے درخت یا پودے ۔

Deer-brush : (n) وہ جھاڑی جو ہرن کھاتے ہیں ۔

Deer-coloured : (a) سیاہی مائل سرخ ۔

Deer dance : (n) امریکی انڈین کا ایک رقص ہرن کی روح کو منانے کے لئے ۔

Deer dog : (n) دیکھو Deer hound

Deer fence : (n) اونچی باڑ جسے ہرن نہ پھاند سکے ۔

Deer forest : (n) جنگل جس میں شکار کے لئے ہرن پالے جاتے ہیں ۔

Deer-hair /Deer's hair : (n) (۱) ہرن کا بال ۔ (۲) سینٹھا کی قسم کا پودا ۔

Deer hound : (n) ایک قسم کا بڑا شکاری کتا ۔

Deer-tick : (n) شور چغمہ یا ترائی جہاں ہرن آتے ہیں ۔

Deer-mouse : (n) سفید پا چوہا ۔

Deer neck : (n) گھوڑے کی پتلی گردن ۔

Deer stalker : (n) (۱) ہرن کا شکاری ؛ ہرن پکڑنے والا ۔ (۲) ہرن کے شکاری کی ٹوپی جو آگے پیچھے سے اٹھی ہوتی ہے ۔

Deer-stealer : (n) شکار چور جو ہرن چرایا کرتا ہے ۔

Deer tiger : (n) تیندوا ۔

Deer tongue / Deer's tongue : (n) (۱) جنگلی وا نیل ۔ (۲) پھوڑی کا پھل ۔

Deerfly : (n) ہرن کی مکھی ۔

Deerherd : (n) ہرن کا گلہ بان ۔

Deerhorn : (n) (۱) ہرن کا سینگ ۔ (۲) ایک قسم کا سیپ جس سے بوتام بنتا ہے ۔

Deerlet : (n) چھوٹا ہرن ۔

Deer's eye : (n) موترا (درخت) ۔

Deerskin : (n) (۱) ہرن کا چمڑا ۔ (۲) ہرن کے چمڑے کا لباس ۔

Deevitick : (n) چھوٹا شیطان ۔

Deface : (v) [F."defacer".] (۱) بد نما کرنا ؛ شکل بگاڑنا ؛ ہیئت بگاڑنا ۔ (۲) مٹانا ؛ محو کرنا ؛

مسخ کرنا (سکہ کو) ۔(۲) (عبارت کو) اس طرح بگاڑنا کہ پڑھی نہ جائے ۔

Defaced coins : (n) مسخ شدہ سکے ؛ بگاڑا ہوا سکہ ؛ گھسا ہوا سکہ ۔

Defacement : (n) شکل بگاڑنا ؛ مٹانا ۔

Defacer : (n) شکل بگاڑنے والا ؛ مٹانے والا ۔

Defacto government : (n) واقعی حکومت ۔

Defaecate : (v) (۱) تلچھٹ دور کرنا؛ نتھارنا؛ میل کا کاٹنا؛ پاک کرنا ؛ خالص کرنا ۔(۲) (میل، گناہ وغیرہ سے) پاک ہو جانا؛ دامن پاک کرنا ۔(۳) پاخانہ رفع حاجت کرنا ۔

Defaecation : (n) صفائی ؛ نتھار ؛ تزکیہ ؛ رفع حاجت ؛ (کیمیا) ابراز ۔

Defalcate : (v) [med.L."defalcare".] غبن کرنا ؛ خیانت کرنا ؛ خرد برد کرنا ۔

Defalcation : (n) (۱) کوتاہی ؛ تقصیر ؛ قصور ۔(۲) غبن ؛ تغلب ؛ خیانت ؛ خرد برد ۔(۳) (جمع میں) غبن کرنے والا ؛ غبن شدہ رقم ۔

Defalcator : (n) خائن ؛ غبن کرنے والا ؛ خیانت کرنے والا ۔

Defamation : (n) [OF."diffamation".] بدنامی ؛ رسوائی ؛ ہتک عزتی ؛ بد گوئی ؛ ازالہ حیثیت عرفی ۔

Defamatory : (a) ہتک آمیز ؛ بدنام کن ؛ مزیل حیثیت عرفی ۔

Defame : (v) [OF."diffamer".] بدنام یا رسوا کرنا ؛ ہتک عزت کرنا ؛ بد گوئی کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ ازالہ حیثیت عرفی کرنا ۔

Defamer : (n) بدنام کرنے والا ؛ ہتک عزتی کرنے والا ؛ تہمت لگانے والا ۔

Defang : (v) (سانپ کے) زہر کے دانت نکالنا ۔

Default : (n) [OF."defaute".] (۱) عدم موجودگی ۔(۲) عدم پیروی ؛ عدم تعمیلی ؛ غفلت ؛ کوتاہی ؛ قصور ؛ خطا ۔(۳) عدم ادائی ؛ باقی داری ۔

In default of : نہ ہونے کی صورت میں یا وجہ سے؛ بوجہ یا بصورت ۔

To be in default : فرض ادا نہ کرنا ۔

Default : (v) (۱) کوتاہی کرنا ؛ غفلت کرنا ۔(۲) پیروی نہ کرنا ؛ حاضر عدالت نہ ہونا ۔(۳) ادا نہ کرنا ؛ باقی دار ہونا ؛ پابندی نہ کرنا ۔ (٤) عدم پیروی میں (مقدمہ) خارج کرنا ۔ (٥) مقابلہ میں حصہ نہ لینا ؛ مقابلہ سے روک دینا ۔

Default of payment : عدم ادائی ۔

Default of security : عدم ادائی ضمانت ۔

Defaulter : (n) (۱) غیر حاضر ؛ قصور وار ؛ باقی دار ۔ (۲) عہد شکن ؛ وعدہ خلاف ؛ نا دہند ۔ (۳) دیوالیہ ۔(٤) فوجی جرم کا مرتکب ۔ (٥) خائن ۔

Defeasance : (n) [OF."defesance".] منسوخی ؛ کالعدم کرنا ؛ ابطال ؛ بطلان ۔

Defeasanced : (a) قابل تنسیخ ہونا ۔

Defeasibility : (n) قابل تنسیخ ہونا ؛ صلاحیت ضبطی یا منسوخی ۔

Defeasible : (a) [AFr."defeasible".] قابل تنسیخ ؛ قابل ضبطی ۔

Defeasibleness : (n) دیکھو Defeasibility

Inelastic demand : (معاشیات) بے لوچ مانگ ؛ غیر لچك دار طلب۔

Joint demand : (معاشیات) مشترك مانگ ؛ طلب مشترك۔

Law of demand : (معاشیات) قانون طلب یا مطالبہ۔

Marginal demand : (معاشیات) طلب مختتم ؛ مختتم مانگ۔

Normal demand : (معاشیات) معمولی مانگ ؛ عام مانگ۔

On demand : عند الطلب ؛ درشنی۔

Potential demand : (معاشیات) امکانی مانگ۔

Reciprocal demand : (معاشیات) متقابلی / باہمی طلب۔

Supply and demand : بہم رسانی اور مانگ۔

Total demand : (معاشیات) مجموعی طلب۔

Demand : (v) [F."demander".] (۱) مطالبہ کرنا ؛ تقاضا کرنا۔ (۲) چاہنا ؛ ضرورت رکھنا ؛ مقتضی ہونا ؛ تقاضا ہونا۔(۳) دریافت کرنا ؛ سوال کرنا؛ بہ اسرار پوچھنا۔(٤) (قانون) دعوا کرنا۔ (٥) (عدالت میں) طلب کرنا۔

Demand bill : (n) عند الطلب ڈرافٹ ؛ درشنی ہنڈی۔

Demand charge : (n) برقی قوت کی مانگ (جو بل کا ایك حصہ ہوتی ہے)۔

Demand curve : (n) خط طلب ؛ انحنائے طلب۔

Demand draft : (n) دیکھو Demand bill

Demand deposit : (n) طلبی امانت۔

Demand loan : (n) عند الطلب قرضہ۔

Demand note : (n) عند الطلب نوٹ۔

Demand notice : (n) (معاشیات) مطالبہ نامہ۔

Demand price : (n) (معاشیات) قیمت طلبی ؛ طلبی قیمت۔

Demand schedule : (n) (معاشیات) جدول طلب ؛ فہرست مانگ۔

Demand system : (n) اکسیجن دینے کا طلبی نظام (ہوا بازوں کا)۔

Demandable (a) قابل مطالبہ ؛ قابل تقاضا۔

Demandant : (n) (۱) مطالبہ کنندہ ؛ تقاضا کرنےوالا۔ (۲) (قانون) مدعی۔

Demandative (a) بطور دعویٰ ؛ دعویٰ کیا ہوا۔

Demanding : (n) شدت سے تقاضا کرنے والا۔

Demanding market : (n) (تجارت) زائد مانگ بازار ۔

Demanganize : (v) مینگنیز کا ازالہ کرنا ۔

Demansia : (n) [L.] سانپ کی ایک نوع ۔

Demantoid : (n) (معدنیات) یاقوت سبز ۔

Demarcate : (v) [See next] (۱) حدبندی کرنا ؛ حد مقرر کرنا ۔ (۲) تعریف کرنا ؛ امتیاز کرنا ؛ تفریق کرنا ۔

Demarcation (Also demarkation) [Sp."demarcacion".] (۱) حد بندی ؛ تعین حدود ۔ (۲) تفریق ؛ امتیاز ۔

Line of demarcation : (تاریخ) خط حد بندی ۔

Demarcation of jurisdiction : تعین حدود اختیارات ۔

Demarcation of land : اراضی بندی ۔

Demarcation of powers : اختیارات کی حد بندی ؛ تعین اختیارات ۔

Demarcation potential : (n) تحدیدی قوت ۔

Demarcative : (a) تحدیدی ۔

Demarcative function : (n) تحدیدی تفاعلی ۔

Demarcator : (n) حد بندی کرنے والا ۔

Demarch : (n) [Gr."demos+archos".] (۱) (قدیم یونان) مجسٹریٹ اعلیٰ ؛ ثیمارک ۔ (۲) (جدید یونان) میئر ۔

Demarche/ Demarch : (n) [F."demarcher".] (۱) (سیاسیات) سیاسی اقدامات ؛ سیاسی عمل ؛ روش ۔ (۲) قدم ۔

Demarchy : (n) ثیمارک کا عہدہ ؛ شہرداری (یونان جدید) ؛ عوامی حکومت ۔

Demaree: (v)[f .George W. Demaree, an American beekeeper.] ملکہ مکھی کو بٹا دینا تاکہ شہد کی مکھیاں چھتّا نہ بنا سکیں ۔

Demargarinate : (v) جلد پگھلنے والے مادے کو روغن سے الگ کرنا ۔

Demark : (v) Demarcate دیکھو

Demast : (v) بادبان اتار لینا ۔

Dematerialize : (v) (۱) غیر مادی بنانا ۔ (۲) غیر مادی ہو جانا ؛ غائب ہو جانا ۔

Deme : (n) [Gr."demos".] (۱) (قدیم یونانی تاریخ) اٹیکا کا قصبہ ؛ (جدید یونان) بلدیہ ۔ (۲) (حیاتیات) خلیوں وغیرہ کا غیر ممیز مجموعہ ۔

Demean : (n) [OF."demener".] سلوک کرنا ؛ پیش آنا ؛ برتاؤ کرنا ۔

Demear : (v) [De+mean.] کسر شان کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ حقیر کرنا ۔

Demeanour/Demeanor : (n) برتاؤ ؛ سلوک ؛ طور طریق ؛ ڈھنگ ؛ وضع ؛ روش ۔

Demegoric : (a) ['Gr."demegorikos".] خطاب عام سے متعلق ۔

Demele : (n) [F.] مناظرہ ؛ تنازعہ ؛ جھگڑا ۔

Demembration : (n) [med.L."demembrationem".] کسی عضو کو کاٹنا ؛ قطع اعضاء ۔

Demember : (a) [Fr.] (۱) عضو عضو الگ کرنا ؛ بند بند جدا کرنا ۔ (۲) تقسیم کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ بانٹنا ۔

Dement : (n) [F."dement".] عتابت زدہ (شخص) ؛ فاتر العقل (شخص) ۔

Dement : (v) [OF."dementer".] دیوانہ کرنا ؛ پاگل بنانا ؛ مجنوں بنا دینا ۔

Dementate : (v) Dement دیکھو

Dementation : (n) پاگل بنانا ؛ دیوانگی ۔

Demented : (a) دیوانہ ؛ فاتر العقل ؛ پاگل ۔

Dementedness: (n) دیوانگی ؛ فاتر العقلی ۔

Dementi : (n) [F."demanti".] تردید سرکاری ؛ (افواہ وغیرہ کی) باضابطہ تردید ۔

Dementia : (n) [L."dement-".] (۱) (طب) جنون کی ایک قسم ؛ ضعف عقل ؛ خلل دماغ ؛ عتابت ۔ (۲) شیفتگی ۔

Acute dementia : (طب) عتابت حاد ۔

Chronic dementia : (طب) عتابت مزمن ۔

Senile dementia : (طب) عتابت پیری ۔

Toxic dementia : (طب) عتابت سمتی ۔

Dementia paralytica : (n) عام فالج ۔

Dementia praecox /Dementia precox : (n) عتابت متبادرہ ۔

Demential : (a) جنون سے متعلق ؛ دیوانہ وار ۔

Demerara : (n) ٹیمیرارا کی بھوری شکر ۔

Demerit : (n) [F."demerite".] (۱) خرابی ؛عیب ؛ نقص؛ خامی ۔
(۲) قصور واری کا نمبر ؛ تقصیر کا نمبر ۔
(۳) (ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق) برا کرم یا بدعملی ۔

Demeritorious : (a) نالائق ؛ نا اہل ؛ نا سزا ؛ ناقص ۔

Demerits : (n) (شمار) خامیاں ۔

Demersal : (a) (حیوانیات) زیر آب باش ؛ تہ باش ۔

Demersal egg : (n) ڈوبن انڈے ۔

Demersal organism : (n) ڈوبن عضویہ ۔

Demesmerize : (v) ازالہ تنویم کرنا ۔

Demesne : (n) [OF."demesne".] (۱) (قانون) قبض و دخل ؛ قبضہ مالکانہ ۔(۲) مقبوضہ جائداد ؛ املاک ؛ ملک ۔(۳) ملک محروصہ قلم رو ۔
(٤) جائداد ؛ اراضی ۔(٥) علاقہ ؛ حلقہ ۔

Ancient demesne : قدیم شاہی آراضی ۔

In his demesne as of fee : بطور موروثی آراضی ۔

Royal demesne : شاہی آراضی ؛ صرف خالص ۔

State demesne : سرکاری آراضی ؛ خالصہ ۔

To hold in demesne : بطور لاخراج جائداد کے اپنے قبضہ میں رکھنا ۔

Demesne : (a) قلم رو یا املاک سے متعلق ۔

Demesnial : (a) دیکھو Demesne

Demi : (prefix) سابقہ بہ معنی "آدھا" "نیم" "نصف" "ناقص" "ناتمام" "ادھورا" ۔

Demi-ame : (n) نصف پیمہ ؛ نصف آم (Aam) ۔

Demi-chamfron : (n) (گھوڑے کی) نیم زرہ سر ۔

Demi-cuirass : (n) نیم زرہ ۔

Demi-equitant : (۱) معکوس پیچاں ؛ اندر کی طرف مڑا ہوا یا لپٹا ہوا ۔(۲) (نباتیات) جس کے پتوں کے کنارے ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں ۔

Demi-lance : (n) [F."demielance".] (۱)نیم نیزہ ۔(۲) نیم نیزہ سے لیس گھوڑ سوار ۔

Demi-lancer : (n) نیم نیزہ سے لیس گھوڑ سوار ۔

Demi-mentonniere : (n) خود کا بایاں حصہ ۔

Demi-metamorphosis : (n) نیم قلب ماہیت ۔

Demi-mondaine : (n) مشتبہ چال چلن کی عورت : داشتہ ۔

Demi-monde : (n) [Fr.] (۱) مشتبہ چال چلن کی عورتوں کا طبقہ ۔(۲) مشتبہ چال چلن کےلوگوں کا طبقہ ؛ وہ جگہ جہاں ایسے لوگ رہتے ہیں ۔

Demi-octagonal : (a) نیم ہشت کونیہ ۔

Demi-official : (a) نیم سرکاری (مراسلہ) ۔

Demi-parallel : (n) مختصر یا چھوٹی خندقیں ۔

Demi-pauldron : (n) شانے کی چھوٹی زرہ ۔

Demi-pike : (n) دیکھو Half-pike

Demi-pique : (a) نیم چھجے والی ۔

Demi-pique : (n) نیم چھجے والی زین ۔

Demi-placard/Demi-placate : دیکھو Demi-cuirasss

Demi-rep : (n) [Demi+"rep"for"reputation".] مشتبہ چال چلن کی عورت ۔

Demi-revetment : (n) نیم پشتہ دیوار ۔

Demi-sang : [Fr.] دغلا ۔

Demi-season : (a) [F."Demisaison".] لباس دو فصلہ ۔ درمیانی لباس ۔

Demi-semi : (a) چوتھائی ۔

Demi-semiquaver : (n) (موسیقی) تین آنکڑوں والی علامت ؛ آدھے Semi-quaver کے برابر ۔

Demi-semitone : (n) چوتھائی سُر

Demi-sheath : (n) (حیوانیات) نیم پوشش ۔

Demi-suit : (n) ہلکی زرہ بکتر ۔

Demi-toilet : (n) نیم لباس شام (یا شب) ۔

Demi-tone : (n) دیکھو Semitone

Demi-vambrace : (n) ساتھ کی زرہ ۔

Demi-volte : (n) گھوڑے کی ایک قسم کی مصنوعی چال ۔

Demi-wolf : (n) (حیوانیات) گرسک ۔

Demibastion : (n) نیم برج ۔

Demibath : (n) نیم غسل ۔

Demibrassard/Demigardebras : (n) بازو کا نیم بلا ۔

Demibrigade :(n) پہلی جمہوریہ فرانس کا پیادہ فوج اور توپ خانہ کا دستہ ۔

Demicaponier : (n) خندق کے اوپر کی ایک ساخت ۔

Demicells : (n) ہلالی خلایہ ۔

Demicircle : (n) نیم دائرہ ۔

Demidistance : (n) بیرونی زاویے اور پہلو کا درمیانی فاصلہ۔

Demifacet : (n) (حیوانیات) نیم زخچہ ۔

Demifarthing : (n) سری لنکا کا ایک تانبے کا سکہ جس کی قیمت نصف فاردنگ کے برابر ہوتی ہے ۔

Demigod : (n) (۱) نیم دیوتا ؛ اوتار ۔(۲) دیوتا کے اوصاف رکھنے والا ۔

Demigorge : (n) نیم گھاٹی (برج کی) ۔

Demijambe : (n) پاؤں کے اگلے حصہ کی زرہ ۔

Demijohn : (n) بڑی بوتل جس کی گردن پتلی ہوتی ہے ۔

Demilune : (n) [F."demie lune".] (۱) نیم قمر ؛ ہلال ۔ (۲) (حیوانیات) ہلالی ۔(۳) (فوج) حلالی دیوار ۔

Demilitarization : (n) فوجی انخلاء ۔

Demineralization : (n) جسم کے معدنی مواد کو کھو دینا ۔

Demineralize : (v) (پانی سے) معدنی عناصر کو الگ کرنا ۔

Demirepdom : (n) مشتبہ چال چلن کی عورتوں کا طبقہ ۔

Demise : (n) [Anglo-Fr."demise".] (۱) (قانون) انتقال جائداد؛ ہبہ ۔(۲) انتقال سلطنت ۔(۳) موت ؛ وفات ؛ انتقال ؛ رحلت ۔

Demise of the crown : انتقال تاج شاہی ۔

Demise : (v) (۱) (جائدادکو) پٹے یا وصیت کے ذریعہ منتقل کرنا ۔(۲) سلطنت یا خطاب کو منتقل کرنا ۔ (۳) سلطنت سے دست بردار ہونا ۔

Demiss : (a) [L."demissus".] (نباتیات) چپٹا ؛ خمیدہ ۔

Demissness : (n) خمیدگی ؛ چپٹا پن ۔

Demission (n) [F."demission".] دست برداری ؛ استعفا ۔

Demit : (v) [L."demittere".] نیچے کرنا ؛ نیچے بھیجنا ۔

Demoit : (v) [F."demittere".] استعفا دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ چھوڑدینا ۔

Demiurge : (n) [Gr."demiurgos".] (۱) صانع ؛ جہان آفریں ۔ (۲) ابرمن ۔(۳) یونان کے بعض صوبوں کے مجسٹریٹ ۔

Demiurgic : (a) تخلیقی ۔

Demob : (v) Demobilize کا مخفف ۔

Demobilization : (n) فوجی خدمت سے سبکدوشی ؛ لام برداری ؛ لام شکنی ۔

Demobilize : (v) فوج کو خدمت سے سبکدوش کرنا ؛ لام شکنی کرنا ۔

Democracy : (n) [F."democratic".] (۱) جمہوری سلطنت ؛ جمہوریت ۔ (۲) عوام ؛ جمہور (جو سیاسی حقوق سے محروم ہوں) ۔(۳) (امریکی سیاسی) ڈیموکریٹک پارٹی کےاصول اور اراکین ۔ (٤)صنعتی جمہوریت ۔

Basic democracy : بنیادی جمہوریت ۔

Controlled democracy : (تاریخ وسیاست) محدود جمہوریت۔

Industrial democracy : بالواسطہ جمہوریت ۔

Democrat : (n) [F."democrate".] (۱) جمہوریت کا حامی ؛ جمہوریت پسند ۔(۲) (امریکا) ڈیموکریٹک پارٹی کا رکن ۔ (۳) ایک ہلکی چار پہیوں والی گاڑی ۔

Democratic : (a) (۱) جمہوری ؛ جمہوریت پسندانہ ۔ (۲) (امریکا) ڈیموکریٹک پارٹی ؛ ڈیموکریٹک پارٹی سے متعلق ۔

Democratic ethics : (n) جمہوری اخلاقیات ۔

Democratic party : (n) حزب جمہوری ۔

Democratic planning : (n) (سماجیات) جمہوری منصوبہ بندی۔

Democratic system : (n) نظام جمہوری ۔

Democratical : (a) جمہوری ؛ جمہوری پسندانہ ۔

Democratically : (n) جمہوری طریقے پر ؛ جمہوریت پسندانہ ۔

Democratism : (n) اصول جمہوریت ؛ نظام جمہوریت ۔

Democratization : (n) جمہوری بنانا ۔

Democratize : (v) جمہوری بننا یا بنانا ۔

Democritean : (a) [L."Democriteus"+-an.] یونانی فلسفی ڈیموکریٹس (Democritus) کے فلسفہ سے متعلق ۔

Democritic : (a) دیکھو Democritean

Demode : (a) [Fr.] دیکھو Demoded

Demoded : (a) [F."demode"+-ED.] پرانی وضع کا؛ پرانے طور کا ؛ رواج باہر ؛ خلاف فیشن ۔

Demodes : (n) [Gr."demos+dex".] (حیوانیات) شحم دودہ ۔

Demodex equi : (n) شحم دودہ فرسی ۔

Demodulation : (n) (ریڈیو) ازالہ زیرو بم۔

Demodulator : (n) زیرو بم ربا ۔

Demogorgon : (n) [of.uncertain origin.] (یونانی دیو مالا میں) جہنم کا ایک ہیبت ناک دیوتا ۔

Demographer : (n) مردم نگار ۔

Demographic : (a) مردم نگاری سے متعلق ۔

Demographic study : (n) پیدائش و موت کے اعدادو شمار کا مطالعہ ۔

Demography : (n) [Gr."demos+graphia".] مردم نگاری ؛ پیدائش و موت وغیرہ کے اعداد وشمار ۔

Demoid : (a) [Gr."demoides".] کثیر ؛ فراواں ؛ عمومی ۔

Demoiselle : (n) [mod. F.] (۱) دوشیزہ ؛ لڑکی ۔(۲) سارس افریقہ ۔(۳) سلجا تک ؛ کابلی مکھی ۔

Demolish : (v) [F."demoliss".] (۱) منہدم کرنا ؛ ڈھانا ؛ مسمار کرنا؛ توڑنا ؛ گرانا ؛ برباد کرنا ؛ تلف کرنا ؛ ملیامیٹ کر دینا ۔ (۲) الٹ دینا ؛ زیرو زبر کر دینا؛ توڑ دینا ؛ پامال کرنا؛ غلط ثابت کرنا؛ دھجیاں اڑادینا۔ (۳) چاٹ جانا؛ کھا جانا ۔

Demolishable : (a) قابل انہدام ؛ ڈھانے کے لائق ۔

Demolisher : (n) منہدم کرنے والا ؛ ڈھانے والا ۔

Demolition : (n) انہدام ؛ مسماری ؛ بربادی ؛ تخریب ۔

Demolition bomb : (n) انہدامی بم۔

Demolitionist : (n) انہدام پسند ؛ تخریب پسند ۔

Demology : (n) علم آبادی ؛ جمہوریات ۔

Demon /Damon : (n) [med.L."daemon".] دیکھو Daemon

She-damon : (اسا طیر) بھتنی ۔

Demoness : (n) (اساطیر) بھتنی ۔

Demonetization : (n) [f. next.] (۱) سکہ کی قیمت کم کرنا ۔ (۲) غیر رائج کرنا (سکہ کو) ۔

Demonetize : (v) [F."demonetiser".] (۱) سکہ کی قیمت کم کرنا ۔(۲) سکو ں کو غیر رائج کرنا ۔(۳) (دھات) رواج زرکی حیثیت سے بند کردینا ۔

Demoniac : (a) late L."demoniacus".] (۱) آسیب زدہ ؛ بھوت پریت کا ستایا ہوا ۔(۲) آسیب زدگی کا ؛ آسیب کے متعلق ۔(۳) شیطانی ؛ ابلیسی ؛ ابلیسانہ ۔ (٤) بلا کا چست و چالاک ۔

Demoniac : (n) مجنون ؛ آسیب زدہ شخص ۔

Demoniacal : (a) دیکھو Demoniac

Demonian : (a) ابلیسی ؛ شیطانی ۔

Demonic / Demonical : (a) [L."demonicus".] (۱) ابلیسی ؛ شیطانی ۔(۲) بلا کا چست وچالاک ۔

Demonifuge : (n) [L."daemon"+fuge.] بھوت بھگانےکا منتر یا تعویذ ۔

Demonism : (n) ارواح خبیثہ کا عقیدہ ؛ عفریت یا دیو پرستی ۔

Demonist : (n) عفریت پرست ؛ ارواح خبیثہ کا معتقد ۔

Demonization : (n) [f."next".] آسیب یا جن بنادینا ؛ بھوت بنادینا ۔

Demonize : (v) [L."daemonizare".] جن یا آسیب بنا دینا ؛ بھوت بنا دینا ۔

Demono -: [Gr."daemono".] ترکیبی جز بمعنی عفریتی ۔

Demonocracy : (n) عفریتوں کی حکومت ۔

Demonographer : (n) عفریت نگار ۔

Demonography : (n) عفریت نگاری ۔

Demonolater : (n) عفریت پسند ۔

Demonolatry : (n) عفریت پرستی ؛ ارواح خبیثہ کی پرستش ۔

Demonologer/Demonologist : (n) عفریت شناس ۔

Demonologic /Demonological : (a) عفریت شناسی سے متعلق ۔

Demonology : (n) [Gr."daemon+logia".] عفریت شناسی ؛ علم ارواح خبیثہ ؛ آسیبیات ۔

Demonomania : (n) آسیبی ؛ جنون ؛ خباط ۔

Demonopathy : (n) آسیبی ؛ جنون ؛ خباط ۔

Demonophobia : (n) (نفسیات) آسیب ترسی ۔

Demonopolize : (v) اجارہ کا ازالہ کرنا ؛ اجارہ سے ہٹا لینا ۔

Demonry : (n) آسیبی عمل ۔

Demonstrability : (n) صلاحیت اثبات ؛ استدلال پذیر ی ؛ مشاہدہ پذیری ۔

Demonstrable : (a) قابل اثبات ؛ استدلال پذیر ؛ جو دکھایا جا سکے ؛ مشاہدہ پذیر ۔

Demonstrableness: (n) دیکھو Demonstrability

Demonstrably : (adv.) اثباتاً ؛ استدلال پذیری سے ۔

Demonstrant : (n) مظا ہرہ کرنے والا ۔

Demonstrate : (v) [L. "demonstrare".] (۱) (جذبات وغیرہ) اظہار کرنا ۔(۲) تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ بیان کرنا ؛ بتلانا ؛ مثال سے سمجھانا ۔ (۳) ثابت کرنا ؛ دلیل یابرہان سےثابت کرنا ۔ (٤) کسی چیز کے وجود کی دلیل ہونا یا شہادت دینا۔(٥) فوجی مظاہرہ کرنا۔(٦) (جلسہء عام کے ذریعہ سے) کسی مظاہرہ میں شریک ہونا ؛ مظاہرہ کرنا ۔

Demonstration : (n) (۱) اظہار(جذبات وغیرہ کا) ۔(۲) اثبات؛ استد لال ۔ (۳) ثبوت ؛ دلیل ؛ برہان ۔(٤) تعلیم بذریعہ مثال وتجربہ ۔ (٥) فوجی مظاہرہ ؛ نمائشی افواج ۔ (٦) مظاہرہ ؛ جلسہ عام میں اظہار رائے ۔ (۷) (تشریح) تشریح ؛ توضیح ۔ (۸) (قانون) ظہور بنائے دعوا ۔(۹) نمائش (کسی بکنے والی چیز کی) ۔

Demonstration farm : (a) (زراعت) نمائشی فارم ۔

Demonstration method : (n) (تحلیل نفسی) مظاہری طریقہ ۔

Demonstrational : (a) مظاہرہ سے متعلق ؛ اثباتی ؛ استدلالی ؛ برہانی ۔

Demonstrationist : (n) مظاہرہ کرنے والا ۔

Demonstrative : (a) (۱) اشارہ کرنے والا ۔(۲) مظہر ؛ ظاہر کرنے والا ۔(۳) اثبات کنندہ ؛ مثبت ؛ اثباتی ؛ ایضاحی ۔(٤) مدلل ؛ مبرہن ؛ قطعی ؛ ثبوت

سے متعلق ۔(۵) جو جذبات کا اظہار زیادہ کرتا ہو ؛ اظہار پسند ۔

Demonstrative : (n) (قانون) اسم اشارہ ۔

Demonstratively : (adv.) مدلل طریقہ سے ؛ قطعاً ؛ بطور مظاہرہ ۔

Demonstrativeness : (n) اثبات ؛ قطعیت ؛ اظہار پسندی ۔

Demonstrator : (n) (۱) ظاہر کرنے والا ؛ ثبوت دینے والا ۔ (۲) مثال اور تجربہ کے ذریعہ تعلیم دینے والا ؛ سائنس کا نائب پروفیسر ؛ معلم عملی ۔ (۳) مظاہروں میں شرکت کرنے والا ؛ مظاہر ۔ (٤) نمائش کرنے والا (چیزوں کی) ۔

Demonstratory : (a) مظاہر ؛ نمائشی ۔

Demoralization : (n) مخرب اخلاق ؛ (فوج کے) نظم کی ابتری ؛ بد دلی (فوج) ؛ پست حوصلگی ؛ پست اخلاقی ؛ (سماجیات) کج خلقی ۔

Demoralize : (v) (۱) بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا ۔ (۲) (فوج) نظم بگاڑنا ؛ بددل کرنا ؛ ہمت پست کرنا ۔ (٤) سراسیمہ کرنا ؛ پراگندہ کرنا ۔

Demoralized : (a) (فلسفہ) پست حوصلہ ؛ پست ہمت ۔

Demos /Demus : (n) [Gr."demos".] جمہور ؛ عوام ؛ جرگہ ؛ خلقت ۔

Demosthenean/Demosthenian : (a) (۱) یونانی خطیب (Demosthenes) کی طرح ۔(۲) فصیح ؛ دھواں دھار ؛ ملامت آمیز (تقریر) ۔

Demosthenic : (a) [Gr."Demothenikos".] Demosthenean دیکھو

Demot : (n) [Gr."demotes".] یونانی بلدیہ کا رکن ۔

Demote : (v) (۱) نیچے لانا ؛ رتبہ گھٹانا ۔(۲) تنزل کرنا ۔

Demotic : (a) [Gr."demotikos".] (۱) عوام کے متعلق ؛ عام ؛ عام پسند ؛ عامیانہ ۔(۲) (آثار قدیمہ) عام یا سادہ (قدیم مصری تحریر) ۔

Demulcent : (a) [L."demulcentem".] (۱) تسکین بخش ؛ مسکن ؛ مُزلق ؛ ملائم ۔

Demulcent : (n) مسکن (دوا) ؛ مرہم ۔

Demulcification : (n) (کیمیا) رقیق کا غیر بکھراؤ ؛ شیرہ تبدیل ہونا ۔

Demur : (n) [F."demeure".] اعتراض ؛ شک و شبہ ؛ پس و پیش ۔

Demur : (v) (۱) مشکلات پیدا کرنا ؛ اخلاقی شبہات پیش کرنا ؛ اعتراض کرنا ۔(۲) (قانون) کسی واقعہ کےغیر متعلق ہونے کا اعتراض اٹھانا ۔

Demure : (a) [OF."meur".] (۱) سنجیدا ؛ متین ؛ مطمئن ؛ باوقار ۔(۲) جزبز ؛ کبیدہ خاطر ۔(۳) بناوٹی شرم والا ؛ محجوب ۔

Demurely : (adv.) سنجیدگی سے؛ متانت سے؛ کبیدہ خاطری سے ؛ بناوٹی شرم سے ۔

Demureness: (n) سنجیدگی ؛ متانت ؛ کبیدہ خاطری ؛ بناوٹی شرم ۔

Demurrable : (a) قابل گرفت ؛ قابل اعتراض (قانوناً) ۔

Demurrage : (n) [OF."demorage".] (۱) (جہاز) دیر میں مال لادنے یا اتارنے کا حرجہ یا خسارہ ؛ دیرانہ ؛ حرجہ ؛ ڈیمرج ۔ (۲) (ریلوے) رکے ہونے مال پر محصول ؛ حرجہ ۔(۳) (بینک انگلستان) وہ کمیشن جو سونے کےبدلے روپے یا نوٹ لینے والے کو دینا پڑتا ہے ۔

Demurrant : (n) [OF."demourant".] معترض ؛ واقعہ کے غیر متعلق ہونے کا اعتراض کرنے والا ۔

Demurrer : (n) [Anglo-Fr.] (۱) (قانون) واقعہ کے غیر متعلق ہونے پر اعتراض ۔(۲) اعتراض ۔

Demy : (n) [ME."demi".] (۱) کاغذ کی ایک تقطیع جو ۲۲ × ۱۸ انچ سائز کی ہوتی ہے ۔ (۲) میگڈالن کالم ؛ آکسفورڈ کا وظیفہ خوار طالب علم ۔

Demyship : (n) میگڈالن کالج (Magdalan College) آکسفورڈ کا وظیفہ ۔

Demythologize : (v) (اساطیری تحریرکی) اساطیریت کا ازالہ کرنا ۔

Den : (n) [OE."denn".] (۱) ماند ؛ بھٹ ؛ جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ ۔(۲) اڈہ (چوروں کا) ۔(۳) چھوٹی خراب کوٹھری جو رہنے کےقابل نہ ہو ۔(٤) کمرہ

جہاں تنہائی میں بیٹھ کر کام کیا جا سکے ؛ خلوت خانہ ۔ (۵) وادی جس میں گھنے سایہ دار درخت ہوں ۔

Den : (v) (۱) بھٹ میں رہنا ؛ بھٹ میں چھپ جانا ۔ (۲) جانوروں کو اس کے بھٹ تک رگیدنا ۔

Denar/Denare : (n) [Anglo-F."dener".] (۱) قدیم رومی دینار ۔ (۲) دینار ۔

Denarcotize : (v) منشیات کے اثر کو دور کرنا ۔

Denarius : (n) [L."d.numus".] (۱) قدیم رومی دینار (نقرئی سکہ) ۔ (۲) ایک طلائی سکہ ۔ (۳) پینی (penny) (نقرئی) کے برابر وزن ۔

Denary : (n) [L.'Denarius".] دس کا ؛ دہائی کا ؛ عشری ؛ اعشاریہ ۔

Denazalize : (v) غنہ دور کرنا ۔

Denationalization : (n)[F."denationaliser".] قومیت سے اخراج ؛ قومی خصوصیات کھودینا ؛ قوم نکالا ؛ جلا قومی ؛ (سیاسیات) قلب قوم ؛ تبدیل قوم ۔

Denationalize : (v) (۱) (کسی ملک کی) حیثیت یا خصوصیات زائل کرنا ۔(۲) (کسی فرد کی) قومیت سے خارج کرنا ؛ قومی خصوصیات زائل کر دینا ۔(۳) (کسی ادارے کو) قوم کی ملکیت نہ رہنے دینا ۔

Denaturalization : (n) قلب ماہیت ؛ غیر فطری بن جانا ؛ شہریت کے حقوق سے محرومی ۔

Denaturalize : (v) (۱) قلب ماہیت کرنا ؛ فطرت تبدیل کرنا ؛ غیر فطری بنا دینا ۔ (۲) کسی دولت (ملک) کی رکنیت یا شہریت سے محروم کر دینا ۔

Denaturant : (n) (کیمیا) وہ چیز جس کے ذریعہ سے اشیاء کی خاصیت بدل جائے ؛ مسخ کنندہ ؛ بے عمل ساز ۔

Denaturation : (n) مسخ ؛ قلب ماہیت ۔

Denature : (v) [F."denaturer".] قلب ماہیت کرنا ؛ خاصیت تبدیل کرنا ؛ فطرت تبدیل کر دینا ۔

Denatured : (a) مقلوب ؛ مسخ شدہ ۔

Denatured alcohol : (n) مسخ کردہ الکوحل ۔

Denatured spirit : (n) ناقابل استعمال اسپرٹ ۔

Dendrachate : (n) (معدنیات) شجری عقیق ۔

Dendric : (a) (نباتیات) شجری ؛ شجر دار ؛ (حیوانیات) شجریہ دار ۔

Dendriform : (a) [Gr."dendron"+-FORM.] درخت پیکر ؛ درخت نما ؛ شجر شکلا ۔

Dendrite : (n) [F."dendrite".] شجری پتھر ؛ شجری قلم ؛ (حیوانیات) شجرینہ ۔

Dendritic/Dendritical : (a) (حیوانیات) شجرینی ؛ (نباتیات) کثیر شاخہ ؛ شجری پتھر سے مشابہ ؛ شجر نما ؛ شجر آسا ۔

Dendritic drainage : (n) (جغرافیہ) شجرنما نکاس ۔

Dendritic markings : (n) شجر نما نشانات یا چھاپ ۔

Dendro - : [Gr."dendron".] ترکیبی جز بمعنی" شجری "؛ " اشجار سے متعلق "۔

Dendrobates : (n) [Gr."dendrobatein".] چھوٹے، بے دانت اور شوخ رنگ کے مینڈکوں کی ایک نوع ؛ ٹنڈرو بینس ۔

Dendrobe : (n) [L."dendrobium".] ثعلبیہ کی ایک قسم ۔

Dendrocalamus : (n) جنس بانس ۔

Dendrochronology : (n) واقعات ، وقفوں اور ماحول میں تبدیلی کو درختوں اور لکڑیوں کی نمو سے دریافت کرنےکا علم ۔

Dendrocoel / -coele : (a) (۱) شجری آنتوں والا ۔ (۲) شجری آنتوں والا (کیڑا) ۔

Dendrocoelan/Dendrocoelous : (a) دیکھو Dendrocoel

Dendrocolaptine : (a) [Gr."kolaptin".] خزندہ درخت (پرندوں کی ایک جنس) جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

Dendrodentine : (n) شجری عاج دندان کی شکل جو مرکب دانتوں میں پائی جاتی ہے ۔

Dendrodic /Dendroid /Dendroidal : (a) شجر نما؛ کثیر ساقہ ؛ درخت سا ۔

Dendrodont : (a) شجری عاج دندان والا ۔

Dendrodont : (n) شجری عاج دندان والی مچھلی ۔

Dendrogaean : (a) شجر خیز خطہ والا ۔

Dendrogram : (n) شجر نما نقشہ ۔

Dendrograph : (n) شجر نگار ۔

Dendrographic : (a) شجر نگاری سے متعلق ۔

Dendrography : (n) شجر نگاری ۔

Dendrolatery : (n) (دینیات) شجرپرستی ۔

Dendrolite : (n) متحجر شجر ؛ سنگ دار ۔

Dendrologic/Dendrological /Dendrologous : (a) شجریات سے متعلق ۔

Dendrologist : (n) شجریات داں ؛ ماہر شجریات ۔

Dendrology : (n) شجریات ؛ علم الاشجار ؛ درختوں کا علم ۔

Dendrometer : (n) شجر پیما ۔

Dendron/Dendra : دیکھو Dendrite

Dendrophagous : (a) شجر خور ؛ شجر خوار (کیڑے) ۔

Dendrophilous : (a) طفیلی ؛ شجر پسند ۔

Dendrophysis : (n) بعض سماروغ کے شاخ دار ریشے ۔

Dene : (n) شجردار وادی ۔

Dene : (n) (۱) ریت کا ٹیلا ۔(۲) سمندر کے کنارے کا ریگستانی قطعہ ۔

Dene-hole : (n) (آثار قدیمہ) کھڑیا مٹی کی زمین میں مصنوعی غار ۔

Denegation : (n) انکار ۔

Denervate : (v) عصب ربائی کرنا ۔

Denervation : (n) عصب ربائی ۔

Dengue /Dengue fever /Denga : (n) [Sp."dengue".] لال بخار ؛ لنگڑا بخار ؛ ڈینگو بخار ؛

Deniable : (a) قابل انکار ؛ قابل رد ؛ قابل تردید ۔

Denial : (n) (۱) انکار ؛ رد ؛ نا منظوری ۔ (۲) تکذیب ؛ نفی ۔(۳) (کسی کو اپنا) لیڈر وغیرہ تسلیم کرنے سے انکار کرنا ۔ (قانون) کسی دعوا یا الزام کی مخالفت ۔ (۵) رکاوٹ ۔(۶) نفس کشی ۔(۷) (برج کھیل) شریک کی بولی کو بڑھانے یا سہارا دینے سے انکار ۔

A denial of one's self : نفس کشی ۔

Denier : (n) [f. DENY.] منکر ؛ رد کرنے والا ؛ تردید کرنے والا ۔

Denier : (n) [OF."dener".] (۱) بہت قلیل رقم یا بہت چھوٹا سکہ ۔(۲) ریشم کے وزن اور باریکی کو تولنے کی اکائی ۔

Denier : (v) ریشم کی باریکی متعین کرنا ۔

Denigrate : (v) [L."denigrare".] (۱) کالا کرنا ؛ سیاہ کرنا ۔ (۲) بدنام کرنا ؛ رسوا کرنا ۔

Denigration : (n) بدنامی ؛ رسوائی ۔

Denigrator : (n) بدنام کنندہ ۔

Denim : (n) [F."serge de Nimes".] ایک قسم کا موٹا رنگین سوتی کپڑا ۔

Denitrate : (v) کسی چیز کی شوریت کو دور کرنا ؛ شوریت ربائی کرنا ۔

Denitrification : (n) شوریت سے پاک کرنا ۔

Denitrificator : (n) شوریت دور کرنے کا آلہ ۔

Denitrifier : (n) شورے دور کرنے کا عامل ۔

Denitrify / Denitrize : (v) نائٹروجن اور اس کے مرکبات سے پاک کرنا ۔

Denitrifying bacteria : (n) (نباتیات) نائٹروجن تعدیلی جراثیم ؛ (کیمیا) نائٹروجن بٹانے والے بیکٹیریا ۔

Denizen : (n) [AF."deinzein".] (۱) باشندہ ؛ ساکن ؛ رہنے والا ؛ قابض ۔ (۲) پردیسی جس کو حق سکونت اور بعض اور حقوق حاصل ہوں ۔ (۳) اجنبی لفظ یا جانور یا پودا جو ملکی بن گیا ہو ؛ دخیل ۔

Denizen : (v) اجنبی کو ملکی حقوق بخشنا ؛ دخیل بنانا ۔

Denizenship : (n) سکونت ؛ قبضہ ؛ ملکی بن جانا ؛ باشندگی ۔

Dennet : (n) [f.the surname"dennet".] ایک ہلکی کھلی ہوئی دو پہیوں والی گاڑی ۔

Denominable : (a) [L."denominare"+ -BLE.] قابل تسمیہ ۔

Denominant : (n) نسب نما ۔

Denominate : (v) [L."denominare".] نام رکھنا ؛ موسوم کرنا ؛ پکارنا ؛ ملقب کرنا ۔

Denomination : (n) [L."denominationem"] (۱) اسم ؛ لقب ؛ قومیت ؛ ذات ؛ تسمیہ ؛ نام گذاری ؛ عرفیت ۔ (۲) قسم (اعداد وغیرہ کی) ۔ (۳) نوع ؛ ذات ؛ طبقہ ۔ (٤) فرقہ ؛ مذہب ؛ گروہ ۔ (٥) (برج کھیل) بولی ۔

Denominational : (a) فرقہ وار ؛ فرقہ وارانہ ؛ فرقہ واری ۔

Denominational institution : (n) فرقہ وارانہ ادارہ ۔

Denominational schools : (n) فرقہ وارانہ مدارس ۔

Denominational value : (n) موسومہ قدر ؛ طبقہ واری قدر ۔

Denominationalist : (v) فرقہ وارانہ اصول کا پیرو ۔

Denominationalize : (v) (تعلیم وغیرہ کو) فرقہ واربنانا ؛ کسی خاص فرقے کے لئے مخصوص کرنا ۔

Denominationally : (adv) فرقہ وارانہ طور پر ۔

Denominative : (a) اسمی ؛ تسمیہ کا ۔

Denominative : (n) لفظ مشتق ۔

Denominator : (n) (ریاضیات) نسب نما ۔

Denominator of value : (ریاضیات و معاشیات) قدر نما ۔

Denotable : (a) قابل تعبیر ؛ قابل اظہار ۔

Denotation : (n) (۱) اظہار ؛ دلالت ۔ (۲) علامت کے ذریعے سے ظاہر کرنا ۔ (۲) علامت ؛ نشانی ؛ نشان ؛ اشارہ ۔ (٤) اسم ؛ لقب ؛ نام ۔ (٥) معنی ؛ مفہوم ؛ مطلب ۔ (٦) (منطق) تعبیر ؛ مصداق ۔

Denotative : (a) (۱) مظہر ؛ اشارہ کرنے والا ؛ دلالت کرنے والا ۔ (۲) (منطق) تعبیری ؛ مصداقی ۔

Denotative-connotative view : مصداقی مفہومی نقطہ نظر ۔

Denotative definition : (n) مصداقی تعریف ۔

Denotative view : (n) مصداقی نقطہ نظر ۔

Denotatively : (adv) بطور اشارہ ؛ علامت کے طور پر ؛ تعبیراً ؛ مصداقاً ۔

Denote : (v) [L."denotare".] (۱) علامت ہونا ؛ امتیازی خصوصیت ہونا ۔ (۲) ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا ؛ سمجھانا ؛ بتانا ۔ (۲) لقب ہونا ؛ نام ہونا ۔ (٤) (منطق) نام ہونا ؛ تعبیر ہونا ۔

Denotement : (n) اظہار ؛ دلالت ؛ علامت ؛ تعبیر ۔

Denotive : (a) دیکھو Denotative

Denouement : (n) [Fr.] پیچیدگیوں کا سلجھاؤ ؛ حادثہ : (ناول کے پلاٹ کا) حل ؛ حل قضیہ ؛ (قصے یا ڈراموں کا) انجام ؛ انجام داستان ۔

Denounce : (v) [OF."denoncier".] (۱) با ضابطہ اطلاع دینا ؛ اعلان کرنا یا اشاعت کرنا ۔ (۲) مخبری کرنا ۔ (۲) کھلم کھلا الزام لگانا یا مجرم ٹھہرانا ؛ اعلانیہ ملامت کرنا ۔ (٤) (معاہدے وغیرہ کی) اختتام کا اعلان کرنا ۔

Denoucement : (n) مخبری ؛ الزام ؛ ملامت ؛ معاہدے کے اختتام کا اعلان ۔

Denouncer : (n) الزام دینے والا ؛ مخبر ۔

Dens : (n) [Fr.] (تشریح و حیوانیات) دندانہ ؛ سن (جمع اسنان) ؛ دانت ۔

Dens caninus : (n) ناب (جمع انیاب) ۔

Dens deciduus : (n) (تشریح و حیوانیات) راضعہ (جمع رواضع) ۔

Dense : (a) [Fr."dense".] (۱) ٹھوس ؛ گاڑھا ؛ منجمد ؛ کثیف ۔ (۲) گھنا ؛ گنجان ۔ (۳) گٹھل ؛ ٹھس ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ غبی ؛ کند ذہن ۔ (٤) (حیاتیات) کسا ہوا ؛ تہ بہ تہ ۔

Densely : (adv.) ٹھوس پن سے ؛ گھنے پن سے ؛ گنجان سے ۔

Denseness : (n) ٹھوس پن ؛ کثافت ؛ گھنا پن ؛ گنجانی ؛ گٹھل پن ؛ کند ذہن ۔

Denshire : (v) [Syncopated f."Devonshir".] گھاس ، ٹھنٹھی وغیرہ کو جلاکر زمین کو صاف کرنا ۔

Densi-tensimeter : (n) (کیمیا) کثافت دباؤ پیما ۔

Densification : (n) کثیف بنانا ؛ گھنا بنانا ؛ گنجان بنانا ۔

Densifier : (n) کثیف بنانے کا عمل ؛ مکثف ۔

Densify : (v) کثیف بنانا ؛ گھنا بنانا ؛ گنجان بنانا ۔

Densimeter : (n) کثافت پیما ۔

Densincisivus : (n) (تشریح) تنیہ (جمع تنایا) ۔

Densitometer : (n) کثافت فلم پیما ۔

Density : (n) [F."densite".] (۱) ٹھوس پن : گاڑھا پن ؛ کثافت ۔ (۲) (طبیعیات) کثافت : ثقل نوعی ۔ (۳) گھنا پن ؛ گنجانی ۔ (٤) کند ذہنی ؛ بے وقوفی ؛ ٹھوس پن ۔

Absolute density : (کیمیا) ثقل مطلق ؛ (حیوانیات) مکمل کثافت ۔

Luminous density : (طبیعیات) منور کثافت ۔

Optical density : (طبیعیات) مناظری کثافت ۔

Spectral density : (طبیعیات) طیفی کثافت ۔

Density bottle : (n) ثقل پیما بوتل ۔

Density drainage : (n) (جغرافیہ) اخراج کثافت ۔

Density function : کثافت تفاعل ؛ (فلکیات) زاویہ گنجانیت ۔

Conditional density function : مشروطی کثافت تفاعل ۔

Continuous density function : مسلسل کثافت تفاعل ۔

Joint density function : مشترکہ کثافت تفاعل ۔

Marginal density function : حاشیائی کثافت تفاعل ۔

Density of population : کثافت آبادی ؛ کثرت آبادی ؛ آبادی کی گنجائش ۔

Density of the earth : (جغرافیہ) کثافت ارضی ۔

Density of traffic : (تجارت) شدت آمد و رفت ۔

Density rule : (n) شہتیروں کی درجہ بندی کا طریقہ ۔

Dent : (n) [OE."dynt".] (۱) سطحی نشان (جو ضرب یا دباؤ سے پڑ جائے) ؛ خراش ؛ شگاف ۔ (۲) کم کرنے والا اثر ۔ (۳) ترقی ۔

Dent : (n) [F."deaent".] (۱) دندانہ ؛ کھانچا؛ خراش ؛ شگاف ۔ (۲) دندانہ دار چوٹی (پہاڑ کی) ۔

Dent : (v) (۱) نشان ڈالنا ۔ (۲) دندانہ دار بنانا ۔ (۳) دندانہ دار بن جانا ۔

Dent corn : (n) دندانہ دار بھٹہ ۔

Dental : (a) [med.L."dentalis".] (۱) دندانی ؛ دانتوں کا ؛ دندان سازی سے متعلق ۔ (۲) حرف سنویہ سے متعلق ۔

Dental : (n) (۱) سنویہ حرف علت ۔ (۲) چوکونہ کنگرہ ؛ کارنس کا دندانہ ۔ (۳) غصب یا شریان دندان ۔ (٤) صدف دندانی ۔

Dental engine : (n) دندان ساز کا برما ۔

Dental formula : (n) دندانی ضابطہ ۔

Dental papilla : (n) دنت بھٹنی ۔

Dental plate : (n) دنت تختی ۔

Dental pulp : (n) حساس نسیج جو دندانی جوف میں پایا جاتا ہے ۔

Dental sac : (n) (حیوانیات) دندانی تاچہ ۔

Dental surgery : (n) دانتوں کی جراحی ۔

Dentale : (n) [L."dentalis".] دندانی ہڈی ۔

Dentalgia : (n) (طب) درد دنداں ۔

Dentality : (n) (صوتیات) سنویت ۔

Dentalization : (n) دانتوں اور زبان کے مخرج سے نکالنا ؛ سنویہ بنانا ۔

Dentalize : (v) (صوتیات) دانتوں اور زبان کے مخرج سے نکالنا ؛ سنویہ بنانا ۔

Dentals : (n) حروف سنویہ ۔

Dentary : (a) [L."dentarius".] (حیوانیات) دندانی ۔

Dentary : (n) دندانی ہڈی ۔

Dentate : (n) [L."dentatus".] دیکھو Axis

Dentate : (a) [L."dentatus".] (نباتیات) دنتیلا ؛ دندانہ دار ۔

Dentated : (a) دندانہ دار ؛ دنتیلا ۔

Dentately : (adv) دندانہ دار طور پر ۔

Dentation : (n) دندانیت ۔

Dentato-: (prefix) ترکیبی جز بمعنی "دندانی" ؛ "دندانہ" ۔

Dented : (a) دندانہ دار ؛ دنتیلا ۔

Dentelated/ -ella : (a) چھوٹے دندانوں والا ۔

Dentelle : (n) [F."dent".] (۱) (جلد سازی) لیس نما نقش ۔ (۲) لیس ؛ لیس کا کام ۔

Denti - : ترکیبی جز بمعنی " دندانی " ۔

Denticete : (a) [L."dentem+cetus".] دنداں دار (وہیل کی طرح) ۔

Denticle : (n) [L."denticulus".] (۱) سنین ؛ دندانک ؛ چھوٹا دانت ؛ دندانچہ ۔ (۲) (تعمیرات) کنگرہ ۔

Denticular : (a) (۱) دندانک نما ۔ (۲) کنگرہ دار ۔

Denticulate : (a) (۱) چھوٹے دندانے والا ۔ (۲) کنگروں والا ۔

Denticulated : (a) دیکھو Denticulate

Denticulation : (n) (۱) دندانہ دار ہونا ۔ (۲) (تعمیرات) کنگرہ سازی ۔

Denticule : (n) [L."denticulus".] جس حصہ میں کنگرے بنے ہوں ۔

Dentifactor : (n) مصنوعی دانت بنانے کی مشین ۔

Dentification : (n) دندان سازی ؛ تسنن ۔

Dentiform : (a) دندان نما ؛ دندان پیکر ۔

Dentifrice : (n) [L."dentifricium".] منجن ؛ سنون ؛ مسی ۔

Dentigerous : (a) دندانہ دار ؛ دنداں بردار ۔

Dentil : (n) [Fr.] چوکونہ کنگرہ ؛ کارنس کا دانت ۔

Detilabral : (a) لب و دنداں سے متعلق ؛ دانت اور زبان کی مدد سے بنا ہوا ۔

Dentilated : (a) دندانہ دار ؛ دنداں نما ۔

Dentilation : (n) دندان سازی ؛ (ڈاک ٹکٹ میں) دندانہ بنانا۔

Dentile : (n) (صدفیات) دندانچہ یا دنداں نما ابھار۔

Dentilingual : (a) (صوتیات) دانت اور زبان کی مدد سے بنا ہوا ۔

Dentinal : (a) عاج دندان سے متعلق ۔

Dentine : (n) [L."dent"+ -INE.] وہ مادہ جس سے دانت کی ساخت ہوتی ہے ؛ عاج دندان ؛ دنتین ۔

Dentinitis : (n) ورم دنتین ۔

Dentiparous : (a) دندانہ آور ؛ دندان زا ۔

Dentiphone : (n) (سمعیات) دندان فون ؛ اسماعیہ ۔

Dentirostral / Dentirostrate : (n) [F."dentirostre".] (حیوانیات) دندان منقارہ ۔

Dentiscalp : (n) [L."dentiscalpium".] دانت تراشنے کا ایک آلہ ۔

Dentist : (n) [F."dentiste".] طبیب دندان ؛ معالج دندان ؛ دندان ساز ۔

Dentistry : (n) دندان سازی ۔

Dentition : (n) [L."dentitionem".] (۱) دانت نکالنا ۔ (۲) (حیوانوں کے) دانتوں کی مخصوص ترتیب ؛ دنت ترکیب ؛ دنتیلی ترکیب ؛ دندانیت ؛ نظام دندان ۔

Dento : دیکھو Denti

Dentology : (n) سننیات ؛ علم دندان ۔

Denture : (n) [F."dent".] دندان چوکی ؛ دندان کا چوکہ یا سٹ (عموماً مصنوعی) ۔

Denucleate : (v) نوات ربودہ کرنا ۔

Denucleated : (a) نوات ربودہ ۔

Denudate : (a) [L."denudatus".] (۱) برہنہ ۔(۲) (نباتیات) پوست کندہ ۔

Denudate : (v) (۱) ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ عریاں کرنا۔ (۲) کپڑے اتروا لینا ؛ کنگال کرنا ؛ (کسی صفت سے) محروم کرنا ۔ (۳) (ارضیات) (چٹان وغیرہ سے) اوپر کی مٹی یا خس و خاشاک ہٹانا ۔

Denudation : (n) [L."denudationem".] (۱) برہنگی ؛ تعریہ ۔ (۲) تعریہ زمین ۔(۳) شکست و ریخت ؛ تخریب ؛ عملی عریاں کاری ۔

Agents of denudation : عوامل تعریہ ۔

Denudative : (a) تعریہ کرنے والا ؛ برہنہ کرنے والا ۔

Denude : (v) [L."denudare".] دیکھو Denudate

Denuded : (a) عاری ؛ معرا ۔

Denuded quadrat : (n) معرا چوکور ۔

Denuding effects : (n) اثرات عریاں کاری ؛ (حیوانیات) اثرات برہنگی ۔

Denumerant : (n) [L."denumerantem".] شمرونی ؛ وہ عدد جو یہ بتاتا ہے کہ ایک مقررہ نظام مساوات کے کتنے حل ممکن ہیں ۔

Denumeration : (n) شمرونی دریافت کرنا ۔

Denunciant : (a) [L."denunciantem".] الزامی ؛ فضیحت کنندہ ۔

Denunciate : (v) ملامت کرنا ؛ الزام لگانا ؛ بد گوئی کرنا ۔

Denunciation : (n) [L."denunciationem".] (۱) ملامت ؛ الزام ؛ مخبری ؛ پیش گوئی ؛ معاہدے کے اختتام کا اعلان ۔ (۲) بد زبانی ؛ سب و شتم ؛ گالیوں کی بوچھار ۔

Denunciative : (a) ملامت آمیز ؛ دشنام آمیز ۔

Denunciator : (n) (۱) ملامت کنندہ ؛ دشنام دہندہ ۔ (۲) مخبر ۔

Denunciatory : (a) دیکھو Denunciative

Denutrition : (n) تغذیہ ۔

Deny : (v) [F."denier".] (۱) تکذیب کرنا ؛ غلط ٹھہرانا ؛ نفی کرنا ۔(۲) رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ انکار کرنا ۔(۳) (کسی کی درخواست) نا منظور کرنا ؛ (کسی چیز کے دینے سے) انکار کرنا ۔(٤) (ملاقاتیوں سے ملنے سے) انکار کرنا ۔ (٥) (معدنیات) منفی یا مخالفت قضیہ کا ادعا کرنا ۔

To deny oneself : پرہیز کرنا ؛ نفس کشی کرنا ؛ ضبط نفس کرنا ۔

Deny : (n) انکار ؛ رد ۔

Denyingly : (adv.) انکار کرتے ہوئے ؛ بطور انکار ۔

Deobstruct : (v) [DE+L."obstruere".] تسدد کو دور کرنا ۔

Deobstruent : (a) دافع تسدد ؛ مسہل ؛ ملین ۔

Deobstruent : (n) مسہل ؛ ملین ۔

Deoculate : (v) [DE-+L."oculus".] بینائی یا آنکھ سے محروم کرنا ۔

Deodand : (n) [AFr."deodande".] (۱) (تاریخ) وہ چیز (مثلاً کوئی گاڑی) جس سے کسی شخص کی موت واقع ہو اور جو بحق سرکار ضبط ہو کر کار خیر میں استعمال کی جائے ۔(۲) جرمانہ جو اس چیز کے عوض میں لیا جائے ۔

Deodar : (n) [Hindi.] دیو دار، ایک قسم کا درخت جو سرد آب و ہوا میں پیدا ہوتا ہے ۔

Deodorant : (n) بو مار ؛ عفونت ربا ؛ دافع بدبو ؛ بدبو دور کرنے والا ۔

Deodorization : (n) دافع عفونت ؛ دافع بدبو ؛ ازالہ جراثیم ۔

Deodorize : (v) [F.De + L."odor"+ IZE.] (۱) بدبو دور کرنا؛ مضر جراثیم سے پاک کرنا ۔ (۲) (مجازاً) خوشگوار بنانا (کسی ناگوار چیز کو) ۔

Deodorized : (a) (کیمیا) بو دور کیا ہوا ۔

Deodorizer : (n) دیکھو Deodorant

Deontological : (a) اخلاقیاتی ؛ فرضیات سے متعلق ؛ فرضیاتی ۔

Deontologist : ماہر فرضیات ۔

Deontology : (n) [Gr."deon"+"logia".] علم الاخلاق ؛ فلسفہ اخلاق ؛ اخلاقیات ؛ فرضیات ؛ علم الفرائض ۔

Deoperculate : (a) (نباتیات) بے سر پوش ۔

Deoperculate : (v) (نباتیات) بے سر پوش ہونا ۔

Deossification : (n) ہڈی دور کرنا ؛ استخواں ربائی ۔

Deossify : (v) ہڈی دور کرنا ؛ استخواں ربائی کرنا ۔

Deo volente : [L.] انشاءاللّٰہ ؛ اگر خدا کو منظور ہے ؛ اگر خدا نے چاہا ۔

Deoxidate : (v) آکسیجن ربائی کرنا ؛ ازالہء آکسیجن کرنا ؛ آکسیجن ہٹانا ۔

Deoxidation : (n) غیر تکسید ؛ ازالہء آکسیدیت ؛ آکسیجن ربائی ۔

Deoxidization : (n) دیکھو Deoxidation

Deoxidize : (v) دیکھو Deoxidate

Deoxidizer : (n) آکسیجن ربا ۔

Deoxygenate : (v) (۱) آکسیجن سے محروم کرنا ۔ (۲) آکسیجن ربائی کرنا ؛ ازالہء آکسیجن کرنا ۔

Deoxygenation : (n) آکسیجن ربائی ؛ ازالہء آکسیجن ۔

Deoxygenated : (a) آکسیجن ربودہ ۔

Deozonize : (v) اوزون سے محروم کرنا ۔

Depart : (v) [OF."departir".] (۱) چلا جانا ؛ رخصت ہونا ۔ (۲) روانہ ہونا ؛ چھوٹنا (ریل وغیرہ کا) ؛ چل دینا ۔ (۳) مرنا ؛ انتقال کرنا ؛ رحلت کرنا ۔ (٤) تجاوز کرنا ؛ انحراف کرنا ۔

Depart form : (v) روانہ ہونا ۔

Departed : (a) (۱) گذشتہ ؛ گذرا ہوا ۔ (۲) متوفی ؛ مرحوم ۔

Departer : (n) رخصت ہونے والا ۔

Department : (n) [OF."department".] (۱) صیغہ ؛ شعبہ ؛ شاخ؛ محکمہ ؛ سر رشتہ ؛ طبقہ ۔ (۲) (فرانسیسی) ضلع ؛ قسمت ۔

Curriculum department : شعبہء نصاب ۔

Education department : شعبہء تعلیم ۔

Intelligence department : محکمہء سراغ رسانی ۔

Departmental : (a) سر رشتہ کا ؛ متعلق سر رشتہ ؛ محکمہ کا ؛ قسمت کا ؛ محکمانہ ؛ شعبہ جاتی ۔

Departmental charges : (معاشیات) شعبہ جاتی مصارف ۔

Departmental report : (n) روداد محکمہ ۔

Departmental store : (n) مختلف اشیا کی دکان ۔

Department store : (n) دیکھو Departmental store

Departmentalism : (n) شعبہ بندی کی حمایت ۔

Departmentalization : (n) شعبہ بندی ؛ محکمہ بندی ۔

Departmentally : (adv) سر رشتہ کی طرف سے ؛ محکمہ کے قواعد کے لحاظ سے ۔

Departure : (n) [OF."departeure".] (۱) روانگی ؛ رخصت ۔ (۲) تجاوز ؛ انحراف ۔ (۳) روانگی (ریل کی) ؛ کوچ ۔ (٤) عمل یا خیال کا آغاز ؛ طریقہء عمل یا خیال میں جدت ۔ (٥) (بحری) طول البلد کے درجے جو جہاز نےطے کئےہوں ۔ (٦)نصف النہار کے بعد ۔

New departure : آغاز ؛ از سر نو شروع کرنا ۔

Depasture : (v) (۱) چر جانا ۔ (۲) چرانا ؛ چرنا ؛ چارہ مہیا کرنا ۔

Depasture/Depasturage : (n) چرائی ؛ چرائی کا حق ۔

Depauperate : (a) [L."depauperatus".] (نباتیات) افسردہ ۔

Depauperate /Depauperize : (v) (۱) غریب کرنا؛ محتاج کرنا ۔ (۲) کمزور کرنا ؛ باڑ مارنا ؛ پست کرنا ۔

Depauperated : (a) (۱) کمزور ؛ غریب ؛ محتاج ۔ (۲) (نباتیات) جس کی باڑ ماری گئی ہو ۔

Depauperation : (n) مفلس ہو جانا یا کر دینا ۔

Depayse : (a) ماہیء بے آب ؛ اجنبی ۔

Depend : (v) [OF."dependere".] (۱) (شعر یا قدیم زبان میں) لٹکنا ؛ معلق ہونا ۔ (۲) منحصر ہونا ؛ موقوف ہونا ؛ متعلق ہونا ۔ (۳) (کسی کا) دست نگر ہونا ۔ (٤) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ۔ (٥) زیر تجویز ہونا ؛ فیصلہ طلب ہونا (مقدمے یا مسودہء قانون کا) ۔

Dependable / Dependible : (a) بھروسہ کے قابل ؛ قابل اعتماد ۔

Dependably : (adv.) قابل اعتماد طور پر ۔

Dependant /-ent : (n) دست نگر ؛ ملازم ؛ نوکر ؛ متوسل ۔

Dependence/-ance : (n) (۱) انحصار ؛ دارومدار ؛ ماتحتی ؛ تابعداری ؛ وابستگی ۔ (۲) دست نگر ہونا ۔ (۳) بھروسہ ؛ آسرا ؛ سہارا ؛ اعتماد ؛ اعتبار ؛ وثوق ۔ (٤) جس چیز پر بھروسہ کیا جائے ؛ سہارا ۔ (٥) فیصلہ طلبی ۔

Dependencies : (n) توابع ؛ متعلقات ۔

Dependency /-ancy : (n) (۱) تابعیت ؛ دست نگری ۔ (۲) تابع (ملک) ۔

Dependent /-ant : (a) [F."dependant".] (۱) منحصر ؛ وابستہ ؛ ماتحت ؛ متوسل ۔ (۲) دست نگر ؛ (نحو) ماتحت ؛ متعلق ۔ (۳) (ارضیات) تابع ؛ (نباتیات) آویزاں ؛ (قانون) زیر کفالت ؛ (سماجیات) دست نگر ۔

Dependent variable : (n) تابع متغیر ۔

Dependently : (adv) تابع ہو کر ؛ منحصر ہو کر ۔

Depeople : (v) آبادی کو ختم کرنا ۔

Depersonalization : (n) (نفسیات) ازالہء شخصیت ؛ عدم شخصیت ۔

Depersonalize : (v) ازالہء شخصیت کرنا ۔

Dephlegmator : (n) تکسیری نلی ؛ جزوی کشید نلی ۔

Dephlogisticate : (v) ورم دور کرنا ؛ سوزش دور کرنا ۔

Dephlogisticated air : (n) آکسیجن ۔

Dephlogistication : (n) سوزش دور کرنا ؛ ورم دور کرنا ۔

Dephosphorization : (n) ازالہء فاسفورس ۔

Dephosphorize : (v) (فلزات سے) فاسفورس دور کرنا ۔

Depict : (v) [L."depict".] (۱) تصویر کھینچنا ؛ نقشہ کھینچنا ۔ (۲) الفاظ میں تصویر کھینچنا ؛ نقل کرنا ؛ بیان کرنا ۔

Depicter / -or : (n) مصور ؛ ناقل ؛ نقل کرنے والا ؛ بیان کرنے والا ۔

Depiction : (n) تصویر کشی ؛ نقشہ کشی ؛ نقل ؛ بیان ۔

Depictive : (a) مصورانہ ؛ ناقلانہ ۔

Depicture : (n) دیکھو Depiction

Depicture : (v) (۱) تصویر کھینچنا ؛ نقشہ اتارنا ؛ بیان کرنا ؛ نقل کرنا ۔ (۲) تصور کرنا ۔

Depigment : (v) ازالہء لون کرنا ۔

Depigmentation : (n) ازالہء لون ؛ رنگ ربائی ۔

Depilate : (v) [L."depilat".] بال دور کرنا ؛ بال اڑانا ۔

Depilation : (n) بال اڑانا ؛ مو ربائی ؛ (نباتیات) رواں ریزی ۔

Depilatory : (a) بال اڑانے والا ؛ مو ربا ؛ بال صفا ؛ مو ریز ۔

Depilatory : (n) بال صفا (دوا) ؛ مو ریز (دوا) ؛ تورہ ۔

Depilous : (a) بے مو ؛ بے بال ۔

Deplane : (v) ہوائی جہاز سے اترنا یا اتارنا ۔

Deplasmolysis : (n) غیر مایہ پاشیدگی ۔

Deplenish : (v) خالی کرنا ؛ ذخیرہ ختم کرنا ؛ اثاثہ سے محروم کرنا ۔

Depletable : (a) خالی ہونے کے لائق ۔

Depleta : (v) ["deplet".] (۱) خالی کرنا ؛ صرف کر دینا ؛ بالکل ختم کر دینا ۔ (۲) (کسی عضو سے) خون نکالنا ؛ افراغ کرنا ؛ تنقیہ ؛ تخلیہ کرنا ۔ (۳) گھٹانا ؛ کم کرنا ۔

Deplete : (a) خالی ؛ خالی کیا ہوا ۔

Depleted account : (n) (معاشیات) خالی کھاتہ ۔

Depletion : (n) (۱) خالی کر دینا ؛ اخراج خون وغیرہ ؛ (طب) افراغ ۔ (۲) عسرت ۔ (۳) بہم رسانی سے زیادہ خرچ کرنا ۔

Depletive : (a) خالی کرنے والا ؛ خون نکالنے والا ۔

Depletive : (n) خون نکالنے والی (دوا) ۔

Depletory : (a) دیکھو Depletive

Deplorability : (n) افسوسناک یا شرمناک حالت یا کیفیت ؛ تاسف انگیزی ۔

Deplorable : (a) افسوسناک ؛ تاسف انگیز ؛ شرمناک ۔

Deplorableness : (n) دیکھو Deplorability

Deplorably : (adv) افسوسناک طور پر ؛ شرمناک طور پر ۔

Deploration : (n) [f.next.] اظہار تاسف ؛ نوحہ خوانی ۔

Deplore : (v) [L."deplorare".] ماتم کرنا ؛ غم کرنا ؛ افسوس کرنا ؛ تاسف کرنا ؛ برا بھلا کہنا ۔

Deplored : (a) مرحوم ؛ تاسف شدہ ۔

Deploredly : (adv) متاسفانہ ؛ بطور اظہار تاسف ؛ اظہار غم کے ساتھ ۔

Deploredness : (n) قابل تاسف ہونا ۔

Deplorer : (n) متاسف ؛ نوحہ خواں ۔

Deploringly : (adv) متاسفانہ ؛ اظہار غم کے ساتھ ۔

Deploy : (n) [f.next.] صف آرائی ۔

Deploy : (v) [F."deplyer".] (۱) فوج کا میدان میں پھیلانا ؛ صفیں باندھنا یا قائم کرنا ؛ پرا جمانا یا باندھنا ۔ (۲) (مجازاً) صف آرائی کرنا ۔

Deployment : (n) صف آرائی ۔

Deplumate : (a) [L."deplumatus".] پر ریز ؛ بے بال و پر ۔

Deplumated : (a) دیکھو Deplumate

Deplumation : (n) (۱) پر ریزی ؛ مژگاں ریزی ؛ انتاف ۔ (۲) لنڈورا ؛ بے عزتی ؛ بے آبروئی ۔

Deplume : (v) [F."deplumer".] (۱) پر نوچنا ؛ پر اکھیڑنا ؛ بے بال و پر کرنا ۔ (۲) (مجازاً) عزت یا دولت وغیرہ سے محروم کرنا ۔

Depolarization : (n) ازالہ تقطیب ۔

Depolarize : (v) (۱) (بصریات) شعاع کی تقطیب کا رخ بدلنا ۔ (۲) (برقیات) دفع تقطیب کرنا ۔ (۳) (مجازاً) درہم برہم کرنا ؛ بنیاد ہلا دینا ؛ زور توڑ دینا ۔

Depolarizer : (n) تقطیب ربا ؛ دافع تقطیب ۔

Depolish : (v) پالش دور کرنا ؛ دفع جلا کرنا ۔

Depolymerization : غیر کثیر ترکیبی ؛ ضدکثیر ترکیبی ۔

Depolymerize : (v) کثیر ترکیبی کا ازالہ کرنا ۔

Depone : (v) [L."deponere".] حلفی گواہی دینا ؛ گواہی دینا ۔

Deponent : (a) [L."deponentem".] (قانون) وہ فعل جو صورت کے لحاظ سے مجہول ہو مگر معنی کے لحاظ سے معروف ہو ۔

Deponent : (n) (۱) فعل مجہول جو معنی کے لحاظ سے معروف ہو ۔ (۲) حلفی گواہ ؛ تحریری بیان یا شہادت دینے والا ؛ گواہ ۔

Depopularize : (v) شہرت سے محروم کرنا ۔

Depopulate : (a) [L."depopulatus".] ویران (جزوی یا کلی طور پر) ؛ غیر آباد ۔

Depopulate : (v) (۱) آبادی گھٹانا ۔(۲) آبادی گھٹ جانا ؛ آبادی سے محروم کرنا ۔

Depopulation : (n) تقلیل آبادی ؛ تخفیف آبادی ؛ آبادی میں کمی ۔

Depopulator : (n) آبادی گھٹانے والا ؛ ویران کرنے والا ۔

Deport : (v) [OF."deporter".] (۱) خاص رویہ یا طرز اختیار کرنا ۔(۲) جلا وطن کرنا ؛ شہر بدر کرنا ؛ ملک بدر کرنا ۔ (۳) نظر بند کرنا ۔

Deportation : (n) جلا وطنی ؛ اخراج ۔

Deportee : (n) نظر بند ۔

Deportment : (n) [OF."deportment".] طور ؛ طریق ؛ چال ڈھال ؛ رویہ ؛ سبھاؤ ؛ سلوک ۔

Deposable : (a) قابل معزولی ؛ قابل اظہار ؛ قابل گواہی ۔

Deposal : (n) [AFr."deposaille".] (۱) مسیح کا صلیب سے اتارا جانا ؛ مسیح کے صلیب سے اتارے جانے کی تصویر ۔(۲) معزولی ؛ عزل ؛ تخت سے اتارا جانا ؛ خلع ۔ (۳) حلفی شہادت ؛ اظہار؛ بیان ۔(٤) امانت ؛ ودیعت؛ تحویل ۔(٥) رسب؛ طرح ؛ (ارضیات) تکوین ۔(٦) تدفین ۔

Depose : (v) [F."deposer".] (۱) معزول کرنا ؛ تخت سے اتارنا ۔(۲) شہادت دینا ؛ حلفی اظہار دینا ۔ (۳) رکھ دینا ؛ تہ نشین کرنا ۔

Deposer : (n) معزول کرنے والا ۔(۲) حلفی گواہ ۔

Deposit : (n) [L."depositum".] (۱) امانت ۔(۲) وہ رقم جو ایک معین مدت کے لئے جمع کی جائے ؛ تحویل ۔ (۳) (جغرافیہ) ذخیرہ ۔ (٤) (معاشیات) سائی ؛ بیعانہ ؛ پہلی قسط ۔

Aeolian deposit : باد آور ذخیرے ؛ ہوائی ذخیرے ۔

Back-swamp deposit : دلالی ذخیرے ۔

Beach deposit : ساحلی ذخیرے ۔

Brackish water deposit : (جغرافیہ) نیم کھارے پانی کا ذخیرہ ۔

Cash deposit : (معاشیات) نقد امانت ۔

Continental deposit : (جغرافیہ) براعظمی ذخیرہ ۔

Current deposit : (معاشیات) رواں یا چالو امانت ؛ چالو کھاتا ۔

Deep sea deposit : (جغرافیہ) عمیق بحری ذخیرہ ؛ گہرا سمندری ذخیرہ ۔

Deltaic deposit : ڈیلٹائی ذخیرہ ۔

Estuarian deposit : مہانی ذخیرہ ۔

Fixed deposit : میعادی امانت ؛ جمع کھاتا ۔

Fresh water deposit : تازہ پانی کا ذخیرہ ۔

Glacial deposit : گلیشائی ذخیرہ ۔

Involuntary deposit : غیر ارادی یا غیر اختیاری امانت ۔

Lagoon deposit : (جغرافیہ) مردابی ذخیرہ ۔

Lake deposit : (جغرافیہ) جھیلی ذخیرہ ۔

Long term deposit : (معاشیات) طویل مدتی امانت ۔

Marine deposit : (جغرافیہ) سمندری ذخیرہ ۔

Partial deposit : (معاشیات) جزوی امانت ۔

Pocket deposit : پیوندی ذخیرہ ۔

Private deposit : نجی امانت ۔

Public deposit : (معاشیات) سرکاری امانت ۔

Residual deposit : (جغرافیہ) ما بقی ذخیرہ ۔

Salt deposit : نمکی ذخیرہ ؛ نمک کا ذخیرہ ۔

Shallow water deposit : اتھلے پانی کا ذخیرہ ۔

Short term deposit : قلیل مدتی ذخیرہ ۔

Superficial deposit : سطحی ذخیرہ ۔

Volcanic deposit : آتش فشانی ذخیرہ ۔

Voluntary deposit : امانت اختیاری ۔

Deposit : (v) (۱) رکھنا ؛ دھرنا ۔ (۲) (انڈے) دینا ۔ (۳) (دریا کا) تہ نشیں مادہ چھوڑ جانا ۔ (٤) امانت رکھنا ؛ تحویل میں رکھنا ؛ جمع کرنا ۔ (٥) بطور بیعانہ ادا کرنا ؛ سائی دینا ۔ (٦) گروی رکھنا ۔ (۷) تہ نشیں ہونا ؛ رسوب کرنا ۔

Deposit account : (n) مد امانت ؛ امانت کھاتا ۔

Deposit balance : (n) بقایا امانت ۔

Deposit bank : (n) امانتی بینک ۔

Deposit bill : (n) امانتی ہنڈی ۔

Deposit slip : (n) امانت پرچہ ؛ جمع پرچہ ۔

Deposit station : (n) کتاب خانے کی شاخ ۔

Deposit voucher : (n) سند امانت ۔

Depositary : (n) امین ؛ امانت دار ؛ تحویل دار ؛ ضامن ۔

Depositation : (n) رسوب ؛ تہ نشین ؛ امانت ۔

Deposited : (a) تہ نشیں ۔

Depositee : (n) امین ؛ امانت دار ؛ تحویل دار ۔

Deposition : (n) [L."depositionem".] دیکھو Deposal

Agents of deposition : مطروحاتی یا انداختی عوامل ۔

Deposition of dew : تکوین شبنم ۔

Deposition of faith : (رومن کیتھولک کلیسا) ایمان نامہ ۔

Deposition of mortgage : تحویل رہنی ۔

Depositor : (n) (۱) جمع کرنے والا ؛ امانت رکھانے والا ؛ امانت گار ؛ جمع کنندہ ۔ (۲) (کسی چیز کو) تہ نشین کرنے کا آلہ ؛ مرسب ؛ آلۂ راسبہ ۔

Depository : (n) (۱) امانت خانہ ؛ خزانہ ؛ گدام ۔ (۲) امین ؛ امانت دار ۔

Depot : (n) [F."depot".] (۱) (فوج) گودام ؛ رجمنٹ کا صدر مقام ؛ رنگروٹوں کی تربیت گاہ ؛ رجمنٹ کا وہ حصہ جو کسی غیر ملک میں تعینات نہ کیا گیا ہو ۔ (۲) کوٹھی ؛ گودام ؛ منڈی ؛ مخزن ؛ مال خانہ ۔ (۳) (امریکا) ریل کا اسٹیشن ؛ بس کا اسٹیشن یا اڈہ ؛ ہوائی اڈہ ۔ (٤) جنگی قید خانہ ۔

Depot : (v) گودام میں رکھنا ۔

Depravation : (n) [L."depravationem".] تخریب اخلاق ؛ بد چلنی ؛ انحطاط ؛ زوال ؛ بد اخلاقی ۔

Deprave : (v) (۱) بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا ؛ بد چلنی سکھانا ۔ (۲) برا کہنا ؛ بد گوئی کرنا ۔

Depraved : (a) بد چلن ؛ بد اخلاق ۔

Depravedly : (adv.) بد چلنی سے ؛ بد اخلاقی سے ۔

Depravedness /Depravement : (n) دیکھو Depravation

Depraver : (n) بدنام کرنے والا ؛ بد چلنی سکھانے والا ؛ اخلاق خراب کرنے والا ۔

Depravity : (n) (۱) بد چلنی ؛ فسق و فجور ؛ سیاہ کاری ؛ معصیت ؛ بد کرداری ۔ (۲) (دین) انسان کی خُلقی بدی ۔

Deprecate : (v) [L."deprecat".] (۱) (گناہ سے بچنے کی) دعا کرنا ؛ نجات کی دعا مانگنا ۔ (۲) نا پسندیدگی یا نا خوشی کا اظہار کرنا ۔

Deprecatingly : (adv.) نا پسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے ۔

Deprecation : (n) التجا ؛ گناہ سے بچنے کی دعا ؛ نجات کی دعا ؛ نا پسندیدگی یا نا خوشی کا اظہار ۔

Deprecative : (a) دیکھو Deprecatory

Deprecator : (n) (۱) التجا کرنے والا ؛ ملتجی ۔ (۲) نا پسندیدگی کا اظہار کرنے والا ۔

Deprecatory : (a) جس سے نا پسندیدگی یا نا خوشی کا اظہار ہو ؛ ملتجیانہ ۔

Depreciate : (v) [L."depretiat-".] (۱) قدر و قیمت یا وقعت گھٹانا یا گھٹنا ۔ (۲) نرخ گھٹانا ؛ مندا کرنا ۔ (۳) (روپے کی) قیمت کم کرنا یا ہونا ؛

قیمت گرا دینا یا گر جانا ۔(٤) کم کر کے دکھانا ؛ حقیر سمجھنا ؛ خفیف سمجھنا ۔

Depreciatingly : (adv.) تحقیر کے طور پر ۔

Depreciation : (n) (١) کم قدری ؛ بے قدری ؛ سبکی ؛ تحقیر ؛ قیمت گرنا (روپیہ کی) ؛ تنزل ۔ (٢) ٹوٹ پھوٹ کی منہائی ؛ فرسودگی کا اندازہ ۔

Depreciation account : (n) حساب فرسودگی ۔

Depreciation allowance : (n) تنزلی چھوٹ ؛ فرسودگی چھوٹ ؛ گھساوٹی چھوٹ ۔

Depreciation by revaluation : فرسودگی / گھساوٹ بذریعہ تجدید قیمت ۔

Depreciation charges : (n) حق فرسودگی ۔

Depreciation fund method : (تجارت) تخفیفی فنڈ کا طریقہ ۔

Depreciation insurance : (n) فرسودگی بیمہ؛ تخفیفی بیمہ ۔

Depreciation of assets : فرسودگی اثاثہ ۔

Depreciation of value : (معاشیات) کم قدری ۔

Depreciative : (a) دیکھو Depreciatory

Depreciator : (n) قدر و قیمت کم کرنے والا ؛ کم کر کے دکھانے والا ۔

Depreciatory : (a) تحقیر آمیز ؛ استہلاکی ۔

Depredate : (v) [L."depraedare".] غارت کرنا ؛ تلف کرنا ؛ غارت گری کرنا ۔

Depredation : (n) (١) غارت گری ؛ تاخت و تاراج ؛ لوٹ ۔ (٢) (اسکاتستانی قانون) مویشی کو زبردستی بھگا لے جانا ۔

Depredator : (n) غارت لٹیرا ؛ تاراج کنندہ ۔

Depredatory : (a) غارت گری سے متعلق ؛ تخت و تاراج سے متعلق ۔

Depress : (v)[OF."depresser".] (١) دبانا؛ نیچا کرنا؛ جھکانا ۔ (٢) پست کرنا ؛ گرانا ؛ خستہ حال کرنا ۔

(٣) زور گھٹانا ؛ (تجارت کو) مندا کرنا ؛ بازار سرد کرنا ۔(٤) (آواز) ہلکی کرنا ؛ دھیمی کرنا ۔ (٥) افسردہ کرنا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ بد دل کرنا ۔(٦) (ارضیات) (مساوات میں) درجہ کم کرنا ۔(٧) بعض معدنی مواد کو تہ نشین کرنا (جب کہ دوسرے تیرتے رہیں) ۔

Depressant : (a) (١) مسکن ؛ راسب ؛ (معاشیات) کاسد ۔ (٢) افسردہ کرنے والا ۔

Depressant : (n) مسکن دوا ؛ راسب ۔

Depressed : (a) (١) (نباتیات) پچکواں ؛ (نفسیات) افسردہ ؛ (طب) منجمد ۔(٢) دبا ہوا ۔ (٣) پست خستہ حال ۔(٤) پچکا ہوا ۔ (٥) غمگین ؛ دل تنگ ؛ ملول ۔

Depressed classes : (n) پست ماندہ طبقے ۔

Depressed fracture : (n) کھوپڑی کا کسر (جس میں ہڈی دب جائے) ۔

Depressedly : (adv.) افسردگی سے ؛ دل تنگ ہو کر ؛ خستہ حالی میں ۔

Depressible : (a) دبانے کے قابل ؛ افسردگی پذیر ۔

Depressingly : (adv.) افسردگی سے ؛ بد دلی سے ۔

Depression : (n) [L."depressionem".] (١) جھکاؤ ؛ پستی ۔ (٢) (ہیئت) انخفاض ۔(٣) (سطح میں) نشیب ؛ جوف ؛ گڑھا ۔(٤) مندا ؛ سرد بازاری ؛ کساد بازاری ۔(٥) دھیماپن (آواز کا) ۔(٦) افسردگی ؛ بد دلی ؛ اضمحلال ؛ پستی ۔(٧) (علم حوادث سماوی) باد پیما کا انخفاض ؛ ہوا کے دباؤ کا کم ہونا ؛ مرکز انخفاض ؛ کم دباؤ ؛ کم بار ۔(٨) عملیہ موتیا بند ۔

Depression of freezing point : (کیمیا و معاشیات) نقطۂ انجماد کا اتار ۔

Depression of prices : (معاشیات) قیمتوں کا گراؤ ۔

Depression of the brain : (طب) ترزید دماغ ۔

Depression of the horizon : انخفاض افق ۔

Depression of the pole : انخفاض قطب ۔

Depression slide : (n) پچکواں سلائیڈ ۔

Depression spring : (n) چشمہ جس میں سطح زمین اور سطح سیرابی ایک ہو ۔

Depressive : (a) افسردہ کرنے والا ؛ انخفاضی ؛ کاسد ۔

Depressiveness : (n) افسردگی ؛ بد دلی ؛ انخفاض ؛ کساد ۔

Depressomotor : (n) عصیب خافض ؛ پست حرکی عصب ۔

Depressor : (n) (۱) وہ پٹھا جو کسی عضو کو دبائے رکھے ؛ عضلہ خافض ؛ عضلہ فروکش ۔ (۲) خافض ؛ کاسد ۔ (۳) پست کن ۔

Depressor muscle : (n) (تشریح) عضلہ فروکش ۔

Depressor nerve : (n) عصب خافض ۔

Depreter /Depeter : (n) دیوار کی وہ پلاسٹر جس میں چھوٹے چھوٹے پتھر جڑے ہوتے ہیں ۔

Deprivable : (a) (ایسی چیز) جو چھینٹی جا سکے ؛ قابل معزول ۔

Deprival : (n) دیکھو Deprivation

Deprivation : (n) [med.L."deprivationem".] (۱) حرماں ؛ محرومی ۔ (۲) معزولی ؛ عزل ؛ بر طرفی ۔ (۳) فقدان (کسی بھی ضروری چیز کا) ؛ سلب ۔ (٤) محروم کرنا ؛ معزول کرنا ۔

Deprivative : (a) سلبی ؛ محرومی یا معزولی سے متعلق ۔

Deprive : (v) [OF."depriver".] (۱) محروم کرنا ؛ چھین لینا ؛ (کسی نعمت سے) لطف اندوز نہ ہونے دینا ؛ محروم رکھنا ۔ (۲) معزول کرنا ۔ (۳) محروم ہونا ۔

Deprived : (a) محروم ۔

Depriver : (n) محروم کرنے والا ؛ محروم کنندہ ؛ معزول کرنے والا ۔

Deproblematization : (n) (فلسفہ) فک احتمال ۔

Deproteinize : (v) لحمیہ کا ازالہ کرنا ۔

Deprovincialize : (v) غیر صوبہ جاتی بنانا ۔

Depth : (n) [f.DEEP+ -TH.] (۱) گہرا پن ؛ عمق ۔ (۲) گہرائی ؛ عمق ؛ چوڑائی ۔ (۳) دقت ؛ گہرائی (خیال کی) ۔ (٤) فراست ؛ تیز فہمی ؛ ذکاوت ؛ ذہن رسا ؛ دانائی ۔ (٥) رنگ کا گہرا پن ۔ (٦) (جمع میں) بحر عمیق ؛ خفیض قعر ۔ (۷) وسط ؛ بیچ ۔ (۸) قلب یا دماغ کی گہرائی ؛ بحر (فکر) ؛ لہجہ (خیال) ۔ (۹) شدت ۔

Beyond or out of one's depth : (۱) اتنے گہرے پانی میں جہاں آدمی ٹھہر نہ سکے ۔ (۲) (ایسے کام میں مصروف جو) اس کے بس کا نہیں یا اس کی بساط سے زیادہ ہے ۔

Depth analysis : (n) (سماجیات) تجزیہ گہرائی ۔

Depth bomb charge : وہ بم جو آبدوز کو ڈبونے میں استعمال کیا جائے ۔

Depth-bomb : (v) آبدوز کو ڈبونے والے بم سے تباہ کرنا ۔

Depth gauge : (n) عمق پیما ۔

Depth interview : (n) عمق پیما مشافہ ۔

Depth of compensation : (ارضیات) تلافی عمق ۔

Depth of definition : وسعت ماسکہ ۔

Depth of field : وسعت نظر ۔

Depth of focus : دیکھو Depth of definition

Depth of thread : بیچ کے دندانوں کی گہرائی ۔

Depth perception : (n) بصارت بعد ۔

Depth-sounder : (n) جہاز کے نیچے پانی کی گہرائی ناپنے کا خود کار آلہ ۔

Depthen : (v) دیکھو Deepen

Depthless : (a) (۱) پا یاب ۔ (۲) اتھاہ ۔

Depthometer : (n) پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ ۔

Depurant : (a) [L."depurant".] مصفی ؛ مطہر ۔

Depurate : (v) [med.L."depurare".] صاف کرنا یا ہونا ؛ میل کاٹنا یا چھانٹنا ؛ پاک کرنا ۔

Depuration : (n) تصفیہ ؛ تنقیہ ؛ صفائی ؛ میل کاٹنا ۔

Depurative : (a) مصفی ؛ مسہل ۔

Depurative : (n) مصفی، مسہل (دوا) ۔

Depurator : (n) صاف کرنے کا عامل یا آلہ ؛ مصفی ۔

Depuratory : (a & n) دیکھو Depurative

Depurge : (v) پہلی حالت پر واپس کرنا ۔

Deputable : (a) قابل نمائندگی ۔

Deputation : (n) [L."deputare".] (۱) وفد ؛ نمائندوں کی جماعت ۔ (۲) مستعار الخدمتی ۔

Deputational : (a) وفد یا نمائندے کی جماعت سے متعلق ۔

Deputative : (a) بطور نمائندہ ؛ بطور نمائندگی ۔

Depute : (n) (۱) قائم مقام؛ وکیل؛ گماشتہ ؛ نائب ؛ معاون ؛ منصرم ۔ (۲) وکیل ؛ نمائندہ (پارلیمانٹ) ۔

Depute : (v) [L."deputare".] (۱) سپرد کرنا (خدمت) ؛ تفویض کرنا ؛ اختیار (نمائندہ یا وکیل کو) ۔ (۲) نمائندہ بنانا ؛ وکیل بنانا ؛ نائب بنانا ؛ معمور کرنا ؛ تعینات کرنا ۔

Deputize : (v) (۱) قائم مقامی کرنا ؛ قائم مقام ہونا ۔ (۲) نائب بنانا ؛ قائم مقام بنانا ۔ (۳) تفویض کرنا ۔

Deputy : (n) [F."depute".] دیکھو Depute

By deputy : قائم مقام کے ذریعہ ؛ نائب کے وسیلہ سے ۔

Chamber of deputies : فرانس اور بعض دوسرے ممالک کی قومی اسمبلی کی مجلس دوم ۔

General of deputy : (قانون) نمائندہ عام ۔

Special deputy : نمائندہ خاص ۔

Deputyship : (n) نیابت ؛ قائم مقامی ؛ منصرمی ۔

Deracialize : (v) (۱) نسلی خصوصیتوں کو دور کرنا ۔ (۲) نسلی تعصبات سے پاک کرنا ۔

Deracinate : (v) [F."deraciner".] بیخ کنی کرنا ؛ جڑ سے اکھاڑ ڈالنا ؛ استیصال کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ ماحول سے علاحدہ کرنا ۔

Deracinated : (a) سماجی، ذہنی اور نسلی طبقہ سے جسمانی، ذہنی یا جذباتی طور پر آزاد ۔

Deracination : (n) بیخ کنی ؛ استیصال ۔

Deraign : (v) [OF."deraisier".] مقابلہ کرنا ؛ للکارنا ؛ لڑائی سے صحیح ثابت کرنا ۔

Derail : (v) (۱) پٹری سے اتارنا یا اترنا ۔ (۲) منحرف کرنا ؛ رستہ سے موڑ دینا (پروجیکٹ وغیرہ کو) ۔

Derailment : (n) پٹری سے اتارنا یا اترنا ۔

Derange : (v) [mod.F."deranger".] (۱) ابتر کرنا ؛ پراگندہ کرنا؛ الٹ پلٹ کر دینا ؛ بے ترتیب کر دینا ۔ (۲) بے ضابطگی یا بے قاعدگی پیدا کرنا ۔ (۳) دیوانہ کرنا ؛ پاگل کرنا ؛ مجنون کرنا ۔ (٤) خلل ڈالنا ؛ بارج ہونا ؛ مخل ہونا ۔

Deranged : (a) دیوانہ ؛ درہم برہم ؛ پراگندہ ؛ بےترتیب ؛ بے ضابطہ ۔

Derangement : (n) ابتری ؛ پراگندگی ؛ بے ترتیبی ؛ بےضابطگی ؛ گڑ بڑ ؛ خلل دماغ ؛ فتور ؛ اختلال ۔

Mental derangement : موش کشی کرنا ۔

Derat : (v) استیصال کرنا ۔

Derate : (v) (۱) مقامی محصول میں تخفیف کرنا ۔ (۲) (استعداد میں) کمی کرنا (برقی آلات کے) ۔

Deration : (v) راشن بٹانا ؛ (تقسیم) راشن پابند کرنا ۔

Deratization : (n) موش کشی ؛ استیصال موش ۔

Deray : (n) [OF."desrei".] اختلال ؛ بے نظم تفریح ۔

Derby : (n) [OE."deoraby","Deorby".] (۱) Epsom کی سالانہ گھوڑ دوڑ ۔ (۲) Derby کا مخفف ۔ (۳) (پلاسٹر کرنے کی) کرنی ۔ (٤) سخت چمڑے کا جوتا ۔

Derby day : (n) Epsom گھوڑ دوڑ کا دن ۔

Derby dog : (n) (۱) گھوڑ دوڑ کے میدان میں آوارہ پھرنے والا کتا ۔(۲) (مجازاً) دخل در معقولات ۔

Derby hat : (n) گول چندیا اور پتلے لگر والا فلیٹ ہیٹ ۔

Derbyshire : (n) انگلستان کا ایک علاقہ ۔

Derbyshire-neck : (n) گھیگھا ۔

Derbyshire spar : (n) کیلسیم فلورائیڈ ۔

Derealization : (n) ماحول کے احساس کا فقدان ۔

Dereism : (n) واہمہ : خود فکری ۔

Dereistic : (a) وہمی ؛ خود فکری ۔

Dereistically : (adv.) بطور واہمہ ۔

Derelict : (a) [L."derelictus".] (۱) لا وارث ؛ متروکہ ؛ بے سر پرست ۔(۲) خطا کار ؛ غافل ۔

Derelict : (n) (۱) لا وارث چیز (خصوصاً جہاز) ۔ (۲) خطا کار ۔

Dereliction : (n) (۱) لا وارث چھوڑ دینا ؛ لا وارث ہونا ۔ (۲) سمندر کا ہٹ کر زمین خشک چھوڑ دینا ۔(۳) غفلت ؛ خطا کاری ؛ ترک فرض ؛ سستی ۔(٤) قصور ؛ خطا ؛ لغزش ؛ کوتاہی ؛ فرو گذاشت ۔

Dereligionize : (v) مذہب سے دور کرنا ؛ ازالہء مذہب کرنا ۔

Derequisition : (v) تصرف سے نکال دینا ۔

Deresinate : (v) گوند کا ازالہ کرنا ۔

Derestrict : (v) (۱) پابندی یا رکاوٹ اٹھا لینا ۔(۲) (سڑک پر سے) رفتار کی پابندی اٹھا لینا ۔

Deric : (a) [Gr."deros".] (حیاتیات) پوست سے متعلق ۔

Deride : (v) [L."deridere".] ہنسنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ مضحکہ کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ تمسخر کرنا ۔

Derider : (n) مضحکہ یا مذاق اڑانے والا ؛ ہنسنے والا ؛ ہنسی اڑانے والا ؛ تضحیک کرنے والا ۔

Deridingly : (adv.) بطور تضحیک ؛ تمسخرانہ ۔

Derigueur : (a) [F.] آداب مجلس کے مطابق ؛ فیشن کے ضابطے کے مطابق ۔

Derisible : (a) قابل تضحیک ؛ مضحک ۔

Derision : (n) [L."derisionem".] تمسخر ؛ تضحیک ؛ استہزا ؛ مضحکہ ؛ ہنسی اڑانا ۔

Derisive : (a) تمسخر آمیز ؛ تحقیر آمیز ؛ مضحکہ آمیز ۔

Derisively : (adv.) تمسخر سے ؛ بطور تحقیر ۔

Derisiveness : (n) تحقیر آمیزی ؛ تمسخر آمیزی ؛ مضحکہ آمیزی ۔

Derisory : (a) [L."derisorius".] دیکھو Derisive

Derivable : (a) قابل اشتیاق ؛ قابل حصول ۔

Derivably : (adv.) مشتق طور پر ۔

Derivant : (a) استخراج کیا ہوا ؛ اخذ کیا ہوا ؛ مشتق ؛ فرعی ؛ ماخوذ ؛ ارتقائی ۔

Derivant : (n) (ارضیات) تفرقی سُر ۔

Derivate : (a) مشتق ۔

Derivate : (n) مشتق (چیز) ۔

Derivation : (n) (۱) استخراج ؛ استنباط ؛ اخذ ؛ استنتاج ۔ (۲) نسب ؛ اصل ؛ نسل ۔ (۳) اشتقاق ۔ (٤) (نظریہ) ارتقا ۔(٥) (طب) علاج بالاماله ۔ (٦) شعبہ ؛ ماخذ ۔(۷) (برقیات) نقص ۔

Derivational : (n) استنباطی ؛ ماخوذ ۔

Derivationist : (n) ارتقائی ؛ قائل ارتقا ؛ نظریہء ارتقا کا ماننے والا ۔

Derivatist : (n) اشتقاقی ؛ علم اشتقاق کا شائق ۔

Derivative : (a) دیکھو Derivant

Derivative : (n) ماخوذ شے ؛ کلمہء مشتق ؛ تفرقی سُر ؛ (موسیقی) ذیلی تار ۔

Derivative citizenship : (n) ماخوذ شہریت ۔

Derivative emotions : (n) مشتق ہیجانات ؛ (نفسیات) فرعی جذبات ۔

Derivative hybrid : (n) (حیوانیات) دوغلا دردوغلا ۔

Derivatively : (adv.) استخراجاً ؛ اشتقاقاً ۔

Derive : (v)[L."derivare".] (۱) استخراج کرنا؛ حاصل کرنا ؛ اخذ کرنا ۔ (۲) ماخوذ ہونا ؛ نکلنا ؛ لیا جانا ۔ (۳) استنباط کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ۔ (٤) نسل سے ہونا ۔ (٥) مشتق ہونا ۔ (٦) اصل یا نسب کا سراغ لگانا ؛ اشتقاق بتانا ۔

Derived : (a) طبعی ؛ فرعی ؛ ماخوذ ۔

Derived demand : (n) (معاشیات) طلب بالواسطہ ۔

Derived function : (n) تفاعل مستخرجہ ۔

Derived units : (n) (طبیعیات) طبعی اکائیاں ۔

Deriver : (n) اخذ کرنے والا ۔

Derm : (n) [Gr."derma".] (۱) کھال ؛ پوست ؛ جلد ؛ ادمہ ۔ (۲) اصلی کھال ؛ جلد حقیقی ۔

Derma : (n) [mod.L.] دیکھو Derm

Dermad : (adv.) جلد کی طرف ؛ پوست کی جانب ؛ جلد رو ۔

Dermal : (a) جلدی ؛ جلد یا کھال سے متعلق ۔

Dermal branchiae : (n) جلدی گلپھڑے ۔

Dermal denticle : (n) جلدی دندانک ۔

Dermal pore : (n) جلدی مسام ۔

Dermalgia : (n) درد ادمہ ۔

Dermalia : (n) (حیوانیات) ادمیئے ۔

Dermaptera : (n) [Gr."derma"+pteron.] (حشریات) کن گجیا کی جنس کے کیڑے ۔

Dermapteran : (a) کن گجیا کی جنس سے متعلق ۔

Dermapteran : (n) کن گجیا کی جنس کا کوئی کیڑا ۔

Dermapterous : (a) دیکھو Dermapteran

Dermat- /Dermato- : جزو ترکیبی بمعنی " جلدی " ۔

Dermatalgia : (n) (مرض) درد ادمہ ۔

Dermatic / Dermic : (a) جلدی ۔

Dermatine : (a) [Gr."dermatinos".] دیکھو Dermatic

Dermatitis : (n) ورم جلد ؛ التہاب ادمہ ۔

Dermatobranchia : (n) (حیوانیات) صدف کی ایک نوع جس کے بیرونی گلپھڑے جھلی نما گچھے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Dermatocyst : (n) (طب) جلدی دویرہ ۔

Dermatogan : (n) (نباتیات) ادمہ زا ۔

Dermatograph : (n) جلد نگار ؛ ادمہ نگار ۔

Dermatography : (n) جلد نگاری ؛ ادمہ نگاری ۔

Dermatoid / Dermoid : (a) ادمہ نما ؛ جلدی ۔

Dermatological : (a) ادمییاتی ۔

Dermatologist : (n) ماہر امراض جلد ؛ ادمییات داں ۔

Dermatology : (n) ادمییات ؛ علم امراض جلد ۔

Dermatolysis : (n) جھری پڑ جانا ۔

Dermatome : (n) جلد تراش ۔

Dermatomycosis : (n) جلدی فطرتییت ۔

Dermatoneurology : (n) (تشریحات) علم اعصاب الجلد ۔

Dermatonosis : (n) مرض جلد ۔

Dermatopathy : (n) مرض جلد ۔

Dermatophobia : (n) جلدی مرض ترسی ۔

Dermatophyte : (n) دیکھو Dermophyte

Dermatoplasty : (n) جلد پیوندی ۔

Dermatopsy : (n) ادمہ بصری ۔

Dermatoptera : (n) دیکھو Dermaptera

Dermaptoptic : (a) ادمہ بصر ۔

Dermatorrhoe : (n) کثرت پسینہ ۔

Dermatosclerosis : (n) صلابت جلد ۔

Dermatosis : (n) داء الادمہ ؛ مرض جلد ۔

Dermatoskeleton : (n) دیکھو Dermoskeleton

Dermatotomy : (n) دیکھو Dermotomy

Dermatozoa : (n) حونیات جلد ۔

Dermatozoonosis : (n) مرض جلد جو حونیاتی طفیلیوں کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

Dermestes : (n) [Gr."derma"+"esthien".] بھونروں کی ایک نوع ۔

Dermestid : (a) بھونروں کی ایک نوع سے متعلق ۔

Dermestoid : (a) بھونرا نما ۔

Dermis : (n) [mod.L.] دیکھو Derm

Dermo- : [Gr."dermo-".] جزو ترکیبی بمعنی " جلدی " " پوستی " " ادمہ سے متعلق " ۔

Dermobranchia / -branchiata : (n) دیکھو Dermatobranchia

Dermobranchiate : (a) صدف کی اس نوع سے متعلق جس کے بیرونی گلپھڑے جھلی دار گچھے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Dermogastric : (a) جلد اور معدے سے متعلق ۔

Dermography : (n) دیکھو Dermatography

Dermohaemal : (a) بطنی یا شکمی جلد سے متعلق ۔

Dermohaemia : (n) جلدی اجتماع خون ۔

Dermohumeral : (a) جلد اور عضو سے متعلق ۔

Dermology : (n) دیکھو Dermatology

Dermomycosis : (n) دیکھو Dermatomycosis

Dermomuscular : (a) جلد اور عضلہ سے متعلق ۔

Dermoneural : (a) جلد اور اعصاب سے متعلق ۔

Dermopathy : (n) دیکھو Dermatopathy

Dermophyte : (n) جلد پودا ۔

Dermophytic : (a) جلد پودا سے متعلق ۔

Dermoptera : (n) حشرات کی ایک ذیلی جنس ۔

Dermopterous : (a) حشرات کی ایک ذیلی جنس سے متعلق ۔

Dermopterygian : (a) جھلی دار پروں والا ۔

Dermohynchous : (a) جھلی پوش منقار والا ۔

Dermosclerite : (n) بعض کرمینوں کی بافت جس کے بالائی حصہ میں بالچہ ہوتا ہے ۔

Dermoskeletal : (n) جلدی کالبُد سے متعلق ۔

Dermoskeleton : (a) جلدی کالبُد ؛ بیرونی ڈھانچہ ۔

Dermotomy : (n) تشریح جلدی ۔

Dern : (n) Darn کا مرادف ۔

Dernier : (a) [OF."derrenier".] اخیر ؛ آخری ۔

The (or le) dernier Cri : جدید ترین فیشن ۔

Dernier ressort : (n) آخری تدبیر ۔

Derogate : (v) [L."derogare".] تنقیص ہونا ؛ کمی ہونا ؛ حرف آنا ؛ پست ہونا یا کرنا ؛ نازیبا حرکت کرنا ؛ تنقیص کرنا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ انحراف کرنا ؛ بھٹکنا ۔

Derogation : (n) (۱) بے قدری ؛ بے وقری ؛ بے عزتی ؛ سبکی ؛ توہین ۔(۲) پستی ؛ تنزل ۔ (۳) قانون کی جزوی تنسیخ ۔

Derogative : (a) (۱) تنقیص آمیز ۔(۲) خلاف شان ؛ معیوب ۔(۳) تحقیر آمیز ؛ توہین آمیز ؛ اہانت آمیز ۔

Derogator : (n) ہتک کرنے والا ؛ رسوا کرنے والا ۔

Derogatorily : (adv.) ہتک آمیزی سے ؛ رسوائی سے ؛ بے قدری سے ۔

Derogatoriness : (n) ہتک آمیزی ؛ رسوائی ۔

Derogatory : (a) دیکھو Derogative

Derotremate /Derotrematous : (a) [mod.L."derotrematus".]
دمدار جل تھلیے کی جنس سے متعلق ۔

Derotreme : (a) دمدار جل تھلیے سے متعلق ۔

Derotreme : (n) دمدار جل تھلیے ۔

Derout : (n) [F."deroute"] شکست فاش ؛ بھگدڑ ۔

Derout : (v) شکست فاش دینا ۔

Derrick : (n) [From the surname of a hangman at Tyburn.]
بھاری بوجھ اٹھانے کی ایک کل ؛ جر ثقیل ۔

Derriere : (a) [OF."deriere".] عقبی ۔

Derriere : (n) سُرین ؛ چوتڑ ۔

Derring do / Derring-do : (n) جان پر کھیل جانا ؛ جانبازانہ ہمت ۔

Derringer : (n) [f.the inventor's surname.] ایک چھوٹا سا چوڑی نال کا طپنچہ ۔

Derry : (n) نا پسند کرنا ؛ نفرت کرنا ؛ قابل اعتراض سمجھنا ۔

Derterum : (n) [L.] منقار خول ۔

Deruralize : (v) غیر دیہی بنانا ۔

Dervish : (n) [Turk."dervis"] درویش ۔

Des : (prefix) دیکھو Dis

Desacralize : (v) غیر مقدس بنانا ۔

Desalinization / Desalination : (n) ازالۂ نمک ؛ نمک کی مقدار کم کرنا ۔

Desalt : (v) دیکھو Deionize / Demineralize

Desanctify : (v) غیر مقدس بنانا ۔

Desaturate : (v) سیری دور کرنا ۔

Desaturation : (n) سیری ربائی ۔

Descamisado : (n) [Sp.] (۱) ہسپانوی انقلاب ۲۳-۱۸۲۰ء کے حریت پسند ۔ (۲) تشدد پسند انقلابی ۔

Descant : (n) [OF."deschant".] (۱) (شعر) گیت ؛ ترانہ ؛ راگ ؛ نغمہ ؛ آہنگ ؛ سرود ۔ (۲) (موسیقی) ساز کے ساتھ اونچے سُر کا گیت جس کی لے جدا ہو ۔ (۳) تبصرہ ؛ پُر جوش تقریر ۔

Descant : (v) (۱) (کسی مسئلہ پر) تقریر کرنا ؛ تفصیل سے بیان کرنا ۔ (۲) گانا ؛ ساز پر بجانا ۔

Descanter : (n) گانے والا ؛ تقریر کرنے والا ؛ مبصر ؛ تبصرہ کرنے والا ۔

Descend : (v) [F."descendre".] (۱) اترنا ؛ نیچے آنا ؛ نازل ہونا ؛ گرنا ۔ (۲) ڈھلواں ہونا ؛ ڈھال ہونا ۔ (۳) اچانک حملہ کرنا ؛ آ پڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا ۔ (٤) زمانہ ما قبل سے شروع کر کے ما بعد پر یا بڑے سے شروع کر کے چھوٹے پر یا عام سے شروع کر کے خاص پر ختم کرنا ۔ (٥) اتر آنا ؛ خلاف شان حرکت کرنا ۔ (٦) نسل سے ہونا ۔ (۷) ترکے میں ملنا ؛ ورثے میں ملنا ؛ منتقل ہونا ۔ (۸) (پہاڑ یا زینے سے) اترنا ۔ (۹) اونچے سر سے نیچے سر پر آنا ۔

Descendant /-ent : (a) (۱) (نقابت) پائیں رو ۔ (۲) نسلی ؛ زادہ ۔

Descendant / -ent : (n) اولاد ؛ خلف ؛ نسل ۔

Descendental : (a) مثبتی ؛ حقیقت پسندانہ ۔

Descender : (n) اترنے والا خاص کر وہ حرف جو طباعت میں سطر سے نیچے چھپ جائے ۔

Descendible / -able : (a) (۱) متوارث ؛ انتقال پذیر ۔ (۲) وراثتاً ؛ پہنچنے کے قابل ۔

Descending : (a) (۱) اترنے والا ؛ نزولی ؛ زیر رو ۔ (۲) (نقابت) پائیں رو ۔ (۳) (مجازاً) تنزل کنندہ ۔

Descending node : (n) (فلکیات) عقدہ نازلہ ۔

Descending order : (n) نزولی ترتیب ۔

Descending power : (n) نزولی قُوا ۔

Descending ridge : (n) اترتی ریکھا ۔

Descending series : (n) نزولی سلسلہ ؛ گھٹتا سلسلہ ۔

Descendingly : (adv.) اترتے ہوئے ؛ نازل ہوتے ہوئے ۔

Descensive : (a) (۱) متنزل ؛ نازل ہونے والا ۔
(۲) (قوی) قوت کم کرنے والا ۔

Descensus : (n) [L."descensus".] (طب) نزول ؛ سقوط ۔

Descent : (n) [F."descente".] (۱) اترنا ؛ نزول ۔(۲) ڈھال ؛ اتار ۔(۳) نیچے کو جانے والا راستہ ؛ راہ نشیب ۔(٤) یورش ؛ اچانک حملہ ؛ دھاوا ۔ (٥) تنزل ؛ زوال ؛ پستی ۔ (٦) نسل ؛ نسب ؛ سلسلہ ۔(۷) پشت ؛ پیڑھی ۔(۸) توارث ؛ انتقال (جائداد وغیرہ کا) ۔

Agnatic descent : (سماجیات) یک جدی نسل ۔

Double descent : (سماجیات) ذو نسبی ۔

Matrilineal descent : مادری نسب سے وابستہ ۔

Patrilineal descent : پدری نسب سے وابستہ ۔

Descent of man : (حیوانیات) سلالت انسان ۔

Describable : (a) قابل بیان ؛ قابل ذکر ۔

Describe : (v) [L."describere".] (۱) بیان کرنا ؛ ذکر کرنا ۔ (۲) صفت بیان کرنا ؛ توصیف کرنا ؛ قرار دینا ۔ (۳) حرکت کرنا ۔ (٤) تقسیم کرنا ۔ (٦) خاکہ کھینچنا ۔

Describent : (a) شارح ؛ توضیح کرنے والا ۔

Describent : (n) (ہندسہ) وہ نقطہ ، خط یا سطح جو اپنی حرکت سے سطح یا مجسم بناتے ہیں ۔

Describer : (n) (۱) بیان کرنے والا ؛ توصیف کرنے والا ۔ (۲) مختلف ریل گاڑیوں کی تفصیلات بتانے کا آلہ ۔

Descrier : (n) دیکھنے والا ۔

Descript : (n) [L."descriptus"] کندہ ؛ کھدا ہوا ؛ تقسیم کیا ہوا ؛ بیان کیا ہوا ۔

Description : (n) (۱) بیان ؛ ذکر ؛ وصف ؛ کیفیت ؛ تعریف ؛ صراحت ۔(۲) قسم ؛ نوع ۔(۳) (ہندسہ) شکل بنانا ۔

Ambiguous description : (فلسفہ) مبہم بیان ۔

Definit description : متعین بیان ۔

Indirect description : بالواسطہ بیان ۔

Descriptive : (a) (۱) بیانی ؛ توصیفی ۔(۲) مناظر قدرت وغیرہ بیان کرنے کا شائق (مصنف) ۔
(۳) زبان کی ساخت کے بیان سے متعلق ۔

Descriptive anatomy : (n) توضیحی تشریح ۔

Descriptive astronomy : (n) بیانیہ ہیئت ۔

Descriptive language : (n) بیانیہ زبان ۔

Descriptive role : (n) فرد تفصیل ؛ حلیہ ۔

Descriptive Science : (n) بیانیہ سائنس ۔

Descriptive sheet : (n) فرد تعارف ۔

Descriptive theory : (n) بیانی نظریہ ۔

Descriptively : (adv) بیان کے طور پر ؛ تشریحاً ۔

Descriptiveness : (n) وضاحت ؛ صراحت ۔

Descriptivism : (n) (۱) اخلاقیات کا وہ نظریہ جس کے مطابق صرف تجرباتی بیانات معنی خیز ہوتےہیں ۔(۲) بیانیہ لسانیات کے طریقوں کی حمایت یا استعمال ۔

Descriptum : (n) (فلسفہ) بیان کی ہوئی چیز ۔

Descrive : (v) (اسکاٹستان) Describe

Descry : (v) [OF."descrivre".] دیکھ لینا ؛ سمجھ جانا ؛ معلوم کر لینا ؛ دریافت کر لینا ؛ انکشاف کرنا ۔

Desecrate : (v) [L."desecrare".] (۱) بے حرمتی کرنا ؛ ہتک حرمت کرنا ؛ بے ادبی کرنا ؛ پلید کرنا ؛ نجس کرنا ۔(۲) برے مقصد کے لئے وقف کرنا ۔(۳) مقدس سلسلہ سے خارج کرنا ۔

Desecrater / -or : (n) بے حرمت کرنے والا ۔

Desecration : (n) بے حرمتی ؛ بے ادبی ۔

Desecrative : (a) بے حرمت کرنے والا ؛ بے ادب بنانے والا ۔

Desegmentation : (n) (حیوانیات) دو یا زیادہ بندوں کو ملانا ۔

Desegmented : (a) ملا ہوا ۔

Desegregate : (v) افتراق کو دور کرنا ۔

Desensitization : (n) (۱) (طب) حسیت ربائی ۔
(۲) (فوٹو گرافی) نا حساس سازی ۔

Desensitize : (v) (۱) بے حس بنانا ؛ حسیت ربائی کرنا ۔
(۲) نا حساس بنانا ۔

Desert : (n) [OF."deserte".] سزاوار ؛ مستوجب ؛ مستحق ؛ فضیلت ۔

Desert : (n) [OF."desert".] (۱) بیابان ؛ ریگستان ؛ صحرا ؛ بنجر ؛ دشت ؛ ویرانہ ۔(۲) (مجازاً) خشک (مضمون) ۔

Cold desert : (جغرافیہ) سرد صحرا ۔

Hot desert : (جغرافیہ) گرم صحرا ۔

Sand desert : (جغرافیہ) ریگستان ۔

Stone desert : صخرستان ؛ دشت ۔

Desert : (a) (۱) غیر آباد ؛ ویران ؛ اجاڑ ؛ سونا ؛ بنجر ؛ غیر مزروعہ ؛ ریگستان ۔(۲) (مجازاً) خشک ۔

Desert : (v) (۱) چھوڑنا ؛ ترک کر دینا ۔(۲) (سکونت) ترک کر دینا ۔(۳) ساتھ چھوڑنا ؛ بے وفائی سے چھوڑ دینا ؛ منہ موڑنا ۔(٤) دغا دینا ؛ غائب ہو جانا ۔(٥) (فوجی یا بحری نوکری) چھوڑ کر بھاگ جانا ۔

Desert armour : (n) سنگریزوں اور صخروں کا انبار (ریگستان میں) ۔

Desert chough : (n) صحرائی زاغ ۔

Desert climate : (n) (جغرافیہ) ریگستانی آب و ہَوا ۔

Desert falcon : (n) صحرائی باز ۔

Desert fever / Desert rheumatism : (n) صحرائی بخار ۔

Desert fox : (n) صحرائی لومڑی ۔

Desert gum : سفیدہ (Eucalyptus) کے قسم کے درختوں کی نوع ۔

Desert pavement : (n) صحرائی فرش ۔

Desert ship : (n) اونٹ ؛ شتر ۔

Desert snake : (n) صحرائی سانپ ۔

Desert varnish /-polish : (n) صحرائی وارنش ۔

Desert vegetation : (n) ریگستانی نباتات ۔

Desertedness : (n) ویرانی ۔

Deserted sight : (n) (جغرافیہ) ویرانی جگہ ۔

Deserter : (n) بھگوڑا ؛ فراری ؛ ساتھ چھوڑنے والا ۔

Desertic : (a) مانند صحرا ۔

Deserticolous : (a) صحرا باش ۔

Desertion : (n) [F."desertion".] (۱) رو گردانی ؛ بے وفائی ؛ فرار ؛ ساتھ چھوڑ دینا ۔(۲) (فوج) ترک خدمت ؛ فرار ۔(۳) ویرانی ۔

Desertless : (a) نا لائق ؛ نا اہل ۔

Desertloess : (n) (جغرافیہ) صحرائی غباری تودہ ؛ زردی مائل ؛ چکنی مٹی کی تہ جو دریا وغیرہ کی وادی میں جم جاتی ہے ۔

Desertness : (n) ویرانی ۔

Desertscape : (n) صحرائی منظر ؛ صحرائی منظر کی تصویر ۔

Desertworthy : (n) ریگستان میں کام کرنے کے لائق ۔

Deserve : (v) [OF."deservir".] مستحق ہونا ؛ مستوجب ہونا ؛ سزاوار ہونا ۔

Deserved : (a) سزاوار ؛ استحقاقی ؛ حاصل ہوا ۔

Deservedly : (adv.) استحقاق کے ساتھ ؛ استحقاق کے مطابق ؛ واجبی طور پر ؛ انصاف سے ۔

Deservedness : (n) مستحق ہونا ؛ سزاواریت ۔

Deserver : (n) سزاوار ؛ مستحق ۔

Deserving : (a & n) (۱) سزاوار ؛ قابل تعریف ؛ حق دار ؛ مستحق ۔ (۲) مستوجب ؛ سزاوار (تعریف یا ملازمت وغیرہ کا) ۔

Deservingly : (adv.) استحقاقاً ؛ مستحق ہو کر ۔

Desex : (v) (۱) آختہ کرنا ؛ اخصا کرنا ۔ (۲) جنسی کشش کو کم کرنا ۔

Desexualization : (n) آختہ گری ؛ اخصا ۔

Desexualize : (v) (۱) جنسیت ربائی کرنا ؛ ازالہء جنسیت کرنا ۔ (۲) (تجارت) جنسیت کو موڑ دینا ؛ جنسیت کو منحرف کرنا ۔

Deshabille : نا مکمل یا نا کافی لباس پہنے ہونے ہونا ؛ ڈھیلا ڈھالا لباس جو خلوت میں یا سوتے وقت پہنا جائے ۔

Desiccant : (a) خشکندہ ؛ مجفف ۔

Desiccant : (n) خشکندہ عامل ۔

Desiccate : (v) [L."desiccat".] (۱) سکھانا ؛ خشک کرنا؛ خشک ہونا ؛ رطوبت دور کرنا ۔ (۲) قوت حیات کو خشک کرنا ۔ (۳) خود روی اور دوسری دلچسپ خصوصیتوں سے محروم کرنا ۔ (٤) (مجازاً) خشک طبع ہونا ۔

Desiccate : (a) سوکھا ہوا ؛ خشک ۔

Desiccation : (n) (۱) خشک کرنا ؛ نمی دور کرنا ؛ تجفیف ؛ خشکاؤ ۔ (۲) قوت حیات کی کمی ۔

Desiccative : (a) خشکندہ ۔

Desiccative : (n) دیکھو Desiccant

Desiccator : (n) خشک کن (آلہ) ؛ مجاف ۔

Desiccator dish : (n) (کیمیا) خشک کن رکابی ۔

Desiccatory : (a) دیکھو Desiccative

Desiderate : (v) [L."desiderare".] ضرورت رکھنا ؛ چاہنا ؛ کمی محسوس کرنا ۔

Desideration : (n) (۱) تمنائی ۔ (۲) (نحو) تمنائی (فعل) ۔

Desiderative : (n) صیغہ تمنائی ؛ فعل تمنائی ۔

Desideratum : (n)[L.] ضرورت ؛ حاجت ؛ احتیاج ؛ جس چیز کی کمی ہو ؛ مطلوب ؛ آرزو ۔

Desiderium : (n) [L."desiderare".] تمنا ؛ آرزو ؛ احساس کی کمی ؛ غم ۔

Desight : (n) خار چشم ؛ بد نما شے ۔

Design : (n) [F."dessein"] (۱) تدبیر ؛ تجویز ؛ منصوبہ ۔ (۲) حملے کا منصوبہ ۔ (۳) ارادہ ؛ قصد ؛ عمد ۔ (٤) مقصد ؛ غرض ؛ غایت ۔ (٥) نظم ؛ ترتیب ؛ علت و معلول کی مطابقت ۔ (٦) نقشہ ؛ خاکہ ؛ نمونہ ۔ (۷) نقش و نگار ۔ (۸) خاکہ ؛ داغ بیل ؛ ساخت ؛ ترکیب ؛ ڈول ؛ ڈھانچہ ؛ ایجاد ؛ اختراع ۔ (۹) چالاکی (برے معنوں میں) ۔

Argument from design : تنظیمی دلیل ۔

Arts of design : فنون دستکاری ۔

By design : ارادتاً ؛ قصداً ؛ عمداً ۔

School of design : مدرسہء فنون دستکاری ۔

Design : (v) [F."designer".] (۱) (کسی کے لئے) مخصوص کرنا ۔ (۲) منتخب کرنا (کسی شخص کو کسی کام کے لئے) ؛ مخصوص کرنا کسی مقصد کے لئے ۔ (۳) تدبیر کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ منصوبہ باندھنا ۔ (٤) ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا ؛ مقصد ہونا۔ (٥) (تصویر کا) خاکہ بنانا ۔ (٦) (عمارت کا) نقشہ بنانا ۔ (۷) نقشہ کشی کرنا ۔ (۸) خاکہ بنانا ؛ خاکہ سوچنا (کسی کتاب وغیرہ کا) ۔

Design patent : (n) اختراع کی سند ایجاد ۔

Designable : (a) قابل تصویر کشی ؛ قابل تدبیر ۔

Designado : (n) [Sp.] ہسپانوی امریکی ممالک کے صدر کا منتخب جانشین ۔

Designate : (a) [L."designatus".] معرف ؛ نامزد ۔

Designate : (v) (۱) تخصیص کرنا ؛ صراحت کرنا ؛ معین کرنا ۔ (۲) لقب ہونا ؛ خصوصیت

ہونا ۔ (۳) لقب دینا ؛ موسوم کرنا ۔ (٤) مقرر کرنا ؛ تقرر کرنا ۔ (٥) کسی مقصد کے لئے وقف کرنا ۔ (٦) (منطق) معرف کرنا ۔

Designated value : (n) قدر معرف ۔

Designation : (n) (۱) تقرر ؛ نام ؛ لقب ؛ وصف ؛ خطاب ۔ (۲) منصب ؛ عہدہ ؛ تعارف ۔ (۳) معرفی ۔ (٤) صدفہ کاری کے لئے جگہ مخصوص کرنا اور مخصوص جگہ ۔ (٥) (منطق) معرفی نسبت ۔

Designative : (a) معارفہ ۔

Designator : (n) (۱) معرف ۔ (۲) تقرر کرنے والا ۔

Designatory : (a) دیکھو Designative

Designatum : (n) [L.] معارفہ ۔

Designed : (a) بنایا ہوا ؛ متعین کیا ہوا ؛ ارادی ؛ بالقصد ۔

Designedly : (adv.) ارادتاً ؛ قصداً ؛ عمداً ۔

Designee : (n) نامزد ۔

Designer : (n) (۱) مخصوص کرنے والا ؛ موجد ؛ تدبیر کرنے والا ؛ خاکہ تیار کرنے والا ۔ (۲) نقشہ کش ؛ مشینوں کا نقشہ تیار کرنے والا ؛ نمونہ ساز ۔ (۳) سازشی ۔

Designful : (a) ارادی ۔

Designfulness : (n) ارادیت ؛ مقصدیت ۔

Designing : (n) نمونہ سازی ؛ نقشہ کشی ؛ خاکہ کشی ۔

Designing : (a) (۱) تدبیر کرنے والا ۔ (۲) چالاک ؛ عیار ؛ فریبی ؛ سازشی ؛ حیلہ گر ۔

Designingly : (adv.) عیاری سے ؛ چالاکی سے ۔

Designless : (a) بے نقشہ ؛ بے خاکہ ۔

Designlessly : (adv.) بے نقشہ کے ۔

Desiliconize : (v) سلیکون کا ازالہ کرنا ۔

Desilt : (v) (پانی سے) گاد کا ازالہ کرنا ۔

Desilver : (v) چاندی کا ازالہ کرنا ۔

Desilverization : (n) ازالۂ چاندی ۔

Desilverize : (v) چاندی کا ازالہ کرنا ؛ چاندی نکال دینا ۔

Desinence : (n) [F."desinence".] (۱) پایاں ؛ خاتمہ ؛ اختتام ۔ (۲) (قواعد) لاحقہ ۔

Desinential : (a) اختتامی ۔

Desipience /Desipiency : (n) خفیف الحرکاتی ؛ نادانی ؛ سادہ لوحی ؛ بے وقوفی ؛ حماقت ۔

Desipient : (a) سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ نادان ؛ احمق ۔

Desirability : (n) دل پسندی ؛ مرغوبیت ؛ پسندیدہ ہونا ۔

Desirable : (a) دل پسند ؛ مرغوب ؛ خاطر خواہ ؛ پسندیدہ ؛ اچھا ؛ مطلوب ۔

Desirableness : (n) دیکھو Desirability

Desirably : (adv.) دل پسند طور پر ؛ مرغوب طریقے سے ۔

Desire : (n) [OF."desir".] (۱) حسرت ؛ خواہش ؛ آرزو ؛ تمنا ؛ شوق ؛ رغبت ۔ (۲) درخواست ؛ التجا ؛ التماس ؛ استدعا ۔ (۳) مرغوب شے ؛ مطلوب ۔ (٤) ہوس ۔

Repressed desire : (نفسیات) دبی ہوئی خواہش ؛ مسدود خواہش ۔

Desire : (v) [OF."desirer".] (۱) چاہنا ؛ آرزو کرنا ؛ خواہش کرنا ؛ تمنا کرنا ۔ (۲) (خواہش) محسوس کرنا ۔ (۳) مانگنا ؛ سوال کرنا ؛ طلب کرنا ۔ چاہنا ۔ (٤) التجا کرنا ؛ درخواست کرنا ؛ التماس کرنا ؛ استدعا کرنا ؛ حکم دینا ؛ خواہش ظاہر کرنا ۔

Desired : (a) مطلوبہ ۔

Desiredly : (adv.) مطلوبہ شے کی طرح ۔

Desiredness : (n) مطلوب ہونا ۔

Desireless : (a) بے خواہش ؛ بے تمنا ؛ بے آرزو ۔

Desiringly : (adv.) خواہش کرتے ہوئے ؛ ملتجیانہ ؛ تمنا کے طور پر ۔

Desirous : (a) [OF."desireus".] خواہاں ؛ آرزو مند ؛ طلبگار ؛ خواستگار ؛ شائق ؛ طالب ؛ حوصلہ مند ۔

Desirously : (adv.) آرزو مندی سے ؛ اشتیاق کے ساتھ ؛ متمنی ہو کر ۔

Desist : (v) [OF."desister".] باز رہنا ؛ دست بردار ہونا ؛ ترک کرنا ۔

Desistance /-ence : (n) باز آنا ؛ دست برداری ؛ ترک کرنا ؛ اختتام ۔

Desition : (n) [L."desinere".] خاتمہ ؛ موت ؛ انجام ۔

Desk : (n) [ME."deske".] (۱) ڈھلواں میز ؛ لکھنے کی میز ؛ ڈسک ۔ (۲) (مجازاً) عہدہ ؛ منصب ؛ دفتری کام ۔

Desk bound : (a) مقید دفتر ۔

Desk cloth : (n) میز پوش ۔

Desk knife : (n) چھوٹا چاقو ۔

Desk man : (n) (۱) دفتری افسر ۔ (۲) خبر نگار ۔

Desk work : (n) دفتری کام ۔

Desma : (n) [Gr.] (۱) (حیوانیات) پٹی ؛ بندھن ۔ (۲) رباط ؛ رابط ۔

Desman : (n) [F.] مشک چھچھوندر ۔

Desmid : (n) [L."desimdium".] خورد بینی یک خلوی جلبک کی نوع کا ایک پودا ؛ ڈسمڈ ۔

Desmidiaceous : (a) ڈسمڈ نما ۔

Desmidian : (a) ڈسمڈ کا ۔

Desmidian : (n) ڈسمڈ ۔

Desimdiologist : (n) یک خلوی جلبک کا ماہر ۔

Desmidiology : (n) یک خلوی جلبک کا علم ۔

Desmine : (n) [Gr."desme".] ایلومینیم ؛ کیلیشیم کا آبدار سلیکٹ ۔

Desmo- : [Gr."desmos".] ترکیبی جزو بمعنی " رشتہ " ؛ " بندھن " ؛ " رباط " ۔

Desmobacteria : (n) حقیقی جراثیم ۔

Desmobrya : (n) سرخس کا ایک مجموعہ ۔

Desmobryoid : (a) سرخس کے ایک مجموعے سے متعلق ؛ سرخس کی طرح ۔

Desmodium : (n) [L.] (نباتیات) چمڑا ۔

Desmodont : (a) ذو ضمام صدفوں کی نوع سے متعلق ۔

Desmodont : (n) ذو ضمام صدف ۔

Desmogen : (n) رباط زا ۔

Desmognathism : (n) تالو اور چبڑے کی ہڈی کی ایک خاص ساخت ۔

Desmognathous : (a) تالو اور چبڑے کی ہڈیوں کی ایک خاص ساخت رکھنے والے (پرندے) ۔

Desmography : (n) رباط نگاری ۔

Desmoid : (a) [Gr."desmos".] (۱) رباطی ؛ رباط نما ۔ (۲) (طب) رباطیہ ۔

Desmology : (n) (۱) رباطیات ۔ (۲) زخم بندی پر کتاب ۔

Desmopathy : (n) مرض رباط ۔

Desmopelmous : (a) (طیور) مربوط کف بانوں والے (پرند) ۔

Desmostichous : (a) برابر اور رباط نما منقاروں والے خار پشت نما گروپ سے متعلق یا اس جیسا ۔

Desmotomy : (n) تشریح رباط ۔

Desocialisation : (n) غیر سماجی بنانا ۔

Desocialize : (v) غیر سماجی بنانا ؛ غیر سماجیانا ۔

Desoeuvre : (a) [Fr.] بیکار ۔

Desoeuvrement : (n) بیکاری ۔

Desolate : (a) [L."desolatus".] (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے کس ۔ (۲) غیر آباد ۔ (۳) ویران ؛ اجاڑ ؛ شکستہ ؛ برباد شدہ ؛ چٹیل میدان ؛ بنجر ؛ سنسان ۔ (٤) وا ماندہ ؛ مغموم ؛ نا امید ؛ مایوس ؛ دل شکستہ ؛ بدقسمت ؛ بدنصیب ؛ اداس ؛ محزون ۔

Desolate : (v) (۱) غیر آباد کرنا ؛ ویران کرنا ؛ اجاڑنا ۔ (۲) برباد کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ غارت کرنا ۔ (۳) نا امید یا دل شکستہ کرنا ؛ اداس کرنا ۔ (٤) چھوڑ دینا ؛ ترک کرنا ؛ تنہا چھوڑ دینا ۔

Desolately : (adv.) ویرانی کی حالت میں ؛ نا امیدانہ ؛ اداسی سے ۔

Desolateness : (n) بے کسی ؛ تنہائی ؛ غیر آبادائی ؛ اجاڑ پن ۔

Desolation : (n) (۱) تاخت و تاراج ؛ غارت گری ۔ (۲) ویرانی ؛ بربادی ؛ تنہائی ۔ (۳) کس مپرسی ؛ بے بسی ۔ (٤) اداسی ؛ دل شکستگی ؛ مایوسی ؛ حزن ۔ (٥) ویرانہ ۔

Desolator /-er : (n) اجاڑنے والا ؛ ویران کرنے والا ؛ تباہ کن ؛ غارت گر ۔

Desonation : (n) غیر اوتاری بنانا ۔

Desophistication : (n) تصنع دور کرنا ؛ ازالہء تصنع ۔

Desophisticate : (v) تصنع دور کرنا ۔

Desorption : (n) جذب ربائی ۔

Desoxalic : (a) [F."desoxalique".] آکزیلك (Oxalic) ترشہ کی ناتکسید سے بنا ہوا ۔

Desoxalate : (n) Desoxalic ترشہ کا نمك ۔

Desoxy- : (prefix) بے آکسیجن ؛ بغیر آکسیجن ۔

Despair : (n) [ME."despeire".] (۱) یاس ؛ نا امیدی ؛ قنوط ؛ مایوسی ؛ نراس ۔ (۲) مایوس کن چیز ؛ وجہ یاس ۔

Despair : (v) [OF."desperer".] نا امید ہونا ؛ مایوس ہونا ؛ امید چھوڑ بیٹھنا ؛ ہمت ہار بیٹھنا ۔

Despairer : (n) نا امید یا مایوس کرنے والا ۔

Despairful : (a) نا امید ؛ مایوس ۔

Despairingly : (adv.) نا امیدی سے ؛ مایوسی سے؛ مایوسانہ؛ نا امیدانہ ۔

Despatch : (۱) بھیجنا ؛ روانہ کرنا ۔ (۲) کام تمام کرنا ؛ قتل کرنا ؛ ختم کرنا ۔ (۳) (کام) جھٹ پٹ کرالینا ؛ طے کرنا ؛ انجام دینا ؛ نبٹانا ۔ (٤) (کھانا) جلدی جلدی کھا لینا ۔ (٥) جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ۔

Despecification : (n) ازالہء خصوصیت ۔

Despectant : (a) (نقابت) نیچے دیکھتے ہوئے ۔

Despence : (۱) تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ۔ (۲) دینا (اصطباغ وغیرہ) ۔ (۳) نسخے کے مطابق دوا دینا ؛ (دوا) تیار کرنا یا دینا ۔ (٤) براءت نامہ عطا کرنا ؛ معافی نامہ دینا ۔ (٥) (کلیسا) قانون سے مستثنی کرنا ؛ فرض سے سبکدوش کرنا ۔

Desperado : (n) [Sp.] (۱) مایوس ؛ نا امید ۔ (۲) شہدا ؛ غنڈا ؛ بد معاش ۔

Desperate : (a) [L."desperatus".] (۱) قطعاً مایوس کن ؛ امید شکن ؛ نازك ؛ خطرناك ؛ سراسر نا قابل عمل ۔ (۲) منچلا ؛ بیباك ؛ بے دھڑك ؛ بے جگر ؛ شورہ پشت ؛ بے لگام ؛ جان پر کھیل جانے والا ۔

Desperate : (adv.) نا امیدانہ ؛ مایوسانہ ؛ بے جبری سے ؛ شورہ پشتی سے ؛ جان توڑ کر ؛ بے تحاشہ ۔

Desperately : (adv.) دیکھو Desperate

Desperateness : (n) قطع امید ؛ قطعی مایوسی ؛ شورہ پشتی ؛ بے جگری ۔

Desperation : (n) بیباکی ؛ قطع امید ؛ شورہ پشتی ؛ بے جگری ؛ نا امیدی ۔

Despicability : (n) ذلالت ؛ سفلہ پن ؛ فرومائیگی ۔

Despicable : (a) [L."despicabilis".] ذلیل ؛ حقیر ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ فرومایہ ؛ قابل حقارت ۔

Despicableness : (n) دیکھو Despicability

Despicably : (adv.) کمینہ پن سے ؛ سفلہ پن ؛ قابل حقارت طور پر ۔

Despiritualization : (n) روحانیت سے محرومی ۔

Despiritualize : (v) روحانیت سے محروم کرنا ۔

Despisable : (a) دیکھو Despicable

Despisal : (n) نفرت ؛ حقارت ۔

Despise : (v) [L."despicere".] حقیر جاننا ؛ ذلیل سمجھنا ؛ حقارت کرنا ۔

Despiser : (n) نفرت کرنے والا ؛ حقارت کرنے والا ؛ ذلیل سمجھنے والا ۔

Despisingly : (adv.) نفرت کرتے ہوئے؛ ذلیل سمجھتےہوئے۔

Despite : (n) [ME."despit".] (۱) ظلم ؛ ستم ؛ توہین ؛ تحقیر ؛ حقارت آمیز عمل ۔(۲) بغض ؛ عداوت ؛ کینہ ؛ ضد ؛ بیر ؛ عناد ۔

In spite of : مخالفت کے باوجود ؛ باوجودیکہ ۔

In his / her / one's despite : علی الرغم ؛ باوجود ؛ باوجودیکہ ۔

Despite : (v) حقیر سمجھنا ؛ صدمہ پہنچانا ؛ تکلیف دینا ۔

Despite : (prep.) باوجودیکہ ۔

Despiteful : (a) بغض رکھنے والا ؛ کینہ پرور ؛ بیری ؛ بے رحم ۔

Despitefully : (adv.) معاندانہ ؛ کینہ پروری سے؛ بغض سے ۔

Despitefulness : (n) کینہ پروری ؛ عناد ؛ بغض ؛ بے رحمی ۔

Despiteous : (a) کینہ پرور ؛ بے رحم ؛ بیری ؛ بغض رکھنے والا ۔

Despoil : (n) [OF."despoille".] غارت گری ؛ لوٹ ؛ محرومی ۔

Despoil : (v) [OF."despuillier".] لوٹنا ؛ چھین لینا ؛ محروم کر نا ۔

Despoiler : (n) لٹیرا ؛ غارت گر ؛ لوٹنے والا ؛ چیھننے والا ۔

Despoilment : (n) دیکھو Despoliation

Despoliation : (n) [L."despoliationem".] لوٹ ؛ غارتگری ؛ دست برد ؛ تاراج ۔

Despond : (v) مایوس ہونا ؛ ہمت ہارنا ؛ نراس ہونا ؛ نا امید ہونا ؛ دل شکستہ ہونا ۔

Despond : (n) دیکھو Despondency

Despondence : (n) دیکھو Despondency

Despondency : (n) مایوسی ؛ نراس ؛ نا امید ؛ دل شکستگی ؛ یاس ۔

Despondent : (a) [L."despondentem".] مایوس ؛ نا امید ؛ افسردہ ؛ شکستہ ۔

Despondently : (adv.) مایوسانہ ؛ نا امیدی یا شکستہ دلی سے ۔

Despondingly : (adv.) دیکھو Despondently

Despot : (n) [Gr."despotes".] (۱) (تاریخ) بادشاہ ؛ شہنشاہ ۔ (۲) مطلق العنان فرماں روا ؛ مستبد حکمراں ۔(۳) ظالم ؛ جابر ۔

Despotat /-ate : (n) مملکت ؛ بادشاہت ۔

Despotic /-al : (a) ظالمانہ ؛ جابرانہ ؛ مطلق العنان ؛ مستبدانہ ؛ استبدادی ۔

Despotically : (adv.) مستبدانہ ؛ مطلق العنانی سے؛ ظالمانہ؛ جابرانہ ۔

Despotism : (n) (۱) مطلق العنانی ؛ استبدادیت ؛ استبدادی حکومت یا سلطنت ۔ (۲) خود مختار ؛ حکومت ؛ شخصی سلطنت ؛ حکومت مستبدہ ۔

Despotist : (n) حامیء استبداد ؛ استبداد پسند ۔

Despotize : (v) مطلق العنانی کرنا ؛ حامیء استبداد ہونا ۔

Despraise : دیکھو Dispraise

Despread : دیکھو Dispread

Desprize : دیکھو Disprize

Despumate : (v) [L."despumare".] (۱) ازالہء کف کرنا ؛ جھاگ ہٹانا ۔(۲) کف پھینکنا ؛ صاف ہونا۔

Despumated : (a) صاف کیا ہوا ۔

Despumation : (n) ازالہء کف ؛ جھاگ ربائی ؛ تصفیہ ۔

Desquamate : (v) [L."desquamare".] فلس نکالنا ؛ تقشیر کرنا ؛ کچرے اتارنا ۔

Desquamation : (n) (نباتیات و حیوانیات) کچرے اتارنا یا اترنا ؛ تقشیر ؛ تقشر ۔

Desquamative : (a) (طب) تقشری ؛ کچرے اتارنے سے متعلق ۔

Desquamatory : (a) تقشری ۔

Desquamatory : (n) (جرّاحی) تقشری منشار (چھوٹا آرا) ۔

Dessert : (n) [F."dessert".] پھل ، مٹھائی وغیرہ جسے کھانے کے بعد کھائیں ؛ متفکہات ۔

Dessert spoon : (n) درمیانی چمچہ ۔

Dessiatine /Desyatin : (n) [Russ."desyatina".] زمین کی روسی ناپ جو تقریباً ڈھائی ایکڑ کے برابر ہوتی ہے ۔

Dessous : (n) [Fr.] زیر پوش ؛ زیر جامہ ۔

Dessous : (a) پیچھے ؛ (بیلے رقص میں) ایک پاؤں کا دوسرے پاؤں سے پیچھے رکھنا ۔

Dessus : (a) [Fr.] آگے (رقص میں ایک پاؤں کو دوسرے کے پیچھے رکھنے کو کہتے ہیں) ۔

Destabilize : (v) تغیر پذیر بنانا ؛ غیر مستحکم بنانا ؛ غیر متوازن بنانا ۔

Destain : (v) منتخب طور پر دھبے کو ہٹانا (خورد بینی مطالعہ کے لئے) ۔

Desterilize : (v) (سونے کو) چالو کرنا ۔

Destination : (n) [L."destinationem".] (۱) منزل مقصود ؛ مقصود ؛ مقصد ؛ منزل ۔(۲) وارثوں کے سلسلے کا تعین ۔

Destination of goods : مال کی منزل ۔

Destine : (v) [F."destiner".] مقرر کرنا ؛ معمور کرنا ؛ مقدر کرنا ؛ وقف کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ متعین کرنا ۔

Destined : (a) مقدر ؛ مقصود ۔

To be destined : معمور کیا جانا ؛ تقدیر یا مقدر میں ہونا ۔

Destinism : (n) عقیدہ قضا و قدر ۔

Destinist : (n) قضا و قدر کا معتقد ۔

Destiny : (n) [OF."destinee".] شدنی امور ؛ تقدیری امور ؛ قسمت کے کھیل ۔(۲) قسمت ؛ نصیب ؛ نصیبہ ۔(۳) تقدیر ؛ مقدر ؛ قضائے مبرم ؛ حکم قضا ۔(٤) (اساطیر) تقدیر کی دیوی ۔

Destitute : (a) [L."destitutus".] (۱) محتاج ؛ مفلس ؛ بے نوا ۔ (۲) محروم ؛ خالی ؛ بے نصیب ۔

Destitute : (n) محتاج ؛ مفلس ؛ محروم ؛ بے چارہ ۔

Destitutely : (adv.) محتاجی سے ؛ مفلسی سے ؛ مفلسانہ ؛ محرومی سے ۔

Destituteness : (n) محتاجی ؛ مفلسی ؛ محرومی ؛ بے نصیبی ؛ بے چارگی ۔

Destitution : (n) [L."destitutionem".] (۱) محتاجی ؛ مفلسی ؛ تہ دستی ؛ بے نوائی ؛ محرومی ؛ فقر ۔ (۲) معزولی ؛ برطرفی ۔

Destour /Destrier : (n) [Pers."destur".] دستور ۔

Destrer /Destrier : (n) [AF."destrer".] اسپ جنگی ؛ جنگی گھوڑا ۔

Destroy : (v) [ME."destrer".] (۱) مسمار کرنا ؛ گرانا ؛ برباد کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ خراب کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ اجاڑنا ۔(۲) اکارت کر دینا ؛ (کسی کام پر) پانی پھیر دینا ؛ بیکار کر دینا ؛ ناکارہ کر دینا ۔ (۳) قتل کرنا ؛ مار ڈالنا ؛ ہلاک کرنا ؛ معدوم کرنا ؛ فنا کرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ تلف کرنا ؛ ضائع کرنا ۔(٤) باطل کرنا ؛ زائل کرنا (شر وغیرہ) ۔ (٥) برباد ہونا ۔

Destroyable : (a) قابل مسماری؛ قابل بربادی ؛ انہدام پذیر ۔

Destroyer : (n) (۱) تباہ یا مسمار کرنے والا ؛ تباہ کن ۔ (۲) تباہ کن جہاز ۔

Destroyingly : (adv.) تباہ کن طور پر ؛ تباہی کے ساتھ

Destructibility : (n) انہدام پذیر ؛ فنا پذیری ۔

Destructible : (a) قابل بربادی ؛ انہدام پذیر ؛ فنا پذیر ؛ فانی ۔

Destructibleness : (n) دیکھو Destructibility

Destruction : (n) [L."destructionem".] (۱) مسماری ؛ بربادی ؛ تباہی ؛ ویرانی ؛ انہدام ؛ فنا ؛ ایتلاف ؛ تخریب ؛ تضیع ؛ ابطال ۔ (۲) باعث بربادی ؛ باعث ہلاکت ۔

Destructionist : (n) حامیء تخریب ؛ عدمی ۔

Destructive : (a) [L."destructivus"] (۱) برباد کنندہ ؛ تباہ کن ؛ ضائع کرنے والا ؛ باطل کرنے والا ۔ (۲) مہلک ؛ قاتل ۔ (۳) تخریبی ؛ غیر تعمیری ۔ (٤) (منطق) منفی ؛ قیاس جس میں نتیجہ کسی ایک قضیہ کی نفی کرتا ہے ۔

Destructive : (n) (۱) مہلک چیز ؛ مخرب شخص ۔ (۲) منحرف شخص ۔

Destructive conflict : (n) تباہ کن تصادم ؛ تخریبی تصادم ۔

Destructive distillation : (n) تخریبی تقطیر یا کشید ۔

Destructively : (adv.) تباہ کن طور پر ؛ مہلک طور پر ؛ تخریبی طریقے سے ۔

Destructiveness : (n) توڑ پھوڑ ؛ تباہی ؛ بربادی ۔

Destructor : (n) [L."destructor".] (۱) تباہ کن ۔ (۲) کوڑاکرکٹ جلانے کا آتشدان ۔

Destrudo : (n) [L."destruere".] خواہش موت ۔

Desublimate : (v) ازالہء تصعید کرنا ۔

Desubstantiate : (v) مادہ سے محروم کرنا ۔

Desudation : (n) [L."desudationem".] (طب) افراط پسینہ ۔

Desuetude : (n) [F."desuetude".] عدم رواج ؛ متروک ہونا ۔

Desulphur /Desulphurate /Desulphurize : (v) گندھک کا ازالہ کرنا ؛ گندھک زدائی کرنا ۔

Desulphuration /Desulphurization : (n) ازالہء گندھک ۔

Desulphuret : (v) گندھک مرکبات کو دور کرنا ۔

Desultor : (n) چابک سوار (جو ایک دوڑتے ہوئے گھوڑے سے دوسرے گھوڑے پر سوار ہو جائے) ۔

Desultorily : (adv.) بے ترتیب طور پر ؛ غیر مسلسل طریقے سے ۔

Desultoriness : (n) بے ترتیبی ؛ عدم تسلسل ؛ بے نظامی ۔

Desultorious : (a) بے ترتیب ؛ غیر مسلسل ؛ بے ربط ؛ بے نظام ۔

Desultory : (a) دیکھو Desultorious

Desultory memory : (n) (نفسیات) متفرقاتی حافظہ ۔

Desynonymization : (n) مترادف الفاظ کے معنی میں تفرقہ کرنے کا عمل ؛ ازالہء مترادف ۔

Desynonymize : (v) (مترادف الفاظ میں) مفہوم کی تفریق کرنا ؛ معنی میں امتیاز کرنا ۔

Detach : (v) [F."detacher".] (۱) علاحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ جدا کرنا ۔ (۲) (فوج بحر) (جہاز کو) روانہ کرنا ؛ خاص مہم پر پہنچنا ۔ (۳) علاحدہ ہونا ؛ جدا ہونا ۔

Detachability : (n) علاحدگی پذیری ۔

Detachable : (a) علاحدگی پذیر ؛ الگ ہونے کے قابل ؛ فصل پذیر ۔

Detached : (a) جدا ؛ علاحدہ ؛ منفصل ۔

Detached contact : (n) (برقیات) منفصل تماس ۔

Detached house : (n) منفصل مکان ؛ وہ مکان جس سے متصل کوئی مکان نہ ہو ۔

Detached mind/-view : (n) بے لوثی ؛ بے تعصبی ؛ غیر جانب داری ۔

Detached service : (n) اپنی تنظیم سے الگ فوجی خدمت ۔

Detachedly : (adv.) علاحدہ کر کے ؛ علاحدہ ہو کر ؛ غیر جانبداری ؛ علاحدہ طریقہ پر ۔

Detachedness : (n) علاحدگی ؛ بے تعلقی ؛ غیر جانب داری ۔

Detachment : (n) [F."detachement".] (۱) علاحدگی ؛ الگ کرنا یا ہونا ؛ انفصال ۔ (۲) فوج یا بیڑے کا وہ حصہ جو علاحدہ مہم پر بھیجا جائے؛ دستہ ۔ (۳) ماحول سے عدم تاثر یا علاحدگی ؛

آزادیٔ رائے ؛ حریت فکر ؛ (خود غرضانہ) بے تعلقی ۔(٤) نو وارستگی ؛ بے نیازی ۔

Detail : (n) [F."detail".] (١) تفصیلی ؛ ہر مد کی علاحدہ تفصیل ۔(٢) مفصل بیان ؛ تفصیلات ۔ (٣) جزیہ ؛ جزبات ۔(٤) تصویر یا عمارت کے تفصیلی نقش و نگار ؛ جزئی تزئین ۔ (٥) (فوج) روزمرہ کے احکام کی تقسیم ؛ چھوٹی مہم ؛ چھوٹا دستہ ۔

In detail : تفصیلی طور پر ۔

Detail : (v) [F."detailler".] (١) تفصیل کرنا ؛ تفصیل بیان کرنا ؛ مفصل بیان کرنا ۔(٢) (فوج) خاص مہم پر روانہ کرنا ۔(٣) جزئی تزئین کرنا ۔(٤) (دواؤں وغیرہ کی) تفصیل بیان کرنا ۔(٥) تفصیلی نقش ونگار بنانا (تصویر یا عمارت وغیرہ میں) ۔

Detailed : (a) مفصل ؛ تفصیلی ؛ تفصیل وار ؛ مشرح ۔

Detailed analysis : (n) (کیمیا) مفصل تجزیہ ۔

Detailed audit : (n) (تجارت) تفصیلی محاسبہ ۔

Detailed estimates : (معاشیات) تفصیلی تخمینے ۔

Detailed heads : (معاشیات) تفصیلی ابواب ۔

Detailedly : (adv.) مفصل طور سے ؛ تفصیلی طور پر ؛ پورا پورا ؛ مکمل طور پر ۔

Detailer : (n) (١) تفصیلی نقش و نگار بنانے والا ۔ (٢) دواؤں کی تفصیل بیان کرنے والا ۔

Detain : (v) [ME."deteine".] (١) روکنا ؛ باز رکھنا ۔ (٢) منتظر رکھنا ؛ بٹھائے رکھنا ؛ انتظار کرانا ۔(٣) حراست میں رکھنا ؛ نظر بند رکھنا ؛ ادا کرنے سے روکے رکھنا ؛ ادائی سے باز رکھنا ۔(٤) توجہ مبذول رکھنا ۔

Detainable : (a) قابل حراست ؛ روکنے کے لائق ۔

Detainee : (n) سیاسی نظر بند ۔

Detainer : (n) روکنے والا ؛ باز رکھنے والا ۔

Detainer : (n) (١) (قانون) (مال کو) حراست جانز میں رکھنا ؛ قرقی میں رکھنا ۔

(٢) حبس یا حراست ۔(٣) سفینہ ؛ حکم نامۂ حراست (جس کی رو سے ملزم جو زیر حراست ہے کسی دوسرے الزام میں بدستور حوالات میں رہے) ۔

Forcible detainer : غاصبانہ اور متشددانہ قبضہ ۔

Detant : دیکھو Detent

Detect : (a) [L."detectus".] دریافت کیا ہوا ؛ انکشاف کیا ہوا ؛ کھلا ہوا ؛ آشکارا ۔

Detect : (v) [L."detectare".] (١) گرفت کرنا ؛ پکڑنا (غلطی، جرم وغیرہ) ۔(٢) معلوم کرنا ؛ پتا لگانا ؛ دریافت کرنا ۔(٣) (لاسلکی) زیر و بم کا ازالہ کرنا ۔

Detectable /-ible : (a) قابل انکشاف ؛ قابل دریافت ؛ قابل گرفت ۔

Detectaphone : (n) خفیہ طور سے سننے کا ایک آلہ ۔

Detection : (n) (١) انکشاف ؛ پتا لگنا ؛ دریافت ؛ پکڑا جانا یا پکڑنا ؛ گرفت ۔(٢) شناخت ؛ ازالۂ زیر و بم ۔

Detective : (a) کاشف ؛ سراغ رساں ۔

Detective : (n) سراغ رساں ؛ جاسوس ؛ خفیہ پولیس ؛ کاشف ۔

Detective story : (n) سراغ رسانی کے قصے ؛ جاسوسی قصے ۔

Detector/-er : (n) (١) سراغ رساں ؛ دریافت کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ گرفت کرنے والا ۔(٢) (ریڈیو) روشناس ؛ شناسندہ ۔(٣) دریافت کرنے کا آلہ ۔

Detector car : (n) ریل کی لائن کے نقص کو دریافت کرنے کی گاڑی ۔

Detemporize/Detemporalize : (v) غیر زمانی بنانا ۔

Detent : (n) [F."detente".] (١) روک ؛ کتا ؛ عائق ۔(٢) مشین چلانے اور روکنے کا پرزہ ؛ کھٹکا ؛ (دیوار گھڑی میں) وہ پرزہ جس سے گھنٹا بجتا ہے ۔

Detente : (n) [Fr.] سلطنتوں کی باہمی کشیدگی رفع ہونا ؛ صفائی ؛ استواریٔ مراسم ۔

Detention : (n) [L."detentionem".] (۱) روك ؛ مزاحمت ؛ روكا جانا ۔ (۲) گرفتاری ؛ حراست ؛ قید ۔ (۳) دیر ؛ توقف ؛ تاخیر (جو مجبوری سے ہو) ۔ (٤) (مدرسے میں) بطور سزا روك لینا یا روكا جانا ؛ باز داشت ۔

House of detention : حوالات ۔

Juvenile detention : (سماجیات) نگہ داری عمر ۔

Protective detention : حفاظتی نگہ داشت ۔

Detention charge : (n) (معاشیات) تاخیر کی قیمت ۔

Detention home : (n) نگہ داشت خانہ (نو عمر خطا کاروں کے لئے) ۔

Detention order : (n) حکم حراست ۔

Detenu : (n) [Fr.] نظر بند (خصوصاً سیاسی) ۔

Deter : (v) [L."deterrere".] باز رکھنا ؛ مانع ہونا ؛ سد راہ ہونا ۔

Deterge : (v) [L."detergere".] صاف کرنا ؛ دھونا (خصوصاً بدن سے خراب مادے کو) ۔

Detergency : (n) صفائی کرنے کی خصوصیت یا خاصیت ۔

Detergent : (a) [L."detergentem".] صاف کرنے والا ؛ مصفی ۔

Detergent : (n) مصفی ۔

Deteriorate : (v) [L."deteriorare".] بگاڑنا ؛ بگڑنا ؛ ابتر یا خراب کرنا یا ہونا ؛ بدتر ہونا ؛ رو بہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ۔

Deterioration : (n) بگاڑ ؛ ابتری ؛ خرابی ؛ فساد ؛ تنزل ؛ زوال ؛ انحطاط ؛ خستگی ۔

Deteriorationist : (n) انحطاطی ؛ انحطاط کا حامی ۔

Deteriorative : (a) مخرب ؛ بگاڑنے والا ؛ خراب کرنے والا ؛ ابتر یا بدتر کرنے والا ۔

Deteriorator : (n) مخرب ؛ خراب کرنے والا ؛ بگاڑنے والا ؛ بدتر کرنے والا ۔

Deteriorism : (n) کائناتی انحطاط کا عقیدہ ۔

Determent : (n) مزاحمت ؛ روك ۔

Determinability : (n) تعین پذیری ؛ فیصلہ پذیری ۔

Determinable : (a) تعین کے قابل ؛ حد بندی کے قابل ؛ فیصلہ پذیر ۔

Determinably : (adv.) تعین پذیری ؛ فیصلہ پذیری ۔

Determinant : (a) فیصلہ کن ؛ قطعی ؛ تعین کرنے والا ۔

Determinant : (n) (۱) فیصلہ کن ؛ قطعی ؛ تعین کرنے والا ؛ حدبندی کرنے والا ؛ مشروط کرنے والا ۔ (۲) (ریاضیات) مقطعہ ؛ (حیاتیات) معین ۔ (۳) سند لینے کےلئے اپنے مقالہ کے موضوع پر بحث کرنیوالا ۔ (٤) (نفسیات) محدد ؛ (فلسفہ) سبب تعین ۔

Determinantal : (a) مقطعات سے متعلق ۔

Determinate : (a) محدود ؛ معین ؛ ممیز ؛ (ریاضیات) مقطعہ ؛ قاطع ؛ (نباتیات) خوشہ دار ۔

Determinate duty : (n) (فلسفہ) معین فریضہ ۔

Determinate inflorescence : (n) محدود ازھار ؛ خوشیء ازھار ۔

Determinate number : (n) کسی خاص اکائی سے متعلق عدد ۔

Determinate problem : (n) ایسا سوال جس کا ایك یا چند حل ہوں ۔

Determinately : (adv.) محدود طور پر ؛ معین طور پر ۔

Determinateness : (n) محدودیت ؛ تعین ۔

Determination : (n) (۱) (قانون) حق ملکیت کا ساقط ہو جانا ۔ (۲) مباحثے کا تصفیہ ؛ بحث کا نتیجہ ۔ (۳) تاریخ یا وقت کا تعین ۔ (٤) عدالت کا فیصلہ ؛ سزا کا حکم ۔ (٥) حد بندی ؛ تحدید ؛ تعین حدود ؛ تعریف ۔ (٦) رقم کی صحیح تشخیص ۔ (۷) رجحان ؛ میلان ۔ (۸) مصمم ارادہ ؛ عزم ؛ فیصلہ ۔ (۹) استقلال ؛ ثابت قدمی ۔ (۱۰) تعیین ؛ تعین ۔ (۱۱) تخمین ۔ (۱۲) سند کے لئے مقالہ کے موضوع پر بحث ۔

Determinative : (a) (۱) تعینی ؛ تحدیدی ؛ توصیفی ؛ توضیحی ۔ (۲) سمت معین کرنے والی ۔

Determinative : (n) (۱) تعین کنندہ : قاطع ۔ (۲) اسم اشارہ ۔

Determinatively : (adv.) توصیفی طور پر؛ توضیحی طور پر۔

Determine : (v) [OF."determiner".] (قانون) (حق ملکیت) ختم ہو جانا یا کر دینا ۔ (۲) محدود کرنا ؛ معین کرنا ؛ تعریف کرنا ۔ (۳) (تاریخ یا وقت) مقرر کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ تعین کرنا ۔ (٤) طے کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ (جھگڑا) چکانا ؛ نتیجے پر پہنچنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ تجویز سنانا ۔ (٥) بنائے تعین ہونا ۔ (٦) تعین کرنا ؛ تشخیص کرنا ۔ (۷) راہ پر لگانا ؛ مقصد کا تعین کرنا ؛ کسی خاص رخ پر چلانا ۔ (۸) (کسی شخص کو کسی کام پر) آمادہ کرنا ۔ (۹) مصمم ارادہ کرنا ؛ ٹھان لینا ۔ (۱۰) کسی سوال کو حل کرنا اور کسی دعوا کو ثابت کرنا ۔

Determined : (a) (۱) محدود ؛ معین ؛ مقرر ؛ طے شدہ ۔ (۲) مستقل ؛ مصمم ؛ مضبوط ؛ ثابت قدم ؛ اٹل ۔

To be determined : قطعی طور پر حل ہونا ؛ قطعی طور پر فیصلہ کرنا ۔

Determinedly : (adv.) محدود طور پر ؛ ثابت قدمی سے ؛ مضبوطی سے ۔

Determinedness : (n) محدودیت ؛ ثابت قدمی ؛ استقلال ۔

Determiner : (n) محدود کرنے والا ؛ معین کرنے والا ؛ مصمم ارادہ کرنے والا ؛ تعین کرنے والا ۔

Determiner : (n) [F.] آخری فیصلہ ۔

Determining : (a) تعینی ؛ فیصلہ کن ۔

Determining authority : (n) فیصلہ کن اختیار ۔

Determining tendencies : (n) تعینی میلانات ۔

Determinism : (n) جبریت ؛ عقیدۂ جبر (یہ عقیدہ کہ انسان فاعل مختار نہیں بلکہ اس کا ارادہ خارجی قوتوں کا پابند ہے) ۔

Economic determinism : معاشی جبریت ۔

Social determinism : عمرانی یا سماجی جبریت ۔

Determinist : (n) جبری ؛ معتقد جبریت ؛ عقیدۂ جبری کا پیرو ۔

Deterministic : (a) جبری ؛ تعیینی ؛ عقیدۂ جبری سے متعلق ۔

Deterrence : (n) مزاحمت ؛ روک ؛ ممانعت ؛ تسدید ۔

Social deterrence : سماجی روک ؛ سماجی ممانعت ۔

Deterrent : (a) باز رکھنے والا ؛ مانع ؛ سد راہ ۔

Deterrent : (n) باز رکھنے والا ؛ مانع ۔

Detersion : (n) [F.] صاف کرنا (زخم کا) ؛ تطہیر ۔

Detersive : (a) [F."detersif".] صاف کرنے والا ؛ مصفی ؛ (طب) مطہر ؛ مسہل ۔

Detersive : (n) مصفی ؛ صاف کرنے والا ؛ مسہل ۔

Detersively : (adv.) بطور مصفی ۔

Detersiveness : (n) تطہیریت ۔

Detest : (v) [F."detester".] شدید نفرت کرنا ؛ بے حد نفرت کرنا ۔

Detestable : (a) قابل نفرت ؛ قابل تنفر ۔

Detestableness : (n) نفرت انگیزی ؛ قابل تنفر ہونا ۔

Detestably : (adv.) قابل نفرت طریقے سے ؛ نفرت انگیز طور سے ۔

Detestation : (n) [L."detestationem".] (۱) بے حد نفرت ؛ شدید نفرت ؛ تنفر ۔ (۲) قابل تنفر چیز یا شخص ۔

Detester : (n) شدید نفرت کرنے والا ۔

Dethrone : (v) (۱) تخت سے اتارنا ؛ معزول کرنا ۔ (۲) زور توڑنا ۔

Dethronement : (n) (۱) معزولی ؛ تخت سے اتارا جانا ۔ (۲) زور ٹوٹنا ؛ زوال حکومت یا اقتدار ۔

Dethroner : (n) (۱) معزول کرنے والا ؛ تخت سے اتارنے والا ۔ (۲) زور توڑنے والا ۔

Detin : (v) قلعی رہائی کرنا ؛ ٹین نکالنا (کسی چیز سے) ۔

Detinet : (n) [L.] یہ مقدمہ کہ مدعا علیہ پیسے کی ادائی روکے ہوئے ہے ۔

Detinue : (n) [OF."detenue".] (قانون) دوسرے کے مال کو زبردستی یا غیر قانونی طور پر روک رکھنا ۔

Action of detinue : مال کو ناجائز قبضہ سے چھڑانے کی نالش ۔

Writ of detinue : مال کو نا جائز قبضہ سے چھڑانے کا عدالتی حکم ۔

Detonate : (v) [L."detonare".] (زور سے) پھٹنا یا پھٹنے کا باعث ہونا ؛ داغنا ؛ دھماکے کے ساتھ اڑانا ۔

Detonating : (a) دھماکو ؛ تڑاقو ؛ مفرقعہ ؛ داغنے والا ۔

Detonating bulb : (n) چھوٹا شیشے کا بلب جو ذرا سی خراش لگنے پر پھٹ جاتا ہے ۔

Detonating fuse : (n) داغنے والا فتیلہ ؛ شتابہ ۔

Detonating gas : (n) (کیمیا) تڑاقو گیس ؛ دھماکو گیس ۔

Detonating meteors : (n) شہب مفرقعہ ؛ کرات ناریہ ۔

Detonation : (n) فرقعہ ؛ انفجار ؛ تڑاقا ؛ دھماکا ؛ (زور سے) پھٹنا ۔

Detonative : (a) دھماکو ؛ تڑاقو ؛ زور سے پھٹنے والا ۔

Detonator : (n) (۱) نار نمک ؛ تڑاقو ؛ پھٹنے والا مادہ (بم کا گولہ وغیرہ) ۔(۲) (ریلوے) دھند سگنل (وہ گولہ جو دھند کےوقت سگنل کے طور پر داغا جاتا ہے) ۔

Detonsion : (n) [L."detort".] بل ربائی ۔

Detour : (n) [F."detour".] اصل رستے سے ہٹنا ؛ پھیر ؛ چکر ؛ پھیر کا رستہ ؛ چکر کا رستہ ۔

Detoxificate / Detoxify : (v) ازالۂ سم کرنا ؛ زہر یا اس کے اثر کو دور کرنا ۔

Detoxification : (n) ازالۂ سم ؛ سم ربائی ۔

Detract : (v) [L."detrahere".] (۱) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ نکالنا ۔ (۲) بدنام کرنا ؛ بدگوئی کرنا ؛ قدر گھٹانا ؛ عزت گھٹانا ۔

Detracter : (n) (۱) کم کرنے والا ؛ گھٹانے والا ۔ (۲) بد گو ؛ بدنا کرنے والا ۔

Detractingly : (adv.) (۱) گھٹاتے ہوئے ؛ کم کرتے ہوئے ۔ (۲) بدنام کرتے ہوئے ؛ قدر گھٹاتے ہوئے ۔

Detraction : (n) (۱) کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ نکالنا ۔(۲) بد گوئی ۔

Detractive : (a) (۱) کم کرنے والا؛ گھٹانے والا ۔(۲) بدنام کن ۔

Detractiveness : (n) تخفیفیت ؛ بدنامی ۔

Detractor / -er : (n) دیکھو Detracter

Detractory : (a) دیکھو Detractive

Detractress : (n) بدنام کرنے والی ؛ گھٹانے والی ؛ کم کرنے والی ۔

Detrain : (v) ریل سے اتارنا یا اترنا ۔

Detrain : (v) ازالۂ تربیت کرنا ۔

Detrainment : (n) ریل سے اترنا یا اتارنا ۔

Detrash : (v) گنے کے پتے اور سرے کو پیلنے سے پہلے چھانٹ دینا ۔

Detriment : (n) [L."detrimentum".] (۱) نقصان ؛ ضرر ؛ مضرت ۔(۲) (علم النجوم) سیارہ ہبوط کی حالت میں ۔(۳) (نقابت) گرہن ۔ (٤) (جمع) ایک قسم کی فیس (بعض کالج اور دوسری سوسائٹیاں اپنے ارکان سے لیتی ہیں) ۔

Detriment : (v) نقصان پہنچانا ؛ ضرر پہنچانا ۔

Detrimental : (a) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں ۔

Detrimental : (n) (عامیانہ) وہ دعوا دار جس کا دعوا اکھرتا ہو (جیسے چھوٹے بھائی) ۔

Detrimentally : (adv.) نقصان دہ طور پر ؛ مضرت رسانی سے ؛ ضرر رساں طور پر ۔

Detrital : (a) [f. detritus+-al.] ریزائی ۔

Detrited : (a) (۱) (ارضیات) ریت یا کنکر کی ساخت کا ؛ کنکریلا ؛ ریختہ ؛ ریتیلا ۔(۲) گھسا ہوا ۔

Detrition : (n) [L."detritus".] ریختگی ؛ رگڑ سے گھس جانا ۔

Detritus : (n) [L."deritus".] فتات ؛ ریخت ؛ چورا ؛ ریزہ ۔

Detritus chamber : (n) فتات خانہ ؛ ریخت گڑھا ۔

Detrivorous : (a) حیوانی فُضلوں کو کھانے والا ۔

Detrop : (a) [F.] ناگوار ؛ بار خاطر ؛ مخل ۔

Detruck : (v) (۱) ٹرک سے اترنا ۔ (۲) ٹرک سے (فوج وغیرہ کو) اتارنا ۔

Detrude : (v) [L."detrudere".] (۱) بزور دبانا ۔ (۲) بزور ہٹا دینا ۔

Detruncate : (v) [L."detruncare".] کاٹ کر چھوٹا کرنا ۔

Detruncated : (a) کٹا ہوا ۔

Detruncation : (n) قطع عضو ؛ بریدگی ۔

Detrusion : (n) (۱) بزور دبانا ۔ (۲) (طب) اخراج ۔

Detrusor : (n) [L."detrudere".] مثانہ کا عضلہ جس کے سکڑنے سے پیشاب باہر نکلتا ہے ۔

Detrumescence : (n) [L."detumescere".] رفع ورم ؛ (مجازاً) رفع شور ۔

Detune : (v) (ریڈیو کا) بے سر کرنا ؛ سر بگاڑنا ۔

Detur : (n) [L.] کتابیں جو بطور انعام ہر سال ہارورڈ کالج کے با صلاحیت لڑکوں کو دی جاتی ہیں ۔

Deuce : (n) [F."deus".] (۱) پانسے دوا ؛ تاش کی دگی ۔ (۲) (ٹینس) وہ پوائنٹ جس کے بعد گیم کے دو متواتر پوائنٹ جیتنے ضروری ہیں ۔

Deuce : (n) [Ger."das daus".] (۱) وبال ؛ بلا ؛ مصیبت ؛ شرارت ۔ (۲) شیطان ؛ ابلیس ۔ (۳) بطور فجائیہ اظہار تعجب کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) کوئی چیز جس پر نمبر ۲ نشان دہی کرتا ہے ۔

Deuce-ace : (a) پانسے میں دو اور ایک کا یکے بعد دیگرے ہونا ؛ بد قسمتی ۔

Deuce-game : (n) وہ کھیل جس کے جیتنے کے بعد دونوں کھلاڑی برابر ہوتے ہیں ۔

Deuced : (a & adv.) (۱) کمبخت ۔ (۲) بے حد ؛ سخت ۔

Deucedly : (adv.) بے حد ؛ سخت ۔

Deus ex machina : (n) بر وقت غیبی تائید ؛ مداخلت غیبی ؛ لطیفۂ غیبی (خاص کر ناول یا ڈرامہ میں) ۔

Deus misereatur : (n) [L.] وہ مناجات جو ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے " بار الہا رحم کر " ۔

Deutencephalic : (a) جنین کے دوسرے دماغی کیسک سے متعلق ۔

Deutenoephalon : (n) جنین کا دوسرا دماغی کیسک ۔

Deuteragonist : (n) [Gr.] (ڈرامہ) وہ کیرکٹر جو ہیرو سے دوسرے درجے پر ہو ۔

Deuteranopia : (n) [L.] سبز کوری ۔

Deutero- /Deuter : [Gr."deuteros".] جزو ترکیبی بمعنی " ثانوی " : " دوسرا " ۔

Deutero-Isaiah : (n) [Isaiah.] ثانوی ۔

Deutero Nicene : (a) دوم مجلس نیکانی سے متعلق ۔

Deuterocanonical : (a) ثانوی کلیسائی قانون سے متعلق : بائبل کے ان حصوں سے متعلق جن کی اصلیت پہلے مشتبہ تھی مگر آگے چل کر تسلیم کر لی گئی ۔

Deuterocerebrum : (n) (حیوانیات) ثانوی دماغ ۔

Deuterogamist : (n) عقد ثانی کرنے والا یا کرنے والی : دو باجو ۔

Deuterogamy : (n) (پہلے شوہر یا بیوی کے مرنے کے بعد) عقد ثانی ۔

Deuterogenesis : (n) ثانوی خصوصیت ۔

Deuterogenic : (a) ثانوی اصل والا ۔

Deuteromesal : (a) (حشریات) عشائی بالال کے پروں کے خلیوں سے متعلق ۔

Deuteron : (n) [L.] ثنائیہ ؛ ڈیو ٹیرون ۔

Deuteronomic /-al : (a) توریت کی پانچویں کتاب سے متعلق ۔

Deuteronomist : (n) توریت کی پانچویں کتاب کا مصنف یا مؤلف ۔

Deuteronomy : (n) [L."deuteronomium".] توریت کی پانچویں کتاب ۔

Deuteropathic : (a) مرض ثانوی سے متعلق ۔

Deuteropathy : (n) ثانوی مرض ۔

Deuteroscopy : (n) بصارت ثانی ۔

Deuterostoma : (n) ثانوی نہوض مسام ؛ دہن ثانوی ۔

Deuterostomatous : (a) ثانوی نہوض مسام یا دہن ثانوی سے متعلق ۔

Deuterotoky : نر مادی تولید ۔

Deuterozooid : (n) ثانوی حوین ؛ ثانوی حیوانچہ ۔

Deuto- / Deut : جزو ترکیبی بمعنی " ثانوی " ۔

Deutocerebral : (a) دماغ ثانوی سے متعلق ۔

Deutocerebrum : (n) دماغ ثانی ۔

Deutomala : (n) رخسار ثانی ۔

Deutomalar : (a) رخسار ثانی سے متعلق ۔

Deutomerite : (n) غولیہ حوین اولین کا دوسرا خلیہ ۔

Deutoplasm : (n) مایہء ثانی ؛ زردیء بیضہ ؛ زردہ ۔

Deutoplasmic / Deutoplastic : (a) مایہء ثانی سے متعلق ؛ زردیء بیضہ سے متعلق ۔

Deutoplasmigenous : (a) زردی بیضہ زا ۔

Deutoplasmogen : (a) (وہ مادہ) جو زردیء بیضہ بن جاتا ہے۔

Deutoscolex : (n) ثانوی دودہ ۔

Deutovum : (n) بیضہ ثانی ۔

Deutoxide : (n) ثانوی آکسائڈ ۔

Deutscha mark : (n) جرمنی سکہ کی اکائی ؛ ڈش مارک ۔

Deutsia : (n) [f.j.Deutz of Amsterdam.] ایک جھاڑی جس کے پھول سفید ہوتے ہیں ۔

Deva : (n) [Skr.] دیوا ؛ دیوتا ۔

Devolarize : (v) [F."devalariser".] قیمت گھٹانا ۔

Devaluate : (v) قیمت گھٹانا ؛ تخفیف قیمت کرنا ۔

Devaluation : (n) تخفیف قیمت ۔

Devaluation of currency : تخفیف زر ۔

Devalue : (v) (۱) (سکہ کی) قیمت گھٹانا ۔(۲) کم قدری کا باعث ہونا (شخص یا ادب کا) ۔

Devanagari : (n) [Skr.] دیوناگری ؛ ہندی رسم خط (کا نام) ۔

Devance : (v) [F."devancer".] پیش بینی کرنا ؛ سبقت لے جانا ۔

Devaporate : (v) منجمد ہونا یا کرنا ؛ پانی بننا ۔

Devastate : (v) [L."devastare".] برباد کرنا ؛ اجاڑنا ؛ ویران کرنا ؛ لوٹنا ؛ غارت کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ معدوم کرنا ۔

Devastation : (n) (۱) ویرانی ؛ بربادی ؛ لوٹ ؛ غارت ؛ تاراج ۔(۲) وصی یا متولی کے ہاتھوں متوفی کی جائداد کا برباد ہونا ۔

Devastative : (a) مخرب ؛ تباہ کن ؛ برباد کنندہ ؛ اجاڑنے والا ۔

Devastator : (n) برباد کنندہ ؛ اجاڑنے والا ؛ لوٹنے والا ؛ غارت گر ۔

Devastavit : (n) [L.] (۱) وصی یا متولی کے ہاتھوں متوفی کی جائداد کی بربادی کے خلاف عدالتی حکمنامہ ۔(۲) اس بربادی کے خلاف چارہ جوئی ۔

Devel : (n) [Origin unkn.] شدید ضرب ۔

Devel : (v) شدید ضرب لگانا ۔

Develler : (n) مکہ باز ۔

Develop : (v) [F."developper".] (۱) منکشف کرنا یا ہونا ؛ کھولنا ؛ افشا کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ قوا سے فعل میں لانا یا آنا ۔(۲) (فوج) حملہ

کی ابتدا کرنا ۔ (۳) بڑھنا ؛ بڑھانا ؛ پختگی یا تکمیل کو پہنچنا یا پہنچانا ؛ نشو و نما پانا یا دینا ؛ منظم ہونا یا کرنا۔ (٤) (عکسی تصویر) (فلم وغیرہ کو) خاص کیمیاوی مسالے سے دھونا تا کہ تصویر نظر آئے ؛ آشکارا کرنا ۔ (٥) ترقی کرنا ۔ (٦) شوق ہو جانا ؛ عادت پڑ جانا ؛ بتدریج حاصل کرنا ۔ (٧) (ریاضی) حل کرنا ؛ پورا عمل کرنا ۔ (٨) ارتقاپذیر ہونا ۔ (٩) قابل استعمال بنانا ۔

Developable : (a) انکشاف پذیر ؛ قابل تکمیل ؛ ترقی کے قابل ؛ حل پذیر ؛ آشکار پذیر ۔

Developable : (a) خیالی سطح مسطح ۔

Developable surface : (n) نموئی سطح ۔

Developed dye : (n) آشکار رنگ ۔

Developer : (n) انکشاف کرنے والا ؛ ظاہر کرنے والا ؛ تکمیل کرنے والا ؛ ترقی دینے والا ؛ منکشف ؛ آشکار گر ۔

Developing bath : (n) (فوٹو گرافی) اجاگر جنتر ۔

Developing nation : (n) ترقی پذیر ممالک ۔

Development : (n) (۱) تدریجی انکشاف یا تفصیل ۔ (۲)بڑھنا ؛ ترقی ؛ نمو ؛ ارتقا ؛ بُروز ۔ (۳)ارتقا ؛ نشو و نما ۔ (٤) تکمیل ؛ پختگی ؛ بالیدگی ۔ (٥) ترقی کا درجہ ۔ (٦) نتیجہ ۔ (٧) منظم تر شکل ؛ مکمل تر صورت ۔ (٨) (فلم وغیرہ کو) خاص کیمیاوی مسالے سے دھونا تا کہ تصویر نظر آئے ؛ آشکار گری ۔ (٩) (ریاضیات) حل ؛ پورا عمل ۔ (١٠) (ہندسہ) منحنی سطح کو مسطح بنانا ۔ (١١) (منطق) توسعہ ۔ (١٢) (موسیقی) موضوع نغمہ کی توسیع ۔ (١٣) ترقی یافتہ قطع زمین ۔

Class develpoment : طبقاتی نشو و نما ۔

Personality development : (سماجیات) شخصی نشو و نما ۔

Dipleurobrabchiate : (a) [mod. L."Dipleurobranchia".] دو جانبی خیشوم دار ۔

Diplex : (a) [altered f."duplex".] دو تائی تار برقی ۔

Diplex : (v) دو تائی تار برقی ارسال کرنا ۔

Diplo : (جرثومیات) (جز ترکیبی ، یونانی لفظ Diplous دوہرا سے ماخوذ) دوہرا ۔

Diplobacillus : (n) (جرثومیات) مزدوج عصبہ ۔

Diplobacteria : (n) (جرثومیات) مزدوج جراثیم ۔

Diplobiont : (a) (نباتیات) دو قسم حیاتہ ۔

Diploblastic : (a) (حیاتیات) دو نہوضی ۔

Diplocardia : (a) (حیوانیات) دو قلبی ۔

Diplocardiac : (a) (حیوانیات) دو قلبی ۔

Diplocarpon : (n) سمارو غ کی ایک نوع ۔

Diplocaubescant : (a) (نباتیات) ثانوی ساق دار ۔

Diplocphalous : (a) (طب) دوسرا ذو راسین ۔

Diplocephaly : (n) (طب) ذو راسیت ۔

Diplochlamydeous : (a) (نباتیات) ذو قبائی ۔

Diplochromosome : (n) دو لونیہ ۔

Diplococcus : (n) (جرثومیات) دو نبقہ ؛ جفت نبقہ ۔

Diplodal : (a) (حیوانیات) دو قنالہ ۔

Diplodocus : (n) (حیوانیات) مہیب نبات خور سوسمار کی ایک نوع جو اب ناپید ہے ۔

Diploe : (n) (نباتیات) ڈپلوئی ؛ سطویہ ۔

Diplogangliate : (a) (حیوانیات) جفت عقدہ دار ۔

Diplogenesis : (n) (حیاتیات) دو گونہ تولید ؛ جفت تولید ۔

Diplogenetic / Diplogenic : (a) (قانون) جفت تولیدی ؛ دو گونہ تولیدی ۔

Diploglossata : (n) حشرالاذن سے مماثل ایک کیڑے کی نوع ۔

Diploglossata : (a) دو زبانی ۔

Diplograph : (n) جفت نگار ۔

Diplographical : (a) جفت نگاری سے متعلق ۔

Diplography : (a) جفت نگاری ۔

Diplohaplont : (n) ایک جسم نامی جس میں ایک لونیہ اور جفت لونیہ یکے بعد دیگرے ہوتے ہیں ۔

Diplohedral : (a) جفت خلوی ۔

Diplohedron : (n) جفت خلوی ۔

Diploic : (a) سطویہ سے متعلق ۔

Diploid : (n) دولا ۔

Diploidal : (a) دولا سے متعلق ۔

Diploidion : (n) قدیم یونان میں عورتوں کا لباس جس کا بالائی حصہ دوہرا ہوتا تھا ۔

Diploidy : (n) دولائی ۔

Diplokaryon : (n) ذو نبات ؛ ذو نبات خلیہ ۔

Diploma : (n) [L."diploma".] (۱) سرکاری کاغذ ؛ دفتری دستاویز ؛ سند ؛ منشور ۔ (۲) جامعہ کی سند ؛ ڈپلوما ؛ اعزازی سند ؛ فضیلت نامہ ۔

Diploma : (v) سند عطا کرنا ؛ دفتری دستاویز دینا ۔

Diplomacy : (n)[Fr."diplomatie".] (۱)فن سفارت ؛ فن سفارت میں مہارت ۔ (۲) حکمت عملی؛ موقع شناسی ؛ جوڑ توڑ ؛ جگت ؛ سیاسیت مداری ۔

Commercial diplomacy : (سیاسیات وتاریخ)تجارتی حکمت عملی ۔

Moral diplomacy : (سیاسیات و تاریخ) اخلاقی حکمت عملی ۔

Open diplomacy : (سیاسیات) کھلی سیاسیت ۔

Secret diplomacy : (سیاسیات) خفیہ حکمت عملی ۔

Shirt-sleeve diplomacy : (سیاسیات) غیر رسمی حکمت عملی ۔

Theory and practice diplomacy : (سیاسیات) نظریہ اور عملی ڈپلومیسی ۔

Diplomacy by conference : (سیاسیات و تاریخ) کانفرنسی حکمت عملی ۔

Diplomaed : (a) سند یافتہ ۔

Diplomaless : (a) بے سند ؛ بے ڈپلومہ ۔

Diplomamill : (n) نقلی اور بے ضابطہ اعلیٰ تعلیم کا ادارہ ۔

Diplomapiece : (n) (۱) ایک فن پارہ جو کسی اکاڈمی کا رکن بننے کے لئے لکھا جائے یا بنایا جائے ۔ (۲) کوئی ادبی مقالہ جو صرف ڈگری حاصل کرنے کی غرض سے لکھا جائے ۔

Diplomat : (n) [Fr."diplomate".] سیاست مدار ؛ سیاست کار ؛ فن سیاست کا ماہر ؛ فن سفارت کا ماہر ۔

Diplomata : (n) تاریخی دستاویز ۔

Diplomatic : (a) [L."diplomaticus".] (۱) سرکاری سند (یا دستاویز) سے متعلق ؛ منشوری سلطانی سے متعلق ۔(۲) بین الاقوامی تعلقات کےمتعلق؛ فن سفارت کے متعلق ۔(۳) حکمت عملی یا موقع شناسی سے کام لینے والا ۔(٤) زمانہ ساز ۔

Diplomatic : (n) - Diplomatist (۱) دیکھو (۲) فن سفارت ۔(۳) کتبہ خوانی ۔

Diplomatic agent : (n) سفارتی ایجنٹ ۔

Special diplomatic Agent : (سیاسیات و تاریخ) سفارتی ایجنٹ خصوصی ۔

Diplomaticasylum : (n) (سیاسیات) سفارتی پناہ ؛ جائے پناہ ۔

Diplomatic body : (n) (سیاسیات) جماعت سفرا ۔

Diplomatic business : (n) (سیاسیات) سفارتی کام ۔

Diplomatic circles : (n) (سیاسیات) سفارتی حلقے ۔

Diplomatic clearance : (n) (سیاسیات) سفارتی اجازت نامہ ۔

Diplomatic colony : (n) (سیاسیات) سفارتی بستی ۔

Diplomatic conduct : (n) (سیاسیات) حکمت عملی ؛ زمانہ سازی ؛ حیلہ گری ۔

Diplomatic convention : (n) (سیاسیات) سفارتی روایات ۔

Diplomatic corps : (n) (سیاسیات) سفارتی دستہ ؛ جماعت سفرا ۔

Diplomatic courier : (n) (سیاسیات) سفارتی پیغام رساں ۔

Diplomatic Envoy : (n) (سیاسیات) سفیر ۔

Diplomatic immunity : (n) سفارتی استثنا ؛ (تاریخ) سفارتی بریت ۔

Diplomatic list : (n) (تاریخ) سفارتی فہرست ۔

Diplomatic mission : (n) سفارتی ماموریات ؛ (سیاسیات و تاریخ) سفارتی مشن ؛ سفارتی ماموریت ۔

Diplomatic move : (n) (سیاسیات و تاریخ) سفارتی اقدام ؛ سفارتی چال ۔

Diplomatic pouch : (n) سفارتی تھیلا جس میں ڈاک بھیجی جاتی ہے ۔

Diplomatic practice : (n) (سیاسیات وتاریخ) سفارتی رواج ۔

Diplomatic relations : (n) (سیاسیات و تاریخ) سفارتی مراعات ۔

Diplomatic relations : (n) (سیاسیات) سفارتی تعلقات ۔

Diplomatic service : (n) (سیاسیات وتاریخ) سفارتی محکمہ؛ سفارتی ملازمت/خدمت ؛ محکمۂ سفارت ۔

Diplomatic status : (n) (سیاسیات وتاریخ) سفارتی حیثیت ۔

Diplomatic visa : (n) (سیاسیات و تاریخ) سفارتی ویزا ؛ سفارتی اجازت نامہ سفر ۔

Diplomatical : (a) دیکھو Diplomatic

Diplomatically : (n) بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے ؛ فن سفارت کی رو سے ؛ زمانہ سازی سے ۔

Diplomatics : (n) فن سفارت ؛ فن سیاست مداری ؛ کتبہ خوانی ؛ قدیم تحریریات ۔

Diplomatist : (n) [Fr."diplomate".] (۱) فن سفارت کا ماہر ؛ رکن سفارت ۔ (۲) حکمت عملی سے کام لینے والا ؛ موقع شناسی سے کام لینے والا ۔ (۳) (تاریخ) ماہر سیاسیات ۔

Diplomatize : (v) (۱) سفیر کی حیثیت سے کام کرنا ۔ (۲) حکمت عملی کو کام میں لانا ۔ (۳) سیاسی چال چلنا ؛ سفارت برتنا ۔

Diplonephridia : (n) دو عضو ترشح دار ۔

Diploneural : (a) (تشریحات) دو عصبی ؛ دو عصبہ ؛ (حیوانیات) دو عصبی ۔

Diploneurose : (a) (حیوانیات) دو پشتوں یا ظہریوں سے متعلق ۔

Diploneurous : (a) (۱) دو ظہریوں سے متعلق ۔ (۲) دو عصبی نظام رکھنے والا ۔

Diplont : (n) (نباتیات) دولا دار ۔

Diplontic : (a) (نباتیات) دولادار ۔

Diploparthenogenesis : (n) دو خود زائی ۔

Diplophase : (n) دوہری بینت ۔

Diplopia : (a) [f. DIPLO-+Gr."ops"+-IA.] دو نظری ؛ شفع ؛ دو بینی ۔

Diplopic : (a) دو نظری سے متعلق ؛ دو بینی سے متعلق ۔

Diploplacula : (n) دو تہی نہوض ۔

Diploplacular /Diploplaculate : دو تہی نہوض سے متعلق ۔

Diplopod : (n&a) کثیر پا ؛ مزدوج پا ۔

Diplopoda : (n) کثیر پایاں ؛ مزدوج پایا ں ؛ (حیوانیات) ڈپلو پوڈا ۔

Diplopodia : (n) (حیوانیات) ڈپلو پوڈیا ۔

Diplopodous/ Diplopodic : (a) کثیر پایاں سے متعلق ۔

Diplosis : (n) دو چند لونیت ۔

Diplosome : (n) دوہرا جسم ۔

Diplosomite : (n) دو جسمی ساخت ۔

Diplosphenal : (a) دوہرا وتر والا ۔

Diplosphene : (n) دوہرا وتر ۔

Diplosphondyli : (n) جفت فقر ۔

Diplospondylic / Diplospondylous : (a) جفت فقری ۔

Diplospondylism : (a) جفت فقریت ۔

Diplospotous : (a) جفت بذری ۔

Diplospory : (n) جفت بذری ۔

Diplostemonous : (a) [DIPLO-+Gr."Stemon"-OUS.] دو چند زردپشی ؛ دو چندپرچمی ۔

Diplostemory : (n) دو چند زردپشت ؛ دو چند پر چمیت ۔

Diplostichous : (a) دو صنفی ۔

Diplotene : (n) [F."diplotene".] (علم خلیات) دو بند ۔

Diploterous : (a) بھیڑوں کی ایک نوع سے متعلق ۔

Diplozoic : (a) (حیوانیات) دو جانبہ متشاکل ۔

Diplozoon : (n) [DIPLO-+Gr."zoon".] (حیوانیات) مضاعف حوین ۔

Dipneumonous : (a) [mod. L."dipneumonus".] (حیوانیات) دو ریہ دار ۔

Dipneustal : (a) [mod. L."dipneusta".] دیکھو Dipnoan

Dipnoan : (a) [mod. L."dipnoi".] (حیوانیات) دو نفسی ماہی سے متعلق۔

Dipnoan : (n) (حیوانیات) دو نفسی ماہی۔

Dipnoid : (a & n) دیکھو Dipnoan

Dipnoous : (a) [Mod l."dipnous".] (حیوانیات) دو نفسہ۔

Dipodic : (a) دو رکن والا۔

Dypodidae : (n) [L."Dipod-+idae".] (حیوانیات) دو پایاں۔

Dipody : (n) [L."dipodia".] دو رکنی رکن۔

Dipolar : (a) دو قطبی ؛ جفت قطبی۔

Dipolarize : (v) دیکھو Depolarize

Dipole : (n) (۱) (کیمیا) دو قطبہ۔(۲) (طبیعیات) جفت قطبہ۔(۳) دو قطبی ہوائیہ۔

Rediating dipole : (طبیعیات) شعاع ریز دو قطبہ۔

Dipole antenna : (n) دو قطبی ہوائیہ۔

Dipole moment : (n) جفت قطب کا معیار اصل۔

Diporpa : (n) [Gr."di-+porpe".] (حیوانیات) مضاعف حوین کی تنہا ناقص شکل۔

Dipper : (n) (۱) ڈبونے والا ؛ ڈبکی یا غوطہ دینے والا۔ (۲) بچوں کے بپتسما کا منکر (انابپٹسٹ)۔ (۳) پن ڈبی ؛ چڑیا۔ (٤) ایک قسم کا چمچہ ؛ کف گیر۔ (٥) (مصوری) تصویر کی منفی تختی یا پترے کو دھونے کا ظرف۔(٦) (فلکیات) دب اکبر۔ (۷) تیل یا وارنش وغیرہ رکھنے کا ظرف۔(۸) موٹر میں روشنی کو مدھم کرنے کا سوئچ۔(۹) سرسری طور پر پڑھنے والا۔

Little Dipper : دب اصغر۔

Dipper-bird : (n) پن ڈبی چڑیا۔

Dipper clam : (n) دو صمامی صدف۔

Dipper gourd : (n) تونبا۔

Dipperful : (n) کفگیر بھر مقدار۔

Dippiness : (n) پاگل پن ؛ دیوانہ پن۔

Dipping : (n) (۱) ڈبکی ؛ ڈبونا ؛ غمس ؛ غسل۔(۲) رقیق شے جس میں چیزیں ڈبوئی جائیں۔

Dipping frame : (n) فریم جس کو ڈبوکر چربی کی بتی بنائی جاتی ہے۔

Dipping needle : (n) (مقناطیس) مائل سوئی ؛ میلان نما سوئی۔

Dipping well : (n) دوات دان کے سامنے کا وہ حصہ جس میں قلم ڈبو کر لکھتے ہیں۔

Dippy : (a) [origin unkn .] (۱) (عام) دیوانہ ؛ پاگل۔ (۲) بے وقوف ؛ عجیب و غریب۔

Dipropargyl : (n) (کیمیا) اصلیہ پارجائیل (Pargyl) کے دو سالموں والا ہائیڈرو کاربن نیز سیلان پذیر عاطف سیال۔

Diprosopus : (n) {gr."diprosopos".] (طب) دو وجہ۔

Diprotodon : (n) [L.] (فوسلیات) مہیب تھیلی دار دو قاطع دنتہ (معدوم)۔

Diprotodont : (a) دو قاطع دنتہ۔

Diprotodont : (n) مہیب دو قاطع دنتہ۔

Dipsacaecous / Dipsaceous : (a) [mod. L."Dipsacacae".] (نباتیات) خارشتر کی نوع کا۔

Dipsadine : (a) [L."dipsad-"+-INE.] غیر زہریلے سانپوں کی جنس کا۔

Dipsas : (n) [L."dipsas".] (۱) ایک سانپ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اس کے کاٹنے سے شدت سے پیاس لگتی ہے۔ (۲) ایک قسم کا غیر زہریلا سانپ جو گرم ملکوں میں پایا جاتا ہے۔ (۳) ایک قسم کا دوصمامی صدف۔

Dipsetic : (a) [Gr."dipsetikos".] عطش آور ؛ پیاس پیدا کرنے والا۔

Dipsetic : (n) عطش آور دوا۔

Dipsey : (a) عمق بحر سے متعلق۔

Dipsey : (n) (۱) عمق پیما۔(۲) شست میں باندھ کر ڈبونے والا وزن (ماہی گیری میں)۔

Dipsomania : (n) [Gr."dipsa+mania".] شراب کا جنون ؛ جنون خمر ؛ شراب خواری جو مرض کی حد تک پہنچ گئی ہو ۔

Dipsomaniac : (n) شراب کا دیوانہ ۔

Dipsomaniac : (a) شراب کا دیوانہ ۔

Dipsomaniacal : (a) شراب کا دیوانہ ۔

Dipsopathy : (n) [Gr."dipsa+{pathia".] رقیق غذا سے پرہیز کے ذریعہ علاج ۔

Dipsosis : (n) [Gr."dipsa".] عطاش ؛ شدید پیاس ۔

Dipsy doodle/Dipsy doo : (n) [origin unkn.] (۱) سستی اور گرمی کا حیرت انگیز تواتر ۔ (۲) چال بازی ۔

Diptera : (n) [Gr."diptera".] دو پرہ حشرات ۔

Dipteraceous : (a) دو پر ثمرہ درخت ۔

Dipterad : (n) دو پر ثمرہ درخت ۔

Dipteral : (a) [L."dipteros".] (۱) (تعمیرات) دو حلقہ ستونی ۔ (۲) (حشریات) دو پرہ ۔

Dipteran : (a) دو پرہ ۔

Dipteran : (n) دو پرہ حشرہ ۔

Dipterian : (a) دو ریہ دو پرہ ماہی سے متعلق ۔

Dsipterian : (n) دو ریہ دو پرہ ماہی ۔

Dipterist : (n) دو پرہ حشریات داں ۔

Dipterocarp : (n)[mod.L."Dipterocarpus".] Dipteraceous دیکھو

Dipterocarpous : (a) دو پر ثمرہ ۔

Dipterological : (a) دو پرہ حشریات سے متعلق ۔

Dipteros : (n) [Gr."dipterus".] دو حلقہ ستونی عمارت ۔

Dipterous : (a) [mod.L."dipterus".] (۱) (حیوانیات) دو پرہ ۔ (۲) (نباتیات) دو پر ثمرہ ۔

Dipterus : (n) [Gr."dipteros".] (فوسلیات) قدیم دو ریہ اور دو پرہ مچھلیوں کی ایک نوع ۔

Dipterygian : (n)[modL."dipterygii".] (ماہیات) دوپرہ (ماہی) ۔

Diptote : (n) [L."diptota".] دو حالتی اسم یا صفت ۔

Diptote : (a) دو حالتی ۔

Diptych : (n) [L."diptycha".] (۱) دو ورقہ خصوصاً دو جڑی ہوئی تختیاں جو قدیم زمانے میں لکھنے کے کام آتی تھیں ۔ (۲) دو ورقی تصویر (خصوصاً وہ تصویر جو قربان گاہ کے پیچھے دیوار میں نصب ہو) ۔ (۳) لوحیں جن میں مردوں اور زندوں کی فہرست ہو ؛ مردوں اور زندوں کی فہرست ۔ (٤) دو متضادحصوں والی ادبی تصنیف ؛ کوئی تحریر جس میں ایک موضوع پر دو نقطہ نظر سے بحث کی گئی ہو ۔

Diptychous : (a) دو تہی ۔

Dipus : (n)[Gr."dipus".] (۱) دو پایہ جنگلی چوہے کی نوع کا ۔ (۲) آسٹریلیا کا ایک چھوٹا تھیلا دار چوپایہ ۔

Dipware : (n) ظروف سفال جس پر چکنی مٹی سے گل بوٹے بنے ہوں ۔

Dipyre : (n) [L."dipyros".] الومینیا کا سلیکیٹ ۔

Dipyrenous : (a)[Gr."di-+pyren".] (نباتیات) دو گھٹلیوں والا ۔

Diradiation : (n) شعاعوں کا نفوذ ۔

Dircaean : (a) [L."Dicaeus".] چشمہ ڈرسی سے متعلق ۔ (۲) شاعرانہ ؛ پنڈاری کی طرح کا ۔

Dirdum : (n) [Origin unkn.] (۱) ہنگامہ ؛ شور و غوغا ۔ (۲) توبیخ ؛ سرزنش ۔ (۳) بد بختی ۔

Dire : (a) [L."dirus".] (۱) ہولناک ؛ دہشت انگیز ؛ مہلک ؛ ہلاکت خیز ۔ (۲) شدید ؛ فوری ۔

Dire sisters : (n) (یونانی دیو مالا) تین عجیب الخلقت بہنیں جو ہلاکی مجرم کے پیچھے پڑ جاتی تھیں ۔

Direct : (v) [L."directus".] (۱) پتہ پر روانہ کرنا ؛ سرنامہ لکھنا ۔ (۲) مخاطب کرنا ؛ خطاب کرنا ۔ (۳) نظم نسق کرنا ۔ (٤) توجہ کرنا ؛ رخ کرنا ؛ منعطف کرنا ؛ پھیرنا ۔ (٥) رستہ بنانا ۔ (٦) رہبری کرنا ؛ رہنمائی کرنا ۔ (۷) حکم دینا ؛ ہدایت کرنا ۔ (۸) احکام جاری کرنا ۔ (۹) ہدایت کرنا ۔ (۱۰) مرتکز کرنا ۔

Direct : (a) (۱) سیدھا ؛ مستقیم ؛ راست ؛ صریح ؛ براہ راست ؛ بلا واسطہ ۔ (۲) حقیقی نسب ۔ (۳) (علم النجوم) مشرق سے مغرب کو چلنا ؛ مستقیم ۔ (٤) کھرا ؛ راست باز ؛ شفیف ؛ صاف صاف ؛ غیر مبہم ؛ عیاں ؛ فوری ۔ (٥) ناگزیر ۔ (٦) ذاتی ۔ (۷) بلا واسطہ رنگنے والا (جس میں لاگی کی ضرورت نہ ہو) ۔ (۸) (لسانیات) فاعلی ۔

Direct : (adv) دیکھو Directly

Direct : (n) (۱) ہدایت ۔ (۲) (موسیقی) یہ علامت یا نشان (W) ۔

Direct action : (n) عملی احتجاج ؛ عملی اقدام ؛ راست اقدام ؛ بلا واسطہ عمل ۔

Direct act of interference : (قانون) مداخلت صریح ۔

Direct bearing : (n) تعمیر میں کونی عمودی سہارا ۔

Direct case : (n) (لسانیات) فاعلی حالت ۔

Direct causation : (فلسفہ) تعلیل بلا وسطہ ۔

Direct circuit : (n) (طبیعیات) راست دور ۔

Direct-connected : (a) مشترک دھرے پر (مشین) ۔

Direct contact : (n) (سماجیات) براہ راست واسطہ ؛ تعلق ؛ سرو کار ۔

Direct contempt : (n) راست توہین عدالت ۔

Direct contrast : (n) (لسانیات) راست تخالف ۔

Direct control : (n) (تجارت) راست کنٹرول ؛ راست ضبط ۔

Direct correlation : (n) (شماریات) براہ راست ہم رشتگی ۔

Direct cost : (n) (تجارت) راست لاگت ۔

Direct-coupled : (a) (۱) (مشین) مشترک دھرے پر ۔ (۲) (برقی دور) راست خفیہ ۔

Direct current : (n) (طبیعیات) راست رو؛ ایک سمت رو ؛ ڈی سی ؛ سیدھی برقی رو ۔

Direct damage : (n) (تجارت) سیدھا ضرر یا نقصان ؛ بلا واسطہ ضرر یا نقصان ۔

Direct decomposition : (n) (کیمیا) راست تحلیل ۔

Direct demand : (n) بلا واسطہ مانگ ۔

Direct democracy : (n) بلا واسطہ جمہوریت ۔

Direct development : (n) بے تغیر نمو ۔

Direct dialling : (n) راست ڈائلنگ ۔

Direct discourse : (n) (لسانیات) راست گفتگو ۔

Direct election : (n) راست انتخاب ؛ بلا واسطہ انتخاب ۔

Direct exchange : (n) (معاشیات) راست مبادلہ ۔

Direct fire : (n) راست گولہ باری ۔

Direct-fire : (v) بلا واسطہ جلانا ۔

Direct goods account : (تجارت) بلا واسطہ یا سیدھا مال کھاتا ۔

Direct image : (n) (بصریات) شبیہ مستقیم ۔

Direct impact : (n) (طبیعیات) سیدھی ٹکر ؛ (جغرافیہ) براہ راست اثر ۔

Direct indicator : (n) سمت نما ۔

Direct investment : (n) راست سرمایہ کاری ۔

Direct knowledge : (n) راست علم ؛ بلا واسطہ علم ۔

Direct labour : (n) (۱) بلا واسطہ محنت ۔ (۲) بلا واسطہ محنت کی اجرت ۔

Direct labour method : بلا واسطہ مزدوری لاگت کا طریقہ ۔

Direct loss : (n) سیدھا نقصان ؛ بلا واسطہ نقصان ۔

Direct mail : (n) اشتہارات جو ڈاک سے بھیجے جائیں ۔

Direct material : (n) کسی تیار شدہ چیز کا ضروری جز ۔

Direct method : (n) بلا واسطہ طریقۂ تعلیم ۔

Direct motion : (n) حرکت مستقیمہ ۔

Direct name transfer : (لسانیات) راست اسم بدل ۔

Direct object : (n) (لسانیات) مفعول اول ۔

Direct package : (n) ایک ڈاک خانہ سے تقسیم کی جانے والی ڈاک ۔

Direct positive : (n) (فوٹو گرافی) بلا واسطہ مثبت تختی ۔

Direct primary : (n) راست انتخاب ۔

Direct printing : (n) کپڑوں کی چھپائی کا ایک طریقہ ۔

Direct process : (n) راست عمل (خام دھات سے دھات الگ کرنے کا) ۔

Direct proportion : (n) سیدھا تناسب ۔

Direct pull : (n) راست کھینچاؤ ۔

Direct question : (n) راست سوال ؛ سوال استفہامی ۔

Direct ratio : (n) سیدھی نسبت ۔

Direct ray : (n) (ریڈیو) سیدھی شعاع ؛ ارضی شعاع ۔

Direct route : (n) سیدھا رستہ ۔

Direct salesman : (n) گھر گھر جاکر بیچنے والا ۔

Direct sampling : (n) راست انتخاب نمونہ ۔

Direct service : (n) (تجارت) بلا واسطہ خدمت ؛ سیدھی خدمت ۔

Direct similitude : (ریاضیات) سیدھا تشابہ ۔

Direct sound : (n) سیدھی آواز کی لہر ۔

Direct speech : (n) (نحو) ہدایت مستوی ؛ کسی کی گفتگو کی لفظ بہ لفظ حکایت ؛ نقل قول ۔

Direct syllogism : (n) بلا واسطہ قیاس ۔

Direct take : (n) مسلسل عکاسی (ٹیلیویژن وغیرہ میں) ۔

Direct tax : (n) بلا واسطہ محصول ۔

Direct taxation : (n) راست محصول بندی ؛ بلا واسطہ طریقہ محصول ۔

Direct telescope : (n) دوربین مستقیم ۔

Direct theories of knowledge : (فلسفہ) نظریات بلا واسطہ ۔

Direct tide : (n) دو جانبی مدّ ۔

Direct variation : (n) تغیر مستقیم ۔

Direct viewfinder : (n) راست منظر نما ۔

Direct vision : (n) راست رویت ۔

Direct vision prism : (n) راست رویت منشور ۔

Direct vision spectroscope : (n) راست رویت طیف نما ۔

Direct vision telescope : (n) راست بصری دوربین ۔

Direct voting : (n) راست رائے دہی ۔

Direct wages method : سیدھی مزدوری کا طریقہ ۔

Direct writer : (n) سیدھا یا بلا واسطہ بیعا کنندہ ۔

Directed : (a) (ریاضیات) مثبت یا منفی رخ والا (سمتیہ) ۔

Directed number : (n) عدد جس کے پہلے مثبت یا منفی علامت ہو ۔

Directed verdict : (n) ہدایتی فیصلہ ۔

Directedly : (adv) نگرانی میں ۔

Directer : (n) (۱) ناظم ؛ منتظم ؛ مہتمم ؛ نگراں ؛ تجارتی کمپنی کی جماعت منتظمہ کا رکن ہدایت کار ؛ مرتب ؛ ڈائریکٹر ۔(۲) (تاریخ فرانس) انقلابی جماعت عاملہ کا رکن ۔(۳) (مذہبی) وہ پادری جو کسی شخص کا روحانی رہنما ہو ؛ ہادی ؛ مرشد ؛ پروہتک ۔(٤) کسی آلہ کی سمت کو ٹھیک رکھنے والا پرزہ ؛ ضابطہ پرزہ ۔

Direction : (n) (۱) پتہ لکھنا ؛ پتے پر روانہ کرنا ۔(۲) نشانہ باندھنا ؛ راہ دکھلانا ؛ رہنمائی ؛ نگرانی ؛ انتظام ۔(۳) مہتمم کا عہدہ ؛ جماعت منتظمین ؛ ہدایت ؛ حکم ؛ ارشاد ۔(٤) خط وغیرہ کا پتہ ؛ سرنامہ ۔(٥) سمت ؛ طرف ؛ جانب ؛ رخ ؛ موضوع ؛ پہلو ۔(٦) مقصد ۔(۷) حساب لگانا ۔(۸) سمت ۔

Direction angle : (n) زاویہ سمتیت ۔

Direction cosine : (n) (شماریات) سمت کوسائن ۔

Direction finder : (n) سمت شناس ۔

Direction numbers : (n) سمت اعداد ۔

Direction post : (n) سمت نما ستون ۔

Direction test : (n) ہدایتی آزمائش ۔

Direction word : (n) ترک ؛ نظر گیر ۔

Directional : (a) سمتی ۔

Directional antenna : (n) سمتی ہوائیہ ۔

Directive : (a) رہنمایانہ ؛ رہبرانہ ؛ سمت آور ؛ تعیّنی ؛ ہدایتی ؛ جہت نما ۔

Directive : (n) ترغیب ؛ ہدایت ؛ اثر ؛ مثال ۔

Directive principle : (n) ہدایتی اصول ۔

Directive texture : (n) سمتی بناوٹ ؛ سمتی ساخت ؛ سمتی نسیج ۔

Directively : (adv.) بطور ہدایت ۔

Directiveness : (n) ہدایت آمیزی ۔

Directivity : (n) سمتیت ۔

Directly : (adv.) (۱) براہ راست ؛ صاف طور پر ؛ واضح طریقہ سے ۔ (۲) فوراً ؛ معاً ؛ ابھی ؛ تھوڑی دیر میں ۔ (۳) عموداً ۔

Directly : (conj .) (روز مرّہ) جیوں ہی ؛ جیسے ہی ۔

Directness : (n) راستی ؛ مستقیمی ؛ سیدھا پن ؛ استقامت ؛ صفائی ؛ وضاحت ؛ صراحت ۔

Directoire : (n) [Fr.] لباس کی ایک وضع ۔

Director : (n) [AF."directour".] Directer دیکھو

Managing director : مہتمم انتظامی؛ انتظامی ناظم ۔

Ececutive director : ناظم عامل ؛ انتظامی عامل ۔

Regional director : علاقائی ناظم ۔

Director circle : (n) مرتب دائرہ ۔

Director for public relation : ڈائرکٹر رابطہ عامہ ۔

Director general : (n) صدرناظم ۔

Director of Education : ناظم تعلیمات ۔

Director of personnel : ڈائرکٹر عاملہ ۔

Directorate : (n) نظامت ؛ عہدہ نظامت ؛ عہدہ نظارت ؛ مہتمم کا عہدہ یا منصب ؛ مجلس منتظمہ ۔

Directorate of Intelligence Bureau : خفیہ ادارے کی ڈائرکٹریٹ ۔

Directorial : (a) مہتمم وغیرہ سے متعلق ؛ ہدایت سے متعلق ؛ ہدایتی ؛ مجلس منتظمہ سے متعلق ۔

Directorial expenses : (n) ڈائرکٹر جاتی اخراجات ۔

Directorially : (adv.) انتظامی طور پر ؛ ہدایتی طور پر ۔

Directorium : (n) [L.] ہدایات عبادات کی کتاب ۔

Directorship : (n) نظامت ؛ مہتمم وغیرہ کا عہدہ ؛ ہدایت کاری ۔

Directory : (a) ہدایت کرنے والا ؛ ہدایتی ؛ مشیرانہ ؛ ہدایت کار ؛ (قانون) محض ہدایت کرنے والا (ضابطہ) ۔

Directory : (n) (۱) دستورالعمل ؛ دینی مسائل کی کتاب جس میں عبادت کے طریقے درج ہوں ۔ (۲) کسی مقام کے باشندوں وغیرہ کی حالت کی کتاب؛ ڈائرکٹری ؛ معلومات نامہ ؛ ہدایت نامہ ۔ (۳) (تاریخ فرانس) پانچ حاکموں کی انقلابی جماعت عاملہ جو سنہ ۱۷۹۵ء سے سنہ ۱۷۹۹ء تک حکومت کرتی رہی ۔

Telephone directory : ٹیلیفونی معلومات نامہ ۔

Directoscope : (n) (بصریات) راست بیں ۔

Directress/Directoress : (n) ناظمہ ؛ منتظمہ ؛ مہتممہ ۔

Directrix : (n) [mod. L."directrix".] (۱) ناظمہ ۔ (۲) (ریاضیات) مرتب ۔

Direful : (a) ہولناک ؛ مہیب ؛ دہشت ناک ۔

Direfully : (adv.) ہولناک طریقہ سے ؛ مہیب طریقہ سے ۔

Direfulness : (n) هولناکی ؛ دہشت ناکی ۔

Direly : (adv.) خوفناک طور پر ؛ مہیب طریقہ سے ؛ مہلک طور پر ۔

Direness : (n) ہولناک یا ہلاکت خیز ہونا ۔

Dirge : (n) [ME."dirige".] (۱) دفن کے وقت کا نوحہ ؛ بین ؛ مرثیہ ۔ (۲) ماتم ؛ آہ و زاری ؛ شیون ؛ نالہ ۔

Dirge-ale : (n) شراب جو تجہیز و تکفین کے وقت پی جاتی ہے ۔

Dirgeful : (a) پُر شیونی ؛ سوگواری ۔

Dirhem : (n) [Arab. "dirham","dirhim".] درہم ۔

Dirhinic : (a) دو منخری ۔

Dirigible : (a) [L."dirigere".] جس کی حرکت قابو میں ہو (غبارہ وغیرہ) ۔

Dirigble : (n) قابو غبارہ ۔

Dirigisme : (n) [F."diriger".] سرکاری منصوبہ بندی اور کنٹرول ۔

Dirigomotor : (a) [L."dirig-"+MOTOR.] (عضویات) عضلات کی حرکت کا محرک اور اس کو قابو میں رکھنے والا ۔

Diriment : (a) [L."dirimente".] باطل کرنے والا ؛ فسق کرنے والا ؛ کالعدم کرنے والا ؛ باطل کنندہ ؛ فاسق ۔

Diriment impediment : باطل کنندہ ازدواج ۔

Dirk : (n) [Sc. "durk".] خنجر ؛ دشنہ ۔

Dirk : (v) خنجر مارنا ۔

Dirk-dance : (n) خنجر رقص ۔

Dirk-knife : (n) کمان دار خنجر ۔

Dirl : (v) [Sc."thirl".] (۱) چبھونا ؛ ابتزاز میں لانا ۔ (۲) مرتعش ہونا ؛ بجنا ۔

Dirl : (n) (۱) ابتزاز ؛ ارتعاش ۔ (۲) شدید ضرب ۔

Dirt : (n) [ME."drit".] (۱) نجاست ؛ غلاظت ؛ کیچڑ ؛ فضلہ ۔ (۲) ذلیل چیز ؛ نکمی چیز ؛ کمینہ پن ؛ کمینگی ۔ (۳) زمین ؛ مٹی ۔ (٤) میلاپن ؛ گندگی ؛ کثافت ۔ (٥) فحش گفت گو ؛ گندی باتیں ۔ (٦) طوفانی موسم ۔

To cast /-throw-/-fling dirt : فحش گالیاں دینا ؛ کیچڑ اچھالنا ۔

To eat dirt : توہین یا ذلت خاموشی سے برداشت کرنا ؛ برداشت کرنا ۔

Yellow dirt : سونا ۔

Dirt : (v) میلا کرنا ۔

Dirt bed : (n) (ارضیات) زمین کی وہ پرت جس میں نباتی مٹی پائی جاتی ہے ۔

Dirt board : (n) گرد روک ۔

Dirt cheap : (a) مٹی کے مول ؛ بہت سستا ۔

Dirt cheap : (adv.) بہت سستی قیمت پر ۔

Dirt eater : (n) مٹی خور ۔

Dirt eating : (a) مٹی خوری ۔

Dirt pie : (n) مٹی کے سمبوسے وغیرہ جو بچے کھیل میں بناتے ہیں ۔

Dirt poor : (a) مفلس ؛ قلاش ۔

Dirt track : (n) خاکستری راستہ ۔

Dirtbird : (n) سبز کاٹ پھوڑا ؛ یافو ۔

Dirtily : (adv.) میلے پن سے ؛ گندے طور پر ۔

Dirtiness : (n) میلاپن ؛ گندگی ؛ غلاظت ؛ نجاست ۔

Dirty : (a) (۱) میلا ؛ آلودہ ؛ سنا ہوا ؛ غلیظ ؛ گندہ ؛ نجس ؛ کثیف ۔ (۲) ناپاک ؛ فحش ؛ مکروہ ۔ (۳) کمینہ ؛ ذلیل ؛ سفلہ ؛ فرومایہ ؛ حقیر ۔ (٤) ناجائز طور پر وصول کیا ہوا ؛ حرام کا ۔ (٥) (موسم) طوفانی ۔ (٦) (رنگ) میلا ؛ جو کھلتا ہوا نہ ہو ۔ (۷) (طباعت) گندہ پروف یا تحریر ۔ (۸) سمی اثرات والا (ایٹم یا بائڈروجن بم) ۔

To do the dirty : دھکا دینا ۔

Dirty : (adv.) دیکھو Dirtily

Dirty : (v) میلا ہونا ؛ میلا کرنا ؛ گندہ ہونا ؛ گندہ کرنا ۔

To dirty one's hands : ملوث ہونا ۔

Dirty allan : (n) دیکھو Dirt bird

Dirty linen : (n) گندے گھریلو معاملات ۔

Dirty shirts : (n) ایک سو ایک نمبر کی پیدل ریجمنٹ ۔

Dirty work : (n) بے ایمانی ؛ غیر دلچسپ کام ۔

Dis-/Dys- : (Prefix.) سابقہ (لاطینی dif, di, dis سے ماخوذ) اور bis "دو بار" اور (duo "دو" کا ہم اصل) بمعنی "علاحدہ" "جدا" "الگ" "دور" "درمیان" "ایک ایک کرکے" "بالکل" "پورے طور پر" "سراسر" "سر بہ سر" "نا" "نہ" "غیر" "خلاف" "برعکس" "خارج" ۔

Dis : (n) رومی دیو مالا میں دنیائے اسفل کا خدا ۔

Dirsability : (n) [f.DISABLE .] (۱) مجبوری ؛ معذوری ؛ خصوصاً قانوناً مجاز نہ ہونا ۔

Absolute disability : مطلق عدم اہلیت ۔

Partial disability : جزوی معذوری ۔

Permanent partial disability : دائمی جزوی معذوری ۔

Permanent total disability : دائمی مکمل معذوری ۔

Temporary partial disability : عارضی جزوی معذوری ۔

Temporary total disability : عارضی مکمل معذوری ۔

Total disability : مکمل معذوری ۔

Disability benefit : (n) (تجارت) معذوری مفاد ۔

Disability clause : (n) معذوری دفعہ (بیمہ) ۔

Disable : (n) (۱) بیکار کر دینا ۔(۲) لنگڑا لولا کردینا ؛ اپاہج بنا دینا ؛ معذور کر دینا ؛ نکما کر دینا ۔ (۳) قانوناً منع کرنا ؛ کسی حق سے محروم قرار دینا ؛ ممانعت کرنا ۔(٤) گھٹانا ۔(٥) بیکار قرار دینا ۔

Disabled : (a) اپاہج ؛ معذور ۔

Disablement : (n) بیکار کر دینا یا ہو جانا ؛ معذور کردینا یا ہو جانا ؛ امتناع ؛ معذوری ۔

Disabler : (n) معذور کرنے والا ۔

Disabling effects : (n) معتذر اثرات ۔

Disabuse : (v) آنکھیں کھول دینا ؛ چتانا ؛ وہم باطل دور کرنا ؛ خیال خام دور کرنا ۔

Disaccord : (n) اختلاف ؛ ناموافقت ؛ ناسازگاری ؛ پھوٹ ؛ عدم ہم آہنگی ؛ عدم توافق ۔

Disaccredit : (v) غیر معتبر بنانا ۔

Disaccustom : (v) [OF."desacostumer".] ترک عادت کرنا ؛ عادت چھڑانا ؛ غیر مروج کرنا ۔

Disacknowlege : (v) تسلیم نہ کرنا ؛ انکار کرنا ؛ دست بردار ہونا ۔

Disacryl : (n) ["Dis"-+ACRYL.] (کیمیا) ایک سفید گالے دار مادہ جس میں اکرولین (acroloin) کچھ دیر رکھنے سے تبدیل ہو جاتا ہے ۔

Disadvantage : (n) [F."desavantage".] (۱) ناموافق صورتحال ؛ دقت ؛ دشواری ۔ (۲) نقصان ؛ ضرر ؛ گھاٹا ؛ خسارہ ۔(۳) خامی ۔

Disadvantage : (v) نقصان پہنچانا ۔

Disadvantageous : (a) نا موافق سفر جس میں گھاٹا ہو ؛ باعث تنقیص ؛ نامساعد ؛ مانع ۔

Disadvantageously : (adv.) مضر طور پر ؛ ناموافق طور پر ۔

Disadvantageousness : (n) ناموافقت ؛ نامساعدت ؛ مضرت ۔

Disadvise : (v) کسی چیز کے خلاف مشورہ دینا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ۔

Disaffected : (a) بد دل ؛ پھرا ہوا ؛ بگڑا ہوا ؛ بے وفا ؛ ناراض ۔

Disaffectedly : (adv.) بد دلی سے ؛ ناراضی سے ؛ بےوفائی سے

Disaffectedness : (n) بد دلی ؛ ناراضگی ؛ بے وفائی ؛ رنجش ۔

Disaffection : (n) بد دلی ؛ بے وفائی ؛ سیاسی بے چینی ؛ اطاعت سے انحراف ؛ بے محبتی ؛ بیگانگی ۔

Disaffirm : (v) (قانون) (سابق فیصلہ منسوخ کردینا ؛ رد کر دینا) ۔(۲) تسلیم نہ کرنا ؛ ماننے سےانکار کرنا (تصفیہ وغیرہ کو) ۔(۳) تردید کرنا ؛ انکار کرنا ؛ نفی کرنا ۔

Disaffirmance : (n) انکار ؛ انحراف ؛ ابطال ؛ (تصفیہ کو) تسلیم نہ کرنا؛ تنسیخ؛ منسوخی؛ نامنظوری ۔

Disaffirmation : (n) دیکھو Disaffirmance

Disaffirmative : (a) انکاری ؛ تردیدی ؛ تنسیخی ۔

Disafforest : (v) دیکھو De-afforest

Disafforestion/Disafforestment : (n) دیکھو De-afforestation

Disaggregate : (v) تجزیہ کرنا ؛ جدا کرنا مجموعہ یا میزان سے ۔

Disaggregation : (n) تجزیہ ؛ مجموعہ یا میزان سے علاحدگی ۔

Disagree : (v) [F."desagreer".] (۱) مختلف ہونا ؛ غیر مشابہ ہونا ؛ غیر مطابق ہونا ۔ (۲) اختلاف رائے ہونا ؛ اختلاف کرنا ؛ آپس میں نزاع ہونا ۔ (۳) (غذا کا یا آب و ہوا کا) نا موافق ہونا ؛ موافق نہ ہونا ؛ ناسازگار ہونا ؛ مضر پڑنا ۔

Disagreeability : (n) نا خوشگواری ۔

Disagreeable : (a) (۱) نا مرغوب ؛ نا پسند ؛ نا خوشگوار؛ ناگوار ۔(۲) بد مزاج ؛ کج خلق ۔

Disagreeable : (n) ناگوار چیز یا تجربہ ۔

Disagreeableness : (n) نا موافقت ؛ ناگواری ؛ بد مزاجی ؛ کج خلقی ۔

Disagreeably : (adv.) نا موافقانہ ؛ مخالفانہ ؛ نا گوار طور پر ؛ کج خلقی سے ۔

Disagreement : (n) اختلاف ؛ عدم موافقت ؛ نزاع ؛ جھگڑا ؛ نا اتفاقی ؛ اختلاف رائے ؛ مخالفت ؛ نا موافقت ۔

Disallow : (v) [OF."desalouer".] نا منظور کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ اجازت نہ دینا ؛ رد کرنا ؛ ممانعت کرنا ؛ نہ ماننا ؛ منع کرنا ۔

Disallowance : (n) عدم قبول ؛ رد ؛ نا منظوری ؛ ممانعت ۔

Disallower : (n) رد کرنے والا ؛ نا منظور کرنے والا ؛ ممانعت والا ۔

Disamenity : (n) نقصان ؛ نا خوشگواری ۔

Disamis : (n) منطقی قیاس کو یاد رکھنے کی ایک اصطلاح ۔

Disanchor : (v) [OF."desancrer".] لنگر اٹھانا ؛ لنگر کھول دینا ۔

Disanimate : (v) (۱) زندگی سے محروم کرنا ۔(۲) بد دل کرنا ؛ زندہ دلی سے محروم کرنا ۔

Disanimation : (n) زندگی یا زندہ دلی سے محرومی ۔

Disannex : (v) [OF."desannexer".] جدا کرنا ؛ علاحدہ کرنا ۔

Disannexation : (n) جدائی ؛ علاحدگی ۔

Disannul : (v) کالعدم کرنا ؛ باطل کرنا ؛ منسوخ کرنا ۔

Disannuller : (n) کالعدم کرنے والا ؛ باطل کرنے والا ؛ منسوخ کرنے والا ۔

Disannulment : (n) تنسیخ ؛ ابطال ۔

Disanoint : (v) (بادشاہ کو) معزول کرنا ۔

Disappear : (v) غائب ہونا ؛ کافور ہونا ؛ الوپ ہونا ؛ نظر سے اوجھل ہونا ؛ نا پید ہونا ؛ کھو جانا ؛ گم ہوجانا ؛ مفقود ہوجانا ؛ گم نام ہو جانا ۔

Disappearance : (n) (۱) گم گشتگی ؛ غیاب ؛ غیوبت ؛ خفا ۔ (۲) غائب ہو جانا ؛ تخفیف ۔

Circle of perpetual disappearance : دائرہ ابدی الخفا ۔

Disappearer : (n) غائب ہو جانے والا ؛ نظر سے اوجھل ہو جانے والا ؛ گم ہو جانے والا ۔

Disappearing bed : (n) چھپایا جاسکنے والا پلنگ ۔

Disappearing carriage : (n) توپ گاڑی جو گولہ باری کے وقت اٹھائی جاتی ہے اور توپ داغی جانے کے بعد خود بخود نیچے ہو جاتی ہے ۔

Disappearing difference method : طریقہ اختفائے تفاوت ۔

Disappearing filament pyrometer : غائب سوتی آتش پیما ۔

Disappearing stair : (n) سیڑھی جواوپراٹھائی جا سکتی ہے ۔

Disappoint : (v) [F."desappointer".] (۱) نا امید کرنا ؛ مایوس کرنا ؛ وعدہ خلافی کرنا ۔(۲) (توقع) باطل کرنا ؛ (امید) توڑنا: (مقصد) فوت کرنا ۔

Disappointed : (a) مایوس ؛ دل شکستہ ۔

Disappointedly : (adv.) نا امیدانہ ؛ مایوسانہ ۔

Disappointing : (a) مایوس کن ۔

Disappointingly : (adv.) مایوس کن طریقہ سے ؛ نا امیدانہ طور پر ۔

Disappointment : (n) نا امیدی ؛ مایوسی ؛ مایوس کن واقعہ ؛ دل شکستگی ۔

Disappreciate : (v) نا چیز سمجھنا ؛ کم قدری کرنا ۔

Disappreciation : (n) کم قدری ۔

Disapprobation : (n) نا رضامندی ؛ نا خوشی ؛ نا منظوری ؛ نا پسندیدگی ۔

Disapprobative/-tory : (a) نارضامندانہ ؛ معترضانہ ۔

Disappropriate : (a)[med.L."disappropriatus".] محروم تصرف: مذہبی کارپوریشن سے علاحدہ ۔

Disappropriate : (v) حق تصرف ختم کرنا ۔

Disappropriation : (n) حق تصرف سے محرومی ۔

Disapprovable : (a) ناقابل پسند ؛ قابل رد ۔

Disapproval : (n) نا رضامندی ؛ نا خوشی ؛ نا منظوری ؛ نا پسندیدگی ۔

Disapprove : (v) [DIS -+ F."aporouver".] ناپسند کرنا ؛ نا پسندیدگی کا اظہار کرنا ؛ رد کرنا ؛ نا منظور کرنا ۔

Disapprover : (n) رد کرنے والا ؛ نا پسند کرنے والا ۔

Disapprovingly : (adv.) نا پسندیدگی کے ساتھ ؛ نا خوشی سے ؛ نا پسند کرتے ہوئے ۔

Disarm : (v) [F."desarmer".] (۱) ہتھیار چھین لینا ؛ اسلحہ ضبط کرلینا ۔ (۲) (شمشیر زنی) (حریف کے ہاتھ سے) ہتھیار گرادینا ۔(۳) (فوج یا بیڑے کو) اس حالت میں لے آنا جو اس کے زمانے میں تھی ؛ (شہر کی) مورچہ بندی توڑ دینا؛ مورچہ گرا دینا ؛ (جہاز کو) سامان حرب سے خالی کر دینا ؛ فوجی قوت میں یا سامان حرب میں تخفیف کرنا ۔(٤) بےضرر بنانا ۔(٥) عداوت یا بدگمانی دور کرنا ۔

Disarm : (n) (مخالف سے) ہتھیار چھین لینا ۔

Disarmament : (n) [F."desarmement".] تخفیف فوج ؛ تخفیف اسلحہ ؛ ترک اسلحہ ۔

Compulsary disarmament: لازمی ترک اسلحہ ۔

Moral disarmament : اخلاقی ترک اسلحہ ۔

Disarmament commission /-conference : (n) ترک اسلحہ کمیشن / کانفرنس ۔

Disarmature : (n) ہتھیار چھین لینا ۔

Disarmer : (n) ہتھیار چھیننے والا ؛ تخفیف اسلحہ کرانے والا ۔

Disarming : (a) عداوت یا بدگمانی دور کرنے والا ۔

Disarrange : (n) ابتر کرنا ؛ بے ترتیب کرنا ؛ گڑبڑ کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ۔

Disarrangement : (n) ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ گڑبڑ ۔

Disarray : (n) [OF."desareer".] (۱) بے ترتیبی ؛ ابتری ۔ (۲) نیم عریاں ؛ شب خوابی کا لباس ؛ بے ترتیب لباس ۔

Disarray : (v) (۱) بے ترتیب کرنا ۔(۲) عریاں کرنا ؛ برہنہ کرنا ۔

Disarticulate : (v) جوڑ جوڑ الگ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ جوڑ جوڑ الگ ہونا ۔

Disarticulation : (n) جوڑ جوڑ الگ کردینا ؛ بہتر مفصلی ۔

Disarticulator : (n) جوڑ جوڑ الگ کرنےوالا ؛ بہتر مفصلی کرنے والا ۔

Disassimilate : (v) غیر ممزوج کرنا ؛ مدغم چیزوں کو الگ الگ کرنا ۔

Disassimilation : (n) (۱) ممزوج یا مدغم چیزوں کو پھر الگ الگ کر دینا ؛ تفرق ۔ (۲) (عضویات) تفرق ۔

Disassociate : (v) (۱) ایتلاف سے آزاد کرنا ؛ تلازم سے آزاد کرنا ۔ (۲) جدا کرنا ؛ علاحدہ کرنا ۔

Disassociation : (n) احتباس ؛ قطع تعلق ؛ افتراق ۔

Disaster : (n) [F.desaster".] مصیبت ؛ آفت ؛ سانحہ ؛ حادثہ ؛ بد قسمتی ؛ بد نصیبی ؛ بلا ؛ شامت ۔

Disastrous : (a) [F."desastreux".] مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ منحوس ؛ پر بلا ۔

Disastrously : (adv.) مصیبت خیزی سے ؛ بد قسمتی سے ۔

Disastrousness : (n) مصیبت خیزی؛ آفت انگیزی ؛ نحوست ۔

Disavow : (v) [F."desavouer".] نہ ماننا ؛ تسلیم نہ کرنا ؛ انکار کرنا ؛ تردید کرنا ۔

Disavowal : (n) انکار ؛ تردید ؛ نفی ۔

Disavower : (n) منکر ؛ رد کرنے والا ۔

Disbalance : (n) عدم توازن ۔

Disband : (v) [F."desbander".] (فوج کو) خدمت سے سبکدوش کرنا یا ہونا ؛ تتر بتر ہونا ۔

Disbandment : (n) (فوج کی) خدمت سے سبکدوشی ۔

Disbar : (v) جماعت وکلاء کی رکنیت سے خارج کرنا ؛ بیرسٹروں کے زمرے سے نکال دینا ۔

Disbark : (v) دیکھو Debark

Disbarment : (n) جماعت وکلاء سے اخراج ۔

Disbelief : (n) بے اعتقادی ؛ بے اعتمادی ؛ بے اعتباری ؛ کفر ۔

Disbelieve : (n) (۱) اعتقاد نہ رکھنا ؛ یقین نہ کرنا ؛ باور نہ کرنا ؛ نہ ماننا ۔ (۲) متشکک ہونا ؛ بے اعتقاد ہونا ۔ (۳) قائل نہ ہونا ۔

Disbeliever : (n) بے اعتقاد ؛ منکر ۔

Disbench : (a) بنچروں (Benchers) کے زمرے سے خارج کرنا ۔

Disbodied : (a) بلا جسم ۔

Disbody : (v) بلا جسم کرنا ۔

Disboscation : (n) [med.L."disboscationem".] جنگلوں کو کاٹنا ؛ درختوں کو کاٹ کر زمین کو زراعتی بنانا ۔

Disbowel : (v) دیکھو Disembowel

Disbranch : (v) شاخیں کاٹ دینا یا توڑنا ؛ شاخیں چھانٹ ڈالنا ۔

Disbud : (v) زائد کلیاں توڑ دینا ؛ شگوفہ ربائی کرنا ۔

Disburden/Disburthen : (v) (۱) سبکدوش کرنا ؛ بوجھ اتارنا ۔ (۲) چھٹکارا پانا ؛ دبے ہوئے خیالات کا اظہار کرنا ۔

Disburdenment / Disburthenment : (n) سبکدوشی ؛ چھٹکارا ۔

Disbursal : (n) دیکھو Disbursement

Disburse : (v) [OF."desbourser"] (۱) صرف کرنا ؛ خرچ کرنا ؛ ادا کرنا ۔ (۲) روپیہ ادا کرنا ۔ (۳) تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ۔

Disbursement : (n) صرف ؛ خرچ ؛ ادائی ۔

Disburser : (n) خرچ کرنے والا ؛ ادا کرنے والا ؛ تقسیم کرنے والا ۔

Disbursing officer : (n) افسر ادائی ۔

Disc : (n) (۱) قرص ؛ گردہ ؛ ٹکیا (مثلاً قرص خورشید ، قرص مہتاب وغیرہ) ۔ (۲) دیکھو Disk ۔

Disc-base : (n) قرصی پیندا ۔

Disc harrow : (n) قرصی سراون ۔

Disc jockey / Disk jockey : (n) ٹیلی ویژن پر نشری پروگرام پیش کرنے والا ۔

Discage : (v) آزاد کرنا ؛ قفس سے رہا کرنا ۔

Discal : (a) قرصی ۔

Discalceate : (a) [L."discalceatus".] برہنہ پا ؛ ننگے پاؤں ۔

Discalceate : (n) برہنہ پا راہب یا راہبہ ۔

Discalced : (a) Discalceate دیکھو

Discanonization : (n) اولیاء کی فہرست سے خارج ۔

Discanonize : (v) اولیاء کی فہرست سے خارج کرنا ۔

Discant : Descant دیکھو

Discard : (v) (۱) (تاش کے کسی پتے کا) چھانٹنا ؛ بدرنگی میں پھینکنا ۔(۲) ترک کرنا ؛ چھوڑنا ۔ (۳) برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا ۔

Discard : (n) (۱) تاش کے کسی پتے کا چھانٹنا ؛ وہ پتا جو چھانٹا جائے ۔(۲) رد کی ہوئی چیز ۔

Into the discard : طاق نسیاں میں ؛ گمنامی میں ۔

Discase : (v) غلاف اتارنا ؛ برہنہ کرنا ؛ خول سے نکالنا ؛ ڈبے سے نکالنا ۔

Disceptation : (n) [L."disceptetionem".] مناقشہ ؛ مباحثہ ۔

Discern : (v) [F."discerner".] (۱) امتیاز کرنا ؛ تمیز کرنا ؛ فرق پہچاننا ۔(۲) ادراک کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ دریافت کر لینا ؛ پہچاننا ؛ شناخت کرنا ؛ سمجھ جانا ؛ بھانپ لینا ۔

Discerner : (n) امتیاز کرنے والا ؛ شناخت کرنے والا ؛ فرق پہچاننے والا ۔

Discernible : (a) قابل امتیاز ؛ قابل فہم ؛ قابل شناخت ؛ ملاحظہ پذیر ۔

Discernibleness : (n) ملاحظہ پذیری ؛ امتیاز پذیری ۔

Discernibly : (adv.) قابل شناخت طور پر ۔

Discerning : (a) صاحب ادراک ؛ صاحب بصیرت ؛ تیز فہم ؛ دور رس ؛ نکتہ رس ۔

Discerning : (n) امتیاز ؛ تمیز ۔

Discerningly : (adv.) تیز فہمی سے ؛ نکتہ رس طور پر ۔

Discernment : (n) (۱) ادراک ؛ دریافت ؛ بصیرت ؛ فراست ؛ درک ؛ شناخت ۔(۲) تیز فہمی ؛ دور رسی ؛ نکتہ رسی ؛ ذکاوت ۔

Discerptibility : (n) جدا ہو سکنے کی صلاحیت ؛ علاحدگی پذیری ؛ تقسیم پذیری ۔

Discerptible : (a)[L."discerpt-".] علاحدہ یا الگ ہوسکنے والا ؛ علاحدگی پذیر ۔

Discharge : (v) [OF."descharger".] (۱) سبکدوش کرنا ؛ بوجھ اتارنا ؛ (برقیات) خارج کرنا ؛ (۲) برخاست کرنا ؛ بر طرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ علاحدہ کرنا ۔ (۳) آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ چھوڑنا ؛ جانے کی اجازت دینا ۔ (٤) (تیر) چلانا ؛ (بندوق) داغنا؛ (مواد وغیرہ) نکلنا ؛ جہاز وغیرہ سے مال اتارنا ۔(٥) (دریا کا) (سمندر میں) گرنا ۔ (٦) (قانون) منسوخ کرنا ۔ (۷) عہدہ برآ ہونا؛ انجام دینا؛ ادا کرنا؛ بجا لانا ۔(۸) (رنگ ریزی) رنگ دور کرنا ؛ رنگ چھڑانا ۔ (۹) بریٔ الذمہ کرنا یا ہونا ۔ (۱۰) (تعمیرات) بوجھ کم کرنا ۔

To discharge a bankrupt : دیوالیہ کو مطالبوں سے بری کرنا ۔

Discharge : (n) (۱) (جہاز وغیرہ سے) مال اتارنا ۔ (۲) دغنا ؛ داغنا ؛ شنک ؛ فائر ؛ چھوڑنا ؛ چلانا (تیر کا) ۔(۳) اخراج ؛ نکاس؛ مواد ۔(٤) رہائی ؛ بریت ؛ استثناء ؛ معافی ؛ چھٹکارا ؛ خلاصی ؛ پروانۂ رہائی ؛ حکم آزادی ۔ (٥) برطرفی ؛ موقوفی ۔ (٦) بے باقی ؛ ادائی ۔(۷) بجا آوری ؛ انجام دہی ؛ تعمیل ۔ (۸) (رنگریز) رنگ چھڑانا ؛ رنگ چھڑانے کا مسالہ ۔ (۹) (تعمیرات) بوجھ میں تخفیف ۔

Electric discharge : برقی اخراج ۔

Discharge by cancellation : سبکدوشی بذریعہ منسوخی ۔

Discharge by payment : سبکدوشی بذریعہ ادائی ۔

Discharge of a bankrupt : دیوالیہ کے مطالبوں سے بریت ۔

Discharge of bill : ادائی بل ۔

Discharge of release: سبکدوشی بذریعہ واگذاشت ۔

Discharge lamp : اخراج لیمپ ۔

Discharge tube : (n) اخراج نلی ؛ اخراجی نلی ۔

Discharge value : نکاسی صمام ۔

Discharger : (n) (۱) بوجھ اتارنے والا ؛ خارج کرنے والا ۔ (۲) مخرج برق ؛ بار رُبا ۔

Discharging : (n) بے باری ؛ بہتا ہوا ؛ صبوبی ۔

Discharging current : اخراجی رو ؛ اخراجی دھارا ۔

Discharm : (v) [OF."decharmer".] جادو کا اثر زائل کرنا ؛ سحر رہائی کرنا ۔

Disciferous : (a)[L."discus"+-FEROUS.] (نباتیات) قرص دار ۔

Discifloral : (a) قرص گُلا ۔

Disciform : (a) قرص نما ۔

Disciple : (n) [OE."discipul".] (۱) حواری (حضرت عیسیٰ کے بارہ انصار میں سے ایک) ۔(۲) حضرت عیسیٰ کا کوئی سابق الایمان پیرو ۔(۳) پیرو ؛ متبع ؛ مقلد؛ مرید ؛ شاگرد؛ چیلا ۔(٤) (جمع) عیسائیوں کے ایک فرقے کا نام ۔

Discipleship : (n) پیروی ؛ تقلید ؛ مرید ؛ شاگردی ؛ اتباع ۔

Disciplinable : (a) تعلیم پذیر ؛ تربیت پذیر ؛ تادیب پذیر ۔

Disciplinableness : (n) تعلیم پذیری ؛ تربیت پذیری ؛ تادیب پذیری ۔

Disciplinal : (a) تربیت سے متعلق ؛ انضباطی ؛ تادیبی ۔

Disciplinant : (n) [Sp."disciplinantes".] اپنے آپ کو ضیق میں ڈالنے والا ؛ جسم کش ۔

Disciplinarian : (a) اہل انضباط سے متعلق ۔(۲) انضباطی ؛ تادیبی ۔

Disciplinarian : (n) (۱) اہل انضباط ۔(۲) تادیب یا انضباط پر زور دینے والا ؛ سخت گیر ۔

Disciplinary : (a) [med. L."disciplinarius".] (۱) انضباطی ؛ تادیبی ۔(۲) ذہنی تربیت کا ؛ ذہنی تربیت سے متعلق ۔

Disciplinary action : (n) تادیبی کاروائی ۔

Disciplinary barracks : (n) فوجی حوالات ۔

Disciplinary charges : (n) انضباطی اخراجات ۔

Disciplinary powers : (n) تادیبی اختیارات ۔

Disciplinary punishment : (n) تادیبی سزا ۔

Disciplinatory : (a) دیکھو Disciplinary

Discipline : (n)[L."disciplina".] (۱) تعلیم کا کوئی شعبہ؛ فن ۔(۲) ذہنی اور اخلاقی تربیت ؛ وہ مصیبت جس سے تزکیہء نفس ہو ۔(۳) فوجی قواعد؛ فوجی تربیت ۔(٤) حسن تربیت ؛ تربیت یافتگی ۔ (٥) طالب علموں ، فوجیوں یا قیدیوں کا انضباط ۔(٦) دستور العمل ۔ (۷) ارکان کلیسا کا نظام عمل ۔(۸) تادیب ؛ تادیبی سزا؛ تنبیہ ۔(۹) (کلیسا) ریاضت ؛ مجاہدہ (کفارے کے طور پر) ۔(۱۰) کوڑا ۔ (۱۱) نظم و ضبط ؛ انضباط ۔

Formal discipline : رسمی نظم و ضبط ۔

Good discipline : حسن انضباط ۔

Mental discipline : ذہنی تربیت ۔

School discipline : تربیت مدرسہ ۔

Discipline : (v) (۱) سدھانا ؛ تربیت دینا ؛ اطاعت کی تعلیم دینا ؛ فوجی تربیت دینا ؛ قواعد سکھانا ۔ (۲) تادیب کرنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ تادیبی سزا دینا ۔

Discipline clause : (n) انضباطی دفعہ ۔

Disciplined army : (n) منظم فوج ۔

Discipliner : (n) تربیت دینے والا ؛ تادیب کرنے والا ؛ قواعد سکھانے والا ۔

Discipular : (a) [L."discipulus"+-AR.] حواریانہ ؛ حواری سے متعلق ؛ مریدانہ ؛ شاگردانہ ۔

Discission (n) [L."discissionem".] (طبیعیات) تابیر ؛ چاک ؛ شگاف (خصوصاً موتیابند یا گومڑ وغیرہ کا) ۔

Disclaim : (v) [AF."de-"."disclamer".] (۱) قانوناً دست بردار ہونا ؛ دست بردار ہونا ۔ (۲) ملکیت ؛ ذمہ داری سے انکار کرنا ؛ تردید کرنا ؛ بےتعلقی یا لاعلمی ظاہر کرنا ۔(۳) (نقابت) مارکہ سے محرومی کا اعلان کرنا ۔

Disclaiment : (n) دست برداری ؛ ترک دعویٰ ؛ تردید ؛ ملکیت یا ذمہ داری سے انکار ؛ بے تعلقی یا لاعلمی کا اعلان ۔

Disclaimer : (n) دیکھو Disclaiment

Disclaimer : (n) ترک دعوی کرنے والا ۔

Disclaimation : (n) ترک دعوی ؛ رد ؛ انکار ۔

Disclaimatory : (a) ترک دعوی سا ۔

Disclose : (v) [ME."des-","dis-closen".] کھولنا ؛ پیش کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا ؛ (انڈے سے) بچہ نکالنا ؛ انڈے دینا ۔

Disclosed : (a) (۱) کھلا ہوا ؛ افشا کیا ہوا ؛ آشکار ؛ ظاہر ؛ منکشف ۔(۲) (نقابت) بازو پھیلائے ہوئے ۔

Discloser : (n) کھولنے والا ؛ افشا کرنے والا ؛ آشکار کرنے والا ۔

Disclosure : (n) (۱) کھولنا ؛ اظہار ؛ انکشاف ؛ اعلان ؛ افشا ۔ (۲) وہ چیز جس کا اظہار کیا جائے ؛ فاش کیا ہوا راز ؛ افشا شدہ (راز) ۔(۳) کسی ایجاد کی تفصیل ۔

Discloud : (v) ظاہر کرنا ؛ بادلوں کو ہٹانا ۔

Disco- : جزو ترکیبی بمعنی "قرص" ۔

Discoblastic : (a) (حیوانیات) قرص نہوض ۔

Discobolus : (n) [Gr."diskobolos".] قرص باز ۔

Discocarp : (n) قرص ثمر ۔

Discocarpous : (a) قرص مثمرہ ۔

Discocephalous : (a) (حیوانیات) قرص سرہ ۔

Discodactyl (e) /Discodactylous : (a) (حیوانیات) قرص انگشتہ ۔

Discography : (n) [F."discographia".] ریکارڈ نامہ ۔

Discoid /Discoidal : (a) [L."discoides".] قرصی ؛ قرص نما ؛ گردہ نما ۔

Discoid : (n) قرص نما چیز ؛ (صدف) گردہ نما صدف ۔

Discolith : (n) (نباتیات) قرصی نبقہ سنج ۔

Discolor /Discolorous : (a) نا ہم رنگ ؛ مختلف رنگ کا ۔

Discolor : (v) (۱) رنگ بدل دینا ؛ دو رنگ کر دینا ؛ دھبے ڈالنا ۔(۲) دھبے پڑ جانا ۔(۳) (مجازاً) دھبا ڈالنا ۔

Discoloration / Discolouration : (n) بدرنگی ؛ دھبا ۔

Discolour / Discolor : (v) [OF."descolorer", L."discolor".] دیکھو Discolor

Discoloured / Discolored : (a) بد رنگ ؛ مختلف اللون ؛ داغدار ؛ کم رنگ ۔

Discolourment : (n) دیکھو Discoloration

Discomfit : (v) [ME."desconfit".] (۱) شکست دینا ؛ ہزیمت دینا ۔(۲) الٹ دینا ؛ باطل کر دینا ؛ چلنے نہ دینا ؛ چھکے چھڑا دینا ؛ بد حواس کر دینا ۔

Discomfiter : (n) شکست دینے والا ؛ باطل کرنے والا ؛ چھکے چھڑانے والا ؛ ہزیمت دینے والا ۔

Discomfort : (n) [OF."discomfiture".] شکست ؛ ہزیمت ۔

Discomfort : (n) [ME."disconfort".] (۱) بے کلی ؛ بے چینی ؛ الجھن ۔(۲) بے آرامی ؛ تکلیف ۔

Discomfort : (v) بیکل کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ رنج دینا ۔

Discomfortable : (a) تکلیف دہ ؛ بے آرام ؛ بے چین ۔

Discomfortableness : (n) بے چینی ؛ بے آرامی ؛ تکلیف ۔

Discomforter : (n) بے چین کرنے والا ؛ تکلیف دینے والا ۔

Discommend : (v) ناخوشی ظاہر کرنا ؛ سفارش نہ کرنا ۔

Discommendable : (a) قابل الزام ؛ قابل نا پسندیدگی ۔

Discommendation : (n) نا پسندیدگی کا اظہار ؛ الزام ۔

Discommode : (v) زحمت دینا ؛ تکلیف دینا ۔

Discommodity : (n) نا راحتی ؛ زحمت ؛ بے آرامی ۔

Discommon : (v) (۱) (دکانداروں کو) طالب علموں کے ہاتھ مال فروخت کرنے کی ممانعت ۔(۲) (تمام چراگاہوں کے گرد) باڑ لگانا (شخصی ملکیت بنانے کےلئے) ۔

Discommons : (v) (۱) (کالج کے طالب علم کا) کھانا بند کر دینا ۔(۲) (دکاندار کو) طالب علموں کے ہاتھ مال بیچنے کی ممانعت کرنا ۔

Discommune : (v) (دکاندار کو) طالب علموں کے ہاتھ مال بیچنے کی ممانعت کرنا ۔

Discompose : (v) سکون میں خلل ڈالنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ پریشان کر دینا ؛ مضطرب کر دینا ؛ گھبرا دینا ۔

Discomposedly : (adv.) مضطربانہ ؛ گھبراہٹ سے ۔

Discomposedness : (n) اضطراب ؛ بے چینی ؛ گھبراہٹ ؛ پریشانی ۔

Discomposure : (n) اضطراب؛ انتشار؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ ۔

Discomycetous : (a) (نباتیات) قرص سِرا سماروغ ۔

Disconcert : (v) [F."disconcerter".] (۱) (تجویز کو) الٹ دینا؛ باطل کرنا ؛ (کام) بگاڑنا ۔(۲) مضطرب کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بد حواس کر دینا ۔

Disconcertion /Disconcertment : (n) اضطراب ؛ بد حواسی ؛ ابتری ؛ مضطرب کر دینا ؛ الٹ دینا یا الٹ جانا (تدبیر کا) ۔

Disconformity : (n) عدم توافق ؛ نا مطابقت ۔

Disconnect : (v) جدا کرنا ؛ علاحدہ کرنا ۔

Disconnected : (a) (۱) جدا کیا ہوا ؛ علاحدہ ۔(۲) (تقریر یا تحریر) غیر مسلسل ؛ غیر مربوط ؛ بے ربط ؛ (برق) منفصل ۔

Disconnecter /Disconnector : (n) قاطع ؛ فاصل ۔

Disconnection /Disconnexion : (n) علاحدگی ؛ بے ربطی ؛ انفصال ؛ قطع سلسلہ ؛ جدا کرنا ؛ عدم تسلسل ۔

Disconsolate : (a) [med.L."disconsolatus".] بے کس ؛ عاجز ؛ نا قابل تسلی ؛ ملول ؛ مغموم ؛ مایوس ؛ نا امید ؛ نراس ؛ پریشان ؛ دل شکستہ ؛ (جگہ وغیرہ) تکلیف دہ ؛ تاریک ۔

Disconsolately : (adv.) بے کسانہ ؛ عاجزانہ ؛ مایوسانہ ۔

Disconsolateness : (n) بے کسی ؛ مایوسی ؛ ملال ؛ رنج ۔

Disconsolation : (n) دیکھو Disconsolateness

Discontent : (n) بے اطمینانی ؛ نا خوشی ؛ عدم قناعت ۔

Discontent : (a) غیر مطمئن ؛ غیر قانع ؛ نا خوش ۔

Discontent : (v) غیر مطمئن کرنا ۔

Discontented : (a) غیر مطمئن ؛ نا خوش ۔

Discontentedly : (adv.) غیر مطمئن طور پر ۔

Discontentedness : (n) بے اطمینانی ؛ بے چینی ؛ نا خوشی ۔

Discontentment : (n) دیکھو Discontentedness

Discontiguity : (n) انقطاع ؛ عدم تسلسل ؛ عدم اتصال ۔

Discontinuance : (n) [AF."discontinuer".] (۱) موقوفی ؛ ترک ؛ مہلت ۔(۲) (قانون) خارج ہونا (مقدمے کا) ؛ انقطاع ؛ عدم پیروی ۔

Discontinuance of business : ترک تجارت ۔

Discontinuation : (n) (۱) دیکھو Discontinuance (۲) عدم تسلسل ۔

Discontinue : (v) [F."discontinuer".] (۱) بند کرنا ؛ موقوف کرنا ۔(۲) چھوڑنا ؛ ترک کرنا ۔(۳) (چندے یا اخبار کی) ادائی یا خریداری بند کردینا ۔ (٤) (قانون) خارج کر دینا ۔

Discontinuee : (n) جس کو جائداد منتقل ہو (وارث کو چھوڑ کر) ۔

Discontinuer : (n) بند کرنے والا ؛ موقوف کرنے والا ؛ چھوڑنے والا ؛ ترک کرنے والا ۔

Discontinuity : (n) (۱) انقطاع ؛ عدم تسلسل ؛ عدم اتصال ۔ (۲) زمین کے دو مختلف تہوں کے درمیان کی حد ۔(۳) سریع موسمی تبدیلی یا تغیر (کم دوری یا کم وقت میں) ۔

Discontinuor : (n) محدود وراثتی رعیت جس کے انتقال جائداد کی وجہ سے حق ملکیت میں خلل اندازی ہو ۔

Discontinuous : (a) منفصل ؛ غیر مسلسل ؛ منقطع ؛ ناگہانی ۔

Discontinuous distribution : (n) غیر مسلسل تقسیم ۔

Discontinuous function : (n) (ریاضیات) غیر مسلسل تفاعل ۔

Discontinuous light : (n) غیر مسلسل نور یا روشنی ۔

Discontinuous spectrum : (n) (طبیعیات) غیر مسلسل طیف ۔

Discontinuous variation : (n) غیر مسلسل تغیر؛ ناگہانی تغیر۔

Discontinuously : (adv.) وقفے کے ساتھ؛ غیر مسلسل طور پر؛ بیچ بیچ میں چھوڑتے ہوئے؛ بغیر تسلسل کے۔

Discontinuousness : (n) انقطاع؛ انفصال۔

Disconvenience : (n) {L."disconvenientia".] بے آرامی۔

Disconvenient : (a) مضمر۔

Discophoran : (a)[mod. L."Discophora".] ؛ مرجانیہ سے متعلق جونک کے قسم کا۔

Discophoran /Discophore : (n) مرجانیہ یا جونک۔

Discophorous : (a) آبی حیوانات سے متعلق۔

Discopodium : (n) قرص پا۔

Discopodous : (a) قرص پایہ۔

Discord : (n) [ME."des-","discord".] (۱) نا موافقت؛ اختلاف؛ پھوٹ؛ نزاع؛ جھگڑا؛ نا اتفاقی۔(۲) ناگوار یا کرخت آواز۔ (۳) بے سُرا پن؛ بے میل ہونا؛ نا سازی؛ بے آہنگی۔ (٤) بے میل سُر؛ بے آہنگ نغمہ۔

Discord : (v) [OF."discorder".] (۱) اختلاف ہونا؛ نزاع ہونا؛ پھوٹ پڑنا؛ مختلف ہونا؛ میل نہ کھانا۔ (۲) بے میل ہونا؛ بے سُرا ہونا؛ بے آہنگ ہونا؛ کانوں کو ناگوار ہونا؛ کرخت آواز پیدا کرنا۔

Discordance : (n) [OF."discordance".] نا موافقت؛ اختلاف؛ نزاع؛ پھوٹ؛ نا سازی؛ بے سُراپن؛ (شماریات) غیر مطابقت۔

Discordancy : (n) نا سازی؛ بے سُراپن؛ غیر مطابقت۔

Discordant : (a) نا موافق؛ نا ساز؛ اختلافی؛ نزاعی؛ کرخت؛ نا گوار (آواز)؛ بے سُرا؛ بے تال؛ بے آہنگ۔

Discordant sample : (n) غیر مطابق نمونہ۔

Discordantly : (adv.) نا موافقت کے ساتھ؛ اختلاف کے ساتھ؛ نا سازی سے۔

Discordantness : (n) Discordance دیکھو

Discostomatous : (a) ہوینات اولیہ کی ایک قسم سے متعلق۔

Discount : (n) [F."descompte".] (۱) مجرائی؛ منہائی؛ بٹہ؛ کٹوتی؛ چھوٹ۔ (۲) بٹاؤن؛ متی کاٹا۔ (۳) زر کی خارجی قیمت میں کمی؛ تخفیف نرخ۔(٤) منہائی کرنا؛ بٹہ دینا۔ (٥) مبالغہ کی منہائی (کسی قصے میں سے اندازاً مبالغے کا حصہ نکال کر اس کی اصلیت کا تعین)۔(٦) کمی؛ رکاوٹ۔

Allowed discount : محسوب شدہ بٹہ۔

At a discount : (۱) اصل قیمت سے کم پر۔(۲) تحت مساوات۔(۳) (مجازاً) کم قدر۔

Banker's-/ Merchantile discount : تجارتی بٹہ۔

Cash discount : نقد چھوٹ؛ نقد کٹوتی؛ نقد بٹہ۔

Market discount : منڈی بازار چھوٹ۔

True discount : اصل بٹہ۔

Unexpired discount : نا تمام چھوٹ۔

Discount : (v) (۱) ہنڈی سکھارنا۔(۲) نظر انداز کرنا؛ شمار نہ کرنا۔(۳) کم کرنا؛ گھٹانا؛ منہا کرنا؛ نکالنا۔(٤) (فوری مگر قلیل نفع پر) بیچ ڈالنا۔ (٥) (قصہ سے) مبالغے کو نکالنا؛ پہلے سے بیان کر کے (قصے کو) باسی کر دینا؛ پہلے سے بیان کر کے اثر زائل کر دینا۔(٦) اعتبار نہ کرنا۔ (۷) پہلے سے اندازہ کرنا۔(۸) (بلیرڈ کھیل میں) چھوٹ دینا۔ (۹) چھوٹ کم کر کے قرض دینا۔ (۱۰) ملحوظ رکھنا؛ پیش نظر رکھنا۔

Discount account : (n) چھوٹ کھاتا؛ بٹہ کھاتا۔

Discount broker : (n) چھوٹ پر ہنڈی سکھارنے والا۔

Discount company : (n) قابل وصول تجارتی کھاتوں پر ہنڈی سکھارنے والی کمپنی۔

Discount house : (n) مارکہ والی چیزوں کو کم قیمت پر بیچنے والی کمپنی۔

Discount market : (n) قابل انتقال دستاویز کو سکھارنے والی کھلی مارکیٹ۔

Discount received : (n) وصول شدہ چھوٹ۔

Discountable : (a) قابل منہائی ؛ لائق نظر اندازی ۔

Discountenance : (v) تائید سے انکار کرنا ؛ حمایت سے انکار کرنا ؛ روکنا ؛ باز رہنے کی صلاح دینا ؛ ناپسند کرنا ؛ رد کرنا ؛ نا راضی ظاہر کرنا ؛ شرمندہ کرنا ۔

Discountenance : (n) تائید سے انکار ؛ نا پسندیدگی ؛ رد ؛ ناراضگی ۔

Discountenancer : (n) تائید سے انکار کرنے والا ؛ روکنے والا؛ شرمندہ کرنے والا ۔

Discounter : (n) ہنڈی سکھارنے والا ۔

Discouple : (v) [OF."descupler".] علاحدہ کرنا ۔

Discourage : (v) [OF."descoragier".] (۱) ہمت توڑنا ؛ پست ہمت کرنا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ بد دل کرنا ؛ پست کرنا ۔(۲) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ (۳) تائید سے انکار کرنا ؛ حمایت نہ کرنا ؛ نا پسند کرنا ۔

Discourageable : (a) قابل شکستگی ؛ روکے جانے کے لائق ۔

Discourager : (n) (۱) ہمت توڑنے والا ؛ دل شکن ؛ باز رکھنے والا ؛ روکنے والا ؛ عدم تائید (۲) ہمت شکن ۔

Discouragement : (n) (۱) ہمت شکنی؛ دل شکنی؛عدم حمایت؛ عدم تائید ۔(۲) ہمت شکن ۔

Discouragingly : (adv.) ہمت شکنی کے طور پر ۔

Discourse : (n) [F."discours".] (۱) گفتگو ؛ مکالمہ ؛ بات چیت ۔ (۲) تقریر ؛ بیان ؛ مقالہ ؛ رسالہ ؛ وعظ ؛ خطبہ ۔

Discourse : (v) (۱) گفتگو کرنا ؛ بات چیت کرنا ؛ مکالمہ کرنا ؛ بولنا ۔ (۲) کسی موضوع پر تقریراً یا تحریراً بحث کرنا ؛ اظہار خیال کرنا ۔ (۳) (گیت) گانا ؛ ادا کرنا ۔

Discourser : (n) گفتگو کرنے والا ؛ تقریر کرنے والا ؛ مقالہ پڑہنے والا ۔

Discourteous : (a) کج خلق ؛ بد تمیز ؛ بد تہذیب ؛ غیر مہذب ؛ بے ادب ؛ بد مزاج ۔

Discourteously : (adv.) کج خلقی سے ؛ بد تمیزی سے ؛ غیرمہذب طور پر ؛ بدمزاجی سے ۔

Discourteousness : (n) کج خلقی ؛ بد تہذیبی ؛ بدتمیزی ؛ بے ادبی ۔

Discourtesy : (n) کج خلقی ؛ بد تہذیبی ؛ بد تمیزی ؛ بے ادبی ۔

Discover : (v) [OF."descovrier".] (۱) ظاہر کرنا ؛ انکشاف کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ فاش کرنا ؛ افشا کرنا ؛ پیش کرنا۔ (۲) معلوم کرنا ؛ دریافت کرنا؛ دفعتاً محسوس کرنا ۔

To discover check : مہرے کو بتاکر شہ دینا ۔

Discoverability : (n) انکشاف پذیری ۔

Discoverable : (a) قابل دریافت ؛ انکشاف پذیر ۔

Discoverably : (adv.) انکشاف پذیری سے؛ منکشف کرکے ۔

Discovered : (a) دریافت کیا ہوا ؛ دریافت شدہ ۔

Discovered check : (n) وہ شہ جو مہرے کو ہٹانے سے پڑے ۔

Discovered territory : (n) دریافت شدہ علاقہ ۔

Discoverer : (n) دریافت کنندہ ؛ کاشف ؛ محقق ۔

Discovering state : (n) (تاریخ) دریافت کرنے والی ریاست ۔

Discovert : (a) [OF. "descovert".] (قانون) ناکتخدائی ؛ بن بیاہا ؛ بن بیاہی ؛ بے شوہر ؛ بیوہ ؛ غیر محصنہ ۔

Discoverture : (n) بیوگی ؛ ناکتخدائی ۔

Discovery : (n) (۱) اظہار ؛ افشا؛ (قانون) فریق مقدمہ کا عدالت کے حکم سے مجبور ہو کر اپنا خاص ثبوت پیش کرنا۔ (۲) (ناول) قصے کے پلاٹ کا حل ۔(۳) دریافت ؛ انکشاف ؛ اکتشاف ۔(٤) انکشاف شدہ ؛ دریافت ۔

Method of discovery : طریقہء دریافت ۔

Right of discovery : حق دریافت ۔

Discovery bond : (n) دریافتی بانڈ ۔

Discovery Day : (n) ۱۲/ دسمبر جس دن کولمبس نے امریکا دریافت کیا تھا ۔

Discovery of error : دریافت غلطی ؛ انکشاف غلطی ۔

Discovery well : (n) تیل کا پہلا کنواں جس سے تیل نکلے ۔

Discreate : (v) معدوم کرنا ؛ تکوین کو ختم کرنا ۔

Discreation : (n) عدم تکوین کرنا ؛ معدوم کرنا ۔

Discredit : (n) (۱) بے اعتباری ؛ بد نامی ؛ رسوائی ؛ بدنامی کی بات ۔(۲) شبہ ؛ بد ظنی ؛ مشکوک یا مشتبہ ہونا ۔(۳) ساکھ اٹھ جانا ۔

Discredit : (v) (۱) یقین نہ کرنا ؛ اعتبار نہ کرنا ؛ غیر معتبر ٹھہرانا ۔(۲) بے اعتبار کرنا ؛ بد نام کرنا ۔

Discreditable : (a) موجب بے اعتباری ؛ باعث بد نامی ؛ شرمناک ۔

Discreditably : (adv.) شرمناک طور پر ؛ بے اعتباری سے ؛ بدنامی کے ساتھ ۔

Discredited : (a) بے اعتبار ؛ رسوا ؛ بدنام ؛ غیر معتبر ۔

Discreet : (a) [ME."descret".] (۱) محتاط ؛ ہوشیار ؛ موقع محل دیکھ کر بات کہنے والا ۔ (۲) با تمیز ؛ مؤدب ۔

Discreetly : (adv.) سمجھ بوجھ کر ؛ احتیاط سے ؛ ہوشیاری ۔

Discreetness : (n) ہوشیاری ؛ احتیاط ۔

Discrepance /Discrepancy : (n) [L."discrepantia".] تناقض ؛ اختلاف ؛ فرق ؛ مغائرت ؛ بے ربطی ؛ تفاوت ۔

Discrepant : (n) متناقض ؛ مختلف ؛ مغائر ؛ بے آہنگ ۔

Discrepate : (v) امتیاز کرنا ۔

Discrete : (a) [L."descretus".] (۱) الگ ؛ جدا ؛ علاحدہ ؛ ممیز ؛ غیر مسلسل ؛ غیر مخلوط ؛ منفصل ؛ مشخص ۔(۲) (مابعد الطبیعیات) مجرد ۔

Discrete family : (a) غیر مسلسل کنبہ ۔

Discrete proportion : (n) غیر مسلسل تناسب ۔

Discrete quantity : (n) واضح مقدار ۔

Discrete random variable : مجزہ اتفاقی متغیرہ ۔

Discrete series : (n) ممیز سلسلہ ۔

Discrete space : (n) غیر مسلسل احاطہ ۔

Discrete tone : (n) (موسیقی) ممیز سُر ۔

Discretely : (adv.) ممیز کر کے ؛ جدا طور پر ؛ غیر مسلسل طریقے سے ۔

Discreteness : (n) علاحدگی ؛ جدائی ؛ امتیاز ؛ عدم تسلسل ؛ مجرد ہونا ۔

Discretion : (n) [OF."des-","discrecion".] (۱) اختیار تمیزی ۔ (۲) تمیز ؛ دوراندیشی ؛ شعور ؛ قوت فیصلہ ؛ احتیاط ۔ (۳)) (علاحدگی) امتیاز ۔(٤) صواب دین ۔

Age or years of discretion : سن شعور ؛ سن تمیز ؛ بلوغ ۔

At discretion : (۱) حسب دلخواہ ۔ (۲) رحم و کرم پر ۔

Doctor : (v) (۱) ڈاکٹر بنانا ؛ ڈاکٹری کی ڈگری دینا ۔ (۲) علاج کرنا ۔(۳) (مشین کی) مرمت کرنا ۔ (٤) آمیزش کرنا ؛ جھوٹی رپورٹ لکھنا ۔ (٥) ڈاکٹری کرنا ؛ مطب کرنا ؛ طباعت کرنا ۔ (٦) علاج کرنا ۔

Doctoral /Doctorial : (a) طبیب سے متعلق ؛ ڈاکٹر کا ۔

Doctorally : (adv) طبیبانہ ؛ بطور ڈاکٹر ۔

Doctorand : (n) ڈاکٹر کی ڈگری کا امیدوار ۔

Doctorate : (n) [med. L."doctoratus".] ڈاکٹر کی سند ۔

Doctoress : (n) (۱) ڈاکٹرنی ؛ لیڈی ڈاکٹر ۔ (۲) ڈاکٹر کی بیوی ۔

Doctorhood : (n) ڈاکٹری ؛ طبیب کا پیشہ ۔

Doctor's Common : (n) (۱) لندن کے Doctors of Civil law کی انجمن میں کھانے کا کمرہ ۔(۲) وہ عمارت جس میں پہلے طلاق وغیرہ کے مقدمات کا فیصلہ ہوتا تھا ۔

Doctory : (a) طبیبانہ ۔

Doctorship : (n) (۱) ڈاکٹر کی سند ۔(۲) ڈاکٹر کا منصب اور کام ؛ ڈاکٹری ۔

Doctress / Doctoress : (n) دیکھو Doctoress

Doctrinaire : (a&n) [F.] اصول پرست ؛ نظریہ پرست ؛ اصول پرستانہ ؛ اصولی ؛ غیر عملی ۔

Doctrinairism : (n) اصول پرستی ؛ نظریہ پرستی ۔

Doctrinal : (a) [F."doctrinal".] نظری ؛ اعتقادی ۔

Doctrinally : (adv.) اصولی طور ؛ نظری طور پر ۔

Doctrinals : (n) نظریہ عقائد اور تعلیمات ۔

Doctrinarian : (a) دیکھو Doctrinaire

Doctrinarianism : (n) دیکھو Doctrinairism

Doctrinate : (v) [med. L."doctrinaire".] تعلیم دینا؛ کسی خاص چیز کی تعلیم دینا ۔

Doctrine : (n) [L."doctrina".] (۱) تعلیم ؛ وصایا ۔(۲) (مذہبی، سیاسی یا علمی) عقیدہ ؛ اصول ؛ مسئلہ ؛ نظریہ ۔

Monroe doctrine : اصول منرو ؛ جمہوریہ امریکا کے صدر منرو کی پالیسی (۲ /دسمبر سنہ ۱۸۲۳ء جس کی رو سے دول یورپ کی مداخلت امریکا میں رد کی گئی) ۔

Doctrine of correspondence : یہ نظریہ کہ فطری چیزیں اولین نقوش کے مطابق ہوتی ہیں ۔

Doctrine of descent : حیاتیات کا یہ نظریہ کہ سبھی جانور اور پودے گزشتہ جانوروں اور پودوں کی نسل ہیں ۔

Doctrinism : (n) نظریت ۔

Doctrinist : (n) نظریت پسند ۔

Document : (n) دستاویز ؛ تحریر ؛ نوشتہ ۔

Document : (v) (۱) دستاویز یا تحریری شہادت سے ثابت کرنا یا ایسی شہادت فراہم کرنا ۔ (۲) جہاز کے ضروری کاغذات مہیا کرنا ۔ (۳) حقیقت نما بنانا ۔

Document of title : دستاویز ملکیت ؛ قبالہ ۔

Documental : (a) دستاویزی ؛ تحریری ؛ حقیقت نما ؛ حقیقت طراز ۔

Documentary : (a) دیکھو Documental

Documentary : (n) حقیقت نما کوئی چیز (مثلاً ناول یا فلم وغیرہ) ۔

Documentary bill : (n) دستاویزی ہنڈی ۔

Documentation : (n) (۱) ثبوت بذریعہ دستاویز ؛ دستاویزی شہادت فراہمی ۔ (۲) جہاز کے کاغذات فراہم کرنا ۔

Dod : (n) God کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Dod : (n) سعد کوفی ؛ ناگرموتھا ۔

Dod/Dodd : (n) گول چوٹی ۔

Dod : (n) سوراخ دار فلزی تختی ۔

Dod : (v) گول کرنا ؛ چپٹا بنانا ؛ کاٹنا ؛ چھانٹنا ۔

Dod : (v) مارنا پیٹنا ۔

Dodded : (a) کاٹا ہوا ؛ بے سینگ ؛ بے بالی ۔

Dodder : (n) (۱) کٹوٹ ؛ اکاس بیل ؛ ایک قسم کی بے پتی کی بیل جو درختوں پر چڑھائی جاتی ہے ۔ (۲) ناگرموتھا ؛ سعد کوفی ۔

Dodder : (v) (۱) رعشہ یا ضعف وغیرہ سے کانپنا ۔ (۲) لغزش کرنا ؛ ڈگمگانا ؛ کمزور ہونا ؛ ضعف ہونا ۔

Doddered : (a) (۱) (شاہ بلوط یا دیگر درختوں کی صفت میں) پھننگ یا ڈالیاں کٹا ہوا ۔ (۲) کمزور سر بریدہ ؛ شاخ بریدہ ۔

Dodderer : (n) رعشہ دار ؛ لڑکھڑانے والا ؛ ڈگمگانے والا ۔

Doddering : (a&n) لڑکھڑاہٹ ؛ کمزوری ۔

Doddering grass : (n) چمن ؛ گیاہ لرزاں ۔

Doddery : (a) رعشہ دار ؛ کمزور ۔

Doddle : (v) ڈگمگاکر چلنا ؛ بے کار پھرنا ۔

Doddy /Doddie : (n) بے سینگ گائے یا سانڈ ۔

Doddy /Doddie : (a) بے سینگ ۔

Dodeca-/Dodec : سابقہ بمعنی دوازدہ ؛ بارہ ۔ [Gr."dodeka".]

Dodecadrachm : (n) ایک قدیم یونانی سکہ ۔

Dodecagon : (n) بارہ گوشہ ؛ بارہ ضلعی شکل ؛ دوازدہ اضلاع شکل ۔

Dodecagynia : (n) بارہ بغچوی یا بارہ مادینہ پودوں کی نوع ۔

Dodecagyn : (n) بارہ بغچوی پودا ۔

Dodecatyrian/Dodecagynious/Dodecagynous : (a) بارہ بغچوی ؛ بارہ مادینہ ۔

Dodecahedron : (n) بارہ سطحی مجسم ؛ بارہ بیل ؛ دوازدہ رخ جسم ؛ بارہ رخا جسم یا بارہ رخے جسم کی شکل ۔

Dodecamerous : (a) بارہ پارہ ۔

Dodecander : (n) بارہ نرا پودا ۔

Dodecandria : (n) بارہ نرا پودوں کی نوع ۔

Dodecandrian / Dodecandrous : (a) بارہ نرا ۔

Dodecane : (n) ایک قسم کا پیرافین (C_{12} H_{26}) ۔

Dodecapetalous : (a) (نباتیات) بارہ گلبرگہ ۔

Dodecarchy : (n) بارہ شخصی حکومت ۔

Dodecademic : (a) (عروض) بارہ زمانی (رکن) ۔

Dodecastyle : (n) بارہ ستونہ ۔

Dodecasyllabic : (a) بارہ ہجائی ۔

Dodecasyllable : (n) بارہ ہجائی لفظ یا سطر ۔

Dodecuplet : (n) بارہ سُروں کا سرگم ۔

Dodge : (v) [Origin unkn.] (۱) ادھر اُدھر ہٹنا ۔(۲) بچنا ؛ خالی دینا ؛ آڑ میں ہو جانا ۔(۳) اَڑے بلے کرنا ؛ حیلے بہانے کرنا ؛ حیلے حوالے کرنا ؛ دو رخی بات کہنا ۔(٤) (گھنٹوں کے بجنے میں کسی گھنٹی کا) بے ترتیب بجنا ۔ (٥) داؤ سے مارنا ؛ چرکا دینا ؛ چٹکیوں میں اُڑانا ۔(٦) (مخالف سے) بچ نکل جانا ۔ (۷) ادھر اُدھر پھرانا، گھمانا ۔(۸) گھما کر پوچھنا ؛ ترتیب بدل کر سوال کرنا ۔ (۹) تصویر کی سختی کم کرنا ۔

Dodge : (n) (۱) بچنا ؛ خالی دینا ۔(۲) داؤ ؛ پیچ ؛ حیلہ؛ چال ۔(۳) (عامیانہ) استادی ؛ حکمت ؛ چلتی ہوئی تدبیر یا ترکیب ؛ استادانہ صفت ۔ (۳) گھنٹے کا بےترتیب بجنا ۔

Dodger : (n) (۱) ادھر اُدھر ہٹنے والا ؛ بچنے والا ۔ (۲) فریبی یا حیلہ باز شخص ۔(۳) ایک قسم کا سخت کیک ۔(٤) دستی اشتہار ۔

Dodgery : (n) فریب ؛ حیلہ بازی ؛ چالبازی ۔

Dodgily : (adv.) چالبازی سے ؛ حیلہ بازی سے ۔

Dodginess : (n) چالبازی ؛ حیلہ بازی ۔

Dodgy : (a) داؤ پیچ کرنے والا ؛ حیلہ باز ۔

Dodkin : (n) [AF."doydekyn".] (۱) چھوٹا ولندیزی سکہ ؛ کوئی چھوٹا سکہ یا چھوٹی رقم ؛ حقیر مقدار یا سکہ ؛ دمڑی ۔(۲) کسی چیز کا چھوٹا حصہ ؛ نا چیز شے ۔

Dodman : (n) [Origin unkn .] گھونگا ۔

Dodo : (n) [Pg. "doudo".] ایک ناپید پرند جو ماریشش میں پایا جاتا تھا ۔

Dodonaean/-ean : (a) [L."Dodonaeus".] ڈوڈونا Dodona سے متعلق ۔

Dodunk : (n) [Origin unkn .] اَحمق ؛ کودن ۔

Doe : (n) [OE."da".] ہرنی ؛ مادہ آہو ؛ مادہ خرگوش ۔

Doer : (n) (۱) کرنے والا ؛ گماشتہ ؛ وکیل ۔ (۲) بڑھنے والا درخت یا جانور ۔

Doeskin : (n) ہرنی کی کھال ؛ ہرنی کا چمڑا ؛ ہرنی کی کھال سے مشابہ کپڑا ۔

Dof : (adv) بے حد ؛ بہت ۔

Doff : (v) [Fused form of 'do off".] (۱) اتارنا (ٹوپی یا لباس کا) ۔(۲) ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ۔ (۳) کپڑے کے کارخانے سے بنانا (چیزوں کو) ۔

Doffer : (n) (۱) اتارنے والا ۔(۲) کپڑے کی مل سے ریل یا تکلا بٹانے والا ۔

Dog : (n) [OE."docga".] (۱) کتا ؛ سگ ؛ کلب ؛ کوکر ۔ (۲) شکاری کتا ۔(۳) نر کتا ؛ بھیڑیا یا لومڑی ۔(٤)نکما یا بد مزاج (کتکھنا) آدمی ۔ (٥) شخص ؛ آدمی ؛ اسامی ۔ (٦) برج کلب جہاز ؛ کلب جوزا ۔(۷) کتا (کھٹکے وغیرہ کا یعنی کسی چیز کو اٹکانے کا کانٹا یا اَنکڑا) ؛ گیرا ۔(۸) (جمع) دھات کے دو اَنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔(۹) افق کے قریب روشنی جو طوفان کی علامت ہے ۔ (۱۰) Dog Fish کا مخفف ۔(۱۱) پر تکلف نمائش ؛ تصنع ۔(۱۲) کتے کا چمڑا ۔ (۱۳) (جمع) بربادی ؛ تباہی ۔(۱٤) (جمع) (عام) پاؤں ۔(۱٥) گھٹیا قسم کی چیز ۔ (۱٦) درشتی ہنڈی ۔(۱۷) سرمایہ کاری جس میں منافع کم ہو ۔(۱۸) کمزور عورت ؛ قحبہ ۔ (۱۹) فرسودہ تماشہ ۔(۲۰) کتوں کی دوڑ ۔

A hair of the dog that bit you : خمار دور کرنے کے لئے شراب پینا ۔

Every dog has his day : بارہ برس کے بعد گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں ۔

Fight dog/-bear : بارنے تک لڑتے رہنا ۔

Fire dogs : دھات کے دو اَنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔

Greater dog : کلب اکبر ۔

Lesser dog : کلب اصغر ۔

Let sleeping dogs lie : سوتے کتے کو نہ جگاؤ ؛ فتنہ خوابیدہ کو نہ چھیڑو ۔

Love me, love my dog : مجھے چاہو تو میرے دوستوں کو بھی چاہو ۔

Not a dog's chance : مطلق امید نہیں ۔

Not have word to throw at dog : کج خلق اور کم سخن ہونا ۔

Sun dog : شمس کاذب ؛ کلب الشمس ؛ قوس قزح صغیر ۔

To die like a dog/-dog's death : کتے کی موت مرنا ؛ مصیبت یا ذلت سے مرنا ۔

To give a dog bad name and hang him : جو بیچارہ بدنام ہو گیا اس کی موت ہے ۔

To go to the dogs : برباد ہو جانا ؛ تباہ ہو جانا ۔

To help lame dog over stile : مصیبت میں مدد کرنا ؛ اڑے وقت میں کام آنا ۔

To lead a dog's life : تنگ یا عاجز ہونا یا کرنا ۔

To rain cats and dogs : موسلا دھار مینہ برسنا ۔

To the dogs : بربادی یا ہلاکت میں ڈالنا ۔

Whose dog is dead : کیا واقعہ ہوا ۔

Dog : (v) (۱) تعاقب کرنا ؛ پیچھے لگا رہنا ؛ سراغ لگانا ؛ کھوج لگانا ۔ (۲) انکڑے وغیرہ سے پکڑنا یا اٹکانا ۔ (۳) (بطور بد دعا) Darn, Damn ۔ (٤) (عامیانہ) بھاگ جانا ۔ (٥) حتی الوسع کام نہ کرنا ۔

Dog : (a) (۱) کلبی ؛ کتے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) نر ۔ (۳) دوغلا ؛ کھٹیا ؛ جعلی ۔

Dog-badger : (n) بجو جس کے پیر کتے جیسے ہوتے ہیں ۔

Dog bat : (n) چمگادڑ جس کا سر کتے جیسا ہوتا ہے ۔

Dog-belt : (n) (کوئلے کے) کان کنوں کا کمر بند ۔

Dog biscuit : (n) (۱) کتے کو کھلانے والی ٹکیہ یا بسکٹ ۔ (۲) (مجازاً) سخت بسکٹ ۔

Dog blow : (n) گل داؤدی ۔

Dog-bolt : (n) توپ کی کیلی کا بولٹ ۔

Dog bramble : (n) [Origin unkn.] مختلف قسموں کی خاردار جھاڑیوں کا نام ۔

Dog button : (n) کچلا ۔

Dog-cart : (n) (۱) کتا گاڑی ۔ (۲) تانگا ؛ ٹم ٹم ۔

Dog-cheap : (a) بہت سستا ؛ کوڑیوں (کے) مول ۔

Dog collar : (n) (۱) کتے کا پٹا ۔ (۲) (مجازاً) آدمی کا اونچا سیدھا کالر ۔ (۳) ایک قسم کا مزین کنٹھ مالا ۔

Dog daisy : (n) گل داؤدی ۔

Dog days : (n) (۱) جولائی اور اگست کا گرم ترین حصہ ؛ گرم ترین دن ۔ (۲) وہ مدت یا زمانہ جس میں کام کم ہو ۔

Dog-ear : (n) کتاب کے مُڑے ہوئے کنارے ۔

Dog-eat-dog : (a&n) خود غرضی ؛ خود غرضانہ ۔

Dog face : (n) پیادہ سپاہی ۔

Dog-faced : (a) سگ رو ۔

Dog fennel/ Dog's fennel : (n) بدبودار بابونہ ۔

Dog-fish : (n) (۱) چھوٹی شارک مچھلی ؛ سگ ماہی ۔ (۲) خونخوار آدمی ۔

Dog-fisher : (n) اُود بلاؤ ۔

Dog flea / Dog fly : (n) کلنی ؛ ککر مکھی ؛ کتا مکھی ۔

Dog-fox : (n) نر لومڑی ۔

Dog-gone : (v) دیکھو Damn , Hang

Dog-goned : (a) دیکھو Darned

Dog-grass : (n) شرشر ؛ بخیل ؛ کتا گھاس ۔

Dog-grate : (n) علاحدہ آتشدان جو دو سہاروں پر کھڑا ہوتا ہے ۔

Dog-guts : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dog-head : (n) (۱) کانٹی کا چوگوشہ سرا ۔ (۲) بندوق کا گھوڑا ۔

Dog-headed : (a) سگ سر ؛ کتوں کے سر جیسا ۔

Dog-hole : (n) (۱) کتوں کے رہنے کا گھر ۔ (۲) ذلیل مکان یا کمرہ ۔ (۳) تنگ راستہ (کان وغیرہ کا) ۔ (٤) تنگنائے ۔

Dog-hook : (n) (۱) پیچ کس ۔ (۲) لکڑی کے کندوں کو پکڑنے کا آنکڑا ۔

Dog-house : (n) (۱) کتوں کے رہنے کا کمرہ ؛ سگ خانہ ۔ (۲) چھوٹا کمرہ ۔ (۳) (عام) جیل ۔ (٤) (عام) تاکید ۔

In the dog house : عتاب میں ۔

Dog-hutch : (n) ذلیل کمرہ ۔

Dog-in-the-manager : (a) جو ایک چیز سے خود فائدہ اٹھائے اور نہ دوسروں کو فائدہ اٹھانے دے ۔

Dog-iron : (n) دھات کے دو آنکڑے جن کی مدد سے آتشدان وغیرہ میں جلتی ہوئی لکڑی تھمی رہے ۔

Dog-killer : (n) پاگل یا آوارہ کتوں کو مارنے والا شخص ۔

Dog-latin : (n) غلط لاطینی ؛ مخلوط لاطینی ۔

Dog-leg : (n) (۱) گھٹیا قسم کا تمباکو ۔ (۲) سگ پا سا ۔

Dog-leg : (a) خمیدہ ؛ سگ پا ۔

Dog-leg : (v) آگے پیچھے چکر کھاتے ہوئے بڑھنا ۔

Dog-legged : (a) (تعمیرات) سگ پا زینہ (آگے پیچھے چکر کھانے والا زینہ) ۔

Dog-lichen : (n) ایک قسم کی کائی جس سے آب ترسی کا علاج کیا جاتا تھا ۔

Dog-nail : (n) بڑے اور دبے ہوئے سر والی کانٹی ۔

Dog-nap : (n) جھپکی ۔

Dog-padale : (n) تیرنے کا ایک ابتدائی طریقہ ۔

Dog-power : (n) گیرہ قوت ۔

Dog-robber : (n) (عامیانہ) افسر کا اردلی ۔

Dog-rose : (n) سدا گلاب ؛ جنگلی گلاب ۔

Dog-shore : (n) لکڑی کے دو کندوں میں سے ایک جو جہاز کو پانی میں اتارتے وقت پھسلنے سے روکتا ہے ۔

Dog-skin : (n) (۱) کتے کی کھال یا چمڑا ۔ (۲) اس طرح کا نقلی چمڑا ۔

Dog-sleep : (n) ہلکی نیند ۔

Dog-star : (n) کلب الجبار ؛ شعری یمانی ۔

Dog-stone : (n) چکی کا پتھر ۔

Dog-stopper : (n) (جہاز رانی) مضبوط رسا جو مستول سے لپٹا رہتا ہے اور عرشہ کے رسے کا معاون ہوتا ہے ۔

Dog-stove : (n) دیکھو Dog grate

Dog tent : (n) سگ خانہ ؛ چھوٹا خیمہ ۔

Dog-throw : (n) پانسے کا سب سے نیچے کا نمبر آنا ۔

Dog-tick : (n) کلنی ۔

Dog-tired : (a) شل ؛ چور ؛ بہت تھکا ہوا ۔

Dog-tooth / dog's - : (n) (۱) ناب ؛ دندان سگ ۔ (۲) (تعمیرات) دندانی حاشیہ ۔

Dog-tooth : (v) دندانی حاشیہ بنانا ۔

Dog-tooth spar : (n) کیلسائیٹ کی ایک قسم ۔

Dog-town : (n) (۱) جنگلی کتوں کی آبادی ۔ (۲) معمولی شہر جہاں بڑے شہروں میں جانے سے پہلے ڈرامہ کھیلا جائے ۔

Dog-tree : (n) زغال آختہ ۔

Dog-trot : (n) کتے کی چال ۔

Dog-trot : (v) کتے کی چال چلنا ۔

Dog-tune : (n) گھٹیا نغمہ ۔

Dog-vane : (n) (۱) (بحری) چھوٹا باد نما ۔ (۲) طرہ ۔

Dog-violet / Dog's violet : (n) ایک قسم کا بنفشہ جس میں خوشبو نہیں ہوتی ۔

Dog-watch : (n) (بحری) دو گھنٹے کا پہرہ ۔

Dog-weary : (a) دیکھو Dog-tired

Dog-whelk : (n) یک صامی صدف کی ایک نوع ۔

Dog-wood : (n) زغال اخته ؛ مختلف قسم کی جھاڑیوں اور درختوں کا نام ؛ مذکورہ درختوں کی لکڑیاں ۔

Dogal : (a) [It."dogale".] وینس یا جنیوا کے صدر مجسٹریٹ سے متعلق ۔

Dogana : (n) [It.] اطالوی دفتر کروڑ گیری ؛ کروڑ گیری ؛ محصول خانہ ۔

Dogaressa : (n) وینس اور جنیوا کے صدر مجسٹریٹ کی بیوی ۔

Dogate : (n) [It.] وینس اور جنیوا کے صدر مجسٹریٹ ۔

Dogbare : (n) خانق الکلب ؛ پیاز حضرتی ؛ کچلا ۔

Dogberry : (n) زغال اخته ؛ چپچپی ؛ ایک قسم کی بیری ۔

Dogberry : (n) جاہل لیکن شیخی باز افسر ۔

Doge : (n) [Fr.] وینس اور جنیوا کا صدر مجسٹریٹ ۔

Dogeless : (a) بغیر صدر مجسٹریٹ ۔

Dogfall : (n) (۱) دونوں کشتی لڑنے والوں کا ایک ساتھ گر جانا ۔ (۲) برابر کا مقابلہ ۔ (۳) بچھڑے کو اس طرح گرانا کہ اس کے پاؤں بدن کے نیچے رہیں ۔

Dogfight : (n) (۱) کتوں کی یا کتوں جیسی لڑائی ۔ (۲) سخت مقابلہ ۔ (۳) دو یا زیادہ لڑاکا جہازوں کی فضائی لڑائی ۔

Dogfight : (v) فضا میں ہوائی جہازوں کا لڑنا ؛ فضائی جنگ میں مشغول ہونا ۔

Dogged : (a) (۱) کلبی ۔ (۲) بے رحم ؛ ظالم ؛ بد مزاج ۔ (۳) ضدی ؛ چمچچڑ ؛ مستقل مزاج ؛ مضبوط ؛ استوار ؛ راسخ ؛ پکا ؛ دُھن کا پکا ؛ ہٹیلا ۔

It is dogged does it : استقلال ہی سے کامیابی ہوتی ہے ۔

Doggedly : (adv.) ضد سے ؛ مضبوطی سے ؛ استقلال سے ۔

Doggedness : (n) ضد ؛ ہٹ ؛ مضبوطی ؛ استقلال ۔

Dogger : (n) [ME."doggere".] (۱) دو مستول کی ولندیزی ماہی گیر کشتی ۔ (۲) Dogger Bank کا مخفف ۔

Dogger : (n) (۱) سنگ آہن ۔ (۲) لوہے کا کاربونیٹ ۔

Dogger : (n) گیرہ لگانے والا ۔

Dogger bank : (n) بحر جرمنی کا زیر آب ریتہ ۔

Doggerel/Doggrel : (n & a) تُک بندی ؛ زتل قافیہ ۔

Dogger-man : (n) ولندیزی دو مستولی کشتی کا ملاح ۔

Doggery : (a&n) (۱) کتا سا ؛ ذلیل ۔ (۲) کتے ۔ (۳) بھٹی (شراب کی) ۔

Doggish : (a) (۱) کتے کی طرح ۔ (۲) اُجڈ ؛ بد مزاج ؛ وحشی ۔ (۳) بانکا ۔

Doggishly : (adv.) اجڈ پن سے ؛ بد مزاجی سے ؛ وحشی پن کے ساتھ ۔

Doggishness : (n) اجڈ پن ؛ بد مزاجی ؛ وحشت ۔

Doggle : (n) [Origin unkn .] بچوں کے کھیلنے کی گولی ۔

Doggo : (adv.) (عامیانہ) بطور متعلق فعل مستعمل ہے ۔

To lie (etc) doggo : چپ چاپ پڑا رہنا ۔

Doggy : (a) (۱) کتے کا ۔ (۲) کتے رکھنے کا عادی یا شوقین ۔ (۳) گھٹیا (اون) ۔ (٤) بانکا ؛ چھیلا ۔

Doggy/ Doggie : (n) (۱) چھوٹا کتا ۔ (۲) (کوئلے کی کان) کانوں کے اندر کا منتظم ۔ (۳) پیادہ سپاہی ۔

Dogless : (a) جس کے پاس کتا نہ ہو ۔

Doglike : (a) سگ مانند ؛ کتے کی طرح ۔

Dogly : (a) کلبی ۔

Dogma : (n) [L.] (pl. dogmas, dogmata.) (۱) اذعانی اصول ؛ مذہبی عقیدہ ؛ خصوصاً کلیسا کے مقررہ عقائد ۔ (۲) تحکم ؛ ادعا ۔

Dogmatic : (a) [L."dogmaticus".] (۱) اصول کے متعلق ؛ اعتقادی ۔ (۲) اذعانی ؛ غیر استدلال ۔ (۳) (شخص یا کتاب کی صفت میں) تحکمی ؛ اذعانی ؛ ادعا یا تکبر سے پُر ۔

Dogmatical : (a) اصولی ؛ اعتقادی ؛ اذعانی ؛ تحکمی ۔

Dogmatically : (adv.) اذعانی طور پر ؛ تحکمانہ ؛ ادعائی طور پر ۔

Dogmaticalness : (a) اذعانیت ۔

Dogmaticias : (a) اصول دین یا عقائد کلیسا کا معلم ۔

Dogmatios : (a) اصول دین یا عقائد کلیسا کا علم ۔

Dogmatism : (n) ادعا ؛ اذعانیت ؛ اصول پرستی ۔

Dogmatist : (n) ادعا پسند ؛ اذعانیت پسند ۔

Dogmatize : (v) (۱) قطعیت کے ساتھ بے ثبوت بات کہنا؛ بے دلیل دعویٰ کرنا ۔ (۲) (کسی مسئلہ کو) عقیدہ مسلم کے طور پر بیان کرنا ؛ ادعائی یا اذعانی انداز بیان اختیار کرنا ۔

Dogmatizer : (n) قطعیت کے ساتھ بے ثبوت بات کہنے والا ؛ بے دلیل دعویٰ کرنے والا ؛ ادعائی یا اذعانی انداز بیان اختیار کرنے والا ۔

Dogmeat : (n) (۱) راتب ۔ (۲) کتے کا گوشت ۔ (۳) گھٹیا گوشت ۔ (٤) نا پسندیدہ شے ۔

Dog's age : (n) طویل مدت ۔

Dog's bane : (n) دیکھو Dog-bane

Dog's body : (n) کپڑے میں باندھ کر اُبالا ہوا سوکھا مٹر ۔

Dog's chance : (n) کم سے کم امکان ؛ نہیں کے برابر ۔

Dog's death : (n) کتے کی موت ؛ ذلیل موت ۔

Dog's ear/ Dog-ear : (n) کتاب کے مڑے ہوئے کنارے ۔

Dog's -ear : (v) کتاب کے اوراق کے کناروں کو موڑ کر بد نما کرنا ۔

Dog's letter : (n) حرف "ر" ۔

Dog's life : (n) ذلیل و خوار زندگی ؛ کتوں کی سی زندگی ۔

Dog's-meat / Dog's meat : (n) گھوڑے کا گوشت ؛ اوجھڑی وغیرہ ۔

Dog's nose : (n) "بیر" اور "جن" شراب (کا مخلوط) ۔

Dog's parsley : (n) شکران ۔

Dog's sleep : (n) دیکھو Dog-sleep

Dog's tail/Dog-tail : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Dog's-tones : (n) کلب کی مختلف قسموں کا نام ۔

Dog's tongue/Dog-tongue : (n) لسان الکلب ؛ ایک قسم کا پودا ۔

Dog's tooth : (n) دندان سگ (ایک پودا جس کے پتے اور پھول چتی دار ہوتے ہیں) ؛ ککر دنتی ۔

Dog's wheat : (n) دیکھو Dog-grass

White dog's wheat : ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Doigte : (n) [F.] انگلیوں کا استعمال ۔

Doiled/Doilt : (a) احمق ؛ خبطی ۔

Doily : (n) [f.Surname, Doiley or Doyley.] (۱) چھوٹا زیرانداز جو انگلیاں دھونے کے ظرف کے نیچے رکھ دیا جاتا ہے ؛ چھوٹا دست مال ۔ (۲) (عام) مصنوعی بالوں کا گچھا ۔

Doina : (n) [Romanian.] (رومانیہ کا) مرثیہ ۔

Doing : (n) (۱) کرنا ؛ مجامعت ۔ (۲) فعل ؛ عمل ۔ (۳) لوازمات (کسی خاص قسم کے کھانے کے) ؛ کسی خاص قسم کا کھانا ۔

Doit : (n) [Du."duit".] دیکھو Dodkin

Doit : (v) گھبرا دینا ۔

Doited : (a) (اسکاچستان) مخبوط الحواس (خصوصاً بڑھاپے کی وجہ سے) ؛ سٹھیایا ہوا ؛ خرّف ۔

Doitkin : (n) دیکھو Dodkin

Doke : (n) [ME."dale".] چابك ؛ نشیب ؛ سطحی نشان ۔

Dol : (n) [L."dolor".] درد پیمائی کی اکائی ۔

Dolabrate : (a) تیشہ شکل ۔

Dolabriform : (n) [L."dolabra+forma".] دیکھو Dolabrate

Dolce far niente : (n) [It.] خوشگوار کاہلی ۔

Dolcissismo : (n) [It.] (موسیقی کی ہدایت میں) دھیمے دھیمے ۔

Doldrum : (n) [perhaps f. OE."dol".] (۱) بےکیفی ؛ افسردگی ؛ اداسی ۔ (۲) (جہازکےمتعلق) حالت سکون ۔ (۳) خط استوا کے قریب وہ قطعہ جہاں سمندر ساکن میں رہتا ہے اور ہوا بدلتی رہتی ہے ؛ منطقات سکون ہوتا ہے ۔ (٤) انحطاط ۔

Dole : (n) [OE. "dal".] (۱) نصیب ؛ قسمت ۔ (۲) حصہ ۔ (۳) خیرات (جس میں بہت کفایت کی جائے) ۔

The dole : سرکاری امداد جو بے روزگاروں کو ملتی ہے۔

Dole / Dool / Dule : (n) [OF."doel".] (۱) رنج ؛ غم ؛ الم ۔ (۲) ماتم ؛ توجہ ۔ (۳) غم انگیز ۔ (٤) تدفین ۔ (٥) بد بختی ؛ بد قسمتی ۔

Dole : (n) (اسکاچستانی قانون) بری نیت ۔

Dole : (n) - dool (۱) (بچوں کے کھیل میں) گول ۔ (۲) دیکھو

Dole : (v) (۱) خیرات دینا ۔ (۲) کفایت کے ساتھ تقسیم کرنا ؛ ہاتھ روك کر بانٹنا (خصوصاً خیرات) ۔ (۳) تقسیم کرنا ؛ حصہ بانٹنا ۔

Dole beer : (n) خیراتی بیر ۔

Dole chaser : (n) خیرات کے پیچھے دوڑنے والا ۔

Dole land/-meadow/- moor : (n) مشترك زمین ؛ مرغزار ؛ دشت ۔

Doleful : (a) (۱) سنسان ؛ اداس ؛ تاریك ؛ تیرہ و تار ۔ (۲) رنجیدہ ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ بے چین ؛ اداس ؛ ملول ۔

Dolefully : (adv.) اداسی سے ؛ مغمومانہ ۔

Dolefulness : (n) اداسی ؛ غمگینی ؛ بے چینی ۔

Dolefuls : (n) افسردگی ۔

Dolent : (a) [L."dolentem".] غمگین ؛ اداس ۔

Dolerine : (n) [F."dolerine".] کوہ آلپس (Alps) کی چٹان کی ایك قسم ۔

Dolerite : (n) [F."dolerite".] ایك قسم کا سنگ سیاہ ۔

Doleritic : (a) سنگ سیاہ سا ۔

Dolesman : (n) خیرات لینے والا ۔

Dolewindow : (n) خیراتی کھڑکی ۔

Dolichocephali : (n) دراز سر ؛ طویل الراس ۔

Dolichocephalic / Dolikhokiphalic : (a) دراز سر ؛ طویل الراس ؛ طویل ، لمبوتری یا بیضوی کھوپڑی کا ۔

Dolichocephalism : (n) دراز سری ؛ طویل الراسی ۔

Dolichocephalous : (a) دیکھو Dolichocephalic

Dolichocephaly : (n) دیکھو Dolichocephalism

Dolichoid : (a) بیضہ نما ۔

Dolichuric : (a) چھ رکنی dactyl سے متعلق ۔

Dolichurus : (n) [mod. L.] چھ رکنیdactyl جس کے آخری رکن میں ایك فاضل ہجا ہوتی ہے ۔

Dolioform : (a) پیپا نما ؛ پیپا شکل ۔

Dolium : (n) [L.] (۱) (قدیم روم) بڑا سفالی ظرف جس میں شراب، تیل یا سوکھی چیزیں رکھی جاتی تھیں ۔ (۲) معدہ یا صدف کی ایك نوع ۔

Doll : (n) [Shortened pet-form of 'Dorothy'.] (۱) گڑیا ؛ گڈا ؛ لعبت ۔ (۲) خوبصورت بے وقوف عورت ؛ مٹی کی مورت ۔ (۳) (عامیانہ) عورت ۔ (٤) (عامیانہ) معشوقہ ۔ (٥) (عامیانہ) محبوب ۔ (٦) (عامیانہ) نیک اور شیریں مزاج عورت ۔

Doll : (v) نفیس لباس پہننا ۔

Doll baby : (n) (۱) گڑیا ۔ (۲) خوبصورت بے وقوف عورت؛ مٹی کی مورت ۔ (۳) معشوقہ ۔

Doll house /Doll's house : (n) (۱) گڑیا خانہ ۔ (۲) بہت چھوٹا مکان ۔

Doll up : (v) (۱) نفیس لباس پہننا ۔ (۲) زیادہ جاذب نظر بنانا ۔ (۳) زرق برق کپڑے پہنانا ۔

Dollar : (n) [LG."daler".] (۱) (ابتدا میں) جرمانی سکے "تالر" کا انگریزی نام ۔ (۲) ہسپانوی سکےکا نام ۔ (۳) امریکا کا نقرئی، طلائی سکہ ۔ (٤) کناڈا اور بعض دوسرے ممالک کے سکوں کا نام ۔ (٥) اسی قیمت کے دوسرے ممالک کے سکوں کا نام ۔ (٦) (عام) کراؤن (پانچ شلنگ کا سکہ) ۔ (۷) دوسرے ملکوں میں امریکا کاتجارتی مفاد ۔

Pillar dollar : ہسپانیہ کا نقرئی سکہ ۔

The almighty dollar : زر علیہ السلام ۔

Trade dollar : نقرئی ڈالر جو تجارت کے لئے استعمال ہوتا تھا ۔

Dollar-and-Cent : (a) نقدی ۔

Dollar area : (n) وہ ممالک جہاں ڈالر زر مبادلہ کی بنیاد ہو اور جہاں کے سکے آسانی سے ڈالر میں تبدیل کئے جاسکیں ۔

Dollar bird : (n) آسٹریلیا کا ایک پرند جس کے بازو پر سفید گول نشان ہوتا ہے ۔

Dollar diplomacy : تجارتی مفاد کی سیاست مداری ۔

Dollar fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Dollar mark / sign : (n) ڈالر کا نشان ($) ۔

Dollarwise : (adv.) ڈالر میں ۔

Folldom : (n) گڑیوں کی دنیا ۔

Dollface : (n) گڑیا رو (عورت) ۔

Dollish : (a) گڑیا کی سی ۔

Dollishly : (adv.) گڑیا کی طرح سے ۔

Dollishness : (n) گڑیا پن ۔

Dollop : (n) [Origin unkn.] (روز مرہ) (کھانے پینے کی چیزوں کا) لوندا ؛ بڑی مقدار ۔

Dollo's law : (n) قانون ڈولو ؛ حیاتیات کا نظریہ کہ وہ خصوصیات جو دوران ارتقا میں ضائع ہو جاتی ہیں وہ پھر نہیں ابھرتی ہیں ۔

Dolly : (n) [f. DOLL+-Y.] (۱) Dorothy کا پیار کا نام ۔ (۲) پھوہڑ عورت ۔ (۳) گڑیا ۔ (٤) گڑیا نما آلات ؛ لکڑی کی بلانی ؛ متھانی ۔ (٥) (عام) دلکش عورت ۔ (٦) (کرکٹ) آسان نشانہ ۔ (۷) معاون گاڑی ۔ (۸) پہیہ دار مچان جس پر فلم یا ٹیلیویژن کا کیمرہ رکھ کر اس کو حرکت دی جا سکتی ہے ۔

Dolly : (n) [Hindi-"dali".] نذرانہ ۔

Dolly : (a) (۱) گڑیا سا ؛ بچے سا ۔ (۲) (کھیل) آسان نشانہ ۔

Dolly : (v) (۱) ہلانا (متھانی یا بلانی سے) ۔ (۲) سنگ مردہ کو چورنا ؛ سنگ مردہ کو چور کر سونا نکالنا : سونا نکلنا ۔

Dolly-shop : (n) بحری گودام ۔

Dolly varden : (n) [f. the character in Dicken's "Barnaby Rudge".] (۱) پھلور لباس ۔ (۲) پھلورہیٹ جو ایک طرف مڑا ہوا ہو ۔ (۳) ٹراؤٹ (trout) مچھلی کی ایک نوع ۔

Dolman : (n) [Turkish."dolaman","dolamah".] (۱) لانبا ترکی چوغا جو سامنے سے کھلا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) ڈھیلی آستینوں کی فوجی صدری ۔ (۳) زنانہ لبادہ (کھلی لٹکتی آستینوں کا) ۔

Dolmen : (n) [mod. F."dolmen".] کھڑے پھتروں پر اڑے پتھروں کا گھیرا ۔

Dolomite : (n) [after M. Dolomieu, a French geologist.] (۱) موتی بلور ؛ ڈولومائیٹ ؛ چونا اور میگنیشیا کا دوہرا کاربونیٹ ۔ (۲) (جمع) (The Dolomitos) ڈولومائیٹ کا پہاڑ ۔

Dolomitic : (a) موتی بلور سے متعلق ؛ ڈولو میٹی ۔

Dolomitization / Dolomization : (n) معدبلور یا ڈولومائیٹ میں تبدیلی ۔

Dolomitize / Dolomize : (v) ڈولومائیٹ میں تبدیل کرنا ۔

Dolorus : (a) [OF."doleros".] (۱) درد ناک ؛ دردآمیز؛ المناک ۔ (۲) اداس ؛ تاریک ؛ وحشت ناک ؛ تیرہ وتار ۔ (۳) غمزدہ ؛ مصیبت زدہ ؛ دکھیا ۔

Dolorously : (adv.) دردناک طریقے سے ؛ وحشتناک طورپر ۔

Dolorousness : (n) درد ناکی ؛ المناکی ؛ وحشت ناکی ؛ اداسی ؛ مصیبت زدگی ۔

Dolose : (a) [L."dolosus".] (۱) مجرمانہ ۔ (۲) قصداً فریب دینے والا ؛ عمداً دغا دینے والا ۔

Dolour / Dolor : (n) [OF."dolor","-our".] غم ؛ درد؛ الم ؛ رنج ؛ دکھ ؛ مصیبت ۔

To make dolour : سوگ منانا ۔

Dolphin : (n) [OF."daulphin".] (۱) خوک بحری ؛ ڈولفین ؛ ایک قسم کا تھن دار جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکلی کی ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی شوخ رنگ کی مچھلی جو پانی سے نکالنے کے بعد مرتے وقت طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے ۔ (۳) (علم النجوم) ڈولفین ۔ (٤) (اساطیر) بنت البحر ۔ (٥) ڈولفین نما آلات ۔ (٦) ایک سیاہ رنگ کا پودوں کا کیڑا ۔

Dolphin : (n) ڈولفین کی طرح ڈبکی مارتے ہوئے تیرنا ۔

Dolphin flower : (n) گل میمون ؛ زبان درقفا ۔

Dolphin fly : (n) ایک سیاہ رنگ کا پودوں کا کیڑا ۔

Dolphin striker : (n) (بحری) پیش جہاز کی چوب کے سہارے کی رسی ۔

Dolt : (n) [OE."dol","dold".] غبی یا کند ذہن شخص ؛ کودن ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق ۔

Doltish : (a) کودن سا ؛ کسی قدر غبی ؛ کودن ۔

Doltishly : (adv.) کودن کے طور پر ۔

Doltishness : (n) کند ذہنی ؛ کودن پن ۔

Dolus : (n) [L.] دھوکا ؛ فریب ۔

Dom : (n) [Pg."dom",L."dominus".] (۱) پرتگالی اوربرازیلی خطاب ۔ (۲) تعظیمی خطاب جو معزز رومن کیتھولک پادریوں اور راہبوں کے نام کے پہلے آتا ہے ۔ (۳) (امریکا) تاش کا ایک کھیل ۔

Dom : (n) [L."domus".] بڑا گرجا ۔

-dom : (suffix) اسم یا صفت کا (لاحقہ) بمعنی "عہدہ" ؛ "حالت" ؛ "عمل داری" ۔

Dom pedro : (n) تاش کا ایک کھیل ۔

Domain : (n) [mod. F."domaine".] (۱) جاگیر ؛ علاقہ ؛ تعلقہ ؛ مقبوضات ؛ ممالک ؛ محروسہ ؛ ملک ۔ (۲) عمل داری ؛ سلطنت ؛ قلمرو ؛ حلقہء اثر ؛ دائرہء اقتدار ؛ حدود اختیار ۔ (۳) حلقہ ؛ دائرہ ؛ خیال و عمل کا میدان ۔ (٤) (ریاضیات) حلقہ ۔

Eminent Domain : ملکیت فرماں روا ؛ تصرف مالکانہ (فرماں روا کا اپنے ملک کی زمین پر) ۔

Domainial /Domanial : (a) مقبوضات یا حلقہء اثر سےمتعلق ۔

Domal : (a) [mod. L."domalis".] (۱) (فلکیات) خانہ سے متعلق ۔ (۲) گھریلو ۔

Domboc : (n) (۱) قدیم ٹیوٹانی قوانین کا مجموعہ ۔ (۲) دیکھو Doom book ۔

Domdaniel : (n) [F.] ایک افسانوی آبدوز کمرہ جہاں ایک ساحر اپنے شاگردوں سے ملا کرتا تھا ۔

Dome : (n) [L."domus".F."dome".] (۱) (شعر) شاندار عمارت یا محل ؛ قصر ۔ (۲) گنبد ؛ قبہ ۔ (۳) قدرتی گنبد یا چھتر (آسمان وغیرہ) ۔ (٤) پہاڑ وغیرہ کی مدور چوٹی ۔ (٥) بھٹی کا ڈھکن ۔ (٦) مثلثی منشور ۔ (۷) باٹلر کا اونچا مخروطی حصہ ؛ ریل کے ڈبے کی چھت ۔ (۸) گھڑی کے اندرونی خول کا پچھلا

حصہ ۔(۹) کوئی گنبد نما شے ۔
(۱۰) (عامیانہ) آدمی کا سر ۔

Dome : (v) (۱) گنبد نما بنانا ۔(۲) گنبد یا قبے سے مزین کرنا ۔(۳) گنبد کی طرح ابھرنا ۔

Domed : (a) (۱) گنبد نما ؛ قبہ نما ۔(۲) گنبد دار ؛ قبہ دار ۔

Doment : (n) [Do+-MENT.] تقریب ؛ تفریح ۔

Domesday : (n) Dooms Day کی متروک شکل ۔

Domesday book : (n) کتاب بندوبست ؛ بندوبست اراضی (SLOAC-AY) کی یادداشت جو انگلستان میں ولیم فاتح کے حکم سے تیار کی گئی تھی ۔

Domestic : (a) [L."domesticus".] (۱) خانگی ؛ گھریلو ؛ خاندانی ۔ (۲) اندرونی ؛ داخلی ۔(۳) سودیشی ؛ دیسی ؛ خانہ ساز ۔(٤) پالتو ؛ پالو ۔ (٥) گھریلو زندگی کا شائق ۔

Domestic : (n) (۱) خدمت گار ؛ نوکر ۔(۲) خانہ ساز اشیاء خصوصاً کپڑے ۔

Domestic affairs : (n) خانگی امور ؛ داخلی امور ۔

Domestic animal : (n) پالتو جانور ۔

Domestic architecture : (n) ایک یا ایک سے زیادہ مکانوں کی عمارت ۔

Domestic economy : (n) نظام خانہ داری ۔

Domestic fowl : (n) پالتو مرغ ۔

Domestic science Home : (n) علم خانہ داری ۔

Domestically : (adv.) خانگی طور پر ۔

Domesticable : (a) سدھارنے کے قابل ؛ تربیت پذیر ؛ مہذب بننے کے قابل ۔

Domesticate : (v) (۱) (نو آبادی کو) ملکی یا شہری حقوق دینا ؛ (دوسرے ملک کے جانوروں کو) اپنے ملک کی آب و ہوا کا عادی بنانا ۔ (۲) گھریلو زندگی کا شائق بنانا ۔(۳) پالو یا پالتو بنانا ؛ ہلانا ؛ سدھانا ؛ قابو میں لانا ۔(٤) مہذب بنانا ؛ متمدن بنانا ۔

Domesticated : (a) پالا ہوا ؛ سدھایا ہوا ؛ پوسا ہوا ۔

Domestication : (n) سدھانا ؛ تربیت کرنا ؛ متمدن بنانا ۔

Domesticator : (n) سدھانے والا ؛ پالنے والا ۔

Domesticity : (n) (۱) گھریلو پن ۔(۲) خانگی زندگی ؛ خانہ نشینی ؛ خلوت ۔(۳) سادگی ۔ (٤) الو ہونا ۔ (٥) (جمع) گھریلو انتظام ۔

Domesticize : (v) دیکھو Domesticate

Domett : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا سوتی کپڑا جس میں اون کی آمیزش ہوتی ہے ۔

Domeykite : (n) [after Domeyko, a Chilian mineralogist.] تانبے کا خالص آرسینائیڈ ۔

Domic /-al : (a) قبے کا؛ قبہ نما؛ قبے سے متعلق؛ گنبد دار ۔

Domicile : (n) [F."domicile".] (۱) جائے بود و باش ؛ مکان ؛ وطن ۔(۲) (قانون) مستقل سکونت کی جگہ ؛ سکونت ؛ مسکن ۔(۳) وہ جگہ جہاں ہنڈی واجب الادا ہو ۔

Domicile : (v) (۱) کسی جگہ بود و باش اختیار کرنا ؛ آباد کرنا یا ہونا ؛ قائم کرنا ۔(۲) ہنڈی کو کسی خاص مقام پر واجب الادا قرار دینا ۔

Domiciled bill : (n) مختص المقام ہنڈی ۔

Domiciliary : (a) (۱) مسکن یا بود و باش سے متعلق ۔ (۲) (حیوانیات) خلافی ۔(۳) خانگی ؛ داخلی ۔(٤) معذور فوجیوں کی سکونت و نگہداری سے متعلق ۔

Domiciliary : (n) معذور فوجیوں کی جائے سکونت ؛ رہائش گاہ ؛ بیرک ۔

Domiciliary visit : (n) خانہ تلاشی ؛ کسی مکان کا معائنہ جو سرکاری ملازمین کریں ۔

Domiciliate : (v) سکونت اختیار کرنا ۔

Domiciliation : (n) آباد کرنا یا ہونا ۔

Domina : (n) [L.] منتظم راہبہ ۔

Dominance/Dominancy : (n) [f. next.] حکومت ؛ اقتدار ؛ غلبہ ؛ اثر ؛ تسلط ۔

Dominant : (a) (۱) حاکم ؛ غالب ؛ فرماں روا ؛ با اثر ؛ برسر اقتدار ؛ ذی اثر ؛ سربرآوردہ ۔ (۲) (اونچائی کی صفت) سب سے بلند یا نمایاں ؛ سربہ فلک ۔ (۳) (موسیقی) سرگم کے پانچویں سُر سے متعلق ۔ (٤) جدی خصوصیت کا حامل ۔

Dominant : (n) (۱) (موسیقی) سرگم کا پانچواں سُر ۔ (۲) غالب خاصہ ۔ (۳) غالب درخت ۔ (٤) غالب محرک ۔

Dominant land /tenement : (n) (رومی قانون) زمین یا مکان جس کے لئے خدمت ادا کرنی پڑتی ہے ۔

Dominant wavelength : (n) غالب طول موج ۔

Dominantly : (adv.) حاکمانہ ؛ بااثر طور پر ۔

Dominate : (v) (۱) حکومت کرنا ؛ تسلط یا غلبہ رکھنا ؛ چھایا ہوا ہونا ۔ (۲) غالب ہونا ؛ بر سر اقتدار ہونا ؛ سر بر آوردہ ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ پیش پیش رہنا ۔ (۳) (بلند جگہ سے) کسی منظر کا نظر آنا ؛ منظر پر حاوی ہونا ۔

Dominating : (a) حاکمانہ ۔

Domination : (n) (۱) حکومت ؛ فرمانروائی ؛ غلبہ ؛ اقتدار ؛ اثر ؛ تسلط ۔ (۲) (جمع) چوتھے درجے کے فرشتے ۔

Dominative : (a) حاکمانہ ۔

Dominator : (n) حاکم ؛ غالب ۔

Domineer : (v) [Du."domineren".] (۱) حکم چلانا ؛ جبر سے حکومت کرنا ؛ حکومت جتانا ؛ تحکم سے کام لینا ۔ (۲) سربلند ہونا ۔ (۳) تسلط جمانا ۔

Domineer : (n) حاکمانہ شان ۔

Domineering : (a) جابر ۔

Domineeringly : (adv.) تحکمانہ ؛ جابرانہ ۔

Domineeringness : (n) جابر ہونا ۔

Dominial : (a) [L."dominium"+-AL.] ملکیت سے متعلق ۔

Dominical : (a) [med.L."dominicalis".] (۱) حضرت عیسیٰ کا؛ حضرت عیسیٰ سے متعلق ؛ عیسوی ؛ مسیحی ۔ (۲) یوم السبت کا ؛ اتوار کا ۔

Dominical letter : (n) کلینڈر میں اتوار کی نشاندہی کرنے والا حرف ۔

Dominical year : (n) عیسوی سن ۔

Dominican : (a) سینٹ ڈومینک کا ؛ ڈومینکی راہب کا ۔

Dominican : (n) ڈومینکی راہب یا درویش ۔

Dominie : (n) [L."domine".] (۱) مدرس ؛ ماسٹر ؛ مُلّا ؛ مولوی ؛ اسکول کا معلم ؛ ٹیچر ۔ (۲) (امریکا) پادری کا خطاب ۔

Dominion : (n) [Fr."dominion".] (۱) حکومت ؛ عمل داری ؛ فرماں روائی ؛ تسلط ؛ قبضہ ؛ قلمرو ۔ (۲) جاگیردار کا علاقہ ؛ ریاست ؛ جاگیر ؛ سلطنت ؛ عمل داری ؛ مقبوضات ۔ (۳) (قانون) حق ملکیت ۔ (٤) خود مختار ریاست ۔ (٥) (جمع) چوتھے درجے کے فرشتے ۔

Eminent Dominion : تصرف مالکانہ ۔

The old dominion : (۱) ورجینیا ۔ (۲) ممالک محروسہ ۔ (۳) کناڈا ؛ آسٹریلیا وغیرہ ۔

Dominium : (n) حق ملکیت ۔

Domino : (n) [F."domino".] ڈھیلا لبادہ جس میں نیم نقاب ہوتا ہے تاکہ کوئی صورت نہ پہچان سکے؛ نیم نقاب ۔ (۲) وہ شخص جو ایسا لبادہ پہنے ہو ۔ (۳) ڈومینو کھیل کا مہرہ ؛ (جمع) ڈومینو کھیل ۔ (٤) اختتام کا اظہار ۔

Domino bridge : (n) دیکھو draw bridge

Domite : (n) [f. Puy de Dome in Auvergne.] بھورے رنگ کا جھام پتھر ۔

Dompt : (v) [F."dompter".] مقابلہ کرنا ۔

Don : (n) [Sp. "don".] (۱) ہسپانوی خطاب جو نام سے پہلے آتا ہے ۔ (۲) ہسپانوی (معزز شخص) ؛ ہسپانیا کا باشندہ ۔ (۳) معزز شخص ؛ ممتاز شخص ۔ (٤) کسی فن کا ماہر ؛ استاد ۔ (٥) کالج کا صدر؛ مودب یا رفیق (ٹیوٹر یا فیلو) ؛ معلم ۔ (٦) تاش کا ایک کھیل ۔

Don : (v) [Contraction from "do on".] (۱) پہننا (لباس) ۔ (۲) چہرے یا جسم پر مالش کرنا ۔ (۳) اختیار کرنا ۔

Don juan : (a) [f. a legendry nobleman.] عیاش ۔

Don juanism : (n) ہوس پرستی ۔

Don-quixote : (n) [Sp.] غیر عملی تصوریت پسند ۔

Dona : (n) [Sp. and pg.] (۱) ہسپانوی یا پرتگالی خاتون ۔ (۲) تعظیمی خطاب ۔ (۳) (عامیانہ) عورت ؛ معشوقہ ؛ محبوبہ ۔

Donary : (n) [L."donarium".] مال وقف ؛ نذر ۔

Donatry : (n) Donatory دیکھو

Donate : (v) [L."donat".] دینا ؛ عطا کرنا ۔

Donation : (n) (۱) عطا ؛ بخشش ؛ تہدیہ ۔ (۲) عطیہ ؛ تحفہ ؛ ہدیہ ۔ (۳) (قانون) ہبہ ۔

Donation party : (n) دعوت جس میں ہر مہمان تحفہ لاتا ہے ۔

Donatism : (n) Donatus کے مقلدین کے عقائد ۔

Donatist : (n)[L."Donatista".] Donatus کے مقلدین جن کاعقیدہ تھا کہ وہی سچے عیسائی ہیں ۔

Donatistic /-al : (a) Donatus کے مقلدین یا ان کے عقیدے سے متعلق ۔

Donative : (a) ہدیتاً ۔

Donative : (n) (۱) پادری کا عہدہ جو (بے اُسقف وغیرہ کے توسط کے) اس رئیس کی طرف سے ملے جس نےاس کی تنخواہ کے لئے جائداد وقف کی ہے ۔ (۲) عطیہ ؛ ہدیہ ؛ تحفہ ؛ خصوصاً سرکاری انعام ۔

Donator : (Af. "donatour".] معطی ؛ دہندہ ۔

Donatory : (n) جسے عطیہ ملے ؛ معطی الیہ ۔

Done : (a) (۱) ختم شدہ ؛ انجام یافتہ ۔ (۲) مجبور شکست یا قضا ۔ (۳) پکا ہوا ۔ (٤) تکمیل یافتہ ۔

Done brown : (a) جو ٹھگا یا بے وقوف بنایا گیا ہو ۔

Done for : (a) (۱) خستہ ۔ (۲) جس کی قسمت میں ہلاکت ہو ۔ (۳) شکست خوردہ ۔ (٤) پھینکا ہوا ۔

Done in : (a) تھکا ہوا ؛ خستہ ۔

Donee : (n) موہوب الیہ ؛ معطی الیہ ؛ جسے عطیہ ملے ۔

Dong : (v) [Echoic.] (۱) بجنا (بڑے گھنٹے کی طرح) ۔ (۲) سخت ضرب ۔ (۳) عضو تناسل (مردانہ) ۔

Dong : (n) گھنٹے کی آواز ۔

Donga : (n) [Native.] گھاٹی ۔

Donjon . (n) [F.] قلعہ کا بڑا مینار ؛ قلعے کا مستحکم ترین مقام ۔

Donk : (n) [by shortening.] Donkey دیکھو

Donkey : (n) [perhaps f."dun+key".] (۱) گدھا ؛ خر ؛ حمار ۔ (۲) احمق ؛ بے وقوف ۔ (۳) لکڑی چیرنے کی ایک بنچ ۔

Donkey boy /man : (n) (۱) گدھے کا نگہبان ۔ (۲) ضمنی انجن چلانے والا ۔

Donkey cart : (n) گدھا گاڑی ۔

Donkey engine : (n) ضمنی دستی انجن ؛ جہاز کے عرشے کا انجن جو مال اٹھانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Donkey pump : (n) ضمنی پمپ ۔

Donkeyback : (adv.) گدھے پر ۔

Donkeyish : (a) مانند خر ۔

Donkeyism : (n) بے وقوفی ۔

Donkey's breakfast : (n) (عامیانہ) پیال کی توشک ۔

Donkey's years : (n) (عامیانہ) طویل مدت ۔

Donkeywork : (n) محنت ؛ مشقت ۔

Donna : (n) [It.] خاتون ؛ اطالوی خاتون کا اعزازی یا تعظیمی خطاب ۔

Prima donna : اوپیرا میں سب سے اچھی گانےوالی ۔

Donna : (n) [F.] (۱) مفروضہ یا مفروضے ۔(۲) بنیادی واقعہ یا خیال ۔

Donnish : (a) کالج کے صدر سے متعلق ؛ ملایانہ ؛ مولویانہ ۔

Donnishness : (n) ملاپن ؛ مولوی پن ۔

Donnot : دیکھو Do-naught

Donny-brook / Donnybrook fair : (n) ہنگامے یا لڑائی جھگڑے کی جگہ ۔

Donor : (n) [AF."donour".] (۱) واہب ؛ موہب ؛ ہبہ کنندہ ؛ معطی ؛ عطا کرنے والا ۔(۲) (کیمیا) متعامل ۔

Donship : (n) (۱) معلم کی شخصیت ۔ (۲) Don کا خطاب رکھنا ۔

Don't : (n) (۱) ممانعت ؛ امتناع ؛ نہیں ۔

Don't : (v) ممانعت کرنا ؛ نہیں کہنا ۔

Don't : دیکھو Do not

Donzel : (n) [It."donzello".] نوجوان امیر جو ابھی نائیٹ نہ ہوا ہو ۔

Doo : (n) دیکھو Dove

Doob : (n) [Hindi."dub".] دوب (گھاس) ۔

All of a doobah : ہیجانی حالت ۔

Doodle : (n) [Lg."dudeltolf".] احمق ؛ بے وقوف ۔

Doodle : (v) بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا ۔

Doodle : (v) [Ger. "dudeln".] مشک باجا بجانا ۔

Doodle : (n) [Short for "haydoodle".] بھوسہ کا انبار ۔

Doodle : (n) مورشیر کا پہل روپ ۔

Doodle : (v) (۱) غیر ارادی طور پر کچھ کرنا ؛ لکھنا ؛ نقشہ بنانا ۔(۲) غیر ارادی سرگرمی کرنا ۔

Doodle : (n) غیر ارادی تحریر یا خاکہ ۔

Doodle bug : (n) مورشیر کا پہل روپ ۔

Doodle-sack : (n) بین ؛ مشک باجا ۔

Doodler : (n) (۱) غیر ارادی طور پر لکھنے والا ۔(۲) ہاں نہیں کرنے والا ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Dool/Dole : (n) (۱)حد فاصل ؛ نشان ؛ سرحد ۔ (۲) گول (کھیل کا) ۔

Dool : (n) غم ؛ رنج ؛ اندوہ ۔

Doolie/Dooly : (n) [Hindi."doli".] ڈولی ؛ بیمار ڈولی ۔

Doom : (n) [OE.] (۱) قانون ؛ آئین ؛ ضابطہ ۔(۲) فیصلہ ؛ حکم ؛ فتویٰ ۔(۳) عاقبت ؛ محشر ؛ قیامت؛ انجام (خصوصاً برا) ۔(٤) تباہی ؛ بربادی ؛ ہلاکت ؛ فنا ؛ موت ۔(٥) مقسوم ؛ تقدیر ۔

Day of doom : روز محشر ۔

Doom : (v) (۱) سزا کا حکم سنانا ؛ کسی سخت کام یا برے انجام کے لئے نامزد کرنا ۔(۲) تباہی کے لئے نامزد کرنا ؛ ہلاکت کے حوالہ کرنا ۔ (۳) حکم دینا ؛ فتوا دینا ۔

Doom book : (n) قدیم ٹیوٹانی قوانین کا مجموعہ ۔

Doom ring : (n) (اثریات) پتھروں کا حلقہ جو قدیم فارس کی عدالت کی حدبندی کرتا تھا ۔

Doom-sayer : (n) بد بختی کا پیش گو ۔

Doom tree : (n) درخت جو دار کا کام دیتا تھا ۔

Doomage : (n) حساب نہ دینے کی صورت میں تشخیص مالیت ۔

Doomer : (n) (۱) جج ۔ (۲) برائی یا بدبختی کا پیش گو ۔

Doomful : (a) منحوس ۔

Doomlike : (a) منحوس ۔

Doomsday : (n) یوم الجزاء ؛ قیامت کا دن ۔

Doomsman : (n) جج ۔

Doomster : (n) دیکھو Doomsman

Door : (n) [OE."duru".] (۱) دروازہ ؛ در ؛ باب ۔(۲) داخلہ ؛ گزر ؛ رسائی ؛ اندر یا باہر کا رستہ ۔

In doors : اندرون خانه ؛ گھر کے اندر ۔

Next door : بغل میں ؛ نزدیک ؛ بازو میں ۔

Next door to : تقریباً ویساہی ؛ بمنزلہ ۔

Out of doors : (گھرکے) باہر ؛ کھلی ھَوا میں ؛ غیر معلق ۔

To close the door upon : (۱) اندر جانے کی راہ بند کرنا ۔(۲) بحث ختم کرنا ۔

To darken a door : آنا ؛ ملنا ۔

To keep open doors : اجازت عام دینا ۔

To lay / lie / be at the door of : کسی کے سر الزام دھرنا ؛ کسی پر الزام عائد کرنا یا ھونا ۔

To open a door to : راہ نکالنا ۔

Within doors : اندر ؛ گھر میں ۔

Without doors : باہر ؛ کھلی ھَوا میں ۔

Door alarm : (n) دروازہ گجر ۔

Door badge : (n) گھر میں موت ھونے کی علامت جو دروازے پر لگائی جاتی ھے ۔

Door bell : (n) دروازہ گھنٹی ۔

Door case / Door frame : (n) چوکھٹ ۔

Door check : (n) دروازہ روک ۔

Door cheek : (n) دیکھو Door posts

Door-keeper /Doorkeeper : (n) دربان ۔

Door-key child : (n) بچہ جو گھر کی کنجی لیکر اسکول جاتا ھے تاکہ والدین کی غیر حاضری میں گھر واپس آسکے ۔

Door mat : (n) (۱) پا انداز ؛ دروازے کی چٹائی جس پر جوتا رگڑ کر صاف کیا جاتا ھے ۔(۲) وہ شخص جس کی کوئی قدروقیمت نہ ھو ۔ (۳) ٹیم جو سب سے پیچھے رہتی ھو ۔

Door money : (n) زر داخلہ ؛ وہ رقم جو تماشا گاہ کے دروازے پر لی جاتی ھے ۔

Door opener : (n) (۱) دروازہ کھولنے کی ترکیب ۔ (۲) قیمتی تحفہ (تجارت کو فروغ دینے کے لئے) ۔

Door plate : (n) (دروازے پر کسی صاحب خانہ کے) نام کی تختی ۔

Door post : (n) دروازے کے بازو ۔

Door sill : (n) دروازے کی دہلیز ۔

Door stead : (n) ڈیوڑھی ۔

Door step : (n) دہلیز کا زینہ ۔

Door stone : (n) سنگ در ؛ سنگ آستانہ ؛ چوکھٹ کا پتھر ؛ آستانہ ۔

Door stop : (n) دروازہ کو بہت زیادہ کھل جانے سے روکنے کی ترکیب ۔

Door-to-door : (a) (۱) گھر گھر ؛ در بدر ۔(۲) گھر گھر پہنچانے والا ۔

Door-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Door-yard : (n) دروازہ کے سامنے کا احاطہ ۔

Doored : (a) دروازہ دار ۔

Doorless : (a) بے در ؛ بے دروازہ ۔

Doornail : (n) دروازوں پر جڑنے کی کیل ؛ گل میخ ۔

Doorward / Durward : (n) [OE."weard".] دربان ؛ محل کا محافظ ۔

Doorway : (n) (۱) دروزاہ ؛ در ۔(۲) راہ ۔

Doozer/Doozy : (n) [perhaps after "daisy".] غیر معمولی ۔

Dop : (Du.] (۱) منجھے روپ کا غلاف ۔(۲) تانبے کا پیالہ جس میں ہیرا جڑا دیتےہیں (کاٹنےاورجلادینے کے لئے) ۔(۳) ایک قسم کی انگوری شراب ۔

Dope : (n) [Du."doop".] (۱) کوئی گاڑھی رقیق شے ؛ چرب مائع ؛ چکنائی ۔(۲) لك یا وارنش خصوصاً

وہ جو ہوائی جہاز میں استعمال ہوتی ہے ۔
(۳) خواب آور یا دماغ کو معطل کر دینے
والی دوا ۔ (٤) گھوڑ دوڑ سے متعلق اطلاع ؛
غلط اطلاع ؛ اطلاع ۔ (٥) غبی ؛ کودن ؛ شخص ۔

Dope : (v) خواب آور یا نشہ لانے والی دوا کھلانا یا ملانا ۔
(۲) پتا چلانا ۔ (۳) سست اور فرماں بردار
بنانا ۔ (٤) خواب آور یا نشہ آور دوا کا
عادی ہونا ۔

Dope fiend : (n) نشہ آور دوا کا عادی ۔

Dope off : (n) زیادہ اونگھنا ۔

Dope out : (v) (۱) پتا چلانا ۔ (۲) پہلے سے انتظام کرنا ۔

Dope ring : (n) منشیات بیچنے یا درآمد کرنے والوں
کا جتھا ۔

Dope story : (n) خبروں کا پس منظر ۔

Dopehead : (n) (عامیانہ) افیونی ۔

Dopesheet / Dopebook : (n) (۱) شرط بازوں کی اطلاع کے لئے
گشتی چٹھی ۔ (۲) کسی چیز سے متعلق
تفصیلی اطلاعات کی گشتی چٹھی ۔

Dopester : (n) سیاسی اور دوسرے معاملات کا پیش گو ۔

Dopey / Dopy : (a) (۱) بدھوش ۔ (۲) سست ۔ (۳) کند ذہن ۔

Doppelganger : (n) دیکھو Double-ganger

Dopper : (n) [Du."dooper".] ولندیزی بپٹسٹ ۔

Dopplerite : (n) [f. Doppler, a German physicist.] ایک بے شکل
ہائیڈرو کاربن ۔

Dor / Dorr : (n) [OE."dora".] (۱) ایک کیڑا جو اڑتے وقت زور
سے بھنبھناتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کا بھونرا ؛
بھونرا ؛ گبریلا ۔

Dorado : (n) [Sp."dorado".] (۱) دیکھو Dolphin
(۲) (علم النجوم) تیغ ماہی ۔

Dorcas : (n) بائبل میں ایک عورت کا نام ۔

Dorcas society : (n) عورتوں کی انجمن (غریبوں کو کپڑا
بانٹنے کے لئے) ۔

Dore : (a) [F.] (۱) طلائی ۔ (۲) طلا آمیز ۔

Doree / Dorey : ایک قسم کی سمندری مچھلی جسے
John Dory بھی کہتے ہیں ۔

Dorhawk : (n) پشہ خوار ۔

Doria / Dorea : (a) [Hindi. "doriya".] ڈوریا (کپڑا) ۔

Dorian : (a) [L."Dorius"] ڈوریا (قدیم یونانی ضلع) کا ۔

Dorian : (n) ڈوریا کا باشندہ ۔

Dorian mode : (موسیقی) قدیم یونانی سادہ اور سنجیدہ طرز ۔

Doric : (a)[L."Doricus".] (۱) ڈوریا کا ۔ (۲) ڈوریا کے باشندوں
سے متعلق ۔ (۳) دیہاتی (زبان) : گنوارو :
ٹھیٹھ ؛ دہقانی ۔ (٤) قدیم مضبوط اور
سادہ یونانی طرز تعمیر سے متعلق ؛
ڈوریائی ۔

Doric : (n) (۱) قدیم یونان کی ایک مقامی بولی ۔
(۲) دیہاتی یا دہقانی انگریزی ۔
(۳) ڈوریائی طرز تعمیر ۔

Doricism : (n) ڈوریائی طرز اظہار ۔

Dorism : (n) (۱) ڈوریائی کلچر ۔ (۲) ڈوریائی طرز بیان ۔

Dorize : (v) [Gr."dorizin".] ڈوریائی اطوار کی یا زبان کی
نقالی کرنا ۔

Dorking : (n) [f."Dorking"in Surrey.] ڈوکنگ نسل کی مرغی ۔

Dorlach : (n) [Gael ."dorlach".] (۱) بنڈل ؛ گٹھر ۔
(۲) سوٹ کیس ۔

Dormancy : (n) [f. next.] حالت خواب ؛ سکوت ؛ خوابیدہ ؛
بے حرکت اور معطل ہونا ۔

Dormant : (a) [OF."dormant".] (۱) خوابیدہ ؛ بے حس و حرکت ۔
(۲) (نقابت) (کسی جانور کی تصویر)
خوابیدہ حالت میں ۔ (۳) معطل ؛ ساکت ؛
مخفی ۔ (٤) دیکھو Dorment window ۔

Dormant account : (n) غیر چالو کھاتا ۔

Dormant bolt : (n) مخفی چٹخنی ۔

Dormant partner : (n) وہ شریک جس کا کاروبار میں دخل
نہ ہو ؛ غیر کار گزار شریک ۔

Dormant table : (n) زمین میں جڑی ہوئی میز ۔

Dormant warrant : (n) وارنٹ جس میں نام کا خانہ خالی ہو ۔

Dormant window : (n) دیکھو Dormer window

Dormer : (n) [OF."dormeor".] ڈھلوان چھت میں باہر کو نکلی ہوئی کھڑکی ؛ خواب گاہ دریچہ ۔

Dormer window : (n) دیکھو Dormer

Dormered : (a) خواب گاہ دریچہ دار ۔

Dormette : (n) [F.] (ہوائی جہاز کی) نشست جس میں لیٹا جاسکے ۔

Dormeuse : (n) [F.] (۱) سفری گاڑی جس میں مسافر سو سکتا ہے ۔

Dormient : (a) [L."dormientem".] خوابیدہ ۔

Dormition : (n) [L."dormitionem".] (۱) خواب ۔ (۲) (مجازاً) موت ۔

Dormitive : (a & n) [F."dormitif".] خواب آور ؛ مسکن ۔

Dormitory : (n) [L."dormitorium".] (۱) وہ کمرہ جس میں بہت سے لوگ سوتے ہیں ؛ عام خواب گاہ (اسکول وغیرہ میں) ۔ (۲) شہر کے کاروباری لوگوں کے مکانات مضافات میں ۔

Dormouse : (n) [Origin unkn.] (۱) گلہری کی قسم کا ایک کترنے والا جانور ؛ نیم چوہا ؛ زبابہ ۔ (۲) خواب آلود شخص ۔

Dormouse : (n) خواب آلود ؛ اونگھتا ہوا ۔

Dormy /Dormie : (a) [Origin unkn.] (گولف) وہ کھیلنے والا جو دوسرے سے اتنے ہی پوائنٹ آگے ہو جتنے کھیلنے کو باقی ہوں ۔

Dornick : (n) [f."Doornik" in Belgium] ایک قسم کا کپڑا ۔

Dornick : (n) [Ir."Gael."dornog".] (۱) گول پتھر ۔ (۲) خام لوہے کی چٹان جو لیمنائیٹ کی کان میں ملتی ہے ۔

Dorothy bag : (n) عورتوں کا ہینڈبیگ جو کلائی پر لٹکایا جاتا ہے ۔

Dorcthy perkins : (n) [personal name.] بیل دار گلاب ۔

Dorr : Dor کی متبادل شکل ۔

Dorsad : (adv) [L."dorsum".] پشت کی جانب ؛ ظہر رویہ ۔

Dorsal : (a) [med. L."dorsalis".] (تشریحات ، نباتیات ، حیوانیات) پستی ؛ ظہری ؛ عقبی؛ ابھری ہوئی پشت کا ۔

Dorsal : (n) قربان گاہ کے پیچھے پڑے ہوئے کپڑے ۔

Dorsal fin : (n) ظہری مہیپر ۔

Dorsal vertebra : (n) فقرات ظہر ۔

Dorsally : (adv.) پچھلی طرف ؛ پشت کی طرف ۔

Dorse : (n) [LG."dorsh".] کاڈ مچھلی کا بچہ ۔

Dorsel : (n) دیکھو Dossel اور Dossal

Dorser : دیکھو dosser

Dorsi /Dors : سابقہ بمعنی "ظہر" ؛ "پشت" ۔

Dorsibranchiate : (a) (حیوانیات) ظہری خیشومی ۔

Dorsiduct : (v) پشت کی طرف مڑنا یا کھچنا ۔

Dorsiferous : (a) (نباتیات، حیوانیات) پشت بردار ۔

Dorsifixed : (a) ہم پشت ؛ ہم رست ؛ ہم نمو ۔

Dorsiflex : (v) پس خمیدہ کرنا ؛ پیچھے کی طرف مڑنا ۔

Dorsiflexion : (n) پس خمیدگی ؛ ظہری خمیدگی ۔

Dorsigerous : (a) پشت بردار ۔

Dorsigrade : (a) پشت پاچال ۔

Dorsimedian : (a) وسط پشتی ۔

Dorsimesal /Dorsomesal : (a) وسط پشتی ۔

Dorsimeson : (n) وسط پشتی لکیر ۔

Dorsiparous : (a) (حیوانیات) پشت زا ؛ (نباتیات) پشت ثمرا ۔

Dorsispinal : (a) ظہری نخاعی ۔

Dorsiventral : (a) (تشریح) ظہری بطنی ؛ (نباتیات) دو رخا ۔

Dorso /Dors : سابقہ بمعنی " ظہر" ؛ "پشت" ۔

Dorsoabdominal /Dorsabdominal : (a) پشت و شکم سے متعلق ؛ پشتی شکمی ۔

Dorsolateral : (a) پشت اور پہلوؤں سے متعلق ؛ ظہری جانبی ۔

Dorsolum / Dorsulum : (n) [mod . L.] میان ظہر ؛ ظہیر ۔

Dorsolumbar : (a) ظہری بدنی ۔

Dorsomedian : (a) ظہری وسطی ۔

Dorsoventral : (a) دیکھو Dorsiventral

Dorsoventrally : (adv.) ظہری بطنی طور پر ؛ ظہری بطنی طرف ۔

Dorsum : (n) [L.] (۱) ظہر پشت ۔ (۲) کسی عضو کی بالائی یا محدب سطح ۔ (۳) یك وقتی لفظ ؛ پشتہ ۔

Dort : (v) [Origin unkn.] روٹھ جانا ۔

Dortour /Dorter : (n) [Of."dortour".] عام خوابگاہ خصوصاً خانقاہ میں ۔

Dorts : (n) [Origin unkn.] بد مزاجی ؛ خفگی ۔

Dory : (n) [F."doree".] دیکھو Doree

Dory : (n) [Origin unkn.] چپٹے پیندے کی ڈونگی ؛ خصوصاً امریکا ماہی گیر جہاز کی کشتی ۔

Dosage : (n) [f.DOSE+-AGE.] (۱) دوا کئی خوراکوں میں دینا ۔ (۲) خوراك ؛ معتاد ۔

Dose : (n) [F.] (۱) دوا کی خوراك ؛ معتاد ؛ گھان ۔ (۲) (مجازاً) ردا (خوشامد یا سزا کا) ۔ (۳) (معاشیات) جرعہ (مقدار) ۔

Marginal dose : (معاشیات) جرعہ حاشیائی ؛ آخری گھان ۔

Dose : (v) (۱) دوا دینا ؛ (دوا کی) خوراك پلانا ؛ (دوا کی) خوراك بنانا ۔ (۲) آمیزش کرنا ؛ ملونی کرنا ۔ (۳) دوا کھانا ۔

Dosimeter : (n) خوراك پیما ؛ معتاد پیما ۔

Dosimetric : (a) خوراك پیمائی سے متعلق ۔

Dosimetry : (n) خوراك پیمائی ؛ معتاد پیمائی ۔

Dosiology /Dosology : (n) خوراك کا علم ؛ معتادیات ؛ علم خوراکاں ۔

Dosis : (n) [Med. L.] دیکھو Dose

Doss : (n) [F."dos".] (۱) پلنگ ؛ (خصوصاً ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ کا) ۔ (۲) خواب ؛ نیند ۔

Doss : (v) [Origin unkn.] سینگوں سے دھکیلنا ؛ زور سے پٹکنا ۔

Doss : (v) سونا (خصوصاً ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ میں) ۔

Doss-house : (n) ادنیٰ قسم کی اقامت گاہ ۔

Dossal/Dossel : (n) [med.L."dossale".] دیکھو Dorsal

Dosser / Dorser : (n) [OF."dossier".] (۱) قربان گاہ کے پیچھے پڑے ہوئے کپڑے ۔ (۲) دوہری جڑی ہوئی ٹوکری ۔

Dosser : (n) ادنی قسم کی اقامت گاہ میں سونے والا ۔

Dossier : (n) [F."dossier".] (۱) کاغذات کا فائل ؛ دستاویزوں کا سٹ خصوصاً کسی شخص کے چال چلن کی یاد داشت ۔ (۲) کسی افسانوی کردار سے متعلق مصنف کی یاد داشت ۔

Dossil : (n) [OF."dosil".] (۱) پھایا ۔ (۲) طباعت میں تختی سے رنگ صاف کرنے کا کپڑا ۔

Dossy : (a) [Sc."dossie".] بنا ٹھنا ؛ چھیلا بنا ہوا ۔

Dost : دیکھو Do

Dot : (n) [OE."dott".] (۱) نقطہ ؛ بند کی ؛ بندی ۔ (۲) (علم بجا) وقف کامل کا نشان ۔ (۳) (نغمہ نگاری) ایك علامت جو مختلف چیزوں کے لئے آتی ہے ۔ (٤) چھوٹی چیز یا چھوٹی شے ؛ حقیر شے ؛ ننھا بچہ ۔ (٥) نوکیلی چیز کے ضرب کی آواز ۔

In the year dot : جہاں تك حساب لگایا جا سکے ۔

Off one's dot : (عامیانه) خبطی ۔

Dot : (n) مالی چیز جس کی صرف سالانه آمدنی شوہر کے قبضه و اختیار میں ہو ۔

Dot : (v) (۱) نقطوں سے نشان کرنا ۔(۲) نقطے لگانا ؛ نقطے دینا ۔(۳) جا بجا ہونا یا نظر آنا ۔(٤) (نقطوں کی طرح) بکھیرنا یا منتشر کرنا ۔

To dot down : خلاصه لکھنا ۔

To dot in : نقطے لگانا ۔

To dot thei : جزئیات کی تفصیل دینا ۔

Dot and dash : نقطے اور خطوط ۔

Dotage : (n) (۱) سٹھیاپا ؛ پیرانه سالی ۔(۲) تعشق ؛ لاڈلا ۔

Dotal : (a) [L."dotalis".] جہیز سے متعلق ۔

Dotard : (n) سٹھیایا ہوا ؛ سترا بہترا ؛ پیر فرتوت ؛ خرف ۔

Dotardly : (a) احمق ؛ احمقانه ۔

Dotation : (n) [F.] وقف ۔

Dote : (n) [F."dote".] جہیز ۔

Dote /Doat : (v) [ME."doten","dotien".] Doat دیکھو

Doted /Doated : (n) مرجھایا ہوا ؛ اندر سے سوکھا ہوا (درخت) ؛ بوسیدہ ۔

Doter /Doater : (n) (کسی پر) لٹو ؛ فریفته ؛ شیفته ۔

Doting /Doating : (n) خبطی ؛ خبط ؛ سادہ لوح ۔

Doting /Doating : (n) احمق ؛ ضعیف الدماغ ۔

Dotingly : (adv) سادہ لوحی سے ؛ حماقت سے ۔

Dotish /Doatish : (a) طفلانه ۔

Dotted : (a) (۱) نقطوں سے بنا ہوا ۔ (۲) نقطه دار ۔

Dotter : (n) نقطے بنانے والا ۔

Dotterel /Dottrel : (n) (۱) زقزاق ابله ؛ ایک پرند (جو سادہ لوح قرار دیا گیا ہے اس لئے کہ وہ بہت آسانی سے پکڑ لیا جاتا ہے ۔(۲) بے وقوف ۔ (۳) شاخ بریدہ درخت ۔

Dottle : (n) پائپ میں وہ تمباکو جو سلگنے سے بچ گیا ہو ۔

Dotly : (a) (۱) نقطه دار ؛ منقوط ؛ نقطوں سے نشان کیا ہوا ؛ بکھرا ہوا ۔(۲) (روز مرہ) سست عقل ؛ ضعیف العقل ؛ جس کا قدم چلنے میں ڈگمگاتا ہو ۔

Doty : (a) بوسیدہ (لکڑی) ۔

Douane : (n) [Fr.] چونگی گھر ۔

Douanier : (n) چونگی افسر ۔

Douar /Dowar : (n) [Arab."duar".] مویشی کے احاطے کے گرد عربی خیموں کا حلقه ۔

Double : (a) [Of."duble","doble".] (۱) دوگنا ؛ دوہرا ؛ دو چند ۔(۲) دوہرا ؛ دو تہ ؛ جھکا ہوا ؛ خمیدہ ۔ (۳) جس کا کوئی حصه دوہرا ہو ۔(٤) (پھول کی صفت میں) ہزار ۔ (٥) مبہم ؛ دو دھاری ؛ دو رخی ۔ (٦) دو گانه ؛ مقدار یا تعداد وغیرہ میں دوہرا ؛ مکرر ؛ ڈبل ۔(۷) (موسیقی) سُر میں نیچا ۔(۸) (فوج) ڈبل مارچ کا ۔ (۹) مکار ؛ ریا کار ؛ منافق ۔

Double : (adv.) دوگنا : دوطرح سے ؛ دوبار ؛ دو دو ؛ دو دو بار ؛ دو ساتھ ساتھ ؛ دو رویه ؛ جفت طور پر ۔

Double : (n) (۱) دونی مقدار یا تعداد ؛ دوچند ۔ (۲) مثنیٰ ؛ جواب ؛ دو مقابل ۔(۳) ہمزاد ۔ (٤) (تاش) پانچ پوائنٹ سے لے کر تین یا اس سے کم تک کا اسکور ؛ دس سے صفر تک کا اسکور ۔(٥) شکار (کے جانور) کا دفعتًا مڑنا ؛ دریا کا تنگ موڑ یا چکر ۔ (۷) لفظ مکرر ۔

At the double : (فوج) دوڑ ؛ بھاگ ۔

To give one the double : بھاگ جانا ؛ بھاگ نکلنا ۔

To work double tides : دو رات کام کرنا ۔

Double : (v) (۱) دو کرنا ؛ دو چند کرنا یا ہونا ؛ دو سے ضرب دینا ۔ (۲) (موسیقی) دو مخالف سرگموں کا ایک ہی سُر کے ساتھ بجانا ۔ (۳) (ایکٹر کا) ایک ہی تماشے میں دو پارٹ ادا کرنا ۔ (٤) ڈبل مارچ کرنا ؛ دوڑنا ۔ (٥) (مسافر وغیرہ کو) ایک مکان یا کمرے میں دوسرے کے ساتھ ٹھہرانا ۔ (٦) دوہرا کرنا ؛ تہ کرنا ؛ جھکانا ۔ (۷) جھکنا ؛ اپنے جسم کو دوہرا کرنا ؛ دوسرے کے جسم کو (ضرب سے) دوہرا کر دینا ؛ (کاغذ یا ورق) کا دوہرا ہونا ؛ تہ ہونا ۔ (۸) (مٹھی کو) بھینچنا ۔ (۹) (انٹا) گیند کا گدا کھانا یا پلٹنا ؛ گدا کھلانا یا پلٹانا ۔ (۱۰) (بحری) (راس کے) گرد گھومنا چکر کھانا ۔ (۱۱) (دوڑ میں) دفعتاً مڑنا ؛ پیچ در پیچ راستہ اختیار کرنا ؛ چکر کھانا ۔ (۱۲) جھکانا ؛ دوہرا کرنا ۔ (۱۳) مضاعف کام کرنا ۔

To double a part : ایک ہی تماشے میں دو پارٹ کرنا یا کسی دوسرے کردار کا پارٹ کر دینا ۔

To double up : کسی کے جسم کو (ضرب سے) دوہرا کر دینا ۔

To double upon : (فوج) گھیر لینا ۔

Double-acting /Double-action : (n) مضاعف عمل ؛ دو طریقوں یا دو سمت میں کام کرنے والا خصوصاً انجن وغیرہ ۔

Double-aspect theory : (n) فلسفہ کا یہ نظریہ کہ دماغ اور جسم ایک حقیقت کے دو رخ ہیں ۔

Double - bank : (v) برچھو پر دو کھینے والے رکھنا ۔

Double-banked : (a) (۱) برچھو پر دو کھینے والے ؛ دو مخالف چپوؤں والا ۔ (۲) ایسا جہاز جس کے دونوں عرشوں پر توپیں ہوں ۔

Double-banker : (n) وہ جہاز جس کے دونوں عرشوں پر توپیں ہوں ۔

Double-barrelled /-eled : (a) (۱) دو نالی (بندوق) ۔ (۲) (مجازاً) دوہری ؛ دگنی ؛ دو رخی ؛ دو دھاری (بات) ۔

Double-bass : (n) گہرے سروں والا ؛ سارنگی کی قسم کا ایک باجا ۔

Double-beat valve : پمپ کا دو منہ والا صمام ۔

Double-bed : (n) پلنگ جس پر دو آدمی سو سکیں ؛ دوہرا پلنگ ۔

Double-bedded : (a) (وہ کمرا) جس میں دو پلنگ ہوں یا دوہرا پلنگ ۔

Double-bitt : (v) (بحری) جہاز کے کھمبے کے گرد دوہرا (رسّا) لپیٹنا ۔

Double-bitted : (a) دو دھاری ۔

Double-bond : (n) دوہرا بند ۔

Double-breasted : (a) دوہرے پیش کا (کوٹ وغیرہ) ۔

Double-breather : (n) دو نتھنوں سے سانس لینے والا جانور ۔

Double-brooded : (a) دو جھولا ۔

Double-change : (n) گھنٹوں کے دو جوڑے ۔

Double-check : (n) (۱) (شطرنج) دوہری کشت ۔ (۲) دوہری جانچ ۔

Double-check : (v) دوہری جانچ کرنا ۔

Double-chin : (n) غب غب ۔

Double-circulation : (n) دوہرا دوران خون ۔

Double-clutch : (v) (موٹر کے) گیئر کو دوبارہ بدلنا (ہر بار گیرندہ کو چھوڑتے ہوئے) ۔

Double-coated : (a) دوہری تہ والا ۔

Double-coincidence : (n) دو گنی مطابقت ۔

Double-column :(n) دو کالم والا ۔

Double-cone : (n) دوہرا مخروط ۔

Double-consciousness : (n) دوہرا شعور ۔

Double-consonant : (n) مکرر حرف صامت ۔

Double-crop : (n) دو فصلیں اگانا ۔

Double-cross : (n) (۱) (عامیانہ) دو رخا دھوکا ؛ دھوکا ۔ (۲) دوہرا دوغلا ۔

Double-cross : (v) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Double-crosser : (n) دھوکا باز ؛ فریبی ۔

Double-cut : (n) اڑی کاٹ ۔

Double-date : (n) دو جوڑوں کی ملاقات کا وقت ۔

Double-dealer : (n) دغا باز ؛ مکار ؛ فریبی ۔

Double-dealing : (n) دغا بازی ؛ چال بازی ؛ فریبی ؛ مکاری ۔

Double-deck/-decked : (a) دو منزلہ ؛ دو عرشہ ؛ دو سطحی ۔

Double-decker : (n) (۱) دو عرشہ جہاز ؛ دو منزلہ گاڑی ۔
(۲) دوہرے بازوؤں والا ہوائی جہاز ۔(۳) دو تہ
والی کوئی چیز ۔(٤) دو جلدوں والا ناول ۔

Double decomposition : (n) (کیمیا) دوہری تحلیل ۔

Double descent : (n) دو نسب ۔

Double-distilled : (a) (مجازاً) خالص ۔

Double-dutch : (a) ناقابل فہم ۔

Double-duty : (a) دو منصبی ۔

Double-dye : (v) (۱) دو بار رنگنا ۔(۲) مستقیم ہونا ۔

Double-dyed : (a) (۱) گہرا رنگا ہوا ۔ (۲) چھٹا ہوا ؛
پکّا بدمعاش جس کی پور پور میں
بدمعاشی ہو ۔

Double-edged : (a) (تلوار) دو دھاری ؛ (بات) ذو معنی ۔

Double-ended : (a) دو کناروں پر ایک سا ۔

Double-ender : (n) (۱) دو سروں والی کوئی چیز خصوصاً
جہاز جو دونوں سروں پر ایک جیسا ہو ۔
(۲) آڑی کاٹ والا آرہ جس میں دو دائروی
آرے لگے ہوتے ہیں تاکہ لکڑی کے دونوں
سرے ایک ساتھ کاٹے جائیں ۔

Double entendre : (n) مبہم یا ذو معنی فقرہ (جس میں
" کہ مکرنی " کی طرح سے ایک معنی
فحش ہو) ؛ قبیح و ملیح ۔

Double-entry : (n) (معاشیات) دوہرا اندراج ۔

Double-envelopment : (n) (فوج) دو طرفہ حملہ ۔

Double-exposure : (n) ایک فلم یا پلیٹ پر دو مرتبہ تصویر
اتارنا ۔

Double-face : (n) (۱) ریا کاری ؛ فریب ۔(۲) ریا کاری ۔

Double-faced : (a) (۱) دو رُخا ؛ دو رو ۔(۲) منافق ؛
ریا کار ۔(۳) مبہم ؛ ذو معنی ۔

Double-feast : (n) (کلیسا) کوئی مذہبی جشن جس میں
جوابی راگ بھجن کے پہلے اور بعد گایا جاتا ہے ۔

Double-first : (n) دو امتحانوں میں اول ۔

Double-footed : (a) کثیر پایہ ۔

Double-fronted : (a) دو رُخا ۔

Double-ganger : (n) بھوت ؛ ہمزاد جو مرنے سے قبل یا
Dresser : (n) (۱) آراستہ کرنے والا ؛ پہنانے والا ۔ (۲) سرجن کا نائب ؛ ڈریسر ؛ مرہم پٹی کرنے والا ۔ (۳) چکنا کرنے والا کوئی اوزار یا آلہ ۔

Dressiness : (n) کپڑے کا شوق ؛ جامہ زیبی ؛ خوش وضعی ۔

Dressing : (n) (۱) آراستگی ؛ پہننا ۔ (۲) سرزنش ؛ کندی ؛ زدوکوب ؛ گوشمالی ۔ (۳) مسالا وغیرہ ۔ (٤) کھاد ۔ (٥) مرہم پٹی ۔ (٦) کلب ۔ (۷) (تعمیرات) ابھرا ہوا آرائشی حاشیہ ۔ (۸) دیکھو Dressing Gown ۔

Dressing bell /-gong : (n) کھانے کا لباس پہننے کی گھنٹی ۔

Dressing case : (n) سنگار بیگ ؛ سنگاردان ۔

Dressing floor : (n) وہ جگہ جہاں خام ٹین کو چوڑا اور صاف کیا جاتا ہے ۔

Dressing gown : (n) ایک ڈھیلا ڈھالا چوغا جو صبح اٹھ کر نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے ؛ ڈریسنگ گون ۔

Dressing room : (n) خوابگاہ سے ملحق کپڑے پہننے کا کمرہ ۔

Dressing table : (n) سنگار میز ؛ سنگار کی آئینہ دار میز ۔

Dressy : (a) (۱) کپڑے کا شوقین ؛ جامہ زیب ؛ خوش لباس ۔ (۲) (لباس کی صفت) خوش وضع ؛ خوش قطع ۔

Dribble : (v) [f."Drib".] (۱) قطرہ قطرہ بہنا ؛ رسنا ؛ ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ بہانا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) (کسی بچے یا بد سلیقہ شخص کی) رال بہنا ؛ رال ٹپکنا ۔ (۳) (فٹبال) پاؤں سے آہستہ آہستہ ٹھکرانا (گیند کو) ۔

Dribble : (n) (۱) پانی کا قطرہ قطرہ یا پتلی دھار میں بہنا ؛ رقیق کا چھوٹا قطرہ ۔ (۲) (فٹبال) گیند کو پاؤں سے آہستہ آہستہ ٹھکرانا ۔ (۳) حقیر رقم (روپیہ) ۔ (٤) پگھلے ہوئے شیشے کی رسوب (جو برتن کی تہ میں رہ جائے) ۔

Dribbler : (n) (۱) گیند کو آہستہ آہستہ مارنے والا ۔ (۲) (ڈھلائی کے بعد) شیشے کی تلچھٹ صاف کرنے والا ۔

Dribblet /Driblet : (n) (۱) حقیر مقدار ۔ (۲) تھوڑی رقم ۔

Dribs and drabs : (n) حقیر مقدار ؛ رقم یا حصہ ۔

Dried : (a) سوکھا ہوا ؛ خشک ۔

Drier / Dryer : (n) خشک ساز ؛ جاذب ؛ خشک کرنے والا ۔

Drift : (n) [ME."drift".] (۱) بہاؤ ؛ رو ۔ (۲) ہلکی دھارا ؛ دھارا ۔ (۳) جہاز کا انحراف سیدھے رستے

سے (دھار کی وجہ سے) ۔(٤) (گردش کی وجہ سے) پھینکی ہوئی چیز کا انحراف یا میل ۔(٥) (جنگل کا قانون) ملکیت اراضی کے استقرار کی غرض سے اس اراضی پر مویشی لے جانا ۔(٦) زمانے کے ساتھ بہنا ۔ (٧) فطری یا غیر محسوس رجحان ؛ میلان ۔ (٨) مقصد ؛ مفہوم ؛ منشا ؛ مطلب ؛ فحوائے کلام ۔(٩) سیل ؛ رو ؛ بوچھار ۔ (١٠) برف یا ریت وغیرہ جو ہَوا سے جمع ہو جائے ؛ باد آور ۔(١١) جو چیز پانی کے بہاؤ سے بہی چلی جائے ۔(١٢) (ارضیات) سطحی مادہ جو ہَوا پانی کے بہاؤ سے جمع ہو جائے ؛ آب آور مادہ ۔ (١٣) بیرنگ مچھلی کے پکڑنے کا بڑا جال جو مد و جزر میں بہتا رہتا ہے ۔(١٤) (کان کنی) معدنی مادے میں ایک رگ یا لکیر جو دور تک دوڑی ہوئی ہو ؛ رگ معدن ۔(١٥) (جنوبی افریقہ) دریا کا پایاب مقام ۔(١٦) دھات میں سوراخ کرنے یا بڑھانے کا اوزار ؛ ایک قسم کا برما ؛ کریدنی ۔(١٧) (جہاز سازی) جہاز کا وہ حصہ جہاں بھاری بوجھ اٹھانے والا آلہ لگاتے ہیں ؛ میخ اور سوراخ کی موٹائی کا فرق ۔(١٨) (بحری) رسے کا لٹکا ہوا حصہ ۔ (١٩) (طیرانیات) دھکیل ۔ (٢٠) گلہ ؛ جھنڈ ۔

Drift : (v) (١) اڑنا ؛ اڑا لے جانا ؛ بہنا ؛ بہا لے جانا ۔ (٢) منہ اٹھائے چلا جانا ؛ بغیر مقصد کے چلنا ۔(٣) ہَوا سے اڑا کر ڈھیر کر دینا یا ہَوا سے اڑ کر ڈھیر ہو جانا ۔(٤) (کھیت یا سڑک کو) برف یا ریت سے پاٹ دینا ۔ (٥) سوراخ کرنا یا بڑھنا ۔(٦) (کان کنی) کھودنا ۔ (٧) بڑے جال کے ذریعہ مچھلی پکڑنا ۔ (٨) انحراف کرنا ؛ منحرف ہونا ۔(٩) میلان کے مطابق ترقی کرنا (کسی زبان کا) ۔

Drift anchor : (n) پیراک لنگر ۔

Drift angle : (n) زاویہ انحراف ۔

Drift bolt : (n) دوسری میخوں کو نکالنے کے لئے لمبی میخ ۔

Drift-ice : (n) آب آور میخ ۔

Drift-keel : (n) جہاز کی تہ کا نیچے کا شہتیر ۔

Drift-net : (n) مچھلی پکڑنے کا بہاؤ جال ۔

Drift piece : (n) بھاری تختے جو بوجھ اٹھانے والے کے پاس جڑے ہوتے ہیں ۔

Drift pin/punch : (n) کریدنی ۔

Drift rain : (n) بوچھار ۔

Drift -sight : (n) زاویہ انحراف پیما ۔

Drift way / Drift -way : (n) (١) مویشیوں کو لیجانے کا رستہ ۔(٢) (بحری) جہاز کا انحراف ۔(٣) (کان کنی) رگ معدن ۔

Drift-weed : (n) سمندر برد گھاس ۔

Drift-wind : (n) برف اور ریت کو بہا لے جانے والی ہَوا ۔

Drift-wood / Driftwood : (n) دریا برد لکڑی ۔

Drifgage : (n) (١) رو ؛ بہاؤ ۔(٢) آب آور یا باد آور شے ۔ (٣) انحراف ۔

Drifting : (n) کان کھودنا ؛ کان کنی ۔

Driftingly : (adv.) بہتے ہوئے ؛ بغیر مقصد کے ۔

Driftless : (a) (١) بے مقصد ۔ (٢) (ارضیات) بے رگ معدن ۔

Drifty : (a) بہنے والا ؛ بہاؤ سا ۔

Drill : (n) [See DRILL (v).] چشمہ ؛ ندی ۔

Drill : (n)[Du."dril","drille".] (١) برما ۔(٢) ایک قسم کی خول دار مچھلی یا خول دار آبی جانور ۔ (٣) سوراخ کرنے کا طرز یا طریقہ ۔ (٤) فوجی تربیت ؛ قواعد ۔(٥) قواعد سکھانے والا ۔(٦) کڑی تربیت ؛ سخت گیرانہ انضباط ۔(٧) کھٹ کھٹ کی آواز ۔

Drill : (n) [native name.] مغربی افریقہ کا ایک بندر ۔

Drill : (n) (١) مرز ؛ میکھ ؛ ریکھا ؛ باہن ؛ جتے ہوئے کھیت کی نالی جس میں بیج ڈالا جاتا ہے ۔(٢) ڈرل ؛ ایک مشین جس سے کھیت جوتنے، بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ہوتا ہے ۔ (٣) پودوں کی ایک قطار جو ایک باہن میں ہو ۔

Drill : (n) برمانہ ؛ برماؤ ؛ فوجی قواعد ۔

Drill : (v) [Origin unkn.] (١) دیر کرنا ؛ ملتوی کرنا ۔ (٢) بھگانا ۔ (٣) بھاگ جانا ؛ آہستہ آہستہ غائب ہو جانا ۔

Drill : (v) [M. Du."drillen".] (۱) برمانا ؛ سوراخ کرنا ۔ (۲) فوجی قواعد سکھانا ۔ (۳) سختی سے تربیت کرنا ؛ کڑی تربیت حاصل کرنا ۔ (٤) کھٹ کھٹ کی آواز نکالنا۔ (٥) (موٹر کا) پھسلنا ۔

Drill : (v) (۱) ریکھا میں بونا ؛ قطار میں بونا ۔ (۲) ڈرل کی مدد سے بونا ۔

Drill-barrow : (n) قطار میں بونے کی ایک مشین ۔

Drill-harrow : (n) ریکھاؤں کے بیچ سے گھاس نکالنے والا سراون ۔

Drill machine/plough : (n) ایک مشین جس سے کھیت جوتنے، بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ہوتا ہے ۔

Drill-press : (n) دھات میں سوراخ کرنے کی مشین ؛ برما شکنجہ ۔

Drill sergeant : (n) فوجی قواعد سکھانے والا افسر ۔

Drill-stock : (n) دھات میں برما کرنے کا شکنجہ ۔

Driller : (n) برمانے والا ؛ قواعد سکھانے والا ؛ سختی سے تربیت کرنے والا ۔

Drilling : (n) [Corruption of Ger."drillich".] ایک قسم کا موٹا کپڑا ؛ زین ؛ ڈرل ۔

Drilling : (n) برمانا ؛ برماؤ ؛ فوجی قواعد ۔

Drily : (adv.) خشکی سے ؛ روکھے پن سے ۔

Drink : (v) [OE."drincan".] (۱) پینا ۔ (۲) (کسی صحت بخش مقام کا پانی) بطور دوا پینا ۔ (۳) جذب کرنا ؛ سوکھنا (پودے وغیرہ کانمی کو) ۔ (٤) پی کر خالی کر دینا ؛ سارا کا سارا پی جانا ۔ (٥) پی ڈالنا یا پی کر اُڑا دینا؛ (آمدنی وغیرہ) شراب میں اڑا دینا ۔ (٦) شراب پینا ؛ شراب کا عادی ہونا ؛ شرابی ہونا ۔ (۷) جام صحت پینا ۔ (۸) (in کے ساتھ) غور سے سننا ؛ گوش و ہوش سے سننا ؛ ذوق و شوق سے سننا ۔

To drink deep : خوب پینا ؛ بہت پینا ۔

To drink to : کسی کا جام صحت نوش کرنا ؛ سلامتی کا جام پینا ۔

To drink up / off / out : ایک سانس میں پی جانا ؛ چڑھا جانا ۔

Drink : (n) (۱) پینے کی چیز ؛ کوئی عرق یا رقیق شے جو پی جائے ۔ (۲) شربت ؛ نوشیدنی ؛ مشروب ۔ (۳) شراب ؛ مے ؛ بادہ ۔ (٤) شراب خواری ؛ مے کشی ؛ بادہ گساری ۔ (٥) شراب کا ایک جام ؛ ایک پیالہ ایکبار پینا ۔ (٦) سمندر ۔

In drink : مست ۔

Drink-hail : (n) جام صحت ۔

Drink-money / Drink-penny : (n) شراب پینے کےلئے بخشش ۔

Drink offering : (n) شراب کا چڑھاوا ؛ تھوڑی سی شراب دیوتا کے نام پر زمین پر پھینک دینا ۔

Drinkable : (a & n) (۱) نوشیدنی ؛ پینے کے قابل ۔ (۲) (جمع) مشروبات ؛ اشیائے نوشیدنی ؛ پینے کی چیزیں ۔

Drinkableness : (n) قابل نوشیدنی ہونا ۔

Drinker : (n) (۱) پینےوالا ؛ نوشندہ ؛ شرابی ۔ (۲) ایک بڑا یورپی پتنگا (Drinkermoth) ۔ (۳) مویشیوں یا مرغیوں کے پانی پینے کا برتن ۔

Drinking : (n) (۱) پینا ؛ شراب پینا ؛ مے خواری ۔ (۲) مجلس میخواری ۔ (۳) ہلکا ناشتہ ۔

Drinkless : (a) بے شراب ؛ جس نے کچھ نہ پیا ہو ۔

Drip : (v) [OE."dryppan".] (۱) ٹپکنا ؛ رسنا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) قطرے ٹپکانا ؛ قطرے گرانا ۔ (۳) کسی چیز کا اس قدر بھیگ جانا کہ اس سے قطرے ٹپکتے ہوں ۔ (٤) لٹکنا ۔

Drip : (n) (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا ۔ (۲) وہ چیز جو ٹپک رہی ہو ۔ (۳) (تعمیرات) کنگنی ۔ (٤) قطروں کے گرنے کی آواز ۔ (٥) بکواس ۔ (٦) (عامیانہ) سادہ لوح ؛ بے وقوف ۔

Right of drip : دوسرے کی زمین میں اولتی ڈالنے کا حق ۔

Drip-drop : (n) ٹپ ٹپ گرنا ؛ بوندا باندی ؛ تقاطر ؛ لگاتار ٹپکنا ۔

Drip-dry : (v) لٹکا کر بلا شکن کے سکھانا ۔

Drip-dry : (a) لٹکا کر بلا شکن سوکھنے والا ۔

Drip joint : (n) ٹپک جوڑ ۔

Dripping : (n) (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا ؛ ٹپکانا ۔ (۲) چربی (جس میں گوشت پکایا جائے) ۔ (۳) پانی یا چربی وغیرہ جو کسی چیز سے ٹپک رہی ہو ۔ (٤) زائد رقیق جو مشین سے ٹپکتی ہو ۔

Dripping pan : (n) وہ برتن جس میں پگھلی ہوئی چربی جمع کرتے ہیں ۔

Dripple : (v) [Fusion of DRIP and DRIBBLE.] قطرہ قطرہ ٹپکنا ۔

Dripstone : (n) (۱) پتھر کا چمچہ : سائبان ۔ (۲) مسام دار پتھر کا مقطار ۔

Drive : (v) [OE."drifan","draf".] (۱) (شکار کا) ہانکا کرنا ؛ گھیر کر لانا ۔ (۲) (علاقے کا) دورہ کرنا ؛ (جنگلات کاقانون) دیکھو Drift ۔ (۳) چلانا ؛ ہانکنا ۔ (٤) گاڑی میں لے جانا ۔ (٥) گاڑی چلانا یا ہانکنا ۔ (٦) اپنی گاڑی میں جانا۔ (۷) ٹھیلنا ؛ جبر کرنا ؛ مجبور کرنا ۔ (۸) حد سے زیادہ مشقت لینا ۔ (۹) بہا لے جانا ؛ اُڑا لے جانا ۔ (۱۰) پھینکنا ؛ دھکیلنا ۔ (۱۱) (گولف) گیند کو ڈرائیور سے مارنا ۔ (۱۲) (کرکٹ) (گیند کو) آگے کی طرف مارنا ۔ (۱۳) سوراخ کرنا ؛ برمانا ؛ (سرنگ) کھودنا ۔ (۱٤) (بھاپ کا) چلانا یا متحرک رکھنا (مشین کو) ۔ (۱٥) چلانا (کاروبار) ؛ (سودا) کرنا ۔ (۱٦) ملتوی کرنا ؛ ملتوی رکھنا ۔ (۱۷) (کسی کام میں) محنت کرنا ؛ جانفشانی کرنا ۔ (۱۸) جھپٹنا ؛ دوڑ پڑنا ۔ (۱۹) بہنا ؛ بہا لے جانا ۔ (۲۰) نشانہ کرنا ؛ نشانے پر مارنا ۔ (۲۱) پھیلانا ؛ پتلا کرنا (خصوصاً مصوری میں) ۔ (۲۲) بڑے جال سے مچھلی پکڑنا ۔ (۲۳) کسی طرف مائل ہونا ۔ (۲٤) (کسی خاص بات کی طرف) اشارہ کرنا ؛ مراد ہونا ؛ مطلب ہونا ۔

To drive a quill /-pen : لکھنا ۔

To drive at : مراد ہونا ؛ مطلب ہونا ۔

To drive out : (۱) کسی کو نکال کر اس کی جگہ لینا۔ (۲) جگہ چھوڑ کر ٹائپ جمانا ۔

Drive : (n) (۱) گاڑی میں سیر ۔ (۲) ہانکا ؛ گھیر کرنا ۔ (۳) کرکٹ یا گولف کا ہٹ ۔ (٤) زور ؛ قوت عمل ۔ (٥) رجحان ؛ میلان ۔ (٦) گاڑی کی سڑک خصوصاً گھر کے احاطے کی سڑک ۔ (۷) (کان کنی) افقی سرنگ ۔ (۸) ٹائپ کا قالب ۔ (۹) کم قیمت پر مال بیچنا ۔ (۱۰) وہ دباؤ جس سے تیل یا دوسری رقیق اشیاء کنوئیں میں جمع ہو جاتی ہیں ۔ (۱۱) جارحانہ کاروائی ۔

Full drive : پوری تیزی سے ؛ سرعت سے ۔

Whist-drive : ایک کھیل ہے جس میں کئی ٹولیاں مختلف میزوں پر خاموش تاش کھیلتی ہیں اور ان میں سے بعض کھلاڑی ہر بازی کے بعد دوسرے میز پر چلے جاتے ہیں ۔

Drive : (a) دھکیلنے والا ۔

Drive-bolt : (n) دیکھو Drift-bolt

Drive-in : (n) ایسی کاروباری جگہ جہاں گاہکوں کو ان کی گاڑی ہی میں چیزیں مہیا کر دی جاتی ہیں ۔

Drive-pipe : (n) گاڑی یا مشین کی پن نلکی ۔

Drive screw : (n) ہتھوڑی سے لگانے والا پیچ ۔

Drive-shaft : (n) مشین کو چلانے کا دھرا ۔

Drive-wheel : (n) (۱) مشین کا وہ پہیہ جو اورحصوں کو حرکت دے ۔ (۲) انجن کا بڑا پہیا ۔ (۳) سائیکل کا پہیا جس سے زنجیر (چین) گھومتی ہے ۔

Driveaway : (n) گاڑی جو چلا کر یا بانک کر کارخانے سے خریداروں تک پہنچا دی جائے ۔

Drivel : (n) [OE."dreflian".] حماقت کی باتیں ؛ بکواس ؛ مہمل باتیں ۔

Drivel : (v) (۱) بچوں کی طرح رال ٹپکانا یا ناک بہنے دینا ۔ (۲) بچوں کی یا فاتر العقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا ۔ (۳) (قوت وغیرہ کو) منتشر کر کے ضائع کر دینا ۔

Driveler / Driveller : (n) احمق ؛ گاؤدی ؛ بے وقوف ؛ حماقت کی باتیں کرنے والا ۔

Driveling / Drivelling : (n) بکواسی ۔

Driveling /Drivelling : (v) (۱) ضعیف العقل ۔ (۲) طفلانہ ۔

Driven : (a) (۱) ہوا برد ۔ (۲) آوردہ ۔

Driver : (n) (۱) ہانکنے والا ؛ چلانے والا ؛ گاڑی بان ؛ کوچ بان ؛ ڈرائیور ۔ (۲) (گولف) ایک قسم کا بلا ۔ (۳) چلانے والا پہیا (مشین کا) ۔ (٤) غلاموں کے گروہ کا نگراں ۔ (٥) ایک ماہی گیر کشتی جس میں بڑا جال لگا رہتا ہے ۔ (٦) اگلا پچھلا بادبان جو مستول کے پرے لگایا جاتا ہے ۔

Driver-ant : (n) فوجی چیونٹی ۔

Driver-boom : (n) (بحری) شہتیر جس میں اگلا پچھلا بادبان بندھا رہتا ہے ۔

Driveway : (n) راستہ جس پر کوئی چیز چلائی جاسکے۔

Driving : (n) ہانکنا ؛ چلانا ۔

Driving : (a) (۱) محرک ؛ دھکیلنے والا ۔ (۲) تیز رفتار ۔ (۳) قوی ۔ (٤) زیادہ کام کرانے والا ۔ (٥) ڈرامائی ۔

Driving box : (n) (۱) کوچ بان یا ڈرائیور کی نشست ۔ (۲) دُھرے کی چول ۔

Driving-wheel : (n) دیکھو Drive-wheel

Drizzle : (n) [See next] پھوار ؛ ترشح ؛ بوندا باندی ۔

Drizzle : (v) [OE."dreosan".] پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا ۔

Drizzly : (adv.) پھوار سا ۔

Drog : (n) (اسکاچستان) لکڑی ڈھونے کا نیچا ٹرک ۔

Drogher / Droger / Drogger : (n) [F."drogueur".] (۱) ویسٹ انڈیز کا ساحلی جہاز ۔ (۲) سست رفتار بھاری کشتی وغیرہ ۔

Drogoman / Drogueman : (n) دیکھو Dragoman

Drogue : (n) (۱) ترنڈ جو وہیل برچھے (harpoon) کی رسی کے سرے پر ہوتا ہے ۔ (۲) بہاؤ لنگر (بیگ کی شکل کا) ۔ (۳) ایک ترکیب جس سے اڑتے ہوائی جہاز میں (اڑتے ہوئے ٹینکر سے) تیل بھرا جاتا ہے ۔

Droit : (n) [F."droit".] حق ؛ لگان کے علاوہ زمیندار کا نذرانہ ؛ مال غنیمت ؛ بالائی نفع ۔

Droitsman : (n) لگان کے علاوہ زمیندار کا نذرانہ وصول کرنے والا ۔

Droits of Admiralty : دشمن سے چھینے ہوئے جہاز جو بحری محکمے والوں کا حق سمجھے جاتے ہیں ۔

Droitural : (a) [F."droiture".] (قانون) حق جائداد سے متعلق ۔

Droll : (n) [F."drole".] مسخرا آدمی ۔

Droll : (a) (۱) مضحک ؛ مسخرا ۔ (۲) عجیب ؛ انوکھا ؛ نرالا ۔

Droll : (v) مسخرا پن کی حرکتیں کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ دل لگی کرنا ۔

Drollery : (n) [F."drolerie".] (۱) ٹھٹھول ؛ مسخرا پن ۔ (۲) مضحک شعر یا قصہ وغیرہ ۔ (۳) انوکھی دل لگی یا مذاق ۔

Drollingly : (adv.) ٹھٹھول کرتے ہوئے ؛ مسخرے کی طرح ۔

Drollness : (n) انوکھا پن ؛ مسخرا پن ۔

Drolly : (adv.) مضحک طریقے سے ؛ انوکھے طریقے سے ۔

Dromaegnathous : (a) [Gr."dromaeos+gnathos".] فک رویہ ۔

Dromedarian : (a) ناقہ سا ۔

Dromedarian : (n) ناقہ سوار ۔

Dromedarist : (n) ناقہ سوار ؛ ناقہ شناس ۔

Dromedary : (n) [F."dromedaire".] سانڈنی ؛ ناقہ ۔

Dromic /-al : (a) [Gr."dromikos".] گھوڑ دوڑ کے میدان سا ؛ گھوڑ دوڑ کے میدان سے متعلق ۔

Dromioid : (a&n) (۱) کیکڑے جیسا ؛ قشریہ کی شکل کا ۔ (۲) اس قسم کا قشریہ ۔

Dromograph : (n) [Gr."dromos"+GRAPH.] رفتار خون پیما ۔

Dromond/ Dromon : (n) [Afr."dromond".] عہد وسطی کا ایک بڑا جہاز جو جنگ اور تجارت دونوں میں کام آتا تھا ۔

Dromornis/Dromaeornis : (n) [Gr."dromos" or mod. L."Dromaeus".] آسٹریلیا کا ایک معدوم پرند جو شتر مرغ سے مماثل تھا ۔

Dromos : (n) [Gr.] (اثریات) در رستہ ۔

Dromotropic : (a) قلبی عضلہ کی نا قابلیت پر اثر انداز ہو ۔

Dronage : (n) کاہلی ۔

Drone : (n) [OE."dran".] (۱) مگس نر؛ شہد کی نر مکھی ۔ (۲) (مجازاً) احدی ؛ کاہل ۔ (۳) بے ہوا باز کا ہوائی جہاز (جس کو ریڈیو سگنل کے ذریعہ دور سے کنٹرول کیا جائے) ؛ سمندری جہاز جس کو دور سے ریڈیو کے ذریعہ کنٹرول کیا جائے ۔

Drone : (n) (۱) بھنبھناہٹ ۔ (۲) بین باجا کے نیچے سر کی نے ؛ بین باجا کی آواز ۔ (۳) بین باجا ۔ (٤) یکساں لہجے میں تقریر کرنے یا بولنے والا ۔

Drone : (v) (۱) بھنبھنانا ۔ (۲) یکساں لہجے میں بولنا یا تقریر کرنا ۔

Drone : (v) کاہلی کرنا ؛ بے کار وقت ضائع کرنا ۔

Drone-beetle : (n) بھونرے کی ایک قسم ۔

Drone-fly : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Drongo/Drongo shrikes : (n) ایک قسم کی چڑیا ۔

Drongo cuckoo : (n) نیپالی کوئل ۔

Droningly : (adv.) بھنبھناتے ہوئے ۔

Dronish : (a) کاہل ؛ سست ۔

Dronishly : (adv.) کاہلی سے ۔

Dronishness : (n) کاہلیت ۔

Drony : (a) کاہل ۔

Drool : (v) دیکھو Drivel

Droop : (v) [ON."drupa".] (۱) جھکنا ؛ گرا پڑا (تکان سے) ۔ (۲) (آنکھوں کا) جھکنا ؛ نظر نیچی ہونا ۔ (۳) (سورج وغیرہ) ڈوبنا ؛ غروب ہونا ۔ (٤) پژمردہ ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ گھلنا ؛ مضمحل ہونا ؛ ڈھلنا ؛ ہمت ہارنا ؛ جی چھوٹ جانا ۔ (٥) گرانا ؛ جھکانا ؛ (سر، چہرے یا نگاہ کو) ۔

Droop : (n) خم ؛ خمیدگی ؛ اضمحلال ؛ افسردگی ؛ (آواز) کمزور ہو جانا ۔

Drooper : (n) جھکنے والا ؛ افسردہ ؛ پژمردہ ۔

Droopingly : (adv.) سر وغیرہ جھکا کر ؛ پژمردگی سے ؛ افسردگی سے ۔

Droopy : (a) [ME."drupi".] افسردہ ؛ مضمحل ؛ پژمردہ ۔

Drop : (n) [OE."dropa".] (۱) بوند ؛ قطرہ ۔ (۲) زرہ ؛ قلیل ؛ مقدار ۔ (۳) ایک پیالہ شراب ؛ ایک گھونٹ شراب ۔ (٤) بندا ؛ گوشوارہ ؛ آویزہ ۔ (٥) ایک نُقل جو پھلوں کے عرق سے گولیوں کی شکل میں بنایا جاتا ہے ؛ لیمن ڈراپ ۔ (٦) گرنا ؛ زوال ؛ سماجی تنزل ؛ تخفیف ؛ کمی ؛ (قیمت، حرارت وغیرہ میں) ۔ (۷) (ناٹک) ڈراپ سین ؛ ایک ایکٹ کے خاتمے کا پردا ۔ (۸) پھانسی کا تختہ ؛ وہ فاصلہ جتنی دور ملزم تختے سے گرکر لٹکتا ہے ۔ (۹) سطح میں دفعتاً نشیب آ جانا ؛ کھڑا نشیب یا آتار ۔ (۱۰) (فٹبال) وہ کک (ٹھوکر) جو گیند کو گدا کھلا کر لگائی جائے ۔ (۱۱) گدا کھانے پر فٹبال میں ٹھوکر لگانا ۔ (۱۲) گیس کی روشنی کو کم کرنے کی ایک ترکیب ۔ (۱۳) تالے کے سوراخ کا محرک ڈھکن ۔ (۱٤) لیٹر بکس کا سوراخ ۔ (۱٥) (جانوروں کا) بچہ دینا ؛ بچہ (جانور کا) ۔ (۱٦) پیرا شوٹ کے ذریعہ اترنا ۔ (۱۷) ترکاریوں کے تنے کی پژمردگی یا کملاہٹ ۔ (۱۸) دشمن کو نشانے کی زد میں رکھنا ؛ مخالف پر فوقیت ۔

A drop in the bucket /- ocean : حقیر مقدار ؛ اتنے میں نمک ؛ سمندر میں قطرہ ۔

At the drop of a hat : موقع ملتے ہی ؛ فوراً ۔

(Prince) Rupert's Drops : شیشے کا آویزہ جو کسی حصے کے ٹوٹنے سے چور چور ہو جاتا ہے ۔

Drop : (v) (۱) ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ گرنا ؛ رسنا ۔ (۲) گرنا ۔ (۳) (مجازاً) زبان سے نکل جانا ۔ (٤) غائب یا ضائع ہو جانا ۔ (٥) تھک کر یا زخمی ہو کر گرنا ؛ (شکاری کتے کا) شکاری کو دیکھ کر دبک جانا ۔ (٦) سو جانا ؛ عادت پڑ جانا ۔ (۷) مرنا ۔ (۸) ختم ہونا ؛ بند ہونا ؛ موقوف ہونا ۔ (۹) گھٹنا ؛ تخفیف ہونا ؛ گرنا ؛ اترنا ۔ (۱۰) دریا کے

Drop in : (v) (۱) سرسری طور پر ملاقات کرنا ۔ (۲) کبھی کبھار آنا ۔ (۳) خالی ہو جانا ۔ (٤) ایک ایک کر کے داخل ہونا ۔

Drop-kick : (n) (فٹبال کو) گدا دے کر مارنا ۔

Drop letter : (n) (۱) مقامی چھٹی ۔ (۲) کتاب کے باب کا ابتدائی حرف جو بڑا ہوتا ہے ۔

Drop-meter : (n) قطرہ پیما ۔

Drop off : (v) (۱) ایک ایک کرکے روانہ ہو جانا ۔ (۲) سو جانا ؛ آنکھ لگ جانا ۔ (۳) آمد و رفت کم کرنا ۔(٤) مرنا ۔

Drop-off : (n) کھڑی ڈھال ، نشیب یا اتار ۔

Drop out : (v) غائب ہونا ۔

Drop press : (n) ابھرواں نقش اور سوراخ وغیرہ بنانے کی مشین ۔

Drop-scene : (n) (۱) ایکٹ کے خاتمے کا پردہ ۔ (۲) آخری سین ؛ ڈرامے کا خاتمہ ؛ آخری منظر ۔ (۳) زندگی کا انجام ۔

Drop-seed : (n) تخم ریز گھاس ۔

Drop shutter : (n) فوٹو گرافی کا ایک آلہ جس سے فوٹو پلیٹ پر روشنی پڑ کر اتر آتا ہے ؛ سقوطی مندن ۔

Drop sulphur / Drop tin : (n) دانہ دار گندھک یا ٹین ۔

Drop table : (n) (۱) بوجھ اتارنے کی مشین خصوصاً جس سے گاڑی کا پہیا نکالا جاتا ہے ۔(۲) دیوار میں لگی ہوئی میز جس کو تہ کیا جا سکے ۔

Drophead : (n) ڈیلی سرخی ۔

Drophead : (a) (وہ موٹر) جس کی چھت کو کھولا جا سکے ۔

Droplamp /-light : (n) دستی گیس لالٹین ۔

Droplet : (n) بوندی : چھوٹا سا قطرہ ۔

Dropout : (n) کام ختم ہونے سے پہلے اسے چھوڑ دینے والا ۔

Dropped /Dropt : (a) (۱) گرا ہوا ۔ (۲) (انڈا) تلا ہوا ۔

Dropper : (n) (۱) گرانے والا خصوصاً بیج بونے والا : ڈراپر ۔(۲) شکاری کو دیکھ کر دبک جانے والا شکاری کتا ۔(۳) مچھلی پکڑنے کی مصنوعی نشیب کی طرف جانا ۔(۱۱) پیچھے ہو جانا ؛ رہ جانا ۔(۱۲) اتفاقاً آ جانا ؛ آ نکلنا ۔ (۱۳) ٹپکانا ؛ گرانا ۔(۱٤) جانے دینا ؛ ڈالنا ؛ چھوڑنا ؛ گرانا ۔(۱۵) جننا ؛ بچہ دینا (خصوصاً بھیڑ، بکری کا) ۔(۱٦) سرسری طور پر کہہ دینا یا لکھدینا ۔(۱۷) مارنا ؛ اڑانا (خصوصاً روپئے کا جوئے میں) ۔ (۱۸) گھونسا یا کلہاڑی یا گولی مار کر گرانا ۔ (۱۹) (مسافر یا پارسل) اتارنا ۔(۲۰) کوئی حرف بولنے میں چھوڑ دینا ۔(۲۱) (آنکھیں) جھکا لینا ؛ نیچی نظر کر لینا ۔ (۲۲) (آواز) دھیمی کرنا ۔(۲۳) (فٹبال کو) گدا دے کر کک مارنا ؛ (اسی طریقے سے) گول کرنا ۔(۲٤) کسی سے ملنا جلنا موقوف کرنا ؛صحبت ترک کرنا ؛ کسی بات کو چھوڑنا ؛ ختم کرنا ۔ (۲۵) چھڑکنا ۔

To drop a brick : (عامیانہ) لغزش ۔

To drop a curtsy : کورنش بجالا ۔

To drop anchor : لنگر انداز ہونا ۔

To drop astern : (بحری) دوسرے جہاز کو رستہ دینے کے لئے جہاز کی رفتار کم کرنا ۔

To drop one's lines : اداکار کا اپنی تقریر کا کوئی حصہ بھول جانا ۔

Drop arch : (n) وہ محراب جس کا نصف قطر چوڑائی سے کم ہو ۔

Drop away : (v) (۱) قطرہ قطرہ یا ایک ایک کرکے گرنا ۔ (۲) (مجازاً) ایک ایک کرکے روانہ ہونا ۔

Drop bar : (n) (طباعت) بیلن جس سے مشین میں کاغذ دیا جاتا ہے ۔

Drop-black : (n) عمدہ قسم کا ہڈی کا کوئلہ جسے پیس کر سکھاتے ہیں ۔

Drop-curtain : (n) پردہ نمائش ۔

Drop-dry : (a) پن روک ؛ جس میں پانی نہ داخل ہو سکے ۔

Drop-fly : (n) (مچھلی کے شکار میں استعمال ہونے والی) مصنوعی مکھی کی ایک قسم ۔

Drop-hammer : (n) دیکھو Drop-press

Drop-handle : (n) جھکا ہوا دستہ ۔

مکھی کی ایک قسم ۔(٤) آویزہ ۔(٥) قطرہ ریز ۔
(٦) ضمنی رگ معدن ۔

Dropping : (n) (١) گرنا ؛ ٹپکنا ۔(٢) ٹپکنے والا ۔
(٣) جانوروں کا فضلہ ؛ گوبر ؛ بیٹ یا لید ۔

Dropping : (a) (١) ٹپکنے والا ۔(٢) غیر مسلسل ۔

Dropping-bottle : (n) قطرہ ریز بوتل ۔

Dropping-tube : (n) قطرہ ریز نلکی ۔

Dropping-well : (n) کنواں جو پانی گرنے سے بن گیا ہو ۔

Droppingly : (adv.) رک رک کر ؛ غیر مسلسل طور پر ۔

Dropsical : (a) [f. DROPSY.] (١) استسقا سے متعلق ؛
استسقائی ۔ (٢) استسقا کا (مریض) ۔

Dropsically : (adv.) استسقا کے طور پر ۔

Dropsied : (a) (١) مستسقی ۔(٢) پھولا ہوا ۔

Dropsy : (n) [MB."dropesie".] (١) استسقائے زقی ؛ چلندر کی
ایک قسم ۔ (٢) (مجازً) حد سے زیادہ
پھولا ہوا ہونا ۔

Dropwise : (adv.) قطرہ قطرہ ۔

Dropwort : (n) شوکران آبی ؛ ایک قسم کا پودا جس کی
جڑیں گرہ دار (یا ثعلبی) ہوتی ہیں ۔

Droshky/Drosky/Droitzschka/Droshka : (n) [Russ."drozhki".]
(١) نیچی چار پہیوں والی روسی گاڑی ۔
(٢) جرمانیہ میں کرائے کی گاڑی ۔

Drosometer : (n) [Gr."drosos"+-METER.] شبنم پیما ۔

Dross : (n) [OE."dros".] (١) دھات کا میل ۔(٢) میل ؛
خارجی مادہ ۔ (٣) فضلہ ؛ کوڑا کرکٹ ۔

Dross : (v) میل نکالنا ؛ خالص بنانا ۔

Drossless : (a) خالص ۔

Drossiness : (n) نا خالصیت ۔

Drossy : (a) میل دار ؛ میل جیسا ۔

Drought /Drouth : (n) [OE."druza".] (١) خشکی ؛ تشنگی ؛
پیاس ۔(٢) خشک سالی ؛ قحط (باراں) ؛
امساک باراں ۔

Droughtiness : (n) خشکی ؛ بے آبی ۔

Droughty /Drouthy : (a) (١) خشک ؛ بے آب ۔(٢) پیاس ۔

Drouth /Drouthy : دیکھو Drought

Drove : (n) [OE."draf".] (١) جانوروں کا متحرک گلہ ۔
(٢) بھیڑ ؛ غول ؛ گروہ ؛ مجمع ؛ خیل ۔
(٣) معماروں کی چوڑی چھینی ۔(٤) گلوں
کی سڑک ۔(٥) نالا ؛ پٹین ؛ (پانی نکالنے
یا سیرابی کے لئے) آبیارنالی ۔

Drove : (v) مویشی کے بیوپاری کا کام کرنا ۔

Drove : (v) چوڑی چھینی سے پتھر کو چکنا کرنا ۔

Drove-road : (n) پرانی بے مرمت سڑک جس پر گلوں کو
لے جانے کا آزاد حق تھا ۔

Drover : (n) جانوروں کے گلے کو نخاس میں لے جانے
والا ؛ مویشی کا بیوپاری ۔

Drovy : (a) [Oe."drof".] گدلا ۔

Drown : (v) [ME."drun","droun".] (١) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ؛
ڈوب مرنا ۔(٢) ڈبونا ؛ غرق کرنا ۔
(٣) غوطہ دینا ؛ شرابور کرنا ؛ بھگونا ۔
(٤) (شور وغل کا آواز کو) دبا لینا ؛
غالب آجانا ۔ (٥) (شراب کے نشے میں)
غم غلط کرنا ۔

To drown out : سیلاب میں بہا دینا ۔

Drowner : (n) ڈبونے والا ؛ غالب آ جانے والا ۔

Drowningly : (adv.) ڈوبتے ہوئے ۔

Drowse : (v) [Back-formation from DRAWSY.] (١) اونگھنا ۔
(٢) سست ہونا ۔(٣) غنودگی طاری کرنا ۔
(٤) سستی میں یا اونگھنے میں گزارنا
(وقت کو) ۔

Drowse : (n) غنودگی ۔

Drowsihead/Drawsihood : (n) دیکھو Drawsiness

Drowsily : (adv.) غنودگی میں؛ سستی سے؛ اونگھتے ہوئے ۔

Drowsiness : (n) غنودگی ؛ سستی ۔

Drowsy : (a)[OE."drusian".] (١) اونگھتا ہوا ؛ نیم خوابیدہ ؛
خواب آلود ۔(٢) سلا دینے والی (آواز وغیرہ) ۔
(٣) سست ؛ کاہل ۔

Drowsy-head : (n) سست ؛ کاہل ؛ اونگھتا ہوا ؛ سویا ہوا آدمی ۔

Drub : (v) [Arab."draba".] (۱) ڈنڈے سے لگانا ؛ پیٹنا ؛ کوٹنا ؛ ٹھوکنا ؛ کُندی کرنا ۔ (۲) (لڑائی میں) ہرانا ۔ (۳) مارمار کر (کسی خیال کو) دماغ میں ٹھونسنا یا (دماغ سے) نکالنا ۔ (٤) زمین پر پاؤں پٹکنا ۔ (٥) ملامت کرنا ۔

Drub : (n) ضرب ۔

Drubber : (n) مارنے والا ؛ کندی کرنے والا ۔

Drubbing : (n) زدوکوب ؛ مار ؛ مرمت ؛ کندی ۔

Drudge : (n) [Origin unkn.] خادم ؛ غلام ؛ خدمت گار ؛ بھاری کام کرنے والا ؛ مشقت کرنے والا ؛ مزدور اہل قلم ۔

Drudge : (v) غلام کی طرح کام کرنا ؛ بیل کی طرح جتا رہنا ؛ نا گوار یا خلاف مذاق کام کرنا ۔

To drudge away /-over : مشقت میں دن گزارنا ۔

To drudge out : مشقت کرنا ؛ غلام کی طرح کام کرنا ۔

Drudger : (n) مشقت کرنے والا ۔

Drudgery : (n) غلامی ؛ محنت ؛ مشقت ؛ ناگوار کام ۔

Drudgingly : (adv.) غلام کی طرح ؛ بیل کی طرح مشقت کرتے ہوئے ۔

Drug : (n) [F. "drogue".] (۱) مفرد دوا ؛ جز ۔ (۲) نا قابل فروخت مال ؛ جنس کاسد ؛ سودا جس کا کوئی گاہک نہ ہو ۔ (۳) خواب آور دوا ۔

Drug : (n) لکڑی ڈھونے کا نیچا ٹرک ۔

Drug : (v) [Origin unkn.] کھینچنا ۔

Drug : (v) (۱) ملانا ؛ آمیزش کرنا (زہر یا بےہوشی کی دوا کی) ۔ (۲) دوا دینا ؛ دوا پلانا (خصوصاً بےہوشی کی) ۔ (۳) بے ہوشی کی دوا استعمال کرنا ؛ متلی پیدا کرنا ؛ پیٹ بہت بھر جانا ؛ اُپھر جانا ۔ (٤) عادتاً دوا کھانا ۔

Drug-store : (n) دوا خانہ ۔

Drugger : (n) دوا پلانے والا ۔

Druggery : (n) [F."droguerie".] (۱) اَدویات ۔ (۲) دواخانہ ۔

Drugget : (n) [F."droguet".] موٹا اونی کپڑا جو فرش یا میزپوش کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ ایسے کپڑے کا فرش ۔

Druggeting : (n) موٹے کپڑے کا فرش بنانا ۔

Druggist : (n) [F."droguiste".] دوا فروش ؛ عطار ؛ دوا ساز ۔

Druggy : (a) دوا کا ؛ دوا کے متعلق ۔

Drugstore fold : (n) پیکٹ کے موڑے ہوئے سرے کو کٹی تہ اور دینا ۔

Druid : (n) [F."druide".] (۱) قدیم کلٹی قوم کا پجاری ؛ جادوگر یا کاہن ۔ (۲) ویلس کی قومی انجمن کا عہدہ دار ؛ ڈرونڈ ۔ (۳) پجاری ؛ پادری ؛ فلسفی شاعر ۔

United Ancient Order of Druids : خفیہ مفاد باہمی انجمن جو لندن میں ۱۷۸۱ء میں قائم ہوئی تھی اور جس کی بہت سی شاخیں تھیں ۔

Druid stone / Druid sandstone : (n) ایک قسم کا ریتیلا پتھر ۔

Druidess : (n) پجارن ۔

Druidic /-al : (a) ڈرونڈ کا یا اس سے متعلق ۔

Drum : (n) [LG."trommelslag".] (۱) ڈھول ؛ ڈھولک ؛ طبل ؛ دہل ۔ (۲) (حیوانیات) وہ عضو (چھاتی وغیرہ) جس میں گمک ہو ؛ پردہ طبل ۔ (۳) نقارے کی سی آواز ۔ (٤) نقرہ نواز ؛ ڈھول بجانےوالا ؛ طبال ۔ (٥) استوانہ نما چیز ۔ (٦) کورنتھین یا کمپوزٹ طرز عمارات میں ستونوں کے سرے کا ٹھوس حصہ ؛ ڈھولنا ۔ (۷) ستون کا (استوانہ نما) وسطی حصہ ۔ (۸) شام یا سہ پہر کی چائے کی پارٹی ۔ (۹) بیلن ۔ (۱۰) چرخی ؛ بڑا پیپا ۔ (۱۱) چھلنی ۔ (۱۲) خاک دان کا استوانہ نما حصہ ۔ (۱۳) مچھلیوں کی ایک قسم جو ڈھول کا سا شور کرتی ہے ۔ (۱٤) خانہ بدوشوں کے ذاتی اثاثے ۔ (۱٥) صماخ گوش ؛ طبل گوش ؛ کان کا پردہ ۔

Base drum : ڈھول

Double drum : Base drum دیکھو

John Drum's entertainment : مہمان کو گھر سے باہر کرنا ۔

Drum : (n) [Gael. and Ir."druim".] (۱) پہاڑی (دو وادیوں کے بیچ میں) ۔ (۲) (ارضیات) لمبی اور تنگ پہاڑی جو ہوا کی یا دریا کی لائی ہوئی مٹی کے جمع ہوجانے سے بن جاتی ہے ۔

Drum : (v) (۱) ڈھول بجانا ۔ (۲) متواتر ٹھوکنا ؛ تھپ تھپانا ؛ کھٹ کھٹانا ۔ (۳) (چڑیوں یا کیڑوں کا) بازو پھڑ پھڑانا ۔ (٤) طلب کرنا ؛ جمع کرنا ؛ طبل بجا کر بلانا (رنگروٹوں کو) ۔ (٥) (کسی شخص سے کوئی بات) بار بار کہہ کر (اسے) بے حس بنا دینا ؛ (سبق کو دماغ میں) ٹھونسنا ۔ (٦) بار بار کسی چیز پر (ہاتھ) مارنا ۔ (۷) (گیت) ڈھول پر گانا یا ایسے گانا جیسے ڈھول پر ہو ۔ (۸) ڈھنڈورا پیٹ کر برخاست کرنا ۔ (۹) دل کا دھڑکنا ۔ (۱۰) ڈھول پر چمڑا لگانا ۔ (۱۱) پیپے میں رکھنا ۔

Drum armature : (n) استوانی ناظر ۔

Drum curb : (n) لکڑی یا لوہے کی استوانی گردنی ۔

Drum fire : (n) تیز اور شدید گولہ باری ۔

Drum-fish : (n) ایک قسم کی امریکی مچھلی جو ڈھول کا سا شور کرتی ہے ۔

Drum head : (a) فوری ۔

Drum-major : (n) چھوٹا فوجی عہدہ دار جو طبل بجانے والے دستے کا افسر ہوتا ہے ۔

Drum of the ear : (n) (۱) کان کا پردہ ؛ صماخ گوش ۔ (۲) مشین کا استوانہ نما پرزہ ۔

Drum-sieve : (n) ڈھول نما چھلنی ۔

Drum-wheel : (n) طبل چرخی ۔

Drumble : (n) [Var. of "dumble".] سست ؛ کاہل ۔

Drumble : (v) سستی کرنا ۔

Drumhead : (n) (۱) ڈھول کی کھال یا جھلی ۔ (۲) پردہء گوش کی جھلی ۔ (۳) چرخ کا مدور سرا ۔ (٤) ایک قسم کا کرم کلہ ۔

Drumhead court-martial : (n) میدان جنگ میں کئے ہوئے جرموں کا فوری مقدمہ ۔

Drumlin : (n)[f.DRUM.] (۱) دو وادیوں کے درمیان کی پہاڑی ۔ (۲) (ارضیات) لمبی اور تنگ پہاڑی جو ہوا کی یا دریا کی لائی ہوئی مٹی کے جمع ہونے سے بن جاتی ہے ۔

Drumly : (a) [alter. of ME."drubly".] (۱) (دن یا آسمان کے متعلق) ابر آلود ؛ طوفانی ۔ (۲) (پانی کے متعلق) گدلا ۔

Drummer : (n) (۱) ڈھول بجانے والا ؛ طبل نواز یا نقارہ نواز ۔ (۲) (امریکا) سفری تجارتی گماشتہ ؛ ایجنٹ ۔ (۳) دیکھو Drum fish ۔ (٤) ویسٹ انڈیز کا ایک بداصل چٹا ۔ (٥) خرگوش ۔ (٦) خانہ بدوش ۔ (۷) ڈھول مرمت کرنے والا ۔

Drumming : (n) (۱) ڈھول بجانا ۔ (۲) Drum fish کا شکار کرنا ۔

Drummond light : (n) آکسی ہائیڈروجن روشنی ۔

Drumstick : (n) (۱) نقارے کی چوب ۔ (۲) پکے ہوئے مرغ کی ٹانگ کا نیچے کا حصہ ۔ (۳) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب ریتیلے مقامات میں رہتا ہے ؛ ٹٹہری ۔

Drungar : (n) [med. L."drungarius".] (فوج کا) سپہ سالار ۔

Drunk : (a) [f. DRINK.] پئے ہوئے ؛ سرشار ؛ مست ؛ متوالا ؛ مخمور ۔

Drunk : (n) (۱) (عامیانہ) شراب کا دور ۔ (۲) (پولیس کی فرد جرم میں) بد مستی یا مدھوشی کی واردات ؛ وہ شخص جس پر مدھوشی کا الزام ہو ؛ شرابی ؛ بدمست ۔

Drunkard : (a) [MLG."drunkert".] شرابی ؛ شراب خوار ۔

Drunken : (a) (۱) مخمور ؛ سرشار ؛ متوالا ۔ (۲) شرابی ؛ شراب خوار ۔ (۳) بد مستی کا ۔ (٤) تر ۔ (٥) لڑکھڑانے والی (چیز) ؛ جھکی ہوئی (چیز) ۔ (٦) ناہموار چوڑیوں والا (پیچ) ۔

Drunkenly : (adv.) بد مستی کی حالت میں ؛ نشے میں ۔

Drunkenness : (n) (۱) شراب خواری ؛ بد مستی ۔
(۲) ذہنی عدم توازن ۔

Drupaceous : (a) [mod. L."drupa"+-ACEOUS.] نواشی ؛ گٹھلی دار ۔

Drupe : (n) [L."drupa","druppa".] نواشیہ ؛ گٹھلی دار پھل ۔

Drupel /Drupelet /Drupeole : (n) نواچہ ؛ چھوٹا گٹھلی دار پھل ۔

Drupose : (n) [f.DRUPE+-OSE.] Glyco drupse پر کھولتا ہوا پتلا ہائیڈرو کلورائیڈ کے عمل میں گلوکوز کے ساتھ پیدا ہونے والا مادہ ۔ (C_{12} H_{20} O_8)

Druse : (n) [F."druse".] پہاڑی غار کے اندر بلوروں کی تہ یا پرت ؛ غار جس کے اندر بلورے جمع ہوں ۔

Druse/Druze : (n) [Arab."duruz".] فرقہ دروز ؛ کوہ لبنان کے قریب مسلمانوں کا ایک سیاسی اور مذہبی فرقہ (جس کا بانی اسمٰعیل الدروزی تھا) ۔

Drusian /-ean : (a) فرقہ دروز سے متعلق ۔

Drusy : (a) بلور کے ذروں سے ڈھکا ہوا ۔

Druxy : (a) [Origin unkn.] اندر سے بوسیدہ (لکڑی) ۔

Dry : (a) [OE."dryge".] (۱) خشک ؛ سوکھا ؛ یابس ۔
(۲) وہ جگ جہاں بارش نہ ہو یا کم ہو ؛ وہ موسم جس میں بارش نہ ہو یا کم ہو ؛ بے باراں ؛ کم باراں ۔(۳) جھلسا ہوا ؛ تفتہ ؛ سوکھا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ؛ (روز مرہ) پیاسا ؛ تشنہ ۔ (٤) تارک شراب ۔(٥) بے آب ؛ اندھا (کنواں) ؛ دودھ سے خالی (جانور) ۔
(٦) خشک ؛ جو پانی میں ڈوبا ہوا نہ ہو ؛ جو زیر آب نہ ہو ۔(۷) بے مکھن کا ؛ سوکھا (ٹکڑا وغیرہ) ۔(۸) منجمد ؛ ٹھوس ۔(۹) پھیکی (شراب) ۔(۱۰) خشکی کا ۔ (۱۱) روکھا ؛ خشک ؛ بے مروت ؛ سخت سرد مہر ۔ (۱۲) روکھے سوکھے ؛ سیدھے سیدھے (واقعات) ۔ (۱۳) غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ پھیکا ؛ سوکھا ؛ جس میں کوئی نفع نہ ہو ؛ بے نتیجہ ؛ بے ثمر ؛ بے خبر ۔ (۱٤) بے غرضانہ ؛ بے تعصبانہ ؛ بے لوث ۔(۱٥) خشک انداز (مذاق اور طنز) ؛ بظاہر غیر شعوری ظرافت ۔(۱٦) سخت (فن) ۔(۱۷) نقد ؛ نقدی (کرایہ ، قیمت وغیرہ) ۔ (۱۸) خسیس ؛ کنجوس ۔(۱۹) بے اشک ۔

Not dry behind the ears : نابالغ ۔

Dry : (n) (۱) خشکی ۔ (۲) خشک زمین ۔(۳) سکھانے کا کمرہ ۔ (٤) (معماری) (پتھر) جس میں شگاف پڑ گیا ہو ۔(٥) مانع شراب خواری ۔(٦) سوکھنا ؛ خشک ہونا ۔(۷) خشک سالی ۔

Dry : (v) (۱) خشک کرنا یا ہو جانا ؛ سوکھنا ؛ سکھانا ۔(۲) (گانے کے) تھن خشک کر دینا ۔

Dry : (adv.) خشک طور پر ۔

Dry-bob : (n) ضرب جس سے خون نہ نکلے ۔

Dry-bone : (n) جستے کی خام دھاتوں کا نام ؛ جستے کا سلیکیٹ ۔

Dry-bones : (n) لاغر ؛ سوکھا ہوا آدمی ۔

Dry-bulb thermometer : رطوبت پیما کا خشک جوفے والا حرارت پیما ۔

Dry castor : (n) ڈبلاؤ کی ایک نوع ۔

Dry cell /Dry battery : (n) خشک خانہ ۔

Dry-cleaning : (n) خشک دھلائی ؛ کپڑوں کو بغیر پانی کے صاف کرنا ۔

Dry-cupping : (n) خالی سنگی ۔

Dry cultivation : (n) خشک کاشت ۔

Dry-cure : (v) (گوشت وغیرہ کو) خشک حالت میں (بغیر سرکہ وغیرہ کے) محفوظ رکھنا ۔

Dry distillation : (n) خشک تقطیر ۔

Dry-dock : (n) جہاز سازی کے کارخانے کی گودی جس میں سے پانی نکال دیا جائے ؛ خشک گودی ۔

Dry dock : (v) جہاز کو مرمت کے لئے خشک گودی میں لانا یا رکھنا ۔

Dry dockage : (n) خشک گودی مصارف ۔

Dry-eyed : (n) بے اشک ۔

Dry farming : (n) خشک کھیتی ۔

Dry-fly : (n) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی جو سطح آب پر تیرتی رہتی ہے ۔

Dry fly : (v) (چارے کو پانی میں بغیر ڈبوئے) مچھلی پکڑنا ۔

Dry-foot : (adv.) پاؤں کو بغیر تر کئے ہوئے ۔

Dry-foot : (n) سفالی ظرف کا بے جلا پیندا ۔

Dry-footed : (a) خشک پاؤں والا ۔

Dry-founder : (v) دیکھو Founder

Dry fruit : (n) خشک میوہ ۔

Dry goods : (n) خشک مال جیسے غلہ، کپڑا وغیرہ ۔

Dry grins : (n) کھسیانی ہنسی ۔

Dry-gulch : (v) کمین گاہ سے مارنا ۔

Dry-handed : (a) نہتھا ۔

Dry-house : (n) (۱) کپڑے بدلنے کا کمرہ ۔(۲) سکھانے کا کمرہ ۔

Dry-ice : (n) خشک برف ؛ خشک کارنومک ایسڈ گیس ۔

Dry labour : (n) درد زہ جس میں انفسی مادہ پہلے باہر نکل جاتا ہے ۔

Dry land : (n) (۱) خشک زمین جو تہ آب نہ ہو ؛ زمیں ۔ (۲) کم باراں یا بےباراں خطہ ارض ۔

Dry-march : (n) خشک سرحد ۔

Dry measure : (n) غلہ وغیرہ ناپنے کا پیمانہ ۔

Dry-nurse : (n) (۱) کھلائی ۔ (۲) (مجازاً) بے ضرورت سکھانے والا ۔

Dry-nurse : (v) (۱) کھلانا ۔(۲) بے ضرورت ہدایت کرنا ۔

Dry-pack : (n) تر کپڑے ، کمبل وغیرہ میں جسم لپیٹنا ۔

Dry-pick : (v) پر نوچنا ۔

Dry-plate : (n) عکاسی کی خشک پلیٹ ۔

Dry-point : (a&n) (بے تیزاب کے) دھات پر نقش و نگار بنانے کی سوئی ؛ طریقہ مذکور سے کام لینا ؛ وہ نقش ونگار جو اس طریقے سے بنائے جائیں ۔

Dry-point settlement : (n) سیلاب سے محفوظ بستی ۔

Dry-rot : (n) (۱) خطر(fungus) کی وجہ سے لکڑی کا گل جانا ۔ (۲) وہ خطر جس کی وجہ سے لکڑی گل جاتی ہے ۔(۳) گھن لگ جانا ۔

Dry-rot : (V) خطر کی وجہ سے (لکڑی کا) گل جانا ؛ گھن لگ جانا ۔

Dry-rotten : (a) گھن لگا ہوا ۔

Dry-run : (n) (۱) بغیر گولہ بارود کے فوجی مشق ۔ (۲) مشق ؛ ریہرسل ؛ آزمائش ۔

Dry-salt : (v) دیکھو Dry-cure

Dry-salter : (n) وہ شخص جو دوا، رنگ، گوند، تیل، اچار وغیرہ کا بیوپار کرے ؛ مذکورہ بیوپار ۔

Dry-saltery : (n) دوا، رنگ، گوند، تیل، اچار وغیرہ کی دکان ۔

Dry-shave : (v) (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ فریب کرنا ۔

Dry-shod : (a) بغیر پاؤں تر کئے ہوئے ۔

Dry spell : (n) خشک وقفہ ۔

Dry-stone : (a) بے گچ بنا ہوا (پشتہ) ۔

Dry-stove : (n) گرم خانہ یا حرارت خانہ جس میں کم رطوبت ہو ۔

Dry up : (v) (۱) بالکل خشک کر لینا ؛ (نمی کا) بالکل زائل ہو جانا ۔(۲) (کنویں کا) خشک ہو جانا ۔(۳) (عامیانہ) (خصوصاً امر کی حالت میں) چپ ہونا یا کام بند کر دینا ۔

Dry-wall : (n) بے گچ کی دیوار ۔

Dryad : (n) {OFr."dryade".} بن دیوی ؛ جنگل پری ؛ درخت یا جنگل کی دیوی یا پری ۔

Dryadic : (a) بن پری سے متعلق ۔

Dryasdust : (n) (۱) آثار قدیمہ یا شماریات کا طالب علم ؛ محنت کش ؛ خشک مزاج یا عہد قدیم کا محقق ۔ (۲) غیر دل چسپ شخص ۔

Dryasdust : (a) خشک ؛ بے لطف ۔

Drydenian : (a) انگریز شاعر John Dryden سے متعلق یا اس کے طرز میں ۔

Drydenism : (n) Dryden کا طرز ۔

Dryer : (n) دیکھو drier

Drying : (n) خشک کرنا ؛ سکھانا ۔

Drying : (a) (۱) خشک کرنے والا ۔ (۲) خشک ہونے والا ۔

Dryish : (a) قدرے خشک ؛ کسی قدر سوکھا ہوا ۔

Dryly / Drily : (adv.) خشکی سے ؛ روکھے پن سے ۔

Dryness : (n) خشکی ؛ روکھاپن ؛ بے آبی ۔

Dryster : (n) خشک کرنے والا یا والی (مزدور) ۔

Dryth : (n) خشکی ۔

Duad : (n) [Gr."duas","duad".] جفت ؛ جوڑا ۔

Duadic : (a) جفت سے متعلق ؛ دو کڑا ؛ جفتی ۔

Dual : (a) [L."dualis".] دو کا ؛ دوہرا ؛ دو حصوں میں منقسم ؛ دگنا ؛ دوہرا ۔

Dual : (n) تثنیہ ؛ مثنیٰ ۔

Dual nationality : (n.) دوہری شہریت ۔

Dual number : (n) (قواعد) تثنیہ ؛ مثنیٰ ۔

Dual pay system : دوہری تنخواہ کا طریقہ ۔

Dual personality : (n) دوہری شخصیت ۔

Dual purpose : (a) دو کار ؛ دو کاج ۔

Dualin : (n) مفرقع ؛ ایک دھماکو مرکب جو شورا، نائٹرو گلیسرین اور لکڑی کے برادے سے بنتا ہے ۔

Dualism : (n) (۱) دوئی ؛ تثنیہ ۔ (۲) تثنیہ کا استعمال ۔ (۳) ثنویت ؛ وہ عقیدہ جس میں دو مستقل جوہر مانے جاتےہیں (مثلاً روح و مادہ یا یزداں و اہرمن یا حضرت عیسیٰ کی دو شخصیتیں ۔ (٤) (کیمیا) یہ نظریہ کہ ہر مرکب دو متضاد برقی حصوں سے بنا ہوتا ہے ۔

Dualist : (n) معتقد دو خدا ؛ ثنوی ؛ ثنویہ ۔

Dualistic /-al : (a) دو خدایانہ ؛ دو خدائی ؛ ثنوی ۔

Dualistically : (adv.) ثنویت کے طور پر ۔

Duality : (n)[late L."dualitas".] دوعملی تنظیم ؛ دوہرا ہونا ۔

Dualize : (v) دوئی پیدا کرنا ؛ دوہرانا ۔

Dually : (adv.) دوئی سے ؛ تثنئے سے ۔

Duan : (n) [Gael. or Ir.] نظم ؛ گیت ؛ نظم کا حصہ ۔

Duarchy : (n) [L."duo".] دو شخصی حکومت ۔

Dub : (n) [Origin unkn.] (۱) گدلا کنڈ ۔ (۲) دریا یا چشموں کا گہرا کنڈ ۔

Dub : (n) (۱) ڈھول کی آواز ۔ (۲) ضرب ۔

Dub : (n) [Telegu."dabba".] ایک چھوٹا تانبے کا سکہ ۔

Dub : (n) انگھڑ ؛ بے وقوف ؛ غبی ۔

Dub : (v) [OE."dubbian".] (۱) کاندھوں پر تلوار مس کرکے ناٹ وغیرہ بنانا ۔ (۲) کوئی نیا لقب دینا یا چھیڑ کا نام رکھ دینا ۔ (۳) (مچھلی کے چارے کی مصنوعی مکھی) لگانا ۔ (٤) (چمڑے پر) چربی ملنا ۔ (٥) مرغ کی کلغی اور غب غب کاٹ دینا ۔ (٦) باڑ کو چھانٹنا ۔ (۷) تیشے سے برابر کرنا ۔ (۸) مار کر یا پیٹ کر چپٹا کرنا ۔ (۹) خراب کرنا ۔

Dub : (v) [Echoic.] (۱) بھونکنا ۔ (۲) ڈھول بجنا یا بجانا ۔

Dub : (v) [Origin unkn.] (عامیانہ) ادا کرنا ؛ چپکانا ۔

Dub : (v) صوت باز نگاری کرنا ۔

Dubash : (n) [Hindi."dobashi".] ہندوستانی ترجمان ۔

Dubba /Dubber : (n) [Urdu "dabbah".] چرمی بوتل ۔

Dubbing : (n) (۱) نائٹ بنانا ۔ (۲) (ماہی گیری) مصنوعی مکھی بنانے کا سامان ۔ (۳) چمڑے کو نرم کرنے اور پن روک بنانے کی چربی ۔ (٤) چکنا کرنا (خصوصاً لکڑی کا تیشے کے ذریعہ) ۔(٥) صوت باز نگاری۔

Dubby : (a) کند ذہن ؛ کودن ۔

Dubby : (n) گدلا ۔

Dubiety : (n) [late L."dubietas".] (۱) اشتباہ ؛ شبہ ؛ شک ؛ دُبدھا ۔(۲) مشتبہ امر ؛ مشکوک معاملہ ۔

Dubiosities : (n) مشتبہ امر ؛ مشکوک معاملہ ۔

Dubious : (a) [L."dubiosus".] (۱) دھندلا؛ مبہم؛ غیر معتبر؛ نا قابل وثوق ۔(۲) مشتبہ ؛ مشکوک ۔ (۳) جس کا نتیجہ مشتبہ ہو ۔(٤) مذبذب؛ شک کی حالت میں ؛ دُبدھا میں ۔

Dubiously : (adv.) مبہم طور پر ؛ مشبہ طریقے سے ؛ مشکوک طور پر ۔

Dubitable : (a) [L."dubitabilis".] مشکوک ۔

Dubitably : (adv.) مشکوک طور پر ۔

Dubitant : (a) مشکک ؛ شبہ کرنے والا ؛ شکاک ۔

Dubitation : (n) [OFr."dubitation".] دبدھا ؛ تذبذب ؛ پس و پیش ؛ بچر مچر ۔

Dubitative : (a) تذبذب کا ؛ دبدھا ؛ مذبذب ؛ پس و پیش کرنے والا ۔

Dubitatively : (adv.) مذبذب طریقے سے ؛ پس و پیش کے ساتھ ۔

Duboisine : (n) ایک آسٹریلوی جھاڑی سے حاصل ہونے والا القلی ۔

Ducal : (a) [Fr."ducal".] ڈیوک کا ؛ ڈیوک کے متعلق ؛ ڈیوک کی طرح ؛ ڈیوک کا خطاب رکھنے والا ۔

Ducape : (n) [Origin unkn .] ایک قسم کا مضبوط ریشمی کپڑا ۔

Ducat : (n) [It."ducato".] (۱) قدیم طلائی سکہ ۔ (۲) سکہ ۔ (۳) (جمع) خد زر ؛ دولت ۔

Ducatoon : (n) [Fr."ducton".] ایک نقرئی سکہ جو بعض یورپی ملکوں میں رائج تھا ۔

Duce : (n) [It.] دیکھو Dictator

Duces tecum : (n) عدالت میں کاغذات پیش کرنےکا حکم ۔

Duchess : (n) [OFr."duchesse".] (۱) ڈیوک کی بیگم ؛ (۲) (عامیانہ) رعب داب یا آن بان کی عورت ۔(۳) ڈیوک کی ریاست رکھنے والی عورت ۔(٤) سلیٹ کے چوکے کا ایک سائز (۲٤ x ۱۲انچ) ۔

Duchesse : (n) [Fr.] ساٹن (کپڑا) کی قسم؛ تکیے کی لیس ۔

Duchesse dressing chest : جھولن آئینے والا سنگار میز ۔

Duchesse toilet set : سنگار میزپوش ۔

Duchy : (n) [OFr."duche".] (۱) ڈیوک کا علاقہ یا ریاست ۔ (۲) کارنوال یا لنکاسٹر کا علاقہ جس کا مالک شاہ انگلستان بحیثیت ڈیوک کے ہے ۔

Duchy court : (n) عدالت جس کا حلقہ اقتدار لنکاسٹر کی شاہی جاگیر ہے ۔

Duck : (n) [OE."duce" or "duke".] (۱) مرغابی ؛ بطخ ؛ بط ۔ (۲) مرغابی یا بط کا گوشت ۔(۳) پیارا ؛ پیاری (خصوصاً مخاطبت میں) ۔ (٤) بچوں کا ایک کھیل جسے Duck-stone بھی کہا جاتا ہے ؛ اس کھیل میں استعمال ہونے والا پتھر ؛ اس کھیل کے کھلاڑی ۔ (٥) (کرکٹ) Duck's Eggs کا مخفف ۔ (٦) دیکھو Lame duck ۔ (۷) دیکھو Bombay duck ۔ (۸) عجیب و غریب ذہنیت کا آدمی ؛ آوارہ گرد ۔(۹) (عامیانہ) پیشاب خانہ ۔

Bombay duck : بومل مچھلی ۔

Domestic duck : پالتو بط ۔

In two shakes of duck's tail : دم بھر میں ۔

Lame duck : جو اسٹاک اکسچینج میں اپنا معاہدہ پورا نہ کر سکے ؛ لنجا آدمی ۔

Like duck in thunderstorm : بد حواس ؛ سراسیمہ ۔

Like water off duck's back : بے اثر ؛ بے نتیجہ ۔

Duck : (n) ڈبکی ؛ غوطہ ؛ تیزی سے سر یا جسم جھکانا ۔

Duck : (n) [MDu."dock".] (۱) ڈك ؛ موٹا سنئی کا یا سوتی کپڑا جو بادبان یا ملاحوں کے لباس کے کام آتا ہے ۔(۲) (صیغہ جمع) اس کپڑے کی پتلون ۔

Duck : (n) چھ پہیوں والی ایك موٹر گاڑی جو پانی میں بھی چل سکتی ہے ۔

Duck : (v) [ME."douke","duke".] (۱) غوطہ لگا کر ابھرنا ؛ غوطہ مارنا ؛ ڈبکی لگانا ۔(۲) پھرتی سے جھك جانا ؛ تیزی سے سر خم کرنا ۔ (۳) غوطہ دینا ؛ دھکیل دینا ۔

Duck and drake : (n) پانی میں پتھر اچھالنے کا کھیل ۔

To make ducks and drakes (of or with) / To play (at) ducks and drakes with : اُڑا دینا ؛ برباد کر دینا ؛ ضائع کر دینا ۔

Duck-ant : (n) ارضیہ ؛ دیمك ۔

Duck-bill : (n) (۱) Duck-bill wheel کا مخفف ؛ سرخ گیہوں /گندم ۔(۲) ایك دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ہوتی ہے ؛ بط منقار ۔(۳) ٹینك کے چکے میں لگا دھات کا کور ۔(٤) کوئلے کی کان میں استعمال ہونے والا ایك قسم کا بیلچہ ۔

Duck-billed : (a) بط منقار ۔

Duck-billed platypus : ایك دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ہوتی ہے ۔

Duck-billed speculum : (n) چپٹا شہ پر ۔

Duck-boards : (n) لکڑی کے تختوں کا راستہ ۔

Duck-eagle : (n) جنوبی افریقہ کا ایك عقاب ۔

Duck-hawk : (n) (۱) باز کی ایك قسم ۔ (۲) ایك قسم کا امریکی باز ۔

Duck-legged : (a) غیر معمولی چھوٹے پاؤں والا ۔

Duck-mole : (n) ایك دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ہوتی ہے ۔

Duck-mud : (n) ریشمی جلبك ۔

Duck-snipe : (n) امریکا کا ایك قسم کا چہا (پرند) ۔

Duck-wheat : (n) سرخ گیہوں ۔

Ducker : (n) (۱) غوطہ خور ۔ (۲) پن ڈبّی پرند ۔ (۳) عاجزی کرنےوالا ۔(٤) مردہ جانور کی کھال اتارنے والا شخص ۔

Ducking : (n) (۱) غوطہ ۔(۲) جسم یا سر کو تیزی سے جھکانا ۔

Ducking : (n) جنگلی بط کا شکار ۔

Ducking-pond : (n) (۱) تالاب جس میں بطوں کا شکار کیا جاتا ہے ۔ (۲) تالاب جس میں مجرموں کو غوطہ دیا جاتا ہے ۔

Ducking stool : (n) تپائی جس میں باندھ کر دریدہ دہن عورت یا بے ایمان تاجروں کو تالاب میں سزا کے طور پر غوطہ دیا جاتا تھا ۔

Duckling : (n) بطخ کا بچہ ؛ بط کا بچہ ۔

Duck's bill : (n) بط کی چونچ ؛ بط کی چونچ کی شکل کے آلات جراحی ۔

Duck's bill bit : (n) ایك قسم کی آنی (برمے کی) ۔

Duck's bill limpet : (n) ایك قسم کا ناعمہ ۔

Duck's egg/Duck egg : (n) (۱) بط کا انڈا ۔(۲) (کرکٹ) صفر اسکور ۔(۳) بط کے انڈے کا رنگ ۔

Duck's meat/Duck meat : (n) ایك قسم کی کائی ؛ سبزاب ۔

Duckweed : (n) دیکھو Duck's meat

Ducky : (n) پیارا ؛ عزیز ؛ محبوب ۔

Duct : (n) [L."ductus".] (۱) نل؛ نلکی ۔(۲) (عضویات) مسامہ؛ قناعت ۔(۳) (نباتیات) ظرف ۔

Ductile : (a)[OFr."ductile"or L."ductilis".] (۱) (دھات کی صفت) جو پیٹنے سے بڑھ سکے؛ لچیلا ؛ لچك دار ؛ ملائم ؛ نرم ؛ مضبوط؛ (طبیعیات) متمدد؛ جس کے تار کھینچے جا سکیں ۔(۲) تشکیل پذیر ؛ تربیت پذیر ؛ سلیم الطبع ۔

Ductilely : (adv.) متمدد طور پر ۔

Ductilimeter : (n) تمدد پیما ۔

Ductility : (n) لچک ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ (طبیعیات) تمدد ؛ تشکیل پذیری ؛ تربیت پذیری ۔

Ductless : (a) بے مسامہ ؛ جس میں نل یا نلکی نہ ہو ۔

Ductor : (n) [L."ductor".] (طباعت) وہ بیلن جس سے روشنائی دوسرے بیلنوں تک پہنچائی جاتی ہے ۔

Dud : (n) [Origin unkn.] (۱) (جمع) کپڑے ؛ لباس ۔ (۲) (جمع) چیتھڑے ۔ (۳) ڈراوا ؛ گولہ وغیرہ جو نہ پھٹے ۔ (٤) بے نتیجہ تجویز ؛ ٹائیں ٹائیں فش ؛ بے کار آدمی ۔ (٥) چیزیں ؛ اشیاء ؛ ذاتی سامان ۔

Dud : (a) کم قیمت ؛ بے قیمت ؛ حقیر ؛ بے اثر ؛ بیکار ؛ خراب ۔

Duddery : (n) جہاں اونی کپڑے بنے یا بیچے جاتے ہیں ۔

Dudder : (v) کانپنا ۔

Dude : (n) [G."dude".] (۱) نفاست پسند شخص ؛ جو انگریزی اوضاع و اطوار کی نقل اتارتا ہو ۔ (۲) بانکا ؛ چھیلا ؛ ٹھاٹ کرنے والا ۔

Dudeen : (n) [Ir."duidin".] تمباکو پینے کی آئرستانی پائپ ۔

Dudgeon : (n) [Origin unkn.] چوبی دستے والا خنجر ؛ قصاب کا چھرا ۔

Dudgeon : (n) [Origin unkn.] خفگی ؛ رنجش ؛ ناراضی ؛ روٹھنا ۔

Dudine : (n) بانکی ؛ چھیلی ؛ ٹھاٹ کرنے والی ۔

Dudish : (n) کسی قدر نفاست پسند یا بانکا ؛ چھیلا کی طرح ۔

Due : (a) [ME."dew","du (e)".] (۱) واجب الادا ۔ (۲) لائق ؛ شایان شان ؛ استحقاق کے مطابق ؛ مناسب ؛ بجا ؛ کماحقہ ؛ کافی ؛ ٹھیک ۔ (۳) قاعدے یا معاہدے کی رو سے ہونے والا یا کرنے والا یا آنے والا ۔ (٤) (سمت کے متعلق) ٹھیک ؛ بالکل ۔ (٥) وجہ سے ؛ سبب سے ۔

Due : (adv.) (۱) ٹھیک طور پر ؛ واجبی طور سے ؛ مناسب طریقے سے ؛ باضابطہ ۔ (۲) کافی طور پر ؛ کماحقہ ۔ (۳) پابندی سے ؛ ٹھیک وقت پر ۔

Due : (n) [Fr."du".] (۱) حق ؛ حق واجب ۔ (۲) دینا ؛ مطالبہ ؛ ذمگی ۔ (۳) (جمع) محصول ؛ فیس ؛ چنگی ۔ (٤) (بحری) پورے طور پر کیا ہوا کام ۔

For a full due : (بحری) پوری طرح ؛ ہمیشہ کےلئے ۔

Of (by) due : حقاً ۔

To give the devil his due : برے کے ساتھ انصاف کرنا ۔

Due-bill : (n) قرض کی تحریری رسید ۔

Due date : (n) بنڈی کی مقررہ تاریخ ۔

Dueful : (a) مناسب ؛ ٹھیک ۔

Duel : (n) [It."duello" or L."duellum".] (۱) نزاع کا فیصلہ کرنے کے لئے دو شخص کی لڑائی (تلوار پستول وغیرہ سے) ؛ ڈوئیل ؛ یکیکی کرنا ۔ (۲) دو شخصوں یا فریقوں وغیرہ کی باہمی جنگ ۔

Duel : (v) ڈوئل لڑنا ؛ یکیکی کرنا ۔

Dueller / Dueler : (n) ڈوئیل لڑنے والا ؛ یکیکی باز ۔

Duelling / Dueling : (n) ڈوئیل ؛ یکیکی ۔

Duellist / Duelist : (n) Dueller دیکھو

Duello : (n) [It.] یکیکی کا رواج ؛ یکیکی کا ضابطہ ۔

Duelsome : (a) یکیکی کی طرف مائل ۔

Dueness : (n) مناسب ؛ موزونیت ۔

Duenna : (n) [Sp."duena".] (۱) ہسپانوی ملکہ کی خاص خادمہ ۔ (۲) ادھیڑ عورت جو لڑکیوں کی استانی اور رفیق ہو ؛ استانی ۔ (۳) محافظ یا نگراں عورت ۔

Duet / Duett : (n) [G."duett" or "duetto".] (۱) دوسازی نغمہ ؛ دو نفری راگ ۔ (۲) مکالمہ ۔

Duet / Duett : (v) دوسازی نغمہ گانا ؛ دو نفری راگ سنانا ۔

Duettino : (n) [It.] مختصر دو سازی نغمہ ۔

Duetto : (n) [It.] Duet دیکھو

Duff : (n) [Variable of DOUGH.] (۱) گندھا ہوا آٹا ؛ لٹی ۔ (۲) آٹے کی پڈنگ ۔

Duff : (n) (۱) روئی وغیرہ کا اسفنجی حصہ ۔ (۲) نرم اسفنجی دلدلی کوئلہ ؛ مانندہ کوئلہ ۔ (۳) سڑے ہوئے نباتی مادے جس سے جنگل کی زمین ڈھکی رہتی ہے ۔ (٤) کوئلے کا چور ؛ کوئلے کا چورا ۔

Duff : (v) (۱) (عامیانہ) تلبیس کرنا ؛ چالاکی سے چیزوں کی شکل بدل دینا ؛ (پرانے مال کو) نیا کرکے بیچنا ۔ (۲) (آسٹریلیا) (مویشی کو) چرانا اور داغوں (یعنی داغے ہوئے نشانات) بدل دینا ۔

Duff : (n) [Origin unkn.] سرین ؛ چوتڑ ۔

Duff : (v) (گولف) نشانہ خراب کرنا ۔

Duffadar : (n) [Pers."dafa-dar".] دفعدار ۔

Duffel / Duffle : (n) [f."Duffel" name of a town in Brabant.] (۱) ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا ۔ (۲) زائد جوڑا جو شکاری یا کیمپ میں رہنے والے ساتھ رکھتے ہیں ۔

Duffer : (n) (۱) خراب مال کی قیمت بڑھا کر بیچنے والا ۔ (۲) پھیری والا ؛ خوانچے والا ۔ (۳) مویشی چرا کر اس کے داغوں کو بدلنے والا ۔ (٤) پرانےمال کو نیا بنا کر بیچنے والا ۔

Duffer : (n) [Sc."doofart","dowfart".] (۱) نالائق ؛ بے کار یا بے وقوف شخص ۔ (۲) جعلی سکہ ؛ مصنوعی تصویر ۔(۳) بے کار چیز ؛ بے مصرف شے ۔

Duffer : (v) کان میں معدنی شے کا نہ ہونا ۔

Duffing : (a) (۱) پرانے مال کو نیا بنا کر بیچنے والا ۔ (۲) بے مصرف سا ؛ نالائق ۔

Duffle : دیکھو Duffel

Dufoil : (n) [L."duo"+FOIL.] (نقابت) دو برگہ پھول ۔

Dufrenite : (n) [f. M.Dufrenoy, a French mineralogist.] فولاد کا آب دار فاسفیٹ ۔

Dufter : (n) [pers.] (۱) دفتر ۔ (۲) سرکاری کاغذات ۔

Dufterdar : (n) ترکی افسر مالیات ۔

Dug : (n) [Origin unkn .] (۱) تھن ؛ پستان ؛ سر پستان ؛ چوچی ؛ بھٹنی ۔ (۲) (حقارتاً) عورت کا پستان ۔

Dug : (a) کھود کر نکالا ہوا ۔

Dug-out : (a) (کھود کر) کھوکھلا کیا ہوا ۔

Dug-put : (n) (۱) ڈونگی جو درخت کے تنے کو کھوکھلا کرکے بنائی جائے ۔ (۲) (سپاہی کےلئے) خندقوں میں زمین دوز محفوظ جگہ ۔ (۳) (عامیانہ) پنشن یافتہ افسر وغیرہ جن کو از سر نو فوجی خدمت کے لئے طلب کیا جائے ۔

Dugong : (n) [Malay."duyong".] ڈوگانگ ؛ ہندوستان کا ایک بڑا نبات خور پستان دار جانور ؛ بقرالبحر ؛ بحری گائے ۔

Dugway : (n) (۱) کھود کر بنائی ہوئی پہاڑی سڑک ۔ (۲) کھود کر بنائی ہوئی سڑک ۔

Duiker / Duyker : (n) [Du."dinker".] جنوبی افریقہ کا چھوٹا چکارا ۔

Duke : (n) [ME."duc","duk".] (۱) (برطانیہ اوربعض دوسرے یورپی ممالک میں) خاندان شاہی کے بعد سب سے بڑا امیر یا جاگیر دار ؛ ڈیوک ۔ (۲) (دوسرے ممالک یورپ میں) چھوٹی ریاست کا فرماں روا ۔(۳) ایک قسم کی چیری یا گلاس (پھل) ۔(٤) (عامیانہ) مٹھی ؛ ہاتھ ۔

Duke : (v) ڈیوک کا سا برتاؤ کرنا ۔

Dukedom : (n) ڈیوک کا علاقہ یا منصب ۔

Dukeling : (n) چھوٹا ڈیوک ؛ ڈیوک کا بچہ ۔

Dukery : (n) (۱) ڈیوک کا مکان یا اس کی جاگیر ۔ (۲) (جمع) ناٹھنگم شائر کا وہ ضلع جس میں کئی ڈیوکوں کی جاگیریں ہیں ۔

Dukeship : (n) ڈیوک کا عہدہ ؛ (مزاحاً) بطور خطاب ۔

Dulcamara : (n) [med.L."duleis+amara".] (نباتیات) بھلاواں ۔

Dulcamarin : (n) (کیمیا) بھلاواں سے حاصل کیا ہوا گلوکوسائیڈ ($C_{12}\ H_{34}\ O_{10}$) ۔

Dulce : (n) [L."dulcis".] میٹھا مادہ ۔

Dulcet : (a) [L."dulcis".] شیریں ؛ میٹھا ؛ رسیلا ؛ دلکش ؛ خوش آئند (خصوصاً آواز کی صفت) ۔

Dulcet : (n) آرگن باجے کا ایک پردا ۔

Dulcian : (n) [See next.] الغوزہ ۔

Dulciana : (n) [med. L."dulciana".] آرگن باجے کا ایک ۸ فٹ لمبا پردا ۔

Dulcification : (n) شیریں بنانا ؛ ملائم یا شیریں ہونا یا کرنا ۔

Dulcify : (v) [L."dulcificare".] شیریں کرنا ؛ لطافت یا شیرینی پیدا کرنا ؛ دھیما کرنا ۔

Dulcimer : (n) [OFr."dulcemer".] سنتور ؛ بربط ؛ ڈلسیمر ۔

Dulcinea : (n) [Sp."dulce".] محبوبہ ؛ معشوق ۔

Dulcite/ Dulcin / Dulcitol / Dulcose : (n) [L."dulcis".] (کیمیا) ایک شیریں مادہ جو بعض پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Dulcitude : (n) [L."dulcitudo".] شیرینی ۔

Duledge : (n) توپ گاڑی کے پہیوں کو جوڑنےوالی کھونٹی ۔

Dulia / Douleia : (n) خدمت ؛ اطاعت ۔

Dull : (a) [MDu."dul".] (۱) غبی ؛ کند ذہن ؛ ٹھس ؛ گٹھل ۔ (۲) (نظر، سماعت وغیرہ) دیر حس ؛ کند ؛ بہرہ ۔ (۳) (درد) میٹھا میٹھا ۔ (٤) بیٹھا ؛ سست ؛ مندا (بازار) ۔ (٥) افسردہ ؛ پست ؛ سست ۔ (٦) بے لطف ؛ یک آہنگ ؛ غیر دلچسپ ۔ (۷) کند (دھار) ۔ (۸) (روشنی، رنگ ، مزا وغیرہ) پھیکا ؛ ہلکا ؛ ماند ۔ (۹) (موسمیات) تاریک ؛ ابر آلود ۔

Dull : (v) ماند کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ کند کرنا یا ہونا ؛ بے حس کرنا یا ہونا ؛ پست کرنا یا ہونا ۔

Dullard : (n) [MDu."dull-","dollaert".] غبی ؛ کند ذہن ؛ ٹھس آدمی ۔

Dullard : (a) بے وقوف ؛ غبی ۔

Dullish : (a) کسی قدر سست ؛ غبی ؛ ہلکا ؛ دھیما ۔

Dullness / Dulness : (n) سستی ؛ کند ہونا ؛ بے حسی ؛ ٹھس پن ۔

Dully : (adv.) سستی سے ؛ بے حسی سے ۔

Dulocracy / Doulocracy : (n) [Gr."doulokratia".] غلاموں کی حکومت ۔

Dulse : (n) [Ir.Gael."dinleasg".] ایک بحری گھاس جو کھائی جاتی ہے ۔

Duly : (adv.) دیکھو Due

Duma : (n) Russ.] (۱) روسی پارلیمنٹ جو ۱۹۰٦ میں طلب کی گئی تھی ۔ (۲) روس کی منتخب کونسل ۔

Dumb : (a) [OE."dumb".] (۱) گونگا ؛ گنگ ۔ (۲) بے زبان جو حکومت وغیرہ کے معاملات میں بولنے کا حق نہ رکھتا ہو ۔ (۳) (تعجب یا شرم) گم سُم ؛ سناٹے میں ؛ سکوت میں ۔ (٤) چپ ؛ کم سخن ؛ کم گو ۔ (٥) بے گفتگو گونگا (تماشا وغیرہ) ۔ (٦) غیر مسموع ؛ بے آواز ؛ ساکت ۔ (۷) بے وقوف ؛ احمق ۔ (۸) بے معنی ۔

Deaf and dumb : دیکھو Deaf

To strike dumb : گم سُم کر دینا ۔

Dumb : (v) گونگا کر دینا ؛ گنگ کرنا ؛ بے زبان بنا دینا ؛ ساکت کر دینا ۔

Dumb ague : (n) تپ دزدہ جس میں دورہ ظاہر نہیں ہوتا ہے ؛ تپ دزدہ ؛ چور بخار ۔

Dumb barge : (n) بے مستول بادبان کا بجرا ۔

Dumb-bell : (n) (۱) ڈمبل ؛ (ورزش کے لئے) لوہے کا چھوٹا مگدر ۔ (۲) ڈمبل کی شکل کی کوئی چیز ۔ (۳) ڈمبل نماچیز جو ناقوس کلیسا کو بغیر ناقوس کے بجانے کے لئے بطور مشق استعمال ہوتی تھی ۔ (٤) بےوقوف ؛ گاؤدی ۔

Dumb-bid : (n) (نیلام میں) خفیہ کم سے کم قیمت ۔

Dumb-cake : (n) وہ کیک جو عورتیں St. Mark Eve کے موقع پر اپنے ہونے والے شوہروں کی تلاش کے لئے خاموشی سے بناتی ہیں ۔

Dumb-cane : (n) بیدگنگ ؛ ویسٹ انڈیز کا ایک پودا جس کو چبانے سے زبان پھول جاتی ہے اور طاقت گویائی سلب ہو جاتی ہے ۔

Dumb-chatder /-cleat : (n) (بحری) دھات کا پھانہ ۔

Dumb-crambo : (n) گونگی مکھو (ایک کھیل جس میں ایک فریق لفظ دل میں رکھہ کر اس کا صرف قافیہ بتاتا ھے اور چپ ھوجاتا ھےاور دوسرا فریق اصل لفظ پوچھنے کی کوشش کرتا ھے)۔

Dumb-dora : (n) بے وقوف اور بد معاش عورت ۔

Dumb-heed : (n) دیکھو Block head

Dumb-iron : (n) موٹر کے ڈھانچے کا اگلا حصہ ۔

Dumb-peal : (n) (کپڑا لپیٹ کر) گھنٹی کی دبی آواز ۔

Dumb-piano : (n) (مشق کرنے کا) بے آواز پیانو ۔

Dumb-scraping : (n) گودی کو کند کھرچنی سے کھرچنا ۔

Dumb-sheave : (n) بے چرخی کا سوراخ دار کندہ ۔

Dumb-show : (n) (۱) گونگا سوانگ : بے گفتگو تماشا ۔ (۲) معنی خیز اشارے ۔

Dumb tooling : (n) جلد کا ٹھپا جو رنگین نہ ھو ۔

Dumb-waiter : (n) (۱) گھومنے والی الماری جس میں کھانا وغیرہ رکھا جاتا ھے ۔ (۲) ایک منزل سے دوسری منزل پر چھوٹی چیزیں لے جانے والی لفٹ ۔

Dumb-well : (n) گڑھا جس میں پانی بہہ کر جاتا ھے ۔

Dumbfound/ Dumfound/ Dumfounder/ Dumbfounder : (v) گونگا کر دینا ؛ سٹ پٹا دینا ؛ بدحواس کر دینا ؛ ھوش و حواس غائب کر دینا ۔

Dumble : سابقہ : دیکھو Dummel

Dumbledore /Dumble-dore : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Dumbly : (adv.) گونگے پن سے ؛ بے زبانی سے ؛ خاموشی سے ۔

Dumbness : (n) گونگا پن ؛ بے زبانی ؛ سکوت ۔

Dumdum : (n) ڈم ڈم گولی ؛ (بندوق کی) ایک قسم کی گولی جو جسم کےاندر جا کر پھیلتی ھے ۔

Dummel : (a) احمق ؛ کودن ۔

Dummy /Dumby : (n) (۱) تاش کا فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ھے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ھے ۔ (۲) وہ شخص جو کسی چیز میں نام کے لئے شریک ھو ؛ شاہ شطرنج ؛ کٹھ پتلی ؛ مٹی کی مورت ۔ (۳) احمق ؛ کوڑھ مغز ؛ گاودی ؛ کاٹھ کا الو ۔ (٤) جعلی یا مصنوعی چیز ؛ جھوٹ موت کا پلندہ یا پارسل ؛ لکڑی کا انسانی ڈھانچہ جسے کپڑے پہنا دیتے ہیں ؛ چاند ماری کےواسطے انسانی شکل ۔ (٥) شبیہ ۔ (٦) چسنی ؛ نپل ۔ (۷) سادہ ورقوں کی کتاب ۔ (۸) بے حس گھوڑا ۔ (۹) فرضی کتاب (عموماً کاٹھ کی) جو لائبریری کی گم شدہ کتاب کی جگہ رکھہ دی جاتی ھے ۔

Double dummy : تاش کا کھیل جس میں دو کھلاڑیوں کی بازی کھول دی جاتی ھے ۔

To give or sell the dummy : فٹ بال میں مخالف کو دھوکا دینا ۔

Dummy : (a) جعلی ؛ مصنوعی ؛ نقلی ؛ بناوٹی ؛ فرضی ؛ کٹھ پتلی ۔

Dummy : (v) (۱) بے نامی کرنا ؛ دوسروں کےلئےجائداد اپنے نام پر لینا ۔ (۲) سادہ ورقوں کی کتاب بنانا ۔ (۳) (عامیانہ) بول چال بند کرنا ۔

Dummy whist : (n) تاش کا فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ھے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ھے ۔

Dump : (n) [MDu."domp".] (جمع) افسردگی ؛ اضمحلال ؛ پژمردہ دلی ۔

Dump : (n) (۱) کوئی چھوٹی موٹی چیز ۔ (۲) (کھیل) سیسے کی گوٹ جس سے شمار کرنے میں مدد لی جائے ؛ آسٹریلیا کا ایک قدیم سکہ ؛ (عامیانہ) حقیر سکّہ ؛ حبہ ۔ (۳) جہاز کی تعمیر میں ایک قسم کی چٹخنی ۔ (٤) جہاز میں کھیلنے کے لئے رسی کا چکر ۔ (٥) ایک قسم کا کھیل ۔ (٦) ایک قسم کی مٹھائی ۔ (۷) پست قد آدمی ؛ چھوٹا اور موٹا آدمی ۔

Dump : (n) [Norse.] دریا یا تالاب کی تہ کا گرداب ۔

Dump : (n) (۱) (فوج) میدان جنگ میں سامان حرب کا عارضی گودام ۔ (۲) کوڑے کا ڈھیر ؛ کوڑا کرکٹ ۔(۳) بھد (کی آواز) ؛ گدا ۔

Eke out : (v) تنگی سے بسر کرنا۔

Eke name : (n) لقب ؛ کنیت ؛ اضافی نام ۔

Ekhimi : (n) (۱) افریقی درخت کی ایک بھورے رنگ کی کھردری لکڑی ۔(۲) افریقہ کی ایک قوم کا نام ۔

Eking : (n) کمی پورا کرنا ۔

Ekphore : Ecphore کی متبادل شکل ۔

Ektrodaetylia : (n) (طب) خلقی کم انگشتی ۔

El : (n) حرف L ۔

El : (n) شمالی آشور کا ایک دیوتا ۔

- el : (۱) ایک لاحقہ جو کلمات میں اضافہ ہوتا ہے جیسے hovel اور کبھی le- کی صورت میں لکھا جاتا ہے ۔(۲) ایک لاحقہ جس سے اسم مصغر بنتا ہے جیسے tunnel وغیرہ ۔

Ela : (n) [F.E +La.] (موسیقی) گیڈو کا بلند ترین سُر؛ (مجازاً) بلند و گزاف شے ۔

Elaborate : (v) [f.L.'elaborat -, elaborate.'] (۱) محنت اور کوشش سے بنا کر مکمل کرنا ؛ تفصیل سے بیان کرنا۔(۲) (کسی ایجاد و اجتہاد کی) تفصیلات کو اتمام تک پہنچانا۔(۳) (کسی مادّے کو) اصلی ماخذ یا عناصر سے حاصل کرنا ۔

To elaborate a theory : کسی نظریہ کو محنت سے واضح کرنا ۔

Elaborate : (a) [L.'elaboratus.'] مفصل ؛ محنت سے تکمیل کو پہنچانا ؛ دیدہ ریزی سے بنایا ہوا ؛ دیدہ ریزی کا(ضد ، سادہ) پرکار؛ ماہرانہ؛ استاد ساختہ ۔

Elaborated : (a) مفصل ؛ دیدہ ریزی سے بنایا ہوا ۔

Elaborated painting : (n) ایسی نقاشی جو بڑی زحمت اور محنت سے بنائی گئی ہو ۔

Elaborately : (adv.) دیدہ ریزی سے؛ تمام تفصیلات کی تکمیل کے ساتھ؛ مفصل ؛ محنت سے ۔

Elaborateness : (n) تفصیلات کا مکمل ہونا ؛ تکمیل کو پہنچا ہوا ہونا ؛ تکمیل ؛ وقت ؛ کسی کام میں استادی کا ہونا ۔

Elaborater /Elaborator : (n) مُفسر ؛ وضاحت کرنے والا ۔

Elaboration : (n) [L.'elaborationem'.] (۱) تکمیل : (کسی کام میں) مہارت ؛ مفصل بیان ۔(۲) محنت اور مہارت سے تیار کی ہوئی (شے) ۔ (۳) خواب اور دوسرے غیر شعوری عوامل کی نفسیاتی تعبیر وتفسیر ۔(٤) (حیاتیات) نازک کاری ؛ تفصیل۔

Elaborative : (a) قابل تفصیل ؛ قابل تفسیر ؛ وضاحت پذیر۔

Elaboratory/Laboratory : (n) (۱) (قدیم)تجربہ گاہ ۔(۲) محنت سے تیار کیا ہوا؛ محنت سے حاصل کیا ہوا ۔

Elabrate : (a) (حیوانیات) حیوانات بے لب ۔

Elacis : (n) (نباتیات) جنس تاڑ ۔

Elacis guineensis : (n) (نباتیات) تاڑ کا درخت ۔

Elaeagnus /Eleagnaceae : (n) (نباتیات) درخت سنجد کا خاندان ۔

Elaeis/Palmaceae : (n) (نباتیات) تیل کے درخت کا خاندان ۔

Elaeo - : [Gr.] یونانی جزو ترکیبی بمعنی تیل ؛ روغن ؛ مثلاً Elaeopten ۔

Elaeoblast : (n) (حیاتیات) جنینی ابھار؛ روغن نہوض ۔

Elaeodochan : (n) (حیاتیات) غدہ روغن ؛ روغن دار ۔

Elaeolite/Elao- : [Gr.'elaeion.'] (معدنیات) نیفلائٹ کی ایک قسم جو بڑی بڑی بلوری شکلوں میں پائی جاتی ہے ۔

Elaeometer : (n) وہ آلہ جس سے روغن کے خالص ہونے کی جانچ کی جاتی ہے ؛ تیل پیما ۔

Elaeosome : (n) (نباتیات) روغن جسم ۔

Elaeothesium : (n) (روم قدیم کے حمام میں) عطر اور روغن مالش کرنے کا کمرہ ۔

Elaic/Oleic : (a) [as prec.+-idic] ($C_{18}H_{34}O_2$) (کیمیا) ایک ایسڈ کا نام جو ایلیک ایسڈ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Elaidin : (n) اولن کی بدلی ہوئی ٹھوس شکل جو نائٹرس ایسڈ کے عمل سے بنتی ہے ۔

Elaio - : (n) ایک یونانی سابقہ بمعنی روغن زیتون ۔

Elaioplast : (n) (Leucoplast) (نباتیات) ایک سفید تکوینہ جس سے تیل نکلتا ہے ؛ روغن خلیہ مایہ ۔

Elam : (n) (جغرافیہ) عیلام ؛ ایلام ۔

Elamite : (n&a) عیلامی ؛ قدیم عیلام کے ملک کا باشندہ ۔

Elan : (n) [Fr.'elancer.'] جوش؛ امنگ ؛ ولولہ ؛ بلاّ (فوج کا) ؛ (مجازاً) شوق ؛ گرمی ؛ فعالیت ؛ جوش وخروش ۔

Elan vital : (n) [Fr.] نشاط حیات ؛ قوت زندگی ؛ برگساں کے نظریہ کے مطابق وہ قوت حیات جو تمام عضویات میں جاری و ساری ہےاورجو ارتقاء کی ذمہ دار ہے ۔

Elance : (v) [Fr. elancer] (قدیم) نیزہ چلانا؛ نیزہ پھینکنا ؛ نیز مجازاً ۔

Eland : (n) [S. A fr. use of Du'eland,'-] جنوبی افریقہ میں ایک بڑی قسم کاہرن جس کا گوشت عمدہ ہوتا ہے ۔

Elanet : (n) [app.f. mod.L.elanus + -et.] (حیوانیات) ایک قسم کا کوّا یا چیل ۔

Elanus : (n) [L.] (حیوانیات) چیل یا کوّے کی ایک مخصوص جنس ۔

Elao/Elaeo : ایک یونانی کلمہ بمعنی روغن (بالخصوص روغن زیتون) جو سابقہ کےطور پراستعمال ہوتا ہے ۔

Elaphine: (a) [Gr.'elaphos.'] (حیوانیات) گوزن نرسےمتعلق ۔

Elaphoglossum : (n) [Gr.'elaphos.'+NL.'glossum.'] (نباتیات) سر حسن مادہ ۔

Elaphomyces : (n) [Gr. elaphos +NL -myces.] (نباتیات) زمین میں پیدا ہونے والے قارچ کی ایک نوع ۔

Elaphure : (n) [L.'elaphurus.'] (حیوانیات) چینی گوزن ۔

Elapidae : (n) L. 'edap -, elaps.'] دونوں منطقوں کے گرم حصوں میں پائے جانے والے زہریلے سانپ کی ایک نوع ۔

Elaps : (n) ['elap-,elaps'] (حیوانیات) جنوبی افریقہ کا زہریلا سانپ ۔

Elapse : (v) [L. -elaps -, stem of L.elabi.] (۱) (وقت) گزرنا؛ گزر جانا ؛ ختم ہونا ۔(۲) ختم کرنا ۔ (۳) ختم ہونا ؛ گذرنا ؛ واپس ہونا ؛ منقطع ہونا ۔

Elapse : (n) (۱) امراء ؛ مرور ؛ گذشت ۔(۲) خاتمہ ۔

Elasmo -/Elasm - : [NL'elasmo -.'] ایک سابقہ بمعنی "صفحہ فلزی" دھات کی چادر ۔

Elasmobranch : (n) ['elasmobranchii.'] (حیوانیات) غضروفی مچھلیاں ۔

Elastance : (n) (برقیات) سرایت برق کا حاجب ؛ عایق ؛ لچکیت ۔

Elastic : (n) [-mod. L.'elasticus.'] (۱) الاسٹک ۔(۲) زندہ دل ۔ (۳) حالات کے مناسب رنگ اختیار کرنے والا ۔ (٤) سبک روح ۔(٥) لوچ دار ۔

Elastic : (a) (۱)لچکدار ؛ لچلچا ۔(۲) (رقیق یا جامد) مادہ جو پھیلانے، سیکڑنے یا دباؤ پڑنے کے بعد اپنی

اصلی صورت و حالت پر خود بخودعود کرآنے ۔
(۳) تغیر پذیر ۔(٤) قیمتوں میں تبدیلی ہونے
سے مانگ میں اضافہ یا کمی ہونے والا ۔
(٥) اپنے کو حالات کے مطابق ڈھال لینے والا:
الاسٹك ۔

Elastic barrier : (n) (شماریات) لچکیلی رکاوٹ ۔

Elastic cartilage : (n) ایك لچکدار زرد گوں غضروف ۔

Elastic collision : (n) ایسا تصادم جس میں متصادم اجسام
کی حرکی توانائی غیر متغیر رہتی ہےاور
مجموعی حرکت محفوظ رہتی ہے حالانکہ
یہ عموماً آپس میں منقسم ہوجاتی ہے ۔

Elastic conscience : (n) آسانی سے تغیر قبول کرنے والا
ضمیر ؛ لچکدار ذہن ۔

Elastic currency : (n) ایسا رائج سکہ جو کاروبار کی مانگ
کے حجم کے موافق کم اور زیادہ ہوتا ہے ۔

Elastic - fibro - cartilage : (n) (حیوانیات) لچکیلی ریشہ دار
غضروف ۔

Elastic limit : (n) کسی لچکدار ٹھوس کا سب سے زیادہ دباؤ
جو کسی تشویہ کے بغیر باقی رہتا ہے ۔

Elastic membrane : (n) لچکدار نسیج والی جھلّی ۔

Elastic money : (n) (تجارت) لچکدار زر ۔

Elastic principles : (n) متغیر اصول ۔

Elastic scattering : (n) مادی ذرات کا انتشار یا لچکدارتصادم
کےنتیجہ میں پیدا ہونے والے فوٹون (خیانیے):
(طبیعیات) لچکدار انتشار ۔

Elastic side boots /Elastic sides : (n) انیسویں صدی کے بوٹ
جن میں فیتے کی جگہ ربر لگا ہوتا تھا ۔

Elastic tissue : (n) ایسی نسیج جس میں خاص طور پر
لچکدار ریشے ہوں اور جو خصوصاً بند اور
اوتار (نَس) میں پائی جاتی ہے ۔

Elastica : (n) [L.'elasticus.'] (۱) شریانوں کی دیواروں میں
موجود لچکدار نسیج کی دو تہوں میں
سے کوئی ۔(۲) لچکدار خط منحنی ۔

Elastical : (a) لوچ دار ؛ لچکدار ؛ قابل ارتجاع ؛ مرتجع ۔

Elastically : (adv.) لوچ کے ساتھ ؛ تغیر کے ساتھ ۔

Elasticity : (n) لوچ ؛ اصول تغیر ؛ خاصیت کشش ؛ کشش ؛
لوچ کا اصول ۔

Modulus of elasticity : (طبیعیات) مقیاس لچك ؛
معیار لچك ۔

Elasticized : (a) (۱) الاسٹك یا ربر کے دھاگوں سے بنا ہوا
یا تیار کردہ ۔(۲) الاسٹك دھاگوں سے سِلا ہوا ۔

Elastin : (n) (کیمیا) ایك البومینی مادہ ۔

Elastique : (n) [F.'elastique'] اون یا Worsted سے تیارکردہ
پارچہ جس سے یونیفارم اور کھلاڑیوں کا
لباس بنتا ہے ۔

Elastomer : (n) [elast -+-mer.] (۱) ربر کی طرح ایك لچکدار
چیز ۔(۲) لچکیہ ۔

Elastomeric : (a) ربر کی طرح ایك لچکدار شے کا یا اس سے
متعلق ۔

Elastometer : (n) [elast -+-meter.] لچکیت ناپنے کا ایك آلہ
(جیسے جسمانی نسیج یا ربر کی) ؛
لچکیت پیما ۔

Elastoplast : (n) (ٹریڈ مارك) چسپاں ہونےوالی لچکدار پٹی
میں استعمال ہوتا ہے ۔

Elastoplastic : (n) [elast-+plastic(n)] ربر کی مانندایك
پلاسٹك ؛ ایك چیز جس میں الاسٹك اور
پلاسٹك دونوں کی خصوصیات ہوں ۔

Elastose : (n) الاستین (Elastin) سے شکل پذیر ہونے والا
ایك پروٹینی مادہ ۔

Elastosis : (n) [L.elast.+ -osis.] ایك حالت جبکہ بوڑھےلوگوں
کی جلد کا لوچ ختم ہوجاتا ہے ۔

Elastration : (n) [blend of elastic and castration.] بے خون
آختہ کاری ۔

Elate : (v) [L.'elatus.'] ہمت بڑھانا؛ دل بڑھانا؛ مغروربنانا:
سرمست کر دینا ؛ (کسی) کےلئے
موجب فخر ہونا ۔

Elate : (a) [ME.'elat'.] مغرور ؛ شاداں ؛ مگن ؛ خوشی میں
مست ؛ نازاں ؛ سربلند ۔

Elate : (n) (نباتیات) خرما ؛ درخت خرما ؛ نخل خرما۔

Elatedly : (adv.) سر مست ہوکر ؛ مغرور ہوکر ؛ سر خوشی سے ۔

Elater : (a) [Gr.'elater.'] بلند کرنے والا ؛ مغرور کرنے والا ؛ مداح ؛ مستی و سرور پیدا کرنے والا ۔

Elater : (n) (نباتیات، حیاتیات) ناشر ؛ کٹ بھونرا ۔

Elateridae : (n) [L.] آرہ قرنی بھونرے ۔

Elaterin / Elatin : (n) ایک سفید بلوری زہریلا مصفی مادہ ۔

Elaterite : (n) [G.'elaterit.'] ایک معدنی شے جو ہندوستانی ربر کی طرح نرم اور لچکدار ہوتی ہے ۔

Elaterium : (n) [G.'elaterion.'] ایک جلاّب جو ککڑی کے رس کے رسوب سے تیار ہوتا ہے ؛ (نباتیات) اطریون ، مسہل خیار ۔

Elaterometer : (n) [Fr.'elaterometr.'] بند ہَوا یا بھاپ کےدباؤ کو ناپنے کا آلہ ۔

Elatha : (n) (افسانہ) علم کا دیوتا اور برس (Bres) کا باپ ۔

Elatine : (n) [Gr.'elatine.'] ایک آبی یا جل تھلی لت ۔

Elatine hydropiper : (n) (نباتیات) فلفل آبی ؛ فلفل مانی ؛ سبزہ٘ فلفل ۔

Elation : (n) [ME.'elacion.'] (۱) انبساط؛ مسرت ؛ سرمستی؛ فخر ؛ غرور ؛ تکبر ؛ ترفع ۔ (۲) مریضانہ اظہار جو کبھی شدید انبساط و مسرت سے وابستہ ہو ۔ (۳) (فلسفہ) سر خوشی ۔

Elative : (a) [L.'elatus' +-ive] مغرور ؛ بلند کرنے والا ؛ بلندی پر لے جانے والا ۔

Elative : (n) [L.'elatus' +-ive.] (لسانیات) اسم تفضیل ۔ (۲) کسی زبان کی تفضیلی حالت ؛ تفضیلی حالت کی ایک شکل ۔

Elative case : (n) (لسانیات) استنباطی حالت ۔

Elayer : (n) اَنو سفیر کا سب سے نچلا طبقہ جو دن کے وقت زمین کی سطح سے ٦٠ میل کی بلندی پر واقع ہوتا ہے اور ریڈیو کی لہروں کو منعکس کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

Elb : (n) (نباتیات) درخت عناب ؛ سیلانہ ۔

Elbow : (v) کہنیانا ؛ دھکم دھکا کرکے گھسنا؛ مشکل سے آگے بڑھنا ؛ موڑ لینا ؛ زِگ زاگ چلنا؛ کج چلنا ۔

Elbow : (n) [OE.'elboga.'] (۱) کہنی ۔(۲) کہنی کی شکل کا موڑ ؛ راستے یا ندی کا موڑ ۔(۳) لباس کا وہ حصہ جو کہنی کو چھپائے۔ (٤) کرسی کا دستہ ۔(٥) کہنی کی طرح محسوس ہونے والی کوئی شے ۔

At one's elbow / At the elbow : (کسی کے) پاس ہی ؛ بغل میں ؛ متصل ۔

Bend an elbow also crook an elbow /Lift an elbow : نشّہ اَور شراب پینا ؛ مشروب لینا ۔

Out at elbows : (۱) (لباس) پھٹا پرانا ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ۔(۲) (شخص) غریب ؛ مفلس؛ کم مایہ ۔

Up to the elbows : کسی چیز میں مشغول و منہمک ۔

Elbow bending : (n) بیئر یا شراب پینا ۔

Elbow chair : (n) آرام کرسی ۔

Elbow - grease : (n) مشقت؛ محنت ؛ خوب زور سے رگڑنا؛ مانجھنا؛ صیقل کرنا ۔

Elbow - joint : (n) کہنی کا جوڑ ۔

Elbow of capture : (n) ندی کی راہ میں اچانک موڑ کا آنا جہاں بحری قزاقی کا خدشہ ہو ۔

Elbow - room : (n) جگہ کا بہ افراط ہونا ؛ کشادہ جگہ ؛ موقع یا حرکت کی آزادی ؛ آزادی۔

Elbow stand : (n) بازیگر کی ایک حالت جب اس کا جسم پیش بازو پر ہوتا ہے اور پیر ہَوا میں لہراتے ہیں ۔

Elbow stone : (n) ایک پیش تاریخی خمدار سنگی مصنوعہ جو پورٹوریکو میں پایا گیا ہے ۔

Elbowed : (a) [elbow + -ed.] زانو دار ؛ زانوئی ۔

Elchee : (n) [Turk.'elci.'] ایلچی ؛ سفیر ؛ فرستادہ ۔

Eld : (n) [ME.'elde.'] (۱) (قدیم) کبر سنی ؛ قدیم زمانہ ۔
(۲) (روز مرہ ، برطانیہ) دورحیات ؛ زمانہ ۔
(۳) (قدیم) ضعیف آدمی ۔

Eld / Old : eldest کا مخفف ۔

Eld : (v) تامل کرنا ؛ تاخیر کرنا ۔

Eldebab : (n) [Ar.'al -dhubab.'] شمالی افریقہ کے اونٹ کی ایک بیماری جو ایک طفیلی جاندار سے ہوتی ہے ۔

Elder : (n) [ME.'eldre.'] (۱)عمر میں بڑا (دوشخصوں میں) ۔
(۲) بزرگ تر ؛ سینیئر (عموماً جمع میں) ۔
(۳) (قدیم)ضعیف شخص ۔(٤)انجمن انتظامیہ کارکن جو اپنے تجربہ اور عمر کے لحاظ سے خاص رتبہ کا حامل ہو ۔(٥) چرچ کا کوئی افسر یا رہنما ۔

Elder : (a) بزرگ ؛ عمر میں بڑا ؛ اگلے زمانے کا یا اس سے متعلق ؛ سینیئر ؛ تجربہ کار ۔

Elder : (n) [ME.'eldre.'] ایک جھاڑی دار درخت ؛ بیلساں ؛ اقطعی* ۔

Elder blow : (n) elder کا پودا ۔

Elder hand : (n) (تاش) جس نے پہلے پتا پھینکا ہو ؛ (گنجیفے میں) زبردست ۔

Elder statesman : (n) کسی تنظیم یا جماعت کا معروف و مشہور بزرگ سال رکن خصوصاً وہ جو سیاست سے الگ ہو کر قومی رہنماؤں کو مشورہ دیتا ہے ۔

Elder tree : (n) (نباتیات) خمان ؛ خمان کبیر ۔

Elder (-berry)wine : (n) اس درخت (کے پھل) کی شراب ۔

Elder wort /Dwarf elder : (n) (نباتیات) خمان صغیر؛ غلیون ۔

Elderberry : (n) [ME.'eldreberye.'] Elder کی جھاڑی یا درخت؛ ثمر اقطی* ۔

Elderliness : (n) بزرگ ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Elderly : (a) [elder + -ly.] (۱) کسی قدر معمر؛ سن ؛ متوسط عمر سے زیادہ ادھیڑ عمر کا ؛ کہنہ ؛ فرسودہ ؛ قدیم ۔
(۲) ابتدائی دور زندگی کے بعد کی خصوصیت رکھنے والا یا اس سے متعلق ۔

Eldern : (a) [Elder+ - en] دیکھو Elderly

Elders : (n) (۱) بڑے بوڑھے ؛ بزرگ ۔(۲) کسی معزز انجمن کے ارکان ؛ عہدقدیم میں عہدہ داران کلیسا؛ پادری ۔

Eldership : [elder +ship.] بزرگی ؛ ارشدیت ؛ ریش سفید ۔

Eldest : (a) [ME.] (۱) اولاد اکبر ؛ بھائی بہنوں میں سب سے بڑا ؛ ہم میں سب سے بڑا ؛ پہلوٹھی کا ۔

Eldest hand : (n) (قدیم) قدیم ترین ؛ کارڈ کھیلنے والا جو سب سے پہلے کارڈ پائے ؛ کھلاڑی جو سب سے پہلے کارڈ پائے ۔

Eldin : (n) جلا وطن ۔

Elding : (n) [ON.] (خصوصاًاسکاٹ)جلاون ؛ جلاون کی لکڑی ۔

Eldmother : (n) [OE.'eald - modor.'] (۱) (متروک) دادی ۔
(۲) ساس ؛ نیز سوتیلی ماں ۔

Eldorado : (n) [Sp.'el.dorado.'] ملک زریں ؛ ایک فرضی ملک یا شہر جس میں سونے کی بڑی افراط ہے ؛ وہ جگہ جہاں دولت آسانی سے پیدا کی جاسکے ۔

Eldress : (n) ایک خاتون بزرگ ۔

Eldritch : (a) [of Sc. origin.] دہشت انگیز؛ جسے دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو جائیں ؛ بھیانک ؛ خارق العادہ ؛ غیر طبیعی ۔

Eleatic : (a) [L.'eleaticus.'] یونانی فلسفیوں کے ایک مکتبے سے متعلق جس کا خیال تھا کہ وجود اور حرکت یا تغیر کی غیر واقعیت میں وحدت ہے ۔

Eleatic : (n) ایلیا کا فلسفی ۔

Eleaticism : (n) یونانی فلسفیوں کے ایک مکتبے کا اصول ۔

Elecampane: (n) [ME.'elycanpane.'] (۱) ایک قسم کا پوداجس کی جڑ اور پتیاں کڑوی اور خوشبودار ہوتی ہیں ۔(۲) مٹھائی جس میں اس پودے کا ذائقہ شامل کیا گیا ہو ۔

Elect : (a) [L.'electus.'] (۱) منتخب ؛ چیدہ ؛ برگزیدہ ؛ نامزد شدہ ۔(۲) (مذہبیات) برگزیدہ حق ۔
(۳) کسی عہدے یا رشتے کے لئے نامزد شدہ مثلاً (Bride elect) ۔

Bride elect : لڑکی جو دلہن بننے کے لئے نامزد ہوچکی ہو ۔

The elect : بہترین افراد : چنے ہوئے لوگ ۔

Elect : (a) [L.'electus'.] (۱) برگزیدہ ۔ (۲) منتخب جماعت یا قوم ؛ منتخبہ ۔

Elect : (v) کسی کام کا یا شخص کا انتخاب کرنا؛ اختیار کرنا ؛ (مذہبیات) نجات کے لئے بعض اشخاص کو دوسروں کے مقابلے میں انتخاب کرنا ۔

Election : (n) [L.'election.'] (۱) انتخاب (اکثریت رائے سے)؛ انتخاب کا طریقہ یا عمل ۔ (۲) کسی عہدے یا رکنیت کے لئے ووٹ کے ذریعہ انتخاب ۔ (۳) انتخاب ربانی ؛ خصوصی مراعات کا کسی شخص کےلئے مقدر ہونا ۔ (٤) علم نجوم کے اعتبار سے سعد وقت کا انتخاب ۔ (٥) جراحی یا اس کے طریقے کے لئے جگہ کا انتخاب ۔ (٦) منتخب ہونے کی حقیقت یا درجہ ۔

By - election : ضمنی یا ذیلی انتخاب ؛ پارلیمنٹ یا اسمبلی کے کسی ممبر کی جگہ خالی ہونے پر انتخاب ۔

General election : (۱) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا انتخاب عام ۔ (۲) (انگلستان میں دار العوام کےارکان کا) انتخاب عام ۔ (۳) عمومی انتخاب ؛ عام انتخابات ۔

Election cake : (n) پھل ، کشمش ، چینی ، انڈے اور مکھن سےتیار شدہ کیک ۔

Election day : (n) جمہوری عہدہ داروں کے انتخاب کے لئے قانونی طور پر متعین دن (جیسے ر ۔ م میں نومبر کے پہلے سوموار کے بعد کا پہلا منگل قومی انتخابات کےلئےنامزد ہے) ۔

Election pink : (n) (نباتیات) ایک قسم کا پھول ۔

Electioneer : (v) (۱) سیاسی انتخابات میں مشغول ہونا؛ انتخاب میں کسی کی حمایت کرنا ۔ (۲) انتخابی سرگرمیوں میں عملی حصہ لینا؛ اپنے انتخاب کی مہم میں سرگرم ہونا ۔ (۳) پروپیگنڈہ کے ذریعہ رائےعامہ پر حاوی ہونے کی کوشش کرنا ۔

Electioneer : (n) انتخابی مہم میں حصہ لینے والا ۔

Electioneering : (n) انتخابی مہم چلانا ۔

Elective : (a) [Late L.'electivus.'] (۱) انتخابی ؛ انتخاب سے متعلق ؛ انتخاب کا حق رکھنے والا ؛ انتخاب سے پُر (یا) ہونے والا ۔ (۲) جمہوری انتخاب کے ذریعہ منتخب ۔ (۳) دوسری چیز کے مقابلہ میں کسی ایک کی طرف مائل ہونے والا ؛ ہمدردانہ طور پر (کسی شے کی طرف) مائل ۔

Elective affinity : (n) بعض عناصر کا میلان دوسرے عناصر سے ملنے کا ؛ موانست ۔

Elective benefits : (n) (تجارت) انتخابی مفاد ۔

Elective subject : (n) انتخابی مضمون ۔

Electively : (adv.) انتخاب سے ؛ انتخابی طور پر ۔

Electivity : (n) انتخاب کا عمل یا اس کی خاصیت ۔

Elector : (n) [Fr.'electeur.'] حق انتخاب رکھنے والا ؛ (علم تاریخ) وہ جرمانی فرماں روا جسے شہنشاہ کےانتخاب میں رائے دینے کاحق حاصل ہو ؛ انتخاب کنندہ ؛ رائے دہندہ ؛ انتخابی حلقہ کا رکن جو ریاستہائے متحدہ کےصدر اور نائب صدر کو منتخب کرتا ہے ۔

Electoral : (a) انتخابی ؛ منتخب کرنے والے کا یا اس سے متعلق ۔

Electoral college : (n) انتخابی حلقہ ؛ خصوصاً ر ۔ م کے صدر کےانتخاب کرنےوالوں کی جماعت جو تمام امریکی ریاستوں کی نمائندگی کرتے ہیں (سینٹ اور کانگریس کے نمائندگان کی مجموعی تعداد پرمشتمل انتخابی حلقہ تیار ہوتا ہے) ۔

Electoral roll : (n) (سیاسیات) انتخابی فہرست ۔

Electorally : (adv.) انتخاب یا انتخاب کرنےوالوں کے حوالہ سے ۔

Electorate : (n) [F.'electorat.'] (۱) انتخابیہ ؛ حلقہ رائے دہندگان ؛ رائے دینے والوں کی جماعت ۔ (۲) جرمانی الیکٹر کی ریاست و منصب ۔

Joint electorate : مخلوط انتخاب ؛ مخلوط انتخابات ۔

Separate electorate : جداگانہ انتخاب ۔

Electorial : (a) دیکھو Electoral

Electorship : (n) رائے دہندگی ؛ رائے دہندہ کی کیفیت یا حالت ۔

Electosome : (n) نخبه ۔

Electr/Electro : (n) [L.' electr.'] جزو ترکیبی بمعنی "برق" "برقی" "الیکٹرون" برقی مقناطیسی ۔

Electra complex : (n) الکترہ ذہنیت ؛ عشق پدری (جو فرائڈ کے نظریہ کے مطابق ہر لڑکی کے دل میں جھانکتا ہے) ؛ (نفسیات) پدری خلط ۔

Electress /Electoress : (n) (۱) انتخاب کرنے والی ۔ (۲) جرمانی الیکٹر کی بیگم ۔

Electret : (n) (برقیات) حاجز ؛ ایک برق گذار جسم جس میں برقی قطبیت کی مستقل حالت قائم ہوچکی ہو ۔

Electric : [L.'electrum.'] بجلی کا ؛ بجلی پیدا کرنے والی خاصیت کا حامل ؛ وہ جسم جس میں بجلی جمع کی جائے یا وہ کام کرے ؛ برق انگیز ۔

Electric : (a) برقی ؛ کہربائی ؛ برق رو ؛ نیز مجازاً ۔

Electric arc : (n) برقی قوس ؛ دو الیکٹروڈ کے نقطوں کا درمیانی برقایا روشن حصہ جس سے برقی لہر دوڑ رہی ہو ۔

Electric atmosphere : (n) برقی اجسام کا وہ حلقہ جس میں وہ اپنی نمایاں خصوصیات ظاہر کرے ۔

Electric aura : (n) برقی نسمہ ۔

Electric branch : (n) (سیاسیات) شعبہ" بجلی ۔

Electric breeze : (n) نسمہ برقی ۔

Electric blue : (n) فولاد کا سا نیلا رنگ ؛ قوس قزاحی رنگ ۔

Electric bulb : (n) برقی قمقمہ ۔

Electric burn : (n) برقی حرقہ ۔

Electric candle : (n) ایک برقی آلہ جس میں کاربن کی پنسل متوازی ہوتی ہے ۔

Electric cantery : (n) (جراحی) برقی مکواۃ ۔

Electric cell : (n) بیٹری ؛ کوٹھری نمبر چھ ۔

Electric charge : (n) قوت کہربائی کا بھرنا (لانڈن کے بنے ہوئے ظروف میں) ۔

Electric chair : (n) وہ کرسی جو بجلی سے جان ہلاک کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

Electric chaines : (n) دھات کی چھڑ سے لٹکتی ہوئی تین گھنٹیاں جو بجلی سے بجتی ہیں ۔

Electric chorea : (n) (طب) برقی رقصہ ۔

Electric clock : (n) بجلی گھڑی ؛ بجلی سے چلنےوالی گھڑی ؛ ایسی گھڑی جس کا پنڈولم برقی مقناطیسی تحرک سے چلتارہے ۔

Electric current : (n) برقی رو ؛ مثبت اور منفی برقی ذرات حرکت جس کے ساتھ گرمی پیدا ہو ؛ مقناطیسی میدان بنتارہےاور کیمیائی تغیر ہو ۔

Electric discharge : (n) برقی اخراج ۔

Electric doublet : (n) برقی جفتہ ۔

Electric drier : (n) برقی ناشف ۔

Electric drop recorder : (n) برقی قطرہ نگار ۔

Electric Dynamometer : (n) برقی قوت پیما ۔

Electric eel : (n) (حیاتیات) برقی مارماہی ؛ ایک مچھلی جس سے برقی صدمہ پہنچتا ہے ۔

Electric energy : (n) برقی توانائی ۔

Electric eye : (n) برقی آنکھ ؛ ضیائی برقی خانہ ۔

Electric field : (n) (برقیات) برقی میدان ۔

Electric fire : (n) (برطانیہ) کمروں کو گرم رکھنے والا برقی ہیٹر ۔

Electric fishes : (n) بعض مچھلیاں جو برقی صدمہ پہنچاسکتی ہیں ۔

Electric fluid : (n) مفروضہ سیال کے لئے فرینکلن کی اصطلاح جو بجلی کا موجب ہے ۔

Electric flux : (n) برقی نفاذ ۔

Electric force : (n) برقی قوت ؛ وہ قوت جس سے برق مادے کو متحرک کرتی ہے ۔

Electric furnace : (n) برقی چولہا؛ چولہا جو برقی رو سے گرم کیا جاتا ہے ؛ برق بھٹی ۔

Electric generator : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی جنک ؛ مولد برق ۔

Electric guitar : (n) ایک قسم کا گٹار جس کا آہنگ بجلی کے ذریعہ بلند کیا جاتا ہے ۔

Electric heater : (n) (برقیات) برقی گرمالہ ۔

Electric harpoon : وہ جس میں بجلی کے ذریعہ برقی بار مشتعل ہوتا ہے ۔

Electric indicator : (n) جو مقناطیسی لہروں کا پتا دے ۔

Electric induction : (n) (برقیات) برقی امالہ ۔

Electric inspection : (n) (برقیات) برقی معائنہ ۔

Electric intensity : (n) (برقیات) حدت برقاؤ ؛ شدت برقاؤ ۔

Electric iron : (n) بجلی کے ذریعہ استری کرنے کا آلہ ۔

Electric knife : (n) سوئی کی طرح الیکٹروڈ جو نسیج کو کاٹے اور جلا دے ۔

Electric lamp : (n) الیکٹرک لیمپ ؛ برقی لیمپ ؛ ایسا برقی لیمپ جس میں روشنی بجلی کے ذریعہ ہو ۔

Electric light : (n) بجلی کی روشنی ؛ برقی روشنی ؛ برقی چراغ ؛ (برقیات) بریقہ ۔

Electric light-bulb : (n) (برقیات) قمقمہ برق ۔

Electric machine : (n) وہ جس سے رگڑ کر بجلی پیدا کی جائے ۔

Electric moment : (n) (برقیات) برقی معیار اثر ۔

Electric organ : (n) (حیوانیات) برقی عضو ۔

Electric oscillations : (n) (برقیات) برقی ارتعاشات ۔

Electric polarization : (n) (برقیات) برقی تقطیب ۔

Electric potential : (n) (برقیات) برقی قوۃ ۔

Electric ray : (n) (حیوانیات) رعاد ؛ برق ماہی ۔

Electric refrigeration : (n) (طبیعیات) برقی خنکانا ۔

Electric regulator : (n) برقی مقناطیسی سرکٹ سے مشین کھولنے یا بند کرنے والا آلہ ۔

Electric reproducing : (n) (صوتیات) برقی باز تولید صوت؛ برقی گراموفون ۔

Electric resistance : (n) برقی مزاحمت ۔

Electric shock : (n) (عضویات) برقی صدمہ ؛ برق زدگی ۔

Electric shocker : (n) ندی یا تالاب کی مچھلیوں کو پانی میں برقی رو بھیج کر متوحش کرنے کا ایک طریقہ (مچھلی پکڑنے یا اس کی آبادی کا مطالعہ کرنے کے لئے) ۔

Electric signal : (n) (برقیات) برقی اشارہ ۔

Electric sleep (n) (طب) برقی نیند ۔

Electric spare : (n) برقی شرار ۔

Electric storm : (n) (موسمیات) برقی طوفان ؛ پانی اور گرج کے ساتھ پیدا ہونے والا اچانک شدید طوفان ۔

Electric stroke : (n) (عضویات) برقی ضرب ۔

Electric supply : (n) (معاشیات) برقی بہم رسانی ۔

Electric steel : (n) بجلی کی بھٹی میں صاف ہونے والا فولاد۔

Electric tension : (n) برقی شدت ۔

Electric tissue : (n) (حیوانیات) برق زا نسیج ۔

Electric tractor : (n) (انجینیئرنگ ،برقیات) برقی ہل ۔

Electric wave : (n) (برقیات) برقی موج ؛ برقی مقناطیسی رو ۔

Electric wave telegraphy : (n) (تلغرافی) بےتار پیام رسانی ۔

Electric whirl : (n) (برقیات) برقی گردہ ۔

Electric wires : (n) برقی تلغراف کے تار ۔

Electrical : (a) برق سے متعلق ؛ برقی ؛ کہربائی ۔

Electrical analogy : (n) (صوتیات) برقی مماثلت ۔

Electrical communication : (n) برقی پیام رسانی ۔

Electrical element : (n) برقی خانہ ۔

Electrical energy : (n) برقی توانائی ۔

Electrical engineer : (n) برقی مہندس ۔

Electrical engineering : (n) برقی انجینیئری ۔

Electrical focussing : (n) (طبیعیات) برقی مرکوزیت ۔

Electrical oscillation : (n) (کیمیا) برقی ڈولن ۔

Electrical phenomenon : (n) (کیمیا) برقی مظہر ۔

Electrical resistivity : (n) برقی مزاحمت ۔

Electrical recording : (n) (صوتیات) برقی صوت نگاری ۔

Electrical resonance : (n) برقی گمک ۔

Electrical storm : (n) برقی طوفان ۔

Electrical technology : (n) برقی صناعیات؛ برقی تکنالوجی ۔

Electrical transcription : (n) فونو گراف ریکارڈ جو ریڈیو نشریہ کے لئے ہو ؛ ریڈیو پروگرام کا نشریہ ۔

Electrical transient : (n) (طبیعیات) برقی لحاتی خلل ۔

Electrically : (adv.) برق ذریعے سے ؛ بجلی کے زور سے ۔

Electrician : (n) [electric + - ian.] (۱) برقی آلات ساز ۔ (۲) برقچی ۔ (۳) برقیات داں ؛ ماہر برقیات ۔

Electricity : (n) (۱) بجلی ؛ برق ؛ کہربا ۔ (۲) علم البرق ؛ برقیات جو برق کی کیفیات اور قوانین سے بحث کرے ۔ (۳) سرگرمی؛ جوش ۔ (٤) برقی رو ۔

Atmospheric electricity : (موسمیات) برق ہَوائی؛ برق کرۂ ہَوا ۔

Current electricity /Dynamic electricity : (برقیات) برق حرکی ؛ حرکی برق ۔

Frictional electricity : فرکی برق ؛ رگڑ بجلی ۔

Galvonic electricity : مقناطیسی برق ۔

Magnetic electricity : (برقیات) مقناطیسی برق ۔

Negative-/Resinous electricity : سلبی برق ؛ منفی برق ۔

Positive-/ Vitreous electricity : ایجابی برق ؛ مثبت برق ۔

Static electricity : (برقیات) برق سکونی ۔

Technical electricity : (برقیات) صنعتی برق ۔

Thermal electricity : حراری برق ۔

Electrics : (n) (برقیات) برقی اشیاء ۔

Electrification : (n) بجلی لگانا ؛ برقانے کا کام ؛ ریل کو بجائے دخانی کے برقی بنانے کا عمل ؛ (برقیات) برقاؤ ؛ (طبیعیات) برقانا ۔

Electrified body : (n) (برقیات) برقایا ہوا جسم ۔

Electrifier : (n) وہ جو برقاؤ کا کام کرے ۔

Electrify /Electrize : (v) برقانا ؛ بجلی پہنچانا ؛ (مجازاً) مشتعل کرنا ؛ چونکانا ؛ بجلی کی سی لہر دوڑا دینا ۔

Electrine : (a) (فلزیات) الیکٹرمی ؛ (معدنیات) کہربانی ۔

Electrization : (n) برقانے کا فعل ؛ (برقیات) برقی علاج ؛ (طبیبات) برقاؤ ۔

Electro (بول چال میں) الیکٹروپلیٹ ؛ الیکٹرو ٹائپ (کا مخفف ہے) ۔

Electro : [Gr.'electron.'] (ترکیبی جزو) برق سے متعلق ؛ بجلی کا ؛ برقی ۔

Electro-active : (a) (کیمیا) برق کا ۔

Electro-affinity : (n) (برقیات) اِلف برقی ۔

Electro-analysis : (n) برقی طریقے سے الگ کیمیاوی تجزیہ جس میں برقی توانائی کی کافی مقدار صرف ہوتی ہے؛ تحلیل بالبرق ؛ برق پاشی تجزیہ ۔

Electro - anesthesia : (n) (طب) برقی تخدیر ۔

Electro-appendectomy : (n) (طب) برقی زائدہ برآری برقی ۔

Electro-ballistic : (a) برقی منجنیقی ۔

Electro-bath : (n) مائع جس میں محلول دھات الیکٹرو پلیٹ کیلئے ہو ؛ (برقیات) برقی محلول ۔

Electro-biology : (n) برقی حیاتیات ؛ حیاتیات کا ایک شعبہ جو جاندار نامئے کے برقی مظاہر سے بحث کرتا ہو ۔

Electro-bioscopy : (n) برقی حیات بینی ۔

Electro-capillary : (a) برقی شعری ۔

Electro-cardiogram : (n) [electr - +cardiogram.] برقی قلب نگاری جس سے دل کے عضلہ کے خلاف معمولیت کا پتا چلتا ہے ۔

Electro-cardiograph : (n) ضرب قلب کے درمیان برقی قوت میں ہونے والے تغیرات تحریر کرنے کا ایک آلہ جس سے دل کے خلاف معمولیت کا پتا چلتا ہے ۔

Electro-cardiography : (n) (طب) برقی قلب نگاری ۔

Electro-chemical : (a) (برقیات ، کیمیا) برقیمیائی ؛ برقی کیمیائی ۔

Electro-chemical equivalent : (n) (کیمیا) برقیمیائی معادل ۔

Electro-chemistry : (n) برقی کیمیا ۔

Electro-comic : (a) (کیمیا) برقی روانی ۔

Electro-conductive : (a) ایصال برق کا حامل ۔

Electro-coppering : (n) (کیمیا) برقی تانبہ کاری ۔

Electro-culture : (n) (نباتیات) برقی کاشت ۔

Electro-cystoscope : (n) (طب) برقی مثانہ بیں ۔

Electro-deposit : (v) (کیمیا) بذریعہ برق پانی جمع کرنا ۔

Electro-deposition : (n) (فلزیات) برقی انداخت ۔

Electro-desiccation : (n) (طب) برقی خشکاؤ ۔

Electro-diagnosis : (n) (طب) برقی تشخیص ۔

Electro-dialysis : (n) (کیمیا) برقی رق پاشیدگی ۔

Electro-dissolution : (n) (برقیات، انجینیئرنگ)برقی تحلیل ۔

Electro-dynamic : (a) برقی حرکیات کا یا اس سے متعلق ۔

Electro-dynamometer : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی طاقت پیما ۔

Electro-encephalography : (n) (طب) دماغ برق نگاری ۔

Electro - endosmosis : (n) (کیمیا) برقی درد لوچ ۔

Electro - engraving : (n) برقی حکاکی ۔

Electro - farming : (n) (برقیات) کاشتکاری ۔

Electro - forming : (n) (فلزیات) برقی تشکیل ۔

Electro-fusion : (n) برقی پگھلاؤ ؛ (دھاتوں کا) ۔

Electro-genesis : (n) (برقیات) تولید برق ۔

Electro-gild : (v) برقی طلا کاری کرنا ۔

Electro-gilding : (n) (کیمیا) برقی طلا کاری ۔

Electro-kinetics : (n) (برقیات) برقی حرکیات ؛ برقی سنیمائیات ۔

Electro-lithotrity : (n) (طب) برقی حصاۃ شکنی ۔

Electro-magnet : (n) برقی مقناطیس، برقاطیس؛ مقناطیسی مادہ (جیسے کچا لوہا) جو برقی رووں سے محصور ہو کر مقناطیس کی طرح قوت کشش پیدا کرلیتا ہے اور جب تک رو جاری رہتی ہے اس کی مقناطیسیت قائم رہتی ہے ۔

Electro-magnetic : (a) برقاطیسی ؛ برقی مقناطیسی ۔

Electro - magnetism : (n) برقی مقناطیسیت ۔

Electro-massage : (n) برقی مالش ۔

Electro-mechanics : (n) برقی حرکیات کا ایک شعبہ جو برقی دور میں شامل میکانکی قوتوں سے بحث کرتا ہے ؛ برقی میکانیات ۔

Electro-osmosis : (n) (کیمیا) برقی دلوچ ۔

Electro plax : (n) (حیوانیات) لوح برقی عضو ۔

Electro-polar : (a) برقی قطب دار ۔

Electro-positive: (a) (۱) مثبت برق کا حامل ۔(۲) مثبت برق سے متعلق ۔(۳) جو کسی وولٹا سل میں منفی الیکٹروڈ کی طرح کام کرے ۔(٤) الیکٹرون پیدا کرنے والا ۔(٥) جو کسی وولٹا سل میں مثبت الیکٹروڈ کی طرح کام کرے ۔

Electro-positiveness : (n) برقی مثبتیت ۔

Electro-potential : (n) (کیمیا) برقی قوت ۔

Electro-puncture : (n) نسیج میں برقی رو دینا ۔

Electro-radiology : (n) (طب) برقی شعاعیات ۔

Electro-shock : (n) علاج بالبرق ؛ بجلی کے ذریعہ صدمہ پہنچانا ۔

Electro-shock therapy : (n) برقی رو کے ذریعے دماغی خلل کا علاج ۔

Electro-surgery : (n) (جراحیات) برقی جراحی ۔

Electro-technics : (n) (برقیات ، انجینیئرنگ) برقی صناعیات ۔

Electro-telegraphy : (n) (تلغرافی) تار برقی ۔

Electro - tint : (n) برقی نقاشی ۔

Electro valency/Electrovalence : (n) (کیمیا) برقی گرفت ۔

Electro-vital (a) برقی حیاتی ۔

Electrocantery : (n) بجلی کی رو سے داغنا ؛ بجلی کے ذریعہ کسی نسیج کو داغنا ؛ (طب) برقی مکواۃ ۔

Electrocatalysis : (n) (برقیات ، کیمیا) برقی عمل انگیزی ۔

Eletrochronograph : (n) برقی وقت نگار ۔

Electrocision : (n) (طب) استیصال بالبرق ۔

Electrocute : (v) (۱)برقی قوت سے جان لینا ۔(۲)برقی صدمہ دے کر جان لینا ۔

Electrocution : (n) برقی کرسی پر بٹھانا ؛ برقی قوت سے سزائے موت دینا ۔

Electrode : (n) برقی مورچہ؛ (برقیات) برقیرہ ؛ ایک موصل (کاربن یا کوئی دھات کی شے) جو برقی ایصال قائم کرتا ہے ۔

Active-electrode : (برقیات) فعال برقیرہ ۔

Indifferen-electrode : (برقیات) غافل برقیرہ ۔

Silent -electrode : (برقیات) ساکن بر قیرہ ۔

Electrodynamics : (n) برقی حرکیات؛ طبیعیات کاایک شعبہ جو ان اثرات سےبحث کرتاھے جو برقی رو کے مقناطیس یا دوسری لہروں کے باہمی رد عمل کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں ۔

Electrogram : (n) کسی نسیج کی برقی نگاری (الیکٹروڈ کے ذریعہ) ؛ برق نگارش ۔

Electrograph : (n) برق نگار (آلہ) ؛ (طبیعیات) دورنگار ؛ (فوٹو) لاشعاعی تصویر ۔

Electrographite : (n) کسی بجلی کی بھٹی میں کاربن گرم کرنے سے پیدا ہونے والا مصنوعی گریفائیٹ ۔

Electrography : (n) (برقیات) برق نگاری ۔

Electrolier : (n) برقی چراغوں کا جھمکڑا ۔

Electrologist : (n) [NL.f.E.- logist.] برقی رو سے بال ، داغ ، مہاسے دور کرنے والا ۔

Electrology : (n) برقیات ؛ علم البرق ؛ (برقیات) اطلاقی برقیات ۔

Electrolyse : (v) مقناطیسی عمل کے ذریعے سے تحلیل کرنا؛ (کیمیا) برق پاشنا ۔

Electrolysis : (n) کیمیائی تحلیل ، عمل مقناطیسی کے ذریعہ سے ؛ نیز اس فن کا نام ؛ (کیمیا) برق پاش میں برقی رو بھیج کر کیمیاوی تبدیلیاں پیدا کرنے کا عمل ؛ برق پاشیدگی ۔

Electrolyte : (n) وہ جسم جس کی تحلیل اس عمل سے کی جائے ؛ برق پاش ؛ برق پاشیدہ ۔

Electrolytic : (a) (کیمیا) برق پاشانہ ۔

Electrolytic cell : (n) (کیمیا، برقیات) برق پاشی خانہ ۔

Electrolytic depolarisation : (n) (برقیات) برقی ازالہء تقطیب۔

Electrolytic dissociation (Theory of) : (برقیات) (نظریہ) برقپاشی ؛ افتراق ۔

Electrolytic gas : (n) (کیمیا) برقپاشی گیس ؛ دھماکو گیس ۔

Electrolytic polarisation : (n) (برقیات) برقی تقطیب ؛ برقپاشی تقطیب۔

Electrolytic polishing : (n) (برقیات) برق پاشی جلاکاری ۔

Electrolyze : (v) برق پاشیدگی کے عمل میں لانا؛ برق پاشی کرنا ۔

Electromagnetic theory of the light : (نظریہء طبیعیات) روشنی ایسے تموجات پر مشتمل ہوتی ہے جولہر کی حرکت کی راہ کے عمودی ہوتے ہیں۔

Electromagnetic wave : (n) برقی اور مقناطیسی میدان کی شدت کے بیک وقت تغیرات سے پیدا ہونے والی لہروں میں سے ایک جس میں ریڈیائی لہر ، ایکسرے ، گاما لہر وغیرہ شامل ہیں۔

Electromagnetisation : (n) (برقیات ، انجینیرنگ) برقی مقناد ۔

Electromagnetism : (n) (برقیات ، انجینیرنگ) برقاطیت ۔

Electromer : (n) دو یا زیادہ اشیاء میں سےایک جو الیکٹرون کی تقسیم کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں ۔

Electromerism : (n) (کیمیا) برقی ہم ترکیبی ۔

Electrometallurgy : (n) [electr-+ metallurgy.] برقی دھات کاری ؛ دھات کاری کا ایک شعبہ جو برقی لہروں کےاطلاق سے بحث کرتا ہے ۔

Electrometer : (n) [electr - +-meter.] برق پیما ؛برقی تفاوت قوت ناپنے یا پتا لگانے کا کوئی آلہ ۔

Capilary electrometer : (برقیات) شعری برق پیما ۔

Electrometry : (n) (برقیات) برق پیمائی ۔

Electromigration : (n) [electr -+migration.] برقی میدان میں روانوں (ions) یا لونتی ذرات کاانتقل ۔

Electromotion : (n) مقناطیسی رو ؛ میکانی حرکت جو برق سے پیدا ہو ؛ برقی حرکت ۔

Electromotive : (a) [electr-+motive(a).] محرک برق؛ برقی رو کا یا اس سے متعلق یا برقی تحریک پیدا کرنے سے متعلق ۔

Electromotive force : (n) قوت محرکہ برق ؛ جو برق کی تحریک پیدا کرے ۔

Electromotive series /Electromotive force series : (n) سلسلہ برق قوائی ۔

Electromotor : (n) برقی موٹر ۔

Electromuscular : (a) (حیوانیات) برقی عضلی ۔

Electromyography : (n) (طب) عضلی برق نگاری ۔

Electron : (n) [electr - + - on.] برقیہ ؛ الیکٹرون ؛ کسی ایٹم کے جزئی ابتدائی ذرات جو منفی برق کے حامل ہوتے ہیں ۔

Electron affinity : (n) (۱) برقی الف ؛ وہ درجہ جس حد تک ایٹم یا سالمہ زائد الیکٹرون کو کھینچتا ہے ۔ (۲) کم سے کم توانائی جو تعدیلی جوہر یا سالمہ پیدا کرنے کےلئے منفی رواں (ion) سے الیکٹرون دور کرنے میں درکارہو ۔(۳) منفی توانائی جو الیکٹرون کو بلور میں داخل کرنے میں درکار ہو ۔

Electron-camera : (n) (ثیلی) برقیہ کیمرا ۔

Electron-cloud : (n) کسی ایٹم کے مرکزہ کے گرد الیکٹرون کا سلسلہ ۔

Electron emission : (n) کسی مادّے سے الیکٹرون کا اخراج ؛ الیکٹرون کے اخراج کی شرح ۔

Electron lens : (n) برقی یا مقناطیسی میدان کے ذریعہ الیکٹرونی شعاع کو ملانے یا پھیلانے کا طریقہ ۔

Electron microscope : (n) (برقیات) برقیائی خوردبیں ۔

Electron multiplier : (n) (برقیات) برقیات افزائندہ ۔

Electron optics : (n) الیکٹرونیات کاایک شعبہ جوالیکٹرونی شعاعوں کے ان خواص سے بحث کرتا ہے جو روشنی کی شعاعوں کے خواص کے مماثل ہیں ۔

Electron shell : (n) (برقیات) برقیاتی خول ۔

Electron stream : (n) (برقیات) برقیوں کا دھارا ۔

Electron theory : (n) (برقیات) نظریہ° برقیہ ۔

Electron volt : (n) (برقیات) برقیہ وولٹ ۔

Electronation : (n) (برقیات) ازدیاد برقیات ۔

Electronegative : (a) منفی برق سے متعلق؛ (کیمیا) تیزابی؛ (برقیات) برقی منفی ۔

Electronegativeness : (n) (برقیات) برقی منفیت ۔

Electronegativity : (n) برقی منفی ہونے کی صفت ، حالت یا درجہ خصوصاً الیکٹرون کو مرکب میں جوہر یا اصلیہ کھینچنے والی قوت ۔

Electroneurolysis : (n) (طب) برقی عصب پاشی ۔

Electroneurotone : (n) (طب) برقی آلہ مالش ۔

Electronic : (a) (۱)الیکٹرون کا یا اس سے متعلق ؛ (برقیات) برقیاتی ؛ برقیہ بردار ۔(۲) الیکٹرونیات کا یا اس سے متعلق خصوصاً اسکےاصولوں کے مطابق کام کرنے والے طریقوں کا استعمال ۔

Electronic brain : (n) ایک بڑی کمپیوٹر مشین جو الیکٹرونی طریقے سے کام کرتی ہو ۔

Electronic charge : (n) (برقیات) بار برقیہ ۔

Electronic computor : (n) (شماریات) برقی کمپیوٹر ۔

Electronically : (a) الیکٹرون کی رو سے ؛ الیکٹرونیات کے اعتبار سے ۔

Electronics : (n) طبیعیات کا ایک شعبہ جو الیکٹر ون کےخلا اور گیسوں میں اخراج ، کیفیت ، اثرات اور الیکٹرونی طریقہ° کار سےبحث کرے ؛ برقیات ۔

Electropath : (n) (طب) معالج برقی ۔

Electropathology : (n) (طب) برقی امراضیات ۔

Electropathy : (n) (طب)برقی علاج ؛ علاج بالبرق ۔

Electrophone : (n) (صوتیات) برقی فون ؛ ایک آلہ جس سے برقی طور پر موسیقی پیدا ہوتی ہے ۔

Electrophonic : (a) (صوتیات) برقی سماعت ۔

Electrophonoide : (n) (صوتیات) صوتی برقالہ ۔

Electrophore/Electrophorus : (n) [L.] کہربا حامل (آلہ) ؛ برق بردار ۔

Electrophoresis : (n)[L.electr-+-phoresis.] (کیمیا)برقی تنقل؛ قوت محرکہ برق کے زیر اثر کسی مائع میں شامل ذرات کاتحرک ؛ برقی برداریت ۔

Electrophoretic effect : (n) (کیمیا) برق برداری اثر ۔

Electrophorus : (n) [electr.-+phorus] مچھلیوں کی ایک نوع؛ جس میں برقی بام بھی شامل ہے ۔

Electrophotography : (n) [electr - +photography .] ایسی فوٹو گرافی جس میں تصویریں برقی طور پر بنتی ہیں (جیسے xerography میں) ۔

Electrophototherapy : (n) (طب) برقی علاج ۔

Electrophysiology : (n) (عضویات) برقی عضویات ۔

Electroplate (n) [Electr - + plate .] (۱) برقی ذریعے سے چاندی چڑھانا ۔(۲) برقی قلعی کا برتن ۔

Electroplate : (v) (۱) برقی ذریعے سےایک دھات پر دوسری دھات چڑھانا ۔(۲) برقی ذریعے سے ٹائپ کرنا ۔

Electroplating : (n) (کیمیا) برقی ملمع کاری ؛ برقی قلعی ۔

Electrorifining : (n) (کیمیا) برقی تصفیہ ۔

Electroscission : (n) (جراحی) قطع بالبرق ۔

Electros : Electro کی جمع ۔

Electroscope : (n) برق نما؛ کسی جسم میں برقی بار کی موجودگی کا پتا چلانے والا آلہ ۔

Condensing electroscope : (برقیات) تکثیفی برق نما۔

Gold leaf electroscope : (برقیات) برق نما اوراق طلائی ۔

Pith-ball electroscope : (برقیات) گودا گولی برق نما۔

Electrosol : (n) (کیمیا) برقی محلول ۔

Electrospectroscopy : (n) (بصریات) برقی طیف نگاری ۔

Electrostatic : (a) سکونی برق یابرقی سکونیات سے متعلق ۔

Electrostatic attraction : (n) (برقیات) برقی سکونی کشش ۔

Electrostatic field : (n) بجلی کا میدان ۔

Electrostatic generator : (n) (برقیات) برقی سکونی مشین ۔

Electrostatic units : (n) (برقیات) برقی سکونی اکائیاں ۔

Electrostatic voltmeter : (n) (برقیات) برق سکونی وولٹ پیما ۔

Electrostatics : (n) برقی سکونیات ؛ طبیعیات کا ایک شعبہ جو ایسے برقی تار کی کشش یا دفع کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے مظاہر سے بحث کرے جو ان کی حرکت پر منحصر نہ ہو ۔

Electrostriction : (n) (برقیات) برقی ضیق ؛ برقی میدان کے عمل سے کسی برقی جسم میں نقص پیدا ہونا ۔

Electrosynthesis : (n) (کیمیا) برقی تالیف ؛ بجلی کے ذریعے ترکیب پانا ۔

Electrotaxis : (n) [L.] برقی ترتیب ؛ ایسی حرکت جس میں برقی رو اہم عنصر کی طرح کارفرما ہو ۔

Electrotelluregraph : (n) (برقیات) ارضی رونگار ۔

Electrothanasia : (n) (طب) ہلاکت بالبرق ؛ برقی ہلاکت ۔

Electrotherapeutics : (n) (طب) برقی علاجیات ۔

Electrotherapeutist : (n) (طب) معالج برقی ۔

Electrotherapy : (n) علاج بالبرق ؛ بجلی کے ذریعے امراض کا علاج ۔

Electrotherm : (n) (برقیات) برقی گرمالہ ۔

Electrothermal (a) (برقیات) برقی حری ؛ بجلی اور حرارت دونوں سے متعلق؛ جس میں برق اور حرارت دونوں شامل ہوں خصوصاً برقی حرارت سے متعلق ۔

Electrothermics : (n) (برقیات) برقی حرّیات ۔

Electrothermotherapy : (n) (طب) برقی حراری علاج ۔

Electrotome : (n) (جراحی) برقی چاقو ؛ (حیوانیات) برقی تراشندہ ۔

Electrotonic : (a) (طب) برقی طنابی ۔

Electrotonus : (n) [I.] برقی اثر کے تحت محرک عصبات کی حالت ؛ (طب) برقی طناب ۔

Electrotrephine : (n) (جراحی) برقی ترفان ۔

Electrotropism : (n) (حیوانیات) برق رُخی ۔

Electrotype : (n) [electr + type.] وہ نقل جو سیال تانبے کو سانچے پر جما کر برقی عمل سے تیار کی جائے؛ اس طریقہ سے قالب تیار کرنا؛ (برقیات)برقی ٹائپ ۔

Electrotype : (v) سیال تانبے کو سانچے پر جما کر برقی عمل سے نقل تیار کرنا ۔

Electrotyping : (n) (برقیات) برقی ٹائپ کاری ۔

Electroviscosity : (n) کسی محلول کی لزوجت پر اَیُون کا اثر ۔

Electrozone : (n) (کیمیا) برقی اوزون ۔

Electrum : (n) [L.] سونے چاندی کا میل یا 'جوڑ' جو قدما استعمال کرتے تھے ؛ کچ دھات طلا ؛ جرمن چاندی ؛ کہربا (قدیم) ۔

Electuary : (n) [L.'electuarium.'] شہد یا شربت میں محلول کیا ہوا سفوف ؛ (طب) معجون ؛ لعوق ؛ بیطاری طریقہ' علاج میں استعمال ہونےوالا لعوق جو شہد یا شیرینی سےتیار ہوتا ہے اورجو دانت، مسوڑھے یا زبان میں مل کر کھلایا جاتا ہے ۔

Thebaic electuary : (طب) تریاق فاروق ۔

Eledone : (n) [Gr.'eledone.'] سرپا کی ایک قسم ۔

Eleemosynarily : (adv.) بطور خیرات ۔

Eleemosynary : (a) [ML.eleemosynarius.] (۱) خیرات خور ؛ صدقہ خور۔ (۲) خیراتی ۔(۳) بلا معاوضہ ؛ للّٰہ ۔

Eleemosynary : (a) خیراتی ؛ خیرات کی قسم کا ؛ خیرات سے متعلق ۔

Eleemosynary corporation : (n) (تجارت) خیراتی کارپوریشن ۔

Elegance : (n) [Fr.'elegance.'] شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ سلاست ؛ خوش اسلوبی ؛ سلیقه مندی ؛ شان ؛ خوبی ؛ حسن صحت ؛ کمال حسن ۔

Elegant : (a)[Fr.'elegant.'] (حرکات، اطوار، طرز تحریر وغیرہ) شستہ ؛ پاکیزہ ؛ نفیس ؛ سلیقہ مند؛ برجستہ؛ بارفعت ؛ خوش اسلوب؛ (طرز معاشرت)امیرانہ؛ ثھاثھہ سے؛ (دواسازی) بامزہ ؛ خوش شکل اور خوشگوار؛ اعلیٰ درجے یا خوبی کا؛ اعلیٰ ؛ نفیس ۔

Elegante : (n) [F.'elegante.'] فیشن پرست خاتون ۔

Elegantly : (adv.) نفاست سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ تمکنت سے وغیرہ ۔

Elegiac /-al : (a) [L.'elegiacus.'] ماتمی ؛ غمناک ؛ الم انگیز؛ رثائی ؛ مرثیے سے متعلق ؛ مرثیہ نگارانہ ۔

Elegiac : (n) [Late. L. elegiacus.] ان دو یونانی بحروں کےنام جن میں مرثیے لکھے جاتے ہیں ؛ (صیغہ جمع) ماتمی اشعار ؛ نوحہ ؛ مرثیہ ؛ مرثیے یا نوحے کی بحر میں ۔

Elegiast : (n) مرثیہ گو ۔

Elegist : (n) مرثیہ گو شاعر ۔

Elegit : (n) [L.] عدالتی فیصلہ جس کے مطابق دائن کو مدیون کی آدھی ملکیت پر قبضہ دیا جاتا تھا ۔

Elegize : (v) [F.] نوحہ لکھنا ؛ درد انگیز اشعار کہنا؛ مرثیہ لکھنا ۔

Elegy : (n) [L. 'elegia'] نوحہ ؛ مرثیہ؛ نظم ماتمی بحر میں؛ درد انگیز نظم ۔

Eleme figs : (n) [Turk. 'eleme.'] اعلی درجے کی انجیر ۔

Element : (n) [L. 'elementum.'] (۱)عنصر ؛ جزء ترکیبی ۔ (۲) (کیمیا) وہ جز جس کی مزیدتحلیل نہ ہو سکے۔ (۳) (جمع) (کسی علم یا فن کے) مبادی ؛ ابتدائی اصول ۔(٤) آسمان ؛ سما ۔(٥) سو سے زیادہ دھات یا ادھات اشیاء میں سے ایک ۔

Consonantic element : (لسانیات) مصمتی جزو ۔

Floating element : (لسانیات) غیر ضروری جزو ۔

One's element : اپنےخاص عنصر میں ؛ اپنےعنصری مسکن میں (یعنی چارعناصر میں سے کسی ایک میں) ؛ اپنے مزاج کے موافق عنصر میں ؛ اپنے ماحول میں ہونا ؛ بے جھجک کام کرنا ۔

Out of one's element : اپنے مزاج کےعنصر سے باہر؛ مخالفانہ ماحول میں ہونا ؛ ہچکچانا ۔

Sociatic element : مختصر سوال وجواب کے ذریعہ حقیقت دریافت کرنے کا طریقہ ۔

The four elements : چارعنصر ؛ اربعہ عناصر (آب ، باد، خاک ، آتش) ۔

Vocalic element : صوتی جزو ۔

War of the elements : قوائے فضائی کی جنگ ۔

Element of trenches : (n) (فوجی) خندقوں کے موڑوں کے درمیان فاصلے ۔

Elemental : (a) (۱) عنصری ۔(۲) بسیط ؛ غیر مرکب ؛ فطرت کی عظیم قوت کا یا اس سے متعلق ۔ (۳) (متروک) مادی؛ طبیعی ۔ (٤) فطرت کی طاقت کا نمائندہ ۔ (٥) فطرت کی قوت یا اس کے کسی وجود کے شایان شان ، جو سادگی ، معصومیت ، توانائی کاحامل ہو ؛ قدیم ؛ ناتراشیدہ اساسی ؛ ارضی ۔ (٦) ابتدائی ؛ تمہیدی ۔(۷) خلقی؛ لاینفک ۔

Elemental : (n) (۱) روح ؛ غضب ۔ (۲) ابتدائیہ ؛ اصول ابتدائی (عموماً جمع میں) ؛ (تھیوسوفی) ارض و ھوا کے مؤکل ۔

Elemental part : (n) علاحدہ اکائیاں یا عناصر اشیاء لفظاً فرض کرنے کارجحان (جیسے دماغ اور جسم ، زمان و مکان) ۔

Elementalism : (n) جزو لایتجزی ۔

Elementarily : (adv.) ابتدائی طور پر ؛ معمولی لحاظ سے ۔

Elementariness: (n) ابتدائی کیفیت یاحالت ۔

Elementary : (a) [MF. elementaire.] (۱) ابتدائی ؛ تمہیدی ۔ (۲) (کیمیا) نا قابل تحلیل ۔(۳) (متروک) مادی ؛ طبیعی ۔ (٤) عناصر یا کسی موضوع کے ابتدائیے سے متعلق ؛ ابتدائی ؛ سادہ ؛ بنیادی ؛ قدیم ۔(٥) ابتدائی اسکول کا یا اس

سے متعلق ۔ (٦) ابتدائی (شے) ۔ (٧) (ہاتھ کے لئے) کھردرا ؛ بھونڈا ۔

Elementary algebra : (n) ابتدائی الجبرا ؛ الجبرا کا وہ حصہ جو سادہ خواص سے بحث کرے ۔

Elementary analysis : (n) کسی شے کے عناصر کا تعین یا دریافت ۔

Elementary bodies : (n) (طب) خلیہ ذرات ۔

Elementary body : (n) قابل تمیز اکائیوں میں سے کوئی ایک جو جسم کی حامل ہو اور جس میں بعض وائرس کے متعدی امراض پھیلانے والے ذرات موجود ہوں ۔

Elementary colours : (n) (طبیعیات) الوان اصلی ۔

Elementary geometry : (n) اقلیدسی جومیٹری کا وہ حصہ جو خط مستقیم ، دائرے ، سطح اور مخروط سے بحث کرے ۔

Elementary particle : (n) مادہ اور توانائی کے اجزا میں سے کوئی ایک (جیسے الیکٹرون ، پروٹون یا فوٹون) ۔

Elementary school : (n) ابتدائی اسکول : اسکول جہاں ابتدائی چیزیں (جیسے پڑھنا، لکھنا، ہجّے کرنا اور حساب) بتائی جائیں ۔

Elementary species : (n) ابتدائی نوع ۔

Elements : (n) Element کی جمع ۔

Elements of an orbit : عددی مقدار کا مجموعہ جو نظام شمسی کے کسی رکن کا مدار بتائے ۔

Elemi : (n) [mod. L.] ایک قسم کا گوند جو مرہم اور وارنش میں ڈالا جاتا ہے ؛ صمغ زیتون ۔

Elemicin : (n) بعض ضروری روغن میں پایا جانے والا مائع ایتھر $(C_{12} H_{16} O_3)$ ۔

Elenchus/Elenchi : (n)[G.'elenchos.'] (منطق) رد منطقی ؛ منطقی تردید ؛ ابطال ؛ (فلسفہ) سفسطہ ۔

Elenctic : (a) [G.'elenktikos] جرح سے متعلق ؛ جرح و تردید کا شائق ۔

Elenge : (a) [OE.] (قدیم) بعید ؛ دشوار ؛ خشک ؛ دردناک ۔

Eleometer : (n) (کیمیا) تیل پیما ؛ روغن پیما ۔

Eleoptene : (n) کسی طبعی روغن کا مائع جزو جو سردی میں ٹھوس ہو جاتا ہے ۔

Eleosachram : (n) شکر روغنی ۔

Elephant : (n) [Gr.'elephant-'] (١) ہاتھی ؛ فیل ۔ (٢) ٢٨ x ٢٣ انچی کاغذ کی تقطیع ۔

Double elephant : ٤ x $\frac{١}{٢}$ ٢٦ انچی کاغذ کی تقطیع ۔

White elephant : سفید ہاتھی ؛ (مجازاً) ایسی ملک جو وبال جان ہو (زیادہ مصارف کے باعث) ۔

Elephant creeper : (n) مشرقی ہندوستان کے انگور کی بیل جس کی پتیاں مڑی ہوتی ہیں اور جس کے پھول گلاب کی طرح ہوتے ہیں اور اسے زیب و آرائش کے لئے لگاتے ہیں ۔

Elephant folio : (n) بڑے تقطیع کی اشاعت (جیسے کوئی کتاب یا اٹلس) ۔

Elephant gun : (n) بڑے سائز کا رائفل (جیسے ٤٠٠ یا اس سے زیادہ) جو افریقہ یا ہندوستان کے بڑے شکاری جانوروں کا شکار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔

Elephant iron : (n) چھت کے کاموں میں استعمال ہونے والا لوہا جس کی چادریں بڑی اور نیم مخروطی ہوتی ہیں ۔

Elephant sear : (n) ایسے متعدد پودوں میں سے ایک جس کی پتیاں ایک طرف بڑی ہوتی ہیں جیسے ٹارو کا درخت ؛ بگونیا ۔

Elephant thorn : (n) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت جس کے کانٹے بڑے اور پھیلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Elephant tortoise : (n) ایک عظیم الجثہ سنگ پشت ۔

Elephant trunk : (n) ایک پھسلنے والی گاڑی جو کوئلہ جمع کرنے میں کام آتی ہے ۔

Elephanta : (n) [Pg. elephante.] مانسون کے آغاز یا انجام پر مشرقی ہندوستان کا شدید طوفان ۔

Elephantiasic : (a) [NL.elephantiasis.] فیل پا میں مبتلا یا اس کی مانند ۔

Elephantiasis : (n) (طب) فیل پا ؛ داء الفیل ؛ ایک مرض جس میں جلد ہاتھی کی کھال کےمشابہ ہوجاتی ہے؛ نا مناسب بالیدگی ؛ توسیع اور پھیلاؤ (جیسے لفظی توسیع) ۔

Elephantic : (a) (۱) ہاتھی کا ؛ ہاتھی سے متعلق ۔(۲) بھدّا: حد سے بڑا جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔

Elephantine : (a) [L.'elephantinus.'] Elephantic دیکھو

Elephantine epoch : (n) وہ قدیم زمانہ جب ہاتھی بکثرت پیدا ہوتے تھے ؛ (ارضیات) ہاتھی جگ ۔

Elephantine humour/-task/-movements : (n) بھدّا مذاق یا کام ؛ بھدّے حرکات و سکنات ۔

Elephantoid : (a) (۱) ہاتھی کا یا اس کے مشابہ ۔(۲) فیل پا کے مشابہ یا اس سے متعلق ؛ فیل پارثی ۔

Elephas : (n) [L.] ایشیائی ہاتھی کی ایک نوع ۔

Elettaria : (n) [L.] (نباتیات) جنس الائچی ۔

Elettaria cardamom : (n) (نباتیات) الائچی (درخت) ؛ درخت بیل ۔

Eleusinian /-mysteries : (a) [L.'elensinius.'] (۱) قدیم یونان کا ایک تہوار جس کے مراسم مقام الیوسس میں ادا کئے جاتے تھے ۔(۲) قدیم یونان کے شہر یولس کا باشندہ یا شہری ۔

Eleuthero - : [Gr.'eleutheros.'] (ترکیبی جز) بمعنی آزاد ۔

Eleutherodactyle : (a) (حیوانیات) آزاد انگشت ۔

Eleutheromania : (n) (نفسیات) جنون آزادی ۔

Eleutheropetalous : (a) (نباتیات) آزاد گلبرگ ۔

Eleutherophyllous : (a) (نباتیات) آزاد برگ ۔

Eleutheros : (a)[Gr.'eleutheros.'] (حیاتیات) جدا جدا؛ علاحدہ ۔

Eleutherozoa : (n) (حیوانیات) آزاد حیوانات ۔

Elevate : (v) [L.'elevare.'] (۱) بلند کرنا ؛ اٹھانا ؛ سرمست کرنا؛ اونچا کرنا۔(۲) مرتبہ بڑھانا؛ قدربڑھانا ؛ ترقی دینا ؛علمی یا اخلاقی حیثیت سے سرفراز کرنا ۔(۳) (روز مرہ) کسی قدر مخمور ہونا ۔ (٤) توپ کا دھرا بلند کرنا ۔

Elevate : (a) (قدیم) بلند ؛ رفیع ۔

Elevated : (a) اعلیٰ سطح پر واقع ؛ ذہنی یا اخلاقی اعتبار سے بلند سطح پر ؛ رفعت خیال یا احساس کے اعتبار سے نمایاں ، رفیع ؛ پاکیزہ ؛ شاندار ؛ عظیم الشان ؛ بلند ۔

Elevated : (a) ریل کی بلند لائن ؛ ریل کی اونچی سڑک ۔

Elevated duct : (n) (فلزیات) مرتفع قناۃ ۔

Elevated pole : (n) دو سماوی قطبوں میں سے ایک جو ناظر کے افق سے بلند ہوتا ہے ۔

Elevated rail /-road/-railway : ریل کی لائن جو شہری علاقوں میں ہوتی ہے اور جس کی سطح زمین کی سطح سے بلند ہوتی ہے ۔

Elevatedly : (adv.) سرمستی سے ؛ پاکیزگی کے ساتھ ۔

Elevatedness : (n) ترفیع ؛ شکوہ ؛ سرمستی ۔

Elevating : (a) روحانی یا اخلاقی کیفیت میں ترفع پیدا کرنے والا ۔

Elevatingly :(adv.) روحانی کیفیت میں ترفع پیدا کرتے ہوئے ۔

Elevation : (n) (۱) بلندی (مادی وغیرمادی) ؛ رفعت ۔ (۲) اونچائی ؛ بلندی (سمندرکی سطح سے) ۔ (۳) عروج ؛ ارتفاع ۔ (٤) عمارت کانقشہ جس میں اس کے سب رخوں کی بلندی دکھائی جائے ۔(٥) اسلوب یا خیال کی شوکت ؛ شوکت فکر ؛ رفعت آہنگ ۔ (٦) رفعت کردار یا روح ۔ (۷) عمودی سطح پر قائم الزاویہ اظلال ۔ (۸) (تعلیمات) روکار۔

Elevation of boiling point (طبیعیات) نقطہ جوش کاچڑھاؤ ۔

Elevato : (a&adv.) [It.] پُرشکوہ آہنگ؛ رفیع (موسیقی میں راہنمائی کےلئے مستعمل) ۔

Elevator : (n) [mod. L. 'elevator.'] بلند کرنے والا؛ اٹھانے والا: اعضاء وغیرہ کو اٹھانے والا عضلہ ؛ غلے وغیرہ کو اوپر اٹھانے کی کل ؛ بالائی منزلوں پر پہنچانے والی کل (لفٹ) ؛ مُرفع ؛ دانت کی جڑوں کو اکھاڑنے والا آلہ ؛ پست عضو کو اوپراٹھانے والا ایک آلہ؛جراحی؛ (انجینیئرنگ) رافعہ ؛ بالا بر ؛ لفٹ ؛ (حیوانیات ، تشریح) عضلہ مرتفعہ ۔

Elevatory : (a) اوپر اٹھانے والا وغیرہ ۔

Eleven : (a &n) [ME.'endleven'] گیارہ ؛ گیارہ کھلاڑیوں کی ٹیم خصوصاً فٹ بال میں ؛ گیارہ بجے ۔

Eleven rule : (n) گیارہ کا قاعدہ ۔

Eleven year period : (n) (فلکیات) یازدہ سالہ دور ۔

Elevens : (n) (برطانیہ) (روز مرہ) ناشتا ؛ دوپہر کا کھانا ۔

An elevens : کرکٹ وغیرہ میں ایک فریق کی کل تعداد ۔

The elevens : حضرت عیسیٰ کے حواری (باستثنائے یہودا) ۔

Eleventh : (a&n) [ME.enlefte.] گیارھواں ؛ (موسیقی) ایک آہنگ ؛ وقفہ ۔

Eleventh hour : (n) آخری وقت ؛ آخر میں ۔

Elf : (n) [OE.] (۱) عفریت ؛ پلید؛ بھوت ؛ بھتنا ؛ بونا ؛ گٹھ ؛ بالشتیا ۔(۲) مکار شخص ؛ شیطان ۔

Elf-arrow/-bolt : (n) چقماقی تیری علامت ۔

Elf-bolt /-arrow /-dart : (n) چقماق کا پرکار ۔

Elf-dart : (n) (۱) ایک بیماری ۔(۲) چقماقی تیری علامت ۔

Elf-land : (n) پرستان ۔

Elf-locks : (n) الجھے ہوئے بال ؛ موئے ژولیدہ ؛ لٹیں ؛ جٹائیں ۔

Elf-owl : (n) ایک بہت ہی چھوٹا حشرہ خورالو جو شمالی میکسیکو میں پایا جاتا ہے ۔

Elf-shot : (n) دیکھو Elf-dart

Elf struck : (a) آسیب زدہ ۔

Elfin : (a) بھوت پریت سے متعلق ؛ شریر بونے بھتنے کا (سا) ۔

Elfin : (n) بچہ ؛ شریر بونا ؛ دیو ؛ بھتنا ؛ پریا ۔

Elfin woodland : (n) بلندی پر کا جنگل جو گھنا نہ ہو ۔

Elfish : (a) [alter of ' elvish.'] (۱) بھتنا سا ؛ بھتنے کی طرح ۔ (۲) شریر ۔

Eliasite : (n) (معدنیات) یورینیم کا آب دار آکسائیڈ ۔

Elicit : (v) [L.'elicitus.'] استخراج ؛ (قوائے مخفیہ کو) بروئے کار لانا ؛ (کسی سے جواب یا تردید) نکلوانا؛ منطقی طور پر نکالنا ؛ تحریک دینا ؛ اشتعال دینا ؛ اظہار کرنا ۔

Elicitable : (a) قابل استخراج ؛ لائق اشتعال ۔

Elicitation : (n) استخراج ؛ استنباط ۔

Elicitor : (n) منطقی طور پر بات کا پتا لگانے والا ۔

Elide : (v) [L.'elidere.'] (۱) تلفظ میں (کوئی حرف یا آواز) گرا دینا ؛ ادا نہ کرنا ۔ (۲) (قدیم) برباد کرنا ؛ منسوخ کردینا ۔(۳) بدلنا یا دبا دینا (جیسے مصوت یا ہجا کو) ؛ حذف کرنا۔(٤) نظرانداز کرنا ؛ ترک کردینا ۔(٥) ملخص کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم کرنا ۔

Elidible : (a) قابل حذف ؛ قابل تخفیف ۔

Eligibility : (n) (سیاسیات) اہلیت ؛ موزونیت ؛ صلاحیت ۔

Eligible : (a) [L.'eligibilis.'] (کسی عہدے وغیرہ کے) اہل ؛ لائق ؛ مناسب ؛ مستحق ۔

Eligibly : (adv.) مناسب طریقے سے ؛ بہ طریق مناسب ۔

Elijah : (n) [after elijah, 9th cent B.C. Hebrew prophet.] (بائبل) الیاس علیہ السلام ۔

Elijah's chair : (n) [after elijah, Hebrew prophet.] وہ خالی کرسی جو یہودی رسم ختنہ کے موقع پر الیاس کےلئے رکھ چھوڑتے ہیں ۔

Elijah's cup : (n) شراب کا پیالہ جو میز پر الیاس کے لئے مخصوص طور پر رکھا جاتا ہے ، یہودیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ وہ کسی وقت مہمان بن کر آسکتے ہیں ۔

Eliminability : (n) قابل اخراج ہونے کی کیفیت یا حالت ۔

Eliminable : (a) (۱) (ریاضی) مخرج ۔(۲) مسقط ؛ حاصل اسقاط ۔

Eliminant : (n&a) (۱) (ریاضیات) مخرج ۔(۲) قابل اخراج ۔

Eliminate : (v) [L.'eliminatus.'] (۱) خارج کرنا ؛ نکال دینا ؛ ساقط کرنا؛ علاحدہ کردینا ۔(۲) (جسمانی ریشوں

سےفضلات کو یا کسی مرکب سےاس کے کسی جزو کو) خارج کرنا ۔(۳) (جواب دیتے وقت کسی سوال سے) تجاہل کرنا۔(٤) (قدیم) دروازے سے باہر کرنا؛ ڈھکیل دینا۔(٥) چھٹکارا پانا ۔(٦) نظر انداز کرنا ۔ (۷) ہٹانا ، دو یا زیادہ مساوات کو ملا کر ۔

Elimination : (n) اخراج ؛ خارج کرنا وغیرہ ؛ اسقاط؛ حذف ۔

Elimination period : (n) (تجارت) مدت اخراج ۔

Eliminations : (n) تھوک ؛ پیشاب؛ فضلہ؛ منطقی اصطلاحات کا اخراج سالمے سے ؛ ذروں کا اخراج ۔

Eliminator : (n) (ریاضیات) اسقاط کنندہ ۔

Elinguation : (n) (جراحی) زباں برآری۔

Elinvar : (n) [F.'elinvar.] ایلن ور ؛ ایک دھات بھرت جس میں پچاس فیصد لوہا ، چھتیس فیصد نیکل اور بارہ فیصد کرومیم ہوتا ہے اور جس کا لوچ حرارت کے تغیر سے غیر متاثر رہتا ہے اور جو گھڑیوں کے اسپرنگ اور دوسرے دقیق آلات میں استعمال ہوتا ہے ۔

Eliquate : (v) [L.'eliquatus.] (۱) (متروک) آزادی سے بہنے دینا ؛ مائع بنانا ۔(۲) پگھلانا ؛ سودھنا ۔

Eliquation : (n) [L.'eliquation.] (۱) (متروک) اماعت ۔ (۲) ذوب ؛ پگھلاؤ ۔(۳) (کیمیا) ذوبی تجزیہ ؛ (طبیعیات) ذوب ۔

Elision : (n) [L.'elision.] تلفظ میں کسی حرف علت یا رکن لفظ یا کتاب سے کسی عبارت کو حذف کردینا ؛ حذف ؛ (لسانیات) حذف ؛ ازالہ ۔

Elisor : (n) [Ofr. 'esliseor.] (قانون) جوری کا انتخاب کرنے والے دو اشخاص میں سے ایک ۔

Elite : (n) [Fr.] (۱) چیدہ ؛ بہترین ؛ منتخب ؛ زعما؛ ممتاز افراد ۔(۲) وہ جماعت جو سماجی اعتبار سے پُر وقار ہو ؛ وہ اقلیت جو اپنا اثر ، اقتدار یا فیصلہ کن قوت ڈالتی ہے ۔(۳) ٹائپ رائٹر کا ایک سائز جس کے بارہ نقوش افقی اور چھ عمودی ہوں ۔

Elite : (a) (۱) چیدہ ؛ بہترین یا منتخب سے متعلق ۔ (۲) انتخاب ؛ عمدہ ؛ اعلیٰ ۔

Elite seed : (n) عمدہ بیج ؛ اعلیٰ بیج ۔

Elitism : (n) (۱) یہ عقیدہ کہ چیدہ افراد ہی حکمرانی کے اہل ہیں ؛ نیز اس عقیدے کی وکالت ۔ (۲) انتخاب روزگار ہونے کا شعور ۔

Elitist : (n) [elite + - ist.] (۱) اس عقیدے کا حامل کہ چیدہ افراد ہی حکمرانی کے اہل ہیں ۔(۲) وہ جو اپنےکو انتخاب روزگار سمجھے ۔

Elixate : (v) (۱) جوش دینا ؛ ابالنا ۔(۲) پانی میں ڈالنا ۔

Elixir : [med.L.] (۱) ایک مادہ جس کےمتعلق دوروسطیٰ میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ دھات کو سونے میں بدل سکتا ہے ؛ ایک شے جس کے بارے میں یہ عقیدہ تھا کہ وہ حیات کو بڑھاتی ہے۔اس کا اس محاورے یعنی "Elixir of life" میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) (طب) اکسیر ۔ (۳) (کیمیا) عرق ۔ (٤) (طب) یاقوتی ؛ مقوی دوا ۔(٥) (Myth) اکسیر (حیات)۔

Elixir of life/-vitae : اکسیر حیات ؛ آب حیات ؛ آب حیواں ۔

Elixirate : (v) (متروک) تصفیہ ؛ مقطر کرنا ۔

Elizabeth : (a) شہر ایلزبتھ کا یا اس سے متعلق ؛ اس طرز یا قسم سے متعلق جو اس شہرمیں مروج تھی ۔

Elizabethan : (a) (۱) ایلزبتھن؛ ملکہ ایلزبتھ اول یا اس عہد کی تہذیب و ثقافت سے متعلق ؛ اس عہد کے طرز لباس سے متعلق ۔(۲) ایلزبتھ دوم (۱۹۲٦) یا اس کے عہد حکومت کا یا اس سے متعلق ۔

Elizabethan : (n) زمانۂ ایلزبتھ اول کا شخص خصوصاً شاعر یا ڈراما نگار ۔

Elizabethan style : (n) (۱) نشاۃ ثانیہ کے دور اول کی طرز تعمیر جس میں ٹیوڈر اور اٹلی کی خصوصیات شامل ہیں اور جو زمانہ ایلزبتھ کی عمارتوں میں مشترک تھی ۔ اس طرز کےنقوش بڑے دریچوں ، طویل گیلریوں ، قد آور آراستہ چمنیوں اور دوسرے آرائشی کاموں میں ملتے ہیں ۔ (۲) فرنیچر کا وہ اسٹائل جو نشاۃ ثانیہ کےعہد ایلزبتھ میں مروج تھا ۔

Elk : (n) [ME.] (۱) بڑا بارہ سنگا ؛ گوزن (شمالی یورپ اور شمالی امریکا کا) ؛ سابر ۔(۲) (روز مرہ، برطانیہ) ایک جنگلی مادہ بط ۔

Ell : (n) (۱) ناپنے کا (ایک متروک الاستعمال) پیمانہ ؛ پینتالیس انچ کا پیمانہ ۔(۲) نیم گز ؛ ہاتھ۔

Give him an inch and he will take ell : وہ تو انگلی پکڑ کے پہنچا پکڑتا ہے ۔

Ell-wand : (n) ایک پیمانہ (لمبائی کا) ۔ (۲) (علم النجوم) نطاق الجوزا ۔

Ellagic acid : (n) ایک قسم کا ترشہ ($C_{14} H_8 O_9$) جو مازو سے حاصل ہوتا ہے ۔

Ellek : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Eller : (روز مرہ) elder کی متبادل شکل ۔

Ellipse : (n) [alter of ellipois.] بیضوی شکل ؛ وہ ہندسی شکل جو مخروط کو ترچھا تراشنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ تقدیر کلام ؛ (ہندسہ) بیضوی شکل ؛ قطع ناقص ؛ بیضی ؛ ہلیلج ۔

Ellipsis /-pses : (n) [Gr.elleipsis.'] تقدیرکلام ؛ حذف عبارت جسےملاکر مفہوم کلام پیدا ہوتا ہے؛ کسی عنصر کو حذف کرنا ؛ علامت یا علامات سےحروف ، الفاظ یا دوسرے مواد کے حذف کا پتا چلے ۔

Ellipsograph : (n) (۱) بیضوی شکل بنانے کا آلہ ۔ (۲) (ہندسہ) بیضوی نگار ۔

Ellipsoid : (n) ہلیلجی نما(شکل) ؛ بیضوی نما (شکل) ؛ مماثل ٹھوس ؛ (ہندسہ) بیضوی مجسمہ ؛ ہلیلج نما ؛ ناقص نما ۔

Ellipsoidal : (a) (۱) بیضوی شکل کی مانند ۔ (۲) گول تکیے کی شکل کا ، خاص طور پر لاوا کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ (طبیعیات) بیضوی ۔

Ellipsoidal structure : (n) (حیوانیات) بیضوی ساخت ۔

Ellipsometer : (n) قطبی روشنی کی بیضویت متعین کرنے کا ایک آلہ ۔

Elliptic/Eliptic/- al : (a) [G.elleiptikos.] (۱) بیضوی شکل کی مانند یا اس کےمتعلق ؛ بیضوی ؛ ہلیلجی ؛ ناقص ۔ (۲) ایسےبیان سےمتعلق جو قواعد کی رو سےمکمل ہو مگر جامع ہونے کے لئے کسی عنصر کی کمی ہو ۔ (۳) ایسی علامت سے متعلق جو (کسی لفظ کے) حذف کا اشاریہ ہو ؛ (لسانیات) حذفی ۔

Elliptic arch : (n) بیضوی محراب ۔

Elliptic geometry : (n) ہندسہ جو اقلیدس کی متوازی بدیہیات کےعلاوہ تمام اولیات کو قبول کرتا ہے ۔

Elliptic lamina : (n) (حیوانیات) بیضوی برقچہ ۔

Elliptic motion : (n) (حیوانیات) بیضوی حرکت ۔

Elliptic orbit : (n) (حیوانیات) بیضوی مدار ۔

Elliptic polarisation : (n) (بصریات) بیضوی تقطیب ۔

Elliptic section : (n) ہلیلجی تراش ۔

Elliptic trammel : (n) (نقشہ) بیضوی کش ۔

Elliptical galaxy /Spheriodal -: (n) کہکشاں بیضوی شکل کی؛ (فلکیات) بیضوی مجرّات ۔

Elliptical polarisation : (n) (طبیعیات) بیضی تقطیب ۔

Elliptical projection : (n) بیضوی شکل کےاندرونی حصہ پر زمین کی سطح کا نقشہ ۔

Elliptical orbit : (n) (فلکیات) بیضوی مدار ۔

Elliptically : (adv.) بیضوی شکل میں ؛ بیضوی طور پر ؛ کسی عنصر کی فروگذاشت کے ساتھ ؛ بغیر منطقی رابطہ کے ؛ خفیہ ؛پیچیدہ طور پر ؛ مختصراً ۔

Elliptically polarised light : (بصریات) بیضوی تقطیب شدہ نور ۔

Ellipticalness : (n) بیضوی ہونے کی کیفیت یا صفت ۔

Ellipticity : (n) (۱) (جغرافیہ) فرق قطرین ۔ (۲) بیضویت ۔

Ellipticyte : (n) بیضوی سرخ جسمیہ ۔

Elm : (n) [OE] ایک درخت جس کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف دندانے دار ہوتی ہیں ؛ بوقیذار؛ بوقیذار کی لکڑی ؛ درخت نارون ؛ (نباتیات) شجر بق ؛ درودار ۔

Big leaved elm : (نباتیات) کاٹن ۔

Elm tea: (n) بوقیذار کی چھال سے تیار کردہ مشروب ۔

Elmansura : (a) [Fr.'El Marsura.'] المنصور (مصر) میں مروجہ طرز یا قسم کا ۔

Elmen : (a) [ME.'elmyn.'] (برطانیہ ، روز مرہ) بوقیذار کی لکڑی سے متعلق یا اس سے بنا ہوا ۔

Elmen-dorf test : (n) [after elmendorf.] کاغذ کی عمدگی کا ایک معیار ۔

Elmer : (n) (حیوانیات) مارماہیچہ ۔

Elmy : (a) بوقیذار کےدرختوں سے بھرا؛ اس درخت کی خاصیت رکھنے والا ۔

Elocular : (a) ایک شگاف والا ؛ ایک جوف والا ۔

Elocute : (v) [back formation fr.elocution.] فن خطابت کا مظاہرہ کرنا ؛ خطاب کرنا ۔

Elocution : (n)[L.'elocution'.] فن تقریر ؛ خطابت ؛ فن خطابت ؛ اسلوب تقریر ؛ (قدیم) ادبی اسلوب یا اظہار ۔

Elocutionary : (a) خطابت سے متعلق ۔

Elocutionist : (n) خطیب ؛ ماہر مقرر ؛ فن خطابت کا استاد ۔

Eloge : (n) [ML.'elogium.'] تقریر ؛ متوفی کے ذکرخیر میں (جو خاص کر فرانسیسی اکادمی کارکن اپنے پیشرو کے محاسن بیان کرنے میں کرتا ہے) ۔

Elogy : (n) [fr.L.'elogium.'] (قدیم) سوانحی خاکہ تعریف کے ساتھ ؛ (متروک) متوفی کا ذکر خیر ۔

Elohim : (n) [Heb.'elohim.'] (۱) الٰہ خصوصاً وہ جس کاتصور انجیل قدیم میں موجود تھا ۔(۲) یہودیوں اور کسانوں کا مقامی دیوتا ۔

Elohism : (n) ایلوہیم (Elohim) کا مذہب یا اس کی پرستش ۔

Elohist : (n) یہود کے ان کتب مذہبی کے مصنفین جن میں خدا کےلئے بجائے "یہوے" کے "الوہیم" کا لفظ استعمال ہوا ہے ۔

Eloign /Eloin : (v) [MF.'eloynen.'] (۱) محفوظ رکھنا ۔ (۲) دورکرنا ؛ پوشیدہ رکھنا (قانونی اختیارات سے) ۔

Elongate : (a)[L.'elongatus.'] (نباتیات، حیوانیات) نازک ؛ دراز ؛ گاؤ دم ؛ طویل ؛ عرض کے مقابلہ میں طول کا دراز تر ہونا ۔

Elongate : (v) [L.'elongatus.'] (۱) بڑھانا؛ طول دینا ؛ دراز کرنا۔(۲) (نباتیات)نازک شکل کا ہونا؛ گاؤ دم ہونا ؛ بڑھنا ؛ دراز ہونا ۔(۳) (ستاروں کا) آفتاب سے دور ہونا ۔

Elongate : (v) [L.'elongatus.'] (۱) (قدیم) (جرم سماوی کےبارے میں) آسمان میں خاص نقطہ یا ابتدائی مقام سے ہٹتا ہوا نظر آنا ۔(۲) کھینچنا؛ لمبا کرنا ۔

Elongated : (a) مطول ۔

Elongation : (n) [ML.'elongation.'] (۱) بڑہاؤ ؛ کھچاؤ ؛ لمبان؛ درازی ۔ (۲) (فلکیات) تباین سیار یا سیارہ ؛ وہ زاویہ جو زمین پر دو خطوں کے مابین واقع ہو جن میں سے ایک خط آفتاب کے، دوسرا سیارےکےمرکزتک کھینچاجائے؛ شمال کے سماوی قطب کے اعتبار سے کسی تارے کا انتہائی مشرق یامغرب میں روزانہ واقع ہونا۔(۳) (متروک) دوری ؛ بُعد ۔(٤) (فلزیات) تطول ؛ تطویل؛ (سیارہ) بعد الشمس ۔

Elongation of the ovula : (طب) کوّا کرنا ؛ گھاٹی ۔

Elope : (v) [AF.'aloper.'] (شادی شدہ عورت کا) میکے یا سسرال سے (آشنا کے ساتھ)نکل جانا؛ غیرشادی شدہ عورت کا کسی کے ساتھ اپنے گھر سےنکل بھاگنا؛ (ملزم کا) فرار ہو جانا؛ (مریض کا) نکل جانا (کسی اسپتال سے) ؛ روپوش ہونا ۔

Elopement : (n) الوپ ؛ اغوا ؛ ہرب ؛ فرار (اپنے گھر سے کسی عاشق یا معشوق کے ساتھ) ۔

Eloquence : (n) [L.'eloquentia.'] خوش بیانی ؛ فصاحت ؛ طلاقت ؛ خطابت ؛ علم بیان ۔

Eloquent : (a) [ME.fr.MF.] فصیح ؛ خوش بیان ؛ بلیغ ؛ سخن پرداز ۔

Eloquently : (adv.) خوش بیانی سے ؛ خطیبانہ انداز سے ؛ فصاحت سے ۔

Elritch : Eldritch کی متبادل شکل ۔

Elr quite : (n) لوھے اور الومینیم کا سلیکیٹ ۔

Else : (adv.) [ME.'eilles.'] اور؛ کوئی اور ؛ اور کیا؛ اور کچھ؛ اور کوئی ؛ ورنہ ۔

Elsewards : (adv.) دوسری جگہ کی طرف ۔

Elsewhere : (adv.) کہیں اور ؛ دوسری جگہ ۔

Elsin : (n) ایک قسم کا اُلو ۔

Elucidate : (v) [L.'elucidatus'.] تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ (کسی مسئلے کو) واضح یا روشن کرنا ۔

Elucidation : (n) تشریح ؛ توضیح وغیرہ ؛ شرح ۔

The elucidation of the text : توضیح متن ۔

Elucidative / Elucidatory : (a) مصرح ؛ مشرح ؛ توضیحی ۔

Elucidator : (n) تشریح یا توضیح کرنے والا ۔

Elucubration : (n) [Lak L.] کوشی ادبی تصنیف ۔

Elude : (v) [L.'eludere.'] (۱) چپکے سے بچ نکلنا (گرفت ، زد، نگرانی ، باز پرس ، خطرے ، دشواری وغیرہ سے) آنکھ بچا جانا ۔ (۲) (معاہدے یا قانون کی پابندی سے) بچنا یا گریز کرنا ۔ (۳) (عقل کو) چکر میں ڈال دینا ۔

Elul : [Heb.] چھٹا عبرانی مقدس مہینہ ۔

Elumbated : (a) (مزاجاً) کمزور کمر ۔

Elusine : (n) (۱) گھاس کی ایک نوع ؛ جنس منڈا ۔ (۲) اس نوع کا کوئی پودا ۔

Elusine corocane : (n) (نباتیات) منڈا ۔

Elusion : (n) بچاؤ ؛ گریز ؛ دھوکے میں ڈالنا ؛ بچ نکلنا ؛ فرار خصوصاً کسی مسئلہ یا حکم سے ؛ مغالطہ آمیزی ۔

Elusive : (a) گرفت سے بچ نکلنے والا ؛ چکر میں ڈالنے والا؛ فریب کار ؛ پیچیدہ ۔

Elusively : (adv.) بچ نکلنے کے طور پر ؛ اجتناب کرتے ہوئے ۔

Elusiveness : (n) فرار ؛ گریز ؛ اجتناب ؛ فریب کاری ؛ پیچیدگی ۔

Elusory : (a) [ML. 'elusorius'.] مغالطے میں ڈالنے والی ؛ گرفت سے بچ نکلنے والے (دلائل ، شرائط وغیرہ) ۔

Elute : (v) [L. 'elutus'.] دھونا؛ صاف کرنا؛ پاک کرنا خصوصاً کسی محلول شے کو محلل کے ذریعہ ۔

Elution : (n) [L. 'elution'.] دھونے یا صاف کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ (کیمیا) نتھراؤ ؛ تصویل ۔

Elutriate :(v) [L. 'elutriatus'.] چھاننا ؛ مخلوط شے کو خارج کرنا ؛ دور کرنا ۔

Elutriation : (n) [L. 'elutriatus'.] (۱) کسی مخلوط سے اشیاء کو دھوکر یا چھان کر دور کرنا ۔ (۲) کسی مخلوط کے باریک ذرات کو ثقیل ذرات سے علاحدہ کرنا ۔ (۳) زمین کے خفیف یا باریک ذرات کا بارش کے ذریعہ دور ہونا ۔

Eluvial : (a) [L. 'eluvium'.] (۱) کیوال مٹی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) ایسی مٹی یا علاقے سے متعلق ۔

Eluvies : (n) [L.] سیلان الرحم میں نکلنے والا مادہ ؛ کوئی مادہ ۔

Eluvium : (n) [L .] موسم زدگی یا انتشار سے پیدا ہونے والا ملبہ (چٹان کا) ۔

Eluxate :(v) جوڑ الگ کردینا ۔

Elvan : (n) جوالا مکھی سے نکلا ہوا سخت پتھر ۔

Elver : (n) [alter of eelfere.] ایک چھوٹی مخروطی شکل کی بام مچھلی ۔

Elvish : دیکھو Elf

Elysee : (n) جمہوریہ فرانس کے صدر کی قیام گاہ ۔

Elysian : (a) [L.'elysius.'] متعلق بہ فردوس یا فردوسی ؛ روحانی سرور سے متعلق یا روحانی سرور والا ۔

Elysium : (n) [Gr.'elysion .'] (۱) (یونانی دیو مالا) بہشت ؛ مبارک ارواح کا مسکن ۔ (۲) انتہائی راحت و سرور کی جگہ یا حالت ۔

Elytra :(n) (حیوانیات) پریوشاں ۔

Elytriform : (a) (حیوانیات) پریوش شکل ۔

Elytrigerous : (a) پریوش دار ۔

Elytrisis : (n) (طب) ورم مہبل ۔

Elytro - : ایک یونانی سابقہ بمعنی "غلاف" "خول" ۔

Elytroclasia : (n) (طب) انشقاق مہبل ۔

Elytroid : (a) (تشریح) مہبلی ؛ (حیوانیات) پریوش نما ۔

Elytron : (n) [Gr. 'elytron'.] (۱) بھونرے کی قسم کے کیڑوں کے بازوؤں کا بیرونی خول ۔(۲) عورت کی شرمگاہ کی نالی ۔

Elytrum : (n) [mod.L.] (حیوانیات) بروں پوش ؛ پر پوش ؛ مہبل۔

Elzevir (er) : (a&n) خاندان الزیور کے مطبعوں واقع امسٹرڈم ، ہاگ وغیرہ میں چھپی ہوئی کتاب ۔

Em : (n) (۱) انگریزی حروف تہجّی کا حرف "M" ۔ (۲) (طبیعیات) پیمانہ جس سے ایک سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

Em : (pom.) [ME.] (روزمرہ) مخفف them کا ۔

Em -: (prefix.) [EN.] سابقہ جو حروف p'b اور (اکثر) m کے پہلے آتا ہے اس کی متبادل صورت Im بھی ہے ۔

Emaciate: (v) [L .' emaciare'.] دبلا کرنا ؛ گھلانا ؛ سکھانا ؛ مریل کرنا ؛ کمزور کرنا؛ (زمین کو) بے قوت کردینا ۔

Emaciate : (a) [L.'emaciatus'.] دبلا ؛ لاغر ؛ نزار؛ مفلوک ؛ بنجر زمین ۔

Emaciated : (a) دبلا ؛ لاغر ؛ نیز مجازاً ۔

Emaciation : (n) [L . emancipatio.] لاغری ؛ دبلاپن؛ کمزوری ؛ لاغر کرنے کا عمل ؛ حالت نزار؛ (طب) نحول ؛ لاغر ۔

Emailloid : (n) (طب) نیا سکھ۔

Emanant : (a) [L.'emanare .'] (قدیم) جوکسی سر چشمے سے نکلے ۔

Emanate : (v) [L.'emanare .'] (کسی شخص یاشے سے) نکلنا؛ ظاہر ہونا ؛ خارج ہونا؛ صادرہونا ؛ برآمد ہونا ؛ خارج کرنا نیز مجازاً ۔

Emanation : (n) [Late L . 'emanatio.'] صدور ؛ ظہور ؛ (صفات جسمنہ وغیرہ کا)؛ کسی شخص یا شے کا ظہور؛ (طبیعیات) مخروج گیسی ؛ ریڈون وغیرہ ؛ (طب) فوحہ ؛ (فلسفہ ، دینیات) ظہورتجلی ؛ پرتو؛ نشہ؛ یہ اعتقاد کہ دنیا ذات خدا کانشہ ہے ۔

Radium emanation : (طبیعیات) صدور ریڈیم؛ ریڈیون ۔

Emanational : (a) نظریہء ظہورسےمتعلق جو نظریہء تخلیق سے جداگانہ ہے ۔

Emanatist : (n) [f. L.'emanat.'] اس نظریہ کا معتقد کہ عالم وجود میں ذات الٰہی کا پرتو ہے ۔

Emanatistic pantheism :(n) (ملکیات) اشراقی وجودیت ۔

Emanative : (a) [L.'emanatorius.'] صادرہونے والا؛ ساطع ؛ (الٰہیات)نظریہء بُروز سے متعلق ۔

Emanatorium : (n) (طبیعیات) مصدر؛ صدورگاہ ۔

Emanatory : (a) مشتق ؛ صادرہ ؛ عالم وجودمیں پرتو الٰہی کےنظریہ سے متعلق ؛ ظہوری ۔

Emancipate : (a) [L.'emancipatus.'] آزاد ؛ رہا ؛ (اب عموماً شعرمیں مستعمل) ۔

Emancipate : (v) [L. 'emancipare.'] رہا کرنا ؛ کسی قانونی، معاشری ، سیاسی ، عقلی یا اخلاقی محکومیت یا پابندی سے آزاد کرنا ؛ باپ یا شوہر کے تسلط سےنجات دینا ؛ (قدیم رومی قانون) مرد کےتسلط سے عورت یا بچے کو آزاد کرنا ۔

Emancipation : (n) [L. 'emancipationem .'] آزادی ؛ قانونی یا اخلاقی مجبوری سے آزادی؛ (سیاسیات) بریت؛ خلاصی ؛ رہائی ۔

Emancipationist : (n) جو کسی طبقہ خصوصاً غلاموں کی نجات کا حامی ہو ؛ اخلاقی اور ذہنی قیود سے آزادی کا حمایتی ۔

Emancipator : (n) [Emancipate + -or.] آزادی دینے والا؛ نجات دینے والا(لغوی و مجازی) ۔

Emancipatory : (a) جو نجات یارہائی دینے کا کام کرتاہو یا اثر رکھتا ہو ؛ نجات دہندہ ۔

Emancipist : (n) مجرم جو اپنی سزا کی میعاد پوری کر چکا ہو ۔

Emandibulate : (a) [E- + Mandibulate.] (حشرہ) آرواہ کے بغیر ؛ بدون فک زیریں ۔

Emanon : (n) (طبیعیات) ریڈون ۔

Emanotherapy : (n) (طب) صدوری علاج ؛ تابکاری علاج ۔

Emansio mensium : (n) (طب) احتباس طمث ۔

Emarcid : (a) [med.L.'emarciaus.'] (۱) (نباتیات) مرجھایا؛ پژمردہ ؛ خشک شدہ ۔(۲) افتادہ ؛ کمزور؛ جھکا ہوا ۔

Emarginate : (a) [L.'emarginatus.'] (۱) (نباتیات) کٹ حاشیہ؛ (حیوانیات) کٹ سرا ۔(۲) (بلور) جس کے حاشیے قدیم طرز میں تراشیدہ ہوں ۔

Emarginate : (v) [L.emarginare.] (۱) حاشیے کو دور کرنا ۔ (۲) (علم نور) (نامساوی انعطاف کی تاثیرات کا) نا منظم دیکھنا ؛ ایک شے کو دو دیکھنا ۔

Emargination : (n) نا منظم دیکھنے کی حالت؛ ایک شے کو دو دیکھنا ۔

Emasculate : (a) [L.'emasculatus.'] (طب) اُخت ؛ خواجہ ؛ اُختہ ؛ نامرد ؛ مخنث ۔

Emasculate : (v) [L.'emasculare.] نامرد کرنا ؛ اُختہ کرنا ؛ خصی کرنا؛ بدھیا کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ (کانٹ چھانٹ کے)تحریر کو بےجان کردینا ؛ نادار کردینا۔

Emasculation : (n) [L.'emasculatus.'] (جراحی) اخصار ؛ اُختہ گری ؛ (طب) ہیجڑاپن ؛ اُختہ پن ؛ کمزوری ؛ ناداری؛ مردانہ قوت سےمحروم کرنا؛تحریر کو بے جان کرنا ۔

Emasculative : (a) کمزور کرنے والا ؛ نامرد بنانے والا ۔

Emasculator : (n) (جراحی) خصی گر (آلہ) ۔

Emasculatory : (a) نامرد بنانے یا کمزور کرنے کا وصف رکھنے والا ۔

- emastoma : (طب) لاحقہ بمعنی ؛ "کیسہ خونی" جو دوسرے لفظوں کے ساتھ مرکب ہوتا ہے ۔

Embace : (v) (متروک) Embase کی متبادل شکل؛ پست کرنا؛ گرانا ؛ رتبہ کم کرنا ۔

Embale : (v) گانٹھ بنانا ؛ بستہ بندی کرنا ۔

Emball : (v) احاطہ کرنا ۔

Embalm : (v) [F.'embaumer.'] لاش کو مسالا لگاکر محفوظ رکھنا؛ حفاظت سے رکھنا؛ سونپنا؛ خوشبودار مسالا لگانا ؛ (مجازاً) کسی شے یا شخص کو فراموشی سے محفوظ رکھنا ۔

Embalmer : (a) حنوطی ؛ وہ جو مسالا لگا کر محفوظ رکھے؛ اس طرح محفوظ رکھنے والی (شے) ؛ معطر ساز ؛ خوشبو کرنے والا ۔

Embalmering : (n) تحنیط ؛ لاش کو مسالا لگا کر محفوظ رکھنا ؛ (تاریخ) مُردہ کو مومیانا (مصر) ۔

Embalmment : (n) لاش کی حفاظت سڑنے سے یا مسالا جو لاش کو محفوظ رکھنے کے لئے ہوتا ہے ۔

Embank : (v) (دریا وغیرہ کا) بند باندھنا ؛ پشتہ باندھنا ؛ مٹی یاپتھر سے محصور کرنا؛ ندی کے کنارے بند باندھنا یا حصار ڈالنا ۔

Embankment : (n) (انجینیئرنگ) بند؛ پُشتہ ؛ حصارسازی ۔

Embannered/Imbannered : (a) پرچم دار ؛ حامل پرچم ۔

Embar : (v) [MF.'embarrer.'] (۱) قید کرنا ؛ محصور کرنا ؛ حبس کرنا؛ زنداں میں ڈالنا ۔ (۲) کھینچنا؛ روک لینا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔(۳) روکنا؛ کسی کام سے باز رکھنا ۔(٤) (بندرگاہ میں) کشتی روک لینا ۔

Embargo : (n) [Sp.'embargar.'] (۱) ملک کی بندرگاھوں پر باہر والوں کےلئے کشتی چلانے کی ممانعت ؛ تجارت کا تعطل ؛ مخالفت ؛ روک ۔(۲) جہازوں یا تجارت کے لئے حکم امتناعی جاری کرنا ؛ تجارتی جہاز یا مال کو سرکاری اغراض کےلئے ضبط کرلینا ۔

Embargo : (v) [f.prec.] (۱) پکڑنا ؛ کھینچنا ؛ روک دینا ؛ ضبط کرلینا ۔ (۲) بندرگاہ میں روک دینا ۔ (۳) جہاز یا مال کو سرکاری اغراض کےلئے ضبط کرلینا ۔

Embark : (v) [F.'embarquer.'] (۱) جہاز پر سوار ہونا یا سوار کرنا ۔ (۲) (کسی جنگ یا مہم میں) مشغول ہونا؛ لنگر اٹھانا ۔ (۳) عزم کرنا؛ حرکت کرنا ۔(٤) چھوڑ دینا ؛ لگانا ۔

Embarkation : (n) کشتی پر سوار ہونا ؛ عزم ؛ کشتی پر سوار ہونے کا ارادہ یا عزیمت ؛ (تاریخ) جہاز پر سوار ہونا یا چڑھنا ۔

Embarkment / Embarkation : (n) کشتی پر سوار ہونے کا ارادہ۔

Embarque/Embark : (v) عزم کرنا ؛ کشتی پر سوار ہونا ؛ عازم ہونا ۔

Embarras de choix-derichess : (n) [Fr.] انتخاب کرنے میں الجھن ؛ سامان کی اتنی فراوانی جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔

Embarrass : (n) [F.'embarrer.'] (۱) الجھن؛ پریشانی ؛ رکاوٹ ؛ کش مکش ۔ (۲) ندی کی دشوار گذار راہ ۔ (۳) (ریاستہائے متحدہ) ندی کا وہ حصہ جہاں کشتی رانی مشکل ہو ۔

Embarrass : (v) [F.'embarrasser.'] الجھانا ؛ پریشان کرنا ؛ پیچیدہ کرنا ؛ زیر بار کرنا ؛ مشکل میں ڈالنا ؛ حیران کرنا ۔

Embarrassingly : (adv.) بوکھلاتے ہوئے ؛ جھجھکتے ہوئے ۔

Embarrasment : (n) [F.'embarrassement.] الجھن ؛ پریشانی ؛ رکاوٹ ؛ (نفسیات) سراسیمگی ۔

Embassade : (v) [Var.of Imbassade.] (متروک) ایلچی بھیجنا؛ سفارت میں بھیجنا ؛ (شاذ) سفارت میں ۔

Embassador : (n) Ambassador کی متبادل شکل؛ انگلینڈ میں متروک ہے مگر ریاستہائے متحدہ میں ابھی تک مروج ہے بمعنی سفیر ؛ ایلچی ؛ سفیر کبیر ۔

Embassage : (n) [ME.'ambassage.'] سفیر کی قیام گاہ؛ اعزام سفیر ؛ سفارت خانہ ؛ قیام گاہ (سفیر) ۔

Embassy : (n) [A.Var.of Ambassy.] سفارت ؛ عہدۂ سفارت ۔

Embastordize / Imbastardize : (v) ذلیل کرنا ؛ پست کرنا ۔

Embathe / Imbathe : (v) غسل دینا ؛ پانی میں ڈالنا؛ غوطہ دینا ؛ غسل کرنا ؛ پلانا ؛ عرقِ دوا پلانا۔

Embattle : (v) [OF.'embataillier.'.] (۱) فوج کو صف آرا کرنا ۔ (۲) (عمارت ، دیوار وغیرہ میں) مورچہ بندی کرنا ؛ مورچہ قائم کرنا ؛ نیز مجازاً ۔

Embattled : (a) آمادۂ جنگ ؛ صف آرا ؛ مستحکم ؛ کنگرہ دار (نقابت) ؛ (تعمیرات) کنگرہ دار (مثل برج)؛ سوراخ دار ۔

Embattlement : (n) دیکھو Battlement

Embay : (v) [F.] (۱) (کشتی کو) خلیج کے اندر کرنا ؛ (ہوا کے) زور سے (کشتی کو) خلیج کے اندر داخل کرنا ؛ خلیج میں مقید کرنا ۔ (۲) نیز کرنا نیز مجازاً ۔

Embay : (v) نہانا ؛ بھگونا ۔

Embayment : (n) (۱) خلیج بننے کا عمل ؛ خلیج ؛ خلیج کی طرح نشیب ۔ (۲) (جغرافیہ) خلیج ؛ کھاڑی ۔ (۳) خلیج سازی ۔

Embed/Imbed : (v) بٹھانا ؛ تہ میں بٹھانا ؛ نصب کرنا ؛ سلانا ؛ مٹی میں ڈالنا ؛ پودا لگانا ؛ نیز مجازاً ۔

Embedment : (n) تہ میں ڈالنے کا عمل ؛ خصوصاً وہ شے جو تہ میں بیٹھ جائے ۔

Embelia ribes : (n) (نباتیات) بابرنگ ؛ برنگ کابلی ۔

Embellish : (v) [OF.'embelli-.'] تزئین ؛ زینت دینا ؛ آراستہ کرنا ؛ آرائش دینا ؛ سنگارنا ؛ مجازاً (بیان میں) نمک مرچ لگانا ۔

Embellishment : (n) (۱) تزئین ؛ زینت ؛ آراستگی ۔ (۲) جو آراستہ اور حسین بنائے (لغوی و مجازی) ؛ زیور ؛ آرائش ؛ نیز مبالغہ ۔

Ember : (n) [OE.'aemerge.'] انگارہ ؛ چنگاری ؛ اخگر ؛ (خاص کر جمع میں) انگارے ۔

Ember/-days : (a) [OE.'ymbren.'] روزوں کے دن عیسوی عقائد کے مطابق یعنی سنٹ میں نو چندی اتوار کے بعد کا بدھ ، جمعہ ، اور سنیچر ؛ White Sunday , Holy cross day (۱۴/ ستمبر) اور St. Lucius day (۱۳/دسمبر) ۔

Ember : (n) جزائر آرکنی کا ایک دریائی مرغ ؛ (حیوانیات) غوّاص پرند ؛ مرغابی بے دُم ۔

Embezzle : (v) [AF.ambesciller to destroy.] تغلب کرنا ؛ خیانت کرنا؛ خوردبُرد کرلینا ؛ غبن کرنا ۔

Embezzlement : (n) تغلب ؛ غبن ۔

Embezlement insurance policy : (تجارت) غبن بیمہ پالیسی ۔

Embitter : (v) (۱) تلخ کرنا (نیز مجازاً) ۔ (۲) تکلیف میں تکلیف کا اضافہ کرنا ۔ (۳) زچ کرنا ؛ قافیہ تنگ کرنا ؛ ناک میں دم کردینا ۔

Embitterer : (n) وہ جو حالت کو تلخ بنائے ۔

Embitterment : (n) تلخی ؛ پریشانی ؛ عجز ۔

Emblaze : (v) (۱) (قدیم) نقابت کے مارکوں سے آراستہ کرنا ۔ (۲) زینت بخشنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا (جواہرات اور طلائی زرق برق سے) ۔ (۳) (متروك) مشہور کرنا ۔

Emblaze : (v) (۱) روشن کرنا ؛ منور کرنا؛ روشنی سے بجلی بنانا ۔ (۲) جلانا ۔

Emblazon : (v) (۱) (امراء کی ڈھالوں کےمارکوں کو) چمکانا؛ مشہور کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ؛ آراستہ کرنا ۔

Emblazonment : (n) (امراء کی ڈھالوں کے مارکوں کو) چمکانا ؛ آرائش ؛ زینت ۔

Emblazonry : (n) دیکھو Bilazonry

Emblem : (n)[L.'emblema.'] (۱)نشان؛ علامت ۔ (۲) (مجردات یا اشخاص) کی نمائندہ تصویر ۔ (۳) مارکہ ۔ (٤) رمز ؛ کنایہ ۔ (٥) تمثیل ؛ تمغہ ۔

Emblem : (v) نشان بنانا ؛ علامت بنانا؛ کسی شے کو علامت یا تصویر کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ بیان کرنا ؛ علائم کے ذریعہ واضح کرنا ۔

Emblem book : (n) ایسی کتاب جس میں علامات و امثال ہوں ۔

Emblematic/-al : (a) [Gr.'emblematikos.'] نمائندہ ؛ (تصویر یا علامت میں) ؛ مشعر ؛ کنایہ دار ؛ با رمز ۔

Emblematically : (adv.) بطور علامت ؛ تمثیلاً ۔

Emblematist : (n) علامات و امثال کا استعمال کرنے والا ؛ لکھنے والا یا ایجاد کرنے والا ؛ تمثیل ساز ؛ نشان ساز ۔

Emblematize : (v) بطور علامت یا مجاز کے کام لینا ؛ علامت کے ذریعہ وضاحت کرنا ۔

Emblement : (n) [ME.'emblayment.'] (۱) (قانون) پیداوار آراضی ؛ محاصل ۔ (۲) آراضی زیر کاشت کا منافع ۔

Emblic : (n) [L.'emblica.'] (۱) مشرقی ہندوستان کا ایک درخت ۔ (۲) اس درخت کا پھل ۔

Emblossom : (v) شگوفوں سے آراستہ کرنا ؛ ڈھك دینا ۔

Embodier : (n) وہ جو مجسم ہو ۔

Embodiment : (n) (۱) تجسیم ؛ اظہار مادی شکل میں ؛ مجسمہ ۔ (۲) وہ جس میں کوئی شے (جیسے روح ، خیال ، اصول یا قسم) مجسم ہو ۔ (۳) شمول ؛ درج ۔

Embody /Imbody : (v) (۱) خیالات کا ظاہری صورت میں لانا ۔ (۲) (اصول کو افعال وغیرہ کی) مادی شکل میں ظاہر کرنا ۔ (۳) شامل کرنا ؛ ملانا ۔ (٤) (متروك) مجسم کرنا (روح کو) ۔ (٥) جسم یا مقدار میں ملنا ۔

Embog : (v) دلدل میں پھنسا دینا ؛ (نیز مجازاً) ۔

Emboitement : (n) [Fr.] (۱) ایك ہڈی کو دوسری ہڈی سے ملانا۔ (۲) بہت سے آدمیوں سے گھیر لینا کہ اگلی صف محفوظ رہے ۔

Embolden /Imbolden : (v) جرأت دلانا ؛ ہمت بندھانا ؛ جی بڑھانا ؛ ہمت دلانا ۔

Embole : [Var.of emboly.] (حیوانیات) درافگندگی ؛ سراد ۔

Embolectomy : (n) [Embol -+-ectomy.] (جراحی) سرادبرآری ؛ جراحی جو خون سے خارجی یا غیر معمولی شے کو نکالنے کے لئے کی جائے ۔

Embolemia : (n)[L.] (طب) سراد دمویت ؛ ایك خلاف معمول کیفیت جب کہ خون میں انسداد پیدا ہوجاتا ہے ۔

Embolic : (a) (حیوانیات) سرادی ؛ (طب) درافگندہ ؛ خون میں انسداد پیدا ہونے سے متعلق ۔

Embolism : (n) (فلکیات) تکبیس ماہ ؛ (طب) سرادیت ؛ انجماد خون شریان ؛ سرادۂ شریان ؛ شریانوں میں خون کاجم جانا ؛ (جو فالج کا باعث ہوتا ہے) ۔

Venous embolism : (طب) وریدی سرادیت ۔

Embolismic/-al : (a) (۱) (فلکیات) تکبیسی ۔ (۲) امبولی ؛ رگ کے راستہ کے انسداد سے متعلق ؛ کسی خارجی جسم سے دوران خون میں انسداد پیدا ہونے والا ۔

Embolismic year : (n) (فلکیات) تکبیسی سال ؛ ۱۳ مہینوں کا سال ۔

Embolite : (n) [Gr.'embolion.'] ایك قسم کی معدنی شےجس میں چاندی کا کلورائڈ اور برومائڈ شامل ہوتا ہے ۔

Embolium : (n) [Gr.'embolion.'] (حیوانیات) درافگن ۔

Embolon : (n) (طب) سراد ۔

Embolus : (n) [Gr.embolos.] (حیوانیات) درافگن ؛ (طب) سراد ؛ خون میں کوئی خارجی شے کا داخل ہو جانا (جیسے بلبلہ یا خون کا انجماد) ۔

Emboly : (n) [Gr.'embole.'] (طب) سرادیت ، انجماد ۔ (حیوانیات) درافگنی ۔

Embonpoint : (n) [MF.'embon point.'] گدازپن (خصوصاً عورت کے جسم کا) ؛ چُستی ۔

Embosom/Imbosom : (v) (۱) (قدیم) آغوش میں لینا ۔ (۲) گھرا ہوا ہونا (درختوں ، پہاڑوں وغیرہ سے) ۔

Emboss : (v) [ME.'embosen.'] بیل بوٹے بنانا؛ کندہ کاری کرنا؛ منبت کاری کرنا ؛ گل کاری کرنا ؛ ابھرواں کندہ کاری کرنا ۔

Embossed : (a) (نباتیات) گمڑی دار ؛ منبت کار ۔

Embossed in low relief : (نقش) کم ابھری نقاشی ۔

Embossing : (n) (تعمیرات) منبت کاری ۔

Embossment : (n) (تعمیرات) برجستہ کاری ؛ منبت کاری ؛ ابھرواں نقش ۔

Embouchement : (n) [Fr.] (۱) دریا یا وادی کا دہانہ ۔ (۲) (طبیعیات) وہ جگہ جہاں ایک طرف دوسرے طرف میں سماتے ہیں ۔

Embouchure : (n) [F.'emboncher.'] (جغرافیہ) دریا کا دہانہ ؛ وادی کا درہ ؛ (موسیقی) باجے کا وہ حصہ جس سے منہ لگا کر بجاتے ہیں ؛ اس کے منہ سے لگانے کا طریقہ ؛ منہال ۔

Embound/Imbound : (v) باندھنا ؛ محدود کرنا ۔

Embow : (v) (۱) خمیدہ کرنا ۔ (۲) محراب بنانا ۔ (۳) گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ۔

Embowel : (v) آنت کو (جسم سے) نکال دینا ؛ شکم میں کسی شے کا قرار پانا ؛ آنتوں میں رکھنا ۔

Embower / Imbower : (v) درختوں کے کنج میں لے لینا ؛ کنج میں رکھنا ؛ درختوں کا سایہ کرنا ۔

Embox : (v) بکس میں بند کرنا ۔

Embrace : (n) [ME.'embracn.'] گلے ملنا ؛ معانقہ ؛ بغل گیر ہونا ؛ ہم آغوشی ؛ (کنایتاً) مجامعت ۔

Embrace : (v) [fr. as prec.] محبت سے ہم آغوش ہونا ؛ گلے لگانا؛ چمٹانا؛ کسی چیز کی گرفت کرنا ؛ (کسی پیش کردہ شے یا موقع کو) شوق سے قبول کرنا ؛ (کسی عقیدے یا طریق عمل کو) اختیار کرنا؛ شامل کرنا؛ مشتمل کرنا ؛ آنکھ کے ذریعے کسی شے کا اندازہ کرنا یا ذہن کے ذریعے سے اخذ کرنا ۔

Embrace : (v) (قانون) جیوری کو غلط طور سے متاثر کرنا ۔

Embraceable : (a) ہم آغوشی کے قابل ؛ قابل حصول ۔

Embracement : (n) بغل گیر ہونا ؛ اخذ کرنا ۔

Embracery : (n) (قانون) جیوری وغیرہ کو رشوت دینے کا جرم ۔

Embrangle/Im -: (v) الجھانا ؛ پھنسانا ۔

Embranglement : (n) الجھاؤ ۔

Embrasure/Embrazure : (n) [F.obs.embraser.] جھروکا؛ موکھا؛ دیوار میں اندر کی جانب سے بندوق کے لئے سوراخ ؛ کھڑکی، دروازے وغیرہ کے لئے دیوار کے اندرونی حصے کو ڈھلواں کرنا ۔ (فوج) کنگرہ ؛ دانتوں کے درمیان کا حصہ ۔

Embrasured : (a) جھروکہ دار؛ دریچہ دار ۔

Emberave/Enbrave : (v) (۱) (قدیم) روشن کرنا ؛ تاثر پیدا کرنا ۔ (۲) (قدیم) ہمت پیدا کرنا؛ بہادری دکھانا ۔

Embreastment : (n) زمین کا ابھر جانا ۔

Embreathe : (v) [ME.'embrethen.'] سانس لینا ۔

Embrighten : (v) روشن کرنا ؛ چمکانا ۔

Embrithopoda : (n) [L.fr. em -britho - + -poda.] افریقہ کا ایک ناپید پستان دار جانور ۔

Embrocate : (v) [L.'embrocatus.'] دوا کا ضماد یا لیپ لگانا ؛ (جسم کے حصہ کو) لوشن سے تر کرنا اور رگڑنا ۔

Embrocation : (n) [L.'embrocatus.'] ضماد؛ لیپ ؛ طلا ؛ دوا کی مالش ۔

Embroider : (v) [ME.embroden.] (سوزن کاری سے کپڑے وغیرہ کو) منقش کرنا؛ کارچوبی بنانا؛ زردوز کرنا؛ آراستہ کرنا؛ (بیان میں) نمک مرچ لگانا؛ مبالغہ کرنا؛ زبان کی رنگینی اورتصورات سے بیان پیش کرنا (حاشیہ آرائی کرنا)۔

Embroider : (n) زردوزی ؛ کشیدہ کاری ؛ کار چوبی ؛ گل کاری ؛ مبالغہ آرائی ۔

Embroiderer : (n) [ME.embrawderer.] زردوز ؛ نقاش ؛ مبالغہ گو ۔

Embroideress : (n) زردوزی کا کام کرنے والی عورت ۔

Embriodery : (n) [ME.embrouderie.] سوزن کاری ؛ کارچوبی؛ فن نقاشی ؛ اس قسم کا کوئی ڈیزائن یا آرائش (کپڑے ، چمڑے یا کاغذ پر) ؛ زر دوزی کا کوئی نمونہ ؛ آرائش ؛ بوقلموں کاری ؛ دیدہ زیب مگر سطحی شے ۔

Embroidery hoop : (n) زردوزی کا کام کرنے والا کڑہ جس میں پارچہ سختی سے لگا رہتا ہے ۔

Embroil : (v) [F.'embrouiller.'] (معاملات، واقعات وغیرہ کو) گڑبڑ میں ڈال دینا ؛ (اشخاص میں) آویزش یا ناچاقی پیدا کرنا ۔

Embroilment : (n) [F.'embronillement.'] گڑبڑ ؛ ناچاقی ؛ آویزش ۔

Embrown : (v) بھورا یا سانولا بنانا ۔

Embry/Embryo - : [Gr.'embryon.'] جزو ترکیبی بہ معنی جنین ۔

Embryo : (n) کچا بچہ ؛ کوئی شے جو ابتدائی حالت میں ہو ؛ ادھوری ؛ خام ؛ نا پختہ ؛ (طب) جنین ؛ (حیوانیات) مضغہ ؛ (نباتیات) جنین؛ رویاں ۔

In embryo : نا مکمل ؛ ادھورا ۔

Embryocardia : (n) (طب) جنین قلبی؛ قلبی مرض کی علامت جب کہ دل کی آواز جنینی قلب کی آواز کی طرح ہوتی ہے ۔

Embryoctony : (n) جنینی بیضوں کو ضائع کردینا ۔

Embryogenic : (a) (حیاتیات) جنین زا ۔

Embryogeny : (n) (حیاتیات) جنین زائی ؛ جنین کی تشکیل و نشوونما ؛ جنین افزائش ۔

Embryologist : (n) جنینیات داں ۔

Embryology : (n) [F. embryologie.] (حیاتیات) جنینیات ؛ علم الجنین ؛ رویانیات ؛ علم الحیات کا ایک شعبہ جو جانداروں اورپودوں کے جنین سے بحث کرتا ہے؛ فرد کی نشو ونما کا مطالعہ (جنین سے پیدائش تک) ؛ جنین کی تکوین و نشو ونما کی خصوصیات ؛ جنینیات پر کوئی رسالہ ۔

Embryoma : (n) [NL, fr. embry -+-oma.] (طب) مضغی سلعہ ۔

Embryon : (n) [ML.'embryon -.'] (حیاتیات) مضغہ ؛ جنین ۔

Embryonated/Embryonate : (a) جنین دار ۔

Embryonic : (a) [embroyn - + - ic.] جنینی؛ مضغی؛ ابتدائی؛ ادھورا ؛ خام ؛ نا پختہ ۔

Embryonic stage : (n) [embryon -+ -y.] جنینی مرحلہ ۔

Embryony : (n) (نباتیات) جنینیت ؛ کمیاد ۔

Embryophore : (n) (حیوانیات) جنین بردار ۔

Embryophyta : (a) (نباتیات) جنین پودا ۔

Embryosac : (n) (نباتیات) جنین داں ۔

Embryoscope : (n) (طب) جنین بیں ۔

Embryotome : (n) (جراحی) جنین تراش (آلہ) ۔

Embryotomy : (n) [F.'embryotomie.'] (جراحی)جنین تراشی ؛ جنین بری ؛ مطالعہ کےلئے جنین کی قطع و برید ۔

Embryotrophy : (n) [F.'embryotrophe.'] (حیوانیات) جنین پروری۔

Embryulcia : (n) (حیوانیات) جنین کشی ۔

Embus : (v) [En -+ bus(n)] موٹر گاڑی میں سوار ہونا؛ اس پر سامان وغیرہ لادنا ؛ بس پر لادنا ۔

Embusque : (n) [F.fr.part of embusquer.] کام چور؛ فوجی خدمات سے گریز کرنے والا ۔

Emend : (v) [L.'emendare'.] (۱) (قدیم) اغلاط (کتابت وغیرہ) کی تصحیح کرنا ؛ بہتر بنانا ۔(۲) متن کی تصحیح کرنا ۔(۳) ترمیم کرنا ۔

Emendation : (n) تصحیح ۔

Emendator : (n) تصحیح کرنے والا ۔

Emendatory : (a) تادیبی ؛ اصلاحی ؛ تصحیح کے متعلق ۔

Emerald : (n) [ME.'emeralde, emerallde.'] (۱) زمرّد ؛ زبرجد ۔(۲) زمرّدیں رنگ ۔(۳) (چھپائی) ٹائپ کی قسم خفی ۔

Emerald: (a) زمردیں ؛ سبز ۔

Emerald cuckoo : (n) ایک چھوٹا چمکیلا سبز افریقی پرندہ جس کے سینے کا رنگ پیلا ہوتا ہے اور جنوبی چین کی پہاڑیوں میں پایا جاتا ہے ۔

Emerald cut : (n) جوہر یا پتھر کی تراش جس کی شکل چوکور یا مستطیل ہو ۔

Emerald green : (n) صاف شفاف چمکیلا زمرد سے مشابہ ؛ ہرا رنگ ۔

Emerald island : (n) (جغرافیہ) جزیرۂ سبز ؛ آئرلینڈ ۔

Emerald Isle : (n) آئرستان ۔

Emerald tint : (n) زردی مائل ہلکا سبز رنگ ۔

Emeraldine : (a) زمردی ؛ زمرّد جیسا ۔

Emerant : (n) Emerald کی متبادل شکل (روز مرہ) ۔

Emerge : (v) [L.'emergere.'] (سیال مادے سے) برآمد ہونا ؛ (پردۂ خفا سے) ظہور میں آنا ؛ مصیبت سے نجات پانا؛ (واقعات کا) تفتیش وتحقیق کے بعد ظاہر ہونا ؛ (کسی جدید مسئلے یا دشواری کا) ابھرنا؛ ارتقائی صورت سے جلوہ گر ہونا؛ ارتقا سےوجود میں آنا ۔

Emergence : (n) ظہور؛ ظاہر ہونا؛ باہرنکلنا ؛ (حیوانیات) برآمدگی ؛ خروج ؛ بروز ؛ (حیاتیات) برزائیدہ ؛ (بصریات) خروج ۔

Emergence of land : (n) (جغرافیہ) نمود ارض ؛ برآمدگی زمین ۔

Angle of emergence : (بصریات) زاویۂ خروج ۔

Emergency : (n) [ML.'emergentia.'] ناگہانی ضرورت ؛ ضرورت جس پرفوری کاروائی لازم ہو ؛ ہنگامی حالت ۔

Emergency : (n) (۱) (قدیم) ظہور کا عمل ؛ بروز ۔ (۲) ارتقائی ظہورکا نظریہ ۔

Emergency door exit : (n) چور دروازہ یا راستہ جو ناگہانی ضرورت کے وقت استعمال کیا جائے ۔

Emergency man : (n) بیلف کے دفتر کا ایک افسر جو بے دخلی کی خدمت انجام دیتا ہے ۔

Emergency money : (n) ناگہانی ضرورت کے لئے رقم ؛ ہنگامی رقم ۔

Emergency power : (n) ہنگامی حالات میں حاصل ہونےوالا اقتدار (ارباب حل وعقد کو) ۔

Emergency rate : (n) (تجارت) ہنگامی شرح ۔

Emergency relief : (n) (سماجیات) ہنگامی امداد ۔

Emergent : (a) [L.'emergent, emergens.] ظاہر ہونے والا ؛ باہر نکلنے والا ؛ اچانک ظاہر ہونے والا ؛ غیر متوقع طور پر نکلنے والا ؛ منطقی یا فطری نتیجہ کے طور پر ظاہر ہونے والا ۔

Emergent evolution : (n) (فلسفہ، نفسیات) فجائی ارتقاء ۔

Emergent mentalism : (n) (فلسفہ ، نفسیات) فجائیہ ۔

Emergent ray : (n) (بصریات) شعاع خارج ۔

Emergentist : (n) فجائی ارتقاء کا معتقد ۔

Emergently : (adv.) فجائی طور پر ؛ ہنگامی طور پر ؛ فوری طور پر ۔

Emergentness : ناگہانی یا فجائی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

Emerillon : (n) (۱) شمالی برازیل کے سواحل کے کنارے رہنے والی ایک قوم ۔(۲) اس قوم کا کوئی فرد ۔ (۳) اس قوم کی زبان ۔

Emerita : (n) [L.fen of'emeritus.'] شمالی امریکا اور جنوبی امریکا کے سواحلی علاقوں میں پائے جانے والے پودوں کی ایک نوع ۔

Emerita : (a) ایمیریٹس صرف خاتون کے لئے مستعمل اور خصوصاً خطاب میں (جیسے پروفیسر ایمیریٹا میری اسمتھ) ۔

Emerited : (a) (قدیم) کسی خدمت یا پیشے سے سبکدوش ۔

Emeritus : (a) [L.past part of'emerere.'] جو اپنی خدمت سے اعزاز کے ساتھ سبکدوش ہوچکا ہو ؛ (تعلیم) متقاعد ۔

Emeritus : (n) متقاعد پروفیسر ؛ وہ جو کسی خدمت یا پیشے سے سبک دوش ہونے پر بھی سابق درجہ برقرار رکھنے کا مجاز ہو ۔

Emeritus Professor : (n) پروفیسر کا اعزازی خطاب (جو خدمت سے سبکدوش ہوگیا ہو) ۔

Emerod/Emeroid: (n) [ME.'emeroidea.'] (طب)بواسیری دانہ؛ مسّا ؛ آبلہ ۔

Emerrods : (n) بواسیری مسّے ۔

Emersal : (a) [L.'emersus.'] پانی کی سطح پر تیرنا یا ابھرنا (خصوصاً آبی پودوں یا جانداروں کے لئے مستعمل) Demersal کی ضد ۔

Emersed : (a) [L.'emersus.] سطح کے اوپر ابھرا ہوا (کسی مائع کا) ؛ (نباتیات) بر آب ؛ جل تہیلی ۔

Emersion : (n) [L.'emersus.'] (۱) (قدیم) دریا برآمد ۔(۲) چاند یا سورج کا گرہن سےنکل آنا ۔

Emersonian : (a)[RalphW.Emerson.for writer.] رالف ایمرسن، اس کی تالیفات یا اس کے نظریات کی طرح یا ان سے متعلق ۔

Emery : (n)[MF.'emeri.] دھاتوں اور پتھروں کو جلا دینے کی سلی ؛ کرنڈ ؛ سنباذج ؛ (مَعدنیات) سنگ سنبادہ ۔

Emery : (v) (۱) کرنڈ ڈالنا ؛ سنگ سنبادہ سے ڈھانکنا ۔ (۲) کرنڈ رگڑ کر چکنا یا کھردرا کرنا ۔

Emery bag : (n) کپڑے کی ایک تھیلی جس میں سفوف کرنڈ ہوتا ہے اور اس سے سوئیوں کو تیز کرنے اور شفاف کرنے کا کام لیا جاتا ہے ۔

Emery ball : (n) بیس بال (Base ball) جو غیر قانونی طور پر سفوف کرنڈ یا ایمری کاغذ یا کپڑے سے کھردرا کردیاگیا ہو ۔

Emery cake : (n) کرنڈ ٹکیہ ۔

Emery powder : (n) سفوف کرنڈ ؛ سنبادہ ۔

Emery stone : (n) سان ؛ سنگ فساں ۔

Emery wheel : (n) (معدنیات) چرخ سنبادہ ۔

Emesia/Emesis : (n) [L.] استفراغ ؛ قے کرنا ۔

Emetia : (n) [Gr.'emitos'+-IA] دیکھو Emetine

Emetic : (n) [Gr.'emetike.'] (طب) قے آور دوا ۔

Emetic/-al (a) [Gr.emetikos.] قے آور ۔

Emetine : (n) [Gr.'emetos' + - INE.] ایک القلی نما ۔

Emetology : (n) (طب) استفراغیات ۔

Emeute : (n) [OF.'esmnete.'] (سیاسیات) بغاوت : بلوا ۔

Emia/-aemia/-henia/-haemia: [NL -emia,- aemia + -ia] (۱) جزو ترکیبی (ایسے) خون کا حامل (جیسے :sephicenia 'leukania.) ۔ (۲) خون میں (ایک مخصوص شے کا) ہونا (جیسے: uremia 'cholenia,) ۔

Emiction : (n) [L.-'emict'.] (حیوانیات ، عضویات) بَول ؛ پیشاب ۔(طب) ادرار ۔

Emictory : (a) مُدر بول ۔

Emigrant : (n) [L.'emigrant.'] (۱) تارک وطن ۔(۲) ایک پودا یا جاندار جو نقل مکان کرنے والا ہو ۔

Emigrant : (a) [L.'emigrant, emigrans.'] (۱) تارک وطن ؛ مہاجر ؛ وطن کو ترک کرنے والا تاکہ وہ دوسرے ملک میں سکونت اختیار کرے ۔(۲) تارک وطن سے متعلق یا اس کے استعمال کے لئے ۔

Emigrate : (v) [L.'emigratus, past part of emigrare.'] نقل وطن کرنا ؛ ترک وطن کرنا ؛ دوسرے دیس میں جابسنا ؛ ترک وطن پر مجبور کرنا یا ترک وطن میں معاون ہونا ؛ (روز مرہ) نقل سکونت کرنا ۔

Emigration : (n) [L.emigration, fr.L.emigratus +-ion.] ترک وطن ؛ مہاجرت ؛ ہجرت ؛ ترک وطن کرکے جانا یا جا بسنا ۔

Emigrational : (a) ترک وطن سے متعلق ۔

Emigratory : (a) نقل وطن کرنے والا (جانور) ؛ ترک وطن سے متعلق ۔

Emigre : (n)[F.'emigre (masc)& emigree (Fem).] فرانسیسی تارک وطن ؛ فرانسیسی شہنشاہیت کا حامی جس نےفرانسیسی انقلاب کے زمانے میں ترک وطن کیا ہو ؛ سیاسی یا دوسرے حالات سے مجبورہو کرترک وطن کرنے والا ۔

Emilia : (n) [NL.prob.fr. name. 'emilia.'] ایشیائی اورافریقی جڑی بوٹیوں کی ایک قسم ۔

Eminence : (n) [L.'eminentia.'] بلندزمین ؛ (علمی یا معاشی) برتری ؛ فوقیت ؛ بزرگی ؛ کارڈنیل کاایک خطاب ۔

Eminency : (n) کمال ؛ نقطۂ برتری ؛ بزرگی ؛ عروج ۔

Eminent : (a) [L.'eminent.'] (۱) ممتاز ؛ بزرگ (اوصاف) نمایاں ۔(۲) بلند ۔(۳) مشہور ؛ عظیم ۔

Eminent domain : (n) (تجارت) تصرف مالکانہ ۔

Eminent man : (n) (سماجیات) ممتاز شخص ؛ نمایاں ہستی ۔

Eminentia : (n) (تشریح) فراز ۔

Eminentia jugularis : (n) (تشریح) فراز دواجی ۔

Eminentia lyramedalis : (n) (تشریح) فراز برمی ۔

Eminently/Eminenter : (adv.) ممتاز طور پر ؛ خاص طور پر ۔

Eminento : (n) [modif.of It. 'eminente.'] نمایاں شخص ۔

Emir/Amir/Emeer : (n) [Ar.'emir.'] حاکم ؛ والی ؛ امیر ؛ میر؛ سردار (خطاب کے طور پر مُستعمل) ۔

Emirate/Amirate : (n) امارت ؛ امیر ہونے کی حالت یا اس کا حلقہ ۔

Emissary : (n) [L.'emissarius.'] سفیر ؛ فرستادہ (جاسوسی یا مخبری وغیرہ کی غرض سے) ؛ ایجنٹ ؛ نمائندہ ؛ اخراجی قنات ؛ (حیوانیات) وسیط ؛ (سیاسیات) ایلچی ؛ قاصد؛ جاسوس؛ (قدیم) کسی جھیل یاندی کا مخرج ؛ (متروک) مخرجی نلی ۔

Emissary : (a) (متروک) مخرج سے متعلق ؛ خارجی خصوصاً کاسہ سر کی وریدـ

Emissile : (a) [L.'emissus.'] (قدیم) باہر نکلنے کے قابل ۔

Emission : (n) [L.'emission.'] (۱) (تشریح)انزال ؛ (طبیعیات) اخراج ؛ (برقیات) اخراج برقیات ؛ نکل پڑنا؛ اخراج ۔(۲) جو شے خارج یا صادرہو ۔

Nocturnal emission : (طب) احتلام ۔

Seminal emission : (طب) اخراج منی ؛ انزال ۔

Emission of Radiation : (n) (طبیعیات) شرح اشعہ ؛ شرح ضو افشانی ۔

Emission spectrum : (n) ایک برقی مقناطیسی طیف جواپنی خصوصیات کے لئے اس مادہ کا پابند ہوتا ہے جس سے اخراجی وسیلہ پیدا ہوتا ہو اور اس طرز سے جس سے مادہ مشتعل ہوتا ہو ۔

Emission theory : (n) اخراج نور کا نظریہ ؛ (طبیعیات) نظریہ اخراج ۔

Emissive : (a) [L.'emissus.'] جس میں اشعہ کی استعداد ہو؛ حامل اخراج ۔

Emissive power : (n) (طبیعیات) اخراجی طاقت ؛ اشعاعی طاقت ۔

Emissivity : (n) (طبیعیات) اخراجیت ؛ اشعاعیت ؛ اشعاعی سطح کی اخراجی طاقت ۔

Emit : (v) [L.'emittere.'] (۱) چھوڑنا ؛ نکالنا ؛ جاری کرنا ؛ رائج کرنا؛ (حرارت ، نور، زر کاغذی وغیرہ کا) ۔(۲) اظہارکرنا(الفاظ، خیالات یا جذبات کا) ؛ بیان کرنا ۔(۳) نکلنا ۔

Emitron : (n) (تلفزافی) امی ٹرون ۔

Emittent : (a) [L.'emittent.'] (متروک) اشعاعی ؛ اخراجی ۔

Emitter : (n) خارج کرنے والا ؛ اکثر کوئی شے یا الکٹروڈ جس سے ذرات خارج ہوتے ہیں ۔

Emma : (n) [Brit. signalmen's pron.of M.] حرف M کی ایک علامت ۔

Emmagee : (n) (سوقیانہ) مشین گن ۔

Emmarble/Enmarble : (v) سنگ مرمرمیں بدلنا؛ سنگ مرمر کی طرح بنانا ۔

Emmarvel : (v) حیرت میں ڈالنا ۔

Emmeleia : (n) [Gr.lit.'harmony.'] ایک شاندار رقص جو قدیم یونانی المیہ میں مروج تھا ۔

Emmenagogue : (a) [Gr.'emmena.'] حیض آور ؛ مدر حیض ۔

Emmenagogue : (n) ایک شے جس سے حیض بڑھ جائے ۔

Emmenia : (n) (طب) حیض ؛ طمث ؛ ایام ۔

Emmenology : (n) (طب) طمثیات ؛ علم حیض ۔

Emmet : (n) [ME.'emete.'] (حیوانیات) چیونٹا ؛ چیونٹی ؛ کیڑی ؛ نملہ ؛ مورچہ ۔

Emmetrope : (n) [Gr.'emmetros.'] (طب) صحیح النظر ۔

Emmetropia : (n) [Gr.'emmetros.'] صحیح النظری ؛ آنکھ کی صحت مند حالت جس میں اس کی انعطافی قوت درست رہتی ہے ۔

Emmetropic : (a) (بصریات) جس کا انعطاف معمول پر ہو؛ طبعی ۔

Emmetropic eye : (n) (طب) صحیح نظر آنکھ ؛ چشم طبعی ۔

Emmollescence : (n) (طبیعیات) مَلاست ۔

Emolliate : (v) [L.'emollire'.] کمزور ؛ بے اثر یا نسائی بنانا ۔

Emollience : (n) کمزور ؛ بے اثر یا نسائی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Emollient : (a) [L.'emollient'.] (کھال کو) ملائم کرنے والی ؛ (طب) مُنعّم ؛ ملائم کنندہ ؛ مُلیّن ۔

Emollient : (n) ملائم کرنے والی شے ۔

Emollition : (n) [L.'emmollitus.'] (متروک) ملائم کرنے کا عمل یا اثر ۔

Emoloa : (n) [Hawaiian.] جزیرہ ہَوائی کی ایک لمبی گھاس ۔

Emolument : (n) [L.'emobementum.] (۱) مشاہرہ ؛ منافع ؛ یافت ؛ فیس ؛ اجرت ؛ معاوضہ ۔ (۲) (قدیم) فائدہ ؛ نفع ۔

Emony : (n) دیکھو Anemone

Emote : (v) [back formation for emotion.] جذبے کا اظہار کرنا ۔

Emotiometabolic : (a) (حیوانیات) جذباتی تحول ۔

Emotiomotor : (n) (عضویات ، حیوانیات) جذباتی حرکی ۔

Emotion : (n) [MF.'emonvoir.'] جذبہ ؛ قوی احساس؛ جوش ؛ (نفسیات) جذبات ؛ جذبے کا اظہار (خصوصاً شدید جذبے کا) ۔

Aesthetic emotion : (فلسفہ ، نفسیات) جمالیاتی جذبہ ۔

Artistic emotion : (نفسیات) جمالیاتی جذبہ ۔

Asthenic emotion : (نفسیات) جذبہ ضعیف ۔

Conditioned emotion : مشروطی جذبہ ۔

Emergency theory of emotion : نظریہ جذبۂ ہنگامی ۔

Pseudo emotion : (نفسیات) جذبۂ کاذب ۔

Sthenic emotion : (نفسیات) جذبۂ قوی ۔

Tender emotion : (نفسیات) نازک جذبہ ؛ لطیف جذبہ ۔

Emotionable : (a) حساس ؛ احساس سے متاثر ہونے والا ۔

Emotional : (a) جذباتی ؛ جذبیلا ؛ پُر جذبات ؛ حساس ؛ عقل سے زیادہ جذبات سے اثر پذیر ہونے والا ؛ جذبات انگیز ؛ جذبات یا احساسات سے مغلوب ہونے والا ۔

Emotional adequacy : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی موزونیت ۔

Emotional attitude : (n) (سماجیات) جذباتی رویّہ ۔

Emotional blocking : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی رکاوٹ ۔

Emotional control : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ضبط جذبہ ۔

Emotional fixation : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ارتکاز جذبہ ؛ انجماد جذبہ ۔

Emotional growth : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی نمو ۔

Emotioanal insanity : (n) دماغی مریضانہ شخصیت ، ایسی شخصیت جو نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو ۔

Emotional interest : (n) (نفسیات) جذباتی دل چسپی ۔

Emotional instability : (n) (فلسفہ ، نفسیات) عدم استقلال جذبہ -

Emotional maladjustment : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی عدم مطابقت -

Emotional maturity : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی پختگی -

Emotional pattern : (n) (فلسفہ ، نفسیات) اندازِ جذبات -

Emotional regression : (n) (فلسفہ، نفسیات) جذباتی رجعت -

Emotional reinforcement : (n) (فلسفہ، نفسیات) جذباتی تقویت -

Emotional response : (n) (سماجیات) جذباتی جوابی عمل -

Emotional shock : (n) (سماجیات) جذباتی ضرب -

Emotional stability : (n) (فلسفہ ، نفسیات) استقلال جذبہ -

Emotional supression : (n) (فلسفہ ، نفسیات) امتناع جذبہ -

Emotional temperament : (n) (سماجیات) جذباتی مزاج -

Emotional tension : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتی تناؤ -

Emotionalise : (v) (سماجیات) جذباتی بنانا -

Emotionalism : (n) جذبات کا بندہ ہونا ؛ جذبات کے تابع ہونا؛ عقل کی بہ نسبت جذبات سے دیکھنے کارجحان ؛ آرٹ میں پیش کئے گئے جذبات کو زیادہ اہم سمجھنے کا رجحان -

Emotionalist : (n) جذباتی ؛ معتقد جذباتیت ؛ غیر معمولی طور پر جذبات کا تابع جو انسانی عمل کو بجائے عقل کے جذبات پر مبنی قرار دیتا ہے -

Emotionalistic : (a) جذباتی ؛ جذبات سے مملو -

Emotionality : (n) (نفسیات) جذباتیت ؛ جذباتی ہونے کی حالت یا صفت ؛ جذبات کے تابع مزاج -

Emotionally : (adv.) جذباتی طور پر -

Emotionless : (a) بے احساس ؛ بے حس ؛ جذبات سے عاری -

Emotionlessness : (n) غیر جذباتیت ؛ جذبات سےعاری ہونا -

Emotive : (n) (لسانیات) جذباتی؛ (نفسیات) جذبہ انگیز ؛ احساسی -

Emotive accent : (n) جذباتی لہجہ -

Emotive import : (n) جذباتی مفہوم -

Emotive language : (n) (فلسفہ ، نفسیات ، تعلیمات)جذباتی زبان -

Emotive meaning : (n) جذباتی معنی -

Emotive similarity : (n) جذباتی مشابہت -

Emotive speech : (n) جذباتی بولی -

Emotive theory : (n) (فلسفہ، نفسیات) نظریہ توجیہ جذباتی -

Emotively : (adv.) جذبہ انگیز طور پر -

Emotivism : (n) (فلسفہ ، نفسیات) جذباتیت ؛ اخلاق کا جذباتی نظریہ یا اس کی وکالت -

Emotivity : (n) جذبہ انگیز ہونے کی صفت یا حالت -

Empaestic art : (n) [Gr.'empaestike.'] منبت کاری کا فن -

Empale: Impale کی متبادل شکل -

Empanel/Im - (v) (۱) Impanel کی متبادل شکل - (۲) جیوری وغیرہ کی فہرست میں داخل کرنا -

Empathetic : (a) [Fr.empathy.] در احساسی -

Empathy : (n) (فلسفہ ، نفسیات) ہم احساس ؛ دراحساسی؛ ہم گدازی -

Empennage : (n) [Fr.] (طیرانیات) ذنبیہ ؛ حصہ دُم ؛ طیارے کی دُم -

Empeople : (n) [em - + people (n)] (متروک) آباد کرنا ؛ آباد کاری -

Emperor : (n) [Fem.'empress.'] (۱) مملکت روما (مغربی و مشرقی) کافرماں روا؛ ہولی (مقدس) رومن ایمپائر کا تاجدار؛ شہنشاہ - (۲) شہ تیتری (تتلی) -

Purple emperor : ایک قسم کی تتلی ؛ (حیوانیات) ارغوانی شہ تیتری -

Emperor fish : (n) جاپانی سمندر کی ایک مچھلی -

Emperorship : (n) شہنشاہیت ؛ شہنشاہی ۔

Empery : (n) [ofr. 'emperie.'] شہنشاہیت ۔

Empetrous : (a) [Gr.'empetros.'] (سیل وغیرہ) زمین دراز ۔

Emphasis : (n) [Gr.'emposition.'] تاکید لفظی ؛ کسی عبارت کے مفہوم کے لحاظ سے اس پر زور؛ زور بیان ؛ زوراحساس ؛ زورعمل ؛ کسی شے کی اہمیت ؛ امتیاز؛ صفائی ۔

Emphasize : (v) (تقریر میں کسی لفظ پر) زور دینا ؛ (کسی واقعہ کی) اہمیت کو نمایاں کرنا ۔

Emphatic : (a) پر زور (بیان ، لب و لہجہ وغیرہ) ؛ جن (الفاظ) پر خاص زور دیا جائے ؛ (جن اشخاص کا) بیان زور دار ہو ؛ پُرقوت و پُرمعنی (افعال) ۔

Emphatic articulation : (n) (لسانیات) تاکیدی تلفظ ۔

Emphatic order : (n) (لسانیات) تاکیدی ترکیب ۔

Emphatical : (a) Emphatic کی قدیم متبادل شکل ۔

Emphatically : (adv.) پُر زور طریقےپر ؛ تاکیدی طور پر ۔

Emphlysis : (n) (طب) رسولی ؛ گلٹی جو مواد سے پیدا ہوتی ہے ۔

Emphractic : (a) [Late L.'emphracficus.'] (طب) مسام بند ۔

Emphraxis : (n) (طب) مسام بندی ؛ انسداد ۔

Emphysema : (n) [Gr.'emphysema.'] (طب) نفاخ ؛ ہوائی چھالا؛ پھیپھڑے میں ایسی حالت کا پیدا ہونا جب کہ اس کالوچ کم ہوجائے؛ (بیطاری)نفاخہ ۔

Pulmonary emphysema : (طب) نفاخہ ریہ ۔

Emphysematous : (a) [Emphysema + E ous.] (طب) نفاخی ۔

Emphyteusis : (n)[late L.] (قدیم) دوسرے کی زمین پر دوامی حق ۔

Empierce : (v) (قدیم) داخل ہونا ۔

Empire : (n) حکومت ؛ اقتدار کامل ؛ شہنشاہی ؛ مملکت قلمرو ؛ کشور ۔

Empire : (a) [F.empire.] (۱) انیسویں صدی کے اوائل (۱۸۱٤ء ۔ ۱۸۰٤ء) میں فرانس کے مروجہ طرز کے شایان شان یااس سے متعلق ۔(۲) (پوشاک) فرانس کےطرز کی خصوصیات رکھنے والا ۔ (۳) (فرنیچر) کلاسیکی اور مشرقی طرز کا ۔

The empire : ہولی رومن ایمپائر ۔

Empire blue : (n) اوسط نیلا رنگ ۔

Empire builder : (n) وہ جس کا مقصد تشکیل مملکت ہو ۔

Empire building : (n) تشکیل سلطنت کرنے والے کی سرگرمیاں ۔

Empire city /-state : (n) نیو یارک ؛ ریاست نیویارک ۔

Empire cloth : (n) برقی حاجب کے طورپر استعمال ہونے والا ایک کپڑا ۔

Empire day : (n) ۲٤ مئی ، ملکہ وکٹوریا کی پیدائش کا دن ۔

Empire green : (n) سیاہی مائل سبز رنگ جو ڈنیوبی سبز رنگ سے زیادہ زرد ہوتا ہے ۔

Empire preference system : (n) (تجارت) مملکتی یا سامراجی ترجیحی نظام ۔

Empire red : (n) شنگرفی رنگ یا اس کے مشابہ ۔

Empire wine : (n) برطانوی سلطنت میں بننے والی شراب جو برطانیہ میں بیچنے کے لئے بھیجی جاتی ہے ۔

Empire yellow : (n) شوخی مائل ہلکازرد ۔

Empiric : (n) [L.'empiricus.'] (۱) جو شخص محض تجربات کی بنا پر کام کرے (نظری یا استدلالی کے مقابل) ۔(۲) (قدیم) عطائی؛ اتائی؛ نیم حکیم ۔ (۳) وہ جو عملی تجربات پر اعتماد رکھے یا اس عملی طریق کار کا معتقد ہو ۔

Empirical/Empiric : (a) (۱) (قدیم) جو تجربے یا مشاہدے کی بنا پر کام کرے ، روایت ، سائنس اور نظریہ کا لحاظ نہ رکھے؛ اتائی؛ نیم حکیم ۔(۲) جو نظریاتی علم کے مقابل تجربات و مشاہدات پر مبنی ہو ؛ دوسرے علم کی کم یابی پر مشاہدہ اورتجربہ سے حاصل ہونے والی واقفیتوں پر کام کرنے والا ؛ تجرباتی طریق کار پر مبنی ۔(۳) جو مشاہدے یا تجربے سے صحیح یا غلط ثابت ہونے کے قابل ہو ۔

Empirical formula : (n) (کیمیا)تجربی ضابطہ ؛ سادہ ضابطہ: ایک کیمیاوی ضابطہ جو تجربہ پر مبنی ہو، سالمی وزن پر نہیں اور جو کسی مرکب میں عناصر کی صرف نسبت ظاہر کرتا ہو ۔

Empirical method : (n) (کیمیا) تجربی طریقہ ۔

Empirical synthetic hedonism : (n) (نفسیات، فلسفہ)تجربی لذتیت ۔

Empirical treatment : (n) (طب) تجربی علاج ؛ اتائی علاج ۔

Empirical truth/ Actual -/ Contingent - : (n) مشاہدے یاتجربے کی بنا پر بیان اور خارجی وجود کے درمیان مکمل ہم آہنگی ۔

Empirical utilitarianism : (n) تجربی افادیت اجتماعی ۔

Empirically : (adv.) تجربی طور پر ؛ مشاہدےاور تجربے کی بنا پر ۔

Empiricism : (n) (۱) (فلسفہ) (نظریہ) تجربیت ۔(۲) (طب) اتائیت ؛ تجربے اور مشاہدے پر زور دینے کا طریق کار ۔(۳) وہ نظریہ جو برطانوی فلسفیوں لاک ، برکلے، اور ہیوم کےنظریہ سے خصوصی طورپر متعلق تھا۔ان کاعقیدہ تھا کہ تمام علم تجربے سے حاصل ہوتا ہے ۔ (٤) منطقی تجربیت یا سائنسی تجربیت ۔

Atomistic empiricism : (فلسفہ ، نفسیات) جوہری تجربیت ۔

Logical empiricism : (فلسفہ ، نفسیات) منطقی تجربیت ۔

Passive empiricism : (فلسفہ ،نفسیات) انفعالی تجربیت ۔

Pragmatic empiricism : (فلسفہ، نفسیات) عملیتی تجربیت ۔

Radical empiricism : (فلسفہ،نفسیات) انتہا پسندانہ تجربیت ۔

Scientific empiricism : (فلسفہ، نفسیات) سائنسی تجربیت ۔

Sensationalistic empiricism : (فلسفہ، نفسیات) حسیاتی تجربیت ۔

Empiricist : (n) (۱) (فلسفہ) تجربیتی ؛ حامل تجربیت ۔ (۲) اصولی تجربی کا حامل یا معتقد ؛ تجربی ۔

Empirics : (n) اصولی تجربیت ؛ تجربی طریق کار یا اصول ۔

Empirio -/Empirico : [Gr.'emeiria.'] (۱) جزوترکیبی بمعنی تجربہ ؛ تجربیت ۔(۲) تجربی ۔

Emplace : (v)[back formation fr. emplacenanl.] جگہ پر رکھنا۔

Emplacement : (n) صورت حال ؛ موقع ؛ رکھاؤ ؛ توپوں کے رکھنے کا چبوترہ ۔

Emplane : (v) Enplan کی متبادل شکل ؛ ہوائی جہاز میں سوار ہونا یا لادنا ۔

Emplastic : (n) [Gr.'emplastikos.'] (۱) لیسدار ؛ چیپ دار ۔ (۲) (عضویات) اتصاقی ۔(۳) (طب) قابض دوا ۔

Emplastic : (n) کوئی لیسدار شے ۔

Emplastrum : (n) (طب) لزوق ؛ پلستر ۔

Emplastrum saponis : (n) (طب) لزوق صابونی ۔

Emplectite : (n) [G.'emplektit.'] ایک بھورے رنگ کی معدنی شے جو ثانیے سیمتھ اور گندھک پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Empleomania : (n) [Sp.'empleomania.'] پبلک عہدوں کا خبط ۔

Employ : (v) [MF.emploier.] (کسی شے یا اپنی قوت کو) استعمال کرنا (کسی شے میں یا اس پر یا اس کےلئےیا اس کی بابت) ؛ (کسی کی) خدمات سے کام لینا ۔

Employ : (n) (کسی کو) اپنی خدمت میں رکھنا ؛ کام میں لگانا؛ دفتر میں لگانا ؛ روزگار سے لگانا ۔

In the employ of : کسی کی خدمت یا ملازمت میں ۔

Employable : (a) قابل خدمت ؛ ملازمت کے قابل ۔

Employe : (n)[F.'employe.'] ملازم ؛ تنخواہ دار ؛ نوکر ؛ ماجور ۔

Employee : (n) ملازم ؛ نوکر ؛ کارگر ؛ اجیر ۔

Employee counselling : (n) (تجارت) مشورہ دہی ملازمین ۔

Employer : (n) (معاشیات) آجر ؛ کارفرما ؛ جو کسی کو کام پر لگائے ۔

Employer liability insurance : (n) (تجارت) مالک دَین داری بیمہ ۔

Employment : (n) [ME.'employement.] نوکری ؛ چاکری ؛ مستقل روزگار یا خدمت ؛ پیشہ ؛ دھندا ؛ ملازمت ؛ بر سر روزگار ہونا ۔

Full employment : روزگار مکمل ۔

Optimum employment : (سماجیات)متوازن روزگار ۔

Over - employment : کثرت روزگار ۔

Under - employment : قلت روزگار ۔

Employment agency : (n) ایک ایجنسی جس کا کام روزگار فراہم کرناھو ۔

Employment agent : (n) روزگار ایجنسی چلانے والا ۔

Employment bureau : (n) روزگار ایجنسی ؛ دفتر جو روزگار کے مواقع کی فراہمی کا ذمہ دار ھو ۔

Employment Exchange : (n) دفتر روزگار ۔

Employment function : (n) (تجارت) کار متعلق روزگار ۔

Employment scheme : (n) (سماجیات) بحالی کا منصوبہ ۔

Employment test : (n) (سماجیات) امتحان روزگار ۔

Emplume/Implume : (v) پروں سے آراستہ کرنا ۔

Empocket : (v) اپنی جیب میں ڈالنا ۔

Empoison : (v)[ME.'empoysoner.'] (۱) (قدیم)زہر آلود کردینا؛ مسموم کردینا؛ زہر ملا دینا۔(۲) (مجازاً) خراب کردینا ؛ تلخ کردینا ؛ کسی کو کسی کا مخالف کردینا ؛ کان بھرنا ؛ بدگمان کرنا ۔

Emporetic : (a)[L.emporeticus.'] تجارتی ۔

Emporium : (n)[Gr.'emporion.'] (۱) دساور ؛ منڈی ؛ (عامیانہ) دکان ؛ اسٹور ۔(۲) اسٹور جس میں مختلف قسم کی اشیا مہیا ھوں ۔

Empower : (v) (۱) مجاز کرنا ؛ اختیار دینا ؛ مختار کرنا ۔ (۲) صلاحیت عطا کرنا ؛ اہلیت بخشنا ۔

Empowerment : (n) اختیار ؛ صلاحیت ؛ مجاز ۔

Empress : (n) [OF.ferm. of empereor .'] شہنشاہ بیگم ؛ ملکہ ؛ فرماں روا کی بیوی ۔

Empressement : (n) اظہار خلوص ؛ تپاک ؛ سرگرمی ؛ خلوص ۔

Empressite : (n) [Empress, mine +E. ite.] ایک قسم کی معدنی شے ۔

Emprise / Emprize : (n) [OFr.'emprise.'] (قدیم)بہادرانہ مہم ؛ کریمانہ ہمت کا کام ۔

Emprosthotonos : (n)[L.] (طب) کوز پیش ؛ ایک مرض جس سے جسم جھک جاتا ھے ۔

Empt : [OE.' oemtion.'] خالی کرنا ؛ انڈیلنا ؛ تعمیل کرنا ۔

Emptily : (adv.) خالی طور پر ۔

Emptiness : (n) [ME.'emptinesse.'] (۱) (طبیعیات) خلو ؛ خلا ۔ (۲) خالی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۳) غیر آباد ہونے کی صفت یا حالت ۔ (٤) عقم ؛ بانجھ پن ۔(٥) اس صفت کی کمی جو روحانی زندگی یاارتقا کےلئے لازم ھو ۔(٦) حماقت؛ کھوکھلاپن؛ بے وقوفی ؛ سادہ لوحی ؛ نمایاں مقصدیت کی کمی ۔ (۷) بھوک ؛ گرسنگی ۔ (۸) کمی ؛ جوش محبت یا شفقت کی کمی ۔ (۹) غیر آباد یا نامعلوم علاقہ ۔ (۱۰) (بدھ مت) نروان ۔ (۱۱) جس میں قابل لحاظ مواد کی کمی ھو ۔

Emption : (n) [L.'emption.'] (۱) خریدنا ؛ خریداری ؛ خریدنے کا عمل ۔(۲) حق شفعہ ۔

Emptor : (n) [L.emptus + - or.] خریدار ۔

Empty : (a) [ME. fr ae + metta] (۱) خالی ؛ خالی خولی ۔ (۲) (روز مرہ) بھوکا ۔(۳) (سامان یا مکین سے) خالی (مکان وغیرہ)؛ سونا؛ سُنسان ؛ غیر آباد؛ اسباب سے خالی (جہازیا گاڑی) ۔(٤) بےمعنی؛ بے مغز ؛ بیہودہ ؛ کھوکھلا ؛ غیر اہم ۔(٥) (مادہ پالتو جانور) بچہ نہ دینے والی ۔ (٦) بھوکا ؛ گرسنہ ۔ (۷) بے کار۔(۸) بے مطلب ؛ بیکار ۔ (۹) مفلس ۔(۱۰) بے مقصدیت کا شکار ۔

Empty : (n) بے مغز ؛ تہی مغز (انسان) ؛ بے معنی (تجویز) خالی صندوق یا گاڑی ۔

Empty : (v) خالی کرنا؛ محروم کرنا؛ چھین لینا ؛ فائر کرنا؛ خالی کرنا؛ انڈیلنا؛ منتقل کرنا ؛ گرنا (ریا کا)؛ پیشاب کرنا ۔

Empty-cell process : (n) لکڑی کو کیمیاوی مادے سے اس طرح درست کرنا کہ اس کی خلوی دیواریں محفوظ رہیں ۔

Empty handed : (a) خالی ہاتھ ؛ تہی دست ۔

Empty-headed /-pated : (a) تہی مغز؛ کوڑ مغز ۔

Empty hearted : (a) جس کا دل خالی ہو۔

Empty morph : (n) خالی مارف ۔

Empty out : (v) خالی کرنا ۔

Empty weight : (n) حالت پرواز میں کسی طیارے کے سازو سامان کا وزن ۔

Empurple : (v) سرخ کرنا ؛ ارغوانی کرنا ؛ سرخ ہونا ۔

Empurpled : (a) رنگین ؛ مرصع ۔

Empusa : (n) [Gr.'Emposa.'] بھوت ؛ پریت ۔

Empyema : (n) [Late L.] (طب) دبیلہ ؛ پیپ سینہ ؛ جسم کے کسی حصے میں پیپ کا ہونا ۔

Empyemic : (n) (طب) دُبیلی ۔

Empyesis : (n) (طب) دُبیت ۔

Empyocele : (n) (طب) قیلہ° ناف ۔

Empyreal : (a) [L.'empyreus.'] بلند ؛ عرشی ؛ عرش سے متعلق ؛ ناری ؛ آتشیں ۔

Empyrean : (a) [L.'empyreus.'] (دینیات)کرہ° ناری ؛ عرش بریں ؛ فلك الافلاك ۔

Empyrean : (n) عرش ؛ بہشت ۔

Empyreuma : [Em+ pyreuin.'] (۱) (کیمیا)آتشیں قتار ؛ چراند؛ چرانید ۔ (۲) عضویاتی اشیا کے جلنے سے پیدا ہونے والی ایک خاص قسم کی بو ۔

Empyrial air : (n) (کیمیا) آتشیں ہَوا ؛ آکسیجن ۔

Emu/Emew/Emeu : (n) [modif. of Pg.'ema.'] آسٹریلیا کا ایک بڑا پرند ؛ شتر مرغ آسٹریلیا ؛ ایمو ۔

Emulate : (v) [L.'aemulatus.] (۱) ہم سری یا برتری کی کوشش کرنا ۔(۲) رشك کرنا؛ رقابت کرنا؛ ریس کرنا ۔(۳) (متروك) حسد کرنا ۔

Emulation : (n) [L.'aemulation.'] (۱) کمال یا صفت میں دوسروں کی ہمسری کی کوشش ۔ (۲) (نفسیات)ریس ؛ رشك ؛ رقابت ۔ (۳) (سماجیات) ہمسری نقالی ۔

Emulative : (a) رقابت کا مشتعل کرنے والا ۔

Emulator : (n) [L.'aemulator.'] ریس کرنے والا ؛ مقلد ۔

Emulge : (v) [L.emulgere.'] (عضو سے) عرق نکالنا ۔

Emulagent : (a) [L.'emulgant.'] (تشریح) مُخرج ۔

Emulous : (a) [L.'aemulus.'] (۱) رشك مند ؛ رقیب ؛ سبقت خواہ ؛ نقل کرنے والا ۔ (۲) (متروك) حاسد ۔ (۳) (قدیم) ہمت خواہ ؛ سرگرم ۔

Emulously : (adv.) رشك مندی کے ساتھ ؛ نقل کرتے ہوئے ۔

Emulsification : (n) (کیمیا) عمل شیرہ سازی ؛ استحلاب ۔

Emulsifier : (n) (۱) (کیمیا) شیرہ ساز ۔(۲) شیرہ سازی کی مشین ۔

Emulsify : (v) [Emulsion +- ify .] (کیمیا) شیرہ بنانا ؛ (کسی چیز کو) شیرہ سا کردینا ۔

Emulsifying agent : (n) (کیمیا) شیرہ ساز عامل ۔

Emulsin : (n) [L.'emulsus.'] مختلف انزائم (Enzyme) میں سے کوئی ایك جو عموماً پودوں سے حاصل ہوتا ہے ۔

Emulsion : (n) [NL.emulsion.] (۱) شیرہ جو روغنی اشیا کو پانی میں گھول کر بنایا گیا ہو ؛ حلیب ؛ روغناب ۔(۲) چاندی کے نمك کے ذرات اور جلاٹین کا مرکب ۔

Emulsion paint : (n) ایك قسم کا پینٹ جس میں پانی پراں حالت میں دوسری ناپراں اشیا کے ساتھ ہوتا ہے ۔

Emulsionize : (v) شیرہ یا دودھیا عرق بنانا ۔

Emulsive : (a) [Emulsion + -ive.] دودھیا سا ؛ شیرے کا سا ۔

Emulsoid : (n) (کیمیا) شیرہ نما ؛ حلیب نما ۔

Emunctory : (n) [L.'emunctorium.] جسم کے فضلات کو دور کرنے والا عضو ؛ (تشریح) دافع فضولات ؛ قنات دافع ۔

Emunctory : (a) ناک صاف کرنے کے متعلق ۔

Emys : (n) [Gr.'emys.] (حیوانیات) جنس کچھوا ؛ شمالی امریکا کا کچھوا ۔

En : (n) (۱) حرف "n" EM ؛ سے چھوٹا پیمانہ جس سے سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

En - : (Prefix) [ME.fr. OF. fr. L. in- , im , fr. in.] سابقہ (لاطینی in 'im سےماخوذ) (الف)جو اسم وغیرہ پر داخل ہو کر اسے فعل بنا دیتا ہے جیسے enamour ، entrust ، engulf ، engage یا (ب) ایسے افعال پر داخل ہوتاہے جن کے آخر میں لاحقہ EN لگا ہوتا ہےجیسے enlighten یا (ج) کسی فعل پر داخل ہو کر اس کی قوت کو بڑھا دیتا ہے جیسے سابقہ (یونانی en ,em سے ماخوذ) جو اسم پر داخل ہوتا ہے جیسے energy, enthusiasm وغیرہ ۔

- en /-n : (suffix) لاحقہ جو فعل پر داخل ہو کر اسے صفت بنا دیتا ہے جیسے Graven , Spoken یاخود صفت ہی پر اضافہ کیا جاتا ہے جیسے drunken, Lorn وغیرہ ۔

En : (prep.) [F.lit, in, fr, L. in .] شکل یا طرز میں جیسے Enbloc وغیرہ ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو تصغیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے maiden , chicken ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو اسما میں پایاجاتا ہے جیسے burden اورصرف Vixen میں تانیث کو ظاہر کرتا ہے ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو بعض اسموں میں جمع کی علامت ہے جیسے brethern, children, oxen وغیرہ ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو صفت کا فائدہ دیتا ہے جیسے Golden, wooden وغیرہ ۔

- en : (suffix) لاحقہ جو فعلیت کا فائدہ دیتا ہے کبھی صفت پر داخل ہو کر جیسے deepen, moisten اور کبھی اسم پر جیسے hearten, heighten وغیرہ ۔

En casserole : (adv.&a) کسی ظرف میں ؛ تیار شدہ اور خوردنی (اشیاء) کے لئے مستعمل ۔

En clair : (adv.&a) [F.] سادہ زبان میں (خصوصاً سفارتی پیام رسانی کے لئے مستعمل) ۔

En -tout -cas : (n) چھتری ۔

En ventre de se mere : در بطن مادر (ماں کے پیٹ میں) ۔

Enable : (v) [ME.'enablen.'] (۱) (قدیم) مجاز کرنا ؛ مختار کرنا۔ (۲) قابل کرنا ؛ (کسی شخص کو کسی کام کے) ذرائع مہیا کرنا ۔

Enabler : (n) (۱) (کسی کو) مجاز یا مختار بنانے والا؛ وہ جو کسی کو (کسی کام کا) موقع دے ۔

Enabling act : (n) ایکٹ (خاص کر ۱۹۲۰ء کا) جس کی رو سے تسلیم شدہ کلیسا کو ایک حد تک خود مختاری عطا کی گئی اس شرط پر کہ کسی فیصلے کو رد کرنے کا حق پارلیمنٹ کو رہے ۔

Enact : (v) [ME.'enacten.'] (۱) حکم اجرا کرنا ؛ قانون وضع کرنا ۔(۲) ایکٹ کرنا ؛ کھیل دکھانا ۔

Enacting clauses : (n) کسی ایکٹ کی وہ دفعہ جس میں آئینی مجاز کا باضابطہ اظہار ہوتا ہے اور جو عموماً ایکٹ کےعنوان یا تمہید کے بعد آتی ہے ۔

Enaction : (n) اجرائے حکم ؛ حکم جاری ہونا ؛ وضع قانون ۔

Enactive/Enactovy : (a) وضع قانون سے متعلق ۔

Enactment : (n) وضع قانون جو ایکٹ کی شکل ہو ۔

Enactor : (n) قانون وضع کرنے والا ۔

Enalid : (n) پانی میں ڈوبا ہوا ایک سمندری پودا ۔

Enaliosaur : (n) [L.'enaliosauria.'] ایک سمندری سانپ ۔

Enallage : (n) [Late L.] ایک قواعدی ترکیب کے بجائے دوسری ترکیب کا استعمال ۔

Enam : [pers.] انعام ؛ اراضی بطور بخشش ۔

Enamel : (n) [ME.'enamelen.'] (۱) مینا کاری ؛ مینا ؛ کوفت کاری ۔(۲) دانتوں کے اوپر کی چینی کی سی جلا دارتہ ۔(۳) (حیوانیات، تشریح) مینا دندان ۔

Enamel : (v) [MF.'enamelar.'] چینی کاری یا مینا کاری کرنا؛ رنگ برنگ چیزوں سے آراستہ کرنا ؛ مرصع کرنا ؛ چمکدار سطح پیدا کرنا ۔

Enamel cell : (n) (حیوانیات) مینا خلیہ ۔

Enamelled ware : (n) (تاریخ) مینا کاری کے برتن ۔

Enameller /Enamelist : (n) مینا کار ۔

Enamellar /Enamelar : (a) مینا کی طرح ؛ چکنا ؛ چمکدار ۔

Enamelling /Enameling : (n) مینا کاری ۔

Enamelona : (n) (طب) مینا سلعہ ۔

Enamoredness : (n) شیفتگی ؛ مسحور حالت ۔

Enamour : (v) [ME.'enamouren.'] لبھانا ؛ فریفتہ کرنا ؛ گرویدہ کرنا ؛ مسحور کرنا ؛ محفوظ کرنا ۔

Enamourment : (n) گرویدہ کرنا ؛ مسحور کرنا ۔

Enantio - : [L.] مقابل ؛ مخالف ؛ متضاد ۔

Enantioblastic/Enantioblastous : (a) (حیوانیات) مقابل نہوضی ۔

Enantiomerism : (n) (کیمیا) مناظری ہم ترکیبی ۔

Enantiomorph : (n) (بلور) مقابل شکلہ ۔

Enantiomorphism : (n) (بلور) تقابل شکلیت ؛ متناظر شکلی ۔

Enantiopathy : (n) (طب) علاج بالضد ۔

Enantiotropic : (a) (کیمیا) مقابل رخ ۔

Enantiotrophy : (n) ایک شے کی دو مختلف شکلوں کا تعلق (جیسے ٹن کی دو مختلف شکلیں) ۔

Enantiosis : (n) طنز ۔

Enantiostyly : (a) (نباتیات) مقابل خامنی ۔

Enarched : (a) (نقابت) محراب یا منحنی نما ۔

Enargite : (n) تانبے کا سیاہ ؛ سلف آرسینائیڈ ۔

Enarm : (v) [ME.'enarmen.'] (قدیم) اسلحہ یا زرہ سے لیس کرنا ۔

Enarthrodial : (a) دو ہڈیوں کے قفلی نما جوڑ سے متعلق ۔

Enarthrosis : (n) [Gr. 'enarthrosis'.] (تشریح) دو ہڈیوں کا قفلی نما جوڑ ؛ (تشریح) ہمہ رخی مفصل ؛ قفلی نما جوڑ ۔

Enascent : (a) [L.'enascent -'] (متروک) ابتدائی ۔

Enate : (a) [L.'enatus.'] مادری رشتے کا ۔

Enathem /Enathema : (n) (طب) ثوران درونی ؛ گلولہ گودک ۔

Enatic : (a) ایک ہی ماں سے رشتہ رکھنے والا ۔

Enation : (n) (نباتیات) بربالیدگی ؛ لاحقیت ؛ (سماجیات) مادری رشتہ ۔

Enavant : [F.] (بیلے رقص) آگے (قد) کی حرکت کے لئے مستعمل ۔

Enbloc : (adv.&a) [F.] یکمشت ؛ اکٹھا ؛ بہ ہیئت مجموعی ۔

Encadre : (a) (قلم) ایسے پہلو رکھنے والا جو سطحوں کے گرد مربعے بناتے ہیں ۔

Encaenia : (n) [L.] (۱) عیسائی یا یہودی معبد کے افتتاح کا جشن ۔(۲) آکسفورڈ میں سالانہ یادگار منانے کی تقریب ۔

Encage/In - : (v) پنجرے میں بند کرنا یا قید کرنا ۔

Encamp : (v) (فوج کا) پڑاؤ کرنا یا ڈالنا ؛ ڈیرا ڈالنا ؛ خیمہ نصب کرنا ؛ خیمے میں ٹھہرنا ۔

Encamping ground : (n) چھاؤنی ؛ پڑاؤ (فوج کا) ۔

Encampment : (n) پڑاؤ ؛ لشکرگاہ ؛ پڑاؤ یا ڈیرا ڈالنے کا عمل ۔

Encanthis :(n) [Gr.'enkanthis'.] (۱) چھوٹا سا سرخ ابھار جو آنکھ کے اندرونی کنارے میں ہوتا ہے ۔ (۲) (طب) گوہانجی؛ فضولہ ماقی ۔

Encapsulate : (v) احاطہ کرنا ؛ کیسے میں محفوظ کرنا ؛ بند ہوجانا ۔

Encapsulated : (a) (حیوانیات) کیسہ بند ۔

Encapsulation : (n) (نباتیات ، حیوانیات) کیسہ بندی ۔

Encapsule : (v) کیسہ میں رکھنا ۔

Encapsuled : (a) (نباتیات ، حیوانیات) کیسہ بند؛ غلاف پوش ۔

Encardanine : Incardanine کی متبادل شکل ۔

Encarditis : (a) (طب) ورم در قلب ۔

Encarnalize : (v) موٹا بنانا ۔

Encarpa : (n) [L.] (تعمیرات) پھلوں کے آویزے بطور آرائش ۔

Encarpus : (n) (تعمیرات) پھلوں ، پھولوں ، پتوں وغیرہ کے آرائشی آویزے ۔

Encase/In - : (v) غلاف میں کرنا ؛ غلاف چڑھانا؛ (کسی چیز کو اس کے) خانے میں رکھنا ۔

Encasement : (n) خانے میں رکھنا، لپیٹنا ؛ غلاف ۔

Encash : (v) بھنانا ؛ سکّے یا نوٹ کو ریزگاری میں تبدیل کرنا ۔

Encashable : (a) بھنانے کے قابل ؛ سکارنے لائق ۔

Encashment : (n) بھنانا ؛ سکّے یا نوٹ میں تبدیل کرنا؛ سکارنا (چیک ، ہنڈی) ۔

Encauma : (n) (طب) پھپھولا ؛ چھالا ؛ آبلہ ۔

Encaustic : (n) [L.'encausticus.'] مومی رنگ آنچ سے چڑھانا؛ مٹ چنیا کا کام ؛ کاشی کاری (مٹی کی چیزوں پر) مومی نقاشی ؛ ایسے کام کا طریقہ یا اس طرز سے بنائی جانے والی تصویر ۔

Encaustic : (a) کاشی کاری سے متعلق ؛ مومی نقاشی سے متعلق ۔

Encasutic brick : (n) کاشی کار اینٹ ؛ مٹ چنیا کی اینٹ ۔

Encaustic tile : (n) کاشی کی کھپریل ؛ مٹ چنیا کی کھپریل ۔

Encave : (v) [En- +cave (n)] چھپنا یا غار کی طرح چھپنا (یعنی غار میں) ۔

- ence : (suffix) [ME.] لاحقہ جو اسمیت کا فائدہ دیتا ہے جیسے Ence, Ency وغیرہ ۔

Enceinte : (a) حاملہ (عورت) ۔

Enceinte : (n) [in + cingere.] (فوج) احاطہ (قلعہ کے اندر کا) ؛ حصار (شہر کے گرد) ۔

Encelia : (n) [L.] (۱) شمالی میکسیکو اور ریاستہائے متحدہ کے جنوبی مغربی علاقوں کی ایک جھاڑی کی نوع ۔ (۲) اس نوع (Encelia) کا کوئی درخت ۔

Encephal-/Encephalo - : (prefix) [fr. Gr. enkephal.] (۱) ترکیب جزئی بمعنی دماغ ۔ (۲) دماغ کا یا اس سے متعلق ۔

Encephala : (n) [L.] صرف کی ایک شاخ ۔

Encephalalgia : (n) (طب) درد دماغ ۔

Encephalic : (a) (تشریح) دماغی ؛ دماغ سے متعلق ؛ جمجمہ کے اندر کا ۔

Encephalies : (n) Encephaly کی جمع ۔

Encephalitis :(n) [L.] (طب) ورم دماغ خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ مسری عناصر یا ان کے زہریلے اثرات موجود ہوں انسان کے متعدد امراض میں سے ایک جو وائرس (Virus) سے پیدا ہوتا ہے اور کسالت ، عضلاتی کمزوری اور ذہنی کاہلی اس کے خاص حالات ہوتے ہیں ۔

Encephalitis lethargica : (n) (طب) مرض النعاس جس میں غنودگی نمایاں طور پر ہوتی ہے ۔

Encephalitogenic/Encephalitogenous : (a) [Encephalito - + - genic.] ورم دماغ پیدا کرنے والا ۔

Encephalitozoon : (n) [NL.] (حیوانیات) سرسام حوین ۔

Encephalization : (n) (تشریح) نموئے سر ۔

Encephalocele : (n) (تشریح) فتق دماغ ؛ قیلہ دماغی ۔

Encephalocoele : (n) (تشریح) قعر دماغ ۔

Encephalograph : (n) (تشریح) تصویر دماغ ؛ ترمیم دماغ ؛ عکاسی دماغ سے دماغ کی ایکسرے تصویر ۔

Encephalography : (n) (تشریح) دماغ نگاری (اشعاعی) ؛ عکاسیء دماغ ۔

Encephalolith : (n) حصاۃ الدماغ ۔

Encephaloid : (a) دماغ کے مادے کے مشابہ ۔

Encephalomalacia : (n) (طب) لینت دماغ ۔

Encephalometer : (n) (طب) جمجمہ پیما ؛ قحف پیما ۔

Encephalon : (n) [L.] (حیوانیات) دماغ ؛ مغز (ریڑھ والے جاندار کا) ۔

Encephalonarcosis : (n) (طب) خدر دماغی ۔

Encephalopathy : (n) [L.'encephalopathia.'] (طب) مرض دماغی ؛ ایسا مرض جس میں دماغ کی ساخت میں تغیر ہو ۔

Encephalorrhagia : (n) (طب) نزف دماغ ۔

Encephalosclerosis : (n) (طب) صلابت دماغ ۔

Encephaloscope : (n) [Encephal-+-scope.] (طب) دماغ بیں ۔

Encephalosepsis : (n) (طب) عفونت دماغ ۔

Encephalotomy : (n) (طب) دماغ شگافی ۔

Enchafe : (v) [ME.'enchaufen.'] (قدیم) گرم کرنا ؛ مشتعل کرنا؛ بھڑکانا ۔

Enchain : (v) [En -+ chaeine, chain.] زنجیر میں باندھنا ؛ پابند زنجیر کرنا ؛ پا بہ جولاں کرنا ؛ (جذبات یا توجہ کو) قابو میں رکھنا ۔

Enchainement : (n) [Enchainer + - ment.] بیلے رقص میں قدموں کا مختصر سلسلہ جو مکرر ہو سکتا ہے یا بدلا جاسکتا ہے ۔

Enchainment : (n) جکڑ بندی؛ متحد ہونے کی صفت یا حالت ۔

Enchant : (v) (۱) جادو کرنا ؛ سحر کرنا؛ (مجازاً) رجھانا؛ لبھانا ؛ فریفتہ کرنا ؛ مسرور کرنا ۔(۲) حسن عطا کرنا ؛ زیبائی بخشنا ۔(۳) دلکش ہونا ؛ سرور پیدا ہونا ۔

Enchanter : (n) (۱) ساحر ؛ جادوگر ۔(۲) وہ جو سرور یا دلکشی پیدا کرے ۔

Enchanting : (a) دلکش ؛ دلربا ۔

Enchantingly : (adv.) ساحرانہ طور پر ؛ دلربائی سے ۔

Enchantingness : (n) سحر ؛ جادو ؛ دلکشی ؛ دلربائی ۔

Enchantment : (n) سحر ؛ جادو ؛ دلربائی ؛ جو دلکشی یا دلربائی پیدا کرے ۔

Enchantress : (n) ساحرہ ؛ جادو گرنی ؛ دلربا ؛ زیبا رو ۔

Encharge : (v) [L.'carricare.'] (۱) (قدیم) کسی کے چارج میں دینا ؛ کسی کے سپرد کرنا ۔(۲) کام یا ذمہ داری سپرد کرنا (عموماً With کے ساتھ) ۔

Enchase : (v) [ME.'enchasen.'] (۱) بند کرنا ؛ جڑنا ؛ بٹھانا ۔ (۲) مرصع کرنا ؛ منقش کرنا ۔

Enchasten : (v) باعث بنانا ۔

Encheer : (v) (قدیم) خوش کرنا ۔

Encheiria : (n) [Gr.'enchiria'.] برتنے کا سلیقہ ؛ استعمال کا طریقہ ۔

Enchiridion : (n) ہینڈبک ؛ رسالہ ؛ نصاب کی کتاب ۔

Enchondral : (a) غضروفی ؛ مثل غضروف ۔

Enchondroma : (n) (طب) غضروفی سلعہ ؛ ورم غضروفی ۔

Enchondrosis : (n) ورم غضروفی ؛ زائدہ غضروفی ۔

Enchorial : (a) محلی ؛ معمولی ؛ متداول ۔

Enchylema : (n) (حیوانیات) شفیف مایہ ؛ سیال خلیہ مایہ ۔

Encincture : (v) گھرنا (جیسے کمر بند سے) ۔

Encipher : (v) (کسی پیام کو) صفر میں منتقل کرنا ۔

Encircle : (v) گھیر لینا ؛ حلقے میں لے لینا ؛ (کسی چیز کے گرد) احاطہ کرنا ۔

Encirclemet : (n) (۱) احاطہ کرنے یا حلقے میں لینے کا عمل ۔ (۲) کسی ایک یا زیادہ ملک کو رفتہ رفتہ حلقے میں لینے یا علاحدہ کرنے کی پالیسی ۔

Enclasp/Inclasp : (v) لپٹا لینا ؛ زور سے گلے لگانا ؛ گرفت کرنا؛ کولی میں لے لینا ۔

Enclave : (n) (۱) مملکت غیر سے گھرا ہوا علاقہ ؛ ضلع یا خطہ جو خاص فرقے سے آباد ہو یا مخصوص کام

کےلئے ہو ۔(۲) کوئی چیز جو عضو یا نسیج میں گہری ہو مگر اس کا جزو نہ ہو ۔ (۳) (جغرافیہ) محصورہ ؛ درون خطہ : درون ملک ۔

Enclave : (v) مملکت غیر سے حلقے میں لینا ۔

Enclitic : (a) (۱) جو تاکید کے اعتبار سے (حرف ما قبل کا) تابعدار ہو ۔(۲) جھکا ہوا ۔

Enclitic : (n) (نحو) وہ لفظ یاحرف جس پر بولنے میں بالکل زور نہ دیا جاتا ہو بلکہ جو اپنے ماقبل لفظ کا جزو ہو جائے جیسے ضمیر متصل وغیرہ ۔

Enclitically : (adv.) متعلق فعل ۔

Encliticism : (n) (طب) تمائل جنین ۔

Enclose/Inclose : (v) [-(o)Fr.enclos (e).] گھیرنا؛ احاطہ کرلینا؛ ملفوف کرنا ؛ کور لگانا ؛ حاشیہ لگانا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔

Encloser : (n) گھیرنے والا ؛ احاطہ کرنے والا ؛ غیر مزروعہ عام پر قبضہ کرانے والا ۔

Enclosure : (n) [OFr.'enclosure.'] احاطہ ؛ احاطہ بندی ؛ کاغذ ملفوف (لفافے کے اندر علاوہ خط کے) ؛ قطعہ اراضی کی احاطہ بندی (جو قانوناً قبضے کا ثبوت سمجھی جائے) ۔

Enclothe : (v) کپڑے پہنانا ؛ ڈھانکنا ۔

Encloud : (v) بادل میں چھپالینا ۔

Encode : (v) (تاریخ) رمزی تحریر میں لانا ؛ ایک طرز ترسیل سے دوسرے طرز میں منتقل کرنا ۔

Encodement : (n) رمزی تحریر میں لانے کاعمل ؛ طرز ترسیل کے بدلنے کا طریقہ ۔

Encoffin : (n) کفنانا ؛ کفن میں لپیٹنا ۔

Encolour : (v) رنگنا ۔

Encolure : (n) [Fr.] گھوڑے کا ایال ۔

Encomiast : (n) [Gr.'enkomiastis.'] مدح گو ؛ مدح سرا ؛ قصیدہ خواں ؛ خوشامدی ۔

Encomiastic/-al : (a) خوشامدانہ ۔

Encomium : (n) [L.'encomium.'] رسمی تعریف ؛ پُر شوکت یا شاندار مدح سرائی ؛ مدح ۔

Encompass : (v) (۱) گھیرلینا ؛احاطہ کرلینا؛ شامل کرلینا ؛ حلقہ ڈالنا ۔(۲) انجام دینا ؛ پورا کرنا ۔

Encompassment : (n) احاطہ ؛ حصار ۔

Encorbellement : (n) (تعمیرات) ایک افقی ردّے کااپنے نیچے والے ردّے سے نکلا ہوا ہونا ۔

Encore : (n) [Fr.'encore.'] (تماشائیوں کی صدا) مکرر ؛ پھر سے ۔

Encore : (v) (تماشائیوں کی) فرمائش کہ وہی چیز پھر گائی جائے یا وہی حرکات دہرائے جائیں ؛ مکرر مکرر کی صدا بلند کرنا ۔

Encounter : (n) [E (o)Fr.encoutre, f. encoutrer.] اچانک ملاقات؛ مقابلہ ؛ مڈبھیڑ ۔

Encounter : (v) [f.En + coutra, against.] مڈبھیڑ ہونا ؛ مقابلے پر آنا؛ حریفانہ آمنے سامنےآنا ؛ مقابلہ کرنا؛ اتفاق سے مقابلہ ہونا ۔

Encourage : (v) [OFr. 'encourager.'] (۱) حوصلہ افزائی کرنا؛ ہمت بڑھانا ؛ دل بڑھانا ؛ جرأت دلانا ۔ (۲) (کسی کام کے کرنے کی) صلاح دینا ؛ آمادہ کرنا ۔(۳) سہارا دینا؛ ترقی دینا ؛ (٤) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ۔(٥) پیدا کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔

Encouragement : (n) [-(o)Fr. encouragement.] حوصلہ افزائی ؛ تائید ؛ حمایت ۔

Encouraging : (a) ہمت افزا ؛ حوصلہ افزا ۔

Encouragingly : (adv.) حوصلہ افزائی سے ۔

Encover/Incover : (v) بالکل ڈھانک دینا ؛ چھپانا دینا ۔

Encradle : (v) گہوارے میں رکھنا ۔

Encratism : (n) قدیم عیسائیوں کے ایک فرقے کا اصول یا عقیدہ جو شراب ، گوشت اور نکاح سے احتراز رکھتا تھا ۔

Encratite : (n) [L.'encratita.'] قدیم عیسائیوں کا ایک بدعتی فرقہ جو شراب ، گوشت اور نکاح سے محترز تھا ۔

Encrimson : (v) قرمزی بنانا ۔

Encrinital : (a) متحجر سوسنیہ سے متعلق ۔

Encrinite : (n) متحجر سوسنیہ ۔

Encrinus : (n) ناپید سوسنیہ کی ایک قسم ۔

Encroach : (v) [OFr.'encrochier.'] بیجا مداخلت کرنا ؛ (دوسرے کے حقوق، جائدادوغیرہ پر) غاصبانہ قابض ہوجانا ؛ بڑھ جانا ؛ تجاوز کرنا ؛ مخل ہونا ۔

Encroach : (n) بیجا مداخلت ۔

Encroachment : (n) (۱) بیجا مداخلت ؛ غصب ؛ غاصبانہ قبضہ ۔(۲) (قانون) تصرف بیجا ؛ تدریکی دست اندازی ؛ تجاوز ۔

Encroachment of river : (n) (جغرافیہ) دریا برد ۔

Encrown : (v) تاج پہنانا ۔

Encrust/In - : (v) [Fr.'incruster.'] پپڑی جمانا یا جمنا؛ قیمتی مسالہ یا دھات وغیرہ بغرض آرائش جمانا یا چڑھانا ۔

Encrustation : (n) (طب) پپڑی بننا ؛ جُلبیت ۔

Encrustment : (n) پپڑی بننا ۔

Encumber : (v) [- (o) Fr.'encombrer.'] حائل ہونا ؛ مزاحمت کرنا ؛ روڑے اٹکانا ؛ (قرضے کا) بار ڈالنا؛ سدراہ ہونا ۔

Encumberer : (n) حائل ہونے والا ؛ بار ڈالنے والا ۔

Encumberingly : (adv.) حائل ہو کر ؛ سد راہ ہوکر بار ڈالتے ہوئے ۔

Encumberment : (n) مزاحمت ؛ بوجھ؛ بار ۔

Encumbrance: (n) [OFr. 'encombrance'.] (۱) جو شخص دوسرے کے سہارے پر ہو ۔(۲) بوجھ ؛ بیکار اضافہ ؛ بار ؛ مزاحمت ؛ سدراہ ۔(۳) (قانون) زیر بار رہن ، جائداد، دعویٰ وغیرہ ؛ جائداد منتقرق ۔

Without encumberance : لاولد ۔

- ency : (suffix) لاحقہ : (الف) جو صرف صفت یا حالت ظاہر کرتا ہےجیسے Expediency 'efficiency وغیرہ ۔ (ب) جو کسی (مخصوص) صفت یا (خاص) حالت کا حامل ہو جیسے A dependency وغیرہ ۔ (ج) کسی (مخصوص) صفت یا حالت کی مثال جیسے with limited self-government , Repeated inadvertencies وغیرہ ۔

Encurl : (v) لپیٹنا ۔

Encurtain : (v) پردوں سے گھیر لینا ۔

Encyclic (a) [late L.'encyelicens'] (۱) پاپائے روم کا گشتی فرمان یا فتویٰ ۔(۲) بہت سے مقامات یا اشخاص کےلئے بھیجا ہوا یا مرسلہ؛ عام؛ بہتوں کےلئے ۔

Encyclical : (a) [Late. L.encyclicus.] دیکھو Encyclic

Encyclopaedia / Encyclopedia : (n) [- Mod.L.] قاموس ؛ قاموس العلوم ؛ دائرۃ المعارف ؛ وہ کتاب جس میں کسی ایک فن یا جملہ فنون کی کل معلومات مندرج ہوں ۔

Encyclopadiac(a)/Encyclopade : قاموسی ؛ وسیع مضامین کی آگہی رکھنے والا ؛ جامع ؛ پُر از معلومات؛ بہت وسیع ۔

Encyclopadial : (a) قاموس العلوم سے متعلق ۔

Encyclopaedic/-al : (a) دیکھو Encyclopadiac

Encyclopaedism : (n) قاموسیت ؛ جامعیت ؛ کسی موضوع سے متعلق جامع واقفیت ۔

Encyclopaedist : (n) (۱) قاموسی ۔(۲) قاموس نگار ۔(۳) جو انھارویں صدی کی تعقل پسندی کا معتقد یا اس سے مناسبت رکھتا ہو ۔

Encyclopaedize : (v) قاموس ترتیب دینا ؛ قاموس کی شکل میں پیش کرنا ؛ قاموس میں بیان کرنا ۔

Encyst : (v) تھیلی میں بند کرنا ؛ کیسہ یا تخمہ دان میں ہونا ۔

Encyst : (n) (حیوانیات) در انبان ؛ کیسہ تخمہ دان ۔

Encystation/Encystment : (n) (حیوانیات) در انبانی ؛ کیسہ یا تخمہ دان بننا؛ (نباتیات) کیسہ بندی ؛ (طب) دو پرہ بندی ۔

Encysted : (a) (طب) کیسہ بند ؛ دوپرہ بند ۔

Encysted tumour : (n) (طب) بند سلعہ ۔

End : (n) [OE.ende.] (۱) سرا ؛ کنارا ؛ کھونٹ ؛ انتہا؛ حد ۔ (۲) (کسی کتاب ، زمانے ، حالت یا عمل کا) خاتمہ؛ اختتام ۔(۳) آخری حصہ ۔(٤) ہلاکت؛ موت ؛ اجل ۔ (٥) نتیجہ ۔ (٦) غرض ؛ اصلی مقصد؛ علت غائی ۔ (۷) زوال ؛ انقراض ۔ (۸) (جمع میں) ٹکڑا ؛ پارہ ؛ ریزے ۔(۹) ٹکڑا (کپڑے کے لئے) ۔

At one's wits end : حیران ؛ ششدر ۔

(Be) at a loose end : خالی ہونا ؛ بیکار ہونا ؛ فارغ ہونا ۔

Be at, come to, an end : ختم ہوجانا ؛ چک جانا ۔

Candle ends : موم بتی کے جلے ہوئے سرے یا ٹکڑے ۔

East, wast, end : لندن کے دو مشہور حصوں کے نام ۔

Go (in) off the deep end : (تیراکی) جوکھم میں پڑنا ۔

In the end : بالآخر؛ آخر کار ۔

Is at the end of his lether : اس سے زیادہ نہ اس کے علم میں ہےنہ اختیار میں ؛ تا حد مقدور کرنا ۔

Keep one's end up : گفتگو میں چمکنا یا اچھا سودا کرنا ۔

Make an end of : خاتمہ کردینا ۔

Make both ends meet : اپنی آمدنی کے اندر گزربسر کرنا ۔

No end : بکثرت ؛ بے انتہا ؛ بہ افراط ۔

Odds and ends : بچے کھچے ٹکڑے پارچے ؛ متفرقات ۔

On end : (adv.) مسلسل ۔

Placed end to end : لمبان میں یا سرے سے ملاکر رکھنا ۔

Placed on end : سیدھا کھڑا کردینا ۔

Put an end to : ختم کردینا ؛ روک دینا ؛ بند کردینا ۔

Rope's end : رسی جس کے سرے پر گرہ ہو (تازیانہ زنی کے لئے) ۔

Shoe maker's end : موچی کا دھاگا جس کے سرے پر سخت بال ہو ۔

To end by doing : بالآخر کسی کام کو کرنا ۔

To gain his ends : اپنےاغراض کے حصول کے لئے ۔

To what end : کسی غرض سے ۔

Turn end for end : الٹ دینا ؛ بر عکس کرنا ۔

World without en· : ہمیشہ ؛ دائماً ۔

End : (v) [ME.'enden.'] (زندگی ، تقریر، کام وغیرہ کو) ختم کرنا؛ تمام کرنا ؛ ہلاک کرنا ؛ خود کشی کرنا ۔ ختم ہونا ؛ نتیجہ نکلنا ؛ انجام کارتباہ ہونا؛ فوت کرنا ۔

End : (v) [new dial .Eng.] کھلیان میں (اناج یاگھاس) رکھنا ۔

End- /Endo - : [Gr. fr. 'endon.'] (۱) اندر ؛ اندرون ۔ (۲) Endo دو جوہروں کے درمیان پل بننا ۔

End-all : (n) ماحصل ؛ کوئی شے جو آخری منزل ہو ۔

End-and-end : (a) (سوتی کپڑے) سفید اور رنگین دھاگوں سے بنے ہوئے ۔

End correction : (n) (عضو) سرے کی تصحیح ۔

End for end : اوندھا ؛ الٹا ؛ واژگوں ۔

End iron : (n) انگریزی چولہے میں آگے پیچھے سرکنے کی لوہے کی چادر جس سے چولہا چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے ۔

End-item : (n) مصنوعات میں سے کوئی چیز جس کا استعمال بغیر کسی مزید ساخت کےممکن ہو ۔

End-line : (n) (۱) خط آخر ۔(۲) فٹ بال کے گول لائن کے متوازی ۱۰ گز دور والی لائن ۔

End-man : (n) کسی قطار کا آخری آدمی ۔

End-member : (n) ایک خالص کیمیاوی مرکب ۔

End-moraine : (n) کسی گلیشیر کے آخر میں واقع ہونے والا مورین ۔

End-most : (a) یکدم آخر میں واقع ؛ دور ترین ۔

End-note : (n) کسی متن کے آخر کا نوٹ ۔

End of one's rope : کسی کی قوت برداشت ، صبر یا صلاحیت کی حد ۔

End on : کسی شے کا سرا سامنے ہونا (خاص کر جہاز کا) ۔

End on position : سیدھی وضع ۔

End organs : (n) (حیوانیات) اطرافی اعضاء ۔

End up : (v) ختم کرنا ۔

Endadelphos : (n) (طب) درون توام ۔

Endadelphous : (a) (طب) درون پیوستہ ۔

Endamage : (v) نقصان پہنچانا ۔

Endamebiasis/Endamoebiasis : (n) [NL. end- amoebiasis.] (امیبا) سے پیدا ہونے والا مرض یا اس سے چھوت لگنا ۔

Endanger : (v) خطرے میں ڈالنا یا مبتلا کرنا۔

Endangerment : (n) خطرے میں ڈالنے یا مبتلا کرنے کا عمل یا خطرے میں مبتلا ہونے کی حالت ۔

Endaortic : (a) (تشریح) درون آورطی ؛ درون آورطی کا یا اس سے متعلق ۔

Endaortitis : (n) (طب) ورم در آورطہ ۔

Endarch : (a) (نباتیات) درون آغازی ؛ مرکز سے خارج کی طرف واقع ہونا ۔

Endarterial (a) (تشریح) درون شریانی ؛ شریان کے اندرونی حصے کا یا اس سے متعلق ۔

Endarteritis : (n) [L.] (طب) ورم در شریان ؛ شریان کے اندرونی حصے کا ورم ۔

Endarterium : (n) [End-+L.'arterium.'] کسی شریان کا بطانہ ۔

Endartery : (n) (تشریح) نہائی شریان ؛ سر شریان ۔

Endear : (v) اپنے تئیں یا (کسی کی نظر میں) پیارا یا لاڈلا بنانا ؛ عزیز یا مقبول بنانا ۔

Endearing : (a) قابل قدر ؛ پیارا ۔

Endearingly : (adv.) محبت سے ؛ پیار سے ۔

Endearment : (n) پیار؛ لاڈ ؛ چاؤ ؛ چونچلے ؛ محبت پیار کی بات ۔

Endeavor/Endeavour : (v) [ME.'endeveren.'] بڑی کوشش کرنا ؛ جدو جہد کرنا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ؛ سعی و کوشش سے کام لینا ۔

Endeavor/Endeavour : (n) [ME.'endevour.'] بڑی کوشش ؛ جدو جہد ؛ دوڑ دھوپ ؛ سعی ۔

Endecagon : (n) (ہندسہ) یازدہ ضلعی ۔

Endecandrous : (a) (نباتیات) یازدہ زر ریشی ۔

Endeictic : (a) اظہاری ۔

Endemic/Endemial : (a)[Fr.'endemique.'] (۱) (نباتیات ، حیوانیات) وطنی؛ دیاری ؛ مقامی ۔
(۲) خاص علاقے یا مقام کے لئے مخصوص ۔

Endemic : (n) (۱) کوئی مقامی مرض یا اس کا پھیل جانا ۔
(۲) کوئی مقامی یا علاقائی عضویہ ۔
(۳) مختص القوم یا مختص الملک مرض ۔

Endemic disease : (n) (طب) مقامی مرض ۔

Endemically : (adv.) مقامی طور پر ؛ علاقائی طور پر ؛ خاص علاقے کی کیفیت کے لحاظ سے ۔

Endemicity : (n) (حیاتیات) یک وطنیت ؛ مخصوص ہونا (کسی ملک یا قوم سے) ۔

Endemiology : (n) (طب) مقامی امراضیات ۔

Endemism : (n) (حیاتیات) یک وطنیت ؛ مقامی یا علاقائی ہونے کی صفت یا حالت ۔

Endenizen : (v) شہری بنانا ۔

Endergic : (a) (طب) مزید توانائی ؛ توانائی افزا در جلدی ۔

Endermatic : (a) [En +dermat - + - ic.] (طب) درون آدمی ؛ در جلدی ۔

Endermic : (a) جلد میں عمل انگیز ہونے والا ؛ جلد پر اثر کرنے والی ؛ جلدی ؛ (طب) در جلدی ؛ درون جلدی ۔

Enderon : (n) [Irreg. f. Gr.'en - +deros.'] (تشریح) اندرونی جِلد ؛ درون ادمہ ۔

Ending : (n) خاتمہ ؛ انجام ؛ آخری حصہ ۔

Endite : (n) [End-+-ite.] (حیوانیات) درونیہ ؛ درونی ابھار ۔

Endive : (n) [L.'endivia.'] (نباتیات) کاسنی ۔

Endless : (a) [ME.'endelees.'] ان غیر محدود ؛ غیر مختتم ؛ لامتناہی ؛ ازلی وابدی ؛ غیر منقطع ؛ دائم ۔ (۲) غیر متعدد ؛ بہت زیادہ ۔

Endless chain (or both) : (n) تسمہ یا زنجیر جس کے دونوں سرے جڑے ہوئے ہوں ؛ پٹہ ؛ گول زنجیر ۔

Endlessly : (adv.) غیر محدود طور پر ؛ ہمیشہ ؛ دائم ۔

Endlessness : (n) [ME.'endelesnesse.'] ابدیت ؛ ہمیشگی ؛ زیست دوام ۔

Endo-/End - : (سابقہ) در ؛ درون ؛ اندر ۔

Endo-enzyme : (n) درون خامرہ ؛ درون انزیم ۔

Endo-intoxication : (n) (طب) درون تسمم ۔

Endoabdominal : (a) (تشریح) درون شکمی ۔

Endobiotic : (a) (نباتیات) درون نمو ۔

Endoblast : (n) (حیوانیات) درون نہوض ۔

Endocardial : (a) درون قلبی ۔

Endocardiac : (a) (تشریح ، حیوانیات) درون قلبی ۔

Endocarditis : (n) [L.] (طب) ورم درون قلب ؛ ورم بطانہ ۔

Endocardium : (n) [L.] (حیوانیات ، تشریح) درون قلب ؛ بطانہ قلب ؛ قلب کے اندر جھلی ۔

Endocarp : (n) [Fr. endo carpe.NL.carpium.] (نباتیات) درون ثمر ؛ گٹھلی ؛ زیر پوست ۔

Endochondral : (a) (تشریح) درون غضروفی ۔

Endochondrosteosis : (n) (طب) تعظم در غضروف ۔

Endochone : (a) (حیوانیات) درون قیفہ ۔

Endochorion : (n) [L. f. end -+ chorion.] (تشریح) درون سلی ۔

Endochylous : (a) درون کیلوی ۔

Endocode : (a) (حیوانیات) درون قعر ۔

Endocorpuscular : (a) [end -+ corpuscular.] (حیوانیات) درون جسیمی ۔

Endocrane : (n) [Gr.] کاسہ سر کی اندرونی سطح ۔

Endocranial : (a) [endocranium +-al.] (تشریح) درون قحفی ۔

Endocranial gland : (n) (حیوانیات) درون افرازی غدود ۔

Endocrine : (n) اندرونی غدود کی ریزش ؛ ہارمون زا ؛ درون افرازی ۔

Endocrine balance : (n) (فلسفہ،نفسیات) انڈوکرینی توازن ۔

Endocrinium : (n) [L.] (تشریح) درون افرازی نظام ؛ درون قحف ؛ درون جمجمہ ۔

Endocrinology : (n) (عضویات) در افرازیات ؛ درون افرازیات ۔

Endocrinotherapy : (n) (طب) درون افرازی علاج ۔

Endocyst : (n) (حیوانیات) درون ابنان ؛ (تشریح) درون مثانہ ۔

Endocystitis : (n) (طب) ورم در مثانہ ۔

Endocyte : (n) درون خلیہ ۔

Endoderm : (n) [Fr.'endoderme.'] (نباتیات) درون ادمہ ؛ (تشریح ،حیوانیات) اندرونی جِلد ۔

Endodermic/-al : (a) (حیوانیات) درون آدمی ۔

Endodermis : [L.] (نباتیات) درون آدمہ ۔

Endodyne : (n) (سمعیات) خود حرکتی دور ۔

Endogalvanism : (n) (برقیات) درون گلوانیات ۔

Endogamous : (a) [end- + - gamous.] (سماجیات) گوت بیاہ کے متعلق؛ درون زواجی ؛ سگوتی ۔

Endogamy : (n) [end - + - gamy.] قبیلے کے اندر ہی شادی کرنے کا رواج ؛ گوت بیاہ ؛ (حیوانیات) درازدواجی ؛ درون زواجیت؛ (سماجیات) گوت بیاہ؛ درون ازدواج؛ داخلی زوجیت۔

Clan endogemy : (سماجیات) گوت بیاہی۔

Endogasteric : (a) (حیوانیات) درون معدی۔

Endogen : (a) [E.'endogene'.] (نباتیات) درنمو (پودا) ؛ درون روئیدہ ؛ درخت جس کے تنے کے اندر لکڑی پیدا ہوتی ہے۔

Endogenetic environment : (n) اندرونی ماحول۔

Endogenous : (a) [Fr.'endogene.'] (نباتیات) در نمو ؛ درون رو۔

Endogeny : (n) (نباتیات) در نموئی ؛ درون روئی ؛ (حیوانیات) درون زادگی۔

Endogeric : (a) (طبیعیات) حرارت گیر۔

Endognath : (n) [end -+ Gr.'gnathos.'] (حیوانیات) درون فکّہ۔

Endognathion : (n) [NL.f. end - + gnathion.] (تشریح) درون فکّہ۔

Endolabyrinthitis : (n) (طب) درون تیہی ورم۔

Endolithic : (a) (نباتیات) درون حجری۔

Endolymph : (n) کان کی جھلی کی رطوبت ؛ کان کا میل ؛ (تشریح) درون لمف۔

Endolymphangial : (a) (حیوانیات) درون لمفی۔

Endometrial : (a) (تشریح) درون رحمی۔

Endometrioma : (n) [L.] (طب) درون رحمی سلعہ۔

Endometriosis : (n) [L.] (طب) درون رحمیت ؛ بے محلی در رحم۔

Endometritis : (n) [L.] (طب) ورم درون رحم۔

Endometrium : (n) (تشریح) درون رحمہ ، بطانہ رحم۔

Endometry : (n) (طب) کہفہ پیمائی۔

Endomixis : (n) [L.] (حیوانیات) درون جفتی۔

Endomorph : (n) (کان کنی) درمعدن ؛ ایک معدنی شے کے اندر دوسری۔

Endomorph : (n) فربہ۔

Endomorphy : (n) فربہ ہونا ؛ مٹاپا۔

Endomysium : (n) [L.] (حیوانیات) درون عضلیہ۔

Endoneuritis : (n) (طب) درون عصبہ۔

Endoneurium : (n) (حیوانیات) درون عصبہ ؛ درون عصبیہ۔

Endonuclear : (a) (حیاتیات) درون نواتی۔

Endoparasite : (a) (نباتیات ، حیوانیات) درون طفیلی۔

Endopelvic : (a) (تشریح) درون غلافہ۔

Endoperitoneal : (a) (تشریح) درون باریطونی۔

Endophlebitis : (n) (طب) درون وریدی ورم۔

Endophragm : (n) (حیوانیات) درون حجاب ؛ اِنڈو فرام۔

Endophthalmitis : (n) (طب) ورم درون چشم۔

Endophyllous : (a) (نباتیات) درون برگہ۔

Endophyte : (n) (نباتیات) درون نبات۔

Endoplasm/Endosare : (n) اصل خلیےکی اندرونی ملائم جلد ؛ (خلیہ) درون مایہ۔

Endoplast : (n) درون مائیتہ۔

Endopleurite : (n)[end- + pleurite.] (حیوانیات) درون جانب۔

Endopodite : (n) [end-+-podite.] (حیوانیات) درون پا۔

Endoraal : (a) (حیوانیات) درون دہنہ۔

Endorse/In - : (v) [med. L.'indorsre.'] (کسی فرد حساب، چیک وغیرہ کی) پشت پرلکھنا ؛ تصدیق ظہری کرنا؛ (کسی رائے یا بیان کی) تصدیق کرنا۔

Endorse over : (v) اپنےحقوق (حسابات وغیرہ) منتقل کرنا۔

Endorsee : (n) مظہر الیہ ۔

Endorsement : (n) [L.] تصدیق ؛ تصدیق ظہری ؛ تظہیر ۔

Endosarc : (n) (حیوانیات) درون مایہ ؛ درون لحمہ ۔

Endoscope : (n) (طب) مثانہ بیں ؛ درون بیں ؛ اندرون نما؛ وہ آلہ جس کی مدد سے جسم کے اندرونی اعضا کا حال معلوم ہوتا ہے ۔

Endoscopy : (n) (طب) درون بینی ۔

Endosecretory : (a) (عضویات ، حیوانیات) درون افرازی ۔

Endoskeleton :(n) (حیوانیات) درون بنجر ؛ درون ڈھانچہ ؛ (تشریح) درون کالبد ؛ ریڑھ دار حیوانات کا اندرونی ڈھانچہ ۔

Endosoma : (n) (عضویات ، حیوانیات) درون جسمہ ۔

Endosome : (n) (خلیہ) درون جسم ۔

Endosmometer : (n) (کیمیا) درد لوج پیما ۔

Endosmose/Endosmosis : (n) [Fr.'endosmose'.] (کیمیا) درد لوج ۔

Endosperm : (n) سفید مادہ جو بیجوں میں تخمک کے ساتھ لپٹا ہوتا ہے ؛ (نباتیات) تخم ؛ گودا؛ زلال ۔

Endospermous : (a) (نباتیات) زلالی ۔

Endospore/Endosporium : (n) (۱) (نباتیات) درون بذرہ ۔ (۲) بذرہ دربذرہ ؛ تخمک کا اندرونی غلاف ۔

Endosternite : (n) (حیوانیات) درون قصّ ۔

Endosteum : (n) [NL.] (حیوانیات) درون عظمہ ۔

Endostosis : (n) [NL.] (طب) درون تغظم ۔

Endostethoscope : (n) (طب) داخلی مسماع الصدر ۔

Endotheca : (n) (حیوانیات) درون حرّہ ۔

Endothecium : (n) (نباتیات) درون حریّہ ۔

Endothelial : (a) (تشریح) درون حلمی ۔

Endothelioma : [L.] (طب) در حلمی سلعہ ۔

Endothelium : (n) [L.] (تشریح) درون حَلمہ ؛ در حلمہ ؛ شرائن کی جھلی یا غلاف ۔

Endothermic /Edothermal : (a) (کیمیا) حرارت گیر ۔

Endothermic compound : (n) (کیمیا) حرارت گیر مرکب ۔

Endothermic process : (n) (کیمیا) حرارت گیر عمل ۔

Endothermy : (n) (کیمیا) حرارت گیری ۔

Endow : (v) [AFr.'endouer.'] (۱) وقف کرنا ۔ (۲) (کسی کو) حقوق و مراعات دینا ۔ (۳) محاسن سے مزین ہونا ۔

Endowment : (n) وقف ؛ خوبیوں سے مزین ہونا ۔

Endowment annuity insurance : (n) (تجارت) سالیانہ بندوبستی بیمہ ۔

Endue/In - : (v) [- (o) Fr. 'enduire.'] (کپڑے) پہنانا؛ (کسی شخص کو کسی شے سے) ملبوس کرنا ؛ کسی شخص کو صفات وغیرہ سے) آراستہ کرنا ۔

Endungeon : (v) قید کرنا ۔

Endurable : (a) دیر پا ؛ قابل برداشت ۔

Endurance : (n) [- (o)Fr.'endurance.'] برداشت ؛ تحمل (کی قوت) ۔

Endure : (v) [-(o) Fr.'endurer.'] (درد وغیرہ) سہنا ؛ جھیلنا ؛ اٹھانا ؛ برداشت کرنا ؛ ضبط کرنا؛ قائم رہنا؛ ٹھہرنا ؛ دیر پا ہونا ۔

Enduringly : (adv.) برداشت کرتے ہوئے ؛ سہتے ہوئے ۔

Enduringness : (n) ضبط ؛ برداشت ۔

Endways/-wise : (adv.) عمودی وضع سے ؛ ایک دیکھنے والوں کی جانب دوسرا آگے کو ؛ اس سرے سے اس سرے تک ۔

- end : (suffix) لاحقہ جو ہائڈرو کاربن اشیاء کے ناموں پر داخل ہوتا ہے جیسے benzene, camphene وغیرہ ۔

Enema : (n) [-Late L. enema.] حُقنہ ؛ عمل ۔

Enemy : (n) [OFr.enemi (mod. ennemi)] مخالف فوج یا جہاز ؛ مخالف فوج یا قوم کا شخص ؛ حریف ؛ عدو ؛ بیری ۔

Alien enemy : (تجارت) غیر ملکی دشمن ۔

Enemy : (a) دشمن ؛ مخالف ۔

How goes the enemy : (بول چال) وقت کیا ھے ۔

The enemy : شیطان ؛ ابلیس ۔

Enepidermic : (a) جلد کی مالش سے متعلق ۔

Energetic : (n) [Gr.'energetikos.'] (صیغہ٘ جمع) علم القوت ۔

Energetic : (a) پُرقوت ؛ زبردست ؛ صاحب عمل ؛ سرگرم؛ باہمت ؛ توانا ۔

Energetically : (adv.) سرگرمی سے ؛ مستعدی سے؛ہمت سے ۔

Energico : (adv.) تیزی سے؛ توانائی سے ۔

Energize : (v) (کسی شخص یا کام میں) روح پھونکنا ؛ جان ڈالنا ؛ سرگرم بنا دینا ؛ آمادہ٘ عمل کردینا ۔

Energumen : (n) [Late. L. 'energumenus.'] (۱) آسیب زدہ ۔ (۲) پُرجوش ؛ جوشیلا ۔

Energy : (n) [Fr.'energie'or Late. 'L.energia.] قوت ؛ زور ؛ (تقریر ، عمل ، شخصیت وغیرہ) ؛ طاقت ؛ ہمت ؛ سرگرم عمل ؛ (صیغہ٘جمع) مختلف قوتیں عمل میں ۔

Actual-/Kinetic-/Motive energy : (طبیعیات) جسم کی استعداد عمل بہ لحاظ حرکت خود ۔

Conservation of energy : تحفظ قوت؛ حفظان استعداد ۔

Devote your energies to this : اپنی قوتوں کو اس کےلئے وقف کر دو ۔

Instinctive energy : (فلسفہ) جبلی توانائی ۔

Nervous energy : (فلسفہ) عصبی توانائی ۔

Potential energy/Static-/Latent- : جسم کی استعداد عمل بلحاظ ان قوتوں کے جو اس کے اور دوسرے اجسام کےتعلق سےپیدا ہوتی ہیں ۔

Sex energy : (فلسفہ ، نفسیات) جنسی توانائی ۔

Energy constraints : (n) (طبیعیات) توانائی پابندیاں ۔

Enervate : (a) [L.enervatus, past part. of enervare.] ضعیف القوت ؛ کم زور ؛ (جسمانی ، اخلاقی ، علمی اور فنی حیثیت سے) ۔

Enervate : (v) [enervat-, pa. ppl. stem of L. enervare.] کمزور کرنا ؛ نحیف کردینا (جسمانی یا کسی حیثیت سے) ۔

Enervation : (n) [Late. L.enervatio.] ضعف ۔

Enface : (v) [F.] فرد حساب (بل) وغیرہ پر (معین لفظوں کا) لکھنا ؛ چھاپنا یا مہر کرنا ۔

Enfacement : (n) اِسم مذکورہ بالا معنوں میں ۔

Enfamille : (adv.) [Fr.] گھر میں ؛ خاندان میں ۔

Enfant : (n) بچہ ؛ نابالغ ۔

Enfant terrible : (n) [Fr.] وہ بچہ جو ٹیڑھے سوالات کرتا ھے یا جو سنتا ھے دوہراتا ھے ۔

Enfeeble : (v) [OFr.'enfeblir.'] کمزور کرنا ؛ لاغر کردینا ۔ دبلا کردینا ۔

Enfeeblement : (n) کمزوری ؛ ضعف ۔

Enfeoff : (v) [AFr.enfeoffer (AL.enfeoffare.] (کسی کو) جاگیر عطا کرنا؛ (مجازاً) سپرد کرنا ۔

Enfeoffment : (n) [ME.'enfeffement.] عطائے جاگیر؛ عطائے جاگیر کی دستاویز ؛ جاگیر ۔

Enfete : (adv.&a) عید (یا تہوار) منانے میں مصروف؛ عید کے سے لباس میں ۔

Enfetter : (v) بیڑیاں پہنانا ؛ پا بہ زنجیر کرنا ؛ (کسی کو غلام بنانا) ۔

Enfever : (v) (۱) بخار میں مبتلا کرنا ۔(۲) غصہ دلانا ۔

Enfilade : (n) [Fr.'enfilade.'] توپ خانے سے ایسی گولہ باری جو سامنے کی عمارات یا لشکر کا اس سرے سے اس سرے تک صفایا کردے ۔

Enfilade : (v) اس طرح کی گولہ باری ۔

Enflesh/Inflesh : (v) گوشت کی شکل دینا ۔

Enfold/-In -: (v) لپیٹنا ؛ لپٹانا ؛ بغل گیر ہونا ؛ تہ کرنا ۔

Enforce : (v) [OFr. 'enforcier,' (also mod. enforcir.] دبانا ؛ زور ڈالنا؛ نافذ کرنا ؛ جاری کرنا ؛ (حکم چلانا) ؛ عمل در آمد کرانا ؛ ذہن نشیں کرنا ؛ سختی سے عمل کرانا ؛ اصرار کرنا ۔

Enforceable : (a) قابل نفاذ ؛ قابل عمل در آمد ؛ نافذ ہونے کے قابل ۔

Enforcedly : (adv.) مجبوری سے ۔

Enforcement : (n) [MF.'enforcement.'] نفاذ ؛ عمل در آمد ۔

Enframe : (v) (تصویر وغیرہ کو) چوکھٹے میں لگانا ؛ چوکھٹے کا کام دینا ۔

Enfranchise : (v) [F.'enfranchiss.'] آزاد کرنا؛ حقوق بلدیت عطا کرنا خصوصاً پارلیمنٹ کے لئے رائے دہی کا حق ؛ (کسی شخص کا نام) فہرست رائے دہندگان میں درج کرنا ۔

Enfranchisement : (n) رائے دہی کا حق ؛ (سیاسیات) رہائی ؛ حق رائے دہی ۔

Enfrenzy : (v) مشتعل کرنا ۔

Engage : (v) [-(o) Fr. engager.] قول دینا ؛ معاہدہ کرنا ؛ (خصوصاً نسبت یا منگنی کا معاہدہ کرنا) ؛ (ملازم) نوکر رکھنا؛ زبان ہارنا؛ ترغیب دینا؛ مائل کرنا ؛ فریفتہ کرنا ؛ دیوار میں کھمبا لگانا ؛ گونتھنا ؛ متوجہ کرنا یا ہونا؛ کام میں لگانا؛ خدمت لینا؛ (سیاسیات وغیرہ میں) قدم رکھنا ؛ شرکت کرنا ؛ فوجیں لڑانا ؛ برسرپیکار ہونا؛ مشغول رکھنا؛ مڈبھیڑ ہونا ۔

Engage for : (n) ذمہ داری لینا ؛ ضامن ہونا ۔

Engagement : (n) (۱) معاہدہ ؛ قول ؛ (سماجیات) نسبت ؛ منگنی ۔ (۲) (طب) پیشہ ؛ ارتباط ۔ (۳) (قانون) مصروفیت؛ مشغولیت؛ ملازمت ۔

Engagingly : (adv.) خوش ادائی سے؛ دلآویزی سے ۔

Engarcon : (adv.) کنوارپن کی حالت یاتجرد میں ۔

Engarland : (v) ہار پہنانا ؛ پھول ڈالنا ۔

Engender : (v) [-(o) Fr. engendrer. -L. ingenerare.f.] (اب صرف استعارۃً) بچہ جننا؛ وجود میں لانا ۔

Engendrure : (n) [OFr.] نسل ۔

Engild : (v) طلا کاری کرنا ۔

Engine : (n & v.) [OFr. engin.L.ingenium.] انجن ؛ حربی مشین یا آلہ؛ حرب ؛ مشین یا آلہ ؛ کل ۔

Fire-engine : آگ بجھانے والا انجن ؛ اطفائیہ ۔

Heat-engine : (انجینیئرنگ) حرارتی انجن ۔

Locomotive-engine : (انجینیئرنگ) چلنے والا انجن ؛ ریل کا انجن ۔

Steam-engine : دخانی انجن ۔

Engine -lathe : (n) مشین سے چلنے والی خراد ۔

Engineer : (n)[OFr. engigneor-our.(mod. ingenieur)] انجینیئر ؛ مہندس ؛ فوجی عمارات کی تعمیر اور نقشہ بنانے والا ؛ فوج کا جو حصہ انجینیئر کےنام سےموسوم ہوتا ہےاس کا سپاہی؛ عمارت عامہ مثلاً نہر ، پل وغیرہ کا بنانے والا ؛ انجن ساز ؛ دخانی انجن کی نگرانی (امریکا) ۔

Engineer : (v) (۱) انجینیئر کا کام کرنا ؛ انجینیئر کی طرح (پل، عمارت وغیرہ کی) تعمیر کرانا ۔ (۲) (روز مرہ) بروئے کار لانا ؛ جتن کرنا ؛ تدبیر کرنا ؛ چارہ کار کرنا ۔

Engine-sized paper : (n) کاغذ جس کی تقطیع مشین سے کٹی ہو ۔

Engine-turning : (n) دھات پر مشین کے ذریعے سے متناسب نقوش کھودنا؛ جہاز میں دخانی انجن لگانا ۔

Engineership : (n) انجینیئری ۔

Enginery : (n) مشینری ، کلیں وغیرہ ؛ (میکانیات) انجن کاری ۔

Engird/-le: (v) کمر باندھنا ؛ کمر بند سے باندھنا ۔

Englander : (n) باشندہ انگلستان ؛ انگلستانی ۔

Little englander : (n) باشندہ انگلستان برطانیہ کی شہنشاہیت کا مخالف ۔

English : (a) [ME.f. OE.'englisc.'] انگریز ؛ انگریزی زبان ؛ انگریزی ۔

English : (n) انگریزی ٹائپ کے حروف کا ایک پیمانہ ۔

Middle English : وسطی انگریزی زبان تقریباً (۱۱۵۰ء سے ۱۵۰۰ء تک) ۔

Old English : قدیم انگریزی زبان (تقریباً ۱۱۵۰ء تک) ۔

The English : انگریز قوم ؛ انگریزی سپاہ وغیرہ ۔

The kings, queen's English : انگریزی زبان ۔

English : (v) [ME. Englishen.] انگریزی بنانا ۔

Englishman /-woman : (n) جو نسلاً یا وطناً انگریز ہو یا انگلستان میں متوطن ہوگیا ہو ۔

Englishry : (n) (۱) انگریز ہونا ۔(۲) انگلستان کے انگریز باشندے ۔

Englobe : (v) مدور بنانا ۔

Englut : (v) (۱) نگلنا ۔(۲) آسودہ ہونا ۔

Engobe : (n) [Fr.] سفید مٹی کی تہ جو چینی کے ظروف پر چڑھائی جاتی ہے ۔

Engorge : (v) [OFr.engorgier.] ڈھکوسنا ؛ گھونسنا ؛ ٹھورنا (طب) کسی عضو میں خون کا بہت مجتمع ہو جانا ۔

Engorgement : (n) ڈھکوسنا ؛ گھونسا ؛ ٹھورنا ؛ کسی عضو میں خون کا بہت اجتماع؛ (طب) اختقان ۔

Engouement : (n) [Fr.] حد سے زیادہ چاہ ۔

Engouled : (a) [Fr.'engoule.'] (نقابت) جانوروں کے منہ میں داخل ہوتے ہوئے ۔

Engrace : (v) زیبا بنانا ۔

Engraft /In -: (v) (درخت) قلم لگانا ؛ (دل میں کسی عقیدے کو) بٹھانا؛ ضم کرنا ؛ شامل کرنا ؛ اضافہ کرنا ۔

Engrail : (v) [MFr.engresler.] کسی چیز کے کنارے کنارے دندانے بنانا یا کاٹنا ۔

Engrain in- : (v) گہرا رنگ چڑھانا ۔

An engrained rogne : پکا ، پرلے درجے کا یا چھٹا ہوا بدمعاش ۔

Engram : (n) (فلسفہ، نفسیات) نقش ؛ حافظہ ۔

Engram system : (n) (لسانیات) ترسیمی نظام ۔

Engrame : (لسانیات) نقش ؛ ترمیم ۔

Engrave : (v) کھودنا ؛ نقش کرنا ؛ کندہ کرنا ؛ حکاکی کرنا؛ نقش اتارنا ؛ (دل پر) جمانا ؛ ذہن نشیں کرنا ۔

Engraving : (n) تصویر کندہ ؛ کھدی ہوئی تصویر کا عکس ؛ (آرٹ) حکاکی ؛ کندہ کاری ؛ (فوٹو) کندہ تصویر ۔

Engroove/In - : (v) کھانچ بنانا ۔

Engross : (v) [AFr.'engrosser'and L.'ingrossare'.] (۱) جلی خط میں (دستاویز وغیرہ) لکھنا ؛ (قانونی اصطلاح) ادا کرنا۔(۲) سب کا سب اپنے قبضے میں کرلینا؛ (بر جگہ سے) سارا تھوک میں خرید لینا؛ (کسی (کسی شخص کا وقت یا توجہ) جذب کرلینا ۔ (۳) منہمک ہونا ؛ موٹایاضخیم ہونا ۔

Engrossedly : (adv.) منہمک ہو کر ۔

Engrosser : (n) جلی حروف میں لکھنے والا ۔

Engrossingly : (adv.) منہمک کرتے ہوئے ۔

Engrossingness : (n) انہماک ؛ جذب ۔

Engrossment : (n) (۱) انہماک ؛ جذب ؛ توجہ ۔(۲) تھوک خریداری ۔(۳) جلی حروف میں لکھنا ؛ جلی حروف میں لکھی ہوئی دستاویز ؛ غیر مزروعہ عام کو سنا لگانے کی غرض سے خریدنا ۔

Engulf /In-: (v) خلیج یا خندق میں ڈھکیل دینا ؛ بھنور میں پھنسا دینا؛ نگل جانا؛ گھیر لینا ۔

Engulfment : (n) نگل جانا ؛ گھیر لینا ۔

Engyscope : (n) [Gr.'engyus' + scope.] خردبین ۔

Ennalo : (v) [EN -+halo.] ہالہ دار بنانا؛ ہالے سے گھیرنا ۔

Enhance : (v) [AFr. 'enhauncer.'] بڑھانا ؛ قدر بڑھانا ؛ دل کشی بڑھانا ؛ غلو کرنا ؛ نرخ گراں کرنا ؛ چڑھانا ، قیمت بڑھانا ۔

Enhancement : (n) اضافہ ؛ توسیع ۔

Enharmonic/-al : (a) (موسیقی) اونچے G اور دبتے ہوئے A کے درمیانی سُر سے متعلق ؛ نیم سُروں سے کم وقفوں سے متعلق ۔

Enharmonically : (adv.) نیم سروں سے کم وقفوں میں ۔

Enharmonics : (n) اونچے G اور دبتے ہوئے A کے درمیانی وقفوں کے نیم سر والی موسیقی ۔

Enhearse/Inhearse : (v) تابوت میں رکھنا ۔

Enhearten : (n) ہمت بڑھانا ؛ مضبوط کرنا ۔

Enheaven / Inheaven : (v) بہشت میں رکھنا ۔

Enhungered : (a) بھوکا ؛ گرسنہ ۔

Enhydrite : (n) آب دار معدن ۔

Enhydrous : (a) آبدار ۔

Enigma : (n) [L.'aenigma.] معمّا ؛ چیستاں ؛ امر یا شخص جو سمجھ میں نہ آئے ؛ پہیلی ؛ رمز ۔

Enigmatic/-al : (a) [Fr. 'enigmatique.'] معمّا جیسا ؛ معمّے سے متعلق ، مبہم ؛ پُر اسرار ۔

Enigmatize : (adv.) معمے کے طور پر؛ مبہم طریقے سے ۔

Enigmatize : (v) چیستاں یا معمّا بنانا یا بنا دینا ؛ پیچیدہ کردینا؛ رمزیہ باتیں کرنا ۔

Enigmato - : یونانی سابقہ جیسے Enigmatographer ؛ معمّا بنانے والا ؛ چیستاں کی تشریح کرنے والا ۔

Enigmatographer : (n) معمّا بنانے والا ؛ معمّے کی تشریح کرنے والا ۔

Enigmatography : (n) معمّانگاری ؛ چیستانوں کو جمع کرنا ۔

Enigmatology : (n) چیستانوں کا عمل ؛ معماؤں کا مطالعہ ۔

Enisle/In - : (v) جزیرہ بنادینا ؛ الگ کرلینا ؛ قطع تعلق کرلینا ؛ جزیرے میں شہرنا یا مقیم ہونا؛ (جغرافیہ) جزیرہ بنانا ۔

Enjail/ In - (v) قید کرنا ؛ محبوس کرنا ۔

Enjambement/Enjambment : (n) [F.'enjambement'.] مستزاد (بیت) بیت مستزاد کرنا ؛ بیت میں معنی کا ایک مصرع سے دوسرے مصرع میں جاپڑنا ۔

Enjewel : (v) زیورات سے آراستہ کرنا ؛ مرصع کرنا ۔

Enjoin : (v) [OFr.'enjoindn.'] حکم دینا ؛ تاکید کرنا ؛ عائد کرنا ؛ ہدایات جاری کرنا ۔

Enjoiner : (n) حکم دینے والا ؛ ہدایات جاری کرنے والا ؛ منع کرنے والا ۔

Enjoiment : (n) حکم ؛ ہدایات ؛ تاکید ؛ امتناع ۔

Enjoy : (v) [OFr.'enjoier.'] (۱) لطف اٹھانا۔(۲) استفادہ کرنا۔ (۳) دوچار ہونا؛ لطف اندوز ہونا؛ مزے کرنا ۔

Enjoyable: (a) لطف ؛ پُرلطف؛ قابل استفادہ ۔

Enjoyableness : (n) لطف اندوزی ۔

Enjoyably : (adv.) لطف اندوزی سے ؛ مزے سے ۔

Enjoyer : (n) لطف اندوز ۔

Enjoyment : (n) لذت ؛ لطف ؛ لطف اندوزی ؛ سرور ؛ استفادہ ۔

Enkindle : (v) روشن کرنا؛ بھڑکانا ؛ سلگانا؛ اشتعال دینا؛ مشتعل کرنا (جذبات ، جنگ وغیرہ کو) ۔

Enkindler : (n) روشن کرنے والا ؛ بھڑکانے والا ؛ اشتعال دلانے والا؛ مشتعل کرنے والا ۔

Enlace: (v) [OFr.'enlacier.'] لپیٹ لینا ؛ مضبوطی سے کَس لینا ؛ (پیچ در پیچ) گلے لگانا؛ پھنسا دینا ۔

Enlacement : (n) لپیٹ یا کَس لینا ۔

Enlarge : (v) [OFr.'enlarger.'] بڑا کرنا ، یا ہونا ؛ بڑھنا یا بڑھانا ؛ پھیلانا ؛ توسیع کرنا ؛ (قدیم) چھوڑنا یا رہا کرنا ؛ پھیلا کر گفتگو کرنا ، تفصیل سے روشنی ڈالنا ۔

Enlargeable : (a) توسیع پذیر ۔

Enlargeabnleness : (n) توسیع ؛ رہائی ؛ پھیلاؤ ۔

Enlarged : (a) توسیع شدہ ؛ رہا کیا ہوا ۔

Enlarger : (n) توسیع کنندہ ۔

Enlargement : (n) بڑا کرنا یا ہونا ؛ توسیع ؛ رہائی ؛ پھیلاؤ ؛ (فوٹوگرافی) کلانی ؛ کلاں گری ۔

Enlargingly : (adv.) پھیلاتے ہوئے ؛ توسیع کرتے ہوئے ۔

Enleague : (v) متحد ہونا (ایک جماعت میں) ۔

Enlevement : (n) [Fr.'enlevement.] (قانون) اغوا ۔

Enlighten : (v) (۱) واقف کرنا ؛ معلوم کرانا ۔(۲) دلیل راہ ہونا ۔(۳) روشن خیال بنانا ۔

Enlightened : (a) منور ؛ روشن ضمیر ؛ آزاد خیال ۔

Enlightened self interest : (n) (فلسفہ ، نفسیات) روشن خیالانہ خود مفادی ۔

Enlightenedness : (n) روشن ضمیری ؛ آزاد خیالی ۔

Enlightenment : (n) (نفسیات) روشن ضمیری ؛ بصیرت ؛ کھوکھلی دانش وری ۔

Enlink : (v) جوڑنا ؛ ملانا ؛ جوڑملانا ۔

Enlist : (v) فوج میں بھرتی کرنا یا ہونا ؛ (اشخاص ، قوائے فطرت یا جذبات کی) تائید حاصل کرنا ۔

Enlistment : (n) بھرتی ؛ تائید کا حصول ۔

Enliven : (v) جان ڈالنا دینا ؛ روح پھونک دینا ؛ زندگی پیدا کر دینا ؛ (تصویر، مناظر وغیرہ کو) ۔ چمکانا ؛ (تجارت وغیرہ کو) فروغ دینا ۔

Enlivener : (n) چمکانے والا ؛ روح پھونکنے والا ؛ فروغ دینےوالا ۔

Enlivenment : (n) فروغ ؛ چمک دمک ؛ رنگ افروزی ۔

Enlock : (v) بند کرنا ؛ مضبوط پکڑنا ۔

Enmasse : (adv.) [Fr.] مجموعی طور پر ؛ اکٹھا ؛ تمام و کمال ؛ سموچا یا سارا ۔

Enmesh/Emm -/Imm - : (v) جال میں پھانسنا ۔

Enmeshment : (n) جال میں پھانسنے کا عمل ۔

Enmity : (n) [OFr.'enemi (s) tie.'] دشمنی ؛ عداوت ؛ نفرت ۔

Ennead : (n) [Gr.'enneas.'] نو (مضامین، کتب یا مسائل) کا مجموعہ ؛ نظام تسعی ۔

Enneadic : (a) نظام تسعی سے متعلق ۔

Enneaeteric : (a) [Gr.'ennea' + '-etos.'] نوسالہ ۔

Enneagon : (n) [Gr.'ennea'+-Gon.] نو ضلعی شکل ؛ نو زاویائی شکل ۔

Enneagonal : (a) نو زاویائی ۔

Enneagynous : (a) نو بقچوی ۔

Enneahedral : (a) نو سفجی (مجسم) ۔

Enneandrian : (a) نوزرایشی ؛ نونرہ ۔

Enneandrous : (a) [Gr.'ennea'+andr'+ous.] Enneandrian دیکھو

Enneapetalous : (a) نوگل برگ ۔

Enneaphyllous : (a) نوبرگہ ۔

Enneasepalous : (a) نو سبلہ ۔

Enneaspermous : (a) نو تخمہ ۔

Ennoble : (v) [OFr.'ennoblie.'] امارت عطا کرنا؛ شرافت پیدا کرنا یا اشراف بنانا ؛ جوہر شرافت پیدا کرنا؛ ممتاز کرنا (خیالات وغیرہ میں) ۔

Ennoblement : (n) شریف ؛ امیر ؛ جوہر شرافت پیدا کرنا ۔

Ennobler : (n) امارت عطا کرنے والا ؛ جوہر شرافت پیدا کرنے والا ۔

Ennoblingly : (adv.) امارت عطا کرتے ہوئے ؛ اشراف بناتے ہوئے ۔

Ennui : (n) [Fr.] بیزاری (موجودہ ناگوار حالات یا بے شغلی کی وجہ سے) انفجار؛ (نفسیات) اچاٹ پن ؛ آلکسی ۔

Ennui : (v) بیزار بنانا ؛ اکتا دینا ۔

Ennuye : (a) [Fr.] بیزار ۔

Enology : (n) Cenology دیکھو

Enomotarch : (n) [Gr.'enomotarches.'] قومی جماعت (جو دو یا تین بریگیڈوں پر مشتمل ہو) کا سردار ۔

Enomoty : (n) [Gr.'enomotia.'] اسپارٹا کی فوج کی ایک جماعت (جو دو یا تین بریگیڈوں پر مشتمل تھی) ۔

Enoptromancy : (n) [Gr.'enoptron'+ -mancy.] آئینہ کے ذریعہ تفاءل ۔

Enorganic : (a) جو جسم نامی میں خلقی ہو ۔

Enorm : (a) [Fr.'enorme'.] بہت بڑا؛ غیر معمولی طور پر بڑا ۔

Enormity : (n) [OFr.'enormite.] جرم ؛ سنگین بد اخلاقی ؛ معیار سے انحراف ؛ بے ضابطگی ؛ غیر طبعی ؛ جسامت میں زیادتی ۔

Enormous : (a) عظیم بہت بڑا ؛ غیر معمولی طور پر بڑا ۔

Enormously : (adv.) بڑے پیمانے پر ؛ عظیم طور پر ۔

Enormousness : (n) سنگینی ؛ ضخامت ۔

Enorthotrope : (n) [Gr.'en'+'orthos' +'tropos.'] کھلونا ؛ ایک کارڈ جس پر منتشر شکلیں بنی ہوئی ہوتی ہیں اور جس کو تیزی سے گھمانے سے وہ واضح شکلیں یا تصویریں بن جاتی ہیں ۔

Enostosis : (n) [Gr.'en'+'osteon'+ -osis.] ور تعظم ۔

Enough : (a) [OE.'genog'] (نظم میں) کافی ؛ خاصا؛ معقول ؛ (مقدار ، تعداد یا درجہ) ۔

Enough : (adv.) کافی طور پر ؛ خاص تعداد میں ؛ معقول ؛ طرح سے ۔

Cry enough : ہار ماننا ؛ سپر افگن ہونا ۔

Enough of this folly : بس بس خاموش رہو ۔

I have had enough of him : میں اس سے عاجز آچکا ہوں ؛ اکتا گیا ہوں ۔

Enounce : (v) [Fr.'enoncer.'] (۱) پیش کرنا (مسئلہ ، اصول وغیرہ) ۔(۲) زبان سے ادا کرنا ؛ تلفظ کرنا ؛ اعلان کرنا ۔

Enouncement : (n) اعلان ؛ اظہار ۔

Enow : (a&adv.) دیکھو Enough

Enow : (adv.) ابھی ۔

Enpassant : (adv.) [Fr.] (۱) ضمناً ؛ بطور جملہ معترضہ ؛ بر سبیل تذکرہ ۔(۲) اپنے پیدل سے مخالف کے ایسے پیدل کو مارنا جو بیک وقت دو گھر بڑھا ہو ۔

Enquire/Enguiry : استفسار ؛ دریافت حال ؛ چھان بین کرنا؛ تفتیش کرنا ؛ پوچھ گچھ کرنا ؛ پوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ تحقیق کرنا ۔

Enrage : (v) [OFr.'enragor'.] غصہ دلانا ؛ غضبناک کردینا ۔

Enragedly : (adv.) غصے میں ؛ غضبناک طور پر ۔

Ennagedness : (n) غصہ ؛ غضب ۔

Enragement : (n) غصہ ؛ غضب ۔

Enrank : (v) صف آرائی کرنا ۔

Enrapport : (a) [Fr.] ایک دوسرے سے) تنویمی رابطہ جذباتی حالت میں ۔

Enrapt : (a) محظوظ ؛ محو ؛ صاحب وجد ۔

Enrapture : (v) نہایت درجہ خوش کرنا ؛ باغ باغ کردینا؛ محظوظ کرنا ؛ حالت وجد طاری کرنا ۔

Enregiment : (v) رجمنٹ بنانا ؛ منظم یا مرتب کرنا ۔

Enregister : (v) رجسٹر میں لکھ لینا؛ سرکاری فہرست میں داخل کرنا ؛ قانون کا اندراج کرنا ۔

Enregistration : (n) حافظے پر اس طرح مرتسم ہوجانا کہ حرکتیں خود کار یا جبلّی معلوم ہوں ۔

Enregle : (adv.) باضابطہ ؛ با قاعدہ ۔

Enrich : (v) مالا مال کردینا ؛ نہال کردینا ؛ (کتاب، عجائب گھر یا کسی ذخیرے میں) اضافہ کردینا ؛ لطف دوبالا کر دینا ؛ زرخیز بنانا ۔

Enricher : (n) مالا مال کرنے والا ؛ نہال کردینے والا ؛ اضافہ کرنے والا ۔

Enrichingly : (adv.) مالامال کرکے ؛ اضافہ کرتے ہوئے ؛ زرخیز بناتے ہوئے ۔

Enrichment : (n) اضافہ ؛ زرخیزی ، مالامال کر دینا ؛ (تعمیرات) آرائش ؛ (معاشیات) مال دار سازی ۔

Enring : (v) (شاعرانہ) گھیر لینا ؛ حلقے میں کرلینا ۔

Enrobe : (v) لباس پہنانا ؛ ملبوس کرنا ۔

Enrockment : (n)[Fr.enrochment.] (انجینیئرنگ) سنگ پشتہ ۔

Enrol/Enroll : (v) [OFr. enroller.] رجسٹر میں نام درج کرنا؛ کسی کو بھرتی کرنا؛ داخل کرنا؛ شریک کرنا؛ درج کرنا ؛ قلم بند کرنا ؛ فخر و مباہات سے تحریر کرنا؛ لپٹا ہوا بنڈل یا خریطہ بنانا ۔

Enroller : (n) درج کرنے والا ؛ بھرتی کرنے والا ۔

Enrolment : (n) (فوج) اندراج ؛ بھرتی ۔

Enroot : (v) – جڑ قائم کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ ذہن نشیں کرنا

Enrough : (v) سمندر کو طوفانی بنانا ۔

Enroute : (adv.) [Fr.] رستے میں ؛ اثنائے سفر میں ؛ بر سر راہ ۔

Enroute shortage : (n) نقصان راہ ۔

Ens : (n) [Late.L.'Ens'.] (فلسفہ) ہستی ثابت ۔

Ensample : (n) [AFr.ensa(a)mpli.] (۱) (قدیم) مثال ؛ توضیح ۔ (۲) دیکھو Example ۔

Ensanguine : (v) [EN. +L sangins.] خون آلود کرنا ۔

Ensanguined : (a) خون آلود ؛ خونی ۔

Ensate : (a) [mod. L. 'ensatus'.] (نباتیات) سیفی؛ شمشیری؛ سیف نما ۔

Ensconce : (v) (اپنے تئیں کسی پوشیدہ یا محفوظ مقام میں) متمکن کرلینا ؛ جا بیٹھنا ۔

Enseal : (v) [OFr.'ensealer'.] مُہر کرنا (مُہر دے کر) توثیق کرنا ۔

Enseam : (v) سیون سا نشان لگانا ۔

Ensemble : (v) [OFr.'ensemble.'] مجموعی اثر ۔

Tout ensemble : مجموعی اثر ۔

Ensepulchre : (v) دفن کرنا ۔

Ensheath (e) : (v) غلاف میں رکھنا ؛ نیام میں رکھنا ۔

Enshrine : (v) کسی درگاہ میں (آثار و یادگار کو) رکھنا ؛ بطور تبرک محفوظ رکھنا ؛ تبرک گاہ کا کام دینا ۔

Enshrinement : (n) بطور تبرک محفوظ رکھنا ۔

Enshroud : (v) چھپالینا ؛ لپیٹ لینا ؛ ڈھانک لینا یا ڈھانپ لینا ۔

Ensient : (a) دیکھو Enceinte

Ensiform : (a) [L.'ensis'+-form.] (نباتیات ، حیوانیات) سیف نما ؛ سیفی ؛ خنجری ۔

Ensiform cartilage : (n) (تشریح) غضروف خنجری ۔

Ensign : (n) [OFr.'enseigne.'] (۱) نشان ؛ جھنڈا ؛ عَلم ؛ ایسا جھنڈا جس کے کونے پر یونین جیک ہوتا ہے ۔ (۲) عَلم بردار : نشان بردار (اگلے زمانے میں پیدل فوج کے ادنیٰ کمیشن افسر کا عہدہ) ۔

Blue ensign : نیلا نشان ؛ نیول ریزرو کا نشان ۔

Red ensign : سرخ نشان ؛ تجارتی کاروبار کا نشان ۔

White ensign : سفید نشان ؛ رائل نیوی اور رائل یاٹ اسکواڈرن کا نشان ۔

Ensigncy : (n) عَلم برداری ۔

Ensilage : (v) [Fr.'ensilage'.] ہرے چارے کو کھتے یا گڑھے میں محفوظ رکھنا ۔

Ensilage : (n) چارا جو اس طرح محفوظ رہے ؛ چارے کو اس طرح محفوظ رکھنے کا عمل ؛ (زراعت) چھور کاری ؛ ذخیرہ کاری (چارا) ۔

Ensile : (v)[Fr.'ensiler.'] (چارے کو) گڑھے میں محفوظ رکھنا ۔

Ensilist : (n) غلے کو محفوظ رکھنے والا ۔

Ensisternal : (n) [L.'ensis'+-sternum.'] سیفی غضروف سے متعلق ۔

Ensky : (v) آسمان پر رکھنا ۔

Enslave : (v) کسی کو غلام بنانا ؛ (مجازاً) عادات ، اوہام وغیرہ کا غلام بنانا ۔

Enslavement : (n) غلامی ۔

Enslaver : (n) عورت جو اپنی اداؤں سے مرد کو حلقہ بگوش بنالے ۔

Ensnare : (v) پھانسنا ؛ پھندے یا جال میں پھانسنا ۔

Ensnarement : (n) پھانسنا ۔

Ensnarer : (n) پھانسنے والا ۔

Ensomphalus : (n) (طب) مخلوط جسمہ° توام ۔

Ensorcell : (v) [OFr.'ensorceler.'] مسحور کرنا ۔

Ensoul/In - : (v) روح پھونکنا ؛ روح ڈالنا ؛ روح میں جاگزیں کرنا۔

Ensphere : (v) گھیرلینا ؛ حلقے میں کرلینا ؛ کرہ بنانا ۔

Enspherement : (n) گھیر لینا ۔

Enstamp : (v) مُہر کرنایا لگانا ؛ نشان لگانا ۔

Enstatite : (n) آتشی معدن کی ایک قسم ۔

Enstatitic : (a) آتشی معدن سے متعلق ۔

Enstrophe : (n) (طب)شترہ° داخلی ۔

Ensue : (v) [OFr. 'ensiw-, ensn'.] بعد کو واقع ہونا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ (بانبل میں) پیروی کرنا ؛ جستجو کرنا ۔

Ensuer : (n) بعد کو واقع ہونے والا ۔

Ensuing : (a) بعد کو واقع شدہ ۔

Ensuite : (adv.) [Fr.] ایک سلسلے میں ۔

Ensure : (v) (کسی شخص یا چیز کا خطرات سے) محفوظ کرنا؛ یقین کرلینا؛ پکا کرلینا؛ یقینی صورت دینا ۔

Ensurer : (n) محفوظ کرنے والا ۔

Enswathe / Inswathe : (v) پٹی باندھنا ؛ لپیٹنا ۔

Enswathement : (n) پٹی ۔

Ensynopticity : (n) کسی موضوع پر عمومی طورسے غور کرنے کی صلاحیت ۔

- ent : (suffix.) لاحقہ جو اسمیت اورصفت کا فائدہ دیتا ہے؛ دیکھو Ant ۔

Entablature : (n) (تعمیرات) ستونوں کے اوپر کاحصہ جس میں محراب ، کارنس وغیرہ سب شامل ہیں؛ سر ستون ؛ طبلة العمود ؛ چبوترہ ۔

Entablatured : (a) [Fr.'entablement'.] سر ستون دار ؛ چبوترہ دار ۔

Entablement : (n [Fr.'entablement'.] چبوترہ جس پر مجسمہ نصب ہوتا ہے ؛ چبوترہ° مجسمہ؛ سرستون ۔

Entad : (adv.) مرکز رو ۔

Entail : (n) (۱) مشروط ہبہ ؛ جائداد جو مشروط طور پر ہبہ کی گئی ہو؛ (مجازاً) (عادات وغیرہ کی) نا قابل انتقال توریث ۔ (۲) (سیاسیات) عطیہ° مشرو ط ۔(٤) (قانون) میراث وقف ۔

Entail : (v) [En+AFr.'taile.'] (۱)جائداد کا مشرط ہبہ کرنا ؛ کسی شخص کو کوئی چیز بلا اختیار انتقال ہبہ کرنا ۔(۲) بار ڈالنا؛ عائد کرنا (مصارف ، محنت وغیرہ کا) ؛ ضروری ہوجانا ۔

Entailable : (a) مشروط ہبہ پذیر ۔

Entailer : (n) مشروط ہبہ کرنے والا ۔

Entailment : (n) مشروط ہبہ ۔

Ental : (a) داخلی ؛ مرکزی ۔

Entamoeba : (n) (حیوانیات) درون امیبا ۔

Entame : (v) پالتو بنانا ۔

Entangle : (v) جال میں پھانسنا ؛ الجھانا ؛ دشواری یا مشکلات میں ڈالنا یا پھنسانا؛ پیچیدہ بنانا ۔

Entanglor : (n) جال میں پھانسنے والا ۔

Entanglement: (n) الجھاوا؛ دشواری ؛ (فوج) شبکہ تارخاردار۔

Entasia : (n) [mod.L.] کسی ستون کا خفیف طور پر پھیل جانا ۔

Entasis : (n) (طب) شبغ انقباضی ؛ (تعمیرات) برآمدگی ۔

Entassment : (n) [Fr.'entassement.'] انبار ۔

Entelechy/Entelecheia/Entelechia : (n) [Late L. 'entelechia.'] (فلسفہ) قوی' سے فعل میں لانے کی حالت ؛ کمال ؛ (فلسفہ) جوہر واحد ؛ (حیوانیات) حیاتیہ ؛ روح (بخلاف جسم) ۔

Entellus : (n) [Proper name.] (حیوانیات) ہنومان (بندر) ۔

Entemple : (v) مندر میں رکھنا ۔

Entente : (n) [Fr.] سلطنتوں کا دوستانہ معاہدہ ؛ دوست سلطنتیں ؛ (سیاسیات) ایتلاف ۔

The (Triple) entente : اتحادثلاثہ (انگلستان، فرانس، اور روس کے درمیان) ۔

The little entente : اتحادصغیر (چیکوسلواکیہ ، یوگوسلاویا اور رومانیا) ۔

Entente Cordiale : (n) فرانس اور انگلستان کے درمیان ۱۹۰٤ء والا معاہدہ ۔

Enter : (v) [OFr.'enterer.'] (۱) جانا ؛ آنا ؛ در آنا ۔(۲) (ناٹك میں) اسٹیج پر آنا۔(۳) (کسی مقام میں) جانا؛ آنا؛ درآنا ؛ گھس پڑنا ؛ (جماعت یا انجمن میں) داخل ہونا ۔(٤) (کتے کو) سدھانا ؛ (گھوڑے کو) پھیرنا ۔ (٥) (نام وغیرہ کسی فہرست یا کتاب میں) درج کرنا؛ (دوڑ ، کُشتی کےلئے کسی فہرست میں) نام لکھنا داخل کرنا ؛ شریك کرنا ۔ (٦) قبضہ کرنا ؛ دخل کرنا ؛ شروع کرنا ۔

To enter a protest : احتجاج کرنا ؛ صدائے احتجاج بلند کرنا ۔

To enter an action /-Caweal /-writ : Writ وغیرہ کو عدالت میں پیش کرنا ۔

To enter an appearance : حاضر ہونا؛ صورت دکھانا ۔

To enter an army : فوج میں داخل ہونا ۔

To enter into : (گفتگو) چھیڑنا ؛ (مقابلے ، معاملے میں) شرکت کرنا ؛ (حساب وغیرہ میں) شامل ہونا؛ داخل ہونا؛ (معاہدے ،ضمانت وغیرہ سے) اپنےتئیں پابند کرنا۔

To enter into a treaty : معاہدہ کرنا ۔

To enter into force : کارفرما ہونا؛ عمل میں آنا۔

To enter into (another's)labour : دوسروں کی محنت سے فائدہ اٹھانا ۔

To enter on/-upon : (۱) دخل کرنا (زمین وغیرہ) ؛ (جائداد پر) متصرف ہونا ۔(۲) آغاز کرنا ؛ کارروائی شروع کرنا ۔

To enter the lists : (v) چیلنج قبول کرنا ؛ آزمائش میں شامل ہونا ۔

To enter up : (v) (کسی سیاہے یا رجسٹر میں) مدات کی تکمیل کرنا ۔

Enter : (n) ڈرامے کے سین میں کسی کردار کا داخلہ ۔

Enterable : (a) قابل اندراج ۔

Enteraden : (n) (طب) معائی غدود ۔

Enteradenitis : (n) (طب) ورم معائی غُدّہ ۔

Enteradenography : (n) (طب) معاء غدود نگاری ۔

Enteradenology : (n) معائی غدودیات ۔

Enteral : (a) [Enter -+-al.] (تشریح) معائی ؛ درمعائی ؛ رودی ۔

Enteralgia : (n)[NL.fr.enter-+ -algia.] (طب) دردامعاء؛ قولنج ۔

Enterally : (adv.) معائی طور پر ؛ آنت کے لحاظ ۔

Enterate : (a) [mod. L.'enteratus'.] (حیوانیات) آنتوں والا ۔

Enterectomy : (n) [Enter -+-ectomy.] (جراحی) معایر آری ؛ عمل جراحی سے آنت کے کسی حصے کی قطع وبرید ۔

Enterer : (n) اندراج کرنے والا ۔

Enteric : (a) [Gr.'enterikos.'] (۱) معائی؛ رودی ؛ انتڑیوں سے متعلق ۔(۲) ایسی دوا سے متعلق جو آنت میں جا کر گلے ۔

Enteric fever : (n) (طب) محرقہ بطنی ؛ میعادی بخار؛ ٹائیفائڈ بخار ۔

Entering : (n) (۱) اندراج کرنا ؛ داخل کرنا ۔(۲) داخلے کا ذریعہ ۔

Enteritis : (n) [NL.'enter-+-itis'.] (۱) آنتوں کی سوزش ؛ ورم الامعاء ؛ التہاب معوی ؛ آنتوں کی سوجن ۔ (۲) پالتو جانوروں کی وہ بیماری جس میں آنتوں کی سوجن ہوتی ہے اور دست ہوتا ہے ۔

Ulcerative enteritis : قروح امعاء ۔

Entero - : [Gr.'enteron.'] ترکیبی جز بمعنی آنت کا؛ معائی؛ (سابقہ) معائی ؛ معوی ۔

Entero-anastomosis : (n) (جراحی) معائی تغویہ ۔

Enterobiasis : (n) [L.fr. enterobius-+-iasis.] Enterubiks نام کے جرثومے سے پیدا ہونے والا بچوں کا مرض ۔

Enterobius : (n) [L.fr. enter-+-bius .] جراثیم کی ایک نوع جو آدمی کی آنت میں بھی ہوتی ہے؛ معاباش ۔

Enterocele : (n) [GK.enterokele, fr. enter-+-kele. tumour.] معوی قیلہ ؛ فتق امعاء ۔

Enterocelic : (a) معمولی قیلہ سے متعلق ؛ فتق امعاء سے متعلق ۔

Enterocinesis : (n) (عضویات) حرکت معا ۔

Enterococcus : (n) [L.fr. 'enter-+-coccus.'.] (بیکٹیریا) معائی بلقہ ۔

Enterocoel : (n) [Enter -+-coele.] (طب) معائی کہفہ ؛ معائی قعر ۔

Enterocolitis : (n) [L.fr.enter-+-colitis.] چھوٹی اور بڑی آنتوں کی سوجن ۔

Enterocrinin : (n) [Enter -+-endocrine-+-in.] ایک ہارمون جو بعض جانوروں کی آنتوں میں ہوتا ہے جس سے ہاضمے کو تقویت ملتی ہے ۔

Enterocyst : (n) معائی دویرہ ۔

Enterodelous : (a) [mod. L.'enterodela.'] وہ جس کی آنتیں صاف معلوم ہوتی ہیں ۔

Enteroepplocele : (n) ایک قسم کا فتق (بیماری) ۔

Enterogastrocele: (n) فتق امعاء ۔

Enterogastrone : (n) [Enter -+-gastr -+-harmone.] ایک قسم کا ہارمون جس سے معدے کے عمل ریزش پر برا اثر پڑتا ہے ۔

Enterogenons : (a) [Enter -+- genous.] (عضویات) امعاء زاد ؛ آنت میں پیدا ہونے والا ۔

Enterogram : (n) [Enter-+-gram] معدے کی حرکت نگاری ۔

Enterography : (n) [Enter -+-graph.] (طب) معائی حرکت نگاری ۔

Enterohepatic : (a) [Enter - + hepatic.] آنت اور جگر کا یا ان کا متاثر ہونا ۔

Enterohepatitis : (n) [L.fr. enter-+-hepatitis.] مرغ اور مرغیوں کی ایک مہلک بیماری ۔

Enterokinase : (n) [Enter-+-kinase.] خصوصاً آنت سے پیدا ہونے والا انزائم ۔

Enteroidea : (n) (طب) معوی حُمیات ۔

Enterolydrocele : (n) فتق معا نزول الماء کے ساتھ ۔

Enterolite : (n) آنتوں کی پتھری ۔

Enterolith : (n) [Enter-+-lith.] (طب) حصاۃ الامعاء، سنگ معا؛ آنتوں میں ہونے والی پتھری ۔

Enterlogy : (n) [Enter - + logy] (تشریح) معائیات ۔

Enteromegaly : (n) (طب) کلانی معا ۔

Enterometer : (n) (طب) معا پیما ۔

Enteromorpha : (n) [L.fr. enter-+-mospha.] معا نما کائیاں ؛ سبز الگا کی ایک نوع ۔

Enteron : (n) [L.fr. Gr.'intestine.'] (تشریح) معا ؛ روده ؛ آنت؛ قنات ہاضمہ ؛ (حیوانیات) قعر جسم ۔

Enteronephric : (a) [Enter -+-nephric.] (ابرازی نظام) آنت میں گرنے والا ۔

Enteropneustal : (a) ان کرم نماجانور سے متعلق جن کے سانس لینے کا عضو آنت کی نلکی سے ملحق ہوتا ہے ۔

Enteropathy : (n) [Enter-+-pathy.] (طب) معائی مرض ۔

Enteropexy : (n) [Enter - + pexy.] (جراحی) معائی تثبیت ۔

Enteroplasty : (n) آنتوں کے تسلسل کے بحران کو پیوندی جراحی سے درست کرنا ۔

Enteroplegia : (n) (طب) شلل الامعاء ۔

Enteroplexy : (n) (جراحی) معا بافی ۔

Enteroptosis : (n)[L.fr.'enter-+-ptosis.'] (طب) سقوط الامعاء ۔

Enterorrhagia : (n)[L.fr.'enter-+-rrhagia.'] (طب) معائی نزف ؛ آنت سے خون بہنا ۔

Enteroscope : (n) [Enter - + scope.] (طب) معابین ۔

Enterospasm : (n) [Enter - + spasm.] (طب) شبخ الامعا ؛ معائی شبخ ۔

Enterostasis : (n) (طب) معائی رکود ۔

Enterostenosis : (n) (طب) ضیق الامعاء ۔

Enterostomy : (n) [L.fr.'enter-+-stomy.'] (جراحی) معائی تفویہ ؛ عمل جراحی سے آنت میں راستہ بنانا ۔

Enterosympathetic : (a) [Enter -+ -sympathetic.] (حیوانیات) معائی مشارکی ۔

Enterotome : (n) [Enter - + tome.] (جراحی) معا شگاف ۔

Enterotomy : (n) [Enter-+-tomy.] تشریح امعاء؛ (جراحی) معا شگافی ۔

Enterotoxemia : (n) [L.fr.'enter-+-toxemia.'] آنت کے زہریلے مادے سے پیدا ہونے والا مرض (جیسے میمنے کی گردے کی بیماری) ۔

Enterotoxication : (n) معائی تسمم ؛ معائی زہریلاپن ۔

Enterotoxigenic : (a) [Enterotoxin-+-genic.] آنت میں زہریلا مادہ پیدا کرنے والا ۔

Enterotoxin : (n) [Enter-+-toxin.] جرثومے سے پیدا ہونےوالا زہریلا مواد ۔

Enterotropic : (n) [Enter-+-tropic.] (حیوانیات) معاالفی ۔

Enterozoa : (n) [L.fr. enter-+-zoa.] (حیوانیات) معاباشان ؛ معائی حونیات ۔

Enterozoic : (a) [Enter -+ zoa+-ic.] (حیوانیات) معا باش ۔

Enterprise (- z) : [OFr.'entreprise.'] (۱) مہم ؛ کار عظیم ؛ کارابم ۔(۲) ہمت؛ آمادگی؛ مستعدی؛ عزم ۔ (۳) کارجوئی ؛ مہم پسندی ؛ مہم جوئی ۔ (٤) (سماجیات) مہم کاروبار ۔

Enterprise : (v) ذمہ لینا ؛ قدم بڑھانا ؛ (قدیم) مہم اٹھانا ؛ مستعد ہونا ۔

Enterpriseless : (a) غیر مستعد ؛ فاقد عزم ۔

Enterpriser : (n) مہم اٹھانے والا ؛ ابم کام شروع کرنے والا ۔

Enterprising : (a) من چلا ؛ مہم جو ؛ بابمت ۔

Enterprisingly : (adv.) من چلے پن سے ؛ ہمت سے ۔

Entertain : (v) [ME.'entertinen.'] (۱) (مراسلت، گفتگوغیرہ کو) قائم رکھنا ۔(۲) (کسی کا) دل بہلانا ؛ تفریح کا سامان مہیا کرنا ۔(۳) مہمان نوازی کرنا ؛ خاطر مدارات کرنا ۔(٤) ذہن میں رکھنا ؛ دل میں جگہ دینا؛ عزیز رکھنا ؛ (خیال ، تجویز ، جذبات کا) ۔

Entertainable : (a) قابل لحاظ ۔

Entertainer : (n) دل بہلانے والا (خصوصاً پیشہ ور) ۔

Entertaining : (a) پُرلطف ؛ دلچسپ ؛ دل بہلانے والا ۔

Entertainingly : (adv.) دل بہلا کر ؛ ایسی باتیں کرتے ہوئے جن میں جی لگے ۔

Entertainment : (n) (۱) دل لگی ؛ لطف ؛ تفریح ۔(۲) کھیل ؛ تماشا ۔(۳) تواضع ؛ خاطر مدارات ؛ پُرجوش استقبال ۔(٤) ضیافت (شاذ) ۔(٥) توجہ دینے کاعمل ۔

Much to my entertainment : مجھے یہ دیکھ کر بڑا لطف آیا ۔

Entertainment tax : (n) تفریحی ٹیکس ۔

Entertake : (v) ذہن میں رکھنا ؛ لحاظ رکھنا؛ دل میں جگہ دینا ۔

Entertissued : (a) Intertissued کی دوسری شکل ۔

Enteruria : (n) [Enter-+-uria.] (طب) معا بَولی ۔

Enthalpy : (n)[Gr.'enthalpein,'-+-thalpein.] (عضویات) حرارت نوعی ؛ حرارت حرکتی مقدار جو کسی جسم کی اندرونی توانائی اور اس کے حجم اور دباؤ کے حاصل ضرب کا جوڑ ہے (H=U+PV) ۔

Enthelmintha : (n) (عضویات) معائی کیڑے ۔

Entheomania : (n) (دینیات) مذہبی جنون ۔

Enthetic : (a) [Gr.'enthetikos.'] (طب) در آمدہ ؛ ازبیروں آمدہ (خصوصاً آتشک کےلئے) ۔

Enthracosis : (n) (طب) ریوی فحمیت ۔

Enthral (l)/Inthral (l) : [En+thrall. (n)] غلام بنانا ؛ گرویدہ کرنا ؛ دل موہ لینا ۔

Enthralled : (a) گرویدہ ۔

Enthralling : (a) دلکش ؛ دل پذیر ؛ دل موہنے والا ۔

Enthrallingly : (adv.) دلکشی کے ساتھ ؛ دل موہ کر ۔

Enthrallment : (n) گرویدگی؛ حلقہ بگوشی (خصوصاً مجازاً) ۔

Enthrone : (v) [En - + throne. (n)] (۱) تخت نشیں کرنا ۔ (۲) (بادشاہ، پادری وغیرہ کو)گدی پر بٹھانا ۔ (۳) رفعت بخشنا ؛ بلند رتبہ دینا ۔

Enthronement : (n) تخت نشینی؛ مسندنشینی؛(نیز مجازاً) ۔

Enthronization : (n) تخت نشینی؛ مسندنشینی(نیز مجازاً) ۔

Enthronize : (v) [ME. formation. fr. en+thronos, throne,+-ize.] (قدیم) تخت نشیں کرنا؛ گدی پر بٹھانا؛ اعلیٰ رتبہ دینا ۔

Enthuse : (v) [back formation fr. 'enthusiasm, enthusiast.] (روز مرہ) جوش میں آنا ؛ جوش ظاہر کرنا ؛ جوش دلانا ؛ گرما دینا ؛ گرم جوشی سے (کسی خیال یا رائے کا) ظاہر کرنا ۔

Enthusiasm : (n) [Gr. enthousiasmos. fr. en-+-theos,-thous.] سرخوشی؛ سرگرمی ؛ جوش ؛ ولولہ ؛ گرم جوشی ؛ ذوق و شوق ۔

Enthusiast : (n) [Gr.'enthousiastes.'] پرجوش ؛ جوشیلا ؛ سرگرم ۔(۲) وہ شخص جو اپنے مشن ؛ مقصد یا دُھن میں لگا ہو ؛ سرگرم ذہن کا انسان ۔

Enthusiastic : (a) [Gr. 'enthousiastikos.'] سرگرم ؛ پُرجوش ؛ جوشیلا ؛ دُھن میں لگ جانے والا؛ دُھنی ۔

Enthusiastically : (adv.) سرگرمی سے ؛ جوش و خروش سے ۔

Enthymematic : (a) [L.'enthymemat,'enthymena.'+E.ic.] قیاس استثنائی سے متعلق ۔

Enthymeme : (n) [L.'enthymema.'fr.] (منطق) قیاس استثنائی ؛ وہ دلیل جس کا ایک مقدمہ محذوف ہو ؛ برہان موجز ۔

Entice : (v) [OFr. 'enticier.'] لبھانا ؛ پھسلانا ؛ ورغلانا ۔

Enticement : [ME.fr.OF.fr enticier+-ment.] لبھاؤ ؛ پھسلاہٹ ؛ ورغلانا ۔

Enticer : (n) ورغلانے والا ۔

Enticing : (a) دل پذیر ؛ دل فریب ۔

Enticingly : (adv.) فریب سے؛ دل کو فریب دے کر ۔

Entification : (n) وجود قرار دینا ؛ خارجی وجود سمجھنے کا عمل ۔

Entify : (v) [L.ens+-fy.] خارجی وجود سے متعلق کرنا ؛ وجود قرار دینا ۔

Entire : (a) [ME.'enter, entier.] (۱) سارا ؛ پورا ؛ کل ؛ سالم ؛ سموچا؛ کامل؛ درست ۔(۲) مکمل ؛ بےکم وکاست؛ صحیح سالم ؛ جوں کاتوں ۔(۳) مطلق ؛ غیر مقید ۔ (٤) تمام تر ؛ یکسر ۔(٥) مسلسل ۔

Entire : (n) (۱) غیر آمیختہ (خصوصاً گھوڑا) ۔(۲) خالص ؛ بے آمیز ۔(۳) کلیت ۔(٤) ایک قسم کی تلخ بیئر شراب ۔(٥) لفافہ ۔

Entire contract : (n) (تجارت) سالم معاہدہ ۔

Entire leaf : (n) (نباتیات) برگ درست ۔

Entire tenancy : (n) ایک شخص کی ملکیت ۔

Entirely : (adv.) تمام تر ؛ بالکل ۔

Entireness : (n) سارا پن ؛ سموچا پن ؛ کلیت ؛ مکملیت؛ پورے ہونے کی صفت یا حالت ۔

Entirety : (n) [L.'entegritas'.] (۱) کلیت ؛ کل ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (۲) (قانون) کسی جائداد کا پورا اختیار ۔(۳) تمام ؛ کل ۔

Entitative : (a) [med. L.'entitativus.'] کسی شے کےمحض وجود سے متعلق ؛ ہستی سے متعلق ۔ (۲) حقیقت اصلی کا حامل ۔

Entitatively : (adv.) کسی شے کےمحض وجود کے اعتبار سے ۔

Entitle : (v) [AFr. 'entiteler.'] (کتاب وغیرہ کا) نام رکھنا ؛ تسمیہ؛ (کسی شخص کو) خطاب دینا؛ مستحق کرنا؛ حقدار کرنا ؛ کسی کا حق دینا ۔

Entity : (n) [Fr. 'entite' or med. L.'entitas.'] ہستی ؛ ذات (مقابل صفات) ؛ موجود حقیقی ؛ وجود ؛ ھُویّت ۔

Social entity : (سماجیات) سماجی ہستی ؛ سماجی وحدت ۔

Ento - : (prefix.) [Representing Gr. 'entos.'] (۱) (سابقہ) درون ۔(۲) ترکیبی جز بمعنی اندرونی ۔

Ento-ectad : (a) درون برون ۔

Entoblast : (n) [Gr. 'Blastos.'] (حیوانیات) در ادمہ ؛ درون نہوض؛ کسی خلیہ کا مرکزیہ ۔

Entobronchus : (n) (حیوانیات ، تشریح) درون شعبہ ؛ ثانوی شعبہ ۔

Entocele : (n) (طب) فتق داخلی ۔

Entochoroidea : (n) (تشریح) درون مشیطمیہ ۔

Entocuneiform : (a) مشط القدم کی تین ہڈیوں میں سے اندر کا ۔

Entocyst : (n) حونیات مجتمعہ کی جلد کی اندرونی تہ ۔

Entocyte : (n) (خلیہ) درون خلیہ ؛ خلیہ مافیہ ۔

Entoderm : (n) [Ento + derma (Gr.)] (حیوانیات ، تشریح) اندرون جلد ؛ درون ادمہ ؛ نہوضی ادمہ کی باہری تہ (بیرونی تہ) ۔

Entogasteric : (a) درون معدی ۔

Entoglossal : (a) [Ento - + glossa (Gr.) + - al.] (تشریح) درون لسانی ؛ مچھلی کی زبان کی بالائی ہڈی کے لئے مستعمل اصطلاح ۔

Entoil : (v) پھنسانا ؛ جا ل میں پھنسانا ۔

Entomb : (v) [En-+-tombe, tomb.] دفن کرنا ؛ تہ خاک کرنا ؛ مقبرے کا کام دینا (نیز مجازاً) ۔

Entombment : (n) تدفین ۔

Entometatarse : (n) [mod. L.'metatarsus.'] مشط القدم اور انگشت پا کی درمیانی ہڈی ۔

Entomic : (a) [Gr. 'entomos'.] کیڑوں مکوڑوں سے متعلق؛ حشراتی ۔

Entomical : (a) حشرات سے متعلق ۔

Entomo- : [Gr.'entomos.'] جزوترکیبی بمعنی 'کیڑے مکوڑے' ۔

Entomogenous : (a) (نباتیات) در حشرات رو ۔

Entomography : (n) (حیوانیات) حشرات نگاری ؛ حشرات نامہ ۔

Entomoloid : (a) کرم نما ؛ حشرات نما ۔

Entomolite : (n) [Entomo-+-lithos (Gr.)] (حیاتیات) متحجر حشرہ ؛ متحجر حشرات ۔

Entomological : (a) (حیوانیات) حشریاتی ۔

Entomological section : (n) (سیاسیات)شعبۂ حشریات ۔

Entomologist : (n) (حیوانیات) ماہر حشریات ؛ حشریات داں ۔

Entomologize : (v) حشریات کا مطالعہ کرنا ؛ حشرات کے نمونے جمع کرنا اور ان کی عادات کا مطالعہ کرنا ۔

Entomology : (n) [Entomo-+-Logy.] حشریات؛ علم الحشرات؛ وہ علم جس میں کیڑوں مکوڑں سے بحث ہو ۔

Entomometer : (n)[Entomo-+ Gr.'metor.'] حشرات پیما آلہ ۔

Entomophagan : (n) [Entomo -+ Gr. phyage+- an.] (حیوانیات) حشرات خور ۔

Entomophagous : (a) [Entomo - + Gr. phagev + - ous.] (حیوانیات) حشرات خور؛ کیڑے مکوڑے کھانے والا ۔

Entomophilous : (a) [Entomo - + philos (Gr.) + - ous.] (۱) (حیوانیات) حشرات پسند ؛ حشرات جو ۔ (۲)حشرہ زر (درخت جن میں زر گل حشرات کے ذریعہ پہنچتا ہے) ۔

Entomophily : (n) (نباتیات) حشراتی زیرگی ۔

Entomostracan : (a) [Entomo - + Gr.'stracan.'] (حیوانیات وغیرہ) حشراتی؛ حشرات کا یا ان سے متعلق ۔

Entomostracous : (a) حشرات کی ایک نوع ؛ Entomostraca سے متعلق ۔

Entomotomist : (n) حشرات کا تشریح کرنے والا ۔

Entomotomy : (n) [Entomo-+ Gr. 'omia.'] تشریح حشرہ ۔

Entonic : (a) [Gr.'entonos.'+-ic.] (طب) فاضل عمل یا بڑے تناؤ والا ۔

Entoperipheral : (a) جسم میں پیدا ہونے والےبھوک جیسے احساسات کےلئے مستعمل اصطلاح ۔

Entophthalmia : (a) (طب) رمد داخلی ؛ ورم در چشم ۔

Entophyte : (n) (نباتیات) درون نبات ؛ درونی طفیلی ؛ جانور کے اندر جانور یا پودے کے اندر پودا ؛ درخت نمو ؛ حی نمو ۔

Entophytic : (a) درون نبات سے متعلق ۔

Entopic : (a) برمحل ۔

Entoprocta : (n) (حیوانیات) درون مبرزاں ۔

Entoptic : (a) (حیوانیات) درون چشمی ؛ آنکھ کے مختلف اندرونی ساختوں سے متعلق ۔

Entoptics : (n) (عضویات) درون چشم ؛ درچشمیات ۔

Entoptoscopy : (n) (طب) درون چشم بینی ۔

Entorganism : (n) (حیاتیات) داخلی طفیلیہ؛ درون عضویہ ۔

Entosternal : (a) سینے کی ہڈی کے بیچ کے حصے سے متعلق ۔

Entosternite : (n) (حیوانیات) درون قصی ۔

Entosthoblast : (n) [Gr. entosthe, from with-in+-Blast.] (حیوانیات) کسی خلیے کے اندر کا ذرہ ۔

Entotic : (a) (حیوانیات) درون گوشی ۔

Entotympanic : (a) (تشریح) درون طبلی (ہڈی) ۔

Entour : (v) (نقابت) سپر کو شاخوں سے آراستہ کرنا ۔

Entourage : (n) [Fr. 'entourer.'] ماحول ؛ گردوپیش کے لوگ: مصاحبین ؛ حاشیہ نشیں ۔

Entovarial : (a) (حیوانیات ، تشریح) درون بیضی ۔

Entozoa : (n) (حیوانیات) درون حیوان ۔

Entozoal : (a) درون حیوان سے متعلق ۔

Entozoic: (n) درحیوانی ؛ درحیوانی رو ۔

Entozoologically : (adv.) درون حیوان کےمطالعہ کی رو سے ۔

Entozoologist : (n) درون حیوان کا مطالعہ کرنےوالا ۔

Entozoology : (n) ایک طفیلی جاندار جو دوسرے جاندار میں رہتاھے؛ حیوانیات کاوہ شعبہ جو درون حیوان کا مطالعہ کرتا ھے ۔

Entozoon : (n) [f.'ento -+ Gr. zoa.'] (حیوانیات) درون حوین ؛ درحوین ۔

Entracte : (n)[Fr.'entre'+acte.] (۱) (ناٹک کے)تماشےکا درمیانی وقفہ ۔(۲) ایسے وقفے میں کوئی تفریحی کھیل، رقص یا نغمہ ہو ۔

Entrails : (n) [Fr.'entrailles.'] (تشریح) امعاء؛ انتڑیاں ؛ اندرونہ ؛ (مجازاً) (زمین وغیرہ کے) اندرونی حصے ۔

Entrain : (v) [Fr.entrainer. f. en-+-train (n)] ریل پر سوارکرانا یا ہونا (خصوصاً فوج کا) ۔

Entralgia : (n) (طب) قولنج (درد) ۔

Entrammel : (v) [f . En -+ trammel.] الجھانا ؛ جھمیلے میں ڈالنا ؛ رکاوٹ پیدا کرنا ؛ مقید کرنا ۔

Entrance : (v) [En - + trance.] بےخود کرنا (جذبات ، مسرت ، غم وغیرہ سے) ؛ آپے سے باہر کردینا ؛ لبریزکرنا ؛ (کسی پر) وجد طاری کرنا ۔

Entrance : (n) [MF . 'entrance.'] (۱) داخل ہونا یا اندر جانا۔ (۲) ایکٹر کا اسٹیج پر آنا۔(۳) جائزہ لینا ۔ (٤) داخل ہونے کا حق ۔ (٥) فیس داخلہ (مدرسے، کلب وغیرہ کی)۔ (٦) دروازہ ؛ راستہ ؛ مدخل ؛ داخلہ ۔(۷) جہاز کا وہ حصہ جو پانی میں سب سے پہلے آتاھے ۔

Entrance Hall : (n) ڈیوڑھی ۔

Entrance pupil : (n) (بصریات) آمد پتلی ۔

Entrancedly : (adv.) حالت وجدمیں ؛ بے خود ہو کر ۔

Entrancement : (a) (نفسیات) بےخودی ؛ آپے سےباہر ہوجانا؛ وجد ۔

Entrancing : (a) سرور انگیز ؛ وجد آفریں ۔

Entrancingly : (adv.) وجدطاری کرتےہوئے؛ سرورانگیز طورپر ۔

Entrant : (n) [Fr.'entrant.'] (مقام ،پیشے یا بازی وغیرہ میں) داخل ہونے والا (نیز مجازاً) ۔

Entrant : (n) داخل ہونے والا ۔

Entrap : (v) جال میں پکڑنا ؛ دام میں پھانسنا؛ (کسی شخص کو ہلاکت یا کسی اورفعل کی جانب) پھانس کر لانا ؛ تذبذب میں ڈالنا ۔

Entrapment : (n) پھانس ؛ دام میں پھانسنا ۔

Entrapper : (n) صیاد ؛ دام میں پھانسنے والا؛ گرفتار کرنے والا ۔

Entrappingly : (adv.) دام میں گرفتار کرکے؛ صید بنا کر ۔

Entreasure : (v) خزانے میں جمع کرنا ۔

Entreat : (v) (۱) التماس کرنا ؛ منت سماجت کرنا ۔ (۲) راغب کرنا ۔

Entreatableness : (n) سلوك ؛ شفارش ؛ شفاعت ۔

Entreatingly : (adv.) منت سماجت سے ۔

Entreatment : (n) (اب قدیم) سلوك ؛ برتاؤ ۔

Entreaty : (n) التجا ؛ التماس (خضوع و خشوع سے) ۔

Entrechat : (n) حالت رقص میں ایڑیوں سے فرش پر باربار تال دینا ۔

Entree : (n) (۱) داخل ہونے کا طریقہ ؛ حق داخلہ ؛ داخلہ ۔ (۲) کھانا کھلانے میں جو بیچ میں دیا جانے ۔ (۳) (موسیقی) اوپیرا یابیلے کاابتدائی عمل ۔

Entremests : (n) (۱) (انگریزی ڈنر وغیرہ میں)اصل کھانوں کےعلاوہ زائد کھانے ۔ (۲) ضیافت کے درمیان کا قابل دید نظارہ ؛ وقفہ ۔

Entrench/In - : (v) [En,-in -+trench (n).] (۱) (فوج یا شہر کو) خندق سے محصور کرلینا (نیز مجازاً) ۔ (۲) خندق بنانا ؛ غیر قانونی مداخلت کرنا ؛ تجاوز کرنا ۔

Entrench upon : (v) دخل دینا؛ مداخلت بیجا کرنا ۔

Entrenchment : (n) [Entrench + ment.] (۱) فوج یاشہر کو خندق سے محصور کرنےکا عمل ؛ قلعہ بندی ۔ (۲) تجاوز ۔

Entrenous : (adv) [Fr.] ہمارے تمہارے درمیان (بطورراز) ۔

Entrepot : (n) [Fr.] مال گودام ؛ تجارتی مرکز ؛ ڈپو ؛ درآمد برآمد منڈی ؛ (معاشیات) توشہ خانہ ؛ بھنڈار ؛ سامان رکھنے کی جگہ ۔

Entrepreneur : (n) [Fr.] (۱) جلسہ (موسیقی) کا ناظم یا منتظم ۔(۲) (معاشیات) کار جو ؛ سرمایہ اور مزدور کے درمیان کا منتظم بحیثیت ثالث ۔

Entresol : (n) [Fr.] نچلی منزل اور پہلی منزل کے درمیان ایك نیچی منزل ۔

Entropion/Entropium : (n) [mod. L.] (طب)شترہ داخلی ؛ پپوٹے کا الٹنا ۔

Entropy : (n) [G. entropie.] (طبیعیات) نا کارگی ؛ مقداری عناصر میں سے ایك جومادے کے ایك جزو کی حرارتی حرکتی حالت کو متعین کرتاھے ۔

Entrust/Intrust : (v) [En-+-trust (n).] سپردکرنا ؛ حوالے کرنا؛ تفویض کرنا؛ امانت میں دینا؛ تحویل میں دینا ۔

Entrustment : (n) حوالگی ؛ سپردگی ؛ تحویل ؛ امانت یا امانت میں دینا ۔

Entry : (n) [ME.entre (e)] (۱) داخلہ ؛ آمد ۔(۲) داخلہ خاص مراسم کے ساتھ ۔(۳) (قانون) قبضہ ؛ دخل ۔ (٤) دروازہ ؛ داخل ہونے کا مقام ۔(٥) دہانہ دریا۔(٦) (رجسٹر یا سیاھے) میں اندراج ۔ (۷) مد درج شدہ ۔ (۸) (کاروباری حساب) کھتیانا ا کہرے دوہرے طریقہ حساب سے ۔ (۹) گھڑ دوڑ میں شریك ہونے والوں کی فہرست ۔

Adjusting entry : (تجارت) تطبیقی اندراج ۔

Book keeping by double single entry : طریقہ سیاق جس کی رو سے ہر مد کھاتے میں ایك بار یا مکرر درج کی جاتی ھے ۔

Closing entry : (تجارت) اختتامی اندراج ۔

Correcting entry : (تجارت) تصحیحی اندراج ۔

Inward entry : (تجارت) داخلی اندراج ۔

Opening entry : (تجارت) افتتاحی اندراج ۔

Outward entry : (تجارت) خارجی اندراج ۔

Port of entry : وہ بندرگاہ جہاں برآمد شدہ مال درج کیا جاتا ھے ۔

Prime entry : (تجارت) بنیادی اندراج ۔

Transfer entry : (تجارت) تبادلہ اندراج ۔

Entwine/In - : (v) [En-, in-+Twine.] لپیٹنا ؛ گوندھنا ؛ بٹ دینا ؛ لپٹنا ؛ چمٹ جانا (نیز مجازاً) ۔

Entwinement : (n) لپیٹ ؛ لپیٹنا ۔

Entwist/In -: (v) [En-, In -+ twist.] بٹنا ؛ بل دینا ۔

Enucleate : (v) [L. 'enucleare.'] توضیح کرنا ؛ صاف کرنا ؛ (تشریح) استخراج کرنا (گلٹی یا دُمل) کا ۔

Enucleate : (a) (نباتیات) (حیوانیات) بے ذات ؛ بےمرکزہ ۔

Enucleation : (n) [Fr .'enucleation'] (۱) توضیح ؛ استخراج ۔ (۲) (نباتیات، حیوانیات) نوات براری ۔ (۳) (جراحی) مقاف ۔

Enumerable : (a) (ریاضیات) شمار پذیر ۔

Enumerate : (v) [-enumerat- , pa . ppl . sten of L enumerare .] (۱) شمار کرنا؛ (مدات کا) تعین کرنا ۔ (۲) تعین کرنا جیسےاندراج یا فہرست میں ۔

Enumeration : (n) (۱) (ریاضیات) گنتی ؛ شمار ؛ تعین ؛ (کسی چیز کی تعداد کا) ۔ (۲) (نباتیات) درخت شماری ۔ (۳) (علم البدیع) خلاصہ؛ تقریر ۔

Enumeration survey : (n) (نباتیات ، سروے) درخت شماری کا کام ؛ جائزہ؛ شمار ۔

Enumerative : (a) تعداد ظاہر کرنے والا؛ شمار یا تعین سے متعلق ۔

Enumerator : (n) شمار کنندہ ۔

Enunciable : (a) [med.L.'enuntiabilis.'] لائق ادعا؛ قابل اظہار ؛ قابل اعلان ؛ قابل تلفظ ۔

Enunciate : (v) [L.'enuntiare.'] (۱) دعویٰ کرنا ؛ نظریہ پیش کرنا ۔ (۲) اعلان کرنا ۔ (۳) تلفظ کرنا ۔

Enunciation : (n) (۱) (ہندسہ) دعویٰ ؛ اعلان ؛ اظہار ۔ (۲) باقاعدہ اعلان یا اظہار ۔ (۳) تلفظ ؛ طریقہ؛ بیان ۔

Enunciative : (a) دعوے سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ تلفظ سے متعلق ۔

Enunciator : (n) دعویٰ کرنے والا ؛ مدعی ۔

Enure : (v) [En - + ure.] (۱) عادی کرنا ؛ خوگر کرنا؛ عادت ڈالنا ۔ (۲) نافذہونا (خصوصاً قانون کا) ۔

Enuresis : (n) [Gr. 'enuourein.'] (طب) بول بستری ؛ سلس البول ۔

Enveil : (v) [En -+vail (n).] نقاب ڈالنا ؛ ڈھانکنا ؛ چھپانا ۔

Envelop : (v) [ME. 'envelupe.'] (۱) (کسی شخص یاشے یا مسئلے کو کپڑے ، ابر، شعلےیا اسرارسے) ڈھک لینا ؛ لپیٹ لینا ؛ چھپا دینا (مجازاً) ۔ (۲) محاصرہ کرنا ۔

Envelope : (n) [Fr .'enveloppe'. f.envelopper.] (۱) (طیرانیات) لفافہ ؛ غلاف ؛ پوشش ۔ (۲) (ہندسہ) ملفاف ۔ (۳) (فلکیات) سحابیہ ۔ (٤) (فوج) قلعۂ کاپشتہ ۔

Envelope velocity : (n) (شعاعیات) مجموعی رفتار ۔

Enveloping cone : (n) غلافی مخروطہ ۔

Envelopment : (n) احاطہ ؛ پیچیدگی ؛ لفاف (نیز مجازاً) ۔

Envenom : (v) [ME.''envenim.'] (۱) زہرناک بنانا؛ زہر آلود کرنا؛ زہر میں بجھانا؛ کسی بھی ایسےزہرسے زہر آلود کرنا جو زندگی کےلئے خطرناک ہو ۔ (۲) (جذبات ؛ افعال یا الفاظ میں) بس ملانا ؛ (دل یا خیالات میں) برائی پیدا کردینا ؛ فساد ڈال دینا ۔

Envenomed : (a) [envenom + - ed.] (۱) زہر آلود ؛ زہر دیا ہوا ؛ مسموم ۔ (۲) (مجازاً) آلودہ ؛ مشوب ؛ جان لیوا ؛ سخت نقصان دہ ؛ تلخ ۔

Enviable : (a) [Envy, v.+ - able.] قابل رشك (تعریفی پہلو) ۔

Enviableness: : (n) قابل رشك ہونا ۔

Enviably : (adv.) قابل رشك طورپر ۔

Envier : (n) [ME. f envien ,+ - er.] حاسد ؛ رشك کرنے والا ۔

Envious : (a) [AFr. envious , fr. envie , envy , n .] حاسد ؛ جلنے والا ؛ رشك کرنے والا ؛ رشك آمیز ۔

Eviously : (adv.) [ME, fr.'envious+ -ly.'] حاسدانہ ؛ جلن سے۔

Environ : (v) [MF.'environner.'] گردوپیش ہونا ؛ گھیر لینا؛ محصور کرلینا (مخالفانہ) یاحلقے میں لےلینا ؛ حفاظت کے لئے محاصرہ کرنا ؛ احاطہ کرلینا ۔

Environal : (a) ماحول سے پیدا ہونے والا؛ ماحول انگیز ۔

Environment : (n) (۱) ماحول ؛ حوالی ؛ گردوپیش کے حالات یا مقامات ؛ اطراف ۔ (۲) حالات یا اثرات جن کے تحت شخص یاشے کا ارتقاء ہوتا ہے ۔

Cultural environment : (فلسفہ) تہذیبی ماحول ۔

Family environment : (سماجیات) خاندانی ماحول ۔

Natural environment : (سماجیات) فطری ماحول ۔

Outer environment : (سماجیات) بیرونی ماحول ۔

Physical environment : (فلسفہ) طبعی ماحول ۔

Social environment : (سماجیات) سماجی ماحول ۔

Urban environment : (سماجیات) شہری ماحول ۔

Environmental : (a) [Environment.+ -al.] ماحول ؛ گردوپیش سے متعلق ؛ ماحول کی پیداوار ۔

Environmental disease : (n) (طب) ماحولی امراض ۔

Environmental factor : (n) (فلسفہ) ماحولی عنصر ۔

Environmental hygiene : (n) ماحولی اصول صحت ۔

Environmental influences : (n) (سماجیات) ماحولی اثرات ۔

Environmental pressure : (n) (سماجیات) ماحولی دباؤ ۔

Environmental stimulus : (n) (سماجیات) ماحولی مہیّج ؛ متحرک ۔

Environmentalism : (n) نظریہ ماحولیت ؛ انسان پر (توارث کےاثر سے زیادہ) ماحول کے اثرات کاعقیدہ ۔

Emvironmentalist : (n) ماحولیت کاحامی ؛ ماحولیت شناس ۔

Environs : (n) مضافات ؛ نواح ؛ توابع ۔

Envisage : (v) [Fr. envisager, f. en-+ visag.] (۱) روبرو ہونا ؛ آنکھیں چار کرنا (نیز مجازاً) ۔(۲) (واقعات و خطرات کا) مقابلہ کرنا ۔(۳) کسی خاص نقطہ نظر سے غور کرنا ۔

Envisagement : (n) (۱) روبرو ہونا؛ تجسیم ؛ مقابلہ کرنا ۔ (۲) (نفسیات) درک مستقیم ۔

Envision : (v) خیالی تصور کرنا ؛ آگےدیکھنا ؛ پیش بینی کرنا؛ مستقبل کا تصور کرلینا ۔

Envoi : (n) کسی کتاب، نظم یامضمون کا تفسیری یا تمتی حاشیہ ؛ نظم کا آخری بند (جس میں شاعر اس سےمخاطب ہو جس کے بارے میں یہ نظم لکھی گئی ہو یا اس کو کوئی اخلاقی تعلیم دینی ہو) ۔

Envontement : (n) جادوئی عمل سے دوسرے کی شباہت اختیار کرلینا ۔

Envoy/L' envois: (n) [Fr. envoi, f. phr. en voie.] (۱) (قدیم) (مصنف کے آخری الفاظ خصوصاً) قدیم طرز کی نظموں کا آخری بند ۔(۲) قاصد یا ایلچی بھیجنا۔

Envoy : (n) قاصد ؛ ایلچی ؛ نائب ؛ سفیر ؛ نائب سفیر ؛ ایجنٹ ؛ نمائندہ ۔

Envoyship : (n) سفارت ؛ نیابت ۔

Envy : (n) [ME. envie -(o) Fr. envie.] حسد ؛ جلن ؛ رشک ؛ موجب حسد یارشک ۔

Envy : (v) [Fr. envier. f. envie.] حسد کرنا؛ جلنا؛رقابت کرنا؛ رشک کرنا یا آنا ۔

Enwall/In - : (v) [En-,in, +wall (n).] دیوار کے اندرگھیرلینا ؛ دیوار کی طرح کسی کے کام آنا (نیزمجازاً) ۔

Enwind/Inwind : (v) [En- , in - + wind.] (کسی شے کے) گرد گھومنا؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرلینا ؛ دوسرے کے گرد لپٹ جانا ۔

Enwomb : (v) [En -+womb.] احاطہ کرنا؛ نیز مجازاً (رحم یا شکم میں) چھپا لینا ؛ بند کرلینا ۔

Enwrap/In - : (v) [En-in-+wrap (v).] (۱) لپیٹنا؛ تہ کرنا؛ نیز مجازاً ۔(۲) مجازاً ؛ نیند یا خیال میں محو ہونا ۔

Enwreathe/Inwreathe : (v) [En,-in - + wreath (v).] گوندھنا ؛ بٹنا ؛ بل دینا ۔

Enzootic : (n) [En-+ zo -+-otic.] مویشیوں کی ایک بیماری ؛ مویشی روگ (خاص مقام یا موسم) ؛ (بیطاری) (مقامی) مویشی روگ ۔

Enzootic : (a) [En - +zo - + - otic] مویشی کی بیماری سے متعلق ۔

Enzymatic : (a) (کیمیا) انزیمی ؛ خامری ۔

Enzyme/Enzym : (n) [G. 'enzym.'] (کیمیا) کیمیائی خمیر ؛ خامرہ ؛ انزیم۔

Enzymologist : (n) کیمیائی خمیر کا ماہر ۔

Enzymology : (n) [Enzyme + - o - + - logy.] سائنس کا ایک شعبہ جو انزیم اور اس کے کیمیائی خواص اور حیاتیاتی اہمیت سے بحث کرتا ہے ۔

Eo - : سابقہ بمعنی "فجر" ، "صبح" ۔

Eoan : (a) [L. 'eous.'] فلقی ؛ فجری ؛ مشرقی ۔

Eoanthropus : (n) [L.] (ارضیات) بشر اول ؛ اولین انسان (آدم) ۔

Eocene : (n) [Gr.'eos+kainos.'] (ارضیات) آغاز جدید (عصر)؛ (ارضیات) تیسرے درجے کا اسفل درجہ ۔

Eogaea : (n) (ارضیات) آغازی ارض ۔

Eolian : (a) (موسمیات) بادی ؛ ہَوائی؛ بذریعہ ہَوا ۔

Eolienne : (n) [Fr.] ریشم اور اون کا نفیس کپڑا ۔

Eolipile : (n) (طبیعیات) بھاپ بال ؛ قوت بھاپ نما ؛ (میکانیت) بھاپ موٹر ۔

Eolith : (n) (ارضیات) اول اوزار حجر ؛ اول حجر ۔

Eolithic : (a) (ارضیات) اول حجری (عصر) ۔

Eolium : (n) (ارضیات) بادی تودہ ؛ بادی مٹی ۔

Eon : (n) (فلسفہ) ازلی ؛ قوت ازلی ؛ (ارضیات) عصر؛ جگ ۔

Eosere : (n) (نباتیات) عصری سلسلہء نباتات ۔

Eosin : (n) (کیمیا) ایوسین (لال رنگ) ۔

Eosinophilia : (n) (طب) ایوسین افزونی ۔

- eous : (suffix) لاحقہ بمعنی سایا آسا ۔

Eozoic : (a) (ارضیات) قدیم حیوانی ؛ اولین حیوانی ؛ اس طبقے سے متعلق جہاں زندگی کے ابتدائی آثار پائے جائیں ؛ بدوحیاتی ۔

Eozoon (n) [L.] (ارضیات) اولین حیوان ؛ اولین حوین ۔

- Ep : سابقہ بمعنی اوپر ؛ پر ؛ بر بنا ؛ ماسوا ۔

Epacrid : (n) [mod. L.'epacris .'] (۱) ایک قسم کا پودا جو پہاڑ کی چوٹیوں پر ہوتا ہے ۔(۲) آسٹریلیا میں پایا جانے والا ایک پودا ۔

Epact : (n) [OFr.'epacte.'] (۱) (فلکیات) ایام کبیسہ ؛ لوند کے دن ۔(۲) چاند کی عمر یکم جنوری کو (یعنی یکم جنوری کو قمری حساب سے جتنے دن گذرے ہوں) ؛ شمسی اور قمری سال کا (یا مہینے کا) فرق ۔

Epact : (n) [(0) Fr. 'epacter.'] قمری سال کے بارہ مہینوں سے زائد شمسی سال کی مدت (سال میں تقریباً گیارہ دن) ماہ قمری کے مقابلہ میں ماہ شمسی کے زائد دن ؛ عشرہ مسترقہ ۔

Epactal : (a) [Gr. 'epatos.'] (تشریح وغیرہ) مستزاد ۔

Epactal : (a) [f. Gr.'epactos.'] (۱) بیرونی ؛ خارجی ۔ (۲) استخواں ۔ (۳) عظم قصبۃ الانف ۔

Epactal bone : (n) (تشریح) ورمی ہڈی ؛ عظم مستزاد ۔

Epagoge : (n) [Gr. epagoge, Fr. epagein.] استقراء ؛ مباحثہ استقرائی ۔

Epagogic : (a) استقرائی ؛ مباحثہ استقرائی سے متعلق ؛ ثبوت مثالی سے متعلق ۔

Epagomenic : (a) [Gr. 'epagemenos.'] افزودہ؛ زائد ؛ اضافی دن ؛ سال قمری کے اضافی دن سے متعلق ۔

Epalpate : (a) [E- + L. palpus, palp (n) + - ate.] (حیوانیات) بے لمسہ ؛ بدون حساس عضو کے ۔

Epalpebrate : (a) [as pree.] بدون ابرو ۔

Epana - : [f. Gr. epi, upon + ana, up, again.] ترکیب جزئی بمعنی تکرار ۔

Epanadiplosis : (n) [Gr. diplosis.] (علم البدیع) صفت ردّ العجز علی الصدر ۔

Epanalepsis : (n) [Gr. hesis.] (علم البدیع) تکرار؛ (لسانیات) اعادہ ۔

Epanodos : (n) [Gr.'odos.'] (علم البدیع) قلب ؛ خلاصہ ؛ جملے کی تکرار معکوس حالت میں ؛ قطع کلام کے بعد اصل موضوع کی طرف آنا ۔

Epanorthosis : (n) [Gr.'orthosis.'] (علم البدیع) رجوع ؛ ایک صفت جس میں کسی لفظ کی طرف رجوع کریں تاکہ بہتر اصطلاح آجائے ۔

Epanthous : (a) [f.Gr. epi-+ -anthos -+ - ous.] (نباتیات)برگلہ؛ پھولوں پر پیدا ہونے والا ۔

Epapophysis :[f. epi-+-apophysis.] (حیوانیات)بربروں نامیہ ۔

Eparch : (n) [Gr. eparchos . f. epi -+-archos , mler.] کسی "اپارکی" کا صوبہ دار یا پادری ۔

Eparchial : (a) کلیسائے یونانی کے مذہبی علاقے کا یا اس سے متعلق ۔

Eparchy : (n) [Gr.'eparchia .'] موجودہ یونانی سلطنت کا صوبہ ؛ کلیسائے یونانی کا مذہبی علاقہ (روس میں)۔

Eparterial : (a) (تشریح) بر شریانی ۔

Epaule : (n) [Fr.] (قلعہ بندی) برج کا شانہ ۔

Epaulement : (n) [Fr.] (قلعہ بندی) حصار جو دشمنوں کی گولہ باری سے بچنے کےلئے بنایا جاتا ہے ۔

Epaulet/Epaulette : (n) [Fr.'epaulette.'] (۱) جھبا جو سپاہیوں کی وردی میں کاندھے پر ہوتا ہے ۔ (۲) (حشریات) کیڑوں کے پروں کا ایک حصہ ۔(۳) دیکھو Pouldron ۔(٤) زنانہ لباس کے کاندھے پر کی ایک آرائش ۔ (٥) جواہرات کا ایک پنج رخی تراش ۔

Win his epaulets : سپاہی کے عہدے سے افسری پر ترقی پانا ۔

Epauletted : (a) جھبا لگا ہوا ۔

Epaxial/Epaxonic : (a) [f.Ep-+ L.'axis'+ - Eal.] (حیوانیات) برمحوری ؛ فوق محوری (عضلات وغیرہ سے متعلق)۔

Epaxially : (adv.) فوق محوری طور پر ؛ بر محوری انداز سے ۔

Epedaphic : (a) برزمینی ؛ ہوائی ۔

Epeira : (n) (حیوانیات) جنس عنکبوت ۔

Epeirid : (n) (حیوانیات) عنکبوت؛ مکڑی ۔

Epeirogenesis /Epeirogeny : (n) [Gr. 'epeiro - + L.'genesis.'] (ارضیات) بر اعظمی تشکیل ؛ برسازی ؛ زمین کے بیرونی حصے کی تبدیلی جس سے براعظم، سمندراور پلیٹو ابھرتے ہیں ۔

Epencephalic : (a) دماغ صغیر سے متعلق ۔

Epencephalon : (n) [L. f .epi -+ ence phalon.'] (تشریح) دماغ صغیر ؛ پس دمیغ ۔

Ependyma : (n) [Epi -+-endyma ,garment.] (۱) (تشریح) برغلیفہ ۔(۲) دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے درمیان کی جھلی ۔

Epenthesis/Anaptyxis : (n) [Gr. epentithenai.] (لسانیات) حشو (صوتی اضافہ)؛ لفظ میں کسی حرف کا اضافہ (صوتی مطابقت کے لئے جیسے حرف علت کا بدل دینا) ۔

Epenthetic : (a) کسی لفظ میں حرف کے اضافے سے متعلق ۔

Epergne : (n) [Perf. a corruphin of Fr. 'epargne.'] کھانے کی میز کی آرائش کا درمیانی گلدستہ یا پھول دان وغیرہ ۔

Epexegesis : (n) [Gr. 'epexegesis.' f. epi-+exegesis.] توضیح مزید؛ توضیح مفہوم کےلئےالفاظ کااضافہ یا الفاظ اضافہ کردہ جیسے دریائے کبیر یعنی فرات ۔

Epexegetic/-al : (a) متعلق بہ اضافہ الفاظ؛ توضیحی اضافہ یا الفاظ اضافہ کردہ ؛ (لسانیات) اضافہ شدہ ؛ اخراجی۔

Epexegetically : (adv.) توضیحی اضافے کے طور پر ۔

Eph - : (prefix) سابقہ (مرادف Epi) جو حرف h کے پہلے آتا ہے ۔

Ephah : (n) [Heb. 'epah.] ایک عبرانی وزن ۔

Ephapse : (n) [Gr. 'ephapsis.'] عصبائیہ کے درمیان کانقطہ تماس خصوصاً کسی عصب کے متوازی ریشوں کے درمیان کا عرضی مماس ۔

Epharmone : (n) [back formation f. epharmony.] ایسا عضویہ جو ماحول کے موافق بن گیا ہو ۔

Epharmony : (n) [epi -+harmony.] (نباتیات) توافق ماحول ؛ کسی جسم میں پیداہونے والا تغیر تاکہ وہ بدلے ہوئے ماحول میں زندہ رہ سکے ۔

Ephebe : (n)[L.'ephebus, f. epi-+ hebe.'] (تاریخ) (تاریخ یونان) بالغ ؛ شہری ؛ اٹھارہ اور بیس سال کی عمر کے درمیان ؛ نوجوان ۔

Ephebic : (n) (حیاتیات) بلوغی ؛ نوجوان کا یا اس سے متعلق ۔

Ephebus : (n) [L .] (تاریخ) بالغ ؛ نوشہری ؛ قدیم یونان کا نوجوان خصوصاً ایتھنس کا نوجوان جو اچھا شہری بننے کے لئے فوجی تربیت پا رہا ہو ۔

Ephectic : (a) [Gr. 'ephectikos.'] شکاک ؛ نقطۂ نظر کے اظہار میں مشکوک رہنے والا ۔

Ephedra : (n) [Gr. 'ephedros.'] (نباتیات) بے برگ نبات ۔

Ephelis : (n) [Gr.'ephelis.'] (طب) کلف ؛ جھائیں ۔

Ephemera : (n) [mod. L. 'ephemera.'] (۱) (حیوانیات) حشرہ یک روزہ ۔(۲) کم حیات ۔(۳) ایک دن کی زندگی والا کیڑا؛ عارضی شے؛ قلیل العمر ۔

Ephemeral : (a) (۱) (حیوانیات) یک روزہ ؛ کم حیاتی ۔ (۲) عارضی ؛ سریع الزوال ؛ چندروزہ ۔

Ephemeral fever : (n) یک روزہ بخار ؛ مویشی کا تین روزہ بخار ۔

Ephemeral group : (n) (سماجیات) لمحاتی گروہ ۔

Ephemeral stream : (n) چند روزہ چشمہ ۔

Ephemerality : (n) بے ثباتی ۔

Ephemeric : (a) دیکھو Ephemeral

Ephemerid : (n) (حیوانیات) حشرہ یک روزہ ۔

Ephemeris : (n) [L.'ephemeris.'] (فلکیات)تقویم (جمع تقاویم)؛ تقویم نجومی؛ فلکیاتی جنتری ؛ نقشہ ہیئت ؛ (حیوانیات) حشرہ یک روزہ ۔

Nautical ephemeris : (فلکیات) تقویم بحری ۔

Ephemeris time : (n) (فلکیات) تقویمی وقت ۔

Ephemeron : (n) [Gr. 'ephemeron.'] (۱) (حیوانیات) حشرہ یک روزہ ۔ (۲) ایک قسم کا پودا جس کا ذکر قدیم مصنفوں کے یہاں ملتا ہے ۔

Ephemeroptera : (n) [Gr. ephemeros + NL.- ptera.] (حیوانیات) منی مکھیاں ۔

Ephemerous : (a) [Gr.'ephemeros.'] عارضی چند روزہ ۔

Ephesian : (a) [L.'Ephesius.'] Ephesus سے متعلق ۔

Ephesian : (n) Ephesus کاباشندہ ۔

Ephesine : (a) دیکھو Ephesian

Ephialtes : (n) [Gr.'ephialtes.'] (قدیم) (نفسیات) ڈراؤناخواب؛ کابوس ۔

Ephidrosis : (n) (طب) کثرت پسینہ ۔

Ephidrosis cruenta : (n) (طب) عرق دموی ؛ خونی پسینہ ۔

Ephippium : (n) [L .'ephippium.'] (حیوانیات) حقرہ وتدی ۔

Ephod : (n) [-Heb.'epod'.] یہود کے احبار اور مشائخ کا لباس؛ جبہ ۔

Ephor : (n) [-Gr.'ephoros.'] (۱) قدیم اسپارٹا کے پانچ مجسٹریٹوں کی جماعت کا فرد جس پر سلاطین کی نگرانی رہتی تھی ۔ (۲) (موجودہ یونان میں) اوورسیئر ۔

Ephoral : (a) اسپارٹا کے پانچ مجسٹریٹوں سے متعلق ۔

Ephoralty : (n) اسپارٹا کے مجسٹریٹوں کا عہدہ ۔

Ephorship : (n) قدیم اسپارٹا کے مجسٹریٹ کی مدت ملازمت ۔

Ephydriad : (n) [Gr.'ephedros.'] دریائی حور ؛ دختر زیبا ۔

Ephyra : (n) (حیوانیات) افیرہ ؛ نجم البحر جو دریا میں تیرتا ہے ۔

Epi -: (Prefix) [Gr. epi -] دیکھو Ep

Epiandrum : (n) [f. epi-+-andrum.] (حیوانیات) بر ذکر ؛ غلاف ذکر ۔

Epiascidium : (n) (نباتیات) برگ قیف نما ۔

Epibasal : (a) [epi-+-basal.] (نباتیات) بر اساسی ۔

Epibenthos : (n) [epi-+-benthos.] (حیاتیات) برقعری ؛ سمندر کی تہ میں ملنے والے نباتات و حیوانات ۔

Epiblast : (n) [f. epi -+-blast.] (حیوانیات) برنہوض؛ جرثومہ کی سب سے اوپری جِلد ۔

Epiblema : (n) [mod. L.] پودوں کی جڑوں کا ترمیم شدہ جلدی ریشہ ۔

Epibole : (n) (حیوانیات) برافگن ؛ (علم بدیع) مترادف ؛ مترادف کا استعمال ۔

Epiboly : (n) [Gr. 'epibole.'] (حیوانیات) برافگنی ۔

Epibranchial : (a) [epi-+branchial.] (حیوانیات) برخیشومی ؛ خیشوم کے زیریں حصے سے متعلق ۔

Epic : (a) [L.'epicus.'- Gr. epicos.'] ایسی بیانیہ شاعری س متعلق جس میں کسی ایک یا چند اساطیری یا تاریخی سورماؤں کا بیان ہو ۔

Epic : (n) رزمیہ جس میں کسی ایک یاچند اساطیری یا تاریخی سورماؤں کے کارنامے پیش کئے جائیں ۔

National epic : قومی داستان باستان ؛ نظم ، جس میں کسی قوم کے عہد ماضی کا تخیل محفوظ ہو ۔

Epic dialect : (n) یونانی زبان کی وہ بولی جس میں رزمیہ نظمیں لکھی جاتی تھیں ۔

Epical : (a) رزمیہ ؛ رزم سے متعلق ۔

Epically : (adv.) رزمیہ طور پر ۔

Epicism (n) رزمیہ گو شاعر جیسا ذہنی رویہ ۔

Epicist : (n) رزمیہ گو شاعر ۔

Epicalyx : (n) [epi-+ caly.] (نباتیات) بر کا سہ٘ گل ؛ بر کمامہ؛ بعض پودوں میں کا سہ٘ گل کے گرد حلقہ ۔

Epicanthus : (n) [f.epi-+canthus.] (تشریح) برماق ؛ برماقہ ؛ چینیو ں اور جاپانیوں کی طرح تورب آنکھ؛ تورب چشم ۔

Epicardium : (n) [epi-+-cardium.] (تشریح) برقلب ؛ بر قلبہ ؛ بر قلبی ؛ قلب کی جھلی ۔

Epicarp : (n) [epi-+carpos.] (نباتیات)برثمرہ ؛ پوست میوہ ۔

Epicede : (n) جو نظم میت پر پڑھی جائے ؛ مرثیہ ؛ نوحہ ؛ قصیدہ غم انگیز ۔

Epicedium : (n) [Gr. 'epikedeion.'] دیکھو Epicede

Epicedial/Epicedian : (a) مرثیہ سے متعلق ۔

Epicene : (n) [Gr.'epikoinos.'] (نحو) وہ لفظ جو تانیث اور تذکیر دونوں میں مشترک ہو ؛ (قواعد) دو جنسہ ؛ مشترک الجنس ؛ مخنّث ؛ (لسانیات) جنس مشترک ۔

Epicene : (a) مشترک الجنس ؛ خنثیٰ ؛ فاقد القوت ۔

Epicentral : (a) [f.epi-+ central.] (حیوانیات ، ارضیات) فوق مرکزی ؛ بر مرکزینہ ۔

Epicentre : (n) [f. epi-+-centre.] (ارضیات) برمرکز ؛ برمرکز زلزلہ ؛ (سطحی مرکز زلزلہ) ؛ زمین کا وہ حصہ جو مرکز زلزلہ پر واقع ہو ۔

Epicentrum : (n) [f. epi- + centrum, centre.] وہ مقام جہاں سے زلزلہ شروع ہو ۔

Epicerebral : (a) [f.epi -+- cerebrun + - al.] (تشریح) بردماغ ؛ بر دماغی ؛ واقع بر رونے دماغ ۔

Epicheirema : (n) [L. epichirema.] (فلسفہ) قیاس تائیدی ۔

Complex double epicheirema : (فلسفہ) دوہرا مرکب قیاس تائید ی ۔

Complex epicheirema : (فلسفہ) مرکب قیاس تائیدی ۔

Complex single epicheirema : (فلسفہ) اکہرا مرکب قیاس تائید ی ۔

Double epicheirema : (فلسفہ) دوہرا قیاس تائیدی ۔

Epichile : (n) [mod. L. 'epichilium.'] ثعلب کے سرپوشہ کا بالائی حصہ ۔

Epichordal : (a) [f. epi -+ chord+-al.] حبل ظہر کے بین جمجمہ حصے پر واقع ۔

Epichorial : (a) [Gr. 'epichorios.'] ملک یا علاقے کے مناسب ۔

Epichristian : (a) حضرت عیسیٰ کے فوراً بعد کے عہد سے متعلق ۔

Epiclesis/-klesis : (n) [Gr.'epiklesis.'] عیسائی عبادت کاایک حصہ جس میں روح القدس سے خطاب ہوتا ہے ۔

Epiclinal : (a) (نباتیات) سریر گل پر واقع ۔

Epicoele : (n) [Epi-+ Gr. 'koilea.'] (یفیے کا) قبل احشائی جوف ۔

Epicoelous : (a) قبل احشائی جوف سے متعلق ۔

Epicolic : (a) [Epi-+ Gr.'kolon'+-ic.] امعاء غلیظ سے متعلق ۔

Epicondyle : (n) [Fr. 'epicondyle.'] (تشریح) برفلطاح ؛ سرقندال ؛ برمنکہ ۔

Epicoracoid : (a) رینگنے والے جانوروں کی ایک ہڈی یا دو ہڈیوں سے متعلق جو غرابی ہڈی سے مسلسل ہوتی ہیں ۔

Epicoracoid : (n) (رینگنے والے جانوروں کی) ایک ہڈی یا دو ہڈیاں جو غرابی ہڈی سے مسلسل ہوتی ہیں ۔

Epicoracoidal : (a) اس ہڈی یا ہڈیوں سے متعلق جو غرابی ہڈی سے مسلسل ہوتی ہیں ۔

Epicormic : (a) [epi -+ corn+-ic.] خاموش کلی سے پیدا ہونے والا ۔

Epicormic branches : (n) (نباتیات) گومڑی شاخیں ۔

Epicorolline : (a) (نباتیات) تاج گل میں یا اس کے اوپر رکھاھوا ۔

Epicotyl : (n) [epi-+ cotyledon.] (نباتیات) برحلقہ ؛ پودے کی جنین کا محوری حصہ ۔

Epicotyledonary : (a) [epi-+ cotyledonary.] (نباتیات)برفلقی؛ بربیج پتیا ۔

Epicranial : (n) [NL. epicranium+ E. -al.] (تشریح) برقحفہ ؛ پوست سر پر واقع ۔

Epicranium : (n) (حیوانیات) بر سر ۔

Epicranius : (n) [f. epi -+-cranius.] (تشریح) فوق القحف ۔

Epicritic : (a) [Gr.'epikritikos.'] (حیوانیات) سریع الحس ؛ (نفسیات) ناقد ؛ ذکی ۔

Epicritic sensibility : (n) (عضویات) حس ذکی ۔

Epicure : (n) [Gr.Epikouros, 270 B.C. Greek philosopher.] ابیقور؛ خوش خوراك ؛ (خورد و نوش میں) نفاست پسند؛ عیش پسند ۔

Epicurean : (n) یونانی حکیم اپیکورس (۳۰۰ ق ۔م) (کا پیرو) جس نے افعال انسان کی غایۃ الغایات حصول لذت کو قرار دیا ۔

Epicurian : (a) (۱) ابیقور ؛ خوش خوراك ؛ لذت پسند ؛ عیش پسند ۔(۲) عیاش ۔

Epicurianism : (v) ابیقوریت ؛ فلسفہ ابیقور؛ لذتیت ؛ فلسفہ اپیکورس کا نظام ؛ لذت پرستی ۔

Epicurism : (n) عیش پسندی ۔

Epicurus : (n) (تاریخ) ابیقور ۔

Epicycle : (n) [f. Epi-+'kyklos.'] (۱) (فلکیات) تدویر ؛ فلك تدویر ۔(۲) چھوٹا دائرہ جس کا مرکز بڑے دائرے کے محیط میں واقع ہو ۔

Epicyclic : (a) صفت ؛ مذکورہ بالا معنوں میں ۔

Epicyclic gear : (n) (انجینیئرنگ) تدویری گیرہ (گراری) ۔

Epicycloid : (n)[Fr.'epicycloide.'](۱)(انجینیئرنگ،ریاضیات) بر تدویر ۔ (۲) خم دار لکیریں جو کسی دائرے کے اندر یا باہر آپس میں ملی ہوئی کھینچی جائیں ۔

Epicycloidal : (a) بر تدویری ۔

Epicyst : (n) (تشریح) برمثانہ ؛ (حیوانیات) برانبان ؛ برخریطہ ۔

Epicystitis : (n) (طب) ورم برمثانہ ۔

Epicystotomy : (n) (جراحی) برمثانہ تراشی ۔

Epicyte : (n) [Epi-+ - cyte .] (علم خلیات) برخلّیہ ؛ خلیے کی جھلی ۔

Epideictic/ - al : (a) [Gr.'epideiktitos.'] نمائشی ؛ جو نمائش کےلئے ہو ۔

Epidemic : (n) [Fr. 'epi demique.'] وبا ۔

Epidemic /-al : (a) وبا ئی ۔

Epidemically : (adv.) وبائی طور پر ۔

Epodemiographist : (n) وبا نگار ۔

Epidemiography : (n) [Gr. 'epidemios'+ - Graphy.] (طب) وبا نگاری ؛ وبا نامہ ؛ بیان الوبا ۔

Epidemiological : (a) (طب) وبائیاتی ۔

Epidemiologist : (n) (طب) ماہر وبائیات ؛ وبائیات داں ۔

Epidemiology : (n) (طب) وبائیات ؛ علم امراض وبائی ۔

Epidendral/Epidendric : (a) درختوں پر اُگنے والا ۔

Epiderm : (n) [Fr. 'epiderme.'] (تشریح ، حیوانیات) برآدمہ ؛ بشرہ ۔

Epidermal/Epidermic/Epidermoid/Epidermoidal : (a) (تشریح ، حیوانیات) بر آدمی ؛ بر بُشریٰ ؛ بر جلدی ؛ متعلق بہ حول جلد ؛ حولیہ ۔

Epidermaoid : (a) جلد خارجی سے مشابہ ۔

Epidermis : (n) (تشریح ، حیوانیات) بر آدمہ ؛ بشرہ ؛ جلد خارجی؛ حول جلد؛ حولیہ؛ (نباتیات) برآدمہ؛ غلاف بیرونی ۔

Epidermitis : (n) (طب) ورم برآدمہ ۔

Epedermoid cyst : (n) (طب) برآدمہ سلعہ ؛ رسولی ۔

Epidermose : (n) خارجی جلد کا پانی میں محلول نہ ہونے والا مادہ ۔

Epidiascope : (n) (بصریات) تصویر انداز آلہ ؛ اپی ڈائسکوپ ۔

Epidiascopic : (a) تصویر انداز ۔

Epididymal : (a) (تشریح ، حیوانیات) برنجی ۔

Epididymis : (n) (تشریح ، حیوانیات) برخایہ ؛ برنج ۔

Epididymitis : (n) (طب) ورم برنج ۔

Epididymotomy : (n) (طب) برنج تراشی ۔

Epidiorite : (n) ایک قسم کی معدنی شے جو بہت سے بلوری پتھروں میں پائی جاتی ہے اور جو لوہے کے سلیکیٹ سے مرکب ہوتی ہے ۔

Epidoral : (a) (تشریح ، حیوانیات) بر جا فی ۔

Epidote : (n) [Fr.] (معدنیات) اپیڈوٹ ۔

Epidotic : (a) اپیڈوٹ سے متعلق ۔

Epidotiferous : (a) اپیڈوٹ زا ۔

Epifocal : (a) (ارضیات) برمرکزہ ؛ زلزلہ ؛ برماسکی ۔

Epigamic : (a) (حیوانیات) بر زواجی ؛ جاذب زواجی ۔

Epigastrial : (a) برمعدی سے متعلق ۔

Epigastric : (a) (تشریح ، حیوانیات) برمعدی ؛ برشکمی ؛ شراسیفی ۔

Epigastriocele : (n) فتق برمعدہ ۔

Epigastrium : (n) (تشریح) شراسیف ؛ برمعدہ ؛ شکم کا وہ حصہ جو معدے سے بالکل ملا ہوا اور اس کے اوپر ہوتا ہے؛ (حیوانیات) برشکمہ ۔

Epigeal/Epigeous : (a) (نباتیات ، حیوانیات) برزمینہ ؛ زمین گیر ؛ برزمین روئندہ ۔

Epigean : (n) (نباتیات) بر زمین ؛ زمیں گیر ۔

Epigee : (n) (فلکیات) حفیض ؛ حفیض ارض ۔

Epigene : (a) [Fr. 'epigene.'] (ارضیات) برزمینہ ؛ بر روئے زمیں ؛ سطح ارض پر جو پیداہو ؛ (بلور) جس میں بننے کے بعد تغیر کیمیاوی پیدا ہوجائے ۔

Epigenesis : (n) (حیاتیات) نظریہ برتولید ؛ تولید متوالی؛ تخلیق حیات (برخلاف ارتقا) ؛ (فلسفہ) نظریۂ تولید متوالی ۔

Theory of epigenesis : نظریۂ تخلیق حیات ۔

Epigenesist : (n) نظریۂ تخلیق حیات کا حامی ۔

Epigenetic : (a) نظریۂ تخلیق حیات سے متعلق ۔

Epigenetically : (adv.) نظریۂ تخلیق حیات کی رو سے ۔

Epigenist : (n) دیکھو Epigenesist

Epigenous : (a) پتوں وغیرہ پر اُگنے والا ۔

Epiglottic/Epiglottism : (a&n) مزماری ۔

Epiglottis : (n) زبان کی جڑ میں سیدھی کرکری جو نوالہ نگلتے وقت دب جاتی ہے ؛ لسان المزمار؛ (لسانیات) حلق پوش ؛ کنٹھ ڈھکن ۔

Epignathous : (a) (طب) برفکّہ ۔

Epignathus : (n) (طب) برفکّی ؛ مسخوطہ ۔

Epigon/Epigone : (n) (تاریخ) خلف ۔

Epigonial : (a) برتخمہ ۔

Epigonidium : (n) (نباتیات) برتخمک ۔

Epigram : (n) [Fr.'epigramme.'] (۱) لطیفہ (منظوم) ؛ لطیفہ ؛ چٹکلا؛ قول زرّیں ۔(۲) ہجو ۔

Epigrammatic : (a) لطیفہ دار ۔

Epigrammatically : (adv.) لطیفے کے طورپر ۔

Epigrammatist : (n) لطیفہ گو ؛ لطیفہ بنانے والا ۔

Epigrammatize : (v) لطیفہ کہنا ۔

Epigramme (n) [Fr.] خاص طور سے لگایا ہو ؛ گوشت کا چوٹا یا ملبہ ۔

Epigraph : (n) [Gr.'epigraphe.'] کتبہ ؛ لوح ؛ نوشتہ ؛ کتیبہ ۔

Epigraph : (v) کتبہ لگانا ۔

Epigraphic :(a) لوحی ۔

Epigraphist : (n) ماہر علم کتبات ۔

Epigraphy : (n) علم کتبات ؛ کتبہ نویسی ؛ کتبیات ۔

Epigynous : (a) (نباتیات) بر بقچوی ۔

Epigynum : (n) (تشریح) برفرج ؛ فرج پوش ۔

Epigyny : (n) (نباتیات) برمادگی ۔

Epihyal : (a&n) (طب) برلامی ؛ عظم برلامی سے متعلق ۔

Epihyal bone : (n) (طب) عظم برلامی ؛ برلامی ہڈی ۔

Epiklesis : (n) (تاریخ) (مذہب عیسائی) عشا ئے ربانی کے دوران مناجاتی فقرہ ۔

Epilabrum : (n) (حیوانیات) برلب ۔

Epilate : (v) موچننا ۔

Epilating forceps : (n) (آلات) موچنا ۔

Epilation : (n) (طب) تصلع ؛ موچینی ۔

Epilatory : (a) (طب) مو رُبا ؛ مُو چین ؛ بال صفا (دوا) ۔

Epilepsia : (n) (طب) صرع ؛ مرگی ۔

Epilepsia Gravior : (n) (طب) صرع کبیر ۔

Epilepsia Mitior : (n) (طب) صرع صغیر ۔

Epilepsy : (n) [Fr.'epilepsie.'] (طب) مرگی ۔

Epileptic : (a) مرگی سے متعلق ۔

Epileptic : (n) (طب) صرعی ؛ مصروع ۔

Epileptic mania (n) (طب) جنون صرعی ۔

Epileptiform : (a) (طب) صرع نما ۔

Epileptogenic : (a) (طب) صرع آور ؛ صرع انگیز ۔

Epileptoid : (a) (طب) صرع کاذب ۔

Epilithic : (a) (نباتیات) بر حجری ۔

Epilithoral zone : (n) (نباتیات) برساحلی طبقہ ۔

Epilobe ; (n) [mod. L.] ایک قسم کا پودا ۔

Epilogic/-al : (a) اختتامیہ سے متعلق ۔

Epilogist : (n) خاتمہ نویس ۔

Epilogistic : (a) اختتامیہ کی طرح ۔

Epilogue : (n)[OFr. 'epilogue.'] تصنیف یا مضمون کا آخری حصہ ؛ خاتمہ ؛ تماشے کے خاتمے پر (تماشائیوں کو مخاطب کرکے) ایکٹر کی تقریر یانظم ؛ تمثیل کی اختتامی نظم ؛ مقطع (شعر) ۔

Epiloia : (n) (طب) صرعیت ۔

Epimandibular : (a) (تشریح) بر چانوی ۔

Epimenorrhea : (n) (طب) تکرار طمث ؛ تعدد طمث ۔

Epimeral : (a) صلبہ موخر سے متعلق ۔

Epimere : (n) (حیوانیات) بر پارہ ۔

Epimerite : (n) (حیوانیات) بر پارچہ ۔

Epimeron : (n) (حیوانیات) صلبہ مُؤخر(حشرہ) ۔

Epimetheus : (n) پرومیتوس کا بھائی اورپنڈورا کا شوہر ۔

Epimorph (n) (معدنیات) بر شکل ؛ قدرتی شکل ۔

Epimorpha : (n) (حیوانیات) بر شکلیے ۔

Epimorphosis : (n) (حیوانیات) بر شکلیت ۔

Epimysium : (n) (تشریح) برعضلہ ؛ عضلہ پوش ۔

Epimyth : (n) [Gr. 'epimyth .'] حکایت کا سبق ۔

Epinastie : (n) برروئیدگی سے متعلق ۔

Epinasty : (n) [EPI-+Gr.'nastos+-y.'] (نباتیات) برروئیدگی ۔

Epinephrine : (n) (کیمیا) برگردی مادہ ۔

Epinephros : (n) (حیوانیات) برگردہ ۔

Epineural : (a) (تشریح) بر عصبہ ۔

Epineurium : (n) (تشریح) برعصب ؛ عصب پوش ۔

Epinglette : (n) [Fr.] لوہے کی سوئی جس سے کارتوس میں سوراخ بنایا جاتا ھے ۔

Epinician : (a) فتح کی خوشی منانے والا ۔

Epinicion/Epinikion/Epinicium : (n) [Gr.'epinikion.'] کھیل میں جیتنے والے کی تعریف میں قصیدہ ۔

Epinotum : (n) (حیوانیات) برپشت ۔

Epiopticon : (n) (حیوانیات ، تشریح) بر بصرہ ۔

Epiotic : (a) [Gr.'epi+ otos +-ic.'] (حیوانیات ، تشریح) برگوشی ؛ بر اُذنی (ہڈی) ۔

Epiparasite : (n) (حیوانیات) بر طفیلی ۔

Epiperipheral : (a) خارجی (احساس) ۔

Epipetalous : (n) بر گلبرگہ ۔

Epiphanous : (a) منور ؛ تاباں ۔

Epiphany : (n) حضرت عیسیٰ کا ظہور؛ کسی مافوق البشر ہستی کا ظہور ؛ تجلی ؛ ظہور ۔

Epipharyngeal : (a) بربلعوم سے متعلق ۔

Epipharynx : (n) (حیوانیات، تشریح) بربلعوم ۔

Epiphenomenon : (n) ضمنی علامت ۔

Epiphenomenalism : (n) ضمنی مظہرت ۔

Epiphonema : (n) [Gr.'epiphonema.'] برجستہ خیال جو کسی تقریر کے آخر میں ہو یا کسی تقریر کے خیال کو مجمل طور پر پیش کرنا ۔

Epiphonematical : (a) برجستہ خاتمے سے متعلق ۔

Epiphonematically : (adv.) برجستہ خیال کے طور پر ۔

Epiphora : (n) [Gr.'epihora.'] (۱) (طب) نتیجہ ۔(۲) دماغ ؛ ڈھلکا ۔

Epiphragm : (n) [mod. L.'epiphragma.'] (حیوانیات) برغشا ؛ برغشیہ ۔

Epiphyllous : (a) [EPI - + Gr. 'phyllou' + - ous.] (نباتیات) بربرگہ ؛ بربرگ روئندہ ۔

Epiphyllum : (n) (طب) گل بر برگ ؛ گل شستی ۔

Epiphysary/Epiphysial : (a) (تشریح) برنامی ؛ کردوسی ۔

Epiphysis : (n) [Gr.'epiphysis.'] (تشریح) برنامیہ ؛ عظم برنامیہ ؛ صنوبری غدہ ۔

Epiphysis cerebri : (n) (تشریح) صنوبری غدہ ؛ دماغی برنامی ۔

Epiphysitis : (n) (طب) ورم برنامیہ ۔

Epiphytal : (a) برنباتی ؛ متعلق بہ طفیلیہ ۔

Epiphytatism : (n) (نباتیات) نبات روگ ؛ وبائے نبات ۔

Epiphyte : (n) [Gr.'epi+phyton.'] (نباتیات) برنبات ؛ نبات هوائی ؛ ایک پودا جو دوسرے پودے پر اُگا ہو ؛ جسم حیوانی پر اُگنے والی نباتات ؛ طفیلیہ ۔

Epiphytic : (a) (نباتیات) برنباتی روگ ؛ متعلق بہ طفیلیہ ۔

Epiphytism : (n) (نباتیات) بر نباتیت ۔

Epiphytous : (a) دیکھو Epiphytal

Epipial : (a) (تشریح) برحنونہ ۔

Epiplasm : (n) (نباتیات) برمایہ ۔

Epipleural : (a) [Gr.'epipleuros.'] (تشریح) برپیورائی ۔

Epiplexis : (n) [Late. L.] ایک صنعت جس میں ملامت کر کے بات منوائی جاتی ہے ۔

Epiploce : (n) [mod. L.] ایک صنعت جس میں ایک واقعہ کے بعد دوسرا جاذب توجہ واقعہ پیش کیا جاتا ہے ۔

Epiplocele : (n) [Gr. 'epiplokele.'] (طب) فتق ثربی ۔

Epiploic : (a) (تشریح) ثُربی ۔

Epiploitis : (n) (طب) ورم ثُرب ۔

Epiploon : (n) (تشریح ، حیوانیات) ثُرب ۔

Epiplopexy : (n) (طب) ثُرب بندی ۔

Epipodia : (n) (حیوانیات) برپایا ں ۔

Epipodial : (a) برپایہ سے مشابہ یا اس کے متعلق ۔

Epipodite : (n) (حیوانیات) بر پایہ ۔

Epipoditic : (a) بر پایا کی طرح ۔

Epipodium : (n) [Mod.L.] (حیوانیات) بر پا ۔

Epipolic : (a) [Gr.'epipole.'] عارضی تزہر سے متعلق ۔

Epipolism : (n) (عضویات) فلوریت ؛ عارضی تزہّر ۔

Epipolize : (v) عارضی تزہر عطا کرنا ۔

Epipteric : (a) (۱) (حیوانیات) برپرنیہ ؛ برجناحہ (۲) جناح نما ۔

Epipterous : (a) [Gr.epi+pteron+-ous.] (نباتیات)(بیج) پردار ۔

Epipubis : (n) [mod.L.] (تشریح) برعانہ ۔

Epirhizous : (a) (نباتیات) بر بیخہ ۔

Epirogeny : (n) (ارضیات) تشکیل بّراعظم ۔

Episclera : (n) [L.] (تشریح) بر صلبیہ ۔

Episcleral : (a) (تشریح) برصلبیہ سے متعلق ۔

Episcleritis : (n) ورم برصلبیہ ۔

Episcopable : (a) اسقف بنائے جانے کے لائق ۔

Episcopacy : (n) [L.'episcopatus.'] (۱) حکومت اسقفی ؛ صدر پادری کی حکومت ۔(۲) اسقفوں کی جماعت ؛ اسقف شاہی ۔

Episcopal : (a) [OFr.'episcopal.'] اُسقفی ۔

Episcopal church : (n) کلیسا جس کا نظام اُسقفیت پر مبنی ہو ۔

Episcopalian : (n) اُسقفی حکومت کا پیرو ؛ اسقفی کلیسا کا رکن ۔

Episcopalian : (a) اُسقفی کلیسا سے متعلق ۔

Episcopalianism : (n) اُسقفی اصول ۔

Episcopalism : (n) اُسقفیت ۔

Episcopally : (adv) اُسقفی طریقے سے ۔

Episcopate : (n) [L.'episcopatus.'] اُسقف کا عہدہ یا علاقہ ۔

The episcopate : اُسقفوں کی جماعت ۔

Episcope : (n) (بصریات) برمنطار ؛ غیر شفاف بیں ؛ اپسکوپ ۔

Episcopize : (v) اسقف بنانا ؛ اسقف کی طرح حکومت کرنا ۔

Episcopy : (n) [Gr.'episkopia'] اسقف کی عدالت ۔

Episepalous (a) (نباتیات) برسبلہ ۔

Episiorrhaphy : (n) [Gr. 'episien.'] سکوط رحم کا آپریشن ۔

Episiotomy : (n) (جراحی) فرج شگافی ۔

Episkeletal : (a) دیکھو Epaxial

Episodal : (a) قصےیا واقعے سے متعلق ۔

Episode : (n) [Gr.'episodion.'] (۱)قدیم یونانی ڈراما میں دو گیتوں کے درمیان کا حصہ ۔(۲) ضمنی بیان یا قصہ ۔(۳) قصہ درقصہ ۔ (٤) ضمنی واقعہ ۔

Episodic/-al/Episodial : (a) دیکھو Episodal

Episodically : (adv.] قصے کے طورپر ۔

Epispadias : (n) [L.] (طب) فوق لبالیت ۔

Epispastic : (a) [mod . L.'epispasticus.'] آبلہ ریز ؛ آبلہ دار (دوا) مقرحہ ۔

Epispastic : (n) آبلہ ۔

Episperm : (n) (نباتیات) برتخم ؛ تخم پوش ۔

Epispore : (n) (طب) بر بذرہ ۔

Epistasis : (n) (طب) غُشا : کف ۔

Epistatic : (a) (حیاتیات) برخاصہ ؛ غا لب خاصہ ۔

Epistaxis : (n) [Gr.'epistazis.'] (طب) رعاف ؛ نکیر ۔

Epistemic : (a)[Gr.'epistemikos.'] ۔(فلسفہ)علمی (متعلق علم)

Epistemological : (a) علمیات سے متعلق ۔

Epistemological dualism : (n) (فلسفہ) علمیاتی ثنویت ۔

Epistomological idealism : (n) (فلسفہ) علمیاتی تصوریت ۔

Epistemological monism : (n) (فلسفہ) علمیاتی وحدت ۔

Epistemological realism : (n) (فلسفہ) علمیاتی واقعیت ۔

Epistemology : (n) Gr.'epistomo'- + Logy.] علمیات ؛ علم انسانی کے ذرائع اور مواد کا علم ۔

Episternal (a) برقص پر واقع ؛ فوق القص سے متعلق ۔

Episternum : (n) [Epi- +sternum.] (تشریح) بر قص ؛ فوق القص ۔

Episthotonos : (n) دیکھو Emprosthotonos

Epistilbite : (n) الومینیم ؛ کیلسیم اور سوڈیم کا آبدارسلیکیٹ ۔

Epistle : (n)[ME.'epistle.'] (۱) خط ؛ مکتوب؛ نامہ؛ (خصوصاً) مکتوب حواری مندرجہ انجیل ۔(۲) مکتوب حواری کا اقتباس ۔(۳) تصنیف یانظم بصورت مکتوب ۔

The Epistle : مکتوب حواری کا اقتباس جو مسیحی رسوم میں پڑھا جاتا ہے ۔

Epistle : (v) خط کی شکل میں لکھنا ۔

Epistle-side : (n) جنوبی حصہ جہاں سے مکتوب حواری پڑھا جاتا ہے ۔

Epistler : (n) خط نویس ۔

Epistolarian : (a&n) خط نویسی میں منہمک ؛ خط نویس ۔

Epistolary : (a) [Fr.'enpistolaire.'] مکتوباتی ؛ نامہ نگارانہ؛ بذریعہ مکتوبات ؛ انشائی ۔

Epistolary tense : (n) (لسانیات) مکتوبی زمانہ ۔

Epistolatory : دیکھو Epistolary

Epistolean : (n) [L.'epistola'+-ean.] خط نویس ۔

Epistoler : (n) [OFr. 'epistelier.'] مکتوب حواری کا قاری ۔

Epistolet : (n) [L.'epistola' +-et.] چھوٹا خط ۔

Epistolizable : (a) خط کا موضوع بننے کے لائق ۔

Epistolization : (n) خط نویسی ۔

Epistolize : (v) خط لکھنا ؛ کسی کو خط لکھنا ۔

Epistolizer : (n) خط نویس ۔

Epistolographic : (a) [Gr.'epistolographikos.'] خط لکھنے میں استعمال ہونے والا ۔

Epistolographist/Epistolographer : (n) خط لکھنے والا ؛ خط نویس ۔

Epistolography : (n) خط نویسی ۔

Epistom (e) : (n) [mod. L. 'epistoma.'] (حیوانیات) بر دہنہ ۔

Epistrophe : (n) [Gr.'epistrophe.'] کئی جملوں یا فقروں کا ایک ہی لفظ پر ختم ہونا ۔

Epistropheus : (n)[Gr.'epistrephein.'] (تشریح) محوری مہرہ؛ محوری فقرہ ؛ محورہ ۔

Epistyle : (n) [Fr.'epistyle.'] (تعمیرات) برستون ؛ مرغول ؛ بڑے شہتیر کا وہ حصہ جو عین ستون پر رہتا ہے ۔

Episyllogism : (n) [mod .L.'episyllogismus.'] (فلسفہ) ضمنی قیاس ۔

Epitactic : (a) [Gr.'epitaktikos.'] حکم امتناعی کی طرح ۔

Epitaph : (n) [OFr. epitaphe.'] لوح مزار ؛ قبر کا کتبہ ؛ کتبہ مزار ۔

Epitaph : (v) لوح مزار لکھنا ؛ کتبہ مزار لگانا ۔

Epitapher/Epitaphist : (n) لوح مزار لکھنے والا ۔

Epitasis : (n) [Gr.] اصل داستان ۔

Epithalamial / Epithalamic : (a) متعلق بہ شادیانہ ۔

Epithalamium : (n) [L.] نغمۂ شادی ؛ شادیانہ ؛ (سماجیات) سرود عروسی ؛ گھوڑی ۔

Epithalamus : (n) [L.] (تشریح ، حیوانیات) بر عرشہ ۔

Epitheca : (n) (تشریح) بر صُرّہ ۔

Epithecal : (a) بر صُرّہ سے متعلق ۔

Epithecate : (a) بر صُرّہ دار ۔

Epithecium : (n) (تشریح) بر صریہ ۔

Epithelial : (a) (تشریح) بر حلمی ۔

Epitheliate : (v) برحلمہ سے بھر جانا ۔

Epithelioid : (a) (حیوانیات،تشریح) برحلمہ نما ۔

Epithelioma : (n) (طب) برحلمی سلعہ ؛ سرطان برحلمہ؛ سرطان لب ۔

Epithelium : (n) [mod.L.] (تشریح) سر حلمہ ؛ بر حلمہ ؛ بشرہ مخاطیہ ؛ لعاب دار جھلی کی بالائی سطح ۔

Epithem/Epitheme : (n) [mod. L.'epithema.'] (طب) وضعیہ ؛ (نباتیات) طلا ۔

Epithet : (n) [Fr.'epithete.'] صفت؛ وصف؛ لقب؛ نعت ۔

Epithet : (v) لقب دینا ۔

Epithetic/-al : (a) وصفی ۔

Epithetically : (adv.) بطور وصف یا لقب ۔

Epithymetic / Epithumatic : (a) [Gr.epithimetikos.'] خواہش سے متعلق ۔

Epitomatic : (a) خلاصہ سے متعلق ؛ خلاصہ کی طرح کا ۔

Epitomator : (n) خلاصہ کرنے والا ؛ لُب لباب لکھنے والا ۔

Epitome : (n) [L.] (۱) (کتاب کا) خلاصہ ؛ ملخص ؛ نچوڑ ؛ لُب لباب ۔(۲) مصغّر ؛ چھوٹی چیز جو بڑی چیز کا نمونہ ہو؛ خلاصہ؛ ملخص؛ موجز ۔

Epitomic /-al : (a) خلاصہ کی طرح ۔

Epitomist : (n) خلاصہ نویس ۔

Epitomize : (v) خلاصہ کرنا ۔

Epitomizer : (n) خلاصہ نویس ۔

Epitonic : (a) [Gr. 'epitonos.'] تھکا ہوا ۔

Exciple/ Excipule : (n) (نباتیات) جامیہ۔

Excipuliform : (a) (نباتیات) جام نما ؛ پیالہ صورت۔

Excipulum : (n) [L.] (نباتیات) جامیہ۔

Excise : (n) [MDU.'excijs.'] محصول سرکاری ؛ تہ بازاری ؛ مصنوعات ملکی پر محصول ؛ اندرون ملک میں فروخت یا تیاری سے پہلے چنگی ؛ داخلی محصول ؛ آب کاری۔

Excise : (v) محصول لینا ؛ زائد چنگی وصول کرنا ؛ (نیز مجازاً) طاقت سے بڑھ کر طلب کرنا یا کام لینا۔

Excise (-z) : (v) (کسی عضو ، جسم یا کتاب کی عبارت کو) کاٹ دینا ؛ کترلینا ؛ چاک کرنا۔

Excise duty : (n) محصول آبکاری۔

Excise man : (n) افسرآبکاری؛ داروغۂ چنگی ؛ محصول لینےوالا ؛ محصِل۔

Excisable : (a) قابل محصول ؛ جس پرمحصول آبکاری لگے۔

Excision : (n) (۱) شق ؛ قطع ؛ قطع وبرید ؛ کام تمام کردینا؛ کانٹ چھانٹ ؛ اخراج ۔ (۲) (جراحی) قطع استیصال ۔(۳) عمل قطع۔

Excitability : (n) اشتعال پذیری ؛ قابل اشتعال ؛ (طب) تحریک پذیری ؛ (نفسیات) زود رنجی۔

Excitable : (a) اشتعال پذیر؛ جلد برانگیختہ ہو جانےوالا۔

Excitant : (a&n) جوش میں لانے والے (واقعہ یا دوا) محرک ؛ (برقیات) برق انگیزہ۔

Excitation : (n) برانگیختگی ؛ مشتعلی ؛ جوش آفرینی ؛ (نباتیات) تحریک ؛ (حیوانیات) تحرک ؛ (برقیات) برق انگیزش ۔

Excitative : (a) جوش لانے والا ، مُحرک ۔

Excitatory : (a) جوش میں لانے والا ؛ جوش یا اشتعال پیدا کیا ہوا ۔

Excite : (v) (۱) (جذبات وغیرہ کو) برانگیختہ کرنا ؛ تحریک کرنا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا۔ (۲) حرکت میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ گرمانا؛ اکسانا؛ ابھارنا؛ جوش دلانا ۔ (۳) (عکاسی) پلیٹ میں عکس قبول کرنے کی قابلیت پیدا کرنا۔ (۴) (برقیات) رو چلانا ؛ کسی مادّے میں حرکت پیدا کرنا ۔

Excitedly : (adv.) جوش سے ؛ گھبراہٹ سے ؛ اشتعال سے ۔

Excitement : (n) اشتعال ؛ جوش گھبراہٹ ؛ کھلبلی ؛ اشتعال انگیز شے ؛ ہیجان ۔

Exciter : (n) (۱) (طب) محرک ۔ (۲) (برقیات) برق انگیز ۔ (۳) (ریڈیو) برق امواج زا ۔

Exciting : (a) اشتعال انگیز ؛ محرک ۔

Exciting cause : (n) (فلسفہ) علت محرکہ ۔

Exciting circuit : (برقیات) برق انگیز دور ۔

Excitomotor/Excito-motory : (a) (عضویات ،حیوانیات) مہیج حرکت ۔

Excitomuscular : (a) (عضویات) مہیج عضلہ ۔

Excitor : (n) (۱) دیکھو Exciter ۔ (۲) محرک ؛ مہیج (عصب) ۔

Exitovascular : (a) (عضویات) محرک عروق ۔

Excitron : (n) (برقیات)محرّکیہ ۔

Exclaim : (v) پکار اٹھنا ؛ چیخنا ؛ (غصے ، درد وغیرہ سے) چلا اٹھنا ۔

Exclaimagainst : (v) بہ آواز بلند الزام لگا نا ۔

Exclaimation : (n) چیخ پکار؛ بانگ پکار؛ الفاظ جو بطور فجائیہ استعمال کئے جائیں ۔

Note of exclamation : فجائی علامت؛ علامت فجائیہ ۔

Exclamation mark : (n) فجائیہ نشان ۔

Exclamatory : (a) فجائی ؛ فجائیہ سے متعلق ۔

Exclamatory pitch : (n) (لسانیات) فجائیہ سُر ۔

Exclaimer : (n) پکارنے والا ۔

Exclave : (n) [ex+clave.] (۱) (جغرافیہ) بیرون خطہ ؛ بیرون ملک ۔ (۲) (تشریح) الگ حصہ ؛ بیرونی جز ۔

Exclude : (v) [L.'excludere.'] (کسی شخص یا شےکو کسی مقام ، جماعت یاحق سے) خارج کر دینا ؛ نکال دینا؛ باہر کردینا ؛ مستثنیٰ کردینا۔

Excluded : (a) خارج کیا ہوا ؛ نکالا ہوا ؛ مطرود ۔

Excluded areas : (n) (تاریخ) مستثنیٰ حلقے ۔

Excluder : (n) خارج کرنے والا ؛ نکالنے والا ۔

Exclusion : (n) اخراج ؛ (طبیعیات) استثنا ۔

Exclusionary : (a) اخراجی ۔

Exclusioner : (n) اخراج کاحامی ۔

Exclusionism : (n) دوسروں کو حقوق سے محروم کرنے کا نظریہ ۔

Exclusionist : (n) دوسروں کو حقوق سے محروم کرنےوالا ۔

Exclusive : (a) نکال کر؛ (کسی چیزسے) خارج یامستثنیٰ ؛ منہا کر کے ؛ شامل نہ کر کے صرف خواص سے ربط ضبط کا خوابشمند؛ مخصوص؛ بلاشرکت غیرے ؛ کم آمیز ؛ محدود ؛ اختصاصی ۔

Exclusive bargain agency : (n) (تجارت) مخصوص سودابازی ایجنسی ۔

Exclusive dealer : (n) (تجارت) مخصوص ڈیلر؛ بلا شرکت غیرے ڈیلر ۔

Exclusively : (adv.) الاّ خارج کرکے ؛ مختص طورپر ؛ شامل نہ کر کے ۔

Exclusiveness : (n) خلوت پسندی ؛ الگ تھلگ رہنے کی خوابش ؛ تنہا پسندی ؛ نا ملنساری ۔

Exclusivism : (n) لاغیریت پسندی ؛ اکل کھراپن ۔

Exclusivist : (n) کسی نظریے کی اختصاصی صحت کاحامی ۔

Exclusory : (a) دیکھو Exclusive

Excogitate : (v) [L.'-excogitat.'] غورکرنا ؛ تدبیرنکالنا ۔

Excogitation : (n) غوروفکر؛ ادھیڑ بُن ؛ تدبیر؛ اختراع ۔

Excogitative : (a) غوروفکر یا ادھیڑبُن کی صلاحیت رکھنے والا (قوائے انسانی کےلئے) ۔

Excommunicable : (a) حقہ پانی بند کئے جانے کے لائق ؛ ذات باہر کئے جانے کے لائق ۔

Excommunicant : (n) ذات باہر کرنے والا یا کہا جانے والا ۔

Excommunicate : (a) ذات باہر کیا ہوا ۔

Excommunicate : (n) ذات نکالا شخص ۔

Excommunicate : (v) [L.'excommunicat-'] (دینیات) کسی شخص کو کلیساپی حقوق سےمحروم کر دینا ؛ حقہ پانی بند کردینا ؛ ذات باہر کر دینا ۔

Excommunication : (n) (سماجیات) ذات نکالا ؛ (دینیات) دین بدری ؛ تکفیر؛ (فلسفہ) حقہ پانی بند؛ اخراج از جماعت ۔

Excommunicative : (a) ان حقوق سے محروم کرنے والی (چیزیا بات) ۔

Excommunicator : (n) ان حقوق سےمحروم کرنےوالا(شخص)۔

Excommunicatory : (a) محرومیت حقوق بالاسے متعلق ۔

Excoriable : (a) پوست کنی کےلائق یاقابل ۔

Excoriate : (a) پوست کنی کیاھوا ؛ پوست کندہ ۔

Excoriate : (v)[L.'excoriare.'] چمڑا ادھیڑنا؛ کھال کھینچنا ؛ پوست کنی کرنا ۔

Excoriation : (n) (۱) (طب) پوست کنی ؛ پوست تراشی ۔ (۲) خراش ۔

Excorticate : (v) L.'excorticat-.'] چھیلنا ۔

Excortication : (n) چھیلنا؛ چھلائی ۔

Excrement : (n) [Fr.] فضلہ ؛ گوبر ؛ غلیظ ؛ براز ۔

Excremental : (a) فضلے سےمتعلق ؛ فضلے کا ۔

Excrementitial/Excrementitious : (a) نکما؛ بےکار(تلچھٹ وغیرہ)۔

Excrescence : (n) [L.'excroscentia.'] جسم حیوانی یانباتی پر کسی غیرطبعی شے کاپیدا ہوجانا ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ (طب) فضلہ ۔

Circular excrescence : (طب) اگنہ ؛ دائروی دنبل ۔

Watery excrescence : (طب) لولونی فضولہ ۔

Excrescent : (a) غیرطبعی (اضافہ) ؛ زائد؛ فضول ؛ حشو ۔

Excrescential : (a) بدگوش کا سا ؛ زائد ؛ فضول ؛ حشو ۔

Excreta : (n) [L.] (حیوانیات) فضلہ ۔

Excreta : (n) جسم سےخارج شدہ غلاظتیں ؛ بول براز وغیرہ ؛ (حیوانیات) براز؛ فضلات ۔

Excrete : (v) [L.'excret-'.] (حیوانات ونباتات کے جسم کا غلیظ مادہ) باہر پھینکنا یانکالنا ؛ فضلات جسم کو خارج کرنا ۔

Excretin/Excretine : (n) (کیمیا) ایک بلوری مادہ $(C_{20}H_{36}O_2)$ ۔

Excretino : (n) اخراج (غلاظت ، فضلہ) ؛پسینہ؛ بول وبراز؛ ابراز ؛ فضلہ ۔

Excretive/Excretory : (a) اخراج کرنےوالا؛ اخراج میں معاون ۔

Excretolic acid : (n) انسانی فضلے سےحاصل کیا ہوا ایک روغنی ترشہ ۔

Excretory : (a) (حیوانیات) اخراجی ۔

Excretory organs : (n) (حیوانیات) اعضائے اخراجی ؛ اعضائے ابرازی۔

Excretory system : (n) (حیوانیات) اخراجی نظام ؛ (فلسفہ) نظام بول وبراز ۔

Excruciable : (a) شدیداذیت دئے جانے کےلائق ۔

Excruciate : (v) شدید اذیت پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ دماغی اذیت پہنچانا ۔

Excruciating : (a) سخت (درد) ۔

Excruciatingly : (adv.) اذیت سے ؛ دکھ کے ساتھ ۔

Excruciation : (n) شدید ایذا دہی ۔

Excubant : (a) [L.'excubant.'] نگہبان ۔

Exculpate : (v)[L.'exculpat-'] بری کرنا ؛ بےجرم وبے گناہ ٹھہرانا ؛ بری الذمہ قراردینا ۔

Exculpate : (a) بےقصور ؛ بری الذمہ ۔

Exculpation : (n) بریت ؛ برأت ۔

Exculpative/Exculpatory : (a) معاون بریت (بیان ، شہادت وغیرہ)۔

Excurrent : (a) [L.'excurrent-.'] باہر کو بہتا ہوا ؛ قلب سے (شریانی خون) بہتا ہوا ؛ باہر نکلنے کاراستہ دینے والا ؛ باہر کو نکلا ہوا ؛ (نباتیات ، حیوانیات) برون رو ۔

Excurse : (v) [L.'excurs.'] (۱) (شاذ) بھٹکنا ۔(۲)تفریح کے لئے جانا ۔

Excursion : (n) (۱) تفریحی سفر بہ نیت واپسی ؛ سیاحت ؛ سیر سپاٹا ؛ چند یار دوستوں کی مٹرگشت ؛ یورش؛ چڑھائی ؛ دھاوا ۔(۲) (ہیئت) راہ طبعی سےانحراف ۔(۳) (طبیعیات) حیطہ ٔ ارتعاش ۔

Excursion : (v) تفریحی سفر کرنا ؛ سیر سپاٹا کرنا۔

Excursion of the eyeball : (n) (طب) انحراف مقلہ ۔

Excursion train : (n) تفریحی ریل گاڑی ؛ ریل گاڑی جو تفریح کرنے والوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے ۔

Excursional : (a) سیرسپاٹے کےمتعلق ۔

Excursionary : (a) سیرسپاٹا کرنے والا ۔

Excursionist : (n) تفریحی سفرپر جانے والا ؛ سیر سپاٹا کرنےوالا؛ اکسکرشن؛ ریل گاڑی پر سفرکرنےوالا ۔

Excursionize : (v) تفریحی سفرکرنا؛ سیاحت کرنا؛ سیر سپاٹا کرنا ۔

Excursive : (a) (۱) تفریحی ۔ (۲) سرسری مطالعہ ۔ (۳) انحرافی ۔

Excursively : (adv.) بطور تفریح ۔

Excursiveness : (n) سرگشتگی ؛ بھٹکنا ۔

Excursus : (n)[L.] (۱) کتاب کی کسی مجمل بات پر تفصیلی بحث عموماً تتمےیاضمیمےمیں مقالہ ضمیمہ ؛ ضمیمہ ؛ تعلیقات ۔ (۲) تجاوز ؛ اصل موضوع سے ہٹ جانا ۔

Excurvation : (n) برون خمیدگی ۔

Excurved : (a) برون خمیدہ ۔

Excusable : (a) قابل معافی ۔

Excusableness : (n) قابل معافی ہونا ۔

Excusably : (adv.) عذرکےطورپر ۔

Excusator : (n) معافی دینےوالا؛ عذرپیش کرنےوالا۔

Excusatory : (a) عذردارانہ؛ معذرت کے(الفاظ، بیان وغیرہ) ۔

Excuse : (v) [OFr.] معاف کرنا ؛ عفو کرنا ؛ درگذرکرنا ؛ عذر معذرت کرنا ؛ برأت کےطورپر پیش کرنا(کسی شخص یا فعل کا) ؛ (فرض سے) سبکدوش کرنا؛ بےقصورقرار دینا ۔

Excuse : (n) معافی؛ معذرت؛ وجہ معافی ؛ خدمت سے معافی چاہنے کی استدعا ؛ عذربرأت ۔

Excuseless : (a) ناقابل معافی ۔

Excuser : (n) معافی دینےوالا ۔

Exeystation : (n) (حیوانیات) برون انبانی ؛ خروج ازانبان ۔

Exeat : (n) [L.] (۱) (مدر سے، کلیسائی علاقے وغیرہ سے) غیرحاضری کی اجازت ؛ رخصت ۔(۲) دیکھو Exit ۔

Execrable : (a) ملعون ؛ مردود ؛ قابل نفرت ۔

Excrably : (adv.) قابل نفریں طور پر ۔

Execrate : (v) [L.'execraat-'.] لعنت بھیجنا ؛ اظہار کرابت کرنا ؛ کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ سراپنا ؛ نفرت کا اظہار کرنا ۔

Execration : (n) سراپ ؛ کوسنا ؛ کرابت ؛ نفرت ۔

Execrative : (a) پُرازلعنت ؛ سراپ بہرا ۔

Execratively : (adv.) بطورلعنت ۔

Execrator : (n) لعنت بھیجنے والا ؛ کوسنے والا ۔

Execratory : (a) لعنتی ۔

Executable : (a) قابل تعمیل ؛ قابل نفاذ ۔

Executancy : (n) گانے بجانے کی صلاحیت ۔

Executant : (n) [Fr.] (۱) تعمیل کرنےوالا ؛ عمل میں لانےوالا ۔ (۲) گانےبجانےوالا ۔

Executant : (a) گانے بجانے والا ۔

Execute : (v) [OFr.'executer.'] (۱)تعمیل کرنا ۔(۲) (قانونی سزا ، حکم وغیرہ کا) نفاذ کرنا ؛ عمل میں لانا؛ عمل درآمد کرنا ؛ بجا لانا۔ (۳) (دستاویز وغیرہ کی) قانونی تکمیل مہر ، دستخط وغیرہ کے ذریعے سے کرنا۔ (٤) از روے قانون کسی جانداد یا ملک کا دینا ۔ (٥) فرض منصبی ادا کرنا ۔ (٦) (راگ) ادا کرنا ؛ (ناٹک وغیرہ) کرنا ۔(۷) پھانسی دینا ۔

Executer : (n) عامل ؛ تعمیل کنندہ ؛ وصیت کی تعمیل کرنے والا ۔

Execution : (n) (۱) کاروائی ؛ بجاآوری ۔(۲) تعمیل ؛ نفاذ ؛ ادائی ۔(۳) کمال فن موسیقی ۔(٤) (اسلحہ کی) قوت ہلاکت ۔(٥) ترقی ؛ ضبطی مال یا اسیری بہ علت عدم ادائے قرض ۔ (٦) پھانسی ؛ گردن زدنی ۔

Writ of execution : حکم نامہ جس کی رو سے شیرف عدالتی فیصلے کانفاذ کرتا ہے ۔

Executioneering : (a) پھانسی دینے والا ۔

Executioner : (n) جلاّد ۔

Executive : (a) انتظامی ؛ عاملہ ؛ نافذہ ۔

Executive : (n) (۱)حکومت کاصیغہ انتظامی جس کا تعلق قوانین تعزیرات وغیرہ کے نفاذ سے ہے ؛ انتظامیہ ۔(۲) قانون نافذ کرنے والاشخص یا اشخاص ۔

Executive trade agreement : (تجارت) باہمی تجارتی معاہدہ ۔

Executively : (adv.) انتظامی طورپر ۔

Executor : (n) [AFr. 'execut (o)ur.'] عامل ؛ تعمیل کنندہ ؛ وصی ؛ جس کے سپرد وصیت نامے کی تعمیل ہو ؛ وصیت کی تعمیل کرنے والا ۔

Literary executor : وہ شخص جس کے سپرد مصنف کی غیر مطبوعہ تصنیف کی طباعت و اشاعت کا کام ہو ؛ ادبی وصی ۔

Executorial : (a) تعمیل وارنٹ کے متعلق ؛ عامل یاتعمیل کنندہ کے متعلق ۔

Executorship : (n) عامل کا منصب یا عہدہ ۔

Executory : (a) [med. L.'executorius.'] (۱) تعمیلی ؛ تعمیل سے متعلق ۔(۲) انتظامی ؛ نافذہ ؛ عاملہ ۔ (۳) (قانون) مستقبل میں تعمیل ہونے والا ۔

Executory : (n) مجلس انتظامیہ ۔

Executrix/Executress : (n) [L.] وصیت کی تکمیل کرنےوالی ؛ وصیہ ۔

Exedra/ Exhedra : (n) [L.] (۱) (قدیم ، تعمیرات) ورزش گاہ کاپیش گاہ ۔(۲) اُسقف کا تخت ۔(۳) باہرکو نکلا ہوا طاق ۔

Exegesis : (n) [Gr. 'exegesis.'] تفسیر ؛ تشریح ؛ تاویل ؛ تعبیر ؛ (ریاضیات) حل مساوات (عملی) ۔

Exegete/Exegetist : (n) مفسر ۔

Exegetic/-al : (a) تفسیری ؛ تشریحی ؛ تاویلی ۔

Exegetic : (n) فن تفسیر ۔

Exegetically : (adv.) تفسیراً ؛ تشریحاً ؛ تاویلاً ۔

Exegetics : (n) (دینیات) علم تفسیر ۔

Exembryonate : (a) (نباتیات) بے جنین ۔

Exemplar : (n) نمونہ ؛ اُسوہ ؛ مثال ؛ نظیر ؛ نقل ۔

Exemplarily : (adv.) بطور عبرت یاتنبیہہ ؛ بطور مثال ۔

Exemplariness : (n) قابلیت ؛ خوبی (جو قابل تقلید ہو) ۔

Exemplarism : (n) (فلسفہ) نظریہ مثالیت ۔

Exemplarity : (n) دیکھو Exemplariness

Exemplary : (a) قابل تقلید ؛ تمثیلی ؛ مثالی ؛ عبرت انگیز ؛ سبق آموز ۔

Exemplary damages : (n) گراں نادان (بغرض عبرت یا تنبیہہ) ۔

Exemplifiable : (a) قابل مثال ۔

Exemplification : (n) مثال سے توضیح کرنا ؛ (فلسفہ) تمثیلی توضیح ۔

Exemplificative : (a) توضیحی ۔

Exemplifier : (n) مثال دینے والا ۔

Exemplify : (v) [Med. L.'exemplificare.'] مثال دینا ؛ مثال دیکر سمجھانا؛ کسی چیز کی مثال بننا ؛ (دستاویز کی) باضابطہ مصدقہ نقل سرکاری مہر کے ساتھ تیار کرنا ۔

Exempt : (a) [L.'exemptus.'] (۱) (محصول ، کوتاہیوں وغیرہ سے) پاک ، بری یا مستثنیٰ ۔(۲) ٹیکس وغیرہ سے مستثنیٰ : بری ۔

Exempt : (n) مستثنیٰ شخص : اُسقفی دائرہ اختیار سے باہر شخص ۔

Exempt : (n) یومین گارڈ کے چار افسروں میں سے ایک ۔

Exempt : (v) پاک کرنا: بری کرنا: مستثنیٰ کرنا ۔

Exempt commodity : (n) (تجارت) مستثنیٰ شے ۔

Exempt service : (n) مستثنیٰ خدمت ۔

Exemptile : (a) قابل استثنیٰ ۔

Exemption : (n) استثنا ۔

Exemptive : (a) استثنائی ۔

Exencephalon : (n) (طب) برون دماغی ۔

Exencephalus : (n) (طب) برون دماغ ۔

Exendospermous : (a) (نباتیات) غیر درون تخمہ ۔

Exenterate : (v) [L.'exenterat-.'] (صرف مجازاً) فضلے کو خارج کرنا ؛ آنتیں وغیرہ نکال لینا ۔

Exenterate : (a) آنتیں نکالا ہوا ۔

Exenteration : (n) اخراج فضلہ ؛ (جراحی) معا برآری ۔

Exenteritis : (n) (طب) ورم بر معا ۔

Exquatur : (n) [L.] (۱)کسی حکومت کی طرف سے دوسری حکومت کے سفیر کا تسلیم کرنا ۔(۲) پوپ کے تحت بشپ کو دنیوی اختیارات کا مجاز کرنا یا پوپ کے احکام کی اشاعت؛ (قانون) منظوری؛ مختارنامہ ؛ (تاریخ) پروانہ تسلیم ؛ پروانہ قبولیت ۔

Exequial : (a) تجہیز وتکفین سے متعلق ۔

Exequies : (n) [OFr.'exequies.'] رسوم تجہیز وتکفین ۔

Exercisable : (a) قابل عمل ؛ قابل استعمال ؛ مشق یا استعمال وغیرہ کے قابل ۔

Exercise : (n) [OFr. 'exercice.'] (۱)(کسی عضو ، طاقت ، قوت یاحق کا) استعمال ۔(۲) (فرائض ، مراسم مذہبی، فضائل وغیرہ کی) عمل درآمد؛ تمرین ۔ (۳) کسرت ؛ ورزش ۔(٤) (جمع) قواعد ؛ فوجی قواعد۔(٥) (جسمانی، ذہنی یاروحانی) تربیت ۔ (٦) ریاضت ۔ (۷) علمی ڈگری کی تحصیل کےلئے زبانی امتحان (بحث) ۔(۸) سبق؛ مشق ۔ (۹) تقریب ۔

Exercise : (v) (۱) (قوت ، حق وغیرہ کا) استعمال کرنا ؛ عمل میں لانا ۔ (۲) مشق کرانا ۔ (۳) سدھانا ۔ (٤) (کسی کی قوتوں پر) بار ڈالنا۔(٥) پریشان کرنایا ہونا؛ دق کرنا یا ہونا ۔ (٦) (فرائض) بجا لانا ۔(۷)ورزش کرنا؛ کسرت کرنا ۔

Exercise of (n) (تاریخ) حق رائے دہندگی کا استعمال ۔

Exerciser : (n) ورزش کرنے والا ؛ ورزش کرنے کا ایک آلہ ۔

Exercitation : (n) [L.'exercitatio -.'] مشق ؛ تمرین ؛ ادبیات یا خطابیات کی مشق ۔

Exercitor : (n) (قانون روما) جہاز کے روزانہ منافع کا حقدار ۔

Exercitorian : (a) جہاز کے روزانہ منافع سے متعلق ۔

Exeresis : (n) [Gr. 'exairesis .'] (جراحی) قطع عضو مضر ؛ استیصال ؛ بدر آوری ۔

Exergic : (a) (طب) مقلل توانائی ۔

Exergual : (a) سکے یا تمغے کی پشت پر اصل تحریر کے نیچے چھٹی ہوئی جگہ یا وہاں پر کے کتبے سے متعلق ۔

Exergue : (a) [Fr.] سکے یا تمغے کی پشت پر اصل تحریر کے چھٹی ہوئی جگہ یا وہاں پر کا کتبہ ۔

Exert : (v) [L.'exert-'.] (۱) روز مارنا ؛ کوشش کرنا؛ جدوجہد کرنا۔ (۲) (اثر یا قوت) سے کام لینا ۔

To exert one self : کوشش کرنا ۔

Exetion : (n) کوشش ؛ سعی ؛ مشقت ۔

Exertive : (a) محرک (عمل) ۔

Exes : (n) [abbrev.] (معاشیات) اخراجات ۔

Exeunt : (v) [l.] (تھیٹر) (دو یا زائد) ایکٹروں کا اسٹیج چھوڑنا ۔

Exeunt omnes : (n) [l.] سب (ایکٹروں کا) اسٹیج چھوڑنا ۔

Exfetation/Exfoetation : (n) [Ex-+L.'fetare'+-ATION.] (طب) بروں حمل ؛ خارج الرحم حمل ۔

Exflagellation : (n) (حیوانیات) برون سوطیّت ۔

Exfoliate : (v)[L.'exfoliat.'] (۱) (ہڈی ، جلد ، معدنیات وغیرہ کا) چھلکا یا کھال اتارنا ؛ پرت اتارنا ۔ (۲) (درختوں کی) چھال اتارنا ۔

Exfoliation : (n) (نباتیات) برگ ریزی ؛ پت جھڑ؛ پوست ریزی ۔ (۲) پرت ریزی ۔

Exfoliative : (a) (نباتیات) برگ ریز ۔

Exgratia payment : (n) (تجارت) نوازش ادائی ۔

Exhalable : (a) بخار بنائے جانے کے لائق ۔

Exhalant : (a) دم برار ۔

Exhalant : (n) دم برار رگ یا عضو ۔

Exhalation : (n) [L. 'exhalatio-'.] (۱) تبخیر ؛ بھاپ ؛ سانس ۔ (۲) کُہر ۔ (۳) باہر کا سانس ؛ منہ کی بھاپ ؛ پھپکا ۔ (٤) غصے کی جھنجلاہٹ ۔

Exhale : (v) [OFr.'exhaler.'] (۱) بخار بنانا ؛ اُڑانا ؛ بھپکا چھوڑنا؛ بخارات کا اڑانا ؛ (گیس وغیرہ) نکلنا یا چھوڑنا۔ (۲) بھپکا چھوٹنا ۔ (۳) (غصے، جوش وغیرہ کو) بھیڑ ، بھیڑیوں کی طرح سے نکال دینا ۔ (٤) (باہر کو) سانس لینا ؛ حیوانی رطوبتوں کانہایت خفیف مقدار میں شرائن میں ہوکر (ناک یا منہ سے) باہر نکلنا؛ (حیوانیات) سانس چھوڑنا ۔

Exhalement : (n) دیکھو Exhalation

Exhaust : (n) [See Exhaust (v).] (انجن میں) استوانے کے اندر کی بھاپ کا کام پورا ہو جانے کے بعد اس کے نکال دینے کا راستہ ؛ ظرف کو ہوا سے خالی کرنے کی ترکیب؛ جزئی خلا پیدا کرکے ہوائی رو پیدا کرنے کا آلہ ۔

Exhaust : (v)[L.'exhaust.'] (۱) (ہوا وغیرہ کو) کھینچ نکالنا۔ (۲) بالکل کام ختم کردینا ؛ سارے کا سارا کام میں لے آنا ۔ (۳) (ظرف کو اس کے) مشمولات سے خالی کرلینا ۔ (٤) (کسی مسئلے کے متعلق) جامع معلومات بہم پہنچانا ۔ (٥) (کسی شخص یا حکومت کو) بالکل چوس لینا ۔ (٦) تھکانا ؛ تھکا ڈالنا ۔ (۷) پیمانہ (صبر) لبریز کر دینا ؛ ختم کر دینا ۔

Exhaust fan : (n) (انجینیئرنگ) نکاس پنکھا ۔

Exhaust flue : (n) (انجینیئرنگ) دود کش ۔

Exhaust injector : (n) آلہ ریخت ۔

Exhaust pipe : (n) بھاپ نکاس نلی ۔

Exhaust port : (n) (اسٹیم انجن میں) بھاپ نکلنے کا روزن ۔

Exhaust steam : (n) بھاپ انجن کا فاضل بھاپ جو استوانا سے نکلتا ہے ۔

Exhaustedly : (adv.) تھک کر؛ ختم کرکے ۔

Exhauster : (n) (۱) تھکانے والا ۔ (۲) گیس نکالنے کی ترکیب ۔

Exhaustibility : (n) ختم ہو جانا ؛ خاتمہ ۔

Exhaustible : (a) ختم ہو جانے والا ۔

Exhaustingly : (adv.) تھکاتے ہوئے ۔

Exhaustion : (n) (۱) سخت تھکاوٹ ؛ ماندگی ؛ ناتوانی ؛ سلب قوت ۔ (۲) تمام دوسری شقوں کو خارج کرکے ایک نتیجے تک پہنچنا ۔

Exhaustive : (a) محتوی ؛ مسئلے کا کوئی پہلو نہ چھوڑنے والا ؛ جامع ؛ مکمل ؛ جامع ومانع ۔

Exhaustively : (adv.) کامل طورسے ؛ جامع طور سے ۔

Exhaustiveness : (n) جامع یا محتوی ہونا ۔

Exhaustless : (a) ختم نہ ہونے والا ۔

Exhibit : (n) [L.'exhibitum .'] (۱) کوئی دستاویز یاچیز جو عدالت میں پیش ہو اور جس کا ذکر تحریری ثبوت میں کیا جائے ؛ تحریر منسلکہ ۔(۲) شے یا مجموعہ اشیاجیسے کوئی شخص یا کارخانہ کسی نمائش میں بھیجتا ہے ۔(۳) نمود؛ نمائش ؛ اظہار ؛ (طب) استعمال دوا ۔

Exhibit : (v) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ ملاحظہ میں پیش کرنا ؛ گزارنا ؛ نمائش کرنا یا لگانا ۔

Exhibitable : (a) قابل نمائش ۔

Exhibition : (n) [OFr.'exhibition.'] (۱) فنون لطیفہ کی نمائش ۔(۲) تعلیمی وظیفہ جو درسگاہوں کے خزانے کو دیا جائے ۔

To make an exhibition one self : اپنے کو دوسروں کی نظرمیں مضحکہ بنانا ۔

Exhibitional : (a) نمائشی ۔

Exhibitioner : (a) وظیفہ یاب (طالب علم) ۔

Exhibitionism : (n) نمائش پسندی ۔

Exhibitionist: (n) نمائش پسند ۔

Exhibitive : (a) نمائشی ۔

Exhibitively : (adv.) بطورنمائش ۔

Exhibitor : (n) نمائش میں اپنی چیزوں کو رکھنے والا ۔

Exhibitory : (a) چیز جو نمائش میں رکھی جائے؛ نمائشی ۔

Exhibite : (n) مشہودات ؛ معروضات ؛ اشیائے نمائش ۔

Exhilarant : (n&a) مفرح ؛ فرحت بخش ۔

Exhilarate : (v)[L.'exhilarat-'.] شگفتہ کرنا؛ فرحت بخشنا ۔

Exhilarating : (a) فرحت بخش ؛ مفرح ۔

Exhilaratingly : (adv.) بطور مفرح ؛ فرحت بخشتے ہوئے ۔

Exhilaration : (n) شگفتگی ؛ خوش وقتی ؛ نشاط ؛ فرحت ۔

Exhilarative : (a) شگفتگی پیداکرنے والی (شے) ۔

Exhilarator : (n) فرحت بخش ۔

Exhort : (v) [OFr.'exhorter.'] (۱) وعظ کہنا؛ نصیحت کرنا ؛ پند دینا ۔(۲) کارخیر کی وکالت کرنا اور اس پر آمادہ کرنا ۔

Exhortation : (n) نصیحت ؛ وعظ ؛ پند ؛ تاکید ۔

Exhortative : (a) نصیحت آمیز ؛ ناصحانہ ۔

Exhortatory : (a) دیکھو Exhortative

Exhorter : (n) وعظ نصیحت کرنے والا ۔

Exhumate/Exhume : (v) [L.'exhumat-', &Fr.'exhumer'.] مدفون کو کھود کر نکالنا (مجازاً) ۔

Exhumation : (n) مدفون کو کھود کر نکالنا۔

Exies : (n) [Sc.] (۱) کپکپی ؛ لرزہ ۔(۲) اختناق الرحم ۔

Exigeant : (a) [Fr.] سخت گیر ۔

Exigeante : (a) سخت گیر (عورت) ۔

Exigence/Exigency : (n) [OFr.] ضرورت اہم ؛ حالت شدید ؛ ناگہانی ضرورت ؛ ہنگامی صورت حال ؛ اشد ضرورت ۔

Exigent : (a) [L.'-exigent-.'] (۱) اہم ؛ ضروری ؛ اشد ۔ (۲) سخت ۔

Exigent of : طالب ؛ متوقع ۔

Exigents : (n) [OFr.] ضرورتیں ۔

Exigible : (a) [Fr.] جس کا مطالبہ کیا جائے ؛ قابل مطالبہ ۔

Exigifacias : (n) [L.] ضرورتیں ۔

Exiguity : (n) [L.'exiguitas.'] قلت ؛ خفت ۔

Exiguous : (a) [L.'exiguus.'] حقیر ؛ خرد ؛ قلیل : خفیف ۔

Exiguousness : (n) قلت ؛ خفت ۔

Exilarch : (n) (تاریخ) جلا وطنوں کا حکمراں ۔

Exile : (n) [OFr.'exil.'] دیس نکالا ؛ جلا وطنی ؛ دیس تیاگ ؛ بن باس ۔

Exile : (n) [OFr.'exil.'] (شخص) جلا وطن ؛ دیس تیاگی ؛ بن باسی ۔

Exile : (v) [OFr.'exil(i)er.'] شہر بدر کرنا ؛ جلا وطن کرنا ؛ دیس نکالا دینا ۔

Exilement : (n) جلا وطنی ؛ دیس نکالا ؛ دیس تیاگ؛ بن باس ۔

Exilian : (a) پرانے زمانے میں یہودیوں کی جلاوطنی اور (بابل میں) اسیری سے متعلق ۔

Post-exilian : (یہودیوں کی) جلا وطنی کے بعد (کے زمانے) سے متعلق ۔

Exilic : (a) دیکھو Exilian

Exility : (n) [L.'exilitas.'] نزاکت ؛ پتلاپن ؛ تخفیف ؛ کم مائگی ؛ کمی ۔

Exindusiate : (a)[EX-+indusium+ Ate.] بے رخته ؛ بے زیر گیر پوش ۔

Exine : (n) [Gr.] (نباتیات) زرجھلی ؛ زرابرا ۔

Exinguinal : (a)[Ex-+L.'inguen'--AL.] (حشریات ،حیوانیات) برون اُزلی ۔

Exinguinal : (n) مکڑوں وغیرہ کے پاؤں کا دوسرا قطع ۔

Exintine : (n) [L.'ex+intus'+-INE.] (نباتیات) زرابرہ اور زراستر کے بیچ کی جھلی ۔

Exion : (n) دیکھو Action

Exist : (v) [Back-formation frou Exis tence.] (۱) ہونا؛ موجود ہونا ؛ وجود رکھنا ؛ ہستی رکھنا ۔ (۲) (معین حالت میں) موجود یا واقع ہونا ۔ (۳) زندہ رہنا ۔

Existence : (n) [OFr.'existence.'] ہونا ؛ وجود زندگی ؛ طرز زندگی ؛ شے موجود؛ موجودات؛ کائنات ۔

A wretched,precarious,existence : تلخ ؛ غیر مطمئن زندگی ؛ برشاخ آہو ۔

Struggle for existence : جہد البقا؛ تنا ع البقا۔

Existent : (a) موجود ؛واقعی ؛ زندہ ۔

Self existent : قائم بالذات ۔

Existent : (n) زندہ شخص یا شے ۔

Existential : (a) [Late L.'existentialis'] متعلق بہ وجود ؛ (منطق) متعلق بہ قضیہ ۔

Existential sentence : (n) (لسانیات) وجودی جملہ ۔

Existentialism : (n) وجودیت ۔

Existentially : (adv.) وجودی طور پر ۔

Existently : (adv.) زندہ طور پر ۔

Existibility /Existability : (n) زندہ ہونا ۔

Existing : (a) موجود ؛ زندہ ۔

Exit : (n) [L.'exire.' exitus.'] ایکٹر کا اسٹیج سے رخصت ہونا ؛ موت ؛ روانگی ؛ باہر جانے کی آزادی ؛ اخراج ؛ باہر جانے کا راستہ ؛ نکاس ؛ مخرج ؛ خروج ۔

Exit : (v) (تھیٹر) اسٹیج سے رخصت ہونا ۔

Exite : (n) (حیوانیات) برونیہ ۔

Exitus : (n) [L.] (۱) (انجینیئرنگ) نکاس ؛ مخرج ۔ (۲) (طب) سقوط ؛ خروج ؛ مرض کی مہلک حالت ؛ موت ۔ (۳) اختتام ؛ نتیجہ ۔ (٤) برآمدی محصول ۔ (٥) مبرز ۔

Exmeridian : (n) (فلکیات) ورائے نصف النہار ۔

Exmero motu : بہ رضا و رغبت ۔

Exo : (سابقہ) بَرون ؛ خارجی ۔

Exocardiac/-al : (a) (تشریح) برون قلبی ؛ خارج القلب ۔

Exocarp : (n) (نباتیات) برون ثمر ۔

Exoccipatals : (n) عظم قفالی کا بیرونی حصہ ۔

Exoccipetal : (a) برون عظم قفالی ۔

Exocentric : (a) (لسانیات) بیرون مرکزی ۔

Exocoele : (n) (حیوانیات) برون قعر ۔

Exocoelar : (a) برون قعری ۔

Exocoelom/Exocolitis : (n) (طب) ورم برقولون ؛ ورم محلاف قولون ۔

Exocone : (a) (حیوانیات) برون مخروطیہ ۔

Exocrine : (a) (حیوانیات ، طب) برون افراز (غدود) ۔

Exoculation : (n) [med. L.'exoculatio-'.] اندھابنانا ؛ آنکھیں نکالنا ۔

Exode : (n) [Fr.'exode.'] (۱) (یونانی ڈرامہ) انجام ڈرامہ ۔ (۲) (رومی ڈرامہ) سوانگ یا سانگ : نقل ۔

Exoderm : (n) برون ادمہ : جلد جرثومہ کا بالائی پرت : برون جلد ۔

Exodic : (a) [Gr.'exodos.'] (۱) برآور خروجی ۔ (۲) ہجرت سے متعلق ۔

Exodium : (n) [Gr.'exodion.'] Exode دیکھو

Exodontia : (n) (طب) برون دندانی ۔

Exodus/Exody : (n) [L.'Exodus.'] (۱) (بائبل) خروج ؛ کتاب الخروج ؛ ہجرت ؛ مہاجرت ۔ (۲) کوچ ؛ خروج ۔ (۳) بنی اسرائیل کا کوچ مصر سے ۔

Exogamete : (n) (حیوانیات) برون زواجہ ۔

Exogamic : (a) ازدواج خارجی سے متعلق ۔

Exogamous : (a) ازدواج خارجی کے متعلق ۔

Exogamy : (n) رواج جس کے مطابق مرد اپنے قبیلے کے باہر ہی شادی کرسکتا ہے ؛ ازدواج خارجی ؛ اگوت بیاہ ۔

Caln exogamy : (سماجیات) اگوت بیاہ ۔

Tribal exogamy : (سماجیات) بیرون قبیلہ زوجیت ۔

Exogastric : (a) (تشریح ، حیوانیات) برون معدی ؛ برون شکمی ۔

Exogastrula : (a) برون شکمیہ ۔

Exogen : (n) وہ پودا جس کے ڈنٹھل کا نمو باہر کے ذخیرے پر ہوتا ہے ؛ بر نمونی ۔

Exogenetic : (a) بر نمو ۔

Exogenous : (a) (۱) (نباتیات) بر نمو ؛ برون زاد ۔ (۲) (مرضیات) برو روئندہ ؛ خارجی ۔

Exogenous budding : (n) (نباتیات) بر نمو کلیاں ۔

Exogenous change : (تجارت) برون زار تبدیلی ۔

Exogenous dome : (n) بر نمو گنبد ۔

Exogenously : (adv.) برون زادانہ ۔

Exognath : (n) [Gr.'gnathos.'] (حیوانیات) برون فکّہ ۔

Exolever : (n) (میکانیات) بیرم دندان ؛ دندان کش بیرم ۔

Exolinguistics : (n) (لسانیات) مابعد لسانیات ۔

Exomion/Exomis : (n) [Gr.'exomis.'] صدری ۔

Exomologesis : (n) [Gr.'exomologesis.'] مکمل اقرار ۔

Exomphalos : (n) [Gr.'exomphalos.'] (طب) فتق سرہ ؛ بروز سرہ ۔

Exon : (n) [Fr.] بومین گارڈ کے چار افسران میں سے ایک ۔

Exonarthex : (n) یونانی گرجا کی بیرونی دہلیز ۔

Exonerate : (v) [L.' - exonerat -'] بری کرنا ؛ بری الذمہ قرار دینا ؛ بے خطا ٹھہرانا ؛ (خدمت سے) سبکدوش ہونا ۔

Exonerate : (a) بری کیا ہوا ۔

Exoneration : (n) برأت ؛ بریت ؛ سبکدوشی ؛ معافیت ۔

Exonerative : (a) ذمہ داری میں تخفیف کرنے والا (واقعہ وغیرہ) ۔

Exoneretur : (n) [L.] بری کرنے والا ۔

Exoneretur : (n) [L.] ضمانت نامے پر اندراج کہ مدعاعلیہ جیل میں حاضر ہو گیا ہے ۔

Exopathic : (a) مرض جو جسم سے باہر پیدا ہو ؛ خارجی الاصل (مرضیات) ۔

Exoperidium : (n) [L.] (نباتیات) برون غلافہ ۔

Exophagous : (a) جو اپنے قبیلے کو نہ کھائے(مردم خور انسان یاحیوان) ؛ برون خور ۔

Exophagy : (n) برون خوری ؛ اپنے قبیلے والوں کو نہ کھانا ۔

Exophoria : (n) (طب) برون حول ۔

Exophthalmia : (n) [mod. L.] خروج چشم ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا باہر نکل آنا ۔

Exophthalimic : (a) خروج چشم سے متعلق ۔

Exophthalmus/-os /Exophthalmy (n) [Gr.'exophthalmos'] دیکھو Exophthalmia

Exophyllous : (a) (نباتیات) عریاں برگ ۔

Exoplasm : (n) برمایہ : جوہراولیہ کا سب سےاوپری پرت ۔

Exopodite : (n) برون پا (قشریہ) ۔

Exopoditic : (a) برون پایہ ۔

Exoptile : (a) بے رواں اکھوا والا ۔

Exorbital : (a) برون مدار ۔

Exorbitance : (n) مہنگا پن ؛ گرانی ۔

Exorbitant : (a) [L.'exorbitant -.'] (۱) بہت مہنگا ؛ نہایت گراں ۔(۲) بے انداز (قیمت مطالبات ، ہوس وغیرہ) ۔(۳) منحرف ۔

Exorbitantly : (adv.) گرانی سے ۔

Exorcise/Exorcize : (v) [OFr.] جھاڑ پھونک کرنا ؛ بھوت اتارنا ؛ آسیب اتارنا ؛ آسیب کےاثر سے پاک کرنا (مقام وغیرہ) ۔

Exorcism : (n) جھاڑ پھونک ۔

Exorcist : (n) جھاڑ پھونک کرنے والا ؛ اوجھا ؛ گنی ۔

Eexorcization : (n) جھاڑ پھونک کرنا ؛ بھوت اتارنا ۔

Exorcizer : (n) جھاڑ پھونک کرنے والا ؛ بھوت اتارنے والا ۔

Exordial : (a) تمہیدی ۔

Exordium : (n) [L.'exordior.'] آغاز ؛ دیباچہ ؛ مقدمہ ؛ تمہید (تقریر وغیرہ کی) ؛ پیش لفظ ۔

Exor(r)hiza : (n) (نباتیات) برون بیخہ ۔

Exor(r)hizal/Exorrhizous : (a) بے رُواں ؛ برون بیخہ ۔

Exoscopic : (a) برون بیں ۔

Exoscopically : (adv.) برون بیں طور پر ۔

Exosepsis : (n) (طب) خارجی عفونت ۔

Exoskelletal : (a) برکالبدی ؛ کالبد ظاہری سے متعلق ۔

Exoskeleton : (n) ہڈی یا کھال کے باہری پرت کا ڈھانچا (گھونگوں وغیرہ کا سخت خول) ؛ برون ڈھانچا ؛ برکالبد ؛ کالبد ظاہری ۔

Exosmose/Exosmosis : (n) اخراج آلائش (جسم کے کسی مسامدار حصے ، جیسےناک سے) (حیوانیات) برون نفوذ ۔

Exosperm : (n) برون تخم ۔

Exosporal : (a) برون بذرہ سے متعلق ۔

Exospore/Exosporium : (n) (نباتیات) برون بذرہ ۔

Exosporous : (a) برون بذرنی ۔

Exossate : (v) [L. -' exossat -'.] ہڈی نکال لینا ۔

Exossation : (n) ہڈی نکال لینا ۔

Exostome : (n) برون دہن ۔

Exostosed : (a) برون تعظُم میں مبتلا ۔

Exostosis : (n) [Gr.'exostosis.'] برون تعظُم ۔

Exostotic : (a) برون تعظم سے متعلق یا اس جیسا ۔

Exostracize : (n) [Gr. 'exostrakinzin.'] برادری سے خارج کرکے جلا وطن کرنا ۔

Exoteric : (a) [L.'exnoterieus.'] (۱) عام؛ معمولی ؛ عام پسند ؛ خارجی ؛ ظاہری ۔(۲) (جمع) اصول اور مسائل عامۃ الناس کے لئے ۔

Exoteric : (n) [Gr.'taexoterik.'] (۱) (عقائد ، مسائل ، تقریر وغیرہ) عوام کے لئے قابل فہم ، عامی ؛ عام فہم ۔ (۲) (عام مریدین کا) حلقہ ۔

Exoterical : (a) عام فہم (عقائد وغیرہ) سے متعلق ۔

Exoterically : (adv.) عوام کے فہم کے مطابق ۔

Exoterics : (n) (تعمیرات) تعلیمات عمومی ۔

Exotery : (n) عام فہم عقائد وغیرہ ۔

Exotheca : (n) (حیوانیات) برون صرّہ ۔

Exothecal : (a) (حیوانیات) برون صرّی ۔

Exothecium : (n) (حیوانیات) برون صریہ ۔

Exothermal : (a) (کیمیا) حرارت زا ؛ مخرج حرارت ۔

Exotic : (a) [L.'exoticus.'] (پودے ، لفظ یا رسوم وغیرہ) غیر ملک سے لائے ہوئے ؛ بدیسی ؛ پردیسی ؛ غیر ملکی ؛ بیرونی ۔

Exotic : (n) غیر ملکی پودے ۔

Exoticism : (n) د خیل الفاظ یا محاورے ۔

Exotospore : (a) (نباتیات) بدیسی بذرہ ۔

Exotoxin : (n) سم خارجی ؛ برون سم ۔

Exotropia : (n) (طب) برون رخی ۔

Exotropism : (n) (طب) برون رخی ۔

Expand : (v) [L.'expandere.'] پھیلنا ؛ پھیلانا ؛ تشریح کرنا؛ کھول کر بیان کرنا ؛ بڑا کرنا؛ بڑھانا ؛ پھلانا؛ کھولنا؛ کشادہ کرنا؛ وسعت دینا ۔

Expanding market : (n) (تجارت) توسیعی بازار؛ توسیع پذیر منڈی ؛ وسیع بازار ؛ وسعت پذیر بازار ۔

Expanse : [mod. L.'expansum.'] وسیع رقبہ ؛ وسعت ؛ کشادگی ؛ پھیلاؤ ۔

Expansibility : (n) وسعت پذیری ؛ اتساع پذیری ۔

Expansible : (a) وسعت پذیر ؛ اتساع پذیر ۔

Expansibleness : (n) وسعت پذیری ۔

Expansibly : (adv.) وسعت پذیری سے ۔

Expansile : (a) قابل توسیع ؛ وسعت کا یا اس سے متعلق ۔

Expansion : (n) [Late. L. 'expansis.'] وسعت ؛ پھیلاؤ ؛ کاروبار کا پھیلاؤ ؛ توسیع زر ؛ انجن کے بیلن میں بھاپ کی زیادتی ۔

Diagonal expansion : (تجارت) قطری توسیع ۔

Economic expansion : (تجارت) معاشی توسیع ۔

Industrial expansion : (تجارت) صنعتی توسیع ۔

Monetary expansion : (تجارت) زری توسیع ۔

Triple expansion engine : وہ انجن جس میں بھاپ تین تین بیلنوں میں ہوکر گزرتی ہے؛ بھاپا انجن ۔

Expansion coupling : (n) اتساعی کنڈا ۔

Expansion curb : (n) اتساعی روک ۔

Expansion drum : (n) اتساعی چرخی ۔

Expansion engine : (n) اتساعی انجن ۔

Expansion gear : (n) بھاپ روکنے کا آلہ ۔

Expansion of credit : (n) (تجارت) قرض توسیع ؛ ادھار کی کشاد ۔

Expansion of currency : (n) اتساع زر ۔

Expansion out of demand : (n) (تجارت) طلب توسیع ؛ اتساع طلب ۔

Expansion joint : (n) اتساعی جوڑ ۔

Expansion stide : (n) اتساعی سلائڈ ۔

Expansion valve : (n) اتساعی صمام ۔

Expansionary : (a) توسیعی ۔

Expansionary impulse : (n) (تجارت) توسیعی امنگ ۔

Expansionism : (n) ارضی توسیع پسندی ۔

Expansionist : (n) توسیع پسند ۔

Expansionist policy : (تجارت) توسیعی پالیسی ۔

Expansive : (a) پھیلنے والا : پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والا : وسعت پذیر ؛ وسیع ؛ حاوی ۔

Expansively : (adv.) وسیع طور پر ۔

Expansiveness : (n) پھیلنے کی صلاحیت ۔

Exparte : (a & adv.) [L.] (قانون) یکطرفہ ۔

Expatiate : (v) [L. -'expatial -'.] (کسی مسئلے پرتحریر یا تقریر کو) طول دینا ؛ بے روک ٹوک گھومنا ، پھرنا ؛ (نیز مجازاً) مفصل کہنا یا لکھنا ۔

Expatiater /-or : (n) بسیارگو یا بسیار نویس ۔

Expatiation : (n) پر نویسی ؛ پر گوئی ؛ مفصل نویسی ۔

Expatiative : (a) دیکھو Expansive

Expatiatory : (a) پرنویسی وغیرہ سے متعلق ۔

Expatriate : (v) [L.-'expatriat -'.] (Relf) (۲) جلا وطن کرنا ۔ ترک وطن کرنا ۔ (۳) (قانون بین الاقوام Relf) کسی ملک کے حقوق شہریت سے دست بردار ہو جانا ۔

Expatriate : (a) جلا وطن ۔

Expatriation : (n) جلا وطنی ؛ ترک وطن ؛ نقل وطن ؛ حقوق شہریت سے دست برداری ؛ حقوق شہریت سے محرومی ۔

Expect : (v) [L.'ex (s) pectare.'] توقع کرنا ؛ امیدرکھنا ؛ انتظار کرنا ؛ (روز مرہ) سمجھنا ؛ خیال کرنا ۔

Expectable : (a) متوقع ۔

Expectance / Expectancy : (n) امید ؛ توقع ؛ آس ؛ انتظار ۔

Expectancy : (n) [L.'ex (s) pectantia.'] امید ؛ توقع ؛ حالت ؛ انتظار ؛ آس ؛ انتظار ۔

Expectant : (n) (۱) متوقع ؛ منتظر ؛ امیدوار ۔ (۲) وراثت پانے کا متوقع ۔

Expectant : (a) (۱) متوقع ؛ امیدوارانہ ؛ منتظرانہ ؛ حالت کی معمولی رفتار کی روسے کسی عہدے ،

منصب وغیرہ کا متوقع ؛ (قانون) عود ترکے کا متوقع ؛ وراثت پانے کا متوقع ۔ (۲) عودی ؛ مابعد کا ۔

Expectantly : (adv.) متوقعانہ ؛ امید وارانہ ؛ انتظار کرتے ہوئے ۔

Expectation : (n) توقع ؛ امید ؛ انتظار ؛ وجہ امید ؛ وہ چیز جس کا انتظار ہو ؛ (جمع) ترکہ ملنے کی توقعات ؛ آسرا ؛ آس ۔

Beyond expectation : توقع سے باہر ؛ توقع سے بڑھ کر یا زیادہ ۔

Contrary to expectation : توقع کےخلاف؛ خلاف توقع ؛ خلاف امید ؛ خلاف قیاس ۔

Expectational equilibrium : (n) (تجارت) متوقع توازن ۔

Expectative : (a) [L.'expectativus.'] عود تر کے سے متعلق ۔ امید یا انتظار سے متعلق ؛ انتظار کا ۔

Expectative : (n) متوقع جاگیر ۔

Expected mortality : (n) (تجارت) موت شرح ۔

Expectedly : (adv.) امید کے مطابق ۔

Expecter : (n) توقع کرنے یا رکھنے والا ۔

Expectorant : (adj.) (طب) دافع بلغم ؛ مُخرج بلغم ۔

Expectorant : (n) بلغم نکالنےوالی دوا ۔

Expectorate : (v) [L.'expectorat-'.] کھنکھارنا؛ کھنکھار کر بلغم نکالنا ؛ تھوکنا ۔

Expectoration : (n) (طب) دفع بلغم ۔

Expectorative : (a) دفع بلغم سے متعلق ۔

Expectorative : (n) دافع بلغم ۔

Expede : (v) بھیجنا ۔

Expedience : (n) مصلحت ؛ حکمت ؛ مناسبت حال ۔

Expediency : (n) دیکھو Expedience

Expedient : (a) [L.- 'expedient -]. - (۱) ضروری ؛ مناسب ؛ موزوں ۔(۲) قرین مصلحت (گو عدل کے گونہ خلاف ہو)۔(۳) مناسب حال ۔(٤) مفید ۔

Expedient : (n) تدبیر ؛ ترکیب ؛ مصلحت ؛ چارہ٭ کار ۔

Expediential : (a) مناسب ؛ قرین مصلحت ۔

Expediently : (adv.) مناسب طور پر ؛ مصلحت کی رو سے ۔

Expediment : (n) [Late. and med .L. expedimentum.] جملہ اسباب ۔

Expeditate : (v) کتے کے تین پنجوں کو کاٹ دینا ؛ بیکار کردینا تاکہ شرارت نہ کرسکے ۔

Expeditation : (n) کتے کےتین پنجوں کو کاٹ دینا ۔

Expedite : (v) (کسی کاروائی کے کامیاب بنانے میں) معین ہونا ؛ (کام) چلتا کرنا ؛ کام کی تکمیل کی کوشش کرنا ؛ جلدی کرنا ؛ روانہ کرنا ؛ بھیجنا ۔

Expediter : (n) (کام) چلتا کرنے والا ؛ روانہ کرنے والا ؛ تعجیل کنندہ ۔

Expedition : (n) [OFr. 'expedition .'] (۱) مہم ؛ معرکہ ۔ (۲) بری یا بحری سفر جو کسی مخصوص مقصد کےلئے ہو ۔(۳) اشخاص یا بیڑے جو اس مقصد سےجائیں ۔(٤) تیزی ؛ مستعدی؛ پھرتی؛ عجلت ۔

Expeditionary : (a) مہم سے متعلق ۔

Expeditionist : (n) مہم پر جانے والا ؛ سیر سپاٹے کے لئے جانے والا ۔

Expeditious: (a) پھرتیلا ؛ مستعد ؛ تیز رو ؛ تیز کاروائی کے لئے موزوں ۔

Expeditious dispatch : (n) (تجارت) تعجیلی نبٹاؤ ۔

Expeditiously : (adv.) مستعدی سے؛ تیزی سے ۔

Expeditiousness : (n) مستعدی ؛ تیزی ۔

Expel : (v) [L.'expellere.'] نکالنا ؛ نکال باہر کرنا؛ زورکرکے نکالنا (مثلاً انسان کو کسی مقام سےیا گولی کو بندوق سے) برادری ، مدرسے وغیرہ سے خارج کر دینا ۔

Expellable : (a) نکال باہر کئے جانے کے لائق ۔

Expellant/Expellent : (a) جلاب ؛ مسہل مادے کو خارج کرنے والا ۔

Expellant : (n) (۱) (طب) دافع ۔(۲) مسہل ؛ جلاّب ۔

Expeller : (n) خارج کرنے والا ۔مسہل ۔

Expend : (v) [L.'expendere.'] (کسی چیز یا کسی کام میں روپیہ ، قوت ، توجہ) صرف کرنا ؛ لگانا؛ خرچ کرنا؛ کھپانا ؛ اٹھانا؛ (جہاز رانی) بچی ہوئی رسی کا مستول سے لپیٹ دینا ۔

Expenditure : (n) خرچ ؛ صرفہ ؛ رقم ؛ مصارف ۔

Beneficient expenditure : (تجارت) فلاحی خرچ ۔

Capital expenditure : (تجارت) اہم اخراجات ؛ پونجی خرچ ؛ سرمایہ اخراجات ۔

Compensating expenditure : (تجارت) متلافی خرچ ۔

Contingent expenditure : (تجارت) اتفاقی خرچ ۔

Current expenditure : (تجارت) رواں خرچ ۔

Current public expenditure : (تجارت) رواں خرچ عامہ ۔

Deffered revenwe expenditure : (تجارت) ملتوی مالیاتی خرچ ۔

Exchanged expenditure : (تجارت) عائد کردہ اخراجات ۔

Exhaustive expenditure : (تجارت) جامع خرچ ۔

Investment expenditure : (تجارت) اصل کاری خرچ ۔

Ostenlations expenditure : (تجارت) نمائشی خرچ ۔

Productive expenditure : (تجارت) متناسب خرچ ۔

Proportional expenditure : (تجارت) متناسب خرچ ۔

Public expenditure : (تجارت) سرکاری خرچ ۔

Recurring expenditure : (تجارت) متوالی خرچ ۔

Regressive expenditure : (تجارت) رجعت پذیر اخراجات ۔

Scale up expenditure : (تجارت) اپنے اخراجات ۔

Unproductive expenditure : (تجارت) غیر پیدا آور خرچ ۔

Expenditure equation : (n) (تجارت) تعدیل خرچ ۔

Expense : (n) [Afr. 'expense.'] خرچ ؛ لاگت ؛صرفہ : (جمع) اخراجات ؛ مصارف ؛ خرچ کا موقع ۔

At the expense of : (مجازاً) استخفاف کرکے ؛ تذلیل کرکے ۔

Over head expenses : (تجارت) قائم اخراجات ۔

Working expenses : (تجارت) دائرہ٘ خرچ ۔

Expensive : (a) مہنگا؛ قیمتی ؛ گراں ؛ خرچیلا؛ پُر مصارف ۔

Expensively : (adv.) مُسرفانہ٘ طور پر ۔

Expensiveness : (n) اسراف ۔

Experience : (n) [OFr. 'experience.'] تجربہ ؛ تجربہ کاری ؛ آزمائش ؛ (جمع) واردات مذہب و تصوف ؛ ذاتی علم ۔

Experience : (v) تجربہ کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ آزمائش کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ تجربے سے سیکھنا ۔

Experienced : (a) تجربہ کار ؛ پختہ کار ۔

Experienced mortality : (تجارت) تخفیفی٘ موت شرح ۔

Experiential : (a) تجربی ؛ تجربے سے متعلق ۔

Experiential philosophy : (n) فلسفہ جو معلومات انسانی کی بنیاد تجربے کو قرار دیتا ہے ؛ فلسفہ٘ تجربی ۔

Experientialism : (n) تجربیت ۔

Experentialist : (n) قائل تجربیت ؛ مسلک تجربیت کا معتقد ۔

Experientially : (adv.) تجربے سے ۔

Experiment : (n) [OFr.] (۱) تجربہ ؛ آزمائش ؛ امتحان ۔ (۲) اختیار ۔

Experiment : (v) تجربہ کرنا ؛ آزمائش کرنا ۔

Experimental : (a) تجرباتی ؛ تجرباتی اقدامات ؛ تجربی اختیاری ؛ جو تجربے پرمبنی ہو نہ کہ نقل و روایت یا قیاس پر ؛ امتحانی تجربیت ۔

Experimental cytology : (n) تجرباتی خلویات ۔

Experimental embryology : (n) (حیوانیات ، طب) علمی جنسیات ۔

Experimental mimicry : (لسانیات) تجربی نقالی ۔

Experimental philosophy : تجربی (یا اختیاری) فلسفہ ۔

Experimental phonetics : (لسانیات) تجربی صوتیات ۔

Experimental semantics : (لسانیات) تجربی معنیات ۔

Experimentalism : (n) اختیاریت ۔

Experimentalist : (n) اختیاریت کا ماننے والا ۔

Experimentalize : (v) آزمائش کرنا ؛ تجربہ کرنا ۔

Experimentally : (adv.) آزمائش یا اختیار کی رو سے ۔

Experimentation : (n) تجربہ کرنا ؛ تجربہ کرتے جانا ۔

Experimenter/or : (n) دیکھو Experimentalist

Experimenta : (n) اختیاریت ۔

Expert : (a&n) ماہر ؛ ماہر فن ؛ خصوصی ؛ استاد ؛ مبصر ؛ حاذق ۔

Expertise : (n) [Fr.] ماہر کی رائے ؛ ماہر کا علم ۔

Experto crede(-i) : اس پر بھروسہ کرو جس نےتجربہ کیا ہے ؛ 'پیش طبیب مرو ، پیش تجربہ کار برو' ۔

Expiable : (a) قابل کفارہ ؛ تلافی پذیر ۔

Expiate : (v) [L.' -expiat - '.] کفارہ ادا کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ برجانہ دینا ۔

Expiation : (n) (۱) کفارہ ؛ تلافی ؛ (۲) شفاعت ۔

Expiational : (a) کفارہ سے متعلق ۔

Expiator/Expiatist : (n) کفارہ ادا کرنے والا ۔

Expiatory : (a) کفارہ ادا کرنے والا (غیر کے لئے) تلافی کرنے والا ۔

Expiration : (n) [L.'expiatio.'] خاتمہ(مدت، معاہدے وغیرہ کا) سانس کا نکل جانا ؛ سانس چھوڑنا ۔

Expiratory : (n) سانس چھوڑنے سے متعلق؛ خاتمے سےمتعلق ؛ تنفسی ؛ متعلق بہ تنفس ۔

Expiratory stress : (n) (لسانیات) بیران تنفسی بَل ۔

Expire : (v) [OFr. 'expirer.'] (مدت) ختم ہونا ؛ مرنا ؛ دم دے دینا ؛ سانس چھوڑنا ؛ (آگ) بجھ جانا ؛ صَرف ہو جانا ؛ فوت ہو جانا ؛ تمادی عارضی ہونا؛ میعاد منتظمی ہو جانا ؛ ہو چکنا ۔

Expiree : (n) سزا یافتہ مجرم ۔

Expirer : (n) (۱) مرنے والا ۔(۲) سزا یافتہ مجرم ۔

Expiring : (a) سانس لینے والا ؛ مرنے والا ۔

Expiry : (n) خاتمہ؛ اختتام (مدت ، معاہدے وغیرہ کا) انقضا ۔

Expiscate : (v) [L.' -expiscat .'] ڈھونڈ نکالنا ؛ تلاش وتحقیق کرکے نکالنا ۔

Expiscation : (n) ڈھونڈ نکالنا ؛ تلاش و تحقیق ۔

Expiscator : (n) ڈھونڈ نکالنے والا ؛ تلاش وتحقیق کرنے والا؛ محقق ۔

Explain : (v)[L.'explanare.'] تشریح کرنا؛ وجہ بتانا؛ توجیہہ کرنا ؛ مطلب بتانا یا واضح کرنا؛ جوابدہی کرنا ؛ سمجھانا؛ توضیح کرنا ۔

To explain away : کچھ وجہ جواز پیش کرنا ۔

To explain oneself : اپنے مافی الضمیر کو صاف صاف بیان کرنا یا اپنے طرز عمل کے دلائل اور وجوہ کی تشریح کرنا ۔

Explainable : (a) قابل توجیہ ؛ تشریح و توضیح کے لائق ۔

Explainer : (n) تشریح کرنے والا ؛ توضیح کرنے والا ؛ شارح ۔

Explanate : (a) [L.'explanatus.'] (نباتیات) مسطح ؛ چپٹا ۔

Explanation : (n) توضیح ؛ تعریف ؛ بیان ؛ شرح ؛ تعبیر ؛ تاویل ؛ تفسیر ؛ تصفیہ ؛ جواب (بہ غرض رفع غلط فہمی) التیام ۔

Explanative : (a) تشریحی ؛ توضیحی ؛ بیانی ؛ موضحہ ؛ وصفی ؛ تمثیلی ۔

Explanato - : [L.'explanatus.'] جزو ترکیبی بہ معنی "پھیلا ہوا" ۔

Explanatorily : (adv.) تشریح طور پر تمثیلی طریقے سے ۔

Explanatoriness : (n) تمثیلیت ۔

Explanatory : (a) دیکھو Explanative

Explantation : (n) (حیوانیات) نسیج پروری ؛ عضوی کشت ۔

Expletive : (n) [Late L.'expletivus.'] حشو ؛ اشباعی ؛ کلمہ ٔ زائد؛ حرف زائد ؛عبارت زائد ۔(۲) غیرضروری یا فجائیہ قسم کے لفظ جو حسن بیان کےلئے استعمال کئے جاتےہیں ۔(۳) بھرتی کا آدمی یا چیز ۔(٤) (تعمیرات) جاگیر ؛ بھراؤ پتھر ۔ (٥) تکیہ کلام ۔

Expletive : (a) حشوی ؛ اشباعی ؛ بھرتی کا ؛ بھرتی کے لئے ؛ زائد ۔

Expletively : (adv.) بطور کلمہ زائد ۔

Expletiveness : (n) کلمہ زائد ہونا ۔

Expletory : (a) بھرتی کے لئے ؛ بھرتی کا ۔

Explicable : (a) [Fr.] قابل توضیح ؛ قابل تشریح ؛ توضیحی ؛ شرحی ؛ شرح کے قابل ؛ بیانی ۔

Explicate : (v) [L.' -explical - '] (کسی اصول یا مسئلے کی) بتدریج تکمیل کرنا؛ پھیلانا؛ تغیر کرنا؛ تاویل کرنا ؛ روشن کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ مرتب کرنا ۔

Explication : (n) تدریجی تکمیل ؛ توضیح ؛ شرح ؛ بیان ؛ وضاحت ؛ تشریح ۔

Explicative/Explicatory : (a) (منطق) توضیحی ؛ شرحی ؛ بیانی ؛ تفریحی ۔

Explicatively : (adv.) توضیحی طور پر ؛ بطور شرح ۔

Explicit : (n) [L.] تمت ؛ تمام شد (کتاب) ۔

Explicit : (a) [Fr.'explicite.'] صریح ؛ قطعی ؛ واضح ؛ مفصل ؛ روشن ؛ آشکار ؛ صاف ؛ معین ؛ مشرح ؛ صاف گو ؛ کھرا (شخص) ۔

Explicit faith : (n) ایمان مفصل ۔

Explicit function : (n) صریح تفاعل ۔

Explicit -interest : (n) (تجارت) قطعی سود ۔

Explicitly : (adv.) صراحت سے ؛ وضاحت سے ؛ صراحتاً ؛ بالصراحت ۔

Explicitness : (n) وضاحت ؛ صراحت ۔

Explode : (v) [L.'explodere.] (۱) دھماکے سے پھٹنا ؛ بھک سے اڑجانا ؛ دھماکا کرنا ۔(۲) (نظریئے ، مغالطے ، استدلال وغیرہ کی) پردہ دری کرنا یاتغلیط کرنا ۔ (۳) پھٹکارنا ۔ (٤) (صوتیات) انفجاری آواز نکالنا ۔

To explode a bombshell : غیر متوقع اورسنسنی خیز باتوں کا انکشاف کرنا ۔

Explodent : (n) دھماکے سے پھٹنے والا ؛ بھک سے اڑجانے والا (مادہ) ؛ شعلہ گیر ۔

Exploder : (n) دھماکا کرنے والا ؛ بارود کے دھماکا کرنے کا ایک اوزار یا ترکیب ۔

Exploit : (n) [ME.'esploit, explait.] کار نمایاں ؛ کارنامہ ؛ مہم ؛ معرکہ ۔

Exploit : (v) [ME.'expleite.'] پوری طرح استفادہ کرنا ؛ پورا استعمال کرنا ؛ لوٹ کھسوٹ کرنا؛ ناجائز فائدہ اٹھانا ۔

Exploitable : (a) کام لینے یا کام میں لانے کے قابل ؛ استفادہ کے لائق ؛ قابل استفادہ ۔

Exploitage : (n) معاون وغیرہ کا کام نفع بخش طور پر چلانا ۔

Exploitation : (n) ناجائزانتفاع ؛فائدہ یانفع اٹھانا ؛ اشتہار ؛ انتشار ؛ معروفیت ؛ استخراج ؛ استحصال ؛ جلب منفعت ۔

Exploitative : (a) (معاشیات) انتفاعی ۔

Exploiter : (n) ناجائزانتفاع کرنے والا؛ استحصال کرنےوالا ۔

Exploiture : (n) ناجائز انتفاع ؛ استحصال ۔

Exploration : (n) غیر معروف علاقے کی سیاحت ؛ گہرا مطالعہ؛ غوروخوض ؛ تحقیق وتفتیش ؛ کھوج ؛ تگا پو ؛ باز رسی ؛ استقصاء ؛ اکتناف ارض ؛ تلاش کاری ۔

Explorative : (a) تفتیش و تلاش سے متعلق ؛اکتنافی ؛ سیاحتی ۔

Explorator : (n) کاشف ؛ جستجو کرنے والا ؛ کسی خطہ ملک وغیرہ کا کھوج لگانے والا ؛ تلاش کار ۔

Exploratory : (a) دیکھو Explorative

Explore : (v) غیر معروف علاقے کی سیاحت کرنا ؛ گہرا مطالعہ کرنا ؛ خوب غور کرنا ؛ (غیر معلوم خطرے وغیرہ کی) چھان بین کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ (زخم وغیرہ کو) ہاتھ سےٹٹولنا ؛ (طب) استقصاء ؛ چھان مارنا ۔

Explorer : (n) دیکھو Explorator

Explorement : (n) دیکھو Exploration

Exploring : (n) چھان بین ؛ کھوج ؛ تلاش ؛ استقصاء ۔

Explosible : (a) قابل انفجار ؛ بھک سے اڑائے جانے کی قابل ۔

Explosion : (n) [L.'explosio.'] (۱) دھماکا ؛ بھڑاکا ؛ زور دار آواز سے پھوٹنایا چھوٹنا ۔ (۲) (غصے وغیرہ کا) بھڑک اٹھنا ۔ (۳) شکست ؛ نا کامی ؛ رد ؛ نا قابل قبول ؛ آتش گیری ؛ احتراق ؛ اشتعال ؛ انفجار ۔

Explosion insurance : (n) (تجارت) آتش گیر دھماکا بیمہ ۔

Explosive : (n&a) (۱) دھماکے سے پھٹنے والا؛ بھک سےاڑجانے والا (مادّہ) ؛ قابل احتراق ؛ انفجاری ؛ دھماکو ؛ شعلہ گیر ۔(۲) تلفظ میں سانس کے ایک دم رکنے سے جو اصوات پیدا ہوتی ہیں (جیسے b, t, d, p, g, k) ۔

Hight explosive : بھک سےاڑ جانے والی وہ قسمیں جو گولے وغیرہ میں بہت زور سے پھٹتی ہیں ۔

Explosively : (adv.) دھماکے سے ؛ بھک سے؛ زور دار آواز سے ؛ تڑاق سے ۔

Explosiveness : (n) دھماکا پن ؛ تڑاقاپن ۔

Exponent : (a&n) [L.'exponent.'] پیش کرنے والا ؛ بیان کرنے والا ؛ شارح ؛ (الجبرا) قوت نما ؛ (موسیقی) ترجمان ؛ نمونہ ؛ نمائندہ ؛ تعریف کرنے والا ۔

Exponential : (a) [Fr.'exponential.'] نمائشی ؛ توضیحی ؛ نمائش دہندہ ۔

Exponential : (n) قوت نمائی عدد یا تفاعل ۔

Exponential aquation : (n) (طب) قوت نمائی مساوات ۔

Exponential theorem : (n) (طب) مسئلہ قوت نما ۔

Exponible : (a) [med. L.'exponsibilis.'] قابل توضیح ۔

Exponible : (n) قابل توضیح قضیہ ۔

Export : (n) برآمد ؛ برآمدی تجارت ؛ مال برآمد؛ دساور ؛ (جمع اشیائے دساور) ؛ نکاسی ؛ برآمدگی ؛ صدور ؛ حمل ۔

Invisible export : غیر مرئی برآمد ۔

Visible export : مرئی برآمد ۔

Export : (v) [L.'exportare.] برآمد کرنا ؛ بندر گاہ سے باہر باہر کھینچنا؛ (مال) غیر ممالک کو بھیجنا؛ دساور چڑھانا ؛ (غیر ممالک کو) ۔

Export biased industry : (n) (تجارت) برآمد مائل صنعت ۔

Export bill of lading : (تجارت) برآمدی جہاز بلٹی ۔

Export duty : (n) محصول برآمد ۔

Export invoice : (n) (تجارت) برآمدی بیجک ۔

Export license : (n) (تجارت) برآمدی لائسنس ۔

Export marchant : (n) (تجارت) برآمدی بیوپاری (تاجر) ۔

Export order : (n) (تجارت) برآمدی آڈر ۔

Eport point : (n) (تجارت)نقطہ٭ برآمد ۔

Export rates : (n) (تجارت) برآمدی شرحیں ۔

Export traffic : (n) (تجارت) برآمدی ذرائع آمد و رفت ۔

Exportable : قابل برآمد ؛ برآمدنی ؛ باب بیروں ۔

Exporter : (n) برآمد کرنے والا ۔

Exposal : (n) کھلا ہوا ہونا ؛ فلم کا اکسپوزر ؛ ظہور ؛ کھلا ہوا رہنا ۔

Expose : (v) [OFr.'exposer.'] (خصوصاً دھوپ یابارش میں) ڈال دینا یا پڑا رکھنا ؛ (خطرے میں) ڈالنا؛ (عکاسی) پلیٹ کوروشنی پہنچانا ؛ (بچے کو) نکال باہر کرنا؛ قسمت پر چھوڑ دینا ؛ شیر خوار کو پھینک دینا ؛ ظاہر کرنا؛ کھولنا ؛ کھول کر رکھنا ؛ نمایاں کرنا ؛ نمائش کرنا ؛ فروخت کےلئے پیش کرنا؛ بغیرحفاظت کےحملہ کرنے کےلئے چھوڑ دینا؛ (راز) فاش کردینا؛ پردہ دری کرنا ۔

Expose : (n) [Fr.] اظہار واقعات ؛ بیان جس سے پوشیدہ باتیں معلوم ہوں ۔

Exposedness : (n) نمائش ؛ کھلا ہوا ہونا ۔

Exposer : (n) نمائش کرنے والا ؛ کھونے والا ؛ دکھانے والا ۔

Exposition : (n) [OFr.] بیان ؛ تفسیر ؛ تشریح ؛ نمائش ؛ دکھاوا ؛ پردہ دری ؛ نتیجہ ؛ عاقبت ؛ افشا ؛ نمائش ۔

Expositional : (a) تشریحی ؛ نمائشی ۔

Expositive : (a) بیانیہ ؛ تشریحی ؛ تفسیری ؛ توضیحی ۔

Expositor : (n) شارح ؛ بیان کرنے والا ؛ تفسیر کرنے والا ؛ مفسر ؛ وضاحت کرنے والا ۔

Expository : (a) تشریحی ؛ توضیحی ؛ نمائشی ؛ تفسیری ۔

Expost facto : (a) (۱) (قانون) اپنے نفاذ سے پہلے کے امور پر اثر ڈالنے والا ۔(۲) (انتظامیہ)استقدامی اثر ۔ (۳) (تاریخ) اثر معکوس ؛ بعد وقوع واقعہ ۔

Expost facto law : (n) قانون جو اپنے وضع ہونے سے پہلے کے معاملات یا قضایاپر بھی چلے ۔

Expost investment : (n) (تجارت) حقیقی اصل کاری ۔

Expost saving : (n) (تجارت) حقیقی بچت ۔

Expostulate : (v) [L.'expostulat -'.] رد و کد کرنا ؛ مدلل مگر دوستانہ اصرار کرنا؛ دوستانہ نصیحت کرنا؛ عتاب کرنا ؛ (دوستانہ طور پر) متنبہ کرنا ؛ دوستانہ شکوہ و شکایت کرنا یا الزام دینا ؛ (کسی شخص سے کسی معاملےمیں) ردوبدل کرنا ۔

Expostulation : (n) دوستانہ اصرار؛ افہام ؛ تفہیم؛ ہمدردانہ گلہ شکوہ ؛ تنبیہہ ؛ دوستانہ سرزنش ؛ نصیحت آمیز عتاب ؛ تعرض ؛ مباحثہ ۔

Expostulator : (n) سمجھانےوالا ؛ تنبیہہ کرنے والا ؛ نصیحت کرنے والا ؛ ناصح ۔

Expostulatory : (a) اعتراض آمیز ؛ شکایت آمیز ؛گلہ آمیز ؛ عتاب آمیز ؛ سرزنش آمیز ؛ تعرض آمیز ؛ نکوہش آمیز ۔

Exposure : (n) [f.EXPOSE. (v)] (۱) کھلا ہوا ہونا؛ پردہ دری؛ فلم کا اکسپوزر؛ ظہور؛ اکسپوزر کا وقفہ ؛ تکشف ؛ (ہوا ، سردی ، گرمی یا خطرے کا سامنے) کھلا ہوا رہنا ۔(۲) بچے کو باہر پھینک دینا ؛ بکاؤ مال کی نمائش ؛ (فلکیات) ربع فلکی ۔

Southern exposure : جنوبی ربع فلکی ۔

Expound : (v) [ME.'expoune.'] بیان کرنا ؛ شرح کرنا ؛ تفصیل کرنا؛ (کلام ربانی کی) تفسیر کرنا ؛ (نیانظریہ) پیش کرنا؛ تفصیل سے سمجھانا ؛ یاد کرنا ؛ تعلیم دینا ؛ تعریف وتشریح کرنا ؛ واضح کرنا ۔

Expounder : (n) مفسّر ؛ شارح ۔

Express : (v) [OFr. 'expres.'] ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ (رس) نکالنا ؛ تعریف کرنا ؛ بیان کرنا ؛ شرح کرنا ؛ پہنچانا ؛ کسی چیز پر دلالت کرنا ؛ تعبیر بیان کرنا؛ نچوڑنا ؛ پکڑنا ؛ کسی تیزرو ذریعے سے بھیجنا ؛ کسی کا نمائندہ ہونا؛ (ریاضیات) علامات کے ذریعے سے ظاہر کرنا؛ اظہار مطلب کرنا؛ ادا کرنا ۔

Express : (a) قطعی؛ واضح ؛صریح ؛ بیّن ؛ خاص ؛ مخصوص ؛ بالخصوص ؛ روشن ؛ معین ؛ جلد ؛ کسی قاصد یا ریل سے (بھیجنا) ؛ خاص تیزرو قاصد ؛ فوری ترسیل ؛ تعجیلی ۔

Express : (v) تعجیلی ڈاک سے بھیجنا ؛ یکسپریس ٹرین سے سفر کرنا ۔

Express : (adv.) فوری ترسیل سے ؛ اکسپرس سے؛ خصوصاً ؛ بیّن طور پر ؛ صریحاً ۔

Express : (n) اظہار ؛ بیان ؛ عبارت ؛ ادا ؛ تصویر ؛ یکسپریس ٹرین ؛ رائفل ۔

Express acceptance : (n) (تجارت) واضح منظوری ۔

Express authority : (n) واضح اختیار ۔

Express delivery : (n) فوری تقسیم؛ وہ ڈاک جو خاص برکارہ کے ذریعہ بھیجی جائے ؛ تعجیلی تقسیم ۔

Express proposal : (a) (تجارت) واضح تجویز ۔

Express train : (n) تیز گاڑی جو (چھوٹا) درمیانی اسٹیشن چھوڑ جائے ۔

Expressage : (n) تعجیلی ڈاک سے پارسل بھیجنا اور اس کا خرچ ۔

Expresser /- or : (n) ادا کرنے والا ؛ اظہار کرنے والا ۔

Expressible : (a) قابل ادا ؛ قابل اظہار؛ کہنے کے قابل ۔

Expression : (n) [OFr.] (ریاضیات) عبارت ؛ رقم ؛ جملہ ؛ اظہار بیان ؛ (اپنے جذبات کا) اظہار کرنا ؛ کلمات ؛ نظیریں ؛ چہرہ ؛ بشرہ ؛ لب ولہجہ ؛ (فنون لطیفہ) کسی خصوصیت کے اظہار کا ڈھنگ ؛ وضع ؛ نچوڑ ؛ محاورہ (الجبرا) علامات کا مجموعہ جو کسی مقدار کو ظاہر کرے ؛ باجے کو اس طرح بجانا کہ راگ کی تہ میں جو جذبات ہیں وہ ظاہر ہو جائیں ؛ تجلی ؛ اصطلاح ؛ قیافہ ؛ ادا؛ کلمہ بندی ؛ اظہار؛ اعتقاد ۔

Expression-mark : (n) موسیقی کی علامت ۔

Expression stop : (n) (ہارمونیم) وقفہ جس کی وجہ سے سُر بدل جاتا ہے ۔

Expressional : (a) (۱) (زبان) اسلوبی ۔(۲) بشرے کا ۔ (۳) باطن نگارانہ ؛ اصطلاحی ؛ توصیفی ؛ گویائی ۔

Expressionism : (n) باطن نگار صناع کاطرز ، طریقہ یا رویہ ؛ باطن نگاری ؛ انشائیت ؛ (فلسفہ) اظہاریت ۔

Expressionist : (n) (فنون لطیفہ) صناع جس کے پیش نظر باطنی خصوصیات کا اظہار ہو ۔ (نفسیات) باطن نگار ۔

Expressionistic : (a) باطن نگارانہ صناعی سے متعلق ۔

Expressionless : (a) مگھم ؛ بے کیف ؛ جس کے چہرے سے ظاہر نہ ہوتا ہو ؛ بے روح ؛ بے حالت ۔

Expressive : (a) [Fr.'expressif.'] اظہار کرنے والا ؛ دلالت کرنے والا ؛ رسا ؛ مبین ؛ پُر معنی ؛ معنی خیز ؛ نمائندہ ؛ پُر دال ؛ خبر کرنے والا ؛ اشارہ کرنے والا ؛ (فلسفہ) مُظہر ۔

Expressively : (adv.) خاص طور پر ؛ پر معنی طور پر ؛ بلیغ انداز سے ۔

Expressiveness : (n) اثر ؛ رسائی ؛ صراحت ؛ گویائی ؛ اظہاری صلاحیت ؛ معنویت ۔

Expressivity : (n) (فلسفہ) مظہریت ۔

Expressless : (a) نا قابل بیان یا اظہار ۔

Expressly : (adv.) تیزی سے ؛ تعجیلاً ۔

Expressman : (n) وہ شخص جو پارسل وصول کرتا ہے اور تقسیم کرتا ہے ۔

Expressness : (n) تیزی ؛ تعجیل ۔

Exprobation/Exprobration : (n) ملامت آمیز الفاظ ؛ ملامت ؛ سرزنش ؛ توبیخ ؛ عیب جوئی ۔

Expromission : (n) [L.] (قانون) وہ قانون جس کی رو سے نیا قرض دار پہلے قرض دار کا قرض اپنے ذمہ لے لیتا ہے ۔

Expromissor : (n) (قانون) ادائی قرض کا وعدہ کرنے والا ۔

Expropriate : (v) بے دخل کرنا ؛ (جانداد) غصب کرلینا ؛ کسی چیز پر قابض ہوجانا ؛ ضبط کرلینا ۔

Expropriation : (n) بے دخلی ؛ غصب ؛ ضبطی ؛ قبضہ ؛ تصرف ؛ سلب املاک ؛ استملاک ؛ ضبطی جانداد ؛ سرکاری قبضہ ۔

Expropriator : (n) بے دخل کرنے والا ؛ غصب کرلینے والا ۔

Exproprietory : (n) ساقط ملکیت ۔

Expulsion : (n) [L.'expulsio.'] نکالنا ؛ اخراج ؛ خارج کرنا ؛ بے دخلی (قانون) ۔

Expulsive : (a) [OFr.'expulsif.'] مخرج ؛ واقع (ادویہ وغیرہ) ۔

Expunction : (n) [L.'expunctio.'] مٹانا ؛ محو کرنا ؛ خارج کرنا ؛ قلمزد کرنا ؛ محو ؛ قلم زدگی ۔

Expunge: (v)[L.'expungere.'] (الفاظ عبارت سے) خارج کرنا ، قلم زد کردینا ؛ مٹا دینا ؛ نکال ڈالنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ ترک کرنا ۔

Expurgate : (v) [L.expurgat-.] قابل اعتراض حصے ، عبارت ؛ اور فقرے سے (کتاب وغیرہ کو) پاک کردینا ؛ اخراج کرنا ؛ تخریج ۔

Expurgation : (n) قابل اعتراض حصوں کا اخراج ؛ تنقیہ ؛ (فلکیات) خروج از گہن ؛ اخراج ۔

Expurgator : (n) خارج کرنے والا ؛ پاک صاف کرنے والا ۔

Expurgatorial : (a) محو کرنے والا ؛ خارج کرنے والا ۔

Expurgatory : (a) تخریجی ؛ اخراجی ۔

Exquisite : (a&n) [L.'exquisitus.'] نفیس ؛ نہایت عمدہ ؛ بہت خوشنما ؛ انتہائی (خوشی یا تکلیف) ؛ نازک احساس ؛ چھیلا ؛ البیلا ؛ بانکا ؛ رنگیلا ؛ چھبیلی ۔

Exquisitely : (adv.) نزاکت سے ؛ نفاست سے ۔

Exquisiteness : (n) نفاست ؛ نزاکت ۔

Exquisitism : (n) بانکپن ؛ چھیلاپن ۔

Exsaction : (n) (جراحی) قطع عضو ؛ استیصال ۔

Exsanguinate : (v) [L.'exsanguinatus.'] لہو بہنا ؛ خون کا اخراج ۔

Exsanguine : (a) بے خون ؛ جس میں خون نہ ہو ؛ (طب) کم خون ۔

Exsanguinity : (n) خون کی کمی ؛ کم خونی ۔

Exsanguinous /Exsanguious / Exsangueous : (a) بے خون ؛ کم خون ۔

Exscind : (v) [L.'exscindere.'] قطع کرنا ۔

Exsect : (v) [L.'- exsect.'] کاٹ کر الگ کرنا ۔

Exsection : (n) کاٹ کر الگ کرنا ؛ قطع ۔

Exsert : (v) باہر نکلنا ۔

Exsert : (a) برآمدہ ۔

Exserted : (a) (نباتیات) برآمدہ ۔

Exsertible : (a) قابل برآمد ۔

Exsertion : (n) باہر نکلنا ؛ باہر نکالنا ۔

Exsertile : (a) [Fr.] باہر نکالنے کے لائق ۔

Exsiccant : (a) [L.'exsciccant.'] سکھانے والا ؛ خشک کرنے والی ۔

Exsiccant : (n) سکھانے والی دوا ؛ خشک کرنے والی دوا ۔

Exsiccate : (v) [L.] خشک کردینا : بہابہا کرخشک کردینا ۔

Exsiccative : (a) خشک کرنے والا یا خشکی پیدا کرنے والا ۔

Exsiccative : (n) خشک کرنے والی یا خشکی پیدا کرنے والی دوا ۔

Exspuition : (n) (طب) بلغم اندازی ؛ تھوکنا ۔

Exstipulate : (a) (نباتیات) بے پتیا ۔

Exstrophy /Extrophy : (n) [Gr. 'ex+ troph.'] (طب) تشوہ ؛ برون گردانی ۔

Exsuccous : (a) [L.] بے رس ۔

Exsuction : (n) چوس کر باہر نکالنا ۔

Exsufflate : (v) پھونک کر بھگانا ۔

Exsufflation : (n) جھاڑ پھونک ؛ (حیوانیات) قسری ؛ زفیر ۔

Exsurge : (v) [L.'exsurgere.] بلند ہونا ؛ اونچا ہونا ۔

Exsurgent : (a) بلند ؛ اونچا ، مُرتفع ۔

Exta : (n) [L.] آنتیں : آنتیں جن سے فال نکالا جاتا تھا ۔

Extant : (a) [L.- ex (s) tant -'.] (۱) اب تک موجود(قلمی نسخہ وغیرہ)؛ موجود ۔(۲) ابھرا ہوا ؛ نکلا ہوا ۔

Extasy : دیکھو Ecstasy

Extemporaneous /Extemporary : (a) برجستہ ؛ فی البدیہہ ؛ مرتجل ۔

Extemporaneously / Extemporarily : (adv.) فی البدیہہ ۔

Extemporaneousness : (n) برجستگی ؛ بدیہہ گوئی ۔

Extempore : (adv.&a) [L.'ex tempore.'] برجستہ ؛ ارتجالاً ؛ مرتجل ؛ فی الوقت ۔

To speak extempore : فی البدیہہ ؛ بروقت یابرجستہ تقریر کرنا ۔

Extemporization : (n) بدیہہ گوئی یا ارتجال ۔

Extemporize: (v) برجستہ تقریر کرنا (یا گانا) ؛ فی البدیہہ تقریر کرنا یا شعر کہنا ۔

Extemporizer : (n) برجستہ تقریر کرنے والا ۔

Extend : (v) [L.'extendere.'] لمبا کرنا؛ بڑا کرنا؛ وسیع کرنا؛ (مدت میں) اضافہ کرنا ؛ پاؤں پھیلا کرلیٹنا ؛ پہنچنا؛ پہنچانا ؛ پھیلنا؛ پھیلانا ؛ پیش کرنا ؛ دینا ؛ (مختصر نویسی کی تحریر وغیرہ کو) پورے خط میں لکھنا ؛ (ہاتھ) دراز کرنا ؛ (شفقت ، عنایت) وسیع کرنا ؛ (قانون) زمین وغیرہ کی قیمت لگانا؛ بہ علت قرض قرق کرلینا (زمین وغیرہ کو) ؛ (کھیل کا محاورہ) (گھوڑے یا پہلوان وغیرہ کی) قوتوں پر انتہائی بارڈالنا ؛ (فوج) بیچ بیچ میں یکساں فاصلہ چھوڑ کر صف بندی کرنا ۔

Extended : (a) (۱) پھیلا ہوا ۔(۲) جاری ۔(۳) وسیع ۔ (٤) (قانون) قرض کی ادا ئی کے لئے ضبط کیا ہوا ۔

Extended bond : (n) (تجارت) معیار اضافہ بانڈ ۔

Extended burial : (n) (تاریخ) اعضا کو پھیلاکر دفنانا ۔

Extended coverage : (n) (تجارت) توسیع شدہ احاطگی تصدیق ۔

Extended disability : (n) (تجارت) توسیعی معذوری مفاد ۔

Extendedly : (adv.) پھیل کر ۔

Extendedness : (n) پھیلاؤ ؛ وسعت ۔

Extender/Extendor : (n) پھیلانے والا ؛ بڑھانے والا ؛ وسیع کرنے والا ۔

Extendible/Extensible : (a) وسعت پذیر ۔

Extensibleness : (n) وسعت پذیری ۔

Extensibility : (n) وسعت پذیری ۔

Extensile : (a) جو آگے بڑھایا جاسکے ؛ آگےنکالا جاسکے ؛ وسعت پذیر ؛ پیش آمدنی ؛ وسیع کنندہ ۔

Extensimeter/Extensometer : (n) (عضویات) استعداد پیما ۔

Extension : (n) [Late.L.'extensio.'] توسیع ؛ وسعت ؛ پھیلاؤ ؛ اضافہ ؛ گنجائش ؛ فراخی ؛ کشادگی؛ توسیعی ٹیلیفون ؛ زیادتی ؛ کثرت ؛ (ریل ، خاکے ، نظرئے وغیرہ کا) زائد حصہ ؛ (نحو) مبتدا یا خبر کی توسیع ؛ امتداد؛ کھچاؤ ؛ تعمیم ؛ (منطق) تعمیم ؛ (عضویات) راستی (عضویات) ۔

University extension : غیر اقامتی طلبا کا داخلہ

یونیورسٹی کی تعلیم یا امتحان کے بعض شعبوں میں ۔

Extensional : (a) توسیعی ؛ تعمیمی ۔

Extensionist : (n) توسیع کا حامی ۔

Extensity : (n) (فلسفہ) وسعت ؛ امتدادیت ۔

Extensity of pleasure : (n) (فلسفہ) وسعت لذت ۔

Extensive : (a) دور تک پھیلا ہوا ؛ بہت ؛ بڑا ؛ پورا ؛ مکمل ؛ جامع ؛ فراخ ؛ حاوی ؛ وسیع (زرعی پیداوار) جس کا دارومدار) رقبہ ٔ اراضی کی وسعت پر ہو ۔

Extensively : (adv.) وسیع طور پر ؛ جامع طور پر ۔

Extensiveness : (n) وسعت ؛ پھیلاؤ ؛ فراخی ؛ کشادگی ۔

Extensor : (a) (حیوانیات) باسط ؛ پھیلانے والا ؛ باسطہ ۔

Extensor/Extenso-muscle : (n) (طب) عضلہ باسطہ ؛ عضلہ ٔ منبسطہ ؛ وہ عضلہ جس سے جسمانی عضو پھیلایا جاسکتا (یا سیدھا کیا) جاسکتا ہے ۔

Extensory : (a) بسطی ؛ انبساطی ۔

Extensum : (n) [L.] جسم منبسط ۔

Extent : (n) [ME.'extente.'] (۱) رقبہ ؛ پھیلاؤ ؛ بسط ۔ (۲) (قانون) (زمین وغیرہ کی) حد ؛ وسعت ، قیمت لگانا؛ ترقی ؛ ترقی نامہ ؛ فراخی ؛ اندازہ ؛ قلمرو ؛ حملہ ، شبخون ؛ میدان ؛ حدود ؛ (قانون) قرقی ؛ قرقی نامہ ۔(۳) تعمیم ۔

A vast extent of Marsh : ایک بڑے دلدل کا رقبہ ۔

To agreat extent : ایک بڑی حد تک ۔

To the full extent of (his) power : پوری طاقت بہر ۔

Extenuate : (v) [L.] جرم ؛ معصیت وغیرہ کی اہمیت کو کم کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ گھٹانا ؛ رقیق کرنا ؛ تخفیف کرنا؛ لاغر کرنا ؛ (قدیم) دبلا کرنا؛ کمزور کرنا ۔

Extenuating circumstances : (n) تخفیفی حالات ۔

Extenuation : (n) کم کرنا یا ہلکا کرنا ؛ تخفیف ؛ بے حالی ؛ لاغری ؛ شدید ضعف ۔

Extenuator : (n) کم کرنے والا ؛ ہلکا یا تخفیف کرنے والا ۔

Extenuatory : (n) ہلکا کرنے والی (شے) ؛ تخفیف کرنے والی (حرکت) ۔

Exterior : (a) [L.] باہری ؛ خارجی ؛ بیرونی جو باہر کی جانب واقع ہو ؛ ظاہری ؛ خارجی سطح کے درمیان واقع ہو ۔

Exterior : (n) ظاہری صورت یا حالت ؛ ناآشنا ؛ خارج بیرون ؛ ظاہر ۔

Exterior angle : (n) (ریاضی) زاویہ ٔ خارجہ ؛ باہری زاویہ ۔

Exteriority : (n) باہری ، خارجی یا بیرونی ہونا؛ خارجیت ؛ ظاہری طور پر دلبستگی؛ (فلسفہ) بیرونگی ۔

Exteriorization : (n) تجسیم ۔

Exteriorize : (v) وجود خارجی قرار دینا ؛ تخیل کو خارجی (مجسم) شکل میں دیکھنا؛ تجسیم (طب) پیٹ سے باہر نکلنا ؛ شعوری کیفیت کو خارجی زندگی عطا کرنا ۔

Exteriorly : (adv.) بیرونی طور پر ؛ اوپری طور پر ؛ باہر؛ ظاہری ؛ ظاہراً ۔

Exterminable : (a) قابل استیصال ، مٹادئے جانے کے لائق ۔

Exterminate : (v) [L.'- exterminat -'.] استصال کرنا ؛ جڑ کاٹ دینا؛ نیست و نابود کردینا؛ مٹا دینا؛ باہر نکالنا ؛ منہدم کرنا ؛ آفات کو دفع کرنا ۔

Extermination : (n) استیصال ؛ بیخ کنی ؛ انہدام ؛ اخراج ؛ رفع ؛ قلع و قمع ؛ جڑ سے اکھاڑنا ۔

Exterminative : (a) استیصالی ۔

Exterminator : (n) بیخ کن ؛استیصال کرنےوالا؛ جڑ سےکاٹنے والا ، منہدم کرنےوالا ۔

Exterminatory : (a) استیصالی؛نابود کرنےوالا؛ مادہ ٔ انہدام ۔

Extern /Externe : (n) (۱) غیر اقامتی (طالب علم) ۔ (۲) بیرونی معالج ۔(۳) نیم راہبہ ۔

External/Extern : (a) [med. L. 'externalis.'] باہری؛ بیرونی ؛ خارجی ؛ اکتسابی ؛ کم مایہ ؛ خارجی استعمال کی (دوا) ظاہری ، کائنات خارجی سے متعلق ۔

External : (n) خارجی استعمال کی دوا ؛ (مذہب) (اعمال) ظاہری ؛ خارج ؛ بیرونی ؛ ظاہر ؛ سطح ؛ (جمع) صورت ظاہر ؛ ہیئت ظاہر ؛ امور ظاہری ؛ امور دنیوی ۔

External affair ministry : (n) (انتظامیہ) وزارت امور خارجہ۔

External cleft : (n) (حیوانیات) بیرونی درز۔

External convertibility : (n) (تجارت) خارجی بدل پذیری۔

External depreciation : (n) (تجارت) خارجی فرسودگی۔

External diseconomics : (n) (تجارت) خارجی عدم کفایات۔

External economies : (n) (تجارت) خارجی کفایات۔

Externat epidermal layer : (n) (حیوانیات) بیرونی جلدی پرت۔

External evidence : (n) بیرونی شہادت (مسئلے کی اندرونی شہادت کے مقابل)۔

External fertilization : (n) (حیوانیات) بیرونی باروری۔

External hiatus : (n) (لسانیات) خارجی سکتہ۔

External lobe : (n) (حیوانیات) بیرونی فص۔

External morphology : (n) (حیوانیات) بیرونی شکلیات

External resources : (n) (تجارت) بیرونی وسائل۔

External world : (n) کائنات خارج از ذات شعوری؛ عالم خارجی۔

Externalia : (n) (تشریح) بیرونی اعضائے تناسل۔

Externalism : (n) ظاہر پرستی؛ خارجیت۔

Externality : (n) اوپری پن؛ سطحی پن؛ ظاہر داری؛ بیگانگی؛ خارجیت؛ احوال ظاہر؛ وجود خارجی؛ واقعیت خارجی، ظاہر صورت۔

Externalization : (n) تجسیم۔

Externalize : (v) ظاہری صورت دینا؛ خارجی وجود قائم کرنا، بیرونی قالب پہنانا؛ مجسم کرنا؛ عقلی دلائل کے موافق تعبیر کرنا؛ عقلی استدلال کے ذریعہ تفسیر کرنا۔

Externalized : (a) (فلسفہ) متخرج۔

Externally : (adv.) بیرونی طور پر؛ بظاہر؛ ظاہراً۔

Externals : (n) احوال ظاہر، اجزائے غیر اہم۔

Externat : (n) [Fr.] اسکول جس میں اقامت گاہ نہ ہو۔

Externity : (n) خارجیت؛ خارجی حصہ۔

Exteroceptor/Exteroceptive : (n) (حیوانیات) برون گیرہ؛ (تشریح) برون گیر؛ بر آخذ؛ (فلسفہ) بیرونی آخذ۔

Exterrestrial : (a) غیر ارضی۔

Exterritorial : (a) (سفرا وغیرہ کے سفارت خانے) ملکی قانون کی دسترس سے باہر؛ سرحد سے باہر؛ علاقہ سے باہر۔

Exterritoriality : (a) حقوق برون مرزی، حق خارج المملکتی؛ حقوق خارج المملکتی؛ معافیت و معصومیت نمائندہ سیاسی؛ علاقہ سے باہر ہونا؛ حدود ملکی سے باہر ہونا۔

Extinct : (a) [L.'ex (s) tinctus.'] (۱) (آگ وغیرہ) بجھی ہوئی۔(۲) (کوہ آتش فشاں) بجھا ہوا؛ (زندگی کی امید وغیرہ) بجھی ہوئی؛ (خاندان/طبقہ) مردہ؛ ناپید؛ (عہدہ، منصب) متروک؛ (خاندانی خطاب) وارث نہ ہونے کی وجہ سے متروک؛ خاموش؛ معدوم؛ نایاب؛ بلا وارث؛ ٹھنڈا۔

Extincteur : (n) [Fr. & L.'extinctor.'] آگ بجھانے کا آلہ؛ مطفا۔

Extinction : (n) بجھنا؛ معدومی؛ نیستی؛ حالت فنا کا ہونا؛ مٹنا؛ فنا؛ (قرض کا) بے باق ہونا؛ خاموشی؛ انہدام؛ انقراض نایابی؛ فسخ؛ لغو؛ حذف؛ تصفیہ؛ (طبیعیات) نابودگی۔

Extinctive : (a) نابود کرنے والا؛ فنا کرنے والا؛ مٹانے والا؛ خاموش کرنے والا؛ باطل کرنے والا۔

Extine : (n) [L.ext (imus + -INE.] (نباتیات) زرابرہ۔

Extinguish : (v) [L.'ex (s) tonguere.'.] بجھانا؛ گل کرنا؛ ختم کرنا؛ ماند کرنا؛ مدھم کرنا؛ (مخالف کو) ساکت کردینا؛ برباد کردینا؛ (قرض) بے باق کر دینا؛ دفع کرنا؛ بے اثر کرنا؛ منسوخ کرنا؛ منہدم کرنا؛ نابود کرنا؛ منکسف یا منخسف کرنا؛ اندھیرا کرنا؛ بے جواب کردینا؛ ساقط کرنا۔

Extinguishable : (a) بجھ جانے والا ؛ ختم ہوجانے والا ؛ فنا ہوجانے والا ؛ منسوخ ہوجانے والا ۔

Extinguisher : (n) آگ بجھانے کا آلہ ؛ بجھانے والا ؛ گل گیر؛ بجھاؤ ؛ خاموش کرنے والا ؛ شمع/چراغ کو بجھانے والا ؛ طفایہ ؛ مطفا ؛ آتش کش ۔

Extinguishment : (n) تباہی ؛ فنا ؛ بے اثر ؛ نابود ۔

Extirpate : (v) [L.'ex (s) tirpat-.] جڑ ، بنیاد سے اکھاڑ پھینکنا؛ غارت کر دینا ؛ بیخ و بن سے اکھاڑ ڈالنا؛ نابود کردینا؛ قلع و قمع کرنا؛ شروع ہی میں نابود کر دینا ۔

Extirpation : (n) قلمع و قمع ؛ انہدام ؛ نابودی ؛ بیخ کنی ؛ (فلسفہ) قطع ۔

Extirpative : (a) قلع و قمع کرنے والا ؛ بیخ کن ۔

Extirpator : (n) جڑ ، بنیاد سے اکھاڑ پھینکنے والا ؛قلع و قمع کرنے والا ؛ نابود کرنے والا ؛ بیخ کن ۔

Extol : (v) [L.'extollere.'] تعریف کے پل باندھنا ؛ بڑھانا؛ چڑھانا؛ تکریم و تجلیل کرنا؛ ستائش کرنا؛ تمجید کرنا ؛ حمدبیان کرنا ؛ بلند کرنا ؛ افضل و بزرگ بنانا ۔

To extol one to the skies : آسمان پر چڑھانا ۔

Extoller : (n) تعریف کے پل باندھنے والا ؛ بلند کرنے والا ۔

Extolment : (n) تعریف ؛ مدح ؛ ثنا ۔

Extort : (v) [L.' -extort-.'] (۱) (کسی سے روپیہ یا وعدہ) جبر، دھمکی یاخوشامد سے حاصل کرنا ؛ (راز) زبردستی یاجبر معلوم کرلینا ۔ (۲) (الفاظ کوتوڑ موڑ کر معنی) پیدا کرنا ۔ (۳) اینٹھ لینا ۔(٤) شکنجہ میں کرنا ؛ ظلم و ستم کرنا ۔

Extorter/-or (n) جبراً وصول کرنے والا ؛ غصب کرنے والا ۔

Extortion : (n) (۱) استحصال زر؛ استحصال بالجبر ؛ جبراً لینا ؛ غصب ، جبر ؛ اخذ ۔(۲) (قانون) حصول بالجبر ۔

Extortion : (v) (۱) حصول بالجبر کرنا ؛ غصب کرنا ۔ (۲) زیادہ وصول کرنا ۔

Extortionary : (a) غاصبانہ ۔

Extortionate : (a) بہت زیادہ ؛ استحصال کرنے والا ؛ استحصال کا خوگر؛ بے حد گراں (اشیاء) زیادہ ؛ معمول کی حد سے زیادہ ؛ کثرت سے ۔

Extortioner : (n) جبراً حاصل کرنے والا ؛ غصب کرنے والا ۔

Extortive (a) تعدی آمیز ؛ غاصب ؛ غصب آمیز؛ غاصبانہ ۔

Extra : (a) فالتو ؛ زائد ؛ اضافی ؛ حد معمول سے زیادہ ؛ بزرگ ؛ عامی ؛ بہتر ؛ ممتاز ؛ فاضل ؛ (سابقہ) برون ؛ خارج ۔

Extra : (adv.) بہت زیادہ ؛ غیر معمولی ؛ مخصوصاً ۔

Extra : (n) فالتو چیز ؛ فالتو (اخبار کا) ضمیمہ ؛ شےزائد ؛ غیر معمولی روزنامہ ؛ (کرکٹ) رن جو گیند کو بلے سے مار کر نہ بنایا گیا ہو ۔

Extra - : سابقہ بہ معنی " خارج از" بیرون" باہر" غیر " ۔

Extra-acinous : (a) (تشریح) بیرون ؛ خوشہ نما غدود ۔

Extra-alimentary : (a) بیرون قنات ہاضمہ ۔

Extra-analogical : (a) تمثیل کے حدود سے باہر ۔

Extra-artistic : (a) فن کے حدود سے باہر ۔

Extra-atmospheric : (a) بالائے فضا ، فضائے بیرون سے متعلق ۔

Extra-axillar/-axillary : (a) (نباتیات) برون بغلی ۔

Extra-binding : (n) اعلیٰ قسم کی جلد ۔

Extra-branchial : (a) (حیوانیات) ورا خیشومی ۔

Extra-britannic : (a) بیرون برطانیہ ۔

Extra-canonical : (a) غیر مستند ۔

Extra-capsular : (a) (حیوانیات) وراکیسی ؛ (حیاتیات) بدرکیسی ۔

Extra-cardinal : (a) (حیوانیات) برون قلبی ۔

Extra-cellular : (a) (حیوانیات) ورا خلوی ؛ (علم خلیات) برون خلوی ؛ بدر خلوی ۔

Extra-christian : (a) غیر عیسائی ۔

Extra-constellary : (a) مجمع نجوم سے باہر کا ۔

Extra-corial : (a) برون ادمہ ۔

Extra-corporeal : (a) برون جسمی ؛ خارج الجسم ۔

Extra-cosmical : (a) خارج از کائنات ؛ بیرون از گیتی ؛ خارج از عالم ؛ بدر کائناتی ۔

Extra-cranial : (n) کاسہ° سر کا بیرونی حصہ ؛ بیرون از جمجمہ ۔

Extra -curricular : (a) زائد از نصاب ۔

Extra-essential : (a) غیر جوہری ۔

Extra-foraneous : (a) زیر سمان ؛ بیرونی ۔

Extra-galactic : (a) ماورائے کہکشاں ۔

Extra-genital : (a) (حیوانیات) برون اعضائے تناسل ۔

Extra-governmental : (a) غیر سرکاری ۔

Extra-grammatical : غیر صرفی و نحوی ۔

Extra-historic /-al : غیر تاریخی ۔

Extra -human : غیر انسانی ۔

Extra-hundredal : (a) بیرون پرگنہ ۔

Extra-judaical : (a) غیر یہودی ۔

Extra-judicial : (a) غیر متعلق مقدمہ ؛ قانوناً غیر مجاز اقبال جو عدالت میں نہ کیا گیا ہو ۔

Extra judicially : (adv.) غیر عدالتی طور پر ۔

Extra-legal : (a) غیر قانونی ۔

Extra-limital : (a) غیر ملکی ؛ غیر ضلعی ۔

Extra-limitary : (a) بیرون حدود ۔

Extra-medial : (a) درمیانی لکیر سے باہر ۔

Extra-medullary : (a) برون نخاعی ۔

Extra-mental : (a) غیر نفس ؛ غیر ذہن ۔

Extra-meridional : (a) نصف النہار سے انحراف سے متعلق ۔

Extra-metaphysical : (a) غیر ما بعد الطبیعیاتی ۔

Extra-metrical : (a) زیادہ رکن کا (مصرعہ)؛ خارج از وزن ؛ خارج از بحر ۔

Extra-mundane : (a) غیر دنیوی ۔

Extra-mural : (a) بیرون حدود شہر ؛ شہر پناہ کے باہر ؛ لیکچر بیرون حدودیونیورسٹی ؛ بیرون دیوار ، بیرون جامعہ ۔

Extra-national : (a) غیر قومی ۔

Extra-official : (a) ماسوائے فرائض منصبی ۔

Extra-orbital : (a) برون حلقہ° چشم ۔

Extra-parochial : (a) کلیسائی علاقے کے حدود سے باہر کا ۔

Extra-parochially : (adv.) کلیسائی علاقے کے حدود سے باہر ۔

Extra-parochialness : (n) کلیسائی علاقے کے حدود سے باہر ہونا ۔

Extra-patriarchal : (a) غیر بطریقی ۔

Extra-peloic : (a) (تشریح) برون حوضی ۔

Extra-physical : (a) ماورائے طبیعی ؛ خارج ازقوانین طبیعی ؛ ماورائے مادہ ۔

Extra-planetary : (a) ماورائے سیارگان ۔

Extra-professional : (a) غیر پیشہ ورانہ ۔

Extra-provincial : (a) غیر صوبائی ۔

Extra-red : (a) طیف کے لال رنگ کے حدود سے باہر ۔

Extra-regular : (a) بے ضابطہ ۔

Extra-sacerdotal : (a) غیر روحانی ۔

Extra-scientific : (a) ماورائے علم ۔

Extra-scriptural : (a) غیر انجیلی ۔

Extra-scripturality : (n) غیر انجیلی ہونا ۔

Extra-sensible/-sensuous : (n) ماورائے قوت حاسیہ ؛ غیر حسی ۔

Extra-solar : (a) (فلکیات) ماورائے نظام شمسی ۔

Extra-somatic : (a) (تشریح) برون جسدی ۔

Extra-spectral : (a) غیر طیفی ؛ برون طیفی ۔

Extra-stomachal : (a) برون معدہ ؛ برون شکمی ۔

Extra-strong : (a) غیر معمولی طور پر مضبوط ۔

Extra-syllogistic : (a) برون قیاس منطقی ۔

Extra-terrene : (a) غیر ارضی ؛ غیر دنیوی ۔

Extra-terrestrial : (a) (فلکیات) غیر ارضی ؛ خارج ازحدود ارض ؛ خارج الارض ۔

Extra-territorial : (a) دیکھو Exterritorial

Extra-territoriality : (n) دیکھو Exterritoriality

Extra-torrid : (a) برون منطقہ حارّہ ۔

Extra-tropical : (a) غیر حارّی ۔

Extra-university : (n) برون جامعہ ۔

Extra-urban : (a) دیہاتی ۔

Extra-uterine : (a) (تشریح) برون رحمی ؛ خارج الرحم ۔

Extra-violet : (a) طیف کے بنفشئی رنگ سے باہر کا(رنگ) ۔

Extra-zodiacal : (a) برون منطقۃ البروج ۔

Extract : (n) [L.'extractum.'] شیرہ ؛ عرق ؛ نچوڑ ؛ ست ؛ جوہر ؛ اصل ؛ رُب ، خلاصہ ؛ اختصار ؛ ملخص ؛ افشردہ ؛ (کسی کتاب کا) اقتباس؛ (قانون) جس سے عدالتی فیصلے کی تعمیل ہوسکے ؛ وثیقہ وغیرہ کی مستند نقل ۔

Extract : (v) نقل کرنا؛ اقتباس کرنا؛ اکھیڑنا؛ جبراً منوانا؛ زبردستی روپیہ وغیرہ لینا ؛ (عرق وغیرہ) دبا کر یا چوس کر نکالنا؛ لذت اندوز ہونا؛ استنباط کرنا؛ (ریاضی) جذر نکالنا ؛ استخراج کرنا ؛ خلاصہ کرنا؛ تلخیص کرنا ؛ کھودنا ۔

To extract the root of a number or quantity : جذر نکالنا ۔

Extract : (a) اقتباس کیا ہوا ؛ انتخاب کیا ہوا؛ ملخص ۔

Extract of indent : (انتظامیہ) گوشوارہ مطلوبہ ۔

Extractable/Extractible : (a) قابل اقتباس ؛ قابل نقل ۔

Extracting : (a) نچوڑنے والا ؛ جبراً منوانے والا ۔

Extraction : (n) (۱) نچوڑنے یا اکھیڑنے وغیرہ کا عمل ۔ (۲) نسل ۔ (۳) استخراج؛ اقتباس؛ انتخاب؛ تلخیص؛ تقطیر ؛ شیرہ گیری ؛ قطعہ منتخب؛ اقتباس کیا ہوا مواد ۔

Extractive : (a) رس دار (وہ اشیا جن سے رس نکل سکے) ؛ شیرہ دار ؛ استخراجی ؛ اقتباس کے لائق ؛ انتخاب کرنے کے قابل ۔

Extractive : (n) شیرہ ؛ عصارہ ؛ وہ چیز جس کا رس یا عرق نکالا جائے ؛ وہ غیر محلول اور سیاہ رنگ کا مادہ جو تقطیر سے حاصل ہو ۔

Extractive industries : (n) صنعت یا حرفت متعلق بہ قدرتی پیداوار ۔

Extractor : (n) نچوڑنے والا ؛ استنباط کرنے والا؛ توڑے دار بندوق کا وہ حصہ جو کارتوس کو نکالتا ہے ۔

Extractor : (a) اقتباس کرنے والا ؛ نچوڑنے والا ؛ (آلہ) کھینچنے والا ۔

Extractum : (n) (کیمیا) ست ؛ رُبّ ؛ شیرہ ۔

Extracutaneous : (a) برون جلدی ۔

Exteradecretal : (a) پوپ کے فرامین یا فتاویٰ کے مجموعے سے باہر ۔

Extraditable : (a) (مجرم) قابل تحویل ۔

Extradite : (v) [Back-formation f. EXTRADITION.] (غیر ملکی پناہ گزیں مجرم کو اس کی) حکومت کے حوالے کردینا ؛ تحویل کرنا ؛ (دوسرے ملک میں پناہ گزیں مجرم کو) اپنی پناہ میں لینا ۔

Extradition : (n) [Fr.] (۱) تحویل مجرمین ؛ تحویل ملزمین ؛ (مجرم پناہ گزیں) کی اس کے ملک کو تحویل یا سپردگی ۔ (۲) (نفسیات) احساس کا مقام مرکز احساس سے فاصلے پر ٹھہرانا ؛ مقام احساس کا استقرار ۔

Extradition treaty : (n) تحویلی معاہدہ ؛ پناہ گزیں مجرم کو اس کے ملک کی تحویل میں دینے کا معاہدہ ۔

Extrados : (n) [Fr.] محراب کا بالائی یا بیرونی خم ؛ (معماری) قوس خارجی ؛ بیرونی طاق کا

قوس ؛ خارجی طاق کی سطح ؛ (تعمیرات) پشت محراب ۔

Extradosed : (a) جس میں قوس خارجی ہو ۔

Extradotal : (a) جہیز کے علاوہ ۔

Extraembryonic : (a) (حیوانیات) ورا جنینی ؛ بدر جنینی ۔

Extrafoliaceous : (a) برون برگہ ۔

Extrajural : (a) غیر عدالتی ۔

Extrality : (n) دیکھو Exterritoriality

Extralogical : (a) غیر منطقی ۔

Extralogically : (adv.) غیر منطقی طور پر ۔

Extramarital coitus : (n) (سماجیات)بیرون زواج مباشرت ۔

Extramatrical : (a) برون غلاف لونیہ ۔

Extramatrimonial/ Extramarital : (a) غیر ازدواجی ۔

Extraneous : (a) [L.'extraneous.'] خارجی الاصل ؛ خارج از ؛ زائد از ؛ غیر متعلق ؛ بیرونی ؛ بیگانہ ؛ خارجی ؛ غیر مربوط ؛ نامربوط ؛ غیر اصلی ؛ غیر طبعی ؛ اتفاقی ؛ ضمنی ؛ جزئی ؛ (تشریح) خارج الجسم ؛ بیرونی ۔

Extraneously : (adv.) خارجی طور پر ؛ بالا بالا ؛ بیگانہ طور پر ؛ موضوع سے نا مربوط ۔

Extraneousness : (n) بیرونی؛بن خارجیت ۔

Extranuclear : (حیوانیات) ورا مرکزی ؛ (حیاتیات) بدرنواتی ؛ برون نواتی ۔

Extraocular : (حیوانیات) ورا عینی ؛ (تشریح) بدر چشمہ ؛ برون چشم ۔

Extraordinarily : (adv.) غیر معمولی طور پر ۔

Extraordinariness : (n) غیر معمولی پن ؛ استثناء ۔

Extraordinary : [L.'extraordinarius.'] غیر معمولی ؛ خلاف معمول یا دستور ؛ (حکام وغیرہ) زاید متعین بکارخاص ؛ استثنائی ؛ حیرت انگیز ؛ نادر ؛ عظیم الشان ؛ جلیل القدر؛ مخصوص ؛ فاضل ؛ غیرعادی ؛ عجیب و غریب ؛ بھیجا ہوا یا سفیر غیر معمولی؛ کلاں ؛ غیر معمولی چیز ؛ (بہت زیادہ) برجستہ و ممتاز ۔

Envoy extraordinary : نائب قونصل ۔

Extraordinary : (n) دیکھو Extra

Extraperitoneal : (a) (حیوانیات) ورا سفاقی ۔

Extrapolation : (n) (ہندسہ) ورائے ادراج ۔

Extrapole : (a) (جغرافیہ) برون قطبی ۔

Extras : (n) (تعمیرات) مضافات ۔

Extrasteler : (a) (حیوانیات) بدر ستونی ۔

Extrasystole : (n) (طب) پیش انقباض قلب ۔

Extrathecal : (a) (حیوانیات) برون غلاف ۔

Extravagance/Extravagancy : (n) [Fr. 'extravagance.'] فضول خرچی ؛ اسراف ؛ نامعقول دلیل یاعمل ؛ افراط؛ بے اعتدالی ؛ حدود سے تجاوز ، غیر معقول گفتگو ؛ انحراف ؛ فزونی ؛ زیادتی ۔

Extravagant : (a) فضول خرچ ؛ غیر محتاط ؛ حدودمعقولیت سے متجاوز ؛ مسرف؛ اڑاؤ ؛ لٹاؤ ؛ غیر معقول؛ عجیب ؛ غریب ؛ غیر معتدل ؛ افراط کار؛ نامربوط؛ منحرف؛ بیقرار؛ آوارہ ؛ سرگرداں ۔

Extravagant : (n) پوپ کے فرامین یا فتاوی کے مجموعے کے علاوہ فرامین یا فتاوی ۔

Extravagantly : (adv.) اسراف یا بے احتیاطی سے ؛ بطور نامعقول ؛ باافراط ؛ مسرفانہ ؛ ازروئے اسراف ۔

Extravaganza : (n) [It.'extravaganze.'] ادبی، لسانی یا عملی حیثیت سےعجوبہ ؛ اچنبھے کا؛ عجیب وغریب؛ مسخرہ آمیز (عبارت) ؛ اثر خیالی ؛ اثر فانٹسی ؛ گزاف گوئی ؛ اغراق ۔

Extravagate : (v) [L.-' extravagate.'] بھٹکنا ؛ حدود و جائز سے تجاوز کرنا ؛ حد اعتدال سے باہر جانا ؛ منحرف ہونا ؛ نا معقول کام کرنا ؛ نامعقول گفتگو کرنا ؛ سرگرداں ہونا ؛ سیر کرنا ؛ گردش کرنا ۔

Extravaginal : (a) (۱) (حیوانیات) ورا مہبلی ۔(۲) (تشریح) بدر مہبلی ۔

Extravasate : (v) [L.'extra' + vas.'] نکالنا یا بہانا (خون وغیرہ ؛ بہنا ، بہہ نکلنا ۔

Extravasation : (n) (طب) دِعا بدری ۔

Extravascular : (a) برون دِعائی ؛ بدر عروقی ۔

Extraventicular : (a) (حیوانیات) ورا بطینی ؛ بدر بطینی ۔

Extreme : (a) [OFr.'extreme.'] انتہائی ؛ حد درجہ ؛ از حد ؛ سخت ، شدید ؛ پرلے درجے کا ؛ پرلے سرے کا ؛ انتہاپسندانہ (خیالات وغیرہ) ؛ مرکز سے سب سے زیادہ دور ؛ انتہائی دور دراز ؛ آخری ؛ نہایت ؛ بے حد ؛ منتہی ؛ افراطی ؛ متعصب ؛ تعصب آمیز ۔

An extreme case : انتہائی مثال ۔

Extreme : (n) انتہا؛ حد؛ غایت ؛ نہایت ؛ حد درجہ؛ انتہائی ؛ سخت کاروائی ؛ انتہائی قدم ؛ افراط و تفریط؛ منتہا درجہ ؛ دور ترین نقطہ ؛ (صیغہ جمع) ضدین ؛ قضیہ کا موضوع و محمول ؛ مبتدا یا خبر ؛ قیاس کی حد اصغر و اکبر ؛ (ریاضی) اطراف ؛ اول و آخر رقم ؛ انتہائی عدد ؛ (منطق) حدصغری یا کبری ۔

Divided in extreme&mean ratio : جو نسبت کلُ کو ایک جزو سے ہے وہی اس جزو کو دوسرے اجزا سے ہے ۔

In extreme danger : انتہائی خطرے میں ۔

In the extreme : انتہائی ؛ بہ درجہ° غایت ۔

To run to an extreme / To go to extreme : انتہائی صورت اختیار کرنا ۔

Extreme old age : (n) بہت زیادہ درازئی عمر ؛ نہایت کبر سنی ۔

Extreme terms : (n) (ریاضیات) طرفین ۔

Extreme unction : (n) موت کے وقت متبرک تیل کی مالش ۔

Extreme value : (n) (شماریات) منتہی اقدار ۔

Extremeless : (a) بے حد ؛ بے انتہا ۔

Extremely : (adv.) بے حد ؛ نہایت ۔

Extremeness : (n) نہایت ؛ انتہائی ہونا ؛ حد سے بڑھاہونا؛ بہت ہی زیادہ ہونا ؛ انتہا پسندی ۔

Extremes meet : (n) ضدین مل جاتے ہیں ۔

Extremism : (n) انتہائی پسندی ؛ افراط دوستی ؛ غلو ؛ افراطیت ۔

Extremist : (n) انتہا پسند ؛ غالی ۔

Extremistic : (a) انتہا پسندی سے متعلق ۔

Extremitics : (n) (۱) افراط و تفریط ؛ افرا تفری ۔ (۲) (تشریح ، حیوانیات) اطراف ؛ جوارح ۔

Extremity : (n) [OFr.'extremite.'] (۱) انتہا ؛ کنارہ ؛ سرا ؛ حد ۔ (۲) مفلوک الحالی ؛ مصیبت ؛ بدقسمتی ؛ پریشانی ؛ تنگی ۔ (۳) (صیغہ° جمع) (تدارک کی) انتہائی تدبیر یا تجویز ؛ انتہائی اقدام ؛ سخت کاروائی ۔

Driven to extremity : انتہائی تنگ آکر ؛ بہ حالت مجبوری ؛ مجبور ہوکر ۔

Lower extremity : پاؤں ۔

The extremities : (جمع) ہاتھ پاؤں ۔

To drive to (the last) extremity /-reduce-/-extremities : آخری دم تک پہنچانا ۔

Upper extremity : ہاتھ ۔

Extricable : (a) جو سلجھ سکے ؛ جسے مشکلات سے نکالا جا سکے ؛ رہا کردنی ۔

Extricate : (v) [L. -'extricat -'] (۱) سلجھانا ؛ (مشکلات سے) نکالنا ؛نجات دینا (قید ، دشواری وغیرہ سے)؛ (کیمیا) (گیس وغیرہ کی) تحلیل کرنا حالت ترکیبی سے ۔

Extrication : (n) سلجھاؤ ؛ مشکلات سے نجات ؛ رہائی ؛ خلاصی ۔

Extrinsic/- al : [Late .L.'extrinsecus.'] (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ غیر متعلق؛ عرضی ۔ (۲) ظاہری ۔ (۳) غیر ذاتی ۔ (٤) (تشریح ، حیوانیات) بیرونی (عضلہ) ۔

Extrinsic articulation : (n) (حیوانیات) بیرونی جوڑ ۔

Extrinsically : (adv.) خارجاً ؛ خارجی طور سے ؛ ظاہری حالت سے ۔

Extrinsicalness : (n) خارجیت ۔

Extrinsicate : (v) خارجی نمائش کرنا ۔

Extro : سابقہ بمعنی " باہر کی طرف" ۔

Extrorsal : (a) (نباتیات) بیرون خم ؛ (نباتیات) بالارخ ؛ (حیوانیات) بروں رخ ؛ بروں رویہ ۔

Extrorse : (a) [Late.L.'extrorus.] دیکھو Extrorsal

Extrovate : (a) (حیوانیات) برون آر ۔

Extroversion : (n) (طب) بروں گردانی ؛ شغف خارج ؛ (نفسیات) غیر باطنیت ۔

Extrovert : (n) معائنہء باطن سے قاصر ؛ خارج بیں ؛ (نفسیات) غیر باطنی ۔

Extrovert personality : (n) (سماجیات) خارج بیں شخصیت ۔

Extrude : (v) [L.'extrudere.'] نکال دینا ؛ نکال پھینکنا ؛ نکال باہر کرنا ۔

Extrusion : (n) خروج ؛ بروز ؛ اخراج ؛ نکاس ۔

Extrusion flow : (n) (کیمیا) نکال پھینکنے کا بہاؤ ۔

Extrusive : (a) نکلا ہوا ؛ برآمدہ ۔

Extumescence : (n) (طب) دُنبل ۔

Extund : (v) [L.'extundere.'] پیٹنا ۔

Exuberance/Exuberancy : (n) [Fr.] افراط ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ ریل پیل ۔

Exuberant : (a) [Fr.] بکثرت یا باافراط (بڑھنے یا پیدا ہونے والا) ؛ لبریز ؛ پُر ؛ مالا مال ؛ (زبان) نہایت رنگین یا مرصع ؛ کثیر ؛ زندہ دلانہ ۔

Exuberantly : (adv.) افراط سے ؛ کثرت سے ۔

Exuberate : (v) [L.'exuberat.'] زیادتی کرنا ؛ ریل پیل کرنا ؛ جی بھر کر (کوشی کام) کرنا ۔

Exucontian : (n) عیسائیوں کا ایک فرقہ ۔

Exudation : (n) رشح ؛ رس ؛ تراوش ۔

Exudative : (a) ارتشاح یا اس سے متعلق ؛ ارتشاحی؛ رسنے والا ؛ پسیجنے والا ؛ پسینہ نکالنے والا ؛ ترشحی۔

Exude : (v) رسنا ؛ پسیجنا ؛ پسینہ نکالنا ۔

Exulcerate : (v) دِق کرنا ؛ چڑھانا ۔

Exulceration : (n) (طب) تقرح ؛ قرحت ۔

Exulcerative : (a) (طب) قرحی ۔

Exult : (v) [L.ex(s) ultare.'] باغ باغ ہوجانا ؛ پھولے نہ سمانا؛ فخر کرنا ؛ اترانا ؛ بغلیں بجانا ۔

Exultance / Exultancy : (n) فرط انبساط ۔

Exultant : (a) نہایت خوش ؛ فخر کرنے والا ؛ خوشی سے اترانے والا ؛ بغلیں بجانے والا ؛ نشاط انگیز ۔

Exultantly : (adv.) فخر ومباہات سے ؛ فرط انبساط سے ۔

Exultation : (n) خوشی سے پھولے نہ سمانا ؛ فخرو مباہات ؛ فخر ؛ خوشی ؛ بغلیں بجانا ۔

Exultingly : (adv.) فخریہ طور پر ۔

Exumbral : (a) (حیوانیات) بروں چھتر ۔

Exumbrella : (n) (حیوانیات) بروں چھتری ؛ بر چتر ۔

Exumbrellar : (a) (طب) بر چتری ۔

Exuviable : (a) [Fr.] (حیوانیات) انسال پذیر ؛ افتادنی ۔

Exuviae : (n) [L.] (حیوانیات) حیوان کی اتری ہوئی جلد؛ کیچلی ؛ خول ۔

Exuvial : (a&n) اتری ہوئی (اشیا) ؛ مال غنیمت ۔

Exuviate : (v) کیچلی اتارنا ۔

Exuviation : (n) کیچلی چھوڑنا ۔

Exvoto : (n&a) منت بڑھائی ؛ منت کا ؛ نذر کا ۔

Eyalet : (n) [Turk.] ترکی سلطنت کا انتظامیہ علاقہ ۔

Eyas : (n) [Fr. 'niais.'] باز کا بچہ جو سدھایا جارہا ہو ؛ بازبچہ ؛ بے پر باز ۔

Eyas - musket : (n) باز نر بچہ ۔

Eye : (n) [OE.'eage.'] (۱) آنکھ؛ چشم ۔(۲) نظر ؛ بصارت ۔ (۳) ذوق نظر ۔(٤) نظر ؛ کڑی نظر ۔(٥) (سوئی کا) ناکا ۔(٦) آنکھ کی پتلی ۔(۷) اطراف چشم ۔ (۸) آنکھ کی سی شے (جیسےمور کی دم کی چستیاں) ۔(۹) مشاہدہ ؛ توجہ ۔(۱۰) جھرنے کا سوراخ ۔ (۱۱) کسی روشنی کا روشن ترین حصہ ۔(۱۲) گردش کا مرکز۔(۱۳) حلقہ (رسی وغیرہ کا) ۔ (۱٤) (تعمیرات) مرکزی حصہ ۔ (۱٥) o, e, d, وغیرہ قسم کے حروف کے دائرے کا حصہ ۔(۱٦) ہوا کا رخ ۔

All one's eye/All the eye/ All in the eye ۔ مہمل ؛ لغو ؛ ڈھکوسلا ۔

Apple of the eye : آنکھ کی پتلی ۔

Be all eye : ہمہ تن چشم ہوجانا؛ سرتا پا چشم ہوجانا ۔

Beam in one's eye : آنکھ کاشہتیر (انجیلی شہتیر) ۔

Bull's-eye : Ball دیکھو

Evil eye : چشم بد ۔

Glass eye : شیشے کی مصنوعی آنکھ ۔

Half an eye : اچٹتی نظر ۔

Hang on by the eyelids : (مجازاً) ہلکی گرفت ۔

His eyes are bigger than his belly : ایسے شخص جسے کھانے کا ہو کا ہو ؛ پیٹو ؛ جوع البقر رکھنے والا ۔

Hook and eye : نکما؛ کانٹا ؛ حلقہ (رسی کا) ۔

In a pig's eye : (عامیانہ) کسی بھی حالت یاصورت میں نہیں ؛ کبھی نہیں ۔

In the eye of the law : قانونی نقطہ٘ نظر سے؛ قانون کی نظر سے یا قانون کے لحاظ سے ۔

In the eyes of : فلاں کی رائے (یا آنکھ میں) یا نظرمیں ۔

In the minds eye : تخیل میں ؛ تصور میں ۔

In the vind's eye : ہوا کی سمت ۔

Mind your eye : ہوشیار رہو ؛ اپنی آنکھ کو بچانا ۔

Mote in one's eye : آنکھ کا تنکا (انجیلی تشبیہ) ۔

My eye (s) : کلمہ حیرت ۔

Pineal eye : (تشریح) چشم صنوبری ۔

The glad eye : التفات کا اظہار (کرنا) ۔

The naked eye : خالی آنکھ ۔

To cast sheep's eyes : حسرت بھری (یا للچائی) نظروں سے دیکھنا ؛ کنکھیوں سے دیکھنا ۔

To clap (or set) eyes on : دیکھنا ؛ نظر جمانا ۔

To cry one's eyes out : زارو قطار رونا ۔

To do in the eye : نقصان پہنچانا ۔

To give an eye to : دھیان دینا ۔

To give the big eye/-eye to : الفت بھری نظر سے دیکھنا ۔

To have an eye for proportion and eye : کسی کی نظر یا (نگاہ) اچھی ہونا ۔

To have an eye to : کوئی مقصد رکھنا؛ دھیان دینا؛ کسی چیز پر دانت رکھنا ۔

To have eyes only for : کسی ایک چیز کی خواہش کرنا ؛ کسی ایک پر عاشق ہونا ۔

To have in one's eye : یاد رکھنا ۔

To keep an eye on : نظر میں رکھنا ؛ زیر نظر رکھنا ؛ نگرانی کرنا ۔

To keep an eye out /- one's eyes open/-one's eyes peeled/-one's eye skinned : چوکس رہنا ؛ ہوشیار رہنا ۔

To lose an eye : ایک آنکھ (کی بصارت) جاتی رہنا ؛ ایک آنکھ کا نابینا ہوجانا ۔

To make eyes at : عاشقانہ نظروں سے دیکھنا ۔

To poen one's eyes : (کسی کی) آنکھیں کھول دینا ۔

To pipe (or put) one's finger in, one's eye : رونا ۔

Eye - beam : (n) نظر ؛ نگاہ ۔

Eye-bolt : (n) [f. Eyesb + boltsb'.] لوہے کی چٹخنی جس کے سرے پر آنکڑے وغیرہ کے لئے سوراخ ہو ۔

Eye-bone : (n) حلقۂ چشم ۔

Eye bright : (n) [f. Eye sb' + bright.] پودا جو قدیم زمانے میں آنکھوں کے علاج میں کام آتا تھا ۔

Eye-catcher : (n) جاذب نظر (چیز)

Eye-catching : (a) جاذب نظر ؛ دلکش ۔

Eye-copy : (n) نقل جو صرف دیکھ کر اتاری جائے ۔

Eye-dialect : (n) غمزہ ؛ چشم و ابرو کی بولی ۔

Eye-dise : (n) (تشریح) قرص چشم ۔

Eye-dotter : (n) ایک چھوٹا برش جو لکڑی میں دھاریاں بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Eye-draught /-draft : (n) نقشہ جو محض دیکھ کر بنایا جائے ۔

Eye-drop : (n) آنسو ؛ اشک ؛ سرشک ۔

Eye-for eye : " العین بالعین " آنکھ کے بدلے آنکھ (توریتی انتقام) ۔

Eye-glass : (n) [f. Eye sb + glass.] عینک کا شیشہ ؛ چشمہ ؛ چشم شو ۔

Eye-glassy : (a) مغرور ۔

Eye-handle : (n) سوراخ دار دستہ ۔

Eye-hole : (n) (۱) چشم خانہ ؛ کاسۂ چشم؛ حلقہ ۔ (۲) سوراخ؛ چھید؛ روزنہ؛ جھانکنے کا سوراخ ۔ (۳) آلو میں کونپل نکلنے کی جگہ ۔

Eye-lash : (n) پلک ؛ مژگاں ۔

Eye - lens : (n) عدسۂ چشم ۔

Eye leteer : (n) روزنہ بنانے کا اوزار ۔

Eye-line : (n) (۱) حد نظر ۔ (۲) (جمع) چڑیوں کی آنکھوں کے اوپر اور نیچے کی لکیریں ۔

To put out the eyes : اندھا کرنا؛ آنکھیں نکال لینا ۔

To see eye to eye : متفق ہونا ۔

To see with half an eye : ایک نظر دیکھنا ۔

To see eye to eye (with) : ہم خیال ہونا؛ متفق الرائے ہونا ۔

To set one's eyes by : قدر کرنا ۔

To the eye : بظاہر ۔

To throw eyes at, throw the eye at : عاشقانہ نظروں سے دیکھنا ۔

To throw dust in the eyes of : (کسی کی) آنکھوں میں دھول جھونکنا ۔

To view with a friendly, jealous eye : دوستانہ یا حاسدانہ نظر سے دیکھنا ۔

To wipe the eye of another (shooter) : شکاری سے جو شکار بچ کر نکل گیا ہو اسے مارنا ۔

Up to the eyes : آنکھوں تک ؛ سر تا سر ؛ ڈوبا ہوا ؛ بال بال بندھا ہوا ۔

With an eye to : بہ غرض ؛ (اس) مقصد سے (کہ) ۔

With half an eye : سرسری طور پر ۔

Eye : (v) (۱) دیکھنا ؛ نظر کرنا؛ نگاہ میں رکھنا ۔ (۲) حقارت سے دیکھنا ۔ (۳) آنکھیں عطا کرنا ۔ (٤) آلو وغیرہ کے نامکمل اکھوؤں کو نکالنا ۔

Eye-appeal : (n) نظری کشش ۔

Eye-baby : (n) تماشائیوں کا نقشہ جو دوسرے کی آنکھوں میں نظر آئے ۔

Eye-ball : (n) آنکھ کا ڈھیلا؛ آنکھ کی پُتلی ؛ دیدہ ؛ مردمک چشم ۔

Eye-ball : (v) غور سے دیکھنا ۔

Eye-bar : (n) فلزی سلاخ جس کے ایک سرے پر سوراخ ہوتا ہے اور پُل میں کام آتی ہے ۔

Eye-bath /-cup : (n) آنکھ دھونے کی پیالی ۔

Eye-memory : (n) (نفسیات) بصری حافظہ ۔

Eye of the day : آفتاب ؛ سورج ۔

Eye-opener : (۱) آنکھیں کھولنے والا ؛ غلفت سے چونکا دینے والا ۔(واقعہ وغیرہ) ۔ (۲) (امریکا) ایک جرعہ ۔

Eye-pedical /peduncle : (n) (حیوانیات) ساقچہ چشم ۔

Eye-piece : (n) دور بیں کا شیشہ یا تال ۔

Eye-pit : (n) حلقۂ چشم ؛ کاسۂ چشم ۔

Eye-Point : (n) (۱) چشم نما دھبا ۔(۲) نامکمل آنکھ ۔ (۳) ایک قسم کا سوسن ۔

Eye-probe : (n) جراحی سلائی جس کے ایک طرف ناکا ہوتا ہے ۔

Eye-reach : (n) حد نگاہ ۔

Eye-servant : (n) نوکر جو آقا کی نگرانی ہی کے وقت کام کرے ۔

Eye-service : (n) وہ کام جو نوکر صرف آقا کی نگرانی میں ہی کرے ؛ نوکری پیش چشم ۔

Eye-shade : (n) چشم روک ۔

Eye-shield : (n) چشم پوش ۔

Eye shot : (n) [f. Eye sb' + shot sb.'] حد بصر ؛ نگاہ کی زد ؛ جہاں تک نگاہ کام کرے ؛ چشم رس ۔

Eye sight : (n) [f. Eye sb. + sight.] نظر ؛ بصارت ؛ نگاہ ؛ بینائی ؛ جو نظر آرہا ہو ؛ قریب ؛ دید ؛ بصر ۔

Eye-sore : (n) آنکھوں میں خار ؛ کانٹا ؛ بدنما چیز ۔

Eye-speck : (n) ناقص آنکھ ؛ نامکمل آنکھ ۔

Eye - splice : (n) رسّی کی لڑیوں کا پھندا ۔

Eye - spot : (n) دیکھو Eye point

Eye - spotted : (a) چشم نما دھبوں والا ۔

Eye - stalk : (n) دیکھو Eye-pedicle

Eye stone : (n) (۱) چشم نماپتھر ۔(۲)ایک چنیلی چیزجو آنکھ صاف کرنے میں کام آتی ہے ۔

Eye-tooth : (n) ککردنتیا ؛ وہ دانت جو آنکھ کے بالکل نیچے ، اوپر یا نیچے کے جبڑے میں ہیں ؛ بالائی ناب ۔

Eye-trap : (n) فریب نظر ؛ دھوکے کی ٹٹی ۔

Eye-tube : (n) وہ نلکی جس میں دوربین کا شیشہ لگا رہتا ہے ۔

Eye-wage : (n) آقا کی نگرانی میں خدمت کی اجرت ۔

Eye-waiter : (n) دیکھو Eye-servant

Eye-wash : (n) (۱) چشم شویہ ؛ آنکھوں میں ڈالنے کا عرق علاج چشم ۔(۲) (عامیانہ) ڈھکوسلا ؛ بکواس ۔

Eye-water : (n) (۱) آنسو؛ اشک ۔(۲)آنکھوں کی دوا (سیال) ۔ (۳) رطوبت چشم ۔(٤) جن شراب ۔

Eye-wink : (n) چشمک ؛ اشارۂ چشم ؛ عشوہ ۔

Eye-winker : (n) پلک یا پپوٹا ۔

Eye-wise : (a) ظاہری چالاکی ۔

Eye witness (n) شاہدعینی ؛ گواہ جس کے سامنےواقعہ ہوا ہو ؛ چشمی گواہ ؛ سچی گواہی ؛ چشم دید گواہ ۔

Eye-worship : (n) عینی پرستش ۔

Eyebrow/bree : (n) [f. Eye sb'+ Browsb'.] (۱) ابرو ؛ بھوں ۔ (۲) (تعمیرات) دریچے کے اوپر کا حاشیہ ۔ (۳) ریشہ دارگودڑ جو بنائی کے وقت مشین میں پھنس کرکپڑے میں نقص پیدا کرتا ہے ۔ (٤) ہوائی اڈے کا چھجا ۔

Eyed : (a) (۱) آنکھ والا ؛ چشم دار ۔(۲) داغ دار ؛ خال دار ۔

Eyeful : (n) آنکھ بھر ۔

Eyeful : (a) نمایاں ۔

Eyeless : (a) بے چشم ؛ کور ؛ بے بصیرت ؛ بے دیدہ ؛ اندھا (نیز مجازاً) ۔

Eyelet : (n) (۱) کپڑے یابادبان وغیرہ میں رسّی ڈوری وغیرہ باندھنے کے لئے چھوٹا سوراخ ؛ کاج ؛ تکمہ ؛ حلقہ؛ چشمہ؛ روزنہ ؛ (۲) چشم کوچک ؛ چشمک ۔

Eyelet : (v) کاج بنانا ؛ روزنہ بنانا ۔

Eyelet-hole : (n) دیکھو Eyelet

Eyelet-punch : (n) کاغذ میں سوراخ بنانے کا آلہ ۔

Eyelet-ring : (n) چھوٹا فلزی حلقہ جو کاج کی حفاظت کےلئے لگایا جاتا ہے ۔

Eyelid : (n) [f. Eye sb. + lid.] پپوٹا ؛ پلك ۔

To hang by the eyelids : خطرناك حالت میں ہونا ۔

Eyestrings : (n) آنکھ کے عضلات ؛ اعصاب وغیرہ ۔

Eyot : (n) (جغرافیہ) دریائی جزیرہ ۔

Eyra : (n) (حیوانیات) امریکی جنگلی بلی ؛ بن بلاؤ ۔

Eyrant : (a) (نقابت) گھونسلے میں بیٹھی ہوئی چڑیا ۔

Eyre : (n) [OFr.'eire.'] گشتی عدالت ؛ سیاحت ؛ گردش ۔

Justices in Eyre : دورے کے جج ۔

Eyrie : (n) (تعمیرات) بلندمسکن ؛ (حیوانیات) آشیانہ عقاب ۔

Eyrie /Aerie : (n) (۱) (حیوانیات) عقاب کا نشیمن؛ شاہین کا بسیرا ؛ آشیانہ عقاب ۔(۲) (تعمیرات) بلند مسکن ۔

Ezra : (n) عزیر ؛ عزرا (یہودیوں کے پیغمبروں میں سےایك پیغمبرکا نام) ۔

F

F : (۱) انگریزی حروف تہجّی کا چھٹا حرف ۔(۲) چھٹا ؛ ششم ۔ (۳) (موسیقی) مدھم سُر ؛ ما ۔(٤)مختلف لفظوں جیسے Forte, Fahrenteit, Father, Fellow. وغیرہ کا مخفف ۔

Fa : (n) [f.L.'fa(muli)'.] موسیقی میں ایک سپتک کا چوتھا سُر ؛ ما کا سُر ۔

Fa-la : (n) (یہ لفظ) ٹیپ یا ترجیع کے طور پر استعمال ہوتاتھا نیز ایک قسم کی مختصرعشقیہ نظم یا رقص وسوانگ پر مشتمل تھیٹر کی ایک پیش کش جو سولھویں اور سترھویں صدی میں مقبول تھی ۔

Fa station : (n) فضائی ریڈیو اسٹیشن ۔

Fabaceae : (n) (نباتیات) باقلائیہ ۔

Fabaceous : (a) [L L. 'fabaceus'.] سیم (باقلا) کا یا اس سے متعلق ؛ (نباتیات) باقلائی ؛ لوبیائی ۔

Fabella : (n) [mod.L. dim. of 'faba'.] کتے یا دوسرے جانوروں کےعضلۂ ساق کے وتر کی گولی دار یا کشتی نما ہڈی ؛ (تشریح، حیوانیات) فولہ ؛ کرّی دانہ ۔

Fabian : (a) [L. Fabianus.] (۱)رومی جنرل Fabia کے متعلق ۔ (۲) Q. Fabins Maximuss کے طرز پر ۔ (۳) پُر احتیاط اورطویل (طرزعمل اختیار کرکے کسی حریف کو تھکا دینا) ۔ (٤) فوجی طولانی (شاعری)۔

Fabian : (n) اشتراکین انگلستان کی انجمن؛ انجمن اشتراکین کا رکن یا اس کےعقیدے کو ماننے والا ۔

Fabian socialism : (n) محتاط اشتراکیت ۔

Fabian society : (n) اشتراکین انگلستان کی انجمن ؛ شوسلسٹوں کی ایک انجمن جو سنہ ۱۸۸٤ء میں قائم کی گئی تھی ۔

Fabianism : (n) انجمن اشتراکین یا محتاط اشتراکیت کا عقیدہ ۔

Fabiform : (a) [f. L.'faba'.] (نباتیات) سیم جیسا ؛ باقلا نما ؛ باقلا شکل ؛ لوبیا شکل ۔

Fable : (n) [L.'fari'.] (۱) افسانہ خصوصاً ایسا جو فوق عادت باتوں پرمبنی ہو ؛ فرضی قصہ ۔(۲) اساطیر ۔ (۳) بے سر وپا بات چیت ۔(٤) غلط بیانی؛ گپ ۔ (٥) جھوٹ؛ دروغ ۔ (٦) ایسی چیز جس کی ہستی محض فرضی ہو، اصل اورواقعی نہ ہو؛ وہمی یا خیالی چیزیں ۔(۷) مختصر سا قصہ؛ حکایت ؛ اخلاقی حکایت ؛ چھوٹی سی کہانی خصوصاً وہ جس کے کردار جانور ہوں اور جس سے کوئی اخلاقی سبق ملتا ہو ۔ (۸) کسی ناٹک کی کہانی یا کتھا؛ پلاٹ ۔ (۹) زبان زد عام؛ زبان زدخلائق ؛ عام کہاوت ؛ ضرب المثل ۔

Old wive's (women's) fables : فرضی باتیں ؛ خیالی پلاؤ ؛ ہوائی قلعے ؛ بے سر و پا باتیں ۔

Fable : (v) [L.'fabulari'.] (۱) لا طائل باتیں کرنا ؛ بے بنیاد گفتگو کرنا؛ گپیں ہانکنا؛ لاحاصل گفتگو کرنا۔ (۲) جھوٹی باتیں کرنا ؛ جھوٹ بولنا؛ دروغ گوئی کرنا ۔ (۳) فرضی قصےاورافسانے بیان کرنا؛ غلط بیانی کرنا ۔ (٤) کوئی بات بنا کر کہنا ؛ بناوٹی بات کہنا ۔

Fabled : (a) (۱) افسانوی ؛ افسانی ؛ قصے کا ۔ (۲) فرضی ؛ بناوٹی ؛ من گھڑت ۔

Fabler : (n) لاطائل باتیں کرنے والا ؛ دروغ گو ؛ باتونی ؛ گپی ؛ گپ باز ؛ بناوٹی باتیں کہنے والا ؛ بات بنانے والا ۔

Fabliau : (n) [f. OF. 'fablel.'dim.of fable.] قدیم فرانسیسی شاعری کے منظوم قصے ۔

Fabric : (n) [L.'faber'.] (۱) بنی ہوئی ، جڑی ہوئی چیز۔ (۲) عمارت ؛ مکان ۔(۳) فریم؛ ڈھانچہ ؛ پنجر ؛ کپڑا۔(٤) بناوٹ؛ قماش؛ ساخت ۔(٥) کوئی بنی ہوئی چیز؛ بُنا ہوا کپڑا ۔ (٦) تعمیر؛ گھر یاعمارت کی بناوٹ ۔ (۷) کپڑے کی بُناوٹ ۔ (۸) نسیج ؛ ریشہ ۔(۹) وہ جگہ جہاں کام ہوتا ہو ؛ فیکٹری ؛ کارخانہ ؛ کارگاہ ۔

Fabricate : (v) [f. L. 'fabrica'.] (۱) بنانا ۔(۲) گھڑنا؛ ہاتھ سے بنانا ۔(۳) ایجاد کرنا؛ گھڑنا ؛ (جھوٹ، کہانی وغیرہ) اختراع کرنا ۔ (٤) بنانا ؛ جعلی بنانا (دستاویز وغیرہ) ۔(٥) (طبیعیات) وضع کرنا ۔

Fabrication : (n) (۱) بنانے کا عمل ۔ (۲) ایجاد ؛ اختراع ؛ (طبیعیات) وضع ۔(۳) (قانون) جعل سازی ۔

Fabrication industry : (n) (تجارت) اختراعی صنعت ۔

Fabricative : (a) جعلی ؛ جعل سازانہ ؛ اختراعی ۔

Fabricator : (n) (قانون) جعل ساز ؛ بنانے والا ؛ موجد ؛ اختراع کرنےوالا ؛ ضانع ۔

Fabular : (a) [L.'fabularis'.] (۱) افسانہ پسند۔ (۲) افسانوی ؛ افسانےیا قصےکا؛ افسانوی (نوعیت کا)۔(۳) غیر تاریخی؛ فرضی؛ من گھڑت ۔(٤) ناقابل اعتبار؛ ناقابل یقین ۔ (٥) لغو ؛ بیہودہ ؛ لایعنی ؛ خرافاتی ۔ (٦) مبالغہ آمیز ؛ حیرت انگیز ۔ (۷) بےانتہا (دولت) ۔

Fabulate : (v) [L. 'fabulair'.] (۱) (مختلف اجزاء کو ملا کر) کچھ بنانا ۔ (۲) (مشترکہ طور پر کوئی منصوبہ) بنانا؛ (کہانی) گھڑنا؛ (سازش) تیار کرنا ۔ (۳) جعل سازی کرنا؛ (جھوٹ) گھڑنا ۔

Fabulator : (n) داستان گو ؛ افسانہ طراز ؛ حکایت بیان کرنے والا ۔

Fabulist : (n) [L.'fabula'.] (۱) افسانہ نویس؛ (قصہ یا کہانی) گھڑنےوالا ؛ داستان گو ۔(۲) جھوٹا؛ دروغ گو ؛ افسانہ ساز ؛ دروغ باف ؛ مخرّف ؛ جھوٹی باتیں گھڑنےوالا ۔

Fabulosity : (n) [L. 'fabulositatem'.] فسانہ پسندی ؛ فسانہ آمیزی ۔

Fabulous : (a) [L. f. 'fabula'.] دیکھو Fabular

Fabulously : (adv.) مبالغے کے طور پر ؛ بطور افسانہ ؛ حیرت انگیز طور پر ۔

Fabulouness : (n) (۱) فسانہ پسندی ۔(۲) لغویت ؛ حیرت انگیزی ۔

Faburden : (n) [F. 'fauxbourdon'.] (۱) (موسیقی) ایک قسم کا جوڑ جو کسی راگ یاراگنی میں لگایا جائے ؛ تیسرے اور چھٹے سُروں پر مشتمل آہنگ کی ایک قسم جو Canto fermo میں شامل ہوتی ہے ۔ (۲) زیریں سُر ؛ شیپ ؛ ترجیع ۔ (۳) وہ فقرہ جو باربار آوے ۔

Facade : (n) [F. f. 'face'.] (۱) گلی، کوچے یا کسی کھلی ہوئی جگہ یا میدان کی طرف کسی عمارت کا حصہ ؛ عمارت کارخ ؛ (عمارت کا) پیش ؛ ماتھا یا چہرہ مہرہ؛ روکار؛ سر در ؛ عمارت کے سامنے کا حصہ ۔(۲) مظہر کاذب ۔

Face : (n) [L. 'facia'.] (۱) چہرہ ؛ رخ ؛ منہ ؛ سر کا اگلا حصہ (پیشانی سے ٹھوڑی تک) ؛ شکل ۔ (۲) چہرے کی حالت ، کیفیت ۔(۳) دھیرج ۔(٤) حاضر باشی ؛ حاضری ؛ موجودگی ۔(٥) (فوج) فوجی دستے کا ہر ایک رخ جب وہ مربع کی شکل میں ہو ؛ دیکھو Face of a gun ۔(٦) (بھاپ انجن) سلانڈوالو کا چپٹا حصہ نیز اُس سے ملا ہوا کسی استون پرکا چپٹا حصہ جس پر سلانڈوالو پھسلتا ہے ۔ (۷) کسی ٹائپ یا پنچ (Punch) کاوہ حصہ جس میں حروف ہوتے ہیں ؛ ٹائپ کی چھاپنے والی سطح ۔ (۸) گستاخی ۔ (۹) ظاہری نمائش ؛ دکھاوا؛ نمود ؛ بھڑک ۔(۱۰) ظاہری صورت شکل ۔ (۱۱) سامنے کا حصہ ؛ آگے کا حصہ؛ سامنے کا رخ؛ پیش؛ سامنا؛ آگا؛ اگواڑہ؛ رو کار ؛ مکان کا چہرہ مہرہ ۔(۱۲) سیدھی جانب؛ سیدھےرخ ۔ (۱۳) سکّے کا چہرے والا رخ ؛ سیدھا رخ ۔ (۱٤) گھڑیال کے ڈائل کی تختہ ؛ گھڑی یا گھڑیال کا وہ تختہ جس پر حرف لکھے رہتے ہیں ؛ گھڑیالی چہرہ ۔(۱٥) کسی ہتھیار، اوزار یا آلے کا وہ حصہ جس سے کام کیا جاتا ہے ؛ پھل (تلواروغیرہ کا) ۔(۱٦) (تاش میں) تصویر والا پتا ؛ تصویر ؛ مورت ۔ (۱۷) (کان کنی یا کھدائی میں) سرنگ کی آخری دیوار جہاں پر کھدائی کا کام چل رہا ہو یا جہاں تک ہو چکاہو؛ نظام طبقات میں وہ مقام جہاں پر دو پرتیں زاویہ قائمہ بناتی ہوئی آپس میں ملتی ہیں ۔ (۱۸) راس منڈلی نشان کا تیسرا حصہ یا طول البلد کا دس درجہ ۔(۱۹) ظاہری قدر؛ ظاہری قیمت ۔ (۲۰) اناس یا دوسرے درختوں کی وہ کاٹ جس سےرال، گوند یارس خارج ہوتا ہےیانکالا جاتا ہے۔(۲۱) ہاکی وغیرہ میں گیند کو بلے کی سیدھی طرف کے بیچ کے حصے سے مارنے کا عمل ۔ (۲۲) چہرے کی کیفیت خصوصاً رعب، بےشرمی، بےغیرتی یا دیدہ دلیری کی حالت میں ۔ (۲۳) (قلعہ بندی) دیکھو Face of a work/Face of a place ۔

From the face of the earth : روئے زمین سے ۔

In face of : سامنے ؛ مقابل ؛ بالمقابل ؛ بالکل سامنے ۔

In face of/In the face of : باوجودیکہ ؛ باوصف کے ۔

In the face of danger : خطرے کے باوجود ؛ خطرے کے وقت بھی ۔

In the face of day : صاف صاف ؛ صریحاً ؛ کھلم کھلا ؛ کھلے بندوں ۔

Not to show one's face : مارے شرم کے منہ نہ دکھا سکنا ۔

On the face of it : ظاہری حالت کے لحاظ سے ؛ ظاہر میں ۔

Plane face : (n) (کیمیا) پہلو کی شکل کا چہرہ ۔

The face of the deep : سطح بحر ۔

The face of the earth : زمین کی ظاہری شکل ؛ سطح زمین ۔

The face of the waters : چہرۂ آب ؛ سطح آب ۔

To fly in the face of : ڈٹ کر مقابلہ کرنا ؛ کھلم کھلا نافرمانی کرنا ۔

To have the face : اتنا بے غیرت ہونا کہ ۔

To have the wind in one's face : نامساعد حالات کا مقابلہ کرنا؛ دشواری میں پڑنا؛ ہوا کا مخالف ہونا ۔

To have two faces : دو رُخا ہونا ؛ منافقت کرنا ؛ دو رُخی پالیسی اختیار کرنا ؛ منہ میں رام بغل میں چھری کے مصداق ہونا ۔

To look a person in the face/ To look one in the face : کسی کے روبرو ہونا ؛ سامنے ہونا ؛ مقابل ہونا؛ سامنا کرنا؛ سامنے لے آنا؛ مقابلہ کرادینا (ملزم کا) ۔

To loose face: ساکھ گنوانا ؛ وقار کھونا ؛ بدنام ہونا ۔

To make or pull a face : منہ بنانا ؛ منہ چڑانا ۔

To one's face : کسی کے سامنے ؛ موجودگی میں ؛ منہ پر یا اس طرح کہ وہ سُن لے یا دیکھ لے ۔

To pull-/Wear a long face : بسورنا ؛ منہ بنالینا ۔

To put a good, bold face on (a matter) : کسی معاملے، امر کو اچھی صورت میں پیش آنا ؛ کسی امر، معاملے کو درست کر کے دکھانا ؛ کسی معاملے، امر کا جوانمردی سے مقابلہ کرنا ۔

To save one's face : اپنی لاج رکھنا ۔

To set one's face : چہرے سے اظہارِ سکون کرنا ۔

To set one's face against : مقابلہ کرنا ؛ مخالفت کرنا ۔

To show one's face : نمودار ہونا ؛ سامنے آنا ؛ ظاہر ہونا ۔

To throw in a person's face : کسی کے منہ پر دے مارنا ۔

Face : (v) (۱) سامنے کرنا ؛ سامنے ہونا ؛ مقابلہ کرنا ۔ (۲) کسی کام سے جی چُرانا؛ پہلو تہی کرنا ۔ (۳) پیچھے نہ ہٹنا ؛ مقابلے پر جم جانا؛ مردانہ وار برداشت کرنا ۔ (٤) پیش آنا یا ہونا (مثلاً (The problem that faces us) ۔ (٥) تاش کے پتے کو سیدھے رُخ رکھنا ۔ (٦) (اشخاص کے لئے) دیکھنا (اشیا کے لئے) کسی سمت واقع ہونا ۔ (۷) مقابل یا محاذی ؛ (مثلاً To face page 20) مقابل صفحہ پر ہونا ۔ (۸) (گولف) گیند کو بلے کی سیدھی طرف کے بیچ کے حصے سے مارنا ۔ (۹) اپنے پاؤں کے بل کسی خاص سمت میں گھوم جانا ؛ اس طور پر گھمانا ؛ ایڑ لگانا ۔ (۱۰) مسالا چڑھانا؛ تہ چڑھانا؛ لیپنا ۔ (۱۱) سطح کو صاف یا ہموار کرنا ۔ (۱۲) چائے پر رنگ چڑھانا ۔ (۱۳) اوپر کی طرف چہرہ اٹھانا ۔ (۱٤) (فوج) مقابلہ کے لئے سپاہ کو حرکت میں لانا؛ ہدایت کردہ سمت میں مُڑجانا ۔ (۱٥) لباس کی ایک معینہ چوڑائی کو کسی دوسری چیز سے ڈھک دینا ۔ (۱٦) کسی سطح کو بعض مخصوص چیزوں سے ڈھکنا ۔

To face (an opponent) down : نیچا دکھانا (غنیم کو یا حریف کو) گھڑکنا ؛ جھڑکنا ؛ ڈانٹنا ۔

To face on : ایک صورت، شکل یا حالت کو بدل دینا ؛ ایک کیفیت کو تبدیل کردینا ۔

To face (the matter) out : کسی معاملے کو انجام تک پہنچا دینا ؛ پورا کردینا ۔

To face the music : وقت پڑنے پر پیچھے نہ ہٹنا ؛ ہمت نہ ہارنا؛ سست نہ پڑنا؛ حالات سے پیدا شدہ نتائج کا مقابلہ کرنا ؛ نا مساعد حالات کا یا کسی خطرے کا استقلال کے ساتھ مقابلہ کرنا ۔

Face-ache : (n) چہرے کا عصبی درد ؛ چہرے کا درد ؛ چہرے کے اعصاب کا درد ؛ (طب) عصبی درد ۔

Face-ague : (n) (طب) شدید درد چہرہ ؛ چہرے کا شدید درد ؛ لقوہ ؛ عرۃ الوجہ ؛ ایک قسم کا شدید اعصابی درد جس کےباعث چہرے کےعضلات میں سکڑنے کی اضطراری حرکت ہوتی ہے ۔

Face amount : (n) (تجارت) عرفی رقم ؛ ظاہری رقم ۔

Face angle : (n) (ہندسہ) وجہی زاویہ ؛ پہلو کا زاویہ ۔

Face-card : (n) تاش کاتصویروالا پتّا (بادشاہ، بیگم، غلام) ۔

Face centered : (n) (کیمیا وانجینیئرنگ) ہموار شکل ۔

Face centered cube : (n) (طبیعیات) رخ مرکزی مکعب ۔

Face centered lattice : (n) (طبیعیات) رخ مرکزی جالی ؛ رخ مرکزی لیٹس ۔

Face- cloth : (n) میّت کے چہرے پر پڑا ہوا کپڑا ۔

Face-flatterer : (n) منہ پر چاپلوسی کرنےوالا؛ خوشامدی ۔

Face-guard : (n) سامنے کے حصے یا چہرے کو بچانے کی ایک تدبیر (خصوصاً احاطہ بندی وغیرہ میں) ؛ محافظ صورت ؛ محافظ چہرہ ؛ سپرِ جلو (ہر چیز کا) ۔

Face-hammer : (n) چپٹے چہرے والا ۔

Face-hardening : (n) (طب) سختاؤ (فولاد) ۔

Face-Joint : (n) محراب کے اگلے حصے میں ایک پتھریلے پچر کا جوڑ ۔

Face- lathe : (n) مسطح کرنے والی مشین ؛ برابر کرنے والی مشین ۔

Face-levelling : (n) سطح ہموار کرنا ؛ سطح کو برابر کرنا ۔

Face-lift : (n) (عملی جراحی سے) چہرے کی جھریوں وغیرہ کو دور کر کے اسے حسین بنانا ؛ کسی چیزکی صفائی ، آراستگی وغیرہ کرنا ۔

Face-lifting : (n) چہرے کی مالش کا ایک طریقہ ۔

Face mask : (n) نقاب ۔

Face-mould : (n) تختے کی دونوں جانب مناسب ریلنگ کھینچنے کا سانچہ ۔

Face of a gun : (n) نال کے دہانے پردھات کی سطح ۔

Face of a place : (n) (قلعہ بندی) دوقریبی برجوں کےمتصل زاویوں کے درمیان کا اگلا حصہ ۔

Face of a work : (قلعہ بندی) (ملک کی جانب) باہرنکلے ہوئے زاویہ بنانے والے حصے ۔

Face of the earth : (n) (جغرافیہ) روئے زمین ۔

Face-painter : (n) (۱) مصور ؛ تصویریں بنانے والا ؛ پورٹریٹ بنانےوالا؛ شبیہ ساز؛ شبیہ اتارنےوالا۔ (۲) چہرے پرغازہ ؛ سرخی وغیرہ لگانےوالا ۔

Face-painting : (n) رنگ سازی (تصویر) ؛ مصوری ؛ تصویر کی نقاشی ؛شبیہ سازی ؛ رنگوں سے تصویر (شبیہ) بنانا ؛ پورٹریٹ پینٹنگ ۔

Face-plan : (n) (کسی عمارت کی) سامنے کی اونچائی ؛ صدربلندی ؛ صدراونچائی ۔

Face-plate : (n) (میکانیات) خراد کے محور کے سرے کابڑھاؤ جس میں خراد آجانےوالا پرزہ لگایا جاسکے ؛ چرخ لنگر ۔

Face-sponge : (n) چہرہ صاف کرنے کا اسفنج ؛ اسفنجی رومال ۔

Face-stone : (n) پتھر کی وہ سل جس سے مکان کا پیش یا آگا بنایا جاتا ہے، خصوصاً محراب، کارنس وغیرہ میں ۔

Face-to face : آمنے سامنے ؛ بالمقابل ؛ بالمواجہ ؛ سامنے ؛ روبرو ؛ بالمشافہ ۔

Face to face with : روبرو ہونا ؛ سامنے ہونا ؛ مقابل ہونا ؛ سنمکھ ہونا ۔

Face value : (n) قیمت معروفہ ؛ عام قیمت ؛ قدر عرفی ؛ وہ قیمت جو سکّے پرلکھی ہوتی ہے؛ وہ قیمت جو نوٹ پرلکھی ہوتی ہے ؛ (تجارت) ظاہری قدر۔

Face-wall : (n) (عمارت) سامنے کی دیوار ۔

Face-wheel : (n) (میکانیات) سیدھےدندانےیا کھڑے دندانوں کا پہیا ؛ پیسنے یا پالش کرنے کےلئے چپٹے رخ پر جمایا ہوا پہیا ۔

Face work : (n) چہرہ کام (دیوارکا) ۔

Faced : (a) (۱) بالمقابل ؛ آمنے سامنے ۔(۲) چہرے والا ؛ رُخ والا ۔(۳) دیکھو Faced-work ۔

Faced-work : (n) (۱) جو مربع نماپتھر کے کام میں استعمال ہوتا ہے ۔(۲) نقاشی میں دوسرا رنگ چڑھانے سے پہلے جھانوے سے رگڑ کر پہلے کے رنگ کو صاف کر دینا ۔(۳) عمدہ کھگل کاری کے سلسلے میں بھی مستعمل ہے ۔(٤) (تعمیرات) ایک پتلا پتھر جسے bastard ashlar بھی کہتے ہیں ۔

Facer : (n) (۱) تھپڑ ؛ طمانچہ ۔(۲) ناگہانی آفت ؛ بلائے ناگہانی ؛ سخت مشکل (میکانیات) گیزہ ۔

Facet /Facette : (n) [F.'facette',dim. of'face'.] (۱) پہل ؛ رخ ؛ پہلو ؛ جانب ؛ ضلع ؛ کئی پہلو والی چیز کا ایک پہلو (خاص کرایک تراشے ہوئے رتن کا) ؛ جہرچہ ۔(۲) کسی مرکب سوراخ کا ایک پہلو یا قطعہ ؛ کسی مرکب آنکھ کےحصوں کاایک حصہ (ocelli)۔(۳) (تشریح) کسی ہڈی کی ایک چھوٹی سی، چپٹی اورچکنی مفاصلی سطح ۔ (٤) (حیوانیات) چشم صغیر ۔ (٥) (تعمیرات) پخ ۔(٦) (جواہرات) رویک ؛ رُخچہ ۔

Faceted/Facetted : (a) (۱) کئی پہلو والا ؛ پہلو دار ؛ کثیر الاضلاع ۔(۲) (جواہرات) رُویک دار ۔

Facetiae : (n) [L.f. 'facetus'.] (۱)لطائف و ظرائف ؛ ظریفانہ کلام؛بنسی ٹھٹول کی باتیں ۔(۲) (فہرست کتب میں) ظریفانہ یا فحش مضامین کی کتابیں ۔

Facetious : (a) [L. 'facetia'+ -ous.] ٹھٹول ؛ ہنسوڑ ؛ ظریف ؛ زندہ دل ؛ شوخ طبع ؛ خوش مزاج ؛ پُر مزاق ؛ مزاحیہ ؛ پُر تفنن ؛ قہقہہ آمیز ؛ پُر تفریح ۔

Facetiously : (adv.) بنسی مذاق میں ؛ ظریفانہ طور سے ؛ زندہ دلی سے؛ خوش مزاجی سے ۔

Facetiousness : (n) ٹھٹول ؛ خوش مزاجی ؛ ظرافت ؛ شوخ طبعی ؛ زندہ دلی ؛ مزاح ؛ تفریح ؛بنسی مذاق ۔

Facia : (n) [Var. Fascia.] (۱) دکان کے سامنے دکاندار کے نام کی تختی ۔(۲) دیکھو Fascia ۔

Facial : (a) [med. L.'facies'.] (۱) چہرے کا یا اس سے متعلق (مثلاً چہرے کی شریان ؛ عصب وغیرہ) ۔ (۲) (تشریح) (حیوانیات) وجہی ۔

Facial angle : (n) (۱) وہ زاویہ جو ان خطوط سے پیدا ہوتا ہے جو نتھنے سے کان اورماتھےتک کھینچے جائیں ۔(۲)(تشریح) وجہی زاویہ ۔(۳) (ہندسہ) مُکھیہ زاویہ ۔

Facial artery : (n) (۱) (تشریح) وجہی شریان ۔(۲) چہرے کی شریان ؛ جبڑے کی رگ ۔

Facial line : (n) وہ خط جو نتھنوں سے پیشانی تک کھینچا جائے ۔

Facial nerve : (n) (تشریح) وجہی غصب ؛ چہرے کا غصب ۔

Facial paralysis : (n) (طب) لقوہ ۔

Facially : (adv.) چہرے کی مناسبت سے ۔

Faciend : (n) (ریاضیات) مُعمّل ؛ زیر عمل ۔

-facient لاحقہ برائےصفت جس کےمعنی بنادینےکےآتےہیں ۔:

Facies : (n) [L.i see FACE.] (۱)(تشریح) چہرہ ؛ بشرہ ۔ (۲) (نباتیات) منظرہ ؛ صورت ۔ (۳) (ارضیات) سطح ؛ ماہیت ۔ (٤)(تاریخ طبیعی) عمودی اظہار ؛ عمودی شکل ؛ عمودی صورت ۔

A denoid facies : (تشریح،حیوانیات)بشرہء غدودی ۔

Facies volaris : (n) (تشریح ، حیوانیات) سطح راحی ۔

Facile : (a) [L. 'facere'.] (۱) سہج ؛ آسان ؛ سہل ؛ سُگم ؛ سیدھا ۔(۲) آسان یا سہولت سےحاصل ہوجانے یا مل جانے والی چیز ۔ (۳) آسانی سے ہو جانے والا کام ؛ ذرا سی کوشش سے ہوجانے والا کام ۔ (٤) رواں ؛ آسان ۔ (٥) تیار؛ موجود ۔ (٦)نرم مزاج ؛ نیک نہاد؛ لچکدار؛ نرم ؛ لچیلا ؛ سلیم الطبع ؛ سلیم ۔

Facile princeps : (a) آسانی سے سبقت لےجانے والا ۔

Facilely : (adv.) آسانی سے ؛ بہ آسانی ؛ سہل طور پر ؛ نرمی سے ؛ سلیم الطبعی سے ۔

Facileness : (n) آسانی ؛ سہولت ؛ نرم مزاجی ؛ سلیم الطبعی ؛ سیدھاپن ۔

Facilitate : (v) [Fr. 'Faciliter'.] (۱) آسانی کرنا ؛ سہل کرنا ؛ سُگم کرنا ۔ (۲) فروغ دینے میں مدد ہونا؛ آسانی بہم پہنچانا؛ (کسی شخص کی) معاونت کرنا ۔(۳) مشکل آسان کرنا ؛ دشواری کم کرنا ۔

Facilitation : (n) (۱) سہولت پیدا کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ عمل یا نتیجہ ۔(۲) معاونت ؛ مدد ؛ تعاون ۔ (۳) (طب، نفسیات، تعمیرات) تسہیل ۔

Facilitator : (n) سہولت پیدا کرنے والا ؛ آسانی بہم پہنچانے والا ؛ معد ۔

Facilities cost : (n) (تجارت) سہولیات لاگت ۔

Facility : (n) [L.'facilitatum'.] (۱)آسانی ؛ سہولت ۔(۲)آسانی سےموقع ملنا (کسی کام کےلئے) ۔(۳) تقریر کی روانی ؛ لسانی ؛ طلاقت لسانی ۔ (٤)نرمی ؛ لچک ؛ لوچ ؛ ملائمت ۔ (٥) (عمل وغیرہ میں) آسانی ، سرعت ، درستی ، کاریگری، سبک دستی اورمہارت ۔ (٦)(اسلوب میں) سلاست ۔ (۷) کسی اچھائی یا برائی کی طرف بہ آسانی مائل ہوجانا؛ اثر پزیری؛ لچکیلاپن ۔(۸) کاہلی؛ آرام طلبی ؛ تن آسانی ۔

Facility of payment clause : (n) (تجارت) سہولیات ادائیگی دفعہ ۔

Facing : (n) (۱) آمنے سامنے ؛ مقابل ۔(۲) (عمارت) رخ ؛ رو کار؛ چہرہ مہرہ ۔ (۳)(فوج) کسی دوسری سمت میں مڑنے کاعمل ؛ (خصوصاً جمع میں) ؛ کوٹی چیزجو لباس میں بطور ابرالگائی جائے خصوصاً فوجی جیکٹ کا کف ، کالر وغیرہ جس کارنگ باقی لباس کے رنگ سے مختلف ہوتا ہے ۔(٤) استرکاری کرنا؛ غلاف چڑھانا۔ (٥) سطحی یا بالائی استرکاری نیز اس میں کام آنےوالے سامان خصوصاً پتھر کی خارجی تہ جو کسی دیوار پشتے وغیرہ کے اگلے حصے پر ہوتی ہے؛ کوٹی بیرونی خول یا بچاؤ ۔ (٦) وہ سفوف یا برادہ جو سانچہ کاری میں ڈھالی جانے والی چیز کی سطح کو ہموار اور چکنا بنانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

To go through one's facings : کسی کی استعداد و اوصاف کو جانچنا ۔

To put (one) through (his) facings : کسی کی استعداد و اوصاف کی جانچ کرنا ۔

Facing bond : (n) (عمارت) چہرہ بندش ۔

Facing loam/-sand : (n) سانچے میں لگایا جانے والا برادہ بالو (تاکہ ڈھالی جانے والی چیز کی سطح ہموار رہے)۔

Facinorous : (a) [L.f. 'facinus'.] (متروک) بے انتہا شریر ؛ بےحد بدمعاش ؛ انتہائی بدکار ؛ بڑا ہی ظالم ۔

Facinorousness : (n) بےحد شریر ہونا؛ انتہائی ظالم ہونا ۔

Facioplasty : (n) (جراحی) چہرہ پیوندی ۔

Facioplegia : (n) (طب) شکیل چہرہ ۔

Faconde/-ound : Facund کا متبادل ۔

Facsimile : (n) [L.'fac+simile'.] (۱) صحیح نقل خاص کر تحریر، لکھائی، تصویر، چھپائی وغیرہ کی ۔ (۲) چربہ ؛ ہوبہو نقل ؛ نقل کالاصل ۔

Reproduced in facsimile : بالکل صحیح نقل ۔

Facsimile : (v) چربہ اتارنا؛ ہوبہو نقل کرنا ؛ صحیح صحیح نقل کرنا ؛ (تحریر، تصویر، چھپائی وغیرہ کی) ۔

Facsimile Radio : (n) (شعاعیات) ہوبہو ریڈیو ۔

Facsimile Telegraphy : (n) (تلغرافی) ہو بہو تار برقی ۔

Facsimilist : (n) چربہ اتارنے والا ؛ ہوبہو ناقل ؛ صحیح نقل کرنے والا ؛ چربہ کار ؛ نقل کار ۔

Fact : (n) [L. f. 'facere'.] (۱) حقیقت ۔(۲) امر واقع ؛ واقعہ ؛ واقعہ نفس الامری ؛ سانحہ ؛ (نفسیات وغیرہ) امر؛ امر واقعہ ۔(۳) ارتکاب فعل ؛صدور واقعہ؛ ارتکاب جرم ؛ آجکل (after, before, the fact) وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) (غیر صحیح طورپر) کوئی بات جس کے حقیقی ہونے کا دعوی کیاجائے یا جو حقیقی ہو سکتی ہو ۔ (٥) تجربے کی کوئی اکائی جو نتائج سے متمیز کی جاسکے ۔ (٦) (جمع میں، نیز واحد میں بغیر a کے) حقیقت ؛ صداقت ؛ حقیقی یا واقعی صورت حال ؛ واقعیت ؛ حقیقت نفس الامری ؛ حقیقت واقعہ ۔(۷) (قانون) (واحد جمع دونوں میں) کسی مقدمے کے حالات و واقعات (اپنے قانونی پہلوؤں سے متمائز) ۔

Infact /In point of fact /As a matter of fact : فی الحقیقت ؛ فی الواقع ؛ حقیقت میں ؛ دراصل ۔

Factable : (n) (عمارت) منذیر ؛ کوپری ۔

Faction : (n) [L.'factionem'.] (۱) فرقہ ؛ جتھا ؛ (خصوصاً سیاسی معاملوں میں) جماعت ؛ زمرہ ؛ حزب ؛ دھڑا ؛ گروہ ۔ (۲) فرقہ بندی ؛ دھڑا بندی ؛ گٹ بندی ؛ گروہ بندی ۔ (۳) شقاق یانزاع حزبی ؛ فرقہ وارانہ ذہنیت یا عمل ؛ جماعتی نزاع یا سازباز ؛ جماعتی جھگڑا یا سازش ۔ (٤) نزاع ؛ پھوٹ ؛ ان بن ۔ (٥) کسی ریاست،

کسی فرقے یا انجمن کی وہ جماعت جو ہمیشہ خودغرضی، فتنہ پروری اوربدعنوانی سے منسوب کی جاتی ہے۔

- faction : لاطینی لاحقہ برائے اسمائے کیفیت بمعنی بنانا۔

Factional : (a) (۱) فرقہ یا گروہ کا یا اس سے متعلق ؛ جتھابندی کا ؛ پارٹی بازی کا۔(۲) جھگڑالو ؛ مفسد ؛ فتنہ پرور ؛ دیکھو Factious ۔

Factionalism : (n) (تجارت) گروہ بندی ۔

Fossil farina : ایک سفید یک خلیہ اجرام سے بھری ہوئی زمین ۔

Farina tritici : (n) (نباتیات) آرد گندم ؛ گیہوں کا آٹا ۔

Farinaceous : (a) [L.f.'farina'.] (کیمیا) نشاستی ؛ نشوی ؛ آٹے یا میدے کا ؛ نشاستہ کا ؛ نشاستہ دار ؛ آٹا یا نشاستہ پیداکرنے والا ؛ میدے جیسا ؛ میدے کی صفت کا ؛ بظاہر میدے جیسا ۔

Farinaceously : (adv.) نشاستی طور پر ؛ آٹے یا میدے کا یا اُن جیسا ہوتے ہوئے ۔

Farinha : (n) [L.'farina'.] جڑوں سے حاصل شدہ مقوی نشاستہ ؛ اس سے بنی ہوئی روٹی ۔

Farinose : (a) [L.'farinosus'.] نشاستی ؛ نشاستہ دار ؛ بُھربُھرا ؛ میدہ یا آٹے جیسا ؛ سفوف چھڑکی ہوئی (شے) ؛ (نباتیات) آردی ؛ دقیقی ۔

Farinose : (n) (کیمیا) نشاستی اناج کے عناصر میں سے کوئی ایک ۔

Fario : (n) [L.] تقریباً نیم بالیدہ سامن مچھلی ۔

Farl : (n) [Contr. f. 'FARDEL'.] (۱) آٹے یا جئی کے میدے سے بنا ہوا ایک باریک کیک ؛ ایسے کیک کا چوتھائی حصہ ۔ (۲) (آٹے کی) ٹکیہ ؛ قرص ۔

Farleu : (n) [Origin unkn.] (قانون) حقِ زمیندار (مویشی ، روپیہ وغیرہ جو اسامی کے مرنے کے بعد زمیندار کو دیا جاتا ہے) کے عوض روپیے کی ادائی ۔

Farley/-i (e)/-ik/-y (e) : تعجب انگیز بات یا حیرت انگیز واقعہ ۔

Farm : (n) [med.L.f.'farma'.] (۱) ایک مقررہ سالانہ رقم (ٹیکس ، کرایہ وغیرہ) نیز ایک مقررہ ٹیکس جو کسی شہر یا دیہات پر لگایا جائے ۔ (۲) ٹھیکے یا اجارہ پر دینے کا عمل ؛ اجارہ ؛ استحقاق یا رعایت جو اس طرح دی گئی ہو ۔ (۳) ٹھیکے یا اجارے پر لینے کی شرط ۔ (٤) کاشت کے لئے لیا گیا قطعہ زمین ، کبھی مخصوص معنوں میں مثلاً ڈیری فارم ، پولٹری فارم وغیرہ نیز مخصوص ماہی گاہ کے طورپر لیا ہوا، دریا وغیرہ کے پانی کا ایک حصہ ۔ (٥) کھیت ؛ کاشت ؛ کشت ؛ مزروعہ زمین ؛ آراضیٔ مزروعہ ۔ (٦) کھیت سے ملحق رہائشی مکان ؛ خانۂ زراع ؛ باڑی ۔ (۷) (زراعت) مزروعہ فارم ۔ (۸) بچوں کی پرورش وتربیت گاہ (تجارت) کھیت ؛ فارم ۔

Dairy farm : (n) ڈیری فارم ؛ شیر خانہ ؛ دودھ گھر ؛ پنیر اور مکھن بنانے کا کارخانہ ۔

Fish farm : (n) ماہی گاہ ؛ پرورش گاہ مچھلی ۔

Grass farm : (n) چراگاہ ۔

Home farm : (n) سپر ؛ وہ آراضی جو مالک جایداد خود کاشت کرنے کے لئے محفوظ کرلے ؛ بکاشت مالک ۔

Oyster farm : ماہی گاہ ۔

Poultry farm : پولٹری فارم ؛ مرغی خانہ ؛ پرورش خانۂ مرغی ۔

Farm : (v) [O.E. feormian] (عامیانہ) خالی کردینا ؛ کھنگال دینا ؛ صاف کردینا ؛ گندگی دور کرنا ۔

Farm : (v) [f. FARM (n)] (۱) کسی مدت معینہ کے لئے ایک مقررہ رقم پر ٹھیکہ یا اجارہ لینا ؛ ٹھیکہ، اجارہ دینا ۔ (۲) چُنگی، لگان، ٹیکس ؛ دہ یکی (عُشر) وغیرہ سے حاصل شدہ آمدنی کی ایک مقررہ رقم پر کسی کو ٹھیکہ دے دینا ۔ (۳) مزدور یا مویشی کرائے پر دینا ۔ (٤) مقررہ معاوضے پر بچوں کی پرورش و تربیت کرنا ؛ افراد ، ادارے وغیرہ کی نگہداشت اور انتظامات کا ایک مقررہ رقم پر ٹھیکہ لینا ۔ (٥) کھیتی باڑی کرنا ؛ کاشت کرنا ؛ کاشت کاری کرنا ؛ کاشت کار بننا ۔

To farm out : ٹھیکے یا اجارہ پر دینا ۔

Farm-crossing : (n) وہ ریلوے کراسنگ جو فارم کے ایک حصے سے دوسرے حصے تک جاتی ہو ؛ فارم چوپڑ ۔

Farm hand : (n) (کھیت میں کام کرنے والا کوئی شخص ؛ کاشت کار ؛ کھیتی بار مزدور ۔ (۲) (امریکا) بیس بال (امریکا کا ایک کھیل) کا ایک کھلاڑی جو فارم ٹیم میں شامل ہو ۔

Farm-house : (n) (زراعت) خانۂ زراع ؛ باڑی ؛ کھیت سے ملحق مکان ؛ مُزارع کا گھر ؛ فارم سے ملحق رہائشی مکان ۔

Farm labourer : (n) (سماجیات) مزدور ۔

Farm management survey : (تجارت) فارم انتظام کا جائزہ ۔

Farm operating cost : (تجارت) فارم لگانے کی لاگت ۔

Farm price : (n) (تجارت) فارم قیمت ۔

Farm price support : (تجارت) (زرعی پیداوارکی) ضمانتی قیمت ۔

Farm-stead : (n) احاطہ دار فارم ؛ کھیت مع مکانات ؛ کھیت باڑا ۔

Farm-steading : (n) دیکھو Farm-stead .

Farm stock : (n) کسی فارم کے مویشی، کاشت کاری کے سامان اور اُس کی پیداوار ۔

Farm store : (n) فارم کی پیداوار؛ کھیت کی پیداوار ؛ زرعی پیداوار ۔

Farm subsidy : (n) (تجارت) زرعی امداد ۔

Farm yard : (n) احاطہ یا باڑہ ؛ کھیت سے ملحق مکان کا صحن یا احاطہ ۔

Farmer : (n) [med. L. firmarius.] (۱) کُل آمدنی کے عوض ایک مقررہ رقم کی ادائی پر لگان ، ٹیکس وغیرہ کی تحصیل کا ذمہ لینے والا ۔ (۲) (کان کنی) بادشاہ کے حصے کا اجارہ دار ؛ شاہی حصہ کا اجارہ دار ۔ (۳) کاشت کے لئے پٹّے یا لگان پر زمین دینے والا ۔ (٤) کاشت کار (بہ حیثیت مالك یا رعیت) ؛ کسان ۔ (٥) مقررہ معاوضے پر کسی کام یا خدمت کی انجام دہی کا ذمہ لینے والا ۔ (٦) اَن پڑھ دیہاتی ۔ (۷) گنوار؛ گھامڑ ؛ اناڑی ؛ پھوہڑ ؛ بےوقوف ۔ (۸) دوسروں کی زمین پر کاشت یا نگرانی کرنےوالا ۔

The farmer of infants : (n) بچوں کی پرورش و پرداخت کرنے والا ۔

Farmer-general : (n) قدیم فرانسیسی شاہی دورحکومت میں کسی ضلع پر ٹیکس لگانے والا ۔

Farmeress : (n) (۱) کاشت کار عورت ؛ کسان عورت ۔ (۲) نیز کاشت کار کی بیوی ۔

Farmerette : (n) کسان عورت یا لڑکی (خصوصاً ہنگامی حالات میں شہری فرض کی حیثیت سے کھیت میں کام کرنے والی) ۔

Farmery : (n) کسی کھیت کے احاطے ، باڑے وغیرہ ۔

Farmhold : (n) (۱) کاشت کاری کے لئے مخصوص قطعہء زمین ۔ (۲) کسی بھی کھیت کے لئے مخصوص قطعہء زمین ۔

Farming : (n) (تجارت) کاشتکاری ؛ (معاشیات) کھیتی ؛ کاشت ؛ (انتظامیہ) کھیتی باڑی ؛ اجارہ یا ٹھیکے دینے کا عمل یا طریقہ ؛ کاشتکاری کرنے، پیداوار بڑھانے اور عمدہ قسم کے بیج تیار کرنے کا کاروبار ۔

Capitalist farming : (تجارت) سرمایہ دارانہ کھیتی ؛ سرمایہ دارانہ کاشتکاری ۔

Collective farming : (معاشیات وتجارت) اجتماعی کھیتی ؛ اجتماعی کاشتکاری ۔

Co-operative farming : (معاشیات وتجارت) کو آپریٹیو کھیتی ؛ کوآپریٹیو کاشتکاری ؛ کوآپریٹیو کاشت ؛ اشتراکی، موالاتی یا تعاونی کاشتکاری ۔

Mixed farming : (تجارت) مخلوط کھیتی ؛ مخلوط کاشتکاری ۔

Peasant farming : (تجارت) کسانی کھیتی ؛ کسانی کاشتکاری ۔

Subsistence farming : (تجارت) گذرانی کھیتی ؛ گذرانی کاشتکاری ۔

Farming Inspector : (n) (انتظامیہ) انسپکٹر کاشت ۔

Farming of taxes : (تجارت) ٹیکس وصولی کی ٹھیکیداری ۔

Farness : (n) دوری ؛ بُعد ؛ مسافت ؛ فاصلہ ۔

Faro : (n) [It. 'faraon'.] جوئےکی قسم کا ایک کھیل جس میں کھلاڑی تاش کے پتوں کی گڈّی سے شرط بد کر ایک پتّہ نکالتے ہیں (زمانہ ماضی میں کسی ایک پتّے پر فرعون کی شبیہ ہوتی تھی) ۔

Faro bank : (n) جوئے بازی کی جگہ جہاں Faro کھیلا جاتاھے؛ دوسرے کھلاڑیوں کے مقابلہ میں داؤ پرلگائی ہوئی قمارخانہ کے مالك کی رقم ۔

Faro banker : (n) Faro کھلانے والا اورایسے قمار خانہ کا مالك ۔

Faroelite : (n) [f. Faroe+-LITE.] تاسنائٹ (Thowsonite) کی ایک قسم۔

Farouche : (a) [L.'ferocem'.] آزردہ ؛ افسردہ ؛ شرمیلا ؛ بدمزاج ؛ بیزار ؛ ناشائستہ ؛ غیرمہذب ؛ وحشی ؛ اُجڈ۔

Faroucheness : (n) ناشائستگی ؛ شرمیلاپن ؛ افسردگی ؛ بدمزاجی ؛ آزردگی ؛ وحشی پن۔

Farraginous : (a) [L.'farrago'.] گڈ مڈ ؛ خلط ملط ؛ ملا جُلا ؛ مخلوط ؛ پچ میل ۔

Farrago : (n) [L.'farrago'.] (۱) خلط ملط ؛ مجموعہ ؛ گڈ مڈ ؛ اختلاط؛ گھال میل؛ پچ میل ؛ کھچڑی ؛ مخلوط ۔ (۲) (الفاظ یا خیالات) غیرمرتب ؛ غیرمربوط ۔

Farrand/Farrant : (a) [Origin doubtful.] کسی مخصوص صورت ، مزاج یا رجحان کا۔

Auld Farrand : فرسودہ خیالات کا ۔

Fighting farrand : جنگجو ؛ لڑاکو ؛ جھگڑالو ۔

Foul farrand : گندی طبیعت کا ؛ بدطینت ؛ بدمزاج ؛ کریہ منظر ۔

Farrandly/Farrantly : (adv.) کسی مخصوص صورت ، رجحان یا مزاج سے ۔

Farreation : (n) [L. f. 'farreationem.'] Confarreation دیکھو

Farrier : (n) [L.'ferrarius.'] (بیطاری) نعلبند ؛ سلوتری ؛ بیطار۔ (۲) گھوڑسوار دستوں میں گھوڑوں کی نگہداشت کرنے والا افسر ۔

Farriery : (n) (۱) (بیطاری) نعلبندی۔(۲) بیطرہ ۔ (۳) بیطاری ؛ سلوتری کا کام ؛ جانوروں کی جراحی ؛ ویٹنری سرجری ۔

Farrow : (n) [O.E. fearh.] (۱) (حیوانیات) بچہ خوک ۔ (۲) سور کے بچوں کا ایک جھول (ایک مرتبہ جنے گئے بچے)۔

Farrow : (a) [Origin unkn.] (گائے سے متعلق) نشہلّی ؛ غیر حاملہ ؛ گائے جس کو (فی الوقت) بچھڑا نہ ہو ۔

To be farrow/To go farrow/To run farrow : نشہلّی ہونا ؛ نشہلّی ہوجانا ؛ نشہلّی رہنا (گائے کا) غیرحاملہ ہونا ؛ غیرحاملہ ہوجانا ؛ غیرحاملہ رہنا (گائے کا)۔

Farrow : (v) [M.E.] سور کا جھول نکالنا یا بچے پیدا کرنا ۔

Farsang : (n) [Pers.] فرسنگ ؛ دوری ناپنے کا ایک فارسی پیمانہ ؛ (قدیم) پارہء سنگ ؛ تقریباً ٤ میل نیز فارسی کی ایک میٹرک اکائی جو دس کیلو میٹر یا ٦.٢١ میل کے برابر ہوتی ہے ۔

Farse : (n) [med.L.'farsa'.] (قدیم کلیسائی) عشائے ربانی سے متعلق عبارت میں توسیع یا اضافہ نیز مکتوب حواری یا انجیل کی آیتوں کے لاطینی جملوں میں ، پڑھتے وقت شامل کی گئی مقامی زبان کی تنبیہی یا دیگر عبارتیں ۔

Farse : (v) مخصوص الفاظ کی شمولیت سے اضافہ کرنا ؛ مخصوص الفاظ کا اضافہ کرنا ؛ (مکتوب حواری میں) مقامی زبان میں کسی تنبیہی عبارت کا شامل کرنا ۔

Fars series : (ارضیات) طبقات فارس ۔

Fart : (n) [M.E.] (غیرشائستہ) (عضویات) گوز ؛ پاد ؛ باؤ ۔

Fart : (v) (غیرمہذب) پادنا ؛ گوز مارنا ؛ باؤ چھوڑنا ؛ پاد مارنا ؛ ہَوا خارج کرنا ۔

Farther : (adv.) [ME.'ferper'.] (۱) بہت آگے ؛ دورتر ؛ اور دور ؛ آگے ؛ فاصلے پر ۔ (۲) دور سے ؛ اور آگے سے ؛ فاصلے پر سے ؛ فاصلے سے ۔ (۳) علاوہ ؛ بھی ؛ اور؛ مزید براں ؛ مزید ۔(٤) نسبتاً زیادہ فاصلے تک ؛ نسبتاً زیادہ فاصلے پر ۔(٥) نسبتاً زیادہ وقفے سے ۔

To wish anyone farther : کسی کی ترقی چاہنا ؛ ترقی کی دعا دینا ۔

Farther : (a) مستزاد ؛ زیادہ ؛ زائد ؛ مزید ؛ آگے ؛ زیادہ فاصلے پر ؛ زیادہ تر ؛ بہت ؛ زیادہ وسیع ؛ زیادہ دور ۔

Farther India : (جغرافیہ) ہند چینی ۔

Farthermost : (a) بعید ترین ؛ بہت دور ؛ سب سے زیادہ دوری پر ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ۔

Farthest : (a) بہت دور ؛ نہایت دور؛ نہایت بعید؛ بعیدترین ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ؛ انتہائی طویل ۔

Farthest : (adv.) بہت دور ؛ نہایت دور ؛ نہایت بعید ؛ بعید ترین ؛ سب سے زیادہ فاصلے پر ؛ انتہائی طویل فاصلے پر ۔

At the, at, farthest : بہت ہی فاصلے پر ؛ نہایت دور ؛ زیادہ سے زیادہ سے زیادہ ؛ زائد سے زائد ؛ زیادہ سے زیادہ دیر میں ؛ بہت دیر ہوئی تو ؛ دیر سے ؛ دیر میں۔

Farthing : (n) [OE.'feording'.] (۱) (سکہ) ایک پینی کا چوتھائی حصہ ؛ چوتھائی پینی (کا سکہ) ؛ ایک فاردنگ۔(۲) عہد نامہ جدید (New Testament) میں یہ لفظ دو رومی سکوں As اور Quadrans کےلئے استعمال ہوا ہے۔(۳) (مجازاً) بہت کم یا حقیر ؛ پھوٹی کوڑی ؛ حبہ برابر ؛ ذرا سا ؛ تھوڑا سا۔

Farthing-land : ایک ایکڑ کا چوتھائی حصہ۔

Farthingale : (n) [Sp.f.'verdugado'.] (۱) (پیٹی کوٹ) سایہ جس کے اندر کی طرف لچک دار لکڑی یا تار کا چکر لگا ہوتا ہے تاکہ اُٹھا اور پھیلا رہے۔ (۲) لچکدار حلقوں کا جو عموماً وہیل کی ہڈی سے بنے ہوتے ہیں ، ایک ڈھانچہ جو پہلے زنانے لباس کے دامن کو پھیلا رکھنے کےلئے استعمال ہوتا تھا۔

Farthingale chair : (n) الزبیتھ اول اور جیمس اول کے دور حکومت میں انگلینڈ میں چوڑی نشست والی بغیر بازو کی کرسی۔

Fasces : (n) [L. pl. of 'fascis'.] (۱) (تاریخ روما) ڈنڈوں کا گٹھا جس کے بیچ میں ایک کلہاڑی بھی ہوتی تھی جس کا پھل باہر کی جانب ہوتا تھا اور جس کو ایک افسر مجسٹریٹ کے آگے آگے لے کر چلتا تھا۔(۲) (مجازاً) نشان حکومت ؛ نشان اقتدار ؛ اقتدار۔

Fascet : (n) [Origin unkn.] شیشہ پگھلانے کی بھٹی میں شیشے کی بوتلوں کو ڈالنے کا ایک اوزار۔

Fascia : (n) [L.] (۱) (تعمیرات)لکڑی ،پتھر یا سنگ مرمر کی لمبی اور چپٹی سطح خصوصاً اپونی اور کورنتھی طرز تعمیر میں ان تین سطحوں میں سے ہر ایک جو مرغول کی تشکیل کرتی ہیں ؛ ککر یا اولتی کے نیچے کی لکڑی یا پتھر؛ ابھرا ردا ؛ برجستہ سطح۔ (۲) (تشریح) کسی عضلا یا بعض مخصوص نسیج یا عضو کو گھیرے ہوئے ریشے دار نسیج کا ایک باریک غلاف ؛ نسیجی غلاف ؛ ردا۔(۳) پٹی ؛ بند ؛ بندھن ؛ پٹی یا فیتے کے مماثل کوئی چیز ؛ ایک سفید چمکدار ریشہ دار جھلی جو کسی عضلہ کے خول کا کام دے یا عضلہ اور وتر کو ملاتی ہو۔(٤) ڈورا ؛ ڈوری ۔(٥) (حیوانیات) دھاری ؛ رنگین دھاری ۔ (٦) (فلکیات) حلقہ (کسی سیارے کا) ۔ (٧) (صدفیات) سوراخوں کی قطار ۔(٨) (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ دو افقی خط۔

Aponeurotic Fascia : (تشریح) ردائے صفاتی۔

Sper matic Fascia : (تشریح) ردائے منوی۔

Fascial : (a) (تشریح ، حیوانیات) ردائی ؛ غلافی ؛ عضلات کو ڈھکنے والی ریشہ دار نسیجی جھلی یا غلاف کا یا اس سے متعلق۔

Fasciate/-d : (a) [L.L.'fasciatus'.] (۱) (تشریح) بہم بستہ ؛ (۲) (نباتیات وغیرہ) ردا دار ؛ یکجا کیا ہوا۔ (۳) پٹی دار؛ دھاری دار ؛ پٹیوں یا دھاریوں کا نشان بنایا ہوا۔

Fasciate : (v) [L. faciat.] بندھن ، فیتے یا وتر سے یا اس کی طرح باندھنا۔

Fasciation : (n) (۱) کسی عضو وغیرہ کو پٹیوں سے باندھنا ۔ (۲) بہم بستہ یا یکجا ہونے کا عمل نیز ہم بستگی ؛ یکجائی؛ ملاکر بندھے ہوئے ہونے کی حالت ؛ مل کر ایک ہونا ؛ بندش ۔ (۳) (نباتیات) (خلقت میں) نقص جیسے بہت سے ڈنٹھلوں کو یکجا ملا دیا گیا ہو ؛ (نباتیات) بہم بستگی۔

Fascicle : (n) [L.'fascoeulus'.] (۱) گچھا ؛ گانٹھ ؛ لچھا ۔ (۲) (نباتیات) متعدد پتے ؛ پھول ؛ جڑوں وغیرہ کا گچھا ؛ گانٹھ ؛ طرّہ ؛ لچھا ؛ یا حُزمہ ۔ (۳) (تشریح) ریشوں کا گچھا(عصب کی ساخت میں) حُزمہ ۔ (٤) (کسی طباعت کا) ایک حصہ، جزو یا قسط ؛ کتاب کے اجزا جو قسط وار شائع کئے جائیں۔

Fascicled : (a) گچھادار ؛ گچھا نما ۔(نباتیات) حُزمی ؛ گچھا گچھا۔

Fascicular : (a) (نباتیات) حزمی ؛ گچھے دار ؛ گچھے کا ؛ گچھے جیسا ؛ لچھے دار؛ گٹھیلا ؛ گانٹھ دار ؛ گچھے سے متعلق۔

Fascicular fibres : (n) گچھے دار یا گچھے نما ریشے ؛ حُزمی ریشے۔

Fascicular tissue : (n) حُزمی نسیج ؛ گچھے دار یا گچھے نما نسیج۔

Fascicularly : حُزمی طور پر ؛ گچھے دار طور پر ؛ گچھے جیسی شکل میں ۔

Fasciculate : (a) گچھے دار ؛ (نباتیات) حُزمی ؛ (حیوانیات) حُزمی ؛ گچھا ؛ گانٹھ یا لچھا بنایا ہوا ؛ گچھے کی طرح ملاکر باندھا ہوا ؛ گچھے دار ؛ حُزم نما ۔

Fasciculate bladder : (n) (حیوانیات) حُزمی مثانہ ۔

Fasciculated : (a) گچھا بنایا ہوا یا گچھے جیسا بنایا ہوا ۔

Fasciculation : (n) (حیاتیات) حُزمیت ؛ گچھے دار ہونا یا گچھے نما ہونا؛ گچھے دار یا گچھے نما شے ۔

Fascicule : (n) دیکھو Fascicle

Fasciculite : (n) (معدنیات) گچھا نما ریشہ دار معدنی شے جو سنگ خارہ وغیرہ میں پائی جاتی ہے اور گہرے بادامی، سیاہ یا سبز رنگ کی ہوتی ہے ۔

Fasciculus : (n) (۱) (حیوانیات) حُزیمہ ؛ حزمک ۔ (۲) دیکھو Fascicle ۔

Fascinate : (v) [L.'fasinare'.] (۱) گرویدہ کرنا ؛ موہ لینا ؛ جادو کر دینا ؛ مسحور کرنا ؛ افسوں کرنا (خاص کر سانپوں کے لئے) ؛ شکار کو اپنی نگاہ یا محض موجودگی کی زور سے بھاگنے کے قابل نہ رہنے دینا (خاص کر سانپوں کے لئے)؛ نظر باندھنا ۔ (۲) بے انتہا کشش سے کام لینا ۔ (۳) ناقابل مدافعت اثر اندازی کے ذریعہ اپنی طرف متوجہ کرلینا ۔

Fascinating : (a) دلرُبا ؛ دلکش ؛ گرویدہ کرنے والا ؛ مسحور کن ؛ موہ لینے والا ؛ ساحر ۔

Fascinatingly : (adv.) دلکشی سے ؛ دلرُبائی سے ؛ مسحور کن طور پر ؛ ساحرانہ انداز میں ۔

Fascinative : (a) مائل بہ سحر ؛ مائل بہ افسوں ؛ موہ لینے والا ؛ مسحور کن ؛ دل رُبا ؛ دلکش ۔

Fascinator : (n) (۱) دل رُبا ؛ من موہن ؛ دلکش ؛ ساحر ۔ (۲) عورتوں کا ہلکا دوپٹہ (عموماً کشیدہ کاری والا) ۔

Fascination : (n) [L. 'fascinationem'.] (۱) افسوں ؛ سحر ؛ جادو ؛ ٹونا ۔ (۲) مسحوریت ؛ افسوں طرازی ؛ فسوں زدہ کرنا (جیسے سانپ کا) ؛ موہ لینا یا گرویدہ کر لینا یا موہنے کی صلاحیت ۔

(۳) دلکشی؛ دل رُبائی ؛ دل فریبی ؛ جادو گری؛ فسوں سازی ۔ (٤) کسی بات میں غایت دلچسپی یا رغبت ۔ (٥) موہ لینے کی صفت ؛ مسحور کرلینے کی صفت ؛ غیر مدافعانہ توجہ گیر اثر ۔ (٦) تاش کا ایک کھیل جو ایک شخص اکیلا کھیلتا ہے ۔

Fascine : (n) [L.'fascina'.] (انجنیئرنگ) حُزمہ حطب ؛ (فوج) لکڑیوں کے گٹھے جو مورچوں کے اونچاکرنے ، گھاٹیوں کے بھرنے، فصیلوں کو مضبوط کرنے اور پشتوں کے بنانے کے کام آتے ہیں (خاص کر جنگ کے موقعوں پر) ۔

Fascine : (v) لکڑیوں کے گٹھے سے بھرنا یا پاٹنا ؛ پُشتوں کو مضبوط کرنا ۔

Fascine dwelling : (n) (قبل تاریخ) جھیلوں میں بنے ہوئے گھر یا گھروندے ، جو پانی کی سطح کے نیچے بانس، بلیاں وغیرہ گاڑ کر اور ان پر لکڑیاں بچھا کر بنائے جاتے تھے ۔

Fascio : (n) [It.] منڈل ؛ سیاسی جماعت ؛ فاشستوں کی ایک مقامی شاخ ۔

Fasciola/Fasciole : (n) [L.] (۱) (حیوانیات، تشریح) ردائیہ ۔ (۲) چھوٹی پٹی ۔

Fascioliasis/Fasciolosis : (n) [L.] (طب) ردائیت ؛ جگر میں ایک قسم کے باریک کیڑوں کی کثرت اور ان سے پیدا شدہ مرض ۔

Fascioplasty : (n) (جراحی) ردا پیوندی ۔

Fasciorrhaphy : (n) (جراحی) ردا دوزی ۔

Fasciotomy : (n) (جراحی) ردا تراشی ؛ ردا شگافی ۔

Fascist : (n) [It.] اطالوی محبان وطن کی جماعت کا ایک رکن جو ۱۹۱۹ء میں مسولینی کی زیرقیادت بالیشوزم کی مخالفت کے لئے منظم کی گئی تھی ؛ مسلک فاشستی کا پیرو ؛ فاشست ۔

Fascista : (n) [It.] دیکھو Fascist

Fascism : (n) مسلک فاشستی ؛ اٹلی کی محبان وطن کے اصول اور تنظیم جو پہلی جنگ عظیم کے دوران قائم ہوئی اور جس کا مسلک اشتراکیوں کے اصول کے خلاف ہے اور مسولینی اس کا سردار ہے ۔

Fascitis : (n) (طب) ورم ردا ؛ ردائی سوزش ۔

Fash : (n) [See verb.] (۱) (بول چال) جھنجھٹ ؛ مصیبت ؛ علّت ؛ آفت ؛ کھکھیڑ ؛ کوفت ؛ پریشانی کی حالت ؛ تکلیف ؛ زحمت ؛ طومار ؛ بکھیڑا ؛ تردد ؛ فکرمندی ؛ بیزاری ؛ رنجش ؛ آزار ؛ آزردگی ۔ (۲) کشتی میں بے قاعدہ شگاف ۔ (۳) لیك (پیاز کی ایك قسم کا ایك پودا) کی باریك جڑیں ۔

Fash : (v) [OF.'Fascher'.] (بول چال) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ مصیبت میں پھنسانا ؛ ناك میں دم کرنا ؛ آفت میں ڈالنا ؛ کھجانا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ پریشان کرنا یا ہونا ؛ فکر مند ہونا ؛ زحمت میں پڑنا ؛ رنج پہنچانا ؛ جان کھانا ؛ کسی کو دق کرنا ؛ متردد ہونا ؛ مصیبت مول لینا ؛ تردد کرنا ؛ بیزار ہونا یا کرنا ؛ عاجز ہونا یا کردینا ؛ آزردہ ہونا یا کرنا ۔

To fash one's beard/-head/-thumb : (بول چال) کسی کو تنگ کرنا ؛ ستانا ؛ تکلیف دینا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ۔

Fashery : (n) دیکھو Fash (n)

Fashion : (n) [OF.'fason'.] (۱)وضع ؛ ساخت ؛ شکل ؛ صورت ؛ روپ ؛ تراش خراش ؛ ڈول ؛ دھج ؛ تراش ؛ انداز ۔ (۲) مخصوص وضع ؛ مخصوص شکل ؛ مخصوص تراش؛ مخصوص طور۔(۳) طرزعمل؛ طور؛ انداز ؛ برتاؤ ؛ ڈھنگ ؛ سلوك ؛ طور طریق ۔(٤) مروجہ رسم؛ لباس کا مروجہ انداز؛ رواج ؛ وضع ؛ رسم ؛ ریت ۔ (٥) طرز زندگی خصوصاً طبقہء امرا کا ؛ طبقہء امرا کے طور طریق ؛ اس طرز کی پیروی یا اس سے مطابقت ۔(٦) وضع دار لوگ ؛ فیشن ایبل طبقہ یا افراد ۔

After, in, a or some fashion : خاص طورپر نہیں ؛ معمولی طورپر ؛ یونہی سا ؛ بہت اچھا نہیں ۔

Fafter the fashion of : مثل ؛ مانند؛ طرح کا ؛ وضع کا؛ اندازکا ؛ شکل کا ۔

In fashion to : وضع کا ؛ طرح کا ؛ قسم کا ۔

In, out of (the) fashion : مروجہ وضع قطع کے موافق یا خلاف ۔

Man, woman of fashion : (۱) رودار ۔(۲) جس کی اعلیٰ طبقے کے لوگوں سے راہ و رسم ہو یا جس کا طرز رہائش اُن جیسا ہو ۔

The fashion : (۱) مروجہ فیشن ؛ وقتی طور پر سماج کے اپنائے ہوئے لباس ، آداب و اطوار، طرز گفتگو وغیرہ کا انداز یا وضع ۔ (۲) وہ شخص یا شے جس کا چرچا ہو یعنی جو عام طورپر مقبول ہو ۔

To set the fashion : نئی وضع ایجاد کرنا ۔

Fashion : (v) بنانا؛ گھڑنا ؛ وضع کرنا؛ وضع نکالنا ؛ ڈھالنا ؛ ایجاد کرنا ؛ نئی راہ نکالنا ۔

Fashion goods : (n) (تجارت) فیشنی اشیاء ۔

Fashion-monger : (n) فیشن زدہ ؛ فیشن پرست ؛ فیشن کا دیوانہ ؛ فیشن میں رہنے والا ؛ فیشن پرستی کرنے والا ۔

Fashion paper : (n) فیشن یا فیشن ایبل زندگی سے متعلق رسالہ ۔

Fashion piece : (n) (جہازرانی)دنبالہء جہاز کی چوڑائی بتانے والے دوشہتیروں میں سے ایك ۔

Fashion plate : (n) (۱) وہ تصویر جس میں لباس کی مروجہ یا نئی وضع قطع دکھائی جائے ۔(۲) جدیدترین فیشن کا لباس پہننے والا ۔

Fashionable : (a) (۱) پابندوضع یا فیشن ۔(۲) اہل فیشن سے تعلق رکھنے والا ؛ اہل فیشن کا یا ان کی خصوصیات رکھنےوالا ؛ دنیائے فیشن کا یا اس سے متعلق ۔(۳) مروجہ وضع یا فیشن کے مطابق چیزیں ؛ رواج کے مطابق چیزیں ؛ مروجہ ؛ رائج الوقت ؛ فیشن ایبل ۔(٤) اہل فیشن کی مطبوع (جیسے ہوٹل ، طرز زندگی وغیرہ)۔

Fashionability : (n) فیشن کی مطابقت ؛ رواج پذیری ؛ وضع داری۔

Fashionableness : (n) دیکھو Fashionability

Fashionably : (adv.) فیشن کے مطابق ؛ رواج کے مطابق ۔

Fashioned : (a) مخصوص وضع و انداز کا (مثلاً پرانی وضع کا وغیرہ) ۔

Old fashioned : پرانی وضع کا ؛ پرانے انداز کا ؛ اگلے وقتوں کا ۔

Fashioner : (n) بنانے والا ؛ گھڑنے والا ؛ نئی وضع ایجاد کرنے والا ؛ خصوصاً ٹیلر ماسٹر ؛ پوشاك ساز۔

Fashionist : (n) (۱) فیشن پرست ۔(۲) نئی وضع ایجاد کرنے یا نکالنے والا ؛ فیشن کے مطابق لباس تیار کرنے والا یا اس میں مہارت رکھنے والا ؛ ماہرِ فیشن ۔

Fashionless : (a) بے وضع ؛ بے قطع ؛ بے ڈھب ۔

Fashious : (a) [OF.'fascheux'.] اضطراب آور ؛ پریشان کن ؛ تردد خیز؛ تکلیف دہ ؛ افسردہ کن ؛ تھکانے والا؛ کٹھن ؛ بے لطف ؛ تفکر انگیز ؛ مزاحم ؛ مخل ؛ زحمت دینے والا ؛ مصیبت پیدا کرنے والا ؛ تنگ کردینے والا ؛ اکتا دینے والا ۔

Fassaite : (n)[f.'fassa', in the Tyrol.] پائروکسین (pyroxene) کی ایک قسم جس میں تھوڑی مقدار الومینیا کی بھی ہوتی ہے ۔

Fast : (n) [ME.'faste'.] (۱) صوم ؛ روزہ ؛ برت ؛ فاقہ ۔ (۲) وقت صیام ؛ روزِ صیام ؛ ماہ صیام ؛ رمضان کا مہینہ ؛ روزے کا دن ؛ برت کا دن ۔

To break (one's) fast : روزہ افطار کرنا ؛ دن میں پہلی دفعہ کھانا ؛ برت توڑنا ۔

Fast : (n) [ME.'fest'.] (جہازرانی) جہاز یا کشتی کو گھاٹ سے باندھنے والا رسہ ؛ زنجیر یا کڑی ۔

Fast : (n) ۔ قائم اور جماهوا (خصوصاً ساحل یا ساحلی برف) ۔

Fast : (a) (۱) کسا هوا ؛ جکڑا هوا ؛ مضبوطی سے لگا هوا ؛ بندها هوا ؛ پیوستہ ؛ قوی ؛ نصب ؛ مضبوط ؛ پکّا ؛ جو بہ آسانی الگ نہ کیا جاسکے ؛ محکم ؛ محکم گیر ؛ کس کر بندها یا بُنا هوا ۔(۲) تیز؛ تیز قدم ؛ تیز رفتار ؛ جلد ؛ سریع ۔(۳) راسخ ؛ ثابت ؛ مستقل؛ قائم؛ غیرتغیر پذیر ۔(٤) گہرا؛ جگری ؛ (دوست یا دشمن) ۔ (٥) (نیند کے لئے) گہری ؛ بےخبری کی ؛ (خواب) گراں ۔(٦) پختہ؛ پکّا ؛ نہ چھوٹنے والا (رنگ) ۔ (۷) (عامیانہ) گاڑھا ؛ منجمد ؛ ٹھوس ۔ (۸) مضبوط (گرہ) ناقابل حل (عقدہ) ؛ لاینحل ۔ (۹) (دروازہ) مضبوطی سے بند کیا هوا؛ مقفل ۔ (۱۰) تیزی سے گھومنے یا گھومانے والا ؛ تیز حرکت دینے والا ؛ تیز چلنے یا چلانے والا ؛ مسرع ۔ (۱۱) پئے در پئے تیزی سے واقع هونا ۔ (۱۲) (گھڑی) صحیح وقت سے آگے؛ تیز؛ فاسٹ ۔ (۱۳) (پیمانہ)صحیح وزن سے زیادہ بتلانےوالا ۔ (۱٤) تیز حرکت یا گردش سے ہم آہنگ هونے والا یا تیز حرکت پیدا کرنےوالا (خصوصاً کرکٹ ، فٹبال ، بلیرڈ میں) ۔ (۱٥) آوارہ ؛ بدچلن ؛ بدکار ؛ عیاش (اکثر عورتوں کےلئے مستعمل ہے) ۔

To lead a fast life : عیاش و آوارگی کی زندگی بسر کرنا ۔

To live fast : (۱) آوارگی میں زندگی بسر کرنا ؛ عیاش زندگی بسر کرنا ۔ (۲) قوت حیات کو عجلت سے صرف کرنا ۔

To make fast : باندھنا ؛ جکڑنا ؛ مضبوط کرنا ۔

To play fast and loose : ناقابل اعتبار هونا؛ اپنےقول وقرار یا فرض منصبی کی پرواہ نہ کرنا ؛ غیر معتبر هونا ۔

To sleep fast : گہری نیند سونا ؛ بے خبر هونا ۔

To stand fast : ثٹے رہنا ؛ مضبوطی سے کھڑے رہنا ؛ قدم جمائے رہنا ؛ ثابت قدم رہنا ۔

To stick fast : (اکثر مجازاً) متحیر رہ جانا ؛ بکّا بکّا هوجانا ؛ دم بخود هوجانا ؛ سکتے میں آجانا ؛ حیرت زدہ هو جانا ؛ مبہوت هوجانا ؛ حواس باختہ هوجانا ۔

To take fast hold of : مضبوطی سے پکڑلینا ۔

Fast : (v) (۱) برت یا روزہ رکھنا ۔(۲) بغیر غذا یا خوراک کے رہنا ؛ فاقہ کرنا ؛ بہت کم کھانا ؛ غذا سے دور رہنا (خواہ مذہبی طورپر یا غم و اندوہ کی حالت میں) ۔(۳) بغیر کھائے پیئے رہنا ۔

To fast against, upon (a person) : (۱) (قدیم آئرستان) کسی قرض دار یاایسے شخص کے دروازے پر بغیر کھائے پیئے بیٹھنا جو کسی جائز مطالبے سے روگرداں هو ۔(۲) ستیہ گرہ کرنا ؛ بھوک ہڑتال کرنا ؛ دھرنا دینا ۔

Fast : (adv.) (۱) مضبوطی سے ؛ استحکام سے ؛ زورسے ؛ استقامت سے؛ ثابت قدمی سے ؛ مستقل مزاجی سے ۔(۲) مضبوط گرفت سے؛ سخت گیری سے؛ کس کر ؛ بھینچ کر ؛ دبوچ کر ؛ تان کر ؛ سخت گُتھا هوا؛ زور سے؛ پختہ طورپر؛ پکّا ؛ محفوظ طورپر ۔(۳) (شعر میں متروک) بالکل قریب ؛ بالکل نزدیک ؛ قریب میں ۔(٤) جلدی جلدی ؛ تیزی کے ساتھ؛ سُرعت سے ؛ سُبک روی سے؛ یکے بعد دیگرے ؛ متواتر ؛ مسلسل ۔(٥) تیز فہمی سے ۔(٦) آوارگی سے ؛ عیاشی سے ؛ وحشیانہ طور پر ۔(۷) مقررہ وقت سے آگے یا زائد (گھڑی یا ٹرین کا چلنا) ۔

Door is fast : دروازہ بند ہے؛ دروازہ مقفل ہے ۔

Eyes fast shut : مچی ہوئی انکھیں ۔

Ship fast a ground : دھنسا ہوا جہاز ۔

Fast a ground : (a) زمین پر نصب ۔

Fast and loose : (adv.) غیر ذمہ داری سے ؛ بے احتیاطی سے ؛ دھوکا دہی سے؛ دھوکے بازی سے ۔

Fast and loose : (n) (۱) دھوکا دہی کا ایک قدیم کھیل جو چھڑی اور بیلٹ یا فیتے سے کھیلا جاتا تھا ۔ (۲) (استعارتاً) ناقابل اعتبار ؛ غیر معتبر ؛ غیر متیقن ؛ تلون مزاج ؛ تلون طبع ؛ عیار ؛ مکّار ؛ بے ایمان ؛ فریبی ۔ (۳) عیاری ؛ مکّاری ؛ فریب ۔

To play (at) fast and loose : عیاری کرنا؛ مکاری کرنا؛ دھوکا دینا ؛ بے ایمانی کرنا ۔

Fast and loose pulley : (n) مشین کے دُھرے میں لگا ہوا ایک پُرزہ (جس سے انجن کی طاقت منتقل کی جاتی ہے) ۔

Fast ashore : (adv.) ساحل پر ؛ کنارے پر ۔

Fast asleep/-in sleep : (adv.) گہری نیند میں ۔

Fast back : (n) مضبوط اور گٹھی ہوئی ریڑھ کی ہڈی ۔

Fast bind/-find : جو چیز عزیز ہے اُسے احتیاط سے رکھو ۔

Fast colour : (a) (کیمیا) تیز رنگ ؛ پکّا رنگ ۔

Fast colour salt : (n) تیز رنگ نمک ۔

Fast cricket-ground/-racguet-court/-billiard-table : (n) جس پر گیند خوب اُچھلے ۔

Fast clay/Fasting day : (n) روزے کا دن ؛ برت کا دن ؛ روزِ صیام ۔

Fast electron : (n) (کیمیا) تیزرو الکٹران ۔

Fast fission : (n) (طبیعیات) تیز فشن ؛ تیز انقسام ۔

Fast foe : (n) گہرا دشمن ؛ سخت حریف ؛ انتہائی بدخواہ ۔

Fast friend : (a) پکا ؛ گہرا دوست ؛ جگری دوست ؛ یارغار ۔

Fast friendship : (a) گہری دوستی ؛ جگری دوستی ۔

Fast green : (رنگنےمیں) پختہ سبز رنگ ۔

Fast -mass : (n) ایسٹر سے تقریباً پچاس دن پہلےوالے اتوار ، سوموار اور منگل کے روزے ۔

Fast neutron : (n) (کیمیا) تیز رو نیوٹران ۔

Fast neutron reactor : (n) (طبیعیات) تیزنیوٹران ری ایکٹر ۔

Fast-neutrons : (n) سریع عَدلیّے ۔

Fast person : (a) عیاش : آوارہ ؛ بدراہ ؛ بدچلن ؛

Fast prisoner : (a) عادی قیدی ۔

Fast-pulley : (n) دیکھو Fast and loos pulley

Fast reactor : (طبیعیات) تیز ری ایکٹر ۔

Fast hock wave : (a) (طبیعیات) تیز شاک لہر ۔

Fast-shot : (n) (کان کنی میں) کوئلے کو متاثر کئے بغیر کسی دھماکے کا وقوع ہونا ۔

Fast spine : (n) دیکھو Fast back

Fast stepping (a) (۱) تیز رفتار(گھوڑا) ۔ (۲) انتھک کوشش کرنے والا ۔

Fast talk : (n) (عامیانہ) روغن قاز ملنا ؛ چرب زبانی سے متاثر کرنا ۔

Fast woman : (a) بدچلن عورت ؛ فاحشہ ۔

Fast with gout : (a) گٹھیا میں مبتلا ۔

Fasten : (v) (۱) مضبوط کرنا ؛ باندھنا ؛ جکڑنا (کسی بندھن یا تسمے وغیرہ سے) ۔ (۲) لگانا؛ جوڑنا ؛ کسی چیز سے ملا کر باندھنا ؛ مضبوط و محفوظ کرنا ۔ (۳) منعطف کرنا (خیال ، نگاہ وغیرہ) ۔ (٤) مضبوط یا مستحکم ہو جانا؛ قائم کرنا ۔ (٥) ہاتھ آجانا ؛ قبضے میں کرلینا ۔ (٦) تھوپنا ؛ لگانا (بہتان وغیرہ) ۔ (۷)توثیق کرنا ؛ تصدیق کرنا ۔ (۸) بند ہونا ؛ (دروازہ وغیرہ کا) ۔ (۹) مضبوطی سے گرفت میں لانا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔

To fasten off thread : (v) گرہ کے ذریعے سے مضبوط کرنا یا جکڑ دینا یا باندھ دینا ۔

To fasten quarrel upon : لڑائی مول لینا ۔

To fasten on, upon : (v) (۱) ہاتھ آجانا (کسی حیلے کا الزام کی غرض سے) ؛ پکڑنا خصوصاً حریف کی کمزوری کو ؛ (کسی عذرکی) آڑ لینا یا آڑ پکڑنا ۔ (۲) پکڑ لینا ؛ ضبط میں لانا ؛ جکڑلینا؛ روک لینا ۔

Fastener : (n) (۱) پکڑنے والا ؛ باندھنے والا ؛ جکڑنے والا ۔ (۲) بندھن ؛ تسمہ ؛ بٹن ؛ ہُک ؛ زنجیر ؛ بند ؛ گُھنڈی ؛ نٹ بولٹ ۔ (۳) جہاز سازی میں شہتیروں ، لوہے کی پلیٹوں اور دوسرے سازو سامان کو جوڑنے یاباندھنے والا کاریگر ۔

Paper fastener : ورق بند ۔

Fastening : (n) (۱) باندھنا ؛ جکڑنا ؛ جوڑنا ؛ مضبوط کرنا ؛ محفوظ کرنا ؛ (دروازہ) بند کرنا ؛ بندش ؛ ہم بستگی ۔ (۲) رشتہ ؛ بندھن ؛ باندھنے ؛ جکڑنے یا مضبوط و محفوظ کرنے کی چیز ۔ (۳) دو چیزوں کو جوڑنے اورجکڑنے والی چیز ۔

Fastens : Fastens-een کا مخفف ۔

Fastens-een/-eve/-even : (n) [OE 'faestenes'.] (۱)لینٹ (ایسٹر سے قبل چالیس دن) کےروزے کی شام یا اُس کے پہلے کا دن ۔ (۲) آیش ویڈنس ڈے کے فوراً کا منگل ۔

Faster : (n) روزہ رکھنےوالا ؛ برت کرنےوالا ؛ فاقہ کرنےوالا ؛ غذا سے دور رہنے والا ۔

Fasti : (n) [L. pl. of 'fastus'.] (۱) (قدیم روما) ایک تقویم جس میں سال کے ہر دن سے متعلق قانونی مشغولیات ، تہواروں ، کھیل کود ، سالانہ تقریبات وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے ۔

Fastidiosity : (n) [L.'fastidiosus'.] نازک مزاجی ؛ نفاست پسندی ؛ نفیس طبعی ؛ نازک مذاقی ؛ خوش ذوقی ؛ تنک مزاجی ۔

Fastidious : (a) [L. fastidiosus.] نازک ؛ نازک مزاج ؛ نازک طبع ؛ نفیس طبع ؛ نک چڑھا ؛ تنک مزاج ؛ حد درجہ خوش ذوق ؛ جس کو مشکل سے کوئی چیز پسند آئے ؛ نازک مذاق ؛ حد سے زیادہ نازک مزاج ؛ نفاست پسند ؛ باریک بیں ؛ شدید الحساس (ذوق کے معاملہ میں) ۔

Fastidiously : (adv.) نازک مزاجی سے ؛ نازک مذاقی سے ؛ نفیس طبعی سے ؛ نفاست پسندی کےساتھ ؛ تنک مزاجی سے ۔

Fastidiousness : (n) Fastidiosity دیکھو

Fastigiate : (a) [L.'fastigium'.] (۱) مخروطی یا اہرام کی طرح اوپر کی طرف ڈھلواں ؛ مخروطہ نما ؛ اہرام نما ۔ (۲) حیوان نباتی کا ۔ (۳) نظام گل کی ایک قسم کا ؛ ایسے خوشے یا دستہء گل والا جس میں پھول چپٹے اور قدرے کُروی سرے کی تشکیل کرتے ہیں ؛ انگورکے خوشے جیسا ۔ (٤) (حیوانیات) مخروطی (جغرافیہ) اہرامی ؛ برمی الراس (نباتیات) حزمی ؛ مخروط نما پھول یا شاخیں ۔

Fastigiate : (v) (منذیر کی طرح) چوٹی پر نوکیلا بنانا ؛ کسی سرے کو مخروطی یا گاؤ دم بنانا ؛ اہرام نما کرنا ؛ مخروطی بنانا ۔

Fastigiated : (a) اوپر کی طرف مخروطی (چھت) ؛ اہرام نما (چھت) ۔

Fastigium : (n) [L.] (۱) چوٹی ؛ بلندی ؛ اوج ؛ نوک ؛ پھننگ ؛ سِرا ؛ منتہا؛ عروج ۔ (۲) (چھت کا) نوکیلا سِرا ۔ (۳) (تعلیمات) اوج ؛ مکان کی چھت کی چوٹی یا مُگری ۔ (٤) (طب) اوج بخار ؛ (کسی مرض کی شدت کا) نقطہء عروج ؛ (مرض کی) انتہائی شدید (حالت) ۔

Fasting : (n) (۱) روزہ رکھنا ؛ برت کرنا ؛ یا فاقہ کرنا ۔ (۲) وصفی معنوں میں مثلاً روزہ دار یا فاقہ کش کا تھوک ، قاروره وغیرہ ۔

Fasting-day : (n) Fast-day دیکھو

Fasting-spittle : (n) روزہ افطار کرنے سے قبل یا دن میں پہلی بار کھانے سے پہلے منہ میں موجود رال ۔

Fastish : (a) (۱) قدرے کسا ہوا ؛ تھوڑا پیوستہ ؛ قدرے تیز ؛ قدرے مضبوطی سے ؛ ذرا زور سے ۔ (۲) بدرویہ ۔

Fastland : (n) ایک بلند اور خوشک خطہء زمین ؛ ایک بڑا خطہء زمین ؛ براعظم ۔

Fastly : (adv.) (۱) دیکھو Fast ۔ (۲) تیزی سے ؛ بسرعت ۔

Fastness : (n) (۱) جکڑن ؛ مضبوطی ؛ مضبوط بندش ؛ بم بستگی ؛ پیوستگی ؛ تنصیب ؛ محفوظ ہونے کی حالت یا صفت ؛ پختگی ؛ استحکام ۔ (۲) تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ جلدی ؛ سرعت ۔ (۳) ثبات ؛ رسوخ ؛ استقلال ؛ قیام ؛ غیرتغیر پذیری ۔ (٤) (نیند کی) گہرائی ؛ گرانی ۔ (٥) ثبات اللون ؛ پختہ رنگی ۔ (٦) (عامیانہ) انجماد ؛ ٹھوس پن ۔ (۷) تسلسل ؛ تواتر ۔ (۸) آوارگی ؛ بد چلنی ؛ بد کاری ؛ عیاشی ۔ (۹) قلعہ ؛ کوٹ ؛ گڑھ ؛ ایسی جگہ جس پر بہ آسانی قابو نہ پایا جاسکے یا ایسی جگہ جس پر آسانی کے ساتھ قبضہ نہ ہو سکے ۔

Fat : (a) [OE.'faet (t)'] (۱) موٹا تازہ ؛ تیار ؛ فربہ ؛ خوب کھلایا ہوا (ذبح کے لئے) ۔ (۲) ہٹّا کٹّا ؛ چربی دار ؛ مرغن ؛ روغن دار ؛ لحیم شحیم ؛ جسیم ؛ گداز ؛ چربیلا ؛ تنومند ۔ (۳) (چیزوں کے لئے) موٹا ؛ دبیز ؛ (خصوصاً چھاپے کے ٹائپ کےلئے) ۔ (٤) روغنی ؛ روغن دار ؛ چکنائی والا ؛ چربی دار ؛ چکنا ۔ (٥) (امریکا) رال دار ؛ گوند والی (لکڑی وغیرہ) ؛ روغن دار ؛ نفط دار ؛ رال دار (پتھر کا کوئلہ) ۔ (٦) (مٹی وغیرہ کےلئے) چپکواں ؛ چپکنے والی ؛ لس دار ؛ لعاب دار ؛ ڈھلنے والی ؛ سانچے میں ڈھلنے کے لائق ؛ صورت پذیر ؛ شکل پذیر ؛ تکوینی ؛ (مجازاً) نرم ؛ ملائم ۔ (۷) (کیمیا) چربی ؛ شحم ۔ (حیوانیات) فربہ ؛ موٹا ؛ نسیج شحمی ۔ (۸) (چونا پتھر کے لئے) خالص ؛ غیرمخلوط ۔ (۹) (سیّال کا) ٹھوس یا خارجی ذرات سے بھر دینا ۔ (۱۰) زرخیز؛ زرریز؛ بہت پیداوار والی ۔ (۱۱) غنی ؛ مستغنی ؛ خوش حال ؛ متمول ۔ (۱۲) موٹے جانور جیسا ؛ سست مزاج؛ سست فہم ؛ مردھو ؛ احمق ؛ گاودی ؛ سست؛ مجہول ؛ آلسی ؛ آحدی ؛ خود آسودہ ۔ (۱۳) لبریز ؛ بھرا ہوا ؛ کثیر ؛ وسیع ۔ (۱٤) ضخیم (کتاب کے لئے ۔ (۱٥) بڑا ؛ غیرمعمولی لمبا ۔ (۱٦) شان دار؛ (ضیافت) ۔ (۱۷) سودمند؛ نفع بخش ۔ (۱۸) گاڑھا (چونے سیمنٹ وغیرہ کا مسالہ) ۔

A fat lot عامیانہ) کافی مقدار؛ بہ کثرت ؛ بڑی حد تک ؛ معقول تعداد (اکثر طنزیہ) ۔

To cut it fat (v) دکھاوا کرنا ؛ ظاہر داری کرنا ؛ نمود و نمائش کرنا ۔

To cut up fat : (v) بہت سی دولت چھوڑنا ۔

To kill the fatted calf for : (v) خاطر مدارات میں بہتر سے بہتر چیزیں صرف کرنا ۔

Fat : (n) (۱) کسی چیز کا موٹا یا دبیز حصہ ؛ کسی چیز کا پہلا، اگلا، سامنے کا حصہ ۔ (۲) کسی چیز کا مرغن حصہ ؛ چربی ؛ روغن ؛ دہنیت یا چکنائی (جو حیوانی جسموں میں ہوتی ہے) ؛ کسی چیز کا بہترین حصہ ۔ (۳) بہتات ؛ افراط ؛ کثرت ؛ زیادتی ؛ فراوانی ۔ (٤) وہ روغنی ٹھوس مادہ جس سے حیوانی جسموں کے چرب دار حصے مخصوص طور پر مرکب ہوتے ہیں ۔ (٥) (کیمیا) عضویاتی مرکبات کی ایک نوع کا کوئی روغن جس کی ایک قسم روغن حیوانی (چربی) ہے ۔ (٦) (کیمیا) گلیسرین اورتیزاب کا مرکب ۔ (۷) فربہی ؛ موٹا پا ؛ موٹاپے کی حالت ۔ (۸) مختلف کاروبار وغیرہ میں موٹی آمدنی والے کاموں کے لئے مستعمل ہے ؛ موٹی آمدنی والا کام ۔ (۹) بہترین اور وافر پیداوار ۔ (۱۰) (تھیٹر میں) کسی ایکٹر کے کھیل کا وہ حصہ جس سے اس کا کمال نمایاں ہو ۔ (۱۱) فروخت کے لئے تیار اور فربہ جانور ۔ (۱۲) مایحتاج سے زائد ذرائع (بچت، محفوظ سرمایہ وغیرہ) ۔

The fat is in the five (۱) ہنگامہ بپا ہونے والا ؛ غیظ وغضب کی آگ مشتعل ہونے والی ہے ۔ (۲) منصوبہ لاعلاج طور پر ناکام ہوچکا ہے (قدیم استعمال) ۔

To live on one's own fat : (v) اپنے اصل سرمایے (مالی نیز دماغی) کو خرچ کرنا ؛ گزر بسر کرنے کےلئے اصل سرمایہ کےخرچ کرنے کی نوبت آجانا ۔

To live on the fat of the land : ہرچیز کا بہترین حصہ لے لینا یعنی ہر قسم کے تعیش سے متمتع ہونا ۔

Fat : (v) (۱) موٹا ہونا؛ فربہ ہونا ۔ (۲) موٹا کرنا ؛ فربہ بنانا ۔ (۳) زرخیز بنانا (زمین کو) ۔ (٤) چمڑے پر روغن چڑھا کر چکنا کرنا ۔ (٥) کسی چیز میں روغن یا چربی ملانا ۔

Fat back : (n) (۱) کھاد مچھلی ؛ بیرنگ کی قسم کی مچھلی جو کھاد کے کام آتی ہے اور اس سے قیمتی تیل بھی حاصل ہوتا ہے ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی (Blue fish) ۔ (۳) سور کی ریڑھ کی چربی جسے نمک لگا کر سکھایا گیا ہو ۔

Fat bird : (n) (۱) (امریکا) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب ریتلے مقامات میں رہتا ہے ۔ (۲) جنوبی امریکا یا ٹرینیداد میں پایا جانے والا رات کا پرندہ جس سے تیل نکالا جاتا ہے ۔

Fat cat : (n) (۱) (بول چال) کسی سیاسی مہم میں سب سے زیادہ چندہ دینے والا دولت مند خصوصاً وہ جو خود بھی ایک سیاسی اُمیدوار ہو ۔ (۲) بڑا اور با اثر شخص ۔ (۳) سست اور آسودہ خاطر شخص ۔

Fat-chewing : (n) غپ ؛ بات چیت ؛ غپ شپ ؛ بے تکلف گفتگو ۔

Fat-child : (a) موٹا تازہ بچہ ۔

Fat-choy : (n) [chin. faat ts'oi'] ایک نیلگوں سبز جلبلک (کائی) جو کھائی جاتی ہے ۔

Fat crab : (n) کیکڑا جو اپنا خول چھوڑنے والا ہو ۔

Fat dormouse : (n) وسطی یورپ اور ایشیائے کوچک کا گلہری کی قسم کا ایک جانور ۔

Fat-faced : (a) (۱) فربہ رو ۔ (۲) (طباعت) موٹے حروف والا ۔

Fat guts : (a) موٹا ؛ لحیم شحیم ۔

Fat-head : (n) (۱) کودن ؛ غبی ؛ بدھو ۔ (۲) لیبریڈا کی جنس کی ایک مچھلی ۔ (۳) سیاہ سر والی چھوٹی دریائی مچھلی ۔

Fat-headed : (a) سادہ لوح ؛ کودن ؛ بدھو ؛ غبی ؛ کند ذہن ؛ بے وقوف ؛ ٹھس ؛ کاہل ؛ سست ۔

Fat-hen : (n) ایک قسم کا پودا جس کے پتے قاز کے پیر کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Fat land : (a) زرخیز زمین ۔

Fat line : (n) (تعمیرات) فربہ چونا ۔

Fat-necrosis : (n) (طب) شحم پاشی ۔

Fat page : (n) ایسا صفحہ جس میں بہت زیادہ خالی یا سادہ جگہیں ہوں ۔

Fat paint/Fatty- : (n) روغن دار پالش ۔

Fat pine : (n) مختلف قسموں کے درخت جن کے بیج (بیر) کی لکڑی سیاہی مائل ہوتی ہے ۔

Fat pork : (n) (۱) جنگلی انجیر کا پھل ۔ (۲) کوکوپلم کا پھل ۔

Fat salary : (a) اونچی تنخواہ ۔

Fat splitting : (n) (طب) شحم پاش ۔

Fat-trained : (a) خوب کھلایا ہوا؛ موٹا تازہ ؛ تنومند؛ فربہ ؛ چرب دار ؛ مرغن ؛ موٹے جانور جیسا ؛ سست مزاج ؛ کند ذہن ؛ آلسی ؛ احدی ۔

Fat-witted : (a) احمق ؛ سست ؛ گاؤدی ؛ کند ذہن ؛ غبی ؛ بےوقوف ؛ کند ذہن ؛ گنھل دماغ کا ۔

Fat-work : (n) (ٹائپ) ٹھیکے پر کام کرنے والے کمپوزیٹر کےلئے موٹی آمدنی والا کام ۔

Fata morgana : (n) [It.'fata'+'Morgana'] (موسمیات) سراب سینا ؛ کوراب ؛ سراب ۔ (۲) ایک طرح کا سراب خاص کر وہ جو آبنائے سینا میں اکثر نظر آتا ہے ۔

Fatal : (a) [L.fatum] (۱) قسمت کی طرح اٹل ؛ مقدر ؛ قسمت کا لکھا ہوا ؛ تقدیر کا لکھا ہوا ؛ ناگزیر ۔ (۲) قسمت کا فیصلہ کرنے والا ؛ قسمت سے متعلق ؛ اہم ۔ (۳) فیصلہ کن ؛ تابع تقدیر ؛ نحس ؛ بدشگون ۔ (٤) مہلک؛ کاری ؛ جان لیوا ؛ جان ستاں ۔ (٥) قاتل ۔ (٦) مضرت رساں ؛ تباہ کن ؛ برباد کن ؛ مُخرب ۔ (۷) (دینیات) اٹل ؛ مقدر (طب) مُہلک ۔ (۸) (قدرے ضعیف معنوں میں) مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ پُر آفت ؛ غم آور ؛ پُر اندوہ ؛ مفسد ؛ فتنہ پرداز ؛ انتہائی شریر ۔ (۹) تقدیری ؛ جبری ؛ لابدی ۔

A fatal instrument : مہلک ہتھیار ؛ مہلک اوزار ۔

The fatal spot : جائے ہلاکت ؛ موقع ہلاکت ۔

The fatal thread of life : زندگی کی معینہ میعاد ۔

Fatal accident : (n) حادثۂ جاں کاہ ؛ مہلک حادثہ ۔

Fatal blow : (n) ضرب کاری ؛ کاری ضرب ؛ جان لیوا ضرب ؛ مہلک چوٹ ؛ صدمۂ جاں کاہ ۔

Fatal disease : (n) (طب) مرض مُہلک ۔

Fatal error : (n) (۱) اہم غلطی : مضرت رساں غلطی؛ تباہ کن غلطی ؛ عظیم نقص ۔ (۲) قسمت کی بھول ؛ شومئی تقدیر ۔

Fatal goddesses : (n) (یونانی دیومالا) قسمت کی تین دیویاں ۔

Fatal influence : (n) تباہ کن اثر ؛ خطرناک اثر ؛ مہلک اثر ۔

Fatal shears : (n) موت ؛ کال ۔

Fatal sisters : (n) (یونان) قسمت کی دیویاں ۔

Fatal stroke : (n) دیکھو Fatal blow

Fatal thread : (n) زندگی کی معینہ میعاد ۔

Fatal weapon : (n) مہلک ہتھیار ؛ مہلک اوزار ۔

Fatalism : (n) (۱) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) تقدیریت ؛ تقدیر پرستی ؛ یہ عقیدہ کہ سب کچھ تقدیر سے ہوتا ہے اور انسان مجبور محض ہے ۔ (دینیات) قضاو قدر؛ عقیدۂ تقدیر ؛ تقدیریت ؛ (تجارت) تقدیر پرستی ۔ (۲) مسئلہ تقدیر ؛ مسئلہ قدر ؛ عقیدۂ قضا و قدر ؛ مسئلہ جبر ؛ تقدیر پر ایمان ۔(۳) شیوۂ تسلیم و رضا ۔

Fatalist : (n) (دینیات) قائل تقدیر ؛ قدریّہ ؛ مُقدرپرست ؛ تقدیر کا قائل ؛ قضا و قدر پر ایمان رکھنے والا ؛ تسلیم و رضا کا قائل ۔

Fatalistic : (a) تقدیری ؛ مسئلہ جبر کے متعلق ؛ تقدیریت کا یا اس سے متعلق ۔

Fatalistically : (adv.) تقدیری طور پر ۔

Fatality : (n) (۱) تقدیر ؛ تقدیری آفت یا مصیبت ؛ مقدر ۔ (۲) مہلک یا تباہ کن اثر ۔(۳) مصیبت ؛ آفت ؛ بَلا ؛ شامت ۔(٤) حادثاتی موت ؛ مرگ ناگہانی (جنگ وغیرہ میں) جان لیوا مصیبت زدہ ؛ حادثۂ جان کاہ ۔(٥) آفت زدہ ؛ مصیبت زدہ ؛ شامت کا مارا ۔ (٦) جبر و قدر کی عاملیت ؛ تابع تقدیر ہونے کی حالت ؛ حالت تسلیم و رضا ؛ حالت بیچارگی ؛ مجبوری محض ؛ جبریت محض ۔

Fatalize : (v) تقدیر کا قائل ہونا ؛ قسمت کا ماننا ۔

Fatally : (adv.) (۱) تقدیر کے لکھے کے مطابق ؛ ناگزیرطور پر ۔ (۲) مہلک طور پر ؛ جان لیوا انداز سے ؛ ہلاکت آمیز طور پر ؛ تباہ کن طور سے ۔

Fatalness : (n) (۱) جبریت ؛ تقدیریت ؛ ناقابل تسخیری ؛ قضائے مبرم ۔(۲) آفت انگیزی ؛ ہلاکت خیزی ؛ مہلکیت ۔

Fate : (n) [L.'fatum'.] (۱) قسمت ؛ تقدیر؛ قضاوقدر؛ نسیج ؛ قدر ؛ مقدر۔ (۲) (دیومالا) یونانیوں کی تین قسمت کی دیویوں میں سے ایک دیوی ؛ قسمت کی دیوی ۔ (۳) مقدر امر ؛ ہونے والی بات ؛ مقررہ امر ؛ مقدر کی بات ؛ مقدر یا تقدیر کا لکھا ۔ (٤) سروش غیبی ؛ ہاتف غیبی ؛ وحی الہی ۔ (٥) انجام ؛ حشر ۔ (٦) موت ؛ تباہی ؛ ہلاکت ۔ (۷) مرنے کےلئےمقدر ؛ ہلاکت کے لئے مقدر ۔(۸) (شاعری) ہلاکت وتباہی کا ہتھیار ؛ مہلک یا تباہ کن ہتھیار ۔

To seal one's fate/To decied-/Tofix- : کسی کی قسمت یا تقدیر کا مالک ہونا ۔

Fate : (v) مقدرکرنا ؛ قسمت کرنا ؛ مقدر میں رکھ دینا ؛ قسمت میں لکھ دینا ۔

Fated : (a) (۱) محتوم ؛ مقدر؛ مقررہ بہ قضاوقدر ؛ تابع تقدیر ۔(۲) مقدر کیا ہوا ؛ تقدیر کا مارا ہوا ؛ تباہ کیا ہوا ؛ تباہ شدہ ۔(۳) منحوس ؛ شوم ؛ سیاہ بخت ۔(٤) (زرہ بکتر) جادو یا منتر سے محفوظ بنایا ہوا (تاکہ ہتھیار اثر نہ کرسکے) ۔

Fateful : (a) (۱) ملہم ؛ تقدیر ۔(۲) نحس ۔(۳) بُرے شگون والی ۔(٤) نہایت ضروری ؛ اہم ؛ فیصلہ کن ۔ (٥) مقدر ۔(٦) تابع تقدیر ۔(۷) مہلک ؛ تباہ کن؛ ہلاکت انگیز ۔(۸) اہم تاریخی ؛ پُر از واقعات ؛ تاریخ کا ۔

Fatefully : (adv.) منحوسانہ ؛ شومئی تقدیر سے ؛ تابع تقدیر ہو کر ۔

Fatefulness : (n) نحوست ؛ شومئی تقدیر ۔

Fates : (n) (رومی اور یونانی دیومالا میں) قسمت کی تین دیویاں (کلوتھو، لیکی سیس اور اٹروپوس) جنہیں تقدیر انسانی کا مالک سمجھا جاتا ہے ۔

Father : (n) (۱) ابو ؛ باپ ؛ والد ۔(۲) پیدا کرنے والا ؛ مورث اعلیٰ ؛ جدّ ؛ سلف؛ قریب ترین سلف ۔ (۳) موجد ؛ مبدی ؛ مبدع ؛ پہلے پہل بنانے والا (جیسے F. of English poetry) ؛ بانی ۔(٤) ہادی دین ؛ مقتدا ؛ روحانی پیشوا ۔(٥) خدا ؛ اللّٰہ (عیسائی) ۔(٦) تثلیث الٰہ میں سے پہلاشخص ۔ (۷) جس کے سامنے گناہوں کا اعتراف کیا جائے اور جو سزا تجویز کرے ۔(۸) ایک درجے کا پادری ؛ خانقاہ کا سردار ؛ بڑا راہب ؛ کاہن ؛ پیر مرشد ؛ اسقف ؛ بطریق ۔(۹) لات پادری کا خطاب ؛ پاپائے اعظم ۔(۱۰) محترم دیوتا (جیسے F. thomes) ۔(۱۱) پیر کبیر ؛ سب

وتربیت دے کر فارغ کرنا ۔ (۱۱) اپنے باپ کے مشابہ ہونا ۔

To father (a thing) upon : کسی (چیز) کو بطور اصل یا منبع ، دریافت کرنا ؛ کسی چیز کی اصل یا اُس کے منبع کا سراغ لگانا ۔

Father Christmas : (n) سینٹ نکولس ؛ ایک فرضی شخص جس کے متعلق بچوں کو یہ عقیدہ دلایا جاتا ہے کہ وہی رات کے وقت ان کے موزوں میں بڑے دن کے تحفے ڈال جاتا ہے ۔

Father complex : (n) (نفسیات) پدری خلط ؛ پدری گتھی ۔

Father confessor : (n) (۱) ایک پادری جس کے سامنے گناہوں کا اعتراف کیا جاتا ہے ۔ (۲) کسی کا مستقل روحانی پیشوا (پادری) ؛ روحانی پیشوا یا مشیر ۔

Father-dust : (n) (نباتیات) زر؛ زردانہ ؛ زرگل ؛ پھول کا زیرہ ۔

Father family : (n) دادیہالی خاندان ۔

Father figure : (n) وہ شخص جو جذباتی طور پر باپ کا بدل ہو ۔

Father-general : (n) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوارین کا سردار ۔

Father Hugo's rose : (n) (۱) ۱۸۸۹ء میں فادر ہیگو کے ذریعہ چین سے انگلستان لایا ہوا ایک قسم کا گلاب ۔ (۲) سب سے پہلے پھول لانے والا جھاڑی دار گلاب جس کا پھول مہاگنی سرخ ہوتا ہے ۔

Father image : (n) باپ کا وہ تصور جو کسی نے اپنے طور پر ذہن میں قائم کر رکھا ہو اور دوسرے پر منطبق کرکے اس سے محافظت اور مدد کا طالب ہو ۔

Father Imago : (n) (نفسیات) پدری اماگو ۔

Father land : (n) (۱) جائے پیدائش ؛ مرزبوم ؛ مسقط الراس ؛ جنم استھان ۔ (۲) وطن ؛ دیس ۔ (۳) آبائی وطن ؛ اجداد کی زادبوم ؛ اسلاف کا وطن ۔ (٤) مادری ملک؛ کوئی ملک اپنی نوآبادیوں کے مقابلے میں ۔

The father land : ملک جرمنی ۔

Fathere-lasher : (n) سمندری مچھلیوں کی دو جنسوں کا نام جو شمالی مغربی یورپ میں پائی جاتی ہیں ۔

سے بوڑھا ۔ (۱۲) پادری کے نام کے ساتھ ہونے والا لاحقہ ۔ (۱۳) کسی معمر کو احتراماً دیا ہوا خطاب ۔ (۱٤) کسی چیز کو مشخص کر کے اس لفظ کے ساتھ بولنا مثلاً F. chirstmas ۔ (۱۵) کسی سماج کا معمر ترین شخص ؛ کسی جماعت کا رہنما ۔ (۱٦) (جمع میں) کسی شہر یا جماعت کے رہنما یا بزرگ افراد ۔ (۱۷) باپ کی طرح نگہداشت کرنے والا ۔ (۱۸) گود لینے والا ؛ متبنیٰ کرنے والا ۔ (۱۹) جس کا احترام یا فرماں برداری بیٹے یا بیٹی کے لئے لازمی ہو مثلاً سوتیلا باپ ، سسر وغیرہ ۔ (۲۰) سب سے پہلا امریکی نوآباد کار ۔ (۲۱) زائرین کا قافلہ سالار ۔ (۲۲) امریکا کا سب سے پہلا مدبر ۔ (۲۳) (امریکا) آئین کے بنانے والوں میں سے ایک ۔ (۲٤) مصدر ؛ منبع ؛ اصل ۔ (۲۵) کسی جماعت یا پیشے کا بزرگ ترین رکن یا صدر ۔

Adoptive father : منہ بولا باپ ۔

Conscript Fathers : روما کے سینٹ کے ممبر ۔

Step father : سوتیلا باپ ۔

The father : تثلیث الٰہ میں سے پہلی ہستی ؛ خدا ۔

The Father of lies : ابلیس ؛ شیطان ۔

The Fathers (of the church) : پرانے عیسائی مصنفین ؛ ابتدائی پانچ صدیوں کے مسیحی مصنفین ۔

The Fathers : (امریکا) آئین سازان ؛ آئین بنانے والے ۔

The Holy Father : پوپ ؛ پاپائے اعظم ؛ پاپائے روم ۔

The wish is father to the thought : ذاتی خواہش کے پورا یا صحیح ہونے کی خاطر کسی خاص خیال کو ماننے کے لئے تیار ہو جانا ۔

Father : (۷) (۱) باپ ہونا یا بننا؛ پیدا کرنا ۔ (۲) بانی مبانی ہونا (کسی عقیدے یا بیان وغیرہ کا) ۔ (۳) اپنے کو بانی یا مالک ظاہر کرنا ۔ (٤) باپ کا تعین کرنا؛ تصنیف کا کسی سے منسوب کرنا ۔ (۵) باپ کی طرح سے اقتدار رکھنا ۔ (٦) بچے کے باپ یا کتاب کے مصنف کا تعین کرنا ۔ (۷) گود لینا ؛ متبنی کرنا ؛ کسی کی ذمہ داری لینا ۔ (۸) باپ کا سا برتاؤ کرنا ؛ باپ کی طرح دیکھ بھال کرنا ۔ (۹) بانی ہونا ؛ مصنف ہونا ؛ موجد ہونا ۔ (۱۰) کسی ادارے سے تعلیم

Father like : (a) باپ جیسا ؛ پدرانہ ۔

Father like : (adv.) پدرانہ طورپر ؛ باپ کی طرح سے ؛ باپ کی حیثیت سے ۔

Father-long-legs : (n) دیکھو Daddy-long-legs

Father-in-law : (n) (۱) خسر ؛ سسر ۔(۲) بیوی یا شوہر کا باپ ۔(۳) سوتیلا باپ (غلط العام) ۔(٤) (بطور فعل) کرکٹ کی فیلڈنگ کرنا ۔

Father of his country : (n) وہ جو باپ کے جیسا ادب کا مستحق ہو ۔

Father of Lights : (n) خدا ؛ اللہ ۔

Father of the city : (n) سرداران قوم ؛ مقتدایان قوم ؛ بزرگانِ قوم ؛ قوم کے بڑے بوڑھے ۔

Father of the House of commons : (n) سب سے پرانا ممبر ؛ قدیم ترین رکن ۔

Father of the nation : (n) (۱) بابائے قوم ؛ راشٹر پتا ۔ (۲) (ہندوستان میں) باپو ؛ مہاتما گاندھی کا خطاب ۔

Father of waters : (n) ابو البحر ۔

Father right : (n) پدری وراثت ۔

Fathers day : (n) جون کا تیسرا اتوار جس روز بچے اپنے باپ کے احترام کا جشن مناتے ہیں ؛ احترامِ پدر کا دن ۔

Father-sib : (n) دادیہالی رشتہ دار ؛ دادیہالی قرابت دار ۔

Father thames : (n) دریائے ٹیمس کا احترامی نام ۔

Father Time : (n) وقت مشخص ؛ ایک فرضی بوڑھا شخص جو چندلا ، ریش دار ہوتا ہے اور جو ہاتھ میں درانتی اور شیشہ ساعت رکھتا ہے ۔

Fatherhood/Fathership : (n) (۱) ربوبیت ؛ پدریت ۔(۲) بوٹے سے باپ کا رشتہ (نیز استعارتاً) ۔ (۳) باپ ہونے کی صفت یا حالت ۔(٤) باپ کا اقتدار یا کردار ۔(٥) باپ کا مرتبہ یا رتبہ ۔

Fatherless : (a) (۱) یتیم ؛ بے باپ کا ؛ بے پدر ۔(۲) مجہول النسب ۔ (۳) مجہول المؤلف یا مصنف (کتاب) ؛ کتاب وغیرہ جس کا مؤلف یا مصنف نا معلوم ہو ۔

Fatherlessness : (n) یتیمی ؛ بے پدریت ۔

Fatherliness : (n) باپ کا سا برتاؤ ؛ باپ کی سی خصوصیت؛ باپ کی طرح شفقت ۔

Fatherly : (a) (۱) باپ جیسا ؛ باپ کے مشابہ ؛ باپ کی طرح ۔ باپ کے مانند ۔(۲) بالکل باپ جیسا ؛ پدرانہ ؛ سراسر باپ کی طرح (شفقت، نگاہ اوربرتاؤ میں)۔

Fatherly : (adv.) پدرانہ طورپر ؛ باپ کی طرح سے ۔

Fathership : (n) ربوبیت ۔

Fathogram : (n) صوتی عُمق پیما کے ذریعہ بنایا ہوا گراف یا خاکہ ۔

Fathom : (n) [Pre-Teut.pet-,pot-.] (۱) (استعارتاً) وسیع الخیالی؛ وسعت ادراک ؛ وسعت فہم ؛ اہلیت ؛ صلاحیت (متروک) ۔(۲) مقیاس الطول ؛ لمبائی ناپنے کا پیمانہ ۔ (۳) پھیلے ہوئے بازوؤں کی لمبائی ؛ چھے فٹ ؛ چھے فٹ کا پیمانہ (خاص کر وہ جو پانی کی گہرائی ناپنے کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔ (٤) (کان کنی میں) شگاف کے پورے حجم میں سے چھے فٹ کا مربع ۔(٥) چھے فٹ مربع کے پیمائش کی لکڑی خواہ اس کی لمبائی کتنی ہی ہو ۔(٦) (نفسیات) پُرس ؛ فیدم ۔

Fathom : (v) (۱) گہیرنا ؛ ہاتھوں سے گھیرلینا ؛ بازوؤں میں لےلینا ؛ (اس طرح) پیمائش کرنا ؛ ناپنا ؛ اندازہ کرنا ۔ (۲) گہرائی ناپنے کے آلے سے گہرائی ناپنا ؛ پانی کی گہرائی ناپنا (سمندر، ندی ، نالہ ، حوض وغیرہ کی) ؛ عُمق دریافت کرنا؛ گہرائی ناپنا ۔(۳) کسی بات کی تہ کو پہنچنا؛ پوری طرح سمجھ لینا؛ تفتیش کرنا؛ سراغ لگانا؛ پتا لگانا؛ جاننا۔(٤) ساحلِ سمندر کے پاس پانی کی گہرائی ناپنا ۔

Fathomable : (a) قابل پیمائش ؛ جس کی گہرائی ناپی جاسکے ؛ جس کا اندازہ ممکن ہو ؛ قابل تفہیم ؛ جس کی تہ کو پہنچا جاسکے ۔

Fathomer : (n) (۱)عُمق دریافت کرنےوالا ؛ گہرائی ناپنےوالا ۔ (۲) ساحل سے قریب سمندر کی گہرائی دریافت کرنے کا آلہ ؛ عُمق پیما ۔

Fathometer : (n) صوتی عُمق پیما ؛ (سمعیات) فیدم پیما ؛ عُمق آب پیما ۔

Fathomless : (a) (۱) اتھاہ ؛ بے پایاں ؛ جس کی پیمائش ممکن نہ ہو ؛ ناقابل پیمائش ۔ (۲) (مجازاً) جس کی تہ کو نہ پہنچ سکیں ؛ نا قابل فہم ؛ نا قابل ادراک ؛ جس تک رسائی ممکن نہ ہو ۔

Fathomlessly : (adv.) انتہائی گہرائی سے ؛ اتھاہ طور پر ؛ بے پایاں طور سے ؛ ناقابل فہم انداز سے؛ نارسا نا رسا طور پر ۔

Fatidic/-al : (a) [L.'fatidicus'.] (۱) پیغمبر صفت ؛ وہ شخص جس میں پیشن گوئی کی استعداد ہو ؛ پیغمبرانہ صلاحیت کا حامل ۔ (۲) پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ ؛ پیش گویانہ ۔ (۳) پیشن گوئی کا یا اُس سے متعلق ۔ (٤) غیب داں ۔

Fatidically : (adv.) پیغمبر صفت سے ؛ پیغمبرانہ طور پر ؛ پیش گویانہ طور پر ۔

Fatigability : (n) (عضویات) تکاسل ؛ تکان پذیری ۔

Fatigable/Fatiguable : (a) [L.'fatigare'.] (۱) آسانی سے تھک جانے والا ؛ سریع التعب ؛ جلد تھک جانے والا ۔ (۲) تکان پذیر ۔

Fatigableness/Fatiguableness : (n) جلد اور آسانی سے تھک جانا ؛ زود تکان پذیری ۔

Fatigue : (v) (۱) تھکانا ؛ چورکردینا ؛ کم زور کردینا ۔ (۲) دھات کو پیٹ پیٹ کر کمزور کر دینا ۔ (۳) (فوج میں) مشقت آمیز سزا دینا ۔

Fatigue : (n) [L.'fatigare'.] (۱) کام (دماغی اور جسمانی) کے بعد سستی کی حالت ؛ تھکان ؛ تکان ؛ ماندگی ؛ تھکن ؛ تھکاوٹ ؛ تعب؛ کسل ؛ ضعف ؛ ناتوانی ۔ (۲) دھات کی کمزوری (متواتر چوٹ یا بوجھ پڑنےکی وجہ سے) ۔ (۳) تھکانے والا کام ؛ مشقت؛ سخت محنت ۔ (٤) سپاہی کا غیر فوجی فرض منصبی ۔ (٥) Fatigue-party کا مخفف ۔ (٦) قوت زرخیزی میں کمی (مثلاً زمین کی) ۔ (۷) مسلسل اور متواتر تحریک سے کسی اعصاب میں پیدا شدہ عارضی انحرافی حالت ۔ (۸) سزا کے طور پرمہیا کیا ہوا مشقت کا کام ۔ (۹) (ملٹری کےلئے) سزا کے طور پر دیا ہوا نیچا یا مشقت کا کام (مثلاً کیمپ ایریا کی صفائی یا سڑک بنانا) ۔ (۱۰) مسلسل استعمال کےباعث کسی چیز کی کارکردگی میں کمی ۔

Elastic fatigue : (عضویات) لچکی تکان ۔

Fatigue allowance : (n) (تجارت) تکان چھوٹ ۔

Fatigue call : (n) غیرفوجی فرض منصبی کی انجام دہی کے لئے سپاہیوں کی طلبی ۔

Fatigue coefficient : (n) (طبیعیات) قدرِتکان ۔

Fatigue cost : (n) (تجارت) تکان لاگت ۔

Fatique crack : (n) (طبیعیات) تکا ن دراڑ ۔

Fatigue-dress : (n) غیرفوجی کام کے وقت کی وردی ۔

Fatigue-duty : (n) سپاہی کا غیرفوجی فرض منصبی ۔

Fatigue effect : (a) (طبیعیات) تکان اثر ۔

Fatigue failure : (a) (طبیعیات) تکان ناکامی ۔

Fatigue-party : (n) (۱) غیرفوجی کام پر متعین سپاہیوں کی جماعت ۔ (۲) (سزا کے طورپر) سخت اور ادنیٰ کام پر متعین سپاہیوں کی جماعت ۔

Fatigue products : (n) حاصلات تکان ۔

Fatigue study : (n) تجارت) تکان مطالعہ ۔

Fatigued : (a) تھکا ہوا ؛ تھکا ماندہ ؛ تھکا ہارا ؛ کمزور ؛ ناتواں ۔

Fatiguing : (a) تھکا دینے والا ۔

Fatiguless : (a) بےتکان ؛ ان تھک ۔

Fatigues : (a) دیکھو Fatigue-dress

Fatiguesome : (a) اکتادینے والا ؛ اجیرن ؛ بارخاطر ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار؛ دوبھر ؛ تھکادینے والا ؛ ماندگی آور ۔

Fatiloquent : (a) [L.'fatiloque/s.'] پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ ؛ پیش گویانہ ؛ الہامی ۔

Fatimid/Fatimite : (n) (۱) فاطمی ؛ فاطمی خاندان؛ الفاطمی ۔ (۲) دسویں اور گیارھویں صدی میں شمالی افریقہ کے فاطمی حکمراں خاندان کا رکن ۔

Fatiscence : (n) (ارضیات) دراڑ ؛ شگاف ؛ سوراخ کی حالت ۔

Fatiscent : (a) [L.'fatiscentum.'] شگاف دار ؛ سوراخ والا ؛ دراڑ والا ؛ چھیددار؛ دراڑ پڑا ہوا ؛ پھٹا ہوا ؛ (نباتیات) پھٹتا ہوا ؛ پھوٹتا ہوا ۔

Fatless : (a) (۱) بے روغن ؛ بے چکنائی ؛ (غذا) غیرمقوی ۔ (۲) دبلا ؛ پتلا ؛ لاغر ۔

Fatliquor : (n) صابن اور چربی سے مرکب ایک روغن جو دباغت میں کام آئے ۔

Fatliquor : (v) چمڑے کے ریشوں کو چربی سے بھرنا ؛ چمڑے میں روغن لگانا ۔

Fatling : (n) کم عمر چربی دار جانور (ذبیحہ کے لئے) ۔

Fatling : (a) چھوٹا اور فربہ ۔

Fatly : (adv.) (۱) وسعت سے؛ بڑی حدتک ؛ زیادہ تر ؛ بیشتر ۔ (۲) اناڑی پن سے؛ بے تُکے پن سے ؛ بے ڈھنگےپن سے ؛ بھونڈے پن سے ۔

Fatness : (n) مُٹاپا ؛ فربہی ؛ گدازپن ۔

Fats : (کیمیا) شحمیات ۔

Fatso : (n) موٹا آدمی ۔

Fatted : (a) (۱) موٹا کیا ہوا ؛ چربی دار؛ فربہ (ذبح کےلئے) کھلا پلاکر تیار کیا ہوا ۔ (۲) زرخیزبنائی ہوئی زمین۔

To kill the fatted calf : پُرتکلف دعوت دینا ۔

Fatten : (v) [f. FAT (a)] (۱) موٹا کرنا ؛ (کھلاپلا کر) (خاص کر ذبح کرنے کے لئے) موٹا تازہ کرنا ؛ گداز بنانا ۔ (۲) موٹا ہوجانا ؛ فربہ ہوجانا ۔ (۳) زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرنا ؛ زمین کا زرخیز بنانا یا ہوجانا ۔ (٤) متمو ل اور خوش حال ہوجانا ۔

Fattener : (n) (۱) کھلا پلاکر تیار کرنے والا ؛ موٹا تازہ بنانے والا ؛ فربہ کرنے والا ۔ (۲) زرخیز بنانے والا (زمین کو) ۔ (۳) متمول بنانے والا ۔

Fattily : (a) چربی دار ہوکر ؛ چربی کی زیادتی سے ۔

Fattiness : (a) چربی دار ہونے کی حالت یا صفت ۔

Fattish : (a) تھوڑا گداز ؛ قدرے فربہ ؛ تھوڑا موٹا تازہ ۔

Fattish : (a) قدرے موٹا ؛ کسی حدتک موٹا ؛ قدرے دبیز (چھپائی) ۔

Fattrels : (n) [F.'Fatraille.'] فیتوں کا کنارا ۔

Fatty : (n) موٹا تازہ آدمی وغیرہ ۔

Fatty : (a) (۱) چربی جیسا ؛ روغن نما ؛ روغن کی طرح کا ؛ روغنی؛ تیل جیسا ؛ چکنا؛ چربی کا ۔ (۲) روغن؛ روغن دار؛ چربی دار؛ شحیم ؛ گداز ۔ (۳) (طب) جسم پر چربی کا زیادہ ہوجانا ۔ (٤) (حیوانیات وغیرہ) شحمی ۔

Fatty acid : (n) (۱) (کیمیا) فیٹی تیزاب ؛ چربیلا تیزاب ؛ شحمی تیزاب ۔ (۲)(حیوانیات) شحمی ترشے ۔ (۳) (جمع میں) (صابن سازی میں) چربی اور ایسےروغن سے (جو کیمیائی تحلیل کے بغیر بخار کی شکل میں اُڑائے نہ جاسکیں) کشیدہ تیزاب یا تُرشے ($C_n H_{2n+1} COOH$) ۔

Fatty acids series : (n) اساسی اسی ٹائل (Acetyl) ($C_2 H_3O$) کے حامل مرکب اجزا کا سلسلہ ۔

Fatty degeneration : (n) (۱) (حیوانیات) شحمی انحطاط ؛ وہ حالت جب کوئی نسیج یا عضو یا اُس کا کوئی حصہ چربی کے غیر معمولی اجماع کے باعث انحطاط پذیرہوجائے ۔ (۲) تعیش پسندی کی وجہ سے اخلاقی یا فنی انحطاط ۔

Fatty globule : (n) (حیوانیات) شحمی بوند ۔

Fatty heart/-kidney : (n) دل یا گردے پر چربی کا چھا جانا ؛ دل یا گردے کا شحمی انحطاط ۔

Fatty ink : (n) ایک سیاہ چکنی رطوبت جو کٹل (Cuttle) مچھلی کی منہ سے خارج ہوتی ہے ۔

Fatty infiltration : (n) چربی کی زیادتی سے کسی عضو کے نسیج کا بتدریج نفوذ ۔

Fatty oil : (n) (۱) روغن سیّال ؛ ایسا روغن جو بغیر تحلیل کیمیائی کے بخارات کی شکل میں نہ اُڑایا جاسکے۔ (۲) پودوں اور آبی جانوروں سےحاصل ہونے والا روغن جو معمولی درجۂ حرارت پر سیّال حالت میں رہتا ہے ۔

Fatty paint : (n) ایک سیّال پینٹ جو آکسیجن سے مل کر یا گاڑھا ہوکر روغن مکھن جیسا لیس دار ہو گیا ہو ۔

Fatty substance : (n) (کیمیا) چکنائی کی چیز ؛ چربیلی چیز؛ (حیوانیات) شحمی مادہ ۔

Fatty tumour : (n) جسم کے کسی حصے میں زرد اور نرم چربی کا اجماع ۔

Fatuitous : (a) احمق ؛ بے دماغ ؛ بے وقوف ؛ ناسمجھ ؛ ابلہ ۔

Fatuity : (n) [L.f.'fatuus.'] (۱) (طب) حُمق ؛ حماقت ؛ بےوقوفی ؛ ابلہی ۔ (۲) احمقانہ کام ؛ احمقانہ خیال ؛ عمل وغیرہ ؛ سمجھ اور فہم کی کمی ؛ عقل سلب ہو جانا ؛ بے عقلی ؛ بے مغزی ؛ بےدماغی ؛ نیزاحمق، بے دماغ، بےعقل، بےوقوف ۔

Incoherent fatuity : (طب) بے ربط حماقت ۔

Fatuous : (a) [L.'fatuus'.] کند ذہن ؛ مورکھ ؛ گاؤدی ؛ بےوقوف ؛ بےمغز ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ سادہ لوح ؛ نادان ؛ ناعاقبت اندیش ؛ بدھو ؛ بدحواس ۔ (۲) (طب) بے اصل ؛ احمق ۔

Fatuous fire : (n) (۱) اگیابیتال؛ شیطانی آگ ؛ غول بیابانی ۔ (۲) وہم ؛ دھوکا ؛ امید موہوم ۔ (۳) شہابہ ۔

Fatuously : (adv.) بےوقوفی سے؛ احمقانہ طورپر؛ ابلہی سے ؛ بے اصل طورپر ۔

Fatuousness : (n) مورکھ پن ؛ حماقت ؛ بے وقوفی ؛ بےعقلی ؛ ابلہی ؛ بے اصلی ؛ سادہ لوحی ۔

Fatwood : (n) روغنی لکڑی (جو روشنی کے لئے جلائی جاتی ہو) ۔

Faubourg : (n) [F. faubourg.] (۱) نواح ؛ مضافات ؛ ناحیہ ؛ شہر پناہ سے متصل شہری علاقہ ؛ بیرون شہر (پیرس میں اب تک ان علاقوں کےلئے بھی مستعمل ہے جو شہر پناہ کے اندر آچکے ہیں) ۔ (۲) شہر کا ایک علاقہ ؛ محلہ یا حلقہ ۔

Faucal : (a) [L.] (۱) (لسانیات) حلقیہ ۔ (۲) حلقی (تجوید) گلے کا ؛ گلے سے نکلتی ہوئی (گہری آواز) خصوصاً سامی زبانوں میں ؛ صدائے حلقی ؛ گلوئی ۔

Faucal : (n) گلے سے نکلتی ہوئی گہری آواز ؛ گہری حلقی آواز ۔

Faucal plosive : (n) ساکن اور مصمت کو ناک کے ذریعہ ادا کرنا ۔

Faucalization : (n) (لسانیات) حلقیانے کا عمل ۔

Faucalize : (v) (۱) حلقی آواز کے ذریعہ تلفظ میں ترمیم کرنا ۔ (۲) حلقیانا ۔

Fauces : (n) pl. [L.] (۱) (تشریح ، حیوانیات) حلقوم ؛ بلعوم ؛ (تشریح) منہ کے پچھلے حصے کا وہ گڈھا جہاں سےنرخرہ اور حنجرہ کھلتا ہے ؛ حلق ؛ گلو ؛ نالی ۔ (۲) (نباتیات) مسند گل ؛ کاسہ گل وغیرہ کی کنٹھی (حلقوم) ۔ (۳) (صدفیات) گھونگے کے خانے کا وہ حصہ جو موکھے کی جانب سے نظر آسکے ۔

Pillars of fauces : (تشریح) اسالیق ۔

Fauces terrae : (n) [L.] کسی خلیج سے ملا ہوا رأس البلد یا خشکی کا وہ حصہ جو پانی میں چلا گیا ہو اور جو بین الاقوامی قانون کے مطابق سمندر کا حصہ نہیں ہوتا بلکہ متعلقہ صوبے کا علاقائی پانی ہوتا ہے ۔

Faucet : (n) [etym. unknown .] پیچ دار ٹونٹی ؛ (شراب کے پیپے کی) ٹونٹی ؛ (ریاست ہائے متحدہ امریکا میں) شراب وغیرہ کے پیپے کا نَلکا؛ نیز نل کا وہ سرا جس میں ڈاٹ لگائی جاتی ہے ۔

Federalize : (v) (۱) وفاقی بنانا ؛ وفاقی اتحاد میں شامل کرنا یا ہونا۔ (۲) مرکزیت دور کرنا ؛ لامرکزی بنانا؛ مرکزی اقتدار سے ہٹاکر وفاقی تنظیم کے سپرد کرنا ۔

Federally : (adv.) (۱) بربنائے میثاق ؛ معاہدے کی بناء پر ۔ (۲) وفاقی طریقے پر ۔

Federari/Federary : (n) [Var of feodari.] شریک کار ؛ حلیف ۔

Federate : (v) [foederatus.] (۱) آپس میں مل جانا ؛ متحد ہو جانا (کسی خاص متحدہ ، متفقہ غرض کےلئے) ۔ (۲) کسی لیگ یا جماعت کا متحد ہونا ۔ (۳) وفاقی بنیاد پر منظم ہونا یا کرنا ۔ (٤) اصول وفاق پر کسی مملکت کو قائم کرنا ۔ (٥) ہم عہد کرنا ؛ ہم پیماں کرنا ۔

Federate/-at : (a) متحدہ ؛ عہدو پیماں میں متحد ؛ متحد کیا ہوا ؛ معاہدہ کیا ہوا ؛ معاہد ؛ مشترک ؛ شامل لیگ میں) ؛ ہم پیماں ؛ ہم عہد ؛ ہم میثاق ۔

Federate : (n) کسی معاہدے ، اتحاد، میثاق یا وفاق کے فریقوں میں سے کوئی ایک فریق ۔

Federated : (a) (تاریخ) وفاق شدہ ۔

Federated church : (n) مختلف فرقہ واری انجمنوں کو ملاکر تشکیل دیا ہوا ایک مقامی کلیسا جس میں ہر انجمن اپنی انفرادیت قائم رکھتے ہوئے کسی مشترک لائحہ عمل میں متفق ہوتی ہے ۔

Federation : (n) [L.'foederationem.'] (۱) کسی معاہدے ، میثاق یا وفاق میں شامل ہونے کا عمل خصوصاً کسی وفاقی حکومت کےتحت مختلف ریاستوں کا اتحاد جس میں ہر ریاست اپنے داخلی معاملات کے نظم وضبط کا اختیار خود رکھتی ہے ۔ (۲) سوسائٹی ؛ سماج ؛ انجمن ؛ سبھا ؛ لیگ ؛ وفاقی انجمن یا جماعت خصوصاً وفاقی ریاست یا مملکت ؛ فیڈریشن ۔ (۳) انجمنوں یا تنظیموں کا وفاق یا اتحاد ۔ (٤) ہم پیمانی ؛ ہم عہدی ؛ اتحاد ؛ اتحادیہ ؛ وفاقیت ؛ (تاریخ) وفاقیہ ۔

Imperial federation : وفاقی انجمن یا جماعت ؛ ایک تجویز جس کے تحت نوآباد ریاستیں مادری ملک کے ساتھ مل کر ایک ریاست کی تشکیل کرتی ہیں اور کل ریاستیں متفقہ طور پر تخت کی بقا اور بہبود سےتعلق رکھتی ہیں ۔

Federation of insurance Institute : (نفسیات وغیرہ) وفاق ادارہ جات بیمہ ۔

Federation of states : (تاریخ) ریاستوں کا وفاق ۔

Federation of the (British) Empire : Imperial federation دیکھو

Federational : (a) وفاق سے متعلق ؛ اتحاد سے متعلق ۔

Federationist : (n) (سیاسیات)وفاقیت کا حامی؛ وفاق پسند؛ حامیِ وفاق ۔

Federative : (a) (۱) اتحادی ؛ ایتلافی ؛ وفاقیانہ ؛ وفاقی ۔ (۲) کسی لیگ ، اتحاد یا وفاق کی تشکیل کا یا اُس سے متعلق؛ کسی فیڈریشن یا اس کے حصے سے متعلق ۔ (۳) فیڈریشن کے ایک حصے کی تشکیل کرنے والا؛ وفاقوں کی تشکیل کی طرف مائل یا راغب ۔

Federatively : (adv.) وفاقی حیثیت سے ۔

Fedora : (n) [F. Fedora (1882) a drama by V. saedou.] ایک قسم کی نرم فلٹ ہیٹ ؛ ایک نرم مردانہ ٹوپی ۔

Fee : (n) [A. Fr. fee.] (۱) جاگیر ؛ جاگیر میں دیا ہوا علاقہ؛ ملکیت ؛ زمین داری ؛ تعلقہ ؛ ریاست ۔ (۲) موروثی ریاست یا جائداد ؛ اموال منقول ؛ وراثتی جاگیر ۔ (۳) تنخواہ ؛ ایک مقررہ تنخواہ یا اُجرت ۔ (٤) وکیل ، طبیب ، ڈاکٹر ؛ یا کسی اور پیشہ ور کی اُجرت یا فیس ۔ (٥) امتحان کی فیس ؛ فیس داخلہ ؛ اسکول یا کالج کی فیس ۔ (٦) صلہ خدمت ؛ انعام ؛ حق خدمت ؛ اجرت ؛ پاداش ؛ وظیفہ ۔ (۷) (قانون) فیس ؛ جاگیر ؛ جائداد ؛ مِلک ۔

At a pin's fee : نہایت ہی کم قیمت پر ؛ انتہائی کم اجرت پر ؛ ایک پِن کی قیمت پر ۔

Base fee : غیر قطعی ؛ مشروطہ قبضہ ۔

Capitation fee : (تجارت) محصول (فی کس) فیس ۔

Ecclesiastical fee : کلیسائی جاگیر جو کسی کلیسا کی خدمت گار ، فرد یا جماعت کے ذمہ ہو ۔

In fee/In fee simple : مطلق قبضے میں ؛ بلاشرکت غیرے ؛ قبض و دخل میں ؛ جاگیر میں (ہونا) ۔

Intiation fee : (n) (تجارت) داخلہ فیس ؛ شرکت داری فیس ۔

Knight's fee : (n) (جاگیر داری نظام) وہ قطعہء زمین جس کےعوض کسی فوجی سردار کی خدمات لی جاتی تھیں ؛ فوجی جاگیر ؛ سردار کی جاگیر ۔

Lay-fee : (n) غیر کلیسائی جاگیر ؛ وہ جاگیر یا ریاست جو غیرمذہبی خدمات کےلئے دی گئی ہو ۔

Permit fee : (n) (تجارت) اجازت نامہ فیس ؛ پرمٹ فیس۔

To hold in fee, or fee simple : (مجازاً) بلا شرکت غیرے جائداد کا مالک ہونا ؛ بلا شرکت غیر ے قابض دخیل ہونا ؛ مطلق قبضے میں کرلینا؛ بطور جاگیر لےلینا ؛ جاگیر میں ہونا ۔

To pay fee to : معاوضے پر کوئی کام لینا ۔

Fee : (v) (۱) تنخواہ دینا ۔(۲) صلہ دینا (ذاتی خدمات کےلئے) ؛ انعام دینا ؛ بخشش دینا ؛ حق دینا ؛ اجرت دینا ۔ (۳) فیس ادا کرنا ؛ اسکول وغیرہ کی فیس دینا ۔ (٤) فیس دے کر رکھنا ؛ فیس پرکام لینا ۔(٥) جاگیر دینا ۔(٦) (اسکاتستانی) (ملازم کو) مزدوری یا اجرت پر رکھنا؛ کرائے کا نوکر رکھنا ۔

To fee every occasion : ہر موقع سے استفادہ کرنا ۔

Fee bill : (n) مخصوص خدمات کےلئے کسی عدالت کے وکیلوں ، شیرفوں یا دوسرے افسروں کی مقررہ فیسوں یا اجرتوں کی فہرست، نیز مخصوص خدمات میں قابل محصول طلبانوں یا اخراجات کی فہرست ۔

Fee -estate : (n) آراضی یا جاگیر جس کے عوض مالک کی خدمت کی جاتی ہو ۔

Fee-expectant : (n) منتظر جاگیر؛ اُمیدوار وراثت (جاگیر)؛ منتظر توریث ؛ جسے وراثت ملنے والی ہو ۔

Fee farm : (n)[OF.'feuferme'.] (قانون) وہ حق ملکیت جس کے ذریعہ زمین بغیر غیردوسری خدمات کے دائمی طور پر مقررہ مالگذاری کے تحت وراثتی جائداد کے طورپر رکھی جاتی ہے ؛ وہ وراثتی جاگیر جس کا حق ملکیت کسی خدمت کے صلے میں نہ ہو کر نقدی قائمی جائداد کے طور پر ہوتا ہے ۔(۲) اس طرح حاصل شدہ رعیت کی زمینی ملکیت ؛ ایسی نقدی قائمی آراضی (نیز استعارتاً) ۔ (۳) ایسی ملکیت کی مالگذاری ۔ (٤) توصیفی معنوں میں (مثلاً Fee-farm-rent) ۔

Fee farmer : (n) نقدی قائمی جائداد کا مالک ؛ ایسی جائداد مالگذاری ادا کرنے والا ۔

Fee-faw-fum/-fo- : (n &intr.) (۱) فوں فاں (دیؤوں کے غیظ و غضب کی آواز) ۔ (۲) قاتلانہ ارادے کو ظاہر کرنے والا ایک فجائیہ کلمہ ۔ (۳) بچوں کو ڈرانے کی ایک مہمل آواز ؛ گیدڑ بھپکی ۔ (٤) خون کے پیاسے شخص کےلئے ایک اصطلاح ؛ خون کا پیاسا ؛ خونی ۔

Fee-fund : (n) (اسکاتستانی قانون) مخصوص عدالتی محصول جس سے عہدہ داران عدالت کی تنخواہیں دی جاتی ہیں ۔

Fee gouging : (n) زیادہ سے زیادہ فیس یا اجرت طلب کرنا خصوصاً پیشہ ورانہ خدمات کےلئے ۔

Fee patent : (n) کسی ریاست میں قابل توریث جائداد کا تحفظ بذریعہ رجسٹری۔

Fee-royal : (a) شاہی جاگیر ۔

Fee-simple : (n) (قانون) جاگیر یا جائداد غیر مشروط ؛ بلا قیود قابل توریث جائداد ؛ ملک مطلق جو مالک اور اس کے ورثا کی ملکیت میں بلا شرط قید ہمیشہ رہے ؛ وراثتی جاگیر (سیاسیات) ملک مطلق ؛ جائداد غیرمشروط ۔

Fee-tail : (n) (قانون) جاگیر مشروط ؛ خاص اور قریبی ورثا کے لئے قابل توریث جائداد ؛ ملک موقوفہ ؛ (سیاسیات) ملک موقوف ؛ جائداد مشروط ۔

Fee-tail-expectant : (n) مشروط جائداد کا وارث ؛ مشروط جاگیر کا متوقع وارث ۔

Feeb : (n) [Short for 'feebleminded'.] (عامیانہ) ضعیف العقل شخص ؛ کم عقل آدمی ۔

Feeble : (a) [OFr. febble.] (۱) ضعیف ؛ ناتواں ؛ ناطاقت ؛ نزبل ؛ نقیہ ؛ کمزور ؛ عاجز ؛ سست ۔(۲) کم ہمت ؛ بیٹا ؛ کند ذہن ؛ احمق ؛ ناکافی ؛ کمتر ۔ (۳) بے اثر؛ کمزور ۔(٤) مدھم ؛ دھیما ؛ دھندلا ۔ (٥) کم قوتِ مدافعت رکھنے والا ۔(٦) ذہنی اور اخلاقی طور پر کمزور ۔

Feeble : (n) کمزوری ؛ ناطاقتی ۔

Feeble : (v) (متروک) کمزور ہونا یا کرنا ؛ ناتواں ہونا یا کرنا ۔

Feeble acid : (n) (کیمیا) کم زور تیزاب ۔

Feeble minded : (a) کم عقل ؛ احمق ؛ کند ذہن؛ ضعیف العقل ۔ (نفسیات) ضعیف العقل ؛ ابلہ ؛ احمق ۔

Feeble mindedly : (adv.) کم عقلی سے ؛ حماقت سے ؛ کُند ذہنی سے ۔

Feeble mindedness : (n) کم عقلی ؛ کند ذہنی ؛ حُمق ؛ (نفسیات، فلسفہ، تعمیرات) ضعیف العقلی ۔

Feeble-wit : (n) کُند ذہن ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ گاؤدی ۔

Feebleness : (n) ضعف ؛ ناطاقتی ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ کمزوری ؛ عاجزی ؛ سستی؛ کم ہمتی؛ بےاثری؛ کند ذہنی ؛ حُمق ؛ دھندلاپن ؛ دھیما پن ۔

Feebless : (a) [OF. feblesse.] ضعف ؛ ناتوانی ؛ نقاہت ؛ کمزوری ؛ عاجزی ۔

Feebling : (n) ضعیف کرنے والا ؛ کمزور بنانے والا؛ کُند ذہن ؛ کم ہمت یا بےاثر کردینے والا ؛ بے اثر کن ؛ ضعف آور ؛ دھندلا کردینے والا ۔

Feeblish : (a) قدرے ضعیف ؛ تھوڑا کند ذہن ؛ گاؤدی قسم کا ۔

Feebly : (adv.) (۱) ضعف سے ؛ ناتوانی سے ؛ ناطاقتی سے ؛ کمزور طور پر ؛ عاجز ہوکر ۔ (۲) کم ہمتی سے ؛ ناکافی طور پر ؛ بے اثر انداز میں ۔ (۳) احمقانہ طور پر ؛ کند ذہنی سے ؛ کم عقلی سے ۔ (٤) دھیمے انداز میں ؛ دھندلے طور پر ۔

Feebly acidic solution : (n) (کیمیا) ہلکا تیزابی گھول ۔

Feebly basic solution : (n) ہلکا کھاری گھول ۔

Feed : (n) (۱) کھلانے پلانے کا عمل نیز فراہمی غذا ؛ خوراک رسانی ۔ (۲) چارا ؛ مویشیوں کی خوراک ؛ گھوڑے وغیرہ کا راتب ؛ غذا ۔ (۳) چراگاہ ؛ سرسبز جگہ ؛ ہری بھری کھیتی ۔ (٤) (روز مرّہ) کھانا؛ پُرتکلف کھانا؛ خوراک ؛ غذا؛ طعام ۔ (٥) مشین کو غذا یعنی اس میں کام آنے والے سامان پہنچانے کا عمل یا طریقہ نیز مشین میں کام آنے والے سامان یا ان کی بہم یافتہ مقدار ۔ (٦) بندوق کا بھراؤ ؛ کارتوس ؛ ایک بار بھری جانے والی بارود کی مقدار ۔ (۷) Feed-Pump, feed-gear وغیرہ کا مخفف ۔ (۸) فیڈر ؛ غذا پہنچانے والا ؛ خوراک رساں ؛ مشین میں کام آنے والے سامان کو مشین تک لے جانے والا ؛ بچوں کو دودھ پلانے والی بوتل ؛ مریض کے شکم میں غذا پہنچانے والی نلی یا پائپ ۔ (۹) کسی سامان پر کام کرنے کی غرض سے اُسے آگے بڑھانے کا عمل یا رفتار ۔ (۱۰) (طبیعیات) خورانی ؛ (حیوانیات)خوراک ؛ چارہ؛ علیق؛ ایندھن؛ (طب) غذائی مشین؛ فیڈ ۔

Off ones feed : بھوک نہ ہونا ؛ اشتہا نہ ہونا ؛ کھانے کی رغبت نہ ہونا ۔

On the feed : (مچھلیوں کا) غذا کی تلاش میں نکلنا؛ کھانا ۔

Out at feed : (جانوروں کو) چرنے چُگنے کے لئے باہر لے جانا ۔

To put on the feed bag : (عامیانہ) کھانا شروع کرنا ۔

Two biscuits at one feed: دوبسکٹ ایک ہی دفع کھلانا ۔

Feed : (v) [OE. 'fedan'.] (۱) کھانا دینا؛ کھلانا۔ (۲)لقمہ دینا ؛ منہ میں نوالہ دینا ؛ چوسانا ؛ دودھ پلانا (بچوں کو) ۔ (۳) چرنا ؛ چرانا ؛ (مویشی وغیرہ کا) ۔ (٤) بھوک بجھانا ؛ بھوک ختم کرنا ۔ (٥) سامان بہم پہونچانا (خود پسندی وغیرہ کےلئے) ۔ (٦) تسلی دینا ؛ امید دلانا ؛ آس دلانا ۔ (۷) کھانا ؛ شکم پری کرنا (نیز استعارتاً) ۔ (۸) غذا کا کام دینا ۔ (۹) باعث نشو و نما ہونا ؛ غذا پہونچانا ؛ نشوونما میں معاون ہونا ؛ زندہ رکھنا ۔ (۱۰) مہیا کرتے رہنا ؛ بہم پہونچاتے رہنا (جیسے پانی کے خزانے کو پانی) ۔ (۱۱) (کسی کَل یا مشین کو) رسّہ یا سامان بہم پہونچاتے رہنا ۔ (۱۲) زمین کو چراگاہ کے کا م میں لانا ؛ چارہ بننا ؛ چارہ فراہم کرنا ۔ (۱۳) مشین میں سامان ڈالنا ۔ (۱٤) (استعارتاً) معاوضہ دینا ؛ فیس ادا کرنا ؛ اجرت دینا ۔ (۱٥) رشوت دینا؛ مٹھی گرم کرنا ؛ نذر کرنا ؛ خواہش پوری کرنا ؛ ہمت دلانا ؛ دلجوئی کرنا؛ کسی بھی خواہش کی تسکین کا سامان بہم پہونچانا ۔ (۱٦) غذا سے بھر دینا ؛ خوب کھلانا ؛ کھلاکر موٹا کر دینا یا موٹا ہوجانا (عامیانہ) ۔ (۱۷) (مصرف کےلئے سامان وغیرہ کا) مسلسل بہم پہونچانا ۔ (۱۸) (امریکا) جانور وغیرہ کو چارا دینا ؛ چارا لگانا ۔ (۱۹) (کھیل میں) گول کرنے کےلئےاپنی ٹیم کے کھلاڑی کو پاس دینا یا اس کی طرف گیند پھینکنا ۔ (۲۰) ساتھی ایکٹر کو آنے والے رول یامنظر کا اشارہ یا ترک دینا ۔ (۲۱) (جانوروں کا) چارا کرنا ؛ کھانا ؛ کھالینا ۔ (۲۲) (برقی توانائی) بہم پہونچانا ؛ سپلائی دینا ۔ (۲۳) الیکٹرونک سرکٹ کے ذریعہ پہونچانا (بطور سگنل، ریڈیو، رڈار اور ٹیلی گرافی میں مستعمل) ۔ (۲٤) (ریڈیو اور ٹیلی ویژن پروگرام کو) برقی رو کے ذریعہ نشر ہونے کے لئے ترسیل گاہ تک پہونچانا ۔ (۲٥) بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ؛ زیادہ کرنا ؛ بڑھانا ۔ (۲٦) کھانا

(خصوصاً کسی ریسٹوران میں) ؛رغبت دور کرنا ۔(۲۷) کسی مشین یا اس کے منہ میں پڑنا یا جانا ۔(۲۸) کسی آتشی اسلحہ میں کارتوس بھرنا ۔

Toy feeds the soul : خوشی روح کو تقویت پہنچاتی ہے ۔

To feed at the high table : کالج میں طلبا کا مل کے کھانا ۔

To feed down, close : جانور کو چراگاہ وغیرہ میں چرانا ۔

To feed off : فروخت یا ذبح کرنے کے لئے کھلا پلاکر فربہ کرنا ۔

To feed on : غذا کے طور پر عادتاً کھاتے رہنا؛ کسی چیز پر پرورش ہونا ۔

To feed the firhes : (عامیانہ) ڈوب جانا ؛ غرق ہوجانا ۔

To feed up : کھلاکر موٹا کرنا ؛ تیار کرنا ؛ سیر کرنا ؛ پیٹ بھر کر کھلانا ۔

To feed well/-high : خوب کھانا ؛ نفیس کھانے کھانا ۔

Feed : (a) [ppl. of Fee.] (v) فیس ادا کیا ہوا؛ اجرت پایا ہوا؛ اجرت یافتہ ؛ اجرت پرلیا ہوا؛ کرایہ پر لیا ہوا ؛ ماجور ؛ اُجرتی ؛ رشوت لیا ہوا ؛ (اسکاتستانی) مزدوری پر مقرر کیا ہوا ۔

Feed a cold : زکام میں خوب کھاؤ ۔

Feed apron : کپڑے کا گھومتا ہوا پٹا جس کے ذریعہ روئی وغیرہ دُھننے یا کاتنے کی مشین میں لے جائی جاتی ہے ۔

Feed back : (n) باز رسی ؛ کسی مشین ، کسی نظام یا کسی طریق عمل کے ماحصل کے کسی حصے کی لاگت کی طرف باز رسی یا واپسی ؛ (تجارت) باز معموری ؛ (نفسیات) کمک نفسیہ ؛ (طبیعیات) باز خورانی ؛ (برقیات) واپسی افزائش ؛ باز افزائش ۔

Feed back circuit : (طبیعیات) باز خورانی سرکٹ ۔

Feed bag/Nose bag : (n) (۱) ایک موٹے کپڑے کا بنا چارے کا تھیلا جو گھوڑے اور دوسرے جانوروں کے منہ سے لٹکا دیا جاتا ہے ۔(۲) گھوڑے کا توبڑا ۔

Feed-board : (n) چھپائی مشین یا موڑنے کا وہ تختہ جو سامان کو اندر لے جاتا ہے ۔

Feed-box : (n) (۱) چارہ دان ؛ چارہ یا غذا رکھنے کا ڈبہ یا بکس ۔(۲) مشین کا وہ چوکھٹا جو مشین کے اندر سامان لےجانے والے اور منتقل کرنے والے پُرزوں کو آپس میں ملاتا ہے ۔

Feed-case : (n) مشین گن میں دھات سے بنا ہوا الگ کیا جاسکنے والا ایک خول جس میں کارتوس وغیرہ بھرے جاتے ہیں ۔

Feed-cutter : (n) چارہ مشین ؛ چارہ کاٹنے کی کَل ۔

Feed-cloth : (n) دیکھو Feed apron

Feed-dog : (n) سلائی مشین کا وہ دندانے دار پرزہ جو کپڑے کو سوئی کے نیچے لے جاتا ہے ۔

Feed-door : (n) بھٹی کا منہ جس سے بھٹی میں ایندھن پہنچایا جاتا ہے ۔

Feed-efficiency : غذا کی تاثیر بخشی ۔

Feed-farm : (n) زمینداری ۔

Feed-guide/-gange : (n) (چھاپہ خانہ) کاغذ کے تختوں کو پکڑنے اور ایک ایک کرکے چھوڑنے کا ایک پُرزہ ۔

Feed-head : (n) (۱) پانی کا حوض جس سے بوائلر میں پانی پہنچایا جاتا ہے اور جو اوپر میں بنا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) (دھات کی ڈھلائی) سانچے کے اوپر یا باہر والی دھات جو چھلک کر دوسرے سانچے میں چلی جاتی ہے ۔

Feed-hole : (n) (کیمیا) جھونک روزن ۔

Feed-in : (a) مشین میں سامان لے جانے والے پُرزے یا اس طرح مشین میں سامان لےجانے کے طریقے کا یا اس سے متعلق ۔

Feed lot : (n) (۱) وہ قطعہ زمین جہاں مویشی چرتے ہوں اور فربہ ہو کر بازار میں بکنے کےلئے تیار کئے جاتے ہوں ۔(۲) چراگاہ ۔

Feed-mill : (n) چارہ مل ؛ کارخانہ جہاں چارہ تیار کیا جاتاہو ۔

Feed-motion : (n) کسی مشین کا وہ پُرزہ جو کسی چیز کو آگے کی طرف ڈھکیل کر مشین میں لے جاتا ہے ۔

Feed off : (v) (کسی فصل کو) مویشیوں کے چرنے کے لئے چھوڑ دینا یا فرخت کردینا ۔

Feed out : (v) جانور کو کھلا پلاکرفروخت کےلئےفربہ بنانا ۔

Feed pipe : نل جس کے ذریعہ سے سامان مشین تك پہنچایا جائے ؛ (انجینئرنگ) سوت نل ۔

Feed piping : (n) (انجینیئرنگ) بند نلی ۔

Feed pump : (n) اسٹیم بوائلر میں پانی پہنچانے کا پمپ ؛ (انجینئرنگ) سوت پمپ ۔

Feed ratio : (n) غذا کی تاثر بخشی کو ظاہر کرنے والا تناسب ۔

Feed roll/-roller : (n) (۱) بیلن جس کے ذریعہ سامان مشین کے اندر لے جا یا جاتا ھے ۔ (۲) ٹائپ رائٹر کے بیلن کےپاس لگے ھوئے دو گول ربڑ جو کاغذ کوگھماتے ہیں اور ٹائپ کے وقت اُسے اپنی جگہ پر قائم رکھتے ہیں ۔

Feed-screw : (n) (خراد) ایك لمبی پیچ جو مشین کی ٹیك (Tool rest) یا خراد جانے والے پُرزے کو باقاعدہ حرکت میں رکھتا ھے ۔

Feed stock/-store : (n) کچا مال جو کسی مشین یا بنانے والے کارخانے میں پہنچایا جاتا ھے ۔

Feed store : (n) مویشی کا چارہ بیچنے والی دکان ؛ چارہ دکان ۔

Feed stuff : (n) گھریلو یا پالتو جانوروں کی خوراك یا چارہ (عموماً جانور کی خوراك کے تغذیاتی اجزاء میں سے کوئی ایك جز) ۔

Feed-trough/-tanu : (n) بھاپ انجن کےلئے بنا ھوا پانی کا حوض ۔

Feed-water : (n) اسٹیم بوائلر وغیرہ کو پہنچایا جانے والا پانی ؛ (انجینیئرنگ) سوت پانی ۔

Feed-way : (۱) کوٹھلوں کی قطاروں کے درمیان چھوڑا ھوا راستہ جس سے ھو کر چارے کے برتنوں یا ناندوں میں چارہ ڈالا جاتا ھے ۔(۲) نوار گیر ۔

Feed wheat : (n) ایك ادنیٰ قسم کا گیہوں جو بطور چارہ استعمال ھوتا ھے ۔

Feed-wheel : (n) ایك گھومتا ھوا چکّہ یا پہیا جو کسی چیز یا سامان کو آگے کی طرف لے جاتا ھے ۔

Feeder : (n) (۱) کھلانے والا ؛ کھانا یا چارہ دینے والا ؛ خوراك دہندہ نیز کھانے والا یا چرنے والا ؛ مُطعم ۔(۲) (چمع میں) کھلا پلا کر تیار یا فربہ کئے جانے والا جانور ۔(۳) کھانا کھلانے کا آلہ ؛ تسکین طبع کا ذریعہ ؛ غذا پہنچانے کا آلہ ؛ (خصوصاً حشریات میں) کھانا یا غذا حاصل کرنے والا عضو ؛ بچے کو دودھ پلانے کی شیشی ؛ دودھ دانی؛ فیڈر (خاص کر ہندوستان میں) ؛ بچے کی بب ؛ سینہ پوش ۔(٤) مویشی کو کھلا پلا کر ذبح کے لئے تیار کرنے والا ۔ (٥) معاون دریا؛ وہ چھوٹی ندی جو کسی بڑے دریا میں جا کر مل جاتی ھے ؛ وہ پہاڑی چشمہ جو جھیل سے ملتا ھے (نیز استعارتاً) خصوصاً وہ نالہ یا چشمہ جو کسی نہر یا خزانے کو پانی فراہم کرتا ھو ۔(٦) (کان کنی) خام دھات کی وہ چھوٹی پرت جو بڑی پرت سے ملتی ھے؛ زیر زمین کسی درز سے نکلنے والی گیس کی دھار ؛ درز جس سے گیس نکلتی ھو ۔(۷) صرف ھونے یا بنائے جانے کے لئے سامان فراہم کرنے یا پہنچانے والا خصوصاً مشین کا وہ آلہ جس سے اس میں سامان پہنچایا جاتا ھے ؛ مشین کو خام مال فراہم کرنے والا نیز روغن دہ ، مایہ رساں ۔(۸) (برقیات، انجینیئرنگ) ذیلی رَو کا حامل تار؛ گھروں میں بجلی پہنچانے والا ایك ذیلی تار یا برانچ وائر ؛ اُس جگہ تك بجلی پہنچانے والا بڑا تار جہاں سے بجلی تقسیم کی جاتی ھے ۔ (۹) (کھیل) گیند دینے والا کھلاڑی ۔ (۱۰) (دوسروں کی) خواہشات پوری کرنے والا ۔(۱۱) بصیرت دینے والا ۔ (۱۲) (متروك) پڑھانے والا ؛ بصیرت دینے والا ۔ (۱۳) چھوٹے قصبوں سے آکر بڑے شہروں میں ملنے والے فضائی یا زمینی راستے ۔(۱٤) کسی ڈرامے کا ممتاز اور اہم حصہ ؛ اس حصے کو کھیلنے والا اداکار ؛ اپنے ساتھی اداکار کو آئندہ سین کا اشارہ دینے والا ۔ (۱٥) لباس تیار کرنے کی فیکٹری میں مختلف ٹکڑوں کو میل سے سجانے والا یا اُن کی درجہ بندی کرنے والا؛ (طب) غذائی مشین ؛ (انجینیئرنگ) فیڈر ؛ (جغرافیہ) معاون دریا ۔

Gross-feeder/Large-/Quick- : زیادہ کھانے والا ؛ بسیار خور ؛ پیٹو ۔

Feeder head : (n) دیکھو Fee ahead

Feeder industry : (n) (تجارت) معاون صنعت ۔

Feeder line/Feeder airline : (n) بڑی سڑك یا لائن سے ملنے والی چھوٹی لائن یا سڑك ؛ (تجارت) معاون لائن ۔

Feeder-man : (n) بڑی طاقت والے بجلی کے کھمبوں پر چڑھنے والا مستری جو برقی رو کے روکنے والے سوئچ کو بند کردیتا ھے تاکہ مرمت کا کام محفوظ رہ کر ھوسکے ۔

Feeder of river : (n) (جغرافیہ) معاون دریا ۔

Feeder road : (n) بڑی سڑک سے ملنے والی چھوٹی سڑک ۔

Feeding : (n) (۱) کھانے، کھلانے وغیرہ کاعمل یا طریق عمل ۔ (۲) غذا ؛ خوراک ؛ خوردنی شے ؛ کھانے کی چیز ؛ چراگاہ ؛ مویشیوں کے چرنے کی جگہ ۔ (۳) کسی ایسی چیز کو کھلانا جو خود کھانے یا اپنی غذا فراہم کرنے کی صلاحیت نہ رکھتی ھو ۔ (٤) (طب) تغذیہ ۔

Forced feeding : (طب) جبری تغذیہ ۔

Feeding board : (n) Feed board دیکھو

Feeding bottle : (n) بچے کو دودھ پلانے کی شیشی ؛ فیڈر (مجازی معنوں میں بھی مستعمل ھے) ۔ (طب) غذائی شیشی ۔

Feeding cloth : (n) Feed cloth دیکھو

Feeding cup : (n) ایک ٹوٹی دار پیالہ جس میں مریض کو بستر پر کھانا دیا جاتا ھے یا کھلایا جاتا ھے ۔

Feeding mechanism : (n) (حیوانیات) غذائی میکانیت ؛ غذا فراہم کرنے کی میکانیت ۔

Feeding rod : (n) (دھات کی ڈھلائی) پگھلی ھوئی دھات کے بہاؤ کے راستے کو صاف کرنے والی چھڑ ۔

Feeding station : (n) کوئی مرکزی یا سہولت کی جگہ جہاں غذا فراہم کی جاتی ھو (مثلاً فوجی کاروائی کے دوران سپاہیوں کے لئے) خصوصاً ایک ترکیب جس پر کھانا رکھ کر چڑیوں کو ان کے مشاہدے یا عملی مطالعے کے لئے بلانے یا سرد مہینوں میں اُنہیں کھانا دینے کےلئے ھوتی ھے ۔

Feeding storm : (n) بڑھتی ھوئی آندھی یا طوفان ۔

Feeding stuffs : (n) ماکولات ۔

Feeding truogh : (n) (حیوانیات) کُھرلی ۔

Feeding tube : (n) معدے میں غذا پہنچانے والی نلی ۔

Feeing market /-fair : (n) (اسکاتستانی) آنے والے موسم یا سال کے لئے اجرت پر لئے جانے کے واسطے نوکروں کا میلہ یا بازار ۔

Feel : (v) [OE. felan'.] (۱) محسوس کرنا ؛ لمس کے احساس کاتجربہ یا ادراک کرنے کےلئے چھو کر دیکھنا؛ چھو کر اندازہ کرنا ؛ چھو کر معلوم کرنے کی کوشش کرنا؛ چھو کر معلوم کرنا ۔ (۲) ہاتھ یا انگلی سے چھونا یا مس کرنا ؛ ہاتھ پھیر کر یا چھو کر دریافت کرنےیا معلوم کرنے کی کوشش کرنا ؛ ٹٹولنا ؛ ٹٹول کر معلوم کرنا ؛ (after اور for) کے ساتھ بھی استعمال ھوتا ھے ۔ (۳) (فوج) (زمین کی) نوعیت کا محتاط جائزہ لےکر (دشمن کی) طاقت یا تعداد کا پتہ لگانا؛ (دشمن کے) ٹھکانے کا پتا لگانے کی کوشش کرنا ؛ پتا لگانا (دشمن یا میدان جنگ کا) ۔ (٤) قوت لامسہ کے ذریعہ ادراک کرنا (زیادہ وسیع معنوں میں)؛ اُن حسوں کے ذریعہ ادارک کرنا جن کا تعلق کسی مخصوص عضو سے نہیں ؛ (گرمی، سردی، ضرب، زخم وغیرہ) کا احساس کرنا؛ احساس لمس وغیرہ کا حامل ھونا ؛ احساس ھونا؛ شعور ھونا ؛ (بول چال) قوت شامہ یا ذائقہ کے ذریعہ ادراک کرنا ۔ (٥) آگاہ ھونا ؛ واقف ھونا ؛ تجربہ کرنا یا تجربہ میں لانا ؛ چوکس ھونا؛ ھوشیار ھوجانا؛ محتاط ھوجانا؛ کسی کو ایسا سمجھنا یا خیال کرنا ؛ باشعور ھونا ؛ صاحب احساس ھونا؛ شعوری حالت میں محسوس کرنا ۔ (٦) حساس طور پر متاثر ھونا (بے جان چیزوں کا) ؛ متاثر ھونا ۔ (۷) کسی کے لئے رحم یا کسی کے ساتھ ھمدردی رکھنا ۔ (۸) ایسی باتوں پر یقین کر لینا جو واضح طور پر ادراک میں نہ آئی ھوں (کسی اور کا) یقین رکھنا ؛ دلی یقین ھونا ۔ (۹) (نیم مفعولی معنوں میں) کسی مخصوص صفت کے حامل کے طور پر محسوس کیا جانا ؛ معلوم ھونا ؛ محسوس کیا جانا ۔ (۱۰) مبتلا ھونا؛ جھیلنا؛ بھگتنا ۔ (۱۱) پرکھنا ؛ جانچنا ؛ (چھوکر) ؛ اندازہ کرنا ۔ (۱۲) احساس لمس خصوصاً انگلیوں کے ذریعہ کسی چیز کا پتہ چلانا یا رہنمائی کرنا ۔ (۱۳) سعی و خطا کے عمل سے معلوم کرنا ۔ (۱٤) جمالیاتی شناخت کا حاصل کرنا یا تجربہ میں لانا ۔ (۱٥) کسی مخصوص داخلی احساس یا ارتسام، ذہنی کیفیت یا جسمانی حالت سے آگاہ یا باخبر ھونا ۔ (۱٦) عقلی یا فکری نتیجہ کے بجائے جذباتی یا جبلّی طور پر ردِّ عمل کرنا یا ھونا ۔ (۱۷) خیال و جذبہ کا مخالف یا موافق ھونا ۔

A felt want : کمی جس کی ضرورت محسوس ہوتی ہو ؛ احتیاج ۔

To feel in one's bones : شدت سے محسوس کرنا ؛ یقین مطلق ہونا ۔

To feel like : خواہش کرنا ؛ رغبت ہونا ۔

To feel no pain : نشے میں ہونا ؛ مدہوش ہونا ؛ مخمور ہونا ۔

To feel of : چھوکر جانچنا یا معلوم کرنا ؛ لمس کے ذریعہ جانچنا ۔

To feel one's legs /-feet : اپنی قوت کااحساس کرنا۔

To feel one's oats : جوش و ولولے سے اچھل کود کرنا ۔

To feel one's way : راستہ ٹٹولنا ؛ سنبھل سنبھل کر چلنا ؛ ٹٹول کر راستہ معلوم کرنا (نیز استعارتاً) ۔

To feel quite oneself : صحت مندی کا احساس ہونا ؛ اپنے اوپر اعتماد ہونا ۔

To feel the helm : جہاز کے بارے میں کہاجاتا ہے جب وہ پتوار کے موافق چلنے لگتا ہے ؛ جہاز کا پتوار کے موافق چلنا ۔

To feel the pulse : نباضی کرنا ؛ نبض دیکھنا ؛ مزاج شناسی کرنا ۔

To feel up to one's work/To feel like (doing some thing) : کام کرنے کی رغبت ہونا ؛ رغبت رکھنا ؛ کسی بات یا کام کا رجحان یا میلان رکھنا ۔

Feel : (n) (۱) محسو کرنے یا چھو کر معلوم کرنے کا عمل ؛ تحسیس ۔ (۲) حس لمس ؛ قوت لامسہ ؛ (عضویات) (حسیات) لامسہ ۔ (۳) ذہنی یا جسمانی احساس یا تحسیس ۔ (٤) (کسی مادی شے کی صفت کے طورپر) اُس سے پیدا ہونے والے احساس کی نوعیت (مثلاً کُھردرا ، نرم وغیرہ) ۔ (٥) تجربہ ؛ احساس ۔ (٦) کسی شے کی اصلیت یا اس کی روح کی آگاہی ؛ کسی مخصوص صفت ، فضا یا ماحول کا احساس ۔

Feel out : (v) کسی جذبے کا اندازہ لگانا ؛ محتاط تجسس کے ذریعہ کسی چیز کی صحت ، (عملیت) کو جانچنا ۔

Feel up : (v) (عامیانہ) جانگھ کے اوپر اور شرم گاہ کے ارد گرد پیار سے سہلانا یا ہاتھ پھیرنا ۔

Feelable : (a) قابل لمس ؛ قابل احساس ؛ لائق تحسیس ؛ محسوس کئے جانے کے لائق ؛ لمس کے ذریعہ یا چھو کر معلوم کئے جانے کے لائق ۔

Feeler : (n) (۱) محسوس کرنے والا ؛ لمس کے ذریعہ معلوم یا محسوس کرنے والا (شخص یا شے) ۔ (۲) (نباتیات) ملمس ؛ بعض جانوروں کی مونچھ یا سینگ جن سے وہ چیزوں کو محسوس کرتے یا اپنی خوراک تلاش کرتے ؛ کیڑوں کی سونڈ یا مونچھ ؛ (نیز مجازاً) گیرہ ؛ لامس قرن ؛ ریشہء حاسّہ (پودوں کا) ۔ (۳) دشمن کا سراغ لگانے والا ؛ (فوج) طلایہ ۔ (٤) دوسروں کی رائے یا ان کا ردعمل معلوم کرنے کےلئے پیش کی ہوئی کوئی تجویز یا اشارہ ؛ دوسرے کے دل کا حال معلوم کرنے کے لئے کہی ہوئی بات ۔ (٥)(حیوانیات) محاسن (مونچھ) ؛ (فوج) طلایہ ؛ (حیوانیات) لمس ؛ مساس ؛ چھون ؛ (سیاسیات) سیاسی شوشہ ؛ سیاسی نبض شناسی ۔

Feeler gage : (n) (۱) آلہء پیمائش ۔ (۲) دھات کی ایک مخصوص موٹائی کی پتلی پٹی جسے پیمائشی آلے کےطورپر استعمال کرتے ہیں ۔

Feeling : (n) (۱) چھونے ، محسوس کرنے ٹٹولنے ، لمس کے ذریعہ معلوم کرنے وغیرہ کا عمل ۔ (۲) وہ صلاحیت یا قوت جس کے ذریعہ کسی چیز کا احساس یا ادراک کیا جاتا ہے ؛ اس قوت کے ذریعہ کیا ہوا کوئی مادی احساس یا ادراک ؛ حس لامسہ ؛ جسم کی عام حساسیت (حواس خمسہ سے مختلف) ۔ (۳) جذباتی طور پر متاثر ہونے کی حالت ؛ جذبہ (امید ، خوف ، نفرت ، رقابت وغیرہ کا) ۔ (٤) (جمع میں) احساسات ؛ خیالات ؛ تاثرات ؛ زود حسی ؛ اثرپذیری ؛ شفقت ؛ درد مندی ؛ غمخواری ؛ جذباتی ردعمل ؛ حسّاسیت ۔ (٥) محسوس کرنے کی صلاحیت یا استعداد ؛ اعلیٰ و ارفع جذبات سے متاثر ہونے کا مادہ یا صلاحیت ؛ اثر پذیری خصوصاً دوسروں کی مصیبت کےلئے رحمدلی ؛ رقیق القلبی تاثر ؛ درد (رکھنا) ۔ (٦) خوشی یا غم کا احساس ؛ کسی چیز سے متعلق پیدا شدہ احساس یا خیال نیز وہ معروضی صفت یا زبان جس سے یہ احساس پیدا ہوتا ہے ۔ (۷) (نفسیات) شعور یا شعوری حالت ؛ احساس ؛ حالت شعور ؛ خواہش ؛ جذبہ ؛ خط و کرب ؛ وجدانی یقین ؛ لذت و الم کی حالت ۔ (۸) (فنون

لطیفہ) دلی کیفیت ، احساس یا جذبہ (جو کسی تصویر یا عمارت کو دیکھ کر پیدا ہو) ؛ تصویر کی وہ صفت جس سے مصور کے ذہنی جذبے کی عکاسی ہو ؛ کسی عمارت کا عام انداز یا طرز تعمیر ؛ دیکھنے والے پر اس سے پیدا شدہ تاثر ؛ ناظر کا تاثر ۔ (۹) تصور ؛ خیال ؛ جذبہ ؛ احساس ؛ وجدانی یقین ؛ میلان طبع ۔ (۱۰) نامعقول رائے ؛ ذہن کی ساخت ؛ جذباتی انداز (سماجیات، نفسیات وغیرہ) احساس ۔ (۱۱) (نفسیات) حساس ؛ احساس؛ تاثر ؛ جذبہ ؛ (عضویات) لامسہ ۔

Class feeling : (سماجیات) طبقاتی احساس ۔

Good feeling : نیک دلی ۔

I-feeling : (سماجیات) یک نفسی احساس ۔

Intrinsic feeling : (نفسیات) ذاتی احساس ۔

It hurts my feelings : اس سے میری دل آزاری ہوتی ہے ۔

Sense of feeling : (عضویات) حسِ لامسہ ۔

We-feeling : (سماجیات) ہم نفسی احساس ۔

Feeling : (a) (۱) محسوس کرنے والا ؛ حسّاس ؛ ذی حس ؛ جذباتی ۔ (۲) ہمدرد ؛ غمگسار ؛ دردمند ؛ شفیق ؛ ترس کھانے والا ۔ (۳) جذبہ کا اظہار کرنے والی (زبان) ۔ (٤) دلی ؛ قلبی ؛ واضح ؛ گہرا (تصور ، نقش وغیرہ) ۔ (٥) جذبہ یا احساس کو ظاہر کرنے والا ۔

Feeling attitude : (n) (نفسیات) حیثیت حسّی ۔

Feeling tone : (n) جذبہ ؛ خوشی اور رنج سے متاثر ہونے کی ایک مخصوص صفت ؛ (نفسیات) جذباتی تان ؛ کیفیت احساس ؛ تاثراتی کیفیت ۔

Feelingless : (n) بے حس ؛ مردہ دل ؛ بے دل ؛ بےرحم ؛ بےدرد ۔

Feelinglessly : (adv.) بے حسی سے ؛ مردہ دلی سے ؛ بے دلی کے ساتھ ؛ بے دردی سے؛ غیر ہمدردانہ طور پر ۔

Feelingly : (adv.) ہمدردانہ طور سے ؛ دل سے ؛ دلسوزی سے ؛ دردمندی سے ؛ جذباتی طور پر ؛ جذباتی انداز میں ۔

Feelingness : (n) حساسیت؛ جذباتیت ؛ ہمدردی ؛ غمخواری ؛ رحم دلی ؛ شفقت ۔

Feer : (v) [f.ME.'fere'.] (۱) جوتنا؛ کوڑنا۔ (۲) جوتی جانے والی زمین کی حد بندی کرنا ۔

Feering : (n) جوتی ہوئی زمین ۔

Fees on notice : (n) (سیاسیات) طلبانہ ۔

Feet : (n) (۱) Foot کی جمع ۔(۲) (اسکاتستانی) جراب ؛ جوتا ؛ پا پوش ؛ (حیوانیات، تشریح) پاؤں ؛ پا ۔

Feetless : (a) بےپاؤں کا ؛ نگوڑا ۔

Feeze : (n) [f.feeze.] (۱) شدید رگڑ ؛ شدید دباؤ ؛ جھپٹ ؛ دوڑ ؛ حملہ ؛ ہلّہ ؛ رگڑ ؛ گھساؤ ؛ مالش ۔ (۲) (امریکی بول چال) بےقراری ؛ بے چینی ؛ اضطراب ؛ انتشار؛ قلق ؛ احتیاج ؛ حالت اضطرار ؛ حواس باختگی ؛ سراسیمگی ۔

To fetch or take (one's) feeze : جست کرنے یا پھاندنے سے پہلے چند قدم دوڑنا ۔

Feeze : (v) [OE. 'fesian, fysian'.] (۱) ڈرنا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ خوف دلانا ؛ خائف کر دینا ؛ پریشان کرنا ۔ (۲) (کسی کو) برباد کردینا ؛ تباہ کرنا ؛ مار ڈالنا ۔(۳) مارنا ؛ چابک یا قمچی سے مارنا ۔

Feeze : (v) (۱) (پیچ کی طرح) گھومنا (نیز استعارتاً) ۔ (۲) اندر باہر گھمانا ۔(۳) تانگنا اور اتارنا ؛ کسی چیز کا گرانا اور اُٹھانا ۔

Feff/Feffment : Fief کا متبادل ۔

Feg : (اسکاتستانی) Fig کا متبادل ۔

Fegary : (n) Vagary کی بگڑی ہوئی شکل ۔

Fegs : اقرار واثق یا حیرت واستعجاب ظاہر کرنےوالا فجائیہ کلمہ ۔

Fehme : (n) (۱) عہد وسطی کے اواخر میں جرمنی کا ایک خفیہ ٹربیونل ۔(۲) نازی تنظیم کی ایک خفیہ جماعت جس کا مقصد ایسے دشمنوں کی کھوج یا سزا تھا جو قومی سوشلزم کے مخالفین تھے ۔

Feifteen : (اسکاتستانی) fifteen کا متبادل ۔

Feign : (v) [L.fingere.] (۱) وضع کرنا ؛ گھڑنا ؛ بنانا ؛ تشکیل دینا ۔ (۲) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ نکالنا (بہانہ ، قصہ، الزام یا جعلی) ؛ جعل

بنانا ؛ جعل سازی کرنا۔ (۳) قصے کی صورت میں پیش کرنا ؛ بناوٹی بات کرنا ؛ فسانہ طرازی کرنا ؛ غلط بیانی کرنا ؛ غلطی اور بےاصولی کے ساتھ کسی بات کو ماننا یا فرض کرنا ؛ غلط طورپر یقین کرلینا ؛ مصنوعی طور پر کوئی چیز کہنا ۔(٤) حیلہ کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ بننا ؛ بہانہ کرنا ؛ جھوٹ بنا کر کہنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ غلط طور پر ظاہر کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ روپ بھرنا ۔ (٥) آواز اور انداز میں کسی کی نقل کرنا ۔ (٦) تصور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب کرنا یا دینا ۔

Feigned : (a) (۱) بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ تصنع آمیز ؛ خیالی ؛ تصوراتی ؛ غیر حقیقی ؛ وضعی ؛ گڑھا ہوا ؛ بنایا ہوا ؛ ایجاد کردہ ؛ اختراعی ؛ جعلی ؛ نقلی ۔ (۲) غلط ؛ جھوٹ ؛ ریا کارانہ ؛ بہانہ کیا ہوا ؛ من گھڑت ؛ فریب خوردہ ؛ دھوکا دیا ہوا ۔ (۳) چھپا ہوا ؛ بھیس بنایا ہوا ۔ (٤) تصنعی ؛ مکری ۔

Feigned insanity : (n) (طب) مکری جُنون ۔

Feignedly : (adv.) بناوٹی طور پر ؛ تصنع آمیز طرز میں ؛ من گھڑت انداز میں ؛ جعلی ؛ غلط یا جھوٹے طور پر ؛ فریب خوردگی سے ؛ نقلی ؛ خیالی یا تصوراتی طور پر ؛ ریا کاری سے ۔

Feignedness : (n) بناوٹ ؛ تصنع ؛ غلط ؛ مکر ؛ گھڑت ؛ فریب دہی ؛ ریا کاری ؛ جعل سازی ۔

Feigner : (n) فریب دینے والا ؛ بناوٹ کرنے والا ؛ حیلہ کرنے والا ؛ جعل سازی کرنے والا ؛ ریاکار ؛ جھوٹا ؛ لاغی ؛ مکار ؛ جعل ساز ؛ بہانہ باز ؛ حیلہ گر ؛ فریب کار ؛ فریبی ۔

Feigning : (n) تصنع ؛ مکر ۔

Feigningly : (adv.) غلط طور پر ؛ بناوٹ سے ؛ تصنع سے ؛ جعل سازانہ ؛ ریاکارانہ ؛ فریب کارانہ ؛ تصنع آمیز طور پر ؛ وضعی اور اختراعی طور پر ۔

Feint : (n) [(O) Fr. feinte.] (۱) بناوٹی یا نقلی حملہ (حر یف کو مغالطے میں ڈالنے کے لئے) ؛ دھوکے کا داؤ ۔ (۲) بناوٹ ؛ حیلہ ؛ تصنع ؛ دکھاوا ؛ خدع ؛ دھوکا ؛ مکر ؛ فریب ؛ ریا ؛ چال ؛ توڑ ؛ دشمن کو دھوکا دینے کی تدبیر یا ترکیب ۔ (۳) (فوج) خدعہ ۔

Feint : (a) (۱) بناوٹی ؛ ریاکارانہ ؛ دکھاوے کا ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ تصنع آمیز ؛ من گھڑت ۔ (۲) (کاروباری استعمال میں) مدھم ؛ دھندلا ؛ غیر واضح ۔

Feint : (v) (۱) بناوٹی یا جھوٹا حملہ کرنا ۔(۲) بناوٹ کرنا؛ دکھاوا کرنا ؛ جھوٹ موٹ کرنا ۔(۳) مکر کرنا ؛ فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Feint/Faint : (n) سیدھی سطر لکھنے کے لئے کاغذ پر کھینچی ہلکی لکیر ۔

Feints : (n) شراب کی تقطیر میں اول و آخر حاصل ہونے والی کم زور اور غیر خالص اسپرٹ ؛ (کیمیا) فُضلات (روح شراب) ۔

Feis : (n) [MIr.] (۱) (قدیم آئرلینڈ میں ہونے والا ایک اجتماع جسم میں قانونی اعلانات اور فنی یا عملی مقابلے اور شجاعت و دلیری کے مظاہرے ہوا کرتے تھے ۔ (۲) مذکورہ بالا قدیم اجتماع کےانداز پر ہونے والا آئرلینڈ کا عوامی اجتماع یا میلہ جس میں خاص طور پر کھیل کود، مقابلے اور روایتی آئرشی رقص و موسیقی کا مظاہرہ کیا جاتاتھا ۔

Feist/Fist/Fice : (n) [ME.fist.] (۱) (عامیانہ) کلب صغیر ؛ چھوٹا کتا ؛ ایک مجھوا نسل کتا ؛ لینڈی یا بازاری کتا ۔(۲) (عامیانہ) ادنیٰ یا حقیر آدمی؛ رذیل شخص ؛ بدمزاج شخص ۔

Feisty : (a) (۱) بازاری کتے جیسا (برتاؤ یا شکل) ۔ (۲) (خاص طورپر جنوب اور مڈ لینڈ) غصہ کی حالت میں ؛ مشتعل حالت میں ؛ تنک مزاج ؛ جھگڑالو ۔

Fel : (n) (عضویات) زہرہ ؛ صفرا ؛ پِت ۔

Felapton : (منطق) تیسرے قیاس منطقی کے نقشے میں چوتھے انداز کا نمائندہ لفظ ؛ کسی منطقی قاعدے کو یاد رکھنے کے لئے ایک نمائندہ لفظ ؛ (نفسیات وغیرہ) فلیپٹن ۔

Feldsher : (n) [Gr.'feldscher.'] (۱) نیم حکیم ؛ بعض مشرقی یورپی ممالک خاص کر روس میں وہ معالج جو ڈاکٹری کی لیاقت اور تربیت کے بغیر طبابت کا پیشہ کرتا ہو ۔ (۲) جنگ کے میدا ن میں کسی معالج کا معاون کار ۔

Feldspar/felspar : (n) [Ger. feldspat] ایک قسم کی سفید یا سرخی دار قلمی دھات (جو البومنا کے سلیکیٹ

اور سوڈا ، پوٹاش ، چونا وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے) ۔ (تاریخ) فیلسپار ؛ قلمی دھات ۔

Feldsparite : (n) Feldspar دیکھو

Feldspathic/Feldspathose: (a) Feldspar کا حامل یا اُس کی نوعیت کا ؛ سفیدی یا سرخی لئے ۔

Felibrist : (n) فرانس کے صوبے پرووانس کے شاعروں اور ادیبوں کی انجمن کا رکن ۔

Felicide : (n) بلّی کو مارنا ؛ گربہ کُشی ۔

Felicific : (a) [L.f.'felix'.] (۱) طرب انگیز ؛ مسرت خیز ؛ خوش آئند ؛ روح پرور ؛ خوش کُن ؛ نشاط آور ۔ (۲) (نفسیات وغیرہ) نشاط انگیز ۔

Felicitate : (v) [L.f. felex.] (۱) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ رجھانا ؛ نہال کردینا ؛ شاد کرنا ۔ (۲) مبارک باد دینا ؛ مبارک باد کہنا ؛ تہنیت پیش کرنا ۔ (۳) کسی کو خوش نصیب یا خوش بخت کہنا یا سمجھنا ۔

Felicitation : (n) سرور وانبساط ؛ نشاط ؛ مبارک باد ؛ شادی ؛ تہنیت ؛ خوشی ؛ مسرت ؛ شادمانی ۔

Felicitator : (n) مبارکباد دینے والا ؛ خوش کرنے والا ؛ نشاط آور ۔

Felicitous : (a) (۱) خوش ؛ مسرور ؛ شادماں ۔ (۲) برجستہ ؛ برمحل ؛ باموقع ؛ مناسب حال یا موقع ؛ پُرلطف (بات، قول ، انداز، گفتگو وغیرہ) ۔ (۳) خوش مزاج ؛ خوش طبع ؛ شگفتہ دل ؛ خوش وضع ؛ خوش انداز ؛ خوش اطوار ؛ خوش گو ؛ خوش کلام ؛ خوش بیان ۔

Felicitously : (adv.) (۱) خوش ہوکر ؛ خوش طبعی سے ؛ خوش کلامی سے؛ خوش دلی سے؛ خوش اطواری سے ۔ (۲) برجستگی کے ساتھ ؛ برمحل طور پر ؛ پُرتکلف انداز میں ؛ برجستہ طور پر ۔

Felicitousness : (n) (۱) خوشی ؛ شادمانی ؛ خوش طبعی ؛ خوش کلامی ؛ خوش وضعی ؛ خوش اطواری ؛ خوش دلی ۔ (۲) برجستگی ؛ لطف ؛ محل ؛ مناسبت ۔

Felicity : (n) [L.f. 'felix'.] (۱) خوشی ؛ سرور ؛ بہجت ؛ انبساط ؛ حظ ؛ مسرت ؛ آنند ۔ (۲) خوش قسمتی ؛ جوہر (طبیعت کا) ؛ امتیازی وصف (کسی شخص کی طبیعت کا) ۔ (۳) خوش بیانی؛ لطف بیانی ؛ برجستگی ؛ درستگی ؛ کمال ؛ خوبی ؛ روانی ؛ (زبان و ادب میں) ؛ خوش گوار اسلوب ۔ (٤) فضل ؛ رحمت ؛ فیض ؛ بخشش ۔ (٥) کامرانی ؛ کامیابی؛ خوش بختی ؛ خوش نصیبی ۔ (٦) موثر طور پر مناسب ؛ موزوں اظہار؛ موثر طریقے پرمناسب اسلوب؛ برجستہ اظہار یا اسلوب ۔ (۷) منبع مسرت ؛ باعث نشاط ۔

Felid : (n) [mod. L.f. 'feles'.] بلّی کی نسل کا جانور ۔

Felidae : (n) (حیوانیات) قطیّے ؛ خاندان گربہ ۔

Feliform : (a) [L.'fe les'.] بلّی کی شکل کا ؛ بلّی کے مشابہ ؛ مثل گربہ ؛ بلّی جیسا ۔

Feline : (n) بلّی کی نسل کا ایک جانور ۔

Feline : (a) [L.felinus.] (۱) بلّی کا ؛ بلّی سا ؛ بلاؤ جیسا ؛ گربہ خو ؛ گربہ صفت ؛ بلّی کی قسم کا ؛ بلّی کی ساخت یا نسل کا ۔ (۲) (صفت یا خصوصیت میں) بلّی سے مشابہ ؛ گربہ صفت ۔ (۳) بہ ظاہر حسین ۔ (٤) چالاک ؛ عیار؛ مکار ؛ فریبی ؛ گربہ مسکین جیسا ؛ دزد صفت ۔ (٥) (مجازاً) کینہ خو ؛ انتقام جو ؛ (حیوانیات) گربہ صفت ؛ قطیّہ ؛ گربہ نسل ۔

Feline amenities : (n) درپردہ کینہ ؛ میٹھی چھریاں یعنی عورتوں کی ظاہراً پیار کی باتیں لیکن درپردہ دل دکھانے والی ۔

Felinely : (adv.) گربہ صفتی سے؛ گربہ خوئی سے ؛ عیاری سے ؛ مکاری سے ؛ گربہ مسکین بن کر؛ کینہ خو یا انتقام جو ہو کر ۔

Felineness : (n) گربہ صفتی ؛ گربہ خوئی ؛ عیاری ؛ مکاری ؛ کینہ جوئی ؛ انتقام جوئی ۔

Felinity : (n) گربہ صفتی ؛ گربہ خوئی ؛ عیاری ؛ مکاری ؛ کینہ خوئی ؛ انتقام جوئی ؛ بلّیوں جیسی افتادہ طبع ؛ بلّی کا سا مزاج ۔

Felis : (n) (حیوانیات) گربہ ؛ بلّی ۔

Fell : (n) [OE. fel, fell.] (۱) کھال ؛ چمڑا ؛ پوست ؛ جلدحیوان؛ (بالوں کے ساتھ) ۔ (۲) گھنا بال یا اون ؛ صوف ؛ (جوبھیڑ یا اسی قسم کے جانوروں پر ہوتے ہیں) ۔ (۳) سر کے بال جو اُلجھے ہوئے یا گھنے ہوں ۔ (٤) چمڑے سےلگا ہوا گوشت ۔ (٥) چمڑا ؛ پوست ؛ (ارضیات) بنجر ٹیلا ؛ (حیوانیات) پشم ؛ (طب) مہلک ۔

Fell : (n) [ON. 'f all.'] (پہاڑی ؛ پہاڑ ؛ جبل (پہاڑوں کے اسماء کے ساتھ جیسے Scaw F.) ۔ (۲) انگلستان کے شمالی حصے کی افتادہ زمین ؛ جھاڑی دار بنجر اور بیہڑ زمین کی بلندی یا ڈھلوان (خصوصاً شمالی انگلستان یا اسکاتستان میں) ۔ (۳) (سولہویں ، سترھویں صدی میں) دلدلی زمین ؛ دلدل کیچڑ ۔

Fell : (n) (کان کنی) خام جستہ اپنی ابتدائی شکل میں ؛ نیز خام جستے کا چھان کرنکالا ہوا بیکار حصہ ۔

Fell : (a) [OFr. fel.] (۱) بے رحم ؛ بے درد ؛ کٹھور ؛ سنگ دل ؛ جلاّد ؛ وحشی ؛ غیر مہذب ؛ خونخوار ؛ ظالم ؛ مہلک ؛ قاتل ؛ شدید تکلیف دہ یا تخریب کا ۔ (۲) پُرجوش ؛ سرگرم ؛ بہادر؛ دلیر ؛ رعب دار؛ ہیبت والا؛ (بول چال) شائق ؛ متمنی ؛ بےقرار ۔

Fell : (adv.) (۱) بے رحمی سے ؛ سنگ دلانہ ؛ خونخواری یا ہلاکت خیزی سے ؛ تندخو یا آتش مزاج ہوکر؛ غضبناکی سے ۔(۲) سرگرمی سے؛ اشتیاق سے ۔ (۳) بڑے پیمانے پر ؛ بہادری سے (بول چال) ۔

Fell : (n) [f. fell (v).] (۱) گرانا ؛ کاٹنا (درخت کا) ۔(۲) کسی ایک موسم میں کٹی ہوئی لکڑی (نمبر) ۔ (۳) درختوں کے سلوں کو کاٹنا ؛ کٹے ہوئے سل ؛ کاٹے ہوئے چوبینے کی مقدار۔(٤) کپڑے کی بُنائی میں بُنے ہوئے اور بغیر بُنے ہوئے دھاگوں کا میل ۔ (٥) (کپڑے کی بنائی میں تانے کا) ضروری دھاگا جس سے کور بنتا ھے ۔ آخری دھاگے سے بُنا ہوا کپڑے کا خط یا اختتام ۔(٦) ایک بھری ہوئی سیون یا درخت ؛ بھری ہوئی درز ۔ (۷) میمنے کی جھول (ایک مرتبہ پیدا ہوئے بچے) ۔(۸) (عامیانہ) گرادینے والی ضرب ؛ ڈھا دینے والی ضرب ؛ گرادینے والی چوٹ ۔

Fell : (v) [OF. 'fallan'.] (۱) کاٹ ڈالنا ؛ گرا دینا ؛ ڈھادینا ؛ ڈھیر کر دینا (کسی شخص یا درخت کا) ۔ (۲) جان سے ماردینا ؛ مار ڈالنا ؛ ختم کردینا ۔ (۳) (اسکاتستان) ذبح کردینا ؛ ذبح کرنا (کسی جانور وغیرہ کا) ؛ مارمار کر گرا دینا ؛ ڈھیر کردینا ۔ (٤) (درخت کو) کاٹ کر گرادینا ۔ (٥) بُنائی میں کپڑے کے دونوں کناروں کے کھُلے ہوئے حصوں کو ملاکر بُن دینا یا سی دینا ؛ کنارا باقی ؛ تُرپنا ؛ مغزی لگانا ۔

Fell : [past of fall+past participle of fall.] Fall کا صیغہ ماضی ۔

Houses fell : گھر ڈھ گئے ۔

It fell in my way : اتفاقاً ملنا(کسی شےیا شخص کا) ۔

Many fell : مارے گئے؛ کھیت رہے؛ جان سے گئے (جنگ میں)۔

Seven Lions fell this rifle : اس کے نشانےسے سات شیر شکار ہوئے ۔

The lot fell upon me : میری قسمت میں آیا ؛ میرے حصے میں آیا ؛ میرے پلّے پڑا ؛ میرے سر پڑا ۔

Fell amongst thieves : چوروں میں پھنس گیا ۔

Fell a prey of sacrifice to : کسی کا شکار ہو گیا ؛ کسی کے پھندے میں پھنس گیا ۔

Fell dumb : صمّ بکمّ ہو گیا ۔

Fell-fare : (n) دیکھو Fieldfare

Fell field : (n) بنجر پتھریلی زمین ۔

Fell into error : غلطی میں پڑ گیا ؛ چوک گیا ۔

Fell-monger : (n) (۱) چمڑا یا اون کا سوداگر (خصوصاً بھیڑوں کے چمڑے یا اون کا) ؛ تاجر جلود ۔ (۲) چمڑا کمانے والا ؛ گلا کر چمڑا تیار کرنے والا ؛ دباغ ۔(۳) پوست ساز ؛ تاجر پوست ۔

Fell-mongering : (n) دباغت کا پیشہ ۔

Fell mongery : (n) چمڑے اور اون کے کاروبار کا بازار ۔

Fell of hair : (n) الجھے ہوئے اور گھنے سر کے بال ؛ بکھرے ہوئے پریشان سر کے بال ۔

Fell wort : (n) [OE.'feldwyrt.'] جنتیانا اور اس کی دوسری قسمیں۔

Fellable : (a) گرادینے کے قابل ؛ کاٹ ڈالنے کے قابل ۔

Fellacio : (n) (عضویات، حیوانیات) لعُس ؛ چاٹ ۔

Fellage : (n) درخت گرانے کا عمل ۔

Fellagha : (n) [Arab. 'fallaq'.] (۱) ڈاکو ؛ رہزن ۔(۲) الجیریا یا تیونیشیا کا ایک مسلمان ؛ نیشنلسٹ جنگ جو جماعت ۔

Fellah : (n) [Arab. 'fallah.'] (۱) عرب ممالک کا دیہاتی یا کاشتکار؛ فلاّح؛ فلاحین ۔ (۲) مصر جدید کا ایک قبیلہ جس کا سلسلہ قدیم مصریوں سے ہو ۔

Fellatio/Fellation : (n) جنسی آسودگی حاصل کرنے کا ایک عمل ۔

Fellator : (n) (حیوانیات) لحّاس ۔

Felldisease : (n) (طب) مہلک مرض ۔

Fellen : (n) منب الثعلب جس کے پھول ارغوانی اور پھل گہرے سرخ ہوتے ہیں ۔

Feller : (n) (۱) کاٹنے والا ؛ گرانے والا ؛ ڈھادینے والا ۔ (۲) لکڑی کاٹنےوالا؛ لکڑہارا؛ بڑھئی؛ درودگر ؛ نجّار ۔ (۳) (سلائی مشین میں) گھرنی کا ایک پُرزہ ؛ بابن ؛ کنارہ باف ؛ تُرپیا ۔

Fellic : (a) [L.'fel'.] ایک طرح کا تیزاب یاتُرشہ ۔

Fellic acid : (n) دیکھو Fellic

Fellifluous : (a) [late.] پِت کے ساتھ بہنے والا ۔

Fellinic : (a) (۱) ایک تُرشہ یا تیزاب ($C_5OH_{36}O_64HO$) جو صفرا یا پِت کے ساتھ ہائڈرولک ایسڈ ملانے سے حاصل ہوتا ہے ۔ (۲) ایک تُرشہ جو انسان کی پِت میں پایا جاتا ہے ۔

Fellinic acid : (n) دیکھو Fellinic

Fellness : (n) (۱) سختی کا برتاؤ ؛ سنگ دلی ۔ (۲) سخت بے رحمی ؛ درشتی؛ تخریب کاری ؛ تندخوئی ؛ غضب ناکی ۔ (۳) (ہوا کی) شدت ؛ تیزی ؛ تندی ۔

Felloe/Felly : (n) [OE. FELG.] (۱) (گاڑی کے) پہیے کا گھیرا ؛ پوٹھی ؛ مینڈرا ؛ بال ؛ روم یا اس کا ایک حصہ ۔ (۲) (جمع میں) لکڑی کے وہ خمیدہ ٹکڑے جن کے ملانے سے گاڑی کا پہیا تیارہوتا ہے ؛ پوٹھی ۔ (۳) جوتی ہوئی زمین کا ایک حصہ ؛ ایک قطعہ زمین ۔ (٤) (میکانیت) محیط چرخ ؛ پوٹھی ؛ مینڈرا ؛ چرخ ؛ پہیا ۔

Fellow : (n) [Late OE. 'feolaga.'] (۱) ساتھی ؛ ساجھی شریک کار ؛ مل کر کام کرنے والا ؛ رفیق ؛ ندیم ؛ دوست ۔ (۲) جوڑ ؛ جوڑی دار ؛ جوڑا (دولہا یا دلہن) ؛ نصف ثانی ؛ تکمیلی جز؛ زوج یا زوجہ ۔ (۳) برابرکا ؛ مقابلے کا؛ مقابل ؛ ہم سر ؛ ہم چشم ؛ ہم رتبہ ؛ مثل ؛ ہم عصر؛ حریف ؛ مدمقابل ؛ ہم پلہ ؛ ہم مشرب ؛ ہم جنس ۔ (٤) کسی مشترک مفاد کا شریک ؛ ساتھی ؛ ساجھی ۔ (٥) کالج کا وہ کلیسانی جس کو کالج کے عملے میں شامل کرلیا گیا ہو اور اسے کالج کی آمدنی کا ایک حصہ بطور وظیفے وغیرہ کے دیا جاتا ہو (اس شرط پر کہ وہ کچھ علمی اورتحقیقی کام کرے گا) ؛ رفیق کلیہ یا جامعہ ؛ فیلو ۔ (٦) لندن کی یونیورسٹی کی مجلس منتظمہ (گورننگ باڈی) کا رکن ۔ (۷) یونیورسٹی کی مجلس رفقا کا رکن ۔ (۸) مختلف علمی مجالس (مثلاً روائل سوسائٹی وغیرہ) کا رکن یا خصوصی رعایت یافتہ اراکین میں سے کوئی ایک : علمی، ادبی، پیشہ ورجماعت کا رکن ۔ (۹) آدمی ، شخص، انسان ، لڑکا ۔ (۱۰) حقارت آمیز یا متکبرانہ طرز تخاطب ۔ (۱۱) جذبۂ ہمدردی ۔ (۱۲) بعض اوقات ضمیر متکلم کی بجائے آتاہے جیسے (a fellow can't work all day long) ۔ (۱۳) جزو ترکیبی بمعنی ہم جنس ، ہم عصر ، ہم وطن ، ہم سر وغیرہ ، (جیسے Fellow crea- ture. Fellow country man) ۔ (۱٤) سمجھ ؛ (نفسیات وغیرہ) رفیق ؛ رکن ؛ فیلو ۔

A fellow, old fellow : کوئی ؛ کوئی شخص (خود متکلم کےلئے بھی) ۔

Good, jolly fellow : ہم دم ؛ ہم جولی؛ یار ؛ دوست ؛ خوش دل دوست ۔

My dear fellow/My good dellow : (مخاطبت میں زیادہ بےتکلفی اور دوستی کے اظہار کے لئے جس میں احتجاج کا شائبہ موجود ہو) یار عزیز ؛ دوست ۔

Poor fellow : ہمدردی کا فجائیہ کلمہ : بیچارہ ؛ غریب ۔

The fellow : (کلمہ حقارت) مردک ۔

To be (hail) fellow well met : آزادانہ برتاؤ ہونا ؛ کسی سے بےتکلفانہ برتاؤ ہونا ۔

Fellow : (v) (۱) ہم سر بنانا ؛ برابری پر لانا ؛ مساوی کرنا ؛ ہم رتبہ کرنا ۔ (۲) جوڑ ملانا ؛ جوڑا بنانا ؛ مقابل کرنا؛ مماثل کرنا ؛ میل ملانا ۔ (۳) حقارت آمیز طور پر مخاطب کرنا ۔

Fellow -apostle : (n) شریک حواری ۔

Fellow-christian : (n) ہم مذہب (عیسائی) ۔

Fellow-citizens : (n) ہم وطن ؛ شریک وطن ؛ ہم معاشرہ ؛ ہم مملکت ؛ ہم شہری ۔

Fellow commoner : (n) (۱) رکن جامعہ جسے رفقائے کالج کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے کا حق حاصل ہو ۔ (۲) دوسرے کے ساتھ مساوی حق رکھنے والا ۔

Fellow communicant : (n) (۱)عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والاساتھی ۔(۲) رفیق خبر رساں؛ خبر رسانی میں شریک کار ۔

Fellow countryman : (n) ہم وطن ؛ ہم دیس ۔

Fellow craft : (n) (۱) فری مینسری کے دوسرے درجے کی سند ۔(۲) جس نے یہ سند حاصل کی ہو ۔

Fellow craftsman : (n) ہم پیشہ ؛ ہم کار؛ ہم ہنر ؛ ہم فن ؛ ہم صفت ۔

Fellow creature : (n) ہم خلق ؛ ہم جنس ؛ ہم خلقت ؛ (حیوانیات) ہم جنس ؛ ہم نوع ۔

Fellow- feeling : (n) (۱) ہمدردی ؛ درد مندی ۔(۲) باہمی مفاہمت یا باہمی منفعت کا جذبہ ۔

Fellow -heir : (n) شریک وارث ؛ شریک میراث ۔

Fellow -man : (n) رفیق ؛ جوڑی دار ؛ شریک کار ؛ ہم دم ؛ ساتھی ۔

Fellow-national : (n) (تاریخ) ہم مشرب ؛ ہم قوم ۔

Fellow-soldier : (n) فوجی ساتھی ۔

Fellow-subject ; (n) ہم رعیت ؛ شریک رعیت ۔

Fellow-traveller : (n) (تاریخ) ہم سفر ؛ شریک سفر ؛ رفیق سفر ؛ کمیونسٹ پارٹی کا ہمدرد جو پارٹی کا رکن نہ ہو ۔

Fellow tribesman : (n) ہم قبیلہ ۔

Fellowless : (n) (۱) تنہا ؛ جس کا کوئی شریک ، ساتھی یا مقابل نہ ہو ؛ اکیلا ۔ (۲) (شاعری) بے نظیر ؛ بےمثل ؛ لاثانی ؛ بے بدل ؛ عدیم المثال ۔

Fellowly : (a) (۱) ساتھی جیسا؛ دوست کےمانند ؛ ساتھی کا ؛ ساجھی کا ؛ رفیق سےمتعلق ؛ ہم رتبے کا ۔ (۲) ساتھی کے لائق ؛ ہم جنس کے لائق ؛ دوست کے لائق ۔

Fellowly : (adv.) دوستی کے طورپر ؛ ہم سری کے طورپر ؛ ساتھی کے انداز میں ؛ دوستانہ ؛ ہم سرانہ ؛ مساویانہ ۔

Fellowship : (n) [ME. f. fellow (n)+ship.] (۱) شرکت ؛ مشارکت ؛ ساجھا ؛ اشتراک عمل یا مقصد ؛ اشتراک مفاد ، خیال اور فطرت ؛ رکنیت ۔ (۲) رفاقت ؛ صحبت ؛ ہم سفر ی ؛ ہم نشینی ؛ معیت ؛ ہم مشربی ۔ (۳) جماعت ؛ انجمن ؛ کمپنی ؛ متحدہ جماعت ؛ سوداگروں کی جماعت یا انجمن ۔ (٤) ایک کلیسا کی رکنیت ۔ (٥) جوہر روحانی کی رفاقت ۔(٦) ہم شریکوں کی جماعت ۔ (۷) ہم پیشہ لوگوں کی انجمن ؛ برادری ؛ اخوت ؛ بھائی چارا ؛ الفت ؛ مودۃ ۔ (۸) کالج، یونیورسٹی یا کسی علمی سوسائٹی کا وظیفہ یا اُس کا منصب ؛ اعلیٰ تعلیمی وظیفہ یا ملازمت ۔(۹) (ارضیات) حصہ داروں کے درمیان نفع یا نقصان کی تقسیم کا طریقہ ۔ (۱۰) (جمع میں) بیلینگس گیٹ کےقلیوں کی جماعت کے ارکان جو بعض معاملات میں خود مختار ہوتے ہیں ۔ (۱۱) (نفسیات وغیرہ) رکنیت ؛ فیلوشپ ؛ وظیفہ ؛ (تجارت ، ریاضی) شراکت ؛ قاعدہ شراکت ۔

Good fellowship : میل جول ؛ ارتباط ؛ اختلاط ؛ اخلاص ؛ دوستی ؛ الفت ۔

To give the right hand of fellowship : داخلے کی علامت یا نشان ۔

Fellowship : (v) (۱) ہم سر بنانا ؛ جماعت میں شامل کرنا (مذہبی معنوں میں) ۔(۲) کسی مذہبی جماعت میں شامل ہونا (خصوصاً امریکا میں) ۔

Fellowship porter : (n) بیلینگس گیٹ کے قلیوں کی جماعت کا ایک رکن ۔

Felly/Felloe : (n) (گاڑی کے) پہیے کا گھیرا ۔

Felly : (adv.) (۱) بے رحمی سے ؛ سنگدلانہ ؛ خوف ناک طور پر ؛ ہلاکت خیزی سے ؛ ہیبتناک طور پر ؛ خباثت سے ؛ از راہ بغض و عداوت ۔ (۲) (بول چال) بے حد ؛ بے انتہا ۔

Felo-de-se : (n) [Anglo-L- felo+desi.] (۱) خودکشی کرنےوالا ؛ خود کش ؛ خود کشی یا کوئی بھی ایسا غیر قانونی شرارت آمیز کام کرنے والا جس کانتیجہ خود اس کی موت کی صورت میں ظاہر ہو (نیز استعارتاً) ۔(۲) خود کشی ۔

Felon : (a) [OFr. felon.] (شعر) بے رحم؛ ظالم ؛ ظالمانہ ؛ قاتل ؛ قاتلانہ ؛ شریر ؛ بد ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ قابل نفرت ۔

Felon : (n) (۱) شہدا ؛ بدمعاش ۔(۲) (قانون) سنگین مجرم ؛ (نیز) سنگین ضرب ؛ سنگین مار ؛ مُذنب ؛ مہاپاپی ۔(۳) (نفسیات) سنگین جرم ۔(٤) (طب) واحس ؛ نتنا ۔

Felon : (n) [Etym.Doubtful.] (۱) پھوڑا ؛ زخم خصوصاً چھلوری ؛ انگل بیڑا ۔(۲) پودوں ، جڑی بوٹیوں کےناموں کے ساتھ توصیفی معنوں میں ؛ مثلاً Felon-wort وغیرہ ۔

Felon harb/-weed/-wort : (n) مختلف پودے اور بوٹیاں جن سے زخموں کا علاج کیا جاتا ھے ۔

Feloness : (n) بے رحم ؛ ظالم ؛ کمینی عورت ۔

Felonious : (s) (۱) بدمعاش ؛ بدذات مجرم ؛ سنگین مجرم ۔ (۲) (قانون) سنگین جرم کا یا اُس سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا شدید مجرمانہ ؛ چور جیسا؛ چوٹّا ۔

Felonious homicide : (قانون) قتل عمل ۔

Feloniously : (adv.) بدمعاشی سے؛ شدید مجرمانہ طورپر ؛ ظالمانہ انداز میں ۔

Feloniousness : (n) بدمعاشی ؛ ظلم ؛ سنگین جرم ؛ خباثت ؛ مجرمانہ فعل ۔

Felony : (n) (بدمعاشوں کا طبقہ ؛ مجرم طبقہ (ابتداً آسٹریلیا کے سزا یافتہ لوگوں پر اس کا اطلاق ہوتا تھا) ۔ بدمعاشوں ، مجرموں کی جماعت یا گروہ یا جرگہ ۔

Felony : (n) (۱) (جاگیرداری قانون) کسی آدمی کا وہ فعل جس کے نتیجے میں اُس کی جائداد یا جاگیر ضبط کرلی جائے ؛ بدمعاشی ؛ مجرمانہ فعل ۔ (۲) (عام قانون) سنگین جرم ؛ ان جرموں میں سے کوئی ایک جو قانون کی نگاہ میں معمولی جرموں کی بہ نسبت زیادہ سنگین ہوتے ہیں ۔ (۳) (نفسیات وغیرہ) (قانون) سنگین جرم ۔

Fels/Fals : (n) [LL.'follis'.] فلس ؛ تانبے کا ایک عربی سکہ ۔

Felsite : (n) دیکھو Felstone

Felsitic : (a) فلسائٹ کا حامل یا اُس پر مشتمل ۔

Felspar/Felspath : دیکھو Feldspar

Felspathoid : (a) (معدنیات) فلسپار نما ۔

Felstone (-on) : (n) [Ger. F. fels+stein.] فلسپار کی چٹان جو نقلی چٹانوں میں پائی جاتی ہو ۔

Felt : (n) [OE. felt.] (۱) اون یا اون اور بالوں کا بنا ہوا ایک قسم کا سخت اور دبیز کپڑا ؛ نمدا ۔(۲) نمدے کا ایک ٹکڑا ؛ اس سےبنی ہوئی کوئی چیز خصوصاً فلٹ ہیٹ ۔(۳) گاڑھے بُنے ہوئے بال یا دیگر ریشے دارچیزیں ؛ (حیوانیات) چمڑا؛ جلد ۔

Felt : (v) (۱) نمدہ یا نمدے جیسی کوئی چیز بنانا ۔ (۲) جمانا ؛ نمدے کی طرح جمانا ۔(۳) نمدا بننا ؛ نمدے جیسا ہونا۔(٤) غذا چڑھانا (کسی چیز پر) ۔

Felt : [Origin doubtful.] جلد یا غلاف ؛ خول ۔

Felt : (pa. pple.) دیکھو Feel (v)

Felt-grain : (n) لکڑی کی وہ دھاری جو بیچ کے حصے سے چھال تک جاتی ھے ؛ بلوط یا بعض دوسری لکڑیوں کی دھاریاں ۔

Felt hat : (n) نمدے کی ٹوپی ۔

Felt like : (n) نمدے کی مانند ؛ نمدے جیسا ؛ نرم اورگتھا ہوا ؛ نرم روئیں دار (دیکھنے میں یا صفت میں) ۔

Felt wort : (n) گھنے روئیں دار پتّوں والی ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Felt work : (n) روئیں دار بُنائی کا کام ۔

Felted : (a) (۱) نمدے کا بنا ہوا ؛ نمدا بنایا ہوا ۔(۲) نمدے سے ڈھکا ہوا یا نمدا چڑھایا ہوا ۔(۳) الجھا ہوا؛ ژولیدہ ؛ (سکڑے ہوئے اونی کپڑوں کے لئے استعمال ہوتا ھے) ۔(٤) گھنے اورپیہم پیوستہ بُنے ہوئے ریشے یا بال ۔

Felter : (v) [OFr. felterer.] (۱) الجھانا؛ پھانسنا ؛ پھنسا دینا ؛ ملا کر بُن دینا ۔(۲) جال میں پھانسنا ؛ دشواری میں ڈالنا ۔

Felter : (n) نمدے بنانے یا نمدے کا کام کرنے والا ؛ نمدہ بنانے والی مشین کوچلانے والا؛ بارش وغیرہ کےبچاؤ کےلئے نمدے کی پٹیاں چڑھانے والا مزدور ۔

Felteric : (n) گھوڑے کی ایک بیماری ۔

Felting : (n) (۱) نمدے بنانے کا عمل یا طریق عمل ۔(۲) جمایا ہوا یا نمدہ بنایا ہوا کپڑا ۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) جما کر ایک کردینے والا ؛ جمانے والا ۔(٤) الجھا ہوا گُچھا (مثلاً بالوں کا) ۔

Felty : (a) نمدے کی ۔

Felucca : (n) [It.] بحر روم کے ساحل کے قریب قریب چلنے والی کشتی جس میں بادبان ہوتے بھی ہیں اور نہیں بھی ہوتے ؛ فُلک ؛ (بحریات) فلوکہ ؛ فُلک ۔

Felucca : (v) فُلک کو چلانا ؛ بادبانی کشتی کو چلانا ۔

Felup/Fellup/Fulup : (n) مغربی سوڈان کے ساحل پر بسنے والے وحشیوں میں سے کوئی ایک ۔

Felwort : (n) (نباتیات) تاجریزی ؛ سگنگور ۔

Female : (n) (۱) مادہ جانور ۔(۲) عورت ؛ لونڈیا ؛ لگائی ؛ تریا ؛ استری ؛ زن ۔(۳) توصیفی معنوں میں ؛ مادہ پرزہ وغیرہ ؛ (حیوانیات) مونث ؛ مادہ ؛ (نباتیات) مادہ پھول ؛ (میکانیات) مادہ پیچ ؛ ڈھبری ۔

Female : (a) [L. femella.] (۱) بچہ دینے والی صنف کا ؛ مادہ؛ انڈا بچہ دینے والی ۔(۲) (نباتیات) پھل دار ؛ جس میں پھول آتا ہو ؛ (کسی پودے کا) بارآور (حصہ) ۔ (۳) بغچہء گل والا (پھول یا شگوفہ) ؛ جو حامل زر نہ ہو ؛ بغچونی ؛ ثمرور ؛ ثمروار ۔(٤) زنانہ ؛ نسوانی (جیسے F. education, suffrage, weakness) ؛ عورت کا یا اُس سے متعلق ؛ نسوانی حیثیت ۔(٥) بغچہء گل پر مشتمل ۔ (٦) طبقہء اُناث کا ۔(۷) مختلف مادی اور غیر مادی چیز کی صفت جس سے سادگی، کمزوری ، کمتری وغیرہ ظاہر ہوتی ہو ۔(۸) کم درجے کا؛ گھٹیا (جیسے F. sapphire یعنی وہ نیلم جس کا رنگ ہلکا یا پھیکا ہو) ۔ (۹) (میکانیات) (اوزار یا پرزوں وغیرہ میں) مادہ ؛ اپنے جوڑے یا نر پرزے سے ملنے والا (پرزہ) ۔(۱۰) درختوں اور پودوں کے معنوں کے ساتھ بے قاعدہ طور پر استعمال ہوتا ہے خصوصاً Female hemp میں ۔

Female complaint : (n) زنانہ شکایت ؛ زنانہ بیماری ؛ نسوانی مرض ۔

Female hemp : (n) سَن کا نر پودا ۔

Female hormone : (n) زنانہ ہارمون ؛ نسوانی ہارمون ۔ عورت یا مادہ میں موجود جنسی ہارمون ۔

Female inpersonator : (n) عورت کا رول ادا کرنے والا مرد ۔

Female infanticide : (n) (سماجیات) دختر کشی ۔

Female mortality : (n) (تجارت) عورتوں کی شرح اموات ؛ نسوانی شرح اموات ۔

Female nervine : (n) شمالی امریکا کا ایک پھول دار پودا جس کے پھول ہلکے گلابی اور سفید رنگ کے نہایت حسین ہوتے ہیں ۔

Female prouncleus : (n) (حیوانیات) مادہ پیش مرکزہ ؛ (حیوانیات) مادہ پیش نوات ۔

Female rime : (n) (عروض) وہ بحر جس میں بجائیں ہوں اور آخری بجاء پر زور نہ دیا گیا ہو ؛ فرانسیسی شاعری میں مونث لاحقہ (ساکت e) پر ختم ہونے والا مصرع ۔

Female screw/-socket : (n) ایک دائرہ نما سوراخ یا گڑھا جس میں چکر دار لہریا ہوتی ہے تاکہ نر پیچ کی لہریا کو پکڑ سکے ؛ مادہ اسکرو ؛ مادہ پیچ ؛ مادہ سوکٹ ؛ (مکانیات) ڈھبری ۔

Female sex : (n) (نفسیات وغیرہ) جنس مونث ۔

Femality : (n) (۱) نسوانیت ؛ زنانہ پن ؛ فطرت نسوانی ؛ نسوانی مزاج ؛ نازک ؛ کمزور ۔(۲) (جمع میں) طبقہ نسواں؛ عورتیں ؛ مادین ۔(۳) نامردانگی؛ غیر مردی ۔

Femalize : (v) مونث بنانا ؛ نسوانی خصوصیات عطا کرنا یا بخشنا ۔

Femcee : (n) [Female+emcee.] خاتون تشریفات خصوصاً کسی ریڈیو یا ٹیلی ویژن پروگرام میں ؛ وہ عورت جس کے ذمہ آداب و رسوم بجالانے جانے کی نگرانی ہوتی ہے ؛ نگراں خاتون ؛ خاتون تقریبات ۔

Feme/Femme : (n) [OR.'feme.'] (قانون) بیوی ؛ زوجہ ؛ جورو ؛ عورت ؛ زن ۔

Feme covert : (n) (قانون) سہاگن ؛ بیاہی عورت ؛ شادی شدہ عورت ؛ محصنہ ؛ شوہر کے زیر سایہ رہنے والی عورت ۔

Feme sole : (n) بن بیاہی عورت ؛ کنواری ؛ زن مطلقہ ؛ بیوہ ؛ کنیا؛ جانداد کے معاملے میں شوہر سے آزاد اور مطلق العنان عورت ۔

Femerell : (n) [OFr fumeril .] کسی مکان یا باورچی خانے کی چھت پر بنا ہوا گنبد دار منارہ نما دودھدان ۔

Femicide : (n) عورت کا قتل ؛ زن کشی ۔

Feminality : (n) (۱) زنانہ پن؛ نسوانیت ؛ زنانہ طرزوانداز ؛ زنانہ فطرت ؛ زنانہ خصلت ؛ زنانہ صفت ؛ خاصہ نسوانی؛ نسوانی خصوصیت یاخاصیت ۔ (۲) عورتوں کی چھوٹی موٹی چیزیں ؛ عورتوں کی چیز بست ۔

Femineity : (n) زنانہ پن ؛ نسوانیت ؛ زنانہ صفتی ۔

Feminie : (n) [L.'femina.'] (۱) (متروک) عورت ۔(۲) ایک زمرہء نسواں خصوصاً امیزنین (تاتار کی دیو قوت جنگجو عورتیں) ؛ دیونیاں ؛ مرد نما عورتیں ۔

Feminility : (n) دیکھو Femineity

Feminine : (a) [L. f. 'femina'.] (۱) صنف نازک کا ؛ عورتوں کی جنس کا ۔ (۲) عورت ؛ مادہ ۔ (۳) (اشیاء) مونث ؛ مادہ ؛ تانیث ۔(٤) عورت یا عورتوں کا یا ان سے متعلق ؛ زنانہ ؛ نسوانی ؛ زنانی ۔ (٥) زن خصلت ؛ زن نما ؛ زن صفت ؛ عورت جیسا یا جیسی ۔(٦) زنانہ ؛ زنخا ؛ کمتر ؛ حقیر ۔(۷) مونث ؛ تانیث ۔

Feminine : (n) (۱) عورت ؛ مادہ ؛ زن ؛ صنف نازک ۔ (۲) مونث لفظ ؛ (نفسیات) مونث ۔

Feminine caesira وہ وقفہ جو بے تاکید بجاء یا چھوٹی بجاء کے بعد ہو ۔

Feminine ending : (n) مصرعے کا اس طرح ختم ہونا کہ اس کے ماقبل آخر بجاء پر زور دیا گیا ہو ۔

Feminine gender : (n) (نفیسات وغیرہ) جنسی مونث ؛ (قواعد) تانیث ۔

Feminine rime/-rhyme : (n) دیکھو Female rime

Femininely : (adv.) نسوانی حیثیت سے ؛ زنانہ انداز میں ؛ زنخاپن سے ۔

Femininess : (n) نسوانیت ؛ زنانہ پن ۔

Femininism : (n) نسوانیت ؛ زنانہ پن ۔

Femininity : (n) (۱) نسوانیت ؛ زنانہ پن ؛ زن صفتی ؛ زنانیت ؛ زن مزاجی ؛ زنخاپن ۔ (۲) جنس لطیف ؛ صنف نازك ؛ عورت ؛ طبقہء نسواں ۔

Feminism : (n) (۱) زنانہ صفات (شاذ) ۔(۲) مساوات نسواں ؛ عورتوں کے دعووں اور حقوق کی حمایت ؛ حمایت نسواں ۔(۳) عورتوں کےحقوق اور مفاد کی حمایت میں ایك منظم تحریك جو ۱۹ویں اوربیسویں صدی میں عورتوں پر عائد کی ہوئی پابندیوں کے خلاف چلائی گئی ؛ تحریك آزادی نسواں ؛ (نفسیات) تحریك نسائیت؛ (تاریخ) تحریك حقوق نسواں ؛ (طب) تانث ۔

Feminist : (n) مساوات نسواں کا حامی ؛ حقوق نسواں کا حامی ؛ آزادی نسواں کا طرف دار ؛ (تاریخ) حقوق نسواں کا حامی ؛ فیمینسٹ ۔

Femiminist/-ic : (s) مساوات نسواں کا یا اُس سے متعلق ۔

Feminization : (n) (۱) تانیث؛ مونث یا نسوانی بنانے کاعمل یا طریقہ ؛ مردوں میں نسوانیت یا نسوانی خصوصیات کا نشو و نما ؛ نسوانی خواص ۔ (۲) خوجا بنانا ؛ بیجڑا کرنا ۔ (۳) (نفسیات وغیرہ) تانیث ۔

Feminize : (v) مونث بننا یا بنانا ؛ نسوانی خواص اختیار کرنا یا بخشنا ؛ آپریشن کر کے مرد کو عورت بنانا ؛ مخنث کرنا ۔

Femme de chambre : (n) [Fr.] (۱) خواص ؛ خادمہ ۔ (۲) نوکرانی ۔

Femme fatale : (n) [Fr.] فاحشہ عورت ؛ بدکار عورت ؛ زن فاحشہ ؛ موہنی عورت ؛ لُبھا کر پھانسنےوالی عورت ؛ خوش آواز مغنّیہ ۔

Femora : (n) (حشریات) رانیں ۔

Femoral : (a) [L.'femur'.] ران کا ؛ ران کی ہڈی کا یا اُس سے متعلق (خصوصاً تشریح میں ران کی شریان) ؛ (حیوانیات) فخذی ؛ (تشریح) فخذی ؛ ران کا ۔

Femoral : (n) جانگھہ کی شریان (اسکاتستانی) ۔

Femoral artery : (n) (تشریح) ران کی شریان ؛ جانگھہ کی شریان جو گھٹنے کے نیچے ہوتی ہے ۔

Femoral canal : (n) جانگھ کی جھلی کی اندرونی دیوار اور جانگھ کی ورید کے درمیان کا خالی حصہ ؛ جانگھ کی نالی ۔

Femoral muscle : (n) (تشریح) عضلہ فخذیہ ۔

Femoral nerve : (n) ران کا عصب ؛ جانگھ کا عصب ۔

Femoral ring : (n) جانگھ کی نالی کا اوپر کی طرف کھلا ہوا بیضاوی منہ (جہاں آنت اُتر آتی ہو) ۔

Femoral sheath : (n) ران کے رگوں کے اوپر کی جھلّی ۔

Femoral vein : (n) جانگھ کی بڑی ورید ۔

Femoro-tibial flexure muscle : (حیوانیات) فخذی کجی ؛ جھکاؤ عضلہ ۔

Femur : (تشریح) ران کی ہڈی ؛ جانگھ کی ہڈی (ریڑھ والے جانوروں میں) ؛ عظمُ الفخذ ؛ (حشریات) کیڑے کا یہی عضو ؛ پاؤں کا تیسرا جوڑ ؛ ران ؛ فخذ ۔(تعمیرات) ڈورک طرز کی آرائشی حاشیے میں اُبھرے ہوئے مربعے کی جدولوں کے درمیان کی جگہ؛ (حیوانیات) فخذ؛ رانِ حشرہ ۔

Fen : (n) [O.E. fen(n).] دلدلی زمین ؛ نشیبی زمین جو پورے طورپر یا جزوی طور پر چھچھلے پانی سے ڈھکی ہو ؛ چھچھلے پانی والی نشیبی زمین ؛ جھابر ؛ متواتر ؛ زیر آب ہونے والی زمین ؛ ایسا کوئی قطعہء زمین ؛ پانکا ؛ (جغرافیہ) دلدلی زمین ؛ دلدل ۔

The fens : کیمبرج شائر وغیرہ کے نشیبی ضلعے ؛ لنکن شائر اور اُس کے قریبی علاقے ۔

Fen : (n) [OE. 'Fyme'.] (عامیانہ) ایک طرح کی پھپھوندی جو باپ (ایک قسم کی بیل) کو نقصان پہنچاتی ہے ۔

Fen : (n) [Arab. fann.] ابی سینا کے قانون کی ایک دفعہ ۔

Fen : Fend کا متبادل ۔

Fen/Fan/Fin/Vents : (Intj.) [prob.alter. of 'fend.'] بچوں کے کھیل میں استعمال ہونے والا ایک رسمی کلمہ ۔

Fen : (v) منع کرنا ؛ روکنا ؛ (گولی کے کھیل میں) ؛ بچے یہ لفظ اس وقت استعمال کیا کرتے ہیں جب کسی کام کے کرنے سے بچنا چاہتے ہیں مثلاً Fen I wicket -keeping ۔

Fen-berry : (n) ایک قسم کی جھڑ بیری ۔

Fen-cricket : (n) ایک قسم کا جھینگر ۔

Fen-fire : (n) غول بیابانی ؛ چھلاوا ۔

Fen-goose : (n) یورپ کاعام جنگلی ہنس ۔

Fen-land : (n) کوئی نشیبی دلدلی علاقہ ۔

Fen-man : (n) دلدل کا رہنےوالا ؛ لنکن شائر ۔

Fen-nightingale : (n) ٹراتا ہوا مینڈک ۔

Fen-orchid/-orchis : (n) ایک قسم کی زمینی ثعلبیہ ؛ ایک ایک قسم کی زمینی جھاڑی ۔

Fen-play : (n) بحث ؛ تمحیص ؛ بحث مباحثہ ؛ مذاکرہ ۔

Fen-pole : (n) وہ بانس یا ڈنڈا جس کے ذریعہ سے کھائیوں وغیرہ پر سے پھاندا جاتا ہے ۔

Fen reeve : (n) دلدی یا نشیبی علاقے کا انتظام کرنے والا افسر ۔

Fen-runners : (n) ایک طرح کی لوہے کی کھڑاویں (برف وغیرہ پر چلنے کےلئے) ۔

Fen-shop : (n) دکان جہاں چوری کا مال بیچا جاتا ہے یا بکتا ہے ؛ چور بازار ۔

Fence : (n) [aphet. f. DEFENCE.] (۱) بنیشی ؛ پٹّا ؛ پھینکتی ؛ بانڈی بازی ؛ بنوٹ ؛ تلوار کا کھیل ؛ تیغ بازی ۔ (۲) (متروک) سد ؛ دھس ؛ فصیل ؛ بچاؤ ۔ (۳) باڑ ؛ جنگلا ؛ احاطہ وغیرہ ۔ (٤) مختلف قسم کی مشینوں میں وہ پرزہ جو مشین کے ٹھیک چلانے یا باقاعدہ رکھنے کےلئے ہوتاہے ۔ (٥) روک ؛ ممانعت ؛ قدغن ۔ (٦) (چوروں کی زبان میں) مال مسروقہ کا لینے والا ؛ وہ مقام یا مکان جہاں مال مسروقہ لیا جاتا ہے یا رکھا جاتا ہے یا بیچا جاتا ہے؛ چوروں کا مال چھپا کر رکھنے والا ؛ معین سرقہ ۔ (۷) اُچھل کود (شکار وغیرہ میں) ۔ (۸) تالےمیں نکالا ہوا پرزہ جو کنجی کے سوا کسی دوسری چیز کو لیور تک پہنچنے سے روکتا ہے ۔ (۹) کسی ادارے ، اُمیدوار ، اہل کار کی سیاسی حمایت کا ایک ذریعہ ؛ (تعمیرات) جنگلات ؛ باڑ ؛ (میکانیات) ضامن ؛ گیرہ ۔

Cap of fence : دیکھو Helmet

Coat of fence : Coat. (n) دیکھو

Come and come down on right side of fence : جیتنے والے کی طرف ہوجانا ۔

Master of fence : تلوار کا دھنی ؛ (مجازاً) اچھا بحث کرنے والا ۔

Ring fence : (تعمیرات) حد بندی ۔

Sunk fence : جنگلا یا باڑ جو کھائی کے اطرف میں ہو نیز خندق ؛ کھائی ؛ گڈھا ۔

To make a virginia fence : (امریکا) مدھوش کی طرح چلنا ؛ شرابی کی طرح چلنا ۔

To put horse at fence : ٹٹی کُدانے کے لئے ایڑ لگانا ؛ پار کرنے کے لئے ایڑ لگانا ۔

To sit on the fence/On the fence/To be on the fence : (لڑائی وغیرہ میں) غیر جانب دار رہنا ؛ غیرحتمی رائے یا غیر منفعل رائے ؛ غیرجانب دارانہ عمل ۔

Fence : (v) (۱) بینٹی کی مشق کرنا ؛ پٹے کی مشق کرنا ؛ بنوٹ کی مشق کرنا ؛ تیغ زنی کی باقاعدہ مشق کرنا ۔ (۲) روکنا ؛ بچاؤ کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ دفع کرنا ؛ بچانا ۔ (۳) (متروک) دور کرنا؛ دفع کرنا ؛ پسپا کرنا ۔ (٤) گھیرا ڈالنا ؛ گھیرنا ؛ باڑ لگانا یا اس سے گھیرنا ؛ احاطہ بندی کرنا ؛ روکنا ؛ قلعہ بندی کرنا ؛ فصیل بنانا (نیز استعارتاً) ۔ (٥) (گھوڑا) ٹٹی یا باڑ کو پھلانگ جانا یا کود جانا ۔ (٦) شکار یا ماہی گیری کی ممانعت کرنا؛ (عامیانہ) چوری کا مال مجرمانہ طور پر خریدنا اوربیچنا؛ چوری کے مال کا بیوپار کرنا ؛ مال مسروقہ کی تجارت کرنا ۔

To fence the tables : نااہل لوگوں کو عشائے ربانی میں شرکت سے روکنے کےلئےمناسب طور پر خطاب کرنا ۔

To fence with question or questioner : وار بچانا ؛ روکنا ؛ جواب دینے سےبچنا؛ ٹالنا؛ گول ہوجانا ۔

Fence-law : (n) مزروعہ زمین میں جانوروں کے غیرقانونی داخلہ کی ممانعت کا قانون ۔

Fence-lizard : (n) (۱) ریاستہائے متحدہ کا ایک چھوٹا خوبصورت پالتو پرند جو تیز اڑتا ہے (مثل ابابیل) ۔ (۲) امریکن گرگٹ ۔

Fence-month/-season/-time : (n) (۱) ہرن کے شکار کی ممانعت کا زمانہ (انگلینڈ میں ۹ /جون سے ۹ / جولائی تک) ۔ (۲) مچھلی وغیرہ کے شکار کی ممانعت کا زمانہ۔

Fence-nail : (n) عمارت کی احاطہ بندی میں استعمال ہونے والی کانٹے دار روک ۔

Fence-off : (n) دو شخصوں یا ٹیموں کے درمیان مقابلے کا فیصلہ کرنے کے لئے حلقہ یا احاطہ ۔

Fence-rider : (n) احاطہ کی دیکھ بھال یا مرمت کرنے والا ۔

Fenceful : (a) دفاعی ؛ مدافعت کن ؛ باڑدار ؛ احاطہ دار ؛ محفوظ ۔

Fenceless : (n) (۱) بے روک ؛ بے حفاظت ؛ غیرمحفوظ ؛ بے احاطے ۔ (۲) (شعر) بے بچاؤ ؛ بے روک ؛ بغیر حفاظت کے ۔

Fencelessness : (n) بے حفاظتی ۔

Fencer : (n) (۱) پٹے باز ؛ تلوار چلانے والا ؛ شمشیر زن ؛ تیغ باز ؛ بنوٹ باز ۔ (۲) (گھوڑا) ٹٹی یا باڑ کود جانے والا ؛ پھلانگ جانے والا ۔ (۳) باڑ ، فصیل، احاطہ وغیرہ بنانے یا اُن کی مرمت کرنے والا ۔ (٤) (عامیانہ) چوری کا مال رکھنے والا ؛ معین سرقہ ۔

Fenchol : (n)_ [Isr. 'fenchene.'] الکحل ۔

Fencible : (a) (۱) رفاعی فوجی خدمات کے لئے مناسب یا اُس کا اہل (خصوصاً اسکاتستان) ؛ قابل دفع ؛ قابل مدافعت ؛ دفاعی ۔ (۲) دفاعی فوجیوں سے متعلق ۔

Fencible : (n) وہ سپاہی جو صرف ملک کی داخلی مدافعت کے لئے ہو ۔

Fencibles : (n) داخلی دفاعی فوج ۔

Land fencibles : برّی دفاعی فوج ؛ زمینی فوج ۔

River fencibles : دریائی دفاعی فوج ۔

Sea fencibles : سمندری دفاعی فوج ؛ بحری بحری دفاعی فوج ۔

Fencing : (n) (۱) شمشیر زنی ؛ تیغ زنی ؛ پٹے بازی ؛ فن شمشیر زنی ۔(۲) کند تلوار؛ گدکے یا لاتھی سے اس فن کی مشق کرنا ۔(۳) دفاع ؛ مدافعت ؛ خود حفاظتی ۔ (٤) حفاظت کرنے یا مدافعت کرنے کا عمل ۔(٥) روک لگانے، باڑ ڈالنے، فصیل بنانےوغیرہ کا عمل ؛ گھیرنے کا عمل؛ گھیراؤ ۔ (٦) جنگلا ؛ احاطہ ؛ فصیل ؛ پناہ کی دیوار ؛ باڑ؛ روک ؛ بچاؤ نیز (امریکا) جنگلا وغیرہ بنانے کا سامان ۔(۷) باڑ پھلانگنے کا عمل ۔ (۸) (عامیانہ) چوری کا مال لینا یا رکھنا ۔

Fencing-cully : (n) مال مسروقہ کا لینے والا ۔

Fencing-ken : (n) مال مسروقہ کا گدام ۔

Fend : (n) [f.next .] (۱) (اسکاتستانی بول چال) چالاکی یا جرأت کا کام ۔(۲) اچھی طرح گذر بسر ؛ نباہ ۔

Fend : (v) [ME. Shortened f. DEFEND.] (۱) (متروک یا شعر میں) مدافعت کرنا ؛ دفاع کرنا ؛ بچانا ؛ بچانے رکھنا ؛ محفوظ رکھنا ۔ (۲) دلیل لانا ؛ دلالت کرنا؛ ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا ۔ (۳) حفاظت کرنا؛ بچاؤ کرنا ؛ روکنا ؛ بعض رکھنا ؛ دور رکھنا ؛ بچنا یا بچانا ۔ (٤) (اپنے لئے) مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ اپنا خیال رکھنا ؛ انتظام کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ۔ (٥) (اسکاتستانی بول چال میں) جرأت کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ چالاکی سے پیش آنا؛ ترکیب نکالنا ۔(٦) (بول چال) نباہنا؛ اچھی طرح گذربسر ہونا ؛ ٹھیک ٹھیک چلنا ۔ (۷) پسپا کرنا ؛ پیچھے ہٹنا؛ ڈھکیلنا ؛ رد کرنا؛ دھکا دینا ۔(۸) (برطانیہ بول چال) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ دینا ۔ (۹) (برطانیہ بول چال) کوشش کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ محنت کرنا ۔ (۱۰) زندگی بسر کرنا ۔

Fend (e) : (۱) دریافت ؛ حصول ؛ اکتشاف ؛ پانے، معلوم کرنے وغیرہ کا علم ۔(۲) دیکھو Find ۔

Fender : (n) (۱) (بول چال) مدافعت کرنے والا ؛ دافع ؛ محافظ ؛ ٹالنے والا ؛ باز رکھنے والا ؛ دور رکھنے والا ؛ دھکیلنے والا ۔(۲) پسپا کرنے والا ؛ روکنے والا ؛ دفع کرنے والا خصوصاً (جہاز رانی میں) ۔(الف) پرانارسّا یا کوئی ایسی ہی چیز جسے کشتی کے دونوں طرف لٹکادیا جاتا ہے تاکہ دوسری کشتی یا گھاٹ سے ٹکرا کر کشتی کو نقصان نہ پہنچے ؛ آلۂ مدافعت ؛ کوئی چیز جو روکنے یا حفاظت کے کام آئے ؛ مینڈ ؛ ٹکّر وغیرہ سےبچانے کی چیز ؛ آتش دان کا جنگلا ۔ (ب) ایک لمبا شہتیر جو پشتے یا ڈوک کی دیوار کے آگے حفاظت کےلئےلگا ہوتا ہے ۔(۳) مڈ گارڈ ؛ کیچڑ روک ۔(٤) دھات کی فریم جو آگ کے سامنے رکھی جاتی ہے تاکہ گرنے والے کوئلے کو کمرے میں آنے سے روک سکے؛ آگ روک ۔ (٥) ترام کا) جنگلہ؛ ٹکّر روک ۔ (٦) پانی روکنے کا دروازہ ؛ پانی روکنے یا نکالنے کا پھاٹک ؛ پانی روک ؛ لہر کا پھاٹک (کبھی کبھی) بند کا پانی ۔(۷) نقصان یا ٹوٹ پھوٹ سے بچانے والی چیز ؛ گاڑی کے سامنے کا بفر ؛ ٹکّر روک ۔(۸) ریل انجن کے آگے لگا ہوا ٹکّر روک ؛ گاڑی کے پہیے کا گارڈ ۔ (۹) سور کے بچوں کے رکھنے کے باڑے میں وہ ریلنگ جو سورنی کے بیٹھنے یا لیٹنے پر بچوں کو کچلے جانے سے بچانے کےلئے ہوتی ہے۔(۱۰) جلد سازی میں کاغذ کو ساٹتے وقت دوسرے اوراق کو بچانے کےلئے بیچ میں رکھا ہوا کاغذ ۔ (۱۱) ایک مستطیل یا مثلث نما چمڑے کی ڈھال جو سوار کے پاؤں کو محفوظ رکھنے کےلئے رکاب میں لگی ہوتی ہے ۔ (۱۲) (سول انجینیئرنگ) روک مینڈ؛ (الیکٹرک انجینیئرنگ) محافظ ؛ آگ روک ۔

Fender-bar : (n) جہاز کے آگے اور پیچھے لگا ہوا ٹکّر روک ۔

Fender-beam : (n) (۱) جہاز یا کشتی کے دونوں جانب لگی ہوئی شہتیر جو برف وغیرہ کو روکتی ہے ۔ (۲) ریلوئے لائن کے آخر میں گاڑیوں کو روکنے کے لئے لگا ہوا شہتیر ۔

Fender-bolt : (n) (۱) نکلے ہوئے سرے والی ایک چٹخنی یا کھٹکا جو اپنے ملے ہوئے حصوں کی حفاظت کےلئے بنائی گئی ہو ۔(۲) ایسی پیچ جو ٹکّر رو ک کو کَسے ہوئے ہو ۔

Fender-pile : (n) (جہاز رانی) ایک لمبا شہتیر جو پشتے یا ڈوک کی دیوار کے آگے حفاظت کےلئے لگاہوتا ہے ۔

Fender-post : (n) اڑے کے چوکھٹے کا نکلا ہوا کوئی محافظ ستون ۔

Fender-stool : (n) لمبا سا اسٹول ؛ (چوکی) جو آتش دان کے سامنے بچھائی جاتی ہے ۔

Fender-stop : (n) ریلوئے لائن کے آخر میں گاڑیوں کو روکنے کےلئے لگا ہوا شہتیر ۔

Fender-wall : (n) (تاریخ، اثریات) دفاعی دیوار ۔

Fendered : (a) ٹکّر روک لگا ہوا ۔

Fendering : (n) تکّر روک میں لگایا ہوا سامان ۔

Fenderless : (a) جس میں روک کی چیز نہ ہو ؛ آتش دان جس میں جنگلا نہ ہو ؛ بے روک ؛ بے جنگلا ؛ بے آڑ ؛ بے دروازہ ؛ بے محافظ ۔

Fendy : (a) (۱) (بول چال) حاضر دماغ ؛ خوش تدبیر ؛ سوجھ بوجھ والا؛ منتظم کار؛ انتظامی؛ لائق ؛ باصلاحیت ۔ (۲) کفایت شعار ؛ سلیقہ مند ؛ خوش حال ۔

Fenestella : (n) [L.] (۱) (تعمیرات) (گرجا کی عمارت میں) قربان گاہ یا منبر ؛ روزنہ (محراب) کے جنوب کی طرف دیوار کا چھوٹا دریچہ نما طاق ۔ (۲) چھوٹا دریچہ ؛ چھوٹی کھڑکی ؛ دریچہ نما کھلا ہوا حصہ ۔ (۳) (حیوانیات) مرکب الجسم جانور، جن کا علم سلوری چٹان سے اوپر اور زغالی چٹان سے نیچے کے چونا پتھر اور دوسری چٹانوں میں پائے گئے متحجر باقیات کے ذریعہ ہوا ۔

Fenestellid : (n) [f.L.'fenestell'.] (فوسلیات) ابتدائی دور حیات کے مرکب الجسم جانوروں کا خاندان ۔

Fenestra : (a) [L.] (۱) بیج کا کان اور کنگھوگھا کے درمیان کا گول سوراخ ۔ (۲) جراحی کے اوزار میں دریچہ نما تراش یا کٹاؤ ۔ (۳) کسی ہڈی کے کٹاؤ میں دریچہ نما منہ مثلاً کان کا اندرونی حصہ ۔ (٤) ایک چمکیلا دھبّا ؛ شفاف دھبّا (مثلاً کسی کیڑے کے پروں میں) ۔ (٥) تل چٹّا کے سر کے اوپر گڈھوں میں سے ایک جھلی سے ڈھکا ہوا سوراخ ۔ (٦) دیمک کے سر میں جھلّی دار خلا جو سامنے کی ہڈی سے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ہے ۔ (۷) ہڈی وغیرہ میں چھوٹا سوراخ یا چھید ۔ (۸) (نباتیات) بیج اور پھلی کے وصل کا نقطہ ؛ ایک چھوٹا نقطہ یا نشان جو اس حصے کی نشان دہی کرتا ہے جہاں بیج کیسہء تخم سے الگ ہوتا ہے نیز جھلّی کا منہ یا آر پار سوراخ ۔ (۹) (حیوانیات) سوراخ ؛ روزن ؛ نافذہ ؛ (تعمیرات) دریچہ ؛ روزن ؛ (حیوانیات) دریچی ؛ نافذہ ؛ روزنہ؛ (نباتیات) داغ ؛ خال ؛ (حیوانیات) شفاف داغ ۔

Fenestra ovalis : (حیوانیات) بیضوئی سوراخ یا روزن ؛ (تشریح) نافذہء بیضوی ؛ بیضوی دریچی ۔

Fenestra Rotunda : مدوّر نافذہ یا روزن ؛ (تشریح) نافذہء مدوّر ؛ گول دریچی ۔

Fenestra temporal : (n) (تشریح) نافذہء صُدغی ۔

Fenestra tympani : (n) (تشریح) نافذہء طَبلی ۔

Fenestra vestibuli : (n) (تشریح) نافذہء دہلیزی ۔

Fenestral : (a) [L.'fenestralis'.] (۱) دریچے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (تشریح) دریچہ نما چھوٹا سوراخ دار ؛ دریچہ نما سوراخ دار ۔ (۳) دریچہ نما سوراخ کا یا اُس سے متعلق ۔

Fenestral : (n) جھروکا یا آئینہ دار دریچہ جس میں شیشے کی بجائے کپڑا یا نیم شفاف کاغذ لگا ہوا ۔

Fenestrate : (a) (۱) (نباتیات، حیوانیات) چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا ؛ سوراخ دار ؛ چھوٹے دریچہ نما سوراخوں والا ۔ (۲) (حشریات) آر پار نظر آنے والے سوارخوں والا ؛ شفاف نقطوں والا ؛ (حیوانیات) نافذی ؛ نافذہ دار ۔

Fenestrated : (a) (۱) (تعمیرات)جھروکوں یا کھڑکیوں والا ؛ جس میں دریچے بنے ہوں ؛ دریچوں والا ۔ (۲) (نباتیات ، حیوانیات) چھوٹے چھوٹے سوراخوں والا ؛ سوراخ دار؛ چھوٹے دریچہ نما سوراخوں والا ۔ (۳) (حشریات) آرپار نظر آنے والا ؛ سوراخوں والا ؛ شفاف نقطوں والا ۔

Fenestrated membrane : (n) (حیوانیات) نافذہ دار جھلی ۔

Fenestration : (n) (۱) ترتیب یا وضع ؛ روشن دان (مکان میں دھوپ آنے کےلئے) ۔ (۲) (تعمیرات) عمارت میں کھڑکیوں ، دروازوں کی ترتیب ؛ کسی عمارت میں دریچے یا روشن دان بنانے کا عمل ۔ (۳) (حیوانیات، نباتیات) سوراخ دار ہونا یا ہوجانا ۔ (٤) کسی سطح پر چھید یا سوراخ ۔ (٥) اندرونی کان اور پردہء گوش کے درمیان جرّاحی کے ذریعہ ایک سوراخ بنانا جس سے آواز سنائی دے ؛ (حیوانیات) نافذیت ؛ (تعمیرات) دریچی ترتیب ۔

Fenestration operation : (n) اندرونی کان اور پردہء گوش کے درمیان جرّاحی کے ذریعہ ایک سوراخ بنانا جس سے آواز سنائی دے ۔

Fenestrato : (n) [L.'fenestrae'.] دریچوں کا مجموعہ جو دیکھنے میں ایک ہی دریچہ معلوم ہو اور جسے عمودی سلاخوں کے ذریعہ منقسم کیا گیا ہو (مثلاً وینس کے محلوں میں) ؛ جھلملی ۔

Fenestrule : (n) [L.fenestrula.] مرکب الجسم ؛ کثیر مسامی اور مخلوط النوع حیوانوں کے غنچہ حیوانیا میں موجود سوراخوں میں سے کوئی ایک نُفیذی ۔

Feng-huang/Fung-hwaang : (n) [Chin.(pek.) (۱) چینی دیومالا میں وہ چڑیا جو سواروں کے دستے کی نگہبانی کرتی ہے اور جس کا ظہور اقبال مندی کی علامت سمجھا جاتا ہے اور جسے مصوری کے فنی نمونے میں کبھی کبھی ملکہ کے علامت کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے ۔ (۲) چین کی سابق شاہی عدالت میں خوشنما پروں والی پالتو چڑیا جو اساطیری فنگ ہوانگ سے متعلق ہے اور جس کے بارے میں قیاس کیاجاتا ہے کہ خوش بختی کی علامت ہے ۔

Fengkieh : (a) [f.Fengkieh, city in central China.] چین کا شہر فینگ کے کا یا اُس سے متعلق ؛ فینگ کے میں مروج طرز یا قسم کا ۔

Fenian : (n) [OIr. 'fene'.] (۱) اس کا اطلاق اس مطلب پرست قبیلے پر ہوتا ہے جو پیسے کے عوض ارد رگ (Ard Rig) یا آئرستان کے بادشاہ کی حمایت میں مستقل فوج کی حیثیت سے سرگرم تھا ۔ (۲) آئرلینڈ میں انگریزی سلطنت کے خاتمے کے لئے امریکا میں رہنے والے آئرستانیوں کی بنائی ہوئی جماعت کا ایک رکن ؛ فینی ۔

Fenian : (a) (۱) فینی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) فینیوں کے اصول و مقاصد اور طریق کار کا یا اُس سے متعلق ۔

Fenianism : (n) فینینٹ ؛ فینیوں کے اصول و مقاصد اور طریق کار ۔

Fenks : (n) [Origin unkn.] وھیل مچھلی کی چربی کا ریشہ دار حصہ ؛ چربی کا خراب حصہ یا فضلہ (پگھلانے کےبعد) ؛ وھیل مچھلی کے پھولے ہوئے ہونٹ کا ریشہ دار حصہ جس میں روغن ہوتا ہے ۔

Fennec : (n) [Arab. 'fenek'.] (حیوانیات) (لمبی کان والی) ایک چھوٹی افریقی لومڑی ؛ لومڑی نما جانور (جس کے کان لمبے ہوتے ہیں) فنک ۔

Fennel : (n) [L.feeniculum.] (۱) (نباتیات) سویا ؛ سوا ؛ کئی سال تک بہار دینے والا ایک چھتردار خوشبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جو ترکاری ، چٹنی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) مذکورہ بالا پودے کی مثل پودوں پر بھی اطلاق ہوتا ہے ؛ (نباتیات) جنس سونف ؛ سونف ؛ بادیان ۔

Dog/Dogs fennel : (n) ایک قسم کا پودا یا بوٹی جو کرم کُش کے طورپر دواؤں میں استعمال کئے جاتے ہیں ۔

Hog's fennel : ایک طرح کا لمبی شاخوں والا پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Sweet fennel : (n) ایک خوشبودار پودا جو خانہ باغ میں لگایا جاتا ہے اور ترکاری ، چٹنی وغیرہ میں ذائقے کےلئے اس کی پتیاں ڈالی جاتی ہیں؛ مرزہ ۔

Fennel-flower : (n) شقیقی پودوں کی ایک نوع جس کے بیج کالے ہوتے ہیں ۔

Fennel-giant : (n) سونف کی نوع کا ایک پودا ۔

Fennel-oil : (n) ایک بے رنگ یا ہلکا زرد روغن جو سویے کے بیج سے حاصل ہوتا ہے اور جسے بطورخوشبو استعمال کیا جاتا ہے ۔

Fennel-seed : (n) سویے کا بیج ؛ سویے کے پھول کا بیج جو کبھی کبھی مسالے کے طورپر استعمال ہوتا ہے ۔

Fennel-water : (n) سویے کے بیج سے تیار کیا ہوا اسپرٹ جیسا رقیق ۔

Fennish : (a) [F. Fen+ish.] (۱) دلدل کی قسم کا ؛ دلدل نما ؛ گلابہ نما ؛ دلدل کی نوعیت کا ۔ (۲) دلدل سے متعلق یا دلدل سے پیدا شدہ ۔

Fenny : (a) [OE. f. 'fenn'.] (۱) دلدلی ؛ دلدل نما ؛ دلدل کی قسم کا ؛ دلدل کی نوعیت کا ؛ گلابہ نما ۔ (۲) دلدل سے متعلق ؛ دلدل سے پیدا شدہ ۔

Fenny : (a) [OE. f. fyne'.] (۱) (بول چال) پھپھوندی لگا ہوا ؛ جس میں پھپھوندی لگی ہو ۔ (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ دقیانوسی ؛ بار خاطر ۔

Fent : (n) [L.'findere.'] (۱) چغے یا زنانہ لباس میں ایک مختصر سا چاک ؛ گلے کے پاس مختصر کھلا ہوا حصہ ؛ نیز جیب کا منہ ۔ (۲) (عامیانہ) کپڑے کا بچا ہوا حصہ ؛ کسی بُنے ہوئے کپڑے کا چھوٹا اور نا مکمل کنارہ ۔

Fenugreek : (n) [L.'faenugrecum'.] میتھی؛ ایک پھلی دار پودا جس کے بیج بیطار استعمال میں لاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ، (نباتیات) حلبہ ؛ میتھی۔

Feodary/Feodatory : (۱) (اسکاتستانی قانون) خدمت کے صلے میں ملی ہوئی جاگیر (مزید دیکھیے Fee) آراضی جاگیر ؛ جاگیر میں ملا ہوا قطعہء زمین ۔ (۲) زمین کا جاگیری حق ملکیت جس میں اسامی مالک کو غلّے یا روپے کی شکل میں لگان ادا کرتا ہو Word اور Blanch کا برعکس؛ راس شرط پردی ہوئی زمین ۔ (۳) (موجودہ معنوں میں) وہ حق ملکیت جس کے ذریعہ سالانہ مالگذاری پر زمین قبضے میں رکھی جاتی ہے ؛ نیز اس کی سالانہ مال گذاری ؛ جاگیر کے طور پر ملا ہوا قطعہء زمین ۔ (٤) معینہ شرح پر دوامی پٹہ ؛ اس قسم کی زمین (تجارت) اجارہء جنسی (معاشیات) اجارہء دوامی ۔

Feoff : FIEF کا متبادل ۔

Feoff : [OF.f. 'fieu'.] دیکھو Enfe off

Feoff to uses : دوسروں کے لئے یا مخصوص کاموں کےلئے زمین وقف کرنا ۔

Feoffee : (n) [OF. 'feoffe.'] (۱) (قانون) وہ شخص جس کو مستقل حقّیت (جاگیر) قابل ارث عطا ہوئی ہو ۔ (۲) (قانون) خصوصاً ایسا متولی جس کے ماتحت خیراتی یا دوسرے عوامی بہبود کے کاموں کےلئے جاگیر ہو ۔

Feoffee in trust/Feoff of-/Feoffupon- : امین جاگیر ؛ متولی جاگیر ۔

Feoffment : (n) [AF. 'feoffemnt'.] (۱) عطائے حقّیت مستقل و قابل ارث خصوصاً جو حکم نامہ دخل دہانی کے ذریعہ عطا کی گئی ہو ۔ (۲) اس طرح عطا شدہ جاگیر ۔

Feoffor/-er .(n) (۱) جاگیر کو منتقل کرنے والا ۔ (۲) بے قاعدہ طور پر Feoffee کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Fer-de-lance : (n) (۱) (نقابت) نوک سنان یا برچھی کی نوک جو تمغے کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۲) برازیل کا ایک زہریلا سانپ جس کا سر نیزہ کی طرح ہوتا ہے؛ نیزہ سانپ ۔

Fer-de-moline : (n) (نقابت) چکی کے پاٹ کو گھومنے میں سہارا دینے والا لوہا ؛ بیرنگ ؛ دھرا ۔

Feracious : (a) [L.f.'ferre'.] بہت پھل دار ؛ مُثمر ؛ کثیر الاثمار؛ زیادہ پھل والا ؛ افراط سے پھل دینے والا ؛ کثیر بارآور ؛ کثیر التولید ؛ (نباتیات) زرخیز ۔

Feracity : (n) [L. 'feracitas'.] (نباتیات) زرخیزی ۔

Ferae naturae : (n) [L.] (جانور) جنگلی ؛ وحشی ؛ وہ جو پالتو نہ ہو ؛ (حیوانیات) جنگلی جانور ۔

Feral : (a) [L.'feralis'.] (۱) مہلک ؛ خوفناک ؛ جان لیوا ؛ مضرت رساں ؛ جان ستاں ؛ نقصان پہنچانے والا ؛ قاتل ؛ سفّاک ؛ تباہ کن ؛ وحشی درندہ ۔ (۲) عورت کا سا؛ جنازہ تجہیز وتکفین کے مناسب حال ؛ بےنور ؛ افسردہ ؛ ملول ؛ اُداس ؛ تاریک ؛ سُونا ؛ بے رونق ؛ افسردہ کن ۔

Feral : (a) [f. L. fera.] (۱) جنگلی ؛ غیرمانوس ؛ وحشی ؛ نہ سدھایا ہوا ۔ (۲) تنہا ؛ الگ تھلگ ؛ غیر سماجی ۔ (۳) (جانور) غیر پالتو ؛ بغیر سنوارا ہوا یا سدھایا ہوا ۔ (٤) خودرو ؛ جنگلی پودا ۔ (٥) جنگلی جانوروں جیسا ؛ جنگلی جانوروں کا یا اُن سے متعلق ؛ مثل حیوان وحشی ؛ بے درد ؛ شقی القلب ؛ ظالم ؛ ہوس پرست ؛ خونخوار ؛ جابر ؛ تند خو ؛ سفّاک ؛ بربری ؛ بدمزاج ؛ ان گڑ؛ بنجر؛ نادرست ۔ (٦) (نفسیات وغیرہ) وحشی ؛ جنگلی ؛ (حیوانیات) جنگل ؛ وحشی ؛ غیرمانوس ۔

Feral man : (n) (نفسیات وغیرہ) وحشی اُدمی ؛ جنگلی اُدمی ۔

Ferash : (n) [Arab. 'ferrash'.] فرّاش ؛ ایک ادنیٰ نوکر جس کے ذمہ فرش بچھانے، خیمہ نصب کرنے وغیرہ جیسے کام ہوتے ہیں ۔

Ferbam : (n) [fer+bamat'.] سیاہ سفوف کی شکل میں حاصل ہونے والا ایک مادہ Fe_3 [$(CH_3)_2$ NCSS] جو سماروغ یا کھمبی کو ضائع کرتا ہے ۔

Ferberite : (n) [f. Ferber proper name'.] ۱۹ویں صدی کے جرمن سائنس داں روٹولف فربر کی دریافت کی ہوئی جنوبی اسپین کی ایک عام خام دھات (جس سے نمکین مادہ نکلتا ہے) ($Fe WO_4$) ۔

Fere : (n) [OE.'gefera'.] (۱) (متروك) ساتھی ؛ دوست ؛ رفیق ؛ ہم سر ؛ شریک کار ؛ شریک وقت ؛ (خواہ مرد یا عورت) ۔ (۲) شوہر یا بیوی ۔ (۳) ہم سر ؛ برابری کا ؛ برابر ؛ مساوی ۔

Fere phenomenon : (نفسیات وغیرہ) نفسی برقی جوابی عمل ۔

Feretory : (n) [A perversion of ME. 'fertre'.] (۱) ایک نقل پذیر یا سفری حزنینہ* تبرکات یا تبرکات کا ظرف جو پُر تکلف طور پر آراستہ ہوتا تھا اور اُس میں بزرگوں کے تبرکات باقیات ، آثار یا نشانیاں رکھی جاتی تھیں ، کسی گرجا یا کلیسا کا وہ حصہ جس میں اولیا اللّٰہ وغیرہ کے تبرکات رکھے جاتےتھے ۔ (۲) مقبرہ ؛ مزار؛ روضہ ۔ (۳) تابوت ۔

Feretrum : (n) دیکھو Feretory

Fergusonite : (n) [f. 'ferguson'. (of Raith)+ite.] ایک بھوری مائل سیاہ دھات ، جو اساسی طور پر ٹیریم ، اربیم ، موبیم ، ٹینٹلم ، اور دوسری دھاتوں کے اوکسائڈ پر مشتمل ہوتی ہے . (Y,E_r,C_e,F_e) $(N_6,T_a,T_i,)O_4$ (کیمیا) فرگوسفائٹ ۔

Feria : (n) [L.] (کلیسا) ہفتہ کا کوئی دن خصوصاً کوئی عام دن اتوار کے سوا ؛ (تاریخ) ایسا دن جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ۔

Feria : (n) [Sp.] اسپین اور اسپین کی تہذیب سے متاثر دوسری جگہوں میں بازار کا ایک تیوہار یا بازاری تیوہار جو مقامی مذہبی تعطیل کے طور پر منایا جاتا ہے ؛ میلا ؛ نمائش ۔

Ferial : (a) [L.f. 'feria'.] (۱) (کلیسا) ہفتہ کے اُن دنوں سے متعلق یا ہفتے کےاس دن سے متعلق جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ؛ معمولی (عام دن) ۔ (۲) یو م تعطیل یا تیوہار سے متعلق ۔

Ferial : (n) ہفتہ کا ایک دن جب تیوہار یا روزہ نہ ہو ۔

Ferial day/-time : (n) (اسکاتستانی قانون) (وہ دن) جب عدالتیں بند رہتی تھیں اور قانونی کاروائیاں ناجائز سمجھی جاتی تھیں ۔

Ferial service : (n) جو عبادت اس دن کے لئے مقرر ہو ۔

Ferine : (a) [L. f. 'fera'.] (۱) جنگلی جانوروں سے متعلق یا اُن کی فطرت کا ؛ وحشی ؛ جنگلی ؛ غیر پالتو ؛ غیر سدھایا ہوا ؛ بہائم ۔ (۲) (آدمی کےلئے) بہائم جیسا ؛ وحشی ؛ بدکار ؛ شہوت پرست ؛ حیوان صفت ۔ (۳) (مرض کےلئے) سخت ؛ شدید؛ متعدی ؛ مہلک (شاذ) ۔

Ferine : (n) جنگلی جانور ؛ حیوانِ وحشی ؛ (حیوانیات) درندہ ؛ (طب) مہلک مرض ۔

Ferinely وحشیانہ ؛ بہیمانہ ؛ حیوان صفت ہوکر ۔

Ferineness : (n) وحشت ؛ بہیمت؛ وحشی پن ؛ حیوان صفتی ۔

Feringhee : (n) [Pers.'farangi'.] (۱) فرنگی ؛ یوروپی باشندے کےلئے ایک سابقہ ہندوستانی اصطلاح اب ہندی نژاد پرتگال کے لئے خاص طور پر استعمال ہوتا ہے، اور یوروپ کے دوسرے باشندوں کےلئے حقارت آمیز طورپر استعمال ہوتا ہے ۔

Ferio : (n) منطق میں اول قیاسی صورت کی چوتھی حالت (جس میں کوئی عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ نکلتا ہے) کی نمائندگی کرنےوالا ایک لفظ جس سے مذکورہ منطقی اصول کو بہ آسانی یاد رکھا جاسکے ؛ (نفسیات وغیرہ) فیری یو ۔

Ferison : (n) منطق میں تیسری قیاسی صورت کی چھٹی حالت (جس میں کوئی عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ نکلتا ہے) کی نمائندگی کرنے والا لفظ جس سے مذکورہ منطقی اصول کو بہ آسانی یاد رکھا جاسکتا ہو ؛ (نفسیات) فیری زن ۔

Ferity : (n) [L.ferilatem. f. 'ferus'.] (۱) وحشت ؛ بہیمیت ؛ درندگی ؛ خوں خواری ؛ خوں ریزی ؛ ہلاکت خیزی ؛ بربریت ؛ تند خوئی ؛ بدمزاجی ۔ (۲) خوں خواریت ؛ خوں ریزیت ؛ ظلم ؛ سفّاکیت ؛ جابریت ؛ جاہلیت ۔

Ferling : [OE. feordling f.] دیکھو Farthing

Ferly/Ferlie : (n) [OE.'faerlic'.] (۱) (اسکاتستانی بول چال) تعجب خیز بات ؛ حیرت انگیز واقعہ ؛ عجیب و غریب چیز یا منظر ؛ عجوبہ ؛ افواہ ۔ (۲) حیرت؛ تعجب ؛ استعجاب ؛ حیرانی؛ تحیر؛ اچنبھا ۔ (۳) وہم کی حالت میں نظر آنے والے غیر معمولی، خلاف فطرت یا عجیب وغریب انسان یا جانور ؛ وہمی بیولا ۔

Ferly : (v) (اسکاتستان) حیرت میں پڑنا ؛ تعجب کرنا ؛ حیران ہونا ۔

Fermage/Ferm (e) : Farmage, Farm, etc کے متبادل ۔

Fermail : (n) [med . L. f. 'firmare'.] (۱) (نقابت وغیرہ) سوا ؛ بکسوا یا کانٹا ۔ (۲) عہد وسطی کا کپڑے میں لگانے والا کانٹا جو گلے کو بند کرنے کے لئے مرد اور عورت دونوں ہی میں مستعمل تھا ۔

Fermat's Principle of least time : (بصریات) فرما کا اُصول اَقلّ وقت ۔

Ferment : (n) [L.'fermentum.'] (۱) خمیر ؛ جامن (ضامن) خمیر پیدا کرنے والی چیز ۔ (۲) ابال ؛ تخمیر ؛ جوش ۔ (۳) برافروختگی ؛ ہیجان ؛ شورش ؛ فساد ؛ ہلچل ؛ اضطراب ؛ کھلبلی ؛ پریشانی ؛ خوش جذبات ؛ ہنگامہ ۔ (٤) (کیمیا) خمیر ؛ (حیوانیات) خمیر ؛ خامرہ ؛ (سیاسیات) بکوہ ؛ (عضویات) حرکتِ روده ۔

Ferment : (v) (۱) اُبلنا ؛ جوش اُٹھنا ؛ اونٹنا ؛ جوش مارنا ؛ خمیر دینا ۔ (۲) بھڑکانا ؛ جوش دینا ؛ اُبالنا ؛ خمیر کرنا ؛ خمیر پیدا کرنا ۔ (۳) برافروختہ کرنا ؛ ہنگامہ فساد کرنا یا کرانا ؛ برافروختہ ہونا (سیاسی اغراض میں) ؛ پریشان کرنا؛ ہیجان پھیلانا؛ کسی ہنگامی تحریک میں حصہ لینا ؛ بھڑکانا ؛ اُکسانا ؛ جوش دلانا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا (جذبات کو گرمانا ، برانگیختہ کرنا)؛ شورش پیدا کرنا ۔ (٤) ہلانا؛ حرکت دینا ؛ اچھی طرح چلا دینا تاکہ مختلف اجزا کُھل مل جائیں ۔ (٥) (کیمیا) تخمیر ۔

Fermentability : (n) (کیمیا) افتخار پذیری ۔

Fermentable : (a) (۱) قابل خمیر ؛ جس میں خمیر پیدا ہوسکے ؛ لائق تخمیر ۔ (۲) جوش کے قابل ؛ ہیجان کے لائق ؛ اشتعال انگیز یا خیز ؛ (کیمیا) اختمار پذیر ۔

Fermetarian : (n) [f. L.fermentumtum .] لاطینیوں کے ذریعہ یونانی عیسائیوں کےلئے استعمال ہونے والا ایک ملامت آمیز لفظ کیونکہ آخر الذکر عشائےربانی میں خمیری روٹی کا استعمال کرتے ہیں ۔

Fermentation : (n) (۱) خمیر پیدا کرنے یا ہونے کا عمل یا طریق عمل ؛ تخمیر ؛ جوش اُبال ۔ (۲) جوش ؛ ہیجان ؛ ولولہ ؛ حرکت ؛ اضطراب ؛ شورش ؛ کھلبلی ؛ بیچینی ؛ حرکت و عمل بعض اوقات (اچھے کاموں کے لئے) ؛ (کیمیا) تخمیر ؛ تخمیر کاری ؛ اختمار ؛ (حیوانیات) تخمیر؛ (نفسیات) ہیجان ؛ جوش ۔

Fermentation tube : (n) (کیمیا) خمیر کاری نلی ۔

Fermentative : (a) (۱) خمیر اٹھانے والا ؛ خمیر آور ؛ خمیر انگیز ۔ (۲) تخمیری ؛ خمیر کا ؛ خمیر سے متعلق یا خمیر کی نوعیت کا ؛ خمیری ۔ (۳) مائل بہ خمیر ؛ مائل بہ خمیر انگیزی ۔ (٤) پُر جوش ؛ پُر ہیجان ؛ جوش آور ؛ اشتعال انگیز ؛ مفسد ۔ (٥) (کیمیا) اختماری ؛ مُخمّر ۔

Fermentatively : (adv.) خمیریت ؛ تخمیری طور پر ؛ مائل بہ تخمیر ہو کر پُر جوش طریقے سے ؛ فساد انگیزی سے ۔

Fermentativeness : (n) تخمیر ؛ خمیر انگیزی ؛ خمیرآوری ؛ جوش؛ اُبال ؛ ہیجان ؛ اشتعال یا اشتعال خیزی؛ فساد انگیزی ۔

Fermentatory : (a) خمیری ؛ تخمیری ؛ ہیجان ؛ اشتعال ؛ فساد انگیزی ؛ خمیر کا یا اس سے متعلق ۔

Fermented : (a) (کیمیا) خمیر اُٹھا ہوا ؛ (حیوانیات) تخمیر شدہ ؛ (کیمیا) مُخمّر ۔

Fermented bread : (n) خمیری روٹی ۔

Fermented liquor : (n) (کیمیا) مُخمّر ؛ مائع ؛ شراب ۔

Feermentescible/-iscible : (a) خمیر پیدا کرنے یا خمیر بننے کے لائق ؛ خمیر انگیز ؛ ہیجان خیز ؛ اشتعال انگیز ۔

Fermenting : (n) (کیمیا) زیر اختمار ۔

Fermentive : (a) مائل بہ خمیر انگیزی ؛ (کیمیا) مُخمّر ۔

Fermentotogist : (a) ماہر خمریات ۔

Fermentology : (n) علم خمریات ؛ وہ علم جو خمیر یا تخمیر سے بحث کرتا ہو ۔

Fermery/Farmery : اسپتال ؛ دارالشفاء ؛ شفاخانہ ؛ بیمار خانہ ۔

Fermi distribution : (n) (طبیعیات) فرمی تقسیم ۔

Fermi effect : (n) (طبیعیات) فرمی اثر ۔

Fermi level : (n) (طبیعیات) فرمی سطح ۔

Fermi threshold : (n) (طبیعیات) فرمی دہلیز ۔

Fermiere : (a) [F.] سادہ طور پر تیار کیا ہوا دیہاتی کھانا ۔

Fermion : (n) (طبیعیات) فرمیان ۔

Fern : (n) [O.E. fearn.] (نباتیات) پھول نہ دینے والے پودوں کی ایک قسم ؛ فرن ؛ سرخس ؛ فرن کا پودا یا اُس کا وہ ورق نما عضو (جو بعض غیر پھول کے پودوں میں شاخ اور پتّوں کے جوڑ پر پیدا ہوجاتا ہے اور جو معمولی پودوں کے پتوں سے مختلف ہوتا ہے) ؛ (نباتیات) کرف ؛ سرخس ؛ فرن ۔

Flowering fern/Royal- : ایک قسم کی فرن جس میں لمبے دو پتیا ورق نما عضو ہوتے ہیں اور جن کے سرے پر تخمکون کی گچھیا ہوتی ہے ۔

Hard fern/ lady-/Male-/Prickly - : فرن کی مختلف قسمیں ۔

Fern bird : (n) عصفور کی طرح کا ایک پرندہ ؛ گوریا کی طرح کا ایک پرندہ ۔

Fern bracken : (n) فرنوں کا جُھنڈ ۔

Fern brake : (n) فرن کی گھنی جھاڑی ۔

Fern chafer : (n) ایک طرح کا بھونرا ۔

Fern like : (n) فرن سے مشابہ خصوصاً پتوں میں ۔

Fern-owl : (n) ایک قسم کی ابابیل (جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ رات کو بکریوں کا دودھ پی جاتی ہے) ؛ چھوٹے کان والا اُلّو ۔

Fern seed : (n) فرن کا بیج جس کے بارے میں عام طور پر فرض کیاجاتا تھا کہ وہ نا قابل دیدھوتا ہےاور جس کے پاس ہوتا ہے اُسے بھی غیرمرئیت بخشتا ہے ۔

Fern tree : (n) فرن کا درخت ؛ درخت والا فرن ۔

Fern web : (n) ایک طرح کا بھونرا ۔

Fern weevil : (n) (آسٹریلیا یاپیسفک آئرلینڈ) ایک سونڈ دار کیڑا (کرم دانہ یا گھن وغیرہ) جو فرن پر ہی بسر کرتا ہے ۔

Fernd : (a) فرن سے بھرا ہوا یا ڈھکا ہوا ۔

Fernery : (n) فرن خانہ ؛ فرن کا گملا ؛ وہ مقام جہاں فرن کو لگایا جاتا ہو ؛ وہ جگہ یا شیشہ کا گملا جس میں فرن کے پودے اُگائے جاتے ہیں ؛ (نباتیات) کرف زار ۔

Ferngale : (n) فرن شیریں ۔

Fernless : (a) بےغیر فرن کا ؛ بے فرن ۔

Fernticle : (n) (عامیانہ) فرن کے بیج جیسا دھبا جو جلد پر ہوتا ہے ؛ جھائیں ۔

Ferntickled : (a) جس کی جلد پر فرن کے جیسا دھبا ہو ؛ جھائیں دار ۔

Ferny : (a) (۱) فرن دار ؛ فرن سے بھرا ہوا ۔(۲) فرن کا ؛ فرن سے متعلق یا فرن پر مشتمل ۔(۳) فرن کے مشابہ ؛ فرن کے مانند ؛ فرن جیسا ۔

Ferocious : (a) [L.'ferox'.] بے رحم ؛ خوں خوار ؛ خوں آشام ؛ درندہ صفت ؛ ظالم ؛ سفّاک ؛ ہلاکت خیز ؛ مضرت رساں ؛ تند خو ؛ آتش مزاج ؛ غضب ناک ؛ تخریب کار ؛ مخرّب ؛ تباہ کن ؛ نقصان پہنچانے والا ؛ جابر ؛ وحشی ؛ بربری ؛ (حیوانیات) خوں خوار درندہ ۔

Ferociously : (adv.) بے رحمی سے ؛ خوں خواری سے ؛ خوں آشامی سے ؛ سفّاکانہ ؛ تخریب کاری سے ؛ ہلاکت خیزی سے ؛ وحشیانہ ؛ جابرانہ ۔

Ferociousness : (n) بے رحمی ؛ خوں خواری ؛ درندگی ؛ خو ں آشامی ؛ تخریب کاری ؛ ہلاکت خیزی ؛ تند خوئی ؛ آتش مزاجی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ اشتعال ۔

Ferocity : (n) جوش ؛ جوشیلا پن ؛ تندخوئی ؛ غضب ناکی ؛ آتش مزاجی ؛ ظلم ؛ خوں خواری ؛ سفّاکی ؛ بربریت؛ وحشی پن ؛ غیر متمدنیت ؛ جابریت؛ بےرحمی ؛ درندگی ؛ درندہ پن ؛ (حیوانیات) بےرحمی؛ درندگی ؛ خوں خواری ۔

Feronia : (n) (نباتیات) (جنسیات) کیتھ۔

-ferous : (suffix.) [L. -fer] (۱) لاحقے کےطور پر صفت کے بعد لگایا جاتا ہے ؛ صفتی لاحقہ ۔(۲) آور ؛ خیز ؛ انگیز ؛ دار ؛ (بہ طور لاحقہ) ۔

Ferox : (n) [L.'ferox.'] ایک بڑی قسم کی مچھلی ؛ ٹراؤٹ مچھلی جو بڑی جھیل یا تالاب کے میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے ۔

Ferrate : (n) [L.'ferrum'.] (کیمیا) فریک ایسڈ کا ایک نمک ؛ فریٹ ؛ نمک آہن ۔

Ferreous : (a) [L.'ferreus'.] (۱) آہن آمیز ؛ لوھے سے متعلق ؛ لوھے پر مشتمل یا لوھے کا حامل ۔ (۲) مثل آہن ؛ آہن جیسا ؛ لوھے جیسا ؛ (سختی میں) ؛ آہن نما یا آہن جیسا (رنگ) ۔ (۳) (کیمیا) آہنی ؛ آہن آمیز۔

Ferret : (n) [OFr. fuiret.] (۱) نیولے کی قسم کا ایک نیم پالتو جانور جو خرگوشوں اور چوھوں کو اُن کے بلوں سے بھگانے یا اُن کا شکار کرنے کےلئے پالا جاتا ھے ؛ خرگوش مار ؛ فیرٹ ۔ (۲) ڈھونڈھنےوالا ؛ کھوج لگانے والا ؛ جاسوس ۔ (۳) وہ طیّارہ جو راڈار اور اس کے سگنلوں کا پتا لگانے کےلئے مناسب آلات سے مُزیّن ھوتا ھے سُراغ لگانے والا طیّارہ ؛ سراغ جُو طیّارہ ۔ (٤) (کیمیا) فیریٹ ؛ (حیوانیات) نمس ؛ سفیدنیولا ۔

Ferret : (n) [Cf. it. 'fioretti'.] مضبوط ؛ ریشمی یا سوتی فیتہ ۔

Ferret : (v) (۱) فیرٹ جانور کے ذریعہ شکار کھیلنا ؛ خرگوش مار سے خرگوش کا شکار کرنا ۔ (۲) (فیرٹ کے ذریعہ)خرگوشوں، چوھوں وغیرہ کو سوراخوں اورزمین سے بھگا دینا۔ (۳) تعاقب کرنا ؛ ستانا ؛ تنگ کردینا ؛ ناک میں دم کردینا ؛ پیچھے پڑجانا ؛ بھگا دینا ۔ (٤) (کسی جگہ کو) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ سراغ لگانا (راز یا مجرم وغیرہ کا) ؛ چھان مارنا (کتاب ، مکان ، جیب وغیرہ) ؛ ڈھونڈ نکالنا ۔ (٥) out اور up کے ساتھ کھوج نکالنا ؛ دریافت کرلینا ؛ کھود کھود کر نکالنا ؛ روشنی میں یا منظر عام پر لےآنا ؛ پردے سے باہر لانا ۔

Ferret badger : (n) نیولے کی شکل یا قسم کا بچہ دینے والا جانور ۔

Ferret eye : (n) ایک تیز پرواز ہنس جس کی آنکھوں کے گرد سرخ دائرے ھوتے ہیں ۔

Ferret-polecat ; (n) پول کیٹ اور فیرٹ کے نسلی اختلاط سے پیدا شدہ ایک چالاک فیرٹ ؛ دوغلا فیرٹ ؛ مخلوط النسل خرگوش مار ۔

Ferreter : (n) فیرٹ کے ذریعے شکار کرنےوالا یا اُس کے ذریعہ خرگوشوں، چوھوں وغیرہ کا بھگا دینے والا ؛ تعاقب کرنے والا ؛ تلاش کرنے والا ؛ سُراغ لگانے والا ؛ دریافت کرلینے والا ؛ متلاشی ؛ متعاقب ؛ دریافت کنندہ ؛ سُراغ جُو ۔

Ferreting : (n) مضبوط ریشمی یا سوتی فیتہ ۔

Ferretout : (v) ھوشیاری ، مستعدی ، انہماک اورچابک دستی کے ساتھ کسی چیز کا سُراغ لگانا ۔

Ferretto : (n) [L.'ferrum'.] گندھک یا سفید توتیا کے ساتھ کشتہ کیا ھوا تانبہ جو شیشوں کو رنگنے کے کام آتا ھے ۔

Ferrety : (a) (۱) فیرٹ کا یا فیرٹ جیسا ۔ (۲) چڑ چڑا ۔ (۳) جاسوسانہ ۔

Ferrid-/Ferr- : جزو ترکیبی جو لوھے کے (انتہائی قوت پیوستگی کا حامل) ھونے پر دلالت کرتا ھے ۔

Ferriage : (n) [f. ferri+age.] (۱) کشتی میں بھر کر یا سوار کرکے لے جانا ۔ (۲) کشتی کا کرایہ ۔

Ferric : (a) [L.ferrum+ic.] (۱) لوھے کا ؛ لوھے سےمتعلق ؛ لوھے سے نکالا ھوا ۔ (۲) (کیمیا) اس کا اطلاق ان مرکبات پر ھوتا ھے جن میں لوہا یا فولاد اپنی انتہائی قوت پیوستگی رکھتا ھو ، مثلاً فیرک ایسڈ ؛ ایک مفروضہ تُرشہ (H_2 FeO) جو ان نمکیات میں جنہیں Ferretes کہاجاتا ھے موجود سمجھا جاتا ھے؛ (کیمیا) فیرک ؛ آہنی ۔

Ferric alum : (n) (کیمیا) لوہ پھٹکری ۔

Ferricyan hydric acid/Ferricyanic acid : ایک طرح کا فولادی تُرشہ (H_4 Fecy$_6$) ۔

Ferricyanide : (n) فیری آن ہائیڈرک ایسڈ کا نمک ؛ ایک قسم کے فولادی تُرشے کا نمک ۔

Ferricyanogen : (n) (Fecyz) ایک مفروضہ اساس جز مستقل جو Ferricyan hydric ایسڈ میں موجود سمجھا جاتا ھے ۔

Ferrier : (n) ناخدا ؛ کشتی کا نگہبان ؛ کشتی کی دیکھ بھال کرنے والا ؛ کشتی چلانے والا ؛ مانجھی ۔

Ferrier : (n) دیکھو Farrier

Ferrier's experiment : (n) (نفسیات وغیرہ) فیریر کا اختیار ۔

Ferriferous : (a) [L.'ferrum'+ (i) FERPUS.] آہن دار ؛ حامل آہن ؛ آہن خیز ؛ لوھےوالی ؛ جس میں سے لوہا نکلے ؛ جس میں لوہا موجود ھو ؛ آہنی ؛ (کیمیا) آہن خیز ؛ آہن دار ۔

Ferriferous rocks : (n) آہنی چٹانیں ؛ آہن دار چٹانیں ؛ آہن خیز چٹانیں ۔

Ferris : (n) [f. the name of G. W. G. 'Ferris' U. S . engineer.] چرخ ہنڈولے کا موجد امریکی انجینیئر جس نے ۱۸۹۳ء میں کولمبیا کی عالمی نمائش کےلئے شکاگو میں چرخ ہنڈولے (فیرس وہیل) کا ڈیزائن تیار کیا تھا ۔

Ferris wheel : (n) چرخ ہنڈولا (جو بچوں کی تفریح کے لئے ہوتا ہے جس کی شکل ایک بڑے پہیے کی سی ہوتی ہے اور جس میں بیٹھنے کی جگہیں بنی ہوتی ہیں اور جو عمودی حالت میں تیزی سے گردش کرتا ہے) ۔

Ferrite : (n) [L. 'ferrum'+ITE.] (۱) (معدنیات) لوہے کا غیر طبعی ہائیڈرو کسائڈ جس کے مرکبات غیر معین ہوتے ہیں ؛ فیرائٹ ۔ (۲) (کیمیا) فلزاتی اکسائڈ کے ساتھ لوہےکے اکسائڈ کا ایک مرکب؛ کچا لوہا ؛ کچدھات آہن ؛ فیرائٹ ۔

Ferro- : (comb.) [f. L. 'ferrum'.] (۱) جزو ترکیبی بمعنی لوہا؛ آہن خصوصاً معدنیات کی ان قسموں کےناموں کے ساتھ آتا ہے جن میں لوہا موجود ہوتا ہے ۔ (۲) لوہے کے 'ferric' کی بجائے اب 'ferrous' مرکبات بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Anti ferro : ضد فیر و ۔

Ferro-alloy : (n) (کیمیا) لوہے کا بھرت ؛ فیرو بھرت ؛ (معدنیات) آہنی بھرت ۔

Ferro-aluminium : (n) (کیمیا) فیر و المونیم ۔

Ferro-calcite : (n) کیلسائٹ کی ایک قسم جس میں لو ہے کا کاربونیٹ ہوتا ہے اور جو ہوا لگنے پر بھورا ہوجاتا ہے ۔

Ferro-carbon : (n) (کیمیا) فیرو کاربن ۔

Ferro-chrome : (n) (کیمیا) فیرو کروم ۔

Ferro electirc : (a) (طبیعیات) فیرو برقی ؛ لوہ برقی ۔

Ferro electric material : (n) (طبیعیات) فیرو برقی مادہ ۔

Ferro electric properties : (n) (طبیعیات) فیرو برقی خواص ۔

Ferro electrics : (n) (طبیعیات) فیرو برقیات ۔

Ferro magnetic material : (n) (طبیعیات) فیرو مقناطیسی مادہ ۔

Ferro-paper : (n) (فوٹوگرافی)فیرو کاغذ ؛ عکس آہنی کا غذ ۔

Ferro-print : (n) (فوٹوگرافی) عکس آہنی چھاپہ ۔

Ferro unanium : (n) لوہے اور یورنیم پر مشتمل ایک خام دھات ۔

Ferro vandium : (n) [ferro + vanadium.] لوہے اور وینڈیم کا خام مرکب جو اسپات اور ڈھلائی کا لوہا بنانے کے کام آتا ہے ۔

Ferrocyanhydric acid/Ferrocyanic- : (n) ایک چہار اساسی ترشہ (H_4FeCy_2) جو سفید بلوری شکل کا ہوتا ہے ۔

Ferrocyanide : فیروسیانہائڈرک ایسڈ کانمک جیسےپوٹاشیم فیروسیانائڈ ۔

Potassium ferrocyanide : (n) پوٹاش کا زرد پروشینیٹ ۔

Ferrocyanogern : (n) ایک مفروضہ جزو مستقل ($Fe\ Cy_2$) جو فیروسیانائڈ میں موجود سمجھا جاتا ہے ۔

Ferromagnetic : (a) مقناطیسی (یعنی وہ جو صرف magnetic ہو مگر Dia magnetic نہ ہو) ؛ مزید دیکھو Paramagnetic ؛ فیرو مقناطیسی ؛ لوہ مقناطیسی ۔

Ferromagnetism : (n) (طبیعیات) فیرو مقناطیسیت ؛ مزید دیکھئے Paramagnetism ۔

Ferromanganese : (n) لوہے اور مینگنیز کا مرکب (جس میں ۱۵فیصد اور اس سے زیادہ مینگنیز ہوتا ہے) ۔

Ferrometer : (n) (کیمیا) آہن پیما ۔

Ferronickle : (n) لوہا اور نیکل ملی ہوئی ایک خام دھات جو کبھی کبھی نیکل فولاد بنانے کے کام آتی ہے ۔

Ferrophosphorus : (n) لوہے اورفاسفورس کی ملی ہوئی خام دھات ۔

Ferroprussiate process : (n) بلوپرنٹ تیار کرنے کا عمل یا طریق عمل ۔

Ferrosilicon : (n) لوہا اور سیلیکون ملی ہوئی ایک خام دھات جس میں ۱۵ سے ۹۵ فیصد تک سیلیکون ہوتا ہے اور جو پگھلے ہوئے فولاد کو ڈی آکسیڈائزڈ کرنے اور سیلیکون اسٹیل بنانے کے کام آتا ہے ۔

Ferroso- : (comb.) [mod. L.'ferrous'.] جزو ترکیبی بمعنی Ferrous ۔

Ferroso-ferric oxide : (n) فیروسوفیرک آکسائیڈ ؛ لوہے کا ایک اکسائڈ (Fe_3O_4) ۔

Ferrotungsten : (n) لوہا جس میں معینہ مقدار میں ٹنگسٹن ملا ہوا ہو ۔

Ferrotype : (n) [Ferro+Type.] (۱) ایک طریقہ جس کے ذریعہ لوہے کے باریک ورق پر مثبت تصویریں (پوزیٹو فوٹوگراف) اتاری جاتی ہیں ؛ اس طرح عکس اتارنے کا عمل ۔ (۲) اس طرح اتارا ہوا عکس یا تصویر ؛ (فوٹو) فیروٹائپ ؛ ٹین ٹائپ ۔

Ferrous : (a) [L.'ferrum'+OUS.] (کیمیا) ایک اصطلاح جس کا اطلاق ایسے مرکبات پر ہوتا ہے جن میں لوہے کے دو حصے ہوتے ہیں یا جن میں لوہا ایک divalent کی حیثیت سے ہوتا ہے؛ (مثلاً فیرس آکسائڈ) فیرس ؛ آہنی ۔

Ferrous oxide : (n) فیرس اکسائڈ ؛ ایک مرکب جس میں لوہے کے جزو ہوتے ہیں (Feo) ؛ زنگ ۔

Ferrous sulphate : (n) (کیمیا) ہیراکسیس ؛ زاج سبز ۔

Ferroxyl indicator : (n) (کیمیا) فیروکزل مظہر ۔

Ferruginate : (v) [L. 'ferrugo.'] (۱) لوہے کے رنگ یا خواص کو زنگ آلود کرنا ۔ (۲) لوہے کو مرکب سے بھر دینا یا رنگ دینا ۔

Ferruginated : (a) زنگ آلودہ ۔

Ferrugineous : (a) دیکھو Ferruginous

Ferruginous : (n) (۱) لوہے کے زنگ کا حامل یا اس کی نوعیت کا؛ زنگ آلود ؛ زنگ نما ؛ زنگ دار ؛ لوہے کی نوعیت کا یا لوہے کا حامل ؛ آہن نما ؛ لوہے جیسا ؛ مثل آہن ؛ آہن دار ؛ جس میں لوہا یا لوہے کا زنگ بطور ایک کیمیائی جزو کے پایا جائے ۔ (۲) لوہے کے زنگ جیسے رنگ کا ؛ سرخی مائل بھورا ؛ (کیمیا) لوہا بردار ؛ حدیدی ؛ آہن دار؛ (نباتیات) زنگاری ؛ زنگ نما ۔

Ferruginous : (n) سرخی مائل بھورا رنگ ۔

Ferruginous-colour : (n) لوہا بردار رنگ ۔

Ferruginous-quartz : (n) (کیمیا) لوہا بردار سنگ مردہ ؛ لوہا بردار کوارٹز ۔

Ferruginous roughleg/-legged hawk : (n) ایک قسم کا بڑا ہلکے رنگ کا اور کھردرا پیر والا شاہین یا باز ۔

Ferruginous-sand stone : (n) (کیمیا) لوہا بردار ریتیلا پتھر ۔

Ferrule/Ferrel : (n) [L.'firiola'.] (۱) دھات کی بنی ہوئی رنگ یا ٹوپی جو چھڑی یا نلکی وغیرہ کے سرے پر مضبوطی کے لئے یا اُسے پھٹنے سے بچانے کےلئے لگائی جاتی ہے ؛ لکڑی یا چھڑی کی شام یا نلی کا سرا ۔ (۲) کوئی بھی حلقہ یا اس طرح کا بندھن جو کسی چیز کی مضبوطی کےلئے یا کسی چیز کے ٹکڑوں کو بہم بستہ رکھنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۔ (۳)) (اسٹیم انجن) ایک سوراخ دار ڈاٹ ، چھلا یا بُش جو دود کش یا بوائلرمیں پانی تک گرمی پہنچانے والی نلی کےمنہ کو پھیلانے کےلئے لگائی جاتی ہے ۔ (٤) (تاریخ) شام (چھڑی ڈنڈے وغیرہ کی) ؛ چوڑی کا جوڑ ؛ انگشتانہ ؛ (تشریح) حلقۂ دندانی ۔

Ferrule/Ferrel : (v) چھڑی ، نلکی وغیرہ میں چھلا (رنگ) یا ٹوپی (کیپ) لگانا ۔

Ferruled : (a) چھلے دار ؛ ٹوپی دار ؛ چھلا یا ٹوپی لگی ہوئی (چھڑی یا نلکی) ۔

Ferrum : (n) (کیمیا) حدید ؛ آہن ؛ لوہا (عُنصر ، دھات) ۔

Ferry : (n) [f.the V.] (۱) وہ جگہ جہاں کشتیوں کے ذریعہ مال اور آدمیوں کو دریا وغیرہ کے اُس پار لے جایا جاتا ہے ؛ کشتیوں کی گذرگاہ ۔ (۲) کشتیوں کے ذریعہ ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک آمد ورفت کی مناسب جگہ یا موقع ؛ گھاٹ ؛ کشتیوں کا اڈا ۔ (۳) (قانون) آدمی اور جانوروں کو کشتیوں کے ذریعہ ندی وغیرہ کےپار لانے لیجانے اور اس کام کےلئے محصول لگانے یا وصول کرنے کا حق ؛ کشتی پر اتارنے یا لیجانے کا حق ؛ کشتی کا محصول وصول کرنے

کا حق ؛ گھاٹ اترائی ۔ (٤) کسی سمندر یا بر اعظم کے پار سامان پہنچانے کےلئے ایک منظم ہَوائی سروس یا فضائی راستہ ؛ آدمی یا سامان کی ہَوائی نقل و حرکت (ایک جگہ سے دوسری جگہ تک) ۔ (٥) معبر ؛ گھاٹ (الکٹرانچ) فیری (بھرت) ۔

Ferry : (v) [OTeut.'farjan'.] (١) ناؤ یا کشتی کے ذریعہ پار اُتارنا یا لے جانا (آدمی ، سامان وغیرہ) ۔ (٢) (کشتی وغیرہ کا) دریا پر ادھر اُدھر جانا آنا ۔ (٣) جانا ؛ ناؤ یا کشتی کَے ذریعہ دریا پار کرنا یا ہونا ؛ کشتی میں سوار ہوکر دریا پار کرنا ۔ (٤) (کشتی وغیرہ کا) دریا میں چلانا یا اُس کا انتظام کرنا ۔ (٥) (ہَوائی جہاز کا) کارخانے یا بندرگاہ سے ٹیلیوری کی جگہ تک یا ایک اڈے سے دوسرے اڈے تک پرواز کرنا ۔ (٦) ہَوائی جہاز کے ذریعہ مال کی نقل و حمل کرنا ۔

Ferry-boat : (n) مسافر کشتی ؛ مسافروں کو دریا یا کسی آبنائے کے پار لے جانے لانے والی کشتی ۔

Ferry bridge : (n) (١) ایک قسم کی کشتی جس میں ریلوے ترین دریا یا خلیج کے اس پار لائی لے جائی جاتی ہے ؛ ریل گاڑی کو دریا پار کرانے والی کشتی ۔ (٢) ایک معلق یا تیرتا ہوا ڈھانچہ جو گھاٹ سے لچکیلے طور پر بندھا ہوا ہوتا ہے اور جس سے کشتی کو آنے جانے میں سہولت ہوتی ہے ۔

Ferry car : (n) ایک ریل روڈ کار جو عموماً بڑے کارخانوں میں حدود کے اندر جابہ جا جہاز سے آتے ہوئے مال کی تقسیم یا لانے جانے والے مال کو جمع کرنے یا اسے کارخانے میں لےجانے یا وہاں سے لانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Ferry-electric : (a) فیری برقی ۔

Ferry-flat : (n) کرائے کی کشتی کےطور پر استعمال ہونےوالی ایک چپٹے پیندے کی کشتی ۔

Ferry-house : (n) (١) خانہء نا خدا ؛ کشتی کی نگہبانی یا دیکھ بھال کرنے والے کے رہنے کا مکان ۔ (٢) جہاز گھاٹ پر بنا ہوا وہ مکان نما ڈھانچہ جس پر عموماً ٹکٹ آفس ؛ ویٹنگ روم اور مسافروں کے لئے دیگر سہولتوں کا انتظام رہتا ہے ۔

Ferry man : (n) Ferrier دیکھو

Ferry-place : (n) دریا وغیرہ پار کرنے والی کشتیوں کو ٹھہرنے کےلئے استعمال کی جانے والی یا قابل استعمال جگہ ۔

Ferry-push-car : (n) ایک لمبی چپٹی کار جو بہت زیادہ ڈھلواں جگہوں پر جہاں انجن کا کام کرنا مشکل ہوتا ہے ، انجن اورڈبوں کے درمیان ایک پُل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

Ferry railway : (n) ایسا ریلوے جس کی پٹری دریائی راستے کی تہ میں ہوتی ہے اور جس کی گاڑی کےلئے ایک بلند عرشہ ہوتا ہے جو ٹرین کو سہارا دیتا ہے ۔

Fersmanite/Fersmannite : (n) [f. Aleksaudr E. 'fersman,' Russ. mineralogiot.] ایک قسم کی دھات $(N_a C_a)_2 (Ti, C_b) S_i (O.F)_6$ جو سوڈیم ، کیلشیم ، ٹیٹینیم اور کولمبیم سلیکیٹ کے فلورائڈ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Fersmite : (n) [as. pree.] ایک قسم کی دھات $C_a C_e. (C_b, T_i)_2 (O, F)_6$ جو سیریم اور ٹیٹینیم کے ساتھ کیلشسم اور کولمبیم کے اکسائڈ اور فلورائڈ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Fertile : (a) [L.f. 'ferre'.] (١) کثرت سے پیدا کرنے والا : کثیر التولید ؛ کثیر بار آور ؛ بارآور ؛ مثمر ؛ ثمر آور ؛ بچہ خیز ؛ کثیر زا ؛ ثمر خیز ؛ بہتات سے پیدا کرنے والا ؛ زرخیز ۔ (٢) زرخیزی لانے یا بڑھانے والا ؛زرخیز کن ۔ (٣) ذکی ؛ حاضر دماغ ؛ سوجھ بوجھ والا ؛ خیال و تصور کی بھر پور قوت کا حامل ؛ رسا (دماغ، ذہن وغیرہ) ؛ تخلیقی؛ ایجادی؛ اختراعی ۔ (٤) کثیر؛ وافر ؛ بہ افراط ؛ فراواں ؛ بھرپور ۔ (٥) نمو خیز ؛ نشو و نما یا ترقی کےلئے موافق حالات یا بہت زیادہ امکانات مہیا کرنے والا ۔ (٦) (بیج یا انڈا) لائق نمو ؛ اپجاؤ ؛ بارآور ؛ ثمر آور ؛ ثمر خیز ۔ (٧) حامل زر (زیرہء گل) ۔ (٨) تخمک یا حامل تخمک عضو کو نمو دینے یا بڑھانے والا ۔ (٩) حاملہ ہونے یا بچہ جننے کی صلاحیت رکھنے والی ؛ نطفہ قبول کرنے یا بچہ جننے کے لائق ۔ (١٠) صلاحیت تولید کا حامل (مرد) ؛ قوی الباہ ؛ قوی النطفہ ؛ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (١١) (جنسی دور) جس میں ایک یا زیادہ (زندہ رہنے کے لائق) انڈے پیداہوں ۔ (١٢) انڈا دینےوالی (شہد کی مکھی) ۔ (١٣) تولیدی اشتقاقی مادے میں بدلے جانے کے لائق (جیسے F. uranium) ۔ (١٤) (حیوانیات) زرخیز؛ (حیاتیات) بارآور؛ (زراعت) زرخیز ؛ خصب ؛ (طبیعیات) تاب ور ؛ تاب پذیر ۔

Fertile cell : (n) (حیوانیات) زرخیز خلیہ ۔

Fertile crescent : (n) (تاریخ) ہلا ل زرخیز ۔

Fertilely : (adv.) زرخیزی سے ؛ بار آوری سے ؛ کثیر زائی سے ؛ بچہ خیزی سے ؛ ثمر خیز طور پر ؛ تخلیقی یا اختراعی طور پر ؛ رسا ہو کر ؛ کثرت سے ؛ افراط سے ؛ بھر پور طور پر ۔

Fertileness : (n) (۱) زرخیزی ؛ بار آوری ؛ ثمر خیزی ؛ کثیر زائی ؛ پیداواریت ؛ جننے یا پیدا کرنے کی صلاحیت ؛ صلاحیت تولید یا تولیدی صلاحیت ؛ پودوں کی نشو و نما کےلئے ضروری غذا یا حالات مہیا کرنے کی صلاحیت ؛ مخصوص پیداواری صلاحیت ؛ قوت پیداوار ؛ پیداواری طاقت ۔ (۲) شرح تولید یا تولیدی شرح (کسی آبادی کی) ؛ (تجارت) زرخیزی ؛ (حیوانیات) زرخیزیت ؛ (زراعت) زرخیزی ؛ خصب ؛ (حیاتیات) باروری ۔

Fertility : (n) دیکھو Fertileness

Fertility : (a) (۱) زرخیزی کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مسلک زرخیزی کا یا اس سے متعلق نیز متعلق نیز زمین اور اس پر بسنے والے حیوان اور انسان کی زرخیزی یا قوت پیداوار میں اضافہ کرنے کا یقین کیا ہوا ۔

Fertility cult : (n) (۱) مسلک زرخیزی ، پودے ، جانور اور انسان کی زرخیزی یا کثیر زائی کےلئے فطرت کی پرستش کرنے کا ایک طریقہ ۔ (۲) اس طریقے کے پیروؤں کی جماعت ۔

Fertility gradient : (n) (شماریات) زرخیزی ڈھلان ۔

Fertility meter : (n) (زراعت) خصب پیما ۔

Fertility rate : (n) (تجارت) شرح زرخیزی : شرح بار آوری ۔

Fertilizability/Fertilisability : (n) بار آور ہونے یا کئےجانے کی صلاحیت ؛ صلاحیت حمل ؛ صلاحیت بار آوری ؛ خصوصاً وہ مدت جب انڈا یا بیضہ حیوانیہ نطفہ قبول کرنے یا عمل بار آوری میں مؤثر طور پر حصہ لینے یا تعاون کرنے کے لائق ہوتا ہے ۔

Fertilizable/Fertilisable : (a) لائق زرخیزی ؛ زرخیز کئے جانے کے لائق ؛ قابل حمل ؛ لائق بار آوری ؛ بار آور ہونے یا نطفہ قبول کرنے کے لائق ؛ زرخیزی پذیر ؛ جسے زرخیز بنایا جاسکے ۔

Fertilization/Fertilisation : (n) (۱) زرخیز بنانے یا ہونے کا عمل یا طریقہ ؛ زرخیز بنانا یا ہونا ۔ (۲) (حیوانیات) حاملہ کرنا ؛ بارور کرنا ؛ بار آوری (خاص کر نباتیات میں) ؛ (حیوانیات) باروری ؛ (حیاتیات) دو گمٹی ملاپ ؛ جُفتہ سازی ؛ (نباتیات) اخصاب ؛ زرخیز سازی ۔

Fertiliztion cone : (n) بار آور مخروطہ ؛ داخل ہونے والا ۔

Fertilization membrane : (n) ایک جھلی نما مزاحم تہ جو بیشتر انڈوں کی سطح سے ، ایک حیوان منویہ کے داخل ہونے کے فوراً بعد جدا ہوتی ہے اور اس طرح ایک سے زیادہ حیوان منویہ کے دخول کو مانع ہوتی ہے ۔

Fertilize : (v) (۱) زرخیز کرنا یا بنانا ؛ زمین کو پیداوار کے قابل بنانا ؛ قابل زراعت کرنا ۔ (۲) (حیاتیات) (پودوں کےمادہ خلیے ، کسی انڈے ، کسی مادہ یا مادہ عضو میں) نر عنصر کو داخل کرکے اسےبارور کرنا ؛ مثمر کرنا ؛ ثمرور کرنا ؛ پھل دار بنانا ؛ میوے دار بنانا (خاص کر نباتیات میں) ؛ بار آوری کا باعث ہونا ۔ (۳) (جنسی مخالف کے جرثومی خلیے کا) بار آوری میں معاون ہونا ۔ (٤) اکسانا؛ بڑھانا؛ ترقی دینا؛ تحریک دلانا؛ بڑھاوا دینا ۔ (٥) کسی شے کو بارور کرنا یا زرخیز بنانا خاص کر زمین میں کھاد ڈالنا؛ (حیوانیات) زرخیز بنانا ؛ بارور کرنا ۔

Fertilized : (a) (حیاتیات) بارور؛ (زراعت) خصیب ۔

Fertilized egg : (n) (حیوانیات) بارور شدہ بیضہ ۔

Fertilizer : (n) (۱) کھاد ؛ زمین کو زرخیز بنانے والی چیز ؛ زرخیزبنانے والا ۔ (۲)مثمر یا بارور کرنے والا؛ بار آور ؛ نمو بخشنے والا ؛ ذہن کی تخلیقی صلاحیتوں کوبڑھانےوالا؛ پودوں کوبارور کرنے والا عامل یازیرہ٥ گل ؛ (کیمیا) کھاد؛ (حیاتیات) بارور ساز ؛ (زراعت) زرخیز گر ؛ کھاد ۔

Artificial fertilizer : (کیمیا) مصنوعی کھاد ۔

Chemical fertilizer : (کیمیا) کیمیائی کھاد ۔

Mineral fertilizer : (کیمیا) معدنی کھاد ۔

Natural fertilizer : (کیمیا) قدرتی کھاد ۔

Potash fertilizer : (کیمیا) پوٹاش کی کھاد ۔

Fertilizer analysis/-grade : (n) (۱) کسی مخلوط یا مرکب (مثلاً کسی مقوی دوا یا حیوانی غذا) میں موجود تمام عامل اجزا کی مقدار یا فیصد کی تفصیل ۔ (۲) مصنوعی کھاد میں نائژوجن، فاسفورک ایسڈاور پوٹاش کی فی صد مقدارکی تفصیل۔

Fertilizin : (n) ['fertilize +in'] (کسی انڈے سے پیدا شدہ ، حیوان منویہ کو چپکالینےوالاایک لیسدار مادہ جو استقرارحمل یا باروری کےابتدائی مراحل میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے ۔

Feru : (n) [yoruba.] افریقہ کے ایک درخت سے نکالا جانے والا ریشہ جو رسّے بنانے کے کام آتا ہے ۔

Ferula : (n) [L.] (۱) (نباتیات) سونف ؛ بڑا سویا ؛ جنس ہینگ ۔ (۲) (طالب علموں کو) سزادینے کی قمچی ؛ لاٹھی ؛ چھڑی ؛ ٹنڈی ؛ پھٹی وغیرہ ۔ (۳) (جراحی) لکڑی کی ایک لمبی کھپچی (جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کی مرہم پٹی کے بعد اوپر باندھ دی جاتی ہے) ۔

Ferula Asadulcis : (n) (نباتیات) انجدان ۔

Ferula Asafetida : (n) (۱)(نباتیات) ہینگ ؛ حلتیت ۔ (۲) (نباتیات) شجر ہینگ ۔

Ferula Galbaniflua : (n) (نباتیات) باریچہ ؛ جواشیر ۔

Ferula kurdica : (n) (نباتیات) بیوزہ ۔

Ferulaceous : (a) سونف یا بڑے سونے کے مشابہ ؛ سونف جیسے ٹنٹھل والا ۔

Ferulaic/Ferulic : (a) Ferul (a) ic acid دیکھو

Ferulic acid : ایک طرح کا سفید بلوری ترشہ - $C_{10}H_{10}O_{40}$

Ferule : (n) [L.'ferula.'] (۱) (نباتیات) سونف ؛ بڑا سوا ؛ جنس ہینگ ۔ (۲) (طالب علموں کو) سزا دینے کی قمچی، لاٹھی، سونٹا، چھڑی، ٹنڈا، پھٹی وغیرہ ۔ (۳) پھٹی یاقمچی سے دی جانے والی سزا ۔ (٤) مکتبی تادیب ۔

Ferule : (v) قمچی یا سونٹے سےمارنا ۔

Fervency : (n) [L.'ferventem.'] (۱) گرم یا دہکتا ہوا ہونے کی حالت یاصفت؛ شدّت حرارت(شاذ) ۔ (۲) (مجازاً) دماغ کی گرمی ؛ جوش عقیدت ؛ جوش ؛ ولولہ ؛ ذوق شوق ؛ چاہت ؛ گرمجوشی ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ گرمیء جذبات ۔

Fervent : (a) [L.f.'fervera'.] (۱) گرم ؛ جلتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ جوش کھاتا ہوا ؛ اُبلتا ہوا ۔ (۲) تند مزاج ؛ تیز مزاج ؛ آتشیں مزاج (شخص وغیرہ) ۔ (۳) بےحد مشتاق؛ مستعد؛ سرگرم ؛ پُرجوش (شخص وغیرہ) ۔ (٤) (جھگڑا، تکرار، ہنگامہ وغیرہ کے لئے) غضبناک ؛ پُرجوش ؛ پُرغیظ ؛ زوردار ؛ اشتعال انگیز ؛ جذبات کو برانگیختہ کرنے والا ؛ مشتعل ؛ برانگیختہ ؛ غیظ انگیز ۔

Fervently : (adv.) (۱) اُبلتے ہوئے ؛ جوش کھاتےہوئے ؛ دہکتے ہوئے؛ گرمی سے ۔ (۲) تند مزاجی سے ؛ بےانتہا مشتاق ہوکر ؛ سرگرمی کے ساتھ ؛ پرجوش طورپر ؛ مشتعل اندازمیں ؛ شوق سے؛ گرم جوشی سے ۔

Ferventeness : (n) (۱) گرمی؛ حرارت ؛ جوش ؛ اُبال ۔ (۲) تند مزاجی؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ جوش ؛ مستعدی ۔ (۳) غضبناکی ؛ اشتعال ؛ برانگیختگی؛ اشتعال انگیزی۔

Ferveous : (a) پُر جوش ؛ سرگرم ؛ مشتاق ۔

Fervescent : (a) [L.'fervescere'.] گرم ہوتاہوا؛ جوش میں آتا ہوا ؛ سُلگتا ہوا ۔

Fervid : (a) [L. f. 'fervere'.] (۱) (عروض و شعر) جلتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ اُبلتا ہوا ؛ بہت گرم ؛ سوزاں ؛ تاباں ؛ ملتہب ۔ (۲) (مجازاً) پُرجوش ؛ برانگیختہ ؛ مشتعل؛ تمتاتا ہوا ۔ (۳) مشتاق ؛ حریص ؛ آرزومند؛ بااشتیاق ؛ پُرشوق ۔

Fervidity : (n) شدید حرارت یا حدت ۔

Fervidly : (adv.) (۱) سوزاں طورپر ؛ اُبلتے ہوئے ؛ دہکتے ہوئے ؛ سرگرم طورپر ؛ برانگیختگی سے ؛ پُرجوش انداز میں مشتعل ہوکر ؛ ؛ مشتاقانہ اور آرزومندانہ ۔

Fervidness : (n) (۱) حرارت ؛ گرمی ؛ سوزش ؛ تپش ؛ حدت ؛ اُبال ؛ التہاب ۔ (۲)جوش ؛ انگیختگی ؛ اشتعال؛ اشتعال انگیزی ۔ (۳) اشتیاق ؛ آرزومندی ؛ ذوق شوق ۔

Fervour/Fervoor : (n) [L.'fervere.'] (۱)تپش ؛ حرارت؛ گرمی ؛ شدید حرارت ۔ (۲) سرگرمی ؛ جوش ؛ شوق ؛ شغف ؛ تندی ۔ (۳) (طب) گرمی ؛ سوزش ؛ حرارت تپ ۔

Fesapo : (منطق) چوتھی قیاس منطقی کی چوتھی ضرب (جس میں ایک عام منفی کبریٰ اور ایک عام مثبت صغریٰ کے ملنے سے ایک خاص منفی نتیجہ برآمد ہوتا ہے) کی نمائندگی کرنے والا ایک لفظ جو اصول بالا کو یاد رکھنے کےلئے استعمال کیا جاتا ہے ؛ (نفسیات) فیساپو ۔

Fescennine : (a) [L.f. 'fescennia.'] بجو آمیز ؛ طعنہ آمیز اشعار یا گیت ؛ فحش، بیباک اشعار یا گیت ؛ شادیوں میں گائی جانے والی گالی ۔

Fesciles of isoglosses : (لسانیات) لسانی خطوط فاصل کا مجموعہ ۔

Fescue : (n) [L. 'festuca.'] (۱) لکڑی یا تنکا جس سے پڑھاتے وقت بچوں کو حرف وغیرہ بتاتے ہیں ۔ (۲) بربط بجانے کا مضراب یا زخمہ ۔ (۳) ایک قسم کی گھاس ۔

Fescue foot : (n) جانوروں کے پاؤں کی ایک بیماری ۔

Fesse : (n) [L.'fascia.'] (نقابت) ڈھال کے بیچوں بیچ دو افقی خطوط ۔

Party per fesse : (ڈھال کےلئے) بیچ سے ایک افقی خط کے ذریعہ دو حصوں میں منقسم کی ہوئی ۔

Fesse : (n) (عامیانہ) ایک ہلکا نیلا رنگ ۔

Fesse-point : (n) ڈھال یا جہاز کی پُشت کا صحیح مرکز ۔

Fesse-ways/-wise : (n) افقی طور پر ؛ افقی سمت میں ؛ افق کے متوازی ۔

Festa : (n) [It.] شاندار ضیافت ؛ مذہبی جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ چھٹی کا دن ۔

Festal : (a) [L. 'fostum.'] (۱) جشن کا/جلسے کا ؛ تیوہار کا ؛ تقریب کا؛ تقریبی ۔ (۲) بشاش ؛ خوش وخرم ؛ بارونق ؛ خوشی و خرمی کا ؛ مسرت کا ۔ (۳) جشن یا تیوہار کے شایان شان ؛ تیوہار جیسا ۔

Festal : (n) جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ عیش وعشرت ؛ چہل پہل ؛ خوشی وخرمی ؛ رونق ۔

Festally : (adv.) جشن کے طور پر ؛ خوشی وخرمی ؛ جلسہ مناتے ہوئے ۔

Fester : (n) [L.'fistula.'] (۱) (قدیم معنوں میں) نالی دار زخم یاناسور ۔ (۲) (موجودہ) پکتاہوا یا ٹیس مارتا ہوا زخم ؛ پھوڑا (جس میں مواد بھرا ہو) فساد جلد ؛ جراحت ۔ (۳) سوزش ؛ سڑن ۔ (٤) (طب) جرَک ؛ پیپ دار پھوڑا ۔

Fester : (v) (۱) (زخم یاپھوڑے کا) پک جانا ؛ مواد سے بھر جانا؛ پیپ پڑجانا؛ گھاؤ کا پک جانا ۔ (۲) ٹیس مارنا؛ سوزش ہونا ۔ (۳) سڑجانا ؛ گل جانا ؛ متعفن ہونا ؛ خراب ہونا ؛ بگڑنا ۔ (٤) جلنا ؛ کڑھنا ۔ (٥) (تیز زہر وغیرہ کا) اپنے ارد گرد کے حصے کو زہر آلود کردینا ؛ پکا دینا ؛ ٹیس پیدا کرنا یا کردینا (نیزمجازاً) ۔ (٦) (مجازی معنوں میں) سڑن پیدا کرنا ؛ پکادینا ؛ پکنے کا باعث ہونا ؛ ٹیس پیدا کردینا ۔

Festerment : (n) پکنے، سڑنے یا پیپ پڑنے کی حالت یا اس کاعمل ؛ سوزش ؛ سڑن ؛ فساد؛ (بول چال میں) متعفن تو دہ ؛ عفونت ؛ سڑتا ہوا ڈھیر ؛ غلاظت کا انبار ۔

Festilogy/Festology : (n) [L.'festum.'] کلیسائی تیوہاروں کا رسالہ یا کتابچہ ۔

Festinate : (v) [L.'festinatus.'] جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ رفتار بڑھانا ؛ جلد تر کرنا ؛ تیزی لانا ۔

Festinately : (adv.) جلد بازی سے ؛ عجلت سے ؛ تیزی سے ۔

Festination : (n) عجلت ؛ جلدبازی ؛ تعجیل ؛ (طب) تسع ؛ تُند قدمی ۔

Festino : (n) (منطق) دوسرے قیاس منطقی کی تیسری ضرب (جس میں عام منفی کبریٰ اور خاص مثبت صغریٰ مل کر ایک خاص منفی نتیجہ پیدا کرتے ہیں) کی نمائندگی کرنےوالا ایک لفظ جو اصول بالا کو یادرکھنے کےلئےاستعمال کیا جاتا ہے ؛ (نفسیات) فیسٹینو ۔

Festival : (n) [L.'festivus.'] (۱) عید ؛ تیوہار ؛ جشن ؛ رنگ رلیاں ؛ جلسہ؛ خوشی کی تقریب ؛ خوشی منانے کا دن ؛ جشن عید ؛ سرور ؛ شادمانی ۔ (۲) گانےبجانے کی محفل ؛ محفل سرود ؛ محفلِ رقص وسرود ۔ (۳) (سماجیات) تیوہار ۔

Royal festival : (سیاسیات) جشن ۔

Festival : (a) جشن کا ؛ عید کا ؛ تیوہار کا ؛ جشن عید یا تیوہار سے متعلق ؛ روز عید جیسا ؛ روزجشن کی مثل ۔

Festive : (a) [L.'festivus.'] (۱) مثل جشن ؛ عید جیسا؛ سرور آمیز؛ خوشی آور ؛ سرور انگیز ؛ خوش ؛ شادماں ؛ بشاش ؛ خوش و خرم ۔ (۲) جشن یا جلوس یا جلسے کا ؛ تیوہار کا ۔ (۳) کھانے کھلانے کا شوقین ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ؛ جشنی ؛ ضیافتی ؛ یارباش ۔

The festive season : کرسمس کا موقع ؛ عیدکا ہفتہ ؛ ۲۴/ دسمبر سے شروع ہونے والا ہفتہ یاعشرہ ۔

Festively : (adv.) بطورجشن ؛ عید کی طرح کا ؛ شادمانی کے ساتھ ؛ بشاشت سے ؛ ہنسی خوشی سے ؛ زندہ دلی سے ؛ خوش طبعی سے ۔

Festivity : (n) (۱) (تحریر وغیرہ میں) شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ خوش اسلوبی ؛ سلاست ۔ (۲) شادی ؛ جشن ؛ تیوہار ؛ عید ؛ ہنسی خوشی ؛ مذاق ؛ دل لگی ؛ خوش طبعی ؛ شگفتہ مزاجی ؛ زندہ دلی ؛ رنگ رلیاں ؛ شادمانی ؛ عیش وعشرت ؛ ضیافت ؛ خوشی وخرّمی ۔ (۳) پُرمسرت موقع ؛ خوشی کی تقریب ؛ تقریب شادی ؛ شاندار ضیافت ؛ جشن کاروز ؛ روز جلوس ؛ تیوہار کا دن ۔ (٤) (جمع میں) جلسے یا جشن کی کاروائی یا روداد ۔

Festivous : (a) مسرور ؛ شادماں ؛ خوش ؛ بشاش ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ رنگیلا ؛ ضیافتی ؛ کھانے کھلانے کا شوقین ۔

Festoon : (v) [Fr. 'feston.'] (۱) ہار یا زنجیر کو دو نقطوں کے درمیان انحنائی شکل میں لٹکانا یاٹانگنا ۔ (۲) ہاروں یا زنجیروں سے یا ان کی مثل آراستہ کرنا ؛ گل کاری کرنا ؛ پھول کی طرح کرنا ۔ (۳) فیسٹون یا تورن بنانا ؛ فیسٹون کی شکل میں رکھنا ۔ (٤) فیسٹون یا تورن کے ذریعہ دونقطوں کو ملانا یا جوڑنا ۔ (٥) (دندان سازی) دانت کے اوپر بنے ہوئے مصنوعی سونے کے دانت کو اس طرح بنانا کہ بافت کے پیچ وخم سےمل جائیں اور اس کے ساتھ ایک ہو جائیں ۔ (٦) مصنوعی دانت کو دانت کی جڑ میں یا اس کے سامنے اس طرح ڈھالنا کہ قدرتی مسوڑھے سے بالکل مشابہ ہوجائیں ۔

Festoon : (n) [It.festone.] (۱) پھولوں کاہار ؛ پتوں اورپھولوں کا ہار ؛ گلبند ؛ ہلال گل ؛ فیتوں اور پھولوں کا بنایا ہوا ہار جو کسی بلند مقام (دیواریا دروازے وغیرہ) پر لٹکایا جائے ۔ (۲) (تعمیرات) پھولوں یا پتوں کا ہار یا زنجیر جو دونقطوں کے درمیان انحنا کی شکل میں لٹکی ہوئی ہو ؛ اسی طرح کا کندہ کیا ہوا یا ڈھالا ہوا آرائشی ہار ؛ تورن ؛ عمارت وغیرہ میں اس قسم کے کندہ کئے ہوئے ہار (تو رن) وغیرہ ۔ (۳) (طیوریات) شکرے یا باز کی چونچ کا آگے نکلا ہوا حصہ ۔ (٤) (تاریخ) جھالر ؛ بیل بوٹا ۔

Festoonery : (n) ہار ؛ تورن ؛ مالا کی طرح بنی ہوئی یا رکھی ہوئی چیزیں ۔

Festoony : (a) تورن کا یا اس سے متعلق یا اس کےمانند ۔

Festucine : (a) [L.'festuca.'] (۱) پیال نما رنگ کا ؛ زردی مائل رنگ کا ۔ (۲) چھپٹیوں جیسی ٹوٹ پھوٹ کےلئے ایک صفت ۔

Fet : [OE. 'fetian.'] (عامیانہ) Fetch (v) کا مترادف ۔

Feta : (n) [It. 'fetta.'] بھیڑ یابکری کے دودھ سے تیار کیاہوا پنیر جو نمک زدہ ہو ۔

Fetal : (a) جنینی ؛ جنین سے متعلق ؛ (نباتیات، حیوانیات) جنینی ۔

Fetalism : (n) (حیوانیات) جنینیت ۔

Fetalization : (n) مرحلہ جنینی (حیوان اور انسان) ۔

Fetation : (n) حمل ؛ رحم میں جنین کی موجودگی ؛ (طب) حمل ؛ نمونے جنین ۔

Fetch : (n) [origin unkn.] ہم زاد ؛ سایہ ؛ طیف ؛ پیکر خیالی ؛ وہمی صورت ؛ روح ۔

Fetch : (n) [f. fetch (C).] (۱) اُٹھالانے یا لے آنے کا عمل (شخص یا چیز کو) ؛ آنسو نکالنے، آہ بھرنےاور سانس لینے کا عمل ؛ خوش کرنے یا راغب کرنے کا عمل ۔ (۲) سخت محنت ؛ کوشش یا جاں فشانی ؛ سعی بلیغ ؛ طویل جد وجہد ۔ (۳) حیلہ ؛ داؤ پیچ ؛ عیاری ؛ چال ؛ چال بازی ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ مغالطہ ۔ (٤) (جہاز رانی) جہاز کے رخ پھیرنے کا عمل (کسی خلیج یا کھلے سمندر کے) ایک نقطہ سے دوسرے نقطے تک مسلسل پھیلاؤ کا خط ۔ (٥) (برطانیہ بول چال) آواز کا بیٹھنا یا پکڑنا خصوصاً اُکھڑی اُکھڑی سانس ؛ اندر کھینچی ہوئی سانس نیز ضیق نفس ؛ سانس لینے میں تکلیف ۔ (٦) سبک رفتاری ؛ بہاؤ ؛ سبک پروازی ۔

Fetch : (v) [OE. 'fece (e) an.'] (۱) لے آنا؛ لانا؛ اُٹھالانا ؛ تلاش کرکے لانا(شخص یا چیز کو) ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا یا لے جانا، لے آنا ۔ (۲) نکالنا ؛ خارج کرنا (آنسو، خون وغیرہ) ۔ (۳) (کسی چیز کا) نفع ملنا ؛ بکنا ؛ قیمت آنا؛ قیمت پر اُٹھنا یا اُٹھانا ۔ (٤) کشش میں آنا ؛ کھنچتے چلے آنا ۔ (٥) (بول چال میں) چرانا ؛ چوری کرنا ؛ لےبھاگنا ؛ بھگالے جانا ؛ اُڑالے جانا ؛ لے آنا ۔ (٦) (بعید) منبع سے کھینچ لانا (شاذ) ۔ (۷) (سانس) لینایا کھینچنا؛ (آہ) بھرنا؛ کراہنا ؛ کراہ کی آواز نکالنا ؛ (مچھلی کا جال) کھینچنا ۔ (۸) (گھونسہ) رسید کرنا ؛ مارنا ؛

لگانا ؛ جڑنا ؛ (ضرب) لگانا (عامیانہ) ۔(۹) یقین دلا دینا ؛ متیقن کرنا ؛ راضی کرلینا (To and around) کے ساتھ۔(۱۰) خوش کرنا؛ راغب کرنا؛ تحسین حاصل کرنا ۔ (۱۱) (عام بول چال میں) پورا کرنا ؛ کامل بنانا یا کرنا ؛ انجام دینا ؛ مکمل کرنا یا بنانا(حرکت وغیرہ) ۔(۱۲) خاتمہ کرنا؛ قتل کرنا (کسی شخص کا) ؛ تمام کردینا؛ جان سےماردینا ۔ (۱۳) (جہازرانی) پہنچنا ؛ پہنچ جانا؛ داخل ہونا ؛ (متروک) چکر سے جانا؛ دائرہ بنانا ؛ (کشتی کا) جانا اور آنا ؛ جہاز کا لنگر دینا ۔ (۱۴) (اسکاتستان) مشکل سے سانس لینا ؛ ضیق نفس میں مبتلا ہونا ۔

Far-fetched : دور از کار ۔

To fetch a compass/ - circuit : چکر سے جانا یا چکر کا راستہ اختیارکرنا ۔

To fetch and carry : چیزوں کو لانا لےجانا ؛ چیزوں کو لئےلئے پھرنا ؛ خدمت گذاری کرنا ۔

To fetch head way/- sternway : آگے یا پیچھے کی طرف جنبش کرنا ۔

To fetch the wate/-pump : پمپ میں پانی ڈال کر اُسے چالو کرنا ۔

To fetch way : توڑکر ڈھیلا کردینا یا لٹکا دینا ۔

Fetch - : فعل کا جزو ترکیبی بمعنی لانے والا ؛ کھینچنے والا وغیرہ (مثلاً Fetch-water) ۔

Fetch away : (v) ڈھیلا ہوجانا ؛ کُھل جانا ۔

Fetch candle/-light : (n) روشنی کا وہ شعلہ جو کسی موت سے پہلے اُس کے گھر سے قبرستان تک آتا جاتا ہوا نظر آتا ہے اور جسے موت کا اشاریہ سمجھا جاتا ہے ۔

Fetch down : دیکھو Bring down

Fetch of the sea : ساحل کافاصلہ نزدیک ترین ڈھال سے جس سےموجوں کی بلندی میں کمی بیشی ہوتی ہے ۔

Fetch out : باہر نکالنا ؛ سامنے لانا ؛ خارج کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ افشا کرنا ؛ کھولنا ۔

Fetch up : (v) (۱) ٹھہر جانا ؛ رک جانا ۔(۲) قے کرنا اُلٹی کرنا ؛ یا زیادہ تھوکنا ؛ کھنکھارکر بلغم نکالنا ۔

(۳) یاد کرنا ؛ واپس بلانا ؛ بازطلبی کرنا ؛ یاد دلانا ۔ (٤) بنانا ؛ پوراکرنا ۔ (٥) (جہاز رانی) آنا ؛ پہنچنا ؛ (کسی جگہ) ۔ (٦) ٹھہرانا ؛ روک لینا ؛ کھینچ لینا ۔

Fetch-water : (n) آب آور ؛ پانی نکالنے والا ؛ پانی لانے والا ؛ وغیرہ ؛ بہشتی ؛ سقا ؛ آورندہء آب ۔

Fetcher : (n) لانے والا ؛ کھینچنے والا ۔

Fetching : (a) دل کش ؛ دل فریب ؛ تحسین آمیز ؛ جالب ۔

Fetchingly : (adv.) دل فریبی سے ؛ تحسین آمیز طور پر ؛ دل کشی سے ۔

Fete : (v) (۱) کسی کے اعزاز میں دعوت کرنا؛ ضیافت دینا؛ دعوت دینا ؛ خاطر مدارا ت کرنا ۔(۲) کسی کے احترام یا یاد گار کے طور پر جشن منانا ؛ جشن منانا ۔ (۳) بڑھا چڑھاکر تعریف کرنا (کسی کی) ۔

Fete : (n) [MF. 'fete.'] (۱) کھلی جگہ میں تفریح یا اجتماع ؛ جشن ؛جلسہ ؛ عید؛ تیوہار ۔(۲)خوشی کا موقع؛ تفریح کادن ۔(۳) (رومن کیتھولک) کسی پیر یا اولیا اللّٰہ کے نام کا دن منانا جس کے نام پر بچے کا نام ہو ۔

Fet-champetre : (n) کھلی فضا میں جشن منانا ؛ دیہاتی جشن ؛ گھر سے باہر جاکر جشن منانا ۔

Fete-day : (n) تیوہار یا جشن کا دن ۔

Fete-galente : (n) اٹھارھویں صدی میں فرانسیسیوں کا گڈریوں کا روپ بنا کر تفریح کےلئے کسی مضافاتی جگہ میں اجتماع ۔

Feterita : (n) [Sudanese Arab.] باجرے کی قسم کا ایک سوڈانی غلّہ ۔

Fetial/Fecial : (a) [L. fetialis.] (تاریخ روما) جنگ کے اعلان اورصلح نامے کے متعلق ؛ نقیبی ؛ نقیب شاہی کا اُس کے متعلق ؛ ڈپلومیٹک ؛ سفارتی ، ایلچی کی خدمت سے متعلق ۔

Fetial/Fecial : (n) روما کے مذہبی مقتداؤں اور رہبروں اور رہبروں کی جماعت کا ایک رکن ۔

Feticulture : (n) (طب) جنین پروری ؛ صحّیات عمل ۔

Fetid/Foetid : (a) [L. f.'fetidus.'] بدبو دار ؛ متعفن ؛ سڑاند والا ؛ ناگوار ؛ کراہت آمیز ؛ نفرت انگیز ۔

Fetid cress : (n) ایک طرح کی یوروپی گھاس ۔

Fetid marigold : (n) مغربی امریکا کی ایک بدبو دار گھاس یا بوٹی ۔

Fetie shrub : (n) جنوبی امریکا کا ایک درخت جس کی شاخوں، پتوں اور پھل سے سفید دودھ نکلتا ہے جو گوشت کو گلا دیتا ہے ؛ پپیتا ؛ پپیا ۔

Fetidity : (n) عفونت ؛ سڑاند ؛ سڑن ؛ بو ؛ تعفن ؛ کراہت ؛ ناگواری ؛ نفرت انگیزی ۔

Fetidly : (adv.) نفرت سےناگواری سے ؛ نفرت انگیزطورپر ۔

Fetidness : (n) سڑاند ؛ تعفن ؛ کراہت لانے والی (شے) ۔

Fetii : (n) [Tahitian. fetii.] لمبے چوڑے خاندان کا ایک فرد ؛ رشتہ دار ۔

Fetiparous/Foetiparous : (n) کچا بچہ جننے والی ؛ نامکمل بچہ جننے والی ۔

Fetish/Fetich : (e) (n) [Fr. fetiche.] (۱) (ابتداً)گینی کے ساحلی علاقوں کے حبشیوں کےذریعہ کسی جنتر منتر یا کلید سحر کے طورپر استعمال ہونے والی یا کسی خوف کے باعث اُن کے ذریعہ احترام کی جانے والی کوئی چیز ۔(۲) (بشریات) بے جان ؛ غیرذی روح جس چیز کی وحشی لوگ اس لئے پوجا کرتے ہیں کہ اس میں خاص جادو کی طاقت ہوتی ہے یا اس میں کوئی روح وغیرہ چھپی ہوتی ہے ؛ پوچمان شے ؛ فیٹش ۔ (۳) اصول یا عقیدہ جسے بے دلیل اندھا دھند مانا جائے؛ جس چیز کا حد سے زیادہ خبط ہو ؛ اندھا دھند مانا ہوا عقیدہ ۔(٤) صنم ؛ بت ؛ معبود ۔(٥) (نفسیات وغیرہ) فیٹش ؛ سامریہ ؛ مرجع پرستش ؛ مرجع لذت جنس ۔

Fetish man : (n) (۱) جادو کی طاقتوں کو قبضے میں رکھنے کا دعویٰ کرنےوالا ؛ جادوگر ؛ کاہن ۔(۲) جادوئی طاقت کی پرستش کرنے والا؛ سحر پرست ۔

Fetish woman : (n) (۱) جادو کی طاقتوں کو قبضے میں رکھنے کا دعویٰ کرنے والی ؛ جادو گرنی ۔ (۲) جادوئی طاقت کی پرستش کرنے والی ۔

Fetisheer/Fetisher : (n) ٹونا جادو کرنے والا ؛ جادو گر ؛ پروہت؛ کاہن ؛ ساحر ؛ جادوئی طاقت کی حامل

سمجھ کر یا کسی خوف کے باعث احتراماً پرستش کی جانے والی شے ۔

Fetishism/Fetichism : (n) سحر پرستی ؛ اشیاء پرستی ؛ فیٹش پرستی ؛ صنم پرستی ؛ توہم پرستی ؛ اوہام پرستی ؛فیٹیشیت ؛ (نفسیات وغیرہ) فیٹیشیت ؛ سامریت ؛ فیٹش بازی ؛ لمس لذتی؛ (دینیات) اشیاء پرستی ۔

Fetishist/Fetichist : (n) اشیاء پرست ؛ فیٹش پرست ؛ سحر پرست ؛ صنم پرست ؛ اوہام پرست (نیم صفتی معنوں میں) ۔

Fetishistic/Fetichistic : (a) فیٹش پرستی یا سحر پرستی کا ؛ اُس سے متعلق ؛ اُس سے متصف یا اُس کے مشابہ ۔

Fetishize/Fetichize: (v) فیٹش بنانا؛ بت بنانا ؛ بت یا معبود کی طرح (کسی شے یا شخص کا) احترام کرنا ؛ عبادت کے لائق بنانا ۔

Fetlock : (n) [ME. 'fet lok, fytlok.'] (۱) گھوڑے یا ایسے جانوروں کےٹخنے کا وہ پچھلا حصہ جہاں بالوں کا گچھا ہوتا ہے ۔ (۲) بالوں کا گچھا ۔ (۳) گھوڑے کے پاؤں میں ڈالی جانے والی ایک طرح کی بیڑی تاکہ وہ بھاگ نہ سکے ۔ (٥) (نقابت) مذکورہ بیڑی کا نشان (حیوانیات) تُپق گاہ ؛ ٹخنہء اسپ ؛ (حیوانیات) مونے تپُق گاہ ۔

Fetlock-keep : (a) جو گھوڑے کے ٹخنے کو ڈھانپ دے ۔

Fetlock joint : (n) گھوڑے کا ٹخنہ یا ٹخنے کا جوڑ ۔

Fetlocked : (a) (۱) بالوں کے گچھے والا ؛ جس کے ٹخنے میں پیچھے کی طرف بالوں کا گچھا ہو ۔(۲) گھوڑا جس کےپاؤں میں بیڑیاں ہوں تاکہ بھاگ نہ سکے ؛ چھاناھوا ؛ بیڑی ڈالا ہوا ۔

Feto-/Feti-/Foeto/-Foeti- : سابقہ بمعنی جنین ۔

Fetor/Foetor : (n) [L.fetor.] سڑن ؛ بدبو ؛ تعفن ؛ گند ؛ تیز بدبو ؛ عفونت ؛ بخر ؛ نفرت انگیز ۔

Fetter : (n) [OE. 'feter.'] (۱) زنجیرہ ؛ بیڑی ؛ پیکڑا ؛ جولان ؛ پالنگ ؛ پابند ۔ (۲) قید ؛ بند (جمع) قید؛ اسیری گرفتاری ۔(۳) روک ؛ بند ؛ مزاحمت ؛ زنجیر پا ؛ (نیز مجازی معنوں میں) ۔

Under fetters : پا بہ زنجیر ؛ پا بہ جولا ں؛ مقید ؛ دربند ۔

Fetter : (v) بیڑی ڈالنا ؛ زنجیر پہنانا ؛ باندھنا ؛ پابہ زنجیر کرنا ؛ پابند کرنا ۔ (۲) (مجازاً) مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ روک لگانا ؛ قید لگا دینا ؛ بندش عائد کرنا ؛ روڑا اٹکانا ؛ سدراہ ہونا ؛ روکنا ۔

Fettered : (a) پا بہ زنجیز ؛ پابستہ ؛ پابند ؛ مقید ؛ مسدود ؛ روکا ہوا ؛ بندھا ہوا ؛ بستہ ؛ (خصوصاً حیوانیات میں) جانوروں کے پاؤں جو جلدی تناؤ یا سختی کے باعث یا پیچھے کی طرف کھینچے ہونے ہونے کی وجہ سے چلنے پھرنے کے لائق نہ ہوں ۔

Fetterer : (n) بیڑی ڈالنے والا ؛ زنجیر پہنا نے والا ؛ باندھنے والا ؛ مزاحم ہونے والا ؛ حائل ہونے والا ؛ پابند کرنے والا ؛ سدّ راہ ہونے والا ؛ روکنے والا ؛ مقید کرنے والا ۔

Fetterless : (n) بےروک ؛ بے قید ؛ آزاد ؛ بے بیڑی ۔

Fetterlock : (n) (۱) Fetlock کی بگڑی ہوئی شکل ۔ (۲) D کی بیڑیاں جن سےگھوڑے کی ٹانگیں باندھ دی جاتی ہیں تاکہ وہ بھاگ نہ سکے ۔ (۳) (نقابت) مذکورہ بیڑی کا نشان ۔

Fettle : (n) [f. fext.] (۱) حالت ؛ وضع ؛ (جسمانی) حالت ؛ (شاذ) دماغی یا ذہنی حالت ؛ حالت درستگی ۔ (۲) بھٹی میں استر کاری کا سامان ۔

In fine or good fettle : اچھی حالت میں ۔

Fettle : (v) [Origin doubtful.] (۱) (بول چال) تیار کرنا ؛ کام کے لائق بنانا ؛ درست کرنا ؛ مرمت کرنا ؛ ٹھیک کرنا ۔ (۲) استرکاری کرنا ؛ استر چڑھانا؛ استر لگانا ؛ (بھٹی وغیرہ) مانجھنا ؛ رگڑنا ؛ صاف کرنا ؛ داغ دور کرنا؛ رگڑ کر چمکانا (ناہموار ڈھلی ہوئی چیزوں کو) ۔ (۳) (پالتو جانور) کھلانا اور نگہداشت کرنا ۔ (٤) (گھوڑے کی) دیکھ بھال کرنا؛ کھرہرا کرنا ۔ (٥) (مٹی کے برتن) فاضل مٹی کو جھاڑ کر صاف کرنا ؛ چکنا کرنا ۔ (٦) اون صاف کرنے والی مشین میں جمع شدہ ریشوں کو صاف کرنا ۔ (۷) معمولی باتوں کو بڑھانا(برطانوی بول چال) ۔ (۸) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ؛ اچھی یا بری طرح بسر کرنا ۔

Fettle : (n) پیال یا گھاس کا بنا ہوا باسکٹ یا شوکری کا دستہ ۔

Fettler : (n) (۱) درست کرنے والا ؛ کام کے لائق بنانے والا ؛ مرمت کرنے والا ؛ دیکھ بھال کرنے و الا ۔

(۲) بھٹی میں استر چڑھانے والا ؛ بھٹی کی استرکاری کرنے والا ۔ (۳) (برتن سازی میں) برتنوں کو چکنا اور صاف کرنے والا ۔

Fettling : (n) بھٹی کا استر ؛ بھٹی کے فرش پرڈالا ہوابالو یا کوئی ایسابی سامان جو بھٹی کو بچانے کےلئے ہو ۔

Fettstein : (n) [Ger. f. fetlet stein.] دیکھو Elaeolite

Fetus : جنین ۔

Full term fetus : (طب) کامل المیعاد جنین ۔

Fetwa : (n) [Arab.] فتویٰ ۔

Feu : (n) [OF.] دیکھو Feodary

Feu : (v) جاگیر عطاکرنا : سالانہ مالگذاری پر زمین دینا ۔

Feu de joic : (n) [Fr.] فتح کی خوشی کے موقعے پر یا کسی تقریب میں لگاتار بندوقیں داغنا ؛ شلک ؛ سلامی ۔

Feu-farm : (n) [OE. 'feuterme.'] (۱) (اسکاتستانی قانون) سالانہ لگان پر دی ہوئی اراضی ۔ (۲) سالانہ لگان ۔

Ferar : (n) سالانہ مالگزاری پر زمین جوتنے والا ؛ رعیت ؛ اسامی ؛ جاگیردار ۔

Feud : (n) [M.E.fede.] فساد ؛ خانہ جنگی ؛ لڑائی ؛ ہنگامہ ؛ جنگ و جدال ؛ مقابلہ ؛ دوامی یا دیرینہ عداوت جو دو یا زائد فرقوں یاقبیلوں یا خاندانوں یا افراد میں چلی آئی ہو ؛ خاندانی عدوات ؛ پرانی دشمنی ؛ پشتینی عدوات (جس میں گذشتہ غلطی یا اہانت کےلئے خونی انتقام لیاجاتا ہے) ، باہمی منافرت ؛ خونی عداوت ؛ انتقامی جنگ ؛ (نفسیات وغیرہ) دیرینہ نزاع؛ (تاریخ) خاندانی عداوت ؛ خاندانی دشمنی ؛ (سیاسیات) تنازعہ ؛ (خاندانی) جاگیر ۔

Deadly feud : خونی انتقام ؛ خونی عداوت ۔

Feud/ Feod : (n) (۱) خدمتی جاگیر ؛ کسی خدمت کے عوض ملی ہوئی جاگیر ۔ (۲) جاگیر ؛ اس طرح ملا ہوا علاقہ تیول ؛ (تاریخ) فیوڈ ؛ جاگیر ۔

Feud : (v) جھگڑا کرنا ؛ آپس میں جنگ کرنا ؛ خاندانی عداوت رکھنا ۔

Feud-bote : [OE.'feahp-bot.'] جھگڑے یا خونی انتقام میں شامل ہونے کا معاوضہ ؛ کسی کو قتل کرنے کا معاوضہ ۔

Feud duty : (n) سالانہ لگان ۔

Feudal : (a) (۱) جاگیرکا ؛ جاگیری ؛ جاگیرسے متعلق ؛ جاگیر کی نوعیت کا ؛ جاگیر رکھنے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) جاگیری نظام کا یا جاگیری طریقے کا یا اس سے مشابہ ؛ جاگیر دارانہ ؛ اس نظام کےتحت موجود یا رہا ہوا ؛ (تاریخ) فیوڈل ؛ جاگیر دارانہ ؛ (سیاسیات) جاگیری ۔

Feudal age : (n) (تاریخ) فیوڈل دور ؛ دور جاگیرداری ۔

Feudal overlord : (n) (سیاسیات) جاگیردار ۔

Feudal state : (n) (تاریخ) جاگیردارانہ ریاست ؛ فیوڈل ریاست ۔

Feudal system : (n) جاگیردارانہ نظام ؛ جاگیر داری نظام ؛ جاگیری زمینوں سے متعلق مالک اور آسامی کےتعلقات پرمبنی عہدوسطیٰ کے دوران یورپ میں رائج کردہ نظام سیاست ۔

Feudal tenure : (n) (سیاسیات) جاگیری حقّیت ۔

Feudalism : (n) نظام جاگیر داری یا اُس کے اصول ؛ طریقہ جاگیر داری ؛ جاگیریت ؛ منصبداری ؛ تعلقہ داری ؛تحصیل دار ؛ (نفسیات وغیرہ) (جاگیر داری ؛ جاگیرداری نظام ؛ (تجارت) جاگیر داری؛ (تاریخ) فیوڈلزم ؛ (سیاسیات) جاگیری نظام ؛ جاگیرداری ۔

Feudalist : (a) (۱) جاگیری نظام کا نمائندہ ؛ جاگیریت کا حامی ۔(۲)عہدوسطیٰ کے جاگیری نظام کا ماہر ۔

Feudalistic : (a) جاگیریت کا؛ جاگیردارنہ ؛ نظام کا؛ جاگیری نظام کی نوعیت کا ؛ مائل بہ جاگیرداری ۔

Feudality : (n) (۱) جاگیریت ؛ جاگیری صفت یا حالت ۔ (۲) نظام یا اصول جاگیریت ؛ (جمع)جاگیردارانہ اصول ۔(۳) جاگیردار حکومت ؛ جاگیری حکومت ؛ جاگیردارانہ اختیار یاقوت ؛ جاگیر ۔

Feudalization : (n) جاگیریت کو رائج کرنے کاعمل یاطریقہ ؛ جاگیری نظام رائج کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

Feudalize : (n) جاگیرداری نظام کے تحت لانا ؛ (زمینوں کو) جاگیری اراضیات میں بدلنا ؛ نیز (افراد کو) جاگیری آسامی بنانا؛ جاگیریت کو رواج دینا ۔

Feudally : (adv.) جاگیردارانہ طورپر ؛ جاگیرداری طریقے سے ؛ نظام جاگیردارانہ کے تحت ۔

Feudary/Feodary : (n) (۱) (متروک) خدمات کے صلے میں جاگیر رکھنے والا ؛ جاگیری رعیت ؛ آسامی ۔ (۲) رعیت ؛ ملازم ؛ نوکر ؛ ماتحت ۔(۳) حلیف ؛ شریک کار ۔

Feudary/Feodary : (a) جاگیری رعیت یا ماتحت ۔

Feudatory : (a) [med L. 'feudare.'] (۱) جاگیری ؛ متعلق بہ جاگیر۔(۲) آسامیوں یا خدمتگاروں کایاأس سے متعلق؛ جاگیریت کاوفادار؛ رعیت ۔(۳) (تاریخ) جاگیری ؛ (سیاسیات) جاگیری ۔

Feudatory : (n) (۱) جاگیردار ؛ جاگیری حق ملکیت کے تحت زمین رکھنے والا ؛ جاگیری آسامی ۔(۲) جاگیر؛ ماتحت تعلقہ داری یا جاگیرداری ؛ جاگیری ریاست یا علاقہ ۔ (۳) تعلقہ دار ؛ جاگیردار (تاریخ) جاگیردار ؛ فیوڈل ماتحت ۔

Feudist : (n) جاگیری قوانین کا ماہر ؛ جاگیری قانون داں ۔

Feudist : (n) (امریکا) خونی عداوت رکھنے والا ؛ خاندانی دشمنی رکھنےوالا ؛ خونی عداوت سے متعلق کتابیں رکھنےوالا ۔

Feuillage : (n) دیکھو Foliage

Feuillemorte : (a) [Fr.] خشک پتے کےرنگ کا ؛ بھورا یازردی مائل بھورا ۔

Feuillet : (n) [F. dim. of feulle.] (ہیراتراشی) نیم مدورترشے ہونے ہیرے میں مثلث نما پہلوؤں کے نوک دار سرے جس کی بنیادیں مرکزی اہرام کےمثلثوں کے سروں سے ملتی ہیں ۔

Feuilleton : (n) [F.f. 'feuillet.'] (۱) فرانسیسی (اوردیگر) اخباروں میں ایک یازیادہ صفحات کا وہ حصہ (اکثر نچلا) ؛ جو ہلکے ادب اور تنقید وغیرہ کے لئے ہوتا ہے ؛ کسی اخبار میں ہلکے ادبیات کا کالم ۔(۲) اس حصے پر چھپا ہوا کوئی مضمون یا تخلیق ۔

Feuilletonist : (n) مجلہ یا اخبار میں ہلکے ادبیات کے کالم میں لکھنے والا ۔

Feuterer : تازی کتے رکھنے والا ؛ تازی کتوں کا نگہبان ۔

Fever : (n) [L.'febris.'] (۱) تپ ؛ بخار ؛ حرارت ۔(۲) جوش ؛ ہیجان ؛ اشتعال ؛ بے چینی ؛ بےکلی؛ بےقراری ؛ اضطراب؛ تندی ؛ گرمی (طبیعت اور جذبات میں) ۔(۳) دیوانگی ؛ خبط ؛ سودا ؛ دُھن ؛ لگن ۔ (٤) عجلت ؛ جلد بازی ؛ (طب) حُمّی ؛ (جمع) حمیات؛ بخار؛ تپ ؛ (نفسیات) ہیجان؛ اشتعال ۔

Adynamic fever /Asthelic fever : صُحفی بخار ؛ تپ نہاکشی ۔

Burning fever : (n) تپ محرق ۔

Continued fever : (n) (طب) مسلسل بخار ۔

Eruptive fever : (n) نفاذی بخار ۔

Hectic fever : (n) تپ دق ۔

Hyperpyrexial fever : (طب) تپ محرقہ ۔

Inf lammatroy fever : (n) (طب) سوزشی بخار ۔

Intermittent fever : (n) (طب) تپ نوبہ ؛ باری کا بخار ۔

Malignant fever : (n) (طب) مہلک بخار ۔

Relapsing fever : (n) (طب) تپ راجعہ ؛ لوٹ آنےوالا بخار ۔

Remitlent fever : (n) (طب) تپِ لازمہ ؛ لازمی بخار ۔

Scarlet fever : وہ متعدی بیماری جس میں انتہائی حرارت ہوتی ہے اور جسم پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آتی ہیں اور گلے میں خراش ہوتی ہے ؛ خسرہ ؛ پھول متی؛ (طب) مخملک ؛ لال بخار ۔

Simple fever : (n) (طب) سادہ بخار ۔

Typhoid fever : تپِ محرقہ ؛ ٹائیفائڈ بخار ؛ (طب) محرقہ بطنی ۔

Fever : (v) (۱) بخار میں مبتلا کردینا ؛ بخار میں مبتلا کرنا یا ہونا ؛ (مجازاً) بخار کی سی کیفیت پیدا کردینا۔(۲) ہیجان میں مبتلا ہوجانا یا کردینا ۔

Fever bark : (n) کوئی چھال جس سے بخار کا علاج کیا جائے ۔

Fever blister : (n) تبخالہ ؛ بخار یا زکام میں ہونٹ پر اُبھر آنے والا آبلہ ؛ (طب) تبخال ۔

Fever box/-cabinet : (n) مریض کے جسم کی حرارت کو بڑھانے کےلئے ایک برقی آلہ ۔

Fever bush : (n) (۱) ایک خوشبودار پودا ۔(۲) بید کی قسم کا ایک سیاہ درخت ۔

Fever chart : (n) تپ خاکہ ؛ بخار کا چارٹ جس سے بخار کی کمی بیشی ظاہر ہو ۔

Fever cup : (n) ایک صراحی نماپودا جس میں حشرات الارض پھنس کر ان پودوں کی خوراک بن جاتے ہیں ۔

Fever few : (n) دیکھو Fearther-bow

Fever gum : (n) ایک نیلا گوند ۔

Fever heat : (n) بحران تپ ؛ بخار کی شدت ؛ بخار کی حالت میں انتہائی حرارت (نیز مجازاً) جب منہ کی حرارت ٦ء ٩٨ ڈگری سے تجاوز کر جائے ۔

Fever nut : (n) ایک قسم کےپودے کا بیج ۔

Fever plant : (n) ایک قسم کا پھول جو آغاز بہار میں شام کےوقت کِھلتا ہے ؛ مسائی بسنتی پھول ۔

Fever root : (n) امریکا کی ایک معمولی بوٹی ۔

Fever sore : (n) ہڈی کے ناسور یا استخوانی انحطاط کی ایک قسم کا نام ؛ ہڈی سڑنے کی ایک بیماری ۔

Fever thrapy : (n) بخار لا کر یا بخار کے ذریعہ کسی مرض کا علاج ۔

Fever thermometer : (n) حرارت پیما ؛ تپ پیما ۔

Fever tick : (n) جانوروں کے جسم پر بیٹھنے والا ایک کیڑا جس کے ذریعہ بخار اور جراثیم جانوروں کے جسم میں داخل ہوتے ہیں ۔

Fever trap : (n) ایسا مقام جہاں تپ کےجراثیم پائےجاتےہوں ۔

Fever tree : (n) (۱) گرم ملکوں کے ایسے پودے یا درخت جو ایسے خطے کے ہوں جہاں بخار کے آثار نہ پائے جائیں یا اس لئےلگائے جائیں تاکہ بخار کے علاج میں کام آئے ۔(۲) نیلا گوند ؛ اکولپٹس کی قسم کا درخت ۔(۳) آرائشی درخت ۔

Fever twitch/Fevertwig : (n) ایک قسم کا تلخ و شیریں پھل والا درخت ؛ بھلاوا ۔

Fever weed : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Fever wort : (n) دیکھو Fever root

Feveret : (n) ہلکابخار ؛ خفیف حرارت ۔

Feverfly : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Feverish : (a) (۱) جس میں تپ یا بخار کی علامتیں پائی جائیں ۔(۲) (مجازاً) بے آب ؛ بے کل ؛ بے چین ؛ مضطرب ؛ بے قرار ۔(۳) بخاری ؛ بخار کی نوعیت کا ؛ بخار سے متعلق ؛ بخار کے مانند ؛ بخار جیسا ۔(٤) بخار آور ؛ تپ آور ۔(٥) (جگہ وغیرہ) جہاں بخار پھیلا ہوا ہو ؛ بخار کاگھر ۔

Feverishly : (adv.) بے کلی سے ؛ بے قراری سے ؛ بیتابانہ ؛ مضطربانہ ؛ مبتلائے بخار کی طرح ۔

Feverishness : (n) (۱) بےکلی ؛ بیتابی؛ بے چینی ؛ بےقراری ۔(۲) بخار کی کیفیت ؛ (طب) حرارت ؛ حالت تپ ۔

Feverous : (a) دیکھو Feverish

Feverously : (adv.) دیکھو Feverishly

Few : (a) [OE. 'feawe.'] چند؛ چندایک ؛ تھوڑے ؛ تھوڑے سے؛ کچھ؛ مختصر ؛ زیادہ نہیں ۔

A faithful few/-select- : چند ایک ؛ منتخب تعداد ۔

A few : (عامیانہ، طنزیہ) بہت کچھ؛ بلاشبہ ؛ بے شک ۔

A good few : خاصی تعداد میں ؛ خاصی مقدار میں ۔

A man of few words : کم سخن آدمی ؛ کم سخن ۔

Eevery few days : چند روز کی باری سے ؛ چند روز سے ۔

Every few hours : ؛ چندگھنٹوں سے چند گھنٹوں پر ؛ چند گھنٹے بعد ۔

Not a few : بہت سے ۔

Only a few : چند ایک ۔

Quite a few : ؛ بہتیرے ؛ بہت سے خاصی تعداد میں ؛ کثیر ۔

Some few : چند ایک ؛ نا قابل لحاظ تعداد ۔

The few : قلیل (تعداد، کثیر کے مقابلے میں) ؛ اقلیت ۔

Few : (n) قلیل تعداد ؛ اقلیت ۔

Fewness : (n) تعداد کی قلت ؛ کمی ۔

Fewtrils : (n) (بول چال) معمولی چیزیں ؛ ادنیٰ چیزیں ؛ چھوٹی موٹی چیزیں ؛ ادنیٰ بات ؛ خفیف سی مقدار ؛ تھوڑا سا ۔

Fey : (a) [O.E. faege.] (۱) جاں بلب؛ لب گور؛ قبر کےکنارے ؛ جانہاد ؛ اجل رسیدہ ؛ اجل گرفتہ ؛ مرتا ہوا ۔ (۲) مختل حواس (جیسے مرتے وقت) مخبوط الحواس ۔(۳) متشعل اور غیر ذمہ دارانہ انداز میں پیش آنےوالا ۔(٤)بے داغ ؛ پاگل ۔(٥) مس کیا ہوا ؛ چھوا ہوا ؛ پنسل سےہلکا سا خط کھینچا ہوا ۔(٦) چھٹی حس رکھنے والا ؛ پیش بیں ؛ عاقبت اندیش ؛ غیب داں ؛روشن ضمیر ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والا ؛ مستبصر ۔ (۷) بھوت پریت جیسا یا اُس سے متعلق ؛ خیالی موہوم؛ ناقابل عمل ؛ وہمی ؛ تخیل پرست ۔

Fey/Feyne (n) : دیکھو Fay/Feign : (v)

Feyther : (n) برطانوی بول چال میں Father کا متبادل ۔

Fez : (n) [Turk.'fez.'] ترکی ٹوپی جو ترکوں کےقومی لباس میں ایک ضروری جزو کے طورپر استعمال ہوتی ہے ؛ یورپ اورامریکا میں زنانہ ہیٹ کے طورپراستعمال ہوتی ہے۔(جغرافیہ)لباس ۔

Fezzani : (n) [f. 'Fezzn, in south westrn Libya.] (۱)فیضان اور لیبیا کے حبشی اور عربی مخلوط النسل باشندے ۔(۲) فیضانی باشندوں کا کوئی فرد ۔

Fezzi : (n)[f. Fez, Morocco.] مراقش کےمقام فیض کاباشندہ ۔

Fiacre : (n) [Fr.] چار پہیوں کی ایک چھوٹی گاڑی جو کرائے پر دی جاتی ہے ؛ فرانسیسی کرائے کی گھوڑا گاڑی ۔

Fiance (masc.)/Fiancee(fem.) : (n) [f. F'fiance.'] منگیتر لڑکا یا لڑکی ؛ وہ مرد یاعورت جس کی منگنی ہو چکی ہو ۔

Fiant : (n) [L.] اٹرستانی لارڈ چانسلر کی عدالت کے نام منظوری کا پروانہ یاوارنٹ جس پر برطانوی سرکاری مہر ثبت ہو ۔

Fiar : (n) [origin doubtful.] (اسکاتستان) قابل ارث جائداد یا جاگیر کا مالك ؛ وراثتی جاگیر دار ؛ معین حیاتی باجگذار کا برعکس ۔

Fiasco : (n) [It.] (۱) بوتل ؛ فلاسك ؛ شراب کی بوتل ۔ (۲) سخت نا کامی ؛ مضحکہ خیز نا کامی ؛ ثائیں ثائیں فش خصوصاً کسی ڈرامائی یا موسیقاتی پیش کش میں ۔

Fait : (n) [L.] (۱) اختیار دہی ؛ مختار بنانا ؛ کسی کام کا کسی کو اختیار دینا ۔ (۲) اختیاری فرمان ؛ مختاری کا حکم ؛ فرمان ؛ حکم ؛ کچھ کرنےیا کوئی چیز بنانے کا حکم ؛ بسازند ؛ بشود ۔

Fiat : (v) (۱) اختیار دینا ؛ مختار بنانا ؛ ایسا حکم یا فرمان جاری کرنا جس میں کسی کو کسی کا م کا اختیار دیا گیا ہو ۔(۲) منظوری دینا (شاذ) ۔

Fiat-money: (n) (امریکا) زر(مثلاً ناقابل مبادلہ کا غذی کرنسی) جو سرکاری حکم کےذریعہ قانونی یا رائج الوقت بنا دیا جائے ؛ زرقانونی ؛ (تاریخ) کاغذی سکہ ؛ (تجارت) حکمی زر ۔

Fiatist : (n) (امریکا) زرقانونی کا حامی ؛ Fiat money کی حمایت کرنے والا ۔

Fib : (n) [Prob. short for filbb-fabb.] (۱) (بول چال) معمولی جھوٹ ؛ جھوٹ ؛ دروغ بیانی ؛ دروغ گوئی ؛ بےضرر جھوٹ ؛ گپ ۔ (۲)جھوٹا شخص ؛ دروغ گو ؛ لاغی ؛ گپی ؛ گپ باز ۔

Fib : (v) جھوٹ بولنا ؛ دروغ بیانی کرنا ؛ گپیں ہانکنا ۔

Fib : (n) مکا ؛ گھونسا ؛ ضرب ؛ صدمہ ؛ دھچکا ؛ چوٹ ۔

Fib : (v) (عامیانہ) (کسی کو) تیزی سےاور متواترگھونسے مارنا (جیسے مکا بازی میں) ۔

Fibber : (n) گپی ؛ گپ باز ؛ جھوٹا ؛ دروغ بیان ۔

Fible-fable : (n) [Redup.of Fable.] (بول چال) لغویات ؛ مہملات ؛ مہمل یاواہیات بات، خیال یا کام ۔

Fibre/Fiber : (n) [L.'fibra',of unknown origin.] (۱) (عضویات) حیوانیات و نباتات کی نسیجیں یا بافتیں بنتی ہیں ۔ (۲)ریشہ ؛ نس ؛ تار ؛ سوت ؛ دھاگہ نماریشے جن سے کپڑے یا دوسری چیزیں تیار ہوتی ہیں ۔(۳)ریشہ دار چیز ؛ غیر ریشہ دار ساخت یا بناوٹ ۔ (٤) بناوٹ ؛ وضع ؛ ڈھنگ ؛ ساخت ؛ طبیعت ؛ سیرت (مثلاً Man of coarse fibres یعنی بےتمیز ، بدقوارہ) ۔(٥) جڑ کا حصہ ؛ (کبھی کبھی) ٹہنی کا ایك حصہ ؛ نازك شاخ یا جڑ ۔ (٦)(حیوانیات،نباتیات)لیف ؛ الیاف ریشہ ۔(۷) (نباتیات) نازك جڑ ؛ ریشہ ۔ (۸) (فلسفہ وغیرہ) ریشہ ؛ باریك نس ؛ (کیمیا) ریشہ ۔

Commissural fibre : (فلسفہ، نفسیات و غیرہ) اتصالی ریشہ ۔

Nerve fibre : (تشریح، حیوانیات) عصبی ریشہ ۔

Projection fibre : (فلسفہ، نفسیات) برآمدریشہ ۔

Sweat fibre : (تشریح) عرقی ریشہ ۔

Traction fibre : (تشریح، حیوانیات) جرّی ریشہ ۔

Fibre board/Fiber- : (n) ریشوں کو دبا کر سخت موٹی جدری کی شکل میں بنائی ہوئی کوئی چیز ؛ ایسی چیزکی بنائی ہوئی کوئی تختی یا چیز ۔

Fibre cartilage : (n) (تشریح) غُضروف لیفی ؛ ریشی کُری ۔

Fibred : (a) ریشہ دار ؛ ریشہ لگاہوا(خصوصاً کنگھی میں) ۔

Fibre glass/Fiber- : (n) (۱)ریشہ نماشیشے جومختلف چیزوں کےبنانےمیں کام آتے ہیں ۔(۲) دیکھو Spun glass ۔

Fibre-gum : (n) سبزی کےریشوں کو الگ کرنے کا ایك اوزار ۔

Fibreless : (a) بےریشہ ؛ کم زور ؛ ناتواں ۔

Fibres of corti : (n) کاری کے ریشے ؛ قشری ریشے ۔

Finriform/ Fibrine : (a) ریشہ صورت ؛ ریشہ شکل ؛ ریشہ ساں ؛ ریشہ جیسا ؛ ریشہ نما ۔

Fibril : (n) [Mod. L. 'fibrilla.'] (۱) (عضویات) باریك یاچھوٹا؛ ساریشہ ؛ ریشك ۔ (۲) عصب ؛ عضلہ وغیرہ میں کسی ریشے کا ایك حصہ، جزو یا ٹکڑا ۔ (۳) (نباتیات) جڑ کا سب سے باریك ریشہ یاریشے کا چھوٹا جز ؛ (حیوانیات، نباتیات) ریشك ؛ (فلسفہ، نفسیات) ریشك ۔

Fibrilla : (n) (dim. of . L.'fibra.'] دیکھو Fibril

Bridging fibrilla : (n) (حیوانیات) رابطہ ریشک ۔

Fibrillar : (a) ریشک کا ؛ اُس سے متعلق ، اُس سے بنا ہوا یا اُس کی صفت کا ۔

Fibrillary : (a) دیکھو Fibrillar

Fibrillate : (v) (خون کا) ریشکوں میں بدل جانا ؛ لاجھے دار ہونا ۔

Fibrillated : (a) ریشک نما ساخت والا ؛ ریشک ساختہ ؛ ریشکوں جیسا بنا ہوا ۔

Fibrillation : (n) (۱) ریشک ساختہ ہونا یا ہوجانا ؛ ریشہ دار گچھا ۔ (۲) ریشہ سازی ۔ (۳) (طب) اِرتجاف ۔ (٤) (طب) ریشہ سازی ۔

Fibrillatis : دیکھو Fibrillated

Fibrilliferous : (a) (حیوانیات) ریشہ بردار ۔

Fibrilliform : (a) ریشک ساں ؛ ریشک نما ؛ ریشک جیسا ۔

Fibrillose : (a) ریشک آمیز ؛ پُر ریشک ؛ نفیس طور پر مخطط یا دھاری دار ۔

Fibrin/Fibrine/Fibrina : (n) ایک سوت سی یا ریشہ نما چیز جو خون اور حیوانی مادے میں پائی جاتی ہے ؛ قابل انجماد زلال یا بے رنگ عرق جو حیوانات کی نسوں میں ہوتا ہے ؛ نیز ایک ایسا ہی نباتی مادہ ؛ (کیمیا) مادۂ لیفی ؛ فائبرین ۔

Fibrin film : (n) انسانی خون کے مادوں سے تیار کی ہوئی نیم شفاف لچکیلی فلم جو عمل جراحی میں کام آتی ہے ۔

Fibrin foam : (n) انسانی مادوں سے تیار کیا ہوا ایک اسپنجی مادہ جو عمل جراحی میں زخم سے خون نکلنے پر اُسے منجمد کرنے میں کام آتا ہے ۔

Fibrination : (n) خون میں فائبرین شامل کرنے یا ملانے کا یا طریقہ ؛ خون میں زلال شامل کرنے کا عمل ۔

Fibrino - : فائبرین کا جزو ترکیبی لیفین ۔

Fibrino-albuminous : (a) جس میں فائبرین اور البومین موجود ہو ۔

Fibrino-genetic/-genic/-genous : (a) زلال خیز ؛ زلال آور ؛ زلال یا فائبرین پیدا کرنے والا ۔

Fibrino-plastic : (a) فائبرین یا زلال کی ساخت میں شامل ۔

Fibrino-plastin : (n) ایک مادہ جو خون میں پایا جاتا ہے ۔

Fibrino-purulent : (a) جس میں ریم اور زلال کا مخلوط شامل ہو ؛ ریم اور زلال کے مخلوط پر مشتمل ۔

Fibrinogen : (n) فائبرین کے مرکب میں شامل ہونے والا ایک بیضیہ مادہ ؛ (کیمیا، حیوانیات) فائبرین افزا ۔

Fibrinolysis : فائبرین (خون میں پایا جانے والا مادہ) کا کیمیاوی تغیر کے ذریعہ ٹوٹ کر گھُل جانے کی حالت ۔

Fibrinopenia : (n) (طب) قلّت فائبرین ۔

Fibrinosis : (n) (طب) کثرت فائبرین ۔

Fibrinous : (n) زُلالی ؛ زُلال آمیز ؛ لیفینسنی ؛ فائبرین سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ۔

Fibrinuria : (n) (طب) فائبرین بولی ۔

Fibro - : Fibre کا جزو ترکیبی بمعنی ریشہ دار ۔

Fibro-areolar : (a) ریشہ دار اور حلقہ دار یا جوڑے والی نسیجوں پر مشتمل ۔

Fibro-blast : (n) وہ خلیہ جس میں ریشہ دار نسیج فوراً مل جاتی ہے ؛ (حیوانیات) لیفی نہوض ۔

Fibro-calcareous : (a) ریشہ دار نسیجوں پر مشتمل اور چُنیلے یا آہکی اجسام کا حامل ۔

Fibro-cartilage : (n) ایک مضبوط لچکدار شے جس میں ریشہ دار نسیج اور غضروف کی ساخت اور صفت شامل ہوتی ہے ؛ (حیوانیات) غضروف لیفی ؛ ریشی کُری ۔

Fibro-cartilaginous : (a) ریشہ دار اور حلقہ دار نسیجوں سے مل کر بنا ہوا ۔

Fibro-cellular : (a) دیکھو Fibro-cartilaginous

Fibro-cenment : (n) اسبسطوسی سیمنٹ ؛ ایک طرح کی ریشہ دار معدنی شے جس کا غیر اشتعال پذیر تختہ بنا یا جلتا ہے ۔

Fibro-chondritis : (n) فائبرو کارٹیلج کا ورم ؛ (طب) ورم غضروف لیفی ۔

Fibro-cystic : (a) ریشہ دار نسیجوں اور حصالوں یا تھیلیوں پر مشتمل ۔

Fibro-cystome : (n) ورم یا رسولی جس میں ریشہ دار نسیجیں اور جوف ہوں ۔

Fibro-elastic : (n) لچیلے اور ریشہ دار عناصر پر مشتمل (کوئی چیز) ۔

Fibro-ferrite : (n) (معدنیات) زرد رنگ کے ریشہ دار گچھو ں میں پایا جانے والا فیرک سلفیٹ ۔

Fibro-intestinal : (a) دوتھوں میں سب سے اندرونی تہ جس میں بعض بےریڑھ کے جانوروں کی درمیان جلد منقسم ہوتی ہے ۔

Fibro-myoma : (n) وہ عضلہ جس کے ورم میں ریشہ دار نسیجوں کی بڑی مقدار ہوتی ہے ؛ (طب) لیفی عضلی سلعہ ۔

Fibro myomata/Fibromyoma : (n) ریشے دار اور عضلاتی نسیج کا حامل ایک مخلوط ورم لیفی

Fibro-myomatous : (a) ایک طرح کا عصبی یا عضلاتی مرض جس میں ریشہ دار نسیجیں خاص طور پر ہوتی ہیں ۔

Fibro-myositis : (n) ریشے دار اور عضلاتی نسیج کی سوزش ۔

Fibro-neuroma : (a) دیکھو Fibro-myomatous

Fibro-nucleated : (a) نواتات (نیوکلی) کے ساتھ ملی ہوئی ریشہ دار نسیجوں سے مرکب ۔

Fibro plaster : (n) ریشوں سے بنایا ہوا مضبوط لیپ ؛ پلاسٹر ۔

Fibro plastic : (a) ریشہ آور ؛ ریشہ ساز (خصوصاً زخم سے رستے ہوئے پنچھے سے بنی ہوئی نسیج کو کہتے ہیں) ۔

Fibro-sarcoma : (n) ورم لحمی اور ورم لیفی کے درمیان کا ایک ورم ۔

Fibro-serous : (a) ریشہ دار اور خوننابی جھلّیوں کی نوعیت کا حامل ۔

Fibro-vascular : (a) (نباتیات) ریشہ دار اور قناتی نسیجوں سے مل کر بنا ہوا ۔

Fibroid : (a) ریشہ سان ؛ ریشہ دار ؛ ریشہ نما ؛ لیفی ؛ ریشہ دار نسیج کے مشابہ (طب) لیفیہ ؛ لیفی سلعہ ؛ (تشریح) ریشہ دار ؛ لیفی ۔

Fibroid : (n) رحم کی سوجن ؛ ورم رحم ؛ (طب) ریشہ دار سوجن یا رسولی ۔

Fibroid change/-degeneration: (n) ریشہ یا ریشہ دار نسیج میں مریضانہ تبدیلی ؛ (مریضانہ طورپر ریشوں یا ریشہ دار نسیجوں میں بدل جانا) ۔

Fibroid phthisis : (a) (طب) ریشہ دار سِل ۔

Fibroid tumour : (n) (طب) سلعہء لیفی ۔

Fibroin : (n) ایک کیمیائی مادہ جو ریشم، مکڑی کے جالوں اور اسفنجوں کے سینگ نما ڈھانچوں کا ایک عنصر خاص ہوتا ہے ۔

Fibrolite : (n) ایک ریشہ دار معدنی شے جو خاص طور پر الومینیم سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے ؛ کیمیا فائبرولائٹ ۔

Fibrolitic : (a) الومینیم سلیکیٹ کی حامل ایک ریشہ دار معدنی شے کا یا اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ۔

Fibroma : (n) [L. 'fibra+oma] ورم لیفی ؛ ایک ریشہ دار ورم یا رسولی ؛ (طب) سلعہء لیفی ؛ ریشکی رسولی ۔

Fibromatogenic : (a) ورم لیفی کو بڑھانے یا بڑا کرنے والا ۔

Fibromatoid : (a) ورم لیفی سے مشابہ ۔

Fibromatosis : (n) کثیر العناصر ورم لیفی کے ہونے کی یا اس کی علامت ظاہر کرنے کی حالت ۔

Fibromatous : (a) ورم لیفی سے متعلق ۔

Fibrome : (n) Fibroma کا متبادل ۔

Fibroplasia : (n) ریشے دار نسیج کے بننے کا عمل (مثلاً زخم کے بھرنے میں) ۔

Fibroplastic : (a) ریشے دار نسیج کے بننے کے عمل کے متعلق ۔

Fibrose : (a) (نباتیات) لیفی ؛ ریشہ دار ۔

Fibrose : (a) (طب) ریشہ بنانا ۔

Fibrosin : (a) (کیمیا) ریشے کی طرح ۔

Fibrosis : (n) (مرضیات)مریضانہ طورپر ریشہ دارنسیجوں میں بدل جانا ؛ (طب) لیفیت ۔

Fibrosis uteri : (n) (طب) لیفیت رحم ۔

Fibrositis : (n) (طب) ورم لیفی ؛ ریشکی ورم ۔

Fibrotic : (a) (مرضیات) ریشہ یا ریشہ دار نسیج میں مریضانہ تبدیلی کا یا اس سے متعلق ؛ (طب) لیفنی ۔

Fibrous : (a) [mod. L. 'fibrosus.'] (۱) ریشہ دار ؛ لیفی ؛ ریشوں سےبھرا ہوا ؛ ریشوں سے بنا ہوا ۔ (۲)ریشہ نما ؛ریشے جیسا۔(۳) (طب) (نباتیات) لیفی ؛ ریشہ دار ۔

Fibrous concrete : (n) (تعمیرات) ریشہ دار کنکریٹ ۔

Fibrous comective tissue : (n) (حیوانیات) ریشنی اتصالی بافت ۔

Fibrous glass : (n) دیکھو Fibre glass

Fibrous layer : (n) (حیوانیات) ریشنی پرت ۔

Fibrous plaster : (n) ریشوں سے مضبوط بنایا ہوا لیپ (پلاسٹر) ۔

Fibrous grocess : (n) ریشنی ابھار ۔

Fibrous ring : (n) ایک مضبوط ورق دار ریشے دارنسیجی دائرہ جو ریڑھ کی ہڈی کی چکتی کا باہری حصہ بناتی ہے ۔

Fibrous root : (n) ایسی جڑ جس کا کوئی نمایاں مرکزی محورنہیں ہوتا ہے اور جس کی شاخیں ہر سمت میں پھیلی ہوتی ہیں ۔

Fibrous sheath : (n) ریشنی غلاف ۔

Fibrous tissue : (n) (حیوانیات)لیفی نسیج ؛ ریشہ دارباقت ؛ (حیوانیات) ریشنی بافت ۔

Fibrously : (adv.) ریشے کی طرح سے ؛ ریشہ دار طور پر ؛ لیفی طور پر ۔

Fibrousness : (n) ریشہ پن ؛ ریشہ داریت ؛ ریشہ داری ؛ ریشوں سے بنا ہونا یا بھرا ہونا ۔

Fibster : (n) جھوٹا ؛ گپی ؛ گپ باز ؛ لاغی ؛ دروغ گو ۔

Fibula : (n) [L.fibula.] (حیوانیات، تشریح) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی ؛ شنظیہ ؛ (قدیم) کانٹا ؛ بکسوا ؛ سوا ؛ جوڑ نے والی چیز ؛ (تعمیرات) سنگ قفلی ؛ (تاریخ) فیبولا ؛ بکسوا ۔

Fibular : (a) پنڈلی کی باہر کی طرف کی ہڈی سے متعلق یا اُس کا ؛ (تشریح) شنظوی ۔

Fibulare : (n) (تشریح) زیر شنظیہ (ہڈی) ۔

- fic : (suffix.) [L. -'ficus.'] لاحقہ بمعنی کرنا ؛ بنانا ؛ سبب ہونا ؛ پیدا کرنا ؛ پورا کرنا ؛ کسی خاص حالت میں لانا ۔

- fication : (suffix.) [L. -'ficationem.'] لاحقہ، فعل سے اسم فعل بنانے والا ؛ سائنسی زبان میں اس سے ایسے اسماء بھی بنائے جاتے ہیں جو فعل سے نہیں بنتے ۔

Ficelle : (a) [F.] صرف مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے بمعنی ستلی کےرنگ کا ۔

Fichu : (n) [F.] عورتوں کی ایک تکونی شال ؛ کندھے اور گردن پرڈالنے والی ؛ فیشہ ۔

Fickle : (a) [OE. 'ficol.'] ناپائدار ؛ متلون ؛ متقلب ؛ متلون الطبع ؛ تغیر پذیر ؛ متغیر ؛ قابل تبدیلی ؛ غیر مستقل ؛ غیر یقینی ؛ ناقابل اعتبار ۔

Fickleness : (n) تلون ؛ ناپائداری ؛ تغیر پذیری ؛ تقلب ۔

Fickly : (adv.) (شاذ) ناپائدار طور پر ۔

Fico : (n) [L.'ficus.'] (متروک) (قسم کےطور پر) کوئی ادنیٰ چیز ؛ بےقیمت شے؛ حقیر، سبک، ذلیل، خوار شے ؛ (تشریح) انگوٹھا ۔

Ficoid : (a) [L.'ficus.'] انجیر کی نوع سے متعلق یا اُس کے مشابہ ؛ نیز گولرنما ؛ انجیر نما ۔

Ficoid : (n) ایک طرح کا پودا ۔

Ficoidal : (a) (۱) انجیر کی نوع سے متعلق یا اُس کے مشابہ ۔ (۲) ایک فطری پودے سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا ۔

Ficoidal : (n) ایک مخصوص نوع کا پودا ۔

Ficoidal alliance : (n) پودوں کی بعض بعض انواع کا ایک گروپ ۔

Ficoides : (n) [mod. L.] مختلف پودوں کےلئے مستعمل ایک نباتیاتی نام ۔

Fictile : (a) [L.f. 'fingere.'] (۱) مٹی کابناھوا ؛ سفالی ؛ گلی ۔ (۲) ڈھالے جانے کے لائق ؛ (شاذ) ۔ (۳) فنی طور پر کسی شکل میں ڈھالا ھوا ؛ مشکّل ۔ (۳) برتن یاظروف کے طور پر کام آنے والا ۔

Fictile art : (n) کوزہ گری ۔

Ficlileness : (n) (۱) ڈھلائی ؛ ساخت ؛ تشکیل ۔ (۲) ڈھالےجانے کی صفت ۔ (۳) ڈھالا ھوا برتن یا ظرف (مٹی یا چینی مٹی کے برتن وغیرہ) ۔

Ficitility : دیکھو Fictileness

Fiction : (n) [L.f.'figere.'] (۱) گھڑت ؛ من گھڑت ؛ ایجاد ؛ اختراع ؛ تصوراتی یا خیالی ہستیوں ، واقعات، حالات وغیرہ کی اختراع یا ایجاد کا عمل ؛ تخیل ؛ خیال ۔ (۲) بنائی ھوئی بات ؛ گھڑا ھواقصہ ؛ گھڑی ھوئی بات ؛بناوٹی بات ؛ تراشا ھوا افسانہ؛ افسانہ طرازی ؛ خیالی بات ؛ جھوٹا یا من گھڑت بیان؛ فرضی بات جو حقیقی نہ ھو مگر رسماً قبول کرلی گئی ھو ۔ (۳) افسانہ ؛ کہانی؛ قصہ ؛روایت ؛ داستان ؛ ناول ۔ (٤) فرضی بات ؛ قانونی مفروضہ ؛ فرضی امر قانون (تاریخ) افسانہ ؛ طبع زاد قصہ وغیرہ ۔

Legal fiction : قانونی امور میں سہولت پیدا کرنے کےلئے کوئی مفروضہ خواہ غلط ھو یاصحیح ؛ فرضی امر قانونی ؛ مفروضہ ۔

Fictional : (a) خیالی ؛ قصصی ؛ قصے کہانی سا؛ غیرحقیقی؛ افسانوی ؛ افسانہ نما؛ قصہ جاتی ؛ قصہ نما ؛ مصنوعی ؛ اختراعی ؛ من گھڑت ۔

Fictional parts of territory : (تاریخ وسیاسیات) علاقے کے مفروضہ حصے ۔

Fictionally : (adv.) خیالی طور پر ؛ افسانوی انداز میں ؛ غیر حقیقی طور پر ؛ بناوٹی انداز میں ؛ اختراعی طور پر ۔

Fictioneer/Fictioner/Fictionist : (n) قصہ گو ؛ داستان طراز ؛ افسانہ نگار ؛ کہانی کار ۔

Fictitious : (a) (۱) بنایا ھوا ؛ ساختہ ؛ مصنوعی ؛ غیر اصلی یا غیر واقعی ۔ (۲) (نام یا شخصیت) فرضی ؛ بناوٹی ؛ تصوراتی ؛ جعلی ۔ (۳) من گھڑت ؛ خیالی ؛ غیر حقیقی ؛ نقلی ؛ ایجاد کردہ ؛ اختراعی ۔ (٤) ناول یا افسانے کا ؛ قصے کہانی جیسا ؛ افسانوی نوعیت کا ۔ (٥) ایسا جس کو عام طورپر افسانہ یا قصہ سمجھ لیا گیا ھو ۔ (٦) (کسی قانونی یا رسمی) مفروضے کا بنا یا ھوا ؛ مفروضے کے ذریعہ ساختہ ۔

Fictitious accounts : (n) (تجارت) فرضی کھاتے ؛ برائے نام کھاتے ۔

Fictitious asset : (n) (تجارت) فرضی اثاثہ ۔

Fictitious year : (n) (فلکیات) سال جعلی ۔

Fictitiously : (adv.) فرضی یا خیالی طور سے ؛ جھوٹ موٹ ؛ افسانوی انداز میں ؛ داستانی طور پر ۔

Fictitiousness : (n) فرضی ھونا؛ غیر واقعیت ؛ غیراصلیت ؛ افسانویت ؛ کہانی پن ۔

Fictive : (a) (۱) فرضی ؛ خیالی ؛ روایتی ؛ افسانوی ؛ داستانی ؛ نقلی ؛ ایجادی ؛اختراعی؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ جھوٹ موٹ کا؛ غیر اصلی ؛ غیر حقیقی ؛ حیلہ سازی یا فریب کاری کا ۔ (۲) خیال سے پیدا کرنے والا ۔

Ficus : (n) [L. 'ficus.'] (مرضیات) ایک انجیرنما گوشتی مادہ ا جلد کا وہ مخروطی ابھار جو بلغمی نالیوں کےخارجی دہانوں پر (حنجرے وغیرہ میں) ھوا کرتاھے؛ (نباتیات) جنس انجیر ؛ (طب) بواسیر ۔

Ficus Aurea : (n) (نباتیات) سنہرا انجیر ۔

Ficus carica : (n) (نباتیات) انجیر ۔

Ficus Elastica : (n) (نباتیات) (شجر) ربڑ ۔

Ficus Glomerata : (n) (نباتیات) گُلار ۔

Ficus Indica : (n) (نباتیات) بڑ ؛ برگد ۔

Ficus palmata : (n) (نباتیات) پھگواڑہ ۔

Ficus Religiosa : (n) (نباتیات) پیپل ۔

Fid : (n) [Origin unkn.] (۱) (جہاز رانی) لکڑی یا لوھے کا چو پہلی لٹھا جو مستول کے سہارے کے کام آتاھے؛

لکڑی یا دھات کی میخ یاپچر ۔(۲) سخت لکڑی کی ایک مخروطی کیل جو دو رسوں کو ملانے میں رسوں کے تار الگ کرنے کے کام آتی ہے ۔ (۳) بندوق کے سوراخ کےلئے پرانی رسیوں کے سن کی بنی ہوئی ڈانٹ نیز تمباکو کی گولی یا انٹا (جو منہ میں رکھ کر چبایا جاتا ہے) ۔ (٤) (بول چال) کسی چیز کا چھوٹا موٹا حصہ ۔ (٥) کسی چیز کو روکے رکھنے یا سہارا دینے کےلئے استعمال ہونے والی لکڑی یا دھات کی چھڑیا کیل ۔

Fid : (v) لکڑی یالوھے کے لٹھے کے ذریعہ مستول کو سہارا دینا ؛ یا روکنا ۔

Fidalgo : (n) [pg.] ایک پرتگالی رئیس زادہ ۔

Fiddle : (n) [OE. 'fipele.'] (۱) سارنگ ؛ سارنگی ؛ چو تارا ۔ (۲)بعض اوقات وائلن (Violin) کو تحقیر کےطور پربھی کہہ دیتے ہیں ۔(۳) سارنگی نواز ؛ سارنگی بجانے والا ؛ دل لگی کرنے والا ؛ رنگ دلیاں منانے والا ؛ مسخرہ ؛ درباری مسخرہ ۔ (٤) سارنگی نما کوئی بھی چیز (الف) (جہاز رانی) خراب موسم میں چیزوں کو ٹیبل سے لڑھک کر گرنے سے روکنے کےلئے بنا ہوا ریک یا فریم ۔ (ب) ایک لمبی لکڑی جس کے دونوں سروں پر رسےبندھے ہوتے ہیں اور جو پیالی وغیرہ کو کھینچنےیا دوسرے کاموں کےلئے استعمال ہوتی ہے ۔ (٥) (عامیانہ) پروانہء گرفتاری ؛ گرفتاری کا حکم یا فرمان ۔ (٦) (اسکاتستان) کھجلی ؛ خارش ۔ (٨) (بطور فجائیہ) خرافات ؛ مہمل ؛ لغو ؛ لایعنی ؛ بیکار ؛ فضول ۔

As fit as a fiddle : خوب ہٹا کٹا ؛ اچھی حالت میں ؛ صحت کے عالم میں ؛ کامل صحت مند ۔

Face as long as a fiddle : رنجیدہ ؛ اُداس ؛ غمگین ؛ دل گیر ؛ منہ لٹکائے ہوئے ۔

To hang up one's fiddle when one comes home : گھر سے باہر بشاش رہنا مگر گھر میں آکر اداس ہوجانا ۔

To play first fiddle : پیش پیش رہنا ؛ اگوا ہونا ؛ سب سے آگے رہنا ۔

To play second fiddle : کسی سے کم تر ہونا ؛ کسی سے پیچھے رہ جانا ۔

To play third fiddle : پیچھے رہ جانا ؛ پھسڈی ہوجانا ۔

Fiddle : (v) (۱) سارنگی بجانا ؛ چوتارا بجانا ۔(۲) سبک سری دکھانا ؛ ہرزہ سرائی کرنا ؛ بے مقصد، بے کار، مہمل، بیہودہ باتیں یا حرکتیں کرنا ؛ نکمی بات یا بیہودہ حرکت کرنا ؛ نکمے پن یا سستی سے کام کرنا ؛ (about کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے) ۔(۳) (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جھانسا دینا ؛ حیلہ بازی کرنا ۔ (٤)فضول وقت ضائع کرنا؛ بے کاروقت گنوانا۔ (٥) بو الفضولی کرنا ؛ اوچھا پن کرنا ۔

To fiddle to : (کسی) کے ماتحت چلنا ۔

Fiddle away : (v) برباد کردینا؛ ضائع کردینا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔

Fiddle back : (n) سارنگی نما کوئی بھی چیز ۔

Fiddle back chair : (n) کرسی کی پُشت جو سارنگی نما ہو، یہ ملکہ این کے وقت میں مروج تھی ۔

Fiddle beetle : (n) سارنگی کی شکل کا ایک مشرقی بھوڑا ۔

Fiddle block : (n) (جہاز رانی) اوپر نیچے دو چرخیوں والا بلاک جس میں چھوٹی چرخی نیچے ہوتی ہے ۔

Fiddle-bow : (n) دیکھو Fiddle stick

Fiddle-case : (n) (۱) سارنگی کا بکس ۔(۲) ایسے درخت کے پھل جن کے بیج خول میں آواز دینے لگتےہیں ۔

Fiddle dee dee : (n) (فجائیہ) واہیات ؛ خرافات ؛ مہمل ۔

Fiddle dock : (n) ایک بوٹی جس کی پتیاں سارنگی نما ہوتی ہیں ۔

Fiddle drill : (n) سوراخ کرنے یا چھید کرنے کا برما ؛ (ٹولس) کمان برما ۔

Fiddle-faddle : (n) (۱) بیوقوفی کی بات ؛ احمقانہ گفتگو ؛ احمقانہ حرکت ۔ (۲) فضول باتیں یا وقت ضائع کرنا ؛ معمولی، ادنیٰ ، بےلطف باتیں ۔ (۳) فضول گو ؛ احمقانہ باتیں کرنے والا ؛ سبک سر یا خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ؛ باتونی ؛ گپی ؛ ہرزہ سرا ؛ یاوہ گو ؛ بسیارگو ۔

Fiddle-faddle : (a) (۱) شوروغل مچانےوالا ؛ ادنیٰ باتیں کرنےوالا؛ خفیف الحرکتی دکھانے والا ۔(۲) (فجائیہ) حماقت ؛ مہمل ؛ لغو ؛ لایعنی ۔

Fiddle faddle : (v) ادنیٰ باتیں کرنا ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اہم سمجھنا ؛ بات کا بتنگڑ بنالینا ؛ معمولی یا خفیف باتوں میں بے چینی یا گھبراہٹ کے ساتھ پھرنا یا مصروف ہونا ؛ خفیف الحرکتی کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ پریشان کردینا ؛ (کام میں) گڑبڑ کردینا ؛ خلط مبحث کردینا ۔

Fiddle fish : (n) (۱) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔(۲) شاہ سرطان ؛ بڑی نسل کا کیکڑا ۔

Fiddle flower : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Fiddle-footed : (a) (۱) اچھل کود کرنے والا ؛ شوخ مزاج ؛ اٹھکھیلیاں کرنے والا ۔(۲) گھومکڑ ؛ مٹرگشت؛ اِدھر اُدھر مارا پھرنے والا ۔

Fiddle-head : (n) (۱) جہاز یا کشتی کے پہلو پر کے نقش ونگار جو سارنگی کے سُر جیسے خم کے ساتھ ختم ہوتے ہیں ۔(۲) سارنگی کی طرح خالی کھوپڑی ؛ خالی کھوپڑی ؛ بے دماغی ۔

Fiddle-headed : (a) (۱) وہ جہاز یا کشتی جس میں سارنگی نماسروں والےنقش ونگاربنے ہوں ۔(۲)سارنگی کے سُر جیسے دستوں والا (چمچہ، کانٹا) ؛ بےدماغ ؛ خالی کھوپڑی والا ؛ بے سُر ۔

Fiddle idol : (n) (تاریخ) سارنگی دار مورتی ۔

Fiddle-neck : (n) (۱) ایک قسم کی ریشہ دار بوٹی ۔(۱) ایک طرح کا پودا ۔

Fiddle pattern : (n) سارنگی کے شکل کے دستے والے چمچے اور کانٹے ۔

Fiddle patterned : (n) دیکھو Fiddle-headed

Fiddle-string : (n) سارنگی کا تار ؛ (مجازاً) نحیف ونزار ؛ بے جان ؛ بے قیمت یا ادنیٰ سی چیز ۔

Fiddle-wood : (n) ایک امریکی پودا ۔

Fiddler : (n) (۱) سارنگی بجانےوالا ؛ سارنگی نواز(خصوصاً کرایہ کا) ۔(۲) چھ پنس ۔(۳) ایک قسم کا چھوٹا سا کیکڑا ۔(٤) تل چٹا یابھونرے کےمشابہ ایک مکھی ۔ (٥) (مقامی) ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب رتیلے مقامات میں رہتا ہے ؛ ثثیری ۔ (٦) ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Fiddler crab : (n) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا ۔

Fiddler's green : (n) (۱) (جہازرانی) ملاّحوں کی بہشت جس میں نغمہ ، شراب اور عورت خاص چیزیں ہوتی ہیں ۔(۲) ایک قسم کا چھوٹا کیکڑا ۔

Fiddlestick : (n) (۱) کمانچہ ؛ (سارنگی کی) کمان جس میں گھوڑے کے بال لگے ہوتے ہیں اور جس سے سارنگی بجائی جاتی ہے ۔(۲) فضول ؛ مہمل ؛ لغو ؛ خرافات ؛لایعنی ؛ بیکا ر ؛ بے مطلب ؛ بے مقصد ۔ (۳) تمسخر آمیز یا ہنسی مذاق کی گفتگو میں کسی دوسرے لفظ کےبدلے اسے بول دیا جاتا ہے ۔ (٤) (بطورفجائیہ) بیہودگی ؛ حماقت؛ مہمل ؛ (اکثرجمع میں) ۔(٥)(موسیقی) سارنگی کا گز ؛ زخمہ ۔

Fiddlestick end : (n) محض ؛ لغو ؛ فضول ؛ مہمل ؛ پھوٹی کوڑی ۔

Fiddley : (n) بھٹی کے منہ کے گرد لوہے کا جنگلا ۔

Fiddling : (a) (۱) سارنگی نواز ؛ سارنگی بجانے والا ۔ (۲) (اشخاصر کےلئے) فضول یا ادنیٰ باتوں میں منہمک ؛ فضول باتوں یا کاموں میں مصروف ۔ (۳) (اشیاء کےلئے) حقیر ؛ ناقابل توجہ ؛ بے حقیقت ؛ بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ فضول ؛ لاحاصل ؛ ادنیٰ ؛ فرومایہ ؛ ذراسا ۔

Fiddling : (n) جز بندی ؛ کتاب کے اجزا کو لہر یا سلائی یا بین جزئی ٹانکے لگا کر سینا ۔

Fidei-commissum : (n) [L. f. fidei+ commissum.] (رومن قانون) کسی شخص کے ذریعہ کی ہوئی ایسی وصیت جس کے تحت اس نے وارث یا موصی لہ سے کوئی چیز تیسرے شخص کےنام منتقل کرنے کی استدعا کی ہو ۔

Fideism : (n) [f. L. 'fides+ISM.'] ایک مکتبہء فکر جس کے مطابق علم کی بنیاد عقیدے پر ہوتی ہے ۔

Fidejussion : (n) [f.next.] ضمانت ؛ ضمانت لینا؛ ضامن ہونا۔

Fidejussor : (n) [L. f. 'fides+jubere.'] (غیر فوجی قانون) دوسروں کی ضمانت لینے والا ؛ ضامن ؛ ضمانت دار ۔

Fidejussory : (a) ضمانت دار کا یا اس سے متعلق ؛ ضامنی ؛ ضمانت دارانہ ؛ قابل ضمانت ۔

Fidelity : (n) [L.'fidelitatem.'] (۱) اعتبار ؛ با اعتباری ؛ پُر اعتمادیت ؛ اعتماد ؛ وفا ؛ وفاداری (کسی

شخص یا جماعت وغیرہ سے) نمک حلالی ؛ خیر خواہی ؛ صدق دلی ۔ (۲) ازدواجی وفاداری ؛ ازدواجی اعتماد ؛ (تاریخ) وفاداری ۔ (۳) حق وصداقت سے انتہائی مطابقت یا مشابہت ؛ کامل مطابقت ؛ قطعی مشابہت کا لا حاصل ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ صحت (واقعہ، رپورٹ وغیرہ کی) ۔ (٤) تفصیلات کے بیان میں درستی (مثلاً مسودہ کی نقل میں، کسی واقعہ کے بیان میں اور کسی فرض کی ادائیگی میں) ۔ (٥) درستگی ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح صحیح (حالت یا بیان) ؛ (اخلاقیات) وفاداری ؛ دیانت ۔ (٦) (ریڈیو، فوٹوگراف وغیرہ میں) الیکٹرونی تدبیر کے ذریعہ سگنل یا ریڈیائی لہر کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک ٹھیک ٹھیک پہنچنا ؛ درستی ؛ معیار درستی ۔

Fidelity guarantee : (n) (قانون) ضمانت دیانت داری ۔

Fidelity policy : (n) (معاشیات) بیما نامۂ دیانت ۔

Fidepromissor : (n) [L.f. 'fides+promittere.'] (رومن قانون) کسی کی ضمانت کےلئے خود کو پیش کرنےوالا؛ ضامن ؛ ضمانت دار ۔

Fidge : (n) (۱) (روز مرہ) دلی اضطراب ؛ بےچینی ؛ بےکلی ؛ گھبراہٹ ؛ بیزاری ؛ بے قراری ؛ ہڑ بڑی ؛ چلبلاہٹ ؛ نیز ہلچل ؛ ہنگامہ ؛ شورش ؛ افراتفری ؛ بھاگ دوڑ ؛ بلوا ۔ (۲) بے کل ؛ بےچین؛ مضطرب ؛ بیقرار ؛ متلون مزاج ؛ (شخص) ۔

Fidge : (v) [Origin.unkn.] (بول چال) مضطرب پھرنا ؛ بے چین یا بیکل ہونا یا کرنا ؛ گھبرانا ؛ گھبرادینا ؛ ہڑبڑانا یاہڑبڑا دینا ؛ جھٹکے سے کھینچنا؛ جھٹکا دینا ؛ پھڑکنا ؛ پھڑکانا ؛ تشنجی حرکت دینا یا ہونا ۔

Fidget : (n) [f. Fidge. V.] (۱) جسم کی مبہم بے چین حرکت ؛ مسلسل جسمانی حرکات میں سکون کی تلاش؛ اضطراری حرکت ؛ اضطرار؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛بے کلی ؛ بے قراری ۔ (۲) مضطرب ہونے یا کرنے والا ؛ بے قرار یا بے چین ہونے یا کرنے والا ۔ (۳) اضطراب ؛ گھبراہٹ ؛ بے چینی ؛ بیزاری ؛ بےقراری ؛ چلبلاپن؛ (طب) بےقراری ۔ (٤) کپڑوں وغیرہ کی کھڑبڑ یا سرسراہٹ ۔

Fidget : (v) [f.prec. n.] (۱) مضطرب پھرنا ؛ بے چینی یا بے کلی سے ادھر اُدھر آنا جانا ؛ نیز پریشان ہونا ؛ تنگ آجانا ؛ بے چین ہونا ؛ بے کل ہونا ؛ مضطرب ہونا ؛ گڑبڑ کرنا ۔ (۲) اضطراب کا باعث ہونا ؛ مضطرب کرنا ؛ بے چین کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بڑبڑا دینا ؛ بیزار کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ تنگ کردینا ؛ فکر مند کرنا یاہونا ؛ تکلیف دینا ۔

Fidgetily : (adv.) مضطربانہ ؛ بے چینی سے بے قراری سے بے کلی سے ؛ پریشانی سے ؛ بیزاری سے ۔

Fidgetiness : (n) اضطراب ؛ بے چینی ؛ بے قراری ؛ بےکلی ؛ پریشانی ؛ بیزاری ؛ چلبلاہٹ ؛ چلبلاپن ۔

Fidgety : (a) مائل بہ اضطراب ؛ مضطرب؛ بے چین ؛ بیقرار ؛ بیکل ؛ پریشان ؛ بیزار ؛ چلبلا ۔

Fidibus : (n) (تمباکو کی) پائپ وغیرہ سلگانے کے لئے کاغذ کا بنا ہوا فلیتہ ۔

Fiducia : (n) [L.f.'fidere.'] رومن یا دیوانی قانون کے تحت ایک معاہدہ جس کی شرائط کے بموجب کوئی خریدار جائداد مبیعہ کو دوبارہ واپس کرسکتا ہے ۔

Fiducial : (a) [L.f. 'fiducia.'] (۱) (دینیات) اعتماد یا اعتقاد کا یا اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ مبنی برایمان و اعتقاد ۔ (۲) (انجینیئری ، پیمائش وغیرہ میں) مقابلے وغیرہ کےلئے مقرر (کوئی) مفروضہ (خط یا نقطہ) ۔ (۳) امانت کا ؛ امانت سے متعلق ۔ (٤) (طبیعیات) اعتمادی ؛ مقررہ ؛ ثابت ۔

Fiducial distribution : (n) (شماریات) متوقع ڈھلان ۔

Fiducial edge : (n) اعتمادی کنارا ۔

Fiducial inference : (n) (شماریات) متوقع استخراج ۔

Fiducial points : (n) (الیکٹرک، انجینیئرنگ، طبیعیات) مقررہ نقطے ؛ ثابت نقطے ۔

Fiducial temperature : (n) (موسمیات) مقررہ تپش ۔

Fiducially : (adv.) (۱) پراعتماد طورپر ؛ بھروسہ کرتےہوئے ۔ (۲) مفروضہ طورپر ۔ (۳) امانت دارانہ ؛ بطور امانت ۔

Fiduciarily : (adv.) دیکھو Fiducially

Fiduciary : (a) (۱) امانت کا ؛ امانت سے متعلق ؛ امانت کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) امانتی ؛ امانت دار ؛

امین ۔ (۳) بطور امانت لی ہوئی یا رکھی ہوئی (چیز) ؛ امانتی ۔ (٤) اعتماد یابھروسہ کی نوعیت کا یا اس پر مبنی ؛ (نوٹ، زر، کاغذی) جس کا چلن اعتماد عوام پر ہوا ؛ مبنی بر اعتبار یا اعتماد ۔

Fiduciary : (n) امانت دار ؛ امین ؛ امانتی؛ امانت رکھنےوالا؛ (معاشیات) امین ؛ امانت دار ۔

Fiduciary bond : (n) ضمانتی بانڈ ؛ ضمانتی اقرار نامہ ۔

Fiduciary coemption : (n) (رومن قانون) ایک فرضی بیع جس کے ذریعہ کوئی عورت اپنا متولی تبدیل کرسکتی ہو یا وصیت کرنے کی قانوناً مجاز ہو سکتی ہو ۔

Fiduciary contract : (n) دیکھو Fiducia

Fiduciary heir : (n) رومن ڈچ قانون کے مطابق کوئی وارث کسی جائداد کو اس شرط پر لے سکتا ہے کہ اس جائداد کو وہ دوسرے کو منتقل کردے ۔

Fiduciary loan : (n) (تجارت و معاشیات) اعتباری قرضہ ۔

Fiduciary money : (n) (تجارت) اعتباری زر ۔

Fiduciary notes : (n) (تجارت) اعتباری نوٹس ۔

Fiduciary relation : (n) (۱) دوفریقوں کے درمیان عدالت سے منظور کیا ہوا ایک ایسا باہمی تعلق جس سے فریق مخالف جائداد کا ذمہ دار قرار دیاجائے ۔ (۲) مختلف کاروبار میں دو اشخاص کا باہمی تعلق ۔

Fiduciary relationship : (n) تعلق امانتی ۔

Fiduciary standard : (n) (تجارت) اعتباری معیار ۔

Fiduciary standard of money : (n) (تجارت) زر کا اعتباری معیار ۔

Fidus Achates : (n) وفادار پیرو ؛ وفادار ہم رکاب ؛ ساتھی ۔

Fie : (interj.) [L.'fi.'] چھی ! تف ! توبہ توبہ ! استغفر اللّٰہ ۔

Fie-fie : (a) بدنام ؛ خراب ؛ (چلن وغیرہ) شنیع ۔

Fiedlerite : (n) ($Pb_3 (OH)_2 CL_4$) ایک قسم کی سیسہ نمادھات جو بےرنگ اور یک پہلو بلور میں پائی جاتی ہے ۔

Fief : (n) [Fr.] (۱) دیکھو Fee ۔(۲) (تاریخ وسیاسیات) فوجی جاگیر ؛ جاگیر ۔

Field (n) [OE. 'feld.'] (۱) کھیت ؛ میدان ؛ قطعہ ؛ زمین ؛ مزرع ؛ کشت ؛ مرغزار یا چراگاہ کی زمین جس کے گرد باڑ ہوتی ہے ۔(۲) وہ علاقہ جہاں کانیں ہوں یا بیل کے کنویں ہوں ۔(۳) میدان کارزار ؛ میدان جنگ ؛ رزم گاہ ؛ رن ؛ جنگ ۔ (٤) کرکٹ ؛ فٹ بال وغیرہ کھیلنے کا میدان ۔ (٥) سب کے سب کھلاڑی ؛ میدان میں موجود فریق ؛ نیز دونوں طرف کے کھلاڑی ؛ جیتنے والے کے سوا تمام مقابل کھلاڑی ۔ (٦) (کرکٹ میں) وہ جو کھلارہے ہوں؛ کھلانے والا فیلڈرس کو) کھڑا ہونے کی جگہ ۔ (۷) قطعہء زمین یا آسمان یا برف وغیرہ (نیز استعارتاً) ۔ (۸) (نقابت) مارکہ دار ڈھال کی سطح یا اس کا ایک حصہ ۔ (۹)تصویر، سکے، تمغےیا پھر یرے کی زمین ۔ (۱۰) حلقہء عمل ۔ (۱۱) ایک وسیع سطح ؛ طویل فاصلہ یا پھیلاؤ ؛ کشادگی؛ وسیع رقبہ ۔(۱۲) میدان عمل ؛ حلقہء کار یا حلقہء تفتیش ۔(۱۳) (طبیعیات) کسی عامل کی حدود کے اندریا اس کے حلقہء اثر کے تحت آنے والا رقبہ یا فضائے بسیط (اسپیس) ۔ (طبیعیات وغیرہ) کھیت ؛ حلقہ ؛ میدان ۔ (سماجیات) حلقہ ؛ (لسانیات) میدان یا دائرہ ۔

Absolute field : میدان مطلق ۔

A good field : بہت سے اور اچھے اچھے کھلاڑی ۔

Electric field : (برقیات) برقی میدان ۔

Fair field no favour : بازی یا لڑائی میں طرفین کو یکساں موقع (دینا) ۔

Filled the field to the telescope : دور بین کی قوت ۔

Gravitational field : (طبیعیات) تجاذبی میدان ؛ میدان کشش ۔

Hard fought field/Stricken- : معرکہ شدید ؛ شدید جنگ ۔

In the field : میدان کار زار میں ؛ صف بستہ ۔

Linguistic field : (لسانیات) لسانیاتی میدان یا دائرہ ۔

Magnetic field : مقناطیسی خواص کا حامل کوئی خطہ یا زمین (خواہ قریب میں مقناطیس کی موجود گی کے باعث ہو یا وہاں سے یا اس کے گرد برقی رو کے گذرنے کی وجہ سے ہو : مقناطیسی میدان ۔

Out side the magnetic field : مقناطیسی حلقے سے باہر یاپرے ؛ حیطہء کشش سے باہر ؛اتناقریب نہیں کہ کشش کا اثر ہو سکے ۔

Yo hold thd field : زمین پر قابض رہنا ؛ قبضہ جمائے رکھنا ؛ نہ مغلوب ہونا ؛ نہ دبنا ۔

To keep, take, maintain the field : جنگ شروع کرنا ؛ جنگ جاری رکھنا ۔

To lay against the field/To back-/To bet - : جیتنے والے کے خلاف بازی لگانا یا شرط بدنا ۔

To pitch, set a field : رزم گا ہ کا انتخاب کرنا ؛ جنگ کا میدان منتخب کرنا ؛ اپنے آدمیوں کو لڑنے کا حکم دینا ۔

To take the field : جنگ شروع کرنا ۔

Wide field of vision : نگاہ کی پہنچ ؛ حدِ نگاہ ۔

Field : (a) میدانی ۔

Field : (v) (۱) کھلی جگہ میں جانا ؛ میدان میں جانا ؛ دیہات میں جانا ۔ (۲) غلّے وغیرہ کو کھلی ہوا اور دھوپ میں رکھنا ۔ (۳) جیتنے والے کھلاڑی کے مقابلہ میں فیلڈنگ کرنا ۔ (٤) کرکٹ وغیرہ کی فیلڈنگ کرنا ؛ گنید کو روکنا اور واپس کرنا ۔ (٥) میدان میں اُتارنا (کھلاڑی کو) ۔

Field-allowance : (n) فوجی افسروں کابھتہ (بہ زمانہء جنگ) (تاریخ) میدان جنگ وغیرہ کا بھتہ ۔

Field-ambulance : (n) میدان جنگ سے زخمیوں کو اسپتال پہنچانے والی گاڑی ؛ فوجی ایمبولینس ۔

Field-army : (n) معاون فوج کے طورپر تیار کیا ہوا فوجی دستہ جو آزادانہ طورپر فوجی کاروائی کرسکتا ہو ۔

Field-arrow : (n) شکاری تیر ۔

Field artillery : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپ ۔

Field-ash : (n) ایک قسم کا جنگلی پودا ؛ فیلڈ ایش ۔

Field-balm : (n) (۱) ایک یوروپی پودا جس کی شاخیں سخت اور پھول سوسنی یا بنفشئی ہوتے ہیں ۔ (۲)ایک قسم کی بیل جس کے پھول لاجوردی ارغوانی ہوتے ہیں ۔

Field-basil : (n) جنگلی یا خود رو ریحان یا نازبو (ایک خوشبودار پودا) ؛ ایک قسم کی خوشبودار جھاڑی دار بوٹی ۔

Field-battery : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپوں کا مورچہ ۔

Field-bean: (n) (۱) بڑی سیم ؛ باقلہء کلاں ۔ (۲) ایک قسم کی سیم جس کے بیج کھائے جاتے ہیں ۔

Field-bed : (n) (۱) میدانی بستر ؛ میدان میں استعمال کیا جانے والا بستر ۔ (۲) زمین پر بچھا ہوا بستر ؛ فرشی بستر ۔

Field-bee : (n) مزدور مدھو مکھی؛شہدجمع کرنےوالی مکھی ۔

Field-beet : (n) چقندرکی ایک بڑی قسم جسے جانور کھاتے ہیں ۔

Field-betony : (n) ایک قسم کے اُودے پھول والا یوروپی پودا ۔

Field-bird : (n) سنہری پلوور ایک قسم کا لمبی ٹانگ والا پرندہ جو جھنڈ میں رہتا ہے ۔

Field-book : (n) سروے کرنے والے یا طبیعی مطالعہ کرنے والے کی وہ نوٹ بک جس میں ضروری باتیں یا مظاہر فطرت سے متعلق جمع کردہ یاد داشتیں نقل ہوتی ہیں ؛ فیلڈ بُک ۔

Field-capacity : (n) کسی مٹی کی رطوبت قائم رکھنے کی صلاحیت ؛ مرطوبیت ؛ رطوبت گیری ۔

Field-captain : (n) (۱) تیر اندازی کے کھیل میں مردوں کی جماعت کا کپتان ۔ (۲) تیر اندازی کے کھیل کا افسر اعلیٰ ۔ (۳) میدان میں موجود وہ کھلاڑی جو اپنی ٹیم کا نمائندہ بھی ہو خصوصاً (فٹ بال میں) ۔

Field-carriage : (n) ہلکی قسم کی جنگی توپیں اور ان کے گولہ بارود لے جانے والی گاڑی ۔

Field-chopper : (n) میدان میں بڑھی ہوئی گھاس کاٹنےوالی مشین ۔

Field-club : (n) تاریخ طبیعی کا بیرونی مطالعہ کرنے والی انجمن ۔

Field-code : (n) متنازعہ علاقے میں استعمال ہونے والی خفیہ لغت (بری اوربحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ) ۔

Field coil : (n) (طبیعیات) فیلڈ کنڈلی ؛ فیلڈ کوائل ۔

Field-colours : (n) (فوج) فوجی دستے اوربٹالین کےلئےجنگی میدان میں نشان کےطورپر لگائی گئی چھوٹی جھنڈیاں ؛ نیز میدان جنگ میں فوج کے لباس کا رنگ ۔

Field condition : (n) (لسانیات) عملی صورت حال ۔

Field-conventicle : (n) کھلے میدان میں کوئی مذہبی جلسہ ؛ عام دھارمک سبھا ؛ مذہبی اجلاس عام ۔

Field-cornet : (n) کیپ کو لونی میں شہر کا حاکم ؛حاکم شہر؛ حاکم ضلع؛تحصیل یاتعلقہ کامجسٹریٹ ۔ (کیپ کالونی) ۔

Field-day : (n) (۱) (فوج) جنگی مشق کا دن ؛ (استعارتاً مارکہ کا دن) ؛ زبردست یا اہم مباحثہ ؛ فوجی جائزہ ؛ غیر معمولی اور اشتعال انگیز واقعہ ۔ (۲) میدان میں گذارا ہوا دن (شکار یا بیرونی طبیعی مطالعہ کرنے والے کے ذریعہ) ۔ (۳) میدانی کھیل یا کھیل کود کے مقابلوں کا دن (اسکول وغیرہ میں) ۔ (٤) بحر یہ میں عام مکمل صفائی کا دن ۔

Field-dog : (n) شکار کی نشاند ہی کرنے والا کتا ؛ شکار نما کتا ۔

Field-dressing : (n) (جنگ کے موقع پر) زخمیوں کی مرہم پٹی وغیرہ کاسامان ۔

Field-driver : (n) (امریکا) آوارہ گرد مویشی کو پکڑ کر کانجی ہاؤس میں دینے والا افسر ۔

Field-duck : (n) ایک قسم کا چھوٹا یوروپی پرندہ ۔

Field emission : (n) (برقیات) میدانی اخراج ؛ (طبیعیات) فیلڈ اخراج ۔

Field energy : (n) میدانی توانائی (طبیعیات)فلیڈ توانائی ۔

Field equation : (n) (طبیعات) فیلڈ مساوات ۔

Field-events : (n) مختلف قسم کے میدانی کھیل کود ۔

Field exercise : (n) کھلے میدان میں فوجی مشق ۔

Field fare : (n) [ME.'felde fare.'] (۱) ترغہ (ایک یوروپی خوش الحان پرند) کی ایک قسم جو برطانوی جزیروں میں موسم سرما گذارتی ہے ۔ (۲)رابن (ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کا پوٹا سرخ ہوتا ہے)؛ امریکی ترغہ ۔ (۳)حیوانیات یورپی؛ سترک ؛ طوطی ۔

Foeld foratification : (n) میدان کی عارضی قلعہ بندی ؛ میدانی مورچہ بندی ۔

Field-fever : (n) ایک ہلکا تنفسی مرض جو یوروپ میں ہوتا ہے ؛ دق کی ایک قسم ۔

Field frame : (n) کسی موٹر یا جنریٹر کا بڑا مقنا طیسی ڈھانچہ ۔

Field- Free emission : (n) (طبیعیات) فلیڈ آزاد اخراج ۔

Field garlic : (n) ایک طرح کا جنگلی لہسن ۔

Field glass : (n) (۱)ایک دوچشمی دوربین (میدانی استعمال کے لئے) ۔ (۲) ایک چھوٹی بےرنگ دوربین جو عموما بیس سے چو بیس انچ تک لمبی ہوتی ہے اور جس میں تین سے چھ جوڑ ہوتے ہیں ۔ (۳) کسی فلکیاتی دوربین یا مرکب خوردبین کے (دیکھنے والے) دو شیشوں میں سے ایک خارجی شیشے کے قریب ہوتا ہے ۔ (٤) (بصریات) میدانی دوربین ۔

Field gray/-grey : (n) گہرا بھورا ۔

Field grays/-greys : (n) جرمن سپاہی فوجی وردی میں ۔

Field gromwell : (n) ایک قسم کا جنگلی پودا جس کے بیج بطور دوا استعمال ہوتے تھے ۔

Field guide : (n) ایک کتابچہ جس میں چیزوں کی درجہ بندی ہوتی ہے، خصوصاً فطری معروضات کی جو فطرت کے طبیعی مطالعہ کے دوران سہولت کےلئے ساتھ رکھی جاتی ہے ۔

Field-gun : (n) میدان جنگ میں استعمال ہونے والی ایک ہلکی توپ : (تاریخ و سیاسیات) میدان جنگ کی توپ ؛ جنگ کی چھوٹی توپ ۔

Field-hand : (n) (۱) شجر زار میں کام کرنے والا غلام ۔ (۲) کھیت میں کام کرنے والا مزدور ۔

Field-hospital : (n) (۱) مریضوں کی گاڑی : ایمبولینس ۔ (۲) میدان جنگ کے قریب قائم کیا ہوا عارضی شفاخانہ ؛ جنگی ہسپتال ۔

Field house : (n) (۱) کھیل کے میدان یا اُس کے قریب بنا ہوا مکان جو کھیل کی چیزیں یا ملبوسات کے رکھنے یا لباس تبدیل کرنے کےلئےہوتاھے ۔ (۲) جمناسٹک،باسکٹ بال جیسےکھیلوں کےلئے اسٹیڈیم کے اندر بنی ہو عمارت ۔

Field-ice : (n) مسطّح قطعے کی شکل میں بہتی ہوئی برف ۔

Field intensity : (n) (۱) حلقیٔ شدت: مقناطیسی برقی کشش ثقل سے متعلق یا کسی بھی طاقت کے حلقۂ عمل کی وہ صفت جو کسی مقام پر اُس حلقۂ عمل سےخارج ہونے والی طاقت کے ذریعہ کسی نقطہ پرناپی جاتی ہے ۔(۲) کسی اشعاعی حلقے میں کسی نقطے پر اشعاع کی شدت : اشعاعی شدت : (طبیعیات) فیلڈ شدت ۔

Field jacket : (n) میدان کارزار میں فوجیوں کا لباس ۔

Field kitchen : (n) وہ جگہ جہاں میدان جنگ میں موجود سپاہیوں کےلئے کھانا بنتا ہو نیز کھانا بنانے کا ہلکا سازوسامان جو ایسی جگہوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Field lark : (n) ایک قسم کا پرندہ ؛ میدانی چکاوک ۔

Field larkspur : (n) ایک شمالی امریکی پھول دار پودا ۔

Field-lens : (n) (۱) دیکھو Field-glass ۔ (۲) (بصریات) میدانی عدسہ ؛ برانی عدسہ ؛ (طبیعیات) میدانی لینس ۔

Field madder/Blue- : (n) ایک یوروپی گھاس جس کے ڈنٹھل چو پہل پتیاں حلقہ دار اور پھول نیلے یا گلابی ہوتے ہیں ؛ ایک طرح کی یوروپی گھاس ؛ مجیٹھ کی ایک قسم کا نام ۔

Field-magnet : (n) مقناطیسی میدان میں مقناطیس پیدا کرنےاوراُسے قائم رکھنے والا ڈائنمو کا ایک پرزہ ؛ (برقیات) میدان زا مقناطیس ۔

Field man : (n) میدان میں یا باہر جاکر کام کرنے والا ؛ بیرونی کارندہ (مثلاً کسی کاروباری تنظیم کا سفیر کارندہ) یا کوئی اعداد وشمار جمع کرنےوالا یا مشیر جو اپنے انتظامی مرکز سے باہر یا دور جاکر کام کرتا ہے ۔

Field maneuver : (n) ایک حالت جس میں زیر تربیت دستے مفروضہ صورت حال میں ایک دوسرے کے مقابل یا مخالف ہوتے ہیں ۔

Field mark : (n) کوئی نشان جس کے سہارے دور سے پہچانا جاسکے (خصوصاً چڑیوں کا) ۔

Field marshal : (n) [After G. feld marschall.] سالار جنگ : سپہ سالار ؛ فیلڈ مارشل : کسی فوجی افسر کا اعلیٰ ترین خطاب؛ (ابتداً ۱۷۳۶ء میں برطانوی فوج میں یہ خطاب عطا کیا گیا تھا ۔

Field martin : (n) مکھی یا کیڑے مکوڑے کھانے والے امریکی پرندوں کی ایک قسم ؛ ابابیل کی ایک قسم ۔

Field-meeting : (n) (۱) کسی نزاع کا فیصلہ کرنے کےلئے دو شخصوں کی میدانی جنگ؛یکیکی ۔(۲) (تاریخ) کھلی فضا میں کوئی مذہبی جلسہ ۔

Field method : (n) (سماجیات) حلقہ جاتی طریق ۔

Field milk wort : (n) ایک قسم کا خودرو گھاس یا پودا (جس کے چرنے سے گائے کا دودھ بڑھ جاتا ہے) ۔

Field moisture : (n) سطح سیرابی سے اوپر زمین کی نمی ۔

Field moisture capacity : (n) دیکھو Field capacity

Field mouse : (n) میدانوں میں رہنے والے چوہوں کی قسموں میں سے کوئی ایک ؛ (حیوانیات) جنگلی چوہا ۔

Field mushroom : (n) (۱) سانپ کی چھتری جو میدانوں میں ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی موٹی کھمبی (چترمار) جو کھائی جاتی ہے ۔

Field music : (n) مختلف فوجی باجے، بگل وغیرہ جو اپنی آواز کے ذریعہ فوجیوں کو مختلف ہدایات دیتے ہیں اور بینڈ باجے کی غیر موجودگی میں فوجی مارچ کی دھن بھی بجاتے ہیں ؛ نیز اُن کی بجائی دھنیں ۔

Field mustard : (n) رائی ؛ سرسوں ۔

Field name: (n) کوئی ایسا نام جس کا اطلاق کسی چٹان پر بغیر اس کے خوردبینی یا کیمیائی تجزیے کے رکھا گیا ہو ۔

Field-naturalist : (n) مطالعہء فطرت کرنے والا ۔

Field negro : (n) (۱) باغوں میں کام کرنے والا حبشی غلام ۔ (۲) کھیت میں کام کرنے والا حبشی مزدور ۔

Field night : (n) معرکے کی رات (مجازاً معرکے کا دن) ۔

Field note : (n) سروے کرنے والے یا کسی محقق کے میدانی مشاہدات یا پیمائشوں کا باقاعدہ ریکارڈ ۔

Field of consciousness : (n) حیطہء شعور ؛ کسی ایک وقت میں شعور کی مجموعیت ؛ مجموعیت شعور ۔

Field officer : (n) (۱) فوج کا وہ عہدیدار جو جرنیل کےنیچے اورکپتان کے اوپر ہوتاھے (کرنل، لفٹنٹ کرنل یا میجر) ۔ (۲) مکتی فوج کا کوئی رکن جو کسی فوجی مرکز کے نظم و نسق کا ذمہ دار ہو تا ھے ۔

Field of fire : (n) کسی معینہ مقام سے کسی آتشی اسلحےکے مار کرنے کی حد ؛ احاطہء ضرب یا حدودِ ضرب ۔

Field of honour/-honor : (n) (۱) وہ جگہ جہاں یکیکی نبرد آزمائی ہوتی ھے ۔(۲) میدان جنگ ؛ رزم گاہ ؛ میدان کارزار ۔

Field of view : (n) حد نظر ؛ حد نگاہ ؛ منظر ؛ جہاں تک نگاہ جاسکے ؛ (بصریات) میدان نظر ؛ حلقہء نظر ۔

Field of vision : (n) حیطہء نظر ؛ حدِ نگاہ ؛ منظر ؛ (بصریات) میدانِ بصر ؛ حلقہء رویت ۔

Field order : (n) خاکہء جنگ ؛ جنگ کاوہ نقشہ جو مخصوص فارم پر ہوتا ھے اورجس میں کسی مخصوص فوجی کاروائی کےلئےہدایات ہوتی ہیں ۔

Field-park : (n) میدان جنگ میں کسی فوج کی ضروریات کے مطابق گولے یا بارود وغیرہ فراہم کرنے والی زائد ریزرو گاڑیاں ۔

Field personnel : (n) (تاریخ وسیاسیات) میدانی عملہ ۔

Field-piece : (n) دیکھو Field gun

Field-plover : (n) (امریکا) پلاور اور سینڈ پائپر (پرندے) کی دو قسموں کا نام ۔

Field- practice : (n) کھُلے میدان میں فوجی مشق ۔

Field-preacher : (n) زیر سما وعظ ؛ کھُلی فضا میں وعظ ونصیحت کرنے والا ۔

Field problens : (n) (زراعت) مسائل کاشت ۔

Field punishment : (n) وہ سزا جو میدان جنگ میں کسی جرم کی پاداش میں دی جائے ۔

Field ration : (n) فوجیوں کا بھتہ ؛ نقد الاؤنس سے الگ فوجیوں کے مختلف بھتوں میں سے ایک جس میں اُنہیں کھانا فراہم کیا جاتا ھے ۔

Field research : (n) (سماجیات) حلقہ جاتی تحقیق ۔

Field run : (n) کسی فصل کی پیداوار جس کی درجہ بندی نہیں کی گئی ہو ۔

Field scabious : (n) کئی سال تک بہار دینے والا ایک یوروپی پودا جس کے پھول نیلے بنفشیٰ ہوتے ہیں ۔

Field scropriongrass : (n) ایک یوروپی اور شمالی امریکی پھول دارپودا جس کےنیلے یاسفید ننھے پھول ہوتے ہیں ؛ For get -me-not کی عام قسم ۔

Field service : (n) (۱) علاقائی کام (کاروباری ایجنٹوں یا سماجی کارکنوں کا) ؛ میدانی خدمت (فوجیوں کی) ۔ (۲) امریکا میں ۱۸۶۵ء سے پہلے حبشی غلاموں کے ذریعہ کھیتوں یا میدانوں میں کئے گئے کام ۔

Field-show : (n) کھیل میدان میں مشق خصوصاً شکاری کتوں کی ۔

Field slave : (n) کھیتوں میں کام کرنے والا غلام یا مزدور یا مزدور کسان ؛ بندھوا مزدور ؛ بندھوا کسان ۔

Field sorrel : (n) ایک چھوٹی بوٹی جو خاص طورپر خشک مقامات میں ہوتی ھے اور جس کی گوش نما پتیاں خوشگوار ترش ذائقے کی ہوتی ہیں ۔

Field sources : (n) (سماجیات) حلقہ جاتی مخارج ۔

Field southern wood : (n) ایک خوشبودار پھولوں والا میدانی پودا ۔

Field-sparrow : (n) (امریکا) ایک قسم کی میدانی گوریا ۔

Field-sports : (n) میدانی کھیل کود خصوصاً شکار ؛ شکار (چوپائے، پرند یا مچھلی وغیرہ کا) ؛ ورزشی کرتب ۔

Field station : (n) میدانی تجربہ گاہ ۔

Field strength : (n) دیکھو Field intensity ؛ (زراعت) میدانی طاقت ؛ (طبیعیات) فیلڈ شدت ۔

Field study : (n) (سماجیات) حلقہ جاتی مطالعہ ؛ (لسانیات) عملی مطالعہ ۔

Field-telegraph : (n) میدان جنگ کا منقولہ تار ؛ فوجی کاروائی میں استعمال ہونے والا تار ؛ فوجی ٹیلیگراف ۔

Field theory : (n) (لسانیات) عملی مطالعہ کا نظریہ ۔

Field-titling : (n) درخت پر رہنے والا ایک قسم کا چنڈول جیسا پرندہ ۔

Field- Train : (n) رسد رسانی کے افسروں اور اسٹور کے کارندوں پر مشتمل آدمیوں کی ایک جماعت جو شاہی توپ خانہ میں ہوا کرتی ہے ۔

Field-trial : (n) کھیل میدان میں مشق خصوصاً شکاری کتوں کی ۔

Field trip : (n) براہ راست مشاہدہ کےلئے استاد کے ساتھ طلبا کا کسی مقام (مثلاً کارخانہ، فارم، عجائب خانہ وغیرہ) پر جانا ۔

Field-vole : (n) جنگلی چوہا ؛ چوہے کی قسم کا ایک میدانی جانور ۔

Field-work : (n) (۱) میدان یا کھیتوں میں کیا ہوا کام ۔ (۱) عارضی قلعہ بندی ؛ عارضی مورچہ بندی (میدان جنگ میں سرگرم فوجوں کی) ۔ (۳) سماجیاتی اور بشریاتی اعداد وشمارجو علاقے میں گھوم کر پوچھ تاچھ کے ذریعہ جمع کئے گئے ہوں ۔ (٤) (سروے) بروں کاری ۔

Field worker : (n) (لسانیات) فیلڈ کارکُن ۔

Fielded : (a) (۱) میدان جنگ میں لڑتا ہوا ؛ میدان میں معرکہ آراء (قلعہ میں نہیں) ۔ (۲) (کرکٹ کی گیند) روکی ہوئی اور واپس کی ہوئی ۔

Fielder : (n) (کرکٹ) کھلانے والا ؛ فیلڈنگ کرنے والا ۔

Fieldsman : (n) (۱) (کرکٹ) کھلانےوالا ؛ فیلڈنگ کرنے والا ۔ (۲) (کھیل کود) میدان میں عادتاً پیچھے رہنےوالا ۔

Fieldstone : (n) بغیرتراش خراش کےاستعمال کیاہوا پتھر ۔

Fieldward : (adv.) کھیت کی جانب ۔

Fiend : (n) [OE.'feozean.'] (۱) جانی دشمن ؛ کٹر دشمن ؛ شیطان ۔ (۲) بدرو ؛ بھوت ؛ بھوت پریت ؛ عفریت ؛ دیو ؛خبیث ؛ خبیث روح ؛ سخت بُرا آدمی ۔ (۳) پرلے درجے کا بدمعاش یا بدنفس ؛ سفّاک ؛ ظالم ۔ (٤) انتہائی درجے کا شائق ؛ (کسی چیز یا عادت کےپیچھے) دیوانہ ؛ بلا (اکثر محض مزاج کے طورپر استعمال ہوتا ہے) ؛ عادی ؛ مشتاق ۔ (٥) مشاق ؛ کسی فن میں ماہر ؛ (طب) شیطانی سیرت (اخلاقیات) عجوبہ ۔

Dope-fiend : (n) نشہ باز ۔

Fiend like : (n) ابلیسانہ ؛ شیطانی ؛ ظالمانہ ؛ خبیثانہ ۔

Fiendish : (a) (۱) شیطانی ؛ شیطان یا بھوت سا ؛ شیطان سیرت ؛ شیطان یا بھتنوں کا سا ؛ بلاوغیرہ ؛ خبیثانہ ۔ (۲) وحشی ؛ سفاک ؛ ظالم ؛ بدنفس ؛ بدمزاج ؛ ناخوشگوار ؛ کینہ آور ؛ کینہ توز ؛ انتہائی بےرحم ۔

Fiendishly : (adv.) بدنفسی سے ؛ شیطنت سے؛بےرحمی سے؛ سفاکانہ ؛ ظالمانہ ۔

Fiendishness : (n) ابلیسیت ؛ شیطنیت ؛ بدنفسی ؛ ظلم ؛ بےرحمی ؛ خباثت ؛ سفاکی ۔

Fiendly : (a) دیکھو Fiendish

Fierce : (a) [L.'ferus.'] (۱) تندخو ؛ پُرخاش جو ؛ مفترس ؛ سخت ؛ شدید ۔ (۲) آتش مزاج ؛ غضب ناک ؛ آگ بگولا ؛ سخت ظالم ؛ بےرحم ؛ وحشی ؛ جلاد ۔ (۳) سرگرم ؛ جوشیلا ؛ پُر جوش ؛ پُر اشتیاق ؛ ہیجانی ۔

Fierce : (adv.) جوش وغضب سے ؛ آتش مزاجی سے ؛ غضب ناکی سے؛ جوش وخروش سے ؛ہیجانی طورپر ؛ پُرجوش طریقے سے ؛ تشدد سے سرگرمی سے ۔

Fiercely : (adv.) دیکھو Fierce

Fiercen : (v) متشدد ہونا ؛ غضب ناک ہونا ؛ پُرجوش ہونا ؛ سرگرم ہونا ۔

Fierceness : (n) تند خوئی ؛ غضب ناکی ؛ سرگرمی ؛ تشدد ؛ ہیجان ؛ آتش مزاجی ؛ سختی ؛ تندی ۔

Fierding : (n) (۱) سوپونڈ کی چوتھائی رقم کا نام ۔ (۲) کسی پرگنے کے ہیڈ کوارٹر کا نام ۔

Fieri : [L.] وسطی لاطینی زبان کے محاوروں میں مستعمل ہے جیسے In fievir (تخلیقی مراحل میں) ؛ بنائے جانے کی حالت میں ؛ وجود میں آتے ہوئے ؛ ہونے کی منزل میں ؛ تکمیلی مراحل میں ۔

Fieri facias : (n) [L.f. fieri+facias.'] (قانون) پروانہ عدالت (بغرض تعمیل موسومہ شیرف، حاکم علاقہ) ؛ حاکم اجرا، شیرف کے نام پروانۂ عدالت جس میں اُسے یہ حکم دیاجاتا ہے کہ مدعاعلیہ کو اُس کے سامان یا جانور یا وہ روپیہ جس کے متعلق فیصلہ ہوا ہے واپس دلائے ؛ فیصلہ کے نفاذ کی ایک قانونی کاروائی ؛ تعمیلہ ۔

Fierily : (adv.) آتش مزاجی سے؛ تند خوئی سے ؛ شعلہ فشاں طور پر ؛ آتش گیر طور پر ؛ بھڑکیلی اور پُرجوش انداز میں ؛ آتشیں طور پر ؛ آگ کی طرح ۔

Fieriness : (n) آتش مزاجی ؛ تندخوئی ؛ شعلہ فشانی ؛ شعلگی ؛ التہاب ؛ گرم جوشی ؛ جوشیلاپن ؛ گرم مزاجی ۔

Fierte : (n) [F.f.'fier.'] (۱) عالی حوصلگی ؛ بلند ہمتی ؛ منچلاپن ۔ (۲) نخوت ؛ غرور ؛ تمکنت ؛ تفاخر ؛ تبختر ۔

Fiery : (a) [f.Fire.] (۱) آگ کا؛ آتشیں ؛ آتشی ؛ شعلہ فشاں ؛ ملتہب ؛ ناری ۔ (۲) آش داریا آتشیں (تیر وغیرہ) ؛ آگ میں تپایا ہوا ؛ آگ میں تپاکر آزمایا ہوا ۔ (۳) آگ کی طرح لال ؛ سرخ آگ ؛ لال بھبھوکا؛ لال انگارا؛ لہکتا ہوا ۔ (٤) خونی ؛ لال (آنکھیں) ۔ (٥) آگ کی طرح گرم ؛ آگ کی ؛ آگ سا ؛ جلتا بلتا ؛ گرم آگ ؛ جلتاہوا ۔ (٦) جلا دینے والی ؛ پھونک دینےوالی جیسے شراب) ۔ (۷) سرگرم ؛ جوشیلا ؛ پرجوش ؛ پُرعزم ؛ پُرحوصلہ ؛ آتش مزاج ؛ لڑاکا ؛ جھگڑالو ؛ تندخو(شخص یا گھوڑا) ؛ جلد غصے میں آجانے والا ؛ یکدم بھڑک اٹھنے والا شخص ؛ زودخشم ؛ سریع الغضب ۔ (۸) بھڑک اُٹھنے، جل اٹھنےوالا ؛ آتش گیر ؛ (گیس بھاپ وغیرہ) (کان) جس میں آتش گیر گیس موجود ہو ؛ آتش گیر والی (کان کنی) ۔ (۹) (کرکٹ) ایسی زمین (Pitch) وغیرہ جس پر گیند گدا کھاکر زور سے اُٹھے ۔

Fiery : (adv.) دیکھو Fierily

Fiery mine : (n) (معدنیات) اشتعالی کان ۔

Fiery red : (n) گہری سرخی مائل نارنگی ۔

Fiesta : (n) مذہبی تیوہار؛ مذہبی تقریب ؛ ایک قسم کا مذہبی تیوہار جس میں جشن منانےاور رقص وغیرہ کا اہتمام کرتے ہیں ۔

Fiesta flower : (n) کیلیفورنیا کا بکھری پتیوں والا یک سالہ پودا جس کے پھول بنفشئی یا سوسنی ہوتے ہیں ۔

Fiestero : (n) [SP] جشن فِسٹا کی منتظمین کی ایک جماعت ۔

Fi/FQ : Fieri facias کا مخفف ۔

Fife : (n) [Origin doubtful.] (۱) ایک تیز آواز والی چھوٹی بانسری جو خاص طور پر فوجی باجے میں ڈھول کےساتھ بجائی جاتی ہے ؛ بانسری ؛ نے (فوجی موسیقی میں) ؛ مُرلی ۔ (۲) مذکورہ بانسری کو بجانے والا ؛ نےنواز ؛ بانسری یا نےبجانے والا ۔

Fife : (v) (۱) بانسری بجانا ۔ (۲) بانسری پر کوئی دُھن بجانا ۔

Fife-major : (n) (فوجی) کسی رجمنٹ کے بانسری بجانے والوں کا نگراں ؛ ایک غیر کمیشنڈ فوجی افسر ۔

Fife-rail : (n) (جہاز رانی) بڑے مستول کے گرد کا جنگلا ۔

Fifer : (n) بانسری بجانے والا ؛ نے نواز ۔

Fifish : (a) [f. the contry of fife.] (اسکاتستانی) قدرے ابتر ؛ ذرا بےترتیب ؛ قدرے بےقاعدہ یا بےضابطہ ۔

Fifo : First in first out کا مخفف ۔

Fifteen : [OE.'fiftene.'] (۱) پندرہ ؛ (دس + پانچ) پانچ کا تین گناہ ۔ (۲) (رگبی) پندرہ کھلاڑی ۔

The fifteen : (۱) یعقوبیوں (Jacobite) کی بغاوت جو ۱۷۱٥ء میں ہوئی تھی ۔ (۲) پندرہ ججوں پر مشتمل کوئی مجلس ۔

Fifteenth : (a) پندرھواں ۔

Fifteenth : (n) (۱) پندرھواں حصہ ؛ پندرہ مساوی حصے ۔ (۲) (تاریخ برطانیہ) ذاتی ملکیت پر عائد کیا ۱/۱٥واں ٹیکس ؛ ۱۲۷۲ء سے ۱٦۲٤ء تک کے انگلستانی بادشاہوں کی جاگیر پر ۱/۱٥ واں ٹیکس ۔ (۳) وہ دُگنا سُر جس کا ارتعاش کسی خاص سُر کا دُگنا یا آدھا ہو اور وہ سر گم میں آٹھ درجے اونچا یا نیچا ہو ؛ ایسے ہی سُر کا وقفہ ۔

(۱) (موسیقی) تین سُروں اور قدیم سُر کا درمیانی وقفه ؛ (موسیقی) پنجم ؛ اس طرح کے الگ کئے گئے دو سُروں کا ملاپ ۔ (۲) پانچواں عدد ۔ (۳) پانچ ۔ (٤) (جمع میں) گھٹیا یا ادنیٰ چیز ۔ Fifth : (n)

(۱) پانچواں ۔ (۲) پانچ مساوی حصوں میں سے ایک ۔ Fifth : (a) [OE. fifta.]

کسی ملک کی حدود کے اندر دشمنوں کی حمایت کرنےوالی کوئی خفیه جماعت جو جاسوسی اور دوسرے تخریبی کاموں میں سرگرم هوتی هے ؛ غدار؛ جاسوس ؛ (تاریخ) پانچواں کالم ؛ وطن دشمن طبقه ؛ ملك دشمن طبقه ۔ Fifth column : (n)

جاسوسی ؛ غداری ۔ Fifth column activities : (n)

جاسوسی ؛ غداری (کسی ملك یا حکومت کے خلاف) ۔ Fifthe columnism : (n)

جاسوس ؛ غدار خفیه طورسے تخریبی کامو ں میں سر گرم جماعت یا افراد ۔ Fifth columnist : (n)

پنجشنبه ؛ جمعرات ؛ ہفتے کا پانچواں دن ۔ Fifth day : (n)

روایتی چار جماعتوں یا طبقوں کے علاوه کوئی پانچواں طبقه ۔ Fifth estate : (n)

بین الاقوامی ائیر لائنس کا وه حق جس کے تحت وه اپنے فضائی راسته کے درمیان کہیں بھی سامان یا مسافروں کو چڑھا نے یا اُتارنے کا مجاز هوتا هے ۔ Fifth freedom :(n)

(دنیا کی)پانچ سلطنتوں میں سےآخری ؛ دانیال نبی کی کتاب باب دو آیت چوالیس ۔ Fifth monarchy : (n)

سترهویں صدی مسیحی کے وه مذہبی فدائی جن کا عقیده تها که حضرت مسیح دوباره دنیا میں آئیں گے اور انہیں کی حکومت هوگی ۔ Fifth monarchy man : (n)

ذبیحه جانور کی آنت وغیره کے سوا دوسرے اعضا مثلاً سر، دم، چمڑا، سینگ، چربی، دل، گرده وغیره ۔ Fifth quarter : (n)

پانچواں حصه ۔ Fifth part : (n)

(۱) کسی گاڑی کےاگلے دُهرے کےاوپر یانچلے حصے میں لگا هوا ایك چکّا جو گاڑی کو ترچھا هونے سے روکنے کےلئے پہیلے هونے سہارے کا کام دیتا هے ۔ (۲)ایك فاضل چکا (جو ضرورت کے تحت لگانے کےلئے گاڑی کے ساتھ رکھاجاتاهے) ۔ (۳) ایك چھوٹا پہیا جو بعض گاڑیوں کی رفتار یا فاصلے کی پیمائش کےلئےلگایا جاتا هے ۔ (٤) کوئی فضول ، غیرضروری یا تکلیف دہ چیز ۔ Fifth wheel : (n)

(۱) غیر ضروری معنوں میں مستعمل ؛ ایسے معنوں میں استعمال کیا جاتا هے جو غیرضروری هوتا هے ؛ فضول ؛ زائد ؛ بیکارچیز۔ (۲) گاڑی کے مُڑتےوقت پہیوں سے جو نصف دائرے بنتے ہیں ۔ The fifth wheel of a coach :

پانچویں حصے کے طورپر ؛ پانچویں جگه میں ؛ پانچویں ۔ Fifthly : (adv.)

پچاسواں ۔ Fiftieth : (a) [OE.'fiftigoda.']

پچاس کا عدد ؛ پچاس کا خارج قسمت ؛ کسی چیز کا پچاسواں حصه ۔ Fiftieth : (n) [M.E.fiftithe.]

پچاسواں حصه ۔ Fiftieth part : (n)

(۱) پچاس ؛ پانچ دہوں کا عدد ۵۰ ۔ (۲) بیسیوں ؛ سینکڑوں ؛ کثیر ؛ بڑی تعداد میں ؛ بہت سی ۔ Fifty : (a) [O.E. fiftege.]

(۱) پچاس افراد یا چیزوں کامجموعه یا جتها ۔ (۲) پچاس سال کی عمر ۔ (۳) کسی صدی یا کسی کی زندگی کےپچاس اورساٹھ کے درمیان کے سال ۔ Fifty : (n) [OE."fiftig".]

کسی صدی یا کسی کی زندگی کے پچاس اور ساٹھ کے درمیان کے سال ۔ The fifty :

پچاس فی صد فی کس کی بنیاد پر ۔ Fifty-fifty : (adv.)

مساوی ؛ برابر؛ برابربانٹاهوا؛ آدها آدها؛ آدهوں آدھ ؛ نصفا نصف ؛ مساویانه (حصے) (بول چال) بین بین ۔ Fifty-fifty : (adv.)

پچاس گنا ۔ Fifty fold : (a)

(۱) گولر یا انجیر ۔ (۲)گولر یا انجیر کا درخت ۔ (۲) (جزائر شرق الہند اور غرب الہند میں) کیلا نیز ناگ پھنی ۔ (۳) شکل کی معائلت سے بیماریوں کے نام کے طورپر بھی مستعمل هے ؛ بواسیری مسّا ۔ (۵) گھوڑے کے کھُر میں Fig : (n) [OE. figue.]

ہوجانے والا پھوڑا یابد گوشت ۔ (٦) (قسم کے طور پر) کوئی ادنی یاحقیر چیز؛ بےقیمت شے ۔ (٧) (امریکا) (تمباکو کا) ایک چھوٹا ٹکڑا ۔ (٨) (برطانوی بول چال) منقا ؛ بڑی کشمکش ۔ (٩) (طب) بواسیر ۔

Don't care a fig for/ A fig for : (کلمۂ حقارت) پھوٹی کوڑی برابر نہ سمجھنا ۔

Holy fig tree : (نباتیات) پیپل ۔

Indian fig : (نباتیات) انجیر ہندی ؛ برگد یا پیپل کا درخت ۔

In full fig : پورے لباس میں ؛ پورے سازوسامان کے ساتھ ۔

In good fig : اچھی حالت میں ۔

Pulled figs : ڈال کے توڑے ہوئے ترکی انجیر ۔

To care, give a fig : ادنی یا ذلیل سمجھنا ؛ مطلق پروا نہ کرنا ۔

To care a fig's end for/To give- : (کلمۂ حقارت) پھوٹی کوڑی برا بر نہ سمجھنا ۔

To value (a person or thing) a fig : حقیر جاننا ؛ ذلیل سمجھنا ' بے قیمت یا بے وقعت سمجھنا ۔

Under one's vine and fig tree : اپنےگھرمیں اطمینان و آسائش سے ۔

Wild fig : (نباتیات) گولر ۔

Fig : (n) (In full fig. (١) لباس و سازوسامان (صرف محاورے میں) مثلاً ۔ (٢) حالت میں :صورت حال : روپ : شکل : ہیئت ۔

Fig : (v) [Origin unkn.] (١) (عامیانہ) (چوروں کی زبان میں) کسی تدبیر یا عمل کو کام میں لانا یا انجام دینا ؛ کرگذرنا : ختم کرڈالنا ؛ برباد کردینا ؛ تباہ کرنا ؛زخمی کرنا ؛ قتل کردینا ؛ مارڈالنا ؛ شل کردینا ؛تھکا دینا ؛ (دھوکا دینے کی غرض سے) تحریف کرنا ؛ ساز بازکرنا ؛ چوری کرنا ۔ (٢) ملبوس کرنا ؛ لباس پہنانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ درست کرنا ؛ تیار کرنا (up اور out کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ۔ (٣) گھوڑے کو تیز دوڑانے کے لئے اس کی مقعد میں سیاہ مرچ ڈالنا : چاق و چوبند کردینا ۔

To fig out/-up : ملبوس کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ؛ تیارکرنا ۔

Fig-apple : (n) ایک قسم کا سیب جس میں بیج دان نہیں ہوتا ۔

Fig banana : (n) ایک چھوٹا اورگداز امریکی کیلا جس کا مزا انجیر جیسا ہوتا ہے ۔

Fig-bird : (n) (١) ایک خو بصورت اطالوی پرندہ جو انجیر اورانگور کھاتا ہے ۔ (٢) (برطانیہ کی) ایک خوش گلو چڑیا (حیوانیات) بکا فیج ؛ موسمی چڑیا ؛ انجیر خوار ۔

Fig-cake : (n) انجیر اور بادام سے بنا ہوا ایک گول کیک ۔

Fig-dust : (n) اچھا پسا ہوا جئی کا آٹا جو مقفس پرندوں کے کھانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Fig-eater : (n) (١) انجیر کھانے والا ۔ (٢) ایک خو بصورت اطالوی چڑیا جو انجیر اور انگور کھاتی ہے ؛ (حیوانیات) بکا فیج ؛ میوہ خور بھونرا ۔

Fig-fauns : (n) لاطینی جنگل کے دیوتاؤں کا ایک طبقہ جن کےبارے میں سمجھا جاتا ہے کہ ان کی خوراک انجیر ہے ۔

Fig-finch : (n) اٹلی کی ایک خوبصورت چڑیا جو انجیر اور انگور کھاتی ہے ۔

Fig-gnat : (n) ایک قسم کا مچھر جو انجیر کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Fig-feat : (n) (١) گولہ یا انجیر کے درخت کاپتا ۔ (٢) (مجازاً) عیب چھپانے کی ترکیب ۔

Fig marigold : (n) گیندے کی ایک قسم ۔

Fig-pecker : (n) اٹلی کی ایک خوبصورت چڑیا جوانجیر اور انگور کھاتی ہے ؛ (حیوانیات) بکافیج ۔

Fig shell : (n) ایک طرح کا گھونگا جو انجیر کے مشابہ ہوتا ہے ۔

Fig tree : (n) انجیر یا گولر کا درخت ۔

Fig wasp : (n) ایک قسم کا بہت ہی چھوٹا کیڑا ۔

Fig-wart : (n) (طب) ثُولُول انجیر ۔

Fig wort : (n) بھورے پھولوں کاایک پودا؛ ایک قسم کےپودو ں کانام جن سے بواسیر کا علاج کیا جاتا ھے ؛ (نباتیات) علف خنازیر ۔

Figary : Fegary,Vagary کا متبادل ۔

Figged : (a) (۱) (برطانوی بول چال) انجیر یا منقا سے بنایا ھوا ۔ (۲) (برطانوی بول چال) داغ دار ؛ داغ دھبے والا ؛ چھوٹے چھوٹے داغوں والا ۔

Figgery : (n) ملبوساتی آرائشی؛ لباس کا آرائش کام یا اس کے نقش ونگار ۔

Figging : (n) نرم صابن میں ایک قسم کی دانہ دار چیز جو انجیر کے بیجوں کے مشابہ ھوتی ھے اور جسے سخت صابن کی قلم پذیری کا نتیجہ سمجھا جاتاھےاور کبھی اعلیٰ قسموں کی علامت خیال کیا جاتا ھے ۔

Figgy : (a) انجیر آمیز؛ انجیر سے بھرا ھوا ؛ انجیر کے مشابہ ۔

Fight : (n) [f. verb.] (۱) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ دنگا ؛ فساد ۔ (۲) جنگ ؛ محاربہ ؛ معرکۂ ؛ قتال ۔ (۳) دست بہ دست لڑائی خاص کرمکوں اور گھونسوں کی جھڑپ ۔ (٤) مباھثہ ؛ سعیٔ بلیغ ؛ جدوجہد ؛ سرگرمی(مخالف کو شکست دے کر اپنامقصد حاصل کرنےکی) ۔(٥)نزاع پسندی ؛ جنگ جوئی؛ مفسدپرستی؛ جھگڑالوپن ۔(٦) دم خم؛ حوصلہ ۔

Running fight : ایسی لڑائی جس میں ایک حریف بھاگ رہا ھو اور دوسرا پیچھا کر رہا ھو ۔

Sham fight : مصنوعی ؛ نقلی لڑائی (مشق یا مظاہرے کی غرض سے) ۔

Stand up fight : مردانہ وار مقابلہ ۔

To show fight : مقابلہ کرنا ؛ خم ٹھونک کر مقابلے پر آنا ۔

Fight : (v) [O.E. feotan] (۱) یکیکی لڑائی کرنا ؛ دست بہ دست لڑنا ؛ مقابلہ کرنا یالڑنا (کسی شخص وغیرہ کی طرف سے یا کسی چیز کو حاصل کرنے کےلئے (against, with کے ساتھ مستعمل ھے) ؛ دو فریقوں کا باہم لڑنا ۔ (۲) لڑائی یا جھگڑے میں شامل ھونا ؛ مسابقت یا آگےبڑھنے کی کوشش کرنا؛ جدوجہد کرنا؛ جدال یاحجت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ۔(۳) لڑائی یا جد و جہد کے ذریعہ (کسی بات، مقصد وغیرہ کو) قائم رکھنا یااس کی حمایت کرنا؛لڑ کر اپنا راستہ نکالنا؛ یاآگے بڑھنا ۔ (٤) جنگ میں شریک ھونا یا مخالفت کرنا ؛ کسی کے خلاف جنگ کرنا ؛ کسی کےمقابلےمیں لڑنا؛ نبرد آزما ھونا (نیزمجازاً) ۔ (٥) (کسی انعام کےلئے) لڑنا ؛ مباحثہ کرنا یا جدوجہد کرنا۔ (٦) جھگڑے کا سبب ھونا ؛ جھگڑا کرادینا ؛ لڑادینا ؛ موجب جنگ ھونا ۔ (۷) جنگ میں (فوجی دستوں ، جہاز، اسلحے وغیرہ کا) خوش اسلوبی سے انتظام کرنا یا جنگی داؤں پیچ سے کام لینا؛ جنگ میں داؤں گھات کرنا ۔ (۸) مقدمہ لڑنا؛ پیروی کرنا ۔ (۹) مکم مکا کرنا؛ مبارزہ کرنا۔ (۱۰) کتے یا مرغ لڑانا ۔ (۱۱) جہاد کرنا؛ مذہبی جنگ لڑنا ؛ باطل کے خلاف صدائے حق بلند کرنا ۔ (۱۲) کسی کی کامیابی، نتیجہ خیز یا اثر اندازی کو روکنے کی کوشش کرنا ۔ (۱۳) کسی کی راہ میں حائل ھونا ۔ (۱٤) جاری رکھنا (جنگ، جدوجہدوغیرہ کا) ۔ (۱٥) حصول مقصد کےلئے تگ و دو کرنا ؛ ہاتھ پیر مارنا ۔ (۱٦) مشکل کا باعث ھونا مشکل پیدا کرنا ۔

To fight down : غالب آنا؛ فتح حاصل کرنا؛ زیر کرنا؛ ھرا دینا ؛ شکست دینا؛ سر کرنا ۔

To fight (for) one's own hand : اپنے فائدے کے لئے لڑنا یا کوشش کرنا ؛ اپنے مفاد کےلئےلڑنا ۔

To fight off : (۱) بھگا دینا یا دور کردینا ؛ پسپا کرنا یا ھونا ؛ ڈھکیل دینا ۔(۲)لڑتے ھوئے پیچھے ہٹ جانا ؛ لڑکر پیچھا چھڑانا ؛ نکل بھاگنے کی کوشش کرنا؛ اپنی بات سے پھر جانا ۔

To fight out : لڑجھگڑ کر طے کرنا ؛ لڑائی کر کے فیصلے پر پہنچنا ؛ آخردم سے پھر جانا ۔

To fight shy of : بچنا ؛ کترانا ؛ کنارہ کرنا ؛ رکنا ؛ (شخص سے) تنہائی پسندھونا؛لڑائی سےبچنے کی کوشش کرنا ۔

To fight tooth and nail : گھمسان کی جنگ کرنا ؛ بےرحمی سےلڑنا ؛ سختی سےمقابلہ کرنا؛ پوری کوشش سےلڑنا؛ جنگ میں پوری پوری طاقت لگا دینا ؛ پُرزور مقابلہ کرنا ؛ جی چھوڑ کرلڑنا ؛ جان توڑ مقابلہ کرنا ؛ خشمنا کی سے لڑنا ۔

To fight with one's own shadow : سعیء لاحاصل کرنا ؛ بےفائدہ کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ فضول باتیں کرنا ؛ بے نتیجہ بات یا کام کرنا ۔

Fight talk : (n) کھیل شروع ہونے سے پہلے ہمت دلانے کی غرض سے کھلاڑیوں کو بلندحوصلگی اور اچھی طرح کھیلنے کی ترغیب ۔

Fightable : (n) (۱) لڑنے کے لائق ؛ جنگ کےقابل ۔(۲)لڑنے کے لئے تیار ؛ جنگ کا خواہش مند ۔

Fighter : (n) (۱) لڑنے والا ؛ جنگ جو ۔(۲) جنگ آزمودہ سپاہی ؛ سپاہی (بحری اور بری فوج کا) ۔ (۳)نزاع پسند ؛ مفسد ؛ جھگڑالو ؛ آپس میں لڑنے والا ۔(٤) انعامی مکّاباز ؛ جنگی طیارہ ۔

Fighter bomber : (n) بمبار طیارہ ؛ لڑاکا طیارہ ۔

Fighter intercepter : (n) (جنگ میں) مزاحمت کرنے اور گرادینے والا طیارہ (دشمن کے جہاز کو) ۔

Fighter plane : (n) تیز پرواز جنگی طیارہ ۔

Fighting : (n) یکیکی لڑنے کاعمل ؛ دست بدست لڑنے کافعل ؛ جنگ وجدال ؛ مقابلہ ؛ مخالفت؛ جہاد ؛ معرکہ ؛ مبارزہ؛ معرکہ آرائی ؛ نبردآزمائی ؛ مباحثہ ؛ مقاتلہ ؛ مجادلہ ۔

A fighting chance : لڑکر کسی چیز کو حاصل کرنے کا موقع ۔

Fighting : (n) لڑاکو ؛ جھگڑالو ؛ جنگ جو ؛ لڑنے کا قابل ؛ ہتھیارسےلیس ؛ مسلح ؛جنگ بھڑکانے کے لائق؛ لڑنے کےلئے آمادہ ؛ آمادۂ جنگ ؛ آمادۂ پیکار ؛ جنگ آسا ؛ جنگ نما ؛ مثل جنگ ۔

Fighting chair : (n) ایک کرسی جس پر بیٹھ کر سمندر میں مچھلی کا شکار کیا جاتا ہے ۔

Fighting cock : (n) اصیل مرغ ؛ لڑنے والا مرغ ؛ پالی کامرغ ۔

Fighting crab : (n) ایک قسم کا کیکڑا ۔

Fighting field : (n) میدان کارزار ؛ رزم گاہ ؛ میدان جنگ ۔

Fighting fish : (n) سیام کی ایک مچھلی؛ ایک قسم کی سیامی مچھلی ۔

Fighting forces : (n) (تاریخ و سیاسیات) مبارز فوجیں ۔

Fighting races : (n) (تاریخ و سیاسیات) جنگجو قومیں ۔

Fighting sandpiper : (n) ایک قسم کا پرند کہ جفتی کی فعل میں اُس کےنر کوپروں کا ایک گنٹھا اور کانوں کے گچھے نکل آتے ہیں ۔

Fighting top : (n) جنگی جہاز کےعرشےپر بنی ہوئی وہ جگہ جو فائر کنٹرول اسٹیشن یا طیارہ شکن توپ کے پلیٹ فارم کے طورپر استعمال ہوتی ہے ۔

Fighingly : (adv.) جنگ جو یا نہ طورپر ؛ جھگڑالو انداز میں ؛ جنگ جوئی سے ؛ جھگڑے یا فساد کی راہ سے ۔

Figi : (a) (۱) فیجی جزیرہ کے ملیشیائی نسل کے لوگ ۔ (۲) ایسےلوگوں کا کوئی فرد(۳)فیجی لوگ کی آسٹرونیشیائی زبان ۔

Figian : (a) فیجی جزیرہ ؛ فیجی لوگ یا فیجی زبان کا یا اُس سے متعلق ۔

Figment : (n) [L.'figmentum.'] (۱) بناوٹی ، مصنوعی، جعلی، من گھڑت، بیان یا بات ۔(۲) بےبنیاد، خیالی، وہمی بات؛ غیر حقیقی بات ۔(۳) فسانہ؛ قصہ ؛ کہانی ۔(٤) ایجادی بات ؛ اختراع کی بات ۔

Figmental : (a) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ خیالی ؛ وہمی؛ بےبنیاد؛ افسانوی ۔

Figuline : (a) مٹی کا بنا ہوا ؛ مٹیالا ؛ سفالی ؛ سفالیں ۔

Figuline : (n) (۱) مٹی کا برتن ؛ سفالی برتن ؛ ظرف گلی ؛ سفالی ۔(۲) (جمع میں) ظروف گلی ؛ مٹی کے برتن ۔(۳) کمہار کی مٹی ؛ کوزہ گر کی مٹی (جس سےبرتن بنایاجاتاہے) سفالی کوزہ گری ۔

Figurability : (adv.) صورت پذیری ؛ تشکیلیت ۔

Figurable : (a) [f. Figure.] شکل پذیر ؛ صورت پذیر ؛ قابل تشکیل ؛ کسی شکل میں پیش کئے جانے کے لائق ۔

Figural : (a) [L.f. figura.] (۱) عادات سے متعلق ؛ اشکال سے متعلق؛خاکوں سے متعلق ۔(۲)ایک یاچند آزادانہ سریلی آواز میں بےہنگم ضمنی سُروں کو ملانے والا؛ مُزین ؛ شیریں کردہ ؛ تیزاعداد وشمار ، حصوں یاعبارتوں میں جاری؛ (ہندسہ) شکلی ؛ تصویری ۔

Figurant/Figurante : (n) [F. pr. pple. of 'figurer.'] (۱) سنگت میں ناچنے والا ؛بیلےرقاص؛نچنیا۔(۲) خاموش ایکٹر ؛ نمائشی ایکٹر ؛ ایسا ایکٹر جو اسٹیج پر تو ہوتا ہے لیکن اُس کا کوئی نمایاں عمل نہیں ہوتا ۔

Figurante : [It.] بیلے رقاصہ ؛ سنگت میں ناچنے والی ؛ رہس کی رقاصہ ۔

Figurate : (n) کوئی مشکل شے ؛ مشکل چیز خصوصاً مشکل اعداد کا سلسلہ ۔

Figurate : (a) (۱) مخصوص شکل وصورت والا (اب صرف ادویات میں استعمال ہوتا ہے) ۔ (۲) کسی ریاضیاتی سلسلےسےبنےہوئے اعداد یا اعداد کا سلسلہ ؛ اعداد کا مشکل سلسلہ ۔(۳) (موسیقی) ایک یا چند آزادانہ سریلی آواز میں بےآہنگ ضمنی سُروں کو ملانےوالا؛ نیز اعداد و شمار؛ حصوں یا عبارتوں میں جاری ؛ مزیّن ؛ شریں کردہ ۔ (٤) (ریاضیات) شکل دار ؛ مشکلہ ۔ (٥) (نباتیات) گوشہ دار ۔

Figurate numbers : (n) (ریاضیات) اعداد مُشکلہ ۔

Figuration : (n) (۱) تشکیل ؛ تصویر ؛ ڈول یا شکل بنانا یا قائم کرنا۔(۲) شکل وشبیہ ؛ صورت ۔(۳) کسی چیز کو مشکل کرنے کا عمل یا طریق عمل ۔ (٤) نقشہ ؛ چہرہ مہرہ ؛ خاکہ ؛ ہیولی ؛ گردا (تصویر) (بندسہ) نقشہ ۔ (٥) (کسی چیز کا) مخصوص ہیئت میں تعین یا تحدید۔ (٦) استعارہ ؛ مجاز؛ تشبیہ ۔(۷) نقش ونگار؛ آرائش ۔ (۸) (موسیقی) نمائشی اثر پیدا کرنے کےلئےاونچے نیچے (زیروبم) سروں کو زیادہ اُجاگر کرنا ؛ شیریں کاری ۔

Figurative : (a) (۱) تمثیلی ؛ علامتی ؛ مثالی ؛ امتیازی ؛ مخصوص ۔ (۲) تصویری ؛ تصویری یا تکونی اشکال کی نوعیت کا یا اُس سے متعلق ۔ (۳) مجازی ؛ مرادی ؛ رمزی ؛ اشاراتی ۔(٤) غیر حقیقی ۔(٥) پراز صنائع و بدائع ؛ صنائع بدائع کا شوقین ؛ صنائع وبدائع سے مزین ۔(٦) رمزو کنایہ والی (زبان) ۔ (۷) (موسیقی) مزین ؛ (لسانیات) مرصع ۔

Figurative idiom : (n) (لسانیات) مرصع زبان ۔

Figurative meaning : (n) (لسانیات) مجازی معنی ۔

Figuratively : (adv.) بطور مجاز یا استعارہ ؛ کنایتاً ؛ رمزاً ؛ اشارتاً ؛ مجازاً ۔

Figurativeness : (n) مجازیت ؛ رمزیت ؛ اشاریت ۔

Figure : (n) [L.'figura.'] (۱) خارجی صورت ؛ ظاہری شکل ؛ وضع ؛ شکل ؛ صورت ؛ ہیئت ؛ تمثال ۔ (۲)(بندسہ)شکل جیسےتکون (مثلث) یا دائرہ (کرہ) ؛ مکعب ۔(۳) جسم ؛ ڈول ؛ جثہ ؛ کاٹھی ؛ جسمانی شکل ؛ جسمانی ڈھانچہ ۔(٤) شکل ۔ (٥) ہستی ؛ وجود ؛ (٦) امتیازی حالت یا ہیئےپن کی حالت ۔(۷) شبیہ؛ تصویر؛ شباہت ۔ (۸) بت ؛ مجسمہ ؛ تصویر ۔ (۹) تشبیہ ؛ تمثیل ؛ شکل ۔ (۱۰) نقشہ یا خاکا ۔ (۱۱) (علم النجوم) زائچہ ؛ زیچ ۔(۱۲) نقش ونگار؛ نقش ۔ (۱۳) ناچ میں چلت پھرت ؛ حرکات رقص ۔ (۱٤) اسکیٹنگ کی چلت پھرت ؛ ایسی حرکت یاحرکات کا سلسلہ جو کسی مرکزی نقطے سےشروع ہوتا ہے اور وہیں جاکر ختم ہوتا ہے ۔(۱٥) بندسہ ؛ عدد کو ظاہر کرنے والا نقش یا علامت ؛ شمار ؛ عدد ؛ رقم جو اعداد میں ظاہر کی گئی ہو ۔ (۱٦) استعارہ ؛ کنایہ ؛ مجاز مرسل ؛استعارہ بالکنایہ وغیرہ ؛ غیر معمولی طرز اظہار ؛ دوران تحریر دفعتاً رک جانا ۔ (۱۷) (نحو) عام قواعدنحوی کے خلاف کوئی ترکیب جیسےحذف وغیرہ ۔(۱۸) (منطق) قیاس کی ایک خاص صورت (مداوسط کےاعتبارسے) ۔ (۱۹) (موسیقی) کئی سُروں کا متواتر وقوع اس طرح کہ سب مل کر ایک ہی سُر پیدا ہو ؛ گٹکری یا توڑا ۔ (۲۰) مبالغہ ؛ اغراق ۔ (۲۱) رزمی یا مجازی اظہار ۔(۲۲) قیمت ؛ دام ۔ (۲۳) (بندسہ) شکل (آرٹ) بُت ؛ نقاشی (ریاضیات)عدد ؛ بندسہ ؛ (تعمیرات) ؛ (علم النجوم) زائچہ (منطق) استعارہ ؛ صورت قضیہ ؛ (لسانیات)بندسہ ؛ شکل تصویر ؛ شبیہ ۔

Four figure : ہزار یا اُس سے زائد (رقم)

Imperffect figure : (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) شکل ناقص ؛ شکل غیر کامل ۔

Income of five figures : دس ہزار اور ایک لاکھ کے ردمیان کے ہندسے کی رقم ۔

Nonsense figure : (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) بے معنی شکل ۔

Perfect figure : (فلسفہ، نفسیات) شکل کامل ۔

Person of figure : ممتاز ؛ رودار ؛ سربرآوردہ ۔

Plane figure : (ہندسہ) شکل مسطح ۔

Rectilinear figure : (ہندسہ) مستقیمۃُ الاضلاع شکل ۔

Three figure : سو یا اُس سے زیادہ (رقم) سو سے لے کر نو سو ننانوے تک کے اعداد ۔

To cast,erect, set a figure : شکل بنانا ؛ نقش بنانا ؛ خاکہ تیار کرنا ؛ مجسمہ بنانا یا نصب کرنا ۔

To cut a figure : شکل بنانا ؛ روپ دھارنا ؛ روپ بھرنا ۔

To go it at a high figure : گراں یا مہنگا خریدنا ۔

To go it at a low figure : ارزاں یا سستا خریدنا ۔

To make a figure : To cut a figure دیکھو

To reach three figure : (کرکٹ) ایک سو رَن بنانا یا کرنا ۔

Two (or Double) figure : وہ عدد جو دو ہندسوں سے بنے ؛ دس سے ننانوے تک کے اعداد دس یا اُس سے زیادہ ۔

Figure : (v) (۱) تصویر ؛ شبیہ ؛ صورت یا نقشہ بنانا ۔ (۲) نقشے یا تصویر کی صورت میں پیش کرنا یاظاہرکرنا۔(۳) ذہن میں تصویر بنانا یارکھنا؛ تصور کرنا ؛ ذہن میں خاکہ تیار کرنا ؛ خیال میں لانا؛ ذہن میں صورت قائم کرنا۔(٤) تقریر یاحرکت کےذریعہ ظاہرکرنا۔ (٥) استعارہ یا کنایہ میں ظاہر کرنا یا پیش کرنا ؛ مجازی طور پر پیش کرنا؛ مثالی طورپر ظاہر کرنا ۔ (٦) نمائندگی کرنا ۔ (۷) ممتاز بنانا ؛ شہرت حاصل کرنا؛ مشہورکرنا۔(۸) نقش ونگاربنانا ؛ ڈیزائن تیارکرنا ؛ نقش ونگار سے آراستہ کرنا ؛ نقش بنانا ۔(۹) پہلے سے تصویر، نمونہ یا مثال بناکر پیش کرنا ؛ شگون بتانا (آنے والی چیز یاواقعے کی پہلے سے تصویر دکھا دینا) ۔(۱۰) اعداد میں ظاہر کرنا یاپیش کرنا ؛ نمبر یا قیمت درج کرنا ؛ حساب کرنا ۔ (۱۱) کسی چیز کی ضروری شکل دینا ؛ مطلوبہ شکل دینا ۔ (۱۲) معلو م ہونا ؛ دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ نمو دار ہونا ؛ کسی وضع یا حیثیت میں آنا (as کے ساتھ) ؛ نیز ؛ ممتاز شکل میں نظر آنا؛ متمائز کرنا۔(۱۲) مخصوص یا مثالی طورپر پیش کرنا ۔ (۱٤) کسی چیز پر نمبر ڈالنا ؛ نمبر لگانا یا نمبر دینا۔(۱٥) حساب بنانے میں اعداد کو استعمال کرنا ۔ (۱٦) (موسیقی) مطلوبہ آہنگ بنانے کے لئے اوپر یا نیچے نمبر دینا ؛ موسیقی کی ترتیب میں سُروں کے ملاپ کو ظاہر کرنے کےلئے اعداد کے ذریعہ سُروں کے زیر وبم کو ظاہر کرنا ۔(۱۷) (رقص) حرکات کا ایک مخصوص مجموعہ پورا کرنا؛ یارقص میں کوئی شکل بنانا۔ (۱۸) (تعداد کا) تعین کرنا؛ جانچنا؛ حساب کرنا ۔(۱۹) حل کرنا؛ بنانا؛ (out کےساتھ) صحیح صورت یا شکل کا ادراک کرنا ۔(۲۲) (امریکا) حساب کرنا ؛ شمار کرنا؛ میزان لگانا ؛ جوڑنا ؛ محسوب کرنا ؛ جانچنا؛ غورکرنا؛ سوچنا؛فرض کرنا؛ سمجھنا ۔

To fogure on : زیر غور لانا ؛ غوروخوض کرنا ۔

To figure out : عداد کےذریعہ حساب لگانا ؛ میزان کرنا ؛ تخمینہ لگانا ؛ اندازہ کرنا ؛ سمجھنا ؛ شمار کرنا ؛ حساب کا سوال حل کرنا ۔

To figure up : میزان لگانا ؛ اعداد کے ذریعہ حساب کرنا ۔

Figure carvede in relief : (n) (تاریخ وسیاسیات) ابھری شبیہ ۔

Figure-caster : (n) (۱) منجم :نجومی : پیش گوئی کرنے والا ۔ (۲) اعداد کے ذریعہ حساب لگانے والا ؛ اعداد کا میزان لگانے والا ؛ حساب کتاب کرنے والا ؛ اعداد وشمار کرنے والا ۔

Figure-casting : (n) (۱) علم نجوم ۔(۲) اعداد کےذریعہ حساب کرکے کچھ معلوم کرنے کا فن ۔

Figure-dance : (n) ایک قسم کا ناچ جو کئی ٹکڑوں میں نا چا جاتا ھے ۔

Figure-dancer : (n) کئی ٹکڑوں میں رقص کرنے والا ؛ ایسے رقص میں جس میں کئی ٹکڑوں میں رقص کیا جاتا ھے ؛ ناچنے والا ۔

Figure eight/-of eight : (n) (۱) عربی عدد کی شکل میں بنی ہوئی کوئی چیز ۔(۲) روکنے والی ایک چھوٹی گرہ ۔ (۳) کشیدہ کاری میں کڑھائی کا ایک طریقہ ۔(٤) باسکٹ (ٹوکری) کی بُنائی کی ایک طرز۔ (٥) رقص کا ایک انداز (خصوصاً چار آدمیوں کے رقص میں جس میں ایک جوڑا دوسرے جوڑے کے بیچ سے گزرتا ھے اور پھر ہر ایک کے گرد گھومتا ھے ۔(٦) اسکیٹنگ کا ایک انداز جس سے ۸ کی شکل بنتی ھے ۔ (۷) ۸ افراد یا اشیاء کا مجموعہ ۔(۸) عدد ۸ یا اس شکل کی نوعیت کی کوئی بھی چیز ۔ (۹) ۸ ارکان کی سطور ۔

Figure-flinger : (n) Figure-caster کی حقارت آمیز شکل ۔

Figure-four scissors : (n) قینچی یا داؤ : کُشتی کا ایک داؤ ۔

Figure-four trap : (n) ایسے قسم کاپنجرہ یاصندوق جس میں ایک سہاراور لبلبی ٤ کی شکل میں لگی رہتی ھےجس کے کھینچنے سےصندوق یااُس کاوزنی ڈھکن جھٹکے سے گرجاتا ھے ۔

Figure head : (n) (۱) کھدی ہوئی تصویر یا تمثیل (عموماً اوپر کے دھڑ کی یا پورے جسم کی) ۔(۲) جہاز یا کشتی کا ماتھا ؛ جہاز کے سامنے کا مجسمہ ۔ (۳) کٹ پتلی یعنی برائے نام سردار یا لیڈر ؛ نام کابڑا ؛ رئیس صوری ۔ (٤) (مزاحاً) چہرہ ۔ (٥)(تعمیرات) مورتی ؛ توڑا (پتھر یا لکڑی کے مثلث نما ٹکڑے جو دیوار سے آگے کو نکلے ہوتے ہیں کہ ان پر چھجا یا سائبان رکھا جائے) ۔

Figure in : (v) (۱) حساب میں شامل کرنا؛ گننا؛ شمار کرنا ۔ (۲) شامل ہونا ؛ ملوث ہونا ۔

Figure-of-eight handage : (n) ایسی قسم کی پٹی جس کے باندھنے میں ۸ کی شکل بن جاتی ہے ۔

Figure of fun : (n) (بول چال) مضحکہ ؛ مضحکہ خیز شخص ؛ عجیب چیز ؛ انوکھا آدمی ۔

Figure of merit : (n) (الیکٹرک) عدد قابلیت ۔

Figure of speech : (a) تشبیہ، استعارہ ، مجاز، کنایہ وغیرہ ؛ صنعت صنائع ؛ صنعت بدائع ۔

Figure of the earth : (n) کسی سیارہ کی بالکل ٹھیک اقلیدسی شکل ۔

Figure code : (n) عددی رموز ۔

Figure servent : (n) (مہمل لفظ) کمر شیل کلرک ؛ کاروباری محرر یا منشی ۔

Figure skating : (n) انگریزی ۸ کی شکل میں اسکیٹنگ یا اُس کا فن ؛ اسکیٹنگ کی وہ طرز جو بیچ سے شروع ہو اور وہیں جا کر ختم ہو ۔

Figure writing : (n) (ریاضیات) عدد نویسی ۔

Figured : (a) (۱) منقّش ؛ مصور ؛ مشجرد ؛ شکل و صورت بنائی ہوئی ۔(۲) مجازی ؛ پُرازصنائع وبدائع ؛ مُرادی ؛ تمثیلی ؛ غیر حقیقی ۔(۳) پیش کردہ ؛ متشکل ؛ متصور ؛ متخیل ۔(٤) مخصوص شکل والا؛ خاص انداز کا ۔ (٥) اطواروانداز سے آراستہ ۔ (٦) (موسیقی) اعداد کے ذریعہ ظاہر کیا ہوا ؛ ایک یا چند آزادانہ سُریلی آواز میں ملے ہوئے بےآہنگ ضمنی سُر ؛ تحریر نغمہ جس میں نیچے سُر کی آواز ظاہر کرنے کےلئے سُروں کے نیچے ہندسےلگائے جاتے ہیں ؛ تحریر نغمہ کے اصول کے مطابق لکھا ہوا ۔ (۷) منطق میں کسی شکل کے ذریعہ ظاہر کیا ہوا (اصول) ۔

Figured bass : (n) (۱) تحریر نغمہ جس میں نیچے سُر کی آوازظاہر کرنے کے لئے سُروں کے نیچے ہندسے لگادیتے ہیں ۔ (۲) تحریر نغمہ کا اصول ؛ تحریرنغمہ ۔

Figured card : (n) تصویر والے پتے (تاش میں، بادشاہ، بیگم اور غلام) ۔

Figureless : (a) بےتصویر ؛ لنڈ منڈ ؛ بے ڈھنگا ؛ بے ڈول ۔

Figurer : (n) شکل بنانے والا ؛ صورت بنانے والا ؛ شبیہ اُتارنےوالا ؛ خصوصاً برتنوں میں نقش ونگار بنانے والا ؛ (تاریخ و سیاسیات) مجسمہ ساز ؛ شبیہ ساز ۔

Figures : (n) (ریاضیات) اشکال ؛ اعداد ۔

Figures and facts : (n) اعداد وشمار ۔

Electric figures : (الیکٹرک) برقی پُتلیاں ۔

Figure stone : (n) (معدنیات) ایک طرح کا پتھر جس پر بآسانی نقش بنائے جاسکتے ہیں ، دوسرے اسی قسم کے پتھر ؛ (تاریخ) شبیہی پتھر ۔

Figurette : (n) (تاریخ وسیاسیات) چھوٹی مورتی ۔

Figurine : (n) [It.'figura.'] چھوٹا سا بت یا مجسمہ ؛ تمثال صغیر ؛ (تاریخ وسیاسیات) چھوٹا بت یا مجسمہ ۔

Figuring : (n) (۱) صورت کشی ؛ شکل سازی خاکہ کشی ؛ بت تراشی ؛ مجسمہ سازی ؛ عدد اندازی ؛ مصوری ؛ نقاشی ؛ صورت گری ؛ وضع تراشی؛ طرز اندازی ۔(۲) احتساب ؛ حساب کتاب ۔

Figurism : (n) (تاریخ وسیاسیات) علامت پسندی ؛ علامیت ۔

Fike : (n) [f. Fike (V).] (۱) (اسکاتستانی) چھوٹی چھوٹی باتوں کےلئےتشویش ، تردد ، فکر ، الجھن ؛ پریشانی ؛ مصیبت ؛ تکلیف ؛ بھاگ دوڑ ؛ ہنگامہ؛ اضطراب ؛ اضطرار ؛ ہلچل ؛ اچھل کود؛ خفیف الحرکتی ۔(۲) دکھاوے کی محبت ؛ (طب) خارش ۔

The fikes : اضطراری حرکات ؛ بے چینی ؛ پریشانیاں

Fike : (v) [Origin doubtful.] (۱) (اسکاتستانی بول چال) بےچینی سے ٹہلنا ؛ اضطراری حرکتیں کرنا ؛ پریشان ہونا ؛ بے چین ہونا ؛ بے قرار ہونا ؛

نیز دبنا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ جھجھکنا ؛ چوکنا ؛ گھبرا جانا ؛ جھٹکا کھانا ؛ اُچھلنا ؛ تیزی سے ہلنا جلنا۔(۲) تنگ کرنا؛ پریشان کرنا ؛ بے چین کردینا ؛ مصیبت میں ڈالنا ؛ ستانا ۔

Fikery : (n) بےقراری ؛ چلبلاپن ؛ ہل چل ؛ بے چینی؛ ہنگامہ ؛ اضطراری حرکات ؛ اضطرار ؛ بھاگ دوڑ ۔

Fila : (n) (حیوانیات) خُیُوط ۔

Filaceous : (n) (حیوانیات) خیطی ؛ رشتکی ۔

Filacer/Filazer : (n) [L.'filaciun.'] (تاریخ) ویسٹ منسٹر کی عدالتوں کا ایک افسر جو رٹ وغیرہ داخل کرتاتھا اور اس سے متعلق نوٹس وغیرہ جاری کرتا تھا ۔

Filament : (n) [L. f.'filun.'] (۱) ایک باریک یا نازک دھاگا نما شے ؛ تارعنکبوت ؛ مکڑی کے جال کا ایک تار ؛ ننھا ریشہ ؛ ریشک ؛ باریک ریشہ خصوصاً وہ ناقابل تحلیل موصل جو بجلی کے بلبوں کے اندر رہتا ہے ؛ بجلی کے بلبوں میں نہ پگھلنے والا موصل ۔(۲) (نباتیات) زر بر یا حامل زر کاوہ حصہ جس میں زیرہ گل ہوتا ہے؛ زرتار۔ (۳) ریشم کاریشہ ۔ (٤)نچلے پروں کاباریک ریشہ ۔ (٥) (ریشہ) جانوروں یا پودوں کی بناوٹوں میں ۔(٦) (ہوا، روشنی وغیرہ) موج، لہر، تار ۔ (۷) (الیکٹرک) سوت ؛ فلامنٹ ؛ (نباتیات) زرتار ؛ رگ ؛ خیطہ ؛ رشتک ؛ ریشہ؛ (حیوانیات)محور پر (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) موصل ؛ ریشہ (کیمیا) فلامنٹ ۔

Activated filament : (کیمیا) سرگرم کیاہوا فلامنٹ ۔

Incandescent filament : (کیمیا) چمکتا ہوا روشن فلامنٹ ۔

Seminal filament : (حیوانیات) کِرم منی منوی حوین ۔

Filament Electrometer : (n) (برقیات) ریشی برق پیما ۔

Filament-lamp : (n) تارلگاہوا برقی لیمپ جس کےگرم ہونے سے روشنی پیدا ہوتی ہے ۔

Filamentary : (a) باریک ریشے کا ؛ اس سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ۔

Filamented : (a) ریشہ دار ؛ تاردار ؛ باریک تاروالا ۔

Filamentiferous : (a) ریشہ دار ؛ تاروں والا ۔

Filamentoid : (a) ریشہ نما ؛ ریشہ ساں ؛ تارجیسا ۔

Filementose/Filamentous : (a) باریک تاروں سے بناہوا ؛ ریشہ دار یاریشوں پر مشتمل ؛ ریشہ ساں ؛ تار جیسا ؛ دھاگا نما ؛ تاردار ۔

Filamentuous : (a) خیطی ؛ ریشی ؛ سُوت نما ۔

Filamentule : (n) (شاذ) ننھا ؛ بریک ریشہ یا تار ۔

Filamerican : (a) [Filipion+ American.] فیلا امریکی؛ فلپائنی امریکی ؛ فلپائن اور امریکا کا ۔

Filamerican : (n) امریکا کے لئے وفاداری کا جذبہ رکھنے والا فلپائن کا باشندہ ۔

Filander : (n) [L.filandula.] شکر ا یا باز کو ہونے والی ایک بیماری جو آنتوں میں باریک دھاگوں جیسے کیڑے ہوجانے سے ہوتی ہے نیز وہ مرض ۔

Filar : (a) [L.'filum.'] دھاگے یا لکیر کا یا اس سے متعلق خصوصاً خورد پیما اور خوردبین جس میں حلقہء نظر کے درمیان دھاگے یا خطوط ہوں ؛ (حیوانیات) خیطی ؛ ریشی ۔

Filar micrometer : (n) باریک خورد پیما ؛ خفیف فاصلے یا زاویوں کو ٹھیک ٹھیک ناپنے کا ایک آلہ جس میں پلاٹینیم کے دو متوازی نفیس تار کسی خوردبین یا دوربین کی ماسکی سطح میں لگے ہوتے ہیں جن میں ایک کسا ہوا ہوتا ہے اور دوسرا ایک نفیس لہروں والے اسکرو کے ذریعہ قابل حرکت ہو تا ہے ۔

Filaria/Filariae : (n) (۱) فلیریا ؛ فیل پا ۔(۲) ایک قسم کا طفیلی کیڑا جو مرض فلیر یا کا باعث ہوتا ہے ۔

Filaria : (n) (حیوانیات) خیطیّہ ؛ فلاریا ۔

Filaria diurna : (n) (حیوانیات) خیطیّہ نہاری ۔

Filaria Equina : (n) (حیوانیات) خیطیّہ فرسی ۔

Filarial : (a) فلیریا کے جراثیم کایا ان سے متعلق ؛ فلیریائی طفیلی کیڑوں کی اس نوع کا یا اس سے متعلق ؛ (حیوانیات) خیطینی ؛ فلاریائی ۔

Filarial Fever : (n) (طب) تپ خیطّیی ۔

Filariasis/Filariosis : (n) فلیریائی جراثیم سے پیدا شدہ مرض ؛ فلیر یا ؛ (طب) خیطیّت ۔

Filariated : (a) جس کے اندر فلیریائی جراثیم موجود ہوں ۔

Filaricidal : (a) فلیریائی جراثیم کو مارنےوالی (دوا) فلیریا کُش ؛ دافع فلیریا ۔

Filaricide : (n) فلیریا کُش دوا ؛ (طب) خیطیہ کُش ۔

Filariid/Filarid : (a) فلیریائی ؛ فلیریا کا یا اُس سے متعلق ۔

Filariid/Filarid : (n) فلیریا ؛ فلیریا کا جرثومہ ۔

Filariform : (a) فلیریا جیسا ؛ فلیریا کی شکل کا ۔

Filarious : (a) فلیریا کے جراثیم سے متاثر ؛ جس کے اندر فلیریا کے جراثیم پھیل چکے ہوں یا سرایت کرچکے ہوں ۔

Filasse : (n) [Fr.] نباتی ریشہ (مثلاً جوٹ) جس سے تیار مال بنتا ہے ۔

Filate : (a) باریک اور بغیر دنبالہ کے ؛ تارجیسا ؛ دھاگہ نما (بہت باریک) ؛ (حشریات) بے لوچ قرنوں یا محاسوں کا ؛ جن کے سروں پر یا پہلوؤں میں سخت بال یا روئیں نہیں ہوتے ۔

Filatory : (n) [med. L. 'filatorium.'] دھاگا بنانےوالی مشین ؛ دھاگا کاتنے والی مشین ۔

Filature : (a) [Late L. 'filare.'] (۱) کتائی ؛ کاتنے یا سوت بنانے کا عمل ؛ ریشم کا تیرین ؛ ریشم کھولنا ؛ دھاگے بنانے کا عمل ؛ ریشم کے کوٹے سے ریشم نکالنا ۔(۲) ریشم کے دھاگے بنانے کا کارخانہ ۔

Filazer : دیکھو Filacer

Filbert : (n) [ME.] (۱) ہیزل (ایک قسم کا اخروٹ) مینگ ؛ مغز ؛ فندق ۔(۲) ہیزل کا مثمر درخت ؛ ہیزل کاپھلا ہوا درخت ۔(۳) (عامیانہ) ایسا شخص جواپنے آپ کو ماہر تجزیہ کار ظاہر کرتا ہو ؛ (نباتیات) بُندق ؛ بُندق ہندی ۔

Filbert : (n) [ME.] دیکھو Filbeasd

Filch : (n) [f. next. verb.] چوری کی ہوئی چیز ؛ چُرائی ہوئی چیز ؛ شے مسروقہ ۔

Filch : (v) [roigin unkn.] (۱) (عامیانہ) چوری کرنا ؛ چُرانا ؛ اڑالینا ؛ خصوصاً حقیر اور معمولی چیزیں ۔ (۲) چوری سے یا خفیہ طور پر لے جانا؛ نگاہیں بچاکر اُٹھالینا ۔ (۳) کوئی چیز زبردستی لے لینا ؛ لوٹ لینا ؛ چھین لینا ۔

Filcher : (n) چوری کرنے والا ؛ اُڑالینے والا ؛ چرالینے والا ؛ چھوٹی چھوٹی چیزیں چرانےوالا ؛ چھوٹا چور ۔

File : (n) [OE.'feol.'] (۱) ریتی ؛ سوہان ؛ سوہن ؛ مسل ۔ (۲) (عامیانہ) عیار ؛ پُرفن ؛ فَطرتی ؛ حرفت باز ؛ کیڑوں کے وہ کھردرے اعضا جنہیں مس کر نے سے آواز پیدا ہوتی ہے (مثلاً جھینگر وغیرہ) ۔

File : (v) (۱) ریتی سے صاف کرنا ؛ برابر کرنا (لکڑی وغیرہ کی سطح کو) ؛ ریتی سے چھیلنا ؛ تیز کرنا ؛ تیز کرنا (آواز وغیرہ کو) ۔(۲) (مجازاً) چکنا یا چمکداربنانا جس طرح ریتی سے کیا جاتا ہے؛ درست کرنا؛ اصلاح کرنا؛ (خاص کر تحریر یا تصنیف کی) ؛ کانٹ چھانٹ کرنا ؛ بنانا ۔

Dental file : (n) دنت ریتی ۔

Ward file : (n) باریک ریتی ۔

File : (n) [F. fil.] (۱) نتھی کرنے کا تار، سوت ، دھاگا یا ایسی کوئی چیز جس میں حفاظت اور حوالے کی غرض سے کاغذات نتھی کئے جاتے ہیں. خصو صاً عدالتوں کی وہ مسل یا فائل جس میں مقدموں کے کاغذات نتھی ہوتےہیں؛ کسی مقدمے کی دستاویزات کی فہرست ۔ (۲) فائل میں رکھےہوئے کاغذات یاموضوعات کے اعتبار سے یا تاریخ وار حوالے کے لئے ترتیب دیئے ہوئے کاغذات ۔ (۳) (نقابت)ایک امتیازی نشان جو خاندان کے سب سے بڑے لڑکے کے پاس ہوتا ہے ۔ (٤) مسل ؛ اخبار کی مسل ؛ کاغذ گیر ؛ فائل ۔

To bite, gnaw file : سعی لاحاصل کرنا ؛ جھک مارنا ۔

To close their files : تصفیہ کرلینا ؛ مقدمہ اٹھالینا آپس میں صلح کرلینا ۔

File : (v) (۱) ترتیب سے رکھنا؛ تار میں پرونا؛ مسل بنانا ۔ (۲) فائل میں ترتیب دینا؛خصوصاً کسی عدالت یا سرکاری دفتر کے ریکارڈوں کو باقاعدگی سےرکھنا ۔(۳)ٹیلیفون یا تیلی گراف کے ذریعہ اخبار میں بھیجنا ۔(٤) ابتدائی انتخاب میں بہ حیثیت اُمیدوار کے نام درج کرانا ۔(٥) کسی عدالت یا دفتر میں درخواست وغیرہ پیش کرنا یا دینا ؛ دعویٰ دائر کرنا ۔

To file away : رندا کرنا ؛ صاف کرنا ۔

File : (n) [F. 'filer.'] ایك قسم كی چھوٹی پتیوں كاسفوف جو اسٹو یا شوربے كو گاڑھا بنانے ؛ شوربے كو گاڑھا بنانے والا ایك قسم كی چھوٹی پتیوں كا سفوف ۔

File blank : (n) فولاد كا ٹكڑا جو ریتی بنانے كی غرض سے كاٹے جانے كےلئے تیار ہو ۔

File card : (n) ریتی كو صاف كرنے كا ایك تار برش ۔

File card : (n) مناسب سائز اور شكل كا فائل میں استعمال ہونے والا كارڈ ۔

File case : (n) اٹیچی كیس جس میں فائل كے كاغذات ركھے جائیں ۔

File clerk : (n) فائل سے متعلق كام كرنے والا محرر ، كلرك یا منشی ۔

File cutter : (n) سوہان گر ۔

Fiel-fire/-fireing : (n) صف كے ذریعہ فائرنگ؛ صف بندی كے ساتھ گولہ باری ؛ آزاد فائرنگ ۔

File fish : (n) ریتی كی طرح كھردری كھال والی مچھلی كی ایك نوع ۔

File hard : (n) اتنا سخت جو ریتی سے كاٹا نہ جاسكے ۔

File leader : (n) قطار میں سب سے اگلا سپاہی ۔

File-marching : (n) آگے پیچھے كی قطار میں چلنا ۔

File shell : (n) كیڑوں كی قسم جن كی پوست كھردری ہوتی ہے ؛ ایك قسم كی سیپی مچھلی جس كی پوست كھردری ہوتی ہے ۔

File snake : (n) ایك قسم كا بےضرر افریقی سانپ ۔

File-soft : (a) اتنا نرم كہ ریتی سے آسانی سے كٹ جائے ۔

File tailed rat : (n) گول دم والی چھچوندر ۔

File 13 : (n) ردّی كی ٹوكری ۔

Filemot : (a) بادامی رنگ كا ؛ سوكھے پتّے كے رنگ كا : بھورا یا زردی مائل بھورا ۔

Filemot : (n) بادامی رنگ ؛ سوكھے پتّے جیسا رنگ ؛ زردی مائل بھورا رنگ ۔

To file a bill (in chancery) : لارڈ چانسلر كی عدالت میں كوئی بِل پیش كرنا ۔

To file an information : دفتر یا عدالت كو كوئی تحریری اطلاع دینا ۔

File : (n) [F.file.] (۱) (فوج) ایك قطار كے آدمیوں كی تعداد ۔ (۲) آدمیوں كی ایك چھوٹی جماعت (ابتداً دو سے لے كر بارہ یا اُس سے زیادہ ؛ مگر اب عموماً صرف دو) ؛ نیز قطار میں مارچ كرتے ہوئے اگلے دو ہم قدم سپاہی ۔ (۳) پرا ؛ صف ؛ قطار ؛ آگے پیچھے چیزوں ، جانوروں یا آدمیوں كی قطار ۔ (٤) (شطرنج) بساط كے خانے ؛ شطرنج كےخانوں كی عمودی قطار ۔ (٥) خرگوش كی گذرگاہ ؛ خرگوش كے آنے جانے كا راستہ یا قدم كے نشان ۔

A file of man : دو شخص جو كسی خاص كام پر متعین كردئیے جائیں ۔

Induan. single file : ایك قطار كی وضع یا جماؤ ۔

In file : آگے پیچھے قطار میں ؛ ایك صف میں ۔

Rank and file : (۱) بھیڑ (عام لشكری ، افسروں وغیرہ كے مقابلے میں) ۔ (۲) مجمع ؛ بھیڑ ؛ انبوہ ؛ عوام الناس (رہنماؤں وغیرہ كے مقابلے میں) ۔ (۳) سپاہیوں كی متوازی یا عمودی صفیں یا قطار ۔

The common file : بھیڑ ؛ جتھا ؛ عوام كی قطار ۔

File : (v) (۱) قطار میں چلنا ؛ آگےپیچھے كی قطار میں چلنا (دوش بدوش نہیں) ؛ كوچ كرنا ۔ (۲) سپاہیوں كو صف میں چلنے كا حكم دینا ۔

To file off/-away : قطارقطاربن كر چلنا ؛ كوچ كرنا؛ آگےپیچھےكی قطار میں چلنا؛ كسی كشادہ محاذ پر چلتی ہوئی قطار كارخ بدل دینا اور لمبائی میں مارچ كرنا ۔

File : (n) [ME. øringin doutful.] خبیث ؛ بدمعاش ؛ شریر ۔

File : (n) While كا اسكاتستانی متبادل ۔

File : (n) [D.feil.] جھاڑن ؛ فرش یا فرنیچر صاف كرنے كا كپڑا ۔

Filer : (n) ریتنے والا ؛ رندنے والا ؛ ریتی یا رندے کے ذریعہ کام کرنے والا ؛ ریتی سے تیز کرنے یا چکنا کرنے والا ؛ فائلر ۔

Filer : (n) فائل کرنے والا ؛ نتھی کرنے والا ؛ مِسل کو ترتیب دینے والا ۔

Filet : (n) [F.'filet.'] (۱) مربع جالیوں والا جال یا جھالر ۔ (۲) اس قسم کی رنگین نقاشی ؛ مشبکہ یا جال دار نقاشی ۔

Fili : (n) اعلیٰ درجے کا ایک قدیم آئرستانی شاعر یا اس طبقے سے متعلق یا اس طبقے سے متعلق جو قانون داں، مورخین، ماہرالانساب اور قصہ گو ہوتے تھے ۔

Fili : (n) دھاگا یا دھاگے کےمشابہ کوئی چیز ۔

Filial : (a) [Late L. f. 'filia.'] (۱) فرزندانہ ؛ بیٹےیا بیٹی کا ؛ لڑکا یا لڑکی کا ؛ بنوی ؛ لڑکے یا لڑکی سے متعلق ؛اولاد کی طرف سے والدین پر واجب ۔ (۲) بیٹے یا بیٹی کی حیثیت یا رشتےکا حامل ۔ (۳) (مجازاً) ایسی چیز جو کسی دوسری چیز سے مستخرج یاپیدا شدہ ہو ۔

Filial Generation : (n) (حیوانیات) بنوی نسل ۔

Filiality : (n) اولاد کا والدین سے رشتہ ؛ اولاد کی صفت ؛ اولادیت ؛ فرزندیت ۔

Filially : (adv.) بیٹے یا بیٹی کی طرح سے ؛ اولاد کی طرح ؛ فرزندانہ یا دخترانہ ۔

Filialness : (n) اولادیت ؛ فرزندیت ؛ دختریت ۔

Filiate : (v) [med. L. f. 'filius.'] دیکھو Affiliate

Filiation : (n) [med. L. f. 'filiari.'] (۱) فرزندی ؛ فرزندیت ۔ (۲) شاخوں کی بناوٹ ؛ شاخوں یا ٹہنیوں کی تشکیل ۔ (٤) کسی زبان یا جماعت کی شاخ ؛ لسانی یا نسبی شاخ ۔(٥) نسب ؛ رشتہ داری ؛ نسبی تعلق ؛ نسبی رشتہ ۔ (٦) (دینیات) بیٹا ہونا یا ہوجانا۔ (۷) (کسی صاحب اولاد کا) سلسلۂ نسب ۔ (۸) سلسلہ توالد و تناسل ؛ توارث؛ نسل ؛ نسب ؛ پیڑھی ؛ پُشت ۔(۹) کسی بچے کی ولدیت کا تعین (مجازاً) کسی چیزکا مصدر، منبع، یا اصل کی دریافت یا تعین ۔ (۱۰) کسی چیز کو اُس کے اصل کے ساتھ وابستہ کرنا ۔

Filibeg : (n) [Gael. f. feileadh +beag.] لباس (کُرتے، کوٹ وغیرہ) کا دامن ؛ ہالینڈ والوں کا لباس ؛ گھنگھرا ؛لہنگا؛ پشواز؛ گھاگرا(اسکاتستان کے پہاڑی مردوں کا پہناوا جوعورتوں کے سایہ سے مشابہ ہوتا ہے) ۔

Filibuster : (n) [Du. 'vrijvuiter.'] (۱) لٹیرا ؛ ڈاکو ؛ لٹیروں کی جماعت جو غیر ممالک میں لوٹ مار کرے ۔ (۲) (امریکا) مجلس وضع قوانین میں مزاحمت کرنے والا فریق ۔(۳) جانباز قزاقوں کا ایک طبقہ جس نے سترھویں صدی عیسوی میں جزائر غرب الہند کی اسپانی نو آبادیات کو تاخت وتاراج کیا تھا ۔(٤) ۱۸۵۰ء اور ۱۸٦۰ء کے درمیان امریکا کے باغی جانبازوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جنھوں نے کیوبا پر حملہ کے وقت لوپیز (Lopez) کا اورنکاراگا کے حملےمیں واکر کا ساتھ دیا تھا ۔(٥) بیرونی ریاستوں کے خلاف ناجائز اور بے ضابطہ جنگ میں مشغول رہنےوالا؛ غیرسلطنت کےخلاف زبردستی جنگ کرنےوالا ڈاکو یا بحری قزاق ۔ (٦) (بےقاعدہ استعمال)قزاقوں کی کشتی یا جہاز؛ لٹیرا جہاز ۔

Filibuster : (v) (۱)لوٹ مارکرنا؛ تاخت وتاراج کرنا ؛ غارت گری کرنا؛ قزاقی کرنا ۔ (۲) غیرممالک میں انقلابی جدو جہد کرنا؛ بیرونی ریاستوں کے خلاف ناجائز اوربےضابطہ جنگوں میں شریک ہونا۔ (۳) (امریکا) مجلس قانون ساز کی کاروائی میں مزاحمت کرنا یا مزاحم ہونا ۔ (٤) قزاق جانبازوں کے طریقوں کی پیروی کرنا ۔

Filibusterer : (n) قزاق ؛ لٹیرا ؛ غارت گر ؛ ڈاکو ۔

Filibusterism : (n) قزاقی ؛ لوٹ کھسوٹ ؛ غارت گری ؛ غارت گری ؛ ڈکیتی ؛ قزاقیت ؛ لوٹ مارکی طرف میلان ہونا ۔

Filical : (a)[L.'filix.'] فرن کا یا اُس سے متعلق ۔

Filices : (n) (نباتیات) جنس ہنسراج ؛ کرنین ۔

Filicide : (n) [L.filia.'] اولاد کُش ؛ بیٹے یا بیٹی کو مارڈالنے والا ۔

Filicide : (n) اولاد کُشی ۔

Filiciform : (a) [f. as Filical + (I) Form.] فرن نما ؛ فرن کی شکل کا ۔

Filicineae : (n) (نباتیات) ہنسراجیہ ۔

Filicoid : (a) [f. as perec. +-oid.] فرن کے مشابہ ؛ فرن مانند ؛ (نباتیات) کرف نما ؛ ہنسراج نما ۔

Filiciod : (n) ایک فرن نما پودا ۔

Filiety : [Late L.'filietatem.'] فرزندیت ۔

Filiferous : (a) [L.'filum.'] دھاگا نما حصوں والا ؛ دھاگا نما اعضا والا ؛ دھاگا نما پرزوں والا ۔

Filiform : (a) دھاگا نما ؛ باریک دھاگے کی شکل کا ؛ دھاگے جیسا ؛ (نباتیات، حیوانیات) خیطی؛ رشتکی ؛ (حیوانیات) ریشہ نما ۔

Filiform : (n) (جراحی) انتہائی نازک یا باریک سلائی جو تشخیص یا علاج کےلئے استعمال کی جاتی ہے ۔

Filiform papilla : (n) زبان کے باریک نوکیلے متعدد دانوں میں سے کوئی ایک ؛ (حیوانیات) ریشہ نما بھٹنی ۔

Filigrain/-grane : (n)[L.filum+granum.] (۱) دھاگوں اوردانوں سےبنے ہوئے مختلف قسم کے نفیس جواہراتی کام (عموماً سونے یا چاندی پر) ۔ (۲) تعمیراتی آرائش ؛ عمارتوں کے نقش ونگار ۔ (۳) نفیس جواہراتی بنی ہوئی یا اُس میں استعمال کی گئی چیز ۔

Filigree/Filagree : (n) [Abbrev. f. filigreen.] (۱) نبت کا کام ؛ زردوزی ؛ طلا کاری ۔ (۲) دھات کا باریک کام (نقش ونگار) ۔ (۳) نازک ؛ خوشنما ؛ بھڑکیلی ؛ نفیس ؛ خوب صورت حسین یا چمکیلی چیز ۔ (٤) دھاگو ں اور دانوں سے بنے ہوئے مختلف قسم کے نفیس جواہراتی کام (عموماً سونے یا چاندی پر) ۔ (٥)نفیس جواہراتی کام بنی ہوئی یااُس میں استعمال کی گئی چیز ۔ (٦) دھات کے تاروں کا باریک کام ؛ (تاریخ) زرتارکاری ۔

Filigree work : (n) (تاریخ و سیاسیات) زرتار کاری کا کام ۔

Filigreed : (a) زردوزی کے کام کا ؛ سچے کام کا ؛ زردوزی کام کیا ہوا ؛ طلا کاری کیا ہوا ؛ زردوزی کے کام سے آراستہ یا مزین ۔

Filing : (n) (۱) ریتی سے رگڑنے یا چکنا کرنے کا عمل ؛ ریتائی ؛ ریتنا؛ رندائی ۔ (۲) برادہ (جمع میں) جو ریتی سے رگڑنے پر نکلتا ہے ۔ (۳) مسل بندی ؛ سوہان کاری ۔

Iron filing : (کیمیا) لوہے کا برادہ ؛ لوہچون ۔

Filings coherer : (n) (ریڈیو) برادہ دار اتصال آور ۔

Filoque : (n) [L.] بیٹے یا باپ سے روح القدس کے ظہور کے عقیدے کو حتمی طورپر بیان کرنے کےلئے ادبی مجلس نیکانی میں طے شدہ عقائد کے مغربی ترجمے میں شامل کیا ہوا ایک لفظ ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Filipendula : (n) [L.'filum + pendulus.'] (نباتیات) ایک قسم کاپودا جس کی جڑیں گرہ دار (یا ثعلبی) ہوتی ہیں ؛ اس جنس کا کوئی پودا ۔

Filipendulous : (a) دھاگے سے لٹکا ہوا ۔

Filipina : (n) [SP. fen . of pilipion.] فلپائنی عورت ۔

Finished manners : (n) شائستہ اطوار ۔

Finisher : (n) (۲) ختم کرنے والا ؛ تکمیل کرنے والا ۔ (۲) آخری اصلاح کرنے والا ؛ تکیل کو پہنچانے والا ؛ آخری صورت دینےوالا (انسان یا مشین) ۔ (۳) بٹھا دینےوالا ؛ عاجز کردینے والا ؛ ہارمنوانے والا ۔ (٤) (سوقیانہ) کسی کو مار ڈالنے والا ؛ قاتل ؛ مہلك ؛ فیصلہ کن ضرب ؛ کاری ضرب ؛ دلیل جو جھگڑے کافیصلہ کردے ۔ (٥) (مکابازی میں) فیصلہ کن ضرب ؛ آخری گھونسہ ؛ آخری گھونسہ لگانےوالا ۔ (٦) کتاب کی جلد کے کناروں پر گرم کئے هوئےاوزار سےنقش ونگاربنانےوالا۔ (۷) جلد کار ۔

Finisher of the law : (n) (مزاحاً) جلاّد ۔

Finishing : (n) درستگی ؛ اختتام ؛ تکمیل ؛ اتمام؛ انجام دہی ؛ قتل ؛ ہلاکت ؛ تباہی ؛ تیاری ؛ تہذیب ؛ شائستگی ؛ کمال ۔

Finishing : (a) خاتم ؛ ختم کرنے والا ؛ تمام کرنے والا ؛ فیصلہ کن ؛ اتمامی ؛ اختتامی ؛ پایہ تکمیل تك پہنچانےوالا ؛ کسی چیز کو آخری شکل دینے والا ؛ مہلك ؛ قاتل ؛ بےبس کرنے والا ۔

Finishing -cloth : (n) تیار کپڑا جس کی پالش باقی هو ۔

Finishing-coat : (n) (عمارت میں) پلاسٹر کی آخری تہ ۔

Finishing line : (n) ریس کے میدان کی آخری سرحدی لکیر ۔

Finishing machine : (n) رولنگ مشین یارولر جس سے زمین یا سڑك ہموار کی جاتی هے ۔

Finishing-press : (n) (جلد سازی میں) چھوٹا پریس جو کتاب کی جلد کے کناروں پر نقش ونگار بناتا هے ۔

Finishing rolls : (n) رولنگ مِل یارولنگ مشین کے وزنی بیلن ۔

Finishing-school : (n) نوجوان عورتوں کو شائستہ بنانے والی درسگاہ ؛ درسگاہ برائے تہذیب نسواں ۔

Finitary : (a) محدودیت کا حامل ؛ محدود خصوصیت والا ؛ غیر مطلقیت کا حامل ؛ منتہی ۔

Finite : (a) [L.'Finitus.'] (۱) محدود ؛ مقید ؛ غیر مطلق ؛ منتہی ۔(۲) (نحو میں) وہ فعل جس میں صیغہ واحداورجمع غائب، حاضر اور متکلم پایاجائے؛ غیر مصدری ۔ (۳) (ریاضیات) محدودہ (خط) ؛ محدود (تعداد، مقدار، فاصلہ) ؛ محدود مقدار میں منتج هونے والی تفریق (فلسفہ، نفسیات) غیرمطلق (شماریات) متناہی ۔

Finite : (n) محدود چیز ؛ محدود فانی شے یا ہستی ۔

Finite : (v) محدود هونا یاکرنا ؛ فانی هونا یا کرنا ؛ غیر مطلق هونا یا کرنا ۔

Finite additivity : (n) (شماریات) متناہی اجتماعیت ۔

Finite correction : (n) (شماریات) متناہی اصلاح ۔

Finite difference : (n) (لسانیات ، شماریات) متناہی فرق ۔

Finite form : (n) محدود روپ ؛ (لسانیات) غیر مطلق روپ یا شکل ۔

Finite mood : (n) (لسانیات) غیرمطلق طور ۔

Finite multiplier correction : (شماریات) اصلاحی متناہی ضارب ۔

Finite number of facts : چند حقائق ؛ معدودے ازحقائق ۔

Finite population : (n) (شماریات) متناہی آبادی ۔

Finite population correction : (شماریات) ترمیم متناہی آبادی ۔

Finite series : (n) سلسلہ متناہیہ ۔

Finite verb : (n) (لسانیات) غیر مطلق فعل ؛ فعل مسند ۔

Finiteless : (a) ایك مصنوعی لفظ ؛ سرنی براؤن کے یہاں "Finitlesse" کی غلط شکل ۔

Finitely : (adv.) محدود طور پر ؛ مقید یا معین طور پر ؛ غیر مطلقیت سے ۔

Finiteness : (n) محدودیت ؛ غیر مطلقیت ۔

Finitesimal : (a) محدود ؛ فانی ؛ معین شمار والا ؛ متناہیہ ۔

Finitism : (n) عقیدہء محدودیت وفنا (عالم وخالق عالم کے محدود و فانی ہونے کا اعتقاد) ۔

Finitude : (n) محدودیت ؛ (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) غیر مطلقیت ؛ محدودیت ۔

Fink : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) جاسوس مخبر ؛ خبرچیں؛ (تجارت) بھیدی مزدور۔(۲) (عامیانہ) اعتصاب شکن ؛ ہڑتال توڑنے والا ؛ وہ مزدور جو ہڑتالیوں کی جگہ بلائے جائیں ۔

Fink : (v) (۱) (عامیانہ) جاسوسی کرنا ؛ مخبری یا خبر چینی کرنا ۔(۱) (عامیانہ) ہڑتال توڑنا ۔

Finless : (a) بے پرا ؛ بغیر پرکا ۔

Finlet : (n) چھوٹا پر ؛ پرہء کوچك ۔

Finn : (n) [ON. Finnar.] یورپ کے شمالی مشرقی علاقے کی ایك قوم جو سومی کہلاتی ہے؛ شمالی مشرقی یورپ اوراسکنڈینیویا کے باشندوں کا جرمن نام جو اپنے ملك کو سومی کہتے ہیں اور یورالی التائی زبان بولتے ہیں ؛ فنلاندی ؛ اہل فنلاند ۔

Finnage : (n) مچھلی کے پروں کا پوراسیٹ ۔

Finnan : (n) مچھلی جس کو گیلی لکڑی یاہری گھاس کے دھوئیں سے سکھاتے ہیں ۔

Finned : (a) پردار ؛ پروں والا ؛ پرہ دار ۔

Finner : (n) دیکھو Fin fish

Finnic : (a) فِن (سومی)قوم سے مشابہ نسلیں ؛نسلی اعتبار سے سومی قوم سے متعلق ؛ سومی قوم جیسا ۔

Finnicking/Finnikin : دیکھو Finicking

Finnish : (a) فن (سومی) سے متعلق ؛ فلاندی ؛ فی نیون کا ۔

Finnish : (n) سومیوں کی زبان ؛ یورالی التائی زبان ؛ فنلاندی زبان ؛ فی نیوں کی زبان ۔

Finno-: دیکھو Finnic

Finny : (a) (۱) پردار ؛ بالہ دار ؛ پردار (مچھلی وغیرہ) مہیپر دار ۔(۲) مچھلی کے پر کی شکل یا وضع کا؛ پرنما ۔(۳) مچھلی کا یا مچھلی سے متعلق نیز مچھلیوں بھرا ۔

Finochio : (n) [L.fenoclum.] رازیانہ ؛ میٹھا سویا ؛ نیز چھوٹا یا فرانسیسی سُویا ۔

Fiord/Fjord : (n) [Norw.] سمندر کا طویل اور تنگ بازو جس کے کنارے کافی بلند ہوں مثلاً ناروے کے سمندری ساحل پر دو اونچی چٹانوں کے بیچ کا سمندری نالا؛ آبدرہ کھاڑی ؛ چٹانی کھاڑی ؛ بینی کوہ ۔

Fiorin : (n) [Corruption of Irish 'fiorthan.'] ایك طرح کی گھاس ؛ علف ہفت بند ؛ اروا ابیض ؛ اروا جبلی ؛ہفت بند بوشی ۔

Fiorite : (n) [f. Santa 'Fiora'rits Locality.] (معدنیات) گرم چشموں کے سلیکا آمیز پانی سے یا آتش فشاں پہاڑ کے دہانے کے ارد گرد کی آتش فشانی چٹانوں کی سلیکا آمیز معدنیات کی تبدیلی ماہیئت سےبنی ہوئی کوئی پرت یا طبق ۔

Fioritura : (n) [It f. 'fiorire.'] تزئینیات یا ریزہ کاری موسیقی ۔

Fip : (n) [Short for 'Fippenny bit'] پانچ پینس ؛ نصف ہسپانوی ریال کا عامیانہ نام ؛ ہسپانوی نقرئی سکے (۱/۱۶ ڈالر) کا عامیانہ نام ۔

Fippence : (n) [Corruption of fine pence] (برطانوی روزمرہ) پانچ پینس ۔

Fippenny : (n) (عامیانہ) پانچ پینس ۔

Fipple : (n) ہَوائی ساز کی ڈاٹ ۔

Fipsworth : (n) معمولی چیز ؛ ادنیٰ چیز ؛ بےقیمت چیز ۔

Fir : (n)[ME.'firr., firee'.] (۱) سرو کی ایك قسم ؛ صنوبر شاہ درخت ؛ شمشاد ؛ چیڑ ؛ کاج مختلف جنسوں کےمتعددمخروطی درختوں کا نام ۔(۲) ان میں سے کسی درخت کی لکڑی ؛ شمشاد کی لکڑی ۔

Scotch fir : قطب شمالی یوروپ اور ایشیا میں پایا جانے والا سرو ۔

Silver fir : وسطی اور جنوبی یوروپ میں پایا جانے والا سرو ۔

Silver fir of Canada : کناڈا کا ایک چھوٹا درخت ؛ کناڈی بلسان ؛ کناڈی گل مہندی ۔

Fir-apple/-ball/-cone : (n) سرو نما درخت کا پھل ؛ چلغوزہ ۔

Fir-needle : (n) سرو کی قسم کے درخت کی پتی ۔

Fir-in-bond : (n) دیوار میں دیئے ہوئے تمام شہتیروں کا نام ۔

Fire : (n) [OE.'fyr.'] (۱) آگ ؛ شعلہ ؛ آتش ؛ آذر ؛ عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر۔ (۲) بھٹی ؛ انگیٹھی ؛ چولہے میں جلتا ہوا ایندھن ۔ (۳) آگ لگی ؛ آتش زدگی ؛ آتش سوزی ؛ حریق ؛ (فجائیہ) آگ ! آگ ۔ (٤) روشنی ؛ چمک ؛ دمک ؛ بجلی کا کڑکا ؛ تجلّی ؛ درخشانی ؛ تابندگی ؛ تابناکی ؛ شعلگی ۔ (٥) جلن ؛ شوزش ؛ تپ ؛ بخار ؛ حرارت ؛ گرمی ؛ تپش ؛ جلن ۔ (٦) جذبہء شدید ؛ جوش ؛ غصہ ؛ طیش ؛ آگ ؛ ولولہ ؛ ہیجان ؛ زندہ دلی ؛ عزم ؛ حوصلہ ؛ ہمت ؛ گرم جوشی ؛ اختراعی صلاحیت ؛ فطری قابلیت ؛ شاعرانہ ارتقا ؛ زورتخیل ؛ تندی ؛ ذوق ؛ اشتیاق ؛ جذبہء محبت یا عداوت ؛ شاعرانہ وجدان ؛ آمد ۔ (۷) بندوقوں یا توپوں کی شلک یا سلامی ؛ فائر ؛ گولہ باری ۔ (۸) آتش فشانی حرارت ؛ شعلہ یا جلتا ہوا لاوا ۔ (۹) آتش گیری ؛ اشتعال ؛ احتراق ؛ افروختگی ؛ سلگن ؛ حرارت پذیری ؛ حالت احتراق ؛ حالت افروختگی ۔ (۱۰) سخت امتحان ؛ آزمائش ۔ (۱۱) سوختگی ؛ جل کر مرنا یا زخمی ہونا۔ (۱۲) تنقید شدید ؛ آگ اگلنا ؛ شعلہ فشانی ؛ زہر افشانی ۔ (۱۳) آگ لگانے والا آتش گیر مرکب ؛ آتشبازی ۔ (۱٤) (کوئلہ کان میں) آتش گیر یا دھماکہ خیز گیس ؛ کاربن آمیز ہائیڈروجن یا مارش گیس جو کوئلوں سے نکلتی ہے اور ایک خاص مقدار میں ہوا سے مل کر دھماکہ پیدا کرتی ہے ۔ (۱٥) سیال چیزوں میں گرم کرنے یا ہونے کی خاصیت ۔

A burnt child dreads the fire : دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ۔

Between two fires : دونوں طرف سے گولیوں کی بوچھاڑ میں ؛ (مجازاً) کشمکش میں ؛ نہ جائے رفتن یا پائے ماندن ۔

False fire : دشمن کو دھوکا دینے کیلئے یا رات میں سگنل کے طور پر روشن کی ہوئی آگ ۔

Friendly fire : (n) (تجارت) بےضرر آگ ؛ بے خطر آگ ۔

Greek fire : بھڑک اٹھنے والا مادہ جس سے دشمن کے جہازوں کو جلادیا جاتا ہے ۔

Hostile fire : (تجارت) نقصان دہ آگ ؛ ضرر رساں آگ ۔

Kentish fire : نعرہ ہائے تحسین ونفریں کی بوچھاڑ ؛ پسندیدگی کا طویل مظاہرہ ۔

Line of fire : گولی کی سمت ۔

No smoke without fire/There is : بغیر آگ کے دھواں نہیں ہوتا ہے ؛ افواہ میں کچھ حقیقت بھی ہوتی ہے ؛ تا نہ باشد چیزے کہ مردم نہ گویند چیزہا ۔

On fire : جلتا ہوا ؛ سوزاں ؛ تپاں ؛ مشتعل ؛ شعلہ فشاں ؛ (مجازاً) پرجوش ؛ پرولولہ ؛ مشتاق ؛ غصہ یا طیش کی حالت میں ۔

Out of frying- pan into fire : آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا ؛ ایک مصیبت سے نکل کر دوسری بڑی مصیبت میں گرفتار ہونا ۔

Running fire : گولیوں کی باڑ ؛ شدید ومتواتر گولہ باری ؛ (استعارتاً) نکتہ چینی ؛ اعتراض ؛ ایراد ۔

St. Antony's fire : سرخ بادہ ؛ زہر باد ؛ حمرہ ؛ گرمی دانے ۔

The fat is in the fire : (۱) ہنگامہ برپا ہونے والا ؛ غیض وغضب کی آگ مشتعل ہونے والی ہے ؛ آگ پرتیل ڈالا جاچکا ہے ۔ (۲) (قدیم معنوں میں) منصوبہ بُری طرح ناکام ہو چکا ہے ۔

To catch, take fire : جل اُٹھنا ؛ بھڑک اُٹھنا ۔

To go through fire and water : عظیم ترین خطرات سے دوچار ہونا ؛ مشکل میں پڑنا ؛ کڑی جھیلنا ؛ ہفت خواں طے کرنا ۔

To hang fire : گھوڑا دبانے کے بعد گولی کا دیر سے چلنا ۔

To heap coals of fire : بدی کے عوض نیکی کرنا ۔

To open fire : فائرنگ شروع کرنا ؛ بندوق داغنا ؛ گولہ باری شروع کرنا ۔

جلتی آگ پر تیل ڈالنا ؛ زیادہ بھڑکانا یا غصہ دلانا ۔ : To pour oil on fire

آگ جلانا ؛ سلگانا ؛ روشن کرنا ؛ آگ لگانا ۔ : To set fire to

آگ لگادینا ؛ بھڑکادینا ؛ مشتعل کرنا ؛ جلانا ۔ : To set on fire

پانی میں آگ لگانا ؛ غیر معمولی کام انجام دینا ؛ عظیم شہرت حاصل کرنا ؛ کارنمایاں کرنا ؛ بہت بڑا کام انجام دینا ۔ : To set the thames on fire

رگڑ کرآگ جلانا؛ رگڑ سےآگ نکالنا ۔ : To strike fire

گولیوں کی بوچھاڑ میں ؛ دشمن کی گولیوں کی زد میں ۔ : Under fire

(۱) دھوکے کی ٹٹی ؛ پُر فریب صورت ؛ تجلی ؛ بجلی کی چمک ؛ جنگل کی آگ (موسم گرما میں) ۔ (۲) جنگ میں استعمال ہونےوالا ایک انتہائی اشتعال پذیر مادوں کا مرکب جو فوراً جلایا جاسکے اورجس کابجھانابہت مشکل ہو ۔ (۳) ایک مرض کانام جس میں انتہائی سوزش ہوتی ہے ؛ سرخ بادہ ؛ زہر باد ۔ (٤) تباہی و بربادی کا سبب (مجازاً) ۔ : Wild fire

(۱) تباہ کرنے کی نیت سے آگ لگانا ؛ سلگانا ؛ جلانا ؛ روشن کرنا ۔ (۲) جل اٹھنے والے مادے کو سلگانا؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ۔ (۲) آگ پکڑلینا ؛ جل اٹھنا ؛روشن ہوجانا ؛ سلگ جانا ۔ (٤) بھڑک اٹھنا ؛ جوش میں آجانا ۔ (٥) آگ بگولہ ہوجانا ؛ لال انگارا ہوجانا ۔ (٦) پکانا ؛ جلانا (مٹی کے برتن یا اینٹ کو) ؛ گرم کرنا (چائے وغیرہ کو) ۔ (۷) داغنا ؛ داغ دینا (جانور وغیرہ کو) ؛ (بیطاری) گرم لوہے سے داغنا ۔ (۸) (انجن، بھٹی میں) ایندھن لگانا ؛ ایندھن جھونکنا۔ (۹) بندوق چلانا ؛ آتش گیر مادے کا بھڑکانا ۔ (۱۰) توپ ، بندوق وغیرہ کا چھوٹ جانا؛ چل پڑنا ۔ (۱۱) توپ وغیرہ میں سے گولے کے اندر کی چیزوں کو پھینکنا ۔ (۱۲) (مجازاً) (کسی شخص یا جذبے کو)بھڑکانا؛ اکسانا؛ مشتعل کرنا ؛ ابھارنا ؛ جوش دلانا ۔ (۱۳) آگ یا گولہ باری کے ذریعہ بھگانا یا بھگا دینا ۔ (۱٤) پھٹنے یا بھک سے اڑا دینے کےلئے آگ دینا یا آگ لگانا ؛ چھوڑنا ؛ چلانا ؛ داغنا ۔ (۱٥) (امریکی عامیانہ) تمکمانہ یا مستبدانہ طور پر نکال باہر کرنا ؛ ہٹا دینا ؛ معزول کردینا؛ معطل کردینا ؛ نکال دینا (اکثر out کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (۱٦) زندگی بخشنا ؛ روح پھونکنا؛ جوش پیدا کرنا ؛ گرمی لانا (جذبات میں) ۔ (۱۷) جذبات سے پُر کردینا؛ متہیج ہونا؛ ہیجان میں آجانا ۔ (۱۸) کسی کھیل یا مقابلے میں مخصوص نمبر حاصل کرنا ۔ (۱۹) تیزی اورقوت کےساتھ پھینکنا ؛ زور سے پھینکنا ۔ (۲۰) تیزی سےاور متواتر بولنا ۔ (۲۱) خشک کرنے کےلئے آہستہ آہستہ گرمی پہنچانا ۔ (۲۲) آگ کے ذریعہ جمنے سے باز رکھنا ؛ انجماد سےبچانا ۔ (۲۳) بارش کی کمی کے باعث فصلوں کا قبل از وقت زرد ہوجانا۔ (۲٤) غصہ ہوجانا ؛ آگ بگولہ ہوجانا ۔ (۲٥) آگ میں جل کر شکل بدل جانا ۔ : Fire : (v) [f.Fire(n) .]

جہاز کی ایک جانب کی تمام بندوقوں یاتوپوں کو داغنا ۔ : To fire a broad side

تقریر شروع کرنا اور تیزی سے تقریر کو جاری رکھنا ؛ (روزمرہ) شروع کرنا ؛ آگےبڑھنا ؛ قدم بڑھانا؛ (استعارتاً) پیش قدمی کرنا ؛ شروع کرنا ۔ : To fire away : (v)

(استعارتاً) پوسٹ کارڈ گھسیٹ دینا یا لکھ مارنا؛ فقرہ چست کرنا ۔ : To fire off a post card/-a remark

(کسی شخص کو) نکال دینا ؛ برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ معطل کرنا ۔ : To fire out /To fire

(۱) اچانک گرم ہوجانا ؛ فوراً جوش میں آجانا؛ ایک دم غصہ میں آجانا ؛ اچانک مشتعل ہوجانا۔ (۲) بھٹی کی آگ جلانا ؛ بھٹی روشن کرنا؛ (روزمرہ) پائپ سلگانا ؛ سگریٹ جلانا ؛ (مجازاً) چلم پر آگ رکھنا ۔ : To fire up

آتشیں ؛ آگ کا ؛ آگ سے متعلق ؛ بھڑکیلا ؛ اشتعال پذیر ۔ : Fire : (a)

فائرنگ کا عمل خصوصاً چھوٹی چھوٹی ٹکریوں میں لڑائی یا جھڑپ ۔ : Fire-action : (n)

جنگل کو جلاکر جلے ہوئے ٹھنٹھ کے درمیان کاشت لگانا ۔ : Fire agriculture : (n)

آگ لگنے کی خود بخود اطلاع کرنے والا آلہ ؛ خطرے کی گھنٹی ؛ آگ لگنے کا الارم ؛ اگنی گجر ۔ : Fire-alarm : (n)

Fire and brim stone : (n) قہر خداوندی ؛ عذاب الٰہی ؛ گناہگاروں کو دائمی عذابِ جہنم کی وعید ۔

Fire and faggot : (n) آگ اور ایندھن ۔

Fire and sword : (n) انتہائی خطرہ ؛ خطرہ٘ جانکاہ ۔

Fire-ant : (n) ایک قسم کی چیونٹی جس کے کاٹنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے ؛ لہر چونٹی ۔

Fire apparatus : (n) آگ بجھانے یا اس پر قابو پانے کا آلہ ۔

Fire area : (n) کسی عمارت کے مختلف حصوں میں سے کوئی ایک جو آگ روک دیواروں کے ذریعہ دوسرے حصوں سے الگ کئے گئے ہوں ۔

Fire-arm : (n) آتشیں اسلحہ ؛ اسلحہ٘ گرم ؛ آتشی اسلحہ ؛ (عموماً جمع) اسلحہ جن میں بارود وغیرہ استعمال ہوتی ہے مثلاً بندوق، توپ وغیرہ ۔

Fire-back : (n) ملک سماترا کا چکور ۔

Fire- ball : (n) (۱) آتشیں گولہ ؛ آگ کا گولہ ؛ شہاب ثاقب ؛ کرہ٘ نار ؛ شہابی گولہ ؛گولہ نمابجلی کی چمک ۔ (۲) (فوج) فوجی گولا ۔ (۳) (نقابت) شعلہ فشاں گولے کا نشان ۔ (٤) کوئلے کی گرد اور چکنی مٹی کابناہوا گولہ جو آگ جلانے یا سلگانے کےلئے کام آتا ہے ۔

Fire-balloon : (n) آتشی غبارہ ۔

Fire balloon : (n) بغارہ ؛ آتشیں برج ۔

Fire-bar : (n) آتشدان یا بوائلر بھٹی کی چھڑ یا سلاخ ۔

Fire-basket : (n) ہلکا آتشدان ؛ دستی آتشدان ۔

Fire-bird : (n) ایک قسم کا پرندہ جو شہد کی مکھیاں کھاتاہے ؛ انجیر خور ۔

Fire blanket : (n) ایسی ناسوز (آگ روک) اشیاء سے بناہوا کمبل جو خفیف آتش زدگی کو فرو کرنے میں مستعمل ہو ۔

Fire-blast : (n) پودوں کو جھلسا دینے والا ایک مرض ؛ پودوں کا روگ ۔

Fire-blight : (n) ہاپ درخت کا (جوشراب میں کام آتا ہے) روگ ۔

Fire-board : (n) تختہ٘ آتشدان ؛ گرمی میں آتشدان یا چولہے کو ڈھکنے والا تختہ ۔

Fire-boat : (n) (۱) وہ جہاز جو حریف کے جہازوں کو جلانے والی اشیائے آتش گیر سے لدا ہوا ہو ۔ (۲) (عامیانہ) آتشک ، سوزاک وغیرہ کامریض ۔ جماعی امراض کا مریض ۔

Fire bolt : (n) بجلی کا کڑکا، رعد ؛ صاعقہ ؛ بجلی کی کوند ۔

Fire-bomb : (n) آتشیں بم ؛ آتش افروز بم ۔

Fire-boom : (n) جنگی جہازیاجلتی ہوئی کشتیوں کوقریب آنے سےروکنے کےلئے جہاز کے پہلو سے جھولتی ہوئی مضبوط بلّیوں میں سے کوئی ایک ۔

Fire-boot/-bote : (n) (تاریخ،قانون) زمیندار کے علاقے سے جلاون کی لکڑی حاصل کرنے کا رعیت کاحق ۔

Fire-box : (n) (۱) انجن کا آتشدان ۔ (۲) آگ لگنے کی خودبخود اطلاع کرنے والا آلہ ۔

Fire-brand : (n) (۱) جلتی ہوئی لکڑی ؛ لکٹی ؛ نیم سوز (لکڑی) ۔ (۲) فتنہ انگیز ؛ مفسد ۔

Fire brat : (n) یورپ یا امریکا کا ایک قسم کا کیڑا جو گرم مرطوب جگہوں مثلاً عمارت میں پایا جاتاہے ۔

Fire-brick : (n) ایسی اینٹ جو پگھلےبغیربہت زیادہ حرارت برداشت کرسکے ؛ اینٹ جس پر آگ کا اثر نہ ہو ؛ پکی اینٹ ۔

Fire-bridge : (n) بھٹی کی پشت پرلگا ہوا پردہ یا دیوارتاکہ ایندھن باہر نہ آسکے ؛ آگ روک ؛ آتش بند ۔

Fire-brigade : (n) آگ گارڈ ؛ فائربریگیڈ ؛ آگ بجھانےکاعملہ اطفائیہ ؛ آگ دستہ ۔

Fire bug : (n) (۱) آگ لگانے والا ؛ مفسد ۔ (۲) معدن کو آگ یا دیگر حادثات کی دیکھ بھال کرنے والا ۔ (۲) (روزمرہ) جگنو ؛ کرم شب تاب ۔

Fire bush : (n) خار مصری ؛ سرو گرما ۔

Fire chaser : (n) ہلکے سازوسامان سے لیس تیزی سے جنگل کی آگ بجھانے والا ۔

Fire chief : (n) (۱) محکمہ٘ آتش کا صدر ۔ (۲) فائر مارشل ۔

Fire claim account : (n) (تجارت) آگ بیمہ دعویٰ کھاتہ ؛ آگ بیمہ مطالبہ کھاتہ ۔

Fire-clay : (n) ایک قسم کی مٹی جو بہت زیادہ حرارت برداشت کرتی ہےاور جو Fire brick بنانے کے کام آتی ہے ؛ آتشی مٹی ؛ اگنی مٹی ۔

Fire cock : (n) آگ بجھانے کےلئے پانی مہیا کرنے والی ٹونٹی یا نلی ۔

Fire company : (n) (۱) آگ گارڈ ؛ فائر بریگیڈ ؛ آگ بجھانے والی جماعت ۔(۲) آگ بیمہ کمپنی ؛ انشورنس کمپنی ۔

Fire-cross/Fiery - : (n) خونی صلیب (اسکاتستان میں لوگوں کو اشتعال دلانے یاجہاد پر ابھارنے کی ایک مقررہ علامت)۔

Fire-cracker : (n) پٹاخہ ۔

Frie-crest : (n) یورپ کی سنہری کلغی والی ایک گانے والی چھوٹی چڑیا ۔

Fire cult : (n) (تاریخ وسیاسیات) آتش پرستانہ مسلک ۔

Fire damp : (n) قابل احتراق معدنی گیس : کان کنوں کی اصطلاح ؛ تف آتشیں ؛ آگن گیس میں کاربن آمیز ہائیڈروجن کی ایک قسم کانام جو مخصوص مقدار میں ہوا کے ساتھ ملنے سے دھماکہ خیز ہوجاتی ہے ۔

Fire dog : (n) اگن ٹیک ؛ سلاخ جو آتش دان میں آگ کی روک کے طورپر رکھی جاتی ہے ۔

Fire door : (n) آتش دان یا بھٹی میں جلاون ڈالنے کا در یا روزن ۔

Fire-drake : (n) [OE.'fyr-draca.'] (جرمن اساطیر) شعلہ فشاں اژدہا؛ مارگنج ؛ خزانے کا سانپ ؛ (مجازاً) خزانےیا عصمت کا محافظ ؛ لڑکیوں کی نگراں عورت؛ (فلکیات) شہاب ؛ (حیوانیات) آتشیں سانپ ۔

Fire drill : (n) (۱) چھڑی کے ذریعہ آگ پیدا کرنے کا ایک قدیم طریقہ ۔ (۲) آگ بجھانے والی جماعت کی تربیتی مشق ۔(۳) (تاریخ) آتشیں برما ۔

Fire dragon : (n) سمندر ۔

Fire eater : (n) (۱) شعلہ باز؛ آتش خوار ؛ آتش خوارمداری ؛ آگ نگل جانے والا شبعدہ باز ۔(۲) (مجازاً) بڑا لڑاکا؛ بڑافسادی ؛ فتنہ خو؛ جنگجو؛ جھگڑالو ؛ (تاریخ) فسادی ؛ فتنہ انگیز ۔

Fire-engine: (n) (۱) آگ بجھانےوالاانجن ؛ آگ بجھانے کی کل ؛ اطفائیہ ؛ آگ پر پانی پھینکنے والی مشین یا پمپ ۔(۲) (برطانیہ) بھاپ انجن؛ اطفائی انجن ۔

Fire-escape : (n) جلتے مکان سے نکل بھاگنےمیں معاون ہونے والا کوئی سامان یا آلہ ؛ مفّر آتش ؛ آگ سے بچنے کا زینہ ۔

Fire extinguisher : (n) (کیمیا) آگ بجھانے والا ؛ آتش کُش ۔

Fire-eyed : (a) (شعر) روشن ، چمکدار آنکھوں والا ؛ دمکتی ہوئی آنکھوں والا ۔

Fire-fall : (n) آگ کے ذریعہ جڑ کو نقصان پہنچنے کے باعث گراھوا درخت ۔

Fire-fang : (v) (۱) (روزمرہ) آگ میں ڈالے رکھنا ؛ جلا دینا ؛ جھلسا دینا ؛ آتش زدہ کرنا۔(۲) بہت زیادہ گرم ہوجانا؛ بہت زیادہ خشک ہوجانا؛ کھراھو جانا۔

Fire-fanged : (a) (بارلی، پنیر وغیر) جلی یا جھلسی ہوئی شکل کی بو یا ذائقے کا ؛ زیادہ کھرا کر کے بھونا ہونا ۔

Fire-fight : (n) مخالف فوجوں میں گولیوں کا تبادلہ ۔

Fire-fighter : (n) آگ بجھانے والا ؛ آتش کُش ۔

Fire-fish : (n) ایک چھوٹی، سرخ و نارنجی دھاریوں والی مرجانی مچھلی ۔

Fire-flag : (n) (۱) شہابی شعلہ ۔(۲) آگ کی لپیٹ میں آئے ہونے جہاز کا ابتلائی نشان (جھنڈا) ۔

Fire-flair : (n) نیش ماہی ؛ مچھلی جس کی پُشت پر تیز ڈنک ہوتے ہیں ۔

Fire-flaught : (n) (۱) شہاب ثاقب ؛ ستارہ دنبالہ دار ۔ (۲) بجلی کی چادر جو آسمان پر دورتک پھیلی ہوئی نظر آئے ؛ بجلی کی چمک ؛ اچانک کڑک یا زوردار آواز ؛ رعد وبرق ۔(۳) اگیا بیتال ؛ (مجازاً) چھلاوا؛ وہ شخص جو کبھی یہاں کبھی وہاں ہو اورجس کی صورت کبھی کچھ کبھی کچھ نظر آئے ؛ تند مزاج وعصبانی شخص ۔

Fire fly : (n) جگنو ؛ پٹ بیجنا ؛ کِرم شب تاب ؛ (حیوانیات) جگنو ۔

Fire-grate : (n) دیکھو Fire Basket

Fire-guard : (n) (۱) آتشدان میں لوہے کا جنگلا ؛ بچوں کو آگ سے بچانے کے لئے نیز فائر گارڈ کی سلاخوں سے کوئلے کو باہر آنے سے روکنے والا جنگلا ۔ (۲) آتشیں بم بجھانے والا ۔

Fire-hose : (n) آگ بجھانے کے لئے کینوس کا نل ۔

Fire-hook : (n) جلتے ہوئے مکانات کو گرانے کا ہک نیز مٹی یا آتشدان کی آگ کو اکسانےیا کریدنے والا ہُک ۔

Fire-horse : (n) آگ بجھانے کا انجن کھینچنے والا گھوڑا ۔

Fire-hunt : (n) (۱) رات میں کئے جانے والا شکار جس میں ٹارچ کی روشنی یا آگ کا استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) جنگلوں سے آگ کے ذریعہ جانوروں کا ہانکا کر کے شکار کرنا ۔

Fire hydrant : (n) آتشیں آب گاہ ۔

Fire-insurance : (n) بیمہء آتشزدگی ؛ آگ بیمہ ؛ (تجارت) آتش زدگی بیمہ ۔

Fire-irons : (n) چمٹا، کرچھا وغیرہ ۔

Fire-light : (n) آتشدان کی روشنی ؛ آگ کی روشنی ؛ نورِ آتش ۔

Fire-lighter : (n) ایندھن ۔

Fire-limits : (n) آتشی حدود ؛ حدودِ آتش زدگی ؛ کسی قصبے یاشہر کی انتظامیہ کی قائم کردہ وہ حدود جن کے اندرصرف آگ روک یا آگ محفوظ عمارتیں ہی بنائی جاسکتی ہوں ؛ کبھی کبھی ان حدود کے تحت دو یا تین زون (حلقے) ہوا کرتے ہیں ۔

Fire line : (n) (۱) (عموماً جمع میں) جلتی ہوئی عمارت کے گرد کھینچاہواخط جسےروک کےطور پر پولس بنادیتی ہے ؛ خط آتش زدگی ۔ (۲) آگ بجھانے کےلئے پانی مہیا کرنے والے پائپ کی لائن ۔ (۳) جنگل کی آگ کو روکنے کےلئے باڑ کے طورپر صاف کی ہوئی یا جوتی ہوئی زمین ۔ (٤) برگ ریز درختوں کی قطارجوصنوبر کی قسم کے نئے پودوں کی حفاظت کےلئے نکالی جاتی ہے ۔ (٥) جنگل کی آگ کو روکنے کےلئے باڑ کےاندربنایا ہوا نالا ۔ (٦) جنگل کی پھیلتی ہوئی آگ کی آخری حد ۔

Fire load/-loading : (n) آتش گیرمادوں کا فی مربع فٹ وزن ۔

Fire lock : (n) (۱) پتھر کلا بندوق ۔ (۲) بندوق کا گھوڑا جس میں رنجک سلگانے کےلئےآگ پیداکی جاتی ہے۔ (۳) اس قسم کے گھوڑے والی دستی بندوق ۔ (٤) ایسے بندوق سےمسلح سپاہی ۔

Fire man : (n) (۱) بھٹی انجن وغیرہ کا نگراں ؛ انجن جھوکا ؛ آگ بجھیا ؛ آگ بجھانے والا ؛ بھٹی جھونکنے والا ۔ (۲) دھماکہ خیز گیس سے بچانے کے لئے کا ن کی نگہبانی کرنے والا ؛ دھماکہ نگراں ۔

Fire mark : (n) (تجارت) آگ بیمہ نشان ۔

Fire-marshall : (n) (۱) کسی قصبہ ؛شہر یاصوبہ کے محکمہء آگ بجھاؤ کا سربراہ ۔ (۲) ایسے دفتر یا انتظامیہ کا کوئی افسر اعلیٰ ۔

Fire-new : (n) (متروک) بالکل نیا ؛ تروتازہ ۔

Fire-office : (n) (۱) آگ بیمہ کا دفتر ۔ (۲) آگ بیمہ کمپنی ۔

Fire-opal : (n) بلور کی ایک قسم جس کے اندر سےشعلہ رنگ انعکاسات ہوتے ہیں ؛ عین الشمس ۔

Fire ordeal : (n) (تاریخ) آتش آزمائش ۔

Fire-pan : (n) [OE.'fyrpanne.'] (۱) دستی آتشدان ؛ نقل پذیر آتشدان ؛ انگیٹھی ؛ منقل آتش ۔ (۲) (کان کنی) ایک قسم کا لیمپ ؛ مشعل ؛ قندیل ۔

Fire patrol : (n) محافظ آتش ۔

Fire-piece : (n) (۱) آتشیں اسلحہ ؛ اسلحہ گرم ۔ (۲) تصویر آتش ؛ تصوری آتش زدگی ؛ آتش زدگی کے حادثے کی تصویر ۔

Fire pink : (n) مشرقی امریکا کا ایک ٹنٹھل دار پودا جس کے پھول گلناری ہوتے ہیں اور جس کے ٹنٹھل میں چپکدارمادہ ہوتا ہے جو مکھیوں کو پکڑلیتا ہے ؛ مگس گیر پودا ۔

Fire pit : (n) (تریخ) اگنی کنڈ ۔

Fire-place : (n) (۱) آتشدان؛ کمرے کو گرم رکھنےکےلئے دیوار کےپاس بنائی ہوئی آگ رکھنے کی جگہ ؛ انگیٹھی ؛ آتش گاہ ؛ بخاری ؛ منقل ۔ (۲) اینٹ پتھریا دھات سے بنا چولہا جس پر کھانا بنایا جائے ؛ چولہا ۔

Fire-plug : (n) نل کا منہ جس میں کینوس نل لگادیاجاتاہے ۔

Fire-point : (n) نقطہء آتش گیری ؛ آتش گیر نقطہ ؛ وہ کم ترین درجہ جس پر بھاپ بن کر اڑجانے والا اشتعال پذیر مادہ اس کے بخارات کو سل گانے کے بعد ہوا میں جلنے لگتا ہے ۔

Fire-policy : (n) آگ بیمہ کی سند ؛ بیمہ آتش زدگی ۔

Fire-polish : (n) گرم پالش ؛ شیشے کے برتنوں کو دوبارہ گرم کرکے چکنا، شفاف یا چمک دار بنانا ۔

Fire polish : (n) گرم پالش کے ذریعہ شیشے کے برتنوں کو دی گئی چمک دمک یا چکناپن ۔

Fire-pot : (n) (۱) (تاریخ) آتش گیر مادوں سے بھرا ہوا مٹی کا برتن جسے جنگ کے دوران بم کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔(۲) بھٹی وغیرہ کا منہ جس سے آگ یا ایندھن ڈالا جاتا ہے ۔(۳) کٹھالی؛ سونے وغیرہ کو پگھلانے کا برتن جو بہت زیادہ حرارت بر داشت کرلیتا ہے بھٹی کے نیچے کا برتن جس میں پگھلی ہوئی دھات جمع ہوتی رہتی ہے ۔

Fire prevention : (n) تباہ کن آتشزدگی سے بچاؤ کے اقدامات ۔

Fire-proof : (n) آتش روک ؛ آگ روک ؛ غیر اشتعال پذیر ؛ غیر آتش گیر ؛ اگن روک ؛ نسوز ؛ (کیمیا) آگ روک ؛ اگن روک ۔

Fire-proofing : (a) آگ روک یا غیر آتش گیر بنانے کا عمل ؛ نیز آگ روک یا غیر آتش گیر بنانے میں استعمال ہونے والی چیزیں ۔

Fire-protection : (n) (۱)آگ کے ذریعہ جانی یا مالی نقصان کو روکنے یا کم کرنے کا عمل اور تدبیر ۔(۲) آگ بجھانے سے متعلق عملی تدابیر ۔

Fire-pump : (n) (انجینئیرنگ) مُطفی (جمع مُطافی) ؛ اگن پمپ ۔

Fire raft : (n) دشمن کے جہاز میں آگ لگانے والا بیڑا ۔

Fire-raising : (n) (۱) آتشزنی ؛ فتنہ پردازی ۔(۲) (تاریخ) جرم آتشزنی ؛ عمداً آگ لگانا ۔

Fire roll : (n) (جہاز رانی) آتشزنی کی اطلاع کےلئے نقارہ بجانے کی ایک خاص طرز ۔

Fire salute : (n) توپ کی سلامی ۔

Fire-screen : (n) (۱) تاپ گیر ؛ آنچ روک پردہ ۔(۲) آتشدان میں لوہے کا جنگلا جو آگ سے بچاؤ کےلئے ہوتا ہے ۔(۳) (جہازرانی) اون کا موٹا کپڑا جو بارود کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے وقت پردے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Fire service : (n) اطفائی خدمت ؛ (انتظامیہ) خدمت آتش فَروشی ۔

Fire setting : (n) کچی دھات کی پرت کو آگ کے ذریعہ ملائم کرنا یا چٹخانا تاکہ کٹاؤ میں آسانی ہو ۔

Fire ship : (n) دیکھو Fire boat

Fire-shovel : (n) کرچھا ؛ کوئلہ جھونکنے والا کرچھایا بلیچہ ۔

Fire-side : (n) (۱) انگیٹھی کے گرد کی جگہ ؛ کنارِ آتش ؛ چو کا ؛ چولہا ۔(۲) گھربار ؛ گھریلو زندگی ۔

Fire-stick : (n) (۱) جلتا ہوا لُو کا ؛ جلتی ہوئی مشعال ۔ (۲) آگ پیدا کرنے والی چھڑی ۔

Fire stink : (n) (کان کنی) گندھک آمیز ہائیڈروجن پیدا ہوجانے کی وجہ سے سڑتے ہوئے آہن پیریطس (Iron pyrites) کی بدبو یا سڑاند ۔

Fire-stone : (n) (۱) (ارضیات) آگ روک پتھر ؛ نسوز پتھر (جو بھٹی یا تنور کے گرد لگایا جاتا ہے) ۔ (۲) (ارضیات) چقماق ؛ سنگ چقماق ؛ سنگ آتش زند؛ (کیمیا)آتش روک پتھر۔(۳) برطانیہ میں ایک نرم چنیلےریتیلے پتھر کا نام جو Hearth stone (سنگ آتش دان) کےنام سےفروخت ہوتا ہے ۔

Fire swab : (n) (جہاز رانی) سن کا بھگو یا ہوا گچھا جو چلتی ہوئی توپ یا بندوق کو ٹھنڈا رکھنے یا اُس پر سے بارود وغیرہ کو صاف کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Fire-tail : (n) (۱) لل دُما ؛ سرخ دُم والا ایک گانے والا پرندہ ۔ (۲) کیڑوں کی ایک قسم کا نام ۔

Fire-teazer : (n) (۱) چمٹا ۔(۲) بھٹی جھونکنے والا اسٹوکر ۔

Fire temple : (n) آتشکدہ ؛ آتش پرستوں کا عبادت خانہ ۔

Fire thorn : (n) خار مصری ۔

Fire thrower : (n) شعلہ افگن ۔

Fire trailor pump : (n) اگن ٹھیلا پمپ ۔

Fire trap : (n) ایسی عمارت جس میں آگ لگنے کی صورت میں کوئی مفر نہ ہو ۔

Fire tree : (n) (۱) ایک قسم کی آتش بازی ۔ (۲) ایک قسم کا درخت ۔

Fire tube : (n) چمنی ، دھواں یا گرم ہوا نکلنے کا راستہ یا پائپ بعض اسٹیم بوائلروں میں پانی تک حرارت پہنچانے والا ٹیوب ۔

Fire water : (n) (۱) محلّل کُل ؛ وہ چیز جو کیمیا گروں کے اعتقاد میں ہر شے کو گھلا سکتی ہے ۔ (۲) الکوحلی شرابیں ؛ تندوتیز شرابیں ؛ آتشیں شرابیں ۔

Fire wood : (n) جلاون کی لکڑی ؛ ایندھن ۔

Fire-work/Firework : (n) آتشبازی ؛ آتشبازی کا تماشہ یا نمائش ؛ (کیمیا) آتش بازی ۔

Fire worker : (n) آتش بازی بنانے والا ؛ ماہر آتش بازی ۔

Fire worship : (n) (تاریخ) آتش پرستی ۔

Fire worshipper : (n) آتش پرست ؛ گبر ۔

Fire worm : (n) (حیوانیات) جگنو ۔

Fireless : (a) بےآگ ؛ بجھاہوا ؛ خموش ؛ بغیر آگ کا ؛ (مجازاً) سرد ؛ بےجوش ؛ ٹھنڈا ۔

Fireless cooker : (n) ایک منفصل ظرف جو پختگی سے درجہ حرارت تک گرم کردیئے جانے کے بعد اس درجہ حرارت کو (مزید حرارت پہنچائےبغیر) قائم رکھ سکتا ہے ۔

Fireless locomotive : (n) قدیم طرز کا بھاپ انجن جس کا آتشدان نہیں ہوتا اور جس میں باہر سے بھاپ لے کر جمع کرلی جاتی ہے اور ضرورت کے مطابق کم دباؤ کے ساتھ ؛ استوانوں میں بھیجی جاتی ہے ۔

Firer : (n) (۱) آگ لگانے والا ؛ روشنی کرنے والا ؛ جلا ڈالنے والا ؛ بھڑکانے والا ؛ دھماکہ خیز پیدا کرنے والا ؛ (جانوروں کو) داغنے والا ؛ (انجن بھٹی وغیرہ میں) ایندھن جھونکنے والا ؛ فائر کرنے والا ؛ بندوق چلانےوالا ؛ توپچی ؛ بندوقچی ؛ مفسد ؛ فتنہ انگیز ۔ (۲) بندوق، توپ وغیرہ جو ایک ہی دفعہ بھر دینے سے برابر چلتی رہے ۔

Fires of heaven : (n) (شاعری میں) ستارے ؛ کواکب ؛ نجوم ۔

Fires of St. Elmo : (n) اگیا بیتال ؛ شہابہ (ایک طرح کی روشنی جو جہاز والوں کے عقیدہ میں طوفان کے وقت مستول کے قریب نظر آتی ہے) ؛ برق وباراں کے طوفان کے وقت وہ شعلہ جو جہاز پر دکھائی دیتا ہے ۔

Firing : (n) (۱) آگ لگی؛ بری نیت سےآگ لگانا؛ آتش گیری ؛ آتش زدگی ؛ آتش زنی ؛ احتراق ؛ حریق ؛ سوختگی؛ پختگی ؛ پکانا (مٹی کےبرتن وغیرہ کو) ؛ (بیطاری) داغ دینا (گھوڑے وغیرہ کو) ؛ ایندھن جھونکنا (بھٹی وغیرہ میں) ؛ جلن ؛ سوزش ؛ جوش ۔(۲) سن کےپودے اورتمباکو میں ہونے والے ایک مرض کا نام ۔ (۳) آتش گیر مادے کا بھڑکانا ؛ بندوق چلانا؛ (فوج) فائر کرنا؛ فائرنگ؛ گولہ باری ۔ (٤) (انجینیئرنگ) داغ کرنا ؛ احتراق ۔ (٥) ایندھن ؛ جلاون ۔ (٦) سینکنا ؛ حرارت پہنچانا ؛ آگ کے ذریعہ علاج کرنا ۔(۷) نامناسب مٹی ہونے سے پودوں کا جل جانا یا جھلس جانا؛ سوختگی (تاریخ)؛ پکانا (برتنوں کا) ۔

Firing iron : (n) داغ آہن ۔

Firing point : (n) وہ درجہ حرارت جس پر کوئی آتش گیر تیل خود بخود جل اٹھتا ہے ۔

Firing-step : (n) خندق کے اندر کی سیڑھی جس پر چڑھ کر فائر کرتے ہیں ۔

Firing stroke : (n) (انجینیئرنگ) ضرب احتراق ؛ ضرب طاقت ۔

Firing tools : (n) (انجینیئرنگ) احتراقی اوزار ۔

Firk/Ferk : (v) [OE.fercian.] (۱) تیزی سے یا اچانک چلانا یا حرکت دینا۔(۲) مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ ٹنڈے لگانا ؛ کُندی کرنا ۔

Firkin : (n) [ME] (۱) مکھن، مچھلی، مائع اور سیال چیزوں کا پیپا ؛ مزاحاً کسی شخص کو بھی کہتے ہیں ۔(۲) (پیپے کا) آدھا ؛ آدھا کلڈرکن (شراب کا پیپاجس میں ۱٦ یا ۱۸ گیلن کی گنجائش ہوتی ہے)۔

Ale-firkin : بورے کا آدھا ؛ شراب کے پیپے کا آدھا ۔

Firlot : (n) [L.'ferthelota.'] (۱) فرلوٹ : غلّہ ناپنے کا ایک پیمانہ جو بال (قدیم ۴۰ بوشل اور جدید ۲ بوشل) کا چوتھائی ہوتا ہے نیز بڑی مقدار ؛ ڈھیر ۔(۲) ایک فرلوٹ کا برتن ۔

Firm : (n) [L.'firmare.'] (۱) مہاجنی کوٹھی یا دکان ؛ جماعت شرکا (مجموعی حیثیت سے) ادارہ تجارتی؛ کسی کاروبار کو چلانے کےلئے دو یا زیادہ افراد کی ساجھے داری ۔(۲) فرم ؛ کمپنی ؛ وہ نام جس پر کوئی تجارتی لین دین کیا جاتا ہے ۔ (۳) کاروباری اکائی ۔ (٤)(معاشیات) کوٹھی ؛ ادارۂ تجارتی ؛ فرم ؛ (سماجیات) تجارتی ادارہ ؛ ساجھا ؛ دکان ؛ مشترکہ کاروبار؛ تجارت خانہ ۔

Competitive firm : (تجارت) مسابقتی فرم ۔

Marginal firm : (تجارت) مختتم فرم ۔

Optimum firm : (تجارت) انسب فرم ۔

Firm : (v) (۱) جمنا ؛ جمانا ؛ (زمین، درخت پنیر وغیرہ) ۔ (۲) توثیق کرنا ۔ (۳) مضبوط کرنا ؛ ٹھوس بنانا ؛ سخت کرنا ۔(٤)مضبوط ہوجانا؛ ٹھوس ہوجانا ؛ جم جانا ۔

Firm : (adv.) مضبوطی سے؛ ثابت قدمی سے ؛ استقلال سے ؛ مکمل طور پر ۔

To stand firm/-hold- : ثابت قدم رہنا ؛ اپنی بات پر پکّا رہنا ۔

Firm : (a) [L.'firmus.'] (۱) مضبوط ؛ کھٹاھوا ۔(۲) جما ہوا ؛ پائدار؛ اٹل ؛ استوار؛ ناطق ؛ (ڈگری، فیصلہ وغیرہ) قطعی ؛ آخری (سروے میں) ۔(۳) ثابت قدم ؛ مستقل ؛ اٹل ؛ مصمم ؛ پکّا ؛ تام ؛ کامل ۔ (٤) (تجارت) مستقل ؛ قائم (قیمت یا نرخ) ۔ (٥)پختگی ؛ استواری ؛ ثابت قدمی دکھانےوالا ۔ (٦) (چیزیں) جن کی مندی نہ ہو ۔(۷) (بازار، موسم وغیرہ) مستقل ؛ یکساں ؛ غیر متغیر ۔ (۸) (معاشیات) محکم۔

Firm offer : (n) ٹھوس پیش کش ؛ ناقابل تردید پیش کش ؛ مستقل پیش کش ۔

Firmament : (n) [L.'firmamentum.'] (علم النجوم) آسمان ؛ آکاش ؛ فلک ؛ سپہر ؛ چرخ گردوں ؛ گنبد آسمان ؛ (دینیات) آسمان بہشتم۔

Firmamental : (a) آسمانی ؛ فلکی ۔

Firman : (n) [Pers.] فرمان ؛ پروانۂ راہداری ؛ حکم نامہ ؛ لائسنس ؛ اجازت نامہ ؛ پاسپورٹ ۔

Firmer : (n) [F.'fermoir.'] چھوٹی یا باریک چھینی یا بنسلی جو چول کے کناروں کو درست کرنے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Firmer-chisle : (n) دیکھو Firmer

Firmer-tools : (n) چھوٹی چھینی یا رُکھانی وغیرہ ۔

Firmisternous : (n) [L.'Firmisternia.'] (حیوانیات)بستہ قصی۔

Firmly : (adv.) ثابت قدمی سے ؛ استقلال سے ؛ مضبوطی سے ؛ پکی طرح ۔

Firmness : (n) ثابت قدمی ؛ استقلال ؛ استواری ؛ پائداری ؛ مضبوطی ؛ مستقل مزاجی ؛ (تجارت) (قیمت کی) یکسانیت ؛ ٹھہراؤ ؛ ثبات ۔

Firn : (n) [Ger.firn.] (۱) غیرمکمل طور پر جمے گلیشیر کی دانہ دار برف ؛ برف کا کھیت ؛ کچی برف جو دور تک پھیلی ہو ۔(۲) (ارضیات) برف تودہ ؛ فرن ۔

Fimification : (n) دانہ دار فرن کا جم کر ایک بڑے تودے یا کھیت کی شکل میں بن جانے کا عمل ۔

Firry : (a.) [f.Fir+y] صنوبر دار ؛ صنوبری ؛ سروی ؛ سرو یا صنوبر کے درخت سے بھرا ہوا ۔

Firry : (a) سروی ؛ صنوبری ؛ سرو یا صنوبر کا یا اس سے متعلق سرویااس قسم کے درختوں سےبھراہوا ۔

First : (n) [OE.'fyrst.'] (۱) اوّل بتائی ہوئی چیز یا شخص ۔ (۲) ابتدا ؛ آغاز ۔(۳) (جمع میں) آٹا ؛ مکھن وغیرہ ؛ بڑھیا قسم کا ؛ اعلیٰ قسم کا ۔(٤) اوّل یااعلیٰ درجے کی جگہ، چیز وغیرہ؛ اولین شے ؛ اعلیٰ رتبے کا شخص ۔(٥) دو سازی یا دوآوازی گیت کا بالائی حصہ ۔

First : (a) (۱) اوّل ؛ پہلا ؛ اولین ۔(۲) یکم ؛ مقدم ۔(۳) امتحان میں اوّل ؛ درجۂ اوّل میں کامیاب ؛ گھوڑ دوڑ وغیرہ میں اوّل ۔(٤) عہدے، رتبے اہمیت اور خوبی میں سب سے بڑھ کر ؛ اعلیٰ ۔ (٥) خواہاں ؛ آرزومند، (برطانوی بول چال) ؛ اگلا ؛ آئندہ (مثلاً اگلے جمعہ یا آئندہ اتوار کو) ۔

First : (adv.) (۱) سب سے پہلے؛ اولاً ؛ مرجح طورپر ؛ ترجیح دیتے ہوئے ؛ سب سے بہتر سمجھتے ہوئے ؛ اولین ؛ اعلیٰ ترین ۔ (۲) پہلی دفعہ ؛ پہلی مرتبہ ؛ پہلے پہل ۔

At first : شروع ؛ ابتدا ؛ اول اول ؛ پہلے پہل ۔

At first sight/-view/-blush : پہلی نظرمیں ؛ پہلی نگاہ میں ۔

Come in first : اول ہونا ؛ صف اول کا ؛ ابتدا ۔

Feeling first rate : بشاش بشاش ؛ چاق وچوبند ؛ تازہ دم ۔

From first to last : شروع سے آخر تك ؛ از اول تا آخر ؛ ازابتدا تا انتہا ؛ ازل تا ابد ۔

From the first : ابتدا سے ؛ ازل سے ؛ شروع سے ؛ اول سے ۔

Head first : بے سوچے سمجھے ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ عجلت میں ؛ سر کے بل ؛ سرکی طرف ۔

In the first place : اولاً ۔

Shall do it first thing : (بول چال) پہلا کام یہ کرونگا ؛ سب سے پہلے یہ کرونگا ۔

The first : اول الذکر (شخص یا شے) ۔

The first (Sc. day) : روز اول ؛ پہلا دن خصوصاً ماہ ستمبر کا پہلا دن (جب تیتر کا شکار شروع ہوتا ہے) ۔

Tihe first of the ebb : ابتدائی جزر ۔

The first-rate powers : دول سر بر آوردہ ۔

(The) first thing : پہلی چیز ؛ پہلا کام جو کیاگیاہو ۔

The first two (three etc.) : پہلے دو ؛ اولین دو(تین وغیرہ)۔

First aid : (a) فوری امداد (طبیب کے آنے سے پہلے) ؛ (جراحی) فوری مدد ؛ فرسٹ ؛ ایڈ ؛ (انتظامیہ) ابتدائی طبی امداد ۔

First aider : (n) (انتظامیہ) ابتدائی طبی امداد دینے والا ۔

First and foremost : (a) سب سے مقدم ۔

First and last : (adv.) سب ملاکر ؛ کل ؛ جملہ ؛ مجموعی طور پر ؛ اجمالاً ۔

First or last : (adv.) دیر یا سویر ؛ کبھی نہ کبھی ۔

First audit : (n) (تجارت) اول آ ڈٹ ؛ پہلا آڈٹ ۔

First birth : (n) پہلا بچہ ؛ پہلی اولاد ۔

First-born : (a) پہلوٹھا ؛ پہلوٹھی کا؛ فرزند ارشد ۔

First cause : (n) (فلسفہ) علت العلل ؛ علتِ اولی ۔

First-chop : (n) (اینگلو انڈین روزمرہ) درجہء اوّل ۔

First class : (a) اوّل درجے کا ؛ چوٹی کا ؛ بہترین؛ اعلیٰ درجے کا؛ (روز مرہ) انتہائی اچھا ۔

First class : (n) درجہ اول ؛ پہلا درجہ ؛ امتحان کا درجہء اوّل میں جگہ پانے والا ۔

First class : (adv.) اوّل درجے میں ؛ اعلیٰ طریقے سے ؛ بطرز اولیٰ ۔

First coat : (n) (۱) پہلا پُچارا یا پوتا ۔(۲) کھگل یا پچارے کی پہلی تہ ؛ استر ۔

First come first served : پہلے سے آئے سو پہلے کھائے ۔

First cost : (n) حقیقی خرچ ؛ مصارف مقدم ؛اولین اخراجات ؛ اصلی خرچ ؛ بنیادی خرچ ؛ ابتدائی خرچ ۔

First cross : (n) دو خالص النسل جانوروں کے جنسی اختلاط سے پیدا کیا ہوا جانور ۔

First day : (n) اتوار ؛ یکشنبہ ۔

First divided difference : (n) (شماریات) پہلا تقسیمی فرق ۔

First floor : (n) (۱) (عمارت) پہلی منزل ؛ زمینی منزل کی اوپر والی منزل ۔(۲) (امریکا) زمینی منزل ۔

First foot : (n) پہلا قدم ؛ سال نو کے موقع پر مکان میں داخل ہونے والا پہلا شخص ۔

First footing : (n) پہلی آمد ؛ آمد اولین ۔

First form : (n) مدرسے کی ابتدائی جماعت ؛ (وسطانیہ شبعے کا) پہلا درجہ ۔

First fruit : (n) (۱) اولین زمینی پیداوار ؛ پہلا پھل ؛ ثمر اولین ؛ ثمر پیش رس (خاص کر جو دیوتاؤں کو نذر کیا جاتا ہے) ۔ (مجازاً) کسی بھی چیز کا پہلا پھل ؛ پہلی پیداوار ؛ انسان کا اولین کار نامہ یا کار گذاری ؛ نتائج الاولی ۔ (۲) (کلیسیائی یا جاگیر دار قانون) سال اول کی آمدنی یا منافع ؛ پہلی بافت (جو نیا آسامی، جاگیر دار یا مذہبی پیشوا کو بطور نذرانہ دیتا تھا) ۔

First future (tense) : (لسانیات) مستقبل اول ۔

First hand : (a) اصلی ؛ مستقیم ، منبع اول کا یا اُس سے متعلق ۔

First hand : (adv.) براہ راست ؛ بلاواسطہ ؛ سیدھا ؛ بلا توسط ۔

At first hand : (adv.) First hand دیکھو

First hand experience : (n) راست تجربہ ۔

First information report : (n) اطلاع اول ؛ رپورٹ ابتدائی ۔

First lady : (n) زوجہ رئیس البلاد ؛ سیدۃ الاولیٰ ؛ خاتون اول ۔

First lien bond : (n) (تجارت) اوّلین حق قبضہ بانڈ ۔

First line supervisor : (n) (تجارت) اول لائن نگراں ۔

First limit theorem : (n) (شماریات) پہلا انتہائی مسئلہ ۔

First night : (n) پہلا تماشہ یا کھیل ؛ شب اول ؛ وہ رات جب کوئی کھیل پہلی دفع اسٹیج پر پیش کیا گیا ہو ۔

First nighter : (n) پہلا کھیل دیکھنے کا شوقین ۔

First nighting : (n) پہلا کھیل دیکھنا ۔

First of Exchange : (n) بُنڈیوں میں سے پہلی بُنڈی؛ (تجارت) اصلی بُنڈی ۔

First offender : (n) پہلی دفع جرم کرنے والا ؛ نومجرم ؛ پہلی بار کا مجرم ۔

First page : (n) صفحہ اول کا ؛ پہلے صفحہ کا ۔

First part : (n) (قانون) فریق اول ۔

First passage : (n) (شماریات) پہلا داخلہ ۔

First passage time : (n) (شماریات) وقفہ داخلہ ۔

First person : (n) (لسانیات) صیغہء متکلم ۔

First point of Aries : (n) (علم النجوم) نقطہء اول حمل ۔

First point of Libra : (n) (علم النجوم) نقطہء اول میزان ۔

First quarter : (n) (علم النجوم) ربع اول ؛ تربیع اول ۔

First rate/First-rate : (Phr.&a) (۱) (سائنز اور مضبوطی میں) درجے اول کی (جنگی کشتی) ۔ (۲) درجوں میں اعلیٰ ترین (جس کے ذریعہ جنگی کشتیوں میں امتیاز کیا جاتا ہے) ۔ (۳) نہایت عمدہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ درجہء اول کا ؛ بہت اچھا ؛ بہترین ۔ (٤) انتہائی اچھا ؛ بسیار خوب ۔

First rate : (quasi-adv.) (روزمرہ) نہایت عمدہ طورپر ؛ بہت اچھی طرح سے ؛ بطریق احسن ۔

First rate : (n) (۱) اول درجہ کی جنگی کشتی ۔ (۲) بہترین انسان یا چیز ؛ اعلیٰ ترین شخص یا شے ۔

First rater : (n) (شخص یا چیز) اعلیٰ درجے کا ؛ عمدہ ؛ نفیس قسم کا ۔

First story : (n) First floor دیکھو

Frist ventricle : (n) (حیوانیات) جوف اول ۔

First water : (a) نفیس ؛ درجہء اولیٰ ؛ صفت اولیٰ ؛ شاندار ۔

First water : (a) اعلیٰ آبی ۔

Firstling : (n) (عموماً جمع میں) کسی کام کا پہلا نتیجہ یاپھل ؛ پہلا پھل ؛ ثمر پیش رس ؛ نوبر پہلا بچہ ؛نخست زادہ (جانور) ؛ اپنی نوعیت کی پہلی چیز ؛ پہلی پیداوار ؛ پہلی تخلیق ؛ پہلا اظہار ؛ خصوصاًجانوروں کاپہلا بچہ یاجھول ؛ پہلوٹھا بچہ ۔

Firstly : (adv.) اولاً ؛ پہلے ؛ سب سے پہلے ۔

Firth/Frith : (n) [Metathesis of Frith (n)] کھاڑی ؛ خلیج ؛ شاخابہ ۔

Firth : (n) [ON.'fiardr.'] بازوئے بحر ؛ دریا کا دہانہ ؛ شعبۂ رود ۔

Fisc/Fisk : (n)[L.'fiscus.'] (۱)قدیم روما کا خزانہ ؛ بیت المال ۔ (۲) شہنشاہ روما کاصرف خاص (پریوی پرس)۔ (۳)(شاذ) خزانہ عامرہ ؛ سرکاری خزانہ ؛ اقتدارشاہی جس میں ضبطی جائداد لاوارث بحق سرکار کے تحت ریاستیں ضم ہو جاتی ہیں ؛ (تاریخ) سرکاری خزانہ یا فسک ۔

Fiscal : (n) [It.'fisco.'] (۱) ولندیز اوراس کی نوآبادیوں میں مال کا عدالتی افسر ۔ (۲) اٹلی، اسپین وغیرہ میں قانونی افسر جو سرکاری وکیل کی حیثیت سے کام کرتا ہے ۔ (۳) سلطنت روما کےتحت حکومت کا سب سے بڑا قانونی افسر ۔ (٤) ہالینڈ وغیرہ میں ایک مجسٹریٹ جو مالی معاملات کی خلاف ورزیوں یا بدعنوانیوں کی سماعت کرتا ہے ۔ (٥) (اسکاٹستان) سرکاری وکیل ۔ (٦) (کیپ کالونی میں) جلاّد پرندہ (جس کی چونچ مڑی ہوئی دندانہ دار ہوتی ہے اور چھوٹی چڑیوں اور کیڑوں کی کھال کانٹوں پر کھینچ کر اُنہیں کھاتاہے) ۔ (۷) محکمۂ مالیات کا ٹکٹ ؛ ریوینیو ٹکٹ ۔

Fiscal : (a) [SP.'fiscal.'] (۱)صیغۂ مال (سرکاری مال گذاری) سے متعلق ؛ شاہی خزانے کا یا اس سے متعلق ۔ (۲) مالی؛ مالیاتی ؛ محاسباتی ؛ مالی معاملات کایااُس سےمتعلق(خاص کرامریکا)؛(انتظامیہ) مالی ۔

Fiscal : (n) دیکھو Fisc

The fiscal year : سال محاسباتا ؛ مالی سال ۔

Fiscal agent : (n) کسی کارپوریشن یا سرکاری تنظیم کے اقتصادی نمائندہ کی حیثیت سے کام کرنے والا بینک یا ٹرسٹ کمپنی؛ (تجارت)مالیاتی ایجنٹ ۔

Fiscl commission : (n) (تاریخ) مالیاتی کمیشن ۔

Fiscal instrument : (n) (تجارت) مالیاتی آلہ کار ۔

Fiscal measures : (n) (تجارت) مالیاتی اقدام ۔

Fiscal monopoly : (n) (تجارت) مالیاتی اجارہ داری ۔

Fiscal motive : (n) (تجارت) مالیاتی منشاء ۔

Fiscal operations : (n) (تجارت) مالیاتی کاروائی ۔

Fiscal period : (n) (تجارت) مالیاتی مدت ۔

Fiscal policy : (n) (تجارت) مالیاتی پالیسی ؛ مسلک مالیہ ۔

Fiscal relation : (n) (تجارت) مالیاتی تعلقات ۔

Fiscal stamp : (n) مالیاتی ٹکٹ ؛ ریوینیو اسٹامپ ۔

Fiscality : (adv.) مالی معاملات یا فیصلوں کا مخصوص لحاظ ۔

Fiscally : (adv.) مال گذاری کےنقطۂ نظر سے ؛ مالیاتی اعتبار سے ۔

Fiscus : (n)[L.] قدیم روما کا سرکاری خزانہ ؛ بادشاہ کا خزانہ یا صرف خاص ۔

Fish : (n) [OE.fisc.] (۱) مچھلی ؛ مین ؛ ماہی ؛ سمک ۔ (۲) (عمومی زبان میں) آبی جانور؛ آبی حیوان جن میں فیل ماہی ، حیوانات قشریہ (کیکڑا وغیرہ) ؛ حیوانات صدفیہ (گھونگا، سیپ) ۔ وغیرہ شامل ہیں ؛ (سائنسی زبان میں) ریڑھ والے آبی حیوان ؛ جن کے گلپھڑے ہوتے ہیں اور جو سرد مزاج ہوتے ہیں ۔ (۳) مچھلی کا گوشت خصوصاً جو کھانے کے کام آتا ہو ۔ (٤) (علم النجوم) دلو اور حمل کے درمیان بروجی مجموعۂ نجوم ؛ مین ؛ ماہی ۔

All is fish that comes to (his) net : جو کچھ بھی ملے نہ چھوڑئیے (آتاہو تو ہاتھ سے خود دیجئے) جو مل جائے سب اپنا ہے ؛ جو ہاتھ لگے سب جائز ہے ۔

A pretty kettle of fish : (روزمرہ) ابتری ؛ گول مال ؛ گڑبڑ ؛ گڈ مڈ ۔

Cool fish : (n) بےحس ؛ ٹھنڈی مٹی ۔

Drunk as a fish : بہت پئے ہوئے ؛ مخمور ؛ بد مست ۔

Dull as a fish : مٹھا ؛ کُند ؛ بےحس ۔

Loose fish : (n) آوارہ مزاج ۔

Mute as a fish : صمٌ بکمٌ ؛ گونگا بہرا ۔

Neither fish, flesh, nor fowl : نہ یہ نہ وہ ؛ نہ ادھر نہ اُدھر ؛ نہ اِللذی نَہ اُللذی ۔

Queer fish : (n) خبطی ۔

Royal fish : وھیل اور اسٹرجن مچھلیاں ۔

The fish or fishes : (علم النجوم) دلو اور حمل کے درمیان بروجی مجموعہء نجوم ؛ مین ماہی ۔

There is as good fish in the sea as ever came out of it : کمی کا اندیشہ نہ ہونا ؛ راجا کےگھر موتیوں کا کیا کال ۔

To drink like a fish : بہت پینا ؛ ڈٹ کر پینا ؛ ہمیشہ بدمست رہنا ؛ بدمست رہنا ؛ مسلسل پینا ؛ دائم الخمر رہنا ۔

To feed the fishes : ڈوب جانا ؛ دریائی سفر کی متلی ہونا ۔

To feel like a fish out of water : ماہی بےآب ہونا ؛ بے چین ہونا ؛ بےتاب ہونا ۔

To have other fish to try : (مجھے) اور بھی بہت سے ضروری کام کرنے ہیں ؛ اور بھی غم ہیں ..... ۔

Fish : (n) [Origin doubtful.] (۱) (جہازرانی) ایک لانبی سخت لکڑی جو ایک طرف محدب اور دوسری طرف مجوف ہوتی ہے اور جسے مستول کومضبوط کرنے کےلئے استعمال کیا جاتا ہے ۔(۲) لوہے یا لکڑی کا چپٹا ٹکڑا جو شہتیر وغیرہ پر یا کسی جوڑ کے اوپر اُسے محفوظ اور مضبوط کرنے کےلئے لگایا جاتا ہے ؛ ریلوے لائن میں استعمال ہونے والی فلش پلیٹ ۔

Fish : (n) [F.'fiche.'] (۱) ہڈی یا ہاتھی دانت وغیرہ کی تختی جو کبھی کبھی مچھلی کی شکل کی ہوتی ہے اور کھیل میں حساب رکھنے کےلئے استعمال ہوتی ہے ۔(۲) ایک قسم کا رقص جس میں ناچنے والے ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر رقص کرتے ہیں ۔

Fish : (n) (۱) (جدیدروزمرہ) محدب اور مجوف لکڑی سے باندھ کر مستول کو مضبوط کرنے کا عمل ؛ شہتیروں کے جوڑ پر فش پلیٹ (لوہے یالکڑی کاچپٹا ٹکڑا) لگا کر انہیں مضبوط کرنے کا عمل ۔ (۲) جہاز کے لنگر کو باندھنے میں استعمال ہونے والا رسّا چرخی وغیرہ ۔

Fish : (v) (۱) مچھلی کا شکارکرنا ؛ مچھلی پکڑنا ؛ مچھلی پکڑنے کےلئے جال وغیرہ کا استعمال کرنا ؛ جال میں آنا؛ پھنسنا ؛ پکڑا جانا ؛ دام میں آنا ۔ (۲) غواصی یا دوسرے ذرائع سے پانی کی تہ میں سے موتی، خزانہ وغیرہ نکالنا ۔(۳) راز یا تعریف کی ٹوہ میں رہنا ۔(٤) دریا کی تہ سے مچھلی پکڑنا یا مونگا نکالنا ۔(٥) پانی جیب وغیرہ میں سے باہر نکالنا ؛ باہر لانا ۔ (٦) تالاب ، جوہڑ میں سے مچھلیاں پکڑنا ۔ (۷) راز کی بات یا رائے کرید کر نکالنا ۔ (۸) تلاش میں ہونا ؛ متجسس ہونا ؛ جستجو میں ہونا ۔(۹) کسی ترکیب یا حیلہ بازی یا سعی پیہم کے ذریعہ کسی چیز کو پا لینا یا حاصل کر لینا ۔ (۱۰) (امریکا) مچھلی کے فضلے سے زمین کو کھاد دینا ۔

Fish : (v) مستول ٹھیک کرنا یا مضبوط کرنا ؛ ریل کی لائن کو فش پلیٹ سے جوڑنا ۔

To fish the anchor : (جہاز رانی) لنگر کو جہاز کے بالائی کنارے تک کھینچ لینا ۔

To fish together : کسی شہتیر یا مستول کو لکڑی کے لمبے اور محدب ٹکڑے سے باندھ کر مضبوط کرنا ؛ مستول ٹھیک کرنا ۔

Fish : (v) (۱) (کفارہ مسیح کے معتقد کا) مسیح کی پیروی کےلئےلوگوں میں تبلیغ کرنا ؛ تبلیغ مسیحیت کرنا ۔ (۲) بنسی کی طرح کھینچنا ؛ مچھلی پکڑنے کی طرح کھینچنا ۔ (۳) بجلی کے تاروں کو ہُک لگا کر کھینچنا ۔

Fish able : (a) شکار ماہی کے لئے موزوں ۔

Fish back : (n) (جہاز رانی) لنگر اندازی کی چرخی کے ہُک میں لگا ہوا رسّا جو لنگر کو باندھنے یا مضبوط کرنے میں معاون ہوتا ہے ۔

Fish-backed : (a) پُشت ماہی کی طرح اُبھری ہوئی (سوجن) ۔

Fish ball : (n) مدوّر کیک ۔

Fish bar : (n) ریل کی پٹریوں یا دو چیزوں کو جوڑنے والا ٹکڑا ۔

Fish beam : (n) مرکب شہتیر جو دو شہتیروں کے درمیان لوھے کی پلیٹ دے کربنائی گئی ہو؛ ماہی تیر؛ محدب شہتیر ۔

Fish bed : (n) وہ تہ نشیں جس میں مچھلیوں کی متحجر باقیات ہوں ۔

Fish bellied : (a) مچھلی کے پیٹ کی طرح نیچے کی طرف خمیدہ ۔

Fish berry : (n) مچھلی مار دوا ۔

Fish block : (n) جہاز کے لنگر کی چرخی ۔

Fish blooded : (a) نر م دل ؛ نرم مزاج ؛ سرد مزاج ۔

Fish boat : (n) ماہی گیر کشتی ۔

Fish bolt : (n) فش پلیٹ یا پٹریوں کو کسنے والا بولٹ ۔

Fish -bone : (n) استخوان ماہی ؛ مچھلی کی ہڈی ۔

Fish-bone-thistle : (n) مچھلی کا کانٹا ۔

Fish-bowl : (n) زندہ مچھلیوں کے رکھنے کا پیالہ ۔

Fish cake : (n) مچھلی کا بنا ہوا کیک ۔

Fish-car : (n) زندہ مچھلیوں کو منتقل کرنے کےلئے ریل گاڑی ۔

Fish carver : (n) مچھلی کاٹنے کی چھری ؛ (جمع میں) مچھلی کاٹنے کی چھری اور کانٹا ۔

Fish-crow : (n) ایک قسم کا مچھلی کھانے والا ۔

Fish-culture : (n) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل ؛ ماہی پروری ؛ (حیوانیات) مچھلیوں کا بچاؤ یاتحفظ ۔

Fish-cultural : (a) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل سے متعلق ۔

Fish-culturist : (n) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل کا ماہر ۔

Fish -day : (n) (۱) (دینیات) ایک مخصوص دن جس میں گوشت کے بدلے صرف مچھلیاں کھائی جائیں ۔ (۲) (مسیحی) روزہ کا دن ۔

Fish davit : (n) لنگر اندازی کی کل ؛ لنگر اٹھانے اور کشتی کو معلق رکھنے کی کل ۔

Fish-eagle : (n) بحری عقاب (مچھلی کھانے والا) ۔

Fish-eater : (n) (۱) (خاص کر) مچھلی کھانےوالا ؛ ماہی خور ۔ (۲)(جمع میں)مچھلی کھانے کےلئےچھری کانٹا ۔

Fish fag : (n) ماہی فروش عورت ۔

Fish fall : (n) لنگر اندازی کی کل سے لٹکا ہوا جرثقیل ۔

Fish-farm : (n) مچھلیوں کے پالنے کی جگہ ۔

Fish-farmer : (n) مچھلی پالنے والا ۔

Fish farming : (n) مچھلی پالنا (خصوصاً تالاب میں) ۔

Fish-flour : (n) (۱) دیکھو Fish-meal ۔(۲) سوکھی مچھلی سے بناھوا یا پسا ہوا آٹا ۔

Fish front/-pannch : (n) (جہاز رانی) سخت لکڑی کا ایک لمبا ٹکڑا جوایک طرف محدب اور دوسری جانب مجوف ہوتا ہے اور جو مستول کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال ہوتاہے ۔

Fish-gaff : (n) وزنی مچھلی کو پکڑنے والابانس یا بلاّ جس کے سرے پر لوہے کا کانٹا یا ہُک لگا ہو ۔

Fish gig : (n) [var.of Fizgig.] خار دار ؛ نیزہء ماہی گیری ؛ ہارپون ؛ برچھی کی شکل کا خمدار کانٹا جس کی دو یا زیاہ شاخیں ہوتی ہیں اور جس سےبڑی مچھلیوں کا شکار کیاجاتا ہے ۔

Fish-globe : (n) (شیشے کی ہانڈی وغیرہ)جس میں gold-fish وغیرہ کو رکھا جاتا ہے ۔

Fish-glue : (n) ایک مفید نیم شفاف مادہ جو بعض قسم کی مچھلیوں میں سے نکلتاھے ؛ مچھلی سریش ؛ ایک قسم کی جلاٹین ۔

Fish-guano : (n) مچھلی کی کھاد ؛ مچھلیوں سے بنی ہوئی کھاد ۔

Fish-hawk : (n) بحری عقاب ؛ بحری باز ؛ بڑا شکاری پرند جو مچھلیاں پکڑتا ہے ۔

Fish-hook : (n) مچھلی پکڑنے کا کانٹا ؛ قلاب ماہی گیری ؛ بنسی؛ (جہازرانی) لنگر اندازی میں استعمال ہونےوالا آہنی ہُک یا کانٹا ؛ قلاب لنگر کش ۔

Fish joint : (n) پشت بندوں کے ذریعہ بنایا ہوا جوڑ ۔

Fish joint : (v) پشت بندوں کے ذریعہ جوڑ کو درست کرنا یا کسنا ۔

Fish-kettle : (n) بیضوی شکل کاماہی تاب ؛ ماہی تاب، مچھلیوں کواُبالنے کےلئےبیضاوی شکل کابرتن ۔

Fish -knife : (n) (چاندی وغیرہ کی بنی ہوئی) مچھلی کھانے کی چھری ؛ مچھلی چھری ؛ ٹیبل پر مچھلی تراشنے کےلئے چوڑے پھل کی چھری ۔

Fish ladder : (n) کسی بند یا آبشار پر مچھلیوں کو چڑھنے کےلئے بنے ہوئے زینوں کا سلسلہ ۔

Fish-liquor : (n) عرق ماہی ؛ ماہیاب ؛ وہ سیّال جس میں مچھلی اُبالی گئی ہو ؛ ماء الحوت ۔

Fish liver oil : (n) بعض مچھلیوں کے جگر سے نکالا ہوا چرب دار تیل خصوصاً مچھلی کا تیل کوڈ لیور آئل ۔

Fish-lock : (n) کسی بند یا آبشار پر مچھلی کو چڑھنے کےلئے کی گئی کوئی ترکیب ۔

Fish louse : (n) مچھلیوں کے جسم پر اور ان کے گلپھڑوں میں پائے جانے والے طفیلی قشری حیوان میں سے کوئی ایک ۔

Fish monger : (n) ماہی فروش ۔

Fish manure : (n) مچھلی کی کھاد ؛ مچھلیوں سے بنی ہوئی کھاد ۔

Fish-maw : (n) بڑی مچھلی کا فوطہ یا ہوا کی تھیلی ۔

Fish-meal : (n) کھانے کےلئے پسی ہوئی خشک مچھلی کا سفوف (جو جانوروں کے کھانے اور کھاد کے کام آتا ہے) ۔

Fish-oil : (n) مچھلیوں اور آبی جانوروں سے حاصل کیا ہوا تیل ؛ روغن ماہی ؛ مچھلی کا تیل ؛ خصوصاً کوڈلیور آئل یا وھیل آئل ۔

Fish out of water : ماہی بے آب ؛ مناسب ماحول میں نہ ہونا ۔

Fish-owl : (n) ایک قسم کا کالا والا ماہی گیر اُلّو جس کے پاؤں کھردرے ہوتے ہیں ۔

Fish-pass : (n) مچھلی پکڑنے یا اُن کی حفاظت کی غرض سے کسی دریا میں بنائی ہوئی باڑ یا بند ۔

Fish pearl : (n) جرمنی کا بنا ہوا ایک مصنوعی موتی ۔

Fish piece : (n) (۱) (جہازرانی) سخت لکڑی کا ایک لمبا ٹکڑا جو ایک طرف محدب اور دوسری جانب مجوف ہوتا ہے اور جو مستول کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔(۲) لکڑی لوہے وغیرہ کا چپٹا ٹکڑا جو ریل کی پٹری ، شہتیر وغیرہ کو جوڑنے یا مضبوط ومحفوظ بنانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ؛ فش پلیٹ ۔

Fish plate : (n) پشت بند ؛ جوڑتختی ؛ ریل کی پٹریوں کے سروں کو ملانے، ڈھکنے اور مضبوط کرنے کےلئے دونوں جانب لگا کر کسے ہوئے لوہے کے چپٹے ٹکڑوں میں سے ایک ؛ لوہے، لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا ؛ جو کسی شہتیر وغیرہ کے جوڑوں اور گرھوں پر شہتیر کو مضبوط کرنے کےلئے لگایا جاتا ہے ۔

Fish plating : (n) فش پیلٹ کے ذریعہ ریل کی پٹریوں کو جوڑنے کا عمل ۔

Fish-pomace : (n) تیل نکالنے کےبعد بچاھوا مچھلی کا فضلہ جو کھاد کے کام آتا ہے ۔

Fish -pool : (n) مچھلیوں کے پالنے کا تالاب ؛ ماہی حوض ۔

Fish-pond : (n) (۱) ماہی حوض ؛ مچھلیاں رکھنے کا حوض (نیز مزاحاً) سمندر ۔(۲) تاش کھیلنے کی میز میں بنا ہوا گوٹیاں رکھنے کا گڑھا ۔

Fish-pot : (n) مچھلی پکڑنے کا ٹوکرا ۔

Fish-room : (n) مقبوضہ جنگی جہاز میں علاحدہ کیا ہوا ایک مخصوص حصہ جونمک دی ہوئی مچھلیوں کو ترتیب سے رکھنے کےلئے استعمال کیا جاتا تھا ؛ماہی کمرہ ؛ ماہی خانہ ۔

Fish sauce : (n) مچھلیوں کے ساتھ کھائی جانےوالی چٹنی ۔

Fish-scale : (n) فلس ماہی ۔

Fish-scrap : (n) دیکھو Fish pomace

Fish seed : (n) (حیوانیات) تخم ماہی ۔

Fish-skin : (n) پوست ماہی ؛ مچھلی کا چمڑہ ؛ (طب) داء الحیہ ۔

Fish-skin disease : (n) ایک مرض جس میں جلد خشک اور سخت ہو جاتی ہے ۔

Fish skin grain : (n) پکائے ہوئے چمڑے کے دانے جو مچھلی کی کھال جیسے ہوتے ہیں ۔

Fish-slice : (n) (۱) مچھلی کاٹنے کی چھری ۔(۲) مچھلی پکانے کا کف گیر ۔

Fish-slide : (n) اُتھلی ندیوں اور چھوٹے آبشاروں میں استعمال کیا جانے والا جال ؛ مچھلی کا جال ۔

Fish-sound : (n) مچھلی کا پھُکنا ۔

Fish spoon : (n) (حیوانیات) تخم ماہی ؛ مچھلی کا انڈا ۔

Fish story : (n) ناقابل یقین قصہ ؛ من گھڑت کہانی ۔

Fish strainer : (n) (۱) دھات کی بنی ہوئی دستے دار چھلنی جو اُبالنے والے برتن سے مچھلی کو نکالنے کے لئے استعمال ہو ۔ (۲) مٹی کا بناہوا سوراخ دارتخت جو بر تن کے پیندے میں رکھا ہوتا ہے تاکہ پکی ہوئی مچھلی کا پانی چھن جائے ۔

Fish tackle : (n) جرثقیل ؛ رسّا چرخی ؛ وہ ساز وسامان جو لنگراندازی میں استعمال ہوتےہیں نیز بنسی (مچھلی پھنسانے کی) ؛ (جہازرانی)لوھے کا ہُک جو جرثقیل سےلگا ہو تا ہے ۔

Fish-tail : (n) مچھلی کی دُم خصوصاً توصیفی معنوں میں ماہی دم (شعلے وغیرہ کےلئے) ۔

Fish tail burner : (n) برنر جس سے ماہی دُم شکل کا شعلہ نکلے ؛ ماہی دُم مشعل ۔

Fish-tail wind : (n) وہ موسمی ھَوا جو مختلف سمتوں میں چلتی ہو ؛ بادِ پریشان ۔

Fish tongue : (n) ایک مچھلی نما آلہ جسے دندان ساز عقل داڑھ کو نکالنے کےلئے استعمال کرتے ہیں ۔

Fish-torpedo : (n) مچھلی کی آبدوز کشتی جس میں تیرنے والی خود کارمشین ہوتی ہے ؛ خود حرکی پنکھا ۔

Fish trowel : (n) مچھلی کاٹنے کی کرن نما چھری ۔

Fish way : (n) دیکھو Fish pass

Fish weir : (n) دیکھو Fish lock

Fish-wife : (n) ماہی فروش عورت ۔

Fish-wood : (n) (۱) ایک قسم کی لکڑی جو مچھلیوں کو مدھوش کرنے کےلئے استعمال کی جاتی ہے ۔
(۲) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Fish work : (n) (۱) مچھلیوں کی مصنوعی افزائش نسل میں استعمال ہونے والے آلات ، سازوسامان یا ترکیبیں ۔ (۲) وہ جگہ جہاں ماہی پرور محکموں کی پیداوار کا مصرف لیا جاتا ہے؛ ماہی گاہ ؛ فِش فیکٹری ۔

Fish worm : (n) مچھلی کا چارہ ؛ کیچوا ۔

Fish yard : (n) دیکھو Fish weir

Fisher : (n) [OE. fiscere.] (۱) ماہی گیر ؛ مچھوار ؛ مچھیارا ؛ مچھیرا ؛ ماہی پرور ۔ (۲) مچھلی خور ۔ (۳) مچھلی کا شکاری ؛ مچھلی کے شکار کی کشتی ۔ (٤)جانورجو مچھلی پکڑتا ہے خصوصاً شمالی امریکا کا نیولے کی قسم کا جانور جو اپنی سمور کےلئےمشہور ہےنیز اس کی سمور ۔(٥) (عوام) نوٹ خصوصاً ایک پونڈ کا ۔ (٦) توصیفی معنوں میں مثلاً ماہی گیر کشتی، ماہی گیر عورت وغیرہ ۔

Fisher of men : (n) بشر (متی کی انجیل) ۔

Fisheries Department : (n) محکمہء سمکیات ؛ محکمہء ماہی گیر ی ۔

Fisherman : (n) (۱) ماہی گیر ؛ مچھوار ؛ مچھیرا؛ مچھیارا ۔ (۲) مچھلی پکڑنے والاجانور ؛ ماہی خورہ ۔ (۳) ماہی گیر کشتی ۔

Fisherman's ring : (n) اسقف کی مسند نشینی کےلئے پوپ کی انگوٹھی جس میں مچھلی سے بھرا ہوا جال کھینچتے ہوئے سینٹ پیٹر کی تصویر ہے ۔

Fishery : (n) (۱) ماہی گیری یا دریائی پیدا وار کا بیوپاری یاپیشہ ۔(۲)حق ماہ گیری ؛ ماہی گاہ ؛ سمندر وغیرہ کاوہ حصہ جہاں مچھلیاں پکڑی جائیں ۔ (۳) تنظیم ماہی گیری ۔ (٤) توصیفی معنوں میں مثلاً ماہی گیری ؛ ماہی پروری کااسکول ۔

Common fishery : (n) سرکاری آبناؤں میں ماہی گیری کا عام حق ۔

Common of fishery : (n) دوسرے شخص کےپانی میں ماہی گیری کا حق ۔

Free fishery : (n) فرمان شاہی کے تحت سرکاری آبناؤں میں ماہی گیری کا مخصوص حق ۔

Several fishery : (n) زمینی ملکیت سے حاصل شدہ ماہی گیری کا خصوصی حق ۔

Fishful : (a) مچھلیوں سے بھرا ہوا ؛ پُر ماہی ۔

Fishity : (v) مچھلی میں تبدیل کرنا ۔

Fishily : (adv.) (۱) مچھلیوں سے بھرا ہوکر ؛ مچھلی کی سی بو یامزے والی شے کی طرح ؛ ماہی صفت طور پر ۔ (۲) اشتباہ ؛ بے حسی ؛ بے کیفی ؛ سپاٹ پن ۔

Fishing : (n) (۱) ماہی گیری ؛ فن ماہی گیری ؛ پیشہ ٔ ماہی گیری ۔ (۲) ماہی گاہ ؛ مچھلی پکڑنے کی جگہ؛ مخصوص آبناؤں میں ماہی گیری کاحق، حق ماہی گیری۔

Fishing : (n) مضبوط لکڑیوں سے مستول کو سہارا دینا ؛ لکڑی، لوھے وغیرہ کے چپٹے ٹکڑے سے شہتیروں یاریل کی پٹریوں کے سروں کو جوڑنا ۔

Fishing : (n) (۱) ماہی گیر ؛ ماہی گیرہ ؛ مچھلیاں پکڑنے والا ۔ (۲) براہ راست حاصل نہ ہوسکنے والی استنباطی اطلاعات کےمطابق ترجیح دیا ہوا (الزام ، تفتیش وغیرہ) ۔

Fishing bank : (n) سمندر کی وہ سطح مرتفع جہاں سمندر نسبتاً کم گہرا ہوتاھے وہاں مچھلیاں جھنڈ کی صورت میں مسلسل جمع ہوتی رہتی ہیں ۔

Fishing cat : (n) جنوب مشرقی ایشیائی دلدلی زمینوں میں گھر بناکر رہنے والی چتکبری جنگلی بلّی جو خاص طور پر مچھلیاں ، گھونگے وغیرہ کھاتی ھے۔

Fishing duck : (n) غوطہ مارنے اور مچھلی کھانے والی بط ۔

Fishing float : (n) (امریکا) بڑے جال کے ذریعہ ماہی گیری میں استعمال ہونےوالی چپٹے پیندے کی ایک کشتی جس کے سہارے دریا کی گہرائی میں اویزے لگادیئے جاتے ہیں تاکہ جال پانی میں سیدھا کھڑا رھے ۔

Fishing frog : (n) ایک قسم کی انگریزی مچھلی جو چھوٹی مچھلی کاشکارکرتی ھے، اُس کے سر اورمنہ پر ریشے سے ہوتے ہیں اوراُنہیں دیکھ کر چھوٹی مچھلیاں اُس کی طرف آتی ہیں ؛ شکاری مچھلی ۔

Fishing ground : (n) کسی آبنائے کا وہ مقام یا علاقہ جہاں مچھلیاں جمع ہوا کرتی ہیں اور ماہی گیری بہتر ہوتی ھے ۔

Fishing in troubled waters : شروفساد سےفائدہ اُٹھانا ؛ کسی کا گھر جلے کوئی ہاتھ تاپے ۔

Fishing out : (n) شکارکرکےتالاب مچھلیوں سےخالی کردینا ۔

Fishing pole : (n) ایک لمبی پتلی مخروطی چھڑ جس سے مچھلی کے کانٹے کی ڈور بندھی ہوتی ھے (ماہی گیری کےلئے) ؛ مچھلی پھنسانے کی چھڑ بنسی ؛ بنسی ۔

Fishing rights : (n) حقوق ماہی گیری ۔

Fishing rod : (n) دیکھو Fishing pole

Fishing room : (n) کنار دریا یا ساحل سمندر کا وہ حصہ جسے مچھلیاں سکھانے یارکھنے کےلئے علاحدہ کر لیا گیا ہو ۔

Fishing the anchor : (n) نوک لنگر کو جہاز کے بالائی کنارے تک لانا ۔

Fishing tube : (n) (خرد بینی) ایک کھلے سرے والی شیشے کی نلی جو سیال چیزوں میں کسی خرد بینی شے کو چھاٹنےیا منتخب کرنے میں استعمال ہوتی ھے ۔

Fishing wand : (n) دیکھو Fishing rod

Fishing worm : (n) ایک زمینی کیڑا جو چارے کے طورپر استعمال ہو ۔

Fishlet : (n) چھوٹی مچھلی ۔

Fishy : (a) (۱) مچھلی بھرا ؛ پُرماہی ؛ مچھلیوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) مچھلی کی سی بو یا مزے والی چیز ۔ (۳) مچھلی کا ۔ (٤) (سوقیانہ) مشتبہ ؛ ناقابل اعتبار ؛ دھندلا ۔ (٥) ماہی صفت ؛ ماہی نما ؛ مچھلی جیسا ۔ (٦) کھوکھلی ؛ کند ؛ سپاٹ (آنکھ) ۔ (۷) مچھلی سے خارج ہونے والا ؛ مچھلی سےنکلنے والا ؛ مچھلی سے پیدا شدہ ۔ (۸) مچھلی کا حامل ؛ مچھلی والا ؛ مچھلی دار ۔ (۹) مچھلیوں جیسی آنکھوں والا ؛ ماہی چشم ۔ (۱۰) مریل ؛ بے جان ؛ بے حس ؛ بے کیف ۔ (۱۱) بیجو ؛ بیچ بھرا ؛ بجالا ۔

A fishy repast : مچھلی کا کھانا ۔

Fishy eye : (n) ایسی آنکھ یا نظر جس سے کسی جذبے کا اظہار نہ ہو ۔

Fisk : دیکھو Fisc

Fissi-/Fisso- : [L.'fissus.'] جزو ترکیبی ؛ شق ہونے کے مفہوم میں ۔

Fissi rostres : (n) (سابقہ تقسیم کے لحاظ سے) پرندوں کی ایک قسم جس کی چونچ گہرے طور پر شق ہوتی ہے ۔

Fissidactyl : پنجہء شگافیہ ۔

Fissigemmation : (n) انشقاق خلیہ اور کونپل پھوٹنے کے مابین کا طرز تولید ۔

Fissile : (a)[L.'fissilis.'] شق ہوجانے والا (پتھر، دھات یا لکڑی) ، قابل انشقاق ؛ مائل بہ انشقاق ؛ پھٹ جانےیا شق ہوجانے کے لائق ؛ انشقاق پذیر ؛ شق پذیر ۔

Fissilingual : (a) [L.'fingua.'] (۱) پھٹی ہوئی زبان والا ؛ جس کی زبان شق ہو ۔ (۲) رینگنے والی سائریائی جانوروں کی ایک ضمنی نسل (جس کی زبان شق ہوتی ہے) ۔

Fissility : (n) شق ہونے کی صلاحیت یا صفت ؛ انشقاقیت ۔

Fission : (n) [L.'fissionem.'] (حیاتیات) خلیے کا بغرض تولید کئی خلیوں میں تقسیم ہوجانا ؛ انشقاق خلیہ ؛ (فلسفہ ، نفسیات وغیرہ) انشقاق خلیہ ؛ انقسام ؛ انشقاق ؛ شق ہونے یا ٹکڑے ہونے کا عمل ؛ شکست ؛ شکست وریخت ؛ شگافتگی ؛ شگاف ؛ شگافتن ؛ (کیمیا) (ایٹم کا) ٹوٹنا ؛ (حیوانیات) پارگی ۔

Binary fission : (n) دگانہ ثوث ؛ (حیوانیات) دو پارگی ۔

Fission bomb : (n) ایٹم بم ۔

Fission product : (n) (کیمیا) ثوث کا ماحصل ۔

Fission fungi : (n) جراثیم ۔

Fission product : (n) انشقاقی حاصل ۔

Fissionable : (a) قابل انشقاق ؛ شق ہونے کےلائق ؛ شگافتنی؛ (کیمیا) ثوث سکنے والا ۔

Fissionable : (n) انشقاقی مادہ ۔

Fissional : (a) انشقاقی ؛ انقسامی ؛ شگافی ؛ شق ہونے یا ٹوٹنے سےمتعلق ۔

Fissipalmate : (a) جزوی طورپر جھلی دارپیروں والا ؛جزوی طورپرجڑے ہوئےپیروں والا؛ نیم کف نما ۔

Fissipalmation : (n) نیم کف نما ہونا ؛ جزوی طورپر ؛ جڑے ہوئے پیروں والا ہونا ۔

Fissiparity : (n) انشقاقیت ؛ انقسامیت ۔

Fissiparous : (a) [Fissi+L.'parere.'] انقسامی ؛ شق ہوکرننی چیزیں پیدا کرنے والا ؛ انشقاقی تولید سے متعلق ؛ انشقاق خلیہ کے ذریعہ ہونے والے تولیدی عمل سے متعلق ؛ شق تولیدی ۔

Fissiparourly : (adv.) انشقاقی طورپر ؛ بہ طریق انقسام شق ہوکر نئی چیزیں پیدا کرنے والےانداز میں ۔

Fissiparousness : (n) شق ہو کرنئی چیزیں پیدا کرنا ؛ انشقاق خلیہ کے ذریعہ تولید ؛ انشقاقیت ۔

Fissipation/Fissiparism : (n) انشقاقی عمل تولید ؛ شق ہوکر پیدا کرنے کا عمل ۔

Fissiped/Fissipede : (n) [L.'fissipedem.'] پھٹے ہوئے کھُر والا جانور ؛ سم شگافتہ جانور ۔

Fissiped/Fissipede : (a) جدا پنجوں والا ؛ پھٹے ہوئے کھُروالا ؛ پنجہء شگافتہ ؛ سم شگافتہ ؛ (جمع) سم شگافتگاں ؛ شگافتہ پا ۔

Fissipeda : (n) گوشت خور جانوروں کی ذیلی نسل مثلاً بلّی ، کتّے، ریچھ وغیرہ ۔

Fissipedal/Fisipedate : (a) دیکھو Fissiped ' (a)

Fissirostral : (a)[L.'fostrum.'] دور تک پھٹی ہوئی چونچ یا تھوتھنی والا ؛ گہرے طورپر شق چونچ یا تھوتھنی والا ؛ اس قسم کے جانوروں کا یا اُس سےمتعلق ۔

Fissive : (a) شگافی ؛ انقسامی ؛ انشقا ق سے متعلق ؛ انشقاقی نوعیت کا ؛ شق ہوجانے والا ؛ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجانےوالا ۔

Fissle/Fistle : (v) (اسکاتستانی)سرسراہٹ کی آوازپیداکرنا؛ سرسرانا ؛ پھڑپھڑانا ؛ مضطرب ہونا ؛ بےچین ہونا ۔

Fissle : (n) سنسناہٹ ؛ پھڑ پھڑاہٹ ؛ اضطراب ؛ بےچینی ۔

Fissural : (a) درز سے متعلق ؛ شگاف سےمتعلق ؛ درز کا ؛ مائل بہ انشقاق ۔

Fissuration : (n)[See'fissure.'] (۱) درازیا شگاف پڑنے کاعمل ؛ شگاف شق ہونے کا عمل ؛ انشقاق ؛ شگافتگی ؛ شگاف خوردگی ؛ شق ؛ شگاف خوردہ ؛ چاك ۔ (۲) (حیاتیات) تولید کےلئے خلیہ کا کئی خلیوں میں تقسم ہوجانا ؛ انشقاق خلیہ ۔

Fissure : (n) [L.'fissura.'] (۱) شق؛ درز ؛ چاك ؛ (جو کسی چیز کو چیر یا پھاڑ کر یا اُس کے ٹکڑوں کو الگ کر کے پیدا کیا جائے) ۔ (۲) (نباتیات، تشریح) عضو کی باریك اورتنگ سی درز خاص کر دماغ کے پرزوں کا درمیانی نشیب ۔(۳) درز ؛ چاك ؛ دراڑ ۔ (٤) (مرضیات) زخم یا ضرب کےباعث پیدا شدہ شگاف نیز ہڈی کی نامکمل شکستگی (ٹکڑوں کی علاحدگی کے بغیر) ؛ کسی چیز کےپھٹ کر نکلنے سے پیدا شدہ تنگ شگاف یا رخنہ نیز استعارتاً ، اختلاف، نقض ؛ خلاف ورزی ؛ قطع تعلق؛ ان بن؛ ترك مراسم ۔ (٥) (نقابت) بائیں طرف جھکا ہوامختصر سا نشان ؛ بائیں رخ کا جو ڈھال کی بائیں طرف ہو ۔(٦) درازیا شگاف پڑنے کا عمل؛ شگافتگی؛ انشقاق ؛ چاك ؛ شق ۔(۷) گہری نااتفاقی جو انتشار کا سبب ہو ؛ (کیمیا) درز ۔

Anal fissure : (طب) شقاق مبرز ۔

Fissure : (v) چاك کرنا؛ چیرنا پھاڑنا ؛ الگ کرنا ؛ شق کرنا ؛ چرنا؛ پھٹنا ؛ شق ہونا ؛ الگ الگ ہوجانا ؛ شگاف پیدا کرنا ؛ درز بنانا ؛ درز یا کمزور جگہ سے ٹوٹنا ؛ پھٹ جانا؛ پھٹنا ؛ شگاف پڑنا ؛ درز ہوجانا ؛ چاك ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ۔

Fissure-needle : (n) دہان زخم کو ملاکرپکڑنے کےلئے ایك چکر یا خمیدہ سوئی ؛ سوزن زخم ۔

Fissure of rolando : (n) دماغ کا مرکزی جوف جو سامنے والے حصے کو اطراف کے حصوں سے الگ کرتا ہے ۔

Fissure of sylvius : (n) ہر ایك دماغی نصف کرہ کے بغلی پہلو کی گہری درز جو صدفی حصے کو طرفی اور سامنے والے حصے سے جدا کرتا ہے ۔

Fissure-vein : (n زمین کی پرت میں معدنیات سے پر کوئی شگاف یا درز ۔

Fissured : (a) مشقوق ؛ شق کیا ہوا ۔

Fissureless : (a) بے درز ؛ بے شگاف ۔

Fissurella : (n) [L.] آبی شکم پایوں کی ایك جنس ۔

Fist : (n) [OE.'fyst.'] (۱) مُکا ؛ گھونسا ۔(۲) (مزاحا) دست ؛ ہاتھ ؛ مشت ۔(۲) خط ؛ تحریر ؛ ہینڈ رائٹنگ ؛ لکھاوٹ ؛ دست خط ؛ دست نوشتہ ۔(٤) دست (چپو وغیرہ) ۔(٥) (مطبع خانوں کی بول چال) ایك اشاری نشان ؛ انڈکس مارك ۔(٦) کوشش ؛ سعی ؛ کام ۔ (۷) (روزمرہ) چھوٹا موٹا کام ؛ پھٹکل کام ۔

I know his fist : میں اس کا خط پہچانتا ہوں ۔

Writes a good fist : اسکا خط اچھا ہے ۔

Fist : (v) (۱) مکا مارنا ؛ گھونسا رسید کرنا ۔(۲) ہاتھ کی مضبوط گرفت میں لےلینا ؛ ہاتھ سے پکڑنا ؛ ہاتھ لگانا ؛ انجام دینا ؛ (بحری) (دست چپو وغیرہ)۔

Fist-cods : (n) مذبح خانہ کا وہ لڑکا جو جانوروں کی کھال اتارتاھے ۔

Fist fight : (n) مُکوں کی لڑائی ؛ مکا بازی ۔

Fist-hatchet/-ax : (n) ماقبل تاریخ ایك قسم کی سنگی کلہاڑی جس کا ایك سرا نوکدار اور دوسرا سرا گول ہوتا تھا ۔

Fisted : (a) ہاتھوں والا ؛ مکوں والا ؛ گھونسوں والا ؛ پنجہ دار ؛ پنجوں والا ؛ پنجوں کی گرفت میں ۔

Fistful : (n) مٹھی بھر چیز ؛ بھر مٹھی؛ یکمشت ۔

Fistiana : (n) (مزاحاً) گھونسا بازی سے متعلق باتیں یا معاملات ۔

Fistic : (a) (بازاری) مکابازی کا ؛ مکا بازی سے متعلق ؛ مباحثہ پسندانہ ۔

Fisticuff/Fistycuff : (n) (جمع) مکوں یا گھونسوں کی مار ؛ مکوں کی لڑائی ؛ دست بدست لڑائی ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fisticuff : (v) گھونسا مارنا ؛ مکّے مارنا ؛ طمانچہ مارنا (نیز مجازاً) ؛ مُکے سےلڑنا ؛ دست بدست لڑنا؛ مکے چلانا ؛ گھونسے چلانا ؛ تو تو میں میں کرنا ؛ جھگڑنا ۔

Fisticuffer : (n) بوکسر ؛ مکے باز ۔

Fisticuffs : (n) (مزاحاً) گھونسے ماری ؛ مکابازی ۔

Fistuca : (n) (انجینیرنگ) تھم ٹھوک ۔

Fistula : (n) [L.] (۱) نالی دار زخم ؛ گھاؤ ؛ ناسور ؛ نواسیر ؛ (۲) وھیل مچھلی اور حشرات الارض کی نالی جو ناک اور دماغ وغیرہ کو ملاتی ھے ۔ (۳) (کلیسا) وہ نلی جس کے ذریعہ پہلے زمانے میں عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ھونےوالوں تک بھینٹ چڑھائی ھوئی شراب پہنچائی جاتی تھی یہ نلی اب صرف پوپ کے ذریعہ استعمال کی جاتی ھے ۔ (٤) (موسیقی) قدیم رومیوں کی بانسری ؛ (حیوانیات) نالی یا نلی ۔

Gastric fistula : (طب) ناسور معدی ۔

Fistula in ano : (n) (طب) ناسور مبرزی ؛ بھگندر ۔

Fistular : (a) (۱) (نباتیات) نالی نما ؛ کھوکھلا یااستوانہ نما (کسی نلی یانے کی طرح)ناسور نما ؛ ناسوری ؛ ناسور جیسا یا اس سے متعلق ۔

Fistularioid : (a) ایک قسم کی نلی دار منہ والی سمندری مچھلی سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

Fistularioid : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Fistulatomy : (n) ناسور تراشی ۔

Fistulectomy : (n) (جراحی) ناسور براری ۔

Fistuliform : (n) نلی یا نے کی شکل ؛ نے نما؛ نلی نما ۔

Fistulous/Fistulose : (a) (طب) ناسوری ؛ نالی دار ؛ نالی دار زخم کا ؛ نالی نما ؛ کھوکھلا یا استوانہ نما ؛ ناسور جیسا یا اس سے متعلق ۔

Fit/fytte : (n) [OE.'fitt.'] (متروک) کسی نظم یا گیت کا ٹکڑا یا بند ؛ نظم کا ایک بند ؛ نظم کا باب یا فصل ؛ موسیقی کی تان ؛ پانچ متوازی خطوط جس میں سے ایک پر یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کےلئے نشان لگا دیا جائے ۔

Fit : (n) (۱) دورہ (بیماری کا) خصوصاً مرگی، فالج، غشی وغیرہ کا ؛ بےھوشی ؛ تشنج ۔ (۲) کسی حالت یاکیفت کا اچانک اور عارضی غلبہ ؛ حال ؛ حالت ؛ حملہ ؛ نوبت ؛ قلق ؛ ہیجان ۔ (۳) لہر ؛ موج ؛ قلبی یا دماغی ؛ کیفت ؛ (نفسیات) لہر ؛ موج ۔ (٤) (بول چال) ذراسی دیر ؛ تھوڑی سی دیر ؛ وقفہ ؛ قلیل وقفہ ۔ (٥) ہنسی، غصے وغیرہ کی شدید زیادتی ؛ (کیمیا) موزوں ۔

By fits (and starts) : دوروں کی طرح سے ؛ وقفے سے ؛ غیر مسلسل طورپر ۔

Fit : (n) (۱) درست کرنے یا ھونے کا عمل ؛ فٹ کرنا یا ھونا ۔ (۲) کسی چیز کا کسی چیز میں ٹھیک بیٹھنا ؛ دونوں میں مطابقت ھونا (مثلاً لباس کا جسم پر درست ھونا) ؛ ٹھیک اور درست سلا ھوا لباس ۔ (۳) (صابن سازی) پگھلے ھوئے صابن کی وہ حالت جب وہ دو پرتوں میں بٹ جاتا ھے اور جس کی اوپری پرت نچلی کی بہ نسبت زیادہ خالص ھوتی ھے ۔

As fit as a fiddle : چاق وچوبند ؛ تندرست ۔

It is fit, that : منا سب ۔

Not fit to hold a candle to : اس کی جوتیاں سیدھی کرنے کے بھی قابل نہیں ہیں ۔

Survival of the fit fest : بقائے اصلح ۔

The cap fits : مناسب ھونا یا معلوم ھونا ؛ جوبات کہی گئی وہ مناسب ھو یا مناسب محسوس ھوتی ھو ؛ کسی شخص کا محسوس کرنا کہ بات اُس پرصادق آتی ھے ؛ کسی بات کا کسی پرچھاجانا؛ پھب جانا ؛ (محاورہ) پانی مرتا ھے۔

To beat into fits : (روز مرہ) مار مار کر بےھوش کردینا ؛ ادھ مرا کر کے چھوڑنا ؛ زیر کردینا ؛ پوری شکست دینا ۔

To give (a person) fits : شرمناک شکست دینا ؛ نیچا کردکھانا ؛ نیز سختی سے ڈانٹنا ؛ سخت سرزنش کرنا ؛ سخت تنبیہ کرنا ۔

To give one a fit : حیران کردینا ؛ گھبرادینا ؛ برہم کرنا ۔

To think, see fit : مناسب خیال کرنا ؛ درست سمجھنا ۔

Fit : (a) (۱) ٹھیک ؛ موافق ؛ درست ؛ مناسب ؛ چسپاں ۔ (۲) موزوں ؛ سزاوار ؛ شایان ؛ زیبا ؛ معقول ؛ صحیح ؛ مقتضی ۔ (۳) اہل، لائق (کسی کا م کے) ذی صلاحیت ؛ صالح ۔ (٤) موزوں ؛ قابل ؛ لائق ؛

Fit : (n) Foot کا اسکاٹستانی متبادل ۔

Fit goodness : (n) (شماریات) موافقت کی بہتری ۔

Fit loosely : (n) ڈھیلا بیٹھنا ۔

Fit out : (n) لوازمات ؛ سازوسامان ۔

Fit-rod : (n) جہاز سازی میں استعمال ہونے والی لوہے کی ایک چھوٹی چھڑی جس کے سرے پر ایک ہُک لگا ہوتا ہےتاکہ تختوں میں کسے جانے والےبولٹ یا کیلوں کی لمبائی متعین کی جاسکے ۔

Fit tightly : (n) چُست بیٹھنا ۔

س

Fit to be tied : انتہائی غضب ناک ؛ انتہائی طیش میں سخت بر افروختہ ؛ غصہ سے بھڑک اُٹھنےوالا ؛ قہر آلود ؛ آپے سے باہر ہونے کے قریب ۔

Fit to hold a candle to : اس کی ماتحتی کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ خدمت گاری کےلئے مناسب ۔

Fit to kill : (n) مارنے پر تُلا ہوا ؛ نہایت برافروختہ ۔

Fitch : (n) [Var. of vetch.] (عامیانہ) ویچ : ایک قسم کا پھلی دار پوداجو خودرو بھی اور کاشت بھی کیا جاتا ہے؛ عموماً چارے کے طور پراستعمال ہوتا ہے؛ نیز اس پودے کا بیج ۔

Fitch : (n) [med. Du.visse, fisse.] (۱) نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سے بدبو آتی ہے ۔(۲) اس جانور کے بال یا سمور ۔ (۳) اس جانور کے بالوں کا بنا ہوا برش ؛ نیز چھوٹی نسل کے سور کےبالوں سے بنا ہوا برش ؛ (حیوانیات) جنگلی بلّی ؛ (تصویر کشی) مو قلم ۔

Fitch : (v) [Origin doubtful.] (۱) (برطانوی بول چال میں) مضطرب پھرنا ؛ گڑبڑ کرنا ۔ (۲) بے چین ، بےکل ، مضطرب ہونا؛ گھبرادینا ؛ بیزار کرنا ۔

Fitche/Fitchy/-ee/Fitched : (n)[F.'fiche,'fichee.'] (نقابت) نصب ؛ ایک ایسے صلیبی نشان یا صلیب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جس کا نچلا سرا تیز اور نوکیلا ہوتا ہے ۔

Fitchet/-weasel : (n) (۱) نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سے بد بو آتی ہے ۔(۲) اس جانور کا بال ۔ (۳) (غلط العام) نیولا ؛ راسو (روزمرہ) (حیوانیات) جنگلی بلّی ۔

درست ؛ درخوار ۔(۵) عیش میں ، سخت برافروختہ ؛ آپے سے باہر ؛ سخت تھکا ہارا ؛ غضبناک ۔(٦) کسی صورت حال یا مقدمے کے حالات سے ملتا ہوا؛ حسب مطلب ؛ حسب مراد؛ خاطر خواہ ؛ مناسب ؛ درست ؛ شائستہ ۔ (۷) مناسب حالت میں ؛ تیار ؛ مستعد ؛ آمادہ ۔(۸) مائل ؛ راغب ؛ شائق (بول چال) ۔ (۹) ہوشیار؛ زیرک ؛ چوکس؛ مصلحت اندیش ؛ محتاط ؛ دانا ۔ (۱۰) (کھیل کود) اچھی حالت میں ؛ درست حالت میں (بول چال) بالکل درست ۔ (۱۱) ذہنی اور جسمانی طورپر صحت مند؛ تندرست ۔ (۱۲) (Quasi Adv) مناسب یا موزوں طور پر ؛ درستگی سے ۔

Fit : (v) (۱) مناسب ؛ موافق یا موزوں ہونا ؛ ٹھیک آنا ؛ ٹھیک بیٹھنا (لباس وغیرہ کا) ۔ (۲) چسپاں ہونا ؛ موزوں یا لائق بنانا (کسی شے کےلئے) ؛ تیار کرنا (کسی کا م یا شے کےلئے) ۔ (٤) اہل بنانا ؛ لائق بنانا ؛ قابل کرنا ۔(٥) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ مناسب اور حسب خواہ چیزیں فراہم کرنا یا مہیا کرنا ؛ فراہم کرنا ۔(٦) ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ مناسب کرنا؛ مطابق کرنا؛ فٹ کرنا ؛ موافق کرنا ؛ تیار کرنا۔(۷) مناسب یا درست کرنے کےلئے ترتیب دینا ۔(۸) نصب کرنا ؛ سمانا ؛ بم آہنگ کرنا ؛ ٹھیک ٹھیک داخل کرنا ؛ ٹھونسنا یا لگانا ۔ (۹) (صابن سازی) پگھلے ہوئےصابن کو ایسی حالت میں لانا تاکہ وہ دو پرتوں میں تقسیم ہوجائے (جس کی بالائی پرت نچلی پرت سے نسبتاً زیادہ خالص ہوتی ہے) ۔ (۱۰) کسی چیز کی مطلوبہ تفصیلات متعین کرنا ؛ پیمائش کرنا ؛ ناپنا ؛ تولنا ۔(۱۱) (آسٹریلیا) مناسب جرمانہ کرنا ؛ سزا دینا ۔(۱۲) اہتمام کرنا ؛ تیار کرنا ۔

To fit on : (کپڑا وغیرہ) پہن کر دیکھنا کہ ٹھیک آتا ہے یا نہیں ۔

To fit out : (جہاز رانی) سازوسامان مہیا کرنا ؛ لیس کرنا؛ کیل کانٹا درست کرنا؛ سازوسامان درست کر کے سمندر کے سفر کےلئے تیار کرنا یا ہونا ۔

To fit the cap on : آواز کسنا ؛ پھبتی کسنا ؛ کسی کو لگتی ہوئی بات کہنا ۔

To fit to a T : ٹھیک بیٹھنا ؛ بالکل مناسب ہونا ؛ درست آنا ؛ عین مطابق ہونا ۔

To fit up : ضروری سازوسامان مہیا کرنا ؛ ضروری چیزیں فراہم کرنا ۔

Fitchew : (n) [OF.'fissel.'] (۱) جنگلی بلی ؛ کھیکھر ؛ بن بلاؤ یا بلی ؛ گربہ قطبی ؛ راسو ؛ ضربان ؛ نیولے کی قسم کا ایک یوروپی جانور جس سےبد بو آتی ہے ۔(۲) اس جانور کا بال ۔

Fitchy : (a) دیکھو Fitche

Fite : White کا اسکاتستانی متبادل ۔

Fitful : (a) (۱) دوری ؛ وقفے یا ناغے سے ؛ تھم تھم کے ؛ گنڈے دار ۔(۲) متلون ؛ موجی ؛ تشنجی ؛ دفعتاً جوش سے آنے اور ختم ہوجانے والا ۔

Fitfully : (adv.) وقفے سے ؛ ناغے سے ؛ تلون سے ۔

Fitfulness : (n) تلون ؛ لہر ؛ موج ؛ دور ے کی حالت ۔

Fitly : (adv.) مناسب یا موزوں طورپر ؛ صحیح طورپر ؛ درست طورپر ؛ موافقانہ ؛ خوش اسلوبی سے ؛ شائستگی سے ۔

Fitment : (n) فرنیچیر کی کوئی چیز (عموماً جمع میں) سازوسامان ؛ فرنیچر ۔

Fitness : (a) موزونیت ؛ صلاحیت ؛ قابلیت ؛ مناسبت ؛ اہلیت ؛ لیاقت ؛ زیبندگی ؛ شائستگی ؛ آراستگی ؛ درستگی ۔

The (eternal) fitness of things : چیزوں کی فطری ماہیت میں مناسبت یا موافقت کا رشتہ ؛ کلارک کے نظریہء اخلاق سےمنسوب اٹھارھویں صدی کا ایک محاورہ ؛ مناسب ؛ موزوں یا درست ؛ منطبق ؛ چسپاں ؛ صحیح ؛ ٹھیک ۔

Fitness certificate : (n) (انتظامیہ) سند صحت ۔

Fitted : (a) درست کیا ہوا؛ ٹھیک کیا ہوا؛ مناسب ؛ موزوں ؛ مطابق بنایا ہوا ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ قابل ؛ لائق ۔

Fittedness : (n) موزونیت ؛ درستگی ؛ مطابقت ؛ قابلیت ؛ لیاقت ؛ مناسبت ۔

Fitter : (n) مناسب ؛ موزوں کرنے یا ٹھیک ٹھیک بٹھانے والا ؛ فِٹ کرنے والا ؛ فِٹر ؛ جو چیز موزوں ، چست یا ٹھیک ٹھیک بیٹھے ۔

Fitter : (n) [Origin unknown.] (مقامی) کوئلہ کا دلال ؛ کوئلہ فروش ؛ کوئلہ بیچنے اور لادنے والا دلال ۔

Fitters : (n) (بول چال) ٹکڑے ؛ پارچے ؛ حصے پرزے ۔

Fitting : (n) (۱) مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست کرنے یا بٹھانے کا عمل ۔(۲) درستگی میں استعمال ہونے والی چیزیں ؛ فٹ کرنے یا کی جانے والی چیزیں ۔(۳) (عموماً جمع میں) سازوسامانی ؛ لوازمات؛ سامان ؛ تنصیبات ؛ فرنیچر ۔(٤) (میکانیات ، انجینیئرنگ) فٹنگ ؛ انجن ؛ مشین وغیرہ کے پرزوں کو مناسب طورپر فٹ کرنا ۔

Fitting : (a) موزوں ؛ درست ؛ مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست آنے والا ؛ ٹھیک بیٹھنے والا ؛ فِٹ ہو جانے والا ۔

Fitting of curve : (n) شماریات) منحنی موافق کرنا ۔

Fitting shop: (n) (انجینیئرنگ) کارخانہ جہاں مختلف پرزے جوڑے جاتے ہیں ۔

Fittingly : (adv.) مناسب طورپر ؛ٹھیک ٹھیک ؛ درستگی سے ۔

Fittingness : (n) مناسبت ؛ درستگی ؛ موزونیت ۔

Fittings : (n) (انجینیئرنگ) لازمات ؛ پرزے ؛ سازوسامان ۔

Fitz : (n) [L.'filius.'] پسر زادہ ؛ اینگلو فرنچ لفظ بمعنی بیٹھنا ؛ جدی یا آبائی لقب کے طورپر مستعمل ہے (Fitz william ؛ Fitzher bert وغیرہ) اور جو عرفی نام کے طورپر باقی رہتا ہے ؛ زمانہ مابعد میں شہزادوں کی ناجائز اولاد کو اسی قسم کے عرفی نام دیئے جاتے تھے ۔ میکالے نے اس لفظ کو اینگلو نارمن نسل کے آئرستانیوں کےلقب کے طور پر استعمال کیا ہے ۔

Fiumara : [It.] سیل کوہ ؛ پہاڑی ندی ؛ سیل کہسار ؛ نیز اس کی چھوڑی ہوئی خشک تلیٹی ؛ بستر خشک سیل ؛ (جغرافیہ) تیز دھارا ؛ تیز ندی ۔

Five : (a) [OE.'fif.'] (۱) پانچ ۔(۲) چارکےبعد کا بنیادی عدد؛ ۵ کی علامت ۔(۳) پانچ چیزوں کا ایک مجموعہ؛ پنجہ ؛ خمسہ ۔(٤) پانچ کی تعداد ۔

Five : (n) (۱) تاش کا پتّا؛ شطرنج وغیرہ کا مہرہ جس پر پانچ کا نشان ہو ؛ پنجہ ۔(۲) (جمع)پانچوں انگلیاں ۔(۳) پانچ نمبر کا دستانہ ؛ جوتا پانچ نمبر کےناپ کا۔(٤) (مخفف) پانچ پونڈ کا نوٹ؛ پانچ فی صدی ۔

Bunch of fives : ہاتھ؛ دست ۔

The five senses wits : حواس خمسہ؛ پانچوں حسیں ۔

Five-acre : (n) قطعہ زمین جس کا رقبہ پانچ ایکڑ ہو ؛ پانچ ایکڑ ۔

Five-finger : (n) (۱) پودے کی ایک قسم ۔(۲) پنجہء انگشت ۔ (۳) پنج برگ ۔(٤) گاؤ زبان ۔ (٥) ایک قسم کی مچھلی؛ ستارہ ماہی کی قسم ؛ (نباتیات) پنج برگ ؛ (حیوانیات) پنجہء مریم؛ ستارہء بحری ۔

Five-finger exercise : (n) پیانو پر سب انگلیوں کی مشق ؛ پیانو بجانے کےلئے انگلیوں کے مشق کرنے کا ایک باجا ۔

Five finger grass : (n) پنج برگ ؛ پنج پتیا ۔

Five fold : (a) (۱) پنج گنا ؛ پنج گنا ؛ پنج برابر ؛ پنجگانہ ۔ (۲) پانچ پانچ پر مشتمل ؛ کل ملا کر پانچ ؛ خمسہ ۔ (۳) پانچ حصوں والا؛ پنج کوٹیا ؛ پنج پہلو ؛ پنج رخا ۔

Five-fold : (adv.) پانچ کے تناسب میں ؛ پنج گنے تناسب میں ۔

Five-leaf : (n) (نباتیات) پنج برگ ؛ پنج برگہ ؛ پنج پتیا ؛ پچپتیا ؛ پنج مرغولی ۔

Five-lined : (a) پنج خطی ؛ پانچ لکیروں والا ؛ خصوصاً پارلیمنٹ کے انتہائی ضروری احکام یا اطلاع ناموں کا(جن پر پانچ خطوط کھینچے ہوتے ہیں)۔

Five-line(d) whip : (n) (متروک) پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کا ضروری اطلاع نامہ ۔

Five mile Act : (n) ١٦٦٥ عیسوی میں منظور شدہ قانون جس کے تحت کلیسائے انگلستان کے غیر مقلد معلموں نےنامزاحمت کا حلف لینے سےانکار کردیا تھا ان کو کسی بھی شہر، قصبے وغیرہ سےپانچ میل کے اندر آنے سے روک دیا گیاتھا ۔

Five nation : (n) (امریکی تاریخ) ہندوستانیوں کے پانچ متحدہ قبیلے ۔

Five O'clock : (n) سہ پہر ؛ پانچ بجے شام ؛ توصیفی معنوں میں مستعمل ہے ۔

Five O'clock tea : (n) سہ پہر کا ناشتہ ۔

Five-pence/Colloq.fippennce : (n) (۱) پانچ پینی، یا اُس قیمت کی کوئی چیز ۔ (۲) امریکا میں پانچ سنٹ یا ڈھائی ڈالر ۔

Five-penny : (a) (۱) پانچ پینس قیمت یا لاگت یا شرح کا ۔ (۲) جزیرہ Guernsey وغیرہ میں نصف فرانک (Half franc) کہتے ہیں ۔

A five-penny rate : پانچ پینس فی پونڈ کے حساب سے ۔

Five-percents : (n) اپنی قیمت پرپانچ فیصدی منافع دینے والے حصے یا تمسکات ۔

Five point assay : (n) (شماریات) پنج نقطی تجرباتی جانچ ۔

Five-point scale : (n) (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) پنج درجی پیمانہ ۔

Five scove : (a) تعداد میں سو ۔

Five-shooter : (n) پانچ راؤنڈ کا ریوالور ۔

Five some : (n) (۱) ایک ساتھ کھیلنے والے پانچ اشخاص کی ایک جماعت ۔ (۲) پانچ شخص یاچیز کا ایک گروپ ۔

Five star : (n) (۱) فوج کے جنرل کا عہدہ ۔(۲) اعلیٰ درجے یا صفت کا ہونا ۔

Five-stroke : (n) (بلیرڈ) ایک ضرب جس سے پانچ پوائنٹ حاصل ہوتے ہیں ۔

Five -twenty : (n) (امریکا) امریکی حکومت کے ذریعہ ١٨٦٢، ١٨٦٤اور ١٨٦٥ء میں جاری کردہ مخصوص بونڈ کےلئے توصیفی معنوں میں مستعمل ہے کیونکہ یہ تاریخ اجرا سےپانچ سال کے بعد کسی بھی سال چھوڑا یا واپس لیا جاسکتا ہے؛ نیز بیس سال ختم ہونے پر پوری رقم واجب الادا ہوجاتی ۔

Five-twenty bonds/Five-twenties : (n) Five-twenty دیکھو

Fiveling : (n) پنج شاخا بلور ؛ پانچ حصوں پر مشتمل جڑواں بلور ۔

Fiver : (n) (۱) (عامیانہ) پانچ پونڈ کا نوٹ ؛ (امریکا) پانچ ڈالر کا نوٹ ۔ (۲) کوئی شے جو گنتی میں پانچ ہو ؛ کوئی شے جس کا شمار پانچ ہوتا ہو ؛ مثلاً کرکٹ کی وہ ہٹ (Hit) جس میں پانچ رن (Run) بنیں ۔

Fives : (n) ہینڈبال ؛ ایک قسم کا کھیل جسے دو یا چار آدمی مل کر کھیلتے ہیں نیز جس میں گیند کو کوٹ

کی بنائی ہوئی دیوار کی طرح ہاتھ سے مارا جاتا ہے؛ اس کھیل میں پوائنٹس (Points) کی تعداد گیارہ، پندرہ، بیس یا پچیس ہوتی ہے ۔

Fives coat : (n) ہینڈ بال کھیلنے کی جگہ ۔

Fix : (n) (۱) کوئی بھی حالت جس سے ذرا بھی ہلنا مشکل ہو ؛ کسا ہوا یا مضبوط مقام ؛ محکوم ۔ (۲) لوہے کو متورق یا لوح دار بنانے والی بھٹی کی استر کاری میں استعمال ہونے والی چیزیں ۔

Fix : (n) مشکل ؛ دقت ؛ چکر ؛ شش وپنج کی حالت ۔

To fix a person up : (روزمرہ) کسی شخص کو مکان دینا ؛ کسی کی جائے رہائش کا نظم کردینا ۔

To fix (a person) with costs, liability etc : کسی پر ذمہ داری عائد کرنا ؛ ذمہ داری قبول کرنا ۔

To fix on or up on : رائے قائم کرنا ؛ قطعی نتیجہ پر پہنچنا؛ فیصلہ کرنا ؛ انتخاب کرنا؛ چُننا ۔

Fix : (v) [L.'fixus.'] (۱) مستحکم یا مضبوط کرنا ؛ باندھنا ؛ جمانا ؛ جمنا ؛ قائم ہونا ؛ مضبوطی سے جکڑنا کہ ہل نہ سکے ؛ جاگزیں ہونا؛ (ذہن یا اصول پر) لگانا؛ (دل ، دھیان ، نظر) نگاہ جمانا ۔ (۲) جمانا ؛ گاڑنا؛ ذہن نشین کرنا ؛ نقش کرنا ۔ (۳) متوجہ کرنا ؛ مائل کرنا، (نظر یا توجہ کا) ۔ (٤) پتھرا جانا(آنکھوں کا) ؛ سخت ہوجانا؛ اکڑ جانا؛ اینٹھ جانا (چہرے کا) ۔ (٥) منجمد ہو جانا؛ منجمد کردینا ۔ (٦) (رنگ ، خاکے) پکا کرنا؛ پختہ کرنا ۔ (۷) گھورنا (کسی شخص کو) نگاہ جما کر یا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔ (۸) ٹھہرانا ؛ رکھنا ؛ لگانا ؛ جمانا؛ گاڑنا؛ لگادینا (کام سے) ؛ جمادینا؛ (کسی عہدے پر) نصب کرنا ۔ (۹) فاتح ہو جانا ؛ محکم کرنا ؛ استوار کرنا ؛ ثابت کرنا۔ (۱۰) رائے قائم کرنا؛ قطعی نتیجہ پر پہنچنا؛ فیصلہ کرنا (up اور upon کے ساتھ) ۔ (۱۱) تعین کرنا ۔ (۱۲) محدود کرنا ؛ عائد کرنا (ذمہ داری یا شرائط) ۔ (۱۳) چکانا ؛ طے کرنا (قیمت) ؛ مقرر کرنا (تاریخ) ؛ متعین کرنا (مقام) ۔ (۱٤) ترقی یا تبدیلی کو روکنا (زبان و ادب) ۔ (۱٥) (ممالک متحدہ میں اکثر up کے ساتھ) انتظام کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ تربیت دینا ؛ تیار کرنا ۔ (۱٦) استحکام یا استقلال بخشنا ۔ (۱۷) (کسی شے یا خیال پر) توجہ مرکوز کرنا؛ نگاہ جمانا ؛ ثبت کرنا۔ (۱۸) سخت گیر بنا دینا ؛ پکّا کردینا ؛ بےلوچ ، سخت یا کڑا کردینا ؛ قابل حرکت بنا دینا ۔ (۱۹) رقت سے محروم کردینا ؛ بھاپ بن کر اُڑنے یا رقیق ہونے کے لائق نہ رہنا ۔ (۲۰) کونے لگانا ؛ کونے جمانا (کسی شخص کو) گھیرنا ؛ پھانسنا ، مجبور کرنا ؛ زچ کرنا ۔ (۲۱) مستقل طور پر لگا دینا۔ (۲۲) مستقل صورت دینا ؛ تشکیل کرنا ۔ (۲۳) ہم آہنگ کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ استعمال کےلئے تیار کرنا ۔ (۲٤) لوہے کی بھٹی کی استر کاری میں استعمال ہونے والی چیزوں سے استرکاری کرنا ۔ (۲٥) سزا دینا ؛ تنبیہ کرنا؛ تعزیر کرنا ۔

Fixable : (n) مستحکم کرنے کے لائق ؛ جمانے کے قابل ؛نصب کئے جانے کے لائق ؛ قابل استحکام ؛ لائق تعین ؛ قابل فیصلہ ؛ قابل توجہ ؛ قابل نگاہ : لائق پختگی ؛لائق انجماد ؛ لائق ہم آہنگ ہونا جسے استعمال کےلئے درست کیا جاسکے ؛ سزاوار ؛ لائق تعزیر ۔

Fixation : (n) جماؤ ؛ تثبیت ؛ (حیوانیات) مثبت ؛ (کیمیا) سیال کو ٹھوس چیز سے ملانا؛ (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) ترکیز ؛ انجماد ؛ (تجارت، معاشیات) تعین قیمت ؛ (نفسیات) ارتکاز جدید ؛ عشق ۔

Fixation pause : (n) (فلسفہ، نفسیات وغیرہ) توقف نظر ۔

Fixation poin : (n) (فلسفہ، نفسیات) نقطہ ترکیز نظر ۔

Fixations : (n) (معاشیات) تنصیبات ؛ قطعی وعدے ۔

Fixative : (n)[med. L.'fixatinem.'] (۱) مقرر کرنا ؛ مقرر ہونا۔ (۲) سخت کرنے یا جمانے کا عمل ؛انجماد ؛ تنصیب؛ انتصاب ۔ (۳) مقررہ مقدار یا معیار ۔ (٤) (خاص کر سائنسی استعمال میں) کسی چیز کو رقت سے محروم کردینا، بھاپ بن کر اُڑنے یا رقیق ہونے کے لائق نہ رہنے دینا (جدید استعمال میں) ؛ کسی سیّال یا نیم سیّال مادّے کو ٹھوس بنانے کا عمل یا طریق عمل ؛ کسی گیس کو ٹھوس چیز کے ساتھ ملانے (ترکیب دینے) کا عمل ۔ (٥) عادت پکڑنا ؛ عادت بننا ۔ (٦) مستقل، ثابت ، تسلط آمیز، غالبانہ ، جابرانہ یا مجبور کن کردار ۔ (۷) ٹوٹی ہوئی ہڈی کے ٹکڑوں کو کیلوں سے جوڑ کر مستحکم کردینا۔ (۸) نائٹروجن کو خالص حالت سے مرکب حالت میں لے آنا ، مثلاً کھاد اور ایسی ہی دوسری چیزیں ، (کیمیا) تصویر کو پکا کرنے کا مسئلہ ؛ (لسانیات) استقراری ؛ (نباتیات ، حیوانیات) مثبت ۔

Fixtative : (a) جمانے والی ؛ منجمد کرنے والی ۔

Fixative : (n) رنگ جمانے یا تصویر کو پکا کرنے والی چیز یا مسالا ۔

Fixature : (n) ایک لیس دار یا گوند نما چیز جس سے بالوں کو درست کیا جاتا ہے، بٹھایا جاتاہے ۔

Fixed : (a) (۱) مضبوطی سے لگایا جُڑا ہوا ؛ نصب ؛ ثابت ؛ معین ۔ (۲) (نقابت) نقابت کا ایک نشان ۔ (۳) (غیرمادی معنوں میں) گہرے طورپرنقش ؛ اچھی طرح ذہن نشیں کیا ہوا (کبھی کبھی اشخاص کےلئے) ثابت قدم ؛ مستقل ؛ پُر عزم ؛ پختہ ارادے والا ۔ (٤) سخت بنایا ہوا ؛ کڑا کیا ہوا ؛ پختہ ؛ بےلوچ ؛ ساکن ؛ ناقابل حرکت یا غیر متحرک ؛ راسخ ؛ نا قابل انتقال ؛ غیر منقولہ ۔ (٥) طیاری یا سیماب وشی سے محروم کیا ہوا ؛ جو آسانی سے بھاپ بن کر اُڑسکے ؛ غیرفرار؛بخارنشدنی ۔ (٦) (ترشےاور روغنیات) نا قابل تبخیر ؛ نا قابل تقطیر ؛ جسے تحلیل یا تجزیہ کئے بغیر تبخیر یا تقطیر نا کیا جاسکے۔ (۷) محکم ؛ مستقیم ؛ ثابت؛ اٹل ؛ پختہ ؛ پکا (رنگ وغیرہ) ۔ (۸) قائم؛ غیر متغیر ؛ ثابت ؛ نا قابل تغیر ۔ (۹) غیر متلون ؛ ساکن ؛ جس میں کمی بیشی یا اُتار چڑھاؤ نہ ہو؛ قائم ؛ معین ؛ مستقل ۔ (۱۰) تیار؛ درست کیا ہوا ؛ ٹھیک کیا ہوا ۔ (۱۱) غیر منحرف؛ بےانحراف ؛ ادھر اُدھر مڑنے والا ۔ (۱۲) منجمد ؛ جمایا ہوا یا جما ہوا ؛ ٹھوس ۔ (۱۳) مرتکز ؛ مرکوز ؛ جمی ہوئی یا جمائی ہوئی (نگاہ) ۔ (١٤) مہیا کیا ہوا ؛ فراہم کیا ہوا ؛ بہم پہنچایا ہوا؛ تیار۔ (١٥) (کیمیا) گیس کا ٹھوس چیز سے مل جانا؛ (حیوانیات) پیوست ؛ (فلکیات) ثابت ؛ (عضویات) قائم ؛ غیر متحرک ۔

Fixed accent : (n) (لسانیات) مقررہ لہجہ ؛ پابند لہجہ ۔

Fixed acid/-oil : (n) جو بغیر تحلیل کیمیائی کے بخارات کی شکل میں نہ اڑایا جاسکے ۔

Fixed air: (n) (کیمیا) ثابت ہوا ؛ کاربونک ایسڈ گیس ۔

Fixed alkali : (n) ٹھوس الکلی ؛ پختہ الکلی ؛ (کیمیا) پائدار القلی ؛ ثابت قلی ۔

Fixed ammunition : (n) تیار گولہ بارود ؛ کارتوس ؛ توپ یا بندوق میں بھرنے کے لئے گولے اور بارود کو ساتھ ملاکر کسی غلاف یا خول میں بھرکر تیارکیا ہوا کارتوس ۔

Fixed armanent : (n) مستقل طورپر رکھاہوابندوق یا اوزار ۔

Fixed asset : (n) (تجارت) قائم اثاثہ ۔

Fixed budget : (n) (تجارت) قائم موازنہ بجٹ ۔

Fixed capital : (n) قائم سرمایہ ؛ ٹھوس سرمایہ ؛ پونجی ؛ وہ سرمایہ جو مالک کے قبضے میں ہوتا ہے (مثلاً کارخانے کی مشین ، عمارت ، اوزار وغیرہ)؛ (تجارت) قائم اصل ؛ (معاشیات) قائم سرمایہ ؛ اصل قائم ۔

Fixed cell : (n) (حیوانیات) مثبت خلیہ ۔

Fixed charge : (n) (تجارت) کسان کا ضمانتی اثاثہ ۔

Fixed cost : (n) (تجارت) قائم لاگت ۔

Fixed debt : (n) (تجارت) طویل المیعاد قرض ۔

Fixed deposit : (n) (تجارت) میعادی امانت ۔

Fixed exchange rate : (n) (تجارت) بندھی شرح مبادلہ ۔

Fixed fact : (n) امر مسلّمہ ؛ امر ثابت شدہ ؛ تسلیم شدہ حقیقت ؛ حتمی بات ؛ تسلیم کی ہوئی بات (امریکا)۔

Fixed idea : (n) جما ہوا (دل میں) ؛ ٹھنی ہوئی (بات) ؛ ضبط ؛ دھن ؛ (ذہن پر) چھایا ہوا ؛ وہ تصور یا خیال جو غالب ہو ۔

Fixed income : (n) (تجارت) قائم آمدنی ۔

Fixed input : (n) (تجارت) مقررہ وسائل ۔

Fixed instalment method : (n) (تجارت) مقررہ قسط طریقہ ۔

Fixed liability : (n) (تجارت) مقررہ ذمہ داری ؛ (معاشیات) قائم واجبات ۔

Fixed money income : (n) (تجارت) قائم بندھی آمدنی ۔

Fixed monthly allowance : (n) (انتظامیہ) مقررہ ماہانہ گذارہ ۔

Fixed over head cost : (n) (تجارت) مقررہ اوپری لاگت ۔

Fixed pay : (n) (انتظامیہ) مقررہ تنخواہ ۔

Fixed point : (n) وہ مقام جہاں پولس کا سپاہی مستقل طور پر رکھاجاتا ھے؛ پولس چوکی؛ (انتظامیہ) مقررہ نشان ۔

Fixed price : (n) (تجارت) ایک دام ۔

Fixed property : (n) (قانون) جائداد غیر منقولہ ۔

Fixed pulley : (n) (میکانیات) قائم چرخی ۔

Fixed rails : (n) (ریلوے) جمی پٹری ۔

Fixed rate : (n) (تجارت) مقررہ شرح ۔

Fixed star : (n) ستارہ ٔ ثابت ؛ وہ ستارہ جو اپنی جگہ پر قائم رہتا ھے ؛ (فلکیات) تارہ ؛ ستارہ ؛ ثوابت ۔

Fixed word order : (n) (لسانیات) مقررہ لفظی ترتیب ۔

Fixedly : (adv.) (۱) ٹکٹکی باندھ کر ؛ نظر گاڑ کر؛ مستحکم طورپر ؛ گھور کر ۔ (۲) اچھی طرح ذہن نشین ھوکر ؛ ثابت قدمی سے ؛ پختگی کے ساتھ ۔

Fixedness : (n) قیام ؛ اچل ھونا ؛ عدم حرکت ؛ استقلال ؛ جزم ؛ سکون ؛ سختی ؛ ٹھوس پن ؛ انجماد ؛ ثبات ؛ انتصاب ؛ استحکام ؛ بےانحرافیت ؛ عینیت ؛ درستگی ؛ ارتکاز ۔

Fixer : (n) (۱) (رنگ یا فوٹو گرافی کی تصویر کو) رنگ پکا کرنے والا ۔ (۲) وہ چیز جو رنگ پکا کرنے کےلئے استعمال کی جائے ۔ (۳) جڑنے والا ؛ جمانے والا ؛ مضبوط کرنےوالا ؛ قائم کرنےوالا ؛ نصب کرنے والا ؛ ٹھیک کرنے والا ؛ درست کرنے والا ؛ تعین کرنے والا ؛ مرکوز کرنےوالا ؛ سخت یا بے لوچ بنا دینے والا ؛ مستقل کردینے والا ؛ سزا دہندہ ۔

Fixidity : (n) قیام ؛ حالت ؛ انجماد ؛ ثبات ۔

Fixing : (n) (۱) تنصیب ؛ انتصاب ؛ جڑاؤ ۔ (۲) ذہن نشینی ؛ تثبیت ؛ ارتکاز ؛ قائم ؛ مستقل ؛ معین ؛ پختہ ؛ محکم کرنے کا عمل ۔ (۳) ثابت ؛ محکم ؛ غیر متحرک کرنے والا ۔ (٤) (کیمیا) باندھنا ؛ (فوٹو گرافی) ثبتی ؛ تثبیت ؛ فکس کرنا ۔

Fixing agent : (n) (کیمیا) باندھنے والا ۔

Fixing-bath : (n) (فوٹو گرافی) وہ سیال جس میں بڑی کی ھوئی منفی یا مثبت تصویر کو پختہ کرنے کےلئے ڈبویا یا دھویا جائے ۔

Fixing fillet : (n) (تعمیرات) چوب پٹّی ۔

Fixing fluid : (n) (کیمیا) سیال ۔

Fixinig : (n) (۱) (امریکا) اوزار ؛ آلات ؛ ہتھیار؛ سازوسامان (کام کرنے کا) ۔ (۲) گوٹ ؛ حاشیہ ؛ لوازمات ؛ کھانے کی چیز کی سجاوٹ ؛ لوھے کی بھٹی کی استرکاری کا سامان ۔

Fixity : (n) (۱) قیام ؛ حالت انجماد ؛ قرار ؛ پائداری ؛ استواری ؛ تغیر ناپذیری ؛ غیر تغیریت ؛ غیر نقل پذیری ؛ غیر منقولیت ۔ (۲) (طبیعیات) اشیا کی یہ خاصیت کہ وہ گرمی (حرارت) سے بخارات بن کرنہ اڑیں اور اپنا وزن اصلی حالت پر قائم رکھیں؛ تاب گرما؛ تاب حرارت ۔ (۳) استقلال ؛ استحکام ؛ درستگی ؛ غیر انحرافیت ؛ ارتکاز ؛ مرکوزیت ؛ استقرار ۔

Fixity of tenure : (n) قیام ملکیت ؛ دوام ملکیت ؛ حق ملکیت یا حق لگان داری کا مستقل ھونا ۔

Fixture : (n) (۱) تثبیت ؛ ترسیخ ؛ تنصیب ؛ قیام ؛ استقلال ؛ انجماد ؛ عدم حرکت ؛ استحکام ؛ ارتکاز ؛ درستگی ۔ (۲) گڑی ھوئی یابندھی ھوئی شے ؛ مضبوط بندھی ھوئی ۔ (۳) (قانون، جمع میں) اثاثہ ثابت ؛ مکانات یا اراضی سےملحقہ لوازمات جو انسلاک جائداد کے فوراً بعد اُس جائدادغیرمنقولہ ہی کا ایک جزو ھوجاتے ہیں ۔ (٤) پابند ؛ قائم ؛ مستقل رہنے والا ؛ (شخص یا شے) ۔ (٥) (کھیل اورگھوڑ دوڑ وغیرہ کےلئے) مقررہ تاریخ یا دن ؛ مقابلہ ؛ گھوڑ دوڑ وغیرہ ۔ (٦) ثابت ؛ قائم ؛ مستقل ؛ راسخ ؛ محکم ؛ استوار ؛ منجمد ؛ غیر متغیر ؛ مرتکز ھونے کا عمل ۔ (۷) (جمع میں) (امریکا) اوزار ؛ آلات ؛ ہتھیار؛ سازوسامان ؛ لوازمات ؛ تنصیبات ؛ (تعمیرات) تنصیب ۔

Fizgig/Fisgig : (n) [Origin doubtful.] (۱) آوارہ گرد عورت ؛ برزہ سرا عورت ؛ سبک سر اور غیر سنجیدہ عورت ۔ (۲) چرخ چوں ؛ چکر ؛ چکر جھولا جس میں کاٹھ کےگھوڑے وغیرہ لگے ھوتےہیں اور بچوں کو اس پر بٹھا کر چکر دیاجاتا ھے ؛ (مجازاً) گردش ۔ (۳) کوڑا لٹو ؛ وہ لٹو جسے کوڑا مارکر نچاتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی آتش بازی ؛ چھچھوندر ؛ ھوائی وغیرہ ؛ رنگ اڑانے کےلئے بارود سےبھری ھوئی نلکی ۔ (٥) ہارپون کی ایک قسم ؛ ایک قسم کا برچھا جس سے

وهیل مچھلی کا شکار کیا جاتا ہے نیز (مچھلی کے شکار کےلئے) ایک قسم کا بھالا ۔(٦) کھلونا نمائشی چیز ؛ نکمی آرائشی چیز ؛ بیکارشے ؛ نکمّا آدمی ۔(٧) سائنسی آلات ؛ پرزہ ؛ اوزار میز (جمع میں) ؛ آنکڑا ؛ کانٹا ؛ کانٹا نما ایک آلہ خصوصاً (جراحی) وضع حمل سے متعلق؛ جراحی میں کام آنے والا ایک آلہ ۔(٨) قدرتی طورپر ، کوئی بُک نما عضو یا اُبھار ۔

Fizz/Fiz : (n) سَن سَن کر ؛ زَن زَن ؛ سنسناہٹ ؛ چرچراہٹ ؛ سیسپاہٹ ؛ سی سی کی آواز ۔ (٢) شیمپین شراب کی ایک قسم ؛ سنسنانے والی چیز خصوصاً شیمپین ؛ بھاگ دوڑ ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل ؛ اضطراری حرحات ؛ حرکت ؛ چلبلاہٹ ۔

Fizz/Fiz : (v) [Echoic.] (١) سائیں سائیں کرنا ؛ سنسنانا ؛ سسیانا ؛ سن سن کرنا ؛ سی سی کی آواز نکالنا ؛ چرچرا نا (بتی یا چربی کے جلنے کی آواز) ؛ بز بزانے کی آواز ؛ تھو تھوکی آواز نکالنا؛ زنّاٹے سے گذرنا یا گھومنا ؛ سی سی کی آواز کے ساتھ حرکت کرنا ۔

Fizzle : (n) (١) سی سی ۔(٢) آواز؛ سنسناہٹ ؛ کھدبداہٹ ؛ آہستہ ہواخارج ہونےکاعمل؛پھس ؛ چڑچڑاہٹ ۔ (٣) ناکامی؛ سخت ناکامی ؛ مضحکہ خیز ناکامی ؛ ٹائیں ٹائیں فش ۔

Fizzle : (v) (١) آہستہ یا دھیمی آواز سے سی سی کرنا ۔ (٢) سنسنانا ؛ سسیانا ؛ چڑچڑانا ؛ کھد بدانا ؛ پھس پھسانا؛ بڑبڑانا ۔ (٣) (مجازاً) (خاص کر امریکی روز مرہ) نا کام ہو جانا ؛ نا کام ہونا؛ سخت ناکامی کا سامنا کرنا؛ مضحکہ خیز طورپرناکام ہوجانا؛ ٹائیں ٹائیں فش ہو جانا ۔

Fizzle out : (v) نتیجہ غلط نکلنا ؛ ناکام رہنا ؛ قبل ازوقت یاناقص طور سے انجام کو پہنچنا ۔

Fizzy : (a) سائیں سائیں جیسی ؛ زن زن کرنے والی ؛ زناٹے دار ؛ جو ش میں ؛ کھدبد کر نے والا ؛ (کیمیا) فوّار ؛ اُبال آور ۔

Fjeld : (n) [Norw.field.] ایک بلند پتھریلا میدان مرتفع جو اکثر بےشجر ہوتاہے؛ بلند پتھریلی سطح مرتفع ۔

Fjord : (جغرافیہ) چٹان کی کھاڑی ؛ فیورڈ ؛ Fiord کا متبادل ۔

Flabbergast : (v) [Origin unkn.] (روز مرہ) شش و پنج میں ڈالنا؛ سراسیمہ کرنا ؛ سٹی پٹی بھلا دینا ؛ حیرانی میں ڈالنا؛ متذبذب کرنا؛ حیرت زدہ کرنا ؛ اچنبھے میں ڈالنا ؛ ششدر کرنا ؛ گڈ مڈ یا بےترتیب کردینا ؛ مبہوت کر دینا ۔

Flabbily : (adv.) تھل تھل طور پر ؛ پلپلے انداز میں ؛ کمزور یا بےجان طورپر ؛ چپچپے انداز میں ۔

Flabbiness : (n) نرمی ؛ لچیلا پن ؛ پلپلا پن ؛ عدم استقلال ؛ کمزوری ؛ ناطاقتی ؛ لُجلُجاپن ؛ چپچپاہٹ ۔

Flabby : (a) [a modification of Flappy] (١) ڈھیلا ؛ تھل تھل ؛ پچپچا ؛ لبلبا ؛ پلپلا (گوشت) ؛ لچیلا ؛ نرم ۔ (٢) کمزور ؛ بے جان غیر مستقل (زبان ، چال چلن) ۔ (٣) بے عصب ؛ کمزور ؛ بے ریڑھ ؛ بےطاقت؛ بے رگ ۔(٤) لجلجا؛ چپچپا؛ (نباتیات) پلپلا ۔

Flabell form/Flabellate : (a)[L.flabellum+-ATE] (نباتیات، حیوانیات) پنکھے کی شکل کا ؛ پنکھا نما ۔

Flabelletion : (n) [med. L.flabellatio flabellare.] (١) (جراحی) پنکھا نما بنا دینا ؛ پنکھے کی طرح پھیلا دینا ۔ (٢) بادزنی ؛ عمل بادزن ؛ پنکھا جھلنا ۔

Flabelli-: (comb.) [L.flabellum.] جزو ترکیبی بمعنی "پنکھا نما ؛ شکل یا پنکھا نما ترتیب" ۔

Flabellifoliate : (a) پنکھا نما پتیوں والا ؛ پنکھا نما اوراق یا پرتوں والا ۔

Flabelliform : (n) پنکھا نما ؛ پنکھےکی شکل کا ؛ پنکھیا ۔

Flabellinerved : (a) پنکھا نما عصب والا ؛ پنکھیا عصب والا ۔

Flabellum/Flabella : (n) [L.] (١) پنکھا ؛ باد زن ؛ خاص کر اُس پنکھے کےلئے استعمال ہو تا ہے جو مذہبی تقریبات میں لے جایا جاتا ہے ۔(٢) (سائنس) کسی چیز کا پنکھا نما حصہ ۔

Flaccid : (a) [L. f.flaccus.] (١) پلپلا ؛ پچپچا ؛ پولا ؛لٹکتاهوا ؛ نرم ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ جھریاں پڑا ہوا ؛ جھری دار ؛ تھل تھل (گوشت) ۔(٢) ڈھیلا ؛ جھکا ہوا ؛ لٹکتا ہوا ۔ (٣) کمزور ؛ ناطاقت ؛ ناتواں ؛ بےجان؛ (نباتیات)لچلچا ۔

Flaccidity : (n) (١) نرمی ؛ پلپلا پن ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناطاقتی ۔(٢) ریشم کے کیڑوں کا ایک مرض ۔

Flaccidly : (adv.) پلپلے طورپر ؛ ڈھیلے ڈھالے انداز میں ؛ تھل تھل ؛ کمزور طورپر ؛ ناتوانی سے ؛ بے جان انداز میں ۔

Flaccidness : (n) پلپلا پن ؛ نرمی ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناطاقتی ۔

Flacherie/Flachery : [F.] ریشم کے کیڑوں کا ایک مرض ۔

Flacian : (n) [f.Flacius+an.] فلاسیوس کا پیرو ؛ رقص و سرود کا مخالف ؛ پروٹسٹنٹ عالم دینیات ۔

Flacian : (a) [F.Clacius+ -AN.] سولہویں صدی عیسوی کے ایک پروٹسٹنٹ عالم دینیات ؛ فلاسیوس ایلیریکس کا یا اس سے متعلق ؛ جس نے میلانتھون کے نظریات وسیع الشربی (رقص و آواز) کی مخالفت کی تھی ؛ فلاسیوسی ؛ فلاسیوس کے عقائد سے وابستہ ۔

Flacianism : (n) فلا سیوسیوں کا اصول یا عقیدہ ۔

Flack : (بول چال) کسی چوڑی یا چپٹی چیز سے مارنا ؛ ہلکی تھپکی دینا؛ تھپ تھپانا؛ پروں کو جھاڑنا؛ پر مارنا ؛ پھٹ پھٹانا ؛ پھڑ پھڑانا ؛ دھڑکنا ؛ پھڑکنا ۔

Flacker : (v) [ME.'flakere.'] دیکھو Flack

Flacket : (n) [O.N.Fr. flaquet.flasquet.] فلاسک ؛ بوتل ؛ شراب رکھنے کا استوانہ نما برتن ؛ شراب رکھنے کا پیپا نما برتن ؛ قرابہ ۔

Flacon : (n) [F.] ایک چھوٹی ڈاٹ دار بوتل ؛ خصوصاً لخلخے کی شیشی ؛ عطر کی شیشی ۔

Flag : (n) [First found in Eng.prob.onomato.poeic] (۱)جھنڈی ؛ جھنڈا ؛ پھریرا ؛ علم ؛ نشان ۔ (۲) (بحری) جھنڈے والے جہاز کا وہ جھنڈا جس سے کپتان یا امیرالبحر کا اصلی رتبہ اور درجہ معلوم ہو ؛ جھنڈے والا جہاز ؛ علم بردار جہاز؛ امیرالبحر ۔ (۲) (کھیل کود) لمبے بال والے شکاری کتے کی یا ملک نیو فونڈ لینڈ کے کتے کی دُم نیز (کبھی کبھی) گھوڑے کی دُم ۔ (٤) (طباعت) حذف کو ظاہر کرنے کےلئے کمپوزیٹر (حرف چیں) کے ذریعہ لگائے ہوئے نشان ؛ حذف کا نشان ۔ (٥) قومی نشان ۔(٦) بگلا ؛ زنبق ؛ آبی پودا ؛ (تعمیرات) پرچم ؛ جھنڈی ؛ علم ۔

Black flag : (۱) کالا جھنڈا ؛ کالی جھنڈی (موت اور سنگین عزائم کے اظہار کےلئے استعمال کیاجاتا ہے) ؛ (جمع) چینی بحری قزاقوں کےلئےمستعمل ہے۔ (۲) دریائی قزاقوں کا جھنڈا (نشان) ۔ (۳) قید خانہ کا جھنڈا (جو کسی کو سولی پر لٹکاتے وقت لگایا جاتا ہے) ۔

Dip flag : سلامی کےلئے جھنڈے کو نیچا کر کے پھر چڑھانا ۔

Red flag : (۱) لال جھنڈا؛ انقلابی نشان ؛ اشتراکیت یا کسی انقلابی نظم کا عنوان ۔(۲) نشان جنگ ۔ (۳) خطرے کی علامت ۔

To hoist or strike ones flag : (امیر البحر کا) کمان ہاتھ میں لینا یا ترک کرنا ؛ کپتانی یا کمانیر کا درجہ حاصل کرنا ؛ اس رتبے پر کام کرنا یا برطرف ہو جانا ۔

To lower or strike one's flag : کسی کے احترام میں جھنڈے کو نیچا کرنا ؛ کسی کے احترام ،اطاعت یا خود سپردگی کی علامت کے طورپر جھنڈے کو نیچا کرنا یا جھکا دینا ؛ جھنڈے کو سلامی کےلئےیا ہارماننے کےطور پر نیچے کر دینا ۔

White flag : (۱) سفیدجھنڈا؛ نشان صلح ؛ شان امن ؛ نشان سپردگی ؛ ہتھیار ڈالنے کی علامت ۔ (۲) انقلاب سےپہلے فرانس کا قومی نشان ۔

Yellow flag : نشان مرض ؛ پیلا جھنڈا ؛ کسی جہاز پر لگایا ہوا پیلا جھنڈا جو متعدی مرض یا قرنطین کی علامت ہوتا ہے ؛ وہ زردرنگ کا جھنڈا جو ایسے جہازوں پر لگایا جاتا ہے جن میں کوئی متعدی مرض کا مریض ہوتا ہے یا وہ جہاز جو قرنطینہ میں ہو ۔

Flag : (n) [of obscure origin.] (۱) ایک قسم کے پودے جن کے چکلے چکلے پتے ہوتے ہیں اورنمناک زمینوں میں اُگتے ہیں خاص کر Iris پودے کی مختلف قسمیں ۔(۲) (جمع) موٹی جھوٹی گھاس ؛ ادنیٰ قسم کی گھاس ۔ (۳) پودے کی لمبی اور مہین پتی (Iris یا غلے کے پودوں کی) ۔

Flag : (n) [M.E.] (۱) فرش بنانے کےلئے پتھر کی سل ؛ تختہ؛ سنگ ؛ سنگ سنگ فرش ؛ (جمع) ایسی سلوں کابنا ہوا فرش یا روش ۔ (۲) زمین کی سطح مع گھاس وغیرہ ؛ گھاس لگا تختہ جو زمین سے کاٹا یا اکھاڑا جائے ، دوب تختہ ؛ گھاس لگا ڈھیلا ؛ سبزے کا تختہ ؛ گھاس کی تہ جس میں زمین، پتے، جڑیں سب شامل ہوتی ہیں ؛ (تعمیرات) سِل ؛ چوکا ۔

Flag : (n) [Origin unkm.] (۱) پرند کے ڈینے کی کھوکھلی ٹنڈی ؛ بازو یا دُم کا پورا پر ؛ صفار ؛ پر کا بنا ہوا قلم ؛ پر قلم ۔(۲) شہباز یا مضراب؛ شکرے کی ٹانگوں کا پر ۔

Flag : (v) (۱) جھنڈا لگانا یا چڑھانا ؛ جھنڈے سے آراستہ کرنا؛ جھنڈالہرانا ۔ (۲) جھنڈوں سے حدبندی کرنا ۔(۳) (جھنڈیاں دکھلا کر) اطلاع دینا ؛ خبر دینا یاخبر پہنچانا؛ متنبہ کرنا ۔(٤) جھنڈی یاایسی ہی کسی چیز کو ہلا کر پھانسنا ؛ طمع دلانا ؛ دام میں لانا (ہرن کو یا کھیل کود میں) ۔

Flag : (v) [Origin doubtful.] (۱)لٹکانا؛ ڈھیلا چھوڑنا ؛ لہرانا؛ لٹکنا؛ جھولنا۔(۲) جھکنا؛ کم ہونا ؛ پھیکا پڑنا؛ مرجھانا۔(۳)ٹپکانا ؛ گرانا؛ چھوڑنا۔(٤) تھکاوٹ سے پیچھے رہ جانا ؛ بہت آہستہ چلنا ۔ (٥) بےکیف ہوجانا ؛ سست ہوجانا ؛ سست پڑجانا ؛ کمزور ہو جانا ؛ طاقت نہ رہنا ؛ ناتواں ہو جانا؛ پیلا پڑجانا ؛ کم زور کرنا ۔ (٧) تھکاوٹ کی وجہ سے ڈینوں کو پوری قوت کے ساتھ حرکت نہ دینا ۔ (٨) اٹکانا ؛ رکاوٹ ہونا ۔(٩) نیچا کرنا ؛ جھکانا ؛ افسردہ کرنا ؛ بد دل کرنا ۔

Flag : (a) (۱) آویزاں ؛ لٹکا ہوا ؛ معلق ۔(۲) لہراتا ہوا ؛ جھولتا ہوا ؛ لرزاں ؛ رقصاں ۔

Flag : (v) [f. Flag.] پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ۔

Flag : (v) [f. Flag (n)] (۱) بندوق کی نالی کے جوڑ کو جھٹکے سے جوڑ نا یا سخت کرنا ۔(۲) (گیہوں) پودوں کی پتیوں کو چھانٹنا ۔

Flag-basket : (n) سرکنڈے سے بنی ہوئی ٹوکری ؛ سرکنڈے کی ٹوکری ۔

Flag-boat : (n) کشتی رانی یا کشتیوں کی دوڑ کے مقابلے میں نشان بر دار کشتی ؛ دریائی کھیلوں کے مقابلوں میں جو کشتی بطور نشان ہوتی ہے ۔

Flag-broom : (n) ایک قسم کی لمبے دستے والی جھاڑو جو برچ (پتلی ٹہنیوں والا شمالی یورپ کا ایک درخت) کی ٹہنیوں یا کھجور کے پتوں سے بنائی جاتی ہے ۔

Flag-captain : (n) جھنڈے والے جہاز کا کپتان ۔

Flag-day : (n) (۱) کسی مقصد کے لئے چندہ وصولنے کا دن جو چھوٹی جھنڈیوں یا دوسری علامتوں کی فروخت کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے اور وہ جھنڈے یا علامتیں اس بات کا ثبوت ہوتی ہیں کہ چندہ دے دیا ہے ۔(۲) امریکا کے قومی نشان کے اعزاز میں ١٤/جون کو منائی جانے والی سالانہ تقریب ۔

Flag-leaf : (n) زنبق ؛ آئرس ؛ سوسنی قزحی پھول دار درختوں کی ایک قسم جن کے پتے چکلے ہوتے ہیں ۔

Flag-lieutenent : (n) امیرالبحر کا اے ڈی سی (اے ڈی کانگ)۔

Flag list : (n) اعلیٰ بحری عہدیداروں کےناموں کی فہرست جس میں امیرالبحر نائب امیر البحر اور اس سے نیچے کے افسروں کے نام درج ہوتے ہیں ۔

Flag-man : (n) (۱) جھنڈی دکھانے والا ۔(۲) گھوڑ دوڑ میں جھنڈی ہلانے والا ۔

Flag- officer : (n) (جہاز رانی) علم بردار افسر ؛ افسر پرچم دار ؛ امیر البحر ، نائب امیر البحر یا اس سے نیچے کا افسر (امریکی بحریہ میں) ایک اسکواڈرن کا افسر ۔

Flag (of truce) : (n) صلح کی گفتگو کی خواہش ظاہر کرنے کےلئے دشمن کا سفید جھنڈا؛ نشان صلح کے ساتھ بھیجا ہوا آدمی یا جہاز ؛ سفید جھنڈا جو التوائے جنگ کی علامت سمجھاجاتا ہے ۔

Flag-pay : (n) امیر البحر کی تنخواہ ۔

Flag-rank : (n) امیر البحر کا منصب ۔

Flag-root : (n) ایک قسم کا امریکی پودا اور اس کی جڑ ۔

Flag-share : (n) انعام کی رقم میں امیر البحر کا حصہ (آٹھواں حصہ)۔

Flag-ship/Flag ship : (n) وہ جہاز جس پر امیرالبحر کاجھنڈا لگا ہو ؛ وہ جہاز جس پر امیر البحر کام کر رہاہو ۔

Flag-staff/Flag staff/-staves : (n) بانس جس پر جھنڈا لگایا جاتا ہے ۔

Flag-station : (n) (ریلوے کا) وہ اسٹیشن جہاں ٹرین صرف اس وقت ٹھہرتی ہے جب وہ جھنڈی دکھا کر ٹھہرائی جائے ورنہ معمولاً نہیں ٹھہرتی ۔

Flag-stone/Flag stone : (n) (۱) پتھر کی سِل جس سے فرش بناتے ہیں ؛ سنگ فرش ؛ پتھر کی سلوں سے بنا ہوا فرش ؛ تختۂ سنگ ؛ فرشی پتھر ؛ چوکا ۔(۲) ریتیلا پتھر جو بہ آسانی ورق ورق ہوجاتا ہے ؛ پرت دار ؛ سِل بنائے جانے کے لائق پتھر ۔

Flag-wagging : (n) (فوجی عامیانہ) جھنڈوں سے اشارہ کرنا۔

Flag-waver : (n) شورش کرنے والا ؛ علم بردار بغاوت ؛ شورشی ؛ فسادی ؛ جھنڈا ہلانے والا ؛ جارحانہ وطن پرستی کا حامی ؛ وطن پرستی کا جذبہ اُبھار نے والا نغمہ ۔

Flag-worm : (n) آئرس پودوں کی جڑوں میں پایا جانے والا ایک کیڑا جسے بنسی باز استعمال کرتے ہیں ۔

Flagellant : (n) کوڑے مار ۔

Flagellant : (a) اپنے تئیں کوڑے مارنے والا ؛ جو اپنے تئیں ضیق میں ڈالتا ہو ؛ مذہبی جرائم کا سزا یافتہ ۔

Flagellant : (n) (۱) ۱۳ویں صدی عیسوی کے ایک فرقے کا کثّر رکن جو مذہبی تادیب کے خیال سے خود اپنی سرزنش کرتا تھا ۔ (۲) وہ شخص جو خود اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو سرزنش کے طور پر زدو کوب کرتا ہو ؛ زنا کے جرم میں پاداش یا سزا (درّے بازی وغیرہ) ۔

Flagellantism : (n) خود کوبی ؛ خود سزائی ؛ مذہبی حکم کے تحت دُرّہ لگانے یا اپنی سرزنش خود کرنے کا عقیدہ ۔

Flagellate : (v) [L.f. flagellum.] (۱) کوڑا مارنا ؛ تازیانہ مارنا؛ سزا دینا؛ تادیب کرنا؛ سرزنش کرنا ۔ (۲) ایذا پہنچانا ؛ اذیت پہنچانا ؛ مبتلائے آلام کرنا ۔ (۳) اپنے آپ کو ضیق میں ڈالنا ۔

Flagellate : (a) (۱) چابک دار ؛ چابک نما ؛ چابک کی شکل کا ؛ تازک نما۔ (۲) (نباتیات) بیل کی شاخ سے متعلق ؛ بیل ؛ الگ سے جڑ پکڑنے والی (کسی بیل کی شاخ) ؛ اس قسم کی شاخوں والا ؛ چابک نما شاخوں والا ۔ (۳) (حیوانیات) سوطیہ ۔

Flagellated : (a) (نباتیات، حیوانیات) چابک دار ؛ الگ سے جڑ پکڑنے والی شاخوں والا ؛ چابک نما شاخوں والا ؛ تازک دار ۔

Flagellation : (n) [L.flagellationem.] (۱) اپنے تئیں ضیق میں ڈالنا؛ کوڑے لگانا؛ ایذا رسانی؛ (طب) سوطیت؛ چابک زنی؛ شلاق زنی ؛ تازیانہ لگانے کا عمل ؛ تعذیب کرنے کا عمل ؛ تعذیب خصوصاً عیسیٰ علیہ السلام پر کی گئی چابک زنی یا اس واقعہ کی تصویر ۔

Flagellator : (n) [f. L. flagellare.] شلاق زنندہ ؛ تازیانہ مارنے والا ؛ چابک لگانے والا؛ کوڑے لگانے والا ؛ سرزنش کنندہ ؛ تیرھویں صدی عیسوی کے ایک مذہبی فرقے کا وہ رکن جو جرائم کے لئے اپنی سرزنش آپ کرتا تھا ۔

Flagellatory : (a) مذہبی تعذیب یا سرزنش سے متعلق؛ کوڑے لگانے سے متعلق جس سے تکلیف پہونچے ۔

Flagelliform : (a) (نباتیات،حیوانیات) چابک نما چابک کی شکل کا ؛ سوط نما ؛ تازیانہ مانند ؛ شلاقی ؛ تازک وار ؛ باریک و دراز ۔

Flagelliopore : (n) (نباتیات) سوطی بذرہ ؛ سویطہ ۔

Flagellosis : (n) (طب) سوطی مرض ۔

Flagellula : (n) (حیوانیات) سویطہ ۔

Flagellum/Flagela : (n) (۱) (نباتیات) بیل ؛ بیل کی شاخ ؛ بالا روندہ ؛ لیف ؛ (حیوانیات) پلک کی شکل کا حصہ ؛ مہمیز نما زائدہ ۔ (۲) (مزاحاً) شلاق ؛ تازیانہ ؛ چابک ؛ کوڑا ؛ قمچی ؛ (حیوانیات) سوطہ ؛ (نباتیات) بیل ۔

Flageolet : (n) (۱) بانسری ؛ نے ؛ نفیری ۔ (۲) بانسری کی آواز والا ؛ آرگن کا پردہ ۔

Flageolet : (n) [F. corruption of Fageolet] سیم (پھلی) کی ایک قسم ؛ لوبیا سبز فرانسیسی ۔

Flageolet tones : (n) تار والے سازوں کے طبعی آہنگ ۔

Flagginess : (n) (۱) ماندگی ؛ افسردگی ؛ بدمزگی ؛ ناتوانی ؛ اضمحلال ؛ سستی؛ پژمردگی ۔ (۲) نرمی ؛ ڈھیلا پن ؛ پلپلاپن ۔

Flagging : (n) (۱) لہرانا ؛ لٹکانے وغیرہ کا عمل ۔ (۲) ماندی ؛ بے کیفی ؛ سستی ؛ ضعف ؛ پژمردگی ؛ کمزوری ؛ ناطاقتی؛ ناتوانی ۔ (۳) سست روی؛ سست رفتاری ؛ سستی ؛ ماندگی ؛ افسردگی ؛ پژمردگی ؛ سرد دلی ؛ پھیکاپن (منصف، کھیل کود ، مباحثےوغیرہ کا) ۔

Flagging : (n) سنگ فرش ؛ سنگ فرش کاری ؛ پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ؛ پتھر کی سلیں جن سے فرش بنا یا گیا ہو ؛ ایسا بنا ہوا فرش ۔

Flagging : (n) پتھر کی سلوں سے فرش بنانا ؛ فرش ۔

Flagging : (a) پژمردہ کن ؛ افسردہ کناں ؛ ضعف آور ؛ ماندگی آور ؛ لٹکانے والا ؛ جھکانے والا ؛ مرجھا دینے والا ؛ سرد کردینے والا ؛ سست کردینے والا ؛ مضمحل کردینے والا ۔

Flaggingly : (adv.) پژمردہ کن طور پر ؛ تھکا دینے والے انداز میں ؛ افسردہ کن طور پر مضمحل کن انداز میں ۔

Flaggy : (a) (۱) نیستاں ؛ نے دار ؛ آئرس قسم کی گھاس والی جگہ ؛ وہ جگہ جہاں دھار دار پتیوں والی گھاس ہو ؛ نائچہ ؛ نے سےبنا ہوا ؛ دھار دار پتیوں والی گھاس سےبنا ہوا ؛ دھاردار پتیوں جیسا ۔ (۲) (غلے، پیال ، بھوسے وغیرہ) لمبی دھار دار پتیوں والا ۔

Flaggy : (a) (۱) پژمردہ ؛ افسردہ ؛ بدمزہ ؛ ناتواں ؛ سست ؛ تھکاہارا ہوا ؛ بے دم ؛ بےجان ؛ مضمحل ؛ ہمت ہارے ہوئے ؛ جی چھوڑے ہوئے ۔(۲) ڈھیلا ؛ تھل تھل ؛ پولا ؛ پلپلا ؛ لٹکتا ہوا ؛ نرم ۔

Flaggy : (n) جہاں موٹی جھوٹی گھاس کثرت سے پائی جاتی ہے ۔

Flaggy : (a) متورق ؛ ورق دار ؛ ورق ورق ہونے والا ؛ ٹوٹ کر سلوں میں تبدیل ہوجانے والا (سنگ فرش کی طرح)۔

Flagitate : (v)[L.flagitate.] سنجیدگی سے التماس کرنا ؛ پُراشتیاق طور پر التجا کرنا ؛ منت سماجت کرنا؛ سخت اصرار کرنا ؛ پیچھے پڑجانا (شاذ) ۔

Flagitation : (n) منت سماجت ؛ بےحد اصرار ؛ پیچھےپڑجانا ۔

Flagitious : (a) [L.Flagitiosis.] (۱) مہاپاپی ؛ گناہ گار ؛ مردود؛ شریر ؛ بدکار ؛ اکفر ؛ فاسق ؛ فاجر ؛ بدنام ؛ رسوا ؛ ملعون ؛ مطعون خلائق ؛ روسیاہ ؛ قابل نفرت ؛ قابل لعنت ؛ ذلیل ؛ خبیث ۔(۲) ظالمانہ ؛ سفاکانہ ؛ خبیثانہ ؛ ناپاک ؛ وحشیانہ ؛ شیطانی ؛ قبیح ؛ فاسقانہ؛ فاجرانہ؛ منافقانہ ؛ (عمل ، کردار وغیرہ) ۔

Flagitiously : (adv.) شرارت سے ؛ بدکاری سے ؛ فاسقانہ طور پر ؛ گنہگاری سے ؛ ذلیل طور پر ؛ خبیثانہ انداز میں ۔

Flagitiousness : (n) پاپی پن ؛ فسق ؛ فجور ؛ گناہ ؛ خباثت ؛ شیطنت ؛ منافقت ؛ ملعونیت ۔

Flagon : (n) [Late M.E. flakon.] (۱) صراحی ؛ ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن ؛ کھانے کی میز پر شراب رکھنے کا ظرف ۔(۲) ٹونٹی دار ظرف عشائے ربانی میں استعمال کےلئے ۔ (۳) (شراب فروشوں کی اصطلاح) گول اورچپٹی سی بوتل جس میں دو بوتل بھر شراب سماتی ہے ۔ (٤) فلاگن میں سمانے والی مقدارنیز فلاگن اور اس میں بھری ہوئی چیز ۔

Flagrancy : (n) [L.flagrantio.] (۱) علانیہ پن ؛ سنگینی (جرم وغیرہ کی) ۔(۲) جرم ؛ سنگین بداخلاقی ؛ ننگ انسانیت ؛ (فعل) ہولناکی ؛ نفرت انگیزی ۔

Flagrant : (a) (۱) کھلاھوا ؛ برملا؛ آشکارا؛ اعلانیہ ؛ سنگین ؛ بڑا؛ کبیر؛ سخت (جرم یا مجرم)؛ اہانت آمیز ؛ بدنام کن ؛ ظاہر ؛ بین ۔(۲) بھڑکتا ہوا ؛ شعلہ فشاں ؛ روشن ؛ نمایاں ۔

Flagrant error : (n) فاش غلطی ؛ خطائے کبیر ۔

Flagrante delicto : (n) رنگے ہاتھوں ؛ جرم کرتے ہوئے ۔

In flagrante delicto : دیکھو Flagrante delicto

Flagrantly : (adv.) کھلے بندوں ؛ علانیہ طورپر ؛ مبینہ طور پر ۔

Flail : (n) [OE.flegal.] (۱) بال سے اناج نکالنے کا آلہ ؛ خرمن کوب ؛ گندم کوب ؛ سلارا ؛ سمانت ؛ پوڑ ؛ ہاتھوں کے ذریعہ بالیوں سے اناج نکالنے کا لکڑی کا بنا ہوا ایک آلہ ۔ (۲) اس آلے سے مشابہ ایک فوجی ہتھیار ؛ جو لوہے کا بنا ہوتا ہےاور جس کےمار کرنے والے حصے پر لوہے کی نوکدار سلاخیں لگی ہوتی ہیں ۔

Flail : (v) (۱) کوڑا مارنا ؛ چابک زنی ؛ شلاق زنی ؛ قمچی مارنا ؛ ڈنڈے مارنا ؛ کوٹنا ؛ پیٹنا ؛ گندم کوبی کرنا ؛ خرمن کو بی کرنا ۔(۲) فلیل سے فلیل کی طرح مارنا یا کوٹنا یا پیٹنا ۔ (۳) فلیل کےذریعہ بالیوں سےاناج نکالنا ۔ (٤) کوڑا مارمار کر چلانا ۔

Protestant flail : (انگریزی تاریخ) جستہ بھرا ہوا ایک چھوٹا ہتھیار جو پاپائی پلاٹ کے وقت پروٹسٹنٹ عیسائی کے لئے رہتے تھے ۔

Flail joint : (n) (طب) ڈھیلا جوڑ ؛ مفصلِ نرم ۔

Flail-stone : (n) ایک سوراخ دار لمبا پتھر جسے بالیوں سے اناج نکالنے یا سَن کوٹنے کے آلے کےطور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔

Flair : (n) [OFr.'flair.] قوت شامّہ ؛ جبلی یاوجدانی صلاحیت امتیاز ؛ حاسہء تمیز ؛ بویندگی ؛ شامہء سگ ؛ قوت تشخیص (مجازاً) فراست ؛ تمایل ؛ استعداد طبیعی ؛ خصیصہ ۔

Flair/Flare : (n) [Cf. OF.'flair.'] شعاعیہ ؛ شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا ایک خاندان ؛ راسبہ (ماہی) ؛ اسکیٹ مچھلی ۔

Flair : (n) Flare کا متبادل ۔

Flak/Flack : (n) (۱) انٹی ایرکرافٹ گن ؛ طیارہ شکن توپ ؛ توپ خانہ ضد ہوائی ۔(۲) طیارہ شکن توپ کے گولے ۔

Flak suit/-vest : (n) شرنیل گولیوں سے بچنے کے لئے ایک قسم کی زرہ ۔

Flake : (n) [Origin doubtful.] (۱) ہلکا روئی کی شکل کا گچھا یا گچھا (خاص کر برف کا) تکّہ ؛ تکّہ کوچك ؛ ورقہ ؛پوستہ ؛ فلس؛ دانہ (ورق) ۔ (۲) جلے ہوئےمادے کی اوپر کی پپڑی ۔ (۳) پتلا اور چوڑا سا چھلکا ؛ چیلی ۔ (٤) مچھلی کےمختلف حصے ۔(٥) تہ ؛ پرت؛ طبق ؛ پپڑی ؛ پاپڑ (روئی کا) چھلکا ؛ فلس ماہی، بھوسا ۔(٦) دھاری دار پنکھڑیوں کا پھول ؛ پلك کی قسم کا دھاری دار پنکھڑیوں والےپھول کی ایك قسم ۔(۷) چنگاری؛ شرارہ ؛ کسی جلتی ہوئی شے سے اُڑنے والی روشن چنگاری ۔ (۸) طبقہ ؛ پرت ؛ تراشہ ؛ ورق ؛ غشا ؛ قشر؛ جھلی ؛ برف کی بہتی ہوئی چادر ۔(۹) بالوں کا گچھا؛ گلولہ پشم؛ متوازی دھاگوں یا ریشوں کا گچھا ۔(۱۰) (طب) گالا ؛ فلس ؛ پپڑی (کیمیا) تہ ؛ پرت ؛ طبق ۔

Snow flake : برف کا گالا ۔

Flake : (n) [Origin doubtful.] (۱) ٹٹی کی بنی ہوئی دیوار یا روك ؛ عارضی گیٹ ؛ ٹاٹر ؛ ٹٹی (روزمرہ) ۔ (۲) اشیائے خوردونوش رکھنے کی الماری یا خانہ ؛ کیك وغیرہ رکھنے کی الماری یا خانہ ۔ (۳) وہ چبوترہ جہاں مچھلیاں سُکھائی جاتی ہیں ؛ مچھلیاں سکھانے کی الماری ؛ بکس ؛ چبوترہ ؛ مچان ۔(٤) جہاز کی پہلو میں لٹکتی ہوئی مچان جس پر بیٹھ کر جہاز کی درزوں یا شگافوں کو بھراجاتا ہے۔ (٥) (کان کنی) تختوں سےبنی ہوئی ایك فریم جسے ہوا یا پانی سے بچاؤ کے لئے پناہ گاہ کے طور پر استعمال کیا جاتاہے ۔

Flake : (v) (۱) گرنا ؛ جھڑنا ؛ جھڑکانا ؛ برف کے گالوں کی طرح گرنا ۔(۲) چھلکوں سے چھلکوں کی طرح ڈھك دینا ؛ کسی چیز پر چھوٹے نشان ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ مختلف رنگوں سےرنگنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا فلسوں سے یا اُن کی مانند ڈھك دینا ۔(۳) تاشیں بنانا ؛ ٹکڑا ٹکڑا کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے میں تقسیم کرنا ؛ پرتیں ادھیڑنا ؛ ورق ورق کرنا؛ چھلکے اُتارنا ؛ طبق در طبق جدا کرنا ؛ تہ بہ تہ جدا کرنا ؛ پپڑیاں الگ کرنا ۔(٤) پپڑیاں بن جانا ؛ پرتیں اُدھڑنا ؛ ورق ورق ہوجانا ؛ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ؛ باریك اور چھوٹے چھوٹےٹکڑوں میں بکھر جانا ؛ ورقہ اُدھڑنا ؛ دانہ دانہ (برف کی طرح) ہو جانا۔ (٥) خطوط کھینچنا؛ دھاریاں ڈالنا ؛ لکیریں بنانا؛ مخطّط کرنا (خصوصاً رنگوں سے) ۔

Flake-knite : (n) زمانۂ ماقبل تاریخ میں چھُری کے طورپر استعمال ہوتے والا سخت پتھر کا ایك ٹکڑا ؛ قدیم سنگی چاقو ۔

Flake scar : (n) (تاریخ) پرت کا نشان ۔

Flake-stand : (n) قرن بیق کی نلکی کو ٹھنڈارکھنے والا لگن یاحوض ۔

Flake white : (n) وہ رنگ جو خالص ترین سیسے کی سفید پپڑیوں سےبناتے ہیں ۔

Flaker : (n) (۱) توپ یابندوق کےلئے چقماق سےآگ پیدا کرنے والا ۔(۲) چقماق سے آگ پیدا کرنے کا ایك آلہ ۔ (۳) مچھلیوں کو صاف کرکے مچان پر سکھانے والا مزدور یا کارندہ ۔

Flakily : (adv.) دانہ دار کرکے ؛ قلاشیں بناکر ؛ خطو ط کھینچ کر ؛ مخطّط کرکے؛ ٹکڑے ٹکڑے کرکے ؛ پرتیں ادھیڑ کر ۔

Flakiness : (n) ٹکڑے ٹکڑے ہونے کی صفت یا کیفیت ؛ ورق ورق ؛ ٹکڑا ٹکڑا ۔

Flaking : (n) تہ داری ؛ پرت داری ؛ ورق ورق ہونا ؛ مخطط یا دھاری دار ہونا ۔

Fish flaking : (تاریخ) مچھلی جیسی پرت اتارنا ۔

Free flaking : (تاریخ) غیر محدود پرت اتارنا ۔

Pris matic flaking : (تاریخ) منشوری پرت اتارنا ۔

Secon dary flaking : (تاریخ) ثانوی پرت اتارنا ۔

Step flacking : (تاریخ) زینہ نما پرت اتارنا ۔

Tool flaking : (تاریخ) پرت اتارنے کا اوزار ۔

Flaky : (a) Flake کی شکل یا حالت کا ؛ ٹکڑےٹکڑے کیاہوا ؛ دانہ دانہ کیا ہوا ؛ ورقہ ورقہ ؛ فلسی ؛ دانہ دانہ (مثل برف) ؛ پرتیں اُدھیڑا ہوا ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ جومضبوطی سے کساہوا نہ ہو ؛ چھلکا چھلکا ؛ پوستہ پوستہ ؛ فلسی دار ؛ پرت دار ۔

Flaky fir : (n) چین کا ایك سدا بہار درخت ۔

Flam : (n) [Origin unkl.] (۱) جھوٹی کہانی ؛ بناوٹی بات ؛ بہانہ ؛ دھوکا؛ فریب؛ چھل ؛ جعل ؛ مکر ؛ حیلہ ؛ خدع ؛ جعل سازی ؛ چال بازی ؛ دام ؛ تزویر ؛ ابلہ ، فریبی؛ ریا کاری ؛ دھو کے کی ٹٹی ۔ (۲) مکّار ؛ جعل ساز ؛ شعبدہ ؛ فریبی ؛ دغاباز ؛ رنگا سیار ؛ بگلا بھگت ؛ للّو پتو کرنے والا ؛ بہلاوے میں رکھنے والا ۔

Flam : (n) [Prob. Echoic.] ڈھول یا نقارہ بجا کر کسی بات کا اشارہ ؛ جس میں نقارے کی آواز دوضربی ہوتی ہے، پہلی ضرب تیز اور دوسری ہلکی ہوتی ہے ۔

Flam : (n) مکر وفریب کرنا ؛ حیلہ بازی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جھوٹ بول کر فریب دینا ؛ چھل کرنا؛ خوشامد کر کے دھوکا دینا ؛ مکّاری کرنا ؛ ریا کاری کرنا (اب روزمرہ اور امریکا میں مستعمل ہے) ۔

Flam beau : (n) [med. L.'falmbellum.] مشعل (خاص کر وہ جو موٹی موٹی موم بتیوں سے بنائی جاتی ہے) ؛ جلتی ہوئی مشعل ۔

Flam borougy : (n) ایک قسم کا قدیم انگریزی رقصِ شمشیر ۔

Flamboyant : (a) [F. flamboyant.] (۱) (فرانس کی پندرھویں اور سولھویں عیسویں کی عمارتوں میں) چراغ کی لو کی طرح لہر دار خطوں کی صورت کا بنا ہوا ؛ لہر دار خطوط والا ؛ متخالف خمیدگی والے شعلہ نما خطوط والا؛ نہایت سجا ہوا ؛ آراستہ ؛ بھڑک دار؛ مزین ؛ پھول بوٹوں کی کیلوں سے آراستہ ؛ بھڑکیلے طور پر آراستہ ۔(۲) موج کی شکل کا؛ موج دار؛ لہر دار؛ لہریہ ؛ مشعل نما (خاص کر تلوار کے لئے آتا ہے) ۔ (۳) شوخ رنگ کا؛ شعلہ رنگ ؛ دمکتا ہوا ؛ درخشاں ۔ (٤) نمائشی ؛ زرق برق ؛ پر تکلف ؛ شاندار ؛ بہت رنگین ؛ مجلل ۔ (٥) بے دریغ ۔ (٦) شعلہ دار۔ (۷) (تعمیرات) بھڑکیلا ؛ فروزاں ۔(۸) (گاتھی) لہر ۔

Falmboyant : (n) (۱) مختلف رنگوں سے رنگین لہریہ ۔ (۲) شعلہ کے رنگ کے پھول ؛ شعلہ رنگ پھولوں والے پودوں کا نام ۔(۳) گلِ طاؤس ۔

Flame : (n) [L.'famma.] (۱) چراغ کی لو ؛ شعلہ ۔(۲)بھڑکتی ہوئی آگ ۔ (۳) تیز روشنی ۔ (٤) (مجازاً) تیز رنگ ؛ شوخ رنگ ؛ چمک دمک ؛ آب وتاب ؛ تابانی ؛ شوخ رنگی ؛ بھڑکیلا پن ؛ آگ کاسا لال (رنگ) ؛ آتشی رنگ ۔(٥) جذبہ ؛ جذبہء عشق ؛ شور عشق ؛ محبوب ؛ معشوق (مزاحاً)۔ (٦) پروانہء بعض برطانوی پتنگوں کا نام ۔ (۷) نقطہء اشتعال تک گرم کیا ہوا بخار یا بھاپ ؛ مشتعل گیس ؛ جلتی ہوئی گیس نیز مجازاً ۔ (۸) (جمع میں) (The کے ساتھ) آگ ؛ آتش ۔ (۹) قابل دید احتراق یا افروختگی کی حالت ؛ نمایاں اشتعال پذیری کی حالت ؛ (زخم وغیرہ کی) شوزش اور ورم ؛ (مجازاً) برہمی ؛ اشتعال ؛ جوش ؛ ہیجان ؛ برافروختگی ؛ برانگیختی ؛ حرارت ؛ احتراق ۔(۱۰) روشنی کی تیز کرن یا شعاع ۔ (۱۱) شعلہ مانند شے ؛ آتشیں ؛ آتش مثال ؛ شعلہ نما ؛ شعلہ مثل شے ۔ (۱۲) درخشندگی ؛ تابناکی ؛ تابش ۔(۱۳) گہرے سرخ رنگ کی نارنگی (کیمیا) شعلہ ۔

An old flame of mine : (مذاقیہ) معشوق ؛ محبوب ۔

The flames : بھسم کرنے والی آگ ۔

To fan the flame : آتش شوق کو بھڑکانا ۔

Flame : (v) (۱) جلنا ؛ ابلنا ؛ شعلہ بار ہونا ؛ شعلے نکالنا؛ لَو اُٹھنا؛ شعلہ اُٹھنا؛ دہکنا۔(۲) (جذبہ کا) بھڑک اٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ جذبات کا شعلہ بار ہونا ۔ (۳) (شخص کا) آگ بگولا ہوجانا ؛ بگڑبیٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ غصے کی آگ کا بھڑک اُٹھنا ؛ شعلہ بار یا خشمگیں آنکھوں سے دیکھنا ؛ جذباتی نگاہ سے دیکھنا ۔ (٤) چمکنا؛ روشن ہونا ؛ دمکنا؛ لہکنا ؛ مشتعل ۔(٥) روشنی سے اشارہ کرنا ۔(٦) آگ یا شعلے پر رکھنا ؛ شعلوں کی زد میں ہونا ؛ شعلوں کی لپٹ میں ہونا ۔ (۷) شعلے کی طرح روشن ہونا ؛ شعلہ نماہونا ؛ شعلہ رنگ ہونا ۔ (۸) شعلے کی طرح حرکت کرنا؛ لہکنا؛لہرانا؛لپکنا؛ لرزاں وفروزاں ہونا ۔

Flame arc : (n) (کیمیا) شعلہ قوس ۔

Flame-bearer : (n) ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے اُڑتے وقت گنگناہٹ سی آواز ہوتی ہے ۔

Flame-bed : (n) (بھاپ انجن) آتشیں اینٹ سے بنےہوئےفرش والا آتش دان ؛ شعلہ فرش ۔

Flame-bridge : (n) بھٹی کے فرش پر بنائی ہوئی دیوار جس کی وجہ سے شعلے بوائلر کےپیندے سےٹکراتے ہیں ؛ شعلہ پُل ۔

Flame cell : (n) (حیوانیات) شعلہ خلیہ ؛ اخراجی خلیہ ؛ (کیمیا) شعلے کا خانہ ۔

Flame-chamber : (n) (بھاپ انجن) شعلہ پُل کےمعاًپیچھےوالی جگہ جس میں پُل کے اوپر سے گذرنے والی آتش گیر گیسوں کی اشتعال پذیری مکمل ہوتی ہے ۔

Flame-colour : (n) شعلے کا رنگ ؛ شوخ سرخی مائل زرد یا نارنجی رنگ ۔

Flame-coloured : (a) شعلہ رنگ ؛ شعلے کے رنگ کا ؛ شوخ سرخی مائل زرد یا نارنجی رنگ کا ۔

Flame-engine : (n) گیس انجن کا پرانا نام ۔

Flame-flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Flame-furnace : (n) وہ بھٹی جس میں دھات یا کچی دھات براہ راست شعلوں پر رکھی جاتی ہےلیکن ایندھن سے اُس کا تعلق نہیں ہو تا ہے ۔

Flame-kiln : (n) (۱) دیکھو Flame furnace ۔(۲) گہرے سرخ یا قرمزی رنگ کے پھولوں والے پودوں کےناموں میں آتا ہے ۔

Flame proof : (a) شعلہ روک ۔

Flame spreader : (n) شعلے کو پھیلا نے والا ۔

Flame temperature : (n) (کیمیا) تپش شعلہ ۔

Flame test : (n) (کیمیا) شعلہ کی جانچ ۔

Flame-tree : (n) (۱) شمالی ساؤتھ ویلز کا ایک درخت ۔ (۲) مغربی آسٹریلیا کا ایک درخت ۔ (۳) پلاس کا درخت ؛ ڈھاپ ۔

Flame thrower : (n) آتش پاش ؛ شعلہ انداز ۔

Flame up : (v) (۱) شرماجانا ۔(۲) لو یا شعلہ کی طرح ہلنا یا کپکپانا ۔

Flameless : (a) بےشعلہ ؛ بغیر شعلے کے جلتاھوا؛ (شعر میں) جذبات سے محروم ؛ جذبے سےخالی ۔

Flamelet : (n) ہلکا شعلہ ؛ خفیف شعلہ ۔

Flamen : (n)[ME.] (۱) (روما قدیم) پروہت (جو خاص ایک دیوتا کا پجاری ھوتاھے) نیز دوسرے پروہت ۔
(۲) من متھ جفری نےلاطینی الفاظ Flamen اور Archi flamen کو ملحدبرطانیہ کےپرو ہتوں کے دو درجوں کو ظاہر کرنے کےلئے استعمال کیاتھا جن کے بارے میں یہ کہا جاتاھے کہ بشپ اور آرک بشپ کے ذریعہ جزیرے کے مذہب کی تبدیلی کے موقع پر بدل دیا گیا تھا ۔
(۳) (تاریخ) نقلی ؛ جعلی ؛ ادعائی ۔

Flamen Dialis : (n) (تاریخ) جو پیٹرکاپجاری (رومن مذہب)۔

Flamer : (n) اشتعال دلانے والا ؛ روشن کرنے والا ؛ شعلہ بر ؛ شعلہ بردار ؛ شعلہ آور ؛ روشنی سے اشارہ کرنے والا ۔

Flaming : (a) (۱) نہایت گرم ؛ تیز ؛ اتنا گر م کہ جل جائے ۔ (۲) شوخ رنگ کا ؛ تیز رنگ کا ؛ بھڑکیلا ؛ برافرختہ ؛ برانگیختہ ؛ جلتا ھوا ۔(۳) (مجازاً) مبالغہ آمیز ؛ بہت زیادہ تعریف کرنے والا ۔ (٤) شعلہ فشاں ؛ شعلہ ور؛ شعلوں کی لپیٹ میں ؛ فروزاں ؛ سوزاں ؛ مشتعل ؛ (مجازاً) آگ بگولہ ؛ غضب ناک ؛ جذبات کی رو میں ۔ (٥) روشن ؛ درخشاں ؛ چمکتا ھوا؛ دہکتا ھوا؛ جلتا ھوا ؛ دمکتا ھوا ۔(٦) بہت تیز اورروشن ؛ شعلہ بار ۔ (۷) واضح ؛ گہرا (تصور، نقش) ۔ (۸) سرخ انگارا ؛ آتشیں ؛ تپانے والا (مجازاً) پرشوق ؛ سر گرم ؛ تند؛ جوش انگیز (آدمی یا جذبات) ۔ (۹) سنگین ؛ کبیر ؛ سخت (جرم) متوحش ؛ وحشت ناک ؛ حیرت انگیز ۔ (۱۰)روشن ؛ برملا؛ آشکارا ؛ کھلاھوا ؛ اعلانیہ ۔ (۱۱) شعلہ رنگ ؛ شعلہ نما ؛ شعلہ مانند ؛ آتشیں ؛ لرزاں ؛ فروزاں ؛ مختلف رنگوں سے رنگیں لہریا ؛ مخطط ؛ دھاری دار ۔(۱۲) چراغ کی لو کی طرح کےلہر دارخطوں کی صورت کا بنا ھوا ۔ (۱۳) (کیمیا) شعلہ خیز ؛ تیز گرم ؛ مبالغہ آمیز ۔

Flaming disharge : (n) (برقیات) شعلہ دار اخراج ۔

A flaming description : مبالغہ آمیز بیان ۔

Flamingly : (adv.) شعلہ صفت اندازمیں ؛ شعلہ فشاں ہوکر ؛ شوخی سے ؛ تیزی سے ؛ بھڑکیلے طورپر ؛ غضب ناک ہوکر ؛ بر انگیختہ ہوکر ؛ شعلہ بار انداز میں ؛ مبالغہ آمیز طورپر ۔

Flamingo : (n)[Pg.'glamingo.] لم ڈھینگ ؛ لال رنگ کا لم ٹنگو ؛ لال رنگ کالم ڈھینگ ؛ شوخ قرمزی پروں والی چڑیاجس کےپاؤں اورگردن لمبی اور پتلی اور جس کی چونچ بھاری اور مڑی ھوتی ھے ؛ مرغ آتشی ؛ مرغ خواص ؛ نیز توصیفی معنوں میں (حیوانیات) نمام ؛ بشروش ؛ لال لم ٹنگو ۔

Flamingo flower/-plant : (n) شوخ قرمزی رنگ کے پھولوں والا پودا ۔

Flammable : (a) بھڑک اٹھنے والا ؛ مشتعل ہو جانے والا ؛ آتش گیر ؛ جلد آگ پکڑنے والی ؛ تند مزاج ؛ شعلہ مزاج ۔

Flammenwerfer : (n) آتش بار توپ ؛ آتش پاش ۔

Flamy : (a) شعلہ ساں ؛ شعلہ صفت ؛ شعلہ وار ؛ شعلہ نما ؛ آتشیں ؛ شعلوں کا یا اُن سےمتعلق ؛ شعلہ بر ؛

شعلہ دار ؛ شعلہ ور ؛ شعلوں کی لپیٹ میں ؛ شعلوں میں گھرا ہوا ۔

Flan : (n) [F. 'flan.'] (۱) (سکہ سازی) سکہ بننے سے پہلے چپٹی دھار ؛ وہ سکّہ جس پر ابھی مُہر نہیں کی گئی ہو ؛ سادہ سکّہ ؛ ٹھپے سے پہلے سادہ سکے کا سادہ پتر ۔ (۲) کھلا ہوا سنبوسا جس میں پھل وغیرہ بھرے ہوئے ہوں ۔

Flanch/Flaunch : (v) [Origin doubtful.] پھیلنا ؛ چوڑا ہونا ؛ سرے کی طرف چوڑے منہ کا ہونا ؛ باہر کی طرف جھکا ہوا اور سرے پر پھیلاہوا ۔

Flanch/Flanque : [Of.flanche.] (نقابت) ڈھال کے دونوں جانب بنائے ہوئے نشان جو مرکز کی طرف محدب خط کی صورت میں ہوتے ہیں ۔

Flanch/Flanunch : (n) (۱) کگر بنانا۔(۲) پھیلنا ؛ کشادہ ہونا ۔

Flanched : (a) (نقابت) مرکز کی طرف محدب خط والا دو طرفی نشان بنائی ہوئی (ڈھال) ۔

Flanconade : (n) [F.f.'flance.'] (تیغ زنی) بغلی شمشیرزنی ؛ بغل میں خنجر بھونکنا ۔

Flandam : (n) [Origin unkn.] سترھویں صدی میں رائج ایک زنانہ دامن دار ٹوپی جس کے دونوں دامن ٹکے ہوئے ہوتے تھے ۔

Flanerie : (n) کاہل الوجود ہونے کی حالت یاصفت ؛ مفت خورا پن ؛ مفت خوری ؛ آوارہ گردی ۔

Flaneur : (n) [F.f.'flaner.'] (۱) (فرانسیسی)سستی میں وقت گذارنے والا ؛ کاہل الوجود ؛ مفت خورا؛ آوارہ گرد ۔

Flang : (n) [Origin unkn.] کان کنوں کی دو نوک والی کدال ۔

Flange : (n [F.flanch] (۱) پھیلاؤ؛ فراخی ؛ کشادگی ؛ پھیلاہوا حصہ ؛ کشادہ حصہ ؛ شاخ درشاخ ہونا مثلاً کان کنی میں کسی شگاف کا جس میں دھات موجود ہو ۔ (۲) چپٹی باڑھ یا کگر جس کا کنارہ باہر کونکلارہےاور جوکسی چیز کو جوڑنےیا مضبوط کرنے یا کسنے کےلئےلگائی جائے۔(۳) کوئی بھی کگر یا نوک دارنکلی ہوئی سطح نیز پائپ یا سلنڈرکو ڈھانکنےکےلئے چپٹا کیاہوا گول ٹکڑا ؛ نیز سادہ سکّہ جس پر مہر نہ لگائی گئی ہو؛ (انجینیئرنگ) کور؛ لب ۔

Flange : (v) (۱) (باڑھ یا کگر) لگانا؛ کگر بنانا ۔(۲) پھیلنا ؛ کشادہ ہونا ؛ چوڑا ہونا ؛ فراخ ہونا ؛ منہ بڑا ہونا ؛ باہر کی طرف پھیلا ہوا ۔

Flange joint : (n) پائپ وغیرہ کا جوڑ جو دو ریموں یا کگروں کو نٹ بولٹ سے کس کر بنا یا جاتا ہے ۔

Flange pipe : (n) (امریکا) دونلکیوں کےملے ہوئے سرے جنہیں کسنے کے لئے اُن میں کگر لگے ہوں ۔

Flange rail : (n) (۱) (امریکا) ریل کی پٹری جس کے ایک طرف کگرہوتا ہےتاکہ چکّے پٹری سےنہ اتریں ۔ (۲) کگر دار پٹری ۔

Flanged : (a) کگر لگا ہوا ؛ کگر دار ۔

Flank : (n) [F.'flanc.'] (۱) انسان یا حیوان کے جسم میں کوکھ ، پسلیوں اور پُٹھے یا سرین کے درمیان گوشت دارحصہ ؛ پہلو ؛ تہی گاہ ؛ طرف ؛ دامنہ ۔ (۲) عمارت اور پہاڑ وغیرہ کی ایک جانب ؛ ایک پہلو ؛ ایک طرف ؛ کسی چیز کا پہلو یابغلی حصہ ۔(۳) فوج یا فوجی دستہ کا داہنا یا بایاں پہلو ؛ بازو ؛ میمنہ یا میسرہ ۔ (٤) (بیطاری) (جمع) جناح ؛ گھوڑے کی پیٹھ کی خراش ۔(٥) (قلعہ بندی) مورچے کا وہ حصہ جو بغلی یا جانبی گولہ باری سے بچاؤ کی خاطر بنایاگیا ہو، خصوصاً قلعے کے دو برجوں کے درمیان کی دیوار جو سامنے والے حصے کی حفاظت کےلئے ہوتی ہے۔(٦) (میکانیات) کسی پہیے کے دندانے کا سیدھاحصہ جو صدمہ یا بوجھ برداشت کرتا ہو۔(۷) (حیوانیات) کوکھ: پہلو ؛ جناح ؛ بازو ۔(۸) (فوج) فوج کا بازو ۔

Left flank : میسرہ ؛ فوج کا بایاں بازو ۔

Right flank : میمنہ ؛ فوج کا داہاں بازو ۔

Flank : (v) (۱) فوج کے ایک پہلو (میمنہ یا میسرہ) کو تقویت دینا؛ مضبوط اوراچھے آدمی اس میں مقرر کرنا ؛ مضبوط یا محفوظ کرنا (فوج کے کسی بازو کو) نیز مجازاً ۔(۲)فوج کے پہلو پر گولاباری کرنا؛ (اس کو) برمانا؛ چھیدنا؛ خوف زدہ کرنا ۔(۳) میمنہ یا میسرہ کے سامنے سے فوجی طریقہ پرگذرنا (امریکی عامیانہ) فریب دینا؛ جُل دینا ؛ بچنا؛ خالی کر دینا؛ چرکا دینا ؛ داؤ سےمارنا؛ بچ کر نکل جانا ۔ (٤) میمنہ یامیسرہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کرنا یا دھمکی دینا ؛ فوج کے کسی بازو کو دھو کا دینا ۔ (٥) ایک پہلو پر حملہ کردینا ۔(٦) ساتھ دینا ؛

ہاتھ مضبوط کرنا ۔ (۷) کسی چیز کے پہلو میں رکھا ہونا یا جاگیزیں ہونا ؛ پہلو میں ہونا ؛ جانب میں ہونا ؛ بغل میں ہونا نیز کسی کے پہلو یابغل سے گذرنا ؛ بغل میں رکھنا ؛ پہلو میں رکھنا ۔ (۸) (جہاز کا) طوفان کی طرف اپنا رخ کر دینا یا طوفان کی طرف توپوں والا پہلو گھماکرتوپیں داغنا ۔ (۹) دونوں طرف ہونا؛ دونوں پہلو میں ہونا ؛ دو نوں جانب ہونا ؛ دونوں بغل میں ہونا ۔

In flank : ایك جانب ؛ ایك پہلو میں ۔

To be flanked by : : بغل میں رکھنا ؛پہلو میں رکھنا ؛ کسی چیز کا پہلو میں ہونا ۔

To turn the flank of : (فوج) پہلو یا پیچھے کی طرف سے حملہ کرنے کےلئے دشمن کی صف سے بچ نکلنا ؛ گھوم کر پہلو کی طرف آنا ؛ مجازاً بچ نکلنا؛ فریب سے دینا ؛ کسی شخص کو میٹھی باتوں سے راضی کرلینا یاٹال دینا ؛ چرکا دینا؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Flank attack : (n) (فوج) بغلی حملہ؛ پہلو یا پیچھے کی طرف سے حملہ ۔

Flank-bone : (n) کولہے کی ہڈی ۔

Flank company : (n) (فوج) جانبی دستہ ؛ پہلو والا دستہ ؛ میمنہ و میسرہ بازو والا دستہ ۔

Flank defence : (n) (فوجی) بغلی دفاع ؛ جانبی دفاع ؛ پہلو کا دفاع ؛ بغلی حملے سے بچاؤ کےلئے بنائی ہوئی دیوار خصوصا دو برجوں کے درمیان کی دیوار ۔

Flank file : (n) جانبی صف ؛ پہلو والی صف ؛ میمنہ یا میسرہ (بازو فوج کا)۔

Flank fire : (n) بغلی گولہ باری ؛ پہلو کی طرف سے ہونے والی گولہ باری ۔

Flank march : (n) جانبی کوچ ؛ پہلو کی سمت چلنا ۔

Flank movement : (n) جانبی نقل وحرکت ؛ بغلی نقل وحرکت ۔

Flank-wall : (adv.) بغلی دیوار ؛ جانبی دیوار ؛ پہلو والی دیوار ؛ پہلو دیوار ۔

Flank-wise : (adv.) بغلی طورپر ؛ پہلو کی طرف سے؛بازو بہ بازو ؛ پہلو بہ پہلو ۔

Flanker : (n) (۱) حملہ یاتحفظ کرنے کے لئے میمنہ یا میسرہ کے استحکامات ؛ استحکامات جناحی ؛ قلعہ بندی ؛ مورچہ بندی ۔(۲) (جمع میں) میمنہ یا میسرہ پرچنگ خفیف کے طریقے پرلڑنے والے ؛ پہلو شکن ۔(۳) کوئی چیز ؛ جو کسی چیز کے ایك جانب (دائیں یا بائیں) ہو ۔(٤) کسی بازو میں شامل سپاہی ؛ میمنہ یا میسرہ کا کوئی سپاہی خصوصاً چھوٹی تکڑیوں میں لڑنےوالی اُس جماعت کا ایك شخص جو کسی فوج کے بازووں کی پیش قدمی کی رہنمائی کےلئے آگے بڑھائی گئی ہو ۔(٥) گروس (ایك انگلستانی پاموز پرند) کو ہنکانے والا جو اُس کی راہ میں کھڑا رہتا ہے تاکہ اُس پرند کو جو بھاگنا چاہتا ہےصحیح سمت میں موڑ دے یا قطارسے نکال دے ۔ (٦) فٹ بال میں میدان کے دائیں اوربائیں سروں پر متعین کھلاڑی (رائٹ آؤٹ، لیفٹ آؤٹ)۔

Flanker : (v) (۱) میمنہ یا میسرہ کو مضبوط یا محفوظ کرنا؛مورچے سےدفاع کرنایاکمان کرنا ؛ مورچہ بندی یاقلعہ بندی سےفوج کو مضبوط اور محفوظ کرنا۔ (۲) میمنہ یامیسرہ پرحملہ کرنا۔

Flannel : (n)[Origin doubtful.] (۱) ایك طرح کا اونی کپڑا ؛ فلالین ۔(۲) (جمع میں) فلالین کی طرح طرح کی قسمیں ۔ (۳) (جمع میں) فلالین کےبنےہوئے نیچےپہننے کے کپڑے؛ زیر پوش ؛ زیر جامہ ؛ فلالین کی پتیاں (باندھنےکےلئے) :لباس : پتلون (کھیل وغیرہ کےلئے) ۔ (٤) فلالین کا ٹکڑا جو بدن دھونے یافرش کو صاف کرنے کے کام آتاہے ۔ (٥)توصیفی معنوں میں فلالین کا ؛ اُس کی طرح بنا ہوا ؛ (مزاحاً) ویلس کا باشندہ ؛ ویلز باشی ۔

Flannel : (n) فلالین کا بناہوا ؛ فلالینی ۔

Flannel : (v) فلالین میں لپیٹنا ؛ فلالین سے ڈھکنا ؛ فلالین سے رگڑنا یا مساج کرنا ؛ فلالین سے گھسنا یا صیقل کرنا ؛ فلالین سے مالش کرنا ۔

To get or receive one's flannel : (دل خراش عامیانہ) اسکول کرکٹ یا فٹ بال کی ٹیم میں شامل ہونا ۔

Flannel-cake : (n) جالی دارتوے پر پکایا ہوا پتلا کیك ۔

Flannelette : (n) روئی کا بنا ہوا نقلی فلالین ۔

Flannelled : (a) فلالینی لباس پہنے ہوئے (شخص) ؛ فلالین میں لپٹا ہوا ؛ فلالین سے ڈھکا ہوا ؛ فلالین سے ماتجھا ہوا یا صاف کیاہوا ۔

Flannelly : (a) فلالین کا بنا ہوا ؛ فلالین سے مشابہ ؛ فلالین جیسا نیز مجازاً ۔

Flanning : (n) {Origin unkn.} آتش گاہ یا کھڑکی کے بازو کا موکھا یا بیرونی حصے کی ڈھلوان ۔

Flap : (n) {f.next verb.} (۱) کسی چوڑی چپٹی اور جھولتی ہوئی چیز کی حرکت یا تھپکی نیز اس سے پیدا ہونے والی آواز ؛ تھپتھپاہٹ ؛ تھپکی؛ عمودی طورپر لٹکی ہوئی یا جھولتی ہوئی کوئی چوڑی یا چپٹی چیز ۔ (۲) پروں کی حرکت ۔ (۳) کسی چیز کا چوڑا اورچپٹا لٹکتا ہوا صرف ایک طرف سےٹکا ہوا ، بندھا ہوا ، چپکا ہوا یا اٹکا ہوا مثلاً دامن ؛ دروازے کا گذرنے اور اٹھنے والا پٹ یا پردہ ؛ نقاب ؛ جیب کے منہ پر سلاھوا کپڑے کاٹکڑا؛ خیمہ کا پردہ ؛ سل بند ؛ انگریزی ٹوپی کا چھجا ؛ میز کا ٹوٹنےوالا تختہ ؛ تھاپ ؛ تھاپی؛ ضربہ گوشت ۔ (٤) وہ لٹکی ہوئی کھال جو کسی کےعضو کے کاٹنے کےبعد باقی رہ جاتی ہے ؛ لٹکتی ہوئی کھال یا گوشت جو صرف اوپر کی طرف جڑی ہو ۔ (٥) سانپ کی چھتری (کھمبی) کا اوپر سے کھلا ہوا حصہ ۔ (٦) وہ پردہ جو مچھلی کےگلپھڑے پر ہوتا ہے ۔ (٧) (بیطاری) (جمع) گھوڑوں کے منہ میں ہونے والی ایک بیماری ۔ (٨) ہیٹ کے سامنے کا نکلا ہوا حصہ؛ لب کلاہ؛ (حیوانیات) پھڑ پھڑاہٹ ۔

In a flap : جنبش میں ؛ حرکت میں ؛ ہلتا ہوا ؛ متحرک ؛ جنباں ؛ مضطرب ؛ پریشان ؛ گھبراہٹ یا پریشانی کی حالت ؛ ہلچل ؛ شورش ؛ کھلبلی کی حالت ۔

Tide flap : سمندری جوار کے پانی کو نالیوں سے داخل ہونے سے روکنے کےلئے استعمال ہونے والا کھل مندن ؛ حمام ؛ والو ۔

Flap : (v) {F.'flappe.'} (۱) کسی چوڑی یا چپٹی چیز سے مارنا؛ ہلکی تھپکی دینا ؛ (بول چال) اچانک ماربیٹھنا ؛ کسی ملائم یا چوڑی چیز سے مارنا ؛ تھپتھپانا؛ تھپ سے مارنا؛ تھاپ مارنا ۔ (٢) اڑانا (مکھیوں یا پرندوں کو) ۔ (٣) پروں کو جھاڑنا ؛ پر مارنا ؛ پھٹ پھٹانا ؛ پھڑ پھڑانا ؛ پروں کو اوپر نیچے حرکت دینا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان ہونا ؛ ڈگمگانا ؛ ہلنا جلنا ؛ جھونکے کھانا ۔ (٤) (بول چال) تیزی سے اُٹھنا اورگرنا؛ لہریں مارنا؛ جھولنا ؛ جھومنا ۔ (٥) جنبش دینا ؛ ہلانا ؛ حرکت دینا ۔ (٦) ہیٹ میں اوپر نیچے حرکت کرتا ہوا چھجا ہونا ۔ (٧) کسی چوڑی چپٹی چیز کو نیچے حرکت دینا ؛ ہیٹ کے چھجے کو نیچے کرنا یا جھکانا ۔ (٨) بازووں کو اوپر نیچے حرکت دینا ؛ (پر) مارنا ۔ (٩) ہاتھوں یا پروں کو جھاڑتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (١٠) بے مقصد باتیں کرنا ؛ بے وقوفی کی باتیں کرنا ۔

Flap door : (n) (تعمیرات) نقابی دروازہ ۔

Flap-fracture : (n) دیکھو Compound fracture

Flap jack : (n) (۱) (بول چال) آٹے کا کیک جو چربی میں پکایا جاتا ہے نیز میٹھا سموسا جس میں سیب وغیرہ پھل کاٹ کر بھرے ہوں ۔ (٢) (بول چال) انگلستان کا ایک قسم کا سبزی مائل کبوتر کےقد کا پرندہ ؛مرغ باران کی ایک قسم ۔

Flap-mouth : (n) چوڑے اور لٹکتے ہوئے ہونٹوں والا منہ ؛ دراز لب ۔

Flap-sight : (n) رائفل کا ایک پرزہ جو قلابے پر اوپر نیچے حرکت کرتا ہے ۔

Flapdoodle : (n) {Arbitrary .} (بول چال) واہیات ؛ خرافات ؛ بکواس ؛ بےمعنی ؛ مہمل بات ؛ مہملات ؛ لغویات ؛ یاوہ گوئی ؛ لاف و گزاف ۔

Flapdoodle : (v) مہمل بات کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بے معنی گفتگو کرنا ۔

Flapper : (n) (۱) مکھی مارنے کا چپٹا آلہ ؛ مگس کُش ؛ تھپکن؛ تھپتھپانے والا ؛ مارنے والا ۔ (٢) پرندوں کو ڈرا کر بھگانے کےلئے کھٹکھٹا ؛ مرغ ران ۔ (٣) جوان جنگلی بط یا تیتر ۔ (٤) (بول چال یاعامیانہ) وہ لڑکی جو ہنوز عام صحبتوں میں شریک نہ ہوتی ہو ، جس نے ابھی گھر سےباہرقدم نہ نکالاھو ؛ کبھی کبھی شائستگی، شعورکی کمی یاوحشت کےباعث ۔ (٥) (عامیانہ) ہاتھ ۔ (٦) کسی چیز کا ٹکڑا جو قبضے یا کیل سے جڑا ہوا اور لٹکتا ہے ۔ (٧) مچھلی کے چوڑے پنکھ؛ بال پھن ۔ (٨) کیکڑے کی قسم کے جانوروں کی دُم ۔ (٩) سفرنامہ Gu lliver میں جزیرہ لیوٹا کے فلسفیوں کےتذکرے میں ان کو اپنی محویت اوراستغراق سےجگانےوالےخدّام؛ یاددلانےوالی چیز۔ (١٠) متوجہ کرنےیا یاد دلانے والا ؛ یاد تازہ کرانے والا ؛ توجہ مائل کرنےوالا؛ یاد دہندہ نیز یاد دہانی کرانا ۔ (١١) تیزی سے حرکت کرنے والا ؛ پر مارنے والا ؛ بازووں کو تیزی سے او پر نیچے حرکت دینے والا ؛ ہلانے والا ؛ جنبش دینے والا ۔ (١٢) پھڑ پھڑانے والا ۔ (١٣) ایسی چیز جسے حرکت دینے پر تھپ تھپ کی آواز نکلتی ہو ۔ (١٤) (حیوانیات) بط بچہ ؛ تیتر بچہ ؛ مگس کُش ؛ مکھی مار ۔

Flapper-skate : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Flare : (n) [l.Flare.(v)] (۱) (جہازرانی) جہاز کے پہلو کا اوپر کی طرف ابھار ؛ کسی انتہائی تیز جلن والی شے کے ذریعہ روشنی کے (رات میں) اشارات ۔ (۲) جھلملاتی ہوئی لو کی تیز روشنی ؛ لرزتا ہوا شعلہ ؛ ٹمٹماتی ہوئی تیز روشنی ؛ دمک ؛ لمعہ ؛ یک بارگی شعلے نکلنا ؛ شعلہ برہنہ ؛ شعلہ زنی ۔(۳) (مجازاً) طمطراق ؛ تڑک بھڑک ؛ ٹھاٹ؛ دکھاوا؛ نمائش ؛ نمود؛ خودنمائی؛ تظاہر ۔ (٤) (فوٹوگرافی) کیمرے کے پردے کا غیر واضح عکس ۔ (٥) (جہاز سازی) اوپر کی طرف اور باہر کی طرف بتدریج پھیلاؤ یا کشیدگی ؛ دامن یا لہنگے وغیرہ کا بتدریج پھیلاؤ ۔

Flare : (v) [Origin unkm.] (۱) جہاز کے پہلوؤں کو اوپر کی طرف بتدریج ابھروانا ۔ (۲) پھیلانا ؛ کشادہ کرنا ؛ نمایاں کرنا ؛ اُبھارنا ؛ ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ بڑا کرنا ؛ چوڑا کرنا ۔ (۳) آگے پیچھے جھولانا یاحرکت دینا ؛ آگے پیچھے ہاتھ ہلانا ؛ اشارہ کرنا ۔ (٤) باہر کی طرف بتدریج پھیلنا یا پھیلانا ۔ (٥) پھیلنے والے اور ناپائدار شعلے کے ساتھ جلنا ؛ لرزتے ہوئے شعلے کی طرح چمکنا ؛ بھڑکنا ؛ شعلہ فشاں ہونا ؛ شعلہ بار ہونا ؛ شعلے کی طرح سرخ ہونا ؛ شعلے میں دہکنا ۔ (٦) (مجازاً) خود نمائی کرنا ؛ بھڑک دکھلانا ؛ غضبناک ہونا (غصے یا کسی جذبے کےتحت) سرخ ہونا۔(۷) شعلے سے روشن کرنا ؛ سلگانا ۔

To flare up : اچانک شعلہ فشاں ہوجانا یا ہونا ؛ اچانک جل اٹھنا ؛ یکبارگی بھڑک اٹھنا ؛ اچانک غضب ناک ہوجانا ؛ دفعتاً غصے میں آجانا ۔

Flare : (n) [Origin unkn.] (بول چال) سور کے کُردے کے گرد کی چربی ۔

Falve star : (n) (فلکیات) لمعی ستارے ؛ نجوم لمعی ۔

Flare-up : (n) (۱) شعلے کا دفعتاً بھڑک اٹھنا ؛ اچانک شعلہ بار ہوجانا؛ دفعتاً شعلہ فشانی؛ شعلہ کی یکبارگی بھڑک ؛ اچانک شعلگی ۔ (۲) شدید بے کلی ؛ سخت افراتفری ؛ متشدد ہنگامہ ؛ شدید فساد؛ تیز ہلچل ؛ شدید اضطراب ۔ (۳) غل غپاڑہ ؛ ادھم ؛ دھما چوکڑی ؛ بکر کود ۔(٤) (جہاز رانی) انتہائی تیزی سے جل اٹھنے والی چیز کو روشن کر کے رات میں کئے جانےوالے اشارے؛ اشارات کے لئے سمندرمیں کی جانے والی روشنی ۔(٥)چند روزہ شان و شوکت یا ہر دل عزیزی ؛ عارضی نمود ۔ (٦) کھلی ہَوا میں بےنقاب شعلہ ۔

Flaring : (a) (۱) بھڑک اُٹھنے والا ؛ شعلے کی طرح چمکنے یا دہکنے والا ؛ جل اٹھنے والا ؛ شعلہ بار یا شعلہ فشاں ہونےوالا ۔ (۲) چندھیا دینےوالی (روشنی)؛ چکاچوند کرنے والی (روشنی) خیرہ کن ؛ خیرہ کناں ؛ تاباں اور لرزاں ؛ فروزاں ؛ درخشاں ؛ مشتعل ۔ (۳) بےحد نمائشی؛ دکھاوے کا؛ بھڑکیلا ؛ زرق برق ؛ خودنما؛ خودفروش ؛ جلوہ گر ؛ ٹھاٹ باٹ والا ۔(٤) پیندے سے اوپر کی طرف بتدریج کشادہ ہوتا ہوا (برتن وغیرہ) ۔(٥) غیر مسلسل طور پر چمکنے والا یا چمکتا ہوا ؛ ٹمٹماتا ہوا؛ تیزی سے مگر رک رک کر چمکتا ہوا ۔

Flaring pipe : قیفی نل ۔

Flaringly : (adv.) نمائشی طور پر ؛ خود نمائی سے؛ زرق برق ہوکر بھڑک دار انداز میں ؛ خیرہ کن طور پر ؛ درخشانی سے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ؛ رُک رُک کر چمکتےہوئے ۔

Flary : دیکھو Flaring

Flash : (n) [f.Fash. (v)] (۱) فوری اورعارضی چمک ۔(۲) اس چمک میں جس قدر وقت صرف ہو ؛ ایک لمحہ ؛ چشم زدن ؛ بجلی کی چمک کا وقفہ ؛ آن ؛ دم؛ لحظہ ؛ پل ۔ (۳) دکھاوا ؛ نمود ؛ظاہر داری ؛ ظاہری چمک دمک ؛ سطحی خود نمائی یا طمطراق ۔ (٤) اسپرٹ کو رنگ دینے والی ایک دوا ۔(٥) پانی کا اچانک اور تیز بہاؤ جو بند سے چھوڑاجاتا ہےتاکہ پایاب پانی سے کشتیوں کو بہالے جائے ؛ وہ مشین جس سے یہ عمل کیا جاتا ہے اور پانی کھولا جاتا ہے ۔(٦) بجلی کی مشعل ۔(۷) بجلی کی طرح کسی بھی شے کی مختصر چمک ؛ اچانک، تیز اورعارضی چمک ؛ اچانک شعلگی ؛ عرضی لپٹ ؛ تیز اور عارضی تابش یا بھڑک ؛ بجلی کی چمک ؛ برق افشانی ؛ تجلی ؛ جلوہ؛ جلوہ گری ؛ تنویر ؛ بھڑک ؛ دمک ؛ تابش ۔(۸) شارب کو رنگنے کےلئے تتیا مرچ یا پسی ہوئی لال مرچ اورجلائی ہوئی چینی کی آمیزش سے تیار کیا ہوا رنگ ۔(۹) (امریکا) مختصر خبروں کی تلگرافی ترسیل؛ مختصر تلگرافی خبر رسانی ؛ (کیمیا) فلاسک ؛ (طبیعیات) فلیش ؛ شرارہ ۔

A flash of hope : امید کی ایک جھلک ؛ عارضی اور فوری احساس ۔

آنکھوں سے شعلہ گرنا ؛ شعلہ گرنا ؛ : Eyes flash fire
شعلہ ظاہر ہونا ۔

فوراً ؛ معاً ؛ اسی دم ؛ فی الفور ؛ آناً فاناً ؛ : In a flash
جھٹ پٹ ؛ اسی آن ؛ آن کی آن میں ؛ پلک جھپکتے ؛
چشم زدن میں ؛ پل بھر میں ؛ آن واحد میں ؛ دم
بھر میں ۔

جوہڑ ؛ پانی سے بھرا ہوا گڈھا ؛ : Flash (n) [echoic origin.]
دلدلی جگہ ؛ گلابہ ۔

(۱) دفعتاً شعلہ بن کر بھڑک اٹھنا؛ : Flash (v) [app.echic.]
شعلہ یا چنگاری یا شرارہ کا نکلنا ؛ پھیکنا ؛
روشنی کی شعاعیں پھیلانا یا عکس ڈالنا ؛
چمکنا ؛ چمکانا ؛ آگ روشنی کا دفعتاً پیدا
ہونا یا بھڑک اٹھنا ؛ بجلی کا چمکنا۔ (۲) تار
کے ذریعے سے خبر بھیجنا ؛ شائع کرنا (خبر
کو بذریعہ تار) ۔ (۳) (شیشہ سازی) پھیلا کر
تختہ بنانا ؛ پھیل کر تختہ بننا ؛ سادہ شیشہ
پر رنگ چڑھانا؛ رنگین شیشے کی تہ سے
بےرنگ شیشے کو ڈھانکنا؛ پانی کا تیزی سے
بہنا ، چڑھنا اور بہنا ؛ (یادگار) چڑھنا ، بھر
جانا اور بہنا ۔ (٤) تیزی سے حرکت کرنا ۔
(٥) سمندر، موجوں وغیرہ کا بلند ہوکر
خشکی پر تیزی سے چڑھ آنا (up کے ساتھ بھی
مستعمل ہے) ۔ (٦) ندی کےپانی کو بند کا
دروازہ کھول کر اچانک چھوڑدینا ؛ دفعتاً تیزی
سے پانی بہنا (ندی کا) ؛ (کشتی کو) زوردار
بہاؤ کے ذریعہ بھیجنا ۔(۷) (ہائیڈرو کاربن کا)
اشتعال پذیر درجہ حرارت پر بخار یا گیس
پیدا کرنا ۔ (۸) اچانک یا تھوڑے وقفے سے
روشنی خارج ہونا یا منعکس ہونا؛ یکبارگی
یا رُک رُک کر چمکنا ؛ جھلکنا ؛ جھلملانا ؛
چمکنا؛ دمکنا ۔ (۹) اچانک بہت تیز روشنی
خارج کرنا یا بھیجنا؛ دفعتاً بہت تیزی سے
چھوڑنا یا نکالنا (روشنی آگ وغیرہ کا) نیز
مجازاً ۔ (۱۰) روشنی کے تیز فوّارے کی طرح
آنا ؛ حرکت کرنا یا گذرنا ۔ (۱۱) اچانک حرکت
میں آجانا؛ پھوٹ پڑنا ؛ نکل پڑنا؛ بھڑک اٹھنا ؛
کسی مخصوص یا معینہ حالت میں دفعتاً
گذرجانا ۔ (۱۲) چمکانا ؛ بہت تیز روشنی پیدا
کرنا ؛ چوندھیا دینےوالی روشنی پیدا کرنا ۔
(۱۳) بہت تیز روشنی سے جلانا؛ روشن کرنا ؛
سلگانا ۔ (۱٤) بہت تیز اور وقفےوالی روشنی
کے ذریعہ (کسی بات کو) ظاہر کرنا ؛ ارسال
کرنا یا اشارہ کرنا ۔ (۱٥) دکھانا ؛ ظاہر کرنا؛
نمائش کرنا ؛ آب و تاب سے نمائش کرنا ؛ چار
چاند لگا کر دکھانا ؛ قابلیت کا اظہار کرنا یا
دولت کا ٹھاٹ دکھلانا (روزمرہ یا عامیانہ) ۔

(۱٦) (برقیات) کاربن کے مہین تار کو ، جب وہ
بھاری ہائیڈروکاربن گیس میں گرم ہوتاھے،
کسی سیال میں غوطہ دے کر یکساں موٹائی کا
بنانا ۔

(ادبی زبان) پرانی بندوق کی : To flash in the pan
طرح ابتدائی زور و شور دکھا کرختم ہوجانا؛
رنجک چاٹ جانا ؛ بھری ہوئی بارود کو جلائے
بغیر رنجک کا پھڑک کر بجھ جانا ؛ (مجازاً)
نمائشی جدوجہد دکھا کر نا کام ہوجانا؛ سعی
لاحاصل کرنا ؛ ٹائیں ٹائیں فش ہوجانا ۔

دفعتاً جذبات میں آجانا ؛ اچانک : To flash up
جذباتی ہوجانا؛ یکبارگی جوش میں آجانا ؛
دفعتاً غضبناک ہوجانا؛ اچانک غصّےمیں آجانا؛
فوراً مشتعل ہوجانا یا بھڑک اُٹھنا ۔

یکایک نظر کے سامنے، سمجھ میں : To flash upon
یا ادراک میں آجانا (مثلاً مجھ پر یکایک
یہ ہویدا ہوا) ۔

(۱) (خاص کر بول چال میں) طرح دار ؛ ٹھاٹ کا ؛ : Flash (a)
بہت پُر تکلف ؛ ٹیپ ٹاپ کا ؛ نمائشی
بھڑکیلا ؛ چمکدار ؛ زرق برق ۔ (۲) بےمعنی
گفتگو ؛ عامیانہ گفتگو (چوروں ، بدمعاشوں
اور کمینوں کی) ؛ چوروں کی اصطلاح یا
مخصوص بولی ؛ مقررہ اشارے؛ بازاری زبان ۔
(۳) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ نقلی ؛ جعلی (سکہ،
تحریر وغیرہ) ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی ؛
پُر فریب ؛ التباسی ؛ تلبیسی ۔ (٤) (عامیانہ)
واقف کار؛ چوکس ؛ چالاک ؛ ہوشیار؛ چُتر ؛
سیانا ۔ (٥) کھلاڑیوں ، شکاریوں ، چوروں یا
آوارہ گردوں اورطوائفوں سےمتعلق یامربوط ۔

آنکھوں سےاپنی بےخوفی ظاہرکرنا؛(v) : Flash back defiance
لڑائی پر آمادگی ظاہر کرنا ۔

پن چکی والے بند کے کنارے پر لگاھوا ایک : Flash board (n)
تختہ جو پانی کی سطح نیچی ہونے کی حالت
میں ؛ چکی کو چلانے والی پانی کی دھارمیں
زیادہ پانی پھینکنے کےلئے ہوتاھے؛ پانی
پھینکنےیا اُچھالنےوالا تختہ ؛ وہ (آلہ) جس سے
حوض کا پانی پن چکی میں پہنچایا جاتا ھے ۔

ایک قسم کا اسٹیم بوائلر جس میں آب : Flash boiler (n)
گذار والی ایک مضبوط نلی لگی ہوتی ھے جو
بہت ہی گرم رکھی جاتی ھے اور جس سے پانی
بھاپ بن کر تیز فوّارے کی صورت انتہائی
گرم حالت میں خارج ہوتا ھے ۔

Flash colours : (n) (حیوانیات) بھڑکیلے رنگ ۔

Flash-flue : (n) دیگ نلی: باہر سے گرم کئے جانے والے بوائلر کے نیچے لگی ہوئی نلی ۔

Flash-house : (n) چوروں کے جمع ہونے یا آمد و رفت کی جگہ ؛ وہ جگہ جہاں چوروں کی آمد و رفت ہوتی ہو نیز چکلا ؛ قحبہ خانہ ۔

Flash in the pan : رنجک پیچھے پہنچے بغیر بارود کا بھڑک اٹھنا؛ پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زور و شور دکھا کر ختم ہو جانا؛ رنجک چاٹ جانا (مجازاً) سعی نا کام ؛ بے کار کوشش ؛ سعی لاحاصل ۔

Flash-lamp : (n) (۱) (فوٹو گرافی) تصویر کشی میں استعمال ہونے والا تیز روشنی والا لیمپ جس سے ایک لمحہ کےلئےبجلی کی سی تیز روشنی پیدا ہوتی ہے۔(۲) برقی ٹارچ ؛ الیکٹرک ٹارچ ۔

Flash-light : (n) (۱) اشارات کرنے کےلئے جو شعاع استعمال کی جاتی ہے ؛ سمندر کے منارہء روشنی سے جو شعاع ڈالی جاتی ہے ۔ (۲) (فوٹو گرافی) رات کے وقت جو تیز روشنی ڈال کر فوٹو لیتے ہیں ۔(۳) نور لامع ؛ بھڑک روشنی ۔

Flash light photography : (n) لمعی عکاسی ۔

Flash-man : (n) (۱) آوارہ شخص ؛ چور ؛ چوروں کا ساتھی ؛ بھڑوا ۔(۲) سرپرست ؛ مربی ؛ حامی ؛ مددگار ؛ محافظ ؛ ولی (کسی شخص یا ملک کا) ۔ (۳) (بول چال) استاد؛ سردار۔ (٤) آدم خود نما ؛ زرق برق رہنے والا؛ طرح دار ؛ بھڑکیلے لباس پہننے والا ؛ بانکا ۔

Flash money : (n) سکہ قلب ؛ کھوٹا سکہ ۔

Flash notes : (n) جعلی نوٹ یا سکہ ۔

Flash out/-up : (v) اضطراری جوش ظاہر کرنا ۔

Flash-pan : (n) (۱) چقماق سے فائر کی جانے والی پرانی بندوق کے گھوڑے کا رنجک دان جس میں بارود ہوا کرتی تھی ۔(۲) وہ برتن جس میں اشارے کے طور پر بارود بھڑکائی جاتی ہے ۔

Flash pipe : (n) گیس کے اونچے لیمپ کو جلانے کے لئے سوراخ دار نلکی ۔

Flash-point : (n) (۱) دیکھو Flashing point ۔(۲) (کیمیا) نقطہء بھڑک ؛ نقطہء اشتعال ۔

Flash - spectrum : (n) (فلکیات) لامع طیف ۔

Flash-test : (n) مٹی کے تیل وغیرہ کےنقطہء اشتعال کا تعین کرنے والی آزمائش یا ٹیسٹ ۔

Flash-wheel : (n) منحنی آب گذار یا نالے میں گھومتا ہوا ایک قسم کا پہیا جس کے محیط میں پانی کے دھکیلنے والے تختے لگے ہوتے ہیں اور جس کے ذریعہ پانی کی پست سطح کوبلند کیا جاتا ہے ۔

Flasher : (n) شعلہ فشاں ؛ شعلہ آور؛ برق پاش ؛برق زنندہ ؛ برق انداز زود گذر ؛ خیرہ کن روشنی پیدا کرنےوالا ؛ بہت تیز چمکنے یا چمکانے والا ؛ نورافشاں ۔ (۲) چھوٹی قصائی چڑیا کا نام ؛ جلاد پرندہ کی چھوٹی قسم جو کیڑوں اور چھوٹی چڑیوں کی کھال کانٹوں پر کھینچ کر کھاتا ہے ۔(۳) ایک مچھلی کانام ۔ (٤) ششیوں کی چادریں بنانے یا انہیں رنگنے والا مزدور ۔ (٥) لامعہ ؛ ثمثمیا ۔

Flashily : (adv.) ظاہر نمودنمائش کے طریقے سے؛ دکھاوے کے انداز میں ؛ خیرہ کن طور پر ؛ چمک دمک کے ساتھ ؛ آب و تاب سے ؛ برق انداز طور پر ؛ جھلملاتے ہوئے ؛ بجلی کی طرح برق رفتاری سے ؛ شعلہ فشاں طورپر ۔

Flashing : (n) (کیمیا) لمع ؛ لمعان ؛ (تعمیرات) پن اڑ ۔

Flashing : (n) (۱) کسی دھات کا وہ ٹکڑا جو چھت کے جوڑوں میں اس لئے لگایا جاتا ہے کہ چھت میں پانی نہ مرے ؛ درز گیر ۔(۲) شعلگی ؛ شعلہ فشانی ؛ شعلہ نمائی ؛ برق افشانی ؛ برق اندازی ؛ تابانی؛ آب وتاب ؛ چمک دمک ؛ تابش ؛ شعلہ باری ؛ جھلملاہٹ ؛ فروزانی ؛ تجلی ؛ جلوہ ؛ جلوہ گری ؛ تنویر ۔ (۳) پایاب پانی سے کشتیوں کو بچالے جانے کےلئے بند سے پانی کا تیز بہاؤ چھوڑنے کا عمل ۔(٤) (شیشہ سازی) شیشےکاپھیلاؤ ؛ پھیلاکر تختہ بنانا؛ شیشہ پر رنگ چڑھانا؛ شیشےکی رنگائی ۔(٥) (برقیات) ہائیڈروکاربن گیس میں گرم کئے ہوئے کاربن کے مہین تار کو کسی سیال میں غوطہ دےکر یکساں موٹائی والا بنانے کا عمل ۔

Flashing-point : (n) وہ درجہء حرارت جس پر کسی روغن یا ہائیڈروکاربن سے نکلی ہوئی گیس یا بخار جل اٹھتی ہے یا بھڑک اٹھتی ہے ؛ حرارت کا وہ درجہ جہاں تیل وغیرہ کے بخارات میں آگ لگ سکتی ہے؛ نقطہء اشتعال؛ نقطہء احتراق ۔

Flashiness : (n) ظاہری نمود ونمائش ؛ دکھاوا؛ خیرہ کن انداز؛

Flashness : (n) دیکھو Flashiness

Flashy : (n) (۱) شرربار؛ شعلہ بار؛ شعلہ فشاں ؛ برق پاش ؛ برق انداز ؛ بھڑکیلا ؛ تاباں ؛ مجلّی ؛ منور ؛ روشن ؛ چمک دار؛ خیرہ کن ؛ شوخ ؛ چمکیلا؛ جھلکتا ہوا ؛ جھلملاتا ہو ا ؛ چمک دمک والا ؛ بھڑک دار مگر محض سطحی اور عارضی ؛ بظاہر جاذب نظر مگر کم قیمت ؛ محض دکھاوے کےلئے ؛ محض ظاہری نمود ونمائش کے ساتھ ۔ (۲) (ادبی و مجازی) تیز طبع ؛ طبّاع ؛ ذہین ؛ ذکی ؛ نیز لمحاتی ؛ ناپائدار ؛ عارضی ؛ آنی جانی ؛ پل بھر کا ؛ زرق برق مگر پست ذوق ؛ پر تکلف مگر کم مایہ ؛ بھڑکیلا مگر بے جان ؛ تہات کا مگر کم ظرف ؛ سفلہ ؛ کم حوصلہ ؛ سطحی دل کشی رکھنے والا ؛ اوچھا ۔

Flask : (n)[OE.'flasce','flaxe.'] (۲) زرق برق ؛ پُر تکلف ؛ بھڑکیلا ؛ چندھیا دینے والا ؛ خیرہ کن ؛ فوق البھڑک ؛ نمائشی ؛ خود نما؛ ٹیپ ٹاپ والا ۔(٤) شان والا ؛ جلوہ گر؛ جلوہ فروش ؛ مستعد ؛ سرگرم ؛ شان دکھلانے والا ؛ نمودیا ؛ بانکا ؛ چھیلا ۔

(۱) دھات یا چمڑے کی (یا قبل سینگ کی) وہ ڈبیا یا پیٹی جس میں شکاری اپنا بارود رکھتے ہیں ۔ (۲) اتلی کا بنا ہوا لانبی اور تنگ گردن کا شراب یا تیل کا شیشہ یا بوتل جس پر حفاظت کےلئے گھاس یا بید کا خول چڑھا ہوا ہوتا اور جس میں اتلی سے شراب اور روغنیات باہر بھیجے جاتے ہیں ؛ بوتل نیز اس بوتل میں رکھی ہوئی چیز ؛ فلاسک ۔ (۲) دھات یا شیشے کی بوتل (جس میں عموماً چمڑا چڑھا ہوا ہوتا ہے) سفری بوتل (سفر میں شراب وغیرہ لے جانے کے لئے)؛ قمقمہ ؛ صراحی ۔ (۳) (کان کنی) ≃ ۷٦ پونڈ گنجائش والی آہنی بوتل جس میں پارہ بھر کر بازاروں میں بھیجتے ہیں ۔ (٥) (صفاری) بکس یا چوکٹھا جو ڈھلائی کے لئے مٹی یا بالو رکھنے کے کام آتا ہے ۔

Flask : (v) فلاسک میں رکھنا یا بھرنا ؛ بوتل میں بھرنا ۔

Flask-leather : (n) بارود کی ڈبیا کو باندھنے والا فیتہ ؛ بارود کی ڈبیا کا بندھن ۔

Flask-shell : (n) ایک قسم کا گھونگا جس کی شکل فلاسک جیسی ہوتی ہے ۔

Flasket : (n) [OF.flasquet.'] (۱) لمبی اوراتھلی ٹوکری ؛ کپڑے رکھنے کی ٹوکری ؛ نیز دھات کی بنی ہوئی ایسی ہی کوئی چیز ۔(۲) بوتلی ؛ چھوٹی بوتل یاصراحی ؛ چھوٹا فلاسک ؛ (روز مرہ) کپڑے وغیرہ دھونے کا اتھلا ہوا ٹب ؛ کٹھوت ؛ گملا ۔

Flasque : (n) (۱) دیکھو Flask- (۲) (نقابت) نقابت کا ایک نشان ؛ دیکھو Flanch ۔

Flat : (a)[ME.] (۱) چپٹا ؛ ہموار؛ سپاٹ ؛ زمین کی متوازی سطح ؛ افقی ؛ پھیلا ہوا ؛ (کیمیا) چپٹی زمین پر پوری لمبائی میں پڑا ہوا ؛ زمین دوز ؛ کوئلے کی دھاری یا پرت جو اُٹھی ہوئی نہ ہو ۔ (۲) مسطح ؛ چکنا ؛ ہموار ؛ چورس ؛ چوپٹ ؛ یکسار ؛ چوڑی سطح اور بہت کم گہرائی ؛ کف دست ؛ فرشی ۔ (۳) سست ؛ بے جان ؛ اترا ہوا ؛ بے لطف ؛ افسردہ حال ؛ بے حس ؛ کند ؛ ماند ؛ دھندلا ؛ ساکت ؛ کساد ؛ راکد ؛ دل شکستہ ؛ خستہ حال ؛ سرد ؛ دھیما ؛ پست ۔ (٤) جس کو بہ آسانی دھوکا دیا جاسکے یا بیوقوف بنایا جاسکے ۔(٥) قریب قریب رکھا ہوا ؛ پہلو بہ پہلو رکھا ہوا ۔(٦) (کاغذ سازی) بغیر موڑے ہوئے باندھا یا پیک کیا ہوا ۔ (۷) غیر خمیدہ ؛ بے دندانہ یا بے اُبھار سطح ؛ بے تنوع ؛ یکساں ؛ یکدست ؛ ہموار ؛ مسطح ۔ (۸) (نقاشی) غیراُبھروا ں ؛ بغیر اُبھار والی ؛ غیر منبت کاری شدہ ؛ سادہ ۔ (۹) چوڑا اور پتلا ؛ کشادہ اور کم موٹائی والا ؛ پھیلا مگر اُتھلا ہوا (برتن) ۔(۱۰) مطلق ؛ صریح ؛ ناطق ؛ قطعی ؛ واجب التعمیل ؛ لازمی ؛ ناقابل انکار یا توقع ، (اب خاص کر ؛ انکار مخالفت وغیرہ کے لئے مستعمل ہے) ؛ حتمی ؛ دو ٹوک ؛ غیر مشروط ۔(۱۱) (غیرشاعرانہ) معمولی ؛ روکھا پھیکا ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ بےنمک ؛ بے کیف ۔ (۱۲) (شراب) باسی ؛ بےمزہ ؛ پھیکی ؛ اتری ہوئی ۔(۱۳) دھیمی ؛ پست ؛ غیر واضح ؛ مردہ؛ (آواز وغیرہ) ۔ (۱٤) (موسیقی) پست زیر و بم والا (سر یا مغنّی) ؛ مناسب زیر و بم سے نسبتاً پست؛تھوڑا ؛ ذراسا؛ خفیف ؛ ناقابل لحاظ(وقفہ فصل یا پیمانہ) ۔ (۱٥) (گرامر) مسموع ؛ ظاہر ؛ پوری آواز والا ؛ (مصمتہ) ۔ (۱٦) (تجارت) نا متغیر ؛ مقررہ ؛ معین ؛ ثابت ؛ مستقل ۔

Flat : (n) (موسیقی) وہ سُر جو طبعی چڑھاؤ سے بقدر نیم سُر کےنیچے کیا گیا ہو ؛ سُر ۔(۲) کسی چیز کا چپٹا حصہ ؛ مسطح زمین ؛ میدان ؛ نیچی زمین ؛ نشیب ؛ دلال ؛ پانک ؛ چپٹی ؛ ہموار یا مسطح چیز ؛ تلوار وغیرہ کی چپٹی سطح ؛ کھیت ۔(۲) چپٹے تلے کی کشتی ؛ اتھلی ٹوکری یا ٹوکرا ۔(٤) (تھیٹر) پردہ منظر کا وہ حصہ جو چوکھٹے میں جڑا ہوا ہو ۔(٥) مکان کا

Flat : (v) (۱) (موسقی) سُر مدھم یا کمزور ہونا ۔ (۲) مسطح کرنا؛ چپٹا کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ چکنا کرنا؛ تختہ نما بنانا ؛ چپٹا ہونا یازیادہ چپٹا ہو جانا ۔(۳) (جہاز رانی) مستول کے برعکس (خلاف بادبان کا) افقی طور پر دباؤ ڈالنا ۔ (٤) ہلکے یا پھیلے یا مدھم رنگ سے (کسی سطح کو) رنگنا ۔(٥) (گاڑی سازی) وارنش کی ہوئی سطح سے چمک کو دور کرنا ۔(٦) (امریکا) عاشق کو پھٹکار دینا؛ نامنظور کردینا ؛ عاشق کو منہ نہ لگانا ؛ مسترد کردینا ۔

To flat out : رفتہ رفتہ دبلا یاپتلا ہوتے جانا ؛ (مجازاً) فقدان ظاہر کرنا؛ ہمت ہارجانا ؛ حالت سقیم ہوجانا ؛ ڈھیر ہوجانا ۔

Flat : (adv.) حتمی طورپر ؛ قطعی طور پر ؛ مطلقاً ؛ اثباتی یا ادعائی طورپر ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور پر ؛ بین طور پر؛ صریحاً ؛ ظاہرہ ؛ صاف صاف؛ بے کم و کاست؛ پورے طور پر ؛ کامل طور سے ؛ بالکل بھر پور ؛ کلیتاً ؛ سراسر ؛ فی الجملہ ؛ لازماً ؛ یقیناً ؛ ضروری طور پر ۔

Flat arch : (n) (تعمیرات) ایک قسم کی محراب جس میں دینے ہوئے پچر کی قسم کی شکل کے کنارے اس طرح کئے ہوئے ہوتے ہیں کہ ایک دوسرے کو سہارا دیں لیکن ان کے سرے اوپر اور نیچے تقریباً ایک سیدھے خط میں ہوں ؛ سپاٹ محراب ۔

Flat base : (n) چپٹا پیندا ۔

Flat bear : (n) شراب جس کا اُبال ختم ہو گیا ہو ؛ باسی شراب ؛ اُتری ہوئی شراب ۔

Flat-bedded : (a) (ارضیات) فطری طور پر ہموار یا مسطح شگاف والا ۔

Flat-bill : (n) ایک قسم کی چوڑی یا چپٹی چونچ والی چڑیا ۔

Flat blasphemcy : (n) کفر مطلق ۔

Flat boat : (n) (۱) کشتی جس کی تلی اُتھلے پانی میں استعمال کئےجانےکےلئے چپٹی ہو۔(۲) (امریکا) ایک لمبی معمولی طورپر بنی ہوئی کشتی جو مغربی ندیوں میں سامان لانے لے جانے کےلئے پہلے کثرت سے استعمال کی جاتی تھی ۔

Flat boat : (v) چپٹی تلی والی کشتی پر سفر کرنا ؛ چپٹی تلی والی کشتی کا انتظام کرنا ؛ اس طرح کی کشتی پر سامان بھیجنا ۔

ایک حصہ ؛ جہت کا افقی یا مسطح حصہ ۔ (٦) گھوڑ دوڑ کا میدان جس میں ٹٹیاں یا خندقیں نہ ہوں ؛ ہموار اورمسطح ریس کورس ؛ افقی ہموار مسطح ؛ بالکل ہموار ؛ جو ڈھلواں نہ ہو ۔ (۷) (کان کنی) معدنیات کی سطح یا دھاری ؛ دھات کی مسطح درز یا دھاری یا اُس کا کوئی مسطح حصہ ۔(۸) مسطح قطعہء زمین ؛ میدان ؛ ہموار خطہ (بخلاف کوہستان) ؛ میدانی علاقہ ؛ (مجازاً) ہموار ؛ سادہ ؛ آسان ؛ سیدھا سادہ ؛ بےرنگ ؛ بے آرائش چیز ۔ (۹) (عموماً جمع) ایک حد تک مسطح آب گذار جس کے اوپر سے جوار بہتا ہے ۔(۱۰) اُتھلا مقام ؛ چھچھلا پانی والا مقام ؛ پایاب مکان ؛ چھچھلے پانی والی جگہ ۔ (۱۱) کوئی بھی چوڑی اور پتلی چیز ۔ (۱۲) کشادہ اور اُتھلی چیز ؛ تھالی قاب وغیرہ ۔ (۱۳) (جہاز سازی) (جمع) جہاز کے فرش والی شہتیریں جو جہاز کے بیچ میں ڈھلواں نہیں ہوتیں ؛ کسی مخصوص کمرے کا جزوی فرش یا عرشہ ۔(۱٤) (عمارتی نقاشی) وہ سطح جس کی نقاشی بےجان ہو ؛ نیز اس کےلئے استعمال شدہ رنگ ۔(۱٥) (عامیانہ) بے وقوف ؛ گاؤدی ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ ایسا شخص جس کو باآسانی دھوکا دیا جاسکے یا جو بےوقوف بنایا جاسکے ؛ بھولا ؛ ضعیف العقل ۔ (۱٦) مسطّح آئینہ یا عکاس ۔(۱۷) ہَوا نکلا ہوا ٹائر ؛ پھٹا ہوا ٹائر ۔(۱۸) کاغذ کا بے مُڑا لکھنے کا چکنا کاغذ ۔ (۱۹) ناتراشیدہ ہیرے کی ایک قسم ۔ (۲۰) (رقص میں) بھر پور قدم ۔(۲۱) ہتھیلی ۔

B.D.E. etc.flat : B,D,E وغیرہ سے قدرے چست ذیلی سُر ۔

His speech fell flat : اس کی تقریر بےاثر رہی ۔

Market is flat : بازر گرا ہوا ہے ؛ مندا ہے ۔

Prices are flat : قیمتیں گری ہوئی ہیں ۔

That's flat : جس میں شبہ کی گنجائش نہیں ؛ بے ریب وشک ؛ بس یہ حرف آخر ۔

To fall flat : زمین پر اوندھا گرنا ؛ ناکام ؛ بے اثر ہونا ؛ تعریف وتوصیف سے محروم رہنا ۔

To make flat : (صنعت و حرفت) چوڑا یا چپٹا کرنا ۔

Flat : (n) [Altered f. Fiet. origin.] مکان کی منزل ؛ مکان کی منزل پر چند کمروں کا رہائشی مقام ۔

Flat-bottom : (n) چپٹی پیندے والی کشتی ؛ (کیمیا) چپٹے پیندے والا ۔

Flat-bottomed : (a) چپٹی پیندے والی ، (خصوصاً کشتی) ۔

Flat brick : (n) (تعمیرات) پٹ اینٹ ۔

Flat candlesick : (n) ایک شمع دان جس کی نشست چوڑی ہو اور شاخ چھوٹی ہو تاکہ آسانی کے ساتھ ہاتھ میں لے کر چل سکیں ۔

Flat cancellation : (n) یکساں تنسیخ ۔

Flat-cap : (n) لکھنے والے کاغذ کی ایک تختی جو ۱۷×۱۴ انچ کی ہو ؛ تحریری کاغذ ۔

Flat-car : (n) (امریکا) پلیٹ فارم نما ریلوے مال گاڑی جس کے کنارے کوئی روک یا اُن پر کوئی چھت نہیں ہوتی ۔

Flat chest : (n) چپٹا سینہ ؛ ایسا سینہ جو سامنے سے گول نہ ہو ۔

Flat chisel : (n) چکناکرنےوالی ایک چپٹی چھینی یابسولی ؛ رندہ ۔

Flat cost : (n) (تجارت) بنیادی لاگت ۔

Flat denial : (n) غیر مشروط اورصاف انکار ؛ دوٹوک انکار ۔

Flat drill : (n) چپٹا برما ۔

Flat fish/Flat-fish : (n) مچھلیوں کی ایک قسم جن کا جسم بچپن میں گول اور آگے چل کر چوڑا ہوتا جاتا ہے ۔

Flat-foot : (n) (۱) پاؤں کی وہ حالت جس میں ٹخنے کی ہڈیاں قدرے محراب نما یاغیرمحراب نما ہوتی ہیں (طب) روح القدم ؛ چپٹا پا ۔(۲) چپٹے پاؤں والا شخص ۔(۳) (جمع میں) (عامیانہ) سپاہی خصوصاً کشتی دستے کا سپاہی ۔(٤) (عامیانہ) (جمع میں) بادبان ۔

Flat footed : (a) (۱) ایسا شخص جس کی پُشت پا اُبھری ہوئی نہ ہو ؛ سپاٹ پاؤں کا؛ چوڑے چکلے پاؤں کا ۔(۲) (امریکی روزمرہ) سیدھا ؛ سپاٹ اور پورا ۔(۳) مضبوطی سے قدم جماتے ہوئے؛ اٹل ۔(٤) کامل ؛ معین ؛ غیر مذبذب ؛ فیصلہ کن ؛ واضح ؛ صریح ؛ کھلاھوا ۔(٥) غیر چوکّنا؛ غیر مستعد ۔

Flat-footed : (adv.) کھلے طور پر ؛ واضح طور پر ؛ صریحاً ؛ فیصلہ کن طورپر ۔

Flat footedly : (adv.) دیکھو Flat footed

Flat-hat : (v) (۱) ہوائی جہاز میں غیر ضروری طور پر خطرناک اور نا عاقبت اندیش انداز میں بہت نیچائی پر پرواز کرنا ۔(۲) نمائش کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ قابلیت کا اظہار کرنا ۔

Flat-hatter : (v) ہَوائی جہاز میں غیر ضروری طور پر خطرناک اور نا عاقبت اندیش انداز میں بہت نیچائی پر پرواز کرنے والا ۔(۲) نمودیا ؛ قابلیت جتانے والا ۔

Flat-head : (n) (۱) چپٹے سر والا ؛ سپاٹ سر والا خصوصاً شمالی امریکی ہندوستانیوں کے ایک قبیلے کا کوئی فرد جس کے بارے میں غلطی سےیہ فرض کرلیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے سروں کو مصنوعی طور پر چپٹا کردیتا ہے ۔(۲) (آسٹریلیا) چپٹے سر والی مچھلیوں کی ایک قسم؛ (امریکا) ایک قسم کا سانپ جو اپنے سر کو چپٹا کر لیتا ہے ۔(۳) (تعمیرات) محراب کی اندرونی قوس کی ہموار اور غیر کندہ سطح والی آرائش ۔(٤) بےوقوف ؛ سادہ لوح آدمی ۔

Flat-headed : (a) (۱) چپٹے سر والا ؛ سپاٹ سر والا ۔ (۲) بے وقوف ؛ کند ذہن ؛ غبی ؛ سادہ لوح ۔

Flat impression : (n) (طباعت) سادہ پروف ؛ سادہ کاپی جو نیچےیا اوپرکاغذکی تہ دئےبغیر چھاپی گئی ہو ۔

Flat iron : (n) کپڑوں پر استری کرنے کا لوہا ؛ استری ۔

Flat-iron : (v) کپڑوں پر استری کرنا ۔

Flat jointed pointing : (n) (تعمیرات) چپٹی ٹیپ کاری ۔

Flat land : (n) (۱) خلاء میں دو ابعاد (لمبائی چوڑائی) والی ایک سطح زمین ۔(۲) اس کا کشادہ خیالی سر زمین جو خلاء میں ہے ؛ میدانی علاقہ ؛ ہموار سطح زمین والا خط ۔

Flat lander : (n) میدانی علاقے کا باشندہ ۔

Flat machine : (n) بُنائی کی مشین جس میں عمودی طور پر لگےہوئے ایک چپٹے تختے پر سوئیاں لگی ہوتی ہیں ۔

Flat nail : (n) ایک چھوٹی تیزنوک والی کیل جس کا سر چپٹا اور پتلا ہوتا ہے ۔

Flat-nose : (n) چپٹی ناک والا شخص ؛ نک چپٹا ۔

Flat-nose/-nosed : (a) نک چپٹا ؛ چپٹی ناک والا ؛ افطس ۔

Flat nonsense : (n) قطعاً مہمل ۔

Flat out : (a) (۱) (خاص کر بول چال)صاف ؛ واضح ؛ کھلاھوا ؛ صریح ؛ سادہ ۔ (۲) (خاص کر برطانیہ میں) انتہائی تیز (رفتار) ۔

Flat out : (adv.) (۱) (خاص کر بول چال) صاف گوئی سے ؛ دو ٹوک ؛ کھلے طورپر ؛ واضح انداز میں ۔ (۲) انتہائی تیز رفتاری سے ۔

Flat pull : (n) دیکھو Flat impression

Flat race : (n) ہموار زمین پر گھوڑ دوڑ جس میں ٹٹیاں اور خندقیں کھودنی نہ پڑیں ؛ صاف اور ہموار میدان میں ہونے والی دوڑ ۔

Flat rail : (n) ریل کی پٹری جو ایک سادہ چپٹی چھڑ پر مشتمل ہوتی ہے اور جسے میخوں کے ذریعہ لمبے تختے پر جڑ دیا جاتا ہے ۔

Flat rate : (n) شرح قیمت جو ہر حال میں یکساں رہے اور کسی نسبت سے گھٹتی بڑھتی نہ ہو ، (تجارت) یکساں شرح ؛ یکساں نرخ ۔

Flat refusal : (n) قطعی انکار ؛ صاف انکار ۔

Flat reinsurance : (n) نئے بیمے کا وہ معاہدہ جسے مسترد یا یا تبدیل نہیں کیا جاسکتا ؛ قطعی انتقال بیمہ ۔

Flat response : (n) (طبع) یکساں تاثر ۔

Flat rod : (n) (کان کنی) دوری پر رکھے ہوئے پمپ یا مشین تک افقی طور پر انجن سے قوت یا حرکت منتقل کرنے کےلئے استعمال ہونے والے چھڑوں کے سلسلوں میں سے ایک ۔

Flat roof : (n) پانی کی نکاسی کےلئے مسطح چھت ؛ سپاٹ چھت ۔

Flat rope : (n) چپٹا رسہ ؛ کئی رسّوں کو یکجا سی کربنا یا ہوا ایک چوڑا پٹا ۔

Flat-sheets : (n) (ارضیات ، معدنیات) باریک پرتیں ، مسطح دھاریاں ، خالی درزیں یا معدنیات کےتہ نشیں مادے جو عموماً اپنے قریب والی پرتوں سے مختلف ہوتی ہیں ؛ اکثر سکڑے ہونے یا محدود تہ نشیں مادے ۔

Flat silver : (n) چاندی کی یا چاندی سے ملمع کئے ہوئے چاقو ، چھڑی اور دیگر کھانے کے ظروف ۔

Flat structure : (n) (تجارت) چپٹا ڈھانچا ۔

Flat surface : (n) چپٹی سطح ۔

Flat tail/-mullet : (n) ایک قسم کی آسٹریلیائی سمندری مچھلی جسے بعض علاقوں میں بڑے چاؤ سے کھایا جاتا ہے ۔

Flat tint : (n) یکساں رنگوں میں سے کوئی ایک ؛ یک میل رنگ ۔

Flat tone : (n) (طبیعیات) کومل سُر ۔

Flat-tool : (n) (۱) مُڑی ہوئی روکھانی جو دونوں کناروں اورمربع نما سرے کو کاٹتی ہے ۔(۲) مخروطی شکل کا ایک اوزار جو منبت کاری اوراُبھرواں نقاشی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Flat tuning : (n) (ریڈیو) غیر واضح ہمُسروی ۔

Flat-ware : (n) طشتری ؛ رکابی ؛ تھالی؛ طشت ؛ تھال ؛ پلیٹ اورایسے ہی دوسرے برتن جو کٹورے ، بانڈی وغیرہ گہرے برتنوں سےمختلف ہوں ؛ اُتھلے برتن۔

Flat ware : (n) (۱) میز کے سامان یا اسباب جو کم وبیش چپٹے اور ہموار ہوتے ہیں نیز جو عموماً ایک ہی ٹکڑے سے بنے یا ڈھالے ہوئےہوتے ہیں ۔ (۲) رکابیاں ؛ قابیں ؛ طشتریاں ؛ طشت ؛ تھالیاں ؛ پلیٹیں (جو پیالوں کی طرح گہری نہیں ہوتیں) ۔(۳) میز ؛ چھتری ؛ چاقو ؛ کانٹے چمچے اور دوسری ایسی چیزیں ۔

Flat ware house : (n) یک منزلہ عمارت یا کمرہ جو بورا بند غلہ رکھنے کے کام آتا ہے ۔

Flat-way/-wise : (adv.) وہ حالت جب کسی چیز کی چپٹی یا ہموار سطح اوپر ہو ، سامنے ہو یا کسی دوسری سطح سے ملی ہوئی ہو ، چوڑے اورمسطح رُخ پر (کنارے کے رُخ پر نہیں) ۔

Flat weed : (n) شمالی امریکا میں ہونے والی ایک یوروپی گھاس جس کے سروں پر پیلے پھول ہوتے ہیں اور جس کی پتیاں بلی کے کان سے مشابہ ہوتی ہیں ۔

Flat work/-wash : (n) چادریں تولیے ؛ میز پوش وغیرہ جنھیں مشین میں دھولیا جاتا ھے بخلاف ان کپڑوں کے جنھیں استری کرنے کی ضرورت ھوتی ھے ۔

Flat work ironer : (n) کل دار استری جس میں گرم استوانوں کے درمیان سے کپڑوں کو گذار کر استری کی جاتی ھے ۔

Flat worm : (n) (حیوانیات) کیچوا ۔

Flat wrack : (n) چوڑے پتوں یا ورق نما اعضاء والی بحری گھاسوں کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایک ۔

Flated : (a) (صوتیات) مصمتے کی آواز کا ؛ مصمتہ ؛ اوتار صوت میں ارتعاش پیدا کئےبغیر سانس کے ذریعہ پیدا شدہ (آواز) ۔

Flatling : (a) کسی ہتھیار کے چپٹے کنارے سےپہنچائی ھوئی (ضرب) ۔

Flatling(s) : (a) (۱) (متروک بول چال) پورے طور پر کشادہ ؛ ہموار؛ مسطح ؛ سپاٹ؛ چپٹا ۔(۲) چپٹے کناروں کے ساتھ ؛ چپٹے پہلوؤں والا ۔ (۳) عمودی طورپر (حرکت)۔(٤) (بول چال) سپاٹ طورپر ؛ ہموارلہجے میں ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور سے ؛ تحکمانہ ؛ قطعاً ؛ لازمی طورپر ۔

Flatly : (adv.) (۱) قطعاً ؛ صاف طورپر ۔(۲) تھوڑے خم کے ساتھ ؛ قدرے منحنی ۔(۳) غیر ابھرواں ؛ غیر منبت کاری شدہ ؛ بغیر اُبھار والا ۔(٤) سادہ طور پر ؛ صاف صاف ؛ دوٹوک ؛ صاف گوئی سے؛ معینہ طور سے ؛ فیصلہ کن طورپر ؛ قطعاً ؛ صریحاً ؛ کلیتاً ؛ مطلقاً ؛ بالکل ؛ پورےطور سے؛ مکمل طورسے ؛ مجملاً ؛ اتماماً ؛ بے دلی سے ۔(٥) بے لطف انداز میں ؛ بے مزہ ھو کر ؛ بے رغبتی سے ؛ غیر مشتاقانہ ۔

Flatness : (n) (۱) چپٹا پن ؛ ہمواری ؛ سپاٹ پن ۔(۲) (مجازاً) بے مزگی ۔(۳) کشادگی ؛ پھیلاؤ ؛ کم خمیدگی ؛ کم انحنائیت ؛ قدرے منحنی ھونے کی صفت ؛ ابھرا ھوا نہ ھونا ؛ غیر ابھرواں ؛ غیر منبت کار ؛ نمایاں نہ ھونا ؛ بےنمائیت ؛ بےنمودی ۔ (٤) (گفتگویاتحریر کی) سادگی ؛ راستی ؛ ہمواری ؛ بے تکلف پن ؛ کھراپن ؛ قطعیت ؛ مطلقیت ؛ صراحت ؛ وضاحت ۔(٥) دل چسپی یا احساس ذمہ داری کا فقدان یا کمی ۔(٦) مردہ دلی ؛ مردمی ؛ موت ۔(۷) حوصلہ یا توانائی کا فقدان یا کمی؛ بے دلی ؛ انقباض خاطر ؛ افسردہ دلی ؛ پژمردگی ؛ لاغری ؛ ناطاقتی ؛ ناتوانی ۔ (۸) (مصنف وغیرہ کی) غیر شاعرانہ یا غیر ادیبانہ سستی ؛ فرسودگی ؛ بدمزگی ؛ روکھا پن ؛ پُھس پُھساپن ۔(۹) (فوٹو گرافی) دھند ۔

Flats : (n) تاش کا بازاری نام (لوبا) پٹیاں ۔

Sharps and flats : پیانو کے تختے کی سیاہ چابیاں ؛ (نیز از راہ ابہام) عیاّر؛ دغاباز یا ان کے ستائے ھوئے لوگ ۔

Flatted : (a) چپٹا کیا ھوا ؛ مسطح کیا ھوا ؛ ہموارکیا ھوا ۔

Flatten : (v) (۱) چپٹا کرنا ؛ سپاٹ کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ مسطح کرنا ۔ (۲) چپٹاھونا ؛ مزید چپٹا ھونا (.out کے ساتھ بھی مستعمل ھے) ۔ (۳) دھیما ھونا ؛ کم ھونا ؛ ھوا یا طوفان کا زور کم ھونا یا ٹوٹنا ۔ (٤) بے جان کرنا ؛ سست کرنا ؛ بے مزہ کرنا ؛ بے رنگ و نمک کرنا ؛ غیر دلچسپ بنا دینا ، سست ، پژمردہ یا کم زور ھوجانا ؛ مدھم ، دھندلا یاضعیف ھو جانا۔(٥) (موسیقی) کسی سُر کو نیچا کرنا ۔(٦) (نقاشی کو) چمک دمک سے محروم کردینا ؛ تابانی، درخشانی، یارونق چھین لینا ؛ تجلی یا نور سے محروم کردینا ۔(۷) (ھوا بازی) ھوائی جہاز کو زمین سے متوازی حالت میں کر لینا نیز ھوائی جہاز کا زمین کے متوازی حالت میں ھوجانا ۔ (۸) کچل کر مارڈالنا یا برباد کر دینا ۔

To flatten in a sail : (جہاز رانی) باد بان کو کشتی کے تقریباً پورے حصے پر یا آگے سے پیچھے تک پھیلا دینا ۔

To flatten out : (ھوا بازی) ھوائی جہاز کو زمین سے متوازی حالت میں کرلینا ؛ نیز ھوائی جہاز کا زمین کے متوازی حالت میں ھو جانا ۔

Flattener : (n) (۱) چپٹا کرنے والا ؛ مسطح کرنے والا ؛ ہموار کرنے والا ؛ تھاپی (آلہ) ۔ (۲) پژمردہ کن ؛ افسردہ کن ؛ کمزور کرنے والا ؛ دھندلا کرنے والا ؛ رونق یا چمک دمک سےمحروم کرنےوالا ۔ (۳) چپٹا یا ہموار کرنے کے لئےاستعمال ھونے والی چیز ؛ رونق یا تابانی کو ختم کردینے والی چیز ۔

Flattening : (n) (۱) چپٹا، سپاٹ یا ہموار ھونے یا کرنے کا عمل ؛ تسطح ۔ (۲) (شیشہ سازی) شیشے کے تختوں کو چپٹا ، مسطح کرنے کا عمل یاطریق عمل ۔(۳) چپٹا ، ہموار، مسطح یا سپاٹ ھونے

تعریف؛ بہلاوا؛ مداہنت؛ دلخوشی ۔(۲) (مجازاً) مسرت بخش دھوکا ؛ تسکین دہ فریب ۔

Flattie/Flatty : (n) (۱) چپٹا ؛ سپاٹ ۔(۲) مشرقی امریکا جنوبی آبنائیوں میں چلنے والی ایک چھوٹی کشتی جس کا پیندا چپٹا اور کنارے کھڑے ہوتے ہیں ۔(۳) چپٹی ایڑی یا بغیر ایڑی والا : جوتا یا چپل ۔(٤) (عامیانہ)پولس مین ؛ سپاہی ۔

Flatting : (n) چپٹا، ہموار یا مسطح کرنے کا عمل یا طریق عمل خصوصاً دھات کی چادریں بنانے کا طریق عمل ؛ شیشوں کے تختے بنانے کا عمل ؛ شیشے کے استوانوں کو چپٹا کرنے کا عمل ؛ (ملمع سازی اور مکان کی نقاشی) چمک دار نقاشی سے کسی سطح کو ڈھک دینا نیز استر ؛ سطح پر پھیلائی ہوئی تہ ۔

Flatting agent : (n) استر کاری (پینٹ یا وارنش) میں ملایا جانے والا ایک مسالا جو سطح کو دھات نما یا دھات کے رنگ کی بنادیتا ہے ۔

Flatting-mill : (n) چپٹا کرنے والی مشین ؛ دھات کی چادریں بنانے والی مشین خصوصاً وہ جو دھات کی چادریں بنا کر اُن سے پٹریاں بناتی ہے جن سے کاٹ کر سکّے بنانے کےلئے سادہ سکّے یا دھاتی قرص نکالے جاتے ہیں ۔

Flatting oil : (n) ایک قسم کا سیال جسےرنگ سازی والےرنگ میں ملا دینے سے ایک ایسا پینٹ تیار ہوتا ہے جو خشک ہونے پر سادہ یا دھندلا نظر آتاہے ۔

Flattish : (a) قریب قریب چپٹا ؛ مثل چپٹے کے ؛ قدرے سپاٹ ، ہموار یا مسطح ۔

Flatulence : (n) (۱) باد شکم ؛ موٹاپا ؛ نفخ شکم ؛ گیس یا ہَوا سے بھرے ہوئے ہونے کی حالت ؛ اپھراؤ ۔ (۲) غذائی نلی کےگیس سے پُر ہونے کی حالت ؛ حالت نفخ نیز غذاؤں میں ایسی حالت پیدا کرنے کا میلان ۔(۳) (مجازاً) بد دماغی ؛ غرور ؛ تکبر ؛ طمطراق ؛ خودبینی ؛ خودنمائی ۔

Flatulency : (n) (۱) غذائی نلی کے گیس سے پُر ہونے کی حالت نفخ نیز غذاؤں میں ایسی حالت پیدا کرنےکا میلان ۔(۲) (مجازاً) بد دماغی ؛ غرور ؛ تکبر ؛ طمطراق ؛ خودبینی ؛ خود نمائی ۔

Flatulent : (a)[L.f.'flatus.'] (۱) ریاح پیدا کرنےوالا ؛ ریاح سے بھرا ہوا ؛ بادی ؛ نفاخ ؛ ہوا سے بھرا ہوا ؛ ریاحی ؛ غذائی نلی میں گیس پیدا کرنے والا ۔

کی حالت ۔ (٤) پژمردگی ؛ افسردگی ؛ بے دلی ؛ کمزوری ؛ بے رونقی ؛ بےلطفی ۔

Flattening oven : (n) گرم کرنے والا کمرہ یا بھٹی جس میں شیشے کے استوانوں کو دھیمی دھیمی آنچ دے کر چپٹا اور ہموار کیا جاتا ہے ۔

Flattening stone : (n) شیشے کو گرم کر کے چپٹا بنانے والی بھٹی میں استعمال ہونے والا پتھر ۔

Flatter : (n) (۱) چپٹا، سپاٹ یا ہموار کرنے والا ؛ مزدور ۔ (۲) چپٹا کرنے والا اوزار ؛ چوڑے منہ والا ہتھوڑا جسے لوہار استعمال کرتے ہیں ، سپاٹ ہتھوڑا ۔

Flatter : (v) [ME.'flatteren.'] (۱) چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا؛ پھسلانا؛ ضرورت سے زیادہ تعریف وتوصیف کرنا ؛ سرابنا ؛ کسی شخص کی خود پسندی کو تقویت پہنچانا ؛ چڑھانا ؛ ایسی باتیں کرنا جسے سے دوسرا شخص اپنے کو بہت بُرا آدمی سمجھنے لگے ؛ ریشخند کرنا ۔ (۲) (بےبنیاد) امید دلانا ؛ سبزباغ دکھانا ۔ (۳) اپنے کو محض خیالات اورمنصوبوں سے خوش کرنا ۔(٤) خواہش پوری کرنا (آنکھ کان کی تسکین کے لئے) ۔(٥) دوسروں کا دل خوش کرنے کےلئے جوش بیان اور خوشامدانہ کلام میں غلو کرنا ۔(٦) اپنے مجروح ضمیر یا خود پسندی کے احساس پر مرہم رکھنا ؛ اپنی بےعزتی اورذلت کو بھلا دینا ۔(۷) تصویر میں (مصور کا) کسی کے حسن صورت کو مبالغہ کے ساتھ ظاہر کرنا ۔(۸) کسی کی خودپسندی یا خود نمائی کی تسکین کرنا؛ کسی کو اُس کی عظمت واحترام کا احساس دلانا ۔(۹) خوشامد سےراضی کرنا؛ بہلانا؛ پھسلانا ؛ بہکانا؛ لبھانا؛ فریب دینا ؛ ورغلانا ۔(۱۰) تملق کرنا ؛ محظوظ کرنا ۔

Flatterer : (n) خوشامدی ؛ چاپلوسی کرنے والا ؛ چرب زبان ؛ چاپلوس ۔

Flattering : (a) خوشامد کرنے والا ؛ خوشامدی ؛ خوشامد سے راضی کر لینے والا ؛ بہلانے والا ؛ پھسلانے والا ؛ لبھانے والا ؛ ورغلانے والا ؛ فریبی ۔

Flatteringly : (adv.) خوشامدانہ؛ چاپلوسی سے؛بہلاپھسلاکر ؛ خوشامد کرکے ۔

Flattery : (n) [F.'flatterie.'] (۱) خوشامد ؛ چاپلوسی ؛ تملق ؛ چرب زبان ؛ ریشخند ؛ جھوٹی بڑائی ؛ جھوٹی

(۲) خود بیں ؛ مغرور ؛ بد دماغ ؛ متکبر ؛ بےبنیاد اور بڑے دعوے کرنےوالا؛ ڈینگیل ؛ نمائشی ؛ خود پسند؛ خودبینی؛ ادعائی ؛ لفّاظ ؛ بے مغز ؛ خالی خولی ۔(۳) غذائی نلی میں ریاح کے ساتھ یا اُس سے پیدا شدہ ؛ نفخ شکم یا اجتماع ریاح کی شکایت میں مبتلا (اشخاص) ۔

Flatulent colic : (n) (طب) قولنج ریحی ۔

Flatulently : (adv.) موٹا پے کے ساتھ؛ نفخ کے ساتھ؛ ریاح اور یا نفاخ طور پر ؛ (مجازاً) خود بینی سے ؛ متکبرانہ ؛ مغرورانہ ؛ بد دماغی سے ۔

Flatulentness : (n) موٹاپا ؛ نفّاخی ؛ تکبر ؛ بد دماغی ؛ خود بینی ؛ غرور ۔

Flatus : (n) [L.f.'flare.'] (۱) سانس ؛ دم ؛ نفس ؛ پھونک ؛ ھَوا کا جھونکا ؛ بادنسیم ۔(۲) (مرضیات) معدہ اور آنتوں میں ریاح ؛ بائی، باد ؛ باؤ ؛ باد شکم ؛ ریح ؛ نفخ ؛ اپھراؤ ۔(۳) مریضانہ سوزش اور ورم ۔

Flaubertian : (n) [Gustave 'Flaubert.' Fr.novelist.] فلوبیر یا اس کے حقیقت پسندانہ ناولوں سےمتعلق یا ان کی صفات والا ۔

Flaucht./Flaught : (n) [ME.'flaght.'] (۱) اون کا یا برف کے گالوں کا ہلکا گچھا یا لچھا ؛ تکۂ برف ؛ دانۂ برف؛ اون ، روئی یا برف کےگالوں کی دھاری ۔ (۲) کسی جلتی ہوئی یا مشتعل چیز سےٹوٹ کر گرا ہوا آتشیں حصہ ؛ جرقۂ آتش یا رعد وبرق ؛ آذرخش ۔(۳) (اسکاتستانی) یکبارگی دھماکا ؛ اچانک پھٹ پڑنا ۔

Flauchter/Flaughter : (n) (اسکاتستانی) کپکپاہٹ؛ جھلملاہٹ؛ سنسناہٹ ؛ جھنجھناہٹ ۔

Flauchter/Flaughter : (v) (۱) (خاص کر اسکاتستانی) کانپنا ؛ جھلملانا ، ٹمٹمانا ؛ جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز نکلنا ؛ آگے پیچھے حرکت کرنا ؛ پر جھاڑنا ؛ پھڑ پھڑا نا ؛ پر مارنا ۔(۲) (خاص کر اسکاتستانی) (جذبات کو) برانگیختہ کرنا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ اُبھارنا ؛ جوش دلانا ؛ اکسانا؛ شراب پلا کر بدحواس کر دینا ؛ نیم مدھوش کردینا ؛ گھبرا دینا؛ پریشان کردینا ۔

Flaught-bred : (adv.) (۱) (اسکاتستانی) بازو پھیلائے ہوئے ؛ عقاب کی طرح بازو پھیلائے ہوئے (جس میں ٹانگیں بھی پھیلی ہوئی ہوں) ۔(۲) شانقانہ ؛ مشتاقانہ ؛ شوق یا سرگرمی سے ۔

Flaunt : (v) [Origin unkn.] (۱) غرور یا شیخی سے جھومنا ؛ اکڑنا ؛ اپنی شان دکھانا ؛ اپنے لباس اور آرائش کی بھڑک دکھانا ؛ اترا کر چلنا ؛ خود فروشی کرنا ۔(۲) (پروں کا) خوشی سے ہلنا ؛ (چیزوں کا) ضرورت سے زیادہ فوق البھڑک ہونا ۔(۳) مظاہرہ کرنا ؛ دکھانا ؛ دکھاوا کرنا ۔

Flaunt : (n) (شاذ) مغرورانہ چال ؛ اکڑ ؛ لباس اور آرائش کی نمائش ۔

Flaunting : (a) خوشی سے یا مغرورانہ جھومتے ہوئے ؛ گھمنڈی ؛ متکبر ؛ نمودیا ؛ شیخی باز ؛ اِترانے والا ۔

Flauntingly : (adv.) شیخی کے ساتھ؛ اتراکر ؛ مغرورانہ انداز میں ؛ گھمنڈ سے ۔

Flaunty : (a) شیخی باز ؛ خود فروش ؛ خود نما ؛ گھمنڈی ۔

Flautando/Flautato : (adv.) [It. f. flauto.] بانسری کی طرح ؛ بانسری کی سی آواز سے (خصوصاً تار والے باجوں کو بجانے میں بدایت کے طور پر استعمال ہوتا ھے ۔

Flautino : (n) [It.dim.of flauto] (۱) (موسیقی)چھوٹی بانسری ؛ نَے؛ نفیری ؛ ایک قسم کا چھوٹا آرگن ۔(۲) آرگن میں لگی یکساں سُروں والی بانسریوں میں سے کوئی ایک ۔

Flautist : (n) [It. flautista.] بانسری بجانے والا ؛ نَے نواز ۔

Flauto : (n) [IT.] بانسری ؛ نَے ؛ نفیری نیز آرگن میں لگی یکساں سُر والی مختلف بانسریوں کے نام ۔

Flauto piccolo : (n) آرگن باجے کا ایک پردہ ۔

Flauto trverso : (n) جرمن بانسری ۔

Flavaniline : (n) ایک قسم کا زرد رنگ ۔

Flavescent : (a) [L.f.,flvus.] جو زرد ہو رہی ہو ؛ مائل بہ زردی ؛ زردی مائل ۔

Flaveria : (n) [N.L.] امریکا کے گرم خطے میں پائی جانے والی بوٹیوں کی ایک قسم جن کی پتیاں آمنے سامنے اورننھے زرد پھول خوشوں کی شکل میں ہوتے ہیں ۔

Flavin : (n) (۱) (جراحی)زخموں کو زہر سے بچانےوالی ایک ایک دوا ۔(۲) زرد رنگ جو بلوط سے بنایا جاتا ہے ۔(۳) (کیمیا)لیمون کے درخت کی چھال سے تیار کیا ہوا ایک زرد رنگ کا مسالہ ۔

Flavism : (n) (طب) زردی مُو ۔

Flavo : (comb.) سابقہ بمعنی زرد یا زرد رنگ ۔

Flavorous/Flavourous : (a) خوشبو دار ؛ بو والا ؛ مہک والا ؛ خوشبو سے بھرا ہوا ؛ مزے دار ۔

Flavour/Flavor : (n) [OF.flaur, fleiur.] (۱) مہک ؛ خوشبو ؛ مزہ ؛ چاشنی؛ لذت ؛ زبان اورناک کا مشترک احساس ؛ ایک خاص قسم کی بو ؛ ذائقہ ؛ مخصوص مزہ ۔(۲) ایسی لذت جس کی تعریف و تشریح نہ کی جاسکے ؛ ذائقہ کی ایک خاص کیفیت جو چیزوں کو ایک دوسرے سےممیز کرتی ہے ؛ خاص قسم کے مزے کا ایک شائبہ ۔ (۳) جبلّی طور پر ودیعت کی ہوئی ناقابل تعریف وتشریح ؛ خصوصی صفت ؛ چپنا پن ؛ اشتہا آفریں ؛ رائحہ (غذا کا) ؛ چاشنی ؛ چٹخارہ ۔

Flavour : (v) (۱) کسی چیز میں کوئی خاص مزہ پیدا کرنا ؛ معطر کرنا ؛ خوش مزہ کرنا ؛ ذائقہ دار بنانا ؛ عبارت آرائی سے نکتہ یا لذت پیدا کرنا ؛ خوش مزہ ہونا ؛ معطر ہونا ؛ چٹپٹا بنانا ؛ مزے دار کرنا ؛ خوشگوار کرنا ؛ بگھارنا ؛ مزہ پیدا کرنا ؛ خوشبو دار بنانا ۔(۲) مزہ چکھنا ؛ ذائقہ چکھنا ۔

Flavoured : (a) (۱) خوشبودار بنانے کےلئے کچھ ملایا ہوا ؛ بگھارا ہوا ؛ خوشبو ڈالا ہوا ؛ معطّر کیا ہوا ۔ (۲) خاص بو والا ؛ مخصوص خوشبو والا ؛ خصوصی مزےوالا؛ لذیذ؛ ذائقہ دار؛ خوشبو دار۔

Flavouring : (n) (۱) بگھار ؛ خوشبودار بنانے کا عمل ؛ لذیذ یا چٹخارے دار بنانے کا عمل ؛ لذت بخش ۔ (۲) خوشبودار بنانے کےلئے استعمال کی جانے والی چیز ؛ خوشبو دارمسالہ ؛ کیوڑا، گلاب وغیرہ ۔

Flavourless : (a) بےمزہ ؛ بے لذت ؛ بے لطف ؛ سادہ (عبارت) ۔

Flavoursome/Flavourous : (a) مزہ دار ؛ بامزہ ؛ لذیذ ۔

Flavous : (a) [f. L. flavus.] زرد ؛ پیلا (خالص زرد) ۔

Flaw : (n) [Origin doubtful.] (۱) شگاف ؛ درز ؛ رخنہ ؛ دراڑ ۔ (۱) نقص ؛ عیب ۔(۳) (قانون) کسی دستاویز ، شہادت؛ روئداد عدالت یا قانونی کاروائی وغیرہ میں ایسا نقص جو اس کو ناجائز بنادے ۔(٤) (اسکاتستانی)ٹکڑا ؛ ٹوٹا ہواحصہ ۔ (٥) گھاس لگا تختہ جو زمین سے کاٹا یا اکھاڑا جائے ؛ دوب تختہ ۔

Flaw : (n) [Origin unkn.] جھکڑ ؛ ہَوا کا سخت جھونکا تھوڑے تھوڑے وقفے سے) ؛ مختصر طوفان ؛ ہلکا طوفان ۔

Flaw : (v) (۱) شگاف پیدا کرنا ؛ بال ڈالنا ؛ خراب کردینا ؛ عیب پیدا کر دینا ؛ بگاڑ دینا ؛ درکا دینا ۔ (۲) پھٹ جانا ؛ شگاف پیدا ہوجانا ؛ درک جانا ؛ دراڑ ہوجانا؛ درز پیدا ہو جانا؛ عیب دار ہو جانا ؛ ناقص ہو جانا ۔

Flaw : (v) (۱) جھکڑ کی صورت ہَوا کا بہنا ؛ تھوڑے وقفوں سے طوفانی ہَواؤں کا بہنا ۔(۲) برہم کردینا ؛ بےترتیب کر دینا ؛ بکھیر کر رکھ دینا (جس طرح طوفانی ہوائیں کر دیتی ہیں) ۔

Flawless : (n) بےعیب ؛ مکمل ؛ بے درز ؛ بےشگاف ؛ بےنقص ۔

Flawlessly : (adv.) بغیر نقص یا عیب کے ؛ کامل طور سے ؛ مکمل ہو کر ۔

Flawlessness : (n) بے عیبی ؛ اکملیت ۔

Flawn : (a) [med. L. fladoueus.] (متروک) ایک قسم کی کھیر جو دودھ اور انڈے کو ملا کر بنائی جاتی ہے ۔

Flawy : (a) (۱) عیبوں سے بھرا ؛ عیب دار ؛ ناقص ۔ (۲) زوردار ؛ جھکڑ دار ؛ پُرجوش ؛ بہت تیز ؛ طوفانی ۔

Flax : (n) [OE.fleax.] (۱) سن کا درخت جس کے پھول نیلے ہوتے ہیں اور جس کے ریشے یا کتان سے کپڑا بنایا جاتا ہے ؛ اس کے بیجوں کو السی کہتے ہیں ۔(۲) اس پودے کے ریشے ؛ سن؛ پٹ سن ۔ (۳) اس پودے کے ریشوں سےبنا ہوا کپڑا ؛ کتان کا کپڑا ؛ سنئی کا کپڑا ؛ کتان ۔

Cloth of flax سن کا کپڑا ۔

Fibres of flax : سن کےریشے جن سے کپڑا بنایا جاتا ہے ۔

Mountain flax : سن کے پودے کی ایک قسم ۔

Newzealand Flax : نیوزی لینڈ میں پیدا ہونے والا سن کا پودا جس کی پتیوں کےریشے سے کپڑے بنائے جاتےہیں ۔

Flax brake : (n) سن کےڈنٹھل سے سن چھڑانےوالا ایک دندانہ دار اوزار ۔

Flax comb : (n) سن کے ریشوں کو سلجھانے یا صاف کرنے کی کنگھی ۔

Flax cotton : (n) سن کی روئی ؛ روئی بنایا ہوا سن ۔

Flax hackle : (n) دیکھو Flax comb

Flax seed//Flaxseed : (n) (۱) سن کا بیج ؛ السی ۔(۲) ایک قسم کا پودا ۔

Flax weed : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ ایک سدا بہار درخت جس کے پھول زرد رنگ کے مشکیزہ دار اور ان میں نارنجی داغ ہوتے ہیں ۔

Flax wench/-wife/-woman (n) سن کو صاف کرنے ؛ سلجھانے، کاتنے وغیرہ کا کام کرنے والی عورت ۔

Flaxen : (a) (۱) سن کا بناھوا ۔ (۲) (بالوں کےلئے تشبیہاً استعمال ہوتا ھے) صاف کئے ہوئے سن کےرنگ کا کاہی رنگ کا پیلا ؛ زردی مائل ؛ بھورا ۔ (۳) سن کا یا اس سے متعلق ۔

Falxy : (a) سن کے مانند ؛ سن جیسا ؛ سن کا بنا ہوا ۔

Flay : (v) [OE.fleau.'] (۱) کھال کھینچنا؛ اتارلینا ؛ ادھیڑنا ؛ کھال یا چھلکے کو اتارنا؛ چھیلنا ؛ گھس کر، کاٹ کر یا چھیل کر ٹھیک کرنا ۔(۲) سخَتی اور شدت سے تنقید کرنا ؛ بے نقاب کرنا ؛ ظاہری صفات کا پردہ ہٹا دینا ۔ (۳) کسی کولوٹنا ؛ برباد کرنا۔

Flay flint : (n) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ؛ زبردستی ؛ بہ جبر یا دھمکی لے کر روپیہ وصول کرنے والا ۔

Flayer : (n) (۱) چھلکا اتارنےوالا؛ چھیلنے والا؛ کھال اُدھیڑنے والا ؛ سَن چھڑانے والا ؛ اون یا سوت کو سلجھانےیاصاف کرنے والا ۔(۲) لٹیرا ؛ غارت گر ۔

Flea : (n) [Oe. fleah.] (۱) پسو ؛ (اصطلاحاً) چھوٹا سا ؛ بےحیثیت ؛ قابل تحقیر جانوریا شخص ؛ چھوٹا سا بےپر کا کیڑا جو انسان اورجانوروں کا خون چوستا ھے ۔(۲) ایک چھوٹا پھدکنے والا بھونرا جو باپ ، انگور، شلجم وغیرہ کو برباد کر دیتا ھے ۔(۳) چھوٹے قشری جانور جو پسّو کی طرح پھدکتے ہیں ۔

A flea in one's ear.: انتہائی تکلیف دہ اور حقارت جھڑکی ؛ لعنت و ملامت و پھٹکار وغیرہ ؛ غیر متوقع ڈانٹ ڈپٹ یا تنبیہ ۔

Sand flea : بالو میں رہنے والے کیڑے جو پسّو کی طرح پھدکتے ہیں ۔

Water flea : پانی کے قریب رہنے والے کیچوے کی قسم کے جانور جو پھدکتے ہیں ۔

To go (send,etc.)away with- a fla in one's ear : کسی کو ڈانٹ کر یا جھڑک کر لاجواب کردینا ؛ تالی پٹوا دینا (کسی کی ہنسی اڑانا) ۔

Flea/fleck : (v) پسّوؤں سے چھٹکارا پانا ؛ پسّوؤں سےنجات پانا یا دلانا ؛ پسّوؤں کا استیصال کرنا ؛ پسّوؤں کو دور کرنا یا ختم کرنا ۔

Flea bane : (n) پودوں کی ایک قسم کانام جن کےبیج پسّوؤں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Flea beetle : (n) ایک چھوٹا پھدکنے والا بھونرا جو باپ ، انگور اور شلجم وغیرہ کو برباد کردیتا ھے ۔

Flea bite : (n) (۱) پسّو کے کاٹنے کا نشان ؛ پسو کا کاٹنا ؛ چھوٹا سا سرخ دھبا ؛ (اصطلاحاً) نہایت خفیف تکلیف یا خرچ ؛ نہایت معمولی بات اورواقعہ؛ ناقابل اعتنا بات یا واقع ۔(۲) چھوٹا سا زخم یا معمولی تکلیف ۔(۳) ذراسی مقدار ۔

Flea bitten : (a) (۱) جہاں پسّو کے کاٹنے کے دھبے پھیلےہوئے ہوں ؛ پسّو کا کاٹا ہوا ۔ (۲) لاکھی رنگ (سہ رنگ)یا سرخی مائل بادامی رنگ کا وہ گھوڑا جس کے جسم پر چھوٹے چھوٹے نقطوں والے سفید یا بھورے دھبے ہوں ؛ ہلکی زمین پر سرخی مائل بادامی یا لاکھی رنگ کے دھبے یا دھاریوں والا (گھوڑا وغیرہ) ۔

Flea dock : ایک چھوٹا درخت ۔

Flea louse : (n) درختوں میں رہنے والا اور پھدکنے والا جوں کی صورت کا کیڑا ۔

Flea wood : (n) دلدلی مہندی ؛ دلدل میں ہونےوالی مہندی ۔

Flea wort : (n) [OE. flea wyrt.] (۱) قدیم دنیا کا ایک پودا جس کے بیج بھگو دینے پر پھول جاتے ہیں اور لیسدار ہو جاتے ہیں ؛ نیز جنہیں ہلکے ملیّن کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔ (۲) مختلف قسم کے پودے جن کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ پسّوؤں کو ختم کردیتے ہیں ۔ (۳) ایک قسم کا پودا جس کے بیج پسّوؤں سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Fleam : (n) [OF. flieme.] (۱) (امریکا) نشتر جس سے گھوڑوں کی فصد لی جاتی ہے؛ آلۂ جراحی جو بالعموم دو دھاری اور نو کیلا ہوتا ہے جو خو ن یا گوندنکالنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Flebotomy : (n) وریدشگافی ؛رگ زنی ؛ فصّادی ؛ نشتر زنی ۔

Fleche : (n) [Fr.] (۱) (تعمیرات) (فرانسیسی) پتلا مینار ؛ خاص کر وہ جو گرجا کے وسط اور آڑے بازو کے کٹاؤ پر نکلا ہوتا ہے؛ پتلی، گاؤ دم یا مخروطی شکل کی عمارت ۔ (۲) (قلعہ بندی) جھاڑیوں کے ساتھ ساتھ اور قلعے کے پُشتے کے نمایاں زاویوں پر بنائے ہوئے مورچے یا استحکامات ۔

Fleck : (n) [Cogn. W. ON. flekkr.] (۱) جلد پر دھبا ؛ داغ یا جھائی نیز مجازاً ۔ (۲) رنگ یا روشنی کا نشان ؛ عکس ؛ دھبّا ؛ چتّی ۔ (۳) چھوٹا سا ٹکڑا ؛ ذرہ ۔

Fleck : (n) (روزمرہ) سور کے گُردے کے گِرد کی چربی ۔

Fleck : (v) کسی چیز پر چھوٹے نشان ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ مخطط کرنا؛ دھاریاں ڈالنا؛ پنچ رنگا کرنا ؛ بوقلموں کرنا؛ ابلق کرنا؛ رنگ برنگ کا بنانا ۔

Fleck : (v) [Origin unkn.] (روزمرہ) نیچے اڑنا ؛ تھوڑے فاصلے تک اُڑ کر رک جانا آہستہ اڑنا ؛ منڈلانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا نیز مجازاً ۔

Flecker : (v) مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ چتکبرا کرنا ؛ مختلف رنگوں کے داغ منتشر طور پر ڈالنا ؛ ابلق کرنا ؛ پنچ رنگا بنانا ۔

Fleckless : (n) صاف ؛ ستھرہ ؛ بے داغ ؛ بغیر دھبے کے ۔

Flection/-al/-less : (۱) خم ؛ جھکاؤ ؛ کجی ؛ مُڑا ہوا ۔ (۲) دیکھو Flexion ۔

Flector : (n) عصب ؛ وہ پٹھا جو کسی جسم کے حصے کو جھکاتا ہے ۔

Fled : (a) [f.Flee. v.] بھاگا ہوا ؛ مفرور ؛ فرار ؛ بھگایا ہوا ؛ غائب ؛ اوجھل ۔

Fledge : (v) (۱) پرلگادینا ؛ اُڑنے کے قابل بنادینا ؛ پر یا نرم بال لگا کر آراستہ کرنا ؛ پر نکلنا ؛ پر آنا ؛ پردار کرنا ؛ قابل پروازبنانا ؛ آمادۂ پرواز کرنا ۔ (۲) پورے طور پر بال و پر والی ہو جانا (چڑیا کا) نیزمجازاً بال و پرنکل آنا ۔ (۳) چڑیا کےبچے کو اس وقت تک پرورش کرناجب تک اس کے بال و پر پورے طور پر نشو و نما نہ پاجائیں ؛ پردار ہونے تک پرورش کرنا ؛ نیز مجازاً ۔ (٤) (تیر میں) پر لگانا یا پروں سے آراستہ کرنا ۔

Fledge : (a) [OE.flecege.] (۱) (روزمرہ) پردار ؛ قابل پرواز ؛ قادر بہ پرواز ؛ اڑنے کی صلاحیت رکھنے والی (چڑیا) مکمل نشوونما پائے ہوئے بال و پر والی (چڑیا) ۔ (۲) پرواز کےلئے تیار ؛ لیس ؛ آمادۂ پرواز ۔

Fledgeless : (a) بے پر کا ۔

Fledg (e) ling : (n) (۱) پرند کابچہ ؛ نوجوان پرند ؛ پرواز پرند ۔ (۲) ناتجربہ کار شخص ؛ کچا آدمی ؛ نوآموز؛ اناڑی ۔ (۳) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fledgeling poets : (n) نوآموز شعراء ؛ اناڑی شعراء ۔

Fledgy : (a) پر دار ؛ پروں سے ڈھکا ہوا ۔

Flee : (v) [Pat. t. and pple. Fled] [OE.'fleon.'] (۱) بھاگ جانا ؛ خطرے سے بچنے کےلئے فرارہونا ؛ گریز کرنا؛ اڑجانا ؛ پرواز کر جانا ۔ (۲) غائب ہوجانا ؛ گم ہو جانا ؛ چلے جانا ؛ کسی چیز یا شخص کے پاس سے بھاگ جانا ؛ دفعتاً چل دینا ؛ راہ گریز اختیار کرنا ؛ رفو چکر ہو جانا ؛ دفعتاً کھسک جانا ۔ (۳) بچنا ؛ پرہیزکرنا ؛ کترانا نَفرت کرنا؛ بَت جانا ؛ روانہ ہو جانا ؛ احتراز کرنا ؛ دور رہنا؛ حذر کرنا؛ بھاگنا (کسی چیز سے) ۔ (٤) پرہیز کرنے، بھاگنے، بچنے ؛ فرار ہونے، بچ نکلنے کی تدبیر یا جتن کرنا (شاذ) ۔

Fleece : (n) [OE. fleos] (۱) اون ؛ باریک بال جو بھیڑ اور اسی قسم کے جانوروں کی کھال پر ہوتے ہیں ؛ پشم گوسفند ۔ (۲) اون کی وہ مقدار جو ایک دفع بھیڑ یا بکری کی کھال سے اتارلی جاتی

ہے ۔ (۳) سر کے بال جو الجھے ہوئے اور گھنے ہوں ۔ (٤) (اصطلاحاً) سفید اون کی طرح کی کوئی چیز ؛ سفید بادل ؛ اون ؛ گرتی ہوئی برف ۔ (٥) (پارچہ بافی) اون یا سوت کو سلجھانے میں جو ان سے باریک چادر سی مشین کے اندر سےنکلتی ہے ؛ پنبہ یا پشم ۔ (٦) اون سے مشابہ کوئی چیز ۔

Golden fleece : ملک ایسٹریا و اسپین میں Knight کا اعزازی نشان ۔

Order of the golden Fleece : برگنڈی کے ڈیوک فلپ کے ذریعہ ١٤٣٥ء میں برجس میں نافذ یا قائم کیا ہوا نائٹ (Kinght) کا درجہ یا سلسلہ ۔

Fleece : (v) (۱) اون یا اس جیسی چیز سے ڈھانکنا ۔ (۲) بھیڑوں کی اون کاٹنایاتراشنا نیز مجازاً ۔ (۳) کسی کاروپیہ لےلینا ؛ کسی کو مفلس کر دینا ؛ کنگال کردینا ؛ چوس لینا ؛ کسی کا مال اڑالینا؛ بےرحمی سے لوٹ لینا ؛ پھانسنا ؛ شکار بنانا ۔ (٤) اون یا اون جیسے گالوں کی طرح پھیل جانا ؛ چھاجانا ؛ ڈھانک لینا ۔

Fleece wool : زندہ جانوروں سےنکالا ہوا اون ۔

Fleeceable : (a) وہ بھیز جس کا اون کاٹنے کے قابل ہو ؛ وہ شخص جس کی دولت اڑائی یا لوٹی جاسکے ۔

Fleeced : (a) اون والا ؛ اون دار ؛ اون جیسے بالوں والا ؛ اون سے آراستہ ؛ اون سے سجایا ہوا ؛ اون سے ڈھکا ہوا ؛ جس کا اون کاٹ لیا گیا ہو ۔

(Sky) fleeced with cloud : سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا (آسمان)۔

Fleeceless : (a) بغیر اون کا ؛ بے اون دار ۔

Fleecy : (a) (۱) جس پر اون ہو ؛ اُون دار ؛ اون کی طرح نرم اور سفید ۔(۲)اون سےنکلاہوایا اون پرمشتمل؛ اون کے مشابہ ؛ اون کا سا؛ روئیں دار ۔

Fleecy star : (n) بارہ برجوں میں سے پہلا بُرج ؛ حمل ؛ میکھ ؛ برہ ۔

Fleer : (n) [f.Fleer. v.] مضحکہ آمیز نظر یا کلام ؛ تمسخر ؛ استہزا ؛ خندہ نیش دار ؛ ریشخند ۔

Fleer : (v) [Origin unkn.] (۱) مذاق اڑانا ؛ ہنسی اُڑانا ؛ منہ چڑانا ؛ طعنے دینا ؛ آویزے کسنا ؛ منہ بنانا ؛ حقارت کے ساتھ کلام کرنا ؛ بھونڈےپن سے ہنسنا ؛ بدتمیزی سے ہنسنا ؛ طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ طنز کرنا ۔

Fleerer : (a) طعن زنی؛ مضحکہ اڑانے والا ؛ہنسی اڑانے والا ۔

Fleeringly : (adv.) تمسخر آمیز طور پر ؛ حقارت سے ؛ طعنہ زنی کے ساتھ ؛ طنز آمیز طورپر ۔

Fleet : (n) [OE.f. fleotan.] (۱) بحری آلات جنگ اور جنگی جہازوں کا بیڑا جو ایک ہی کمانڈر کے ماتحت ہو؛ بحری مسلح فوج ۔(۲) کشتیوں یا جہازوں کی ایک تعداد جو سب ساتھ ساتھ بحری سفر کرتے ہیں ۔ (۳) کرایہ پر چلنے والی موٹروں اورگاڑیوں کی ایک تعداد جو ایک ہی شخص کی ملکیت ہوں ؛ ہَوائی جہاز یا گاڑیوں کی وہ تعداد جو کسی معینہ گروپ یا اکائی کی تشکیل کرتی ہو ۔ (٤) (مابی گیری) بیرنگ جالوں کی قطار جو آپس میں سِرا بہ سِرا بندھی ہوئی ہو ۔

To go round or through the fleet : بیڑے میں شامل کشتیوں کا رسّے کے ذریعے پہلو بہ پہلو بندھا ہونا ۔

Fleet : (n) [OE.fleot.] (۱) دریا یا سمندر کی شاخ جو خشکی کے اندر گھسی ہوئی ہو ؛ کھاڑی ؛ وہ جگہ جہاں پانی بہتا ہو ؛ آب گذار ؛ ساق ؛ شاخ دریا ؛ آب درہ ؛ تنگ کھاڑی ۔

The fleet : لوڈ گیٹ ہل اور فلیٹ اسٹریٹ کے بیچ سے ٹیمس میں بہنے والا ایک آب گذار جو اب ڈھکا ہوا نالا ہے ؛ قید خانہ جو اس آب گذار یا نالے کے پاس واقع ہے ۔

Fleet : (a) [Cog.W.ON. *fliotr.] (۱) (ادبیات اور شاعری) تیز؛ سبک رو ؛ چست ؛ بادپا؛ تندرو ؛ سریع السیر؛ نیز تیزفہم ؛ رسا (ذہن) ؛ زور پروازنی تخیل؛ زود گذر ۔(۲) عارضی ؛ ناپائدار ؛ جلد مٹ جانے والا (نقش، صورت وغیرہ) ؛ متغیر ؛ بے ثبات (شاعرانہ)۔

Fleet : (a) (روزمرہ) (زراعت) اتھلا ؛ چھچھلا ؛ پایاب ؛ کم گہرا؛ کم عمیق ؛ سطحی ؛ اوچھا ؛ کم مایہ ۔

Fleet : (v) [OE.*fleotan.] (۱) چپکے سے سرک جانا ؛ غائب ہوجانا ؛ تیزی سے گذر جانا ؛ جل دینا ؛ کھسک جانا ؛ بھاگ جانا ۔(۲) خاموش جھرنے کی طرح تیز اور سبک رفتاری سے گذرجانا ؛ دبے پاؤں

جانا؛ آہستہ سے گذرجانا ۔(۳) ترک وطن کرنا؛ روانہ ہوجانا ؛ نقل مکان کرنا ۔(٤) کسی رقیق مادے پر تیرنا ؛ پانی پر آجانا ؛ بہے چلے جانا ۔ (٥) (جہاز رانی) رخ بدلنا ؛ پہلو بدلنا ؛ چرخی یا رسّا وغیرہ تبدیل کرنا یا بدلنا ۔

Fleet : (v)[Originunkn.] کسی سیال مادے کی سطح پر بہتی ہوئی چیز کو نکال لینا ؛ چھان لینا ؛ خصوصاً دودھ سے مکھن نکالنا ؛ بالائی اُتارنا ؛ (نیز مجازاً)۔

Fleet books : (n) فلیٹ قید خانے کے اطرف میں بدنام یا بےوقعت پادریوں کے ذریعے خفیہ طور پر انجام دی ہوئی شادیوں کا ریکارڈ یا رجسٹر ۔

Fleet-foot : (a) (شاعری) سبک رو ؛ تیزرفتار؛زود گذر ؛ بادپا۔

Fleet marriage/-street-marriage : (n) بدنام پادری کے ذریعہ فلیٹ قید خانے کے اطراف میں خفیہ طور پر انجام دی ہوئی شادی ۔

Fleet person : (n) بےوقعت پادری جو فلیٹ قید خانے کے اطراف میں خفیہ نکاح پڑھایا کرتا تھا ۔

Fleet register : (n) دیکھو Fleet book

Fleet street : (n) عبارت ہے جرائد واخبارات کی اشاعت سے جو لندن میں عموماً فلیٹ قید خانے کے اطراف میں شائع ہوتے ہیں ۔

Fleeten : (a) (۱) پانی سے بھرا ہوا، پانی میں ڈوبا ہوا ۔ (۲) بالائی نکالے ہوئے دودھ کے رنگ کا ۔ (۳) (نیم رسمی معنوں میں) بالائی اُتارا ہوا دودھ؛ وہ دودھ جس سے مکھن نکال لیاگیا ہو ۔

Fleeting : (n) (۱) (روزمرہ) کسی سیال پر تیرتے ہوئےمادے کو نکالنے یا اُٹھا لینے کا عمل خصوصاً دودھ سے بالائی یا مکھن نکالنے کا عمل ۔ (۲) (جمع) بالائیاں ؛ پپڑیاں ؛ دہی ۔

Fleeting : (a) بھاگتے ہوئے ؛ تیزی سے گذرتے ہوئے ؛ سبک رو ؛ قریب ہو کر تیزی سے گذرتےہوئے؛ تیز رفتار ؛ زود گذر ؛ باد پا ؛ ناپائدار ؛ فانی ؛ بےثبات ؛ عارضی ؛ متغیر ؛ تغیر پسند ؛ غیر مستقل ؛ پھسلتےہوئے ؛ دبے پاؤں گذرتےہوئے؛ تیزی سے گذرجانےوالا؛ دبےپاؤں تیز گذرجانے والا ؛ باد پائی سے گذرجانے والا ۔

Fleeting-milk : (n) مکھن نکالا ہوا دودھ

Fleetingly : (adv.) تیزی سے ؛ جلدی سے ؛ عاجلانہ ؛ سبک روی سے ؛ بادپائی سے ؛ ناپائداری سے ؛ بے ثباتانہ ؛ عارضی طورپر ۔

Fleetingness : (n) تیزی ؛ سرعت ؛ بادپائی ؛ سبک روی ؛ تیز رفتاری ؛ ناپائداری ؛ بے ثباتی ؛ تغیر ؛ فنا ۔

Fleetly : (adv.) سبک روی سے ؛ پھرتی سے ؛ جلدی سے ؛ سرعت سے بےثباتانہ ؛ ناپائدار طور پر ؛ عارضی طور پر ۔

Fleetness : (n) سبک روی ؛ چستی ، پھرتی ؛ سرعت تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ باد پائی ؛ بےثباتی ؛ ناپائداری ۔

Flegm: (۱) بلغم ؛ کف؛ بلغمی مادہ ۔(۲) بلغمی مزاج ۔

Fleming : (n) [MDU.V.leaming.] ملک فلانڈرس کا باشندہ ۔

Flemish : (a) [MDU.Vlaemisch.] (۱) ملک فلانڈرس کے باشندوں کی (زبان) ؛ فلانڈری (زبان) ؛ فلانڈرس یا وہاں کے باشندوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (۲) فلانڈرس سےمشابہ ؛ فلانڈرس کےباشندوں کے مانند ؛ مثل فلانڈری ۔

Flemish : (v) (شکاری کتے کا) شکار کی تلاش میں دُم اور جسم کو اس طرح حرکت دینا کہ گویا کانپ رہا ہے ۔

Flemish : (n) شکار کی تلاش میں کتےکی دُم اور جسم کی حرکت ۔

Flemish account : (n) خسارے والا حساب ؛ خسارہ کھاتہ ۔

Flemish bond : (n) دیوار میں اینٹ لگانے کاایک اوزار ؛ دیوار کی چنائی کا ایک طریقہ جس میں باری باری سے لمبی اور چوڑی اینٹیں لگائی جاتی ہیں (یعنی ایک مرتبہ اینٹ کا سرا باہر ہوتا ہے ؛ دوسری دفعہ اندر) ۔

Flemish brick : (n) فرش بندی یا کھڑنجابنانےمیں استعمال ہونے والی ایک زردی مائل سخت اینٹ ۔

Flemish eye : (n) (جہاز رانی) رسی کی لڑیوں کاایک قسم کا پھندا جس میں رسیوں کے سرے چھیلے ہوئے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے، آمنے سامنے گزارے ہوئے اور جوڑ پر بنے ہوئے دھاگوں سے بندھے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Flemish horse : (n) (جہاز رانی) اوپر والے چو کوربادبان کے سہارے کی بلّی کے دونوں سروں میں سے کسی

ایک سرے پر باندھا ہوا رسّا جس سے بادبان سِلا ہوتا ہے ۔

Flemish point : (n) ایک قسم کی فرانسیسی لیس (Lace) جسے Point de Brabant کہتے ہیں ۔

Flemish stich : (n) ایک قسم کا لیس یا جھالر جسے Fillings in Honiton lace کہتے ہیں ۔

Flench/Flinch/Flenser : (v) (۱) وہیل یا سیل مچھلی (سگ ماہی) کی چربی کو کاٹنا اور اُس کی قاشیں بنانا ۔ (۲) سیل (دریائی بچھڑا، سگ ماہی) کی کھال اُتارنا ۔

Flencher/Flenser : (n) جانوروں کی کھال اتارنے والا: خصوصاً وہ شخص جو پیشہ ورانہ طور پر وہیل اور سیل مچھلیوں کی کھالیں اتارتا ہو ۔

Flesh : (n) [OE.fleasc.] (۱) نرم چیز: ملائم چیز خصوصاً کھال ہڈیوں کے درمیان نرم گودا ۔ (۲) جانوروں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پٹھے ہوتے ہیں ۔ (۳) انسان کے جسم کی ظاہری اور بیرونی سطح ۔ (٤) گوشت ؛ لحم ؛ مغز گوشت ؛ ماس ؛ چربی اور جانوروں (علاوہ مچھلی اور مرغ کے) کے جسم کے پٹھے اورنسیں جو کھانے کے کام میں آتے ہیں (اب اس کے بجائے لفظ meat) ۔ (٥) پھل، درخت یاپودے کا گودا یا پلپلا مادہ : میوہ ؛ مغز ۔ (٦) موٹاپا ؛ فربہی ؛ چربی چڑھاہوا جسم ؛ بھاری ؛ گداز جسم ؛ گوشت کی زیادتی ؛ گداز پن ۔ (۷) نفسانی خواہش ؛ شہوت ؛ جسمانیت ؛ حیوانیت ۔ (۸) (مجازاً) تن: جسم؛ مادی جسم والا؛ جسمانی وجودرکھنے والا ۔ (۹) آدم خاکی ؛ بشرہ ۔ (۱۰) دلسوزی ؛ رقت ۔ (۱۱) انسان کا عضویاتی یا مادی ڈھانچہ ؛ جسم ؛ تن ؛ جسد (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا) جسم جسے اُن کے ماننے والے کھاتے ہیں نیز عشائے ربانی کی روٹی ۔ (۱۲) فطرت انسانی تمام مادی ضروریات اور حدود کے ساتھ ۔ (۱۳) حسی میلانات اور خواہشات ؛ اشتہائے نفس ؛ خواہش ؛ (مذہبی زبان میں) نفسانی کشاکش؛ روحانی کشاکش ؛ روحانی تحریکات ؛ میلانات کے ساتھ متصادم بگڑی ہوئی فطرتِ انسانی ۔

After the flesh : به ظاہر مرغوب ؛ به ظاہر اچھا ؛ به ظاہر پسندیدہ ۔

All flesh : وہ تمام مخلوق جس کے جسم میں جان ہو ؛ جاندار مخلوق ؛ تمام حیوانات ؛ (محدود معنوں میں) تمام نوع انسان ۔

In flesh : فربہ ؛ موٹا ؛ لحیم ۔

In (the) flesh : (adv.) مجسم طور پر ؛ جسمانی شکل میں نیز بقید حیات ؛ زندہ جسمانی حیثیت سے ؛ زندگی کی صورت ظاہر میں جیتاجاگتا ۔

One flesh : ایک جسم ؛ یک جان ؛ متحد (جیسے میاں بیوی) ؛ تعلقات زن وشو ؛ قریب کو ظاہر کرنے کےلئے بولا جاتا ہے ۔

One's (own) flesh : قریبی رشتہ دار ؛ اولاد ۔

One's own flesh and blood : قریبی رشتہ دار ؛ اولاد ۔

Proud flesh : زخم کا انگود ؛ زخم پر جو نیا گوشت آتاہے ؛ کھرنڈ نیز مجازاً ۔

Raw flesh : چمڑا ہٹانے کےبعد جوگوشت نظر آتاہے ؛ کچا گوشت ۔

Sins of the flesh : جسمانی گناہ ؛ مادی گناہ خصوصاً بےعصمتی ؛ بدچلنی ؛ ناپاکی ؛ بدکاری ۔

To go after or follow strange flesh : بائبل کی زبان میں غیر فطری یا خلاف فطرت جرم کے لئے بولا گیا ہے ۔

To lose flesh : دبلا ہونا ؛ جسم کا ہلکا ہونا ۔

To make his flesh creep : ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا (خصوصاً فوق العادت چیزوں سے، جیسےبھوت جن وغیرہ سے) ۔

To put on flesh : موٹا ہونا ؛ فربہ ہونا ؛ چربی چڑھنا ؛ لحیم ہونا ۔

Flesh : (v) (۱) شکاری کتوں اور اسی قسم کے شکاری جانوروں کو خون چکھا کر (منہ کو خون لگا کر) مشتعل اور آمادہ شکار کرنا (کسی جانور کو خون کا مزہ چکھا کرشکار کا بھوکابنادینا) ۔ (۲) خون ریزی سکھانا ؛ خوں ریزی کی عادت ڈلوانا؛ (کسی جسم پر)پہلی دفعہ تلوار(کاہاتھ) لگوا کر شمشیرزنی سکھانا؛ سخت دل بنادینا؛ جان کا خواہاں کر دینا؛ خون کا پیاسا کردینا ؛ کسی ہتھیار سےگہرا وارکرنا خصوصاً پہلی دفعہ (نیز مجازاً) ۔ (۳) کھلانا ؛ آسودہ کرنا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ ترغیب دینا ؛ بالیدہ کرنا ؛ فربہ کرنا ۔ (٤) (خاص کر مجازی معنوں میں)

(دباغی) (چمڑے یا کھال میں) لگے ہوئے گوشت کو چھڑانا ۔

Flesh and blood : (n) (۱) جسم اور اس کی مادی کیفیات ۔ (۲) (اصطلاحاً)بنی نوع انسان ؛ فطرت انسانی؛ انسانیت ؛ بشریت ؛ رحم دلی ؛ انسان کے فطری جذبات اورکمزوریاں ۔ (۳) گوشت و خون؛ جسم ؛ مادہ ؛ حقیقت ؛ اصل ۔ (٤) (صفت) واقعی زندہ اوراصلی نہ کہ محض خیالی اور مافوق الفطرت ۔ (٥) خونی رشتہ دار ؛ قریبی رشتہ دار؛ اولاد (عموماً محاورے میں مستعمل ہے) ۔(٦) ایک قسم کے پودے کا نام ۔

In flesh and blood : مجسم طورپر ؛ جسمانی شکل میں ؛ زندہ ؛ بقید حیات ۔

To be flesh and blood : انسانی احساسات اور کمزوریوں کا حامل ہونا ۔

To take flesh and blood : مجسم ہونا ؛ جسم کی صورت اختیار کرنا ۔

Flesh and fell : (n) کل جسم ؛ پورا جسم ۔

Flesh and fell : (adv.) کلیتاً ؛ پورے طورپر ؛ پورا کا پورا ۔

Flesh-bird : (n) ایک گوشت خور چڑیا ۔

Flesh-brush : (a) دستانے یا برش جن سے دوران خون تیز کرنے کے لئے جسم کی مالش کی جاتی ہے ۔

Flesh-colour : (n) (۱) (گورے لوگوں کےلئے) گوشت کا رنگ جو چمڑے سے جھلکتا ہے ۔(۲) ایک قدرے زردی مائل ہلکا گلابی رنگ ۔

Flesh coloured : (a) زردی مائل ہلکے گلابی رنگ کا ۔

Flesh eater : (n) گوشت خور ؛ گوشت خوار ۔

Flesh-fallen : (a) لاغر ؛ دبلا ؛ نحیف ؛ مریل ؛ کمزور ؛ بے گوشت ۔

Flesh feeding : (n) گوشت کھلانا ؛ گوشت کھلاکر پرورش کرنا ۔

Flesh flea : (n) جزائر غرب الہند کی ایک مکھی جو کھال کے اندر گھس جاتی ہے ؛ کھال گھس مکھی ؛ چگو ۔

Flesh fly : (n) مکھی جو مردہ گوشت پر بیٹھ کر انڈے دیتی ہے ؛ ماس مکھی ۔

Flesh fork : (n) لمبے دستےوالا ایک بڑا فورک (دوشاخہ) جو دیگچی ، ہانڈی وغیرہ سےگوشت نکالنے کے کام آتا ہے ۔

Flesh glove : (n) دیکھو Flesh brush

Flesh hood : (n) جسمانیت ؛تجسم ؛ تجسیم ؛ مجسم ہونے کی حالت ؛ زندہ نمونہ ؛ زندہ مثال ؛ پتلا ۔

Flseh hook : (n) برتن سے گوشت نکالنے کا ہک یا کانٹا ۔

Flesh juice : (n) سرخی مائل تُرش یا تیزابی سیال جو مردہ عضلات میں موجود ہوتا ہے ۔

Flesh knife : (n) دو دستوں والا ایک بڑا اوزار جس کی دھار کُند ہوتی ہے اور جو چمڑے میں جابجا سٹے ہوئےگوشت کو چھڑانےکےلئےاستعمال ہوتاہے۔

Flesh meat : (n) گوشت بہ طور خوراک ؛ کھایا جانے والا گوشت ؛ خوردنی گوشت ؛ لحم ۔

Flesh pedler : (n) (عامیانہ) تھیٹر کا ایجنٹ ۔

Flesh-pot : (n) (۱) گوشت اُبالنےوالابرتن ۔(۲) (جمع) تعیش کی زندگی ؛ تن آسانی کی زندگی ۔(۳) ایسا ہوٹل جو تعیش پسند اور بےباک ذوق رکھنے والوں کےلئے ہو (عموماً جمع میں) ۔

Flesh quake : (n) جسمانی لرزش ؛ ؛ لرزہ ؛ کپکپی ؛ تھرتھری ؛ رعشہ ۔

Flesh side : (n) چمڑے کاوہ رخ جو گوشت سے سٹا ہواہوتا ہے grain side کےبرعکس ؛ کھال کااندر والارُخ ۔

Flesh taster : (n) گوشت کی جانچ کرنے والا افسر ؛ لحم آزما (آیا وہ صحت بخش اور مفید ہے یا نہیں) ۔

Flesh tights : (n) تنگ، چست لباس جو قدرتی گوشت کے ہم رنگ ہوتا ہے جس کو ایکٹر تھیٹر میں تماشہ کرتے وقت پہنتے ہیں ۔

Flesh tint : (n) وہ رنگ جو گوشت کے قدرتی رنگ کے مثل ہوتا ہے اور جس کو مصور تصویروں میں استعمال کرتے ہیں ۔

Flesh traffic : (n) غلاموں کی تجارت ؛ غلاموں کی خرید وفروخت ۔

Flesh worm : (n) ایک قسم کا گوشت خور کیڑا ۔

Flesh wound : (n) ایسا زخم جس کی گہرائی صرف گوشت تک ہو اور اس کا اثر ہڈی یا کسی نازک عضو پر نہ ہوا ہو ۔

Fleshed : (a) (۱) پُر گوشت ؛ پُر از گوشت ؛ گوشت سے ڈھکا ہوا ؛ لحمی ؛ گوشت کا ۔ (۲) قتل و خون کا عادی ؛ تشنہء خون ؛ خوں ریزی کا خوگر کیا ہوا ؛ تنفر سے بھرا ہوا؛ خون آشام؛ خونریز ؛ آشنائے خون ریزی ۔

Flesher : (n) قصاب ؛ قصائی ؛ (خاص کر اسکاتستان) ؛ قصاب کا چھرا (امریکا) ؛ چمڑے میں سئے ہوئے گوشت کو چھڑانے والا چاقو ؛ چمڑا صاف کرنے والا چاقو ۔

Fleshiness : (n) پُر گوشت ہونے کی حالت میں ؛ فربہی ؛ موٹا پا ؛ گوشت کی زیادتی ؛ کوئی پُر گوشت نمو ؛ زائد گوشت ؛ لحمی زائدہ ۔

Fleshing : (n) (۱) شکاری پرند یا کتے کو شکار کے گوشت کا مزہ چکھا کر اُسے آمادہء تعاقب یا آمادہء شکار کرنے کا عمل ۔ (۲) خونریزی کرنے کا عمل ؛ خوں ریزی سکھانے کا عمل ۔ (۳) کسی کے جسم پر پہلی دفعہ کوئی ہتھیار آزمانے کا عمل ۔ (٤) کھال میں بیٹھے ہوئے گوشت کو چھڑانے کا عمل ؛ (جمع) کھال سے چھڑا یا ہوا گوشت ۔

Fleshing-knife : (n) دیکھو Flesh kinfe

Fleshing machine : (n) دباغت خانوں میں استعمال ہونے والی مشین جس کے ذریعہ چمڑے اور کھالوں سے زائد چربی اور گوشت الگ کیا جاتا ہے ۔

Fleshings : (n) چست، گوشت کا بمرنگ لباس (عموماً ریشم کا) جو تماشاگاہ میں ایکٹر پہنتے ہیں تاکہ دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ اس کا جسم کھلا ہوا ہے ۔

Fleshless : (a) (۱) لاغر ؛ کم زور ؛ بے گوشت ؛ دُبلا ؛ نحیف ۔ (۲) غیر مادی ؛ غیر جسمانی ؛ بے جسم ؛ غیر مجسم (مثلاً جن، بھوت وغیرہ) ۔

Fleshlike : (a) لحم نما؛ گوشت نما؛ گوشت کے جیسا؛ خصوصاً شکل یا ساخت میں ۔

Fleshlily : (adv.) جسمانی طور پر ؛ شہوانیت کی رو سے ؛ نفسانیت کے طور پر ؛ حیوانیت کی طرح ؛ حیوانی انداز میں (خلاف رومانی) ۔

Fleshliness : (n)[OE.'flaeselicness.'] شہوانیت؛ نفسانیت ؛ حیوانیت ؛ شہوت پرستی ۔

Fleshly : (a) [OE.'floeschlic.'] (۱) شہوانی ؛ جسمانی ؛ حیوانی ؛ فانی ؛ مادّی ؛ دنیوی ؛ نفسانی ؛ خواہشات نفسانی کا یا اُن سے متعلق ؛ جسم یا گوشت کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) پُرگوشت ؛ موٹا تازہ ؛ فربہ ؛ لحیم ؛ گوشت سے بنا ہوا ۔ (۳) گوشت کا، اُس سے متعلق یا اُس پر مشتمل ؛ لحمی ؛ بےاستخوانی ؛ لوتھ ۔ (٤) جسمانی زندگی سے متعلق یا اُس کی خاصیت کا ۔ (٥) کسی جذبے سے با آسانی متاثر ہوجانے والا ؛ نرم (دل) ؛ ملائم ؛ نازک ؛ رقیق، کمزور؛ شفیق ؛ رحم دل ۔ (٦) حساس ۔

Fleshly affairs : (n) امور دنیوی ۔

Fleshment : (n) خون ریزی ؛ خوں آشامی ؛ اولین خوں آشام کامیابی سے پیدا شدہ اشتعال ؛ اشتعال ؛ برانگیختگی ؛ جوش وغیرہ ؛ کامیاب شروعات یا آغاز کے بعد پیدا ہونے والا جوش یا بلند حوصلگی ۔

Fleshy : (a) (۱) موٹا تازہ فربہ ؛ تیار ؛ لحیم ؛ جسیم ؛ پُرگوشت ؛ گداز ۔ (۲) جس کے جسم پر بغیر ہڈی کا گوشت زیادہ ہو ؛ گوشت کا ؛ اُس سے متعلق یا اُس پر مشتمل ۔ (۳) (پھل، پتی، پودا وغیرہ) گودے دار ؛ مغز دار ؛ ملائم ؛ بے ریشہ لحمی ؛ بے استخواں ؛ لوتھ ۔ (٤) گوشت نما ؛ گوشت کے مانند ؛ گوشت کے مشابہ ؛ مثل گوشت ۔

Fletch : (v) [Origin doutful.] تیر میں پر لگانا ؛ تیر کو پر سے آراستہ کرنا ۔

Fletcher : (n) [OF. 'flecher.'] تیر بنانےوالا ؛ تیرکمان بنانے یا بیچنے والا ؛ پیکان ساز ؛ تیر ساز ۔

Fletching : (n) تیر میں لگے ہوئے پر نیز ایک خاص ترتیب میں لگائے ہوئے پر ۔

Flether : (v) [Scot.] چاٹنا ؛ دُم ہلانا ؛ محبت ظاہر کرنا ؛ (خاص کر کتے کا) ؛ چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا ؛ پھسلانا ۔

Flether : (n) چاپلوسی ؛ خوشامد ۔

Flettom : (n) [f. Flettom in Humting doushire] گیلی مٹّی کو لوہے کے سانچے میں دبا کر بنائی ہوئی زردی مائل سرخ اینٹ ۔

Fleuk : (n) Fluke کا اسکاٹستانی متبادل ۔

Fleur : (n) [L.] ایک قسم کا آرائشی پھول ۔

Flower-de-luce : (۱) سوسن ؛ کنول ؛ گل زنبیق (پھول یا پودا) ۔ (۲) بڑے خاندانوں اور بادشاہوں کا خاندانی نشان (فرانسیسی مارکہ) ؛ ملک فرانس کا شاہی نشان ؛ فرانسیسی شاہی خاندان ؛ حکومت ؛ گورنمنٹ ۔ (۳) کسی بھی چیز پر اس شاہی نشان کا ہونا ؛ نیز (فرانسیسی تاریخ) ؛ کسی مجرم کے جسم پر جلتے ہوئے لوہے سے داغ کر بنا یا ہوا نشان ۔

Fleured : (a) پھول سے آراستہ کیا ہوا ۔

Fleuret/Fleurette : (n) [F. 'Fleurette'dim.of] چھوٹے پھول کی شکل کا ایک زیور ؛ کرن پھول ۔

Fleuret : (n) [F.] (تیغ زنی) کھوٹی دھار کی تلوار (کند) جس کی نوک پر ایک بٹن لگا ہوتا ہے اور جو پھکیٹی اور گتکے اور پٹے میں استعمال ہوتی ہے ۔

Fleuron : (n) [F.f.fleur.] (۱) آرائشی پھول جو عمارتوں اور ستونوں اورسکوں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں (فرانسیسی) ۔ (۲) پیسٹری کے کام میں آرائش کی سجاوٹ کےلئے استعمال ہونے والی ایک قسم کی ہلکی پھلکی پیسٹری ۔

Fleuronce : (a) (نقابت) کسی تین پتیا پتّے کےمانند تین کلیوں کی شکل کے ابھار سے آراستہ کیا ہوا ۔

Fleruy/flory : (a) [F.'fleure.'] (اصطلاحاً) سوسن یا کنول کے پھول سے مزین خاص کر صلیب کے بازؤں کے سروں کا سوسن یا کنول کے پھول سے آراستہ ۔

Flew : (n) [Orign unkn.] (عموماً جمع) شکاری کتوں وغیرہ کے لٹکتے ہوئے ہونٹ ۔

Flewed : (a) لمبے اورلٹکتے ہوئےہونٹ والا (شکاری کتا) ۔

Flex : (n) [Abbrev. of Flexible.] نرم اور آسانی سے مُڑ جانے والا تار جو بجلی کی روشنی کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے اور جو بجلی کو خارج نہیں کرتا ۔

Flex : (v) [L] جھکانا؛ موڑنا ؛ خم کرنا ؛ خمیدہ کرنا (جس طرح ڈاکٹر و طبیب ایک خاص آلہ سے اعضا کو جھکاتے یا موڑتے ہیں یا ماہرین علم طبقات الارض زمین کے کسی ناہموار طبق کو جھکا تے یا موڑ تے ہیں) ۔

Flex life : (n) کسی چیز کی (مثلاربر وغیرہ) متواتر موڑے جانے کے باوجود بغیر ٹوٹے پھٹے قائم رہنے کی صلاحیت ۔

Flexed : (a) جُھکایا یا جُھکا ہوا ؛ مُڑا یا موڑا ہوا ؛ خمیدہ ؛ خم کیا ہوا (اب صرف نقابت اور سائنسی استعمال میں آتاہے) ۔

Flexibility : (n) [L.'flexibilitatem.'] (۱) لچک ؛ نرمی ؛ تغیر پذیری ؛ لوچ ؛ نرم ؛ لچک دار ہونے کی صفت ؛ لچکیلاپن؛ اثر پذیری ؛ مطابقت پذیری ؛ ملائمت ۔ (۲) (آواز یا انگلیوں کی) تیزی سے انجام دینے کی صلاحیت ؛ تیز انجام دہی کی صلاحیت یا اہلیت (نیز جمع) ۔

Flexible : (a) [L.'flexibilis.'] (۱) نرم ؛ لچک دار ؛ بغیر ٹوٹے ہونے مڑ جانے والا ؛ جھک جانے والا ؛ لچکیلا ؛ خمیدنی ؛ اثر پذیری ؛ مطابقت پذیر ؛ انحنا پذیر۔ (۲) جو (شخص) آسانی سے کہا مان جائے؛ جس کا بہ آسانی سامان ہو سکے؛ سلیم ؛ قابل تربیت ؛ بات ماننے والا ؛ تربیت پذیر ؛ تاثر پذیر ؛ قابو کا (آدمی) ۔ (۳) جو (شخص) اپنے کو حسب ضرورت حالات کے مطابق و موافق بناسکے ؛ تغیر پذیر ؛ ہرفن مولا ؛ قابل تغیر ؛ قابل تطبیق ۔ (٤)خوش اخلاق ؛ ٹھنڈے مزاج کا ؛ نرم مزاج ۔

Flexible : (n) نرم ملائم یا لچک دار چیز ۔

Flexible binding : (n) (۱) وہ جلد سازی جس میں لوچ دار سلائی کی گئی ہو ۔(۲) ملائم گتّے سے بنائی ہوئی جلد ۔

Flexible constitution : (n) لچک دار آئین ؛ ترمیم پذیردستور؛ ایسا دستور جو دستور سازی کی معمولی کاروائیوں کے ذریعہ ترمیم کیا جاسکتا ہو اور اس طرح جس کی ترمیم نسبتاً آسان ہو ۔

Flexible sewing : (n) (جلد سازی) جزو بندی ۔

Flexibleness : (n) نرمی ؛لوچ ؛ لچک ؛ لچکیلاپن ؛لچک داری ؛ خمیدگی ؛ مطابقت پذیری ؛ اثر پذیری ۔

Flexibly : (adv.) نرمی سے آسانی سے ؛ ملائمت سے ؛ لچک دار طور پر ۔

Flexile : (a) [L.'flexilem.'] (۱) ملائم ؛لچك دار ؛ نرم ؛ آسانی سےقابو میں آنے والا ؛ تغیر پذیر ؛ مطابقت پذیر ؛ آسانی سے مُڑ جانے والا یا موڑا ہوا ؛ لچکیلا ؛ اثرپذیر ۔ (۲) باسانی بات مان لینے والا ؛ تربیت پذیر ؛ قابو کا (آدمی) ۔ (۳) ہمہ گیر؛ بہت سے کاموں کی صلاحیت رکھنے والا ؛ بہت سےعلوم وفنون وکمالات پر حاوی ؛ (ذہن) (تربیت) ۔

Flexility : (n) لچك داری ؛ تغیر پذیری ۔

Flexion/Flection : (n) [L.'flectionem.'] (۱) خم ؛ جھکاؤ ؛ بانك ؛ ٹیڑھ ؛ کجی ؛ (خصوصاً جسم یا کسی حصہ یا جوڑ کا) مُڑا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔ (۲) جھکنے یا جھکانے کا عمل ؛ جھکاؤ ؛ موڑ ؛ خمیدگی ؛ انحنا ؛ جھکاؤ کی حالت ؛ ٹیڑھاپن ؛ کوئی جھکی یا مڑی ہوئی چیز خصوصاً موڑنے والے عضلات کے عمل سے پیدا شدہ کسی عضو یا جوڑ کا خم یا جھکاؤ ۔ (۳) تبدیلی ؛ ترمیم ؛ تغیر؛ تبدل ؛ گردان ۔ (٤) موڑ ؛ خم ؛ کجی ؛ انحناء ؛ جوڑ ۔ (٥) (صرف ونحو) گردان ؛ کسی لفظ کی بنیتی ترمیم یا تصریف ۔

Flexional/Flectional : (a) (۱) خمیدہ ؛ جھکا ہوا ؛ ٹیڑھا؛ کج ؛ مُڑا ہوا ؛ جڑا ہوا ۔ (۲) گردانی ؛ تصریفی ؛ گردان کا ؛ اس کے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ (خصوصاً قواعد میں) نیز گردان یا تصریف پر مبنی یا اُس کی حامل (زبان) ۔

Flexionless/Flecitonless : (a) (صرف ونحو) ناقابل گردان ؛ غیر تصریفی ؛ تغیر گردان کا ؛ گردان سے خالی ۔

Flexometer : (n) لوچ پیما ؛ لچك پیما ؛ کسی چیز کی نرمی یا لچك داری کو ناپنے والا آلہ ۔

Flexor : (n) [mod.L.] عصب ؛ جھل ؛ وہ پٹھا جو کسی حصہ جسم کو جھکاتا ہے ؛ جسم کے حصے کو نرم بنانے یا موڑنے والا عضلہ ۔

Flexuose : (a) [L. f.'flexus.'] (نباتیات) جو لہرے دار ہو ؛ پیچ و خم رکھتا ہو (سانپ کی طرح) ؛ اتار چڑھاؤ رکھتا ہو ؛ پیچاں ؛ بل کھانے والا ؛ لہر دار ؛ لہرانے والا ؛ پیچ و خم کھانے والا ۔

Flexuosity : (n) خم داری ؛ لہرداری ؛ لہرانے یا پیچ و خم کھانے کی صفت ۔

Flexuoso- : (com.) جزو ترکیبی بمعنی لہر یا، پیچ دار، بل کھائی ہوئی ؛ پُر خم (شکل یا ترتیب) ۔

Flexuous : (a) [L.'flexuosus.'] (۱) جس میں بہت سے خم یا انحنائیں ہوں ؛ خم دار؛ پُر خم ؛ لہر یا لہر دار؛ پیچ دار ؛ چکر دار ؛ بل دار ؛ پیچ و خم والا (خصوصاً حیوان یا نباتی ساخت) ۔ (۲) لہریں لیتا ہوا ؛ چکر کھاتا ہوا ؛ پیچاں (شاذ) ۔

Flexuosuly : (adv.) پیچ وخم کے ساتھ ؛ لہریا انداز میں ؛ بل کھا کر ۔

Flexurel : (a) خم دار ؛ ٹیڑھا ؛ منحنی ؛ پیچ دار ؛ لہریا ؛ خمیدہ ؛ بل دار ؛ جھکا یا مڑاھوا ؛ کج ؛ انحنائی ؛ خم یا موڑ سے متعلق ۔

Flexure : (n) [L.'flexura.'] (۱) خم ؛ موڑ ؛ خمیدگی ؛ جھکاؤ ؛ پھیر ؛ جھونك ؛ کجی ؛ ٹیڑھا پن ؛ انحنائیت ؛ مڑی ہوئی یا خمیدہ شے ۔ (۲) جھکاؤ ؛ موڑ ؛ خم ؛ خمیدہ شکل یا انداز ؛ جھکی یا بل کھاتی ہوئی شکل ۔ (۳) نرمی ؛ لچك ؛ ملائمیت ؛ لچکیلاپن ۔ (٤) مڑی ہوئی شکل کی کوئی چیز ؛ گرہ ؛ جوڑ ؛ انحناؤ ؛ موڑ ؛ لہر ؛ پیچ ؛ بل ۔ (٤) (ریاضیات) خط یا سطح کا موڑ ؛ جھکاؤ ؛ (لچك کے نظریہ کے لحاظ سے) کسی سطح یا مادہ کا جھکاؤ یا خم ۔ (٦) (طبقات الارض) کسی دباؤ کی وجہ سے زمین کے کسی طبقہ کا خم ۔

Flexure of a curve : خط مستقیم سے یاخط مستقیم کی طرف جھکاؤ ۔

Flibbertigibbet : (n) [Origin flibbergib; prob.] (۱) بکواس کرنے والا ؛ بےچین ؛ بیہودہ ؛ اوچھا؛ سبك سر ؛ واہی؛ چنچل (شخص) ؛ باتونی ؛ گپی ؛ فضول گو ؛ یاوہ گو ؛ گپ باز ۔ (۲) سہیلی ؛ باتونی عورت؛ وہمی عورت ؛ بیوقوف عورت ۔ (۳) کسی بھوت یا بُھتنے کا نام ۔ (٤) (اسکاتستانی) شریر ؛ چنچل یا بیوقوف لڑکا ۔

Flibustier : (n) Filibuster کا متبادل

Flicflac : (n) [Fr.] رقص کا ایك انداز ۔

Flick : (n) [Echoic.] (۱) ہلکی ضرب ؛ ہلکی مار ؛ تھپکی ؛ چابك کی ہلکی مار۔ (۲) اچانك یا فوری حرکت؛ جھٹکا ؛ دھچکا ۔ (۳) تازیانے کے سراقے کی ہلکی آواز ؛ کوئی بھی ہلکی تیز آواز ۔ (٤) جھٹکے سے پھینکی ہوئی کوئی چیز ؛ جھپٹ ؛ ٹکر ؛ حملہ ؛ دھاوا ؛ چھپکا ؛ چھینٹا ۔ (٥) (جمع) (عامیانہ) سنیما ۔

Flick : (n) [Origin unkn.] (بول چال) سور کےگردے کے گرد کی چربی ۔

Flick : (v) (۱) تیزی سےچابک یا کوئی چیز چھوانا : چابک کی طرح لچکیلی یانرم چیز سے ہلکے سےمارنا؛ ہاتھ بڑھاکر چابک کی نوک سے کسی چیز کو چھوانا اور پھرفوراً اس کو پیچھے کھینچ لینا ۔ (۲) انگلی کو اندر کی طرف جھکا کر پھر ناخن سے کسی چیز کو مارنا یا اڑانا (جیسےلڑکے کوڑی پر کوڑی مارتے یا انٹا کھیلتے ہیں) ؛ جھٹکا دینا ؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا یا ڈھکیلنا ؛ اچانک ڈھکیل دینا یا پھینک دینا ۔ (۳) تیز ارتعاش کے ساتھ حرکت کرنا ؛ تھرتھرانا؛ کانپنا ؛ پھڑپھڑانا ؛ لرزنا ؛ پر جھاڑنا ؛ پر مارنا ۔ (٤) جھٹکے سے ہلنا یا ہلانا؛ لرزہ براندام کرنا یا ہونا ۔ (٦) گرد اُڑانا ؛ جھاڑنا ؛ جھٹکنا ؛ یا جھٹکا دینا ؛ جھٹک کر صاف کرنا ۔

Flick : (v) [Origin unkn.] کاٹنا ؛ تراشنا ۔

Flicker : (n) [f. Flicker. (v)] (۱) تھرتھراہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ ارتعاش ۔ (۲) جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز ۔ (۳) لرزتے ہوئے شعلے یا روشنی کی جھلملاہٹ ؛ ٹمٹماہٹ ؛ لرزش ؛ کھلتی بند ہوتی روشنی ؛ نیز مجازاً ۔

Flicker : (n) [Echoic of the birds note.] ہُد ہُد یا کٹھ پھوڑ کی مختلف جنسوں میں کسی ایک کا نام خصوصاً زرد پَر والا ہُد ہُد ۔

Flicker : (v) [OE.Flicorian.] (۱) (چڑیا کا) پھڑ پھڑانا ؛ پر مارنا؛ پر جھاڑنا یامنڈلانا؛ پروں کو جھاڑنا؛ پھٹ پھنا نا ۔ (۲) آگے پیچھے ہلنا یا اڑنا ؛ ہوا میں جھومنا (جھنڈے یاعلم کی طرح) آنا جانا ؛ اُترنا چڑھنا ؛ بے چینی کے ساتھ چلنا ؛ پھرنا ؛ منڈلانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ لرزنا ؛ ہلکی مگر تیز حرکت کرنا ؛ مرتعش ہونا؛ لہرانا؛ لہریں لینا؛لہرا کر چلنا ۔ (۳) نامسلسل روشن رہنا اور نا قطعی طور پر گل ہونا؛ تھوڑے تھوڑے وقفےسے جلنا ؛ بجھنا ؛ ٹمٹمانا ؛ نیز مجازاً ۔ (٤) جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ کی آواز نکلنا ۔

Flicker photometer : (n) (بصریات) ٹمٹماؤ ضیا پیما ۔

Flickeringly : (adv.) پھڑ پھڑاتے ہوئے ؛ منڈلاتے ہوئے ؛ لہراتے ہوئے ؛ لرزتے ہوئے ؛ تھرتھراتے ہوئے ؛ جھلملاتے ہوئے ؛ ٹمٹماتے ہوئے ۔

Flier : (n) (۱) (شخص) ہَواباز؛ اڑنے والا ۔ (۲) پرندہ وغیرہ جو اڑتا ہے ۔ (۳) چھلانگ ؛ پھلانگ ۔

Flight : (n) [OE. flyhy.] (۱) ہَوا میں اڑنے کا طریقہ ؛ طرز پرواز ؛ اڑان ۔ (۲) (شاہین بازی) شاہین کے ذریعہ شکار کا تعاقب نیز وہ شکار جس کا تعاقب کیا جارہا ہو ؛ باز کا شکار کے پیچھے اڑنا ۔ (۳) پرندوں یا کیڑوں کا جھنڈ جو ایک جگہ سے اُڑکر دوسری جگہ جائے ۔ (٤) کسی متحرک چیز کی تیز حرکت (جیسے ہَوا میں توپ کے گولے کی رفتار) تیز پرواز ۔ (٥) وہ فاصلہ جو کوئی پرندہ یا ہَوا میں تیز حرکت کرنے والا آلہ یا آلہء ہَوائی طے کرسکتاہو ؛ توڑ (گولی یا گولے کا) وہ فاصلہ جہاں تک کوئی پرندہ اڑتا یا اُڑ سکتا ہو ؛ حد پرواز ؛ (نیزمجازاً) ۔ (٦) سیڑھیوں یازینے کا سلسلہ جو ایک ہی سمت میں چلا گیا ہو یا گھوڑ دوڑ کی ٹٹیوں کا سلسلہ جن پر گھوڑے کودائے جاتے ہیں نیز ڈھلواں چبوتروں، روئی کے گالوں، اون کے گچھوں یا زلفوں کا سلسلہ ۔ (۷) باڑھ (تیر، بندوق یا توپ کی گولیوں کی) ۔ (۸) جنّی کی بھوسی ۔ (۹) پرواز ؛ رسائی (ذہن ، خیال ، ہمت وغیرہ کی) ۔ (۱۰) اُڑنے والے پر ؛ بازوں کےوہ پر جن کی مدد سے پرند اُڑتے ہیں ؛ پر پرواز ۔ (۱۱) ہَوا میں ایک ساتھ اُڑتے یا گذرتے ہوئے پرندوں یا چیزوں کا غول ۔ (۱۲) نوجوان پرندے جو ایک ساتھ اڑتے ہوں ۔ (۱۳) دورتک مار کرنے کےلئے اچھی طرح پروں سےآراستہ ایک ہلکا تیز نیز ایسےتیر کے ذریعہ فاصلے سے مارنا ؛ اُڑتےہوئے جنگلی پرندوں کا شکار۔ (۱٤) (جہازرانی میں) تیز رفتار ہلکی کشتی ۔ (۱٥) (ماہی گیری) تاگے میں بنسیوں کی ترتیب یابنسیوں کا مجموعہ ۔

In the first flight : (بول چال) سب سے پہلے ؛ اولین ؛ سبقت میں ۔

To take a flight : اُڑنا ؛ پرواز کرنا ۔

To take, to betake oneself to flight : بھاگنا ؛ فرار ہونا ۔

To waig one's flight : اُڑنا ۔

Flight : (n) [OE.flyht. f.plenh.] (۱) خطرے وغیرہ سے بھاگنے یا بچ نکلنے کا عمل ؛ فرار ؛ مفر ؛ عاجلانہ ؛ روانگی؛ تیزی سےگذرجانا یا چلاجانا ؛ بھاگڑ ؛ گریز؛ رجعت؛ چھپ کر بھاگنا ؛ رو پوشی ۔

To put to flight : بھگا دینا ۔

Flight : (v) (۱) اُڑادینا ؛ بھگادینا ؛ ڈرادینا ؛ خوفزدہ کردینا ۔ (۲) جہاز کا لنگر اندازی کے مقام کی طرف

زد ؛ کمان کی مار یا زد ۔(۲) اڑتے ہوئے جنگلی پرند کو تیر مارنا یا نشانہ بنانا ۔

Flighted : (n) (۱) مخصوص اڑان والا ۔(۲) پردار ؛ پروں سے سجایا ہوا ؛ پروں والا ۔

Flighter : (n) (شراب سازی) شراب میں گول تموج پیدا کرنے کےلئےخنک ساز (کولر) میں رکھی ہوئی شراب کی سطح پر گھومتا ہوا ایک افقی پنکھا ۔

Flightily : (adv.) (۱) چستی وتیزی سے (شاذ) ۔(۲) وہمی طور پر ؛ تلون مزاجی سے ؛ بے وقوفانہ ؛ سبک سر ہو کر ؛ بیہودگی سے؛ غیر سنجیدہ طورپر ؛ وحشت اور بد حواسی کے ساتھ۔

Flightiness : (n) (۱) تیزی ؛ چستی (شاذ) ۔(۲) وہم ؛ وسواس ؛ لہر ؛ موج ؛ بدحواس ؛ وحشت ؛ بیہودگی ؛ سبک سری۔

Flightly : (a) (۱) تیز ؛ سبک رو ؛ چست (شاذ) ۔(۲) وہمی ؛ وحشی ؛ متلون المزاج ؛ بے وقوف ؛ بدحواس ؛ ظریف ؛ لہری ؛ من موجی ؛ وسواسی ؛ خیالی پلاؤ پکانے والا ؛ تغیر پذیر ؛ ناپائدار ؛ غیر مستقل ؛ پھڑکنے والا ؛ شوخ (گھوڑا) ۔(۳) سبک سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہودہ ؛ ہلکے دماغ والا؛ نکمّا ؛ نکمّی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ ؛ نادان ۔

Flim-flam : (n) [Echoic.] (۱) خفیف ؛ بیہودہ ؛ لغو (بات) ؛ فضول گفتگو؛ سخنِ یاوہ؛ بے معنی بات چیت ۔ مکاری اور دھوکے کی بات ؛ دھوکا ؛ معمولی چال یا فریب ۔ (۲) لغویات ؛ واہیات ؛ ابلہ فریبی ؛ ریاکاری ؛ جھانسا؛ دام تزویر ۔

Flim-flam : (a) سبک سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہودہ ؛ نکمّی باتیں یابےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ؛ نادان ؛ لغو ؛ مہمل ؛ لایعنی (نیز) مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ نقلی ؛ غیر حقیقی ؛ پر فریب ۔

Flim-flam : (v) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ۔

Flim-flamer : (a) دھوکا دینے والا ؛ فریب دینے والا ؛ جُل دینے والا ۔

Flimmer : (n) جھلملاہٹ ۔

Flimp : (v) (۱) چرانا ؛ لوٹنا ؛ سرقہ کرنا ۔(۲) غائب کرنا ۔

Flimsily : (adv.) کمزور حالت میں ؛ نزاکت کے ساتھ نازک طور پر ؛ کم حقیقیت یا بے قیمت ہو کر ؛ سطحی طورپر ۔

بڑھنا ۔(۳) کسی کا اندازبدلنا؛ چلاجانا ؛ روانہ ہوجانا ؛ گذر جانا ۔(٤) (خاص کر اسکاتستانی) ایک جگہ سے دوسری جگہ جاکر قیام کرنا ؛ نقل مکان یا ترک وطن کرنا ۔(٥) چلنا؛ گذرنا ؛ آگے بڑھنا؛ سبک رفتاری یا تیزی سےگذرنایا پرواز کرنا؛ نیز جھُنڈ میں اُڑنا ۔(٦) (تیر میں) پر لگانا ؛ پروں سے آراستہ کرنا ۔

Flight arrow : (n) دور تک مارکرنے کےلئے پروں سے اچھی طرح آراستہ کیا ہوا ہلکا تیر ؛ بازؤں کے وہ پر جن کی مدد سے پرند اُڑتے ہیں ؛ پر پرواز ۔

Flight bow : (n) فاصلے سے مار کرنے والی کمان ۔

Flight commander : (n) ہَوا بازوں کے عہدے کاناام ۔

Flight feather : (n) پرندوں کےبازؤں کےپروں میں سےکوئی ایک ، جن پر قوت پرواز کا انحصار ہوتا ہے ۔

Flight instinct : (n) (عضویات) فراری جبلت ۔

Flight lieutenant : (n) ہَوا بازوں کے عہدے کا نام ۔

Flight muscle : (n) پرندہ کے پر کا ایک پٹھا جس کی مدد سے اس کے بازو حرکت کرسکتے ہیں ۔

Flight of ambition : (n) ہمت اور حوصلہ (کی پرواز) ؛ بلند ہمتی ۔

Flight of a shot : (First Grase) بندوق کی نال کے سرے اور فرسٹ گریز کے درمیان بنایا ہوا خط حرکت ۔

Flight of birds : (n) (حیوانیات) مہاجرت طیور ۔

Flight of fancy : (n) پروازِ خیال ۔

Flight of steps : (n) (تعمیرات)سلسلہ زینہ ؛ سیڑھیوں کا سلسلہ ۔

Flight of time : (n) وقت کا تیزی سے گذرنا ۔

Flight of wit : (n) عقل وذہن کی پرواز ۔

Flight of shooting : (n) (۱) (تیراندازی) پرلگے ہوئے ہلکے تیروں کے ذریعہ دور سے مار یا شکار ۔ (۲) جنگلی پرندوں کا پرواز کی حالت میں شکار ۔(۳) تیر و کمان کے ذریعہ شکار ۔

Flight-shot : (n) (۱) پر دار تیر کی مار کا فاصلہ ؛ وہ فاصلہ جہاں تک تیر سے مار کی جاسکتی ہو ؛ تیر کی

Flimsiness : (n) بوداپن ؛ کم زوری ؛ نزاکت ؛ نا استواری ؛ کم مائگی ؛ نکمّا پن ۔

Flimsy : (a) [Origin unkn.] (۱) نازک ؛ کم زور ؛ بودا ؛ دھان پان ؛ جو چیز آسانی سے توڑی جاسکے ؛ نااستوار؛ بے حقیقت ؛ موھوم ؛ خیالی ؛ برائے نام ؛ خفیف ؛ بہت ہلکا یا پتلا ؛ بہت چھوٹا یا تھوڑا ۔ (۲) (جس چیز کے) جوڑ کمزور ھوں ۔ (۳) بے قیمت ؛ حقیر ؛ کم حیثیت ؛ خفیف ؛ ذلیل ؛ بے کار؛ بیہودہ ؛ سطحی؛ ناقص ؛ کم زور ؛ غیراہم ؛ ذراسی ؛ ادنیٰ سی ۔

Flimsy : (n) (۱) (بازاری) بینک نوٹ ۔ (۲) پتلا کاغذ ؛ نامہ نگار نے جس پر اخبار کےلئے کچھ لکھے ھوں ؛ چربے کا کاغذ ؛ نامہ نگار کی کتاب ۔ (۳) ٹیلیگرام ؛ ریڈیو گرام ۔

Flinch : (n) (۱) دبنے، ہٹنے، کھسکنے کاعمل ۔ (۲) جھرجھری ؛ جسمانی اوردماغی تکلیف کا اظہار؛ اضطراب؛ جھجھک ؛ ہچکچاہٹ ؛ دست برداری ۔

Flinch : (n)[Origin unkn.] (۱) دبنا؛ ہٹنا؛پیچھےہٹنا؛ کھسکنا؛ سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ دامن بچانا ؛ کترانا؛ پہلوتہی کرنا (کسی مشکل ، خطرےٗ وغیرہ سے) ۔ (۲) جھجکنا ؛ ہچکچانا ؛ چونکنا ؛ گھبرا جانا ۔ (۳) جھر جھری آنا ؛ جسمانی یا دماغی تکلیف کا اظہار ھونا ؛ جسمانی یا دماغی اضطراب کا ظاہرھونا ۔ (٤) ہٹ جانا ؛ جگہ چھوڑ دینا ؛ خود کو پیچھےہٹالینا؛ دست بر دارھوجانا ۔

Flinch from course : (n) اپنے راستہ یاطریق عمل سے ہٹنا ۔

Flinch from duty : (n) (۱) اپنے فرض سے رو گرداں ھونا ۔

Flincher : (a) دبّو ؛ دبنے، ہٹنے، کھسکنےوالا ؛ جھجھکنےوالا ؛ ہچکچانے والا ؛ سمٹ جانے والا؛ احتراز کرنے والا ؛ گریز کرنے والا ؛ محترز ۔

Flinchingly : (adv.) دبتے ھوئے ؛ ہٹتے ھوئے ؛ ہچکچاہٹ سے جھجھک کر ؛ محترز انداز میں ؛ گریز کرتے ھوئے ؛ سمٹتے ھوئے ؛ جھرجھری لےکر ۔

Flinder-mouse : (n) [ME.'vlindra.'+mouse.] چمگاڈر ؛ شپترہ ۔

Flinders : (n) [origin unkn.] ٹکڑے ؛ پرزے ؛ ریزے ؛ باریک ٹکڑے ؛ نا تراشیدہ ریزے ۔

To break in flinders : ٹکڑے اڑادینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کردینا ؛ ریزہ ریزہ کر دینا ۔

To fly in flinders : ٹکڑے ھوجانا ؛ پرزے پرزے ھوجانا ؛ ٹکڑے ھوکر منتشر ھوجانا ۔

Flindersia : (n) (نباتیات) سفید ساج ۔

Fling : (n) [f. next vb.] (۱) تیزی یا شدت سے حرکت کرنےکا عمل ۔ (۲) پانسے کی پھینک ؛ داؤ ۔ (۳) (مجازاً) کسی چیز پر حملہ نیز طعنہ زنی ؛ آوازہ ؛ پھبتی ۔ (٤) تضحیک ؛ تمسخر ۔ (٥) تیز ؛ بے دھڑک ؛ شوخ حرکت؛ تیز حرکت ؛ جھپک ؛ جھپٹ ؛ اُچھل کود ؛ حملہ ؛ دوڑ ؛ پلّہ ؛ ہجوم ؛ نرغہ ؛ گرم بازاری ؛ وقتی اور ہلکی کوشش ۔ (٦) اضطراری حرکت یا جذبہ ۔ (۷) جسم یاہاتھ پاؤں کی تیز حرکت خصوصاًرقص میں ؛تھرک؛ جنبش؛ اُچھل کود ۔ (۸) غوطہ ؛ ڈبکی ؛ کھوڑے کی لتاڑ(پچھلی ٹانگیں اُٹھا کر زورسے مارنا) ۔ (۹) بےھوشی ؛ غشی کا دورہ ؛ سکتے کی حالت میں ۔

The High land fling : ایک خاص قسم کا ناچ جو ہائلینڈمیں ناچا جاتا ھےاورجس میں جسم اور ہاتھ۔پاؤں کو تیزی سے حرکت دی جاتی ھے ۔

To have a fling at : کسی پر حملہ یا کسی بات یا کسی مقصد کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ طعنہ دینا ؛ آواز سے کسنا ۔

To have one's fling : ذوق وشوق پورا کرنے کےلئے پوری طرح آزاد ھونا ؛ اضطراری جذبات و خواہشات میں پورے طور سے آزاد ھونا ۔

Fling : (v) [Pa. and pple flung opp. retated to ON. lengja.] (۱) کسی چیز کی طرف یا اُس کی طرف سے تیزی اور شدت کے ساتھ گذر جانا یا چلاجانا ؛ دھکا دینا ؛ جھپٹنا ؛ غصہ میں تیزی سے چلا جانا۔ (۲) (گھوڑے وغیرہ کا) تیزی سے لتاڑ چلانا ؛ تیزی سے لات مارنا ؛ ٹھوکر مارنا ؛ بےقابو ھوجانا ؛ اڑجانا ؛بھڑک جانا ؛ سرکش ھوجانا (اسی طرح آدمیوں کا) باغی ھوجانا ؛ باغی ھونا ؛ اطاعت سے منحرف ھونا نیز احتجاج کرنا ؛ شکایتوں کی بھرمارکردینا ؛ شدید طعن و تشنیع کرنا ؛ گالیوں کی بوچھار کرنا ۔ (۳) (اسکاتستان) اچھل کود کرنا ؛ ناچنا ؛ رقص کرنا ؛ نہایت تیزی سے ناچنا ۔ (٤) پھینکنا؛ پٹکنا ؛ بے مارنا ؛ اُچھالنا؛ ڈھکیل دینا ؛ گرادینا ؛ پھینک کر مارنا ؛ تشدد اور دشمنی کے ارادے سے پھینکنا ؛ مارنا؛ حملہ کرنا ۔ (٥) تیزی سے یا پُرتشدد انداز میں ٹکرانا؛ ڈھکیلنا؛ جھپٹنا؛ نرغہ کرنا ۔ (٦) اچانک حرکت کے ساتھ بازوؤں کو پھیلادینا ؛ نیز لات

روانہ ہونا؛ غصے میں چلا جانا ؛ بےپروائی اور بےتوجہی سے گفتگو کرنا ۔

To fling one's eyes : بے پروائی سے دیکھنا ۔

To fling on/-against : (فوج لے کر) دشمن پر یا قلعے پر حملہ کرنا ۔

To fling on persons compassion : اپنے کو کسی شخص کے رحم وکرم پر چھوڑدینا ۔

To fling open : زور سے (دھماکے کےساتھ) کھولنا ؛ اچانک اورشدت کے ساتھ کھولنا ۔

To fling out arms : دونوں بازو (گود) دفعتاً کھول دینا ۔

To fling out of the room : غصہ میں تیزی سے کمرہ کے باہر چلاجانا ۔

To fling to : زور سے (دھما کے کے ساتھ) بند کرنا ؛ اچانک یا زور سے بند کرنا ۔

To fling up : (مورچے، خندق وغیرہ) چھوڑ دینا ؛ ترک کردینا ؛ دست بردار ہونا ؛ دست بردار کردینا ؛ (بول چال) چھیڑنااورطعنہ زنی کرنا ۔

Flint : (v) چقماق لگانا ؛ چقماق سے ؛ آگ پیداکرنا ؛ سخت پتھر کے ٹکڑوں سے فرش بنانا ۔

Flint-flake : (n) چقماق کا ٹکڑا جو زمانہء ماقبل تاریخ میں کاٹنے والے اوزار کے حصے سے استعمال کیا جاتا تھا ۔

Flint glass : (n) (۱) صاف اور چمک دار شیشہ جو چقماق سے بنایا جاتا تھا ؛ چقماق کانچ ؛ چقماقی شیشہ ؛ بلور؛ اشیائے بلوریں ۔ (۲) خالص شفاف اور چمک دار شیشہ جو لیڈ آکسائیڈ، بالو اور القلی کے مرکب سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Flint- gravel : (n) رتیلاپتھر ؛ یاکنکر جس میں سنگ چقماق موجود ہو ۔

Flint-gun : (n) ایسی بندوق جس میں چقماق سے آگ پیدا کرنے والا گھوڑا لگا ہو ۔

Flint-head : (n) چقماق سے بنی ہوئی ایک تیر کی نوک ۔

Flint-hearted : (a) سنگ دل ؛ بےرحم ؛ سخت دل والا ؛قسی شقی القلب ۔

مارنا ؛ لتاڑ چلانا ۔(۷) کسی خاص سمت میں حقارت آمیز نگاہ ڈالنا ؛ استہزاء سے دیکھنا۔ نفرت انگیز طورپر دیکھنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ ملامت کرنا ۔ (۸) دھوکا دینا ۔ (۹) نکالنا ؛ پھیلانا ؛ چھوڑنا ؛ پیدا کرنا (آواز، روشنی) ؛ خارج کرنا ؛ جاری کرنا ؛ بھیجنا ؛ روانہ کرنا ؛ آگے بھیجنا؛ ڈھکیلنا؛ منتشر کرنا ؛ نشر کرنا ۔ (۱۰) پٹک دینا ؛ چت کردینا (کشتی میں) ؛ زمین پر گرا دینا ؛ گھوڑے کا سوار کو گرادینا ؛ پٹک دینا؛ پھینکنا؛ گرانا (نیزمجازاً) لنگھی مارنا؛ شکست دینا ۔

To fling aside : نظر انداز کرنا ؛ توجہ نہ دینا ؛ پروا نہ کرنا؛ اعراض کرنا؛ بے التفاتی سے پیش آنا ؛ رد کردینا؛ ٹھکرا دینا؛ مسترد کردینا ؛ نا منظور کرنا ۔

To fling away : چھانٹنا ؛ الگ کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ سبکدوش کرنا ؛ رخصت دینا یا کرنا ؛ پھینک دینا ؛ اُڑا دینا؛ فضول خرچی کرنا؛ پھونک دینا (دولت کو) ۔

To fling away in rage : غصے میں پھینک دینا ۔

To fling down : زمین پر پٹک دینا ؛ زمین پر دے مارنا ؛ گرانا ؛ کچلنا ؛ برباد کردینا ؛ قوت توڑنا ؛ شکست دینا ؛ زیر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ ڈھادینا ؛ منہدم کردینا ؛ مسمار کردینا ؛ زیرو زبر کرنا ؛ توڑ دینا ؛ ملیامیٹ کر دینا ۔

To fling in one's teeth : (کسی بات پر) ملامت کرنا ۔

To fling into a boat : (اپنے کو یا کسی کو) کشتی میں ڈال دینا ؛ گرادینا ۔

To fling into an enterprise : کسی کام یا کار وبار میں دل و جان سے مصروف ہوجانا ؛ کسی کام کو پوری قوت سے شروع کر دینا ۔

To fling into one's arms : کسی شخص کی گود میں گرجانا ؛ لپٹ جانا ؛ اپنے کو کسی کے اختیار یا پناہ میں دینا ۔

To fling into prison : کسی شخص کو دفعتاً اور جبراً قیدخانہ میں ڈال دینا ۔

To fling off : (۱) ترک کردینا ؛ چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ حوالے کردینا ؛ خوشبو پھیلانا ؛ کتوں کا بو پر چلنا ۔ (۲) تیزی سے

Flint lock : (n) (۱) ایسی بندوق کا گھوڑا جو چقماق سے شعلہ پیدا کر کے چلائی جاتی ہے ۔ (۲) گھوڑے والی بندوق ۔

Flint-mill : (n) (۱) (برتن سازی) وہ مل جہاں چقماق کے ٹکڑے برتن بنانے والے چکنی مٹی میں ملائے جانے کے لئے پیس کر سفوف بناتے جاتے ہیں ۔ (۲) (کان کنی) کانوں میں روشنی کرنے کا ایک پرانا طریقہ جس میں ایک پیسے پر چقماق کے ٹکڑے جڑے ہوئے ہوتے تھے اور پہیا گھومنے پر وہ کسی فولاد کے ٹکڑے سے اتنی تیزی اور تواتر کے ساتھ ٹکڑاتے تھے کہ اُن سے مسلسل روشنی ہوتی رہتی تھی ۔

Flint-rope : (n) اسفنج کا ٹنٹھل ۔

Flint skinning : (n) (مجازاً) امساک ؛ نجات ؛ بخیلانہ بچت ۔

Flint stone : (n) Flint : (n) دیکھو

Flint wall : (n) چقماق دیوار ؛ ایسی دیوار جس کے پلاسٹر اور بیرونی زاویوں میں چقماق کے ٹکڑے لگائے گئے ہوں ۔

Flint ware : (n) (امریکا) سخت پتھر کے بنے ہوئے برتنوں کا نام ۔

Flint wood : (n) (۱) شمالی اور جنوبی ویلز میں ایک آسٹریلیائی درخت کا نام جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے ۔

Flint work : (n) پتھر کا نام ؛ چقماق کا کام خصوصاً معماری جس میں سخت پتھر یا چقماق کے ذریعہ بڑا تعمیری یا آرائشی کام کیا جاتا ہے ۔

Flint worker : (n) چقماقی کام کرنے والا ؛ خصوصاً وہ جو دیوار کو چقماق کے ٹکڑوں سے آراستہ کرتا ہے ۔

Flintily : (adv.) چقماق کی طرح سے ؛ کرختگی سے؛ کُھردرے پن کے ساتھ؛ سنگدلی سے ۔

Flintiness : (n) چقماقی حالت ؛ چقماقیت ؛ سختی ؛ کرختی ؛ کھردرا پن ؛ سنگدلی ۔

Flinty : (a) (۱) چقماق کا ؛ چقماق سے بنایا یا نکالا ہوا ؛ چقماق سے متعلق ؛ چقماق کا حامل ۔ (۲) چقماق کی طرح؛ چقماق جیسا؛ چقماق نما (۳) (مجازاً) سخت ؛ کھردرا ؛ کرخت ۔

Flip : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا نشہ آور شربت جو بیر، اسپرٹ اور شکر ملاکر بنایا جاتا ہے اور گرم لوہے سے بجھایا جاتا ہے ۔

Egg-flip : انڈے ، دودھ اور شکر وغیرہ کا نوشیدنی آمیختہ ۔

Flip : (n) [Origin doutful .] (۱) وہ ہلکی چوٹ جو چابک کو تیزی سے حرکت دے کر لگائی جائے ۔ (۲) انگلی کی حرکت ؛ ٹکور ۔

Flip : (n) [f.FLiP v.] (۱) شدید ضرب ؛ سخت چوٹ ؛ سخت مار (نیز مجازاً) ۔ (۲) اچانک دھچکا یا حرکت ۔ (۳) (روزمرہ یا عامیانہ) ہوائی سفر ۔

Flip : (v) [Prob.echoic..] (۱) چیزوں یا چھوٹی گولیوں یا سکوں کو انگلیوں سے گھمانا ؛ نچانا ۔ (۲) (کسی شخص کے) کان یا رخسار پر آہستہ سے انگلی مارنا ؛ پوٹ مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ ٹکور دینا ۔ (۳) (پنکھا چابک یا مچھلی کو پکڑنے کی چھڑ کو) جھٹکے کے ساتھ حرکت دینا یا حرکت کرنا ۔ (٤) تیزی سے مگر ہلکے طور پر مارنا ؛ یا کسی چیز سے ٹکرانا ۔

Flip : (v) (کسی چیز پر یا شخص کے) تیزی سے چابک مارنا ۔

Flip-book : (n) جاندار مناظر کی تصویروں کا ایک سلسلہ جو ایک ساتھ بند ہوتا ہے تاکہ مسلسل اور تیز حرکت دے کر اُنہیں متحرک اور جاندار ہونے کا التباس پیدا کیا جاسکے ۔

Flipcoil : (n) تار کا ایک چھوٹا کوائل جس سے ۱۸۰ پر اچانک گھما کر مقناطیسی حلقے کی شدت کا تعین کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Flip-dog : (n) بیر اسپرٹ اور شکر ملاکر بنائی ہوئی شراب کو گرم کرنے یا بجھانے کے لئے تپایا ہوا لوہا ۔

Flip-flap : (n) (۱) (عامیانہ) ایک قسم کی قلابازی یا ڈھینکلی نیز میوہ فروشوں کا رقص ۔ (۲) ایک قسم کی آتش بازی ؛ پٹاخا؛ چرخی ؛ گولا ۔ (۳) تماشا گاہوں میں ایک قسم کا گھومنے والا چرخا جس میں لوگوں کے بیٹھنے کے لئے ٹولیاں ہوتی ہیں؛ چرخ ہنڈولا ۔ (٤) (امریکا) ایک قسم کا کیک جو چائے کے ساتھ کھایا جاتا ہے ؛ چائے کیک ۔

Flip-flap : (a) قلاباز ؛ ڈھینکلی باز ؛ بھٹک بھٹک کر یا پھٹ پھٹ کرتے ہوئے چلنے والا ۔

Flip-flap : (adv.)[reduplication of FLAP.] پھٹ پھٹ کرتی ہوئی مسلسل حرکت کے ساتھ ۔

Flip-flap : (v) [Sc.] چھیلنا ؛ چھلکا اتارنا ؛ مقشر کرنا ؛ کھال اُدھیڑلینا؛ (روزمرہ) ۔

Flippant : (n) بے پروائی ؛ بے روئی ؛ بك بك گستاخی ؛ چرپ زبانی ؛ تیز زبانی ۔

Flippant : (a) [opp. f. FLIP.] (۱) غیر سنجیدہ ؛ سنجیدہ اور اہم باتوں کو بےپروائی سےمعمولی اور خفیف سمجھنے والا ۔ (۲) بے ادب ؛ بکی ؛ تیز زبان ؛ طرار ۔ (۳) تیز ؛ رواں (زبان) ؛ سوپٹ (تقریر) تیز ؛ طرار؛ پُرگو ؛ باتونی (شخص) ۔ (٤)نازیبا حرکتیں کرنے والا ؛ نامناسب ؛ خفیف الحرکتی کرنے والا ؛ نا سمجھی کی باتیں کرنے والا ؛ بے موقع مذاق کرنے والا ۔ (٥) ناسمجھ باتونی؛ بے ادب (شخص) ؛ گستاخ ؛ چرب زبان ۔

Flippantly : (adv.) بےپروائی سے؛ بے ادبی سے ؛ گستاخانہ ؛ چرب زبانی سے ۔

Fliippantness : (n) بے ادبی ؛ گستاخی ؛ بے پروائی ؛ چرب زبانی ۔

Flipper : (n) [f.FLIP (v)] (۱) (مچھلی وغیرہ کا) وہ چوڑا اور چپٹاعضو جس سے تیرنے میں کام لیا جاتاھے ۔ (۲) (بازاری) ہاتھ ۔ (۳) (تھیٹر) کسی منظر کا ایك حصہ جس میں دونوں طرف نقاشی ہوتی ہے اور قلابے لگے ہوتے ہیں اور جو کھیل یا منظر کوتبدیل کرنےمیں استعمال ہوتے ہیں ۔ (٤) ایك چوڑا اور چپٹا عموماً ربر کا جس کا اگلا سرا پھیلا ہوا ہوتا ہے اور جو غوطہ خوری اور پانی کے دوسرے کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے جسے FIN بھی کہتے ہیں ۔ (٥) چھلنی یا جھنجرے پر پکا یا ہوا کیك ۔ (٦) چھلنی یا توے پر پکائے جانے والے کیك کو الٹنے کا کفچہ ۔ (۷) ایك پرزہ آرامشین کے پاس جمع ہونے والے برادے وغیرہ کو ہٹانے کے لئےاستعمال ہونے والا ایك لیوریا بیرم جو ایك چھوٹے بھاپ انجن کے ذریعہ چلایا جاتاھے ۔ (۸) (خوردنی اشیا کا) مہر بند ڈبّا جس میں اندرونی دباؤ کے باعث سروں پر اُبھار پیدا ہو جاتا ہے ۔ (۹) برآمیز کپڑے کا فیتہ یا بندھن ٹائر بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Flipper : (v) (۱) تیرنے والے عضو کے ذریعہ آگے بڑھنا ؛ تیرنے والے جوتے پہننا یاپہنانا ۔ (۲) مچھلیوں کے پر کی حرکت کرنا ؛ کسی چوڑی چپٹی چیز کی طرح حرکت کرنا ۔

Flipperling : (n) تیرنے والے اعضا رکھنے والا چھوٹا جانور ؛ چھوٹی مچھلی یا سیل کا بچہ جسے تیرنے والے پر ہوتے ہیں ۔

Flipperty/Floppery : (a) ڈھیلا ؛ لٹکتا ۔

Flirt : (n) (۱) جھٹکا؛ تیز جھپٹ ؛ تیز حرکت یاضرب جس کو دفعتاً روک دیاجائے ؛ پھینك ؛ پھینکنے کی سی حرکت جو دفعتاً رك جائے ۔ (۲) ایسا شخص جو محض تفریحاً اظہار محبت کرتا ہو ؛ عموماً ایسی عورت جو مردوں کے ساتھ محض تفریحاً محبت جتلائے ؛ ناز و انداز دکھائے؛ نخرے کرے ۔ (۳) ہلکی ضرب ؛ ہلکا مکّا ؛ ہلکی مار؛ دستك ؛ کھٹکا؛ ناخن کی ٹکور (روزمرہ) ۔ (٤) پھینکنےوالا ؛ جھٹکا دینے والا ؛ بہت تیزی سے حرکت دینے والا ؛ جھٹکے کے ساتھ ؛ اچانك گھڑی کے پرزوں کو متحرك کرنے والا ؛ لیور یا پرزہ ۔ (٥) (گھڑی سازی) گھڑی کی مشین میں اچانك جھٹکے یا وقفے سے حرکت پیدا کرنے والا لیور یا پرزہ ۔

Flirt : (v) [Onomatopoeic.] (۱) جھٹکادے کر پھینکنا؛ اُچھالنا ؛ تیزی سے ہلانا؛ جھلانا ؛ جھٹکے یا اچانك حرکت کے ساتھ پھینکنا یا ٹھکیلنا ۔ (۲) تیز کرنا ؛ اچانك حرکت دینا ۔ (۳) جھٹکے کے ساتھ یا رُك رُك کرحرکت کرنا؛ اُچھالنا ؛ لپکنا ؛ تڑپنا؛ دھڑکنا ؛ جھپٹنا ۔ (٤) شادی سے قبل محبت اور راز ونیاز کی باتیں کرنا ؛ غمزہ دکھانا ؛ نازو نخرے کرنا ۔ (٥) جھوٹی محبت جتانا (کسی شخص کے ساتھ) ۔ (٦) سطحی پسند یا دل چسپی ظاہر کرنا؛ جھوٹی چاہت دکھانا ؛ اتفاقی یا نقلی توجہ دینا ۔ (۷) اُچھلنا ؛ کودنا ؛ آزادنہ حرکت کرنا ؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا ؛ فضول باتیں یا حرکتیں کرنا ۔

To flirt a fan : (v) جھٹکے کے ساتھ کھولنایابند کرنا ؛ تیزی سے پنکھا جھلنا ۔

Flirtable : (a) آمادہء نازونخرہ ۔

Flirtation : (n) دکھاوے کی محبت ؛ جھوٹی چاہت ؛ عشوہ ؛ غمزہ ؛ نازو نخرہ ۔

Flirtatious : (a) دکھاوے کی محبت کرنے والا (یا والی) ؛ عشوہ گر ؛ جھوٹی چاہت یا ناز و نخرے کی نوعیت کا ۔

Flirtatiously : (adv.) عشوہ کے ساتھ؛ عشوہ گرانہ ؛ جھوٹی محبت جتانے والا ۔

Flirtatiousness : (n) جھوٹی محبت کا اظہار ؛ عشوہ گری ؛ ناز و غمزہ ۔

Flirter : (a) جھٹکا دینے والا ؛ اُچھالنے والا ؛ تڑپانے والا ؛ دھڑکانے والا ؛ تیزی سے حرکت دینے والا ؛ جھوٹی محبت جتانے والا؛ ظاہری دلچسپی دکھانےوالا ؛ فضول باتیں یاحرکیتں کرنے والا۔

Flirtigig-gigs : (n) (بول چال) سبک سر ؛ لا اُبالی یا وارفتہ مزاج لڑکی ؛ دختر بے فکر و سبک سر ؛ وحشی لڑکی ؛ متلون مزاج لڑکی ۔

Flirtingly : (adv.) جھٹکا دیتےہوئے یا لگاتے ہوئے ؛ تڑپاتے ہوئے ؛ اچھال کر ؛ جتا کر ۔

Flisk : (n) [f.next.] (۱) (بول چال) خیال ؛ من کی موج ؛ ترنگ ؛ لہر ؛ وہم ؛ تلون مزاجی (اسکاتستانی) بوالہوسی ۔(۲) ناخن کی ٹکوڑ ؛ ناخن کی ٹکر ۔

Flisk : (v) [Onomatopoede.] (اُچھلتے کودتے چلنا ؛ کودتے پھاندتے جانا ؛ شوخی کرتے ہوئے قدم اٹھانا ؛ کلیل کرنا ؛ جست لگانا ؛ ناچنا ؛ کودنا ۔ (۲) ناخوش کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا ؛ برہم کرنا ؛ زحمت میں ڈالنا ؛ آزردہ کرنا ؛ خفا کرنا؛ ناراض کرنا۔(۳) چابک سےہلکی چوٹ مارنا ؛ تیزی سے چابک یا کوئی چیز چھو آنا ۔

Flisky : (a) کھلاڑی ؛ خوش طبع شوخی ؛ چنچل ؛ چلبلی ؛ چونچال ۔

Flit : (n) [f.next.v.] (۱) نقل مکان ؛ ترک وطن ؛ تبدیلی ؛ انتقال ۔(۲) خفیف حرکت ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ ہلکا لمس ۔

Flit : (v) [ME.'flittem.'fluttne.] (۱) ترک وطن کرنا ؛ روانہ ہوجانا ؛ نقل مکان کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلاجانا ؛ جگہ بدلنا ؛ جاچکنا؛ رخصت ہوجانا ؛ گذرجانا ۔(۲) (پرندوں اور خصوصا چمگادڑوں کےلئے) آہستہ اڑنا (یعنی آواز نہ ہویا کم ہو) ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تك اڑ کر رك جانا؛ تیز پر مارنا ؛ پروں کو جنبش دینا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ۔(٤) جائےرہائش بدلنا؛ ایک جگہ سے اُجڑ کر دوسری جگہ بسنا (خاص کر اسکاتستانی) ۔(٥) آگے بڑھنا ؛ گذرنا ؛ چلنا یا جانا ؛ قدم بڑھانا ۔

To flit about : آہستہ آہستہ ادھر اُدھر چلنا پھرنا ؛ کودتے اُچھلتے پھرنا ۔

To flit by : دبے پاؤں کودتے اچھلتے گذر جانا (کسی چیز کے پاس ہو کر)۔

To flit to and fro : اِدھر سے اُدھر (آگے پیچھے) دبے پاؤں جانا ۔

Flit gum : (n) کیڑوں کو مارنے والا پمپ ؛ فلٹ پمپ ۔

Flitch : (n) [OE.'flicce.'] (۱) نمك لگا ہوا اورسکھایاہوا سور کی ران یا کولہے کا گوشت ۔(۲) ایك سمندری جانور (Blubber) کی چربی کا ٹکڑا ؛ وہیل کی چربی کا مربع ٹکڑا ۔(۳) ایك قسم کی مچھلی (Halibut) کے گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا ؛ بالی بٹ (مچھلی کا قتلہ؛ تکّہ ؛ درخت کی شاخ کا لمبائی میں کٹا ہوا ٹکڑا ؛ تختہ ؛ شہتیر ۔(٥) شہتیر بنانے کےلئے پہلو بہ پہلو باندھے ہوئے تختوں میں سے کوئی ایك ۔(٦) (تعمیرات) کڑی ۔

Flitch : (v) لکڑی یا مچھلی کے ٹکڑے کاٹنا ؛ تکّے بنانا ؛ قتلے بنانا؛ درخت کی شاخوں کو لمبائی میں کاٹنا؛ قتلوں کی طرح کاٹنا ۔

Flitch-beam : (n) لوھے یا لکڑی کے تختوں یا پرتوں کو مضبوطی سے یکجا ملا کر بنایا ہوا شہتیر ؛ لوھے کی تختی (یا ٹکڑا) لکڑی کے دو ٹکڑوں کے درمیان ۔

Flitch of Dunmow : (n) Dunmow میں یہ قدیم رسم ھے کہ ہر ایسے شادی شدہ جوڑے کو جو ثابت کردے کہ اس نے پورا سال آپس میں اطمینان و محبت سے گذارا ھے اس کو گوشت کا ایك ٹکڑا دیا جاتا ھے اُسی کا یہ نام ھے ۔

Flite/flyte : (v) [Oe.'flitam.'] (۱) دھمکانا ؛ جھڑکانا ؛ ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ تنبیہ کرنا ۔(۲) لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ نزاع کرنا ؛ محبت کرنا ؛ بحث ومباحثہ کرنا ۔

Fliting : (n) زخم زبان ؛ ملامت کرنا ؛ زجرو توبیخ کرنا ۔

Flitted : (a) جو جاچکا ھو ؛ روانہ شدہ ؛ منتقل شدہ ۔

Flittingly : (adv.) جاتے ہوئے ؛ گذرتے ہوئے ؛ روانہ ہوتے سبك رفتاری سے ؛ سبك پروازی سے ۔

Flitter : (n) [f.Flitter v.] پھڑ پھڑاہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ پر جھاڑنے یا کانپنے کی سی حرکت ۔

Flitter : (n) [Ger.flotter.] دھات یا پتھر کے باریك اور بہت چھوٹےمربع نما ٹکڑے جو آرائش میں استعمال ہوتے ہیں۔

Flitter : (v) [f.flit..v+er] (۱) اڑنا ؛ پھدکنا ؛ پھڑ پھڑانا؛ پروں کو ہلکی جنبش دینا ؛ اڑنے سے پہلے چڑیوں کا

پر پھڑ پھڑانا ؛ ادھر اُدھر تیزی سے ہلانا ۔ (۲) چلانا ؛ گذارنا ؛ آگے بڑھانا ؛ اُڑانا ؛ تاش کا پھینٹنا (شاذ) ۔

Flitter-mouse : (n) [after Ger.'flader mous.] چمگادڑ ؛ خفاش ؛ شب پردہ ۔

Flitter-winged : (n) کانپتے ہوئے بازوں یا پروں والا ۔

Flittern : (n) اوک کا نیا درخت ؛ درخت بلوط جوان ؛بلوط کا نو خیز درخت ۔

Flittern-bark : (n) اوک یا بلوط کےنوخیز درختوں کی چھال ۔

Flitters : (n) [Altered f.fitters.] (روز مرہ) ٹکڑے ؛ ریزے ؛ ناتراشیدہ ٹکڑے ؛ تراشے ؛ چیتھڑے ؛ پُرزے ؛ دھجیاں ؛ کترن ۔

Flitting : (n) (۱) جانے ؛ گزرنے، روانہ ہونے کا عمل ۔ (۲) نقل مکان ؛ مہاجرت ؛ نقل و انتقال ؛ ایک جگہ سے اُجڑ کر دوسری جگہ جابسنا (خاص کر شمالی اور اسکاتستانی) ۔(۳) پرواز ؛ اڑان ۔

Moonlight flitting : چاندنی میں روانہ ہونا یعنی راتوں رات چلے جانا؛ چوری چھپے روانہ ہونا ۔

Flivver : (n) [Origin unkn.] (۱) (امریکی بازاری زبان) سستی ؛ ارزاں ؛ کم قیمت موٹر کار؛ سستی رٹائر کار یا ہَوائی جہاز ۔ (۲) ذاتی استعمال کےلئے چھوٹا ہَوائی جہاز ۔ (۳) چھوٹی دخانی کشتی ۔ (٤) (روزمرہ)ناکامی؛ نامرادی ؛ دھوکا؛ دیوالیہ پن ؛ فریب ؛ جُل (عامیانہ) ۔

Flivver : (v) ناکامیاب ہونا ؛ نقصان ہونا؛ گھاٹے میں پڑنا ؛ نامراد ہونا ؛ دیوالیہ ہونا ؛ ٹائیں ٹائیں فِش ہو جانا ۔

Floating liability : (n) روز مرہ کی مشغولیات کے درمیان پیدا ہونے والی ہلکی پھلکی ذمہ داریاں جن سے نسبتاً مختصر وقت میں نپٹ لیا جاتا ہے ؛ (تجارت) غیرمستقل ذمہ داری ؛ متغیر ذمہ داری ۔

Floating light : (n) (۱) مشعل بردار جہاز ؛ ایسا جہاز جس پرخاص قسم کی روشنی ہوتی ہے اوراس روشنی سے سمندر میں گذرنے والے جہازوں کی رہنمائی کی جاتی ہے ۔(۲) ایک لائف بوائے (کشتی) جس میں رات کے وقت استعمال کے لئے لالٹین ہوتی ہے ۔(۳) لنگرنما ؛ نشان لنگر جو سمندرمیں پڑارہتا ہےاور جس پر روشنی ہوتی ہےتاکہ رات کے وقت صحیح راستہ معلوم ہوسکے ۔

Floating pier : (n) تیرتا ہوا پشتہ ؛ تیرتا ہوا چبوترہ جس پر سے جہاز کے مسافر اورمال اتارا جاتا ہے اور جو مد و جزر کے ساتھ اُٹھتا گھٹتا ہے ۔

Floating plate : (n) (اسٹیریو ٹائپنگ) ڈھلے ہوئے لوھے کی چوڑی چپٹی پلیٹ جس پر قالب بنا یا جاتا ہے اور جس کی نچلی طرف رُخ ہوتے ہیں ۔

Floating policy : (تجارت) کھلی پالیسی؛ غیرجامدپالیسی ؛ (سمندری بیمہ) ۔

Floating population : (n) وہ آبادی جو کم وبیش ہوتی رہے؛ گھٹتی بڑھتی آبادی ؛ متحرک آبادی ۔

Floating ribs : (n) سب سےنچلی دو پسلیاں جو سینے کی ہڈی سے ملی ہوئی نہیں ہوتیں ؛ کاذب پسلیاں ۔

Floating screed : (n) پلاسٹر کی وہ پہلی دھاری جو دیوار کے پلاسٹر کی موٹائی کےلئے رہنما دھاری کے طور پر کام کرتی ہے ۔

Floatingly : (adv.) تیرتےہوئے انداز میں تغیر پذیر طورپر ؛ بہتے ہوئے دائر؛ بطور شناور؛ تیرنے کے انداز میں ۔

Flix : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کارُواں ۔(۲) سگ آبی یا اودبلاؤ کا رواں ؛ سمور ؛ سنجاب کے پیٹ پر کا رواں ۔

Float : (n)[OE. flot.] (۱) تیرنے یابہنے کی حالت ، کیفیت یا عمل ۔(۲) تیرتی ہوئی چیز؛ بہتی ہوئی چیز ۔ (۳) تیرتی ہوئی دریائی گھاس یابرف کا انبار یا تودا ؛ بیڑا یا بیڑے کے مانند بنی ہوئی کوئی چیز ۔ (٤) چپٹے پیندے والی کشتی؛ وہ بانس کا ٹکڑا یا کارک یا پر جو مچھلی کے شکار کی ڈورمیں بندھا ہوتا ہے جس سے پانی میں ڈور کا پتہ چلتا ہے ؛ ڈونگا ؛ گھڑنائی ۔(٥) کارک کا ٹکڑا جو مچھلی کے جال کے کنارے پر لگا ہوتا ہے تاکہ جال کو پانی کی سطح پر اٹھائے رکھے اور ڈوبنے نہ دے؛ ترپا ۔ (٦) مچھلی کے جسم کا وہ پھولا ہوا حصہ جس کے سہارے مچھلی تیرتی ہے ؛ایک کھوکھلا اور پھولا ہواحصہ جس کے سہارے جانور تیرتاہے ۔ (۷) پانی کےنل کےاندر کا کھوکھلا گولا جو پانی

کسی روک کے لٹکا ہونا ۔ (٦) ہَوا میں معلق ہونا یا اس طرح حرکت کرنا کہ گویا تیر رہا ہو ۔(٧) نظر یا دل میں منڈلانا ۔ (٨) (تجارتی اصطلاح میں ہنڈی کےلئے) جاری ہونا ؛ جاری رہنا (میعاد پوری ہونے تک) ؛ کسی کمپنی کو قائم کرنا یا کاروبار کی تجاویز کا اشتہار دینا (شائع کرنا) ؛ پیش کرنا ؛ مقبول کرانا ؛ شروع کرنا ؛ کمپنی، منصوبے وغیرہ کو قائم کرنا ؛ یا مکمل طور سے شروع کر دینا ۔ (٩) (کسی سیّال چیز سے) ڈھک دینا یا اس میں فرق کردینا نیز مجازاً ۔ (١٠) پانی کا کسی چیز کو اپنے اوپر اٹھائےرکھنا ؛ لئے رہنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ بہائے لے جانا ؛ تیرا دینا نیز(مجازاً) ۔(١١) (افواہ) اڑا دینا ؛ (ہَوا میں کسی چیز کو) اڑانا ۔ (١٢) ہَوا میں آہستہ آہستہ اور آزادانہ اس طرح آگے بڑھنا جیسے ہَوا بہا رہی ہو یا ہَوا اڑا رہی ہو نیز (مجازاً) ۔(١٣) (پارچہ بافی) تاگے کا آپس میں بہم پیوستہ ہونے کے بجائے تانے یا بانے کے بہت سارے دھاگوں کے اوپر یا نیچے سے گذرنا ۔ (١٤) عوام کی حمایت حاصل کرنا ۔ (١٥) پانی کے ذریعہ یاپانی کے سطح پر (کسی چیز کو) لے جانا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔(١٦) (تکنیک) (ٹکڑوں کو) پانی میں بہا کر ریزہ ریزہ کر دینا یا پیس دینا ۔ (١٧) (الیکٹرو ٹائپنگ اور اسٹیرو ٹائپ) (چھپائی کے کسی فارم یا صفحہ کو) پلاسٹر آف پیرس کے سیّال سے خالی جگہوں کو پُر کر دینا یا پلاسٹر کا قالب بنا دینا ۔(١٨) چکنا اور ہموار کر دینا (پلاسٹرنگ) (پلاسٹر کی سطح کو) تھاپی یا پٹّے کے ذریعہ ہموار کرنا ۔

Float-ball : (n) گول ٹوننی کی گیند(جس سےحوض یابوائلر میں پانی کی سطح کو با قاعدہ رکھا جاتا ہے) ۔

Float-board : (n) پن چکی یاپانی میں گھومنے والےپہیّے کے تختوں میں سے کوئی ایک ؛ پہیے کا تختہ ۔

Float-boat : (n) بیڑا ؛ لٹھوں کا ٹھاٹ جو کشتی کا کام دیتا ہے ۔

Float bridge : (n) ایسے تختوں کا پل جو پانی میں تیرتے ہوں ؛ لچک دار پُل ۔

Float case : (n) پانی میں بنیاد ڈالنے کےلئےبڑا آب بند ڈبہ ؛ کوٹھی شترہ ؛ وہ مشین جس سے جہازوں کو اُتھلےپانی میں تیراتے ہیں ۔

کے بہاؤ کو باقاعدہ رکھتا ہے ۔(٨) ہَوا سے بھرا ہوا بیگ یا تکیہ جس کے سہارے آدمی تیرتا ہےیا آدمی کو ڈوبنے سے بچاتاہے (خاص کر تیراکی سیکھنے کےلئے) ۔ (٩) وہ روشنی جو فرانس میں شب کے وقت کمروں کےاندر جلا کر سوتے ہیں ۔ (١٠) (تھیٹر کی اصطلاح، واحد یاجمع) وہ تیزروشنی جو اسٹیج کے سامنے لگی اور ایک طرف سے ڈھکی ہوتی ہے (Foot light) فٹ لائٹ کی قطار ۔ (١١) پانی نکالنےوالے یا پانی کےاندر چلنے والے پہیے کا ایک تختہ (Float wood) ۔ (١٢) ایک قسم کی نیچی گاڑی ۔ (١٣) پہیوں پر چلنےوالا چبوترہ جس پر جلوسوں کے ساتھ عموماً کھیل تماشے کئے جاتے ہیں ۔(١٤) معمار کی تھاپی (جس سے استر کاری کو یک سار کیا جاتا ہے) کرنی (اوزار) ۔(١٥) اکہری کاٹ کی ریتی ۔(١٦) بانے کے تاگوں کا ، چادر کے ایک حصہ پر بناوٹ کے باہر پھیلا ہونا، ایسے تاگے جو اس طرح پھیلے ہوں ۔ (١٧) کسی طیارے کی مشین میں لگا ہوا ایک ڈھانچہ جو اُسے پانی میں تیرنے میں معاون ہو ۔(١٨) دھات کی بنی ہوئی کھوکھلی گیندیا ایسی ہی اور کوئی چیز جو کسی حوض یا بوائلر میں پانی کی سطح کو باقاعدہ رکھنے کےلئے استعمال کی جاتی ہے ۔ (١٩) تیرنے یا سطح کو درست کرنے والا ایک اوزار ؛ (پلاسٹر کرنے میں) کرنی، پٹّا روسا وغیرہ جن سےپلاسٹر کو مسطح کیا جاتا ہے ؛ ہموار کرنےوالا کوئی اوزار یا کوئی ترکیب ۔ (٢٠)سنگ مرمر کے کام میں استعمال کیاجانے والا پاش کرنے کا بلاک یا اوزار ۔(٢١) جو تووں کے اندرنکلی ہوئی کیل کی نوکوں کو ریتنے کےلئےجوتا سازوں کے ذریعہ استعمال کی جانے والی دندانہ دار پلیٹ یا چماروں کی ریتی ۔ (٢٢) وہ جگہ جہاں کشتیاں تیر سکتی ہوں یا ٹھہر سکتی ہوں ؛ گودی ؛ بندرگاہ ۔ (٢٣) سیرابی نالی یا پین ۔(٢٤) (ارضیات) وہ چٹانیں جو پانی سے گھِس کر یا ٹوٹ کر اپنی اصلی ساخت سے کم ہو گئی ہوں ۔

Float : (v) (١) کسی رقیق مادے کا سطح پر پڑا ہوا ہونا ؛ تیرا ہوا یا تیرتا ہوا ہونا ؛ تیرنے والا یا تیرن ہار ہونا یا ہوجانا ۔(٢) کسی رقیق مادے پر تیرنا ۔(٣) (ایسے جہاز کے متعلق جو ساحل یا چٹان پر چڑھ گیا ہو) سطح پر بہنا تیرنا ؛ پانی پر آجانا؛ کسی سیّال کی سطح پر آہستہ آہستہ اور خاموشی سے تیرنا ؛ کسی سیّال میں آزادی سے تیرنے کےلئے چھوڑ دیا جانا ۔ (٤) متحرک سیال مادے کے ساتھ ساتھ تیرنا ؛ بہے چلے جانا ۔(٥) کسی سیّال مادے میں بغیر

Float copper : (n) خام تانبے کے ریزے یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سے الگ ہو جاتے ہیں ؛ نیز وہ باریک ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں۔

Float file : (n) اکہرے دندانے والی ریتی۔

Float-guage : (n) آب پیماجس سے اسٹیم بوائلر میں سطح آب کی بلندی ایک تیرتے ہوئے تختے کے ذریعہ ناپی جاتی ہے ؛ پانی کی گہرائی ناپنے والا گز۔

Float gold : (n) سونے کے ذرّات یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سے الگ ہوجاتے ہیں ؛ نیز وہ باریک ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں۔

Float grass : (n) ایک قسم کی گھاس ؛ ہسگلا ؛ آبی خس و خاشاک۔

Float-inoned : (a) مشین کے ذریعہ (جس کے بیلون میں اسپرنگ اور لچک دار گدّے ہوتے ہیں) لوہے کی تہ چڑھایا ہوا۔

Float-mineral : (n) خام دھات کے ریزے یا ٹکڑے جو پانی کے بہاؤ یا کٹاؤ کے باعث چٹان سےالگ ہو جاتے ہیں ؛ نیز دھات کے وہ باریک ذرّات جو کشتہ بنانے میں بکھر جاتے ہیں۔

Float-ore/-quaritz : (n) دیکھو Float-mineral

Float-stone : (n) (۱) گھسنے والا پتھر جس پر اینٹ کی ناہموار سطحوں کو رگڑ کر ہموار کیا جاتا ہے۔ (۲) ہلکا پتھر ؛ اتنا ہلکا جو پانی پر تیر سکے ؛ دودھیا پتھر کی اسفنجی قسم۔

Float-stone : (n) (معماری) وہ پتھر کا اوزار جس سے خمیدہ اینٹوں کی سطح چکنی بنائی جاتی ہے۔

Float-valve : (n) دھات کی کھوکھلی گیند کے ذریعہ چلایا جانے والا کھُل مندن یا حمام۔

Floatable : (n) (۱) جو چیز تیرسکتی ہو۔(۲) دریا یا چشمے جن میں تختے وغیرہ تیر سکتے ہوں یا تیرائے جاسکتے ہوں ؛ ہلکا ؛ سبک ؛ تیرنے کے قابل ؛ سطح آب پر قائم رہ سکنے والا ؛ تیرنے والی (چیز)۔

Floatage : (n) (۱) تیرنےیا تیرتا ہوا ہونے کی حالت یاعمل ؛ شناوری۔ (۲) تیراکی ؛ لوچ ؛ لچک ؛ (ٹھوس اجسام کو پانی میں ڈالنے سے) بحال رکھنے یا ابھارنے کی صلاحیت۔ (۳) تیار شدہ جہاز کے مال واسباب کو حاصل کرنے کا حق۔ (٤) جہاز وغیرہ جو کسی دریا یا سمندر میں چلا کرتے ہوں۔(٥) کسی چیز کاتیرتا ہوا انباریا ڈھیر ؛ تیرتی ہوئی چیزیں ؛ تباہ شدہ یا غرق شدہ جہاز۔ (٦) قوت شناوری ؛ تیرنے کی اہلیت ؛ قابلیت یا قوت کے مال واسباب جو پانی پرتیرتے ہوئے پائے جائیں۔ (۷) مچھلیوں یا سیپ کے انڈے۔ (۸) جہاز کاوہ حصہ جو پانی کی سطح سے اوپر نظر آتا ہے۔

Floatation/Flotation : (n) (۱) تجارتی کاروبار یا کمپنی کا آغاز یا افتتاح۔ (۲) تیرتا ہوا یا سطح آب پر قائم رکھنے کی حالت ؛ تیرنے یا تیرانے کاعمل؛ تیرانے کا طریقہ ؛ شنا ؛ تیراؤ۔

Centre of floatation : تیرتی ہوئی چیز کامرکزثقل۔

Plane or line of floatation : وہ سطح یا خطہ جس پر کسی سیّال کی افقی سطح اُس میں تیرتی ہوئی چیز کو قطع کرتی ہے۔

Stable floatation : تیرتی یا سطح آب پر بہتی ہوئی چیز میں توازن کی حالت ؛ تیرتی ہوئی چیز کا توازن۔

Floater : (n) (۱) تیرنے والا؛ سطح آب پر بہنے والا ؛ خصوصاً وہ پرزہ جو کسی ایسے ظرف میں سیّالی مادے کی سطح کی بلندی کو بتلاتا ہے جس کی گہرائی ضرورت پڑنے پر براہ راست نہیں ناپی جا سکتی۔ (۲) صرافہ ؛ گورنمنٹ اسٹاک کی سند ؛ ریلوے کےتمسکات وغیرہ جو بطور ضمانت قبول کئےجا سکتے ہوں۔ (۳) (امریکی سیاست) ایسے انتخاب میں ووٹ دینے والا جس کا وہ حق نہ رکھتا ہو ؛ غیر مستحق رائے دہندہ۔ (٤) (تجارت) سیّال تمسک۔

Floating : (n) (۱) تیرنے یا سطح آب پر بہنے کا عمل۔ (۲) (پلاسٹرنگ میں) تین استروں والی استرکاری میں دوسرا استر یا دوسری استرکاری۔

Floating : (a) (۱) بہتی ہوئی ؛ تغیر پذیر ؛ لچکدار۔ (۲) (تجارت، چندہ وغیرہ کےلئے) سمندر پر وہ تجارتی اسباب کا جہاز جو بندرگاہ نہ پہنچا ہو ؛ ان تجارتی اسباب کی جو ابھی سمندر پر ہوں یا ان سے متعلق (تجارت، نرخ وغیرہ)۔ (۳) (تجارتی اصطلاح) دائر (اصل وغیرہ)۔ (٤) معمولی سے کم تعلق، لگاؤ یا انسلاک رکھنے والا۔(٥) چڑھتا اترتا ہوا ؛ غیرمستقل ؛ متغیر۔(٦) (مالیات) جو قائم یا مستقل نہ ہو؛ دائر۔ (۷) متغیر ؛ قابل تبدیل (بیمہ پالیسی)۔

Floating account : (n) (تجارت) چلتا حساب ۔

Floating asset : (n) (تجارت) تغیر پذیر اثاثہ ۔

Floating anchor : (n) تیرنے والا لنگر ۔

Floating battery : (n) توپ خانےیا مورچے کےطورپراستعمال ہونے والی کشتی یا جہاز ؛ تیرنے والا مورچہ ۔

Floating bridge : (n) (۱) ایک قسم کا پل ؛ گھاٹ اتارنے کی ناؤ ؛ پل کا ایسا حصہ جس کو وقت ضرورت اوپراٹھا سکیں ؛لچکدار پلُ ؛ لچکا پل ؛ متحرک پل ؛ تختہ پل ۔ (۲) تختوں سے چھائی ہوئی دو کشتیوں پر مشتمل گھڑگج کی شکل کا ایک پُل ۔ (۳) دو چھوٹے چھوٹے پلوں سے بنا ہوا ؛ ایک پُل جو ایک دوسرے پر اس طرح رکھےہوتے ہیں کہ اوپر والا پُل نچلے پُل کے کناروں میں لگی ہوئی طنابوں اورگھرنیوں کے ذریعہ آگے کی طرف نکالا جاسکتا ہے ۔ (٤) کسی ندی کے پانی پر بانسوں یا شہتیروں سے بنا ہوا پل جس کے ذریعہ پار اُترا جاسکے ۔(٥) بندرگاہوں یا ندیوں میں چلنے والی چپٹے پیندے کی مال یا ساز بردار دُخانی کشتی جو پیندے میں لگی ہوئی زنجیروں پر چلتی ہے ۔(٦) کشتیوں کے پلوں کے ذریعہ بنائی ہوئی، کسی ندی یا آب درا کو پار کرنے والی گذرگاہ ۔

Floating capital : (n) اصل دائر ؛ دائر اصل ؛ جاری سرمایہ ؛ دائر سرمایہ ؛ (تجارت) تغیر پذیر سرمایہ ؛ غیر مستقل سرمایہ ؛ غیر مستقل پونجی ۔

Floating debt : (n) عارضی قرضہ ۔

Floating kock : (n) تیرتا ہوا ؛ جہازوں کا گھاٹ یابندرگاہ ؛ ایک بڑی کشتی جو آب بند کمروں پر مشتمل ہوتی ہے اور کشتیوں کی گھاٹ یا بندرگاہ کے طورپر استعمال ہوتی ہے ۔

Floating gang : (n) ریل کی پٹریوں کی مرمت کرنے والے مزدوروں کی ایک خاص جماعت جو حسب ضرورت مختلف لائنوں پرآتی جاتی رہتی ہے ۔

Floating garden : (n) تیرتا ہواباغ ؛ (جھیل کے)پانی پردرخت کی شاخوں یا دوسری تیرنے والی چیزوں کو رکھ کر اور اُن پر مٹی دے کرلگائے ہوئے پودے جو خاص کر شہر میکسیکو اور کشمیر کےبعض حصوں میں پائے جاتے ہیں ۔

Floating harbour : (n) بہت سے شہتیروں کے زنجیروں کے ذریعہ یکجاباندھ کر بنایا ہوا آب روک یا پشتہ جو مدوجزرکے ساتھ ساتھ چلتا اُترتا ہے ۔

Floating heart : (n) ایک قسم کا پودا خصوصاً چھوٹے سفید پھولوں والا آبی پودا جس کی پتیاں دل کی شکل کی ہوتی ہیں ۔

Floating island : (n) تیرتا ہواجزیرہ؛ (طباخی) (امریکا) انڈے کی پسلی (Custard) جس پر مکھن اور انڈے کی سفیدی تیرتی ہو ۔

Floating kidney : (n) انسانی گُردے جواپنی جگہ سے(مرض کی حالت میں) ہٹ جاتے ہوں ؛ متحرک گردہ ؛ سقوط گردہ ۔

Floating lever : (n) (ریلوے) ریک ڈبوں کے نیچے افقی طورپر لگے ہوئے بریک کے بیرموں (لیوروں) کا نام ۔

Floating stream : (n) (جغرافیہ) تیراؤ ندی ۔

Floating supply : (n) دائر رسد ؛ موجد و سپلائی ؛ کسی چیز (اشیاء ، اقوام یا ضمانتوں) کی وہ مقدار جو (خرید، قرض یا دینے کےلئے) بر وقت دستیاب ہو ۔

Floatmaster : (n) ریلوے گارڈ اورکشتی کے درمیان کشتیوں کے ذریعہ مال کے حمل ونقل کا نگراں ۔

Floatsman : (n) گھومتے ہوئے ریتیلے تختے رکھ رکھ کر سنگ مرمر وغیرہ کو چکنا بنانےوالا مزدور ۔

Floaty : (a) تیرنے کے لائق ؛ جو تیر سکے ؛ جس میں تیرنے کی صلاحیت ہو ؛ کم پانی لینےوالا جہاز ؛ سبک ؛ متحرک ؛ کم گہرائی میں چلنےوالاجہاز۔

Flocci : (n) Floccus کی جمع ۔

Flocci-nauco-nihili-pili-fication : (n) [f. L. flocci, anucil, nihili, pili] کسی چیز کو بیکار و فضول سمجھنا ؛ (کسی چیز کو) بےقیمت یا فضول سمجھنے کی عادت یا عمل ۔

The flocci-nauci-nihili-pili-fication of wealth : دولت کو بےقیمت سمجھنا ۔

Floccillation : (n) [f. L.'floccillus.'] ہذیانی حرکت ؛ حالت ہذیانی میں بستر وغیرہ کواس طرح ٹٹولنا، کھسوٹنا کہ گویا کسی موہوم چیز کی تلاش ہو ۔

Floccose : (n) [Late. L.'floccousus.'] (۱) بالوں کے گچھوں سے بنا ہوا یا ڈھکا ہوا ۔ (۲) (نباتیات) گچھے دار ؛ طرہ دار؛ کملیا ۔ (۳) اون جیسے بالوں کے گچھوں یا گچھے والا ۔

Floccular : (a) (تشریح) پشت دماغ کے تخت کا یا اُس سے متعلق ؛ (کیمیا) پشمیں ۔

Flocculate : (a) (حشریات) بال کے گھنگریالے گچھے والا ؛ گھنگریالے بالوں والا ۔

Flocculate : (v) گچھوں کی شکل میں جمع ہوجانا؛ بالوں کے گچھے کی طرح جمع ہوجانا ؛ لٹ بن جانا ؛ اون کا گچھوں کی طرح بنانا ۔

Flocculation : (n) بالوں کےگچھوں کی طرح ہوجانے کا عمل ؛ لٹ بن جانے کا عمل ؛ گالا سازی ؛ اون کے گچھوں کی طرح بناوٹ ۔

Floccule : (a) کسی مادہ کا تھوڑا سا حصہ اون کے گچھے کی طرح ۔

Floccule : (n) (کیمیا) گالا ؛ (حیوانیات) طرح ؛ لچھا ۔

Flocculence : (n) اون کے گچھوں کی سی حالت یا صورت ؛ لٹ بن جانے کی صورت یا حالت ۔

Flocculency : (n) Flocculence دیکھو

Flocculent/Flocculose/Flocculous : (a) (۱) اون کے گچھوں کی طرح ؛ کملیاں ؛ اون دار ؛ اون نما ؛ اون کے لچھوں یا گچھوں کے مانند ؛ گالے دار ؛ پشمین ۔ (۲) ہوا کے رطوبت کے ذرّات کا حامل (موسم) ؛ کہر آلود؛ ابر آلود؛ دھواں دھواں سا ۔ (۳) روئیں دار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ روئیں کا ؛ روئیں کا سا ۔

Flocculus : (n) (mod. L.] (۱) (تشریح) بھیجے کےایک پچھلے خانہ کی سطح کے اندر ایک چھوٹا گوشت کا لٹکتا ہوا ٹکڑا ؛ پشت دماغ کا بختہ ؛ بختۂ دماغ ۔ (۲) اون نما بالوں کا ایک چھوٹا گچھا یا لچھا ؛ اون کےلچھے کے مشابہ کسی لٹکتی ہوئی یا کسی سیّال سے نکال کر پھینکی ہوئی کسی چیز کی ایک قلیل مقدار؛ جو ڈھیلے طور پر یکجا بندھی ہوئی ہو ۔

Floccus : (n) [L.] (۱) اون کی طرح نرم بالوں یا ریشوں کا گچھا یا اون کے گچھوں سے مشابہ کوئی چیز ؛ پشم ۔ (۲) (نباتیات) اون سے بالوں کا گچھا یا لچھا ؛ نیز جمع میں دھاگا نما خلیے جو کھمبی یا سانپ کی چھتری کے فطروں (چھوٹے سفید ریشے) کی تشکیل کرتے ہیں ۔ (۳) (حیوانیات) دودھ پلانے والے جانوروں کی دُم کے سرے پر کےبالوں کا گچھا ۔ (٤) نوخیز یا نوعمر پرندوں کے سر کے بالوں کا گچھا ؛ کلغی : تاج ۔ (٥) جن چڑیوں کے پر و بال پوری طرح نشو و نما نہ پاسکتے ہوں اُن کے سینے اور پیٹ کے روئیں اور پر ۔ (٦) (حیوانیات) طرہ ٔ دُم ۔

Flock : (n) [OE.'flocc.'] (۱) آدمیوں کی بڑی جماعت ؛ گروہ ؛ جتھا ؛ دل ؛ انبو ؛ جھول ۔ (۲) ایک ہی قسم کے جانوروں کا کلّہ ؛ جُھنڈ یا دُل جو سب مل کر چر رہے ہوں یا چل رہے ہوں یا پرندوں کاجھرمٹ جو سب مل کر اڑ رہے ہوں ۔ (۳) خانگی جانوروں (عموماًبھیڑ بکری وغیرہ) کی ایک تعداد جو یکجا رہتی ہو ۔ (٤) جانوروں کا گلہ جھنڈ ۔ (٥) امت عیسوی؛ حضرت عیسیٰ کی قوم ؛ عیسائی ۔ (٦) مذہبی جماعت (خصوصاً ایک ہی پادری کے ماتحت) ۔ (۷) ایک ہی خاندان کے بچے والدین کے ساتھ ۔ (۸) طلبا کی جماعت ۔

The come in flocks : وہ جوق درجوق آتے ہیں ۔

Flock : (n) [Origin doubtful.] (۱) اون ؛ روئی ؛ سوت وغیرہ کالچھا، گچھا، لٹ یا گالا ۔ (۲) (جمع) گدے بستر یاتکیہ وغیرہ بھرنےیا بنانے کے لئے اون، روئی کی چھانٹ یا پھٹے کپڑوں کا گودڑ ۔ (۳) باریک پسا ہوا اون یا گودڑ جو پہلے کپڑوں کو موٹا کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا اور اب اُسی سے روئیں دار کاغذ بنایا جاتا ہے ؛ کیمیائی رسوب وغیرہ ۔ (٤) ہلکے نشتر اجزا جو تہ میں بیٹھ گئے ہوں ؛ اون کے گچھوں سےمشابہ ہلکے یا ڈھیلے لچھے یا گچھے ۔

Flock : (v) جمع ہونا ؛ جمع کرنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ بہت بڑی تعداد میں آنا جانا یا چلنا ؛ ایک غرض یا مقصد کےلئے یکجا ہونا ؛ سب لوگوں کا جتھا یا گروہ بنا کر جانا یا چلنا ؛ گروہ بنا کر پھرنا ؛ گھومنا ۔

Flock : (v) (۱) اون یاروئی کی چھانٹ یا کپڑے کی گودڑ کو گدوں ، تکیوں وغیرہ میں بھرنا ۔ (۲) کسی بھی باریک اون یا کپڑے کے گودڑے ڈھکنا یا تہ جمانا ۔

Flock about : (v) گروہ بنا کر پھرنا ؛ گھومنا ۔

Flock after : (v) گروہ بنا کر پیچھے جانا تعاقب کرنا ۔

Flock bed : (n) گدّا جس میں اون کی چھانٹ یا گودڑ بھرا ہوا ہو ۔

Flock-duck : (n) (امریکا) ایک قسم کی سمندری بط ۔

Flock in/-into : (v) کسی چیز یا جگہ میں یا کسی مقام پر جما ہونا ۔

Flock master : (n) بھیڑیں پالنے والا ۔

Flock paper : (n) مجتمع ہو کر باہر آنا ؛ جمعیت بنا کر نکلنا ۔

Flock paper : (n) دیوار پر لگانے کا کاغذ جس کےتمام طول و عرض میں بعض حصوں پر باریک روئیں یا پسے ہوئے گودڑے نقش ونگار بنانے گئے ہوں ؛ ابری ۔

Flock powder : (n) باریک پسی ہوئی اون یا گودڑ جو پہلے کپڑوں کو موٹا بنانے کےلئے استعمال ہوتی تھی اور اب سے روئیں دارکاغذ بنایا جاتاھے ۔

Flock to : (v) جمع ہوکر کسی جگہ جانا ۔

Flock together : (v) جمع ہونا ؛ یکجا ہونا ۔

Flocky : (a) (۱) اون یا روئی کی چھانٹ یا کپڑوں کی گودڑ جیسا ؛ کسی بھی اون یا روئی کے جیسا ۔ (۲) اون یاروئی کے گچھوں یا لچھوں کےمانند ۔ (۳) اون جیسےبالوں کےگچھوں والا ؛ گچھےدار ؛ کملیا ؛ طرہ دار ۔

Flogging : (n) سرزنش ؛ تادیب ؛ چابک زنی ؛ باد بان کا زور سے ہلنے یا پھٹپھٹانے کا عمل ؛ (کرکٹ میں کمزور گیند افگنی) سے فائدہ اٹھانا ؛ کوڑے مارنا ؛ سزا کے تازیانے دینا ۔

Flogging-chisel : (n) ایک لمبی چھینی جس سے قالب یا ڈھلے ہوئے ٹھنڈے لوھے کو چھیل کر چکنا کیا جاتا ھے ۔

Flogging-hammer : (n) چھوٹا ہتھوڑا یا گھن جس سے ٹھنڈے لوھے کو چھیلنے والی چھینی پر ضرب لگائی جاتی ھے ۔

Flon/Flone : (n) Flane (بمعنی تیر) کا متبادل (جو اب متروک ھے) ۔

Flong : (n) [L.] ٹائپ کرنے کا مخصوص طورپر تیار کردہ کاغذ ۔

Flood : (n) [OE. 'flod.'] (۱) (شاعری) دریا؛ چشمہ ؛ سمندر ؛ بحر ؛ آب رواں ۔ (۲) سیلاب ؛ طغیانی ؛ پانی کا خشکی پر چڑھ آنا ؛ زمین کو غرق کردینا (مثلاً طوفان نوح) ؛ سیلان (طب) سیلان رحم ۔ (۳) چڑھی ہوئی ندی ؛ شدید بارش ؛ موسلادھار بارش ؛ طوفانی بارش ۔ (٤) جوار کا خشکی پر چڑھ آنا ؛ مدّ ۔ (٥) (مجازاً) سیل اشک ؛ آنسوؤں کی طغیانی ؛ سیل آتش ؛ سیل نور ؛ بہتا ہوا لاوا ؛ آدمیوں کی ریل پیل ؛ بھیڑ ؛ جمگھٹا ؛ مجمع ۔

It was flooded with letterrs : بہت زیادہ تعداد میں خطوط آئے گویا خطوط کا سیلاب آ گیا ۔

The flood/ Miah's flood : طوفان نوح ۔

Flood : (v) (۱) غرقاب کردینا ؛ پانی سے بھر دینا؛ ڈبو دینا ؛ زیر آب کر دینا ۔ (۲) آب پاشی کرنا ؛ پانی دینا (آتش زدہ مکان پر) دریا کا چڑھ جانا ۔ (۳) بارش کی وجہ سے دریا میں پانی آجانا ؛ دریا کا چڑھ آنا ۔ (٤) کسی چیز کا بڑی مقدار میں آنا یا گرنا یا بہنا ۔ (٥) سیلان رحم ہونا ؛ رحم سے خون کا آنا ؛ سیلان رحم میں مبتلا ہونا ۔ (٦) طغیانی پر ہونا ؛ طوفان کی حالت میں ہونا ؛ سیلانی ہونا ؛ اُبل پڑنا ؛ برس پڑنا ؛ جذبات میں آنا ۔ (۷) پانی یا کسی اور سیال سے کم وبیش پورے طور پر بھر دینا (کسی نہر یا آب گذار میں) پانی کی سطح کو بلند کردینا تاکہ ٹیم پر آبشار کی اثر اندازی کو کم کیا جاسکے ۔ (۸) کاربوریٹر میں زیادہ روشنائی کا استعمال کرنا ۔

Flood-anchor : (n) جوارکی وجہ سے پانی چڑھ جانے پرجہاز کے لنگر انداز ہونے کی وجہ ۔

Flood and field : (n) خشکی و تری ؛ بحر و ساحل ۔

Flood current : (n) جوار کی موج ؛ موج آب ؛ موج سیل ؛ سیلاب کی لہر ۔

Flood fever : (n) (طب) طغیانی بخار ۔

Flood flanking : (n) (بائیڈرولک انجن) سخت اور مرطوب مٹی سے پتہ بنانے کا ایک انداز یا طریقہ ۔

Flood-gate/Floodgate : (n) آب گیرہ ؛ بند ؛ سیل گیر ؛ آب بند پھاٹک ؛ پانی کے بند کا دروازہ ؛ پانی کے روکنے اور نکالنے کا پھاٹک ؛ ایسا دروازہ یا پھاٹک جسے سیلابی پانی کو نکالنےیاروکنے کے لئے کھولا یا بند کیا جاسکے ۔

Flood-hatch : (n) سدّ سیل گیر ؛ بند کا دروازہ ؛ پانی روکنے یا نکالنےکا پھاٹک ؛ نہروں یا نالوں میں تیرتی

Flooding : (n) (۱) طغیانی ؛ سیلانی ؛ طوفانی ؛ غرقابی ۔
(۲) (مجازاً) سیری ؛ بھرا ہونے کی حالت ۔
(۳) سیل الرحم ؛ خون رفتگی ؛ سیلان رحم
خصوصاً حالت زچگی میں ؛ حالت نفاس ؛
نفاس کی حالت ۔

Flookan/Flooking : (n) [Origin unkn.] (کان کنی) مٹی سےبھرا
ایک چلیپائی یا ارضی شگاف نیز ایک قسم کا
مٹی نما مادہ جو اکثر سنگ مرمر کی دیوار
سے لگا ہوا ملتا ہے ۔

Floor : (n) [OE.'flor.'] (۱) فرش ؛ تہ زمین ؛ کمرہ کے نیچے
کی سطح ؛ اس کے مشابہ کوئی بھی سطح ؛
کمرے کے فرش کو سہارا دینے والا ؛ کڑیوں کا
ڈھانچہ ؛ کمرے کی اندرونی چھت ؛ سقف ؛
چھت گیری ۔ (۲) تختے وغیرہ جن سے فرش
بنایا جاتاہے ۔(۳) سمندر یا غار وغیرہ کی تہ
(گہرائی کی آخری حد) ۔ (٤) اراکین انجمن ؛
حاضرین مجلس ؛ دیوان عام (پارلیمنٹ) کی
عمارت کا وہ حصہ جس پر اراکین بیٹھتے ہیں
اور تقریر کرتے ہیں (مجازاً) بولنے یاتقریر
کرنے کا حق ؛ ایوان ۔ (٥) چندرہائشی کمروں
کا میل جو سب ملے ہونے اورایک ہی سطح یا
منزل پر ہوں ۔(٦) منزل ؛ درجہ ؛ مالا ؛
سطح ؛ رقبہ ۔ (۷) مصنوعی پلیٹ فارم یا
چبوترہ یا مسطح جگہ ۔ (۸) کاروباری مقاصد
یا کھلیان کےلئے فطری طور پر مسطح سر
زمین ؛ نیز زمین ؛ فرش زمین (بول چال) ۔
(۹) وہ پرت یا طبقہ جس پر کوئلہ وغیرہ کی
دھاری اچانک پڑجاتی ہے ۔ (۱۰) طبق ؛ تہ
پرت ؛ افقی طبق ؛ طبقہ ۔(۱۱) پشتہ بندی کے
کام میں استعمال ہونے والی پیمائش کی
اکائی (٤۰۰ مکعب فٹ) ۔ (۱۲)جہاز کی تلی ۔
(۱۳) (جمع میں) فرشی شہتیر جو فرش جہاز
کےتختوں کو جہازکےپیندے پرقائم رکھتی ہے ۔

Frist floor : مکان کی زیریں منزل سے اوپر کی
منزل ؛ پہلی منزل ۔

Gorund floor : مکان کی منزل زیریں ؛ نچلی
منزل ۔

To bring to the floor : زمین پر گرا دینا ؛ شکست
دینا ؛ مارکر گرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ عاجز
کر دینا ؛ مدرسہ میں کسی لڑکے کو فرش پر
بیٹھا دینا؛ (بطور سزا) کسی پر قابو پالینا ؛
سبقت لے جانا ۔

To serve as floor : (کسی چیز کا) فرش کے بجائے
کام دینا ۔

ہوئی جڑے ہوئے تختوں یا بانسوں کی ٹھاٹھ
جو سیلاب کی حالت میں اوپر آجاتی ہے ۔

Flood light : (n) مختلف سمتوں سے آئی ہوئی مصنوعی
روشنی جس سے سائے باقی نہیں رہتے ۔

Flood light : (v) مختلف سمتوں سے اس طرح مصنوعی
روشنی ڈالنا کہ سایہ ختم ہو جائے ۔

Flood lighting : (n) نور افگنی ۔

Flood light projecter : (n) نور افگن ۔

Flood lit : (a) (ہرطرف سے آنے والی مصنوعی روشنی سے)
روشن ۔

Flood loam : (n) وہ مٹی ریت وغیرہ جو سیلاب کےذریعہ آکر
جمع ہوگئی ہو ؛ دریا برآمد ۔

Flood mark : (n) نشان سیل ؛ پانی کے بلندی کا نشان ؛
باڑھ کا نشان ؛ نشان سیلاب ۔

Flood-meter/Floodmeter : (n) سیلاب پیما ؛ ایک آلہ جس سے
پانی کا اتار چڑھاؤ ناپا جاتا ہے ؛ مقیاس الماء ۔

Flood of rain : (n) سخت موسلا دھاربارش ؛ طوفانی بارش ۔

Flood of tears and words : آنسوؤں اور الفاظ کا سیلاب ؛
بارش کی طرح آنکھوں سے آنسوؤں کا بہنا اور
زبان سے الفاظ کا برسنا ۔

Flood-plain : (n) مسطح زمین جو سیلاب سے ڈوب جائے ؛
سیلابی رقبہ ؛ سیلابی میدان ؛ دشت سیلابی ؛
مسطح سر زمین جو اکثر سیلاب کی زد میں
رہتی ہو ۔

Flood-tide : (n) (۱) مد ؛ جوار ؛ خشکی کی طرف پانی کا
چڑھ آنا ؛ سیل ؛ طغیانی آب ۔ (۲) انتہائی
بلندی ؛ نقطۂ عروج ۔

Flood wood : (n) سیلاب میں بہہ کر آئی ہوئی لکڑی ۔

Floodable : (a) طغیانی کے لائق ؛ سیلاب کے لائق ؛ سیلاب
آور ۔

Floodage : (n) سیلابی حالت ۔

Flooder : (n) غرقاب کرنے والا ؛ ڈبونے والا ؛ زیر آب کرنے
کرنے والا ؛ سیلابی (بارش) ۔

To take the floor : کسی مجلس یا میٹنگ کو خطاب کرنے کے لئے اُٹھ کھڑا ہونا ؛ کسی مباحثے میں حصہ لینا ؛رقص میں حصہ لینا (خاص کر امریکا)۔

Floor : (n) (اسکاتستانی) Flower (بمعنی پھول) کا متبادل ۔

Floor : (n) اسکاتستانی Flour (بمعنی آٹا) کا متبادل ۔

Floor : (v) (۱) فرش لگانا ؛ بچھانا جمانا ؛ بنانا ۔(۲) فرش یا زمین پر لے آنا ؛ فرش پردے مارنا؛ پٹک دینا؛ مار کر فرش پر گرا دینا ۔ (۳) (مجازاً) (روزمرہ) حیرت میں ڈال دینا؛ ہوش گم کر دینا؛ دم بخود کر دینا ؛ مبہوت کر دینا ؛ بکّابکّا کر دینا ؛ خاموش کر دینا ۔ (٤) غالب آجانا ؛ زیر کر دینا ؛ شکست دے دینا (خواہ کسی بھی طور پر) ۔ (٥) پورا کرا دینا ؛ مکمل کر دینا ؛ تمام کر دینا ؛ ختم کردینا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ پوری طرح کر ڈالنا ۔ (٦) گرجانا؛ شکست کھاجانا؛ مغلوب ہوجانا ؛ فرش پر اُربنا ۔(۷) (کسی چیز پر) فرش کی حیثیت سے رکھنا یا جمانا ۔

To floor the paper : امتحان کے پرچے کے تمام سوالات کا جواب دے دینا ۔

Floor-arch : (n) وہ محراب جس کا بالائی یا بیرونی خم چپٹا بنا ہوا ہو ۔

Floor area/Floor-cloth/Floor cloth : (n) (۱) کپڑے کا فرش جو قالین کے بجائے بچھایا جاتا ہے ؛ روغنی کرمچ یا موم جامہ جس کا فرش بنتا ہے ؛ روغنی کپڑا ؛ منقش موٹا کپڑا ؛ سینو سٹوم ۔(۲) وہ کپڑا جس سے فرش دھویا جاتا ہے ۔

Floor frame : (n) (۱) جہاز یا کشتی کس فرش کا ڈھانچہ ۔ (۲) (امریکا)ریل کے ڈبے کے فرش کے نیچے کا بڑا ڈھانچہ یا چیسیس ۔

Floor girl : (n) دکان میں چھوٹے موٹے کام کرنے والی لڑکی یا عورت ۔

Floor head : (n) (۱) جہاز کے فرش کے ڈھانچے کے شہتیروں میں سے کسی ایک کا اوپری سرا ۔(۲) جہاز کا تیسرا قطر جہاں فرش کی لمبائی ختم ہوتی ہے ۔

Floor hollow : (n) جہاز کے پیندے کے بعد اندر کی طرف مُڑا ہوا وہ خم جہاں فرش ختم ہوتا ہے اور جہاں تک کھوکھلے فرش کا ڈھانچہ بنا ہوتا ہے ۔

Floor key : (n) ایسی کنجی جو تالے کے صرف ایک حصے کو کھولے ۔

Floor lamp : (n) وہ لیمپ جو کسی دھات کے ایسے ستون پر لگا ہو جو فرش پر قائم ہو ؛ ایک لانبا فانوس دارفرشی لیمپ ۔

Floor light : (n) فرش پر شیشے کے رنگ برنگ کے شطرنجی خانوں والا چوکھٹا ۔

Floor plan : (n) (۱) (جہاز سازی) ایک لمبی تراش جس پر خط آب اور لکڑی کی پٹیاں ہوتی ہیں ۔ (۲) (عمارت) افقی تراش جو مکان کے اصلی فرش کی دیواروں کی چوڑائی نیز وہ دو کمروں کے بیچ کی دیواروں ، غلام گردشوں، کمروں اور دروازوں کو ظاہر کرتی ہے ۔

Floor manager : (n) (امریکا)بڑی بڑی دکانوں میں ایک شخص ہوتا ہے جو خریداروں کو دکان کے مختلف شعبوں میں لے جاتا ہے ۔

Floor pocket : (n) تھیٹریکل اسٹیج پردھات کاایک بکس جس میں ایک یا ایک سے زیادہ برقی نکاس ہوں ۔

Floor riband : (n) جہاز کے فرش کو سہارا دینےوالےشہتیروں کے اوپری سروں سے ذرا نیچے لگی ہوئی لکڑی کی پٹیاں ۔

Floor sample : (n) استعمال شدہ چیز جو کم دام پر فروخت کے لئے رکھی جائے ۔

Floor tile : (n) (تعمیرات) فرشی چوکا ۔

Floor timber (s) : (n) جہازکی کڑیوں یا شہتیروں کےوہ حصے جو پیندے کے فوراً بعد ہوتے ہیں ۔

Floor walker : (n) دیکھو Floor manager

Floor woman : (n) کارخانوں میں کام کرنے والی عورتوں کی نگراں خاتون ۔

Floorer : (n) (۱) گرادینے والا ؛ ختم کردینے والا گھونسا، ضرب ؛ آخری چوٹ جو فریق (مدمقابل) کو کرادے یا بھگادے ؛ فرش تھما دینے والی ضرب ۔ (۲) بدحواس کردینے والی چیز ۔ (۳) لاجواب کردینے والا سوال یا جواب یا دلیل ۔ (٤) ایسا سوال یاپرچہ امتحان جس کا جواب دینا مشکل ہو (یونیورسیٹی عامیانہ) ۔(٥) بُری خبر ۔

Flooring : (n) (۱) فرش سازی ؛ فرش بندی ؛ مار کر فرش پرگرادینے کاعمل ؛ حیرت زدہ یا ساکت کردینے کاعمل ۔ (۲) تختے یا پتھر کے ٹکڑے وغیرہ جن سے فرش کی سطح پختہ کی جاتی ہے ۔ (۳) فرش زمین ۔ (٤) (شعیرہ سازی) اناج کو شعیر ے کی سطح پرپھیلانے اوراس میں کیمیائی اجزا ملانے کا عمل ۔

Flooring-clamp : (n) فرش کے تختوں کے جوڑوں کے بند کرنے کا ایک سامان یا بند کرنے والی چیز ۔

Flooring saw : (n) دو طرفی دندانہ دار رستی آری ۔

Floorless : (a) بغیر فرش کا ۔

Floosie/Floosy/Floozie/Floozy : (n) [Origin unkn.] بد چلن ؛ دل کش ، دل فریب کم سن عورت ؛ نوجوان سبک سر لڑکی ؛ جوان بوالہوس لڑکی ۔

Flop : (n) [See the vb.] (۱) (روز مرہ بول چال) پھڑ پھڑاہٹ ؛ بھد بھد (آواز) ؛ چھپاکا ؛ بھدے یا دھم سے گرنے کی آواز ؛ بھدر کا گداکا ۔ (۲) کسی نرم جسم کے گرنے کی بھاری اور بلند آواز ؛ بھدی یابے ڈھنگی حرکت ؛ بے ڈھنگی حرکت سے جو آواز پیدا ہو ۔ (۳) کسی چپٹی چیز کے پانی پر گرنے کی آواز ۔

Flop : (v) (۱) پھڑ پھڑانا؛ جھومنا؛ بھدی چال سے چلناپھرنا ۔ (۲) بے ڈھنگے پن سے بیٹھنا ؛ گھٹنوں کے بل بیٹھنا ؛لیٹنا ۔ (۳) (کسی چیز کو) لاپرواہی یا بے ڈھنگے پن سے پھینکنا یا اس طرح پھینکنا کہ بہت آواز ہو ۔ (٤) بھاری قدموں سے چلنا ؛ دھب دھب یا بھد بھد کی آواز پیدا کرتے ہوئے چلنا ۔ (٥) (پروں کو) بھاری آواز سے اوپر نیچے حرکت دینا ؛ پھد پھدانا ؛ بھدبھدانا ؛ گد گدانا ۔

Flop : (adv & interj.) (۱) (روز مرّہ) بے ڈھنگے پن سے ؛ بےڈھنگے طور سےبھاری اور بلند آواز سے ؛ دھم سے ؛ دھڑام سے ۔ (۲) درستگی سے ؛ مستقیماً ؛ ٹھیک طور سے ۔

Floppy : (n) (۱) (روزمرہ) بھدا؛ بے ڈھب؛ بھونڈا ؛ بے ڈھنگا ؛ سست ؛ کند ؛ نرم ؛ لچک دار ۔ (۲) (طرز) بھدا ؛ صحیح ؛ بے پروائی کا ؛ بےقابو ۔

Flora : (n) [L.'Flora,' the goddess of flowers.] (۱) لاطینی مذہبیات میں پھولوں کی دیوی ؛ پھول پیدا کرنےوالی قدرتی طاقت کی تجسیم یا مجسمہ ۔ (۲) کسی خاص مقام ، علاقے ، یا زمانے کے نباتات کی تفصیلی فہرست ؛ نباتات نامہ ۔

(۳) کسی علاقے یا عہد کے پودے ، نباتات یا نباتاتی زندگی ؛ (نباتیات) نباتیہ ۔

Flora and fauna : نباتیہ و حیوانیہ ۔

Floral : (a) [L.'floralis.'] (۱) (تاریخ) پھولوں کی دیوی فلورا کے احترام یا اعزاز میں یا اس سے متعلق ۔ (۲) نباتات نامے سےمتعلق ؛ پھولوں یا پودوں کے متعلق یا ان کا ۔ (٤) پھولوں کے مشابہ ؛ پھولوں سےبنا ہوا یا پھولوں پر مبنی ؛ گلدار ۔ (٥) (نباتیات) زہری نباتی ۔

Floral : (n) (۱) پھولدار ڈیزائن ۔ (۲) پھولدار ڈیزائن والی کوئی چیز (کپڑا وغیرہ) ۔

Floral design : (n) گل کاری کا نمونہ ۔

Floral emblem : (n) پودا یا پھول جو کسی جماعت، تنظیم یا حکومت (مثلاً کسی کلب ، اس کول یا ریاست) کا علامتی نشان سمجھا جاتا ہو ۔

Floral envelope : (n) پھول غلاف ؛ مسند گل یا کاسٹر یا دونوں ؛ (نباتیات) پھول کٹوری ۔

Floral leaf : (n) (۱) وہ پتّی جو پھول کے ساتھ اور اس کے قریب ہوتی ہے ، تنہا نہیں نکلتی ؛ پھول پتیاں ؛ مسند گل کا ایک جزو یا پنکھڑی جس سےپھول غلاف کی تشکیل ہوتی ہے ۔ (۲) ورقہ ؛ فلس؛ (نباتیات) پنکھڑی ؛ پتی ؛ پرگیرہ ۔

Floral organ : (n) پھول دار تمغہ ۔

Floral medallion : (n) اعضائے گل (مسند ، کاسر، بقچہء نر اور بقچہء مادہ) کی تشکیل کرنے والی پتیوں یا پنکھڑیوں میں سے ایک ۔

Floral rosette : (n) گل نما؛ گل اوراق ۔

Floral shows : (n) قدیم یونانی تیوہار یا جشن جو ۲۸/ اپریل کو فلورا کے اعزاز میں منایا جاتا تھا اور جس میں بیسواؤں کا برہنہ رقص ہو تاتھا ۔

Floral spray : (n) پھول چھڑی ۔

Floral water : (n) عرق گل ؛ عرق گلاب ؛ عطر گلاب ؛ مقطر کیا ہوا پھولوں کا عرق جو خوشبو یا لوشن کےطور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Floral zone : (n) زمین کاوہ خطہ یا علاقہ جہاں کی نباتیاتی زندگی دوسرے خطوں یا علاقوں سے مختلف

ہو ؛ نباتیاتی خطہ ؛ زمین کا وہ طبقہ جس میں نباتات کے نشو ونما کی مخصوص قابلیت ہو ۔

Floralia : (n) pl. (L.) دیکھو Floral shows

Florally : (adv.) پھول جیسے انداز میں ؛ کھلتاھوا ؛ مسکراتا ہوا ؛ نکہت و نزاکت ؛ مسرت وشادمانی سے ۔

Florate : (supp. & a.) لاحقہ بمعنی پھولدار ؛ پھول والا ۔

Biflorate : (a) دو پھولوں والا ۔

Floreal (n) [F.'Floreal.] جمہوریہء فرانس کے کلینڈر میں سال کا آٹھواں مہینہ جو ۲۰/اپریل سے ۱۹/ مئی تک محیط ہوتا ۔

Florence : (n) [F.'florence.'the chief of Tuscany.] (۱)) بُنا ہوا کپڑا ۔(۲) تاریخ) اونی کپڑا ۔(۳) ریشمی کپڑا ۔

Florence : (a) (۱) شہر فلورنس ۔(۲) (اٹلی) کا ؛ فلورنس میں رائج طرز یا قسم کا ۔(۲) نشاۃ الثانیہ کے دوران فلورنس میں ایجاد شدہ کشیدہ کاری یا نقاشی کی طرز میں یا اس جیسا ۔

Florence flask : (n) لمبی اور تنگ گردن والی اطالوی بوتل شکل پیازنما گول ہوتی ہے اور جسے حفاظت کےلئے بنی ہوئی گھاس یا بید وغیرہ سے مڑھ دیا جاتا ہے اور جس میں اٹلی سے روغن زیتون اورشراب وغیرہ برآمد کی جاتی ہے ۔

Florence oil : (n) روغن زیتون کی بہتر قسم ؛ اچھی قسم کا روغن زیتون ۔

Florentine : (n) [L.'Florentinus.'] (۱) شہرفلارنس کےباشندے ۔(۲) ایک قسم کا بنا ہواریشم ۔(۳) پائی؛ ٹارٹ ؛ ایک قسم کا انگریزی کھانا جس میں اوپر آٹے کی پپڑی ہوتی ہے اوراندرگوشت؛ پھل وغیرہ بھرے ہوتے ہیں ؛ سموسہ ؛ خصوصاً جس میں گوشت بھرا گیا ہو ؛ میٹ پائی ۔ (٤) اطالوی زبان کی فلورنطینی بولی ؛ فلورنطینی ۔

Florentine : (a) فلورنس کا یااس سے متعلق ۔

Florentine glass : (n) گل کاری کیاھوا شیشہ جسے نرم حالت میں دباؤ دےکربوٹےداریا پھولداربنایاگیاھو ۔

Florentine iris : (n) سفید یا زردی مائل نیلا پھول ؛ سوسن کی ایک قسم ؛ لمبے سفید پھولوں والا یوروپی سوسن ۔

Florentine mosaic : (n) ایک قسم کی پچی کاری جو سنگ مرمر یا ایسے ہی دو سرے پتھروں پر قیمتی پتھروں کو جڑکر بنائی جاتی ہے؛ فلورنطینی موزیک ۔

Flores : (n) [sp.pl.of 'flor.'] بہترین قسم کا نیلا رنگ ۔

Florescence : (n) [See. pl. of 'flor.'] ہنگام گل ؛ فصل گل ؛ پھولوں کے پھولنے کی حالت یا فصل ؛ فصل بہار؛ فصل شگوفہ آوری ؛ کِھل کر پھول ہو جانے کاعمل ؛ پھول کِھلنے کاعمل ؛ شگفتگی ؛ کِھلاوٹ ؛ پھول ؛ بہت سارے پھول ۔

Florescent : (a) [L.'florescentem.'] (۱) کھلتا ہوا ؛ شگفتہ ہوتا ہوا ؛ مائل بہ شگفتگی ؛ ایسا کہ کِھلنے ہی والا ہو ۔ (۲) کسی مخصوص سماج کی انتہائی ترقی کی منزل کو ظاہر کرنےوالا (زمانہ یا تہذیبی سطح) ۔

Floret : (n) [F.'floeurette.'] (۱) (نباتیات) گلچہ؛ ان چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے ایک جو سب مل کر ایک بڑاپھول بنتےہیں ؛ گل کوچک ۔(۲) آرائشی پھول جو عمارتوں، ستونوں اورسکّوں وغیرہ پربنائے جاتے ہیں ۔ (۳) کچے ریشم سے بنایا ہوا دھاگا ۔

Floreted : (a) چھوٹے چھوٹے پھولوں سے آراستہ کیا ہوا ۔

Florets of the disk : پھول کا قرصی حصہ ؛ مرکب یابڑے پھول کے سرے پرکا مرکزی حصہ (وسطی حصہ) ۔

Florets of the ray : کرن پھول کے گلچے جو گھیرے یا محیط پر ہوتے ہیں (پھول کا محیط یا گھیرا) ۔

Flori- : (comb.] جزو ترکیبی بمعنی پھول یا بہت سے پھول ؛ پھول یا پھولوں سے مشابہ کوئی چیز ۔

Floriate : (v) پھول پتیوں کی شکلیں بنا کر آرائش کرنا ؛ پھول پتیوں سے سجانا ۔

Floriate : (a) پھولدار آرائشوں سے مزین ؛ پھولوں سے آراستہ ؛ پھولدار آرائشوں و الا ؛ پھولوں کی شکل کا ؛ مثل گل ؛ گل مانند ۔

Floriated/Floreated : (a) دیکھو Floriate

Florican : (n) (حیوانیات) زنگبال ۔

Floricultural : (n) پھولوں کی کاشت یا پرورش سے متعلق ؛ پھول دارپودوں کی کاشت کایا اس سے متعلق ۔

Floriculture : (n) پھولوں کی کاشت یا پرورش ؛ پھولدار پودوں کی کاشت ؛ گل کاری ؛ گل پروری ؛ پرورش گل ۔

Floriculturist : (n) پھولوں کی کاشت اور پرورش کرنے والا؛ گل کار ؛ گل پرور ؛ مالی ؛ پھولوں کی کاشت اور پرورش کا ماہر ۔

Florid : (a) [L.'floridus.'] (۱) نہایت سجا ہوا اور آراستہ ؛ انتہائی مزّین ؛ بہت زیادہ اور بڑی محنت سے آراستہ کیا ہوا ؛ بہ افراط پھولوں سے آراستہ کیا ہوا ۔(۲) بہت مزین (علمی یا صناعی مذاق میں یا موسیقی کے کسی خاص طرز میں) ۔ (۳) بھڑک دار ؛ چمکیلا؛ پھڑکیلا ؛ سرخ ؛ لال ؛ دمکتا ہوا ؛ بہت رنگین ۔ (٤) (چہرہ) گلابی ؛ دمکتا ہوا؛ سرخ گلنار ؛ گلرنگ ۔(٥) کھلا ہوا ؛ پُر بہار ؛ انتہائی تندرست ؛ شاداب (شاذ) ۔

Florida : (n) ['Florida., state in the south eastern U.S.] ریاست ہائے متحدہ امریکاکی ایک ریاست جو امریکا کے انتہائی جنوب مشرق میں واقع ہے ۔

Florida : (a) ریات فلورڈا کا ؛ فلورڈا میں رائج طرز یا قسم کا ۔

Florida water : (n) ایک قسم کا خوشبودار پانی (عطر) جو امریکا میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے ۔

Florida wood : (n) ایک قسم کی لکڑی جو پچہ کاری کے کام آتی ہے ۔

Florideous : (a)[l.mod.L.florideae.] ایک قسم کی سمندئی کائی Florideae کی جنس سے متعلق یا اُس جنس کی خصوصیت کا حامل ۔

Floridity : بھڑک ؛ بھڑکیلا پن ؛ چمک ؛ دمک ؛ آراستگی ؛ زیبائش ؛ رنگنی ؛ گلرنگی ؛ زیب وزینت ؛ سرخی ؛ شادابی ۔

Floridly : (adv.) چمک دمک کے ساتھ ؛ انتہائی آراستہ ہوکر؛ زیب و زینت کے ساتھ ؛ بھڑک دار طورپر ؛ گلرنگ ہوکر ۔

Floridness : (n) بھڑکیلاپن ؛ چمک دمک ؛ آراستگی ؛ زیب و زینت ؛ رنگنی ؛ گلناری ۔

Floriferous : (a) بہت پھول دار ؛ بہت پھول پیدا کرنے والے (بیج یا پودے) ؛ گل خیز ؛ گل بردار ۔

Florification : (n) شگفتہ ہونے یا پھول پیدا کرنے کا عمل ؛ گل خیزی ؛ گل آوری ؛ تز ہیر ۔

Florikan/-ken/-can/-kin/- : (n) (Origin unkn.] چھوٹے تغدار کی دو قسموں میں سے ایک ۔

Florilegium : (n)[mid. L.f. florilegus.] (۱) گلدستہ ؛ مجموعہء گل ؛انتخاب گل ۔(۲) (اصلاحاً)مجموعہء اشعار؛ بیاض اشعار ؛ کلام ؛ منتخب ؛ نظموں یا ضرب الامثال کا منتخب مجموعہ ؛ گلدستہ ؛ سفینہ ۔

Florin : (n) [L.floren,flos.] (۱) سونے یا چاندی کا ایک سکہ جو مختلف ممالک اورمختلف اوقات میں رائج رہا ہے ۔ (۲) انگلستان میں ایڈورڈ سوم کے زمانےمیں رائج تھا اس وقت اس کی قیمت ٦ شلنگ ٨ پینس تھی ۔ (۳) اب انگلستان میں اس کا نام کا ایک سکہ رائج ہے جس کی قیمت ۲ شلنگ ہے ۔(٤) چاندی کا ایک انگریزی سکہ جس کی قیمت دو شلنگ ہوتی ہے اور جو پہلی دفعہ ١٨٤٩ء میں ڈھالا گیا ۔(٥) سونے کے ایک سکہ کا انگریزی نام جس کا وزن تقریباً ٥٤ گرام تھا اور جو پہلی مرتبہ فلورنس سے ١٣٥٢ء میں جاری کیا گیا تھا ۔

Florist : (n) گل فروش ؛ وہ شخص جو پھول بیچتا ہو، پیدا کرتا ہو یا پھولوں کے علم سے واقف ہو ؛ پھولوں کی کاشت کرنےوالا ؛ پھول دار پودوں کے علم میں مہارت رکھنے والا ؛ (نباتیات) گل کار ؛ گل پرور ۔

Floristic composition : (n) (نباتیات) نباتی ترکیب ۔

Floristics : (n) (نباتیات) زہریات؛ علم گُلاں ؛ پھولوں کاعلم ۔

Floroun : Fleunon کا متبادل ۔

Floruit : (n) [L.'florere.'] (تاریخ) جب کسی شخص کی ولادت و وفات کاصحیح وقت یا زمانہ معلوم نہ ہوتو ایسی صورت میں وہ زمانہ جب وہ زندہ تھا ۔ وہ مدت جس کے دوران کوئی شخص پھلتا پھولتا، ترقی کرتا یا شہرت حاصل کرتا ہے ۔

Florula : (n) [as if dim. of L.flora.] (۱) کسی خطے یا عہد کے نباتات یا نباتی زندگی کی چھوٹی فہرست ۔ (۲) پودوں سےمتعلق معلومات یا تفصیلات کا ایک چھوٹا انتخاب ۔

Florulent : (a) [L.florulentus.] پھولوں سے بھرا ہوا ؛ پھول دار ؛ جہاں بکثرت پھول ہوں ۔

Flory : دیکھو Fleury

Flos-ferri : (n) [L.] (معدنیات) آرگنائٹ کی مرجان نما قسم جو اکثر خام لوھے کے ساتھ ملتی ھے ؛ گل آہن ۔

Floscular/Flosculous : (a) [f.L. flosculus +ps.] (ایسا) پھول جس میں بہت سے چھوٹے چھوٹے Floets شامل ھوں ؛ ننھے ننھے پھولوں سے مل کر بنا ھوا ۔

Flosculose : (a) (نباتیات) ننھے پھولوں سے مل کر بنا ھوا (پھول) ؛ نلکی کی شکل کا ؛ نلکی نما (گلچہ) ۔

Flosculous/Flosculose : (a) [f.L.flosculus.] دیکھو Flosculose

Flosh : (n) (فلزیات) مانی کی شکل کا بکس جس میں کُوتے یا پیسے جانے کےلئے خام دھات ڈالی جاتی ھے ۔

Floss : (n) [Origin unkn.] (۱) کچا ریشم جو ریشم کے کیڑے کے کوے کی گرد لپٹا ھوتا ھے ؛ مکئی یا دوسرے پودوں کا سن ؛ ریشم خام ۔(۲) کوے سے الگ کیا ھوا کچا ریشہ ؛ کشیدہ کاری میں استعمال ھونے والے بغیر بٹے ھونے باریک ریشمی تار ۔ (۳) ریشمی سطح ؛ روئیں دار سطح ؛ چکنی سطح ؛ نرم و ملائم ؛ نیز نرم رواں یا بال ؛ مُسیں ؛ گالوں ؛ اونٹوں پر چھوٹے اور نرم بال ؛ سبزہء رخسار ۔(٤) توصیفی معنوں میں مثلاً Floss thread وغیرہ ۔ (٥) دھات کا میل ۔

Floss : (n) [Origin unkn.] چشمہء جونبار ۔

Floss : (n) [Ger.floss.] (۱) (فلزیات) متورق بنانے والی بھٹی لوھے کے اوپر بہتا یا تیرتا ھوا سیّال شیشہ ۔ (۲) ڈھلا ھوا سفید لوھا جو فولاد بنانے کے کام آتا ھے ۔

Floss flower : (n) گل ابری ۔

Flosss hole : (n) (۱) متورق یا لوح دار بنانے والی کے پیچھے بنا ھوا سوراخ جس سے پگھلے ھوئے لوھے کا میل نکلتا ھے ۔(۲) دھات کو پگھلانے والی بھٹی کا ٹونٹی نما یا ڈاٹ دار سوراخ ۔

Floss-silk/Flex-flosh. : (n) (۱) کوے سےنکالا ھوا کچاریشم ۔ (۲) کشیدہ کاری میں استعمال ھونےوالا ریشم کا بغیر بٹا ھوا تار یا ریشہ ۔(۳) وہ ریشم جو کم قیمت کپڑے کے تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

Flossa : (n) [s.w. short for flossa mata.] اسکینڈی نیویا کا ہاتھ سے بنا ھوا قالین ۔

Flossy : (a) کچے ریشم کا بنا ھوا ؛ کچے ریشم کی طرح ؛ ریشمی ؛ ریشم نما ؛ طرحدار؛ نمائشی ؛ زرق برق ۔

Flota : (n) [sp.] ہسپانی بحری بیڑے کا نام جو امریکا اور ویسٹ انڈیز کی بنی چیزوں کو ہسپانیہ لایا کرتا تھا ۔

Flotage/Flotation : (۱) (طبیعیات) علم اجسام شناور ۔ (۲) شنا ؛ تیراؤ ۔

Flotant : (a) [F.f. flotter.] (نقابت) نقابت کی ایک اصطلاح جس کا اطلاق ہر اُس چیز پر ھوتا ھے جو ھوا میں معلق یا اُڑتی یا تیرتی ھوئی ھو ۔

Flotation : (n) دیکھو Flotage

Flotilla : (n) [sp. dim. of flata.] چھوٹا بحری بیڑا ؛ کشتیوں یا چھوٹی کشتیوں کا بیڑا ۔

Flotsam : (n) [mod.F. flottains.] (۱) (قانون) تباہ یا غرق شدہ جہاز کے ٹکڑے اور مال و اسباب جو پانی پر تیرتا ھوا پایا جاتاھے؛ نیزمجازاً ۔(۲) کشتورا مچھلی یا سیپ کے کیڑے کے انڈے بچے (حیوانیات) آب آوردہ ؛ شناور مال ۔

Flounce : (n) [f. Flounce.] جسم یا کسی عضو کا جھٹکا ؛ دھچکا ؛ اچانک حرکت یا جھٹکا ؛ لپک ؛ جھپٹ ؛ جھٹکے دار حرکت ؛ اکثر بے صبری یا نفرت کو ظاہر کرنے والی حرکت ؛ جنبش یا جھٹک ۔

Flounce : (n) [Later ferm of Frounce.] (۱) کپڑے کاوہ ٹکڑاجو چُنٹ ڈال کرلہنگےیا دامن میں لباس کے کناروں پر جھالر کی طرح لگایا جاتا ھے ۔ (۲) جھالر ؛ چین ؛ سنجاف ۔(۳) (ملٹری) پستول کے خول کو بند کرنے والا چمڑے کا ڈھکن ۔

Flounce : (v) [Origin unkn.] (۱) ہاتھ پاؤں مارتے ھوئے ؛ جھٹکے دیتے ھوئے جانا ۔(۲) پھڑ پھڑا نا؛ دوڑنا؛ گھس پڑنا ؛ اپنے جسم کو پٹخیاں دینا ۔(۳) بے ترتیب اور جھٹکے دار حرکتیں کرنا ؛ جسم یا ہاتھ پاؤں سے اضطرابی حرکت کرنا ۔(٤) کود پڑنا ؛ ٹھوکریں کھاکھا کر یا گرتے پڑتے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا؛ جدوجہد کرنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ سخت کوشش کرنا ؛ سعیِ بلیغ کرنا ؛ بڑی دقت یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا

یا گذرنا (عموماً سانڈ، گھوڑے یا آبی جانوروں کے لئے مستعمل ھے)۔

Flounce : (v) [Altered f. Frounce. v.] جھالر لگانا ؛ ٹانکنا ؛ جھالر یا جھالروں سے آراستہ کرنا ؛ مزین کرنا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ۔

Flouncing : (n) (۱) جھالرلگانےیا ٹانکنے کا عمل ؛ جھالروں سے آراستہ کرنے کا عمل ۔(۲) جھالر ؛ نیز وہ کپڑا یا چیز جس سے جھالر بنائی گئی ہو ۔

Flounder : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک چھوٹی چپٹی مچھلی ۔ (۲) (بول چال) لوھے کی مثلث نما چوڑی پلیٹوں میں سے ایک جو لنگر کے دونوں جانب ھوتی ہیں ؛ اس سے مشابہ کوئی چیز ؛ خصوصاً (امریکا)مچھلیوں‌کو مارنےوالے نیزے یا برچھے کاپھل (جمع) وہیل مچھلی کی مثلث نما لمبی دُم کی تشکیل کرنے والے دو حصے ۔(۳) (جوتا سازی) ایک اوزار جو جوتے کی نوک بنانے کی غرض سے چمڑے کو سانچے یا فرمے پر پھیلانے کے لئے استعمال ھوتاھے۔ (٤)تخم کدو ۔

Flounder : (n) [I.nest.] غلطی ؛ ٹھوکر ؛ لڑکھڑا ہٹ ؛ لغزش ؛ اشتباہ ؛ بے تکاپن ؛ اناڑی پن ۔

Flounder : (v) [Origin unkn.] (۱) بڑبڑنا ؛ لوٹنا ؛ دھنسنا ؛ گھُسنا (مٹی ، کیچڑ وغیرہ میں) ۔(۲) غلطیاں کرنا؛ کاروبار کا بری طرح یا مشکل سے انتظام کرسکنا ۔ (۳) ٹھوکریں کھا کھا کر ، گرگرا کر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ؛ غلطی کرنا ۔ (٤) شدت سے اوربری طرح ہاتھ پاؤں مارنا ؛ اناڑی پن سے اور پرتشدد طور پر کوشش کرنا ۔(٥) دلدل یا کیچڑ میں دھسنا ، لت پت ھونا اورہاتھ پاؤں مارنا نیز مجازاً ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ بے تکے پن سے کام کرنا ؛ لشتم پشتم کام چلانا ۔

Flour : (n) [A specific use of Flower.] (۱) آٹے کا وہ حصہ جو چھاننے کے بعد نکلتا ھے ؛ باریک آٹا ؛ میدہ ؛ گیہوں کا آٹا؛ بہترین قسم کا آٹا یا میدہ گیہوں یا دوسرےاناج کا بہترین حصہ جسے چھان پھٹک کر الگ کرلیا گیا ھو ؛ (جدید معنوں میں) ؛ گیہوں کا آٹا یا میدہ بخلاف دوسرے غلّوں کے؛ آرد گندم ۔(۲) کسی بھی چیز کا بہترین اور باریک سفوف یا پاؤڈر ۔ (۳) توصیفی معنوں میں مثلاً آٹا مل وغیرہ ۔ (٤) کسی بھی چیز کا بہترین جزو ۔

Flour : (v) [f. prec. n.] (۱) کسی چیز پر آٹا چھڑکنا (بُرکانا ؛ برکنا) جیسے گوشت پر ؛ (امریکا) پیس کر آٹابنانا ۔(۲) پارے کا بیکار ذرّات میں ٹوٹ کر بکھر جانا یا ریزہ ریزہ ھو جانا جن پر سلفائڈ کی تہ جمی ھوتی ھو اور جو دوسری دھاتوں کے ساتھ ملائے جانے کے لائق نہ ھوں ۔

Flour beettle : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کی خوراک آٹا ھے اور جو آٹے میں پیدا ھوتا ھے ۔

Flour bolt/-bolter : (n) آٹا چھاننے کی چھلنی؛ چھلنی ؛ آنگی ۔

Flour copper : (n) ندی میں بہہ کرآیا ھواچھے قسم کا تانبا ۔

Flour dresser : (n) آٹے کو برابر کرنے والا بیلن ۔

Flour emery : (n) دھاتوں اور پتھروں کو جلا دینے یا چمکانے والا سفوف ۔

Flour gold : (n) چشمے یا ندی کے ساتھ بہہ کر آیا ھوا اچھے قسم کا سونا ؛ دریا سے بر آمد سونا ۔

Flour mite : (n) آٹے میں پائے جانے والے مختلف قسم کے کیڑوں میں سے ایک ۔

Flour moth : (n) ایک قسم کا پتنگا جس کی خوراک آٹا ھے ؛ آٹا خور کیڑا ۔

Floured : (a) (۱) آٹا چھڑ کا ھوا ؛ پاؤڈر چھڑکا ھوا ۔ (۲) ٹوٹ کر بیکار ریزوں میں بکھرا ھوا (پارہ) ۔

Flourish : (n) [f.next. v.] (۱) آسودگی ؛ خوش حالی ؛ قوت عمل ۔(۲) کتابت میں حروف و الفاظ (کے گرد) کے دائرے جو اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ خوب صورت معلوم ھوں ۔(۳) فصیح وبلیغ آرائشی الفاظ ؛ خوش آئند طرز بیان، ادبی یا عروضی ؛ مرصع کاری ۔ (٤) پینترے بدلنا؛ پینترا بازی ؛ (ہتھیارلے کر) ہتھیاروں کے کرتب دکھانا ؛ کرتب بازی ۔ (٥) (موسیقی) سنکھ یا قرنا کی آواز جو کسی کے استقبال کرنے کےلئے بجائے جائیں ؛ فی البدیہہ سُر یا الاپ ۔ (٦) خوش نما الفاظ یا فقرے ۔(۷) پھل دار درخت پر پھول آنا ۔ (۸) مزیّن ومرصع عبارت ؛ زبان دانی کا مرصع و مسجّع انداز یا طرز ۔(۹) کھلاڑی ، ادا کار یا گانے والے کے ذریعہ کیا ھوا کوئی حسین اضافہ ۔(۱۰) نقش ونگار ۔

Flaut : (n) [f. Flout. v.] تمسخر ؛ استہزا ؛ تضحیك (زبان سے یا عمل سے) ؛ ذلیل کرنے والی گفتگو ؛ مضحك یا استہزا آمیز گفتگو یا عمل ۔

Flout : (v) [Origin unkm.] (۱) چڑانا؛ طعنے دینا ؛ توہین کرنا؛ (زبانی یا عملاً) تحقیر کرنا ؛ نفرت ظاہر نا ؛ ہنسی اڑانا؛ کھلی لینا ؛نقل کر نا ؛ منہ چڑانا ۔ (۲) بیہودگی یا گستاخی سے پیش آنا ؛ زبان درازی کرنا ؛ نامنا سب برتاؤ کرنا ؛ طنز کرنا ؛ تمسخر کرنا ؛ فقرے چست کرنا؛ آوازہ کسنا ؛ گفتگو یا عمل سے حقارت یا ذلت کا اظہار کرنا ؛ حقیر و ذلیل سمجھنا ۔

Flouter : (n) بیہودہ ؛ گستاخ ؛ زبان دراز ؛ نقل اتارنے والا ؛ کھلی لینے والا ؛ مسخرہ زبان یاعمل سے اہانت ونفرت ظاہر کرنے والا ؛ طعنہ زن ۔

Fluteingly : (adv.) بیہودگی سے ؛ گستاخانہ ؛ مسخرہ پن سے ؛ نفرت و حقارت ظاہر کرتے ہوئے طنزاً ؛ طعنہ آمیز طور پر ؛ مضحك انداز میں ۔

Flow : (n) [f.Flow v.] (۱) دوران خون ؛ زیادہ تعداد میں آمدو رفت ۔ (۲) (ادب) سلاست ؛ روانی ۔ (۳) (لباس اور بال وغیرہ) لٹك ؛ لہر ۔ (٤) دریا یا چشمے کا بہاؤ (پانی وغیرہ کی) مقدار جو بہتی ہو یا بہی ہو ؛ (بجلی ہوا وغیرہ) کی رو ؛ لہر یا بہاؤ ۔ (٥) سیّال شے ؛ رقیق چیز ؛ بہنے والی چیز ۔ (٦) (لباس وتناسب اعضا) اتار چڑھاؤ ۔ (۷) سیلاب ؛ جوار کی آمد ۔ (۸) (چینی بر تن سازی) ایك قسم کا مسالا جو برتنوں کو پکاتے وقت رنگوں کو بہانے یا ملانے کے لئے ڈالا جاتا ہے ۔ (۹) (مجازاً) دریا کے بہاؤ سےمشابہ کوئی بھی حرکت جس سے کثیر سپلائی یارسد ظاہر ہوتی ہے ؛ جذبات کا پر جوش اظہار ؛ سیل (جذبات ، اشك ، خون وغیرہ) ۔

Ebb and flow : جوار بھاٹا ؛ مدو جزر ؛ دھارکا بہنا جو چڑھاؤ پر ہو ۔

Land flowing with milk and honey : (متروك) خوش حال ملك ؛جہاں گو یا دودھ اور شہد کی نہریں جاری ہوں ۔

Flow : (v) [OE. flowan.] (۱) دریا کی طرح تیزاور دبے پاؤں گذر نا ۔(۲) خون کا دوڑنا ۔(۳) زیادہ تعداد میں آنا جانا ؛ گزرنا (لوگوں کا یا اشیا کا) ۔ (٤) (لباس، زلف وغیرہ کا) ہلنا؛ لٹکنا؛ لہرانا ۔ (٥) (ریاضی) چھوٹے مقادیر کا تسلسل کے ساتھ گھٹا بڑھنا ۔ (٦) پھوٹ نکلنا ؛ ابلنا ؛

Flourish : (v) [mod. F. fleurir.] (۱) پوری قوت سے بڑھنا ؛ نمو پانا ؛ پھیلنا؛ سر سبز ہونا ؛ پورے عروج پر ہونا ۔(۲) کامیاب زندگی بسر کرنا ؛ پھلنا پھولنا ؛ پنپنا، (بعض اوقات میں) مشغول و مصروف ہونا اور محنت کے ساتھ کام کرنا ۔ (۳) اپنی کسی بات یا چیز کو نمایاں کرنا ؛ اترا کر دکھانا ۔(٤) ہتیھار کو ملانا ؛ پینترے بدلنا ؛ حرکت دینا ؛ نمائشی طور پر یا فتح مندی کے اظہار کےلئےہتھیار کو حرکت دینا یا پھیرانا ۔ (٥) ہاتھ پاؤں پھینکنا؛ چلانا ۔ (٦) (موسیقی) گانے یا باجے کے ساتھ عالم تصور میں سر ہلانا ؛ الاپنا ۔ (۷) کتابت یا علمی مضمون نگاری میں قلم سے نقش ونگاربنانا ؛ اچھے خوبصورت جملے اورالفاظ استعمال کرنا یا حروف کو اس طرح کھینچ کر لکھنا کہ وہ خوب صورت معلوم ہوں ۔(۸) تقریرمیں ایسی باتیں کہنا یا ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کا سننے والوں پر اچھا اثر ہو ؛ لپك لپك کر تقریر کرنا ۔ (۹) (چیزوں کا) پوری طرح نشوو نما پالینا ؛ مکمل نشو و نما ؛ کامیاب ہونا ؛ رواج پانا ؛ مقبول ہونا ؛ فیشن میں داخل ہونا ۔ (۱۰) شہرت اور فضیلت کی بلندی پر ہونا ؛ کمال حاصل کرنا ؛ عروج پر ہونا ؛ نیز زمانہء ماضی میں کسی شخص کی فعالیت یا فعال زندگی کےزمانے کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (۱۱) مسجّع اورمرصع زبان کا استعمال کرنا ۔ (۱۲) نمائش کرنا ؛ دکھاوا کرنا ؛ ڈینگ مارنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ خودستائی کرنا ۔

Flourisher : (n) نمائشی ؛ اترانے والا ؛ ڈینگے مارنے والا ؛ الاپنے والا ؛ شیخی بگھارنے والا ؛ کمال حاصل کرنے والا ؛ ہتھیاروں کے پینترے دکھانے والا ؛ قلم سےآرائش کرنےوالا ؛ ادبی یاعروضی مرصع یا مسجّع زبان استعمال کرنے والا؛ پھلنے پھولنے والا ؛ نشوو نما پانے والا ؛ پنپنے والا ۔

Flourishingly : (adv.) نشوو نما پا کر ؛ پھلتے پھولتے ہوئے ؛ سرسبز و شاداب انداز میں ؛ کامیابی و کامرانی سے ؛ مرصع و مسجّع انداز میں ؛ نمائشی طور پر ؛ خود ستائی کے انداز میں ۔

Flourishy : (a) خوش حال ؛ آسودہ حال ۔

Floury : (a) آٹے کا ؛ آٹے سے متعلق ؛ آٹے جیسا ؛ میدہ جیسا ؛ جس کا آٹا یا میدہ بن سکے ؛ پاؤڈر یا آٹے سے ڈھکا ہو ۔

(چشمہ) پھوٹنا ؛ (خون) بہنا ؛ جاری ہونا ۔ (۷) پوری قوت سے بہنا نیز مجازاً ۔ (۸) (شراب) لنڈھانا؛ فیاضی سے بےاندازہ دینا ؛ بہت اور بلا لحاظ کم وبیش دینا نیز مجازاً ۔ (۹) امنڈ نا ؛ (چشمہ کا) جاری ہونا؛ دھارے کا چڑھنا؛ دریا کا چڑھنا ؛ دریا کا کناروں سے گذر کر پھیل جانا ؛ بہہ نکلنا ۔ (۱۰) ادرار حیض ہونا ؛ حیض آنا ؛ رحم سے خون جاری ہونا ۔ (۱۱) (آدمیوں کا) اُمڈنا؛ جوق در جوق نکلنا؛ مسلسل آگے بڑھنا ۔ (۱۲) (سمندر کا) جوار آنا اور آگے بڑھنا ۔ (۱۳) سیلاب آنا؛ غرقاب کرنا ؛ زیر آب کرنا ؛ لبریز ہو کر بہنا ؛ سطح پر وارنش پالش وغیرہ کو بہا کر وارنش یا پالش کرنا ۔

Flow/ Flo(w) e : (n) [Origin unkn.] (۱) آب دار یا آبی کائی ؛ دلدل نیز مرطوب یا زیر آب نشیبی قطعہء زمین ۔ (۲) ریگ رواں ؛ دلدل ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Flow bag/-moss : (n) کوئلے کی دلدلی یا کائی جس کی سطح پانی کی کمی یا زیادتی کے ساتھ ساتھ اُترتی چڑھتی ہے ۔

Flow of soul : (n) خوش طبعی اور صاف دلی کے ساتھ گفتگو ۔

Flow of spirits : (۱) (قدیم معنوں میں) خوشی یا مسرت کی اچانک زیادتی ۔ (۲) (موجودہ معنوں میں) عادتاً خوش یا مسرور رہنے کی حالت ؛ عادتاً خوش دل رہنا ۔

Flow pattern : (n) (تجارت) روانی کارنمونہ ؛ بہاؤ کارنمونہ ۔

Flow process : (n) طریقہ بہاؤ ؛ بہاؤ کا طریق یا عمل ۔

Flow production : (n) (معاشیات) کثیر پیداوار ۔

Flow structure : (n) (ارضیات) سیلی ساخت ۔

Flowage : (n) بہنے کا عمل ؛ بہاؤ ؛ روانی ؛ دوران ؛ سیل ؛ ادرار ؛ سیلابی حالت ؛ سیلاب ؛ غرقابی ؛ لبریزی ؛ پرآبی ؛ افراط ؛ کثرت ۔

Flower : (n) [l.'florem.'] (۱) پھول ؛ (نباتیات) پودے کا وہ عضو جس سے نسل بڑھتی ہے اور جس میں ایک یا ایک سے زیادہ حصہ (بفچہء گل) یا حامل زر (نر) یا دونوں ہوتے ہیں اور عام طور پر ایک چہرہ گل اور ایک مسند گل ہوتی ہے، یہ عضو عام طور پر رنگین ہوتا ہے) یہ پودے کا وہ حصہ ہوتا ہے جس میں بعد کو پھلی یا بیج پیدا ہو جاتے ہیں جن کو Flowerage کہتے ہیں ۔ (۲) (قدیم علم کیمیا) وہ سفوف تعقید کے بعد باقی رہ جائے ۔ (۳) کف یا میل جو خمیر اٹھنے کے بعد پیدا ہوتا ہے ؛ پھپن جو خمیر اٹھنے کے بعد بنتے ہیں ۔ (٤) کلی ؛ غنچہ ؛ شگوفہ ۔ (٥) پھول لانےوالا درخت ؛ پھول دینے والا ؛ پھولنے والا درخت ؛ پھول دار پودا ۔ (٦) پھول کا نشان یا علامتی پھول خصوصاً نقابتی سوسن ؛ ملک فرانس کا شاہی نشان، مارکہ ۔ (۷) ایک قسم کی تزئین ؛ آرائش ؛ گل کاری ؛ نقاشی ؛ خصوصاً زبان کی مرصع کاری (واحد میں شاذ مستعمل ہے) (۸) اچھےلوگوں یا اچھی چیزوں کا انتخاب، گلدستہ؛ چیدہ اشخاص ؛ عمدہ چیزیں ۔ (۹) کسی چیز کابہترین ، انتہائی پسندیدہ اورمرغوب ترین جزو یا حصہ ؛ جوہر؛ عرق ؛ ست ؛ بہترین جزو ؛ (کسی بات کا) خلاصہ ؛ لب لباب ؛ اصل مدعا ۔ (۱۰) کسی کیفیت یا صفت کی روشن ترین مثال ۔ (۱۱) بہار ؛ حالت سرسبز و شادابی ؛ جوانی ؛ قوت یا بہبود کا زمانہ یا حالت ؛ حالت یا زمانہء کامیابی و کامرانی ؛ خوش اقبالی و برومندی ۔

In the flower of life : شباب ؛ چڑھتی جوانی؛ عمر کا وہ حصہ جب قویٰ پوری طاقت حاصل کرلیتے ہیں ۔

No flowers : بہ ایں الفاظ وہ اطلاع جو (یورپ کے ممالک میں) احباب واعزاکو دی جاتی ہے کہ جنازے پر پھول یا ہار لے کر آنے کی ضرورت نہیں ۔

Flower : (v) (۱) کھلنا ؛ پھولنا ؛ بہار پر آنا ؛ شگفتہ ہونا ؛ پھول لانا ؛ پھول دار ہونا ؛ (پھول کا) کھلنا نیز مجازاً ۔ (۲) کسی چیز پر گل بوٹے بنانا ؛ گل کاری کرنا ؛ نقش ونگاربنانا۔ (۳) پھول کھلانا ؛ پھول دار کرنا ؛ شگفتہ کرنا ؛ بہار پر لانا ۔

Flower animals : (n) (حیوانیات) شعاعی حیوانیات جن میں سمندر پھول ، سبزہء مرجانی یا حیوانات مرجانیہ اور کثیر پا وغیرہ شامل ہیں ؛ گل حیواں ؛ پھول جانور ۔

Flower cup : (n) (۱) مسند گل ؛ کاسہء گل ؛ پھول کٹوری ۔ (۲) وہ پیالہ نما جوف یا مسند جو پھول کے ذریعہ بن جاتی ہے ؛ بعض پھولوں کے پیالہ نما اندرونی حصے ۔

Flower bud : (n) (نباتیات) شگوفہ ؛ کلی ۔

Flower-de-luce : (n) دیکھو Fieuer-de-lis

Flower fence : (n) ایک کانٹے دار جھاڑی یا چھوٹا درخت جس کے پھول زردی مائل شوخ نارنجی سرخ ہوتے ہیں ۔

Flower-girl : (n) پھول بیچنے والی لڑکی ۔

Flower head : (n) (نباتیات) بے ساق یابے ڈنٹھل ننھے پھولوں (گلچوں) کے گھنے خوشے پر مشتمل ایک نظام گل ؛ گھنڈیا ۔

Flower-of an-hour : (n) سال میں ایک بار پیدا ہونے والا ایک قسم کاگیاہی پودا جس کے ایک روزہ زرد، ارغوانی اور آنکھوں کی شکل کےپھول ہوتے ہیں ۔

Flower of speech : (n) (جمع کے صیغےمیں) تقریرکے آرائشی جملے(عموماً طنزیہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے)۔

Flower of tan : (n) بلوط کی چھال کا کف (جو چمڑارنگنے کے کام میں آتا ہے)۔

Flower of the wind : (n) پرانے نقشوں پر بنی ہوئی آلہء قطب نما (کمپاس) کی شکل جس کے بیچ میں گلاب کا ایک پھول ہوا کرتا تھا ۔

Flower of the winds : (جہاز رانی) نقشے یا چارٹ پر رکھا ہوا، جہاز رانوں یا ملاحوں کا آلہ سمت نما یا قطب نما (کمپاس)۔

Flower pecker : (n) (۱) جنوب مشرقی ایشیا، بحر الکاہلی جزائر اور آسٹریلیا کا چھوٹی دُم والا ایک ننھا کنجشکی یاعصفوری پرندہ جوگرم ملکوں میں ہونے والی آکاس بیل کی گوندنیاں (ننھے پھل) اورکیڑے مکوڑے کھاتا ہے (۲)منطقہء حارہ کےپرندوں کی جنس کا ایک امریکی پرندہ ۔

Flower-piece : (n) (۱) پھولوں کی تصویر؛ پھولوں سےمتعلق متعلق کتابوں میں پھولوں کی تصویر ۔ (۲) پھولوں کی ترتیب ؛ پھولوں کی جنس دار ترتیب ۔

Flower pot : (n) (۱) (عموماً سرخ مٹی کا) گملا جس میں مٹی بھری ہوتی ہے اور اُس مٹی میں پودے یا پھولوں کے درخت لگائے جاتے ہیں ۔

(۲) (روزمرّہ بول چال) واز ؛ چینی وغیرہ کا ظرف جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے نیز گل دان ؛ گل دستہ ۔ (۳) ایک قسم کی آتش بازی جس کی چنگاریاں فوارےکی طرح اوپر کو جاتی ہیں ۔

Flower show : (n) پھولوں کی نمائش جس میں پھولوں کا مقابلہ کیاجاتا ہے اورانعامات دیئے جاتےہیں ۔

Flower stalk : (n) غصنہ ؛ شاخِ گل ؛ جس پر پھول ہوتا ہے ؛ پائے گل ؛ پھول کی ڈنڈی ۔

Flower vase : (n) گل دان ۔

Flower work : (n) گل کاری ۔

Flowerage : (n) (۱) پھول (مجموعی طورپر) ؛ بہارشگفتگی ؛ پھول کی نمائش ؛گل کاری ؛پھولوں کی آرائش ؛ پھول دار آرائش (ادبی یامجازی معنوں میں) ؛ آراستہ یا مرصع اسلو ب (تحریر یا تقریر) ۔ (۲) عمل شگفتگی ؛ کھلنے یا پھول لانے کا عمل ؛ انجام شگفتگی؛ پھول (مجازاً) شگفتگی اسلوب؛ خوش اسلوبی ؛ مرصع کاری ؛ شگفتہ عبارت یامرصع اندازبیان ۔ (۳) (نباتیات) تزہیر ؛ پھولت ۔

Flowered : (a) پھول دار ؛ پھول دار چتروں سے آراستہ ؛ پھولوں سے ڈھکا ہوا؛ پھولا ہوا ؛ شگفتہ ؛ جس میں کسی مخصوص قسم کے یا مخصوص تعداد میں پھول لگے ہوں ۔

Flowerer : (n) ایسا پودا جو وقت مقررہ پر پھول لاتا ہے ؛ کھلنے یا بہار پر آنے والی چیز یا شخص (نباتیات) شگوفہ کنندہ ؛ کھلنے والا پودا ۔

Abundant flowerer : جس پودے میں بکثرت پھول آتے ہیں ۔

Late flowerer : جو پودا موسم کے آخر میں پھول لاتا ہو ۔

Floweret : (n) (شاعری) چھوٹا پھول ؛ گلچہ ؛ ننھا سا پھول ۔

Flowerful : (a) پھول سےبھراہوا؛ پُر ازگل ؛ جہاں پربکثرت پھول ہوں ۔

Floweriness : (n) پھولوں کی کثرت ؛ خوش آئند الفاظ ؛ صنائع و بدائع کا زیادہ استعمال ۔

Flowering : (n) (۱) شگفتگی ؛ کھلنے کا عمل ؛ کھل کر پھول بن جانے کا عمل ؛ گل آوری ؛ شگوفہ آوری ؛ گل کاری ؛ شگوفہ کاری ؛ پھول سے آراستہ کرنے کا عمل ۔ (۲) (جمع میں) پھولوں کی شکلیں ،خاکے یا تصویریں ۔

Flowering : (a) (۱) کھلنے والا ؛ پھول لانے والا ؛ پھول دار ۔ (۲) پُر ازگل ؛ پھولوں سے ڈھکا ہوا یابھرا ہوا؛ گل آور ؛ پھول پیدا کرنے والا ۔(۳) پھولوں سے بنا ہوا؛ پھولوں سے مرکب؛ پھولوں کے بڑھنے والا یا اُن کی خصوصیات کا حامل ؛ پھولوں سےیاپھولوں کی تصویروں سے آراستہ ؛ گل کاری کیا ہوا ؛ پُر تکلف ؛ پُر از صنائع و بدائع (زبان) ؛ شستہ و آراستہ ۔ (٤) (نقابت) سوسن یا کنول کے پھول کا نشان بنا ہوا؛ پھولوں سے متعلق یا اُن سے نکلنے والا ۔

Flowerless : (a) بغیر پھول کا (پودا یا درخت) ؛ جس پر پھول نہ اُتے ہوں ؛ غیر پھول دار ؛ بِن پھُلیا ۔

Flowerlessness : (n) غیر پھول داری ؛ غیر پھول کا ہونا ۔

Flowers of sulphur : (n) (کیمیا) جوہر اڑایا ہوا سفوف گندھک ؛ آنولہ سار گندھک ۔

Flowers of wine : (n) شراب کی خمیرکا جھاگ؛ (کبھی کبھی) ایسا جھاگ پیدا کرنے والا خمیر ۔

Flowers of zinc : (n) زنک اوکسائیڈ خصوصاًوہ جو جستے کو جلا کر ہلکے سفید سفوف کی شکل میں دوا سازی اورخوشبو دار آرائشی چیزیں اور کاسمیٹکس (Cosmetics) بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Flowery : (a) (۱) پر از گل ؛ پھول سےلدا ہوا؛ جس پر کثرت سے پھول موجود ہوں ؛ آراستہ و پیراستہ ؛ گل آور ؛ پھول پیدا کرنے والا ؛ گل دار ۔ (۲) فصیح و بلیغ (تحریر وتقریر) ؛ صنائع وبدائع سے بھر پور (عبارت یا گفتگو) ؛ پر تکلف ؛ شستہ و آراستہ ۔(۳) پھولوں سے بنا ہوا ؛ پھولوں سے مرکب ؛ بڑھنے والا یا ان کی خصوصیات کا حامل ؛ پھولوں سے یا پھولوں کی تصویروں سےآراستہ ؛ گل کاری کیا ہوا ۔ (٤) سوسن یا کنول کے پھول کا نشان بنا ہوا ۔

Flowery land : (n) ملک چین ۔

Flowing : (n)[OE. f. flow v.] (۱) رواں ؛ بہاؤ ؛ سیل ؛ سیلان ؛ تموج ؛ لہر داری ۔(۲) بہنے والا؛ چشمہ ؛ جھرنا؛ دھارا ؛ موج ؛ لہر (شاذ) ۔

With flowing sheet or sail : (اُس حالت میں کہ ہوا جہاز کا راستہ کاٹ کر گذر رہی ہو) جہاز کے بادبانوں کی ڈوریاں ڈھیلی کر کے ۔

Flowing : (a) (۱) رواں سلیس ؛ سہل ؛ سیلانی ؛ بہتا ہوا ۔ (۲) خطوط ؛ خم گولائی (نقشہ وغیرہ کے متعلق) ؛ مسلسل ؛ یکسار؛ جس کا سلسلہ نہ ٹوٹے ؛ جو بےربط نہ ہو ۔ (۳) (بال ، لباس وغیرہ) جھولتا ہوا ؛لہراتا ہوا ؛ ہلتا ہوا ؛ موج دار ؛ لہریں لیتا ہوا ؛ ژولیدہ ؛ آزاد ؛ کھلا ہوا ؛ غیر مقید ۔(٤) جوار کی طرح بلند ہوتا ہوا ؛ چڑھتا ہوا ؛ اُٹھتا ہوا ؛ لبریز ؛ بھرا ہوا؛ پُر ؛ کثیر ۔

Flowing metals : (n) دھات کےوہ ریزے یا ٹکڑے جن کی ہئیت بہاؤ ٹکر ، کھنچاؤ یا دباؤ کی وجہ سے بدل جاتی ہے ۔

Flowing tracery : (n) (تعمیرات)پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام یا عمارتی آرائش جس میں لکیریں ، پتیوں ، شاخوں وغیرہ میں تقسیم ہوجاتی ہیں ۔

Flowingly : (adv.) روانی سے؛ بہتے ہوئے سیل کی طرح ؛ سیلانی انداز میں ؛ تسلسل سے ؛ سلاست سے ؛ مربوط طریقے سے ؛ جھولتے ہوئے ؛ لہراتے ہوئے ؛ موج دار طور پر ؛ اُٹھتے ہوئے ؛ بلندی سے ؛ لبریز ہوکر ؛ لبریز کرتے ہوئے ۔

Flowingness : (n) بہاؤ ؛ روانی ؛ سیلانی؛ تسلسل ؛ سلاست ؛ ربط ؛ لہرانا ؛ لبریزی ۔

Flowmeter : (n) (کیمیا) روانی پیما ۔

Flown : (a) (متروک) سوجا ہوا ؛ بھرا ہوا (شراب سے) ؛ پُر (گستاخی اور بے ادبی سے) ۔

Flown : (a) Fly کے معنوں میں صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے بہ معنی اڑتا ہوا ؛ اُڑنے والا (Out کے ساتھ بھی مستعمل ہے) ۔

Far-flown : (a) دور پرواز ؛ دور تک اڑنے والا ۔

New-flown : نو پرواز ؛ جس نے ابھی پرواز کرنا سیکھا ہی ہو ۔

Floyt (e) : Flote,Flute کا متبادل ۔

Flu : (n) انفلوئنزا ۔

Fluate : (n) (کیمیا) فلورین کا ایک مرکب ؛ ہائیڈرو فلو سیلیکیٹ کی ایک قسم جو مکان کے پتھر کو مضبوط کرنے کےلئے استعمال کیاجاتا ہے ۔

Flub : (v) [Origin unkn.] کسی کام کو بدسلیقگی سےانجام دینا ؛ پھوہڑپن دکھانا ؛ ناکام ہو جانا ؛ بد سلیقگی یا الہڑپن سے کام کرنا ؛ غیرتشفی بخش طور پر یا جوں توں کام کرنا ۔

Flub : (n) اشتباہ احمقانہ ؛ بھونڈی ناکامی ؛ بے وقوفانہ حرکت ۔

Flubdub/Flubdubbery : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ یا بازاری) فریب دہی کےلئے پُر تکلف اظہار بہ ظاہر بھڑکیلے یا دل پذیر زبان یا دلیل ؛ سوقیانہ گفتگو ؛ بکواس ؛ فحش کلامی ۔

Fluc (c) an : دیکھو Flookan

Flucti - : [L.'fluctus.'] سابقہ بمعنی موج، لہر ۔

Fluctiferous : (a) (۱) موج دار ؛ موج زا ؛ تموج خیز ۔ (۲) لہریں لیتا ہوا ۔

Fluctisonous : (a) لہروں سےآواز پیدا کرنےوالا ؛ آواز موج ۔

Fluctuant : (a) [L.fluctuantem.] (۱) متموج ؛ متغیر ؛ لرزاں ؛ تغیر پذیر ؛ مواج ؛ لہروں کی طرح چلتا ہوا یا حرکت کرتا ہوا ؛ غیر ثابت ؛ ناپائدار ؛ غیر مستقل ؛ جس میں بہت زیادہ نشیب و فراز ہوں ؛ ہر لمحہ متغیر رہنے والا ۔ (۲) لہروں پر بہتا ہوا ۔

Fluctuate : (v) [L. f.fluctus.] (۱) موج یا لہروں کی طرح چڑھنا اترنا ؛ مو ج وار حرکت کرنا ۔ (۲) بہت بے قاعدگی کے ساتھ گھٹنا بڑھنا؛ گرنا چڑھنا؛ غیر مستقل ہونا ؛ متزلزل ہونا ؛ پس وپش ہونا ؛ بدلتے رہنا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ؛ متردد ہونا ؛ متلون ہونا ۔ (۳) لہروں پر اوپر نیچے ہونا یا اُچھلنا ؛ لہریں لینا (شاذ) ۔ (٤) اُکھاڑ دینا ؛ اُکھاڑ پھینکنا ؛ موج کی سی حرکت کے ساتھ پھینکنا ؛ موج دار پھینکنا ۔

Fluctuating : (a) متغیر ؛ بڑھتا گھٹتا ۔

Fluctuating exchanges : (n) (معاشیات) متغیر متبادلے ۔

Fluctuation : (n) [L.'fluctuationem.'] (۱) (جمع میں) اتار چڑھاؤ ؛ تغیر ؛ نشیب و فراز (مجازاً) ترقی و تنزلی ؛ تبدیلی ؛ موج دار حرکت ؛ موجوں کی طرح باری سے اُترنا چڑھنا (مادی معنوں میں اب شاذمستعمل ہے) ۔ (۲) (مرضیات) جسم کے کسی جو ف یا زخم میں سیّال کا تموج ؛ تورم جسم ۔ (۳) حالت تموج یا عمل تموج ؛ مسلسل تغیر ؛ با قاعدہ تغیر ؛ باری باری سے ہونا ۔ (٤) حیص بیص؛ تذبذب؛ تلوّن ۔ (٥) لڑ کھڑاہٹ ؛ متزلزل ؛ جھلملاہٹ ؛ غیر مستقل مزاجی ۔ (٦) (نباتیات) ماحولی تبدیلی ۔

Anticyclical fluctuation : (معاشیات) مخالف واری تغیر ۔

Cyclical fluctuation : (معاشیات) موافق واری تغیر ۔

Industrial fluctuation : (معاشیات) صنعتی تغیر ۔

Price fluctuation : (معاشیات) قیمت تغیر ۔

Random fluctuation : (معاشیات) بے ترتیب تغیر ۔

Seasonal fluctuation : (معاشیات) موسمی تغیر ۔

Wage fluctuation : (معاشیات) اجرت کا تغیر ۔

Flue/Flew : (n) [M.E.] ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا جال ۔

Flue : (n) [origin unkn.] (۱)روئی کے منتشر ذرات و اجزا جو مل کر جم جائیں ؛ روئی کا رواں ؛ کپڑے کی نرم رواں دار سطح ۔ (۲) (چڑیوں کے بچے کے) نرم پر ؛ مسیں ؛ گالوں اور ہونٹوں پر چھوٹےنرم بال ؛ نرم روئیں یا بالوں کا گچھا ؛ کسی نرم روئیں دار چیز کے ٹکڑے (جمع میں) ۔

Flue : (n) [Origin unkn.] لنگر کا کانٹا ؛ لنگر کا پنجہ ؛ وہ چوڑا چپٹا مثلث نما ٹکڑا جو جہاز یا کشتی کے لنگر پر ہوتا ہے ؛ نیز برچھے کی دھار دارنوک ۔

Flue : (n) [Origin unkn.] (۱) دود کش میں دھواں نکلنے کی نالی ۔(۲)حرارت پہنچانے کی نالی خصوصاً وہ نالی جو (مکان کو گرانے کےلئے) گرم ہَوا پہنچانےکےلئے دیواروں کے اندر بناتے ہیں ۔ (۳) وہ نلکی جو بعض اقسام کے Boiler میں پانی تک حرارت پہنچانے کےلئے لگائی جاتی ہے ۔ (٤) دیگ نلی ۔(٥) منہ سےبجانے والے ساز یا باجے میں نلکی کے اندرہوا شگاف یاراستہ ۔ (٦) (عامیانہ) گروی یارہن کے دکاندار کے یہاں پہلے استعمال ہونے والی ایک قسم کی لفٹ جس کے ذریعہ رہن کی ہوئی چیزیں محفوظ

مقام پر رکھنے کےلئےلی جاتی تھیں ؛ نیز رہن کی دکان ؛ نیز گرو رکھ کر قرض دینے والی دکان ۔

In flue : رہن میں ؛ زیر رہن ؛ مرھون ۔

Up the flue : (۱) گروی رکھا ہوا ؛ مرھون ؛ رہن میں دیا ہوا ۔(۲) مردہ ؛ مرا ہوا ۔

Flue : (n) (روز مرہ) انفلوئنزا کا مخفف ۔

Flue : (v) چیرنا ؛ شگاف دے کر کھول دینا ؛ اندر کی طرف یا باہر کی طرف چوڑا کردینا ۔

Flue-boiler : (n) وہ اسٹیم بوائلر جس میں پانی تک حرارت پہنچانے کےلئے پائپ لگے ہوں ۔

Flue-bridge : (n) حرارت کو منعکس کرنے والی بھٹی میں آتش دان اور دود کش کے درمیان آتشی اینٹوں سے بنی ہوئی دیوار ۔

Flue-pipe : (n) منہ سے بجایا جانے والا باجا ؛ جس میں ھَوا گذرنے کے لئے درزیں بنے ہوں ؛ دود کش ؛ دھواں کش ۔

Flue-plate : (n) وہ پلیٹ جس میں ماؤتھ آرگن کا وہ حصہ لگا ہوتا ہے جس میں ھَوا کے راستے یا درزیں ہوتی ہیں ۔

Flue-stop : (n) ھَوا گذار نلکیوں یا نفیریوں سے بنا ہوا آرگن کا پردہ ۔

Flue-work : (n) آرگن کے پردے ۔

Fluency : (n) [L.'fluentia.'] (۱) ھموار اور آہستہ بہاؤ ۔ (۲) (تقریر و تحریر) حاضر بیانی ؛ بےتکلف تقریر کرنا ؛ زبان و قلم کی روانی ۔

Fluent : (n) [L.'fluentem.'] (۱) بہتا ہوا ؛ رواں ؛ (مجازاً) سلیس ؛ رواں ۔(۲) بہنے کےلئے تیار ؛ رقیق ؛ سیال ؛ مائع ۔(۳) (مجازاً) سیال ؛ رقیق ؛ غیر معین ؛ غیر مستقل ؛ تغیر پذیر ؛ متغیر ۔ (٤) (حرکت اور خم کےلئے) ہموار؛ خوش اسلوب؛ مسلسل ؛ شائستہ ۔(٥) (تقریر یا طرز) جس میں بکثرت اور بہ آسانی مضامین کی آمد ہو ؛ حاضر کلامی کے ساتھ ۔(٦) جو شخص آسانی کے ساتھ اپنا ما فی الضمیر بیان کرسکے ۔(۷) (ریاضی) اُس اصول کے تحت جس کےمطابق کوئی بہتی ہوئی یاتغیر پذیر مقدار کابڑھتا ہوا تناسب ؛ بے حد خفیف مقدار میں مسلسل گھٹنے یا بڑھنے والا ۔

Fluent : (n) (ریاضی) تغیر پذیر مقدار یا تعداد جو انتہائی کمی بیشی کے ساتھ مسلسل جاری رہے ۔

Fluently : (a) تیزی سے ؛ روانی سے ؛ قوت گفتار کے ساتھ ؛ حاضر کلامی کے ساتھ ۔

Fluey : (a) روئیں کی طرح ؛ روئیں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ہوا ۔

Fluff : (n) [Oringin unkn.] (۱) کوئی بھی ہلکی ، سبک، نرم روئیں یا نرم بالوں کےگچھے جیسی چیز ؛ رواں ؛ رنگ جو کمبل وغیرہ سے گرتا یا اترتا ہے ۔(۲) نرم رواں یا بال ؛ نرم روئیں یا بالوں کاگچھا۔ (۳) گالوں اور ھونٹوں پر چھوٹےاور نرم بال ؛ مسیں ۔(٤) (بازاری) تھیٹر کے کھیل کا وہ حصہ جو ایکٹر کو اچھی طرح یاد نہ ہو ؛ ناٹک کے کھیل میں کسی ایکٹر کا غلطی کرنا ۔(٥) نوجوان عورت (عامیانہ) ۔

A bif of fluff : (عامیانہ) جوان عورت ۔

To shake (oneself, one's feathers etc.) into up or out fluffy mass : جسم یا بالوں کا اوپر یا چاروں طرف اس طرح ہلانا کہ وہ پھول کر روئیں کا یا گچھابن جائیں ۔

Fluff : (n) [Sc.] (روز مرہ) جھونکا ؛ ھَوا کا جھونکا؛ سانس ؛ پھونک ؛ ہلکا سا جھونکا ؛ دم ؛ کش ؛ ہلکا سا دھماکا ؛ بھسک ۔

Fluff : (v) (۱) (دباغی) (چمڑے کے اس طرف جدھر گوشت ہوتا ہے) سفید بنانا ۔(۲) کسی چیز کو روئیں یاروئی کے گالوں کی طرح باریک یا نرم بنا دینا ۔ (۳) پرانی رسیوں کی سن نکالنا (جنہیں جہازوں کی درزوں میں بھرا جاتا ہے) ۔ (٤) روئیں کی طرح حرکت کرنا یا پانی پر بہنا ؛ روئیں دار گیند کی طرح کسی جگہ پر قائم ہوجانا ۔(٥) (عامیانہ) ہٹاؤ ؛ دور کرو! لےجاؤ یہاں سے ! میں نہیں دیکھنا چاہتا !

Fluff-gib : (n) (اسکاٹستانی)(آتش بازی)چھچھوندر؛ ھَوائی ۔(ادبی اور مجازی معنوں میں) ہجویہ یا مضحکہ خیز نظم یانثر ۔

Fluffiness : (n) روئیں دار ہونا ؛ روئیں داری ؛ روئیں دار یا روئیں جیسا ہونا ؛ نرمی ؛ ملائمت ۔

Fluffit : (v) ہٹاؤ ! دور کرو! لےجاؤ یہاں سے! میں دیکھنا نہیں چاہتا!

Fluffy : (a) روئیں دار ؛ رواں نما ؛ پر دار ؛ روئیں جیسا ؛ نرم اور ملائم ؛ پر مانند ۔ (۲) روئیں ، پر یا نرم بالوں سے ڈھکا ہوا ؛ روئیں جیسی چیز سے ڈھکا ہوا ۔

Flugel : (n) [G.] بڑا پیانو ؛ بربط نما بڑا پیانو جس کے تار اُفقی یعنی لیٹے ہوئے ہوتے ہیں ۔

Fluid : (a) [L.f.'fluere.'] (۱) بہنے کی خاصیت رکھنے والا ؛ ایسا مادہ جس میں اس قسم کے ذرّات ہوں جو آپس میں آزادی سے متحرک رہیں اور معمولی سے معمولی دباؤ ان کو متاثر کرسکے (یعنی معمولی سے وزن سےہل جائیں، دب جائیں یا ادھر اُدھر ہو جائیں) ۔ (۲) آسانی سے بہنے والا؛ رواں ؛ سریع الحرکت ؛ سیال ؛ متحرک جو مادہ ٹھوس اور قائم اور سخت اور مستقل نہ ہو ؛ مائع ۔ (۳) شُستہ ؛ پاکیزہ ؛ رواں (اسلوب وغیرہ) ۔

Fluid : (n) (۱) سیال مادہ ؛ سیال جزو ؛ رطوبت (سیال دو طرح کے ہوتے ہیں اول رقیق جو نیم شکل پذیر ہوتاھے اور دوسری گیس جو مکمل طور پر شکل پذیر ہوتی ہے) ۔ (۲) نہایت سبک ؛ لطیف اور سرایت کرجانے والے مختلف مادوں میں سےایک جن کے بارے میں فرض کیا جاتاھے یا سمجھاجاتا ھے کہ حرارت، مقناطیسیت اور برق جیسےمظاہر یا اشیائےمدرکہ کا سبب ہوتے ہیں ۔

Fluid resources : (n) (معاشیات) سیال و سائل ۔

Fluid saving : (n) (معاشیات) سیال بچت ۔

Fluid-compass : (n) سیال دار قطب نما ؛ پیا لہ نما ؛ کمپاس جس کی سوئی اس میں رکھے ہوئے الکوحل پر تیرتی ہوئی گھومتی ہے ۔

Fluid-lens : (n) وہ شیشہ جس میں مطلوبہ خم والے دو گول شیشوں کے درمیان ایک قسم کا رقیق ہوا کرتا ہے ۔

Fluid-measare : (n) (طبیعیات) سیالی ناپ ۔

Fluid pressure : (n) (طبیعیات) سیالی دباؤ ۔

Fluidal : (a) (ارضیات) سیالی ؛ سیّال نما ؛ سیّال کا یا اُس کے متعلق ۔

Fluidic : (a) سیال اسا ؛ سیّال کی نوعیت یا خصوصیت کا (نفسی اور روحانی) مفروضہ داخلی ہم زاد یا اُس سے متعلق ۔

Fluidification : (n) سیّال بنانے کا عمل ؛ تسییل ۔

Fluidify : (v) سیّال بنانا ؛ رقیق بنانا ؛ سیّال اسا کرنا ؛ سیّال نما بنانا ؛ (کیمیا) سیّال ہونے کی حالت ؛ رقت ۔

Fluidism : (n) (۱) (نظریہ* سیالیت) وہ نظریہ جس کے تحت تمام امراض ، جسم کے اندر موجود سیّال مادوں کے حالات کی وجہ سے ہوتے ہیں ۔ (۲) (نظریہ* روح) (روحانیت) ماورائے ادراک، روحانی یا غیر روحانی اجسام کے وجود کا مفروضہ یعنی یہ مفروضہ کہ جن، بھوت، فرشتے، ارواح اور ایسی ہی دوسری غیر مادی مخلوقات وجود رکھتی ہیں ۔

Fluidist : (n) نظریہ* سیّالیت یا نظریہ* روح کا حامل ؛ غیر مادی اور ماورائے ادراک چیزوں پریقین رکھنے والا یا اُس کا حامی ۔

Fluidity : (n) (۱) رقت ؛ سیال ہونے کی حالت ؛ سیالیت ؛ روانی ؛ سلاست ۔ (۲) سلاست بیانی ؛ طلاقت لسانی ؛ زبان کی شستگی و سلاست ؛ روانی ۔

Fluidity of labour : (معاشیات) محنت کی نقل پذیری ۔

Fluke : (n) [O.E.'floc.'] (۱) (متروک) ایک قسم کی چپٹی مچھلی جس کا نام Flounder بھی ہے ۔ (۲) ایک قسم کاجسم کےاندر رہنےوالاباریک کیڑاجوبھیڑ کے جگر میں پایا جاتا ہے ؛ کرم جگر ۔ (۳) ایک طرح کا آلو ؛ گردہ نما آلو ؛ بیضوی آلو ۔

Fluke : (n) [origin unkn.] (۱) وہ چوڑا اور چپٹا مثلث نما ٹکڑا جو جہازیا کشتی کےلنگرپرہوتا ہے؛ زمیں‌گیر لنگر کا پنجہ ؛ لنگر کا کانٹا جو زمین پکڑ لیتا ہے؛ قلاب لنگر؛ شکلاً اس سے مشابہ کوئی چیز۔ (۲) نیز ے کی خار دارنوک ۔ (۳) (جمع) وہیل مچھلی کی دُم کے دونوں حصے جن سے مل کر اُس کی لمبی مثلث نما دُم بنی ہوتی ہے ۔

To turn of peak the flukes : (۱) (وہیل مچھلی کا) غوطہ لگانا؛ پانی کے اندر چلا جانا۔ (۲) (بحری، عامیانہ) بستر پر چلے جانا ؛ سوجانا ۔

Fluke : (n) [Origin unkn.] (۱) اتفاقیہ کسی مقصد کاحصول ؛ اتفاقیہ مطلب برآری ؛ غیر متوقع کامیابی ؛

اتفاقیه اورخوش قسمتی سے کسی کام یا کھیل میں کوئی ایسا فعل سرزد ہونا (واقعہ پیش آنا) جو مفید مطلب ہو یا جس کی وجہ سے کامیابی حاصل ہوجائے ۔ (۲) (بلیرڈ) ایک کامیاب ضرب جو اتفاقیہ یا حادثاتی طور پر لگ گئی ہو ۔ (۳) نسیم اتفاقی ؛ غیر متوقع ہَوا ؛ اتفاقی ہَوا ۔

A fluke of wind : اتفاقی ہَوا ؛ غیر متوقع ہَوا ؛ نسیم اتفاقی ۔

Fluke : (n) (کان کنی) ایک قسم کا اوزار جو فلیتا لگانے یا دھماکہ کرنے سے پہلے سوراخ کو صاف کرنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Fluke : (v) (۱) وہیل مچھلی کا تیرتے وقت اپنی دُم کےدونوں مثلث نما حصوں سے کام لینا ۔ (۲) ایک قسم کےبیلچہ نما ہتھیار سے مار کر (وہیل کی) دُم کے دونوں مثلث نما حصوں کو بیکار کر دینا (تاکہ وہ تیر نہ سکے) ۔ (۳) (وہیل مچھلی کو) رسّے یازنجیر میں جکڑنا یا باندھنا ۔

Fluke : (v) (۱) (بلیرڈ) محض اتفاقیہ یا خوش قسمتی سے حاصل کرلینا یا نشانہ اتفاقاً صحیح لگ جانا ۔ (۲) (گیند کو) اتفاقی طور پر کامیاب ضرب لگانا تاکہ وہ پاکٹ میں چلی جائے ۔

Flukily : (adv.) محض خوش قسمتی سے ؛ اتفاقیہ طورپر ؛ اتفاقاً ؛ حادثاتی طورپر ؛ غیر متوقع انداز میں ۔

Flukiness : (n) اتفاقی حالت جس میں کوئی کام ہوجائے یا کوئی مطلب حاصل ہو جائے ۔

Flukiness : (n) کرم جگر ؛ ایک قسم کا چپٹا پتی کی شکل کا کیڑا جو بھیڑ کے جگر میں ہوتا ہے ۔

Fluky : (a) (۱) جہاں چپٹی مچھلیوں کی کثرت ہو ؛ چپٹی مچھلیوں سے بھرا ہوا ۔ (۲) جہاں بیضوی آلو کی بہتات ہو ۔

Fluky : (a) اتفاقی ؛ حادثاتی ؛ غیر متوقع ؛ خوش بختانہ ۔

Flume : (n) [ME.flum,'flun.] (۱) (خاص کر امریکا) پانی لے جانے کی مصنوعی نالی جوصنعت وحرفت کے کاموں کےلئےبنائی جاتی ہے؛ کاریز ؛ آب گذر ۔ (۲) نالہ یا گھاٹی جس میں دریا بہی ہو ۔

Flume : (v) (۱) نالی بنانا؛ نالی بہا کر لے جانا؛ کسی چشمے یا دریا کے پانی کو نالی میں بہا کر لے جانا ۔

(۲) (مچھلی کو) نالے کے ذریعہ اُس کارخانے میں لے جانا جہاں غذاؤں کو ڈبہ بند کیا جاتا ہے ؛ لکڑی کے کنڈوں یا لٹھوں کو نالے میں بہا کر کار خانے میں لے جانا ۔

Flumerin : (n) ایک گہرا سرخ سفوف جس میں سبزی مائل روشنی یا چمک ہوتی ہے اورجو ہائیڈرو کسی مرکری فلورسین کا ڈائی سوڈیم نمک ہوتا ہے ۔

Flume runner : (n) ایک مزدور جو لکڑی کے کندوں کو ایک ہُک کے ذریعہ نالے میں چھوڑتا یا اُسے کھینچتا ہے ۔

Flumma diddle/Fluma-/Flum-/Flummer-/Flummy/- : [Origin doubtful.] (۱) مہمل ؛ بے قیمت چیز ؛ مزخرف ؛ لغو ؛ حمقانہ یا بے قیمت بات ؛ فضول چیز ؛ ردی چیز؛ نکمی چیز ؛ کترن ۔ (۲) سستا نمائشی زیور ؛ جھالر ؛ سنجاف ؛ چنٹ ۔

Flummery : (n) [Welsh llymru.] (۱) آش ؛ فیرنی ؛ حریرہ ؛ چند اقسام کے میٹھے کھانے جو دودھ آٹے اور انڈوں وغیرہ کو ملاکر پکائے جاتے ہیں ؛ گیہوں یا جئی کے میدے کو جماکر بنایا ہوا ایک قسم کا کھانا ۔ (۲) (مجازاً) خالی خولی تعریفیں ؛ کھوکھلی تعریفیں ؛ یاوہ گوئی ؛ بےمعنی اورخفیف باتیں ؛ مہملات ؛ بکواس ۔

Flummox : (v) [Prob. of Eng. dial. origin.] (۱) (بازاری) بدحواس ؛ پریشان و حیران کردینا ؛ گومگو میں ڈالدینا ؛ شش وپنج میں ڈال دینا ؛ ہوش گم کر دینا؛ بھٹکا دینا ؛ الجھا دینا ؛ برباد کر دینا؛ تباہ کر دینا؛ مبہوت کردینا۔(۲) (امریکا) چھوڑ دینا ؛ جواب دینا ؛ جواب دے دینا ؛ ہمت ہار جانا ؛ دست بردار ہوجانا ۔

Flummox : (n) کسی قسم کی نا کامی ؛ نامرادی ۔

Flump : (v) [Echoic.] (۱) (بول چال) بھد سے گرنا ؛ بھدبھد چلنا ؛ بھاری قدموں سے چلنا ؛ بھدی آواز سے چلنا ؛ یا گرنا ۔(۲) کسی چیز کو اس طرح رکھنا یا پٹخنا کہ دھماکہ کی آواز ہو دھماکہ پیدا کرنا ۔

Flump : (n) بھد سے گرنے کی آوازیا اس طرح گرنے کاعمل ؛ دھماکا ؛ بھاری آواز کے ساتھ کوئی حرکت ۔

Flunk : (v)[Origin unkn.] (۱) (امریکا) چھوڑ دینا؛ دست بردار ہو جانا ؛ ہٹ جانا؛ نکل جانا ؛ سراسر ناکام

ہونا ۔ (۲) نیز بچ جانا ؛ خود کو بچانا ؛ پہلو تہی کرنا (کسی فرض، ذمہ داری وغیرہ سے) ۔ (۲) چھڑا دینا ؛ ہٹا دینا ؛ نکال دینا ؛ کھینچ لینا ؛ جھپٹ لینا ؛ نا کام کردینا ۔

Flunk : (n) مکمل نا کامی خصوصاً کالج کے امتحان میں ۔

Flunkey : (n) [Origin unkn.] (۱) وردی دار ملازم ؛ چپراسی ؛ اردلی ؛ پیش خدمت ؛ چوب دار ۔ (۲) خوشامدی ؛ گنوار ؛ دہقانی ؛ چاپلوس وظیفہ خوار ؛ ذلیل خوشامدی ؛ کاسہ لیس ؛ کم ذات؛ کم اصل آدمی ۔

Flunkey : (n) [f.flunk (v).] (امریکا) نا کام ہونے والا(خصوصاً کوئی ناواقف شخص جو دل بہلاوے کے طور پر مالیاتی سٹّہ بازی اختیار کرتا ہے) ۔

Flunkeydom : (n) (۱) پیش خدمتی چوبدار ۔ (۲) کاسہ لیس ؛ خوشامدیوں کی جماعت ، حلقہ ۔

Flunkeyism : (n) خوشامدی پن ؛ کاسہ لیسی ؛ ذلیل خوشامدیوں کا سا انداز گفتگو وغیرہ ؛ خدمتوں کا سا انداز ، گفتگو وغیرہ ۔

Fluo-phosphate : فلورو فوسفورک ایسڈ کا نمک یا مرکب جو الکوحل اور ایسڈ کے انجماد سے بنتا ہے اور پانی کو خارج کر دیتا ہے ۔

Fluoborate : (n) فلوبورک ایسڈ کا نمک (کیمیا) فلوادبوریٹ ۔

Fluoboric acid : (n) ایک قسم کی گیس ٹرفورائٹ آف بوروں (BF_3) اب اس کا اطلاق اُس مرکب ($H_2 B_2 O_4$ 6HP) پر ہوتا ہے جو پانی کو اُس گیس سے پُر کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے ۔

Fluocerine/Fluo-cerite : سیریم اور دوسری غیر خالص دھاتوں کا ایک فلورائیڈ ۔

Fluo (r)/Flouro : (n) (۱) سابقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ Flour کا کیمیائی اور معدنیاتی مخفف جو فلورین کے مرکبات میں جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) ایک طبی آلہ جس کے ساتھ ایک رنگین پردہ ہوتا ہے بجائے تاریک کمرے کے اس آلے کے ذریعہ Rongen شعاع کے اثرات دکھائے جاتے ہیں ۔

Fluor : (n) [L.f.'fluere'.] (معدنیات) قیمتی پتھروں کے مثل ایک دھات جو آسانی سے پگھلائی جاسکتی ہے اور جس کے اندر Flourine کا جزو شامل ہوتا ہے؛ فلورسپار؛ فلور بلّور ؛ (خاص کر مرہمیات میں) لیکوریا ؛ سیلان رحم ؛ پرسوت ؛ رحم سے سفید رطوبت کا اخراج ؛ (طب) نفاس ؛ حیض ۔

Fluor - : Fluorine کا جزو ترکیبی جو حروف علت کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۔

Fluor albus : (n) (مرہمیات) لیکوریا ؛ سیلان رحم، پرسوت ؛ رحم سے سفید رطوبت کا اخراج ؛ سیلان ابیض ؛ پرسوت ۔

Fluor-spar : (n) کیلشیم کا فلورائیڈ ($Ca F_2$) جو ڈربی شائر میں کثرت سے پایا جاتا ہے اور جسے اکثر ڈربی شائر اسپار بھی کہتے ہیں ؛ (کان کنی) فلور بلّور ؛ فلور سپار ۔

Fluorated : (a) ہائیڈرو فلورک ایسڈ کے ساتھ ملا ہوا ۔

Fluorene : (n) (کیمیا) کول تار سے نکالا ہوا ہائیڈروکاربن ؛ (C_{13} Hro) ۔

Fluoresce : (n) فلورسنس کا حامل ہونا یا ہوجانا ۔

Fluorescein : (n) (کیمیا) ایک قسم کا کیمیائی مرکب ۔

Fluorescence : (n) (۱) وہ رنگین روشنی جو بعض شفاف اجسام میں نور کے براہ راست عمل سے پیدا ہوجاتی ہے خصوصاً وائلٹ ریز اور الٹرا ریز (بنفشنجی شعاع یا فوق البنفشنجی شعاع) کے عمل سے ۔ (۲) روشنی کی مخصوص خاصیت جو فوق البنفشنجی شعاعوں کو نمودار کرتی ہے ؛ تابش نور مہتابی ۔ (۳) بعض مادوں کی الٹراوائلٹ شعاعیں پیدا کرنے کی خاصیت ؛ (کیمیا)رنگین روشنی (طبیعیات) ثانوی درخشانی ؛ عارضی تزہر ؛ فلوریت ۔

Fluorescent : (a) فلورسنس کا حامل یا اُس سے خارج شدہ یا پیدا شدہ ؛ (طبیعیات) ثانوی درخشاں ؛ متزہّر ؛ فلوری ۔

Fluorescent lamp : (n) (کیمیا) (دودھیا) رنگین روشنی دینے والا لیمپ ۔

Fluorescent screen : (n) (طبیعیات) ثانوی درخشاں پردہ ؛ فلوری پردہ ۔

Fluorescent tube : (n) (کیمیا) (دودھیا) رنگین روشنی دینے والا ٹیوب ۔

Fluorhydric acid : (n) کیمیا ہائیڈرو فلورک ایسڈ (H.F) ۔

Fluoric : (a) [F.'flourique.'] فلوریا فلورا سپار سے متعلق یا اُس سے حاصل شدہ ؛ (کیمیا) فلورینی ۔

Fluoride/Fluorid : (n) (کیمیا)فلورین کا کسی دو سرے عنصر سے مل کر بنا ہوا دو عنصری مرکب ؛ فلورائن کا مرکب ۔

Fluorine : (n) ایک غیر معدنی عنصر Bromine ، Chlorine اور Iodine کی قسم میں شامل ہے ۔

Fluorite : (n) دیکھو Fluor-spar.

Fluoroid : (n) (بلوریات) وہ بلوری مثلث جس میں چوبیس مثلث نما پہلو ہوں ۔

Fluorometer : (n) (طبیعیات) فلوریت پیما ۔

Fluorophore : (n) (کیمیا) فلوریت بردار ۔

Fluorophosphate : (n) دیکھو Fluo-phosphate

Fluoroscope : (n) (طبیعیات) فلوریت بیں ؛ تزہّر بیں ۔

Fluorosis : (n) (طب) سَمیّت فُلورین ۔

Fluosilicate : (n) فلوسلیکیٹ ایسڈ کا نمک ۔

Flurried : (a) گھبرایا ہوا ؛ پریشان ؛ مضطرب ؛ بے آرام ؛ بے چین ۔

Flurriedly : (adv.) بے چینی سے ؛ مضطربانہ ؛پریشانی سے ؛ گھبرا کر ۔

Flurry : (n) [Origin unkn.] (۱) جھونکا ؛ جھکڑ ؛ آندھی؛ ہَوا کا اچانک تیز ہوجانا ؛ (خاص کر امریکا) اچانک اور زور دار بارش ؛ طوفانی بارش ۔ (۲) گھبراہٹ ؛ جوش ؛ ہیجانی ؛ آشفتگی ؛ سراسیمگی ؛ اضطراب ۔ (۳) وہیل مچھلی کی حالت سکرات ۔(٤) پرندوں کی ناگہانی پرواز؛ چڑیوں کا اچانک حملہ، نرغہ یا ہجوم ؛ (طب) تشنجی جھٹکا ؛ (موسمیات) خفیف جھونکا ۔

Flurry : (v) جلد بازی کرکے یا شور مچاکر گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ اضطراب اور بے چینی پیدا کر دینا ؛ برہم کرنا ؛ بر انگیختہ کرنا ؛ مشتعل کر نا ؛ بےآرام کرنا ؛ اچانک یا جھکڑ دار بارش میں بے چینی سے ساتھ چلناپھرنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان ہونا؛ گھبرانا؛ لرزنا؛ کانپنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ۔

Flush : (n) پرندوں کا جُھنڈ جو ایک ساتھ اُڑایا جاتا ہے ؛ ٹولی ؛ پرندوں کی یکبارگی اڑان ۔

Flush : (n) (۱) پانی کا تیز بہاؤ ۔(۲) اچانک کسی چیز کی کثرت ۔(۳) پن چکی کے پہیے سے پانی کے گرنے کی دھار ۔ (٤) جذبے یا احساس کا ہجوم ؛ وہ خوشی یا مسرت جو اس سے یا کامیابی وفتح سے حاصل ہو ۔ (٥)تازہ اُگی ہوئی گھاس؛ پتیاں یا پھول ۔(٦) نالی یا بدر رو میں تیز پانی بہاکرصفائی یا دُھلائی ۔ (۷)روشنی یارنگ کی تمتماہٹ ؛ دمک ۔(۸) چہرے پر خون کی سرخی ؛ وہ سرخی جو خون کے دوڑنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ نیز دوران خون ۔(۹) بخارکی تیزی ؛ بخار کی تیزی کا درجہ ۔(۱۰) تازگی ؛ تازہ دمی ؛ قوت ؛ طاقت (حسن، صحت یا حیات کی) ۔(۱۱) (جانوروں کی اچھی چراگاہ مل جانے پر) دودھ کی پیداوار میں تیزی سے اضافہ ۔(۱۲) وہ غذا (شیرہ یا دودھ) جو پالتو جانوروں کی آنتوں کی حرکت پذیری کو بڑھانے کےلئے استعمال کی جاتی ہے؛ (عمارت) ہم سطح ؛ ہموار ؛ (نباتیات) شگفتگی ؛ شگفتہ قطعہ ؛ (عضویات) تورّد؛ سُرخی عارض ۔

In the (first, full) flush : مکمل صحت کی حالت میں ؛ شباب پر ؛ بہار پر ؛ زور یا قوت سے ۔

Rain flushes the plants : بارش پودوں میں کونپلیں پیدا کرتی ہے ۔

Flush : (n) [Oringin unkn.] (۱) تاش کے پتے جو سب ایک ہی رنگ کے ہوں ۔(۲) تاش کا ایک کھیل ۔

Flush : (a) (۱) بھرا ہوا ؛ سیلاب کی حالت میں ؛ لبریز ۔ (۲) سیلاب کی حالت میں دریا کا لبریز ہو کر کناروں کے باہر نکلنا ؛ لبالب ؛ بھر پور ؛ کثیر مقدار میں ۔ (۳) کسی چیز کا (یا دولت، روپیہ کا) بکثرت ؛ وافر ؛ دولت کی افراط ؛ زر و جواہر کی کثرت ۔ (٤) ہموار ؛ برابر اٹھے ہوئے کناروں یا ابھار کے بغیر ؛ مسطح ؛ یکساں سطح والا ؛ ملتی ہوئی سطح کے برابر۔ ٥) دمکتا ہوا ؛ چمکتا ہوا ؛ شوخ رنگ والا ۔ (٦) قوت حیات سے بھرا ہوا ؛ جیتا جاگتا ؛ چست ؛ تندرست ؛ خود اعتمادی کا حامل (شاذ) ۔

Flush : (a) فلش بنانے والا (ہاتھ یا تاش کے پتے) ۔

Flush : (v) [Origin doubful.] (۱) بازو تول کر اڑجانا ؛ تیزی سے اور اچانک اڑجانا ؛ پرواز کرجانا ؛ اُڑان بھرنا ۔ (۲) اڑا دینا (پرندوں کو) بھگا دینا ؛ اُٹھانا اور اونچا کرنا ۔

Flush : (v) [Origin unkn.] (۱) اچھل کر باہر آنا ؛ نکل بھاگنا ؛ تیزی کے ساتھ نکلنا ؛ تیزی سے بہہ نکلنا ؛ زور دار طور پر یا قوت سے بہنا نیز مجازاً ۔ (۲) نالی کو پانی بہا کر صاف کرنا ؛ (پانی کو) بہانا یا نکالنا (کسی جگہ سے پانی کو کھینچ لینایا نکال لینا ؛ (ترائی کو) سیراب کرنا ؛ زیر آب کرنا ؛ ڈوبا دینا ۔ (۳) سبزہ زار یا چراگاہ میں پانی بھر دینا ۔ (٤) پودوں کا نئی شاخیں یا کونپلیں پیدا کرنا: کونپلیں نکلنا ۔ (٥) دمکنا ؛ چمکنا ؛ سرخ ہوجانا ؛ خون کا چہرے پر دوڑنا ؛ شرما جانا ؛ کسی چہرے کا اچانک سرخ یا گرم ہو جانا ؛ چہرے پر سرخی دوڑنا ؛ شرماجانا ؛ کسی چہرے کا اچانک سرخ ہو جانا یا تمتما اُٹھنا ۔ (٦) دمکا دینا ؛ چمکا دینا؛ شرما دینا ؛ گرما دینا ۔ (۷) غرور یا جذبے سے مشتعل کر دینا ؛ ہمت دلانا ۔ (۸) سیال ہوجانا ؛ بہہ نکلنا ؛ جاری ہونا ؛ گھُل جانا یا مل جانا ۔ (۹) رنگ یاروشنی کا اچانک چمک پیدا کرنا ؛ دمکنا ؛ درخشاں ہونا ؛ یکبارگی روشن ہو کر چکاچوند کر دینے والی روشنی پیدا کرنا ؛ نور افشاں ہونا ۔ (۱۰) تیزی سے خون کا دوڑ جانا کہ سرخی آجائے ؛ سرخی پیدا کرنا ؛ رنگ کو گہرا کر دینا ۔ (۱۱) سرخ یا شہابی کردینا ؛ گلابی یا سرخی مائل بنانا ؛ دمکتے یا تمتماتے ہوئے رنگ سے رنگ دینا یا آراستہ کر دینا ۔ (۱۲) جلانا ؛ جان ڈالنا ؛ احیا کرنا ؛ روح پھونک دینا ؛ جان ڈال دینا ؛ شہہ دینا ؛ جوش دلانا ؛ اُبھارنا ۔

Flush : (v) (۱) مسطح بنانا ؛ سطح کو یکساں کرنا ؛ ہموار کرنا ۔ (۲) جوڑ کر پُر کر کے سطح کے برابر کر دینا؛ (دیوار فرش وغیرہ کے) جوڑ بھرنا: (مٹی وغیرہ کےپھوڑے سے) برابر کرنا ۔ (۳) لبریز کر دینا؛ بھر دینا؛ لبالب کر دینا؛ سیلا ب لے آنا ؛ غرق کر دینا ؛ کسی چیز کی کثرت یا بہتات کر دینا ؛ کثرت سے بھر دینا ۔ (٤) (پارچہ بافی) کپڑے کی سطح پر بہت سے دھاگوں کے اوپر ایک دھاگاپھینکنا نیزاُس دھاگے کاپھینکا جانا ۔

Flush deck : (n) (تعمیرات) ہموار تختہ بندی ۔

Flush system : (n) سیل شوی طریقہ ۔

Flusher/flasher : (n) (بول چال) سرخ پشت والا جَلّاد پرندہ ۔

Flushing : (n) (۱) اچانک زور دار حرکت ؛ تیز پروازی ؛ تیزروی ؛ زود اخراج ؛ تیز بہاؤ (خصوصاً نالی وغیرہ کی) ؛ پانی کے زور دار بہاؤ کے ذریعہ صفائی ۔ (۲) پودوں کی برگ آوری ؛ کونپل آوری ۔ (۳) چمک ؛ دمک ؛ سرخی ؛ تمتماہٹ ۔ (٤) اچانک اجرا ؛ اچانک اخراج ؛ اچانک اور زوردار اخراج ؛ تیز درخشانی یا نورافشانی ۔ (٥) احیا ؛ جلانے یا جان ڈالنے کا عمل ۔ (٦) اشتعال ؛ برانگیختگی ؛ جوش ؛ (عضویات) تمتماہٹ ؛ سُرخیِ عارض ۔

Flushing : (n) [Name of a post in Holland.] ایک قسم کا معمولی اور موٹا اونی کپڑا جو پہلےپہل فلشنگ میں بنایا گیا تھا ۔

Flushing tank : (n) سیلابی ٹنکی ۔

Flushness : (n) (۱) کثرت ؛ افراط ؛ وفور ؛ سیلابی حالت ۔ (۲) دولت یا روپے پیسے کی کثرت ۔ (۳) شوخ رنگ کی تمتماہٹ ؛ دمک ؛ سرخی ؛ چمک ۔ (٤) چستی ؛ توانائی ؛ خود اعتمادی (شاذ) ۔ (٥) ہمواریت ؛ ہم سطحیت ۔

Fluster : (n) گھبراہٹ ؛ بے چینی ؛ سراسیمگی ؛ دوڑ دھوپ ؛ پریشانی ؛ بدحواسی ؛ اضطراب ؛ ہیجان ؛ جوش ۔

Fluster : (v) (۱) شراب پلاکر بدحواس کردینا ؛ نیم مدھوش کر دینا ۔ (۲) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ۔ (۳) بے چین ہونا ؛ گھبرانا ؛ ہڑ بڑانا ؛ دوڑ دھوپ کر نا ؛ بھاگے پھرنا ۔ (٤) مشتعل یا مشتاق ہوجانا ؛ سرگرم ہو جانا ۔

Flustered : (a) نیم مدھوش ؛ نیم متوالا ؛ نشے کی حالت میں ابتر ؛ پریشان ؛ مضطرب ؛ گھبرایا ہوا ؛ سراسیمہ ؛ مشتعل ؛ پُر جوش ؛ ہیجانی ۔

Flustra : (n) جس سے کھری چٹان کی سی سطح کا حجر البحر (مرجان) بنتا ہے ۔

Flustrate : (v) (۱) (سوقیانہ) شراب پلاکرمدھوش یا مشتعل کر دینا ۔ (۲) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ مضطرب کر دینا؛ بے چین کر دینا ؛ سراسیما کر دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ جوش دلانا ۔

Flustration : (n) گھبراہٹ ؛ پریشانی ؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛ ابتری ؛ برہمی ؛ جوش ؛ استقلال ؛ برانگیختگی ۔

Flute : (n) [ME. 'flowte.'] (۱) منہ سے بجانے کا ایک آلہ موسیقی ۔ (۲) بانسری ؛ مرلی ؛ نے ؛ بنسی ۔ (۳) آرغنوں باجے کا ایک پردہ جس میں سے بانسری کی سی آواز نکلتی ہے ؛ بانسری بجانے والا ۔ (٤)عمودی گہراؤ (کٹاؤ یا کھنڈاؤ) ؛ پھٹی ہوئی نلکی، نےنواز یا بانسری کی طرح

یا کمر کی جو ستونوں میں بنائی جاتی ہے ۔ (۵) اس قسم کا کٹاؤ یا کھنڈاؤ جو علاوہ ستونوں کے کسی چیز میں ہو (مثلاً کپڑے کی جھالر میں ؛ لکڑی یا پتھر کی چوکھٹ یا کو اڑ میں) ؛ اس قسم کا کوئی بھی کٹاؤ یا نال ۔ (٦) بانسری سے مشابہ کوئی چیز ؛ شکل میں بانسری جیسی کوئی چیز یعنی ایک قسم کی پتلی اور لمبی فرانسیسی ڈبل روٹی ۔ (۷) (عمارت) ستون میں بنی ہوئی ایک قسم کینالی، آبریز یا خیارہ جو دیکھنے میں لمبائی میں بیچ سے پھٹی ہوئی بانسری کے آدھے حصے کے مشابہ معلوم ہوتا ہے جس کا مجوف رُخ باہر کی طرف ہوتا ہے ۔ (۸) (موسیقی) بانسری ؛ مُرلی ؛ (تعمیرات) خیّار ۔

Flute : (n) (۱) (جہازرانی) گلابی مستول والی تیز روکشتی جس کا پچھلا حصہ گول ہوتا ہے ۔ (۲) جنگی سامان لے جانے والی کشتی ۔

Armeden flute/Fr. arme an flute : ضروری سامانوں سے لیس جنگی کشتی ۔

Flute : (v) (۱) بانسری بجانا ؛ نےنوازی کرنا ؛ بانسری کی آواز کی طرح سیٹی بجانا ؛ گانا یا بات کرنا ۔ (۲) کوئی راگ یاراگنی بانسری میں بجانا ۔ (۳) (تعمیرات) ستون میں نصف چاک شدہ بانسری کی شکل کی نالی یا آبریز بنانا جس کامحدب حصہ باہر کی طرف ہو ؛ اس قسم کا کوئی بھی گڈھا یا نالی بنانا ۔ (٤) لباس وغیرہ میں دھاریاں بنانا ۔

Flute-bird : (n) (آسٹریلیا) ایک قسم کا پرندہ جس کی آواز بانسری کی آواز جیسی ہو ؛ نے نواز پرندہ ۔

Flute-glass : (n) ایک لمبا اور پتلا شراب کا گلاس ۔

Flute-stop : (n) بانسری کی سی آواز والا ارغنون باجے کا پردہ ۔

Fluted : (a) (۱) لمبائی سے چاک شدہ بانسری جیسی نالیاں یا آبریز بنایا ہوا (ستون)وغیرہ؛ دھاریوں سے آراستہ کیا ہوا (لباس وغیرہ) ۔ (۲) (موسیقی) باریک اور بانسری جیسی آواز کا ۔

Fluteddouce : (n) [Fr.'flute douce.'] آرگن کے پردے کا نام ۔

Fluter : (n) (۱) نے نواز ؛ بانسری بجانے والا (شاذ) اب اس کی جگہ Flautist یا Floutist مستعمل ہے ۔ (۲) (ستون وغیرہ) لمبائی سےچاک شدہ بانسری کی شکل کی نالی، ریگھاری یا آبریزبنانےوالا؛ دھاریوں یا ریگھاریوں سے آراستہ کرنےوالا ؛ دھاری دار کام بنانے والا ۔

Fluting : (n) (۱) کمرغی نقش ونگار کی بناوٹ ؛ نے نوازی ؛ بانسری کی آوازیں یا گانے یا سیٹی بجانے کا عمل ۔ (۲) خصوصاً ستون وغیرہ میں چاک شدہ بانسری کی شکل کا کٹاؤ ، نالی یا آبریز بنانے کا عمل ؛ دھاری دار یا ریگھاریوں والے کام سے کی ہوئی آرائش ؛ دھاری دار کام ۔ (۳) ستون وغیرہ میں بنایا ہوا چاک شدہ بانسری کی شکل کا کٹاؤ ؛ نالی یا آبریز کسی بھی چیز میں بنا ہوا چاک شدہ بانسری جیسا کٹاؤ ۔ (٤) (آثار) خیّاریت ۔

Fluting plane : (n) جھری رندہ ۔

Flutist : (n) نےنواز ؛ بانسری بجانے والا ۔

Flutter : (n) [f. next.] (۱) پھڑ پھڑاہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپی یا کپکپاہٹ ؛ اضطراب ؛ بے چینی ؛ پریشانی ؛ برہم حالت اضطراب ؛ سراسیمگی ؛ گھبراہٹ ۔ (۲) (روز مرہ) دوڑ ؛ سرپٹ دوڑ ؛ طرارہ ۔ (۳) حالت اشتعال ؛ حالت برہمی ؛ ہلچل ؛ پریشانی یا اضطراب کی حالت ؛ شورش ؛ کھلبلی ؛ بےترتیبی ؛ ابتری ۔ (٤) (عامیانہ) داؤں ؛ جوئے، تاش وغیرہ کا داؤں ؛ (طبیعیات ، حیوانیات) افرفہ؛ پھڑپھڑاہٹ ؛ (طب) بےقاعدہ نبض ۔

Flutter : (v) [OE. 'flotarian.'] (۱) (چڑیوں کا) پر مارنا ؛ پھڑپھڑانا ؛ پرجھاڑنا ؛ (بغیر اڑےیا تھوڑے تھوڑےفاصلہ تك اڑکر) پر جھڑنا یا مارنا ؛ اترنا ؛ چڑھنا؛ بےچینی کے ساتھ چلنا پھرنا ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تك اڑ کر) پر جھاڑنا یا مارنا؛ (نیزمجازاً) ۔ (۲) تڑپ کر زمین پراترنا؛ آنا جانا ؛ اترنا چڑھنا ؛ بے چینی کے ساتھ چلنا پھرنا ؛ تھوڑےتھوڑے فاصلہ تك آنا یا جانا ؛ منڈ لانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا ۔ (۳) نبض کا بےقاعدہ اور کمزور حرکت کرنا ؛ تموج قلب ؛ قلب کی لہر دار حرکت ۔ (٤) جوش اور تاثر کی حالت میں کانپنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان (تہ و بالا) ہونا۔ (٥) کسی شخص کو الجھن، پریشانی اور بےچینی کی حالت میں ڈالنا ؛ مبتلا کرنا ؛ کسی چیز کو تیزی سے باقاعدہ حرکت دینا ؛ تڑپانا ؛ لرزنا ۔ (٦) تیز ارتعاش ؛ لرزش یا تموج کے ساتھ حرکت کرنا۔ (۷) (بازاری) جوئے کا داؤں لگانا ؛ نفع کی اُمید پر روپیہ لگانا (طبیعیات) فلاٹر ؛ پھڑ پھڑانا ۔

To be put in a flutter : پریشان کر دیا جانا ؛ گھبرا دیا جانا ؛ الجھن میں مبتلا کردیا جانا ۔

To make a flutter : ہلچل مچادینا ؛ سنسنی پیدا کردینا؛ ہیجان واضطراب پیدا کردینا؛ ابتری پھیلا دینا؛ درہم برہم کردینا؛ سراسیمگی پھیلا دینا ؛ گھبرا دینا ۔

Flutter echo : (n) (طبیعیات) فلاٹر باز گشت ۔

Flutterer : (n) پھڑ پھڑانے والا ؛ پر مارنےوالا؛ منڈلانے والا ؛ لرزنے والا ؛ کانپنے والا ؛ بےچین ہونے یا کردینے والا ؛ پریشان کرنے یا ہونے والا ؛ الجھن یا ہیجان میں مبتلا کرنے یا ہونے والا ؛ سراسیمہ ہونےیا کرنے والا (بازاری) ؛ تاش ، جوئےوغیرہ کا داؤں لگانے والا جواری ؛ جواباز ۔

Flutteringly : (adv.) پریشانی سےمضطرب ہوکر ؛ سراسیمہ انداز میں ؛ لرزتے ہوئے ؛ کانپتے ہوئے؛ کانپتے ہوئے پھڑپھڑاتے ہوئے؛ ہیجانی انداز میں ؛ بے چینی سے؛ مضطربانہ ۔

Fluty : (a) بانسری کی طرح نرم آواز ؛ (بلکی اور صاف آواز میں) بانسری کی طرح نرم اور واضح ؛ میٹھی اور سریلی ۔

Fluvial : (a) [L.f.'fluvius.'] دریا کا یا اس سے متعلق ؛ دریا میں رہنے یا پایا جانے والا ؛ دریائی ؛ (ارضیات) دریائی ؛ سیلابی ۔

Fluvialist : (n) ندیوں یا چشموں کے بہاؤ کے عمل سے پیدا ہونے یارونما ہونے والے بعض ارضیاتی مظاہر کی تعبیر و تشریح کرنے والا ۔

Fluviatile : (a) دریا کا یا اس سے متعلق ؛ دریاؤں میں رہنے یا نشو ونما پانے والا ؛ دریاؤں میں پایا جانے والا ؛ دریاؤں کے بہاؤ کے عمل سے پیدا شدہ یا بنا ہوا ؛ دریائی ؛ دریا برآمد (ارضیات) دریائی ؛ سیلابی ۔

Fluvio - : (comb.) لاطینی لفظ Fluvius (بمعنی دریا) کی مرکب صورت ۔

Fluvio-marine : (n) وہ (مٹی اور ریت) جو دریا کے بہاؤ کے ساتھ آکر سمندر کی تہ میں جمع ہوجاتی ہے ؛ (حیوانیات) دریا باش ؛ (ارضیات) دریا بحری ۔

Fluviograph : (n) (ارضیات) دریا نگار ۔

Fluviometer : (n) دریا کے اتار چڑھاؤ کو ناپنے کا آلہ ؛ مقیاس الماء ؛ (ارضیات) دریا پیما ۔

Fluvioterrestrial : (a) (حیوانیات) دریا بر باش ۔

Flux : (n) [L.f. fluere.'] (۱) خون فاسد یا بہت زیادہ خون یا گوبر یا پائخانہ کا اخراج ؛ خون یا فضلات وغیرہ کا طبعی اور کثیر اخراج (پائخانے کے ساتھ یا کسی دوسرے طورپر) ، اس طرح نکلا ہوا خون، دست ، پت ، بلغم وغیرہ (قدیم استعمال میں) پیچش ؛ اسہال ۔ (۲) اخلاط اربعہ (خون ، بلغم ، صفرا ، سودا) کا بہاؤ ؛ جریا ن ، سیلان یا اخراج ۔(۳) بہاؤ ؛ جریان ؛ سیلان ؛ (اکثر مجازاً) ۔ (٤) جوار کا بہہ کر کنارے چڑھ آنا ۔ (٥) بہتا ہوا دھارا ؛ سیل رواں؛ سیل ؛ سیلاب؛ نیز مجازاً ۔(٦) (زندگی)، عمر وغیرہ کی) روانی ۔(۷) مسلسل تبدیلیوں کا سلسلہ ؛ مسلسل تبدیلی ؛ سلسلۂ ارتقاً ۔ (۸) (ریاضیات) (کسی نقطہ کی) مسلسل حرکت ۔ (۹) (طبیعیات) نفاذ ، کسی معینہ رقبہ میں کسی سیال مادے کی روانی یا بہاؤ ؛ (رفتار) کی شرح ؛ اُس مادے کی وہ مقدار جو اُس رقبہ سے ایک وقت معینہ کے اندر گذرے ؛ (فلزیات) وغیرہ ۔ (۱۰) دھات کو گلانے کےلئے اس میں ملایا جانے والا مادہ ؛ نیز وہ مادہ جو پگھلا کر بنائے جانےوالے برتنوں یا چپٹی اور شیشے کے برتنوں کو رنگنے کےلئے استعمال کیاجاتاھے ۔ (۱۱) بہتے ہوئے چشمے یا دھارا کی طرح مسلسل روانی ۔ (۱۲) کسی واقعے یا حادثے کے پہلےیا ساتھ ساتھ کسی واضح سبب کے فقدان یا غیر یقینی سی حالت اور اکثر جس کے پہلے اسباب وعلل کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا ۔(۱۳) (فلزیات) ویلڈنگ وغیرہ کے ذریعہ جوڑی جانےوالی سطحوں پر جوڑنے کے دوران یا اُس سے فوراً پہلے سطح کو صاف، کرنے اکسائڈ دورکرنےاورجوڑکو بہتر بنانے کےلئے استعمال کیا جانے والا مادہ (زرسین یابوریکس)؛ شیشہ سازی میں شیشہ کو شفاف بنانے کے لئے اس میں دیا جانے والا مادہ (بوریکس) (کیمیا) مادہ جو دھات کو گلانے کا کام آتا ھے (الیکژک) نفاذ ؛ فلکس (طب) نزف الدم ؛ اسہال شدید ۔

Black flux : پوٹاش کے نائٹریٹ کے ایک حصے اور پوٹاش کےبائیٹارٹریٹ کےدوحصوں کے مخلوط کو آگ پر رکھ کر بنایا جانے والا ایک مادہ ۔

Bloody flux : خونی پیچش ؛ جریان خون ؛ سیلان الدم ؛ (طب) زحیر پیچش ۔

In a state of flux : تغیرات کا غیر منقطع سلسلہ ۔

Line is the flux of point : ایک نقطے کی مسلسل حرکت (کھینچنے) کا نام خط ہے ۔

White flux : ایک ہی قسم کے نمکوں کے برابر حصوں کو سرخ دہکتی ہوئی کٹھال میں ڈال کر اور ملاکر حاصل کیا جانے والا ایک مادہ ۔

Flux : (v) [f. flux.] (۱) بہہ کر نکل جانا ؛ جاری ہونا ؛ بہنا ؛ زیادہ مقدار میں بہنا ۔(۲) سیال بنانا ؛ گلانا ؛ ملانا ؛ گلانے والے مادے سے گلانا ؛ زیادہ کثیر مقدار میں بہنا ؛ پگھلانا ۔(۳) سیال بن جانا ؛ سیال ہو جانا ؛ پگھل جانا ؛ گل جانا ؛ گداز ہو جانا ؛ گھل جانا ۔

Flux and reflux : (n) (۱) پانی کا چڑھاؤ خشکی کی طرف ؛ مدو جزر ؛ جوار بھاٹا (اکثر مجازاً) ۔(۲) (طب) مدو جزر ۔

Fluxation : (n) سیلان ؛ بہاؤ ۔

Fluxible : (a) (۱) (متروک) مائل بہ روانی بہنے یا جاری ہونے کے لائق ؛ سیال ؛ رقیق ۔(۲) قابل حل ؛ پگھلنے یا پگھلائے جانے کے لائق ۔(۳) قابل تغیر ؛ متغیر ۔

Fluxibility/Fluxibleness : (n) بہنے یا جاری ہونے کی صفت ؛ سیلانیت ؛ سیّالیت ؛ پگھلنے یا پگھلائے جانے کی صفت ؛ تحلیلیت ؛ حل پذیری ۔

Fluxibly : (adv.) رواں دواں ؛ بہتے ہوئے ؛ حل ہوکر ؛ پگھل کر ؛ کھُل کر ؛ متغیر انداز میں ؛ متغیرانہ ۔

Fluxile : (a) (۱) (متروک) بہنے یا جاری ہونے کے لائق ؛ مائل بہ روانی ؛ سیّال ۔(۲) قابل تغیر ؛ متغیر ۔

Fluxility : (n) بہنے یا جاری ہونے کی صفت ؛ سیلانیت ؛ سیّالیت ؛ تغیر ؛ تبدل ۔

Fluxion : (a) [L.'fluxionem.'] (۱) بہنے یا جاری ہونے کا عمل ؛ سیلان ؛ جریان ؛ روانی ؛ نیز مسلسل یا ارتقائی تغیر (شاذ) ۔(۲) (کم مستعمل) بہاؤ ؛ مسلسل تغیر ۔(۳) (ریاضیات) صفاری احصا کی نیوٹنی شکل میں) وہ شرح یا تناسب جس سے کوئی بہتی ہوئی یا تغیر پذیر مقدار (جماعت) بڑھتی ہے (لیکن ۱۸ویں صدی کے مصنفوں نے اسے اُس حیثیت سے استعمال کیا ہے جسے نیوٹن نے لمحہ رواں سے تعبیر کیا تھا (اور جدید تجزیہ کا اُسے "تفرقی" یا تفریقی کہتے ہیں) ۔(٤) جسم کے کسی حصے یا کسی عضو کی طرف خون ؛ خوننناب (سیرم) وغیرہ کا کثیر بہاؤ یا دوران نیز اس طرح بہنے والے خون یا خوننناب ۔(٥) خون، فضلات کو پاخانے کے ساتھ یا کسی دوسرے طور پر کثیر اور غیر طبعی اخراج ؛ جریان یا سیلان ؛ پیچش ؛ اسہال ۔(٦) Fluxious کونیوٹنی احصا کے نام کے طور پر استعمال کیاجاتا ہے ؛ خفیف سے خفیف مقدار، چھوٹی سے چھوٹی مقدار ؛ بے انتہا خفیف مقدار ۔(۷) (طبیعیات) اماعت ؛ پگھلاؤ (ریاضی) تفاضل ؛ (طب) جریان ؛ نزف الدّم ۔

Method of fluxians : کسی بہتی ہوئی چیز کی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب معلوم کرنے کا طریقہ ۔

Fluxion-structure : (n) (ارضیات) بلور ؛ بلور نما پتھروں یا کسی چٹان کے ذرّات کی لہر یا خطوط میں ترتیب جو انجماد سے پہلے پوری چٹان کی داخلی حرکت کی نشان دہی کرتی ہے ؛ اسے Flow Structure بھی کہتے ہیں ۔

Fluxional : (a) (ریاضیات) کسی بہتی ہوئی چیز کی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا یا اُس سے متعلق ؛ اس نظریے کا یا اُس سے متعلق ؛ بہاؤ یا بہنے سے متعلق ؛ بہنے والی یا سیّال چیز سے متعلق ؛ (ریاضی) تفاضلی ۔

Fluxionary : (n) (ریاضیات) کسی بہتی ہوئی چیز کی مقدار جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا یا اُس سے متعلق ؛ مسلسل متغیر ہونے والا ؛ پیہم متغیر ؛ متغیر فطرت والا ؛ (ریاضی) تفاضلی ۔

Fluxionist : (n) بہتی ہوئی چیز کی مقدار یا جسامت میں اضافے کی شرح یا تناسب کا ماہر ریاضی داں ؛ اس قاعدے سے لے کر کام لینے والا ماہر ریاضیات ۔

Fluxometer : (n) (طبیعیات) فلکس میٹر ؛ فلکس پیما ؛ (الیکٹرک انجینیئرنگ) مقناطیسی نفاذ پیما ؛ فلکس پیما ۔

Fly : (n) [OE. 'fleoze,' 'flyze.'] (۱) مکھی ؛ مگس دوپروں والے یا دو بازوئی کیڑے یا حشرات ۔(۲) پودوں کی ایک بیماری جو بعض مکھیوں سے پیدا ہوتی ہے ۔ (۳) وہ مکھی یا کیڑا جس کو مچھلی کےشکار میں چارہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔(٤) (کسانوں اور باغبانوں کی زبان

Fly : (n) [OE. f. Fly (v)] (۱) اڑان ؛ پرواز ؛ وہ فاصلہ جتنی دور تك اڑا جائے ؛ حرکت ؛ روانی ۔ (۲) تیز مسافرگاڑی ؛ خصوصاً ایك ہلکی گاڑی جو ۱۸۱٦ء میں برنٹن میں رائج کی گئی تھی ؛ پہلے آدمی اسے کھینچتے تھے، بعد میں ایك گھوڑے کے ذریعہ ؛ یك گھوڑے والی کرائے کی گاڑی ۔(۳) (لباس) کپڑے کا پردہ یا پٹی ؛ جو بٹن یا کاجوں کے اوپر رہتا ہے یا جس میں کاج بنائے جاتے ہیں ؛ کپڑے کا دامن ؛ خیمے کے دروازے کا پردہ ؛ خیمے کے کپڑے کا ایك ڈھلواں حصہ ۔ (٤) جھنڈے کا وہ حصہ جو اپنے ڈنڈے سے سب سے زیادہ دور ہو ؛ نیز جھنڈے کا عرض ڈنڈے سے کپڑے کے انتہائی کور تك ۔ (٥) (جمع، تھیٹر) پردہ اور اسٹیج کے درمیان کا فاصلہ ؛ اسٹیج کے اوپر کی جگہ ۔(٦) گھڑیوں کی اور مشینوں کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے والی ترکیب یا پرزہ ؛ کل ؛ جملہ ۔(۷) (بیس بال) ضرب لگانے کےبعد گیند کی اُڑان جب تك وہ زمین پر نہ آجائے ۔ (۸) (تیکنیکل) (جہاز رانی) صفحہ قطب نما؛ کمپاس کارڈ ۔(۹) وزنی کھیر والا فاضل پہیا ؛ وزنی بازوؤں کا جوڑا یا دوسری ایسی بی ترکیبیں جو مشین کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے کےلئے استعمال کی جاتی ہیں ۔(۱۰) بھوسی اُڑانے والاپنکھا؛ دُھننے والی مشین کے بیلن یا اُستوانے ؛ بننے والی مشین میں پھرکی دار بیلن کا دوسرا نام ۔ (۱۱) (کتان) وہ بازو جو تاگہ بٹنے کے لئے تکلی کو گھماتے ہیں یا تاگالپٹنے کےلئے ریل کو گھماتے ہیں ۔ (۱۲) (بنائی میں) کھٹکا (دستی کتائی میں) تکلی ؛ تکلہ ۔ (۱۳) پیانو کی کنجیوں کو ٹھانکنے والا قلابہ دار تختہ (جب استعمال نہیں کیا جاتا) ۔ (۱٤) رَدّی روشنی؛ بیکار روشنی ؛ نا قابل استعمال روشنی کا چھاٹن ۔

High flown : (a) سرفراز ؛ عالی مقام ؛ پر تکلف ؛ مبالغہ آمیز ؛ بلند آہنگ ۔

On the fly : بحالت پرواز ؛ متحرك ۔

The bird is flown : چڑیا اُڑچکی (مجازاً) جس شخص کی تلاش تھی یا جو قبضے میں تھا وہ بھاگ گیا ؛ نکل بھاگا ؛ موقع ہاتھ سے جاتا رہا ۔

To let fly : (میزائل) چھوڑنا ؛ میزائل سے مارنا ؛ فائر کرنا ؛ گولی مارنا یا گولی چلانا ؛ نیز

Tsetese- fly : منطقہ حارہ اور جنوبی افریقہ کی ایك قسم کی مکھی جس کے کاٹنے سے گھوڑے اور دوسرے گھریلو جانور مرجاتے ہیں ۔

میں) پودوں یا جانوروں کو نقصان پہنچانے والے کیڑے ؛ باپ خور ؛ آلو خور یا بھیڑوں کا خون چوسنے والی مکھی، نیز ان مکھیوں سے پیدا شدہ بیماری ۔(٥) ایك مصنوعی مکھی یا بنسی میں اس طرح کیڑا پھنایا ہوا جو دیکھنے میں صرف کیڑا ہی معلوم ہو ۔ (٦) (طباعت) چھپائی والے مشین سے کاغذ کے تختوں کو ہٹانے والا شخص ، نیز اب مشین کا وہ حصہ یا پرزہ جو یہ کام کرتا ہے ۔ (۷) (میکانیت) آنکڑا ؛ کانٹا (انجینیئرنگ) اُڑ پہیا ۔

A fly in the ointment : ایك معمولی (خفیف) بات جو عیش و آرام یا کیف و مسرت کو خراب کردے ، مزہ کو کر کرا کردے ۔

Biting fly : (n) (حیوانیات) گزندہ مکھی ۔

Black fly : (n) (امریکا) سیاہ مکھی ؛ مکھی کی ایك قسم جس کے کاٹنے سے بہت تکلیف ہوتی ہے ۔

Blister fly : (حیوانیات) تیلنی مکھی ؛ ذرّاح ۔

Door flew open : دروازہ یکایك کھل گیا ؛ زور سے کھُل گیا ؛ چوپٹ کھل گیا ۔

Glass etc flies : شیشہ وغیرہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر جاتا ہے ؛ ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے ۔

Hessian fly : ایك قسم کی مکھی جس کا پہل روپ گیہوں کےلئے انتہائی تباہ کن ہوتا ہے ؛ اس کی وجہ تسمیہ اس غلط مفروضے پر ہے کہ یہ مکھیاں جنگ آزادی کے دوران Heassian افواج کے ساتھ امریکا آگئی تھیں ۔

Horse fly : (n) (حیوانیات) گھُڑ مکھی ۔

House fly : (n) (حیوانیات) گھریلو مکھی ۔

Spanish fly : (n) سبز چمك دار کیڑا جسے قوت باہ کے لئے استعمال کرتے ہیں ؛ سون مکھی ۔

There are no flies on : کسی شخص یا شے کی قابلیت یا کمال کی تعریف ؛ اس میں کوئی بات نہیں ؛ اس میں کوئی عیب نہیں ؛ اس کے بارے میں کوئی مشتبہ بات نہیں ؛ (ابتداً امریکی عامیانہ)۔

To break crush a fly upon the wheel : جس قدر قوت مختلف صرف کرنے کی واقعی ضرورت ہو اُس سے زیادہ صرف کرنا یا قوت ضائع کرنا ۔

غائب ہو جانا؛ دوڑکر بھاگ جانا؛ دور ہٹ جانا؛ دور رہنا؛ پر ہیز کرنا احتراز کرنا؛ الگ رہنا ؛ بچنا؛ حذر کرنا ۔ (۱۵) دفتعاً زبر دستی نکال دیا جانا ؛ بھگا دیاجانا ۔ (۱۶) (پتنگ) اڑانا۔ (۱۷) سخت الفاظ استعمال کرنا یا بندوق کی گولی کی طرح ان کو زبان سے نکال کر سننے والے کو مجروح کر دینا ۔

As the crow flies : بخط مستقیم ۔

To fly a kite : (اصطلاحاً) دست گرداں ہنڈیوں کے ذریعہ سےروپیہ قرض لینا ؛ یہ معلوم کرنا کہ ہَوا کس طرف چل رہی ہے ۔

To fly a bill : (روز مرہ یا عامیانہ) دست گرداں ہُنڈیوں کے ذریعہ سے روپیہ قرض لینا ۔

To fly open, to up : اُڑجانا ؛ اُڑ کر بکھر جانا یا پھیل جانا ۔

To fly at (soar at) : (باز کا) ہَوا میں اُڑ کر کسی چیز پر (یا پرند پر) حملہ کرنا ۔

To fly at higher games : زیادہ بلند حوصلے رکھنا ؛ زیادہ ہمت رکھنا ۔

To fly at, on, upon : تیزی سے جھپٹنا ؛ غضبناک طورپر حملہ کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ قہر بار ہونا (ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

To fly by night : ایسا شخص جو رات کے وقت ہَوا خوری اور سیر وتفریح کےلئے باہر جاتا ہو یا جو رات میں بھاگ جائے ۔

To fly from : (کسی شخص کے پاس سے، کسی جگہ سے، خطرے یا خطرناک چیز سے) بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ۔

To fly high : (اصطلاحاً) بڑے بڑے منصوبے گانٹھنا ؛ خوابش کرنا ۔

To fly high /-low : (۱) نشانہ لگانا ؛ شست باندھنا یالگانا ۔ (۲) پر ہیز کرنا ؛ احتراز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ دور رہنا ۔ (۳) بزرگ ہونا ؛ رتبہ اور منزلت میں بڑا ہونا ؛ صاحب فضیلت ہونا ؛ مشہور و معروف ہونا ۔

To fly in aircraft : آلات ہَوائی یا ہَوائی جہاز میں اڑنا ۔

مجازاً ؛ (جہاز رانی) (بادبان کو) اُڑنے کےلئے ڈھیلا یا کھلا ہوا چھوڑ دینا ؛ (بادبان) لگانا ؛ مستول کی چوٹی تک لے جانا؛ پھیرانایا لہرانا (جھنڈا) ۔

To make fly : (باز یا کبوتر وغیرہ کو) اڑانا ۔

To make sparks fly : چنگاریا ں اڑانا ؛ شرارے بکھیرنا ؛ شرر افشاں ہونا ۔

To make the money fly : بہت جلد روپیہ خرچ کر ڈالنا ۔

Fly : (v) [OE. fleozn, flozen.] (بول چال اور معمولی نثر میں Flee کوFly پرترجیح دی جاتی ہے لیکنFled پر Flew یا Flown کو ترجیح نہیں ہے) ۔ (۱) ہَوا میں پروں کے ذریعہ سے حرکت کرنا ؛ اڑنا ؛ پرواز کرنا ؛ (مجازاً) شہرت خبر وغیرہ کا پھیلنا یا مشہور ہونا ۔ (۲) (کبھی کبھی) اڑجانا ؛ بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ روانہ ہو جانا ۔ (۳) ہوائی جہاز سے سفر کرنا ؛ ہوائی جہاز چلانا ۔ (٤) ہوا میں تیزی سے بلند ہونا ؛ گذرنا ؛ (نثی پر سے) صاف کود جانا ؛ پھلانگ جانا ۔ (٥) (چڑیوں کو) اڑانا ؛ چھوڑنا ۔ (٦) (شاہین بازی) شاہین کا، پرواز کے ذریعہ (شکارپر) حملہ آور ہونے کے لئے صحیح پوزیشن پر آنا ، (شاہین باز کا) شاہین کو اڑا کر حملہ کرانا ؛ شاہین کے ذریعہ (شکار کا) تعاقب کرنا ؛ نیز شاہین کا شکار کے تعاقب میں جانا ۔ (۷) اڑانا ؛ پرواز کرنا ؛ پرواز کا سبب ہونا ۔ (۸) (جھنڈے ، بال ، لباس وغیرہ کا) ہَوا میں پھڑپھڑانا ؛ ہلنا ؛ لہرانا ؛ اُڑنا ؛ لہرانا مستول کی چوٹی پر (بادبان کو) یا بانس کے اوپری سر سے پر جھنڈے کو لےجانا ؛ پھیرانا؛ کھولنا ؛ لہرانا ۔ (۹) سرعت سے چلنا، سفر کرنا یا گذرنا خصوصاً وقت کا ۔ (۱۰) بہ عجلت سفر کرنا ؛ جھپٹ کر جانا؛ تیزی سے گذرنا ؛ قلانچ مارنا؛ کودنا ؛ جلدی سے لے جانا ۔ (۱۱) چیزوں کو ، اچانک یا جھٹکے کے ساتھ ڈھکیل دینا ؛ نکال دیا جانا ؛ باہر کر دیا جانا ؛ پھینک دیا جانا (روپے کا) تیزی سے خرچ ہونا؛ تیزی سے خرچ کرنا یا صرف ہونا ؛ اسراف زر ؛ پرواز زر ۔ (۱۲) اچانک ٹوٹ جانا ؛ دفعتاً توڑ دینا ؛ چور چور کردینا ؛ ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ (۱۳) (جہاز رانی) (ہَوا کا) اچانک رخ بدل دینا؛ پلٹنا یا پلٹ جانا۔ (۱٤)بھاگ جانا (مثلاً خطرے سے) ؛ روانہ ہو جانا ؛ پرواز کرجانا؛ اچانک پیچھے ہٹ جانا ؛ خود کو پیچھے کھینچ لینا ؛ رخصت ہو جانا ؛ کسی کو بھگا دینا ؛ فرار کر دینا ؛

Fly away : (n) (۱) طیار ؛ اڑنے والا ؛ پرواز کرنے والا ؛بھاگنے والا ؛ فراری ؛ جھپٹ کر گزرجانے والا ؛ ٹوٹ پڑنے والا ۔(۲) (جہاز رانی) سُراب فریب نظر ؛ نظر کا دھوکا ؛ پر فریب طور پر زمین ؛ نظر آنا ؛ نیز نیم اسم معرفہ (Cape fly away) ۔

Fly away : (a) آمادہء پرواز ؛ مائل پرواز ؛ آمادہء فرار ؛ لائق پرواز ؛ (اشیاء لباس وغیرہ) ڈھیلا ڈھالا ؛ لٹکتا ہوا جھولتا ہوا؛ لہراتا ہوا؛ غیر رسمی؛ (اشخاص) وہمی ؛ اڑنچھو ؛ متلون المزاج ؛ بے ہنگم ؛ غیر محتاط ؛ مُصرف ؛ غالی ۔

Fly back : (n) (طبیعیات) واپسی پرواز ۔

Fly back time : (n) واپسی پرواز وقت ۔

Fly-ball : (n) گیند جسے اڑان کی حالت میں پکڑا جا سکے ۔

Flybane : (n) (۱) پودوں کانام ؛ ایک پودا جس کے تنکے چپک دارھوتے ہیں ؛ مکھی چوس ؛ مگس گیر ؛ مکھی پکڑ ۔ (۲) ایک سدا بہار خوشبو دار بوٹی ۔ (۳) ایک قسم کی کھمبی ؛ ککر متّا ۔ (٤) مکھیاں مارنے کا زہر ۔(٥) ایک قسم کا پودا؛ بالچھڑ ؛ سنبل الطیب ؛ سنبل ہندی (نباتیات) ۔

Fly bill : (n) اشتہار جو بکھیرنے؛ اڑانے یا شائع کرنے کےلئے ہو ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fly-bird : (n) ایک قسم کی چڑیا جس کے پروں سے اُڑتے وقت غن غناہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے ۔

Fly-bitten : (a) مکھیوں کا کاٹا ہوا مگس زدہ ؛ مکھیوں کا ڈنک مارا ہوا ؛ نیش زدہ ۔

Fly-blister : (n) (طب) خشک کی ہوئی سون مکھی کا لیپ یا پلاسٹر ؛ جسم پر آبلے یا چھالے پیدا کرنے والی دوا کا لیپ ؛ کنتھرائیڈ کا لیپ یا پلاسٹر ۔

Fly-block : (n) (جہاز رانی) نچلےبادبان میں جُڑا ہوا بلاک یا لکڑی کا کندا ۔

Fly-blow : (n) مانس مکھی کا انڈا یا لاوا ؛ مکھی کا انڈا ؛ بیضہء مگس (گوشت وغیرہ پر) ؛ (حیوانیات) مکھی کا انڈا ؛ تخم مگس ۔

Fly-blow : (v) (۱) (مکھیوں کا) (گوشت وغیرہ پر)انڈے دینا ؛ خفیہ طور پر فاسد کر دینا ؛ خراب کر دینا ؛ سڑا دینا ؛ داغ لگا دینا ؛ آلودہ کر دینا ؛ ملوث کر دینا (خاص کر مجازاً) ۔ (۲) (مکھیوں کا) انڈے دینا ۔

Fly in or into (a passion, raptneves) : بھڑک اٹھنا ؛ مشتعل ہونا ؛ غصے سے مشتعل ہونا ؛ وجد ، سرمستی یا جذبہ کی حالت پیدا ہوجانا؛ لطف یا مزہ میں بیخود ہو جانا (کسی چیز سے ہو کر) ؛ دفعتاً گذر جانا ۔

To fly in the face of : سامنا کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ گستاخی کرنا ۔

To fly off : (۱) شروع کرنا ؛ آغاز کرنا (کسی مہم وغیرہ کا) ۔(۲) بغاوت کرنا ؛ (مجازاً) دوسری راہ اختیار کرنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ پھر جانا (کسی معاہدے وغیرہ سے) ؛ عہد شکنی کرنا ۔

To fly out : (۱) جھپٹ کر نکل بھاگنا ؛ تیزی سے نکل بھاگنا ۔(۲) پھٹ پڑنا ؛ غضبناک ہوجانا ؛ بےقابو ہو کر سخت کلامی کرنا یا کوئی شدید کاروائی کر گزرنا ۔

To fly to arms : ذوق وشوق کے ساتھ؛ جوش کے ساتھ ہتھیار اُٹھانا؛ جنگ پر آمادہ ہونا ؛ آمادہء پیکار ہونا ۔

To fly up in the wind : پتوار چلانےوالوں کی غفلت سے جہاز کے اگلےحصہ کا اچانک ہَوا کے رخ پر آجانا ۔

Fly : (v) (۱) ہَوا میں پروں کے ذریعہ حرکت کرنا ؛ اُڑنا ؛ پرواز کرنا ۔(۲) ہَوا میں تیزی سے بلند ہونا؛ گزرنا ؛ (ٹٹی پر سے) صاف کود جانا ؛ پھلانگ جانا ۔(۳) (پتنگ) اڑانا ۔(٤) جھنڈے ، بال، لباس وغیرہ کا ہوا میں پھڑ پھڑانا ؛ ہلنا ؛ لہرانا ۔ (٥) بہ عجلت سفر کرنا ؛ جھپٹ کر جانا ؛ تیزی سے گزرنا ؛ قلانچ مارنا ؛ کودنا ؛ جلدی سے جانا ۔(٦) دفعتاً زبردستی نکال دیا جانا ؛ (۷) سخت الفاظ استعمال کرنا یا بندوق کی گولی کی طرح ان کو زبان سے نکال کر سننے والے کو مجروح کرنا ۔

Fly : (v) [f.Fly (n) .] کسی چیز پر انڈے دینا، گرانا ؛ مکھیوں کے ذریعہ پھیلنا ؛ ایک گھوڑے والی کرایہ گاڑی سے سفر کرنا یا اس پر مال لانا لے جانا ۔

Fly : (a) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) خبر دار ؛ ہوشیار ؛ واقف ؛ چوکس ؛ ماہر جاننے والا ؛ چتر؛ سیانا ۔ (۲) (انگلیاں) تیز ؛ پھرتیلی ؛ چست ؛ ماہر ؛ مشاق ۔

Fly-agaric : (n) ایک قسم کا پودا بال چھڑ ؛ سنبل الطیب ؛ سنبل ہندی ؛ (نباتیات) مگس کھُمبی ۔

Fly-blown : (n) (۱) (گوشت) جس میں مکھی کے انڈے پڑ گئے ہوں ؛ مکھی کے انڈوں سے بھرا ہوا ؛ خراب ؛ زہریلا ؛ داغ دار ؛ آلودہ ؛ گندہ ؛ سڑا ہوا ؛ متعفن ؛ نیز مجازاً ۔(۲) (عامیانہ) پٹے ہوئے ؛ سرشار ؛ مست ؛ متوالا ؛ مخمور ؛ شرابی ؛ بدمست ؛ نشہ ۔

Fly boat : (n) [app. adf. DU. vliboot-.] (۱) تیز رو کشتی جو خصوصاً ساحلی تجارت میں استعمال کی جاتی تھی ۔ (۲) (تاریخ) جنگی مقاصد یا سمندری کھوج میں استعمال کی جانے والی تیز رفتار کشتی ۔ (۳) نہر پار کرنے والی تیزرو کشتی ۔

Fly-book : (n) وہ بٹوا یا ڈبیا جس میں وہ مصنوعی مکھیاں رکھی جاتی ہیں جس کو مچھلی کے شکار میں کانٹے پر لگاتے ہیں ۔

Fly bridge : (n) فوجی مقاصد کے لئے عارضی پل ؛ (انجینیئرنگ) عارضی پل ۔

Fly case : (n) حشریات کی پوشش ؛ اُن کے جسم کا اوپری ڈھکن خصوصاً بھنورے کی قسم کے کیڑوں کے بازوؤں کا بیرونی خول ۔

Fly-catcher : (n) (۱) مکھی پکڑنے کا جال ۔(۲) مگس گیر ؛ مکھی پکڑنے والا ۔ (۳) ایک قسم کی مکھی مار چڑیا ۔ (٤) مکھیاں پکڑنے والا مکڑا ۔ (٥) (حیوانیات) مگس مار چڑیا ؛ مگس گیر ۔

Fly coach : (n) تیز رفتار مسافر گاڑی خصوصاً ایک ہلکی گاڑی جو ۱۸۱٦ء میں برائن میں رائج کی گئی اور جسے ابتداً آدمیوں کے ذریعہ کھینچا جاتاتھا اور بعد میں ایک گھوڑے والی چھت دار گاڑی جو کرایہ پر چلائی جاتی تھی ۔

Fly-dung : (v) [f. Fly,+Dung. v.] (۱) (رنگائی) مجیٹھ سے رنگنے کے دوران کپڑے کو ایک خاص قسم کے محلول میں پہلی بار ڈبو کر نچوڑنا ۔

Fly-fish : (n) مکھی کو بطور چارہ استعمال کر کے مچھلی کا شکار کرنا ؛ (حیوانیات) اُڑن مچھلی ۔

Fly-fisher : (n) مکھی کو بطور چارہ استعمال کر کے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Fly-fishing : (n) مکھی کے چارے سے مچھلیوں کا شکار ۔

Fly-flap : (n) مکھیاں اڑانے اور مارنے کا ایک چپٹا آلہ ؛ مگس راں ۔

Fly-flap : (v) مکھیاں اڑانے والے چپٹے آلے سے مارنا ؛ پیٹنا ؛ چابک لگانا ؛ کوڑے مارنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Fly-flapper : (n) مکھیاں مارنے والے آلے سے مکھیوں کو بھگانے والا ؛ مکھیاں اُڑانے اور مارنے کا ایک چپٹا آلہ ۔

Fly fungus : (n) (نباتیات) مگس کھمبی ؛ فطر مگسی ۔

Fly governor : (n) وزنی گھیر والا فاضل پہیا؛ وزنی بازوؤں کاجوڑا یا دوسری ایسی ہی ترکیبیں جو مشین کی رفتار کو باقاعدرکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں ۔

Fly honey suckle : (n) (۱)ایک قسم کی بیل جس کےپھول زرد، خوشبو دار اور بگل نما ہوتے ہیں ۔ (۲) Halleris کی ایک قسم؛ ایک قسم کا پودا ۔

Fly hook : (n) چارا لگی ہوئی بنسی، جس میں مکھی کو بطور چارہ لگایا گیا ہو ۔

Fly in amber : (n) عجیب و غریب آثار قدیمہ ۔

Fly-leaf : (n) کتاب کے شروع اور آخر کا خالی ورق ؛ گشتی چٹھی کا سادہ ورق ؛ سر ورق ۔

Fly line : (n) مکھیوں کا چارا ڈال کر مچھلیاں پھنسانےوالی ڈور ۔

Fly man : (n) کرایہ گاڑی چلانے والا ؛ وہ شخص جو تھیٹروں میں پردوں کی رسیاں کھینچنے پر مقررہوتا ہے ۔

Fly-net : (n) [OE. fleshnet.] جالی جو گھوڑوں پر ان کو مکھیوں سے بچانے کےلئے ڈالی جاتی ہے ؛ مکھیوں یا کیڑوں سے بچاؤ کی خاطر لگائی جانے والی جالی ۔

Fly-netting : (n) باریک جال دار سوتی کپڑا جو پہلے دریچوں کے پردوں کےلئے استعمال ہوتا تھا ۔

Fly-nut : (n) ایک گری دار میوہ یا سختہ جس کے بازو ہوتے ہیں ؛ بازو دار سختہ ۔

Fly on wheel : (n) ایسا شخص جو اپنے اثر کا غلط اندازہ کرے (جس قدر ہو اُس سے زیادہ سمجھے) ؛ بر خود غلط ۔

Fly orchid/-orchis : (n) ایک قسم کے پودے کا نام ۔

Fly paper : (n) مکھیوں کے مارنے کا زہر اور گوند لگا ہوا کاغذ ؛ مکھی مار کاغذ ۔

Fly powder : (n) مکھی مار سفوف ؛ ایک قسم کا پاؤڈر جسے مکھیوں کو مارنے کےلئے استعمال کیا جاتا ھے ۔

Fly press : (n) (جلد سازوں اور مطبع والوں کے استعمال کےلئے) شکنجہ جو وزنی گھیر والے پہیے کے ذریعہ کام کرتا ھے ۔

Fly proof : (n) مانع مگس ؛ مکھی روک ۔

Fly punching -press : (n) آرا اور دوسرے دندانہ دار اوزاروں میں دانت بنانے والی مشین ۔

Fly rail : (n) میز کا وہ حصہ جو لٹک تختے کو سہارا دینے کےلئے باہر نکل آتا ھے ۔

Fly rod : (n) مچھلیاں پھنسانے والی چھڑ ۔

Fly snapper : (n) (امریکا) بعض مگس خور پرندوں کا نام ۔

Fly speck/-spot : (n) کسی کیڑے کےفضلے سے پیدا شدہ دھبا ۔

Fly table : (n) لٹکتے تختے والا ٹیبل ؛ ایسا ٹیبل جس میں جھولتا ھوا یا لٹکتا ھوا تختہ ھو ۔

Fly-the- garter : (n) ایک قسم کا کھیل ۔

Fly title : (n) عام سر ورق یا عنوان کے سامنے نصف عنوان یا وہ جو کسی کا م٭کو حصوں میں یا کسی تصنیف کو ابواب میں تقسیم کرتا ھو ۔

Fly-trap : (n) (۱) مکھیوں کو پکڑنے کا پھندا ۔ (۲) ایک قسم کا مگس گیر پودا ؛ (نباتیات) مگس گیر ؛ خالق الکلب ؛ حشرہ گیر ۔

Venus's fly trap : (نباتیات) زُہری مگس گیر ۔

Fly water : (n) مکھیوں کو مارنے کے لئے سنکھیا کا محلول یا کاسیا چھال کو جوش دے کر نکالا ھوا عرق ۔

Fly weevil : (n) (امریکا) غلّوں میں لگنے والے عام کیڑے ؛ پنکھی ، کیڑی ، گھُن وغیرہ ۔

Fly weight : (n) وہ مکا باز جس کا وزن آٹھ اسٹون ھو ۔

Fly-wheel : (n) مشینوں کا ایک بڑا پہیا جس میں بھاری دندانے ھوتے ہیں اور جو مشین کی رفتار کو باقاعدہ رکھنےیااُس کی قوت کومحفوظ کرنے کےلئےلگایا جاتا ھے ؛ (طبیعیات) رفتار پرور پہیا؛ (انجینیئرنگ) اُڑ پہیا ؛ فلائی وہیل ۔

Fly-whisk : (n) مکھیاں اڑانے کا ایک آلہ ؛ چوہری ؛ آلہء مگس رانی ؛ (تاریخ) مورچھل ؛ چنور ۔

Flyer/Flier : (n) (۱) پرندہ وغیرہ جو اڑتا ھے ۔(۲) (جانور یا سواری) جو غیرمعمولی رفتارپر (تیز) رواں ھو ؛ غیر معمولی رفتار سے تیز چلنے والا (گھوڑا، جہاز، مچھلی وغیرہ) ۔ (۳) (شخص) ھَوابا ز؛ آلات ھَوائی میں اڑنے والا ۔(٤)پھلانگ؛ چھلانگ ۔(٥) اڑنے والا ؛ تیار ؛ طاہر ؛ پرندہ ؛ پرواز کرنے والا ؛ ھَوا میں اڑتی ھوئی کوئی چیز ۔(٦) مشین کے اُن پرزوں پر اطلاق ھوتا ھے جن کی گردش بہت تیز ھوتی ھے ؛ شیخ داں کی حرکت کو باقاعدہ رکھنے والا پرزہ ؛ پون چکی کا باد بان یا باد گیر ۔ (۷) کتائی مشین کا وہ پرزہ جو ٹھاگے کو بانٹتا ھے اور بٹ جانے کے بعد اُسے ریل میں لپیٹتا ھے ۔ (۸) سیڑھیوں یازینوں کا سلسلہ جو ایک ہی سمت میں چلا گیا ھو ؛ (امریکا) چھوٹا اشتہار ؛ دستی چٹھی؛ دستک ۔ (۹) (طباعت) ایک متحرک چھڑ جس میں انگلیاں سی بنی رہتی ہیں اور جو کاغذ کے تختے کو ٹیپ سے ہٹا کر ڈیلیوری ٹیبل پر پہونچاتا ھے ۔(۱۰) (امریکا) پھلانگ ؛ چھلانگ ؛ اڑان؛ جست ۔(۱۱) فوری نفع کے اُمید پر کسی ایسے شخص کے ہاتھ سٹّے پر مال فروخت کرنا جو باقاعدہ خریدے ۔ (۱۲) بھگوڑا؛ بھاگنے والا ؛ بھگیڑو ؛ فراری ۔

High flyer : (پرندہ) اونچا (اڑنے والا)؛ بلند پرواز ۔

Poor flyer : کم اڑنے والا ؛ کوتاہ پر واز ۔

Flying : (n) (۱) اڑنے یا پرواز کرنےکا عمل ؛ اڑان ؛ پرواز ؛ طیرانیت ۔

Flying : (n) (۱) اڑنے والا ؛ اڑتے ھوئے ؛ پروں یا پنکھوں کے سہارے ھَوا میں چلنے والا ؛ پرواز کرنے والا ؛ طیّار ؛ طائر ؛ ھَوا باز ؛ اُڑان ؛ طیران ؛ اُڑن ۔ (۲) ایسی حرکتیں کرنے والا جیسی پرواز کی حالت میں کی جاتی ہیں ۔ (۳) (عرف نام) Bar badoes کے باشندے ۔(٤) بعض کیڑوں، مچھلیوں، رینگنے والے جانوروں یا چوپایوں (مینڈک وغیرہ) کے ناموں کے ساتھ آتا ھے جو اپنے بعض مخصو ص زوائد (زائد اعضاء) کے ذریعے اڑان یاپروازجیسی چھلانگیں لگاتے یا

(۱) فوجی کاروائی میں مشغول طیاروں کی گردش یا گرداں ترتیب ۔(۲) عوامی نمائشی پرواز میں مشغول ہَوا بازوں کا ایک منظم گروپ ۔ Flying circus : (n)

بزمِ ہَوا بازی ۔ Flying club : (n)

آسٹریلیا کا ایک سیاہ و زرد شہدخور جانور ۔ Flying coach man : (n)

مکمل کامیابی ۔ Flying colours : (n)

فوج یا پولس کا دستہ جو تیز نقل و حرکت کرسکے ۔ Flying column/-squadron : (n)

(شکار) بغیر رکے ہوئےبہت دور تک دوڑ کر جانےوالا ۔ Flying country/-county : (n)

اڑن طشتری ۔ Flying disc : (n)

آسٹریلیا کی ایک سرخ مادہ کنگارو ۔ Flying doe : (n)

ایک قسم کی اڑنے والی خوانخوار چمگادڑ جو گھوڑے ، مویشی اور سوتے ہوئے انسان کا خون پی لیتی ہے ۔ Flying dog : (n)

(حیوانیات) اڑن چھپکلی ۔ Flying dragon : (n)

جہاز رانوں کے عقیدے میں ایک بھوت ہے جو جہاز کی شکل میں نظر آتا ہے : انگلستان کی بعض تیز رفتار ریل گاڑیاں ؛ ولندیزی جہاز ۔ Flying dutchman : (n)

پھلانگنے والی ٹٹی : جسے ایک ہی جست میں پھلانگ دیا جائے ؛ جست ؛ پھلانگ ۔ Flying fence : (n)

ہَوائی جہاز کا میدان ؛ وہ میدان جہاں ہَوائی جہاز کے اترنے اور اڑنے کا انتظام ہوتا ہےاور (کبھی کبھی) مسافروں کےلئے پناہ گاہیں اور جہازوں کی دیکھ بھال کرنےوالوں کےلئے عمارتیں ہوا کرتی ہیں ۔ Flying field : (n)

(۱) ماہی پرند ؛ مچھلی کی دو قسموں میں سے کوئی ایک جو اپنے پنکھ نما لمبے پروں کے سہارے ہَوا میں اوپر تک اُٹھ سکتی ہیں ؛ اڑنے والی مچھلی ۔ (۲) حوت ؛ برج ؛ مجموعہء نجوم ؛ تارا منڈل ؛ ستاروں کا ایک مجموعہ جو دیکھنے میں مچھلی جیسا معلوم ہوتاھے ؛ (حیوانیات) اڑن مچھلی ۔ Flying fish : (n)

بڑباگل ؛ بادُر ؛ پھل کھانےوالی چمگادڑوں کی ایک قسم جو آسٹریلیا اور مشرقی گرم ملکوں میں پائی جاتی ہے ؛ (حیوانیات) میوہ خور چمگادڑ ؛ بڑ باگل ۔ Flying fox : (n)

حرکتیں کرتے ہیں ۔(۵) ہَوا میں (تیزی سے) گذرنے والا ۔(٦) آزاد اور معلق ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ لٹکتا ہوا؛ جھولتا ہوا ؛ لہراتا ہوا؛ ہلتا ہوا؛ پھٹپھٹاتا ہوا ؛ پھڑ پھڑاتا ہوا ؛ جنباں ؛ لرزاں پر مارتا ہوا ؛ پر جھاڑتا ہوا ؛ آزاد بہتا یا (ہَوا میں) تیرتا ہوا ۔ (۷) تیزی سے گزرنے یا سفر کرنے والا ؛ لپک کر جانے والا ؛ سرعت سے گذرنے یا سفر کرنے والا؛ جھپٹ کر گذرجانے والا ؛ تیز رو ؛ تیز رفتار؛ پرواز کنندہ ؛ سریع ؛ گذرتا ہوا ؛ گذرجانے والا ؛ عاجلانا ؛ ناپائدار ؛ دم بھر کا ؛ ذرا دیر کا ؛ سر سری ؛ عارضی ؛ آنی جانی ؛ ایک لحظہ کا ؛ نیز جلدی میں تعمیر کیا ہوا ؛ بنایا ہوا ؛ وقتی ؛ عارضی؛ ہنگامی ۔(۸) اڑنے والی ؛ مشہور ہو جانے والی ؛ تیزی سے پھیلنے والی (بات، افواہ، منگھڑت کہانی وغیرہ) جو بغیر کسی معقول یا معینہ معتبریت کے گشت کرتی یا پھیلتی ہے ۔(۹) بھاگنے والا ؛ بھگیڑو ؛ بھگوڑا ؛ فراری ؛ فرار ہوجانے والا ؛ بچ کر نکل جانے والا ؛ غائب ہوجانے والا ؛ پرہیز کرنے والا ؛ ادب کرنے والا ۔

(مجازاً) کامیابی و کامرانی کے ساتھ ؛ کامیاب ہو کر ؛ فتح و کامرانی کا نشان لئے ہوئے ۔ With flying colours :

ایسافوجی دستہ جسے اپنی نقل وحرکت میں سرعت سے تغیر لانے کی تربیت دی گئی ہو ۔ Flying artillery : (n)

ایک قسم کا آلہء ہَوائی جو سمندر پر بھی تیر سکتا ہے ؛ چونکہ اس کا چوکھٹا کشتی نما ہو تا ہے ۔ Flying boat : (n)

فوجی مقاصد کےلئےعرضی پُل ؛ (انجینیئرنگ) عرضی پُل ۔ Flying bridge : (n)

دیوار کا ایسا پشتہ جو فیل مایہ سے دیوار تک ڈھلوان اور عموماً محراب دار ہو ۔ Flying butteress : (n)

(۱) عارضی فوجی کیمپ ۔(۲) فوجی کمپنی ؛ اسکواڈرن یا دیگر دستے جو جلد جلد جگہ بدلنے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کےلئےتیارکئےگئےہوں ۔ (۳)پیدل اورسواروں کا دستہ جو میدان میں رہتا ہے یا جو چلتارہتا ہے ۔ Flying camp : (n)

(۱) ایک قسم کی اڑنے والی گلہری ۔ (۲) مذغاسکر کے بندر کی قسم کا دودھ پلانے والا شب رو جانور جو اڑتا بھی ہے ۔ Flying cat : (n)

Flying machine : (n) (۱) ایک قسم کا ورزشی جھولا ؛ جمناسٹک کا جھولا ۔ (۲) آلہء ہَوائی؛ ایسی مشین جو ہَوا میں اڑ سکے یا کنٹرول کی جاسکے عموماً ہَوا سے زیادہ وزنی مشین جس کا انحصار حرکی قوت پر ہو ؛ پروازی مشین ؛ اڑنے والی مشین ؛ طیارہ ۔

Flying man : (n) ہَوا باز ؛ آلات ہَوائی کےذریعہ سےاُڑنےوالا ۔

Flying officer : (n) (۱) ہَوائی جہاز یا محکمہء آلات ہَوائی کا ایک افسر۔ (۲) فضائیہ کاایک افسر جو رتبہ میں زمینی فوج کے لیفٹنینٹ کے برابر ہوتا ہے ؛ (انتظامیہ) فلائنگ افسر ؛ افسر پرواز ۔

Flying party/-squad : (n) اُڑن دستہ ؛ پولس کا دستہ جو تیزی کے ساتھ تعاقب کرنے کےلئےموٹر کار استعمال کرتا ہے؛ (انتظامیہ) اُڑان دستہ ۔

Flying phalanger : (n) آسٹریلیا کا ایک چھوٹا، تھیلی دار سمندری جانورجو کسی قدرلومڑی سے مشابہ ہوتا ہے اور اڑتا ہے؛ (حیوانیات) چتر دار فلنجر ۔

Flying pig : (n) (عرف عام میں) خندقوں میں گولہ پھینکنے والی توپ کا گولہ ۔

Flying post : (n) ڈاک چوکی ؛ گھوڑے کی ڈاک ۔

Flying ring : (n) دھات کےبنے اور چمڑے یاربر کے ڈھکے ہوئے حلقوں کے جوڑے میں سے ایک جو جمناسٹک کی ورزشوں کےلئے جھولتے ہوئے رسّوں کے سروں میں لگے ہوتے ہیں ۔

Flying sap : (n) عارضی مورچہ ؛ بید یا لوہے کی تیلیوں سے ٹوکریوں کر بہ یک وقت رکھ کر اور اُنہیں مٹی سے بھر کر محصور مقام کے گرد بنایا ہوا مورچہ جس سے محاصرین کا حملہ روکا جاسکے ۔

Flying saucer : (n) اُڑن طشتری ۔

Flying seal : (n) مہر کردہ مگر کھلا ہوا خط ؛ ایسا خط جس پر مہر تو ہو مگر بند نہ ہو ۔

Flying sheet : (n) اشتہار ؛ پمفلٹ ؛ دستی چٹھی ؛ تقسیم و اشاعت کےلئے چھپا ہوا مختصر اشتہار یا پمفلٹ ۔

Flying snake : (n) اُڑنے والا سانپ ؛ ایک چمکیلا سنہری اور سیاہ رنگ کا، درخت پر رہنے والا سانپ جو ایک قسم کا دور تک اڑنےیا چھلانگ لگانےوالا مینڈک ؛ مشرقی ہندوستان میں درختوں پر رہنےوالےمینڈکوں کی ایک قسم جن کےپاؤں خاصے لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں نیز انگلیاں آپس میں ایک جھلی کے ذریعہ ملی ہوتی ہیں جو اُن کےلئےپیراشوٹ کا کام کرتی ہے اور اُنہیں بڑے فاصلوں تک چھلانگ لگانے کا اہل بناتی ہے ۔

Flying glow-worm : (n) ایک قسم کا جگنو ۔

Flying gurnard : (n) ایک قسم کی اُڑنے والی مچھلی ۔

Flying handicap/-mile/-short : (n) جب دوڑشروع کرنے کی جگہ سے پوری رفتار پر گذرا جائے ؛ دوڑ شروع کرنے کا ایک قاعدہ جس میں اس وقت سگنل دیا جاتا ہے جب مقابلین پوری رفتار میں ہوتے ہیں ۔

Flying hart/-stag : (n) ایک قسم کا بھونرا جس کے جبڑے بارہ سینگوں کی طرح پھیلے ہوتے ہیں ۔

Flying herring : (n) ایک قسم کی اڑنے والی مچھلی ۔

Flying horse : (n) (۱) اڑنے والا گھوڑا ؛ ایک دیومالائی حیوان جس کے اگلےحصے(سر، گردن ، سینہ، پر اوراگلےدو پیر) عقاب کی شکل کے اور جسم کا پچھلا حصہ گھوڑے کا ہوتا ہے ۔ (۲) چرخ ہنڈولے کی نشست جس کی شکل گھوڑے کی ہوتی ہے ۔

Flying hospital : (n) چلتا پھرتا اسپتال ؛ گشتی شفاخانہ ؛ گشتی اسپتال ۔

Flying Jib : (n) جہاز میں سب سے آگے کے مثلث بادبان سے پہلے حمّالہ (بوجھ اٹھانے والی کل) کے آگے کو نکلےہوئے حصے میں لگا ہوا ایک ہلکا بادبان ؛ کشتی کا ہلکا چھوٹا بادبان ۔

Flying Jibboom : (n) حمّالہ کے آگے کو نکلے ہوئے حصے میں لگا ہوا ہلکا چھوٹا بادبان ۔

Flying leap/-Jump : (n) دوڑتےہوئے چھلانگ یا جست (لگانا) ؛ دوڑ کر چھلانگ (مارنا) ۔

Flying lemur : (n) مڈغاسکر کا بندر کی قسم کا دودھ پلانے والا شب رو جانور جو اڑتا بھی ہے؛ لیمور ۔

Flying lizard : (n) (۱) ایک قسم کی اڑنے والی چھپکلی یا چلپاسہ ۔ (۲) ایک زرد رنگ کا پالتو پرندہ ۔

زمین سے درخت پر یا ایک درخت سے دوسرے درخت پر (اڑنے والی گلہری کی طرح) اُڑ کر جا سکتا ہے اور جس کی زیادہ سےزیادہ اُڑان آٹھ فٹ تک ہوتی ہے ۔

Flying speed : (n) ہَوائی جہاز کی رفتار جو اُسے زمین سے اوپر اٹھانے کےلئے کافی ہوتی ہے ۔

Flying squid : (n) ایک اڑنے والی چھوٹی مچھلی جو چارے کےطورپر استعمال کی جاتی ہے ۔

Flying squirrel : (n) ایک قسم کی گلہری جس کی اگلی پچھلی ٹانگیں ایک کھال سے جوڑی ہوتی ہیں اور جس کے سہارے وہ ہَوا میں معلق ہوجاتی ہے؛ (حیوانیات) چتر دار گلہری ۔

Flying time : (n) وہ وقت جب شاہین اُڑائے جانے یا چھوڑے جانے کی حالت میں ہو ۔

Flying visit : (n) کسی جگہ سر راہ جانا (اُس طرف گذرتے ہوئے ٹھہرجانا) ؛ تھوڑی دیر کےلئے بہ عجلت (رواروی میں) جانا ۔

Flying windmill : (n) (عامیانہ) ہیلی کوپٹر ۔

Flyless : (n) (گوشت وغیرہ) جسےمکھیوں نےگندانہ کیاہو ۔

Flyness : (n) واقف کاری ؛ چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ عیاری ؛ مکاری ۔

Flysch : (n) [swiss. dial.] (ارضیات) دور ثالث کے پرتوں کے آپسی سلسلے جو سلیٹ، متحجر سمندری پودوں یا گھاسوں ریتیلے پتھروں اور کنھیلی مٹی پر مشتمل ہوتا ہے ۔

Foal : (n) [OE. 'fola.'] (۱) گھوڑے ، گدھے وغیرہ کا بچہ ؛ بچھیڑا ؛ بچھیڑی ؛ کرہ ؛ چار پانچ سال کی عمر تک کا گھوڑا ۔(۲) توصیفی معنوں میں ۔

Foal : (v) گھوڑی ؛ گدھی وغیرہ کا بچہ پیدا کرنا یا ہونا؛ گھوڑی یا گدھی کے بچے کا پیدا ہونا ۔

In foal/With - : حاملہ (گھوڑی یا گدھی وغیرہ) ۔

Foal-teeth : (n) گھوڑے کاپہلا دانت ؛ اودنت گھوڑے کا دانت ؛ دودھ کا دانت

Foalfoot/Foal's foot : (n)[Named from the shape of the leaves.] ایک قسم کا پھول دار درخت جس کی پتیاں دمّے کے علاج کے طور پر تمباکو کی طرح پی جاتی ہیں ۔

Foalhood : (n) بچھیڑاپن ؛ بچھیڑی پن ؛ بچھیڑا یا بچھیڑی ہونے کی حالت یا زمانہ ۔

Foam : (n) [OE.fam.] (۱) وہ چھوٹے چھوٹے بلبلے جو کسی رقیق شے پر اس کو ہلانے، خمیر پیدا ہوجانے سڑ جانے سے پیداہوتے ہیں ۔(۲) جھاگ ؛ کف ؛ پھین ۔ (۳) (شاعری) سمندر؛ جھاگ دار پانی ۔ (٤) غصہ یا مرگی وغیرہ کی حالت میں وہ جھاگ جو منہ میں آجاتے ہیں ۔ (٥) (پانی کے) جھاگ ۔ (٦) (معدنیات) کیلسائٹ یا چونے کا کاربونیٹ ؛ ایفرائٹ ۔ (۷) جوش و خروش ۔

Sea foam : (کیمیا) سمندر جھاگ ۔

To pass off or away in foam : جھاگ بن کر اُڑجانا ۔

To run foaming along (down or over) : جھاگ نکالتے ہوئے (گرتے ہوئے دوڑنا) ۔

Foam : (v) (۱) باہر پھینکنا؛ نکالنا ؛ گرانا ۔(۲) (پیمانے وغیرہ کا) جھاگ دار شراب سے لبریز ہونا ؛ جھاگ لانا یانکالنا خصوصاً منہ سے جھاگ نکالنا ؛ کف در دہن ہونا ؛ (گھوڑے وغیرہ کا) جھاگ سے ڈھکا ہونا ۔(۳) کف لانا ؛ پھین جمع کرنا (نیز مجازاً) ۔ (٤) جھاگ دار شراب سے لبریز کرنا ۔ (٥) جھاگ یا جھاگ کی شکل میں خارج کرنایا نکالنا (خاص کر مجازی معنوں میں) ۔ (٦) (مہمل استعمال) جھاگ میں (رتھ) کھینچنا ؛ منہ سے جھاگ لا کر (رتھ) کھینچنا ۔

Foam bow : (n) جھاگ پر سورج کی روشنی سے بنی ہوئی قوس قزح ۔

Foam cock : (n) (دخانی انجن) جھاگ نکلنے کے لئے پانی کی سطح پر لگی ہوئی ٹونٹی ۔

Foam spar/-stone : (n) (۱) (معدنیات) کیلسائٹ یا چونے کا کاربونیٹ ۔(۲) (معدنیات) دودھیا سفید نرم اور غیر شفاف معدنی شے جو بیشتر میگنیشیم کے ہائی سلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

Foamingly : (adv.) کف در دہن ہوکر ؛ منہ سے جھاگ لاکر ؛ منہ سے جھاگ نکالتے ہوئے ؛ جوش میں جھاگ لاتے ہوئے یا پیدا کرتے ہوئے ۔

Foamless : (a) بغیر جھاگ کا ؛ صاف ۔

Foamy : (a)[OE. famig.] (۱) جھاگ سےلبریز ؛ جھاگ سے ڈھکا ہوا ؛ کف آلودہ ۔(۲) جھاگ کا ، اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔(۳) کف نما ؛ جھاگ دار ؛ (کیمیا) کف دار ۔

Fob : (n) [Origin unkn.] دھوکا ؛ فریب ؛ جُل ؛ چال ؛ مکر ؛ عیاری ؛ بناوٹ ؛ چترائی ؛ چالبازی ؛ حیلہ ؛ (عامیانہ) ۔

Fob : (v) (۱) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جُل دینا ؛ ٹھگ لینا ۔ (۲) چالبازی یا دھوکہ دہی کے ذریعہ حاصل کرنا یا ترقی کرنا ۔ (۳) پُر فریب طور پر روکنا؛ باز رکھنا؛ مانع ہونا ؛ پُھسلانا ؛ جھانسا دینا؛ کوئی معمولی یا کمتر چیز دے کر دھوکا دینا ؛ تملق کرنا ۔

Fob : (n) [Origin unkn.] (۱) ایک چھوٹی جیب (گھڑی ، روپیہ وغیرہ رکھنے کےلئے) جو اگلے زمانے میں برجس میں بنائی جاتی تھی ۔ (۲) (امریکا) جیب گھڑی کی چین ۔

Fob : (v) جیب میں رکھ لینا ؛ ڈال لینا ۔

Fob-chain : (n) جیب گھڑی کی چین ۔

Fob off : (v) پُر فریب طور پر روکنا؛ باز رکھنا ؛ مانع ہونا ؛ تملق کرنا ؛ پُھسلانا ؛ جھانسا دینا ؛ کوئی معمولی یا کمتر چیز دے کر دھوکا دینا ۔

Fob off upon : (v) کسی کم قیمت یا خراب چیز کو قیمتی اور اچھا بناکر (کسی شخص کے) سر منڈھ دینا ۔

Fob off with : (v) (کسی شخص کو) دھوکا دے کر (خراب چیز) دے دینا ۔

Focal : (a) [mod. L. focalic.] ماسکی ؛ ماسکے کا یا اس سے متعلق ؛ ایک ماسکے پر جمع یا قائم ۔

Focal aperture : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی سہوہ ۔

Focal distance/-length (of a lens or mirror) : (n) (شیشے یا آئینے کا) ماسکی فصل ؛ شیشہ یا تال کے مرکز اور اس کے مرکزِ شعاع کا درمیانی فاصلہ ؛ طول ماسکہ ۔

Focal infection : (n) (طب) ماسکی سرایت ؛ ماسکی تعدیہ ۔

Focal plane : (n) کسی تال یا شیشے سے ہو کر منعطف شدہ متوازی شعاعوں کے مختلف نظاموں کے ماسکے یا مقاماتِ ماسکہ ۔

Focal plane shutter : (n) (تصویر کشی) شگاف دار جھلملی یا آڑ جو تصویر کشی کی پلیٹ یا فلم کے سامنے حرکت کرتی یا سرکتی ہے ۔

Focal point : (n) نقطۂ ماسکہ ؛ ماسکی نقطہ ؛ نقطہ تقاطعِ ماسکہ ؛ شیشے یا تال کے محور کا مقام ماسکہ کے ساتھ تقاطع ۔

Focal sphere : (n) ماسکی کرہ ۔

Focalization : (n) ماسکہ پر لانے کا عمل ؛ تطبیق ماسکہ (نگاہ) تمسیک ۔

Focalize : (v) (۱) ماسکہ پر لانا (نیز مجازاً) ؛ نقطہ ماسکہ پر لانا ۔ (۲) (نگاہ کا) ماسکہ دُرست کرنا ۔

Focally : (adv.) بطور ماسکہ ؛ ماسکی طور پر ؛ ماسکہ پر ۔

Focimeter/Focometer : (n) (تصویر کشی) اُس شیشے کا کیمیائی ماسکہ معلوم کرنے کا ایک آلہ ، جسے ٹھیک طور پر بے رنگ نہیں کیا گیا ہو ؛ ماسکہ پیما ۔

Focimetery/Focometry : (n) ماسکی فصل کی پیمائش ۔

Focoid : (a) ماسکہ نما ؛ ماسکہ سا ۔

Focometer : (n) طول ماسکہ پیما ۔

Focus : (n) [L. focus.] (۱) ماسکہ؛ مرکزشعاعی کے ان نقطوں میں سے ایک نقطہ جہاں سے کسی منتہا تک کا فاصلہ خطی ارتباط سے متحد ہو ؛ وہ نقطہ جس پر شعاعیں انحراف یا انعکاس کے بعد آکر جمع ہوں نیز وہ نقطہ جس سے وہ شعاعیں نکلتی معلوم ہوتی ہیں ۔ (۲) نقطہ ماسکہ جس پر آکر وہ چیزجس کی تصویر لینی ہےٹھیک آجائے تو تصویر صاف اور درست آئے گی ۔ (۳) (حیوانیات) وہ نقطہ جس کی طرف آواز کی لہریں جاکر جمع (مائل بہ مرکز) ہوں ۔ (٤) کسی مرض کا خاص مرکز؛ مرکزعلّت ؛ مقام مرض ۔ (٥) (کسی شیشے کا) ماسکی فصل نیز (آنکھ یا عینک کی) وہ تطبیق جو صاف اور واضح نظر آنے کے لئے ضروری ہو ۔ (٦) مرکز عمل ؛ مرکز تعامل یا تفاعل (آتش فشاں طوفان وغیرہ کا) انتہائی قوت کا رقبہ یا حلقہ ؛ حلقہ توانائی ؛ مرکز توانائی ؛ نیز مجازاً ۔

Actinic or chemical focus : (۱) وہ نقطہ جہاں اشعاعی یا کیمیائی شعاعیں جھکتی یا مستدق ہوتی ہیں ۔

Conjugate focus : (۱) متحد ماسکی ؛ اس طرح آمنے سامنےرکھے ہوئے دوشلجمی نما آئینے جن میں سے کسی ایک کے ماسکہ سے نکلتی ہوئی روشنی یا حرارت کی شعاعیں دوسرے پر متوازی خطوط میں منعکس ہوتی ہیں اور تب اپنےماسکہ پر پہونچتی ہیں ۔

Principal focus /Solar : وہ نقطہ جہاں متوازی شعاعیں کسی مستدقق شیشے سے ہو کر گزرنے کے بعد ملتی ہیں ؛ صدر ماسکہ ۔

Virtual focus : مجازی ماسکہ ۔

Focus : (v) (۱) مائل بہ مرکز ہونا ؛ مائل بہ مرکز کرنا ۔ (۲) (تصویر کشی کے شیشے) کے ماسکے کو درست کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ صحیح فاصلے پر تصویر کشی کا شیشہ لگانا ؛ ماسکہ نگاہ کو درست کرنا ۔ (۳) ماسکہ میں لانا ؛ ماسکے کے اندر لانا ۔

Focus lamp : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی چراغ ۔

Focus of consciousness : (n) (نفسیات) شعوری ماسکہ ۔

Focussing : (n) (فوٹو گرافی) تمسیک ؛ فوکس کرنا ۔

Focussing glass : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی شیشہ ۔

Focussing screen : (n) (فوٹو گرافی) ماسکی پردہ ۔

Fodder : (n) [OE.fodor.] خشک غذا : سوکھی گھاس ؛ بھوسی وغیرہ (ان چوپایوں کے لئے جن کو باندھ کر سانی دی جاتی ہے) ؛ چارہ ۔

Fodder : (v) (مویشی کو) چارہ دینا؛ گھاس ، بھوسا وغیرہ کھلانا ؛ گھاس ڈالنا ؛ نیز مجازاً ۔

Fodderer : (n) (مویشیوں کو) چارہ لگانے والا ؛ کھلانے والا ؛ گھاس ڈالنے والا ۔

Fodient : (a) [L. fodientem.] کھودنے والا ؛ بِل یا بھٹ بنانے والا ۔

Fodient : (n) (اسکاتستان) بِل یا بھٹ بنا کر اس میں رہنے والا جانور ۔

Foe : (n) [OE. fah.] (۱) (شاعری) دشمن ؛ حریف ؛ مد مقابل ؛ بد خواہ ۔ (۲) (قدیم معنوں میں) خونی جنگ یا نزاع کا حریف ؛ (جدید معنوں میں) بد خواہ ؛ ایک دوسرے سے نفرت کرنے یا اُسے نقصان پہنچانے والا ۔ (۳) دشمن یا حریف فوج یا قوم؛ حریف جنگ ۔ (٤) دشمن طاقت؛ حریف طاقت ؛ مخالف طاقت ؛ دشمنوں کا لشکر؛ حریفوں کی فوج کا دستہ ۔

Foedenal/-ly/ Foedity : دیکھو Fed

Foeman : (n) [OE.Fahman.] (متروک وشاعری) (زمانہء جنگ میں) دشمن یا حریف ؛ حریف جنگ ۔

Foeniculum : (n) [L.] (نباتیات) جنس سونف ؛ سونف ؛ بادیان ۔

Foetal/Fetal : (a) [f. Foetus+al.] جنین کا ؛ اُس سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا ؛ جنینی حالت میں ؛ جنینی ۔

Foetalism : (n) (حیوانیات) جنینیت ۔

Foetation/Fetation : (n) [f.L.'fetare.'] جنین کی تشکیل ؛ رحم میں جنین کا بننا ؛ حمل ؛ نموئے جنین ۔

Foeticidal : (a) اسقاط حمل کرنے والا یا اس سے متعلق ؛ اسقاط حمل کا یا اس سے متعلق؛ رحم کے اندر جنین کو ختم کر دینے یا مار ڈالنے والا ۔

Foeticide/Feticide : (n) جنین کو ضائع کرنے کا عمل ؛ پیٹ گرانے کا عمل؛ عمل اسقاط ؛ اسقاط حمل کرنا ؛ اسقاط حمل کرنے والا ؛ جنین کُشی ۔

Foeticulture : (n) (طب) جنین پروری ۔

Foetid/Foetor : Fetid اور Fetor کا متبادل ۔

Foetorosis : (n) بدبوئے دہن ۔

Foetus/Fetus : (n) [L.fetus.] انڈے یا رحم میں پوری طرح نشو و نما پایا ہوا جنین ۔

Foetus at term : (n) (طب) جنین عند المیعاد ۔

Fog : (n) [Origin doubtful.] (۱) بخارات جو زمین پر یا زمین کے قریب فضا میں چھائے ہوئے ہوں ۔ (۲) وہ تاریکی جو ان بخارات سے پیدا ہو ؛ کُہر کی تاریکی یا دُھند ۔ (۳) کہر ؛ شب دود ؛ کہرا ؛ غبار ۔ (٤) فضا کی غیر معمولی تاریکی ۔ (٥) (تصویر کشی) وہ غبار یا دھندلاپن جو بڑی کی ہوئی تصویر کو تاریک یا دھندلا دے ۔

In a fog : حیران و ششدر (وہ حالت جب عقل کام نہ کرے یا کوئی بات بنائے نہ بنے) ۔

Fog : (n) [Origin unkown.] (۱) وہ گھاس جو پہلی فصل کٹ جانے کے بعد پیدا ہو جائے ۔ (۲) لمبی گھاس جو پانی کے اندر کھڑی چھوڑ دی جائے ۔ (۳) (اسکاتستان) کائی ۔

Fog : (v) (۱) کہر کی طرح گھیر لینا ؛ چھا جانا ؛ حیران و ششدرکر دینا۔ (۲) (باغبانی) نمی یا رطوبت کی وجہ سے (درخت یا پودے کا) مر جانا ۔ (۳) (فوٹو گرافی) تصویر کی پلیٹ کو تاریک یا دھندلا کر دینا ۔ (٤) ریل کی پٹری پر پٹاخہ رکھنا ۔ (٥) کہر یا دھند سے بھر جانا؛ کہر آلود ہو جانا ؛ دھندلا ہو جانا ۔

Fog : (v) (۱) چوپایوں کو Fog قسم کی گھاس کھلا کر پرورش کرنا ۔ (۲) زمین کو اس حالت میں چھوڑ دینا کہ گھاس اس پر کھڑی رہے ۔ (۳) (اسکاتستانی) کائی سے بھر جانا ۔

To fog off : نمی کی وجہ سےضائع ہو جانا؛ تلف ہو جانا؛ برباد ہوجانا(زمین کاوی یا کھدائی وغیرہ) ۔

Fog alarm/-bell/-gun/-trumpet/-whistle : (n) خراب یا کہر آلود موسم کی اطلاع دینےوالے مختلف آلات کےنام ۔

Fog-bank : (n) گہری دھند یا کہر جو افق پر جمے ہوئے بادل کی طرح نظر آتی ہے ؛ ساگر دھند ؛ سراب بحر ۔

Fog bow : (n) کہر کے ذرّات پر سورج کی شعاعوں کےاثر سے پیدا شدہ قوس قزح جیسی قوس ؛ دھند دھنک ۔

Fog circle : (n) دیکھو Fog bow

Fog horn : (n) کہر کی حالت میں جہازوں کو ہوشیار اور خبردار کرنے کےلئے جو بھونپو بجایا جاتا ہے ۔

Fog ring : (n) کہر کا ٹکڑا جو دائرہ نما شکل میں ہو ۔

Fog sickness : (n) (بیطاری) اپھارہ ؛ نفخ معدہ ۔

Fog signal : (n) (۱) (جہاز رانی) دو سرے جہازوں کو خبر دار کرنےکےلئے کہرآلود موسم میں بجایا جانے والا بھونپو یا کوئی ایسی ہی آواز ۔ (۲) (ریلوے) کہر کی حالت میں ریل کی پٹری پر جو پٹاخہ اس غرض سے رکھ دیا جاتا ہے کہ اس کی آواز ڈرائیور کو خطرے سے آگاہ کر دے ۔

Foge : (n) [Origin unkn.] ٹین کو گلانے یا پگھلانےکی بھٹی یا کار خانہ ۔

Fog (e) ydom : (n) پرانے خیالات کے لوگوں کا طبقہ ؛ پرانے لوگوں کے خیالات یا حالات ؛ پرانا پن ؛ دقیانوسیت ۔

Foggage : (n) (۱) (قانون) مویشیوں کا کھیتوں میں لگی ہوئی گھاس چرانا ؛ ایسا کرنے کی رعایت یا حق ۔ (۲) (اسکاتستانی) کائی ۔

Fogger : (n) (۱) وہ شخص جو ڈرائیور کو خطرے سے آگاہ کرنے کےلئے ریل کی پٹری پر پٹاخہ رکھتا ہے ۔ (۲) (روزمرہ) دست فروش ؛ پھیری والا ؛ خوانچے والا ۔ (۳) میخوں یا کیلوں اور زنجیر کی تجارت کرنے والا ؛ اوسط تاجر ۔

Fogger : (n) (روزمرہ) وہ کھیتیہر مزدور جس کا خاص کام مویشیوں کو چارہ دینا یا کھلانا ہو ۔

Foggily : (adv.) مبہم طور پر ؛ دھندلی سی حالت میں ؛ غیر واضح انداز میں ؛ کہر آلود ہو کر ؛ دھندلے طور پر ۔

Fogginess : (n) دھندلاپن ؛ تاریکی ؛ کہر آلودگی ؛ پھیکاپن ؛ بےلطفی ۔

Foggy : (a) (۱) دھندلا؛ تاریک؛ کہر میں گھرا ہوا؛ کہرآلود؛ کہر آسا؛ کہر جیسا؛ کہر سےڈھکا ہوا؛ کہردار؛ (تصویر کشی) دھندلی؛ غیر واضح؛ غیرصاف ۔ (۲) سراسیمہ؛ حیران؛ ششدر ۔ (۳) مبہم جیسے بادل چھائے ہوئے ہوں ۔ (٤) (ہوا، کہر، بادل وغیرہ) کثیف ؛ گہرا ؛ گھنیرا ؛ تاریک ؛ گھٹاٹوپ ؛ دھندلی یا کہری ؛ کہر جیسا ؛ دھند سے بھرا ہوا ؛ کہر سے بھرا ہوا؛ کہر آلود ۔ (٥) (مجازاً) ماند ؛ پھیکا؛ بےلطف ؛ بے مزہ ؛ ابتر ؛ گڈ مڈ ؛ تاریک ؛ غبی ؛ کند ذہن ۔ (٦) ابر آلود؛ دھندلا ؛ میلا میلا؛ غیرواضح؛ نیم تاریک؛ دھواں دھواں ۔

Foggy idea : (n) (نفسیات) دھندلا خیال ۔

Fogism : (n) پرانے لوگوں کا مخصوص طریقہ یاطرز عمل ؛ دقیانوسیت ۔

Fogle : (n) (عامیانہ) (ریشمی) رومال ۔

Fogless : (a) صاف ؛ بے ابر ؛ بے کہر ؛ بے ابر و باد ۔

Fogy/Fogey : (n) [origin unkn.] (۱) (عموماً لفظ old کے ساتھ استعمال ہوتاہے) (ابتداءً اسکاتستانی) پرانی وضع اور پرانے خیالات اور طرز کا آدمی؛ دقیانوسی خیال کا ؛ ایسا آدمی جو زمانہ موجودہ کے خیالات اور طریقوں سے مانوس نہ ہو (بہت پیچھے ہو) ؛ اگلے وقتوں کا یا پرانا آدمی خصوصاً پرانے فیشن یا پرانے خیالات والا ۔ (۲) (اسکاتستان) معذور سپاہی یا قلعے کی حفاظت پر مامور سپاہی ۔

Foged: (a) کسی قدر پرانے خیالات کا (آدمی) ؛ قدرے دقیانوس ۔

Foh : Faugh کا متبادل ۔

Fohn : (n)[L.'favonius.'] کوہ آلپس کےشمال کی وادیوں میں بہنے والی گرم اور خشک جنوبی ہَوا ۔

Fohn wind : (n) (موسمیات) کوہی ہَوا ۔

Foible : (n) (۱) عیب ؛ نقص ؛ اخلاقی کمزوری ؛ کمی ؛ خرابی ؛ فقدان ۔ (۲) ایسی خصوصیت جس پر کوئی شخص بیجا اور غلط فخر کرے ۔ (۳) (پٹہ بازی) تلوار کے وسط سےنوک تک کا حصہ ۔

Foig : (n) (معدنیات) چھت کی دراڑ ۔

Foil : (n) (۱) شکست ؛ پسپائی ؛ ہار ؛ ہرا دینے والی چال ؛ ہرانے والا جھانسہ یا حیلہ ؛ توڑ دینے یا پسپا کر دینے والی مزاحمت (شاذ) ۔ (۲) پترا؛ ورق ؛ پتّی ۔ (۳) (تعمیرات) کمانچہ ۔ (٤) (کیمیا) ایک ورق ۔

Gold foil : (n) سونے کا ورق ؛ سونے کا طبق ۔

Silver foil : (n) چاندی کا ورق ؛ چاندی کا طبق ۔

Tin foil : (n) ٹین کا ورق ؛ ٹین کا پترا ۔

Foil : (n) وہ راستہ جدھر سے دوسری دفعہ شکار بھاگا ہوا گیا ہو ۔

To run (upon) the foil : ایک راستے پر دوسری دفعہ شکار کا بھاگنا (اور اس طرح شکاری کتوں کو چکرا دینا) ۔

Foil : (n) [Origin doubtful.] (۱) پھکیتی یا پٹے بازی میں استعمال ہونے والا ہلکا ہتھیار ؛ ایک قسم کی کھوٹی یا کند دھار والی چھوٹی تلوار جس کی نوک پر ایک بٹن لگا ہوتا ہے(تاکہ نوک سے زخم نہ لگے) ۔ (۲) (جمع) ہلکے ہتھیار یا مذکورہ تلوار سے پٹےبازی یا بنیٹی کی مشق ۔

Foil : (n) [OF. 'goil.'] (۱) (تعمیرات) کھڑکی کا قوس یااوپر کی نوکوں کا درمیانی حصہ (فاصلہ) کمانچہ ۔ (۲) کسی دھات کو کوٹ کر یا بیل کر اس کے باریک اوراق بنانے کا عمل ۔ (۳) اس قسم کا ورق یا تختہ یا رنگ اور پارے کا مخروج جو منہ دیکھنےکے آئینےکے پیچھےاس کی آب وتاب بڑھانے کے لئے چپکا یا جاتا ہے یا بعض شیشے کے پیچھے (انعکاس کے لئے) لگایا جاتا ہے یا جواہرات اور رنگوں کے پیچھے یا بعد کو شفاف چیزوں کے پیچھے لگایا جاتا ہے تاکہ دیکھنے میں قیمتی پتھر معلوم ہو ؛ زنگار ۔ (٤) کوئی چیز جس کے مقابلے میں کسی دوسری چیز کی آب وتاب زیادہ نمایاں ہوجائے؛ کوئی چیز جس کے رنگ یا صفت کا تخالف دوسری چیز کو زیادہ صاف اور آراستہ کردے ۔ (٥) (نقابت) پتّے کا نشان ۔ (٦) کسی چیز کی پشت پر لگایا جانے والا مسالہ ؛ پشتہ ؛ روک ۔

Foil : (v) (۱) رنگ اور پارے کےممزوج سےیا دھات کےورق سے آب وتاب بڑھانے کے لئے کسی چیز کو تیار کرانا؛ درست کرنا ؛ بنانا ؛ آئینےمیں زنگار لگانا؛ جواہرات کی آب وتاب بڑھانے کےلئے ایسی ہی کوئی چیزلگانا۔ (۲) (تعمیرات) قوس (قوسین) بنا کر آرائش کرنا ۔

Foil : (v) [Irreg. repr. of'fuler,foler, fouler.] (۱) (شکار) شکاری کتوں کو بھگا دینے کے لئے ان کا راستہ کاٹ دینا تاکہ ان کو شکار کا سراغ نہ مل سکے؛ (جانور کا) ایک ہی راستے پر دوبارہ یا اس راستے کو کاٹتےہوئے بھاگنا (جس سے بو پر دوڑ نےوالے کتے چکرا جاتے ہیں یا بہک جاتے ہیں) ۔ (۲) مارکر بھگا دینا ؛ پسپا کر دینا؛ منصوبوں کو خاک میں ملا دینا ؛ روکنا ؛ مات دے دینا ؛ ہرا دینا ؛ شکست دینا ؛ چھکے چھڑا دینا ؛ چت کر دینا ؛ اُلٹ دینا ؛ باطل کر دینا ۔ (۳) ناکام کر دینا؛ محروم کر دینا؛ نامراد کرنا؛ بےکار کر دینا ؛ مایوس کرنا؛ ہمت پست کرنا؛ مزاحم ہونا ؛ اڑ جانا ؛ مانع ہونا ؛ روکنا؛ چکر میں ڈال دینا؛ توڑ نا؛ مات دینا ۔ (٤) الجھ جانا یا الجھا دینا؛ خراب کر دینا ؛ گندہ کر دینا؛ آلودہ کر دینا ؛ ناپاک کر دینا ؛ نجس کر دینا ؛ میلا کرنا ؛ غلیظ کر دینا (بول چال) ۔

Foil-stone : (n) نقلی پتھر ؛ مصنوعی پتھر ؛ نقلی جواہرات ۔

Foiler : (n) مار بھگا دینے والا ؛ پسپا کرنےوالا ؛ شکست دینے والا ؛ (شکاری کتوں کو) چکر ادینے یا الجھا دینے والا ؛ مزاحم یا مانع ہونےوالا ؛ آلودہ یا ناپاک کرنے والا ۔

Foiling : (n) (۱) (شکار) (جانورکا) ایک ہی راستے پر دوبارہ چلنےیا اس راستے کو کاٹتے ہوئے گذرنے کا عمل؛ خصوصاً ہرن یا دوسرے جانوروں کی چال؛ گذر؛ رہگذر؛ نیز ہرن وغیرہ کی کھوج ؛ پیروں کے نشان ۔ (۲)پسپا کرنے، شکست دینے یا مار بھگا دینے کا عمل ؛ مزاحمت؛ شکست ؛ روک ؛ مات ؛ ناکامی ؛ نامرادی ؛ محرومی ؛ پسپائی الجھاؤ؛ آلودگی ؛ نجاست ۔

Foiling : (n) (۱) (شیشے) میں زنگار لگانے کا عمل یا طریق عمل ۔ (۲) (تعمیرات) قوسوں سے آراستہ کرنے کا عمل ؛ قوسی آرائش ؛ آرائشی قوس ۔

Foin : (n) [f. Foin, vb.] نوکیلے ہتھیار کا ہُولا یا وار ؛ نوکدار ہتھیار کی ہُول (متروک) نیز مجازاً ۔

Foin : (v) [app. f. ofr. foine.] نوکیلے یا نوکدار ہتھیار سے ہُول مارنا یا وار کرنا ؛ تلوار بھونکنا ؛ خنجر اتارنا (جسم میں) ؛ بھالا بھونکنا، نیز مجازاً ۔

Foiningly : (adv.) نوکیلے ہتھیار سے ہُول مار کر ؛ خنجر بھونکتے ہوئے ۔

Foism : (n) (دینیات) چینی بدھ مت ۔

Foison : (n) [OF. 'foison,fuison.'] (۱) (قدیم) کثرت ؛ بہتات ؛ افراط ؛ وفور ؛ زیادتی ۔ (۲) بھر پور فصل ؛ کثیر پیداوار ؛ وافر اُپج یا حاصل ۔ (۳) ارثی توانائی ؛ خلقی یا اصلی قوت ، طاقت ؛ کس ؛ بل ؛ زور ؛ مضبوطی ؛ صلاحیت ؛ (جمع) وسائل ؛ ذرائع ؛ مالی طاقت (اب خاص کر اسکاتستان) ۔

Foist : (n) [Of. 'fust.'] بدبو ؛ سرانڈ ۔

Foist : (v) (بول چال) سڑجانا ؛ بدبو کرنا ؛ خراب ہو جانا ۔

Foist : (v) [Prob. ad. Bu. dial.'vuistem.'] (۱) ملاوٹ کرنا ؛ (کوئی بری چیز) ملا دینا ؛ بلا اجازت یا دھوکے یا چالاکی سے آمیزش کردینا ۔ (۲) ناقص اور خراب چیز (کسی کو) اچھی چیز بتا کردینا ؛ اسی طرح دھوکا دینا ؛ نقلی چیز کسی کے سر تھوپنا ؛ گندم نما جو فروشی کرنا ۔

Foistied : (a) سڑا ہوا ؛ پھپھوندی لگا ہوا ؛ اُبسا ہوا ؛ خراب ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ دقیانوسی ؛ بار خاطر ؛ ناگوارِ خاطر ۔

Foistiness : (n) سرانڈ ؛ بد بو ؛ پھپھوندی ؛ باسی پن ؛ فرسودگی ؛ دقیانوسیت ؛ بارخاطری ؛ ناگواریت ۔

Foisity : (a) پھپھوندی لگا ہوا ؛ سڑا ہوا ؛ باسی ؛ بدبو دار ؛ اُبسا ہوا ؛ (مجازاً) فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ دقیانوسی ؛ بارخاطر ؛ ناگوار خاطر ۔

Fokker : (n) [f.] (۱) جرمن کا ایک خاص قسم کا آلہ ہَوائی ؛ جرمن کا یک سطحی جری طیارہ (جس کا انجن آگے کو ہوتا ہے) ۔ (۲) (اِے ۔ ایچ ۔ جی فوکر) ڈچ کے ایک موجد کا نام

Fold : (n) [OE. falaed] (۱) (عموماً) باڑا ؛ احاطہ (گھریلو جانوروں کےلئے) ۔ (۲) ایک باڑے یا احاطے کی بھیڑیں ۔ (۳) (استعارتاً) (کلیسا) ایک ہی عقیدے یا مذہب کے لوگوں کی جماعت ۔

Sheep fold : بھیڑوں یا بکریوں کا باڑ یا احاطہ جس میں انہیں بند کیا جاتا ہے ۔

Fold : (n) (۱) کسی لچکدار یا ملائم چیز کا موڑ ؛ خم ؛ تہ ؛ جھکاؤ ؛ شکن ؛ بل ؛ رسی یا رسیوں کا بل ؛ لڑ ؛ (مجازاً) رجحان ؛ میلان ۔ (۲) دو تہوں کے درمیان خالی جگہ ؛ خلا ۔ (۳) پہاڑ کا خلا کونا یا گوشہ ۔ (٤) سانپ کی کنڈلی ؛ ٹور اور رسی وغیرہ کا چکر ؛ گولا ؛ لچھا ۔ (٥) مڑی ہوئی یا موڑی جانے کے لائق چیز ؛ دروازے کا مڑنے والا پٹ ۔ (٦) موڑنے یا موڑے جانے کا عمل ۔ (۷) موڑنے سے بنا ہوا نشان ؛ شکن ؛ بل ۔ (۸) (غلط طور پر) بار ؛ گنا ؛ چند ؛ مرتبہ ؛ تکرار مثلاً دوگنا، تین گنا ، Two fold, Three fold وغیرہ) ۔

Hills folded in mist : کُہر سے ڈھکی ہوئی پہاڑیاں ۔

She carried it in a fold of her dress : وہ اپنے لباس کی تہ میں لپیٹ کر (چھپا کر) لے گئی ۔

Three fold : تین گنا ؛ سہ چند ؛ تین بار ؛ تین مرتبہ ۔

Two fold : دوگنا ؛ دو چند ؛ دوبارا ؛ دو مرتبہ ۔

Two fold charm : دوہری موہنی ؛ دوقسم کی خوبیاں ؛ دوہرا فائدہ ؛ دوہری کشش ۔

Fold : (v) [OE. 'fealdan.'] (۱) (کپڑاوغیرہ) تہ کرنا ؛ کسی نرم یا لچکدار چیز کو دوہرا کرنا ؛ لپیٹنا ۔ (۲) بابیں یا بازو لپیٹنا (کولی بھر لینا) ؛ (کسی چیز کے چاروں طرف) لپٹانا ؛ لپیٹنا ؛ چپٹانا ؛ چپٹنا ۔ (۳) یکجا (کسی کے ساتھ لپٹنا) ؛ لپٹا لینا ؛ گلےلگا لینا ؛ سینے سے لگا لینا ؛ بازؤں میں لےلینا ؛ یا بھر لینا ۔ (٤) ہاتھ جوڑنا ؛ ہاتھ ملانا ؛ ہاتھ باندھنا (دونوں ہاتھوں کو سینے پر اس طرح رکھنا کہ ایک دوسرے کو ڈھک لے) ۔ (٥) لپٹی ہوئی یا تہ کی ہوئی چیز کو دوہرا کرنا ؛ تہ ہو جانےیا مڑجانے کے قابل ہو جانا ؛ مڑ جانا ؛ تہ ہو جانا ۔ (٦) تہ یا تہوی (لفافے) میں بند کرنا ؛ لپیٹنا (کاغذ وغیرہ میں کسی چیز کو) ؛ ملبوس کرنا ؛ محفوظ کرنا ؛ کپڑوں چادر وغیرہ میں لپیٹنا ؛ کسی چیز پر لپسی باندھنا یا پٹیوں

میں لپیٹنا؛ کسی شخص، شے یا مسئلے کو کپڑے، ربر، شعلے یا اسرار سے) ڈھک لینا ؛ لپیٹ لینا ؛ چھپا دینا ؛ (In کے ساتھ) ۔

To fold a person in one's arms/-to one's breast : گلے لگا لینا ؛ سینے سے لگا لینا ؛ بازوں میں بھر لینا ۔

To fold back : (v) کسی چیز کے ایک حصے کو پیچھے جھکا دینا یا موڑ دینا ۔

To fold down : (v) کسی چیز کے ایک حصے کو نیچے جھکا دینا یا موڑ دینا ۔

To fold in/-over/-together ; (v) تہ کرنا ؛ دوہرانا ؛ موڑنا ؛ لپیٹنا ؛ ایک ساتھ لپیٹنا ؛ بل دینا ؛ شکن آلود کرنا ۔

To fold up : (v) تہ کرکے زیادہ کسا ہوا اور مختصر بنا دینا ۔

Fold : (v) (۱) کسی زمین کو کھاد دینے کی غرض سے اس پر بکریوں اور بھیڑوں کا باڑا بنا دینا ۔ (۲) بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنا (نیز مجازاً) ۔

Fold : (suffix) [OE.-'feald.'] (لاحقہ) چند ؛ گنا ؛ (صفت بنانے والا لاحقہ جو اعداد یا تعداد کے ساتھ خاص کر ریاضیاتی اصناف یا حاصل ضرب کے طور پر کام کرتا ہے، علمی استعمال میں یہ حاصل ضرب متعلق فعل یا نیم رسمی معنی دیتا ہے) ۔

Repaid ten fold : (قرض یا احسان) دس گنا ادا کیا گیا ۔

Ten fold : دس گنا ؛ دہ چند ؛ دس بار ؛ دس مرتبہ ۔

Fold away : (n) تہ ہو جانے والا ؛ مڑجانے والا ؛ مڑکر چھوٹا ہو جانے والا ۔

Fold away bed : (n) تہ ہو جانے والی چوکی یا چارپائی ۔

Fold away doors : (n) تہ ہوجانے یا سمٹ جانے والا دروازہ ۔

Fold-garth /-yard : (n) احاطہ ؛ باڑا (گھریلو جانوروں کے لئے) ۔

Fold mountain : (n) ایسا پہاڑ جس کی بیشتر چٹانیں پرت دار یا تہ بہ تہ ہوں ۔

Folder : (n) (۱) کاغذ وغیرہ کی تہ کرنے والا یا موڑنے والا آلہ ؛ تہ کرنے والا (شخص یا آلہ) ۔ (۲) (امریکا) (جمع) صرف تہ کئے ہوئے چھوٹے اشتہارات وغیرہ (جو سلے ہوئے نہ ہوں) ۔ (۳) تہ ہوجانے والی عینک (چشمہ) ۔ (٤) پوشہ ؛ لفاف ۔

Folder : (n) بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنے یا ان کی نگرانی کرنے والا ؛ بھیڑوں کا گلہ بان ؛ گڈریا ۔

Folderol : (n) (۱) غیر عملی؛ غیر ضروری ؛ زائد؛ زائد ریشہ یا حاشیہ ؛ خوشی مگر فضول یا بیکار ؛ غیرضروری آرائش؛ نمائشی زیور؛ دکھاوے کی چیز۔ (۲) بیہودہ بات؛ غیرضروری گفتگو، بیہودہ حرکتیں، خفیف الحرکتی یا وہ گوئی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بکواس ۔

Folderol : (v) (۱) غیر ضروری آرائش کرنا ؛ غیر ضروری اور غیر عملی ہونا ۔ (۲) بیہودہ گفتگو کرنا ؛ خفیف الحرکتی کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بیہودہ اور بے معنی نغمہ سرائی کرنا ۔

Folding : (n) تہ کرنے سے جو نشان پڑجاتا ہے؛ شکن؛ موڑنے والا؛ تہ کرنے والا؛ بل دینے والا؛ شکن آلود کرنے والا ؛ مڑجانے والا ؛ مڑ سکنے والا ؛ موڑا جانے والا؛ تہ کرنے سے مختصر یا چھوٹا ہو جانے والا ؛ نرم ؛ لچکدار؛ لوچ دار؛ (ارضیات) الفاف ۔

Folding box/-carton : (n) کارٹون ؛ کاغذ کا بنا ہوا مُڑنے والا بکس جو خالی حالت میں مُڑا ، چپٹا اور ذرا سا ہوجاتا ہے ۔

Folding break : (n) دھات کی باریک چادروں کے کناروں کو موڑنے والا ایک پرزہ یا آلہ ۔

Folding doors : (n) دروازہ کے ٹوٹواں پٹ جو تہ ہوجاتے ہیں اور دونوں پاکھوں (دروازوں کے پہلو کے دونوں ستونوں) پر جڑے ہوتے ہیں ۔

Folding money : (n) تیار رقم؛ مہیا رقم؛ خطیر یا کثیر رقم ؛ بڑی مقدار میں روپیا پیسہ ؛ کاغذی رقم ؛ نوٹ ؛ ہُنڈیاں ۔

Folding stair : (n) مُڑجانے والی سیڑھی ؛ پیچ دار زینہ جسے حسب ضرورت لگایا یا ہٹا یا جا سکے ۔

Folding star : (n) شام کا ستارہ (کیونکہ بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنے کا وہی وقت ہوتا ہے) ۔

Folding strength : (n) کاغذ کی صلاحیت خمیدگی ؛ بغیر پھٹے ہوئے مکرر موڑے جانے کے باوجود درست حالت میں رہنے کی (کاغذ کی) صلاحیت ۔

Foldless : (a) بغیر باڑے یا احاطے کا ؛ کھلا ہوا ۔

Foldless : (a) بے شکن ؛ بے خم ؛ بے جھکاؤ ؛ بغیر موڑ والا ؛ غیر ملفوف ؛ کھلا ہوا ؛ بغیر موڑا ہوا ۔

Folia : (n)[L.pl.of 'foluim.'] (۱)(نباتیات) (پودوں کی) پتیاں ؛ درختوں کی پتیاں ؛ درختان گیاہ وغیرہ ؛ اوراق ۔ (۲) پتری ؛ ورق ؛ طبق ؛ تہ ؛ ریشہ ؛ قشر ؛ چھلکا ؛ پرت ۔

Folia : (n) [Pg. f. Prov.f.'fol.'] عیسائی تہواروں میں ہونے والا ایک پُرتگالی رقص جس میں شوروغل بہت ہوتا ہے ۔

Foliaceous : (a) [L.f.'folium.'] (۱) مثل پتے کے ؛ پتے جیسی شکل یا ماہیئت والا ؛ جس چیز کے تجسیمی اجزا ہوں جیسے پتے کے ہوتے ہیں ؛ برگ دار۔ (۲) پتوں کا ؛ پتوں سے متعلق ؛ برگی ؛ ورقہ ؛ ورقہ نما؛ برگ آسا؛ برگ ۔ (۳) کچل کر یا کوٹ کر پتلا کئے جانے کی حالت میں ؛ پتلا کیا ہوا؛ ورق بنا ہوا ۔ (٤) پتیوں کی مثل اعضا رکھنے والا (غیر پھول دار پودا) ۔ (٥) پتے جیسےباریک ورق یا پرت کی خصوصیت کا حامل یا اس پر مشتمل ۔ (٦) (حیوانیات، حشریات) پتوں جیسا بنایا ہوا؛ ورق ورق کیا ہوا ؛ پتوں کی طرح ترتیب دار یا سجایا ہوا ۔ (۷) باریک طبقوں یا پتوں پر مشتمل (کوئی معدنی شے) ؛ پتے یا ورق کی شکل ۔

Foliaceousness : (n) برگیت ؛ ورقیت ؛ تہ داری ؛ تہ بہ تہ ہونے یا برگ نما ہونے کی صفت یا حالت ۔

Foliage : (n) [F.'feuillage.'] (۱) پتے ؛ برگ ؛ اوراق ؛ پتوں کی کثرت (کسی درخت یا پودے کے) پتے (مجموعی) پتوں کا مجموعہ ۔ (۲) پتوں ، پھولوں اور شاخوں کا گچھا یا خوشہ ؛ خوشہ* شاخ و برگ و گل ۔ (۳) (فن) آرائش یا زیبائش کے طور پر پتوں یا پتیوں ، پھولوں ، شاخوں یا پھولوں اور پتیوں والی نرم نازک ٹہنیوں کا نقشہ یا خاکہ ؛ بیل بوٹا ۔

Foliage : (v) پتوں یا پتیوں سے آراستہ کرنا ؛ پھولوں اور پتیوں کے نقش و نگار سے آراستہ کرنا ۔

Foliage leaf : (n) پتّا (جس میں پنکھڑی یا دوسری متغیر شدہ پتیاں شامل نہیں ہیں) ۔

Foliage pattern : (a&n) بیل بوٹے دار ڈیزائن ۔

Foliage plant : (n) (۱) جو درخت یا پودا صرف پتوں اور سبزے کےلئے پرورش کیا جائے نہ کہ پھولوں کےلئے ؛ برگی پودا؛ بے گل پودا ۔ (۲) آرائشی خوشنما پتیوں والا ایک پودا جسے پہلےلگایا جاتاتھا ۔

Foliage region : (n) (نباتیات) برگی حصہ ۔

Foliaged : (a) (۱) برگ و گل سے مزین ؛ پتوں کے نقش ونگار سے آراستہ یا مزین ۔ (۲) (قدرتی) پتوں سے ڈھکا ہوا یا بھرا ہوا ؛ پتوں والا ؛ برگ دار؛ اوراق دار ۔

Folial : پتوں کا ؛ پتوں کےمتعلق ؛ برگ مانند؛ برگ آسا ؛ برگی پتوں کی نوعیت یا ماہیئت کا ۔

Foliar : (a) دیکھو Folial

Foliar gap : (n) پتے میں وہ جگہ جہاں سےریشوں کا ایک یا کئی لچھا گذرتا ہو ۔

Foliate : (a) [L.'foliatus.'] (۱) پتے کی طرح ؛ برگ مانند ؛ ورقہ شدہ ؛ ورق آسا ؛ برگ نما؛ مثل برگ ۔ (۲) (نباتیات) برگ دار ؛ پتیوں والا ؛ جس میں پتیاں لگی ہوں ؛ اوراق دار ۔ (۳) مخصوص پتیاں رکھنے والا ۔ (٤) چوٹی چھوٹی (بہت ساری) پتیاں رکھنے والا ۔

Five foliate : پنج برگی؛ پانچ پتیوں والا ؛ پنج پتیا ۔

Foliate : (v) (۱) ورق کر دینا ؛ پرت بنا دینا ؛ پرت پرت ہو جانا؛ اوراق میں تقسیم کر دینا؛ ورق ورق ہو جانا یا کر دینا۔ (۲) محراب یا دروازے کی پیشانی کو پتوں جیسے نقوش سے آراستہ کرنا۔ (۳) کتابوں کےاوراق پر(صفحات پرنہیں) مسلسل نمبر ڈالنا ؛ ٹوٹ کر پتوں یا ورقوں میں بکھر جانا۔ (٤) (آئینےپر) رنگ اور پارے کا ممزوج چڑھانا ؛ زنگار لگانا ۔ (٥) پتیاں پھوٹنا؛ پتیاں نکلنا ؛ پتیاں آنا ؛ کونپلیں لانا؛ کونپلیں نکالنا ۔

Foliate curve : (n) (جیومیٹری) برگ مانند انحنا ؛ دوسرے درجے کی ایک انحنا جس میں ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی دو لامتناہی شاخیں ہوتی ہیں اور جن سے پتی کی ایک شکل بنتی ہے ۔

Foliated : (a) (۱) (خاص کر ارضیات و معدنیات) ورقہ ورقہ طبق در طبق ؛ تہ بہ تہ ؛ پرت در پرت ؛ تہ بہ تہ پرتوں سے مرکب ۔ (۲) پتےیا پتوں کی شکل کا ؛ برگ آسا ؛ برگ مانند ؛ برگ جیسا ۔ (۳) (تعمیرات) برگ مانند قوسوں سے

مزین یا آراستہ ؛ برگ کاری کیا ہوا ؛ برگ آسا قوسوں سے بنا ہوا ۔ (٤) برگ دار؛ حامل برگ ؛ پتوں یا پتیوں پر مشتمل ؛ پتوں والا ؛ پتیاں لگا ہوا ؛ پھول پتے دار ۔

Foliated Arch : (n) سہ برگی؛ پنج برگی یا کثیر برگی مقدار ۔

Foliated capitals : (n) پھول پتے دار ستون ۔

Foliated structure : (ارضیات) ورقی ساخت ؛ پرت ساخت ۔

Foliation : (n) [f. foliate. a.] (١) (تعمیرات) محراب یا دروازے کی پتیوں‌سے آراستگی؛ چھوٹی چھوٹی قوسوں یابرگی محرابوں پرمشتمل نقاشی یا آرائش ۔ (٢) ورق شماری؛ اوراق پر نمبر ڈالنے کا عمل ؛ ورق بندی ۔ (٣) (درختوں پر) پتے نکلنے کا عمل ؛ برگ داریت ؛ برگ دار ہونے کی حالت ۔ (٤) (نباتیات) اوراق کی ساخت یا ترتیب ؛ موسم بہارمیں شگوفے کے اندر اوراق بننے کا عمل ؛ یا نمونے برگ ؛ برگاؤ ؛ پتیاؤ ۔(٥) (دھات کو) پیٹ کر یا طبق بنانے کا عمل ؛ ورق سازی ؛ طبق سازی ۔ (٦) (ارضیات) پتوں کی طرح تہ بہ تہ الگ ہونے یا ٹوٹنے کی خاصیت یا عمل ؛ پرت پرت یا ورق ورق ہونے کی خاصیت یا عمل ؛ نیز وہ پرت یا ورق جس میں شفّاف یا بلوری چٹانیں منقسم ہوتی ہیں ۔ (٧) زنگاری آئینہ ؛ شیشہ پر زنگار لگانے کا عمل ۔

Foliato - : (comb.) [f. L. 'foliatus.'] جزو ترکیبی بمعنی : پتے کی طرح بنا ہوا ۔

Foliator : (n) کتاب کے اوراق پر سلسلہ وار نمبر لگانے والا ۔

Foliature : (n) [Late .L.'foliatura.'] (١) پتوں یا پتیوں کا گچھا؛ نیز پتیوں کی آرائش ۔ (٢) پیٹ کر ورق یا طبق بنائے جانے کی حالت ؛ (نباتیات) شاخ و برگ ؛ برگیت ۔

Folic acid : (n) (کیمیا) فولك ایسڈ ؛ وٹامن بی ۔

Folicole : (n) برگ باش ۔

Folie : (n) (طب، نفسیات) جنون ؛ اختباط ۔

Folie circulaire : (n) (نفسیات) جنوں دوّار ۔

Folie de grandeur : (نفسیات) اختباط عظمت ۔

Folie gemellaire : (طب) جنوں توامی ۔

Foliicolous : (a) [f.L.folii- +col-.] پتوں پر طفیلی طور سے پیدا ہونے یا نشو ونما پانے والا ۔

Foliiferous : (a) برگ آور؛ جس سےپتیاں نکلیں یاپیدا ہوں ۔

Foliiform : (a) پتے کی شکل کا ؛ برگ نما ؛ برگ آسا ؛ برگ مانند ؛ پتے جیسا ۔

Foliiparous : (a) (نباتیات) غیر پھول دار درخت یا پودا ؛ صرف پتیاں پیدا کرنے والا ۔

Folily : (a) پُر از حماقت ؛ احمقانہ ؛ بے وقوفانہ ۔

Folio : (n) [L.'folio.'] (١) کاغذ کا ورق جس پر ایك ہی طرف نمبر لگایا گیا ہو ۔ (٢) (محاسبی) بہی کھاتہ وغیرہ کے دو صفحے بالمقابل جن پر ایك ہی وقت میں اندراجات کئے جائیں یا ایك ہی صفحہ جس پر دونوں طرف کا (لین اور دین) حساب لکھا جائے ۔ (٣) (طباعت) چھپی ہوئی کتاب کے صفحات کے نمبر ۔ (٤) کاغذ کا ایك مکمل سائز والاتختہ جس کی صرف ایك تہ بنائی گئی ہو؛ نیز مجازاً ۔(٥) بڑی سے بڑی تقطیع کی جلد یا کتاب ؛ ایك بار موڑے ہونےکاغذ کے تختوں پر مشتمل کتاب یا جلد؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔ (٦) (قانون) کسی دستاویز کے مضمون کی طوالت کا اندازہ کرنے کےلئے لفظوں کی ایك معینہ تعداد (انگلینڈ میں ٧٢ یا ٩٠ اور امریکا میں عموماً سو) جسے ایك اکائی کے طور پر شمار کیاجاتا ہے۔(٧) کاغذ کا وہ تختہ جسےایك بارموڑا گیا ہو ۔ (٨) (تجارت) صفحہ ۔

In folio : صرف ایك بار موڑے ہونے بڑی تقطیع کے تختے کی شکل میں؛ کاغذ کے تختے کی صرف ایك تہ کر کے اس تقطیع پر جو کتابیں لکھی یا چھاپی گئی ہوں؛ اس قسم کےاوراق کی جلدیں ۔

Folio : (a) ایك بار موڑے ہوئے تختے یا تختوں کا بنا ہوا ؛ فولیو کی تقطیع والا ؛ فولیو کی تقطیع میں ۔

Folio : (v) صفحات پر نمبر لگانا؛ (کسی کتاب وغیرہ) کے اوراق پر سلسلہ وار نمبر لگانا ۔

Folio branchiate : (a) (حیوانیات) برگ خیشونی ۔

Folio ledger : (n) (تجارت) صفحہ کھاتہ ۔

Folio making : (n) جز بندی ۔

Folioing : (n) (تجارت) اندراج کھاتہ ۔

Foliolate : (a) کاغذ کےایک بارموڑے ہوئےتختوں یا دو ورقی رسالوں کا، اُن سے متعلق یا اُن پر مشتمل ؛ (نباتیات) برگچھہ دار ؛ پتیاں دار ۔

Foliole : (n) [L.foliolum.] (۱) (نباتیات) مرکب پتے کا تقسیم شدہ ٹکڑا یا حصہ ؛ چھوٹا پتا ؛ کونپل ؛ پتی ؛ برگچھہ ۔ (۲) (حیوانیات) پتی نما چھوٹا زائدہ ۔

Foliolum : دیکھو Foliole

Foliose : (a) [L.'foliosus.'] پتوں بھرا ؛ برگ دار ؛ پُر برگ ؛ پتوں سے بھرا ہوا ؛ گنجان برگہ ۔

Foliosity : (a) پتوں سے بھرا ہونے کی حالت ؛ پُر برگیت ؛ برگ داری ۔

Folious : (a) پتوں بھرا ؛ پُر برگ ؛ برگ دار ؛ پتوں کی نوعیت یا فطرت کا ۔

Folium : (n) [L.] (۱) ایک بار موڑاھوا کاغذ کا تختہ ؛ فولیو ۔ (۲) (ہندسہ) مرکزہ دار انحنا کا ایک محدود حلقہ جس کے دونوں سرے ایک ہی مرکز یا نقطے پر ختم ہوتے ہیں ۔ (۳) (ہندسہ) حقیقی نقطہء مماس اور لامتناہی پر ایک حقیقی گردان والی سادہ، مرکزہ دار، مکعب نما انحنا ۔ (٤) برگ ؛ پتا ؛ ورقہ ؛پات ۔

Folium of descartes : (n) (ہندسہ) حقیقی نقطہء مماس اور لامتناہی پر ایک حقیقی گردان والی سادہ، مرکزہ دار مکعب نما انحنا ۔

Folk : (n) [OE.'fole.'] (۱) ایک قوم؛ عوام ؛ ملت؛ نسل ؛ خیل ؛ گروہ؛ قبیلہ (متروک) ۔ (۲) (جمع)لوگ؛ بالعموم خاص طبقے کے لوگ ۔ (۳) برادری ؛ ملت قوم ؛ عوام کی وہ جماعت جو کسی برتربستی (مثلاً رسول ؛ بادشاہ) کے ماتحت ہو ؛ عوام کالالقام ؛ عوام الناس ؛ عوام (متروک) ۔ (٤) بنی نوع انسان (خاص کر بول چال میں) ۔ (٥) (جمع) اقرباء؛ اہل خاندان؛ والدین؛ بچےاور رشتہ دار ۔ (٦) لوگ ۔

Folk art : (n) (تاریخ) لوک کلا ۔

Folk-belief : (n) عقیدہء عوام ؛ عقیدہء ملت ؛ عام لوگوں کا عقیدہ؛ عقیدہء عوام؛ اعتقاد عامہ؛ لوک وشواس؛ لوک دھرم ؛ لوک عقیدہ ۔

Folk culture : (n) لوک ثقافت ۔

Folk-custom : (n) عام لوگوں کا رواج ؛ لوک ریت ۔

Folk-dance : (n) لوک ناچ ؛ لوک رقص ؛ عوامی رقص ۔

Folk-ethics : (n) عوامی اخلاقیات ۔

Folk-etymology : (n) عوام کے الفاظ کی وجہء تسمیہ کو غلط طور سے سمجھ کر انکو بگاڑنا یا بدل دینا ؛ عوام کے ذریعہ کی گئی الفاظ کی وہ تبدیلی جوانہیں کوئی معنی دینے کےلئےکی جاتی ہے؛ الفاظ کو نئے معنی دینے کےلئے اُن میں کی گئی عوامی تبدیلی؛ (فلسفہ)عوامی اشتقاقیات ۔

Folk free : (a) ایک آزاد شخص کے حقوق کاحامل ؛ جسے ایک آزاد شخص کے حقوق حاصل ہوں ۔

Folk land : (n) (تاریخ) حق ملکیت کی ایک مخصوص قسم کےتحت حاصل زمین کو ظاہر کرنے والی، قدیم انگریزی قانون کی ایک اصطلاح (Boon land کے برعکس) ؛ قبائلی زمین ۔

Folk-laws : (n) عوامی قانون ؛ لوک قانون ۔

Folk-leasing : (n) (انگریزی قانون) عوامی جھوٹ ؛ عوامی دروغ گوئی؛ کذب عام؛ عام افتراع؛ عام بہتان؛ عوامی اتہام ؛ تہمت عامہ ؛ عوام کی طرف سے جھوٹا الزام ۔

Folk-literature : (n) عوامی ادب ؛ لوک ساہتیہ ۔

Folk-lore : (n) (۱) متداول روایات وعقائد جو عام لوگوں میں راسخ ہوں؛ رسوم وعقائد؛ اجدادی ۔ (۲) ان کا علمی مطالعہ ۔ (۳) (تاریخ) عوامی حکایتیں ؛ لوک کتھائیں ؛ لوک اساطیر ۔

Folk -mind : (n) عوامی ذہن ۔

Folk myth : (n) لوک دیومالا ؛ عوامی توہمات ؛ اساطیر ۔

Folk-name : (n) عوامی نام ؛ لوک نام ؛ قومی نام ۔

Folk play : (n) عوامی کھیل ؛ لوک ناٹک ؛ عوامی ناٹک ۔

Folk right : (n) [OE.'fokright.'] (تاریخ) حقوق اجتماعی ؛ قانون عام ؛ عوامی حق ؛ وہ اقرار جس کے تحت ہر آزاد شخص ایک آزاد انسان کی حیثیت سے اپنے حقوق سے استفادہ کرتا ہے ۔

Folk society : (n) لوک سماج ۔

Folk-song : (n) لوك گيت ؛ عوامی گيت ۔

Folk-speech : (n) عوامی بول چال ؛ لوك بھاشا ۔

Folk-story/-tale : (n) عوامی کہانی ؛ لوك کتھا ۔

Folk-says : (n) لوك ريت ۔

Folkmoot/Folkmote : (n) انجمن شہر؛ کسی قصبےیا شہر کے عوام کی ايك عام انجمن ؛ (تاريخ) جرگہ ؛ عوامی اجلاس ۔

Folkmooter : (n) مقامی سياستداں ۔

Follicle : (n) [L.'folliculus.'] (۱) کيس ؛ چھوٹا سا چھالا ؛ تھيلی ؛ غدود ؛ تھيلی کا سا؛ غيشائی ظرف جو حيوانی اور نباتی اجسام ميں ملتا ھے؛ لمفی يا زُلالی گلٹی جو تھيلی کی شکل ميں ترتيب دی ھو اور لمفائڈ نسيجوں پر مشتمل ھوتی ھے ۔ (۲) درختوں کی پھلی جس ميں بيج ھوتے ہيں؛ (نباتيات) ايك قسم کا پھل جو ايك ہی بغچے پر مشتمل ھوتا ھے اور صرف شکمی درخت کے ذريعہ کھلتا ھے (قبل) کوئی بھی کھوکھلا يا غلافی پھل ۔ (۳) ھَوا سے پھولا ھوا کوئی چھوٹا تھيلا يا پھُکنا؛ بُلبلا ۔ (٤) (حشريات) کويا (ريشم کے کيڑے کا گھر) ؛ پُھلی؛ تخم دان ؛ (حيوانيات) غدہ ؛ گلٹی ۔

Follicular : (a) کيسوی ؛ کيسہ دار ؛ کيسہ نما؛ غدودی ؛ لمفی غدود پرمشتمل يا اُن سے بنا ھوا ؛ لمفی غدود کے مشابہ يا اُنکی فطرت کا ؛ (مرضيات) کسی مخصوص عضو کے لمفی غدود يا کيسوں کو متاثر کرنے والا ۔

Folliculated : (a) کيس دار ؛ بلبلا دار ؛ تھيلی دار ؛ کويادار ؛ کو يا کے اندر بند ۔

Folliculitis : (n) (مرضيات) لمفی غدود يا کيسوں کی سوزش اور ورم ؛ ورمِ جرابی ۔

Folliculoma : (n) (طب) جرابی سلعہ ۔

Folliculose/Folliculous : (a) لمفی غدود سے بھرا ھوا ؛ لمفی غدود کا حامل ؛ کيسہ دار ؛ کيسہ نما؛ تھيلی نما؛ لمفی يا زلالی غدود کی شکل يا فطرت کا ۔

Follow : (n) [f.next. v.] (۱) پيروی ؛متابعت ؛نتيجہ ؛ تعاقب ؛ اتباع ۔ (۲) (بليرڈ) ايسی ضرب جس سے کھلاڑی کی گيند نشانے پر رکھی ھوئی گيند سےٹکرانے کے بعد اُس کےپيچھے پيچھے جاتی ھے ۔(۳) (کرکٹ) کسی ٹيم کا ايك دفعہ کھيل کر اور حريف کےمقابلے ميں بہت کم رن بنا کر دوبارہ کھيل کےلئے ميدان ميں جانا ۔ (اس کےلئے Follow on بھی استعمال ھوتا ھے) ۔ (٤) (گولف) گيند کو مارنے کے بعد اُسے مسلسل مارتے ھوئے ايك سرے سے دوسرے سرے تك پہنچا دينا (اس کے لئے Follow through بھی استعمال ھوتا ھے) ۔

As follows : ايك تمہيدی فقرہ بمعنی حسب ذيل ؛ مندرجہ ذيل ۔

His arguments are as follows : اس کے دلائل حسب ذيل ہيں ۔

It follows that he was not there : اس سےيہ نتيجہ نکلتا ھے کہ وہ وہاں نہيں تھا ۔

Trade follows the flag : تجارت جھنڈے (حکومت) کے پيچھے پيچھے چلتی ھے، (حکومت کا لازمی نتيجہ تجارت کی وسعت ھے) ۔

Follow : (v) [OE.falzian, Fylan.'] (۱) کسی متحرك چيز يا شخص کے پيچھے آنا ؛ بہ ترتيب وقت و مقام ؛ مسلسل يا ترتيب ۔ (۲) کسی کےساتھ جانا ؛ خدمت کرنا (کسی شخص کی) خوبيوں کا دلدادہ ھو کر اس کے پيچھے جانا؛ اس کا اتباع کرنا ؛ پيروی کرنا ؛ کسی کے پيچھے آنا ۔ (۳) (کسی بات کا)نتيجہ نکلنا ؛ لازمی نتيجہ پيدا ھونا يا نتيجے کے طور پر واقع ھونا ۔ (٤) کسی معاملے ميں مبتلا ھونا ۔ (٥) (کسی بات کی) کوشش کرنا ؛ مقصد کو حاصل کرنے کےلئے جدو جہد کرنا۔ (٦) (کسی کو) اپنا رہنما اور سردار مان لينا ؛ اس کی اطاعت کرنا ؛ اس کےخيالات واغراض کو اختيارکرلينا ۔ (۷) کسی پيشہ کو اختيار کر لينا ۔ (۸) مقرر کے دلائل يا تقرير کے معنی پر حاوی ھو جانا يا اس کی ذہنيت کا اتباع کرنا ؛ (کسی شخص يا چيز کے) پيچھے چلنا يا آنا ۔ (۹) بلحاظ ترتيب ايك چيز کےبعد دوسری چيزکا آنا؛ واقع ھونا۔ (۱۰) کسی بات يا واقعہ سے کسی بات يا واقعہ کا ظہور ميں آنا ۔ (۱۱) کسی چيز(بات يا واقعہ) کا ايسا ھونا جس سے کوئی نتيجہ نکالا جا سکے ۔ (۱۲) (بليرڈ) کھلاڑی کی گولی کا دوسری گولی سے ٹکرا کر اسی کے ساتھ ساتھ چلا جانا ۔ (۱۳) کسی کےساتھ پيشوا، رہنما يا آقا جيسا سلوك کرنا يا اُسے ايسا سمجھنا ۔ (۱٤) کسی کی بزرگی يا اقتدار کو قبول کرنا يا اُس کی مثال پکڑنا ؛ کسی مقصد يا رائے کی حمايت کرنا ۔ (۱٥) (کسی مثال مشورے وغيرہ) پر يا

بلواہا بن جانا ؛ ہل چلانے کا پیشہ اختیار کرلینا ۔ To follow the plough :

ایک کھیل جس میں ہر کھیلنے والے کو وہی کرنا پڑتا ہے جو کھیل کا سردار کرے ۔ Follow my leader : (n)

(۱) پیچھے پیچھے چلنا ؛ پیروی میں چلنا ؛ میں چلنا؛ اتباع جاری رکھنا؛ پیچھا کرتے جانا؛ تعاقب جاری رکھنا ۔ (۲) (کرکٹ) کسی ٹیم کا ایک دفعہ کھیل کر اور حریف کے مقابلہ میں بہت کم رن بنا کر دوبارہ کھیل کے لئے میدان میں جانا ۔ Follow-on : (v)

(معاشیات) قیمت میں قائد کی پیروی کی پالیسی ۔ Follow the leader's price policy : (n)

(گولف) گیند کو مارنے کے بعد اُسے مسلسل مارتے ہوئے ایک سرے سے دو سرے سرے تک پہنچا دینا ۔ Follow-through : (v)

(۱) قریب سے پیچھا کرنا؛ یا پیچھے پیچھے چلنا؛ پیروی کرنا۔(۲) مضبوطی سےقائم رہنا؛ پوری قوت سے لگے رہنا ؛ مزاولت کرنا ؛ استقلال کے ساتھ کسی کام پر یا مقصد پر جمے رہنا ۔ (۳) ایک ضرب لگا کر فوراً ہی دوسری ضرب لگانا ۔(٤) (فٹ بال) جس کھلاڑی کے پاس گیند ہو اُس کی مدد کرنے کےلئے اس کے قریب ہی رہنا ۔ Follow-up : (v)

(انتظامیہ) کار روائی مابعد ۔ Follow up action : (n)

(انتظامیہ) گفت و شنید مابعد ۔ Follow up negotiation : (n)

(۱) پیرو؛ تابع ؛ شاگرد ؛ مرید ؛ مقلد ؛ چیلا ؛ متبع ۔(۲) (روز مرّہ) وہ ملازمت پیشہ جو کسی کے گھر کی خادمہ سے شادی کرناچاہتا ہو؛ کسی کےگھر کی خادمہ سے عشق کرنے والا ۔ (۳) پیچھے پیچھے چلنے والا (کسی متحرک چیز یا شخص کے) ؛ پیچھا کرنے والا ؛ تعاقب کرنے والا؛ متعاقب ۔ (٤) خدمت گار ؛ نوکر ؛ حاشیہ بر دار ؛ خادم یا خادمہ ؛ کسی کےساتھ ساتھ رہنے والا ؛ وابستہ ؛ طرف دار ؛ حمایتی ؛ حامی ۔ (٥) کوئی چیز جو کسی چیز کے فوراً بعد آتی ہے ۔ (٦) (اسکاتستان) (بول چال) مویشیوں کے بچے ۔ (۷) (میکانیات) (مختلف قسم کے مطالعے میں) وہ بلاک یا تختہ جس کے ذریعہ دباؤ ڈالا جاتا ہے ؛ (اسٹیم انجن) بھرنے والے بکس کا ڈھکن یا ڈاٹ جو پیکنگ پر دباؤ ڈالتی ہے۔ (۸) (اسٹیشنری) [Follower : (n) [OE.'folzere.

Forbid : (v) [OE.'forbeodan.'] (۱) ممانعت کرنا؛ ممنوع کرنا؛ حکم دینا کہ نہ کرے (کسی کو کسی جگہ)؛ جانے سےمنع کردینا؛ کسی بات کا امتناع کرنا؛ (کسی شخص یاچیزکے) وجود کو ممنوع کردینا؛ کسی امر کے ارتکاب یا فعل کے سرزد ہونے کی ممانعت کرنا؛ قدغنی کرنا ۔(۲) (حالات، مواقع وغیرہ کے متعلق) خارج کرنا؛روکنا ؛ نامناسب اورناسزاوار قرار دینا ۔ (۳) الگ کرنا ؛ پیچھے کردینا ؛ شریک نہ کرنا ؛ ترقی میں حائل ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ رخنہ اندازی کرنا ؛ روڑا اٹکانا ۔ (٤) ناقابل عمل بنانا؛ ناممکن کر دینا ۔

God, Heaven, the Lord forbid : خدانخواستہ ؛ خدا نہ کرے ؛ اللہ نہ کرے ۔

To forbid bullfights : وحشی بھینسوں کی لڑائی کا امتناع کردینا ۔

To forbid gladiators : وحشی جانوروں اور انسانوں کی لڑائی کا امتناع کر دینا ۔

To forbid him court : در بار کی حاضری (کسی کے لئے) ممنوع کر دینا ۔

To forbid him to go : اس کو جانے سے منع کر دینا ؛ جانے کی ممانعت کر دینا ۔

To forbid him wine : اس کے لئے شراب ممنوع کر دینا ۔

Forbiddance : (n) ممنوع کرنے کی حالت :روکنے کی کیفیت ؛ ممنوع ؛ روک ؛ قدغن ؛ ممانعت ۔

Forbidden : (a) ممنوع ؛ قدغن ؛ منع کیا ہوا ؛ حرام ؛ غیر مجاز ؛ روکا ہوا ۔

Entrance forbidden : ورود ممنوع ؛ داخل ہونے کی اجازت نہیں ۔

Was forbidden wine : (اس کی) شراب روک دی گئی؛ (اس کو) شراب خوری سے روک دیا گیا ۔

Forbidden degress : رشتہ داری و قرابت کے بعض سلسلے جن میں مناکحت ناجائز ہے ۔

Forbidden energy level : (n) (طبیعیات) حرام رشتے؛ محارم ؛ ممنوع توانائی درجہ ۔

Forbidden fruit : (n) (۱) ممنوعہ ثمر یا گندم (جس کے کھانے کی آدم و حوّا کو ممانعت تھی) (اصطلاحاً) ایسی چیز جس کی خواہش صرف اس لئے ہو کہ ممنوعہ ہے ۔ (۲) لیموں ، نارنگی وغیرہ کی قسم کے پھل میں سے کوئی ایک پھل ؛ چھوٹا سنگترہ ۔ (۳) نارنجی رنگ کی ایک امریکی شراب ۔ (٤) سیلون کےایک درخت کاپھل جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے۔ (٥) تعیّش؛ عیاشی؛ ناجائز مباشرت ۔

Forbidden nuclear transition : (n) (طبیعیات) ممنوع نیو کلیائی عبور ۔

Forbidden transition : (n) (طبیعیات) ممنوع عبور ۔

Forbiddonly : (adv.) امتناع کے طورپر ؛ رکاوٹ کے طور پر ؛ بطور امتناع ؛ ممنوع قرار دے کر ۔

Forbiddenness : (n) امتناع ؛ رکاوٹ ؛ مزاحمت ؛ ممانعت ۔

Forbidder : (n) روکنے والا ؛ منع کرنے والا ؛ باز رکھنے والا ؛ رکاوٹ پیدا کرنے والا ؛ روڑا اٹکانے والا ۔

Forbidding : (a) (۱) منع کرنےوالا ؛ روکنے والا ؛ مانع ؛ دافع ۔ (۲) بدصورت ؛ بدقطع ؛ نفرت انگیز ؛ کریہہ المنظر؛ مکروہ صورت رکھنے والا؛ زشت ناپسند؛ ناگوار؛ غیر مطبوع ۔(۳) ایسی مکروہ (صورت کسی شخص یا چیز کی) جو نامطبوع ہو ، جسے دیکھنا پسند نہ کیا جائے ۔(٤) دہشت انگیز ؛ تہدید انگیز ؛ ترسناک ؛ ہیبتناک ؛ مہیب ؛ ڈراؤنا ۔

Forbiddingly : (adv.) غیر مطبوع طریقہ پر ؛ ایسے طریقے پر یا صورت میں جس سے امتناع ظاہر ہو ؛ نفرت انگیز طورپر ؛ خوفناک طور پر ۔

Forbiddingness : (n) زشت روئی ؛ امتناع ؛ ممانعت ؛ قدغن ؛ ترسناکی ؛ خوف ناکی ؛ غضب ناکی ۔

Forbivorous : (n) گھاس پھوس کھانےوالا جانور؛ علف خوار ؛ برزہ خوار ۔

Forblack : (n) انتہائی سیاہ تیرہ وتار؛ تیرگوں ۔

Forby(e) : (prep.) سوائے ؛ بالکل قریب ؛ متصل ؛ نزدیک ۔

Forby(e) : (a) (۱) غیرمعمولی ؛ مخصوص ۔(۲) قابل ذکر ؛ عجیب ؛ نادر ؛ ممتاز ؛ نمایاں ؛ غیرمعمولی طور پر اچھا ؛ ممیز ۔

Force : (n) [L.'fortis.'] (۱) قوت ؛ طاقت ؛ بل ؛ زور ؛ قدرت ؛ قوت عمل ؛ سعی ؛ کوشش ؛ شدید کوشش ؛ حرکت کی قوت ۔ (۲) فوجی طاقت ؛ قوت ؛ مسلح آدمیوں کی جماعت ؛ فوج کا دستہ ؛ (جمع میں) فوج ؛ لشکر ؛ پولیس کا دستہ ؛ اصطلاحاً (The Force) پولس (قدیم استعداد) ؛ دفاعی قوت ؛ (بعد میں) بحری طاقت ؛ جسمانی طاقت ۔(۳) وہ قوت جو کسی مقصد کےلئے یا کسی شے پر صرف کی جائے ؛ تشدد ؛ جبر ؛ استبدادی قوت ؛ اکراہ ۔ (٤) زبردستی ۔ (٥) دفاعی یا اخلاقی قوت ؛ اثر ؛ قوت نظم وضبط ؛ اختیار ؛ تاثیر ؛ نیکی ؛ حسن خلق ؛ خوبی ۔(٦) منوانے کی طاقت ؛ قایل کرنے اور یقین دلانے کی طاقت ؛ قوت بندش ۔(۷) جلا ؛ تیز روشنی ؛ انعکاس ۔(۸) وجہ نفاذ ؛ جواز ؛ معقولیت ؛ صحت ۔(۹) معنی ؛ مراد ؛ مطلب ؛ صحیح معنی ؛ حقیقی معنی ۔(۱۰) (طبیعیات) وہ قابل اندازہ اثر جو جسم کو حرکت پر آمادہ کرتا ہے ؛ اس اثر کی شدت جس کو قدیم زبان میں توانائی بالفعل کہتے ہیں ؛ رفتار ؛ حدت؛ برقی وجہ وغیرہ کو جس کو مادے کے ساتھ یا اس میں موجود توانائی یا اصول پر مشتمل سمجھاجائے ؛ از روئے جنس غور کئے ہوئے ایسے ہی اصول یا توانائی ۔(۱۱) توانائی ؛ قوی ۔(۱۲) (قانون) غیرقانونی تشدد یا جبر (شخص یا چیز کے ساتھ) ۔ (۱۳) بڑی مقدار یا تعداد ۔(۱٤) ایک سبب، اثر یا قوت کا ذریعہ جو ایک جسمانی قوت سے مشابہ ہو ۔

A force : خلاف قانون تشدد ؛ ناجائز زبردستی ۔

Attractive force : (طبیعیات) قوت جاذبہ ؛ کشش ۔

قاعدہ یا قانون کو نافذ کرنا ۔ : To put in force

(حیاتیات) قوت حیات ۔ : Vital force

پوری قوت کے ساتھ؛ پوری طاقت سے ۔ : With all one's force

Force : (n) [ON. 'fors.'] آبشار ؛ جھرنا ؛ پانی کی چادر ۔

Force : (v) (۱) سختی؛ ظلم ؛ زبردستی ؛ جبر کرنا ؛ بزور یا زبردستی لینا ؛ حاصل کرنا ؛ استحصال بالجبر کرنا؛ عصمت دری کرنا ۔ (۲) مجبور کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛ زبردستی روکنا ؛ قوت سے مجبور کرنا (جسمانی یا اخلاقی طور پر) ۔ (۳) کھینچ تان کر لفظوں کے معنی پیدا کرنا ؛ لفظوں کو وہ معنی پہنانا جو بہ مشکل ہو ۔ (٤) (تاش) کھیلنے والے کو مجبور کر دینا کہ وہ ترپ لگائے یا اپنے ہاتھ کے پتوں کو ظاہر کرکے کھلاڑی کو (کسی خاص پتے یا پتوں کو) کھیلنے پر مجبور کرنا ۔ (٥) انتہا تک کھینچنا؛ انتہائی قوت صرف کر دینا ؛ پورا زور لگا دینا ۔ (٦) تاکید کرنا (کسی پر) زور ڈالنا (کسی کام کےلئے) سخت کوشش کرنا؛ تشدد آمیز طورپر کچھ کرنے کےلئے مجبور کرنا ؛ بزور قبضہ کرلینا ؛ قوت سے حاوی ہو جانا؛ بزور داخل ہونا یا گھسنا ؛ بزور تسخیر کر لینا ؛ بزور قابو یا قبضہ حاصل کر لینا (قلعہ ، استحکامات پر)؛ لےلینا ؛ قبضے میں کر لینا؛ کھول دینا ؛ شگاف کر دینا (مکان ، تالا ، قفل وغیرہ میں) ، (اس کے اندر) راستہ بنا لینا ؛ توڑ ڈالنا ۔ (۷) دھکا دینا ؛ بڑھانا؛ ڈھکیلنا ؛ قوت لگا کر کھینچنا ؛ ریلنا؛ ٹھیلنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ اُکسانا (adverb اور prep کے ساتھ) ۔ (۸) کسی شخص کو کسی چیز کےلئے استعمال کرنے، قبول کرنے پر مجبور کرنا ۔ (۹) کوشش کرکے پیدا کرنا ؛ جبراً (کوئی خاص) کیفیت پیدا کرنا نیز مجازاً ۔ (۱۰) (کسی چیز کو) زبردستی لےلینا ؛ حاصل کرنا ؛ چھین لینا؛ جھپٹ لینا، دھمکی سے لے لینا ۔ (۱۱) (پودے ، درخت یا طالب علم کے) نشو و نما و ترقی کو مصنوعی طریقوں سے قبل از وقت پوری طرح مکمل کرنے کی کوشش کرنا ۔ (۱۲) (خود یا کسی شخص کو) کوئی کام کرنے پر مجبور کر دینا ۔ (۱۳) جہاز پر چڑھ جانا ؛ ایک جہاز کا دوسرے جہاز کےمقابلے میں آنا (لڑائی کےلئے) ۔ (۱٤) جدو جہد یا محنت کے ذریعہ ترقی کرنا ؛ (اب شاذ) ۔

(تاش کی شعبدہ بازی میں) کسی کے سامنے اس طرح پتے پیش کرنا کہ وہ بغیر : To force a card

زبردستی سے ؛ دباؤ سے ؛ بالجبر ۔ : By force

زبردستی سے ؛ دباؤ سے ؛ بندوق کی نوک پر ۔ : By force and arms

بذریعہ ؛ بواسطہ ۔ : By force of

بذریعہ ؛ بواسطہ ۔ : By the force of

مرکز گریز زور ۔ : Centrifugal force

جبری قوت ۔ : Coercive force

بقائے توانائی (قدیم معنی میں) یا کسی حادثہ طبعی (مثلاً حرارت یا حرکت جو مادہ کی خلقت ہے) کا سبب ؛ اس قسم کی کوئی قوت ۔ : Conservation of force

نہیں سمجھ سکتا کہ جو کام پسندنہ ہو اُس کے کرنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے (کیا معنی ہو سکتے ہیں) ۔ : Can't see the force of doing what one dislikes

اپنے کو دنیا میں ایک قوت (قوت طبعی) سمجھتا ہے ۔ : Considers himself a force in the world

بہت قوت گویائی ؛ زور زبان (یا قوت دلائل کے ساتھ) بیان کیا گیا (اعلان کیا گیا) ۔ : Declared with much force

(طبیعیات) قوت عاملہ ۔ : Effective force

نافذ ہونا ؛ نفوذ ؛ لاگو ہونا ؛ نافذ ۔ : In force

(۱) (فوج) بڑی تعداد میں ؛ جمعیت کے ساتھ ۔ (۲) ہجوم کے ساتھ ؛ غول میں ؛ لشکر کا ۔ (۳) دشمن ؛ حریف ۔ (٤) قوت ؛ طاقت ؛ صلاحیت ۔ : In force/In great force

قانون نافذ رہے گا یا نافذ ہوتا ہے ۔ : Law remains, comes into force

(طبیعیات) قوت دافعہ ۔ : Repulsive force

جو کچھ تم کہتے ہو اس میں قوت ہے(تمہارے دلائل یا واقعات موثر ہیں ، قائل کرنے والے ہیں) ۔ : There is force in what you say

نافذ ہونا ؛ لاگو ہونا ۔ : To come into force

گھوڑ دوڑ : To force the pace or the running (in a race)
میں تیز رفتاری اختیار کرنا تاکہ حریف کو جلد تھکا کر ہرا دیا جائے ۔

ایسا جبریہ قانون جس کے تحت فوج سختی Force-bill : (n)
اور تشدد کے استعمال کا مجاز ہو ۔

(۱)ناقابل مقابلہ؛ ناقابل دفاع (واقعہ) ؛ Force majeure : (n)
جبر ۔(۲) ایسا استبداد جو سیاسی تدبیر میں ناقابل دفاع مانا جاتا ہو ۔(۳) جنگ ؛ ہڑتال ؛ وہ غیرمتوقع واقعہ جو محض حکم خدا سے پیش آئے (انسان کی تدبیر کو اس میں دخل نہ ہو) مثلاً زلزلہ ، طوفان ، وبا، موت وغیرہ ؛ واقعہ جس کی وجہ سے کسی قرارداد یا معاہدے کی پابندی لازمی نہ رہے ۔(٤) حوصلہ شکن طاقت ۔(٥) قدرتی حادثہ ؛ آفت سماوی ۔

مسالہ دار کٹا ہوا گوشت ، جس کو کھانے Force-meat : (n)
کی مختلف اشیاء میں بھر کر پکاتے ہیں ؛ گوشت، لحمی، انڈے کا قیمہ جو کسی چیزمیں بھر کر پکاتے ہیں ۔

حالات نے یہ صورت Force of circumstances brought it about :
پیدا کی (یہ نتیجہ نکالا) ۔

پانی کھینچنے کے آلہ کی نلی جس میں Force-pipe : (n)
فشارا کام کرتا ہو ۔

(۱) پانی کھینچنے کا آلہ جو پانی کو ہَوا Force-pump : (n)
کے دباؤ کی حد سے باہر نکال دے ۔(۲) ریل کے انجن میں بائلر کی بہم رسانی کےلئے ایک پلنجر پمپ ؛ داب پمپ ۔

(۱) جبری؛ زبردستی ؛ تشدد آمیز ؛ لازمی ؛ Forced : (a)
اضطراری ۔(۲) زور ڈالا ہوا ؛ نافذ کیا ہوا ؛ لاگو کیا ہوا ۔(۳) کوشش سے پورا کیا ہوا ۔ (٤) (ادبی زبان میں) مسخ شدہ ؛ مسخ کیا ہوا؛ شکل بگڑی ہوئی ؛ کھینچا ہوا ؛ تانا ہوا ؛ زور دیا ہوا؛ دبا ہوا۔(٥) مصنوعی ؛غیرطبعی؛ ساختگی ؛ مجبور کیا ہوا؛ جبراً باز رکھا ہوا؛ روکا ہوا ۔(٦) (پودوں کا) پیدا کرنے کے لائق بنا ہوا ؛ ثمر آور بنایا ہوا (موسم کے علاوہ) ۔

جبریہ صلح ؛ معاہدہ بالجبر ۔ A forced peace :

بھٹی میں اوپر کی ہَوا کو ہلکا یا نیچے Forced draught : (n)
کی ہَوا کو دبا کر خاص بہاؤ پیدا کرنا ؛ (انجینیئرنگ) قسری جھونکا ۔

(معاشیات) جبر ؛ بچت ۔ Forced frugality : (n)

محسوس کئے پتا کھینچ لے جو شعبدہ باز اس کو دینا چاہتا ہے ۔

تمثیل و تشبیہ کے To force an analogy/-simile :
استعمال میں مبالغہ کرنا حتی کہ وہ مہمل ہو جائے ۔

اپنا راستہ پیدا کرنا؛ To force a passage/-one's way :
زبردستی گھس جانا؛ کسی نہ کسی طرح (کسی صحبت میں) پہنچ جانا ؛ زبردستی اپنا راستہ بنالینا؛ (ہجوم میں) گھس کر اپنے لئے راستہ پیدا کرلینا ۔

اپنے چہرہ پر زبردستی مسکراہٹ To force a smile :
پیدا کرنا ۔

اس کو شراب پینے پر مجبور To force drink on him :
کرنا ؛ بہ جبر یا بہ اصرار پلانا ۔

کسی کام کے کرنے پر To force into, or into doing :
پر مجبور کرنا ۔

اس کے ہاتھوں سے To force it out of his hands :
زبردستی نکال لینا ؛ چھین لینا ۔

کسی شخص کو مجبور کردینا To force one's hand :
کہ وہ اپنی مرضی اورخواہش کے خلاف وہ کام (قبل از وقت) کرے جس کو وہ نہیں کرنا چاہتا ۔

آواز کے قدرتی اُتار چڑھاؤ To force one's voice :
سے زیادہ بلند آواز میں سُرنکالنے کی کوشش کرکے اپنی آواز پر زور ڈالنا ۔

توڑ ڈالنا ؛ کھول دینا (تالا وغیرہ) ۔ To force open :

اُس کی آنکھوں سے To force tears from his eyes :
آنسو جاری کرادینا؛ اُس کو رونے پر مجبور کر دینا ؛ اتنا متاثر کر دینا کہ رو پڑے ۔

جلد جلد(نیلام میں) To force the bidding (at auction) :
بول بول کر قیمت بڑھا دینا ؛ ڈاک میں بولی سب سے بڑھ چڑھ کر بولنا ۔

اُس کی زبان سےواقعات To force the facts out of him :
بہ جبر معلوم کرلینا ؛ اُس کو صحیح واقعات بیان کرنے پر مجبور کر دینا ۔

کرکٹ میں خطرات کی To force the game in cricket :
پرواہ نہ کرکے اپنی کامیابی کی رفتار کو تیز کرنے کی کوشش کرنا ۔

Forced labour : (n) بیگار ؛ بیگاری ؛ جبری کام ۔

Forced landing :(n) (اچانک انجن یاموسم کی خرابی کےباعث) ہوائی جہاز کا فوری طور پر زمین پر اُترنے کے لئے مجبور ہونا ۔

Forced loan : (n) قرضہ جو (کسی سے) بہ جبر لیا جائے ؛ جس کے دینے پر (کسی کو) مجبور کردیا جائے ۔

Forced march : (n) ایسی تیزرفتارسے کوچ کرنا (سفرکرنا) جس میں خاص طور پر زیادہ وقت صرف کرنا پڑے ۔

Forced move : (n) کھیل میں چلی ہوئی ایک مصنوعی چال ۔

Forced oscillation : (n) (ریڈیو) قسری اہتزاز ؛ (طبیعیات) جبری ڈولن ۔

Forced vibration : (n) (طبیعیات) قسری ارتعاش؛ (لسانیات) دباؤ ارتعاش ۔

Forcedly : (adv.) جبریہ طورپر ؛ زبردستی سے ؛ اضطراری حالت میں ؛ مصنوعی طور پر ؛ غیر فطری انداز میں ۔

Forcedness : (n) جبر ؛ تشدد ؛ زبردستی ۔

Forceful : (a) مضبوط ؛ قوی ؛ بااثر ؛ طاقت ور ؛ مؤثر ؛ سخت ؛ شدید ؛ پُر زور ؛ بانفوذ ۔

Forcefully : (adv) قوت سے ؛ طاقت سے ؛ اثر سے؛ شدت سے ؛ پُر زورطورپر ؛ مضبوطی کے ساتھ۔

Forcefulness : (n) طاقت ؛ قوت ؛ اثر ؛ شدت ؛ زور ۔

Forceless : (a) بےقوت ؛ بےطاقت ؛ کم زور؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ عاجز ۔

Forcement : (n) (گولہ اندازی)توپ کی نال کے اوپر گولے کے قطر کی زیادتی ۔

Forceps : (n) [L.] (۱) گہوا ؛ زمبو ؛ فن جراحی کی دندان سازی ، دایا جنی کی چمٹی ؛ کوئی چیز جو چمٹی کے مشابہ ہویا چمٹی کی طرح استعمال ہو سکے ۔ (۲) (تشریح ، حشریات، حیوانیات) جسم کا کوئی حصہ جو چمٹی کی طرح ہو ؛ جس کا چمٹی نما عضو ؛ کلتین ؛ نیز مجازاً ۔

Forceps scissors : (n) کلابی قینچی ۔

Forcer : (n) (۱) دباؤ ڈالنے والا ؛ زور دینے والا (شخص یا چیز) ۔ (۲) دباؤ یا زور دینے کا آلہ یا کوئی ذریعہ ۔ (۳) داب پمپ ۔

Forces of reaction : (n) (تاریخ) رجعت پسند طاقتیں ۔

Forcible : (a) [OF. f. force. n.] (۱) جو (کام) زبردستی یابزور کیا گیا ہو یا جس کے کرنے میں قوت استعمال کی گئی ہو (ناکہ قانون) ۔ (۲) با اثر ؛ اثر کرنے والا ؛ زوردار ؛ مؤثر ؛ قوی ؛ (قانون) زبردستی قُرقی میں کیا ہوا ؛ جبریہ حراست میں کیا ہوا ۔ (۳) مجلاً ؛ چمکدار؛ روشن ۔ (٤) یقین دلانے والا؛ (کام، الفاظ، طرز، طریقہ) ۔ (٥) زورمندی ۔ (٦) (Quasi adv) زور کے ساتھ؛ زبردستی سے ۔

A forcible argument : مستحکم دلیل ؛ قوی دلیل ؛ مؤثر استدلال ؛ زور دار حجت ۔

A forcible reaction : دلیل قوی ؛ موثر دلیل ۔

Forcible-feeble : (a) کمزوری کو قوت کے مظاہرے سے چھپانےہوئے؛ ظاہراً قوی لیکن حقیقتاً کمزور و ناتواں ؛ نیم ضعیف نیم قوی ؛ نیز مجازاً ۔

Forcibleness : (n) قوت ؛ اثر ؛ طاقت ؛ طاقت ور ہونا ؛ با اثر ہونا ۔

Forcibly : (adv.) زبردستی سے؛ بزور ؛ بہ جبر ؛ اثر سے ۔

Forcing : (n) سختی ؛ ظلم ؛ زیادتی ؛ جبر کرنے کا عمل ؛ زور آوری ۔

Forcing bed : (n) (۱) گرم کیاری ؛ کیاری جو کھاد کا خمیر اٹھا کر گرم کی جائے ۔ (۲) (مجازاً) (بدمعاشی کا) اڈا ؛ گھر ۔

Forcing-engine : (n) دیکھو Fire-engine

Forcing hazard : (n) (بلیرڈ) ایسی ضرب جس میں معمولی قوت اور طاقت سے زیادہ کی ضرورت ہو ۔

Forcing house : (n) (نباتیات) گرم خانہ ۔

Forcing-pump : دیکھو Force-pump

Forcipate : (a) (نباتیات اور حیوانیات) چمٹی کی طرح بنا ہوا ؛ انبری شکل ؛ چمٹی نما ؛ کلابی ۔

Forcipated : (a) چمٹی کی طرح کا ؛ مانند انبری ۔

Forcipation : (n) (حیوانیات) حالت انبری ؛ عضو شبیہ انبر ؛ چمٹے کی طرح ہونے کی حالت ۔

Forcipiform : (n) مانند دو شاخہ انبر ؛ چمٹی کی شکل کا ؛ بہ شکل انبر ۔

Forcipressure : (n) کلاّبی دباؤ ۔

Forcipulate : (a) (حیوانیات) کلاّبی ۔

Forcite/Forsite : (n) ایک قسم کا جلد آگ پکڑنے اور پھٹ جانے والا مادہ ؛ ڈائنامائٹ کی ایک قسم ۔

Forcive : (a) دیکھو Forcible

Forclose : (v) (۱) روک دینا ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا ۔ (۲) کسی حق کے استعمال کرنے سے منع کر دینا ۔ (۳) دیکھو Foreclose ۔

Ford : (n) [OE.'ford.'] (۱) گھاٹ ؛ دریا وغیرہ میں پایاب اترنے کی جگہ ؛ گزارجو یا ندی ۔ (۲) (شاعری) آبشار ؛ جھرنا ؛ دھارا ۔

Ford : (v) پانی کو عبور کرنا ؛ گھاٹ کے ذریعہ پایاب عبور کرنا؛ گھاٹ اترنا نیز مجازاً اور متعدیانہ ۔

Ford : (n) وہ موٹر کاریں جو فورڈ کے کارخانے میں بنتی ہیں ۔

Fordable : (a) پایاب ؛ دریا وغیرہ جس کو پایاب عبور کیا جاسکے ؛ قابل عبور گھاٹ ؛ کم گہرا گھاٹ ۔

Fordableness : (n) قابل عبوری ؛ پا یابی ۔

Fordless : (a) بغیر گھاٹ کے بغیر دھارے کے ؛ جس کو عبور نہ کیا جاسکے ؛ وہ دریا جس میں کوئی گھاٹ نہ ہو ۔

Fordo/Foredo : (v) [OE. 'fordon.'] ۔ (۱) مار ڈالنا؛ ختم کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ؛ ویران کرنا ؛ پامال کرنا ؛ تاراج کرنا ۔ (۲) موقوف کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا ۔

Fordo/Foredo : تھکا ہوا؛ درماندہ ؛ گھساھوا (متروک) ۔

Fordone : (ppl&a) تھکا ہوا ؛ نڈھال ؛ مغلوب ؛ بد حواس ۔

Fore : (a) (۱) (ہم آہنگی) اگلا حصہ ؛ سامنے کا ۔ (۲) سامنے میں واقع؛ کسی چیز کے آگے؛ سامنے ؛ کسی شے کا اگلا ۔

Fore : (n) کسی چیز کا اگلا حصہ مثلاً جہاز کا اگلا حصہ ۔

At the fore : (بحری) جہاز کے اگلے حصے سے بادبان کے اُونچے سرے پر ۔

To come to the fore : سامنے آنا ؛ نمایاں ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ مشہور ہونا ۔

To the fore : (۱) (شخص سے متعلق) حاضر ؛ باخبر؛ ہوشیار (زندہ)؛ جیتا جاگتا ۔ (۲) (روپے وغیرہ) قریب ؛ موجود ؛ دستیاب ؛ استعمال کےقابل ۔ (۳) خیال میں ؛ سامنے ظاہر؛ نمایاں ؛ واضح ۔

Fore : (adv.) [OE. 'fore.'] (جہاز کے) سامنے کے حصے میں ؛ آگے ؛ سامنے ۔

Fore : (Prefix) اگلا ؛ کسی کا اگلا حصہ ۔

Fore : (int.) [Pro. short for before.] (گولف) گیند کو مارتے وقت اس کی زد میں جو لوگ ہوں ، ان کو خبردار کرنے کےلئے بولا جاتا ہے ۔

Fore- : (Prefix.) [OE.] (۱) افعال، صفات فعلی، اسمائے افعال اور افعال اسمی اور دوسری طرح کے اسماء کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ (۲) افعال وغیرہ کے ساتھ بمعنی (ا) سامنے ، آگے جیسے: fore runner ۔ (ب) پہلے سے ؛ پیشتر ہی سے جیسے: fore ordain ۔ (۳) اسمائےافعال وغیرہ کے سوا اسماء کےساتھ بمعنی (ا) مقابل کا؛ سامنے کا جیسے: fore quarter ۔ (ب) اگلا حصہ (کسی چیز کا) جیسے: fore arm ۔ (ج) قریب ؛ طرف ؛ متعلق جیسے : forecastle ۔ (٤) آئندہ واقعات وغیرہ کے جاننے، اندازہ کرنےوغیرہ کےلئے جیسے : fore knowledge ۔

Fore act : (v) پہلے ہی سے عمل کرنا ؛ قبل ہی سے کام کرنا ؛ سبقت کرنا، پیش دستی کرنا یا ہونا ۔

Fore- action : (n) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی حرکت، جنبش ۔

Fore-adapt : (v) پیش مطابقت ہونا یا کرنا ۔

Fore-advise : (v) پیش مشورت کرنا یا ہونا ؛ پیش نصیحت کرنا ۔

Fore and aft : (adv.) (۱) (جہازرانی) جہاز کے اگلے اورپچھلے حصے پر ؛ سارے جہاز پر یہاں سے وہاں تک ؛ آگے سے پیچھے تک (لمبائی میں) ۔ (۲) آگے اور

پیچھے، جہاز کے اگلے یا پچھلے حصے کی طرف باری باری سے (حرکت) ۔(۲) (جہاز کے) آگے سے پیچھے تک ۔

Fore and-aft : (a) جہاز یا کشتی کی لمبائی میں رکھا ہوا (بادبان وغیرہ کا) ۔

Fore and aft rigged : وہ جہاز جس کے اگلے اور پچھلے حصے میں بادبان ہوتے ہیں ۔

Fore-appoint : (v) قبل ہی سے مقرر کرنا؛ پہلے ہی سے بحال کرنا ؛ پہلے ہی سے یقین کرنا ؛ پہلے ہی سے معین کر دینا ۔

Fore-appointment : (n) سابقہ بحالی ؛ گذشتہ تقرری ؛ پہلے کی تقرری ؛ قبل از وقت یقین ؛ پیش ماموری ؛ پہلے سے مامور کیا جانا (پادری وغیرہ کے عہدہ پر) پیش اجراء ؛ پیش نفاذ ۔

Fore-axle : (n) اگلا دُھرا ؛ سامنے والا دُھرا ۔

Fore-beam : (n) اگلی بلّی ؛ اگلا شہتیر ؛ سامنے کی بلّی ؛ کرگھے کا وہ بیلن یا استوانہ جس میں بُنا ہوا کپڑا لپیٹا جاتا ہے ۔

Fore-brain : (n) پیش دماغ ۔

Fore-cabin : (n) وہ آرائشی کمرہ جو جہاز کے اگلے حصے میں ہوتا ہے اور جس میں عموماً دوسرے درجہ کے مسافر سفر کرتے ہیں ۔

Fore-cited : (a) پیش گوئی کیا ہوا ؛ پیش بینی کیا ہوا ؛ سابق الذکر ۔

Fore conceive : (v) قبل از وقت تصور کرنا؛ حاملہ ہونے سے پہلے ؛ قبل از وقت قیاس کرنا ۔

Fore concious : (a) (۱) (نفسیات) قبل شعور؛ پیش شعوری ۔(۲) وقت سے پہلے باخبر ہونا یا آگاہ ہونا ۔

Fore-court : (n) احاطے یا جنگلے سے گھری ہوئی انگنائی ؛ مکان کے سامنے کا صحن ؛ چوک ؛ جلوخانہ ؛ باہری صحن یا انگنائی ؛ پیش صحن ؛ (ٹینس) جال کے دونوں طرف کی ضلع بند جگہ جس کے اندر رہ کر کھلاڑی گیند پھینکتا ہے ۔

Fore-date : (n) ماقبل تاریخ ۔

Fore-date : (v) پہلے سے اندراج کرنا؛ اصل تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا؛ پہلے سے ہی سمجھ بیٹھنا ؛ قبل از وقت توقع کرنا ۔

Fore-dated : (a) قبل از وقت ؛ قبل از تاریخ ؛ وقت مقررہ سے قبل کا ۔

Fore-dawn : (n) قبل از طلوع فجر ؛ تڑکے سے پہلے ؛ دن کے آغاز ہونے سے پہلے؛ بھور سے قبل ۔

Fore-day : (a) روز معینہ سے پہلے؛ مقررہ دن سے قبل ؛ قبل از وقت ؛ صبح سے پہلے ۔

Fore-deam : (n) پیش گوئی ؛ قبل از وقت اندازہ کر لینا ؛ مستقبل کی کسی بات کا قیاس ۔

Fore destine : (v) پہلے سے مخصوص کرنا ؛ قبل سے مقرر کرنا؛ پہلے سے مامور کرنا؛ پہلے سے مقدر کر دینا ؛ تقدیر میں لکھ دینا ۔

Fore destiny : (n) تقدیر ؛ مقدر ؛ قسمت ؛ نصیب ؛ نصیبا ؛ مقدر کا لکھا ؛ شدنی ؛ قضائے مبرم ؛ حکم قضا ۔

Foer-edge : (n) باہری کنارہ ؛ سامنے والا کنارہ یا دھار ؛ کور ؛ خصوصاً کسی کتاب یا ورقِ کتاب کا ۔

Fore-elders : (n) مورثان؛ اجداد؛ جدامجد؛ اسلاف ؛ باپ دادا ۔

Fore-end : (n) (۱) اگلا حصہ ؛ سامنے کا حصہ (خاص کر جہاز میں) ۔(۲) بندوق کے کنارے کا اگلا حصہ جو رنجک یا چقماق کے نیچے ہوتا ہے۔(۳) (بول چال) (وقت کی) ابتداء ؛ آغاز (خاص کر موسم بہار کا) ۔

Fore-foot : (n) (۱) چوپایہ جانوروں کا ایک اگلا پاؤں ۔ (۲) (بحری اصطلاح) جہاز کے پیندے کا اگلا حصہ ؛ جہاز کے پیندے کی وہ بلّی یا شہتیر جو جہاز کے سب سے اگلے حصے تک ہوتی ہے اور جس پر جہاز کا اگلا حصہ بنا ہوتا ہے ۔

Crossin over fore foot : جب ایک جہاز کا راستہ کاٹ کر دوسرا جہاز گذرے تو اس کی نسبت (بحری اصطلاح میں) کہتے ہیں ۔

Fore-game : (n) ابتدائی کھیل ؛ کھیل شروع ہونے سے پہلے کا کھیل ۔

Fore gut : (n) اگلی غذائی نالی ۔

Fore-hammer : (n) (اسکاتستانی اور شمالی بول چال) وہ لمبا ہتھوڑا جو پہلے مار کرتا ہے ؛ لوہاروں کا بڑا ہتھوڑا ؛ گھن ۔

Fore-hand : (n) (۱) سامنے یا اوپر کی جگہ ؛ سامنے یا اوپر کے مقام پر موجود شخص یا چیز؛ فوج کا ہراول؛

کسی تحریک کا ہراول ؛ ہراول گارڈ ؛ رہنما ؛ اگواہا ۔ (۲) گھوڑے کا وہ حصہ جو زین یا کاٹھی سے آگےہوتاھے ۔

Fore-hand : (a) (۱) پہلے سے کہا یا دیا ہوا ؛ پیشگی (ادائی وغیرہ) ۔ (۲) اولین ؛ سب سے اگلا؛ سب سے آگے؛ سب سے اول ؛ سب سے زیادہ نمایاں ؛ بہترین ۔ (۳) (لان ٹینس) (ضرب یا کورٹ) جو ھاتھ کی پشت کی طرف سےنہ ھو ۔

Fore-handed : (a) (۱) دوراندیش ؛ عاقبت اندیش ؛ دوربین ؛ ھوشیار؛ چوکس ؛ محتاط ؛ مصلحت اندیش ؛ دانا ؛ کفایت شعار ؛ لہٰذا ؛ مرفہ الحال ؛ خوش حال (اب صرف امریکا میں)۔ (۲) (لان ٹینس) بتھیلی آگے کرکے کھیلا ہوا ۔

Fore-hooks : (n) Breast hooks (جہاز رانی) دیکھو

Fore-horse : (n) اپنی جماعت میں سب سے اگلا گھوڑا ؛ رہنما گھوڑا ؛ ہراول گھوڑا ۔

Forearm : (n) بازو کا وہ حصہ جو کہنی سے کلائی تک یا انگلی کے آخری پوروں تک ھوتا ھے؛ دو سرے ریڑھ۔دارجانوروں کا یہی عضو ؛ پیش بازو ؛ ساعد ۔

Forearm : (n) پہلے سےمسلح ھو جانا یا کر دینا ؛ خطرے سے پہلے مدافعت کےلئے تیار ھو جانا ۔

Foreboard : (n) جہاز کا اگلا عرشہ ؛ جہاز کی اگلی چھتری ۔

Forebode : (v) (۱) پیش گوئی کرنا (شاذ) ؛ نشان دہی کرنا ؛ پہلے سے اعلان کرنا ؛ قبل سے خبر دینا ۔ (۲) شگون بد بتانا ؛ کسی امر کے وقوع سے پہلے دل میں اندیشہ پیدا کرنا؛ ماتھا ٹھنکنا؛ وقت سے پہلے کسی آنے والےخطرے کا خیال پیدا ھونا ؛ خدشہ ھونا؛ تشویش ھونا؛ (ھونےوالےواقعہ کا) شگون ھونا؛ علامت ھونا؛ نشان ھونا؛ (ھونےوالے واقعہ سے) آگاہ کرنا؛ خبر دینا؛ نشاندہی کرنا ؛ پیش بینی کرنا۔ (۳) پہلے سے سمجھ بیٹھنا؛ متوقع رہنا؛ پیش اندازہ ھونا؛ پہلے ہی سمجھ لینا یا محسوس کرنا؛ پیش تفکر یا پیش یقین ھونا ۔

Forebodement : (n) پیشین گوئی ؛ علامت ؛ نشاندہی ؛ پیش خبری ؛ خدشہ ؛ اندیشہ؛ تشویش؛ آگاہی؛ پیش اندازہ ؛ پیش احساس؛ پیش یقین؛ پیش تفکر ۔

Foreboder : (n) پیشین گوئی یا نشاندہی کرنے والا؛ آنےوالے واقعے سے قبل ازوقت خبر دار کرنےوالا ؛ پیش بینی یا پیش اندازہ کرنےوالا ؛ شگون بد بنانے والا ؛ آنے والے خطرے کا محسوس کرنے والا ۔

Foreboding : (n) (۱) پیش گوئی ؛ شگون (بد) فال ؛ پیش اندیشگی (خصوصاً برائی سے متعلق) ؛ پیش آگاہی ؛ پیش اندازہ ؛ پیش بینی ؛ پیش تفکر ؛ پیش خبری ؛ (بُری باتوں کی) علامت ؛ نشانی ۔ (۲) آنے والےخطرے کی آگہی ؛ آنے والی آفت یا مصیبت کاپہلے سے اندیشہ؛ پیش اندیشگی ؛ ماتھا ٹھنکنا ۔

Forebodingly : (adv.) بدشگونی سے؛ پیش اندیشہ کےطورپر؛ اس کی مدت میں پیش بینی کے طور پر ؛ پیش اندزاہ کرتے ھوئے ؛ پیش بینی کے طور پر ۔

Forebody : (n) (۱) (جہاز رانی) کسی جہاز کا وہ حصہ جو جہاز کے ڈھانچے یا اس کے سب سے چوڑے شہتیر کے سامنے ھوتا ھے ۔ (۲) صدر؛ سینہ (انسان اور جانوروں کا)؛ (قدیم یونان) چار آئینہ ؛ بکتر ؛ سینہ پوش ۔

Forecast : (v) (۱) حیلہ کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ جتن کرنا؛ تدبیر نکالنا۔(۲) پہلے سےمقررکرنا؛ مقدر کرنا ؛ پہلے سےمقرر کر لینا ؛ پہلے سے سوچنا یا غور کرنا؛ پہلے سے قیاس کرنا یا تخمینہ کرنا ؛ قبل سے توجہ کرنا ؛ پہلے سے قیاس دوڑانا؛ پہلے سے اندازہ کرنا ۔ (۳) پیش گوئی کرنا ؛ مستقبل کا اندازہ لگانا ؛ پیش بینی کرنا ؛ قبل سے احساس کرنا ۔

Forecast : (n) (۱) دوربینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ مآل اندیشی ؛ پیش گوئی ؛ علم پیشن گوئی ؛ ملکہ پیشن گوئی ۔(۲) مستقبل کی کسی بات کا قیاس یا اندازہ (خصوصاً موسم کا)؛ پیش اندازہ ؛ پیش اندیشہ ۔

Forecaster : (n) پیش گوئی کرنے والا ؛ پہلے سےاندازہ لگانے والا ؛ پہلے سے قیاس کرنے والا ؛ پہلے سے مقرر کرنےوالا ؛ پہلے سے سوچنے والا یا غور کرنے والا ۔

Forecasting : (n) (معاشیات) پیش قیاسی ؛ پیش گوئی ۔

Forecastingly : (adv.) پیش گوئی کے طورپر ؛ پیش اندازہ سے؛ پیش بینی سے؛ پہلے سے قیاس کرکے ۔

Forecasatle/Fo'c'sle : (n) (۱) جہاز کے اگلے حصے پر تھوڑا بلند عرشہ ؛ سب سے آخری اگلے بادبان کے سامنے عرشہ کا ایک حصہ (جنگی جہازوں میں پہلے ھوتاتھا) ؛ (تجارتی جہازوں میں) اگلے عرشے کے نیچے جہاں ملاح رہتے ہیں ۔ (۲) جہاز کا اگلا حصہ ۔

Foreclose : (v) [ME.'forclose.'] (۱) روک دینا ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا؛ پوری طرح بند کردینا؛ مکمل روک لگا دینا ؛ کامل طورپر ممانعت کر دینا ۔ (۲) کسی حق کے استعمال کرنے سے منع کردینا؛ کسی عمل ، کارکردگی یا فعّالیت کو روک دینا اس کی راہ میں حائل ہونا یا مزاحم ہونا۔ (۳) (قانون) (ایسے شخص کو جسے انفکاک رہن کا حق حاصل ہو) ؛ زرمطالبہ کے روانہ کرنے پر حق انفکا ک رہن سے محروم کر دینا؛ حق انفکاک کو ختم کر دینا یا روک دینا؛ رہن کو چھڑا لینے، جائداد کو فک کرانے یا واپس خرید لینے کے اختیار کو ضبط کرلینا یا چھین لینا ۔ (٤) (ایسے معاملہ کو جس میں بحث و مباحثہ کی گنجائش ہو) پہلے ہی سے طے کر کے ختم کر دینا ۔ (٥) کسی مخصوص یا مستثنیٰ دعوے کو حتمی طور سے منوانا ۔

He had fore closed all manner of objection : اس نے پہلے ہی تمام قسم کے اعتراضات کا سد باب کر دیا تھا ۔

Foreclosure : (n) شے مرھونہ کی ضبطی ؛ حق انفکاک کا انسداد؛ تکمیل رہن ؛ باز داشت ؛ منع؛ ممانعت؛ پیش بندی ؛ اختیار انفکاک کی ضبطی ؛ شے مرھونہ کی واپسی یا انفکاک رہن کے حق کو روکنےیا ختم کرنے کی کاروائی ۔

Foredone : (a) قبل از وقت بنا یا ھوا ؛ وقت سے پہلے کیا ھوا ۔

Foredoom : (n) قبل سے کیا ھوا فیصلہ ؛ مقدر؛ تقدیر ؛ قسمت الہی ؛ قضائے مبرم ؛ شدنی ؛ حکم قضا ؛ سرنوشت ؛ بخت ؛ قسمت ۔

Foredoom : (v) (۱) قبل ہی سےطے کر دینا ؛ پہلے ہی فیصلہ کر دینا (کسی بات کا) ؛ پہلے سے مقرر یا مقدر کر دینا ؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کر دینا ۔ (۲) پیش گوئی کرنا؛ پیش آگہی دینا ؛ پیش بینی کرنا؛ عاقبت اندیشی کرنا ؛ پیش اندازہ کرنا؛ مآل اندیشی کرنا؛ (آنے والےواقعات کا عکس) پیش کردینا؛ شگون بتانا ؛ جھلک دکھانا؛ آنےوالے وقت کی تصویر دکھانا ۔

Foredoor : (n) مکان کے سامنے کا دروازہ ۔

Forefather : (n) (جمع) مورثان اعلیٰ ؛ اسلاف ؛ نیاگان ؛ وہ شخص (خصوصاً پیش رونسل) جن کی اولاد کسی شخص کے ماں اور باپ ھوں ؛ کسی خاندان کی گذشتہ نسلیں ؛ آبا و اجداد (واحد میں بہت کم استعمال)؛ مورث اعلیٰ ؛ سلف ؛ جد امجد ۔

Forefather's day : (n) (امریکا) اس روز کی یادگار میں سالانہ جشن ؛ جب نوآباد کاروں کا پہلا قافلہ پلائی موتھ(Ply mouth) پر اترا تھا ۔

Forefeel : (v) پیش احساس کرنا؛ پہلے ہی محسوس کرلینا ؛ پیش اندیشہ ؛ (آنےوالی بات یا واقعات کا) قبل ہی سے اندازہ یا احساس کرلینا ؛ ماتھا ٹھنکنا؛ (کسی امر کے وقوع کا)پہلے سے اندیشہ یا خیال پیدا ھوجانا ۔

Forefeel : (n) پیش احساس ؛ پیش اندیشہ ؛ پیش اندیشگی ؛ پیش بینی ۔

Forefeeling : (n) پیش اندیشہ ؛ پیش احساسی ؛ پیش بینی ؛ پیش اندیشگی ۔

Forefend : (n) Fore-end دیکھو

Forefield : (n) (کان کنی) وہ جگہ جہاں (کٹائی کا) کا م ھو رہا ھو ؛ کھدان یا کان کے سامنے کی جگہ ؛ پیش میدان ۔

Forefinger : (n) انگشت شہادت؛ سبابہ؛ وہ انگلی جوانگوٹھے کےبعد (قریب) ھوتی ھے اسے First finger اور Index finger بھی کہتے ہیں ۔

Foreflank : (n) (۱) پسلیوں یا پٹھوں کا اگلا حصہ ؛ بازو کا اگلا حصہ ؛ فوج کا اگلا دستہ ۔ (۲) کاندھے کے فوراً بعد پسلیوں کے اوپر موٹاپے کی اُبھار ۔

Foreflow : (v) پہلے سے بہنا ؛ پہلے سے جاری ھونا ۔

Forefront : (n) (۱) سب سے اگے کا حصہ ؛ اگلا حصہ ؛ چہرہ ؛ آگا (عموماً مجازی معنوں میں) ۔ (۲) براول ۔ (۳) جسم کا اگلا حصہ ؛ آگا؛ سامنا؛ آگے کا حصہ ؛ چہرہ (بخلاف پُشت) ۔

Forefront : (v) (نیا) چہرہ بنانا؛ (نیا) اگلاحصہ تعمیر کرنا ۔

In the forefront of the battle : فوج کے مہرے میں ؛ جنگ میں سب سے آگے کے حصے میں ؛ اولین صف جنگ میں ۔

Foreganger : (n) (جہاز رانی) چھوٹی رسی کا پھندا جو مچھلی وغیرہ کے شکار کے وقت بارپون کے سیدھے حصے پر لگایا جاتا ھے ۔

Foregate : (n) سامنے کا دروازہ ؛ سامنے کا پھاٹک ؛ صدر دروازہ ۔

Foregather : (۱) (خاص کر اسکاٹ لینڈ میں) جمع ہونا؛ یکجا ہونا؛ ملنا؛ گفتگو کرنا؛ باتیں کرنا؛ مڈبھیڑ ہو جانا ؛ اتفاقاً ملاقات ہو جانا ؛ مل جانا؛ خصوصاً کسی سے ملنا؛ ملاقات کرنا ۔ (۲) شریک ہونا؛ ساتھ ہونا؛ مشارکت کرنا؛ رفاقت کرنا؛ ساتھی بنانا؛ ایک ہوجانا؛ ملا لینا؛ متفق کرلینا ۔

Foregift : (n) (قانون) بیعانہ ؛ رائی، پٹہ یا تجدید پٹہ کا بیعانہ یا سائی ؛ مال الاجارہ ۔

Forego : (v) [OE.'fore-gan.'] وقت اور مقام کے لحاظ سے مقدم ہونا ؛ فائق ہونا ؛ آگے جانا یا چلنا ؛ آگے یا پہلے آنا ؛ ہونا یا واقع ہونا ؛ نتیجے کا پہلے ہی ناگزیر ہونا ؛ مزید دیکھو Forgo ۔

Forego : (کسی چیز سے) بچنا؛ پرہیز کرنا (بغیر کسی چیز کے) گذارا کرنا؛ دست بردار ہونا؛ ہاتھ دھو بیٹھنا؛ ہاتھ اُٹھا لینا؛ استعمال کرنے یا لینے سے باز رہنا، چھوڑنا، جانے دینا، الگ ہوجانا؛ کنارہ کش ہوجانا؛ مستعفی ہوجانا؛ چھوڑ بیٹھنا؛ فارغ ہونا؛ فارغ خطی دینا (خصوصاً وراثت یا تولیت سے) ۔

Foregoer : (n) (۱) پیش رو؛ سابق؛ جو پہلے گذرا ہو ؛ پہلے گذرنے والا ؛ مقدم ہونے والا ؛ فائق ہونے والا ؛ پہلے آنے والا ؛ پیشوا ؛ رہنما ؛ مثال ؛ نمونہ ؛ اعلیٰ نمونہ (کسی صفت کا) ۔ (۲) سابق یاپیش رو عہدہ دار؛ پہلے گذری ہوئی چیز ۔ (۳) (جہاز رانی) چھوٹی رسی کاپھندا جو وہیل مچھلی وغیرہ کے شکار کے وقت ہارپون کے سیدھے حصے پر لگایا جاتا ہے ۔

Foregoing : (a) جس کا ذکر پہلے آچکا ہے ؛ مذکورہ ؛ سابق ؛ وقت یا مقام کے لحاظ سے قبل آنے والا ؛ مقدم ؛ پہلے واقع ہونے والا ؛ (نیم رسمی معنوں میں بھی مستعمل ہے) ۔

Foregone : (a) پہلے گذرا ہوا ؛ گذشتہ ؛ جو گذرچکا ہو ؛ پیش رفتہ ؛ گذرا ہوا (زمانہ) ماضی ۔

Foregone conclusion : (n) (نتیجہ) ایک شیکسپرین محاورہ جو اب کسی ایسے فیصلے یا رائے کے لئے مستعمل ہے جو کامل محویت یا دلائل کےبہم پہونچنے سے پہلے ہی قائم کرلی گئی ہو ؛ نیز وہ نتیجہ جسے پہلے ناگزیر یا اٹل سمجھ لیا گیا ہو ۔

Foreground : (n) (۱) پیش منظر ؛ تصویر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے کو سب سے قریب نظر آئے؛ نمایاں مقام نظر؛ پیش نما ۔ (۲) (مجازاً) انتہائی نمایاں یا واضح حالت ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Foreguess : (v) پیش روئی کرنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ پیش اندازہ کرنا ؛ پیش بینی کرنا ؛ پیش آگاہی کرنا یا ہونا ؛ قیاس کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ خیال آرائی کرنا ۔

Forehead : (n) [OE. 'forheafod.'] (۱) پیشانی؛ ماتھا؛ مستک ؛ لیلار؛ جبیں ؛ ابرو کے اوپر اور سر کے قدرتی بالوں کے نیچے کنپٹیوں کے درمیان چہرے کا حصہ؛ (مجازاً) بخت ؛ قسمت ؛ مقدر ؛ نصیب ۔ (۲) سب سے اگلا حصہ ؛ سامنے کا حصہ ؛ پیش منظر ؛ جسم کا اگلاحصہ ؛ (بخلاف پُشت) ؛ (کان کنی) پیش میدان ؛ کھدان یا کان کے سامنے کی جگہ ۔

Foreheadless : (a) محروم جسارت ؛ محتاج اعتماد ؛ دلاوری یا اعتماد سے خالی ؛ جسےخود پر بھروسہ نہ ہو ؛ محروم اعتماد ۔

Forehear : (v) پہلے سننا ؛ پہلے ہی سُن لینا ؛ پہلے سے مطلع ہو جانا یا کردینا ۔

Forehearth : (n) انجن بھٹی کے آتش دان کے سامنے کا ایک متشکل کھانچا یا دیوار ۔

Forehold : (n) (جہاز رانی) جہاز کےتہ خانے میں مال اُتارنے کےلئےعرشے میں لگی ہوئی پہلی کھڑکی یا دروازے کے سامنے (یا پہلے) سامان وغیرہ رکھنے کی جگہ یا گودام ۔

Foreholdings : دیکھو Forebodings

Foreign : (a) [OF.'forain'.] (۱)غیر کی (ملکیت) ؛ غیراشخاص یا غیر چیزوں کی طرف سے آئی ہوئی ؛ غیر (کسی سے یا کہ) جو چیز اپنی نہ ہو (شاذ) ۔ (۲) غیر متعلق ؛ اُنمیل ؛ مختلف ؛ ناجنس ؛ جدا؛ بےجوڑ؛ مناسبت نہ رکھنے والا (شخص)؛ بیگانہ ؛ غیر یکساں ؛ غیر مماثل ؛ بے میل ؛ نامناسب ۔ (۳) باہر سے لائی ہوئی یا داخل کی ہوئی (چیز) ؛ خصوصاً جراحی میں باہر سے آیا ہوا (شخص) ؛ جس (شخص) کا مقام یا وطن باہر ہو ؛ جو کسی دوسرے صوبے یا ضلعے یا کسی دوسری ریاست سے متعلق یا اُس سے نکل کر آیا ہو ؛ غیر ملکی؛ بدیسی ؛ بیرونی ؛ کسی صوبے، ضلعے یا ریاست وغیرہ سے باہر واقع ؛ بیرون ملکی ۔ (٤) ملک کے باہر ؛ اپنے قبضے سے باہر ؛ اپنے ملک سے خارج ؛ کسی

ایسے ملک کے متعلق یا ملک سے جدا ہو ۔ (۵) دوسرے اشخاص یا دوسری چیزوں سے نکلنے والا، جاری ہونے والا ؛ شروع ہونے یا واقع ہونے والا ۔ (٦) جو ہم وطن نہ ہو ؛ جو ملکی نہ ہو ؛ بدیسی ۔ (۷) جو ہم خانہ یا ہم وطن نہ ہو ؛ جو گھریلو اور دیسی نہ ہو ۔ (۸) ملک کے باہر لےجایا ہوا یا مقیم؛ غیرملکی؛ غیر وطنی؛ خارجی ۔ (۹) بیرونی ممالک سے متعلق معاملات میں مشغول ؛ امورخارجہ سے متعلق یا ان میں مصروف ، نیز دوسرے ممالک کے ساتھ لین دین وغیرہ میں استعمال ہونے کے لائق (ہنڈی وغیرہ) ؛ کھلے آنگن میں بنا ہوا ۔

Foreign : (n) (مقامی) شہر کا وہ حصہ جو کلیسائی حلقے سے باہر ہو ؛ (جمع میں) کسی دیر یا صومعہ کی باہری انگنائی ۔

Foreign affairs : (n) امورخارجہ ؛ امور بیگانگان ؛ خارجی امور ۔

Foreign allowance : (n) بیرونی بھتہ ۔

Foreign assets : (n) (معاشیات) بیرونی اثاثہ ۔

Foreign attachment : (n) لندن کےقرض دہندوں کی تشفی کے لئے شہرلندن میں پائے جانے والے غیر ملکی باشندوں کے سامان کی قانونی ضبطی ؛ غیر ملکیوں کے سامان کی ضبطی ۔

Foreign authority : (n) (تاریخ) غیر ملکی اقتدار ۔

Foreign body or substance in the tissues : رگوں یاپٹھوں میں خارجی مادہ ۔

Foreign capital : (n) (تاریخ) غیر ملکی سرمایہ ۔

Foreign colonial and home trade : غیر ملک کی یا نوآبادی یا اپنے ملک کی تجارت ۔

Foreign domicile : (n) (تاریخ) غیر ملکی سکونت ۔

Foreign elasticity of demand : (n) (معاشیات) مانگ کی بیرونی لوچ ۔

Foreign exchange : (n) غیر ملکی زر مبادلہ ۔

Foreing exchange reserve : (n) (معاشیات) زرمبادلہ کی محفوظات ۔

Foreign legion : (n) (تاریخ) غیر ملکی فوج ۔

Foreign letter-paper : (n) پتلا کاغذ جو غیرممالک کو خطوط لکھنے کے کام آتا ہےتاکہ اُس کا وزن زیادہ نہ ہو اورڈاک خانہ کو زیادہ محصول نہ دینا پڑے ۔

Foreign observer : (n) غیر ملکی مُشاہد ۔

Foreign office : (n) دفتر امورخارجہ یا وہ مکان جس میں اس محکمہ کا دفتر ہوتا ہے؛ وزارت امور خارجہ ؛ بیرونی اورغیرملکی معاملات کے سکریٹری کا دفتر یا شعبہ ۔

Foreign parts : (n) غیر ممالک ۔

Foreign tariff schedule : (n) غیر ملکی شرح نامے ۔

Foreigner : (n) وہ شخص جو غیر ملک میں پیدا ہوا ہو یاغیرملکی زبان بولتا ہو؛ غیرملکی؛ پردیسی؛ اجنبی ؛ خصوصاً وہ لوگ جن کی گھریلو یا پیدائشی زبان غیرملکی ہو ۔ (۲) غیرملکی جہاز ۔ (۳) غیر ملک کی بیھجی ہوئی شے یا جانور۔ (٤) دوسرے ملک کا؛ غیرملکی؛ بدیسی ؛ بیرونی ؛ خارجی ؛ باہری (بول چال) ۔

Foreignism : (n) (۱) غیر ممالک کی نقل کرنا ؛ غیر ممالک کے خصائص، محاورات، ضرب الامثال یا اصطلاحات ۔ (۲) بدلییت ۔

Foreignize : (v) (محاورات وخیالات وغیرہ میں) غیرملکی بن جانا (بنا دینا) ؛ غیر ملکی کی نقل کرنا یا اتباع کرنا ؛ غیرملکی ہو جانا ۔

Foreignness : (n) غیر ملکیت ؛ غیر وطنیت ؛ غیر ملکی یا غیر وطنی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Forejudge: (v) شہادت سننے سے پہلے رائے قائم کرلینا یا فیصلہ کر دینا ؛ قبل از وقت رائے قائم کرلینا ۔

Forejudgement : (n) قبل از وقت کیا ہوا فیصلہ ؛ مناسب تحقیقات یا سماعت سننے سے پہلے کیا ہوا فیصلہ ۔

Forekidney : (n) (تشریح) پیش گردہ ۔

Foreknow : (v) (۱) پہلے سے واقف ہو جانا ؛ علم رکھنا ؛ پہلے سے جاننا ۔ (۲) علم غیب رکھنا ؛ آنے والے واقعات کا پہلے سے علم حاصل کر لینا ؛ کسی بات یا کسی چیز کاپہلے سےعلم رکھنا یا ہونا ۔

Foreknowingly : (adv.) پہلے سے جانتے ہوئے ؛ علم غیب رکھتے ہوئے ۔

Foreknowledge : (n) کسی چیز کا علم (واقفیت) جو پہلے سے حاصل ہو ؛ علم پیشین ؛ کسی واقعے وغیرہ کے ہونے یا واقع ہونے سے پہلے اُس کا علم؛ علم غیب ؛ پیش بینی ؛ پیش دانی ؛ ہونےوالی چیز کا پہلے سے علم ۔

Forel/Forrel : (n) [OF.'forel,fourrel'.] (۱) صاف کئے ہوئے چمڑے کی مثل ایک قسم کا کاغذ جو حساب کی کتابوں اور بہی کھاتوں کی جلدوں پر لگایا جاتا ہے۔(۲) (بول چال) کسی کتاب یا مخطوطے کاغلاف یا پوشش؛ جزدان ۔(۳) کنارہ؛ کنّی؛ کو ۔

Foreland : (n) (۱) راس ؛ خشکی کا بلند حصہ جو تری میں چلاجائے؛ کھیت کا وہ ٹکڑا جو بغیر جوتے ہوئے چھوڑ دیا گیا ہو ؛ زمین کی نوک جو سمندر میں بڑھی ہوئی ہو ؛ راس البلد ۔ (۲) زمین کا ٹکڑا جو کسی چیز کے سامنے ہو ، نہر کے کناروں کو کٹاؤ سےبچانے کےلئے نہر کے کنارے اورنہر کی دوسری شاخ یا ندی کے درمیان چھوڑی ہوئی زمین کی پٹی ۔ (۳) (قلعہ بندی) فصیل اور خندق کے درمیان کی منڈیر ۔ (٤) زمین یا ریاست جو سامنے پڑتی ہو ۔

Forelay : (v) (۱) کسی کے انتظار میں (بیٹھنا) رہنا ، کسی کی تاک میں لگارہنا ؛ گھات میں بیٹھنا ؛ راستےمیں روکنا(لوٹنے یاملاقات کرنے کےلئے) (بول چال) ۔ (۲) (مجازاً) راہ روکنا؛ راہ میں حائل ہونا ؛روڑے اٹکانا (شاذ) ۔ (۳) (کسی کام کا) پہلے سے خاکہ مرتب کرلینا یا منصوبہ بنا لینا (بول چال) ۔

Foreleg : (n) چوپایہ جانورکے سامنے کی ٹانگ ؛ اگلی ٹانگ ۔

Forelimb : (n) اگلا جارحہ ۔

Forelive : (v) کسی کے پہلے سے رہنا ؛ کسی کے پہلے سے جینا؛ کسی سے پہلے وجود میں آنا ؛ کسی سےپہلے ذی روح ہونا؛ عمر میں کسی سے بڑا ہونا؛ مُسن ہونا ؛ کسی سے سینیئر ہونا ۔

Forelock : (n) دروازہ کی کنڈی یا کڑے کے سوراخ میں جو لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا ہے تاکہ کھٹکا (چٹخنی) اپنی جگہ پر قائم رہے (اب خاص کر بحری اصطلاح میں مستعمل ہے) ۔

Forelock : (n) وہ بال جو ٹھیک پیشانی کے اوپر ہوتے ہیں ؛ سامنے کے بال ؛ پیشانی کی لٹ ؛ کاکُل ۔

To take time opportunity, etc. by the forelock : (کسی کام کے) موقع کو (وقت کو) ہاتھ سے نہ دینا ؛ ضائع نہ کرنا؛ ٹھیک وقت پر کوئی کام کرلینا؛ عین وقت پر کوئی کام کرلینا؛ عین وقت پر کاروائی کرنا ۔

Forelock : (v) دروازے کی کنڈی، یا کڑے کے سوراخ میں لکڑی یا لوھے کا ٹکڑا دے کر اس طرح بند کرنا کہ کھٹکا یا چٹخنی اپنی جگہ پرقائم رہے؛ قلابے میں کیل ڈالنا یا لگانا ۔

Forelock-bolt : (n) قلابہ جس میں لوھے کا ٹکڑا لگا دیا جاتا ہے تاکہ کنڈی کو روکے رکھے ۔

Forelock-hook : (n) (رسّہ سازی) رسّہ بٹنے والی چرخی کا آہنجہ یا ہینڈل جس کے ذریعہ تین دھاگوں کے لچھے کو بٹ کر ایک ڈوری بنائی جاتی ہے ۔

Forelook : (n) (امریکا) پیش بینی ؛ دور بینی ۔

Forelook/Forlook : (v) (۱) پیش بینی کرنا ؛ دوربینی یا دوراندیشی سے کام لینا ؛ عاقبت اندیشی کرنا ؛ پہلے ہی دیکھ لینا ؛ پہلے سے نظر رکھنا یا سمجھنا ؛ پہلے سے نگاہ رکھنا ؛ مستقبل پر نظر رکھنا ۔ (۲) آگے دیکھنا ؛ سامنے دیکھنا ؛ پیش بینی کرنا ۔

Forelooker : (n) پیش بیں؛ عاقبت اندیش؛ پہلے سے سمجھنے یانظر رکھنےوالا ؛ آگےیا سامنے نگاہ کرنے والا ؛ دوراندیش ؛ مستقبل پر نظر رکھنے والا ۔

Foreman : (n) (۱) جیوری کا صدر نشیں (میر مجلس) جو جیوری کے نمائندے کی حیثیت سے کام کرتا ہے ؛ عدالت کو اُن کے فیصلوں سے آگاہ کراتا ہے ۔ (۲) مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ یا نگراں ، مزدوروں کا سرغنہ یا مُکھیا ؛ وہ جو کام کے کسی خاص شعبے کا ذمہ دار یا نگراں ہو ۔ (۳) نمایاں ترین حصہ لینے والا ؛ نمایاں ترین رول ادا کرنےوالا (مقامی طور پر انگلستان میں استعمال ہوتا ہے) ۔ (٤) ڈچ زبان کا لفظ Voerman کا ترجمہ بمعنی بار بردار ؛ بارکش؛ بوجھ ڈھونے یا لے جانے والا ؛ حامل ؛ ناقل ؛ حمّال ؛ قلی؛ مزدور ۔

Working foreman : مزدوروں کا وہ سردار یا سرغنہ جو کام کی نگرانی بھی کرتا ہے اور خود بھی کام کرتا ہے ۔

Foremast : (n) (۱) پانیں بادبان جو جہاز کے اگلے حصے میں ہوتا ہے ؛ جہازوں کا اگلا نچلا بادبان ۔ (۲) بادبان کے آگے کی جگہ ؛ (لہٰذا) (نیم صفتی معنوں میں) ملاح کی خصوصیت ۔

Foremast man/Seaman : (n) پیٹی افسر سے کم رتبہ ملاح یا کشتی بان ؛ چھوٹے افسران جہاز کا ماتحت ملاح ۔

Foremost : (a) [OE.'formest, fyrmest'.] (۱) سب سے آگے ؛ حیثیت میں سب سے بڑھا ہوا؛ سب سے زیادہ؛ اولین ؛ اول (بہ لحاظ ترتیب و مقام و مرتبہ) ۔ (۲) سب سے زیادہ نمایاں بہترین ؛ خاص اشخاص ؛ نمایاں ترین ؛ افضل ترین ؛ واضح ترین ؛ بیّن ؛ اعلیٰ ؛ مخصوص ؛ ممتازترین ؛ صف اول کا؛ پہلے درجے کا ۔

Foremost : (adv.) رتبے یا مقام میں اول ؛ صف اول میں ؛ پہلے درجےمیں ؛ سب سے اول ؛ سب سے پہلا ؛ سب پر مقدم ؛ مقدم ترین ؛ اولین ۔

First and foremost : پہلا اور بڑا؛ اول اور آگے؛ سب پر مقدم ؛ سب سے پہلا ؛ مقدم ترین ؛ اولین ۔

Head, end etc. foremost : سر آگے کئے ہوئے ؛ سر کے بل ۔

Foremother : (n) دادی ؛ نانی وغیرہ ۔

Forename : (n) پہلا نام ؛ نام کا پہلا جزو ؛ بپتسما کے وقت کا نام ؛ عیسائی نام (عتیقیات میں) پہلا یا ذاتی نام ۔

Forenight : (n) (اسکاتستان) رات کا پہلا پہر ؛ شام کے جھٹ پٹے سے لے کر سونے کے وقت تک کا وقت ۔

Forenoon : (n) دن کا دوپہر سے پہلے کا حصہ ؛ دوپہر سے قبل ؛ قبل ظہر ؛ زوال سے پہلے کا وقت ؛ قبل زوال ؛ صبح ؛ نہار ۔

Forensic : (a) [L.] عدالتی ؛ متعلق عدالت ؛ جو عدالت میں استعمال ہو ؛ قانونی عدالت میں فریقین کے بیانات یا وکالتوں سے مشابہ ؛ ان سے ملتا جلتا ہوا، ان کے متوازی یا شایان شان ۔

Forensic : (n) (امریکا) وہ تقریر یا تحریری مقالہ جو کسی دیئے ہوئے سوال یا مسئلے کے پہلے یا دوسرے رُخ کی حمایت یا تائید میں ہو ۔

Forensic medicine : (n) طبی (اصول) قانون ۔

Forensically : (adv.) حسب قانون (طبی) ۔

Foreordain : (n) پہلے سے مقرر کرنا یا کرلینا ؛ پہلے سے توڑکر دینا؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کر دینا؛ مقدر کرنا؛ تقدیر میں لکھنا؛ پہلے سے تہیہ کرلینا ؛ (خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں) پہلے سےنجات یا کوئی اور انجام لکھ دینا ۔

Foreordinate : (v) پہلے سے مقررکر دینا؛ مقدر کرنا؛تقدیر میں لکھنا؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کردینا؛ پہلے سے تہیہ کرلینا ۔

Foreordination : (n) پیش تقرری ؛ پیش تعین ؛ پیش تقدیر ؛ گذشتہ تقرری؛ سابقہ ماموری ؛ سابقہ اجراء یا نفاذ (فرمان وغیرہ) ؛ پیش تقسیم ؛ پہلے سے قسمت میں لکھ دینا یا مقدر کر دینا؛ (نفسیات) مقدریت ؛ تقدیر ؛ پیش امری ۔

Forepage : (n) پہلا صفحہ (کسی مطبوعہ کا) ۔

Forepassed/-past : (a) گذرا ہوا؛ جو پہلےگذرچکا ہو؛ گذشتہ (زمانہ) ؛ ماضی ۔

Forepeak : (n) (بحری اصطلاح) بطنِ جہاز کے آگے کے حصے کا آخری حصہ جو دونوں پہلوؤں کی جانے اتصال کے زاویہ کے درمیان ہوتا ہے اور جو اسباب رکھنےیا اسباب کو ادھر اُدھر کر کے جہاز کا توازن درست کرنے کےلئے ہوتا ہے ۔

Foreplay : (n) مجامعت سے پہلے کی جنسی چھیڑ چھاڑ ۔

Forepleasure : (n) لذت آمیز یا محظوظ کن اشتعال (جو جنسی مقامات کو متہیج کر کے پیدا کیا جاتا ہے) ، جو شدید جذباتی (یا جنسی) ردِعمل پیدا کرتا ہے؛ پیش لذت ؛ پیش حظ ۔

Foreplot : (v) پہلے سے خاکہ بنا لینا ۔

Forepost : بیرونی چوکی (فوج کی) ۔

Foreright : (prep.) (بول چال) آمنے سامنے ؛ مقابل میں ؛ برعکس ؛ برخلاف ۔

Foreright : (a) (۱) آگے کی طرف سیدھی نکلتی ہوئی (شاذ) ۔ (۲) (بول چال) سر کش ؛ ضدی ؛ خود رائے؛ کھرا ؛ صاف گو ؛ بے لاگ ؛ (شخص) ۔

Foreright : (n) سیدھی نکلی ہوئی شاخ ؛ کھرا اورصاف گو (شخص) ۔

Foreroom : (n) رہائشی کمرہ ؛ خلوت خانہ ؛ بیٹھک ؛ نشست کا کمرہ ؛ دیوان خانہ ۔

Forerunner : (n) (ME.) (۱) پیش رو ؛ مستقبل کی نشاندہی کرنے والا ؛ منادی ؛ جلو دار ؛ راہنما ؛ نقیب ؛ چاؤش ؛ طلایہ دار ؛ خصوصاً وہ جو کسی بڑے شخص کی آمد سے قبل بطور نقیب بھیجا جاتا ھے ۔ (۲) سابق یا پیش رو عہدہ دار؛ نیز سلف ؛ بزرگ؛ خاندان ؛ اب و جد ۔ (۳) کسی ھونیوالے واقعے یا پیش آنے والی بات کا شگون؛ فال ؛ علامت ؛ نشان ؛ پیش خیمہ ؛ پیش خبری ؛ پیش گوئی ۔ (٤) (جہاز رانی) رسی کا پھندا جو وہیل مچھلی کے شکار کے وقت نیزے (بارپون) میں لگا یا جاتا ھے ؛ جہاز کےرفتار پیما کی ڈوری کے سرے پر لگی ھوئی کپڑے کی دھجّی ۔

Foresaid : (a) دیکھو Aforesaid

Foresee : (v) [OE.'foreseon'.] پیش بینی کرنا (کسی واقعہ کا)؛ وقوع سے پہلے علم ھوجانا؛ دور بینی کرنا؛ علم رکھنا؛ عاقبت اندیشی اور دوربینی سے کام لینا؛ ھونے والی بات کا پہلے سےعلم رکھنا؛ پیش دانی کرنا ۔

(Always) forseen or for seeing that : بشرطیکہ ؛ میں پہلے سے جانتاتھا کہ ؛ مجھے پہلے سےعلم تھا کہ ۔

Foreseeable : (a) قابل پیش بینی ؛ لائق پیش دانی؛ جس بات یا واقعے کا پہلے سے علم ھو سکے ۔

Foreseeing : (a) (۱) دوربین ؛ دوراندیش ؛ پیش بیں ؛ پیش داں ؛ عاقبت اندیش ؛ پہلے سے علم رکھنے والا ۔ (۲) دوربینی ؛ دوراندیشی ؛ پیش بینی ؛ پیش دانی ؛ غیب دانی ؛ عاقبت اندیشی ۔

Foreseeingly : (adv.) دوربینی سے ؛ دوراندیشی سے ؛ پیش بینی سے؛ پیش دانی سے ؛ پہلے سےعلم رکھتے ھوئے ؛ عاقبت اندیشانہ ؛ دوراندیشانہ ۔

Foreseer : (n) پیش بیں ؛ پیش داں؛ عاقبت اندیش؛ دوربیں یا دوراندیش ؛ غیب کا علم رکھنے والا ؛ عالم الغیب ؛ غیب داں ۔

Foreshadow : (v) پہلے سے نقشہ دکھادینا (آنےوالےواقعات کا عکس) پیش کرنا ؛ شگون بتانا ؛ جُھنک دکھانا؛ کنایہ کرنا ؛ عکس ماقبل کے طورپر آنا ؛ نقش ماقبل ھونا (لہٰذا)پہلے غیر مکمل طورپر پیش آنا ؛ پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا ؛ پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچ لینا ؛ پیش اندیشگی کرنا ؛ ماتھا ٹھنکنا ؛ وقت سےپہلے آنے والےخطرے کا خیال پیدا ھونا ۔

Foreshadow : (n) آنے والے واقعےیا ھونے والی بات کااشارہ؛ علامت یا عکس ؛ "آنےوالے دور کی دُھندلی سی ایک تصویر" ؛ عکس ماقبل ؛ نقش ماقبل ؛ فال ؛ شگون ۔

Foreshadower : (n) آنےوالے واقعے یا ھونے والی بات کا پہلے سے نقشہ دکھانے والا یا عکس پیش کرنے والا ؛ پیش گو ؛ پیش بیں ؛ غیب داں ؛ پیش اندیش ۔

Foreship : (n) [OE.'forcip'.] جہازکااگلا حصہ ؛جہاز یا کشتی کا پیش، آگاہ، اگواڑ ۔

Foreshore : (n) ساحل کا اگلا حصہ ؛ ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے اُتار اور چڑھاؤ کےنشان کے درمیان ھوتاھے (وہ جو چڑھاؤ کے وقت پانی سے ڈھک جاتا ھے اور اُتار کے وقت خشک ھوجاتا ھے) ؛ وہ حد جو پانی (دریا وغیرہ) اور اس خشکی کے درمیان ھو جس پر زراعت ھوتی ھو یا کوئی عمارت ھو ؛ (ماقوائی انجینیئرنگ) سمندری جھاگ کی طاقت کو توڑنے کےلئے بحری پشتے سے تھوڑےفاصلے پر بنا ھوا کنارہ یا ساحل؛ پانی کے زور کو توڑنے والا سمندر کی طرف نکلا ھوا قدرے خمیدہ حصہ ۔

Foreshorten : (v) تصویر کو اس طرح بنانا یا(ترچھے رخ پر) دکھانا کہ نظر کے مطابق اگلا حصہ چھوٹا نظر آئے نیز یہ تاثر پیش کرنے کےلئے تصویر کھینچنا ۔

Foreshot : (n) (۱) کسی عمارت کا باہر کی طرف نکلا ھوا حصہ ۔(۲) (تقطیر میں) وہ شراب جو سب سے پہلےنکلتی یا ٹپکتی ھے ۔

Foreshow : (v) [OE.'foresceawian'.] (۱) پیشین گوئی کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا؛ آگاہ کرنا؛ جتانا ۔(۲) شگون بتانا ؛ پہلے سے آنے والی چیز یا (واقعہ کی) تصویر دکھانا (نقشہ دکھا دینا) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ ذہن میں پہلے سےتصویر کھینچنا ۔

Foreshower : (n) (۱) پیشین گوئی کرنےوالا؛ پہلے سےبتا دینےوالا ؛ آگاہ کرنے والا ؛ جتا دینے والا ۔(۲) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنے والا ؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچنے والا ۔

Foreside : (n) [ME.] (۱) اگلاحصہ ؛ آگے کا حصہ ؛آگا ؛ سامنے کاحصہ؛ آگے یا اوپر کا کنارہ ۔(۲) سامنے کا کنارہ ؛ سامنے کی طرف ؛ دھار ؛ سیدھی ڈھلان کا کنارہ ؛ کنارہ ؛ کور ؛ ککر ۔

(۱) پیش بینی کی صلاحیت ؛ استعداد یا عمل ۔ (۲) پیش بینی؛ دور بینی؛ مستقبل کی فکر یا تیاری ؛ بصیرت ؛ انجام بینی ؛ پیش ادراکی ۔ (۳) توپ یا بندوق کی اگلی مکھی (نشانہ باندھنے کا نشان)؛ مگسک ۔ (٤) منظر ؛ سماں ؛ سین ؛ نظارہ ؛ فضا؛ سامنے دیکھ کر حاصل کیا ہوا ادراک ۔ (٥) (سروے) ہموار کرنے والے گز سے پہلی بار حاصل شدہ معلومات؛ ہموار کرنے والے گز کی اولین خواندگی (جو کسی دیئے ہوئےمقام پر لی جاتی ہے) (صرف امریکا میں)۔ Foresight : (n)

پیش بینی یا دور اندیشی کی صلاحیت رکھنے والا ؛ پیش بینی یا دور اندیشی کے استعداد یا صفت سے متصف ؛ پیش بین ؛ دوراندیش ؛ بصیر ؛ محتاط ؛ مستقبل کی فکر کرنے والا ؛ بندوق یا توپ جس کی نوک پر مکھی لگی ہو ؛ مگسک دار ۔ Foresighted : (a)

پُر بصیرت ؛ عاقبت اندیشی سےبھرا ہوا ؛ پُر احتیاط پیش بینی یا دوراندیشی کی بھرپور صلاحیت رکھنے والا ۔ Foresightful : (a)

پیش خبری؛ پیش آگاہی؛ پیش خیمگی (پیش خیمہ ہونا)۔ Foresignification : (n)

پیش خیمہ ہونا ؛ کسی بات پر پہلے سے دلالت کرنا ؛ پہلے سے ظاہر کرنا یا مظہر ہونا (کسی بات یا معنی کا) ؛ پہلے سے تصویر بنا کر پیش کرنا؛ ذہن میں پہلے سے تصویر کھینچ لینا ؛ آنے والی بات کا پہلے سےنمونہ یا مثال پیش کرنا ۔ Foresignify : (v)

عضو تناسل کے آگے کی کھال ؛ غلف ؛ قلفہ ؛ گھنگھڑ ؛ پوست ختنہ گاہ ؛ غلاف یا حشفہ کے اوپر کا چمڑا ؛ گھونگھٹ ۔ Foreskin : (n)

(۱) سست ہو جانا ؛ کاہل ہو جانا (شاذ) ۔ (۲) بے پروائی برتنا ؛ بے اعتنائی برتنا ؛ بےتوجہی کرنا ؛ تغافل برتنا؛ غفلت کرنا ؛ سہل انگاری برتنا ؛ کاہلی کے باعث چوک جانا؛ فروگذاشت کرنا؛ سستی کے باعث کھو بیٹھنا ؛ تلف کر دینا یا برباد کر دینا ۔ Foreslack : (v)

(۱) آستیں کاآگلا حصہ ؛ کف آستین ؛ گوشہ دار یا آرائشی آستینَ ۔(۲) آستین کا وہ حصہ جو کہنی سے کلائی تک ہوتا ہے ۔ Foresleeve : (n) [ME.]

(۱) پہلے سے کسی بات کی اطلاع دینا ؛ پیش گوئی کرنا؛ پیش خبری کرنا۔(۲) پیشگی مقرر کر لینا ؛ پہلے سے ٹھہرا لینا ؛ پیشگی فرمائش کرنا؛ پہلے سے منگا لینا (اسباب، سامان وغیرہ)۔ Forespeak : (v) [ME.]

(۱) سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ موثھ چلانا ۔(۲) موہنا ؛ رجھانا ؛ لُبھانا ؛ فریفتہ کرنا ۔ Forespeak/Forspeak : (v)

(۱) جنگل ؛ بن ؛ زمین کا ایک بڑا رقبہ جس میں بہت سے درخت ہوں یا جھاڑیاں ہوں یا کہیں کہیں چراگاہ بھی ہو ۔ (۲) وہ درخت جو جنگل میں کھڑے ہوں ۔ (۳) (برطانیہ میں) کسی ضلع یا شہر کا نام جیسے (Shorwood) جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے اس مقام پر جنگل تھا اور اب زمین مزروعہ ہے ۔(٤) (قانون) غیرمحدود جنگلات کے اضلاع جو شکارکےلئے مخصوص رکھے جاتے ہیں (عموماً بادشاہوں کی ملکیت ہوتے ہیں) ؛ ایک جنگلاتی ضلع جو اکثر کسی بادشاہ کےتحت ہوتا ہے اور اُسے جنگلی جانوروں وغیرہ کےلئے الگ کر لیا جاتا ہے اور جس کے اپنے قوانین اور اپنے افسر ہوتے ہیں ۔ (٥) (اسکاٹستان) سطح مرتفع کا علاقہ جو عموماً بے درخت ہوتا ہے اور جسے ہرن پالنے یا شکار کرنے کےلئے مخصوص کرلیاجاتا ہے ۔ (٦) کوئی بھی چیز جو جنگل کی طرح کثرت یا افراط میں ہوتی ہے ؛ بہت ساری بلند چیزیں ؛ کثیر تعداد ؛ انبوہ ۔ Forest : (n) [med. L.'forestem'.]

مستولوں کا ایک جنگل ؛ بکثرت مستولوں کا اجتماع ؛ بہت سے مستول ۔ A forest of masts :

جنگل اعلیٰ ۔ High forest : (n)

درخت لگانا؛ جنگل بنا دینا ؛ جنگل میں رکھنا ۔ Forest : (v)

قانون جنگلات ۔ Forest act : (n)

افریقی جنگلوں میں پائی جانے والی چمگادڑوں کی ایک جنس جن کے جسم پر چمکیلے دھبے ہوتے ہیں اور جسے Painted bat بھی کہتے ہیں ؛ منقش چمگادڑ ۔ Forest bat : (n)

(ارضیات) دوراول کے جنگلات سے پیدا شدہ یا اُن پر مبنی زمینی پرت ۔ Forest bed : (n)

حلقہء جنگل ۔ Forest circle : (n)

ناظم جنگلات ۔ Forest conservator : (n)

جنگلات کی آگ ؛ جنگلی علاقے کی آگ جس پر قابو نہ پایا جا سکے ۔ Forest fire : (n)

Forest fly : (n) مگس سگ ؛ مگس اسپ ؛ ایک قسم کی خون چوسنے والی مکھی جو گھوڑوں اور مویشیوں کو کاٹتی ہے ۔

Forest green : (n) (۱) گہرا سبز رنگ جو صدا بہار سبز رنگ یا اوسط بوتل گرین سے قدرے شوخ اور نسبتاً زرد ہوتا ہے ۔ (۲) درمیانی زیتونی سبز رنگ جو ہالی گرین سے زیادہ گہرا اور سبز ہوتا ہے ۔

Forest hog/-pig : (n) افریقہ کے گرم خطوں کے جنگلی علاقوں میں پایا جانے والا ایک بڑا سیاہ رنگ جنگلی سور ۔

Forest laws : (n) شاہی جنگلات سے متعلق قوانین جن کا نفاذ نارمن بادشاہوں نے کیا تھا ؛ قوانین جنگلات ۔

Forest mahogany : (n) (جنگلی مہوگنی) یوکلپٹس کی جنس کے مختلف آسٹریلیائی درختوں میں سے کوئی ۔

Forest marble : (n) چکنی مٹی کا ؛ متورق صدف نما چونا پتھر جو دانہ دار چونا پتھر کی چٹانوں کے نچلے سلسلے کے اوپری حصوں میں سے ایک کی تشکیل کرتا ہے ؛ (ارضیات) جنگلی مر مر ۔

Forest mole : (n) جنوبی افریقہ کے جنگلوں میں رہنے والا ایک بڑا اور لانبا چھچھوندر ؛ کور موش ۔

Forest pathology : (n) مرضیات نباتات کا ایک شعبہ جو امراض درختان سے بحث کرتا ہے؛ مرضیات درختان ۔

Forest privileges : (n) جنگلی مراعات ۔

Forest tree : (n) بڑا اور گھنیرا درخت جو جنگل کے درختوں جیسا ہوتا ہے ؛ جنگلی درخت ؛ جنگل کا درخت؛ بڑے جسم کا درخت، جیسے کہ عموماً جنگلوں میں ہوتے ہیں ؛ تناور درخت ۔

Forestage : (n) (۱) افسران جنگلات کے ذریعہ بادشاہ کو ادا کیاجانے والا محصول یا چنگی ؛ شاہی افسران جنگلات کو ادا کیاجانےوالا محصول ۔ (۲) درختوں کا جھرمٹ ؛ جنگل جہاں بہت سارے درخت اُگے ہوں ۔

Forestat : (a) جنگلی ؛ جنگلاتی ؛ جنگل کا یا اُس سے متعلق ۔

Forestall : (n) [OE.'foresteall'.] (۱) کوئی چیز جو سامنے ہو ؛ خصوصاً پیش دروازہ؛ پیش مکان؛ پیش صحن ۔ (۲) کھیت سے ملحق مکان کے سامنے کی خالی جگہ یا اُس جگہ تک پہنچنے کا راستہ (بول چال) ۔ (۳) (گھوڑے کا) پیشانی بند؛ وہ پٹی جو پیشانی پر باندھ دی جاتی ہے ۔

Forestall : (v) [OE.'foresteall'.] (۱) احتکار کرنا ؛ ناجائز ذخیرہ اندوزی کرنا؛ پہلے سے سامان تجارت خرید کر رکھ لینا جب بھاؤ بڑھے تو زیادہ نفع لے کر بیچنا ؛ بازار میں پہنچنے سے پہلے ہی (چیزوں کو) راہ میں روک لینا ؛ چیزوں کو پہلے ہی خرید کر لوگوں کو اُنہیں بازار میں لانے سے ۔ (۲) کسی کام میں پیش قدمی کرنا ؛ سبقت لے جانا ۔ (۳) آئندہ ہونے والے واقعہ یا اسلوب یا ڈھنگ کا اندازہ کرکے حریف کی چالوں کو توڑ دینا ؛ برا دینا ؛ شکست دینا ۔ (٤) وقت سے قبل کاروائی کرنا ؛ پیش بینی کے ساتھ کام کرنا ؛ پیش بندی یا پیش بینی کرنا ؛ قبل ازوقت عمل میں لانا ؛ پہل کرنا ۔ (٥) پہلے سے روک دینا؛ منع کر دینا؛ باز رکھنا؛ مانع ہونا؛ حائل ہونا؛ حارج ہونا؛ رکاوٹ ڈالنا(شاذ) ۔ (٦) داخلہ روک دینا ۔

Forestaller : (n) ذخیرہ اندوز ؛ ضروری اشیاء کو بازار میں پہونچنے سے پہلے خرید کر رکھ لینے والا ؛ چیزوں کو بازارمیں پہنچنے سے پہلے روک لینے والا ۔

Forestalling : (n) (۱) چیزوں کو پہلے ہی خرید لینا ؛ بازار میں نہ پہونچنے دینا؛ ذخیرہ اندوزی ؛ احتکار ۔ (۲) پیش بندی یا پیش بینی کا عمل ۔

Forestalment : (n) ذخیرہ اندوزی ؛ احتکار ؛ بازارمیں پہنچنے سے پہلے مال کی خرید و فروخت تاکہ بازار میں نہ پہنچ سکے ؛ پیش بندی ؛ پیش بینی ؛ پیش عملی ۔

Forestation : (n) (۱) جنگل سازی؛ احداث جنگل ؛ جنگل کاری توسیع جنگل ۔

Forestep : (n) (۱) پیش قدم ؛ ایک قدم آگے ۔ (۲) (جمع) پیش اقدام ؛ چلنے کے نشان ؛ قدم کے نشان ؛ لیگ ؛ پگ ڈنڈی ؛ گھوڑ دوڑ کا راستہ ۔

Forester : (n) [OE.'forestier'.] (۱) داروغہء جنگلات ؛ افسر جنگلات ؛ جس کے ذمہ جنگلی درختوں ، پودوں اور جانوروں کی حفاظت ہوتی ہے؛ لکڑی کے محکمے کا افسر ؛ نیز وہ جو کسی ریاست کے درختوں کی دیکھ بھال کرتا ہے؛ (کبھی کبھی شاعری میں) شکاری یا شکاری کتوں کا نگراں ۔ (۲) جنگل میں رہنے والا ؛ جنگل بان ؛

جنگل کا پرندہ یا جانور۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ؛ پتنگا ؛ جنگلی ۔ (٤) تناور درخت ۔ (٥) انجمن امدادباہمی جسے (Ancient order of foresters) کہاجاتا تھا ، کا ایک رکن ۔

Forestership : (n) افسرِ جنگلات کا عہدہ ۔

Forestry : (n) (۱) جنگل (بہ حیثیت مجموعی) جنگل کی زمین ؛ جنگلات ؛ جنگلی قطعہ ؛ جنگلی ارضیات ؛ جنگلی علاقہ یا خطّہ ۔(۲) جنگل کے انتظام کرنے کا فن ؛ جنگل بانی ؛ ہیزم سازی کا انتظام یا انصرام جنگل سازی ؛ جنگل کاری کا علم ؛ یا فن ۔ (۳) بہت دورمیں پھیلے ہوئے درختوں کا سلسلہ ۔

Forestwards : (adv.) جنگل کی طرف ؛ سوئے دشت ۔

Foresty : (a) جنگلوں سے بھرا ہوا یا ڈھکا ہوا ؛ پُر از جنگلات ۔

Foretalk : (n) پیش گفتار ؛ دیباچہ ؛ پیش لفظ ؛ مقدمہ ۔

Foretaste : (n) [ME.] (۱) پہلے سے (کسی بات کی) تکلیف وراحت کا تھوڑا سا مزا چکھ لینا ۔ (۲) پہلے سے تکلیف و راحت (فائدہ یا نقصان) کا اندازہ کرلینا (ہو جانا) ۔ (۳) پیش اندازہ ؛ اندازہ ماقبل ؛ پیش چشی ؛ مزہ چشی ؛ لطف ماقبل ؛ جزوی لطف اندوزی؛ پیش بینی؛ پیش احساس؛ پیش یافت ۔

Foretaste : (v) (۱) پہلے سے چکھ لینا ؛ کسی بات کے لطف یا مزے کا پہلے سے اندازہ کرلینا؛ جزوی طور پر لطف اندوز ہولینا؛ پیش چشی کرنا؛ پیش اندازہ کرنا ۔(۲) دوسرے پہلے چکھ لینا ۔

Foretaster : (n) پیش چش ؛ پیش بیں ؛ پہلے سے چکھ لینے والا ؛ جزوی طور پر لطف اندوز ہونے والا ۔

Foretell : (v) پیش گوئی کرنا؛ آنے والےواقعات کو بتا دینا ؛ ظاہر کر دینا؛ پہلے سے کہہ دینا؛ آئندہ کا حال بتانا؛ الہام بیان کرنا ؛ پیش خبری کرنا ؛ شگون بتانا ؛ حال بتانا ؛ آنے والے وقت کی خبر دینا ؛ آنےوالے دور کی تصویر دکھانا ؛ نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ پیشگی اطلاع دینا ۔

Foreteller : (n) پیشین گو ؛ غیب گو ؛ پیغمبر ؛ فال گیر ؛ شگون بتانے والا؛ آنے والے دور کی تصویر دکھانے والا ؛ آنے والے واقعات یا نشانات کی آگاہی دینے والا ۔

Forethink : (v) [OE.'forepenc (e)an.] پہلے سےتاک میں رہنا ؛ پہلے سے سوچنا ؛ ارادہ کرنا ؛ نیت کرنا؛ پہلے سے ذہن میں رکھنا ؛ پہلے سے خبر دینا ؛ پیش آگاہی کرنا ؛ فال بتانا (ہونے والی بات کی) علامت یا آثار بتانا ؛ آنے والی مصیبت کی پیش گوئی کرنا (شاذ) ۔

Forethought : (n) (۱) پیش بینی ؛ دور اندیشی ؛ انتظام پیشیں ؛ پیش بندوبستی ؛ پیش بندی ؛ پیش تدبیر ؛ فکر پیشین ؛ پیش اندیشگی ؛ پیش تفکر؛ وہ ارادہ یا قصد جو پہلے سے سوچ سمجھ کر کرلیا گیا ہو ؛ دوراندیشی ؛ پیش تفہیم ؛ فکر اولیں ؛ سابقہ غوروفکر ؛ گذشتہ غورو خوض ؛ تدبیر ماقبل ؛ فکر پیشتر ؛ تامل پیش تر ۔(۲) فکر مستقبل ؛ فکر آئندہ ۔

Forethought : (a) پہلے سے سوچا ہوا ؛ پہلے سے تدبیر کیا ہوا ؛ پہلے سے قصد کیا ہوا ؛ بالقصد ؛ بالعمد ؛ جو پہلے سے ٹھان لی گئی ہو ؛ پیش مجوزہ ۔

Forethoughtful : (a) پیش اندیشانہ ؛ پیش اندیشگی سےبھرا ہوا ؛ فکر مستقبل سے معمور؛ پیش بیں ؛ پیش اندیش ؛ عاقبت اندیش ؛ دوراندیش ۔

Forethwart : (n) ناؤ کے پچھلے کھوپّا کی نشست ۔

Foretime : (n) زمانہ گذشتہ ؛ ابتدائی زمانہ ؛ پرانا زمانہ ؛ اگلا زمانہ ؛ ایام گذشتہ ؛ دور سابق ؛ دوراول ؛ دور پیشیں ؛ ماضی ؛ دور رفتہ ۔

Foretoken : (n) [OE.'foretacn'.] کسی آنےوالےواقعہ کاشگون ؛ اشارہ؛ پیش خیمہ ؛ فال ؛ علامت پیشیں ؛ پیش آگاہی کرنے والی نشانی؛ اعلام قبلی؛ پیش گوئی؛ پیش خبری ۔

Foretoken : (v) ہونےوالے واقعہ کی طرف اشارہ کرنا ؛ شگون بتانا ؛ جتلا دینا ؛ شگون یا فال ہونا ؛ پیش خیمہ ہونا ؛ پہلے سے آثاریا علامات ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا یا بتانا ۔

Foretop: (n) [ME.] (۱) گھوڑے کی چڑ کی؛ گھوڑےوغیرہ کی کنوتیوں کے درمیان لٹکتا ہوا بالوں کا گچھا؛ کاکُل اسپ ؛ موی پیشانی ۔(۲) (امریکا) کسی گاڑی کی اوپر والی اگلی سیٹ یا نشست ۔ (۳) آگے کے مستول کا اوپر کا سِرا ۔

Military fore top : جنگی جہاز کے بالائی حصہ کا وہ گوشہ جو مسلح ہوتا ہے ۔

Foretype : (n) آنے والی (ہونے والی) بات کا نقشہ یا طرز جو پہلے سےمعلوم ہو جاتا ہے ؛ نمونہ قبلی ۔

Forever : (adv.) (۱) ہمیشہ کے لئے ؛ تا ابد ؛ جاوداں ؛ علی الدوام ؛ تاابد الآباد۔ (۲) (نیم اسم) دوام ؛ ابدیت ۔

Forevermore : (adv.) ہمیشہ ؛ دائم ؛ جاوداں طور پر ۔

Forewarn : (v) [ME.] پہلے سے متنبہ کر دینا؛ ہوشیار کردینا؛ خط سے اطلاع کردینا؛ آگاہ کرنا؛ خبردار کرنا؛ پہلے سے تاکید کرنا؛ سمجھانا؛ نصیحت کرنا ؛ ہدایت کرنا ؛ نیز پہلے سے آگاہ کر دینا ؛ پہلے سے اطلاع کر دینا ۔

Forewarner : (n) ہوشیار کرنے والا؛ پہلے سے متنبہ کرنے والا؛ ہدایت کرنے والا ؛ نذیر ۔

Forewarningly : (adv.) قبل سے آگاہ کرتے ہوئے ؛ پہلے سے متنبہ کرتے ہوئے ؛ بطور تاکید ماقبل ۔

Forewaters : (n) قبل آب ۔

Forewinning : (n) (کان کنی) کام کی تیزی یا تیز رفتاری ؛ کارکردگی ؛ نشانے سے زیادہ کام ۔

Forewoman : (n) (۱) زنانہ جیوری کی صدر نشیں ۔ (۲) مزدور عورتوں کی داروغہ یا ان کے کاموں کی نگراں ۔ (۳) نگراں عورت ۔

Foreword : (n) (کسی کتاب کا) دیباچہ ؛ آغاز کلام ؛ پیش نامہ ؛ پیش لفظ ؛ مقدمہ (عموماً مصنف یا مؤلف کے علاوہ کسی دوسرے شخص نے لکھا ہو) سر آغاز ؛ سرنامہ ؛ کسی تقریر یا تحریر سے پہلے کہی ہوئی بات ؛ پیش گفتار ۔

Forfalt/-fault/-faute : (۱) جرمانہ ؛ پاداش یا تاوان ۔ (۲) دیکھو Forfeit ۔

Forfeit : (n) [OF.'forfet'.] (۱) جو مجرمانہ حرکت یا قصور کی وجہ سے ضائع ہوگئی (یا کی گئی) ہو ؛ پاداش یا تاوان ؛ جریمہ ؛ جرمانہ ؛ قانونی جرمانہ ۔ (۲) خلاف ورزی ؛ (نقض) معاہدہ یا غفلت کا تاوان یا جرمانہ ۔ (۳) کسی کلب یا کھیل یا کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی کی بنا پر خفیف جرمانہ ؛ پنالٹی ۔ (٤) وہ چیزیں جو ایک قسم کے کھیل میں کھلاڑی حوالہ کر دیتا ہے تاکہ بعد کو کوئی تمسخراً بدنام کر کے ان کو واپس لے سکے ۔ (٥) قرقی ؛ ضبطی ۔

Forfeit : (a) [OF.'forfait'.] کسی جرم، قصور یا نقض عہد کے عوض تاوان یا پاداش پایا ہوا جرمانے میں دیا ہوا، کھویا ہوا، محروم کیا ہوا ۔

Forfeit : (v) (۱) کھو بیٹھنا ؛ محروم ہو جانا ؛ حق ساقط ہونا؛ حقوق سے محروم ہوجانا؛ جرم اور غفلت وغیرہ کا تاوان یا کسی دوسرے امر کی پاداش میں کچھ ادا کرنا جرم ؛ خلاف ورزی ؛ نقض عہد یا فرائض سے غفلت کے نتیجے میں جرمانہ اداکرنا؛ حرکات ناشائستہ کے باعث کھوبیٹھنا؛ محروم ہوجانا؛ کسی فعل کے نتیجے میں دست بردار ہو جانا یا ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ (۲) ضبط کیا جانا ؛ قرق ہونا یا کیا جانا ؛ ضبط کرنا ؛ قرق کرنا ؛ (تاریخ میں) ۔

Forfeitable : (a) قابل ضبطی ؛ ضبط شدنی ؛ جریمہ بردار ؛ تاوان کے لائق ؛ قابل جرمانہ ؛ قابل ضبطی ؛ قابل قرقی ۔

Forfeited share : (n) (تجارت) ضبط شدہ حصہ ۔

Forfeiter : (n) ضبط کرنے والا ؛ قرق کرنے والا ؛ کسی جرم، خلاف ورزی یا نقض عہد کی پاداش میں کسی سے جرمانہ یا تاوان وصولنے والا ؛ جرمانہ کرنے والا ؛ مورد تاوان شخص ؛ وہ شخص جس کا حق یا مال قابل ضبطی ہو ۔

Forfeiture : (n) [OF.'forfeture'.] (۱) کسی جرم، خلاف ورزی یا نقض عہد کے باعث (کسی حق، عہدہ، مال، ریاست یا زندگی وغیرہ) کھو بیٹھنے یا محروم ہونے کی حالت یا عمل ۔ (۲) ضبطی ؛ قرقی ؛ (حق سے) محرومی ؛ خسارہ ؛ تاوان ؛ خسران ؛ ضرر ؛ زیاں ۔ (۳) ضبط شدہ چیز ؛ جرمانہ ؛ جریمہ ۔

Forfeiture of remission : (n) تنسیخ معافی ۔

Forfeiture of service : (n) فسخ خدمت ؛ برخاستگی ۔

Forfend/Forefend : (v) (۱) ٹالنا ؛ مٹانا ؛ دور کرنا ؛ پھیرنا ؛ دفع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ دور رکھنا ؛ قدغن کرنا ؛ منع کرنا ؛ روکنا ۔ (۲) (حفظ ماتقدم) کے ذریعے محفوظ کرنا یا بچانا (خصوصاً امریکا میں مستعمل) ۔

God forfend : خدا بچائے ! خدا محفوظ رکھے! حاشا کہ ۔

Forfex : (n) (۱) قینچی ؛ مقراض ؛ کلبتین ۔ (۲) (حشریات) میرزی اعضا کا ایک جوڑا جو (قینچی کی طرح) عرضاً کُھلتے یا بند ہوتے اور ایک دوسرے کے اوپر سے گذرتے ہیں ۔

Forficate : (a) (حیوانیات) قینچی کے پھلوں کی صورت کا (پرندوں کی چونچ، دم وغیرہ) مثل قینچی کے؛ مقراض کی طرح ؛ مقراض نما ؛ قینچی نما؛ شاخ دار ۔

Forficiform : (n) مقراضی شکل ۔

Forficulate : (v) [mod.L.'forficula'.] رینگنا (جیسے کنگوجیا یا ایسے ہی دوسرے کیڑے کسی کی جلد پر رینگ رہے ہوں)۔

Forficulate : (a) (حیوانیات) مقراضی ۔

Forfoughten : (a) [ME.] (اسکاٹ لینڈ) (جنگ کی وجہ سے) خستہ ؛ عاجز ؛ تھکا ہوا ۔

Forgather : (v) دیکھو Foregather

Forge : (n) [OF.'forge'.] (۱) کارخانہ، آہنگر؛ لوہار کی دکان ؛ لوہارخانہ ؛ لوہار کی بھٹی ؛ آتشدان جس میں دھونکنیاں لگی ہوتی ہیں ۔ (۲) دھاتوں کے گلانےاور صاف کرنے کی بھٹی ؛ وہ کارخانہ جس میں اس قسم کی بھٹی ہو ؛ لوہار کی بھاتی ۔ (۳) فوجی استعمال کی بھاتی جو پہیوں پر چلتی ہے ۔ (٤) بھاتی میں تپا کر یا گلا کر تیار کیا ہوا لوہا ۔

Forge : (v) [OF.'forgier'.] (۱) آگ میں گرم کرکے اور ہتھوڑے سے مار کر خاص شکل پیدا کرنا ؛ کوٹ کوٹ کر شکل بنانا ۔ (۲) گھڑنا ؛ بنانا ؛ جعل بنانا ؛ ایجاد کرنا؛ اختراع کرنا (جھوٹی باتیں یا جھوٹا قصہ) ۔ (۳) جعلی بنانا؛ دھوکا دینے کےلئے نقلی چیز بنانا خصوصاً اس طرح لکھنا (دستاویز یا دستخط) کہ کسی دوسرے کا لکھا سمجھا جائے ؛ جعل سازی کرنا؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ جُل دینا ؛ نقل کرنا یا بنانا ؛ بناوٹ کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ ہوبہو کر دینا ۔ (٤) تدبیر کرنا ؛ ترکیب نکالنا؛ منصوبہ ٹھہرانا ؛ سازش کرنا نیز کوئی بات بنا کر کہنا ؛ بناوٹی بات کہنا ؛ جھوٹے قصے گھڑنا ؛ (٥)جعل سازی کا ارتکاب کرنا؛ دستاویز وغیرہ میں جعل بنانے کا مرتکب ہونا ؛ تلبیس یا فریب دہی کا مرتکب ہونا ۔ (٦) لوہار کی دکان یا بھٹی میں کام کرنا ۔ (۷) کوئی ایسی چیز بنانا جس کےلئے مہارت کی ضرورت ہو ۔

Forge : (v) [Origin doubtful.] (جہاز کا) تیزی سے آگے بڑھنا یا پل کے نیچے سے تیزی سے نکل جانا خاص کر حرکت پا جوار کے دباؤ کے ذریعے ۔

Forge-cart : (n) (فوج) وہ گاڑی جس پر فوجی استعمال کےلئے بھاتی ہوتی ہےاور میدان جنگ میں کام آتی ہے ۔

Forge-cinder : (n) لوہار کی بھاتی یا بھٹی سے نکلا ہوا دھات کا میل ؛ لوہے کو پگھلا کر سلاخیں بنانے کے کارخانے سے نکلا ہوا دھات کا میل ۔

Forge fire : (n) (۱) لوہار کی آگ ؛ بھاتی ؛ بھٹی ۔(۲) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوچ دار بنانے والی مٹی ۔

Forge man : (n) لوہار کی بھٹی یا بھاتی میں لوہے کو گلانے والا ؛ لوہار ؛ آہن گر ؛ خصوصاً اونچے طبقے کا جس کے ماتحت ایک ہتھوڑا چلانے والا ہوتا ہے؛ سر آہنگ ۔

Forge pig : (n) بھاتی میں گلا کر تیار کیا ہوا لوہے کا مستطیل نما ٹکڑا ۔

Forge rolls : (n) بیلن دار مشین جس کے ذریعہ لوہے کی سلاخوں یا چھڑوں کو لوچ دار چھڑیوں میں تبدیل کیا جاتا ہے ۔

Forge tongs : (n) غیر آتش کاری ۔

Forge wagon : (n) دیکھو Forge-cart

Forge water : (n) وہ پانی جس میں گرم لوہابجھا یا گیاہو ؛ جو پہلے دواؤں میں استعمال ہوتا تھا ۔

Forgeable : (a) جس چیز(دستاویز یا دستخط وغیرہ) کا جعل بنایا جاسکے ۔

Forged : (a) ساختہ ؛ جعلی ؛ تقلبی ؛ گھڑا ہوا ۔

Forged documents : (n) اسناد جعلی ؛ اسناد قلابی ۔

Forged note expert : (n) ماہر شناخت جعلی نوٹ ۔

Forger : (n) [ME.] (۱) جعل ساز ؛ جعل بنانے والا ؛ جعلیا ؛ (جھوٹے قصے، کہانیاں وغیرہ) گھڑنے والا ؛ دروغ باف ؛ من گھڑت یا بناوٹی باتیں کرنے والا ۔ (۲) (دھات کو) بھٹی میں تپا کر اور ہتھوڑے سے پیٹ کرصورت پذیر کرنےوالا ؛ لوہارکی بھاتی پر کام کرنے والا؛ لوہار؛ آہنگر۔ (۳)پُرفریب نقالی کرنے والا؛ (دستاویزات، سکّے وغیرہ کی) نقلیں اُتارنے والا؛ جعل ساز؛ نقلی دستاویز یا سکّے بنانے والا ۔

Forgerer : (n) جعل ساز ۔

Forgery : (n) (۱) جعل سازی ؛ جعلی دستاویز بنانے کا عمل یا دستاویزیں جعل بنانےکاعمل ۔(۲) مصنوعی، جھوٹی، جعلی نقلی چیز (خصوصاً دستاویز یا دستخط) ۔ (۳) ایجاد ؛ اختراع ؛ نقل ؛ بناوٹ ؛ جھوٹ ؛ دروغ بافی ؛ جھوٹی ایجاد ؛ گھڑت ؛ بنائی ہوئی بات ؛ افسانہ ؛ کہانی (اب صرف شاعری میں)۔

Forgery insurance : (n) (تجارت) جعلسازی بیمہ ۔

Forget : (v)[OE.'forgietan.'] (۱) بھول جانا؛ فراموش کر دینا؛ خیال نہ رکھنا؛ یاد نہ رکھنا ؛ یاد نہ رہنا ؛ یادآوری میں ناکام رہنا؛ دوبارہ یادنہ کرسکنا؛ غفلت سےترک کرنا ؛ چھوڑ جانا ؛ نظر انداز یا قلم زد کرنا ۔(۲) بے پروائی کرنا؛ بےتوجہی کے باعث شامل یا شمار نہ کرنا ۔(۳) کسی شخص یا چیز کو بھول جانا؛ کسی چیز یا شخص کے لانے (اس کی طرف) توجہ کرنے یا اس کا ذکر کرنے کو سہواً بھول جانا ۔(٤) توجہ نہ کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ ارادۃً بے اعتنائی برتنا ؛ غفلت برتنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ اعراض کرنا؛ ناقابل توجہ سمجھنا ؛ حقیر سمجھنا ۔(٥) نازیبا طرز عمل اختیار کرنا ؛ بیہودہ پن کرنا؛ اپنی خود داری کو فراموش کرنا ۔(٦) کسی کے بارے میں سوچنےیا غور کرنے کو ترک کر دینا؛ چھوڑ دینا ؛ باز آجانا ؛ بھلا بیٹھنا۔(۷) چشم پوشی کرنا؛ اغماض کرنا؛ کج خُلقی سے پیش آنا ۔

To forget oneself : خود کو بھول جانا ؛ اپنے مفاد کو بھول جانا ؛ اپنی توقیر وعزت کو بھول جانا ؛ بیخود ہوجانا ؛ اپنی جانب سے توجہ ہٹا لینا ؛ بے پروا ہو جانا ؛ خود سے غافل ہو جانا ؛ شائستگی اور معقولیت کے اقتضا کو زائل کر دینااورنازیبا طرزعمل اختیار کرنا؛ نامناسب یا نازیبا سلوک کرنا؛ ترک ادب کرنا؛ شعور کھو بیٹھنا ۔

Forget-me-not : (n) [OF.'ne m' oubliez mye'.] (۱) ایک قسم کا پھول خصوصاًوہ جس کا جسم چھوٹا ہوتاہے اور رنگ نیلا اور جس کا پہننا یا ساتھ رکھنا اس بات کی ضمانت سمجھا جاتا ہے کہ اُنہیں اُن کے عشاق کبھی فراموش نہیں کرنا چاہتے ؛ گُلِ وفا ؛ گلِ فراموش مکن ۔(۲) ایک قسم کی نیلے چمک دار پھولوں والی بوٹی ۔

Forget-me-not/-blue : نیلا رنگ جو اس پھول کی نیلاہٹ سے ملتاجلتا ہے ۔

Forgetful : (a) (۱) بھولنے والا؛ بھولا؛ بھولکڑ؛ بھول جانےوالا؛ فراموش کار؛ غفلت کار؛ فراموش کنندہ؛ کمزور یاد داشت والا؛ مائل بہ فراموش؛ بھولنے میں تیز ۔(۲) بےپروا ؛ بےغرض ؛ غافل ؛ بےاعتنا ؛ بےالتفات ؛ بےتوجہ ؛ لاأبالی ؛ نظر انداز کردینے والا؛ غفلت کرنےوالا؛ اعراض یا اغماض کرنے والا۔ (۳) جس کے سبب فراموش کردیا جائے؛ بھلادینے والی (چیز، بات وغیرہ) (خاص کر) ۔

Forgetfully : (adv.) (۱) بھول کر ؛ سہواً ؛ غفلت سے ؛ فراموشی سے ۔(۲) بے پروائی سے؛ بےاعتنائی سے ؛ بےتوجہی سے؛ نظر انداز کرکے؛ اعراض یا اغماض کرتے ہوئے ۔ (۳) بھول جانے کا سبب ہوکر ۔

Forgetfulness : (n) (۱) بھول ؛ فراموش ؛ نسیان ؛ غفلت ؛ فراموش کاری ؛ بھولنے کی حالت ؛ صفت یا عادت ۔ (۲) سب کچھ بھول جانے کی حالت ؛ ازخودرفتگی؛ بیخودی؛ گم گشتگی؛ بےہوشی ۔ (۳) بھلادیئے جانے کی حالت؛ فراموش شدگی ۔ (٤) بےاعتنائی ؛ غفلت ؛ اعراض ؛ اغماض ؛ بےپروائی؛ بےتوجہی ؛ تغافل ۔

Water of forgetfulness : (اساطیر) آخرت ؛ دریائے فراموشی۔

Forgetive : (a) مائل بہ اختراع ؛ مائل بہ ایجاد ؛ مائل بہ تخلیق ؛ ایجادی ؛ اختراعی ؛ تخلیقی ؛ من گھڑت ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ ساختہ ؛ بافتہ؛ جعلی؛ نقلی ۔

Forgettable : (a) قابل فراموش ؛ قابل ترک ؛قابل نظر انداز ؛ قابل اعراض ؛ بھول جانے یا چھوڑ دینے کے لائق ۔

Forgetter : (n) فراموش کنندہ ؛ بھول جانے والا ؛ ترک کرنے والا ؛ نظر انداز کرنے والا ؛ بھلا دینے والا ؛ چھوڑ دینے والا ۔

Forgettingly : (adv.) دیکھو Forgetfully

Forging : (n) [ME.] (۱) بھاتی میں گرم کرکےاوربتھوڑے سے پیٹ کر دھات کو کسی شکل میں لانے کا عمل ؛ اس طرح بنائی ہوئی چیز ؛ آہنگری ؛ گھڑت ؛ بناوٹ ؛ ایجاد ؛ اختراع ؛ تخلیق ؛ نقالی ؛ جعل سازی ؛ گھڑائی ؛ سازش ؛ گرم کرکے کوٹ پیٹ کربنایا ہوا لوہے کا ٹکڑا ۔ (۲) توصیفی معنوں میں مثلاً Forging hammer ۔

Forging chisel : (n) گھڑ چھینی ۔

Forging machines : (n) (انجینیئرنگ) آلات آہنگری ۔

Forgivable/-eable : (a) چھوڑنے کے لائق ؛ قابل بخشائش ؛ بخشیدنی ؛ قابل معافی ؛ قابل عفو ۔

Forgive : (v) [OE.'forgiefan'.] (۱) معاف کر دینا ؛ بخشدینا؛ چھوڑ دینا؛ عفو کرنا؛ درگذر کرنا؛ (قرضہ میں) رعایت کرنا؛ معاف کر دینا ؛ (مجرم یا جرم کو) بخش دینا ۔ (۲) کسی جرم کے خلاف ناراضگی یا خفگی کو ترک کر دینا ؛ معافی دینا ؛ معاف کردینا؛ کسی قرض دار کے خلاف اپنے دعوے سے دست بردار ہو جانا۔(۳) بخش دینا؛ چھوڑ دینا؛ شفقت کی نگاہ رکھنا؛ مروت سے درگذر کرنا (اب صرف امر میں بطور التجا یا التماس مستعمل ہے) ۔

Forgiveness : (n) [OE.'forgifennys'.] (۱) معافی؛ عضو پروری بخشش ؛ بخشائش ؛ عفو ؛ غفران ؛ آمرزش ؛ مغفرت ۔ (۲) آمادگی ؛ عفو ؛ آمادگی بخشش؛ معافی کا میلان یا رجحان ۔

Forgiver : (n) بخشندہ ؛ عفو کنندہ ؛ آمرزندہ ؛ معاف کرنے والا ؛ بخشنے والا ؛ چھوڑ دینےوالا ؛ درگذر کرنے والا ؛ از راہ شفقت معاف کر دینے والا ۔

Forgiving : (a) معاف کر دینے والا ؛ عفو پر ور ؛ بخشش کنندہ ؛ مائل بہ معافی ؛ مظہر معافی ؛ آمادگی بخشش ؛ آمادگیٔ معافی ۔

Forgivingly : (adv.) ازراہ عفو تقصیر ؛ ازراہ بخشش ؛ بخشتے ہونے یا معاف کرتے ہونے ؛ ازراہ معافی ۔

Forgivingess : (n) بخشش ؛ رحم دلی ؛ معاف کر دینے کی خصلت ؛ آمرزگی ؛ بخشیدگی ۔

Forgo : (v) دیکھو Forego

Forgoer : (n) بچنے والا ؛ پرہیز کرنے والا ؛ چھوڑنے والا ؛ کنارہ کش ہونے والا ؛ دست بردار ہونے والا ؛ مستعفی ہونے والا ۔

Forgood : (adv.) ہمیشہ کے لئے دائماً ۔

Forgood (and all) : فراغت پا کر ؛ کام ختم کرکے ؛ واپس نہ آنے کی نیت سے ۔

Forgotten : دیکھو Forget

Forhale : (v) توجہ پھیرنا یا موڑنا ؛ توجہ ہٹانا ؛ منعطف کرنا؛ کسی کا خیال باٹنا ؛ الجھن میں ڈالنا ؛ حیران کرنا ۔

Foristamiliate : (v) [med. L.'forisfamiliare'.] (دیوانی اور اسکاتستانی قانون) بیٹے کو وراثت کا حصہ دےکر اور اُس پر اُسے قابض دخیل گر دان کر اُس کو معاشری پابندیوں سے آزاد کرنا؛ بیٹے کا ورثہ مکمل طور پر اُس کے تصرف میں دے کر اُسے آزاد کرنا ۔

Forisfamiliation : (n) بیٹے کا ورثہ کامل طور پر اُس کے تصرف میں دے کر اُسے معاشری پابندیوں سے آزاد کرنے کا عمل ۔

Forjudge : (v) [OF.'fourjugier'.] فیصلے کے بدلےبےدخل کرنا ؛ نکال دینا ؛ بٹا دینا ؛ خارج کر دینا ۔

Fork : (n) [L.'furca'.] (۱) دو شاخہ ؛فورک ؛ کانٹا؛ سرشاخہ ۔ (۲) ایک لمبا کئی شاخوں والا اوزار(کھودنے، چیزیں اٹھانے، لے جانے اور پھینکنے کےلئے)؛ ٹنگلی ؛ چنگالی ۔ (۳) دو یا تین دندانوں کا کانٹا جس سے کھانا کھاتے ہیں اور جو باورچی خانے میں استعمال ہوتا ہے ۔(٤) موسیقی کا ایک فولادی ساز جس پر ضرب لگانے سے ایک خاص قسم کا سرگم پیدا ہوتا ہے؛ سر کا دو شاخہ ۔ (٥) دوشاخہ بجلی کی کوند ۔ (٦) (جمع میں) دوشاخہ یا سہ شاخہ یا کانٹیں ؛ چنگالی کی شاخیں ۔ (۷) دو (یا زیادہ) شاخوں والی کوئی چیز ؛ شاخدار سرے والا کھجا؛ کھونٹا؛ چھڑی جو سہارا ٹیک یا اڑواز کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔ (۸) (شطرنج) ایک مہرے سے بہ یک وقت دو مہروں پر حملہ ۔(۹) مختلف شاخوں پر تقسیم یا وہ جگہ جہاں کوئی چیز شاخوں کوتقسیم کرتی ہے (لہٰذا) ۔(۱۰)انسانی جسم کا وہ نچلا حصہ جہاں سے ٹانگیں علاحدہ ہوتی ہیں ۔ (۱۱) طلسمی چھڑی ؛ جادو کی چھڑی ؛ وہ دوشاخہ جس کی مدد سے زیر زمین معدنیات یا پانی معلوم کی جاتی ہیں ۔ (۱۲)خراد مشین میں لگا ہوا فولاد کا ایک ٹکڑا جو خرادے جانےوالے ٹکڑے کو چاروں طرف گھماتا ہے ۔ (۱۳)زمین کے آگے اور پیچھے کا نکلا ہوا حصہ ۔(۱٤) (معدنیات) کان میں پانی جانےوالی سیّال چیزوں کو جمع کرنے کےلئےبنائے ہوئے گڈھے یا کنوئیں کی تہ ۔

Knives and forks : کار دو چنگالی ؛ چھری کانٹا ۔

Tuning fork : سُر کا دوشاخہ ۔

Fork : (v) (۱) ایک دوشاخہ لکڑی سے سہارا لگانا (ٹیک لگانا) جس طرح انگور کی بیل وغیرہ کو سہارا دیتے ہیں ؛ شاخدار بنانا ؛ شاخہ شاخہ ہونا ؛ دو یا

زیادہ حصوں میں تقسیم کرنا ؛ دو یا زیادہ شاخوں میں تقسیم کرنا ؛ الگ الگ ہونا ۔ (۲) چیرنا؛ دونوں طرف پھیلانا جیسے انسان اپنی ٹانگیں چیر کر کھڑا ہوتا ہے یا ایک نقطہ سے دو طرف سڑکیں (راستے) پھیل جاتی ہیں یا جس طرح درخت کی شاخیں ۔ (۳) شاخیں بنانا یا پیدا ہونا ؛ دو شاخہ یا چند شاخہ ہونا ۔ (٤) دو شاخہ یا چنگالی سے اٹھانا؛ پھینکنا ؛ کھودنا ؛ اُٹھا کر لے جانا ۔ (٥) چنگالی کو استعمال کرنا ؛ چنگالی نما یا چنگال دار ہونا ۔ (٦) (دونوں کا) پھوٹنا؛ اُگنا؛ کلی نکلنا؛ سونے نکلنا ؛ کلیانا؛ شاخیں نکلنا یا نکالنا ۔ (۷) دو شاخہ نما بنانا ؛ چنگالی دار؛ چنگالی نما بنانا ۔ (۸) (کان کنی) پانی کو پمپ کر کے (کان کو) خشک کرنا ؛ پمپ کے ذریعہ (پانی) نکالنا ۔ (۹) (شطرنج) دو مہروں پر بہ یک وقت حملہ کرنا ۔ (۱۰) بجلی کا شاخ درشاخ ہو کر چمکنا ؛ بجلی کا لہردار کوندنا ۔ (۱۱) گھوڑے پر اُچک کر چڑھنا ۔

To fork out/-over/-up : حوالہ کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا؛ دے دینا ؛ ادا کرنا؛ دینا ۔

Fork-beam : (n) (جہاز رانی) جہاز کے عرشے میں آڑی ترچھی لگی ہوئی بلّیوں کے کناروں کی مزید حفاظت کے لئے لگا ہوا شاخدار شہتیر ۔

Fork-beard : (n) مچھلیوں کی ایک جنس ۔

Fork chuck : (n) دو یا زیادہ دندانوں والا چاک یا شیک (جس کے ذریعہ) لکڑی گھومائی جاتی ہے ۔

Fork-head : (n) (۱) (میکانیات) دوہرے سروں والا یا دوشاخہ چھڑ جسے ایک کیل کے ذریعہ کسی دوسری چھڑ یا قلابے سے جوڑا جاسکے ۔ (۲) (پیچھے سے چلنے والے بحری بھاپ انجن میں) ایک عرضی چھڑ جو سرے والے ہر ایک کناروں کو جوڑتی ہے ۔

Fork length : (n) ایک مچھلی کی لمبائی (سر سے دُم تک) ۔

Fork moss : (n) ایک قسم کی کائی ۔

Fork of a river : (n) سنگم ۔

Fork-tail : (n) (۱) چار سال کی عمر کی سالمن مچھلی ۔ (۲) اُن پرندوں کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے جن کی دُم دو شاخہ ہوتی ہے ۔

Fork-tailed : (a) دو شاخہ دُم والا (پرند) ۔

Fork wrench : (n) سرسی ؛ سنسی ؛ پلاس ؛ نٹ وغیرہ کَسنے کا دو جبڑوں والا آلہ ؛ پیچ کش ۔

Forked : (a) (۱) ایک طرف سے دو شاخہ ؛ ایسا جس سے شاخیں نکلی ہوئی ہوں ؛ منفرج ؛ پھٹا ہوا ؛ چیرا ہوا ؛ دو ٹانگوں والا ؛ شاخہ دار ؛ دوشاخہ؛ چنگالی دار ؛ شاخ دار ؛ سینگوں سے الگ کیا ہوا ؛ شاخوں میں بٹا ہوا ؛ دو شاخہ نما ؛ چنگالی نما ؛ کئی شاخیں یا کانٹے رکھنے والا؛ چند پہلو؛ شگافتہ ؛ منشعب ؛ منشق ؛ دو پایہ ؛ دو پیروں والا ؛ شکستہ ؛ شاخہ شاخہ ۔ (۲) (مجازاً) دو معنی ؛ دو پہلو ؛ مبہم ؛ مشکوک ؛ مشتبہ (متروک) ۔

Forked circuit : (n) (برقیات) منقسم دور ۔

Forked lightning : (n) شاخ دار بجلی ۔

Three-forked : تین شاخوں والا ؛ سہ شاخہ ۔

Forked chain : (n) شاخ دار زنجیر ۔

Forked tongue : (a) گول مول بات کرنےوالا ؛ ٹال مٹول کرنے والا ؛ مطلب کی بات اُڑا جانے والا ؛ مذبذب گفتگو کرنے والا ؛ مبہم یا دو معنی باتیں کرنے والا ۔

Forkedly : (adv.) (۱) دو شاخے کی طرح سے؛ شاخ شاخ ہو کر ہو کر ؛ بانداز شگافتہ ؛ چنگالی دار ہو کر ۔ (۲) (مجازاً) دو معنی انداز میں ؛ مبہم یا مشکوک طور پر ۔

Forkedness : (n) شگافتگی ؛ انشقاق ؛ شاخہ دار ہونے کی حالت یا صفت ؛ شاخ داریت ؛ (مجازاً) ابہام ؛ تشکیک ؛ اشتباہ ۔

Forkeeps : (adv.) مستقل طور پر ؛ ہمیشہ کے لئے ۔

Forkful : (n) چنگال بھر ؛ فورک بھر (ایک فورک میں جتنا اُٹھ سکے) ۔

Forking : (a) (نباتیات) شاخہ دار ۔

Forkiness : (n) شگافتگی ؛ شاخ درشاخ ہونے کی حالت ؛ چنگال دار یا شاخ دار ہونے کی حالت ؛ دوشاخیت ۔

Forkless : (a) بے شاخہ ؛ بغیر چنگالی کے ۔

Forklift : (n) بھاری اور وزنی چیزوں کو اٹھانےکی ایک مشین ۔

Forky : (a) ؛ شاخ دار؛ کانٹے کی طرح (عموماً شاعری میں) چنگال نما؛ دوشاخہ نما ؛ چنگال دار؛ دو حصوں میں منقسم ؛ شاخ درشاخ ؛ چنگالی ؛ شاخہ شاخہ ؛ منشعب ؛ شگافتگی ۔

Forlana/Furlana (n) [IT.'Forlano'.] (۱) ایک قسم کا اطالوی نشاط انگیز رقص ۔(۲) ایسے رقص کےلئےموسیقی ۔

Forlay : دیکھو Forelay

Forlorn : (a) [OE.'pa. pple. of forlese'.] (۱) مایوس ؛ ناامید ؛ وامانده ؛ دل شکسته ؛ محزون ؛ لاچار(جس کو سبھو نے چھوڑ دیا ھو) ؛ چھوڑا ھوا (متروک) ؛ تن تنہا؛ بیکس؛ بے یارو مددگار؛ تباہ و برباد شده ؛ غیر آباد ؛ ویران ؛ اجاڑ ؛ بنجر ؛ سنسان ۔(۲) (شاعری) محروم؛ قابل رحم حالت میں ؛ آفت رسیده ؛ غم زده ؛ مبتذل صورت ؛ مصیبت زده ؛ رنج یافته ؛ دھکا کھایا ھوا ؛ توڑا مروڑا ھوا ؛ مسخ کیا ھوا ۔

Forlorn hope : (n) [Du.'verloren hop'.] (۱) (قلعہ یا غنیم کی فوج پر) حملے کا آغازکرنے والے منتخب سپاہیوں کا دسته ؛ دھاوا بولنے کےلئے متعینہ دسته ؛ طوفانی دسته ؛ حملہ آور دسته ؛ (نیز مجازاً) ۔(۲) (جمع میں) بے خوف جانباز ؛ بے جگری سےلڑنے والے ؛ جری جانباز ؛ ناعاقبت اندیش جانباز ۔(۳) انتہائی مشکل مہم ؛ جان جوکھم کا کام ؛ خطر ناک مہم ۔(٤) مایوسی کی حالت میں لاچارھو کر کوئی کام کر بیٹھنا ۔ (٥) امید موھوم ۔

Forlorn verb : (n) نامکمل فعل ۔

Forlornly : (adv.) (۱) مایوسی سے ؛ ناامیدی سے ؛ تباہ و برباد ھو کر ؛ بےیارو مددگار ھو کر ؛ وامانده و دل شکسته ھو کر ۔(۲) ویرانے کے طور پر ؛ اجاڑ یا غیرآباد یا بنجر طور پر؛ متروک انداز میں ؛ غم زده طو ر پر ؛ مصیبت زده حالت میں ۔

Forlornness : (n) یاس ؛ ناامیدی ؛ واماندگی ؛ شکستگی ؛ بے کسی ؛ بیچارگی؛ تباہی ؛ بربادی ؛ ویرانی ؛ متروکیت؛ اجاڑپن؛ محرومی؛ قابل رحم حالت؛ غم زدگی ؛ مصیبت زدگی ۔

Form : (n) [L.'forma'.] (۱) صورت ؛ شکل ؛ ترتیب اعضا و اجزا ؛ ظاہری صورت (قطع نظر رنگ کے) ؛ جسم کی شکل ، تناسب اعضاء ؛ چہرہ بیکل ؛ پیکر ؛ جسمانی ساخت ؛ وضع ؛ ہیئت ؛ فورم ۔ (۲) شخص یا جانور جیسا بظاہر نظر آتا ھو ۔ (۳) (فلسفہ) وہ جو مادہ کو ایک معین بنادے ؛ بنیادی تخلیقی صفت ۔(٤) (فلسفہ بیکن) اشیا کے وجود کے وہ اسباب جن کو جان کر ہم ان اشیا کو پیدا کرسکتے ہیں، وہ معروضی صفات جن پر کوئی محسوس صفت یا جسم اپنے وجود کےلئےمنحصر کرتا ھے ۔ (٥) (فلسفہ کانٹ) تکوینی مبادی جو شے کے عناصر کو مجتمع رکھتی ھے ۔(٦) وہ مخصوص ہیئت، قسم، نوع جس میں (جس کے تحت میں ، جس کی شکل میں) کوئی شکل موجود ھو یا اپنے کو ظاہر کرے ؛ قسم؛ نوع، جنس ۔(۷) (لسانیات) لفظ کی وہ صورت جس کو وہ بجا، تلفظ یا گردان میں اختیار کرتا ھے ؛ معنی سے قطع نظر کر کے لفظ کی ظاہری خصوصیات ، تلفظ، ہجا، گرادن کی ان مختلف شکلوں میں سے کوئی ایک جن کے تحت کوئی لفظ ظاہر ھوسکتا ھے ۔ (۸) پبلک مدارس میں جماعت بندی (جو عموماً ششم سے اترتے ھوئے یکم تک شمار کی جاتی ھے) ۔(۹) (علم وادب، موسیقی) تصنیف و تالیف میں ترتیب و طرز بیان وانشاء خیالات وغیرہ کی بہتر یا درست ترتیب ۔ (۱۰) حسب قاعدہ مرتب دستاویزات یا ایسی دستاویزات جن میں معین خالی مقامات الفاظ سے بدلے جائیں ۔(۱۱) ترتیب الفاظ ؛ بعض مطالب کے لئےمقررہ الفاظ یا فقرے؛ الفاظ کی معینہ ترتیب کا مجموعہ ۔ (۱۲) صحت کی حالت؛ ترتیب؛ عادت؛ معمولی ۔ (۱۳) رسمی طریقہ ؛ رواج ؛ طرز عمل (قاعدے یامدارج کےمطابق) ؛ رسم و رواج ؛ طرز زندگی ؛ طرزحیات ۔ (۱٤) (طباعت) ٹائپ کا مجموعہ جوایک بندش میں جمایا گیا ھو تاکہ ایک داب میں اس سے چھپائی کی جا سکے ۔ (۱٥) جسمانی ورزش کی عادت؛ ملکہ ۔(۱٦) ایک لمبی بیٹھنے کی جگہ (Bench) بے پشت کا ۔ (۱۷)خرگوش کےرہنے کی جگہ ؛ (شاذ) ہرن کے رہنے کی جگہ ۔ (۱۸) (جمع میں) جسم کے مختلف حصوں کی شکل ۔(۱۹) (ماہر بلوریات یا قلمیات کا علم) باہم مماثل پہلوؤں کا مجموعہ ۔(۲۰) پابندی آداب و رسوم، پابندی آداب مجلس ؛ پابندی شعار ؛ ظاہری اخلاق و آداب ؛ ظاہری مذہبی ریت یا رسم ؛ رسوم تشریفات کی پابندی ؛ محض ظاہر داری یا تکلفات ۔(۲۱) (کھیل کود) (گھوڑے کی جسمانی اور تربیتی حالت ؛ درستگی ؛ موزونیت ؛ دوڑنے کی رفتار یا اندازہ ، طرز رفتار ؛ دوڑ کے مقابلےمیں گذشتہ کارکردگی؛ (کھلاڑیوں کے لئےبھی عموماً کہا جاتاھے) ۔ (۲۲) زندگی ؛ زندہ دلی ؛ بلند حوصلگی ؛ قوت گویائی ؛ منچلاپن (بول چال میں) ۔(۲۳) کپاس کا نارس

Form : (v) [L.'formare'.] (۱) بنانا ؛ گھڑنا ؛ مخصوص شکل دینا؛ ڈھالنا (کسی شکل میں) ۔ (۲) کوئی صورت یا شکل اختیار کرنا ۔ (۳) منجمد یا سخت ہو جانا ۔ (٤) (کسی شخص یا اس کے قوی کو) تربیت یا تعلیم دے کر ایک خاص وضع یا شکل پیدا کرنا؛ تربیت دینا ؛ سکھانا ؛ (کسی جماعت کو) منظم کرنا، جماعت کی شکل میں مجسم کرنا؛ ترتیب دینا ۔ (٥) نقشہ تیار کرنا ؛ ڈول ڈالنا؛ پیدا کرنا ؛ بنانا ؛ تخلیق کرنا ؛ وجود میں لانا۔ (٦) تلفظ کرنا ؛ (الفاظ) ادا کرنا؛ ترتیل سےبولنا ؛ یا ادا کرنا؛ معاہدہ کرنا؛ خیال میں لانا ؛ سوچنا؛ تصور کرنا ۔ (۷) ترقی دینا؛ فروغ دینا؛ بڑھانا (تجارت) ؛ اتحاد میں شامل ہونا ۔ (۸) کسی چیز کا حصہ ہونا؛ کسی چیز کا جزو بن جانا ؛ مرکب کرنا ؛ کسی چیز کے ساتھ مل کر اسے یا اس کے ایک حصے کو مکمل کرنا ۔ (۹) (نحو) اشتقاق یا گردان کے ذریعہ نیالفظ بنانا ؛ وضع کرنا ؛ (کسی لفظ یا لفظ کےمادے سے) جدید لفظ پیدا کرنا ۔ (۱۰) (فوج، بحری) ترتیب دینا ؛ کسی خاص ترتیب کے ساتھ قائم کرنا یا ہونا؛ کسی معینہ نظم و ضبط کے ساتھ کھڑا کرنا (فوج کو) ۔ (۱۱) برقی ذخیرہ اندوز بیٹری میں استعمال ہونے کےلئے لیڈ ڈائی اکسائڈ لگاکر مثبت پلیٹیں اور اسفنجی لیڈ (جستہ) لگا کر منفی پلیٹیں تیار کرنا؛ حوض یا ٹنکی کو کھولنے کے بعد یا کچھ دن بیکار رہنے کےبعد اس کے اندر کی نمی اور گیس کو دور کرنے کےلئےمرکری آرک رکٹی فرائر کو استعمال کرنا ۔ (۱۲) تشکیل پانا ؛ وجود میں آنا ؛ پیدا ہونا؛ ابھرنا؛ بلند ہونا؛ نمودار ہونا ۔

To form after, by, form, upon, pattern : کسی نمونے کے مطابق ڈھالنا ؛ گھڑنا ۔

To form a habit : عادت ڈالنا ۔

To form column : پرا باندھ کر کھڑا کرنا یا ہونا ؛ (سپاہیوں کو) ۔

To form fours : چار چار کی قطار میں (سپاہیوں) کو کھڑا کرنا یا سپاہیوں کا اس طرح کھڑا ہونا ۔

To form line : صف بناکر کھڑا کرنا یا کھڑا ہونا ۔

To form one or part of : کوئی چیز بن جانا یا بنانا یا اس کا ایک حصہ بن جانا (بنا دینا) اس میں شامل ہو جانا، مل جانا ؛ شامل کر دینا یا ملا دینا ۔

پھول ۔ (۲٤) مناسب شکل ؛ باقاعدگی ؛ مناسبت؛ باضابطگی؛ ترتیبی؛ ہمواری؛ سڈول پن ؛ مناسب، خوش اسلوبی ؛ خوش ترتیبی ؛ نیز فوجی صف بندی ؛ فوجی ترتیب ، فوج کی آراستگی ؛ فوجی قطار ۔ (۲٥) وہ شکل یا ترتیب جس میں موسیقی کے خیالات پیش کئے جاتے ہیں ۔ (۲٦) سانچہ ؛ ڈھانچہ ؛ وہ چیز جس کے ذریعہ کوئی چیز متشکل ہوتی ہے یا بنتی ہے ۔ (۲۷) (فلسفہ) عرض ۔ (۲۸) (سماجیات) رسم ؛ رسوم ۔

Good (on bad) form : اچھا یا برا طرز عمل ؛ مطابق رواج یا موجودہ رسوم کے خلاف ؛ تمیز یا بدتمیزی ۔

In a bad form : واریختہ ؛ نا منظم ۔

In due form : مقررہ ترتیب الفاظ کے ساتھ ؛ معینہ صورت میں درست حالت میں ؛ ٹھیک حالت میں ؛ دستاویزوں اور عبارتوں کے متعلق) اسی شکل میں ، جیسا کہ چاہیئے ۔

In form : دیکھو In due form

In (full, great) form : بہت خوش و خرم ؛ انتہائی شگفتہ ۔

In like fom : یکساں انداز میں ؛ یکساں ہیئت ؛ ہم شکل انداز میں ؛ مشابہ ہیئت میں ؛ مماثل صورت میں ؛ ویسا ہی ۔

In or out of form : کوئی کام (کھیل) کرنے کے قابل یا ناقابل (مثلاً گھوڑے کا گھڑ دوڑ کےقابل ہونا یا نہ ہونا) ۔

In proper form : دیکھو In due form

Saw a form, the form of, before me : ایک پیکر (فلاں شخص کا پیکر) میں نے اپنے سامنے دیکھا ۔

That is common form : یہی عام، رواجی ، طرز (بیان یا تحریر) ہے ۔

To lose one's form : عادت باقی نہ رہنا ؛ خارج ازتربیت ہو جانا؛ کھیل کا ملکہ باقی نہ رہنا ؛ عادت چھٹ جانا ۔

Was in great form : بہت شگفتہ مزاج تھا ؛ بہت خوش وخرم ہونا ۔

To form the siege (of a place) : کسی جگہ کا تیزی سے محاصرہ کرنا ۔

Form : (v) خرگوش کا دوڑ کر اپنے بھٹ میں گُھس جانا ؛ دُبک جانا ۔

Form : (کیمیا) Formyl یا Formic کے مرکبات ۔

Form : [L. 'formis'.] لاحقہ شکل ظاہر کرنےاورتعداد اشکال بتانے کے لئے ۔

Cruciform : صلیبی ؛ صلیب کی شکل کا ۔

Cunciform : تکونا ؛ نکیلا ؛ الٹا مثلثی ۔

Diversiform : مختلف شکلوں کے ۔

Multiform : بہت شکلوں کے ۔

Uniform : ایک شکل کے ؛ ہم شکل ۔

Form and matter : (n) (فلسفہ) عرض و جوہر ۔

Form of address : (n) کسی مخصوص عہدے یا مرتبے والے شخص کو زبانی یا تحریری طور پر مخاطب کرنے کا کوئی مقبول عام ضابطہ ؛ القاب و آداب ؛ خطاب یا انداز تخاطب ۔

Form of forms : (n) مسبب الاسباب ؛ سبب اول ؛ خدا ؛ علت العلل ؛ علت اولیٰ ۔

Form-word : (n) (صرف و نحو) گردان کا لفظ ۔

Forma pauperis : (n) صیغہ مفلسی ۔

Formal : (a) [L.'formalis'.] (۱) رسمی ؛ اصلی ؛ اساسی ؛ بیئتی ؛ ظاہری ؛ صوری ۔ (۲) (مابعد) شے کی اصلیت اور ماہیت کےمتعلق ۔ (۳) بہ ترتیب و تنظیم یا بہ صفات خارجی ۔ (٤) (منطق) استدلال کی صورت (نہ کہ مادہ) کے متعلق ۔ (٥) اپنی شکل و صورت کے لحاظ سے جائز اور بجا ؛ صریح و قطعی (نہ کہ بعض ضمنی) ۔ (٦) رسم و رواج کےمطابق ؛ تکلفی ؛ ظاہر دار ۔ (۷) بےپروائی کا (ظاہر داری ہو مگر خواہش اور احساس نہ ہو) ۔ (۸) رسمی طریقوں کی پابندی کرنےوالا؛ اپنی عادتوں میں چست، چوکس نہایت درجے کا باقاعدہ ؛ قاعدے اور طریقے پر کاربند ؛ اپنے طریقوں پر سختی سے عامل ؛ سخت ؛ روکھا ؛ کام کو مقررہ اُسلوب اورطریقے سے کرنےوالا ؛ باقاعدہ ؛ بااصول (شخص) ۔ (۹) سلیم الطبع ؛ عقل سلیم رکھنے والا ؛ سلیم العقل ؛ صحیح الدماغ ؛ سمجھ دار یا معقول ؛ دانا ؛ عاقل ؛ صحیح الحواس ؛ زیرک جو دیوانہ نہ ہو ۔ (۱۰) مقررہ طریق اور اسلوب سے کیا ہوا ؛ رسمی اور باقاعدہ طور پر انجام دیا ہوا ؛ جائز شکل میں کیا ہوا یا انجام دیا ہوا؛ معین ؛ مقرر؛ صریح ؛ قطعی ؛ واضح ۔ (۱۱) رسمی ؛ ملکی ؛ سرکاری ؛ ریاستی؛ سرکاری یا ریاستی تقریبات کےلئے مخصوص یا عمل میں آنے والا ۔ (۱۲) محض صوری ؛ ظاہری ؛ شکلی ؛ بیئتی ؛ رسمی ؛ رواجی ۔ (۱۳) انتہائی باضابطگی ، مناسبت و موزونیت کا حامل ہونے یا ظاہر کرنے والا ؛ انتہائی پابند؛ غیر آزاد ۔

Formal : (n) (۱) (جمع میں) رسمی بات یا چیز ؛ صریح یا باقاعدہ کام ؛ پابند ضابطہ شخص ؛ کوئی چیز جو خاصیۃً رسمی یا باقاعدہ ہو مثلاً کوئی سماجی کام یا رقص کےلئے مخصوص لباس کا ہونا ضروری ہے ۔ (۲) زنانہ کُرتایا گون جو عموماً ٹخنوں یا فرش تک لمبا ہوتا ہے یا شام کا لباس جو سماجی تقریبات میں پہنا جاتاہے ۔ (۳) مردو ں کےلئے ٹیل کوٹ (جس کا پچھلا حصہ نیچے تک لانبا ہو) اسی کے مناسبت سے پینٹ جو عموماً سیاہ ، سیاہی مائل نیلے رنگ کا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ سفید قمیص اور سفید بوٹائی ہوتی ہےاور کہیں کہیں اس کے ساتھ کمربند بھی ہوتا ہے؛ جامہ شب ؛ رسمی شب خوابی لباس (مردانہ) ۔

Formal : (a) (۱) رسمی ؛ صُوَری ، عَرَضی ۔ (۲) (قانون) باضابطہ ۔

A formal address : خطاب رسمی ۔

Formal call : (n) حسب رواج کسی کےمکان پر بلانا ؛ ملاقات کےلئے جانا؛ رسمی ملاقات ؛ ضابطہ کی ملاقات ۔

Formal cause : (n) (فلسفہ) علت صوری ۔

Formal definition : (n) باضابطہ تعریف ۔

Formal schism : (n) ظاہری جماعت بندی یا فرقہ بندی ؛ ظاہری تفرقہ ؛ ظاہری پھوٹ ۔

Formal schismatic : (a) ظاہری فرقہ بندی کا ؛ ظاہری تفرقہ انداز ؛ بظاہر اعتزالی ؛ رافضی یا خارجی ۔

Formal sin : (n) (دینیات) وہ گناہ جو صرف ظاہری عمل پر مبنی نہ ہو بلکہ اس میں ارادے اور نیت کو بھی دخل ہو ؛ گناہ بالعمد ؛ تقصیر بالقصد ۔

Formal truth : (n) (منطق) حقیقت صُوَری ۔

Formaldehyde : (n) ایک تریاقی اور دافع جراثیم دوا ۔

Formalin : (n) ایک تریاقی اور دافع جراثیم کا محلول ۔

Formalism : (n) (۱) رواج ؛ دستور اور قاعدہ کی پابندی ؛ رسم پرستی ؛ سخت باضابطگی؛ انتہائی باقاعدگی ؛ سخت یا انتہائی پابندی رسوم و ضوابط ۔ (۲) رسمی، ظاہری یا سطحی باتوں کو زیادہ وقعت دینے یا بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کا رجحان یا میلان (خاص کر مذہبی معاملات میں)؛ (فلسفہ) صُوَریت، (بن) شعائر پرست ۔

Formalist : (n) رواج، دستور اور قاعدے کی پابندی کرنے والا ؛ تشریفاتی ؛ پابند رسوم و ضوابط ؛ آداب ورسوم یا قواعد وضوابط کی پابندی پر سخت اصرار کرنےوالا ۔

Formalistic : (a) جس بات سے (کام سے) قاعدہ اورضابطہ کی پابندی مترشح ہو ؛ پابندی رسوم سے متعلق ۔

Formality : (n) [L.'formalitas '.] (۱) دستور ؛ رواج ؛ طور ؛ وضع ؛ طریقہ ؛ قاعدہ ؛ اسلوب ؛ مناسبت ؛ شائستگی ؛ معقولیت ؛ اصولوں کی مطابقت ؛ اصول پرستی؛ رسم پرستی ۔ (۲)تقریب یارسم جو بہت ساز و سامان کےساتھ انجام دی جائے ۔ (۳) کوئی رسم یا رواجی کاروائی ۔ (٤) آداب مجلس یارواج کےلوازمات ۔ (٥) دستور اور رواج پر کاربندی ۔ (٦) آداب صحبت یا مجلس کی پابندی ۔ (۷) وہ کام جو آداب و رسوم کی پابندی کے تحت یا اس کی خاطر کرنا پڑے ۔ (۸) (تاریخ) (واحد و جمع) کسی عہدے یا رتبے کا مخصوص لباس ؛ نشان امتیاز ؛ تمغہ ۔ (۹) رسمی یا تشریفاتی ہونے کی صفت ؛ پابندِ رسوم و ضوابط ہونے کی صفت ؛ انتہائی باقاعدگی یا سختی ؛ سخت پابندیء آداب ؛ انتہائی تکلف ۔

Formalize : (v) (۱) کسی چیز کو قطعی شکل دینا یا قانونی ترتیب میں لانا ؛ متشکل کرنا ؛ مجسم کرنا ؛ کسی صورت میں بدلنا ۔ (۲) کسی بات (یا کام) کو بہت تکلف آمیز اور رسمی بنانا ۔ (۳) وضع داری کی شدت سے پابندی کرنا؛ پابندیء آداب و رسوم پر سخت کاربند ہونا ۔ (٤) پابندیء رسم و رواج کا احساس پیدا کردینا ۔ (٥) تکلف یا ظاہرداری برتنا ؛ پابندِ رسوم ہونا ۔

Formalization : (n) (کسی چیز یا امر کو) رسمی (مقرر رواج یاطریقوں کا پابند) بنا دینا ؛ قطعی شکل بندی یا تشکیل ؛ قانونی ترتیب دہی ؛ مجسم کرنے یا کسی صورت میں لانے کا عمل ؛ سخت پابندیء آداب و رسوم ؛ پابندیء رسوم ؛ تکلف اورظاہر داری برتنے کا عمل ۔

Formally : (adv.) (۱) دستور،رواج، قاعدہ اور طریقے کے مطابق؛ رسماً ؛ رواجاً ؛ باضابطگی سے؛ باقاعدگی سے ؛ پابندی آداب ورسوم کے ساتھ ۔ (۲) صریحاً؛ واضح طور سے؛ قطعاً ۔(۳) مجوزہ شکل میں ؛ رسمی شکل میں ؛ عام انداز میں ؛ مطابق دستور ؛ مروجہ یا رواجی شکل میں ؛ معینہ طور پر ۔(٤) تکلف سے ؛ تکلفانہ ۔ (٥) ظاہراً ؛ ظاہری طور پر ؛ باعتبار شکل و صورت ؛ باعتبار ہیئت ؛ ہیئتی انداز ۔

Formamide : (n) فورمک ایسڈ کا امائیڈ ۔

Formant : (n) تلفظ کی کیفیت کا معین کنندہ جزو ترکیبی ؛ متشکل ؛ مرکب ؛ مشتق ۔

Format : (n) کتاب کی شکل اور حجم اور تقطیع ۔

Formate : (n) (کیمیا) فارمک ایسڈ کا نمک ۔

Formation : (n) [L.'formationem'.] (۱) بناوٹ ؛ تشکیل ؛ ساخت ؛ متشکل ہونے یا کئے جانے کا عمل ؛ تخلیق ؛ تکوین ؛ آفرینش ؛ تصویر ۔ (۲) وہ چیز جس کی تشکیل کی گئی ہو ؛ جو بنائی گئی ہو ؛ متشکل یا مجسم چیز ۔ (۳) اجزاء و حصص کی بناوٹ ؛ ترتیب ۔ (٤) (فوجی اصطلاح) فوج کی آراستگی ؛ ترتیب ؛ صف بندی ۔ (٥) (طبقات الارض) ایسی چٹانوں یا زمین کے طبقات کا اجتماع جس کی بعض خصوصیتیں مشترک ہوں ۔(٦) جس انداز میں کوئی چیز بنی ہوئی ہو ؛ ظاہری ساخت ؛ ظاہری شکل و صورت ؛ وضع ؛ شکل ؛ ساختمان ؛ ظاہری ڈھانچہ ؛ ظاہری بناوٹ ۔ (۷) (نباتیات) نباتی جُھنڈ ۔ (۸) (حیوانیات) تکوین ۔(۹) (ارضیات) طبقات عصر ۔

Formative : (n) (۱) (صرف و نحو) اشتقاق وگردان کے سابقے اور لاحقے جن سے الفاظ بنائےجاتے ہیں ؛ جزو ترکیبی ؛ جس سےمل کر کوئی لفظ بنتا ہو ۔

(۲) ایسالفظ جو کسی مادے یا ماخذ سے؛ مروجہ قواعد و ضوابط کے مطابق بنایا گیا ہو ۔

Formative : (a) (۱) کسی چیز کو بنانے یا ترکیب دینے کی قابلیت رکھنے والا ؛ خالق ؛ موجد ؛ کسی چیز کو مجسم یا مشتکل کرنےوالا ؛ تشکیل دہندہ ؛ صورت دہندہ ۔ (۲) ظاہری شکل وصورت یا ڈھانچے کا یا اُس سےمتعلق شکلی ، وضعی، ہنیتی، کسی چیز کی صاخت کا یا اُس سے متعلق ۔(۳) (حیوانیات وعروض) نئی نسیجیں پیدا کرنے والا ؛ نئی نسیجوں کی پیدائش سے متعلق ۔ (٤) (گرامر) الفاظ کےاشتقاق اور گردانی جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہونے والا ؛ لفظ ساز ؛ الفاظ سازی میں کام آنے والا(سابقہ یا لاحقہ) ۔ (٥) (حیاتیات) تکوینی ؛ تشکیلی ۔

Formative element : (n) بنانےوالا ؛ ترکیب دینےوالا عنصر ۔

Formative period : (n) (حیوانیات) تشکیل زمانہ ۔

Formatively : (adv.) تشکیل دہندہ کےطور پر ؛ صورت دہندہ کے طور پر؛ خالقانہ ؛ موجدانہ ؛ مصورانہ ؛ ہنیتی یا وضعی انداز میں ؛ مجسم یا متشکل کرتے ہوئے ۔

Formativeness : (n) شکل دہندگی ؛ خلّاقی ؛ ایجاد ؛ صورت گری ؛ ہیئت سازی ۔

Forme : (n) (طباعت) ٹائپ کا مجموعہ جو ایک بندش میں جمایا گیا ہو تاکہ ایک داب میں اُس سے چھپائی کی جا سکے ؛ فرمہ ۔

Forme/-ee/Formy : (a) [F.f.'former'.] (نقابت) چلیپائی انداز میں (اسلحوں کا نشان) ۔

Formed : (a) (۱) ساختہ ؛ متشکل ؛ مجسم ؛ بناشدہ ؛ بنایا ہوا؛ صورت یافتہ، ہیئت یافتہ؛ کسی خاص صورت یا شکل کا ۔(۲) طے شدہ؛ متعین ؛ معین؛ واضح ؛ صریح ؛ مقررہ ؛ فیصل شدہ ؛ حتمی ؛ منفصل ؛ حد بستہ ؛ محدود ؛ مخصوص؛ غیر مشتبہ؛ اٹل ۔(۳) تربیت یافتہ؛ مہذب ؛ تعلیم یافتہ تہذیب و تربیت سے آراستہ ؛ پُختہ ؛ کامل ؛ مکمل نشو و نما یافتہ ؛ مکمل طور پر بالیدہ؛ بالغ ؛ (جانور) سدھایا ہوا ۔(٤)(نقابت) چلیپائی اندازمیں اسلحوں کا نشان ۔

Formene : (n) دلدلی گیس ؛ کاربنی ہائیڈروجن ؛ میتھین ؛ مارش گیس ۔

Former : (n) (۱) بنانے والا ؛ ساخت دہندہ ؛ شکل دہندہ ؛ وجود میں لانے والا ؛ خالق ؛ تشکیل کنندہ ؛ سازندہ ؛ آفرینندہ ؛ صورت گر ؛ وضع دہندہ ۔ (۲) وہ آلے جن کی مدد سے اشیا کو متشکل کیا جاتا ہے؛ سانچےجن میں چینی کے برتن وغیرہ ڈھالے جاتے ہیں ؛ قالب ؛ کاٹنے والا اوزار جس سےتراش کر کوئی وضع بنائی جاتی ہے ۔

Former : (a) (۱) گذرا ہوا ؛ پہلا ؛ پچھلا ؛ اگلے زمانے کا ؛ پیشین ؛ مقدم ؛ سابق ؛ عہد ماضی ۔ (۲) پہلے سے قبضہ کیا ہوا ؛ پہلے سے قبضے یا تصرف میں لا یا ہوا ۔(۳) حسب ترتیب دو میں سے پہلا ؛ اول الذکر (برخلاف آخر الذکر) ۔

In former time : گذرے ہوئے زمانے میں ؛ ماضی میں ۔

More like her former self : پہلے کی سی ہے ۔

Our former haunts : وہ جگہ جہاں ہم اگلے زمانے میں آیا جایا کرتےتھے (جہاں ہم پہلے زیادہ آتے جاتے تھے)؛ ہمارے پرانے اڈے ؛ ہماری پرانی جولان گاہ ۔

The former : پہلا ؛ حسب ترتیب دو میں سے پہلا ؛ مذکورہ دو میں سے پہلا ؛ اول الذکر (برخلاف آخر الذکر) ۔

Formeret : (n) (تعمیرات)محراب دار چھت کی ڈاٹ؛ عمودی دیوار پر بنی ہوئی محراب دارچھت کی محراب کے مقام اتصال پر بنی ہوئی اُبھرواں لکیر ۔

Formerly : (adv.) پہلے ؛ اگلے زمانے میں ؛ سابقاً ؛ پیشتر ؛ قبلاً ؛ اولا ۔

Formes frustes : (n) (طب) نا تمام اشکال ۔

Formful : (a) شکل دار ؛ متشکل ؛ پُر از شکل ؛ شکل سےبھرا ہوا ؛ خوش شکل ؛ خوش وضع ؛ خوش نما ؛ خوش قطع ؛ دیدہ زیب ؛ پُر تخیل ؛ صاحب تخیل ؛ بلند تخیل ؛ تخیلی ؛ قوت متخیلہ کا ؛ خیالی ؛ تصوراتی ۔

Formic : (a) [L.'formica+ -ic.] (کیمیا) بے رنگ تیز اڑجانے والا تیزاب جو اس رقیق مادے میں ہوتا ہے جو چیونٹیوں کے اندر سے نکلتا ہے ؛ عملی ؛ مُوری ؛ چیونٹیوں کا یا اُن سے متعلق (شاذ) ۔

Formic acid : (n) نملی تیزاب ۔

Formica : (n)[L.] (۱) (حشریات)چیونٹیوں کی ایک مخصوص جنس ۔(۲) بد گوشت، پھوڑے یا زائدے کی ایک قسم جو خاص طور پر باز کی چونچ یا کتے کے کانوں میں ہوتا ہے ۔

Formicarioid : (a) [L.'formicarius'.] پرندوں کی ایک قسم کا یا اُن سے متعلق جن کی خوراک چیونٹیاں ہوتی ہیں ۔

Formicarioid : (n) مور خور پرندوں کی قسموں میں سے ایک ۔

Formicarium : (n) چیونٹیوں کا مصنوعی گھونسلہ کا یا رہنے کی جگہ جو اُن کے مشاہدے یا مطالعے کی غرض سے بنائی جا تی ہے ؛ مُورخانہ ؛ چیونٹی گھر ۔

Formicary : (n) [med.L.'formicarium'.] چیونٹیوں کی رہنے کی جگہ ؛ دمکوڑا ؛ چیونٹی یا دیمک کے گھروں کے اوپر مٹی کا مخروطی شکل کا ڈھیر ؛ مُور تودا ۔

Formicate : (v) [L.'formicare'.] چیونٹیوں کی طرح رینگنا ؛ جُھنڈ میں چلنا ؛ یا جمع ہونا ؛ ازدحام کرنا ؛ ہجوم کرنا؛ باہم جمع ہونا؛ اُمنڈنا؛ نرغہ کرنا ۔

Formication : (n) [L.'formicationem'.] (مرضیات) جلد میں چیونٹیوں کے رینگنے کا سا احساس ہونا ؛ سر سراہٹ ؛ سر سرانا ؛ حِسّ نملی ۔

Formicid/-cide : (n) [mod.L.'Formicidoe'.] چیونٹی ؛ دیمک ؛ یا اس جنس کا دوسرا کیڑا ۔

Formicid/-cide : (a) چیونٹیوں کا یا اس سے متعلق ۔

Formidability : (n) خوفناکی ؛ ہیبت ناکی ؛ رعب داریت ؛ حیرت ناکی ۔

Formidable : (a) [L.'formidabilem'.] (۱) خوفناک ؛ ڈراؤنا ؛ مہیب ؛ ہیبت ناک ؛ دہشت ناک ؛ خدشہ آور ؛ مخدوش ؛ ترسناک ؛ وحشت زا ۔ (۲) سخت دشوار ؛ مشکل ؛ مرعوب کرنے والا ؛ وہ جس کومغلوب کر نا یا جس کا مقابلہ کرنا دشوار ہو ؛ جسے نپٹنا یا کرنا مشکل ہو ؛ شکست یا ناکامی کا خوف یا خدشہ پیدا کرنے والا ۔ (۳) مستحکم ۔(٤) قوی ہیکل ؛ تنومند ؛ بزرگ ؛ ممتاز ؛ حیرت ناک ؛ خوفناک (اپنے ڈیل ڈول ، مقدار، برتری یا خوبی کی بنا پر) ۔

Formidableness : (n) دیکھو Formidability

Formidably : (adv.) خوفناکی کےساتھ ؛رعب و داب کے ساتھ؛ مہیبانہ ؛ ہیبت ناک طور پر ؛ مرعوب کن انداز میں ؛ رعب دارطور پر ؛ حیرت ناکی کے ساتھ ۔

Forming : (n) تشکیل ؛ تخلیق ؛ ایجاد ؛ تہذیب ؛ ترکیب ؛ تنظیم ؛ تعلیم ؛ توضیح ؛ (الفاظ کی) ؛ تعلیم و تربیت یا تربیت دے کر کوئی خاص وضع یا شکل پیدا کرنے کا عمل ؛ بنائے جانے کا عمل یا طریقِ عمل ۔

Formless : (a) بے شکل ؛ بے صورت ؛ بے پیکر ؛ جس کی کوئی مقررہ شکل وصورت نہ ہو ؛ غیر جسمی ؛ غیر مجسم ؛ غیر متشکل ؛ نا تراشیدہ ؛ ڈھب ؛ بے ڈول ؛ ناقص ترتیب؛ غیر منظم ؛ غیر مہذب؛ ناتربیت یافتہ ؛ الھڑ ۔

Formlessly : (adv.) بغیر شکل کے ؛ غیر مجسم طور پر ؛ بے پیکر ہو کر ؛ بے ڈھب طور پر ؛ بے ترتیب یا غیر منظم انداز میں ۔

Formlessness : (n) بے پیکری ؛ بے شکلی ؛ غیر مجسم حالت ؛ بے جسمیت ؛ ناتراشیدگی ؛ بےترتیبی ۔

Formo- : Formic کا جزو ترکیبی جو کیمیائی ناموں کے ساتھ آتا ہے ۔

Formula : (n) [L.dim. of 'forma'.] (۱) الفاظ کی مقررہ ترتیب یا نشست ۔(۲) تعریف ؛ کسی اصول کا اعلان ۔ (۳) کسی خاص موقع پر زبان سے ادا کرنے کے لئے کوئی بیان ۔(٤) ایسا قاعدہ جس پر بغیر سمجھ عمل کیا جائے ۔ (٥) بول ؛ مروجہ عقیدے ؛ دستور ۔(٦) نسخہ ؛ ترکیب ؛ فارمولا ؛ ضابطہ؛ گُر ۔(۷) ایسا اصول جو اختلاف مقاصد و آراء میں موافقت پیدا کرے ۔ (۸) (ریاضی) الجبرائی علامات میں قاعدہ یا اصول ؛ ضابطہ۔ (۹) (کیمیا) علامات کے ذریعے سے کسی مادے کے اجزائے ترکیبی کا اظہار ۔(۱۰) بعض حقائق کا بذریعہ علامات و اعداد نقشہ یا جدول بنانا ۔ (۱۱) عام سائنسی استعمال میں علامات' واشکال کا مجموعہ جو حقائق کے کسی سیٹ کا اختصار پیش کرتا ہو ۔

Dental formula : دودھ پلانے والے جانوروں کے دانتوں کی ترتیب یا ایک مختصر خاکہ جس میں اُفقی خط کے ذریعہ دانتوں کی اوپری اور نچلی قطاروں میں دانتوں کی تعداد مندرج ہوتی ہے ۔

Diplomatists are seeking a formula : مدبرین ایک درمیانی شکل تلاش کر رہے ہیں (تاکہ اختلاف آراء کو دور کیا جاسکے) ۔

Formular : (a) [F.'formulaire'.] (۱) باقاعدہ ؛ باضابطہ ؛ درست شکل میں ؛ مناسب ؛ صحیح ۔(۲) کسی ضابطے یا فارمولے کا یا اُس سے متعلق ؛رسوم وضوابط سے چپکا ہوا (شخص) ۔

Formular : (n) کوئی منظور یا معین شکل ؛ ضابطوں کا مجموعہ؛ مجموعہ ضوابط؛ اصولوں یاضابطوں کےتحت پیش کیا ہوا بیان ؛ مقررہ ضابطے یا ضوابط کی حامل کوئی دستاویز جس کے مطابق کوئی کام کیا جاتا ہو ؛ وضع ؛ خاکہ ؛ نقشہ ؛ قسم ؛ طرح ؛ نوع ۔

Formularistic : (a) اصول وضوابط سے متعلق ؛ بااصول ؛ باضابطہ ؛ باقاعدہ ؛ جو اصول وضوابط کےتحت ہو یا جس سےاصول وضوابط کا اظہارہوتاہو ۔

Formularize : (v) ضابطہ بنانا ؛ ضابطہ کی شکل میں لانا ؛ فارمولے میں ظاہر کرنا ؛ قاعدے یا ضابطے کےتحت لکھنا یا بولنا ؛ باضابطہ کرنا ؛ باضابطگی بخشنا ؛ باقاعدہ کرنا یا بنانا ۔

Formularization : (n) ضابطہ بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ ضابطہ بنانے، ضابطے کی شکل میں لانے یا ضابطگی بخشنے کا عمل ۔

Formulary : (n) (۱) ضابطے کا مجموعہ ؛ دستور نامہ ؛ دستور العمل ۔(۲) اصولوں یا مقررہ بیانات یا عقائدی یا نسخوں کا مجموعہ ۔ (۳) کوئی دستاویز یا کتاب جس میں مقررہ اصول یا نسخے مندرج ہوں ؛ (خصوصاً عقائد یا مذہبی مراسم کےمتعلق) ۔(٤) مجموعہ عقائد و دستور العمل حقوقی ۔(٥) ضابطےیا ضوابط کی حامل کوئی دستاویز جس کےمطابق کوئی کام کیا جاتا ہو ۔

Formulary : (a) [F.'formulaire'.] فارمولے جیسا ؛ ضابطے کی نوعیت کا ؛ ضابطوں یا اصولوں کا یا اُن سے متعلق پابند ضوابط ؛ رسوم و ضوابط سے چپکا ہوا (شخص) ۔

Formulate : (v) (۱) ضابطے کا رتبہ دینا یا ضابطہ بنانا ۔ (۲) اصول کی صورت میں کسی امر کو ظاہر کرنا۔(۳) باقاعدہ یا معمولی طریقے پر (صورت میں) کسی چیز (یا امر) کو پیش کرنا ۔ (٤) تنظیم کرنا ؛ درست کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ منضبط کرنا ؛ منظم کرنا ؛ ضابطے کی شکل میں ۔ (٥) کسی معینہ اور منظم بیان کی صورت میں ترتیب دینا یا پیش کرنا ۔

Formulation : (n) ضابطہ بندی ؛ ضابطہ سازی ؛ ضابطہ بنانا یا ضابطہ کا رتبہ دینا ؛ قاعدہ سازی ؛ دستور سازی ؛ انضباط ؛ تنظیم ؛ ترتیب ؛ منضبط اظہار یا پیش کش ۔

Formulism : (n) مروجہ عقائد کا ماننا؛ عقیدہ پرستی ؛ رسم پرستی ؛ اصول و ضوابط کی سخت پابندی ؛ اصول و ضوابط پر انحصار ہونا ؛ رسوم و عقائد سے چپکا رہنا ؛ نیز نظام ضوابط ؛ ضابطیت ؛ سلسلہ ضوابط ۔

Formulist : (n) مروجہ عقائد کومانےوالا یاجو کسی اصول کا اعلان کرے یا کسی ضابطے کو مانے ؛ اصول و ضوابط کا پابند ؛ رسوم و عقائد سے چپکا رہنے والا ۔

Formulistic : (a) ضابطہ کی طرف رجحان رکھنے والا ؛ اصول و ضوابط کی پابندی کا میلان رکھنے والا ۔

Formulization : (n) انضباط ؛ ضابطہ بنانے کا عمل ؛ ضابطہ سازی ؛ ضابطہ میں ظاہر کرنے یا پیش کرنے کا عمل ۔

Formulize : (v) ضابطے میں لانا ؛ منضبط کرنا ؛ ضابطہ بنانا ؛ ضابطوں میں ظاہر کرنا یا پیش کرنا ۔

Formyl : (n) (کیمیا) فارمک ایسڈ کا مفروضہ جزو مستقل (C H O) فارمائل ۔

Fornical : (a) [L.'fornicem.] محراب نما چیزوں یا اعضا سے متعلق ۔

Fornicate : (v) [L.'fornicat-'.] (۱) غیرمنکوحہ عورت کےساتھ زنا کرنا ؛ زنا کرنا ؛ مقاربت جنسی کرنا ؛ زنا کا مرتکب ہونا ؛ حرام کاری کرنا ؛ بدکاری کرنا ؛ چھنالا کرنا ؛ ناکتخدا مرد و عورت کا بالارادہ مجامعت کرنا ۔ (۲) (مجازاً) بتوں کی خاطر خدا کو چھوڑبیٹھنا ؛ بُت پرستی کرنا ۔

Fornicate/Fornicated : (a) [L.'fornicatus'.] محراب نما ؛ محرابی؛ جھکا ہوا ؛ خمیدہ ؛ قوس نما ؛ قوسی؛ اوپر سے جھکا ہوا ؛ محراب دار ؛ (خاص کر نباتیات میں) پتے وغیرہ کا ۔

Fornication : (n) [late L.'fornicationem'.] (۱) مرد اور عورت کے درمیان مجامعت (جو بہ رضا و رغبت کی جائے) (عموماً غیر شادی شدہ مرد یا غیر شادی شدہ عورت کے ساتھ)۔(۲) زنا ؛ بد کاری ؛ حرام کاری ؛ چھنالا ؛ جندہ بازی ۔(۳) (مجازاً) بتوں کی خاطر خدا کو چھوڑ دینا ؛ بُت پرستی ؛ صنم پرستی ۔

Fornication : (n) [f.'fornicatus'.] (تعمیرات) طاق سازی ؛ محراب سازی ۔

Fornicator : (n) [f.fornicate : V.] جندہ باز ؛ زنا کار ؛ حرام کار؛ بدکار؛ زانی ؛ جو (غیر شادی شدہ ہو) ۔

Fornicatress : (n) زانیہ ؛ زن زنا کار ؛ زنا کار عورت ؛ چھنال ؛ بدکار عورت (بالقصد زنا کرنے والی غیرشادی شدہ عورت)؛ فاحشہ؛رنڈی ؛ کنواری زانیہ ؛ ناکتخدا زناکار عورت (جس نے غیر شادی شدہ مرد سے مجامعت کی ہو) ۔

Fornix : (n) [L.] (۱) محراب نما کو ئی چیز؛ قوسیہ ۔ (۲) (تشریح) دماغ کی محراب نما ساخت یا شکل ۔(۳) (نباتیات) کاسہء گل کی مختصر سی درازی ۔ (٤) (صدف) گھونگے کے وسط میں ابھرے ہوئےحصے کے نیچے کا کھوکھلا یا خول نما حصہ ۔

Forpass : (v) (۱) پیچھے جانا ؛ پیچھے کی طرف جانا ۔ (۲) پیچھے ہو جانا ؛ گذر جانا ؛ گذر کر پیچھے ہوجانا؛ گذشتہ یا رفتہ بن جانا؛ ماضی ہوجانا ۔

Forpine : (v) (متروك) گھُلادینا؛ لاغر کر دینا؛ دُبلا کر دینا ؛ کمزور کر دینا ۔

Forined : (a) (متروك) فاقوں کا مارا ؛ جوفاقہ کرتے کرتے سوکھ گیا ہو ؛ کمزور و ناتواں ہوگیا ہو ۔

Forrader : (adv) [colloq. pronunc. of forwarder.] زیادہ آگے ؛ مزید آگے ؛ نسبتاً زیادہ آگے ؛ بہت آگے ۔

Forsake : (v) [OE.'forsacan'.] (۱) چھوڑبیٹھنا؛ ترك کر دینا ؛ کسی چیز سے قطع تعلق کر لینا ؛ چھوڑ دینا ۔ (۲) کسی کو اپنی مدد، ہمدردی یا دوستی سے محروم کر دینا ۔(۳) ترك کردینا ؛ دست بردار ہو جانا؛ بالکل چھوڑ دینا ؛ خود کو الگ کرلینا؛ ہٹ جانا ؛ منہ موڑ لینا ۔

Forsaken : (a) چھوڑا ہوا ؛ متروك ؛ ویران ؛ غیر آباد ؛ اُجاڑ؛ سنسان ؛ تنہا چھوڑا ہوا ؛ اکیلا چھوڑا ہوا ؛ الگ کیا ہوا ؛ علیحدہ کیا ہوا ۔

Forsakenly : (adv.) متروك طورپر ؛ ویران ہو کر ؛ غیر آباد ہو کر ؛ تنہا ہو کر ؛ الگ ہو کر ۔

Forsakenness : (n) ویرانی ؛ غیر آبادیت ؛ اُجاڑپن ؛ اکیلاپن ؛ تنہائی علاحدگی ؛ متروکیت ۔

Forsaker : (n) چھوڑنےوالا ؛ ترك کرنے والا ؛ تارك (شاذ)

Fros and againsts : موافقت ؛ اور مخالفت میں ۔

Forslow/Foreslow : (v) [OE.'forsla'wian'.] (۱) دھیما پڑ جانا؛ سست ہو جانا؛ بےحس یا کم حس ہوجانا ؛ سستی یا کاہلی سے چھوڑ بیٹھنا؛ کھودینا؛ یا برباد کر دینا ؛ لیت ولعل کرنا ؛ التوا میں رکھنا ؛ درنگ کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ تاویل کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا؛ (متروك) ۔(۲) سست کر دینا ؛ دیر گزر بنادینا ؛ متاخر کردینا ؛ مزاحم ہونا ؛ روکنا ؛ باز رکھنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ سدّ راہ ہونا؛ خارج ہونا ؛ حائل ہونا ؛ روڑی اٹکانا ؛ خلل انداز ہونا ؛ (متروك) ۔

Forsooth : (n) ہاں میں ہاں ملانے والا ؛ ہر بات کو حقیقی اوربلاشبہ کہنے والا ؛ بناوٹی باتیں کرنے والا ؛ ظاہرداری برتنے والا ؛ ظاہر دار ۔

Forsooth : (adv.) درحقیقت ؛ فی الحقیقت ؛ صحیح طور پر ؛ سچائی سے ؛ بلاشبہ (ہمیشہ طنزاً استعمال ہوتا ہے) ۔

Forsooth : (v) رسماً پیش آنا ؛ رسمی برتاؤ کرنا ؛ ظاہر داری برتنا ؛ کسی کو طنزاً کیوں ، بلاشبہ کہنا ۔

Forspeak/Forespeak : (اسکاتستان) جادو کرنا ؛ سحر کرنا ؛ موہنا ؛ رجھانا ؛ لُبھانا ؛ فریفتہ کرنا ۔

Forspend/Forespend : (v) [OE.'forspendan'.] پوری طرح صرف کر ڈالنا ؛ بالکل ختم ہو جانا یا کردینا؛ از کار رفتہ ہو جانا ؛ کثرت استعمال سے بالکل گھِس جانا یا گھِس ڈالنا ؛ فرسودہ کر دینا یا ہو جانا ؛ گھِس کر مٹا دینا ؛ یا مٹ جانا ؛ خستہ ہو جاناً یا کرنا ؛ تھکا دینا ؛ عاجز کر دینا ۔

Forspent : (a) تھکا ہوا ؛ ماندہ ؛ تھکا ماندہ ؛ درماندہ ؛ عاجز ؛ خستہ ؛ از کار رفتہ ؛ فرسودہ ؛ گھِسا پٹا ۔

Forstall : دیکھو Forestall

Forswear : (v) [OE.'forswerian '.] (۱) انکاری قسم کھانا؛ حلفاً دست بردار ہو جانا ؛تو بہ کرنا (قسم کھاکر کسی چیز، بات یا عمل کو) ترك کرنا؛ تج دینا؛ چھوڑ دینا ؛ (ترك وطن وغیرہ کی) قسم کھا نا ۔ (۲) حلفاً یا حتمی طور پر انکار کرنا یا طلاق دینا ؛ حلفاً رد کر دینا یا تسلیم نہ کرنا ؛ حتمی طور پر قطع تعلق کرنا ۔(۳) جھوٹی قسم کھانا؛ دروغ حلفی کرنا ؛ دروغ بیانی کرنا ؛ جھوٹا حلف لینا ؛ دروغ حلفی کا مرتکب یا مجرم

ہونا ۔ (٤) (کسی بات کی) جھوٹی قسم کھانا ؛ قسم توڑنا ؛ نقض حلف کرنا؛ حلف وغیرہ لینے کے بعد بےوفائی کرنا ؛ قسمیہ اطاعت سے منحرف ہوجانا ؛ ترک وفا کرنا ؛ نمک حرامی کرنا ۔

To forswear oneself : دروغ حلفی کرنا ؛ جھوٹا حلف اُٹھانا ۔

Froswearer : (n) جھوٹی قسم کھانے والا ؛ دروغ حلفی کرنے والا ؛ دروغ حلفی کا مرتکب ؛ حلفیہ عہد کا توڑنے والا ؛ نقض حلف کا مجرم ۔

Forsworn : (a) جس نے جھوٹا حلف اُٹھا یا ہو ؛ دروغ حلفی کیا ہو ؛ جھوٹی قسم کھایا ہوا ۔

Forswornness : (n) دروغ حلفی ؛ جھوٹی بات کا حلف؛ جھوٹی قسم ؛ جھوٹا حلف ؛ دروغ بیان ۔

Forsythia : (n) [from Forsyth (1737-1804) English botanist.] پودے کی ایک جھاڑی دارجنس کا نام جس پر موسم بہار میں چمکیلے زرد اور گھنٹی نما پھول آتے ہیں ۔

Fort : (n) [F.] (١) مستحکم مقام (عموماً عمارت یا فوجی عمارت کا سلسلہ) ؛ قلعہ ؛ گڑھی ؛ حصہ گڑھ ؛ قلعہ بند یا محفوظ مقام ؛ دفاعی یا حفاظتی مقاصد سے قلعہ بنی ہوئی کوئی جگہ جو عموماً خندق ؛ پُشتے اور دورے یا مورچے سے گھری ہوتی ہے اور جس پر محافظ فوج تعینات ہوتی ہے ؛ سنگر ؛ استحکام ۔ (٢)(امریکا) تجارتی مرکز (جو پہلے قلعہ بند ہوا کرتا تھا) ۔

Fortalice : (n) [med. L. 'fortalitia '.] (متروک شاعری) قلعہ ؛ گڑھی ؛ (جدید معنوں میں) چھوٹا سا قلعہ یا قلعہ کے باہر استحکامات کا ایک چھوٹا سلسلہ؛ چھوٹا قلعہ ۔

Forte : (n) [F.fort.] (١) کسی شخص کی استعداد ؛ قابلیت ؛ کوئی خاص اخلاقی و دماغی قوت ۔ (٢) کوئی ایسی قوت یا حقیقت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو؛ نیز شاہکار ۔ (٣) تلوار کا پھل قبضے سے وسط تک (نیز مجازاً) ۔

Forte : (a) [IT.] (١) (موسیقی کی ہدایت) بلند (آواز، سُر وغیرہ) ۔ (٢) بلندی یا تیزی (آواز وغیرہ کی) ۔

Forte : (n) (موسیقی) بلندی یا تیزی (آواز وغیرہ کی) بلند سُر ؛ بلند آواز ؛ بلند آواز والا ٹکڑا (نغمہ کا) ۔

Forte : (adv.) بلندی یا تیزی سے ۔

Forte forte : (a) [Abbrev. f. ff.] بہت بلند یا تیز (آواز، سُر وغیرہ) ۔

Forte-Piano : (a&adv.)[Abbrev. fp.] (موسیقی کی ایک ہدایت) بلند اور فوراً ہی پست ۔

Forte-Piano : (n) Piano Forte کا ابتدائی نام ۔

Forth : (adv.) [OE.'ford'.] (١) آگے کی طرف ؛ آگے ۔ (٢) (وقت) آج سےآگے؛ آج کےبعد؛ آئندہ ۔ (٣) (مرکب صورت میں) اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کےبعد سے ۔ (٤) پیش نظر ؛ نظر میں ۔ (٥) گھر سے باہر؛ آگے؛ منبالے دور؛ قیام گاہ سےپرے یا باہر ۔

And so forth : ازیں قبیل ؛ اسی طرح ؛ وغیرہ ؛ ازیں طور ۔

From this time forth : اسوقت سے ؛ آج کے دن سے (ہمیشہ تک) ۔

Hence forth : اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کے بعد سے ۔

So far forth : اس حد تک ۔

So far forth as : کسی حدتک ؛ خواہ کتنا ہی ہو ۔

So forth : علی ہٰذا ؛ اسی طرح سے؛ ازیں قبیل ۔

To cast forth : گھر سے نکال دینا ؛ خارج کر دینا ؛ نکال کر پھینک دینا ۔

To sail, issue forth : کشتی میں روانہ ہو جانا یا گھر سے نکل کر روانہ ہونا ۔

Forth : (Prep.) آگے ؛ آگے کی طرف ؛ مزیدبرآں ؛ اس سےآگے ۔

Back and forth : آگے پیچھے ؛ پس و پیش ۔

Right forth : ٹھیک آگے ؛ سیدھا آگے کی طرف ؛ آگے کی طرف ؛ خط مستقیم میں ۔

To bring, come, show forth : آگے آنا؛ لانا؛ لاکر دکھانا ۔

Forth-: (Comb.) سابقہ جس سےانگریزی میں اسماء بنائے جاتے ہیں ۔

Forth of : (١) (کسی چیز یا جگہ کے) اندر سے ؛ میں سے ؛ سے ۔(٢) باہر (مثلاً بیرون ملک) ۔ (٣) (کسی

مجموعے) میں سے ۔ (٤) (کسی حد سے) پرے ؛ باہر ؛ دور ۔ (٥) (کسی شخص یا چیز) سے ۔ (٦) بوجہ ؛ بہ سبب ۔ (٧) (شہر وغیرہ سے) ایک مقررہ فاصلے پر ۔ (٨) متجاوز ؛ منحرف (کسی ضابطےوغیرہ سے) (اب صرف شاعری اور خطابت میں مستعمل ہے) ۔

Forth rights and meanders : (n) راستی اور پیچ و خم؛ صفائی اور الجھاؤ (ملے ہونے) ۔

Forthcome : (v) [OE.] آگے آنا ؛ سامنے آنا ؛ نزدیک ہونا ؛ پیش آنا ۔

Forthcoming : (a) (١) وہ چیز یاواقعہ جو عنقریب آنےوالا ہو پیش آنے والا ہو ؛ بہت قرین قیاس ہو ؛ قریب آنے والا ۔

Forthgoing : (n) پیش رفت ؛ پیش قدمی ؛ آگے جانے، بڑھنے، یا گھر سے نکلنے کا عمل ۔

Forthgoing : (a) (شاذ) پیش قدمی کرنے والا؛ آگےبڑھنے وا لا؛ پیش پیش رہنے والا؛ سرگرم ؛ پر جوش ۔

Forthputting : (n) (١) بڑھاؤ بہ نمو ؛ اشاعت ؛ پھیلاؤ ؛ پیش کش ؛ "بیان" آگے بڑھنے یا سامنے آنے کا عمل ؛ پیش پیش رہنے کا عمل ؛ ظاہر کرنے یا بیان کرنے کا۔ (٢) (امریکا) زبردستی مخل صحبت ہونے والا کردار؛ خواہ مخواہ دخل اندازہونے والا کردار ۔

Forthputting : (a) آگے بڑھنے یا خود کو آگے رکھنے والا ؛ خصوصاً پیش پیش رہنے والا ؛ گستاخ ؛ شوخ ؛ چالاک ؛ چلتا ہوا ؛ ڈھیٹ ؛ خواہ مخواہ دخل اندازہونے والا ؛ زبردستی گھس جانے والا ؛ زبردستی مخاطب کرنے والا ؛ مخل صحبت ہونے والا ۔

Forthright : (adv.) (١) سچائی سے ؛ صفائی سے ؛ کھرے پن سے ۔ (٢) براہ راست ؛ بلاواسطہ طور پر ؛ سیدھے طور سے؛ فوراً ؛ اسی وقت ۔

Forthright : (a) (١) سیدھا (جانا) بخط (مستقیم) جانا) ۔ (٢) (مجازاً) صاف گو ؛ اٹل ؛ غیرمذبذب فیصلہ کن ؛ چست ؛ عاقل ؛ ہوشیار ؛ بلا کسی تمہید یا پیچ و خم کے ؛ براہ راست گفتگو کرنے والا؛ براہ راست مطلب کی بات کرنے والا ؛ بےجھجھک ؛ بے خوف ۔

Forthright : (n) راہ مستقیم ؛صراط مستقیم ؛ سیدھاراستہ ؛ راہ راست (نیز مجازاً) ۔

Forthrightness : (n) صفائی؛ سچائی ؛ کھراپن ؛ صاف گوئی ؛ سیدھا پن ؛ جس میں پیچ و خم نہ ہو ۔

Forthward/-wards : (adv.) [OE.'ford weard.] (١) (متروک) آگے کی طرف ؛ آگے ؛ سامنے ؛ پیش ۔ (٢) مستقبل میں ؛ آئندہ ۔

Forthward/-wards : (a) دیکھو Forward : (a)

Forthwith : (adv.) فوراً ؛ بغیرتاخیر کے؛ فی الفور؛ بلاوقفہ ؛ بلا تامل ؛ بےدرنگ ۔

Fortieth : (a) [OE.'feowertigoda.] (١) چالیسواں ؛ چہلم ؛ چہلمین ۔ (٢) چالیسواں حصہ ۔

The fortieth man : چالیسواں شخص ؛ چالیس اشخاص میں سے ایک ۔

Fortieth part : (n) چالیسواں حصہ ؛ یک چہلم ۔

Fortifiable : (a) قابل استحکام ؛ لائق قلعہ بندی یا مورچہ بندی ؛ مستحکم بنانے جانے کے قابل ۔

Fortification : (n) [L.'fortificationem'.] (١) استحکام ؛ مستحکم کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ مضبوطی یا استحکام بخشنے کا عمل ؛ قلعہ بندی ؛ فصیل بندی ۔ (٢) شراب کو الکحل سے ملا کر تیز و تند بنانا۔ (٣) (فوج) استحکامات مہیا کرنے اور بنانے کا عمل ؛ طریقہ یا فن ۔ (٤) (جمع) استحکامات ؛ دفاعی (سامان، وتعمیر وغیرہ) ؛ سامانِ دفاع ؛ دیواری مٹی کے پُشتے ؛ مینار وغیرہ ۔ (٥) ذہنی یا اخلاقی طور پرمضبوط و مستحکم بنانے کا عمل ۔ (٦) (کیمیا) تند سازی (شراب) ۔

Fortification agate : (n) ایک قسم کا عقیق ؛ نیم شفّاف جوہردار قیمتی پتھر کی ایک قسم ۔

Fortifier : (n) قلعہ بندی کرنے والا ؛ فصیلیں ، خندقیں ، مورچے وغیرہ تعمیر کرنے والا ؛ مستحکم بنانے والا ؛ استحکامات کی تعمیر کرنے والا ؛ حامل ؛ مددگار؛ مؤید ۔

Fortify : (v) [Late L.'fortificase'.] (١) کسی عمارت یا کسی چیز کی بناوٹ کو مضبوط بنانا ؛ مستحکم کرنا ۔ (٢) کسی چیز یا جسم میں قوت عمل پیدا کرنا ۔ (٣) جسمانی قوت یا قوت برداشت پیدا کرنا ۔ (٤) اخلاقی یا دماغی حیثیت سے قوی بنانا ۔ (٥) ہمت افزائی کرنا ۔ (٦) شراب

Fox : (n) [OE.'fox'.] (۱) ثعلب ؛ لومڑی ؛ روباہ ؛ ایک قسم کا جنگلی جانور جس کا توتھ لمبا نوک دار ہوتا ہے اور دُم لمبی اور گھنی ہوتی ہے ۔(۲) چالاک آدمی؛ چلتا پرزہ ؛ روباہ خصلت ؛ مکّار؛ عیّار ؛ چالاک ۔(۳) فلک شمالی میں تارامنڈل ؛ تاروں کا مجموعہ ؛ طالع ؛ بط شمالی ؛ مجموعہء نجوم ؛ تاروں کا جھمکا ۔(٤) لومڑی کے جسم پر کے نرم بال ۔(٥) بعض مچھلیاں یا جنگلی جانور جو لومڑی کے مشابہ ہوتے ہیں ۔ (٦) (غیرمعروف معنوں میں) (جہاز رانی) رسے کے تاروں کو بٹ کر بنائی ہوئی ایک قسم کی رسّی جو کسی چیز کو کس کر باندھنے یا چٹائی وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۔ (۷) کسی چٹخنی کے سوراخ دار سرے میں ڈالا ہوا پچر، ایسی چٹخنی کو Fox-bolt بھی کہتے ہیں ۔(۸) (امریکی کالجوں میں) وہ طالب علم جو یونیورسٹی کی پہلی جماعت میں داخل ہوا ہو ؛ نو وارد ؛ تازہ وارد ۔

Arctic fox : (n) (حیوانیات) شمالی روباہ ؛ سگ روباہ ۔

Blue fox : (n) سگ روباہ ۔

Flying fox : بڑباگل ؛ لومڑی نما چمگادڑ ؛ (حیوانیات) میوہ خور چمگادڑ ۔

Fox : (v) (۱) چالاکی ، مکاری سے کام کرنا ؛ ریا کاری کرنا ؛ منافقت کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ حیلہ کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ عیّاری کرنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ نقل کرنا (روزمرہ اورعامیانہ) (کتابوں کے اوراق یا تصویروں پر) بھورے رنگ کے دھبےڈال کر رنگ خراب کر دینا؛ (کتاب کےاوراق کو) بے رنگ کر دینا ۔(۲) بیئر شراب کا کھٹا ہو جانا؛ (تخیمر کے باعث) یا خراب کر دینا۔(۳) جوتوں کے اوپر چمڑے (کھنڈے) کو نیا بدل کر مرمت کرنا ۔ (٤) لومڑی کا شکار کرنا ؛ (امریکا) لومڑی پھنسانا (امریکا) ۔ (٥) مست کرنا ؛ بیہوش کرنا؛ مخمور کرنا؛ نشےمیں لانا؛ مدھوش کرنا؛ مست یا بیخود کر دینا ؛ والہانہ جوش پیدا کرنا ۔

Fox and geese : (n) ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے ۔

Fox and hounds : (n) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ کتا بن کر دوسرے بچے کو لومڑی بناتا ہے اور رگیدتا ہے ؛ کتا لومڑی کا کھیل ۔

Fox-bane : (n) ایک قسم کا پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

Fox-bat : (n) دیکھو Flying fox

Fox-beagle : (n) ایک قسم کا سُراغی کتا جولومڑی کے شکار میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Fox-berry : (n) دیکھو Bearberry

Fox bolt : (n) ایک قسم کی چٹخنی جس میں پچّر لگانے کے لئے سوراخ بنا ہوتا ہے ۔

Fox-brush : (n) لومڑی کی دُم ۔

Fox chase : (n) کتوں کے ذریعے لومڑی کا شکار ۔

Fox colour : (n) سرخی مائل زرد رنگ ؛ لومڑی کے جیسا رنگ ۔

Fox coloured : (a) لومڑی کے رنگ کا ؛ سرخی مائل زرد رنگ کا ۔

Fox evil : (n) بال گرنے کی بیماری ؛ (طب) بال خورہ ؛ طاسی ؛ داؤ الثعلب ۔

Fox fish : (n) لومڑی نما مچھلیاں ؛ روباہ ماہی ؛ لومڑ مچھلی ۔

Fox-fire : (n) (امریکا) سڑی ہوئی لکڑیوں سے نکلنے والی چمک دار روشنی ۔

Fox-fur : (n) لومڑی کے نرم بال ؛ لومڑی کے نرم بالوں کی جھالر لگی ہوئی گون یا چغہ ۔

Fox-fured : (a) جس میں لومڑی کے نرم بالوں کی جھالرلگی ہو ؛ لومڑی کے فرّ سے بنے ہوئے لباس میں ملبوس یا لومڑی کے نرم بالوں کی جھالر سے آراستہ گون پہنے ہوئے ۔

Fox-glove : (n) [OE.'foxes glofa'.] (۱) ایک عام آرائشی پھولوں والے پودے کا نام جو دواؤں میں کام آتا ہے ؛ اس سے بنی ہوئی گل پنجہ علی ؛ گل انگشتانہ؛ ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتا ہے۔(۲) پودوں کی دوسری جنس پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ؛ (نباتیات) کف الثعلب ؛ زہر الکشاتین ؛ گُل پنجہء علی ۔

Fox-grape : (n) جنگلی انگوروں کی مختلف قسم کے امریکی نام ۔

Fox-hole : (n) (حیوانیات) بھٹ ۔

Fox hound : (n) ایک بہتر نسل کا کتا جسے لومڑیوں کے شکار کی تربیت دی گئی ہو اور اُن کے شکار کے لئے استعمال کیا جاتا ہو ۔

Fox-hunt : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا تعاقب یا شکار ۔

Fox-hunter : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا شکار کرنے والا ۔

Fox-hunting : (n) کتوں کے ذریعہ لومڑی کا شکار ۔

Fox-huntsman : (n) دیکھو Fox hunter

Fox key : (n) پتلی نوک والی فولادی کیل یا پچّر جو کسی پرزے کو پیچھے ہٹنے سے روکنے کے لئے لگائی جاتی ہے ۔

Fox-like : (a) لومڑی کی طرح ؛ بطرز روباہ ؛ روبا بیانہ ؛ روباہ صفت ؛ لومڑی صفت خصوصاً حیلہ گر ؛ حیلہ باز ؛ عیار ؛ مکار ؛ چالاک ؛ ماہر ؛ استاد ۔

Fox lynx : (n) بن بلاؤ ، سیاہ گوش کی ایک نوع ۔

Fox moth : (n) ایک خاکستری مائل بھورے رنگ کا یوروپی ریشم کا کیڑا ۔

Fox shark : (n) روباہ دریائی ؛ روباہ ماہی ؛ لومڑ مچھلی ؛ شارک مچھلی کی ایک قسم جو لومڑی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Fox sleep : (n) جھوٹی نیند؛ خواب روباہ ؛ دکھاوے کی نیند ؛ مکّاری ؛ عیاری ؛ بھگل ۔

Fox snake : (n) امریکا کا ایک بڑا سانپ جو بےضرر ہوتا ہے اور میسی سیپی کی بالائی وادی میں پایا جاتا ہے ۔

Fox sparrow : (a) شمالی امریکی بڑی گوریّا ، جو اوپر کی طرف سرخی مائل بھوری اور نیچے کی طرف دھاری دار ہوتی ہے ۔

Fox squirrel : (n) شمالی امریکی گلہری کی ایک جنس ؛ سنجاب امریکائی ۔

Fox-terrier : (n) ایک قسم کا چھوٹے بالوں والا ولایتی نسل کا کتا جو لومڑیوں کو پنجوں سے زمین کھود کر نکال لیتا ہے مگر عموماً گھروں میں شوقیانہ پالا جاتا ہے ۔

Fox trot : (n) مختصر قدموں کے ساتھ چہل قدمی یا آہستہ آہستہ چلنا نیز ایک امریکی رقص یا اس رقص کی کوئی گت ۔

Fox trot : (n) چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا ؛ اس نام کے امریکی رقص کے انداز پر رقص کرنا ۔

Fox wedge : (n) موٹے سروں والی دو پچّروں کے درمیان ٹھوکی ہوئی ایک لمبی پچّر ۔

Fox-wood : (n) سڑی ہوئی لکڑی ؛ خاص کر وہ جس سے چمک دار روشنی نکلتی ہے (امریکا) (نباتیات) چوب فاسد ۔

Foxed : (a) (۱) مست ؛ مدھوش ؛ مخمور ؛ بیخود ۔(۲) اوپر کا چمڑا نیا بدل کر مرمت کیا ہوا (جوتا) ۔ (۳) جو سڑن کے باعث بےرنگ ہو گیا ہو ؛ بےرنگ ۔ (٤) بھورے مائل زرد دھبّوں سے پُر ؛ دھبّہ دار ؛ داغدار ؛ زنگ آلود ۔

Foxery : (n) چالاکی؛ عیّاری ؛ مکّاری ؛ دغابازی ؛ دھوکابازی ؛ ہوشیاری ؛ حیلہ بازی ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ تزویر ؛ ریا ؛ فریب ؛ بہانہ سازی ؛ اُستادی ؛ مہارت ۔

Foxiness : (n) (۱) چالاکی ؛ عیاری ؛ مکّاری ؛ دغابازی ؛ تزویر ؛ ریا ؛ روباہ صفتی ۔ (۲) سرخی مائل بھوراپن ؛ تصویروں میں رنگ کی تیزی اور گہرا پن ۔(۳) پھپھون ؛ بدرنگی ؛ بے رنگی ؛ بے کیفی ؛ بد بوئی ؛ ترشی ؛ بدمزگی ۔

Foxing : (n) (تاریخ) کاغذوں کا زرد ہوجانا ۔

Foxite : (n) چارلس جیمس فاکس کا سیاسی مقلّد یا پیرو (نیز توصیفی معنوں میں) ۔

Foxship : (n) لومڑی پن ؛روباہی ؛مکاری ؛ عیاری ؛ دغابازی ؛ حیلہ سازی ؛ بناوٹ ؛ تصنع ؛ چالاکی ؛ چالبازی ؛ لومڑی کی خصلت یا صفات ۔

Foxtail : (n) (۱) لومڑی کی دُم ؛ شاہی مسخرے کا نشان ۔ (۲) برش کی طرح ملائم پھولوں کے نوک دار گچھوں والی گھاس کی مختلف قسموں میں سے ایک ۔(۳) ایک قسم کی جھاڑو دار گھاس کا نام ؛ گیاہ کبریت ؛ (نباتیات) نبات کبریت ۔ (٤) (فلزیات) چار کول بنانے کے عمل کے آخری مرحلے میں حاصل شدہ راکھ یا مٹی ۔

Foxtail saw : (n) فاختہ کی دُم جیسی چول بنانے والی آری ۔

Foxtail wedging : (n) چول بٹھانے کا ایک طریقہ ؛ ایک قسم کی چول ؛ لکڑی کے ٹکڑوں کو جوڑنے ، سالنے یا پیوست کرنے کا طریقہ جس کے تحت ایک ٹکڑے میں جوف بنائی جاتی ہے اور دوسرے

ٹکڑے کا نوکدار سرا اُس میں مضبوطی سے جما دیا جاتا ہے ۔

Foxy : (a) (۱)لومڑی کی طرح ؛ مثل لومڑی کے ؛ چالاک (جس کے چہرے سے چالا کی ظاہر ہوتی ہو) ؛ روباہ صفت ؛ مکّار ؛ عیّار ؛ حیلہ ساز ؛ چالباز ۔ (۲) سرخی مائل بھورا یا زرد (تصویریں) تیز اور گہرے رنگ کی، لومڑی ۔ (۳) جو (چیز) پھپھوندی لگ کر خراب ہوگئی ہو ؛ نامناسب سلوک یا نمی؛ عمر وغیرہ کے اثر سے رنگ اور کیفیت میں پیدا شدہ نقائص کی نشاندہی کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔ (٤) (شراب وغیرہ کے لئے) کھٹی ؛ ترش ؛ جس کی مناسب طور پر تخمیر نہ ہو سکی ہو ۔ (٥) (جنگلی انگور) جو گھٹیا قسم کی بو اور ذائقہ رکھتے ہیں ۔

Foy : (n) [Du.'fooi'.] (بول چال) سفر پر جاتے ہوئے الوداعی دعوت ؛ وداعیہ ؛ تحفہ وغیرہ جو کسی نے لیا یا دیا ہو ۔

Foyer : (n) [F.'foyer'.] (۱) ماسکہ ؛ فوکس ؛ نقطۂ ماسکہ ؛ مرکز عمل ؛ مرکز توانائی ؛ مرکز تعامل ۔ (۲) (فرانسیسی) تھیٹر وغیرہ میں باہر کا بڑا کمرہ جو کھیل کے وقفہ کے دوران میں تماشائیوں کے آرام کے لئے مخصوص ہوتا ہے ۔

Foziness : (n) ڈھیلا پن ؛ پلپلا ہٹ ؛ چرب داری ۔

Fozy : (a) [Sc.] (اسکاتستانی اور بول چال) اسفنجی ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ ڈھیلے طور پر ؛ بُنا ہوا نیز پلپلا (گوشت) مجازاً چرب دار ؛ مچرب ۔

Fra : (It.] Frate کا مخفف ؛ مخاطبت میں Friar (عیسائی راہب کے لئے آتا ہے) ۔

Frab : (v) [Onomatopoeic.] نقصان پہنچانا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ زچ کر دینا؛ ستانا؛ تکلیف دینا؛ پیچھےپڑجانا؛ چین نہ لینے دینا ۔

Fracas : (n) [It.'fracasso'.] پُرشور جھگڑا ؛ ہُلڑ ؛ لڑا ئی ؛ ہنگامہ ؛ شورو غل ؛ دنگا ؛ چیخ وپکار ؛ شور و شغب؛ ابتری؛ افراتفری؛ قیل و قال ؛ مبارزہ؛ نزاع ؛ جنگ ۔

Fracted : (a) (نقابت) نکٹا ؛ نقابت کا ایک نشان جس کا ایک حصہ الگ ہو گویا ٹوٹا ہوا ہو ۔

Fractile : (n) (شماریات) کاسر ۔

Fraction : (n) [L.'fractionem'.] (۱) شکست ؛ ٹوٹ پھوٹ ؛ توڑنے یا ٹوٹنے کا عمل ۔ (۲) عشائے ربانی میں مقدس روٹی کی تقسیم (عیسائیوں کی مذہبی رسم) ۔ (۳) (ریاضی والجبرا) ایک مقدار شمار جو عدد صحیح نہ ہو ؛ کسر ۔ (٤) چھوٹا ٹکڑا یا مقدار؛ پارچہ؛ ٹوٹی ہوئی چیز؛ ٹوٹا ہوا حصہ ۔

کسور عام ۔ : Common fractions/Vulgar-

کسر ملتف ۔ : Complex fraction

کسر مرکب ۔ : Compound fraction

کسر مسلسل ۔ : Continued fraction

کسر اعشاریہ ؛ کسر اعشاری ۔ : Decimal fraction

(شماریات) کسر ناقص ۔ : Defective fraction

کسر غیر واجب ۔ : Improper fraction

کسر واجب ۔ : Proper fraction

کسر سادہ ۔ : Simple fraction

Fraction : (v) چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں توڑنا ؛ توڑکر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔

Fraction of saturation : (n) مرطوبیت اضافی ۔

Fractional/Fractionary : (a) (۱) جزوی ؛ مکسور ؛ کسری ؛ جزوی ؛ کسر کا یا اس سےمتعلق ۔ (۲) کسر بنانے کی حالت یا صفت ؛ کسر کی طرح ۔ (۳) نامکمل ؛ جزوی ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی ؛ ناقابل توجہ ؛ بے معنی ؛ مہمل ۔ (٤) نسبتاً چھوٹا ۔

Fractional certificate : (n) (تجارت) جزوی سند ؛ جزوی سرٹیفیکیٹ ۔

Fractional crystallisation : (n) (کیمیا) کسری قلماؤ ؛ جُزوی قلماؤ ۔

Fractional currency : (n) چھوٹا سکّہ یا رائج کاغذی نوٹ ؛ خردہ سکّہ ؛ (معاشیات) ریزگاری ؛ ایک سکّہ جو بنیادی سکّے سے کم قیمت کا ہو ۔

Fractional distillation : (n) جزوی تقطیر ؛ علا حدہ تقطیر ؛ بھاپ بن کر اُڑجانے والے دو یا زیادہ سیال مادوں کو جن کےنقاط جوش مختلف ہوتےہیں؛

مختلف درجہء حرارت پر گذار کر الگ الگ حاصل کرنے کا عمل ؛ کسی محلول کو مختلف اجزاء میں الگ کرنے کاعمل ؛ (کیمیا) جُزوی کشید ۔

Fractional number : (n) (ریاضیات) عدد مکسور ۔

Fractional premium : (n) (تجارت) جزوی پریمیم ۔

Fractional reptication : (n) (شماریات) کسر تکرارانہ ۔

Fractional share : (n) حصہ رسدی ۔

Fractional threads : (n) (طبیعیات) کسری چُوڑیاں ۔

Frcationally : (adv.) جُزوی طورپر ؛ علاحدہ علاحدہ طورپر ؛ توڑ توڑ کر ؛ مختصر یا غیر اہم حدتک ؛ الگ الگ کر کے ۔

Fractionary : (a) (۱) کسری ؛ جزوی ؛ نامکمل ؛ غیر اہم ؛ خفیف؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی ۔(۲) اجزاء یا ٹکڑوں کے ذریعہ کیا ہوا ؛ انجام دیا ہوا یا انجام دینے والا ۔ (۳) مائل بہ تجزیہ ؛ ٹکڑوں میں منقسم ہونے کا رجحان رکھنے والا ؛ قابل تجزیہ ؛ جس کے اجزاء یا ٹکڑوں کو جدا کیا جا سکے ۔

Fractionate : (v) تجزیہ کرنا ؛ محلول کے مختلف خواص رکھنے والےحصوں کو عمل تقطیر کے ذریعہ یا کسی دو سرے طریقے سے الگ الگ کر دینا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ۔

Fractionating : (n) (کیمیا) جُزوی کشیدی ؛ تکسیری ۔

Fractionating column : (n) (کیمیا) جُزوی کشید نلی ؛ تکسیری اُستوانہ ۔

Fractionation : (n) تجزیہ ؛ عمل تجزیہ ؛ کسی محلول کے اجزاؤں کو الگ الگ کر کےحاصل کرنے کا عمل؛ (تقطیر یا کسی اور طریقے سے) ؛ (کیمیا) تکسیر ؛ جزوی کشید ؛ کسر توجّہی ؛ بذریعہ تقطیر تجزیہ ۔

Fractionator : (n) آلہء تجزیہ کار ؛ تجزیہ کار آلہ ؛ تقطیر کے ذریعہ کسی محلول کے اجزاء کو الگ الگ کرنےوالا ؛ (کیمیا) تقطیر کرنے والا ۔

Fractionize : (v) (۱) ٹکڑے کر دینا ؛ اجزاء میں تقسیم کر دینا ۔(۲) (ریاضیات) کسروں میں تقسیم کر دینا ۔

Fractious : (a) جھگڑالو ؛ چڑ چڑا ؛ سرکش ؛ نافرمان ؛ تنک مزاج ؛ نک چڑھا ؛ زود رنج ؛ (خصوصاً بچوں کےلئے)۔

Fractiously : (adv.) تنک مزاجی سے؛ چڑچڑے پن کے ساتھ ؛ سرکشی سے ۔

Fractiousness : (n) تنک مزاجی ؛ چڑچڑاپن ۔

Fracture : (n) [L.'fractura'.] (۱)ٹوٹ پھوٹ ؛ شکست وریخت ؛ شکست؛ توڑنے یا ٹوٹ جانے کاعمل؛ شکستگی؛ ٹوٹنا (خصوصاً ہڈی یا گروچہ کا ٹوٹ جانا) ۔ (۲) دھات کی وہ اندرونی ساخت سطح جو بتھوڑے سے توڑنے کے بعد نظر آتی ہے ۔ (۳) سادہ حروف علت کے بجائے حروف علت کی ملی ہوئی آواز جو اس کے بعد والے حرف صحیح کی وجہ سے پیدا ہو ۔ (٤) ٹوٹنے کا نتیجہ ؛ انجام شکست ؛ شگاف ؛ درز ؛ دراڑ ؛ بال ؛ (شیشے کی) تقسیم ؛ چٹخ ؛ علاحدگی ؛ جدائی ؛ ٹکڑےٹکڑے ہونے کا عمل ۔

Fracture : (v) (۱) کسی چیز کے تسلسل کو توڑ دینا ؛ چٹخا دینا؛ دراڑ پیدا کر دینا؛ شگاف پیدا کرنا؛ ہڈی وغیرہ کو توڑ دینا ؛ شکستہ کرنا ۔(۲) نقصان پہنچانا ؛ برباد کر دینا ؛ ٹکڑےٹکڑے کر دینا ۔ (۳) سکون میں خلل ڈالنا ۔ (٤) ٹوٹ جانا ؛ شکستگی میں مبتلا ہونا ؛ شکست و ریخت میں پڑنا ۔(٥) قانون کی خلاف ورزی کرنا ۔

Compound fracture : اس طرح ہڈی کا ٹوٹ جانا کہ اس کے ساتھ جسم پر زخم بھی پیدا ہوجائے ؛ (طب) مرکب کسر ؛ کسر مع زخم ۔

Fracture dislocation : (n) (طب) کسر وضع ۔

Fraenulum : (n) [dim of 'fraenum.] (تشریح) (ہڈیوں کو جوڑنے والا) ایک چھوٹا جھلّی دار بند یا رباط جو متعلقہ عضو کی حرکت کو روکتا ہے ۔

Fraenum/Frenum : (n) [L.] (۱) وہ چوٹا سا پٹھا (یارگ) جس سےعضو کی حرکت رُک جائے؛ (ہڈیوں کوجوڑنے والا) ایک چھوٹا جھلّی داربند یا رباط جو متعلقہ عضو کی حرکت کو روکتا ہے۔(۲) بعض زلف پا حیوانات میں جلد کے ایک یا دو باریک موڑ یا تہیں جو ایک لیس دارمادے کے ذریعہ انڈوں کو، بچے نکلنے تک روکے رکھنے کا کام انجام دیتی ہیں ؛ (تشریح) لِجام ؛ بند ۔

Fragile : (a) [L.'fragilis'.] (۱) نازک ؛ دھان پان ؛ جو آسانی سے ٹوٹ جائے ؛ کمزور ؛ بودی ؛ جلد خراب ہو

جانے والی (چیز) ؛ جس کی بناوٹ نازک ہو ؛ قابل شکست ۔ (۲) نحیف ؛ دُربل ؛ کمزور ؛ لائف شکست (آدمی) ۔ (۳) بے آبرو ؛ بد خلق ؛ بدچلن ؛ بد کار؛ ضعیف الارادہ ؛ کسی ترغیب یاتحریض میں جلد آجانے والا ۔

Fragilely : (adv.) نزاکت سے ؛ کمزور طور پر ؛ بودے پن کے ساتھ ؛ قابل شکست انداز میں ؛ ضعیف الارادہ طور پر ؛ بد چلن ہو کر ؛ بدکارانہ انداز میں ؛ بےآبرو ہو کر ۔

Fragileness : (n) نزاکت ؛ کمزوری ؛ بد چلنی ؛ بد کاری ؛ بےآبروئی ؛ بوداپن ؛ ضعیف الارادگی ۔

Fragilitas : (n) [L.] (طب) تقصّف ۔

Fragilitas ossium : (n) (طب) تقصّفِ عَظمی ۔

Fragility : (n) [L.'fragilitatem'.] جلد ٹوٹ جانے، خراب ہونے یا برباد ہونے کی صفت ؛ زود شکستگی ؛ لطافت ؛ نزاکت ؛ بوداپن ؛ کمزوری ؛ (مجازاً) زودتحریص ؛ آوارگی ؛ بدچلنی ؛ بےآبروئی؛ ضعیف الارادگی؛ چھوٹی موٹی پن؛ (طبیعیات) تقصّف ؛ پھوٹک پن ۔

Fragment : (n) [L.'fragmentum'.] (۱) وہ حصہ جو کسی چیز سے ٹوٹ کر الگ ہو گیا ہو ؛ ٹوٹا ہوا حصہ ؛ پارچہ ؛ ٹکڑا ؛ تار ۔ (۲) کسی چیز کا علاحدہ یا غیرمکمل حصہ ؛ کرچ ؛ جزو ؛ جزو شکستہ ؛ کسی تباہ شدہ گئے گذرے، ضائع شدہ کل کا ایک بقیہ جزو ؛ خصوصاً کسی تحریر و تصویر وغیرہ کا نامکمل حصہ ؛ چھوٹا ٹکڑا ؛ حصہ ؛ الگ کیاہوا یا نامکمل حصہ جسے کسی نامکمل شے سے جدا کرلیا گیا ہو ؛ (کسی تحریر یا عبارت سے) نکالا یا الگ کیا ہوا حصہ ؛ (ارضیات) پارہ ؛ ریزہ ۔

Fragmental : (a) ٹکڑوں کا یا ان سے مل کر بنا ہوا ؛ اجزاتی؛ غیر مکمل؛ غیر کل ؛ غیر متعلق ؛ غیر مسلسل؛ غیرمربوط ؛ غیر منظم ؛ بے ربط ؛ جدا کیا ہوا؛ علاحدہ؛ شکستہ؛ (ارضیات) پرانی چٹانوں کے منتشر ٹکڑوں یا حیوانیات یا پودوں کے بچے کھچے جمع شدہ حصوں، باقیات اور ہڈیوں پر مشتمل ۔

Fragmentally : (adv.) اجزاتی طور پر ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ غیر مکمل طور پر ؛ غیر مسلسل انداز میں ؛ غیر مربوط طور پر ؛ بے ربط انداز میں ؛ غیر منظم ہو کر ۔

Fragmentarily : (adv.) اجزاتی طور پر ؛ متفرق ہو کر ؛ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ؛ غیر مکمل طور پر ؛ غیر مسلسل انداز میں ؛ غیر مربوط انداز میں ؛ بے ربط ہو کر ؛ علاحدہ طور پر ۔

Fragmentariness : (n) غیر اکملیت ؛ بے ربطگی ؛ شکستگی ؛ ٹکڑے ٹکڑے یا متفرق ہونے کی حالت ۔

Fragmentray : (a) متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ اجزاتی ؛ ٹکڑوں جیسا یا اُن سے مل کر بنا ہوا غیر مکمل ؛ غیر اکمل ؛ غیر کُل ؛ غیر منظم ؛ غیر مسلسل ؛ غیر مربوط ؛ شکستہ ؛ بے ربط ؛ جدا کیا ہوا ؛ علاحدہ ؛ (ارضیات) پرانی چٹانوں وغیرہ کے ٹکڑوں سے مل کر بنا ہوا ؛ باقیات سے مرکب؛ جُز جُز ؛ پارہ پارہ ؛ ریزگی ۔

Fragmentation : (n) (۱) شکستگی ؛ تجزیہ ؛ تقطیع ؛ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کے ٹکڑے الگ کرنے یا ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کا عمل ۔ (۲) (حیاتیات) کونپل پھوٹنے یا شاخیں نکلنے کا عمل ؛ عمل علاحدگی ؛ شاخ درشاخ ہونے کاعمل ۔ (۳) اختلال ذہنی ؛ اختلال فکرو کردار ؛ برتاؤ میں خلل ۔

Fragmentation bomb/-grenade : ریزہ ریزہ کرنے والا بم یا گولہ ؛ ایسا بم جو کسی چیز کو توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کے لئے بنا یا گیا ہو ۔

Fragmented : (a) متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا ؛ تفریق شدہ ؛ شکستہ ؛ مقطوع ؛ غیر مکمل یا بے ربط ؛ جدا کیا ہوا ؛ علاحدہ ؛ غیر مربوط ؛ غیر منظم ۔

Fragmentist : (n) قطعہ گو ؛ قطعات لکھنے والا ۔

Fragmentitious : (a) دیکھو Fragmentary

Fragmentize : (v) ٹکڑوں میں تقسیم کرنا یا ہونا ؛ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا ؛ تجزیہ کرنا ؛ علاحدہ کرنا یا ہونا ؛ جدا کرنا ؛ الگ کرنا یا ہونا؛ شکستہ ہونا ؛ متفرق ہونا ۔

Fragrance : (n) [L.'fragrantia'.] خوشبو ؛ دل آویز مہک ؛ بوئے خوش ؛ عطریت ۔

Fragrant : (a) [L.'fragmentem'.] خوشبو دار ؛ معطر ۔

Fragrantly : (adv.) خوشبو دار انداز میں ؛ معطرہو کر ۔

Frail : (n) [OF.'frayel',of unknown origin.] (۱) ناگر موتها گھاس (سوار) کی ٹوکری جس میں انجیر و کشمش وغیرہ بند کئے جاتے ہیں اس میں آنےوالی (۳۰ سے ۷۰ پونڈ تك) مقدار ۔(۲) ناگر موتھا یا سوارجس سےٹوکری بنائی جاتی ھے ۔ (۳)(عامیانہ) (خاص کر امریکا) عورت ؛ استری ۔

Frail : (a) [L.'fragilis'.] (۱) نازك ؛ عارض ؛ جلد گزرجانےوالا ؛ ناپائدار؛ کمزور ؛ لائق شکست ؛ جلد ٹوٹ جانے یا برباد ھوجانے والا ؛ سرسری ؛ آنی جانی ؛ دم بھر کا ؛ ذرا سی دیر کا ۔(۲) خراب صحت کی حالت میں ؛ بیمار ؛ زار ؛ نحیف ؛ کمزور ؛ نربل ؛ ناتواں ۔(۳) اخلاقاً کمزور ؛ ترغیبات کا مقابلہ کرنے کے ناقابل ؛ جلد تحریص میں آجانے والا ؛ ضعیف الارادہ ۔ (٤) (عورت) بےعصمت ؛ آوارہ ؛ بد چلن ؛ بدکار ۔

Frail bliss : (n) چند روزہ مسرت ۔

Frail life : (n) چند روزہ زندگی ۔

Frailly : (adv.) نزاکت سے ؛ نازك طور پر ؛ کم زور انداز میں ؛ عارضی طور پر ؛ ناپائدار انداز میں ؛ ناتواں ھو کر ؛ سر سری طور پر ۔

Frailness : (n) نزاکت ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ؛ ناپائداری ؛ عارضی پن ؛ بے ثباتی ۔

Frailty : (n) [L.'fragilitatem'.] (۱) غلطی کرنے یا ترغیبات کا شکار ھو جانے کا احتمال (امکان) ۔(۲) غلطی ؛ کمزوری ؛ نقص ؛ خطا (قابل انگشت نمائی) ۔ (۳) خراب ھونے یا برباد ھو جانے کا رجحان ؛ تلف ھو جانے یا ضائع ھو جانے کا میلان ؛ ناپائداری؛ نااستواری ؛عارضی پن؛ فنا پذیری؛ زوال پذیری ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ۔(٤) اخلاقی کمزوری؛غیرمستقل مزاجی؛ ضعیف الارادگی ۔ (٥) باریکی؛ نزاکت ۔(٦) قصور؛ گناہ (کمزوری کے باعث) ۔

Fraise : (n) [Fr.] (۱) (برطانوی روز مرہ) شور وشغب ؛ ہنگامہ ؛ غوغا ۔(۲) (اسکاتستانی) خوشا مد ؛ چاپلوسی ؛ لایعنی گفتگو ؛ لغویات ۔

Fraise : (v) خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ پُھسلانا ؛ تملق کرنا؛ میٹھی میٹھی باتیں کرنا ۔

Fraise : (v) پتھر میں سوراخ کو چوڑا کرنا ۔

Fraise : (v) باڑ لگانا یا باڑ کے ذریعہ دفاع کرنا ؛ قلعہ بندی کرنا ۔

Fraise : (n) [F.'fraise'.] (۱) ایك قسم کا جھالر دار گلو بند (جو سولھویں صدی میں پہنا جاتا تھا) ۔ (۲) (قلعہ بندی) وہ سیدھی یا ڈھلوان باڑھ (کنگورہ) (پتھر یا لکڑی کی) جو قلعہ کی فصیل کی بنیاد اورخندق کے درمیان تحفظ کےلئے لگائی جاتی ھے ؛ کنگورے ۔

Fraise : (n) [F. f.'fraiser'.] وہ اوزار جن سے گول سوراخوں کو چوڑا کیا جاتا ھے یا گھڑی میں پہیوں کے دندانے بنائے جاتے ہیں ۔

Fraken (e) : Frecken کا متبادل

Fram : (v) [Origin unkn.] مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ گھونسوں سے مارنا؛ کوٹنا؛ پیسنا؛ چور چور کرنا؛ کچلنا؛ پامال کرنا؛ دھنکنا؛ کولے برسانا؛ بھاری قدم رکھتے ھوئے چلنا یا گھوڑا دوڑانا ۔

Framable/Frameable : (a) [Frame+able.] قابل تشکیل یا توضیع ؛ گھڑنے یا بنانے کے لائق؛ قابل تعمیر ؛ قابل تجویز؛ قابل ترکیب؛ قابل تنظیم؛ لائق تجسیم۔

Framboesia : (n) [F.'framboise'.] (مرضیات) فرامبیز یا : حبشیوں کی ایك متعدی بیماری ؛ (طب) یاز (مرض) بیماری جس میں جسم پر گلٹیاں نکل آتی ہیں ؛ حبشیوں کی ایك متعدی اور پرانی بیماری جس میں راس بیری کی شکل کی متورم گلٹیاں جسم پر پیدا ھو جاتی ہیں ۔

Framboesioid : (a) فرامبیزیا کی طرح ۔

Frame : (n) [OE.'fram'.] (۱) تعمیر یا بنانے کا طریقہ یا اصول ۔(۲) تعمیر ؛ بناوٹ ؛ ترکیب ؛ نظم ؛ ساخت؛ نظام؛ معینہ نظم؛ معینہ طریقہ؛ تجویز؛ مسلمہ ضابطہ ؛ نقشہ ؛ طریقہ کار ؛ (خصوصاً گورنمنٹ کام)؛ ماہیت ؛ نوع ؛ جنس؛ نوعیت ۔(۳) (مزاج یا دل کی) عارضی حالت ؛ عارضی کیفیت ۔(٤) ایسی تعمیر جو چوکھٹے میں بند ھو ؛ جس کے چاروں طرف چوکھٹا لگا ھو ۔(٥) انسان یا جانور کا کالبد ؛ جسم ؛ قالب؛ ہیکل ؛ ڈھانچہ ۔(٦) عمارت کا ڈھانچہ ۔ (۷) کسی چیز کا اندرونی سہارا یا ضروری تختی تعمیر ۔(۸) تصویر یا شیشے کا چو کھٹا یا خانہ ۔(۹) (باغبانی) وہ روغنی چوکھٹا جو درختوں کو سر دی سے بچانے کے لئے لگایا جاتا ھے ۔ (۱۰) (کان کنی) ڈھلوان تختہ جس پر کچی دھات دھوئی جاتی ھے ۔ (۱۱) قیاس منطقی کا ایك محمول ؛ قیاس منطقی کی ایك

ساتھ) ۔ (۵) مختلف حصوں کو جوڑ کر مکمل کرنا ؛ کسی نقشے کے مطابق بنانا ۔ (٦) مرتب کرنا (قواعد) ۔ (۷) (الفاظ میں) اظہار کرنا ؛ بیان کرنا ؛ منظوم کرنا ؛ الفاظ میں پیش کرنا (مضامین، قصے)؛ قائم کرنا (نظریہ) ۔ (۸) صاف تلفظ کرنا ؛ الفاظ کے معنی قائم کرنا ؛ خیال میں لانا؛ لفظ لفظ ؛ صرف الگ بولنا ۔ (۹) خیال کرنا؛ تمثیل کرنا؛ تصور کرنا؛ ذہن میں تشکیل دینا ؛ ذہن میں خاکہ بنانا ؛ تصور میں لانا ۔ (۱۰) چوکھٹے کا کام دینا ؛ چوکھٹے کے مثل ہو جانا ۔ (۱۱) ایک چوکھٹے میں لگانا ؛ چسپاں کر دینا ۔ (۱۲) رجوع کرنا؛ مدد لینا؛ کام لینا؛ جوق درجوق جمع ہونا ؛ راہ عمل اختیار کرنا؛ اپنی راہ نکالنا یا بنانا (بول چال) جانا ؛ آگے بڑھنا ؛ راہ نکالنا ۔ (۱۳) مطابق کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ موافق کرنا؛ درست کرنا ؛ ٹھیک کرنا؛ بٹھانا ۔ (۱٤) بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ ترکیب دینا ؛ دو پرزوں یا حصوں کو ملانا، جوڑنا یا درست بٹھانا ؛ کسی وضع کے مطابق کرنا ؛ کسی ڈیزائن کے موافق اُتارنا۔ (۱۵) خاکہ بنانا؛ ڈھانچہ بنانا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ گھڑنا ؛ تیار کرنا (کوئی پلاٹ ، خاکہ وغیرہ) ؛ (کہانی) بننا ؛ فسانہ طرازی کرنا ۔ (۱٦) منہ اور لب سے اظہارخیال کرنا (بغیر الفاظ ادا کئے) ۔ (۱۷) جوڑ ڈالنا ؛ جوڑ بندی کرنا ؛ گرہ یا جوڑ کے ذریعے ملانا ۔ (۱۸) سازش کرنا (کسی جہاز کے ارتکاب کو) پہلے سے مرتب کر لینا یا سازش تیار کر لینا؛ (دوڑ وغیرہ کے نتیجے کو) لیپ پوت کر قابل قبول بنانا؛ چالبازی کرنا؛ کسی کےخلاف کوئی غلط الزام گھڑنا ۔

To frame الزام گھڑنا ؛ الزام کسی کے خلاف غلط تراشی کرنا؛ تہمت لگانا؛ باندھنا؛ اتہام لگانا؛ اختراع پردازی کرنا ۔

To frame up : (امریکی عامیانہ) سازش کرنا ؛ مجرمانہ ارادے سے (کسی واقعے کا) تانابانا پہلے ہی بُن لینا ؛ (دوڑ وغیرہ کے) نتیجے کو لیپ پوت کر قابل قبول بنانا؛ چال بازی کرنا ۔

Frame-breaker : (n) موزہ وغیرہ بُننے کے فریم کو رواج دینے کی پُرتشدد مخالفت کرنے والوں میں سےایک ۔

Frame-bridge : (n) کٹھ پل ؛ چوبی پُل ؛ لکڑی کا پُل ؛ شہتیر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا ہوا پُل ۔

Frame-dam : (n) سرو کی لکڑیوں سے بنایا ہوا بند ؛ لکڑی کا بند ؛ سدِ چوبی (جس میں لکڑیاں اس طرح شکل ۔ (۱۲) Frame up خفیہ سازش ۔ (۱۳) وہ تعمیر ، ڈھانچہ ؛ عمارت یا انجن جو مختلف ٹکڑوں کو جوڑ کر بنے ۔ (۱٤) لکڑی، تختےاور کڑیوں وغیرہ کا بنا ہوا ایک ڈھانچہ جو کسی عمارت کی تعمیر کے لئے بنایا جائے ۔ (۱۵) عمارت (خصوصاً لکڑی کی بنی ہو) ۔ (۱٦) ڈھانچہ یا سہارا مثلاً چھاتے کی کمان وغیرہ ۔ (۱۷) (طبیعیات) ایک ٹسک جس میں حروف چیں کےلئےٹائپ کے ڈبےرکھےجاتےہیں ۔ (۱۸) (جہازرانی) وہ خمدارلکڑیاں یا اسی طرح کے آہن پوش کے ٹکڑے جو جہاز کے ساق کی شکل کے ہوں ۔ (۱۹) کوئی ایسا ظرف جس کا فریم یا چوکھٹا ایک ضروری حصہ ہو، مثلاً ایک قسم کا کگر تختے کو چاروں طرف سے گھیر ے رکھے تاکہ اُس میں ریت بھر کر کسی چیز کا قالب بنا یا جاسکے ۔ (۲۰) (روز مرہ) دبلا پتلا انسان یا جانور ۔ (۲۱) کوئی ایسی چیزجس پر، جس میں یا صلیبی طور پر کوئی دوسری چیز رکھے ۔ (۲۲) (جمع میں) چشمے کا فریم ۔ (۲۳) ہم وزن یا ہم قسم تیشوں یا کلہاڑیوں کا نظارہ یا محل (پوزیشن) کو محدود کیا جاسکتا ہے ۔ (۲٤) معیاروں ، اعتقادات یا مفروضات کا مجموعہ جو کردار وغیرہ کو اپنے تابع رکھتا ہے؛ ان پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ (۲۵) (سینماٹوگرافی) فلم کی منفرد میں سے ایک (جو ایک دوسرے سے الگ بھی ہو اور کسی مجموعےمیں داخل بھی کی جاسکے؛ (ٹیلی ویژن) کوئی بھی تمثال ۔

Man of gigantic frame : عظیم الجثہ آدمی ؛ دیوپیکر آدمی ۔

Sobs shook her frame : سسکیوں سےاس کا سارا جسم ہل گیا ۔

The frame of heaven or earth : زمین یا آسمان کا چوکھٹا؛ حصار ۔

The frame of society of Governmet : حکومت یا سماج، کی تجویز ؛ طریقہء کار یا تنظیم ۔

Frame : (v) (۱) تشکیل کرنا ؛ وضع کرنا ؛ نقشہ بنانا ؛ ڈول ڈالنا ؛ گھڑنا ؛ بنانا ؛ ظاہر کرنا ؛ بتانا ؛ اشارہ کرنا ۔ (۲) (افعال، خیالات، اشخاص کو) مائل کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ بٹھانا ؛ رہنمائی کرنا ۔ (۳) اپنے کام میں ہوشیاری ظاہر کرنا (کسی غرض سے ایسی حالت ظاہر کرنا جس سے ہوشیارہونے کی توقع کی جاسکے) ۔ (٤) بٹھانا؛ چسپاں کرنا؛ جوڑکر بنانا (To اور into کے

رکھی جاتی ہیں کہ اُن کے سرے دباؤ کی جانب ہوں)۔

Frame-house : (n) جو دکان لکڑی کے ڈھانچے پر تختے لگا کر بنائی گئی ہو؛ لکڑی کا مکان۔

Frame-level : (n) معماروں کا وہ آلہ جس سے وہ سطح کی اونچائی یا نیچائی کا اندازہ لگاتے ہیں؛ (تعمیرات) معمار کا لیول۔

Frame of mind/-soul : (n) مزاج یا دل کی عارضی حالت یا کیفیت؛ ذہن کا ڈھانچہ؛ ذہن کی ساخت؛ روح کا ڈھانچہ یا سانز۔

Frame of reference : (۱) ہم وزن یا ہم قسم تیشوں یا کلہاڑیوں کا نظام جس سے حرکت یا پوزیشن کو محدود کیا جاتا ہے۔(۲) معیاروں، اعتقادات یا مفروضات کا مجموعہ جو خیالات، تصورات اورکردار وغیرہ کو اپنےتابع کرکے ان پر اثرانداز ہوتا ہے۔

Frame-saw : (n) آڑا جو ایک چوکھٹے میں لگا ہوتا ہے؛ چوکھٹے دار آرا۔

Frame stud : (n) لکڑی کا کھمبا یا پایہ۔

Frame tubbing : (n) مضبوط لکڑی کا خول جس میں پانی داخل نہ ہو سکے۔

Frame up : (n) (بول چال ابتداً امریکا) ترتیب ماجرا؛ پلاٹ کی ترتیب؛ ترتیب واقعہ؛ خصوصاً ناپاک ارادے سے؛ سازش؛ ساز باز؛ خفیہ سازش۔

Frame up : (n) (۱) (امریکا) کسی کے خلاف جھوٹا الزام لگانا؛ ساز باز کرنا۔(۲) بری نیت سے (کسی واقعہ کو) ترتیب دینا۔(۳) (انتخاب، دوڑ وغیرہ کا) جھوٹا نتیجہ نکالنا۔

Frame-work/Frame work : (n) کسی چوکھٹے یا ڈھانچے میں یا اُس کی مدد سے کیا ہوا کام؛ کسی خاکے کے تحت یا اُس کی مدد سے کیا ہوا کام۔

Frameable : (a) جو مرتب کیا جاسکے؛ جس پر چوکھٹا لگایا جا سکے۔

Framer : (n) مرتب کرنے والا؛ چوکھٹا لگانے والا؛ گھڑنے والا؛ بنانے والا؛ تعمیر کرنے والا؛ تشکیل دینے والا؛ سازش کرنے والا؛ تہمت لگانے والا؛ ظاہر کرنے والا؛ راہ نکالنے والا؛ جوڑنے والا؛ موافق یا مطابق کرنے والا؛ درست بٹھانے والا؛ کسی وضع پر ڈھالنے یا بنانے والا؛ کہانیاں گھڑنے والا؛ پلاٹ تیار کرنے والا؛ الفاظ کا جامہ پہنانے والا؛ ذہن میں خاکہ تیار کرنے والا؛ تصور کرنے والا؛ چوکھٹے میں بٹھانے والا؛ چوکھٹے کی طرح کام آنے والا۔

Frameless : (a) بغیر چوکھٹے کا۔

Framework : (n) چوکھٹا یا دربست جس پر یا جس میں کوئی چیز بٹھائی، جمائی یا روکی جائے؛ کئی حصوں کو ایک ساتھ ملا کر بنا یا ہوا ڈھانچہ یا چوکھٹا؛ پیکرہ؛ قالب؛ کالبد؛ چہار چومہ؛ پنجر؛ نیز مجازاً۔

Framing : (n) (۱) کوئی چیز بنانے، تعمیر کرنے یا تشکیل دینے کاعمل، طریقہ یا طریقۂ عمل۔(۲) بنائی ہوئی چیز؛ شے متشکل؛ تشکیل دی ہوئی چیز؛ مجسم کی ہوئی شے؛ صورت یافتہ چیز؛ گھڑی ہوئی چیز۔(۳) چوکھٹا یا چوکھٹوں کا سلسلہ یا نظام۔(٤) اشیاء یا مسالہ جس سے چوکھٹا بنایا جائے۔

Framing chisel : (n) چول بنانے کی وزنی چھینی یا رُکھانی۔

Frampold/Frample : (n) [origin unkn.] (۱) (بول چال)نک چڑھا؛ تندمزاج؛ تنک مزاج؛ ترش مزاج؛ کج خلق؛ تند خو؛ بد مزاج؛ چڑ چڑا؛ زود رنج؛ برہم؛ جھلّا یا ہوا؛ برافروختہ؛ ناگوار؛ ناخوشگوار؛ تلخ؛ پریشان کن؛ تکلیف دہ۔(۲) جیوٹ والا؛ پُرجوش؛ آتش مزاج؛ جوشیلا؛ جری (گھوڑا)۔

Franc : (n) [F.] ایک فرانسیسی سکّہ؛ چودھویں صدی کا ایک طلائی سکّہ جس کا وزن ساٹھ گرین ہوتاتھا؛ بلجیم اور سوئٹزرلینڈ کا اسی کےمماثل سکّہ۔

Franc-archer : (n) [F. franc+ archer.] (فرانسیسی تاریخ) چارلس ہفتم کی قائم کردہ تیراندازوں کی جماعت جنہیں اُن کی خدمات کے صلے میں تمام ٹیکسوں سے بری کر دیا گیا تھا۔

Franc-tireur : (n) [F.] فرانس کی انقلابی جنگوں کے دوران وجود میں آئی پیدل فوج جو فرانس کی باقاعدہ فوج سے علاحدہ اپنی تنظیم رکھتی تھی؛ بےقاعدہ پیدل فوج کا سپاہی۔

Franchise : (n) [OF.'franchise'.] (۱) کسی بار، ذمہ داری یا کسی کے حاکمانہ اختیارات سے قانونی طورپر معافی یا استثناء؛ معافیت؛ (زیادہ وسیع

معنوں میں)حکومت کی طرف سے کسی شخص یا جماعت کو ملی ہوئی مراعت ۔ (۲) عام حق یا مخصوص حق جو کسی شخص یا جماعت کو دیا گیا ہو ۔ (۳) سلطنت کی ہیئت ترکیبی میں پورے حقوق کے ساتھ شمولیت ۔ (٤) حق شہریت : شہریت ۔ (٥) عام انتخابات میں حق رائے دہی : حق انتخابات (خاص کر قانون ساز جماعت کے ممبران کے لئے) ۔ (٦) وہ اصول جس پر اس کے حاصل کرنے کی استعداد کا فیصلہ ہوتا ہے ۔ (۷) (جدید معنوں میں) انتخابی حق رائے دہی کےلئےمختلف لیاقتوں میں سےایک ۔ (۸) (سیاسیات) حق انتخاب ؛ حق رائے (دہی) ۔ (۹) کسی کمپنی کے ذریعہ کسی شخص یا جماعت کو تفویض کیا ہوا اختیار جس کے تحت وہ کسی خاص علاقے میں اس کمپنی کی مصنوعات یا خدمات کی فروخت کا مجاز ہوتا ہے ۔

Fancy franchise : استعداد حق رائے دہی کا معیار جو خودمختارانہ طریقہ پر قائم کیاگیا ہو ۔

Franchise du quartier : (n) (تاریخ) حق امان ۔

Francisc : (n) [med. L.'fancisca'.] ایک قسم کی جنگلی کلہاڑی یا گرانسہ جسے فرانک کے حامیوں نے استعمال کیا تھا ۔

Franciscan : (n) [med.L.'franciscus'.](راہب) عیسائی درویش جس کا تعلق اس برادری سے ہوتا ہے جو سنہ ۱۹۰۲ء میں St. Francis باشندۂ فرانسیسی نے قائم کی تھی ۔

Franciscan : (a) سلسلہ راہبان سنت فرانسس سے وابستہ یا اُس سلسلے کا؛ سنت فرانسس کے سلسلے والوں سے متعلق ؛ بطور صفت بھی مستعمل ہے ۔

Francium : (n) [mod . L.] (کیمیا) فرانسیم (عنصر، دھات) دھات کا ایک ریڈیو ایکٹیو عنصر جو القلی دھات کے سلسلے کا ثقیل ترین عنصر ہوتا ہے اور کیمیائی طور پر سیسیم (Caesium) کے برابر ہوتا ہے ؛ اس کا ایٹمی نمبر ۸۷ ہے ۔

Francize : (v) [F. f. 'francais'.] فرانسیسی بنانا؛ فرانسیانا۔

Francization : (n) فرانسیانا؛ فرانسیسی بنانے کاعمل ؛ اس طرح حاصل شدہ مرتبہ یا قانونی حیثیت ؛ حیثیت عرفی ۔

Franco- : [med L. Comb. f. Franci.] کلمہ سابقہ (پیشوند) بہ معنی فرانسسوی ؛ فرانسیسی ۔

Francolin : (n) [It.'Francolino'.] ایک قسم کی چڑیا جو تیتر سے مشابہ ہوتی ہے ؛ دُرّاج ۔

Francolin partridge : دیکھو Francolin

Francolite : (n) (معدنیات) اپٹائٹ کی ایک قسم جو ڈیوان شائر کے مقام وہیل فرانکو میں کاربونیٹ آف لائم کے تہ نشیں مادوں کی صفت والے تودوں میں پائی جاتی ہے ۔

Francophil (e) : (a) فرانس کا بہت زیادہ جانب دار ؛ فرانس دوست ؛ ہواہ خواہ فرانس ؛ فرانس کا بے حد طرف دار ۔

Francophile (e) (n) وہ شخص جو فرانس کا بے حد طرف دار اور جانب دار ہو ۔

Francophilea : (n&a) جس (شخص) کو فرانسیسیوں کی طرف سے ہر وقت اندیشہ لگا رہتا ہو؛ فرانس ترس ؛ متنفر فرانس ؛ فرانس بیزار ۔

Francophone : (n) فرانسیسی زبان بولنے والا شخص ۔

Francophone : (a) فرانسیسی زبان بولنے والا ۔

Francophone : (n) فرانسیسی بولنا ۔

Francophonic : (a) فرانسیسی بولنے سے متعلق ۔

Frangent : (a) [L.'frangentem'.] شکستنی ؛ توڑنے والا ؛ توڑ ڈالنے والا ؛ چور کر دینے والا ؛ ہڈی توڑ ؛ استخوان شکست ۔

Frangibility : (n) خستگی ؛ شکستگی ؛ ٹوٹنے یا توڑے جانے کی صفت ؛ (طبیعیات) تقصّف ؛ پھوٹک ۔

Frangible : (a) [L.'frangere'.] شکستنی ؛ لائق شکست ؛ ٹوٹنے یا توڑے جانے کے لائق ۔

Frangipane : (n) [F. said to be from 'Frangipan, name of the inventor.] (۱) سرخ چنبیلی کا عطر ؛ عطر یاسمین ۔ (۲) سرخ چنبیلی کا درخت ؛ یاسمین سرخ ۔ (۳) پیسٹری (کلوچہ) جو بادام، شکر، بالائی سے بنتی ہے ۔ (٤) (کیمیا) عطرگل یاس ؛ (نباتیات) گل یاس ۔

Frangipani (n) : (n) سرخ چنبیلی کا عطر ؛ یاسمین سرخ کا عطر ۔

Frangis : (n) [Blend of Fr. 'fran (cais'.] انگریزی اور امریکی الاصل الفاظ؛ رومن ویدوں کےلئے ربط دینے امتیاز دینے سے پیدا شدہ فرانسیسی زبان کا ناقص بیان ؛ بطور صفت بھی مستعمل ھے ۔

Frangulic (acid) : (a) (کیمیا) بید کی قسم کے ایک درخت (اَلڈر) کی چھال میں موجود ایک زرد رنگ کے قلم پذیر ، رنگنے والے مادے کا (ترشہ) ۔

Frangulin : (n) [f.the na meof the tree (Rhmnus) Frangula+-in.] (کیمیا) بید کی قسم کے ایک پھل دار درخت (اَلڈر) کی چھال میں موجود ایک زرد رنگ کا قلم پذیر رنگنے والا مادہ ۔

Frank : (n) [OE.'Franca.'] (۱) جرمنک قوم یا متحدہ جماعت کا ایک فرد جس نے چھٹی صدی میں فرانس فتح کیا تھا ۔(۲) (لیول ٹائن کے محاورہ میں) مغربی قومیت رکھنے والا فرد ۔ (۳) فرنگی ؛ المانوی ۔

Frank : (n) [f. Frank (v)] (۱) اس شخص کا دستخط جو محصول ڈاک کے بغیر خطوط ارسال کرنے کا مجاز ھو ۔(۲) خط یا لفافہ جس پر کسی ایسے شخص کا دستخط ھو ۔

Frank : (n) [from its note.] (بول چال) بگلا ۔

Frank : (a) یورپ کی مغربی قوموں کا ؛ خصوصیت میں اُن جیسا یا اُن میں رائج ۔

Frank : (a) [med. L. 'francus'.] (۱) تیز فہم ؛ ذہین ؛ صاف دل ؛ صاف زبان؛ صاف گو؛ راست باز ؛ بے لاگ ؛ سادہ؛ ایمان دار؛ صریح ؛ واضح ؛ معین ؛ کھرا۔ (۲) ظاہر ؛ کھلا ؛ اعلانیہ ؛ بے تکلف ۔(۳) وسیع القلب ؛ آزاد خیال ؛ وسیع الخیال ؛ سخی ؛ کریم ؛ داتا ؛ فیّاض ؛ دلدار ؛ شاہ خرچ ؛ دل کھول کر دینے والا ؛ عالی ہمت ؛ منش ؛ شریف النفس ؛ کشادہ دل ؛ فیض بخش ۔ (٤) آزاد ؛ بےلگام ؛ بے مہار ؛ مطلق العنان ؛ بے قید وبند؛ تمام قیود اور ذمہ داریوں سے آزاد ؛ صاف ؛ بے جھجھک ؛ کھلا ھوا ؛ بے روک ۔ (٥) (کیمیا) غیرمرکب ؛ (نباتیات) جو دوسرے اعضا سے الگ یا بے لاگ ھو ؛ (توانائی قوت) غیرمشغول (تجارت) بلا بار؛ بلامحصول ۔

Frank : (v) [f. Frank (a) 2.] (۱) (تاریخ) خط وغیرہ پردستخط کرنا کہ وہ بغیر محصول ڈاک میں جاسکے (قدیم دستور تھا کہ خاص خاص لوگوں کے دستخط اگر خط پر ھوں تو اس کا محصول معاف ھو جاتا تھا) بلا محصول بھیجنا یا بھیجے جانے کے لائق بنانا ۔(۲) کسی شخص کے آنے جانے میں آسانیاں پیدا کرنا ۔ (۳) کسی شخص کو اعلیٰ صحبتوں میں شرکت کی اجازت دینا (موقع دینا) ۔(٤) کسی شخص کو بلا کرایہ لے جانا ؛ پہنچا دینا ۔ (٥) کسی شخص کو آئندہ ادائی یا محصول سے مستثنیٰ اور معاف کر دینا ؛ محصول سے بری کر دینا ۔

A franking duty/-imposition : وہ محصول جس کی معافی دے دی گئی ھو ۔

Frank-almoign/-almoin : (n) [AF.'fraunke almoigne'.] (قانون) جاگیر لاخراج جو مذہبی خدمات کےصلے میں ھو ۔

Frank chase : (n) (قانون) دوسرے کے جنگلوں میں شکار کا حق ۔

Frank-fee : (n) جائداد غیر مشروط یا قابل توریث ؛ جائداد کا حق ملکیت نیز وہ زمین جو ایسے حق ملکیت کے تحت ھو ۔

Frank monster : (n) وہ چیز جو اپنے بنانے والے کے ہی لئے تباہ کن یا خوفناک بن جائے ۔

Frank-pledge : (n) [AF. 'franc-pledge.] (۱) (تاریخ) (قدیم انگریزی قانون) وہ نظام یا ضابطہ جس کے تحت بعض استثناؤں کے ساتھ دس کنبہ داروں کی جماعت کا ہر مرد جو ۱۲ سال یا اُس سے زیادہ عمر کا ھو، اُن دس کنبوں کے دوسرے ارکان کی نیک چلنی یا اُن سے سرزد ھونے کسی نقصان کے لئے ذمہ دار ھوا کرتا تھا ۔ (۲) اس نظام کا کوئی رُکن ؛ نیز یہ نظام (ایک دوسرے کےپڑوس میں رہنے والے دس کنبہ دار جو ایک دوسرے کی نیک چلنی کے ضامن اور بدچلنی کےلئے جواب دہ ھوتےتھے ۔

Frank-tenement : دیکھو Free-hold

Frank- tenure : (n) دیکھو Free-hold

Frankenstein : (n) مسز شیلی کے رومانس فرنیکینٹائن کا مرکزی کردار جس نے ایک بے حد بدنفس اورعفریت صفت لفظ کی تخلیق کی؛ اس لفظ کا استعمال عموماً غلط طور پر کسی عفریت صفت انسان کے نام کی طرح ھوتا ھے جو خود خالق کو خائف اور تباہ کرتا ھے ؛ مزید دیکھو Frank monster ۔

Frankfold : (n) (قانون) دیکھو Faldage

Frankfort : (n) جرمنی کے ایک شہر کا نام ۔

Frankfort black : (n) سیاہ روغن جو تانبے پر نقش و نگار کھودنے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ تانبے کی چادروں پر منبت کاری میں استعمال کیا جانے والا اچھی قسم کا سیاہ روغن یا رنگ ۔

Frankfurter/Frank furt : (n) [G.'Frank Furter wurst'.] انتہائی چشخارا دار اور بھر پور مسالہ دے کر دھوئیں میں خشک (اور محفوظ) کیا ہوا ؛ گائے اور سور کے گوشت کا سا سیخ (جو قیمہ کئے ہوئے گوشت میں مسالہ ملا کر اور انتڑیوں میں بھر کر بنایا جاتا ہے ۔

Frankincense : (n) [OF. 'Franc encens.'] (۱) لوبان ؛ بخور ؛ کندر؛ (کبھی کبھی) لوبان کا دھواں ۔ (۲) سرد یاصنوبر کے درختوں سے حاصل شدہ بخور یا لوبان ؛ نیز وہ درخت ۔

Frankish : (a) (۱) فرنگیوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (۲) چھٹی صدی میں فرانس کو آزاد کرانے والی جرمنی قوم یا متحدہ اقوام کا یا اُن سے متعلق ۔ (۳) مغربی قوموں کا یا اُن سے متعلق ۔

Frankish : (n) فرنگیوں کی زبان ؛ چھٹی صدی میں فرانس کو آزاد کرانے والی المانوی (جرمنی) قوم یا متحدہ اقوام کی زبان ۔

Franklin : (n) [Anglo L. 'franc-colanus.] (تاریخ) چودھویں اور پندرھویں صدی کا زمیندار جو غلام تو نہ تھا مگر عالی خاندان اور شریف النسل بھی نہ ہوتا تھا ؛ لاخراج جائداد کا مالک ؛ بے لگان جائداد رکھنے والا ۔

Franklinian : (a) [f. Franklin.] بنجامن فرینکلین کا یا اُن سے متعلق ؛ (سیاسیات) فرینکلین کا پیرو ۔

Franklinian : (n) فرینکلین کا پیرو یا حامی شخص ۔

Franklinic : (a) ایک صفت جس کا اطلاق رگڑ یا مزاحمت سے پیدا شدہ برقی توانائی پر ہوتا ہے ۔

Franklinism : (n) رگڑ سے پیدا شدہ برقی توانائی ۔

Franklinist : (n) فرینکلین کے نظریہ برقی توانائی کا موید یا حامی؛ وہ شخص جو برقی توانائی کے نظریہ میں فرینکلین کی پیروی یا حمایت کرتا ہو ۔

Franklinite : (n) [f. Franklin.] (معدنیات) چمکیلے سیاہ بلوروں میں پایا جانے والا جستے ؛ میگنیز اور لوہے کے آکسائڈوں کا ایک مرکب ۔

Frankly : (adv.) صفائی سے ؛ درستی سے ؛ صاف گوئی کے ساتھ ؛ بے لاگ طو پر؛ صریحاً ؛ واضح انداز میں ؛ بےباکانہ ؛ آزادانہ ؛ بلاجھجک طور پر ؛ صاف دلی سے ؛ ایمان دارانہ ؛ کھلے طور پر ؛ اعلانیہ انداز میں ۔

Frankness : (n) صاف بیانی ؛ سچائی ؛ صفائی قلب ؛ صاف دلی ؛ بے باکی؛ کھراپن ؛ راستی؛ راست بازی ؛ وسیع القلبی ؛ ایمان داری ؛ غیر جانب داری ؛ اخلاص مندی ؛ صاف باطنی ؛ بے لاگ پن ۔

Frantic : (a) [ME.'frentik, frantik'.] شوریدہ سر ؛ آپے سے باہر ؛ ہذیانی ؛ دیوانہ ؛ مضطرب ؛ قابو سے باہر ؛ پاگل ؛ بد حواس ؛ وحشی ؛ بے عقل ؛ ذہنی مریض ؛ سودائی ؛ مجنوں ؛ باؤلا ؛ بے وقوف ؛ خبطی ؛ مراقی ؛ مغلوب الغیظ ۔ (بعد کے استعمال میں) سخت جذبے کی حالت میں ؛ سخت اضطراری حالت میں ؛ دیوانگی یا ہیجانی کیفیت میں ؛ پاگل کی طرح غضب ناک یا طیش میں (شاذ) ۔

Frantically/Franticly : (adv.) مضطربانہ ؛ بحالت غیظ و غضب ؛ اضطراری حالت میں ؛ شوریدہ سری سے ؛ ہذیانی طور پر ؛ آپے سے باہر ہو کر ؛ پاگلوں کی طرح ؛ بدحواسی سے ؛ مجنونانہ ؛ بطور سودائی ؛ وحشیانہ انداز میں ۔

Franticness : (n) سودا ؛ جنون ؛ شوریدہ سری ؛ پاگل پن ؛ بدحواسی؛ ہذیان؛ دیوانگی؛ اضطراب؛ وحشت ؛ باؤلاپن ؛ خبط ؛ بے عقلی ۔

Frap : (v) [OF.'fraper'.] (۱) (بحری) خوب کس دینا ؛ خوب چست باندھنا ؛ نقارے وغیرہ کی رسیوں کو کھینچ کر کسنا ۔ (۲) مارنا ؛ پیٹنا ؛ زدو کوب کرنا ؛ ضرب لگانا وار کرنا ۔

Frappe : (a) [Fr. pa. pple. of frapper.] ٹھنڈا کیا ہوا ؛ جمایا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ منجمد؛ برف سے ٹھنڈا کیا ہوا ۔

Frass : (n) [Ger. f. 'fressen'.] (۱) کیڑوں کے بچوں یا انڈوں کا فُضلہ ۔ (۲) وہ مادہ یا فضلہ یا کوڑا کرکٹ جو سوراخ کرنے والے کیڑے چھوڑ جاتے ہیں ؛ (حیوانیات) فُضلہ کِرم ۔

Frate : (v) [F.Fratting.] (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ مراسم قائم ہونا ۔

Frate : (n) (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ تعلقات قائم کرنے سے جو عورت ملی ہو ۔

Frate : (n) [It.] عیسائی درویش ؛ راہب ۔

Frater : (n) [OF. 'fraitur'.] (تاریخ) دَیر یا مسیحی خانقاہ کاوہ کمرہ جہاں کھانا کھایا جاتا تھا؛ آرام گاہ ؛ طعام خانہ ۔

Frater : (n) [L.] برادر؛ بھائی ؛ ساتھی ؛ اخی ؛ رفیق ؛ ہم دم ؛ دوست ؛ دینی یا نظریاتی بھائی ۔

Frater consanguinous : (n) (سماجیات) برادر صُلبی ۔

Frater uterinus : (n) (سماجیات) برادر بطنی ۔

Fraternal : (a) [f. L. fraternus+ A L.] برادرانہ ؛ بہ سلسلہ اخوت ؛ بھائی بندی کا ؛ دوستانہ ؛ بھائیوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Fraternal insurance : (n) (تجارت) باہمی بیمہ ۔

Fraternal polyandry : (n) (سماجیات) چند برادر شوہری ۔

Fraternally : (adv.) برادرانہ طور پر ؛ اُخوت سے ۔

Fraternate : (شاذ) بھائی بنانا ؛ بھائی کی طرح دوستی یا ہمدردی کا رشتہ قائم کرنا ؛ بھائی کی حیثیت سے شامل کر لینا یا شریک کرلینا ؛ برادرانہ اشتراک میں شامل کرلینا ؛ متفق ہونا ؛ برادری میں شامل کرنا یا ہونا ؛ ملنا جلنا ؛ بھائی چارہ پیدا کرنا ؛ رشتہء اخوت قائم کرنا ؛ خلا ملا پیدا کرنا ؛ دوست بنانا ؛ دوستوں کی طرح برتاؤ کرنا ؛ دوستی کرنا ؛ (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ روابط قائم کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ؛ دوستی کرنا ۔

Fraternation/Fraternism : (n) میل جول ؛ دوستوں کی طرح ملاپ ؛ برادرانہ اشتراک یا اتحاد ۔

Fraternity : (n) [L.'fraternitatem '.] (۱) برادری ؛ برادرانہ تعلقات ؛ اخوت ؛ بھائی چارہ ؛ مذہبی یا ملّی برادری؛ برادرانہ میل جول ؛ برادرانہ دوستی یا اشتراک ۔ (۲) ایک مخصوص زاویے کے عیسائی درویشوں یا راہبوں کی خانقاہ ۔

Fratting : (n) [short for fraternizing.] (عامیانہ)(دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ تعلقات کا قیام ۔

Frau : (n) [G.] (۱) جرمنی میں بیوی یا بیوہ کو اس طرح خطاب کرتے ہیں ؛ بیوی یابیوہ کا لقب جیسے مسز، بیگم، اہلیہ ۔(۲) جرمن عورت ۔

یا اتحاد؛ بھائیوں کی طرح متحد ہونے کا عمل؛ برادری میں شامل کرنے کا عمل ؛ بھائی کی حیثیت سے شامل یا متحد کرلینے کا عمل ۔

Fraternize : (v) [med.L. fraternizare.] دیکھو Fraternate

Fraternizer : (n) دوستی پیدا کرنے والا ؛ رشتہء اخوت قائم کرنے والا ؛ برادری میں شامل ہونے یا کرنے والا ؛ برادرانہ میل جول رکھنے والا ؛ متفق ہونے والا ۔

Fraternizing : (n) (دشمن ملک کی فوج یا وہاں کے باشندوں کے ساتھ) دوستانہ روابط قائم کرنے کا عمل ؛ دوستانہ روابط کا قیام ۔

Fratriage/Fratrage : (n) [med. L. 'fratria-gium.] (قانون) چھوٹے بھائی کی میراث ۔

Fratricide : (n) [L.'fratricida.] (۱) اپنے بھائی کا قتل کرنے والا یا والی ؛ برادرکش ؛ قاتلِ اخی ؛ قتّالہ اخی ۔ (۲) دینی یا ملّی بھائی کا قاتل ۔

Fratricide : (n) [L.'fratricidium'.] برادر کُشی ؛ قتل اخی ؛ اپنے بھائی کو قتل کرنے کا عمل ؛ (قانون میں) (خوابر کُشی بھی)۔

Fratricidal : (a) قاتل اخی ؛ برادر کُش ؛ بھای کا قاتل ؛ بھائی یا بہن کے قتل کا یا اس سے متعلق ؛ بھائی یا بہن کے قاتل کا یا اس سے متلعق ؛ قتل برادران یا اخوان سے متعلق ؛ بھائیوں کے قتل سے متعلق ۔

Fratry/Fratery : (n) (تاریخ) طعام خانہ ، دیر یا مسیحی خانقاہ کا کمرہ جہاں کھانا کھایا جاتا تھا؛ آرام گاہ ۔

Fratry : (n) [med.L.'fratria, fratreia.] (۱) برادری ؛ برادرانہ تعلقات ؛ اخوت ؛ بھائی چارہ ؛ مذہبی یا ملّی برادری؛ برادرانہ میل جول ؛ برادرانہ دوستی یا اشتراک ۔ (۲) ایک مخصوص زاویے کے عیسائی درویشوں یا راہبوں کی خانقاہ ۔

Fraud : (n) {L.'fraudem'.} (۱) مکاری ؛ دغابازی ؛ جعل سازی ؛ چال بازی؛ دھوکا بازی؛ فریب دہی ۔(۲) مکاری؛ مجرمانہ دھوکا ؛ دغا ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ مکر ۔ (۳) دھوکا دینے کےلئے غلط واقعات بیان کرنا یا کسی کے نام سے ناجائز فائدہ اُٹھانا؛ ناجائز فائدہ حاصل کرنےیا کسی کے حقوق یا مفادات کو مجروح کرنے کی غرض سے کسی بات یا چیز کو غلط صورت میں پیش کرنے کا عمل ۔ (٤) بے ایمانی سے کوئی چال چلنا ؛ چال بازی ؛ بتھکنڈا ؛ بے ایمانی کی چال ۔(٥) ایسی چیز یا شخص جس سے توقعات پوری نہ ہوتی ہوں یا جس کو سمجھا کچھ ہو اور وہ نکلا کچھ ہو (جس کی حقیقت کاعلم نہ ہو) ۔ (٦) پُر فریب تدبیر ؛ سازش؛ دھوکا دینے والی چال ؛ دغابازی (جدید روز مرہ استعمال میں) ؛ جعلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی یا جھوٹی چیز ؛ دھوکے کی ٹٹی ؛ دام تزویر ۔ (۷) (روز مرہ) (افراد کےلئے)رنگا سیارہ؛ بنا ہوا؛ دغاباز؛ ٹھگ ؛ مکار ؛ عیار ؛ فریبی ؛ جعل ساز ؛ بگلا بھگت ۔

In fraud of/To the fraud of : (قانون) (کسی کو) فریب دیتے ہوئے ؛ نقصان یا ضرر پہنچاتے ہوئے؛ روزا نکاتے ہوئے ۔

Pious fraud : ایسا دھوکا یا فریب جس کا مقصد اس شخص کو فائدہ پہنچانا ہو جس سےفریب کیا جائےاورخصوصاً ایسا فریب جس کا مقصد مذہبی عقیدے کوتقویت پہنچانا ہو ؛ مصلحت آمیز فریب ۔

Statute of frauds : (قانون) وہ قانون جس کے مطابق اکثر حالتوں میں کسی معاہدے کو قانوناً جائز قرار دینے کےلئےتحریری دستاویزات طلب کی جاتی تھیں ۔

Fraud order : (n) (امریکا) امریکی پوسٹ ماسٹر جنرل کا جاری کردہ ایک حکم جس کے تحت کسی ایسے شخص کو ڈاک کی چیزیں استعمال کرنے سے ممانعت کی گئی ہے جس نے پہلے کبھی ان چیزوں کو دھوکا دینے کےلئے استعمال کیا ہے یا جس پر ایسا کرنے کا شبہ کیا جاتا ہے ۔

Fraudful : (a) پُرفریب ؛ پُر از دغا ؛ مکّار ؛ دغا باز ؛ جعل ساز ؛ ٹھگ ؛ دھوکے باز ؛ فریب کار ؛ زور پا ؛ چال باز ؛ عیار ؛ فریبی ؛ غدّار ؛ بے وفا ؛ ناقابل اعتبار ؛ مکروفریب سے بھرا ہوا ؛ دھوکے کا ۔

Fraudfully : (adv.) پُر فریب طور پر ؛ مکاری سے ؛ دغابازی سے ؛ مکر و فریب کے ساتھ ؛ بے وفائی سے ؛ ناقابل اعتبار طور پر ۔

Fraudless : (a) بے دغا ؛ جس میں دھوکا نہ ہو ؛ بے ضرر ؛ صاف ؛ قابل اعتبار ؛ باوفا ؛ بے فریب ؛ وفادار ؛ سچّا ؛ کھرا ؛ ایمان دار ۔

Fraudlessly : (adv.) وفاداری سے ؛ قابل اعتبار طور پر ؛ سچائی سے ؛ ایماندارانہ ۔

Fraudlessness : (n) وفاداری ؛ اعتبار ؛ سچائی ؛ ایمانداری ؛ کھراپن ۔

Fraudulence : (n) (۱) فریب کاری ؛ حیلہ بازی ؛ فریب ؛ دغابازی ؛ عیّاری ؛ مکّاری ؛ چال بازی ؛ جعل سازی ؛ بےوفائی ؛ بے ایمانی ۔ (۲) دیکھو Fraudulent ۔

Fraudulent : (a) {L.'fraudulentus'.} (۱) دھوکے باز ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ مکّار ؛ جعل ساز ؛ عیّار ؛ بے ایمان ۔ (۲) دھوکے کی قسم سے ؛ از قسم فریب ؛ جس میں دھوکا یا فریب کی نوعیت ہو ؛ جس کو دھوکا یا فریب کہا جا سکے یا جس میں دھوکا یا فریب کی آمیزش ہو ؛ فریب آمیز ؛ فریب کارانہ ؛ (قانون) دغاباز ؛ فریب کارانہ ۔

Fraudulent claim : (n) (تجارت) باطل دعویٰ ؛ دعویٰ باطل ۔

Fraudulently : (adv.) دھوکا یا فریب سے ؛ از روئے فریب ؛ دغابازی سے ؛ عیّاری کے ساتھ ؛ فریب کارانہ ؛ بےایمانی سے ۔

Fraught : (n) {Origin doubtful.} (۱) (اسکاتستان) سامان کے نقل و حمل کے لئے جہاز کا کرایہ یا کرائے پر لیا ہوا جہاز؛ سامان کی نقل وحمل کی خدمت؛ اس کےلئے ادا کی ہوئی رقم ؛ کرایہ ؛ بھاڑا ؛ مزدوری ؛ اُجرت ۔ (۲) (جہاز میں) لدا ہوا سامان؛ (امریکا میں) زمینی یا بحری راستے سے لےجائی جانے والی کوئی بھی چیز ۔

Fraught : (v) (۱) (جہاز کو) نقل و حمل کے سامان سے بھرنا یا لادنا؛ سامان یا مسافروں کو لےجانے کےلئے جہاز کو کرائے پرلگانا یا لینا ۔ (۲) کرائے پرلگنا ۔

Fraught : (a) (۱) (شاعری) بھرا ہوا ؛ لدا ہوا ؛ پُر ؛ آراستہ ؛ مملو ۔(۲) بھرا ہوا ؛ لدا ہوا (جہاز) ۔

Full fraught : پورا لدا ہوا یا بھرا ہوا (جہاز) ۔

Fraught-with : (رنج، خطرہ معنی وغیرہ سے) پُر ؛ بھرا ہوا ؛ مملو ؛ جس سے (رنج ، خطرہ وغیرہ کے) پیدا ہونے کا اندیشہ یا خوف ہو ۔

Fraughtage : (n) (متروك) جہاز میں لدا ہوا سامان ؛ بار جہاز ؛ جہاز کے ذریعہ لے جائے گئے سامان کی مقدار ۔

Fraulein : (n) (جرمن) قوم کی غیر شادی شدہ زیادہ عمر کی لڑکی ؛ مس ؛ بچوں کی استانی ؛ بانوئے آموزگار ؛ دوشیزہ ۔

Fraunhofer : (n) جرمنی کے علاقے بویریا (Bavaria) کے ایک ماہر طبیعیات ؛ جوسف وافران ہوفر (۱۷۸۷ء - ۱۸۲۶ء) کا نام ۔

Fraunhofer lines/-spectrum : سورج یا ستاروں کے عکس ہائے شعاعی (جو آنکھیں بند کر لینے کے بعد بھی اپنی انحراف پذیری کے لحاظ سے ترتیب وار نظر آتے ہیں) ۔

Fraxin : (n) [L.'frax(inus).] (کیمیا) نقری بھوری چھال والے درخت 'Ash' کی چھال میں پایا جانے والا ایک مادہ ($C_{16}H_{18}O_{10}$) جو Horse chest-nut کی چھال میں بھی ایک دو سرے کیمیائی مادے Aesculin کے ساتھ پایا جاتا ہے ۔

Fraxinelda : (a) ایک پھول دار پودا جس کے پتے 'Ash' کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں ؛ فرسنیل ؛ دوا میں کام آنے والی بوٹی کی ایک اُپجاتی ہوئی قسم ۔

Fraxinus : (n) (نباتیات) جنس دیو دار ۔

Fraxinus excelsior : (n) (نباتیات) دیو دار ۔

Fray : (n) ہراس ؛ سراسیمگی ؛ خوف ؛ ڈر ؛ دہشت ؛ ہول ؛ گھبراہٹ ؛ بیبت ؛ شور و شغب ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ لڑائی ؛ غل غپاڑا ؛ ستیزہ ؛ تنازعہ ؛ دنگا ؛ شورش ؛ غوغا ؛ نزاع ؛ جدال ؛ چیخ پکار ۔

Eager for the fray : لڑنے جھگڑنے پر آمادہ ؛ مستعد پیکار ہے ؛ نیز مجازاً ۔

Fray : (n) سراسیمگی کا مقام ؛ وہ جگہ جہاں خوف و دہشت کا احساس ہو ؛ پُرہول مقام ؛ مقامِ شوروشغب ؛ شورش کی جگہ ۔

Fray : (v) (۱) ڈرانا ؛ خوف دلانا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ سراسیما کردینا ؛ دہشت دلانا ۔ (۲) خوف دلا کر بھگا دینا یا نکال دینا ؛ (شکار کا) ہانکا کرنا ؛ گھیر کرنا ؛ ہانکنا ؛ چلانا (متروك) ۔ (۳) جھگڑا کرنا ؛ لڑائی کرنا ؛ مارپیٹ کرنا (متروك) ۔

Fray : (v) [L.'fricare'.] (۱) (ہرن کا اپنے) سینگوں پر سے ہلکی نرم کھال (درختوں سے رگڑ کر) اتار دینا ۔ (۲) رگڑ کر پتلا کر دینا ؛ گھس ڈالنا ؛ کسی چیز کے کنارے یا سرے کو گھس ڈالنا ۔ (۳) گھس کر کپڑے کو تار تار کر دینا ؛ کپڑے کے کناروں کا (گھس کر) تار تار ہو جانا ؛ کھر درا ہو جانا ۔ (٤) صاف کر دینا ؛ راستہ بنا دینا ؛ رگڑ کر چھیل ڈالنا یا چھل جانا ۔

Fraying : (n) رگڑ کر پتلا کرنے یا گھس ڈالنے کا عمل ؛ ہرن کا اپنے سینگوں کو درخت سے رگڑ کر اُن پر سے ہلکی نرم کھال کو اُتار دینے کا عمل ؛ رگڑ ؛ چھیلن ؛ خراش ؛ گھساؤ ۔

Frazil/-ice : (n) [Can.f. Frasil,zil.] (کناڈا اور امریکا) دریا کی تہ میں جو برف جمی ہوتی ہے ؛ متلاطم یا پُرشور پانی میں جمی ہوئی برف کی قلمیں یا دانے ؛ (ارضیات) پترا برف ؛ فرازل ۔

Frazzle : (n) تھکن اور کم زوری کی حالت ؛ فرسودگی ؛ تھکاوٹ ؛ ماندگی ؛ افسردگی ؛ تھکن ؛ گھساوٹ ؛ پرانا پن ۔

Frazzle : (v) رگڑ کر گھس ڈالنا ؛ گھس کر پتلا کر دینا ؛ رگڑ کر یا چھیل کر پتلا اور کم زور کر دینا ؛ پرانا کردینا ؛ کثرتِ استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ۔

Freak : (n) [Origin unkn.] (۱) وہم ؛ خیال ؛ پریشاں خیالی ؛ تلون مزاجی ؛ وسواس ۔ (۲) اپج ؛ موج ؛ ترنگ ؛ خیال ؛ لہر ۔ (۳) کوئی غیرمعمولی اور عجیب چیز جو توہم ، پریشانی یا بےمعنی خیالات کی بلند پروازی کا نمونہ ہو ۔ (٤) عجیب اور خوفناك صورت ؛ غیرمعمولی ؛ غیرفطری چیز ؛ عجوبہ ۔ (٥) ذہن کی اچانك اور بے وجہ تبدیلی یا پلٹ جانا ۔ (٦) (طب) عجوبہ ۔

Out of mere freak : محض توہم یا تلون مزاجی کی وجہ سے ۔

Freak : (n) گہرے جذباتی تجربے سے گذرنے والا ؛ گہرے جذباتی ہیجان سے گذرنے والا ؛ مشتعل ؛ متہیج یا وحشت زدہ ہونے والا جو خاص کر کسی دوا کے زیر اثر ہو ؛ (کسی کو) مشتعل کرنے والا ؛ بھڑکانے والا ؛ سماج کے رسوم و قیود کی پابندی نہ کرنے والا ؛ سماجی غیرمقلد ؛ دوا کا عادی ؛ کثرت سے دوا کھانے کا عادی شخص ۔

Freak : (n) رنگ کی دھاری یا لکیر ؛ رنگ کا داغ یا دھبّا ؛ رنگین دھبّا یا لکیر ۔

Freckle : (v) (۱) دھبے ڈالنا ؛ جھائیاں پڑجانا ؛ دھبوں سے بھر دینا ؛ چتکبرا بنا دینا ؛ داغ دار نظر آنا ۔ (۲) داغ دار ہو جانا ؛ دھبّے دار بنانا ؛ جھائیاں پڑجانا ۔

Freckled : (a) (۱) دھبوں سے بھرا ہوا ؛ جھائیوں سے بھرا ہوا ؛ جھائیں دار ۔ (۲) داغ دار ؛ دھبّے دار ؛ داغ داغ ۔

Freckling : (n) جھائیں کا نشان ؛ داغ دار نشان ۔

Free : (a) [OE.'freo, frio, frig'.] (۱) آزاد ؛ ذاتی حقوق اور سیاسی وسماجی آزادی رکھنےوالا۔ (۲) (ملکوں، شہروں‌اور اداروں کےمتعلق) جو نہ غیرملکیوں کے محکوم ہوں؛ خود مختار حکومت کے پابند ہوں بلکہ کامل قومی اور شہری آزادی رکھتے ہوں ۔ (۳) بےقید؛ پابندیوں اور فرائض سے سبک دوش ؛ بغیر کسی رکاوٹ کے۔ (٤) (انشاء پردازی) عام اصول تحریر وانشاء کی سختی سے پابندی نہ کرنے والا ؛ (غیر پابند) (ترجمہ وغیرہ آزاد ۔ (٥) جائز؛ مناسب؛ روا؛ مباح؛ حلال ۔ (٦) رکاوٹوں سے بچا ہوا ؛ صاف ؛ بے روک ۔ (۷) غیر معینہ ؛ غیر متعلقہ ۔ (۸) (کیمیا) غیر مرکب ؛ مفرد ۔ (۹) (قوت و استعداد) جو مصروف یا مشغول نہ ہو اور قابل استعمال ہو۔ (۱۰) ازخود؛ بلاجبر واکراہ؛ لا استحقاق؛ مفت ؛ بہ رضا و رغبت؛ خود رائی سے کام کرنا ۔ (۱۱) بکثرت ؛ بے تکان ؛ بہ مقدار کثیر (خرچ کرنا) ؛ بہ افراط ؛ کثیر ؛ لبریز ؛ بھراہوا۔ (۱۲) بےباک؛ بےتکلف؛ گستاخ؛ بےادب ۔ (۱۳) (قصے، افسانے، تذکرے) جو سنجیدہ نہ ہو؛ تہذیب سے گرا ہوا ۔ (۱٤) بے قید کام کرنے کا حق رکھنے والا ۔ (۱٥) خود جو کسی کا دست نگر نہ ہو ۔ (۱٦) صاف گو ؛ بے لاگ ؛ بات کہنےوالا ؛ بے تکلف ؛ بےتصنع ؛ سادہ ؛ کھرا ؛ صاف دل ۔ (۱۷) مستثنیٰ ؛ محفوظ ؛ بچا ہوا ۔ (۱۸) جس پر کوئی ٹیکس، محصول ، چنگی یا فیس یا کسی قسم کی تجارتی پابندی عائد نہ ہو ؛ (تجارت) تجّاروں کے لئے کھلا ہوا ؛ تجارتی پابندیوں یا رکاوٹوں سے مستثنیٰ ۔ (۱۹) بےجرم؛ بے گناہ ؛ معصوم ؛ رہائی یافتہ ؛ رہا کیا ہوا ۔ (۲۰) بے روک ؛ بے لگام مطلق العنان ؛ غیر مسدود۔ (۲۱) (جہازرانی) (ہوا) موافق) ۔ (۲۲) جو کسا ہوا یا بندھا ہوا نہ ہو ؛ ڈھیلا ؛ کھلا ہوا ؛ نابستہ ۔ (۲۳) غیر متعلق ؛ غیر مربوط ؛ آزاد ؛ بے ربط ؛ جو کسی دوسری شے سے ملا ہوا یا بندھا ہوا نہ ہو ؛ جو اپنے قریب یا اوپر والی چیز کے دباؤ سے آزاد ہو ۔ (۲٤) (نباتیات) بےلاگ ؛ جو دوسرے اعضاء سے ملا ہوا نہ ہو ؛ جدا ۔ (۲٥) (قوت یا توانائی)

Freak : (v) (۱) داغ دھبے ڈالنا ؛ دھاریاں بنانا ؛ رنگ برنگا کرنا ؛ پچ رنگی بنانا ؛ بوقلموں کرنا ۔ (۲) دل لگی کرنا ؛ رنگ رلیاں منانا ؛ خوش طبعی کرنا؛ مسخراپن کرنا ؛ تلون مزاجی دکھانا ؛ عجوبگی دکھانا ۔

Freak : (v) (اکثر out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) گہرے جذباتی تجربے سے گذرنا؛ مشتعل یا متہیج ہوجانا؛ وحشی بن جانا؛ خاص کر کسی دوا کے اثر سے ؛ (کسی شخص کو) مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ؛ اُکسانا ؛ متحرک یا متہیج کرنا ۔

Freak of nature : (n) (کوئی چیز یا شخص) جس کا وجود یا نشو و نما فطرت کے معمول کے خلاف ہو ؛ عجوبگیٔ فطرت ۔

Freaked : (a) جس (شے یا جانور) پر عجیب دھبے یا دھاریاں ہوں ؛ بوقلموں ؛ پچ رنگا ۔

Freakish : (a) (۱) خیالی ؛ وہمی ؛غیرمعمولی ؛ خلاف فطرت؛ عجیب و غریب ؛ متلون ۔ (۲) متلون مزاج ؛ عجیب و غریب فطرت کا ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ حیرت انگیز ۔

Freakishly : (adv.) وہم کے ساتھ؛ تلون مزاجی کے ساتھ؛ عجیب و غریب طور پر ؛ انوکھےپن کے ساتھ ۔

Freakishness : (n) متلون المزاجی ؛ غیر معمولی پن ؛ عجوبگی ؛ عجیب و غریب فطرت ؛ انوکھاپن ۔

Freck : (v) [Origin unkn.] دھبے ڈالنا ؛ داغ دار کرنا ؛ دھاریاں ڈالنا ؛ دھاری دار بنانا ؛ لہریا بنانا ؛ بلکورے ڈالنا ؛ گڑھا پیدا کرنا ۔

Freck/ Frack : (a) [OE. frec, fric, fracc.] (۱) (اسکاتستان) مشتاق؛ خواہش مند؛ مستعد؛ آمادہ؛ آرزومند؛ خواہاں ؛ خواست گار؛ شائق ؛ طالب ؛ متمنی ؛ بے قرار ۔ (۲) موٹا تازہ ؛ بنا کٹا؛ چاق و چوبند؛ تندرست و توانا ؛ مضبو ط ؛ قوی ؛ زوردار ؛ طاقت ور ۔

Frecken : (n) [ON. 'freknur'.] (۱) جلد پر زردی مائل یا ہلکا بھورا دھبّا ۔ (۲) چھوٹا دھبّا ؛ جھائیں یا بےرنگی ۔

Freckle : (n) [altered frecken.] (۱) جسم یاکھال پر زردی مائل یاہلکےبھورے رنگ کا دھبا ۔ (۲) (جمع) جھائیاں؛ کلجھا ان ؛ مگس ؛ انہوریاں ۔ (۳) کوئی بھی چھوٹا دھبّا یا بےرنگی ۔ (٤) (طب) کلف؛ گُندمہ؛ جھائیں ۔

مکمل آزادی ء عمل (ہونا : (To have or give) free hand یا دینا) ۔

کسی کو گستاخ یا بے تکلف بنا دینا یا خود بن جانا ۔ : To make or be free

بےتکلف ہونا یا کرنا ؛ غیر رسمی سلوک کرنا ؛ (جہاز رانی) دلیری سے یا نمایاں طور پر قریب آجانا ۔ : To make (or be) free with

آزادانہ ؛ آزادی سے ؛ بےروک ٹوک ؛ بلا رکاوٹ؛ بےتکان؛ بےقیمت یا مفت طور پر؛ بلا ادائیگی؛ (جہاز رانی) ڈھیلے ڈھالے انداز میں ۔ : Free (adv.)

آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھڑانا ؛ بچانا ؛ نجات دینا؛ نجات پانا؛ بچنا؛ سلجھانا؛ کھولنا؛ چھوڑ دینا ؛ دست بر دار ہونا ؛ حوالے کرنا؛ سپرد کرنا ؛ سونپنا ؛ مستثنیٰ کرنا ؛ صاف کرنا؛ خلاصی دلانا؛ خلاص کرنا ؛ بےلاگ کر دینا؛ بے ربط کرنا ؛ (کسی چیز کو) کسی رکاوٹ ؛ بار یا مزاحمت سے چھڑانا یا آزاد کرنا ؛ (اراضی کو) رہن کے بار سے آزاد کرنا ؛ جائداد مستغرق کو چھڑانا؛ (جستہ کی کان کنی) بارماسٹر (کان کنوں کا مقامی جج) کو مناسب رقم ادا کر کے (کوئی نئی کان یا ارضی شگاف) کو (اپنے نام) رجسٹر کرانا ۔ : Free (v)

(لسانیات) آزاد لہجہ ۔ : Free accent (n)

(لسانیات) آزاد تبادل ۔ : Free alternation (n)

(دباؤ یا بہاؤ سے) آزاد ہَوا ؛ کرہء ہَوا ؛ زمین کی سطح سے ۱۰۰ فٹ بلند سبھی ہَوا زمینی رکاوٹوں سے آزاد ہوتی ہے ۔ : Free air (n)

غیر مجبور ؛ غیر پابند ؛ اپنے فعل میں آزاد؛ بےتکلف؛ بےمزاحمت؛ جو آداب صحبت کا زیادہ لحاظ نہ رکھے؛ فطری ؛ طبیعی ؛ لا اُبالی ؛ بےپروا؛ بےقاعدہ ؛ بےترتیب ؛ پھوہڑ ؛ بھونڈا؛ بےتُکا ؛ بےاصول ۔ : Free and easy (a)

گانے بجانے کا ضیافتی اجتماع مثلاً جس میں سگریٹ نوشی، شراب نوشی وغیرہ بھی کی جاسکتی ہے ۔ : Free and easy (n)

(تجارت) غیر محصولی بھٹکا مال ۔ : Free astray (n)

(تاریخ) بلا محصول اشیاء ؛ غیر ممنوعہ اشیاء ۔ : Free articles (n)

غیر مشغول ؛ غیر مصروف ؛ آزاد ۔(۲۶) (کوئی چیز یا سامان) جسے بہ آسانی کمایا یا گھڑا جاسکے؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ نرم ؛ نرم ساخت والا ۔ (۲۷) آمادہ ؛ مستعد؛ اپنی خواہش یا رضا سے کام کرنے والا؛ بلاجبر واکراہ کرنےوالا؛ اپنے آپ خود بخود؛ از خود؛ بلا تحریک غیر ۔(۲۸) (پیش کش، منظوری وغیرہ) بہ رضا و رغبت ، خود بخود؛ (گھوڑا) رضامند؛ آمادہ ۔(۲۹) آمادہء داد و دہش ؛ فیاض ؛ سخی ؛ کریم ؛ فیض رساں ؛ اہل خیر (نیز) دی ہوئی چیز ؛ تحفہ ؛ ہدیہ ؛ عطیہ ؛ بخشش ۔(۳۰) وہ مزدور یا مزدوروں کا سرغنہ جو یونین میں شامل نہ ہو ۔ (۳۱) (زمین) جس پر کوئی لگان یا جس کے صلے میں کسی خدمت کی ذمہ داری نہ ہو؛ بےلگان؛ لاخراج ۔ (۳۲)بےادائی؛ مفت کا ؛ بلاقیمت؛ بےاستحقاق ۔ (۳۳) محصول وغیرہ سے آزاد ؛ مبرّا؛ بری ؛ بلامحصول ۔(۳۴) (تعلیمات) معاف (فیس)۔

لڑائی یا دنگا جس میں سب کے سب یا متعدد افراد شامل ہوں ؛ لڑائی جس میں جس کا جی چاہے شریک ہو جائے ۔ : A free fight

محصول آمدورفت معاف؛ بلامحصول یا خرچہ آمدو رفت ۔ : Carriage-free

میں نے یہ کام اپنی رضا و رغبت سے کیا (بغیر جبر و اکراہ) ۔ : Did it of my own free will

نمائش گاہ کا داخلہ مفت ہے ۔ : Gallery is open free

میں اعتراف کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ : I am free to confess

اُس کےلئے ایسا کرنا جائز و روا ہے؛ اس کو ایسا کرنے کا اختیار ہے ۔ : It is free for or to him, to do so

(جس کو) حقوق شہریت دینے گئے ۔ : Made free of the city

بے محصول ؛ بے لگان ؛ ٹیکس فری ؛جس کےلئے کوئی محصول یا فیس ادا نہ کرنی پڑے ۔ : Scot free

ڈھیلا ہوجانا ؛ کھل جانا ؛ سلجھ جانا ؛ نجات پانا ؛ رہا ہو جانا ؛ آزاد ہو جانا ؛ (کیمیا) گیس وغیرہ کا حالت ترکیبی سے) تحلیل ہو جانا ۔ : To get free

اپنے ارادے (یا رائے) کےمطابق اور اپنی قوت امتیازی سے کام کرنے کا حق رکھنا یا دینا ۔ : To have or give a free hand

Free aviation : (n) (تاریخ) آزاد ہَوائی جہاز رانی ۔

Free balloon : (n) آزاد غبارہ ۔

Free bench/-bank : (n) (قانون) ازروئےجمع بندی یا اجارے کے تحت مقبوضہ زمینوں کی ریاست جس کی کنواری یا شادی شدہ بیوی اُس تعلقہ کے رواج کے مطابق اپنے شوہر کی وفات کےبعد اپنے مہر کے عوض اُس کی مالک ہوتی ہے ۔

Free-board : (n) [AF.'franc bord'.] (۱) (قانون) کسی جنگل یا پارک کے احاطے سے باہر کسی مخصوص خطۂ اراضی پر دعویٰ کرنے کا حق ؛ نیز اس طرح دعویٰ کی گئی زمین ؛ زیر دعویٰ زمین ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پہلو کا وہ حصہ جو پانی کی سطح (خط آب) اورعرشہ کی سطح کے درمیان ہوتا ہے ۔

Free-boot : (v) [f. free booter.] قزاقی کرنا ؛ غارت گری مچانا ؛ تاخت وتاراج کرنا ؛ لوٹ مار کرنا ۔

Free-booter : (n) [Du.'vrijbuiter'.] بحری ڈاکو ؛ بحری قزاق ؛ جو شخص سمندروں میں لوٹ مار کرتا ہو ؛ لٹیرا ؛ غارت گر ۔

Free-bootery : (n) قزاقی ؛ غارت گری ؛ سمندری لوٹ مار ۔

Free-booting : (n) لوٹ مار ؛ غارت گری ؛ قزاقی ؛ تاخت و تاراج ۔

Free-born : (a) (۱) وہ لوگ جن کو وراثتاً شہری حقوق اور آزادی حاصل ہو؛ پیدائشی آزاد؛ جس نے غلامی میں آنکھ نہ کھولی ہو ۔ (۲) پیدائشی آزاد شخص کا یا اُس کے شایان ۔

Free capital : (n) (تجارت) نقد سرمایہ ۔

Free chase : (n) دیکھو Frank chase

Free church : (n) وہ کلیسا جس کا کوئی تعلق حکومت سے نہ ہو ؛ آزاد ؛ خود مختار کلیسا ۔

Free church of Scotland : (n) اسکاٹ لینڈ کا آزاد کلیسا ؛ ان مذہبی لوگوں کی جماعت جو سنہ ۱۸۴۳ء میں مرکزی کلیسا سے الگ ہوگئےتھے ۔

Free churches : (n) غیرمقلد؛ جن کا تعلق آزاد کلیسا سےہو ۔

Free churchman : (n) آزاد و خود مختار کلیسا سے متعلق شخص ۔

Free combination : (n) (لسانیات) آزاد ترکیب ۔

Free companion : (n) عہد وسطیٰ میں کرائے کے سپاہیوں کی جماعت کا کوئی فرد جو کسی شہزادے یا ملک کی خدمت میں کرائے کے عوض دستیاب ہوتاتھا؛ کرائے کا سپاہی؛ بھاڑے کا سپاہی جو کسی خاص قوم کافرد نہیں ہوتاتھا بلکہ وقتی طور پر اس شہزادے سے منسلک ہوا کرتاتھا جس نے اسے اُس کا عوض ادا کیا ہوتاتھا ۔

Free company/-grace : (n) بے استحقاق فضل خداوندی ۔

Free competition : (n) (تجارت) آزادی مسابقت ۔

Free consent : (n) (تجارت) آزاد رضامندی ؛ آزاد مرضی ۔

Free distribution : (n) (لسانیات) آزاد تقسیم ۔

Free drainage : (n) آزاد بہاؤ ۔

Free economy : (n) (تجارت) آزاد معیشت ۔

Free electron : (n) (برقیات) آزاد برقیہ ۔

Free end : (n) (طبیعیات) آزاد سرا ۔

Free enterprise : (n) نجی یاانفرادی کارو بار جس پر حکومت یا ریاست کا کنٹرول نہ ہو ۔

Free enterprise system : (n) آزاد معیشت کا نظام ۔

Free entry : (n) (تجارت) آزاد داخلہ ۔

Free exchange rate : (n) (تجارت) آزادشرح مبادلی ۔

Free expression : (n) (لسانیات) آزاد اظہار ۔

Free fall : (n) کسی جسم یا شے کی وہ حرکت جو زمین کی کشش کے سوا کسی اورقوت کے زیر اثر نہ ہو؛ آزاد حرکت ۔

Free fight : (n) لڑائی دنگا جس میں جس کا جی چاہے شریک ہو جائے ۔

Free fishery : (n) دیکھو Fishery

Free flow of water : (n) پانی کا صاف بےروک بہاؤ ۔

Free fluctuation : (n) (لسانیات) آزاد تغیر ۔

Free-for-all : (a) (ابتداً امریکا) سبھوں کےلئے کھلا ہوا ؛ جہاں اذن عام ہو ۔

Free-for-all (n) یك یکی یادست بہ دست لڑائی ؛ کشتی ؛ مکابازی وغیرہ جس میں کوئی بھی حصہ لے سکتا ہو ؛ ایسی لڑائی ، محاربہ یا مقابلہ جس میں شرکت کا اذن عام ہو ۔

Free from difficulties : (a) مشکلات سے بچا ہوا ۔

Free from disease : (a) مرض سے محفوظ ؛ جس نے مرض سے نجات پائی ہے ۔

Free from ordinary rules : معمولی قواعد سے مستثنیٰ ۔

Free gift : (n) عطیہ جو کسی چیز کے معاوضہ میں نہ دیا گیا ہو ۔

Free gift of nature : (n) (تجارت) عطیہ فطرت ۔

Free goods : (n) (تجارت) فطری اشیاء ۔

Free grace : (n) خدا کی مہر بانی بلا استحقاق ۔

Free hand : (n) (۱) نقشہ کشی، بغیر اوزار و آلات کی مدد کے (صرف نظر کی مدد سے) ۔(۲) بے اسباب ؛ بے ترتیب ۔

Free hand curve : (n) (شماریات) آزاد منحنی ۔

Free -hand drawing : (n) آزاد دست نقشہ کشی ۔

Free-handed : (a) دست باز ؛ سخاوت مند ؛ سخی ؛ فیاض ؛ عالی ہمت ؛ عالی منش ؛ شریف النفس ؛ کریم ؛ کشادہ دل ؛ بےتعصب ؛ پُرفیض ۔

Free Harbour : (n) (تجارت) بلا خرچہ تا بندرگا ۔

Free-hearted : (a) کشادہ دل ؛ سخی ؛ فیاض ؛ عالی ہمت ؛ عالی منش ؛ صاف دل ؛ کھرا ؛ صاف زبان ؛ صاف گو ؛ راست باز ؛ کریم ؛ بے لاگ ؛ سادہ ؛ ایماندار ؛ بلندنظر ؛ ظاہر ؛ کُھلا ؛ اعلانیہ ؛ بےتکلف ؛ کھُل کر ملنے والا ؛ بےتکلفی کا ؛ محرك ؛ مَن موجی (شخص) ؛ بے چین (طبیعت) اضطراری (فعل) ؛ آزاد ؛ آزاد خیال ۔

Free-heartedly : (adv.) کشادہ دلی سے ؛ فیاضانہ ؛ عالی ہمتی کے ساتھ ؛ صاف دلی کے طورپر ؛ صاف گوئی سے ؛ فراست بازی کے ساتھ ؛ بے لاگ طور پر ؛ ایمانداراانہ طور پر ؛ ظاہر طور پر ؛ بے تکلفی کے ساتھ ۔

Free-heartedness : کشادہ دلی ؛ فیاضی ؛ عالی ہمتی ؛ صاف گوئی ؛ ایمانداری ؛ بے تکلفی ظاہری ۔

Free imports : (n) (تجارت) آزاد درآمد ۔

Free kick : (n) (فٹ بال) فری کك ؛ آزاد كك ؛ گیند کی وہ كك جو كك لگانے والا اپنی خواہش کے مطابق جس طرح وہ چاہتا ہے اس وقت وہ لگاتا ہے جب مخالف کھلاڑیوں کو (کسی وجہ سے) ایك ہو ۔

Free labour : (n) (۱) آزاد مزدوروں کی (نہ کہ غلاموں کی) محنت ؛ مزدوری ۔(۲) ان مزدوروں کی محنت جن کا تعلق انجمن اتحاد مزدوران سے نہ ہو ۔

Free limit : (n) (تجارت) آزاد مد ۔

Free list : (n) ایسےلوگوں (یا چیزوں) کی فہرست جن کےلئے مفت (بلامحصول) داخلہ کی اجازت ہو ؛ معافی داروں کی یا مالی معافی کی فہرست ؛ (تجارت) فہرست محصول ۔

Free-liver : (n) تن آسان ؛ تعیّش پسند ؛ کھانے پینے کا شوقین ؛ اپنے نفس کے مطابق اپنے شوق کو پورا کرنےوالا ۔

Free-living : (n) تعیّش پسندانہ زندگی ؛ آزادنہ طور پر زندگی گذارنا ؛ تن آسانی ۔

Free love : (n) یہ عقیدہ کہ شادی یا دوسری قانونی بندشوں کے بغیر انسان جنسی تعلقات میں آزاد انتخاب کا حق رکھتا ہے ۔

Free marriage : (n) وہ حق ملکیت جس کی بدولت کوئی شخص اور اس کی بیوی ، بیوی کے باپ یا قرابت دار و رشتہ دار کے ذریعہ بطوربخشش دی ہوئی زمین کےمالك ہوتےہیں جو آنےوالی چارپشتوں تك ان کے ورثاء کےلئے قابل توریث ہوتی ہے کے صلے میں مالك کے ساتھ وفاداری کے سوا اور کوئی خدمت نہیں انجام دینی ۔

Free masonry : (n) [ME.] (۱) فریمیسن کا طریقہ کار اور ادارہ ؛ (مجازاً) دو ہم جنس اور یکساں طبیعت والے اشخاص کے درمیان خفیہ قرارداد یا سمجھوتہ ؛ خلقی ہمدردی ؛ جبلی و خفیہ یا خاموش بھائی چارگی ۔

Free milling : (a) (کان کنی) آسانی سے تحلیل پذیر یا تحویل پذیر (خام دھات) ۔

Free navigation : (n) (تاریخ) آزاد جہاز رانی ۔

Free of his money : خرچ کرنے میں فیاض ؛ کھلا ہوا ہاتھ ؛ بےلگام خرچ کرنے والا ؛ فضول خرچ ؛ مصرف ۔

Free of the house : جس کو کسی مکان میں داخل ہونے اور مکان کو استعمال کرنے کا حق حاصل ہو ۔

Free oscillation : (n) (ریڈیو) آزاد اہتزاز ۔

Free overside : (n) (تجارت) بلا خرچ تا گھاٹ ۔

Free pass : (n) فری پاس؛ مفت اجازت نامہ؛ ایسی اجازت یا داخلہ جو بلا قیمت ہو ؛ ایسی سند جو مفت دی جائے ؛ (تاریخ) مفت پاس (ایسٹ انڈیا کمپنی)۔

Free path : (n) آزاد راہ ۔

Free place : (n) ایک قسم کا وظیفہ جس کے تحت برطانوی سیکنڈری اسکول میں مفت تعلیم دی جاتی ہے ۔

Free placer : (n) مفت تعلیم کا وظیفہ پانے والا برطانوی سیکنڈری اسکول کا طالب علم ۔

Free play : (n) آزاد نقل و حرکت، اعمال و افعال یا تعامل ؛ (تجارت) آزاد کام ۔

Free port : (n) ایسی بندرگاہ جو تمام تجّار کے لئے یکساں کھلی ہوئی ہو ؛ (جس میں سب داخل ہو سکیں ، سب کا مال تجارت آسکے) ؛ (تجارت) بے محصول بندرگاہ ؛ (تاریخ) بےمحصول پورٹ ؛ آزاد بندرگاہ ؛ آزاد پورٹ ۔

Free price system : (n) (تجارت) قیمت کا آزادانہ نظام ۔

Free-quarter : (n) (تاریخ) فوجوں کےرہن سہن کا مفت انتظام کرنے کی ذمہ داری ؛ نیز بے کرایہ مکانات میں رہنے یا رکھے جانے کا حق ؛ بلا معاوضہ مہمان داری ؛ (جمع میں) بے کرایہ کے مکانات ۔

Free range : (n) (۱) (امریکا) مفت چراگاہ ؛ عام چراگاہ ۔ (۲) (خاص کر توصیفی طور پر) دو مُرغیاں جنہیں چرنے چُگنے کی آزادی ہو اور انڈے دینے کی بھی ۔

Free rate : (n) زرمبادلہ کی آزاد شرح ؛ کسی ملک کے سکّے کی غیر ملکی سکّے سے وہ شرح مبادلہ جو سرکاری یا قانونی شرح مبادلہ سےالگ اور آزادانہ رائج ہو ۔

Free reed : (n) (سمعیات) آزاد پتی ۔

Free rein : (n) فیصلےیا عمل کی بےروک آزادی ۔

Free root : (n) (لسانیات) آزاد مادہ ۔

Free school : (n) ایسا اسکول جہاں مفت تعلیم دی جاتی ہو ؛ مفت تعلیم گاہ ؛ خیراتی مدرسہ ۔

Free soil : (n) (امریکا) دو نوآبادی جہاں غلام رکھنے یا غلام بنانے کی ممانعت کردی گئی ہو ۔

Free soil : (a) سنہ ۵۶-۱۸۴۶ء کی ایک سیاسی پارٹی کا وصف یا لقب جو اپنی نوآبادیوں میں غلامی یاغلام رکھنے کی حوصلہ افزائی کی مخالف تھی ؛ اس پارٹی یا اس کے اصولوں سے متعلق ۔

Free soiler : (n) اس نوآبادی کا باشندہ جہاں غلام بنانے یا رکھنے پرممانعت تھی؛ سنہ ۵۶-۱۸۴۶ء کی اُس سیاسی پارٹی کا یا اُس کے اصولوں کا پیرو جس نے اپنی نو آبادیوں سے غلامی کی حوصلہ افزائی کی مخالفت کی تھی ۔

Free soilism : (n) ۵۶-۱۸۴۶ء کی اس سیای پارٹی کے اصول و نظریے، جن کےتحت غلامی کی حوصلہ افزائی کی مخالفت کی گئی تھی ؛غلام مخالفت نظریہ ۔

Free- speech : (n) (سماجیات) آزاد گفتگو ۔

Free-spoken : (a) صاف گو ؛ کھرا ؛ دوٹوک بات کہنے والا ؛ جو شخص صاف صاف بات کہے ؛ اپنی رائے کو پوشیدہ نہ رکھے ۔

Free-spokenness : (n) صاف گوئی ؛ کھراپن ؛ دوٹوک بات کہنے کی عادت یا صفت ۔

Free state : (n) (۱) (کبھی کبھی) جمہوریہ ؛ جمہوریہ (شاذ) ۔ (۲) (امریکا) ۶۵-۱۸۶۱ء کی خانہ جنگی سے پہلے مرکز کی ریاست جس میں غلامی کا نام ونشان نہ تھا؛ آزاد ریاست ۔ (۳) آئرستانی آزاد ریاست ؛ آئرلینڈ کا وہ حصہ جو سلطنت برطانیہ سے ہوکر ایک الگ مقبوضہ ریاست کی حیثیت سے قائم ہوا تھا ۔

Free step and gestures : (n) آزاد وضع اور چال ۔

Free-stone/Freestone : (n) اچھی قسم کاریتیلا پتھر یا چونا پتھر جسے آسانی سے کاٹا یا پیسا جاسکے؛

ایسے پتھر کی سل ؛ نیز توصیفی معنوں میں: (نباتیات) بُھر بھُرا پتھر ؛ ڈھیلی گٹھلی ۔

Free-stone/-peach : (n) ایک قسم کی آڑو جس کی گُٹھلی اس کے پختہ ہوجانےکے بعد ڈھیلی پڑجاتی ہے ۔

Free stress : (n) (لسانیات) آزاد بل ۔

Free stuff : (n) (تعمیرات) بے داغ اور بے گرہ شہتیر ۔

Free style : (n) دوڑ کا وہ مقابلہ جس میں حصہ لینے والے کسی مخصوص انداز کے بجائے اپنی خواہش کےمطابق انداز اختیار کرتے ہوں؛ مثلاً تیراکی وغیرہ میں ۔

Free styler : (n) مقابلہ کرنےوالا تیراک جو فری اسٹائل تیرا کی کی صلاحیت میں نمایاں ہو ۔

Free swimming : (a) تیرنے والا ؛ تیرنے کی اہلیت رکھنے والا ؛ تیراک ؛ آزاد ؛ جو کسی سے بندھا ہوا یا منسلک نہ ہو ۔

Free-swinging : (a) بہادر ؛ دلیر ؛ جی دار ؛ جرأت مند ؛ غیرمذبذب ؛ عاقل ؛ چُست ؛ ہوشیار ؛ تیز ؛ بےجھجھک؛ ذاتی نتائج یا احساسات سےبےپروا ۔

Free syllable : (n) (لسانیات) آزاد رکن ۔

Free territory : (n) (تاریخ) آزاد علاقہ ۔

Free thinker : (n) مذہبی عقائد میں مسلمات سے انکار کرنے والا ؛ معقولی ؛ دہریہ ؛ جو شخص مذہب کے مسلمہ عقائد کو اُس صورت میں قبول نہ کرتا ہو جس صورت میں مذہبی رہنما پیش کرتے ہیں ؛ آزاد خیال ؛ لا مذہب ؛ اٹھارھویں صدی کے منکرین کا اختیار کیا ہوا ایک لقب ؛ آزاد خیال ؛ منکر دین ۔

Free thinking : (n) (۱) بے دینی ؛ دہریت ؛ معقولیت ؛ آزادیٔ رائے و خیال (مذہبی معاملات میں) ۔(۲) دہریے کےاصول یا اعمال ؛ دہریوں کےاصول کو اختیار کرنے والا ؛ دہریت یا دہریوں سے متعلق ؛ (دینیات) معتزلی ۔

Free thought : (n) دہریت ؛ بے دینی ؛ معقولیت ؛ آزادیٔ رائے و خیال (مذہبی معاملات میں) ۔

Free to do : (n) کسی کام کے کرنے میں خود مختار ۔

Free trade/Free-trade : (n) (۱) آزاد تجارت ؛ بے روک ٹوک تجارت ۔ (۲) آزادانہ تجارت (جس پر درآمد روکنے یا ملکی صنعت کو دیگر ممالک کے مقابلہ سے محفوظ رکھنے کےلئے محصول نہ لگایا گیا ہو) ؛ اصول سیاسی جس کا مقصد آزادانہ تجارت ہو ۔(۳) اسمگلنگ ؛ چنگی ادا کئے بغیریا خلاف قانون درآمد، برآمد خفیہ تجارت ۔(٤) توصیفی معنوں میں ۔

Free-trader : (n) (۱) آزاد تاجر جسے بغیر روک ٹوک کے تجارت کرنے کی اجازت ہو ۔(۲) اسمگلر؛ خلاف قانون درآمد برآمد کرنے والا ۔ (۳) آزادانہ تجارت کا حامی ۔(٤) خفیہ تجارت کرنے والا ؛ خفیہ تاجر ۔

Free-trade zone : (n) غیر ملکی یا بیرونی تجارت کا علاقہ ؛ وہ علاقہ جہاں آزادانہ بیرونی تجارت ہوتی ہو ۔

Free translation : (n) آزاد ترجمہ ؛ وہ ترجمہ جو لفظ بہ لفظ نہ ہو بلکہ مترجم اپنے الفاظ میں مفہوم کو ادا کر دے ۔

Free union : (n) [F.'union libre'.] شادی کے بغیر میاں بیوی کی طرح رہنا ؛ شادی کے بغیر ہم خوابی یا ہم بستری ۔

Free variant : (n) (لسانیات) آزاد متبادل ۔

Free variation : (n) (لسانیات) آزاد تغیر ؛ آزاد تبادل ۔

Free verse : (n) نظم معرا؛ آزاد نظم ؛ ایسے اشعار جو عروض و قواعد کی پابندیوں سے آزاد ہوں ۔

Free vibration : (n) (لسانیات) آزاد ارتعاش ۔

Free warren : (n) شکاری جانور اور پرندوں کی پرورش اورنشو و نما کےلئے محفوظ و مخصوص کی ہوئی جگہ میں ان جانوروں یا پرندوں کو رکھنے یا ان کا شکار کرنے کا حق ۔

Free way : (n) کُھلا راستہ ۔

Free way : (n) (ابتداً امریکا) وہ شاہراہ یا بڑی سڑک جس پر بڑی گاڑیوں کو چلنے کی ممانعت ہو ؛ وہ بڑی سڑک جس پر ایکسپریس یا تیز رفتار گاڑیاں چلتی ہوں ۔

Free wheel : (n) بائیسکل کا پہیا جو بغیر پاؤں چلائے بھی گھومتا رہے یعنی جب پاؤں روک لئے جائیں تو بھی بائیسکل چلتی ہی رہے ؛ فری وہیل ؛ آزاد پہیا ۔

Free will/Free-will/Freewill : (n) [ME.] : (۱) آزاد قوت ارادی ؛ ہمارے کاموں اور اعمال کی رہنمائی کرنے والی قوت ارادی جو ضروریات و مصالح اور رکاوٹوں سے آزاد اورتقدیر سے بے پروا ہو ؛ اختیار ؛ بے ساختہ قوت ارادی ؛ فطری قوت ارادی ۔ (۲) توصیفی معنوں میں ۔

Free willer : (n) آزاد قوت ارادی میں یقین رکھنےوالے کےلئے متکبرانہ اصطلاح ؛ آزاد قوت ارادی والا ؛ خود مختار ۔

Free will theory : (n) (سماجیات) نظریہء قدر ۔

Free wind : (n) باد موافق ۔

Free zone : (n) (سیاسیات) آزاد منطقہ ۔

Freed man : (n) آزاد کر دہ غلام ؛ آزاد کیا ہوا غلام ۔

Freed stool : (n) (۱) جائے پناہ ؛ ملجا ؛ ماویٰ ۔(۲) پتھر کی ایک نشست (سیٹ) جوبعض گرجوں کی قربان گاہ کےقریب ہوتی تھی ۔

Freed woman : (n) آزاد شدہ کنیز ؛ آزاد کر دہ کنیز ؛ آزاد شدہ عورت ۔

Freedom : (n) [OE.'fredom'.] : (۱) شخصی آزادی ؛ غلام نہ ہونا ؛ غلامی یا قید سے آزادی یا استثنا ۔ (۲) آزادی ؛ شہری آزادی؛ خودمختاری؛ ظالمانہ؛ خود مختارانہ اختیار سے استثنا ۔(۳) استغنا؛ آزادی عمل ؛ حق عمل ؛ حق انتخاب ؛ حق خود انفصالی؛ حق خود مختاریت ۔(٤) صاف گوئی ؛ صاف دلی ؛ صاف بیانی ؛ سچائی ؛ سادہ دلی ؛ کشادگی ؛ بےتکلفی؛ بے باکی ۔ (٥) ضرورت سے زیادہ بےتکلفی ؛ بے ادبی ؛ بے لاگی ۔(٦) عمل کی آسانی اور سہولت ؛ سہولت ؛ آرام ؛ چین ؛ سکھ ؛ عافیت ؛ آسانی ۔(۷) تخیل کی جرأت؛ نظر کی بلندی ؛ بخشندگی ؛ سخاوت ؛ جواں مردی؛ جرأت کاروائی ۔(۸) (طبیعیات) استعداد حرکت ۔ (۹) (عیب، بار ، مضرت فرض سے) مستثنیٰ یا بری ہونا ۔(۱۰) ایک حق جو کسی شہر یا ادارہ کو حاصل ہو ۔(۱۱) کسی کمپنی کی رکنیت یا کسی شہر کی شہریت کے حقوق میں شرکت (جو اکثر نمایاں اشخاص کوبطور عزت افزائی پیش کئےجاتے ہیں) ؛ نیزاس قسم کی آزادی دینے کا ڈپلو ما ۔(۱۲) استعمال کرنےکا (کسی چیز کو) بےقید غیرمشروط حق ۔ (۱۳) آزاد ہونے کی حالت ۔ (۱٤) اختیارقدرو جبر سےآزاد ہونے کی صفت ۔(۱٥) (قانون) استثنا ؛ آزادی ؛ بے خوفی ؛ حق؛ استحقاق ؛ رعایت ؛ خاص فائدہ ؛ نفع ۔(۱٦) (سیاسیات) استقلال ۔

Has the freedom of the library : کتب خانے کو بےروک ٹوک استعمال کرنے کا حق رکھتا ہے ۔

Personal freedom : (تاریخ) ذاتی آزادی ؛ شخصی آزادی ۔

To take freedoms with : (کسی سے) بے حد بے تکلفی (بے ادبی کا برتاؤ) کرنا ۔

Freedom fighter : (n) کسی ملک کے مستحکم سیاسی نظام کے کے خلاف کسی مزاحمتی یا مقاومتی تحریک کا کوئی رکن ؛ (بند) جنگ آزادی میں حصہ لینے والا ؛ جنگ آزادی کا سپاہی ۔

Freedom fine : (n) شہر کی آزادی ، گلڈیا کارپوریشن میں داخلے کی حیثیت سے ادا کی ہوئی ایک رقم ۔

Freedom of communication : (تاریخ) آزادی رسل و سائل ؛ آزادی مراسلت ؛ آزادی ملاقات ۔

Freedom of conscience : (n) (تاریخ) ضمیر کی آزادی ۔

Freedom of migration : (n) (تاریخ) آزادیء ہجرت ۔

Freedom of petition : (n) (تاریخ) عرضی دعویٰ کی آزادی ۔

Freedom of speech : (n) آزادیٔ تقریر ۔

Freedom of transit : (n) آمدو رفت کی آزادی ۔

Freedom of the press : (n) آزادیء مطبوعات ؛ پریس کی آزادی ۔

Freedom of thought : (n) (فلسفہ) آزادیء خیال ۔

Freedom of worship : (n) (تاریخ) عبادت کی آزادی ۔

Freedom ride : (n) (امریکا) نسلی امتیاز کے خلاف مظاہرہ کرنےوالوں کا (بس وغیرہ میں) سوار ہوکر منظم جلوس کی شکل میں نکلنا ۔

Freedom rider : (n) (امریکا) نسلی امتیاز کے خلاف (گاڑیوں میں) سوار ہو کر منظم جلوس کی شکل میں مظاہرہ کرنے والے ۔

Freehold : (n) [AF.fraunctenement.] زمین معافی ؛ قابل ارث یا حین حیاتی حقیقت ؛ (اراضی یا امکنہ میں) مالکیت مطلق ؛ وراثت کے طور پر حق ؛ ملك موروثی ۔

Freeholder : (n) [AF.'fraunc tenaunt'.] مالك مطلق؛ جاگیردار ؛ وہ شخص جو ازراہ وراثت جائداد کا مالك ہو ۔

Freelance : (n) یوروپ کے قرون وسطیٰ کے وہ سپاہی (بھاڑے کے سپاہی) جومحض کرائے کےلئےفوجوں میں شریك ہوکر لڑا کرتے تھے ؛ پیشہ ور سپہ سالار ؛ کرائے کا فوج کا سردار ؛ موجودہ زمانے کے سیاسی مدبرین جو کسی مخصوص سیاسی جماعت یا اصولوں کے پابند نہ ہوں ؛ وہ اخبارنویس جو کسی خاص اخبار یا جماعت کا ملازم یا پابند نہ ہو ؛ (تاریخ) غیر پابند سفیر ۔

Freelance soldiers : (n) (تاریخ) کرائے کا سپاہی ۔

Freely : (adv.)[ME.'freoliche, freliche, frely] (۱) آزاد طریقے سے ؛ آزادی سے ؛ بے تکلفی سے ؛ صفائی سے ؛ بےتکان ؛ بےروك ٹوك ؛ بلارکاوٹ کے؛ آزادانہ ۔ (۲) آسانی سے ؛ بلا دقت ؛ بلا تاخیر ؛ خوشی سے ؛ خوشی خوشی؛ بے تامل ۔ (۳) اپنے آپ؛ فطرتاً ؛ از خود ؛ خود بخود ؛ طبعاً ۔ (٤) صفائی سے ؛ راستی سے ؛ صاف گوئی کے ساتھ ؛ صاف بیانی کے طور پر؛ کھلے طور پر ؛ اعلانیہ انداز میں ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور پر ؛ بےتکلف انداز سے ؛ صریحاً ؛ ظاہراً ۔ (٥) بےمزاحمت کے؛ بغیر خلل اندازی کے؛ بغیر رکاوٹ کے ۔ (٦) بےقاعدہ؛ غیرصحیح طور پر؛ بےپروائی سے۔(۷) دل کھول کے ؛ بے تکان ۔

Freeman : (n) [OE.'freoman'.] آزاد ؛ حُر (نہ کہ غلام) وہ شخص جو غلام نہیں ہے ؛ نیز جو سیاسی طور پر آزاد ہو ؛ آزاد ملك کا شہری ؛ وہ شخص جسے شہر، میونسپلٹی ؛ بلدیہ یا کمپنی کی آزادی حاصل ہو ؛ اصل زادہ ؛ آزاد منُش ۔

Freemartin : (n)[Origin unknown.] گوسالہ؛ خُنثی؛ گائے بیل وغیرہ کی ایسی قسم جس میں نر اورمادہ دونوں جنسوں کے آثار پائے جاتے ہیں ؛ ایسی گائے جس کا مادہ پن غیر مکمل ہو ؛ (حیوانیات) آزاد عقیم ؛ بیلا گائے ۔

Freemason : (n) [ME.] (۱) فریمیسن ؛ ایسی خفیہ انجمن کا جس کا مقصد آپس میں ایك دوسرے کو مدد کرنا اور برادرانہ خلوص پیدا کرنا، اور جس کے مراسم بہت شان و شوکت سے خفیہ طور پر کئے جاتے ہیں (فرامیسن کی اصل غالباً یہ ہے کہ لوگ چودھویں صدی عیسوئی میں کاروان معمار تھے جو غلامی سے آزاد کردیئے گئے تھے اور جن کو نقل وحرکت کی آزادی حاصل تھی، یہ لوگن انجمن کے ممبر بنائے جاتے تھے اسی لئے (Free and accepted masons) آزاد اورمقبول معمار کہلاتےتھے) ۔(۲) بردارانہ تعلقات کا رکن ؛ مذہبی جماعت کا ایك رکن ۔ (۳) (توصیفی معنوں میں) اس جماعت کا یا اس سے متعلق ۔

Freeness : (n) [ME.] آزادی ؛ اختیار ؛ خود مختاری ؛ آزاد منشی ؛ کھراپن ؛ صاف دلی ؛ صاف گوئی ۔

Freer : (n) آزاد کرنےوالا ؛ رہائی کنندہ ؛ آزادی دینے یا بخشنے والا ؛ رہائی دلانے والا ؛ (کسی چیز کو) کسی رکاوٹ یا مزاحمت سے مبرّا، صاف یا بے لاگ کرنے والا ۔

Freeship : (n) غیر جانب دار ملك کا جہاز جو جنگ کے دوران گرفتاری یا قبضے میں کر لینے سے مستثنیٰ ہوتا ہے خواہ اُس پر دشمن ہی کا سامان کیوں نہ لدا ہو؛ (تاریخ) غیر جانب دار طاقتوں کے جہاز ؛ جن کے مال پر دوارن جنگ پابندی نہ ہو ۔

Freeship : (n) (تعمیرات) معافی فیس ؛ فیس معافی ۔

Freesia : (n) [mod.L..] (نباتیات)راس امید (افریقہ) کا ایك پودا جس میں سوسنی قسم کا ایك پیاز نما پھول نکلتا ہے ۔

Freeze : (n) [f.Freeze. (v).] یخ زدگی ؛ فسردگی ؛ انجماد ؛ یخ بستگی ؛ برف زدگی ؛ پژمردگی ۔

Freeze : (n) (۱) اجرتوں، منافعوں، فوجی طاقت وغیرہ کا کسی خاص سطح یا تعداد پر تعین، تقرر یا جماؤ ۔ (۲) سنیما ٹوگرافی کا وہ شاٹ جس میں حرکت کو فلمایا گیا ہو ۔

Freeze : (v) [OE. freosan'.] (۱) منجمد ہونا ؛ جم کر برف ہو جانا ؛ سردی کی وجہ سے جم کر سخت ہو جانا ؛ بہت زیادہ سردی محسوس کرنا ؛ سردی کے باعث برف میں تبدیل ہو جانا۔ (۲) خوف سے ٹھنڈا ہو جانا ۔ (۳) (کسی رقیق یا سیّال چیز کو) برف کے ذریعہ جما دینا ۔ (٤) برف میں رکھ کر گوشت وغیرہ سڑنے اورخراب

Freeze -up : (n) پانی کے جمنے کی مدت خاص کر اس طرح سے جس سے سفر کرنا دشوار ہوجائے ؛ وہ علاقہ جس میں اس طرح پانی جم گیا ہو ؛ یخ بستگی سے متاثر علاقہ ؛ (تالاب وغیرہ کی) منجمد حالت ؛ وہ حالت جب (کسی تالاب وغیرہ کا) پانی جم جائے ۔

Freezable : (a) جم جانے کے لائق ؛ قابل انجماد ؛ منجمد ہو جانے کے لائق ۔

Freezer : (n) جمانے والا ؛ جما کر برف کر دینے والا یا انتہائی سرد رکھنے والا ۔

Freezing : (n) انجماد ؛ جمنے یا منجمد ہونے کا عمل ؛ سردی سے جم کر منجمد ہوجانے کا عمل ؛ سردی کی شدت سے بے حس یا مفلوج ہو جانے کاعمل ؛ برف زدگی ؛ یخ بستگی ؛ برودت یابی؛ سردی سے اکڑ جانے، ٹھٹھر جانےیا سخت ہو جانے کا عمل ؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ سرد ۔

At freezing : نقطہء انجماد پر ؛ سردی کے اس نقطے پر جہاں سیال چیز جم کر ٹھوس بن جاتی ہے ۔

Freezing : (a) (۱) جمانے والا ؛ برف کر دینے والا ؛ سردی کی شدت سے بےحس یا مفلوج کر دینے والا ؛ جما کرٹھوس اورسخت کردینے والا؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ ۔(۲) (مجازاً) (اطوار) سرد؛ بےجان ؛ خشک ؛ برف زدہ ؛ روکھا ؛ سرد مہری یا بےرخی والا (انداز) ۔

Freezing-mixture :(n) نمک، برف اور دوسرے کیمیاوی اجزا ؛ جن کو ملا کر یا جن کے زیر اثر رقیق اشیاء کو جمایا جاتا ہے ؛ انجمادی آمیزہ ۔

Freezing-point : (n) سردی کاوہ نقطہ (یعنی ۳۲° فارن ہائٹ اور ۰° سینٹی گریڈ) جس پر رقیق چیزیں خصوصاً پانی جم جاتا ہے ؛ نقطہء انجماد ۔

Freezing point depression : (n) (طبیعیات) نقطہء انجماد کا اتار ۔

Freezingly : (adv.) بہت سرد مہری کے ساتھ؛ انتہائی روکھے پن سے ؛ بےجان انداز میں ۔

Freieslebenite : (n) [f.'freiesleben', proper name+ITE.] (معدنیات) جستے اور چاندی کا سکف انٹی مونائیڈ جس کی قلمیں دھاری دارمنشوروں (Prisms) کی شکل میں ہوتی ہیں ۔

ہونے سے محفوظ رکھنا ۔ (۵) احساسات کو ٹھنڈا کر دینا؛ بے حس کر دینا ؛ قوت کو مفلوج کر دینا ۔(۶) سردی پہنچا کر سخت یا کڑا کر دینا؛ مجروح کر دینا یا مارڈالنا ۔(۷) (بازاری) برف ہو کر یا برف کی وجہ سے کسی چیز میں جم جانا یا چپک جانا ؛ کسی شخص سے چپک جانا ۔(۸) بہت زیادہ سردی محسوس کرنا ؛ سردی کی وجہ سے مرجانا ؛ پژمردہ ہو جانا ؛ سردی کی وجہ سے ٹھٹھر جانا ؛ حرارت سے یک قلم محروم ہو جانا ۔(۹) (امریکا) سرد برتاؤ یا سخت مقابلہ وغیرہ کے ذریعہ سماج یا کاروبار وغیرہ سے نکال باہر کرنا ؛ علاحدہ کر دینا ۔

It freezes : برف جمتی ہے (موسم اس قدرسرد ہے کہ پانی جم کر برف ہو جاتا ہے) ۔

To freeze in, up : جمادینا ؛ جما کر برف کر دینا ۔

To freeze one's blood : خون خشک کر دینا ؛ خوف زدہ کر دینا ۔

To freeze (on) to : کسی شخص سے چپک جانا ؛ کسی شخص کے بروقت ساتھ ساتھ رہنا ؛ کسی پر اپنا اثر اور قبضہ جمالینا ؛ کسی کے سر ہو جانا ۔

To freeze out : بازار) (بذریعہ مقابلہ یا مقاطعہ) صحبت یا کارو بار سے خارج کرنا ۔

To freeze over : برف سے ڈھک جانا ؛ برف آلود ہونا ۔

To freeze to death : برف باری کی وجہ سے مرجانا؛ سردی سے ہلاک ہو جانا ۔

Freeze : (v) (۱) خود کو اچانک سخت، بےلوچ اور بے حس و حرکت بنا لینا ؛ یکبارگی ساکن و صامت ہوجانا؛ اچانک اکڑ جانا ۔(۲) (قیمتیں، اُجرتیں وغیرہ) کسی مخصوص سطح پر مقرر یا معین کرنا؛ (اثاثے وغیرہ کو) ناقابل حصول بنا دینا ۔

Freeze drying : (n) خون کے انجماد پذیر بےرنگ حصے، کھانے کی چیزیں ؛ اور دوسری ایسی ہی چیزوں کو خُشک کرنے کا عمل جس میں اول اپنی نقطہء انجماد تک سردی پہنچا کر منجمد کر لیاجاتا ہےبعدہ، ہائی ویکیوم (Vacuum) میں انہیں گرم کیا جاتا ہے ۔

Freeze -frame/-shot : (n) سنیماٹوگرافی کا وہ شاٹ جس میں حرکت کو فلمایا گیا ہو ۔

Freight : (n) [Origin doubtful.] (۱) مال و اسباب لے جانے کے لئے جہاز کا کرایہ یا کرایہ پر جہاز لےجانے کا عمل ۔(۲) سامان کا بحری راستے سےلےجانے کا کرایہ ؛ حمّالی ۔ (۳) وہ مال جو بحری راستے سے لے جایا جائے ؛ (امریکا میں) وہ مال جو خشکی کے راستے سے لے جایا جائے ۔(٤) بوجھ؛ وزن ؛ جہاز بھر ؛ بار جہاز ؛ سامان لانے اور لےجانے کی خدمت ؛ خدمت نقل و حمل ؛ خدمت بار برداری ۔ (٥) (امریکامیں) کوئی چیز جسے بحری راستے یا زمینی راستے سے لے جایا جائے ۔ (٦) (تجارت) مال بھاڑا ؛ (انتظامیہ) محصول اسباب ۔

Freight : (v) (۱) سامان کا بحری راستے سےلے جانا(امریکا میں خشکی راستے سے بھی) ۔ (۲) جہاز میں مال و اسباب لادنا ۔ (۳) (جہاز کو) اسباب و مسافر پہنچانے کےلئے کرایہ پر لینا یا دینا ۔ (٤) مال کی طرح ڈھونا ؛ کرایے پر سامان لانا لے جانا ۔

Freight bill : (n) (تجارت) مال بھاڑا بل ۔

Freight-car : (n) مال بردارگاڑی یا ٹرک ۔

Freight car : (n) صرف مال و اسباب لے جانے والا جہاز ؛ مال بردار جہاز ۔

Freight-handler : (n) مال کو گاڑی یا جہاز پر چڑھانے اتارنے والا ؛ قلی ؛ حمّال ۔

Freight note : (n) (تجارت) محصول نامہ ؛ مال نامہ ۔

Freight paid : (a) (انتظامیہ) محصول ادا شدہ ۔

Freight receipt : (n) (تجارت) رسید بھاڑا ۔

Freight revenue : (n) بھاڑا آمدنی ۔

Freight to pay : (انتظامیہ) محصول واجب الادا ۔

Freight train : (n) مال گاڑی ؛ مال بردار ٹرین ۔

Freightage : (n) (۱) جہاز کا کرایہ یا مال و اسباب لے جانے کا خرچہ؛ مال کو پہنچانے کی لاگت ۔(۲) بحری یا بری راستے سے جانے والا مال؛ بحری راستے سے پہنچائے گئے مال کی مقدار ۔ (۳) (امریکا میں) سامان کی نقل و حمل ۔

Freighter : (n) مال بردار ہوائی جہاز ؛ مال بردار طیارہ ۔

Freighter : (n) (۱) جو شخص اندرون ملک مال بھیجنے کےلئے کسی کے سپرد کرے ۔ (۲) وہ شخص جس کا کاروبار یہ ہو کہ سامان (عموماً مال تجارت) کو وصول کرے اور آگے بھیج دے ۔(۳) جہاز کو کرایہ پر دینے والا ؛ اُس پر مال لادنے والا ۔

Freightless : (a) خالی ؛ جس پر کوئی بار یا لدائی نہ ہو (شاذ)۔

Fremed : (a) [OE.'fremede'.] (۱) (اسکاتستان) باہری ؛ غیر ملکی ؛ بدیسی ؛ خارجی ۔ (۲) اجنبی ؛ پرایا ؛ بیگانہ ؛ دو سرے کا ؛ وحشی ؛ غیر پالتو ؛ بھٹو چکا ؛ گھبرایا ۔ (۳) غیر دوستانہ؛ نامانوس ۔ (٤) غیر؛ بیگانہ ؛ دوسرا ؛ ناآشنا؛ غیرمتعلق ؛ ناوابسہ ؛ غیر مربوط ۔

Fremescence : (n) (شاذ) ابتدائی شور ؛ سرسراہٹ ؛ زمزمہ ؛ قلقل ۔

Fremescent : (a) [L.'fremescere'.] (شاذ) ہلکا اور مسلسل شور پیدا کرنے والا؛ زمزمہ پرداز؛ قلقل کنندہ ۔

Fremitus : (n) [f.L.'fremere'.] ہلکی گھنگھناہٹ ؛ مدھم گرج دارشور ؛ زن زن یا بھن بھن کی آواز؛ بھنبھناہٹ؛ (مرضیات میں) سینے کی دیواروں کا قابل احساس ارتعاش ؛ (طب) لرزہ ۔

Frenal : (a) (تشریح) لجامی ؛ بندی ۔

Frenal labium : (n) (تشریح) لجامات شفوی ۔

French : (n) [OE.'frencisc'.] (۱)اہل فرانس؛ (جمع) فرانسیسی عوام ؛ فرانسیسی افراد یا اشخاص ۔ (۲) اہل فرانس سےمنسوب خصوصیات کاحامل شخص یا چیز ۔(۳) فرانسیسی زبان ۔

French : (a) (۱) اہل فرانس اور ملک فرانس کا یا اُن سے متعلق ؛ فرانسیسی ؛ فرانسوی ؛ وابستہ بہ فرانس ۔ (۲) فرانس یا اہل فرانس جیسا ؛ فرانسیسیوں کی وضع ؛ فرانسیسیوں جیسا ۔

Pedlar's French : (n) بازاری زبان ؛ کسی جماعت ، پیشہ یا فرقہ وغیرہ کی مخصوص بولی یا اصطلاح ؛ چوروں کی بولی ۔

The French : (n) (جمع) فرانسیسی عوام ؛ (کبھی کبھی The کے بغیر) فرانسیسی اشخاص ؛ اہالیان فرانس؛ ملت فرانسہ؛ فرانسیسی قوم ۔

French : (v) (۱) (شاذ) فرانسیسی زبان بولنا ۔
(۲) فرانسیسی یا فرانسیسی طرز کا بنا دینا
یا فرانسیسی شکل دینا ۔

To French it : فرانسیسی زبان بولنا یا فرانسیسی
زبان میں گفتگو کرنا ۔

French and English : (n) بچوں کا ایک کھیل ؛ بازیچہء
اطفال ۔

French barley : (n) فرانسیسی جو (خوراک کے کام آتی ہے،
اور جس سے شراب بنائی جاتی ہے) ۔

French bean : (n) فرانس کا لوبیا جس کی مختلف قسمیں
ہوتی ہیں اور جو مختلف صورتوں سے غذا
میں استعمال ہوتا ہے ۔

French berry : (n) ایک فرانسیسی درخت کا پھل جو زرد
رنگنے اور سبز رنگنے کا ہلکا روپ تیارکرنے
کے کام آتا ہے ۔

French -blue : (n) (۱) مصنوعی نیلا رنگ جو لاجورد معدنی
سے بنتا ہے؛ لاجوردی ۔(۲) مصنوعی گہرا نیلا
رنگ ۔(۳) (بول چال) ایک قسم کی (کھانے کی)
گولی جس میں ایمفیٹامائن اور بار بیچوریٹ
ہوتا ہے (جو ہلکے بخار اور سر درد وغیرہ
میں مفید ہوتی ہے) ۔

French bread : (n) ایک قسم کی پُر تکلف روٹی ؛ فرانسیسی
نان ؛ ایک خاص قسم کی روٹی ۔

French canadian : (n) وہ کناڈی جو نسلاً فرانسیسی ہو ؛
فرانسیسی نسل کا کناڈی ۔

French canadian : (n) کناڈا کے اس باشندے کا جو نسلاً
فرانسیسی ہو ؛ فرانسیسی نسل والےکناڈی کا ۔

French casements : (n) کھڑکی کے بازوں سے جڑے ہوئے
دو عمودی کناروں پر کے موڑ ۔

French chalk : (n) ایک قسم کی کھریائی مٹی جس سےکپڑے
پرنشان لگائےجاتے ہیں، چکنائی کے دھبے دور
کئے جاتے ہیں اور جو چکنائی کی طرح بھی
استعمال کی جاتی ہے؛ گچ درزیگراں؛ گچ
خیاطی؛ تباشیر خیاطی ؛ (کیمیا) فرانسیسی
کھریا ۔

French cotton : (n) استبرق ؛ درخت ابریشم ۔

French cowship : (n) جنگل یا چراگاھوں میں اگنے والے ایک
فرانسیسی پھولدارپودے (پری مولا) کی ایک
قسم جس کی پتیاں ریچھ کے کانوں جیسی
ہوتی ہیں ؛ خرس گوشا ؛ ریچھ کانی ۔

French Cricket : (n) کرکٹ کا ایک بے ضابطہ اور بے تکلفانہ
یا غیر رسمی قسم کا کھیل جو بغیر وکٹ کے
کھیلا جاتا ہے اور جس میں گیند باز، بلےباز
کی ٹانگوں پر مارنے کی کوشش کرتا ہے ۔

French disease : (n) ایک قسم کا جماعی مرض ۔

French drain : (n) سوراخ دار پتھر اور اینٹوں سے جو
نالیاں بنائی جاتی ہیں اور جو پانی کو خشک
کرلیتی ہیں ۔

French fake : (n) رسّہ لپیٹنے کا ایک طریقہ ۔

French-grey : (n) سفید اور سیاہ ہاتھی دانت، ہندوستانی
سرخ اور چینی نیلے رنگ کو ملا کر بنایا ہوا
ایک ہلکا رنگ یا کسی رنگ کا ایک روپ ۔

French hem : (n) ایک قسم کی جھالر یا سنجاف ۔

French horn : (n) دھات سے بنی ہوئی ایک منہ سے بجانے
کی نفیری ۔

French Indian : (n) فرانسیسیوں سے متاثر ہندوستانی ۔

French leave : (n) ابتداً کسی دعوت وغیرہ سے میزبان سے
رخصت لئے بغیر چلے جانے کا رواج جو
اٹھارھویں صدی عیسوی کے فرانس میں رائج
تھا، لیکن اب مزاحاً ۔

To take french leave : بغیر اجازت اور اطلاع کے
چلا جانا یا کوئی کام کرنا ۔

French letter : (n) ربر کا ایک باریک ، مانعء حمل غلاف جو
بوقت جماع آلہء تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ
نطفہ قرارنہ پا سکے؛ ربرکنڈوم (نرودھ)؛
مانعء حمل غلاف ۔

French-like : (adv.) فرانسیسیوں کے سے انداز میں ؛
فرانسیسی وضع پر ؛ فرانسیسی طرز پر ؛
فرانسیسی انداز میں ۔

French like : (n) فرانسیسیوں کی طرح ؛ فرانسیسی نما ؛
فرانسیسیوں جیسا ۔

French paste : (n) ایک قسم کا شیشہ جس میں جستے کے آکسائیڈ کی ایک مخصوص مقدار ملی ہوتی ہے ۔

Freench plum : (n) خشک آلوچہ (ایک قسم کا فرانسیسی پھل) جو فرانس سے برآمد کیا جاتا ہے ۔

French-polish : (n) (۱) لکڑی کو رنگنے یا پالش کرنے کا ایک روغن؛ الکحل یا نفط چوبی میں بعض درختوں کی رال یا گوند ملاکر بنایا ہوا محلول ؛ روغن جلا ۔ (۲) (لکڑی پر) اسی روغن کے استعمال سے پیدا شدہ چکنی اور چمک دار سطح نیز از راہ تجنیس بھی اس کا استعمال ہو تا ہے ۔

French-polish : (v) فرینچ پالش لگا کر چکنا اور چمکدار بنانا ؛ روغن جلا لگانا (نیز مجازاً) ۔

French-polisher : (n) فرینچ پالش لگا نے والا ؛ روغن جلا لگا کر چکنا اور چمکدار بنانے والا ۔

French purple : (n) پتھر کا درخت کےتنے پر آنے والی کائی سے تیار کیا ہوا ایک خوشنما (ارغوانی) رنگ ۔

French red/-rouge : (n) اصلی قرمزی رنگ ؛ نہایت گہرا سرخ رنگ ۔

French rice : (n) ایک گھٹیا قسم کا گیہوں ۔

French roll : (n) ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی جو ساخت میں فرانسیسی نان (فرینچ بریڈ) سے مشابہ اور شکل میں بیضوی ہوتی ہے ۔

French roof : (n) ڈھلواں چھت جس کی دونوں طرف دو ڈھال ہوتےہیں ایک کم اور ایک زیادہ ۔

French toast : (n) روٹی کے ٹکڑے جو انڈا اور شکر ملا کر تلے جاتے ہیں ۔

French tub : (n) رنگ کے کام آنے والے ایک امریکی درخت (Log wood) اورٹن کے پروٹو کلو رائیڈ (اقل سبزیہ جس میں سبز کا عنصر کمترین ہو) کاایک مخلوط جسےرنگ ساز یا رنگ ریز استعمال کرتے ہیں ۔

French window : (n) روغن کیا ہوا ٹوٹواں دروازہ جو دریچہ اور دروازہ دونوں کا کام دیتا ہے ؛ دروازے کی طرح کھلنے اور بند ہونے والا ایک بڑا دریچہ جس سے ہو کر اندر یا باہر آیا جایا جاسکتا ہے ۔

French woman : (n) فرانسیسی عورت ؛ زن فرانسوی ۔

Frenchification : (n) فرانسیسی بننے یا بنانے کا طریقہ یا عمل ۔

Frenchified : (a) (۱) فرانسیسیوں جیسا ؛ فرانسیسی نما (تحقیراً) ۔ (۲) جماعی مریض ؛ جماعی مرض میں مبتلا (شخص) سوزا کی ۔

Frenchify : (v) (۱) صورت، سیرت یا طرزنشست و برخاست میں فرانسیسی بنا دینا ؛ فرانسیسی صفات سے مملو کر دینا ۔ (۲) اطوارو انداز، خیالات و تصورات میں فرانسیسی ہوجانا؛ فرانسیسی موید یا ہم خیال ہو جانا؛ فرانسیسی درد مندی رکھنا ۔

Frenchily : (adv.) فرانسیسیوں کے طریقے سے ؛ فرانسیسیوں کے انداز سے ۔

Frenchiness : (n) فرانسیسی بننے کی یا ہونے کی خصوصیتیں ۔

Frenchism : (n) فرانسیسیت ؛ فرانسیسی رسم و رواج ؛ فرانسیسی محاورے یا ضرب الامثال ؛ فرانسیسی خصوصیات ؛ فرانسیسی طرز گفتگو ، عادات و عقائد و صفات فرانسوی ۔

Frenchless : (a) فرانسیسی زبان سے ناواقف ۔

Frenchman : (n) (۱) فرانسیسی نسل یا قومیت کا آدمی ۔ (۲) (بول چال) ایک (اچھا وغیرہ) فرانسیسی اسکالر ۔(۳) ایک فرانسیسی بحری جہاز ۔

Frenchmanlike : (a) فرانسیسی جیسا؛ فرانسیسی کی طرح ۔

Frenchmanlike : (adv.) فرانسیسی انداز میں ؛ فرانسیسی طرز پر ۔

Frenchness : (n) فرانسیسی پن ؛ فرانسیسیت ۔

Frenchy : (a) فرانسیسی خصائص رکھنے والا ۔

Frenchy : (n) فرانسیسی شخص (تحقیراً) ۔

Frenetic : (a) دیکھو Phrenetic

Frenotomy : (n) (جراحی) لجام تراشی ۔

Frenulum : (n) (تشریح) لجیم ؛ بند ۔

Frenulum pudendi : (n) (تشریح) قید الشفرتین ۔

Frenulum veli : (n) (تشریح) بند نقاب ۔

Frenzied : (a) دیوانہ ؛ شوریدہ ؛ آشفتہ ؛ دماغی اختلال میں مبتلا وحشی ؛ وحشی زدہ ؛ وحشیانہ طور پر؛ پُر جوش ؛ جنونی ؛ منتشر الدماغ ؛ منتشر الذھن ؛ عارضی دیوانگی میں مبتلا ؛ مخبوط؛ ہذیانی ؛ خشمگیں ۔

Frenzied rage : (n) دیوانے کا غصہ ؛ خشم جنون آمیز ۔

Frenziedly : (adv.) جنون آمیز طور پر ؛ بطور دیوانگی ؛ شوریدہ سر ہو کر ؛ شوریدگی سے ؛ ہذیانی انداز میں ۔

Frenzy/phrenzy : (n) [ME.'frenesie'.] (۱) انتشار دماغی ؛ عارضی دیوانگی ؛ خبط وجنون کا دورہ (شاذ) ۔ (۲) غصہ یا اضطراب کی ہذیانی حالت ۔ (۳) وحشیانہ حماقت ؛ اشتیاق مجنونانہ ۔ (٤) شوریدگی ؛ آشفتگی ؛ ہیجان ۔(٥) (طب) سر سام ۔

Frenzy : (a) (بول چال) غضبناک ؛ پُر جوش ؛ جو شیلا ؛ خشم ناک ؛ خشم گیں ۔

Frenzy : (v) مشتعل کر دینا ؛ غضبناک کر دینا ؛ شدید غصہ کی حالت پیدا کردینا ؛ ہذیانی بنا دینا ۔

Frequence : (n) [L.'frequentia'.] (۱) اجتماع کثیر ؛ حالت افراط وتفریط؛ کثرت وقوع؛ ازدحام نیز بھیڑ؛ جم گھٹا ؛ مجمع ؛ جماؤ ؛ اجتماع (اشیاء کام) (متروک) ۔(۲) متواتر وقوع یا تکرار ؛ تندی ؛ سرعت ؛ پیہم وقوع ۔

Frequency : (n) (۱) تواتر ؛ سریع ؛ تکرار ؛ تکویر ؛ اکثر واقع ہونا ؛ کثرت سے کسی واقعہ کا پیش آنا؛ تھوڑے تھوڑے وقفے سے بارہا پیش آنا ۔ (۲) (نبض)تیزی ؛ سرعت ۔(۳) تعدادیاارتعاش ؛ ایک معینہ وقت کے اندر تعداد تکرار ؛ تعداد ارتعاش (٤) (طبیعیات) (ارتعاش کی) شرح تکویر؛ شرح تواتر؛ شرح تکرار ۔(٥) (برقیات) کسی متبادل یا باری باری سے آنے والی لہر کے فی سیکنڈ مکمل چکر (Cycles) کی تعداد ۔ (٦) (شماریات) کسی واقعے کی ممکنہ تعداد وقوع میں حقیقی واقعہ کا تناسب ۔

Foundamental frequency : (ارضیات).اساسی تعداد ۔

High frequency/Low- : موج آواز یا برقی لہر کا بلند و پست ارتعاش ۔

Frequency factor : (n) (نباتیات) جزو تعددی ۔

Frequency meter : (n) (برقیات) تعدد پیما ۔

Frequency modulation : (شعاعیات) زیر بم تعدد ؛ (برقیات) اپنے تواتر یا تکویر کے تغیر کے ذریعہ برقی رو کی متناسب تبدیلی ؛ (مخفف . .F.M) ۔

Frequency response : (n) ایمپلفائر، مائکروفون وغیرہ کے خرچ اور ماحصل کے تناسب کے مابین رشتہ اور اشارات (سگنل) کی تکویر یا تواتر ۔

Frequent : (a) [L.frequentem'.] (۱) جو قریب قریب (کم فاصلے پر) بہت سے تعداد میں پائے جائیں ۔(۲) کثیر؛ بکثرت ؛ متعدد ۔(۳) جو اکثر واقع ہو ؛ تھوڑے تھوڑے وقفے سے واقع ہونے والا؛ عام ؛ جو متواتر واقع ہو ؛ کثیر ؛ کثیر الاستعمال؛ کثیر العمل ۔ (٤) (نبض) تیز ؛ تند ؛ سریع ؛ معمولی سے زیادہ تیز ۔(٥) عادی ؛ ہمیشہ کا ؛ پابند تکرار؛ مکرر واقع ہونے والا ۔(٦) مستقل ؛ عادی ۔

Frequent : (v) [L.'frequentare'.] اکثر یا عادتاً (کسی جگہ، کسی صحبت میں، کسی مکان پر) جانا ۔

A frequent caller : اکثر آنے جانے والا شخص ۔

It is a frequent practice to : (ایسا کرنے کا) بکثرت رواج ہے ؛ (یہ بات) بار بار ہوا کرتی ہے ۔

Frequentable : (a) قابل تکویر ؛ قابل تکرار ؛ جسے جلد جلد لایا جا سکے ؛ سریع الوقوع ؛ جسے اکثر یا عادتاً لے جایا جا سکے ۔

Frequentage : (n) اکثر اور عادتاً کسی جگہ، کسی صحبت وغیرہ میں جانے کا عمل یا عادت ؛ معاشرت ؛ شرکت مکرر ؛ آمدو رفت زیادہ ؛ ازدحام ۔

Frequentation : (n) زیادہ آمدوشد یا اکثر آنے جانے کا عمل یا عادت ؛ کسی صحبت وغیرہ میں عادتاً جانا ؛ اکثر آنا جانا ؛ اکثر آمدو رفت ۔

Frequentative : (a) [L.'frequentativus'.] (صرف و نحو) بار بار کسی فعل کے سرزد ہونے کا اظہار کرنے والا یا کسی فعل کی شدت کو ظاہر کرنے والا (فعل یا فعلی شکل) ۔

Frequentative : (n) تکراری ؛ فعل تکراری ؛ استمراری ۔

Frequenter : (n) اکثر یا عادتاً کسی جگہ، کسی صحبت وغیرہ میں جانے والا ؛ اکثر آنے جانے والا ۔

Frequently : (adv.) اکثر ؛ باربار ؛ بارہا ؛ مکرربا ۔

Frescade : (n) [It.'frescate'.] روش خنک ؛ خیابان ؛ سایہ دار رستہ یا پگڈنڈی ۔

Fresco : (n) [It.] قلم سے آبی رنگوں میں دیوار یا چھت پر استر کاری کے خشک ہونے سے پہلے تصویر کشی کا ایک طریقہ؛ نقاشی آب رنگی ؛ نقاشی دیواری ۔

Fresco : (v) (دیوار، تصویر یا مضمون وغیرہ پر) قلم سے آبی رنگوں میں (استر کاری کے خشک ہونے سے پہلے) تصویر کشی کرنا ؛ آب رنگی نقاشی کرنا ۔

Fresh : (n) (۱) اول ؛ آغاز ؛ شروع ؛ اوائل ۔(۲) جو چیز حال ہی میں تیار ہوئی ہو یا پہنچی ہو؛ وصول ہوئی ہو، کہیں سے آئی ہو ۔(۳) جس (کھانے کی چیز) کو نمک یا مسالہ لگا کر یا دھواں دے کر، یا ٹین میں کرکے سڑنے گلنے سے محفوظ نہ کیا گیاہو بلکہ جو تازہ استعمال کےلئےہو ۔ (٤) دن یا سال کا ابتدائی حصہ ۔(٥) دریا میں پانی کی تیز روانی، سیلاب ۔(٦) میٹھے اور صاف پانی کا چشمہ ، جھرنا یا تالاب ۔(۷) جس دریا میں جوار آتا ہو اُس کے نمکین پانی سے فوراً بعد والا پانی نیز اُس سے متصل زمین (اکثر جمع میں ہوتا ہے) ۔

Fresh : (a) [OE. 'fersc'.] (۱) جدید ؛ نیا ؛ تازہ ؛ اضافی ۔ (۲) جو پہلےعلم میں نہ آیا ہو؛ جو پہلےنہ دیکھا گیا ہو نہ استعمال کیا گیا ہو، ضمیماتی ۔ (۳) مزید ، دوسرا یا دوسری ؛ مختلف ؛ دیگر ۔(٤) کچا ؛ ناتجربہ کار ؛ خام ؛ ناآزمودہ ؛ بےتجربہ ؛ تازہ کار؛ سبز؛ بےتدبیر ۔ (٥) (ہوا، آندھی، پانی) صاف مصفی ؛ تسکین بخش ؛ صحت بخش ؛ ٹھنڈی ؛ قوی ؛ سخت ۔ (٦) جو باسی سڑا ہوا ، مزے سے اترا ہوا نہ ہو ؛ اپنی اصلی صفات لئے ہو (غیرمادی چیز پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے) ۔ (۷) (رنگ و روغن) صاف ستھرا ؛ بےعیب ؛ چمک دار ؛ کھلتا ہوا ۔ (۸) جو تھکا ہوا نہ ہو ؛ چست چالاک ؛ تندرست؛ جو پژمردہ یا افسردہ نہ ہو ۔(۹) جو شخص شراب کےنشہ کی وجہ سے بیجانی (اضطراری) حالت میں ہو ؛ سرمست ؛ جزوی طور پر مخمور یا نشے کی حالت میں ۔ (۱۰) (امریکا) بیباک ؛ شوخ ؛ گستاخ ؛ پیش پیش ؛ بدتمیز ؛ بیہودہ ؛ بے ادب ۔ (۱۱) دیکھو Freshly ؛ از سرنو ، نئے سرے سے ۔ (۱۲) تازہ ترین ؛ نیا بنا ہوا ؛ حاصل کیا ہوا یا لیا ہوا ۔

(۱۳) (یونیورسٹی، عامیانہ) نووارد ۔(۱٤) (ہوا) تند؛ تیز ؛ (جہاز کی رفتار) تیز ؛ مستقل ؛ مسلسل ؛ ایک ہی رخ پر ۔

A fresh wind : ہوا جو ذرا تیز ہو ۔

As fresh as paint : خوب تندرست ؛ چست و چالاک ۔

In the fresh of the morning : علی الصباح ۔

Of fresh water : دریا یا کنویں کے پانی کی (مچھلی وغیرہ) نہ کہ سمندر کی ۔

To begin a fresh chapter : تازہ باب شروع کرنا ؛ نیا دور شروع کرنا ؛ اپنے طرز عمل کو بدل دینا؛ اپنی حالت کی اصلاح کرنا ۔

To break fresh ground : کوئی نیا کام شروع کرنا ؛ نئے طریقے سے شروع کرنا؛ نئی بحث کا آغاز کرنا؛ ایسا کام (یا ایسی بات) شروع کرنا جو فرسودہ یا پرانی نہ ہو ۔

Fresh : (v) تازہ دم ہونا ؛ شگفتہ ہونا ؛ چہرے پر تازگی اور شگفتگی آنا ؛ چاق و چو بند ہونا ؛ چست ہونا؛ سرگرم ہونا؛ تیز طرار ہونا؛ خوش طبع ہونا ؛ بشاش ہونا ؛ شگفتہ خاطر ہونا ۔

Fresh : (adv.) شگفتگی سے ؛ تازگی سے ؛ مہکتے ہوئے ۔

Fresh butter : (n) بے نمک کا سادہ مکھن ۔

Fresh complexion : (n) چہرے کاصاف رنگ(جس سےتندرستی یا جوانی ظاہر ہوتی ہے) ۔

Fresh eggs : (n) انڈے جو پرانے اورگندے نہ ہوں ؛ تازہ انڈا ۔

Fresh flowers : (n) تازہ پھول ۔

Fresh herring/-fruit/-meat : (n) تازہ مچھلی ؛ پھل ، مچھلی یا گوشت (جو نمک یا مسالہ لگا کر منہ بند ڈبے میں رکھا گیا ہو) ۔

Fresh memories : (n) گذشتہ باتیں جو یاد ہوں ، جو اکثر یاد آتی ہوں ۔

Fresh run : (a) (سالمن وغیرہ) جو سمندر سے پکڑ کر حال ہی میں لائی گئی ہو ۔

Freshen : (v) (۱) تازہ دم ہو جانا؛ تازہ ہونا؛ چست ہو جانا؛ تیز ہو جانا ؛ قوت حاصل کر لینا ؛ زوردار

هوجانا؛ قوی و توانا هو جانا ۔ (۲) چمک دار هو جانا ؛ خوش رنگ یا خوش نما هو جانا ۔ (۳) نمک یا نمکینی کهو دینا ؛ صاف اور میٹھا هوجانا (پانی کا) ۔ (٤) تازه دم کرنا ؛ شگفته خاطر کرنا ؛ بشاش کر دینا ؛ تازگی بخشنا ؛ تازه کر دینا ؛ خو ش دلی بخشنا ؛ شگفتگی لانا ؛ تجدید کرنا ؛ نیاپن پیدا کرنا ؛ نیا کردینا ؛ جدت لانا ؛ تقویت پہنچانا ؛ احیاء کرنا ؛ بحال کرنا ؛ هوش میں لانا ؛ جاں ڈال دینا ؛ نمک یا نمکینی دور کر دینا ۔ (٥) (جہاز رانی) گهس کر نازك هو جانے کی وجه سے رسّے کی جگه کو بدلنا ۔

To freshen ballast : جہاز کا توازن قائم رکھنے کےلئے اس پر رکھی هوئی وزنی چیزوں کی حالت یا جگه کو تبدیل کرنے کی غرض سے اسے تقسیم یا علاحده کرنا ۔

To freshen hawse/-the nip : برف کی رگڑ سے جہاز کو بچانےاوررگڑ پانےوالےمقام کو بدلنے کےلئے رسّوں کی مزید کنڈلیاں لگانا ۔

To freshen way : رفتار کو تیز کرنا ؛ تیز رفتاری لانا ؛ رفتار بڑھانا ۔

Freshener : (n) چست یا تازه دم کرنے والا ؛ تازگی بخش ؛ بشاشت ده ؛ حیات بخش ؛ مقوی ؛ خصوصاً گھوڑے کو تازه دم کرنے والی ورزش ۔

Fresher : (n) (۱) (یونیورسٹی) (عامیانه) نوواردطالب علم ؛ نیا طالب علم ؛ سال اول کا متعلم خصوصاً کسی یونیورسٹی (امریکا ، کسی اسکول) کی میقات اول کا طالب علم ۔ (۲) باد نسیم ؛ تازه اور صاف هوا ۔

Never felt fresher : جس قدر اب تندرست اور چست هے ؛ پہلے کبھی نه تھا ۔

Freshet/-erron/Fresh shot : (n) [OFr.] (۱) دریا کے صاف اور میٹھے پانی کا دھارا جو سمندر میں گرتا هے ۔ (۲) دریا کی طغیانی جو زیاده بارش یا برف کے پہاڑوں پر پگھلنے سے پیدا هوتی هے ؛ سیلاب ؛ سیل ناگہانی ؛ سیل دریا ؛ طغیانی آب ۔ (۳) (شاعری) صاف اور میٹھے پانی کا ننھا چشمه ؛ چشمهٔ آب رواں ؛ آبجو ۔

Freshet : (v) لبریز هونا ؛ سیلابی هونا ؛ طغیانی میں هونا (جیسے تیز بارش یا برف کے پگھلنے سے دریاؤں میں هوتی هے) ۔

Freshly : (adv.) (۱) از سر نو ؛ نئے سرے سے ؛ دو باره ۔ (۲) پوری قوت کے ساتھ ؛ نئی طاقت اور توانائی سے ۔ (۳) شگفته چہرے کے ساتھ ؛ مہکتے هوئے؛ تازگی لئے هوئے ؛ تازه دم هوکر ؛ تازه دم انداز میں ؛ تازگی کے ساتھ؛ زور دار طور پر ؛ توانائی کے ساتھ؛ پھرتی سے ؛ تیزی سے؛ چستی کے ساتھ ؛جوشیلےاندازمیں ؛ بھر پور قوت، اخلاص،امتیاز وغیره کے ساتھ ؛ شگفته حالت میں ؛ تازه ترین انداز میں ؛ حال میں ؛ قریب کے زمانے میں ؛ نیا نیا ؛ نئی طرز میں ۔

Freshly caught : (a) تازه پکڑی هوئی (مچھلی) ۔

Frshly coined : (a) جدید ڈھالا هوا سکه ۔

Freshman : (n) (۱) نو وارد طالب علم ؛ نیا طالب علم ؛ مبتدی ؛ نو آموز ؛ تازه وارد ؛ وه شخص جو کسی مذہبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا هو یا کسی مذہب میں نیا داخل کیا گیا هو ۔ (۲) سال اول کا متعلم ؛ خصوصاً کسی یونیورسٹی (یا امریکا ، کسی اسکول) کی میقات اول کا طالب علم ۔

Freshman class (n) (امریکا) امریکی کالج کے چار درجوں میں سب سے نچلا درجه ؛ کالج کے سال اول کا درجه ۔

Freehman ship : (n) نو وارد هونا ؛ مبتدی هونا ؛ نو آموز هونا ؛ نیا یا نو آموز هونے کی حالت ؛ زمانهٔ نو آموزی ؛ وه میعاد یا میقات جب تك کسی کو نیا یا نو وارد سمجھا جاتا هے نیز مزاحاً نو آموز یا نو وارد حالت ۔

Freshness : (n) تازگی ؛ صفائی ؛ چستی ؛ تندرستی ؛ طراوت ؛ خنکی ؛ شگفتگی ؛ زنده دلی ؛ خوش طبعی ؛ بشاشت ؛ بےنمکی ؛ شیرینی ؛ جدت ؛ نیاپن؛ (مجازاً) نا آموزگی؛ ناتجربگی؛ خامی؛ خام دستی ؛ بے ادبی ؛ چشمهٔ شیریں ؛ میٹھے پانی کا جھرنا ۔

Freshwater : (a) (۱) میٹھے پانی کا یا اس سے متعلق ؛ صاف اور میٹھے پانی میں پیدا هونے والا یا اُس میں رہنے والا ۔(۲) جو نمکین پانی کا عادی نه هوا هو ؛ نو وارد بحر ؛ نا آشنائے بحر ؛ (لہٰذا) نو آموز؛ نا آزموده ؛ ناتجربه کار ؛ خام ؛ تازه کار ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ ناچیز ؛ حقیر ؛ مہمل ۔

Freshwater sailor : (n) دریاؤں کا (نه که سمندر کا) ملاح ۔

Fresison : (n) (منطق) چوتھے قیاسی خاکے کی پانچویں ضرب کا ایک علامتی لفظ جس کے عام منفی اکبر اور خاص مثبت اصغر سے ایک خاص منفی نتیجہ بر آمد ہوتا ہے ۔

Fret : (n) [OF.'frete'.] (۱) منبت کاری (جس میں خطوط مستقیم کو اس طرح ترتیب دیتے ہیں (عموماً زاویہ قائمہ کے ساتھ) کہ اس سے آرائشی نقش ونگاربن جاتے ہیں ؛ باہم پیوستہ نقوش یا جھالروں کا آرائشی کام ؛ جال ۔(۲) بوقلمونے؛ رنگ برنگے ۔(۳) (عموماً چھت کی) ابھرواں یا تراشے ہوئے کام سے آرائش ۔(٤) بُنائی کے کام میں پھولوں اور جواہرات پرمشتمل ایک زیور یا آرائش ۔(٥) (نقابت) نقابت کا ایک نشان یا نقشہ ۔

Fret : (n) [f. fret v.] (۱) کٹاؤ ؛ گھساؤ ؛ فرسودگی ؛ خستگی ؛ گُھن ؛ سڑن کا دھبا یا داغ ۔ (۲) آنتوں کا درد ؛ پیٹ کا درد؛ دردقولنج ؛ درد شکم (بول چال) ۔ (۳) دماغی اشتعال ؛ جھلاہٹ ؛ ہیجان ؛ کوفت ؛ غصہ؛ پریشانی کی حالت ؛ جھنجھلاہٹ ؛ پریشانی ؛ آشفتگی ؛ جھگڑا لو پن ؛ اذیت ؛ ہیجان؛ رنجش ؛ جوش ؛ کج خلقی ۔(٤) شراب کی دوسری تخمیر یا دوسرا اُبال ۔

In a fret : جھنجھلاہٹ یا پریشانی میں ۔

On or upon the fret : جھنجھلاہٹ ؛ اشتعال ؛ چڑ چڑاپن ؛ بد مزاجی ؛ غصہ ؛ خشمناکی یا بے چینی اور بےصبری کی حالت میں ۔

Fret : (n) [OF. 'frete, frait, fraicte'.] سمندر کے کٹاؤ سے بنا ہوا راستہ یا رخنہ ۔

Fret : (n) [Origin unkn.] (موسیقی) (پہلے) گٹار جیسے سازوں کا کھوکھلا حلقہ ؛ (اب) تاروں والے ساز پر (انگلیوں سے پردوں کو دبانے کےلئے) کھونٹیوں کی قطار ۔

Fret : (v) [OE.'fretan'.] (۱) کاٹنا کترنا؛ گھن کی طرح کھانا ؛ گھن لگانا؛ گھلا ڈالنا؛ تحلیل کرنا؛ سوہان روح ہونا؛ گھس ڈالنا ؛ کھا لینا ؛ چبانا ؛ گلا دینا یا دانتوں سے کترکر اذیت پہنچانا (جس طرح کیڑے کپڑا کاٹ ڈالتے ہیں یا گھوڑے اپنا دہانہ چباتے ہیں یا زنگ گلا دیتا ہے یا کھا جاتا ہے یا رگڑ سےکوئی چیزگھس جاتی ہے یا جذبات اذیت دیتے ہیں) ؛ صرف کر ڈالنا؛ خرچ کر ڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ پھاڑ ڈالنا ؛ توڑ مروڑ دینا؛ کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا ڈالنا؛ عذاب پہنچانا؛ شدیدجسمانی یا روحانی اذیت دینا؛ (مثلاً کوئی بات) سنی اَن سنی کر دینا ؛ ختم کرنا؛ خستہ کر دینا؛ قابل استعمال نہ رہنے دینا ؛ پیہم رگڑ سے سوراخ کر دینا ؛ (نیز) گھس جانا ؛ صرف ہو جانا ؛ مٹ جانا ؛ خستہ ہو جانا ؛ گھن لگ جانا ؛ گل جانا یا گھس جانا؛ سخت ریت میں دبا رہنا۔(۲) برف زدگی، گھن، زنگ، مرض یا کسی کھانے کھلانے یا کی جانے والی چیز (تیزاب وغیرہ کے اثر سے) رفتہ رفتہ خراب ہوجانا؛ فرسودہ ہونایا مٹ جانا۔(۳) رگڑ کر یا گھس کر بنانا یا کسی صورت میں لانا ؛ گھس کر یا کاٹ کر راستہ بنانا ۔(٤) دق کرنا ؛ چھیڑنا؛ غصہ دلانا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ رگڑ کر خراش بنانا ؛ بھڑ کانا ؛ خشمناک کرنا یا ہونا؛ مشتعل کرنا؛ تیہا دلانا۔ (٥) اپنے کو رنج یا قناعتی سے پریشان کرنا ؛ فکر میں مبتلا ہوکرگھلنا؛ (ہر وقت اپنی پریشانی کے تصور میں) کڑھتے رہنا یا پیچ و تاب کھانا ؛ جھنجھلاہٹ میں مبتلا رہنا ؛ اکڑ یا جھگڑالو انداز میں چڑچڑاتےیا کڑکڑاتے رہنا۔(٦) (شراب کا) ثانوی تخمیر یا دوسرے اُبال میں ہونا(اب بول چال میں مستعمل ہے) ۔(۷) (دریا یا چشمے کا) بہنا ؛ اس میں ہلکی ہلکی موجیں اٹھنا ؛ پیچ و تاب کھانا (پانی کی سطح کا) تہ و بالا ہونا ؛ متلاطم ہونا ؛ شورش یا ہلچل ہونا؛ پر شور ہو کر بہنا ۔(۸) لہریں پیدا کرنا؛ تلاطم لانا ؛ تموج پیدا کرنا ؛ اضطراب میں لانا ؛ لہریں اٹھانا ؛ ہلکورے مارنا ؛ لہریں مارنا ۔

To fret out one's life : رنج میں گھل گھل کر اپنی زندگی مٹا دینا ۔

To fret the heart : (مجازاً) دل مسلنا ؛ کلیجہ کھانا ؛ کلیجہ ملنا؛ کلیجہ چاٹنا یا چبانا؛ سوہان روح ہونا؛ سخت اذیت پہنچانا ؛ گھن لگا دینا؛ گھلا ڈالنا ۔

Fret : (v) (۱) (تعمیرات) مختلف وضعوں میں کٹے ہوئے یا ابھرواں نقش و نگار سے (خصوصاً چھت کو) آراستہ کرنا ؛ منبت کاری کرنا؛ نقش ونگار بنانا ؛ کندہ کاری کرنا؛ گل کاری کرنا ؛ بیل بوٹے بنانا ۔(۲) (نقابت) گوتھنایا گتھنا؛ باہم پیوستہ ہونا یا کرنا ۔

Fret : (v) [f. fret (n).] (گٹار وغیرہ) سازوں میں کھونٹیاں لگانا ۔

Fret and fever/-fume (n) غصے کی حالت میں بے چینی، جھلاہٹ اور بےصبری کا اظہار ۔

Fret at : (v) کسی بات کے متعلق پریشان ہونا ۔

Fret away : (v) رنج میں گھُلنا ۔

Fret cutting : (n) لکڑی پر بنائی ہوئی آرائشی منبت کاری ؛ ترصیع کاری ۔

Fret saw : (n) بہت پتلی آری جو ایک چوکھٹے میں لگی ہوتی ہے جس سے پتلی لکڑی کو کاٹ کر پھول بوٹےبنائے جاتے ہیں ؛ آلۂ ترصیع ؛ ترصیعی آری ۔

Fretful : (a) (۱) پریشان ؛ جھگڑالو ؛ غصہ ور ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ؛ تنک مزاج ؛ جھلایا ہوا ؛ برہم ؛ برافروختہ ؛ مضطرب ؛ بے صبر ؛ بے تحمل ؛ بےتاب ؛ بے چین ۔(۲) (پانی) متلاطم ؛ متموج ؛ موج دار؛ لہریں لیتا ہوا ؛ بلکورے مارتا ہوا ؛ پُرشور ؛ (ہوا) طوفانی زور دار ؛ پُرجوش ؛ جھکّڑدار؛ زور دار؛ جھونکوں والی ۔(۳) متردد ؛ متفکر؛ کڑھتا ہوا؛ پیچ و تاب میں ؛ مشتعل ؛ غضبناک ؛ اشتعال آور ؛ پریشان کن ؛ رنج دہ ؛ سوہان روح ؛ اذیت ناک ؛ خستہ ؛ فرسودہ ؛ گھسا پٹا ؛ زنگ آلود ؛ کرم خوردہ ۔

Fretfully : (adv.) پریشانی کے ساتھ ؛ دق ہو کر ؛ رنجیدہ ہو کر؛ فروشاں؛ غضبناک طور پر؛ برہمی سے؛ تنک مزاجی سے؛ چڑ چڑے انداز میں ؛ بےصبری یا بےتابی سے ؛ مشتعل ہوکر ؛ پیچ و تاب کھاتےہوئے ؛ پریشان کن طور پر ؛ اذیت ناکی سے ؛ (پانی) پر شور طور پر ؛ متلاطم ہو کر ؛ (ہوا) طوفانی انداز میں ؛ جھکّڑوں کے ساتھ ؛ زور دار طور پر ۔

Fretfulness : (n) پریشانی ؛ رنجیدگی؛ جھنجھلاہٹ ؛ برہمی ؛ برافروختگی؛ تنک مزاجی؛ غضبناکی؛ اشتعال انگیزی ؛ چڑ چڑاپن ؛ بےصبری ؛ بےتابی ؛ پیچ و تاب ؛ اذیت ؛ اذیت ناکی ؛ تعذیب ؛ تلاطم ؛ جوش ؛ جوشیلا پن ؛ زورداری ۔

Frette : Fret (n) کا متبادل ۔

Fretted : (a) (۱) کرم خوردہ ؛ کھایا ہوا ؛ سوراخ دار ؛ زنگ خوردہ ؛ جس میں گھس کر یا رگڑ سے سوراخ ہوگئے ہوں ؛ گھسا ہوا ؛ زخم خوردہ ؛ خراش دار ۔ (۲) تنگ ؛ پریشان ؛ متردد ؛ متفکر ؛ مبتلائے اذیت ؛ فکرمند ؛ مشوّش ؛ کُڑھتا ہوا یا کُڑھا ہوا ؛ بے چین ؛ بے آرام ؛ جھنجھلا یا ہوا ؛ ستایا ہوا ؛ عاجز ؛ مغموم ؛ رنجیدہ ۔

Fretted : (a) (۱) منبت کاری یا کندہ کاری کے بیل بوٹے سے سجایا ہوا ؛ منقش ؛ نقش و نگارسے آراستہ ؛ کشیدہ کاری یا کندہ کاری کرکے نقش و نگار بنایا ہوا ؛ کشیدہ ؛ کندہ ۔ (۲) (نقابت) بہم پیوستہ ؛ گُتھا ہوا ۔

Fretted : (a) جس ساز میں کھونٹیوں کی قطار ہو ۔

Fretter : (n) گُھن کی طرح کھا جانے والا ؛ شدید جسمانی یا روحانی اذیت پہنچانے والا ؛ گھلا ڈالنے والا؛ کھا جانے والا ؛ صارف ؛ گھس کر مٹا دینے والا ؛ گلا دینے والا ؛ کتر ڈالنے والا ؛ فرسودہ کن ؛ خستہ کناں ؛ پریشان کُن ؛ رنجیدہ کناں ؛ غیظ آور ؛ اشتعال آور؛ خشم آگیں ؛ چڑ چڑا ؛ جھگڑالو ؛ بدمزاج ؛ بےصبر (بطور اسم)۔

Fretting : (n) گھساوٹ ؛ گھُن ؛ فرسودگی ؛ خستگی؛ تصرف ؛ زنگ خوردگی ؛ کرم خوردگی ؛ پریشانی ؛ اشتعال ؛ غیظ و غضب ؛ رنج ؛ خشمناکی ؛ بدمزاجی؛ چڑ چڑاپن ؛ جھگڑالوپن ؛ بےصبری ؛ تعذیب ؛ اذیت ناکی ؛ کُڑھن ؛ پیچ و تاب ۔

Fretting : (a) مُعَذّب ؛ اذیت ناک ؛ زنگ آور؛ خستہ کن ؛ گلانے یا گھلانے والا؛ کترکر خراب کردینے والا ؛ گھس ڈالنے والا؛ کھاجانے والا؛ صارف؛ صرف کرڈالنے والا ؛ پریشان کن ؛ اشتعال انگیز ؛ خشم آگیں ؛ بھڑکانےوالا؛ رنج دہ؛ رنجیدہ کن؛ اضطراب آور؛ تلاطم خیز ؛ کُڑھنے والا ؛ پیچ و تاب کھانے والا ۔

Fretty : (a) (نقابت) چند چھڑوں یا چھڑیوں سے جو عموماً اٹھ ہوتی ہیں اس طرح ڈھکا ہوا کہ داہنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف چھڑیاں اس طرح پڑی ہوں کہ ایک دوسرے سے گُتھی ہوئی ہوں ۔

Fretwork : (n) (۱) (تعمیرات) آرائشی نقش ونگار کی کندہ کاری جو بیشتر ایک دو سرے کو کاٹ کر یا ایک دوسرے سے ہو کر گذرتے ہوئے خطوط پر مشتمل ہوتی ہے خصوصاً وہ جو چھتوں میں کی جاتی ہے، نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) کندہ کاری والی پتلی آری سے کاٹ کر بنایا ہوا آرائشی کام ؛ چوبی کندہ کاری ؛ چوبی نقاشی ۔ (۳) سیسے کے چوکھٹوں کے آرائشی کام والا حصہ ۔

Fretwork : (n) کٹاؤ کا کام (لکڑی وغیرہ میں) جس میں آرائشی نقوش بنائے جاتے ہیں ؛ لکڑی پر وہ کام جو پتلی آری سے کیا جاتا ہے؛ چوبی نقاشی؛ چوبی منبت کاری ؛ کارہائے زینیتی ۔

Freudian : (a&n) (۱) فرائڈ یا اس کے اصول تحلیل نفسی کا پیرو یا معتقد ؛ معتقد فرائڈ ۔ (۲) جنسی ؛ وابستہ بہ امور جنسی ؛ ہرزہ ؛ شہوانی ۔

Freudianism/Freudism : (n) فرائڈ یا اس کے اصول تحلیل نفسی کا عقیدہ ؛ عقیدہ فرائڈ ؛ فرائڈیت ۔

Friable : (a) [L.'friabilis'.] (۱) جو (چیز) آسانی سے توڑی موڑی جاسکے ؛ اس طرح کچلی جاسکے کہ اس کے اجزا باریک اور ریزہ ریزہ ہوجائیں ؛ آسانی سے نرم اور سفوف ہونے والا۔(۲) ریزناک (جو وزن پڑنے سے پس جائے ، ریزہ ریزہ ہو جائے) سفوف پذیر ؛ پسنے کے لائق ؛ بو سیدہ ؛ بھر بھرا ؛ ٹوٹن ہارا ؛ چورا ہوجانے والا ۔

Friableness : (n) پھسپھساپن ؛ خستگی ؛نازکی ؛ شکنندگی ؛ بھر بھراپن ۔

Friability : دیکھو Friableness

Friar : (n) [ME. 'frere'.] (۱) ایک مخصوص زاویہ کے عیسائی درویش ؛ راہب خصوصاً ان چار زاویوں کے راہب جو فرانسکانی (Grey Friars) اگستامین (wity Friars) ڈامنی نیکن , (Friars Preachers Black Friars) اور کارمیلائٹ (white Friars) کہلاتے ہیں ۔ (۲) (جمع میں) مخصوص زاویہ کے عیسائی درویش کی رہائش گاہ یا خانقاہ؛ اُس علاقے کا نام جہاں اس قسم کی خانقاہ تھی ۔ (۳) مختلف قسم کی مچھلیوں کا نام جیسے ماہی سیم ، شمالی امریکا کی ایک مچھلی ۔ (٤) ایک آسڑیلیائی پرندہ؛ مرغ طاس؛ مرغ کل ۔ (٥) (طباعت) مطبوعہ صفحہ میں ایک سفید یا ہلکی جگہ ۔(٦) شراب کی سطح پرتیرتی ہوئی ہلکے رنگ کی تلچھٹ کی چھوٹی سی پپڑی ۔

Friar-bir : (n) ایک آسٹریلیائی چڑیا؛ مرغ طاس ؛ طیر طاس ۔

Friar skate : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Friars balsam : (n) روح لوبان ؛ جاوائی لوبان کے مرکب کا محلول جو زخموں پر لگانے کے کام آتا ہے ۔

Friars cap (s) : (n) ایک قسم کا زہریلا پودا ؛ جد وار ۔

Friars cowl : (n) ایک جنگلی پودا ؛ آرم ؛ درنمو ؛ پودوں کی ایک قسم ۔

Friars crown : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Friarly : (a) عیسائی راہبوں کا یا اُن سے متعلق ؛ راہبوں جیسا ۔

Friarly : (adv.) عیسائی راہبوں کے سے انداز میں ۔

Friary : (n) راہبوں کی خانقاہ ؛ دیر ؛ صومعہ ۔(۲) راہبوں کی برادری ؛ راہبوں کی جماعت ۔(۳) توصیفی معنوں میں (راہبوں کی برادری یا اُن کی خانقاہ کا یا اُن سے متعلق) ۔

Friation : (n) رگڑنا یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔

Fribble : (a) غیر اہم ؛ خفیف ؛ ذراسی ؛ ادنیٰ سی ؛ سبک ؛ سبک سر ؛ ہرزہ سر ؛ بیہودہ ؛ غیر سنجیدہ ؛ نکمی باتیں یا بے نتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ مضحک ؛ مہمل ؛ نامعقول ۔

Fribble : (n) (۱) خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ؛ سبک سر یا بیہودہ شخص ۔ (۲) لغو ؛ سبک ؛ پوچ ؛ بے معنی ؛ مہمل بات ؛ ادنیٰ سی چیز ؛ ادنیٰ سی بات ۔ (۳) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی ؛ نکماپن ؛ خفیف الحرکتی ؛ سطحیت ۔

Fribble : (v) [echoic.] خفیف اور بیہودہ حرکت کرنا ؛ خفیف الحرکات ہونا؛ فضول حرکتیں کرنا؛ بےوقوفی کرنا؛ بے معنی بات کرنا ؛ بے مقصد کام کرنا ؛ کم زوری یا کم حوصلگی سے کام لینا ؛ بو الفضول کرنا؛ فضول وقت ضائع کرنا ؛ بیہودہ برتاؤ کرنا ؛ سبک سری دکھانا ۔

Fribbler : (n) نکمّا ؛ سبک سر ؛ ہرزہ سرا ؛ بیہودہ یا خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی ۔

Fribbling : (n) سبکی ؛ بیہودگی ؛ سبک سری ؛ ہرزہ سرائی ؛ خفیف الحرکتی؛ لغویت؛ نامعقولیت ؛ نامعقول باتیں یا بیہودہ حرکتیں کرنے والا ۔

Fribbery : (n) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی ؛ سبک سری ؛ خفیف الحرکتی ؛ نکّماپن ؛ نامعقولیت ۔

Friborgh/-burgh : دیکھو Frank-pledge

Fricandeau : (n) [F.] بُھنے ہوئے یا اُبلے ہوئے گوشت کا ایک ٹکڑا؛ پارچہ خصوصاً بچھڑے کا گوشت جو چٹنی کے ساتھ یا نمک مرچ چھڑک کر کھایا جاتا ہے ۔

Fricandeau : (v) بھُنے ہوئے یا ابلے ہوئے گوشت کے ٹکڑے یا پارچے بنانا ۔

Fricandel/-elle : (n) [quasi-Fr.var.of prec.] کوفتہ ؛ قیمہ کر کے اور گول بنا کر تلا ہوا گوشت ؛ گولر کباب ۔

Fricassee : (n) [F.'fricassee'.] (۱) گوشت کے ٹکڑے جو بھون کر یا اُبال کر چٹنی کے ساتھ کھائے جاتے ہیں ۔ (۲) (خصوصاً) پرندوں یا چھوٹے جانوروں کے ٹکڑے کا قلیہ ۔

Fricassee : (v) قلیہ بنا نا ؛ گوشت کے ٹکڑے کو بھون کر یا اُبال کر کھانا تیار کرنا؛ قلیہ کی طرح تیار کرنا ۔

Fricative : (n) [mod.L. 'fricativus'.] وہ حرف صحیح جو منہ کے کم کھلے ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے پیدا ہو مثلاً Ch ' the 'f' (اسکاچستانی تلفظ) ؛ رگڑ سے پیدا شدہ یا پیدا کردہ موافق آواز ۔

Fricative : (a) (۱) ماؤتھ آرگن (منہ سے بجانے والے باجے) کے دو سوراخوں کے درمیان تنگ سوراخ سے ہو کر گذرتی ہوئی سانس کی رگڑ سے پیدا شدہ (حرف صحیح کے درستی ساز کی آواز) ۔ (۲)بعض سازوں میں رگڑ سے پیدا کی ہوئی (آواز) ؛ (لسانیات) صفیری ؛ صفیرہ ۔

Fricatrice : (n) [L.'fricatricem.] ذلیل عورت ؛ ناکارہ عورت ؛ ہرزہ عورت ؛ بدکار عورت ؛ فاحشہ ؛ رنڈی ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ وہ عورت جو کسی دوسری عورت سے استفادۂ جنسی کرتی ہو ؛ عیاش عورت ۔

Friction : (n) [L. 'frictionem'.] (۱) طبی مالش ؛ جسم کو مل کر گرمی پہنچانا ۔(۲) دو جسموں کی رگڑ ؛ رگڑ ؛ انداراس ؛ گھساؤ ؛ چھلن ؛ خراش ۔ (۳) (طبیعیات) مزاحمت (حرکت اضافی) جو ایک جسم کے دوسرے جسم پر حرکت کرنے سے واقع ہوتی ہے۔ (٤) (مجازاً) اختلاف ؛ ٹکراؤ ؛ (خصوصاً مزاجوں یا خیالات کا) (لسانیات) رگڑ: اختلاف رائے؛ اختلاف طبیعت یا مزاج (عموماً دو آدمیوں میں) ۔

Angle of friction : کسی جسم یا سطح کے ڈھلواں ہونے کی وہ حد جس پر کوئی دوسراجسم یا چیز بغیر پھسلے ہوئے قائم رہ سکے ؛ وہ زاویہ جو ایک جسم کا دوسرے جسم پر بغیر پھسلے یا گرے بنایا جاسکے (وہ زاویہ جس پر جسم قائم رہے)زاویۂ فرک ؛ (طبیعیات) رگڑزاویہ ۔

Boundary friction : (طبیعیات) حدی رگڑ ۔

Coefficient of friction : (طبیعیات) رگڑ ضربیہ ۔

Dynamic friction : (طبیعیات) حرکی رگڑ ۔

Face of friction : (طبیعیات) رگڑ قوت ۔

Static friction : (طبیعیات) سکونی رگڑ ۔

Friction : (v&n) رگڑنا ؛ ملنا ؛ مس کرنا ؛ چھیلنا ؛ خراش ڈالنا ؛ مالش کرنا ؛ گھسنا ؛ کُھجانا ؛ (جسم وغیرہ کو) ۔

Friction at rest : (n) ایک دو سرے کو مس کرتے ہوئے دو جسموں یا دو چیزوں کے درمیان رگڑ کی مقدار ۔

Friction-ball : (n) مشین کے پہیوں میں جو گولیاں اس غرض سے ڈالی جاتی ہیں کہ رفتار میں مزاحمت اور رگڑ کم ہو ۔

Friction block : (n) وہ بلاک جو کسی گھومتی ہوئی چیز پر دبا کر رگڑ کے ذریعہ اُس کی رفتارکو روکنےیا کم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Friction brake : (n) ایک قسم کا آلہ قوت پیما (ڈائناموميٹر) جس میں ایک مقررہ رفتارسے گھومتے ہوئے دھرے کے ساتھ دو بلاک کسے ہوتے ہیں ؛ نیز کسی گھومنے والی بڑی مشین کے ذریعہ انجام دیتےہوئے کام کی مقدار کو ناپنے والا؛ روغنوں کی چکناہٹ کی پیمائش کا ایک آلہ؛ فریکشن بریک کے ذریعے چلنے والا ؛ فریکشن بریک ۔

Friction breccia : (n) دیکھو Fault-rock

Friction/-clutch'-cono/-coupling/-disc : (a) وہ پُرزے جو مشینوں کی رگڑ سے رفتار پیدا کرنے کےلئے لگائے جاتے ہیں ؛ فرکی پنجہ ۔

Friction fremitus : (n) وہ استماعی آواز جو اُس وقت سنی جاتی ہے جب پھیپھڑے کا پردہ یا غلاف قلب سوجن اور بہے ہوئے پنچھے سےنا ہموار یا کُھردرا ہوجا تا ہے ۔

Friction-fuse : توپ داغنے کی نلی ؛ وہ نلی جس میں آگ لگا کر توپ داغی جاتی ہے ۔

Friction gear/-gearing : (n) وہ پُرزے جو مشینوں میں رگڑ سے رفتار پیدا کرنے کےلئے لگائے جاتے ہیں ؛ فرکی گیرہ ۔

Friction machine : (n) ریشم کے اتصال سے برقی رو پیدا کرنے والی برقی مشین ۔

Friction powder : (n) سُرمے اور القلی (پوٹاش) کے کولوریٹ کا مرکب جو ذراسی رگڑ سے بھڑک اُٹھتا ہے ؛ خفیف رگڑ سے بھڑک اُٹھنے والا ایک آتش گیر مرکب ۔

Friction primer : (n) فریکشن ٹیوب کا امریکی نام ۔

Friction roller : (n) بیلن جو اپنے اوپر سے گذرتی ہوئی چیز کی رگڑ کو کم کرنے کےلئے ہوتا ہے ؛ بیرنگ میں گھومتے ہوئے چھوٹے بیلن ۔

Friction sound : (n) Friction fremitus دیکھو

Friction tube : (n) Friction-fuse دیکھو

Friction wheel : (n) (۱) بیلن جو اپنے اوپر سے گذرتی ہوئی چیز کی رگڑ کو کم کرنے کے لئے ہوتا ہے ۔ (۲) بیرنگ میں گھومتے ہوئے چھوٹے بیلن جو دھرے کے انخفاض میں اپنے محیطوں یا گھیروں کے اوپری حصے کے اتصال سے روکے رکھتا ہے: بیرنگ کے اندر گھومتے ہوئے چھوٹے بیلنوں میں سے ایک ۔

Frictional : (a) جو رگڑ سے پیدا ہو یا کیا جائے یا متحرک کیا جائے ؛ رگڑ کا یا اس سے متعلق ؛ فزکی ؛ (لسانیات) رگڑ دار ۔

Frictional electricity : (n) رگڑ کے ذریعہ پیدا کی ہوئی یا ترقی دی ہوئی بجلی ؛ فر کی برق ؛ (طبیعیات) رگڑ برق ۔

Frictional gearing (wheels) : (n) وہ پہیے جو دندانوں کی بجائےصرف رگڑ ہی سےحرکت کو منتقل کرتےہیں ۔

Frictional heat : (n) (طبیعیات) رگڑ حرارت ۔

Frictional resistance : (n) (طبیعیات) رگڑ مزاحمت ۔

Frictional unemployment : (n) (تجارت) مزاحمتی بےروزگاری ۔

Frictionalised : (a) (لسانیات) رگڑ دار ۔

Frictionally : (adv.) رگڑ کے ذریعہ پیدا ہو کر یا متحرک ہو کر ۔

Frictionless : (a) بےرگڑ کا ؛ جسم میں رگڑ یا رکاوٹ پیدا نہ ہو ؛ بے لاگ ؛ بے روک ؛ بے خراش ۔

Frictionlessly : (n) بے لاگ طور پر ؛ بلا روک ٹوک ۔

Friday : (n) [OE.'frizedoez'.] (۱) جمعہ ؛ آدینہ ؛ ہفتے کا چھٹا دن (انگریزی اعتبارسے) ۔(۲) اُس دن دی ہوئی دعوت استقبالیہ یا تفریح ۔ (۳) توصیفی معنوں میں، مثلاً صبح جمعہ ؛ صبح آدینہ ۔

Black friday : سیاہ جمعہ ؛ بہت سے جمعے تاریخ میں ایسے گذرے ہیں جب سخت حادثات پیش آئے اسی لئے اُن کو سیاہ جمعہ کہا جاتا ہے۔

Good Friday : جمعہ جو ایسٹر سے پہلے آتا ہے ؛ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مصلوب ہونے کی یادگار کے طور پرمنایا جاتا ہے؛ آدینہء نیک ۔

Fridge : (v) [app.echoic.] ملنا ؛ مالش کرنا ؛ رگڑنا ؛ کھُجانا ؛ رگڑ کر پتلا کردینا؛ گھس ڈالنا؛ (اب خاص کر بول چال میں مستعمل ہے)۔

Fridge/Frig : (n) (روز مرہ) Refrigerator کا مخفف ۔

Fried : (a) [f. fry v.] تلا ہوا ؛ بھُنا ہوا ؛ تل کر پکا یا ہوا ۔

Friedreich's ataxia : (n) (طب) موروثی لڑکھڑاہٹ ۔

Friend : (n) [OE.freond.] (۱) دوست ؛ محب ؛ یار ؛ رفیق ؛ آشنا ؛ مخلص ؛ ساتھی ۔ (۲) وہ شخص جو دو شخصوں کی لڑائی (Duel) میں کسی ایک کا ساتھی (Friend) ہو ۔(۳) (عرف عام) شناسا ؛ وہ اجنبی جو کبھی کہیں مل جائے (اس معنی میں طنزاً) نیز دوستوں کی انجمن کے ارکان کے ذریعہ بطور خطاب استعمال کیا جاتا ہے ۔ (٤) (جمع) قریبی رشتہ دار ؛ وہ لوگ جو کسی شخص کےمتعلق کوئی ذمہ داری قبول کریں ۔ (٥) ہمدرد؛ معاون؛ مربی ؛ بہی خواہ ؛ مدد گار ؛ پُشتیبان ؛ خیر خواہ ؛ حامی ۔(٦) کوئی چیز ؛ بات یا صفت جس سے مدد ملتی ہو یا کام نکلتا ہو ؛ مفید مطلب بات یا چیز ۔(۷) جو شخص دشمن نہ ہو یا اپنی جماعت یا فرقے کا آدمی ہو ، جنگ ، سیاست وغیرہ میں جو شخص اپنا ہم جماعت، ہم طرف یا رفیق رہا ہو ؛ جس شخص کے ساتھ تعلقات بہترہوں ۔ (۸) "خائفین" انجمن احباب (Society of Friends) کےاراکین کا نام: (غیرارکان کی اصطلاح میں) (اس انجمن کو سنہ ۱٦٤۸-٥٠ء میں جارج فاکشن نے قائم کیا تھا جس کی اغراض میں امن و امان کے اصولوں کی ترویج ، لباس کی سادگی اور زبان کی سلاست نیز القاب و آداب و خطابات سے حتی المقدور پرہیز وغیرہ شامل تھیں)۔

My friend in the brown hat now left me : وہ صاحب (محض شناسا یا ایسا اجنبی جو کبھی کہیں مل گیا ہو) جو بھوری ٹوپی پہنے ہوئےتھے اب مجھ سے جدا ہوگئے ۔

My honourable friend : میرے دوست (معبران پارلیمنٹ و کاؤنسل اس طرح ایک دوسرے کا ذکر کرتےہیں)۔

My learned friend : قانون پیشہ لوگ ، وکلا وغیرہ عدالت میں ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہیں ۔

My shyness was here my best friend : یہاں میرا شرم و حجاب ہی میرے کام آیا ۔

To be friends : دوست ہونا ؛ دوست بنانا ؛ دوستی کرنا ۔

To be, keep, make, friends with : دوست ہونایا دوست بنانا ؛ دوستی کرنا ۔

To keep friends : بہت سےدوست رکھنا یا ہونا ۔

To make friends : دوستی کرنا ؛ دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ۔

Friend : (v) [ME. f. friend n.] (شاعری کا) کسی کے ساتھ دوستی کرنا؛ کسی کی مدد کرنا ؛ مساعدت کرنا؛ وقت پر کام آنا؛ دوستانہ برتنا ؛ دوست داری کرنا؛ دستگیری کرنا؛ مراعت کرنا ؛ دوست کی طرح عمل کرنا ؛ (مجازاً چیزوں کےلئے) ۔

Friend Dick/-jones : جب کسی نام سے پہلے استعمال کیا جائےتو معمولی شناسائی کا اظہار ہوتا ہے ۔

Friend in or at court : (n) وہ دوست جس کےاثر یا کوشش سے دربار میں کار براری کی جاسکے ۔

Friend lead : (n) کوئی جلسہ یا تقریب جس کی غرض لندن کے غرباء اور مفلوک الحال لوگوں کے لئے چندہ کرنا ہو ۔

Friend of God : (n) جس پر خاص فضل الٰہی ہو اور جسے اللہ کی خصوصی حمایت حاصل ہو؛ خلیل اللہ؛ خدا کا دوست ۔

Friended : (a) جس کا ایک یا بہت سارے دوست ہوں ؛ یار باش ؛ دوست دار ۔

Friendless : (a) (۱) بے یارو مددگار ؛ بیکس ؛ جس کا کوئی دوست نہ ہو ؛ جس کا کوئی ساتھی نہ ہو ؛ بے دوست ۔(۲) غیر دوستانہ ؛ نا مناسب ؛ غیر مفید ؛ بے موقع ؛ غیر کارآمد ؛ ناموافق ؛ ناپسندیدہ ۔

Friendlessness : (n) بیچارگی ؛ بیکسی ؛ بےیا ر و مددگار ہونے کی حالت ؛ غیر دوستانہ پن ۔

Friendlike : (a) دوستانہ ؛ دوستوں کی طرح ؛ غیرمخالفانہ ؛ مفید مطلب ؛ کار آمد ؛ مناسب ۔

Friendlily : (adv.) دوستانہ انداز میں ؛ محبانہ اور مشفقانہ طور پر ؛ ہم دردی کے ساتھ۔

Friendliness : (n) موافقت ؛ہمدردی ؛ مہربانی ؛ لطف وکرم ؛ دوستی؛ شفقت؛ یگانگت؛ دوست داری ؛ (کبھی کبھی جمع میں) اظہار ہمدردی ۔

Friendly : (a) [OE.'freondlic'.] (۱) دوست کی طرح برتاؤ کرنےوالا یا ایسا برتاؤ کرنے پرآمادہ؛ کارآمد؛ دوستوں کی صفات رکھنے والا ۔(۲) دوستوں کی خصوصیت کا ؛ یا دوستوں کو فائدہ پہنچانے والا ؛ دوستی کا اظہار کرنے والا ؛ دوست داری دکھلانےوالا ؛ ہمدردی یا دستگیری کرنے والا ۔(۳) نا دشمن ؛ غیر دشمن ؛ جس سے محبانہ اور دوستانہ تعلقات ہوں ۔(٤) خیر خواہ ؛ ہوا خواہ ؛ بھلائی چاہنے والا ؛ معاون ؛ حامی ؛ مددگار ۔(٥) ہمدرد ؛ سازگار ؛ موافق ؛ مساعد ؛ مناسب ؛ مہربان ؛ شفقت رکھنے والا؛ طرف دار؛ مفید؛ مفید مطلب؛ آسان؛ سہل؛ راحت بخش؛ موزوں؛ مدد؛ معین ۔(٦) جو رجحان (کسی طرف) موافقت کے ساتھ ہو ۔ (۷) جو (اشیاء) مناسب ، باموقع ہوں ۔

Firendly : (n) دوست یا غیر مخالف نیٹو (غیر مہذب نسل یا یوروپی اقوام کا فرد)؛ دوستانہ مقابلہ جو صرف تفریحاً ہو کسی انعام کی خاطر نہ ہو؛ دوستانہ ؛ یارانہ ؛ دوستوں کی خصوصیت جس سے مہربانی اورلطف و کرم ظاہر ہو یا جو رحم دلی کی وجہ سے پیدا ہو ۔

A friendly match (at Football etc.) : کھیل کاوہ مقابلہ جو محض دوستانہ ہارجیت کےلئے کیا جائے اور کسی انعام کی خاطر نہ ہو ؛ دوستانہ مقابلہ ؛ دوستانہ کھیل ۔

A friendly nation : وہ قوم جس سے دوستانہ تعلقات ہوں ۔

Friendly : (adv.) دوستانہ انداز میں ؛ دوستانہ جذبات کے ساتھ؛ مشفقانہ طور پر ؛ حمایت کرتے ہوئے ؛ غیر مخالفانہ ؛ مہربانی اور محبت کےساتھ ؛ پسندیدگی کے ساتھ ؛ بہ طور ہمدردی ؛ ہمدردانہ جذبات کے ساتھ ۔

Friendly action at law : دوستانہ قانونی کاروائی جو محض کسی قانونی نکتہ کو عدالت میں حل کرانے کےلئے کی گئی ہو اور جس کا سبب ذاتی مخالفت نہ ہو ۔

Friendly society : (n) (ابتداً) ایک مخصوص آگ بیمہ کمپنی کا نام ؛ (بعد میں) ایسی مختلف انجمنوں میں سے ایک جن کے ارکان مصیبت ، بیماری اور ضعیف العمری میں ایک دوسرے کی مدد اور مرجانے پر پس ماندگان کی امداد کےلئے مقررہ چندہ جمع کرتے ہیں ؛ انجمن امداد باہمی ۔

Friendship : (n) [OE.'freondscipe'.] (۱) دوست ہونے کی حالت ؛ دوستی ؛ یاری ؛ رفاقت ؛ موافقت ؛ مساعدت ؛ یگانگت ؛ دوستوں کی طرح ایک جماعت یا انجمن ؛ دوستانہ تکلفی ؛ گہری دوستی ؛ موالات ؛ دوستانہ تعلقات ۔ (۲) دوستانہ رجحانات طبع جو ظاہر کئے جائیں یا محسوس کئے جائیں ؛ موافقت ؛ ہمدردی ؛ مہربانی ؛ لطف و کرم ؛ شفقت ؛ دوست داری ۔

Friesian/Frisian : (n) دودھ دینے والے بڑے جانور کی ایک نسل کا نام ۔

Frieze : (n) [F.'frise'.] (۱) موٹا ، کھردرا اونی کپڑا جس کے صرف ایک ہی طرف رواں ہو ؛ (اب خاص کر اُترش کا بنا ہوا) ۔ (۲) کیمخت کے چمڑے کی خراش ۔

Frieze : (n) [F.frise fem.] (۱) (تعمیرات) ستون کے اوپر کا ایک ٹکڑا جو وسطی کڑی اور اندر کی کنگنی (کگر) کے درمیان ہوتا ہے ۔ (۲) اس ٹکڑے میں ایک چوڑی پٹی جس میں سنگ تراشی یا نقاشی کا کام کیا گیا ہو ۔ (۳) آرائشی پٹی جو کسی مقام پر بنائی گئی ہو؛ حاشیہ آرائشی (ستون میں) ؛ گوٹ ۔ (٤) ککری ۔ (٥) توصیفی معنوں میں جیسے حاشیہ آرائشی کا کام ؛ نیز چھ زائد تختے والے دروازے میں کا سب سے اوپری زائد تختہ ۔

Frieze : (v) [F.'friser'.] نرم روئیں دار کپڑے سے ڈھکنا ؛ (کپڑوں میں) نرم روئیں بنانا ۔

Frieze : (v) [F.friser.] (۱) زردوزی کا کام کرنا ؛ کارچوبی کا کام کرنا؛ زری کا کام بنانا؛ کشیدہ کاری کرنا (شاذ) ۔ (۲) (جہاز رانی) جہاز کے پہلوؤں والے جنگلوں پر اور اسی طرح جہاز کے ماتھے اور دنبالہ جہاز کے ارد گرد آرائشی کندہ کاری یا رنگین نقاشی کرنا ۔ (۳) (چاندی کی پلیٹ کو) کندہ یا اُبھرواں نقش و نگار سے آراستہ کرنا ۔

Frieze panel : (n) (تعمیرات) چھ زائد تختے والے دروازے میں کا ایک سب سے اوپری زائد تختہ ۔

Frieze-work : (n) (تعمیرات) ستون میں حاشیہ آرائشی کا کام ۔

Friezed : (a) ستون میں حاشیہ آرائشی کیا ہوا ۔

Friezed : (a) (۱) (کپڑا) نرم رُواں دار؛ جس میں نرم روئیں ہوں ۔ (۲) (پودا) روئیں دار ؛ نرم ؛ ملائم ؛ روئیں کا ؛ روئیں کا سا ۔

Friezer : (n) [f.Frieze. v.] کپڑے کو نرم روئیں دار بنانے والا؛ کپڑے پر زردوزی یا کارچوبی کا کام بنانے والا ۔

Friezing : (n) نرم روئیں دار کپڑے سے ڈھکنے کا عمل ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Friezing : (n) جہاز کے پہلوؤں والے جنگلوں پر اور اسی طرح جہاز کے ماتھے اور دنبالہ جہاز کے گرد بنی ہوئی آرائشی کندہ کاری یا رنگین نقاشی ۔

Frig : (v) مباشرت کرنا ؛ ہم بستری کرنا ؛ ہم بستر ہونا ؛ مباشر ہونا ۔

Frigate : (n) [F.fregate.] (۱) (تاریخ) جنگی جہاز جو بہ لحاظ جسم اور وزن اور بہ لحاظ سامان جنگ جنگی بیڑوں کے جہازوں سے دوسرے نمبر پر ہوں اورجن پر ۲۸ سے ٦٠ تک توپیں لگی ہوں؛ سبک اورتیزرو کشتی جو پہلے چپوؤں سے چلائی جاتی تھی اور بعد میں بادبان سے ۔ (۲) (جدید اصطلاح) عام جنگی جہاز ۔ (۳) منطقہ حارہ کے اورگرم درجہء حرارت والے سمندروں کے آس پاس پایا جانے والا ایک بڑا تیز پروازشکاری پرندہ ۔ (٤) توصیفی معنوں میں ۔

Frigate-bird : (n) گرم ملکوں کاایک بڑا اورتیز پروازپرندہ ۔

Frigate-built : (a) جس جہاز کے اگلے بلند عرشے اور وسطی عرشے سے جہاز کے بیچ والے حصے میں جانے والی چند قدموں کی سیڑھی لگی ہو ۔

Frigate petrel : (n) Frigate-bird دیکھو

Frigatoon : (n) [It.fregatone.] مربع نما دنبالے والا شہر وینس کا ایک جہاز جس میں صرف ایک بڑا مستول ،

پچھلا مستول اور وہ شہتیر ہوتا ہے جو جہاز کے بیچ میں بادبان کو تھامے رکھنے کے لئے لگایا جاتاہے؛ ایک قسم کی ایک مستولی جنگی کشتی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے : جنگی غراب ۔

Frige faction : (n) (عضویات) تبرید ۔

Frigger : (n) ہم بستر ہونے والا ہم بستری کرنے والا؛ مباشرت کرنے والا ۔

Frigging : (n) مباشرت ؛ ہم بستری ؛ جماع ؛ جفتی ؛ مجامعت ؛ مباشرت کرنے یا مباشرت ہونے کا عمل ۔

Fright : (n) [OE. fryhto.] (۱) وہ خوف جو دفعتاً پیدا ہو ؛ خوف ناگہانی ؛ دہشت ؛ ہول ؛ ڈر ؛ سہم ؛ ہراس ؛ گھبراہٹ ؛ سراسیمگی ۔ (۲) بھیانک اور خوف ناک صورت والا آدمی ۔

Fright : (v) [OE.fryhtan.] (شاعری) ڈرانا؛ دھمکانا ؛خوف زدہ کرنا ؛ شدت سے خوف زدہ کرنا ؛ دہشت پیدا کرنا ؛ ہولا دینا ۔

Frighted : (a) خوف زدہ ؛ ڈرا ہوا ؛ خائف؛ دہشت زدہ ؛ ہیبت زدہ؛ جس کے رگ و پے میں خوف سرایت ہو ۔

Frightedly : (adv.) خوف زدہ انداز میں ؛ خائف ہو کر ؛ دہشت زدہ طور پر ۔

Frighten : (v) خوف زدہ کر دینا ؛ ڈرانا ؛ خائف کر دینا ؛ دہشت پیدا کرنا ؛ ہولا دینا ۔

To frighten away, or out of place : ڈرا کر کسی جگہ یا مکان سے بھگا دینا ۔

To frighten into doing : خوف دلا کر ، دھمکا کر (کوئی کام) کرا لینا ۔

To frighten into submisssion : دھمکا کر مطیع کرلینا ؛ اتنا دھمکانا کہ مطیع ہو جائے ۔

To frighten out of wits : خوف زدہ کر کے خارج از حواس کر دینا ؛ (اس قدر ڈرانا کہ بدحواس ہو جائے) ۔

Frightened at : (a) (کسی چیز سے) خوف زدہ ۔

Frightened of : (a) (کسی چیز یا شخص سے) خوف زدہ (عموماً عادتاً) ۔

Frightful : (a) (۱) خوفناک ؛ دردناک ؛ ترس ناک ؛ ہولناک ؛ ہیبت ناک ؛ خطر ناک ؛ وحشت انگیز ؛ دہشت ناک ؛ ڈرانے والا؛ مخوف؛ تکلیف دہ ؛ بیزارکن ۔ (۲) نفرت انگیز ؛ کریہہ المنظر ؛ کریہہ ؛ زشت ؛ بھیانک ؛ مکروہ ؛ گھناؤنا ؛ ناگوار ۔ (۳) (بازاری) بہت بڑا ؛ پریشان کن ؛ بدحواس کر دینے والا؛ گھبراہٹ یا ہول پیدا کرنے والا ۔

Frightfully : (adv.) (اصطلاحاً) بہت ؛ بے حد؛ ازحد؛ خوف ناک طور پر ؛ بھیانک انداز میں ؛ نفرت انگیزطور پر ۔

Frightfulness : (n) دہشت انگیزی ؛ خوف ناکی ؛ ہولناکی ؛ ہیبت انگیزی ؛ بھیانک پن ؛ ناگواریت ؛ نفرت انگیزی ؛ (اصطلاحاً) غیرفوجی آبادی کو خوف زدہ کرنے کا طریقہ جو بعض اوقات فوجی حکمت عملی کے طور پر اختیار کیا جاتا ہے ۔

Frightless : (n) بے خوف ؛ نڈر ؛ بے باک ۔

Frightment : (n) وحشت ؛ ترس ؛ ہراس ؛ خوف زدگی؛ دہشت انگیزی ؛ وحشت ناکی ؛ دہشت انگیز چیز ۔

Frigid : (a) [L.frigidus.] (۱) سرد ؛ خنک ؛ مفقود الحرارت ؛ جس کا درجۂ حرارت کم ہو یا بہت پست یا نیچا ہو ؛ بے جوش ؛ بےحرارت ۔ (۲) سرد مہر؛ بارد المزاج ؛ تصنع کا برتاؤ کرنےوالا ؛ جس میں جوش یا سرگرمی نہ ہو ؛ سرد ؛ بے حس ؛ جس پر جذبات کا اثر نہ ہو؛ گرمیٔ احساس و جذبات سے خالی ؛ ظاہر دار ؛ پابند رسوم ؛ سخت ؛ بےلوچ ؛ اکھڑ ؛ روکھا ؛ کم آمیز ؛ رسمی ؛ پر تصنع ۔ (۳) اُداس کرنےوالا؛ پژمردہ یا افسردہ کرنےوالا ۔ (٤) سست ؛ روکھا پھیکا ؛ بےمزہ ؛ بے ذائقہ ؛ بے رنگ ؛ بےنمک ؛ سپاٹ ؛ بے لطف ؛ بے حس ؛ بے جان ؛ افسردہ دل ؛ غبی؛ کند ذہن ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق ؛ ٹھس ۔ (٥) (طب) نامرد ۔ (٦) (نفسیات) زنِ جامد ؛ جماع گریز ۔

Frigid zone : (n) (جغرافیہ) منطقۂ بارد؛ منطقۂ منجمدہ ؛ منطقۂ افسردہ ؛ زمین کا وہ سرد منطقہ یا حصہ جو قطب شمالی یا جنوبی کے دائرے میں واقع ہے ۔

Frigidaire : (n) (طبیعیات) سرد آلہ ۔

Frigidarium : (n) [L.f.'frigidus'.] رومی حمام کا سرد خانہ ؛ رومی حمام کا سرد کمرہ ۔

Frigidity : (n) [F.frigidite.] (۱) سرد ہونے کی حالت یا صفت؛ سردی ؛ خنکی ؛ انجماد ؛ انتہائی سردی یا

خنکی ؛ شدید ٹھنڈک ۔ (۲) حرارت جنسی کی کمی ؛ قوائے جنسی کی کمی ؛ حرارت تولیدی کی کمی ؛ نامردی ؛ کمزوری ۔ (۳) (مجازاً) گرمیء احساس و جذبات کا فقدان ؛ بے حسی ؛ مردہ دلی ؛ خشک یا روکھی پھیکی زندگی ؛ جس میں جذبے کو دخل نہ ہو ؛ سرد مہری؛ افسردہ دلی ؛ روکھاپن ؛ بےاعتنائی ؛ بےحرارتی ؛ بےحوصلگی ؛ بےدلی ؛ بےہمتی ؛ ناتوانی ؛ جوش یا سرگرمی کی کمی ؛ بے شعلگی ؛ زندگی یا سوز وساز زندگی کا فقدان؛ حرارت غریزی سے محرومی ؛ سستی ؛ بے جان ؛ سپاٹ پن ؛ افسردگی ۔ (٤) (میکانیات) جمود ۔ (٥) (طبیعیات) برودت ۔ (٦) (نفسیات) جمودزن ۔

Frigidly : (adv.) سرد مہری سے ؛ افسردگی سے ؛ روکھے پھیکے پن سے ؛ تصنع آمیز طور پر ؛ بےلطف انداز میں ۔

Frigidness : (n) سرد مہری ؛ افسردگی ؛ ظاہر داری ؛ تکلف ؛ تصنع ؛ بے لطف ؛ پھیکا پن ؛ بےنمکی ۔

Frigoric : (a) [L.f. frigor-frigus+-ic] سرد کاری سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ سردی کے استعمال سےمتعلق یا اُس پر مشتمل ۔

Frigorific : (a) [L.'frigorificus'.] سرد کرنے والا ؛ خنکی آور ؛ منجمد کرنےوالا ؛ بےحس کر دینے والا ؛ سردی پیدا کرنے والا ؛ سرما خیز ؛ خنک کنندہ ؛ خنکی انگیز ؛ برودتی ؛ برودت خیز ؛ بارد ؛ خنکی بخش ؛ (بطور مبالغہ) بہت زیادہ سرد ؛ (عضویات) مبرّد ؛ سرد خیز ۔

Frijol/Frijole : (n) [SP.] (نباتیات) سرخ لوبیا ۔

Frill : (n) [Origin unkn.] (۱) جھالر ؛ سنجاف ؛ چُنٹ (کپڑے کی) ؛ جھالردارحاشیہ ؛ اس سے مشابہ کوئی چیز ۔ (۲) کاغذ کی جھالر جو گوشت کے بھنے ہوئے ٹکڑے پر برائے آرائش لگا دیتے ہیں ۔ (۳) وہ قدرتی جھالر جو پرندوں اور جانوروں کی گردنوں یا پروں یا پودوں کے پتوں پر ہوتی ہے ۔ (٤) (جمع) خود نمائی یا ظاہرداری ۔ (٥) (جانوروں کی) آنتوں کے بعض حصوں کو معدے کی بیرونی سطح سے ملانے والی جھلی (قصابوں کی زبان میں) ۔ (٦) (فوٹوگرافی) پلیٹ کے کنارے پر جلاٹین کی جھلی (فلم) جو شکن آلود ہوگئی ہو یا کسی طرف سمٹ گئی ہو ۔ (۷) صدفی مچھلی کی ایک قسم ۔

He puts on frills : خود نمائی کی مصنوعی باتیں کرتا ہے ؛ بڑا دم مارتا ہے ۔

Frill : (n) [Etym. doubtful.] سردی سے کانپتے ہوئے باز کے پروں کی بے ترتیبی یا پریشانی ۔

Frill : (n) (مجازاً) ٹیم ٹام ؛ بیکار آرائش ؛ لاحاصل یا نمائشی کمال (نیز جمع) ۔

Frill : (v) (۱) جھالر لگانا ؛ چنٹ ڈالنا ؛ جھالروں سے آراستہ کرنا؛ سنجاب دار بنانا؛ چین دار کرنا۔ (۲) (تصویر کشی) (فلم کو) جھالر کی طرح شکن در شکن اُٹھانا یا اُبھرواں بنانا یا ایسا بن جانا ۔

Frill-back : (n) کبوتر کی ایک قسم جس کی گردن پر گول جھالر نما پر ہوتے ہیں ۔

Frill lizard : (n) ایک قسم کا آسٹریلیائی چلپاسا (گرگٹ کی قسم کا جانور) جس کی گردن کے گرد چوڑا جھلّی دار حلقہ ہوتا ہے جسے وہ کبھی کبھی کھڑا کر لیتا ہے ۔

Frilled : (a) جھالر دار ؛ جھالرلگا ہوا ؛ حاشیہ دار ؛ چین دار؛ سنجاب دار ؛ چنٹ لگا ہوا ؛ جھالروں سے آراستہ ؛ (تصویر کشی کی پلیٹ) کناروں پر کمرخی کی طرح اُبھری ہوئی ۔

Frilled lizard : (n) دیکھو Frill lizard

Frilledness : (a) جھالر داری ؛ حاشیہ داری ؛ سنجاب داری ؛ شکن آلودگی ۔

Frillery : (n) جھالروں کا مجموعہ ؛ جھالروں کی توفیر ۔

Frillies : (n) (جمع) جھالر لگے ہوئے اندر پہننے کے زنانے کپڑے ؛ سنجاب دار زیر جامے ۔

Frilling : (n) (۱) (لباس میں) جھالر لگانے کا عمل ؛ کمرخی دارحاشیہ ؛ جھالر لگانا یا ٹانکنا ؛ جھالر دوزی ؛ حاشیہ دوزی ؛ جھالریں ؛ سنجاب ؛ چنٹ ۔ (۲) (تصویر کشی) کنارے پر بنا ہوا کمرخی اُبھار ۔

Frilly : (a) جھالروں سے بھرا ہوا ؛ سنجاب دار ؛ چنّٹ دار ؛ جھالر دار ؛ جھالر نما (نیز بطور اسم جمع میں) جھالر دار زیر جامے؛ سنجاب دار زیر جامے ۔

Frim : (a) [OE. 'freme'.] (۱) (بول چال) قوی ؛ طاقت ور ؛ شدید ؛ سخت ؛ چاق و چوبند؛ توانا ؛ مضبوط ؛ ہٹّا کٹّا؛ جان دار ؛ پُر زور؛ آسودہ ؛ خوش حال ؛ موٹاتازہ ؛ گداز ۔ (۲) بھر پور عرق والا؛ رسیلا؛

رس دار ؛ شیر دار ؛ کثیر ؛ وافر ؛ بےافراط ۔
(۳) حل پذیر ؛ تحلیل پذیر ؛ جو حل ہو سکے یا تحلیل ہوسکے ؛ قابل آمیزش و اتحاد ۔

Frimaire : (n) [F.f.'frimas'.] فرانسیسی انقلاب کی تقویم کا تیسرا مہینہ (۲۱ /نومبر تا ۲۰/دسمبر) ۔

Fringe : (n) [ME.'frenge'.] (۱) پلہ ؛ کرن ؛ حاشیہ ؛ جھالر ؛ آرائشی حاشیہ ؛ آرائشی کرن یا جھالر ؛ جو کپڑے کی پتلی پٹی پر بنے ہوئےیاکھلے ہوئے ریشمی یا سوتی ڈوروں کی لگائی جاتی ہے (بنائی جاتی ہے) ۔ (۲) سر کے سامنے کے کٹے ہوئے بال جو پیشانی پر پڑے رہتے ہیں ۔ (۳) جانوروں یا پودوں میں بالوں یا پتوں کی قدرتی جھالر ۔ (٤) جھالر سے مشابہ کوئی چیز ؛ کوئی کنارہ یا حاشیہ ؛ کسی قسم کا باہری کنارہ یا حاشیہ ؛ (مجازاً) ۔ (٥) قصے یابیان کا آخری جزو جو وقفے کے بعد آئے ؛ ذیل ؛ تکملہ ؛ تتمہ ؛ خاتمہ ؛ نتیجہ ؛ انجام کار ؛ ضمیمہ ؛ تالیق ؛ اضافہ ؛ شے محلقہ یا شمولہ ؛ دنبالہ ؛ حاشیہ ؛ دم چھلا ؛ نیز (بول چال میں) غیرمتعلق ؛ بےتکی ؛ بے جوڑ ؛ بےموقع بات ۔ (٦) (تشریح) بچہ دانی سےملحق بیضہ دان تك جانے والی دو نالیوں کے جھالر دار یا ریشہ دار سرے ۔ (۷) (نباتیات) کائیوں کے سرپوش کا جھالر نما حلقہ ۔ (۸) (بصریات) انکسارشعاع سے پیدا شدہ رنگین طیفوں میں سے ایك ۔

Newgate fringe : ڈاڑھی جو منڈھی ہوئی ٹھوڑی کے نیچے رکھی جائے ۔

Fringe : (v) (۱) جھالرلگا نا؛ کرن ٹانکنا ؛ جھالر سے آراستہ کرنا یا گھیرنا ۔(۲) جھالر کا کام دینا ۔

Fringe benefit : (n) (ابتداً امریکا) اجرت یا تنخواہ کے علاوہ کسی مالك یا آجر کے ذریعہ دی جانے والی دستوری ؛ بالائی آمدنی ؛ بالائی یافت ؛ فتوح ؛ فتوحات (وہ آمدنی جو نوکر کو اپنی معمولی اجرت یا تنخواہ کے علاوہ حاصل ہو) ۔

Fringe benefits : (n) (تجارت) زائد از اجرت آدائیگی ۔

Fringe-net : (n) زلف کی جھالروں کو باندھنے والا جال ۔

Fringe pad : (n) Thysanocarpus Laciniatus کاکیلیفورنیائی کا نام ۔

Fringe tree : (n) ایك درخت کا نام ۔

Fringeless : (a) سادہ ؛ بےآرائش ؛ بےجھالر ؛ بےحاشیہ ؛ بغیر جھالر کا ۔

Fringent : (a) [Origin unkn.] (شاذ) رگڑ پیدا کرنے والا ؛ رگڑ کھانے والا ؛ ملنے والا ۔

Fringillaceous : (a) [f.L.fringilla+aceous.] چھوٹی چڑیوں کی ایك قسم سےمتعلق ۔

Fringillide : (n) Finch (فنچ) کی جنس کی ایك چڑیا ؛ ایك قسم کی چھوٹی سی چڑیا ۔

Fringilline : (a) چھوٹی چڑیوں کی جنس کا یا اُس سے متعلق ۔

Fringing : (n) وہ چیز جس کی جھالر بنا کر لگائی جائے ؛ جھالر لگانا ۔

Fringy : (a) (۱) کسی قدر جھالر دار ؛ ایسا کہ جھالر دار ہونے کا گمان گذرے ؛ جھالر جیسا یا جھالر سے مشابہ ؛ جھالرنما ؛ سنجاب نما ۔ (۲) جھالر یا جھالریں لگا ہوا؛ جھالروں سے ڈھکا ہوا ؛ جھالر دار ؛ سنجاب دار ؛ چنٹ دار ۔

Fripon (n) erie : [F.f. fripon.] (شاذ) شرارت ؛ بد معاشی ؛ شیطنت ؛ دغابازی ؛ سرکشی ؛ آوارہ گردی ۔

Fripperer : (n) پھٹے پرانے کپڑے یا کترنوں کا کاروبار کرنے والا؛ گدڑی بیچنے یا خریدنے والا ۔

Frippery : (n) [OF.'friperie, f. frepe'.] (۱) ٹھاٹ ؛ ٹیپ ٹاپ ؛ آرائش ؛ سجاوٹ ؛ لباس ؛ کپڑوں کی غیر ضروری آرائش ؛ سامان زینت؛ بناؤ ؛ سنوار؛ بھدا بھونڈا لباس اور آرائش؛ بھونڈے پن سے اپنے لباس کی نمود و نمائش ۔ (۲) طرز تحریر اورانشا پردازی میں خالی لفاظی؛ ظاہر داری کی گفتگو؛ تصنع آمیزبات ۔(۳) چھوٹی موٹی، کم قیمت، محض آرائشی چیزیں؛ادنیٰ چیزیں، باتیں یاحرکتیں ۔(٤) بھڑکیلا اوربھونڈا انداز؛ بدمذاقی سے آراستہ کیا ہوا لباس (شاذ) ۔

Frippery : (a) سبك ؛ سبك سر ؛ ہر زہ سر ؛ بیہودہ ؛ نکمّا ؛ نکمّی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ غیر سنجیدہ ؛ نادان ؛ ذلیل ؛ دنی ؛ خوار ؛ قابل حقارت ؛ قابل نفرت ؛ ثیم ثام ؛ محض نمائشی ؛ گھٹیا ؛ محض دیکھنے کا؛ ردّی ؛ نکمّا ؛ لغو ؛ مہمل ۔

Frisco : (n) امریکا کی بازاری زبان میں شہر سین فرانسسکو ۔

Frisette : (n) [F.] (۱) مصنوعی گھونگروالے بالوں کاپیشانی پر ایك گچھا ۔ (۲) کاکُل ؛ بل دار بالوں کی ایك لٹ ؛ فرینچ کٹ ۔

Friseure : (n) [F. f .friser.] حجام ؛ موتراش ؛ بال بنانے والا ؛ نائی ؛ خاص تراش ؛ آرائش گر ؛ استاد آرائش موئے سر ۔

Frisian : (a) [L.frissi.pl.] ملك فریس لینڈ کے باشندوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Frisian : (n) فریس لینڈ کا باشندہ یا وہاں کی زبان ۔

Frisk : (n) [f. frisk. v.] اچھل کود کی چال ؛ کود پھاند کی رفتار ؛ شوخ قدمی ؛ رقص و سرود کے ساتھ رفتار ؛ کاوہ ؛ (گھوڑے کی) جست و خیز؛ لنگوری کلیل ؛ چاق و چوبند خوش طبعی حرکت ؛ چست چہل باز حرکت ؛ خوش طبعی ؛ رنگ رلیاں ؛ وہم ؛ خیال ؛ پریشان خیالی ؛ تلون مزاجی ؛ اپج ؛ موج خیال ؛ ترنگ ؛ چلت پھرت ۔

Frisk : (v) [OF.'frisque'.] (۱) اچھلتے کودتے چلنا ؛ کودتے پھاندتے جانا ؛ شوخی کرتے ہوئے قدم اٹھانا ؛ چلت پھرت دکھانا ؛ رقصاں اور مسرور پھرنا ؛ چاق و چوبند کے ساتھ حرکت کرنا ؛ خوش طبعی کے ساتھ حرکت کرنا ؛ جست و خیز کرنا ؛ رقص کرنا ؛ رنگ رلیاں کرنا ؛ اچھلنا، کودنا؛ کلیلیں کرنا؛ زغند بھرنا ۔(۲) زندہ دلی کے ساتھ اُچھلنا کودنا یا حرکت کرنا؛ سرگرمی کےطور پرحرکت کرنا؛ کاوہ کاٹنا (گھوڑے کی) ۔

Frisk : (v) (کسی شخص یا جگہ کو) تلاش کرنا ؛ کھوج لگانا؛ ڈھونڈنا خاص کر (کسی شخص یا اس کے لباس پر) تیزی سے ہاتھ پھیرنا ؛ ٹٹولنا (چھپائےہوئےہتھیار یا چوری کی ہوئی چیزوں کی تلاش میں) جامہ تلاشی لینا ؛ تلاشی لینا۔

Frisker : (a) اُچھلنے کودنے والا ؛ جست و خیز کرنے والا ؛ رقصاں اور مسرور پھرنے والا ؛ رنگ رلیاں کرنے والا ؛ چاق و چوبند دکھلانے والا ۔

Friskingly : (adv.) شوخ قدمی کے ساتھ؛اچھلتے کودتے ہوئے؛ رقصاں اور مسرور طور پر ؛ کلیلیں کرتے ہوئے ؛ خوش طبعی کے ساتھ ؛ تلون مزاجی سے؛ ترنگ کے ساتھ ۔

Frisket : (n) [F. 'frisquette'.] (طباعت) پتلا لوہے کا چوکھٹا جس میں اوپر سےنیچےتک فیتےلگےہوتےہیں تاکہ چھپائی کے وقت کاغذ کو سیدھا رکھا جاسکے۔

Friskful : (a) (شاذ) شوخ ؛ خوش ؛ مسرت انگیز ؛ شوخ قدم ؛ تلون مزاج ؛ خوش طبع ۔

Friskily : (adv.) کھیلتے کودتے ؛ کودتے پھاندتے ؛ شوخی سے ؛ شگفتہ خاطر سے؛ ظریفانہ طور پر ؛ مذاقیہ انداز میں ؛ چست و چالاکی کے ساتھ ؛ فرحناك انداز میں ۔

Friskiness : (n) شوخی ؛ کھلاڑپن ؛ کود پھاند ؛ اچھل کود ؛ فرحناکی ؛ بشاشت ؛ تند و تیزی ؛ چست و چالاکی ؛ زندہ دلی ۔

Frisky : (a) شوخ ؛ طنّاز ؛ کھلاڑی ؛ کھلاڑ ؛ چنچل ؛ کودنے پھاندنے والا ؛ خوشی کی حالت میں دوڑنے بھاگنے والا ؛ زندہ دل ؛ چاق و چوبند ؛ چست و چالاك ؛ تیز طرّار ؛ جیتا جاگتا ؛ سرگرم ؛ خوش طبع ؛ شگفتہ خاطر ؛ ظریفانہ ؛ مذاقیہ ؛ بشاش ؛ فرحناك ؛ تندو تیز ؛ چابك ؛ چست و خیز کرنےوالا ۔

Frist : (n) [OE.first,fryst. frist.'.] (۱) (متروك) وقفہ ؛ وقت ؛ وقت کی مدت معینہ ؛ کوئی مخصوص مدت یا وقت ۔(۲) دیر ؛ تاخیر ؛ مہلت ؛ التوا؛ فرصت ؛ نیز التوائے جنگ ؛ عارضی صلح (کام یا تکلیف سے) مہلت ؛ فراغت ۔

Frit : (n) [It.'fritta'.] (۱) کھٹائی میں گلا کر شیشہ بنانے کے لئے ریت اور اُسے گلانے والی دھات کا کشتہ کیا ہوامخلوط یا مرکب ؛ خمیر شیشہ سازی ۔ (۲) تیزآبی مسالا جس سےنرم اور چکنی چینی بنائی جاتی ہے۔(۳) توصیفی معنوں میں ۔

Frit : (v) پگھلا کر شیشہ بنانے کا مرکب تیار کرنا ، اس کو کسی قدر پھونکنا اور پگھلانا ؛ پھونك کر یا جلاکر چونا بنانا ؛ کُشتہ بنانا ۔

Frit-fly : (n) ایك چھوٹی مکھی جو گیہوں کو برباد کرتی ہے ؛ (حیوانیات) مگس گندم ۔

Frith : (n) [OE.'fridu'] (تاریخ)امن ؛ امان؛ اطمینان ؛ سکون ؛ حفاظت ؛ بچاؤ ؛ سلامتی ۔

Frith : (n) [OE.(ge)'fyrhde'.] (۱) بعض قسم کی لکڑیاں ؛ جنگل ؛ جنگلی علاقہ ۔(۲) وہ قطعہء زمین جہاں چھدرے چھدرے درخت یا جھاڑیاں ہوں ؛ نیز درختوں کے بیچ میں کشادہ مسطح زمین ؛ غیر استعمال شدہ چراگاہ (اب صرف بول چال میں مستعمل ہے) ۔(۳) گھنی جھاڑی؛ تل جھاڑی (جو بڑے درختوں کےتلے ہوتی ہے) لمبی گھاس یا وہ جھاڑیاں جو باڑ کے طور پراُگائی جاتی ہے۔ (٤) باڑ ؛ احاطہ ؛ روك ؛ درختوں ، جھاڑیوں وغیرہ کی) ۔

Frith : (n) [Meta the tic form of firth.n.] بازوئےسمندر؛ بڑے دریا کا دہانہ ؛ کھاڑی ؛ خلیج ۔

Frith : (v) [ME. f. frith. N.2] (۱) باڑ لگانا ؛ احاطہ کرنا ؛ نیز مجازاً ۔ (۲) ٹھاٹھ یا جعفری لگانا؛ ٹٹی لگانا؛ (ٹہنیوں وغیرہ سےٹھاٹھ بنانا ، گوتھنا) نیز تل جھاڑیوں کو کاٹنا ۔

Frith-guild : (n) امن قائم رکھنے والی انجمن ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Frithsoken : (n) (تاریخ) ملجا، مامن ؛ جائے پناہ ؛ ٹھکانا ؛ مقدس مقام ؛ حرم ؛ پناہ گاہ ۔

Fritillaria : (n) [mod.L.f.'fritillus'.] سوسن کی جنس کا ایک پودا جو مرطوب ترائی یا مرغزاروں میں پایا جاتا ہے؛ گلِ سرنگون؛ لالہء الوان؛ لالہء متعفن؛ لالہء چمنی ۔

Fritillary : (n) [Anglicized f. prec.] (۱) سوسن (پودا) کی شکل کا ایک پودا ؛ گلِ سرنگون ؛ لالہء متعفن ؛ تتلیوں کی ایک قسم ۔

Fritter : (n) [F.'friture'.] (۱) پھینٹا ہوا دودھ اور انڈا (یا دو سری اشیا کا آمیختہ) جس کو تلا جاتا ہے اور جس میں اکثر پھلوں کے ٹکڑے وغیرہ ڈالے جاتے ہیں ؛ پیٹھی یا لپٹی کا حصہ ؛ لپٹی جس میں کبھی کبھی گوشت اورسیب وغیرہ بھر کر تیل اور سور کی چربی میں تلا جاتا ہے ۔ (۲) (جمع میں) وہیل مچھلی کی چربی کا ریشہ دار حصہ ؛ چربی کا خراب حصہ یا فضلہ (پگھلانے کے بعد) ۔

Fritter : (n) [app. an altered form of fitters.] (۱) (جمع میں) باریک ٹکڑے ؛ ننھے ٹکڑے ؛ ریزے؛ کر چیاں ؛ شیرازے ؛ چیتھڑے ؛ دھجیاں ؛ پارے ؛ ذرے ؛نیز ادنیٰ یا خفیف چیزیں یا حرکتیں ؛ ذرا سی مقدار(شاذ) نیزتوصیفی معنوں میں ۔ (۲) بہت زیادہ ٹوٹ پھوٹ ؛ انتہائی شکست و ریخت ؛ بہت سےٹکڑے ۔

Fritter : (v) (۱) چورا کرنا ؛ قیمہ کرنا ؛ بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا یا ہونا ؛ شیرازے بکھیرنا ؛ توڑکر ٹکڑےٹکڑے کرنا؛ پھاڑ کر دھجی یا پُرزےپُرزے کر دینا ؛ باریک ٹکڑوں یا انتہائی چھوٹے حصوں میں تقسیم کر دینا، ہو جانا (شاذ) ۔ (۲) (روپیہ وقت ، قوت کو) ضائع کرنا (چورا چورا کر کے پھینک دینا) ۔ (۳) (مختلف کاموں میں روپیہ ، وقت یا قوت کو) ضائع کرنا ؛ کسی کام کی تکمیل نہ کرنا اور ہر کام کو تھوڑا تھوڑا کر کے چھوڑ دینا ۔ (٤) ادنیٰ اور حقیر چیزوں پر خرچ کر ڈالنا ؛ تھوڑا تھوڑا کر کے ختم کر ڈالنا ؛ رفتہ رفتہ یا بتدریج خرچ کر ڈالنا ؛ گھس ڈالنا ؛ فرسودہ کر دینا ؛ گھس کر مٹا دینا؛ پتلا کر دینا؛ باریک کرنا؛ رقیق کر دینا ۔

Friterer : (n) توڑ پھوڑ کرنے والا ؛ ٹکڑے یا دھجیاں بکھیر کر رکھ دینے والا ؛ (وقت) ضائع کرنے والا ۔

Fritz : (n) جرمنوں کا عرف نام ؛ کسی جرمن کا عرف ۔

Frivol : (v) (۱) ہرزہ کار ہونا ؛ نکمّا ہونا ۔(۲) فضول بات کرنا؛ بے کار کفتگو کرنا ۔ (۳) روپیہ یا وقت کو احمقانہ طور پر ضائع کرنا؛ تضیع اوقات کرنا؛ اسراف بیجا کرنا ۔

Frivolity : (n) [F.'frivolite'.] (۱) سبکی ؛ ہرزہ سرائی ؛ بیہودگی؛ نکمّاپن ؛ سبک سری ؛ وقت گذرانی ؛ ہلکاپن؛ ناسمجھی؛ اوچھاپن ؛ خفیف الحرکاتی ۔ (۲) ہرزہ کاری ؛ نادانی؛ غیرسنجیدگی؛ بیہودہ طرز عمل ؛ نکمی بات یا بے نتیجہ حرکت ؛ بے کارچیز ۔

Frivolous : (a) [f. L.'frivolus'.] (۱) سبک ؛ ہلکا ؛ اوچھا ؛ سبک سر ؛ سبک مغز؛ پوچ ؛ غیر اہم ؛ بیہودہ؛ بےمعنی؛ حقیر ادنی؛ معمولی سا؛ بےحقیقیت ؛ یوں ہی سا ؛ محض نمائشی ؛ گھٹیا ؛ محض دیکھنے کا ؛ لغو ؛ مہمل ؛ ناقابل توجہ ؛ (قانون) (وکالت میں) بظاہر یا ریحاً بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ بے اثر ؛ لاحاصل ؛ فضول ۔ (۲) غیرسنجیدہ ؛ نادان؛ نکمّا؛ ناسمجھ؛ نکمّی باتیں یا بےنتیجہ حرکتیں کرنے والا ؛ بے ادب ؛ خفیف الحر کات ؛ بےوقوف ؛ ناعاقبت اندیش ؛ ضعیف العقل ؛ مردُھو ۔

Frivolously : (adv.) بیہودگی کے ساتھ؛ سبک سری سے ؛ بےحقیقت یا گھٹیا طو ر پر مہمل انداز میں ؛ نا قابل توجہ طور پر ؛ لاحاصل انداز میں ؛ نا سمجھی سے ؛ ضعیف العقلی کے ساتھ ؛ غیر سنجیدہ طور پر ۔

Frivolousness : (n) بیہودگی ؛ سبک سری ؛ گھٹیا پن ؛ لغویت ؛ ناسمجھی ؛ نکمّا پن ؛ بے وقوفی ؛ نادانی ؛ غیر سنجیدگی ۔

Friz : Frizz کا متبادل ۔

Frizel : Frizzle (n) کا متبادل ۔

Frizette/Frizeur : Frisette/Friseur کا متبادل ۔

Frizz/Friz : (n) [f. next v.] بل دی ہوئی حالت ؛ پیچ و خم ؛ گھنگروؤں کی قطار ؛ زلف ؛ گیسوئے خم دار ۔

Frizz/Friz : (n) [f. 'friser'.] (۱) گھونگر بنانا ؛ موڑنا ؛ بل دینا؛ چھوٹے چھوٹے گھونگرو ڈالنا (بال میں) ؛ بالوں کو گھونگریالا بنانا؛ پیچ در پیچ یا خم دار بنانا ۔ (۲) جھانویں ، کند چھری یا چاقو سے چھیل کر صاف کرنا (چمڑے وغیرہ کو) تاکہ سطح نرم اور ملائم ہو جائے نیز موٹائی میں یکساں ہو جائے ۔ (۳) بالوں کا ننھے ننھے گھونگروؤں کی شکل میں بن جانا ؛ نیز بال کے سرے کو خم دار یا گھونگریالا بنانا ۔ (٤) کپڑے وغیرہ پر رُواں اُٹھانا ؛ نرم روئیں سے ڈھکنا ۔

Frizz : (v) [f. fry v., echoic.] کسی چیز کےتلنے یا بھوننے میں چھناکا، چھُن مُن، چھنچناہٹ یا چھن چھن کی آواز نکلنا ۔

Frizzle : (n) (۱) گھونگریالا بال ؛ کا کل پیچاں ؛ گھونگروالے بال ؛ خمیدہ بالوں کا ایک مختصر گھونگرو یا حلقہ؛ زلف خم دار ؛ کا کل خم دار ۔ (۲) خمیدگی؛ خم ؛ پیچیدگی؛ بالوں کے ننھے حلقےیا کاکُلیں؛ خم داری؛ پیچ داری ؛ گھونگرو؛ گھونگریالاپن ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Frizzle : (n) [origin doubtful.] (بول چال) لوہےاور چقماق کے ذریعے داغی جانے والی بندوقوں میں لوہے کا وہ ٹکڑا جس پر دھماکا پیدا کرنے کےلئے چقماق کا ٹکڑا لگایا گیا ہو ۔

Frizzle : (n) چھن چھناہٹ ؛ چھنا کا ؛ چُھن مُن ؛ (چھن چھناہٹ کے ساتھ) تلنے یا بھوننے کا عمل ۔

Frizzle : (v) (۱) بالوں کو چھوٹے چھوٹے بل دےکر گھونگریالے بنانا ؛ موڑنا ؛ بل دینا ؛ خمیدہ کرنا یا خمدار بنانا ۔ (۲) بالوں کا گھونگریالا بن جانا؛ مُڑنا ؛ خم کھانا ؛ پیچ دار یا خم دار ہوجانا ۔

Frizzle : (v) (۱) کسی چیز کو بھوننایا تلنا یا آگ پر سینکنا (اس طرح کہ اس میں سے چٹخنےیا چُھن چُھنانے کی آواز نکلے) ؛ تلنے کے وقت چُھن چُھن کی آواز پیدا ہونا ؛ چُھن چُھنانا ؛ چٹخنا ۔ (۲) (چُھن چُھناہٹ کے ساتھ) تلنا ؛ بھوننا یا بریانی کرنا ۔

Frizzler : (n) بالوں کو چھوٹے چھوٹے بل دے کر گھونگریالا بنانے والا ؛ کاکل گر ۔

Frizzly : (a) گھونگریالے ؛ بل دار ؛ پیچ دار ؛ تاب دار ؛ خم دار؛ حلقہ دار؛ پیچاں ؛ خمیدہ؛ مُڑے ہوئے ۔

Frizzy : (a) گھونگریالے ؛ بل دار ؛ فرفری ؛ فردار ؛ پیچیدہ ؛ بالوں کی خمیدگی یا گھونگریالےپن سےمتعلق یا اُس کے مشابہ ۔

Fro : (prep.) [ON.'frof'.] (اسکاتستانی اور بول چال) دیکھو From ۔

Fro : (adv.) اُدھر کو ؛ پرے ؛ وہاں ۔

To and fro : آگے پیچھے ؛ پیش و پس ؛ یہاں سے وہاں سے دو مقامات کے درمیان (حرکت کرنا) ۔

Frobel/Froebel : (n) جر من استاد (ٹیچر) ایف، ڈبلو ، اے ، فرابیل (F.W.A.Frobel) کا نام جو توصیفی معنوں میں یا اضافی طور پر تعلیم الاطفال کےلئے اس کےرائج کردہ نظام یا اس نظام کےتحت چلنےوالے کسی اسکول کو موسوم کرنے کےلئے استعمال کیاگیا ہو ۔

Frock : (n) [med. L.'froccus.'.] (۱) راہب کا لمباچغہ (ڈھیلے آستین والا) ؛ راہب کا اوپری لباس (شاذ) پادریوں کا نیچا کرتا یا جبہ ۔ (۲) رہبانیت ؛ راہبانہ اور درویشانہ سیرت ۔ (۳) ملاح کا اونی کرتا یا تفتان ۔ (٤) بچوں اور عورتوں کے اوپر اور نیچے کے جسم کالباس جو عموماً گھر میں پہنا جاتا ہے ؛ گون ڈھیلا ڈھالا جامہ ۔ (٥) فراک ؛ لباس زنانہ (جدید وضع کا) عورتوں کا بے آستین کا چوغہ ؛ لبادہ ؛فرغل ۔ (٦) مرد کا اوپری لباس ؛ قبا ؛ عبا ؛ لمبا کوٹ ؛ قدیم رومی اور یونانی چوغہ ؛ پادری کا کرتا جو عشائے ربانی کے وقت پہناجاتا ہے ۔ (۷) اوپری پوشاک جوعورتیں کام کرتے وقت پہنتی ہیں ؛ (کھیت کے) مزدوروں کا ڈھیلا سا کُرتا جس کے بالائی حصےمیں چُنٹیں پڑی ہوتی ہیں ، یہ کپڑے کے اوپر پہن لیا جاتا ہے ۔ (۸) فراک کوٹ؛ لمبے دامن والا کوٹ؛ فوجیوں کےاستعمال کا ایساہی کوٹ ۔

Smock frock : کھیتوں میں کام کرنے والےمرد وزن کا لمبا کرتا جس کا اوپری حصہ چست ہوتا ہے ۔

Frock : (n) برٹش سروس میں گارڈ ؛ توپچی اور شاہی بحری سپاہی کا شب خوابی کا لباس ۔

Frock : (v) (۱) فراک پہننا ؛ اوپری لباس پہننا یا فراہم کرنا ۔ (۲) (مجازاً) کسی کو راہب کا عہدہ یا مراعت تفویض کرنا ۔

Frock-coat : (n) مردوں کا لمبا کوٹ جو سامنے سے کٹا ہوا نہیں ہوتا ؛ اسی قسم کا فوجی کوٹ ۔

Frock of mail : (n) (فوج) دفاعی لباس ؛ وہ لباس جو حفاظت یا بچاؤ کےلئے پہنا جائے ؛ زرہ بکتر ؛ زرہ ؛ درع ؛ جنگی جہازوں کی فلزیاتی پوشش ؛ جہازوں کی زرہ ۔

Frocked : (a) فراک پہنے ہوئے ؛ لمبا کوٹ پہنے ہوئے ؛ چوغہ پوش ؛ عبا پوش ۔

Froe/Frow : (n) [Origin doubtful.] (خاص کر امریکا) ایک پتلا دھاردار اوزار جو پیپے کی گول پٹی، کوٹھی کا چوبی حلقہ ، چوبی کھپرے وغیرہ پھاڑ نے یا چیرنے کےلئے استعمال ہوتاھے؛ اس کے پچھلی طرف دستہ لگا ہوتا ہے ۔

Froebelian : (n) فرابیلی طریقہ تعلیم ؛ تعلیم اطفال کے لئے جرمن استاد فرابیل کا رائج کردہ نظام یا اس نظام کےتحت چلنے والا اسکول ؛ وہ اسکول جہاں فرابیلی طریقے پر تعلیم دی جاتی ہو ۔

Froebelian : (a) فرابیلی ۔

Froebelism : (n) فرابیلی طریقہ تعلیم الاطفال ۔

Frog : (n) [OE.'frogga'.] (۱) مینڈک ؛ غوک ؛ بینگ ؛ ایک بے دُم کا جل تھلی جانور۔ (۲) (تحقیراً) فرانسیسی جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں ؛ نیز فرانسیسی زبان ۔ (۳) (حیوانیات) جوف خشت ۔ (٤) مینڈک نما جانوروں کانام مثلاً Frog-Fish وغیرہ ۔ (٥) گلے اور منہ کی بعض بیماریوں کا نام ۔(٦) توصیفی معنوں میں ۔

Frog : (n) [orgin doutful'.] گھوڑے کے سُم کے بیچ میں ایک نرم لچک دار (سینگ جیسا) مادہ ۔

Frog : (n) (ریلوے) لوھے کا نالی دار ٹکڑا جو ریل کی پٹری میں اس جگہ لگا ہوتا ھے جہاں دو پٹریاں ایک دوسرے کو کاٹتی ہیں ؛ مہرہ ریل ۔

Frog : (n) [L.'floccus'.] (۱) ایک کڑی جو کمر کی پٹی میں ہوتی ھے اور جس میں تلوار یا کرچ وغیرہ لگا تے ہیں ؛ حلقہ کمر بند ۔(۲) فوجی کوٹ یا فرغل کا بٹن جس کی شکل دو کچے کی سی ہوتی ھے ؛ ملٹری کوٹ یا فرغل کے سامنے کا بندھن جو بٹن پر مشتمل ہو اور ریشم سے ڈھکا ہوا ہو ۔(۳) فوجی کوٹ یا فرغل کے بٹن کا کاج ۔

Frog-bit : (n) ایک قسم کا آبی پودا ۔(۲) اسفنج کی قسم کا ایک امریکی آبی پودا ۔

Frog cheese : (n) ایک قسم کی بڑی کُھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہو تا ھے (جب وہ شاداب ہو) ۔

Frog-crab : (n) ایک قسم کا قشری یا خول دار جانور ۔

Frog eater : (n) مینڈک کھانے والا ؛ (تحقیراً) فرانسیسی جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں ۔

Frog-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی (خصوصاً وہ جس کو angler کہتے ہیں) ؛ (حیوانیات) ماہی کوسہ ۔

Frog-grass : (n) ایک قسم کا درخت جو پہلے شیشہ بنانےمیں کام آتا تھا ۔

Frog-hopper : (n) (حیوانیات) غوکی کرم ؛ ایک قسم کا کیڑا جو شکلاً مینڈک جیسا ہو تا ھے اور مینڈک ہی کی طرح اُچھل سکتا ھے ۔

Frog in the throat : (n) گلو گرفتگی ؛ حلق کی ایک بیماری کا نام ۔

Frog land : (n) مرطوب دلدلی سرزمین جہاں کثرت سے مینڈک پائےجاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Frog lander : (n) (عامیانہ) ولندیز یا نشیبستان کا باشندہ ؛ ولندیزی ۔

Frog man : (n) غواص ؛ غوطہ لگانے والا ؛ وہ شخص جو ربر یا ویسی ہی کسی دوسری چیز کا بنا چُست لباس پہنے ہوئے آنکھوں پر بڑا سا چشمہ اور تیرنے والے ہاتھ لگائے ہوئے اور آکسیجن سے بھرے ڈبے سےلیس ہو تاکہ وہ پانی کے اندر اور اوپر تیر سکے ۔

Frog-march/Frog's-march : (n) (عامیانہ) شراب خوار یا سرکش قیدی کو لے جانے کا طریقہ جس میں چار آدمی اُس کو ہاتھ پاؤں پکڑ کر اُٹھائے ہوتے ہیں اور اُس کا منہ زمین کی طرف ہوتا ھے؛ (اب عموماً) (کسی شخص کو) پیچھےسے پکڑ کر دونوں بازؤں کو جکڑے ہوئے دھکّا دے کر یا کہنی مار کر آگے لے جانا ۔

Frog-mouth/Frog's mouth : (n) (۱) ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ھے ۔(۲) ایک قسم کا پرند ؛ (حیوانیات) غُوکی دہن (پرند) ۔

Frog pecker : (n) بگلا ۔

Frog plate : (n) مینڈک کے پاؤں کی جھلّیوں میں خون کے دوران کا مشاہدہ کرنے والی پلیٹ ۔

Frog-shell : (n) گھونگوں کی مختلف قسموں کا نام ۔

Frog-spawn/Frog's spawn : (n) (۱) مینڈک کے انڈے بچے ۔ (۲) دریا اور تالابوں کی ایک سبزی کا نام ؛ کائی ؛ صوف البحر جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے ؛ اُشنہ ۔ (۳) (شکر سازی) شکر دار محلول کو خراب کر دینے والی پھپھوندی ۔

Frog-spit/-spittle : (n) (۱) مینڈک نما کیڑے یا دوسرے کیڑوں کا جھاگ دار افراز جس میں ان کا پہل روپ، پودوں کے پتوں وغیرہ میں لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔ (۲) منیڈک کے انڈے بچے ، دریا اور تالابوں کی ایک سبزی کا نام ؛ کائی ؛ صوف البحر جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے ؛ اُشنہ ؛ (شکر سازی) شکر دارمحلول کو خراب کر دینے والی پھپھوندی ۔

Frog-stool : (n) سانپ کی چھتری ۔

Frog tongue : (n) ایک قسم کا ورم یارسولی جو زبان کے نیچے ہوتی ہے ۔

Frog wort : (n) ثعلبیہ نوع کی ایک قسم ؛ ثعلب مصری (ایک مبہی بوٹی یا اسی قسم کی کوئی اور بوٹی) کی ایک نوع ۔

Frogged : (a) [f. frog. n.3] (کوٹ وغیرہ میں) بندھا ہوا ؛ حلقہ کمربند سے آراستہ ؛ جس لباس میں خاص قسم کا فوجی بٹن لگا ہو ۔

Froggy : (n) (۱) مینڈک (ہنسی مذاق میں یا بچے بولتے ہیں) ؛ مذاق میں مینڈک کا لقب یا خطاب ۔ (۲) (عامیانہ) فرانسیسی (جو مینڈک خور ہوتے ہیں) ۔

Froggy : (a) (۱) مینڈک کی بہتات ؛ بینگ کی زیادتی ؛ پُر غوک ؛ جس میں بہت سے مینڈک ہوں ۔ (۲) غوک مانند ؛ غوکی ؛ مینڈک کے مانند ۔

Froise/Fraise : (n) [Origin unkn.] کئی چیزوں کو ملا کر بنایا ہوا باریک کیک یا آملیٹ جس میں اکثر سور کے گوشت کی قاشیں بھی ہوتی ہیں ۔

Frolic : (a) [Du. vroolijk.] مسرور ؛ شاداں ؛ شوخ ؛ خنداں ؛ بذلہ سنج ؛ کھلنڈرا ؛ کھلاڑی ؛ دل لگی باز ؛ شادماں چھیڑچھاڑ کرنےوالا؛ چنچل ؛ شوخی باز ۔

Frolic : (n) (۱) سرور ؛ شادمانی ؛ خوش طبعی ؛ صحبت نشاط ؛ بذلہ سنجی؛ ظرافت ؛ دل لگی؛ تفریح ؛ شوخی ؛ شرارت ؛ اٹکھیل ؛ کلیل ہنسی مذاق ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و طرب ؛ قہقہے؛ چہچہے؛ وجد ؛ رقص ۔ (۲) مجلس عیش و طرب ؛ مجلس رقص ؛ تماشہ ؛ دعوت ؛ صحبت ؛ جلسہ ۔

Frolic : (v) شوخی کرنا ؛ مسخراپن کرنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ؛ رقص کرنا ؛ کلیل کرنا ۔

Frolicker : (n) شوخ ؛ مسخرا ؛ دل لگی باز ؛ پُر مزاح ؛ اُچھل کود کرنے والا ۔

Frolickly : (adv.) ازراہ دل لگی ؛ شوخی سے ؛ بطورشرارت ؛ ازراہ مذاق ؛ بذلہ سنجی سے ؛ ہنسی سے ۔

Frolicksome : (a) خوش طبع ؛ شوخ ؛ کھلاڑی ؛ بذلہ گو ؛ زندہ دل ؛ ہنسوڑ ؛ دل لگی باز ؛ پُر لطف ؛ پُر مذاق ۔

Frolicksomely : (adv.) خوش طبعی سے؛ خوشی سے ؛ دل لگی سے ؛ پُر لطف انداز میں ؛ زندہ دلی سے ۔

Frolicksomeness : (n) خوش طبعی ؛ مسخراپن ؛ کھیل : دل لگی بازی ؛ شوخی ؛ ہنسی مذاق ۔

From : (prep.) [OE.fram,from.] حرف جار ۔سے ؛ از (۱) جس شخص یا جگہ سے حرکت شروع ہو اس کی طرف اشارہ کرتاہے اور نقطہء آغاز، حد تعداد، اندازہ یا مقامات کے فاصلے اوربُعد، علاحدگی ، جدائی، محرومی، تغیر حال، امتیازات، اندر باہر، وقت ، مقام، بھیجنےیا پانے، نمونہ، مثال، سبب ؛ باعث وغیرہ کی طرف بھی اشارہ کرتا ہےنیزحرف ربط کی حیثیت سےبھی استعمال کیا جاتا ہے ۔ (۲) رخصت ، غیاب، انخلاع ؛ استخراج ؛ علاحدگی وغیرہ کو ظاہر کرتا ہے ؛ انحراف یا اختلاف کو بھی ظاہر کرتا ہے ۔

Apart from its moral aspect : اس کے اخلاقی پہلو سے قطع نظر کر کے ۔

Away, absent, apart from : الگ دور ؛ علاحدہ ؛ جدا ۔

Cannot refrain from laughing : ہنسے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

Comes from the clouds : بادلوں میں سے آتا ہے ۔

Died from fatigue : تھکان سے مرگیا ۔

Does not know black from white : سیاہ کو سفید سے تمیز نہیں کر سکتا ۔

Gifts from providence : انعامات الٰہی ؛ خدا کا عطیہ ؛ خدا کی دین ۔

I am far from saying : اس بات کے کہنے سے بہت دور ہوں کہ نہیں کہہ سکتا ۔

Painted from nature : فطرت کے مطابق (قدرتی منظر کے مطابق) کھینچی ہوئی (تصویر) ۔

Quotation from the father : باپ کے بیانات سے) اقتباسات (حوالہ جات) ۔

Released him from prison : اس کو قید خانے سے رہا کر دیا ۔

Repeated from mouth to mouth : ایک سے دو سرے کی زبان پر جاری ہوتا گیا ۔

Saw it from the poop : روشن دان میں سے دیکھا ۔

Suffering from dementia : جنون کی بیماری میں مبتلا ۔

Things not required from me : اشیا جو مجھ سے مطلوب نہیں ۔

To dig gravel from pit : گڑھے میں سے کھود کر کنکر نکالنا ۔

To dissuad from folly : حماقت کرنے سے روکنا ۔

To draw conclusion from premisses : مقدمات صغریٰ و کبریٰ سے نتیجہ نکالنا ۔

Took his sword from him : اُس سے اُس کی تلوار لے لی ۔

To raise penalty from banishment to death : جلاوطنی کے بجائے سزائے موت دینا ۔

From a child : بچپن سے ۔

From above/-a far : اوپر سے ؛ دور سے ۔

From amidst/-beneath : درمیان سے ؛ وسط سے ؛ بیچ سے؛ نیچے سے ۔

From day today : روز بہ روز ؛ دن بہ دن ۔

From his point of view : اس کے نقطہء نظر سے ۔

From home : وطن سے دور ؛ باہر ۔

From long ago/-From old : بہت پرانے زمانے سے ۔

From out the bed : بستر کے باہر سے ۔

From post to pillar/From door to door : در بدر ؛ ادھر اُدھر ؛ یہاں سے وہاں ؛ اس در سے اُس در ۔

From time to time : دقتاً فوقتاً ؛ موقع بہ موقع ۔

From title to colophon : کتاب کے سر ورق سے آخر تک ۔

From under his spectacles : اپنی عینک کے نیچے سے (شیشوں میں سے دیکھنے کے بجائے شیشوں کے نیچے سے) ۔

Frond : (n) [L. frond,frous'.] (۱) (نباتیات) وہ ورق نما عضو جو بعض بغیر پھول کے پودوں اور گھاس میں، شاخ اور پتوں کے جوڑ سے پیدا ہو جاتا ہے اور جو معمولی پودوں کے پتے سے مختلف ہوتا ہے ؛ برگ ساقہ ؛ بڑے اور مرکب پتوں (مثلاً کیلا، ناریل وغیرہ) پر بھی اطلاق ہو تا ہے ۔ (۲) (حیوانیات) وہ پتّے کا سا پھیلاؤ جو بعض جانوروں کے اعضاء میں پیدا ہو جاتا ہے؛ بعض حیوانی اجسام میں پایا جانے والا برگ آسا یا برگ نما پھیلاؤ ؛ (نباتیات) برگ کرف ؛ گُمساق ؛ ورق ؛ خوص ؛ پتوا ۔

Frond : (v) برگ ساقہ کے ساتھ ہوا میں ہلنا ۔

Frondage : (n) درخت یا پودے کے اوراق نما عضو کا مجموعہ ؛ نیز (بے قاعدہ طور پر) پتے ؛ برگ ؛ اوراق ؛ پتوں کی کثرت ۔

Frondation : (n) (نباتیات) پتواؤ ۔

Fronde : (n) [F.] (۱) (فرانسیسی تاریخ) وہ حزب مخالف جس نے لوئی چہاردہم شاہ فرانس کی نابالغی کے زمانے میں وزیر سلطنت "مازارین" اور دربار کے خلاف بغاوت کی تھی ۔ (۲) (حکومت سے) بیزار جماعت ؛ شورش پسند یا آمادہء بغاوت سیاسی جماعت ؛ مخالف ؛ ناخوش (سیاسی) جماعت ۔ (۳) (نیز) تشدد پسند سیاسی حزب مخالف ؛ تشدد آمیز سیاسی مخالفت ۔

Fronded : (a) (نباتیات) شاخ اور پتوں کے جوڑ سے بننے والے ورق نما عضو والا (بےگلا پودا) ؛ برگ ساقہ دار ؛ بڑے اور مرکب پتوں والا؛ ورق دار؛ (حیوانیات) برگ نما پھیلاؤ والا ؛ برگ آسا عضو والا ۔

Frondent : (a) [L.'frondentem'.] (نباتیات) ورق دار ؛ پتوار دار ؛ جس میں شاخ اور پتوں کے جوڑ سے بنے ورق نما اعضا بکثرت ہوں ؛ بڑے اورمرکب پتوں سے بھرا ہوا؛ (حیوانیات) جس میں برگ آسا پھیلاؤ والے اعضا بہت ہوں ۔

Frondesce : (v) [L.'frondescere'.] پتّےپیدا ہونا؛ پتیاں نکلنا ؛ پتیاں پھوٹنا ؛ کونپلیں آنا ؛ ورق دار ہونا ۔

Frondescence : (n)[mod.L.frondescentia.] پتیاں نکلنے کاعمل یا زمانہ؛ برگ زائی کا عمل یا زمانہ ؛ دوسرے اعضا کا پتیوں میں تبدیل ہو جانا ؛ مجموعی طور پر پتیاں ، شاخ اور پتّوں کے جوڑے سے بنے ورق نما اعضا ؛ بڑے اور مرکب پتّے؛ (نباتیات) تورق؛ برگ زائی ۔(۲) موسمِ برگ ۔

Frondescent : (a) جس میں بکثرت پتّیاں پھوٹتی ہوں ؛ پتّیوں میں پھیلنے والا ؛ پتّیوں میں بہار دکھانے والا ؛ پھیل کر بڑے پتّوں میں تبدیل ہو جانے والا ؛ (نباتیات) ورق زا ؛ برگ زا ۔

Frondescently : (adv.) پتّیوں میں پھیلتے ہونے یا بہار دکھاتے ہونے ؛ پھیل کر بڑے پتوں میں تبدیل ہوتے ہونے ۔

Frondeur : (n) [F.f.fronde.] (۱) (فرانسیسی تاریخ) لوئی چہاردہم کی نابالغی کے زمانے میں وزیر سلطنت مازارین اور دربار کے خلاف بغاوت کرنے والی جماعت کا رکن ؛ شورش پسند سیاسی حزب مخالف کا رکن ۔(۲) (بادشاہ یا حکومت سے) بیزار ؛ شورش پسند ؛ آمادۂ بغاوت؛ سخت مخالف یا سخت دشمن شخص ۔

Frondiferous : (a) (نباتیات) ورق بردار ؛ پتوار بردار ؛ ورق دار ؛ برگ ساقہ دار ؛ برگ دار ۔

Frondlet : (n) [f. frond n.+-let.] شاخ اور پتّوں سے مل کر بنا ہوا چھوٹا ورق نما عضو ؛ ورقہ ؛ چھوٹا برگِ ساقہ ؛ پتیا ۔

Frondose : (a) [L.'frondosus'.] اوراق سے ڈھکاہوا ؛ پُر برگ ؛ برگ دار ؛ ورق پوش ؛ (نباتیات) ورق نما ؛ برگ مانند ؛ ساقہ مانند ۔

Frondous : (a) [L.'frondosus'.] ورق دار ؛ پتوں بھرا؛ برگدار ؛ پھول اور پتّوں سے بھری شاخوں والا ۔

Frons : (n) [L.] (حشریات) کیڑوں کے چہرے کا بچلا حصہ ؛ آنکھوں کے بیچ کا حصہ ؛ (تشریح) جبہہ ؛ پیشانی ؛ ماتھا ؛ جبیں ۔

Front : (n) [L.frontem, frons.] (۱) پیشانی ؛ ماتھا ؛ مستک ؛ جبہہ؛ جبیں؛ لیلار۔(۲) رخ؛ چہرہ ۔(۳) بالمقابل؛ سامنے ؛ آگے ؛ مقدم ۔ (٤) (فوج) سب سے آگے کی صف یا سب سے آگے کا حصہ؛ پیش قراول ؛ محاذ جنگ ؛ واقعی یا فرضی دشمن کی طرف زمین کا کوئی حصہ ؛ وہ موقع جہاں واقعی جنگ ہو رہی ہو ؛ وہ رخ جس طرف صف بستہ فوج کا رخ ہو تا ہے؛ فوج کے سامنے کا میدان ؛ وہ سمت جس طرف صف بندی کے بعد فوج کا رُخ ہو۔ (٥) کسی عمارت کا سامنے کا رخ؛ خصوصاً صدر دروازے کا ؛ روکار ؛ مقدم ۔ (٦) کسی چیز کا اگلا حصہ (کبھی کبھی قلعے کی چاروں طرف) یا بغلی حصہ جو نگاہ کے سامنے ہو ؛ کسی چیز کا سب سے اگلا حصہ (بہ خلاف پیچھے حصے کے) ۔ (۷) مصنوعی بالوں کی لڑ؛ مصنوعی کا کُل اور گھونگروؤں کی لڑیں جو عورتیں پیشانی پر لگا تی ہیں ۔ (۸) مردوں کی قمیص کا وہ حصہ جو سینہ پر رہتاہے نیز وہ حصہ جو قمیص میں سلا ہوا نہیں ہوتا بلکہ عموماً قمیص کے اوپرعلاحدہ لگا لیا جاتا ہے ؛ پیش سینہ ؛ قمیص یا کُرتے کا آگا ؛ بچوں کا ایپرن ۔ (۹) (شاذ) ڈھیٹائی؛ بےحیائی ؛ بے شرمی ؛ بے حجابی ؛ بے غیرتی ۔ (۱۰) اولین وقت؛ ابتدا؛ آغاز ؛ ازل ؛ (شاعری) ۔ (۱۱) کسی ایک طرف کا رُخ ؛ منظر ؛ کھلا ہوا رُخ ؛ وہ زمین جس کا ایک کنارہ کسی سڑک یا تالاب یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ؛ وہ زمین جس پر لشکر اُترا ہوا ہو یا جس پر فوج قواعد کرتی ہو ۔ (۲۱) (تھیٹر) سامعین یا ناظرین یا حاضرین جلسہ ۔ (۱۳) اگلی جگہ؛ اگلی پوزیشن ؛ آگے کی صورت حال؛ اگلا موقع؛ مکان یا محل؛ اگلا مورچہ ؛ اگلا منظر ۔ (١٤) توصیفی معنوں میں ۔(۱٥) محاذ ہوا ۔

Front : (n) (۱) کوئی منظم دائرہ عمل یا سیاسی طاقتوں کی جماعت، تنظیم ۔(۲) (ابتداءً امریکا) کوئی شخص ، تنظیم وغیرہ جو غیر قانونی اور تخریب کارانہ افعال کی پردہ پوشی کرتی ہے ۔

Chang of front : تبدیلیٔ رخ ؛ تبدیلیٔ طرز عمل ؛ تبدیلی ؛ تغیر ۔

Head and front : (شاعری) حصہ ٔ خاص (جسم کا) ۔

In front : نمایاں ۔

In front of : آگے ؛ سامنے ؛ بالمقابل ۔

In the front (of a page, etc.) : آگے ؛ اگلے صفحے پر ۔

To change front : رُخ بدل لینا (اصطلاحاً) طرز عمل بدل دینا ؛ پلٹ جانا ؛ بدل جانا ؛ استدلال کا طریقہ بدل دینا ۔

To come to the front : نمایاں ہونا ؛ شہرت حاصل کرنا ؛ مشہور ہو جانا ۔

To go to the front : فوج میں جاکر شریک جنگ ہونا ؛ محاذ جنگ پر جانا ۔

To have the front : بے حیائی سے جسارت کرنا ۔

To present, show a bold front : (کسی کے مقابلے میں) جرأت ظاہر کرنا ؛ چہرے سے استقلال ظاہر کرنا ؛ ڈھٹائی کے ساتھ سامنا کرنا ۔

To turn to the front : (فوج) سامنے کے رخ پھر جانا ؛ پلٹ جانا ؛ گھوم جانا ۔

Two pair front : مکان کی دوسری منزل کا کمرہ جو سامنے کے رخ پر ہو ۔

Wave front : (طبیعیات) محاذ موج ۔

Were be set front and rear : آگے پیچھے سے گھر گئے تھے ؛ آگے پیچھے سے حملہ ہوگیا تھا ۔

Front : (n) (موسمیات) مختلف درجہ حرارت والی ہواؤں کے دو سلسلوں (یا کمیتوں) کے درمیان کی حدود ۔

Front : (a) اگلا ؛ سامنے کا؛ جلوئی ۔

Front : (v) [OF.'fronter'.] (۱) دیکھنا ؛ منہ پھیرنا ؛ مقابلہ پر کھڑا ہونا ؛ بالمقابل آنا ؛ آمنے سامنے ہونا ۔ (۲) مقابلہ کرنا ؛ بھڑنا ؛ مخالفت کرنا ؛ سامنا کرنا ؛ روبرو ہونا؛ آمنے سامنے رکھنا ۔ (۳) مکان کی روکار کا سڑک کے پہلو کی طرف ہونا ۔ (٤) روکار بنانا ۔ (٥) سامنے کی طرف آراستہ کرنا ؛ سامنے ہونا ؛ سامنے یا آگے کے حصے کی طرح کام دینا ؛ آگا ہونا؛ روکار ہونا؛ اگواڑ ہونا ۔ (٦) (خاص کر فوج)بتائی ہوئی سمت کو رُخ کرنا ؛ مُڑنا ؛ پلٹنا؛ رُخ موڑنا ؛ نیز بطور ہدایت یاحکم بہ معنی آگے کی طرف مُڑجاؤ ۔ (۷) آگا کرنا ؛ آگا بنانا ؛ مورچہ بنانا یا قائم کرنا ۔

To front about : گھوم کردوسری طرف رُخ موڑ لینا ۔

Front bench : (n) وہ اگلی نشستیں جو پارلیمنٹ میں وزراء اورسابق وزراء کےلئے مخصوص ہوتی ہے ۔

Front door : (n) کسی مکان ۔ ، داخل ہونے کا بڑا دروازہ ؛ صدر دروازہ ۔

Front elevation : (n) (تعمیرات) مقدم روکار ۔

Front line : (n) کسی فوج یا بٹالین کی سب سے اگلی صف ؛ فوج کی اگلی صف ؛ ہراول ؛ لشکر کا اگلا حصہ ۔

Front of fortification : (n) دو آدھے بُرج اور ان کے درمیان کی دیوار ۔

Front runner : (n) (ابتداً امریکا) کسی مقابلے میں اول آنے والا ؛ سب سے آگے رہنے والا ۔

Front-stall : (n) لگان کا وہ حصہ جو گھوڑے کی پیشانی کو ڈھک لیتا ہے ۔

Front surface : (n) (طبیعیات) مقدم سطح ؛ محاذ سطح ۔

Front to front : بالمقابل ؛ آمنے سامنے ؛ ایک دوسرے کے منہ کے سامنے ؛ روبرو ۔

Front view : (n) (بصریات) پیش نظر (دوربیں) ۔

Front vowel : (n) (لسانیات) اگلا مصوتہ ۔

Front wave : (n) (طبیعیات) مقدم موج ۔

Front ways/-wise : (adv.) سامنے ؛ آگے ؛ آگے کے رُخ پر ؛ سامنے میں؛ آگے میں ؛ سامنے کی طرف یا سامنے ۔

Frontad : (n) پیش رُخ ۔

Frontage : (n) (۱) وہ زمین جس کا ایک کنارہ کسی سڑک یا تالاب یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ۔ (۲) وہ زمین جو کسی عمارت کی روکار اور سڑک کے درمیان ہو ۔ (۳) کسی عمارت کے اگلے رُخ کا طول ، پھیلاؤ ، روکار ۔ (٤) وہ زمین جس پر لشکر اترا ہوا ہو یا جس پر فوج قواعد کرتی ہو ۔ (٥) کسی ایک طرف کا رُخ ؛ منظر ؛ کھلا ہوا رُخ ۔ (٦) کسی مخصوص سمت میں رُخ کرنے کا عمل ۔(۷) (تعمیرات) روکار ؛ اگواڑا ۔

Frontager : (n) ایسی جائداد یا اراضی کا مالک جو کسی دوسری جائداد وغیرہ سے متصل و ملحق ہو یا اس کا ایک کنارہ کسی سڑک، تالاب، یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو ۔

Frontal : (n) [ME.'frountel'.] (۱) دارقربان گاہ کی رو کار کا غلاف جو عموماً کشیدہ کاری کئےہوئے کپڑے، ریشم وغیرہ کا اور کبھی کبھی دھات کا بنا ہوتا ہے ۔(۲) کسی عمارت کا آگا ؛ رُخ ؛ سامنے کا حصہ یا وہ حصہ جو کسی گلی کوچے یا میدان کی طرف ہو ۔ (۳) (تشریح) پیش رُخ ؛ جبہی ۔

Frontal : (a) [mod L.'frontalis'.] (۱) پیشانی کا ؛ سامنے کا ؛ سامنے کی طرف کا؛ پیشانی یا اُس سے متعلق؛ جبینی؛ سب سے اگلے سرے یا اگلے حصے کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (حملہ وغیرہ) بالمقابل ؛ سامنے سے ؛ آمنے سامنے کا؛ آگے سے۔(۳) (نیم اسمی معنوں میں) پیشانی کی ہڈی ۔

Frontal artery : (n) (تشریح) جبہی شریان ؛ جبینی شریان ۔

Frontal attack : (a) سامنے کی طرف حملہ (بخط مستقیم) ؛ جو حملہ میمنہ ، میسرہ یا عقب میں نہ کیا جائے بلکہ سامنے کیا جائے ۔

Frontal bone : (n) (تشریح) پیشانی کی ہڈی ؛ ماتھے کی ہڈی ؛ استخوانِ جبیں ۔

Frontal fenestra : (n) (تشریح) جبہی دریچہ ؛ جبینی دریچہ ۔

Frontal hammer/-helve : (n) ایک قسم کا ہتھوڑا ۔

Frontal lobe : (n) (تشریح) قصّ جبہی ۔

Frontal sinus/-vein : (n) جبہی شریان ؛ ماتھے کی ہڈی ۔

Frontal sinuses : (n) (لسانیات) اگلا نسیجی خلا ۔

Frontality : (n) [f. frontal+ity.] نقاشی یا سنگ تراشی کا ایک اصول جس کے مطابق کوئی شکل یا تصویر اس طرح ڈھالی یا کندہ کی جاتی ہے جس طرح وہ بالکل سامنے سے نظر آتی ہے ۔

Frontate : (a) [mod.L. frontatus.] (نباتیات) پھول کی پنکھڑی کامسلسل چوڑا ہوتا جانا اور بالآخر خط مستقیم بناکر ختم ہو جانا ۔

Fronted : (a) روکار دار ؛ جس میں آگا یا روکار ہو ؛ (لسانیات) اگلا پا ۔

Fronted with stone : (جس مکان کی) روکار پتھر کی ہو ۔

Frontier : (n) [OF.frontier.] (جغرافیہ) (واحد وجمع) سرحد ؛ ڈانڈا؛ سوانا؛ کسی ملک کا وہ حصہ جو کسی دو سرے ملک کے سامنے؛ مُقابل یا ہم سرحد ہو؛ سرحدیں ؛ حدود ؛ (امریکا میں) کسی ملک کا وہ حصہ جو اس کے بندوبست کردہ یابسائے ہوئے علاقوں کا ہم سرحد ہو ۔

Frontier : (a) سرحدی ؛ ہم سرحد ؛ سرحد کا یا اُس سے متعلق ؛ سوانے یا سرحد پر واقع ۔

Frontier : (v) کسی کے ساحل یا سرحد پر نگاہ کرنا ؛ کسی حدود پر نگاہ رکھنا؛ سامنا کرنا؛ بالمقابل ہونا؛ آمنے سامنے ہونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ روبرو ہونا (شاذ) مخالفت کرنا ۔

Frontierman/Frontiersman : (n) وہ شخص جو سرحد پر رہتا ہو ؛ سرحدی ؛ مہذب علاقوں سے باہر یا دور رہنے والا ؛ سرحدی ؛ باشندہ ؛ نیم مہذب؛ نیم بیگانہ (جو دائرہء تہذیب کی سرحد پر یا اس سے پرے رہتا ہو) ۔

Frontignac : (n) (۱) مشکی شراب جو مشکی انگور (مشک جیسی خوشبو والا) سے بنائی جاتی ہے؛ فرانگنی شراب ؛ جو فرانگنان، فرانس میں بنائی جاتی ہے ۔(۲) مشکی انگورجس سے یہ شراب بنتی ہے ۔

Fronting : (n) (لسانیات) اگلانا ۔

Frontingly : (adv.) دیکھتےہوئے ؛ بالمقابل ؛ آمنے سامنے ؛ رو برو؛ آگے کی طرف ؛ روکتےہوئے ؛ مورچہ بنائے ہوئے ؛ مڑ کر دوسری طرف رُخ کرتے ہوئے ۔

Frontipetal : (n) پیشِ جُو ۔

Frontispiece : (n) [med.L. frontispicium.] (۱) (تعمیرات) عمارت کی روکار ؛ پیش گاہ ؛ منقش صدر دروازہ ؛ دروازے پر جو مثلث بنا ہوتا ہے؛ عمارت کے رو کار یا دروازے پر مثلث حصہ ۔ (۲) وہ با تصویر صفحہ جو کتاب کے یا اُس کے کسی حصہ کے سر ورق کے مقابل ہوتا ہے ۔ (۳) (گھونسابازی) چہرہ ۔(٤) تصویر سرصفحہ کتاب ؛ سر صفحہ ۔ (٥) کسی چیز کا اگلا یا سامنے کا حصہ ۔ (٦) (تعمیرات) سرِ در ؛ (طباعت) سرِ تصویر ۔

Frontispiece : (v) عمارت کے سامنے کا حصہ بنانا ؛ عمارت کو منقش و مزین صدر دروازے سے آراستہ

کرنا ؛ دروازے کے اوپر مثلث روکار بنانا ؛ کتاب کے سر ورق یا اُس کے کسی حصے کے ورق کے بالمقابل کوئی تصویر پیش کرنا ؛ آگا بنانا؛ کسی چیز کو آگواڑ کے طور پر رکھنا ۔

Frontless : (a) (تعمیرات) مکان بغیر روکارکے؛ بدوں‌صورت؛ بے چہرہ ؛ بے رُخا ؛ بے آگواڑ ۔ (۲) (خصوصاً مجازاً) بے شرم ؛ بے حیا ؛ ڈھیٹ ؛ بے غیرت ؛ دیدہ دلیر ؛ گستاخ ؛ بے ادب ؛شوخ چشم (شاذ) ۔

Frontlessly : (adv.) بے چہرگی سے؛ بےشرمی سے؛ بےحیائی سے ؛ بے غیرت انداز میں ؛ بےادبی کے ساتھ ۔

Frontlessness : (n) بےچہرگی؛ بےشرمی؛ بےحیائی؛ بےغیرتی؛ شوخ چشمی؛ گستاخی؛ دیدہ دلیری؛ بے ادبی ۔

Frontlet : (n) [OF.'frontelet'.] (۱) وہ پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ہے ؛ پیشانی بند ؛ پیشانی پر لگائی جانے والی کوئی بھی زیبائشی چیز ؛ مانگ ٹیکا ؛ جھومر ؛ (نیز مجازاً) ۔(۲) جانور کی پیشانی ۔(۳) وہ کپڑا جو قربان گاہ کے غلاف کےاوپر لٹکا ہوتا ہے ۔(٤) چمڑے کی ڈبیا جس میں عبرانی کا نسخہء توریت چمڑے پر لکھا ہوتا ہے؛ یہودی اسےاس لئے پہنے رہتے ہیں کہ احکام ربانی کی یاد دلاتا ہے ؛ تعویذ توریت ؛ تعویذ ؛ گنڈا ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا؛ کوئی ظرف یا صندوقچہ جس میں مقدس آثار محفوظ ہوں ۔(٥) لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کی پیشانی کو ڈھکتا ہے۔(٦) (طیوریات) چونچ کے پیچھے سر کا حاشیہ یا حصہ جو عموماً سخت بالوں سے ڈھکا ہوتاہے ۔(۷) (تعمیرات) عمارت کا رُخ یا کوئی ایک پہلو عموماً صدر دروازے کا رُخ (کبھی کبھی قلعے کے) چاروں اطراف ۔ (۸) ماورائے رُخ نیز قربان گاہ کے پردہ کا آرائشی حاشیہ ۔

Fronto- : (prep.) [L.frontem.] سابقہ بمعنی پیشانی ؛ سامنے یا آگے کا یا اس پر ۔

Fronto-ethmodial : (a) (حیوانیات) جبینی مصفاتی ۔

Fronto-nasal : (a) پیشانی اورناک کےمتعلق ؛ (حیوانیات) جبینی انفی ۔

Fronto-sphenoidal : (حیوانیات) جبینی وتری ۔

Frontogenesis : (n) (موسمیات) محاذ زائی ۔

Frontolysis : (n) (موسمیات) محاذ پاشی ۔

Frontomalar notch : (n) (تشریح) جبہی عارضی کٹاؤ ۔

Fronton : (n) [It. frontone.] (۱) عمارت کے روکار کا مثلث حصہ جو یونانی طرز تعمیر کی یادگار ہے ؛ (عمارت) سنتوری ؛ سرگوشہ ۔ (۲) قربان گاہ پوش ؛ قربان گاہ کا پردہ جو عموماً منقش کپڑے یا ریشم کا ہوتا ہے ۔(۳) (بسپانوی میں) وہ عمارت جہاں پیلوٹا (ٹینس سے ملتا جلتا ایک کھیل) کھیلا جاتا ہے ۔

Frontsman : (n) وہ فروشندہ جو دکان کے سامنے سڑک کی پٹری پر بیچنے کےلئے مقرر ہو ۔

Frontward/-wards : (adv.) (۱) سامنے یا آگے کی طرف : آگے ؛ سامنے۔(۲) کسی خاص سمت کو رُخ کئے ہوئے؛ کسی مخصوص رُخ پر ۔

Frore : (a) (۱) (صرف بول چال) سخت سردی کے باعث جما ہوا؛ سردی کھایا ہوا؛ خنک زدہ؛ یخ بستہ؛ منجمد ۔ (۲) (صرف شاعری) انتہائی سرد ؛ سرد ترین ؛ برفیلا ؛ برف آسا ؛ برفانی ؛ برف مانند؛ مثل برف ۔

Frory : (a) انتہائی سرد ؛ برفیلا ؛ برف مانند ؛ برفانی ۔

Frost : (n) [OE.frost.] (۱) برف ؛ یخ ؛ پالا ؛ جلید ۔(۲) وہ حالت جب کہ پانی کا درجہء حرارت نقطہء انجماد سےبھی نیچے گر جائے ؛ حالت انجماد یا عمل انجماد؛ ہَوا کا وہ درجہء حرارت جو پانی کے نقطہء انجماد سے نیچے ہو جائے ؛ انتہائی سردی ؛ شدید خنکی یا ٹھنڈک ۔(۳) جمی ہوئی شبنم ؛ جمے ہوئے بخارات ۔ (٤) سرد مہری (اشخاص کی) ؛ ایسا طرزعمل جس سے دوسرےشخص کےخیالات پر اوس پڑ جائے؛ روکھا پن ؛ (عامیانہ) بےمروتی ۔(٥) (بازاری) ناکامی ؛ عجز ؛ درماندگی ۔

Black frost : بغیر برف کی سردی ؛ وہ شدید سردی جس میں برف باری یا کُہرنہ ہو ۔

Hard frost /Sharp- : سخت اورتیز برف (برفباری) ۔

There is still frost on the ground : زمین پر ابھی تک برف جمی ہوئی ہے ۔

White frost : جمی ہوئی شبنم یا بخارات ؛ برفیلی سردی ؛ برف باری ؛ پالا ؛ ژالہ ۔

Windows covered with frost : دریچے برف سے ڈھکے ہوئے ہیں ۔

Frost : (v) (۱) پودوں وغیرہ کا برف باری سے جل جانا ؛ نقصان پہنچ جانا؛ مرجانا؛ پالا ماردینا ؛ ٹھٹھر جانا ۔ (۲) شیشہ یا دھات کی سطح کو کُھرا یا دانہ دار بنا دینا ۔ (۳) بالوں کو سفید کر دینا ۔ (٤) (گھوڑے کی نعل میں) کیلیں لگا کر ایسا کردینا کہ وہ پھسل نہ سکیں ؛ برف پر پھسلنے سے بچاؤ کےلئے جوتوں میں کیلیں لگانا ۔ (٥) کُہر آلود کردینا ؛ پالے سےڈھک دینا ؛ خاص کر مجازاً ۔ (٦) جما دینا ؛ منجمد کر دینا ؛ جما کر سخت کر دینا یا ٹھوس بنا دینا ؛ شدید سردی یا برف باری کے اثر سے جسم پر ورم یا پھوڑا پیدا ہو جانا یا کر دینا؛ سردی چُبھنا؛ شدید سردی کے باعث کاٹنے، کترنےیا چٹکی لینے جیسا احساس ہونا ۔

Frost bearer : (n) دیکھو Cryophorus

Frost bird : (n) ایک قسم کا پرند؛ امریکی سنہری پلوور ۔

Frost-bit : (a) جلید زدہ؛ جس کو برف باری یا شدید سردی کی وجہ سے ورم یا پھوڑے کا عارضہ ہو ؛ سرما زدہ ؛ یخ زدہ ۔

Frost-bite : (n) (طب) جلید زدگی ؛ یخ زدگی ؛ پالا مار ؛ ورم یا پھوڑا جو برف باری یا شدید سردی کے اثر سے جسم پر پیدا ہو جاتا ہے ۔

Frost-bitten : (a) دیکھو Frost-bit

Frost blite : (n) ایک قسم کا پودا ۔

Frost dew : (n) ژالہ ؛ شبنم ؛ پالا ؛ کُہر ؛ جمی ہوئی شبنم یا بخار ۔

Frost fern : (n) مرطوب سطح کے جمنے سے پیدا شدہ ایک فرن نما شکل ۔

Frost fish : (n) (۱) ایک قسم کی مچھلی جو کُہر ختم ہوتے ہی شمالی امریکا کے ساحل پر نمودار ہوتی ہے ۔ (۲) ایک قسم کی نقرئی سمندری مچھلی جو میان کے مشابہ ہوتی ہے ۔

Frost fog : (n) فضا میں بخارات کے جمنے سےپیدا شدہ کُہر ۔

Frost flower : (n) گُلِ منیا ۔

Frost grape : (n) انگور کی ایک امریکی قسم ۔

Frost itch : (n) (طب) خارشِ سرما ۔

Frost lamp : (n) تیل سے جلنےوالا لیمپ جو آرگنڈی لیمپ کےتیل کی نلی کے نیچے رکھا ہوتا ہے تاکہ تیل کو بہاؤ کی حالت میں رکھے ۔

Frost mist : (n) فضا میں بخارات کے جمنے سے پیدا شدہ کُہر ۔

Frost nail : (n) برفانی موسم میں پھسلن سے بچنے کےلئے جوتے میں لگائی ہوئی کیل ۔

Frost nail : (v) برفانی موسم میں پھسلن سے بچنے کے لئے جوتے میں کیل لگانا ۔

Frost-nip : (v) سردی کا چُبھنا یا زخمی کرنا ؛ شدید سردی سے جلد پر پھوڑا پیدا ہوجانا؛ سرما زدہ ہونا یا کرنا ۔

Frost-nipped : دیکھو Frost-bit

Frost rime : (n) گہری اور دبیز کُہر جو قطب شمالی اور قطب جنوبی کے علاقوں میں درجۂ حرارت کے نقطۂ انجماد سے بہت نیچے گرجانے کے باعث سمندر کی سطح سے اُٹھتی ہے ۔

Frost smoke : (n) دیکھو Frost rime

Frost valve : (n) ایک قسم کا کھُل مندن جو کسی پائپ یا پمپ کے اُس حصے سے پانی کو نکالنے کےلئے کھُلتا ہے جہاں اُس کے جم جانے کا خدشہ ہو ۔

Frost weed/-wort : (n) ایک قسم کا پودا ؛ (نباتیات) چٹانی گلاب ۔

Frost-work : (n) (۱) شیشہ وغیرہ پر برف جمنے سےجو نقش و نگار پیدا ہو جاتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) اس کے مشابہ آرائش یا نقاشی ۔

Frosted : (a) (۱) شدید سردی کے باعث جما ہوا ؛ منجمد ؛ خنک زدہ ؛ سرمازدہ ؛ یخ زدہ ؛ پالا مارا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ شدید سردی کے باعث پھوڑے کے عارضے میں مبتلا ۔ (۲) کُہر آلود ؛ جمی ہوئی شبنم یا بخارات سے ڈھکا ہوا ۔ (۳) ایسا جیسے کُہر سے ڈھکا ہوا یا پالا مارا ہوا ہو ؛ سفیدی مائل ؛ سفید مُو ۔ (٤) (شیشہ، نقرہ وغیرہ) جس کی سطح ایسی بنی ہو جیسے اُس پر پالے کی استرکاری کی گئی ہو ؛ سفید اور دودھیا سفید ۔ (٥) کُہردری برف کی مانند بنایا ہوا ؛ کُہردری سطح والا ۔

Frosted bulb : (n) ضبابی قمقمہ ؛ دھندلا بلب ؛ دودھیا بلب ۔

Frosted cake : (n) برف کی مانند ؛ شکر کی تہ جما یا ہوا کیک ۔

Frosted glass : (n) (کیمیا) دُھندلا شیشہ ۔

Frostily : (adv.) سرد مہری کے ساتھ ؛ روکھے پن سے ؛ بطور سرد ؛ پیرانہ سالی سے ؛ بطور برف زدہ ؛ برف زدہ انداز میں ۔

Frostiness : (n) سرد مہری ؛ ٹھنڈ ؛ سردی ؛ اُداسی ؛ روکھاپن ؛ برف زدگی ؛ سفیدی ؛ پیرانہ سالی ۔

Frosting : (n) (۱) برف کی طرح ڈھک دینا ؛ شکر کی تہ (کسی کھانے یا مٹھائی پر) جما دینا ؛ ایک قسم کا سفوف خصوصاً باریک کی ہوئی سفید چینی جو کیک وغیرہ پر تہ جمانے کے کام آتی ہے ؛ شکر کی (برف جیسی) تہ جمائی ہوئی سطح ؛ انجماد ۔(۲) ٹھنڈک کے اثر سے جما دینے کا عمل ؛ شدید سردی کے اثر سے جلد پر ورم یا پھوڑے نکلنے کا عمل ؛ سردی کی چبھن؛ برف یا پالے سے ڈھکنے کا عمل ؛ برف زدگی ؛ پالا زدگی ؛ شیشے یا دھات کی سطح کو برف کی طرح کھردری یا دودھیا بنانے کا عمل ؛ برف پھسلنے سے بچاؤ کےلئے جوتوں یا گھوڑے کی نعلوں میں کیلیں ٹھوکنے کا عمل ۔(۳) کُہرانا ۔

Frostless : (n) بے کُہر ۔

Frosty : (a) (۱) (برف کی وجہ سے) سرد ؛ خنک ؛ نقطۂ انجماد پر یا اُس سے نیچے؛ برف کی طرح سرد ؛ برف آسا ؛ برف کے مانند ؛ بسیار سرد ؛ برفیلی سردی ۔(۲)(مجازاً) سرد مہر ؛ دو سروں کے ساتھ ایسا برتاؤ کہ اُن کو گرم جوشی کی ہمت نہ ہو ؛ روکھا ؛ پھیکا ؛ اداس ؛ جس کے احساسات میں گرمی نہ ہو ؛ گرم جوشی نہ ہو ؛ گرمیٔ جذبات سے خالی ؛ برف کی طرح سرد ؛ بے حس ؛ تصنع کا برتاؤ کرنے والا ۔ (۳) پالے یا برف سے ڈھکا ہوا ؛ ایسی حالت یا صورت میں کہ ڈھکا ہوا معلوم ہوتا ہو ؛ (بال) سفید ؛ برف زدہ ۔(٤)معمّر ؛ بال سفید (پیرانہ سالی کی وجہ سے) ؛ سفیدی یا سفیدی مائل ؛ سفید مو ؛ سفیدبال والا؛ پیرانہ سالی کی خصوصیات ؛ ضعیف ؛ افسردہ ؛ بجھا ہوا ۔(٥) (موسمیات) جلیدی ؛ سخت سرد ۔ (٦) (حشریات) چمکیلے سفید رنگ کا ۔

Frot : (v) [OF. 'froter'.] (دباغی) مالش کر کے نرم کرنا ؛ چمڑے کو ملائم کرنا ۔

Froth : (n) [ME.'frothe'.] (۱) جھاگ؛ کف ؛ پھین ؛ پھپھوندی ؛ سرجوش ؛ میل (کسی سیال چیز کی سطح پر) (نیز مجازاً) خصوصاً لعاب دہن؛ منہ سے نکلنے والا رال ؛ تھوک ؛ بکواس ؛ بک بک ؛ فضول باتیں ؛ بظاہر شاندار لیکن مہمل تقریر ۔ (۲) غیر حقیقی چیز ؛ خیالی چیز ؛ موہوم شے؛ برائے نام کوئی چیز ؛ خفیف شے ؛ کم قیمتی؛ معمولی ۔(٤) شخص کےلئے حقارت آمیز طور پر بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Froth : (v) (۱) کف نکالنا ؛ پھینکنا ؛ جمع کرنا ؛ لانا ۔ (۲) (شراب میں) جھاگ پیدا کرنا ۔

Froth fly/-frog/-hopper/-insect/-worm : (n) کیڑوں کی مختلف قسموں کے نام ۔

Froth-spit : (n) دیکھو Cuckoo-spit

Froth stick : (n) مکھن وغیرہ بلونے کی چھڑی ؛ (انڈے ، مکھن، بالائی وغیرہ کو) بلوکر جھاگ دار بنانے کی چھڑی یا آلہ ۔

Frothery : (n) (مہمل لفظ) محض جھاگ ؛ کف دہن ؛ ادنیٰ یا خفیف چیز ؛ ادنیٰ یا خفیف ہونا ؛ نکماپن ؛ بےلطفی ۔

Frothily : (adv.) کف لاتے ہوئے ؛ فضول گوئی کرتے ہوئے ؛ کف در دہن ہو کر ؛ خالی خولی یا بےبنیاد طور پر ؛ بےاصل یا بےنتیجہ انداز میں ۔

Frothiness : (n) جھاگ دار ہونا ؛ کف آلودگی ؛ جھاگ داری ؛ (مجازاً) بے حقیقی ؛ بےنتیجگی ؛ لاحاصلیت ۔

Frothless : (a) بے جھاگ ؛ بے کف ؛ صاف ستھرا ؛ بڑھیا ؛ بیش قیمت ؛ قابل قدر (آدمی) ۔

Frothsome : (a) (۱) جھاگ دار ؛ کف آلود ؛ جھاگ سے بھرا ہوا ۔(۲) جھاگ کا سا ؛ جھاگ نما ؛ کف مانند ؛ جھاگ پر مشتمل ؛ جھاگ کے متعلق ؛ پھین بھرا ہوا ۔ (۳) (مجازاً) بے بنیاد ؛ خالی خولی ؛ بے حقیقت ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ فضول ؛ بےاصل ؛ غیر واقعی ؛ بے مغز ؛ بے معنی ؛ پوچ؛ محض لفاظی پر مشتمل ۔ (٤) (کیمیا) جھاگ اُٹھتا ہوا ۔

Frothy : (a) دیکھو Frothsome

Frou-frou : (n) [Fr. echoic.] سر سراہٹ ؛ کھڑ کھڑاہٹ (خصوصاً لباس کی) ؛ پھڑپھڑاہٹ ۔

Frounce : (n) [OF.fronce,fronche.] خود نمائی ؛ بناؤ ؛ طمطراق ؛ دکھاوا؛ نمائش؛ نمود؛ بھونڈی نمائش؛ خودبینی ؛ خود پسندی ؛ وضع داری ؛ بانکپن ۔

Frounce : (v) [OF.froncier,froncir.] سن سنانا؛ سائیں سائیں کرنا؛ زن زن کرنا ؛ موڑنا؛ خم دینا ؛ چکّر دینا ؛ نیز (بالوں کو) خم دار بنانا ؛ گھونگرو بنانا ؛ گھونگریالا کرنا ۔

Frouzy : (a) (۱) بدبو دار ؛ بند ؛ خراب ؛ گندہ ؛میلا کچیلا ؛ نامطبوع ۔ (۲) اندھیرا ؛ تاریک ؛ میلا چکّٹ ؛ زنگ خوردہ؛ زنگ آلود؛ بےطور ؛ پھوہڑپن کا؛ پریشان وضع ؛ بےترتیب ؛ الجھا ہوا ؛ (بال وغیرہ) بےڈھنگ (داڑھی وغیرہ) جس میں کنگھی نہ ہوئی ہو ؛ سر جھاڑ منہ پھاڑ ؛ بد حال ؛ (چہرے کا رنگ) سرخ اور کھردرا ؛ لال چقندر جیسا ؛ سرخ اوربھدّا ۔

Frow : (n) [Du.vrouw.] (۱) ولندیز کی رہنے والی عورت ؛ ولندیزی عورت ۔ (۲) عورت ؛ ملکہ ؛ زانی ؛ معشوقہ؛ محبوبہ؛ خاتون؛ بیگم؛ خانم؛ بی بی؛ گھروالی؛ صاحبۃ البیت؛ بیوی ؛ زوجہ ؛ (خاص کر جرمن یا ولندیزی عورت کے لئے) ۔ (۳) (بول چال) سست کاہل اورگندی عورت ؛ زن برزہ و بدکارہ ؛ ظریف کمینی عورت ؛ زن فاحشہ ۔

Frow : دیکھو Froe

Froward : (a) [Early ME.f.fra.] (۱) خودسر ؛ سرکش ؛ ضدی ؛ ازیل؛ گمراہ؛ باغی؛ خودرائے؛ متمرد؛ کج رائے؛ ہٹ دھرم ؛ بد کیش ؛ بے راہ ؛ نا معقول ؛ نافرمان ؛ منحرف ؛ بےقابو ۔ (۲) (قانون) (چوری وغیرہ کا فیصلہ) خلاف شہادت وہدایت عدالت ۔ (۳) نامعقول ؛ ناگوار؛ ناپسندیدہ؛ غیر مطلوبہ ؛ خلاف خواہش ؛ غیر موافق (چیزیں)؛ نا مساعد (حالات) ۔

Frowardly : (adv.) ضد اور سر کشی کے ساتھ؛ باغیانہ طور پر ؛ گمراہی کے ساتھ ؛ نافرمانی کے ساتھ ؛ بےراہ ہوکر؛ منحرفانہ؛ ہٹ دھرمی کے ساتھ ۔

Frowardness : (n) سر کشی ؛ خود رائی ؛ گمراہی ؛ ضد ؛ بےراہ روی ؛ نافرمانی؛ انحراف ؛ ہٹ دھرمی ۔

Frower : دیکھو Froe

Frown : (n) (۱) تُرش روئی ؛ کڑوےتیور ؛ خم ابرو ؛ چین جبیں ؛ شکن ابرو ؛ تیوری ؛ ناپسندیدگی؛ چہرے کی حالت جس سے غصہ، سختی، ناراضگی یا تفکر ظاہر ہو ؛ نیز چیں بہ جبیں ہونے کی حالت ؛ خوئے غضب ناکی یا سخت گیری ؛ خوئے فکرمندی ؛ پیشانی یا ابروؤں پر شکن لانے کی عادت ۔ (۲) اظہار ناپسندیدگی؛ اظہار نارضامندی ؛ اظہار نا منظوری، اظہار ناخوشی ۔

Frown : (v) [ME.'froune'.] (۱) چیں بہ جبیں ہونا ؛ پیشانی پر شکن لانا ؛ تیوری چڑھانا ؛ سختی یا درشتی سے دیکھنا ۔ (۲) (اشیا کےلئے) تاریک پہلو دکھانا ۔ (۳) ناپسندیدگی ظاہر کرنا ۔ (٤)(بات کاٹنےوالےکو) گھورکر خاموش کردینا؛ روک دینا؛ (تیوری چڑھا کر) ۔ (٥) پیشانی کی شکن سےمقابلےاورگستاخی کاارادہ ظاہر کرنا ۔ (٦) پیشانی یا ابروؤں کی شکن سے کوئی بات ظاہر کرنا یا پیدا کرنا یا کوئی حکم دینا یا کسی بات پر زور ڈالنا (away, back,down,off) وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۔

Frowner : (n) چیں بہ جبیں سے اظہار ناراضگی اور ناپسندیدگی کرنےوالا؛ گھور کر دیکھنے والا ؛ سخت یا تیز نگاہ کرنے والا ۔

Frownful : (a) شکن آلود ؛ چیں بہ جبیں ؛ متفکر ؛ غضب ناک ؛ پریشان ۔

Frowningly : (adv.) چیں بہ جبیں ہو کر ؛ گھورتے ہوئے ؛ تیز یا درشت نگاہ سے دیکھتے ہوئے؛ نامنظوری یا ناپسندیدگی کے انداز میں ؛ نارضا مندانہ ۔

Frowny : (a) (۱) عادتاً چیں بہ جبیں ہونے والا ؛ جبین و ابرو پر عادتاً شکن لانے والا ۔ (۲) نك چڑھا ؛ تنك مزاج ؛ عادتاً اظہار ناپسندیدگی کرنے والا ۔

Frowst : (n) (کمرے کے اندر کی) اُمس ؛ بدبو دار گرمی ؛ گھٹن ۔

Frowst : (v) اُمس اور کُنھن جیسی گرمی میں ٹھہرنا ؛ ایسی گرمی کو پسند کرنا ؛ کمرے کی اُمس میں ٹھہرنا یا اُس سے دوچار ہونا ۔

Frowsty : (a) ایسا (کمرہ) جہاں اُمس والی گرمی ہو ؛ اُمس دار ؛ اُمسی ؛ گھٹن والا ۔

Frowziness : (n) (۱) میلا پن ؛ بدبو ؛ گندگی ۔ (۲) اندھیرا ؛ تاریکی؛ زنگ خوردگی؛ پھوہڑ پن ؛ بےترتیبی؛ بدحالی ؛ بے ڈھنگا پن ؛ (چہرے کی سُرخی اور بھداپن) ۔

Frowzy : (a) [Origin unkn.] دیکھو Frouzy

Frozen : (a) (۱) بہت زیادہ سردی سے جما ہوا ؛ منجمد ؛ جمایا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ انتہائی سردی کےزیر اثر لایا ہوا ؛ بہت زیادہ سرد کیا ہوا (نیز مجازی اور غیرمادی چیزوں کےلئے) ۔(۲) (قرض پونجی وغیرہ) غیر دائر منجمد یا جمی ہوئی ناقابل آدائی ؛ ناقابل بےباکی؛ جو وقت معینہ اور مدت معہود پر چُکائے جانے کے لائق نہ ہو یا جس کا چُکا یا جانا ناممکن نہ ہو ۔(۳) برف زدہ ؛ پالا مارا ہوا ؛ پالے کی وجہ سےکٹا ہوا ، رُکا ہوا ؛ یا ٹھٹھرا ہوا ؛ شدید سردی کے باعث منقطع یا مقطوع ۔(٤) (مجازاً) سرد مہر؛ بےحس ؛ سرد دل ؛ افسردہ دل ؛ بے جوش و جذبہ ؛ بے حرارت ؛ گرمیٔ جذبات سے خالی ۔

Frozen : (a)[P.ple.of Freeze (v).] (۱) (قرض، سرمایہ وغیرہ) ڈوبا ہوا (عارضی یا مستقل طور پر) ۔

Frozen asset : (n) (تجارت) منجمد اثاثہ ۔

Frozen limit : (n) (بول چال) قابل اعتراض یاناقابل برداشت معاملہ کی انتہا ۔

Frozenly : (adv.) منجمد ہو کر ؛ انتہائی سرد انداز میں ؛ سردمہری سے دیکھتے یا برتاؤ کرتے ہوئے ؛ بےحس یا بے جوش انداز میں ؛ سرد دلی سے ؛ (امریکا) سختی سے؛ ہٹیلےپن سے؛ سر کشانہ ۔

Frozenness : (n) انجماد ؛ جماؤ ؛ خنک زدگی ؛ یخ بستگی ؛ سرد مہری ؛ بے حسی ؛ بے دلی ؛ سرد دلی ؛ (امریکا) سختی ؛ ہٹیلاپن ؛ سرکشی ۔

Fructed : (a) [L.'fructus'.] (نقابت) (ڈھال کی رنگ کاری میں ایک مخصوص ہلکے رنگ کا) میوہ دار ؛ ثمرور (درخت یا پودا) ۔

Fructescence : (n) موسم باروری ؛ جب سبزیاں اپنے دانے بکھیرتی ہیں ؛ پھل لانے کا موسم ۔

Fructescent : (a) [mod.L.fructescentem.] باروری کا آغازکرنے والا ؛ جس نے ابھی ابھی پھل دینا شروع کیا ہے ۔

Fructiculose : چھوٹی جھاڑی کے مثل ؛ جزو ترکیبی کی حالت میں ۔

Fructidor : (n) [L.fructus] فرانس کے انقلابی کیلنڈر کا بارھواں مہینہ (۱۸/اگست تا ۱٦/ستمبر تك) انقلاب فرانس جو اس ماہ کی اٹھارہ تاریخ (٤/ ستمبر) کو ہوا تھا ۔

Fructiferous : (a) [L.fructifer.] بار دار؛ بارور ؛ پھل لانے والا ؛ پھلنے والا ؛ ثمر ور ؛ مثمر ؛ ثمر دار ؛ پھل دار ۔

Fructiferously : (adv.) بارورہوکر ؛ پھل لانےوالے انداز میں ۔

Fructification : (n) [L.fructificationem.] (۱) (نباتیات) پھل لانے یا پھل دار ہونے کا عمل یا مرحلہ ؛ باروری ؛ ثمر بندی ؛ ثمر داری نیز بار آور یا حاملہ کرنے کا فعل ۔(۲) (نباتیات) پودے کا پھل ۔(۳) بارآوراعضا یا حصے؛ اعضائےتناسل ؛ اعضائےتولید؛ تولیدی یاتناسلی حصےخصوصاً فرنوں اور کائیوں کے ، (پودے اور خصوصاً چھوٹی گھاس وغیرہ) کےوہ حصے جونسل بڑھاتےہیں ۔

Fructifier : (n) بارآور ؛ ثمر آور ؛ حاملہ کرنے والا ؛ پھل دار کرنے والا ؛ بارور کرنے والا ۔

Fructify : (v) (۱) پھلنا؛ بارآورہونا؛ بارورہونا ؛ مثمرہونا؛ پھل لانا ؛ پھل دارہونا ؛ ثمر ور یا ثمر دار ہونا (نیز مجازاً) ۔(۲) پھلنے کے قابل بنانا ؛ بار دار کرنا ؛ بر ور کرنا ؛ پھل دار بنانا ؛ حاملہ کرنا ؛ ثمر ور کرنا ۔

Fructose : (n) (کیمیا) پھلوں کی شکر ؛ وہ شکر جو پھولوں سےنکالی جاتی ہے ؛ ایک قسم کی پھل کی شکر جو چپ گرداں ہوتی ہے؛ (نیز) پھلوں میں پائی جانےوالی شکر (پربھی اس کا اطلاق ہوتا ہے) ۔

Fructuary : (a) [L. 'fructuarius'.] (رومن قانون) حق واصلات یاحق استفادہ کایا اُس سے متعلق کسی دوسرے کی جائداد کے منافع سے اس طورپر متمتع ہونے کے حق سے متعلق یا اُس کا کہ اصل جائداد کو نقصان نہ پہنچے ۔

Fructuary : (n) (۱) حق واصلات یا حق استفادہ رکھنے والا ۔ (۲) وہ چیز جس سے حق واصلات کے ذریعہ استفادہ کیا گیا ہو ۔

Fructuous : (a) [L.'fructuosus'.] (۱) پھلوں سے لدا ہوا ؛ پھل لانے والا؛ پھلنے والا؛ پُر اثمار؛ کثیرالاثمار ۔ (۲) (مجازاً) نتیجہ خیز؛ نفع بخش؛ فائدہ مند؛ سود مند؛ مفید منفعت بخش ۔

Fructously : (adv.) (۱) بھر پور پھلوں کےساتھ؛ پھلوں سے لدکر؛ کثر الاثمارطور پر ؛ پھل دار ہو کر ؛ بارآورانداز میں ۔(۲) (مجازاً) نتیجہ خیز طور پر ؛ نفع بخش انداز میں ؛ فائدہ مند طورسے ۔

Fruotuousness : (n) (۱) پھلوں سے لدا ہونے کی حالت ؛ پُر اثماریت ؛ بار آوری ؛ پھل لانے کی صفت یا

حالت ۔ (۲) (مجازاً) نفع بخشی ؛ منفعت دہی ؛ نتیجہ خیزی؛ فائدہ مندی؛ افادیت؛ سودمندی ۔

Frug : (n) [Origin unkn.] ایک جدید رقص ۔

Frug : (v) اس جدید انداز میں رقص کرنا ۔

Frugal : (a) [L.'frugalis'.] (۱) محتاط ؛ کفایت شعار ؛ جزرس (خصوصاً کھانے پینے اور اخراجات خانہ داری میں) ۔ (۲) کمی کے ساتھ استعمال کیا گیا یا دیا گیا ۔ (۳) کم خرچ؛ کم لاگت؛ سستا و برخلاف بہت خرچیلا یا قیمتی) ۔

Frugality : (a) [L.frugalitatem.] (۱) کفایت شعاری ؛ جزرسی ؛ احتیاط ؛ میانہ روی ؛ کم خرچیلے ؛ کم لاگتی ؛ کم دینے یا استعمال کرنے کی صفت ۔ (۲) کفایت شعاری سے؛ بچائی ہوئی دولت؛ حاصلِ کفایت شعاری ؛ حاصلِ کم خرچی ؛ (نیزجمع میں) کفایت شعارطرزِ زندگی ؛ کفایت شعار یا محتاط رہائش ؛ کم خرچ گذران ؛ محتاط گذربسر ۔

Frugally : (adv.) کفایت شعاری سے ؛ محتاط انداز میں ؛ جزرس طور پر ؛ کم کم ؛ کم خرچ طور پر ۔

Frugiferous : (a) [L.frugifer.] پھل دار ؛ بارور مثمر ؛ ثمرور؛ ثمر دار ؛ پھلوں سے بھرا ہوا ۔

Frugivorous : (a) پھل سے پیٹ بھرنے والا (جانور) ؛ میوہ خور ؛ پھل کھا کر بسر کرنےوالا ؛ (حیوانیات) ثمر خور ۔

Fruit : (n) [L.fructus.] (۱) پھل ؛ ثمر ؛ تازہ میوہ ؛ (عموماً جمع میں) ؛ ترکاریوں کے پھل جنہیں انسان اور حیوان بطور غذا استعمال کرتے ہیں ۔ (۲) ترکاریوں کے ملفوف بیج ؛ کسی پودے یا درخت کا وہ خوردنی حصہ جو بیج اور اپنے ملفوف (خصوصاً جب رسیلا اور گودہ دار ہو مثلاً سیب نارنگی وغیرہ) پر مشتمل ہوتاھے ۔ (۳) کسی پودے یا درخت کابیج جسےباز تولید کا ذریعہ سمجھا جاتا ھے (خصوصاً بن میں) بیضکوں کا حامل وہ پختہ بقچہء گل جو پختم ریزی یا بیج آنے کی حالت پر پہنچ چکا ہو ؛ نیز بغیر پھول کے پودں کا تخمک (وہ تنہا خانہ جو پودا بن جانے کے قابل ہو جاتا ھے) ۔ (٤) بچہ (جانوروں کا) ؛ اولاد ؛ نسل ؛ نیز نطفہ قرار یافتہ ؛ جنین ۔ (٥) نتیجہء عمل ؛ منافع ؛ نتیجہ؛ انجام ؛ حاصل ؛ ماحصل ؛ مادی پیداوار؛ افزائش؛ اضافہ؛ افزونی؛ ترقی ایزاد ۔

(٦) (جمع میں) مصنوعات؛ مالیات ۔ (۷) فائدہ ؛ نفع ؛ استفادہ ؛ مالی منفعت ؛ مالی نفع ؛ سود ؛ مفاد ۔

Feeds on fruit : پھل کھا کر پیٹ بھر تا ھے ۔

The fruits of industry : صنعت و حرفت کے پھل (منافع) ۔

Fruit : (v) (۱) پھلنا ؛ پھل لانا ؛ پھل پیدا کرنا ؛ مثمر ہونا ؛ بارور ہونا ؛ بار دار ہونا ؛ ثمرور ہونا ؛ میوہ زا ہونا ؛ حاملہ ہونا ؛ بچہ خیز ہونا ؛ نفع بخش ہونا ؛ نتیجہ خیز ہونا ؛ مفید ہونا؛ سود مند ہونا ۔ (۲) پھل دار بنانا ؛ مثمر کرنا ؛ بار آور کرنا ؛ بار دار کرنا ؛ حاملہ کرنا ؛ نفع بخش بنانا؛ نتیجہ خیز کرنا یا بنانا ؛ مفید یا سودمند بنانا؛ پرورش اورنگہداشت کر کے منزل بار آوری تک پہنچا دینا (ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

Fruit-bat : دیکھو Flying-fox

Fruit-body : (n) سانپ کی چھتری یا سماروغ کا وہ حصہ جس میں تولیدی اجسام (تخمکے) اور انہیں پیدا کرنے والے اعضا ہوتے ہیں ۔

Fruit bud : (n) وہ کلی جس میں حامل زر ہو ؛ وہ کلی جس میں بیضہ دان ہو ۔

Fruit-cake : (n) مٹھائی جس میں پھل ڈالے جاتے ہیں ۔

Fruit clipper : (n) تیز رفتار جہاز جو تازہ پھل لے جاتا ھے ۔

Fruit culture : (n) (نباتیات) ثمر پروری ۔

Fruit dot : (n) (نباتیات) فرنوں کا انبار ہ ؛ چھوٹے بیجو ں کی گھنڈیوں کا گچھا جو فرن کےورق کے پیچھے ہوتا ھے ۔

Fruit dove : (n) میوہ خورفاختہ؛ ایک قسم کی چھوٹی فاختہ، جس کے پر چمک دار رنگین اور پاؤں چمکیلے سرخ یا زرد ہوتے ہیں ، اور جو پھلوں پر بسر کرتی ھے ۔

Fruit fly : (n) ایک قسم کی ننھی سیاہ مکھی جو پھل کے زمانے میں پھل دار درختوں پر کثرت سے پائی جاتی ھے؛ پھل مکھی ؛ میوہ مکھی (باغبانوں کا دیا ہوا نام) ؛ (حیوانیات) پھل مکھی ۔

Fruit frame : (n) جعفری ؛ ٹٹی (جس پر پھل دار بیلیں چڑھائی جاتی ہیں) ۔

Fruit knife : (n) چاندی کی چھری جس پر زنگ نہیں لگتا (پھل تراشنے کےلئے) ۔

Fruit machine : (n) ایک قسم کی جوا کھیلنے کی مشین ؛ قماربازی کی مشین ۔

Fruit mill : (n) شراب کےلئے سیب اور انگور کو پیسنے والی مشین ۔

Fruit of the womb/-body : (n) جسم انسانی یا رحم کے پھل (انجیل کی اصطلاح میں) اولاد ۔

Fruit piece : (n) پھلوں کی تصویر خواہ کشیدہ ہو ، منقش ہو یا تراشیدہ ۔

Fruit pigeon : (n) کبوتروں کی ایک جنس کا نام ۔

Fruit pox : (n) ایک قسم کی بیماری جو سبز ٹماٹروں میں ہوتی ہے اور جس میں گہرے سبز رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں ۔

Fruit press : (n) پھلوں کو دبا کر ان کے رس نچوڑنے کا آلہ یا مشین ۔

Fruit salad : (n) (۱) فروٹ سلاد ؛ پھلوں کی سلاد ؛ تراش کر ایک ساتھ ملائے ہوئے پھل؛ مختلف پھل جن کو کاٹ کر ایک برتن میں ملا دتیے ہیں اور اکثر بالائی ملاکر کھاتے ہیں ۔(۲) (خدماتی عامیانہ) خدمات کے عوض ملے ہوئے اعزازی فیتوں اور تمغوں کی قطار؛ ترتیب یا ان سے مزّین لباس، پوشاک ۔

Fruit spur : (n) وہ چھوٹی شاخ جس کا بڑھنا پھل لانے والی کلیوں کی نشو و نما کو یقینی بنانے کے لئے روک دیا جاتا ہے (یارُک جاتا ہے) ۔

Fruit stalk : (n) پھل دار ڈنٹھل ؛ وہ ڈنٹھل جس میں پھل لگا ہوتا ہے؛ خصوصاً شاخ میوہ ؛ شاخ ثمر دار یا ثمر آور ۔

Fruit sugar : (n) شکر جو پھلوں سےبنائی جاتی ہے ۔

Fruit tree : (n) وہ درخت جو پھل حاصل کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے ؛ پھل دار درخت ۔

Fruit wall : (n) وہ دیوار جس پر پھل دار بیلیں چڑھائی جاتی ہیں یا جہاں پودے کو کسی خاص شکل میں اُگا یا جاتا ہے ۔

Fruit worm : (n) (حیوانیات) پھل کیڑا ۔

Fruitage : (n) (۱) پھل اُگنے کا عمل، موسم یا حالت؛ موسم بار آوری ؛ حالت بار آوری ؛ با آوری ۔ (۲) پھل (بہ حیثیت مجموعی)نیز مجازاً ۔(۳)(نباتیات) میوہ جات ؛ پھل پھلاری ۔

Fruitarian : (n) [after vegetarian.] پھل کھانے والا (بطور غذا) میوہ خور ؛ (نیز بطور صفت) ۔

Fruitarianism : (n) میوہ خوری ۔

Fruited : (a) بارور ؛ پھل دار؛ مثمر ؛ ثمر ور ؛ بارور ؛ پھلوں سے لدا ہوا ؛ کثیر الاثمار ۔

Fruiter : (n) [F.fruitier .] میوہ فروش ؛ پھل بیچنے والا یا پھلوں کی تجارت کرنے والا ؛ پھل لے جانے والا جہاز؛ پھلنے والے درختوں کی کاشت کرنےوالا ؛ پھل دار درخت ؛ شجر میوہ دار؛ درخت ثمر آور؛ پھل دینے والا درخت؛ پھل پیدا کرنے والا ؛ پھل دار درختوں کی کاشت کرنےوالا ۔

Fruiterer : (n) (۱) پھلوں کا سودا گر؛ پھل بیچنے والا؛ پھلوں کی تجارت کرنے والا ؛ میوہ فروش ۔(۲) پھلوں کی کاشت کرنے والا ؛ پھل اُپجانے والا ۔

Fruiteress : (n) (۱) پھلوں کی سوداگر عورت؛ پھل بیچنے والی ؛ میوہ فروش ۔ (۲) پھلوں کی کاشت کرنے والی ۔

Fruitery : (a) پھل (بہ حیثیت مجموعی) ؛ پھلوں کا انبار ؛ بہت سارے پھل ۔

Fruitful : (a) [ME.] (۱) ثمر ور؛ بار دار ؛ بار آور؛ میوہ دار ؛ زرخیز ؛ بار ور ؛ مثمر ؛ پُر ثمر ؛ پھل دار ؛ پھل سے بھرا ہوا؛ بہت زیادہ پھل والا ۔(۲) پیدا کرنے والا ؛ بچے پیدا کرنے والا؛ کثیر التولید ؛ بہت پیدا کرنے والا ؛ جو بانجھ نہ ہو ؛ جو بنجر نہ ہو ۔ (۳) (مجازاً) مفید؛ نافع ؛ پر منفعت ؛ نفع بخش ؛ سود مند ۔ (٤) نتیجہ خیز ؛ نتیجہ بخش ۔(٥) (مٹی وغیرہ) زرخیز؛ بار آور ۔(٦) (بارش وغیرہ) زرخیز بنانے والا ۔ (۷) (نباتیات) مفید؛ بار آور؛ مثمر؛ میوہ خیز ۔

Fruitfully : (adv.) نفع کے ساتھ ؛ فائدہ مندی کے ساتھ؛ سودمندی کے طور پر ؛ بارداری کے ساتھ؛ زرخیزی کے طور پر ؛ بار آوری سے ؛ کثیر التولیدی کے ساتھ؛ نتیجہ بخش طور پر ۔

Fruitfulness : (n) نتیجہ خیزی ؛ فائدہ مندی ؛ منفعت ؛ سود مندی ؛ بار آوری ؛ ثمر وری ؛ زرخیزی ؛ نتیجہ خیزی ؛ کثیر التولیدی ۔

Fruitiness : (n) پھل کامزا ؛ پھل کی لذت ؛ ثمریت ؛ شیرینی؛ دل کشی؛ خوش گواری؛ خوش ذائقی؛ (عامیانہ) شوریدگی؛ آشفتہ سری؛ سودائی پن؛ بےدماغی ۔

Fruition : (n) [L.'fruitionem'.] لطف اندوزی یا استفادہ کا عمل ؛ لطف ؛ لذت ؛ استفادہ ؛ تمتع ؛ جن چیزوں کی خواہش کی گئی ہو ان کا حاصل کرلینا اور ان سے لطف اندوز ہونا؛ امیدوں اور توقعات کا پورا ہونا ؛ حصول آرزو ؛ مسرت بخش قبضہ ؛تصرف یا دخل ؛ پُرلطف ملک ۔

Fruitive : (a) [med.L.'fruitivus'.] متمتع ؛ لطف اندوز ہونے والا ؛ لذت گیر ؛ حصول آرزو والا ؛ استفادہ کرنے والا؛ لطف اندوزی کی صفت رکھنے والا ۔

Fruitless : (n) (۱) پھل نہیں دینےوالا ؛ بے میوہ ؛ بےثمر ؛ بےپھل؛ اُسر ؛ بانجھ ؛ عقیم ؛ بنجر ۔(۲) بےنفع ؛ بیکار ؛ عبث ؛ لاحاصل ؛ بےاثر ؛ خالی؛ فضول ؛ بےنتیجہ؛ بےسود ؛ بےفائدہ؛ غیرمنفعت بخش ؛ بےمنفعت ؛ غیر مفید ؛ غیر نفع بخش ؛ سست ؛ کاہل ؛ بے کار ؛ مہمل ؛ بے سود ۔ (۳) (شخص) نا کامیاب ؛ ناکام ۔

Fruitlessly : (adv.) غیر مفید طور پر ؛ بے نتیجہ طور پر ؛ بےفائدہ ؛ لاحاصل ؛ بیکار؛ بے اثر انداز میں ؛ غیرنفع بخش طورپر؛ ناکامی سے؛ ناکام ہوکر ۔

Fruitlessness : (n) بے اثری ؛ بے ثمری ؛ بیکاری ؛ لاحاصلی ؛ بے افادیت ؛ غیر نفع بخش ؛ سستی ؛ کاہلی ؛ ناکامی ۔

Fruitlet : (n) (نباتیات) نواچہ ؛ سنگ برچہ ؛ ثمرچہ ؛ میوہ کوچک ؛ چھوٹا سا پھل ۔

Fruits of the earth : نباتاتی پیداوار جو عموماً کھائی جاتی ہے ۔

Fruity : (a) (۱) پھل کے متعلق ؛ پھل کا ؛ پھل کے مثل ؛ پھل کےمانند؛ میوہ نما؛ ثمرآسا؛ ثمری ۔(۲) (شراب) انگور مزہ ؛ خوش ذائقہ ۔ (۳) اچھی قسم کا ؛ انتہائی موثر ؛ پُر اثر ؛ دل چسپ یا قابل لطف اندوزی ؛ رس دار ؛ رسیلا ؛ دل کش ۔ (٤) انتہائی شیریں ؛ جذباتی ؛ تاثراتی ؛ شربتی ۔ (٥) (عامیانہ) دیوانہ ؛ آشفتہ ؛ شوریدہ ؛ سودائی ؛بے دماغ ؛ جس کا ذہنی توازن درست نہ ہو ۔(٦) بول چال ؛ ظریف ؛ بذلہ سنج ؛ پر مزاح ؛ افترا پرداز ۔ (۷) ہم جنسوں سے رغبت رکھنے والا ۔

Frumentaceous : (a) [late L.frumentaceus+-ous.] گیہوں یا دوسرے اناجوں کی مثل یا اُن کی فطرت کا ؛ گندمی؛ مثل گندم؛ (نباتیات)حُبوباتی؛ گندمی ۔

Frumentarious : (a) [L. frumentarius+ous.] (شاذ) غلّہ جات کا یا اُن سے متعلق ؛ حُبوبی ۔

Frumentation : (n)[L.'frumentationem'.] (قدیم روما) غلّےیا اناج کا عوامی عطیہ ۔

Frumenty/Frumety : (n) [ME.'frumentu'.] بغیر بھوسی کے گیہوں جو دودھ میں اُبالے جاتے ہیں اور جن میں لونگ اور شکر ملا کر کھاتے ہیں ؛ ایک قسم کی مٹھائی ؛ دلیا ۔

Frump : (n) [Origin unkn.] (۱) (شاذ) پرانی وضع کی عورت بد قطع لباس پہنے ہوئے ؛ (مردوں کے) ۔ (۲) (بول چال) (جمع) اَزردگی؛ خفگی؛ اُداسی؛ روٹھنے کا عمل ؛ ناسازگاری ۔

Frump : (v) مضحکہ اُڑانا ؛ تمسخر کرنا ؛ طنز کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ فقرے کسنا ؛ طعنے دینا ؛ تحقیر کرنا ؛ استہزا کرنا ؛ توہین کرنا ۔

Frumper : (n) مضحکہ اُڑانےوالا؛ آوازہ کسنےوالا؛ طعنہ زن ؛ تمسخر کرنے والا ؛ توہین کرنے والا ۔

Frumpish : (a) (۱) پرانی وضع کا ؛ بد قطع ؛ مضحکہ خیز ؛ تمسخر انگیز ۔(۲) (عام محاورے میں) چڑ چڑا ؛ بد مزاج ؛ ترش رو ۔

Frumpy : (a) چڑ چڑا ؛ بد مزاج ؛ ترش رو ؛ نیز بد قطع ؛ بدلباس ؛ بد وضع پوشاک والی (عورت) ۔

Frush : (n) [OF.fruis,'frois'.] ٹکڑے ؛ ریزے ؛ کرچیاں ؛ پارے ؛ پُرزے ؛ ناتراشیدہ ٹکڑے ۔

Frush : (n) [Origin unkn.] (بول چال) گھوڑے کےسُم کے بیچ ایک نرم لچکدار (سینگ جیسا) مادہ ؛ نیز قلاع جو گھوڑے کے سُم کے بیچ میں ہو جاتا ہے ۔

Frush : (a) [Sc.] (۱)(اسکاٹستانی اور بول چال) قابل شکست؛ ٹوٹنے والا ؛ پھوٹک ؛ کڑا ؛ بےلوچ ؛ خشک ؛ یابس ؛ نازک ؛ کم زور ؛ جلد خراب ہو جانے یا آسانی سے ٹوٹ جانے والا ۔(۲) نرم ؛ بودا ؛ جو مضبوط نہ ہو ؛ ناپائدار ۔

Frush : (v) [OF.'fruissier'.] (تاریخ) (تیروں میں لگے پروں کو) سیدھا کرنا ؛ سُلجھانا ؛ درست کرنا ۔

Frustative : (a) محروم کن ؛ مایوس کن؛ نااُمید کردینے والا؛ مانع ہونے والا ؛ مزاج والا ؛ روکنے والا ؛ ہمت پست کردینے والا ؛ ہرادینے والا ؛ مات دینے والا ؛ شکست دینے والا ؛ باطل کر دینے والا ؛ توڑ دینے والا ۔

Frustrate : (a)[L'frustratus'.] (۱) محروم ؛ مفلس ؛بےنصیب ؛ خالی (شاذ) ۔ (۲) بے اثر ؛ ناکام ؛ بےنتیجہ ؛ بےتاثیر ؛ ٹوٹا ہوا ؛ کالعدم کیا ہوا ۔(۳) (اُمید) بھولی ہوئی ؛ چھوڑی ہوئی ؛ باطل ؛ شکستہ ؛ ٹوٹی ہوئی یاتو بیکار ؛ بےنتیجہ ؛ لاحاصل ۔ (طب) ناکام ؛ خنثیٰ ؛ ناکام انقباض ۔

Frustrate : (v) [L.f.'frustra'.] (۱) محروم کرنا؛ روکنا؛ توڑنا ؛ توڑ کرنا ؛ ہرانا؛ شکست دینا ؛ مایوس کرنا ؛ راینگاں کرنا ؛ نا اُمید کرنا؛ ناکام کرنا ؛ بے اثر کرنا (شاذ) ۔(۲) بے اثر کرنا ؛ اثر کو باطل کر دینا (مخالف اثر کے ذریعہ) دفعیہ یا توڑ ؛ سد باب یا روک تھام کرنا؛ مزاحمت کرنا ؛ کاٹ کرنا (تریاق وغیرہ یا کسی مخالف عمل سے) اثر کم کرنا ؛ نرم کر دینا؛ معتدل کرنا ؛ باطل کر دینا ؛ موقوف کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا ۔(۳) بے کار کر دینا ؛ بے سود یا بے فائدہ بنا دینا ؛ مات کرنا ؛ ہرانا ؛ شکست دینا ؛ پسپا کر دینا ۔

Frustration : (n) [L.frustrationem.] محرومی ؛ شکست ؛ پسپائی ؛ ہار؛ ناکامی؛ رکاوٹ ؛ روک؛ مایوسی؛ مفلسی ؛ بے نوائی ؛ محتاجی ؛ نا اُمیدی ؛ یاس ؛ (سماجیات) محرومیت ؛ (فلسفہ) احساس نامرادی ۔

Group frustration : (سماجیات) گروہی محرومیت ۔

Frustration-aggression theory : (n) (فلسفہ، تعلیمات) نظریہء نامرادی و جارحیت ۔

Frustration tolerance : (فلسفہ ، تعلیمات) برداشت نامرادی ۔

Frustule : (n) [late L.frustulum'.] ایک نہایت باریک آبی پودے (جو صرف خُردبیں سےنظر آتا ہے) کا خول صوف البحر (ڈائیاٹم Diatom) ؛ دو ضمامی یا دو صدفی خول یا صدف اور جو کچھ اُس کے اندر ہوتا ہے ؛ (نباتیات) کائی خول ۔

Frustulose : (a) (نباتیات) کائی خول دار ؛ ریزہ دار ۔

Frustum : (n) [L.] (۱) مخروطی ؛ ناقص ۔(۲) (عموماً) حصہ ؛ ٹکڑا ؛ پارہ ؛ پرزہ (شاذ) ۔(۳) (ہندسہ) مقطوع ؛ مخروط مقطوع ؛ ہرم مقطوع ۔

Frutage : Fruitage کی متروک شکل ۔

Frutescence : (n) جھاڑی کی شکل یا اُس کی خاصیت ؛ جھاڑی نما ہونے کی حالت یا خاصیت ۔

Frutescent : (a) (نباتیات) جھاڑی کی خاصیت کا ؛ جھاڑی نما ؛ جھاڑی نما بن جانے والا ؛ جھاڑی کی طرح ہو جانے والا ؛ جھاڑی کی شکل یا خاصیت کا ۔

Frutex : (n) [L.] (نباتیات) جھاڑ ؛ جھوٹا درخت یا پودا؛ بوٹا؛ وہ پودا جس کا تنا درخت جیساہو لیکن قد بوٹا (درخت سے چھوٹا) ہو ۔

Fruticose : (a) [L.'fruticosus'.] (۱) جھاڑی نما (دھاتیں یا جمادات) جو ظاہری شکل میں جھاڑ نما ہوں ۔ (۲) جھاڑی کی خاصیت کا ؛ چوبی ؛ ڈنٹھلوں والا ۔

Fruticous : دیکھو Fruticose

Fruticulose : (a) دیکھو Fructiculose

Fruticulus : (نباتیات) جھاڑچی ۔

Frutify : (v) (مہمل لفظ) ایک مضحکہ خیز فاش غلطی جو جاہلوں سے ہوتی ہے ؛ اس کے معنی Fructify کے ساتھ خلط ملط ہو گئے ہیں ۔

Fry : (n) [ON. frib, freb,froe'.] (۱) (انسان کا) بچہ ؛ کسی شخص کے بچے یا اُس کا گھرانہ ؛ (شاذ) بچہ ۔ (۲) مچھلیوں کے بچے انڈوں سےنکلنے کےبعد ؛ (خاص کر) سالمن مچھلی جو اپنی عمر کے دو سال پورے کرلے ۔(۳) مادہ مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کاگچھا؛ بعض دوسرے جانوروں اور چھوٹی جنس کی مچھلیوں کے بچے جو بڑی تعداد میں پیدا ہوتے ہیں (مثلاً شہد کی مکھیاں اور مینڈک) ؛ (حیوانیات) ماہیچہ ۔ (٤) کم سن اور غیر اہم افراد ؛ چھوٹےلوگ ؛ حقیر اشخاص ؛ بےجان چیزوں کا تودہ ؛ انبار ۔

Fry : (n) [f. fry v.] (۱) تلا ہوا گوشت ۔(۲) جانوروں کے جسم کےاکثر حصے جو عموماً تل کر کھائے جاتےہیں ۔ (۳) تل کر بنائی ہوئی غذا یا کھانا؛ تلی ہوئی غذا ۔

I have other fish to fry : میرے درپیش دو سرا زیادہ اہم کام ہے ۔

Small fry : چھوٹے اور حقیر جاندار ؛ بچے وغیرہ ۔

Fry : (v) [L.'frigere'.] (۱) چربی میں تلنا ؛ تلنا ؛ کسی اُتھلے برتن میں روغن کےساتھ آگ پرپکانا۔ (۲) (شاذ) تلا جانا؛ چربی یا روغن میں تلا جانا یا پکایا جانا ۔

To fry a faggot : (۱) ایک ہی وقت میں بہت سارے کام لے بیٹھنا ۔ (۲) بیکارچیزں کےپیچھےروپیہ اوروقت برباد کرنا؛ گونٹھے میں گھی سُکھانا ۔

To fry in one's own grease : اپنے آپ کو زندہ جلانا ؛ (مجازاً) اپنے کئے کی سزا پانا ؛ اپنی حماقت کے تکلیف دہ نتائج بھگتنا ۔

Fryer/Frier : (n) (۱) مچھلی تلنے والا ؛ مچھلی تلنے کا برتن ؛ روغن میں پکانے والا ۔ (۲) (جمع) تلی جانے والی مچھلیاں ۔

Frying : (n) تلنے کا عمل ؛ تلنے والا ؛ تڑتڑاہٹ ۔

Frying-pan : (n) [ME.] لمبے دستے والا ایک کھُلا برتن جو عموماً لوھے یا المونیم کا ھوتا ھے اور جس میں چیزیں تلی جاتی ہیں ؛ تابہ ؛ ماہی تابہ ؛ کڑھائی ؛ تلنے کا برتن ۔

From frying -pan in to fire : کڑھائی سے نکل کر آگ میں ؛ ایک مصیبت (شکل ، بلا) سے نکل کر بدترمصیبت میں مبتلا ھوجانا ؛ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا ۔

Fuage : (n) Feuage کا متبادل ؛ چولہا ٹیکس ؛ چولہے یا چمنی کا ٹیکس ۔

Fub : Fov (v) کا متبادل ۔

Fubly : (a) ناٹا اور موٹا ؛ چوکھونٹا ؛ چوکور ؛ پست قد اور مضبوط ۔

Fubsy : (a) [f. Fub(s+-y).] Fubly دیکھو

Fucaceous : (a) [mod.L. 'fucsceae'.] فوکیسیا گروپ کی سمندری گھاسوں کا یا ان سے متعلق ۔

Fuchsia : (n) [mod.L. f. Leonlard Fuchs (16th c.)] ایک جھاڑی نماپودا جس کے پھول گچھے کی طرح لٹکتےہیں؛ زمین کی جھکے ھوئے پھولوں والی و آرائشی جھاڑوں کی ایک قسم ؛ اس قسم کا پودا ؛ نیز توصیفی معنوں میں؛ گل گوشوارہ ؛ گل آویز ؛ فیوشا ۔

Fuchsine : (n) ایک قسم کا نمک جسے پانی میں ملانے سے ایک گہرا سرخ سیّال رنگ تیار ھوتا ھےجو رنگنے کے کام آتا ھے ۔

Fucivorous : (a) [L.'fucus±-vorus'.] بحری گھاس کھا کر بسر کرنے والا ؛ (حیوانیات) کائی خور ۔

Fuck : (v)[Origin unkn.] (بازاری) (کسی کے ساتھ) ہم بستر ھونا؛ مباشر ھونا ؛ جفت کرنا ؛ ہم بستری کرنا ؛ مباشرت کرنا؛ جفتی کرنا ؛ جماع کرنا ؛ مجامعت کرنا ؛ (کسی کو) ہم بستر کرنا ؛ مباشرت کرنا ۔

Fucoid : (a) (۱) سمندری گھاسوں کا یا اُن سے مشابہ ۔ (۲) ایسی سمندری گھاسوں کے ارتسامات یعنی اُن کے مماثل نشانات (سے متصف رکھنے والا) ؛ (نباتیات) سوار نما ۔

Fucoid : (n) (۱) Fucacese گروپ کی بحری گھاس ۔ (۲) ان گھاسوں کے مشابہ کوئی متحجر سمندری پودا ۔

Fucoidal : (a) بحری گھاسوں کے ارتسامات یا ان سے مشابہ نشانات سے متصف ۔

Fucus : (n) سمندر کی ایک گھاس جس کی پتیاں چپٹی اور چمڑے کی طرح ھوتی ہیں ؛ (نباتیات) عشب البحر ؛ خس بحری ۔

Fud : (n) [Origin unkn.] (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) کولہا ؛ پٹھا ؛ سرین ؛ چوتڑ ۔ (۲) خرگوش کی دُم ۔ (۳) (اون بافی) اون کی چھاٹن ۔

Fudder : (n) [Ger.'fuder'.] (شراب کا) بڑا پیپا جو پہلے بطور پیمانہ رائج تھا ؛ (شراب کے دو سو باون (۲۵۲) گیلن کے برابر) ؛ حوض یا ٹب جس میں شراب کا خمیر اُٹھایا جاتا ھے ۔

Fuddle : (n) (۱) (عامیانہ اور سوقیانہ) میخواری کا ایک دور ۔ (۲) نشہ ؛ حالت نشہ ؛ انتشار حواس ۔ (۳) سر شاری ؛ مدھوش ؛ مخموری ؛ سُکر ؛ متوالاپن ؛ بد مستی ۔ (٤) حالت نشہ ؛ حالت سرشاری ؛ حالتِ کیف و مستی ۔

On the fuddle : میخواری کا ایک دور ؛ وہ حالت جبکہ مسلسل کوئی شخص پیتا رھے ۔

Fuddle : (v) [Origin unkn.] (۱) شراب کا دور چلانا ؛ شراب پینا؛ مئےنوشی کرنا؛ بہت تیز شراب کا عادی

ہونا؛ بلا نوش ہونا ؛ مزے لے لے کر شراب کے جام پر جام چڑھانا ؛ پی کر دھت ہونا ؛ برابر پیئے جانا ۔(۲) شراب پلا کر ابتر کر دینا ؛ ابتر کر دینا ؛ بد حواس کر دینا ؛ مخمور کرنا ؛ مست کرنا(شراب پلاکر) ۔(۳) (مجازاً) مدھوش کر دینا؛ مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا ؛ درہم برہم کر دینا ؛ بےترتیب یا گڈمڈ کر دینا ؛ پریشان کرنا ؛ خلط مبحث کر دینا ؛ بد مست کر دینا ؛ نشے میں لانا؛ مست یا بیخود کر دینا ؛ والہانہ جوش پیدا کرنا ۔

Fuddler : (n) بلا نوش ؛ بہت تیز شراب کاعادی ؛ تیز شراب کثرت سےپینے والا ۔

Fuddy-duddy : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ) پرانی وضع کا شخص ؛ پرانے فیشن کا آدمی ؛ ایک بیکار؛ بےاثر قدامت پسند شخص ؛ پرانے خیالات اور طرز کا آدمی ؛ ایسا آدمی جو زمانہء موجودہ کے خیالات اور طریقوں سے مانوس نہ ہو (بہت پیچھے ہو) نیز توصیفاً یا بطور صفت ۔

Fudge : (n) [Origin unkn.] (۱) لغویت ؛ بے معنی باتیں ؛ بکواس ؛ گپ ؛ فضول گفتگو ؛ بیہودہ گفتگو ؛ حماقت ؛ لایعنی باتیں ؛ مہمل یا فضول چیز ؛ ذلیل یا قابل نفرت بات ۔(۲) سازش ؛ گھڑا ہوا قصہ؛ بناوٹی کہانی ؛ دروغ بافی؛ حیلہ گری ؛ فریب ؛ دغا ؛ غلط بیانی ؛ مکر ؛ مکاری ۔ (۳) کسی اخبار کی «مزید خبر» جو لمحہ آخر میں شامل صفحہ کی گئی ہو ؛ آخرین ۔ (٤) دودھ ، چینی ، چاکلیٹ وغیرہ سے بنی ہوئی نرم دانہ دار مٹھائی ۔

Fudge : (interj.) واہیات ؛ مہمل ؛ لغویات ؛ مہملات ؛ لایعنی ؛ فضول ؛ بکواس ۔

Piece of fudging : فریب کاری ؛ حیلہ گری ۔

Fudge : (n) جوڑ ؛ ملاوٹ ؛ پیوند کاری ۔

Fudge : (v) [Origin doubtful.] (۱) بھونڈے پن سے ملانا یا جوڑنا ؛ بےتکی پیوند کاری کرنا ۔(۲) جوڑنا ؛ ملانا ؛ پیوند لگانا ؛ بے ڈھنگے طور سے پیوند لگانا ؛ بد دیانتی، بے ایمانی سے شامل کرنا ؛ منافقانہ ساتھ دینا ؛ لیپ پوت کر قابل قبول بنانا ؛ جوڑ جاڑ کر تیار کرنا ؛ فرضی حساب تیار کر دینا ؛ جعلی بنانا ؛ فرضی کھاتے تیار کرنا ؛ ملونی کرنا ؛ بلا اجازت یا دھوکا یا چالاکی سے آمیزش کر دینا ؛ (کوئی بُری خبر) ناقص اور خراب چیز کو اچھی چیز بتاکر دینا؛ اسی طرح دھوکا دینا ؛ نقلی چیز تھوپنا ۔ (۳) توقع پر پورا اُترنا ؛ حسب توقع ہونا ؛ مراد بر آنا؛ بچ کر نکل آنا ؛ بچ نکلنا ؛ الگ ہونا ؛ نیز باہر نکل آنا ۔(٤) نہانی جوڑنا ؛ لغو یا بیہودہ گفتگو کرنا ؛ لایعنی بنانا ؛ قصہ گھڑنا ؛ اس قسم کی ترکیبیں اختیار کرنا ؛ بکواس کرنا (عامیانہ) جھوٹ بولنا ؛ دروغ بافی کرنا ؛ جھوٹی خبریں پہنچانا ۔

To fudge a day's work : روز مرّہ کے تجربے پر مبنی قاعدے سے جہاز کے مقام کو دریافت کرنا ۔

Fuel : (n) [L.'focalia'.] (۱) ایندھن ؛ جلاون ؛ سوخت ؛ آگ ؛ جلانے کا سامان ؛ جلانے کی لکڑی ؛ کوئلہ سوخت ؛ دھماکوں کے لئے آتش گیر مادے ۔ (۲) (مجازاً) جذبات کو بر انگیختہ اور مشتعل کرنے والی چیز ؛ غیظ آور یا اشتعال انگیز بات ؛ انگیزہء خشم ۔(۳) (a کے ساتھ ، جمع میں) ایک قسم کا جلاون ۔(٤) مواد غذائی ؛ غذا؛ خوراک ؛ تغذیہ ؛ اغذیہ ؛ جسے جذب یا ہضم کر کے جسم میں توانائی پیدا کرتا ہے ۔ (٥) ایٹمی توانائی پیدا کرنے والی چیزیں ؛ نیوکلیائی ریکٹر میں استعمال ہونے والی انشقاق پذیر شے ۔(٦) تقویت ؛ تجدید قویٰ ؛ تقویت رسانی ؛ کمک رسانی ؛ تجدید نیرو ۔ (کیمیا) وقود ؛ ایندھن ۔ (۷) (نیو کلیائی سائنس) ایک قسم کا مادہ جو نیوکلیائی ری ایکٹر میں منبع توانائی یا ذریعہء توانائی کے طورپر استعمال کیاجاتا ہے؛ وہ مادہ جو کسی خودگیر مسلسل ردعمل کا معاون ہوسکتا ہو ۔

Mineral fuel : (کیمیا) معدنی ایندھن ۔

Fuel : (v) [f.prec. n.] (۱) آگ کو ایندھن دینا ؛ بھڑکانا ؛ آگ میں ایندھن جھونکنا ؛ ایندھن کرنا؛ آگ بہم پہنچانا (ادبی اور مجازی) ؛ آگ فراہم کرنا ؛ ایندھن تیار کرنا ۔(۲) ایندھن لینا ؛ ایندھن پانا ؛ تیل ، کوئلہ وغیرہ لینا ۔(۳) تقویت پہنچانا ؛ دستگیری کرنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ کفیل ہونا ؛ پرورش کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ مدد ہونا؛ محرک ہونا؛ ابھارنا؛ اکسانا؛ تیز کرنا؛ جان ڈالنا ؛ متہیج کرنا ۔

Fuel cycles : (n) دوراتِ وُقود ۔

Fuel-economizer : (n) انجن یا بھٹی میں ایندھن بچانے کی کی ایک ترکیب یا آلہ ۔

Fuel gas : (n) ایندھن کی طرح استعمال ہونے والی گیس ۔

Fuel oil : (n) (کیمیا) ایندھن کا تیل ؛ سوختنی تیل ؛ فیول آئل ۔

Fuel tank : (n) تیل کی ٹنکی ؛ فیول ٹنکی ۔

Fuel technology : (n) (کیمیا) ایندھن کی تکنالوجی ۔

Fueller : (n) (اب شاذ) آگ کے لئے ایندھن مہیا کرنے والا ؛ ایندھن دینے والا (نیز مجازاً) ۔

Fuff : (n) (۱) (خاص کر اسکاتستانی) ہَوا کا جھونکا ؛ تیز ہَوا کا جھونکا ؛ ہَوا کا جھکڑ ۔ (۲) بلی کی پھنکار ؛ ہلکا سا جھونکا ؛ سانس ؛ دَم ؛ کش ۔ (۳) ہلکا جھونکا ؛ ہلکا سا دھماکہ ؛ بھاپ ؛ دھونی ؛ بخارات ؛ خوشبو یا بدبودار تبخیر ؛ باہر کا سانس ؛ بھاپ ؛ بھپکا ؛ فاسد یا زہریلے بخارات (جن کی نسبت خیال ہے کہ معدے سے دماغ کی طرف اٹھتے ہیں) ؛ پانی کے بخارات؛ تیزابوں کے ابخارات یا بھاپ ۔

Fuff : (v) [echoic.] (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) پھونک مارنا؛ پھونکنا؛ دھواں اڑانا؛ دھواں یا ہَوا نکالنا ؛ ہانپنا ؛ سانس چڑھنا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھنا ؛ بے دم کر دینا ؛ پھُلانا ۔ (۲) (بلی یا شیر وغیرہ کا) پھنکار مارنا؛ غرّانا؛ غرغرانا ۔ (۳) (تمباکو کی نلی) پھونکنا ؛ دھواں اڑانا یا خارج کرنا ۔

Fuffy : (a) (۱) (اسکاتستانی اور بول چال) سبک اور نرم ؛ ہلکا اور ملائم ۔ (۲) غصے میں بھرا ہوا ؛ جھلایا ہوا ؛ خفا ؛ جھونکا دار ؛ ہَوا کے بلبلے چھوڑنے والا ؛ کھدبد کرنے والا ؛ جوش بھرا ۔

Fug : (n) [Etym. obsc.] کمرے میں اُمس ؛ گھٹن ؛ کثافت ؛ بند اور بد بو دار ہونا ؛ کونوں میں جمع شدہ جالے اور گرد ؛ دم گھُٹتا ہوا ماحول ؛ نامطبوع ہوا ۔

Fug : (v) کمرے میں اُمس کا ٹھہرنا ؛ گھُٹن ہونا؛ بدبو کرنا ؛ متعفن کرنا ؛ بدبو ہونا ۔

Fugacious : (a) [L.fugaci-, fugak.] (۱) عارضی ؛ فانی ؛ ناپائدار؛ چندروزہ؛ جلد گزرنے والا ۔ (۲) کافور ہوجانے والا ؛ جلد مٹنےوالی ؛ نہ معلوم طریقے پر ہَوا ہوجانے والا ۔ (۳) جو مشکل سے قبضہ میں رکھا جاسکے؛ پکڑا جاسکے، یا روکا جاسکے؛ سریع الزوال ؛ جلد پژمردہ ہونے والا ؛ بخار بن کر اُڑجانے والا ؛ طیار ؛ (نباتیات اور حیوانیات) جلد گرنے والا ؛ زود ریز ؛ جلد سوکھنے والا ؛ پہلے مرجھا جانے والا ؛ پہلے کمھلانے والا ؛ جلد چھوڑ دینے والا ؛ جلد نکال دینے والا ؛ جلد دور کرنے والا ؛ زود فنا ؛ فنا پذیر ۔

Fugaciously : (adv.) عارضی طور پر ؛ ناپائداری کے ساتھ ؛ فنا کے طور پر؛ سریع الزوال انداز میں ؛ جلد مٹتےہوئے؛ کافورہوتے ہوئے؛ فناپذیرطور پر ۔

Fugaciousness : (n) ناپائداری ؛ فنا ؛ فنا پذیری ؛ سریع الزوالی ؛ زود ریزی ۔

Fugacity : (n) [f.as prec.] عارضی پن ؛ زود گذری ؛ فراری ؛

Fugacity : (n) [f. as prec.] عارضی ؛ فانی ؛ ناپائدار ؛ چندروزہ ہونے کی صفت ؛ عدم استحکام ؛ بےثباتی ؛ ناپائداری ؛ بے استقلالی ؛ تلوّن ؛ سیماب وشی ؛ شوخی ؛ طیاری ؛ فوراً بخار بن کر اُڑجانے کی خاصیت ؛ (کیمیا) فراریّت ۔

Fugal : (a) [f.Fugue+-al.] (۱) (موسیقی) کثیر الصوتانہ ؛ (نغمہ نگاری) نغمہ نگاری کا یا اُس کی صفت اور خصوصیت کا ۔ (۲) (طب) (دماغی) ازخودرفتگی کا یا اس سے متعلق ازخودرفتہ ۔

Fugally : (adv.) کثیر الصوتانہ طریقے سے ۔

Fugato : (adv.) [It. 'fugato'.] کثیر الصوتانہ (نغمہ نگاری) طریقے سے (لیکن پوری نغمہ نگاری کی شکل میں نہیں) ۔

Fugato : (n) اس اسٹائل میں ترتیب دی ہوئی موسیقی ۔

Fuge : (suffix.) (لاحقہ) بمعنی بھگا دینا ؛ بھاگنے پر مجبور کر دینا؛ دافع ؛ گریز ۔

Fuggy : (a) بدبودار ؛ متعفن ؛ جالے اور گرد بھرا ہوا ؛ بند اور دم گھٹتا ہوا ۔

Fugie : (n) [Origin unkn.] (اسکاتستانی اب تاریخ) نہ لڑنے والا مرغا؛ مقابلے سے بھاگ جانےوالا مرغا؛ بھگیڑو ؛ فراری ؛ مفرور ؛ بھاگا ہوا؛ (لہٰذا بزدل ، ڈرپوک) ۔

Fugie-warrant : (n) قرض دار کے خلاف جاری کیا گیا وارنٹ (جو اس حلفیہ اطلاع پر جاری کیا جاتا ہے کہ مقروض بھاگنا چاہتا ہے) ۔

Fugitive : (n) (۱) خطرے ، دشمن ، انصاف یا اپنے آقا سے بھاگنے والا ۔ (۲) جگہ بہ جگہ مارا مارا پھرنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ خانہ بدوش ؛ سرگرداں ؛

آوارہ ؛ جہاں گشت ؛ نیز اس طرح پھرنے والے چھوٹے جانور ۔ (۳) تارک الوطن ؛ پناہ گیر ؛ ملک بدر؛ دیس نکالا ۔ (٤) بھاگنے والا یا گرفت سے نکل جانے والی چیز ؛ بے قابو چیز ، جو قبضہ میں نہ رہ سکے ؛ پرّاں یا اُنی جانی شے ؛ وقتی اور عارضی دل چسپی کی چیز ۔ (٥) رنگائی کا ایک ہلکا رنگ ؛ اُس رنگ سے رنگی ہوئی کوئی چیز؛ عارضی ؛ پرّاں (قانون) مفرور (سیاسیت) پناہ گیر ۔

Fugitive : (a) [L.'fugitivus'.] (۱) مفرور ؛ گریز پا ، ناپائدار؛ بھاگتا ہوا؛ مائل بہ فرار؛ اڑتا ہوا؛ رواں ؛ پرّاں؛ عارضی ۔ (۲) جلد پژمردہ ہوجانے والا ؛ جس کا رنگ جلد اُڑجائے ؛ یک روزہ ؛ چندروزہ؛ سریع الزوال ۔ (۳) (شاذ) بہاپ بن کر اڑجانے والا ؛ طیّار ۔ (٤) جابجا پھرنے والا؛ خانہ بدوش؛ سیلانی ؛ سرگرداں ؛ آوارہ گرد ؛ مارامارا پھرنےوالا ۔ (٥) (ترکیبں) (کبھی کبھی انشاء پردازوں کی) وقتی؛ عارضی ؛ بے ثبات ؛ حسب موقع ۔

Fugitive from justice : (n) فراری مجرم ؛ جو سزا سے بھاگتا ہو ؛ (تاریخ) مفرور ؛ بھاگا ہوا ۔

Fugitive soldier : (n) (تاریخ) مفرور سپاہی ۔

Fugitive warrant : (n) فراری مجرم کا پروانۂ گرفتاری ۔

Fugitively : (adv.) مفرورانہ انداز میں ؛ فراری کی طرح ؛ آوارہ گردی سے ۔

Fugitiveness : (n) فرار ؛ فراریت ؛ پریدگی ؛ گریز پائی ؛ ناپائداری ؛ آوارہ گردی ؛ خانہ بدوشی ؛ سرگردانی ؛ جہاں گردی ۔

Fugitivism : (n) خانہ بدوشی ؛ آوارہ گردی ؛ جہاں گردی ؛ فراریت ؛ حالت فرار ؛ پریدگی ؛ ناپائداری ۔

Fugle : (v) [f.fugle man.] پلٹن کے سامنے کھڑے ہو کر خود قواعد کر کے سپاہیوں کو قواعد کرانا یا سکھانا ؛ رہنما یا ہادی کی حیثیت سے کام کرنا ؛ ہدایت کاری کرنا؛ اشارے کرنا؛ اشاروں کے ذریعہ ہدایت دینا یا رہنمائی کرنا (ادبی اور مجازی) ۔

Fugle man : (n) [Ger.'flugelmann'.] (۱) وہ سپاہی جو پلٹن کے سامنے کھڑا ہو کرخود قواعد کر کے سپاہیوں کو قواعد کرائے یا بتائے ۔ (۲) منتظم؛ لیڈر ؛ رہنما ؛ نمائندہ ۔

Fugue : (n) [L.'fuga'.] (موسیقی) نغمہ نگاری (کثیرالصوت نغمہ) کی ایک قسم؛ (موسیقی) مکالمی نغمہ نگاری ؛ فراریہ ؛ کثیر الصوت نغمہ جو ایک یا زیادہ موضوعات یا خیالات پر ترکیب دیاگیا ہو؛ (طب) فرار؛ (طب دماغی) ازخودرفتگی ۔

Double fugue : دو موضوعات پر ترکیب دیا ہوا نغمہ جس میں دونوں موضوعات ساتھ-ساتھ شروع ہوتے ہیں ۔

Fugue : (v) کثیر الصوت نغمہ ترکیب دینا یا انجام دینا ۔

Fuguist : (a) ایک یا زیادہ موضوعات یا خیالات پر مبنی کثیر الصوت نغمے کو ترتیب دینے والا ۔

Fuhrer/Fuehrer : (n) [G.] جرمنی کے حکمراں کی حیثیت سے اڈالف ہٹلر کے اختیار کئے ہوئے خطاب (Fuhrer und Reichskanzler) کا ایک جزو ۔

-ful : (اصل میں Full تھا) ۔ (۱) (لاحقہ) جب مفہوم بھرا ہوا یا مملو ہو مثلاً "beautiful" خوب صورتی سے مملو ؛ خوب صورت؛ حسین ۔ (۲) جب یہ لاحقہ افعال کے ساتھ ملتا ہے تو "مائل بہ لائق" یا عادی کے معنی دیتا ہے اردو میں کبھی کبھی اس کی جگہ "ناک" بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے مثلاً mourn ful بہ معنی غم ناک ، اندوہناک ۔ (۳) جب خصوصیات اور خاصیت کی طرف اشارہ ہو مثلاً Direful خطرناک ، خوفناک ۔ (٤) جب مقدار یا تعداد کی طرف اشارہ کیا جائے مثلاً "Cupsful" پیالہ بھر 'hand ful' منھی بھر ؛ قلیل ۔

Fulcra : Fulcrum کی جمع ۔

Fulcraceous : (a) f.Fulcrum+-Aceous.] (نباتیات) پودوں کے فلسوں یا گوشکوں کا یا اُن سے متعلق ۔

Fulcrate : (a) (نباتیات) ورقہ دار ؛ فلس دار ؛ گوشک دار ؛ لاحقہ دار؛ فلسوں یا گوشکوں سے تقویت یا سہارا دیا ہوا ۔

Fulcre : Fulcrum کا مبتادل ۔

Fulcrum : (n) [L.] (۱) نصاب ؛ ٹیک ؛ چوٹی ۔ (۲) وہ نوک جس پر کمانی رکھی جاتی ہے جس پر وہ گھومتی ہے یا جو اس کو سنبھالتی ہے ۔ (۳) وہ ذریعہ جس سے اثر ڈالا جائے ۔ (٤) (نباتیات) درخت یا پودے کے لاحقات مثلاً ورقہ ، فلس ، گوشک وغیرہ ؛ لاحقہ ۔ (٥) (ماہیات) (جمع) صاف اور

چمکیلے فلسوں والی بیشتر مچھلیوں کے پروں کی اندرونی شعاعوں پر چھوٹی استخواں پیکر فلسوں کی منظم قطار ۔

Fulfil : (v) [OE. fullfyllan.] (۱) تکمیل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تسکین دینا ؛ ایفا کرنا ؛ وفا کرنا (پیشن گوئی یا خواہش کو) ۔ (۲) قبول کرنا (دعا کو) ۔ (۳) تعمیل کرنا (قانون کےحکم کی) ۔ (٤) پابندی کرنا (شرائط کی) ۔ (٥) ختم کرنا ؛ مکمل کرنا (زمانہ کو یا کام کو) ۔ (٦) تسلیم کرنا ؛ ماننا (شرائط) ۔ (۷) مطلب براری کرنا؛ مقصد براری کرنا ۔ (۸) بہم پہنچانا؛ پورا کرنا ؛ فراہم کرنا؛ مہیا کرنا ؛ کمی کو پورا کرنا ۔ (۹) بھرنا ؛ لبریز کرنا ؛ بھردینا ۔

Fulfiller : (n) تکمیل کرنے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ قبول کرنے والا ؛ تعمیل کرنے والا ؛ پابندی کرنے والا ؛ تسکین دینے والا ؛ ختم کرنے والا ؛ مقصد براری کرنے والا ۔

Fulfilment : (n) تکمیل ؛ تعمیل ؛ قبولیت ؛ پابندی ؛ اتمام ؛ انجام ؛ اختتام ؛ سر انجام؛ ایفا؛ مقصد براری ؛ فراہمی ؛ بہم رسانی؛ (فلسفہ ، تعلیمات) تسکین ؛ اتمام ؛ ایفا ۔

Fulgent : (a) [L.fulgentem,fulgere.] (شعر ، فصاحت ، بلاغت) تاباں ؛ چمک دار ؛ براق ؛ چمکیلا ؛ درخشاں ؛ درخشندہ ؛ تیز چمکنے والا ؛ منور ؛ مجلّا ؛ نورانی ؛ جگمگا تا ہوا ؛ ضیا بار ؛ نورپاش ؛ ضوفشاں ؛ روشن ؛ شوخ ؛ بھڑک دار ۔

Fulgently : (adv.) تاباں یا منورطور پر؛ درخشاں اندازمیں؛ ضیا بار انداز میں ؛ ضو فگن ہو کر ؛ چمک دار اور بھڑکیلے انداز میں ۔

Fulgentness : (n) تابانی ؛ درخشاں ؛ نور ؛ چمک دمک ؛ ضوفشانی ؛ ضیاباری ؛ نور پاشی ؛ روشنی ؛ تجلّی ؛ تنویر ؛ بھڑکیلا پن ؛ شوخی ۔

Fulgid : (a) [L.'fulgidus'.] (۱) برق پاش ؛ منور ؛ تاباں ؛ مجلّی ؛ روشن ؛ درخشاں ؛ ضوفگن ؛ ضیابار ؛ نورپاش؛ شوخ؛ چمکیلا؛ بھڑک دار۔ (۲) (فطری تاریخ) شوخ ؛ آتشیں سرخ ۔

Fulgidity : (n) برق پاشی ؛ نور افشانی ؛ تجلی ؛ تابانی ؛ روشن ؛ درخشانی؛ شوخی ؛ چمک دمک ؛ بھڑ کیلاپن ۔

Fulgor/Fulgour : (n) [L.fulgor.] (متروک) تیز ؛ چمک دار یا برق پاش روشنی ؛ چکا چوند کرنے والی چمک؛

تابانی؛ خیرہ کن روشنی ؛ بہت تیز اور چوندھیا دینے والی روشنی یا آب وتاب ؛ حیران کن چمک دمک (نیز مجازاً) ۔

Fulgorous : (a) (شاذ) روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ فرزاں ؛ منور ؛ چمک دار ۔(ادبی اور مجازی معنوں میں) ۔

Fulgurant : (a) [L.fulgurantem.] برق آسا ؛ خیرہ کرنے والا ؛ برق پاشی کی طرح چوندھیا دینےوالا ؛ بجلی سی چکا چوند پیدا کردینے والا ؛ لامع ۔

Fulgurate : (v) [L.fulgurat.] بجلی کی طرح چکا چوند کر دینے والی روشنی خارج کرنا ؛ برق پاشی کرنا ۔

Fulgurating : (a) بجلی کی طرح چکا چوند کر دینے والی روشنی خارج کرنے والا؛ برق پاش ؛ نور پاش ؛ بجلی نما؛ لامع (طب) ٹیس دار ؛ شدید ؛ (مجازاً) بجلی کی طرح جسم میں برچھی سی چبھونے والا (درد) ۔

Fulguration : (n) [L.'fulguratinnem'.] (۱) تجلّی ؛ برق پاشی ؛ تنویر ؛ نور پاشی ؛ ضیا پاشی ؛ لمعہ ؛ لمعان ؛ ضو افگنی ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ تابندگی ؛ (کیمیا) بھڑک ؛ بجلی چمکنے یا بجلی سا چمکنے کا عمل ؛ خیرہ کن چمک دمک ؛ خاص کرجمع میں بجلی کی کوند (اب عموماً مجازی معنوں میں مستعمل ہے) ۔ (۲) (پرکھ جانچ میں) کٹھالی میں تپا کر یا گلا کر خالص بنا لینے کے بعد سونے یا چاندی میں پیدا ہو جانےوالی چمک دمک یا رنگ ؛ (طب) برقی خشکاؤ ۔

Fulgurite : (n) [L.fulgurt.] (۱) (طبقات الارض) چٹانی مادہ جو بجلی سے پگھل گیا ہو؛ ریتیلی زمین میں بجلی کے گرنے سے جو نلکی کی طرح راستہ بن گیا ہو ؛ بجلی نلیاں ؛ بجلی زدہ مادہ ۔ (۲) ایک قسم کا آتش گیر مادہ جو موتے یا کھردرے زمینی نشاستہ دار مادے کے ساتھ ملی ہوئی نائیٹروگلیسرین پرمشتمل ہوتا ہے ۔

Fulgurous : (a) برق آسا ؛ بجلی نما ؛ لامع ؛ شرارہ مانند ؛ منوّر ؛ متجلّی ؛ پُر نور ؛ پُر ضیا ؛ تابدار ؛ بجلی سے بھرا ہوا (نیز مجازاً) ۔

Fulham : (n) [Origin doubtful.] وہ پانسہ جس کے اندر کوئی دھات بھر کر اس کو ایک طرف سے بھاری کردیتے ہیں تاکہ جب پھینکا جائے تو اسی رخ گرے جدھر بھاری ہو ؛ پانسہ میں دھوکہ بازی کی ایک مشہور ترکیب ۔

Fulham palace : (n) لندن کے بشپ کی سرکاری قیام گاہ (لندن میں) ۔

Fuliginosity : (n) [F. fuliginosite.] سیاہی ؛ کالک ؛ دھوئیں سے کالا ہونے یا کالک سے بھرا ہونے کی حالت یا صفت ؛ تاریکی ؛ مجازاً کثافت ۔

Fuliginous : (a) [L.fuliginosus.] (۱) جس میں دھواں بھرا ہو؛ جو دھوئیں سے کا لا ہو گیا ہو (مکان یا کمرہ) دھوئیں کی سیاہی یا کالک سے متعلق ، اُس پر مشتمل ، اس کے مشابہ یا اُس سے مملو ؛ دھوئیں سے کالا ؛ کالک سے بھرا ہوا ؛ سیاہ ؛ تاریک ؛ سیاہی مائل ؛ دودی ؛ خاکی سیاہ (مزاحاً) دھوئیں یا کالک سے کالا کیا ہوا ؛ (مجازاً) کثیف ۔ (۲) (خاص کر فطری تاریخ) دھوئیں کے رنگ کا ؛ دھواں رنگ ؛ سیاہی مائل ؛ دود اُسا ؛ دود رنگ ؛ (کسی قدر) دھندلا یا تاریک ۔

Fuliginously : (adv.) دود زدہ انداز میں ؛ سیاہی مائل یا کالک زدہ طور پر ؛ دود رنگ ہو کر ؛ دھندلے طور پر ۔

Fuliginousness : (n) سیاہی ؛ کالک ؛ دود رنگی ؛ دود زدگی ؛ دُھندلاپن ۔

Fuligo : (n) [L.] کالک ؛ دھوئیں کی سیاہی ؛ کلونس (دھوئیں وغیرہ کی) ۔

Full : (a) [OE.full.] (۱) پورا بھرا ہوا؛ بقدرانتہائی گنجائش کے بھرا ہوا ؛ ملبّب ؛ لبالب ؛ معمور ؛لبریز ؛ مملو ؛ کامل ؛ تمام ؛ جامع ۔ (۲) (مجازاً) بے انتہا جذبات سے پُر ؛ پُر از جذبات ؛ جذبات سے لبریز (خاص کر دل) ۔ (۳) حامل کثیر ؛ نہسا ہوا؛ لب بہ لب بھرا ہوا ۔ (٤) (غیرمادی معنوں میں) مالا مال ؛ پُر افراط ؛ بھر پور ۔ (٥) جذب کئے ہوئے یا منجذب (اب صرف of کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ فرورفتہ ؛ مجذوب ؛ مستغرق ۔ (٦) شکم سیر ہو کر کھائے یا پئے ہوئے ۔ (۷) وافر ؛ کثیر ؛ بہ افراط ؛ تشفی بخش ؛ کافی ؛ اطمینان بخش ؛ خاطر خواہ ؛ حسب دل خواہ ؛ حسب توقع ؛ تسکین بخش ؛ معقول ؛ معتدبہ؛ تفصیل میں مکمل یا جامع ۔ (۸) کامل؛ تمام؛ کل ؛ پورا پورا؛ مکمل؛ تام؛ بالکل ؛ قطعی؛ بہر طور تشفی بخش ۔ (۹) (تعداد ، مقدار ، جسامت یا وسعت میں) مکمل ؛ کامل ۔ (۱۰) (چاند کےلئے) پوری طرح روشن ؛ کامل ۔ (۱۱) (چہرے یا سامنے کے حصے کےلئے) دیکھنے والے کو پوری طرح نظر آنے والا ۔ (۱۲) (کسی مجلس، محفل وغیرہ کےلئے) جس میں تمام اراکین موجود ہوں یا محض چند ایک غیر حاضر ہوں ۔ (۱۳) انتہائی یا پوری قوت والا ؛ پوری طاقت بنانے والا یا لگا ئے ہوئے ؛ گول جسم والا ؛ بھرا بھرا ؛ گداز ؛ موٹا تازہ ؛ اُبھرا ہوا؛ پھولا ہوا ؛ فراخ؛ وسیع ؛ (مجازاً) نمایاں ؛ جاذب توجہ ۔ (۱٤) (لباس کا کوئی حصہ) جس میں یا جہاں بہت سا کپڑا یکجا یا تہ بہ تہ ترتیب دیا ہوا ہو ۔ (۱٥) (جہاز رانی) ہَوا سے بھرا ہوا (بادبان)؛ ہَوا سے بھرے ہوئے بادبانوں والا (جہاز) ۔

A full man : بھر پور ذہنی صلاحیت رکھنےوالا شخص یا آدمی؛ انتہائی عقل مند؛ دانا؛ علم داں؛ عالم ؛ ماہر ؛ انسان کامل ۔

A full meal : پیٹ بھر کھانا ؛ غذا ئے کامل ۔

A full pulse : تیز نبض ۔

A full stomach : پُر شکم (اب انسان کے متعلق مستعمل نہیں) ۔

At full length : زمین پر دراز ۔

At (the) full : مکمل طور پر؛ کاملاً ؛ بہ حالت شباب؛ بھرپور توانائی یا قوت کی حالت یا لمحے میں ؛ اوج پر ۔

Give full details : پوری تفصیلات پیش کر و ۔

He is very full on this point : اس مسئلہ پر اس نے بہت وسعت و جامعیت سےبحث کی ہے ۔

Hit him full on the nose : ٹھیک اُس کی ناک پر مارا ۔

I know it full well : اچھی طرح ، بخوبی ؛ پوری طرح جانتا ہوں ۔

In a full house : بھرے مکان (یا جلسہ) میں جس کے اراکین کی بڑی تعداد موجود ہو ۔

In full : پوری وسعت میں ؛ کاملاً ؛ تمام و کمال ؛ بہ تفصیل ؛ پوری اور بھر پور مقدار میں ؛ زمین پر دراز ؛ پوری لمبائی میں ۔

In full of : تشفی بخش طور پر ۔

Keep her (i, e. the ship) full : (جہاز کو) پوری رفتار میں چلنے دو یا چلاؤ ۔

وہ کھلاڑی جو دوسرے کھلاڑیوں کے پیچھے ہر اُس پوزیشن سے کھیلتا ہے؛ نیز توصیفی معنوں میں۔

Full bastion : (n) (تاریخ) پورا برج۔

Full bench : (n) (قانون) کامل اجلاس۔

Full bodied : (a) بھر قرنبیق؛ پوری قرنبیق بھر (شراب)؛ گداز جسم؛ موٹا تازہ؛ فربہ اندام؛ گول جسم والا؛ توندیلا۔

Full-blood : (a) (۱) (بھائی بہن) ایک ہی والدین کے؛ سگا؛ حقیقی۔ (۲) خالص یا غیر مخلوط نسل کا۔

Full-blooded : (a) (۱) سگا؛ حقیقی۔ (۲) خالص یا غیر مخلوط نسل کا؛ اصلی۔ (۲) (مجازاً) قوی؛ تنومند؛ توانا؛ پر جوش؛ جنبیلا؛ کثیر الدم؛ پُر خون۔

Full bloodedness : (n) (۱) اصلیت؛ یگانگی؛ سگا ہونا؛ خالص نسل کا ہونا۔ (۲) قوت؛ توانائی۔

Full blown : (a) ہَوا بھرا ہوا؛ پھونک کر ہَوا بھرا ہوا؛ پھُلایا ہوا (ادبی اور مجازی)۔

Full blown : (a) پورا کھلا ہوا؛ پوری طرح شگفتہ؛ بہ حالتِ شباب؛ مکمل، کامل (ادبی اور مجازی)۔

Full blown dignity : (n) بڑھی چڑھی شان وشوکت؛ تمکنت۔

Full-bottom : (n) بالوں کی ٹوپی یا سر پر لگانے کے مصنوعی بال جو پیچھے سے دراز ہوتے ہیں۔

Full-bottomed : (a) (۱) بالوں کی ٹوپی (یا سر پر لگانے کے مصنوعی بال) پیچھے سے (پشت گردن کی جانب)۔ (۲) (جہاز رانی) لمبے سامان کو ڈھونے کے لئے بنے ہوئے (جہاز)۔

Full breasted : (a) سینہ بھر؛ بھر پور؛ گداز سینے والا؛ گول اور اُبھرے ہوئے سینے والا۔

Full brother/- sister : (n) سگا بھائی؛ سگی بہن۔

Full brimmed : (a) لبریز؛ لبالب؛ کورتک بھرا ہوا؛ بھرا ہوا۔

Full butt : (a) (بندوق کا نشانہ) سیدھا؛ اُفقی؛ بہ خط مستقیم؛ افقی سمت میں؛ (مجازاً) صاف صاف؛ صاف لفظوں میں۔

Of the full blood : صحیح النسل (بخلاف دوغلا)؛ نجیب الطرفین۔

The full of moon : ماہ تمام؛ بدر؛ وہ وقت یا حالت جب چاند پورے طور پر روشن ہوتا ہے؛ پورا چاند۔

To make full : (لباس کو) فراخ اور پھیلا ہوا بنانا؛ گھوم دار بنانا۔

To the full : انتہا تک؛ حدتک؛ بہ حدکمال؛ آخرتک؛ براوجِ تمام؛ کاملاً؛ مکمل طور پر؛ پورے طور پر۔

Turned it full account : اس سے پورا فائدہ اتھایا۔

Waited a full hour : پورا ایک گھنٹہ انتظار کیا۔

Full : (n) (۱) بھرا ہوا یا لبالب ہونے کی حالت؛ لبریزی؛ معموری۔ (۲) کامل رسد؛ تشفی بخش رسد؛ کافی مقدار (شاذ)۔ (۳) پوری وسعت یا حد؛ کامل گنجائش؛ پوری رقم یا مقدار؛ کمال؛ تکمیل؛ اکملیت؛ کاملیت؛ جامعیت؛ کثرت؛ افراط؛ وفور؛ کفایت؛ معقولیت؛ شکم سیری؛ گولائی؛ گدازپن؛ موٹاپا؛ فراخی؛ وسعت (شاذ)۔ (٤) انتہائی بلندی؛ معموریت؛ قوت یا مضبوطی کا نقطہ؛ عرصہ یا حالت۔ (٥) (کسی موسم یا مہینے کا) وسط، اوج؛ عروج۔

Full : (adv.) (۱) کاملاً؛ بہت؛ بسیار؛ درست؛ نہایت؛ بےحد؛ پورے طور پر؛ بالکل۔ (۲) (سمت یا جگہ) ٹھیک؛ درستُ؛ سامنے؛ سیدھے؛ بہ خط مستقیم؛ صاف؛ بے خطا؛ (نشانے پر)۔

Full : (v) [ME. fullen, f. 'full.a.] (۱) پُر کرنا؛ جمع کرنا؛ بھرنا۔ (۲) (لباس سازی) پلیٹ دینا؛ چُنٹ دینا؛ کپڑے کو تہ بہ تہ جمانا یا ترتیب دینا۔

Full : (v) [OF.fuler.] کپڑے کو صاف یا دبیز کرنے کے لئے پیٹنا یا پاؤں سے کچلنا؛ (لہٰذا) صاف اور دبیز بنانا (کپڑے کو)۔

Full age : (n) سنِ بلوغ؛ جواں سالی؛ اکیس سال کی عمر۔

Full and by : (جہاز رانی) ہَوا کے رُخ پر۔

Full as an egg : انڈے کی طرح بھرا ہوا؛ بھر پور؛ جس میں ذرا بھی خالی جگہ نہ ہو؛ معمور۔

Full -back : (n) (فٹ بال) فُل بیک؛ میدان میں دوسرے بیک کھلاڑیوں کے پیچھے کی پوزیشن یا مقام اور

Full capacity savings : (n) (تجارت) بیشترین بچت ۔

Full centre arch : (n) نصف دائروی محراب ؛ نیم مدور محراب ؛ ۱۸۰° قوس ۔

Full circle : (adv.) مکمل دائروی شکل میں ؛ مکمل قرص کی صورت میں ۔

Full cost pricing : (n) (تجارت) لاگتی قیمت ۔

Full coverage : (n) (تجارت) کل حفاظتی بیمہ ۔

Full cream : (a) بغیر بالائی اتارے ہوئے دودھ کا ، اس سے بنا ہوا یا اس پر مشتمل ۔

Full cry : (n) بھر پور آواز ؛ بھر پور احتجاج ۔

Full daylight : (n) دن کی پوری روشنی ؛ دن چڑھے ۔

Full dress : (n) وہ لباس جو خاص تقریبوں میں پہنا جاتا ہے ۔

Full dress debate : (n) ایک رسمی مباحثہ جس میں دونوں جانب سے اہم تقریریں ہوتی ہیں: پارلیمنٹ یا کونسل وغیرہ میں وہ مباحثہ جس کا تعین پہلے سے کیا جا چکا ہو (جو محض اتفاقیہ طور پر شروع نہ کیا گیا ہو) ۔

Full-dress rehearsal : (n) کسی تھیٹر یا دوسرے جلوس یا تقریب وغیرہ کے مراسم کو امتحاناً وقت سے پہلے انجام دینا جس میں وہی لباس وغیرہ پہنا جاتا ہے جو اصل تقریب یا تماشہ کے وقت پہنا جانے والا ہو ۔

Full employment : (n) (تاریخ) پورا روزگار؛ (تجارت) مکمل روزگار ۔

Full equilibrium : (n) (تجارت) مکمل توازن ۔

Full face : (n) پورا چہرہ جو دیکھنے والے کے بالکل سامنے ہو ۔

Full-faced : (a) (۱) گول چہرے والا ؛ کتابی چہرے والا ؛ بھرے بھرے یا گداز چہرے والا (خصوصاً) ۔(۲) کسی خاص سمت میں یا دیکھنے والے کی طرف پورا رخ کئے ہوئے ؛ رو بہ رو (ہونا اس طرح کہ پورا چہرا نگاہوں میں آجائے) ۔

Full fain : (adv.) (شاعری) پوری خوشی سے ؛ بہ کمال مسرت ؛ بہ کمال رضامندی ۔

Full flavoured : (a) بھرپور خوشبو والا ؛ تیز خوشبو والا (خصوصاً سگار) ؛ نیز مجازاً ۔

Full flood/-sea/-tide : (n) (ادبی اور مجازی) پانی کی انتہا بلندی یا اُس وقت کو جب پانی انتہائی بلندی پر ہوتا ہے، ظاہر کرنے والا ۔

Full front : (n) بالکل سامنے ہونا ؛ اس طرح کہ پورا چہرہ نگاہوں میں آجائے ۔

Full gallop speed : (n) پوری رفتار ؛ پوری دلکی ۔

Full-grown : (a) پختہ ؛ کامل ؛ پکا ہوا ؛ پوری طرح بالیدہ ؛ بالغ ۔

Full-hearted : (a) (۱) گہرے محسوسات سے متحرک ؛ سرگرم ؛ پُر شوق ؛ باہمت ؛ با دلاوری ؛ باجرأت ؛ با اطمینان کا مل ؛ پُرجسارت ؛ پُراعتماد ؛ بےباک ۔(۲) (کام میں) پُرشوق اور پرجوش ؛ پُرانہماک ؛ پُر از احساسات ؛ جذبات سے بھرا ۔

Full house : (a) (۱) کوئی جلسہ یا اجتماع جس میں اراکین یا سامعین سے پوری عمارت بھری ہو ۔ (۲) پوکر (تاش کے ایک کھیل) میں ایسا ہاتھ جس میں ایک ہی طرح کے تین پتے ہوں اور ایک پیئر (Pair) ۔

Full interest admitted : (a) (تجارت) کل مفاد تسلیم شدہ ۔

Full length : (n) (۱) کسی چیز کی پوری لمبائی ؛ وسعت یا پھیلاؤ ۔(۲) قد آدم ؛ پورا قد ۔

A full length : قد آدم ؛ پوری شبیہ ؛ پوری شکل ؛ پورا مجسمہ ۔

At full length : پوری وسعت کے ساتھ ؛ کامل طور پر ؛ زمین پر دراز ۔

Full length figure : (n) پوری تعداد ۔

Full length protrait : (n) قد آدم تصویر ؛ پورے جسم کی تصویر ۔

Full moon : (n) [OE.] (۱) پورا چاند ؛ بدر کامل ؛ چودھویں کا چاند ؛ ماہ کامل ؛ ماہ تمام ؛ پورا چاند ۔ (۲) وہ وقت جب چاند پورے طور پر روشن ہوتا ہے ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Full-membership : (n) رکنیت کامل (مع تمام حقوق رکنیت کے) ۔

Full-mouthed : (a) (۱) (مویشی) جن کے پورے دانت ہوں ؛ (کتے) جو بہت بلند آواز سے بھونکتے ہیں ۔ (۲) پُرزور آواز یا گفتگو؛ پُرصدا؛ پُرزور صدا ۔ (۳) (خطاب وتقریر) جو گونجنے والی آواز اور زورشور سے کی جائے ۔

Full of himself/-of his subject : اپنے یا اپنے موضوع کے لئے خیالات میں اس قدر محو کہ سوا اس کے کوئی دوسری بات ہی نہ کرتا ہو ۔

Full of vitality : (n) قوت و توانائی رکھنے والا ۔

Full of years and honours : عمر اور عزت دونوں سے بھرپور (عمر بھی طویل پائی اور اعزاز بھی بہت حاصل کیا) ۔

Full orbed : (a) (شاعری) مکمل طور پر روشن (چاند) ؛ ماہِ کامل : بدر ؛ نیز مجازاً ۔

Full paid stock : (n) (تجارت) ادا شدہ اسٹاک ۔

Full pay : (n) پوری تنخواہ ۔

Full point/-stop : (n) وقفۂ کامل ؛ نقطۂ کامل ؛ وقف لازم (تحریر و عبارت میں) وقف کی علامت ۔

Full powers (for signing treaties) : (n) (تاریخ) اختیارات کُلّی ۔

Full reporting clause : (n) (تجارت) کل اطلاعی دفعہ ۔

Full sail : (n) پوری رفتار (جہاز کی) ۔

Full scale : (a) (۱) اصل جسامت، سائز یا مقدار کے مماثل یا برابر ۔ (۲) کُل ؛ مجموعی ؛ مکمل ؛ کامل ۔

Full seamark : (n) جوار کی انتہائی حد ۔

Full sentence : (n) (لسانیات) جملہ تمام ۔

Full sight : (n) شست یا نشانہ جس میں بندوق کا اگلا حصہ پچھلے حصے میں بنے گڈھے کے اندر پورے طور پر نظر آجاتا ہے ۔

Full stock : (n) (تجارت) کل اسٹاک ۔

Full-summed : (a) (۱) (شاہین بازی) جوان ؛ جس کے پرو بال مکمل طور پر نشو ونما پاچکے ہوں ۔ (۲) (مہمل استعمال) پورے طور پر بالیدہ، ترقی یافتہ یا ارتقاء پذیر ؛ پورے طور پر تربیت دیا ہوا ؛ کامل کیا ہوا ۔

Full summer : (n) گرمی کے موسم کا عروج ؛ وسط گرما ۔

Full swing : (n) پوری قوت ؛ پوری سرگرمی زور و شور ۔

Full term : (n) پورے دن کا؛ پورے دنوں کا (بچہ) جو زمانۂ حمل کی پوری مدت رحم مادر میں گذار چکا ہو ۔

Full time : (n) کام کے مجموعی گھنٹے ؛ توصیفی معنوں میں ایسا کام جو پورا وقت مشغول رکھے (دوسرے کاموں کے لئے وقت نہ مل سکے) ۔

Full time job : (n) (تجارت) کل وقتی کام ۔

Full-timer : (n) کل وقتی طالب علم ؛ وہ بچہ جو اسکول کے پورے وقت میں اسکول میں حاضر رہتا ہے (بخلاف وقتی طالب علم جو صرف آدھے دن تک اسکول میں رہتا ہے) ۔

Full to the brim : کناروں تک بھرا ہوا ؛ لب بہ لب ؛ مُلبّب ؛ لبریز ۔

Full to overflowing : لبریز ؛ چھلکنے کے قریب ؛ اتنا بھرا ہوا کہ چھلک جائے ۔

Full up : (بول چال) پورے طور پر بھرا ہوا ؛ بالکل بھرا ہوا ۔

Full waverectification : (n) (طبیعیات) مکمل لہرسمت کاری ۔

Fuller : (n) [OE. fullere'.] (کپڑے کو) صاف کرنے اور دبیز بنانے والا : دھوبی ؛ (فلزیات) شُیار ؛ پچکانی ؛ کل سنبہ ۔

Fuller : (n) (۱) (سوہار) نالی دار سانچہ یا آلہ جس پر لوہے کی مختلف شکلیں بناتے ہیں ۔ (۲) وہ نالیاں جو اس آلے سے (خصوصاً گھوڑے کے نعل میں) بنائی جاتی ہیں ۔

Fuller : (v) نالی دار آلے سے ٹھپّا لگانا ؛ گھڑنا ؛ (بول چال) (سوتی کپڑے پر) آرائشی پلیٹیں یا لہریں بنانا ۔

Fuller's clay : (n) دیکھو Fuller's Earth

Fuller's earth : (n) (۱) الومینیا کا آب دار سلیکیٹ جو کپڑا دھونے کے کام آتا ہے ؛ فلر مٹی ؛ شور دار ریتا جو اکثر شکر صاف کرنے اور کپڑا دھونے اور صابن بنانے کے کام آتا ہے ۔ (۲) (ارضیات) زمینی پرتوں کا وہ گروپ جس میں ریہ ہوتی ہے ۔

Fuller's grass/-herb/-weed : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Fuller's teazel/-thislte : (n) (۱) گوکھرو ؛ چندپودے جن کے سروں پر گوکھرو کے سے گچھے ہوتے ہیں اور وہ کپڑے پر رواں اٹھانے کے کام آتے ہیں ؛ ولایتی گوکھرو ۔ (۲) وہ آلہ جس سے کپڑے پر رواں اٹھاتے ہیں ۔

Fuller's thorn : (n) دیکھو Fuller's teazel

Fulleyed : (a) گول اور اُبھری ہوئی آنکھوں والا ؛ بھر پور آنکھوں والا ؛ شرابی آنکھوں والا ؛ مست یا مخمور آنکھوں والا ۔

Fulling : (n) پٹك کر اور دھوکر کپڑے کو صاف کرنے اور دبیز بنانے کا عمل ؛ نیز کپڑے کو دبیز کرنا ۔

Fulling-mill : (n) ایک مشین جس میں کپڑے رولر سے دبا کر اور صابن یا ریہ سے دھوکر صاف اور دبیز کئے جاتے ہیں ۔

Fullish : (a) تقریباً پورا مکمل ؛ عروج پر ؛ بلند ۔

Fullness/Fulness : (n) (۱) بھرا ہوا یا لبا لب ہونے کی حالت یا صفت ؛ لبریزی ؛ معموری ؛ حالت تکمیل ؛ کمال ؛ اکملیت ؛ جامعیت ؛ افراط ۔ (۲) کثرت سے یا پُر افراط طور پر کسی چیز کا حامل ہونے کی حالت ؛ بھرا ہوا ہونے کی حالت ؛ وہ تمام چیز یں جو بہ افراط یا بھر پور ہوں ۔ (۳) سریلاپن ؛ زور ؛ کَثرت ؛ شوخی (رنگ اور آواز کی) ۔

The fullness of the heart : (انجیل) دل کے جذبات اور سچے محسوسات ۔

The fullness of time : (۱) مقررہ یا معہودہ وقت ۔ (۲) (کتابیات میں) زبان ؛ مخصوص اور معینہ وقت ۔

The fullness of the world : دنیا میں جو کچھ ہے وہ سب ؛ دنیا و مافیہا ۔

Fully : (adv.) [OE.fullice.] پوری طرح ؛ بغیر کسی کمی کے ؛ بالکل (جہاں تعداد کا ذکر ہو)؛ کاملاً ؛ تمام ؛ بدرجہء اتم ؛ پورے طور پر ؛ سب کا سب ؛ پورا پورا ؛ بجا طور پر ؛ درست انداز میں ؛ ٹھیك ٹھیك ؛ قطعاً ؛ صریحاً ؛ جچے تُلے انداز میں ؛ صحیح طور پر ؛ باقاعدگی سے ؛ کلیتاً ؛ سراسر ؛ پورے معنوں میں ؛ یقیناً ؛ فی الجملہ ؛ مجموعی طور پر ۔

(To eat) fully : حد سے زیادہ (کھالینا) ؛ خواہش سے زیادہ (کھانا)؛ شکم سیر ہوکر یا انتہائی حدتك (کھانا) ۔

Fully fashioned : (a) (زنانہ موزہ) جو پاؤں میں بالکل درست آتا ہو ۔

Fulmar : (n) [Origin doubtful.] چھوٹی مرغابی کے برابر ایك سمندری پرندہ ۔

Fulmar petrel : (n) دیکھو Fulmar

Fulminancy : (n) بجلی کی طرح چمکنے، کڑکنےیا گرجنے کی خاصیت ۔

Fulminant : (a) [L.fulminantem.] بجلی کی طرح چمکنے والا ؛ رعد آسا ؛ پھٹنے والا ؛ گرجنے والا ؛ صاعقہ انداز ؛ (طب) (مرض) جو یکایك بڑھ جائے ؛ اچانك بڑھ جانے والا؛ خاطف؛ ناگہانی (مرض) ۔

Fulminant : (n) بجلی کی طرح چمکنے یا کڑکنے والی چیز یا بات ؛ رعد آسا پھٹنے یا گرجنے والی چیز یا کڑکا؛ بجلی ؛ رعد ؛ برق ؛ صاعقہ ؛ دھماکہ ؛ تڑخنے والا یا بھك سے اُڑجانے والا ؛ (شاذ) ۔

A fulminant disease : بلائے ناگہانی ۔

Fulminant plague : (n) (طب) مہلك طاعون ۔

Fulminate : (n) [f. Fulmin (ic+-ate.] (کیمیا) فل مینك ایسڈ کا ایك کیمیائی مرکب جو تصادم، رگڑ یا حرارت پاکر بھڑك اُٹھتا ہے ؛ ایك قسم کا آتش گیر مرکب ۔

Fulminate : (v) [L.fulminat-,fulminare.] (۱) بجلی کی طرح چمکنا؛ تڑاقے یا دھماکے کے ساتھ پھٹنا ؛ کڑکے کی طرح نکلنا ؛ بجلی کی طرح تیز چمك پیدا کرنا؛ برق پاش ہونا یا برق پاشی کرنا ؛ تجلی پیدا کرنا؛ نورافگنی کرنا۔(۲) (عموماً سرکاری طورپر کسی کےخلاف) الزامی اعتراضات شائع کرنا؛ کلیسائی الزامات یا ملازمتوں کی گھن گرج کا نشانہ بنانا ۔ (۳) (یورپ وغیرہ کی) ملامت یا مذمت کرنا؛ اظہارناراضی کرنا؛ بُری طرح پھٹکار یا لعن طعن کرنا؛ شدت سے بُرا بھلا کہنا؛ (کیمیا) تڑاقے سے پھٹنا۔(٤) (مجازاً) شدت اور زور شور کے ساتھ ملامت کرنا؛ الزام لگانا ؛ زجر و توبیخ کرنا؛ (ملامت آمیز) مضامین شائع کرنا ۔

Fulminating : (a) (بجلی کی طرح کڑکنے اور گرجنے والا) (مجازاً) زجر و توبیخ کرنے والا ؛ ملامت یا مذمت کرنے والا ؛ الزامات یا اعتراضات شائع کرنے والا ؛ (خاص کر) پھٹ پڑنے والا ؛ پھٹنے والا ؛ بھک سے اُڑجانے والا ؛ تڑخنے یا کڑکنے والا ؛ شدید دھماکہ خیز ؛ زور دار دھماکہ پیدا کرنے والا؛ (کیمیا) دھماکو ؛خاطف ؛ رعد سا ۔

Fulminating gold/-mercury platinum/-silver : مختلف دھاتوں کے پھٹنے والے مختلف کیمیائی مرکبات یا فل منک ایسڈ کی نمکیات جو تصادم ، رگڑ یا حرارت سے پھٹ پڑتے ہیں ۔

Fuliminating powder : (n) باروداپُر زور دھماکہ خیز سفوف ؛ (ابتداء شورہ ، القلی اورگندھک کاایک آتش گیر یا دھماکہ خیز مخلوط ؛ اب اس کا اطلاق اُن دھماکہ خیزسفوفوں پر ہوتا ھے جن میں پارے کا رنگ خاص طور پر شامل رہتا ھے ؛ (کیمیا) تڑاقے سے پھٹنے والا سفوف؛ بھڑک دار سفوف ۔

Fulmination : (n) [L. fulminationem.] (۱)رعدو برق کی چمک ، کڑک؛ تجلی ؛ تنویر ؛ گرج ۔(۲) دھماکہ خیزی ؛ دھماکے کے ساتھ اڑنے یا پھٹ پڑنے کا عمل ؛ پُر زور دھماکہ ؛ کلیسائی ملامت یا مذمت کا اجرا ۔ (۳) ملامت ؛ الزام ؛ اعتراضات؛ تہدید شدید ؛ (کیمیا) دھماکا ؛ انفجار ۔

Fulminatory : (a) [F. fulminatoire.] (مجازاً) شدید ملامت ؛ الزام یا اعتراض کے ساتھ ؛ تہدید آمیز ؛ ملامت آمیز ؛ تہدیدی ؛ ملامتی ؛ مذمّتی ؛ دھمکی آمیز ؛ تنبیہی ؛ بجلی سی گھن گرج پیدا کرنے والا ۔

Fulmine : (v) [L.fulminate.] (۱) (شاعری) بجلی اور گرج پیدا کرنا؛ چمکنا ؛ برق پاشی کرنا ۔ (۲) اس شدت کے ساتھ کچھ کہنا یا کرنا گویا بجلی چمک رہی ھے یا بادل گرج رہا ھے ؛ گرج دار آواز میں کہنا یا ڈانٹنا ؛ تنبیہ کرنا یا دھمکی دینا؛ زجر وتوبیخ کرنا ۔

Fulmineous : (a) [L.'fulmineus'.] رعد و برق سے متعلق ؛ بجلی یا کڑکے سے متعلق ۔

Fulminic : (a) [L.fulmin-+.ic.] بعض دھاتوں کے ساتھ مل کر دھماکہ خیز مرکبات یا نمکیات بنانے والا (ترشہ)۔

Fulminic acid : (n) (کیمیا) ایک تیزاب $(C_2 H_2 H_2O_2)$ جس کو بعض دھاتوں کے ساتھ ملا کر ایک آتش گیر مسالہ بنا یا جاتا ھے ؛ فل منک تیزاب ۔

Fulminous : (a) رعد و برق کا یا ان سے متعلق ؛ گرجنے والا ؛ چمکنے والا ؛ کڑکنے یا تڑخنے والا ؛ پھٹنے والا ؛ دھماکہ خیز ؛ رعدی ؛ رعد نما ۔

Fulminurate : (n) (کیمیا) فل مینورک ایسڈ کا نمک ۔

Fulminuric : (a) (کیمیا) سیافورک ایسڈ کا ساتھ مساوی التناسب کیا ھوا ۔

Fulminuric acid : (n) سیافورک ایسڈ کے ساتھ مساوی التناسب کی ھوئی تیزاب $(C_3 H_3 N_3O_3)$ ۔

Fulness : دیکھو Fullness

Fulsome : (a) (۱) بے مزہ کرنے والا ؛ اکتا دینے والا (ضرورت سے زیادہ خوشامد، نیاز مندی، مبالغہ آمیز محبت کی وجہ سے) ؛ بہت نفرت پیدا کردینے والا ۔ (۲) مکروہ؛ نفرت انگیز؛ بدمذاق (زبان، طرز ، اسلوب برتاؤ وغیرہ) خاص کر کسی زیادتی یا توازن کی کمی سے ۔

Fulsomely : (adv.) نفرت انگیز خوشامد یا مبالغہ کے ساتھ مکروہ طور پر ؛ بدمذاقی سے ۔

Fulsomeness : (n) بد مذاقی ؛ نفرت انگیزی ؛ کراہت ۔

Fulvescent : (a) کسی قدر گندمی ؛ نسبتاً زرد ۔

Fulvid : (a) [med. L.'fulvidus.] سرخی مائل زرد ؛ گندمی ؛ گندم گوں ؛ ہلکا زردی مائل بھورا ۔

Fulvous : (a) [L. fulvous'.] دیکھو Fulvid

Fulwa : (a) [Bengli'phulware.] ایک قسم کےدرخت سےنکالا ھوا ٹھوس، مکھن جیسا تیل ۔

Fumacious : (a) [L.'fumare'.] تمباکو نوشی کا بےحد شوقین ۔

Fumade : (n) [Sp.'fumado'.] ایک قسم کی مچھلی جس کو دھوئیں سے پکایا گیا ھو ؛ ماہی دودی ۔

Fumage : (n) [med. L.'fumagium.'] (تاریخ) چولہے اور آتش دان پر لگایا ھوا محصول یا ٹیکس جو پہلے انگلینڈ اور ویلز کے ہر چولہےیا آتش دان پر دو شلنگ سالانہ کےحساب سےلگایا جاتاتھا ۔

Fumant : (a) [F. f.'fumer'.] (نقابت) مخرج دود؛ مخرج بخار؛ بھاپ یا دھواں خارج کرنے والا ؛ چمنی ۔

Fumarate : (n) فومیرک ایسڈ کا نمک ۔

Fumaric acid : (n) ایک قسم کا تیزاب ($C_4H_4O_4$) جو Molic ایسڈ کو عنصر مانی سے محروم کر کےبنایا جاتا ھے ؛ (کیمیا) فومیرك تیزاب ۔

Fumarin : (mod. L.'fumaria'.] (کیمیا) ایک قسم کے پودے فیومتری میں پایا جانے والا ایک نامیاتی عنصر جو تیزاب سے مل کر نمك ہو جاتا ھے ۔

Fumarole : (n) [F.'fumerolle'.] آتش فشاں پہاڑ کے دہانےمیں ایک رخنہ یا درز جس سے بخارات خارج ہوتے ہیں ؛ دھواں نکلنے کا رخنہ یا سوراخ دھواں نکلنے کی چمنی یا دودکش ۔

Fumator/Erronfumitory : (n) [L.type.'fumatorium'.] تمباکو نوشی یا کسی چیز کو دھونی دکھا کر وبائی مادوں سےصاف کرنے یا رنگنے کےلئے ایک مخصوص مقام یا کمرہ ؛ (کیمیا) دخان خانہ ۔

Fumble : (v) [L.'palme'.] (۱) ٹٹولنا؛ ہاتھ لمبے کرکےڈھونڈنا؛ چھونا ؛ بے ڈھنگے پن سے ہاتھ چلانا؛ اضطراری حالت میں کسی چیز کو پکڑنا یا چھونا ۔ (۲) بےترتیب انبار لگا دینا؛ سمیٹ کر گٹھری بنانا ؛ بھونڈے پن سے لپیٹنا ۔ (۳) (عامیانہ) جنسی طور پر نا اہل ہونا ؛ نا مرد ہونا ۔ (٤) بولنے میں جھجھکنا یا ہچکچانا ؛ منہ ہی منہ میں بولنا ؛ بڑبڑانا ۔

To fumble the ball : (کرکٹ) گیند کو صفائی سے لینے میں نا کام رہ جانا؛ بےطریقہ یا بے ڈھنگےپن سے پکڑنےیا روکنے کی کوشش کرنا ۔

Fumble : (n) اناڑی پن کی کوشش ؛ اندھے کی طرح ٹٹولنے یا اضطراری حالت میں کسی چیز کو پکڑنے کا عمل ؛ اشتباہ ؛ سہو ۔

Fumbler : (n) ٹٹولنے والا ؛ بے ڈھنگا ؛ ہاتھ کا اناڑی ؛ خام دست ۔

Fumbling : (a) (۱) ٹٹولنے والا ؛ (مجازاً) اناڑی ؛ بد سلیقہ ؛ بھونڈے پن سے کوئی کام کرنے والا ؛ گفتگومیں جھجھکنے والا ؛ منہ ہی منہ میں بات کرنے والا ۔ (۲) جنسی طور پر نامرد ؛ نا اہل ۔

Fumblingly : (adv.) اناڑی پن سے؛ بدسلیقگی سے؛ بھونڈے پن سے ؛ نا اہل طور پر ۔

Fume : (n) [L.'fumus'.] (۱) دھواں ؛ دخان ؛ دود ؛ (متروك) بودار دھواں ؛ دھونی ؛ بخور ؛ بخارات ؛ سانس ؛ پانی کے بخارات ؛ بھاپ ؛ فاسد ؛ (زہریلے) بخارات (جو معدے سے دماغ کی طرف اٹھتے ہیں) بخار معدہ ۔ (۲) (مجازاً) غصے کا دورہ ؛ جوش ؛ ہیجان ؛ غیظ و غضب ۔ (۳) ترشوں اور بھڑك اٹھنے والے مادوں سے نکلا ہوا دھواں یا بخارات ۔ (٤) (مجازاً) بے حقیقت ؛ بےبنیاد ؛ خیالی ؛ عارضی ؛ ناپائدار (چیز) ۔(٥) ذہن تك جا کر تمام صلاحیت لینے یا دھندلی کر دینے والی چیز ۔

In a fume : حالت غیظ میں ؛ غصے کی حالت میں

The fumes of wine : شراب کے بخارات ۔

Fume : (v) [L.'eumere'.] (۱) دھونی دینا ؛ بخورات سےمعطر کرنا؛ کیمیاوی بخارات (نوسادر وغیرہ کو) استعمال کرنا؛ (کسی چیز پر جو فوٹو کی پلیٹ پر اور بلوط کی لکڑی پر تیز رنگوں کو گہرا کرنے کےلئے استعمال کئے جاتے ہیں) ۔ (۲) (مجازاً) چڑچڑا ہونا ؛ تُند مزاج ہونا ؛ (کسی بات پر) خفا ہو جانا ؛ بگڑنا ۔(٤) دھواں یا بخارات نکالنا ؛ چھوڑنا یا اُن کا اوپر اٹھانا یا چڑھنا ۔(٤) (دھوئیں کا) نکلنا ؛ جاری ہونا؛ بلند ہونا ؛ گزرنا ؛ خارج ہونا ۔

Fume : (a) [F.] (۱) دھوئیں کے رنگ کا ؛ دھندلا (شیشہ) ۔ (۲) امونیا کی دھونی دی ہوئی (اوك کی لکڑی) ۔

Fume chamber : (n) دُخان خانہ ۔

Fumeless : (n) بودار دھوئیں یا بخارات سے خالی؛ بےجوش؛ سرد ؛ سرد مزاج ؛ جس کو غصہ نہ آتا ہو ؛ بےدخان ؛ بے دود ؛ بے دھواں ۔

Fumer : (n) (۱) بخوردہندہ ؛ دھونی دکھانے والا ۔(۲) چڑچڑا؛ تند مزاج ؛ غصہ ور ۔

Fumet : (n) [AF.f.'fumer'.] (متروك) ہرن کا فضلہ؛ مینگنی ۔

Fumify : (v) [L.'fumificare'.] دھونی دینا؛ بخارات کے ذریعہ وبائی مادے کو صاف کرنا ؛ ہَوا کو (یا کسی شے کو) دھواں دے کر صاف کرنا ۔

Fumigant : (n) [L.'fumigantem'.] دھونی دینے والا (شاذ) ۔

Fumigants : (n) (کیمیا) دخانیات ؛ دخانی اشیاء ۔

Fumigate : (v) [L.f.'fumus'.] (۱) دھواں دکھانا ؛ دھونی دینا ؛ خصوصاً دھواں دکھا کر وبائی اثر سے پاك کرنا ؛ بخارات کے ذریعہ وبائی جراثیم کو دور کرنا؛ ہوا کو (یا کسی شے کو) دھواں دے کرصاف کرنا ۔ (۲) بخورات سے معطر کرنا ؛

بسانا ؛ مہکانا ؛ خوشبو دار کرنا ۔ (۳) (اوک کی لکڑی کو) دھواں دکھا کر سیاہ کرنا یا گہرے رنگ کا بنانا ۔

Fumigation : (n) [L.'fumigationem.'] (۱) بو دار دھواں یا شعلہ پیدا کرنے کا عمل (خاص کر منتر پھونکنےمیں) ؛ جڑی بوٹیوں سے یا بخارات سے معطر کرنے کا عمل ؛ بخورات (جن سے ایسا دھواں نکلتا ھے) ۔ (۲) دھونی دینے کا عمل یا طریق عمل ۔ (۳) (طب) معالجی اثر پیدا کرنے یا وبائی اثرات سے پاک کرنے کےلئے دھونی دینے کا عمل ؛ اس عمل سے پیدا کئے ہوئے بخارات ؛ بخارات یا دھوئیں کے ذریعہ سے صفائی ؛ دھونی ؛ (طب) تدخین ؛ بھپارا ؛ دھونی ؛ بخور ۔

Fumigating appliance : (n) (کیمیا) دھونی دینے والا آلہ ۔

Fumigator : (n) دھونی دینےوالا ؛ دھواں دکھا کروبائی اثرات سے پاک کرنےوالا ؛ معطر کرنے والا ؛ (اوک کی لکڑی کو) دھواں دکھا کر سیاہ کرنے والا ؛ بخورات سے صفائی کرنے والا ؛ (طب) مبخرہ ؛ داخِن ؛ بخوردان ۔

Fumigatory : (a) دھونی دینے یا بخارات کے ذریعہ وبائی اثر سے پاک کرنے والا ۔

Fumigatory : (n) وہ سازو سامان جو دھونی دینے میں استعمال ہوتا ھے ۔

Fuming : (n) [f. fume.] (۱) دھونی دینے کا عمل ؛ دھوئیں یا بخارات کے ذریعہ وبائی اثرات سے پاک کرنے کا عمل ؛ بخورات سے معطر کرنے کا یا بسانے کا عمل ؛ دھواں یا بخارات خارج کرنے کا عمل (۲) (اوک کی لکڑی کو) امونیا کی دھونی دےکرسیاہ کرنے کا عمل تاکہ وہ دیکھنے میں پرانی معلوم ہو ۔ (۳) (تصویر کشی) بیضوی روغن چڑھاتے ہوئے کاغذ کو امونیا کی دھونی دینے کا عمل ۔ (٤) (کیمیا) دخاندار؛ دخانی؛ (نباتیات) تدخین ؛ دھونی دینا ۔

Fuming : (a) [f. as prec.] (۱) دھوئیں یا بخارات خارج کرنے والا ۔ (۲) بخوردہندہ ؛ دھونی دینے والا ؛ بسانے والا؛ معطر کرنے والا ؛ بخارات کے ذریعہ وبائی اثرات سے پاک کرنے والا ؛ (کیمیا) دھواں دیتا ہوا ۔

Fuming liquor of Boyle : امونیا دھونی جسےبائل (Boyle) نے سب سے پہلے معلوم کیا تھا ۔

Fumingly : (adv.) [f.fuming.] دھواں خارج کرتے ہوئے ؛ دھوئیں کے ذریعہ وبائی اثر سےپاک کرکے ؛ دھونی دے کر ؛ بسا کر ؛ معطر کر کے ۔

Fumingly : (adv.) [f.fumy (a)] بخارات یا دھوئیں سےبھرکر ؛ (مجازاً) خشمگیں انداز میں ؛ برافروختہ ہوکر ۔

Fumitory : Fumatory کی غلط شکل ۔

Fumitory : (n) [med. L.'fumus terrae'.] شاہ تِرہ ؛ پت پاپڑہ ایک قسم کا پودا ۔

Fummel : (n) (۱) خچر ؛ جس کا باپ گدھا اور ماں گھوڑی ہو ۔(۲) دیکھو Funnel ۔

Fumose : (a) '[L.'fumosus'.] (۱) پر از دود؛ دھوئیں یابخارات سے بھرا ہوا ؛ پر بخارات ۔(۲) نفّاخ؛ بادی؛ ہَوا سے بھرا ہوا ؛ نفخ آور ؛ ریاحی ۔ (۳) دھواں دینے والا ؛ دھواں خارج کرنے والا ؛ دھوئیں جیسا؛ دود آسا ؛ دخانی ۔(٤) (نباتیات) دھوئیں کے رنگ کا؛ سیاہ یا سیاہی مائل ؛ دھندلا ۔

Fumous : (a) [f.L.'fumosus'.] (۱) (مزاحاً) دھوئیں سے متعلق؛ تمباکو نوشی سے متعلق ۔(۲) (نباتیات) دھوئیں کےرنگ کا ۔

Fumous capanosis : (n) (کیمیا) بخارات دخانیہ ۔

Fumously : (adv.) دھوئیں کی وابستگی سے ؛ دھوئیں کے رنگ کاھوکر ؛ تمباکونوشی سےوابستہ ہوکر ۔

Fumy : (a) [f. Fume.] (۱) بخارات یا دھوئیں سے بھرا ہوا یا اس سے مرکب ؛ دودی ؛ بخاری ؛ دخانی ؛ دود دار (مجازاً) ۔(۲) خشمگیں ؛ بر افروختہ ؛ (کیمیا) مُدخن ؛ بخارات دار ۔

Fun : (n) [prob. f. fun. (v).] (۱) کھیل کود ؛ تماشا ؛ مذاق ؛ ظرافت ؛ شوخی ؛ بازی ؛ تفریح ؛ ٹھٹھول ، مسخراپن ؛ دلگی ۔ (۲) چال ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ جھانسا ؛ جُل ؛ دغا ۔ (۳) چکمہ ؛ مغالطہ ؛ مغالطے میں ڈالنے والی چال ؛ پیترا ؛ پیترا بازی ۔(٤) توصیفی طور پر ؛ دل بہلانے والا ؛ خوشی کرنے والا؛ تفریحی؛ پر لطف ؛ پر تفنن ۔

For fun/In fun : مذاق میں ؛ بطور تفریح ؛ مذاقاً ؛ (نہ کہ سنجیدگی سے) ، تفریحاً ۔

Is good, great fun : بڑی دل لگی ھےخوب تفریح ھے ؛ نہایت دلچسپی ھے ۔

Like fun : زور شور سے ؛ جلد ؛ بہت ۔

To make fun of : (کسی کا) مذاق اُڑانا ؛ بنانا ؛ کسی سے تمسخر کرنا ؛ تضحیک کرنا ؛ توہین آمیز مذاق کرنا ۔

To poke fun at : (کسی پر) فقرے چست کرنا ؛ کسی کو بنانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ ٹھٹھا کرنا ؛ مضحکہ اڑانا ۔

What fun : واہ کیسی دل لگی ہے ! کیا تفریح ہے ۔

Fun : (v) (۱) (شاذ) مذاق کرنا ؛ دل لگی اور تفریح کرنا ؛ کھیل کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ بے وقوف بنانا ؛ دھوکا دینا؛ مغالطے میں ڈالنا؛ ہنسی ہنسی میں چکما دے جانا ؛ جھانسا دینا ؛ اُلو بنانا ؛ جُل دینا؛ (نیز) تعلق یا خوشامد کرنا؛ چاپلوسی کرنا ؛ (بول چال) ۔

Fun fair : (n) ضمنی نمائش ؛ میلہ یا نمائش جوصرف تفریح کےلئے ہو ؛ تفریحی میلا یا نمائش ۔

Funambulism : (n) رسن سازی ؛ رسی پر چلنے یا ناچنے کا عمل ۔

Funambulist : (n) [f. L. 'funambulus.'] نٹ ؛ رسن باز ؛ رسی پر چلنے یا ناچنے والا ؛ اس طرح تماشہ یا کرتب دکھانے والا ۔

Funambulo : [sp. or If.] Funambulist دیکھو

Function : (n) [L.'functionem.'] (۱) کسی امر کا مناسب طریقہء عمل جس سے اس امر (چیز یا شخص) کا مقصد پورا ہوتا ہو ۔ (۲) فرض منصبی ؛ ملازمت ؛ پیشہ؛ حرفہ ؛ وظیفہ ؛ کار ؛ شغل ؛ منصب؛ مقام؛ ماموریت ۔ (۳) مذہبی یا دوسری قسم کی عام تقریب یا رسم ؛ کوئی رسمی اہم جلسہ یا صحبت ۔ (٤) (ریاضی) تفاعل ؛ عمل کنندہ ؛ اجرا کنندہ ؛ فنکشن ۔ (٥) انجام ؛ اجرا؛ عمل ؛ ایفا ۔ (٦) (حیوانیات) وظیفہ؛ فعل ؛ (سماجیات) پیشہ؛ حرفہ؛ تقریب؛ (فلسفہ) تفاعل ؛ وظیفہ (لسانیات) عمل ؛ تفاعل ۔

Complementary function : (تجارت) امدادی تفاعل ۔

Consumption function : (تجارت) تفاعل صرف ۔

Contractual function : (n) (تجارت) معاہدہء تفاعل ۔

Culminative function/Demarcative-: (لسانیات) منتہائی تفاعل ۔

Depreciation function : (تجارت) فرسودگی تفاعل ۔

Distinctive function : (لسانیات) امتیازی تفاعل ۔

Emplyment function : (تجارت) روزگار تفاعل ۔

Estimable function : (شماریات) قابل تخمینہ تفاعل ۔

Estimated function : (شماریات) تخمینہ شدہ تفاعل ۔

Harmonious function : (سماجیات) ہم آہنگ تفاعل ۔

Institutional function : (سماجیات) ادارتی تفاعل ۔

Latent function : (سماجیات) مخفی تفاعل ۔

Loss function : (شماریات) نقصانی تفاعل ۔

Manifest function : (سماجیات) ظاہری تفاعل ۔

Operating characteristic function : (شماریات) مظہر خصوصیت تفاعل ۔

Probability function : (تجارت) اغلبی تفاعل ۔

Production function : (تجارت) تفاعل پیدا وار ۔

Spectral fuction : (n) (شماریات) طیفی تفاعل ۔

Structure function : (سماجیات) ساخت تفاعل ۔

Symbolic function : (سماجیات) علامتی تفاعل ۔

Function : (v) [f. prec. n.] فرض انجام دینا ؛ مقررہ کام پورا کرنا؛ مقصد پورا کرنا یا ہونا ؛ عمل کرنا ۔

Functional (a) (۱) سرکاری ؛ باضابطہ ؛ رسمی ؛ کسی منصب یا فرض منصبی کا یا اُس سے متعلق ۔ (۲) (تشریح) (وہ بات) جو صرف کسی عضو کے عمل مقررہ سے متعلق ہو (خصوصاً مرض کے سلسلہ میں) ۔ (۳) (تشریح) (اسی عضو کے متعلق) جس کا کوئی مقررہ عمل بھی ہو اور محض بےعمل نہ ہو ۔ (٤) (ریاضی) تفاعل کا یا اُس کےمتعلق؛ عمل کنندہ کا یا اس سے متعلق ؛ (حیوانیات) تفاعلی ؛ وظیفی ؛ فعلی ۔

Functional analysis : (n) (سماجیات) تفاعلی تجزیہ ۔

Functional and structural theory : (لسانیات) تفاعلی اور ساختی نظریہ ۔

Functional change : (n) (لسانیات) تفاعلی تبدیلی ۔

Functional demand : (n) (تجارت) کارگذاری مانگ ۔

Functional dictionary : (n) (لسانیات) عملی لغت ۔

Functional diseases : (a) (طب) امراض عضوی ؛ مرض فعلی ۔

Functional Linguistics : (n) (لسانیات) تفاعلی لسانیات ۔

Functional load : (n) (لسانیات) تفاعلی وزن ۔

Functional organisation : (n) (سماجیات) تفاعلی تنظیم ۔

Functional relation : (n) (سماجیات) تفاعلی تعلق ۔

Functional representation : (n) (تاریخ) نمائندگی بر بنائے پیشہ ۔

Functional society : (n) (سماجیات) تفاعلی سماج ۔

Functional theory of right : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) تفاعلی نظریہ حقوق ۔

Functional unit : (n) (لسانیات) تفاعلی اکائی ۔

Functional use : (n) (تجارت) مفاد کار کر دگی ؛ مصرف کارکردگی ۔

Functional word : (n) (لسانیات) تفاعلی لفظ ۔

Functional yield : (n) (لسانیات) تفاعلی حصول ۔

Functionalism : (n) (دینیات) فعلیّت (عقیدہ) ؛ وظیفیت ۔

Functionalist : (n) (دینیات) فعلیتی ؛ معتقد فعلیت ۔

Functionality : (n) (۱)عضوی افعال کی خاصیت (۲) (ریاضی) تفاعلیت ؛ حالت تفاعلیت ؛ عمل کنندگی ۔

Functionalize : (v) کسی عہدے یا منصب پر مقرر کرنا یا کوئی فرض منصبی سپرد کرنا ۔

Functionally : (adv.) فرائض سے متعلق ہو کر ؛ فرائض منصبی انجام دیتے ہوئے ۔

Functionarism : (a) کسی کا م یا منصب پر ماموریت ؛ عہدہ داری ؛ کارگذاری ؛ صاحب منصب ہونا ۔

Functionary : (n) کسی کام یا منصب پر مامور شخص ؛ عہدہ دار ؛ وہ شخص جسے مقررہ فرائض انجام دینے ہوں ؛ سرکاری ملازم ؛ مامور ؛ گماشتہ ؛ عامل؛ صاحب مقام ؛ صاحب منصب؛ کار گذار (حشریات، تشریح) عہدہ دار ؛ فعلی عضو ؛ (تاریخ) کارکُن ۔

Functionary : (a) کسی عضو کے مقررہ کاموں کا یا ان سے متعلق ؛ عضوی تفاعلات یا وظائف کا یا اُن سے متعلق ؛ کسی منصب یا منصبی کا یا اُن سے متعلق؛ سرکاری؛ دفتری؛ رسمی؛ باضابطہ ۔

Functionate : (v) (شاذ) اپنے فرائض انجام دینا ؛ کام کرنا ؛ خدمت انجام دینا ؛ قائم مقامی کرنا ۔

Functionating : (n) کارگزار ؛ کار پر داز ۔

Functioned : (a) (ریاضی) جس میں تفاعل یا عمل کنندہ ہو ۔

Functionless : (a) بےمقصود؛ بےمنصب ؛ بیکار ؛ جس کا کوئی کام نہ ہو (خاص کر عضویاتی معنوں میں) ۔

Functionless investment : (n) (تجارت) لاحاصل اصلی کار ۔

Fund : (n) {L.'fundus.'} (۱) کسی چیز کا مستقل ذخیرہ جس میں سے صرف کیا جاسکے ؛ منبع رسد ۔ (۲) روپیہ کا ذخیرہ خصوصاً ایسا ذخیرہ جو کسی خاص کام یا غرض کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہو ۔ (۳) (جمع) مالی ذرائع ۔ (٤) قومی سرمایہ ؛ سرمایہ ؛ قومی قرضوں کا ذخیرہ جسے ایک قسم کا سرمایہ یا راس المال تصور کیا جاتا ہے ۔ (٥) (طباعت) ایک ہی قسم اور جسامت کے ٹائپ کا مجموعہ ۔ (٦) فنڈ ؛ رقم ؛ مد؛ خزینہ ؛ (انتظامیہ) سرمایہ ؛ خیریہ؛ فنڈ ۔

A fund of commen sense, tenderness, labour, knowledge : عقل و شعور ، محبت ، محنت یا علم کا ذخیرہ (جو کسی شخص کے پاس ہو) ۔

Benevolent fund : (n) (انتظامیہ)سرمایہ خیریہ ؛ اعانتی سرمایہ ؛ (تجارت) بہبود فنڈ ۔

Betterment fund : (n) (تجارت) بہتری فنڈ ۔

Contingency fund : (n) (تجارت) ناگہانی فنڈ ۔

Provident fund : (n) (انتظامیہ تجارت) پراویڈنٹ فنڈ ۔

Reserve fund : (n) مدّ محفوظ ؛ محفوظ فنڈ ۔

Sinking fund : (n) ذخیرہ ادائی ؛ وہ پس انداز جو سرمایہ کےطور پر (یا قرضہ کی ادائی کےلئے) جمع کیا جاتا ھے ؛ (تجارت) ادائی فنڈ ۔

Small saving fund : (n) (انتظامیہ) چھوٹی بچت ۔

The (public) funds : قومی یا ملکی قرضہ کا سرمایہ سرمایہ جس میں عوام بھی روپیہ لگا سکیں ۔

(To be) in funds : روپیہ رکھنے والا ؛ گرہ میں پیسہ رکھنے والا ؛ مالدار (ھونا) ۔

Fund : (v) (۱) عارضی قرضے کا مستقل قرضےمیں کسی مقررہ شرح سود پرتبادلہ کردینا یا اسے کسی سرمائےمیں لگادینا؛ فنڈ مہیا کرنا؛ سرمایہ فراہم کرنا؛ پونجی اکٹھا کرنا ۔ (۲) جمع کر دینا ؛ ذخیرے میں ملانا یا جمع کرنا ؛ ذخیرہ کرنا؛ جمع کرنا؛ کسی ذخیرے یا خزانےمیں رکھنا ۔ (۳) ملکی قرضہ کے سر مایہ میں روپیہ لگانا؛ قومی سرمائے میں روپیہ لگانا ۔ (٤) مخصوص ادائیوں کےلئے مالیات کا ایک حصہ بطورضمانت الگ کر دینا (تاکہ قومی قرضے کے سود کی ادائی باقاعدگی سے ہوتی رھے) ۔

Fund head : (n) (معاشیات) مدِّ سرمایہ ۔

Fund-holder : (n) وہ شخص جس نےقومی یا ملکی سرمائے میں روپیہ لگایا ھو ؛ سرمایہ قومی یا ملکی میں روپیہ لگانےوالا ۔

Fund-lord : (n) وہ صاحبِ ثروت یا بڑا شخص جس کا رتبہ یا پوزیشن قومی یا ملکی سرمائے میں روپیہ لگانے کے سبب ھو ۔

Fund-monger : (n) وہ شخص جو قومی سرمائے میں سٹّے کا کاروبار کرتا ھے ۔

Fundable : (a) ذخیرے یا خزانے میں شامل کرنے کے لائق ؛ لائق جمع؛ لائق ذخیرہ؛ قومی سرمائے میں لگائے جانے کے لائق یا لگایا جانے والا (روپیہ) ؛ (عارضی قرضہ) جسےمقررہ شرح سود پر مستقل قرضے میں تبدیل کیا جاسکے ۔

Fundal : (a) [f. fundus+al.] کسی عضو کی تہ یا اسی کے بنیادی حصے سے متعلق ؛ اساسی ؛ بنیادی ؛ (تشریح) قاعی ۔

Fundament : (n) [ME.'fondement.'] چوتڑ ؛ پیندی ؛ سرین ؛ مقعد ؛ نشست ؛ اساس ؛ پایہ ؛ (پرندوں میں) مقام براز ؛ بیٹ کرنے کی جگہ ؛ مبرز ؛ (تشریح) قاعدہ ؛ اساس ؛ پیندہ ۔

Fundamental : (a) (۱) بنیادی ؛ اساسی ؛ اصلی ؛ مرکزی ؛ مصدری ؛ ضروری ؛ واجب ؛ ابتدائی ؛ حقیقی؛ اوّلیہ ؛ اوّلی ۔ (۲) (غیر مادی استعمال میں) اساس یابنیادکی طرح کام دینےوالا ۔ (۳) (زمین کی پرت) جو سب سے نیچےھو ۔ (٤) (موسیقی) (تین یا زیادہ سروں کے ملاپ میں) سب سےنچلا؛ مدھم یا بنیادی (سُر) ۔

Fundamental : (n) (۱) اصول ؛ قاعدہ ؛ اساس ؛ کسی نظام کا اصلی اصول (بنیاد) ؛ جزو لازم ؛ (خاص کر جمع میں) ۔ (۲) (موسیقی) بنیادی سُر ؛ سب سے نچلا یا مدھم سُر ؛ کلیدی سُر ۔ Fundamental tone or note کا مخفف ۔

A fundamental change : ایک بنیادی تغیر ۔

The fundamental form : حقیقی یا اصلی صورت ۔

The fundamental rules : بنیادی یا اصلی قواعد ۔

Fundamental bass : (n) (موسیقی) وہ دھیما سُر جو تین یا زیادہ سُروں کے ملاپ کی بنیاد تیار کرتا ھے ۔

Fundamental bliefs : (n) (منطق) یقینیات اوّلیہ ۔

Fundamental chord : (n) (موسیقی) بنیادی سُر کی ہم آہنگ آوازوں سےبنایا ھوا تین یا زیادہ سُروں کا ملاپ ۔

Fundamental colours : (n) (روشنی)الوان اصلی؛ اصلی رنگ ۔

Fundamental freedoms : (n) (تاریخ) بنیادی حقوق ۔

Fundamental frequency : (n) (لسانیات) بنیادی تعدد ۔

Fundamental human rights : (n) (تاریخ) بنیادی حقوق انسانی ۔

Fundamental note : (n) (موسیقی) تار کا سب سے نیچا سُر ؛ بنیادی سر ۔

Fundamental pitch : (n) (موسیقی) بنیادی سُر ۔

Fundamental principle : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) بنیادی اصول ۔

Fundamental probability set : (شماریات) بنیادی احتمالی سیٹ ۔

Fundamental quantities : (n) (طبیعیات)بنیادی مقداریں ۔

Fundamental random process : (شماریات) بنیادی اتفاقی عمل ۔

Fundamental right : (n) (فلسفہ، نفسیات، تعلیمات) بنیادی حق ۔

Fundamental rules : (n) قواعد اصلی ؛ بنیادی قوانین ۔

Fundamental tone : (n) نغمۂ آہنگ جو کسی بلند آواز جسم کے ترنم سے پیدا ہو ۔

Fundamental units : (n) (طبیعیات) بنیادی اکائیاں ۔

Fundamentalism : (n) (امریکا) پروٹسٹنٹ مذہب میں عقائد جدیدہ کے خلاف ان دیرینہ عقائد پر قائم رہنا کہ انجیل کی صحت ناقابل انکار ہے اور لفظاً لفظاً مذہب کےاصولوں کو (لفظی معنوں میں) قبول کرنا ۔

Fundamentalist : (n) وہ شخص جو انجیل کے متعلق دیرینہ عقائدرکھتا ہو (کہ اس کی صحت ناقابل انکار ہے) نیز بصور صفت ۔

Fundamentality : (a) اصلیت ؛ مرکزیت ؛ حقیقت ؛ اساسیت ؛ ابتدائی یا بنیادی ہونے کی حالت یا صفت ۔

Fundamentally : (adv.) بنیادی اصولوں کے مطابق ؛ حقیقت یا اصلیت کے موافق ؛ اساسی طورپر ؛ بطور اصل ؛ لازمی طور پر ؛ حقیقی طور پر ؛بنیادی طورپر ؛ اصولی طورپر ۔

Fundamentum : (n) [L.] اصل منطقی ؛ منطقی بنیاد ؛ قاعدہ ؛ اصل حاکمہ ؛ پایہ و اساس ۔

Fundatorial : (a) [f. L.'fundatorius.'] کسی بانی، موسس یا موجد سے متعلق ۔

Funded : (a) (۱) ریاست کے مستقل قرضوں میں شامل کیا ہوا ۔(۲) قومی یا ملکی سرمائےمیں لگایا ہوا ۔ (۳) جمع کیا ہوا ؛ ذخیرہ کیا ہوا ۔

Fundiform : (a) (تشریح) قاعہ نما ؛ اونگ نما ۔

Funding : (n) کسی عارضی قرضے کا(مقررہ شرح سود پر) مستقل قرضے میں تبادلہ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Funding loan : (n) (تجارت) سرکاری تمسکات ۔

Fundless : (a) بےمال ؛ غیرمتمول ؛ بے سرمایہ ؛ بےپونجی ؛ جس کے پاس دولت ، مال یا ذرائع نہ ہوں ؛ غریب ؛ نادار ؛ غیر مالدار ۔

Fundus : (n) [L.] (تشریح) کسی عضو کی تہ یا پیندی ؛ بیرونی دہن یا سوراخ سے دور جو حصہ ہو ؛ کسی عضو کی جڑ ، بنیاد ؛ (تشریح) (i) قاعہ ؛ اساس ؛ عضو ۔(ii) قعر چشم ؛ قاعۂ چشم ۔

Fundus oculi : (n) (تشریح) قاعۃ العین ؛ قاعۂ چشم ۔

Fundus of the eye : (n) دیدے کا پچھلا حصہ جو شفاف لینس کے پیچھے ہوتا ہے ۔

Fundus uteri : (n) (تشریح)قاعۂ رحم ؛ اندامِ رحم ۔

Funebrial/Funebral : (a) [L.'funebris.'] (شاذ) جنازہ اور تجہیز و تکفین کےمتعلق یا مناسب حال ؛ افسردہ ؛ تاریک ؛ غمگین ؛ اداس ۔

The custom is funebrial in origin : اصلیت میں یہ رسم تجہیز و تکفین سے تعلق رکھتی ہے ۔

Funeral : (n) [med. L. f. 'funus.'] (۱) مُردے کی تدفین یا کریا کرم مع تمام مراسم تجہیز وتکفین ؛ جنازہ ؛ نعش میّت؛ تجہیزوتکفین ؛ تدفین ۔(۲) (امریکا) جنازے یا تدفین سے متعلق وعظ یا پند و نصیحت ؛ شمشان پر کیاجانے والا پوجا پات؛ آرتی ؛ بھجن یا جنازے کےلئے دعا ؛ فاتحہ ؛ قل خوانی ؛ ایصال ثواب ۔(۳) جنازے کا جلوس ۔ (٤) (غیر معینہ طور پر) موت ؛ وفات ؛ قبر ؛ گور ؛ یادگار ؛ نشان ؛ قدیم عمارت ۔

One's funeral : اپنے معاملات ؛ ذاتی معاملات (اکثر جن کے نتائج ناخوش گوار ہوں) (ابتداً امریکی عامیانہ) ۔

Funeral : (a) (۱) جنازے کے متعلق یا جنازہ پر یا مردے کو جلانے کے وقت استعمال کی جانے والی (شے) قبرستان ؛ شمشان یا جائے تدفین پر استعمال شدہ ۔(۲) جنازہ یا تجہیز و تکفین کےمناسب حال یا اس سے متعلق، (لہذا) تاریک؛ سنسان؛ افسردہ ؛ اداس ؛ غم ناک ۔(۳) جنازے کا یا اُس سے متعلق ؛ تدفینی ۔

Funeral car : (n) جنازہ لے جانے والی گاڑی ؛ نعش کش ؛ میّت گاڑی ؛ تابوت کش ۔

Funeral oration : (n) تقریر تعزیت ۔

Funeral pile/-pyre : (n) لکڑی کا ڈھیر جس پر لاش جلائی جاتی ہے ؛ چتا؛ (ماقبل تاریخ) چِتا ۔

Funeral show : (n) (ماقبل تاریخ) ماتمی جلسہ ۔

Funeral urn: (n) ستودان ؛ وہ برتن جس میں جلانے کے بعد مردہ کی خاک رکھی جاتی ہے ۔

Funerary : (a) [L. late. 'funerarius.'] تجہیز و تکفین کےمتعلق؛ تدفینی ؛ جنازے یا تدفین سےمتعلق ۔

Funerary accessories : (n) (ماقبل تاریخ) تجہیز و تکفین کا سامان ۔

Funerary monuments : (n) (ماقبل تاریخ) جنازے کی یادگاریں ۔

Funerary wagon : (n) (ماقبل تاریخ) جنازہ کی گاڑی ۔

Funereal : (a) [f. L.] جنازہ یاتجہیز و تکفین کےمناسب حال ؛ تجہیز و تکفین کا یا اس سے متعلق ؛ تدفینی ؛ جنازے کا یا اُس سے متعلق ؛ (لہٰذا) اداس ؛ افسردہ ؛ تاریک ؛ تیرہ وتار؛ سنسان ؛ غمگین ؛ غمناک ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ مجزوں ؛ غم انگیز ؛ حسرتناک ۔

Funereally : (adv.) مثل جنازہ کے ؛ افسردگی کے ساتھ ؛ افسردہ و سنسان طورپر ؛ تیزہ وتارہو کر ؛ اُداسی سے ۔

Funest : (a) [L.'funester.' f.'funus'.] (شاذ) موت یا بدبختی لانے والا ؛ یا اُس کی علامت ظاہر کرنے والا ؛ مرگ آور ؛ مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ منحوس ؛ شوم ؛ مضرت رساں ؛ تباہ کن ؛ مہلک ؛ جاں ستاں ؛ کار ؛ افسوس ناک ؛ ترس ناک ؛ انتہائی تاسف انگیز ۔

Fungaceous : (a)[f.'fungus.'] سماروغ کی فطرت کا؛ سماروغ مانند ؛ سماروغ جیسا ۔

Fungal : (a) [f. L.'fungus.'] سماروغ کا یا اُس سے متعلق ؛ سانپ کی چھتری جیسا یا اُس کی نوعیت کا ؛ سماروغ مانند (نباتیات) فُطری ؛ سماروغی ۔

Fungal : (n) سماروغ ؛ کھمبی ؛ ککرمتّا ؛ کلاہ باراں ؛ گلِ گورستان ؛ قارچ ؛ سانپ کی چھتری ۔

Fungate : (n) [f. Fungus+-ate.] (کیمیا) سماروغی ترشہ اور اساس تیزاب سے مل کر (نمک ہو جانے والے عنصر) کے مرکب سے بنایا ہوا نمک ۔

Fungate : (v) (مرضیات) سماروغ یا کھمبی کی شکل میں پیدا ہونا یا اُگنا ؛ سماروغ کی طرح تیزی سے بڑھنا یا نشو ونما پانا ۔

Fungation : (n) (نباتیات) تقطّر ۔

Fungi imperfect : (n) (نباتیات) غیر جنسی فُطرات ؛ نامکمل فُطرات ۔

Fungible : (n) [med. L.'fungibilis.'] وہ چیز جس کے بدلے کوئی چیزپیش کی گئی ہو ؛ شے مثلی ؛ اموال مثلی ؛ اموال قابل تفویض ۔

Fungible : (a) اس چیز کےبارے میں کہا جاتا ہےجو اُس وقت زیر بار منت ہوتی جب اس کے عوض کوئی دو سری چیز خواہ اسی قسم یا دوسری قسم کی پیش کی جاتی ہے؛ عوض دار ؛ مثلی ؛ قابل تفویض ۔

Fungic : (a) کھمبیوں یا سماورغوں کا یا اُن سے متعلق ؛ سماروغی ؛ سانپ کی چھتری کا یا اُس سے متعلق ۔

Fungic acid : (n) لیمو، سیب اور فاسفورس کے ترشوں کا مخلوط ؛ سماورغی ترشہ ۔

Fungicide : (n) سماروغ یا کھمبی کوضائع کردینے والا مادہ؛ سماروغ کُش ؛ (نباتیات) فُطر کش ؛ دافع فُطر ۔

Fungiform : (a) سماروغ مانند ؛ سماروغ جیسا ؛ سانپ کی چھتری کی شکل کا ؛ خاص کر زبان پر ہونے والےاس شکل کے دانے کو کہاجاتا ہے جو بٹھنی یا سر پستان کی شکل کا ہوتا ہے ؛ (نباتیات) فُطرنُما ۔

Fungilliform : (a) دیکھو Fungiform

Fungillus : (n) [mod. L. dim of L. 'fungus.'] چھوٹی کھمبی ؛ چھوٹی سماروغ ۔

Fungistal : (a) (نباتیات) مانع فُطر ۔

Fungin : (n) [Erron. fungine.] وہ مادہ جس سے سماروغ کے اندرونی خانے (کیسے) بنتے ہیں ۔

Fungivorous : (a) سماروغ یا کھمبی پر بسر کرنے والا ؛ سماروغ کھاکر زندگی گذارنےوالا؛ (حیوانیات) فُطر خور ۔

Fungoid : (a) سمارغ کی مانند ؛ سماروغ کے خواص رکھنے والا ؛ تیزی سے بڑھنے والا ؛ سماروغی؛ خاص کر (مرضیات میں) ؛ (نباتیات) فُطر نما ۔

Fungoid : (n) تیز رُشد پودا ؛ سماروغ کی مانند یا اُس کے خواص رکھنےوالا؛ تیزی سے بڑھنے یا نشو ونما پانے والا پودا ۔

Fungological : (a) سماروغیاتی ؛ سماروغ شناسی کا یا اُس سے متعلق ۔

Fungologist : (n) سماروغ شناس ؛ ماہر سماروغیات ؛ کھمبیوں کا علم جاننے والا ۔

Fungology : (n) سماروغیات ؛ سماروغ شناسی ؛ کھمبیوں یا سماروغوں کا علم یا اُن کا مطالعہ ۔

Fungose : (a) [L. fungosus, f. 'fungus.'] کھمبی کا یا اُس سے متعلق؛ کھمبی کے خواص رکھنے والا (خاص کر مرضیات میں) ۔

Fungosity : (n) سماروغیت ؛ سماروغ مانند یا سماروغ کی خاصیت کا ہونے کی صفت یا حالت ؛ سماروغی روئیدگی ؛ سماروغ کی طرح تیزی سے بڑھنے والا فاسد پھوڑا ؛ (نباتیات) فطری نُموشی ۔

Fungous : (a) [L.'fungosus.'] (۱) سماروغ کایا اُس سے متعلق؛ سماروغ کی قسم کا؛ سماروغی ؛ کھمبیوں کی طرح جلد پیدا ہونے والا ؛ کھمبی کی خاصیت رکھنے والا ؛ (خاص کر مرضیات میں) اسفنج نما ؛ فاسد پھوڑا ۔ (۲) کھمبی کی طرح اچانک اُگ آنےوالا یا نکل آنے والا ؛ زود روئیدہ ؛ زود نمو ؛ تیز رُشد ؛ عارضی ؛ نا پائدار ؛ دم بھرکا ؛ (۳) (نباتیات) نا پائدار ؛ فُطری ۔

Fungus : (n) [L 'fungus.'] (۱) کلاہ باراں ؛ سانپ کی چھتری ؛ گل گورستان ؛ سماروغ ؛ ککر متّا ؛ کھمبی ؛ چتر مار ؛ فُطر ۔ (۲) ایسی چیزیں جو دفعتاً پیدا ہو جائیں ۔ (۳) (مرضیات) اسفنجی قسم کا ایک فاسد دنبل ۔ (٤) مچھلی کی جلدی بیماری ۔ (٥) (طب) فُطری دمّل ؛ حرام گوشت ۔

Fungus foot : (n) (طب) فُطر پائی ۔

Fungusy : (a) جس پر کھمبیاں اُگی ہوں ؛ سماروغی ۔

Funic : (a) [f. funis+-ic.] نال سے متعلق ؛ وابستہ بہ نال (جو دائی بچے کی پیدائش کے وقت کاٹ دیتی ہے ؛ (تشریح) حَبلی ؛ ریسمانی ؛ سُری ۔

Funicle : (n) [Anglicized f. Funiculus.] (۱) نال (جو دائی بچوں کی پیدائش کے وقت کاٹ دیتی ہے)۔ (۲) (نباتیات) ساقہ تخمچہ ؛ وہ چھوٹا ڈنٹھل جس کے ذریعہ بیج یا بیضک آنول نال سے چپکا ہوتا ہے ۔ (۳) بعض کیڑوں کے محاس کے اس حصے کے لئے ایک اصطلاح جو محاس کی جڑ اور ڈنڈے کے درمیان ہوتا ہے ۔ (٤) عصبی ریشوں کی طناب یا گچھے جو ملانے والی نسیجوں کے غلاف میں یکجا بندھے ہوتے ہیں اور جنہیں Perineurium یا Neurilemma بھی کہتے ہیں ۔ (٥) (نباتیات) اسنک ؛ تخم ؛ ڈنڈی (تشریح ، حیوانیات) حبل سُرّی ؛ بند ناف ؛ ناڑ ؛ (حیوانیات) حبل منوی۔

Funicular : (a) (۱) نال کایا اُس سے متعلق ؛ (تشریح) عصبی ریشوں کی ابتدائی طناب کا یا اُس سےمتعلق ۔ (۲) رسے یا اُس کے کچھاؤ یا تناؤ سے متعلق ۔ (۳) رسّا نما ؛ رسّے جیسا ؛ مثل طناب ؛ طناب آسا؛ (خاص کرتشریح اورنباتیات میں) (تشرح) حبلی ؛ ریسمانی ؛ سُرّی ۔

Funicular machine : (n) رسے، چرخیوں اورمعلّق اوزان کی ایک ترتیب جو سکونیات سےمتعلق اصولوں کو مثالوں سے واضح کرنے کےلئے وضع کی گئی ہو ۔

Funicular polygon : (n) وہ شکل جو اُس رسّے کی ہوتی ہے جو دونوں سروں پر بندھا ہوا ہو اور جس میں مختلف مقامات پر اوزان لٹک رہے ہوں ؛ (طبیعیات) ریسمانی کثیر الاضلاع ۔

Funicular railway/Funicular : (n) وہ ریلوے جو لوہے کی رسّیوں اور قائم انجن سے چلائی جاتی ہے (کھینچی جاتی ہے) ؛ رسّے اور چرخیوں سے چلنے والی گاڑی جو عموماً پہاڑوں پر جانے کےلئے ہوتی ہے ؛ جھولا گاڑی ؛ جھولا ۔

Funiculate : (n) (نباتیات اور حیوانیات) نال دار ؛ ناف دار دنٹھل ؛ طناب دار۔

Funiculitis : (n) (طب) ورم حبلی منی ۔

Funiculus : (n) [L dim. fo 'funis.'] دیکھو Funicle

Funiculus spermaticus : (n) (تشریح) حبل منوی ۔

Funiform : (a) [L.'funis.'] رسی نما ؛ رسے جیسا ؛ طناب مانند ؛ بہ شکل ریسماں ؛ بہ شکل طناب ۔

Funiliform : (a) (نباتیات) نال کی طرح چمڑا (جو لچک دار ہو مگر اس کا کاٹنا یا توڑنا مشکل ہو)؛ مضبوط؛ گول اور لچک دار ۔

Funipendulous : (a) [L.'funis+pendulus.'] رسّے سے لٹکاھوا ؛ طناب سے لٹکتا یا جھولتا ھوا ؛ ٹنگے ھوئے یا تنےھوئے رسے سے بندھا ھوا یاجڑا ھوا ۔

Funis : (n) [L.] نال (جو دائی بچے کی پیدائش کے وقت کاٹتی ھے) ؛ ناڑ ؛ (نباتیات) رسن ؛ رسّی ؛ (تشریح) حبل سُرّی ۔

Funk : (n) [origin doubtful.] (۱) (عامیانہ) ڈر ؛ خوف ؛ گھبراہٹ ؛ ہراس ؛ وحشت ؛ ھول ؛ دہشت ؛ سراسیمگی یا سنسنی ۔ (۲) سنسنی پھیلانے والا ؛ گھبرانےوالا؛ خائف کردینےوالا یا ھوجانے والا ؛ ڈرنے یا ڈرانے والا ۔ (۳) (عامیانہ) (ابتداً امریکا) وہ موسیقی جو غیر پیچیدہ ھو ؛ سلجھی ھوئی موسیقی ۔

Blue funk : سخت دہشت ؛ انتہائی سراسیمگی ۔

Funk : (v) [Origin doubtful.] (۱) (عامیانہ) کسی شخص کے منہ پر) دھواں چھوڑنا ؛ تمباکو نوشی کرنا ؛ پائپ پینا ؛ حقہ پینا ؛ (تمباکو یا پائپ سے) دھواں نکالنا ؛ دھواں نکلنا ؛ دھواں اُٹھنا ؛ دھواں دینا ۔ (۲) بدبو پیدا کرنا ؛ عفونت یا بدبو کا باعث ھونا ۔

Funk : (v) [Origni unkn.] (۱) (عامیانہ) خوف سے سراسیمہ ھو جانا ؛ ڈر کر سمٹ جانا ؛ گھبرا جانا ؛ کسی چیز کو چھوڑ بھاگنا ؛ نکل بھاگنا ؛ اپنی بات سے پھر جانا ؛ (کسی کام سے) جی چھوڑ دینا ؛ کسی کام سے ڈرنا ۔ (۲) جی چرانا ؛ بچنا ؛ کترانا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ بزدلی کا اظہار کرنا ؛ پہلو تہی کرنا ۔ (۳) (کسی شخص سے) ڈرنا، خوف کھانا ۔ (٤) کسی کے دل میں خوف پیدا کرنا ؛ ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ خوف زدہ کرنا ۔

Funk-hole : (n) (فوجی عامیانہ) کُھدی ھوئی خندق ؛ کوئی کام جو اس لئے شروع کر دیا جائے کہ فوجی خدمت سے بچنے کا بہانہ ھو ۔

Funker : (n) (۱) ڈرانے والا ؛ دھمکانےوالا ؛ خوف دلانےوالا ؛ سراسیمہ کرنے والا ؛ خوف زدہ کرنے والا ۔(۲) کام چور، بزدل ؛ کام سے کترانے والا ؛ ڈرپوک ۔

Funky : (a) (۱) بزدل ؛ کام چور ۔(۲) وحشت زدہ ؛ متوحش ؛ خائف ؛ ڈرا ھوا ؛ سراسیمہ ؛ گھبرایا ھوا ۔

Funky : (a) [f. Funk (n)] (۱) پھپوندی لگا ؛ باسی ؛ اُبسا ھوا ؛ بدبودار، متعفن ۔ (۲) (عامیانہ ابتداً امریکا) (جاز یاایس جیسی موسیقی) ؛ پورے طور پر سلجھی ھوئی؛ غیرپیچیدہ ؛ نیزلہراتی ھوئی؛ گٹکری دار (آواز ، لے) لوچ دار؛ وضع دار۔

Funnel : (n) [ME.'fonel.'] (۱) پُرنی ؛ قیف؛ فنل ؛ ایسی نلکی جو ایک طرف سے پتلی اور دوسری طرف سے پھیلا ھوا منہ رکھتی ھو جس کے ذریعہ سے تنگ منہ کی چیزوں میں رقیق اشیا یا سفوف وغیرہ ڈالے جا سکیں ۔ (۲) روشن دان عمارت میں) ھو یا روشنی پہنچانے کا راستہ ؛ دود کش ؛ بادگیر ۔ (۳) انجن یاجہاز کا دود کش ؛ دھنوا را ۔ (٤) دودکش کے نیچے کا حصہ جو قیف نما ھوتا ھے ؛ (انجینیئرنگ) قیفی دودکش ۔(٥) وہ سوراخ جس سے ھوکر پگھلی ھوئی دھات سانچے میں اُنڈیلی جاتی ھے ۔ (٦) (تشریحات ، حیوانیات) قیف نما عضو ۔ (۷) چٹانوں میں قیف نما سوراخ ؛ درزیا نالی ۔ (۸) دھات کا بنا ھوا گول رَسا خاص کر وہ جو مستول کے سرے پر لگا ھو تا ھے اور جس میں چرخی لگی ھوئی ھوتی ھے ۔

Funnel : (n) [Origing unkn.] (بول چال) خچر (جس کا باپ گدھا ھو) ۔

Funnel-form : قیف مانند؛ قیف نما؛ قیف کی شکل کا (خاص کر نباتیات میں) ؛ (کیمیا) قیف کی شکل کا ۔

Funnel-shaped : (a) دیکھو Funnel-form

Funnel stand : (n) (کیمیا) قیف دان ۔

Funnel stays : (n) جہازکی چمنی کےدہانے سےجہازکےپہلوؤں تک لگے ھوئے رسّے یا زنجیریں ۔

Funnelled : (a) قیف نماجس میں دودکش لگاھو (نیز مجازاً) (نباتیات) قیف نما؛ قیف کی شکل کا؛ قیف مانند ۔

Funnily : (adv.) ظریفانہ ؛ مسخرہ پن سے ؛ دل لگی سے ؛ عجوبہ پن سے ؛ بطور مضحک ؛ طرفگی سے ؛ انوکھے طور پر ؛ بے ڈھنگے طور پر ؛ حیرت انگیز طور پر ۔

Funniment : (n) مذاق ؛ دل لگی ؛ بذلہ گوئی ؛ ظرافت ؛ ٹھٹھول ؛ ہنسوڑ پن ؛ شوخ طبعی ؛ زندہ دلی ۔

Funniness : (n) مسخرہ پن ؛ ہنسوڑ پن ؛ عجوبہ پن ؛ ظرافت ؛ زندہ دلی ؛ شوخ طبعی ؛ عُجب ؛ نرالاپن ؛ طُرفگی ؛ انوکھاپن ؛ بےطوری ؛ بےڈھنگاپن ؛ اجنبیت ۔

Funny : (a) [f. Fun.(n)] (۱) پُر مذاق ؛ مضحك ؛ خنده آور ؛ مسخره ؛ تمسخر انگیز ؛ ظریف ؛ زنده دل ؛ ہنسوڑ ؛ شوخ طبع ؛ خوش مزاج ۔ (۲) عجیب ؛ نرالا ؛ طرفه ؛ انوکھا ؛ بےطور ؛ بے ڈھنگا ؛ خبطی سا ۔ (۳) حیران کر دینےوالا ؛ جس کا سمجھ میں آنا مشکل ہو، حیرت انگیز ؛ نیا ؛ ناواقف ؛ اجنبی (بول چال) ۔

Funny : (n) ایك چھوٹی سی کشتی جس میں صرف ایك ملاّح (کھویا) بیٹھ سکتا ہے ۔

Funny-bone : (n) کہنی کا وہ حصہ جس کے اوپر سے زندی عصب (Ülmer nerve) گزرتا ہے ؛ اسے ایسا اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس پر چوٹ پہنچانے سے ایك عجیب سا احساس ہوتا ہے) ؛ (تشریح) حرفقہ ؛ شوخ بڈی ۔

Funny man : (n) پیشہ ور مسخرہ ؛ شوخ ۔

Fur : (n) [f. fur. (v).] (۱) پوستین ؛ سمور ؛ سنجاب ؛ قاقم ۔ (۲) جانور کی بال دار کھال جس پر ملائم بال ہوتے ہیں اور جس کو صاف کرکے اور دھو کر پوستین بناتےہیں ۔ (۳) (جمع) سمور کا لباس یاجس لباس میں سمورلگاہو ۔ (٤) گاد وغیرہ جو نیچے کی سطح پر جم جائے؛ تلچھٹ ؛ درد ۔ (٥) وہ کانٹے ؛ پپڑیاں جو بیماری کی حالت میں زبان پر جم جاتے ہیں ۔ (٦) چونا اور کوئلہ کے نمك کی تہ جو کیتلی اور بائلر کے پیندے میں جم جاتی ہے ۔ (۷) سمور دارجانور ۔ (۸) (نجّاری) سڑی ہوئی کڑی یا شہتیر مضبوطی کے لئے کیلوں کے سہارے جڑا ہوا لکڑی کا ٹکڑا ۔ (۹) نیزتوصیفی معنوں میں ۔ (۱۰) فر یا بالوں کے مشابہ کوئی چیز ؛ فر کی طرح کسی چیز کی سطح کی رنگائی یا استر کاری ۔ (۱۱) (نقابت) (ڈھال کی) رنگ کاری (جس میں مختلف رنگوں کے پیوند ہوتے ہیں) ؛ (کیمیا) تلچھٹ ؛ (طب) میل ۔

To make the fur fly : (امریکی ، عامیانہ) رُواں نکالنا ؛ یانوچنا؛ زوردارپنجے مارنا ؛ بری طرح نوچنا؛ کھسوٹنا؛ سخت خراشیں‌لگانا؛ شدیدطورپر زخمی کردینا؛ بھنبھوڑ لینا ؛ سخت مجروح کر ڈالنا ۔

To stroke the fur the wrong way : (مجازاً) جھلاہٹ پیدا کرنا ؛ باعث کوفت ہونا؛ غصہ دلانا ؛ ہیجان پیدا کرنا ۔

Fur : (v) [OF.'forrer'.] (۱) لباس میں سمور لگانا ؛ سمور پہنانا؛ جانوروں کے جسم پر بال پیدا کرنا؛ زبان پر کانٹے یا مریضانہ پپڑیاں پیدا ہونا ۔ (۲) انجن کے بائلر کی تہ کو چونے کی تہ سے صاف کرنا ۔ (۳) فرش کی لکڑیوں کی سطح کو لکڑی کی چھپٹیاں لگا کر یکسار کرنا ۔

Fur and feather : (n) سمور دار جانور اور پرندے ؛ شکاری جانور اور شکاری پرندے ۔

Fur-puller : (n) خرگوش اور دو سرے جانوروں کے چمڑے اتارنے والا ۔

Fur-seal : (n) سگ ماہی کی سمور ؛ سیل مچھلی کی کھال یا سمور ۔

Furacious : (a) [L.f.'furari.'] (مزاحاً) چور ؛ چوتّا ؛ چوری کا عادی ؛ دُزد ؛ چوری میں پلا ہوا ۔

Furacity : (n) چوتّاپن ؛ چوری کی رغبت ؛ دُزدی ۔

Furan/Furane : (n) [abbrev. of Furfuran.] (۱) (کیمیا) ہلکی یا اثیری بو والا ایك بےرنگ سیال (C_4H_4O) ؛ فیوران ۔ (۲) فیوران سے بنا ہوا کوئی بھی سیال جس میں فیورانی رنگ موجود ہو ۔

Furan resin : (n) (درختوں کی) مختلف رالوں میں سے کوئی جس میں فیوران کے سالمے موجود ہوں ۔

Furan ring : (n) کار بن کے چار سالموں اور آکسیجن کے ایك سالمے کا حلقہ یا دائرہ ۔

Furbelow : (n) [Altered f. Falbala.] (۱) گوٹ ؛ سنجاف ؛ جھالر؛ چین ؛ پلیٹیں پڑی ہوئی گوٹ جو زنانہ پاجامے یا لہنگے پر لگی ہوتی ہے ؛ پیٹی کوٹ یا گاؤن کا چنٹ دار حاشیہ ۔ (۲) (جمع میں تحقیراً) بھڑك دار، دکھاوے کےزیور۔ (۳) ایك قسم کی سمندری گھاس جس کے پتے لمبے اور پُرشکن ہوتے ہیں ۔ (٤) جھالر جیسی کوئی چیز ۔ (٥) (توصیفی معنوں میں) جھالردار یا سنجاف دار لباس یا کوئی چیز ۔

Furbelow : (v) گوٹ لگا کر مزین کرنا ؛ جھالریں لگانا یا چنٹ دار حاشیہ بنانا ؛ سنجاف دار بنانا ۔

Furbish : (v) [OF.'forbiss-.'] (۱) زنگ دور کرنا ؛ جلا کرنا؛ چمکانا ؛ صیقل کرنا ؛ رگڑ کر صاف کرنا ؛ یا چمکانا؛ جلا دینا ۔ (۲) (کسی پرانی چیز کو) صاف کر کے نیا کر دینا ؛ تجدید کر دینا ؛ احیا کرنا؛ پھر سے بنا دینا ؛ درست کردینا ۔ (۳) کسی قدیم چیز کو درست کرکےپھر کار آمد

بنا دینا ؛ پھر سےرواج دینا ؛ بحال کرنا ؛ جان ڈالنا ؛ تازہ کر دینا (خاص کر up کے ساتھ) ۔

Furbisher : (n) زنگ دورکرنے والا؛ صیقل گر ؛ جلا دینےوالا ؛ جلا کار ؛ صاف کرنے، نیا بنا دینے والا ؛ تجدید کرنے والا ؛ پھر سے رواج دینےوالا ۔

Furca : (n) (حیوانیات) شعبیّہ ؛ شاخیہ ۔

Furcal : (a) (نباتیات ، حیوانیات) شاخ دار ؛ دو شاخہ ۔

Furcate : (a) [med. L.'furcatus.'] (نباتیات، حیوانیات) شاخ دار ؛ شاخوں والا ؛ شاخہ شاخہ ؛ دو شاخہ نما بنا ہوا ۔

Furcate : (v) شاخ دار بنانا ؛ تقسیم کرنا ۔

Furcated : (a) شاخ دار ؛ دو شاخہ نما ؛ منقسم ؛ شاخہ شاخہ ۔

Furcately/Furcato : (adv.) شاخہ شاخہ ؛ شاخ دار ہو کر ۔

Furcation : (n) [f. L.'furca.'] تقسیم کرنے یا شاخ دار بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ شگافتگی ؛ تقسیم کاری ؛ انشعاب ؛ دوشاخہ نما تقسیم یا شاخ ؛ شاخیّت ۔

Furcellatus : (a) (نباتیات) شاخچہ دار ۔

Furciferous : (a) [f.L.'furcifer.'] (۱) (حشریات) دو شاخہ نما ابھار والا؛ شاخ دار؛ سینگ دار (بعض تتلیوں کےپہل روپ کے لئے آتا ہے) ۔ (۲) پاجی ؛ بدمعاش ؛ بد ذات ؛ شریر ۔

Furcula : (n) [L. dim. of 'furca'.] (طیوریات) دوشاخی ہڈی جو پرندوں کے حلق اور سینے کے درمیان ہوتی ہے، (حیوانیات) جناغ طیر ۔

Furcular : (a) پرندوں کی گردن کے نیچے والی دوشاخی ہڈی کا یا اس سےمتعلق ؛ (قدیم معنوں میں) ہنسلی کا یا اس سے متعلق ۔

Furculum : (n) دیکھو Furcula

Furfur : (n) [L.'furfur.'] جلد یا سر کی بھوسی؛ میل ؛ پپڑی ؛ بفا ؛ خشکیء جلد؛ (خصوصاً) سر کی خشکی ؛ میل کچیل ؛ پھپھوندی وغیرہ کی تہ جو کسی چہرے کے اوپر جم جائے ۔

Furfuraceous : (a) بھوسی جیسا ؛ پپڑیلا ؛ پھپھوندی لگا ؛ میلا کچیلا ؛ بفائی ؛ (نباتیات) بھوسی نما چھلکوں سے ڈھکا ہوا ۔

Furfural/Furfuraldehyde: (n) بخار یا بھاپ بن کر اُڑجانےوالا تیل جو پانی ملے ہوئے سلفیورک ترشے کے ساتھ جلد کی بھوسی کو مقطر کر کے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Furfuran/Furfurane : دیکھو Furan

Furfuration : (n) (شاذ) جلد سے بھوسی نکلنا یا جھڑنا ۔

Furfurine : (n) [f. L.'furfur'.] (کیمیا) ایک نامیاتی اساس ۔

Furfurol : (n) [f. L.'furfur'+-ol.] دیکھو Furfural

Furfurous : (a) جلد کی بھوسی کی مانند ؛ جلد کی بھوسی کا حامل یا اس سے بنا ہوا ۔

Furibund : (a)[L.'furibundus'.] غصےمیں بھرا ہوا؛ غضبناک ؛ خشم ناک ؛ پاگل ؛ دیوانہ ؛ حواس باختہ ؛ آپے سے باہر ؛ آگ بگولا ؛ جھنجھلایا ہوا ؛ طیش میں ۔

Furiosity : (n) [L.'furiositatem'.] (۱) غصہ ؛ غیظ ؛ خشم ناکی؛ غضب ناکی ؛حالت طیش؛ غصے کی حالت یا صفت شوریدگی ؛ شوریدہ سری ؛ جھلاہٹ (شاذ) ۔ (۲) پاگل پن ؛ دیوانگی؛ جوش جنونی ؛ باؤلاپن ؛ خبط ؛ بودا ؛ جنون (خاص کر اسکاتستانی قانون) ۔

Furioso : (a) [L.'furiosus.'] (موسیقی کی ہدایت) تیزی سے ؛ جوشیلے انداز میں ۔

Furioso : (n) غضب ناک شخص؛ غصے سے بھرا ہوا یا آپے سے باہر شخص ؛ دیوانہ ؛ مجنوں ؛ پاگل ؛ سڑی ؛ جھلایا ہوا ۔

Furiosa : (n) غضبناک عورت ؛ دیوانی؛ پاگل ؛ خبط الحواس عورت ۔

Furious : (a) [L.'furiosus'.] (۱) غضب ناک ؛ خشم ناک ؛ آتشی؛ غصہ میں بھرا ہوا ؛ شوریدہ ؛ تندو تیز ؛ بحالت طیش ؛ آپے سے باہر ؛ جھلایا ہوا ؛ آگ بگولا؛ سخت جذبےکی حالت میں؛ شوریدہ سر؛ غصہ درد یا غم کی حالت میں؛ اضطراری حالت میں ؛ مضطرب ؛ قابو سے باہر ؛ دیوانہ ؛ پاگل؛ بدحواس ۔(۲) غیرمحتاط؛ حدود معقولیت سے متجاوز ؛ مسرف اُڑاؤ ؛ لٹاؤ ؛ بےحساب ؛ غالی؛ (شاذ) ۔(۳) (اسکاتستانی قانون) پاگل ؛ دیوانہ ؛ خبطی ؛ مجنوں ؛ سودائی ؛ باؤلا ۔

Fast and furious : (ہنسی دل لگی یا خوش دلی کے متعلق) پُر شور اور بےحد تند وتیز ۔

Furiously : (adv.) غصے کی حالت میں ؛ غضب ناک ہو کر ؛ تیزی سے ؛ طیش میں آکر ؛ آپے سے باہر ہوکر ؛ پاگل پن کے ساتھ ؛ بدحواسی سے ؛ مجنونانہ ؛ مخبوط الحواس کی طرح ۔

Furiousness : (n) غصہ ؛ غضب ناکی ؛ خشمناکی ؛ تندی ؛ تیزی ؛ شدت ؛ طیش ؛ پاگل پن ؛ جنون ؛ بدحواسی ؛ خبط ۔

Furl : (n) [f. next. (v).] (۱) لپٹا ہوا کوائل یا کنڈی ۔ (۲) لپیٹنے یا لپیٹے جانے کا عمل یا حالت ؛ بادبان کو لپیٹنے کا طریقہ ۔

Furl : (v) [prob. an alteration of Furdle.] (۱) (بادبان کو) مستول پر لپیٹنا اور باندھنا ؛ (جھنڈے کو) لپیٹنا ۔ (۲) (پنکھا ، چھتری پر پردے کو) بند کرنا؛ لپیٹنا ؛ کھینچنا ؛ کھینچ کر کھول دینا، چھوڑ دینا ۔ (۳) (امید) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہوجانا ؛ لپٹ جانا ؛ اُڑجانا (بادلوں کی طرح) ۔ (٤) لپیٹا جانا ؛ کنڈی سا بن جانا؛ بل کھانا ۔

Furlong : (n) [OE.furlang.] (۱) ایک میل کا آٹھواں حصہ ؛ دو سو بیس (۲۲۰) گز ۔ (۲) ہر طرف سے ایک فرلانگ لمبا قطعہء زمین جو دس ایکڑ کے برابر ہوتا ہے ۔ (۳) (ہول چال) مشترکہ کھیت کے سرے کا وہ ٹکڑا جو بن جوتے چھوڑ دیاجاتا ہے ۔ (٤) کسی بے احاطہ زمین یا میدان کا کوئی غیرمعینہ حصہ یا تہ ۔ (٥) جوتے ہوئے کھیتوں میں ہل سے بنی ہوئی لکیر ۔

Furlough : (n) [Du.'verlof.'] رخصت ؛ رضا(خصوصاً وہ جو سپاہیوں کو دی جاتی ہے) ؛ وطن جانے کی اجازت کسی معینہ مدت کے لئے نوکری سے غیرحاضررہنے کی اجازت جو سپاہی کو دی جائے ؛ چھٹی ؛ نیزتوصیفی معنوں میں ۔

Furlough : (v) (امریکا) کسی کو رخصت دینا ؛ چھٹی دینا ؛ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے کی اجازت دینا ۔

Furmente/-ty/Furmety/-ity : Frumenty کی متبادل شکلیں ۔

Furnace : (n) [ME.'formeis.'] (۱) گلخن ؛ آتش دان ؛ تنور ؛ انگیٹھی ؛ بھٹی (دھاتوں کو گرم کرنے، گلانے اور سانچوں میں ڈھالنے کی) ۔ (۲) بہت زیادہ گرم جگہ ؛ انتہائی گرم جگہ ؛ کوہ آتش فشاں ؛ گرم کیاری جو کھاد کا خمیر اُٹھاکر گرم کی جائے۔ (۳) پندآتش دان (جس کی گرمی نلکیوں کے ذریعہ سے کمروں میں پہنچا کر مکان کو گرم کیاجاتا ہے) ۔ (٤) (مجازاً) سخت آزمائش؛ مشکل امتحان ؛ نازک موقع ۔

Furnace : (v) [f.prec.] (۱) بھٹی کی طرح بخار بنانا یا اُڑانا ؛ چھوڑنا ۔ (۲) بھٹی سےنکلتے ہوئے دھوئیں یا بخارات کی طرح خارج ہونا ، نکلنا ، اُڑنا ؛ بھبھکنا ؛ بھبھکا چھوڑنا ۔ (۳) بھٹی میں ڈال کر گرم کرنا ؛ بھٹی میں تپانا ۔

Furnace airpipe : (n) بھٹی میں ہَوا پہنچانے کی نلکی ۔

Furnace-bar : (n) Fire-bar دیکھو

Furnace bridge : (n) لوہے کی چادروں یا آتشیں اینٹوں کی دیوار یا روک ۔

Furnace cadmia/-cadmium : (n) جستے کا آکسائڈ جو جستے کے خام دھات کو پگھلا کر صاف کرنے والی بھٹیوں کی چمنیوں میں جمع ہو جاتا ہے ۔

Furance oil : (n) (کیمیا) بھٹّی کا تیل ۔

Furnace tube : (n) اندرونی طور پر جلنے والے بوائلر میں لگی ہوئی وہ نلی جو ایندھن پہنچاتی ہے ۔

Furnage : (n) [OF.'fornage'.] (۱) (تاریخ) تنور میں پکانے کا عمل ؛ روٹی پکانے کا عمل ؛ اس کام کے لئے ادا کی ہوئی اُجرت ۔ (۲) (جاگیرداری قانون میں) اُن رعیّتوں کے ذریعہ جن پر زمین دار بی کے تنور میں پکانے کی پابندی تھی ؛ خود اپنا تنور استعمال کرنے یااپنے تنور میں پکانے کی اجازت کےلئے زمین دار کو ادا کیا جانےوالا محصول ۔

Furnish : (n) (۱) کسی چیز کی فراہمی یا بہم رسانی ۔ (۲) (ہول چال) آرائش ؛ زیبائش؛ تزئین ؛ بناؤ ؛ سنگار ؛ آراستگی ۔

Furnish : (v) [OF. furnis'.] (۱) (کسی چیز کا) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ (کسی چیز یا جگہ کے لئے) کچھ سامان مہیا کرنا ۔ (۲) مکان یا کمرے کو درست کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ اس میں فرش، کرسی، میز وغیرہ ضروری چیزیں رکھنا یا لگانا ۔ (۳) دینا؛ عہدہ برآ ہونا؛ فراہم کرنا ؛ بہم پہنچانا؛ سپلائی کرنا یا پہنچانا؛ حاصل دینا ؛ منافع دینا ؛ پیداوار دینا؛ (درخت وغیرہ کا) پھل دینا ؛ مستطیع ہونا ۔

Destructor furnace : (کیمیا) اتلافی بھٹی ۔

Tried in the furnace : سخت امتحان یا آزمائش میں ڈالا گیا ۔

Furnish forth : (v) (۱) ضروری چیزیں مہیا کرنا یا بہم پہنچانا؛ آراستہ کرنا؛ زینت دینا ؛ سجانا؛ سنوارنا ؛ سنگار کرنا ۔ (۲) مستطیع ہونا؛ فراہم کرنا؛ سپلائی کرنا؛ منافع دینا؛ پھل دینا ۔

Furnish out : (v) (۱) کمی پورا کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ مکمل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تمام کرنےوالا ۔(۲) مناسب سہولت بہم پہنچانا ؛ اشیائے خورد ونوش فراہم کرنا ؛ اسباب مہیا کرنا ۔

Furnishable : (a) قابل فراہمی ؛ لائق بہم رسانی ؛ قابل آراستگی ؛ لائق تزئین ۔

Furnished house/-room : (n) ایسا مکان یا کمرہ جو آراستہ حالت میں کرایہ پر دیا جائے ۔

Furnisher : (n) فرنیچر یا سازو سامان مہیا کرنے والا ؛ بہم رساں ؛ ضروری اشیا فراہم کر نے یا دینےوالا ؛ آراستہ کرنےوالا ؛ تزئین کار ۔

Furnishing : (n) (خاص کر جمع میں) فرنیچر ؛ مکان کے ضروری سازو سامان میں کرسی وغیرہ کی تنصیبات ؛ سازوسامان ؛ آلات وغیرہ ۔

Furnishment : (n) آراستگی یا بہم رسانی کا عمل ؛ بہم رسانی ؛ فراہمی ؛ آرائش ؛ زیبائش ؛ تزئین ؛ آراستگی؛ تزئین کاری ؛ (خاص کر جمع میں) سامان رسد ؛ خرچ ؛ مقررہ رقم جو کسی شخص کو خرچ کے لئے ملتی ہو ؛ فوج کی ضروریات کا مجموعی ذخیرہ یارسد ؛ سلاحِ جنگ؛ ذخائر حرب ؛ سامانِ جنگ ؛ گولہ بارود (اب شاذ) ۔

Furniture : (n) [F.'fourniture'.] (۱) (وہ اشیا یا سامان) جو کسی چیز یا مکان کے اندر ہو ۔ (۲) تیاری ؛ آراستگی ؛ آمادگی ؛ سازو سامان سے آراستہ یا مسلح ہونے کی حالت؛ ذہنی تربیت یا درستگی ؛ تہذیب (متروك) ۔(۳) گھوڑے کا ساز وغیرہ (متروك) ۔(٤) فرنیچر ؛ مکان یا کمرے کا سامان منقولہ مثلاً کرسی ، میز وغیرہ ۔ (٥) سازوسامان ؛ اثاثِ خانہ ؛ اثاثہ ؛ اسباب ؛ استعمال کی چیزیں یا آلات ؛ اوزار وغیرہ جن کے ذریعہ کام کیاجاتا ہے ۔ (٦) سامان مسالہ وغیرہ جس سے کوئی چیز بنائی جائے (خاص کر جہاز میں)؛ جہاز کے ضروری سازو سامان ۔ (۷) (ذہنی یا علمی) مواد؛ مسالہ ۔ (۸) مشمولات ؛ ملحقات ؛ لوازمات (اب صرف تکنیکی استعمال میں آتا ہے) مثلاً دروازے کی انگلی تختی (فنگرپلیٹ، دستے، تالے وغیرہ)؛ تابوت یا ایسی ہی دوسری چیزوں کے دستے، تختے وغیرہ ۔ (۹) (طباعت) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے یا پٹریاں جو طباعت کے مواد کو فریم کے اندر اپنے گھیرے میں لئے ہوتی ہیں ۔ (۱۰) (موسیقی) آرگن کے پردے میں نلکیوں کی بہت سی قطاروں میں سے ایك کا نام ۔

Furniture of his pocket : اس کی جیب کاسامان یعنی روپیہ ۔

Furniture of my shelves : میری الماریوں کا سامان یعنی کتابیں ۔

Furniture of one's mind : (کسی کا) علم ؛ ذہانت ۔

Furniture-pad : (n) فرنیچر میں لگا ہواربر کا ٹکڑا جو رگڑ یا ٹکر سے بچانے کے لئے ہو تا ہے ۔

Furniture picture : (n) نقاشی یا تصویر جو فروخت کے لئے بنائی گئی ہو ؛ ادب یا آرٹ کا کام جو محض کمانے کےلئے کیا جائے ۔

Furniture stop : (n) (موسیقی) آرگن کے پردے میں نلکیوں کی بہت سی قطاروں میں سے ایك کا نام ۔

Furniture worker : (n) وہ مزدور جو ہَوائی جہاز میں لگانے کےلئے لکڑی کے سامان اورلوازمات تیار کرتا ہے ۔

Furor : (n) [L.'furorem".] (۱) غصے یا طیش کا دورہ ؛ شدید غصہ یا طیش ؛ قہر ؛ غضب ناکی ؛ مالیخولیا؛ خبط ؛ سودا ؛ جنون ؛ مانیا ۔(۲) بہ وقت القا شعرا کی ہذیانی کیفیت یاعارضی دیوانگی ؛ پیغمبروں کی الہامی کیفیت نزول وحی کےوقت کی اضطرابی حالت ۔(۳)حالت اشتعال؛ حالت غیض ؛ جوش یااضطراب کی حالت یا کیفیت ؛ برانگیختگی ؛عشق مفرط ۔(٤) غصہ ؛ تاؤ ؛ جذبہ ؛ طیش ؛ شدت ؛ جوش ؛ولولہ ؛ گرم جوشی ؛ زور ؛ بےحد شوق ؛ خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا ۔

Furore : (n)[It. form of furo'.] پرجوش تحسین یاپسندیدگی ؛ جوش و خروش ؛ ہنگامہ ؛ اضطرابِ عمومی ؛ جذبۂ عام ؛ ولولہ ؛ جو ش؛ شوق بےحد ؛ گرمی جوش ؛ خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا؛ غصہ ؛ طیش ؛ (طب) جنونی ؛ شور؛ (نفسیات) غیظ ۔

Furor uterigus : (n) (طب) ہیاج رحمی ؛ چُداس ۔

Furoshiki : (n) [Jafo] مربع نما کپڑا جو عموماً ریشمی ہوتا ہے اور جس سے جاپانی باشندے چھوٹی موٹی

گھڑیاں باندھنے کا کام لیتے ہیں ؛ گمچھا ؛ رومال ۔

Furred : (a) [f. fur. n.] (۱) سمور لگا ہوا (لباس) ؛ فردار ۔ (۲) مریضانہ پپڑی یا میل سے ڈھکا ہوا ؛ پپڑی جما ہوا یا جمایا ہوا ۔ (۳) بال دار ؛ فر والا ؛ سمور دار (جانور) ۔

Furrier : (n) [f. fur n..+ ir.] سمور فروش ؛ سمور وغیرہ کو صاف کرنےوالا ؛ فرّا ؛ فر کا کارو بار کرنے والا ۔

Furriery : (n) سمور فروشی ؛ سمور کو صاف کرنے اور بیچنے کا کام ۔

Furring : (n) (۱) سمور یا نرم بالوں سے آراستہ یا ملبوس کرنے کا عمل ؛ سموری دھاریاں یا جھالر ۔ (۲) پپڑیاں جم جانے یا پپڑی دار ہو جانے کا عمل ؛ پپڑی جمی ہوئی حالت نیز پپڑی کی تہ ۔ (۳) (جہاز سازی) جہاز کے پہلو کے تختوں کو دہرا کرنے کا عمل یا طریق عمل ؛ نیز شہتیر کا وہ ٹکڑا جو اس کام کےلئے استعمال کیاجاتا ہے ۔ (٤) (تعمیرات) سطح کو ہموار کرنے یا اونچا کرکےیکسارکرنے کےلئے تختے کی باریک چھپٹیوں کو کیلوں سے جڑنے کا عمل ؛ نیز وہ چھپٹیاں جو جڑی جائیں ۔ (٥) (تعمیرات) کمرے کی دیوار کو نمی یا مرطوبیت سے بچانے کےلئے اینٹ کی دیوار پر پلاستر کی بنائی ہوئی پپڑی ۔

Furrow : (n) [OE.'furh.'] (۱) ریگھاری ؛ شیار ؛ بلائی ؛ باہ ؛ ہل سے جو نالی بیج ڈالنے کےلئے کھیت میں بنائی جاتی ہے (نیز مجازاً) (شاعری) جوتی ہوئی زمین ؛ بیج ڈالی ہوئی زمین ۔ (۲) گہری جُھرّی یا شکن ۔ (۳) پانی پر جہاز کے گذرنے کا نشان ۔ (٤) لکیر ؛ نالی ؛ پانی نکلنے کی نالی ؛ گہری نالی یا خندق ؛ کھائی ؛ کچی زمین پر پہیوں کا نشان ؛ ایک دو منٹوں کا درمیانی خلا ۔ (٥) ہل کی ریگھاری سےمشابہ کوئی چیز؛ (تشریح) جھری ؛ فجوہ ؛ جُھری ۔

Furrow : (v) (۱) ہل چلانا ؛ نالیاں یا لکیر بنانا ؛ شکن ڈالنا ؛ ہل سے ریگھاری یا شیار بنانا ؛ قبلہ رانی کرنا ۔ (۲) ہل سے بنی ریگھاریوں جیسی نالیاں بنانا یا شکنیں ڈالنا ؛ جھیری بنانا ؛ خیارہ بنانا ؛ نالی بنانا ۔ (۳) ریگھاریاں بنانا ؛ لیک بنانا ؛ لکیریں ڈالنا ؛ نالیاں بنانا ؛ جُھریاں یا شکنیں ڈالنا یا بنانا ۔

Furrow-slice : (n) کھیت کی مٹی کا ٹکڑا جو ہل کے چلنے سے اُکھڑ جاتا ہے ۔

Furrow weed : (n) جوتے ہوئے کھیت میں اُگنے والی ایک گھاس ۔

Furrowed : (a) (تشریح) فجوہ دار ؛ (زراعت) شیار دار ۔

Furrowless : (a) جس میں نالی یا بلائی نہ ہو ۔

Furrowy : (a) ریگھاری دار ؛ ریگھاریوں سے بھرا ہوا ؛ پُرشکن ؛ نالی دار ؛ جس میں گہری جھرّیاں یا شکنیں ہوتی ہیں ۔

Furry : (n) [Origin unknown.] (بول چال) ۸ مئی کو بلسٹن کارنوال میں منایا جانےوالا ایک تہوار یاجشن؛ نیز اُس موقع پر پیش کیا جانے والا رقص (جسے Flora بھی کہتے ہیں) نیز توصیفی معنوں میں ۔

Furry : (a) (۱) سمور دار ؛ نرم بالوں والا ؛ فر والا ؛ فر سے بنایا ہوا ؛ نرم بالوں کا بنا ہوا ۔ (۲) سمور سے ڈھکا ہوا ؛ پوستین پہنے ہوئے یاپہننےوالا؛ قاقم پوش؛ سمور پوش ۔ (۳) فر کا کام کیا ہوا یا بنایا ہوا ؛ فر کی دھاریاں یاجھالریں لگا ہوا؛ جس میں فر کا حاشیہ لگا ہو ۔ (٤) فر کے مشابہ ؛ سمور مانند ؛ پوستین نما ۔ (٥) پپڑی جیسا ؛ مریضانہ پپڑی کی نوعیت کا ؛ جس پر پپڑی پڑی ہوئی ہو ۔

Further : (a) [OE.'furora'.] (۱) مزید ؛ مزید براں ؛ زائد ؛ اضافی ؛ پرلی طرف ؛ اپنی طرف نہیں بلکہ دوسری طرف ۔ (۲) (فاصلہ یا وقت کے اعتبار سے) دور ؛ اگلا ؛ زیادہ پرے ؛ نسبتاً زیادہ دور خاص کر دو میں سے ایک جو زیادہ دور ہو ۔

I will see you further first : میں پہلے تم کو اور دور پہنچاؤنگا(یعنی اصطلاحاً) جہنم میں پہنچاؤنگا (درخواست کی سخت تردید کرنے کی صورت) ۔

On the further side : پرے ؛ دور ۔

Threats of the further punishment : مزید سزا کی دھمکیاں ۔

Till further notice : تا اطلاع ثانی ۔

To go further and fare worse : جوں جوں سیانا توں توں دیوانہ ہونا ۔

To inquire further : مزید معلومات حاصل کرنا ؛ مزید تحقیقات کرنا ۔

Unsafe to proceed further : آگے جانا خطرے سے خالی نہیں ۔

Further : (adv.) [OE. 'furdor'.] (۱) دور تک ؛ زیادہ دور تک ؛ زیادہ دوری پر ؛ زیادہ پرے ؛ بہت آگے (بہ لحاظ وقت اور فاصلہ) ۔ (۲) زیادہ وسیع طور پر ؛ مزید ؛ مزید براں ۔ (۳) اس کےعلاوہ ؛ علاوہ ازیں ؛ علاوہ براں ۔ (٤) خلا میں زیادہ دوری پر؛ نسبتاً زیادہ فاصلے پر دور تر ۔

Further : (v) [OE.'fyrdr (i) an'.] (۱) (تحریک، تجویز، یا مقصد کی یا کو) امداد کرنا ؛ بڑھانا ؛ اعانت کرنا ؛ ترقی دینا ۔ (۲) آگے بڑھنا ؛ جاری رہنا ؛ پیش قدمی کرتے رہنا (اسکاتستان) ۔

Furtherance : (n) (۱) آگے بڑھنے کی حالت یا صورت ؛ آگے بڑھنےیابڑھانےاور مدد کرنے کاعمل ۔ (۲) ترقی؛ اضافہ؛ پیش رفت ؛ اقدام ؛ پیشگی ؛ مدد؛ امداد؛ سہارا ؛ اعانت ؛ دستگیری ؛ استمداد ؛ استعانت ۔ (۳) امداد کے ذریعے یا وسائل ۔

Further continued : (a) وہ جو آگے جاری رہے ؛ مسلسل ۔

Further education : (n) تعلیم بالغاں ؛ بالغوں کے لئے پکچرس یا مراسلاتی نصاب جو عموماً ایسےلوگوں کے لئے ہوتا ہےجو حصولِ علم میں مشغول نہیں ہوتے ہیں ؛ ضابطہء تعلیم جس کا نظم بالغوں یا اسکول سے فارغ شدہ نوجوانوں کےلئے کیا گیا ہو ۔

Furtherer : (n) (کسی مقصد یا کام کو) بڑھانےوالا ؛ ترقی دینے والا ؛ اعانت کرنے والا؛ حامی ؛ معد ؛ موید؛ مدد ؛ امداد ؛ سہارا؛ اعانت ؛ دستگیری ؛ استمداد ؛ استعانت ؛ امداد کے ذرائع یاوسائل ۔

Furthermore : اس کے علاوہ ؛ مزید براں ؛ علاوہ ازیں ؛ علاوہ برایں ۔

Furthermost : (a) انتہائی دور ؛ دور ترین ۔

Furthersome : (a) مائل بہ ارتقاء ؛ جو ترقی دے سکے ؛ بڑھا سکے ؛ معد ؛ معاون ؛ مددگار ؛ مفید ؛ فائدہ مند ؛ سود مند ؛ کارآمد ؛ کام کا ؛ مائل بہ استمداد ۔

Furthest : (a) (۱) کسی سمت میں سب سے زیادہ دور ؛ سب سے زیادہ دور؛ بہت دور؛ نہایت بعید ؛ دورترین ۔ (۲) بہت دور پرے ؛ انتہائی دور(بہ لحاظ وقت) ۔

Furthest : (adv.) سب سےزیادہ دوری پر ؛ انتہائی فاصلےپر ؛ بعدترین فاصلے پر ؛ نہایت دور ؛ بہت دورتک؛ بعیدترین فاصلے تک ۔

Furtive : (a) [L.'furtivus'.] (۱) (کام) جو چوری چھپے کیاجائے؛ چوری سے کیا ہوا ؛ خفیہ ؛ چوری چھپے ؛ مخفی ؛ رازداری کے ساتھ کیا ہوا؛ پوشیدہ ؛ دزدیدہ ؛ پُر اسرار طور پر کیا ہوا ؛ عیاری سے یا چپکے سے اس طرح کیا جائے کہ کسی کو خبر نہ ہو سکے ۔ (۲) چور جیسا ؛ خاموش ؛ خفیہ ؛ دزدیدہ نظر (شخص) ۔ (۳) چرایا ہوا ؛ چوری چھپے کیا ہوا ؛ نظر بچا کر اُٹھا یا ہوا؛ خفیہ طور پر حاصل کیا ہوا ۔ (٤) چوتّا ؛ چوری کا ۔

Furtively : (adv.) چوری سے ؛ چوری چھپے ؛ خفیہ طور پر ؛ خفیہ طریقے سے ؛ پر اسرار طور پر ؛ راز دارانہ ؛ دزدیدہ انداز میں ۔

Furtiveness : (n) دزدیدگی ؛ چور کا سا انداز ؛ اخفا ؛ رازداری ۔

Furuncle : (n) [L.'furunculus'.] پھوڑا ؛ پھنسی ؛ دُمّل ؛ دنبل ؛ اماس ؛ آبلہ ؛ روم ؛ رسولی ۔

Furuncula/Furunculous : (a) پھوڑے یا پھنسی کے متعلق یا اُس کے جیسا ؛ اماسی ؛ دنبل یا پھوڑے کی خاصیت کا ؛ پھوڑے پھنسیوں سےبھرا ہوا؛ پھوڑا دار ؛ دنبل دار ؛ پھوڑا پھنسی پیدا کرنے کا میلان رکھنےوالا ؛ (طب) دُمّلی ۔

Furunculoid : (a) پھوڑا نما ؛ پھوڑا مانند ؛ دنبل جیسا ۔

Furunculosis : (n) (طب) دمّلیت ۔

Furvus : (n) (نباتیات) کالا ۔

Fury : (n) [L.'furia'.] (۱) جذبہ ؛ جوش جنوں ؛ غضب ناکی ؛ طیش ؛ قہر ؛ غیظ ؛ خشم ؛ انتشار ذہن جو دیوانگی کی حدتک ہو ؛ خاص کر وحشیانہ غصہ؛ دیوانے کا غصہ ؛ جنون آمیز غضب ناکی نیز اس کا دورہ ۔ (۲) جنگ میں شدتِ جوش ؛ تشدد ؛ تندی ؛ تیزی ؛ جوش ؛ آتش مزاجی ۔ (۳)(تاریخ) ہسپانوی شورش یا فساد؛ وہ مقام جو ۱۵۷٦ء میں ہسپانوی لوگوں نے اینٹورپ میں کیاتھا ۔ (٤) (استعارتاً) (ہَوا ، طوفان وغیرہ کی) تیزی ؛ تُندی ؛ شدت ؛ یورش ؛ ہنگامہ ۔ (٥) الہامی جوش ؛ خاص کر شاعرانہ جذبہ (شاذ) ۔ (٦) (عموماً جمع میں) قدیم یونان

کی دیومالا میں وہ دیویاں جن کے بال سانپوں کی طرح اور جو گناہوں کی سزا دینے کےلئےبھیجی گئی تھیں ؛ (اصطلاحاً)انتقام لینےوالی شیطانی روح یا ارواح ۔ (۷) قسمت کی دیوی ؛ یونانی دیومالا کے مطابق قسمت کی تین دیویوں میں سے ایک ۔(۸) وہ تکلیف جو پشیمانی کی حالت میں قلب کو ہوتی ہے ۔ (۹) منحوس یا شیطان روح جیسا یا جیسی خاص کر خون آشام طور پر غضب ناک یا خبیث عورت ؛ لڑاکا عورت ؛ مردانہ صفت، غصہ ور اور کینہ پرور عورت ۔

Haunted by the furies of her father's blood : اس کےباپ کے خون کا بدلہ لینےوالی ارواح اُس کا پیچھا کر رہی تھیں ۔

In a fury : سخت طیش کی حالت میں ۔

Like fury : شدت سے ؛ بہت جوش کے ساتھ ۔

The spanish fury : وہ قتل عام جو ۱۷۷۶ء میں ہسپانوی لوگوں نے اینٹورپ میں کیا تھا ۔

Furze : (n) OE.'fyrs'.] (۱) رتمت ؛ رتم ؛ ایک جھاڑی دار سدا بہاردرخت جس میں زرد رنگ کے پھول آتے ہیں اور تمام یورپ کی غیر مزروعہ زمینوں میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے ۔(۲) دوسرے پودوں کے ناموں کے ساتھ بھی یہ لفظ آتا ہے ۔ (۳) توصیفی معنوں میں بھی بعض جھاڑیوں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ آتا ہے؛ (نباتیات) جگن ؛ رتن ۔

Dwarf furze : (n) ایک پودے کا نام ۔

Furze-bush/Farzen -: (n) ایک قسم کا جھاڑی دار پودا ۔

Furze-chat : (n) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ یورپ کی ایک گانے والی چڑیا ۔

Furze chucker : (n) ایک قسم کا چھوٹا پرند ہ ۔

Furze lark : (n) چھوٹے پرندوں کی ایک قسم ؛ اس قسم کا پرندہ ؛ مرکزی اورشمالی یورپ اور ایشیا کے بیشترعلاقوں میں پائی جانےوالی ایک چھوٹی، زمزمہ پرواز چڑیا جس کے پر زیتون رنگ بھورےاور سینے وپیٹ کے روئیں سفیدی مائل ہوتے ہیں ۔

Furze wren : (n) انگلستان کے جنوبی ساحل اور مغربی و یورپ کی ایک زمزمہ پرواز چڑیا جس کا رنگ گہرا اور دُم لمبی ہوتی ہے ۔

Furzeling : (n) دیکھو Furze wren

Furzy : (a) (۱) رتمت کا بنا ہوا ؛ جہاں رتمت کے پودے بےشمار اُگے ہوں ۔ (۲) رتمت کا یا اس سے متعلق ۔(۳) گھِسا ہوا ؛ نرم رواں دار ۔

Fusain : (n) [F.] (۱) Spindle درخت کی لکڑی سےبنی ہوئی رنگین کھرپا (نقاشی کے لئے) نیز توصیفی معنوں میں ۔ (۲) (معدنیات) معدنی کوئلہ ؛ فیوسین ۔

Fusain drawing : (n) Spindle درخت کی لکڑی سے بنی ہوئی رنگین کھر یا سےکی گئی نقاشی ۔

Fusarole : (n) [F.'fusarolle'.] (تعمیرات) وہ ستون جو نصف گول نیم دائری شکل کا ہو اور جس میں چھوٹے چھوٹےدانے سے کُھدے ہوں، ڈورک، اونی، کورنتھی طرز عمارت میں یہ عموماً ستون کی اوپری چوکی یا سرِ ستون کےنیچے ہوتا ہے ؛ (تعمیرات) کعبیہ ۔

Fuscin/-ine : (n) [L.'fusc-us'.] (کیمیا) ایک گہرے رنگ کا مادہ جو مختلف جانوروں کے تیلوں کو حرارت پہنچا کر اُن کےعناصر الگ کر کے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Fusco - : [f.L.'fuscus'.] سابقہ ؛ بہ معنی کسی قدر دھندلا یا تاریک ۔

Fusco-ferruginous : (a) ہلکے زنگ کے رنگ کا ۔

Fuscous : (a) [f.L. 'fuscus.'] (خواص الاشیاء) تاریک رنگ کا ؛ اُداس رنگ کا؛ گندم گوں ؛ کسی قدر دھندلا یاتاریک ؛ (نباتیات) سیاہ بھورا ؛ سیاہ فام، سیاہی مائل ؛ تیرہ ۔

Fuse : (n) [Origin doubtful.] جانوروں کے پاؤں کا نشان ؛ چلنے کےنشان ؛ کسی جانور کی مقررہ روش آنےجانے کاراستہ یا گذرگاہ ؛ نیز مجازاً ۔

Fuse/Fuze : (n) [It.'fuso'.] فتیلا ؛ پلیتا ؛ شتابہ ؛ فلیتا؛ آتش گیرمادوں سےبھری ہوئی یا باردار کی ہوئی نلکی ؛ فلیتا یا رسّی جس کے ذریعہ فوجی بم کےگولے یا شیل میں ، معدنیات کی کانوں کے دھماکوں میں آگ لگا کر دھماکا کیا جاتاہے؛ بتّی یانلکی یا ڈوری جو آتش گیر مادہ میں بھگودی گئی ہو تاکہ اُس میں آگ لگا کر بم یا پٹاخہ چھوڑا جائے یا کسی چیز کو بارود سے اُڑایا جائے ۔

Fusee-hole : (n) فلیتے لگانے کا سوراخ ۔

Fusel : [Ger.'fusel'.] توصیفی معنوں میں مستعمل ہے ۔

Fusel oil : (n) کئی قسم کے الکحل کا مرکب جو شراب کی روح نکالتے وقت پیدا ہوتا ہے ؛ (کیمیا) داروتیل ۔

Fuselage : (n) [Fr. f.'fuseler'.] (ہوابازی) بدنہ ؛ کالبُد ؛ ہوائی جہاز کا ڈھانچہ یا چوکھٹا جس میں طیارچی کی جگہ اورانجن لگا ہو؛ آلہء ہَوائی کا چوکھٹا ۔

Fusibility : (n) آمیزش اور اشتراک کی قابلیت (اہلیت) ؛ پگھلنےیاپگھلائےجانے کی صلاحیت؛ (طبیعیات) ذوب پذیری ۔

Fusible : (a) قابل آمیزش واتحاد ؛ قابل تحلیل ؛ پگھلنےیا پگھلائے جانے کے لائق ؛ حرارت پا کر رقیق ہو جانے والا؛ پگھلا کر ایک کر دینے جانےکے لائق؛ (طبیعیات) ذوب پذیر ؛ گداختنی ۔

Fusible alloy : (n) گداختنی بَھرت ۔

Fusible metal : (n) مختلف دھاتوں کا ایک مرکب جس میں آٹھ حصے پھول پانچ حصے دستے اور تین حصے ٹین کے ہوتے ہیں اور جو پانی کےنقطہء جوش یا ۲۱۲ ڈگری فارن ہائٹ پر پگھل جاتا ہے ؛ قابلِ آمیزش دھات ؛ قابلِ تحلیل دھات ۔

Fusible plug: (n) گدازہ ؛ وہ پلگ جواسٹیم بوائلر کی اوپری پرت پر لگا ہوتا ہےتاکہ حرارت جب کبھی خطرناک نقطے پر پہنچ جائے تو یہ پگھل کر اندر کے بخارات یاحرارت کو باہرنکلنےدے ۔

Fusible slag : (n) (کیمیا) گداختنی میل ؛ ذوبی میل ۔

Fusibleness : (n) تحلیلیت ؛ گرم کرنے سے پگھل جانے یا پگھل کر مل جانے کی خاصیت ؛ صفت یا حالت ۔

Fusiform : (a) (تاریخ، بحری) تکلہ یا سگار کا ہم شکل ؛ دونوں سروں پر نوک داراور پتلا گاؤدم ؛ (خاص کر نباتیات ، حشریات اور حیوانیات) تکلہ نما ؛ برچھا نما ؛ مخروطی شکل کا (حیوانیات ، نباتیات) دُوکی ؛ تکلہ نما ۔

Fusil : (n) [OF. 'fui (i) sel'.] نقابت کا ایک نشان ؛ گاؤ دم یا معین نما نشان جو ڈھال پر ہوتا ہے (جس پر کنواری یابیوہ عورت کا مارکہ بنایا جاتا ہے) ۔

Fusil : (n) [Late L.'focile'.] ہلکی دستی بندوق یا پتھر کلا بندوق جو پیدل سپاہیوں کےلئے ہوتی تھی؛ پُرانی ہلکی توڑے دار بندوق ۔

Fuse : (n) [f.Fuse (v)'.] (برقیات) پگھلنے والی دھات کا بنا ہوا وہ تار جو برقی رو کے رستے (الیکٹرک سرکٹ) میں لگا ہوتا ہے، اورجوں ہی برقی رو ایک مخصوص اور محفوظ طاقت سےزیادہ ہوجاتے ہے یہ تار پگھل جاتا ہے ؛ گدازہ فیوز ۔

Fuse : (v) [f.L.fus-] (۱) بہت تیزحرارت سےپگھلانا یاپگھلنا؛ تیزحرارت سے پگھلا کر سیال بنانا ؛ پانی کردینا؛ رقیق کر دینا ۔ (۲) (مجازاً) آمیزش کرنا یا ہونا ؛ مخلوط کرنا یا ہونا ؛ ملا کر ایک کر دینا ۔ (۳) اجزا کو ملا کر ایک بنا دینا یا اُن کا مل کر ایک ہو جانا مثلاً (پگھلا کر) دھات کو یا ہڈیوں کو یا اداروں کو متحد کر دینا یا اغراض کا مشترک کردینا یا اُن کا مشترک و متحد ہوجانا ۔ (٤) (حرارت سے) سیّال ہو جانا ؛ پگھل جانا ؛ پگھلنا ؛ رقیق ہو جانا ؛ نیز مجازاً ۔(٥) (برقی روشنی کا) فیوز کے جلنے یا پگھلنے سے بُجھ جانا یا گُل ہو جانا (بول چال) ۔(٦) (تشریح) متصل رگوں ، ہڈیوں وغیرہ کا جُڑنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ متحد ہونا ۔(۷) فلیتا لگانا ۔

Fuse/Fuze : (v) فلیتا لگانا ؛ شتابہ درست کرنا یا لگانا ۔

Fuse : (v) [f. Fus (n)3] بجلی کا فیوز لگانا یا مہیّا کرنا ۔

Fuse replacement : (n) (برقیات) تبدیلی گدازہ ۔

Fuse tongs : (n) (برقیات) فیوز چمٹی ۔

Fuse wire : (n) (برقیات) گدازہ تار ؛ فیوز وائر ۔

Fused : (a) [f.Fuse.(v) 3] بجلی کا فیوز لگایا ہوا ؛ جس میں گدازہ لگا ہو ۔

Fused : (a) (کیمیا) گداختہ ؛ پگھلا ہوا ۔

Fusee/Fuzee : (n) [f.fusil.] (تاریخ) ایک ہلکی دستی بندوق جو پیدل سپاہیوں کے پاس ہوا کرتی تھی اور باتھ سے بھری جاتی تھی ؛ پتھر کلا بندوق ۔

Fusee/Fuzee : (n) [F.fusee.] (۱) (نقابت) فیوزی، مخروطی پہیّا گھڑی یا گھنٹے میں جس پر زنجیرلپیٹی ہوتی ہے اورجس کےذریعہ بڑی کمان کی قوت متوازن کی ہوئی ہوتی ہے ۔ (۲) (معدنیات) فتیلا ؛ شتابہ ؛ فلیتا ۔ (۳) (بیطاری) گھوڑے کےٹخنے کی ہڈی پر ایک قسم کا دنبل ۔ (٤) بڑے سر والی دیا سلائی (تیز ہَوا میں سگریٹ یا سگار سلگانے کےلئے) ۔

Fusile/Fusil : (a) [L.'fusilis'.] (۱) قابلِ تحلیل ؛ پگھلنے یا پگھلائے جانے کے لائق (شاذ) ۔ (۲) حرارت کی قوت سے بہنے یا دوڑنے والا ؛ حرارت کی قوت سے بہتا یا دوڑتا ہوا (شاذ) ۔ (۳) پگھلا کر یا ڈھال کر بنایاہوا؛ گلا کربنایا ہوا؛ نیز مجازاً۔ (٤) (طبیعیات) ذوب پذیر ۔

Fusilier : (n) [F. f. fusil.'] (۱) برطانوی پلٹنوں کے سپاہی جو پہلے سے ہلکی توڑے دار بندوقوں سے مسلح کئے جاتےتھے ؛ 'Fusiliers' کا خطاب، برطانوی فوج میں اب بھی بعض ریجمنٹوں کے لئے اُن کے لباس کی بعض معمولی ندرتوں یا خصوصیات کی بنا پر رائج ہے ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Fusillade Fusilade : (n) [F.f.'fusiller'.] بندوقوں کی باڑ (مار کر قتل عام) ؛ گولہ باری ؛ آتشیں اسلحوں کا ایک ہی وقت میں دغنا ؛ بڑے پیمانے پر گولہ باری یا فوجی کاروائی ۔

Fusillade : (v) (کسی مقام پر باڑ مارکر) مسلسل حملہ کرنا ؛ دھاوا کرنا ؛ لوگوں کو قتل کرنا ؛ لوگوں کا قتل عام کرنا۔

Fusing : (n) برقی گدازہ یا بجلی کے فیوز لگانے کا عمل یا طریقہ ؛ (لسانیات) ادغام ۔

Fusing point/-temperature : (n) وہ نقطہ یا حرارت جس پر جلنے، گلنے، پگھلنے یا گداز کا عمل واقع ہوتا ہے ؛ نقطہ٭ گداز ؛ نقطہ٭ تحلیل ؛ نقطہ٭ آمیزش واتحاد ؛ (طبیعیات) نقطہ٭ ذوب ۔

Fusion : (n) [L'fusionem'.] (۱) پگھلاؤ ؛ پگھلانے، گلانے یا حرارت پہنچا کر سیّال بنا دینے کا عمل یا طریق عمل ؛ حرارت کے نتیجے میں رقیق ہونے یا بہنے کی حالت ؛ رقّت ؛ سیّالیت ؛ بہاؤ جو حرارت کے نتیجے میں ہو ۔ (۲) گھلا ہوا مادہ ۔ (۳) پگھلا کر مختلف چیزوں کو ملانے، آمیزش کرنے یا متحد کرنے کا عمل ؛ مختلف چیزوں کی بہم آمیزش و اتحاد (پگھلا کر یااس طرح جس طرح پگھلا کر کیا جاتا ہے) ۔(٤) اس طرح ملائے جانے یا ہم آمیزش ہونے کا نتیجہ یا حالت ؛ اتحاد ؛ اتفاق ۔ (٥) (سیاسیات) جماعتوں یا پارٹیوں کا اتحاد ؛ ایتلاف ؛ اتحاد ؛ نیز توصیفی معنوں میں ؛ (طبیعیات) ذوب ؛ گداخت ؛ پگھلاؤ ؛ (نیکلو کیمسٹری) ادغام ؛ امتزاج ؛ (نفسیات) ملاپ ؛ تالیف (فلسفہ) امتزاج (لسانیات) اِدغام ؛ آمیزہ ۔

Fusion : (n) (نیو کلیائی سائنسی) دو یا زیادہ نسبتاً ہلکے نواتوں (Nucleus) کو ملا کر زیادہ پیچیدہ اور نسبتاًوزنی(نیوکلیس)کی تشکیل جس سےبڑی مقدار میں توانائی خارج ہوتی ہے ۔

Latent heat of fusion : (طبیعیات) پگھلاؤ کی مخفی حرارت ۔

Fusion cones : (n) (طبیعیات) گدازندہ مخروطات ۔

Fusion energy : (n) (طبیعیات) اختلاطی توانائی ۔

Fusion mixture : (n) (کیمیا) گدازندہ آمیزہ ۔

Fusion process : (n) (طبیعیات) اختلاطِ طریق ۔

Fusion reaction : (n) (طبیعیات) اختلاطِ عمل ۔

Fusion welding : (n) (الیکٹرک انجینیئرنگ) ذوبی ٹانکا ۔

Fusionism : (n) (سیاسیات) ایتلافیت ۔

Fusionist : (n) ایسا شخص جو مختلف جماعتوں یا اختلاف رائے رکھنے والے لوگوں کو متحد کرنے کی کوشش کرے ۔

Fusionless : (a) دیکھو Foisonless

Fusk/Fusc : (a) [L.'fuscus'.] (شاذ) سیاہی مائل بھورا ؛ سیاہ فام ؛ (کسی قدر) دھندلا یا تاریک ؛ کالے رنگ کا ؛ کالا ؛ تیرہ وتار ۔

Fusocellular : (a) (حیوانیات) دُو کی خلوی ۔

Fusoid : (a) f. L. fusus+-oid.] دیکھو Fusiform

Fusospirillosis : (n) (طب) ورم گلُو ۔

Fuss : (n) [Perh, echoic.] (۱) بھاگ دوڑ ؛ شور وغل ؛ ہنگامہ ؛ لے دے ؛ بہت ہل چل ؛ اضطراری حرکتیں ؛ قیل وقال ؛ بےموقع یا غیر ضروری بھاگ دوڑ ؛ خود نمائی کی حرکتیں ؛ فضول کاری ؛ فضول حرکتی ؛ خفیف تفصیلات کی کثرت ۔ (۲) (کم وبیش مضحکہ خیز) حیرانی ؛ سراسیمگی ؛ اضطراب یا تشویش کی حالت ؛ مضحکہ خیز خوف زدگی ۔ (۳) بےمحل اور بےضرورت بھاگ دوڑ ؛ ہنگامہ یا اضطراری حرکتیں کرنےوالا ؛ مضطرب ؛ سراسیمہ ۔

Fuss : (v) [f. prec. n.] (۱) بھاگ دوڑ کرنا ؛ ہل چل مچانا ؛ شور و غل کرنا ؛ اضطراری حرکتیں کرنا ؛ کھلبلی میں پڑنا ؛ چھوٹی موٹی باتوں کےلئے بیچینی سے بھاگ دوڑ کرنا یا انتہائی مشغولیت کا اظہار کرنا ؛ ادنیٰ چیزوں یاباتوں کےلئے پریشان ہونا ؛ معمولی اور خفیف باتوں میں بے چینی اور گھبراہٹ کے ساتھ مصروف ہونا یا پھرنا ؛ بات کا بتنگڑ بنالینا؛ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اہم سمجھنا ۔ (۲) (کسی کو) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ ہل چل یا بھاگ دوڑ میں مبتلا کر دینا ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں یا چیزوں کےلئے پریشان کر دینا؛ پیچھے پڑجانا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ ستانا ؛ چین نہ لینے دینا ۔

Fussily : (adv.) گھبراہٹ یا ہنگامہ آرائی کے ساتھ ؛ مضطربانہ ؛ بے محل یا غیرضروری بھاگ دوڑ کے ساتھ ؛ (لباس وغیرہ) حقیر اور ادنیٰ آرائشوں کے ساتھ ۔

Fussiness : (n) اضطراری حرکتیں ؛ ذراسی بات کو بڑا سمجھنے کا عمل ؛ معمولی معمولی باتوں کی فکر ؛ بے محل اور غیر ضروری بھاگ دوڑ کی عادت یاصفت ؛ خفیف الحرکتی؛ ہنگامہ خیزی ؛ چھوٹی موٹی باتوں کےلئے عادتاً پریشان یا مشغول رہنے کی صفت ۔

Fussy : (a) (۱) بے محل اورغیر ضروری بھاگ دوڑ کرنےوالا ؛ چھوٹی موٹی باتوں یا چیزوں کے پیچھے عادتاً پریشان یا مشغول رہنے والا ؛ وہ جو بہت غل مچاتا ہو یا خفیف باتوں کو اہم سمجھتا ہو یا ذراسی بات میں گھبرا جاتا ہو ۔ (۲) (امریکا بول چال) شور و غل ؛ ہنگامہ یا ہل چل کی جگہیں ؛ جہاں بہت شور و غل یا ہل چل ہو ۔ (۳) (لباس وغیرہ) حقیر اور ادنیٰ آرائشوں ، نقش ونگار یا جزئی تزئین کاریوں سےبھراہوا۔

Fust : (n) [Var. of First.] (بول چال) کسی مکان کی چھت کی دو ڈھلواں سطحوں کا خط اتصال ؛ چھت کی چوٹی یا موگری ۔

Fust : (v) (۱) پھپھوندی لگا ہوا ہونا یا باسی مہکنا ؛ باسی یا اُترا ہوا ہونا؛ باسی ہوجانا ؛اُتر جانا؛ پراناہونا؛ فرسودہ ہونا ؛ بدمزہ ہونا ؛ خاص کر شراب میں (لکڑی کے) پیپے کی بو یا مزہ آجانا نیز مجازاً ۔

Fustanella : (n) [it. lingua franca 'fustanella'.] جدید یونان میں مردوں کا سفید رنگ کے سوتی کپڑے کا گھگرے جیسا لباس ۔

Fusteric : (n) [f. fust-et.] ایک چھوٹی یوروپی جھاڑی Fustet کا رنگین یا رنگنےوالا مادہ ۔

Fustet : (n) [f. Fustet.] ایک چھوٹی یوروپی جھاڑی ، جس سے زرد رنگ بنایا جاتا ہے اسے Young Fustic بھی کہتے ہیں ۔

Fustian : (n) [OF.'fustaingne'.] (۱) ایک قسم کےبٹے ہوئےتاگے کا بُنا ہوا موٹا کپڑاجوعموماً گہرے رنگ کا ہوتا ہے اور جس پر مختصرنرم روئیں ہوتے ہیں ۔ (۲) کلام برزہ ؛ بیہودہ ؛ مبالغہ آمیز تحریر یا تقریر ؛ لسانی ؛ لفاظی ؛ لمبی چوڑی تقریر ؛ بے جا عبارت آرائی یا بلند پروازی ؛ بڑا بول؛ بڑھ چڑھ کر کی ہوئی بات ۔ (۳) لغت تراشی ؛ مبالغہ آمیزی ؛ ایسی گفتگو یاتحریر جس میں بیہودہ، فضول اور بڑی بڑی باتیں بنائی جائیں (نیز قدیم استعمال میں)؛ بےمعنی گفتگو ؛ غلط یا قواعد زبان کے خلاف گفتگو ۔

Fustian : (a) ایک قسم کے بٹے ہوئے سوتی دھاگے کا بنا ہوا (نیز مجازاً) ۔ (۲) (زبان) جس میں بےجا عبارت آرائی یابلند پروازی دکھائی گئی ہو ؛ جو انتہائی پُر شوکت اور رفیع الشان ہو ؛ مضحکہ خیز طورپر پُرتکلف ؛ بے حد شاندار ؛ متکبرانہ؛ غرور آمیز؛ مبالغہ آمیز ۔ (۲) بےکار؛ بےقیمت ؛ بیہودہ ؛ گھٹیا ؛ حقیر ؛ ادنیٰ درجے کا؛ ادعائی ؛ مصنوعی ؛ نمائشی ؛بےمعنی؛ بےارزش ۔

Fustianist : (n) بےجا عبارت آرائی اور بلند پروازی دکھانے والا؛ پُر تکلف یامبالغہ آمیز عبارت لکھنے والا؛ پُرتصنع اور ادعائی عبارت لکھنے والا ۔

Fustic : (n) [Arab.'fustu'.] (۱) زردرنگنے میں استعمال ہونے والی دو قسم کی لکڑیوں کے نام ؛ وینس کے جھاڑی دار پودے ، سماق ، کی لکڑی (جسے young fustic بھی کہتے ہیں) ؛ امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پائےجانےوالے پودے کی لکڑی جسے کبھی کبھی old fustic بھی کہتے ہیں ۔ (۲) ان درختوں کی لکڑیوں سے نکالا ہوا زرد رنگ ۔ (۳) توصیفی معنوں میں ۔

Old fustic : امریکا اور ویسٹ انڈیز میں پا یا جانے والا ایک درخت یا پودا جس کی لکڑی سے زرد رنگ نکالا جاتا ہے ۔

Young or zante fustic : ایک قسم کا جھاڑی دار درخت جس کی لکڑی سےزردرنگ نکالا جاتا ہے ۔

Fustic tree : (n) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سے زرد رنگ نکالا جاتا ھے ۔

Fustic wood : (n) ایک قسم کے درخت کی لکڑی جس سے زرد رنگ نکا لا جاتا ھے ؛ فسطیط ؛ فُسطق ۔

Fustigate : (v) [L. fustigt-, fustigare'.] (مزاحاً) ڈنڈے لگانا ؛ سونٹے مارنا ؛ پیٹنا ؛ زد و کوب کرنا ۔

Fustigation : (n) ڈنڈے مارنے کا عمل ؛ ڈنڈوں کی مار ؛ مارپیٹ ؛ زد و کوب ۔

Fustigator : (n) ڈنڈے لگانے والا ؛ چھری مارنےوالا ؛ زد و کوب کرنے والا ۔

Fustilugs : (n) [Origin doubtful.] موٹی اور گندے لباس والی عورت ؛ بھدی عورت؛ لحیم شحیم عورت ؛ میلی کچیلی عورت جس کے جسم اور لباس سے بدبو آتی ہو ۔

Fustily : (adv.) پھپھوندی لگے ہوئے انداز میں ؛ باسی ہوکر ؛ بدبو یا بساند کے ساتھ ؛ (مجازاً) فرسودگی سے ؛ قدیم انداز میں ؛ دقیانوسی طور پر ۔

Fustiness : (n) (طب) تعفن ؛ بساند ؛ بدبو ؛ سڑاند ؛ پھپھوند؛ اُمس ؛ (مجازاً) فرسودگی ؛ قدامت ؛ دقیانوسیت ۔

Fusty : (a) پھپھوندی لگا ہوا ؛ (باسی یا اُتری ہوئی چیز کی)بو رکھنے والا ؛باسی ؛ اُبسا ہوا ؛ کھٹک زدہ ۔ (۲) جس (جگہ یا کمرے) کی ہوا بند ہو اور اُس کےاندر اُمس یا گھمس ہو ؛ سیلا ہوا؛ گیلا ۔ (۳) پرانی وضع کا؛ قدیم؛ فرسودہ ؛ پُرانا؛ بوسیدہ؛ دقیانوسی ؛ پرانے خیالات کا (آدمی) ۔

Fusus : (n) (حیوانیات) دُوکی صدف ؛ تکلہ صدف ۔

Futchel : (n) [Origin unkn.] گاڑی کا دُھرا ؛ دُھری ۔

Futhorc/-ark/-ork : (n) رونی یا قدیم ٹیوٹانی ابجد جس کے حروف زاویہ دار ہوتےتھے اور جس کے ابتدائی چھ حروف کے مجموعہ سے یہ لفظ بنا ھے ؛ اس میں th ایک حرف شمار کیا جاتا ھے ۔

Futile : (a) [L.'futilis.'] (۱) بے کار ؛ بےنتیجہ ؛ بے اثر ؛ فضول ؛ بے حاصل ؛ بے سود؛ بےفائدہ ؛ عبث ۔ (۲) لایعنی گفتگو یاحرکات کاعادی ؛ بےمقصد ؛ لغو ؛ بیہودہ ؛ (شاید متروک ھے) ۔

Futilely : (adv.) بے نتیجہ ہو کر ؛ بے اثر طور پر ؛ لاحاصل یا بے سود انداز میں ؛ عبث ؛ لایعنی طور پر ۔

Futileness : (n) بے نتیجگی ؛ لاحاصلی ؛ بے اثری ؛ لایعنیت ۔

Futilitarian : (a) بے کاری یا بےاثری کا مارا ہوا ؛ وقف وفا ؛ نذرِ ہلاکت ؛ وقف بیہودگی ؛ نذرِ بیکاری ۔

Futilitarian : (n) بے کاری اور بے اثری کا مارا ہوا شخص ؛ وقف بیکاری ۔

Futilitarianism : (n) (فلسفہ) عبثیّت (عقیدہ) ۔

Futility : (n) [F. 'futilite'.] (۱) بےاثری ؛بیکاری ؛ بےنتیجگی ؛ لاحاصلیت ؛ توازن اور اہمیت کی کمی ۔ (۲) لامقصدیت ؛لایعنیت ؛ نکمّاپن ؛بیہودگی ۔ (۳) بےکار ؛ بے اثر یا بےنتیجہ چیز ۔

Futtock : (n) [prop. a pronunciation of foot-hool.] دیکھو Foot-hook

Futtock-hoop : (n) مستول کے سرے سے ذرا نیچے مستول کو گھیرے ہوئے ایک آہنی یا چوبی حلقہ جو ان رسوں یازنجیروں کو جن کے سہارے جہاز کا مستول کھڑا ہوتا ھے، جوڑنے کا کام کرتا ھے ۔

Futtock plate : (n) ان آہنی تختوں میں سے ایک جو مستول کی مچان کے پہلوؤں سے عموداً گذرتے ہیں اورجن سےجہاز کے مستول کو سہارا دینےوالے رسّے محفوظ رہتے ہیں ۔

Futtock shroud : (n) مستول کو سہارا دینے وا لے چھوٹے رسّوں میں سے ایک جو نچلے کُندوں (Dead eyes) اور (نچلےمستول سے) اوپر والے مستول کے آہنی تختوں کی حفاظت کرتا ھے ۔

Future : (a) [L.'futurus'.] (۱) مستقبل ؛ آئندہ ؛ پیش آنےوالا ؛ آج کے بعد ؛ بعدہٗ ؛ اس کے بعد ؛ بعد ازیں ؛ ہونے والا ؛ آنے والا ؛ عالم آخرت یا عُقبیٰ میں پیش آنے والا ؛ (کوئی شخص یا چیز) جو آگے چل کر کچھ کا کچھ ہونےوالی ہو؛ آئندہ توقعات؛ (دینیات) مستقبل ؛ آخرت ؛ عاقبت ؛ عُقبیٰ ۔(۲) آنے والے وقت کا یا اُس سے متعلق ؛ مستقبل کا یا اس سے متعلق ؛ آئندہ کا یا اس سے متعلق ؛ (خاص کر قواعد میں) متعلق بہ زمانہء مستقبل؛ ایسے واقعہ کو ظاہر کرنے والا زمانہ جسے ابھی واقع ہونا ھے ؛ نیز زمانہء مستقبل ۔(۳) (بے قاعدہ طورپر) بعد کا ؛ متاخر (واقعہ وغیرہ) ۔

Periphrastic future : (لسانیات) اطنابی مستقبل ۔

Predicative future : (لسانیات) جبری مستقبل ۔

Future : (n) (۱) آنے والا وقت یازمانہ ۔(۲) مستقبل میں ہونےوالی بات یا پیش آنے والا واقعہ ۔ (۳)آنےوالے وقت میں کوئی حالت جو موجود وقت کی حالت سے مختلف ہو ؛ زمانہء حال سے مختلف ؛ زمانہ ۔ (٤) (کسی شخص، ملک وغیرہ کی) مستقبل میں متوقع حالت ۔ (٥)(قواعد) زمانہء مستقبل ؛ جو بات آنےوالے وقت کےلئے کہی گئی ہو ؛ آنے والے واقعہ کو ظاہر کرنےوالا ۔ (٦) ایک بارمنگنی کیا ہوا ؛ جس کی ایک بارمنگنی یا سگائی ہو چکی ہو ۔ (۷) (جمع، تجارت) مال واسباب جو آئندہ بھیجنے کے وعدے پر فروخت کئے جائیں نیز ان شرائط پر بیچنے یا خریدنے کے معاہدات ۔

A future state/-life : آئندہ زندگی (حالت) ؛ حیات بعد الممات ؛ حیات اُخروی ؛ عاقبت ؛ آخرت ۔

For the future : آئندہ کےلئے ۔

In future : زمانہء آئندہ میں ؛ مستقبل میں ؛ آنے والے وقت میں ۔

My future wife : میری ہونےوالی بیوی ۔

The future : آئندہ ؛ مستقبل ؛ آنے والا وقت یازمانہ ۔

Future indefinite : (n) (قواعد) فعل مستقبل ۔

Future goods : (n) (تجارت) اُگاؤ مال ؛ مستقبل مال ۔

Future market : (n) (تجارت) پیش بازار ۔

Future transactions : (n) (معاشیات) پیش بیوپار ۔

Futureless : (a) جس کا کوئی مستقبل نہ ہو ؛ جس کی کوئی توقعات نہ ہوں ۔

Futures : (n) (معاشیات) وعدے ۔

Futurism : (n) [It.'futurismo'.] اٹلی سےشروع ہونےوالی ایک تحریک جس کےتحت تصویر کشی اور فنون لطیفہ میں پرانی روایات اور طریقوں کو قطعاً ترک کرکے بالکل نئی علامات و اشارات کے ذریعہ جذبات کی ترجمانی کی جاتی ہے؛ مستقبلیت ۔

Futurist : (n) [It.'futurista'.] (۱) (دینیات) وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ انجیل یا صحائف انبیاء کی پیشین گوئیاں ہنوز پوری ہونے والی ہیں ؛ آخرت پر ایمان رکھنے والا ؛ قیامت ، آخرت اور جزا و سزا کا معتقد ۔(۲) (وہ لوگ) جو تصویر کشی اور فنون لطیفہ میں (جیسا کہ اٹلی میں کیاگیا ہے) پرانی روایات اور طریقوں کو قطعاً ترک کرکے جذبات کی ترجمانی بالکل نئے اشارات سے کرتے ہیں ؛ نیز توصیفی معنوں میں ۔

Futuristic : (a) (۱) صحائف آسمانی کی پیشین گوئیوں کے ہنوز پورے ہونے کا عقیدہ رکھنے والے شخص یااس سے متعلق آخرت پر ایمان رکھنے والے کا یا اس سے متعلق ۔(۲) فنون لطیفہ میں پرانی روایات کو قطعاً ترک کرکے بالکل نئی علامات و اشارات میں جذبات کی ترجمانی کرنے والوں کا یااُن سے متعلق ۔

Futuritial : (a) آنے والے (وقت، وقوع ، وجود وغیرہ) سے متعلق یا علاقہ رکھنے والا ؛ مستقبل سے تعلق رکھنے والا ؛ آئندہ سے متعلق ؛ مستقبلی ؛ (دینیات) موت کے بعد کی زندگی سے متعلق ؛ آخرت سے متعلق ؛ اُخروی ۔

Futurition : (n) [med. L.'futuritionem'.] (۱) آئندہ وجود یا وقوع (شاذ) ؛ مستقبل کا کوئی واقعہ یا مستقبلی وجود ۔(۲) مستقبل یا آئندہ ہونےکی صفت مستقبلیت ؛ یہ حقیقت کہ (کوئی مخصوص چیز) "ہوگی" ۔ (۳) (دینیات) حیات بعد الممات ؛ آخرت ؛ عاقبت ۔

Futurity : (n) (۱) مستقبل یا آئندہ ہونے کی صفت ؛ مستقبلیت ؛ یہ حقیقت کہ (کوئی چیز) "ہوگی"(شاذ)۔(۲) وقت آئندہ؛ زمانہء مستقبل؛ آنےوالا وقت یازمانہ ؛ مستقبل ؛ (دینیات) عاقبت ؛آخرت ۔ (۳) مستقبلی حالت ؛ آئندہ حالت ؛ احوال آئندہ ؛ آنے والی حالت ؛ نیز موت کے بعد کی زندگی ؛ حیات بعد الممات ۔

Futurologist : (n) کسی منظم بنیاد پر مستقبل کی پیشین گوئی کرنےوالا ۔

Futurology : (n) کسی منظم یاباضابطہ بنیاد پر مستقبل کےلئے پیشین گوئی کرنے کا عمل ۔

Fuzil : دیکھو Fusil

Fuzz : (n) [CF. Fozy.] (۱) پتلا اُڑ جانے والا مادہ ؛ بخار بن کر اڑ جانے والا آزاد یا غیر پیوستہ مادہ ۔ (۲) (تصویر کشی) نا سختی ؛ غیرٹھوس پن ؛

نرمی ؛ ملائمت؛ کھلے ہوئے ریشوں کی طرح تارتارہونےکی حالت ؛ روئیں دار ہونا ؛ رواں داری ؛ (نباتیات) کُرک ؛ رواں ؛ (بالوں کے) گھونگرو ؛ بل ؛ نرم یا گھونگر والے بال ؛ رونی وغیرہ کارواں ۔

Fuzz : (n) [Origin unkn.] (عامیانہ، ابتداً امریکا) پولیس کا آدمی ؛ سپاہی ؛ سراغ رساں ؛ خفیہ پولیس ؛ مجموعی طور پر پولیس ۔

Fuzz : (v) [f. fuzz. (n)] (۱) ہلکے ذرات میں اڑنا؛ ہلکے روئیں بن کر اڑنا ۔ (۲) باریک ذرات سے ڈھکنا یا ڈھانکنا ؛ باریک روئیں سے ڈھانکنا ۔

Fuzz-ball : (n) Lycoperdon کھمبی یا سماروغ کی ایک قسم Bovista کا نام ؛ سانپ کی چھتری یا کلاہ باراں کی ایک قسم؛ ایک قسم کی اسفنجی نباتات ؛ سماروغ کی ایک قسم جس کا بیج دانِ گیند نما ہوتا ہے ؛ (نیز مجازاً) ؛ (نباتیات) فُطر کُبّہ ؛ نوعِ فُطر ۔

Fuzz wig : (n) گھونگریالے بالوں کا وگ (مصنوعی بالوں کا توپ) ۔

Fuzzily : (adv.) نرمی سے؛ ملائمت سے ؛اسفنجی یامسامدار انداز میں ؛ روئیں دار ہوکر ؛ دھندلے یا مسخ شدہ انداز میں ؛ گھونگریالے طورپر ؛ خمدار انداز میں ؛ بل دار ہو کر ۔

Fuzziness : (n) اسفنجی یا مسام دار ہونے کی حالت یا صفت ؛ نرمی ؛ ملائمت ؛ رواں داری ؛ دھندلاہٹ ؛ مسخ شدگی ؛ داغداری ؛ گھونگرو یا گھونگریالاپن؛ پیچیدگی ؛ خمداری (بالوں کی)۔

Fuzzy : (a) (۱) اسفنجی ؛ جو سخت یا ٹھوس مادے کا بنا نہ ہو ؛ ناسخت ؛ غیرٹھوس ؛ نرم ؛ ملائم ؛ اسفنج یااسپنج نما ؛ اسفنج جیسا ؛ مسام دار ۔ (۲) (سنیما) فزّ دار ؛ بےسر ۔ (۳) (نباتیات) کُرک دار ؛ روئیں دار۔(٤) کھلےہوئےریشوں کی طرح تارتار؛ جو گھِس کر تار تار ہو گیا ہو؛ گھِسا ہوا ؛ نرم روئیں دار ؛ جس کےروئیں اُدھڑ گئے ہوں ؛ رواں دار ؛ روئیں سے ڈھکا ہوا ۔(٥) دھندلا کیا ہوا ؛ دھندلا؛ مسخ کیا ہوا؛ پسا ہوا ؛ رگڑا ہوا ؛ داغدار کیا ہوا ؛ شکل بگاڑا ہوا ۔ (٦) گھونگریالا ؛ بل دار ؛ پیچاں ؛ خم دار؛ گھونگروالا (بال) ۔

Fuzzy-wuzzy : (n) سوڈانی جنگی سپاہی کا لقب یا عرف جو اس کےبالوں کو سنوارنے کے طریقے اور انداز کی وجہ سے پڑا ؛ سوڈانی ؛ جنگجو ۔

-fy : (Suffix) [Fr. 'fier',med.L.-'ficere'.] افعال بنانےوالا لاحقہ (جوقدیم انگریزی الفاظ میں فرانسیسی لاحقہ fier - کا قائم مقام ہے ۔ لاطینی وسطیٰ میں لاحقہ ficare - لاطینی افعال میں اکثر facere- سےبدل جاتا ہے لہٰذا فرانسیسی اور انگریزی افعال جن کےلواحقات fy- اور fier ۔ہوتے ہیں ، کبھی کبھی ان لاطینی افعال کے مطابق ہوتے جو facere پر ختم ہوتے ہیں) جس سے کرنا اور بنانا کا مفہوم پیدا ہوتا ہے مثلاً ' deify Beautify وغیرہ ؛ انگریزی الفاظ کی مذاقیہ تراکیب میں یہ لاحقہ عموماً کسی کام کا تواتر ، شدت وغیرہ ظاہر کرتا ہے مثلاً Speechify یعنی متواتر تقریریں کئے جانا ۔

Fyke : (n) [du.'fuik'.] (امریکا) مچھلیاں پکڑنے کا تھیلا نما جال خاص کر وہ جس سے شاذ مچھلی پکڑی جاتی ہے ؛ اسے Fyke-net بھی کہتے ہیں ۔


Fyke-net : (n) دیکھو Fyke

Fylfot : (n) [perh. simply 'fill-foot'.] صلیب جو قدیم زمانے میں سورج کی پرستش میں استعمال کی جاتی تھی اور جس کی شکل سوستیکا (卐) کی ہوتی ہے ؛ سوستیکا ۔

Fylfot-cross : (n) دیکھو Fylfot

Fyrd : (n) [OE. 'fyrd.'] (انگریزی تاریخ) فرڈ ؛ نارمن فتح سےقبل انگلستان کی قومی فوج ؛ نیز فوجی خدمت کی قانونی پابندی ۔

Fytte : (n) [OE.'fitt'.] (۱) کسی نظم یا گیت کا ایک حصہ یا بند ؛ کسی طویل نظم کا باب یا فصل ، اتنا کہ جسے مطرب یا قرون وسطیٰ کا مغنی ایک نشست میں گا سکتا تھا ۔ (۲) موسیقی کی تان؛ پانچ متوازی خطوط جن میں سےایک پر یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کےلئےنشان لگادیاجائے۔



G : (n) (۱) انگریزی حروف تہجی کا ساتواں حرف ۔ (۲) (استدلال میں) ساتواں شخص یا چیز ۔ (۳) (موسیقی) سپتک کا پانچواں سر ۔ (٤) اسراع جاذب ارض (Greates Common Factor or Measure) کا مخفف ۔ (٥) جزو اکبر مشترک ۔ (٦) Grand کا مخفف ۔ (۷) (عامیانہ) ایک ہزار ڈالر ۔

Gab : (n) [OFr. 'gab, gabe'.] شیخی ؛ تعلی ؛ بکواس ۔

Gab : (v) [OFr. 'gaber'.] شیخی بگھارنا ۔

Gab : (n) گفتگو ؛ گپ شپ ؛ یاوہ گوئی ۔

Gift of the gab : (۱) طاقت لسانی؛ قوت یاوہ گوئی ۔ (۲) چرب زبانی ؛ لسانی ؛ باتونی ۔

Gab : (v) بک بک کرنا؛ بکواس کرنا؛ چرب زبانی دکھانا ۔

Gab : (n) [Var. or Gob.] (۱) منہ ؛ دہن ۔ (۲) زبان ۔ (۳) ذائقہ ۔

Gab : (n) [Origin obscure.] گاب ؛ تیشی ۔

Gab-lever : (n) قلاب دار بیرم ۔

Gabardine : (n) [Var. or Gaberdine.] سوتی یا ریشمی کپڑا اونی استر کے ساتھ۔

Gabber : (n) شیخی باز ۔

Gabber : (n) گپی ؛ بک بک کرنے والا ۔

Gabble : (n) زر ؛ بڑ ؛ بکواس ۔

Gabble : (v) [M.Du. 'gabbelen'.] (۱) بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا ۔ (۲) بلند آواز سے تیزی سے پڑھنا ۔ (۳) بڑبڑانا ۔ (٤) جلد جلد بولنا ؛ تیزی سے بولنا ۔ (٥) (بطخ وغیرہ کا) کرکرانا ؛ کٹ کٹ کرنا ۔

Gabblement : (n) بکواس ؛ بک بک ۔

Gabbler : (n) بک بک کرنے والا ؛ بکواسی ۔

Gabbro : (n) [It.] فلسپاری چٹان ۔

Gabbroic : (a) فلسپاری چٹان سے متعلق ۔

Gabelle : (n) [Fr.'gabelle'.] (۱) محصول نمک (فرانس کا) ۔ (۲) محصول ؛ چنگی ۔

Gabbelled : (a) محصول نمک کا سزاوار ۔

Gaberdine : (n)[OFr. 'gawberdine'.] (۱) چوغا؛ لبادہ ۔ (۲) ایک قسم کا کھردرا کپڑا ۔ (۳) لباس؛ حفاظ؛ پوشش ۔

Gaberlunzie : (n) [Origin unkn.] گشتی فقیر ۔

Gabion : (n) [Fr.'gabion'.] (۱) بید یا لوہےوغیرہ کی تیلیوں کی ٹوکری جس میں مٹی بھری جاتی ہے ۔ (۲) کم قیمت عجیب و غریب چیز ۔

Gabionade : (n) مٹی سے بھری ٹوکریوں کا پشتہ ۔

Gabionage : (n) مٹی سے بھری ٹوکریاں ۔

Gabioned : (a) مٹی بھری ٹوکریوں سے محفوظ کیا ہوا ۔

Gable : (n) [ME.'gavel, gable'.] (۱) دو رخی ڈھلوان چھت کا تکونا حصہ ؛ کنیٹا ؛ پاکھا؛ گیبل ۔ (۲) ڈھلوان دیوار جس کا بالا حصہ تکونا ہو ۔ (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا ۔

Gable : (v) (۱) کنیٹے دار چھت بنانا ۔ (۲) کنیٹے بننا ۔

Gable-end : (n) دیوار کا کنیٹے دار کنارہ ؛ (تاریخ) تکونا چھجا ۔

Gabled : (a) کنیٹے دار ۔

Gablet : (n) [AFr.'gablet'.] چھوٹا گیبل ؛ چھوٹا کنیٹا ۔

Gablock : (n) [Var. of Gavelock.] لوہے کا سابر یا سبل ۔

Gaby : (n) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ گھامڑ ؛ بدھو ؛ احمق ۔

Gad : (n) [ON.'gaddr'.] (۱) دھات کی تیز نوکدار سیخ ۔ (۲) (تاریخ) کدال ؛ کدالی ۔ (۳) (تاریخ) نیزہ ۔ (٤) مہمیز ؛ ٹنڈا ؛ چھڑی ۔ (٥) لمبائی ناپنے کا پیمانہ ؛ لگی ۔ (٦) بنسی (مچھلی مارنے کی) ۔ (۷) چراگاہ کا حصہ یا ٹکڑا ۔

Gad : (n) آوارہ گردی کرنا ۔

On, upon the gad : آوارہ گردی میں ۔

Gad : (n) (فوج) پیال یا چھال کا بنا ہوا رسّہ ۔

Gad : (n) God کی بدلی ہوئی شکل اظہار تعجب کے لئے By God ۔

Gad : (v) (۱) (کان کنی) کدالی سے چٹان وغیرہ کھودنا ۔ (۲) نکیلی لمبی سیخ سے جوڑنا ۔

Gad : (v) (۱) بیکار پھرنا؛ آوارہ پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا ۔ (۲) درختوں کی شاخوں کا بے قاعدہ پھیلنا؛ بے ترتیب اگنا ۔ (۳) تیر کا نشانہ خطا کرجانا ۔

Gad-bee : (n) (۱) گنو مکھی ، بڑمکھی ۔ (۲) چم چچڑ ؛ سر ہوجانے والا ؛ بھوت بن کے پیچھے پڑجانے والا ۔ (۳) بے اختیار خواہش ؛ خلش ؛ بے چینی ۔

Gad-fly : (n) Gad-bee دیکھو

Gadabout : (a&n) آوارہ گرد ؛ ہرزہ گرد ؛ خدائی خوار ۔

Gadder : (n) تیشہ ؛ چٹان کو توڑنے کا آلہ ۔

Gadder : (n) آوارہ گرد ؛ ہرزہ گرد ۔

Gadding : (n) تیشہ سے چٹان توڑنا ۔

Gadding - car : (n) برما کرنے والی مشین یا گاڑی ۔

Gaddingly : (adv.) آوارہ گردی سے ۔

Gade : (n) [mod. L. 'gadus'.] کاڈ مچھلی ۔

Gadean : (n) کاڈ کی قسم کی ایک مچھلی ۔

Gadget : (n) [Origin unkn.] (۱) مشین وغیرہ کا کوئی چھوٹا پرزہ یا چھوٹی کل ۔ (۲) ترکیب ؛ تدبیر ؛ چال ۔

Gadhelic (a) [Ir.'gaedheal'.] اسکاچستان یا آئرستان کے کیلٹ لوگوں سے متعلق ۔

Gadid/Gadine : (n&a) [mod. L.'gadus'.] کاڈنما ؛ کاڈ مچھلی کے خاندان کا ۔

Gadinic : (a) بلوری روغنی ترشہ جو کاڈ مچھلی کے تیل سے حاصل ہوتا ہے ۔

Gadite : (a) [L.'Gades'+-Ite.] قادس لوگوں سے متعلق ۔

Gadling : (n) آہنی دستانے کی مہمیز ۔

Gadoid : (n) [mod.L.'gadus'.] ایک مچھلی جو کاڈ سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Gadoid : (a) Gadid دیکھو

Gadolinic : (a) ایٹرییم کے سلیکیٹ کا ۔

Gadolinite : (n)[Named after'Gadolin'a mineralogist.] ایٹرییم (Yattrium) کا سلیکیٹ جو کالے بلوروں میں پایا جاتا ہے ۔

Gadroon/Godroon : (n) [Fr. 'godron'.] منحنی شکل کی کگر جو تعمیر یا دھات کے کام میں بطور آرائش بنائی جاتی ہے ؛ خیارہ ۔

Gadrooned/Godrooned: (a) خیارہ دار ۔

Gadsme/Gadsmy life : خدا بچائے ۔

Gadso : (interj.) کلمۂ استعجاب ۔

Gaduin : (n) [mod. L. 'gadus'.] روغنی مادہ جو کاڈ مچھلی کے تیل میں پایا جاتا ہے ۔

Gadwall : (n) [origin unkn.] ایک قسم کی بھوری بطخ ۔

Gael : (n) [Sc. Gaelic. 'Gaidheal'.] اسکاچستان کی کیلٹ نسل ؛ آئرستان کی کیلٹ نسل ۔

Gaelic : (a) اسکاچستان یا آئرستان وغیرہ کی کیلٹ نسل کا یا اس سے متعلق ۔

Gaelic : (n) اسکاچستان کے کیلٹ لوگوں کی نسل ۔

Gaff : (n) [Pr. 'gaf'.] (۱) آنکڑا ؛ آنکڑے دار نیزہ ۔ (۲) موٹا لٹھا جس کا ایک سرا اگلے اور دوسرا پچھلے بادبان پر رکھا رہتا ہے ۔ (۳) مچھلی مارنے کا برچھا ۔

Gaff : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) مہمل ۔ (۲) بھانڈا پھوڑنا ۔

To blow the gaff : بھانڈا پھوڑنا ۔

Gaff : (n) [Origin unkn.] (۱) ادنیٰ قسم کا تھیٹر یا کمرہ موسیقی ۔ (۲) میلہ ۔

Gaff : (v) برچھے سے مارنا اور کھینچ لینا ۔

Gaff : (v) (عامیانہ) جوا کھیلنا؛ قرعہ نکالنا ۔

Gaff-topsail : (n) (۱) ہلکا مثلث یا مربع بادبان جس کا سرا بلّے پر تنا ہوا رہتا ہے ۔

Gaffe : (n) [Fr.] فاش غلطی ؛ لغزش ؛ خطا ۔

Gaffer : (n) (۱) تعظیمی لفظ ۔ (۲) بھلے آدمی ۔ (۳) بوڑھا گنوار؛ بڑے میاں ۔ (٤) مالک ۔ (٥) جمعدار؛ چودھری ۔ (٦) فلم یا ٹیلی ویژن کے اسٹیج کی روشنیوں کا نگہدار ۔

Gag : (n) (۱) کپڑا وغیرہ جو منہ میں ٹھونس دیا جائے تاکہ آواز نہ نکلے؛ ڈھائی؛ دہن بند ؛ چھینکا ۔ (۲) (جراحی) ایک قسم کا آلہ جو جراحی کے وقت منہ میں لگا دیتے ہیں تاکہ منہ بند نہ ہو جائے ۔ (۳) (پارلیمنٹ) مابہ النزاع مسئلے کا فیصلہ جو بحث بند کرکے کیا جائے ؛ زبان بندی کرنا ؛ منہ میں کپڑا وغیرہ ٹھونس کر خاموش کردینا؛ آزادیٔ تقریر سلب کرلینا ۔ (٤) وہ فقرے جو ایکٹر اسٹیج پر موقع و محل کے مناسب اپنے مقررہ بیان سے زیادہ کہہ جاتے ہیں ایکٹروں کا ایسےفقرے کہنا ؛ الحاقی الفاظ (جو اصل کتاب میں نہ ہوں) ۔ (٥) زبان بندی ۔ (٦) ابالے ہوئے گوشت کی چربی ۔

Gag : (n) (۱) (عامیانہ) پاکھنڈ ؛ جھوٹ ؛ جھوٹا ادعا ؛ دھوکا؛ فریب ۔ (۲) نشانۂ تضحیک ۔

Gag : (v) (۱) متلی آنا ۔ (۲) منہ بند کرنا ۔ (۳) زبان بند کرنا ۔ (٤) گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ۔ (٥) رکاوٹ ڈالنا ۔ (٦) (ایکٹروں کا) اپنے مقررہ بیان سے زیادہ کہہ جانا ۔

Gag : (v) باہر نکلا ہوا ہونا ۔

Gag : (v) دھوکا دینا؛ دغا دینا؛ پاکھنڈ پھیلانا؛ جھوٹ بولنا ۔

Gag-bit : (n) لگام کا مضبوط دہانہ ۔

Gag-law : (n) (امریکا) آئین زبان بندی ۔

Gag-rein : (n) خاردار لگام ۔

Gag-runner : (n) خاردار لگام کا حلقہ ۔

Gaga : (a) [Fr. 'gagr.] (۱) بے وقوف ؛ احمق ؛ مخبوط الحواس ۔ (۲) شیفتہ ۔

Gage : (n) [OFr. 'gage'.] (۱) شے مرہونہ ؛ شے مکفولہ ؛ وہ شے جو ضمانت کے طور پر رکھوا دی جائے؛ وہ چیز جو گروی رکھ دی جائے ۔ (۲) مبارز طلبی کےلئے دستانہ وغیرہ پھینکنا ؛ مبارزت طلبی کی علامت مثلاً دستانہ وغیرہ جو پھینکا جائے ۔

To throw down the gage : مبارز طلب ہونا ۔

Gage : (n) (عامیانہ) چوتھائی گیلن کا برتن : چوتھائی گیلن کے برتن بھر ۔

Gage : (n) بیر کی قسم کا ایک سبز پھل ۔

Gage : (v) [OFr.'gage'] رہن رکھنا؛ گروی رکھنا؛ مکفول کرنا؛ گرو کرنا؛ بطور ضمانت کے پیش کرنا ۔

Gagger : (n) منہ بند کرنے والا؛ زبان بند کرنے والا ۔

Gagger : (n) رافع ؛ اٹھانے والا آلہ (خصوصاً کسی چیز کو ڈھائی میں) ۔

Gagger : (n) دھوکا دینےوالا ؛ دل لگی کرنے والا ۔

Gaggle: (v) [Imitative.] (مرغی اور بطوں کا) کٹ کٹ کرنا؛ کرکرانا ۔

Gaggle: (n) (۱) (بطوں کا) جھنڈ ۔ (۲) عورتوں کی جماعت ۔ (۳) گپ شپ ۔

Gahnite : (n) [f.'Gahn' a Swedish Chemist+-ite] (معدنیات) جستے اور ألومینا کا آکسائیڈ ۔

Gaiety/Gayety : (n) [OFr.'gaiete'.] (۱) خوش طبعی؛ شگفتہ مزاجی ؛ زندہ دلی ۔ (۲) رنگ رلیاں ؛ ہنسی ؛ دل لگی ؛ عیش و عشرت ۔ (۳) بناوٹ ؛ سجاوٹ؛ آراستگی ؛ زرق برق ہونا ۔ (٤) گہرا گلابی (رنگ) ۔

Gaillard/Gaillard : ایک قسم کا ریتلا پتھر ۔

Gaillardia : (n) [mod. L.] مرکب پودوں کی ایک نوع جس کے خوش رنگ پھول ہوتے ہیں ۔

Gaily/Gayly : (adv.) زندہ دلی سے؛ شوخی سے؛ خوش نمائی سے ۔

Gain : (n) [OFr. 'ga(a)in'.] (۱) بڑھوتری ؛ نفع ؛ ترقی ؛ افزونی؛ افزائش؛ سود؛ منفعت؛ یافت ؛ آمدنی ۔ (۲) کمائی، حصول دولت؛ جلب زر؛ (جمع) منافع؛ نفع تجارت؛ مشاہرہ ؛ تنخواہ ؛ جوئے کی جیت ۔ (۳) توقیر ؛ بیشی ؛ بڑھوتری ؛ ازدیاد ۔ (٤) (طبیعیات) اضافہ ۔

Gain : (n)[origin obscure.] (۱) کھانچ ۔ (۲) (کان کنی) زمین دوز رستے میں متقاطع کٹائی ۔ (۳) (معماری) طاق ۔

Gain : (a) [ON.'gegna'.] (۱) (رستہ یا سمت کےلئے) نزدیک ؛ سیدھا ۔ (۲) تیار؛ مہربان ۔ (۳) دستیاب؛ سہل ؛ مفید ۔

Gain : (v)[OFr.'ga(a)ignier'.] (۱) پانا؛ حاصل کرنا ۔ (۲) کمانا؛ آمدنی میں اضافہ ہونا ؛ نفع ہونا؛ بڑھوتری ہونا ۔ (۳) فتح پانا؛ جیتنا ۔ (٤) ترقی کرنا؛ سبقت لے جانا؛ (آگے) بڑھ جانا ۔ (٥) منزل مقصود کو پہنچنا؛ پہنچ جانا ۔ (٦) توڑ لینا؛ اپنا ہم خیال بنا لینا؛ سمجھابجھا کر راضی کرلینا ۔ (۷) (سمندر کا) ہٹنا ۔

To gain face : اقتدار حاصل کرنا ۔

To gain ground : (۱) (فوج) فتح کرنا؛ قبضہ کرنا ۔ (۲) بڑھنا؛ ترقی کرنا ۔

To gain ground on : کسی سے سبقت لے جانا ۔

To gain ground upon : دبانا ؛ قریب ہوتے جانا؛ قریب تر ہوتے جانا ۔

To gain on/-upon : (۱) (سمندر کا) خشکی کی طرف بڑھنا ۔ (۲) قریب تر ہونا ؛ (تعاقب میں) ۔ (۳) مقبول ہونا ؛ تقرب حاصل کرنا ۔

To gain the ear of : عرض و معروض کا موقع پانا؛ گفتگو کا موقع پانا ۔

To gain the upper hand : غالب آنا؛ فتح پانا ۔

To gain the wind : (بحریات) ہَوا کی رخ کی طرف ہونا ۔

To gain time : مہلت حاصل کرلینا ۔

Gain : (v) جوڑنا ؛ کھانچ بنانا ۔

Gain : (adv.) تقریباً ؛ لگ بھگ ۔

Gain control : (n) (طبیعیات) اضافہ کنٹرول ۔

Gain-giving : (n) شبہ ۔

Gainable : (a) (۱) قابل حصول ۔ (۲) جس کو توڑا جاسکے ؛ جس کو اپنی طرف کیا جاسکے ۔

Gained : (a) حاصل کیا ہوا ؛ حاصل شدہ ؛ بچایا ہوا ۔

Gained day : (n) (بحریات) زمین کی گرد گھومنے سے ٢٤ گھنٹے کی بچت (مغرب کی طرف جانے سے) ۔

Gainer : (n) فائدہ اٹھانے والا؛ کامیاب ہونے والا ؛ جیتنے والا؛ حاصل کرنے والا ۔

Gainful : (a) (۱) سودمند؛ فائدہ مند ۔ (۲) کماؤ ؛ نفع بیں ۔

Gainful occupation : (n) نفع بخش پیشہ ۔

Gainfully : (adv.) سودمندانہ ؛ فائدہ مندی سے ؛ نفع بینی سے ۔

Gainfulness : (n) سودمندی ؛ فائدہ مندی ؛ نفع بینی ۔

Gaining : (n) کھانچ بنانا ۔

Gaining : (a) بڑھتا ہوا ۔

Gaining-machine : کھانچ بنانے کی مشین ۔

Gaining-twist : (n) بندوق کی نالی کا پیچ جو دہانے کی طرف بڑھاتا جاتا ہے ۔

Gainless : (a) بے فائدہ؛ بے سود ۔

Gainlessness : (n) بے فائدگی؛ بے سودمندی ۔

Gainliness : (n) خوش شکلی ؛ خوش اطواری ۔

Gainly : (a) خوش شکل ؛ خوش اطوار ۔

Gainsay : (n) تردید ۔

Gainsay : (v) (۱) انکار کرنا ۔ (۲) تردید کرنا ۔ (۳) مخالفت کرنا ۔

Gainsayer : (n) مخالفت کرنے والا؛ تردید کرنے والا ۔

Gainsome : (a) آمادہ ۔

Gainst/Gainst : (Prep.) Against دیکھو

Gairfowl : (n) آک کبیر؛ بحر منجمد شمالی کی ایک بط جس کی نسل اب معدوم ہے ۔

Gairish : بھڑک دار؛ بہت چمکدار؛ زرق برق ؛ فوق البھڑک ۔

Gait : (n) [ME.'gate, gait'] (۱) چال؛ گام؛ چلنے کا انداز؛ طرز خرام ۔ (۲) (گھوڑے کی) گام ۔ (۳) شرح رفتار ؛ قدم ۔

Gaited : (a) (۱) خاص طرز خرام کا ۔ (۲) مخصوص طرز کا بنایا ہوا ۔

Gaiter : (n) [Fr.'guetre'.] (۱) ساق پوش ؛ گیٹس ۔ (۲) ساق پوش جوتا ۔ (۳) حفاظتی پوشش ۔

Gaiter : (v) ساق پوش پہننا ۔

Gaiter : (n) [OE. 'gate treow'.] (نباتیات) زغال آختہ ؛ افون موس ۔

Gala : (n) [Fr.'gala'.] (۱) تہوار ؛ عید؛ جشن ۔ (۲) زرق برق لباس ۔

Gala day : (n) تہوار ؛ جشن ؛ عید ۔

Gala dress : (n) زرق برق لباس ۔

Gala meet : (n) جشن شکار ۔

Galactic : (a)[Gr.'gala, gala+ -IC.] (۱) شیری ۔ (۲) کہکشانی ؛ متعلق بہ کہکشاں ۔

Galactic circle : (n) دائرہ کہکشاں؛ دائرہ مجرا ۔

Galactic poles : (n) قطبیس کہکشاں ۔

Galactin : (n) [Gr.'galakt'+-in.] (۱) قند شیر ۔ (۲) ایک نباتی مادہ جو دودھ روکھ (Cow-tree) سے نکلتا ہے ۔ (۳) انجماد شیر کا بنیادی عنصر ۔

Galacto– : [Gr.'gala, galakt'.] سابقہ بمعنی "دودھ" "شیر" ۔

Galactogogue : (a) شیر زا ؛ دودھ پیدا کرنے والی ۔

Galactometer : (n) شیر پیما ۔

Galactophagist : (a) شیر خوار ۔

Galactophorous : (a) شیر بردار ۔

Galactopoetic/Galactopoitic : (a) شیر زا ۔

Calactorrhoea : (n) سیلان شیر ۔

Galactose : (n) قند شیر (HocH, (CHoH, CHO) ۔

Galactosis : (n) شیر آوری ۔

Galactosuria : (n) پیشاب میں شکر آنا ۔

Galago : (n) [mod. L.'galago'.] بندر کی ایک قسم ۔

Galah : (n)[Native name in Australia.] (۱) آسٹریلوی کاکاتوا ۔ (۲) (عامیانہ) بیوقوف ؛ سادہ لوح ۔

Galahad : (n) [after Sir Galahad, a knight in Arthurian legend.] پاک باطن جانباز ۔

Galam butter : (n) [f. Galam, on the Senegal.] گاڑھا تیل یا چربی جو بعض بیجوں سے نکلتی ہے ۔

Galanga : (n) [med. L.'galanga'.] (۱) خولنجان؛ پان کی جڑ ؛ ناگر موتھا؛ کلیجن ۔ (۲) ایک قسم کی انگریزی گھاس؛ سور ۔

Galantine : (n) [OFr. 'galantine'.] اُبالا ہوا بے ہڈی کا پرندوں کا گوشت ۔

Galanty show : [It. 'galanti'.] تماشا جس میں کٹھ پتلیوں کا عکس پردے یا دیوار پر ڈالا جاتا ہے ۔

Galapee : (n) [Origin unkn.] ویسٹ انڈیز کا ایک درخت ۔

Galatea : (n) [after the Galatea, British man of war.] نیلی دھاریوں والا سفید سوتی کپڑا ۔

Galaxy : (n) [OFr.'galaxie'.] (۱) کہکشاں؛ مجرا؛ آکاس گنگا ۔ (۲) چیدہ اشخاص کا مجمع؛ جمگھٹ ؛ مجمع حسینان ؛ اندر کا اکھاڑہ ۔

Galaxy : (v) کہکشاں بننا؛ جمگھٹا ہونا ۔

Galbanum : (n) [L. 'galbanum'.] (۱) ایک قسم کی لاکھ ؛ بر بجا؛ بار زد ۔ (۲) (مجازاً) مہمل ؛ لغو ۔

Galbulus : (n) [L. 'galbulus'.] گوگل پھلا ۔

Gale : (n) [OE.'gagel, gagelle'.] حنائے دلدلی؛ ایک قسم کی مہندی۔

Gale : (n) [Origin unkn.] (۱) تند ہَوا ؛ تیز ہَوا ؛ (بحری) طوفان ؛ جھکڑ ؛ نسیم ؛ ہلکی اورفرحت بخش ہَوا (شاعری میں) ۔ (۲) ہیجان یا خوشی کی حالت۔

Equinoctial gale : اعتدالی ہَوا ۔

Gale : (n) [Contr. of Gavel.] کرایہ یا لگان کی میعادی ادائی۔

Gale : (v) (بحری) طوفان کے رخ پر جہاز چلانا ۔

Gale : (v) کان کو لگان پر دینا یا لینا ۔

Galea : (n) [L.'galea'] (۱) (نباتیات و حیوانیات) خود : فانوس ۔ (۲) صداع ؛ درد سر ۔ (۳) سر کی پٹی کی ایک قسم۔

Galeage/Galiage : (n) لگان ۔

Galeate/Galeated : (a) [L.'galeatus'.] خود دار؛ خود نما ؛ خود صورت۔

Galeeny : (n) [Sp.'gallina'.] چنیا بطخ؛ ایک قسم کا بڑا پرندہ جو جزیرہ گینی میں ہوتا ہے ۔

Galeid : (n) [mod. L.'Galeidao'.] ایک قسم کی شارک مچھلی ۔

Galeidan : Galeid دیکھو

Galen : (n) [L.Galenus'.] (۱) جالینوس ۔ (۲) حکیم ؛ طبیب ؛ ڈاکٹر۔

Galena : (n) [L.'galena'] خام سیسہ ۔

Galenian : (a) (۱) جالینوس سے متعلق، جالینوسی ۔ (۲) (مزاحاً) جڑی بوٹی کی (دوا) مفردات کی (دوا)۔

Galenic : (a) Galenian دیکھو

Galenic : (a) خام سیسے سے متعلق ۔

Galenic figure : (n) (منطق) قیاس کی چوتھی شکل ۔

Galenical : (a) جالینوس ۔

Galenical : (n) جڑی بوٹی ۔

Galenical figure : (n) (منطق) قیاس کی چوتھی شکل ۔

Galenically : (adv.) جڑی بوٹی سے ۔

Galenism : (n) طب جالینوس ۔

Galenist : (n) جالینوس کا پیرو ۔

Galenite : (n) Galenan دیکھو

Galenoid : (a) خام سیسے سے مشابہ ۔

Galenoid : (n) مثلثی چوبیس سطحی شکل ۔

Galeod : (n) [Gr. 'galeoides'.] ایک قسم کی شارک ۔

Galeoid : (a) (۱) شارک نما ۔ (۲) (حشریات) عنکبہ کے خاندان سے متعلق۔

Galeopithecus : (n) [mod. L.] اُڑتا بندر ؛ نیولا بندر ۔

Galericulate : (a) [L.'galericulum'.] (نباتیات) خود نما ۔

Galere : (n) [Fr.] دَل ؛ جتھا ۔

Galerite : (n) [mod.L.'galerites'.] ایک قسم کا متحجر خارپشت۔

Galilean : (n) [L.'Galilaea'+ - an.] (۱) جلیل (فلسطین کاایک شہر) کا باشندہ ۔ (۲) حضرت عیسیٰ ۔ (۳) عیسائی ۔ (٤) ایک عیسائی فرقہ ۔

Galilean : (a) جلیلی ؛ جلیل سے متعلق ۔

Galilean : (a) [f. 'Galileo, the astronomer'.] گلیلائی دوربین ۔

Galilee : (n) [OFr.'galilee'.] گرجا سے ملحق کمرہ ؛ گرجا کا برآمدہ۔

Galimatias : (n) [Fr.'galimatias'.] (۱) بے معنی گفتگو ؛ بَڑ ؛ مہمل ۔ (۲) عجیب وغریب ۔ (۳) (لسانیات) یاوہ گوئی۔

Galingale : (n) [OFr.'galingal'.] Galanga دیکھو

Galiot : (۱) بحرالکاہل میں چلنے والا تیزرو بادبانی یا چپوؤں سے چلنے والا جہاز ۔ (۲) ولندیزی مال بردار یا ماہی گیر جہاز ۔

Galipot/Gallipot : (n) [Fr.'galipot'.] گوند جو بعض صنوبر کے تنے سے ٹپکتا ہے ۔

Galium : (n) [mod. L. 'galium'.] ایک قسم کی گھاس ۔

Gall : (n) [ON.'gall'.] (۱) پتّے کی رطوبت؛ زرد آب ؛ پت ؛ صفرہ ۔ (۲) بہت تلخ شے ۔ (۳) پتّا ؛ زہرہ اور اس کے اندر کا مادہ ۔ (٤) (مجازاً) درشتی ؛ سختی ؛ تند مزاجی ؛ غصہ ؛ بغض ؛ عناد؛ دشمنی ؛ کینہ ؛ عداوت ؛ ترش روئی ؛ کاوش ۔ (٥) امریکا (عامیانہ) اعتماد ؛ گستاخی (٦) پگھلے ہوئے شیشے کی گاد یا جھاگ ۔ (۷) قنطاریون ۔

To dip one's pen in gall : قلم سے زہر اگلنا ؛ شدید مخالفت میں لکھنا ۔

Gall : (n) [MDU. 'galle'.] (۱) آماس ؛ سوجن ؛ ورم ؛ آبلہ ؛ چھالا ؛ زخم (خصوصاً گھوڑوں کا) ۔ (۲) کھجانے کا زخم ؛ خراش ۔ (۳) جس جگہ رگڑنے سے کھال اُڑجائے یا کسی اور وجہ سے پھٹ جائے؛ کمزوری ؛ عیب ۔ (٤) رنجیدگی یا اس کا سبب ۔ (٥) بَن یا کھیت میں صاف قطعہ زمین ۔

Gall : (n) [OFr. 'galle'.] مازو ؛ ماجو ۔

Gall : (v)[Back-formation from Galled.] (۱) رگڑنا؛ رگڑ ڈالنا؛ رگڑ کا زخم لگنا؛ کھرچنا؛ چھیلنا؛ چھل جانا ۔ (۲) دق کرنا ؛ ستانا؛ تنگ کرنا؛ ناک میں دم کرنا؛ پریشان کرنا۔ (۳) ذلیل کرنا؛ خفیف کرنا؛ تذلیل کرنا ۔

Gall : (v) (رنگ ریزی) مازو سے رنگنا ۔

Gall-apple : (n) مازو ؛ ماجو ۔

Gall-bladder : (n) پتا ؛ زہرہ ۔

Gall-duct/-pipe : (n) صفرا کی نلی ۔

Gall-fly : (n) مازو مکھی ؛ پت مکھی ۔

Gall-leaf : (n) مازو پتا ۔

Gall-nut : (n) مازو پھل ۔

Gall-oak : (n) وہ بلوط جس سے مازو یا ماجو نکلتا ہے ۔

Gall-steep : (n) مازو سے رنگنا ۔

Gall-stone : (n) سنگ براده ؛ پتھر ۔

Gallant : (a&n) [OFr.'galant'] (۱) خوش پوشاك؛ خوش لباس؛ نمائشی ؛ پُر تکلف ۔ (۲) شاندار ؛ نفیس ؛ عمده؛ عظیم الشان؛ پُرشوکت (گھوڑا یا جہاز) ۔ (۳) جواں مرد ؛ شجاع ؛ بانکا ؛ سور؛ سورما ؛ بہیر ؛ جانباز ۔ (٤) (دارالعلوم کے فوجی یا بحری رکن) اس لقب سے مخاطب کرتے ہیں ۔ (٥) عاشق مزاج ؛ حسن پرست ؛ دل پھینك ؛ عشق باز ۔

Gallant : (v) کسی عورت سے عشق و محبت کی باتیں کرنا؛ بانکپن کی آن سے کسی خاتون کے ہمرکاب رہنا ۔

Gallantly : (adv.) دلیرانہ ؛ جانبازانہ ؛ مردانہ وار ؛ عاشقانہ؛ نیازمندی سے ؛ حسن اخلاق سے ۔

Gallantness : (n) جانبازی ؛ خوش اطواری ۔

Gallantry : (n) [Fr.'galanterie'.] (۱) بہادری ؛ شجاعت ؛ دلیری ؛ بےجگری ؛ تہور؛ جوانمردی ۔ (۲) وضع داری؛ خوش پوشاکی ۔ (۳) حسن پرستی؛ عاشق مزاجی؛ نازبرداری ۔ (٤) نیاز عاشقی ؛ عاشقانہ کلام یاطرزعمل ؛ حسن خلق ۔ (٥) عاشقانہ اختلاط ؛ بوس و کنار ؛ بدچلنی ؛ تماشا بینی ۔

Gallantry-award : (n) (انتظامیہ) انعام بہادری ؛ (تاریخ) انعام شجاعت ۔

Gallate : (n) (کیمیا) مازو کے تیزاب کا نمک ۔

Galleass : ایک بھاری نیچا فوجی جہاز جو بادبان اور چپوؤں دونوں سے چلایا جاتا ہے ۔

Galled : (a) (۱) آبلہ دار ؛ چھالا دار ۔ (۲) پریشان ؛ آزردہ ۔ (۳) صاف قطعہ زمین والا (بن یا کھیت) ۔

Galled : (a) تلخ ۔

Gallein : (n) [gallic+-in.] ایک قسم کا سرخ سفوف ۔

Galleon : (n) [MDu.'galjoen'.] (۱) ایک قسم کا جہاز ؛ جنگی جہاز ۔ (۲) (مجازاً) سونے کی چڑیا ؛ موٹی اسامی ۔ (۳) بڑا ہسپانوی جہاز جو امریکی تجارت میں استعمال ہوتا تھا ۔

Gallery : (n) [OFr.'galerie'.] (۱) دالان ؛ برآمدہ ؛ بارجہ ۔ (۲) شہ نشیں ؛ غلام گردش ۔ (۳) کسی کمرے یا گرجے کے اندر کا چھجا جو اخبار کے رپوٹروں ،

گویّوں وغیرہ کےلئے مخصوص ہو ؛ (تھیٹر) سب سے اونچی نشست ؛ گیلری ؛ گیلری میں بیٹھنے والے لوگ، ادنیٰ طبقے کے حاضرین یا ناظرین ۔ (٤) تنگ اور لمبا کمرہ ۔ (٥) تصویر خانہ ؛ رنگ محل ۔ (٦) (فود کا) سرنگ ۔ (٧) میز وغیرہ کے آرائشی کٹہرے ۔ (٨) گیلری کا کھیل سے بعید ترین راستہ ۔

Art gallery : (انتظامیہ) تصویر خانہ ۔

To play to, or, for the gallery : ٹپ ٹاپ دکھانا ؛ ادنیٰ طبقے کے لوگوں کو خوش کرنے کی کوشش کرنا ؛ ابلہ فریبی سے کام لینا ۔

Gallery : (v) (١) غلام گردش بنانا ۔ (٢) (فوج) سرنگ بنانا ۔

Gallery hit/-shot/-stroke : وہ ہٹ وغیرہ جو تماشائیوں کو دکھانے کے لئے مارا جائے ۔

Galley : (n) [OFr.'galie'.] (١) ایک قسم کا یک عرشہ بادبانی جہاز ۔ (٢) قدیم یونانی یا رومی جنگی جہاز ۔ (٣) بڑی کشتی جس پر جنگی جہاز کا کپتان سوار ہوتا ہے ۔ (٤) جہاز کا باورچی خانہ ؛ (طباعت) وہ کشتی جس پر سیسے کے حروف سطر وار جمائے جاتےہیں ؛ چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ ۔ (٥) پتھر کے ظروف کو گرم کرنے کی بھٹی ۔

In this galley : صحبت ناجنس میں ۔

To condemn or send to the galleys : جہاز پر کام کرنے کی سزا دینا ۔

Galley-arch/-house : (n) چھت دار بندرگاہ ۔

Galley-man : (n) جہاز پر کام کرنے والا ؛ ملاح ۔

Galley packet : (n) من گھڑت قصہ ؛ جھوٹ ۔

Galley-press : (n) چھوٹا دستی مطبع جس سے پروف نکالا جاتا ہے ۔

Galley proof/-slip : (n) چھاپے خانے کے پروف جو سلپ کی شکل میں ہوں ۔

Galley slave : (n) وہ شخص جس کو جہاز پر ملاحی کا کام کرنے کی سزا دی جائے ؛ بیگاری ؛ غلام ۔

Galley-stick : (n) خانہ ۔

Galley-worm/Galley worm : (n) ایک قسم کا کئی ٹانگوں والا کیڑا ؛ ہزارپایہ ۔

Galliambic : (n)[L.'galliambus'.] ایک بحرجس میں‌ٹینی سن (Tennyson) نے اپنی نظم بوڈیشیا لکھی ہے ۔

Galliambic : (a) مندرجہ بالا بحر میں لکھی ہوئی ۔

Galliard : (a) [OFr.'gaillard'.] دلیر ؛ شجاع ؛ زندہ دل ۔

Galliard : (n) ایک تیز رقص ۔

Galliard : (n) [Origin unkn.] (ارضیات)ایک قسم کا رتیلاپتھر ۔

Galliardise/Galliardize : (a) [Fr.'gaillardise'.] رنگ رلیاں ؛ شادمانی ؛ خوشی ۔

Galliass/galleas : (n) [OFr.'gal (l) easse'.] دیکھو Galleass

Gallic : (a) [L.'gallicus'.] (١) گال کا ؛ قدیم فرانس کے باشندوں کا ۔ (٢) (مزاحیہ) فرانسیسی ۔

Gallic : (a) [Fr.'gallique'.] مازونی ۔

Gallic acid : (n) مازو کا تیزاب ۔

Gallican : (a&n) [Fr.'gallican'.] (١) فرانس کے قدیم گرجا کا ۔ (٢) فرانس کے قدیم گرجا کا پیرو یا مقلد ؛ فرانس کے اُس رومن کیتھولک فرقے کا جس نے سولھویں صدی میں پوپ کا اقتدارکم کرنے اور قومی گرجے کا اقتدار بڑھانے کی کوشش کی تھی ۔

Gallicanism : (n) پوپ کا اقتدار کم کرنے اور قومی گرجے کا اقتدار بڑھانے کا اصول ۔

Gallicanist : (n) پوپ کا اقتدار کم کرنے اور قومی کلیسا کا اقتدار بڑھانے کا حامی ۔

Gallicism : (n) (١) فرانسیسی محاورہ جو دوسری زبان میں بولا یا لکھا جائے ۔ (٢) فرانسیسی انداز گفتگو یا رسم و رواج ۔

Gallicize : (v) فرانسیسیوں کی تقلید کرنا ؛ فرانسیسی بننا ؛ فرانسیسی رنگ میں رنگنا ۔

Galliform : (a) [mod. L.'galliformis'.] پرندوں کی ایک نوع سے متعلق ۔

Galligaskin : (n) [It.'grechesca'.] (١) برجس ؛ پتلون؛ پاجامہ ۔ (٢) ساق پوش ۔ (٣) گاؤزباں کی ایک قسم ۔

Gallimaufry : (n) [Fr.'galimafree'.] گڑبڑ ؛ خلط ملط ؛ گڈمڈ ؛ افرا تفری ۔

Gallinacean : (a) پرندوں کی عام جنس کاجس میں مرغیاں، کبوتر، تیتر ، فاختہ ؛ وغیرہ شمارکئے جاتے ہیں ۔(۲) گستاخ ؛ شوخ ۔(۳) دجاجی ۔

Gallinacean : (n) مرغ ۔

Gallinaceous : (a) دیکھو Gallinacean

Gallinaginous : (a) [mod. L.'gallinago'.] آبیانی ۔

Gallinaginous crest : (n) پیشاب کی نالی کی جھلی کی تہ ۔

Gallinazo : (n) [sp.'gallinazo'.] امریکی گدھ ۔

Galling : (a) پریشان کن ؛ تکلیف دہ ۔

Gallingly : (adv.) پریشان کن طورپر ؛ تکلیف دہ طورپر ۔

Gallingness : (n) پریشانی ؛ تکلیف ۔

Gallinipper : (n) ['Origin unkn'.] بڑا مچھر ۔

Gallinule : (n) [mod.L.'gallinula'.] مرغ آبی ؛ ڈایک ۔

Galliot : (n) [OFr.'galiote'.] دیکھو Galiot

Gallipot : (n) (۱) مرتبان یا کلھیا جس میں مرہم وغیرہ بھرا جاتا ھے ۔(۲) (مزاحاً) عطار ؛ دوا فروش ۔

Gallium : (n) [mod. L.] ایک قسم کی نرم نیلگوں سفید دھات ۔

Gallivant : (v) [perh. fantastic alter of gallant.] آوارہ پھرنا ؛ برزہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا ۔

Galliwasp : (n) [Origin unkn.] ویسٹ انڈیز کی ایک چھوتی چھپکلی ۔

Gallize : (v) [From Dr.L. gall.] انگور کے عرق میں پانی اور شکر ملا کر اس کی مقدار بڑھانا ۔

Gallo- : سابقہ بمعنی "فرانسیسی گا" "فرانسیسی" ۔

Gallo-celtic : (a) فرانس کے کلٹوں سے متعلق ۔

Gallo-tannate : (n) ماجو کے ترشے کا کسی اساس کے ساتھ مرکب ۔

Gallo-tannic : (a) ماجو کا ترشہ ۔

Galloglass : (n)[Ir.Gael.'galloglach'.] (۱) آئرستانی سرداروں کا فوجی سپاہی ۔(۲) (ہائی لینڈ کے) رئیس یا سردار کا داروغہ ؛ کا مدار ۔

Galloman : (n) فرانس اور فرانسیسی چیزوں کے پیچھے دیوانہ ۔

Gallomania : (n) فرانس اور فرانسیسی چیزوں کا خبط ۔

Gallomaniac : (n) دیکھو Galloman

Gallon : (n) [ONFr.'galon'.] گیلن ؛ ایک پیمانہ جس سے غلہ یا رقیق چیزیں ناپتے ہیں ۔

Galloon : (n) [Fr.'galon'.] سوتی، ریشمی یا زرتار کی ڈوری ؛ پٹکہ ۔

Gallooned : (a) پٹکہ لگا ھوا ۔

Gallop : (n) [OFr.galop'.] (۱) سرپٹ ، پونی ؛ پونیا (چال گھوڑے کی) ۔(۲) (مجازاً) تیز رفتاری ۔

False gallop : سہولت ۔

Full gallop : پوری رفتار سے ؛ سرپٹ ۔

Gallop : (v) (۱) سرپٹ دوڑنا یا دوڑانا ۔(۲) پونیاجانا یا لے جانا ۔ (۳) بہت تیزی سے چلنا؛ بڑھنا یا گفتگو کرنا ۔ (٤) تیز رفتار گھوڑوں سے پہنچانا ۔

To gallop away : تیزی سے گفتگو کرنا ۔

To gallop over or through : سرسری طورپر پڑھنا ۔

Gallopade/Galopade: (n) [Fr.lgalopade'.] ہنگری کاتیزرقص ۔

Galloper : (n) (۱) پونی دوڑنے والا ؛ سرپٹ جانے والا ؛ وہ گھوڑا جو پونی چلے ۔ (۲) ہلکی توپ جسے میدانِ جنگ میں لے جاسکیں ۔ (۳) آوارہ گرد ۔ (٤) (فوج) اڈی کانگ ۔

Gallophilism : (n) فرانس دوستی ۔

Gallophobe : (n) فرانس ترس ۔

Gallophobia : (n) فرانس ترسی ۔

Galloping : (a) دوڑنے والا ؛ تیز رفتار ؛ (طب) برقی ۔

Galloping consumption : (n) دق برقی ۔

Galloping carriage : (n) ہلکی توپ گاڑی ۔

Galloping inflation : (n) تیز گام افراط زر ۔

Galloping nun : (n) دنیاوی راہبہ ۔

Gallophil : (n) فرانس دوست ۔

Galloway : (n) [A district in the S.W.of Scotland.] (۱) گیلووے کامضبوط ٹٹو ؛ ٹانگن ۔(۲) چھوٹےقد کا گھوڑا؛ ٹٹو ۔

Gallows : (n) [ON.'galgi'.] (۱) دار ؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔ (۲) پھانسی کی سزا ۔ (۳) ورزش کا تختہ ؛ باورچی خانے میں گوشت وغیرہ لٹکانے کی لکڑی ۔(٤) واجب القتل شخص ۔(٥) پتلون کے تسمے ۔

To have the gallows in one's face : واجب القتل مجرموں کی سی صورت ہونا ۔

Gallows : (a) (۱) واجب القتل ؛ بدمعاش ؛ موذی ۔ (۲) (عامیانہ) بڑا ؛ بہت ؛ شدید ۔

Gallows : (adv.) بہت بڑا ۔

Gallows air : (n) کمینہ روئی ۔

Gallows-bird : (n) واجب القتل ؛ گردن زدنی ۔

Gallows-bitts : (n) زائد بادبان وغیرہ رکھنے کا چوکھٹا ۔

Gallows foot : (n) پھانسی کے سامنے کی جگہ ۔

Gallows-ripe : (a) گردن زدنی ؛ پھانسی کے قابل ۔

Gallows-top : (n) Gallows bitts دیکھو

Gallows-tree : (n) [OE.'galg-trew'.] دار؛ پھانسی کا چوکھٹا ۔

Gally : (a) (۱) چھالا دار ؛ آبلہ دار ۔(۲) صاف یا مرطوب قطعہء زمین والا ۔

Gally : (v) ڈرانا ؛ ہراساں کرنا ۔

Gally-crow/Galli- : (n) ڈراؤنا ۔

Galoot : (n) [Origin unkn.] (۱) (عامیانہ) نو آموز ملاح ۔ (۲) بدقوارہ شخص ۔

Galop : (n) [Fr.'galop'.] ایک طرح کا تیز رقص ۔

Galore : (adv.) [ir.'go leor or lor'.] کثرت سے ؛ افراط ۔

Galore : (n) کثرت ؛ بہتات ؛ فراوانی ؛ افراط ۔

Galosh/Golosh : (n) [OFr.'galoche'.] (۱) جوتوں کے اوپر پہننے کے پتلے ربڑ کے جوتے ۔(۲) جوتوں کے نچلے حصے میں لگانے کا چمڑا ؛ جوتوں پر چڑھانے کا چمڑا یا ربڑ ۔

Galosh/Golosh : (v) جوتوں کے اوپر پتلے ربڑ کے جوتے پہننا ۔

Galt : (n) چکنی مٹی کی تہ ۔

Galumph : (v) [Invented by C.L. Dodgson.] (خوشی میں) اچھلتے ہوئے چلنا ۔

Galumphing : (a) اچھلتے ہوئے چلنے والا ۔

Galvanic/-al : (a) (۱) گیلوانی ؛ حرکی برق سے متعلق ۔ (۲) (تبسم وغیرہ) بناوٹی اور فوری ۔

Galvanic battery : (n) موچہ گیلوانی ؛ گیلوانی بیٹری ۔

Galvanic belt : (n) گیلوانی کمربند ۔

Galvanic electricity : (n) (۱) گلوانیت ؛ حرکی برقی ؛ کیمیائی برق ؛ طرح دینے کا عمل ۔(۲) برقی رو سے علاج ۔

Galvanic pile : (n) تیس چاندی اور تیس جستے کے ٹکڑے نمک آلود کپڑے میں لپیٹے ہوئے ۔

Galvanically : (adv.) گیلوانی طور پر ۔

Galvanism : (n)[Fr.'galvanisme' f. the name of living Galvani.] Galvanic electricity دیکھو

Galvanist : (n) ماہر گلوانیت ۔

Galvanistical : (a) گلوانیت سے متعلق ۔

Galvanisation : (n) (۱) جست کاری ۔(۲) جھول ؛ ملمع ؛ ملمع سازی ۔

Galvanize/Galvanise : (v) (دھات کو) طرح دینا ؛ جست کاری کرنا ؛ (کیمیا) جستہ چڑھانا ۔

Galvanized iron : (n) جستی لوہا ؛ وہ لوہا جس پر جست کی قلعی ہو ؛ (کیمیا) جستہ چڑھا لوہا ۔

Galvanizer : (n) طرح دینے والا ؛ جھول چڑھانے والا ؛ ملمع ساز ؛ جست کار ۔

Galvano- : سابقہ Galvanic اور Galvinism کی مرکب صورت ۔

Galvano-caustic : (a) گلوانی کاوی ۔

Galvano-cauterization : (n) برقی داغ دینا ۔

Galvano-cautery : (n) برقی داغ ۔

Galvano-magnetic : (a) مقناطیسی برقیات سے متعلق ۔

Galvano-magnetism : (n) مقناطیسی برقیات ۔

Galvano-puncture : (n) نسیج میں برقی رو دینا ۔

Galvano-therapeutics : (n) علاج برقی رو سے ۔

Galvano-thermometer : (n) برقی حرارت پیما ۔

Galvanograph : (n) برقی نقش ۔

Galvanographic : (a) برقی نقاشی سے متعلق ۔

Galvanograhpic : (n) برقی نقاشی ؛ مقناطیسی برق کی قوت سے تانبے کی تختیوں پر کندہ کرنا ۔

Galvanologist : (n) حرکی برق کا ماہر ۔

Galvanology : (n) حرکی برق سے متعلق کتاب ۔

Galvanometer : (n) برقی رو پیما ۔

Galvanometric/Galvanometrical : (a) برقی رو پیمائی سے متعلق ۔

Galvanometry : (n) برقی رو پیمائی ۔

Galvanoplastic : (a) برقی ملمع کاری سے متعلق ۔

Galvanoplasty : (n) برقی ملمع کاری ؛ بجلی کے ذریعہ قلعی کرنا ۔

Galvanoscope : (n) برقی رو نما ۔

Galvanoscopic : (a) برقی رو نما سے متعلق ۔

Galvanoscopy : (n) برقی رو نمائی ۔

Galvanotropism : (n) (نباتیات) برق رخی ۔

Galwegian : (a) [f.'gal (lo) -way'.] گیلووے سے متعلق ۔

Galwegian : (n) گیلووے کا باشندہ ۔

Gam : (n) دانت ؛ منہ (اسکاٹ لینڈ) ؛ لمبے دانت ۔

Gam : (n) ٹانگ ؛ پنڈلی ؛ ساق ۔

Gam : (n) (۱) وہیلوں کا جھنڈ ۔(۲) وہیل پکڑنےوالوں کا اجتماع ۔

Gam : (v) (۱) (وہیلوں کا) جھنڈ بنانا ۔(۲) (وہیل کے شکاریوں کا) گپ شپ کےلئے مجتمع ہونا ۔

Gama grass/Gamma- : (n) ایک قسم کی لمبی اونچی گھاس ۔

Gamash : (n) [Fr.'gamache'.] ساق پوش ؛ پٹی ۔

Gamba : (n)[short forviol da Gamba.] ارگن باجےکی کھونٹی ۔

Gamba : (n) [late L.'gamba'.] جگالی کرنے والے جانوروں کی پشت پا کی لمبی ہڈی ۔

Gambade : (n) [Fr.'gambade'.] (۱) گھوڑے کی چھلانگ ۔ (۲) بے محل حرکت ؛ شرارت ؛ بدتمیزی ۔

Gambado : (n) [It.'gamba,+-ado'.] ساق پوش جو زمین میں لگا رہتا ہے ۔

Gambado : (n) [Sp.'gambada'.] دیکھو Gambade

Gambado : (v) چھلانگ مارنا ؛ اچھلنا ۔

Gambeson : (n) [OFr.'gambeson'.] (فوج) چمڑے یا موٹے کپڑے کی بنڈی جو عموماً زرہ کےنیچے پہنی جاتی تھی ۔

Gambet : (n) (طیوریات) سرخ پایلوا ۔

Gambetta : (n) [mod.L.] دیکھو Gambet

Gambier/Gambeer/Gambir : (n) [Malay.'gambir'.] ورقی کتھا؛ پودے کا ست جو چمڑا رنگنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Gambist : (n) وایولا بجانے والا ۔

Gambit : (n) [It.'gambetto'.] (۱) شطرنج کی ایک ابتدائی چال ۔ (۲) (مجازاً) موضوع ؛ ابتدائی فقرہ ۔ (۳) (مجازاً) ارادی ترکیب ۔ (٤) آبدوز کشتی پر ہوائی حملے کی ایک حکمت جس میں جہاز اس کے پیرس کوپ سے چھپا رہتا ہے ۔

Gambit : (v) چال چلنا ۔

Gamble : (n)[Early form of game.] (۱) جوابازی ۔ (۲) خطرناک مہم ؛ جوکھم کا معاملہ ۔

Gamble : (v) (۱) جوا کھیلنا؛ قماربازی کرنا ۔ (۲) جوکھم میں پڑنا ؛ جوکھم میں ڈالنا ۔ (۳) سٹا کرنا ۔

To gamble away : جوئے میں ہار دینا ۔

Gambler : (n) جواری ؛ قمارباز ؛ جوئے باز ۔

Gamboge : (n) [mod. L.'gambangium'.] رب ریوند ؛ وہ لاکھ جس سے زرد رنگ نکلتا ہے ۔

Gambogian : (a) رب ریوند کے رنگ کا ۔

Gambogic/Gambodic/Cambogic : (a) رب ریوند کا ۔

Gambol : (n) [Fr.'gambade'.] چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ زغند ؛ زقند ؛ اچھل کود ؛ کلیل ۔

Gambol : (v) اچھلنا ؛ کودنا ؛ زغند بھرنا ؛ کلیلیں کرنا ۔

Gambrel : (n) دیکھو Gambrel

Gambrel roof : (n) خمیدہ چھت ۔

Gambroon : (n) [f.Gambroon, a town of Parsian Gulf.] مونا کپڑا جو استر کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Game : (n) [OE.'gamen, gomen'.] (۱) ہنسی ؛ دل لگی ؛ مضحکہ ؛ تمسخر ۔ (۲) پُرلطف واقعہ ؛ مزا ۔ (۳) کھیل ؛ بازی ۔ (٤) (جمع ، یونان و روم) ورزشی ناٹکی یا موسیقی کے مقابلے ۔ (٥) منصوبہ ؛ کام ؛ مہم ؛ مقصد ۔ (٦) (جمع) چالیں ؛ کاٹ پھانس ۔ (۷) کھیل کی ایک بازی ؛ ایک داؤں ۔ (۸) کھیل کا پورا سامان ۔ (۹) کھیل کی حالت ؛ کھیل کا رنگ ؛ گیم (ٹینس وغیرہ میں) ۔ (۱۰) شکار ؛ صید ؛ وہ چیز جس کا شکار کیاجاتا ہے؛ شکار کا جانور ؛ شکار کا گوشت ۔ (۱۱) کھلاڑی ۔ (۱۲) جرأت ؛ برداشت ؛ بے باکی ۔ (۱۳) پالیسی ۔ (۱٤) (مجازاً) شکار ؛ نشانہ ۔

Cock of the game : Game-cock دیکھو

Fair game : جائز شکار ۔

Forbidden game : ممنوع ۔

Game and game : دونوں فریقوں کی ایک ایک جیت ۔

Round game : وہ کھیل ، خصوصاً تاش کا، جس میں ہر کھلاڑی اپنا اپنا کھیل کھیلتا ہے ۔

The game is up : شکست ہوگئی ۔

The same old game : وہی پرانا دھندا ۔

To force the game : (کرکٹ) بے خوف و خطر کھیلنا (جیتنے کےلئے) ۔

To make game of : مضحکہ اڑانا ؛ بے وقوف بنانا ۔

To play a good game/-poor- : اچھا یا خراب کھلاڑی ہونا ۔

Game : (a) اصیل مرغ کی مانند ؛ جری ؛ بابمت ؛ مستعد ۔

To die game : (۱) دلیری سے موت کا سامنا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) آخر دم تک لڑتے رہنا ۔

Game : (a) (ہاتھ پاؤں وغیرہ) شل ؛ معذور ؛ بیکار ۔

Game : (v) (۱) دل لگی کرنا ؛ تفریح کرنا ؛ عشق بازی کرنا ۔ (۲) جوا کھیلنا ۔ (۳) جوے میں ہار جانا یا اڑا دینا ۔

Game act : (n) تحفظ شکار کا قانون ۔

Game-animal : (n) شکار کا جانور ۔

Game bag : (n) فتراک ؛ شکار بند ۔

Game ball : (n) (ٹینس وغیرہ میں) وہ اسکور جس کے بعد ایک پوائنٹ جیتنے سے گیم ہو جاتا ہے ۔

Game-bantam : (n) لڑنے والا مرغ ۔

Game-bird : (n) (شکار کے پرند ۔ (۲) (بیڈ منٹن) دیکھو Gameball ۔

Game-cast : (n) (بال (Bowls) کے کھیل میں) گیند کو اس طرح پھینکنا کہ جیت متیقن ہو ۔

Game certificate : (n) شکار کا اجازت نامہ؛ شکار کا لائسنس ۔

Game-cock : (n) (۱) اصیل مرغ ؛ لڑنےوالا مرغ ۔(۲) جانباز ؛ جنگجو ۔

Game-fowl : (n) (۱) پالی لڑنے والا پرندہ ۔(۲) پرند جس کا شکار کیا جائے ۔

Game-hole : (n) Cribbage (تاش کا ایک کھیل) کے بورڈ کا آخری سوراخ ۔

Game-keeper : (n) محافظ شکار گاہ ۔

Game law : (n) تحفظ شکار کا قانون ۔

Game-licence : (n) دیکھو Game certificate

Game-tenant : (n) شکار کرنے یا مچھلی مارنے کا اجارہ دار یا ٹھیکہ دار ۔

Game theory : (n) (شماریات)نظریہء کھیل ۔

Game-trespass : (n) شکارکے تعاقب میں مداخلتِ بیجا کرنا ۔

Gameless : (a) بے شکار ۔

Gamely : (adv.) ہمت سے ؛ جرأت سے ۔

Gameness : (n) ہمت ؛ جرأت ۔

Games-man : (n) (تاریخ) مہرا ۔

Gamesome : (a) شوخ چنچل ؛ خوش طبع ؛ ہنس مکھ ؛ کھیل کود کا شائق ۔

Gamesomely : (adv.) چنچل پن ؛ شوخی یا خوش طبعی سے ۔

Gamesomeness : (n) شوخی ؛ خوش طبعی ۔

Gamester : (n) (۱) جواری ؛ قمار باز ۔(۲) شکار گاہ ؛ ہنس کا محافظ ۔

Gamestress : (n) قمار باز عورت ۔

Gametal : (a) زواجی ؛نسبتی خلیوں سے متعلق ۔

Gametange : (n) زواجہ دان ۔

Gamete : (n) [mod. L.'gameta'.] زواجہ ؛ نسبتی خلیہ ؛ گمٹے ؛ صنفی تخم ۔

Gametic : (a) (حیوانیات) زواجی ۔

Gametic mutation : (n) (حیوانیات) زواجی ناگہانی تبدل ۔

Gametic number : (n) (حیوانیات) زواجی عدد ۔

Gametocyte : (n) زواجہ زا خلیہ ۔

Gametogenesis : (n) زواجی تولید ؛ زواجیہ زائی ۔

Gametogenic : (a) (حیوانیات) زواجیہ زا ۔

Gametogeny : (n) (حیوانیات) عمل زواجی پیدائش ۔

Gametogonium : (n) زواجہ کیسہ ۔

Gametogony : (n) زواجی پیدائش ۔

Gametoid : (n) زواجہ نما ۔

Gametophore : (n) زواجہ بردار ۔

Gametophyte : (n) زواجی پودا ۔

Gamgee : (n) جاذت روئی ؛ پھاہا (یا پھایا) ۔

Gamic : (a) [Gr.'gamikos'.] زواجی ؛ جنسی ۔

Gamic edges : (n) خود قطبی کثیرالسطوح کے مساوی کنارے ۔

Gamin : (n) [Fr.] لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا ۔

Gaminerie : (n) [Fr.] شوخ ؛ گستاخ ؛ شریر ۔

Gaming : (n) قماربازی ؛ جوا کھیلنا ۔

Gamma : (n) [Gr.'gamma'.] (یونانی) حروف تہجی کا تیسرا حرف ؛ شمار کرنے میں ۳ اور C کے بجائے استعمال ہوتا ہے ۔(۲) ایک قسم کا پروانہ یا تیتری ۔

Gamma rays : (n) گاما شعاعیں ۔

Gammadion/Gammation : (n) [Late Gr. 'gammadion'.] دیکھو Fylfot

Gammarid : (n) [mod. L.'Gammaridae'.] (حیوانیات) دوکار پا قشریہ ۔

Gammarolite : (n) متحجر دو کارپا قشریہ ۔

Gammer : (n) [probably a Contr. of 'Godmother'.] بڑھیا ؛ پیر زن ۔

Gammon : (n) [ONFr.'gambon'.] سور کے پٹھہ اور ران کا گوشت (جو نمک لگا کر سکھا لیا جاتا ہے) ۔

Gammon : (v) سور کے پُٹھہ اور ران کے گوشت کو نمک لگا کر سُکھانا ۔

Gammon : (n) (بحریات) رسّی یا سُتلی (جس سے جہاز کا اگلا حصہ باندھا جاتا ہے) ۔

Gammon : (v) جہاز کے اگلے حصے کو رسّے سے باندھنا ۔

Gammon : (n) [app. survival of 'gamen'.] چوسر میں دو بازی کی جیت ۔

Gammon : (v) چو سر میں دو بازی جیتنا ۔

Gammon : (n) (۱) (عام چوروں کا) پاکٹ مار کا ساتھی ۔ (۲) گپ شپ ۔ (۳) مہمل ؛ واہیات ۔

To give gammon : (چوروں کا) (عامیانہ) کسی کے پاس کھڑا رہنا تاکہ اس کا ساتھی جیب کترسکے ۔

To keep in gammon : کسی کی توجہ دوسری طرف مشغول رکھنا تاکہ اس کا ساتھی پاکٹ مارسکے ۔

Gammon : (v) (۱) چرب زبانی سے بات کرنا ۔ (۲) روغن قاز ملنا ؛ مکر کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بننا ۔ (۳) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ بےوقوف بنانا ۔

Gammoner : (n) (۱) چرب زبانی کرنےوالا ؛ دھوکا دینے والا ۔ (۲) اپنے ساتھی کو جیب کترنے کا موقع دینے والا ۔

Gammoning : (n) رسّا جس سے جہاز کا اگلا حصہ باندھا جاتا ہے ۔

Gamo- : (۱) سابقہ بمعنی "زواج" "شادی" ۔ (۲) (نباتیات) "پیوستہ" "جڑواں" ۔

Gamobium : (n) [L.] جنسی تبدیل نسل ۔

Gamogastrona : (a) (نباتیات) پیوستہ بفچہء گل والا ۔

Gamogenesis : (n) جنسی ولادت ؛ توالد و تناسل ۔

Gamogenetic : (a) جنسی ولادت سے متعلق ۔

Gamogenetically : (adv.) بطور جنسی ولادت ۔

Gamogony : (n) زواجہ زائی ۔

Gamomania : (n) زواجی خبط ۔

Gamomorphism : (n) زواجی تشکیل ۔

Gamopetalous : (a) پیوستہ گل برگہ ۔

Gamophyllous : (a) پیوستہ برگہ ۔

Gamosepalous : (a) پیوستہ سبلہ ۔

Gamp : (n) [After Mrs. Sarah Gamp, a monthly nurse.] (۱) بدنام قسم کی تیماردار عورت ۔ (۲) (مزاحاً) چھتری ، خصوصاً بڑی سی میلی کچیلی چھتری ۔

Gampish : (a) میلا کچیلا ۔

Gamut : (n) [Contr. of mod.L.'gamma+ut'.] (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے سرگم کا سب سے نچلا سُر ۔ (۲) بڑا سرگم جس میں قرون وسطیٰ کے کُل سُر ہوتے ہیں ۔ (۳) کل مسلمہ سُروں کا مجموعہ ۔ (٤) سرگم ۔ (٥) آواز یا ساز کا محیط یا گھیر ۔ (٦) (کسی شے کا) احاطہ ؛ حلقہء اثر ؛ دائرہ ۔

Gamy : (a) (۱) پر شکار ؛ جس میں شکار کی کثرت ہو ۔ (۲) جری ؛ دلیر ؛ جیوٹ ۔ (۳) شکار کی بو رکھنے والا ؛ بدبو ۔ (٤) شہوت زا (موضوع) ۔ (٥) بداخلاق ۔

-gamy : لاحقہ بمعنی "زواج" "شادی" ۔

Gander : (n) [Late OE. 'ganra, gandra'.] (۱) ہنس ۔ (۲) بیوقوف، سادہ لوح ؛ گھامڑ ۔ (۳) (عامیانہ) شادی شدہ شخص جو بیوی سے علاحدہ رہے ۔

Gander : (v) چہل قدمی کرنا ؛ گھومنا پھرنا ۔

Gander : (n) (عامیانہ) نظر ۔

Gander month/-moon : (n) زچگی کے بعد کا مہینہ ۔

Ganef : (n) [Yeiddish,'ganef'.] چور ؛ بدمعاش ۔

Gang : (n) [ON.'ganga'.] (۱) رستہ ؛ چراگاہ ۔(۲) چند آلات جن کا سلسلہ ایک دوسرے سے ملا ہو اور ساتھ ساتھ کام کرتےہوں ؛ دستہ ۔(۳) گروہ ؛ منڈلی؛ ٹولی (مزدوروں ، غلاموں اور قیدیوں کی) ؛ ٹکڑی ۔(٤) جتھا ؛ مجرموں کا گروہ ۔

Criminal gang : مجرمانہ ٹولی، (جماعت، گروہ) ۔

Gang : (v) [OE.'gangan'.] ٹہلنا ؛ جانا ۔

Gang : (v) جتھا بنانا ؛ ٹولی بنا کر آنا ؛ (ٹولی کے ساتھ) رہنا ۔

Gang-age : (n) (سماجیات) ٹولی بنانے کی عمر ۔

Gang-board : (n) وہ تختےجو کنارے سے کشتی پر آنے جانے کےلئے جڑ دیئے جاتے ہیں ۔

Gang-cask : (n) (بحری) پانی کا پیپا ۔

Gang-mill : (n) بہت سے آروں والی لکڑی چیرنے کی مل ۔

Gang-plank : (n) وہ تختے جو کنارے سے کشتی پر آنے جانے کے لئے جڑ دیئے جاتے ہیں ۔

Gang-rider : (n) کان کی گاڑیوں پر سواری کرنے والا ۔

Gang-road :(n) بندرگاہ اور عمارتوں کے بیچ کی سڑک ۔

Gange : (v) [Origin unkn.] تار سے باندھنا ؛ تارسے مضبوط کرنا (مچھلی پکڑنے کے کانٹے وغیرہ کو) ۔

Ganger : (n) (۱) پیدل چلنے والا ؛ پیادہ مسافر ۔(۲) تیز رفتار گھوڑا ۔

Ganger : (n) قلیوں کا جمعدار ؛ مزدوروں کا چودھری ۔

Ganger : (n) (بحری) لنگر کی لمبی زنجیر ۔

Gangetic : (a) [L.'gangeticus'.] دریائے گنگا سے متعلق ۔

Ganging : (n) (۱) بنسی کو لگی سے باندھنا ۔(۲) لگی کاایک حصہ جس کے سرے سے بنسی باندھتے ہیں ۔

Gangliac : (a) عقد سے متعلق ۔

Ganglial/Gangliar : (a) عقدی ؛ عقودی ۔

Gangliated : (a) عقود دار ۔

Gangliform/Ganglioform : (n) عقدہ شکل ؛ عقد نما ۔

Ganglion : (n) [Gr.'gagglion'.] (۱) (عضویات) عقدہ ۔ (۲) مرکزی نظام عصبی کا خاکی رنگ کا مواد ؛ غدہ عصب؛ (نفسیات)عصبی گچھا۔(۳) (مجازاً) مرکز، محور۔(٤) بر آمدگی ؛ گھیگھا ۔

Sympathetic ganglion : ثانیدی عصبی گچھا ۔

Ganglion cell/-corpuscle/-globule : (n) عقدہ خلیہ ؛ نظام عصبی کے خاکی رنگ کے مواد کے خلیے ۔

Ganglionary : (a) عقدہ دار ۔

Ganglionated : (a) دیکھو Gangliated

Ganglionic : (a) عقدی ؛ عقدے کا ۔

Gangrel : (n) (۱) آوارہ گرد ؛ آوارہ گرد فقیر ۔(۲) لاغر اور لمبا شخص ۔

Gangrel : (a) آوارہ گرد ۔

Gangrene : (n) [Fr.'gangrene'.] (۱) غانقاریا ؛ شقاقولوس ؛ فساد نسیج ؛ خورہ ۔ (۲) (مجازاً) اخلاقی فساد ؛ خورہ ۔

Gangrene : (v) (۱) نسیج جسمانی کا سڑجانا ۔(۲) اخلاقی فساد کا پھیل جانا ۔

Gangrene scent : (a) سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ؛ ناسور دار ۔

Gangrenous : (a) سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ؛ ناسور دار ۔

Gangsman : (n) (۱) گودی کا مزدور۔(۲) مزدوروں کاجمعدار ۔

Gangster : (n) (۱) مجرموں کےگروہ کارکن ۔(۲) (سماجیات) گروہ بند ۔

Gangue/Gang : (n) [Fr.'gangue'.] گل معدن ؛ سنگ معدن ؛ مٹی کے ساتھ ملی ہوئی خام دھات ۔

Gangway : (n) (۱) گزرگاہ ؛ راہ رو ؛ رستہ ۔(۲) نشستوں کی قطاروں کےمابین گزرنے کا راستہ ؛ (جہاز کے اندر) راستہ خصوصاً اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کا پلیٹ فارم ۔(۳) جہاز سے کنارے پر آنے جانے کا راستہ یا پل ۔(٤) (کان کنی) کان میں مسطح زمین ۔

To bring to the gangway : ملاحوں کو سزا دینا ۔

Gangway ladder : (n) جہاز میں داخل ہونے کی سیڑھی ۔

Gangway netting : (n) جنگی جہاز میں اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کے پلیٹ فارم کو چھپانے کی جالی ۔

Ganister : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کا پتھر ۔

Gannet : (n) [OE.'ganot'.] قاز سفید ۔

Ganocephalan : (n) [mod.L.'ganocephalus'.] مچھلی کی ایک جنس جو اب ناپید ہے ۔

Ganocephalous : (a) ناپید جنس کی مچھلی سے متعلق ۔

Ganoid : (n) وہ مچھلی جس کے کھپرے صاف اور چمکدار ہوں ۔

Ganoid/-al : (a) [Fr. 'ganoide'.] (مچھلی کے کھپرے کے لئے) چمکیلا ؛ چکنا ؛ چمکدار ؛ صاف ۔

Ganoidean/Ganoidian : (a&n) Ganoid دیکھو

Ganoin/Ganine : (n)[Gr.'ganos'.] مچھلی کے کھپرے کی سخت چمکتی ہوئی بالائی تہ ۔

Ganosis : (n) [Gr.'ganosis'.] سنگ مرمر کی چمک کو کم کرنے کی ایک ترکیب (خصوصاً سنگ تراشی میں بت کے عریاں حصے کو) ۔

Gansel : (n) [ME. 'gansell'.] چبھتا ہوا جملہ ۔

Gant : (n) جمائی ۔

Gant : (v) [ME.'ganten'.] جمائی لینا ۔

Gant : (v) لاغر بنانا ۔

Gantry/Gauntry : (n) [prob.'Gawn+tree.] مچان ۔

Ganymede : (n) [L.'Ganymedes'.] (۱) ساقی ۔ (۲) (مزاحاً) ویٹر ؛ شراب خانے کا ملازم ۔ (۳) مشتری کے گرد گھومنے والے ستاروں میں سب سے بڑا ستارہ گانمید ؛ قمر مشتری ۔ (٤) امرد ؛ کوفی ۔

Ganza : (n) جنگلی بنس ۔

Gaol/Gaoler : (n) Jail دیکھو

Gap : (n) [ON.'gap'.] (۱) درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ رخنہ ۔ (۲) خندق ؛ کھائی ۔ (۳) پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ ۔ (٤) خالی جگہ؛ خلا ؛ وقفہ ۔ (٥) تفاوت؛ اختلاف (خیالات وغیرہ) ۔

To open a gap : شگاف بنانا ۔

To stand in the gap : خلا کو بھرنا ۔

Gap bed lathe : (n) خراد جس میں بڑی چیزوں کو خراد پر چڑھایا جاسکے ۔

Gap-toothed : (a) دانتوں کے درمیان شگاف رکھنے والا ۔

Gap-window : (n) لمبی اور پتلی کھڑکی ۔

Gape : (n) (۱) جمائی ؛ بکابکا ہونا ؛ حیرانی ؛ استعجاب ۔ (۲) کھلے منہ یا کھلی چونچ کے سروں کا فصل ؛ منہ کی چوڑائی ؛ چونچ کا وہ حصہ جو کھلتا ہے ۔ (۳) شگاف ؛ درز ؛ دراڑ ۔

The gapes : (۱) مرغیوں کی ایک بیماری ۔ (۲) (مزاحاً) جمائیوں کا دورہ ۔

Gape : (v) [ON.'gapa'.] (۱) منہ پھاڑنا ؛ منہ پھیلانا ۔ (۲) پھیلنا ؛ پوری طرح کھلنا ؛ پوری طرح کھلا یا پھیلا ہونا ؛ منہ پھیلائے ہونا؛ پھٹنا ؛ تڑخنا۔ (۳) منہ پھاڑ کر دیکھنا ؛ حیرت و استعجاب سے گھورنا ؛ بکا بکا رہ جانا ۔ (٤) جمائی لینا ۔ (٥) آرزو مند ہونا ۔

Gape-eyed : (a) (حشریات) بظاہر بے پپوٹوں والا ۔

Gaper : (n) (۱) جمائی لینے والا ؛ شق ہونے والا ؛ منہ پھیلا کر رہ جانے والا ۔ (۲) بعض اقسام کے پرندے ۔ (۳) ایک قسم کا گھونگا۔ (٤) ایک قسم کی مچھلی ۔

Gape-seed : (n) گھورنا ؛ بکا بکا رہ جانا ؛ حیرت کا مقام ؛ وہ چیز جسے دیکھ کر آدمی بکابکا رہ جائے ۔

To seek, buy or sow gape-seed : بازار یا میلے میں خرید وفروخت کے بجائے تماشا دیکھنا ۔

Gaping : (n) (۱) منہ پھاڑنا یا پھیلانا ۔ (۲) شگاف ۔

Gaping stock : (n) وہ چیز جسے دیکھ کر آدمی بکا بکا رہ جائے ۔

Gapingly : (adv.) منہ پھاڑ کر ؛ حیرت واستعجاب سے ۔

Gapped : (a) شگاف دار ؛ دراز دار ؛ دندانہ دار ۔

Gar/Garr/Guard : (n) [Short for Garfish.] (۱) سینگا ؛ نیزہ ماہی ۔(۲) سگ ماہی ۔

Gar : (v) [ME.'gere'.] بنانا ۔

Gar-pike : (n) سینگا مچھلی ؛ نیزہ ماہی ۔

Garage : (n) [Fr.'garage'.] وہ عمارت جس میں موٹر کاروں ، انجنوں وغیرہ کی مرمت ہوتی ہے؛ موٹر کاروں کا گودام ؛ انجن خانہ ؛ موٹر خانہ ۔

Garancin/Garancine : (n) [Fr.'garancine'.] رنگ جو مجیٹھ سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Garb : (n) [It.'garbo'.] (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے ۔(۲) وضع ؛ پہناوا ؛ بھیس ۔ (۳) طرز ۔

Garb : (v) (۱) کپڑے پہنانا ؛ کسی خاص پوشاک میں ملبوس کرنا ۔(۲) لفظی جامہ پہنانا ۔

Garbage : (n) [AFr.'garbage'.] (۱)اوجھڑی ؛ آلائش؛ پھیپھڑے ۔ (۲) آخور ؛ سڑی بسی چیز ؛ ردّی ؛ کوڑا کرکٹ ۔ (۳) (مجازاً) فحش یا مکروہ ادب ؛ کتابیں ۔ (٤) تاش کا ایک کھیل ۔

Garble : (n) [It. 'garbello'.] مسخ کرنا ؛ تحریف کرنا ۔

Garble : (v) [AL.'garbellare'.] (۱) (شاذ) چھانٹ لینا ؛ اچھی سے اچھی چوٹی کی چیزیں چن لینا ۔(۲) ادھر اُدھر سے اپنے کام کی چیزیں لے لینا؛ بےانصاف اوربدنیتی سے اقتباس کرنا ۔(۳)تحریف کرنا؛ بگاڑنا ؛ مسخ کرنا ۔

To garble the coinage : چھانٹ لینا ۔

Garbler : (n) مسخ کرنےوالا؛ تحریف کرنےوالا ؛ بگاڑنے والا ۔

Garbling : (n) (۱) انتخاب کرنا ۔(۲) مسخ کرنا ۔ (۳) بچی کھچی ہوئی چیز ۔

Garboard : (n) [Du.'gaderen+boord'.] تختے جو جہاز کے پیندے کے نز دیک لگائے جاتےہیں ۔

Garboard strake : (n) دیکھو Garboard

Garcon : (n) [Fr.] فرانسیسی ہوٹل کا خادم ؛ ویٹر ۔

Garde-du-corps : (n) [Fr.] محافظ دستہ ؛ محافظ دستے کا ایک رکن ۔

Garden : (n) [ONFr.'gardain'.] (۱) باغ ؛ پھلواری ؛ چمن ؛ گلزار ؛ گلستاں ؛ بوستاں ؛ روضہ ؛ گلشن ؛ ریاض ؛ باغ عامہ ؛ تفریح گاہ عوام ۔(۲) زرخیز زمین ؛ سیرحاصل یا شاداب خطہ ۔(۳) مکانوں کا مجموعہ ؛ کثرہ ۔(٤) Hatton Garden (لندن کے مقامات) کا مخفف Covel Garden ۔(٥) Epicurus کے مدرسے کا نام ۔

Garden : (v) باغ لگانا ؛ باغبانی کرنا ۔

Garden : (a) (۱) باغ کا ۔(۲) معمولی ۔(۳) باغدار ۔

Garden city : (n) چمن دار شہر ۔

Garden engine : (n) باغ سیراب کرنے کا پمپ ۔

Garden-frame : (n) درختوں کے چوکھٹے ۔

Garden-fresh : (a) (۱) تازہ ۔(۲) تازہ ترکاریوں سے بنا ۔

Garden-gate : (n) (۱) باغ کا دروازہ ۔(۲) کئی پودوں کے نام ۔

Garden-glass : (n) (۱) (درختوں کا) شیشے کا سر پوش ۔ (۲) سیاہ فام شیشے کا آرائشی گلوب (جو باغ میں جاتا ہے) ۔

Garden-house : (n) (۱) باغ میں چھوٹی سی عمارت ۔ (۲) باغ دار مکان ۔

Garden-party : (n) دعوت جو باغ میں کی جائے ؛ ضیافت بستانی ۔

Garden-plot : (n) تختۂ چمن ؛ پھلواری ۔

Garden-pot : (n) گملہ ۔

Garden-roller : (n) باغ کے رستے اور لان کو درست کرنے کا بیلن ۔

Garden-seat : (n) (۱) باغ میں بیٹھنے کی نشست گاہ ؛ باغ کی بینچ ۔(۲) مٹی بس کے بالائی درجے میں ایک یا دو آدمیوں کی نشست ۔

Garden-seated : (a) باغ میں نشست گاہ میں بیٹھا ۔

Garden-stuff : (n) پھل ؛ ترکاری وغیرہ ۔

Garden-wall-bond : (n) بندھن جس میں تین طولے اور ایک سرنل ہو ۔

Garden-warbler : (n) ایك قسم كا پرند ۔

Garden-white : (n) ایك قسم كی تیتری ۔

Gardener : (n) [AFr 'gardiner'.] باغ لگانے والا ؛ باغبان ؛ مالی ۔

Gardener's delight/-eye : (n) حشیشة السراج كی قسم ۔

Gardener's garters : (n) دھاری دار گھاس ۔

Gardenership : (n) باغبان ۔

Gardenesque : (a) باغ سا ؛ چمن سا ؛ گلزار سا ۔

Gardenhood : (n) باغ نما ۔

Gardenia : (n) [mod.L.] گندہ راج ؛ ایك پودا جس كے بڑے اور سفید پھول ھوتے ہیں ۔

Gardening : (n) باغبانی ؛ مالی كا كام ۔

Gardenless : (a) بے باغ ۔

Garderobe : (n) [Fr.'gardrobe'.] گودام ؛ اسلحہ خانہ ؛ كپڑا ركھنے كی الماری ؛ نجی كمرہ ؛ خوابگاہ ۔

Gardez : (v) ھوشیار ! (شطرنج میں وزیر مارنے سے پہلے مخالف كو متنبہ كیا جاتا ھے ۔

Gardyloo : (n) [f.'gare de l'ean'.] ھوشیار ۔

Gare : (v) ھوشیار ؛ خبر دار ۔

Gare-fowl : (n) [Icel. 'geirfugl'.] Gairfowl دیكھو

Garfish : (n) [OE.'gar+Fish.] سینگا مچھلی ؛ نیزہ ماہی ۔

Garganey : (n) [It.] پن ككڑی ۔

Gargantua : (n) دیو

Gargantuan : (a) عظیم الجثہ ؛ دیوقامت ؛ بہت بڑا ۔

Garget : (n) [OFr.'gargate'.] (۱) ورم پستان گاؤ ؛ تھن كی سوزش ۔ (۲) چوپایوں ، مرغیوں وغیرہ كے سر یا گلے كا ورم ۔

Garget plant : (n) خریق سفید ۔

Gargil : (n) [OFr.'gargouille'.] (۱) مویشی، سور اور بطخ كے سر اور گلے كی ایك بیماری ۔ (۲) دیكھو Garget ۔

Gargle : (n) غرارہ ؛ غرغرا ؛ غرارے كا پانی یا دوا ۔

Gargle : (v) [Fr. 'gargouiller'.] (۱) غرارہ كرنا ۔ (۲) (مجازاً) غرغر كی آواز نكالنا ۔

Gargoyle : (n) [OFF.'gargouille'.] میزاب ؛ پرنالہ جس كے دبانے پر انسان یا حیوان كی مضحك صورت بنی ھو ۔

Gargoylism : (n) جسمانی اور دماغی پیدائشی نقص ۔

Garibaldi : (n) [Name of an Italian general.] (۱) عورتوں یا بچوں كی ایك صدری ۔ (۲) ایك قسم كا سمبوسہ ۔ (۳) مچھلی كی ایك قسم ۔

Garish : (a) [Origin unkn.] Gairish دیكھو

Garishly : (adv.) بھڑ كیلے پن سے ۔

Garishness : (n) بھڑك ؛ زرق برق ھونا ۔

Garland : (n) [OFr.'gerlande, garlande'.] (۱) گجرا ؛ پھولوں كا ہار ؛ پھولوں كا مكٹ ۔ (۲) دھات وغیرہ كا ہار ۔ (۳) انعام ؛ طرۂ امتیاز ؛ نشان اعزاز ۔ (٤) بیاض ؛ گلدستہ ؛ منتخبات ۔ (٥) ہار كی طرح كی كوئی چیز ۔ (٦) پیچ دار نالی ۔ (۷) (بحری) رسے یا لوھے كا حلقہ ۔ (۸) (فوج) كارتوسوں كا ہار ۔ (۹) ایك قسم كا جال ۔

To gain, get, win etc. the garland : جیتنا ؛ طرۂ امتیاز حاصل كرنا ۔

Garland : (v) ہار پہنانا یا ہار سے آراستہ كرنا ؛ گجروں سے سجانا ۔

Garland flower : (n) ہار كا پھول ۔

Garlandless : (a) بے ہار ۔

Garlandry : (n) ہاروں كا مجموعہ ۔

Garlic : (n) [OE.'garleac'.] لہسن ۔

Garlicky : (a) لہسن كا سا ؛ لہسن كی (بو) ۔

Garment : (n) [ME.'garnement'.] (۱) کپڑے ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ ملبوسات (خصوصاً) لبادہ ؛ چوغا ؛ قبا ؛ (جمع) کپڑے ؛ ملبوسات ۔ (۲) کسی شے کا بالائی اور ظاہری پردا ۔

Garment : (v) کپڑا پہنانا ۔

Garmentless : (a) بے لباس ۔

Garmenture : (n) لباس ؛ آرائش ۔

Garner : (n) [ME.'gernet, garner'.] (۱) ذخیرہ ؛ کوٹھی (غلے کی) ۔ (۲) خزانہ ؛ مخزن ۔

Garner : (v) ذخیرہ جمع کرنا ۔

Garnet : (n) [OFr.'(poeme) garnette'.] انار ۔

Garnet : (n) [ME.'garent, grenat'.] لعل ؛ یاقوت ؛ تامڑا ۔

Garnet : (n) [Du,'garnaat'.] (بحریات) ہلکے سامانوں کو اٹھانے کی رسہ چرخی ۔

Clew-garnets : ایک قسم کی رسہ چرخی ۔

Garnet-berry : (n) کشمش ۔

Garnet-blende : (n) جستے کا سلفائیڈ ۔

Garnet rock : (n) یاقوت کی چٹان ۔

Garnetiferous : (a) یا قوت زا ۔

Garnierite : (n) [after Jules Garnier, the discoverer.] نکل اور میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Garnish : (n) [f. next.] (۱) وہ چیزیں جن سے کھانے کی پلیٹ سجائی جائے ۔ (۲) (مجازاً) ادنیٰ نقش ونگار ۔ (۳) آرائشی ادب ۔ (٤) پیسہ یا زر جو نئے قیدیوں سے بطور جیلر کی فیس کے لیا جاتا تھا یا دوسرے قیدیوں کے شراب پینے کےلئے؛ مزدوروں میں بھی اس قسم کی ادائی ۔

Garnish : (v) [OFr.'garniss-'.] (۱) آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ (کھانا وغیرہ پلیٹوں میں) ۔ (۲) (قانون) رقم کی قرقی کا نوٹس دینا ۔ (۳) (عامیانہ) بیڑیاں پہنانا ۔

Garnish bolt : (n) روبک دار سر والا پیچ ۔

Garnish money : (n) پیسہ جو نئے قیدیوں سے بطور جیلر کی فیس کے لیا جاتا تھا یا دوسرے قیدیوں کے شراب پینے کےلئے ۔

Garnished : (a) (نقابت) مختلف قسم کے دمبالوں سے آراستہ کیا ہوا ۔

Garnishee : (n) (قانون) مدیون کا مدیون جس کی عدالت سے اطلاع ملے کہ قرضجات واجب الادا مدیون کے قرق ہو چکے ہیں اور وہ یہ رقم مدعاعلیہ کو ادا نہ کرے بلکہ حاضر عدالت کرے ۔

Garnishee : (v) مدیون کی واجب الادا رقم کو قرق کرنا ۔

Garnisher : (n) کھانے کی پلیٹ سجانےوالا ۔

Garnishment : (n) (۱) آرائش (خصوصاً کھانےکےپلیٹوں کی) ۔ (۲) کسی شخص پر نوٹس تعمیل کرنا ؛ رقم کی قرقی ۔ (۳) (تجارت) اُجرت روک حکم ۔

Garniture : (n) [Fr.'garniture'.] (۱) لوازمات ۔ (۲) سجاوٹ کی چیزیں (خصوصاً کھانے کی پلیٹ میں) ۔ (۳) لباس ؛ پوشاک ؛ ملبوسات ۔

Garookuh/Garrooka : (n) خلیج فارس کی ماہی گیر کشتی ۔

Garotte : (n) ایک قسم کی مرغابی ۔

Garram : (n) اسکاٹ لینڈ یا اٹرلینڈ کا نٹو ۔

Garret : (n) [OFr.'garite'.] (۱) اتاری ؛ بالاخانہ ؛ سب سے اوپر کی منزل کا کمرہ ۔ (۲) (عامیانہ) سر ؛ دماغ ۔

Garret : (v) [OFr.'galet'.] (معماری) دیوار وغیرہ میں پتھروں یا اینٹوں کے بیچ میں کنکر بھر دینا ۔

Garret lock : (n) ادنیٰ قسم کا تالا ۔

Garret master : (n) گھٹیا قسم کا بڑھئی ۔

Garreted : (a) منار دار ۔

Garreteer : (n) Garret میں رہنے والا ؛ خصوصاً غریب مصنف ۔

Garrison : (n) [OFr.'garison'.] قلعےیا شہر کی محافظ فوج ۔

In garrison : محافظ فوج میں ۔

Garrison : (v) (۱) محافظ فوج رکھنا؛ محافظ فوج کی حیثیت سے رہنا ۔ (۲) فوج کو قلعے وغیرہ کی حفاظت پر متعین کرنا ۔

Garrison hack : (n) فوجی افسر سے مشق بازی کرنے والی عورت ۔

Garrison-hold : (n) محافظ دستے کے ذریعہ قبضہ ۔

Garrison town : (n) محافظ فوج سے محفوظ شہر ۔

Garron/-an : (n) [Gael.'gearran'.] دیکھو Garran

Garrot : (n) [OFr.'garrot'.] ایک قسم کی مرغابی ۔

Garrotte/Garotte : (n) [Sp.'garrote'.] (۱) اسپین میں سزائے موت جس میں گلا گھونٹ کر مار ڈالتے ہیں ۔ (۲) وہ آلہ جو اس طرح سے مار ڈالنے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (۳) شاہراہ کا ڈاکہ جس میں مسافر کو گلا گھونٹ کر مار ڈالا جائے ۔

To tip the garrotte : مسافر کو گلا گھونٹ کر لوٹنا ۔

Garrotte/Garotte : (v) (۱) گلا گھونٹ کر سزائے موت دینا ۔ (۲) لوٹنے کی خاطر گلا گھوٹنا ۔ (۳) گلا گھوٹنا ۔

Garrotter/Garotter : (n) گلا گھونٹ کر مار ڈالنے والا جلاد یا قزاق ۔

Garrulity : (n) [L.'garrulitas'.] فضول گوئی ؛ باتونی پن ۔

Garrulous : (a) (۱) باتونی ؛ بکی؛ گپی ؛ فضول گو ۔ (۲) چوں چوں کرنے والی چڑیا ۔ (۳) پر شور (دریا وغیرہ) ۔

Garrulously : (adv.) باتونی پن سے ؛ فضول گوئی سے ۔

Garrulousness : (n) باتونی پن ؛ فضول گوئی ۔

Garter/Gartan/Garten : (n) [OFr.'gartier'.] (۱) گیٹس ؛ موزہ بند ۔ (۲) (بحریات ، عامیانہ) بیڑی ۔ (۳) دیکھو The garter ۔ (٤) (نقابت) متوازی لکیریں جو دابنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف کھینچی جائیں ۔ (٥) گیٹس نما کوئی چیز ۔ (٦) Garter king of Arms اور Garter snake کا مخفف ۔

In the catching up of a garter : ایک لمحہ میں ۔

Pricking in the garter : ایک قسم کا کھیل ۔

The Garters : (۱) امرائے انگلستان کا سب سے اول درجہ ۔ (۲) اس کا تمغہ ۔

To cast one's garter : شادی کرنا (عورت کا) ۔

Garter : (v) (۱) گیٹس باندھنا ؛ موزوں کے بند باندھنا ۔ (۲) (نقابت) فیتے کا حلقہ بنانا ۔

Garter-blue : (n) گہرا نیلا ۔

Garter-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ؛ نیام ماہی ۔

Garter-knee : (n) بایاں گھٹنا ۔

Garter-robe : (n) انگلستان کے سب سے اعلیٰ درجے کے امراء کا لبادہ ۔

Garter-snake : (n) (۱) امریکا کا غیر سمی دھاری دار سانپ ۔ (۲) افریقہ کے سمی سانپ کی ایک قسم ۔

Garter-webbing : (n) گیٹس بنانے کا لچکیلا کپڑا ۔

Gartered : (a) امرائے انگستان سب سے اعلیٰ درجے کا تمغہ لگائے ہوئے ۔

Gartering : (n) وہ چیزیں جن سے گیٹس بناتےہیں ۔

Garth : (n) [ON.'garor'.] (۱) احاطہ ؛ صحن ؛ باغیچہ ؛ کھوڑ ؛ دوڑ کے گھوڑوں کا احاطہ ؛ خانقاہ کا صحن ۔ (۲) مچھلی کا مان ۔

Garth : (n) [north. form of 'gerth'.] (۱) زیر بند ؛ تنگ ۔ (۲) لکڑی کا حلقہ ۔ (۳) زیر بند ۔

Garum : (n) [L.] رومی چٹنی (مچھلی کی) ۔

Garvie : (n) [Origin unkn.] ہیرنگ قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Gas : (n) [Gr.'Chaos'.] (۱) گیس ؛ غاز ۔ (۲) روشنی کی گیس ۔ (۳) ایک قسم کی پھٹنے والی گیس ۔ (٤) ہائیڈروجن وغیرہ جو غبارے میں بھری جاتی ہے۔ (٥) ایک قسم کی گیس کہ جسے سنگھانے سے آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے ۔ (٦) (عامیانہ) بکواس ؛ شیخی ۔ (۷) ریاح ۔

Incandescent gas : دہکتی گیس ۔

Gas : (n) Gasoline کا مخفف ۔

To step or tread in the gas : موٹر گاڑی کی رفتار تیز کرنا ۔

Gas : (v) (۱) گیس مہیا کرنا ۔ (۲) زہر کی گیس پھینکنا (دشمن کی فوج پر) ۔ (۳) گیس کے زہر سے

Gas-drain : (n) (کوئلے کی کان میں) گیس نکالنے کی نالی ۔

Gas-dregs : (n) گیس سازی میں بننے والا مادہ ۔

Gas electrode : (n) گیس برقیرہ ۔

Gas-engine : (n) گیس کا انجن ؛ گیس انجن ۔

Gas filled : (a) گیس بھرا ہوا ۔

Gas-firing : (n) گیس کی بھٹی کو جلانا ۔

Gas-fitter : (n) عمارتوں میں گیس کےلوازمات لگانے والا ۔

Gas-fitting : (n) گیس کی روشنی وغیرہ کے آلات ۔

Gas-fixture : (n) گیس کی مشعلوں کا دیوار گیر یا جھاڑ ۔

Gas-furnace : (n) (۱) گیس بھٹی ۔(۲) گیس بنانےکی بھٹی ۔

Gas generator : (n) گیس بنانے والا ۔

Gas helmet : (n) گیس روک نقاب ۔

Gas-holder : (n) گیس دان ؛ (کیمیا) گیس کی ٹنکی ۔

Gas indicator : (n) گیس نما ۔

Gas leading tube : (n) گیس گزار نلی ۔

Gas-light : (n) گیس کی روشنی ۔

Gas-lime : (n) کوئلے کی گیس صاف کرنے کا چونا ۔

Gas-mask : (n) گیس روک نقاب ۔

Gas-microscope : (n) گیس خوردبین ۔

Gas monometer : (n) گیس داب پیما ۔

Gas motor : (n) دیکھو Gas engine

Gas-pendant : (n) پائپ جو چھت سے آویزاں ہو اور جس میں مشعلیں لگی ہوں ۔

Gas-pipe : (n) (۱) گیس کی نلکی ۔(۲) (مزاجاً) گھٹیا قسم کی بندوق ۔(۳) گیس کی نالی ۔

Gas-plant : (n) (۱) (نباتیات) افطامون سفید (Fraxinella) ۔ (۲) گیس کےکارخانوں کا سازو سامان ۔ (۳) متاثر ہونا ۔ (٤) گیس کے شعلے سے گزارنا تاکہ پھونسڑے دور ہو جائیں ۔(٥) خالی خولی باتیں بنانا ؛ شیخی بگھاڑنا ؛ خالی خولی باتیں بناکر دھوکا دینا ۔(٦) چونے میں کلورین ملا کر بلیچنگ پاؤڈر بنانا ۔(۷) گاڑی، موٹر، ہوائی جہاز میں پٹرو ل بھرنا ۔

Gas-alarm : (n) (۱) گیس سےہوشیار کرنا ۔(۲) گیس کے دھماکے کے ذریعہ انتباہ کرنا ۔

Gas-bag : (n) (۱) گیس دان ؛ طیارہ ؛ وہ تھیلا جس میں گیس بھری ہو ۔(۲) خالی خولی باتیں کرنے والا ۔

Gas-bath : (n) گیس کے ذریعہ گرم کیا ہوا حمام ۔

Gas-battery : (n) گیسی مورچہ ۔

Gas-bill : (n) (۱) گیس بنانے اور مہیا کرنے کا حکم ۔ (۲) گیس کے خرچ کا فرد حساب ۔

Gas bleaching : (n) سلفرڈائی اکسائیڈ کےذریعہ سپید بنانا ۔

Gas-blower : (n) کوئلے کی پرت سےگیس کی دھار ۔

Gas bottle : (n) (۱) قرنبیق ۔(۲) (طب) گیس دان ۔

Gas-bouy : (n) گیسی پیراک پیپا ۔

Gas-burner : (n) گیس مشعل ؛ گیس برنر ۔

Gss-chandlier : (n) گیس جھاڑ ۔

Gas chamber : (n) مجرموں کو گیس کے ذریعہ سزائےموت دینے کا کمرہ ؛ (کیمیا) گیس خانہ ۔

Gas check : (n) (توپ کی) ایک ترکیب جس سے گیس نہ نکل سکے ۔

Gas-coal : (n) گیسی کوئلہ ۔

Gss-cock : (n) گیس کی نلکی کی ٹونٹی ۔

Gas-coke : (n) کوئلہ جس کی گیس نکل گئی ہو ۔

Gas condensation tube : (n) (کیمیا) گیس تکثیفی نلی ۔

Gas- condenser : فیرسے گیس علاحدہ کرنے کا آلہ ۔

Gss constant : (n) (کیمیا) گیس مستقلہ ۔

Gas-plate : (n) توپوں کی آہنی قرص ۔

Gas-retort : (n) گیس بنانے کے سازوسامان رکھنے کی قرنبیق ۔

Gas-ring : (n) سوراخ دار جس سے گیس نکلتی ہے اور جس پر پکا یا جاتا ہے ۔

Gas-sand : (n) رتیلا پتھر جس سے گیس حاصل ہوتی ہے ۔

Gas-shell : (n) زہریلا گولہ ؛ گیس بم ۔

Gas-spectrum : (n) گیسی طیف ۔

Gas-stoker/-stoking : (n) گیسی قرنبیق کو گرم کرنے والا اور گرم کرنا ۔

Gas-tar : (n) تارکول ؛ کول تار ۔

Gas-tar : (v) تارکول چڑھانا ۔

Gas- thermometer : (n) گیس تپش پیما ۔

Gas turbine : (n) گیس چرخ ۔

Gas washer : (n) گیس سے امونیا کا ازالہ کرنےوالا ۔

Gas water : (n) پانی جس سے پانی کی گیس گزری ہو ۔

Gas well : (n) قدرتی گیس کا کنواں ۔

Gasalier : (n) گیس جھاڑ ۔

Gascon : (n) [OFr.'gascon'.] (۱) گیسکنی کا باشندہ ۔ (۲) شیخی باز ؛ ڈینگ مارنے والا ؛ لاف زن ۔ (۳) گیسکنی کی زبان ۔

Gasconade : (n) [Fr.'gasconnade'.] شیخی ؛ لاف وگزاف ؛ ڈینگ ۔

Gasconade : (v) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا ۔

Gasconader : (n) شیخی باز ؛ لاف زن ۔

Gasconism : (n) شیخی ؛ لاف زنی ۔

Gaseity : (n) گیس کی خاصیت یا صفت ۔

Gaselier : (n) گیس جھاڑ ۔

Gaseous : (a) گیس کا ؛ گیس سا ؛ گیس وار ؛ گیسی ۔

Gash : (n) [OFr.'garcer'.] (۱) گہرا زخم ؛ گہرا گھاؤ ؛ کاری زخم ۔(۲) ضرب ؛ وار ۔(۳) (عامیانہ) منہ ۔

Gash : (a) کریہہ منظر ۔

Gash : (v) کاری زخم لگانا ؛ گہری ضرب لگانا ۔

Gash : (a) (۱) عقلمند ۔(۲) خوش لباس ۔

Gash : (n) بات چیت ۔

Gash : (n) گپ شپ ۔

Gash : (n) [Origin unkn.] (۱) مزید کھانا ۔(۲) بچا کھُچا کھانا ۔

Gashful : (a) خوفناک ۔

Gashliness : (n) خوفناکی ۔

Gashly : (a) خوفناک ۔

Gasifiable : (a) گیس بننے کے قابل ۔

Gasification : (n) گیس بننا یا بنایا جانا ۔

Gasiform : (a) گیس جیسا ؛ گیس سا ۔

Gasify : (v) گیس بنانا ؛ گیس بننا ۔

Gasket : (n) [Fr.'garcette'.] (۱) رسی یا ڈوری جس سے لپٹے ہوئےبادبان کو چوب مستول سے باندھ دیا جاتا ہے ؛ بادبان بند ۔(۲) درزبند ۔

Gasket : (v) بادبان کو رسی یا ڈوری سے چوب مستول میں باندھنا ۔

Gaskin : (n) گھوڑے کی پچھلی ران ۔

Gasman : (n) (۱) گیس بنانے یا مہیّا کرنے والا ۔(۲) گیس کا فرد حساب تیار کرنے والا ۔ (۳) تھیٹر کی روشنی کی دیکھ بھال کرنے والا ۔ (٤) (کوئلہ کی کان) ہائیڈروجن کےلئے کارکردی کی جانچ کرنے والا ۔

Gasogene : (n) گیس آب زا ؛ سوڈا واٹر مشین ۔

Gasolene/Gasoline : (n) گیسولین پٹرول ؛ ایک قسم کا پراں آتش گیر رقیق مادہ جو حرارت اور روشنی پیدا کرنے میں کام آتا ہے ۔

Gasometer/Gazometer : (n) [Fr.'gazometer'.] (۱) گیس دان ؛ گیس پیما ۔ (۲) گیس کا خزانہ جس میں سے نلکیوں کے ذریعہ گیس تقسیم ہوتی ہے ۔

Gasometric : (a) گیس پیمائی سے متعلق ۔

Gasometry : (n) [Fr.'gazometric'.] گیس پیمائی ۔

Gasoscope : (n) گیس نما ۔

Gasp : (n) [f. next.] شدت تنفس ؛ نفس زنی ؛ ہانپنا ؛ سانس کا پھول جانا ۔

At the last gasp : قریب المرگ ۔

(One's) last gasp : آخری سانس ۔

Gasp : (v) [ON.'geispa'.] ہانپنا ۔

To gasp for : ہانپنا ۔

To gasp one's last : آخری سانس لینا ۔

To gasp out : ہانپتے ہوئے کہنا ۔

Gasper : (n) کھٹیا قسم کا سگریٹ ۔

Gassendist : (n) [f.'Gassendi' t-ist.] Gassendi کا پیرو ۔

Gasserian/Casserian : (a) [f. gohann Laurentios Gasser+-ian] گیسیرین (Gasserin) عقدہ ۔

Gassy : (a) (۱) گیس کا ؛ گیس سے بھرا ہوا ؛ گیس کے مانند؛ گیس دار ؛ گیس زا ۔ (۲) خالی خولی ؛لفاظی (کی باتیں) ۔

Gasteromycetous : (a) [mod.L.'gasteromycetes'.] سمماروغ کی ایک جنس سے متعلق ۔

Gasteropod/Gastropod : (n)[Fr.'gasteropode'.] ناعمہ؛ معدہ پا؛ ایک قسم کا گھونگا ۔

Gastropoda/-teropoda : (a) gastropodus. حیوانات ناعمہ ؛ معدہ پایان ۔

Gastropodous/Gasteropodous : (a) حیوانات ناعمہ سے متعلق ۔

Gastful : (a) خوفناک ؛ ڈراؤنی ؛ مہیب ؛ بھیانک ۔

Gastraea : (n) [mod.L.'Gastraea'.] ایک کیڑا جس کا وجود ارتفاع کے سلسلے میں فرض کرلیا گیا ہے اور خلیوں کی دو تہوں پر مشتمل سمجھا جاتا ہے ؛ زیر جسم معدیہ ۔

Gasraea theory : (n) یہ نظریہ کہ معدیہ حیوانات کی اولین شکل ہے ۔

Gastraead : (n) اسفنج کی ایک ابتدائی قسم ۔

Gastralgia : (n) درد معدہ ۔

Gastralgic : (a) درد معدہ سے متعلق ؛ درد معدہ میں مبتلا ۔

Gastralgic : (n) درد معدہ میں مبتلا مریض ۔

Gastric : (a) [mod.L.'gastricus'.] پیٹ کا ؛ شکمی ؛ معدی ؛ متعلق بہ شکم ؛ شکم و معدہ ۔

Gastric fever : (n) تپ معدی ؛ حصبہ ۔

Gastric juice/-acid/-liquid : (n) عصیر معدہ ؛ معدی ترشہ ؛ سیال اورتقریباً بے رنگ ترشہ جو معدہ میں پیدا ہوتا ہے اور ہاضم ہوتا ہے ۔

Gastricism : (n) شکمی بیماریاں ۔

Gastriloquist : (n) بطنی تکلم کرنے والا ۔

Gastriloquous : (a) بطنی تکلم سے متعلق ۔

Gastriloquy : (n) بطنی تکلم ۔

Gastritis : (n) (طب) ورم معدہ ۔

Gastro - : (سابقہ) شکم ؛ پیٹ ؛ معدی ۔

Gastro-catarrhal : (a) معدی نزلے سے متعلق ۔

Gastro-colic : (a) معدی قلونی ۔

Gastro-duodenal : (a) معدی اثنا عشری ۔

Gastro-duodenitis : (n) ورم معدہ و اثنا عشر ۔

Gastro-enteric : (a) معدے اور آنتوں کے متعلق ۔

Gastro-enteritic : (a) معدے اور آنت ورم سے متعلق ۔

Gastro-enteritis : (a) معدے اور آنت کے ورم ۔

Gastro-epiploic : (a) معدے اور ثُرب سے متعلق ۔

Gastro-hepatic : (a) معدے اور جگر سے متعلق ۔

Gastro-hysterotomy : (n) Caesarean operation دیکھو

Gastro-intestinal : (a) Gastro-enteric دیکھو

Gastro-phrenic : (a) معدے اور حجاب حاجز سے متعلق ۔

Gastro-pneumonic : (a) معدے اور پھیپھڑے سے متعلق ۔

Gastro-pulmonary/-pulmonu : (a) Gastro-pneumonic دیکھو

Gastro-splenic : (a) معدہ اور طحال سے متعلق ؛ شکمی طحالی ۔

Gastro-vascular : (a) معدہ اور عروق سے متعلق ۔

Gastrocele : (n) فتق معدہ ۔

Gastrocnemial/Gastrocnemian : (a) عضلۂ ساق سے متعلق ۔

Gastrocnemius : (n) ['gastrokyemia'.] عضلۂ ساق ۔

Gastrocutaneous : (a) شکمی جلدی ۔

Gastrodisc : (n) پستاندار کا نہوضی قرص ۔

Gastrolith : (n) سنگ معدہ ۔

Gastrologer : (n) باورچی ؛ طباخ ۔

Gastrological : (a) (۱) طباخی ۔ (۲) علم معدہ سے متعلق ۔

Gastrologist : (n) ماہر فن طباخی ؛ طبیب معدہ ؛ بکاول ۔

Gastrology : (n) [Gr.'gastrologia'.] فن باورچی گیری ؛ طباخی ؛ خانساماں گیری ؛ علم معدہ ۔

Gastromalacia : (n)[mod.L.Gastro+Gr.'malakia'.] لینت معدہ ۔

Gastromancy : (n) بطن سے فال نکالنا ۔

Gastronome : (n) [Fr.'gastronome'.] کھانے کا مبصر ؛ طباخی کا مبصر ؛ خوش خوراک ؛ شکم پرور ۔

Gastronomer/Gastronomist : (n) فن طباخی کا مبصر ۔

Gastronomic/-al : (a) طعام کا ۔

Gastronomically : (adv.) فن طعام کی رو سے ۔

Gastronomy : (n) [Fr.'gastronomie'.] خوش خوراکی ؛ شکم پروری ؛ فن طباخی کی مبصری ۔

Gastropod/Gastropodous : Gasteropod/Gasteropodous دیکھو

Gastrorrhaphy/Gastroraphy : (n) [Fr.'gastroraphic'.] معدے کے زخم کو سینا ۔

Gastroscopy : (n) معدہ بینی ۔

Gastrostomy : (n) معدہ تفویہ ۔

Gastrotomy : (n) معدہ شگافی ۔

Gastrula : (n) mod. L.'gastrula'.] شکمینہ ؛ معدیہ ؛ (حیوانیات) نہوضیہ ۔

Gastrular : (a) شکمینہ سے متعلق ۔

Gastrulation : (n) شکمینہ کی تشکیل ؛ (حیوانیات) نہوضیت ۔

Gastruran : (a) [Gr.'gaster+ura'+-an.] دہن پایاں قشریوں سے متعلق ۔

Gastruran : (n) دہن پایا قشریہ ۔

Gastrurous : (a) دہن پایاں قشریوں سے متعلق ۔

Gat/Gate : (n) [ON.'gat'.] رتیلے ٹیلوں کے درمیان کی گھاٹی ؛ گھاٹی ؛ آبنائے ۔

Gat : (n) [Short for 'gatling'.] پستول ۔

Gatch bed : (n) مریضوں کا پلنگ ۔

Gate : (n) [OE.'gaet, geat'.] (۱) در ؛ دروازہ ؛ پھاٹک ؛ دُوار ؛ باب ۔ (۲) (انجیل) عدل گاہ شہر ۔ (۳) دو پہاڑوں کے بیچ کا تنگ راستہ ؛ درہ ؛ گھاٹی ۔ (٤) جنگلےیا کٹہرے کا دروازہ ۔ (٥) ان اشخاص کی مجموعی تعداد جو فیس ادا کر کے فٹ بال وغیرہ کا میچ دیکھنے آئیں نیز وہ رقم جو اس صورت سے حاصل ہو ۔ (٦) آب بند ۔ (۷) تالے کا سوراخ جس میں کنجی ڈالی جاتی ہے ۔ (۸) کھڑکی کا آئینہ دار پٹ جو اوپر نیچے کھسک سکتا ہے ۔ (۹) (عامیانہ) رد کرنا ۔ (۱۰) دروازہ نما کوئی چیز ۔

The gate of death : موت سے قربت ۔

The gate of heaven/-paradise : باب جنت ۔

The gate of hell : باب جہنم ۔

The ivory gate, the gate of horn : یونانی افسانے میں وہ دروازے جن سے بالترتیب چھوٹے اور سچے خواب داخل ہوتے ہیں ۔

Gate: (n) [ON,'gata'.] (۱) سڑک؛راستہ ؛ گزرگاہ ۔(۲) عادت ۔ (۳) رخ ؛ سمت ۔(٤) دوری ؛ فاصلہ ۔(٥) چراگاہ ۔

To come, go, ride his gate : اس کے دروازے تک آنا ۔

This gate, that gate : اس طرف ؛ اُس طرف ۔

Some, any gate : کہیں ؛ کسی جگہ ۔

Gate : (n) (۱) سانچے میں پگھلی ہوئی دھات کے جانے کا راستہ ۔(۲) فاضل دھات کا ٹکڑا جو سانچے کی نکاس پر رکھا جائے ۔

Gate : (v) (آکسفورڈ وکیمبرج) ہر وقت یا کسی خاص وقت کے بعد کالج سے نکلنے کی ممانعت کرنا ۔

Gate : (v) (۱) دروازہ لگانا ۔(۲) بُننے کے لئے کرگھے کو ٹھیک کرنا ۔(۳) قالب کو شگاف دار بنانا ۔

Gate-bill : (n) (آکسفورڈو کیمبرج) انڈر گریجویٹ طلبا کے بعد از وقت کالج آنے کی یاد داشت ؛ وہ رقم جو اس کے جرمانہ میں عائد کی جائے ۔

Gate-boot : (n) دروازے کےلئے لکڑیاں کاٹنے کا حق ۔

Gate-chamber : (n) آب بند کا طاق ۔

Gate circuit : (n) (طبیعیات) باب سرکٹ ۔

Gate-crasher : (n) وہ شخص جو ناچ کے جلسے وغیرہ میں بن بلائے پہنچ جائے ؛ ناخواندہ مہمان ۔

Gate fold : (n) کسی کتاب یا رسالے میں وہ تہ کیا ہوا ورق جو کتاب کے صفحوں سے بڑا ہو ۔

Gate-house : (n) (۱) ڈیوڑھی ۔(۲) شہر کے دروازے کا کمرہ جو قیدخانہ کے طورپر استعمال کیا جاتاتھا ۔

Gate-keeper : (n) (۱) دربان ۔(۲) ایک قسم کی تیتری ۔

Gate-leg/-legged : (a) کھلنے اور بند ہونے والے پایوں کا (ٹیبل) ۔

Gate-money : (n) داخلہ فیس (کسی جلسے یا تماشےمیں) ۔

Gate-post : (n) پھاٹک کا بازو (کھمبا، ستون) ۔

Gate- saw : (n) چوکھٹا دار آرا ۔

Gate-works : (n) شہر کے دروازے کی قلعہ بندی ۔

Gated : (a) دروازہ دار ۔

Gated amplifier : (n) باب شدہ افزا ۔

Gateless : (a) بے دروازہ ؛ بے در ۔

Gateway : (n) (۱) پھاٹک ؛ دروازہ ۔(۲) راستہ ؛ گزرگاہ ۔ (۳) درہ ۔

Gather : (n) [f.Gather. (v).] (۱) فصل ۔(۲) (جمع) لباس وہ حصہ جو سمیٹ لیا جاتا ہے ۔(۳) دھرے کا آگے کی طرف جھکاؤ ۔

Gather : (v) [OE.'gaderian'.] (۱) جمع کرنا یا ہونا ؛ مجتمع کرنا؛ اکٹھا کرنا؛ مجتمع ہونا۔(۲) (دولت) جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ جوڑ جوڑ کر رکھنا ۔(۳) بیننا ؛ خرمن جمع کرنا ؛ چننا ؛ توڑنا (پھول وغیرہ) ۔ (٤) بڑھنا؛ زیادہ ہونا ۔ (٥) ٹھیک کرنا ؛ (حواس) مجتمع کرنا ۔ (٦) نتیجہ نکالنا ؛ قیاس کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا ؛ اخذ کرنا ۔(۷) سمیٹنا ؛ موڑنا ؛ (کپڑے میں) پلیٹیں ڈالنا۔(۸) زمین سےاٹھانا ۔(۹) سمٹنا ۔ (۱۰) ترتیب دینا ؛ ایک سلسلے میں لانا ؛ یکجا کرنا (واقعات وغیرہ) ۔ (۱۱) (ہمت) باندھنا ۔ (۱۲) اکٹھا ہونا ؛ جمع ہونا ۔(۱۳) زخم کا منہ کرنا ؛ بھرنا ؛ بننا ۔(۱٤) اضافہ ہونا ؛ حاشیہ چڑھانا (قصے میں) ۔ (۱٥) (تعمیرات) چھوٹا بنانا ۔

To be gathered to one's father/-to one's people : مرنا۔

To gather breath : حواس مجتمع کرنا ۔

To gather head : (۱) منہ بننا ؛ پکنا (زخم وغیرہ کا) ۔ (۲) مضبوط ہونا ۔

To gather into the wind : (بحری) ہَوا کے رخ پر چلنا ۔

To gather oneself (together) : مضبوط ہونا ۔

To gather way : (بحری) بادبان میں ہَوا کا بھرنا ۔

Gatherable : (a) قابل استنباط ۔

Gatherer : (n) (۱) جمع کرنے والا ۔(۲) گھوڑے کا اگلا دانت ۔

Gathering : (n) (۱) جمع کرنا ؛ جمع ہونا ؛ بڑھنا ۔(۲) ورم ؛ سوجن ؛ زخم کا ابھار ۔ (۳) جلسہ ؛ اجتماع ؛ جمع ۔ (٤) (جلد سازی) (کتاب کے) اوراق کو ترتیب دینا ۔(٥) سگنل ۔

Gathering-board : (n) (جلد سازی) حقلہ نما میز (اوراق جمع کرنےکے لئے) ۔

Gathering coal : (n) بڑا سا کوئلہ جس میں دیرتک آگ رہتی ہے ۔

Gathering cry : (n) جنگ کےلئے بلاوا ۔

Gathering ground : (n) وہ علاقہ جہاں پانی جمع ہو کر دریا بنتے ہیں ۔

Gathering hoop : (n) پیپے کی گول پٹیوں کو باندھنے کا حلقہ ۔

Gathering peat : (n) (۱) جلتا ہوا دلدلی کوئلہ جو لوگوں کو خطرے سے آگاہ کرنے کےلئے بھیجا جاتا تھا ۔
(۲) دلدلی کوئلہ جو چولہےمیں رات بھر جلتے رہنے کےلئے ڈالا جائے ۔

Gatherum : (n) مختلف چیزوں کا مجموعہ ۔

Gatling : (n) ایک قسم کی مشین گن جو گیٹلنگ نے ایجاد کی تھی ۔

Gauche : (a) [Fr.] (۱) بے سلیقہ ؛ بےتُکا ؛ پھوہڑ ؛ ناشائستہ ۔ (۲) (ارضیات) منحرف ۔

Gaucherie : (n) [Fr.] بے سلیقگی ؛ بے تُکاپن ۔

Gaucho : (n) [Sp.] امریکا کے دیسیوں اور یورپیوں کی مخلوط نسل کا ایک فرد ۔

Gaud : (n) [OF.'gaudir'.] (۱) کھولنا ۔(۲) بھڑکدار چیز ؛ نمائشی زیور یا لباس ۔(۳) رنگ رلیاں ۔
(۳) بیکار نمائش ۔

Gaudeamus : (n) [mod.L.] کالج کے طالب علموں کی رنگ رلیاں ۔

Gaudery : (n) بھڑکیلی نمائش ؛ زرق برق لباس ۔

Gaudily : (adv.) زرق برق لباس میں ۔

Gaudiness : (n) نمائش ؛ بھڑکیلاپن ۔

Gaudy : (n) [L.'gaudium'.] (۱) دھوم دھام کی دعوت ۔
(۲) کالج کے قدیم طلبا کا سالانہ ڈنر ۔

Gaudy : (a) (۱) زرق برق ؛ فوق البھڑک ؛ بھڑکیلا ؛ نمائشی ۔ (۲) (عامیانہ) (نفی میں) بہت اچھا ۔

Gaudy : (v) زرق برق بنانا ۔

Gaudy-day : (n) جشن کا دن ؛ کالج کےقدیم طلبا کےڈنر کا دن ۔

Gaudy-green : (n) زردی مائل سبز ۔

Gaudy-night : (n) جشن کی رات ؛ کالج کے قدیم طلبا کے ڈنر کی رات ۔

Gauffer/Gauffre : (n) پلیٹیں وغیرہ بنانے کی سلاخیں ۔

Gauge/Gage : (n) [ONFr. 'gauge'.] (۱) پیمانہ ؛ ناپ ؛ بندوق کی گولی کا قطر ؛ پہیے کی سمائی کاپیمانہ ؛ لوہےکی چادرکی موٹائی کا ناپ ۔(۲) گنجائش؛ مقدار ؛ وسعت ؛ سمائی ۔ (۳) ریل کی پٹری کی چوڑائی ۔(٤) (بحری اصطلاح) جہاز کا محل ہَوا کے رخ کے لحاظ سے ۔(٥) باراں پیما ؛ ہَوا پیما وغیرہ ۔(٦) اوزاروں اور تار وغیرہ کی جسامت معلوم کرنے کا آلہ ۔ (۷) (طباعت) حاشیہ قائم رکھنے کی پٹی ۔ (۸) محک ؛ کسوٹی؛ معیار ؛ مقیاس ۔ (۹) (پلاسٹر کرنے میں) پلاسٹر آف پیرس کی مقدار جو دوسرے پلاسٹر کے ساتھ ملائی جائے ۔(۱۰) بھرے ہونے جہاز کا زیر آب حصہ ۔

Mixed gauge : بڑی اور چھوٹی پٹریاں ۔

Pressure gauge : (کیمیا) دباؤ پیما ۔

Standard gauge : چار فٹ آٹھ انچ چوڑی پٹریاں ۔

To have or keep the weather gauge of : (۱) (بحری) ہَوا کے رخ ہونا (جہاز کا) ۔ (۲) (مجازاً) فائدے میں ہونا ؛ بہتر حالت میں ہونا ۔

Gauge/Gage : (v) [ONFr.'gauger'.] (۱) ناپنا ؛ پیمائش کرنا (خصوصاً تار، ریل، بارش، ہَوا وغیرہ کی) ۔
(۲) گنجائش معلوم کرنا ؛ سمائی ناپنا(پیپے وغیرہ کی) ۔(۳) اندازہ کرنا ؛ جانچنا ۔(٤) یک

رنگ کرنا ؛ یکساں کرنا؛ مقررہ معیار کے مطابق کرنا ۔ (۵) متناسب مقداروں میں پلاسٹر ملانا ۔ (٦) کپڑے میں متوازی پلیٹیں ڈالنا ۔

Gauge-cock : (n) بائلرمیں پانی کی اونچائی ناپنے کی ٹونٹی ۔

Gauge-concussion : (n) ریل گاڑیوں کا افقی طورپر جھولنا ۔

Gauge-door : (n) کان کے ہوا دان کا چوبی دروازہ ۔

Gauge glass : (n) آب نما شیشہ (بائلر کا) ۔

Gauge invariance : (n) (طبیعیات) پیمانوی غیر متغیری ۔

Gauge-knife : (n) اندازہ گیر چھری ۔

Gauge-ladde : (n) مضبوط لکڑیوں کا مربع چوکھٹا کھینچنے والے تختوں کو اٹھانے کےلئے ۔

Gauge-lather : (n) پیمائشی خراد ۔

Gauge-pin : (n) (طباعت) دندانے دار پن ۔

Gauge-point : (n) استوانہ کے قطر کو ظاہر کرنے کا نشان ۔

Gauge-rod : (n) اندازہ گیر گز ۔

Gauge-saw : (n) چوکھٹے دار آرا ۔

Gauge-ship : (n) پیمائش گری ۔

Gauge-stuff : (n) متناسب مقدار میں ملایا ہوا پلاسٹر ۔

Gauge-weir : (n) حرکت پذیر دروازے والا بند ۔

Gauge-wheel : (n) اندازہ گیر ہل ۔

Gaugeable : (a) پیمائش پذیر ۔

Gauged/Gaged : (a) (۱) ناپا ہوا؛ پیمائش کیا ہو ۔ (۲) (اینٹ) برابر بنائی ہوئی ۔ (۳) مناسب انداز میں ملایا ہو (پلاسٹر) ۔

Gauger : (n) (۱) پیمائش کرنے والا ؛ ناپنے والا ؛ اندازہ کرنے والا ۔ (۲) پیمائشی آلہ ۔

Gauging/Gaging : (n) ناپنا ؛ پیمائش کرنا ۔

Gauging line : (n) اندازہ گیر گز کی درجہ بند لکیر ۔

Gauging rod : (n) دیکھو Gauge Rod

Gauk : (n) خبطی ؛ بھولا ؛ جھینپو ۔

Gaul : (n) [Fr.'Ganl'.] (۱) قدیم گال کا باشندہ ۔ (۲) (مزاحاً) فرانس ۔

Gaulish : (a) (۱) قدیم گال سے متعلق ؛ قدیم گال لوگوں کا ۔ (۲) (مزاحاً) فرانسیسی ؛ فرانس کا ۔

Gaulish : (n) قدیم گال لوگوں کی زبان ۔

Gault : (n) [Origin unkn.] چکنی مٹی کی تہ ۔

Gault : (v) چکنی مٹی کی تہ کھودنا ۔

Gaulter : (n) چکنی مٹی کھودنے والا ۔

Gaultheria : (n) [f.M. Gaultier a Canadian botanist.] سدا بہار خوشبودار پودوں کی نوع ؛ البتول ؛ بری بھری ۔

Gaum : (v) لتھیڑنا ۔

Gaunt : (a) [Origin unkn.] (۱) دبلا پتلا ؛ سوکھا ؛ قاق ۔ (۲) مہیب ؛ وحشتناک ؛ تند ؛ ترش رو ؛ وحشت زدہ ۔

Gauntlet : (n) [OFr.'gantelet'.] (۱) آہنی دستانہ ۔ (۲) موٹا لمبا دستانہ (۳) (بحریات) صاف کئے ہوئے جھولوں کو سکھانے کا رسہ ۔

To pick or take up the gauntlet : مقابلے کے لئے نکلنا ؛ میدان میں آنا ؛ مبارزت قبول کرنا ۔

To throw, fling, down the gauntlet : طلب مبارزت کرنا ؛ مقابلے کےلئے بلانا ۔

Gauntlet : (v) دستانے سےمارنا ۔

Gauntlet : (n) دیکھو Gantlope

Gauntleted : (a) دستانہ دار ؛ دستانہ پہنے ہوئے ۔

Gauntly : (adv.) وحشتناک طور پر ؛ مہیب طور پر ۔

Gauntness : (n) (۱) دبلا پن ۔ (۲) ہیبت ناکی ؛ ترش روئی ؛ وحشت زدگی ۔

Gauntree/Gauntrie/-y : دیکھو Gantry

Gaur/Gour/Gore : (n) [Hindi.'gaur'.] ایک قسم کا سانڈ ۔

Gauss : (n) (۱) (طبیعیات) مقناطیسی کشش کی شدت کی اکائی ؛ گاؤس ۔(۲) جرمنی کا ریاضی داں گاؤس ۔

Gaussage : (n) مقناطیسی کشش کی شدت ۔

Gaussian : (a) گاؤس کا بنایا ہوا (نظریہ) ۔

Gaussivity : (n) مقناطیسی فوت کی شدت جو گاؤس میں ظاہر کی جائے ۔

Gauze : (n) [Fr.'gaze'.] (۱) باریک شفاف ریشمی یا سوتی کپڑا یاتارکی بہت باریک جالی ؛ گاچ ۔ (۲) ہلکی کُہر ۔

Gauze-lamp : (a) محفوظ لیمپ جس کے شعلے کے گرد لوہے کی جالی ہو ؛ (کیمیا) جالی ۔

Gauziness : (n) جالی دار ہونا ؛ باریک اور شفاف ہونا ۔

Gauzy : (a) باریک اور شفاف ۔

Gavel : (a) [OE. gafol'.] مال گذاری سے متعلق ۔

Gavel : (n) [ONFr.'gavel'.] کٹا ہوا غلہ (جس کا گٹھانہ بنایا گیا ہو) ۔

To lie on the gavel : کھلا ہوا پڑا رہنا ۔

Gavel : (n) کسی کے مرنے کے بعد اس کی پوری جائداد کی پورے قبیلے میں تقسیم ۔

Gavel : (n) (۱) موگری (راج کی) ۔(۲) صدر کی موگری ۔

Gavel : (v) کٹے ہوئے غلے کا انبار لگانا ۔

Gavel : (v) متوفی کی جائداد کو اس کے بچوں میں تقسیم کر دینا ۔

Gavel : دیکھو Gable

Gavel low/-facet : (n) کسی کے مرنے کے بعد پوری جائداد اس کےبچوں میں تقسیم کرنے کا قانون ۔

Gavelkind : (n) (۱) قانون وراثت (کینٹ اور ویلز کا) جس کی رو سے بےوصیت کئے مرنے والے کی جائداد سب بیٹوں میں برابر تقسیم ہوتی ہے ۔ (۲) متوفی کی جائداد اس طرح تقسیم کرنے کا رواج ۔

Irish gavelkind : وہ رواج جس کی رو سے متوفی کی جائداد عام ملکیت میں لےلی جاتی تھی اور پھر پوری ملکیت دوبارہ تقسیم کردی جاتی تھی ۔

Gaveller : (n) (شاہی افسر جو کان کنوں پر لگان لگاتا ہے ۔ (۲) اجارہ دار ۔

Gaverick : (n) [Origin unkn.] سرخ ماہی ۔

Gavial/Gar (rh) ial : (n) [Fr.'gavial'.] گھڑیال ۔

Gavotte : (n) [Fr.'gavotte'.] (۱)ایک قسم کا رقص ۔(۲) اس کے ساتھ کا گانا ۔

Gawk : (n) بھولا ؛ خبطی ؛ بے تکا آدمی ؛ جھینپو ۔

Gawk/Gauk : (a) [Origin unkn.] بایاں ۔

Gawk/Gauk : (v) دیدہ پھاڑ کر دیکھنا ۔

Gawkish : (a) خبطی ؛ بے تُکا ۔

Gawky : (a&n) ہونق، لُولُو ؛ بے تُکا ؛ بے ڈھنگا ؛ وحشت مآب ؛ جھینپو ۔

Gawn : (n) [Contr. or Gallon.] (۱) دیکھو Gallon ۔(۲) رقیق شے نکالنے کا ظرف ۔

Gay : (a) [OFr.'gai'.] (۱) مسرور ؛ خوش ؛ شاداں ؛ مگن ۔ (۲) شادماں؛ زندہ دل ؛ خوش مزاج؛ ہنس مکھ ۔ (۳) بےفکر ؛ رند منفس ؛ لا ابالی ۔(٤) چنچل ؛ خوش طبع ؛ شوخ ۔(٥) زرق برق ؛ بھڑکدار ۔ (٦) سطحی ؛ بے تہ ۔(۷) بد چلن ؛ عیاش ۔

The gay science : فن شاعری ۔

Gay/Gey : (adv.) بہت ۔

Gay : (n) (۱) زیور یا آرائش ۔(۲) تصویر (کتاب) ۔

Gay : (v) (۱) مسرور ہونا ۔(۲) خوشنما بنانا ؛ زرق برق ہونا ۔

Gayal : (n) [Hindi 'gayal'.] گیال ۔

Gaycat : (n) (عامیانہ) فاحشہ ۔

Gaydiang : (n) ایک قسم کا جہاز ۔

Gaydog : (n) عیاش ؛ عیش پسند ۔

Gayety : دیکھو Gaiety

Gaylussite : (n) f.'Gay Lussac the French Physicist.] کیلشیم اور سوڈیم کا دوہرا کاربونیٹ ۔

Gayly : (adv.) دیکھو Gaily

Gayness : (n) شادانی ؛ شادمانی ؛ خوش مزاجی ؛ بےفکری ؛ خوش طبعی ؛ بدچلنی ۔

Gazabo : (n) [Origin unkn.] مردک ؛ شخص ۔

Gaze : (n) [f. next.] ٹکٹکی ؛ گھورنا ۔

At gaze : ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے ہوئے ۔

At gaze/At the gaze : دیکھتے ہوئے ؛ ٹکٹکی باندھے ہوئے ۔

To stand at gaze : تکتے رہنا ؛ گھورتے رہنا ۔

Gaze : (v) [Origin unkn.] گھورنا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ؛ نظر جمانا ۔

Gaze-hound : (n) کتے کی ایک جنس جو دیکھ کر شکار کرتا ہے ۔

Gazebo : (n) [perh. jocular.] منار ؛ جھروکا ؛ وہ مقام جہاں سے کوئی منظر دیکھا جا سکے ۔

Gazelle : (n) [Arab. 'gazal'.] غزال ؛ آہو ؛ ہرن ۔

Gazelle : (v) چھلانگ لگاتے ہوئے چلنا ؛ زقند بھرنا ۔

Gazelle-eyed : (a) غزال چشم ۔

Gazer : (n) (۱) گھورنے والا ۔(۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) (عامیانہ) پولیس ۔

Gazette : (n) [Fr.'gazette'.] (۱) اخبار ؛ گزٹ ؛ روزنامہ ؛ جریدہ ۔(۲) انگلستان کے تین سرکاری جرائد (لندن، ایڈنبرا، ڈبلن) میں سے کوئی ایک ۔

To be in the gazette : دیوالیہ قرار پانا ۔

Gazette : (v) اخبار میں شائع کرانا یا ہونا ؛ جریدے میں شائع ہونا ؛ گزٹ ہونا ۔

To be gazetted : تقرری کا اعلان ہونا (سرکاری گزٹ میں) ۔

To be gazetted out : استعفا کی منظوری کا اعلان ہونا ۔

Gazetteer : (n) [Fr.'gazettier'.] (۱) روز نامہ نویس ؛ مقالہ نویس ۔ (۲) فرہنگ جغرافیہ ؛ گزیٹیر۔ (۳) (انتظامیہ) احوال نامہ ۔

Gazing-stock : (n) انگشت نما ۔

Gazogene/Gasogene : (n) [Fr.'gazogene'.] گیسی آب زا ؛ سوڈا واٹر مشین ۔

Gazolyte : (n) [Fr.'gazolyte'.] لچکیلی گیس جیسے آکسیجن، ہائیڈروجن اور نائٹروجن ۔

Gazometer : دیکھو Gasometer

Gbo : (n) [native name in Africa.] جادو ؛ تعویذ ۔

Geal : (v) [OFr.'geter'.] جم جانا ۔

Geal : (n) جیلی ۔

Geal : (a) ارضی ؛ زمین سے متعلق ۔

Gean : (n) [OFr.'guine'.] جنگلی شاہ دانہ اور اس کا درخت ۔

Geanticlinal : (a)[Gr.'ge'+anticlinal.] کوہستانی ۔

Geanticlinal : (n) کوہستان ۔

Gear : (n) [On.'gervi'.] (۱) سازو سامان ؛ لباس ؛ پوشاک ۔ (۲) آلات ؛ اوزار؛ گھوڑوں وغیرہ کا ساز ؛ کل پرزے ۔(۳) پہیوں ، کمانیوں وغیرہ کا سامان ۔ (٤) دندانے دار چکر یا پہیوں کا جوڑ ۔ (٥) وہ پرزے جو پہیوں کو موٹر سے ملاتے ہیں ۔ (٦) جہاز کی رسیاں وغیرہ ۔ (۷) اسباب، سامان ، برتن وغیرہ ۔ (۸) دیکھو Gearing ۔ (۹) گیرہ ؛ گیئرگراری ۔ (۱۰) سرگرمی ۔

In gear : گیئر میں، چالو ۔

Out of gear : بگڑا ہوا ۔

To get, put, throw in (into) gear : چالو کرنا ۔

To get, put, throw out of gear : بگاڑنا ۔

Gear : (v) (۱) ساز لگانا ۔(۲) (مشین کو) چالو حالت میں لانا ۔(۳) دندانے دار پہیے کا ٹھیک بیٹھنا ۔

To gear down : سست کرنا ۔

To gear level : ایک رفتار سے کرنا ۔

To gear up : تیز کرنا ۔

Gear box/-case : (n) گیئر بکس ؛ گیئر دان ؛ دندانے دار پہیے کا خول ۔

Gear-wheel : (n) بائیسکل کا دندانے دار پہیا ؛ گرہ پہیا ۔

Gearing : (n) (۱) گیرائی؛ نظام گیرائی ۔(۲) گھوڑے کا ساز۔ (۳) مشین اور اس کے متعلقات ۔

Gearing chain : (n) گول زنجیر جو ایک گیرندہ سے دوسرے گیرندے تک حرکت منتقل کرتی ہے ۔

Gebur : (n) [OE.'gebur'.] اجارہ دار کاشتکار ۔

Gecarcinian : (n) [mod.L.'Gecarcinius'.] برّی کیکڑا ۔

Geck : (n) [of L. Du. origin.] بےوقوف، سادہ لوح ۔

Geck : (n) [Du. 'geck'.] حقارت آمیز اشارہ ۔

Geck : (v) (۱) مذاق اُڑانا ؛ دھوکا دینا ۔(۲) (حقارت آمیز طور پر) سر ہلانا ۔

To geck at : مذاق اُڑانا ۔

Gecko : (n) [Malay.'gekoq'.] گھریلو چھپکلی ۔

Ged : (n) [ON. 'gedda'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Gedanken experiment : (n) عملی تجربہ جو خیالی ہو ۔

Gee : (n) گھوڑا ۔

Gee : (v) موزوں ہونا ؛ متفق ہونا ۔

Gee : (interj.) گھوڑے کو چلانے اور موڑنے کی آوازیں ۔

Gee-gee : (n) [redupl. of Gee, (interj.)] گھوڑا ۔

Gee (interj.) دیکھو

Gee-up : (interj.) گھوڑے کو چلانے یا موڑنے کےلئے آوازیں دینا ۔ Gee-up : (v)

Geebung/Gibong/Jibbong : (n) [Native Austral.] ایک آسٹریلیائی درخت اور اس کا پھل ۔

Geese : (n) Goose کا جمع ۔

Geest : (n) [Du.'geest'.] زمین کی سطح پر پرانا سیلابی مادہ ؛ سنگریزہ ۔

Gehenna : (n) [L.'gehenna'.] (۱) جہنم ؛ دوزخ ۔(۲) عذاب کی جگہ ؛ قید خانہ ۔

Geic : (a) [Gr.'ge+-ic.] وہ مادہ جولکڑی کونباتی پھپھوندی بنانے میں حاصل ہوتا ہے ۔

Gein/Geine : (n) [Gr.'ge'+-in.] بھورا رسوب جو پھپھوندی کو القلی کے ساتھ جوش دینے میں حاصل ہوتا ہے ۔

Geisha : (n) [Jap.'geisha'.] جاپانی رقاصہ ۔

Geist : (n) عقل ؛ ادراک ؛ دماغ ۔

Geistlich : (adv.&a) [G.] گہرے تاثر کے طور پر ۔

Geitonogamy : (n) [Gr.'giton+gamia'.] (نباتیات) باہم ازدواجی ۔

Gel : (n) [The first syllable of 'gelatin'.] جلاٹین ؛ (طبیعیات) حل ۔

Gelatification : (n) جلاٹین زائی ۔

Gelatigenous : (a) جلاٹین زا ۔

Gelatin/Gelatine : (n) [Fr.'gelatine'.] جلاٹین ؛ سریشم ؛ ہلام ؛ ایک چیپ دار مادہ جو جانوروں کی ہڈی ، کھال وغیرہ سے نکلتا ہے ۔ (۲) ایک شعلہ گیر مادہ ۔ (۳) نباتی جلاٹین ۔

Gelatin paper : (n) جلاٹینی کاغذ (تصویر کشی کے لئے) ۔

Gelatin picture : (n) جلاٹینی تصویر ۔

Gelatin process : (n) جلاٹینی عمل ۔

Gelatin sugar : (n) صفرہ میں پایا جانے والا بلّوری مادہ ۔

Gelatinate : (v) جلاٹین بنانا ۔

Gelatination : (n) جلاٹین سازی ۔

Gelatine dryplate : (n) جلاٹین دار پلیٹ ۔

Gelatine dynamite : (n) جلاٹینی ڈائنامائیٹ ۔

Gelatine emulsion : (n) جلاٹینی شیرہ ۔

Gelatined : (a) جلاٹین لگا ہوا ۔

Gelatiniferous : (a) جلاٹین زا ۔

Gelatiniform : (a) جلاٹین سا ؛ جلاٹین شکل ۔

Galatinization : جلاٹین بنانا یا بننا ۔

Gelatinize : (v) (۱) جلاٹین بننا یا بنانا ۔ (۲) جلاٹین لگانا ۔

Gelatino- : (prefix) سابقہ بمعنی "جلاٹینی" "جلاٹین دار" ۔

Gelatinoid : (a) جلاٹینی ؛ جلاٹین دار ۔

Gelatinoid : (n) جلاٹین ۔

Gelatinous : (a) لیس دار ؛ چپچپا ؛ چیپ دار ؛ جلاٹین کا، جلاٹینی ؛ جلاٹین جیسا ۔

Gelatinous tissue : (n) جلیٹنی نسیج ۔

Gelation : (n) [L.'gelatio'.] انجماد؛ تبرید؛ ٹھنڈ سے جم جانا۔

Geld : (n) [med. L.'geldum'.] (تاریخ) ٹیکس جو انگریز زمیندار بادشاہ کو دیا کرتے تھے ۔

Geld : (a) [ON.'geldr.'.] بنجر ؛ آختہ ۔

Geld : (v) [ON.'gelda'.] خصی کرنا ؛ بدھیا کرنا ؛ خصیے نکال ڈالنا ؛ آختہ کرنا ۔

Geld : (v) ٹیکس لگانا ؛ ٹیکس دینا (انگریز زمین دار کا بادشاہ کو) ۔

Geldable : (a) جس پر ٹیکس لگایا جاسکے ۔

Gelder : (n) آختہ کرنےوالا ۔

Gelding : (n) خصی کیا ہوا گھوڑا یا کوئی اور جانور ؛ آختہ ۔

Gelding : (n) آختہ کرنا ۔

Gelid : (a) [L.'gelidus'.] برف سا ؛ نہایت ٹھنڈا ۔

Gelidly : (adv.) بہت ٹھنڈے طور پر ۔

Gelidness : (n) انتہائی ٹھنڈک ۔

Gelignite : (n) [Gelatin+L.ignis'+-ite.] دیکھو Gelatin dynamite

Gelose : (n) ایک بے کل جلاٹینی مادہ جو جاپانی کائی اور سمندری گھاس سے حاصل ہوتا ہے ۔

Gelsemic acid : (n) ایک بلوری مادہ جو یاسمین زرد کی جڑ سے حاصل ہوتا ہے ۔

Gelsemine/Gelseminine : (n) ایک بےرنگ، بے بو القلی جو یاسمین زرد کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے ۔

Gelsemium/Gelseminum : (n) [It.'gelsomino'.] یاسمین زرد ؛ یاسمین زرد کی جڑ ۔

Gelt : (n) [G.'geld'.] زر ؛ سونا ۔

Gelt : (a) آختہ ؛ خصی کیا ہوا ۔

Gelt : (n) سورنی ۔

Gem : (n) [OFr.'gemme'.] (۱) جواہر ؛ گوہر ؛ قیمتی پتھر ۔ (۲) بہت ہی خوبصورت شے ؛ نہایت قیمتی شے ۔ (۳) کسی شے کا بہترین حصہ ۔ (٤) کندہ کیا ہوا گوہر ؛ منقش نگینہ ۔ (٥) (حیوانیات) چشمہ ۔ (٦) ایک قسم کا ٹائپ ۔ (۷) کلچہ ۔

Gem : (v) (۱) جواہرات جڑ دینا ۔ (۲) (مجازاً) ہیرے سے جڑ دینا ۔ (۳) جواہرات کے لئے کھدائی کرنا ۔

Gemara : (n) [Aram.'gamara'.] یہودیوں کی مقدس کتاب طلمود کا آخری حصہ ۔

Gemaric : (a) طلمود کے آخری حصے سے متعلق ۔

Gematira : (n) [Aram.'gimatreya'.] عبرانی کی مقدس کتابوں کی تشریح کا ایک خفیہ طریقہ ۔

Gemel : (n) [OFr.'gemel'.] (۱) (نقابت) دو افقی لکیریں ۔ (۲) دوہرا حلقہ ۔ (۳) قبضہ ۔ (٤) دوہری بوتل ۔

Gemel hinge : (n) ہُک اور حلقہ دار قبضہ ۔

Geminate : (a) [L.'geminatus'.] توام ؛ جفت ۔

Geminate : (n) دوہرا حرف صحیح ۔

Geminate : (v) دگنا کرنا ؛ دو ہرا کرنا ؛ جوڑوں میں ترتیب دینا ؛ جوڑے بنانا ۔

Geminated : (a) (لسانیات) مشدد ۔

Geminately : (adv.) جفت طور پر ۔

Gemination : (n) (۱) جفت سازی ؛ توام سازی ؛ تکرار ۔ (۲) دو دانتوں کاجڑجانا ۔ (۳) حرف صحیح کی آوازکی تکرار؛حرف کی تکرار۔ (٤) (لسانیات) تشدید ۔

Gemini : (n) [L.'gemini'.] (۱) جوڑا؛ دو پیکر ۔ (۲) بلکی قسم ؛ (بطور فجائیہ) ارے ۔ (۳) دو گرفتہ لونیہ ۔

Geminids : (n) جوزانیہ ۔

Geminiflorous : (a) توام پھولوں والا ۔

Gemma : (n) [L.] (۱) (نباتیات)غنچہ؛ شگوفہ؛ کلی ؛ کونپل ۔ (۲) (حیوانیات) چشمہ ۔

Gemmaceous : (a) شگوفہ سا؛ غنچہ سے متعلق ۔

Gemman : (n) (۱) شریف آدمی ؛ بھلا مانس ۔ (۲) صاحب ۔ (۳) (قانون) وہ شخص جس کا کوئی پیشہ نہ ہو ۔

Gemmary : (n) علم جواہرات ۔

Gemmate : (a) [L.'gemmatus'.] غنچہ دار ؛ شگوفہ دار : کلیوں والا ؛ کلیوں سے پیدا شدہ ۔

Gemmate : (v) کونپل پھوٹنا ؛ کلیاں نکلنا ؛ کلی سے پیدا ہونا ۔

Gemmation : (n) [Fr.'gemmation'.] (نباتیات) کلیوں کی ترتیب ؛ نظام شگوفی ؛ کونپل پھوٹنا ؛ کلیاں نکلنا ؛ (حیوانیات) چشمہ زائی ؛ (لسانیات) شگوفہ کاری ۔

Gemmeous : (a) [L.'gemmeus'.] جواہر سا ۔

Gemmeous : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Gemmiferous : (a) (۱) جواہر خیز ۔ (۲) شگوفہ خیز ؛ چشمہ خیز ؛ کلیوں والی ؛ پرشگوفہ ۔

Gemmily : (adv.) چمکتے ہوئے ۔

Gemminess : (n) چمک دمک ۔

Gemmiparity : (n) تولید شگوفی ۔

Gemmiparous : (a) شگوفہ زائیدہ ؛ کونپلی پیدائش ۔

Gemmiparously : (adv.) کونپلی پیدائش کےطور پر ۔

Gemmule : (n) [Fr.'gemmule'.] (۱) (نباتیات)غنچک ؛ بےپھول پودوں کابیضہ ۔ (۲) (حیوانیات) تولیدی دانہ ؛ راس (جنین) گیمول ۔

Gemmuliferous : (a) غنچک دار ؛ راس دار ۔

Gemmy : (n) جواہر جیسا ؛ جواہر نما ؛ جواہر سے جڑا ہوا یا آراستہ ؛ جواہر خیز ۔

Gemot (e): (n) [OE.'gemot'.] اجتماع ؛ خصوصاً انصاف اور قانون سازی کےلئے ۔

Gemsbok : (n) [Du.'gemsbok'.] غزالِ افریقہ ۔

Gemshorn : (n) [G.'gemshorn'.] آرگن باجے کا ایک پردا ۔

-gen : (Suffix) لاحقہ بمعنی (کسی چیز سے) پیدا شدہ ۔

Gena : (n) [L.] خد؛ رخسار ؛ گال ؛ (حیوانیات) رخسارہ ۔

Genal angle : (n) رخساری زاویہ ۔

Genal spine : (n) (حیوانیات) رخساری شوکہ ۔

Genappe : (n) [f.'Genappe' in Belgium.] چکنا اونی دھاگا ۔

Gendarme : (n) [Fr.'genbarme'.] (۱) مسلح سوار (فرانس کی فوج کا) ۔ (۲) پیادہ یا سوار جو خصوصاً فرانس میں پولیس کے فرائض بجا لاتا ہے ۔ (۳) (مجازاً) کھڑی چٹان جس سے راستہ رکتا ہو ۔ (٤) ہیرے یا دوسرے قیمتی جواہرات کا نقص ۔ (٥) (عامیانہ) پولیس ۔

Gendarmery/-erie : (n) فرانسیسی فوجی پولیس کا دستہ ۔

Gender : (n) [OFr.'gendre'.] جنس ؛ تذکیر وتانیث ۔

Animate gender : (لسانیات) جاندار جنس ۔

Inanimate gender : (لسانیات) بے جان جنس ۔

Gender : (v) پیدا کرنا ۔

Gender noun : (n) (لسانیات) جنسی اسم ۔

Genderless : (a) بے جنس ۔

Genderless language : (n) (لسانیات) بے جنس زبان ۔

Genderless noun : (n) (لسانیات) بے جنس اسم ۔

Gene/Gen : (n) [Gr.'gen-'.] مورثہ ؛ کونیہ ؛ جین ۔

Genealogic/-al : (a) [Fr.'genealogique'.] نسبی ؛ نسبت سے متعلق ؛ شجریاتی ۔

Genealogical classification : (n) نسبی تقسیم یا درجہ بندی ۔

Genealogical method : (n) شجریاتی طریق ۔

Genealogical relationship : (n) شجریاتی رشتہ ۔

Genealogical table : (n) شجرہ ؛ نسبی جدول ۔

Genealogical tree : (n) شجرہ ٔ نسب ۔

Genealogically : (adv.) نسلاً ؛ شجرہ ٔ نسب کی رو سے ۔

Genealogist : (n) شجرہ نویس ؛ ماہر الانساب ؛ (حیوانیات) ماہر نسبیات ۔

Genealogize : (v) نسب نامہ بنانا ؛ شجرہ ٔ نسب بنانا ؛ سلسلہ ٔ نسب کا پتا چلانا ۔

Genealogy : (n) [OFr.'genealogie'.] (۱) سلسلہ ٔ نسب؛ شجرہ ٔ نسب نامہ ۔ (۲) تحقیق انساب ؛ نسبیات ۔ (۳) نسب ؛ حسب نسب ؛ اصل ۔ (٤) جانور یا پودے کا سلسلہ (نشو و نما) ؛ (حیوانیات) نسبیات ۔ (٥) (سماجیات) شجریات ۔

Genecology : (n) ماحولیات کی ایک شاخ ۔

Gener : (n) [L.] (قانون) داماد ۔

Genera : (n) اجناس ۔

Generable : (a) [L.'generabilis'.] تولید پذیر ؛ قابل تولید ؛ پیدائش پذیر ۔

General : (a) [OFr.'general'.] (۱) عام ۔ (۲) کلی ۔ (۳) مروجہ ؛ عمومی؛ معمولی ۔ (٤) ہر چیز کا ۔ (٥) مجموعی (٦) غیر مقررہ ؛ غیر معین ۔ (۷) (فوج) اعلیٰ ۔

In general : عموماً ؛ عام طور سے ؛ اکثر ؛ بیشتر ۔

In the general : عام طور سے ۔

General : (n) (۱) جرنیل ؛ فوج کا صدر اعلیٰ (عہدے دار) ۔ (۲) (جمع ، شاذ) کلیات ؛ عام اصول ۔ (۳) سپہ سالار؛ ماہر فن جنگ ۔ (٤) (کلیسا) مذہبی سلسلے کا سردار ۔ (٥) فوجوں کو جمع کرنے کے لئے پہلی صدائے دہل ۔ (٦) ہمہ کار خادمہ ۔ (۷) (مجازاً) ماہر حربیات ؛ ماہرمصافیات ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛ شاطر ۔ (۸) Salvation Army کا سر دار ۔

General acceptance : (n) (تجارت)عام مقبولیت ۔

General agent : (n) (تجارت) عام مختار ۔

General application : (n) (انتظامیہ) نفاذ عام ۔

General average : (تجارت) عام اوسط نقصان ؛ عام اوسط ۔

General circular : (n) (انتظامیہ) عام گشتی مراسلہ ۔

General cargo : (n) عام مال ؛ متفرق مال ۔

General costs : (n) عام اخراجات ۔

General formula : (n) (کیمیا) عام فارمولا ۔

General issue : (n) عرضی دعوے کی تردید ۔

General ledger : (n) (تجارت) عام کھاتہ بہی ۔

General orders : (n) سپہ سالار کے احکام ۔

General phonetics : (n) (لسانیات) عام صوتیات ۔

General post : (n) (۱) دن کی پہلی ڈاک ۔ (۲) ایک قسم کا کھیل۔

General practice : (n) (انتظامیہ) عام دستور ؛ عام رواج ۔

General practioner : (n) عام ڈاکٹر جو ہر مرض کا علاج کرتا ہو ۔

General servant : (n) ماما ؛ خدمت گار ؛ ہمہ کار خادمہ ۔

General ship : (n) ایسا جہاز جس پر نا آشنا لوگ مال لادتےہیں ۔

General welfare : (n) (تاریخ) فلاح عام ۔

General will : (n) (تاریخ) ارادہ عام ۔

Generale : (n) فوجوں کو جمع کرنے کےلئے پہلی صدائے دُہُل ۔

Generalia : (n) {L.'generalis'.] عام اصول ؛ کےلئے ۔

Generalised : (a) (کیمیا) عمومی ۔

Generalised coordinates : (n) (کیمیا) عمومی قدریں ۔

Generalism : (n) عام بیان ۔

Generalissima : (n) متحدہ بری اور بحری افواج کا سپہ سالار ۔

Generalissimo : (n) [It.] متحدہ برّی اور بحری افواج کا سپہ سالار، متحدہ لشکروں کا قائد ۔

Generality : (n) [Fr.'generalite'.] (۱) عمومیت ؛ کلیت ۔ (۲) عدم تعین ؛ غیر متعین یا عام بات ۔ (۳) عام اصول ؛ قاعدہ ؛ قانون وغیرہ ؛ بہت لوگ ؛ اکثر اشخاص ؛ جمہور ۔ (٤) فرانسیسی بادشاہت کا مالی اور انتظامی علاقہ ۔

Generalizable : (a) تعمیم پذیر ۔

Generalization : (n) [Fr.'generalization'.] استعمام ؛ تعمیم ؛ وہ کلیہ جو بہت کم مثالوں کی بنا پر قائم کیا گیا ہو ۔

Approximate generalization : غیر قطعی تعمیم ۔

Emperial generalization : (فلسفہ) تجربی تعمیم ۔

Established generalization : (فلسفہ) مسلمہ تعمیم ۔

Hasty generalization : (فلسفہ) عاجلانہ تعمیم ۔

Illicit generalization : (فلسفہ) ناروا تعمیم ۔

Invariable generalization : (فلسفہ) غیر متغیر تعمیم ۔

Probable generalization : (فلسفہ) اغلب تعمیم ۔

Generalize : (v) (۱) تعمیم کرنا ؛ خاص کو عام کرنا ؛ جزئی کو کلی کے نام سے پکارنا ۔ (۲) استقراء کے ذریعہ سےنتیجہ اخذ کرنا ۔ (۳) چند واقعات کی بناء پر کلیہ قائم کرنا ؛ (ریاضیات ، فلسفہ) کلیے کی صورت میں لانا ؛ تجرید کے ذریعہ سے عام تصورقائم کرنا ؛ (مصوری) صرف امتیازی خصوصیات کو ظاہر کرنا ۔ (٤) مبہم گفتگو کرنا؛ غیر معین بات کہنا ۔ (٥) عام کرنا؛ روز مرہ کےاستعمال میں لانا ۔

Generalized : (a) (مرضیات) تعمیمی ۔

Generalizer : (n) کلیہ بنانے والا ۔

Generally : (adv.) (۱) اکثر ؛ اکثر اوقات؛ بیشتر؛ زیادہ تر ۔ (۲) اجمالی طورپر؛ سرسری طورپر۔(۳)عموماً؛ عام طور سے ۔

Generally speaking : اکثر ؛ عموماً ؛ بیشتر ۔

Generalship : (n) (۱) قیادت؛ سپہ سالاری ۔(۲) فوجی حکمت؛ فن جنگ کی مہارت ۔(۳) تدبر ؛ تدبیر ؛ حکمت عملی ۔

Generant : (n)[L.'generant'.] (۱) تولیدکنندہ ۔(۲) (ریاضیات) مبدا ؛ زایا ۔

Generate : (a) پیدا کیا ہوا ؛ تولید شدہ ۔

Generate : (v) [L.'generat-'.] (۱) پیدا کرنا ؛ عام وجود میں لانا ؛ تخلیق کرنا ۔(۲) بنانا (خط ، ہندسی شکل وغیرہ)۔

Generating : (a) تکوینی ؛ مولد ۔

Generating plant : (n) برق زا انجن ۔

Generating station : (n) بجلی گھر ۔

Generation : (n) [OFr.'generation'.] (۱) تولید ؛ پیدائش ؛ توالد وتناسل ۔(۲) نشوونما ؛ تخلیق ؛ ساخت ۔ (۳) پشت ؛ پیڑھی ۔ (٤) قرن ۔ (٥) ایک قرن کےلوگ ؛ پود ؛ نسل ۔ (٦) (ریاضیات) تکوین ۔ (۷) (دینیات) خدا کے بیٹے کی پیدائش ۔

Equivocal generation : مبہم تولید ۔

Spontaneous generation : خود تولید ۔

Generationism : (n) تولیدیت ؛ یہ عقیدہ کہ جسم کے علاوہ روح بھی والدین سےملتی ہے ۔

Generative : (a) OFr.'generatif'.] (۱) توالدی ؛ تولیدی ؛ تولید و تناسل سے متعلق ۔ (۲) مولد؛ پیدا کرنےوالا ۔

Generative grammar : (n) (لسانیات) تخلیقی قواعد ۔

Generator : (n) [L.'generator'.] (۱) پیدا کرنے والا ؛ مولد ۔ (۲) برق زا ؛ گیس ؛ بجلی وغیرہ پیدا کرنے کی مشین ۔ (۳) بنیادی سر ۔

Generatrix : (n) [L.] (۱) (ریاضیات) مبدا ؛ زایا ۔ (۲) گیس، بجلی وغیرہ پیدا کرنے کا آلہ ۔

Generic/-al : (a) [Fr.'generique'.] (۱) جنسی ؛ کسی جنس سے مخصوص ؛ نسلی ؛ متعلق جنس ۔ (۲) عام ؛ کلی ۔

Generic category : (n) (لسانیات) عام زمرہ ۔

Generic concept : (n) (لسانیات) عام تصور ۔

Generic name : (n) (لسانیات) عمومی نام ۔

Generic term : (n) (لسانیات) عمومی اصطلاح ۔

Generically : (adv.) از روئے جنس ۔

Generification : (n) تعمیم ۔

Generosity: (n) [Fr.'generosite'or L.'generositas'.] (۱) سخاوت فیاضی؛ فراخ دلی ؛ کریم النفسی ؛ جود و کرم ؛ بےتعصبی ۔ (۲) کثرت ؛ وسعت ۔

Generous : (n)[OFr.'genereux'.] (۱) سخی ؛ فیاض ؛ عالی عالی منش ؛ شریف النفس ؛ کریم ؛ کشادہ دل ؛ بےتعصب ؛ پرفیض ؛ فیض بخش ۔ (۲) زرخیز (زمین) ۔ (۳) کثیر ؛ معقول ؛ وافی؛ خاطر خواہ ۔ (٤) تیز ؛ طاقت بخش ؛ تند (شراب) ۔

Generous plural : (n) (لسانیات) جمع الجمع ۔

Gnenerously : (adv.) فیاضی سے، فراخ دلی سے؛ بےتعصبی سے ۔

Generousness : (n) فیاضی؛ فراخدلی ؛ سخاوت؛ بے تعصبی ۔

Genesial : (a) [f.Genesi-s+-al.] نسلی ؛ تولیدی ۔

Genesiology : (n) علم تولید و تناسل ۔

Genesis : (n) [L.'genesis'.] (۱) توریت کا پہلا باب ؛ کتاب پیدائش ؛ کتاب تخلیق ۔ (۲) اصل ؛ ابتدا؛ تخلیق ؛ تولید ؛ پیدائش ؛ تکوین ، نشاۃ ۔

-genesis : (Suffix) لاحقہ بمعنی "پیدائش کا طریقہ" ۔

Genet : (n) [OFr.'genete'.] (۱) مشک بلاؤ کی ایک قسم ۔ (۲) مشک بلاؤ کی کھال ؛ مصنوعی کھال (مشک بلاؤ کی سی) ۔

Genethliacal : (a) ['genethliakos'.] زائچی ۔

Genethliacally : (adv.) زائچہ بینی سے ۔

Genethliacon : (n) [Gr.'genethlicaon'.] قصیدہ سالگرہ ۔

Genethlialogy/Genethliology : (n) [Gr.'genethliologia'.] طالع بینی ۔

Genetic : (a) علم توالد و تناسل سے متعلق ؛ تولیدی ؛ نشائی ؛ خلقی ۔

Genetic affinity : (n) خلقی مماثلت ۔

-genetic : (Suffix.) لاحقہ بمعنی "خلقی توالدی" ۔

Genetic barrier : (n.) (حیوانیات) نسلی سد ۔

Genetic classification : (n) (لسانیات) تولیدی درجہ بندی ؛ (حیوانیات) نسلی درجہ بندی ۔

Genetic connection : (n) خلقی رشتہ ۔

Genetic defination : (n) خلقی تشریح ۔

Genetic drift : (n) نسلی انحراف ؛ نسل گریزی ۔

Genetic industry : (n) تولیدی صنعت ۔

Genetic method : (n) نشائی طریقہ ۔

Genetic relation (ship) : (n) خلقی رشتہ ؛ (لسانیات) تولیدی نسبت ۔

Genetic theory : (n) (فلسفہ) نشائی نظریہ ۔

Genetic theory of race : (n) نسل کا توارثی نظریہ ۔

Genetical : (a) خلقی ؛ نشائی ۔

Genetically : (adv.) توالد و تناسل کی رو سے ۔

Geneticism : (n) یہ نظریہ کی کسی فرد کےادراک رویہ اور کردار اس کے توارث پر مبنی ہیں ۔

Geneticist : (n) ماہرنسلیات ؛ ماہر علم توالد ۔

Genetics : (n) علم توالد وتناسل ؛ نسلیات ؛ علم تکوین ؛ علم توارُث ۔

Geneva : (n) [Du.'genever'.] ایک قسم کی ولندیزی شراب ۔

Geneva : (n) جنیوا ؛ سوئزر لینڈ کا ایک شہر ۔

Geneva : (a) جنیوا کا یا اس سے متعلق ۔

Geneva bands : (n) ایک قسم کی پٹیاں جو پادری کالر کی جگہ لگاتے ہیں ۔

Geneva bible : (n) بائبل کا انگریزی ترجمہ جو جنیوا میں ۱۵۶۰ء میں شائع ہوا تھا ۔

Geneva convention : (n) وہ معاہدہ جو ۱۸٦٤ میں جنیوا میں ہوا تھا اور جس کی رو سے شفاخانوں کی غیر جانبداری تسلیم کی گئی اوریہ بھی طے کیا گیا کہ جنگی قیدیوں ، زخمیوں اور مرنے والوں کے ساتھ بہیمانہ سلوک نہیں کیا جائےگا ۔

Geneva cross : (n) صلیب احمر ؛ فوجی اسپتال وغیرہ کا نشان ۔

Geneva gown : (n) ایک قسم کا سیاہ جبّہ ۔

Genevan : (a) جنیوا کا ؛ جنیوا کا رہنے والا ؛ کالوینی ۔

Genevan : (n) جنیوا کا باشندہ ۔

Genevese : (n) جنیوا کا باشندہ ۔

Genevese : (a) جنیوا کا ؛ جینوا سے متعلق ۔

Genial : (a) [L.'genialis'.] (۱) شادی سے متعلق ؛ تولیدی ۔ (۲) نشو ونما کے لئے مفید ؛ خوشگوار ؛ صحت بخش (آب و ہوا) ۔ (۳) فرحت بخش ؛ فرحت افزا؛ مسرت بخش؛ دل کشا۔ (٤)خوش مزاج؛ ملنسار؛ یارباش ؛ نیک دل ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل ۔(٥) خدا داد قابلیت رکھنے والا ۔

Genial : (a) [Gr.'genion'.] زنخی ؛ ذقنی ؛ ٹھوڑی سے متعلق ۔

Genial bed : (a) تخت عروسی ۔

Geniality : (n) زندہ دلی ؛ خوش مزاجی ۔

Genialize : (v) زندہ دل ہونا یا بنانا ؛ خوش مزاج ہونا یا بنانا ۔

Genially : (adv.) زندہ دلی سے ؛ فرحت بخش طور پر ۔

Genialness : (n) دیکھو Geniality

Genian : (a) [Genial+-an.] ذقنی ؛ زنخی ؛ ٹھوڑی کا ۔

Geniculate : (a) [L.'geniculatus'.] (نباتیات وحیوانیات) زانو خمہ ؛ جوڑ دار ؛ گرہ دار ۔

Geniculate : (v) خم ہونا ؛ جوڑ دار ہونا ۔

Geniculation : (n) زانو خم ؛ جوڑ ۔

Genie : (n) [Fr.'genie'.] (۱) جن ۔(۲) فطری رجحان ۔

Genii : (n) Genios کا صیغہ جمع ۔

Genio- : [Gr.'genion'.] سابقہ بمعنی "ٹھوڑی کا ؛ زنخی" "ذقنی" ۔

Genio-glossal : (a) زبان کی جڑ کی ہڈی ؛ ذقن اور زبان سے متعلق ۔

Genio-hyoglossal : (a) دیکھو Genio-glossal

Genio-hyoid : (a) ذقن اور زبان کی جڑ کی ہڈی سےمتعلق ۔

Genio-mental : (n) نچلے جبڑے اور ذقن سے متعلق ۔

Genip/Genip tree : (n) ایک قسم کا درخت جو ویسٹ انڈیز میں پایا جاتا ہے ۔

Genipap : (n) [a native name.] ایک پھلدار درخت جو عموماً ویسٹ انڈیز میں پایا جاتا ہے ۔

Genista : (n) [L.] ایک قسم کی زرد پھولوں والی جھاڑی ۔

Genital : (a) [OFr.'genital'.] تناسلی ؛ توالد و تناسل سے متعلق ۔

Genital : (n) آلہ یا آلات تناسل ؛ اعضائے تناسل ۔

Genital antenna : (n) (حیوانیات) تناسلی روزن ۔

Genitalia : (n) [L.] اعضائے تناسُل ۔

Genitival (a) اضافی ؛ حالت اضافی سے متعلق ۔

Genitive : (a) [OFr.'genitif'or L.'genitivus'.] اضافی ۔

Genitive : (n) مضاف الیہ ؛ حالت اضافی ۔

Cumulative genitive/Double- : دوہری اضافت ۔

Genitive case : (n) حالت اضافی ۔

Genito- : [L.'genitalis'.] جزو ترکیبی بمعنی "تناسلی" ۔

Genius : (n) [L.] (۱) کسی شخص یا مقام کی محافظ روح ؛ جن ؛ ہمزاد ۔ (۲) قوم یا زمانہ کے خیالات آرا ، ذوق وغیرہ ؛ روح عصر ۔ (۳) زبان ، قانون وغیرہ کی حقیقت و ماہیت یا روح ۔ (٤) فطری قابلیت ؛ اختراعی قابلیت ؛ غیرمعمولی ذہانت؛ طباع ؛ فطین ؛ نابغہ ؛ فطانت ۔ (٥) غیر معمولی ذہین ؛ تخلیقی یا اختراعی قوت رکھنے والا شخص ؛ (فلسفہ) فطین ۔(٦) تجسم ۔(۷) (انتظامیہ) غیر معمولی ۔

Good and evil genius : نیک و بد ہمزاد ؛ وہ شخص جو کسی پرحاوی ہو اوراس سے نیک و بد کا م کرائے ۔

Genius loci : (n) [L.] کسی مقام کی محافظ روح ۔

Genoa : (n) [It.'Genova'.] اطالیہ کا ایک شہر ؛ جنیوا ۔

Genoa cake : (n) بہاری کیک جس پر بادام لگے ہوتے ہیں ۔

Genoa treacle : (n) ایک قسم کا شیرہ ۔

Genoblast : (n) [Gr.'genos'+-Blast.] دو جنسی مرکزہ ۔

Genoblastic : (a) دو جنسی مرکزہ سےمتعلق ۔

Genocide : (n) [Gr.'genos'+-Cide.] نسل کشی ۔

Genoese/Genovese : (a&n) Genoa کا یا اس سے متعلق ؛ Genoa کا باشندہ ۔

The Genoeses : Genoa کے لوگ ۔

Genotype : (n) نسلی نوع ؛ جنینی نوع ۔

Genouillere : (n) [Fr.] (۱) زانو کی لچکدار زرہ ۔ (۲) (قلعہ بندی) دمدمے کے اندرونی ڈھلان کا وہ حصہ جو کنگرے کے نیچے ہوتا ہے ۔

Genre : (n) [Fr.] (۱) قسم ؛ طرز ؛ انداز ۔(۲) مصوری کا وہ طرز جس میں عام زندگی کے مناظر اور موضوعات پیش کئے جاتے ہیں ۔

Gens : (n) [L.'gens'.] قبیلہ ؛ گوت ؛ برادری ؛ خاندان ؛ (تاریخ) خانوادہ ؛ گھرانہ ۔

Gens d' armerie : Gendarmery دیکھو

Gens d' armer : Gendarmes دیکھو

Gent : (n) شریف آدمی ؛ شریف زادہ ۔

Genteel : (a)[Fr.'gentil'.] (عموماً طنزیہ یا عامیانہ)رئیسانہ؛ امیرانہ ؛ امراء کا نستعلیق؛ ٹھاٹھ کا؛ سجیلا ؛ خوش پوشاک ۔

Genteelish : (a) قدرے رئیسانہ ؛ قدرے خوش پوشاک ۔

Genteelly : (adv.) رئیسانہ ؛ امیرانہ ؛ ٹھاٹھ سے ۔

Genteelness : (n) امیری ؛ خوش پوشاکی ؛ ٹھاٹھ ۔

Gentian : (n) [L.'gentiana'.] جنتیانا ؛ کوشاد ؛ ایک قسم کا نیلے رنگ کا پودا ۔

Gentian bitter : (n) ایک مقوی دوا جو جنتیانا کی جڑ سے نکالی جاتی ہے ۔

Gentian wort : (n) کوشادیہ ۔

Gentianaceous : (a) کوشادیہ سے متعلق ۔

Gentianal : (a) جنتیانا یا کوشاد سے متعلق ۔

Gentianella : (n) [mod. L.] کوشاد صغیر ۔

Gentianic : (a) کوشاد کا یا کوشاد سے نکالا ہوا ۔

Gentianin : (n) کوشادی ترشہ ۔

Gentile : (a) [L.'gentilis'.] (۱) غیر یہودی ، جو یہودی نسل کا نہ ہو ۔(۲) قوم یا فرقے کا؛ قومی ۔(۳) لامذہب ۔

Gentile : (n) (۱) گوتی ؛ فرد قبیلہ ۔(۲) وہ کلمہ جس سے کسی چیز کی مقامیت یا قومیت ظاہر ہو ۔ (۳) غیر یہودی شخص ۔

Gentilesse : (n) [OFr.'gentilesse'.] شائستگی؛ خوش اطواری ۔

Gentilic : (a) [late L.'gentilicus'.] قبیلے کا ؛ قومی ۔

Gentilism : (n) [OFr.'gentilisme'.] لامذہبیت ؛ غیر یہودی ہونا؛ لایہودیت ۔

Gentilitial : (a) [L.'gentialicius'.] (۱) قومی ۔(۲) کسی قوم ، فرقے ، قبیلے یا خاندان کا ۔

Gentilitian : (a) قومی ؛ کسی قوم کا ۔

Gentilitious : (a) دیکھو Gentilitial

Gentility : (n) [OFr.'gentilite'.] (۱) شرافت ؛ نجابت ۔ (۲) شان ؛ ریاست ؛ امارت ؛ آن بان ، نستعلیق پن ۔(۳) (جمع) شرفاء ۔(٤) گوت ۔

Gentilize : (v) شریف بنانا ۔

Gentilize : (v) (۱) غیریہودی کی طرح رہنا ۔(۲)غیریہودی یا لامذہب بنانا ۔

Gentiopicrin : (n) جنتیانا یا کوشاد کا تلخ جوہر ۔

Gentisic : (a) (Gentisie acid) کو شادیہ کا ترشہ ۔

Gentisate : (n) کوشادیہ ترشے کا نمک ۔

Gentisin : (n) کوشادیہ ترشہ ۔

Gentle : (a) [OFr.'gentil'.] (۱) شریف ؛ نجیب ؛ عالی خاندان ۔ (۲) جس شخص کو ہتھیار باندھنے کا حق ہو ۔ (۳) شریفانہ شریفوں کے لائق ؛ شریفوں کے سے۔(٤) خلیق؛ بامروت ؛ کریم النفس ۔(٥) سلیم الطبع ؛ حلیم ؛ بردبار ؛ خاموش ؛ بھلا مانس ؛ مسکین ۔(٦) دھیمی ؛ ہلکی (ہوا) ۔(۷) ہلکی ؛ آہستہ اثر کرنے والی (دوا وغیرہ) ۔(۸) معتدل؛ تدریجی ۔ (۹) نرم ۔(۱۰) نرم دل ؛ نیک دل ؛ نازک ۔

The gentle art : فن شریف ۔

The gentle craft : (مزاحاً) بنسی سے مچھلی کا شکار ۔

Gentle : (n) (۱) (جمع) اشراف ؛ شرفاء ۔(۲) مکھی کا بچہ جو چارے کےطور پر استعمال ہوتا ہے ۔(۳) چرغ ۔

Gentle : (v) (۱) گھوڑے کو سدھانا ۔(۲) (کسی شخص کو) منانا ۔(۳) ملائم بنانا ۔(٤) معتدل کرنا، بنانا ۔ (٥) آہستہ چلنا ۔(٦) شریف بنانا ۔

Gentle sex : (n) جنس لطیف ؛ عورتیں ۔

Gentlefolk/-folks : (n) شرفاء ؛ اشراف ۔

Gentlehood : (n) شرافت ؛ نجابت ؛ اعلیٰ خاندانی ۔

Gentleman : (n) (۱) جو شخص طبقہء امراء میں شامل نہ ہو مگر ہتھیار باندھنے کا مجاز ہو ۔ (۲) کسی پیشےکا رکن ۔(۳) کوئی شریف زادہ جو بادشاہ یا امیر کی ندیمی میں رہتا ہو ۔ (٤) شریف آدمی ؛ بھلا مانس ۔(٥) رئیس ۔ (٦) صاحب ۔ (۷) (جمع، بطور خطاب) شرفاء معزز حضرات ۔ (۸) (قانون)وہ شخص جس کا کوئی پیشہ نہ ہو ۔ (۹) زبردست مخالف ۔ (۱۰) (تحقیراً) شیطان ۔

Old gentleman : (مزاحاً) ابلیس ؛ حضرت شیطان ۔

The gentleman in black velvet : چھچھوندر ۔

Gentleman- at-arms : (n) بادشاہ کے محافظ دستے کا رکن ۔

Gentleman-at-large : (n) بیکار شخص ۔

Gentleman-commoner : (n) آکسفورڈ اور کیمبرج کا وہ انڈرگریجویٹ جو خاص خاص حقوق رکھتا ہو ۔

Gentleman farmer : (n) زمیندار جو خود کاشت کرتا ہو ۔

Gentleman friend : (n) آشنا ۔

Gnetleman of fortune : (۱) قزاق ۔(۲) مہم جو ۔

Gentleman-usher : (n) امراء کا خدمت گار جس کا کام ملاقاتیوں کی اطلاع کرنا ہے ۔

Gentleman's agreement : (n) غیرقانونی لیکن لازمی معاہدہ ؛ معاہدہ (شریفوں کے درمیان) شریفانہ سمجھوتا؛ غیر رسمی سمجھوتا ۔

Gentleman's gentleman : (n) خاصہ کا خدمتگار ۔

Gnetlemanhood : (n) شرافت ؛ ریاست ۔

Gentlemanism : (n) شرافت ؛ ریاست ؛ بناوٹی شرافت ۔

Gentlemanize : (v) شریف بنانا ۔

Gentlemanlike : (a) شریفوں کےلائق ؛ شریفوں کا سا ؛ شریفانہ ۔

Gentlemanliness : (n) شرافت ؛ شریفوں کی سی روش ۔

Gentlemanly : (a) شریفانہ ؛ شریفوں کے لائق ۔

Gentlemanship : (n) دیکھو Gentlemanhood

Gentleness : (n) (۱) نرمی ؛ انسانیت ؛ آدمیت ؛ نیکی ؛ حلم ؛ بردباری ۔ (۲) نرمی ؛ آہستگی ؛ سہولت ؛ ملائمت ۔

Gentleship : (n) شرافت ۔

Gentlewoman : (n) (۱) شریف خاتون ؛ شریف زادی ؛ بانو ؛ خانم ۔ (۲) قانون ساز مجلس کی رکن ۔

Gently : (adv.) (۱) آہستگی سے ؛ نرمی سے ؛ خاموشی سے ۔ (۲) ملائمت سے ۔

Gentoo : (n) [pg. 'Gentio'.] (۱) ہندو ۔ (۲) ہندوؤں کی زبان ۔

Gentoo : (a) ہندوؤں کا یا ان سے متعلق ۔

Gentoo : (n) پنگوئن کی ایک قسم ۔

Gentry : (n) (۱) امراء سے نیچے کا طبقہ ۔ (۲) (حقارتاً یا طنزاً) حضرات ؛ لوگ ۔

Genu : (n) [L.] (تشریح) زانو ؛ گھٹنا ؛ زانو نما ۔

Genual : (a) گھٹنے کا ؛ گھٹنے سے متعلق ؛ زانوئی ۔

Genuant : (a) (نقابت) راکع ۔

Genuclast : (n) (جراحی) گھٹنے کا جوڑ الگ کرنے کا آلہ ۔

Genuflect/Genuflex : (v) [L.'genuflectere'.] گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا (خصوصاً عبادت میں) ۔

Genuflectory : (a) گھٹنوں کے بل کھڑے ہونے سے متعلق ۔

Genuflexion/Genuflection : (n) [L.'genuflexio'.] گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا ۔

Genuine : (a) [L.'genuinus'.] (۱) ذات کا کھرا ؛ اصل ؛ اصیل ۔ (۲) اصلی ؛ صحیح ؛ معتبر ۔ (۳) کھرا ؛ سچا ؛ حقیقی ؛ سچ مچ کا ۔

Genuine text : (n) (انتظامیہ) اصلی متن ۔

Genuinely : (adv.) سچ مچ ؛ دل سے ؛ بے بناوٹ ۔

Genuinness : (n) کھراپن ؛ اصلیت ؛ اصلی ہونا ۔

Genus : (n) [L.'genus'.] (۱) (منطق، حیوانیات) جنس ؛ نوع ۔ (۲) قسم ؛ طبقہ ؛ قبیلہ ۔ (۳) قدیم یونانی موسیقی کے تین سرگموں میں سے ایک ۔ (٤) (لسانیات) اصل ؛ خاندان ۔

Approximate genus : جنس قریب ۔

Highest genus : جنس عالی (جو کسی اور جنس کی نوع نہ ہو) ۔

Remote genus : جنس بعید ۔

Subaltern genus : تابع جنس ؛ وہ جنس جو دوسری جنس کی نوع ہو ۔

Summun genus : جنس اعلیٰ ۔

Genus Homo : (n) بنی نوع انسان ؛ نوع انسانی ۔

Genu valgum : (n) [L.] کج زانو ۔

Genu varum : (n) کج پا ۔

-geny : (suffix) [Gr.'geneia'.] لاحقہ بمعنی "طریق نشو ونما" ۔

Genyplasty : (n) [Ge.'genus'+plasty.] جراحی فک اسفل ۔

Geo- : (Prefix.) سابقہ بمعنی "زمین" "ارض" ۔

Geo-magnetism : (n) (طبیعیات) ارض مقناطیسیت ۔

Geo-science : (n) (ارضیات) علم الارض ۔

Geobiotic : (a) ارض حیاتی ۔

Geoblast : (n) اکھوا ۔

Geobotanical : (a) جغرافیائی نباتیات سے متعلق ۔

Geocentric : (a) (۱) ارض مرکزی ؛ جس میں مرکز ارضی سے دیکھنے کا لحاظ رکھا گیا ہو ۔ (۲) جس میں زمیں بحیثیت مرکز کے ہو ؛ جس میں زمین مرکز قرار دی جائے ۔

Geocentric : (n) ارض مرکزی نظریے کا حامی ۔

Geocentrically : (adv.) ارض مرکزی طور پر ۔

Geocentricism : (n) ارض مرکزی نظریہ ۔

Geochronic : (a) ارضیاتی وقت سے متعلق ۔

Geochronology : (n) تاریخیات ارض ۔

Geocronite : (n) [Geo-+Gr.'kronos'.] سرمے اور جستے کا سلفائیڈ ۔

Geocyclic : (a) گردش ارضی سے متعلق یا زمین کے گرد گردش کرنے والا ۔

Geodaesia : (n) علم تقسیم الارض ۔

Geode : (n) [L.'geodes'.] گرہ دار پتھر جس کے جوف میں بلوری یا معدنی مادہ ہوتا ہے ۔

Geodesic/-al : (a) تقسیم ارض سے متعلق ۔

Geodesist : (n) تقسیم ارض کا ماہر ۔

Geodesy : (n) [mod. L.'geodaesia'.] دیکھو Geodaesia

Geodetic : (a) [mod. L.'geodetes'.] تقسیم الارض سے متعلق ۔

Geodetic : (n) خط اصغر ۔

Geodetic line : (n) دیکھو Geodetic

Geodetical : (a) تقسیم الارض سے متعلق ۔

Geodetically : (adv.) تقسیم الارض کی رو سے ۔

Geodic : (a) گرہ دار پتھر سے متعلق ۔

Geodiferous : (a) کنکریلے پتھروں والا ۔

Geoduck : (n) [perhaps Am. Indian.] ایک بڑا ریگی صدفہ ۔

Geodynamic/-al : (a) زمین کی مضمر قوتوں کا ۔

Geogenic : (a) تکوین الارض سے متعلق ۔

Geogeny : (n) علم تکوین الارض ۔

Geognost : (n) ارضیات کا ماہر ۔

Geognostic/-al : (a) ارضیات سے متعلق ۔

Geognostically : (adv.) ارضیات کی رو سے ۔

Geognosy/Geognosis : (n) [Pr.'geognosie'.] (۱) علم طبقات الارض؛ علم ترکیب الارض ؛ ارضیات ۔(۲) کسی خاص علاقے کی ارضیاتی ساخت ۔(۳) پتھروں کی معدنی ماہیت ؛ ترتیب اور تقسیم کا علم ۔

Geogonic/-al : (a) تشکیل ارض سے متعلق ۔

Geogony : (n) [Gr.'geo+gonia'.] تشکیل ارض کا نظریہ ۔

Geographer : (n) جغرافیہ داں ۔

Geographic/-al : (a) علم جغرافیہ کے متعلق ؛ جغرافیہ کا ؛ جغرافی یا جغرافیائی ۔

Geographic distribution : (n) (حیوانیات) ارضیاتی انتشار ۔

Geographical limitations : (n) جغرافیائی بندشیں ؛ جغرافیائی حدود ۔

Geographical mobilisation : (n) جغرافیائی حرکت ۔

Geographical mobility : (n) جغرافیائی نقل پذیری ۔

Geographically : (adv.) جغرافیہ کی رو سے ۔

Geography : (n) [L.'geographia'.] (۱) علم جغرافیہ ۔(۲) کسی مقام کی جغرافی خصوصیات ۔(۳) جغرافیہ کی کتاب ۔

Mathematical geography : ریاضیاتی جغرافیہ ۔

Physical geography : طبعی جغرافیہ ۔

Political geography : سیاسی جغرافیہ ۔

Geoid : (n) [Gr.'geoides'.] ارضیہ ؛ ارض نما ۔

Geoidal : (a) ارضیہ سے متعلق ۔

Geoisotherm : (n) زمین دوز ہم تپش خط ۔

Geologic/-al : (a) ارضیات کے متعلق ؛ ارضیات کا ؛ ارضیاتی ۔

Geologically : (adv.) ارضیات کی رو سے ۔

Geologist : (n) عالم ارضیات ؛ ارضیات داں ۔

Geologize : (v) ارضیاتی تحقیقات کرنا ۔

Geology : (n) [mod.L.'geologia'.] (۱) ارضیات ؛ علم طبقات الارض ۔(۲) کسی مقام کی ارضیاتی ساخت ۔

Geomalism : (n) (حیوانیات) افقی سطح پر متوازن طور پر بڑھنے کا میلان ۔

Geomaly : (n) افقی سطح پر متوازن طور پر بڑھنا ۔

Geomancer : (n) رمّال ۔

Geomancy : (n) [med. L.'geomantia'.] رمّالی ؛ علم رمل ۔

Geomantic : (a) علم رمل سے متعلق ؛ رمّالی ۔

Geomantically : (adv.) رمّالی کی رو سے ۔

Geometer : (n) [Late L.'geometra'.] (۱) مہندس ؛ ہندسہ داں ۔ (۱) مسّاح پروانہ ؛ ایک قسم کا کیڑا جو آگے چل کر تتلی بن جاتا ہے ۔

Geometric/-al : (a) ہندسی ؛ ہندسیہ ۔

Geometric distribution : (n) (شماریات) ہندسی بٹاؤ ۔

Geometric mean : (n) (۱) (طبیعیات) جیومیٹریائی اوسط ؛ ہندسی اوسط ۔ (۲) (شماریات) ہندسی درمیانہ ۔

Geometrical figure : (n) ہندسی شکل ۔

Geometrical progression : سلسلۂ ہندسیہ ؛ (طبیعیات) جیومیٹریائی تجرید ۔

Geometrical proportion : (n) ہندسی تناسب ۔

Geometrical ratio : (n) ہندسی نسبت ۔

Geometrical spider : (n) وہ مکڑی جس کے جالے میں ہندسی اشکال بنی ہوں (موجود ہوں) ۔

Geometrical staircase : (n) ہندسی زینہ ؛ گردشی سیڑھی ۔

Geometrical tracery : (n) ہندسی شکلوں کے نقش ونگار ۔

Geometrid : (a) [L.'Geometra'.] مسّاح حشرہ سے متعلق یا اس کے خاندان کا ۔

Geometrid : (n) مساح حشرہ ؛ ہندسی کرم ۔

Geometriform : (n) مساح حشرہ سے مشابہ ۔

Geometrize : (v) ہندسہ کے قواعد پر عمل کرنا ؛ ہندسہ کے اصول کے مطابق کام کرنا ۔

Geometry : (n) [OFr.'geometrie'.] علم ہندسہ ۔

Plane geometry : ہندسۃ السطوح ؛ ہندسہ مسطحات ۔

Solid geometry : ہندسہ مجسّمات ۔

Geonavigation : (n) قطب نما وغیرہ سے جہاز کے مقام کو دریافت کرنا ۔

Geonomy : (n) علم قوانین ارض ۔

Geophagist : (n) گِل خور ؛ وہ شخص جسے مٹی کھانے کا مرض ہو ۔

Geophagy/Geophagism : (n) گِل خوری ؛ مٹی کھانے کی بیماری ۔

Geophilous : (a) (نباتیات) زمین دوز ؛ (حیوانیات) خاک باش ۔

Geophysical : (n) ارضی طبیعیات سے متعلق ۔

Geophysics : (n) ارضی طبیعیات ۔

Geopolitics : (n) جغرافیائی سیاست ۔

Geoponic/-al : (a) [Gr.'geophonikos'.] (۱) فلاحتی ؛ زرعی ۔ (۲) (مزاحاً) دیہی ؛ دیہاتی ۔

Geoponics : (n) علم زراعت ؛ زراعت کی کتاب ۔

Geopony : (n) زراعت ۔

Georoma : (n) [Fr.'georama'.] ارض بیں ؛ مناظر ارض نما ۔

Geordie : (n) [dim. of 'George'.] (۱) کوئلے کی کان کا مزدور ۔ (۲) کوئلے کا جہاز ۔ (۳) حفاظتی لیمپ ۔

George : (n) [L.'georgius'.] (۱) سینٹ جارج انگلستان کا روحانی محافظ ۔ (۲) آڈر آف گارٹر کا نشان ۔

Saint George : انگریزی سپاہیوں کا نعرہ ۔

Saint George's cross : صلیب احمر ۔

Saint George's day : ۲۲/ اپریل ۔

George : (n) آڈر آف گارٹر کا تمغہ ۔

By George : (قسمیہ یا فجایہ) مقدس جارج کی قسم۔

Georgette : (n) [Fr] باریک ریشمی کپڑا ؛ جارجٹ۔

Georgian : (a) جارجی ؛ انگلستان کے بادشاہ جارج اول کے عہد سے لے کر جارج چہارم کے وقت تک کا یا جارج پنجم کے زمانے کا۔

Georgian : (a) (۱) گرجستانی؛ گرجی۔(۲) ریاستہائے متحدہ امریکا کی ریاست جارجیا کا۔

Georgian : (n) (۱) گرجی شخص یا زبان۔(۲) جارجیا کے باشندے۔

Georgic : (a) [L.'georgicus'.] ورجل کی اس نظم کا ایک باب جو کاشتکاری پر ہے۔

Georgics : (n) علم زراعت۔

Georgium sidus : (n) [mod. L.] سکنیہ۔

Geoselenic : (a) زمین اور چاند کا ؛ ارضی قمری۔

Geostatic : (a) ارض سکونی۔

Geostatics : (n) ارض سکونیات ؛ سکونیات استوار اجسام۔

Geosynclinal : (a) کاسہء ارض سےمتعلق۔

Geotectonic : (n) (ارضیات) چٹان سازی۔

Geotectonic/-al : (a) ارضی ساخت سے متعلق۔

Geothermal : (a) زیر ارضی حرارت سے متعلق۔

Geothermic : (a) دیکھو Geothermal

Geothermometer : (n) زیر ارضی تپش پیما۔

Geotropic : (a) ارض رخی سے متعلق ؛زیرنموئی سےمتعلق۔

Geotropically : (adv.) ارض رخی طور پر۔

Geotropism/Geotropy : (n) [G.'geotropismus'.] ارض رخی ؛ زیر نموئی ؛ کشش ثقل کی نسبت سے پودوں کی نشو ونما کا اصول۔

Negative geotropism : خلاف ارض رخی ؛ بالا نموئی ؛ تنوں کا مرکز زمین کی طرف بڑھنے کا میلان۔

Positive geotropism زیر نموئی ؛ جڑوں کا مرکز زمین کی طرف بڑھنے کا میلان۔

Gephyrean : (a) [mod. L.] کنڈل کیڑے کی قسم کےایک کیڑے سے متعلق۔

Gephyrean : (n) کنڈل کیڑے کی نوع کا ایک کیڑا۔

Gerah : (n) [Heb.'gerah'.] ایک عبرانی سکہ اور وزن۔

Geranin : (n) گل شمعدانی کا قابض عنصر۔

Geranium : (n) [L.'geranium'.] (۱) گل شمعدانی ؛ گل عطری ؛ ایک قسم کاپھول دار درخت۔ (۲) ایک قسم کا پودا جس میں سارس کی چونچ جیسا پھل آتا ہے۔(۳) گل شمعدان کا رنگ۔

Geratology : (n) [Gr.'gras, gerat'-+logy.] علم پیری ؛ علم انحطاط۔

Gerbe : (n) [Fr.] ایک قسم کی آتشبازی۔

Gerbille/Gerbil : (n) [Fr.] جنگلی چوہے کی جنس کا کوئی جانور۔

Gerfalcon : (n) [OF.'gerfaucon'.] شمالی ممالک کا ایک قسم کابڑا شکرا۔

Germ : (n) [OFr.'germe'.] (۱) کسی جسم نامیاتی کا وہ حصہ جوبڑھ کرنیا جسم بن جانے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ نطفہ ؛ تخم حیات۔ (۲) (حیوانیات) جنین ؛ بیضہ دان ؛ جرثومہ (امراض کا) ؛ جرم ؛ خلیہ ؛ نابتہ۔ (۳) جس سے کسی شے کا آغاز ہو ؛ ابتدا ؛ اصل ؛ تخم ؛ بیج ؛ اصل اول ؛ مایہ۔

In germ : نارستہ ؛ ابتدائی شکل۔

Germ : (v) پھوٹنا نکلنا۔

Germ-cell : (n) جرم خلیہ ؛ ابتدائی خلیہ۔

Germ-cup : (n) دیکھو Gastrula

Germ-gland : (n) تخم دان۔

Germ layer : (n) غشائے نہوضی کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ؛ (حیوانیات) نابتی پرت۔

Germ-membrane : (n) غشائے نہوضی۔

Germ-plasm : (n) بیضوی نخزمایہ ؛ تخمی مادۂ حیات ؛ جرم مایہ ؛ ثابت مایہ ۔

Germ-polyp : (n) تخمی مرجان ۔

Germ-pore : (n) تخمی مسام ۔

Germ-shield : (n) تخمی سپر ۔

Germ-stock : (n) (حیوانیات) عضو مادری ۔

Germ-theory : (n) نظریہ جرثومہ ؛ (طب) جراثیمی نظریہ ؛ (حیوانیات) نظریہ حیات از حیات ۔

Germ-tube : (n) ٹوٹا ۔

Germ-vesicle : (n) نوات بیضۂ خلیہ ۔

German/Germane : (a) [OFr.'germain'.] سگا ؛ حقیقی ۔

German : (a) [L.'Germanus'.] جرمنی کا ؛ المانی ۔

German : (n) (۱) المانی زبان ؛ جرمنی زبان ؛ جرمنی کا باشندہ ۔ (۲) (کوئلے کی زبان) بارود سےبھرا ہوا پیالہ ۔

High German : جنوبی جرمنی کی زبان جو اب سارے ملک کی زبان ہے ۔

Low German : (۱) جرمنی کی بولیاں جو High German نہ ہوں ۔ (۲) مغربی جرمن زبان کی مختلف شکلیں جن میں انگریزی ڈچ شامل ہیں ۔

German bit : (n) جرمن برما ۔

German clock : (n) جرمن گھڑی ۔

German flute : (n) جرمن بانسری ۔

German measles : (n) جرمن خسرہ ؛ چھوٹا خسرہ ؛ ایک قسم کی کھسرہ (چھوٹی چیچک) ۔

German mile : (n) تقریباً چار پانچ انگریزی میل کے درمیان کی دوری ۔

German millet : (n) باجرے کی قسم ۔

German-paste : (n) قفس بلد چڑیوں کی ایک غذا ۔

German process : (n) تانبے کےتصفیئے میں استحالے کاعمل ۔

German sarsaparilla : (n) مصنوعی اُشبہ ۔

German sausage : (n) ایک قسم کا دُلمہ ۔

German silver : (n) نکل ، زنک اور تانبے کی بھرت ۔

German sixth : (n) (موسیقی) سرگم جس میں چھٹا سُر بڑھا ہوا ہوتا ہے ۔

German steel : (n) جرمن لوہا ۔

German text : (n) قدیم ٹائپ کے انگریزی حروف ۔

German tinder : (n) شتابہ ۔

German wallflower : (n) گل شبو کی ایک قسم ۔

German wool : (n) رنگین اونی تاگا ۔

Germander : (n) [med.L.'germandra'.] ارپہ ؛ گل خنو ۔

Water Germander : ارپہ ؛ گل خنو ۔

Germane : (a) دیکھو German (a)

Geramanic : (a) [L.'germanicus'.] (۱) جرمنی یا جرمن سے متعلق ۔ (۲) ثیوٹن نسل سے متعلق ۔

East Germanic : ثیوٹن زبان کی ایک شاخ جس میں گوتھک وغیرہ شامل ہیں ۔

West Germanic : ثیوٹن زبان کی ایک شاخ جس میں جرمن، انگریزی، ولندیزی وغیرہ شامل ہیں ۔

Germanic : (n) ثیوٹن نسل کی زبان ؛ ثیوٹانی ۔

Germanism : (n) (۱) المانی محاورہ (خصوصاً کسی دوسری زبان میں) ۔ (۲) المانی خیالات ؛ المانی طرز خیال ۔ (۳) جرمانی چیزوں کی نمائش ۔

Germanist : (n) (۱) ثیوٹانی زبان یا لسانیات کا ماہر ۔ (۲) المانی خیالات سے متاثر ۔

Germanium : (n) [L.'Germanus'+-ium.] ایک قسم کی دھات ۔

Germanism : (n) المانیت ؛ جرمنییت ۔

Germanization : (n) جرمن بنانا ۔

Germanize : (v) (۱) المانی زبان میں ترجمہ کرنا ۔(۲)جرمنی کا بنانا ؛ المانی بنانا ۔ (۳) جرمنی کی خصوصیات پیدا کرنا ۔

Germano- : جزو ترکیبی بمعنی، "جرمانی" "جرمن" ۔

Germano-mania : (a) جرمن پرستی ؛ جرمن بننے کا خبط ۔

Germanophil : (a&n) جرمن دوست ۔

Germanophilist : (n) جرمن دوست ۔

Germanophobe : (n) جرمن ترس ۔

Germaophobia : (n) جرمن ترسی ۔

Germen : (n) [L.'germen'.] تخم دان ؛ بیضہ دان ؛ ٹوڈی ۔

Germicidal : (a) جراثیم کُش ۔

Germicide : (n) جراثیم کُش ؛ وہ شے جس میں جراثیم کے ہلاک کرنے کی قوت ہو ۔

Germicultre : (n) جراثیم پروری ۔

Germiculturist : (n) جرثومیات داں ۔

Germigene : (n) بعض قسم کے مادہ کرموں کےتناسلی غدود ۔

Germin : (v) [L.'germinare'.] کونپل پھوٹنا ؛ ٹوڈا نکلنا ۔

Germinal : (n) فرانسیسی انقلابی تقویم کا ساتواں مہینہ ۔

Germinal : (a) [L.'germen' +-al.] (۱) جرمی نہوضی ؛ نبتی ؛ نابتی ۔(۲) جنین کی نوعیت ۔(۳) نشو و نما کی ابتدائی حالت ۔

Germinal cell : (n) دیکھو Germ cell

Germinal layer : (n) غشائےنہوضی کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ؛ (حیوانیات) نابتی پرت ۔

Germinal matter : (n) جیوی مادہ ۔

Germinal membrane : (n) دیکھو Blastoderm

Germinal pole : (n) بیضہء خلیہ کا وہ حصہ جہاں نویہ رہتا ہے ۔

Germinal spot : (n) بیضہء خلیہ کا نویہ ۔

Germinal vesicle : (n) نوات بیضہء خلیہ ۔

Germinant : (a) اگنے والا ؛ اُپجنے والا ۔

Germinate : (v) [L.'germinat-'.] (۱) اُپجنا ؛ اگنا ؛ پھوٹنا ؛ نکلنا ۔(۲) اُگانا ؛ نشو ونما دینا ؛ پیدا کرنا ۔

Germination : (n) (۱) نمو ؛ اُپج ؛ روئیدگی ؛ اگنا ۔ (۲) (مجازاً) ابتدا ۔

Germinative : (a) نابت ؛ اُپجی ؛ اگانے والا ۔

Germiniparous : (a) تخمی تولیدزا ۔

Germless : (a) بے تخم ۔

Geronomite : (n) [Sp.or It.'geronomita'.] St.Geron کےسلسلے کا راہب ۔

Gerontic : (a) [Gr.'gern+-ic.] پیری سے متعلق ؛ انحطاطی ؛ انحطاط سے متعلق ۔

Gerontocracy : (n) حکومت پیراں ؛ شیوخ شاہی ؛ بوڑھوں کی حکومت ؛ بوڑھوں کی حکمراں جماعت ۔

Geropiga/Jerupiga/Geropigia/Jeropigia : (n) انگور کا عرق ؛ شکر، برانڈی اور لال رنگ کا مرکب جو پورٹ شراب میں ملانے کے کام آتا ہے ۔

-gerous/-igerous : (Suffix.) لاحقہ بمعنی"رکھنےوالا" "سردار" ۔

Gerrymander : (n) [f. the surname Gerry'.] ناجائز سیاسی اثر ڈال کر انتخاب میں کسی فریق کو فائدہ پہنچانے کا طریقہ ۔

Gerrymander : (v) ناجائز سیاسی اثر ڈال کر انتخاب میں کسی فریق کو فائدہ پہنچانا ۔

Gerund : (n) [late L.'gerundium'.] اسم مصدر ۔

Gerund-grinder : (n) لاطینی قواعد کا معلم ؛ ملاّ ۔

Gerundial : (a) اسم مصدر سے متعلق یا اس کی طرح ۔

Gerundival . (a) اسم مصدر سے متعلق ؛ اسم مصدر سے بھرا ہوا ۔

Gerundive : (n) اسم مصدر ۔

Gerundive : (a)[late L.'gerundious'.] (۱) اسم مصدر ۔
(۲) (لاطینی صرف ونحو) اسم مصدر کی صفت فعلی۔

Gerundively : (adv.) اسم مصدر کے طور پر ۔

Gerusia : (n) [L.'gerusia'.] شورائے پیراں (خصوصاً قدیم یونان کے ضلع ڈورس کا)۔

Gesso : (n) [It.'gesso'.] (۱) پلاسٹر آف پیرس ؛ کھریا مٹی ۔
(۲) پلاسٹر کا استر جس پر تصویر بناتے ہیں ۔

Gest : (n)[OFr.'geste, jeste'.] رومانی نظم جس میں جانبازی کے قصے ہوتے ہیں ؛ رومانی و مہماتی قصہ ۔

In gest : نظم میں ۔

The English gest : شعری تاریخ (انگلستان) ۔

The French gest : شعری تاریخ فرانس ۔

Gestalt : (n) [G.] گسٹالٹ ؛ ہیئت مجموعی ۔

Gestapo : (n) [G.] جرمن خفیہ پولیس، گسٹاپو ۔

Gestation : (n) [L.'gestatio-'.] حمل ؛ زمانۂ حمل ۔

Gestatorial/-chair : (a) وہ کرسی جس پر پوپ کو سوار کر کے بعض موقعوں پر لے جاتے ہیں ۔

Gestic : (a) رقصی ؛ جسم حرکتی ۔

Gesticulate : (v) [L.-gesticulat-.] ہاتھ وغیرہ کی حرکت سے کسی مفہوم کو ظاہر کرنا ؛ اشارہ کرنا ۔

Gesticulation : (n) ہاتھ وغیرہ کی حرکت ؛ کسی مفہوم کو ادا کرنے کےلئے اشارت، اشارہ ؛ تشہیر ۔

Gesticulative : (a) اشارتی ۔

Gesticulator : (a) اشارت کرنے والا ۔

Gesticulatory : (a) اشارتی ۔

Gestion : (n) [L'gestio'.] انتظام ؛ نظم ۔

Gestural : (a) اشارتی ۔

Gestural theory : (n) (لسانیات) اشاری نظریہ ۔

Gesture : (n) {med.L.'gestio-'.} (۱) امارہ ؛ اشارہ، اشارت ۔
(۲) کسی کو متاثر کرنے یا اس کی دلجوئی کے لئے کوئی بات ؛ ادا ۔

Gesture : (v) اشارہ کرنا ؛ اشارے یا اشارات سے مطلب، احساس یا جذبہ ظاہر کرنا ۔

Gesture language : (n) (لسانیات) اشاری زبان ۔

Get : (n) [ON.'geta'.] بیانا ؛ بچہ دینا (جانوروں کا)؛ بچے ؛ جھول ؛ نفع ۔

Get : (v) (۱) حاصل کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ مہیّا کرنا ؛ کمانا ؛ نفع حاصل کرنا ۔(۲) یاد کرنا ۔(۳) حساب سے آنا ؛ نتیجے کے طور پر حاصل کرنا۔(٤) پانا؛ ملنا؛ وصول کرنا؛ رکھنا؛ پاس ہونا ۔(٥) حاصل کرنا؛ معلوم کرنا ۔(٦) سما جانا (خیال ، دماغ میں) ۔ (۷) لگ جانا (بیماری) ۔ (۸) بھگتنا ؛ برداشت کرنا ؛ کھانا (لاٹھی وغیرہ) ۔(۹) پکڑنا؛ پھانسنا ۔(۱۰) بٹورنا ؛ سمیٹنا ؛ جمع کرنا ۔ (۱۱) زچ کردینا ؛ عاجز کرنا ؛ چکر میں ڈال دینا ؛ (دلیل میں غلطی) پکڑنا ۔ (۱۲) (روز) کھانا (کھانا وغیرہ) ۔ (۱۳) جننا ؛ بچہ دینا ۔ (۱٤) آمادہ کرنا؛ تیارکرنا؛ راضی ۔(۱٥)پہنچنا۔ (۱٦) کرنے لگنا؛ ہو جانا ؛ ہونا ۔(۱۷) فتح پانا ۔ (۱۸) سلسلۂ جنبانی کرنا ۔ (۱۹) مخالف کھلاڑی کا کھیل ختم کرنا ۔(۲۰) بھاگ جانا ۔

To get, git : (عامیانہ) بھاگنا ۔

To get a hold of : پکڑنا ۔

To get a living : روزی حاصل کرنا ۔

To get an answer : جواب پانا ۔

To get (a) sight of : (کسی کو) دیکھ لینا ۔

To get letter, well : اچھا ہونا ؛ روبہ صحت ہونا ۔

To get by heart, rote : زبانی یاد کرنا ؛ رٹنا ۔

To get clear, quit of, rid of, shut of : نجات پانا ۔

To get done with : ختم کرنا ۔

To get durnk : مخمور ہونا ۔

To get it : مرمت ہونا ؛ مار کھانا؛ ڈانٹا جانا ۔

Get aroud : (v) (۱) سیر کرنا ؛ سیاحت کرنا ۔(۲) مشہور ہونا ۔(۳) وقت نکالنا (کسی کام کےلئے) ۔ (٤) توجہ کرنا ۔

Get at : (v) (۱) پہنچنا ۔(۲) معلوم کرنا ؛ پکڑنا ؛ قبضہ کرنا۔(۳) (عامیانہ) چھیڑنا؛ بنانا ؛ فقرہ کسنا ۔ (٤) (عامیانہ) رشوت دینا ؛ سازباز کرنا ۔

Get-at-able : (a) قابل رسائی ۔

Get-away : (n) (۱) لومڑی کے بھٹ سےنکالنا ۔(۲) فرار ؛ بھاگنا ۔

Get away : (v) (۱) فرار ہونا ؛ بھاگ جانا ؛ روانہ ہونا ۔ دور ہو ؛ اجی رہنے دو ۔

Get away with : (v) (۱) کامیاب ہونا ؛ (کسی جرم کی سزا سے) بچ نکلنا ۔(۲) کھا پی جانا ۔

Get back : (v) (۱) لوٹ آنا ؛ واپس آجانا ۔(۲) واپس مل جانا۔ (۳) (at کے ساتھ) انتقام لینا ؛ بدلہ لینا ۔

Get by : (v) (۱) گذر اوقات کرنا ۔(۲) بے محنت کے حاصل کرنا ۔(۳) مواخذہ کے بغیر بچ نکلنا ۔

Get down : (v) (۱) اترنا ۔(۲) غور کرنا ۔(۳) تھکا دینا ۔ (٤) نگلنا ؛ حلق سے پار کرنا ۔(٥) لکھنا ؛ بیان کرنا ۔

Get in : (v) (۱) ممبر پارلیمنٹ منتخب ہونا ۔(۲) بیٹھنا (گاڑی میں) ۔(۳) کاٹ کرلانا(فصل) ۔(٤) وصول کرنا (قرض) ۔ (٥) مقررہ وقت میں ختم کر لینا (کام) ۔ (٦) ٹھیک ضرب لگانا ۔(۷) ہونا ۔ (۸) (بحری) نزدیک آنا۔ (۹) شناسائی حاصل کرنا ۔(۱۰) داخل ہونا ۔(۱۱) شکار کےبعد باز کو واپس بلانا ۔ (۱۲) شامل کرنا ؛ کرنا ۔ (۱۳) کامیاب ہونا ۔(۱٤) پھانسنا ؛ ماخوذ کرنا ۔

Get off : (v) (۱) اترنا (گھوڑے وغیرہ سے) ۔(۲) چھٹکارا پانا۔ (۳) پیچھا چھڑانا ۔

Get off : (v) (۱) بھاگ جانا۔(۲) (سزا یا شکست سے)بچ نکلنا؛ رہا ہونا ۔ (۳) رہا کرنا ۔ (٤) یاد کر لینا ۔ (٥) روانہ ہونا ؛ روانہ کرنا ۔(٦) کام سے چھٹی لینا ۔(۷) سستا چھڑانا ۔(۸) بیان کرنا؛ بیچنا ۔

Get on : (v) (۱) چڑھنا (گھوڑے وغیرہ پر) ۔ (۲) تقریر کرنے کےلئے کھڑا ہونا ۔(۳) پہننا ؛ زیب تن کرنا ۔ (٤) بڑھنا؛ ترقی کرنا۔(٥) کام چلانا۔(٦) نبھنا ؛

To get one's goat : چڑھانا ؛ دق کرنا ۔

To get one's hand in : مشق کے ذریعہ دوبارہ مہارت حاصل کرنا ۔

To get one's hooks on : قبضہ کرنا ۔

To get one's own way : کامیاب ہونا ۔

To get out from under : نجات پانا (آنے والے خطرے سے) ۔

To get mercy, forgiveness : رحم یا معافی کا مستوجب ہونا ۔

To get religion : (برے معنوں میں) مذہبی ہونا ۔

To get the better of : ور پڑنا ۔

To get the hook : برخاست ہو جانا ۔

To get the name of : شہرت حاصل کرنا ۔

To get the start, the advantage : سبقت کرنا ؛ پہل کرنا ۔

To get the upper hand (of) : ورپڑنا ۔

To get the wind of : ورپڑنا ۔

To get the worst : شکست کھانا ؛ ہزیمت اٹھانا ۔

To get there : (عامیانہ) کامیاب ہونا ۔

To get upon a subject : (کسی شخص کو) کسی موضوع گفتگو پر لانا ۔

To get wind of : سننا ؛ بھنک پانا ۔

To get with child : حاملہ کرنا ۔

Get about : (v) (۱) چلنا پھرنا ؛ آنا جانا ۔(۲) واضح کرنا ؛ مشہور ہونا ۔

Get (it) across/-over : (v) (۱) اپنی بات سامعین تک پہنچانا ۔ (۲) واضح کرنا ؛ وضاحت سےبیان کرنا ۔

Get along : (v) (۱) آگے بڑھنا ؛ کامیاب ہونا ؛ ترقی کرنا ۔ (۲) کام چلانا ۔(۳) نبھنا ؛ نبھانا ۔(٤) (Well اور ill کے ساتھ) کام نہ چلنا ؛ اچھا کام کرنا ۔

نبھانا ۔(۷) نزدیک آنا ۔(۸) دیر کرنا ۔(۹) بوڑھا ہونا ۔ (۱۰) سمجھنا ۔(۱۱) رابطہ قائم کرنا ۔

Get out : (v) (۱) دور ہو ۔ (۲) بس رہنے بھی دو ۔(۳) ظاہر ہو جانا؛ کھل جانا۔(٤) معلوم کرلینا ۔(٥) شائع کردینا یا بیان کرنا ۔(٦) نکلنا ۔(۷) اپنےحصص کو علاحدہ کرنا یا بیچ دینا ۔ (۸) سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینا ۔ (۹) نکالنا ۔ (۱۰) ووٹ دلوانا ۔

Get out : (n) چھٹکارا ۔

Get out of : (v) (۱) نکلنا ؛ بھاگ نکلنا ۔(۲) رفتہ رفتہ چھٹ جانا (عادت کا) ۔ (۳) ٹال جانا ۔ (٤) رازمعلوم کرنا یا روپیہ اینٹھنا ۔

Get over : (v) (۱) غالب آنا (مشکل پر) ۔(۲) رد کرنا (دلیل) ۔ (۳) طے کرنا؛ پورا کرنا۔(٤) دور ہونا (بیماری، حیرت وغیرہ) ۔ (٥) (عامیانہ) پھانسنا؛ چرکا دینا ۔ (٦) گریز کرنا ۔ (۷) ختم کرنا ؛ خدا خدا کرکے ختم کرنا (کسی دقت طلب یا ناگوار کام کو) ۔(۸) صاف کرنا ۔

Get-rich-quick : (a) جلد دولت مند بننے کا خواہاں ۔

Get round (v) پھانسنا ؛ چرکا دینا ؛ راضی کر لینا ؛ (میٹھی باتوں سے) ۔

Get round : (v) صحت یاب ہونا ۔

Get through : (v) (۱) پہنچنا ؛ پہنچانا منزل مقصود تک ؛ ختم کرنا ؛ کرڈالنا ۔ (۲) (مسودہ قانون) پاس ہو جانا ؛ منظور ہو جانا ۔(۳) (امتحان) میں کامیاب ہو جانا؛ پاس ہو جانا۔(٤) کاٹ دینا ؛ گزار دینا (وقت کا) ۔ (٥) سمجھادینا ؛ واضح کر دینا ۔(٦) استعفیٰ دینا ۔

Get-together : (n) سماجی اجتماع ۔

Get-tough : (a) سخت گیر ۔

Get under : (v) زور کم کر دینا (آگ کا) ۔

Get up : (v) (۱) اٹھنا ؛ سوکر اٹھنا ۔(۲) چڑھنا (گھوڑے پر) ۔ (۳) تیز ہونا (آگ یا ہَوا کا) ؛ طوفانی ہونا (سمندر کا) ؛ نکل کر سامنےآنا (شکار کا) ٹپہ کھا کر اچھلنا (گیند کا) ؛ بنا ڈالنا ؛ قائم کرنا ؛ کپڑے پر استری وغیرہ کرنا ؛ درست کرنا ؛ سنوارنا ؛ بھڑکانا (غصہ) ؛ پیدا کرنا؛ مہیا کرنا ؛ بناوٹ سے ظاہر کرنا (غصہ وغیرہ) کوئی مضمون امتحان کے لئے تیار کرنا ۔ (٤) صحت اچھی ہونا یا بنانا ۔

Get-up : (n) لباس ؛ وضع ؛ طرز ؛ انداز ؛ کتاب کی طباعت وغیرہ ۔

Getling : (n) بچہ (حرامی) ۔

Gettable/Getable : (a) قابل حصول ۔

Getter : (n) حاصل کرنے والا ؛ پیدا کرنے والا ۔

Getting : (n) (۱) حاصل کرنا ؛ جمع کرنا ۔(۲) نفع ؛ منافع ۔

Geum : (n) [mod. L.] مبارک بوٹی ؛ (بیخ) شب بو ؛ ایک قسم کا پودا جو گلاب سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Gewgaw/Gew-gaw : (n&a)[Origin unkn.] (۱) کھلونا ؛ نمائشی زیور؛ محض دکھاوے کی چیز ۔ (۲) بھڑکیلی لیکن کم قیمت (چیز) ۔

Gewgawed : (a) نمائشی زیوروں سے آراستہ ۔

Gey : (a&adv.) [variable of Gay.] بہت ؛ بیحد ؛ بڑی حد تک ۔

Geyser : (n) [Icel'geysir'.] (۱) گرم چشمہ ۔(۲) گرمایہ ؛ ایک خاص قسم کا چولہا جس پر پانی گرم کیا جاتا ہے ۔

Geyseric : (a) گرم چشمے سے متعلق ۔

Geyserite : (n) ایک قسم کا دودھیا پتھر ۔

Ghast : (a) (۱) مہیب ؛ بھیانک ؛ خوفناک ؛ ڈراؤنی ۔ (۲) دیکھو Ghastly ۔

Ghastlily : (adv.) بھیانک پن سے ؛ وحشت ناک طریقے سے ۔

Ghastly : (a) [ME.'gastlich'.] (۱) خوفناک ؛ ڈراؤنی ؛ مہیب ؛ بھیانک ۔ (۲) مبالغہ کے ساتھ ؛ برا ؛ خراب ۔ (۳) جس پر مُردنی چھائی ہو ؛ زور (پڑنا)؛ وحشت ناک ۔ (٤) خوفناک (تبسم) ۔

Gheber/-bre : آتش پرست ؛ زرتشتی ؛ پارسی ۔

Gherkin : (n) [mod. Du '(a) gourkkign.] چھوٹی ککڑی (جو اچار بنانے کے کام آتی ہے) ۔

Ghetto : (n) [It.'ghetto'.] شہر میں یہودیوں کے رہنے کامقام، یہودی باڑہ ؛ یہودی محلہ ؛ گھیٹو ۔

Ghibelline : (n) [It. Ighibellino'.] (اطالوی) شہنشاہ کی جماعت کا (شخص) جو قرون وسطیٰ میں پوپ کے خلاف شہنشاہ کی حمایت کرتی تھی) ۔

Ghebelline : (a) شہنشاہ کی جماعت کے حامی ۔

Ghebellinism : (n) (اطالوی) شہنشاہ کی حمایت ۔

Ghost : (n) [OF.'gast'.] (۱) روح ؛ دم ؛ جان ۔(۲) روح القدس ۔ (۳)بھوت؛ پریت ؛ آسیب ۔ (٤) شائبہ ؛ وہم و گمان ۔ (٥) دبلا پتلا آدمی ۔(٦) (بصریات) زائد شبیہ (جو عدسے کی خرابی کی وجہ نظر آتی ہو) ۔(۷) وہ مصنّف یا مصور جو معاوضہ لے کر دوسرے کے نام سے کام کرے ۔(۸) (طبیعیات) باطل ۔

Ancestral ghost : (سماجیات) آبائی بھوت ۔

To lay a ghost : آسیب یا بھوت دور کرنا یا بھگانا ۔

To give up the ghost : مر جانا ؛ انتقال کرنا ۔

To raise a ghost : بھوت یا آسیب بلانا ۔

Ghost : (v) بھوت کی طرح منڈلانا ؛ چکر لگانا ۔

Ghost bird : (n) ایک قسم کی ابلق (چڑیا) ۔

Ghost candle : (n) وہ شمع جو بھوت بھگانے کےلئے مردے کےپاس جلائی جاتی ہے ۔

Ghost-cult : (n) (سماجیات) آسیب پرستی ۔

Ghost-dance : (n) شمالی امریکا کے امریکی انڈین کا ایک رقص۔

Ghost-hole : (n) (تاریخ) پریت چھید ۔

Ghost-image : (n) (طبیعیات) باطل شبیہ ۔

Ghost-like : (a) بھوت سا ؛ ایسی جگہ سے متعلق جہاں بھوتوں کا بسیرا ہو ۔

Ghost line : (n) (طبیعیات) باطل خط ؛ باطل لائن ۔

Ghost-moth : (n) رات پتنگا ۔

Ghost plant : (n) ایک قسم کی گھاس ۔

Ghost society : (n) (سماجیات) ظلّی سماج ۔

Ghost town (n) (سماجیات) ویران شہر ۔

Ghost word : (n) ایسا لفظ جو کاتب یا طباعت کی غلطی سے بنے ؛ (لسانیات) جناتی لفظ ۔

Ghostliness : (n) روحانیت ؛ مذہبیت ؛ بھوت کا سا ہونا ۔

Ghostly : (a) [OE.'gastlic'.] (۱) روحانی ؛ غیر جسمانی ؛ دینی ؛ مذہبی ۔(۲) بھوت کا سا ۔

Ghostly enemy : (n) شیطان ۔

Ghostly father : (n) وہ پادری جس کے سامنے گناہوں کا اعتراف کیا جائے ۔

Ghostology : (n) بھوت سے متعلق افسانے اور معلومات ۔

Ghoul : (n) [Arab.'gul'.] غول بیابانی ۔

Ghoulish : (a) غول سا ۔

Ghyll : دیکھو Gill

Giallo antico : (n) [it.'giallolino'.] عمدہ قسم کا زرد مرمر جو اطالیہ کے کھنڈروں میں ملتا ہے ۔

Giant : (n) [OFr.'geant'.] (۱) دیو ؛ عفریت ؛ جن ۔(۲) (یونانی دیومالا) زمین ، آسمان اور عالم اسفل کی اولاد جس نے دیوتاؤں سے جنگ کی تھی ۔(۳) کوئی عظیم الشان قوت ۔(٤) غیر معمولی بڑے قدو قامت کا شخص ، جانور یا درخت ؛ دیو ؛ پیکر ۔(٥) غیرمعمولی قابلیت و جرأت یا قوت کا شخص ؛ جن ۔

Giant : (a) عظیم ؛ بزرگ ؛ مہیب ؛ عفریتی ۔

Giant -cell : (n) بڑا خلیہ ۔

Giant-celled : (a) بڑے خلیوں والا ۔

Giant-powder : (n) ایک قسم کا ڈائنامائٹ ۔

Giant's causeway : (n) سنگ سیاہ کے ستون جو آئرستان میں پائے جاتے ہیں ۔

Giant's kettle : (n) پہاڑ کا گہرا استوانی سوراخ جو ناروے کے ساحل پر پایا جاتا ہے ۔

Giantess : (n) دیونی؛ غیرمعمولی بڑے قدوقامت کی عورت ۔

Giantlike : (a) دیو جیسا ؛ دیوقامت ؛ قوی ہیکل ؛ عفریت صورت ؛ عظیم الجثہ ؛ دیو کا دیو ۔

Gaintship : (n) عفریتیت ۔

Giaour : (n) [Pers.'gaur, gor'.] کافر (ترکی میں ازراہ تنفر عیسائیوں وغیرہ کو کہتے ہیں) ۔

Gib : (n) [Short for 'Gilbert'.] (۱) بلی کا نام ۔(۲) بلا ؛ آفتہ بلا ۔(۳) (تحقیراً) بوڑھی عورت ۔

Gib : (n) [Origin unkn.] خمیدہ کرکری ہڈی جو سالمن مچھلی کے نچلے جبڑے میں نکل آتی ہے ۔

Gib : (n) [Origin unkn.] جب ؛ پشت بند ۔

Gib : (v) مچھلی کو صاف کرنا (نمک لگا کر سکھانے کے لئے) ۔

Gib- staff : (n) پانی کو ناپنے یا ناؤ کو کنارے ہٹانے کی لگّی ۔

Gibbed cat : (n) آفتہ بلا ۔

Gibber : (n) (نمک لگا خشک کرنے کےلئے) مچھلی صاف کرنے والا ۔

Gibber : (n) [f. Jibber (v)] تیز لہجہ ؛ وہ آواز جو سمجھ میں نہ آئے ۔

Gibber : (n) [L.'gibber'.] (نباتیات) کیسہ نما ورم (کمانہ کے نیچے) ؛ کوز ؛ کوہان ۔

Gibber : (n) سنگریزہ پتھر ۔

Gibber/Jibber : (v) [Imitative.] بہت تیزی سے گفتگو کرنا جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آسکے ؛ بندر کی طرح شور مچانا ۔

Gibberish : (a) بےمعنی گفتگو ؛ لا یعنی شور ؛ غلط یا قواعد زبان کے خلاف گفتگو ۔

Gibbet : (n) [OFr.'gibet'.] (۱) سولی ؛ دار ؛ پھانسی ۔ (۲) پھانسی کی سزا ۔(۳) دمکلا کا نکلا ہوا بازو ۔

Gibbet : (v) پھانسی دینا ؛ پھانسی پرلٹکا ئے رکھنا ؛ اس طرح لگانا جس طرح پھانسی پر لٹکا تےہیں ؛ رسوا کرنا ۔

Gibble-gabble : (n) بے معنی گفتگو ۔

Gibbon : (n) [Fr.'gibbon'.] لنگور ۔

Gibbose : (a) [late L.'gibbosus'.] (۱) منحدب ؛ ابھرا ہوا ۔ (۲) (پیشت) نیم بریں ؛ نیم دائرے سے زیادہ روشن ۔ (۳) کبڑا ؛ کوز پشت؛ دوتا ؛ خمیدہ کمر۔

Gibbosity : [OFr.'gibbosite'.] نیم بریئی ؛ نیم بریں ہونا ؛ منحدب ہونا ؛ کوز پشتی ؛ ورم ؛ ابھار ۔

Gibboso-: [L.'gibbosus'.] جزو ترکیبی ؛ بمعنی "منحدب" " نیم بریئی" ۔

Gibbous : (a) [L.'gibbosus'.] دیکھو Gibbose

Gibbously : (adv.) منحدب شکل میں ؛ نیم بریں حالت میں ۔

Gibbousness : (n) نیم بریئی ؛ کوز پشتی ۔

Gibbsite : (n) (۱) الومینیم ہائیڈریٹ ۔(۲) جارج جبس ایک امریکی ماہر معدنیات ۔

Gibe/Jibe : (n) طعنہ ؛ آوازہ ؛ پھبتی ۔

Gibe/Jibe : (v) [OFr.'giber'.] طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ مذاق اُڑانا ؛ تمسخر کرنا ۔

Gibel : (n) [G.'gibel, giebel'.] ایک قسم کی چھوٹی زرد مچھلی۔

Gibeonite : (n) خادم ؛ مزدور ۔

Giber : (n) طعنہ زن ؛ مذاق اُڑنے والا ۔

Gibingly : (adv.) طعنہ زنی سے ؛ تمسخر سے ۔

Giblet : (n) [OFr.'gibelet'.] بط کے وہ اعضا جو پکانے سے پہلے الگ کر دیئے جاتےہیں ۔

Gibralter : (n) (۱) جبل الطارق ۔ (۲) (مجازاً) نا قابل تسخیر قلعہ ۔(۳) ایک قسم کی مٹھائی ۔

Gibus : (n) [f.'Gibus', the inventer'.] ایک قسم کی ٹوپی جو کھٹکے کے ذریعہ سے کھولی اور بند کی جاسکتی ہے ۔

Gid : (n) (۱) بھیڑ کی ایک بیماری ۔(۲) Giddy کا مخفف ۔

Giddily : (a) (۱) دوران سر کی حالت میں ۔(۲) بیخودی میں ؛ لا ابالی پن سے ۔

Giddiness : (n) (۱) چکر، دوران سر ۔(۲) بے خودی ؛ لا اُبالی پن ؛ تلون ۔

Giddy : (a) (۱) جس کا سر چکراتا ہو ؛ جسے دوران سر ہو ۔ (۲) جس سے سر چکرا جائے ؛ دوارن سر پیدا کرنے والا ۔ (۳) تیزی سے چکر کھاتا ہوا ۔ (٤) بےخود وارستہ مزاج ؛ لا ابالی ؛ من موجی؛ متلون ۔ (٥) برہم ؛ بر افروختہ ۔ (٦) دماغ کی بیماری میں مبتلا (بھیڑ) ۔(۷) نمائشی؛ مرصع ۔

Giddy : (v) سر میں چکر آجانا یا سر چکرا جانا ۔

Gieseckite : (n) [f. Sir Charles Giesecke.] سنگ سحابی کی ایک شکل ۔

Giff-gaff : (n) (۱) سوال و جواب ۔(۲) امداد باہمی ۔

Gift : (n) [ON.'gipt'.] (۱) بخشش ؛ دینا ؛ ہبہ ؛ سوغات ؛ عطیہ ؛ تحفہ ۔ (۲) (قانون) ہبہ ۔ (۳) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ؛ خدا کی دین ؛ وہبی کمال ۔ (٤) ناخن پر سفید داغ یا دھبا ۔(٥) رشوت ۔

At a gift : بلا معاوضہ ؛ بطور تحفہ ۔

The gift of tongues : (۱) مختلف زبانوں پر عبور ۔ (۲) اجنبی زبانوں میں گفتگو کا ملکہ ۔

Gift : (v) تحفہ دینا ؛ تحفے یا عطیے کے طور پر دینا ۔

Gift-book : (n) وہ کتاب جو تحفے میں دی گئی ہو یا تحفے میں دیئے جانے کے قابل ہو ۔

Gift-horse : (n) تحفے کا گھوڑا ۔

Gift of gab : (n) باتونی پن ۔

Gift wrap : (v) دیدہ زیب طور پر لپیٹنا ۔

Gifted : (a) قابل ؛ لائق ؛ خدا داد قابلیت رکھنے والا ؛ (فلسفہ) فطین ۔

Giftedness : (n) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ۔

Giftie : (n) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ۔

Giftless : (a) (۱) بےتحفہ ۔(۲) بے صلاحیت ؛ ناقابل ۔

Giftless gifts : (n) ظاہری عطیے ۔

Giftling : (n) چھوٹا تحفہ ۔

Gig : (n) [Echoic or symbolic.] (۱) چکر کھانے والی کوئی چیز ؛ گردشی ۔ (۲) کپڑے کو ہموار اور چکنا کرنے کی مشین ۔ (۳) عجیب و غریب شخص ؛ بیوقوف ۔(٤) ہنسی مذاق ۔

On the (high) gig : مسرور ؛ ترنگ میں ؛ شائق ۔

Gig : (n) (۱) ٹم ٹم ۔(۲) ہلکی کشتی جو جہاز کے ساتھ رہتی ہے۔ (۳) ہلکی کشتی جو ناؤ دوڑ میں ، استعمال ہوتی ہے ۔(٤) لکڑی کا دو خانوں کا بکس جو کانوں میں اترنے چڑھنے کے کام آتا ہے ۔

Gig : (v) آگے پیچھے حرکت کرنا ۔

Gig : (n) (۱) ایک قسم کا بھالا (مچھلی کے شکار کے لئے) ۔ (۲) Fishing یا Fizgig کا مخفف ۔

Gig : (v)[Back- formation from gig-mill.] کپڑے پر رُواں اُٹھانا۔

Gig : (v) (۱) مچھلی کا شکارکرنا ؛ بھالے سے مچھلی مارانا ۔ (۲) مہمیز لگانا ۔ (۳) پسلی میں بھونکنا ۔ (٤) پریشان کرنا ؛ دق کرنا ۔

Gig : (v) ٹم ٹم پر سفرکرنا ۔

Gig : (n) فوجی قوانین سے انحراف کی دفتری رپورٹ ۔

Gig : (v) فوجی قوانین سے انحراف کے خلاف رپورٹ دینا ۔

Gig : (n) [Origin unkn.] کام ۔

Gig-lamp : (n) (۱) ٹم ٹم کا لیمپ ۔(۲) (عامیانہ) چشمہ ؛ عینک ۔

Gig-mill : (n) (۱) کپڑے کو ہموار اور چکنا کرنے کی مشین ۔ (۲) وہ عمارت جس میں یہ مشین ہو ۔

Gig-pair : (n) کشتی جس کو دو آدمی کھیتے ہیں ۔

Gig-saw : (n) گردشی آرا ۔

Gig-work : (n) کشتی کھینے کی مشق ۔

Giga : (n) عہد وسطیٰ کی سارنگی ۔

Giga-* : جزو ترکیبی بمعنیٰ دس کروڑ ۔

Gigantean : (a) [L.'giganteus+-al'.] (۱) دیوقامت؛ عظیم الجثہ؛ قوی ہیکل ۔(۲) بہت بڑا ؛ عظیم الشان ؛ بڑا بھاری ۔

Gigantesque : (a) [Fr.'gigantesque'.] دیو کا سا ۔

Gigantic : (a) دیکھو Gigantean

Gigantically : (adv.) بہت ؛ نہایت ۔

Giganticide : (n) دیو کُش ۔

Giganticide : (n) دیو کشی ۔

Gigantism : (n) (۱) عفریتیت ۔(۲) غیر معمولی زیادہ طور پر نشو و نما ۔(۳) (فلسفہ) دیو پیکری ۔

Gigantology : (a) [Gr.'gigantologie'.] دیووں سے متعلق مباحثے یا کتابیں ۔

Gigantomachy/Gigantomachia : (n) [Gr.'gigantomachia'.] (یونانی دیومالا) زمین، آسمان اورعالم اسفل کی اولادوں کی دیوتاؤں سے جنگ ۔

Gigger : (n) کپڑے پر رواں اٹھانے والی مشین پر کام کرنے والا ۔

Giggish : (a) زندہ دل ؛ متلون المزاج ؛ آوارہ ۔

Giggisness : (n) زندہ دلی ؛ متلون المزاجی ؛ آوارگی ۔

Giggle : (n) (۱) شوخ چشم لڑکی ؛ بدتمیزی سےہنسنے والی لڑکی ۔(۲) بد تمیزی کی ہنسی ؛ دبی ہوئی ہنسی ۔

Giggle : (v) بدتمیزی سے ہنسنا ؛ ٹھٹھا لگانا ؛ رہ رہ کر ہنس پڑنا ۔

Giggler : (n) بدتمیزی کی ہنسی ہنسنے والا؛ ٹھٹالگانےوالا ۔

Giggly : (a) ٹھٹا لگانے کا عادی ۔

Giglet/-ot : (n) دیدہ دلیر لڑکی ۔

Giglet/-to fair : (n) ایک قانونی میلہ جس میں خادماؤں کو ملازمت کےلئے چنا جاتا ہے ۔

Gigman :(n) صاحب ٹم ٹم ۔

Gigman : (n) بھالے سے مچھلی کا شکار کرنے والا ۔

Gigolo : (n) [Fr.'gigolo'.] پیشہ ور شزیک رقص (مرد) ۔

Gigot : (n) [Fr.'gigot'.] ران (بکرے وغیرہ کی) ۔

Gigot-sleeve : (n) پھولی پھولی آستین ۔

Gigsman : (n) جہاز کی کشتی کا ملاح ۔

Gilbertian : (a) [f.W.S. Gilbert.] الٹا سیدھا ؛ مضحکہ خیز ؛ مسخرے پن کا ۔

Glbertine : (a) [L.'Gilbertinus'.] اس مذہبی سلسلے سےمتعلق جسے گلبرٹ آف سمپرنگھم (Gilbert of Sempringhem) نےقائم کیا تھا ۔

Gilbertine : (n) اس سلسلہ کا راہب یا راہبہ ۔

Gild/Guild : (n) [med.L.'gildum, geldum'.] محصول ۔

Gild : (v) [OE.'gyldan'.] (۱) سونےکاپتر چڑھانا؛ ملمع کرنا ۔(۲) دولت سے عیب پوشی کرنا ؛ دولت سے آنسو پونچھنا ۔(۳) سنہرا رنگنا ؛ سنہری روشنی سے چمکانا؛ رنگ کرنا۔(٤) خالی خولی شاندار الفاظ سے آراستہ کرنا ۔(٥) (مجازاً) خون اُلود کرنا ۔(٦) جاذب نظر بنانا ۔

To gild the lily : تضیع اوقات کرنا ؛ جو بذات خود حسین ہو اسے حسین بنانے کی کوشش کرنا ۔

Gilded : (a) (۱) طلائی ؛ مذہّب ۔(۲) بھڑکیلا ۔(۳) امیرانہ ۔

Gilded-chamber : (n) دارالامراء ۔

Gilded spurs : سنہری مہمیز (نائٹ کے رتبے کی علامت) ۔

Gilded youth : (n) وضع دار نوجوان ؛ فیشن والے نوجوان ۔

Gilder : (n) ملمع ساز ۔

Gilding : (n) ملمع سازی ۔

Gilding metal : (n) ایک قسم کا بھرت ۔

Gill : (n) [ON. 'gil'.] (۱) گلپھڑا (عموماً جمع) ۔(۲) گوشت جو مرغوں وغیرہ کےگلے سےلٹکتاہے ۔(۳) سماروغ کی چھتر کی نچلی سطح کی چمک داردھاریاں ۔(٤) جبڑے پر کا گوشت ۔(٥) (عامیانہ) کھڑے کالروں کا کنارہ ۔

To the gills : حتی الوسعت ۔

Gill : (n) [ON.'gil'.] تنگ وادی یا درہ ؛ تنگ پہاڑی چشمہ ۔

Gill : (n) [OF.'gille, gelle'.] (۱) رقیق کا ایک پیمانہ ۔(۲) وہ ظرف جس میں ایک جل اُٹ سکے ۔

Gill/Jill : (n) (۱) لڑکی ؛ محبوبہ ۔ (۲) Gillian کا مخفف ۔

Jack and gill : لڑکا اور لڑکی ۔

Gill : (n) سن وغیرہ جھاڑنے کی کنگھی یا شانہ ۔

Gill : (n) (۱) مچھلی کو صاف کرنا ۔ (۲) سماورغ کی چمک دار دھاریاں دور کرنا ۔ (۳) جال سے مچھلی پکڑنا ۔

Gill : (v) سن یا اون کو صاف کرنا ۔

Gill arch/-bar : (n) (مچھلی کے) گلپھڑے کی محرابی، کُرکری ہڈی ۔

Gill-basket : (n) (حیوانیات) خیشومی سبد ؛ خیشومی پٹاری ۔

Gill-cavity/-chamber : (n) خیشومی جوف ۔

Gill-cleft : گلپھڑے کا شگاف جس سے پانی اندر جاتا ہے ؛ (حیوانیات) خیشومی شگاف ۔

Gill comb : (n) خیشوم شانہ ۔

Gill-cover : (n) خیشوم غلاف ۔

Gill-flirt : (n) دیدہ دلیر عورت ۔

Gill-footed : (a) خیشوم پا ۔

Gill-lamella/-leaf/-leaflet : (n) قناتی ورقہ جو گلپھڑے کا حصہ ہوتا ہے ۔

Gill-lid : (n) گلپھڑے کا غلاف ۔

Gill-net : (n) ایک قسم کا جال جس میں مچھلی گلپھڑوں سے پھنستی ہے ۔

Gill-opening : (n) دیکھو Gill cleft

Gill-plate : (n) دیکھو Gill-lamella

Gill-plume : (n) دیکھو Gill-comb

Gill-poach : (n) خیشومی تھیلی ۔

Gill-raker : (n) محرابی غضروف میں اندرونی ابھار ۔

Gilly-flower : (n) (۱) لونگ پھول ؛ شبو ؛ ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو ہوتی ہے ۔ (۲) اس قسم کے اور پھول ۔ (۳) سیب کی ایک قسم ۔

Gillie : (n) [Gael.'gille'.] (۱) کوہستانی سردار کا خادم ۔ (۲) شکاری ساتھی چھوکرا ۔

Gilling : (n) [Origin unkn.] سالمن ۔

Gilravage : (n) [Origin unkn.] وحشیانہ طور پر رنگ رلیاں منانا ۔

Gilravager : (n) وحشیانہ طور پر رنگ رلیاں منانےوالا ۔

Gilt : (n) (۱) ملمع سازی ۔ (۲) (عامیانہ) سونا ؛ زر ۔

To take the gilt of the gingerbread : کسی چیز کی چمک دمک چھین لینا؛ دلکشی ختم کرنا ۔

Gilt : (n) سورنی ؛ مادہ سور ۔

Gilt : (a) (۱) بھڑکیلا ؛ طلائی ۔ (۲) وضع دار نوجوان ۔

Gilt-edged : بے جوکھم ۔

Gilt-edged security : وہ بے جوکھم تمسکات جن کو ترجیح دیتے ہیں یا جن پر ایسا کرنا بہ خیال حفاظت و احتیاط لازم ہے؛ (معاشیات) محفوظ تمسک ۔

Gilt-tail : (n) ایک چھوٹا کیڑا ۔

Gilt youth : (n) وضع دار نوجوان ؛ فیشن والے نو جوان ۔

Gim : (a) [var.of Jimp.] بانکا ؛ صاف ستھرا ۔

Gimbal : (n) ایک آلہ جو جہاز میں قطب نما کو افقی حالت میں رکھنے کےلئے استعمال ہوتا ہے ؛ جمبل ۔

Gimbal-ring : (n) اکہرا جمبل ۔

Gimballed : (a) جمبل لگا ہوا ۔

Gimble : (v) [Origin unkn.] منہ بنانا ۔

Gimcrack : (n) [ME.'gibcrake'.] (۱) کھلونا ؛ نمائشی چیز ؛ نکمی آرائشی چیز ۔ (۲) سائنسی آلات ۔ (۳) ہر فن مولا ۔

Gimcrack : (a) نمائشی ؛ حقیر ؛ بیکار ؛ نقلی ۔

Gimcrackery : (n) نمائشی چیزیں ؛ کھلونے ۔

Gimlet : (n) [OFr.'guimbelet'.] برما؛ دستی برما ؛ سوراخ کرنے کا اوزار ۔

Gimlet : (v) (۱) دستی برما سے سوراخ کرنا ۔(۲) (بحری) (لنگر کے گرد) گھومنا (جہاز کا) ۔

Gimlet-eye : (a) (۱) بھینگا آنکھ ۔(۲) چبھنے والی آنکھ ۔

Gimlet-eyed : (a) بھینگا ۔

Gimlet-hole : (n) برما سے بنایا ہوا سوراخ ۔

Gimmal : (n) [Altered f.Grmel.] ایک قسم کی انگوٹھی ۔

Gimme : مجھے تو ـــــ پسند ہے ۔

Gimme : (n) چندہ وغیرہ مانگنے والا ۔

Gimme : (n) (عامیانہ) تحفوں کی شدید تمنا ۔

Gimmer : (n) [ON.'gymber'.] (۱) بھیڑ ۔(۲) (تحقیراً) عورت ۔

Gimmick : (n) [Origin unkn.] (۱) دھوکا دینے کا میکانکی آلہ ۔ (۲) نئی ترکیب ۔(۳) مخفی گرفت ۔

Gimmick : (v) دھوکا سے اثر انداز ہونا ۔

Gimp/Gymp : (n) [Du.'gimp'.] (۱) ریشم یا سوت کی بٹی ہوئی ڈوری جس کے بیچ میں تار ہوتا ہے ؛ ریشم وغیرہ کی شبست جو تار سے بندھی ہو ؛ لیس کا موٹا حاشیہ ۔

Gimp : (n) [Fr.'guimpe'.] گلے کا رومال جو راہبات باندھتی ہیں ۔

Gimp : (v) (۱) تار کے ساتھ بٹی ہوئی ریشم یا سوت کی ڈوری سے آراستہ کرنا ۔(۲) تار وغیرہ کو موڑ کر نرم کرنا ۔ (۳) دھاری دار بنانا ۔

Gimp : (n) [Origin unkn.] جوش ؛ ولولہ ۔

Gimp : (n) [Origin unkn.] لنگڑا ۔

Gimp : (v) لنگڑانا ۔

Gin : (n) [OFr.'engin'.] (۱) ایک میکانیکی آلہ ۔(۲) جال ؛ پھندا ؛ دام ۔ (۳) ایک قسم کی جرثقیل کی کل ۔ (٤) (کان کنی) آہنجہ ۔ (٥) کھمبا گاڑنے کی مشین ۔ (٦) بنولے نکالنے کی مشین ۔ (۷) (بحری) چرخی کا چوکھٹا ۔

Gin : (n) [abbrev. of Geneva.] ایک قسم کی شراب جو اناج سے تیار ہوتی ہے ۔

Gin : (v.) (۱) جال میں پھنسانا ؛ پھانسنا ۔(۲) بنولے علاحدہ کرنا ۔

Gin : (prep.) دیکھو Against

Gin : (conj.) اگر ۔

Gin : (conj.) جب تک کہ ؛ جب ۔

Gin : (n) (آسٹریلیا) آدی باسی عورت ۔

Gin drinker's liver/Gin-liver : تشمّع الکبد ۔

Gin-horse : (n) آہنجہ چلانے والا گھوڑا ۔

Gin-house : (n) وہ جگہ جہاں بنولہ علاحدہ کیا جاتا ہے ۔

Gin-palace : (n) بہت کیلا شراب خانہ ۔

Gin-pit : (n) آہنجہ دار عمودی سرنگ ۔

Gin-race/-ring : (n) وہ دائرہ جس میں آہنجے کا گھوڑا گھومتا ہے ۔

Gin-saw : (n) بنولہ علاحدہ کرنے کا آرا ۔

Gin-shop : (n) بھٹی ؛ شراب کی دکان ۔

Gin-sling : (n) جن شراب سے بنا ایک مشروب ۔

Gin-trap : (n) (۱) خرگوشوں کو پکڑنے کا پھندا یا جال ۔ (۲) (عامیانہ) منہ ۔

Gin-wheel : (n) (۱) (آہنجے) کا پہیا ۔(۲) بنولے نکالنے کی مشین کا پہیا ۔

Gingall/Jingall : (n) [Hindi.'janjal'.] بھاری بندوق ؛ ہلکی توپ ۔

Gingelly : (n) [Arab. Juljulan'.] تِل ۔

Ginger : (n) [ME.'gingivere'.] (۱) ادرک ؛ زنجبیل ۔ (۲) (روز مرہ عام) جوش ؛ تیزی ؛ طراری ۔ (۳) ہلکا سرخی مائل زرد رنگ ۔ (٤) ہلکے سرخی مائل زرد رنگ کے بالوں والا شخص ۔

Ginger : (a) (۱) ادرک کے رنگ کا ۔(۲) سرخی مائل زرد رنگ کے بالوں والا ۔(۳) لال پروں والا (مرغ) ۔

Ginger : (a) بااحتیاط ۔

Ginger : (v) (۱) ادرک کی چاشنی دینا ۔(۲) گھوڑے کو دوڑانے کےلئے اس کے سرین کو چھیڑنا ۔ (۳) (کسی شخص کو) ابھارنا ؛ اکسانا؛ تیز کرنا؛ گرمانا ۔

Ginger-ale : (n) ایک مشروب جس میں ادرک کا ذائقہ ہوتا ہے ؛ ادرک کی جھاگ دار شراب ۔

Ginger-beer : (n) ادرک کی جھاگ دار شراب ۔

Ginger-bread : (n) (۱) ادرک پڑی ہوئی میٹھی ٹکیا ۔ (۲) نمائشی ؛ شوخ اور بھدی چیز ۔ (۳) (عامیات) زر ۔

To take the gilt of the ginger-bread : دیکھو gilt

Ginger-bread nut : (n) ادرک پڑی ہوئی میٹھی گول ٹکیا ۔

Ginger-bready : (a) نمائشی ۔

Ginger-cordial : (n) کشمش، لیمو کے چھلکے، ادرک اورپانی سے تیار کیا ہوا ایک مشروب جس میں بعض اوقات برانڈی یا وہسکی بھی ملاتےہیں ۔

Ginger-grass : (n) جزائر شرق الہند کی ایک گھاس ۔

Ginger-nut : (n) دیکھو Ginger-bread nut

Ginger-pop : (n) (۱) دیکھو Ginger-beer ۔(۲) (عامیانہ) پولیس کا سپاہی ۔

Ginger-snap : (n) (۱) ادرک سےبناہوا ایک پتلا کُرکُرا کلچہ ۔ (۲) تندخو شخص ۔

Ginger-spice : (n) ادرک ۔

Ginger-wine : (n) چینی، پانی اور ادرک سےبنی شراب ۔

Ginger-wort : (n) ادرکیہ ۔

Gingerbread plum : (n) مغربی افریقہ کے ایک ثمردار درخت کا پھل ۔

Gingerbread tree : (n) مغربی افریقہ کا ایک ثمردار درخت ۔

Gingerbread work : (n) نمائشی اور بےڈھنگی آرائش ۔

Gingerliness : (n) با احتیاط ہونا ۔

Gingerly : (adv.) بہت احتیاط سے ؛ ڈرتے ڈرتے ۔

Gingerly : (a) با احتیاط ۔

Gingery : (a) (۱) سرخی مائل زرد رنگ کا ۔(۲) ادرک کا ۔ (۳) جو شیلا ؛ تیز ؛ طرار ۔

Gingham : (n) [Malay.'ginggang'.] (۱)رنگین سوت کا بنا ہوا دھاری دار کپڑا ۔ (۲) (روزمرہ) چھتری ۔

Gingiva : (a) [L.] مسوڑھا ۔

Gingival : (a) مسوڑھوں سے متعلق ؛ مسوڑوں کا ؛ لثوی ۔

Gingivitis : (n) مسوڑھوں کا ورم یا سوزش ۔

Ginglyform : (a) قبضہ نما ۔

Ginglymate : (v) قبضہ بننا ۔

Ginglymoidal/Ginglimoid : (a) قبضہ سےمشابہ ؛ قبضہ نما ۔

Ginglymus : (n) [mod.L.'ginglymus'.] مفصل قفلی ؛ جسم کا ایک جوڑ جو صرف دو طرف حرکت کرسکتا ہے ۔

Ginkgo/Gingko : (n)[Jap-Chinese 'yinhing'.] ایک چینی درخت جس کے پتے خوبصورت ہوتے ہیں ۔

Ginny-carriage : (n) مال گاڑی ۔

Ginseng : (n) [Chinese 'yen shen'.] ایک پوداجس کی جڑ بطور دوا استعمال ہوتی ہے ۔

Giottesque : (a) Giotto کے طرز کا ۔

Giottesque : (n) Giotto کا طرز ؛ جیوٹو کا پیرو ۔

Gip : (n) مصیبت ۔

Gip : (v) [Origin unkn.] نمک لگا کر سکھانے کےلئے مچھلی کو صاف کرنا ۔

Gippo : (n) (عامیانہ) شوربا ؛ دم پخت سالن ۔

Gipsies : (n) [Proper name of springs.] وقفہ دار چشمہ ۔

Gipsy/Gypsy : (n) [L.'Aegyptius'.] (۱) جپسی ؛ خانہ بدوش ؛ قبطی ۔(۲) جپسی زبان ۔(۳) (مزاحاً) شریر یا سانولی عورت ۔

Gipsy : (v) خانہ بدوشوں کی طرح رہنا ۔

Gipsy bonnet/-hat : (n) چوڑے چھجے والا بیٹ ۔

Gipsy herring : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Gipsy-moth : (n) جپسی پروانہ ۔

Gipsy-ring : (n) چپٹی سونے کی انگوٹھی جس میں پتھر جڑے ہوتے ہیں ۔

Gipsy-rose : (n) ایک قسم کا کجھلی مار پودا ۔

Gipsy-winch : (n) چھوٹا حمالہ ۔

Gipsy-wort : (n) ایک قسم کی بوٹی ۔

Gipsydom : (n) خانہ بدوش لوگ ؛ جپسی قوم ۔

Gipsyfy/Gipsify : (v) جپسی بنانا ۔

Gipsyhood : (n) خانہ بدوشی ۔

Gipsyism : (n) خانہ بدوشوں کی زندگی ؛ جپسی پن ۔

Giraffe : (n) [Arab.'gazafa'.] (۱) (حیوانیات) زرافہ ؛ افریقہ کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں بہت بڑی ہوتی ہیں ۔(۲) (علم النجوم) زرافہ ۔(۳) (کان کنی) گاڑی جو ڈھلوان پر استعمال ہوتی ہے ۔

Girafid : (n) جنس زرافہ کا ایک جانور ۔

Girandola : (n) [It.] (۱) (آتش بازی کی) چرخی ۔(۲) گردشی فوارہ ۔

Girandole : (n) [Fr.'girandole'.] (۱) آتش بازی کی چرخی ۔ (۲) گردشی فوارہ ۔(۳) موم بتیوں کا جھاڑ ۔ (٤) جڑاؤ آویزہ یا کرن پھول ۔

Giransol : (n) [Fr.'girasol'.] ایک قسم کا دودھیا پتھر ؛ عین الشمس ۔

Gird : (n) [f.Gird (v).] (۱) تشنج ۔(۲) طعنہ ؛ ہنسی ؛ مذاق ۔

Gird : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ۔(۲) تقویت پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ۔ (۳) پیٹی میں تلوار باندھنا ۔(٤) پیٹی یا پٹکے سے کسنا ۔ (٥) لپیٹنا ۔ (٦) گھیرا ڈالنا ؛ حلقہ ڈالنا ؛ احاطہ کرنا ۔(۷) محاصرہ کرنا ؛ گھیرنا ۔

Gird : (v) مذاق کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ طعنہ زن ہونا ۔

Girder : (n) (۱) شہتیر ؛ دہنی ؛ گرڈر ۔(۲) چھت یا پل کی ڈاٹ ۔

Girder-bridge : (n) شہتیری پل ۔

Girder-rail : (n) شہتیر نما ریل ۔

Girderage : (n) شہتیریں ۔

Girding : (n) (۱) گھیرنا ؛ لپیٹنا ؛ طعنہ زن ہونا ۔ (۲) گھیرنے والا ۔

Girdle : (n) [OE.'gyrdel'.] (۱) پیٹی ؛ پٹکا ؛ کمر کی ڈوری ۔ (۲) حلقہ ؛ گھیرا ۔(۳) درخت کی چھال چھیل کر جو حلقہ اس کے گرد بناتے ہیں ۔(٤) (عضویات) چپنی ؛ حزام ؛ جسم کا وہ حصہ جس کے سہارے ہاتھ پاؤں وغیرہ ٹکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

(To have, hold) under one's girdle : تابع بنانا ۔

Girdle : (n) توے کی قسم کی چیز جس پر کیک سینکتے ہیں ۔

Girdle : (v) (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ۔ (۲) حلقہ میں لینا ؛ درخت کے تنے کے گرد حلقہ بنا کر اس کو زیادہ پھل دار کرنا یا خشک کر دینا ۔

Girdler : (n) (۱) پیٹی، پٹکا وغیرہ بنانے والا ۔(۲) گھیرنے والا ۔

Girdle-string : (n) (تاریخ) کمربند ؛ کمر ڈوری ۔

Girdlestead : (n) (۱) کمر ۔ (۲) گود ؛ آغوش ۔

Gire : (n) گردش ؛ چکر ؛ دوراں ؛ دور ۔

Girl : (n) [ME.'gurle, girle,gerle.] (۱) لڑکی؛بچی ۔(۲)ناکتخدا عورت؛ دوشیزہ؛ کنواری ۔(۲) خادمہ؛ چھوکری ۔ (٤) محبوبہ ؛ معشوقہ ۔ (٥) قحبہ ۔ (٦) زنانہ سکریٹری ۔

Knave girl : لڑکا ۔

Old girl : (۱) عورت کو محبت یا حقارت سے کہتے ہیں ۔(۲) (تحقیراً) گھوڑی ۔

Girl guide : (n) رہبر ؛ گائیڈ ؛ ہادی ۔

Girlery : (n) لڑکیاں ۔

Girlhood : (n) لڑکپن ؛ بچپن ؛ دوشیزگی ؛ کنیاپن ؛ بچی ؛ لڑکی (پیار میں) ۔

Girlie : (n) (۱) چھوٹی بچی ۔(۲) (عامیانہ) قحبہ ۔

Girlish : (a) معصوم ؛ بھولی؛ کم سن ؛ شرمیلاپن ؛ شرمیلی ۔

Girlishly : (adv.) بھولےپن سے ؛ شرمیلے پن سے ۔

Girlishness : (n) معصومیت ؛ بھولاپن ؛ شرمیلاپن ۔

Girly : (a) دیکھو Girlish

Gilry-girly : (a) بناوٹی طور پر بھولی یا شرمیلی ۔

Girn : (v) [Metathetic form of Gr in.] غم وغصہ میں دانت پیسنا ۔

Girn : (n) غرّاہٹ ۔

Giro : (n) [It.] چکر ؛ گردش ۔

Gironde : (n) (فرانس کی) معتدل جمہوری پارٹی ۔

Girondist : (n&a) [Fr.'Girondiste'.] ۱۷۹۱-۱۷۹۳ میں معتدل جمہوری پارٹی کارکن (فرانس میں)؛ معتدل جمہوریت پسند ۔

Girouette : (n) [Fr.] (مرغ) باد نما ۔

Girt : (n) (۱) گھوڑے کا تنگ : زیر بند ۔(۲) استوانہ نما چیز کےگرد کی پیمائش ۔(۳) دیکھو Girth ۔

Girt-line : (n) (بحری) مستول سے بندھا ہوا رسّا جس سے سازو سامان اُٹھاتے ہیں ۔

Girth : (a) (۱) گھیرا ہوا ۔(۲) (بحری) لنگر انداز جہاز جو حرکت نہ کرسکے ۔

Girth/Girt : (n) [ME.'gerth'.] (۱) (گھوڑے کا) تنگ ؛ زیر بند ۔ (۲) استوانہ نما چیز کے گرد کی پیمائش ۔ (۳) (کان کنی) افقی جوڑ ڈنڈا ۔(٤) گھیرنے والی چیز ۔(٤) چھوٹے افقی شہتیر ۔

Girth : (v) (۱) تنگ کسنا؛ تنگ باندھنا ۔(۲) گھیرنا؛ احاطہ کرنا ۔ (۳) رسی کو کسی چیز کے گرد لپیٹنا (پیمائش کےلئے) ۔(٤) گولائی ناپنا ۔

Girth-web : (n) زیر بند بنانے کا بُنا ہوا کپڑا : بُنے ہوئے کپڑے کی پیٹی ۔

Girtonian : (n) Girton (کیمبرج) کی طالبہ ۔

Gisement : (n) [Var.of 'gistment'.] (۱) اُجرت پر مویشی کو چَرائی کےلئے لینا ۔(۲) چَرائی کی اُجرت ۔

Gismondine/Gismondite : (n) [f.prof.'Gismondic'.] آلومینیم اور کیلسیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Gist : (n) [OFr.'gist'.] خلاصہ ؛ اصل مدعا ؛ اصل مطلب ؛ لب لباب ۔

Gist : (v) قیمتاً مویشی کو چَرائی کے لئےلینا ۔

Git-up : (n) قوت عمل ؛ توانائی ؛ جارحیت ۔

Gitana : (n) جپسی عورت ۔

Gitano : (n) [S p.] جپسی مرد (خصوصاً ہسپانیہ کے) ۔

Gith : (n) [L.'git, gith'.] کلونجی ۔

Gitter : (n) [G.] (بصریات) انکساری جالی ۔

Gittern : (n) [OFr.'guiterne'.] بربط ؛ ایک قسم کا باجا ۔

Giunta : (n) [It.'giunta'.] اُمراء کی مجلسِ شوریٰ ۔

Give : (n) لچک ؛ نرمی ؛ ملائمت ؛ پسپائی ۔

Give : (V) [OE.'giefan, gefan'.] (۱) دینا ؛ عنایت کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ ہبہ کرنا ؛ ہدیہ دینا ؛ نذرکرنا؛ ترکہ میں دینا ؛ نکاح میں دینا ۔(۲) حوالہ کرنا؛ سپرد کرنا؛ تفویض کرنا ؛ پیش کرنا ۔ (۳) پلانا (دوا) ۔ (٤) پہنچانا (پیغام) ۔ (٥) دینا (قول زبانی) ۔ (٦) ادا کرنا ؛ فروخت کرنا ۔ (۷) وقف کرنا ؛ صرف کرنا ۔ (۸) عادت ہونا؛ لت ہونا ۔ (۹) مارنا(ٹھوکر، نعرہ وغیرہ)؛ دینا (حکم ، دعا) ۔(۱۰) فیصلہ کرنا ۔(۱۱) پیش کرنا؛ بڑھانا (ہاتھ مصافحہ کےلئے) ۔ (۱۲) ظاہر کرنا ۔ (۱۳) گانا ؛ نقل کرنا ؛ ایکٹ کرنا ۔ (۱٤) باعث ہونا؛ وجہ تسمیہ ہونا ۔(۱٥) مقرر کرنا؛ منسوب کرنا، رکھنا (نام) ۔ (۱٦) پیدا کرنا ؛ دینا؛ نکلنا ۔ (۱۷) ڈھیلا پڑنا ؛ گرپڑنا؛ بیٹھ جانا؛ بٹ جانا ؛ سکڑجانا ۔ (۱۸) (کھڑکی کا کسی طرف) کھلنا ۔ (۱۹) قربانی دینا ۔ (۲۰) پیش کرنا۔(۲۱) نیک خواہشات پیش کرنا۔ (۲۲) ٹیلیفون لگانا ۔

Give him his due : اس میں جو اچھی باتیں ہیں انہیں ماننا چاہیئے ؛ عیب منے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو ۔

Give- and-take : (n) (۱) دونوں طرف سے رعایت ؛ سمجھوتہ؛ مصالحت ۔ (۲) گفت وشنید ۔ (۳) گُھڑ دوڑ میں گھوڑوں پر کم یازیادہ بوجھ رکھنا ۔ (٤) موافق اور ناموافق حالات کا باری باری ہونا ۔

Give- and-take : (a) (۱) (گُھڑ دوڑ میں) کم وبیش بوجھ لے جانے والا ۔ (۲) مصالحتی ۔

Give away : (v) (۱) دے ڈالنا ؛ ہبہ کرنا ۔ (۲) دلہن کو دولہا کے ساتھ رخصت کرنا ۔ (۳) راز فاش کرنا ۔ (٤) (تضحیک وغیرہ کا) مورد بنانا ۔ (٥) تقسیم کرنا (انعام) ۔

Give back : (v) (۱) واپس کرنا؛ لوٹا دینا ۔ (۲) انعکاس کرنا ۔

Give battle : (v) جم کر لڑنا ۔

Give birth : (v) جننا ۔

Give birth to : (v) (۱) جننا ؛ پیدا کرنا ۔ (۲) (مجازاً) پیدا کرنا ؛ تخلیق کرنا ۔

Give down : (v) (گائے کا) دودھ دینا ۔

Give ear to : (v) شنوائی کرنا ؛ غور سے سننا ۔

Give forth : (v) (۱) پھیلانا ۔ (۲) چھوڑنا ؛ نکالنا ۔

Give ground : (v) پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ۔

Give in : (v) دب جانا ؛ اطاعت قبول کرلینا ؛ مان لینا ؛ باضابطہ داخل کرنا (درخواست) ؛ بطور ضمیمے کے شامل کرنا ۔

To give in one's adhesion to : باضابطہ منظور کرنا ۔

Give it : (v) مارنا ؛ کندی کرنا ؛ مرمت کرنا ۔

Do give it hot : سرزنش کرنا ۔

Give off : (v) نکالنا ؛ خارج کرنا (دھوئیں وغیرہ) ۔

Give out : (v) (۱) اعلان کرنا ۔ (۲) نکالنا؛ خارج کرنا ۔ (۳) تقسیم کرنا ۔ (٤) تھک کر نہ جانا ۔ (٥) کم پڑنا ۔ (٦) ٹوٹ جانا (عضو، مشین وغیرہ کا) ۔

Give over : (v) دست بردار ہو جانا ؛ ترک کرنا (عادت) ؛ باز رہنا ؛ حوالہ کرنا ؛ نا امید ہو جانا ۔

To give over for (dead, lost) : مردہ یا گم سمجھنا ۔

Give me : مجھے تو ـــــ پسند ہے ۔

God, Christ give : اے خدا عطا کر ۔

To give a broadside, a volley , a shot : گولے برسانا ۔

To give a good account of : اچھا کرنا ۔

To give a person to believe : یقین دلانا ۔

To giev a piece of one's mind : صاف صاف کہنا ؛ پُر زور طریقے سے اظہار اختلاف کرنا ۔

To give a Roland for an Oliver : جیسے کوتیسا دینا ۔

To give fire : ایندھن دینا ؛ بھڑک اٹھنا ۔

To give it to custody : حراست میں دینا ۔

To give (one) as good as he brings : ترکی بہ ترکی جواب دینا ؛ گھونسے کا جواب گھونسے سے دینا ۔

To give one his due : کسی میں جو اچھی باتیں ہوں انہیں ماننا ؛ انصاف کرنا ۔

To give rise to : باعث ہونا سبب ہونا ۔

To give the case : ساتھ دینا یا مخالفت کرنا ۔

To give the point : (۱) شمشیر زنی) حملہ کرنا ۔

To give the (time of) day (to) : سلام کرنا ؛ صبح بخیر وشام بخیر وغیرہ کہنا ۔

To give the world one's ears : (کسی چیز کے لئے) بڑی سے بڑی قربانی کرنا/ دینا ۔

To give to eat, drink : کھلانا پلانا ۔

To give to reflect : دعوت فکر دینا ۔

To give to the world/-to the public : اشاعت کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ شائع کرنا ۔

Give about : (v) پھیلانا (افواہ) ۔

Give again : (v) (۱) واپس دینا ۔ (۲) نرم ہونا ؛ ملائم ہونا ۔

Give place : (v) کسی کے لئے جگہ خالی کرنا ؛ ایک شخص کی جگہ یا اس کے بعد دوسرے کا آنا ۔

Give up : (v) (۱) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا ؛ مستعفی ہو جانا ۔ (۲) حوالہ کرنا ؛ دے دینا ۔ (۳) مغلوب ہوجانا ؛ بیتاب ہو جانا (جذبات سے) ۔ (٤) قطع تعلق کرلینا ۔ (٥) کوشش سے باز آجانا ۔ (٦) عادت ہونا ؛ لت ہونا ۔ (۷) ظاہر کر دینا (شرکائے جرم کے نام وغیرہ) ۔ (۸) لاعلاج یا لاحل سمجھ کر چھوڑ دینا ؛ مایوس ہو جانا ۔

To give up for lost : ملنے کی امید نہ رکھنا ۔

To give up the ghost : مرجانا ۔

Give way : (v) (۱) پسپا ہونا ۔ (۲) اپنی جگہ دوسرے کو دینے پر مجبور ہو جانا ۔ (۳) ٹوٹ جانا ؛ کام کا نہ رہنا (چیزوں کا) ۔ (٤) رعایت کرنا ۔ (٥) مغلوب ہونا (جذبات سے) ۔ (٦) صبر یا قوت برداشت کھو دینا ۔ (۷) (حصص وغیرہ کا) نرخ کم کرنا ۔ (۸) (بحری) تیزی سے کھینچنے کا حکم ۔

Given : (a) (۱) عطیتاً ۔ (۲) مائل ؛ عادی ۔ (۳) مقررہ ۔ (٤) تعمیل ؛ تکمیل ۔

Given name : (n) نام جو بپتسما کے وقت دیا جاتا ہے ۔

Giver : (n) دینے والا ؛ عطیہ دہندہ ۔

Givey/Givy : (a) دینے پر مائل ۔

Giving : (n) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ۔

Gizmo/Gismo : (n) {Origin unkn.} نا معلوم الاسم ۔

Gizz : (n) {by shortening and alter. of 'jasey'.} مصنوعی بال ۔

Gizzard : (n) {ME.'giser'.} (۱) (عضویات) سنگ دان ؛ پوٹا ؛ قانصہ ؛ سنگ دانہ ۔ (۲) (مزاحاً) شخص ۔ (۳) (مزاحاً) جگر ۔

To fret one's gizzard : متردد ہونا ؛ پریشان ہونا یا کرنا ۔

To stick in one's gizzard : ناگوار ہونا ۔

Glabella/Glabellum : (n) {mod.L.} (تشریح) مقطب ؛ بین ابرو ۔

Glabellar : (a) مقطب سے متعلق ۔

Glabello- : جزو ترکیبی بمعنی "مقطب" ؛ مقطب سے متعلق ۔

Glabrate : (a) {L.'glabrus'.} (نباتیات و حیوانیات) چکنا ؛ بے مو ۔

Glabreity : (n) {Fr.'glabreite'.} چکنا پن ؛ بے موئی ۔

Glabrescent : (a) {L.'glaber'+escent.} (نباتیات وحیوانیات) رواں ریز ؛ موریز ۔

Glabrous : (a) بے رواں ؛ چکنا ؛ بے مو ؛ صفاچٹ ؛ چکنی کھال کا ۔

Glace : (n) {Fr.} (۱) چکنا ؛ چمکدار ؛ پالش کیا ہوا ۔ (۲) شکر آمیختہ ؛ برف میں لگا ہوا ؛ برف پڑا ہوا (پھل وغیرہ) ۔

Glacial : (a) {Fr.'glacial'.} (۱) برف کا ؛ برفانی ۔ (۲) (کیمیا) بلورہ دار ؛ قلم دار ؛ قلمی ۔ (۳) (ارضیات) برفانی ۔

Glacial epoch/-era/-period : (n) برفانی دور ۔

Glacial sea : (n) برفانی دور کا سمندر ۔

Glacialism : (n) زمین کی سطح پر برف کے اثر انداز ہونے کا نظریہ ۔

Glacialist : (n) برفانی مظاہر کا ماہر ۔

Glacially : (adv.) برفانی حالت میں ۔

Glaciate : (v) {L.'glaciat-'.} (۱) منجمد کرنا ۔ (۲) برف سے مشابہ کرنا ۔

Glaciated : (a) جو برف گرنے سے چکنا ہو جائے ؛ جس پر برف کی تہ جمی ہو ؛ یخ بستہ ؛ (جغرافیہ) گلیشیر زدہ ۔

Glaciation : (n) برف سے چکنا ہونا ؛ برف کی تہ جم جانا ؛ یخ بستگی ؛ (جغرافیہ) کلیسائی عمل ۔

Glacier : (n) {Fr.'glacier'.} برف کی چٹان یا برف کا چشمہ ؛ یخ تودہ ؛ تلجیہ ۔

Glacier-mill : (n) برف کے پہاڑ میں کھڑی دراڑ ۔

Glacier-mud/-silt : (n) کنکریلی کیچڑ ؛ سنگریزے اور چھوٹی چٹانوں کا انبار جو ایسی چٹانوں میں پایا جاتا ہے جو کبھی یخ بستہ تھی ۔

Glacier snow : (n) نرم برف جو برف کی چٹانوں کے سروں پر پائی جاتی ہے ۔

Glacier-table : (n) برف کے ستون کےاوپر چپٹی چٹان ۔

Glaciered : (a) برف کی چٹانوں سے ڈھکاھوا ؛ تلجیہ دار ۔

Glacierist : (n) تلجیہ کا ماہر ۔

Glacis : (n) [Fr. 'glacis'.] (۱) ہلکی ڈھلوان ۔(۲) (قلعہ) قلعہ کا پشتہ ؛ (تاریخ) قلعہ کا حفاظتی دمدمہ ۔

Glad : (a) [OE.'glaed'.] (۱) خوش ؛ مسرور ؛ مگن ؛ دلشاد ؛ خرم ؛ شادماں ۔(۲) سرور آگیں ؛ مسرت بھری ۔ (۳) شگفتہ ؛ پاکیزہ (مزاج) ۔(٤) مسرت بخش ؛ دلپذیر ؛ خوش آئند (خبر وغیرہ) ۔

Glad : (v) خوش کرنا ۔

Glad of : (a) (۱) (کسی چیز کو) پاکر خوش ۔(۲) (کسی وجہ سے) خوش ۔

Glad rags : (n) (عام، امریکا) اتوار کا لباس ؛ رسمی لباس ۔

Gladden : (v) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ باغ باغ کرنا ۔

Gladdon : (n) [OE.'glaedene'.] سوسن ۔

Glade : (n) [Origin unkn.] (۱) جنگل کے بیچ میں کُھلا ہوا میدان یا راستہ ۔ (۲) جنگلوں کے درختوں کے درمیان راستہ ؛ لیکھ ؛ بٹیا ۔

Glade-nut : (n) چڑیا پھنسانے کا ایک قسم کا جال ۔

Gladen : (e) دیکھو Gladdon

Gladful : (n) خوش ؛ مسرور ۔

Gladfully : (adv.) خوشی سے ؛ خوش ہو کر ۔

Gladfulness : (n) خوشی ؛ مسرت ؛ انبساط ۔

Gladiate : (a) [L.'gladiator'+-ate.] تیغی ؛ سیفی ۔

Gladiator : (n) [L.'gladiator'.] (۱) پیشہ ور تیغ زن (جس کا رومائے قدیم میں عام جشن یا تماشائیوں میں مقابلہ کرایا جاتا تھا) ؛ پیشہ ور شمشیر باز ۔ (۲) مناظرے کا مرد میدان ۔

Gladiatorial/Gladiatorian : (a) پیشہ ور تیغ زن سے متعلق ۔

Gladiatorism : (n) تیغ زنی ۔

Gladiatorship : (n) تیغ زنی کا پیشہ یا اس کی مہارت ۔

Gladiole : (n) [L.'gladiolus'.] (۱) (نباتیات) سیف الغراب، تیغہء سوسن ؛ ایک پھول دار درخت جس کے پتےتلوارکی شکل کے ہوتے ہیں ۔(۲) (تشریح) تیغہ ؛ تیغہء قص ۔

Gladiolus : (n) [See prec.] دیکھو Gladiole

Gladius : (n) [L.] (۱) تیغ ماہی ۔(۲) (یک وقتی لفظ) تیغ ۔ (۳) قیرماہی ڈھانچہ ۔

Gladly : (adv.) خوشی سے ؛ بخوشی ۔

Gladness : (n) خوشی ؛ خرّمی؛ مسرت ؛ شادمانی ؛ انبساط ۔

Gladsome : (a) (شاعرانہ) خوش ؛ خرم ؛ شادماں ؛ مگن ؛ مسرور ۔

Gladsomely : (adv.) خوشی سے ؛ شاداں وفرحاں ۔

Gladsomeness : (n) خوشی ؛ خرّمی ؛ شادمانی ۔

Gladstone : (n) [f.w.E.Gladstone.] (۱) ارزاں قسم کی شراب جو گلیڈ اسٹون کے زمانےمیں محصول کم ہو جانے سے بہت رائج ہو گئی تھی ۔(۲) ایک قسم کا ہلکا سفری ہینڈ بیگ ۔(۳) چار پہیوں والی ایک قسم کی گاڑی ۔

Gladstonian : (a) گلیڈ اسٹون کے متعلق ۔

Gladstonian : (n) گلیڈ اسٹون کا حامی یا اس کی پارٹی کا رکن ۔

Gladwin (e) : دیکھو Gladdon

Glaik : (n) [Origin unkn.] (۱) تمسخر آمیز فریب ۔(۲) چمک (روشنی کی) ۔

Glaikit : (a) [ME.'glaikit'.] نا سمجھ ؛ بے وقوف ۔

Glair : (n) [OFr.'glaire'.] (۱) انڈے کی سفیدی ؛ بیاض البیض؛ زلال ۔ (۲) لس دار شے ۔

Glair : (v) انڈے کی سفیدی یا کوئی اور لس دار چیز لپیٹ دینا ۔

Glaireous : (a) لس دار ؛ زلال نما ؛ سفیدی دار ۔

Glairigenous : (a) لس دار چیز پیدا کرنے والا ۔

Glairin/-ine : (n) ایك لس دار نباتی مادہ جو معدنی پانی کو ہوا میں رکھے جانےکے بعد پایا جاتا ہے ۔

Glairiness : (n) چپچپاہٹ ؛ لزوجت ۔

Glairy : (a) انڈے کی سفیدی کا سا ؛ لس دار ۔

Glaive : (n) [OFr.'glaive'.] چوڑے پھل کی تلوار ۔

Glamorous : (a) سحر کا ؛ جادو کا؛ مسحور کن ؛ نظر فریب ۔

Glamorously : (adv.) مسحور کن طورپر ۔

Glamour/Glamoury/Glamourie : (n) [Alternation of Grammar.] (۱) سحر ؛ جادو ؛ ٹوٹکا ۔(۲) نظر فریب حسن ۔

Glamour : (v) جادو کرنا ؛ موہ لینا ۔

Glance : (n) [f Glance (v).] (۱) چمك ؛ جھلك ۔(۲) سرسری نظر ؛ اچٹتی نظر ۔ (۳) (کرکٹ) بٹ جو گیند کو کنکھیوں سے دیکھ کر لگائی جائے ۔

Glance : (v) (۱) چٹنا ؛ اچٹ جانا (ہتھیار وغیرہ) ۔(۲) (کسی مضمون پر) اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا یا سرسری بحث کرنا ۔ (۳) چمکنا؛ دمکنا؛ چمك اٹھنا ۔(٤) جھلك دیکھنا ؛ نظر سے اشارہ کرنا ۔ (٥) ترچھی نظر ڈالنا ۔ (٦) (کرکٹ) کنکھیوں سے دیکھ کر بٹ لگانا ۔

To glance one's eye, look : نظر دوڑانا ؛ نظر پھیرنا ؛ متوجہ ہونا ۔

Glance : (v) چمکانا ؛ جلا کرنا ۔

Glance-coal : (n) پتھر کوئلا ۔

Glance-pitch : (n) (کان کی) رال ؛ خالص اسفلٹ ۔

Glance-wood : (n) ایك قسم کی سخت لکڑی جو گیوبا میں میں پائی جاتی ہے ۔

Glancer : (n) (بول) کندوں کو پھسلنے میں اِدھر اُدھر ہونے سے روکنے والا کندہ ۔

Glancingly : (adv.) اچٹتے ہوئے ؛ سرسری طورپر ۔

Gland : (n) [L'glans, gland.] (۱) (تشریح) حشفة الذکر ؛ سر ذکر ؛ سر بظر ؛ حشفة البظر ۔(۲) (نباتیات) بلوط دانہ ۔

Gland : (n) [Fr.'glande'.] (عضویات، نباتیات) غدہ ؛ غدود ؛ گلٹی ۔

Digestive gland : (حیوانیات) ہضمی غدہ ۔

Gland : (n) (۱) گیرندہ ۔(۲) خمیدہ سلاخ ۔(۳) جوڑ نلکی ۔

Gland-secretion : (n) (کیمیا) غدودی رطوبت ۔

Glander : (n) [OFr.'glandre'.] (۱) کنار ؛ گھوڑوں کی ایك متعدی بیماری جس میں جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ہے اورنوك سے رطوبت خارج ہوتی ہے ۔(۲) (طب) کنار ؛ سراجہ ۔

Glandered : (a) کنار میں مبتلا ۔

Glanderous : (a) کنار میں مبتلا یا اس سے متاثر ؛ سراجی ؛ سراجہ زدہ ۔

Glandiferous : (a) [L.'glandifer'.] بلوط دار ؛ بلوط آور ؛ بلوط سے لدا ہوا ۔

Glandiform : (a) (۱) بلوط نما ۔(۲) غدود نما ۔

Glandless : (a) بےغدود ۔

Glandular : (a) [Fr.'gladulaire'.] (۱) غدودی ؛ غدود نما ۔ (۲) بلوط بردار ۔

Glandulation : (n) غدودی نظام ۔

Glandule : (n) [L.'gladulae'.] غدیدہ ؛ چھوٹا غدود ۔

Glanduliferous : (a) غدیدہ دار ؛ پُر غدود ۔

Glanduliform : (a) غدیدہ نما ۔

Glandulose : (a) غدودی ۔

Glandulous : (a) غدودی ۔

Glans : (n) [L.'glans'.] دیکھو Gland

Glare : (n) (۱) خیرہ کن روشنی ؛ چکا چوند ؛ تاب و تب ؛ آفتاب کی روشنی ۔ (۲) بھڑکیلا پن ؛ بھدی آرائش ۔ (۳) تکٹکی ؛ گہری نظر ؛ غضب آلود نظر ۔(٤) (کیمیا) چوندھ ۔

Glare : (n) [Origin obscure.] برف کی چادر ۔

Glare/Glair : (a) چکنا اور نیم شفاف (خصوصاً برف) ۔

Glare : (v) [MDu.'glaren'.] (۱) چوندھیا دینا ؛ چکا چوند کر ڈالنا؛ نظر خیرہ کر دینا ۔(۲) بہت زیادہ نمایاں ہونا؛ نظریں چبھنا ۔ (۳) گھور کر یا گرم نگاہوں سے دیکھنا ۔(٤) آنکھوں سے نفرت یا حقارت ٹپکنا ۔

Glare ice : (n) چکنی اور پھسلواں سطح والی برف ۔

Glareous/Glareose : (a) [L.'glareosus'.] سنگریزی ۔

Glareous : (a) دیکھو Glairy

Glariness : (n) چکا چوند ۔

Glaring : (a) (۱) خیرہ کن ؛ نمایاں ۔(۲) ٹکٹکی باندھتے ہوئے۔

Glaringly : (adv.) فاش طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ نظر کو خیرہ کرتے ہوئے ۔

Glaringness : (n) خیرہ کن ہونا ؛ فاش ہونا ؛ نمایاں ہونا ۔

Glary : (a) خیرہ کن ؛ بھڑکیلا ؛ غضب آلود ۔

Glass : (n) [OE.'glaes'.] (۱) شیشہ ؛ زجاج ؛ آبگینہ ؛ کانچ ۔ (۲) شیشے سے مشابہ چیزیں ۔ (۳) شیشے کے برتن ، زیور وغیرہ ۔ (٤) شیشے کا گلاس ۔ (٥) گلاس بھر ۔ (٦) ریت گھڑی ۔(۷) گاڑی کی کھڑکی ۔ (۸) تصویر کا آئینہ ؛ شیشہ ۔ (۹) پودوں کا شیشے کا سر پوش ؛ کھڑکیوں کا شیشہ ۔ (۱۰) آئینہ ؛ آرسی ۔(۱۱) آتشی شیشہ ۔(۱۲) (جمع) عینک ؛ چشمہ ۔(۱۳) عینک کا شیشہ ۔ (١٤) گھڑی کا شیشہ ۔(۱٥) عدسہ ۔ (١٦) دوربین ؛ خوردبین ۔ (۱۷) ہوا پیما ۔ (۱۸) وہ شیشہ جس میں دیکھ کر پیش گوئی کی جاتی ہے ۔

Crown glass : (کیمیا) کلسی شیشہ ۔

Cut glass : بلور ۔

Flint glass : چقماق شیشہ ۔

Glazed glass : پالش کیا ہوا شیشہ ؛ چمکدار شیشہ ۔

Ground glass : سن شیشہ ۔

Glass : (v) (۱) شیشے کے ڈبے میں بند کرنا ۔(۲) آئینہ کے سامنے کھڑا ہونا ؛ آئینہ دیکھنا ۔(۳) منعکس کرنا ؛ عکس ڈالنا ۔ (٤) چمڑے کو صاف کرنا ۔ (٥) شیشہ لگانا؛ آئینہ جڑنا ۔(٦) (آنکھوں کو) پتھرا دینا ۔

Glsss : (a) (۱) شیشے سے بنا ہوا ۔(۲) شیشہ جڑا ہوا ۔

Glass-arm : (n) بازو جس کے عضلات بہت جلد سخت ہو جاتے ہیں ۔

Glass artist : (n) شیشوں کی رنگین کھڑکیاں بنانے والا ۔

Glass bead : (n) کانچ منکا ۔

Glass-bell : (n) شیشے کا جھانپو ؛ پودا پوش ۔

Glass-blower : (n) (۱) آبگینہ ساز ؛ شیشہ گر ؛ منیہار ۔ (۲) (کیمیا) شیشہ پھکنا ۔

Glass cloth : (n) (۱) شیشہ صاف کرنے کا کپڑا ۔(۲) وہ کپڑا جس پر شیشے کا برادہ چپکا ہوتا ہے ۔

Glass-crab : (n) چینگڑی (مچھلی) کا پہل روپ ۔

Glass-culture : (n) پھلوں، پودوں وغیرہ کو شیشے کے اندر اُگانا ۔

Glass-cutter : (n) شیشہ تراش ۔

Glass cutting : (n) شیشہ تراشی ۔

Glass dust : (n) شیشے کا سفوف یا برادہ ۔

Glass enamel : (n) غیر شفاف شیشہ ۔

Glass-eye : (n) (۱) نقلی آنکھ؛ شیشے کی آنکھ ۔(۲) گھوڑوں کی ایک بیماری ۔ (۳) ایک قسم کی طوطی ۔ (٤) ایک قسم کی مچھلی ۔ (٥) سفیدی مائل یا بےرنگ پردۂ عیبیہ والا ؛ ایسی آنکھوں والا شخص۔

Glass-faced : (a) آئینہ سا ۔

Glass-furnace : (n) شیشہ گری کی بھٹی ۔

Glass-gall : (n) سفید نمکین جھاگ جو شیشہ پگھلانے میں سطح پر جم جاتا ہے ۔

Glass-gazing : (n) آئینہ دیکھنے والا ۔

Glass-glazed : (a) موٹی جلد والے (برتن) ۔

Glass-grenade : (n) شیشے کے غلاف والا دستی بم۔

Glass-hard : (a) انتہائی سخت۔

Glass-height-gauge : (n) گھڑی کے شیشے کی اونچائی ناپنے کا آلہ۔

Glass-house : (n) (۱) شیشہ کا کارخانہ۔(۲) شیشہ گھر (پودوں یا مصوری کےلئے)۔

Glass-man : (n) (۱) شیشہ فروش۔(۲) شیشہ گر۔

Glass-metal : (n) پگھلا ہوا شیشہ۔

Glass-mosaic : (n) شیشے کےرنگین مربعوں سے بنا ہوا موزیک۔

Glass-mould : (n) شیشہ ڈھالنے کا فلزی ڈھانچہ۔

Glass-oven : (n) شیشے کےنئے ظروف کو بتدریج ٹھنڈا کرنے کا گرم تنور۔

Glass-paper : (n) وہ کاغذ جس پر شیشے کا برادہ چپکا ہوتا ہے۔

Glass-paper : (v) شیشے کے برادہ لگے ہوئے کاغذ سے صاف کرنا ؛ رگڑنا یا چکنا کرنا۔

Glass pock/-pox : (n) ایک قسم کی بیماری۔

Glass-pot : (n) وہ ظرف یا کٹہال جس میں شیشے کی چیزوں کو رکھ کر گلاتے ہیں۔

Glass-press : (n) شیشے کو لچکیلی حالت میں سانچے کے اندر دبانے کی ایک ترکیب۔

Glass-rop (sponge) : (n) ایک قسم کا اسپنج۔

Galss-sand : (n) شیشے سازی میں استعمال ہونے والا بالو۔

Glass-shell : (n) ایک قسم کا صدفہ۔

Glass-shrimp : (n) دیکھو Glass crab

Glass-slag : (n) شیشہ گری کا کوڑا۔

Glass-snail : (n) زجاجی صدفہ۔

Glass-snake : (n) مختلف قسم کی چھپکلیاں۔

Glass-sponge : (n) دیکھو Glass-rope-sponge

Glass-tinner : (n) شیشے پرٹین کی پنی چڑھانے والا۔

Glass-tube : (n) شیشہ نلی۔

Glass-ware : (n) شیشے کے ظروف ؛ کانچ کا سامان ؛ شیشے کے آلات؛ (تاریخ) صیقلی برتن۔

Glass-wool : (n) زجاجی اون جو ترشوں کی تقطیر میں کام آتا ہے۔

Glass-work : (n) (جمع) کارخانہء شیشہ سازی ؛ شیشہ سازی ؛ شیشے کے سامان ؛ شیشے۔

Glass-worker : (n) شیشہ گر۔

Glass-worm : (n) جگنو ؛ کرمک شب تاب۔

Glass-wort : (n) الف شورہ ؛ نبات شورہ زا ؛ ایک قسم کا درخت جو پہلے شیشہ بنانے میں کام آتا تھا۔

Glassen/Glazen : (a) (۱) شیشے کا بنا ہوا ؛ شیشہ نما۔ (۲) پتھرائی ہوئی (آنکھ)۔

Glassful : (n) گلاس بھری ؛ کوئی چیز جو گلاس بھر ہو۔

Glassie/Glassy : (n) (۱) شیشےکی گولی – (۲) شفاف الماسی بلور۔

Glassily (adv.) (۱) آئینے کی طرح۔(۲) پتھر کر۔

Glassine : (n) ایک قسم کا پتلا اور گھنا شفاف یا نیم شفاف کاغذ۔

Glassiness : (n) شفاف ہونا؛ ہموار ہونا؛ پتھرایا ہوا ہونا۔

Glassing : (n) (۱) شیشے کےڈبے میں رکھنا۔(۲) پتھرا دینا۔

Glassing : (a) پتھرا یا ہوا ؛ پتھرا دینےوالا۔

Glassing-jack/-machine : (n) ایک چمڑاصاف کرنےوالی مشین۔

Glassite : (n) اس مذہبی فرقے کا رکن جس کو سینٹ گلاس نے ۱۷۲۸ء میں قائم کیا تھا۔

Glassless : (a) بے شیشے کا۔

Glassy : (a) (۱) شیشے کےمانند ؛ کانچ سا۔(۲) بےرونق ؛ بے نور ؛ پتھرائی ہوئی (آنکھوں کے لئے)۔ (۳) شفاف (پانی کی سطح)۔(٤) سرد مہر۔

(٥) سخت - (٦) تیز (آواز) - (٧) سطحی - (٨) پرسکون اور چمکدار -

Glassy texture : (n) (جغرافیہ) شیشہ نما بافت -

Glastonbury : (n) انگلستان کا ایک شہر -

Glastonbury chair : (n) ایک قسم کی آرام کرسی -

Glastonbury thorn : (n) عضاۃ یا خفچہ کی ایک قسم -

Glauber : (n) Glauber's salt کا مخفف -

Glauber-salt/Glauber's salt- : (n) [f.Johann Rudo (f. Glauber) Geman chemist.] گلابری نمک ؛ سوڈیم سلفیٹ -

Glauberite : (n) کیلسیم اور سوڈیم سلفیٹ -

Glaucescence : (n) مٹیالاپن -

Glaucescent/Glaucine : (a) مٹیالا ؛ آبی سبز رنگ کا ؛ سبز پوشوی -

Glaucic : (a) [mod.L.'Glaucium'.] گلوسک - (Glaucic acid میں)

Glaucodot/Glaucodote/Glaukodot : (n) [Gr.'glaukodot'.] لوہے اور کوبالٹ سلف آرسینائیڈ -

Glaucoma : (n) [Gr.'glaukoma'.] زرق الماء ؛ سبز موتیا ؛ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پتلی پھیل جاتی ہے اور نظر رفتہ رفتہ جاتی رہتی ہے -

Glaucomatic : (a) زرق الماء سے متعلق -

Glaucomatous/Glaucomatose : (a) زرق الماء کا (مریض) -

Glauconite : (n) [G.'glaukophan'.] لوہے، پوٹاشیم اور دوسرے اثاثوں کا آبدار سلیکیٹ ؛ گلو کونائیٹ -

Glauconitic : (a) گلوکونائیٹ سا ؛ گلو کونائیٹ دار -

Glaucophane : (n) [G.'glaukophon'.] ایک قسم کی معدنی شے -

Glaucosis : (n) [Gr.'glaukosis'.] زرق الماء کی ابتدا ؛ کوری ؛ اندھاپن -

Glaucous : (a) [L.'glaucus'.] (١) نیلگوں سبز - (٢) (نباتیات) گردپوش -

Glaucus : (n) [mod. L.] (١) جنس نیلگوں ناعمہ - (٢) ایک قسم کی یاغو -

Glaum : (v) [Origin unkn.] جھپٹنا ؛ دھمکانا -

Glaymore : دیکھو Claymore

Glaze : (n) [f.Glaze (v).] (١) شیشہ کا روغن ؛ کلپ ؛ پالش - (٢) چکنی اور چمکدار سطح - (٣) برف کی تہ - (٤) (مصوری) شفاف رنگ جو دو سرے رنگ پر چڑھایا گیا ہو - (٥) (عامیانہ) کھڑکی -

Glaze : (v) [ME.'glase'.] (١) شیشے لگانا ؛ شیشے جڑنا ؛ شیشہ‌دار کھڑکیاں لگانا - (٢) شیشے کا روغن کرنا - (٣) (چمڑے کپڑے وغیرہ پر) کسی چمکدار چیز کی تہ دینا - (٤) رگڑ کر چمکا دینا ؛ پالش کرنا ؛ صیقل کرنا - (٥) جالا پڑنا (آنکھوں میں)؛ پتھرا جانا ؛ بےنور ہو جانا - (٦) (مصوری) ایک رنگین سطح پر دوسرا شفاف رنگ چڑھانا -

Glaze : (v) گھورنا -

Glaze-kiln : (n) گلخن جس میں شیشے کے ظروف کو پکایا جاتا ہے -

Glaze-wheel : (n) چوبی پہیا جس سے چاقو وغیرہ پر سان چڑھاتے ہیں -

Glaze-worm : (n) جگنو -

Glazen : (a) دیکھو Glassen

Glazer : (n) (١) شیشہ لگانے والا (کھڑکیوں میں) ؛ جلا کرنے والا - (٢) جلا کرنے کا آلہ -

Glazier : (n) (١) کھڑکیوں میں شیشہ لگانے والا - (٢) جلا کرنے کا آلہ -

Glaziery : (n) صیقل گر کا کارخانہ -

Glazily : (adv.) چمکتے ہوئے -

Glaziness : (n) چمک ؛ جلا -

Glazing : (n) (١) شیشہ لگانا - (٢) کھڑکیاں (شیشہ دار) - (٣) شیشے کا فک ؛ پالش ؛ صیقل - (٤) (مصوری) دو سرے رنگ پر کسی شفاف رنگ کو چڑھانا -

Glazing-wheel : (n) پالش کرنے کا چوبی پہیا -

Glazy : (a) (۱) چمکدار ۔(۲) بےرونق ؛ بےنور (آنکھ) ۔

Gleam : (n) [OE.'glaem'.] (۱) جھلک ؛ چمک دمک ۔(۲) کسی صفت وغیرہ کی جھلک ؛ (امید وغیرہ کی) کرن ؛ شعاع ۔

Gleam : (v) جھلکنا؛ چمکنا ؛ دمکنا ۔

Gleamingly : (adv.) چمکتے ہوئے؛ دمکتےہوئے ۔

Gleamy : (a) چمکدار ؛ جھلکتا ہوا ۔

Glean : (n) [OFr.'glene, glane'.] جمع کی ہوئی چیز ؛ چُنی ہوئی چیز ۔

Glean : (v) (۱) خوشہ چینی کرنا ؛ بالیں جمع کرنا ؛ چُننا ؛ بالیں توڑ کر کھیت کو صاف کرنا ۔(۲) جمع کرنا ؛ چننا ۔(۳) سرسری طور پر معلوم کرنا ۔

Gleanable : (a) قابل خوشہ چینی ۔

Gleaner : (n) خوشہ چیں ۔

Gleaning : (n) خوشہ چینی ۔

Gleanings : (n) جمع کی ہوئی چیز ؛ چُنی ہوئی چیز ۔

Glebe : (n) [L.'gleba, glaeba'.] (۱) زمین ۔(۲) کھیت ۔(۳)وقف زمین ؛ گرجا کے متعلق زمین ۔

Glebe-house : (n) پادری کا گھر ۔

Glebe land : (n) گرجا کے متعلق زمین ۔

Gleb/Glede : (n) [OE.'glida'.] چیل ؛ گدھ ؛ باز ۔

Glee : (n) [OE.'gleo, glio'.] (۱) موسیقی کی ایک خاص چیز جسے مختلف آوازوں کے تین یا زیادہ اشخاص باری باری سےگاتےہیں ۔(۲) خوشی؛ شادمانی ؛ مسرت ؛ انبساط، سرور ؛ نشاط ؛ طرب ۔

Glee-club : (n) گیت کلب ۔

Gleed : (n) [OE.'gled'.] (۱) جلتا ہوا کوئلا ۔(۲) خاکستر کوئلا ۔

Gleed : (a) (۱) بھینگا ۔(۲) ٹیڑھا ۔

Gleeful : (a) خوش ؛ شادماں ؛ مسرور ۔

Gleefully : (adv.) مسرت سے ؛ شادمانی سے ۔

Gleek : (n) [OFr.'glic'.] تاش کا ایک کھیل ۔

Gleeman : (n) پیشہ ور گانے والا ۔

Gleesome : (a) دیکھو Gleeful

Gleesomely : (adv.) دیکھو Gleefully

Gleesomeness : (n) مسرت ؛ شادمانی ۔

Gleet : (n) [ME.'glet'.] ریم ؛ پتلا مواد جو زخم یاشانے سے نکلتا ہے ؛ جریان ۔

Gleet : (v) ریم نکلنا ۔

Gleetous : (a) بلغمی (باز کےلئے) ۔

Gleety : (a) لعاب دار ۔

Gleg : (a) [On.'glegger, gleggr'.] (۱) حساس ؛ تیز نظر ۔ (۲) چست ۔(۳) زندہ دل ۔

Gleg at the uptake : تیز ؛ تیز فہم ۔

Glegly : (adv.) زندہ دلی سے ؛ چستی سے ؛ تیز نظری سے ۔

Glegness : (n) زندہ دلی ؛ تیز نظری ؛ چستی ۔

Glen : (n) [Gael, Ir.'gleann'.] تنگ گھاٹی ۔

Glendoveer : (n) [Altered f.'grandouver'.] ایک پری ۔

Glene : (n) [Gr.'glene'.] کاسہء چشم ؛ کاسہء مفصل ۔

Glengarry : (n) [f.Glengarry'.] ایک قسم کی ٹوپی جو آگے سے اونچی ہوتی ہے ۔

Glenlivet : (n) ایک قسم کی وہسکی (شراب) ۔

Gleno- : جزو ترکیبی بہ معنی 'کاسہء مفصلی ۔

Glenoid/Gleniodal : (a) [Fr.'glenoide'.] کاسی ۔

Glent : (n&v) جھلک ؛ چمک ۔

Gliadin : (n) [Fr.'gliadine'.] گلوٹین لسدار حصہ ۔

Glib : (a) [Irish.'glib'.] اَنکھوں پر جھکی ہوئی بالوں کی لٹ ۔

Glib : (a) (۱) چکنی ؛ صاف ؛ ہموار ؛ پھسلنی (سطح وغیرہ) ۔ (۲) (حرکت کے لئے) بے رکاوٹ ؛ بے تکلف ۔ (۳) طرار ؛ لسان ؛ چرب زبان ؛ تیز ؛ سرپٹ ؛ بےلگام (زبان، گفتگو) ۔

Glib : (adv.) چرب زبانی سے ؛ طراری سے ۔

Glib : (v) (۱) چکنا بنانا ۔ (۲) چرب زبانی سے بولنا ۔

Glibly : (adv.) روانی کے ساتھ : سرپٹ ؛ تیزی سے: طراری سے: صفائی سے؛ چکنےپن سے ۔

Glibness : (n) ہموار ؛ چکناپن ؛ تیزی ؛ طراری ؛ لسانی ۔

Glid e : (n) (۱) بغیر محسوس کئے ہوئے گزرجانا ۔ (۲) (موسیقی، صوتیات) انتقال لسانی ۔ (۳) (لسانیات) تدریجہ ۔

Glide : (v) [OE.'glidan'.] (۱) سبک رفتار سے چلنا ؛ پھسلنا ؛ خاموشی سےبہنا، گزرنا وغیرہ ۔ (۲) دبے پاوں جانا ؛ چوری سے جانا ؛ آہستہ آہستہ جانا ۔ (۳) بغیرمحسوس کئےہوئے گزرجانا ۔ (٤) (ایک چیز کا دوسری چیز میں) بتدریج منتقل ہونا ؛ رفتہ رفتہ بولنا ۔ (٥) سبکی سے چلانا؛ آہستہ لے جانا ؛ پھسلنا ؛ چپکے سے گزرنا ۔ (٦) (موسیقی) بغیرمحسوس کئےہوئے سُر بدلنا ۔ (۷) بے انجن کے ہَوائی جہاز اُڑنا ۔

Glide-vowel : (n) حرف علت جو خود بجا نہیں بناسکتے ؛ (لسانیات) مصوتی تدریجہ ۔

Glider : (n) (۱) آہستہ گزرنے والا ؛ پھسلنے والا ۔ (۲) بےانجن کا ہَوائی جہاز ۔

Gliff : (n) [Origin unkn.] (۱) جھلک ۔ (۲) لمحہ ۔ (۳) ڈر ؛ خوف ۔

Gliff : (v) ڈرانا ۔

Glim : (n) (۱) (عامیانہ) روشنی ، شمع ؛ لالٹین ؛ دیا ۔ (۲) آنکھ ۔

Dous the glim : Douse دیکھو

Glimmer : (n) [f.Glimmer (v).] (۱) ٹمٹماہٹ ؛ جھلملاہٹ ؛ جھمک ؛ خفیف سی جھلک ۔ (۲) (عامیانہ) کرن، شعاع (امید وغیرہ کی) ۔ (۳) (عامیانہ) آنکھ ۔

Glimmer : (n) [G.'glimmer'.] ابرق ۔

Glimmer : (v) جھلملانا ؛ ٹمٹمانا ؛ جھمکنا ؛ رہ رہ کر چمکنا ۔

Glimmer-gowk : (n) اُلو ۔

Glimmering : (۱) جھلملاہٹ ، ٹمٹماہٹ ۔ (۲) جھلک ؛ اشارہ ۔

Glimpse : (n) [f. the v.] جھلک ؛ سرسری جلو ہ ۔

The glimpsese of the moon : ارضی مناظر ۔

Glimpse : (v) [OE.'glimsian'.] جھلک نظر آنا ؛ جھلک دیکھنا ؛ سرسری نظر ڈالنا ؛ (شاعرانہ) جھلک دکھانا ؛ پَو پھٹنا ۔

Glint : (n) [f. the vb.] جھلک ؛ چمک ؛ سرسری نظر ۔

Glint : (v) [ME.'glinten'.] (۱) کوندنا ؛ چمکنا ؛ جگمگانا ۔ (۲) چمکانا ؛ عکس ڈالنا ۔ (۳) جھانکنا ۔

Glioma : (n) [mod. L.'glioma'.] لاصلقی سلعہ ۔

Gliomatous : (a) لاصلقی سلعہ کی طرح ۔

Gliriform : (a) پستان دار جانوروں کی ایک نوع سےمشابہ ۔

Glirine : (a) [L.'glis, glir'+ine.] پستان دار جانوروں کی نوع سے متعلق ۔

Glissade : (n) [Fr.'galissade'.] (۱) پھسلنا (خصوصاً برف پر)؛ کسی چیز کی مدد سے پھسلنا ۔ (۲) رقص میں دائیں یا بائیں جانب ہٹنا ۔

Glissade : (v) پھسلنا ۔

Glissader : (n) پھسلنے والا ۔

Glissette : (n) [Fr.'glisser'.] (ریاضیات) نقطوں سے بنا ہوا منحنی ۔

Glisten : (n) چمک ؛ دمک ۔

Glisten : (v) [OE.'glisnian'.] دمکنا؛ رہ رہ کر چمکنا؛ جھلکنا؛ جگمگانا ۔

Glisteningly : (adv.) دمکتےہوئے ؛ جگمگاتے ہوئے ۔

Glister : (n) (۱) چمک دمک ۔ (۲) ابرق ۔

Glister : (v) [ME.'glistren'.] دمکنا ؛ چمکنا ۔

Glisteringly : (adv.) دمکتے ہوئے ؛ چمکتے ہوئے ۔

Glitter : (n) چمک دمک ؛ تابش ؛ روشنی ؛ تجلی ؛ درخشانی ؛ بھڑکدار ؛ نمود ۔

Glitter : (v) [ON.'glitra'.] (۱) چمکنا ؛ دمکنا ؛ جھمکنا ؛ جگمگانا ؛ درخشاں ہونا ۔(۲) آراستہ پیراستہ ہونا ؛ بھڑک دار ہونا ؛ جگمگ کرنا ۔

Glitteringly : (adv.) چمکتے ہوئے ؛ دمکتے ہوئے ۔

Gloam : (v) [Back-formation from Gloaming'.] دھندلکاھونا ؛ چھٹپٹا ہونا ۔

Gloaming : (n) [OE.glomung'.] چھٹپٹا ؛ شام کا اندھیرا ۔

Gloaming-shot : (n) دھندلکے کی ابتدا ۔

Gloat : (v) [Origin unkn.] شوق و تمنا کی نگاہ سے دیکھنا ؛ للچائی نظروں سے دیکھنا ؛ شماتت کرنا ۔

To gloat on, upon. or over : شوق و تمنا کی نگاہ سے دیکھنا ۔

Gloat : (n) (۱) شوق و تمنا کی نظر ۔(۲) معاندانہ نظر ۔

Gloatingly : (adv.) نگاہ شوق سے ؛ ندیدوں کی طرح ؛ شماتت سے ۔

Global : (a) [Fr.] عالمگیر ؛ مجموعی طور پر ؛ (تاریخ) عالمی ؛ کروی ۔

Global affair : (n) عالمی امور ؛ عالمی معاملات ۔

Global policy : (n) عالمی پالیسی ۔

Globe : (n) [OFr.'globe' or L.'globus'.] (۱) کرہ ؛ گول شے ؛ کرہ زمین ؛ ارض ۔(۲) سورج ؛ سیارہ ؛ جرم ۔ (۳) نقشہ کی شکل میں کمرہ ۔ (٤) سونے کا گولا (بادشاہی کی علامت) ۔(٥) آنکھ کا ڈھیلا ۔ (٦) شیشے کا برتن جس کی شکل قریب قریب مدورکی سی ہوتی ہے (خصوصاً لیمپ کا گلوب) ۔ (۷) دل ۔

The globe : کرہ ارض ۔

Globe : (v) مدور شکل اختیار کرنا ۔

Globe amaranth (us) : (n) گل مخمل ۔

Globe animalcule : (n) مدور حوین ۔

Globe artichoke : (n) دیکھو Artichoke

Globe crowfoot : (n) جدواری پودے جن کے پھول زرد ہوتے ہیں ۔

Globe fish : (n) مدور مچھلی ؛ مچھلی جو اپنے کو پھلا کر گولے کی شکل اختیار کرلیتی ہے ۔

Globe-flower : (n) دیکھو Globe corwfoot

Globe-ranunculus : (n) دیکھو Crowfort

Globe sight : (n) رائفل کی گول مکھی ۔

Globe slater : (n) غیر متحرک آنکھوں والا قشریہ ۔

Globe-thistle : (n) گوکھرو کی ایک قسم ۔

Globe-trotter : (n) جہاں گرو ؛ جہاں گشت ۔

Globe-trotting : (n) جہاں گردی ۔

Globe-valve : (n) مدور صمام ۔

Globed : (a) (۱) کروی ؛ مدور ۔(۲) گلوب لگا ہوا (لیمپ) ۔

Globical : (a) (نقابت) مدور ۔

Globiferrous : (a) (حشریات) مدور سرے کا محاس والا ۔

Globigerina : (n) [mod.L.] ثقبہ دار ؛ بیخ پایہ ۔

Globigerina : (a) ثقبہ دار ؛ بیخ پایہ سے متعلق ۔

Globin : (n) [Extracted from Haemoglobin.] گلوبین ؛ پروٹین خون ۔

Globoid : (a) کروی ؛ کرہ نما ۔

Globoid : (n) کرہ نما مادہ ؛ گول شے ۔

Globose : (a) [L.'globosus'.] کرہ نما ؛ گول ؛ کروی ۔

Globosely : (adv.) بطور کرہ نما ۔

Globoseness : (n) کرویت ۔

Globosity : (n) [Fr. or. late L.'globositas'.] گولائی ؛ کرویت ؛ گول حصہ ۔

Globular : (a) [L.'globulus'.] (۱) گرے کی شکل کا ؛ کروی ۔ (۲) قطروں پر مشتمل ؛ خون کےجسیموں پر مشتمل ۔

Globular-beaker : (n) (تاریخ) مدور منقارہ ۔

Globular chart : (n) کروی تضلیل پر بنا نقشہ ۔

Globular projection : (n) کروی تضلیل ۔

Globular sailing : (n) دوری جہاز رانی ۔

Globularity : (n) کرویت ؛ قطروں پر مشتمل ہونا ۔

Globularly : (adv.) کرویت کے ساتھ ۔

Globularness : (n) Globularity دیکھو

Globule : (n) [Fr.'globule'.] چھوٹا کرہ ؛ خون کا جسیمہ ؛ قطرہ ؛ گولی ؛ (حیوانیات) گلوبچہ ۔

Globuliferous : (a) حبوب دار ۔

Globulimeter : (n) حبہ پیما ؛ گلولہ پیما ۔

Globulin : (n) گلو بیولین ؛ ایک مادہ جو خون میں پایا جاتا ہے ۔

Globulism : (a) ہومیو پیتھی ۔

Globulite : (n) (جمع) شیشے کے قلماؤ کے دوران بننے والا چھوٹا گول ذرہ ۔

Globulitic : (a) چھوٹے گول ذروں والا ۔

Globus : (n) [L.'globus'.] باؤ گولا ۔

Globy : (a) Globular دیکھو

Glochidiate/Glochidate : (a) [mod.L.'glochidium'.] (نباتیات) پیکانی ۔

Glockenspiel : (n) (۱) دیکھو Carillon ۔ (۲) ایک قسم کا باجا ۔

Glome : (n) [L.'glomus'.] پھولوں کا گچھا ۔

Glome of frog : (n) (گھوڑے کے) جوف خشت کا دو مدور کچلدار ابھار ۔

Glomerate : (a) [L.'glomeratus'.] (نباتیات وعضویات) گھنڈیاں ؛ گول بنا ہوا ؛ گچھا بنا ہوا ۔

Glomerule : (n) [Fr.'glomerule'.] (۱) (نباتیات) پھولوں کا گچھا۔(۲)(عضویات) غدہ عروق؛ اعصاب وغیرہ کا گچھا ۔

Glomerulitis : (n) ورم غدہ عروق ۔

Glomerulose : (a) گچھے دار ۔

Glonoin (e) : (n) [f. Gl (ycerine+ o (oxygen + (nitric anhydride) +-in -ine.] نائٹرو گلیسیرین ۔

Gloo-stove : (n) بارود سکھانے کا تنور ۔

Gloom : (n) (۱) تاریکی ؛ اندھیرا ؛ ظلمت ؛ تیرگی ۔ (۲) اداسی؛ ملال؛ کلفت؛ حُزن؛ افسردگی ؛ یاس ۔

Gloom : (n) [OE.'glom'.] (۱) شدیدگرمی ۔(۲) بارودخشک کرنے کا تنور ۔

Gloom : (v) [ME. 'gloum(b) e'.] (۱) اداس نظر آنا یا ہونا ؛ آزردہ ہونا یا نظرآنا۔(۲) چیں بہ جبیں ہونا؛ تیوری چڑھانا؛ ناک بھوں چڑھانا ۔ (۳) ابر آلود ہونا ؛ تیرہ و تار ہونا (آسمان وغیرہ کا) ۔(٤) تاریکی چھا جانا ؛ اندھیرا ہو جانا ۔ (٥) اندھیرا کر دینا ؛ بےرونق کر دینا ؛ اداس کر دینا ؛ سونا کر دینا ۔

Gloomful : (a) (۱) تاریک ؛ تیرہ ؛ اندھیرا؛ بے نور ۔ (۲) افسردہ ؛ غمگین ؛ اداس ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ محزوں ۔ (۳) سُونا ؛ بے رونق ؛ افسردہ کن ۔

Gloomily : (adv.) اداسی سے ۔

Gloominess : (n) (۱) اندھیرا ؛ تاریکی ؛ تیرگی ؛ ظلمت ۔ (۲) افسردہ گی ؛ حُزن ؛ ملال ۔

Glooming : (n) (۱) چیں بہ جبیں ۔(۲) (شاعرانہ) ؛ دھندلکا ۔

Gloomingly : (adv.) اداسی کے ساتھ ؛ افسردگی سے ۔

Gloomy : (a) Gloomful دیکھو

Gloppen : (v) [ME.'glopne, glope'.] (۱) ڈرجانا ؛ خوف زدہ ہونا ۔(۲) ڈرانا ؛ خوفزدہ کرنا ۔

Glore : (v) [LG.'gloren'.] دیکھو Glare

Gloria : (n) [L.'gloria'.] (۱) مختلف لاطینی دعاؤں کا نام جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہیں ۔ (۲) آسمانی تاج جو مجاہدوں کو ملتاھے، سنہرا دائرہ یا مستطیل جو پرانے زمانے کی تصویروں میں اولیاء وغیرہ کے سروں کے گرد کھینچ دیا جاتا تھا ۔ (۳) چاند کا ہالہ ؛ نورانی ہالہ ۔

Gloriation : (n) [L.'gloriatio'.] فخر کرنا ؛ نازاں ہونا ؛ اترانا ؛ گھمنڈ کرنا ۔

Glorification : (n) (۱) تمجید ؛ ثنا ؛ حمد و ثنا ۔ (۲) تنویر، چارچاند لگانا؛ خاک سے پاک کرنا ۔ (۳) (مزاحاً) تقریبہ ۔

Glorified : (a) مقدس بنایا ہوا ؛ چار چاند لگایا ہوا ؛ تقریب کیا ہوا ؛ (طنزاً) عظیم بنایا ہوا ۔

Glorifier : (n) تقدیس کرنےوالا ؛ چار چاند لگانے والا ؛ تعریف یا مدح کرنےوالا ۔

Glorify : (v) [OFr.'glorifier'.] (۱) عظمت دینا ؛ تقدیس کرنا ؛ تہلیل کرنا ۔ (۲) چمکانا ؛ تجلی بخشنا ؛ نور سے معمور کرنا ۔ (۳) چارچاند لگانا؛ حسن دوبالا کرنا ؛ خاک سے پاک کرنا؛ ذرے کو آفتاب بنانا ۔ (٤) تعریف کرنا ؛ مدح کرنا ؛ بڑھانا ؛ آسمان پر چڑھانا ۔

Gloriole : (n) [Fr.'gloriole'.] نورانی ہالہ ۔

Glorious : (a) [AFr.'glorious'.] (۱)حمید؛ مجید؛ جلیل ؛ عظیم ؛ جلیل القدر؛رفیع الشان ۔ (۲) مشہور؛ معروف ؛ شہرہء آفاق ۔ (۳) معرکے کا ؛ نمایاں ؛ شاندار ۔ (٤) تاباں ؛ درخشاں ؛ فرحت بخش ۔ (٥) (مزاحاً) مست ؛ مخمور ۔

Gloriously : (adv.) عظمت و جلال کے ساتھ؛ شان کے ساتھ۔

Gloriousness : (a) عظمت ؛ شان ۔

Glory : (n) [OFr, AFr.'glorie'.] (۱) شہرہ؛ ناموری ۔(۲) مایہء فخر ؛ وجہ افتخار ؛ طرہء امتیاز ۔ (۳) حمد، تمجید؛ توصیف ؛ تعریف؛ ستائش ۔(٤) بزرگی؛ جلال ؛ عظمت ؛ شان کبریائی ؛ روحانی حسن و جمال ۔ (٥) نور ؛ تجلی ۔ (٦) اقبال ؛ عروج ؛ اوج ۔(۷) نورانی ہالہ ؛ روشنی ۔

In one's glory : عروج پر ؛ اوج پر ۔

The glory of God : شان کبریائی ۔

To go to glory : انتقال کرنا ؛ مرنا ۔

Glory : (v) فخر کرنا ؛ نازکرنا ؛ نازاں ہونا ؛ گھمنڈ کرنا ؛ اترانا ۔

Glory-hole : (n) [Origin unkn.] (۱) ایسی جگہ جہاں سب چیز بےترتیبی سےانبار لگادی گئی ہو ؛ کثیف اور گندہ کمرا ۔(۲) (شیشہ سازی) بھٹی کی دیوار کا درز ۔

Glory-pea : (n) ایک قسم کا پھول اور اس کا پودا ۔

Glory-tree : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Gloss : (n) [Refashioning of Gloze.] (۱) حاشیہ ؛ معنی یا مطلب جو بین السطور لکھا جائے ۔(۲) تشریح ؛ توضیح ؛ ترجمہ ؛ شرح ۔ (۳) بےجا تاویل ؛ غلط معنی ۔

Gloss : (n) [Origin unkn.] (۱) بھڑک ؛ چمک دمک ۔ (۲) (مجازاً) ملمع ۔

Gloss : (v) (۱) فرہنگ، ترجمہ بین السطور، حاشیہ لکھنا ؛ شرح کرنا ۔(۲) غلط معنی پرونا ؛ بیجا تاویل کرنا ۔

Gloss : (v) ظاہری چمک دمک پیدا کرنا ؛ ملمع کرنا ؛ لیپ پوت کرنا ۔

Glossal : (a) [Gr.'glossa'+-al.] زبان کا ؛ زبان سے متعلق ؛ لسانی ۔

Glossanthrax : (n) [Gr.'glossa'+anthrax.] گھوڑوں اور مویشیوں کی زبان اور منہ کی ایک بیماری ۔

Glossarial : (a) فرہنگی ؛ فرہنگ کے متعلق ۔

Glossarian/Glossarist : (n) فرہنگ نگار ؛ فرہنگ لکھنے والا ۔

Glossary : (n) [L.'glossarium'.] کسی کتاب کے دقیق الفاظ، مصطلحات وغیرہ کی فہرست اوران کی تشریح ؛ فرہنگ ؛ حاشیہ ؛ شرح ؛ (تاریخ) تصریحات ۔

Glossator : (n) [med. L.'glossator'.] شارح ؛ خصوصاً قرون وسطیٰ کے کلیسائی اور ملکی قوانین کا شارح ۔

Glosser : (n) دیکھو Glossator

Glosser : (n) ملمع کرنے والا ؛ ظاہری چمک دمک پیدا کرنے والا ۔

Glossic : (a&n) [Gr.'glossa'+-ic.] املا کا ایک صوتی طریقہ ۔

Glossist : (n) شارح ؛ مبصر ۔

Glossitis/Glottitis : (n) ورم زبان ۔

Glosso-/Gloss : [Gr.'glosso'.] جزو ترکیبی بمعنی "زبان" ۔

Gloss (o)-epiglottic/-epiglottid/-epiglottidean : (a) زبان اور لسان المزمار سے متعلق ۔

Glossograph : (n) [Gr.'glossographos'.] (۱) حرکت زبان نگار ۔ (۲) شارح ۔

Glossographer/Glottographer : (n) شارح ۔

Glossographical : (a) تفسیر ؛ زبان کی تشریح سے متعلق ۔

Glossography : (n) (۱) تفسیر ؛ شرح ۔ (۲) زبان کی تشریح ۔ (۳) زبانوں کی تعریف یا اصناف بندی ۔

Glossohyal : (a) زبان اور عظم لامی سے متعلق ؛ (حیوانیات) لسانی لامی ۔

Glossolalia/Glossolaly : (n) [mod.L.'glossolalia'.] بولنے کی ودیعت ۔

Glossolaryngeal : (a) زبان اور نرخرے سے متعلق ۔

Glossological : (a) علم زبان کا یا اس سے متعلق ؛ مصطلحات سے متعلق ۔

Glossologist : (n) ماہر مصطلحات ۔

Glossology : (n) (۱) علم زبان ۔ (۲) مصطلحات ۔

Glossopharyngeal : (a) زبان اور حلقوم سے متعلق ۔

Glossotomy : (n) زبان شگافی ؛ لسان شگافی ۔

Glossoly : (adv.) چمکتے ہوئے ؛ چمک دمک کے ساتھ ۔

Glossoness : (n) ظاہری چمک دمک ۔

Glossy : (a) (۱) چمک دار ؛ بھڑکیلا ۔ (۲) (طب) مرضیاتی علامات سے متعلق ۔

Glost : (n) [f.Gloss.] جستے کا ملمع جو سفالی برتنوں پر لگایا جاتا ہے ۔

Glost-fireman : (n) وہ مزدور جو چمکائے ہوئے برتن کو پکانے کے تنور پر کام کرتا ہے ۔

Glost-oven : (n) چمکائے ہوئے برتن کو پکانے کا تنور ۔

Glottal : (a) فم حلق کے متعلق ؛ فم حلق میں پیدا شدہ ؛ (لسانیات) حلقی ۔

Glottal stop/-catch : (n) (لسانیات) حلقی بندیشیہ ؛ حلقی بندش ۔

Glottic : (a) [Gr.'glottikos'.] لسانی ۔

Glottic/Glottidean : (n) فم حلق سے متعلق ۔

Glottid : (a) فم حلقی سے نکالی ہوئی آواز ۔

Glottis : (n) [mod. L.'glottis'.] فم حلق ۔

Glottitis : (n) دیکھو Glossitis

Glotto- : دیکھو Glosso -

Glottologic/-al : (n) علم السنہ سے متعلق ؛ لسانیات سے متعلق ۔

Glottologist : ماہر علم السنہ ؛ لسانیات کا ماہر ۔

Glottology : (n) علم السنہ؛ لسانیات ؛ (لسانیات) علم زبان ۔

Gloucester : (n) ایک قسم کا پنیر جو گلو سسٹرشائر میں بنتا ہے ۔

Double gloucesterslure : اصلی قسم کا پنیر ۔

Single gloucesterslure : معمولی قسم کا پنیر ۔

Glove : (n) [OE.'glof'.] (۱) دستانہ ۔ (۲) مکابازی کا دستانہ ۔ (۳) (بیٹ سازی میں) لکڑی کا چکنا ٹکڑا جس سے نمدے کو چکنا کیا جاتا ہے ۔

To fit like a glove : بالکل ٹھیک یا موزوں ہونا ۔

To handle without glove : بے رحمی سے سلوک کرنا ؛ رعایت نہ کرنا ۔

To take up the glove : مقابلہ کی دعوت قبول کرنا ۔

To throw (down) the glove : مقابلہ کی دعوت دینا ۔

With gloves/-kid-/-velvet- : احتیاط کے ساتھ ؛ نرمی کے ساتھ ۔

With gloves off/Without gloves : آستیں چڑھا کر ؛ زور و شور سے ؛ بے رحمی سے ۔

Glove : (v) (۱) دستانے مہیا کرنا ؛ دستانے پہننا ۔ (۲) بیس بال کی گیند کو ہاتھ سے پکڑنا ۔

Glove-finger : (n) دستانے کا حصہ جس میں انگلیاں سماتی ہیں ۔

Glove-less : (a) بے دستانے ۔

Glove-money : (n) (۱) بخشش ۔ (۲) (قانون) انعام ۔

Glove-sponge : (n) دستانے کی شکل کا اسفنج ۔

Glove-stretcher : (n) وہ آلہ جس سے دستانے کی انگلیاں چوڑی کی جاتی ہیں ۔

Glover : (n) دستانےبنانے اور بیچنےوالا ۔

Glove's stitch : (n) دستانے کا بخیہ ؛ زخموں پر لگانے کا ٹانکا ۔

Glove's suture : (n) ٹانکا (زخموں کا) ۔

Glow : (n) [f.next.] (۱) دمک ؛ سرخی ؛ تمتماہٹ ۔ (۲) جوش ؛ جذبہ ؛ حرارت ۔

Glow : (v) [OE.'glowan'.] (۱) دمکنا ؛ تمتمانا ؛ دہکنا ۔ (۲) سرخ ہونا ؛ لال ہونا ؛ جوش میں آنا ۔ (۳) چمکتی ہوئی آنکھوں سے دیکھنا ۔

Glow-beetle : (n) جگنو ؛ کرم شب تاب ۔

Glow-fly : (n) جگنو ؛ کرم شب تاب ۔

Glow-lamp : (n) بےتار کا بجلی کا لیمپ ۔

Glow-lighting : (n) بجلی کے بےتار کے لیمپ کی روشنی ۔

Glow-worm : (n) جگنو ؛ کرم شب تاب ۔

Glower : (v) (۱) قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا ؛ گھورنا ۔ (۲) (موسم کا) تیرہ وتاریک ہونا ۔

Glower : (n) گھورنا ؛ قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا ۔

Glowingly : (adv.) دمکتے ہوئے ؛ جوش سے ۔

Gloxinia : (n) [mod.L.] ایک امریکی پودا جس کے بڑے گھنٹی نما پھول ہوتے ہیں ۔

Gloze : (n) [OFr.'glose'.] (۱) حاشیہ ؛ شرح ۔ (۲) خوشامد ؛ دھوکا ۔

Gloze : (v)[OFr.'gloser'.] (۱) تالیف قلوب کرنا؛ تاویل کرنا ۔ (۲) بات بنانا ؛ عذرو معذرت کرنا ۔ (۳) چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ خوشامد کرنا ۔

Glozing : (a) خوشامد ؛ تاویل ؛ چکنی چپڑی باتیں ۔

Glucic acid کا نمک ۔ Glucate : (n) [f.Glug (ic+-ate.]

Glucic : (a) [Fr.'glucique'.] انگور کے شکر پر کسی ترشے یا القلی کے عمل سے حاصل کیا ہوا ترشہ ۔

Glucina/Glucine/Glycine : [Fr.'glucine'.] گلوسینیم کا آکسائیڈ ۔

Glucinum/Glucinium : (n) گلوسینیم ؛ یاقوت کبود ۔

Glucogene : (n) گلائی کوجن ؛ نشاستہء حیوانی ۔

Glucogenic : (a) شکرزا ۔

Glucose/Glycose : (n) گلو کوز ؛ انگور کی شکر ۔

Glucosic : (a) انگور کی شکر کا ؛ شکری ۔

Glucoside : (n) گلو کوسائیڈ ؛ شکر (نباتی وحیوانی) ۔

Glue : (n) [OFr.'glu'.] (۱) سریش ؛ چپکنےوالی چیز ۔ (۲) صابن کی ابتدائی حالت کا نام ۔

Dutch or Flanders glue : اچھے قسم کا سریش ۔

Fish glue : مچھلی سریش ۔

Marine glue : ایک قسم کا لاک دار سریش ۔

Glue : (v) سریش وغیرہ سے چپکانا یا جوڑنا ؛ زور سےبند کرنا ؛ چپکنا ؛ سٹے رہنا ۔

To glue up : ساٹنا ؛ چپکانا ۔

Glue-plant : (n) ایک قسم کی بحری گھاس ۔

Glue-pot : (n) سریش پگھلانے کا برتن ۔

Gluey : (a) چپکنے والا ؛ سریش جیسا ۔

Glueyness : (n) لسلساہٹ ۔

Gluish : (a) قدرے چپکنے والا ۔

Glum: (a) (۱) خفا خفا ؛ روٹھا روٹھا ۔(۲) اداس ؛ افسردہ ؛ آزردہ ۔

Gumaceous : (a) نخالیہ ۔

Glumal : (a) (۱) نخالیہ ۔(۲) نخالہ دار ۔

Glume : (n) [L.'gluma'.] (نباتیات) نخالہ ؛ بھوسی ؛ چوکر ؛ دانے کا چھلکا ۔

Glumella : (n) [L.'gluma'.] (نباتیات) نخالک ۔

Glumellula : (n) نخالک ۔

Glumly : (adv.) اداسی سے ؛ خفگی سے ۔

Glummy : (a) دیکھو Glum

Glumness : (n) اداسی ؛ خفگی ۔

Glumose/Glumous : (n) [mod. L.'glumosus'.] نخالہ دار ؛ پُرنخالہ ۔

Glump : (v) اداس ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ آزردہ ہونا ۔

Glump : (n) اداس ۔

Glumpish/Glumpy : (a) اداس ؛ افسردہ ؛ آزردہ ۔

Glunch : (v) اداس ہونا ؛ افسردہ نظر آنا ؛ آزردہ ہونا ۔

Glunch : (n) اداسی ؛ آزردگی ؛ افسردگی ۔

Glunch : (a) (اداس) افسردہ ؛ آزردہ ۔

Glut : (n) سیری ؛ اتنا کھانا کہ دل بھرجائے ؛ شکم پری ؛ بہتات ؛ افراط ؛ بہر مار فراوانی ۔

A glut in the market : بہتات ؛ افراط ؛ فراوانی ؛ بہرمار ۔

Glut : (n)[Var.of Cleat.] (۱) اینٹ یا ٹکڑا جس سے خانہ پری کی جائے ۔(۲) (بحری) بادبان کے سر پر لگا ہوا کرمچ کا ٹکڑا ۔

Glut : (n) [Origin unkn.] بام مچھلی کی ایک قسم ۔

Glut : (n) [ME.'gloute, glotte,glotye'.] (۱) ٹھونسنا ؛ بہت کھلانا (جی بھر کے) ؛ خواہش پوری کرنا ۔ (۲) بہت کھلا دینا؛ حلق تک بھر دینا ۔(۳) (منڈی کو) اشیائےتجارت سے پاٹ دینا ۔(٤) جی بھر کے سوچنا یا دیکھنا ۔

Glut - : Gluten کا مخفف ۔

Glutaconic : (a) Gluten اور Aconitine سے حاصل کیا ہوا ۔

Glutamic/Glutaminic : (a) گلوٹین اور امیڈوجن سے حاصل کیا ہوا ۔

Glutamic acid : (n) گلوٹین اور امیڈوجن سے $(C_5 H_9 NO_4)$ حاصل کیا ہوا ترشہ ۔

Glutamine : دیکھو Glutamic acid

Glutaric : (a) گلوٹین اور ظرطیر کے تیزاب سے حاصل کیا ہوا ۔

Glutazine : (n) سفید بلوری مرکب جو پانیریڈین سے حاصل ہوتا ہے $(C_5 H_6 No_2)$ ۔

Gluteal/Glutaeal/Glutean : (a) الوری ؛ کفلی ؛ سرینی ۔

Gluteus/Glutaeus : (n) [Gr.'gloutos'.] الیہ ؛ عضلۂ سرین ۔

Gluten : (n) [Fr.'gluten'.] مادہ، لس ؛ گلوٹن ؛ چیپ دار شے ؛ ایک قسم کی چیپ دار حیوانی رطوبت ؛ چیپ دار مادہ جو آٹے میں رہتا ہے ۔

Gluten-bread : (n) ایسے آٹے کی روٹی جس میں لس زیادہ ہوتا ہے ۔

Gluten-casein/-fibrin : (n) پنیری اور لیفی مادہ جو گلوٹین میں پایا جاتا ہے ۔

Glutin/Glutine : (n) [Fr.'glutine'.] (۱) ایک قسم کا جلاٹین جو کھال، کُھر اور ہڈی سے نکلتا ہے ۔(۲) گلوٹین کا لس دار مادہ ۔

Glutinosity : (n) [med. L.'glutinositas'.] چیپ دار ہونا ؛ لسلساہٹ ؛ لس داری ؛ چپچپاہٹ ۔

Glutinous/Glutinose : (a) چیپ دار ؛ لسلسا ؛ لس دار ۔

Glutinously : (adv.) چیپ دار شے کی طرح ۔

Glutinousness : (a) چیپ دار ہونا ؛ لسلساہٹ ۔

Glutton : (n) [OFr.'gluten'or L.'glutinosus'.] (۱) پیٹو ؛ بسیار خور ؛ کھاؤ ؛ بڑ پیٹیا ۔ (۲) نیولے کی قسم کا لیکن بڑا ؛ بسیار خور جانور ۔ (۳) بہت زیادہ برداشت کرنے یا سہنے والا ۔

Glutton : (a) پیٹو ؛ بسیارخور ؛ کھاؤ ۔

Gluttonize : (v) بسیارخوری کرنا ؛ پیٹو کی طرح کھانا ۔

Gluttonous : (a) دیکھو Glutton

Gluttonously : (adv.) بسیارخوری سے ؛ پیٹوپن سے ۔

Gluttony : (n) [OFr.'glutonie'.] بسیارخوری ؛ پیٹوپن ؛ پرخوری ۔

Glyceral : (n) [Glycen (ine)+-al (Dehyde).] (کیمیا)گلیسیرین اور الڈی ہائیڈ کو گرم کرنے سے پیدا شدہ ایک مرکب ۔

Glycerate : (n) (۱) (کیمیا) گلیسرینی ترشے کا نمک ۔ (۲) گلیسرین میں کسی مادے کا محلول ۔

Glyceric : (a) گلیسرینی ؛ گلیسرین کا ؛ اس سے لیا ہوا اور اس کے متعلق ۔

Glyceride : (n) گلیسرین کا مرکب اسٹر (Ester) ۔

Glycerine/Glycerin : (n) [Fr."glycerin'.] گلیسرین ؛ ایک قسم کا میٹھا شربت جیسا رقیق جو حیوانی اور نباتاتی روغنوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور بطور دوا کے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Glycerite : (n) (دوا سازی) گلیسرین میں محلول دوا ۔

Glycero- : جزو ترکیبی بمعنی "گلیسرین" ۔

Glycerol : (n) گلیسرین ۔

Glycerole : (n) گلیسرین میں بنی ہوئی دوا ۔

Glycerophosphate : (n) گلیسیر وفوسفورک ایسڈ کا نمک ۔

Glycerophospheric acid : (n) گلیسرین پر گندھک کے تیزاب یا فاسفورک آین ہائیڈائیڈ کے عمل سے پیدا ہونے والا ترشہ ۔

Glyceryl/Glyceryle : (n) گلیسرین اور گلیسرائیڈ کا سہ جوہر اصلیہ ۔

Glycic : (a) دیکھو Glucic

Glycide : (n)[Glyc (Erine)+-ide.] سے ملتا ہوا Glycidic Ether ایک فرضی اصلیہ ؛ گلیسائیڈ ($C_3 H_6 O_2$) ۔

Glycidic : (a) گلیسائیڈ سے متعلق یا اس سے نکالا ہوا ۔

Glycidic ether : (n) ایک دو جوہری اثر جو گلیسائیڈ پر القلی کے عمل سے حاصل ہوتا ہے ۔

Glycin/-ine : (n) [Gr.'glykus'+-in'.] صفرہ میں پایا جانے والا بلوری مادہ ۔

Glyco - : سابقہ Glycerol یا دوسرے مادے سے ۔

Glycocholate : (n) بیل کے پتے (Ox-gall) کے ترشے کا نمک ۔

Glycocholic : (a) بیل کے پتے کا یا اس سے متعلق ۔

Glycholic acid : (n) بیل کے پتے کا اصل ترشہ ۔

Glycocin : (n) صفرہ میں پایا جانے والا بلوری مادہ ۔

Glycocoll : (n) [Glyc-+gr.'kolla'.] دیکھو Glycin

Glycogen/Glucogen : (n) نشاستہ حیوانی ؛ گلائی کوجن ۔

Glycogenesis : (n) شکر زائی ۔

Glycogenetic/Glycogenous : (a) شکر زا ۔

Glycogenic/Glucogenic : (a) دیکھو Glycogenetic

Glycogeny : دیکھو Glycogenesis

Glycol : (n) [Glyx (Erine+-ol.] (۱) ایتھلین ڈائیبرومائیڈ کے تجزیہ سے حاصل ہونے والا ؛ شریں ؛ بےرنگ ؛ بےبو اور لیسدار رقیق ۔ (۲) ایک قسم کا الکوحل ۔

Glycollate : (n) گلائی کولک ایسڈ کا نمک ۔

Glycollic/Glycolic : (a) گلائی کول دار ۔

Glycollide : (n) Glyoxel کا مرکب ہم ترکیب ($C_2 H_2 O_2$) ۔

Glycolytic : (a) [Glyco-+gr.'lytikos'.] شکر کا تجزیہ کی خاصیت رکھنےوالا ۔

Glyconic : (a) تین ثروکی اور ایک ڈیکٹل والی ۔

Glyconic : (n) تین ثروکی ایک ڈیکٹل والی سطر ۔

Glycosuria : (n) (طب) ذیابطیس شکری ۔

Glycosuric : (a) ذیابیطسی ۔

Glycyrrhizin : (n) [late L.'glycyrrhize'.] گلیٹھی میں پایا جانے والا گلوکوسائیڈ ۔

Glyoxal : (n) ایک سفید بے شکل ٹھوس ۔

Glyoxalic acid : (n) ایتھلک ایسڈ میں نائٹرک ایسڈ ملانے سے پایا جانے والا ترشہ ۔

Glyoxilin/Glyoxyline : (n) [f.'glyoxal(ic)+-in.] نائٹرو گلیسرین میں ڈبویا ہوا بارود پنبہ ۔

Glyph : (n) [Fr.'glyphe'.] عمودی کھانچ یا نالی ۔

Glyphic : (n) منقش نشان یا علامت ۔

Glyphic : (a) منقش ۔

Glyphograph : (n) [Back-formation from Glyohography.] ابھرواں برقی چھاپ ۔

Glyphographer : (n) ابھرواں برقی چھپائی کرنے والا ۔

Glyphographic : (a) ابھرواں برقی چھپائی کا یا اس سے متعلق ۔

Glyphography : (n) [Gr.'glyph'+ -graphi.] ابھرواں برقی چھپائی ۔

Glyptic : (a) [Fr.'glyptique or Gr.'glyptikos'.] حکا کی سے متعلق ؛ کندہ کاری سے متعلق ۔

Glyptic/-al : (n) حکاکی ؛ کندہ کاری (خصوصاً جواہرات پر) ۔

Glyptodon/-dont : (n) کندہ دندان مور خور ؛ جنوبی امریکا کا ایک چوپایہ جو اب معدوم ہے ۔

Glyptodontoid : (a) کندہ دنداں مور خور سے مشابہ ۔

Glyptograph : (n) کندہ کاری ۔

Glyptographer : (n) حکاک ؛ کندہ کار ۔

Glyptographic : (a) حکاکی سے متعلق؛ کندہ کاری سے متعلق ۔

Glyptography : (n) حکاکی ؛ جواہر؛ کندہ کاری (جواہرات کی)؛ علم کندہ کاری ۔

Gmelinite : (n) [f. Prof. G. A. Gmelin+-ite.] آلومینیم ؛ کیلشیم اور سوڈیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Gnap : (v) [Echoic.] کاٹنا (دانت سے) ۔

Gnap : (n) نوالہ ۔

Gnar/Gnarr : (v) [Echoic.] غرانا ۔

Gnarl : (n) [Back-formation from Gnarled.] گرہ ؛ برآمدگی درخت ۔

Gnarl : (n) غراہٹ ۔

Gnarl : (v) اینٹھنا ؛ مروڑنا ؛ گرہ دار بنانا ۔

Gnarled : (a) [Var.of 'Knaral, Knurl.] بل دار؛ ناہموار ؛ گلٹی دار ؛ پیچدار ۔

Gnash : (v) [Echoic.] (۱) دانت کٹکٹانا ؛ دانت پیسنا ۔ (۲) کاٹنا ۔

Gnat : (n) [OE.'gnaett'.] مچھر ؛ پشہ ۔

Strain at gnat : صرف ادنیٰ باتوں کا خیال رکھنا ۔

Gnat-catcher : (n) ایک قسم کی امریکی چڑیا ۔

Gnat-flower : (n) ایک قسم کا پھول ۔

Gnat-snap/-snaper : (n) (۱) پشہ خور ؛ مچھر خور ۔ (۲) چھوٹے کام کرنےوالا ۔

Gnat strainer : (n) چھوٹے کاموں کو اہمیت دینےوالا ۔

Gnat worm : (n) مچھر کا پہل روپ ۔

Gnathic/Gnathal : (a) (۱) (تشریح) جبڑوں سے متعلق ؛ شدقی ، فکی ؛ لحیی ؛ جبڑوں کا ۔ (۲) (تشریح) مضغی ۔

Gnathite : (n) (حیوانیات) اعضائے دہن میں سے ایک ۔

Gnathitis : (n) (طب) ورم فک اعلیٰ ۔

Gnathopod : (n) (حیوانیات) فک پایہ ۔

Gnathopodite : (n) ['gnathos'+pod'.] Gnathopod دیکھو

Gnathostegite : (n) قشریوں کے منہ کے اوپر کا پلیٹ ۔

Gnatling : (n) (۱) چھوٹا مچھر ؛ چھوٹا پشو ۔(۲) کوئی چھوٹی حقیر چیز یا حقیر شخص ۔

Gnatoo : (n) [polynesian.] چینی توت کے درخت کی چھال سے تیار کردہ مادہ ۔

Gnaw : (v) [OE.'gnagan'.] (۱) کترنا ۔(۲) گھن کی طرح لگنا؛ گھلانا ؛ تحلیل کرنا ۔(۳) سوہان روح ہونا ۔ (٤) ستانا ؛ پریشان کرنا ۔(٥) بے چینی پیدا کرنا (پیٹ وغیرہ میں) ۔

Gnawed : (a) (نباتیات) کترا ہوا ۔

Gnawer : (n) کترنےوالا ؛ قارض ۔

Gnawing : (n) (۱) تکلیف دہ درد (خصوصاً پیٹ کا) ؛ درد شکم ۔(۲) (جمع) بھوک کی تکلیف ۔

Gnawingly : (adv.) کترنے ہوئے ؛ تحلیل کرتے ہوئے ۔

Gnawn : (a) کترا ہوا ؛ کھایا ہوا ؛ گلا ہوا ۔

Gneiss : (n) [G.'gneiss'.] (ارضیات) پرتیلی چٹان؛ فلسپاری چٹان ؛ نائس ۔

Gneissic : (a) پرتیلی چٹان کا ۔

Gneissitic : (a) پرتیلی چٹان سا ۔

Gneissoid : (a) پرتیلی چٹان سے مشابہ ۔

Gneissose : (a) Gneissic دیکھو

Gneissose : (n) پرتیلی چٹان ۔

Gneissy : (a) Gneissic دیکھو

Gnome : (n)[Gr.'gnome'.] مقولہ ؛ ضرب المثل؛ قول ؛ کہاوت ۔

Gnome : (n) [Fr.'gnome'.] (۱) روح خاکی (زیر زمین خزانوں کی محافظ) ۔(۲) بونا ؛ بالشتیا ۔(۳) (امریکا) ایک قسم کی گانے والی چڑیا ۔

Gnomed : (a) بونوں سے آباد ؛ روح خاکی سے آباد ۔

Gnomic : (a) مقولے جیسا ؛ حکیمانہ مقولوں سے پُر ؛ (لسانیات) پر اقوال ۔

Gnomic aorist : (n) مضارع جو عام حقیقتوں کو بیان کرنے کےلئے استعمال کیا جائے ۔

Gnomical : (a) مقولوں جیسا ؛ مقولوں سے پُر ۔

Gnomics : (n) قدیم یونانی شعراء جن کے اشعار میں مقولے یا ضرب المثلیں ہوتی تھیں ۔

Gnomologic/-al : (a) ضرب المثل سا ۔

Gnomology : (n) [Gr.'gnomologia'.] مقولوں کا مجموعہ ۔

Gnomon : (n) [Fr.'gnomon'.] (۱) ستون لوہے کی چھڑی وغیرہ جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے ؛ عقربہ ساعت شمسی ۔(۲) وہ ستون جس کی مدد سے سورج کے ارتفاع، نصف النہار کا مشاہدہ کیا جائے ؛ عرض نما ۔(۳) (ہندسہ) ایک بڑے متوازی الاضلاع کے کونے سے کوئی چھوٹا متوازی الاضلاع کاٹ لینے کےبعد جو شکل رہ جائے؛ عَلَم ۔

Gnomonic/-al : (a) دھوپ گھڑی کی سوئی سے متعلق ؛ عرض نما سے متعلق ؛ عَلَم سے متعلق ۔

Gnomonic column : (n) استوانہ ؛ ستون جس سے گھنٹوں کا پتہ چلتا ہے ۔

Gnomonic projection : (n) تظلیل عرض نما ۔

Gnomonically : (adv.) عرض نمائی کے طور پر ؛ وقت بتاتے ہوئے ۔

Gnosis : (n) [Gr.'gnosis'.] (۱) ادریت ؛ عرفان ؛ غَناسطیّت ؛ عیسائیوں کے ایک فرقے کا مسلک ۔ (۲) علم روحانی ؛ باطنی علم ؛ (تاریخ) علم معرفت ۔

Gnostic : (a)[L.'gnosticus'.] (۱) علم روحانی کا؛ علم باطن کا؛ عرفانی ؛ گیانی ۔(۲) (مزاحاً) چالاک ؛ جانکار ؛ غناسطیوں سے متعلق ۔

Gnostic/-al : (n) علم باطن رکھنے والا ؛ غناسطی ؛ قدیم زمانے کے عیسوی فرقے کے لوگ جو علم باطنی کے مدعی تھے ؛ عارف ۔

Gnostically : (adv.) علم باطن کی رو سے ۔

Gnosticism : غناسطی اصول یا عقائد ؛ غناسطیت ؛ (فلسفہ) عرفانیت ۔

Gnosticize : (v) غناسطی نقطہ نظر کی پیروی ، تبلیغ یا تشریح ۔

Gnu : (n) [Kaffir, 'ngu'.] جنوبی افریقہ کا ایک چکارہ جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Go : (n) (۱) جانا ۔(۲) ہمت ؛ جرأت؛ تیزی ؛ طراری ؛ جوش ۔ (۳) مشکل ؛ گڑبڑ ۔ (٤) ایک بار کوشش ۔ (٥) شراب یا کھانے کا ایک دور ۔(٦) تاش کے ایک کھیل (Cribbage) میں وہ موقع جب کھلاڑی کوئی پتہ نہ کھیل سکے ۔ (۷) فیشن ؛ رواج ۔(۸) واقعہ ۔(۹) سرگرمی (۱۰) کامیابی ۔ (۱۱) معاملہ ۔(۱۲) مقابلہ (خصوصاً مکہ بازی کا) ۔

All and quite the go : فیشن یا رواج کے مطابق ۔

Come and go : آنا جانا ؛ آمدورفت ۔

From the word go : آغاز سے ہی ۔

Great go : کیمبرج میں بی ۔اے کا آخری امتحان ۔

It's no go : کوشش بے سود ہے ۔

Little go : کیمبرج میں بی ۔اے کے نصاب کا پہلا امتحان ۔

Near go : (روز) بال بال بچنا؛ ہوتے ہوتے رہ جانا ۔

On the go : رواں ؛ حرکت میں ۔

Go : (v) [OE.'gan'.] (۱) جانا؛ روانہ ہونا ؛ سدھارنا؛ رخصت ہونا ؛ کوچ کرنا ؛ حرکت کرنا ؛ حرکت کرتے رہنا۔(۲) سفر کرنا ؛ چلنا ؛ بڑھنا ؛ ترقی کرنا ۔ (۳) کسی سمت میں واقع ہونا ؛ اشارہ کرنا (خط وغیرہ کا) ۔ (٤) اتباع کرنا؛ تقلید کرنا؛ (کسی چیز کے) مطابق عمل کرنا؛ کسی چیز کی بناپر) فیصلہ کرنا ۔(٥) بھوکا، ننگا، مسلح وغیرہ)رہنا ۔(٦) حرکت میں ہونا ؛ چالو ہونا؛ چلنا۔(۷)بجنا (گھنٹے کا) ؛ بجنا؛ بندوق وغیرہ چھوٹنا ۔ (۸) گزر جانا (وقت کا) ۔ (۹) چلنا ؛ رائج ہونا ؛ موسوم ہونا ؛ مشہور ہونا ۔ (۱۰) (دستاویز وغیرہ) مضمون ہونا ؛ مفہوم ہونا ۔ (۱۱) (شعر یا گیت میں) روانی ہونا ؛ کسی خاص سُر میں آسکنا ۔(۱۲) (واقعات کا) نتیجہ نکلنا(اچھا یا برا) ؛ (زندگی اچھی یا بری) گزرنا ؛ بیتنا ۔(۱۳) (انتخاب کا) نتیجہ نکلنا (موافق ؛ مخالف وغیرہ) ۔ (۱٤) (کوئی خاص سیاسی مسلک یا طرزعمل) اختیارکرنا ۔ (۱٥) یکنا ۔(۱٦) (روپے کا کسی خاص چیز پر) خرچ ہونا ؛ صرف ہونا ۔(۱۷) علاحدہ یا ترک کیاجانا ؛ منسوخ ہونا؛ کھویا جانا ۔(۱۸) مرنا ؛ گزرجانا۔(۱۹) بیٹھ جانا؛ ٹوٹ جانا؛ پھٹ جانا؛ رہ جانا ۔ (۲۰) کربیٹھنا (کوئی کام حماقت سے) ۔(۲۱) دینا (ضمانت) ۔(۲۲) چھیڑنا ؛ شروع کرنا (لڑائی وغیرہ) ۔ (۲۳) (معاملے کو کسی خاص حدتک) پہنچانا ؛ کسی خاص حدتک پہنچانا۔(۲٤) ڈوبنا؛ اترجانا ۔(۲٥) سمانا؛ (ایک عدد کا دوسرے کو) تقسیم کرنا ۔ (۲٦) (کسی الماری یا خانے وغیرہ کے) متعلق ہونا ۔(۲۷) دیا جانا ؛ حصہ میں آنا ۔ (۲۸) مدد دینا ؛ مل کر کسی رقم کے مساوی ہونا ۔(۲۹) ہونا (مجنوں وغیرہ) ؛ ہونا (کسی حال میں) ۔ (۳۰) (شکار) گھوڑے پر یاگھوڑے سے شکار کرنا ۔(۳۱) حاملہ ہونا۔ (۳۲) ہونا ۔ (۳۳) جاری رہنا ؛ کامیاب ہونا ۔ (۳٤) اپیل کرنا ۔ (۳٥) (کوئی خاص کام) کرنا ۔ (۳٦) خطرے میں ڈالنا ۔ (۳۷) لے جایا جانا۔ (۳۸) کام میں آنا ۔

As (or so) far it goes : اس حدتک ؛ اپنی حدتک ۔

As you go, as she goes : (بحری) اسی سمت ؛ اس رستے پر ۔

Go a begging : کوئی پوچھنے والا نہیں ۔

That goes without saying : (اس میں) کوئی شک نہیں ۔

To go above his ground : اونچا جانا ۔

To go all the way : (۱) پورےطورپر متفق ہونا ۔ (۲) مجامعت کرنا ۔

To go aloft, off the hoods to (the) pot : مرنا؛ انتقال ۔

To go apprentice : کام سیکھنا ۔

To go a good way/-great way/- shortway : بہت حدتک ؛ تھوڑی حدتک ۔

To go a long way : (کسی کام میں کسی چیز سے) بہت مدد لینا ۔

To go bail : ضامن ہونا ۔

To go bang/- crash/- smash/- snap : آواز ہونا ؛ ٹوٹ جانا ؛ ٹکراجانا ؛ چور ہوجانا ۔

To go by or under the name or title of : کسی نام سے مشہور ہونا ؛ معروف ہونا ۔

To go cheap : سستا ہونا ۔

To go far : ترقی کرنا ۔

To go free : خمیازہ نہیں بھگتنا ۔

To go from one's word : بات سے پھرجانا ۔

To go glimmery : مرجانا ؛ انتقال کرجانا ۔

To go great guns : نمایاں کامیابی حاصل کرنا ۔

To go halves/-shares/-snacks : آدھا آدھا بانٹ لینا ؛ حصہ بانٹ لینا ۔

To go like blazes : تیزی سےبھاگ جانا ۔

To go narrow/-wide : (گھوڑے کا) صفائی سے چلنا ؛ بھڑک کر چلنا ۔

To go one better : ورپڑنا ؛ بازی لے جانا ۔

To go one's way : اپنی راہ لگنا ۔

To go (the) circuit : دائرے میں چلنا ۔

To go the way of all the earths : مرنا ؛ انتقال کرنا ۔

To go to a better world : مرنا ؛ انتقال کرنا ۔

To go to Jericho/-Bath/-Hong Kong/-Putney : دور ہونا ؛ دفع ہونا ؛ جہنم واصل ہونا ۔

To go to law : قانونی چارہ جوئی کرنا ۔

To go to one's heart : دل میں اترجانا ؛ دلنشیں ہونا ؛ دل میں گھر کرلینا ۔

To go to pieces/-rack/- ruin/-smash : تباہ و برباد ہونا ؛ پارہ پارہ ہو جانا ۔

To go to the bar/-stage/-street : وکالت، ادا کار یا فاحشہ کا پیشہ اختیار کرنا ۔

To go to the bottom : سب سے پیچھے ہونا ۔

To go to the bull/-horse : جفتی کھانا ۔

To go to the college/-University : کالج میں داخلہ لینا ؛ یونیورسٹی میں داخلہ لینا ۔

To go to the country : عام انتخاب کے ذریعہ سے ملک کی رائے معلوم کرنا ۔

To go to the sea : جہاز رانی کا پیشہ اختیار کرنا ۔

To go upon the earth : چلنا پھرنا ۔

To go with calf/-child : حاملہ ہونا؛ گابھن ہونا ۔

To go with the tide/-the times : زمانہ سازی کرنا ۔

To go without/-short : (۱) محروم ہونا ۔(۲) کام چلا چلالینا (بغیر کسی چیز کے) ؛ تنگ دست ہونا ۔

To let go : چھوڑ دینا ۔

To let judgement go by default : صفائی پیش نہ کرنا ۔

What has gone of : کیا ہوا ہے ، کیا معاملہ ہے ؟

What has gone with : (کسی کے ساتھ) کیا ہوا ہے ؛ کیا معاملہ ؟

Who goes/Who goes there : کون ہے ؟

Go about : (v) مشغول ہونا ؛ (کسی کام کو) شروع کرنا ۔

Go about : (v) (۱) مارا ماراپھرنا۔(۲) کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ جدوجہد کرنا ۔

To go about to : (بحری) (جہاز کا) دوسرے رخ پر چلنا ۔

Go abroad : (v) (۱) مشتہر ہونا ۔(۲) بدیس جانا ۔

Go after : (v) پیچھا کرنا ؛ عاشق یا مرید کی طرح جانا ۔

Go against : (v) مخالف ہونا ۔

To go against grain/-hair : ناگوارہونا؛ ناپسند ہونا ۔

Go ahead : (v) (۱) آگے بڑھ جانا (دوڑ میں) ۔(۲) جلد ترقی کرنا ۔

Go-ahead : (a) منچلا ؛ بلند حوصلہ ۔

Go-along : (v) جاری رکھنا ۔

Go along/-wigh you : (imperative) دور ہو جاؤ ۔

Go along with : (v) (۱) متلازم ہونا؛ ساتھ ہونا۔(۲)ہم خیال ہونا ۔(۳) موزوں ہونا ؛ جوڑ ہونا ۔(٤) مطلب سمجھنا ۔

Go around : (a) (۱) خانہ بدوشی ؛ جگہ جگہ گھومنا ۔ (۲) ضرورت پوری کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ (کوئی خبر یا کہانی وغیرہ)۔

Go-as-you-please : (a) بے اصول ؛ بے قید ۔

Go-ashore : (a) (جہاز رانی) ساحل ؛ ساحل پر ۔

Go ashore : (n) (۱) ساحل پر اترنے کا کپڑا ۔(۲)(نیوزی لینڈ) کھانا پکانے کا برتن ؛ دیگ ؛ کڑھاؤ ۔

Go at : (v) (۱) حملہ کرنا ؛ پل پڑنا ۔(۲) زورشور سے کرنا ؛ پیچھے پڑجانا ۔

To go at it : پل پڑنا ۔

Go away : (v) روانہ ہونا ۔

To go away with : (۱) لےجانا ۔(۲) آزادی سےلے جانا ۔

Go back : (v) (۱) واپس ہونا ؛ لوٹنا ۔(۲) پس بینی کرنا ۔ (۳) وعدہ خلافی کرنا ۔(٤) دھوکا دینا ۔ (٥) پیچھے جانا ۔

To go back from : وعدہ خلافی کرنا ۔

To go back on : دھوکا دینا ۔

Go backward (s) : پیچھے جانا ۔

Go before : (v) (۱) پہلے آنا یا ہونا ۔(۲) آگے جانا ۔

Go behind : (v) از سر نو شروع کرنا ۔

Go-between : (n) بچولیا ؛ دلال ۔

Go-by : (v) گزرنا ۔

Go-by : (n) (دوڑ میں) کسی گھوڑے یا کتے سے آگے ہونا ۔

To give the go-by : (۱) سبقت لے جانا ۔(۲) بچ نکلنا ۔

Go-cart : (n) (۱) گڑولنا ؛ بچوں کے چلنے کی گاڑی ۔ (۲) پالکی ۔(۳) بتھ گاڑی ۔(٤) ہلکی فٹن ۔

Go -down : (v) (۱) اُترنا ؛ ڈوبنا ؛ غرق ہونا ۔(۲) کسی خاص حدتک پہنچنا ۔ (۳) (فاتح سے) شکست کھانا ؛ مغلوب ہونا۔(٤)تحریر میں آنا ۔(٥) نگلا جانا ؛ حلق سےاُتر جانا ۔(٦) قبول کرلیا جانا ؛ تسلیم کرلیاجانا۔(۷) کالج یاجامعہ چھوڑنا ۔(۸) محیط ہونا۔(۹) بیمار ہونا ۔

To go down on one's knees : منتیں کرنا ؛ التجا کرنا ۔

Go-down : (n) (۱) شراب خواری کامقابلہ ۔(۲) دریا کے کنارے کو کاٹ کر مویشیوں کےلئے رستہ بنانا ۔

Go for : (v) (۱) سمجھا جانا ۔(۲) کسی بات کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔(۳) (عامیانہ) حملہ کرنا ۔

Go forth : (v) اجرا ہونا ۔

Go-forward : (v) آگے بڑھنا ۔

Go-getter : (n) (۱) مہم جو شخص ۔(۲) گھس پیٹھ کا آدمی ؛ جوڑ توڑ کا آدمی ۔

Go-getting : (a) مہم جو ۔

Go in : (v) (۱) مقابلہ میں شریک ہونا ۔(۲) (کرکٹ) اننگ شروع کرنا۔(۳) (سورج وغیرہ کا) بادلوں میں چھپ جانا ؛ غبارآلود ہوجانا۔ (٤) مجامعت کرنا ۔

To go in at : حملہ کرنا ۔

Go in for : (v) (۱) اختیار کرنا (پیشے، مقصد یا اصول کے طور پر) ۔(۲) امتحان میں شریک ہونا ۔

Go into : (v) (۱) داخل ہونا ؛ اختیار کرنا (پیشہ) ؛ شریک ہونا ؛ حصہ لینا ۔ (۲) کپڑے پہننا (ماتمی وغیرہ) ۔(۳)تحقیق کرنا؛ تفتیش کرنا۔(٤) رویہ اختیار کرنا ۔

Go-no-further : (n) سیب کی ایک قسم ۔

Go off : (n) (۱) ابتداء ؛ شروع ؛ آغاز ۔(۲) (بینک) واجب الادا قرضے کی رقم۔

Go off : (v) (۱) ایکٹر کااسٹیج سے چلاجانا ۔(۲) شروع کرنا ۔(۳) پھٹنا ؛ چھوٹنا(بندوق وغیرہ) ۔(٤) مرنا ؛ انتقال کرنا۔(٥)رفتہ رفتہ دور ہوجانا(اساس) ۔ (٦) بگڑ جانا ؛ بدتر ہوجانا ۔ (۷) نیند میں مدہوش ہو جانا ؛ بےخبر ہو جانا ۔(۸) بےہوش ہوجانا ؛ غش کھانا ۔(۹) بھاگ جانا ؛ نکل جانا ۔

(١٠) کامیاب ہونا ۔ (١١) بکنا ۔ (١٢) (بیٹوں کی) شادی ہو جانا ۔(١٣) (تاش کا کھیل) شروع کرنا ۔(١٤) بجنا ۔(١٥) آگے بڑھنا ۔

Go off : (v) (١) پورا نہ کرنا ۔ (٢) (گائے وغیرہ کا) دودھ نہ دینا ۔

Go on : (v) (١) جاری رہنا؛ جاری رکھنا۔(٢) ثابت قدم رہنا ؛ مستقل رہنا۔(٣)رجوع کرنا ؛ متوجہ ہونا (ایک کام کے بعد دوسرے کام کی طرف) ۔(٤) شرمناک طرز عمل اختیار کرنا ۔(٥) طعنہ زنی کرنا؛ آوازہ کسنا(روزمرہ) ۔(٦) اسٹیج پر آنا (ایکٹر کا) ؛ اپنی باری کا کام کرنا ۔(٧) (کرکٹ) گیند پھینکنا شروع کرنا۔(٨) بک بک کرنا ۔(٩) (وقت کا) گزرنا ۔(١٠) واجب الادا ہونا ۔

Go out : (v) (١) باہر جانا ؛ نکلنا ۔(٢) بجھنا ؛ گل ہونا ۔ (٣) (ملجس وزراء کا) مستعفی ہونا۔(٤) رواج اٹھ جانا؛ متروک ہونا؛فیشن نہ رہنا۔(٥) کسی نو آبادی کو جانا ؛ تلاش معاش میں گھر سے نکلنا ۔ (٦) سوسائٹی میں ملنا ۔ (٧) ہڑتال کردینا؛ کام چھوڑ دینا ۔(٨) دل میں (کسی کی) محبت کا جوش اٹھنا ۔(٩) یکیکی لڑنا ؛میدان میں آنا ۔(١٠) (کیمبرج) سند پانا ۔(١١) مرنا ۔ (١٢) ختم ہونا (سال کا) ۔ (١٣) شائع ہونا ۔ (١٣) ٹوٹنا ۔(١٥) امیدوار ہونا ۔

To go out of cultivation : دقیانوسی ہوجانا ۔

To go out of fashion : دقیانوسی ہو جانا ۔

To go out of gear of order : بے ترتیب ہو جانا ۔

To go out of one's mind/-senses : پاگل ہو جانا ۔

To go out of point : کتابوں وغیرہ کا نہ ملنا ۔

To out of the stable : دوڑ میں شریک ہونا ۔

To go out of the world : مرنا ؛ انتقال کرجانا ۔

To go out on strike : ہڑتال کرنا ۔

Go out : (n) مدوجزری مقام سے پانی نکلنے کا آب بند دروازہ ۔

Go-over : (v) (١) ملاحظہ کرنا ؛ معائنہ کرنا (تفصیل سے) ۔ (٢) از سرنو کرنا ؛ دوہرانا ؛ تکرار کرنا ۔ (٣) نظرثانی کرنا؛ اصلاح کرنا ۔(٤) پار کرنا (پہاڑی ، دریا وغیرہ) ۔ (٥) جانا (ملاقات کی خاطر) ۔(٦) منتقل ہونا(دوسرے مالک کے پاس) ۔ (٧) ملتوی ہونے کے لائق ہونا ۔(٨) کامیاب ہونا۔ (٩) (فٹبال) گیند کو گول کے پیچھے چھوڑ دینا ۔ (١٠) ایک پارٹی (مذہب) چھوڑکر دوسری پارٹی (یا مذہب) اختیار کرنا ۔

To go over the hill : (١) (فوج) بغیر اجازت کیمپ چھوڑنا ۔(٢) غائب ہوجانا ؛ فرار ہوجانا ۔

To go over to the majority : مرنا ؛ انتقال کرنا ۔

To go over to Rome : رومن کیتھولک ہوجانا ۔

Go round : (v) (١) گھومنا ؛ سر چکرانا ۔(٢) دورہ کرنا ۔ (٣) ایک دورختم کرنا ۔(٤) بے ظابطہ یا تکلفانہ ملاقات کےلئے جانا ۔ (٥) کافی لمبا ہونا (تاکہ گھیرلے سکے) ۔(٦) (کھانےوغیرہ کا) سب کےلئے کفایت کرنا ؛ سب کو پچ جانا ۔

Go slow : (a) (١) کام میں ڈھیل دینے والا ۔(٢) (سماجیات) آہستہ رو ۔

Go through : (v) (١) تفصیل کے ساتھ بحث کرنا ؛ غور کرنا ؛ بغورمطالعہ کرنا ۔ (٢) پورا کرنا ؛ انجام دینا ۔ (٣) برداشت کرنا؛ سہنا ۔(٤) بک جانا ؛ نکل جانا (کتاب کے ایڈیشن کا) ۔

Go through : (v) منظور ہونا ؛ تصحیح کرنا ۔

Go through with : (v) پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ نبھانا ۔

Go to : (فجائیہ) بس رہنے بھی دو ۔

Go-to-bed : (n) خواب آلود ۔

Go-to-bed-at-noon : (١) ریش بز ۔(٢) مثر ؛ شنگ ۔

Go together : (v) متلازم ہونا ؛ لازم و ملزوم ہونا ؛ میل ہونا ؛ مناسب ہونا ۔

Go-to- meeting : (a) گرجا یا کسی خاص تقریب میں جانے کے (کپڑے) ۔

Go under : (v) (١) ناکام ہونا ؛ سماج سے روپوش ہونا ؛ مغلوب ہونا ۔ (٢) (عام) مرنا ؛ انتقال کرنا ۔ (٣) ڈوبنا ؛ برباد ہونا ۔

Go up : (v) (١) ترقی کرنا ۔(٢) دیوالیہ ہونا ؛ برباد ہونا۔ (٣) تیز ہونا ۔ (٤) پیش ہونا ۔ (٥)بڑھنا ۔ (٦) اونچا نیچا ہونا ۔

Go upon : شروع کرنا ؛ بنیاد ڈالنا ۔

Go with : (n) (۱) متلازم ہونا ؛ ساتھ ہونا ۔(۲) ہم خیال ہونا۔(۳) موزوں ہونا ؛ جوڑ ہونا ۔(٤) مطلب سمجھنا ۔

Go-within-each-other : (a) ایک دوسرے میں سماجانے والے (بکس وغیرہ) ۔

Go without : (v) (۱) محروم ہونا ۔(۲) کام چلالینا (بغیر کسی چیز کے) ۔

Goa : (n) [Tibetan'dgoba'.] تبت کابرن ؛ ہرنوٹا ؛ نوجوان برن ۔

Goad : (n) [OE.'gad'.] (۱) آنکس ؛ کچک ؛ پینا ۔(۲) سوہان روح؛ اکسانےوالی چیز؛ مہمیز۔(۳) زمین ناپنے کا ایک پیمانہ جو ۱۵یا ۹ فٹ کا ہوتا ہے ۔

Goad : (v) (۱) پینا یا آنکس چبھونا ۔(۲) چیڑنا ؛ کھٹکنا ۔ (۳) اکسانا ؛ آمادہ کرنا ؛ ورغلانا ۔

Goadster : (n) آنکس وغیرہ سے ہانکنے والا ۔

Goaf/Goave : (n) کان کا وہ خالی حصہ جہاں سے کوئلہ نکال لیا گیا ہو ۔

Goafing : (n) کان جہاں سے کوئلہ نکال لیاگیا ہو ۔

Goal : (n) [ME.'got'.] (۱) گھُڑ دوڑ ختم ہونے کی جگہ ۔ (۲) مقصود ؛ مطمح نظر ۔(۳) منزل مقصود ۔ (٤) (فٹ بال) گول ؛ دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ جن میں سے گیند گزرنے پر بارجیت ہوتی ہے ؛ ایک بار کی جیت ۔(٥) (قدیم روما) وہ ستون جو رتھوں کی دوڑ میں ہر موڑ پر ہوتا تھا ۔(٦) گھڑ دوڑ شروع ہونے کی جگہ ۔

To drop a goal : گنید کو زمین پر ایک بار اچھال کر گول کرنا ۔

To get a goal/-take-/-win- : مقصد حاصل کرنا ۔

To make a goal/-score : گول کرنا ۔

Goal-directed : (a) (فلسفہ، نفسیات) مقصودی ۔

Goal-keeper : (n) گول کیپر ۔

Goal-line : (n) وہ خط جو گول کے کھمبوں کو ملاتا ہے ۔

Goal-post : (n) گول کا کھمبا ۔

Goat : (n) [OE.'gat'.] (۱) گوسفند ؛ بز؛ بکری ۔(۲) برج جدی ۔(۳) (جمع) وہ ذیلی خاندان جس سےبکری کا تعلق ہے۔(٤) شہوت پرست آدمی ۔(٥) بکرے کی کھال یا چمڑا ۔(٦) صدقے کا بکرا ؛ بھینٹ ۔

To play or act the (giddy) goat : مسخرگی کرنا ۔

To get (a person's) goat : چڑانا ۔

Goat antelope : (n) ایک قسم کا چکارا ۔

Goat chafer : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Goat-fig : (n) جنگلی انجیر (درخت) ۔

Goat-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Goat-herd/Goatherd : (n) چرواہا ؛ بکریاں چرانے والا ؛ گڈریا؛ شبان ؛ چیان گلہ بان ۔

Goat-leap : (n) اچھل کود ۔

Goat-moth : (n) بز پروانہ ۔

Goat-owl : (n) پشہ خوار ؛ عاطف الریاح ۔

Goat-root : مُجرم ۔

Goat-rue : (n) سداب بُز ۔

Goat-singing/-song : (n) یونانی ٹریجڈی کی ترجمانی ۔

Goat-sucker : (n) [L.Caprinulgus'.] پشہ خوار ؛ عاطف الریاح ۔

Goat-wheat : (n) ایک قسم کا گیہوں ۔

Goatee : (n) بکرے کی سی داڑھی ؛ چگّی داڑھی ۔

Goatling : (n) بکری کا بچہ (ایک اور دو سال کے درمیان کا) بزغالہ ۔

Goatish : (a) بکرے کا سا ؛ پُرشہوت ؛ بکرے کی سی خاصیتیں رکھنے والا ۔

Goatishly : (adv.) بکرے کی طرح ؛ شہوت پرستی سے ۔

Goatishness : (n) بکرے کی خاصیت ؛ شہوت پرستی ۔

Goat's bane : (n) ایک قسم کا جدوار ۔

Goat's beard : (۱) ریش بز ۔(۲) مثر ؛ شنگ ۔

Goat's foot : (n) ترشک کی ایک قسم ۔

Goat's leaf : (n) شبدر کی پتیاں ۔

Goat's rue : (n) Goat rue دیکھو

Goat's thorn : (n) جنس کنیز ؛ جنس گون ۔

Goat's wool : (n) (۱) شے معدوم ؛ چڑیا کا دودھ ؛ گولر کا پھول ۔ (۲) اون جس میں بکری کا بال ملا ہوتا ہے ۔

Goatskin : (n) بکری کی کھال کی صراحی یا لباس ؛ بکری کا چمڑا ۔

Goaty : (a) بکرے کا سا ؛ شہوت پرست ۔

Gob : (n) [OFr.'gobe, goube'.] (۱) لوندا ؛ لعاب دار شے ؛ تھوک ؛لعاب دہن ۔(۲) بڑی مقدار ۔(۳) بڑا نوالہ ۔

Gob : (n) [It.'gob',] منہ ؛ دہن ۔

Gob : (n) (۱) دیکھو Gab ۔(۲) گفتگو ؛ زبان ۔

Gob : (n) (۱) (کوئلہ کی کان) وہ جگہ جہاں سے کوئلہ نکال لیا گیا ہو ۔(۲) کوڑا کرکٹ جو اس طرح رکھا جائے ۔

Gob : (n) [Origin unkn.] جہاز راں ۔

Gob : (v) (بھٹی کا)بُجھنا یا بُجھانا ۔

Gobang ; (n) [Jap.'goban'.] ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے ۔

Gobbet : (n) [OFr.'gobet'.] (۱) ٹکڑا ؛ ڈھیلا (خصوصاً کچے گوشت یا کچے کھانے کی چیز کا) ؛ نوالہ ۔ (۲) (ادب یا موسیقی کا) ٹکڑا ۔(۳) قطرہ ۔

Gobbing/Gobbin : (n) (کان کی دیوار کو) پتھر کے ٹکڑوں سے مضبوط کرنا ۔

Gobble : (n) (گولف) ایسا ہاتھ جس سے گیند سیدھی سوراخ میں پہنچ جائے ۔

Gobble : (v) (۱) ڈھکوسنا ؛ ہڑپ کرجانا ؛ چپڑ چپڑ کرکے کھانا ؛ جلدی کھانا۔ (۲) (عامیانہ) پکڑ لینا ۔

Gobble : (v) (۱) فیل مرغ کا بولنا ۔ (۲) فیل مرغ کی طرح بولنا ؛ (غصے میں) کڑ کڑانا ۔

Gobble : (n) فیل مرغ کی آواز ۔

Gobbler : (n) فیل مرغ ۔

Gobelin/Gobelins : (۱) گوبلن میں بنا ہوا پھلور کام ۔ (۲) بوٹے دار ریشمی کپڑا جو پھلورکام بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔(۳) پیرس کی آرائشی کپڑا بنانےوالی فیکٹری ۔

Gobemouche : (n) [Fr.] زود یقین شخص ؛ وہ شخص جو خبروں پر جلد یقین کرلیتا ہے اور مشہورکر دیتا ہے ۔

Gobiid : (a) [L.'gobius'.] مچھلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Gobiid : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Gobioid : (a) مچھلی کی ایک جنس سے متعلق ۔

Gobioid : (n) اس جنس کی مچھلی ۔

Goblet : (n) [OFr.'gobelet'.] (۱) ساغر ؛ جام ؛ قدح ؛ پیالہ ۔ (۲) تھالی ؛ جوڑ گلاس ۔

Goblin : (n) [AFr.'gobelin'.] شریر بدشکل روح ؛ غول ۔

Gobline : (n) (بحری) چوب جہاز کی طناب سےلگا ہوارسّا ۔

Goblinize : (v) شریر بد شکل روح میں تبدیلی کرنا ؛ غول بنانا ۔

Goblinry : (n) غولیت ۔

Goby : (n) [L.'gobius'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Goclenian : (a) قیاس مسلسل کی ایک قسم کانام ۔

God : (n) [OE.'god'.] (۱) دیوتا ؛ دیوی ۔(۲) بت ؛ مورتی ؛ جانور وغیرہ جس کی پرستش کی جائے ۔ (۳) خداوند؛ خدائےمجازی ؛ وہ شخص جس کی بے حد تعظیم یاجس سےبےحد محبت کی جائے ۔ (٤) گیلری میں بیٹھنے والے تماشائی (تھیٹر) ۔ (٥) خدا ؛ اللّٰہ ؛ خالق ۔

A feast, singh etc. fit for the gods : نہایت عمدہ دعوت ؛ مناظر وغیرہ ۔

Act of God : (قانون) حادثہ جس کا کوئی ذمہ دار نہ ہو ۔

On God's earth : زمین پر ۔

The god of day : آفتاب ؛ سورج ۔

The god of love/The blind god : Cupid دیکھو

The god of war : مریخ ۔

The god of wine : باخوس ؛ یونانی دیومالا میں شراب کا دیوتا ۔

With God : جنت میں ۔

God-almighty/God-a-mighty : (n) قادر مطلق ۔

God-bote : (n) گناہ کا جرمانہ ۔

God-child : (n) دینی بچہ ۔

God-damn (-me) : (۱) ایک قسم ۔(۲) انگریز ۔

God-doughter : (n) دینی بچی ۔

God-father : (n) (۱) دین باپ ۔(۲) وہ شخص جس کے نام پر کسی شے یا کسی شخص کا نام رکھا جائے ۔

God-father : (v) ذمہ دار ہونا ؛ کفیل ہونا ؛ اپنے نام پر کسی کا نام رکھنا ۔

God-fearing : (a) خدا ترس ؛ متقی ؛ پرہیز گار ۔

God-mamma : (n) دینی ماں ۔

God-man : (n) (۱) حضرت عیسیٰ ۔(۲) فوق البشر ۔

God-mother : (n) God-mamma دیکھو

God-papa : (n) God-father دیکھو

God-parent : (n) دینی والدین ۔

God-speed : (n) خدا حافظ ۔

To bid one God-speed : خدا حافظ کہنا ۔

God-sunday : (n) ایسٹر ۔

God wot/-knows : خدا جانے ؛ خدا جانتا ہے کہ ۔

Goddess : (n) (۱) دیوی ۔(۲) عورت ۔

Goddess of love : زہرہ ۔

Godet : (n) [OFr.'godet'.] مثلث کپڑا جو لباس یا دستانے میں لگایا جاتا ہے ۔

Godeyld (ild, dild) you : اطاعت قبول کرو ۔

Godhead : (n) (۱)الوہیت ؛ربوبیت ؛ خدائی ۔(۲) دیوتاہونا ۔ (۳) دیوتا، دیوی ۔(٤) خدا ؛ اللہ ۔

Godhood : (n) Godhead دیکھو

Godkin : (n) چھوٹا دیوتا ۔

Godless : (a) (۱) بے دیوتا کا ۔(۲) بے دین ؛ ملحد ؛ بے پیر ؛ بد اعمال ؛ بُرا ۔

Godlessness : (n) بےدینی ؛ بےپیری ؛ بداعمالی ؛ بُرائی ۔

Godlike : (a) (۱) خدائی ؛ ربّانی ؛ رحمانی ؛ خدا جیسی ۔ (۲) دیوتاؤں کے لائق ؛ دیوتا کے مثال ۔

Godlikeness : (n) ربّانیت ؛ رحمانیت ۔

Godlily : (adv.) پرہیزگاری سے ۔

Godliness : (n) تقویٰ ؛ پرہیزگاری ؛ خداپرستی ۔

Godling : (n) چھوٹا دیوتا ۔

Godly : (a) باخدا ؛ متقی ؛ پرہیزگار ؛ دین دار ۔

Godown : (n) [pg.'dudao'.] گودام ؛ مال گودام ۔

Godroon : (n) Gadroon دیکھو

God's acre : (n) [G. 'Gottesacker'.] قبرستان ۔

God's book : (n) انجیل ؛ بائبل ۔

God's image : (n) انسان کا جسم ۔

God's penny : (n) بیانا ۔

God's service : (n) عبادت ۔

God's truth : (n) حقیقت مطلق ؛ بالکل سچی بات ۔

Godsend : (n) نعمت غیرمترقبہ ۔

Godship : (n) الوہیت ؛ خدائی ۔

Godson : (n) دینی لڑکا ۔

Godward/Godwards : (adv.) خدا کی راہ میں ۔

Godward : (a) مائل بخدا ۔

Godwit : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی پن ککڑی ۔

Goer : (n) جانے والا ۔

Goethian/-ean : (a) گوئٹے سے متعلق ۔

Goethian : (n) گوئٹے کاپیرو یا ہم خیال ۔

Goffer : (n) [Fr.'gaufre'.] پلیٹیں وغیرہ بنانے کی سلاخیں ۔

Goffer/Guaffer : (v) گرم سلاخوں سے لہریں ڈالنا یا نالیاں بنانا ؛ پلیٹیں ڈالنا (لیس کے کناروں وغیرہ میں)۔

Goffered : (a) (۱) لہردار (لیس) ۔(۲) (جلد سازی) منقش ۔ (۳) (حشریات) طول میں دھاریوں والا ۔

Gofferer : (n) پلیٹیں ڈالنے والا ۔

Goffering : (n) پلیٹیں ڈالنا ۔

Goffering iron/-tongs : (n) سلاخ جس سے پلیٹیں بنائی جاتی ہیں ۔

Goffering press : (n) شکن انداز آلہ ۔

Goggle : (n) (۱) عینک ؛ دھوپ عینک ؛ بڑا چشمہ ؛ (عامیانہ) چوکھٹےشیشے کا چشمہ ۔(۲) (گھوڑے کی) نظر روک ۔

The goggle : بھیڑوں کی ایک بیماری ۔

Goggle : (a) اُبھری ہوئی (پھرتی ہوئی آنکھ کی پتلی) ۔

Goggle : (v) ترچھا دیکھنا ؛ کن انکھیوں سے دیکھنا ۔ بھینگے پن سے دیکھنا ؛ آنکھیں نکالنا ؛ گردش کرنا ۔

Goggle-eye : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Goggle-eyed : (a) جس کی آنکھیں باہر نکلی ہوئی ہوں ۔

Goggler : (n) (۱) (عامیانہ) آنکھ ۔(۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Goglet/Gugglet : (n) [Pg.'gorgoleta'.] مٹی کی صراحی ۔

Goidel : (n) [Olr.'Goidel'.] قوم گیل کا؛ قوم گیل کی زبان کا ۔

Going : (n) (۱) جانا ؛ چلنا ۔ (۲)سڑک وغیرہ کی حالت (سفر کےلئے) ۔ (۳) چالو ۔ (٤) موجود ؛ جو مل سکے ۔ (٥) (تعمیرات) زینے کی چوڑائی ۔

To set going : حرکت میں لانا ؛ آغاز کرنا ۔

Going : (a) جانےوالا ؛ رائج ؛ چالو ۔

Going barrel : (n) (گھڑی کی) کمانی دان ۔

Going down : (n) غروب (آفتاب) ۔

Going order : (n) چالو حالت ۔

Going-train : (n) گھڑی کا کمانی دان ۔

Going-wheel : (n) کنجی دینے کے وقت گھڑی کو چالو رکھنے کا پرزہ ۔

Going's-on : (n) طرز عمل ؛ افعال ۔

Goitre/Goiter : (n) [Fr.'goitre'.] (۱) (طب) گھینگا ؛ گلہڑ ؛ غوتر ۔(۲) چھپکلی کے گلے کاورم ۔

Goitered/Goitral : (a) گھینگے سےمتعلق یا مشابہ ؛ گھینگے والا ؛ (وہ جگہ) جہاں گھینگے کی کثرت ہو ۔

Goitrous : (a) دیکھو Goitered

Golconda : (n) (۱) دولت کی کان ۔(۲) ہندوستان کا ایک شہر گولکنڈہ ۔

Gold : (n) OE.'gold'.] (۱) سونا ؛ زر ؛ طلا ۔(۲) اشرفیاں ؛ روپیہ ؛ مال و زر ؛ دولت ؛ روپیہ پیسہ ۔ (۳) (مجازاً) خوبصورت؛ شاندار یا قیمتی شے ۔ (٤) سونے کا ملمع ؛ سونے کا جھول ۔(٥) سونے کارنگ ۔(٦) (تیراندازی) نشانے کاطلائی مرکز ۔

Dead gold : سونا جس میں چمک نہ ہو ۔

پریوں کا زر (جو فوراً ہوا ہوجاتا ہے) ۔ Fairy gold :

شریف النفس شخص ۔ Heart of gold :

وہ بھرت جس میں تین حصہ سونا اور ایک حصہ تانبہ ہوتا ہے ۔ Jeweller's gold :

پرانا سونا ؛ ہلکا بھورا مائل سنہری رنگ ۔ Old gold :

سونا جس میں تانبہ ملا ہو ۔ Red gold :

چاند پر نشانہ لگانا ۔ To make a gold :

سنہرا ؛ طلائی ۔ Gold : (a)

پارے کے ساتھ ملا ہوا ہونا ۔ Gold amalgam : (n)

ثماتر ۔ Gold apple : (n)

گل اشرفی ۔ Gold balls : (n)

زرکوب ؛ سونے کے ورق بنانے والا ۔ Gold-beater : (n)

جھلی جو سونے کے ورق بنانے میں کام آتی ہے ۔ Gold-beater's skin : (n)

زرکوبی ؛ سونے کے ورق بنانے کا کام ۔ Gold-beating : (n)

زریں بھورا ۔ Gold-beetle : (n)

زبرجد زریں ۔ Gold-beryl : (n)

وہ ممالک جو اپنے سکےکی بنیاد طلائی میعار پر رکھتے ہیں ۔ Gold-block : (n)

(کتاب کی جلد پر) طلائی نقش بنانا ۔ Gold-blocking : (n)

گیندا ۔ Gold-bloom : (n)

زریں سینے والا امریکی راج ہنس ۔ Gold-breasted-trumpeter : (n)

(۱) مصنوعی طلائی اینٹ ؛ بےقیمت چیز ؛ خالی نمائش ؛ دھوکا ؛ کاغذی پھول ۔ (۲) وہ سپاہی جو غیر فوجی کام کرتا ہے جسے Gold breaker بھی کہا جاتا ہے ۔ (۳) کام چور (Gold breaker کہا جاتا ہے) ۔ Gold-brick : (n)

کام چوری کرنا ۔ Gold-brick : (v)

(۱) زریں بھونرا ۔ (۲) دولت مند ۔ (۳) طلائی میعار کا حامی ۔ Gold-bug : (n)

طلائی سر والا بیا ۔ Gold-capped weaver-bird : (n)

(۱) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۲) دیکھو Gold-fish ۔ Gold-carp : (n)

زربفت ۔ Gold-cloth : (n)

(۱) خوشامد کر کے یا پھسلا کر زر اینٹھنا ۔ (۲) (عورت کا) پھسلا کر یا لبھا کر مرد سے زر اینٹھنا ۔ Gold-dig : (v)

(۱) سونا نکالنے والا ۔ (۲) لالچی عورت خصوصاً جو مردوں کو اپنے حسن سےلبھا کر زر اینٹھتی ہے ؛ عشوہ گر ؛ جُل باز ۔ Gold-digger : (n)

(۱) سونا نکالنا ۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے سونا نکالا جائے ۔ Gold-digging : (n)

Grager/Greger/Gregger/Grogger : (n) ٹیٹری ؛ ایک قسم کا جھنجھنا ۔

Grahamism : (n) سلوسٹر گراہم (Sylvester Graham) کا پیرو ۔

Grahamite: (n) [f. Graham+-ism.] گوشت خواری سے پرہیز جس کی تلقین سلوسٹر گراہم نے کی تھی ۔

Grail : (n) [ME.'grael'.] (۱) وہ بول جو عشائےربانی کے وقت تلاوت انجیل کے دوران گائے جاتے ہیں ۔ (۲) ایسے بول کی کتاب ۔

Grail : (n)[OFr.'graal,grael, greel'.] (۱) وہ طشت جو مسیح نے عشائے آخری میں استعمال کیا تھا ۔ (۲) اعلیٰ مقصود ۔

Grail : (n) [perhaps contraction of Gravel.] کنکری ؛ سنگ ریزہ ۔

Grail : (n) [Fr.'grele'.] کنگھی بنانےوالوں کا سوہن یاریتی ۔

Grain : (n) [OFr.'grain, grein' & graine'.] (۱) دانہ (غلےوغیرہ کا) حبہ ۔ (۲) اناج ؛ غلہ ؛ خوشے کا ایک دانہ ۔ (۳) مغربی افریقہ کے ایک درخت کے ڈوٹے جو گرم مسالے اور دوا کےطور پر استعمال ہوتے ہیں ۔ (٤) فضلہ جو جوکی شراب بنانے کے بعد بچ جاتا ہے ۔ (٥) ذرہ (ریت، نمک یا سونے وغیرہ کا) ۔ (٦) نصف رتی کےمساوی ایک وزن ؛ نہایت خفیف مقدار ۔ (۷) قرمز (کرم دانہ) یا ان سے نکلا ہوا سرخ رنگ ۔ (۸) وہ خطوط جو کوئلے، پتھر وغیرہ کے پرتوں کو جدا کرتے ہیں ۔ (۹) دانہ دار ہونا ۔ (۱۰) اندرونی ساخت؛ ذرات کی ترتیب ۔ (۱۱) لکڑی کی اندرونی دھاریاں ۔ (۱۲) (مجازاً) طبیعت؛ مزاج؛ میلان ؛ طبع ؛ فطرت ؛ سرشت ۔ (۱۳) چرمی ثالیل ۔ (۱٤) چمڑے کو دانہ دار بنانے کا مسالا ۔

Against (or contrary to) the grain : طبیعت کےخلاف ؛ ضمیر کے خلاف ۔

Dyed in grain/In grain : (۱) گہرے سرخ یا قرمزی رنگ میں رنگا ہوا ۔ (۲) بالکل ؛ نرا (احمق) ۔

Fine grain : باریک ریشہ ۔

With a grain of salt : احتیاطاً ۔

Grain : (n) [ON.'grein'.] (۱) وادی کی شاخ ۔ (۲) (جمع)مچھلی مارنے کا دوشاخہ برچھا ۔

Grain : (v) (۱) دانہ دار بنانا ۔ (۲) قرمزی رنگ میں رنگنا؛ پکّارنگنا ۔ (۳) دانہ دار سطح بنانا؛ کیمُخت بنانا ۔ (٤) کھال کو بالوں سے صاف کرنا ۔ (٥) لکڑی یا سنگ مرمر کی اندرونی دھاریوں جیسےنقوش بنانا ۔ (٦) (شراب سازی) فضلہ صاف کرنا ۔

Grain : (v) دو شاخہ برچھے سے (مچھلی کا) شکار کرنا ۔

Grain : (v) گلا گھونٹنا ۔

Grain alcohol : (n) ایتھل الکوحل ۔

Grain-colour : (n) (۱) قرمزی رنگ ؛ گہرا رنگ ۔ (۲) قرمزی رنگ میں رنگا ہوا کپڑا ۔

Grain-cut : (a) آڑی کٹی ہوئی (لکڑی) ۔

Grain-founder : (n) مویشیوں کی ایک بیماری جس میں معدہ پھیل جاتا ہے ۔

Grain-gold : (n) دانہ دار سونا ۔

Grain intoxication : (n) پھپھوندی زدہ غلہ سے پیدا ہونےوالا خمار ۔

Grain-leather : (n) کیمُخت کا چمڑا ۔

Grain-moth : (n) پروانہ جس کا پہل روپ اناج کو گودام میں نقصان پہنچاتا ہے ۔

Grain-poisoning : (n) دیکھو Grain-intoxication

Grain-process : (n) (فوٹو گرافی) پلیٹ کو دانہ دار بنانے کا عمل ۔

Grain-sick : (a) دیکھو Grain founder

Grain-side : (n) (کھال کا) وہ کھر درا رخ جدھر کمانے سے پہلے بال ہوتے ہیں ۔

Grain-soap : (n) ٹھوس صابن ۔

Grain-tin : (n) خالص ٹین ۔

Grain-tree : (n) (نقابت) ایک خیالی درخت جس میں قرمز دانے ہوتے ہیں ۔

Grain-weavil کیڑا جو گودام میں رکھے غلے کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Grain-whisky : (n) جو دانہ سے بنی ہوئی وہسکی ۔

Grainage : (n) گھوڑے کے پاؤں کا خارپشتی گومڑ ۔

Grained : (a) (۱) قرمزی ۔ (۲) دانہ دار ۔ (۳) کیمخت (چمڑا) ۔ (٤) لکڑی یا سنگ مرمر کی اندرونی دھاریوں کے سے نقوش بنایا ہوا ۔

Grained : (a) (۱) دانہ دار ۔(۲) (نباتیات) گومڑی دار ۔

Grained : (a) دوشاخہ ۔

Grainer : (n) (۱) دانہ دار بنانے والا ۔(۲) مسالا جو چمڑے میں لگایا جاتا ہے ۔ (۳) چمڑا صاف کرنے کا آلہ ۔ (٤)لکڑی یا سنگ مرمر کی اندرونی ساخت کے سے نقوش بنانے والا یا اس کا آلہ ۔ (٥) نمک بنانے کا برتن ۔

Graining : (n) (۱) لکڑی یا سنگ مرمر کی اندرونی ساخت کے سےنقوش بنانا ۔ (۲) (سکّوں کا) دانے دار بیرونی حاشیہ ۔

Graining : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Graining comb : (n) خانہ مصوروں کا شانہ نما آلہ ۔

Grainless : (a) جس میں دانہ نہ ہو یا جو دانہ دار نہ ہو ؛ چکنا ۔

Grainy : (a) (۱) دانہ نما ۔(۲) دانہ دار ۔

Graip : (n) [ON.'greip'.] تین یا چار شاخوں والا کانٹا جس سے گوبر اٹھاتے ہیں ۔

Graith : (n) [ON.'greide'.] (۱) سامان ۔(۲) لگام ۔(۳) اوزار ؛ ترکیب ؛ آلہ ۔(٤) مواد ۔

In graith : کام کا ؛ فوراً ۔

Out of graith : بیکار ؛ ٹوٹا ہوا ۔

Grakle : دیکھو Grackle

Grallatorial : (a)[mod. L.'grallatorius'.] طوّلی ؛ لم ڈھینگ کی قسم کا (پرند) ۔

Grallatory : (a) طوّلی سے متعلق ۔

Gralloch : (n) [Gael. 'grealack'.] مردہ ہرن کے پیٹ کی آلائش (احشا وغیرہ) ۔

Gralloch : (v) ہرن وغیرہ کا پیٹ چیر کر آلائش نکالنا ۔

Gram : (n) [pg.'grao'.] چنا؛ نخود ؛ (بوٹش) ؛ گھوڑے کا دانہ ۔

Gram : (n) (۱) گرام ۔(۲) دیکھو Gramme ۔

-gram : (لاحقہ) دوسرے لفظوں کے ساتھ ملاکر اسمائے مرکب بناتا ہے ۔

Grama/Gramma : (n) [Sp.'grama'.] گندم گیاہ ؛ گراما ؛ ایک قسم کی چارے کی گھاس جو ریاستہائے امریکا کے بعض حصوں میں پائی جاتی ہے ۔

Gramarye : (n) [AFr.'gramarie'.] (قدیم) سحر ؛ جادو ۔

Gramash : (n) دیکھو Gamash

Gramercy : (interj.) [OFr.'grant merci'.] (قدیم) شکریہ ۔

Gramineous/Graminous/Graminaceous/Gramineal : (a) [L.'gramineus'.] گیاہ دار؛ گیاہی ؛ گھاس جیسا ؛ گھاس سےمتعلق ۔

Graminiferous : (a) گیاہ زا ؛ گھاس پیدا کرنے والا ۔

Graminivorous : (a) گیاہ خور ۔

Grammalogue ; (n) [Gr.'gramma' +'logos'.] علامت لفظ ؛ کوئی حرف جو لفظ کا قائم مقام ہو ۔ (۲) (مختصر نویسی) کوئی علامت جس سے لفظ مراد ہو ۔

Grammar : (n) [OFr.'gramaire'.] (۱) قواعد زبان ؛ صرف و نحو ۔ (۲) صرف و نحو کی کتاب القواعد؛ رسالہ قواعد ۔(۳) کسی شخص کا قواعد صرف و نحو کے استعمال کا طریقہ ؛ تقریر یا تحریر جسے قواعد صرف و نحو کے اعتبار سے اچھا یا برا کہا جائے ؛ قواعدصرف کا صحیح استعمال ۔ (٤) کسی زبان کے محاورات ۔(٥) کسی علم یا فن کی مبادیات ۔

Comparative grammer : صرف و نحو تقابلی ۔

General grammar /Philosophical-/Universal- : عالمگیر نظام صرف ونحو ۔

Historical Grammar : تاریخی صرف ونحو ۔

Grammar-School : (n) (۱) مدرسہ جہاں لاطینی گرامر سکھائی جاتی تھی ۔(۲) ثانوی اسکول ۔ (۳) (امریکا میں) وہ درجہ یاشعبہ جس میں انگریزی گرامر سکھائی جاتی ہے ۔

Grammarian : (n) [OFr.'gramarien'.] قواعد داں ؛ ماہر صرف ونحو ۔

Grammarianism : (n) قواعد دانی ۔

Grammarless : (a) بے قواعد زبان ؛ بے صرف و نحو ۔

Grammatic/-al /Gramatical : (a) [Fr.'grammatical'.] (۱) قواعد زبان یاصرف ونحو کےمتعلق ۔(۲)صحیح قواعد کے متعلق ۔ (۳) کسی فن کے اصول کے مطابق ۔

Grammatical accent : (n) (موسیقی) باضابطہ تال ۔

Grammatical gender : (n) جنس (قواعد کی رو سے) تذکیرو تانیث ۔

Grammatical meaning/-interpretation/-sense : (n) لفظی مفہوم؛ معنی جو محض صرف و نحو کی رو سے نکالے جائیں اور دیگر لوازمات کا لحاظ نہ کیاجائے ۔

Grammatically : (adv.) ازروئے قواعد زبان ؛ ازروئے صرف و نحو ۔

Grammaticaster : (n) (تحقیراً) معمولی قواعد داں ۔

Grammaticize : (v) (۱) قواعدزبان کےمطابق کرنا۔ (۲) صرف و نحو کے نکتوں پر بحث کرنا ۔

Grammatist : (n) (۱) قواعد داں ۔(۲) ابجد پڑھانےوالا ۔

Grammatistical : (a) قواعد داں کے مناسب ۔

Grammatolatory : (n) (۱) الفاظ کی پرستش ۔(۲) بائبل کے لفظی معنوں سے وابستگی ۔

Gramme/Gram : (n) [Fr.'gramme'.] گرام ؛ ایک مکعب سینٹی میٹر مقطر پانی کا وزن جب وہ کامل کثافت رکھتا ہو اور خلا میں تولایا جائے ۔

Gramme-centimetre : (n) کام ناپنے کی اکائی ؛ جتنا کام ایک گرام وزن کو خط عمودی میں ایک سینٹی میٹر اٹھانے میں کیا جائے ۔

Gramme-degree : (n) حرارت کی وہ مقدار جوایک گرام پانی کو ایک سینٹی میٹر گریڈ تک گرم کرنے میں لگے ۔

Gramme-equivalent : (n) دھات کی وہ مقدار جو ایک گرام ہائیڈروجن کے برابر ہو ۔

Grammophile : (n) گرامو فون ریکارڈ کا شوقین ۔

Grammy : (n) نانی ؛ دادی ۔

Gramophone : (n) [Formed by inverting the first and last syllables of phonograph.] گرامو فون ۔

Grampus : (n) [Earliest forms'graundepose'.] (۱) گاؤ ماہی ؛ قسم حوت؛ ایک قسم کی وہیل مچھلی ۔(۲) زور زور سے سانس لینے والا ؛ خرخر کرنے والا آدمی ۔

Granadilla/Grenadilla : (n) [Sp. 'granadilla'.] گل ساعت ؛ گل صلیبی ۔

Granary : (n) [L.'granarium'.] (۱) کھتا ؛ کھتی ؛ اناج کا گودام ؛ غلے کی کوٹھی ۔(۲) غلہ خیز خطہ ۔

Granatite : (n) (معدنیات) سنگ صلیبی ۔

Grand : (a) [ME.'graunt (e)'.] (۱) (خطاب یا عہدوں میں) اعلیٰ ؛ اعظم ؛ صدر ۔(۲) (قانون) بڑا ؛ اصلی ۔ (۳) نہایت اہم ؛ سب سے بڑا یا اہم ۔(٤) آخری ؛ مجموعی ۔ (٥) صدر(حصہ عمارت) (موسیقی) پورا ؛ کامل ؛ پورے ساز کا ؛ بالکل بااصول ۔ (۷) مہتم بالشان ؛ پُر تکلف ؛ پُر شوکت ۔ (۸) نفیس ؛ خوبصورت؛ شاندار؛ عالی شان ۔ (۹) رئیسانہ ؛ امیرانہ ۔(۱۰)بلند؛ عالی ؛ رفیع (خیالات وغیر) ۔(۱۱) عالی حوصلہ؛ عالی ظرف؛ باوقار؛ باعظمت ؛ قابل احترام ؛ پُر جلال ؛ عظیم الشان ؛ باعظمت ؛ بارعب ۔ (۱۲) بہت اچھا؛ بہت خوب ۔(۱۳) تیسری پشت میں (خواہ اوپر کی طرف یانیچے کی طرف) ۔

Grand : (n) (۱) بزرگ شے ۔(۲) (فریمیسن میں) وہ افسر جس کے عہدے میں لفظ گرینڈ ہو ۔(۳) صدر (بعض کلبوں میں) (صدر اورنائب صدر کےلئے Noble Grand اور Vice Grand استعمال ہو تا ہے ۔ (٤) بڑا پیانو ۔ (٥) (شکر سازی) سب سے بڑا تبخیری برتن ۔(٦) ایک ہزار ڈالر ۔(۷) تاش کا ایک بول ۔

Grand action : (n) بڑے پیانو کی پرزہ بندی ۔

Grand air : (n) (۱) رئیسانہ یا امیرانہ شان ؛ امتیازی شان ۔(۲) تصنع ۔

Grand alliance : (n) (تاریخ) اتحاد عظمیٰ ۔

Grand almoner : (n) شاہی خیرات خانے کا مہتمم ۔

Grand-aunt : (n) دادی ؛ نانی (رشتے کی) ۔

Grand-child : (n) پوتا ؛ پوتی ؛ نواسہ ؛ نواسی ۔

Grand-committee : (n) (۱) (تاریخ) ایوان عامہ کی چار کمیٹیوں میں سے ایک ۔(۲) دو مستقل کمیٹیوں میں سے ایک ۔

Grand-dad/Grandad : (n) دادا ؛ نأنا ؛ جد ۔

Grand-daughter : (n) پوتی ؛ نواسی ۔

Grand days/Gaudy- : (n) Inns of court میں چار تعطیلوں کے دن ۔

Grand-ducal : (a) گرینڈ ڈیوک سے متعلق ۔

Grand duchess : (n) (۱) گرینڈ ڈیوک کی بیوی یا بیوہ ۔ (۲) بعض ریاست کے فرمانروا کا خطاب ۔ (۳) زار روس کی لڑکی ۔

Grand duchy : (n) ریاست جو گرینڈ ڈیوک یا ڈچس کی فرمان روائی میں ہو ۔

Grand duke : (n) (۱) بعض ریاستوں کے فرمانروا کاخطاب ۔ (۲) زار روس کا لڑکا ۔(۳) ایک قسم کا بڑا الّو ۔

Grand dukedom : (n) گرینڈ ڈیوک کا عہدہ یا فرمانروائی ۔

Grand falconer : (n) شاہی باز کا محافظ ۔

Grand-father : (n) دیکھو Grand dad

Grand guignol : (n) [Fr.] وہ ناٹک جس میں بہت سے چھوٹے چھوٹے اثر خیز تماشے دکھائے جاتے ہیں ۔

Grand-lodge : (n) فری مینسن اور دوسری سوسائیٹیوں کی مجلس انتظامیہ جس کی صدارت گرینڈ ماسٹر کرتا ہے ۔

Grand-mamma : (n) دادی ؛ نانی ۔

Grand-master : (n) (۱) نائٹوں کےفوجی سلسلے کا سب سے بڑا رکن ۔(۲) فری مینسنوں کا سردار ۔

Grand-mastership : (n) فوجی نائٹوں یا فری مینسنس کے سلسلے کی سرداری ۔

Grand-nephew : (n) پوتا ؛ نواسا (بھتیجے ، بھتیجی بھانجے کا (لڑکا) ۔

Grnad-niece : (n) پوتی ؛ نواسی (بھتیجے ، بھانجے ، بھانجی یا بھتیجی کی لڑکی) ۔

Grand-opera : (n) ایک قسم کا اوپیرا جس میں ڈرامہ جیسا پیچیدہ پلاٹ ہوتا ہے ۔

Grand-papa/Grandpa : (n) دیکھو Grandfather

Grand pianforte/-piano : (n) ایک قسم کا بڑا پیانو ۔

Grand prix : (n) ایک بین الاقوامی موٹروں کی دوڑ ۔

Grand signior : (n) [It.'gran signore'.] ترکی کا سلطان ۔

Grand slam : (n) (۱) (برج کھیل میں) تمام ہاتھوں کو جیتنا ۔ (۲) سبھی کھیلوں کو یا مقررہ کھیلوں کو ایک ساتھ یا ایک موسم میں جیت لینا ۔

Grand-son : (n) پوتا ؛ نبیرہ ؛ نواسا ۔

Grand stand : (n) گھڑ دوڑ میں تماش بینوں کی مرکزی جگہ ۔

Grand style : (n) پرشکوہ اُسلوب ۔

Grand tour : (n) [Fr.'grand tour'.] یورپ کے بڑے شہروں کا سفر جو تعلیم کی تکمیل کے طورپر کیا جاتا تھا؛ اس سفر جیسا کوئی سفر ۔

Grand Turk : (n) سلطان ترکی ۔

Grand uncle : (n) دادا ؛ نانا (والدین کے چچا، ماموں وغیرہ) ۔

Grand Vizier : (n) ترکی وزیر اعظم ۔

Grandam/Grandame : (n) [AFr.'graund dame'.] دادی ؛ نانی ۔ (۲) مورثہ ۔ (۳) بڑھیا ؛ ضعیفہ ؛ مانی ۔ (٤) جانور کی نانی ۔

Grande passion : (n)[Fr.] وہ عاشقانہ معاملہ جس میں انسان ہمہ تن غرق ہو ۔

Grande toilette : (n) [Fr.] رسمی لباس ۔

Grandee : (n) [Sp. Pg.'grande'.] (۱) ہسپانوی یا پرتگالی امیر اعلیٰ ۔ (۲) امیر کبیر ؛ بڑا آدمی ؛ بلند مرتبہ آدمی ۔

Grandeur : (n) [OFr.'grandeur'.] (۱) جاہ وجلال ؛ اقتدار ؛ رتبہ عالی؛ منصب بلند۔(۲) عالی ظرفی؛ عالی حوصلگی ؛ عظمت نفس ۔ (۳) شان و شوکت ؛ رعب و جلال ؛ دبدبہ ۔(٤) آن بان ؛ وقار؛ تمکین ۔ (٥) سازو سامان ریاست ؛ امیرانہ ٹھاٹھ۔

Grandfather-long-legs : (n) دیکھو Daddy-long-leg

Grandfather-clock : (n) ایک قسم کی بڑی لمبی گھڑی ؛ گھڑیال ۔

Grandfatherly : (a) (۱) دادا ، نانا کاسا ۔(۲) مہرماں ۔ (۳) پرانا اور مقدس ۔

Grandiloquence : (n) شان وشوکت ؛ شکوہ ۔

Grandiloquent : (a) [L.'grandiloquus'.] پُر شان وشکوہ ؛ شکوہ پسند ۔

Grandiloquently : (adv.) پُرشان و شکوہ طرز میں ۔

Grandiloquous : (a) دیکھو Grandiloquent

Grandiose : (a) [Fr.'grandiose'.] دھوم دھام کا ؛ طمطراق کا ؛ پُرشکوہ ؛ بڑے پیمانے پر تجویز کی ہوئی ۔

Grandiosely : (adv.) دھوم دھام سے ؛ طمطراق سے ۔

Grandiosity : (n) طمطراق ؛ ٹھاٹھ ۔

Grandisonian : (a)[f.'Grandison'+-ian.] سر چالس گرانڈیسن (جو اسی نام کے ناول مصنفہ رچرڈسن کا ہیرو ھے) کے جیسا جانبازانہ ہمت ، شائستہ اطوار اور پاکیزہ کر دار رکھنے والا ۔

Grandly : (adv.) شان وشوکت سے ؛ عظمت سے ۔

Grandmaternal : (a) (۱) دادی یا نانی کا سا ۔(۲) حد سے زیادہ شفیقانہ ؛ بزرگانہ ۔

Grandmother : (n) (۱) دادی ؛ نانی ۔(۲) مورثہ ۔(۳) بوڑھی اور قابل تعظیم عورت ؛ بڑی بی ۔

Grandmotherly : (a) دیکھو Grandmaternal

Grandness : (n) شان ؛ عظمت ؛ دبدبہ ۔

Grandparent : (n) والدین کے والدین ؛ دادا؛ دادی ؛ نانا؛ نانی ۔

Grandparentage : (n) دادا ؛ دادی ؛ نانا یا نانی ہونا ۔

Grandparental : (a) دیکھو Grandfatherly

Grandsire : (n)[AFr.'graunt sire'.] (۱) دادا ؛ نانا۔(۲) مورث ۔ (۳) جانوروں کا باپ ۔ (٤) بوڑھا شخص ؛ ضعیف ۔(٥) گھنٹی بجانے کاایک خاص طریقہ ۔

Grange : (n) [AFr.'graunge'.] (۱) کھتی ؛ کوٹھی (غلے کی) ۔ (۲) دیہات کا گھرجس میں فارم کی عمارتیں وغیرہ ہوں ؛ باڑی ۔ (۳) (امریکا) ایک مجلس جس کا مقصد زراعت کی ترقی ھے ۔

Granger : (n) [AFr.'graunger'.] (۱) زمین داروں کا کارندہ ۔ (۲) (امریکا) مجلس زراعت کا رکن ؛ کسان ۔ (۳) Grange share کا مخفف ۔

Granger-road : (n) (امریکا) مغربی ریاستوں سے غلے کی نقل و حرکت کرنے والی ریل ۔

Granger-share : (n) مغربی ریاستوں سےغلے لے جانے والی ریلوے کا حصص ۔

Grangerism : (n) کسی کتاب کی تشریح کےلئے دوسری کتابوں سے عبارت، تصویریں وغیرہ کاٹ کر چسپاں کرنے کا اصول ۔

Grangerite : (n) کسی کتاب کی تشریح کےلئےدوسری کتابوں سےعبارت اورتصویریں وغیرہ کاٹ کر چپکانا ۔

Graniferous : (a) غلہ خیز ۔

Graniform : (a) غلہ نما ۔

Granilla : (n) [Sp. 'grana'.] کرم دانوں کا فضلہ ۔

Granite : (n) [It.'granito'.] (۱) ایک قسم کا پتھر جو عمارت میں کام آتا ھے ؛ سنگ خارہ ۔(۲) سخت چیز ۔

The Granite city : آبرڈین (اسکاٹ لینڈ میں ایک مقام)۔

The granite state : نیوہیمشائر ۔

Granite-quartzy : (a) صوان اور سنگ خارہ کے بین ۔

Granite-ware : (n) (۱) مٹی کے گلدار برتن جو گرانیٹ سے مشابہ ہوتے ہیں ۔ (۲) لوھے کےبرتن جن پر ایک خاص طرح کا جھول چڑھا ہوتا ھے ۔

Granitic/-al : (a) سنگ خارہ کا ؛ سنگ خارہ سےمتعلق ؛ سنگ خارہ سا ؛ سنگ خارہ دار ۔

Graniticoline : (a) سنگ خارہ پر پیدا ہونے والا یا اگنےوالا ۔

Granitiferous : (a) سنگ خارہ زا ۔

Granitiform : (a) سنگ خارہ زا سے مشابہ ۔

Granitoid : (a) سنگ خارہ نما ۔

Granivorous : (a) غلہ خور ۔

Grannam : (n) دیکھو Grandam

Granny/Grannie : (n) دادی ؛ نانی (پیار یا حقارت ظاہر کرنے کے موقع پر) بوڑھی عورت ۔

Granny's bend/-knot : (n) ایک قسم کی دہری گرہ ۔

Grannolith : (n) سیمنٹ اور گرینائٹ کے چورے سے بنا ہوا نقلی پتھر ۔

Granolithic : (a) [L.'granum'+Gr.'lithos'.] ایک قسم کی گچ ؛ گچ سے بنی ہوئی عمارت ۔

Grant : (n) [f.the v.] (۱) قبول (رد کےمقابلے میں) ۔(۲) ہبہ ؛ منظوری ۔ (۳) عطیہ ؛ جو شے ہبہ کی جائے۔ (٤) (امریکا) زمین جو خاص لوگوں کے قبضے میں ہو ۔

Capitation grant : انعام ؛ امداد فی کس ۔

To lie in graunte : وہ چیز جو بغیر وثیقہ کے دوسروں کو نہ دی جاسکے ۔

Grant : (v) [OFr.'granter'.] (۱) منظور کرنا ۔(۲) قبول کرنا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا؛ فرض کرنا ۔(۳) (حق) دینا ؛ منتقل کرنا؛ ہبہ کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا؛ دینا۔

To take for granted : فرض کرلینا ؛ بلا ثبوت کے مان لینا ۔

Grant-in-aid : (n) سرکاری امداد ؛ امدادی عطیہ ۔

Grantable : (a) قابل تسلیم ؛ قابل منظوری ؛ قابل ہبہ ۔

Grantee : (n) (قانون) موھوب الیہ ۔

Grantor : (n) ہبہ کرنےوالا ؛ (تاریخ) معطی ؛ واہب ؛ موہّب ؛ ہبہ کرنے والا ۔

Granula : (n) چھوٹا دانہ ؛ دانچہ ؛ ذرہ ؛ دانہ ؛ چیبہ ۔

Granular : (a) (۱) دانہ دانہ ؛ دانہ دار ؛ دانہ سا ؛ دانہ کا ؛ دانہ کی شکل کا ۔(۲) (آواز) کھردری ۔

Granularyity : (n) دانے کی شکل ؛ دانہ دار ہونا ۔

Granularly : (adv.) دانے کی شکل میں ۔

Granulary : (a) دیکھو Granular

Granulate : (a) [late. L.'granulum'.] دانہ دار ؛ دانہ دانہ ۔

Granulate : (v) (۱) دانہ دار کرنا ؛ دانہ دار ہونا ۔(۲) کھردرا کرنا ۔(۳) انگور بندھنا ؛ زخم بھرنا ۔

Granulated : (a) (۱) دانے دار ۔(۲) بھرا ہوا (زخم) ۔

Granulated glass : (n) دانہ دار شیشہ ۔

Granulation : (n) دانہ دار بن جانا ؛ دانہ سازی ؛ ذرہ باری ؛ انگور زخم ؛ تحبب ۔

Granulator : (n) دانہ ساز (خصوصاً مشین) ۔

Granule : (n) [late L.'granulum'.] دیکھو Granula

Granuliferous : (a) دانہ زا ؛ ذرہ زا ۔

Granuliform : (a) دانہ نما ؛ دانہ سا ۔

Granulite : (n) دانہ دار پتھر ؛ سنگ دانہ دار ۔

Granulitic : (a) سنگ دانہ دار سے متعلق ۔

Granulo- : جزو ترکیبی بمعنی "دانہ دار" "دانہ سا" ۔

Granulose : (n) قند نشاستہ ۔

Granulose : (a) دانہ دار ۔

Granulous : (a) [Fr.'granuleux'.] دیکھو Granular

Grape : (n) [OFr.'grape'.] (۱) انگور ؛ تاك ؛ رز ؛ عنب ۔ (۲) چھرے ؛ گراپ ۔(۳) گھوڑوں کی ایك بیماری ۔ (٤) توپ کے پچھلے سرے کا موٹھہ ۔

Grape-berry moth : (n) ایك پتنگا جس کا پہل روپ انگور کو کھا جاتا ھے ۔

Grape-cure : (n) انگوری علاج ؛ علاج بالعنب ۔

Grape-eater : (n) آسٹریلیا کی ایك چڑیا ۔

Grape-fern : (n) سرخس کی ایك قسم جس میں انگورنما پہل ہوتا ھے ۔

Grape-fruit : (n) چکوترا ؛ کرے پہل ۔

Grape-fungus : (n) انگوری سماروغ ۔

Grape-hop : (n) حشیش الدینار کی ایک قسم ۔

Grape-hopper : (n) ایک کیڑا جو انگور کے پتوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Grape-hyacinth : (n) سنبل کی ایک قسم ۔

Grape-louse : (n) پت جوں ؛ جنس کرم برگ ۔

Grape-moth : (n) Grape-berry moth دیکھو

Grape-shot : (n) چھرّے ؛ گراپ ۔

Grape-stone : (n) (۱) تخم انگور ؛ انگور کا بیج ۔ (۲) ایک معدنی شے ۔

Grape-sugar : (n) شکر انگور ؛ انگورکی شکر ۔

Grape-tree : (n) (۱) انگور کی بیل ۔(۲) برف نوردی (اسکیٹنگ) کی ایک شکل ۔ (۳) جھوٹی افواہ؛ بےپرکی ۔

Grape-vine : (n) Grape tree دیکھو

Grape-weevil : (n) ایک قسم کا کیڑا جو انگور کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

Grape-worm : (n) Grape-moth کا پہل روپ ۔

Grapeless : (a) بےانگور ؛ جس میں انگور کا ذائقہ نہ ہو ۔

Grapelet : (n) چھوٹا انگور ۔

Grapery : (n) تاکستان ؛ انگور خانہ ۔

Grapeys : (n) [OFr.'grapois'.] گاؤ مچھلی کا گوشت ۔

Graph : (n) [Short for 'graphic formula'.] ترسیم ؛ کوئی شکل جس سے ریاضیاتی یا کیمیاوی نسبت ظاہر ہوتی ہو ؛ رسمہ ؛ نگارش ؛ گراف ۔

Graph : (v) [Gr.'] ترسیم بنانا ؛ نگارش تیارکرنا ۔

Graph : (n) جلاٹین کا آلہ جس سے تحریر کی نقول چھاپی جاتی ہیں ؛ نقل گیر ۔

Graph : (v) نقل گیر سے چھاپنا ۔

-graph : لاحقہ بمعنی ۔(۱) لکھی ہوئی کوئی "تحریر" مثلاً : Autograph ۔(۲) "لکھنے کا آلہ" جیسے: Heliograph ۔ (۳) "لکھنے کا طریقہ جیسے : Calligraph ۔

-graph : (n) لاحقہ بمعنی " ماہر" ۔

Graphic/-al : (a) [L.'graphicus'.] (۱) تحریر ؛ نقشہ کشی ؛ مصوری ، سنگ تراشی وغیرہ کے متعلق ۔ (۲) مشرح ؛ واضح ؛ ہوبہو ۔ (۳) منقش (پتھر وغیرہ کےلئے) ۔(٤) ترسیمی ؛ ترسیم کےمتعلق ۔

Graphic/-al : لاحقہ بمعنی "گراف سے متعلق" ۔

Graphic arts : (n) فنون ترسیمی ۔

Graphic formula : (n) ترکیبی ضابطہ ۔

Graphic granite : (n) تحریر سنگ خارہ ۔

Graphic gold/-ore/-tellurium : (n) اصلی ارضین ۔

Graphic method : (n) ترسیمی طریقہ ۔

Grahphically : (adv.) (۱) شرح و بسط سے ؛ وضاحت سے ؛ ہوبہو ۔ (۲)تحریر کے ذریعہ سے ۔ (۳) اشکال کے ذریعہ سے ۔

Graphicalness : (n) شرح وبسط سےہونا ؛ ہوبہو ہونا ۔

Graphicness : (n) بیان کا شرح وبسط ہونا ۔

Graphics : (n) ترسیمی اندازہ ۔

Graphite : (n) [G.'graphist'.] پنسل کا سرمہ ؛ سرمان ؛ گرافیٹ ۔

Graphitic : (a) پنسل کے سرمےکا ؛ گرافیٹ کا ۔

Graphitci acid : (n) ترشہ جو گرافیٹ پر پوٹاشیم کلوریٹ اورنائٹرک ایسڈ کے عمل سے بنتا ہے ۔

Graphitic carbon : (n) گرافیتی کاربن ۔

Graphitoid/-al : (a) گرافیت نما ؛ سرمان نما ۔

Grapholite : (n) [Gr.'grapho'+-lite.] سلیٹ کی کوئی قسم جس پر لکھا جاسکے ۔

Graphologic/-al : (a) تحریریات سے متعلق ۔

Graphology : (n) (۱) تحریریات ؛ قیافہ بہ خط فراست التحریر ؛ خط دیکھ کر سیرت پہچاننے کا علم ۔(۲) نظام ترسیم ۔

Graphomania : (n) (لسانیات) ترسیم زدگی ۔

Graphometer : (n) [Fr.'graphometre'.] زاویہ پیما ۔

Graphonomy : (n) (لسانیات) ترسیمات ۔

Graphoscope : (n) تحریر بیں ۔

Graphotype : (n) ابھرا ہوا بلاک ؛ ابھرا ہوا بلاک بنانے کا طریقہ ۔

Graphotype : (v) ابھرے ہوئے بلاک کے ذریعہ چھاپنا ۔

-graphy : (۱) لاحقہ بمعنی: ۔ "تحریر کا طریقہ" مثلاً : Lithography ۔(۲) تشریحی یا بیانی علم مثلاً : Geography ۔

Grapnel : (n) [AFr.'grapenel'.] چھوٹا لنگر ؛ ایک قسم کا کانٹا جس سے دشمن کا جہاز پھنسالیا جاتا ہے ۔

Grapnel : (v) کانٹے کے ذریعہ (دشمن کے جہاز کو) پھنسانا ۔

Grapple : (n) [AFr.'grapenel'.] (۱) آنکڑا ؛ کانٹا ۔(۲) پکڑ ؛ گرفت ۔(۳) گُتھم گُتھا ؛ کُشتی ؛ دست بدست لڑائی ۔(٤) مقابلہ ۔(٥) قبضہ دار ڈول یا بالٹی ۔

Grapple : (v) پکڑنا ؛ جکڑنا ؛ پھنسانا ؛ الجھانا ؛ گُتھ جانا ؛ دست بدست لڑنا ۔

Grapple plant : (n) جنوبی افریقہ کی ایک بوٹی ۔

Grapple-shot : (n) آنکڑا جس میں رسّا لگا رہتا ہے ، اور جو جہاز کو پکڑنے میں کام آتا ہے ۔

Grapple with : (v) (۱) اپنے جہاز کو دشمن کے جہاز سے مضبوط باندھنا؛ جہاز کےنزدیک آنا۔(۲) پکڑنا؛ گرفت کرنا؛ گُتھ جانا۔(۳) کام سنبھالنا ؛ پورا کرنےیا حل کرنے کی کوشش کرنا ؛ قابو میں لانے کی کوشش کرنا ۔

Grappler : (n) (۱) پکڑنے والا ؛ آنکڑا ۔(۲) (عامیانہ) ہاتھ ۔

Grappling : (n) (۱) پکڑنا ؛ جکڑنا ؛ گُتھم گُتھا ۔ (۲) آنکڑا ؛ کانٹا ۔

To come to a grappling/To bring- : لنگر انداز ہونا ۔

Grappling-hork/-iron : (n) دیکھو Grapnel

Grapsoid : (n) [mod. L.'grapsus'.] کیکڑے کی ایک جنس سے متعلق ۔

Graplolite : (n) [Gr.'graptos'+lite.] ایک قسم کا متحجرنباتی حیوان ۔

Grapolitic : (a) متحجر نباتی حیوان سے متعلق ؛ متحجر نباتی حیوان دار ۔

Grapy : (a) [Grape+-y.] متعلق بہ انگور ؛ انگوردار ؛ انگور کا سا مزہ رکھنے والا ۔

Grasp : (n) [f. the verb.] (۱) قابو ؛ قبضہ ؛ گرفت ؛ پکڑ ۔ مہم ؛ ادراک ؛ عبور ؛ وسعت نظر ۔

Beyond one's grasp : قابو سے باہر ۔

Within one's grasp : قابو میں ۔

Grasp : (v) [Late ME. graspe'.] (۱) پکڑنے کی کوشش کرنا ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا؛ (کسی چیز پر حریص کی طرح گرنا ۔(۲) مضبوط پکڑنا ؛ گرفت میں لانا ۔(۳) سمجھ لینا ؛ قابو میں لے آنا ۔

To grasp the nettle : کسی مشکل یا خطرے کا جرأت سے مقابلہ کرنا ۔

Graspable : (a) قابل گرفت ؛ قابل فہم ۔

Grasper : (n) لالچی ؛ حریص ۔

Grasping : (a) طماع ؛ طامع ؛ لالچی ؛ حریص ۔

Grsspingly : (adv.) حریصانہ ؛ لالچ سے ۔

Graspingness : (n) (۱) حرص ؛ طمع ۔(۲) پکڑنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ؛ گرفت میں لینا ؛ تھامنا ۔

Graspless : (a) (۱) بےگرفت ؛ ڈھیلا ؛ آسودہ ۔(۲) قابل فہم ۔

Grass : (n) [OE.'graes, gaers'.] (۱) گھاس ؛ گیاہ ۔(۲) چری ؛ پودے جو جانوروں کے چارے کےلئے کام آئیں ۔ (۳) چراگاہ ۔(٤) گھاس کا تختہ ۔(٥) (معدنیات) سطح زمین ؛ کان کا دہانہ ۔ (٦) خالون ؛ (عامیانہ) سبزیاں ۔ (۷) گھاس کی سالانہ پیداوار ؛ موسم بہار۔(۸) برقیاتی شوروغل ۔

At grass : فارغ ؛ چھٹی پر ۔

To cut the grass from, under a person'sfeet : مزاحمت کرنا ۔

To hear the grass grow : بے حد ذہین ہونا ؛ اُڑتی چڑیا کو پہچاننا ۔

To let no grass grow under one's feet : مستعدی سے کام کرنا ؛ جلدی کرنا ۔

Grass : (v) (۱) چرانا ۔(۲) دوب لگانا ؛ دوب اگنا ۔(۳) گھاس پر لیٹنا ۔ (٤) (طباعت) وقتی کام کرنا ۔ (٥)(معدنیات) نکالنا ۔(٦) مچھلی کو کنارے پر کھینچنا : پرندوں کو (بندوق کے چھروں سے مار کر) گرانا ۔(۷) رنگ اُڑانے کےلئے گھاس پر پھیلا کر دوب دینا ؛ دوب لگانا ۔

Grass-bass : (n) ایک قسم کی دریائی مچھلی ۔

Grass-beef : (n) اس گائے کا گوشت جو صرف گھاس کھاتی ہو ۔

Grass-bird : (n) تتیری کی ایک قسم ۔

Grass-bleached : (a) گھاس پر پھیلا کر رنگ اڑایا ہوا ۔

Grass-butter : (n) گائے کے دودھ کا مکھن ۔

Grass-chat : (n) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ طیر الابلق ۔

Grass-cloth : (n) (۱) ایک ہلکا سا نفیس نباتی کپڑا ۔ (۲) ایک موٹا نباتی کپڑا ۔

Grass -comber : (n) کھیت کا مزدور ۔

Grass-cutter : (n) (۱) گھاس کاٹنے والا ۔(۲) گیندپر ایسی ہٹ جس سےگیند نیچے نیچے جائے ۔(۳) نیچے اڑنےوالا ہوائی جہاز ۔

Grass-drake : (n) آب چلیک بری ۔

Grass-finch : (n) (۱) امریکی عصفور۔(۲) آسٹریلیائی سہرا۔

Grass-flesh : (n) چرائی کے جانوروں کا گوشت ۔

Grass-green : (n) (۱) گیاہی رنگ کا ۔(۲) گھاس سے چھپا ہوا ۔

Grass-hand : (n) (۱) وقتی کمپوزیٹر ۔(۲) خاص قسم کی چینی یا جاپانی تحریر ۔

Grass-ill : (n) بھیڑ کی ایک بیماری ۔

Grass lamb : (n) چراگاہ پر کی بھیڑ کا بچہ اور اس کا گوشت ۔

Grass land : (n) چراگاہ ؛ گیاہستان ۔

Grass-lawn : (n) ایک قسم کا باریک جالی دار کپڑا ۔

Grass-moth : (n) ایک چھوٹے قسم کا پروانہ ۔

Grass-oil : (n) گھاس سے تقطیر کیا ہوا تیل ۔

Grass-parakeet : (n) آسٹریلوی دُم دار طوطا ۔

Grass-plate/-plot : (n) گیاہی تختہ ۔

Grass-quit : (n) سہرا کی ایک قسم ۔

Grass-rope: (n) (بحریات) ناریل کارسّہ ۔

Grass-snake : (n) (۱) ایک قسم کا حلقہ دار سانپ ۔(۲) امریکا کا عام سبز سانپ ۔

Grass-snipe : (n) دیکھو Grass-bird

Grass-sparrow : (n) دیکھو Grass-bird

Grass-sponge : (n) گھٹیا قسم کا اسفنج جو فلوریڈا اور پناما میں پایا جاتا ہے ۔

Grass-table : (n) دیوار کی کرسی ۔

Grass-tree : (n) آسٹریلیا کے متعدد درختوں کے نام ۔

Grass-warbler : (n) ایک آسٹریلوی چڑیا ۔

Grass-widow : (n) وہ عورت جس کا شوہر باہر گیا ہوا ہو ۔

Grass-widower : (n) بیوی سے الگ رہنے والا مرد ۔

Grass-widowhood : (n) شوہر سےالگ رہنا ۔

Grass-wrack : (n) ایک بحری گھاس ۔

Grassed : (a) (۱) الف دار ۔(۲) (گولف کا بلا) تھوڑا سا پیچھے کی طرف مڑا ہوا ۔

Grasshopper : (n) (۱) ٹڈا ؛ پھنگا ؛ جھینگر ۔(۲) (پیانو میں) امانی کی طرح کا حصہ ۔ (۳) مچھلی کےلئے

مصنوعی چارہ ۔ (٤) ایک قسم کا قدیم انجن ۔ (٥) ایک قسم کی آتشبازی ۔

Grasshopper beam : (n) ایک قسم کی شہتیر یا ڈنڈا جو انجن کے کنارے لگا رہتا ہے ۔

Grasshopper lark : (n) ایک چھوٹی گانےوالی چڑیا ۔

Grasshopper sparrow : (n) چھوٹا امریکی عصفور ۔

Grasshopper-warbler : (n) ایک چھوٹی گانے والی چڑیا ۔

Grassless : (a) بے سبزہ ؛ بےگیاہ ۔

Grassy : (a) (١) پُرگیاہ ۔(٢) گیاہ سے متعلق ؛ گیاہ دار ۔ (٣) گیاہ نما ۔

Grate : (n) [OFr.'grate'.] (١) جنگلہ ۔(٢) آتش دان ؛ جھنجھری ؛ سلاخ دار چوکھٹا ۔

Grate : (v) (١) کدوکش سے چھیلنا ؛ گھس کر چھیلنا ۔ (٢) ناگوار ہونا ؛ گراں گزرنا ۔ (٣) پیسنا (دانتوں کا) ۔ (٤) رگڑنا؛ گھسنا۔ (٥) سامعہ خراش ہونا؛ کرخت ہونا ۔(٦) چڑچڑانا ۔

Grate : (v) جنگلہ لگانا ؛ جھنجھری لگانا ؛ سلاخ لگانا ۔

Grate area/-surface : (n) بھٹی یابائلر کی جھنجھری کارقبہ ۔

Grateful : (a) (١) قابل قبول ؛ خوشگوار ؛ پسندیدہ ؛ تسکین دہ ؛ راحت بخش ۔ (٢) شکر گزار ؛ ممنون ؛ احسان مند ؛ شاکر ۔(٣) زرخیز (زمین) ۔

Gratefully : (adv.) احسان مندی سے ؛ شکر گزاری سے ۔

Gratefulness : (n) احسان مندی ؛ شکر گزاری ۔

Grater : (n) کدوکش ۔

Gratia Dei : (n) [med. L.] زوفا ۔

Graticulation : (n) [Fr.'graticulation '.] چارخانوں میں تقسیم کرنا (نقشہ ، نمونہ وغیرہ کو) ۔

Graticule : (n) [Fr.'graticule'.] چارخانے ؛ چارخانوں میں منقسم نمونہ ، پلان وغیرہ ؛ (جغرافیہ) خطوطی جال ۔

Gratification : (n) [OFr.'gratification'.] (١) خوشی ؛ مسرت ؛ تسکین ؛ اطمینان ؛ سیری ؛ پورا کرنا یا ہونا ۔ (٢) انعام ؛ عطیہ ؛ رشوت ؛ معاوضہ ؛ تلافی ۔

Gratifiedly : (adv.) خوشی سے ؛ مسرت سے ۔

Gratifier : (n) معاوضہ دینے والا ؛ تسکین دینے والا ؛ رشوت دینے والا ۔

Gratify : (v) [Fr.'gratifier'.] (١) معاوضہ دینا؛ فیس ادا کرنا ؛ اجرت دینا ؛ نذر کرنا ۔(٢) رشوت دینا ؛ مٹھی گرم کرنا ۔(٣) حسب منشاء عمل کرنا؛ خواہش پوری کرنا ؛ دلجوئی کرنا ؛ تسکین دینا ؛ پورا کرنا ؛ خوش کرنا ؛ احسان کرنا ۔

Gratifying : (a) قابل اطمینان ؛ تسکین دہ ؛ مسرت بخش ۔

Gratifyingly : (adv.) قابل اطمینان طور پر ؛ مسرت بخش طور پر ۔

Gratility : (n) (١) انعام، بخشش؛ زرانعام ۔(٢) وظیفہ؛ عطیہ؛ انعام جو فوج کے سپاہیوں کو صلہء خدمت میں ملے ۔

Gratin : (n) [Fr.'gratter'.] روٹی کے ٹکڑے ڈال کر دو چولہوں کےبیچ میں رکھ کر پکانا ۔

Gratinate : (v) روٹی یا پنیر کو چور میں لپیٹ کر پکانا تاکہ کُرکرا ہو جائے ۔

Gratine : (a) روٹیوں کے چور کی تہ جمی ہوئی ۔

Grating : (n) (١) کرخت آواز ؛ دلخراش گونج ۔(٢) رگڑنا ؛ گھسنا ۔(٣) (مجازاً) چڑچڑاہٹ ۔

Grating : (n) (٢) جنگلہ ۔(٢) (بصریات) انکساری جالی ؛ متوازی تار یا شیشے وغیرہ کی سطح کے متوازی خطوط جو روشنی کو تحلیل کر کے طیف (Spectro) پیدا کرتے ہیں ۔

Grating : (a) رگڑنے والا ؛ کرخت، سامعہ خراش ۔

Grating spectrum : (n) انکساری طیف ۔

Gratingly : (adv.) سامعہ خراشی کے ساتھ۔

Gratiola : (n) [mod. L.'gratia'.] زوفا اور اس قسم کے دوسرے پودوں کی جنس ۔

Gratiolin : (n) (کیمیا) زوفا سے حاصل کیا ہوا ایک تلخ لسلسلہ مادہ ۔

Gratis : (adv.&a.) [L.'gratis'.] مفت ؛ بلاقیمت ؛ بلامعاوضہ ؛ بن داموں ۔

Gratitude : (n) [Fr.] (۱) شکر ؛ منت ؛ احسان مندی ؛ شکریہ ؛ شکرانہ ۔ (۲) احسان مندی ؛ شکرگزاری ۔

Gratuitous : (a) [L.] (۱) مفت کا ؛ بلاقیمت ؛ بےاستحقاق ۔ (۲) بےوجہ ؛ بے دلیل ؛ بے سبب ؛ ناحق کا ؛ خوامخواہ کا ۔

Gratuitously : (adv.) (۱) مفت میں ؛ بے استحقاق ۔ (۲) ناحق ؛ خوامخواہ ؛ بے وجہ ۔

Gratuitousness : (n) بےقیمت ہونا ؛ بے وجہ ہونا ۔

Gratuity : (n) [OFr.'gratuite'.] دیکھو Gratility

Gratulant : (a) [L.'gratulari'.] تہنیتاً ۔

Gratulate : (v) (۱) خوشی کا اظہار کرنا (دیکھ کر) ۔ (۲) دیکھو Congratulate ۔

Gratulation : (n) (۱) تہنیت ؛ مبارک باد ۔ (۲) اظہارمسرت ۔

Gratulatorily : (adv.) مبارک باد کہتے ہوئے ۔

Gratulatory : (a) مبارک باد کا ؛ تہنیت کا ؛ تہنیت آمیز ۔

Grawacke : (n) [G.] (ارضیات) گارریگی ۔

Gravamen : (n) [late L.'gravamen'.] (۱) شکایت ۔ (۲) شکایتی عرض داشت جو کلیسا کی مجلس ماتحت مجلس اعلیٰ کو بھیجے ۔ (۳) اصل الزام ؛ سب سے بھاری الزام ۔

Grave : (n) [OE.'graef'.] (۱) قبر ؛ لحد ؛ مزار ؛ مدفن ۔ (۲) فنا ؛ موت ؛ عالم زیر زمیں ۔ (۳) آلو وغیرہ دبانے کا گڈھا ۔

Enough to make a person turn in his grave : جس سے کسی شخص کی روح کو صدمہ پہنچے ۔

Secret as the grave : بالکل پوشیدہ ؛ قطعاً مخفی ۔

Grave : (n) [OE.'greifi'.] یارک شائر اور لنکن شائر کے شہروں کے منتظم افسران میں سےایک جو بذریعہ انتخاب چنے جاتےتھے ۔

Grave : (a) [OFr.'grave' or L.'gravis'.] (۱) اہم ؛ ضروری ؛ وزنی ؛ قابل غور ۔ (۲) بڑا ؛ شدید ؛ سخت ؛ بھاری ؛ سنگین ۔ (۳) سنجیدہ ؛ گمبھیر ؛ بھاری بھرکم ۔ (٤) سادہ ؛ صوفیانہ ۔ (٥) خفیف (تاکید) ۔

Grave : (n) خفیف تاکید ۔

Grave : (a) (موسیقی) آہستہ و سنجیدہ ۔

Grave : (v) [OE.'grafan'.] (۱) دفن کرنا ؛ سپرد خاک کرنا ؛ دفنانا ۔ (۲) کھودنا ؛ کندہ کرنا ؛ نقش کرنا ۔ (۳) (مجازاً) نقش کردینا؛ کالنقش فی الحجر کردینا؛ پتھر کی لکیر کردینا ۔

Grave : (v) جہاز کے تلے کو آگ جلاکر زنگ وغیرہ سے صاف کرنا اور اس پر تارکول پھیرنا ۔

Grave accent : (n) خفیف تاکید ۔

Grave-clothes : (n) کفن ۔

Grave-digger : (n) (۱) گورکن ۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا ۔

Grave-harmonic : (n) (موسیقی) تفرقی سُر ۔

Grave-mound : (n) قبرستانی ٹیلہ ۔

Grave-pit : (n) (تاریخ) قبر کا گڈھا ۔

Grave-plant : (n) دھتورا کی ایک قسم ۔

Grave-stone/Gravestone : (n) کتبۂ قبر ؛ سنگ مزار ؛ سنگ تربت ۔

Gravedo : (n) [L.] نزلہ ؛ ریزش ؛ زکام ۔

Gravel : (n) [OFr.'gravel'.] (۱) کنکر ؛ بجری ؛ ریت ۔ (۲) کنکری کی تہ جس میں سونا ہو ۔ (۳) (طب) پتھری ؛ سنگ مثانہ؛ پیشاب میں تکلیف ۔ (٤) سرد باری ۔ (٥) (امریکا) ثقل لنگر یا ثقل غبارہ ۔

Golden gravel : طلا دار ریت کی تہ ۔

Pay gravel : (معدنیات) کنکریلی تہ جس میں اس قدر سونا ہو کہ کافی فائدہ حاصل ہو ۔

Quick gravel : دلدل ۔

Gravel : (v) (۱) بجری بچھانا ؛ کنکر پھیلانا ۔ (۲) حیرت میں ڈالنا ؛ چکر میں ڈالنا ۔ (۳) نعل اورکُھر کے درمیان کنکر سے زخم ہو جانا ۔ (٤) (امریکا) خلاف طبیعت ہونا ۔ (٥) ریت کھودنا ۔ (٦) غلے کی کمی کو کنکری سے پورا کرنا (چڑیوں کا) ؛ کنکر کھانا ۔ (۷) (چٹان کا) گل کر کنکر میں تبدیل ہو جانا ۔

Gravel-blind : (a) تقریباً کور ؛ قریب قریب اندھا ؛ جس کی نظر کمزور ہو ۔

Gravel-pit : (n) گڈھا جس میں سے کنکر نکالے گئے ہوں یا نکالے جاتے ہوں ۔

Gravel-powder : (n) موٹا بارود ۔

Gravel-stone : (n) کنکر ؛ بجری ؛ سنگریزہ ۔

Gravel-walk : (n) کنکر بچھا ہوا راستہ ۔

Graveless : (a) بے گور ۔

Graveling/Gravelling : (n) [origin unkn.] سالمن (مچھلی) کا بچہ ۔

Gravelling : (n) کنکر بچھانا ؛ کنکر بچھایا ہوا راستہ ۔

Gravelly : (a) کنکریلا ؛ بجریلا ۔

Gravely : (adv.) اہمیت سے ؛ سنجیدگی سے ؛ سادگی سے ۔

Graven : (a) (۱) منقش ۔ (۲) متمثل ؛ ممثل ۔

Graven : (n) مورت ؛ بت ۔

Graveness : (n) اہمیت ؛ سنجیدگی ؛ سنگینی ۔

Graveolence/-cy : (n) تعفن ؛ بدبو ۔

Graveolent : (a) [L.'graveolens'.] متعفن ؛ بدبودار ؛ تیز بو ۔

Graver : (n) (۱) کھودنے والا ؛ کندہ کرنے والا ۔ (۲) کندہ کار ؛ چھینی جس سے تانبے پر کندہ کرتے ہیں ۔

Graves's disease : (n) (طب) ایک قسم کا گھیگھا ۔

Graveyard : (n) قبرستان ؛ گورستان ۔

Gravic : (a) [L.'gravis'.] کشش ثقل سے متعلق ۔

Gravid : (a) [L.'gravidus'.] حاملہ ؛ پیٹ سے ؛ پاؤں بھاری ۔

Gravidity : (n) حاملہ ہونا ۔

Gravific : (a) [Fr.'gravifique'.] وزن بڑھانےوالا ۔

Gravigrade : (a) [Fr.'gravigrade'.] ثقل چال ۔

Gravigrade : (n) ثقل چال جانور ۔

Gravimeter : (n) [Fr.'gravimetre'.] ثقل پیما ؛ وزن مخصوص پیما ۔

Gravimetric/-al : ثقل پیمائی سے متعلق ۔

Gravimetrically : (adv.) ثقل پیمائی کی رو سے ۔

Grovimetry : (n) ثقل پیمائی ۔

Graving : (n) حکاکی ؛ کندہ کاری ۔

Graving : (n) جہاز کے تلے کو آگ جلا کر زنگ دور کرنا اوراس پر تارکول پھیرنا ۔

Graving-dock : (n) خشک گودی ۔

Gravitate : (n) [L.'gravitas'.] سنجیدہ ۔

Gravitate : (v) [L.'gravitat-'.] (۱) کسی شے کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونا ؛ کشش ثقل سے جھکنا ؛ کھینچنا ۔ (۲) ڈوبنا ؛ نیچے کی طرف، مرکز کی طرف مائل ہونا ؛ تہ نشیں ہونا ۔ (۳) ایسا عمل کرنا جس سے بھاری ہیرے تہ نشیں ہو جائیں (ہیرے کی کان کنی میں) ۔ (٤) کسی مرکز کی طرف مائل ہونا؛ کشش سے متاثر ہونا ۔

Gravitation : (n) (۱) کشش ؛ میل ؛ تجاذب ؛ تجاذب مادی ۔ (۲) کشش ثقل ؛ تثاقل ۔ (۳) فطری میلان ؛ (برے معنوں میں) نیچے جھکنے کا میلان ۔

The law of gravitation : کلیہ تجاذب ؛ کلیہ کشش ۔

Gravitational : (a) تجاذبی؛ کشش ثقل سے متعلق ؛ میل مرکز سے متعلق ۔

Gravitational astronomy : (n) ہیئت جاذبیہ ۔

Gravitational constant : (n) تجاذبی مستقل ۔

Gravitational field : (n) تجاذبی میدان ۔

Gravitational force : (n) (جغرافیہ) قوت تثاقل ۔

Gravitational induction : (n) (نباتیات) زیریں نمو ۔

Gravitational water : (n) ثقلی پانی ۔

Gravitative : (a) تجاذبی ؛ کشش ثقل کا ۔

Gravity : (n) [OFr.'gravite' L.'gravitas'.] (۱) سنجیدگی ؛ بھاری بھرکم پن ؛ متانت ۔ (۲) اہمیت ۔ (۳) متانت ؛ سنجیدگی ؛ گمبھیرپن ؛ خاموشی ؛ سنجیدہ وضعی ۔ (٤) ثقل ؛ وزن ۔ (٥) کشش ثقل، میل مرکزی ؛ جاذبۂ ارض ۔

Centre of gravity : مرکز ثقل ۔

Specific gravity : ثقل نوعی ؛ وزن مخصوص ، کثافت نوعی ۔

Gravity battery/-cell : (n) ثقلی مورچہ (جس میں رقیق اشیاء کو صرف ثقلی قوت کے ذریعہ الگ رکھا جاتا ہے ۔

Gravity dam : (n) ثقل بند ۔

Gravity error/-fault : (n) ثقلی خطا ؛ جاذبی خطا ۔

Gravity-railroad : (n) ثقلی پٹری (ریل کی) ۔

Gravity-spring : (n) ثقلی چشمہ ۔

Gravity-survey : (n) ثقلی پیمائش ۔

Gravo- : جزو ترکیبی بمعنی Grave (a) ۔

Gravure : (n) [short for Photogravure.] عکسی حکاکی ۔

Gravy : (n) [Late ME.'grauey,graue'.] (۱) آب گوشت ؛ پکاتے وقت گوشت سے جو عرق نکلتا ۔ (۲) گوشت کے ساتھ کھانے کا شوربا ؛ یخنی ۔

Gravy boat : (n) کشتی کی شکل کا برتن جس میں آب گوشت رکھا جاتا ہے ۔

Gray : (n) (۱) بھورے کپڑے ۔ (۲) ٹھنڈی روشنی ۔ (۳) دیکھو Grey ۔

Gray-beard : (n) (۱) کہن سال ؛ سفید ریش ؛ ضعیف ؛ بوڑھا ؛ عمر رسیدہ ۔ (۲) دیکھو Grey beard ۔

Grayling : (n) (۱) خاکی رنگ کی ایک دریائی مچھلی ۔ (۲) پروانۂ خاکی ۔

Graymalkin : (n) (۱) بلی ؛ بوڑھی بلی ۔ (۲) بدمزاج بوڑھی عورت ۔

Graze : (n) [f. Graze (v).] خراش ؛ رگڑ ۔

Graze : (v) [OE.'grasian'.] (۱) چرنا؛ چرانا ۔ (۲) گلہ بانی کرنا ؛ مویشی چرانا ۔ (۳) کھلانا ۔

To send to graze : نکال دینا ۔

Graze : (v) (۱) چھوجانا ؛ مس کرنا ۔ (۲) خراشیدہ کرنا ؛ رگڑلگنا ؛ چھلنا ؛ خراش لگنا ۔ (۳) چھوتا ہوا نکل جانا ۔

Grazer : (n) چرندہ ۔

Grazier : (n) مویشی فروش ؛ چرواہا ؛ (فروخت کےلئے) مویشی پالنے والا ۔

Graziery : (n) مویشی فروشی ؛ تجارتی مویشی خانہ ۔

Grazing : (n) چرائی ؛ چرنا ۔

Grazing : (a) چرانےوالا ۔

Grazing ground : (n) چراگاہ ۔

Grease : (n) [AFr.'greece, gresse'.] (۱) ہرن یا کسی اور شکار کےجانورکی چربی ۔ (۲) چربی؛ روغن؛ چکنائی ۔ (۳) اون کی چکنائی ؛ بے صاف کی ہوئی اُون ۔ (٤) ایک بیماری جو گھوڑوں کے پاؤں میں ہوجاتی ہے ؛ شقاق ؛ رس کی بیماری ۔

In grease/In the grease : (۱) (شکار کا جانور) موناتازہ ۔ (۲) چکنائی دار اون ۔

Grease : (v) (۱) چکنا کرنا ؛ چکنانا ؛ چکنائی لگانا ؛ چپڑنا ۔ (۲) گھوڑے کو پیر کی بیماری سے متاثر کرنا ۔

To grease a person's palm/-hand : رشوت دینا ؛ مٹھی گرم کرنا ۔

To grease the wheel : روپیہ دے دلا کر معاملات ٹھیک کرلینا ۔

Grease-band : (n) (درخت میں لگاھوا) چربی دار حلقہ ۔

Grease-bird : (n) کناڈا کا نیل کنٹھ ۔

Grease-bush : (n) مختلف چھوٹی اور خاردار جھاڑیوں کا نام ۔

Grease-season/-time : (n) ہرنوں کےشکار کازمانہ اور موسم ۔

Grease-trap : (n) چربی روکنے کا آلہ ۔

Grease-wood : (n) Grease bush دیکھو

Greaser : (n) (۱) چرب کار ؛ چکنا کرنے والا ؛ چپڑنے والا ۔ (۲) جہاز کے انجن کا ہیڈ فائرمین ۔ (۳)(عامیانہ ، امریکا) ہسپانوی نسل کا باشندہ ؛ امریکا یا میکسیکو کا قدیم باشندہ ۔

Greasy : (a) (۱) چکنا ؛ چربی دار ؛ چربی کا ؛ چربی جیسا ۔ (۲) چربی میں سنا ہوا ؛ چکنائی ؛ چکنا ہوا ۔ (۳) بے صاف کی ہوئی (اُون) ۔ (٤) (گھوڑا) جس کے پیر میں بیماری ہو ؛ شقاق زدہ ۔ (٥) چرب زبان ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنےوالا ۔ (٦) گندہ ؛ فوش ؛ کثیف ؛ شنیع ۔

Greasy fritillary : (n) ایک قسم کی تتلی ۔

Greasy grind : (n) بہت محنتی طالبعلم ۔

Greasy-pole : (n) چکنا کھمبا یا بانس جو ورزش جسمانی کے کرتب دکھانے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Greasy-spoon : (n) سستا ریستوران یا کھانا ۔

Greasy steam : (n) بھاپ جو خود روغن کا کام دے ۔

Great : (a) [OE.'great'.] (۱) بڑا ؛ کلاں ؛ عظیم ؛ کبیر ؛ مہا ؛ بزرگ ۔ (۲)حاملہ ؛پیٹ سے۔ (۳) طغیانی میں (دریا، سمندر) ۔ (٤) غیرمعمولی؛ فوق العادت ۔ (٥) اہم ضروری ۔ (٦) ممتاز؛ جلیل؛ اعظم؛ اکبر ؛ اعلیٰ ؛ برتر ؛ بلند ۔ (۷) جید ؛ عالی طبع ؛ عالی منش ؛عالی نہاد ۔ (۸) ماہر؛ عالم؛ فاضل ؛ کامل ۔ (۹) بہت اچھا ؛ بہت خوب ۔ (۱۰) تیسری پشت کا ۔ (۱۱) مقبول ۔ (۱۲) دوستانہ ۔ (۱۳) خاص؛ خصوصی ۔ (۱٤) لمبا(عرصہ وغیرہ) طویل المدت ۔ (۱٥) قابل تعریف ۔

The great king : شہنشاہ ایران ۔

The great Mogul/-Cham/-Turk : خان اعظم ؛ مغل اعظم ؛ سلطان ترکی ۔

The great world : اُمراء ۔

To run a great filly/-dog etc. : دوڑ میں سبقت لےجانےوالا یا والی (کتا وغیرہ) ۔

Great : (adv.) بہت حدتک ؛ اچھی طرح ؛ کامیابی کے ساتھ ۔

Great : (n) بڑا بزرگ ؛ اچھا (آدمی) ۔

Great aunt : (n) باپ یا ماں کی چچی ؛ پھوپھی ؛ خالہ ؛ ممانی وغیرہ (دادا ، دادی ، نانا، نانی) ۔

Great Bear : (n) دُب اکبر ؛ آسمانی تاروں کی ایک شکل ۔

Great-bellied : (a) حاملہ ؛ پیٹ سے ۔

Great Bible : (n) کورڈیل کا ترجمہء انجیل جو ۱٥۳۹ء میں شائع ہوا تھا ۔

Great-coat/Greatcoat : (n) ایک قسم کا لمبا بھاری کوٹ ۔

Great-coated : (a) لمبا بھاری کوٹ پہنے ہوئے ؛ لبادے والا ؛ اوورکوٹ ؛ لبادہ ؛ فرغل ۔

Great day : (n) (۱) یوم الحساب ؛ قیامت کا دن ۔(۲)ایسٹر کا دن ۔(۳) اہم دعوت یا روزے کا دن ۔

Great dog : (n) کلب اکبر ۔

Great-eyed : (a) (۱) بڑی آنکھوں والا ۔(۲) (مجازاً) دوربیں ۔

Great fast : (n) لنٹ (Lent) کا زمانہ ۔

Great flood : (n) (تاریخ) طوفان نوح ۔

Great-go : (n) آکسفورڈ یونیورسٹی میں بی. اے کا آخری امتحان ؛ دیکھو Greats ۔

Great-grandchild : (n) پرپوتا؛ پرپوتی ؛ پرنواسہ؛پرنواسی ۔

Great granddaughter : (n) پرپوتی ؛ پرنواسی ۔

Great-grandfather : (n) پردادا ؛ پرنانا ۔

Great-grandmother : (n) پردادی ؛ پرنانی ؛ مورثہ ۔

Great-grandson : (n) پڑپوتا ؛ پرنواسہ ۔

Great-great : رشتوں میں پردادا ؛ پرنانا ؛ پردادی ؛ پرنانی ؛ پرنواسہ ؛ پرپوتے سے اوپر کے رشتے کےلئے استعمال ہوتا ہے ۔

Great guns : (adv.) بہت طاقت یا توانائی کے ساتھ؛ کامیابی کے ساتھ ۔

Great-head : (n) ایک قسم کی امریکی بحری بطخ ۔

Great-hearted : (a) فراخ دل ؛ فیاض؛ بڑے دل والا؛ عالی ہمت ۔

Great-heartedness : (n) فراخ دلی ؛ فیاضی ۔

Great-hundred : (n) ایک سو بیس ۔

Great-mouthed : (a) شیخی باز ۔

Great-nephew : (n) بھتیجے یا بھتیجی کا لڑکا ؛ بھانجا یا بھانجی کا لڑکا (پوتا نواسہ) ۔

Great-niece : (n) بھتیجا یا بھتیجی ، بھانجا یا بھانجی کی لڑکی (پوتی، نواسی) ۔

Great orgon : (n) آرگن باجے کا ایک حصہ ۔

Great- uncle : (n) باپ یا ماں کا چچا، ماموں وغیرہ ؛ دادا ۔

Great week : (n) ایسٹرسنڈے (Easter Sunday) سے پہلے کا ہفتہ ۔

Great year : (n) سال افلاطونی (۲۵/۸۰۰ سالوں کا) (قدیم مفروضہ کے مطابق) وہ زمانہ جس میں اجرام فلکی تما م برجوں کی سیر کر کے اپنے اصلی مقام پر واپس آجاتے تھے ۔

Greaten : (v) (۱) بڑا کرنا ؛ بڑھانا ۔(۲) بڑا ہونا ۔

Greater : (a) [OE.'gryttra'.] بزرگ تر ؛ زیادہ بڑا ۔

Greatest : (a) بزرگ ترین ؛ سب سے بڑا ؛ عظیم ترین ۔

Greatest happiness of the greatest number : بچیسن کے فلسفے کا اصل اصول ۔

Greatest common measure : مقسوم علیہ مشترک ۔

Greatly : (adv.) (۱) بہت ؛ نہایت ۔(۲) بدرجہا ؛ بہت زیادہ ؛ کہیں زیادہ ۔ (۳) امیرانہ ؛ شریفانہ ؛ عالی ہمتی سے ؛ فراخدلی سے ۔

Greatness : (n) بڑائی ؛ بزرگی ؛ عظمت ؛ برتری ؛ بلندی ؛ اہمیت ؛ جبلی شرافت ۔

Greats : (n) آکسفورڈ کی جماعت بی – اے کا آخری امتحان ۔

Greave : (n) [OFr.'greve'.] پاؤں کی زرہ (گھٹنوں سے نیچے کی) ؛ ساق پوش ۔

Greaved : (a) ساق پوش کا ؛ گھٹنوں سے نیچے کی پاؤں کی زرہ کا۔

Greves/Graves : (n) [Origin unkn.] چربی کے چھیچھڑے جو روغنی حصہ نکالنے کے بعد بچ جاتے ہیں ۔

Grebe : (n) [Fr.'grebe'.] (۱) بے دم کی مرغابی ۔(۲) بےدُم کی مرغابی کا پر جو آرائش کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔

Grebe cloth : (n) ایک طرح کا سوتی کپڑا جو ایک طرف روئیں دار ہوتا ہے ۔

Grecian : (a) [OFr.'grecien or med. L.'graecianus'.] یونانی ؛ یونان کا ۔

Grecian : (n) (۱) یونانی زبان کا فاضل ؛ ادیب ۔(۲) Christ's Hospital کے سب سے اونچے درجے کا طالب علم ۔ (۳) (عامیانہ) آئرستانی ۔

Grecian bend : (n) بناوٹی طرز خرام ؛ بن کر چلنا؛ بناوٹ کی چال ۔

Grecian fire : (n) (۱) ایک قسم کا آتشی بم ۔(۲) ایک قسم کی آتش بازی ۔

Grecian-horse : (n) (Troy) لکڑی گھوڑا جس کی مدد سے ٹرائے پر قبضہ کیا گیا تھا ۔

Grecism/Grecize/Greco- : دیکھو Graec

Grecque : (n) [Fr.] یونانی منبت کاری ۔

Gree : (n)[OFr.'gre'.] (۱) شکرگزاری ؛ حمایت ۔(۲)اطمینان ۔ (۳) مہر ؛ لطف ؛ کرم ؛ عنایت ؛ نوازش ۔ (٤) خوشی ۔

In gree : شفقت سے؛ نیک نیتی سے ۔

To do or make gree : بدلہ دینا ۔

Greed : (n) Back-formation f.Greedy.] حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ آز ؛ ہوکا ۔

Greedily : (adv.) (۱) ہوکے سے ؛ حریصانہ ؛ ندیدے پن سے ۔ (۲) بےحد شوق سے؛ چاؤ سے ؛ طمع سے ؛ حرص سے ؛ لالچ سے ۔

Greediness : (n) (۱) ندیدہ پن ؛ لالچ؛ حرص ؛طمع ؛ آز ؛ ہوکا ۔ (۲) بےحد شوق ۔

Greedy : (a) [OE.'greding'.] (۱) کھاؤ ؛ پیٹو ؛ مربھکا؛ ندیدہ ؛ لالچی ؛ طامع ؛ حریص ۔ (۲) بیحد شائق ؛ (کسی چیز کا) بھوکا ؛ بہت بھوکا ۔

Greedy-gut (s) : (n) پیٹو ؛ کھاؤ ؛ بسیار خور ۔

Greegree : (n) [Of native origin.] (۱) افریقی جادوگر؛ ٹونا ؛ تعویذ ۔(۲) گینی کا ایک درخت ۔

Greegree-man : (n) ساحر ؛ جادوگر ۔

Greek : (a) [OE.'Grecas'.] (۱) یونانی یا یونان کے متعلق ۔ (۲) یونانی زبان سےمتعلق؛ یونانی زبان میں ۔

Greek : (n) (۱) یونان کا باشندہ ؛ یونانی ۔(۲) کلیسائے یونان کا پیرو ۔ (۳) جعل سازی ؛ دغابازی ؛ مکار؛ فریبی ۔(٤) یونانی زبان ۔(٥) زندہ دل ؛ عیاش ۔ (٦) (عامیانہ) آئرستانی ۔ (۷)ناقابل فہم تقریر ؛ بےمعنی گفتگو ۔

Giles greek : عامیانہ ۔

Greek-braid : (n) منبت کاری کی طرح کا ایک زیور ۔

Greek calends : (n) کبھی نہیں ۔

Greek-cross : (n) یونانی صلیب جس کے چاروں بازو برابر ہوتے ہیں ۔

Greek gift : (n) ایسا تحفہ جو ضرر رسانی کی نیت سے دیا جائے ۔

Greekish : (a) (۱) قدرے یونانی ۔(۲) یونان اور یونانی سے متعلق ۔(۲) لا مذہب ؛ غیر اہل کتاب ؛ منکر ۔

Greek-masonry : (n) یونانی معماری جس میں ہر دوسرا پتھر دیوار کی مونانی کے برابر ہوتا ہے ۔

Greek point : (n) ایک قسم کا لیس ۔

Greek-rose : (n) کمپیا ؛ ایک قسم کا پھول ۔

Greekishly : (adv.) قدرے یونانی طور پر ۔

Greekling : (n) چھوٹا یونانی ؛ ادنیٰ یونانی ۔

Green : (a) [OE.'grene'.] (۱) سبز؛ ہرا ؛ ہرابھرا دھانی ؛ سرسبز ؛ شاداب ؛ تروتازہ ؛ ہرابھرا ۔ (۲) (چہرے کا رنگ) زرد ؛ پیلا ؛ بیماری کا سا۔(٤) (مجازاً) حاسد؛ پُرحسد ؛ پُررشک ۔ (٥) کچا ؛ خام ؛ نارسیدہ ؛ ہرا ؛ تازہ ۔ (٦) چاق و چوبند ؛ مضبوط ۔ (۷) ناتجربہ کار؛ انپلا ؛ نابالغ ؛ بھولا ؛ کچا ؛ سادہ لوح ۔

In the green tree : اچھی حالت میں ۔

Green : (n) (۱) سبزی ؛ ترکاری ؛ ساگ پات ۔(۲) سبز کپڑا ۔ (۳) سبزرنگ ؛ سبز پڑیا ۔(٤) غیر مندمل ؛ ہرا زخم ۔ (٥) چستی ؛ چالاکی ؛ طاقت ؛ مردانگی ۔ (٦) آئرستان کا علامتی رنگ ؛ آئرستان کی قومی پارٹی کا رنگ ۔ (۷) جوانی ۔(۸) ہریاول ؛ نباتات ؛ روئیدگی ۔ (۹) آرائشی سبزی ۔ (۱۰) سبزہ زار؛ کچی ؛ ترکاری ۔(۱۱) گولف کا میدان ۔

In the green : جوانی ۔

Green : (v) [OE'grenian'.] (۱) سبز ہونا ۔(۲) سبز رنگنا ؛ سبز رنگ عطا کرنا ؛ سبز لباس پہنانا ۔ (۳) صدف کو گڑھے میں رکھنا ۔(٤) دھوکا دینا ۔

Green ash : (n) دیودار کی ایک قسم ۔

Green back : (n) (۱) امریکی نوٹ ۔(۲) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۳) طیرباراں ۔(٤) (عامیانہ) بینک ؛ مینڈک ۔

Green-back party : (n) ایک امریکی سیاسی پارٹی کا رکن جس کی شفارش تھی کہ سبز نوٹ کو ملک کا واحد سکہ ہونا چاہیئے ۔

Green-backer : (n) اس امریکی سیاسی پارٹی کا رکن جس کی شفارش تھی کہ سبز نوٹ کو ملک کا واحد سکہ ہونا چاہیئے ۔

Green-bag/Green bag : (n) کسی سبز چیز کا بنا ہوا بیگ جسے پہلے وکلاء دستاویز اور کاغذات رکھنے کےلئے استعمال کرتے تھے ۔

Green-bass : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Green-blights : (n) پودوں کی جوں ۔

Green-blind : (n) سبز کور ؛ جس کو سبز رنگ نظر نہ آئے ۔

Green-bone : (n) سینگا مچھلی ۔

Green-book : (n) سبز کتاب ؛ دفتری کتاب ۔

Green-bottle : (n) ایک قسم کی مکھی ۔

Green-brier : (n) امریکی چوب چینی ۔

Green-broom : (n) جھاڑ ؛ جھاڑو ؛ سیک ۔

Green-charge : (n) خام بارود ۔

Green cheese : (n) گھٹیا قسم کا پنیر ؛ سبز پنیر ۔

Green-cloth/Greencloth : (n) (۱) Board of Green cloth کا مخفف ۔(۲) شاہی محل کا شعبہء بار رسانی ۔ (۳)بلیرڈ کی میز کا سبز اونی کپڑا ؛ بلیرڈ کی میز ۔

Green-cord : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Green-cormorant : (n) گلفی دار ماہی خور ۔

Green-corn : (n) کچا بھُٹا ۔

Green crab : (n) کیکڑا ۔

Green-crop : (n) سبزی ۔

Green-diallage : (n) آتشی معدن کی ایک قسم ۔

Green dragon : (n) سوسن کی ایک قسم ۔

Green drake : (n) منی مکھی ؛ ایک قسم کا کپڑا جس کی عمر صرف ایک سال ہوتی ہے ۔

Green-earth : (n) لوہا ؛ پوٹا شیم وغیرہ کا ہائیڈرس سلیکیٹ ۔

Green-ebony : (n) جزائر غرب الہند کےایک درخت کی لکڑی ۔

Green-eyed : (a) (۱) سبز چشم ۔(۲) حاسد ؛ رشک کرنےوالا ؛ حسرت خور ۔

The green-eyed monster : حسد ؛ رشک ؛ رقابت ۔

Green fat : (n) کچھوے کی چربی ۔

Green finch : (n) (۱) سبز قبا ؛ خفیری ۔(۲) (عامیانہ) پوپ کا آئرستانی محافظ ۔

Green-fire : (n) ایک قسم کی آتشبازی ۔

Green-fish : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Green-fly : (n) (۱) ایک قسم کا چھوٹا کیڑا ؛ سبز جو ۔ (۲) مصنوعی چارہ ۔

Green-gage : (n) بیر کی قسم کا ایک سبز پھل ۔

Green-gill : (n) سبزی کھانے کی وجہ سے صدف کے گلپھڑے ۔

Green-gill/-gilled : (a) جس کا گلپھڑا سبز ہوگیا ہو ۔

Green gland : (n) قشریوں کے دو غدودوں میں سے ایک جو گردے کا کام دیتا ہے ۔

Green glass : (n) سبز شیشہ ۔

Green goods : (n) جعلی امریکی نوٹ ۔

Green goose : (n) بط کا تین ماہ کا بچہ ۔

Green-grosbeak : (n) دیکھو Green finch

Green-grocer : (n) سبزی فروش ؛ کنجڑا ؛ میوہ فروش ۔

Green-grocery : (n) سبزی فروشی ؛ میوہ فروشی؛ ترکاری بیچنا ؛ کنجڑے کا پیشہ ۔

Green head/Greenhead : (n) (۱) کاٹنے والی بڑی مکھی کی ایک جنس ۔(۲) سادہ لوح ؛ بے وقوف ۔

Green house/Green-house : (n) (۱) شیشے کا گھر پودوں کےلئے سبز خانہ ۔(۲) وہ گھر جس میں منی کے ظروف پکائے جانے سے پہلےرکھے جاتےہیں ۔

Green iron ore : (n) لوھے کا آبدار فاسفیٹ ۔

Green-jerkin : (n) جنگل کا نگہبان ۔

Green jaundice : (n) ہراروگ ؛ ایک قسم کا یرقان جس میں جلد سبز ہوجاتی ہے ۔

Green land : (n) (۱) شمالی امریکا کے جنوبی پوربی جانب ایک بڑا جزیرہ ؛ گرین لینڈ ۔(۲) احمقوں کی دنیا ۔

Green lander : (n) گرین لینڈ کا باشندہ ۔

Green landic : (a) گرین لینڈ سے متعلق ؛ گرین لینڈ کے باشندے سے متعلق ؛ گرین لینڈ کی زبان سے متعلق ۔

Green landic : (n) گرین لینڈ کی زبان ۔

Green lead ore : (n) سبز کچا سیسہ ۔

Green-leek : (n) آسٹریلیائی دُم دراز طوطا ۔

Green linnet : (n) Greenfinch دیکھو

Green-louse : (n) پودے کی جوں ۔

Green manure : (n) گھاس کی کھاد ؛ ہری کھاد ۔

Green marble : (n) حجر الحیہ ۔

Green mineral : (n) سبز کچا تانبا ۔

Green oak : (n) بلوط کی لکڑی جو طفیلی سماروغ کی وجہ سے سبز ہو جاتی ہے ۔

Green oyster : (n) سبز صدف ۔

Green-peak/-peel : (n) [It.'picchioverde'.] سبز کٹ پھوڑا ۔

Green-plover : (n) ہدہد، نباح ۔

Green-pollack : (n) سیاہ رنگ کی یا سیاہ مچھلی ۔

Green-ribbon : (n) سبز فیتہ جو کسی تمغے کے ساتھ پہناجائے ۔

Green-room : (n) (۱) تھیٹر میں ایکٹروں کی خلوت گاہ ۔ (۲) گودام میں تازہ مال رکھنے کا کمرہ ۔

Green-salted : (a) صرف نمک لگایا ہوا (چمڑا) ۔

Green-sand/Greensand : (n) سبز ریگ ؛ ایک طرح کی سبز بھربھری مٹی ۔

Green sea : (n) موج جو جہاز پر آجائے ۔

Green shank : (n) یلوہ سبز پا ؛ ایک قسم کا بڑا پرندہ جو گیلی ریت میں پایا جاتا ہے ۔

Green sickness/Green-sickness : (n) یرقان ابیض ؛ سبز بہُس نوجوان عورتوں کی ۔

Green-sleeves : (n) بےوفا معشوق ۔

Green-snake : (n) (۱) (امریکا) دو غیر سمی سانپوں میں سے ایک ۔ (۲) آکاس بیل ۔

Green soil : (n) زرخیز مٹی ۔

Green-soil : (v) زرخیز مٹی مہیا کرنا ۔

Green-stick : (n) (مرصیات) ہڈی کی چوٹ (خصوصاً بچوں کی) ۔

Green-stone/Greenstone : (n) (معدنیات) یشم سبز ۔

Green-stuff : (n) ہریالی ؛ ہری ترکاریاں ؛ سبزی ؛ نباتیات، روئیدگی ۔

Green syrup : (n) (شکر سازی) رس ۔

Green-table : (n) (۱) سبز کپڑے سے ڈھکی ہوئی میز ۔ (۲) جوا کھیلنے کی میز ؛ بلیرڈ کی میز ۔ (۳) مجلس شوریٰ ۔

Green tail : (n) پن مکھی ۔

Green tea : (n) سبز چائے جو بھاپ میں سکھائی جاتی ہے ۔

Green-ware : (n) (سفال گیری) تازہ بنے ہوئے ظروف جو ابھی سکھائے نہ گئے ہوں ۔

Green water : (n) (۱) (طب) نفاس ۔ (۲) دریائے نیل کی وہ حالت جب اس میں بہت کم پانی ہو ۔

Green-weed : (n) (۱) ایک جھاڑی جس کے پھول سےرنگ بنتا ہے ۔ (۲) سبز بحری گھاس ۔

Green-wing : (n) پن ککڑی جس کے بازو سبز ہوتے ہیں ۔

Green-wood : (n) ہرا جنگل ؛ تازہ لکڑی ۔

To go to the greenwood : قزاق بن جانا ۔

Green-wood : (a) تازہ (لکڑی) ۔

Green-wort : (n) ناک چھکنی ؛ کندس ۔

Green-yard/Geenyard : (n) کانجی ہاؤس ۔

Greenery : (n) (۱) سبزی ؛ ہریاول ۔ (۲) پود گھر ۔

Greenheart : (n) جزائر غرب الہند کے مختلف قسم کے درختوں کے نام ۔

Greenhorn : (n) (۱) نیا کارآموز ۔ (۲) ناتجربہ کار آدمی ؛ بیوقوف ؛ شخص نادان ؛ سادہ لوح ؛ جاہل ۔

Greenhornism : (n) ناتجربہ کاری ۔

Greening : (n) ایک قسم کا سیب جو پکنے پر سبز رہتا ہے ۔

Greenish : (a) قدرے سبز ؛ سبزی مائل ۔

Greenlaver : (n) ایک بحری گھاس جو کھائی جاتی ہے ۔

Greenless : (a) بے سبزہ ؛ بے ہریاول ۔

Greenlet : (a) سبز سہرہ (پرند) ۔

Greenly : (adv.) (۱) سبز رنگ کے ساتھ ؛ سبزہ زار کی طرح ۔ (۲) تازگی سے ؛ جوانی سے ؛ توانائی سے ۔ (۳) ناتجربہ کاری سے ۔

Greenness : (n)[OE.'grennes'.] (۱) سبزی ؛ ہراپن ۔ (۲) کچاپن یا ناپختگی ؛ ناتجربہ کاری ؛ توانائی ۔

Greenockite : (n) [Named after Lord Greenock.] کیڈمیم (Cadmium) کا خام سلفائیڈ ۔

Greensward : (n) سبزہ زار ؛ چمن ؛ ہری گھاس کا تختہ ۔

Greenth : (n) سبزہ ؛ گھاس ؛ ہریاول ؛ روئیدگی ۔

Greenwich : (n) انگلستان کے صوبہء کینٹ کا ایک شہر جس میں سرکاری رصدگاہ ہے ؛ گرینچ ۔

Greenwich stars : (n) وہ ستارے جو بحری تقویم نجومی میں قمری تخمین میں کام آتے ہیں ۔

Greenwich time : (n) معیاری وقت ؛ نصف النہار گرینچ کا وقت جو انگلستان اور بعض دوسرے ممالک میں رائج ہے ۔

Greeny : (a) دیکھو Greenish

Greet : (v) [OE.'gretan'.] (۱) سلام کرنا ؛ آداب کرنا ؛ تسلیمات کرنا؛ بندگی کرنا ؛ خیروعافیت پوچھنا ۔ (۲) مبارک باد دینا؛ مبارک سلامت کہنا؛ تہنیت دینا ۔ (۳) خیر مقدم کرنا ؛ خوش آمدید کہنا ۔ (٤) نظر پڑنا ؛ گوش زد ہونا ۔

Greet : (v) [OE.'gretan'.] رونا ؛ آہ و بکا کرنا ؛ فریاد کرنا ۔

Greeter : (n) سلام کرنے والا ؛ مبارک باد دینے والا ؛ بندگی کرنے والا ۔

Greeter : (n) رونےوالا ؛ آہ وبکا کرنے والا ؛ فریاد کرنے والا۔

Greeting : (n) (۱) سلام ؛ بندگی ؛ تسلیمات ؛ آداب ۔ (۲) مبارک باد ؛ تہنیت ۔ (۳) خیر مقدم ۔

Send the greeting : آداب و سلام بھیجنا ۔

Greffier : (n) [Fr.] رجسٹرار ؛ محرر ؛ افسر رجسٹری ۔

Gregal : (a) [L.'gregalis'.] گلے سے متعلق ۔

Gregale/Grigale/Grecale : (n) [It.] بحیرہء روم کی شمالی جنوبی ہوا ۔

Gregarine : (a) [mod. L.'Gregarina'.] (حیوانیات) غولیہ سے متعلق ۔

Gregarine : (n) غولیہ کا ایک رکن ۔

Gregarious : (a) [L.'gregarius'.] (۱) جھنڈ میں چرنے والا ؛ غول پسند؛ غولی ۔ (۲) ملنسار؛ صحبت پسند ۔ (۳) (نباتیات) ہم نمو ؛ ہم رو ؛ خوشہ خوشہ ؛ جھنڈ میں اگنے والا ۔ (٤) گلوں کا؛ گروہ یا مجمع کے متعلق ؛ گروہی ۔ (٥) (طب) گچھا دار ۔

Gregariously : (adv.) غول پسندی یا صحبت پسندی سے ۔

Gregariousness : (n) غول پسندی ؛ صحبت پسندی ؛ جماعت پسندی ؛ (فلسفہ، نفسیات) گروہ پسندی ۔

Grege/Greig : (n&a) [Fr.] زردی مائل بھورا ؛ زردی مائل بھورا رنگ ۔

Grego : (n) [L.'Graecus'.] (۱) ایک موٹا کوٹ ۔ (۲) (عامیانہ) موٹا اُور کوٹ ۔

Gregorian : (a) [med.L.'Gregorianus'.] (۱) پوپ گریگری اول سے متعلق ۔ (۲) پوپ گریگری سیزدہم سے متعلق ۔ (۳) جےگریگری کی دوربین سے متعلق ۔

Gregorian : (n) (۱) ایک سادہ طرز کا راگ جو گریگری ، سیزدہم سےمنسوب ۔ (۲) گریگری حجام کا بنایا ہوا مصنوعی بال ۔ (۳) اٹھارھویں صدی کی سوسائٹی کا رکن ۔

Gregorian Calendar : (n) پوپ گریگری کا اصلاح کردہ نظام تقویم۔

Gregorian epoch : (n) کریگری سنہ جو ۱۵۸۲ء سے شروع ہوتا ہے ۔

Gregorian style : (n) نیا نظام تقویم (یعنی گریگری کا) ۔

Gregorianist : (n) پوپ گریگری سیزدہم کے راگ کے استعمال کا حامی ۔

Gregory/Gregory-powder : (n) سفوف ریوند چینی ۔

Greisen : (n) [G.] ایک قسم کا سنگ خارہ ۔

Gremial : (n) [med. L.'gremialis'.] ایک ریشمی رومال جو بعض مذہبی تہواروں کے موقع پر بشپ کی گود میں ڈال دیا جاتا ہے ۔

Grenade : (n) [Fr.] (۱) چھوٹا شل یا بم کا گولہ ؛ دستی بم ؛ نارنجک ۔ (۲) شیشے کا ظرف جس میں کیمیاوی اجزا بھر کر پھینکتے ہیں ؛ حقہ ۔

Drain grenade : تیز بو بم جسے نالے میں رساؤ کا پتا لگانے کے لئے ڈالا جاتا ہے ۔

Fire grenade : آگ بجھانے کا بم ۔

Grenad : (n) [Perhaps. Fr.] (طباخی) ایک قسم کا کھانا جس میں بچھڑے کے گوشت کے ٹکڑے اور کبوتر کا گوشت وغیرہ ملے ہوتے ہیں ۔

Grenadier : (n) [Fr.] (۱) دستی بم پھینکنے والا سپاہی ۔ (۲) شاہی پیادہ فوج کی پہلی رجمنٹ ۔ (۳) جنوبی افریقہ کا ایک پرندہ جس کے پر لال اور کالے ہوتے ہیں ۔ (٤) ایک قسم کی مچھلی ۔

Grenadilla : (n) دیکھو Grandilla

Grenadine : (n) [Fr.'grenadin'.] ایک قسم کا کھانا جس میں بچھڑے کا گوشت اور مرغ ہوتا ہے ۔

Grenadine : (n) [Fr. grenadine'.] جالی دار ریشمی یا ریشمی اور اونی کپڑا ۔

Grenadine/-red : (n) فرانس کی بنی ہوئی انار کی شراب ۔

Grenado : (n) [Sp.'granada'.] شیشے کا ظرف جس میں کیمیاوی اجزا بھر کر پھینکے جاتے ہیں ۔

Grenatite/Grantite : (n) (معدنیات) سنگ صلیبی ۔

Gressorial/Gresorious : (a) [mod. L.'gressorius'.] (حیوانیات) چلنے والا ؛ چلنے کا ؛ رونده ۔

Grey/Gray : (a) [OE.'graeg'.] (۱) خاکستری ؛ سیاہی مائل سفید ؛ بھورا ؛ رمادی ۔ (۲) دھندلا ؛ ماند ؛ سنسان؛ اُداس ۔ (۳) سفید (بال) ؛ سفیدبال والا ۔ (٤) (انسان) بوڑھا؛ کُہن سال ؛ تجربہ کار؛ آزمودہ کار ؛ پختہ مغز۔ (٥) بہت قدیم ؛ پرانا؛ پراچین ۔ (٦) مختلف راہبوں اور راہباؤں کی صفت ان کے لباس کی وجہ سے ۔ (۷) بھوری آنکھ والا ۔ (۸) افسردہ ۔ (۹) اوسط ؛ درمیانہ ۔

Grey/Gray : (n) (۱) بھورے کپڑے ۔ (۲) بے دھوپ کی دھیمی روشنی ؛ ٹھنڈی روشنی ۔ (۳) بھورا خاکستری رنگ ۔ (٤) خاکستری رنگ کا گھوڑا۔ (٥) (بندوق سازی) بھورا دھبّا۔ (٦) (جمع) فوج کا ایک دستہ (۷) ایک قسم کی مچھلی ۔ (۸) آدھی پینی (Penny) جس کے دونوں رخ یکساں ہوتے ہیں ۔

The grey mare is the better horse : عورت مرد پر حکومت کرتی ہے ۔

Grey/Gray : (v) بھورا ہونا ؛ بھورا کرنا ۔

Grey-back/Greyback : (n) (۱) امریکی خانہ جنگی کا متحدہ ریاستوں کا سپاہی ۔ (۲) جوں ۔ (۳) مختلف چڑیوں کے نام ۔ (٤) خاکستری وہیل ۔

Grey band : (n) بھربھرے پتھر کی ایک قسم ۔

Grey/bass : (n) Perch خاندان کی ایک سمندری مچھلی ۔

Grey-beard/Graybeard : (n) (۱) سفیدریش ؛ بڈھا ؛ ضعیف ؛ عمر رسیدہ ؛ پیر کہن سال ۔ (۲) پتھر یا مٹی کا بڑا جگ ۔ (۳) ایک طرح کی کائی ۔ (٤) حیوان مرجانیہ ۔

Grey-beared : (a) ضعیف ؛ عمر رسیدہ ۔

Grey-coat : (n) خاکستری کپڑے پہننے والا ؛ خصوصاً کیمبرلینڈ کا کسان ۔

Grey-coated : (a) خاکستری کپڑے پہنے ہوئے ۔

Grey-coat hospital : (n) ایک خیراتی اسکول جس کے طالب علم خاکستری کپڑے پہنتے ہیں ۔

Grey-coat parson : (n) وہ شخص جس کو کلیسا کی ضبط شدہ جائداد دی جائے ۔

Grey crow : (n) تاجدار کوّا ۔

Grey-duck : (n) بز بطخ ۔

Grey eminence : (n) پس پردہ قوت رکھنے والا ۔

Grey-faced : (a) (۱) خاکستر رو ۔ (۲) تھکا ماندہ ۔

Grey-falcon : (n) ایک قسم کا باز ۔

Grey-fly : (n) ایک قسم کا بھونرا ۔

Grey-fowl : (n) بھٹ تیتر ۔

Grey-frier : (n) فرالسکن طریق کا راہب ۔

Grey-goose : (n) جنگلی ہنس ۔

Grey-groat : (n) کم قیمت (کوئی چیز) ۔

Grey-head : (n) بوڑھا ؛ ضعیف ؛ قدیم ؛ پرانا ۔

Grey-hen : (n) مادہ بھٹ تیتر ۔

Grey lag goose/Greylag : (n) جنگلی ہنس ۔

Grey matter : (n) دماغ ؛ مغز دماغ ؛ دماغ کا خاکستری مادہ ؛ مخ ۔

Grey millet : (n) ایک قسم کا پودا جس کے بیج پہلے بطور دوا استعمال ہوتے تھے ۔

Grey mullet : (n) شاہ ماہی کی ایک قسم ۔

Grey powder : (n) پارے اور کھریا کا سفوف ۔

Grey-russet : (n) موٹا بھورے رنگ کا کپڑا ۔

Grey-stone/Graystone : (n) خاکستری رنگ کی آتش فشاں چٹان ۔

Grey-wether : (n) سنگ ریزی ۔

Greyhoud : (n) [OE.'grighund'.] نازی کتا ؛ ایک قسم کا شکاری کتا ۔

Ocean greyhound : تیز رفتار جہاز ۔

Greyhound fox : (n) سب سےبڑی اور بہادرقسم کی لومڑی ۔

Greyhound racing : (n) ایک جدید شرط کا کھیل جس میں مصنوعی خرگوش دوڑائے جاتے ہیں اور تازی کتے پیچھا کرتے ہیں ۔

Greyish/Grayish : (a) بھورا سا ؛ خاکستری ۔

Greyness/Grayness : (n) بھوراپن ؛ دھندلاپن ۔

Greywacke/Gray-/Greywack : (n) (ارضیات) گاریگی ۔

Gribble : (n) [Oringin unkn.] ایک چھوٹا بحری نقب زن قشریہ ۔

Grid : (n) [Back-formation from'Gridiron'.] (۱) جالی جنگلہ ؛ کٹہرا ۔(۲) انگیٹھی ؛ سیخدار چولہا ۔(۳) ریل کی لائنوں ، بجلی کے تاروں وغیرہ کا جال ۔ (٤) ایک قسم کا صمام ۔ (٥) ضابطہ برقیرہ ۔ (٦) تاروں کا جال ۔

Grid ware : (n) (تاریخ) جالی دار برتن ۔

Griddle : (n) [OFr.'gredil, gridil'.] (۱) توا ۔(۲) تاروں کی چھلنی ۔

Griddle : (v) (۱) توے پر پکانا۔(۲) تاروں کی چھلنی سے چھاننا ۔

Gride : (n) رگڑ کی آواز ۔

Gride : (v) [Metathetic f.'Giro.] کاٹنا ؛ چھیلنا (رگڑ کی آواز کے ساتھ) ؛ سوراخ کرنا ؛ بیندھنا ۔

Gridiron : (n([ME.'gredire'.] (۱) گوشت بھوننے کی لوھے کی انگیٹھی ؛ سیخدار چولہا ؛ شیکارہ ۔(۲) وہ کٹہرا جو جہاز کو بندرگاہ میں روکے رہتا ہے ۔ (۳) لکڑی (وہ ڈھانچہ جس سے تھیٹر کے پردے گرائے جاتے ہیں) ۔ (٤) گھڑی لٹکن جو کئی دھاتوں سے بنتا ہے ؛ سیخ دار رقاص ۔ (٥) فٹ بال کا میدان ۔

Gridiron : (v) متوازی لکیریں بنانا ۔

Gridiron pendulum : (n) گھڑی کا لٹکن ؛ سیخ دار رقاص ۔

Gridiron valve : (n) سیخ دار صمام ۔

Grieced : (a) (نقابت) (صلیب کے متعلق) زینوں پر رکھی ہوئی ۔

Grief : (n) [ME.'gref'.] رنج ؛ ملال ؛ کلفت ؛ افسوس ؛ حزن ؛ الم ۔

To bring to grief : مصیبت میں مبتلا کرنا ؛ برباد ہونا ؛ ناکام کرنا؛ ہرانا؛ شکست دینا ۔

To come to grief : مصیبت میں مبتلا ہونا ؛ برباد ہونا ؛ ناکام ہونا ؛ ہارنا ؛ شکست کھانا ؛ نقصان اٹھانا ۔

Grief-muscles : (n) چہرے کے وہ عضلات جن سے اظہارغم ہوتا ہے ۔

Griefful : (a) پُررنج ؛ پُرالم ۔

Griefless : (a) بےغم ؛ بےرنج ۔

Grieflessness : (n) بے غمی ۔

Grieko : (n) دیکھو Grego

Grievance : (n) [ME.'grevance'.] شکایت ؛ شکوہ ؛ رنجش ۔

Grieve : (n) [OE.'groefa'.] (۱) صوبہ دار۔(۲) جمعدارنگراں ۔ (۳) منتظم ؛ زمینداروں کا کارندہ ۔

Grieve : (v) [ME.'greve'.] (۱) رنج دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ دل دکھانا ۔(۲) رنج کرنا ؛ رنجیدہ ہونا؛ محزوں ہونا؛ ملول ہونا؛ متاسف ہونا ۔

Grievedly : (adv.) رنج کے ساتھ ؛ متاسفانہ ۔

Griever : (n) (۱) آزار رساں ۔(۲) غمگین ؛ رنجیدہ ۔

Grieveship : (n) صوبہ ؛ ضلع ۔

Grieving : (a) (۱) تکلیف دہ ۔(۲) غمگین ۔

Grievingly : (adv.) تکلیف دہ طورپر ؛ غمگین ہوکر ۔

Grievous : (a) [ME.'grevous'.] (۱) تکلیف دہ ؛ضرر رساں ؛ مضر؛ جانگزا ؛ مہلک ۔(۲) سخت ؛ شدید ؛ حد درجے کا۔ (۳) سنگین ؛ بڑا ؛ عظیم ؛ شدید؛ نہایت خراب ؛ فاش ؛ زبوں ۔ (٤) المناک ؛ درد انگیز ؛ ملال انگیز ۔

Grievously : (adv.) سختی سے ؛ شدت سے ؛ تکلیف دہ یا المناک طریقے سے ۔

Grievousness : (n) تکلیف دہی ؛ ضرر رسانی ؛ ہلاکت ؛ سنگینی ؛ المناکی ؛ ملال انگیزی ۔

Griff : (n) [Abbrev. fo Griffin'.] تازہ وارد یورپی ؛ ناتجربہ کار ؛ اناڑی شخص ۔

Griff : (v) دھوکا دینا ۔

Griff/Griffe/Griffo : (n) ['origin unkn '.] یوروپی حبشی دوغلے یا حبشی کا بچہ ۔

Griff : (n) [Origin unkn.] سلاخ دار چوکھٹہ جو بننے میں استعمال ہوتا ہے ۔

Griff : (n) [Origin unkn.] گہری گھاٹی ۔

Griff : (n) [Origin unkn.] خفیہ اطلاع ؛ صحیح خبر ۔

Griffin/Griffon/Gryphon : (n) [OFr.'grifoun'.] (۱) ایک خیالی جانور جس کے پر اور بازو عقاب کے سےاور باقی جسم شیر کا سا تصور کیا جاتا ہے ؛ اس جانور کی شبیہ ۔(۲) ایک قسم کا گدھ ۔

Griffin : (n) [Origin unkn.] تازہ وارد یورپی ؛ ناتجربہ کار ؛ اناڑی شخص ۔

Griffin : (n) [Origin unkn.] یوروپی حبشی دوغلا ؛ گندمی ۔

Griffinage : (n) (۱) کسی یوروپین کا ہندوستان میں پہلا (۲) ناتجربہ کاری ؛ خام کاری ۔

Griffin's foot : (n) جراحی کا آلہ ۔

Griffon : (n) [Fr.'griffon'.] موٹے بالوں والا کتا جو تیریر سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Griffon-vulture : (n) ایک قسم کا گدھ ۔

Grig : (n) [Origin unkn.] (۱) بام مچھلی ۔(۲) ضرورت سے زیادہ زندہ دل آدمی ۔ (۳) (عامیانہ) ایک فاردنگ ۔(٤) جھینگر نما ۔

As merry as a grig : خوش و خرم ؛ چاق و چوبند ۔

Grig : (n) [W.'grug'.] خلنج ؛ اریقی ۔

Grill : (n) [f.'Grill (v).] (۱) بھنا ہوا یا بریاں گوشت ۔ (۲) Grill Room کا مخفف ۔(۳) سختی سے پوچھ گچھ کرنا ۔

Grill : (n) [OFr.'gril'.] دیکھو Gridiron

Grill: (n) (۱) (خانقاہ میں) جنگل یا جال دار اوت ۔ (۲) (ٹینس) دیوار میں چوکور موکھا ۔ (۳) وہ ژھانچہ جس میں مچھلی کے انڈوں سے بچے نکالےجاتےہیں ۔(٤)ٹکٹ کے کنارے چھوٹے چھوٹے نقطوں کا پیٹرن (نمونہ) ۔

Grill : (v) (۱) بھوننا ؛ بریاں کرنا ؛ کباب کرنا ۔(۲) تکلیف دینا ؛ ایذا دینا ؛ جلا دینا ؛ پھونک دینا ۔ (۳) سختی سے پوچھ گچھ کرنا ۔(٤) بھُنا جانا ۔

Grill-room : (n) ریستوران کا کمرہ جہاں بھنا ہوا گوشت بکتا ہے ۔

Grillage : (n) [Fr.'grillage'.] لکڑی کا ڈھانچہ جو دھنسنے والی زمین پر مکان کی بنیاد کا کام دیتا ہے ۔

Grille : (n) [OFr.'grille'.] دیکھو Grill

Grille : (v) (۱) جنگلہ لگانا ۔(۲) (ٹکٹ کے کنارے پر) چھوٹے چھوٹے نقطوں سے پیٹرن بنانا ۔

Grilse : (n) [Origin unkn.] سالمن مچھلی کا بچہ ۔

Grim : (a) [OE.'grim'.] (۱) سخت ؛ سنگ دل ؛ ظالم ؛ بےرحم ۔ (۲) خوفناک ؛ مہیب ؛ ہیبت ناک ؛ ڈراؤنا ؛ بھیانک؛ کریہہ المنظر؛ وحشتناک ۔(۳) کھسیانا؛ تلخ (ہنسی وغیرہ) ۔

To hold or cling like grim death : خوب مضبوط پکڑنا ۔

Grim : (adv.) ظالمانہ طور پر؛ بےرحمی سے؛ خوفناک طور پر ۔

Grim : (v) بے رحم یا ڈراؤنا بنانا ۔

Grimace : (n) [Fr.'grimace'.] (۱) مضحک شکل ؛ چہرے کا بناؤٹی انداز ۔(۲) بناؤٹی شکل بنانا ؛ تصنع ؛ بناوٹ ۔

Grimace : (v) منہ بنانا ؛ مضحک شکل بنانا ۔

Grimacer : (n) منہ بنانے والا ۔

Grimalkin : (n) [f.Grey+Malkin.] دیکھو Graymalkin

Grime : (n) کالک ؛ کلونس ؛ میل ؛ میل کچیل ۔

Grime : (v) کالک لگانا ؛ میلا کرنا ؛ کثیف کرنا؛ آلودہ کرنا۔

Grimgribber : (n) قانون یا ٹیکنکی بولی ؛ عالمانہ بے معنی گفتگو ۔

Griminess : (n) میلا رہنا ؛ میل ؛ کثافت ۔

Grimly : (adv.)[OE.'grimlice'.] بےرحمی سے ؛ سنگدلی سے ؛ سختی سے ؛ خوفناک طور پر ؛ بے رحمانہ نظر سے ۔

Grimm(e) : (n) [Fr.'grimme'.] مغربی افریقہ کا چکارا ۔

Grimm's law : (n) جرمنی زبانوں میں حرف صحیح کی تبدیلیوں کے قوانین کے نام ۔

Grimness : (n) سنگدلی ؛ ڈراؤناپن ؛ کریہہ المنظری ۔

Grimy : (a) میلا ؛ گندہ ؛ کثیف ؛ سیاہ فام ۔

Grin : (n) [f.'Grin (v).] حقارت آمیز یا کھسیانی ہنسی ؛ زہر خند ؛ بدتمیزی کی ہنسی ۔

Grin : (v) [OE 'gennian'.] (۱) کھسیانی ہنسی ہنسنا ؛ زہرخند کرنا ؛ بدتمیزی سے ہنسنا ؛ دانت نکالنا ۔(۲) ہنس کر اظہار حقارت کرنا ۔

To grin and bear it : تکلیف کو ہنسی خوشی برداشت کرنا ۔

To grin like a Cheshire cat : دیکھو Cat

To grin on the other side of one's face : شرمندہ ہونا۔

Grind : (n) [f.Grind (v).] (۱) پسپائی ۔(۲) دن رات کامطالعہ ؛ کھٹائی (کام میں) ؛ شدید محنت ۔(۳) سیر ؛ چہل قدمی ۔(٤) (جامعوں میں) کھائی باڑ گھڑ دوڑ ۔ (٥) محنتی طالب علم ۔ (٦) رقص میں چوتڑ کو حرکت دینا ۔

Grind : (v) [OE.'gridan'.] (۱) پیسنا ؛ چبانا ۔(۲) پیسنا ۔ (۳) ستانا ؛ ظلم کرنا ؛ جبر ستانی کرنا ؛ پیس ڈالنا ۔(٤) تیزکرنا ؛ سان چڑھانا ؛ دھار رکھنا ۔ (٥) چکی چلانا ؛ چکی پیسنا۔ (٦) دستی آرگن بجانا ؛ دستے کو حرکت دینا ۔(۷) محنت کرنا ؛ گھوٹنا ؛ رٹنا ؛ بیحد محنت سے مطالعہ کرنا یا پڑھنا ۔(۸) محنت سے تعلیم دینا ؛ پڑھانا ۔ (۹) گھسنا ؛ رگڑنا ؛ ملنا ۔(۱۰) (دانت) پیسنا ۔ (۱۱) رقص میں چوتڑ کو حرکت دینا ۔

To grin the faces (or face) of : پیس ڈالنا ؛ ستانا ۔

Grind : (a) مسلسل نمائش کرنےوالا ۔

Grind : (n) [Scand. origin.] افقی شہتیر کا دروازہ ۔

Grind down : (v) دبانا ؛ سختی سے قابو میں رکھنا ۔

Grinded : (a) پسا ہوا ۔

Grinder : (n) (۱) ڈاڑھ ۔(۲) چکی ؛ آسیا ۔(۳) چکی کا اوپر کا پاٹ ۔ (٤) پیسنےوالا ؛ سان پر چڑھانےوالا ؛ گھوٹنےوالا؛ رہنےوالا ۔(٥) مزدوروں سے سخت محنت لینےوالا ۔(٦) مختلف چڑیوں کےنام جن کی آوازیں کرخت ہوتی ہیں ۔ (۷) (ریڈیو) گڑگڑاہٹ؛ اضطراب طویل ۔(۸) (عامیانہ) نجی معلم؛ (کارنیول وغیرہ میں) چلانےوالا۔(۹) نقال رقاص خصوصاً وہ جو چوتڑ کو حرکت دینے میں ماہر ہوتا ہے ۔(۱۰) بڑا ورقی سمبوسہ ۔

Grinder's asthma/-phthisis/-rot : (n) مرض سان کاران ؛ پھیپھڑے کی ایک بیماری ۔

Grindery : (n) (۱) سازو سامان جو جوتا بنانے والےاستعمال کرتے ہیں ۔(۲) سان کاری کی جگہ ۔

Grinding : (n) پسائی ؛ سان کاری ۔

Grinding : (a) (۱) سان دینےوالا ؛ پیسنے والا ۔(۲) پیسے جانے کےلائق ۔(۳) شدید(درد) ۔(٤)تکلیف دہ ۔(٥) (آواز) کرخت ؛ ناگوار ۔

Grinding stone : (n) (تاریخ) گھسنے کاپتھر ؛ پیسنے کاپتھر ۔

Grinding wheel : (n) (۱) سان پہیّا ۔(۲) وہ عمارت جہاں سان دی جاتی ہے ۔

Grindingly : (adv.) پیستے ہوئے ۔

Grindle : (n) [G.'grundel'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Grindstone : (n) [ME.'grinstone'.] سان ؛ نسان ۔

To hold (keep, bring, put) one's nose to the grindstone : ستانا ؛ بل میں جوتے رکھنا ؛ سختی سےکام لینا ۔

Gringa : (n) [Sp.] ہسپانوی امریکی حقارتاً انگریز خاتون کےلئے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں ۔

Gringo : (n) ہسپانوی امریکی حقارتاً انگریز یا امریکی انگریز کےلئے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں ۔

Grinner : (n) زہرخند کرنےوالا ؛ کھسیانی یا طنز آمیز ہنسی ہنسنےوالا ۔

Grinning : (a) زہر خند کرنے والا ؛ کھسیانی ہنسی ہنسنے والا ۔

Grinningly : (adv.) زہر خند کرتے ہوئے ؛ کھسیانی ہنسی ہنستے ہوئے ۔

Grip : (n)[OE.'gripe,'gripa'.] (۱) قبضہ ؛ پکڑ ؛گرفت ؛ پنجہ ۔(۲) قابو ؛ قبضہ ؛ عبور ؛ مہارت ۔(۳) ہاتھ ہلانے کا طریقہ ۔(٤) مشین کا ایک پرزہ ؛ کلپ ۔(٥) دستہ ؛ قبضہ ۔(٦) سخت تکلیف ؛ تشنج ۔(۷)بیگ ؛ دستی بیگ ۔(۸)مٹھی بھر ۔(۹)تھیٹر میں مناظربدلنے والا ۔(۱۰) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے ۔(۱۱) کیل کے دو سروں کے بیچ دھات کی کل موٹائی ۔

At grips : دست بدست ؛ دست و گریباں ۔

To lie in grip : کٹا ہوا غلہ ۔

Grip : (n) [OE.'grypa'.] چھوٹی خندق ؛ کھائی ؛ پرنالا ۔

Grip : (v) [OE.'grippa'.] (۱) پکڑنا ؛ مٹھی میں لینا ؛ تھامنا ؛ مضبوط پکڑنا۔(۲) متوجہ کرنا؛ توجہ منعطف کرنا۔(۳) متاثر ۔

Grip : (v) چھوٹی خندق کھودنا ؛ پرنالا بنانا ۔

Grip-brake : (n) دستی بریک ؛ دستی روک ۔

Grip-car : (n) ایک قسم کا ٹرام ۔

Grip-man : (n) ٹرام چلانے والا ۔

Gripe : (n) [f.Gripe (v).] (۱) پکڑ ؛ گرفت ؛ قبضہ ؛ قابو ؛ اینٹھن ۔(۲) دستہ ؛ قبضہ ؛ ہتھا ۔(۳) رسیاں جن سے کشتی ساحل سے بندھی رہتی ہے ۔ (٤) (جمع) درد قولنج ۔ (٥) مٹھی بھر ۔ (٦) (جراحی) رگ کو انگلیوں سے دبانا ۔ (۷)زبردستی لےلینا؛ ستانا ؛ تکلیف ۔

Gripe : (n) چھوٹی خندق ؛ کھائی ؛ پرنالا ۔

Gripe : (n) [ME.'greepe'.] (بحری) جہاز کے پیندے کے اگلے کنارے کی شہتیر ۔

Gripe : (v) [OE.'gripan'.] (۱) مضبوط پکڑنا ؛ بھینچنا ؛ مضبوط گرفت کرنا؛ زورسےپکڑنا ۔(۲) تکلیف دینا؛ دبانا۔(۳) دردقولنج پیدا کرنا۔(٤) رسیوں سے باندھنا(بحری) ۔(٥) (جہاز کا) پتوار چلانے کےباوجود ہواکے رخ پر چلنا۔(٦) شکایت کرنا ؛ اعتراض کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ۔

Gripe : (v) چھوٹی خندق کھودنا ؛ پرنالا بنانا ۔

Gripe-all : (n) لالچی ؛ حریص ؛ طامع ۔

Griper : (n) پکڑنے والا ؛ تھامنےوالا ۔

Gripe's egg : (n) گریفن کا انڈا ۔

Gripingly : (adv.) حریصانہ ؛ تکلیف دہ طورپر ۔

Gripingness : (n) حرص ؛ گرفت ۔

Gripless : (a) (۱) بےگرفت ۔(۲) کمزور ؛ بے جان ۔

Grippe/Grip : (n) [Fr.] انفلوئنزا ؛ جنگی بخار ۔

Gripper : (n) (۱) (آئرستان کا) مین ۔(۲) (آسٹریلیا میں) بھیڑ پکڑنے والا ۔(۳) پکڑنے کا کوئی آلہ ؛ گیرندہ ۔

Gripple : (a) [OE.'gripul'.] (۱) بخیل ؛ کنجوس ۔ (۲) مضبوطی سے پکڑنے والا ۔

Grippy : (a) بخیل ؛ کنجوس ۔

Grippy : (a) انفلوئنزا میں مبتلا ۔

Gripsack : (n) سفری بیگ ؛ دستی بیگ ۔

Gris-amber : (n) دیکھو Ambergris

Grisaille : (n) [Fr.] آرائشی مصوری کا ایک طرز ؛ ایک طرح کی رنگ کاری جس میں خاکستری رنگ کے نقوش بنائے جاتے ہیں ۔

Grisaille : (a) آرائشی (طرز مصوری) ۔

Grisard : (n) [OFr.] سفید بالوں والا شخص ۔

Griseous : (a) [med. L.'griseus'+-ous.] رمادی ؛ نیلگوں ؛ خاکستری ؛ سفیدی مائل بخاکستری ۔

Grisette : (n) [Fr.] (۱) ایک سستا بھورے رنگ کا کپڑا ۔ (۲) فرانس کی مزدور لڑکی ۔ (۳) ایک قسم کا پروانہ ۔ (٤) قحبہ جو کل وقتی نہ ہو ؛ جوان عورت جو عصمت فروشی کے ساتھ دوسرا پیشہ بھی کرتی ہو ۔

Griskin : (n) سور کے ران کا بے چربی دار گوشت ۔

Grisled : (a) خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورا ؛ خاکستری بالوں والا ؛ بھورے بالوں والا ۔

Grisliness : (n) خوفناک ہونا ؛ ڈراؤنا پن ؛ بدہیئتی ۔

Grisly : (a) [Late OE.'grislic'.] خوفناک ؛ بدہیئت ؛ مہیب ؛ ڈراؤنا ؛ ہولناک ؛ دہشتناک ۔

Grison : (n) (Fr.] (۱) جنوبی امریکا کا ایک گوشت خور چوپایہ ۔(۲) جنوبی امریکا کا بندر ۔

Grist : (n) [OE.'grist'.] (۱) غلہ جو پیسا جائے ؛ پیسا جانے والا غلہ ۔(۲) مخصوص مقدار یا عدد ۔(۳) پیسا ہوا غلہ ۔(٤) کوٹا ہوا شعیرہ ۔

All is grist that comes to his mill : وہ ہر چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے ۔

To bring grist to the (one's) mill : فائدہ پہنچانا ۔

Grist : (n) دھاگے یا رسے کی موٹائی ۔

Grist : (v) غلہ وغیرہ پیسنا ۔

Grist-mill : (n) چکی ؛ آسیا ۔

Gristing : (n) غلہ پیسنا ؛ پیسا ہوا غلہ ۔

Gristle : (n) [OE.'gristle'.] (۱) کرکری ہڈی ؛ چبنی ہڈی ؛ نرم ہڈی ؛ غضروف ۔(۲) کڑ دار کی استقامت ۔

In the gristle : ابتدائی حالت یا شکل میں ؛ خام ؛ نارسیدہ ۔

Gristly : (a) کرکری ہڈی کی طرح ؛ غضروفی ۔

Grit : (n) [OE.'greot'.] (۱) سنگ ریزہ ؛ کنکری ؛ کنکر ۔ (۲) مونا ؛ رتیلا پتھر ۔(۳) رتیلے پتھر کے ذرے ۔ (٤) (زور) کس ؛ بل ؛ جیوٹ ؛ استقلال ؛ ہمت ؛ ست ۔(٥) (کنیڈا کی سیاست میں) آزاد خیال ۔

Grit : (n) [OE.'grytt (e)'.] (۱) کٹی ہوئی جئی ۔(۲) موٹا جئی کا آٹا ۔

Grit : (v) (۱) کرکراہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ کرکرانا ۔ (۲) (دانت) کسکسانا ۔(۳) کنکر یا بالو بچھانا ۔

Grit-berry : (n) ایک قسم کا گودہ دار پھل ۔

Grit-board : (n) بینگا ۔

Grit-emery : (n) موٹا کرنڈ ۔

Grit-rock : (n) موٹا رتیلا پتھر ۔

Grith :(n)[Late OE.'grip'.] (۱) محدود حفاظت ۔(۲)جائےامان ۔

Church girth : امان کلیسا ۔

Grithbreach : (n) نقض امن یا اُس کی سزا ۔

Gritstone : (n) موٹا رتیلا پتھر ۔

Gritty : (a) (۱) کڑ کرا؛ کنکر دار؛ کسکسا ۔(۲) استقلال والا ؛ جیوٹ ؛ ہمت والا ۔

Gritty-core : (n) (تاریخ) کنکریلا جگر ۔

Grivet : (n) [Origin unkn.] شمالی مشرقی افریقہ کا چھوٹا بندر ۔

Grivoiserie : (n) [Fr.] عیاشی ؛ بیہودگی ؛ بد اخلاقی ۔

Grizel : (n) نیک اور صابر بیوی ۔

Grizzle : (a) بھورا؛ خاکستری ؛ خاکستری بالوں والا ۔ بھورے بالوں والا ۔

Grizzle : (n) (۱) بھورا یاخاکستری گھوڑا یا دوسرا مویشی ۔ (۲) بھورا یا خاکستری بال ۔ (۳) بھورا رنگ ۔ (٤) دوسرے درجے کی اینٹ ۔

Grizzle : (v) (۱) خاکستری بنانا؛ بالوں کو خاکستری کرنا ۔ (۲) بالوں کا سفید ہونا ۔

Grizzled : (a) دیکھو Grisled

Grizzly : (a) بھورا ؛ خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورے بالوں والا ۔

Grizzly : (n) شمالی امریکا کا بڑا ریچھ ، بھورا ریچھ ؛ خاکستری خرس ۔

Grizzly : دیکھو Grisly

Grizzly : (n) [Origin unkn.] لوہ کولہ ؛ بڑا چھلنا ۔

Grizzly bear : (n) شمالی امریکا کا بڑا ریچھ ؛ بھورا ریچھ ؛ خاکستری فرس ۔

Groan : (n) [f.'groan (v).] (۱) کراہ ؛ کراہنا ۔ (۲) سخت مذمت کا اظہار ۔

Groan : (v) [OE.'granian'.] (۱) کراہنا ۔ (۲) کراہ کراہ کر کہنا ۔ (۳) دباہونا؛ لدا ہونا ۔ (٤) آرزومند ہونا؛ (کسی چیز کےلئے) تڑپنا ۔ (٥) سخت مذمت کرنا ۔

Groaner : (n) (۱) کراہنے والا ۔ (۲) (عامیانہ) چور جو جنازے وغیرہ میں شرکت کرتا ہے ۔

Groaningly : (adv.) (۱) کراہ کر ؛ فریاد کے ساتھ ۔ (۲) تکلیف سے مظلومانہ طور پر ۔ (۳) آرزو سے ؛ خواہش سے ۔

Groat : (n) [MDu.'groot, MLG.'grote'.] (۱) (تاریخ) یورپ کا چاندی کا سکہ جس کا وزن ایک اونس کا اٹھواں حصہ ہوتا تھا؛ گروٹ ۔ (۲) ایک انگریزی چاندی کا سکہ جو چار پینی کے برابر ہوتا تھا ۔ (۳) حقیر رقم ؛ کوڑی ؛ جھنجھی ۔

A cracked groat/Slit- : حقیر پھٹے ۔

Groat-silver : (n) ایک گروٹ کا انعام یا بخشش ۔

Groats : (n) [Late OE.'grotan'.] چھلا اور کٹا ہوا غلہ ؛ دلیا ۔

Embden groats : جو اور جئی کا دلیا ۔

Grobian : (n) [G.'grobian'.] بدتمیز بے تکا آدمی ؛ گنوار ۔

Grocer : (n) [ME.'grosser'.] پنساری کرانہ بیچنےوالا؛ بقال ۔

Grocer's itch : (n) خارش جو شکر کو چھونے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Grocery : (n) (۱) پنساری کا سامان ؛ کرانا ۔ (۲) پنساری کی دکان ۔ (۳) پنساری کا پیشہ ۔

Grocery-captain : (n) جہاز کا کپتان ۔

Groceteria : (n) پنساری کی دکان جہاں گاہک خود چیزیں خرید کر پیسے رکھ دیتے ہیں ۔

Grog : (n) [perhaps short for Grogram.] (۱) خمر آب ؛ پانی ملی ہوئی شراب ۔ (۲) پختہ سخت مادہ ۔

Seven-water grog : بہت ہلکا خمر آب ۔

Grog : (v) (۱) خمر آب پینا ؛ پانی ملی شراب پینا ۔ (۲) خالی پیپےمیں گرم پانی ڈال کر بچی کچی شراب لگانا ۔

Grog-blossom : (n) زیادہ شراب خواری سے ناک پر پیدا ہونے والی سرخی ۔

Grog-shop : (n) (۱) بھٹی ؛ شراب کی دکان ۔ (۲) (عامیانہ) منہ ۔

Groggery : (n) خمر آب کی دکان ۔

Grogginess : (n) (۱) مدھوشی ؛ میخواری ۔ (۲) (گھوڑے کے) اگلےپاؤں کی کمزوری ۔ (۳) تزلزل ؛ لڑکھڑاہٹ ۔

Groggy : (a) (۱) مخمور ؛ شرابی ؛ متوالا ؛ مدھوش ؛ پنے ہوئے؛ میےپرست ؛ شراب خوار ۔ (۲) لڑکھڑانے والا؛ ہلتا ڈولتا؛متزلزل ۔ (۳) (گھوڑا) اگلے پاؤں کا کمزور ۔

Grogram : (n) [f. modification of Fr.'grosgrain'.] ایک قسم کا موٹا کپڑا جو ریشم، اون اوربلی کےبالوں کو ملا کربناجاتاھے ۔ (۲) اس کپڑے کی بنی پوشاک ۔

Groin : (n) [ME.'grynde'.] (۱) چڈا؛ جانگھ؛ بن ران ؛ اریبہ ۔ (۲) پیغول ؛ متقاطع محرابوں کا کونا ۔

Groin : (v) [OFr.'grognir'.] (۱) (جانوروں کا) غرّانا خصوصاً ہرن کا مستی کےزمانے میں ۔ (۲) (آدمی کا) بڑبڑانا ۔

Groin : (v) (۱) متقاطع محراب بنانا ۔(۲) پیغول بنانا ۔

Groin : (n&v) لکڑی کی دیوار یا پشتہ جو بطور بند کے استعمال ہوتا ہے ۔

Groined : (a) پیغول دار ۔

Grom (m) et/-it : (n) رسی کا حلقہ جو کشتی کو باندھنے وغیرہ کے کام آتا ہے ۔

Gromwell : (n) [ME.'gromil'.] ایک قسم کا پودا جس کےبیج پہلےبطور دوا کے استعمال ہوتے تھے ۔

Gront (e) : (۱) غرابٹ ۔(۲) ایک (امریکی مچھلی) ۔

Groo-groo/Gru-gru: (n) [Native name.] (۱) جنوبی امریکا اور جزائرغرب الہندمیں دونخلوں کےنام ۔(۲)غلاف پر کیڑے کا پہل روپ ۔

Groof/Grufe : (adv.) [ON.'grufa'.] منہ یا پیٹ کے بل لیٹے ہونے ؛ لیٹا ہوا ۔

Groom : (n) [ME.'grom'.] (۱) شاہی محل کا ایک افسر ؛ داروغہ ۔(۲) سائیس ؛ نفر ۔ (۳) دولہا ۔

Groom : (v) (۱) گھوڑے کو ملنا ؛ کھریرا کرنا ؛ دانہ گھاس کھلانا؛ گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا۔(۲) طرحدار بنانا؛تیار کرنا۔(۳) دولہا بنایاجانا۔(٤) سیاسی امیدواربنایا جانا۔ (٥) صاف ستھرا بنانا ؛ خوش پوشاک بنانا ۔

Groomer : (n) گھوڑے کو ملنے کا میکانکی کھریرا ۔

Groomsman : (n) دولہا کا کنوارا دوست جو حسب رواج نکاح کے وقت اس کے ساتھ رہتا ہے ؛ شہ بالا ۔

Groove : (n) [ME.'grofe, groof'.] (۱) کان ۔(۲) نالی ؛ خانہ ؛ کھانچ ؛ (فلسفہ،نفسیات) لیکھ۔(۳) (حیوانیات وتشریح) میزاب ۔(٤) (مجازاً) بندھا ٹکا کام ؛ مقررہ راستہ ؛ لیکھ ؛ لکیر ۔(٥) بہترین کار کردگی۔(٦) مقبول طرز ۔

Groove : (v) (۱) عمودی سرنگ بنانا ؛ کان کنی کرنا ۔ (۲) کھانچ یا نالی بنانا ۔

Groove-board : (n) آرگن باجے کا بالائی تختہ ۔

Grooved : (a) (تاریخ) کھانچے دار ۔

Groover : (n) کھانچ یا نالی بنانے والا ؛ کان کن ۔

Grooviness : (n) لکیر کا فقیر ہونا ؛ لیکھ پر چلنا ۔

Grooving : (n) (۱) کھانچ یا نالی بنانا ۔(۲) کھانچ یا نالی ۔

Groovy : (a) لکیر کا فقیر ؛ لیکھ پر چلنے والا ۔

Grope : (n) [f.Grope (v).] ٹٹولنا ۔

Grope : (v) [OE.'grapian'.] ٹٹولنا ؛ کسی شے کو اندھوں کی طرح تلاش کرنا ۔

To grope one's way : ٹٹول کر چلنا؛ دیکھ بھال کر قدم اٹھانا ۔

Gropingly : (adv.) ٹٹول کر ؛ ٹٹولتے ہوئے ۔

Groroilite : (n) [f.'Groroi' in France.] مینگنیز کی ایک قسم ۔

Gros de Naples : (n) ایک دبیز ریشمی کپڑا جو نیپل میں بنتا تھا ۔

Gros grain : (n) مضبوط دھاری دار ریشمی کپڑے کا تجارتی نام ۔

Grosbeak : (n) [Fr.'grosbec',] کبیر المنقار ؛ ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ لمبی اورمضبوط ہوتی ہے اس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں جیسے Green grosbeak , Pine Grosbeak وغیرہ ۔

Groschen : (n) [G.] ایک چھوٹا چاندی کا سکہ ۔

Gross : (n) [Fr.'grosse'.] بارہ درجن یا ایک سو چوالیس ۔

Great gross : بارہ گروس یا ایک سو چوالیس درجن ۔

Gross : (a) [OFr.'gros'.] (۱) کثیر ؛ وافر ؛ لبریز ؛ مالا مال ۔ (۲) ابھراھوا ؛ پھولا ہوا۔ (۳) فاش ؛ کھلی ؛ موٹی؛ سخت (غلطی وغیرہ) ۔(٤) کل ؛ مع خرچ؛ جملہ ؛ جلی ۔ (٥) کثیف ؛ مکدر؛ غلیظ ؛ موٹا؛

بھدا ۔ (٦) میلا ؛ چکٹا ؛ غلیظ کثیف ؛ مکروہ (کھانا) ۔ (٧) کُند ؛ سُست ۔ (٨) بیہودہ ؛ غیرمہذب ؛ ناشائستہ ؛ فحش ۔ (٩) موٹا؛ فربہ؛ تنومند ۔

A hundred gross : ایک سو بارہ پونڈ یا ایک ہنڈریٹ ۔

Gross : (n) (١) (قانون) مطلق اور آزاد ۔ (٢) اکثریت ۔

Gross : (v) جملہ آمدنی لانا ؛ یا کمانا ۔

Gross income : (n) جملہ آمدنی ؛ خام آمدنی ۔

Gross interest : (n) خام سود ۔

Gross rent : (n) جملہ لگان ۔

Gross revenue : (n) خام مالیہ ۔

Grossification : (n) (نباتیات) تخم داں کا پھولنا ۔

Grossly : (adv.) بہ شدت ؛ نہایت ؛ صاف طور پر ؛ بدتمیزی سے ؛ بےشرمی سے ؛ پھوہڑ پن سے ۔

Grossness : (n) کثرت ؛ کثافت ؛ غلاظت ؛ بیہودگی ۔

Grossular/Grossulare : (n) [mod. L.'grossularia'.] ہلکا سبز تامڑا ۔

Grossularious/Grossularite : (n&a) سرخ گارنیٹ ؛ ہلکا سبز ؛ زرد ؛ بھورا یا سرخ یاقوت ؛ ہلکا سبز ؛تامڑے کا یا اس سے متعلق ۔

Grot : (n) [Fr.'grotte'.] (١) خوبصورت غار ؛ کھوہ ۔ (٢) مصنوعی غار یا کھوہ جو سیپ سے آراستہ کیا جاتا ہے ۔

Grotesque : (a) [MFr.'grotesque'.] (١) ایک قسم کی نقاشی یا سنگ تراشی جس میں انسان اورحیوان کی عجیب وغریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں ۔ (٢)بگڑی ہوئی شکل ؛ مضحک تصویر (عمارت) ۔ (٣) مسخرہ ۔ (٤) (طباعت) ایک قسم کے حروف ۔

Grotesque : (a) (١) مضحک ؛ رنگ برنگ ؛ اُدھا تیتر اُدھا بٹیر؛ بےڈھنگا ؛بےتُکا ؛ بےسرو پا ۔ (٢) اس قسم کی نقاشی یاسنگ تراشی سے متعلق جس میں انسان اورحیوان کی عجیب وغریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں ۔

Grotesque : (v) نقالی کرنا ۔

Grotesquely : (adv.) بیہودگی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ مضحک طور پر ۔

Grotesqueness : (n) بےڈھنگاپن ؛ بے تُکاپن ؛ مضحک ہونا ۔

Grotesquerie : (n) مضحک ؛ بےڈھنگی ؛ بےتکی چیز یا کام ۔

Grotto : (n) [It.'grotta'.] دیکھو Grot

Grotto-work : (n) مصنوعی غار یا کھوہ جو سیپ سے آراستہ کیا جاتا ہے ۔

Grouch : (n)[Variable of Grutch'.] (١) بڑبڑانا ۔ (٢) جنگلی ؛ بڑبڑانےوالا ۔

Grouch : (v) بڑابڑانا ؛ شکایت کرنا ۔

Grouch-bag : (n) (عامیانہ) بیگ ؛ بٹوا ۔

Grouchy : (a) بڑبڑانےوالا ۔

Grouf : (n) [ME.'(one) gruff'.] جسم کا شکمی حصہ ؛ شکم ۔

Ground : (n) [OE.'grund'.] (١) سمندر کی تہ ۔ (٢) (جمع) تلچھٹ ؛ گاد ۔ (٣) (برقیات) زمین ۔ (٤) بنیاد ؛ اصل ؛ سبب ؛ علت ؛ وجہ ؛ دلیل ۔ (٥) (نقاشی، سوزن کاری) زمین ۔ (٦) (کندہ کاری) مسالا جو دھات پر پھیلا کر سوئی سے چھیدا جائے ۔ (٧) سطح عرض زمین ۔ (٨) مکان کا احاطہ ۔ (٩) محل وقوع ؛ رقبہ ؛ فاصلہ ۔ (١٠) کسی خاص چیز کا میدان ۔ (١١) اراضی ؛ زمین ؛ جائداد ؛ باڑہ ۔ (١٢) کھیلنے والے کی کریز(Crease) کا میدان ؛ تنخواہ دار کھلاڑی ۔ (١٣) (پرندوں کے نام میں) بحری یا بَری (جانور) ماندیا بھٹ میں رہنےوالا ؛ (پودوں کےنام میں) زمین پوش ۔ (١٤) فرش ۔ (١٥)(طبیعیات)ارضیہ؛ ارضیہ تار۔ (١٦) تھیٹر کا بےفرش کا حصہ ۔(١٧) موضوع ۔

Above groud : زندہ ؛ بقید حیات ۔

Down to the ground : ہر طرح ؛ ہر صورت سے ؛ پوری طرح ۔

From the ground up : (١) نئے سرے سے ۔(٢) شروع سے آخر تک ۔

(فوج) ہتھیار زمین پر ڈال دینا ۔ : To ground arms

(۱) سفوف کیا ہوا ۔(۲) رگڑ کر کُھر درا بنایا ہوا ۔(۳) غیر شفاف ۔ : Ground (a)

(۱) محصول جو جہازوں کو کنارے پر ٹھہرنےیا بندرگاہ میں داخل ہونے پر دینا پڑتا ہے ۔ (۲) (کان کنی) مالکانہ ۔ : Groundage (n)

زیر زمینی ہَوا ۔ : Ground air (n)

بےتریا کے مچھلی مارنا ۔ : Ground angling (n)

ایک قسم کی کائی جو رنگنے میں کام آتی ہے ۔ : Ground-archil (n)

(۱) ایش یا دیودار کا چھوٹا درخت ۔ (۲) ایک قسم کی گھاس ۔ : Ground ash (n)

کانوں کا منتظم یا نگہدار ۔ : Ground bailiff (n)

(۱) مچھلی کا چارہ ۔(۲) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔ : Ground-bait (n)

نیچے سُروں کا نغمہ ۔ : Groud-bass (n)

بھورا بھالو ۔ : Ground-bear (n)

زمینی بھونرا ؛ بھونروں کی ایک نوع ۔ : Ground-beetle (n)

ایک قسم کا گودے دار پھل ۔ : Ground-berry (n)

دجاجی قسم کا کوئی پرند ۔ : Ground-bird (n)

چھوٹے قسم کے شمشاد ۔ : Ground-box (n)

نئی راہ نکالنےوالا ۔ : Grund-breaker (n)

حرام مغز کے پاس اعصاب کے گچھوں میں سے ایک ۔ : Ground bundle (n)

لنگر کی زنجیر کا وہ حصہ جو سمندر کی تہ پر رہتا ہے ۔ : Ground-cable (n)

دیودار کی قسم کا ایک پودا ۔ : Ground-cedar (n)

کمرہ جو نچلی منزل پر ہو ۔ : Ground-chamber (n)

شاہ دانہ کا چھوٹا درخت ۔ : Ground-cherry (n)

حد سے زیادہ ۔ : Into the ground

(۱) اُڑتےہوئے ۔(۲) اچھی طرح شروع ہو کر ۔ : Off the ground

(۱) یکیکی لڑنا ۔(۲) جائے مقررہ پر ہونا ۔ : On the ground

(۱) (کرکٹ) کرکٹ کا میدان ۔ (۲) وہ جگہ جہاں کھلاڑی جائز طورپر کھڑا ہو سکتا ہے ۔(۳) کرکٹ کلب کے ملازمین ۔ : The ground

پیش بندی کرکے کسی کے دلائل یا منصوبوں کو توڑ دینا ۔ : To cut the ground from under one or one's feet

ناکام ہونا یا رہ جانا (تجویز کا) ۔ : To fall, be dashed, to the ground

ترقی کرنا؛ آگےبڑھنا ۔ : To gain, gather, get ground

پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ۔ : To give ground

اپنی رائے پر قائم رہنا ۔ : To hold, keep, maintain, stand one's ground

پیچھے ہٹنا ؛ انحطاط پر ہونا ؛ پسپا ہونا ۔ : To lose ground

اپنی رائے بدلنا ۔ : To shift one's ground

کسی خاص مقام میں داخل ہونا ۔ : To take ground

پوری طرح سے ؛ مکمل طورپر ۔ : To the ground

اِدھر اُدھر کی باتوں کے بعد اَصل مقصد پر آنا ؛ مطلب پر آنا ۔ : To touch ground

(۱) بنیاد رکھنا ؛ مبنی کرنا ؛ بنا قرار دینا ؛ مداررکھنا ۔ (۲) بنیاد مضبوط کرنا ؛ ابتدائی اصولوں کو اچھی طرح سکھانا۔ (۳) (سوزن کاری)زین تیارکرنا۔(٤) ہتھیاروغیرہ زمین پر رکھنا ۔ (٥) (برقیات) زمین سے ملانا (بطور برق کش) ۔ (۷) زمین پر اُترنا ۔ (۷) (جہاز کا) زمیں پر چڑھ جانا یا چڑھا دینا ۔(۸) زمین پر مارگرانا ۔ (۹) پرواز سے منع کرنا (مسافر، پائلٹ، ہوائی جہاز وغیرہ کو) ۔(۱۰) جاکی کو گھوڑ دوڑ میں شرکت سے روکنا ۔(۱۱)ڈرائیور کو گاڑی چلانے سے روک دینا ۔ : Ground (v)

Ground-cistus : (n) خر زہرہ کی ایک قسم ۔

Ground-colour : (n) (مصوری) زمین کا رنگ ؛ تہ رنگ ۔

Ground-crab : (n) ایک قسم کا خرمالہ جو کانوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

Ground-cuckoo : (n) کوئل کی ایک قسم ۔

Ground-cypress : (n) سرو کی ایک قسم ۔

Ground-dove : (n) فاختہ یا کبوتر کی ایک نوع ۔

Ground-elder : (n) اقطئی کی ایک قسم ۔

Ground-fast : (a) مستحکم ۔

Ground-fish : (n) تہ نشیں مچھلی ۔

Ground fishery/-fishing : (n) تہ نشیں مچھلیوں کا پکڑنا ۔

Ground finch : (n) سہرہ کی ایک قسم ۔

Ground-fir : (n) ایک قسم کا صنوبر ۔

Ground-flax : (n) سن کی ایک نوع ۔

Ground-floor : (n) نچلی منزل ۔

To get (or be let) in on the ground floor : برابر کا حصہ دار بنانا ۔

Ground-game : (n) خرگوش وغیرہ ۔

Ground-gudgeon : (n) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ۔

Ground henlock : (n) صوّریایو کی امریکی نوع ۔

Ground-hog : (n) (۱) زمیخوک ۔(۲) ایک قسم کی امریکی گلہری ۔

Ground-holly : (n) شرابۃ الراعی ۔

Ground-hornbill : (n) ابو قرن کی ایک نوع ۔

Ground-hornet : (n) زمینی زنبور ۔

Ground-ice : (n) تہ نشیں برف ۔

Ground-ivy : (n) زمینی بیل ؛ ایک قسم کی بیل جس کے پھول لاجوردی ارغوانی ہوتے ہیں ۔

Ground-Jasmine : (n) یاسمین کی ایک نوع ۔

Ground-Joint : (n) (معماری میں) ایک تہ کو دوسرے تہ سے ملانا یا جمانا ۔

Ground-Joist : (n) فرش کی کڑی ۔

Ground lackey : (n) پیلا کی ایک نوع ۔

Ground landlord : (n) اس زمین کا مالک جو تعمیر مکان کےلئے پٹے پر دی گئی ہو ۔

Ground-lark : (n) چنڈول کی ایک نوع ۔

Ground laurel : (n) (نباتیات) غار کی ایک قسم ۔

Ground-line : (n) (۱) تہ نشیں مچھلی پکڑنے کی بنسی ۔ (۲) (ہندسہ) زمینی خط ؛ افقی اورعمودی سطحوں کی تظلیل کا خط ۔(۳) (جمع) خاکے ۔

Ground-lizard : (n) چھپکلی کی ایک قسم ۔

Ground-loop : (n) ہَوائی جہاز کا اترتے وقت ، اڑتے وقت یا چلتے وقت بےاختیار رُخ بدلنا ۔

Ground-mail : (n) قبر کی فیس ۔

Ground-man/Groundsman : (n) (۱) کرکٹ وغیرہ کے میدان کا نگراں ۔(۲) مزدور ۔

Ground-mass : (n) آتشی چٹان کا نچلا حصہ ۔

Ground-moraine : (n) صخری مٹی ۔

Ground-net : (n) پھینکواں جال ۔

Ground-note : (n) لے کا سُر ؛ بنیادی سُر ۔

Ground-nut : (n) مونگ پھلی ۔

Ground-oak : (n) چھوٹا بلوط ۔

Ground officer : (n) زمیندار کا کارندہ ۔

Ground-parrakeet/-parrot : (n) ایک قسم کا دراز دُم طوطا ۔

Ground-pea : (n) دیکھو Ground-nut

Ground-pearl : (n) ایک قسم کا کیڑا جو زمین پر رہتا ہے ۔

Ground-pig : (n) ایک قسم کا چوہا ۔

Ground-pigeon : (n) زمینی کبوتر ۔

Ground-pine : (n) (۱) ایک قسم کی جھاڑی ۔ (۲) ایک قسم کی کائی ۔

Ground-plan : (n) عمارت کا نقشہ یا خاکہ ؛ کسی چیز کا خاکہ ۔

Ground-plane : (n) تظلیل کی افقی سطح ۔

Ground-plate : (n) (۱) سب سے نیچی افقی شہتیر ۔ (۲) سب سے نیچے کا پٹرا ۔ (۳) دھات کا چپٹا ٹکڑا ۔ (٤) دھات کا پٹرا جو زمین میں گاڑ دیتے ہیں (بطور برق کش) ۔

Ground-plum : (n) آلوچہ کی قسم کا ایک پھل ۔

Ground-puppy : (n) سمندر آبی ۔

Ground-rat : (n) دیکھو Ground-pig

Ground-rent : (n) زمین کا کرایہ ؛ متعارفہ ۔

Ground-rope : (n) رسّہ جس سے کشتی کے نچلے حصے کو زمین سے باندھ دیتے ہیں ۔

Ground-row : (n) (۱) اسٹیج پر روشنی کی قطار ۔ (۲) نیچے چپٹے مناظر جو اسٹیج کے اگلے حصے میں لگائے جاتے ہیں ۔

Ground-scratcher : (n) دجاجی چڑیوں کا نام ۔

Ground-sea : (n) طغیانی سمندر جس کی وجہ معلوم نہ ہو ۔

Ground-seine : (n) پھینکواں جال ۔

Ground-shark : (n) ایک قسم کی شارک جو سطح دریا پر نہیں آتی ہے ۔

Ground-sloth : (n) ناپید تنبل ۔

Ground-sluice : (n) زمین دوز نالی ۔

Ground-snake : (n) ایک قسم کا سانپ ۔

Ground-sparrow : (n) عصفور کی ایک قسم ۔

Ground-spearing : (n) ایک قسم کی مچھلی ۔

Ground-spider : (n) ایک قسم کا مکڑا جو پتھر کے نیچے رہتا ہے ۔

Ground-squirrel : (n) (۱) ایک قسم کی افریقی گلہری ۔ (۲) گلہری کی قسم کا کترنے والا جانور ؛ ناقب ۔

Ground-stone implements : (n) (تاریخ) گھسے ہوئے پتھروں کے اوزار ۔

Ground story : (n) نچلی منزل ۔

Ground-substance : (n) (۱) (عضویات) بچہ دانی ۔ (۲) (کان کنی) جوف معدن ۔

Ground-swell : (n) (۱) طوفان جو سمندر میں زلزلہ وغیرہ کے سبب آیا ہو ۔ (۲) سیاسی تحریک جس کا بظاہر کوئی رہنما نہ ہو ۔

Ground-sype : (n) سطح زمین سے زیر زمین پانی کا رسنا ۔

Ground-table : (n) (تعمیرات) کرسی ۔

Ground-tackle : (n) مختلف قسم کے مرقعے ۔

Ground-thistle : (n) ہاتھی چوک کی قسم کا ایک پودا ۔

Ground-thrush : (n) مختلف قسم کا طوطی ۔

Ground-tier : (n) (۱) جہاز کے پیٹے میں سب سے نیچے رکھا ہوا سامان ۔ (۲) تھیٹر میں سب سے نیچی نشستیں ۔

Ground-timbers : (n) جہاز کے پیندے کی شہتیریں ۔

Ground-tissue : (n) وہ خلیے جو عروقی گچھوں کو ایک دوسرے سے جدا رکھتے ہیں ۔

Ground-tit : (n) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا ؛ پھدکی ۔

Ground-torpedo : (n) تارپیڈو جو سمندر کی تہ میں لگایا جائے ۔

Ground-tow : (n) سن کنگھا کرنے کے بعد جو سن بچ جائے ۔

Ground-ward : (a) مائل بہ زمین ؛ زمین کی طرف جھکا ہوا ۔

Ground-wasp : (n) ایک قسم کا زنبور جو زمین پر گھونسلا بناتا ہے ۔

Ground-water : (n) تہ زمین کا پانی ۔

Ground-ways : (n) ڈھانچہ جس سے جہاز کو پانی میں اُتارا جاتا ھے ۔

Ground-willow : (n) چھوٹی قسم کا بید ۔

Ground-wire : (n) (تلغرافی) ارضی تار ۔

Ground-worm : (n) کیچوا ۔

Ground-wren : (n) ایک قسم کی پھدکی ۔

Ground-yew : (n) چھوٹی جھاڑی کا پھل ۔

Ground-zero : (n) زمین یا پانی کا وہ نقطہ جس پر یا جس کے اوپر یا جس کےنیچے ایٹم بم پھٹتا ھے ۔

Groundedly : (adv.) مستحکم طور پر ۔

Grounder : (n) (۱) مستحکم بنانےوالا ۔(۲) (ماہی گیری) بنسی کا زمین میں پھنس جانا ۔(۳) زمین پر گرا دینے والی ضرب ۔ (٤) (کرکٹ) گیند جو زمین کو چھوتی ہوئی جائے ۔

Grounding : (n) (۱) بنیاد ڈالنا؛ بنیاد ۔(۲) ابتدائی تعلیم ؛ بنیادی معلومات ۔(۳) جہاز کو زمین پر چڑھا دینا ۔

Grounding machine : (n) (منقش کاغذ بنانے میں) زمین تیار کرنے والی مشین ۔

Grounding tool : (n) (کندہ کاری) میں وہ آلہ جس سے پلیٹ کو کھردرا بنایا جاتاھے ۔

Groundless : (n) بےسبب ؛ بے دلیل ؛ بے سروپا ؛ بےبنیاد ۔

Groundlessly : (adv.) ناحق ؛ بلا سبب ؛ بلاوجہ ۔

Groundlessness : (n) بےبنیادی ؛ بے سبب ہونا ۔

Groundling : (n) (۱) ایک قسم کی تہ نشیں مچھلی ۔(۲) بونا یا زمین بوس پودا یا بیل ۔(۳) ادنیٰ مذاق کا شخص ، تماشائی یا ناظر ۔(٤) زمین پر کام کرنے والا شخص ۔

Groundsel : (n) [OE.'groundeswylige'.] ایک قسم کا پودا جو قفسی چڑیوں کو بطور غذا دیاجاتا ھےاور جو پہلےبطور دوا استعمال ہوتاتھا ؛ شیخ الربیع ۔

Groundsel/Ground-sill : (n) بنیادی شہتیر ؛ بنیادی اصول ؛ دروازے کے نیچے کی چوکھٹ ۔

Groundsel tree : (n) شیخ الربیع ۔

Groundsman : (n) دیکھو Ground-man

Groundwork : (n) (۱) بنیاد ؛ داغ بیل ۔(۲) جزو اعظم ۔ (۳) (سوزن کاری وغیرہ) زمین ۔

Group : (n)[Fr.'groupe'.] (۱) (فنون لطیفہ) مرقع؛ مجموعہ ۔ (۲) مجمع ؛ جتھا ؛ گچھا ؛ جھُنڈ ؛ پرا ؛ ٹکڑی ۔ (۳) جماعت گروہ ؛ فریق؛ زمرہ ۔ (٤) (علمی اصطلاح) صنف ؛ جنس ۔

Social group : سماجی گروپ ۔

Group : (v) جمع کرنا ؛ جماعت بنانا ؛ جماعت میں داخل کرنا ؛ زمرہ میں شریک کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ قسموں میں تقسیم کرنا ۔

Group behaviour : (n) (سماجیات) گروہی کردار ۔

Group captain : (n) ہَوائی فوج میں افسر کا عہدہ جو کرنل کے برابر ھے ۔

Group consciousness : (n) (تاریخ) جماعتی شعور ۔

Group cult : (n) (تاریخ) گروپ بندی کا مسلک ۔

Group degradation : (n) (سماجیات) گروہی پستی ۔

Group elevation : (n) (سماجیات) گروہی عروج ۔

Group-genitve : (n) (لسانیات) مجموع اضافی ۔

Group marriage : (n) (سماجیات) گروہی بیاہ ؛ اجتماعی شادی ۔

Group mind : (n) (نفسیات) گروہی ذہن ؛ جماعتی ذہن ۔

Group-movement : (n) آکسفورڈ کی ایک مذہبی تحریک جس میں جماعتیں اپنے مذہبی تجربوں میں شریک بناتی تھیں ۔

Group-psychology : (n) جماعتی نفسیات ؛ گروہی نفسیات ۔

Group-retardation : (n) (ریڈیو) ابطاء مجموعہ امواج ۔

Group-test : (n) گروہی آزمائش ؛ جماعتی آزمائش ۔

Groupage : (n) نوع بندی ؛ جماعت بندی ؛ صف وار ترتیب ۔

Grouped : (a) گروہ بند ۔

Grouped clumns : (n) تین، چار ستونوں کا مجموعہ جو ایک بی پائیدان یا بنیاد پر ہوں ۔

Grouper : (n) ایک قسم کی مچھلی جو آسٹریلیا اور جزائر غرب الہند میں ہوتی ہے ۔

Grouping : (n) گروہ بندی ؛ ترتیب ۔

Groupism : (n) جماعت پسندی ؛ (تاریخ) گٹ بندی ؛ گروپ بندی ۔

Grouse : (n) [Origin unkn.] (۱) قطاۃ ؛ یا قرقر ؛ بھٹ تیتر ۔ (۲) پاموز پرند جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جیسے Black grouse, Red grouse وغیرہ ۔

Grouse : (v) بھٹ تیتر یا قطاۃ کا شکار کرنا ۔

Grouse : (v) [Origin unkn.] (عامیانہ) بڑ بڑانا؛ شکایت کرنا ۔

Grouse-pigeon : (n) قطاۃ ؛ بھٹ تیتر ۔

Grouser : (n) [Origin unkn.] نوک دار شہتیر جس سے لنگر کا کام لیتے ہیں ۔

Grout : (n) [OE.'grut'.] تلچھٹ ؛ رسوب ؛ گاد ۔

Grout : (n) [Origin unkn.] استرکاری کا مسالہ ؛ پتلا گچ ؛ پلاوا ۔

Grout : (v) گچ کرنا ؛ گچ پھیرنا ۔

Grout : (v) (سور کا) تھوتھنی سے زمین کھودنا ؛ تھوتھنی سے مٹی اکھاڑنا ۔

Groutiness : (n) بد مزاجی ؛ چڑ چڑاپن ۔

Grouty : (a) بد مزاج ؛ چڑ چڑا ۔

Grove : (n) [OE.'graf'.] (۱) درختوں کا جھنڈ ؛ کنج ؛ چھوٹا سا جنگل یا بن ؛ بیشہ ۔ (۲) وہ ستون جس کی پرستش ہوتی ہے ۔ (۳) ایک دیوی کا نام ۔

Grove-dock : (n) تُرشک ؛ بیج بند ۔

Gove-snail : (n) حل زول ؛ گھونگا ۔

Grovel : (v) [Back-formation from Grovelling.] (۱) زمین پر لیٹ جانا ؛ چت ہو جانا ۔ (۲) ذلت اختیار کرنا ؛ اپنے کو ذلیل کرنا ۔

Grovelling/Groveling : (a) (۱) زمین پر لیٹا ہوا ۔ (۲) ذلیل ؛ کمینہ ؛ حقیر ؛ دنی ۔

Grovelling/Groveling : (adv.) زمین پر لیٹے ہوئے ۔

Grovellingly : (adv.) ذلت سے ؛ حقارت سے ۔

Grovy : (a) بیشہ نما ؛ کنج دار ؛ کنج کا ۔

Grow : (v) [OE.'growan'.] اگنا ؛ بڑھنا ؛ نمو پانا ۔ (۲) ترقی کرنا؛ زیادہ ہونا؛ پھیلنا ؛ پھلنا؛ پھولنا؛ پنپنا ۔ (۲) پیدا ہونا ؛ اگنا ؛ پھوٹنا ؛ ہونا ؛ اُپجنا ۔ (٤) بتدریج ہونا ؛ رفتہ رفتہ ہونا ۔ (٥) کاشت کرنا ؛ بونا ؛ آگانا؛ بڑھنا ؛ رکھنا (داڑھی وغیرہ)۔ (٦) ڈھکنا ؛ پٹنا ؛ چھپ جانا (گھاس وغیرہ سے) ۔

The law of growing to : حق بازگشت ۔

To grow on or upon : (۱) بڑھنا ؛ تکلیف دہ ہونا ۔ (۲) اثر انداز ہونا ۔

To grow on : ترقی کرنا ۔

To grow on trees : آسانی سے مل جانا ۔

Grow -up : (v) (۱) سن بلوغ کو پہنچنا ؛ جوان ہونا ۔ (۲) اپجنا ؛ بڑھنا ؛ رواج پانا ۔

Growable : (a) (۱) ترقی پذیر ۔ (۲) زراعت کے قابل ۔

Growan/Grouan : (n) ایک قسم کا ملائم تحلیل شدہ سنگ خارہ ۔

Grower : (n) (۱) (پودا) اُگنے والا ؛ بڑھنےوالا ۔ (۲) اپجانے والا ؛ بونے والا ؛ کاشتکار ۔

Growing : (n) اُگنا ؛ بڑھنا ؛ نمو ۔

Growing cell : (n) خورد بینی سلائیڈ جس پر خورد بینی چیز پانی میں نمو کےلئے رکھی جاتی ہے ۔

Growing pains : (n) عصبی درد ۔

Growing-period : (n) (نفسیات وفلسفہ) عہد نمو ۔

Growing point : (n) (نباتیات) کسی عضو کا آخری حصہ جس پر راسی نمو ہو ۔

Growing-slide : (n) دیکھو Growing cell

Growing weather : (n) موسم جو پودوں کی نمو کےلئے مناسب ہو ۔

Growingly : (adv.) روز افزوں ؛ بڑھتے ہوئے ۔

Growl : (n) [f.Growl.(v).] (۱) غُراہٹ ؛ بڑبڑ ؛ گرج ؛ گڑگڑاہٹ ۔(۲) شکایت ۔

Growl : (v) [Echoic.] (۱) غرّانا ؛ غصے کی آواز نکالنا ۔ (۲) گرجنا ؛ چرچرانا ؛ گڑگڑانا ۔(۳) بڑ بڑانا ۔ (٤) گرج کر کہنا ؛ غصے میں بھری آواز میں کہنا ۔

Growler : (n) (۱) غرّانے والا ؛ گرجنے والا ؛ چرچرانے والا ۔ (۲) چرخ چوں گاڑی ؛ چار پہیوں والی گاڑی ۔ (۳) ایک قسم کی مچھلی ۔

Growlery : (n) (۱) غرّانے کی جگہ ۔(۲) (مزاحاً) رہنے کا کمرہ ۔

Growleringly : (adv.) غرّا کر ؛ گرج کر؛ غرّاتے، گرجتےہوئے ۔

Grown-up : (a&n) سن رسیدہ ؛ معمر ؛ بالغ ؛ عاقل ۔

Growth : (n) (۱) نشو ونما ؛ ترقی ؛ اضافہ ؛ زیادتی ؛ بالیدگی ؛ نمو ؛ روئیدگی ؛ اپج ؛ بڑھوتری ؛ افزونی؛ افزائش ۔(۲) زراعت ؛ کاشت؛ کھیتی ۔ (۳) (مرضیات)فاسد؛ پھوڑا؛ سرعہ ۔(٤) پیداوار ۔

Growth-line : (n) (عضویات) خط بالیدگی ۔

Growthful : (a) پُر از نشو ونما ؛ نشو ونما پذیر ۔

Groyne : (n) دیکھو Groin

Groyne : (v) کنارے پر لکڑی کے پشتے لگانا ۔

Groyning : (n) لکڑی کے پشتے بنانا ؛ پشتوں کا نظام ۔

Grozing-iron/Grosing- : (n) [Du.'gruisijzer'.] سیسے کےپاٹ کے جوڑوں کو ملانے کا آلہ ۔

Gru-gru : (n) دیکھو Groo-Groo

Grub : (n) (۱) پہل روپ ؛ کیڑوں کی ابتدائی شکل ۔(۲) بیل کی طرح کام کرنے والا ؛ بیل ؛ کرائے کا منشی ؛ قلم کا مزدور؛ بد سلیقہ ؛ نکھٹو ؛ مٹھا آدمی ۔ (۳) (کرکٹ) زمینی گیند ؛ وہ گیند جو زمین سےلگتی ہوئی پھینکی جائے ۔ (٤) (عامیانہ) خوراک ؛ غذا ؛ کھانا ۔(٥) زمین صاف کرنے کے بعد جو جڑ باقی رہ گئی ہوں ؛ ٹھونٹھ ۔ (٦) محنتی طالب علم ۔

Grub : (v) [ME.'grobben'.] (۱) کھودنا ؛ اکھاڑنا ۔ (۲) کھودکر نکالنا ؛ کھوج لگانا ؛ ڈھونڈنکالنا ۔ (۳) تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ چھان ڈالنا ؛ چھان مارنا ۔ (٤) محنت کرنا؛مشقت کرنا ۔ (٥) (عامیانہ) کھلانا ؛ پیٹ بھرنا ؛ کھانا دینا ۔

Grub- : Grub-Street کا مخفف ۔

Grub-axe : (n) ایک قسم کی کدال یا پھاوڑا ۔

Grub-hoe/-hook : (n) درخت کے ٹھونٹھ اکھاڑنے کی کدال یا بیلچہ ۔

Grub-fell : (v) جڑ کاٹ کر درخت کو گرانا ۔

Grub-saw : (n) سنگ مرمر کا ٹنے کی دستی آری ۔

Grub-stake : (n) کان جو کو سامان مہیا کرنا ۔

Grub-street : (n) (۱) غریب مصنفوں ، قلم کے مزدوروں کا محلہ ۔(۲) یہ مصنف مجموعی طورپر ۔

Grub-street : (a) غریب مصنفین سےمتعلق ۔

Grub-worm : (n) کیڑوں کا پہل روپ ۔

Grubber : (n) (۱) کھودنےوالا ۔(۲) پھاوڑا ۔(۳) کھانےوالا ؛ کھلانے والا ۔

Grubbiness : (n) گندگی ؛ گنداپن ؛ غلاظت ؛ میلاپن ۔

Grubby : (a) (۱) پہل روپ کیڑوں کا؛ ایسے کیڑوں سے بھرا ہوا ۔(۲) میلا ؛ گندہ ؛ غلیظ ۔(۳) بونا ۔

Grudge : (n) [f.Grudge.(v)] بغض ؛ کینہ ؛ بیر ؛ لاگ ۔

To bear a grudge against/To bear, owe a grudge : بغض رکھنا ؛ کینہ رکھنا ۔

Grudge : (v) دریغ کرنا ؛ بخل کرنا ۔

Grudgeful : (a) بغض رکھنے والا ؛ کینہ جو ۔

Grudgefully : (adv.) کینہ پروری سے ؛ بغض کے ساتھ ۔

Grudger : (n) کینہ پرور ؛ بغض رکھنے والا ۔

Grudging : (n) بے مرضی ؛ بے دلی ۔

Grudgingly : (adv.) بے دلی سے ؛ بادل ناخواستہ ؛ بخل سے ۔

Grudgingness : (n) بغض ؛ کینہ پروری ۔

Grue : (v) [ME.'gruen'.] کانپنا ؛ تھرتھرانا (ٹھنڈ یا خوف سے)۔

Grue : (n) کپکپاہٹ ؛ تھرتھری ۔

Grue : (n) [ME.] ذرہ ۔

Grue : (n) [Origin unkn.] بہتا ہوا پتلا برف کا ٹکڑا ۔

Gruel : (n) [OFr.'gruel'.] (۱) دلیا ؛ آش لپسی ؛ حریرہ ۔ (۲) سزا ؛ موت ۔

To have or get one's gruel : سزا پانا ۔

Gruel : (v) (۱) تھکا دینا ؛ بیکار بتا دینا ؛ سزا دینا ۔ (۲) (یک وقتی لفظ) دلیا کھلانا ۔

Grueller : (n) (۱) دشواری ؛ مشکل ۔ (۲) فیصلہ کن ؛ دلیل یا ضرب ۔

Gruelling : (n) سخت سزا یا مار ۔

Gruelling : (a) سخت ؛ شدید ۔

Gruelly : (a) دلیا سا ۔

Gruesome : (a) ڈراؤنا ؛ ہولناک ؛ مہیب ؛ دہشتناک ؛ نفرت انگیز ؛ مکروہ ۔

Gruesomely : (adv.) ہولناک طریقے سے؛ نفرت انگیزطور پر ۔

Gruesomeness : (n) ہولناکی ؛ نفرت انگیز ہونا؛ مکروہ پن ۔

Gruff : (a) [Du.'grof'.] (۱) موٹا ۔ (۲) چڑچڑا جھلا ؛ کم سخن ؛ تند ؛ روکھا ؛ ترش رو ؛ اکھڑ ؛ اُجڈ ۔

Gruff : (n) (۱) (دوا سازی) موٹا تلچھٹ ۔ (۲) جھگڑا ؛ تکرار ۔

Gruffish : (a) تند مزاج ؛ اکھڑ ۔

Gruffly : (adv.) سختی سے ؛ تُرشی سے ؛ تندی سے ۔

Gruffness : (n) سختی ؛ ترشی ؛ چڑچڑاپن ؛ اُجڈپن ۔

Gruft : (n) [Origin unkn.] گرد جو برسات میں گھاس میں لگ جاتی ہے ۔

Grufted : (a) میلا ؛ گندہ ۔

Grum : (a) [Probably blend of 'grim' and 'glum'.] افسردہ ؛ مغموم ۔

Grumness : (n) افسردگی ؛ مغموم ہونا ۔

Grumble : (n) [See Grumble (v).] بڑبڑاہٹ ؛ غُراہٹ ؛ چرچڑاہٹ ؛ شکایت ۔

Grumble : (v) [Fr.'grommeler'.] (۱) بڑابڑانا ؛ منہ ہی منہ میں کہنا۔ (۲) غُرفش کرنا؛ غرّانا ۔ (۳) چڑچڑانا ۔ (٤) شکایت کرنا ؛ گلہ کرنا ؛ شکوہ کرنا ۔ (٥) شکایت کے طور پر کہنا ؛ شکایتاً کہنا ۔

Grumbler : (n) بڑبڑانے والا ؛ شکایت کرنے والا ۔

Grumblingly : (adv.) بڑبڑاکر ؛ شکایتاً ۔

Grumbletonian : (n) [f.'Grumble (v).] Grumbler دیکھو

Grume : (n) [L.'grumus'.] خون کا چکتا ؛ خراب رطوبت ؛ فاسدرطوبت ۔

Grummet/Grommet : (n) [Fr.'grurmette'.] Grom(m)et دیکھو

Grumous : (a) [f.'Grume+-ous.] (۱) جس میں خون کے چکتے یا فاسد رطوبت ہو ؛ بستہ ۔ (۲) (نباتیات) دانہ توده ۔

Grumousness : (n) خون کا چکتا یا فاسد رطوبت بننا ۔

Grump : (n) (۱) (جمع) چڑچڑاپن ؛ بدمزاجی ؛ تُندخوئی ۔ (۲) (جمع) چڑچڑا ؛ بدمزاج ؛ تند خو ۔

Grumpish/Grumpy : (a) بدمزاج ؛ چڑچڑا ؛ تن خو ؛ ترش رو ۔

Grundel : (n) [G.'grundel'.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Grundy : (n) [The surname of an imaginary personnage.] سماجی رائے کے استبداد کی تجسیم ۔

Grundyism : (n) پابندیٔ وضع ؛ پابندیٔ رسوم ۔

Grunt : (n) [f.'grunt (v).] (۱) غرّاہٹ ۔ (۲) ایک امریکی مچھلی ۔ (۳) انگلستان کی ایک مچھلی ۔

Grunt : (v) [OE.'grunnettan'.] (۱) غرّانا ؛ غُرفش کرنا ؛ سور کی سی آواز نکالنا ۔ (۲) بڑبڑانا؛ ناراضی کا اظہار کرنا ۔ (۳) بڑبڑا کر کہنا ۔

Grunter : (n) (۱) غرّانےوالا؛ سور ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی ۔

Grunter : (n) [Origin unkn.] لوھے کی سلاخ جو بُک کی طرح خمیدہ ھوتی ھے ۔

Grunting : (a) غرّانے والا ۔

Grunting-ox : (n) یاک ۔

Grunting-peck : (n) سور کا گوشت ۔

Gruntingly : (adv.) غرّاتے ھوئے ؛ بڑبڑاتے ھوئے ۔

Gruntle : (n) خوک کا منہ ؛ سور کی تھوتھنی ۔

Gruntle : (v)[f.'grunt (v)+-le.] (۱) بڑبڑانا ؛ شکایت کرنا ۔ (۲) خوش کرنا ؛ مطمئن کرنا ۔

Gruntling : (n) سور کا بچہ ۔

Gruppeto : (n) سولھویں صدی کا ایک کھنک پیدا کرنے والا آلہ موسیقی ۔

Grutch : (v)[ME. gruce,gruche'.] (۱) بڑبڑانا ، شکایت کرنا ۔ (۲) دریغ کرنا ؛ بخل کرنا ۔

Gruyere : (n) (۱) گائے کے دودھ سے بنا ایک قسم کا پنیر ۔ (۲) سوئٹزرلینڈ کے ایک قصبے کا نام ۔

Gry - : دیکھو Gri

Gryllotalpa : (n) [L.'gryllo-+talpa'.] نقب زن جھینگر ۔

Grype : دیکھو Gripe

Gryphite : (n) [mod.L.'gryphites'.] ایک قسم کامتحجر سیپ ۔

Gryphon : (n) دیکھو Griffin

Grysbok : (n) [Du'grijs'.+'bok'.] جنوبی افریقہ کا بھورے رنگ کا چھوٹا چکارا ۔

Guacharo : (n) [Sp.] طیر زمینی ؛ جنوبی امریکا اور ٹرینیڈاد کی رات کی چڑیا ۔

Guaco : (n) [Sp-Amer.] ایک قسم کا پودا جو تریاق کا کام کرتا ھے ؛ تریاق ؛ زہر مار ۔

Guaconize : (v) تریاق لگانا ۔

Guaiac : (n) (۱) گیا کم : جزائر غرب الھند کے پودوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم ۔ (۲) اس قسم کے درختوں کی لکڑیاں جو بطور دوا استعمال ھوتی ہیں ۔ (۳) ان درختوں کا گوند ؛ دوا جو اس سےبنتی ھے ۔

Guaiacene : (n) ایک ہلکا بے رنگ روغن جو گیا کم کے گوند سے حاصل ھوتا ھے ۔

Guaiacic : (a) ایک مادہ جو گیا کم گوند اور لکڑی سےحاصل ھوتا ھے ۔

Guaiacin/Guaiacine : (n) ایک نباتی جوہر جو گیا کم کی لکڑی اور چھال سے حاصل ھوتا ھے ۔

Guaiacum : (n) [Sp.'guayaco'.] دیکھو Guaiac

Guan : (n) [prob.a native name.] جنوبی امریکا کا ایک پرندہ ؛ تیتر ، مرغی وغیرہ کی قسم کا پرندہ ۔

Guana : (n) [Var.of Iguana.] (۱) جنوبی امریکا کی چھپکلی ۔ (۲) بڑی قسم کی چھپکلی ۔

Guana : (n) (۱) ایک پرند کی بیٹ جو بطور کھاد کےاستعمال ھوتی ھے؛ بیٹ کھاد ۔ (۲) مصنوعی کھاد؛ مچھلی کی کھاد ۔

Guanaco : (n) [Quichua.'huanaco'.] اونٹ کی قسم کا چھوٹا جانور جس کی اون بادامی رنگ کی ھوتی ھے ۔

Guanamine/Guanamin : (n) [f.Guano+Amine.] ایک اساس جو گونڈین نمک پر حرارت کےاثر سے حاصل ھوتا ھے ۔

Guanidine/Guanidin : (n) گوانین کی تکسیر سےبنا ھواالقلی اساس ۔

Guanidinic : (a) گوانین کے القلی اساس سے متعلق ۔

Guaniferous : (a) بیٹ کھاد پیدا کرنےوالا ۔

Guanin/Guanine : (n) [Guano+-in,-ine.] ایک سفید بےشکل مادہ جو بیٹ کھاد سے حاصل ھوتا ھے ۔

Guano : (n) [Sp.'guano'.] دیکھو Guana

Guano/Guanize : (v) بیٹ کھاد دینا ۔

Guara : (n) [mod.L.] لال ابو ہنس ۔

Guara/Aguara : (n) [Tupi'jagoara'] جنوبی امریکا کا ایک بڑے ایال والا جنگلی کتا ۔

Guaracha/Guaracia : (n) [Sp.] ایک تیز ہسپانوی رقص ۔

Guarana : (n) [Tupi. 'guarana'.] ایک قسم کی جھاڑی جو برازیل میں پائی جاتی ہے ۔

Guarani : (n) پراگوئے کے سکے کی اکائی ۔

Guaranine/Guaranin : (n) [Guarana+-in.] ایک بلوری جوہر جو برازیلی جھاڑی میں پایا جاتا ہے ۔

Guarantee : (n) [Fr.'garantie'.] (۱) ضامن ؛ ذمہ دار ؛ کفیل ۔ (۲) ضمانت ؛ ذمہ داری ؛ کفالت ۔ (۳) شئے مکفولہ ؛ وہ چیز جس کی ضمانت دی جائے ۔

Treaties of guarantee : (تاریخ) ضمانتی معاہدے ۔

Guarantee : (v) ضامن ہونا ؛ کفیل ہونا ؛ ذمہ داری لینا ؛ تصدیق کرنا ؛ بیمہ کرنا ۔

Guarantee bond : (n) (قانون) ضمانت نامہ ۔

Guarantee-fund : (n) (۱) مد ضمانت ؛ زرضمانت ۔ (۲) ضمانتی انجمن ۔

Guarantee society : (n) ضمانتی انجمن ۔

Guaranteeship : (n) ضمانت دینا ۔

Guarantor : (n) ضامن ۔

Guarantorship : (n) ضامن ہونا ۔

Guaranty : (n) (۱) ضمانت نامہ ؛ کفالت نامہ ۔ (۲) بنائے ضمانت ؛ وجہ ضمانت ۔

Guaranty : (v) ضمانت کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ ذمہ دار ہونا ۔

Guard : (n) [OFr.garde'.] (۱) نگہبان ؛ محافظ ؛ پہرہ دار ؛ گارڈ ؛ سنتری ؛ چوکی دار ؛ پہرے والا ؛ پاسبان ۔ (۲) محافظ فوج ؛ طلایہ ؛ قول اول ۔ (۳) بچاؤ کاپیچ ؛بچاؤ کابند۔ (٤) چوکی ؛ پہرہ ؛ نگہبانی؛ حفاظت ۔ (٥)لکڑی یا دھات کی کوئی روک؛ حفاظت کرنےوالی تدبیر جس سےنقصان یا حادثے سے محفوظ رکھا جائے ۔ (٦) حفاظت ؛ مدافعت ۔

At open guard : ایسی حالت جس میں شمشیر زن پر حملہ ہو ۔

Guard-of-honour : فوجیوں یا سپاہیوں کا دستہ جو کسی ممتازشخص کےاستقبال کےلئے متعین کیا جائے ۔

Off one's guard : خطرے سے بیخبر ؛ غافل ۔

On or upon one's guard, on guard : مدافعت کے لئے تیار؛ ہوشیار ؛ چوکس ۔

To mount guard : حفاظتی دستے کو تعینات کرنا ؛ پہرے پر آنا ۔

To relieve guard : ایک محافظ دستے کی جگہ دوسرے محافظ دستے کا آنا ؛پہرہ بدلنا ۔

Yeoman of the guard : لندن ٹاور کا نگراں سپاہی ۔

Guard : (v) (۱) حفاظت کرنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ بچانا ؛ نگہبانی کرنا؛ چوکسی کرنا؛ پاسبانی کرنا؛ رکھوالی کرنا؛ خبرداری کرنا۔ (۲) (معاہدے وغیرہ میں) مناسب شرائط طے کرنا تاکہ غلط فہمی یا غلط استعمال کی گنجائش نہ رہے ۔ (۳) (طب) مصلح دوا دینا؛ بدرقہ استعمال کرانا ۔ (٤) زبان روکنا ؛ احتیاط سے کہنا ۔ (٥) حفاظت یا بچاؤ کی تدابیر اختیار کرنا۔ (٦) (بول وغیرہ کے کھیل میں) آڑے آنا ۔ (۷) (شطرنج) زور دینا ۔ (۸) کتاب میں حفاظتی ترکیب استعمال کرنا ۔

Guard-boat : (n) پہرے کی کشتی ؛ محافظ کشتی (جو محصول وغیرہ کی نگرانی کےلئےگشت کرتی ہے)۔

Guard-book : (n) کتاب جس میں نئے اوراق اور خطوط وغیرہ کے اضافے کی گنجائش رکھی جائے ۔

Guard-bolt : (n) چپٹے سر والی چٹخنی ۔

Guard-brush : (n) برقی ریل کا دھات کا برش جس سے بجلی انجن میں جاتی ہے ۔

Guard-cell : (n) محافظ خلیہ ۔

Guard-chamber : (n) گارڈ کا کمرہ ۔

Guard-circle : (n) (گراموفون) ریکارڈ کا آخری حلقہ ۔

Guard-detail : (n) فوج کا وہ دستہ جو چھوٹی مہم کےلئے معمور کیا جائے ۔

Guard-duty : (n) طلایہ کا کام ۔

Guard-finger : (n) کھیت کاٹنے کے کَل کا نکلا ہوا دندانہ ۔

Guard-fish : (n) Guarfish دیکھو

Guard-house : (n) (۱) گارڈ کا کمرہ ۔ (۲) حوالات ۔

Guard-iron : (n) سلاخ جس سے راس جہاز کی حفاظت ہوتی ہے ۔

Guard-lock : (n) اس بندرگاہ کا بند جس میں مدوجزر آتا ہو ۔

Guard-pin : (n) حفاظتی پن ۔

Guard-plate : (n) (۱) حفاظتی حلقہ ۔ (۲) حفاظتی پلیٹ ۔

Guard-polyp : (n) (حیوانیات) دفاعی مرجانیہ ۔

Guard-rail : (n) حفاظتی جنگلہ یا زنجیر وغیرہ ۔

Guard-ring : (n) حفاظتی چھلہ ؛ محافظ حلقہ ۔

Guard-room : (n) Guard house دیکھو

Guard-ship/Guardship : (n) پہرے کا جہاز ۔

Guard-stops : (n) نقطے جو کسی عدد ؛ حرف یا شکل کی دونوں جانب ہوں ۔

Guard-tube : (n) دھات کی نلی ۔

Guarda-Costa : [Sp.] ساحل کی حفاظت کرنے والا ایک ہسپانوی جہاز ۔

Guardable : (a) قابل حفاظت ۔

Guardant : (a) [Fr.'gardant'.] (۱) نگراں ؛ ہوشیار ؛ چوکس ۔ (۲) (نقابت) جانورجس کا چہرہ دیکھنے والے کی طرف ہو ۔

Guardant : (n) محافظ ؛ مربی ؛ سرپرست ۔

Guarded : (a) (۱) محفوظ ۔ (۲) ہوشیار ؛ چوکنّا ؛ محتاط ۔ (۳) حفاظتی ؛ ترکیب لگی ہوئی (کتاب) ۔

Guardedly : (adv.) احتیاط کےساتھ ؛ دبی زبان میں ۔

Guardedness : (n) تقریر میں احتیاط ۔

Guarder : (n) محافظ ۔

Guardian : (n) [Late ME.'gardein'.] (۱) مربی ؛ محافظ ؛ سرپرست ۔ (۲) ولی ؛ سر پرست ۔ (۳) فرانسکن خانقاہ کا افسر ۔

Guardian angel : (n) محافظ فرشتہ ؛ حفاظت کرنےوالا موکل ؛ ہمزاد ۔

Guardian ad litem : (n) ولی مقررہ عدالت بہ دوران مقدمہ ۔

Guardian by nature : (n) باپ (ولی حقیقی) ۔

Guardian by nurture : (n) باپ اور اس کے مرنے کے بعد ماں (ولی) ۔

Guardian-cell : (n) Guard cell دیکھو

Guardian in chivalry : (n) نابالغ کا ولی (فوجی خدمات کے عوض) ۔

Guardian in socage : (n) لگان دینے والے رعیت کا ولی ۔

Guardian of the poor : (n) خیرات خانےکی مجلس انتظامیہ کا رکن ۔

Guardianess : (n) خاتون ولی ؛ سرپرست عورت ۔

Guardianless : (a) بے سرپرست ۔

Guardianship : (n) (۱) سرپرستی ؛ حمایت ؛ ولایت ۔ (۲) حفاظت ؛ امانت ؛ محافظت ۔

Guardless : (a) بےمحافظ ؛ بے بچاؤ ۔

Guardsman : (n) (۱) محافظ ۔ (۲) محافظ سپاہی ۔

Guariba : (n) [Native Brazilian.] چلانےوالا بندر ۔

Guava : (n) [Sp.'guayaba'.] امرود ۔

Guazzo : (n) [It.] Gouache دیکھو

Gubernacular : (a) مہار سے متعلق ۔

Gubernaculum : (n) [L.'gubernaculum'.] مہار ؛ حاکم ۔

Gudgeon : (n) [Late ME.'gogen'.] (۱) چھوٹی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے ۔ (۲) بھولایازود اعتقاد شخص ۔ (۳) چارہ ۔

Gudgeon : (v) (۱) بیوقوف بننا ۔(۲) دھوکا دینا ۔

Gudgeon : (n) [OFr.'goujon'.] (۱) محور ؛ کیلی ؛ مانی ؛ دھرا جس پر پہیا وغیرہ گھومتا ھے ؛ چول ۔ (۲) کُنڈا ؛ گھر ؛ خانہ ۔(۳) لوھے کا کڑا جو دو پتھروں کو جوڑتا ھے ۔

Guebre : (n) [Fr.'guebre'.] آتش پرست ؛ زرتشتی ؛ گبر ؛ پارسی ۔

Guelder rose : (n) [Du.'geldersche roos'.] گل بداغ ؛ ایک میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

Guelph : (n) [It.'Guelfo.] عہدوسطی کی ایک اطالوی سیاسی پارٹی کارکن جو شہنشاہ کے خلاف پوپ کی موئد تھی ؛ پاپائی ؛ کلیسائی ۔

Guelphic : (a) پاپائی ؛ پاپائی پارٹی کا ۔

Guenon : (n) [Fr.] افریقی بندروں کی جنس کا نام ۔

Guepard Gepard : (n) [Fr.'guepard'.] (۱) چیتا ۔(۲) تیندوے کی ایک قسم ۔

Guerdon : (n) [OFr.'guer (e) don.] (شاعری) معاوضہ ؛ صلہ ؛ انعام ؛ ثمرہ ۔

Guerdon : (v) معاوضہ ، انعام اور ثمرہ دینا ۔

Guerdonable : (a) انعام کے قابل ۔

Guerdonless : (a) بےثمرہ ؛ بے صلہ ؛ بے معاوضہ ۔

Guereza : (n) [Prob.African'.] حبشہ کا لنگور ۔

Guerilla : (n) (۱) بےقاعدہ لڑائی ؛ چورلڑائی ؛ چھاپہ بازی ۔ (۲) بےقاعدہ لڑائی لڑنے والا؛ چھاپہ مار ۔

Guerite : (n) [Fr.'guerite'.] سنتری خانہ ۔

Guernsey : (n) (۱) جنوبی افریقہ یا جاپان کا ایک پودا ۔ (۲) نیلے رنگ کی موٹی اونی بنیان یا جرسی ۔ (۳) گرنسی کی گائے ۔

Guerrilla/Guerilla : (n) [SP. 'guerrilla'.] دیکھو Guerilla

Guerrilla-fight : (n) چھاپہ مار جنگ ۔

Guerrilla war : (n) چھاپہ مار طرز جنگ ۔

Guerrillero/Guerillero : (n) بے قاعدہ لڑائی لڑنے والا ۔

Guess : (n) [f.'guess (v).] قیاس ؛ اندازہ ؛ مفروضہ؛ سرسری تخمینہ ۔

By guess قیاسی ؛ قیاسی طور پر ؛ اٹکل پچو ؛ محض قیاساً ۔

Guess : (v) [ME.'gesse'.] (۱) اندازہ کرنا ؛ اٹکل سے بتانا ؛ قیاساً بتانا ۔ (۲) رائےقائم کرنا؛ قیاس کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (۳) صحیح اندازہ کرنا؛ تاڑلینا ؛ معلوم کرلینا؛ بوجھ لینا ۔

I guess : (امریکا) مجھے یقین ھے ؛ مجھے اچھی طرح سے معلوم ھے ۔

To keep (someone) guessing : غیر یقینی حالت میں رکھنا ۔

Guess-rope : (n) (۱) دوسری رسی جو کشتی کو ہاتھ سے کھینچتےوقت اس میں باندھی جاتی ھے تاکہ اسے ڈگمگانے سےروکے۔(۲) کشتی کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک بندھا ھوارسہ جسے نزدیک آنے والی کشتیوں کے سلاخ پکڑ سکیں ۔

Guess-warp : (n) [ME.'gyes warp'.] (۱) رسہ جسے دورلےجاکر جہاز کو باندھتے ہیں ۔(۲) دیکھو Guest-rope ۔

Guess-work : (n) قیاس آرائی ۔

Guessable : (a) قابل قیاس ۔

Guesser : (n) قیاس کرنے والا ۔

Guessingly : (adv.) قیاسی طور پر ؛ قیاساً ۔

Guesstimate/Guestimate : (v) [f.blend of 'guess'+'estimate'.] (عامیانہ) اندازہ لگانا ؛ اٹکل سےبتانا ۔

Guest : (n) [ON.'gestr'.] (۱) مہمان ؛ ضیف ؛ پاؤنا ؛ پائینا ۔ (۲) سرائے ؛ ھوٹل وغیرہ کاوقتی مہمان ؛ مقیم مسافر ۔(۳) وہ جانور یا پودا جو کسی دوسرے جانوریا پودے کے ساتھ لگارھے؛ طفیلی جانور؛ علقی پودا ؛ انگل ۔(٤) مہمان معدن ۔(٥) مہمان اداکار یا فنکار ۔

Guest : (v) (۱) مہمان بنانا ۔(۲) مہمان بننا یا ھونا ۔ (۳) بطورمہمان اداکار یا فنکار کے آنا ۔

Guest-chamber : (n) مہمان کا کمرہ ۔

Guest-gall/-fly/-moth : (n) درمکیں مکھی یا پتنگا ۔

Guest-house : (n) [OE.'giest-hus'.] مہمان خانہ ۔

Guest-night : (n) شام مہمان ؛ مہمان رات ؛ شب مہمانی ۔ (کانچ وغیرہ میں) وہ رات جب مہمان مدعو کئے جاتےہیں ۔

Guest of honour : (n) مہمانِ خصوصی ۔

Guest-room : (n) Guest-chamber دیکھو

Guest-rope/Guess- : (n) Quess rope دیکھو

Guestless : (a) (۱) بےمہمان ۔(۲) غیر مہمان نواز ۔

Guestwise : (adv.) مہمان یا اجنبی کی طرح ۔

Guffaw : (n) [Echoic.] قہقہہ ۔

Guffaw : (a) قہقہہ لگانا ؛ قہقہہ لگا کر کہنا ۔

Guffer : (n) ایک قسم کی بچہ زا مچھلی ۔

Guggle : (n) [f.'guggle (v)] (۱) نرخرا ؛ سانس لینے کی نلی ۔ (۲) غرغر ؛ قل قل ؛ (کی آواز) ۔

Guggle : (v) [Echoic.] (۱) غرغرانا ؛ قل قل کرنا ۔(۲) غرغر کی آواز نکالنا ۔

Guglio : (n) [It.'guglia'.] پتھر کی مربع یا مستطیل منار جس کی چوٹی مخروطی ہوتی ہے ۔

Guhr : (n) [G.] تہ نشیں مٹی ؛ جو پتھروں کے جوفوں میں پائی جاتی ہے ۔

Guib : (n) مغربی افریقہ کا ایک چکارا ۔

Guidage : (n) [AFr.'guidage'.] (۱) ہدایت ؛ رہبری ؛رہنمائی ۔ (۲) دیکھو Guidance ۔

Guidance : (n) رہبری ؛ رہنمائی ؛ ہدایت ؛ قیادت ؛ اصلاح ؛ ابتمام ؛ انصرام ؛ انتظام ۔

Vocational guidance : رہنمائی پیشہ ۔

Guide : (n) [OFr.'guide'.] (۱) رہبر ؛ گائیڈ ؛ ہادی ؛ رہنما ۔ (۲) پیشرو؛ رستہ دکھانے والا۔(۳) (فوج) راستہ دریافت کرنے والا ؛ رہبر فوج ۔ (٤) (بحری) رہبر جہاز ۔ (٥) صلاح کار مشیر ۔ (٦) اصول کار ؛ معیارعمل ؛ شمع ہدایت ۔ (۷) وہ کتاب جو کسی معاملے میں رہنمائی کرے ؛ رہنما ۔ (۸) ٹنڈا وغیرہ جو کسی چیز کی حرکت کا نظام قائم رکھے ؛ اوزار کو قابو میں رکھنے والا آلہ ؛ آلۂ محرک ؛ چالو پرزہ ؛ ضابط پُرزہ ۔ (۹) دلیل راہ ۔ (۱۰) گرل گائیڈ (بوائے اسکاؤٹ کےمانند لڑکیوں کی انجمن) ۔ (۱۱) (موسیقی) کثیر الصوت نغمہ نگاری ۔ (۱۲) (کان کنی) رگ معدن ۔

Guide : (v) (۱) رہبری کرنا ؛ رہنمائی کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ راستہ دکھانا ؛ پیش رو ہونا ۔(۲) (واقعات کا) رخ پھیرنا ۔ (۳) معیار ہونا ؛ محرک ہونا؛ موجب ہونا ؛ وجہ ہونا ۔ (۳) ابتمام کرنا؛ انصرام کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ انجام دینا ۔

Guide-block : (n) رہنما دھات کا ٹکڑا ۔

Guide-board : (n) مسافروں کو راستہ بتانے والا تختہ ؛ رہنما تختہ ۔

Guide-book : (n) راہ نامہ ، رہنما کتاب ۔

Guide-post : (n) ستون جس پر مسافروں کو راہ بتانے کےلئے تختے لگے رہتے ہیں ۔

Guide-pulley : (n) رہنما چرخی ۔

Guide-rope : (n) آلۂ جر ثقیل کی زنجیر ۔

Guide-screw : (n) خراد کی رہبر چوڑی ۔

Guide-tackle : (n) کھمبے کے سرے سے بندھا ہوا رسّا جو اُسے بلنے ڈولنے سے روکتا ہے ۔

Guide-word : (n) ترک ۔

Guided-democracy : (n) (تاریخ) ہدایت یا ب جمہوریت ۔

Guideless : (n) بےہادی ؛ بلارہبر ؛ بغیر رہنما ۔

Guider : (n) رہنما ؛ رہبر ۔

Guidaway : (n) رہبر نالی یا رستہ ؛ لیکھہ ۔

Guiding principle : (n) (تاریخ) رہنما اصول ۔

Guidon : (n) [Fr.'guidon'.] (۱) گاؤ دم ؛ جھنڈا ؛ نشان یا پھریرا ۔ (۲) جھنڈا بردار افسر ۔

Guidonian : (n) [f.'Guidon'-+-ian.] (موسیقی)اطالوی‌موسیقار Guido d' Arezzo کا یا اس سے متعلق ۔

Guige : (n) [ME.'gyge'.] سپر کے مزید سہارے کےلئے زائد تسمہ ۔

Guignol : (n) [Fr.] (۱) کٹھ پتلی ۔(۲) کٹھ پتلی کا تماشہ ۔ (۳) سنسنی خیز ڈرامہ ۔

Guild/Gild : (n) [MDu.'gilde'.] (۱) ہم پیشہ لوگوں کی برادری یا انجمن ۔ (۲) انجمن تجار۔ (۳) کوئی انجمن یا برادری ۔

Merchant guild : انجمن تجار ۔

Trade guild : ہم پیشہ لوگوں کی انجمن یا برادری ۔

Guild-brother : (n) برادری کا ایک رکن ۔

Guild-hall : (n) وہ ہال جس میں قرون وسطیٰ میں ہم پیشہ لوگوں کی انجمن یا برادری کاجلسہ ہوتاتھا ؛ ٹاؤن ہال ۔

Guild-rent : (n) مالگذاری جو برادری سرکار کو دیتی تھی ۔

Guild-socialism : (n) گلڈ اشتراکیت ؛ اشتراکیت کی وہ صنف جس کی رو سےسارے سماج کو مختلف شعبوں کی برادریوں میں تقسیم ہونا چاہیئے اورہرایک کی حکومت اس کی کاؤنسل کے ہاتھ میں ہونا چاہیئے ۔

Guilder : (n) (۱) سونے کا سکہ جو ولندیز میں رائج تھا ۔ (۲) ولندیزی چاندی کا سکہ ۔

Guildship : (n) [OE.'gieldscipe'.] (۱) برادری ۔(۲) برادری کی رکنیت ۔

Guildsman : (n) برادری کا ایک رکن ۔

Guile : (n) [OFr.'guile'.] فریب ؛ دغا ؛ مکر ؛ عیاری ؛ حیلہ سازی ؛ دغابازی ؛ جُل ؛ حیلہ ؛ دھوکا؛ چالا کی ۔

Guileful : (a) فریبی ؛ دغاباز ؛ مکار ؛ عیار ۔

Guilefully : (adv.) دغابازی سے ؛ حیلہ سازی سے ۔

Guilefulness : (n) دغابازی ؛ حیلہ سازی ؛ مکاری ۔

Guileless : (a) سیدھا سادہ ؛ بھولا بھالا ؛ بےریا ؛ صاف ۔

Guilelessly : (adv.) صفائی سے ؛ بےریائی سے ؛ بھولےپن سے ۔

Guilelessness : (n) صفائی سے ؛ بےریائی ؛ بھولاپن ۔

Guilery : (n) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ۔

Guillem : (n) [W.'Gwilym'.] تنگ منقار آك ؛ ایك قسم کا دریائی پرند ۔

Guillemot : (n) [Fr.'guillemot'.] دیکھو Guillem

Guilloche : (n)[Fr.'guilloche'.] ایك قسم کی تعمیری گل کاری جو فیتے کی چین سے مشابہ ہوتی ہے ۔

Guilloche/Guillochee : (v) فیتے کی چین کی سی گل کاری کرنا ۔

Guillotinade : (n) [Fr.'guillotinade'.] گردن زنی کرنا ۔

Guillotine : (n) [Fr.'guillotine'.] (۱) مقصلہ ؛ گردن زن ؛ سر کاٹنے کی مشین ؛ جلاد مشین ۔ (۲) (جراحی) لوزہ تراش ؛ تالو میں لگانے کا ایك آلہ ۔ (۳) کاغذ کاٹ مشین ؛ کاغذ کاٹنے کی مشین ۔ (٤) (امریکا) نئےصدرکے انتخاب پر سرکار یا افسروں کو برخاست کرنا۔ (٥) پارلیمنٹ میں کسی مسودۂ قانون کے بحث میں تخفیف کرنے کا ایك طریقہ ۔ (٦) ایك قسم کی کھڑکی ۔ (۷) یکایك ختم کردینے کا کوئی طریقہ ۔ (۸) کشتی کا ایك داؤں ۔

Guillotine : (v) (۱) گلوٹین سے سر کاٹنا ؛ جلاد مشین سے سر اُڑانا ۔(۲) کتاب کا کنارہ کاٹنا ۔(۳) کسی مسودہ قانون پر بحث میں تخفیف کرانا یا بحث ختم کرا دینا ۔

Guillotine amputation : (n) (جراحی) پاؤں کاٹنے کی ایك ترکیب ۔

Guillotine-cravat : (n) ایك قسم کا گلوبند جو فرانسیسی انقلاب کےزمانے میں مقبول تھا ۔

Guillotine-window : (n) معمولی ساش دار کھڑکی ۔

Guilt : (n) [Oringin unkn.] (۱) گناہ ؛ قصور ؛ جرم ؛ تقصیر ؛ خطا؛ پاپ ۔(۲) قصور واری ؛ خطاواری ۔

Without guilt : معصوم ؛ بے گناہ ۔

Guiltily : (adv.) قصورواری سے ؛ مجرمانہ انداز میں ۔

Guiltness : (n) قصوروارى ؛ خطا كارى ۔

Guiltless : (a) (١) بےقصور ؛ بےگناہ ؛ معصوم ؛ بے خطا ۔ (٢) لاعلم ؛ انجان ؛ محروم ۔

Guiltlessly : (adv.) محرومى سے ؛ لاعلمى سے؛ انجان پن سے۔

Guiltlessness : (n) بےقصورى ؛ محرومى ؛ انجان پن ؛ لاعلمى ؛ معصومى ۔

Guilty : (n) [OE.'gyltig'.] (١) قصور وار ؛ مجرم ؛ خاطى ؛ عاصى ؛ گناہ گار ۔(٢) مجرمانہ ؛ خطاوارانہ ۔

Guinea : (n) [Origin unkn.] (١) ملك گينى جو افريقہ كے مغربى ساحل پر واقع ۔(٢) اشرفى، گنى ؛ ايك طلائى سكہ ۔ (٣) اكيس شيلنگ ۔ (٤) نيا غلام (جوافريقہ سےامريكا لايا گيا ہو) ۔(٥) اجنبى ؛ غيرملكى ۔ (٦) (حقارتاً) اطالوى ۔ (٧) دوغلى نسل كا (امريكى) جو امريكى حبشى اور امريكى انڈين نسل سے ہو ۔(٨) سائيس ۔

Double guinea : دو گِنّى كے برابر ايك سكہ ۔

Spade guinea : گنى جو ١٧٨٧ سے ١٨٠٠ عيسوى تَك رائج تھا ۔

Guinea-bird : (n) چنيا مرغى ۔

Guinea-corn : (n) باجرا ۔

Guinea-cubebs : (n) كباب چينى كى ايك قسم ۔

Guinea fowl/-hen : (n) چنيا مرغى ۔

Guinea-gold : (n) سونا جس سےگِنى بنتى تھى ؛ ٢٢ قيراط كا سونا ۔

Guinea-goose : (n) چينى بطخ ۔

Guinea grains : (n) مغربى افريقہ كے ايك پودے كا تلخ بيج جو بطور مسالا استعمال ہوتا ہے ۔

Guinea grass : (n) افريقہ كى ايك لمبى گھاس ؛ چينا گھاس كى ايك قسم ۔

Guinea hog : (n) گينى كے سور كى ايك قسم ۔

Guinea-man : (n) گينى كا باشندہ ۔

Guinea-merchant : (n) غلام فروش ۔

Guinea peach : (n) ايك قسم كا افريقى درخت جس كا پھل شفتالو جيسا ہوتا ہے ۔

Guinea-pepper : (n) سرخ مرچ ۔

Guinea-pig : (n) (١) خوك ہندى ؛ امريكى چوہا ۔(٢) (مزاحاً) وہ شخص جس كى فيس ايك گِنى ہو؛ عارضى طور پر كام كرنے والا پادرى خصوصاً كمپنى كا ڈاكٹر يا پادرى ۔(٣) جہاز كا ايك چھوٹا افسر ۔

Guinea-plum : (n) مغربى افريقہ كا ايك درخت جس كا پھل اكلوچہ كى طرح ہوتا ہے ۔

Guinea-pods : (n) فلفل سرخ ۔

Guinea-ship : (n) غلام فروش كا جہاز ۔

Guinea sorrel : (n) پٹوا ۔

Guinea-trade : (n) (مزاحاً) ايك گنى فيس لينا ۔

Guinea-trader : (n) ديكھو Guinea-merchant

Guinea-weed : (n) ايك قسم كى گھاس ۔

Guinea-worm : (n) ايك قسم كى جوں اور اس سے پيدا ہونے والى بيمارى ۔

Guinness : (n) Guinness كى بنائى ہوئى بيئر (شراب) ۔

Guipure : (n) [Fr.'guipure'.] (١) ايك قسم كى ليس ۔(٢) ليس كا موٹا حاشيہ ۔

Guisard : (n) [Guise+-ard.] بھيس بنانے والا ۔

Guise : (n) [OFr.'guise'.] (١) لباس ؛ وضع ؛ پوشاك ۔(٢) وضع قطع ؛ ظاہرى حالت ۔ (٣) مصنوعى وضع ؛ بھيس ؛ پردہ ؛ بہانہ ۔

Guise : (v) لباس پہننا ؛ بہروپيا بننا ۔

Guiser : (n) بہروپيا ؛ بھيس بدلنے والا ۔

Guisian : (a) [Fr.'(duc de) Guise+-ian.] گيز كے ڈيوك يا اس خاندان كا يا اس سے متعلق ۔

Guisian : (n) گيز كا حمايتى ۔

Guit-guit : (n) [Imitative.] امريكى پودوں كى ايك نوع ۔

Guitar : (n) [Sp.'guitarra'.] ایك طرح كا ستار جس میں چھ تار ھوتے ہیں ؛ چھتارا ۔

Guitar : (v) چھتارا بجانا ۔

Guitarist : (n) چھتارا بجانے والا ؛ ستار نواز ۔

Gula : (n) [L.'gula'.] (۱) نرخرہ؛ سانس کی نلی ۔(۲) حشرات کے زیر ذقنہ کو سہارا دینے والی سخت پلیٹ ۔ (۳) شط ؛ کوبیہ ۔

Gular : (a) (۱) نرخرے سے متعلق ۔(۲) خوش غذا ۔(۳) سانپ وغیرہ کے نرخرے کی پلیٹ ۔

Gulaund : (n) [Icel.'gulond'.] بطخ جس کی چونچ دندانے دار ھوتی ھے ۔

Gulch : (n) تنگ گہری گھاٹی خصوصاً جس میں سونا پایا جاتا ھے ۔

Guld : (n) گیندا (پھول) ۔

Gulden : (n) [G.'gulden'.] ولندیزی چاندی کا سکہ ۔

Gule : (n) [OFr.'gule, goule'.] پہلی اگست ۔

Gules : (n) [Late ME.'goules, gols'.] سرخ ؛ صبغہ ۔

Gules : (a) سرخ ؛ سرخ رنگ کا ۔

Gulf : (n) [OFr.'golfe'.] (۱) خلیج ؛ کھاڑی ۔(۲) قعر ؛ گڑھا ؛ بہت گہرا غار ۔ (۳) قعر زمین ؛ سمندر ۔ (٤) بھنور ؛ گرداب ۔ (٥) (استعارۃً) خلیج ؛ ناقابل عبور فاصلہ یا فرق ۔(٦) (جامعہ) آنرس یا امتیازی نصاب کے طالب علم کو ناکام ھوجانے پر جو معمولی سند دے دی جاتی ھے ۔

Fiery gulf/Gulf of fire : قعر شعلہ زن ۔

Gulf : (v) (۱) غرق کرنا ؛ نگل جانا ۔ (۲) آنرس کے ناکام طالب علم کو معمولی سند دینا ۔

Gulf-dream : (n) خلیج میں گرنے یا ڈوبنے کا خواب ۔

Gulf-State : (n) ریاستیں جو میکسیکو کے خلیج پر واقع ہیں ۔

Gulf-stream/Gulf stream : (n) خلیجی سیل ؛ خلیجی رو ۔

Gulf-weed : (n) ایك قسم کی بحری گھاس ۔

Gulfy : (a) (۱) گرداب سے بھرا ھوا ۔(۲) (مجازاً) گہرائی یا کھوکھلے پن سے بھرا ھوا ۔

Gull : (n) [W.'gwylan'.] مرغابی یا غو قسم کی چھوٹی بطخ اس کی بہت سی قسمیں ھوتی ہیں جیسے Glaucous gull, Commen gull وغیرہ ۔

Gull : (n) چڑیا جس کے ابھی پر نہیں نکلے ھوں ۔

Gull : (n) (۱) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ احمق ؛ بھولا ؛ دھوکا کھانے والا ۔ (۲) (عامیانہ) دھوکے باز ؛ دھوکا دینے والا ۔

Gull : (n) سیل گر یا تیز دھارے کا بنا یا ھوا شگاف ۔

Gull : (v) (۱) نالابنانا ؛ بہالے جانا ؛ گھسنا ۔(۲) گُھس جانا ۔

Gull : (v) بیوقوف بنانا؛ دھوکا دینا ؛ جُل دینا ؛ احمق بنانا۔

Gull-billed : (n) ایك قسم کی بحری ابابیل ۔

Gull-teaser : (n) ایك پرند جو یا غو کو ستاتا ھے ۔

Gullable (a) زود یقین ؛ سادہ لوح ؛ جو آسانی سے بیوقوف بن سکے ۔

Gullery : (n) دھوکا ؛ جُل ؛ فریب ؛ دغابازی ۔

Gullery : (n) وہ جگہ جہاں مرغابیاں پیدا ھوتی ہیں ۔

Gullet : (n) [OFr.'goulet'.] (۱) نرخرہ ؛ حلق ؛ حلقوم ؛ ٹیٹوا ۔ (۲) نالی ؛ نالا ؛ پانی کا راستہ ؛ گھاٹی ۔(۳) آرا کے دانتوں کا متعر تراش ۔(٤) گھوڑے کی گردن کا نچلا حصہ ۔(٥) بطخ یا دوسری چڑیوں کا غبغب ۔

Gulleting : (n) (۱) آرے کے دانت میں متعر تراش بنانا ۔ (۲) (جہاز سازی) پتوار کے لئے کھانچ بنانا ۔

Gullibility : (n) سادہ لوحی ۔

Gullible : (a) دیکھو Gullable

Gullish : (a) بیوقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ۔

Gully : (n) [Fr.'goulet'.] (۱) تنگ گھاٹی ؛ درہ ۔(۲) نالی ؛ بدرو؛ پرنالہ ۔ (۳) (کرکٹ) میدان کا وہ حصہ جو سلپ کے پیچھے رہتا ھے ؛ اس مقام پر رہنے والا کھلاڑی ۔

Gully : (n) [Origin unkn.] بڑا چاقو ؛ چھرا ۔

Gully/Gulley : (n) [Origin unkn.] لوھے کا جنگلہ ۔

Gully : (v) (۱) نالی بنانا ۔(۲) پانی سے درہ بن جانا ۔

Gully-drain : (n) مٹی کی پائپ جو نالی کا کام دیتی ھے ۔

Gully-hole : (n) موری کا منہ ؛ بدرو کا راستہ ۔

Gully -squall : (n) (بحری) ھَوا کا جھونکا جو گھاٹی کی طرف آئے ۔

Gully-washer : (n) ابر اور مینہ کا طوفان ۔

Gulo : (n) گرکک ؛ نیولے کے قسم کا لیکن بڑا بسیار خور جانور ۔

Gulp : (n) [f. gulp (v).] (۱) بڑا سا نوالہ یا گھونٹ ؛ جلدی سے نگلنا یا پینا ۔(۲) نگلنے کی کوشش ۔

Gulp : (v) [MDu.'gulpen'.] (۱) نگلنا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ ایک گھونٹ میں پی جانا؛ مشکل سے نگلنا ؛ بدقت حلق سے اتارنا ۔(۲) ہانپنا؛ دم گھٹنا ۔

Gulpin : (n) (۱) ہر چیز کو نگلنے والا ۔(۲) (بحری) ملاح ۔

Gulpingly : (adv.) نگلتے ھوئے ؛ مشکل سےنگل کر ۔

Gulpy : (a) بڑا نوالہ کھانے والا ۔

Gum : (n) [OE.'goma'.] (۱) مسوڑھا ؛ لیثہ ۔(۲) (عامیانہ) جبڑا ۔

Gum : (n) [OFf.'gomme'.] (۱) گوند ؛ صمغ ۔(۲) آنکھوں کی چیپ ۔(۳) وہ درخت جس سےگوند نکلے؛ کیکر ؛ ببول وغیرہ ۔(٤) درختوں کی ایک بیماری جس میں منجمد چیپ نکلتی ھے ۔(٥) ربر کا کپڑا ۔ (٦) ربر کا بوٹ ۔ (۷) ایک قسم کی مٹھائی ؛ چیونگ گم ۔

Gum : (n) God کی مسخ شدہ صورت ۔

Gum : (v) (۱) گوند لگانا ۔(۲) گوند سے ساٹنا ۔(۳) گوند کا نکلنا۔(٤) گوند دارھونا؛ لسلساھونا۔(٥) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ۔

Gum : (v) (۱) آرے کا دانت بنانا ۔(۲) مسوڑھے سے چبانا (غذا کو) ۔

Gum acacia : (n) صمغ عربی ؛ کیکر کا گوند ۔

Gum-ammonic : (n) گندہ بیرزہ ۔

Gum -animal : (n) افریقہ کے بندر کے قسم کا ایک جانور جو گوند کھاتا ھے ۔

Gum-Arabic : (a) دیکھو Gum acacia

Gum-boots : (n) ربر کا لمبا کوٹ ۔

Gum-cistus : (n) ایک قسم کی جھاڑی ۔

Gum-dragon : (n) کیترا گوند ۔

Gum-elastic : (n) ربڑ ۔

Gum-flower : (n) مصنوعی پھول ۔

Gum-gum : (n) لوھے کاپیالہ جسے لوھے یا لکڑی کی سلاخ سے بجاتے ہیں ۔

Gum-ivy : (n) عشق پیچاں کا گوند ۔

Gum-Juniper : (n) لال ہڑتال ؛ سندروس ۔

Gum-plant : (n) ایک پودا جو لیس دار مادے سےبھرا ھوتاھے۔

Gum-resin : (n) صمغ الصنوبر ؛ ایک قسم کی لاکھ ۔

Gum-rubber : (n) ایک قسم کی چسنی ۔

Gum-senegal : (n) صمغ عربی کی ایک قسم ۔

Gum-shoe : (n) ربر کا بوٹ ۔

Gum-stick : (n) دیکھو Gum-rubber

Gum-succory : (n) ایک یورپی گھاس ۔

Gum-sucker : (n) آسٹریلوی خصوصاً وکٹوریا کا باشندہ ۔

Gum-thistle : (n) ایک قسم کا گوکھرو ۔

Gum-tickler : (n) شراب خواری کا پہلا زینہ ۔

Gum-tooth : (n) داڑھ ۔

Gum-tree : (n) کوئی درخت جس سےگوند نکلتا ھے ۔

He has seen his last gum-tree : اس کا قصہ تمام ہو گیا ۔

To be up a gum-tree : ضیق میں ؛ منقطے میں ۔

Gum-water : (n) صمغ عربی اور پانی کا محلول ۔

Gum-wood : (n) گوند کے درخت کی لکڑی ۔

Gumbo/Gombo : (n) [of Negro origin.] (۱) (نباتیات) بھنڈی ؛ بامیہ ؛ بھنڈی کا شوربا ۔ (۲) (ارضیات) میسیسیپی ویلی کا نچلا صخرہ ۔ (۳) مرغزار کی کیچڑ ۔ (٤) کریبول کی زبان ۔ (٥) مخلوط ۔

Gumboil : (n) لثی دمبل ؛ لثی بثرہ ؛ مسوڑھے کا ورم ۔

Gumma : (n) [L.'gummi'.] آتشک کا پھوڑا ؛ آتشک کا زخم ۔

Gummatous : (a) جسے آتشک کا پھوڑا ہو ۔

Gummer : (n) آرے کا دندانہ بنانے والا آدمی یا مشین ۔

Gummic : (a) صمغی ۔

Gummic acid : (n) صمغی ترشہ ۔

Gummiferous : (a) صمغ زا ؛ گوند پیدا کرنے والا ؛ صمغ آور ۔

Gumminess : (n) چپچپاہٹ ، لس ؛ چیپ ؛ سوجن ؛ ورم ۔

Gummite : (n) [L.'gummi'.] یورینیم کا ہائیڈریٹ ۔

Gummosity : (n) [med.L. 'gummositas'.] لس ؛ چپچپاہٹ ۔

Gummous/Gummose : (a) گوند نما ؛ گوند کا سا ۔

Gummous : (a) دیکھو Gummatous

Gummy : (a) (۱) گوند کا سا ؛ چکنا ؛ چپچپا ؛ چیپ دار ؛ لس دار ۔ (۲) گوند والا ؛ گوند دار ؛ گوند پیدا کرنے والا ۔ (۳) ورم دار ؛ سوجا ہوا ۔

Gummy : (a) دیکھو Gummatous

Gump : (n) [Origin unkn.] احمق ؛ بیوقوف ۔

Gumption : (n) (۱) جیوٹ ؛ منچلاپن ؛ سمجھ بوجھ ؛ کاربردار گا مادہ ۔ (۲) (مصوری) رنگ آمیزی کا فن ؛ وہ چیز جس سے رنگوں کی آمیزش کی جاتی ہے ۔

Gun : (n) [ME.'gunne, gonne'.] (۱) بندوق ؛ قرابین ؛ تفنگ ؛ توپ ؛ رائفل ۔ (۲) طمنچہ ؛ ریوالور ۔ (۳) شکار پارٹی کا رکن ؛ توپچی ۔ (٤) (کان کنی) کھوکھلا استوانہ جس میں بارود بھرکر پہاڑ کو توڑتے ہیں ۔ (٥) صراحی ۔ (٦) (مزاحاً) تمباکو پینے کا پائپ ۔ (۷) (عامیانہ) چور ؛ بدمعاش ؛ فقیر ۔ (۸) بندوق نما کوئی چیز ۔

As a gun : مطلقاً ۔

As sure as a gun : یقیناً ؛ یقینی طور پر ؛ بلاشبہ ؛ قطعاً ۔

Great gun : (۱) توپ ۔ (۲) معزز یا با اثر آدمی ۔

Morning and evening gun : (بحری) توپ جو صبح و شام داغی جاتی ہے ۔

Son of a gun : مردک ؛ شخص ۔

To blow great guns : شدید طوفان آنا ؛ سخت آندھی چلنا ۔

To stand or stick to one's gun : اپنی بات پر جمے رہنا ؛ اپنی رائے یا اپنے نقطۂ نظر سے نہ ہٹنا ۔

Gun : (v) بندوق چلانا ؛ جنگ چھیڑنا ۔

Gun-apron : (n) توپ کو پانی اور گرد سے بچانے کی ترکیب ۔

Gun-barrel : (n) بندوق کی نال ۔

Gun-boat/Gunboat : (n) چھوٹا جنگی جہاز جس پر بھاری توپیں ہوں ۔

Gun-brig : (n) دو ستونی جنگی جہاز ۔

Gun-brush : (n) بندوق کی نال صاف کرنے کا برش ۔

Gun-camera : (n) فوٹو کیمرہ جو جنگی ہوائی جہاز میں استعمال ہوتا ہے ۔

Gun-carriage : (n) توپ گاڑی ۔

Gun-cotton : (n) بھگ روئی ؛ بارود پنبہ ؛ ایک آتش گیر مادہ جو روئی کو شورے اور گندھک کے تیزاب میں ملاکر بناتے ہیں ۔

Gun-deck : (n) (بحری) وہ عرشہ جس پر توپیں رہتی ہیں ۔

Gun-fire : (n) (۱) بندوق یا توپ داغنا ۔ (۲) (بحری) صبح وشام کا وہ وقت جب توپ داغی جاتی ہے ۔

Gun-flint : (n) چقماق کا ایک ٹکڑا جس کو فولاد کے ساتھ استعمال کرنے سے آگ پیدا ہوتی ہے ۔

Gun-harpoon : (n) بحری برچھا جو توپ کے ذریعہ سے پھینکا جائے ۔

Gun-hoop : (n) توپ کی نال کا حلقہ ۔

Gun-iron : (n) بندوق بنانے کا لوہا ۔ (۲) دیکھو Gun-harpoon ۔

Gun-lock : (n) لبلبی یا گھوڑا (بندوق یا توپ کا) ۔

Gun-man/Gunman : (n) (۱) مسلح قزاق ۔ (۲) بندوق ساز ۔ (۳) بندوق باز ۔

Gun-metal : (n) توپ دھات ؛ مفرغ ؛ تانبےاور رانگ کا مرکب جس سے توپ بنتی ہے ۔

Gun-money : (n) (۱) وہ رقم جو جہاز پکڑنےوالوں کے درمیان تقسیم کی جاتی تھی ۔ (۲) وہ سکہ جو جیمس دوم نے پرانی توپ کی دھات سے بنوا کر آئرستان میں رائج کیا تھا ۔

Gun-pendulum : (n) گولے کی ابتدائی رفتار کا اندازہ لگانے کی ترکیب ۔

Gun-pit : (n) (۱) توپ کے گرد کی خندق (توپ کی حفاظت کےلئے) ۔ (۲) بندوق یاتوپ بنانے کا سانچہ ۔

Gun-port : (n) جہازکی کھڑکی جس سےتوپ چلائی جاسکے ۔

Gun-room : (n) (۱) جنگی جہاز میں ادنیٰ درجے کے افسروں کا کمرہ ۔ (۲) کمرہ جہاں بندوقیں رکھی جاتی ہیں ۔

Gun-runner : (n) قانون اسلحہ کے خلاف ماتحت ملکوں میں ہتھیار کی تجارت کرنےوالا ۔

Gun-running : (n) قانون اسلحہ کے خلاف ماتحت ملکوں میں ہتھیار کی تجارت ۔

Gun-searcher : (n) بندوق کی نال جانچنے کا ایک آلہ ۔

Gun-shot : (n) (۱) توپ یابندوق کی مار ۔ (۲) توپ یا بندوق کی زد ۔ (۳) پستول ۔

Guh-shy : (a) بندوق کی آواز سے ڈرنے والا ؛ خصوصاً شکاری کتا ۔

Gun-slide : (n) توپ گاڑی کا وہ حصہ جس پر توپ آگے پیچھے کھسکتی بڑھتی ہے ۔

Gun-sling : (n) رسّے کا حلقہ جس سے توپ اٹھائی جاتی ہے ۔

Gun-stick : (n) بندوق بھرنے کا گز ۔

Gun-stock : (n) بندوق کا کندہ ۔

Gun-tackle : (n) توپ اٹھانے یا ہٹانے کا مرفاع ۔

Gun-work : (n) (۱) اسلحہ سازی ۔ (۲) بندوق چلانا

Guna : (n) [Skr.'guna'.] (سنسکرت قواعد) حروف علت کی تبدیلی کے سلسلے کا وسطی حصہ ۔

Guna : (v) حروف علت میں تبدیلی لانا ۔

Gunate : (v) دیکھو Guna

Gunation : (n) حروف علت میں تبدیلی لانا ۔

Gunmaker : (n) بندوق ساز ۔

Gunnage : (n) وہ رقم جو جہاز پکڑنے والوں کے درمیان تقسیم کی جاتی تھی ۔

Gunnel : (n) [Origin unkn.] ایک قسم کی مچھلی ۔

Gunnale : (n) جہاز کا بالائی کنارہ ۔

Gunner : (n) [ME.'gonner'.] (۱) توپچی ؛ بندوقچی ؛ گولہ انداز ؛ توپ خانے کا افسر ؛ (بحری) جہاز کے سلاح خانے کایا توپ خانے کا افسر ۔ (۲) شکاری ؛ بندوق سے شکار کھیلنے والا ۔ (۳) ایک قسم کی بحری مچھلی ؛ بحری سیم ماہی ۔ (٤) ایک قسم کی پن ڈبی ۔

Gunner's daughter : (n) توپ جس سے باندھ کر ملاحوں کو سزا دی جاتی تھی ۔

Gunner's quadrant : (n) زاویہ ناپنے کا آلہ ؛ زاویہ پیما ؛ مرولہ ۔

Gunnery : (n) (۱) گولہ اندازی ؛ توپ چلانے کا فن ؛ توپچی کا فن ۔ (۲) توپ سازی ۔ (۳) توپ چلنا ؛ آتش باری ۔

Gunnery-lieutenant : (n) وہ افسر جس نے توپچی کے فن کی سند حاصل کی ہو ۔

Gunnery-ship : (n) جہاز جس پر توپچی کا فن سکھایا جاتا ہے ۔

Gunnies : (n) [Origin unkn.] معدن میں شگاف ۔

Gunning : (a) (۱) دیکھو Gunnery ۔(۲) بندوق سے شکار کرنا ۔

Gunny : (n) [Hindi, Marathi'goni'.] ٹاٹ ؛ ٹاٹ کاتھیلا ؛ بورا ۔

Gunpoint : (n) بندوق کی زد ۔

At gunpoint : بندوق کی زد میں ۔

Gunpowder : (n) (۱) بارود ۔(۲) عمدہ قسم کی سبز چائے ۔ (۳) آتش گیر ۔

White gunpowder : سفید بارود ۔

Gunpowder-cake : (n) بارود کی ٹکیا ۔

Gunpowder-engine : (n) انجن جو بارود سے چلایا جاتا ہے ۔

Gunpowder-hammer : (n) بڑا ہتھوڑا جو بارود کے پھٹنے سے چلتا ہے ۔

Gunpowder-plot : (n) وہ سازش جو ۱۶۰۵ء میں دارالعوام کو اڑا دینے کےلئے کی گئی تھی ۔

Gunpowder-press : (n) شکنجہ جس میں ٹکیوں کو ڈال کر سخت بنایا جاتا ہے دانہ سازی کےلئے ۔

Gunpowder-tea : (n) عمدہ قسم کی سبز چائے جس کی ہری پتی گول لپیٹ دی جاتی ہے ۔

Gunpowderous : (a) بارود کا سا ؛ نیلگوں ۔

Gunsmith : (n) (۱) بندوق ساز ۔(۲) (عامیانہ) چور ۔

Gunsmithery : (n) بندوق سازی ؛ بندوق سازی کا کارخانہ ۔

Gunter : (n) [f. Edmund Gunter, an English mathematician.] (۱) دو فٹامسطریا پیمانہ جومسافت اور جہاز رانی میں کام آتا ہے ؛ گنٹری پیمانہ ۔(۲) اوپر کا مستول یا اس کابادبان جو چھلوں کے ذریعہ سے اوپر نیچے ہٹایا جاسکتا ہے ۔

Gunter's chain : (n) گنٹری زنجیر جو چار یانس کے برابر ہوتی ہے زمین کی پیمائش میں کام آتی ہے ۔

Guner's line/-proportion : (n) گنٹری پیمانے کی لکیر جو ضرب اور تقسیم میں کام دیتی ہے ۔

Gunter's quadrant : (n) گنٹری زاویہ پیما ۔

Gunwale/Gunnel : (n) [Gun+Wale] جہاز کا بالائی کنارہ ۔

Gurge : (v) [L.'gurges'.] گرداب بنانا ۔

Gurgeons : (n) چوکر ؛ بھوسی ۔

Gurgitation : (n) [mod. L.'gurgitat-'.] (۱) ابال ؛ بلبلے اٹھنا ؛ تموج ۔(۲) غرغر (کی آواز) ۔

Gurgle : (n) [Imitative.] (۱) تغرغر ؛ غرغرا ۔(۲) قل قل ؛ غرغر کی آواز ۔

Gurgle : (v) (۱) غرغرانا ؛ قل قل کرنا ۔(۲) غرغر کے ساتھ کہنا ۔

Gurglingly : (adv.) غرغراتے ہوئے ۔

Gurgoyl (e) : (n) دیکھو Gargoyle

Gurjon/Gurjun : (n) [Native name.] جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کا تیل بطور دوا کے استعمال ہوتا ہے ۔

Gurlet : (n) [Fr.'gurlet'.] گینتی ۔

Gurnard/Gurnet : (n) [OFr.'gornart'.] سرخ ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

Flying gurnard : اڑنے والی سرخ ماہی ۔

Gurry : (n) [Origin unkn.] دست ؛ اسہال ۔

Gurry : (n) [Hindi 'garhi, garh'.] گڑھی ؛ چھوٹا قلعہ ۔

Gurry : (n) [Origin unkn.] (۱) مچھلی کا فضلہ ۔(۲) وہیل کو کاٹ کر اُبالنے کے بعد جو چیز بچ جائے ۔

Gurt : (n) [AFr.'gort'.] خندق ؛ نالا ۔

Gush : (n) [Gush (v).] (۱) فوارہ ۔(۲) جوش وخروش؛ وفور ۔ (۳) جذبات کی نمائش ۔

Gush : (v) [ME.'gosshe'.] (۱) ابلنا ؛ اچھلنا ؛ فوارہ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا ۔(۲) اچھالنا؛ فوارہ بہانا ؛ دریا بہا

دینا ۔ (۳) اصلی یا بناوٹی جوش و خروش سے تقریر یا کام کرنا؛ خطابت کا دریا بہا دینا ؛ طوفان کی طرح اٹھنا ۔

Gusher : (n) (۱) جوش سے تقریر کرنے والا ؛ طوفان اٹھانے والا ۔ (۲) (امریکا) تیل کا چشمہ یا کنواں ۔

Gushing : (a) (۱) بہنے والا ۔ (۲) جوش سے تقریر یا کام کرنے والا ۔ (۳) جذبات کی بےجا نمائش کرنے والا ۔

Gushingly : (adv.) جوش وخروش سے ؛ طوفان کی طرح ۔

Gushingness : (n) جوش وخروش سے ابلنا ۔

Gusset : (n) [OFr.'gousset'.] (۱) زرہ میں جوڑ کو محفوظ رکھنے والا حصہ ۔ (۲) وہ تکونا ٹکڑا جو کپڑے میں مضبوطی کےلئے لگا دیاجاتا ہے ؛ کلی ۔ (۳) زین کا تکونہ حصہ ۔ (٤) لوہے کا بریکٹ جو عمارت میں مضبوطی کے لئےلگا دیا جائے ؛ بند آہنی ؛ بندگوشہ ۔ (٥) (نقابت) تخفیف کا نشان ۔

Gusset-needle : (n) موزہ بنانے کی سوئی ۔

Gusseted : (a) کلی دار ؛ بند گوشہ دار ۔

Gusseting : (n) کلی لگانا ؛ بند آہن لگانا ؛ بندگوشہ لگانا ۔

Gust : (n) [ON.'gustr'.] (۱) (ہَوا، دھواں) زور کا جھونکا ؛ جھکڑ؛ (بارش) زور کا چھینٹا؛ (آگ) زور کالپکا ؛ زور کی آمد ۔ (۲) (مجازاً) لہک ؛ جوش؛ زور ؛ وفور ؛ اُمڈ ؛ چھپٹ ؛ تماچہ یا تپانچہ ۔

Gust : (n) [L.'gustus'.] (۱) ذوق ؛ مذاق ۔ (۲) مزہ ؛ لطف ؛ ذائقہ ؛ لذت ۔ (۳) مزا اور خوشبو ۔

Gust : (v) مزہ لینا ؛ ذائقہ لینا ۔

Gustation : (n) [Fr.'gustation'.] چکھنا ؛ چکھائی؛ ذائقہ ؛ مزہ ۔

Gustative : (a) ذائقے کا ؛ ذائقے دار ۔

Gustatory : (a) ذائقی ؛ ذوقی ؛ ذائقے کا ۔

Gustily : (adv.) جوش کے ساتھ؛ آندھی کی طرح ۔

Gusto : (n) [It.'gusto'.] (۱) ذائقہ ؛ مزہ ؛ مزہ اور خوشبو ؛ چاشنی ۔ (۲) ذوق ؛ ذوق وشوق ؛ جوش ؛ چاؤ ؛ شوق ؛ جذبہ ۔ (۳) فنکارانہ اسلوب ۔

Gusty : (a) (۱) زو ر کا ؛ طوفانی ۔ (۲) پُرجوش ۔

Gusty : (a) ذائقہ دار ؛ مزہ دار ۔

Gut : (n)[OE.'gattas'.] (۱) آنتیں ؛ انتڑیاں ؛ اوجھڑی ؛ روده ؛ امعاء ۔ (۲) کسی چیز کے اندر کا مادہ ؛ جوہر ۔ (۳) آنت ؛ معدے کی نالی؛ قنات ہاضمہ ۔ (٤) معدہ ۔ (٥) تانت ۔ (٦) ریشم کے کیڑے کی آنت جو سیست میں استعمال ہوتی ہے ۔ (۷) آبنائے نَالہ ؛ موری ؛ بدرو ۔ (۸) دریا کا موڑ (آکسفورڈ کیمبرج کی کشتی کی دوڑ) ۔ (۹) گھاٹی ؛ تنگ راستہ ؛ گلی ۔

Blind gut : (۱) اعور ۔ (۲) بندگلی ؛ اندھی گلی ۔

The gut : (آکسفورڈ کیمبرج کی کشتی کی دوڑمیں) دریا کا موڑ ۔

Gut : (v) (۱) خلاصہ کرنا ؛ نچوڑ لینا ؛ عطر نکال لینا (کتاب وغیرہ کا) ۔ (۲)صاف کرنا؛ آلائش نکالنا؛ آنتیں نکالنا۔ (۳) اندرکا سامان وغیرہ صاف کرنا یابرباد کر دینا ؛ جلا ڈالنا ۔ (٤) تھورنا؛ نگلنا؛ حریصوں کی طرح کھانا ۔ (٥) (سڑک پر) گڑھے بنانا ۔

Gut-bread : (n) لبلبہ ؛لوزالمعدہ ؛ بان قراس ۔

Gut-scraper : (n) سارنگی بجانےوالا ۔

Guts : (n) جرأت ؛ ہمت ؛ قوت برداشت ؛ صبر ۔

Hate one's guts : (عامیانہ) شدید نفرت کرنا ۔

Gutshoot : (v) (عامیانہ) پیٹ میں گولی مارنا ۔

Gutstring : (n) بھیڑ کی آنت کا بنا دھاگا جو جراحی میں کام آتا ہے ۔

Gutsy : (a) (۱) (عامیانہ) بہادر ؛ ہمت ور ۔ (۲) (عامیانہ) پُرشہوت ۔

Gutta : (n) [L.] (۱) (دوا سازی ومرضیات) قطرہ ۔ (۲) (تعمیرات) مخروط مقطوع جو ستون میں آرائش کےلئےلگایاجاتا ہے ۔ (۳) (نقابت) قطرہ ۔

Gutta : (n) (۱) Gutta-percha کا مخفف ۔ (۲) سفیدبےشکل مادہ جو گتا پرچا میں پایا جاتا ہے ۔

Gutta opace : (n) موتیا بند ۔

Gutta-percha : (n) گتا پرچا ؛ لاستك ؛ سینگ کی طرح کا مادہ جو ملایا کے بعض درختوں سے نکلتا ہے ۔

Gutta-percha-tissue : (n) باریك گتا پرچا جو پن روك کا کام دیتا ہے ۔

Gutta-percha-wire : (n) (تلغرافی) تار جس پر گتاپرچا کا غلاف ہو ۔

Gutta-serena : (n) کمنت ؛ تمبر ؛ کم بینائی ؛ جزوی یا کلی فقدان بصر ۔

Guttae band : (n) (تعمیرات) رخچہ جس سے مخروط مقطوع لٹکا ہوا نظر آتا ہے ۔

Guttate : (a) [L.'guttatus'.] (حیوانیات، نباتیات) بوندی دار ؛ چتی دار ؛ قطرے دار ؛ گلدار ۔

Guttated : (a) قطروں یا چیتوں کی طرح بکھرا ہوا ۔

Guttatim : (adv.) [L.] قطرہ قطرہ ۔

Gutte/Guttee : (a) [AFr.'gutte'.] (نقابت) بوند دار ؛ گلدار ۔

Gutte reversed : (a) اُلٹی بوندوں والا ۔

Gutter : (n) [AFr.'gotere'.] (۱) پانی کا راستہ ؛ مجرائے آب ۔ (۲) نالا ؛ موری ؛ پرنالا ؛ بدرو ؛ آب راہ ۔ (۳) کیچڑ؛ گندگی ۔ (٤) مصنوعی نالا ۔ (٥) (جلد سازی) کتاب کےصفحوں کےبیچ کا سفیدحصہ ۔ (٦) شہری تہذیب کا پست ترین حصہ ۔

Gutter : (v) (۱) نالیاں بنانا ؛ پانی کارستہ بنانا۔ (۲) دھارے میں بہنا۔ (۳) (موم بتی) نالیاں پڑکرموم بہہ جانا ۔ (٤) (شمع کا) مدھم طورپر جلنا ۔

Gutter (a) پست ؛ بدنام ۔

Gutter-bird : (n) گورّیا ؛ عصفور ۔

Gutter-blood : (n) رذیل ۔

Gutter-board : (n) نالی کا بنیادی تختہ ۔

Gutter-child : (n) لاوارث لڑکا ؛ آوارہ لڑکا ۔

Gutter-drift : (n) قدیم آسٹریلوی دریا کا نچلا حصہ جہاں سونا پایا جاتاتھا ۔

Gutter-flag : (n) جھنڈا وہ جگہ دکھلانے کےلئے جہاں سونا پایا جاتا ہے ۔

Gutter-man : (n) خوانچے والا ؛ پھیری والا ۔

Gutter-member : (n) مرصع آب راہ ۔

Gutter-plane : (n) ایك قسم کارندا ۔

Gutter-snipe : (n) (۱) لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا ۔ (۲) امریکی چہار ۔ (۳) چھوٹا پتلا اشتہار ۔

Gutter-snippet : (n) Gutter snipe کا اسم تصغیر ۔

Gutter-stick : (n) فارم میں صفحوں کو ایك دوسرے سے علیحدہ کرنے کا آلہ ۔

Gutter-tree : (n) زغال آختہ ۔

Guttifer : (n) [mod. L.] ایك درخت جس سے گوند نکلتا ہے ۔

Guttiferal : (a) گوند زا درخت سے متعلق ؛ صمغ آوردرخت ؛ گوند زا؛ صمغ آور ۔

Guttiform /Guttifom : (a) قطرہ نما ۔

Guttle : (v) پیٹوپن سے کھانا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھورنا ۔

Guttler : (n) پیٹو ؛ کھاؤ ؛ مربھکا ۔

Guttula : (n) [L. dim.of'gutta'.] چھوٹا قطرہ ؛ چھوٹی چتی ؛ قطرہ خورد ؛ بوندك ۔

Guttular : (a) بوندك دار ؛ چتی دار ۔

Guttulate : (a) بوندك دار ؛ چتی دار ۔

Guttur : (n) [L.] حلق ۔

Guttural : (a) [Fr.'guttural'.] حلقی ؛ حلق سے نکلنے والا ۔

Guttural : (n) حروق حلقی ؛ حروف کو حلق سے ادا کرنے کا اصول ۔

Gutturalism : (n) حلقی بنانے کارجحان ؛ تلفظ کا حلق سے ادا کیا جانا ۔

Gutturality : (a) حلقیت ۔

Gutturalization : (n) حلقی بنانا ؛ حلق سے ادا کیا جانا ۔

Gutturalize : (v) حلقی بنانا ؛ حلق سے اداکیا جانا ۔

Gutturally : (adv.) حلقی تلفظ کے مطابق ۔

Gutturalness : (n) دیکھو Gutturality

Gutturize : (v) حلق سے ادا کرنا ؛ حلقی بنانا ۔

Gutturo- : جزو ترکیبی بہ معنی "حلق" "حلق کا" ۔

Gutty : (n) (کولف) گٹا پرچا کی گیند ۔

Gutty : (a) توندیلا ۔

Guy : (n) [OFr.'guie'.] آلہء جر ثقیل کی زنجیر یا خیمہ کی طناب ۔

Guy : (n) (۱) گائی فاکس کا پُتلا جو پانچ نومبر کو جلایا جاتا ہے ۔ (۲) مضحکہ خیز لباس کا شخص ؛ حوّا ۔ (۳) (امریکا) آدمی ؛ شخص ۔ (٤) فرارہو جانا؛ رفو چکر ہوجانا ۔

Guy : (v) (بحری) زنجیر یا خیمے کی طناب سے مضبوط کرنا ۔

Guy : (v) (۱) پتلا بنانا ؛ مورت بنانا ۔ (۲) مذاق اڑانا؛ بنانا۔ (۳) (عامیانہ) فرار ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا ۔

Guy-rein : (n) خاص لگام ۔

Guytrash : (n) [Origin unkn'.] بھوت ؛ خصوصاً جانور کی شکل میں ۔

Guyver : (n) [Origin unkn.] عجیب وغریب بات ۔

Guze : (n) [Origin unkn.] (نقابت) سرخ قرص ۔

Guzzle : (n) [f. the verb.] (۱) نالی ؛ آب راہ ۔ (۲) شراب ۔ (۳) شراب خواری ؛ عیاشی ۔

Guzzle : (v) [OFr.'gosillier'.] (۱) چڑھانا ؛ ڈھکوسنا ؛ نگلنا ۔ (۲) کھانےپینےمیں روپیہ ، وقت وغیرہ اڑا دینا؛ کھا پی کے برابر کرنا ۔

Guzzler : (n) (۱) بہت کھانےیا پینےوالا ۔ (۲) روپیہ اڑانےوالا ؛ فضول خرچ ؛ مسرف ۔

Gwyniad : (n) [welsh'gwynid'.] ایک قسم کی مچھلی جس کا گوشت سفید ہوتا ہے اوریہ جھیل میں پائی جاتی ہے ۔

Gy- : جزو ترکیبی ۔

Gybe : (n) [f. (v).] (بحری) جہاز کا رخ بدلنا جس سے جہاز جھونکے کھائے ۔

Gybe : (v) [Du.'gijpen'.] (۱) (بادبان کا) ہلنا ؛ جھوکے کھانا ؛ جھولنا ۔ (۲) (بادبان کو) جھلانا ؛ جھوکے دینا ۔

Gyle : (n) [MDu.'gbijl'.] (۱) شراب کی وہ مقدار جو ایک وقت میں بنائی جائے ؛ ایک گھان ۔ (۲) بیئر ؛ سڑے ہوئے جو جس سےشراب نکالی جاتی ہے ۔ (۳) بیئر بنانے کا ظرف ۔

Gyle-tun : (n) بیئر بنانے کا ظرف ۔

Gym : (n) (۱) Gymanasium کا مخفف ۔ (۲) دھات کا ڈھانچہ جس میں مختلف کھیلوں کے سامان ہوتے ہیں مثلاً جھولا وغیرہ ۔

Gymkhana : (n)[Hindi'gend-khana'.] (۱) کھیل گھر؛ جمخانہ ۔ (۲) کھیلوں کے مقابلے ۔

Gymnasial : (n) یورپی تعلیم گاہوں سے متعلق ۔

Gymnnsiarch : (n) [L.'gymnasiarchus'.] (۱) یونان میں ورزشی اسکول اور کھیلوں کا نگراں ۔ (۲) ورزشی کاروں کا سردار۔ (۳) اسکول یا کالج کا صدر ۔

Gymnasiarchy : (n) ورزشی اسکولوں اور کھیلوں کے نگراں کا عہدہ ۔

Gymnasiast : (n) [Gr.'gymnasion'.] (۱) یوروپی طالب علم ۔ (۲) ورزش کار ۔

Gymnasic : (a) ورزش گاہ سے متعلق ۔

Gymnasium : (n) [L.'gymnasium'.] ورزش گاہ ؛ جمناسٹک گھر ۔

Gymnast : (n) [Fr.'gymnaste'.] جمناسٹک کا ماہر ؛ ورزش کا ماہر ؛ ورزش کار؛ کسرتی ۔

Gymnastic : (a) [L.'gymansticus'.] جمناسٹک کا ؛ ورزش کا ؛ ذہنی ورزش یا مشق کا ۔

Gymnastic/-al : (n) (۱) مشق؛ انضباط ۔ (۲) (جمع) جمناسٹک ۔

Gymnastically : (adv.) مشق کے طورپر ؛ کسرت کے طورپر ۔

Gymnite : (n) [Gr.'gymnos'.] میگنیشیم کا آبدار سلیکیٹ ۔

Gymno-/Gymn- : جزو ترکیبی بمعنی " برہنہ " "عریاں" ۔

Gymnoblastic : (a) برہنہ نہوضیہ سے متعلق ۔

Gymnoblastous : (a) دیکھو Gymnoblastic

Gymnobranchiate : (a) برہنہ خیشوم دار ۔

Gymnocarpous : (a) (نباتیات) برہنہ ثمرہ ۔

Gymnoceratous : (a) برہنہ قرن والے حشرات سے متعلق ۔

Gymnocyta/Gymnocyte : (n) برہنہ خلیہ ۔

Gymnodont : (a) برہنہ داندان مچھلیوں سے متعلق ۔

Gymnogen : (n) برہنہ تخم ۔

Gymnogene : (n) [mod. L.'Gymnogenys'.] افریقی شکرے کا نام ۔

Gymnogenous : برہنہ تخم ؛ باز دانہ ؛ کھل بیجا ؛ جس کے بیج بیضہ دان میں نہ ہوں ۔

Gymnogram : (n) برہنہ سرخس ۔

Gymnogynous : (a) برہنہ تخم دانہ ۔

Gymnolaematous : (a) برہنہ دہن حوینات مجتمع سے متعلق ۔

Gymnomerous : (a) قسریوں کی ایک قسم سے متعلق ۔

Gymnomyxine : (a) (حیوانیات) برہنہ حوینات مجتمع سے متعلق ۔

Gymnopaedic : (a) [Gr.'gymnopaedikos'.] برہنہ لڑکوں کے رقص سے متعلق ۔

Gymnophthalmate/-tous/Gymnoophthalmic/-mous : (a) برہنہ جسم نجم البحر سے متعلق ۔

Gymnopterous : (a) برہنہ بازوؤں والے (حشریات) ۔

Gymnorhinal : (a) برہنہ منخرہ ۔

Gymnosomate/-tous/-mous : (a) برہنہ جسمہ ۔

Gymnosophist : (n) [Fr.'gymnosophiste'.] بیراگی ؛ برہنہ درویش ۔

Gymnosophy : (n) بیراگیوں کا عقیدہ ۔

Gymnosperm : (n) [mod. L.'gymnospermus'.] برہنہ تخم ۔

Gymnospermous/-mal/-mic : (a) دیکھو Gymnogenous

Gymnospore : (a) برہنہ بزرہ ۔

Gymnosporous : (a) برہنہ بزرہ رکھنے والا ۔

Gymnostomous/Gymnostomatous : (a) برہنہ دہانہ ۔

Gymnotetraspermous : (a) برہنہ چہار تخمہ ۔

Gymnotocous : (a) برہنہ اعضائے تناسل والا ۔

Gymnotus : (n) [mod. L.] جنوبی امریکا کی ایل کی طرح کی دریائی مچھلی ۔

Gymnozoidal : (a) برہنہ حوین سے متعلق ۔

Gynaeceum/Gynoecum : (n) [Gr.'gynaekion'.] (۱) زنان خانہ ۔ (۲) (نباتیات) پھول کے وہ اعضا جو مادہ ہونے کی علامت ہیں ؛ بقچۂ مادہ ۔

Gynaecica/Gynecic : [Gr. gynaekikos'.] زنانہ امراض سے متعلق ۔

Gynaeco-/Gyneco : جزو ترکیبی بہ معنی " عورت" "مادہ" ۔

Gynaeco-coenic : (a) مشترک عورتیں رکھنے والے ۔

Gynaeco-physiology : (n) نسوانی عضویات ۔

Gynaecocracy : (n) [Fr.'gynecocratie'.] زنان شاہی؛ تریاراج ؛ عورتوں کی حکومت ۔

Gynaecocratic/-al : (a) زنان شاہی سے متعلق ۔

Gynaecological : (a) نسوانی مرضیات سے متعلق ۔

Gynaecologist : (n) نسوانی مرضیات کا ماہر ۔

Gynaecology/Gynecology : (n) علم امراض زناں ؛ نسوانی امراض کا علم ؛ مرضیات نسوانی ۔

Gynaecophore : (n) بعض بےریڑھ کے جانوروں کےنر کی وہ تھیلی جس میں مادہ پیدا ہوتاھے ۔

Gynaecophoric : (a) بےریڑھ کےبعض جانوروں کی اس تھیلی سے متعلق جس میں مادہ پیدا ہوتا ھے ۔

Gynander : (n) [Gr.'gynandros'.] (نباتیات) مادنر نبات ۔

Gynandrian : (a) مادنرنبات سے متعلق ۔

Gynandro- : سابقہ بمعنی "مادنرا" ۔

Gynandromorphism : (n) نرمادہ شکلی ۔

Gynandromorphous : (n) نرمادہ شکلہ ۔

Gynandrophore : (n) وہ مولدہ بردار جس میں بقچہ گل اور حامل زر دونوں ہوتے ہیں ۔

Gynandrous : (a) مادنر ؛ مزدوج ؛ زربقچی ۔

Gynantherous : (a) ایسے پھول جن میں حامل زر بقچہء گل بن جاتے ہیں ۔

Gynarchy : (n) عورت کی حکومت ؛ تریا راج ۔

Gyniolatry : (n) عورتوں کی پرستش ۔

Gyno/Gyn-: جزو ترکیبی بمعنی "بقچہ" عورت" ۔

Gynobase/Gynobasis : (n) بقچہء اساس ؛ بقچہ پا ۔

Gynobasic : (a) بقچہء اساسی ۔

Gynocracy : (n) دیکھو Gynaecocracy

Gynodioecious : (a) مادہ اور نر پھول ایک ساتھ رکھنے والا (پودا) ۔

Gynoecium : دیکھو Gynaeceum

Gynodioecism : (n) نر اور مادہ پھول کا ایک ہی پودے میں ہونا ۔

Gynophore : (n) (نباتیات) تخم داں بردار ؛ مادہ بردار ؛ مادہء ستون ۔

Gynostegium : (n) بقچہء خول ۔

Gynostemium : (n) زربقچہ ؛ نرمادہ کوٹ ۔

-gynous : لاحقہ بہ معنی " جس میں مادہ کے اعضاء ہوں " "بقچی" ۔

Gyp : (n) (۱) (آکسفورڈ کیمبرج) خادم جو بستر درست کرتا ہے ۔ (۲) چور ۔ (۳) فریبی ؛ دھوکاباز ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (٤) کتی ؛ کتیا ۔ (٥) گھڑ دوڑ میں شرکت کرنےوالا ۔

Gyp : (n) [Origin unkn.] مصیبت ۔

Gyp : (n) آبدار کیلشیم سلیکیٹ ؛ کھر یا مٹی ۔

Gyp : (v) سزا دینا ؛ زد وکوب کرنا ۔

Gypseous/Gypsous : (a) [late L.'gypseus'.] جبسی ؛ گچی ۔

Gypsiferous : (a) جبس خیز؛ جبس بردار ۔

Gypsum : (n) [L.'gypsum'.] (۱) آبدار کیلشیم سلیکیٹ ؛ کھریا مٹی ؛ سنگ گچ ؛ جبس ۔ (۲) کھریا مٹی کا کھاد ۔

Gypsum : (v) کھریا مٹی کا کھاد دینا ۔

Gypsy : دیکھو Gipsy

Gyral : (a) گردشی ؛ دوار ۔

Gyrally : (adv.) گردشی طورپر ۔

Gyrant : (a) [L.'gyrant'.] چکر دار ؛ گردندہ ؛ دوار ۔

Gyrate : (a) [L.'gyratus'.] چکر دار ؛ مرغولی ؛ پیچدار ۔

Gyrate : (v) چکر کھانا ؛ گھومنا ؛ گردش کرنا ۔

Gyration : (n) [Late L.'gyratio- '.] گردش ؛ چکر ؛ دورہ ؛ دوراں ۔

Gyrator : (n) گردندہ ۔

Gyratory : (a) گردش کرنےوالا ؛ گھومنے والا ؛ دَوری ؛ گرداں ۔

Gyre : (n) [L.'gyrus'.] (۱) گردش ؛ چکر ؛ دوراں ؛ دور ۔ (۲) حلقہ ؛ دائرہ ؛ بھنور ؛ گرداب ۔

Gyre : (v) [Late L.'gyrare'.] (شعریات) گھومنا؛ گردش کرنا ؛ چکر کرنا ۔

Gyrencephalate/-lous : (a) پیچاں مغزہ ۔

Gyringly : (adv.) چکر کھاتے ہوئے ۔

Gyro- : جزو ترکیبی بہ معنی "گردش ؛ چکر ؛ دور ۔"

Gyro-compass : (n) گردشی قطب نما ؛ حرکت پیما جس سے قطب نما کا کام لیا جائے ۔

Gyro-plane : (n) دوار طیارہ ۔

Gyrogonite : (n) بعض پودوں کا متحجر بیج داں ۔

Gyroidal : (a) گردشی ترتیب والا ؛ چکر دار ؛ پیچدار ۔

Gyroidally : (adv.) گردشی ترتیب کے ساتھ ۔

Gyromancy : (n) [med. L.'gyromantia'.] گردشی تفاعل ۔

Gyron : (n) [OFr.'giron '.] (نقابت) مثلث نما مارکہ ۔

Gyronny : (a) [Fr.'gironne'.] (نقابت) مثلث مارکہ دار ۔

Gyroscope : (n) [Fr.'gyroscope'.] گردش نما؛ آلہ جو سیاروں کی گردش بتاتا ہے ۔

Gyroscopic : (a) گردش نما سے متعلق ۔

Gyrose : (a) [Gyrus+-ose.] (نباتیات) متقابل خم ۔

Gyrostat : (n) گردش قرار ؛ دوار ساکن گر ۔

Gyrostatic : (a) دوار سکونی ۔

Gyrostatically : (adv.) از روئے دوار سکونی ۔

Gyrostatics : (n) دوار سکونیات ؛ گردشیات ۔

Gyrus : (n) [L.] تزرید ؛ تلفیف ؛ لپیٹنا ۔

Gyte : (a) [Origin unkn.] مخبوط الحواس ؛ خبطی ۔

Gytrash : (n) Guytrosh کا مخفف ۔

Gyve : (n)[Origin unkn.] (عموماً جمع میں) ہتھکڑی ؛ بیڑی ۔

Gyve : (v) پابجولاں کرنا ؛ بیڑی ڈالنا ؛ ہتھکڑی پہنانا ؛ زنجیر سے باندھنا ۔